وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْآنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِن مُّدَّكِرٍ
القرآن الكريم
آسان ترین
لفظی و تفسیری ترجمہ
www.KitaboSunnat.com
پروفیسر مولانا محمد رفیق
عبیر ٹریڈرز
A-10 شاہ عالم مارکیٹ لاہور

إِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَإِنَّا لَهُ لَحَافِظُونَ
القرآن الكريم
لفظی و تفسیری ترجمہ
پروفیسر مولانا محمد رفیق
عبیر ٹریڈرز شاہ عالم مارکیٹ لاہور
کمپوزنگ و ڈیزائننگ: کرسٹل آرٹ 0323-7474862-1

رکوعاتها 1 — (1) سُوْرَةُ الْفَاتِحَةِ مَكِّيَّةٌ (5) — اٰیاتها 7

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ساتھ نام	اللہ	بڑی رحمت والے	بہت رحم کرنے والے کے

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۙ﴿1﴾ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۙ﴿2﴾ مٰلِكِ يَوْمِ

تمام تعریف	اللہ کے لیے	رب	جہانوں کا	بڑی رحمت والا	بہت رحم کرنے والے کے	مالک	دن کا

تمام تعریف اللہ ہی کے لیے ہے جو سارے جہانوں کا رب ہے، بڑا مہربان، نہایت رحم والا اور بدلے کے دن

الدِّيْنِ ؕ﴿3﴾ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ؕ﴿4﴾ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ

بدلے کے	صرف تیری	ہم عبادت کرتے ہیں	اور صرف تیری	ہم مدد چاہتے ہیں	ہدایت دے ہم کو	راستے

کا مالک ہے۔ ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھی سے مدد مانگتے ہیں۔ ہمیں سیدھے راستے

الْمُسْتَقِيْمَ ۙ﴿5﴾ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ۬ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ

سیدھے کی	راستہ	ان لوگوں کا	تو نے انعام کیا	اُن پر	نہ کہ	غضب کیا گیا	اُن پر

پر چلا! ان لوگوں کے راستے پر جن پر تو نے انعام فرمایا، جن پر تیرا غضب نازل نہیں ہوا

وَلَا الضَّآلِّيْنَ ﴿7﴾

اور نہ	گمراہوں کا

اور نہ جو گمراہ ہوئے!

آیاتہا 286 | (2) سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ مَدَنِيَّةٌ (87) | رکوعاتہا 40

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ساتھ نام	اللہ	بڑی رحمت والے	بہت رحم کرنے والے کے

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

الٓمّٓ ﴿1﴾ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ فِيْهِ هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿2﴾ الَّذِيْنَ

الٓمّٓ	یہ	کتاب	نہیں	شک	اس میں	ہدایت ہے	پرہیزگاروں کیلئے	وہ جو

الٓمّٓ۔ یہ اللہ کی کتاب ہے اس میں کوئی شک نہیں۔ یہ ہدایت ہے اللہ سے ڈرنے والوں کے لیے۔ جو بغیر

يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ وَيُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ﴿3﴾ وَالَّذِيْنَ

ایمان لاتے ہیں	غیب پر	اور وہ قائم کرتے ہیں	نماز	اور اس سے جو	ہم نے دیا ان کو	وہ خرچ کرتے ہیں۔	اور جو لوگ

دیکھے ایمان لاتے ہیں، نماز قائم کرتے ہیں اور جو کچھ ہم نے اُن کو دیا ہے اُس میں سے اللہ کی راہ میں خرچ کرتے ہیں۔

يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ وَبِالْاٰخِرَةِ هُمْ

ایمان لاتے ہیں	اُس پر جو	اُتارا گیا	طرف تیری	اور جو	اتارا گیا	سے	پہلے تیرے	اور آخرت پر	وہ

اور جو اس چیز پر ایمان لاتے ہیں جو اے نبی آپ ﷺ پر اتاری گئی اور اس پر بھی جو آپ ﷺ سے پہلے اتاری گئی

يُوْقِنُوْنَ ﴿4﴾ اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿5﴾

یقین رکھتے ہیں	یہ لوگ ہیں	پر	ہدایت	طرف سے	رب اپنے کی	اور یہ لوگ	وہی ہیں	کامیاب

اور وہ آخرت پر بھی یقین رکھتے ہیں۔ یہی لوگ ہیں جو اپنے رب کی ہدایت پر ہیں اور یہی ہیں جو کامیاب ہیں۔

إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا سَوَآءٌ عَلَيْهِمْ ءَأَنذَرْتَهُمْ أَمْ لَمْ تُنذِرْهُمْ لَا

بے شک | جو لوگ | کافر ہوئے | برابر ہے | اُن پر | کیا تونے ڈرایا ان کو | یا | نہ | تونے ڈرایا ان کو | نہیں

اے نبی ﷺ! جو لوگ پکے کافر ہوگئے، آپ ﷺ کا اُن کو ڈرانا نہ ڈرانا برابر ہے وہ ہرگز

يُؤْمِنُونَ ﴿٦﴾ خَتَمَ اللَّهُ عَلَىٰ قُلُوبِهِمْ وَعَلَىٰ سَمْعِهِمْ ۖ وَعَلَىٰ

وہ ایمان لائیں گے | مہر لگادی | اللہ نے | اوپر | اُن کے دلوں | اور اوپر | اُن کے کانوں کے | اور اوپر

ایمان نہ لائیں گے۔ اللہ نے ان کے دلوں اور کانوں پر مُہر لگا دی ہے، ان کی

أَبْصَارِهِمْ غِشَاوَةٌ ۖ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيمٌ ﴿٧﴾ وَمِنَ النَّاسِ مَن

ع 1/7/1

اُن کی آنکھیں کے | پردہ ہے | اور ان کے لیے | عذاب | بڑا | اور بعض | لوگ ہیں | جو

آنکھوں پر پردہ ڈال دیا ہے، ایسے لوگوں کے لیے بڑا عذاب ہے۔ بعض لوگ کہتے

يَقُولُ آمَنَّا بِاللَّهِ وَبِالْيَوْمِ الْآخِرِ وَمَا هُم بِمُؤْمِنِينَ ﴿٨﴾

وقف لازم

کہتے ہیں | ہم ایمان لائے | اللہ پر | اور دن پر | آخرت کے | حالانکہ نہیں | وہ | ایمان رکھنے والے

ہیں: ”ہم بھی اللہ پر اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتے ہیں“ حالاں کہ وہ ایمان والے نہیں۔

يُخَادِعُونَ اللَّهَ وَالَّذِينَ آمَنُوا ج وَمَا يَخْدَعُونَ إِلَّا أَنفُسَهُمْ وَمَا

وہ دھوکہ دیتے ہیں | اللہ کو | اور ان لوگوں کو جو | ایمان لائے | اور نہیں | وہ دھوکہ دیتے | مگر | اپنے آپ کو | اور نہیں وہ

وہ اللہ کو اور ایمان والوں کو دھوکا دینا چاہتے ہیں مگر وہ صرف اپنے آپ کو دھوکا دے رہے ہیں اور

يَشْعُرُونَ ﴿٩﴾ فِي قُلُوبِهِم مَّرَضٌ لا فَزَادَهُمُ اللَّهُ مَرَضًا ج وَلَهُمْ عَذَابٌ

وہ سمجھتے | میں | دلوں اُن کے | کھوٹ ہے | پس بڑھا دیا ان کا | اللہ نے | کھوٹ | اور ان کے لیے | عذاب ہے

وہ نہیں سمجھتے۔ ان کے دلوں میں کھوٹ تھا جسے اللہ نے اور بڑھا دیا۔ ان کے لیے دردناک

أَلِيمٌ بِمَا كَانُوا يَكْذِبُونَ ﴿١٠﴾ وَإِذَا قِيلَ لَهُمْ لَا تُفْسِدُوا فِي

دردناک | اس لیے کہ | تھے وہ | جھوٹ بولتے | اور جب | کہا جاتا ہے | اُن کو | نہ | تم فساد کرو | میں

عذاب ہے کیونکہ وہ جھوٹ بولتے تھے۔ جب ان سے کہا جاتا ہے زمین میں فساد

الْأَرْضِ لا قَالُوا إِنَّمَا نَحْنُ مُصْلِحُونَ ﴿١١﴾ أَلَا إِنَّهُمْ هُمُ الْمُفْسِدُونَ

زمین | وہ کہتے ہیں | بے شک | ہم ہیں | اصلاح کرنے والے | آگاہ رہو | بیشک وہ ہیں | وہی | فساد کرنے والے

نہ کرو تو جواب دیتے ہیں ”ہم تو اصلاح کرنے والے ہیں۔“ اے مسلمانو! یاد رکھو، یہی لوگ فسادی ہیں

وَلٰكِنْ لَّا يَشْعُرُوْنَ ﴿١٢﴾ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ اٰمِنُوْا كَمَآ اٰمَنَ النَّاسُ

اور لیکن | نہیں | وہ سمجھتے | اور جب | کہا جائے | اُن کو | تم ایمان لاؤ | جیسا | ایمان لائے | لوگ وہ

مگر سمجھتے نہیں۔ اور جب ان سے کہا جاتا ہے تم بھی ایمان لاؤ جیسے اور لوگ ایمان لائے

قَالُوْٓا اَنُؤْمِنُ كَمَآ اٰمَنَ السُّفَهَآءُ ؕ اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ السُّفَهَآءُ وَلٰكِنْ

کہتے ہیں | کیا ہم ایمان لائیں | جیسا | ایمان لائے | بے وقوف | آگاہ رہو | بیشک وہ ہیں | وہی | بیوقوف | اور لیکن

تو کہتے ہیں ''کیا ہم اس طرح ایمان لائیں جس طرح بے وقوف لوگ ایمان لائے۔'' اے مسلمانو! یاد رکھو، اصل بے وقوف یہی ہیں

لَّا يَعْلَمُوْنَ ﴿١٣﴾ وَاِذَا لَقُوا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قَالُوْٓا اٰمَنَّا ۚۖ وَاِذَا خَلَوْا

نہیں | وہ جانتے | اور جب | وہ ملتے ہیں | ان سے جو | ایمان لائے | تو کہتے ہیں | ہم ایمان لائے | اور جب | اکیلے ہوتے ہیں

لیکن یہ نہیں جانتے۔ جب یہ ایمان والوں سے ملتے ہیں تو کہتے ہیں ''ہم بھی ایمان لائے'' اور جب اپنے شیطانوں

اِلٰى شَيٰطِيْنِهِمْ ۙ قَالُوْٓا اِنَّا مَعَكُمْ ۙ اِنَّمَا نَحْنُ مُسْتَهْزِءُوْنَ ﴿١٤﴾ اَللّٰهُ

پاس | اپنے شیطانوں کے | کہتے ہیں | بیشک ہم | ساتھ تمہارے | بیشک ہیں | ہم | مذاق اڑانے والے | اللہ

کے پاس اکیلے ہوتے ہیں تو کہتے ہیں ''ہم تمہارے ساتھ ہیں، مسلمانوں سے تو ہم مذاق کرتے ہیں'' اللہ ان

يَسْتَهْزِئُ بِهِمْ وَيَمُدُّهُمْ فِىْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ﴿١٥﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ

مذاق کرتا ہے | اُن سے | اور ڈھیل دیتا ہے انکو | میں | سرکشی انکی | وہ بھٹکتے ہیں | یہ لوگ ہیں | جنھوں نے

منافقوں کو ان کے مذاق کا مزا چکھائے گا۔ ابھی ان کی سرکشی میں انھیں ڈھیل دے رہا ہے اور وہ بھٹکتے پھر رہے ہیں۔ انھوں نے

اشْتَرَوُا الضَّلٰلَةَ بِالْهُدٰى ۠ فَمَا رَبِحَتْ تِّجَارَتُهُمْ وَمَا كَانُوْا

خریدا | گمراہی کو | بدلے ہدایت کے | پھر نہ | نفع دیا | تجارت انکی نے | اور نہ | وہ ہوئے

ہدایت کے بدلے گمراہی خریدی۔ انہیں اس سودے میں نہ کوئی نفع ہوا اور نہ وہ

مُهْتَدِيْنَ ﴿١٦﴾ مَثَلُهُمْ كَمَثَلِ الَّذِى اسْتَوْقَدَ نَارًا ۚ فَلَمَّآ اَضَآءَتْ

ہدایت پانے والے | مثال انکی ہے | جیسے مثال | اُس کی جو | جلائے | آگ | پھر جب | اُس نے روشن کیا

ہدایت پاسکے۔ ان کی مثال ایسی ہے جیسے کسی نے آگ جلائی۔ جب آگ نے اس کے آس پاس کو

مَا حَوْلَهٗ ذَهَبَ اللّٰهُ بِنُوْرِهِمْ وَتَرَكَهُمْ فِىْ ظُلُمٰتٍ لَّا يُبْصِرُوْنَ ﴿١٧﴾

ماحول اپنے کو | لے گیا | اللہ | روشنی ان کی کو | اور چھوڑ دیا ان کو | میں | اندھیروں | نہیں | وہ دیکھتے

روشن کردیا تو اللہ نے ان کی روشنی بجھا دی اور انھیں اندھیروں میں چھوڑ دیا، اب انھیں کچھ نظر نہیں آتا۔

صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْیٌ فَهُمْ لَا یَرْجِعُوْنَ ﴿18﴾ اَوْ كَصَیِّبٍ مِّنَ السَّمَآءِ

بہرے | گونگے | اندھے ہیں | پس وہ | نہیں | وہ واپس آتے | یا | جیسے بارش ہو | سے | آسمان

وہ بہرے ہیں، گونگے ہیں، اندھے ہیں، کبھی سیدھی راہ پر نہیں آئیں گے۔ یا ان کی مثال ایسی ہے جیسے آسمان سے بارش برسے،

فِیْهِ ظُلُمٰتٌ وَّ رَعْدٌ وَّ بَرْقٌ ۚ یَجْعَلُوْنَ اَصَابِعَهُمْ فِیْۤ اٰذَانِهِمْ مِّنَ

اُس میں | اندھیرے ہیں | اور گرج | اور بجلی | وہ کرلیتے ہیں | انگلیاں اپنی | میں | کانوں اپنے | سے

اس میں اندھیرا ہی اندھیرا ہو اور گرج اور بجلی ہو۔ وہ کڑک سے ڈر کر موت سے بچنے کے لیے اپنی انگلیاں اپنے کانوں

الصَّوَاعِقِ حَذَرَ الْمَوْتِ ؕ وَ اللّٰهُ مُحِیْطٌۢ بِالْكٰفِرِیْنَ ﴿19﴾ یَكَادُ الْبَرْقُ

کڑکوں | ڈر | موت کے سے | اور اللہ | احاطہ کیے ہوئے ہے | کافروں کا | قریب ہے کہ | بجلی

میں ٹھونس رہے ہوں۔ حالاں کہ اللہ نے کافروں کا گھیراؤ کر رکھا ہے۔ قریب ہے کہ بجلی

یَخْطَفُ اَبْصَارَهُمْ ؕ كُلَّمَاۤ اَضَآءَ لَهُمْ مَّشَوْا فِیْهِ ۙۗ وَ اِذَاۤ اَظْلَمَ

اُچک لے جائے | اُن کی آنکھیں | جب جب | اُس نے روشنی کی | اُنکے لیے | وہ چل دیتے ہیں | اُس میں | اور جب | وہ اندھیرا کرتی ہے

ان کی آنکھیں اُچک لے۔ جب بجلی چمکتی ہے تو یہ چل پڑتے ہیں، اور جب ان پر اندھیرا چھا جاتا

عَلَیْهِمْ قَامُوْا ؕ وَ لَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَذَهَبَ بِسَمْعِهِمْ وَ اَبْصَارِهِمْ ؕ اِنَّ

ان پر | رُک جاتے ہیں | اور اگر | چاہتا | اللہ | ضرور لے جاتا | کان ان کے | اور آنکھیں ان کی | بیشک

ہے تو رُک جاتے ہیں۔ اگر اللہ چاہتا تو ان کے کان اور ان کی آنکھیں چھین لیتا۔ بیشک

اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ﴿20﴾ یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ اعْبُدُوْا رَبَّكُمُ الَّذِیْ

ع 2 13 2

اللہ | اوپر | ہر | چیز کے | قادر ہے | اے | لوگو | تم عبادت کرو | رب اپنے کی | جس نے

اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔ اے لوگو! اپنے رب کی عبادت کرو جس نے

خَلَقَكُمْ وَ الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ﴿21﴾ الَّذِیْ جَعَلَ لَكُمُ

پیدا کیا تمہیں | اور ان کو جو تھے | سے | پہلے تم | تاکہ تم | تم بچ جاؤ | وہ جس نے | بنایا | تمہارے لیے

تمہیں پیدا کیا اور ان لوگوں کو بھی جو تم سے پہلے ہو گزرے، تاکہ تم عذاب سے بچ جاؤ۔ اسی نے تمہارے لیے زمین

الْاَرْضَ فِرَاشًا وَّ السَّمَآءَ بِنَآءً ۪ وَّ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَخْرَجَ

زمین کو | بچھونا | اور آسمان کو | چھت | اور اس نے اتارا | سے | آسمان | پانی | پھر نکالے

کا فرش بنایا۔ آسمان کی چھت بنائی۔ وہی آسمان سے بارش برساتا اور اس کے ذریعے

بِهٖ مِنَ الثَّمَرٰتِ رِزْقًا لَّكُمْ ۚ فَلَا تَجْعَلُوْا لِلّٰهِ اَنْدَادًا وَّاَنْتُمْ

ذریعے اسکے | سے | پھلوں | روزی | تمہارے لیے | پس نہ | تم بناؤ | اللہ کے | شریک | حالاں کہ تم

تمہاری روزی کے لیے پھل اور اناج پیدا کرتا ہے۔ لہٰذا تم جانتے بوجھتے کسی کو اللہ کا شریک نہ بناؤ! اگر تمہیں

تَعْلَمُوْنَ ﴿۲۲﴾ وَاِنْ كُنْتُمْ فِيْ رَيْبٍ مِّمَّا نَزَّلْنَا عَلٰى عَبْدِنَا فَاْتُوْا

جانتے ہو | اور اگر | تم ہو | میں | شک | اس سے جو | ہم نے نازل کی | پر | بندے اپنے | تو لے آؤ

اس کلام میں ذرا بھی شک ہو، جو ہم نے اپنے خاص بندے پر اتارا ہے تو تم بھی

بِسُوْرَةٍ مِّنْ مِّثْلِهٖ ۠ وَادْعُوْا شُهَدَآءَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ

ایک سورت | اس کی طرح | اور تم بلالو | گواہوں اپنے کو | میں | مقابلے | اللہ کے | اگر | تم ہو

اس جیسی کوئی سورت بنا لاؤ اور اللہ کے مقابلے میں اپنے سارے حمایتیوں کو مدد کے لیے بلا لو، اگر تم

صٰدِقِيْنَ ﴿۲۳﴾ فَاِنْ لَّمْ تَفْعَلُوْا وَلَنْ تَفْعَلُوْا فَاتَّقُوا النَّارَ الَّتِيْ

سچے | پھر اگر | نہ | تم کرو | اور ہرگز نہیں | تم کروگے | تو تم ڈرو | اس آگ سے | جو

سچے ہو۔ پھر اگر تم ایسا نہ کرسکو، اور تم ہرگز نہ کرسکو گے تو ڈرو اس آگ سے جس کا

وَقُوْدُهَا النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ ۚۖ اُعِدَّتْ لِلْكٰفِرِيْنَ ﴿۲۴﴾ وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

ایندھن اس کا | آدمی | اور پتھر ہیں | وہ تیار کی گئی ہے | کافروں کیلئے | اور تو خوشخبری دے | ان کو جو | ایمان لائے

ایندھن بنیں گے آدمی اور پتھر، اور جو کافروں کے لیے تیار کی گئی ہے۔ اے نبی ﷺ! آپ ﷺ اُن کو جو ایمان لائے اور انھوں

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ؕ

اور عمل کیے | اچھے | بے شک کہ | ان کے لیے | باغات ہیں | بہتی ہیں | سے | نیچے ان کے | نہریں

نے نیک کام کیے، یہ خوشخبری دیں کہ ان کے لیے ایسے باغ ہوں گے جن میں نہریں بہتی ہوں گی۔

كُلَّمَا رُزِقُوْا مِنْهَا مِنْ ثَمَرَةٍ رِّزْقًا ۙ قَالُوْا هٰذَا الَّذِيْ رُزِقْنَا مِنْ

جب جب | رزق پائیں | اس سے | سے | پھل | رزق کے طور پر | کہیں گے | یہ | وہ ہے جو | ہمیں دیا گیا | سے

جب انھیں کھانے کو کوئی پھل پیش کیا جائے گا تو کہیں گے ”یہ وہی ہے جو اس سے پہلے ہمیں

قَبْلُ ۙ وَاُتُوْا بِهٖ مُتَشَابِهًا ؕ وَلَهُمْ فِيْهَآ اَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ ۙۗ وَّهُمْ

پہلے | اور پائیں گے | ساتھ اسکے | ملتے جلتے | اور ان کے لیے | اُن میں | بیویاں | پاک صاف | اور وہ

دیا گیا۔“ اور انھیں ملے گا ایک دوسرے سے ملتا جلتا۔ اور وہاں ان کے لیے پاک بیویاں ہوں گی اور وہ

فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿25﴾ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَسْتَحْيٖٓ اَنْ يَّضْرِبَ مَثَلًا مَّا بَعُوْضَةً

اُن میں | ہمیشہ رہنے والے | بیشک | اللہ | نہیں | وہ شرماتا | کہ | وہ بیان کرے | کوئی مثال | جو | مچھر کی ہو

ہمیشہ رہیں گے۔ اللہ اس بات سے نہیں شرماتا کہ مچھر یا اس سے بڑھ کر کسی چیز کی مثال

فَمَا فَوْقَهَا ؕ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فَيَعْلَمُوْنَ اَنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّهِمْ ۚ

پھر جو | اُس سے بڑھ کر | پھر جو | لوگ | ایمان لائے | پس وہ جانتے ہیں | کہ وہ | حق ہے | سے | رب ان کے

بیان کرے۔ پھر جو ایمان والے ہیں وہ جانتے ہیں کہ جو مثال ان کے رب نے دی ہے، وہ ٹھیک ہے۔

وَاَمَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَيَقُوْلُوْنَ مَاذَآ اَرَادَ اللّٰهُ بِهٰذَا مَثَلًا ۘ

وقف لازم

اور جو | لوگ | وہ کافر ہوئے | پس وہ کہتے ہیں | کیا ہے | ارادہ کیا | اللہ | ساتھ اس | مثال کے

مگر جو کافر ہیں وہ کہتے ہیں ”اللہ کا اس مثال کو بیان کرنے سے کیا مطلب؟“

يُضِلُّ بِهٖ كَثِيْرًا ۙ وَّيَهْدِيْ بِهٖ كَثِيْرًا ؕ وَمَا يُضِلُّ بِهٖٓ اِلَّا

وہ گمراہ کرتا ہے | ساتھ اسکے | بہتوں کو | اور وہ ہدایت دیتا ہے | ساتھ اسکے | بہتوں کو | اور نہیں | وہ گمراہ کرتا | ساتھ اسکے | مگر

اس طرح اللہ اپنی مثال کے ذریعے بہتوں کو گمراہ کرتا اور بہتوں کو ہدایت دیتا ہے۔ مگر گمراہ صرف نافرمانوں

الْفٰسِقِيْنَ ۙ﴿26﴾ الَّذِيْنَ يَنْقُضُوْنَ عَهْدَ اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ مِيْثَاقِهٖ ۪

فاسقوں کو | جو لوگ | وہ توڑتے ہیں | عہد | اللہ کا | سے | بعد | پکا کرنا اس کو

کو کرتا ہے۔ جو اللہ سے عہد کر کے اُسے توڑ ڈالتے ہیں،

وَيَقْطَعُوْنَ مَآ اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖٓ اَنْ يُّوْصَلَ وَيُفْسِدُوْنَ فِي الْاَرْضِ ؕ

اور وہ کاٹتے ہیں | جو | حکم دیا | اللہ نے | ساتھ اسکے | کہ | وہ ملایا جائے | اور فساد پھیلاتے ہیں، | میں | زمین

اللہ نے جس چیز کے جوڑنے کا حکم دیا ہے، اسے توڑتے ہیں اور زمین میں بگاڑ پیدا کرتے ہیں۔

اُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿27﴾ كَيْفَ تَكْفُرُوْنَ بِاللّٰهِ وَكُنْتُمْ اَمْوَاتًا

وہی لوگ ہیں | وہ | نقصان اٹھانے والے | کیسے | تم انکار کرتے ہو | اللہ کا | حالانکہ تم تھے | بے جان

یہی لوگ نقصان اُٹھانے والے ہیں۔ لوگو! تم اللہ کا انکار کیسے کرسکتے ہو، حالاں کہ تم بے جان تھے

فَاَحْيَاكُمْ ۚ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيْكُمْ ثُمَّ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿28﴾ هُوَ

پھر زندگی دی تمھیں | پھر | وہ مارے گا تمھیں | پھر | زندہ کرے گا تمھیں | پھر | طرف اسی کی | تم لوٹائے جاؤ گے | وہ

اسی نے تمہیں زندگی عطا کی پھر وہی تمہیں موت دے گا۔ پھر وہی زندہ کرے گا اور تم اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔ اسی نے

الَّذِیْ خَلَقَ لَكُمْ مَّا فِی الْاَرْضِ جَمِیْعًا ۗ ثُمَّ اسْتَوٰٓی اِلَی السَّمَآءِ

جس نے | پیدا کیا | تمہارے لیے | جو | میں | زمین | سب کچھ | پھر | اُس نے توجہ کی | طرف | آسمان کی

تمہارے لیے زمین میں سب کچھ پیدا کیا۔ پھر وہ آسمان کی طرف متوجہ ہوا اور سات آسمان درست

فَسَوّٰىهُنَّ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ ؕ وَهُوَ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ ﴿29﴾ وَاِذْ قَالَ رَبُّكَ

پھر ٹھیک کیا ان کو | سات | آسمانوں میں | اور وہ ہے | ساتھ ہر | چیز کے | خوب جاننے والا | اور جب | کہا | رب تیرے نے

کر کے بنا دیے۔ اور وہ ہر چیز کو جاننے والا ہے۔ جب تمہارے رب نے

لِلْمَلٰٓئِكَةِ اِنِّیْ جَاعِلٌ فِی الْاَرْضِ خَلِیْفَةً ؕ قَالُوْٓا اَتَجْعَلُ فِیْهَا مَنْ

فرشتوں کو | کہ میں | بنانے والا ہوں | میں | زمین | خلیفہ | بولے | کیا تو بنائے گا | اُس میں | جو

فرشتوں سے کہا ”میں زمین میں خلیفہ بنانے والا ہوں۔“ انھوں نے کہا ”کیا تو اُسے بنائے گا

یُّفْسِدُ فِیْهَا وَیَسْفِكُ الدِّمَآءَ ۚ وَنَحْنُ نُسَبِّحُ بِحَمْدِكَ وَنُقَدِّسُ

فساد کرے گا | اُس میں | اور وہ بہائے گا | خون | اور ہم | ہم تسبیح کرتے ہیں | ساتھ تعریف تیری | اور ہم پاکی بیان کرتے ہیں

جو اس میں فساد کرے اور خون بہائے؟ جبکہ ہم تیری تسبیح اور تعریف کرتے ہیں اور تیری پاکیزگی بیان کرتے

لَكَ ؕ قَالَ اِنِّیْٓ اَعْلَمُ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿30﴾ وَعَلَّمَ اٰدَمَ الْاَسْمَآءَ كُلَّهَا

تیرے لیے | کہا | بیشک میں | جانتا ہوں | جو | نہیں | تم جانتے | اور سکھائے | آدمؑ کو | نام | سارے

رہتے ہیں۔“ اللہ نے فرمایا ”جو کچھ میں جانتا ہوں تم نہیں جانتے۔ اور اللہ نے آدم علیہ السلام کو سب چیزوں کے نام بتا دیے۔

ثُمَّ عَرَضَهُمْ عَلَی الْمَلٰٓئِكَةِ ۙ فَقَالَ اَنْۢبِئُوْنِیْ بِاَسْمَآءِ هٰٓؤُلَآءِ اِنْ كُنْتُمْ

پھر | اس نے پیش کیے وہ | پر | فرشتوں | پھر اس نے کہا | بتاؤ مجھے | نام | ان کے | اگر | تم ہو

اور پھر انھیں فرشتوں کے سامنے پیش کیا اور کہا ”اگر تم سچے ہو تو مجھے ان چیزوں

صٰدِقِیْنَ ﴿31﴾ قَالُوْا سُبْحٰنَكَ لَا عِلْمَ لَنَآ اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا ؕ اِنَّكَ اَنْتَ

سچے | انہوں نے کہا | پاک ہے تو | نہیں | علم | ہم کو | مگر | جو | تو نے سکھایا ہمیں | بیشک تو | تو ہی ہے

کے نام بتاؤ؟“ فرشتوں نے کہا ”تو پاک ہے۔ ہم صرف اتنا جانتے ہیں جتنا تو نے ہمیں سکھایا۔ بیشک تو

الْعَلِیْمُ الْحَكِیْمُ ﴿32﴾ قَالَ یٰٓاٰدَمُ اَنْۢبِئْهُمْ بِاَسْمَآىِٕهِمْ ۚ فَلَمَّآ اَنْۢبَاَهُمْ

جاننے والا | حکمت والا | فرمایا | اے آدم | تو بتا دے انکو | نام ان کے | پھر جب | بتائے ان کو

علم والا حکمت والا ہے۔“ پھر فرمایا ”اے آدم علیہ السلام! انھیں بتاؤ ان چیزوں کے نام!“ جب آدم علیہ السلام نے انھیں ان

بِاَسْمَآئِهِمْ ۚ قَالَ اَلَمْ اَقُلْ لَّكُمْ اِنِّیْٓ اَعْلَمُ غَیْبَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۙ

نام ان کے | فرمایا | کیا نہیں | میں نے کہا | تمہیں | کہ میں | جانتا ہوں | چھپی چیزیں | آسمانوں | اور زمین کی

چیزوں کے نام بتا دیے تو اللہ نے فرشتوں سے کہا ”کیا میں نے تم سے نہیں کہا تھا کہ آسمانوں اور زمین کے بھید میں ہی جانتا ہوں اور

وَاَعْلَمُ مَا تُبْدُوْنَ وَمَا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ ۝ وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ

اور میں جانتا ہوں | جو | تم ظاہر کرتے ہو | اور جو | تم | چھپاتے تھے | اور جب | ہم نے کہا | فرشتوں کو

میں تمہارا ظاہر و باطن سب جانتا ہوں!“ اور جب ہم نے فرشتوں کو حکم دیا کہ

اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِیْسَ ۭ اَبٰى وَاسْتَكْبَرَ ۤ وَكَانَ مِنَ

تم سجدہ کرو | آدم کو | تو سب نے سجدہ کیا | سوائے | ابلیس کے | اُس نے انکار کیا | اور تکبر کیا | اور وہ ہوگیا | سے

”آدم علیہ السلام کے آگے جھک جاؤ!“ وہ فوراً جھک گئے۔ مگر ابلیس نہ جھکا۔ اس نے حکم نہ مانا بلکہ تکبر کیا اور وہ کافروں

الْكٰفِرِیْنَ ۝ وَقُلْنَا یٰٓاٰدَمُ اسْكُنْ اَنْتَ وَزَوْجُكَ الْجَنَّةَ وَكُلَا مِنْهَا

کافروں | اور ہم نے کہا | اے آدم | رہ | تو | اور بیوی تیری | جنت میں | اور تم کھاؤ | اُس سے

میں سے ہوگیا۔ پھر ہم نے آدم علیہ السلام سے کہا ”تم اور تمہاری بیوی دونوں جنت میں رہو اور اس میں سے جہاں سے

رَغَدًا حَیْثُ شِئْتُمَا ۠ وَلَا تَقْرَبَا هٰذِهِ الشَّجَرَةَ فَتَكُوْنَا مِنَ

خوب | جہاں سے | تم چاہو | اور نہ | تم قریب جاؤ | اس | درخت کے | ورنہ ہو جاؤ گے | سے

چاہو خوب مزے سے کھاؤ پیو لیکن اس درخت کے قریب نہ جانا، ورنہ تم ظالموں میں

الظّٰلِمِیْنَ ۝ فَاَزَلَّهُمَا الشَّیْطٰنُ عَنْهَا فَاَخْرَجَهُمَا مِمَّا كَانَا فِیْهِ ۠

ظالموں | پس بہکایا دونوں کو | شیطان نے | اُس سے | پھر نکال دیا دونوں کو | اُس سے کہ | وہ تھے | جس میں

سے ہوجاؤ گے۔“ لیکن شیطان نے ان دونوں کو بہکا دیا اور انھیں اس عیش سے نکلوا دیا جس میں وہ تھے۔

وَقُلْنَا اهْبِطُوْا بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ ۚ وَلَكُمْ فِی الْاَرْضِ مُسْتَقَرٌّ

اور ہم نے کہا | سب اترو | بعض تمہارے | بعض کے | دشمن ہیں | اور تمہارے لیے | میں | زمین | ٹھکانا ہے

اور ہم نے حکم دیا ”تم سب یہاں سے چلے جاؤ، تم دونوں فریق ایک دوسرے کے دشمن ہو۔ تمہیں دنیا میں ایک مدت تک رہنا

وَّمَتَاعٌ اِلٰى حِیْنٍ ۝ فَتَلَقّٰٓى اٰدَمُ مِنْ رَّبِّهٖ كَلِمٰتٍ فَتَابَ عَلَیْهِ ۭ

اور فائدہ | تک | ایک وقت | پھر سیکھ لیں | آدم نے | سے | رب اپنے | کچھ باتیں | پھر توبہ قبول کی | اس کی

اور فائدہ اٹھانا ہے۔ پھر آدم علیہ السلام نے اپنے رب سے چند الفاظ سیکھ لیے جن کی برکت سے اللہ نے ان کی توبہ قبول کی۔

إِنَّهُ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيمُ ﴿37﴾ قُلْنَا اهْبِطُوا مِنْهَا جَمِيعًا ۚ فَإِمَّا

بیشک وہ | وہی ہے | توبہ قبول کرنے والا | نہایت رحم کرنے والا | ہم نے کہا | تم اُترو | اُس سے | سارے | پس اگر

بیشک وہ توبہ قبول کرنے والا رحم والا ہے۔ پھر ہم نے حکم دیا ”تم سب یہاں سے چلے جاؤ۔ اگر میری

يَأْتِيَنَّكُمْ مِنِّي هُدًى فَمَنْ تَبِعَ هُدَايَ فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا

آئے تمہارے پاس | مجھ سے | ہدایت | پھر جو کوئی | پیروی کرے | ہدایت میری کی | تو نہیں | خوف | اُن پر | اور نہ

طرف سے کوئی ہدایت تمہارے پاس آئے تو جو میری ہدایت کی پیروی کریں، انھیں نہ کوئی خوف ہوگا اور

هُمْ يَحْزَنُونَ ﴿38﴾ وَالَّذِينَ كَفَرُوا وَكَذَّبُوا بِآيَاتِنَا أُولَٰئِكَ أَصْحَابُ

وہ | وہ غم کھائیں گے | اور جو لوگ | کافر ہوئے | اور انہوں نے جھٹلایا | ہماری نشانیوں کو | وہی ہیں | والے

نہ وہ غمگین ہوں گے۔ لیکن جو کفر کی راہ پر چلیں گے اور ہماری نشانیوں کو جھٹلائیں گے، وہ دوزخی

النَّارِ ۚ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ ﴿39﴾ ع يَا بَنِي إِسْرَائِيلَ اذْكُرُوا نِعْمَتِيَ الَّتِي

(4 ع 10 4)

آگ کے | وہ | اُس میں | ہمیشہ رہنے والے ہیں | اے بیٹو | یعقوب کے | تم یاد کرو | نعمت میری | جو

ہوں گے اور ہمیشہ دوزخ میں رہیں گے۔“ اے بنی اسرائیل! میری نعمتوں کو یاد کرو جو میں نے تمہیں

أَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ وَأَوْفُوا بِعَهْدِي أُوفِ بِعَهْدِكُمْ ۚ وَإِيَّايَ فَارْهَبُونِ ﴿40﴾

میں نے انعام کی | تم پر | اور پورا کرو | عہد میرا | میں پورا کروں گا | تمہارے عہد | اور صرف مجھ سے | پس ڈرو

عطا کیں۔ اُس اِقرار کو پورا کرو جو تم نے مجھ سے کیا تھا۔ میں اُس اِقرار کو پورا کروں گا جو میں نے تم سے کیا تھا اور صرف مجھ سے ڈرو۔

وَآمِنُوا بِمَا أَنْزَلْتُ مُصَدِّقًا لِمَا مَعَكُمْ وَلَا تَكُونُوا أَوَّلَ كَافِرٍ

اور ایمان لاؤ | اُس پر جو | میں نے اتارا | تصدیق کرنیوالا | اسکے جو | پاس تمہارے ہے | اور نہ | تم ہو | پہلے | کافر

اور اس کتاب پر ایمان لاؤ جو میں نے اتاری ہے جو اُس کتاب کی پیش گوئی کو سچ کر دکھانے والی ہے جو تمہارے پاس پہلے سے

بِهِ ۖ وَلَا تَشْتَرُوا بِآيَاتِي ثَمَنًا قَلِيلًا وَإِيَّايَ فَاتَّقُونِ ﴿41﴾

اس کے | اور نہ | تم خریدو | بدلے آیتوں میری کے | مال | تھوڑا | اور صرف مجھ سے | پس تم ڈرو مجھ سے

موجود ہے۔ ایسا نہ ہو دوسروں سے پہلے تم اس کا انکار کر بیٹھو۔ یاد رکھو، دنیا کا حقیر معاوضہ لے کر میری آیتیں نہ بیچو، اور مجھی سے ڈرو۔

وَلَا تَلْبِسُوا الْحَقَّ بِالْبَاطِلِ وَتَكْتُمُوا الْحَقَّ وَأَنْتُمْ تَعْلَمُونَ ﴿42﴾ وَأَقِيمُوا

اور نہ تم ملاؤ | سچ کو | ساتھ جھوٹ کے | اور نہ چھپاؤ | حق کو | جبکہ تم | جانتے ہو | اور تم قائم کرو

حق کو باطل کے ساتھ نہ ملاؤ اور سچ کو جان بوجھ کر نہ چھپاؤ۔ نماز قائم

الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَارْكَعُوْا مَعَ الرّٰكِعِيْنَ ﴿43﴾ اَتَاْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبِرِّ

نماز کو | اور تم دو | زکوٰۃ | اور رکوع کرو | ساتھ | رکوع کرنیوالوں کے | کیا تم حکم دیتے ہو | لوگوں کو | نیکی کا

کرو، زکوٰۃ ادا کرو اور جھکنے والوں کے ساتھ جھک جاؤ۔ یہ کیا ہے کہ تم لوگوں کو نیکی کرنے کا کہتے ہو

وَتَنْسَوْنَ اَنْفُسَكُمْ وَاَنْتُمْ تَتْلُوْنَ الْكِتٰبَ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿44﴾

اور تم بھلا دیتے ہو | جانوں اپنی کو | جبکہ تم | تلاوت کرتے ہو | کتاب کی | کیا پس نہیں | تم سمجھتے

مگر اپنے آپ کو بھول جاتے ہو حالاں کہ تم کتاب پڑھتے ہو! کیوں تم سمجھتے نہیں؟۔

وَاسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ ؕ وَاِنَّهَا لَكَبِيْرَةٌ اِلَّا عَلَى الْخٰشِعِيْنَ ﴿45﴾

اور تم مدد مانگو | صبر سے | اور نماز سے | اور بیشک وہ | ضرور بھاری ہے | مگر | پر | عاجزی کرنے والوں

اور صبر اور نماز سے مدد لو۔ یہ کام مشکل تو ہے مگر اُن لوگوں کے لیے مشکل نہیں جو اللہ کے آگے عاجزی کرتے ہیں۔

الَّذِيْنَ يَظُنُّوْنَ اَنَّهُمْ مُّلٰقُوْا رَبِّهِمْ وَاَنَّهُمْ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ ﴿46﴾ يٰبَنِيْٓ

جو لوگ کہ | یقین رکھتے ہیں | کہ وہ | ملنے والے ہیں | اپنے رب سے | اور یہ کہ وہ | طرف اس کی | لوٹنے والے ہیں | اے بیٹو

جو یقین رکھتے ہیں کہ ایک دن اپنے رب سے ملنے والے ہیں اور اُسی کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں۔ اے بنی اسرائیل!

اِسْرَآءِيْلَ اذْكُرُوْا نِعْمَتِيَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ وَاَنِّيْ فَضَّلْتُكُمْ عَلَى

یعقوب کے | تم یاد کرو | نعمت میری | جو | میں نے انعام کیا | تم پر | اور میں نے | فضیلت دی تمہیں | پر

میرے احسانات یاد کرو جو میں نے تم پر کیے۔ خاص طور پر جو میں نے تمہیں دنیا والوں پر فضیلت

الْعٰلَمِيْنَ ﴿47﴾ وَاتَّقُوْا يَوْمًا لَّا تَجْزِيْ نَفْسٌ عَنْ نَّفْسٍ شَيْئًا

جہانوں والوں | اور تم ڈرو | اس دن سے کہ | نہ | کام آئے گی | کوئی جان | کے | کسی جان | کچھ بھی

دی تھی۔ اور اُس دن سے ڈرو جب کوئی جان کسی اور کے کام نہ آئے گی، نہ کسی

وَّلَا يُقْبَلُ مِنْهَا شَفَاعَةٌ وَّلَا يُؤْخَذُ مِنْهَا عَدْلٌ وَّلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ﴿48﴾

اور نہ قبول کیجائے گی | اُس سے | سفارش | اور نہ | لیا جائے گا | اُس سے | بدلہ | اور نہ | ان کو | مدد مل سکے گی

کی سفارش مانی جائے گی، نہ کسی سے مال لے کر اسے چھوڑا جائے گا اور نہ کہیں سے کوئی مدد پہنچ سکے گی۔

وَاِذْ نَجَّيْنٰكُمْ مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ يَسُوْمُوْنَكُمْ سُوْٓءَ الْعَذَابِ يُذَبِّحُوْنَ

اور جب | ہم نے نجات دی تمہیں | سے | قومِ | فرعون | وہ پہنچاتے تھے تمہیں | بُرا | عذاب | وہ ذبح کرتے تھے

وہ وقت یاد کرو جب ہم نے تمہیں فرعون کے لوگوں سے نجات دلائی، جنہوں نے تمہیں سخت عذاب میں ڈال رکھا تھا۔ وہ تمہارے

اَبْنَآءَكُمْ وَيَسْتَحْيُوْنَ نِسَآءَكُمْ ۭ وَفِيْ ذٰلِكُمْ بَلَاۗءٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ

تمہارے بیٹوں کو | اور زندہ چھوڑتے تھے | تمہاری عورتوں کو | اور میں | اس | آزمائش تھی | طرف سے | رب تمہارے کی

بیٹوں کو ذبح کرتے اور تمہاری بیٹیوں کو زندہ چھوڑ دیتے تھے۔ اور اس میں تمہارے رب کی طرف سے بڑی

عَظِيْمٌ ﴿۴۹﴾ وَاِذْ فَرَقْنَا بِكُمُ الْبَحْرَ فَاَنْجَيْنٰكُمْ وَاَغْرَقْنَآ اٰلَ فِرْعَوْنَ

بڑی | اور جب | ہم نے پھاڑا | تمہارے لیے | سمندر کو | پھر ہم نے بچایا تم کو | اور ہم نے غرق کر دیا | قوم | فرعون کو

آزمائش تھی۔ یاد کرو جب ہم نے سمندر پھاڑ کر تمہیں پار کرایا اور بچا لیا، مگر تمہاری آنکھوں کے سامنے فرعون کی قوم

وَاَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ ﴿۵۰﴾ وَاِذْ وٰعَدْنَا مُوْسٰٓى اَرْبَعِيْنَ لَيْلَةً ثُمَّ

اور تم | دیکھتے تھے | اور جب | ہم نے وعدہ کیا | موسیٰ سے | چالیس | راتوں کا | پھر

کو غرق کر دیا۔ یاد کرو جب ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو چالیس راتوں کے وعدے پر بلایا۔ پھر

اتَّخَذْتُمُ الْعِجْلَ مِنْۢ بَعْدِهٖ وَاَنْتُمْ ظٰلِمُوْنَ ﴿۵۱﴾ ثُمَّ عَفَوْنَا عَنْكُمْ

تم نے بنالیا | بچھڑا | سے | بعد اُس کے | اور تم ہو | ظالم | پھر | ہم نے معاف کیا | تم سے

ان کے پیچھے تم نے بچھڑے کو معبود بنا لیا اور تم ظالم بنے۔ اس کے باوجود ہم نے تمہیں

مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۵۲﴾ وَاِذْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ

سے | بعد | اُس کے | تاکہ تم | شکر کرو | اور جب | ہم نے دی | موسیٰ کو | کتاب

معاف کیا، تاکہ تم شکر کرو۔ اور یاد کرو جب ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو ایسی کتاب دی

وَالْفُرْقَانَ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ﴿۵۳﴾ وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ

اور فرق کرنے والی | تاکہ تم | ہدایت پاؤ | اور جب | کہا | موسیٰ نے | قوم اپنی کو | اے میری قوم

جو حق و باطل کا فرق بتاتی تھی، تاکہ اُس کے ذریعے تم ہدایت حاصل کرو۔ یاد کرو جب موسیٰ علیہ السلام نے اپنی قوم سے کہا "اے لوگو! تم

اِنَّكُمْ ظَلَمْتُمْ اَنْفُسَكُمْ بِاتِّخَاذِكُمُ الْعِجْلَ فَتُوْبُوْٓا اِلٰى بَارِىِٕكُمْ

بیشک تم | تم نے ظلم کیا | اپنی جانوں پر | ساتھ (خدا) بنانے اپنا | بچھڑے کو | پس تم توبہ کرو | طرف | پیدا کرنیوالے اپنے کی

نے بچھڑے کی پوجا کر کے اپنے اُوپر بڑا ظلم کیا۔ اب تم اپنے پیدا کرنے والے کے آگے توبہ کرو

فَاقْتُلُوْٓا اَنْفُسَكُمْ ۭ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ عِنْدَ بَارِىِٕكُمْ ۭ فَتَابَ

پھر تم قتل کرو | اپنی جانوں کو | یہ | بہتر ہے | تمہارے لیے | نزدیک | تمہارے پیدا کرنے والے | پھر توبہ قبول کی

اور اپنے مجرموں کو اپنے ہاتھوں سے قتل کرو۔ باری تعالیٰ نے تمہارے لیے یہی بہتر فیصلہ فرمایا ہے۔" پھر اللہ نے تمہاری

عَلَيْكُمْ ۭ اِنَّهٗ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ۝ وَاِذْ قُلْتُمْ يٰمُوْسٰى لَنْ

تمہاری | بیشک وہ | وہی ہے | بہت توبہ قبول کرنیوالا | بہت رحم کرنے والا | اور جب | تم نے کہا | اے موسیٰ | ہرگز نہ

توبہ قبول کی۔ بیشک وہی توبہ قبول کرنے والا رحم کرنے والا ہے۔ اور جب تم نے کہا تھا "اے موسیٰ علیہ السلام! جب تک

نُّؤْمِنَ لَكَ حَتّٰى نَرَى اللّٰهَ جَهْرَةً فَاَخَذَتْكُمُ الصّٰعِقَةُ وَاَنْتُمْ

ہم ایمان لائیں گے | تجھ پر | یہاں تک کہ | ہم دیکھیں | اللہ کو | ظاہر | پس پکڑا تم کو | بجلی نے | اور تم

ہم اللہ کو خود اپنی آنکھوں سے نہ دیکھ لیں، تمہاری بات کا یقین نہ کریں گے۔" اس کے بعد دیکھتے ہی دیکھتے تم پر بجلی گری اور تم

تَنْظُرُوْنَ ۝ ثُمَّ بَعَثْنٰكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَوْتِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۝

دیکھتے تھے | پھر | ہم نے دوبارہ زندہ کیا تم کو | سے | بعد | موت تمہاری کے | تاکہ تم | شکر کرو

ہلاک ہوگئے۔ پھر تمہاری موت کے بعد ہم نے تمہیں اُٹھایا تاکہ تم شکر گزار بنو۔

وَظَلَّلْنَا عَلَيْكُمُ الْغَمَامَ وَاَنْزَلْنَا عَلَيْكُمُ الْمَنَّ وَالسَّلْوٰى ۭ كُلُوْا

اور ہم نے سایہ کیا | تم پر | بادلوں کا | اور ہم نے اتارا | اوپر تمہارے | من | اور سلویٰ | تم کھاؤ

ایک وقت وہ تھا جب ہم نے تمہارے اُوپر بادلوں کا سایہ کیا۔ تمہارے لیے من وسلویٰ کا رزق اتارا۔ تاکہ ہماری عطا کی ہوئی

مِنْ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ ۭ وَمَا ظَلَمُوْنَا وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَھُمْ

سے | پاکیزہ چیزوں | جو | ہم نے دیں تم کو | اور نہ | انہوں نے نقصان کیا ہمارا | اور لیکن وہ | تھے | اپنی جانوں پر

پاکیزہ چیزیں کھاؤ۔ مگر اس کے بعد انھوں نے ہمارا کچھ نقصان نہیں کیا خود اپنا ہی نقصان

يَظْلِمُوْنَ ۝ وَاِذْ قُلْنَا ادْخُلُوْا ھٰذِهِ الْقَرْيَةَ فَكُلُوْا مِنْهَا حَيْثُ

وہ ظلم کرتے | اور جب | ہم نے کہا | تم داخل ہو جاؤ | اس | بستی میں | پھر تم کھاؤ | اُس سے | جہاں

کرتے رہے۔ یاد کرو جب ہم نے حکم دیا کہ اس بستی میں داخل ہو جاؤ اور وہاں جیسے چاہو، خوب

شِئْتُمْ رَغَدًا وَّادْخُلُوا الْبَابَ سُجَّدًا وَّقُوْلُوْا حِطَّةٌ نَّغْفِرْ لَكُمْ

تم چاہو | خوب | اور تم داخل ہو | دروازے سے | جھکتے ہوئے | اور تم کہو | بخشش ہو | ہم بخش دیں گے | تم کو

کھاؤ پیو۔ جب اس بستی کے دروازے میں داخل ہونے لگو تو تمہارے سر جھکے ہوئے ہوں اور زبانیں توبہ واستغفار کر رہی ہوں۔

خَطٰيٰكُمْ ۭ وَسَنَزِيْدُ الْمُحْسِنِيْنَ ۝ فَبَدَّلَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا قَوْلًا غَيْرَ

خطائیں تمہاری | اور ضرور ہم زیادہ دینگے | نیکی کرنے والوں کو | پھر بدل دیا | جن لوگوں نے | ظلم کیا | بات کو | سوائے

اس پر ہم تمہاری خطائیں معاف کردیں گے اور ٹھیک حکم بجالانے والوں کو اپنے فضل وکرم سے نوازیں گے۔ مگر ان ظالموں نے

الَّذِيْ قِيْلَ لَهُمْ فَاَنْزَلْنَا عَلَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا رِجْزًا مِّنَ السَّمَآءِ

جو | کہی گئی | ان کو | پھر ہم نے اتارا | پر | انکے جنہوں نے | ظلم کیا | عذاب | سے | آسمان

ہمارے حکم کو بدل ڈالا تو ہم نے ان کی نافرمانی کی وجہ سے ان پر آسمان سے

بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ ۝ وَاِذِ اسْتَسْقٰى مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ فَقُلْنَا اضْرِبْ

بسبب جو | وہ تھے | نافرمانی کرتے | اور جب | پانی مانگا | موسیٰ نے | اپنی قوم کے لیے | پس ہم نے کہا | تو مار

عذاب نازل کیا۔ اور یاد کرو جب موسیٰ علیہ السلام نے اپنی قوم کے لیے پانی کی دعا کی، ہم نے حکم دیا "اپنا عصا اس پتھر

بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ ۭ فَانْفَجَرَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا ۭ قَدْ عَلِمَ كُلُّ

اپنے عصا کو | پتھر پر | پھر بہہ نکلے | اس سے | بارہ | چشمے | البتہ | معلوم کرلی | سب

کی چٹان پر مارو" عصا مارتے ہی بارہ چشمے پھوٹ نکلے۔ ہر گروہ نے پانی لینے کی

اُنَاسٍ مَّشْرَبَهُمْ ۭ كُلُوْا وَاشْرَبُوْا مِنْ رِّزْقِ اللّٰهِ وَلَا تَعْثَوْا فِي

لوگوں نے | اپنی پانی لینے کی جگہ | تم کھاؤ | اور پیو | سے | رزق | اللہ کے | اور نہ | تم پھرو | میں

جگہ معلوم کر لی۔ ان سے کہا گیا اللہ کے دیئے ہوئے رزق میں سے کھاؤ پیو، مگر زمین میں فساد

الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ۝ وَاِذْ قُلْتُمْ يٰمُوْسٰى لَنْ نَّصْبِرَ عَلٰى طَعَامٍ

زمین | فساد پھیلاتے ہوئے | اور جب | تم نے کہا | اے موسیٰ | ہرگز نہ | ہم صبر کریں گے | اوپر | کھانے

نہ پھیلاؤ۔ یاد کرو جب تم نے موسیٰ علیہ السلام سے کہا تھا "ہم ایک ہی قسم کے کھانے پر ہرگز صبر نہیں

وَّاحِدٍ فَادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُخْرِجْ لَنَا مِمَّا تُنْۢبِتُ الْاَرْضُ مِنْۢ

ایک | پس تو دعا کر | ہمارے لیے | رب اپنے سے | وہ نکالے | ہمارے لیے | وہ جو | اُگاتی ہے | زمین | جیسے

کرسکتے، تو ہمارے لیے اپنے رب سے دعا کر کہ وہ ہمیں زمینی پیداوار مہیا کرے:

بَقْلِهَا وَقِثَّآئِهَا وَفُوْمِهَا وَعَدَسِهَا وَبَصَلِهَا ۭ قَالَ اَتَسْتَبْدِلُوْنَ الَّذِيْ

ساگ اسکا | اور ککڑی اسکی | اور لہسن اسکا | مسور اُسکا | اور پیاز اسکا | اس نے کہا | کیا تم بدلتے ہو | اُسے جو

ساگ، ککڑی، لہسن، مسور اور پیاز" موسیٰ علیہ السلام نے جواب دیا کیا تم بہتر چیز کے بدلے

هُوَ اَدْنٰى بِالَّذِيْ هُوَ خَيْرٌ ۭ اِهْبِطُوْا مِصْرًا فَاِنَّ لَكُمْ مَّا سَاَلْتُمْ ۭ

وہ | گھٹیا ہے | بدلے اس کے جو | وہ | بہتر ہے | تم اُترو | شہر میں | پھر بیشک | تمہارے لیے ہے | جو | تم نے مانگا

کمتر چیز لینا چاہتے ہو؟ اچھا، کسی بستی میں چلے جاؤ وہاں تمہیں سب کچھ مل جائے گا جو تم مانگتے ہو۔

وَضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الذِّلَّةُ وَالْمَسْكَنَةُ ق وَبَآءُوْ بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰهِ ط ذٰلِكَ

اور ماری گئی | اُن پر | ذلت | اور محتاجی | اور وہ پھرے | ساتھ غضب کے | سے | اللہ | یہ

پھر بنی اسرائیل پر ذلت اور محتاجی مسلّط کی گئی اور وہ اللہ کے غضب کے مستحق ہوئے، کیونکہ وہ

بِاَنَّهُمْ كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَيَقْتُلُوْنَ النَّبِيّٖنَ بِغَيْرِ الْحَقِّ ط

اس لیے کہ وہ | تھے | انکار کرتے | نشانیوں کا | اللہ کی | اور وہ قتل کرتے تھے | نبیوں کو | نا | حق

اللہ کی نشانیوں کا انکار کرتے اور اس کے نبیوں کو ناحق قتل کرتے تھے

ع 7/2/7

ذٰلِكَ بِمَا عَصَوْا وَّكَانُوْا يَعْتَدُوْنَ ۝ع اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَالَّذِيْنَ

یہ اسلئے | کہ جو | نافرمانی کی | اور وہ تھے | حد سے نکل جاتے | بیشک | جولوگ | ایمان لائے | اور جولوگ

اور چونکہ انھوں نے نافرمانی کی تھی اور وہ حد سے بڑھ گئے تھے۔ نجات کسی خاص قوم کے لیے نہیں، خواہ وہ مسلمانوں کی قوم ہو،

هَادُوْا وَالنَّصٰرٰى وَالصّٰبِـِٕيْنَ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَعَمِلَ

یہودی ہوئے | اور عیسائی | اور صابی | جوکوئی | ایمان لائے | اللہ پر | اور دن پر | آخرت کے | اور عمل کرے

یہودیوں کی ہو، عیسائیوں کی ہو یا صابیوں کی۔ آخرت میں نجات صرف ان لوگوں کے لیے ہے جو اللہ پر اور آخرت کے دن پر ایمان

صَالِحًا فَلَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ج وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ

اچھا | تو ان کیلئے | ثواب ان کا ہے | پاس | رب انکے | اور نہیں | ڈر | اُن پر | اور نہ | وہ

لائیں اور نیک کام کریں۔ ایسے لوگ ہی اپنے رب کے ہاں اجر پائیں گے اور ان کو نہ کوئی خوف ہوگا اور نہ وہ غمگین

يَحْزَنُوْنَ ۝ وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَكُمْ وَرَفَعْنَا فَوْقَكُمُ الطُّوْرَ ط خُذُوْا

غم کھائیں گے | اور جب | ہم نے لیا | پختہ عہد تمہارا | اور ہم نے اُٹھایا | اوپر تمہارے | کوہ طور کو | تم پکڑو

ہوں گے۔ اور اے بنی اسرائیل! یاد کرو جب ہم نے تم سے پختہ عہد لیا اور اُس وقت طُور پہاڑ کو تمہارے اوپر کھڑا کردیا۔ عہد یہ تھا کہ

مَآ اٰتَيْنٰكُمْ بِقُوَّةٍ وَّاذْكُرُوْا مَا فِيْهِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ۝ ثُمَّ تَوَلَّيْتُمْ

جو | ہم نے دیا تم کو | ساتھ مضبوطی کے | اور تم یاد کرو | جو | اُس میں ہے | تاکہ تم | بچو | پھر | تم پھر گئے

جو کتاب ہم نے تمہیں دی، اسے مضبوطی سے پکڑو اور جو کچھ اس میں بیان کیا گیا ہے اسے اچھی طرح یاد رکھو، تاکہ اللہ کے عذاب

مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ ج فَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ لَكُنْتُمْ مِّنَ

سے | بعد | اس کے | پس اگر نہ ہوتا | فضل | اللہ کا | تم پر | اور رحمت اسکی | ضرور تم ہوتے | سے

سے بچ جاؤ۔ مگر اس کے بعد تم اس عہد سے پھر گئے۔ پھر اگر اللہ اپنا فضل و کرم نہ فرماتا تو تم ہلاک ہو

الْخٰسِرِيْنَ ﴿٦٤﴾ وَلَقَدْ عَلِمْتُمُ الَّذِيْنَ اعْتَدَوْا مِنْكُمْ فِي السَّبْتِ فَقُلْنَا

نقصان اٹھانے والوں | اور بیشک | تم نے جانا | ان کو جو | حد سے نکل گئے | تم میں سے | بارے | ہفتے کے دن کے | پھر ہم نے کہا

چکے ہوتے!۔ اور تمہیں اپنے اُن لوگوں کا قصہ یاد ہے جنہوں نے ہفتے کے دن کے بارے میں زیادتی کی۔ ہم نے اُنہیں کہا ''تم

لَهُمْ كُوْنُوْا قِرَدَةً خٰسِـِٕيْنَ ﴿٦٥﴾ فَجَعَلْنٰهَا نَكَالًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهَا

اُن کو | ہو جاؤ | بندر | ذلیل | پس ہم نے بنایا اس کو | عبرت | اُس کیلئے جو | سامنے اسکے تھے

ذلیل بندر بن جاؤ!''۔ ہم نے اس واقعے کو ان لوگوں کے لیے جو اُس وقت موجود تھے اور اُن کے لیے

وَمَا خَلْفَهَا وَمَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿٦٦﴾ وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖٓ اِنَّ اللّٰهَ

اور جو | پیچھے اسکے تھے | اور نصیحت | واسطے پرہیزگاروں کے | اور جب | کہا | موسیٰ نے | اپنی قوم کو | بیشک | اللہ

جو بعد میں آئے، عبرت کا نمونہ بنا دیا اور اللہ سے ڈرنے والوں کے لیے اس میں نصیحت رکھ دی۔ اور یاد کرو جب موسیٰ علیہ السلام نے اپنی

يَاْمُرُكُمْ اَنْ تَذْبَحُوْا بَقَرَةً ۭ قَالُوْٓا اَتَتَّخِذُنَا هُزُوًا ۭ قَالَ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ

حکم دیتا ہے تم کو | کہ | تم ذبح کرو | ایک گائے | کہنے لگے | کیا تو ہم کو بناتا ہے | مذاق | اس نے کہا | میں پناہ لیتا ہوں | اللہ کی

قوم سے کہا ''اللہ تمہیں حکم دیتا ہے ایک گائے ذبح کرو۔'' انھوں نے کہا ''کیا ہم سے مذاق کرتے ہو؟'' موسیٰ علیہ السلام نے کہا ''میں اس

اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْجٰهِلِيْنَ ﴿٦٧﴾ قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُبَيِّنْ لَّنَا مَا

کہ | میں ہو جاؤں | سے | جاہلوں | کہنے لگے | دعا کر | ہمارے لئے | رب اپنے سے | وہ بیان کرے | ہم کو | وہ

بات سے اللہ کی پناہ مانگتا ہوں کہ ایسا نادان بنوں۔'' وہ کہنے لگے ''تم اپنے رب سے پوچھو، وہ ہمیں بتائے کہ گائے

هِيَ ۭ قَالَ اِنَّهٗ يَقُوْلُ اِنَّهَا بَقَرَةٌ لَّا فَارِضٌ وَّلَا بِكْرٌ ۭ عَوَانٌۢ

کیسی ہے | اس نے کہا | بیشک | وہ کہتا ہے | بیشک وہ | گائے | نہ | بوڑھی | اور نہ | بچی | جوان ہے

کیسی ہو؟'' موسیٰ علیہ السلام نے کہا ''اللہ فرماتا ہے وہ گائے نہ بوڑھی ہو اور نہ نوجوان بلکہ درمیانی

بَيْنَ ذٰلِكَ ۭ فَافْعَلُوْا مَا تُؤْمَرُوْنَ ﴿٦٨﴾ قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُبَيِّنْ

درمیان میں | اس کے | پس کر گزرو | جس کا | تمہیں حکم دیا جاتا ہے | کہنے لگے | دعا کر | ہمارے لیے | رب اپنے سے | وہ بتا دے

عمر کی ہو۔ اب تم اس حکم پر جلد عمل کرو۔'' وہ کہنے لگے ''تم اپنے رب سے معلوم کرو، وہ ہمیں واضح طور پر بتائے اس گائے

لَّنَا مَا لَوْنُهَا ۭ قَالَ اِنَّهٗ يَقُوْلُ اِنَّهَا بَقَرَةٌ صَفْرَاۗءُ ۙ فَاقِعٌ لَّوْنُهَا

ہم کو | کیسا ہے | رنگ اس کا | اس نے کہا | بیشک وہ | کہتا ہے | بیشک وہ ہے | گائے | زرد | گہرا ہے | رنگ اسکا

کا رنگ کیسا ہو؟'' موسیٰ علیہ السلام نے کہا ''اللہ فرماتا ہے وہ گہرے زرد رنگ کی ہو، جو دیکھنے والوں کو

تَسُرُّ النّٰظِرِيْنَ ۝ قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُبَيِّنْ لَّنَا مَا هِيَ ۙ اِنَّ

خوش کرتی ہے | دیکھنے والوں کو | انہوں نے کہا | تو دعا کر | ہمارے لیے | اپنے رب سے | وہ واضح کرے | ہم کو | کیسی ہے | وہ | بیشک

اچھی معلوم ہو۔" پھر وہ کہنے لگے "تم اپنے رب سے درخواست کرو وہ ہمیں صاف طور پر بتائے وہ گائے کیسی ہو؟ کیونکہ گائے کے

الْبَقَرَ تَشٰبَهَ عَلَيْنَا ۭ وَاِنَّآ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ لَمُهْتَدُوْنَ ۝ قَالَ اِنَّهٗ

گائے | شبے والی ہوگئی | ہم پر | اور بیشک ہم | اگر | چاہا | اللہ نے | ضرور راہ پانے والے | اس نے کہا | بیشک

بارے میں ہم شبے میں پڑ گئے ہیں۔ اللہ نے چاہا تو جلد ہی اُس گائے کا پتہ چلا لیں گے۔" موسیٰ علیہ السلام نے کہا "اللہ

يَقُوْلُ اِنَّهَا بَقَرَةٌ لَّا ذَلُوْلٌ تُثِيْرُ الْاَرْضَ وَلَا تَسْقِي الْحَرْثَ ۚ

وہ کہتا ہے | بیشک وہ | گائے ہے | نہ | جوتی ہوئی کہ | پھاڑے | زمین کو | اور نہ | پانی پلاتی | کھیتی کو

فرماتا ہے وہ گائے ایسی ہو جس سے کوئی کام نہ لیا جاتا ہو۔ وہ زمین کو جوتنے والی اور کھیتوں کو پانی دینے والی نہ ہو۔

مُسَلَّمَةٌ لَّا شِيَةَ فِيْهَا ۭ قَالُوا الْـٰٔنَ جِئْتَ بِالْحَقِّ ۭ فَذَبَحُوْهَا وَمَا

صحیح سالم ہے | نہیں | داغ | اس میں | انہوں نے کہا | اب | تو لایا | صحیح بات | پھر ذبح کیا اسے | اور نہ

وہ صحیح سالم ہو اس میں کوئی داغ نہ ہو۔" وہ بولے "اب تم نے ٹھیک بات کہی۔" پھر انھوں نے وہ گائے ذبح تو کر دی مگر وہ یہ کام

(8 ع 10 8)

كَادُوْا يَفْعَلُوْنَ ۝ۧ وَاِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا فَادّٰرَءْتُمْ فِيْهَا ۭ وَاللّٰهُ مُخْرِجٌ

وہ نزدیک تھے | کہ ایسا کرتے | اور جب | تم نے قتل کیا | ایک جان کو | پھر تم جھگڑے | اس میں | اور اللہ | نکالنے والا ہے،

کرنے کے لیے تیار نہ تھے۔ اور یاد کرو جب تم نے ایک آدمی قتل کر دیا۔ پھر ایک دوسرے پر اس کا الزام لگاتے تھے۔ حالاں کہ

مَّا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ ۝ فَقُلْنَا اضْرِبُوْهُ بِبَعْضِهَا ۭ كَذٰلِكَ يُحْيِ اللّٰهُ

جو | تم تھے | چھپاتے | پھر ہم نے کہا | تم مارو اس کو | اس کے حصے سے | اسی طرح | زندہ کرتا ہے | اللہ

اللہ اس بات کو ظاہر کرنا چاہتا تھا جسے تم چھپانا چاہتے تھے۔ اس پر ہم نے حکم دیا

الْمَوْتٰى ۙ وَيُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ۝ ثُمَّ قَسَتْ قُلُوْبُكُمْ

مردوں کو | اور وہ دکھاتا ہے تمہیں | نشانیاں اپنی | تاکہ تم | سمجھو | پھر | سخت ہو گئے | دل تمہارے

کہ اسی گائے کے گوشت کا ایک ٹکڑا مردہ آدمی کی لاش پر مارو، وہ زندہ ہو جائے گا۔ اللہ اسی طرح مردہ انسانوں کو زندہ کرے گا، اور

مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ فَهِيَ كَالْحِجَارَةِ اَوْ اَشَدُّ قَسْوَةً ۭ وَاِنَّ مِنَ

سے | بعد | اس کے | پھر وہ | جیسے پتھر ہیں | یا | زیادہ ہیں | سختی میں | اور بیشک | بعض

تمہیں وہ اپنی نشانیاں دکھاتا ہے تاکہ تم سمجھو۔ اس واقعے کے بعد تمہارے دل پتھروں کی طرح سخت ہو گئے بلکہ ان سے بھی زیادہ

الْحِجَارَةِ لَمَا يَتَفَجَّرُ مِنْهُ الْاَنْهٰرُ ؕ وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا يَشَّقَّقُ فَيَخْرُجُ

پتھر ہیں | کہ | بہہ نکلتی ہیں | اس سے | نہریں | اور بیشک | ان میں ہے | کہ جو | پھٹ جاتا ہے | پھر نکلتا ہے

سخت! کیونکہ بعض پتھر ایسے ہوتے ہیں جن سے نہریں پھوٹ نکلتی ہیں۔ بعض جب پھٹ جاتے ہیں تو ان سے پانی

مِنْهُ الْمَآءُ ؕ وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا يَهْبِطُ مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ؕ وَمَا اللّٰهُ

اُس سے | پانی | اور بیشک | اُن میں ہے | کہ جو | گر پڑتا ہے | سے | خوف | اللہ کے | اور نہیں | اللہ

نکل آتا ہے، اور بعض پتھر ایسے بھی ہوتے ہیں جو اللہ کے خوف سے گر پڑتے ہیں۔ اور یاد رکھو، جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اس سے

بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۷۴﴾ اَفَتَطْمَعُوْنَ اَنْ يُّؤْمِنُوْا لَكُمْ وَقَدْ كَانَ

بے خبر | اس سے جو | تم کرتے ہو | کیا پھر تم توقع رکھتے ہو | کہ | وہ ایمان لائیں | تمہارے لیے | اور بیشک | تھا

بے خبر نہیں۔ مسلمانو! کیا تم امید رکھتے ہو کہ یہودی تمہارے کہنے سے ایمان لے آئیں گے؟ حالاں کہ

فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ يَسْمَعُوْنَ كَلٰمَ اللّٰهِ ثُمَّ يُحَرِّفُوْنَهٗ مِنْۢ بَعْدِ مَا

ایک گروہ | اُن میں سے | جو سنتے تھے | کلام | اللہ کا | پھر | بدل ڈالتے تھے | سے | بعد | جو

ان کا ایک گروہ جب اللہ کا کلام سنتا تو اُسے سمجھنے کے بعد جان بوجھ کر

عَقَلُوْهُ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿۷۵﴾ وَاِذَا لَقُوا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قَالُوْٓا اٰمَنَّا ۚۖ وَاِذَا

وہ سمجھے اُسے | اور وہ تھے | جانتے | اور جب | ملتے ہیں | اُن سے جو | ایمان لائے | تو کہتے ہیں | ہم ایمان لائے | اور جب

بدل دیتا ہے۔ یہ لوگ جب مسلمانوں سے ملتے ہیں تو کہتے ہیں ”ہم بھی ایمان لائے ہیں۔“ لیکن جب

خَلَا بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضٍ قَالُوْٓا اَتُحَدِّثُوْنَهُمْ بِمَا فَتَحَ اللّٰهُ

اکیلے ہوتے ہیں | بعض ان کے | طرف | بعض کی | تو کہتے ہیں | کیا تم بتاتے ہو ان کو | جو کچھ | کھولا ہے | اللہ نے

آپس میں ملتے ہیں تو کہتے ہیں ”کیا تم مسلمانوں کے سامنے وہ باتیں ظاہر کرتے ہو جو اللہ نے تمہیں بتائی ہیں،

عَلَيْكُمْ لِيُحَآجُّوْكُمْ بِهٖ عِنْدَ رَبِّكُمْ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۷۶﴾ اَوَلَا

تم پر | تاکہ وہ حجت کریں تم سے | اس کے ساتھ | پاس | تمہارے رب کے | کیا پس نہیں | تم سمجھتے | کیا | نہیں

تاکہ وہ کل کو تمہارے رب کے پاس تمہارے خلاف بحث کریں؟ کیا تم نہیں سمجھتے؟“ کیا ان

يَعْلَمُوْنَ اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ﴿۷۷﴾ وَمِنْهُمْ

وہ جانتے | کہ | اللہ | جانتا ہے | جو کچھ | وہ چھپاتے ہیں | اور جو کچھ | وہ ظاہر کرتے ہیں | اور بعض ان میں

لوگوں کو معلوم نہیں کہ اللہ سب کچھ جانتا ہے جو وہ چھپاتے اور ظاہر کرتے ہیں۔! اور اُن میں ایسے

النصف

أُمِّيُّوْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ الْكِتٰبَ اِلَّآ اَمَانِيَّ وَاِنْ هُمْ اِلَّا يَظُنُّوْنَ ﴿78﴾

ان پڑھ ہیں | نہیں | وہ جانتے | کتاب کو | مگر | تمنائیں | اور نہیں | وہ | مگر | گمان کرتے ہیں

ان پڑھ ہیں جو کتاب الٰہی کے بارے میں کچھ نہیں جانتے۔ ان کے پاس خوش فہمیوں اور وہم و گمان کے سوا کچھ نہیں۔

فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ يَكْتُبُوْنَ الْكِتٰبَ بِاَيْدِيْهِمْ ۗ ثُمَّ يَقُوْلُوْنَ هٰذَا مِنْ

پس ہلاکت ہے | اُن کیلئے | جو لکھتے ہیں | کتاب | اپنے ہاتھوں سے | پھر | کہتے ہیں | یہ ہے | سے

پس خرابی ہے ان لوگوں کے لیے جو اپنے ہاتھ سے لکھتے ہیں اور کہتے ہیں ''یہ اللہ کی طرف سے

عِنْدِ اللّٰهِ لِيَشْتَرُوْا بِهٖ ثَمَنًا قَلِيْلًا ۭ فَوَيْلٌ لَّهُمْ مِّمَّا كَتَبَتْ

طرف | اللہ کی | تاکہ وہ خریدیں | بدلے اسکے | مال | تھوڑا | پس ہلاکت ہے | اُن کیلئے | اُس سے جو | لکھا

نازل ہوا ہے'' تاکہ اس طرح وہ دنیا کا حقیر مال حاصل کر لیں۔ پس خرابی ہے ان کے لیے اس تحریر کی وجہ سے جو

اَيْدِيْهِمْ وَوَيْلٌ لَّهُمْ مِّمَّا يَكْسِبُوْنَ ﴿79﴾ وَقَالُوْا لَنْ تَمَسَّنَا النَّارُ

اُن کے ہاتھوں نے | اور ہلاکت ہے | اُن کیلئے | اُس سے جو | وہ کماتے ہیں | اور انہوں نے کہا | ہرگز نہ | ہمیں چھوئے گی | آگ

ان کے ہاتھوں نے لکھی! اور ان کے لیے خرابی ہے ان کی اس کمائی کے سبب سے جو وہ کماتے ہیں! اور وہ کہتے ہیں ''ہمیں دوزخ کی

اِلَّآ اَيَّامًا مَّعْدُوْدَةً ۭ قُلْ اَتَّخَذْتُمْ عِنْدَ اللّٰهِ عَهْدًا فَلَنْ يُّخْلِفَ

مگر | دن | گنتی کے | کہہ دیجئے | کیا تم نے لیا ہے | طرف سے | اللہ کی | کوئی عہد | پھر ہرگز نہ | توڑے گا

آگ نہیں چھوئے گی۔ اگر دوزخ میں ڈالے گئے تو صرف چند دنوں کے لیے ڈالے جائیں گے۔'' اے نبی ﷺ! آپ ﷺ ان

اللّٰهُ عَهْدَهٗٓ اَمْ تَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿80﴾ بَلٰى مَنْ

اللہ | اپنا عہد | یا | تم کہتے ہو | پر | اللہ | جو | نہیں | تم جانتے | ہاں کیوں نہیں | جو کوئی

سے کہیں'' کیا تم نے اللہ سے کوئی وعدہ لے رکھا ہے، جس کی وہ خلاف ورزی نہیں کرے گا، یا تم اللہ کے بارے میں ایسی بات کہتے

كَسَبَ سَيِّئَةً وَّاَحَاطَتْ بِهٖ خَطِيْۤـــَٔتُهٗ فَاُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ

کمائے | برائی | اور گھیرلے | اس کو | برائی اس کی | پھر وہ لوگ ہیں | والے | آگ | وہ ہیں

ہو جو تم نہیں جانتے۔ بات یہ ہے جس نے کوئی برائی کی اور اُس کے گناہ نے اسے برباد کیا تو ایسے لوگ

فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿81﴾ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ

اس میں | ہمیشہ رہنے والے | اور جو لوگ | ایمان لائے | اور عمل کیے | اچھے | وہی ہیں | والے

ہمیشہ دوزخ میں رہیں گے۔ مگر جو لوگ ایمان لائے اور انھوں نے نیک کام کیے، وہ جنتی

الْجَنَّةِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۸۲﴾ وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ

جنت | وہی ہیں | اُس میں | ہمیشہ رہنے والے | اور جب | ہم نے لیا | وعدہ | بنی | اسرائیل سے

ہیں اور ہمیشہ جنت میں رہیں گے۔ یاد کرو جب ہم نے بنی اسرائیل سے عہد لیا

لَا تَعْبُدُوْنَ اِلَّا اللّٰهَ ۫ وَبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا وَّذِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى

نہ | تم عبادت کرو | مگر | اللہ کی | اور والدین سے | حسنِ سلوک کرنا | اور رشتہ داروں سے | اور یتیموں سے

کہ اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہ کرنا، والدین کے ساتھ اچھا سلوک کرنا، رشتہ داروں کے حقوق ادا کرنا، یتیموں

وَالْمَسٰكِيْنِ وَقُوْلُوْا لِلنَّاسِ حُسْنًا وَّاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ ۭ ثُمَّ

اور محتاجوں سے | اور تم کہو | لوگوں کے لیے | اچھی بات | اور قائم کرو | نماز کو | اور تم دو | زکوٰۃ | پھر

اور مسکینوں سے ہمدردی کرنا، لوگوں سے شریفانہ گفتگو کرنا، نماز قائم کرنا اور زکوٰۃ ادا کرنا۔ مگر

تَوَلَّيْتُمْ اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْكُمْ وَاَنْتُمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿۸۳﴾ وَاِذْ اَخَذْنَا

تم نے منہ پھیرا | مگر | تھوڑے | تم سے | اور تم ہو | منہ پھیرنے والے | اور جب | ہم نے لیا

تھوڑے لوگوں کے سوا تم سب اس عہد سے پھر گئے اور تم پھر جانے والے لوگ ہو۔ یاد کرو جب ہم نے تم سے

مِيْثَاقَكُمْ لَا تَسْفِكُوْنَ دِمَآءَكُمْ وَلَا تُخْرِجُوْنَ اَنْفُسَكُمْ مِّنْ

پختہ عہد تمہارا | نہ | تم بہاؤ | خون اپنے | اور نہ | تم نکالو | اپنے آپ کو | سے

عہد لیا کہ اپنوں کا خون نہ بہانا اور اپنے لوگوں کو اُن کے گھروں سے بے گھر

دِيَارِكُمْ ثُمَّ اَقْرَرْتُمْ وَاَنْتُمْ تَشْهَدُوْنَ ﴿۸۴﴾ ثُمَّ اَنْتُمْ هٰٓؤُلَاۗءِ

بستیوں اپنی | پھر | تم نے اقرار کیا | اور تم | گواہ ہو | پھر | تم | وہی ہو

نہ کرنا۔ تم نے اس عہد کا اقرار کیا اور تم خود اس کے گواہ رہے۔ مگر پھر یہ تم ہو جو اپنوں

تَقْتُلُوْنَ اَنْفُسَكُمْ وَتُخْرِجُوْنَ فَرِيْقًا مِّنْكُمْ مِّنْ دِيَارِهِمْ ۡ تَظٰهَرُوْنَ

جو قتل کرتے ہو | اپنے لوگوں کو | اور تم نکالتے ہو | ایک گروہ کو | اپنے میں سے | سے | اُن کے گھروں | تم مدد پہنچاتے ہو

کو قتل کرتے ہو۔ اپنے لوگوں کو گھروں سے جلا وطن کرتے ہو۔ ان کے مقابلے میں دشمنوں کی

عَلَيْهِمْ بِالْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ ۭ وَاِنْ يَّاْتُوْكُمْ اُسٰرٰى تُفٰدُوْهُمْ وَهُوَ

خلاف ان کے | گناہ سے | اور زیادتی سے | اور اگر | وہ آتے ہیں تمہارے پاس | قیدی ہو کر | اُن کو چھڑا لیتے ہو | اور وہ

مدد کرتے ہو، گناہ اور ظلم کرنے کے لیے۔ لیکن جب وہ تمہارے پاس قید ہو کر آتے ہیں تو تم فدیہ دے کر اُنہیں چھڑا لیتے ہو۔ حالاں

مُحَرَّمٌ عَلَيْكُمْ اِخْرَاجُهُمْ ۭ اَفَتُؤْمِنُوْنَ بِبَعْضِ الْكِتٰبِ وَتَكْفُرُوْنَ

حرام تھا | تم پر | نکالنا ان کا | کیا پس تم ایمان لاتے ہو | بعض پر | کتاب کے | اور تم انکار کرتے ہو

کہ اُن کو اُن کے گھروں سے نکالنا ہی تمہارے لیے حرام تھا۔ کیا تم کتاب الٰہی کے ایک حصے کو مانتے اور دوسرے کا انکار

بِبَعْضٍ ۚ فَمَا جَزَاۗءُ مَنْ يَّفْعَلُ ذٰلِكَ مِنْكُمْ اِلَّا خِزْيٌ فِي الْحَيٰوةِ

بعض کا | پس کیا | بدلہ ہے | اسکا جو | وہ کرے | ایسا | تم میں سے | مگر | ذلت | میں | زندگی

کرتے ہو؟ تم میں سے جو لوگ ایسا کریں ان کی سزا اس کے سوا کیا ہے کہ وہ دنیا کی زندگی میں ذلیل

الدُّنْيَا ۚ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ يُرَدُّوْنَ اِلٰٓى اَشَدِّ الْعَذَابِ ۭ وَمَا اللّٰهُ

دنیا کی | اور دن | قیامت کے | وہ دھکیلے جائیں گے | طرف | سخت | عذاب کے | اور نہیں | اللہ

و خوار ہوں اور مرنے کے بعد قیامت کے دن انھیں سخت عذاب میں ڈالا جائے۔ اور اللہ اس سے

بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ۝ اُولٰۗىِٕكَ الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا

بے خبر | اُس سے جو | تم کرتے ہو | یہ لوگ ہیں | جنہوں نے | خریدی | زندگی | دنیا کی

بے خبر نہیں جو تم کرتے ہو۔ یہی لوگ ہیں جنہوں نے آخرت کے بدلے

بِالْاٰخِرَةِ ۡ فَلَا يُخَفَّفُ عَنْهُمُ الْعَذَابُ وَلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ۝ وَلَقَدْ

ع 10 4 10

بدلے آخرت کے | پھر نہیں | کم ہوگا | اُن سے | عذاب | اور نہ | ان کی | مدد کی جائے گی | اور بیشک

دنیا خریدی۔ پھر نہ تو ان کے عذاب میں کمی کی جائے گی اور نہ انھیں کہیں سے کوئی مدد مل سکے گی۔ اور ہم

اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ وَقَفَّيْنَا مِنْۢ بَعْدِهٖ بِالرُّسُلِ ۡ وَاٰتَيْنَا عِيْسَى

ہم نے دی | موسیٰ کو | کو کتاب | اور ہم باری باری لائے | سے | بعد اُس کے | رسول | اور ہم نے دیں | عیسیٰ

نے موسیٰ علیہ السلام کو کتاب دی۔ اس کے بعد ہم نے لگاتار رسول بھیجے۔ اور عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام کو کھلی

ابْنَ مَرْيَمَ الْبَيِّنٰتِ وَاَيَّدْنٰهُ بِرُوْحِ الْقُدُسِ ۭ اَفَكُلَّمَا جَاۗءَكُمْ

ابن | مریم کو | کھلی نشانیاں | اور ہم نے مدد کی اُسکی | ساتھ روح | پاک کے | کیا پھر جب کبھی | آیا تمہارے پاس

نشانیاں اور معجزے دیے۔ اور روحِ پاک جبرئیل علیہ السلام کے ذریعے ان کی مدد فرمائی۔ لیکن جب بھی کوئی پیغمبر ایسا

رَسُوْلٌۢ بِمَا لَا تَهْوٰٓى اَنْفُسُكُمُ اسْتَكْبَرْتُمْ ۚ فَفَرِيْقًا كَذَّبْتُمْ ۡ

کوئی رسول | ساتھ اُسکے جو | نہ | چاہتے تھے | جی تمہارے | تم نے تکبر کیا | پھر ایک گروہ کو | تم نے جھٹلایا

حکم لے کر آتا جو تمہاری خواہش نفس کے خلاف ہوتا، تم اسے ٹھکرا دیتے۔ پھر تم بعض رسولوں کو جھٹلاتے

وَفَرِيْقًا تَقْتُلُوْنَ ﴿۸۷﴾ وَقَالُوْا قُلُوْبُنَا غُلْفٌ ؕ بَلْ لَّعَنَهُمُ اللّٰهُ بِكُفْرِهِمْ

اور ایک گروہ کو | تم قتل کرتے تھے۔ | اور اُنہوں نے کہا | دل ہمارے | غلافوں میں ہیں | بلکہ | لعنت کی ہے اُن پر | اللہ نے | اُن کے کفر کی وجہ سے

اور بعض کو قتل کر ڈالتے تھے۔ یہودی کہتے ہیں "ہمارے دل محفوظ ہیں۔" حالاں کہ اللہ نے ان کے کفر کی وجہ سے ان پر لعنت

فَقَلِيْلًا مَّا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۸۸﴾ وَلَمَّا جَآءَهُمْ كِتٰبٌ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ

پس تھوڑے ہیں | جو | ایمان لاتے ہیں | اور جب | آئی اُنکے پاس | کتاب | سے | طرف | اللہ کی

کردی۔ اس لیے وہ بہت کم ایمان لاتے ہیں۔ اور جب ان لوگوں کے پاس اللہ کی طرف سے وہ کتاب آگئی

مُصَدِّقٌ لِّمَا مَعَهُمْ ۙ وَكَانُوْا مِنْ قَبْلُ يَسْتَفْتِحُوْنَ عَلَى الَّذِيْنَ

جو تصدیق کرنیوالی | اُسکی جو | ساتھ اُنکے ہے | اور وہ تھے | سے | پہلے | فتح مانگتے | خلاف | اُنکے جو

جو اُس کتاب کو سچا کرنے والی ہے جو اُن کے ہاں پہلے سے موجود تھی، اور جبکہ وہ اس نئی کتاب کے نازل ہونے سے پہلے تک

كَفَرُوْا ۚ فَلَمَّا جَآءَهُمْ مَّا عَرَفُوْا كَفَرُوْا بِهٖ ؗ فَلَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى

کافر ہوئے | پھر جب | آیا اُنکے پاس | وہ جسے | اُنہوں نے پہچان لیا | تو انکار کیا | اُس کا | پس لعنت ہو | اللہ کی | پر

دعائیں مانگا کرتے تھے کہ انہیں آخری نبی کی بعثت کے ذریعے سے کافروں کے مقابلے میں فتح نصیب ہو۔ مگر جب وہ چیز سامنے

الْكٰفِرِيْنَ ﴿۸۹﴾ بِئْسَمَا اشْتَرَوْا بِهٖٓ اَنْفُسَهُمْ اَنْ يَّكْفُرُوْا بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ

کافروں | بُرا ہے جو کچھ | اُنہوں نے بیچا | بدلے اُسکے | جانوں اپنی کو | کہ | وہ انکار کریں | اس کا جو | نازل کیا | اللہ نے

آگئی جس کا انہیں انتظار تھا تو اسے اچھی طرح پہچان لینے کے بعد ماننے سے انکار کر دیا۔ ایسے کافروں پر اللہ کی لعنت ہے۔ ان

بَغْيًا اَنْ يُّنَزِّلَ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ۚ

سرکشی کرتے ہوئے | کہ | نازل کرے | اللہ | سے | فضل اپنے | پر | جس کے | وہ چاہے | سے | اپنے بندوں

لوگوں نے ایک بُری چیز حاصل کرنے کے لیے اپنے آپ کو بیچ ڈالا۔ اور یہ تو اس چیز کا انکار کر رہے ہیں جسے اللہ نے نازل کیا ہے اور

فَبَآءُوْ بِغَضَبٍ عَلٰى غَضَبٍ ؕ وَلِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ﴿۹۰﴾ وَاِذَا قِيْلَ

پھر وہ پھرے | ساتھ غضب کے | پر | غضب | اور کافروں کیلئے ہے | عذاب | ذلیل کرنے والا | اور جب | کہا جائے

ان کا یہ انکار محض اس ضد کی وجہ سے ہے کہ کیوں اللہ نے اپنے بندوں میں سے ایک خاص بندے پر اپنا فضل کیا۔ ایسے لوگوں پر اللہ

لَهُمْ اٰمِنُوْا بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ قَالُوْا نُؤْمِنُ بِمَآ اُنْزِلَ عَلَيْنَا

اُن کو | تم ایمان لاؤ | اُس پر جو | نازل کیا | اللہ نے | وہ کہتے ہیں | ہم ایمان لائیں گے | اُس پر جو | نازل ہوا | ہم پر

کا غضب ہی غضب ہے اور ان کافروں کو ذلیل کرنے والا عذاب دیا جائے گا۔ اور جب اُن سے کہا جاتا ہے کہ "اللہ نے جو کتاب

وَيَكْفُرُوْنَ بِمَا وَرَآءَهٗ ۗ وَهُوَ الْحَقُّ مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَهُمْ ؕ قُلْ فَلِمَ

اور وہ انکار کرتے ہیں | اُس کا جو | اُسکے علاوہ ہے | اور وہ | سچ ہے | مطابق تصدیق کے | اُسکی جو | ساتھ اُنکے ہے | کہہ دیجئے | پس کیوں

نازل کی ہے اس پر ایمان لاؤ" تو کہتے ہیں "ہم صرف اس کتاب پر ایمان رکھتے ہیں جو ہمارے ہاں نازل ہوئی تھی۔" اور وہ اس

بہت رحم کرنے والا | بیشک | جولوگ | چھپاتے ہیں | اُسے جو | نازل کیا | اللہ نے | سے | کتاب | اور خریدتے ہیں

کرنے کی۔ بے شک اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔ جولوگ اللہ کی اُتاری ہوئی کتاب کے احکام اور اس کی تعلیمات کو چھپاتے ہیں اور

بِهٖ ثَمَنًا قَلِيْلًا ۙ اُولٰٓئِكَ مَا يَاْكُلُوْنَ فِيْ بُطُوْنِهِمْ اِلَّا النَّارَ

بدلے اُسکے | مال | تھوڑا | وہ لوگ | نہیں | وہ کھاتے | میں | اپنے پیٹوں | مگر | آگ

اس کے عوض میں دنیا کا حقیر مال حاصل کرتے ہیں وہ اپنے پیٹ میں دوزخ کی آگ بھرتے ہیں۔ قیامت کے

وَلَا يُكَلِّمُهُمُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَلَا يُزَكِّيْهِمْ ۚۖ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱۷۴﴾

اور نہیں کلام کرے گا اُن سے | اللہ | دن | قیامت کے | اور نہ | پاک کریگا اُنکو | اور اُن کیلئے ہے | عذاب | دردناک۔

دن اللہ اُن سے کلام نہیں کرے گا، نہ اُنہیں گناہوں سے پاک کرے گا اور اُن کے لیے درد ناک عذاب ہوگا۔

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا الضَّلٰلَةَ بِالْهُدٰى وَالْعَذَابَ بِالْمَغْفِرَةِ ۚ فَمَآ

یہ لوگ ہیں | جنہوں نے | خریدی | گمراہی | بدلے ہدایت کے | اور عذاب | بدلے بخشش کے | پس کیا

یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے ہدایت کی بجائے گمراہی خریدی اور بخشش کی بجائے عذاب خریدا۔ کیا انھیں

اَصْبَرَهُمْ عَلَى النَّارِ ﴿۱۷۵﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ نَزَّلَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ ۗ وَاِنَّ

صبر کرنیوالے ہیں وہ | اوپر | آگ کے | یہ اسلئے ہے | کہ | اللہ نے | نازل کی | کتاب | ساتھ حق کے | اور بیشک

دوزخ کی آگ کا ڈر نہیں! ان کی یہ حالت اس لیے ہوئی کہ اللہ نے تو کتاب ٹھیک ٹھیک اتاری تھی مگر انھوں

الَّذِيْنَ اخْتَلَفُوْا فِي الْكِتٰبِ لَفِيْ شِقَاقٍۭ بَعِيْدٍ ﴿۱۷۶﴾ ع لَيْسَ الْبِرَّ اَنْ

انہوں نے | اختلاف کیا | میں | کتاب | البتہ میں | مخالفت | دُور کی | نہیں | نیکی | یہ کہ

نے اُس کے بارے میں اختلافات پیدا کیے اور انتہائی ضد کی۔ نیکی یہ نہیں کہ تم نے

تُوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ قِبَلَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ وَلٰكِنَّ الْبِرَّ مَنْ اٰمَنَ

تم پھیرو | مُنہ اپنے | طرف | مشرق | اور مغرب کی | اور لیکن | نیکی اُسکی ہے | جو کوئی | ایمان لائے

عبادت کے وقت اپنا منہ مشرق کی طرف کر لیا یا مغرب کی طرف۔ نیکی یہ ہے کہ لوگ ایمان لائیں

بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ وَالْكِتٰبِ وَالنَّبِيّٖنَ ۚ وَاٰتَى الْمَالَ عَلٰى

اللہ پر | اور دن پر | آخرت کے | اور فرشتوں پر | اور کتابوں پر | اور نبیوں پر | اور دے | مال | اوپر

اللہ پر، آخرت کے دن پر، فرشتوں پر، اللہ کی کتابوں پر اور اُس کے نبیوں پر۔ جو اللہ کی رضا کے لیے اپنا

حُبِّهٖ ذَوِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنَ وَابْنَ السَّبِيْلِ ۙ وَالسَّآئِلِيْنَ

اُسکی محبت | رشتہ داروں کو | اور یتیموں کو | اور مسکینوں کو | اور مسافروں کو | اور سوال کرنیوالوں کو

مال خرچ کریں رشتہ داروں پر، یتیموں پر، محتاجوں پر، مسافروں پر، مانگنے والوں پر

وَفِي الرِّقَابِ ۚ وَاَقَامَ الصَّلٰوةَ وَاٰتَى الزَّكٰوةَ ۚ وَالْمُوْفُوْنَ بِعَهْدِهِمْ

اور میں | گردنیں چھڑانے | اور قائم کرے | نماز | اور دے | زکوٰۃ | اور پُورا کرنیوالے | اپنے عہد کو

اور غلاموں کو آزاد کرنے پر۔ جو نماز قائم کریں اور زکوٰۃ دیں۔ اور جب وعدہ کریں تو اسے

اِذَا عٰهَدُوْا ۚ وَالصّٰبِرِيْنَ فِي الْبَاْسَآءِ وَالضَّرَّآءِ وَحِيْنَ الْبَاْسِ ۭ

جب | وہ عہد کریں | اور صبر کرنیوالے | میں | تنگ دستی | اور تکلیف | اور وقت | لڑائی کے

پورا کریں۔ کوئی مالی پریشانی یا جسمانی تکلیف ہو تو صبر کریں اور جہاد میں ثابت قدم رہیں۔

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا ۭ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُتَّقُوْنَ ﴿١٧٧﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

یہ لوگ ہیں | جنہوں نے | سچ کہا | اور یہ لوگ | وہی ہیں | پرہیزگار | اے | لوگو | جو ایمان لائے ہو

ایسے لوگ ہی سچے اور پرہیز گار ہیں۔ اے ایمان والو!

كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِصَاصُ فِي الْقَتْلٰى ۭ اَلْحُرُّ بِالْحُرِّ وَالْعَبْدُ بِالْعَبْدِ

فرض کیا گیا | اُوپر تمہارے | بدلہ لینا | میں | مقتولوں | آزاد | بدلے آزاد کے | اور غلام | بدلے غلام کے

مقتول کے خون کا بدلہ لینا تم پر فرض ہے۔ قاتل آزاد ہو تو اُس آزاد کو، غلام ہو تو اُس غلام کو

وَالْاُنْثٰى بِالْاُنْثٰى ۭ فَمَنْ عُفِيَ لَهٗ مِنْ اَخِيْهِ شَيْءٌ فَاتِّبَاعٌ ۢ

اور عورت | بدلے عورت کے | پس جو کوئی | مُعاف کیا جائے | اُس کو | سے | بھائی اپنے | کچھ | پس پیروی کرنا ہے

اور عورت ہو تو اُس عورت کو قصاص میں قتل کیا جائے۔ اگر کسی قاتل کو اُس کا وہ بھائی جو مقتول کا وارث ہے خون معاف کر دے تو

بِالْمَعْرُوْفِ وَاَدَآءٌ اِلَيْهِ بِاِحْسَانٍ ۭ ذٰلِكَ تَخْفِيْفٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ

ساتھ بھلے طریقے کے | اور ادا کرنا ہے | طرف اُسکی | بھلائی سے | یہ | نرمی ہے | سے | رب تمہارے

دستور کے مطابق خون بہا لے سکتا ہے اور قاتل کو چاہیے کہ وہ صحیح طریقے سے پورا خون بہا ادا کرے۔ یہ حکم تمہارے رب کی طرف

وَرَحْمَةٌ ۭ فَمَنِ اعْتَدٰى بَعْدَ ذٰلِكَ فَلَهٗ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿١٧٨﴾ وَلَكُمْ

اور رحمت ہے | پس جو کوئی | زیادتی کرے | بعد | اسکے | اُس کیلئے ہے | عذاب | دردناک | اور تمہارے لیے

سے ایک آسانی اور مہربانی ہے۔ لیکن اگر کوئی شخص خون بہا لینے کے بعد بھی زیادتی کرے تو اللہ کے ہاں اُسے دردناک عذاب ہوگا۔

فِي الْقِصَاصِ حَيٰوةٌ يّٰۤاُولِي الْاَلْبَابِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ﴿۱۷۹﴾ كُتِبَ

میں | بدلہ لینے | زندگی ہے | اے رکھنے والو | عقلیں | تاکہ تم | بچ جاؤ | فرض کیا گیا

اور اے عقل والو! تمہارے لیے قصاص میں زندگی ہے لہٰذا اس حکم کی خلاف ورزی سے بچ جاؤ۔ جب تم میں

عَلَيْكُمْ اِذَا حَضَرَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ اِنْ تَرَكَ خَيْرَا ۨ الْوَصِيَّةُ

تم پر | جب | حاضر ہو | تم میں سے کسی کو | موت | اگر | وہ چھوڑ جائے | مال | وصیت کرنا

سے کسی کی موت کا وقت قریب آجائے اور وہ اپنے پیچھے مال چھوڑ رہا ہو تو ضروری ہے کہ وہ اپنے

لِلْوَالِدَيْنِ وَالْاَقْرَبِيْنَ بِالْمَعْرُوْفِ ۚ حَقًّا عَلَى الْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۸۰﴾ فَمَنْۢ

والدین کیلئے | اور رشتہ داروں کیلئے | بھلے طریقے سے | حق ہے | پر | پرہیزگاروں کے | پس جو کوئی

والدین اور رشتہ داروں کے لیے دستور کے مطابق وصیت کر جائے۔ یہ ایک ذمہ داری ہے اللہ سے ڈرنے والوں کی۔ پھر جو

بَدَّلَهٗ بَعْدَ مَا سَمِعَهٗ فَاِنَّمَآ اِثْمُهٗ عَلَى الَّذِيْنَ يُبَدِّلُوْنَهٗ ؕ اِنَّ

بدل دے اُسکو | بعد | اسکے جو | سنا اُسکو | تو بے شک | گناہ اُسکا ہے | اُوپر | اُن لوگوں کے جو | بدل ڈالیں اُسکو | بیشک

وصیت سننے کے بعد اُسے بدل ڈالے تو وہ گناہ گار ہوگا۔ بے شک

اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ؕ﴿۱۸۱﴾ فَمَنْ خَافَ مِنْ مُّوْصٍ جَنَفًا اَوْ اِثْمًا

اللہ ہے | بڑا سُننے والا | بہت علم والا | پس جو کوئی | ڈرا | کی طرف سے | وصیت کرنیوالے | طرفداری | یا | گناہ

اللہ سننے والا جاننے والا ہے۔ اگر کوئی شخص یہ محسوس کرے کہ وصیت کرنے والے نے غلطی سے یا جان بوجھ کر کسی کی حق تلفی کی ہے

فَاَصْلَحَ بَيْنَهُمْ فَلَآ اِثْمَ عَلَيْهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ؑ﴿۱۸۲﴾

22 ع 6 6

پس وہ اصلاح کر دے | درمیان اُنکے | پس نہیں | گناہ | اُس پر | بیشک | اللہ ہے | بڑا بخشنے والا | بہت رحم کرنے والا

اور پھر وہ وارثوں میں صلح صفائی کرا دے تو اس پر کوئی گناہ نہیں۔ بے شک اللہ معاف کرنے والا رحم کرنے والا ہے۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ كَمَا كُتِبَ عَلَى الَّذِيْنَ

اے | لوگو جو | ایمان لائے ہو | فرض کیا گیا | تم پر | روزہ رکھنا | جیسا کہ | فرض کیا گیا | اُوپر | اُنکے جو تھے

اے ایمان والو! تم پر روزہ رکھنا فرض ہے جیسے پہلے لوگوں پر فرض

مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ﴿۱۸۳﴾ اَيَّامًا مَّعْدُوْدٰتٍ ؕ فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ

سے | پہلے تمہارے | تاکہ تم | پرہیزگار ہو جاؤ | دن | گنتی کے ہیں | پس جو کوئی | ہو | تم میں سے

تھا تاکہ تم پرہیزگار بن جاؤ۔ یہ روزے گنتی کے چند دن ہیں۔ لیکن اگر کوئی

مَّرِيْضًا اَوْ عَلٰى سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِّنْ اَيَّامٍ اُخَرَ ؕ وَعَلَى الَّذِيْنَ

بیمار | یا | پر | سفر | پس گنتی ہے | سے | دنوں | دوسرے | اوراُوپر | اُنکے جو

بیمار ہو یا مسافر ہو تو اور دنوں میں قضا روزے رکھ کر تعداد پوری کر لے۔ جن کے لیے کسی اور

يُطِيْقُوْنَهٗ فِدْيَةٌ طَعَامُ مِسْكِيْنٍ ؕ فَمَنْ تَطَوَّعَ خَيْرًا فَهُوَ خَيْرٌ

طاقت رکھتے ہیں اُسکی | بدلہ ہے | کھانا | ایک مسکین کا | پس جو | خوشی سے کرے | نیکی | پس وہ | زیادہ بہتر ہے

عذر کی وجہ سے روزہ رکھنا مشکل ہو، وہ ایک روزے کے بدلے ایک مسکین کو کھانا دیا کریں۔ جو کوئی اپنی خوشی سے کچھ زیادہ دیدے

لَّهٗ ؕ وَاَنْ تَصُوْمُوْا خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۸۴﴾ شَهْرُ

اُس کیلئے | اور یہ کہ | تم روزے رکھو | بہتر ہے | تمہارے لیے | اگر | تم ہو | تم جانتے | مہینہ

تو اُس کے لیے بہتر ہے۔ البتہ روزہ رکھنا تمہارے حق میں زیادہ بہتر ہے اگر تم جانو۔ رمضان کے

رَمَضَانَ الَّذِيْٓ اُنْزِلَ فِيْهِ الْقُرْاٰنُ هُدًى لِّلنَّاسِ وَبَيِّنٰتٍ مِّنَ

رمضان کا | وہ جو | نازل کیا | اُس میں | قرآن | ہدایت ہے | لوگوں کیلئے | اور واضح دلیلیں | سے

مہینے میں قرآن نازل ہوا جو لوگوں کے لیے ہدایت ہے، جس میں سیدھی راہ کی کھلی نشانیاں

الْهُدٰى وَالْفُرْقَانِ ۚ فَمَنْ شَهِدَ مِنْكُمُ الشَّهْرَ فَلْيَصُمْهُ ؕ وَمَنْ

ہدایت | اور حق و باطل کا فرق کرنیوالا | پس جو کوئی | موجود ہو | تم سے | اس مہینے میں | پس البتہ روزے رکھے | اور جو کوئی

ہیں اور جو حق و باطل کا فرق بتانے والا ہے۔ مسلمانو! جب رمضان کا مہینہ آئے اور تم مقیم ہو تو روزے رکھو۔ لیکن

كَانَ مَرِيْضًا اَوْ عَلٰى سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِّنْ اَيَّامٍ اُخَرَ ؕ يُرِيْدُ اللّٰهُ

ہو | بیمار | یا | اُوپر | سفر کے | پس گنتی ہے | سے | دنوں | دوسرے | چاہتا ہے | اللہ

بیمار اور مسافر دوسرے دنوں میں قضا روزے رکھ کر تعداد پوری کر لیں۔ اللہ تمہارے لیے

بِكُمُ الْيُسْرَ وَلَا يُرِيْدُ بِكُمُ الْعُسْرَ ۫ وَلِتُكْمِلُوا الْعِدَّةَ وَلِتُكَبِّرُوا

ساتھ تمہارے | آسانی | اور نہیں | چاہتا | ساتھ تمہارے | مشکل | اور تا کہ تم پورا کرو | گنتی کو | اور تا کہ تم بڑائی بیان کرو

آسانی چاہتا ہے وہ تم پر سختی کرنا نہیں چاہتا تا کہ اس طرح تم روزوں کی تعداد پوری کر لو، اللہ کی بڑائی بیان کرو

اللّٰهَ عَلٰى مَا هَدٰىكُمْ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۱۸۵﴾ وَاِذَا سَاَلَكَ عِبَادِيْ

اللہ کی | پر | اسکے جو | ہدایت دی تمہیں | اور تا کہ تم | شکر کرو | اور جب | پوچھیں تجھ سے | بندے میرے

جس نے تمہیں ہدایت بخشی اور اُس کی شکر گزاری کرو۔ اے نبی ﷺ! جب میرے بندے میرے بارے میں پوچھیں

عَنِّیْ فَاِنِّیْ قَرِیْبٌ ؕ اُجِیْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ ۙ فَلْیَسْتَجِیْبُوْا

متعلق میرے | تو بیشک میں | نزدیک ہوں | میں جواب دیتا ہوں | دُعا کا | دُعا کرنیوالے کی | جب | پکارتا ہے مجھ کو | پس چاہیے وہ حکم مانیں

تو آپ ﷺ اُن سے کہیں ”میں ان کے بہت قریب ہوں۔ ہر پکارنے والے کی پکار سنتا اور اُس کا جواب دیتا ہوں۔ انھیں چاہیے

لِیْ وَلْیُؤْمِنُوْا بِیْ لَعَلَّهُمْ یَرْشُدُوْنَ ۝ اُحِلَّ لَكُمْ لَیْلَةَ الصِّیَامِ

میرا | اور چاہیے وہ ایمان رکھیں مجھ پر | تاکہ وہ | ہدایت پائیں | حلال کیا گیا | تمہارے لیے | رات | روزے کی

کہ میرا حکم مانیں اور مجھ پر یقین رکھیں تاکہ ہدایت پائیں۔ مسلمانو! روزے کی رات میں

الرَّفَثُ اِلٰی نِسَآئِكُمْ ؕ هُنَّ لِبَاسٌ لَّكُمْ وَاَنْتُمْ لِبَاسٌ لَّهُنَّ ؕ عَلِمَ

ملاپ کرنا | طرف | اپنی بیویوں کی | وہ ہیں | لباس | تمہارے لیے | اور تم ہو | لباس | اُن کیلئے | جان لیا

اپنی بیویوں کے پاس جاسکتے ہو۔ وہ تمہارے لیے لباس ہیں تم ان کے لیے لباس ہو۔ اللہ کو

اللّٰهُ اَنَّكُمْ كُنْتُمْ تَخْتَانُوْنَ اَنْفُسَكُمْ فَتَابَ عَلَیْكُمْ وَعَفَا عَنْكُمْ ۚ

اللہ نے | یہ کہ تم | تھے | خیانت کرتے | اپنی جانوں کے ساتھ | پس توبہ قبول کی | تم پر | اور معاف کیا | تم سے

معلوم ہے تم اس سے پہلے اپنے ساتھ خیانت کرتے رہے۔ مگر اللہ نے عنایت کی اور تمہاری خطا معاف کی۔

فَالْـٰٔنَ بَاشِرُوْهُنَّ وَابْتَغُوْا مَا كَتَبَ اللّٰهُ لَكُمْ ۠ وَكُلُوْا وَاشْرَبُوْا

پس اب | ملاپ کرو اُن سے | اور تلاش کرو | جو | لکھا | اللہ نے | تمہارے لیے | اور کھاؤ | اور پیئو

اب تم روزے کی رات میں اپنی بیویوں سے ہم بستری کر سکتے ہو اور جو اللہ نے تمہارے لیے لکھ دیا وہ حاصل کر سکتے ہو۔ اس کے

حَتّٰی یَتَبَیَّنَ لَكُمُ الْخَیْطُ الْاَبْیَضُ مِنَ الْخَیْطِ الْاَسْوَدِ مِنَ الْفَجْرِ ۠

یہاں تک کہ | ظاہر ہو | تمہارے لیے | دھاگا | سفید | سے | دھاگے | کالے | سے | فجر

علاوہ رات کو اس وقت تک کھا پی سکتے ہو جب صبح کی سفید دھاری، کالی دھاری سے الگ ظاہر ہو جائے۔

ثُمَّ اَتِمُّوا الصِّیَامَ اِلَی الَّیْلِ ۚ وَلَا تُبَاشِرُوْهُنَّ وَاَنْتُمْ عٰكِفُوْنَ ۙ

پھر | پورا کرو | روزہ | تک | رات | اور نہ | ملاپ کرو اُن سے | جبکہ تم | اعتکاف کرنیوالے ہو

اس کے بعد رات تک روزہ پورا کرو۔ لیکن جب مسجد میں اعتکاف کی حالت میں ہو تو پھر رات کو اپنی بیویوں سے

فِی الْمَسٰجِدِ ؕ تِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ فَلَا تَقْرَبُوْهَا ؕ كَذٰلِكَ یُبَیِّنُ اللّٰهُ

میں | مسجدوں | یہ ہیں | حدیں | اللہ کی | پس نہ | تم قریب جاؤ انکے | اس طرح | بیان کرتا ہے | اللہ

صحبت نہیں کر سکتے۔ یہ حدیں اللہ نے قائم کی ہیں ان کے قریب نہ جاؤ۔ اللہ اپنی آیتیں لوگوں کے لیے کھول کر

اٰیٰتِهٖ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ یَتَّقُوْنَ ﴿۱۸۷﴾ وَلَا تَاْكُلُوْٓا اَمْوَالَكُمْ بَیْنَكُمْ بِالْبَاطِلِ

آیتیں اپنی | لوگوں کیلئے | تاکہ وہ | ڈریں | اور نہ تم کھاؤ | مال اپنے | درمیان اپنے | ناحق کے ساتھ

بیان کرتا ہے تاکہ وہ تقویٰ اختیار کریں۔ یاد رکھو، ایک دوسرے کا مال ناجائز طور پر نہ کھاؤ،

وَتُدْلُوْا بِهَآ اِلَى الْحُكَّامِ لِتَاْكُلُوْا فَرِیْقًا مِّنْ اَمْوَالِ النَّاسِ بِالْاِثْمِ

اورتم نہ پہنچاؤ | اُنکو | طرف | حاکموں کی | تاکہ تم کھاؤ | کچھ حصہ | سے | مال | لوگوں کے | گناہ کے ساتھ

رشوت کو حاکموں تک رسائی کا ذریعہ نہ بناؤ کہ اس طرح جان بوجھ کر دوسروں کا مال

وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۸۸﴾ یَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْاَهِلَّةِ ؕ قُلْ هِیَ مَوَاقِیْتُ

جبکہ تم | تم جانتے ہو۔ | وہ پوچھتے ہیں آپ سے | بارے میں | نئے چاندوں کے | کہہ دیجئے | وہ | اوقات ہیں

ہڑپ کر جاؤ۔ اے نبی ﷺ! لوگ آپ ﷺ سے چاند کے گھٹنے بڑھنے کے بارے میں پوچھتے ہیں۔ آپ ﷺ کہیں کہ اس سے

لِلنَّاسِ وَالْحَجِّ ؕ وَلَیْسَ الْبِرُّ بِاَنْ تَاْتُوا الْبُیُوْتَ مِنْ ظُهُوْرِهَا

لوگوں کیلئے | اور حج کیلئے | اورنہیں | نیکی | یہ کہ | تم آؤ | گھروں کو | سے | اُنکے پچھواڑوں

لوگوں کو وقت کا حساب معلوم ہوتا ہے اور حج کے دنوں کا پتہ چل جاتا ہے۔ اور نیکی یہ نہیں کہ تم اپنے گھروں میں چھت پر سے آؤ۔

وَلٰكِنَّ الْبِرَّ مَنِ اتَّقٰى ۚ وَاْتُوا الْبُیُوْتَ مِنْ اَبْوَابِهَا ۪ وَاتَّقُوا اللّٰهَ

اورلیکن | نیکی ہے | اُسکی جو | تقویٰ اختیار کرے | اورآؤ | گھروں کو | سے | دروازوں اُنکے | اورتم ڈرو | اللہ سے

اصل نیکی اللہ سے ڈرنا ہے۔ لہٰذا اپنے گھروں میں داخل ہونے کے لیے ان کے دروازوں سے آیا کرو۔ اور اللہ سے ڈرو

لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۱۸۹﴾ وَقَاتِلُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ الَّذِیْنَ یُقَاتِلُوْنَكُمْ

تاکہ تم | تم فلاح پاؤ | اورتم لڑو | میں | راہ | اللہ کی | اُن سے جو | لڑتے ہیں تم سے

تاکہ تم فلاح پاؤ۔ مسلمانو! اللہ کی راہ میں اُن لوگوں سے لڑو جو تم سے لڑتے ہیں لیکن

وَلَا تَعْتَدُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا یُحِبُّ الْمُعْتَدِیْنَ ﴿۱۹۰﴾ وَاقْتُلُوْهُمْ حَیْثُ

اورنہ تم زیادتی کرو | بیشک | اللہ | نہیں | پسند کرتا | زیادتی کرنیوالوں کو | اورتم قتل کرو اُنکو | جہاں

زیادتی نہ کرو۔ اللہ زیادتی کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔ وہ جہاں بھی تمہارے مقابلے

ثَقِفْتُمُوْهُمْ وَاَخْرِجُوْهُمْ مِّنْ حَیْثُ اَخْرَجُوْكُمْ وَالْفِتْنَةُ اَشَدُّ مِنَ

تم پاؤ اُنکو | اورتم نکال دو اُنکو | سے | جہاں | اُنہوں نے تمہیں نکالا | اورفتنہ | زیادہ سخت ہے | سے

میں آئیں انھیں قتل کرو۔ جس شہر سے انھوں نے تمہیں نکالا تم بھی وہاں سے انھیں نکال باہر کرو کیونکہ حرم میں کفر اور شرک کا فتنہ

الْقَتْلِ ۚ وَلَا تُقٰتِلُوْهُمْ عِنْدَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ حَتّٰى يُقٰتِلُوْكُمْ فِيْهِ ۚ

قتل | اور نہ | تم لڑو اُن سے | نزدیک | مسجد | حرام کے | جب تک | وہ لڑیں تم سے | اُس میں

قتل سے بڑھ کر ہے۔ لیکن مسجد حرام میں تم ان سے نہ لڑو جب تک وہ نہ لڑیں۔

فَاِنْ قٰتَلُوْكُمْ فَاقْتُلُوْهُمْ ؕ كَذٰلِكَ جَزَآءُ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۱۹۱﴾ فَاِنِ انْتَهَوْا فَاِنَّ

پس اگر | وہ لڑیں تم سے | پھر مارو انکو | اسی طرح | بدلہ ہے | کافروں کا | پس اگر | وہ باز رہیں | تو بیشک

اگر وہاں بھی وہ جنگ چھیڑ دیں تو انھیں قتل کرو۔ ایسے کافروں کی یہی سزا ہے۔ پھر اگر وہ باز آجائیں تو

اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۹۲﴾ وَقٰتِلُوْهُمْ حَتّٰى لَا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ وَّيَكُوْنَ

اللہ ہے | بڑا بخشنے والا | بہت رحم کرنے والا | اور لڑو اُن سے | یہاں تک کہ | نہ | رہے | فتنہ | اور ہوجائے

اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔ اور ان سے جنگ جاری رکھو یہاں تک کہ کفر و شرک کا فتنہ باقی نہ رہے اور اللہ کا

الدِّيْنُ لِلّٰهِ ؕ فَاِنِ انْتَهَوْا فَلَا عُدْوَانَ اِلَّا عَلَى الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۹۳﴾ اَلشَّهْرُ

دین | اللہ کیلئے | پھر اگر | وہ باز رہیں | تو نہیں | زیادتی کرنا | مگر | پر | ظالموں | مہینہ

دین غالب ہوجائے۔ پھر اگر وہ باز آجائیں تو ظالموں کے سوا کسی اور پر سختی نہ کی جائے۔ جنگ میں

الْحَرَامُ بِالشَّهْرِ الْحَرَامِ وَالْحُرُمٰتُ قِصَاصٌ ؕ فَمَنِ اعْتَدٰى عَلَيْكُمْ

حُرمت والا | بدلے مہینے | محترم کے ہے | اور حُرمتوں کا | بدلہ ہے | پس جو کوئی | زیادتی کرے | تم پر

محترم مہینے کی حرمت کا خیال صرف اسی صورت میں رکھا جائے گا جب دشمن بھی اس کی حرمت کا خیال رکھے۔ اسی طرح دوسری تمام

فَاعْتَدُوْا عَلَيْهِ بِمِثْلِ مَا اعْتَدٰى عَلَيْكُمْ ۪ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا

پس تم زیادتی کرو | اُس پر | جیسی | کہ | زیادتی کی اس نے | تم پر | اور ڈرو | اللہ سے | اور جانو کہ

حرمت والی چیزوں میں بھی ادلے کا بدلہ ہے۔ لہٰذا اے مسلمانو! جو لوگ تم سے زیادتی کریں تم بھی ان کی زیادتی کے برابر جوابی

اَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۹۴﴾ وَاَنْفِقُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلَا تُلْقُوْا

بیشک | اللہ | ساتھ ہے | پرہیزگاروں کے | اور خرچ کرو | میں | راہ | اللہ کی | اور نہ | ڈالو

کاروائی کر سکتے ہو۔ لیکن ہر حال میں اللہ سے ڈرتے رہو اور یقین رکھو اللہ پرہیزگاروں کے ساتھ ہے۔ اور اللہ کی راہ میں جہاد کے

بِاَيْدِيْكُمْ اِلَى التَّهْلُكَةِ ۚۖ وَاَحْسِنُوْا ۚۛ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۹۵﴾ مع

ساتھ اپنے ہاتھوں کے | طرف | ہلاکت کی | اور نیکی کرو | بیشک | اللہ | پسند کرتا ہے | نیکی کرنیوالوں کو

لیے مال خرچ کرو ورنہ اپنے ہاتھوں اپنے آپ کو ہلاکت میں ڈالوگے۔ ہر حال میں بھلائی کرو اللہ بھلائی کرنے والوں کو پسند کرتا ہے۔

وَاَتِمُّوا الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ لِلّٰهِ ؕ فَاِنْ اُحْصِرْتُمْ فَمَا اسْتَيْسَرَ مِنَ

اور پُورا کرو | حج | اور عُمرہ | اللہ کیلئے | پس اگر | تم گھیر لیے گئے | تو جو | میسّر ہو | سے

اور اللہ کے لیے حج اور عمرے کو تمام آداب وشرائط کے ساتھ پورا کرو۔ اگر راستے میں بدامنی کی وجہ سے مجبوراً رُکنا پڑے تو جو قربانی

الْهَدْيِ ۚ وَلَا تَحْلِقُوْا رُءُوْسَكُمْ حَتّٰى يَبْلُغَ الْهَدْيُ مَحِلَّهٗ ؕ فَمَنْ

قربانی | اور نہ | منڈاؤ | سر اپنے | یہاں تک کہ | پہنچ جائے | قربانی | ٹھکانے اپنے کو | پس جو کوئی

کا جانور میسر ہو اس کی قربانی کرو اور اس وقت تک سر کے بال نہ منڈواؤ جب تک قربانی اپنے ٹھکانے نہ پہنچ جائے۔ پھر اگر

كَانَ مِنْكُمْ مَّرِيْضًا اَوْ بِهٖۤ اَذًى مِّنْ رَّاْسِهٖ فَفِدْيَةٌ مِّنْ صِيَامٍ

ہو | تم میں سے | بیمار | یا | اُسے | تکلیف | سے | سَر اُسکے | پس بدلہ ہے | سے | روزوں

کوئی بیمار ہو یا اس کے سر میں تکلیف ہو اور عذر کی وجہ سے اپنا سر منڈوا لے تو اسے چاہیے کہ کفارے کے طور پر کچھ روزے رکھے یا

اَوْ صَدَقَةٍ اَوْ نُسُكٍ ۚ فَاِذَآ اَمِنْتُمْ ٙ فَمَنْ تَمَتَّعَ بِالْعُمْرَةِ اِلَى

یا | صدقہ | یا | قربانی | پس جب | تم امن میں ہو تو | پس جو کوئی | فائدہ اُٹھائے | عمرے کا | طرف

صدقہ کرے یا قربانی کرے۔ لیکن جب امن کی حالت ہو اور کوئی شخص حج سے پہلے

الْحَجِّ فَمَا اسْتَيْسَرَ مِنَ الْهَدْيِ ۚ فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ ثَلٰثَةِ

حج کے | پس جو | میسر ہو | سے | قربانی | پس جو کوئی | نہ | پائے | تو روزے رکھے | تین

عمرہ بھی کرنا چاہے تو جو جانور میسر ہو اس کی قربانی کرے۔ قربانی نہ کرسکتا ہو تو تین روزے حج کے دوران

اَيَّامٍ فِى الْحَجِّ وَسَبْعَةٍ اِذَا رَجَعْتُمْ ؕ تِلْكَ عَشَرَةٌ كَامِلَةٌ ؕ ذٰلِكَ

دنوں کے | میں | حج | اور سات روزے | جب | تم واپس لوٹو | یہ ہوئے | دس | پورے | یہ

میں رکھے اور سات روزے حج کے بعد گھر واپس آکر رکھے۔ یہ پورے دس روزے ہوئے مگر اس

لِمَنْ لَّمْ يَكُنْ اَهْلُهٗ حَاضِرِى الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ

اُس کیلئے جو | نہ | ہو | گھرانا اُسکا | رہنے والے | مسجد | حرام کے | اور ڈرو | اللہ سے

طرح عمرہ کرنے کی اجازت ایسے شخص کے لیے ہے جس کے اہل وعیال مکے میں نہ رہتے ہوں۔ ہر حال میں اللہ سے ڈرو،

وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿١٩٦﴾ اَلْحَجُّ اَشْهُرٌ مَّعْلُوْمٰتٌ ۚ فَمَنْ

24 ع 8 8

اور جانو | کہ | اللہ ہے | سخت | عذاب دینے میں | حج (کا وقت) | مہینے ہیں | معلوم | پس جو کوئی

اور یاد رکھو کہ اللہ عذاب دینے میں بڑا سخت ہے۔ حج کے مہینے مقرر ہیں۔ جو کوئی

فَرَضَ فِيهِنَّ الْحَجَّ فَلَا رَفَثَ وَلَا فُسُوقَ وَلَا جِدَالَ فِي

لازم کرلے | اُن میں | حج کو | پس نہیں | شہوت رانی | اور نہ | کوئی گناہ کرنا | اور نہ | جھگڑنا | میں

ان میں حج کی نیت سے احرام باندھ لے پھر اُسے حج کے دوران میں نہ فحش بات کرنی ہے، نہ گناہ کی اور نہ لڑائی

الْحَجِّ وَمَا تَفْعَلُوا مِنْ خَيْرٍ يَعْلَمْهُ اللَّهُ وَتَزَوَّدُوا فَإِنَّ خَيْرَ

حج | اور جو | تم کرو | سے | نیکی | جانتا ہے اُسکو | اللہ | اور تم سفرخرچ لے لیا کرو | پس بیشک | بہتر

جھگڑے کی۔ اور جو نیک کام تم کرتے ہو اللہ اسے جانتا ہے۔ حج پر روانہ ہونے سے پہلے زادِ راہ لے لیا کرو۔ اگرچہ اصل زادِ راہ

الزَّادِ التَّقْوَىٰ وَاتَّقُونِ يَا أُولِي الْأَلْبَابِ ﴿١٩٧﴾ لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ

سفرخرچ ہے | تقویٰ | اور تم ڈرو مجھ سے | اے والو | عقلوں | نہیں | تم پر | گناہ

تقویٰ ہے۔ اور اے عقل والو! صرف مجھ سے ڈرو۔ اور اگر تم حج کے دوران میں

أَنْ تَبْتَغُوا فَضْلًا مِنْ رَبِّكُمْ فَإِذَا أَفَضْتُمْ مِنْ عَرَفَاتٍ فَاذْكُرُوا

کہ | تم تلاش کرو | فضل | سے | رب اپنے | پس جب | تم پھرو | سے | عرفات | پس یاد کرو

اپنے رب کا فضل تلاش کرتے ہوئے کوئی کاروبار کرلو تو اس میں کوئی گناہ نہیں۔ پھر جب تم لوگ عرفات کے میدان سے واپس آ کر

اللَّهَ عِنْدَ الْمَشْعَرِ الْحَرَامِ وَاذْكُرُوهُ كَمَا هَدَاكُمْ وَإِنْ كُنْتُمْ

اللہ کو | نزدیک | مشعر | حرام کے | اور تم یاد کرو اُسے | جیسے | ہدایت کی تمہیں | اور بیشک | تم تھے

مشعرِ حرام یعنی مزدلفہ میں قیام کرو تو یہ وقت اللہ کی یاد میں گزارو۔ اور اللہ کو ایسے یاد کرو جیسے اس نے تمہیں بتایا ورنہ اس سے

مِنْ قَبْلِهِ لَمِنَ الضَّالِّينَ ﴿١٩٨﴾ ثُمَّ أَفِيضُوا مِنْ حَيْثُ أَفَاضَ النَّاسُ

سے | پہلے اسکے | البتہ سے | گمراہوں | پھر | تم پھرو | سے | جہاں | پھرتے ہیں | لوگ

پہلے تم راہ بھٹکے ہوئے لوگوں میں سے تھے۔ پھر جہاں سے اور لوگ واپس ہوں تم بھی وہاں سے واپس ہو

وَاسْتَغْفِرُوا اللَّهَ إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَحِيمٌ ﴿١٩٩﴾ فَإِذَا قَضَيْتُمْ مَنَاسِكَكُمْ

اور بخشش مانگو | اللہ سے | بیشک | اللہ ہے | بڑا بخشنے والا | بہت رحم کرنے والا | پس جب | پوری کرلو | حج کی عبادتیں اپنی

اور اللہ سے معافی مانگو۔ بے شک اللہ معاف کرنے والا رحم کرنے والا ہے۔ اور جب حج کے اعمال پورے کر لو

فَاذْكُرُوا اللَّهَ كَذِكْرِكُمْ آبَاءَكُمْ أَوْ أَشَدَّ ذِكْرًا فَمِنَ النَّاسِ مَنْ

تو یاد کرو | اللہ کو | جیسے تم یاد کرتے تھے | باپ دادا کو | یا | اور زیادہ | یاد کرنا | پس بعض | لوگوں میں | سے جو

تو اللہ کو یاد کرو جس طرح پہلے اپنے باپ دادا کو یاد کرتے تھے، بلکہ اس سے بھی زیادہ اللہ کو یاد کرو۔ پھر بعض لوگ

وقف النبی علیہ السلام

يَقُوْلُ رَبَّنَآ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا وَمَا لَهٗ فِي الْاٰخِرَةِ مِنْ خَلَاقٍ ﴿۲۰۰﴾

کہتا ہے | ہمارے رب | دے ہمیں | میں | دنیا | اور نہیں | اُس کیلئے | میں | آخرت | کوئی | حصہ

یہ دعا مانگتے ہیں کہ "اے ہمارے رب! ہمیں دنیا میں سب کچھ دیدے!" ایسے لوگوں کا آخرت میں کوئی حصہ نہیں۔

وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّقُوْلُ رَبَّنَآ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ

اور کوئی اُنکا | جو | کہتا ہے | ہمارے رب | دے ہمیں | میں | دنیا | بھلائی | اور میں | آخرت

اور بعض یہ دعا کرتے ہیں "اے ہمارے رب! ہمیں دنیا میں بھی بھلائی دے، آخرت میں بھی

حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ﴿۲۰۱﴾ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ نَصِيْبٌ مِّمَّا كَسَبُوْا ۭ

بھلائی | اور بچا ہمیں | عذاب سے | آگ کے | یہ لوگ ہیں | اُن کیلئے | حصہ ہے | اس چیز سے جو | انہوں نے کمایا

بھلائی دے اور دوزخ کی آگ سے بچا!"۔ ایسے لوگوں کو ان کی نیکیوں کا صلہ ملے گا

وَاللّٰهُ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ﴿۲۰۲﴾ وَاذْكُرُوا اللّٰهَ فِيْٓ اَيَّامٍ مَّعْدُوْدٰتٍ ۭ فَمَنْ

اور اللہ ہے | جلدی لینے والا | حساب کا | اور یاد کرو | اللہ کو | میں | دنوں | گنتی کے | پس جو کوئی

اور اللہ جلد حساب لینے والا ہے۔ حج کے چند دنوں میں اللہ کو خوب یاد کرو۔ پھر جو شخص جلدی کر کے

تَعَجَّلَ فِيْ يَوْمَيْنِ فَلَآ اِثْمَ عَلَيْهِ ۚ وَمَنْ تَاَخَّرَ فَلَآ اِثْمَ

جلدی کرلے | میں | دو دنوں | پس نہیں | گناہ | اُس پر | اور جو کوئی | پیچھے رہے | پس نہیں | گناہ

دو دنوں میں مکہ واپس آجائے اس پر کوئی گناہ نہیں۔ اور جو ٹھہر جائے اس پر بھی کوئی

عَلَيْهِ ۙ لِمَنِ اتَّقٰى ۭ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّكُمْ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿۲۰۳﴾

اُس پر | اُس کیلئے جو | متقی ہو | اور ڈرو | اللہ سے | اور جانو | کہ تم | طرف اُسکی | اکٹھے کیے جاؤ گے

گناہ نہیں۔ دونوں طرح کی یہ اجازت ایسے شخص کے لیے ہے جو اللہ سے ڈرے۔ ویسے تم سب اللہ سے ڈرو، اور یاد رکھو تمہیں ایک

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُّعْجِبُكَ قَوْلُهٗ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَيُشْهِدُ اللّٰهَ

اور بعض | لوگوں میں سے | جو | اچھی لگتی ہے آپکو | بات اُسکی | میں | زندگی | دنیا کی | اور وہ گواہ بناتا ہے | اللہ کو

دن اُسی کے سامنے پیش ہونا ہے۔ لوگوں میں کوئی منافق ہے جو دنیاوی زندگی کے بارے میں بات کرتا ہے تو تمہیں اُس کی گفتگو

عَلٰي مَا فِيْ قَلْبِهٖ ۙ وَھُوَ اَلَدُّ الْخِصَامِ ﴿۲۰۴﴾ وَاِذَا تَوَلّٰى سَعٰى فِي

پر | اُس جو | میں | دل اُسکے ہے | اور وہ | بہت جھگڑالو ہے | اور جب | وہ پیٹھ پھیرتا ہے | تو کوشش کرتا ہے | میں

بہت اچھی معلوم ہوتی ہے۔ وہ اپنے آپ کو سچا ثابت کرنے کے لیے اللہ کی قسمیں کھاتا ہے۔ حقیقت میں وہ سخت جھگڑالو ہوتا ہے۔

النّصف

الْاَرْضِ لِيُفْسِدَ فِيْهَا وَيُهْلِكَ الْحَرْثَ وَالنَّسْلَ ط وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ

زمین | تاکہ فساد کرے | اُس میں | اور ہلاک کرے | کھیتی کو | اور ہرنسل کو | اور اللہ | نہیں | پسند کرتا

جب تمہاری مجلس سے اٹھ کر کہیں جاتا ہے تو کوشش کرتا ہے کہ فساد پھیلائے، فصلیں اجاڑے اور جانیں تلف کرے حالاں کہ اللہ

الْفَسَادَ ﴿۲۰۵﴾ وَاِذَا قِيْلَ لَهُ اتَّقِ اللّٰهَ اَخَذَتْهُ الْعِزَّةُ بِالْاِثْمِ فَحَسْبُهٗ

فساد کرنا | اور جب | کہا جاتا ہے | اُسکو | ڈر | اللہ سے | پکڑتی ہے اُسے | عزت | ساتھ گناہ کے | پس کافی ہے اُسکو

فساد کو پسند نہیں کرتا۔ اگر اسے کہا جائے اللہ سے ڈر، تو اُس کا جھوٹا وقار اُسے اور زیادہ گناہ پر اُبھارتا ہے۔ ایسے شخص

جَهَنَّمُ ط وَلَبِئْسَ الْمِهَادُ ﴿۲۰۶﴾ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْرِيْ نَفْسَهُ ابْتِغَآءَ

دوزخ | اور البتہ بُرا ہے وہ | بچھونا | اور بعض | لوگوں میں سے | جو | بیچتا ہے | جان اپنی کو | حاصل کرنے

کا انجام دوزخ ہے جو بہت برا ٹھکانا ہے۔ لوگوں میں مخلص مسلمان بھی ہوتا ہے جو اللہ کی خوشنودی کے لیے اپنی جان تک

مَرْضَاتِ اللّٰهِ ط وَاللّٰهُ رَءُوْفٌ م بِالْعِبَادِ ﴿۲۰۷﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا ادْخُلُوْا

رضامندی | اللہ کی | اور اللہ | شفقت کرنیوالا ہے | بندوں کے ساتھ | اے | لوگو جو | ایمان لائے ہو | داخل ہوجاؤ

قربان کر دیتا ہے۔ اور اللہ اپنے بندوں پر نہایت مہربان ہے۔ اے ایمان والو! اسلام میں پورے طور پر

فِي السِّلْمِ كَآفَّةً ص وَّلَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ ط اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ

میں | اسلام | پورے کے پورے | اور نہ | پیروی کرو | قدموں کی | شیطان کے | بیشک وہ | تمہارے لیے | دشمن ہے

داخل ہو جاؤ اور شیطان کے نقشِ قدم پر نہ چلو۔ بے شک وہ تمہارا کھلا

مُّبِيْنٌ ﴿۲۰۸﴾ فَاِنْ زَلَلْتُمْ مِّنْ بَعْدِ مَا جَآءَتْكُمُ الْبَيِّنٰتُ فَاعْلَمُوْۤا اَنَّ

کھلا | پس اگر | تم ڈگمگا جاؤ | سے | بعد | اسکے کہ | آگئیں تمہارے پاس | روشن دلیلیں | پس جانو | کہ

دشمن ہے۔ لیکن اگر واضح ہدایات آجانے کے بعد تم پھسل گئے تو یاد رکھو

اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۲۰۹﴾ هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّاۤ اَنْ يَّاْتِيَهُمُ اللّٰهُ فِيْ

اللہ ہے | بڑا غالب | خوب حکمت والا | نہیں | وہ انتظار کرتے | مگر | یہ کہ | آئے اُنکے پاس | اللہ | میں

اللہ غالب اور حکمت والا ہے۔ کیا کافر لوگ اس انتظار میں ہیں کہ اللہ اُن کے سامنے

ظُلَلٍ مِّنَ الْغَمَامِ وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَقُضِيَ الْاَمْرُ ط وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ

سایوں | سے | بادلوں | اور فرشتے | اور فیصلہ ہوجائے | بات کا | اور طرف | اللہ کی | پھیرے جاتے ہیں

بادل کے سائبانوں میں ظاہر ہو، فرشتے بھی آجائیں اور معاملے کا فیصلہ کردیا جائے۔ حقیقت یہ ہے کہ سارے

الْاُمُوْرُ ﴿۲۱۰﴾ سَلْ بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ کَمْ اٰتَیْنٰھُمْ مِّنْ اٰیَۃٍۢ بَیِّنَۃٍ ؕ

سب کام | پوچھو | بنی اسرائیل سے | کتنی | ہم نے دیں اُنکو | سے | نشانیاں | کھلی

معاملات اللہ کے ہاتھ میں ہیں۔ بنی اسرائیل سے پوچھو، ہم نے انھیں ہدایت کی کتنی کھلی نشانیاں دیں!

وَمَنْ یُّبَدِّلْ نِعْمَۃَ اللّٰہِ مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْہُ فَاِنَّ اللّٰہَ شَدِیْدُ

اور جو کوئی | بدل ڈالے | نعمت | اللہ کی | سے | بعد | اسکے | آئی اُسکے پاس | پس بیشک | اللہ | سخت ہے

مگر جو لوگ اللہ کی ان نعمتوں کو ٹھکرا دیں جو ان کے پاس آچکی ہوں تو یاد رکھیں کہ اللہ سخت سزا

الْعِقَابِ ﴿۲۱۱﴾ زُیِّنَ لِلَّذِیْنَ کَفَرُوا الْحَیٰوۃُ الدُّنْیَا وَیَسْخَرُوْنَ مِنَ

سزا دینے میں | زینت دی گئی | اُن لوگوں کیلئے جو | کافر ہوئے | زندگی | دنیا کی | اور وہ مذاق کرتے ہیں | سے

دینے والا ہے۔ کافروں کی نظر میں دنیا کی زندگی خوش نما کر دی گئی ہے اور وہ ایمان والوں کا

الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا ۘ وَالَّذِیْنَ اتَّقَوْا فَوْقَھُمْ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ ؕ وَاللّٰہُ یَرْزُقُ

اُن لوگوں جو | ایمان لائے | اور جو لوگ | پرہیزگار ہوئے | بلند مرتبہ ہیں اُن سے | دن | قیامت کے | اور اللہ | روزی دیتا ہے

مذاق اُڑاتے ہیں۔ لیکن جو لوگ اللہ سے ڈرتے ہیں وہ قیامت کے دن کافروں کے مقابلے میں اونچے اور بلند مرتبہ ہوں گے۔ اور

مَنْ یَّشَآءُ بِغَیْرِ حِسَابٍ ﴿۲۱۲﴾ کَانَ النَّاسُ اُمَّۃً وَّاحِدَۃً ۣ فَبَعَثَ اللّٰہُ

جس کو | چاہتا ہے | بے حساب | تھے | لوگ | اُمت | ایک | پھر بھیجا | اللہ نے

اللہ جسے چاہتا ہے بے حساب رزق دیتا ہے۔ ابتدا میں لوگ ایک ہی امت تھے پھر جب انھوں نے اختلاف

النَّبِیّٖنَ مُبَشِّرِیْنَ وَمُنْذِرِیْنَ ۠ وَاَنْزَلَ مَعَھُمُ الْکِتٰبَ بِالْحَقِّ

نبیوں کو | خوشخبری دینے والے | اور ڈرانے والے (بنا کر) | اور اُتاری | ساتھ اُنکے | کتاب | برحق

شروع کیا تو اللہ نے ان کی طرف نبی بھیجے جو لوگوں کو خوشخبری سناتے اور نافرمانی کے برے انجام سے ڈراتے تھے۔ ان کے پاس

لِیَحْکُمَ بَیْنَ النَّاسِ فِیْمَا اخْتَلَفُوْا فِیْہِ ؕ وَمَا اخْتَلَفَ فِیْہِ اِلَّا

تاکہ فیصلہ کریں | درمیان | لوگوں کے | اُس چیز میں | انھوں نے اختلاف کیا | اُس میں | اور نہیں | اختلاف کیا | اس میں | مگر

اللہ کی نازل کی ہوئی برحق کتاب تھی تاکہ وہ ان باتوں کا فیصلہ کر دے جن میں لوگ اختلاف کر رہے ہیں۔ یہ اختلافات انھی لوگوں

الَّذِیْنَ اُوْتُوْہُ مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْھُمُ الْبَیِّنٰتُ بَغْیًۢا بَیْنَھُمْ ۚ

ان لوگوں نے | جن کو دی گئی وہ | سے | بعد | اسکے کہ | آگئیں اُنکے پاس | روشن دلیلیں | سرکشی سے | درمیان اپنے

نے پیدا کیے جنھیں کتاب دی گئی اور انھوں نے واضح ہدایات کی موجودگی میں محض ضد کی وجہ سے اختلافات پیدا کیے

فَهَدَى اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لِمَا اخْتَلَفُوْا فِيْهِ مِنَ الْحَقِّ بِاِذْنِهٖ ؕ

پس ہدایت دی | اللہ نے | اُنکو جو | ایمان لائے | اُس میں | انہوں نے اختلاف کیا | اُس میں | سے | حق | ساتھ اپنے حکم کے

پھر اللہ نے اپنے فضل سے ایمان والوں کو حق کے معاملے میں صحیح راہ دکھا دی جس کے بارے میں لوگ جھگڑ رہے تھے۔

وَاللّٰهُ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۲۱۳﴾ اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ

اور اللہ | ہدایت دیتا ہے | جسے | چاہے | طرف | راستے | سیدھے کی | کیا | تم نے گمان کیا | کہ

اور اللہ جسے چاہتا ہے سیدھی راہ دکھا دیتا ہے۔ مسلمانو! کیا تم نے سمجھ رکھا ہے

تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ وَلَمَّا يَاْتِكُمْ مَّثَلُ الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلِكُمْ ؕ

تم داخل ہوگے | جنّت میں | اور ابھی نہیں | آئیں تمہیں (مشکلیں) | مانند | اُن لوگوں کی | گزر چکے | سے | پہلے تمہارا

کہ آرام اور مزے سے جنت میں داخل ہو جاؤ گے حالاں کہ ابھی تم پر وہ حالات نہیں گزرے جن سے پہلے لوگوں کو سابقہ پیش آیا،

مَسَّتْهُمُ الْبَاْسَآءُ وَالضَّرَّآءُ وَزُلْزِلُوْا حَتّٰى يَقُوْلَ الرَّسُوْلُ وَالَّذِيْنَ

ان کو پہنچی | تنگ دستی | اور تکلیف | اور وہ جھنجوڑے گئے | یہاں تک کہ | کہا | پیغمبر نے | اور انہوں نے جو

وہ مالی پریشانیوں میں مبتلا ہوئے، انھیں جسمانی اذیتیں دی گئیں اور خوف و ہراس نے انھیں جھنجوڑ کر رکھ دیا۔ یہاں تک کہ وقت کا

اٰمَنُوْا مَعَهٗ مَتٰى نَصْرُ اللّٰهِ ؕ اَلَآ اِنَّ نَصْرَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ ﴿۲۱۴﴾ يَسْــَٔلُوْنَكَ

ایمان لائے | ساتھ جسکے | کب آئے گی | مدد | اللہ کی | آگاہ رہو | بیشک | مدد | اللہ کی | نزدیک ہے | پوچھتے ہیں تجھ سے

رسول اور اس کے ایمان والے ساتھی کہنے لگے "اللہ کی مدد کب آئے گی؟" جان لو اللہ کی مدد قریب ہے!۔" اے نبی ﷺ! لوگ

مَاذَا يُنْفِقُوْنَ ؕ قُلْ مَآ اَنْفَقْتُمْ مِّنْ خَيْرٍ فَلِلْوَالِدَيْنِ

کیا | وہ خرچ کریں | کہہ دیجئے | جو کچھ | تم خرچ کرو | سے | مال | تو والدین کیلئے

آپ ﷺ سے پوچھتے ہیں اللہ کی راہ میں کیا خرچ کریں؟ آپ ﷺ کہہ دیں تم جو مال خرچ کرو اس میں حق ہے تمہارے والدین

وَالْاَقْرَبِيْنَ وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَابْنِ السَّبِيْلِ ؕ وَمَا تَفْعَلُوْا مِنْ

اور رشتہ داروں | اور یتیموں | اور مسکینوں | اور مسافروں کیلئے | اور جو | تم کرو گے | سے

کا، غریب رشتہ داروں کا، یتیموں کا، مسکینوں کا اور مسافروں کا۔ اور جو بھلائی بھی تم

خَيْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِيْمٌ ﴿۲۱۵﴾ كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِتَالُ وَهُوَ كُرْهٌ

نیکی | پس بیشک | اللہ | اُس کو | جاننے والا ہے | فرض کیا گیا | تم پر | جنگ کرنا | اور وہ | ناپسند ہے

کرتے ہو اللہ اسے جانتا ہے۔ مسلمانو! تم پر جہاد فرض کیا گیا ہے جو تمہیں گراں محسوس ہوتا ہے۔

لَّكُمْ ۚ وَعَسٰٓى اَنْ تَكْرَهُوْا شَيْـًٔا وَّهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ۚ وَعَسٰٓى اَنْ

تم کو | اور ممکن ہے | کہ | تم ناپسند کرو | کوئی چیز | اور وہ | بہتر ہو | تمہارے لیے | اور ممکن ہے | کہ

ہوسکتا ہے تمہیں کوئی چیز ناپسند ہو مگر وہ تمہارے لیے بہتر ہو اور ہوسکتا ہے تم کسی چیز کو پسند

تُحِبُّوْا شَيْـًٔا وَّهُوَ شَرٌّ لَّكُمْ ۗ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ۧ ﴿216﴾

تم پسند کرو | کوئی چیز | اور وہ | بری ہو | تمہارے لیے | اور اللہ | جانتا ہے | اور تم | نہیں | جانتے

کرو اور وہ تمہارے لیے بری ہو۔ اصل میں حقیقت اللہ جانتا ہے تم نہیں جانتے۔

يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الشَّهْرِ الْحَرَامِ قِتَالٍ فِيْهِ ۗ قُلْ قِتَالٌ فِيْهِ كَبِيْرٌ ۗ

پوچھتے ہیں تجھ سے | بارے | مہینے | حرمت والے کے | جنگ کرنا | اُس میں | کہہ دیجئے | جنگ کرنا | اُس میں | بڑا گناہ ہے

اے نبی ﷺ لوگ آپ ﷺ سے پوچھتے ہیں حرمت والے مہینے میں لڑنا کیسا ہے؟ آپ ﷺ کہہ دیں اس میں لڑنا بہت برا ہے۔

وَصَدٌّ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَكُفْرٌۢ بِهٖ وَالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ۗ وَاِخْرَاجُ

اور روکنا | سے | راہ | اللہ کی | اور انکار کرنا | اُس کا | اور روکنا مسجد | حرام سے | اور نکال دینا

مگر اللہ کے نزدیک اس سے بھی زیادہ برا یہ ہے کہ لوگوں کو اللہ کے راستے سے روکا جائے، کفر اختیار کیا جائے، مسجد حرام سے روکا

اَهْلِهٖ مِنْهُ اَكْبَرُ عِنْدَ اللّٰهِ ۚ وَالْفِتْنَةُ اَكْبَرُ مِنَ الْقَتْلِ ۗ

اُس کے رہنے والوں کو | اُس سے | بہت بڑا ہے | نزدیک | اللہ کے | اور فتنہ (کفر) | زیادہ بڑا گناہ ہے | سے | قتل

جائے اور وہاں کے رہنے والوں کو نکال باہر کیا جائے۔ یاد رکھو، کفر اور شرک کا فتنہ قتل سے بھی بڑھ کر برائی ہے۔ اور اے مسلمانو! یہ

وَلَا يَزَالُوْنَ يُقَاتِلُوْنَكُمْ حَتّٰى يَرُدُّوْكُمْ عَنْ دِيْنِكُمْ اِنِ اسْتَطَاعُوْا ۗ

اور نہیں وہ ٹلیں گے | کہ وہ لڑیں تم سے | یہاں تک کہ | وہ پھیر دیں تم کو | سے | دین تمہارے | اگر | وہ کر سکیں

مشرک لوگ تم سے لڑتے رہیں گے یہاں تک کہ تمہیں تمہارے دین سے ہٹا دیں اگر قابو پائیں۔

وَمَنْ يَّرْتَدِدْ مِنْكُمْ عَنْ دِيْنِهٖ فَيَمُتْ وَهُوَ كَافِرٌ فَاُولٰٓئِكَ

اور جو کوئی | پھر جائے | تم میں سے | سے | دین اپنے | پھر وہ مر جائے | جبکہ وہ | کافر ہو | تو یہ لوگ ہیں کہ

لیکن یاد رکھو، تم میں سے جو اپنے دین سے پھرے گا اور کفر کی حالت میں مرے گا اس کے سارے

حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فِى الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۚ وَاُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ

ضائع ہوگئے | اعمال اُن کے | میں | دنیا | اور آخرت | اور یہ لوگ ہیں | رہنے والے | آگ کے

اعمال دنیا اور آخرت میں ضائع ہوجائیں گے۔ ایسے لوگ دوزخی ہوں گے

هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿217﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا

وہ | اُس میں | ہمیشہ رہنے والے۔ | بیشک | جولوگ | ایمان لائے | اورجنھوں نے | ہجرت کی | اور جہاد کیا

اور ہمیشہ دوزخ میں رہیں گے۔ مگر جو لوگ ایمان لائے، انھوں نے ہجرت کی اور اللہ کی راہ میں

فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۙ اُولٰٓئِكَ يَرْجُوْنَ رَحْمَتَ اللّٰهِ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿218﴾

میں | راستے | اللہ کے | یہ لوگ | اُمید رکھتے ہیں | رحمت کی | اللہ کی | اوراللہ ہے | بڑا بخشنے والا | بہت رحم کرنے والا

جہاد کیا وہ اللہ کی رحمت کے امیدوار ہیں۔ اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

يَسْـَٔـلُوْنَكَ عَنِ الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ ۭ قُلْ فِيْهِمَآ اِثْمٌ كَبِيْرٌ وَّمَنَافِعُ

پوچھتے ہیں تجھ سے | بارے میں | شراب کے | اورجوئے کے | کہہ دیجیے | ان دونوں میں | گناہ ہے | بڑا | اور فائدے ہیں

اے نبی ﷺ! لوگ آپ ﷺ سے شراب اور جوئے کے بارے میں پوچھتے ہیں۔ آپ ﷺ کہہ دیں ان دونوں چیزوں میں بڑا

لِلنَّاسِ ۡ وَاِثْمُهُمَآ اَكْبَرُ مِنْ نَّفْعِهِمَا ۭ وَيَسْـَٔـلُوْنَكَ مَاذَا يُنْفِقُوْنَ ڛ

لوگوں کیلئے | اور گناہ دونوں کا | بڑا ہے | سے | ان دونوں کے نفع | اور وہ پوچھتے ہیں | کیا | وہ خرچ کریں

گناہ ہے۔ ابھی بعض لوگوں کا مفاد ان سے وابستہ ہے۔ مگر ان دونوں کا گناہ ان سے وابستہ مفاد سے بڑھ کر ہے۔ اے نبی ﷺ!

قُلِ الْعَفْوَ ۭ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ تَتَفَكَّرُوْنَ ﴿219﴾

کہہ دیجیے | جو بچت ہو | اسی طرح | بیان کرتا ہے | اللہ | تمہارے لیے | آیتیں | تاکہ تم | تم غور وفکر کرو

لوگ آپ ﷺ سے پوچھتے ہیں اللہ کی راہ میں کیا خرچ کریں؟ آپ ﷺ کہہ دیں ”جو ضرورت سے زائد ہو۔“ اس طرح اللہ

فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۭ وَيَسْـَٔـلُوْنَكَ عَنِ الْيَتٰمٰى ۭ قُلْ اِصْلَاحٌ لَّهُمْ

میں | دنیا | اور آخرت | اور وہ پوچھتے ہیں تجھ سے | بارے میں | یتیموں کے | کہہ دیجیے | بھلائی کرنا | اُن کیلئے

تمہارے لیے اپنے احکام وضاحت سے بیان کرتا ہے تاکہ تم دھیان کرو، دنیا اور آخرت کے معاملات میں۔ اے نبی ﷺ! لوگ

خَيْرٌ ۭ وَاِنْ تُخَالِطُوْهُمْ فَاِخْوَانُكُمْ ۭ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ الْمُفْسِدَ مِنَ

بہتر ہے | اور اگر | تم اپنے ساتھ ملالو اُنکو | تو بھائی ہیں تمہارے | اور اللہ | جانتا ہے | بگاڑنے والےکو | سے

آپ ﷺ سے یتیموں کے بارے میں پوچھتے ہیں۔ آپ ﷺ کہہ دیں ”جس میں ان کا بھلا ہو وہ کرنا بہتر ہے۔ اگر تم انھیں اپنے

الْمُصْلِحِ ۭ وَلَوْ شَاۗءَ اللّٰهُ لَاَعْنَتَكُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿220﴾

سنوارنے والے | اور اگر | چاہتا | اللہ | البتہ مشقت دیتا تمہیں | بیشک | اللہ ہے | غالب | خوب حکمت والا

ساتھ شامل کرلو تو وہ تمہارے بھائی ہیں۔“ اللہ خوب جانتا ہے کون ان کا خیر خواہ ہے اور کون بدخواہ۔ اللہ چاہتا تو اس بارے میں تمہیں

وَلَا تَنْكِحُوا الْمُشْرِكٰتِ حَتّٰى يُؤْمِنَّ ؕ وَلَاَمَةٌ مُّؤْمِنَةٌ خَيْرٌ مِّنْ مُّشْرِكَةٍ

اور نہ تم نکاح کرو | مُشرک عورتوں سے | یہاں تک کہ | وہ ایمان لائیں | اور البتہ لونڈی | ایمان والی | بہتر ہے | سے | مشرک عورت

سخت مشکل احکام دیتا بے شک اللہ غالب اور حکمت والا ہے۔ اے مسلمانو! مشرک عورتوں سے نکاح نہ کرو جب تک وہ ایمان نہ

وَّلَوْ اَعْجَبَتْكُمْ ۚ وَلَا تُنْكِحُوا الْمُشْرِكِيْنَ حَتّٰى يُؤْمِنُوْا ؕ وَلَعَبْدٌ

اور اگرچہ | اچھی لگے تم کو | اور نہ | نکاح کرو | مُشرک مردوں سے | یہاں تک کہ | وہ ایمان لائیں | اور البتہ غلام

لائیں۔ کیونکہ مشرک عورت خواہ تمہیں کتنی پسند ہو اس سے مسلمان لونڈی بہتر ہے۔ اسی طرح مسلمان عورتوں کو مشرک مردوں کے

مُّؤْمِنٌ خَيْرٌ مِّنْ مُّشْرِكٍ وَّلَوْ اَعْجَبَكُمْ ؕ اُولٰٓئِكَ يَدْعُوْنَ اِلَى

ایمان والا | بہتر ہے | سے | مشرک مرد | اور اگرچہ | اچھا لگے تم کو | یہ لوگ | بُلاتے ہیں | طرف

نکاح میں نہ دو جب تک وہ ایمان نہ لائیں۔ کیونکہ آزاد مشرک مرد خواہ کتنا پسند ہو اس سے مسلمان غلام بہتر ہے۔ مشرک لوگ اپنے

النَّارِ ۚ وَاللّٰهُ يَدْعُوْٓا اِلَى الْجَنَّةِ وَالْمَغْفِرَةِ بِاِذْنِهٖ ۚ وَيُبَيِّنُ اٰيٰتِهٖ

آگ کے | اور اللہ | بُلاتا ہے | طرف | جنّت | اور بخشش کے | اپنے حکم سے | اور وہ کھول دیتا ہے | آیتیں اپنی

ساتھ دوسروں کو بھی دوزخ کی طرف بلاتے ہیں۔ مگر اللہ اپنے فضل و کرم سے جنت اور بخشش کی طرف بلاتا ہے۔ اللہ اپنے احکام

لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ع ﴿۲۲۱﴾ وَيَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الْمَحِيْضِ ؕ قُلْ هُوَ

27 ع 5 11

لوگوں کے لیے | تا کہ وہ | نصیحت حاصل کریں | اور وہ پُوچھتے ہیں تجھ سے | بارے میں | حیض کے | کہہ دیجئے | وہ

لوگوں کے لیے کھول کر بیان کرتا ہے تاکہ وہ سمجھیں۔ اے نبی ﷺ! لوگ آپ ﷺ سے حیض کے بارے میں پوچھتے ہیں۔

اَذًى ۙ فَاعْتَزِلُوا النِّسَآءَ فِى الْمَحِيْضِ ۙ وَلَا تَقْرَبُوْهُنَّ حَتّٰى

ناپاکی ہے | پس ایک طرف ہو جاؤ | بیویوں سے | میں | حیض | اور نہ | قریب جاؤ اُنکے | یہاں تک کہ

آپ ﷺ کہہ دیں "وہ گندگی ہے لہٰذا اس میں بیویوں سے الگ رہو۔ جب تک وہ پاک نہ ہوجائیں ان کے قریب

يَطْهُرْنَ ۚ فَاِذَا تَطَهَّرْنَ فَاْتُوْهُنَّ مِنْ حَيْثُ اَمَرَكُمُ اللّٰهُ ؕ اِنَّ

وہ پاک ہو جائیں | پس جب | وہ پاک ہو جائیں | پس جاؤ اُنکے پاس | سے | جہاں | حکم دیا تمہیں | اللہ نے | بیشک

نہ جاؤ۔ پھر جب وہ پاک صاف ہوجائیں تو ان کے پاس جاؤ جیسے اللہ نے تمہیں سکھایا ہے۔ اللہ توبہ

اللّٰهَ يُحِبُّ التَّوَّابِيْنَ وَيُحِبُّ الْمُتَطَهِّرِيْنَ ﴿۲۲۲﴾ نِسَآؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ ص

اللہ | پسند کرتا | توبہ کرنیوالوں کو | اور پسند کرتا ہے | پاک صاف رہنے والوں کو | بیویاں تمہاری | کھیتی ہیں | تمہارے لیے

کرنے والوں کو اور پاک صاف رہنے والوں کو پسند کرتا ہے۔ تمہاری بیویاں تمہاری کھیتیاں ہیں۔

فَاْتُوْا حَرْثَكُمْ اَنّٰى شِئْتُمْ ؗ وَقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ

پس جاؤ | اپنی کھیتی میں | جس طرح | تم چاہو | اور آگے بھیجو | اپنے لیے | اور ڈرو | اللہ سے

اپنی کھیتی میں جس طرح چاہو جاؤ۔ اور اپنی آخرت کے لیے بھی کچھ آگے بھیجو۔ ہر حال میں اللہ سے ڈرو

وَاعْلَمُوْٓا اَنَّكُمْ مُّلٰقُوْهُ ؕ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿223﴾ وَلَا تَجْعَلُوا اللّٰهَ

اور جانو | کہ تم | ملنے والے ہو اُس سے | اور تو خوشخبری دے | ایمان والوں کو | اور نہ | بناؤ | اللہ کو

اور یقین رکھو تمہیں ایک نہ ایک دن اللہ کے سامنے پیش ہونا ہے۔ اور اے نبی ﷺ! آپ ﷺ ایمان والوں کو خوشخبری دیں۔

عُرْضَةً لِّاَيْمَانِكُمْ اَنْ تَبَرُّوْا وَتَتَّقُوْا وَتُصْلِحُوْا بَيْنَ النَّاسِ ؕ

نشانہ | اپنی قسموں کیلئے | یہ کہ | نہ بھلائی کرو | اور نہ پرہیزگاری کرو | اور نہ اصلاح کرو | درمیان | لوگوں کے

مسلمانو! اللہ کی ذات کو اپنی قسموں کا نشانہ نہ بناؤ کہ قسم کھالی ہے اس لیے کوئی نیکی اور پرہیزگاری کا کام نہیں کر سکتے اور نہ لوگوں میں

وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿224﴾ لَا يُؤَاخِذُكُمُ اللّٰهُ بِاللَّغْوِ فِيْٓ اَيْمَانِكُمْ

اور اللہ | بڑا سننے والا | بہت جاننے والا ہے | نہیں | مواخذہ کرے گا تمہارا | اللہ | فضول | میں | قسموں تمہاری

صلح صفائی کرا سکتے ہیں۔ بے شک اللہ سننے والا جاننے والا ہے۔ اللہ تمہاری بے ارادہ قسموں پر نہیں پکڑے گا

وَلٰكِنْ يُّؤَاخِذُكُمْ بِمَا كَسَبَتْ قُلُوْبُكُمْ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ ﴿225﴾

اور لیکن | مواخذہ کرے گا تمہارا | ساتھ اُسکے کہ جو | کمائیں | دل تمہارے نے | اور اللہ | بڑا بخشنے والا | بہت تحمل والا ہے

لیکن جن قسموں میں تمہارا دلی ارادہ شامل ہوگا اور وہ جھوٹی ہوں گی تو ان پر ضرور پکڑے گا۔ اللہ بخشنے والا تحمل والا ہے۔

لِلَّذِيْنَ يُؤْلُوْنَ مِنْ نِّسَآئِهِمْ تَرَبُّصُ اَرْبَعَةِ اَشْهُرٍ ۚ فَاِنْ

اُن لوگوں کیلئے جو | قسم کھالیتے ہیں | سے | عورتوں اپنی | انتظار کرنا ہے | چار | مہینے | پس اگر

جو لوگ اپنی بیویوں سے نہ ملنے کی قسم کھالیں، ان کے لیے چار مہینے کی مہلت ہے۔ اگر اس عرصے میں رجوع کر لیں تو اللہ بخشنے والا

فَآءُوْ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿226﴾ وَاِنْ عَزَمُوا الطَّلَاقَ فَاِنَّ اللّٰهَ

وہ رجوع کرلیں | تو بیشک | اللہ ہے | بڑا بخشنے والا | بہت رحم کرنے والا | اور اگر | ارادہ کریں | طلاق کا | پس بیشک | اللہ

مہربان ہے۔ اور اگر طلاق کا فیصلہ کر لیں تو یاد رکھیں اللہ

سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿227﴾ وَالْمُطَلَّقٰتُ يَتَرَبَّصْنَ بِاَنْفُسِهِنَّ ثَلٰثَةَ قُرُوْٓءٍ ؕ

بڑا سننے والا | بہت جاننے والا ہے | اور طلاق والیاں | انتظار کریں | اپنے لیے | تین | حیض تک

سننے والا جاننے والا ہے۔ اور جن عورتوں کو طلاق دی گئی ہو وہ تین حیض تک انتظار کریں اور اگر

وَلَا يَحِلُّ لَهُنَّ اَنْ يَّكْتُمْنَ مَا خَلَقَ اللّٰهُ فِيْٓ اَرْحَامِهِنَّ اِنْ كُنَّ

اور نہیں حلال | اُن کیلئے | یہ کہ | وہ چھپائیں | جو کچھ | پیدا کیا | اللہ نے | میں | رحموں اُنکے | اگر | وہ ہیں

وہ اللہ پر اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتی ہیں تو ان کے لیے جائز نہیں کہ اس چیز کو چھپائیں جو اللہ نے ان کے

يُؤْمِنَّ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۭ وَبُعُوْلَتُهُنَّ اَحَقُّ بِرَدِّهِنَّ فِيْ ذٰلِكَ

ایمان رکھتی | اللہ پر | اور دن پر | آخرت کے | اور خاوند اُنکے | بہت حقدار ہیں | اُن کے لوٹا لینے کے | میں | اسکے

پیٹ میں پیدا کی ہے۔ اور اس دوران میں اگر ان کے شوہر صلح کرنا چاہیں تو ان عورتوں کو لوٹا لینے کا

اِنْ اَرَادُوْٓا اِصْلَاحًا ۭ وَلَهُنَّ مِثْلُ الَّذِيْ عَلَيْهِنَّ بِالْمَعْرُوْفِ ۠

اگر | وہ چاہیں | صلح کرنا | اور اُن کیلئے ہیں | جیسے | جو | اُن پر ہے | بھلے طریقے سے

حق رکھتے ہیں۔ اور یاد رکھو، ان عورتوں کے لیے دستور کے مطابق اسی طرح حقوق ہیں جس طرح دستور کے مطابق ان پر ذمہ

وَلِلرِّجَالِ عَلَيْهِنَّ دَرَجَةٌ ۭ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۲۲۸﴾ اَلطَّلَاقُ مَرَّتٰنِ ۠

(ع 28 / 7 / 12)

اور مردوں کیلئے ہے | عورتوں پر | درجہ | اور اللہ ہے | بڑا غالب | خوب حکمت والا | طلاق | دو بار ہے

داریاں۔ البتہ مردوں کو ان پر ایک درجہ برتری حاصل ہے۔ اور اللہ غالب اور حکمت والا ہے۔ وہ طلاق جس کے بعد رجوع ہو سکتا

فَاِمْسَاكٌۢ بِمَعْرُوْفٍ اَوْ تَسْرِيْحٌۢ بِاِحْسَانٍ ۭ وَلَا يَحِلُّ لَكُمْ اَنْ

پھر روک لینا ہے | بھلے طریقے کے سے | یا | چھوڑ دینا ہے | بھلے طریقے سے | اور نہیں | حلال | تمہارے لیے | کہ

ہے صرف دو مرتبہ دی جا سکتی ہے۔ اس کے بعد دستور کے مطابق یا تو عورت کو رکھ لینا ہوتا ہے یا خوش اسلوبی سے رخصت کر دینا۔ اگر

تَاْخُذُوْا مِمَّآ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ شَيْـــًٔا اِلَّآ اَنْ يَّخَافَآ اَلَّا يُقِيْمَا حُدُوْدَ

تم لے لو | اُس میں سے جو | تم نے دیا اُنکو | کچھ بھی | مگر | یہ کہ | دونوں ڈریں | کہ نہ | وہ قائم رکھیں گے | حدیں

ان کو رخصت کرو تو تمہارے لیے یہ جائز نہیں کہ جو مال انھیں پہلے دے چکے ہو، اس میں سے کچھ واپس لو۔ البتہ اگر یہ صورت ہو کہ

اللّٰهِ ۭ فَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا يُقِيْمَا حُدُوْدَ اللّٰهِ ۙ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا

اللہ کی | پس اگر | تم کو خوف ہو | کہ نہ | وہ قائم رکھیں گے | حدیں | اللہ کی | پس نہیں | گناہ | دونوں پر

دونوں میاں بیوی کو یہ اندیشہ ہو کہ وہ اب اللہ کے بعض احکام کی صحیح پابندی نہیں کر سکیں گے تو پھر جائز ہے کہ باہمی رضامندی سے

فِيْمَا افْتَدَتْ بِهٖ ۭ تِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ فَلَا تَعْتَدُوْھَا ۚ وَمَنْ يَّتَعَدَّ

اس میں کہ | بدلہ دے عورت | اس (مال) کا | یہ ہیں | حدیں | اللہ کی | پس نہ | تجاوز کرو | اور جو کوئی | تجاوز کرے

عورت اپنے شوہر کو کچھ مال دے کر خلع کی طلاق حاصل کر لے۔ یہ اللہ کی حدیں ہیں ان سے باہر نہ نکلو اور جو اللہ کی حدوں سے نکل

حُدُوْدَ اللّٰهِ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿229﴾ فَاِنْ طَلَّقَهَا فَلَا تَحِلُّ لَهٗ

حدوں | اللہ کی سے | پس یہ لوگ | وہ ہیں | ظالم | پس اگر | طلاق دی اُسکو | پس نہیں | حلال | اُس کیلئے

جائیں وہی ظالم ہیں۔ اور اگر شوہر نے تیسری طلاق دی تو پھر جدائی ہوگئی۔ اب وہ عورت اس کے لیے حلال نہیں۔ لیکن اگر وہ عورت

مِنْۢ بَعْدُ حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهٗ ؕ فَاِنْ طَلَّقَهَا فَلَا جُنَاحَ

سے | بعد اسکے | یہاں تک کہ | وہ نکاح کرے | خاوند | دوسرے سے | پس اگر | طلاق دے اُسکو | پس نہیں | گناہ

کسی اور مرد سے نکاح کرلے اور وہ اپنی مرضی سے اسے طلاق دیدے تو ایسی صورت میں پہلے شوہر سے اس عورت کا دوبارہ نکاح

عَلَيْهِمَآ اَنْ يَّتَرَاجَعَآ اِنْ ظَنَّآ اَنْ يُّقِيْمَا حُدُوْدَ اللّٰهِ ؕ وَتِلْكَ

اُن دونوں پر | یہ کہ | وہ پھر ملیں آپس میں | اگر | وہ توقع کریں | یہ کہ | وہ دونوں قائم رکھیں گے | حدیں | اللہ کی | اور یہ ہیں

درست ہے۔ بشرطیکہ دونوں کو اللہ کی حدوں پر قائم رہنے کی توقع ہو۔ یہ اللہ کے

حُدُوْدُ اللّٰهِ يُبَيِّنُهَا لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ﴿230﴾ وَاِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ فَبَلَغْنَ

حدیں | اللہ کی | وہ بیان کرتا ہے انکو | اُن لوگوں کیلئے جو | جانتے ہیں | اور جب | تم طلاق دو | بیویوں کو | پھر وہ پہنچیں

احکام ہیں جنہیں وہ ان لوگوں کے لیے وضاحت سے بیان کرتا ہے جو سمجھ بوجھ رکھتے ہیں۔ اگر تم اپنی بیویوں کو دو طلاقیں دو اور وہ

اَجَلَهُنَّ فَاَمْسِكُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ اَوْ سَرِّحُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ ۪

مدت اپنی کو | پس روک رکھو اُنکو | دستور سے | یا | چھوڑ دو اُنکو | بھلے طریقے سے

اپنی عدت کو پہنچ جائیں تو انھیں یا تو دستور کے مطابق رکھ لو یا رخصت کردو۔ مگر انھیں

وَّلَا تُمْسِكُوْهُنَّ ضِرَارًا لِّتَعْتَدُوْا ۚ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ فَقَدْ ظَلَمَ نَفْسَهٗ ؕ

اور نہ روک رکھو | تنگ کرنے کو | تاکہ زیادتی کرو | اور جو کوئی | کرے گا | ایسا | پس البتہ | ظلم کیا اُس نے | جان اپنی پر

تکلیف پہنچانے کی غرض سے نہ روکو کہ پھر ان پر زیادتی کرو۔ جو ایسا کرے اس نے اپنا ہی برا کیا۔

وَلَا تَتَّخِذُوْٓا اٰيٰتِ اللّٰهِ هُزُوًا ؗ وَّاذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَمَآ

اور نہ | تم بناؤ | آیتوں کو | اللہ کی | مذاق | اور یاد کرو | نعمت | اللہ کی | تم پر | اور جو

اور اللہ کی آیتوں کو کھیل نہ بناؤ۔ بلکہ اپنے اوپر اللہ کی نعمتوں کو یاد رکھو اور

اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِّنَ الْكِتٰبِ وَالْحِكْمَةِ يَعِظُكُمْ بِهٖ ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ

نازل کی | تم پر | سے | کتاب | اور حکمت | سمجھاتا ہے تم کو | اس سے | اور ڈرو | اللہ سے

کتاب و حکمت کو بھی جو اس نے نازل کی ہے اور جس کے ذریعے وہ تمہیں سمجھاتا ہے۔ ہر حال میں اللہ سے ڈرو

وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ ﴿۲۳۱﴾ وَاِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ

اور جانو | کہ | اللہ | ہر | چیز کو | بہت جاننے والا ہے | اور جب | تم طلاق دو | بیویوں کو

اور اچھی طرح جان لو کہ اللہ ہر چیز کو جاننے والا ہے۔ اور اگر تم اپنی بیویوں کو طلاق دیدو

فَبَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَلَا تَعْضُلُوْهُنَّ اَنْ یَّنْكِحْنَ اَزْوَاجَهُنَّ اِذَا

پس وہ پہنچ جائیں | مدت اپنی کو | پس نہ | منع کرو انکو | کہ | وہ نکاح کریں | اپنے خاوندوں سے | جب

اور وہ اپنی عدت پوری کر لیں تو انھیں اس سے نہ روکو کہ وہ اپنے نئے شوہروں سے نکاح کر لیں جبکہ وہ دستور

تَرَاضَوْا بَیْنَهُمْ بِالْمَعْرُوْفِ ؕ ذٰلِكَ یُوْعَظُ بِهٖ مَنْ كَانَ مِنْكُمْ

وہ راضی ہوں | آپس میں | بھلے طریقے سے | یہ بات | سمجھائی جاتی ہے | اس سے | جو کوئی | ہو | تم میں سے

کے مطابق آپس میں راضی ہوں۔ یہ ان لوگوں کو نصیحت کی جاتی ہے جو اللہ پر اور آخرت کے دن پر

یُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ ذٰلِكُمْ اَزْكٰی لَكُمْ وَاَطْهَرُ ؕ وَاللّٰهُ

ایمان رکھتا ہے | اللہ پر | اور دن پر | آخرت کے | یہ | بہت پاکیزہ | تمہارے لیے | اور بہت پاک ہے | اور اللہ

ایمان رکھتے ہیں۔ تمہارے لیے یہی طریقہ زیادہ پاکیزہ اور ستھرا ہے۔ اور اللہ

یَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۲۳۲﴾ وَالْوَالِدٰتُ یُرْضِعْنَ اَوْلَادَهُنَّ حَوْلَیْنِ

جانتا ہے | اور تم | نہیں | تم جانتے | اور بچے والیاں | دودھ پلائیں | اولاد اپنی کو | دو سال

جانتا ہے تم نہیں جانتے۔ اور وہ مائیں جنہیں ان کے شوہروں نے طلاق دی ہو، اپنے بچوں کو پورے دو سال تک

كَامِلَیْنِ لِمَنْ اَرَادَ اَنْ یُّتِمَّ الرَّضَاعَةَ ؕ وَعَلَی الْمَوْلُوْدِ لَهٗ رِزْقُهُنَّ

پورے | اُس کیلئے جو | ارادہ کرے | کہ | پورا کرے | دودھ پلانا | اور اُوپر اُسکے | کہ بچہ ہے | جس کا | روٹی اُنکی

دودھ پلائیں جبکہ وہ لوگ ان سے پوری مدت دودھ پلانا چاہتے ہوں۔ ایسی صورت میں بچے کے باپ کی ذمہ داری ہے کہ وہ دستور

وَكِسْوَتُهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ ؕ لَا تُكَلَّفُ نَفْسٌ اِلَّا وُسْعَهَا ۚ لَا تُضَآرَّ

اور کپڑا اُنکا | بھلے طریقے سے | نہیں | تکلیف دی جاتی | کسی جان کو | مگر | طاقت اُسکی پر | نہ | نقصان پہنچایا جائے

کے مطابق ان عورتوں کو روٹی کپڑا دے۔ ہر کسی کے لیے اس کی گنجائش کے مطابق حکم دیا جاتا ہے۔ نہ کسی ماں کو

وَالِدَةٌۢ بِوَلَدِهَا وَلَا مَوْلُوْدٌ لَّهٗ بِوَلَدِهٖ ۗ وَعَلَی الْوَارِثِ مِثْلُ

ماں کو | اُسکے بچے کی وجہ سے | اور نہ | بچے والا یعنی باپ کو | اُسکے | بچے کی وجہ سے | اور اُوپر | وارث کے ہے | جیسا

بچے کے سبب سے تکلیف پہنچائی جائے اور نہ کسی باپ کو اس کے بچے کی وجہ سے نقصان پہنچایا جائے۔ باپ موجود نہ ہو تو اس کی ذمہ

ذٰلِكَ ۚ فَاِنْ اَرَادَا فِصَالًا عَنْ تَرَاضٍ مِّنْهُمَا وَتَشَاوُرٍ فَلَا جُنَاحَ

اس | پس اگر | ارادہ کریں | دُودھ چھڑانے کا | سے | رضامندی | آپس میں | اور باہمی مشورہ سے | پس نہیں | گناہ

داری اس کے وارث پر ہے۔ اور جب ماں باپ باہمی رضامندی اور صلاح مشورے سے بچے کا دودھ چھڑانا چاہیں تو ان پر کوئی

عَلَيْهِمَا ؕ وَاِنْ اَرَدْتُّمْ اَنْ تَسْتَرْضِعُوْٓا اَوْلَادَكُمْ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ

ان دونوں پر | اور اگر | تم ارادہ کرو | کہ | تم دودھ پلوالو | اولاد اپنی کو | پس نہیں | گناہ | تم پر

گناہ نہ ہوگا۔ اور اگر تم اپنے بچوں کو ماں کی بجائے کسی اور عورت سے دودھ پلانا چاہو تو پھر بھی تم پر کوئی گناہ نہیں

اِذَا سَلَّمْتُمْ مَّآ اٰتَيْتُمْ بِالْمَعْرُوْفِ ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ

جب | حوالے کردو | جو کچھ | دینا طے کیا ہے | بھلے طریقے کے سے | اور ڈرو | اللہ سے | اور جانو | کہ | اللہ

بشرطیکہ اس کا جو معاوضہ طے کرو وہ دستور کے مطابق ادا کردو۔ ہر حال میں اللہ سے ڈرو اور یاد رکھو جو کچھ تم کرتے

بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿233﴾ وَالَّذِيْنَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَيَذَرُوْنَ اَزْوَاجًا

اُسکو جو | تم کرتے ہو | خوب دیکھنے والا ہے | اور جو لوگ | وفات پا جائیں | تم میں سے | اور چھوڑ جائیں | بیویاں

ہو اللہ اُسے دیکھ رہا ہے۔ اور تم میں سے جو لوگ مرجائیں اور اپنے پیچھے بیویاں چھوڑ جائیں

يَّتَرَبَّصْنَ بِاَنْفُسِهِنَّ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ وَّعَشْرًا ۚ فَاِذَا بَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ

وہ انتظار میں رکھیں | خود کو | چار | مہینے | اور دس دن تک | پھر جب | وہ پہنچیں | مدت اپنی کو

تو ان بیواؤں کو چار مہینے دس دن کی عدت گزارنی چاہیے۔ اس مدت کے بعد

فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْمَا فَعَلْنَ فِيْٓ اَنْفُسِهِنَّ بِالْمَعْرُوْفِ ؕ وَاللّٰهُ

پس نہیں | گناہ | تم پر | اس میں جو | وہ کریں | بارے میں | اپنی جانوں کے | بھلے طریقے سے | اور اللہ ہے

وہ دستور کے مطابق کہیں نکاح کر لیں تو اس کا تم پر کوئی گناہ نہیں۔ اور اللہ

بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ﴿234﴾ وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْمَا عَرَّضْتُمْ بِهٖ مِنْ

اُس سے جو | تم کرتے ہو | خوب باخبر ہے | اور نہیں | گناہ | تم پر | اس میں جو | تم اشارہ کرو | اس کا | سے

تمہارے کاموں سے اچھی طرح باخبر ہے۔ اور تم پر کوئی گناہ نہیں اگر تم ان عورتوں کو عدت کے دوران ہی اشارے کنائے سے

خِطْبَةِ النِّسَآءِ اَوْ اَكْنَنْتُمْ فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ ؕ عَلِمَ اللّٰهُ اَنَّكُمْ

نکاح کا پیغام | عورتوں کو | یا | تم چھپائے رکھو | میں | اپنے جی | جانتا ہے | اللہ | کہ تم

نکاح کا پیغام بھیج دو یا اس معاملے کو اپنے تک محدود رکھو۔ اللہ جانتا ہے کہ تمہارے دل

سَتَذْكُرُوْنَهُنَّ وَلٰكِنْ لَّا تُوَاعِدُوْهُنَّ سِرًّا اِلَّآ اَنْ تَقُوْلُوْا قَوْلًا

ضرور ذکر کروگے اُنکا | اور لیکن | نہ | تم وعدہ کرو اُن سے | پوشیدہ طور پر | مگر | یہ کہ | تُم کہو | ایک بات

میں ایسی عورتوں کا خیال آئے گا لیکن اس دوران خفیہ طور پر ان سے نکاح کی بات پکی نہ کرو۔ البتہ دستور کے مطابق ان سے کوئی

مَّعْرُوْفًا ؕ وَلَا تَعْزِمُوْا عُقْدَةَ النِّكَاحِ حَتّٰى يَبْلُغَ الْكِتٰبُ اَجَلَهٗ ؕ

مُناسب | اور نہ | پکّی کرو | گرہ | نکاح کی | یہاں تک کہ | پہنچے | عدت | مُدت اپنی کو

بات کہہ سکتے ہو۔ مگر جب تک عدت پوری نہ ہو نکاح کا حتمی فیصلہ نہ کیا جائے۔

وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ فَاحْذَرُوْهُ ۚ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ

اور جانو | کہ | اللہ | جانتا ہے | جو کچھ ہے | میں | تمہارے جی | پس تم ڈرو اُسی سے | اور جانو | کہ

خوب جان لو کہ اللہ تمہارے دلوں کی بات بھی جانتا ہے۔ لہٰذا اس سے ڈرو اور یہ بھی جان لو

اللّٰهَ غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ ۧ (235) لَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ اِنْ طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ مَا لَمْ

ع 30 4 14

اللہ | بڑا بخشنے والا | بڑا تحمل والا ہے | نہیں | گناہ | تم پر | کہ اگر | تُم طلاق دو | بیویوں کو | جب تک کہ نہ

کہ اللہ بخشنے والا تحمل والا ہے۔ اور اگر تم اپنی بیویوں کو ایسی حالت میں طلاق دو کہ ابھی ان کو

تَمَسُّوْهُنَّ اَوْ تَفْرِضُوْا لَهُنَّ فَرِيْضَةً ۖۚ وَّمَتِّعُوْهُنَّ ۚ عَلَى الْمُوْسِعِ

تُم نے ہاتھ لگایا اُنکو | یا | نہیں مقرر کیا | اُن کیلئے | مہر | اور تُم اُنکو فائدہ دو | اُوپر | خُوشحال کے ہے

ہاتھ نہ لگایا ہو اور نہ ان کے لیے مہر مقرر کیا ہو تو دستور کے مطابق کچھ دینا ہوگا۔ خوش حال مرد اپنی حیثیت کے

قَدَرُهٗ وَعَلَى الْمُقْتِرِ قَدَرُهٗ ۚ مَتَاعًا ۢ بِالْمَعْرُوْفِ ۚ حَقًّا عَلَى

اس کی طاقت کے مطابق | اور اُوپر | تنگ دست کے ہے | اس کی طاقت کے مطابق | مالی فائدہ دینا | بھلے طریقے سے | حق ٹھہرا | اوپر

مطابق دے کر رخصت کرے گا اور غریب آدمی اپنی حیثیت کے مطابق۔ یہ لازم ہے

الْمُحْسِنِيْنَ (236) وَاِنْ طَلَّقْتُمُوْهُنَّ مِنْ قَبْلِ اَنْ تَمَسُّوْهُنَّ وَقَدْ

نیکی کرنیوالوں کے | اور اگر | تم طلاق دو اُنکو | سے | پہلے | کہ | تُم ہاتھ لگاؤ اُنکو | اور بے شک

نیک لوگوں پر۔ اور اگر تم اپنی بیویوں کو ہاتھ لگانے سے پہلے طلاق دے دو جبکہ ان کے لیے مہر بھی مقرر کر چکے تھے تو جتنا مہر تم نے

فَرَضْتُمْ لَهُنَّ فَرِيْضَةً فَنِصْفُ مَا فَرَضْتُمْ اِلَّآ اَنْ يَّعْفُوْنَ اَوْ

تُم نے مقرر کرلیا ہو | اُن کیلئے | کچھ مہر | تو آدھا | اُس کا جو | تُم نے مقرر کیا ہے | مگر | یہ کہ | وہ مُعاف کردیں | یا

مقرر کیا اس کا آدھا ادا کر دو۔ البتہ بیویاں چاہیں تو یہ آدھا بھی معاف کرسکتی ہیں۔

يَعْفُوَا الَّذِيْ بِيَدِهٖ عُقْدَةُ النِّكَاحِ ؕ وَاَنْ تَعْفُوْٓا اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰى ؕ

وہ معاف کردے | وہ | جس کے ہاتھ میں ہے | گرہ | نکاح کی | اور یہ کہ | تم معاف کردو | زیادہ قریب ہے | تقوے کے

اسی طرح شوہر پورا مہر دینا چاہیں تو بھی دے سکتے ہیں۔ کیونکہ تقویٰ یہی ہے کہ نرمی اور معافی کا برتاؤ کرو۔

وَلَا تَنْسَوُا الْفَضْلَ بَيْنَكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿237﴾

اور نہ | تم بھول جاؤ | مہربانی کو | درمیان اپنے | بیشک | اللہ ہے | اُسکو جو | تم کرتے ہو | خوب دیکھنے والا ہے

اور کسی حال میں بھی ایک دوسرے سے بھلائی کرنا نہ بھولو۔ بے شک تم جو کچھ کرتے ہو اللہ اسے دیکھ رہا ہے۔

حٰفِظُوْا عَلَى الصَّلَوٰتِ وَالصَّلٰوةِ الْوُسْطٰى ۗ وَقُوْمُوْا لِلّٰهِ قٰنِتِيْنَ ﴿238﴾

خیال رکھو | پر | سب نمازوں | اور نماز | درمیانی | اور تُم کھڑے رہو | اللہ کیلئے | مؤدّب ہوکر

مسلمانو! نمازوں کی پابندی کرو اور تمہاری ہر نماز بہترین نماز ہونی چاہیے۔ اور اللہ کے سامنے عاجزی سے کھڑے ہوا کرو۔

فَاِنْ خِفْتُمْ فَرِجَالًا اَوْ رُكْبَانًا ۚ فَاِذَآ اَمِنْتُمْ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَمَا

پس اگر | تُم ڈرو | تو پیدل | یا | سوار | پس جب | تُم امن میں آؤ | تو تم یاد کرو | اللہ کو | جیسے

دشمن کا خطرہ ہو تو پیدل یا سوار جس حالت میں بھی تم ہو نماز پڑھ لیا کرو۔ جب امن ہو تو اللہ کو اس طریقے سے یاد کرو جو اس

عَلَّمَكُمْ مَّا لَمْ تَكُوْنُوْا تَعْلَمُوْنَ ﴿239﴾ وَالَّذِيْنَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ

اُس نے سکھایا ہے تُم کو | جو | نہیں | تُم تھے | تم جانتے | اور جو لوگ | وفات پائیں | تم میں سے

نے سکھایا ہے اور جو تمہیں پہلے معلوم نہ تھا۔ اور تم میں سے جو لوگ مرنے کے قریب ہوں

وَيَذَرُوْنَ اَزْوَاجًا ۚۖ وَّصِيَّةً لِّاَزْوَاجِهِمْ مَّتَاعًا اِلَى الْحَوْلِ غَيْرَ

اور وہ چھوڑ جائیں | بیویاں | وصیت کرجائیں | اپنی بیویوں کے لیے | مالی فائدہ دینا | تک | ایک سال | نہ

اور ان کی بیویاں ہوں تو وہ اپنی بیویوں کے لیے وصیت کر جائیں کہ ایک سال تک انھیں گھر میں رکھ کر خرچ دیا جائے۔ پھر اگر وہ خود

اِخْرَاجٍ ۚ فَاِنْ خَرَجْنَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْ مَا فَعَلْنَ فِيْٓ

نکال دینا | پس اگر | وہ نکلیں | پس نہیں | گناہ | تم پر | بارے میں | اسکے جو | وہ کریں | بارے میں

گھر چھوڑنا چاہیں تو دستور کے مطابق اپنے بارے میں جو کچھ کریں گی، اس کا تم پر

اَنْفُسِهِنَّ مِنْ مَّعْرُوْفٍ ؕ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿240﴾ وَلِلْمُطَلَّقٰتِ

اپنے | سے | بھلے طریقے | اور اللہ ہے | بڑا غالب | خوب حکمت والا | اور طلاق والیوں کیلئے

کوئی الزام نہیں۔ بے شک اللہ غالب اور حکمت والا ہے۔ اور جن عورتوں کو طلاق دی جائے

مَتَاعٌۢ بِالْمَعْرُوْفِ ۭ حَقًّا عَلَى الْمُتَّقِيْنَ ۝241 كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ

مالی فائدہ دینا ہے | بھلے طریقے سے | حق ٹھہرا | پر | پرہیزگاروں | اسی طرح | بیان کرتا ہے | اللہ | تمہارے لیے

انھیں دستور کے مطابق کچھ دے دلا کر رخصت کرو۔ یہ اللہ سے ڈرنے والوں کی ذمہ داری ہے۔ اس طرح اللہ تمہارے لیے اپنے

31 ع 7 15

اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ۝242 اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ خَرَجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ

آیتیں اپنی | تاکہ تم | سمجھو | کیا نہیں | تو نے دیکھا | طرف | اُن لوگوں کی جو | نکلے | سے | گھروں اپنے

احکام کھول کر بیان کرتا ہے تاکہ تم سمجھو۔ کیا تم نے ان لوگوں کے واقعے پر غور کیا جو ہزاروں کی تعداد میں تھے

وَهُمْ اُلُوْفٌ حَذَرَ الْمَوْتِ ۠ فَقَالَ لَهُمُ اللّٰهُ مُوْتُوْا ۣ ثُمَّ

اور وہ تھے | ہزاروں | ڈر سے | موت کے | پس کہا | اُن کیلئے | اللہ نے | تم مر جاؤ | پھر اُس نے

اور موت کے ڈر سے اپنے گھروں سے بھاگ کھڑے ہوئے؟ اللہ نے ان کو موت کی نیند سلا دیا اور پھر

اَحْيَاهُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ

زندہ کیا اُنکو | بیشک | اللہ | ضرور فضل کرنیوالا ہے | پر | لوگوں | اور لیکن | اکثر | لوگ

زندہ کر دیا۔ بے شک اللہ تعالیٰ لوگوں پر فضل فرماتا ہے مگر اکثر لوگ

لَا يَشْكُرُوْنَ ۝243 وَقَاتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ

نہیں | شکر کرتے | اور لڑو | میں | راہ | اللہ کی | اور جانو | کہ | اللہ ہے | بڑا سُننے والا

شکر نہیں کرتے۔ مسلمانو! اللہ کی راہ میں جہاد کرو اور یقین رکھو اللہ سننے والا

عَلِيْمٌ ۝244 مَنْ ذَا الَّذِيْ يُقْرِضُ اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا فَيُضٰعِفَهٗ لَهٗٓ

بہت جاننے والا | کون ہے | جو | شخص کہ | قرض دے | اللہ کو | قرض | اچھا | پس دوگنا کرے گا اُسکو | اُس کیلئے

جاننے والا ہے۔ کون ہے جو اللہ کو اچھا قرض دے؟ پھر اللہ اس کے قرض کو کئی گنا بڑھا

اَضْعَافًا كَثِيْرَةً ۭ وَاللّٰهُ يَقْبِضُ وَيَبْصُۜطُ ۠ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝245

دوگنے سے | زیادہ | اور اللہ | کم دیتا ہے | اور زیادہ دیتا ہے | اور طرف اُسکی | تم پھیرے جاؤ گے

کر ادا کرے گا۔ روزی اللہ کے ہاتھ میں ہے وہ جسے چاہے کم دے اور جسے چاہے زیادہ دے۔ آخر تم سب کو اس کے پاس لوٹ کر

وقف لازم

اَلَمْ تَرَ اِلَى الْمَلَاِ مِنْۢ بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ مِنْۢ بَعْدِ مُوْسٰى ۘ اِذْ قَالُوْا

کیا نہیں تُو نے دیکھا | طرف | سرداروں کی | سے | بنی اسرائیل | کے | بعد | موسیٰ | جب | انہوں نے کہا

جانا ہے۔ کیا تم نے اس واقعے پر غور کیا جو موسیٰ کی وفات کے بعد بنی اسرائیل کے سرداروں کو پیش آیا؟ انھوں نے اپنے

لِنَبِيٍّ لَّهُمُ ابْعَثْ لَنَا مَلِكًا نُّقَاتِلْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ قَالَ هَلْ

نبی کو | اپنے | تُو مقرر کر | ہمارے لیے | بادشاہ | تاکہ ہم لڑیں | میں | راہ | اللہ کی | اُس نے کہا | کیا

نبی سے درخواست کی ''آپ ہمارے لیے بادشاہ مقرر کردیں تاکہ ہم اللہ کی راہ میں جہاد کریں'' نبی نے جواب دیا ''ایسا نہ ہو

عَسَيْتُمْ اِنْ كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِتَالُ اَلَّا تُقَاتِلُوْا ؕ قَالُوْا وَمَا لَنَآ

تم سے ہوسکتا ہے | اگر | فرض ہوجائے | تم پر | جنگ کرنا | یہ کہ نہ | تم لڑو | وہ بولے | اور کیا ہے | ہم کو

جب تم پر جہاد فرض ہو تو تم لڑنے سے انکار کردو'' وہ بولے ''یہ کیسے ہوسکتا ہے

اَلَّا نُقَاتِلَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَقَدْ اُخْرِجْنَا مِنْ دِيَارِنَا وَاَبْنَآئِنَا ؕ

یہ کہ نہ | ہم لڑیں | میں | راہ | اللہ کی | جبکہ بے شک | ہم نکالے گئے | سے | اپنے گھروں | اور اپنے بیٹوں

ہم اللہ کی راہ میں جہاد نہ کریں؟ ہم تو پہلے ہی گھروں سے بے گھر ہوئے اور بال بچوں سے جدا ہوئے''

فَلَمَّا كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقِتَالُ تَوَلَّوْا اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْهُمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ

پس جب | فرض ہوا | اُن پر | جنگ کرنا | وہ پھر گئے | مگر | تھوڑے | اُن میں سے | اور اللہ | خوب جاننے والا ہے

پھر جب انھیں جہاد کا حکم دیا گیا تو تھوڑے لوگوں کے سوا سب نے پیٹھ دکھا دی۔ اللہ ایسے ظالموں

بِالظّٰلِمِيْنَ ﴿۲۴۶﴾ وَقَالَ لَهُمْ نَبِيُّهُمْ اِنَّ اللّٰهَ قَدْ بَعَثَ لَكُمْ

ظالموں کو | اور کہا | اُنکو | اُنکے نبی نے | بیشک | اللہ نے | بے شک | مقرر کیا ہے | تمہارے لیے

کو خوب جانتا ہے۔ اُن کے نبی نے اُن سے کہا ''اللہ نے طالوت کو تمہارا

طَالُوْتَ مَلِكًا ؕ قَالُوْٓا اَنّٰى يَكُوْنُ لَهُ الْمُلْكُ عَلَيْنَا وَنَحْنُ اَحَقُّ

طالوت کو | بادشاہ | وہ بولے | کیسے | ہو | اُس کیلئے | بادشاہی | ہم پر | اور ہم | زیادہ حقدار ہیں

بادشاہ مقرر کیا ہے۔'' وہ بولے ''اسے ہم پر حکمرانی کا کیا حق ہے؟ اس کے مقابلے میں ہم بادشاہی کے

بِالْمُلْكِ مِنْهُ وَلَمْ يُؤْتَ سَعَةً مِّنَ الْمَالِ ؕ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ

بادشاہی کے | اُس سے | اور نہیں | اُسے دی گئی | خوش حالی | سے | مال | اُس نے کہا | بیشک | اللہ نے

زیادہ حقدار ہیں۔ اس کے پاس مال و دولت نہیں۔'' نبی نے کہا ''اللہ نے بادشاہی کے لیے

اصْطَفٰىهُ عَلَيْكُمْ وَزَادَهٗ بَسْطَةً فِي الْعِلْمِ وَالْجِسْمِ ؕ وَاللّٰهُ يُؤْتِيْ

چُن لیا اُسکو | تم پر | اور زیادہ دیا اُسکو | مضبوطی | میں | علم | اور جسم میں | اور اللہ | دیتا ہے

تمہارے مقابلے میں طالوت ہی کو چنا ہے۔ اسے تم سے زیادہ قابلیت اور قوت دی ہے۔'' اللہ جسے چاہتا ہے

مُلْكَهٗ مَنْ يَّشَآءُ ۭ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿247﴾ وَقَالَ لَهُمْ نَبِيُّهُمْ اِنَّ

مُلک اپنا | جس کو | چاہتا ہے | اور اللہ ہے | وُسعت والا | بہت علم والا | اور کہا | اُنکو | اُنکے نبی نے | بیشک

بادشاہی عطا کرتا ہے۔ اللہ بڑی وسعت والا جاننے والا ہے۔ اُن کے نبی نے اُن سے کہا "اللہ کی جانب سے طالوت کے بادشاہ

اٰيَةَ مُلْكِهٖٓ اَنْ يَّاْتِيَكُمُ التَّابُوْتُ فِيْهِ سَكِيْنَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ

نشانی | اُسکی بادشاہی کی | یہ کہ | آئے گا تمہارے پاس | صندوق | اُس میں | سکون ہے | سے | رب تمہارے

ہونے کی نشانی یہ ہے کہ اس کی بادشاہی میں تمہارے پاس وہ صندوق آ جائے گا جس میں تمہارے رب کی طرف سے تمہارے لیے

وَبَقِيَّةٌ مِّمَّا تَرَكَ اٰلُ مُوْسٰى وَاٰلُ هٰرُوْنَ تَحْمِلُهُ الْمَلٰٓئِكَةُ ۭ اِنَّ

اور باقی ماندہ اشیاء ہیں | اُن سے جو | چھوڑیں | خاندانِ موسیٰ نے | اور خاندانِ ہارون نے | اُٹھالائیں گے اُسکو | فرشتے | بیشک

تسکین ہے۔ اسی میں آلِ موسیٰ اور آلِ ہارون کی چھوڑی ہوئی یادگاریں ہیں۔ فرشتے اس صندوق کو اُٹھا لائیں گے۔ اس میں

فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿248﴾ ع فَلَمَّا فَصَلَ طَالُوْتُ

(32 ع 6 16)

میں | اس | ضرور نشانی ہے | تمہارے لیے | اگر | تم ہو | ایمان والے | پس جب | نکل پڑا | طالوت

تمہارے لیے بڑی نشانی ہے اگر تم یقین رکھنے والے ہو۔ جب طالوت لشکر لے کر

بِالْجُنُوْدِ ۙ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ مُبْتَلِيْكُمْ بِنَهَرٍ ۚ فَمَنْ شَرِبَ مِنْهُ

ساتھ لشکروں کے | اُس نے کہا | بیشک | اللہ | آزمانے والا ہے تم کو | نہر سے | پس جو کوئی | پی لے | اُس سے

روانہ ہوا تو اُس نے اُن سے کہا "اللہ تمہیں راستے میں ایک ندی کے ذریعے آزمائے گا۔ جس نے اس کا پانی پیا

فَلَيْسَ مِنِّيْ ۚ وَمَنْ لَّمْ يَطْعَمْهُ فَاِنَّهٗ مِنِّيْٓ اِلَّا مَنِ اغْتَرَفَ

تو نہیں وہ | مجھ سے | اور جو کوئی | نہ | چکھے گا اُس سے | تو بیشک وہ ہے | مجھ سے | مگر | جو کوئی | بھر لے

وہ میرا ساتھی نہیں اور جس نے اسے نہ چکھا وہ میرا ساتھی ہے۔ البتہ اگر کسی نے اپنے ہاتھ سے چلو بھر پانی پی لیا تو

غُرْفَةً ۢ بِيَدِهٖ ۚ فَشَرِبُوْا مِنْهُ اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْهُمْ ۭ فَلَمَّا جَاوَزَهٗ هُوَ

ایک چلّو | اپنے ہاتھ سے | پس سب نے پی لیا | اُس سے | مگر | تھوڑے | اُن میں سے | پھر جب | پار کر گیا اُسکو | وہ

اس کی اجازت ہے۔" مگر جب وہاں پہنچے تو تھوڑے لوگوں کے سوا سب نے خوب سیر ہو کر پانی پی لیا۔ اور جب طالوت اور اس کے

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ ۙ قَالُوْا لَا طَاقَةَ لَنَا الْيَوْمَ بِجَالُوْتَ وَجُنُوْدِهٖ ۭ

اور جو لوگ کہ | ایمان لائے | ساتھ اُسکے | اُنہوں نے کہا | نہیں | طاقت | ہم کو | آج | جالوت سے | اور اُس کے لشکروں سے

سچے مسلمان ساتھی نہر پار کر گئے تو باقی لوگ کہنے لگے "آج ہم جالوت اور اس کی فوجوں کا مقابلہ نہیں کر سکتے۔"

قَالَ الَّذِيْنَ يَظُنُّوْنَ اَنَّهُمْ مُّلٰقُوا اللّٰهِ ۙ كَمْ مِّنْ فِئَةٍ قَلِيْلَةٍ

کہا | اُن لوگوں نے جو | مانتے تھے | کہ وہ | ملنے والے ہیں | اللہ سے | کئی بار | ایک | جماعت | چھوٹی

مگر جو لوگ یقین رکھتے تھے کہ انھیں ایک روز اپنے اللہ سے ملنا ہے وہ پکار اٹھے۔ "ایسا کئی بار ہوا کہ چھوٹے

غَلَبَتْ فِئَةً كَثِيْرَةًۢ بِاِذْنِ اللّٰهِ ۗ وَاللّٰهُ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ ﴿249﴾ وَلَمَّا

غالب آئی | ایک جماعت | بڑی پر | ساتھ حکم | اللہ کے | اور اللہ ہے | ساتھ | صبر کرنیوالوں کے | اور جب

لشکروں نے اللہ کے حکم سے بڑے لشکروں پر فتح پائی! اللہ ثابت قدم رہنے والوں کے ساتھ ہے۔" پھر جب

بَرَزُوْا لِجَالُوْتَ وَجُنُوْدِهٖ قَالُوْا رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّثَبِّتْ

سامنا کیا انہوں نے | جالوت کا | اور اُسکے لشکروں کا | وہ بولے | ہمارے رب | اُنڈیل دے | ہم پر | صبر | اور تُو ثابت رکھ

جالوت اور اس کی فوجوں سے ان کا آمنا سامنا ہوا تو انھوں نے دعا کی "اے ہمارے رب! ہمیں صبر اور حوصلہ دے ہمارے قدم

اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿250﴾ ۗ فَهَزَمُوْهُمْ بِاِذْنِ اللّٰهِ ۙ قف

قدم ہمارے | اور تُو مدد فرما ہماری | مقابلے میں | قوم | کافر کے | پھر انہوں نے انکو شکست دی | ساتھ حکم | اللہ کے

جما دے اور ان کافروں کے مقابلے میں ہماری مدد فرما۔" اس کے بعد انھوں نے اللہ کے حکم سے کافروں کو شکست دی۔

وَقَتَلَ دَاوٗدُ جَالُوْتَ وَاٰتٰىهُ اللّٰهُ الْمُلْكَ وَالْحِكْمَةَ وَعَلَّمَهٗ مِمَّا

اور قتل کیا | داؤد نے | جالوت کو | اور دی اُسکو | اللہ نے | بادشاہی | اور دانائی | اور سکھایا اُسکو | اُس میں سے

داؤد علیہ السلام نے جالوت کو قتل کیا۔ اللہ نے داؤد علیہ السلام کو بادشاہی اور دانائی عطا فرمائی۔ اس کے علاوہ بھی اللہ نے

يَشَآءُ ۗ وَلَوْلَا دَفْعُ اللّٰهِ النَّاسَ بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ ۙ لَّفَسَدَتِ

جو چاہا | اور اگر نہ ہوتا | دفع کرنا | اللہ کا | لوگوں کو | اُنکے بعض کو | بعض سے | ضرور بگڑ جاتی

جو چاہا اُسے سکھا دیا۔ اگر اللہ بعض لوگوں کے ہاتھوں بعض لوگوں کو اقتدار سے نہ ہٹائے تو زمین فساد سے

الْاَرْضُ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ ذُوْ فَضْلٍ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ﴿251﴾ تِلْكَ اٰيٰتُ اللّٰهِ

زمین | اور لیکن | اللہ ہے | فضل کرنیوالا | پر | جہاں والوں | یہ ہیں | آیتیں | اللہ کی

بھر جائے۔ اس لیے اللہ دنیا والوں پر اپنا فضل فرماتا رہتا ہے۔ اے نبی ﷺ! یہ اللہ کی آیتیں ہیں جو جبرئیل کے ذریعے آپ ﷺ

نَتْلُوْهَا عَلَيْكَ بِالْحَقِّ ۗ وَاِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿252﴾

ہم پڑھتے ہیں انکو | تجھ پر | ساتھ حق کے | اور بیشک تُو ہے | یقیناً میں سے | رسولوں

کو سنائی جا رہی ہیں اور بے شک آپ ﷺ ہمارے پیغمبروں میں سے ہیں۔

تِلْكَ الرُّسُلُ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ ۘ مِنْهُمْ مَّنْ كَلَّمَ اللّٰهُ

یہ | رسول ہیں | ہم نے فضیلت دی | اُنکے بعض کو | پر | بعض | اُن میں سے بعض | وہ جن سے | کلام کیا | اللہ نے

ہم نے پیغمبروں میں سے بعض کو بعض پر فضیلت دی۔ ان میں بعض سے اللہ نے براہِ راست کلام کیا۔

وَرَفَعَ بَعْضَهُمْ دَرَجٰتٍ ؕ وَاٰتَيْنَا عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ الْبَيِّنٰتِ

اور بلند کیا | اُنکے بعض کو | درجوں میں | اور ہم نے دیں | عیسیٰ | ابن | مریم کو | کھلی نشانیاں

بعض کے درجے بہت بلند کیے۔ ہم نے عیسیٰ بن مریم کو کھلی نشانیاں دیں

وَاَيَّدْنٰهُ بِرُوْحِ الْقُدُسِ ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَا اقْتَتَلَ الَّذِيْنَ مِنْۢ

اور ہم نے مدد کی اُسکی | ساتھ رُوح | القدس سے | اور اگر | چاہتا | اللہ | نہ | لڑتے | وہ لوگ | جو

اور روح القدس جبرئیل کے ذریعے سے ان کی مدد فرمائی۔ اللہ چاہتا تو اس کے بعد لوگ دین کے بارے

بَعْدِهِمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُمُ الْبَيِّنٰتُ وَلٰكِنِ اخْتَلَفُوْا فَمِنْهُمْ

بعد اُنکے تھے | سے | بعد | اسکے کہ | آئیں اُنکے پاس | کھلی نشانیاں | اور لیکن | انہوں نے اختلاف کیا | پس اُن میں سے

میں نہ لڑتے جبکہ ان کے پاس واضح نشانیاں آچکی تھیں۔ اس کے باوجود انھوں نے اختلاف کیا۔ پھر ان میں

مَّنْ اٰمَنَ وَمِنْهُمْ مَّنْ كَفَرَ ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَا اقْتَتَلُوْا ۫ وَلٰكِنَّ

جو کہ | ایمان لایا | اور اُن میں سے | جو کہ | کافر ہوا | اور اگر | چاہتا | اللہ | نہ | وہ لڑتے | اور لیکن

سے کوئی ایمان لایا کوئی کافر ہوگیا۔ اللہ چاہتا تو لوگ ایک دوسرے سے نہ لڑتے مگر اللہ

اللّٰهَ يَفْعَلُ مَا يُرِيْدُ ﴿٢٥٣﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰكُمْ

اللہ | کرتا ہے | جو | وہ چاہتا ہے | اے | لوگو جو | ایمان لائے | خرچ کرو | اُس سے جو | ہم نے دیا تم کو

وہی کرتا ہے جو چاہتا ہے۔ اے ایمان والو! ہمارے دیے ہوئے مال میں سے اللہ کی راہ میں خرچ کرو

مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِىَ يَوْمٌ لَّا بَيْعٌ فِيْهِ وَلَا خُلَّةٌ وَّلَا شَفَاعَةٌ ؕ

اس سے | پہلے | کہ | آئے | وہ دن | نہیں | تجارت | اُس میں | اور نہ | دوستی | اور نہ | سفارش

اس سے پہلے کہ قیامت کا دن آجائے جس میں نہ خرید و فروخت ہوگی، نہ دوستی کام آئے گی اور نہ سفارش چلے گی۔

وَالْكٰفِرُوْنَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿٢٥٤﴾ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَىُّ الْقَيُّوْمُ ۚ

اور کافر | وہی | ظالم ہیں | اللہ | نہیں | معبود | مگر | وہ | زندہ ہے | سنبھالنے والا

جولوگ اس حکم کو نہ مانیں، وہ کافر ہیں اور وہ نقصان اٹھائیں گے۔ اللہ وہ ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ وہ زندہ اور سب کو سنبھالنے

لَا تَأْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ؕ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ

نہیں | پکڑتی اُسکو | اُونگھ | اور نہ | نیند | اُسی کا ہے | جو | میں | آسمانوں | اور جو | میں | زمین

والا ہے۔ اسے نہ اُونگھ آتی ہے نہ نیند۔ اسی کا ہے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے۔

مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ؕ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ

کون | ہے | جو کہ | سفارش کرے | پاس اُسکے | مگر | اُسکی اجازت سے | وہ جانتا ہے | جو کچھ ہے | سامنے

کون ہے جو اس کے پاس اس کی اجازت کے بغیر سفارش کرسکے۔ وہ سب جانتا ہے جو کچھ لوگوں

اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا

اُنکے | اور جو ہے | پیچھے اُنکے | اور نہیں | وہ احاطہ کرسکتے | کچھ بھی | سے | اُسکے علم | مگر | جو وہ

کے سامنے ہے اور جو کچھ ان سے پوشیدہ ہے۔ لوگ اس کے علم میں سے کسی چیز کا احاطہ نہیں کرسکتے مگر جو

شَآءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ

چاہے | گھیرلیا ہے | اُسکی کُرسی نے | آسمانوں کو | اور زمین کو | اور نہیں | تھکاتی اُسکو | نگرانی ان دونوں کی

وہ چاہے۔ اُس کی کرسی اقتدار آسمانوں اور زمین پر چھائی ہوئی ہے۔ کائنات کا نظام چلانے سے وہ ہرگز نہیں تھکتا۔

وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ﴿255﴾ لَآ اِكْرَاهَ فِي الدِّيْنِ ۙ قَدْ تَّبَيَّنَ الرُّشْدُ

اور وہ ہے | بلند مرتبہ | عظمت والا | نہیں | زبردستی | میں | دین قبول کرنے | یقیناً | واضح ہوگیا ہے | ہدایت پانا

وہ اونچی شان والا بڑی عظمت والا ہے۔ دین اسلام قبول کرنے میں کوئی زبردستی نہیں۔ ہدایت اور گمراہی واضح

مِنَ الْغَيِّ ۚ فَمَنْ يَّكْفُرْ بِالطَّاغُوْتِ وَيُؤْمِنْ بِاللّٰهِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ

سے | گمراہی | پھر جو کوئی | انکار کرے | شیطان کا | اور ایمان لائے | اللہ پر | تو بے شک | اُس نے تھام لیا

ہوچکی ہیں۔ جو شیطان کو نہ مانے اور اللہ پر ایمان لائے اس نے مضبوط سہارا

بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى ۗ لَا انْفِصَامَ لَهَا ؕ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿256﴾ اَللّٰهُ

رسّہ | مضبوط | نہیں | ٹوٹنا | اُسکو | اور اللہ ہے | خوب سننے والا | بہت جاننے والا ہے | اللہ

پکڑ لیا جو کبھی ٹوٹنے والا نہیں۔ اور اللہ سننے والا جاننے والا ہے۔ اللہ

وَلِيُّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۙ يُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ؕ وَالَّذِيْنَ

دوست ہے | اُنکا جو | ایمان لائے | وہ نکالتا ہے اُنکو | سے | اندھیروں | طرف | روشنی کی | اور جو

کارساز ہے ایمان والوں کا جو انھیں اندھیروں سے نکال کر اُجالے کی طرف لاتا ہے۔ مگر کافروں

كَفَرُوْٓا اَوْلِيٰٓـُٔهُمُ الطَّاغُوْتُ ۙ يُخْرِجُوْنَهُمْ مِّنَ النُّوْرِ اِلَى الظُّلُمٰتِ ۭ

کافر ہوئے | دوست اُنکے | شیطان ہیں | جونکالتے ہیں اُنکو | سے | روشنی | طرف | اندھیروں کی

کے حامی شیطان ہیں جو انھیں روشنی سے نکال کر اندھیروں کی طرف لے جاتے ہیں۔

ع 34 4 2

اُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝257ۧ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْ

یہی ہیں | رہنے والے | آگ کے | وہ ہیں | اُس میں | ہمیشہ رہنے والے | کیا نہیں | تُونے دیکھا | طرف | اُس شخص کی

یہ لوگ دوزخی ہیں اور ہمیشہ دوزخ میں رہیں گے۔ کیا تم نے اس شخص کے حال پر غور نہیں کیا

وقف لازم

حَاۗجَّ اِبْرٰھٖمَ فِيْ رَبِّهٖٓ اَنْ اٰتٰىهُ اللّٰهُ الْمُلْكَ ۘ اِذْ قَالَ اِبْرٰھٖمُ رَبِّيَ

جو جھگڑا | ابراہیم سے | بارے میں | اُس کے رب کے | کہ | دی اُسے | اللہ نے | بادشاہی | جب | کہا | ابراہیم نے | میرا رب

جسے اللہ نے بادشاہی عطا کی تھی اُس نے بادشاہت کے غرور میں ابراہیم علیہ السلام سے اُس کے رب کے بارے میں جھگڑا کیا۔ ابراہیم علیہ السلام

الَّذِيْ يُـحْيٖ وَيُمِيْتُ ۙ قَالَ اَنَا اُحْيٖ وَاُمِيْتُ ۭ قَالَ اِبْرٰھٖمُ فَاِنَّ

وہ ہے جو | زندہ کرتا ہے | اور مارتا ہے | وہ بولا | میں | زندہ کرتا | اور مارتا ہوں | کہا | ابراہیم نے | تو بیشک

نے کہا ''میرا رب وہ ہے جس کے ہاتھ میں زندگی اور موت ہے۔'' وہ بولا ''زندگی اور موت میرے اختیار میں بھی ہے۔'' ابراہیم علیہ السلام

اللّٰهَ يَاْتِيْ بِالشَّمْسِ مِنَ الْمَشْرِقِ فَاْتِ بِهَا مِنَ الْمَغْرِبِ فَبُهِتَ

اللہ | لاتا ہے | سورج | سے | مشرق | پس تُو لے آ | اُسکو | سے | مغرب | پھر لاجواب ہوا

نے کہا ''اچھا'' اللہ سورج کو مشرق سے نکالتا ہے، تم اسے مغرب سے نکال دو؟'' اس پر وہ

الَّذِيْ كَفَرَ ۭ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝258ۚ اَوْ كَالَّذِيْ مَرَّ

وہ جو | کافر تھا | اور اللہ | نہیں | ہدایت دیتا | اُن لوگوں کو | جو ظالم ہیں | یا | جیسے وہ شخص جو | گزرا

کافر حیران رہ گیا۔ اور اللہ ظالموں کو ہدایت نہیں دیتا۔ یا اُس آدمی کے بارے

عَلٰي قَرْيَةٍ وَّهِيَ خَاوِيَةٌ عَلٰي عُرُوْشِهَا ۚ قَالَ اَنّٰى يُـحْيٖ هٰذِهِ اللّٰهُ

پر | بستی | اور وہ | گری ہوئی | پر | اپنی چھتوں | اُس نے کہا | کیسے | زندہ کرے گا | اسے | اللہ

میں تم نے غور نہیں کیا جس کا گزر ایسی بستی پر ہوا جس کے مکانات چھتوں سمیت زمین بوس ہو چکے تھے؟ اس نے تعجب سے کہا ''اللہ

بَعْدَ مَوْتِهَا ۚ فَاَمَاتَهُ اللّٰهُ مِائَةَ عَامٍ ثُمَّ بَعَثَهٗ ۭ قَالَ كَمْ

بعد | موت اُسکی | پھر موت دی اُسے | اللہ نے | سو | برس تک | پھر | زندہ کیا اُسے | پوچھا | کتنی دیر

اس بستی کو دوبارہ کیسے زندہ کرے گا؟'' اللہ نے اس آدمی پر سو برس تک کے لیے موت طاری کر دی۔ پھر اسے زندہ کیا اور پوچھا ''تم

لَبِثْتَ ؕ قَالَ لَبِثْتُ يَوْمًا اَوْ بَعْضَ يَوْمٍ ؕ قَالَ بَلْ لَّبِثْتَ

تُو رہا | بولا | پس رہا میں | ایک دن | یا | تھوڑا | دن سے | فرمایا | بلکہ | تُو رہا

کتنا عرصہ اس حالت میں رہے؟" اس نے کہا "ایک دن یا ایک دن سے بھی کچھ کم۔" اللہ نے فرمایا "نہیں، بلکہ تم

مِائَةَ عَامٍ فَانْظُرْ اِلٰى طَعَامِكَ وَشَرَابِكَ لَمْ يَتَسَنَّهْ ۚ وَانْظُرْ

سَو | برس | پس دیکھو | طرف | اپنے کھانے کی | اور اپنے پینے کی | نہیں | باسی ہوا | اور دیکھ

سو سال رہے۔ اپنے کھانے پینے کی چیزوں کو دیکھو وہ سڑی نہیں لیکن اپنی

اِلٰى حِمَارِكَ وَلِنَجْعَلَكَ اٰيَةً لِّلنَّاسِ وَانْظُرْ اِلَى الْعِظَامِ كَيْفَ

طرف | اپنے گدھے کی | اور تاکہ ہم بنائیں تجھے | ایک نشانی | لوگوں کیلئے | اور تُو دیکھ | طرف | ہڈیوں کی | کیسے

سواری گدھے کا پنجر دیکھ لو۔ یہ سب کچھ ہم نے اس لیے کیا تاکہ اسے لوگوں کے لیے اپنی قدرت کی نشانی بنا دیں۔ اور تم اپنے

نُنْشِزُهَا ثُمَّ نَكْسُوْهَا لَحْمًا ؕ فَلَمَّا تَبَيَّنَ لَهٗ ۙ قَالَ اَعْلَمُ اَنَّ

ہم ڈھانچہ بناتے ہیں | پھر | ہم چڑھاتے ہیں اُن پر | گوشت | پھر جب | واضح ہوا | اُس پر | اُس نے کہا | جان گیا ہوں | بیشک

مردہ گدھے کو زندہ ہوتے دیکھو، کس طرح ہم اس کی ہڈیوں کا ڈھانچہ کھڑا کرتے ہیں پھر ان پر گوشت چڑھاتے ہیں۔ جب اس

اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ﴿259﴾ وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهٖمُ رَبِّ اَرِنِیْ كَیْفَ

اللہ | پر | ہر | چیز | قادر ہے | اور جب | کہا | ابراہیم نے | میرے رب | مجھے دکھا | کیسے

آدمی پر ساری حقیقت ظاہر ہوئی تو پکار اٹھا "میرا یقین ہے اللہ ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے۔" یاد کرو جب ابراہیم علیہ السلام نے کہا "اے

تُحْیِ الْمَوْتٰى ؕ قَالَ اَوَلَمْ تُؤْمِنْ ؕ قَالَ بَلٰى وَلٰكِنْ لِّیَطْمَئِنَّ

تُو زندہ کرے گا | مُردوں کا | کہا | کیا | نہیں | تُو ایمان لایا | کہا | کیوں نہیں | اور لیکن | تاکہ اطمینان پائے

میرے رب! مجھے دکھا تو مردوں کو کیسے زندہ کرے گا؟" فرمایا "کیا تمہیں اس کا یقین نہیں؟" عرض کیا "یقین تو ہے لیکن میں

قَلْبِیْ ؕ قَالَ فَخُذْ اَرْبَعَةً مِّنَ الطَّیْرِ فَصُرْهُنَّ اِلَیْكَ ثُمَّ اجْعَلْ

دِل میرا | فرمایا | تو پکڑ | چار | سے | پرندوں | پھر ہلا لے ان کو | طرف اپنی | پھر | تُو کر دے

دیکھنا چاہتا ہوں تاکہ میرا دل پوری طرح مطمئن ہو جائے۔" فرمایا "چار پرندے لو۔ اُنہیں اپنے ساتھ ہلا لو تاکہ وہ مانوس

عَلٰى كُلِّ جَبَلٍ مِّنْهُنَّ جُزْءًا ثُمَّ ادْعُهُنَّ یَاْتِیْنَكَ سَعْیًا ؕ

پر | ہر | پہاڑ | سے اُن میں | ایک ایک ٹکڑا | پھر | تو بلا انکو | وہ آئیں گے تیرے پاس | دوڑتے ہوئے

ہو جائیں۔ پھر ان کے ٹکڑے کر کے الگ الگ پہاڑی پر ان کا ایک ایک ٹکڑا رکھ دو۔ پھر انہیں بلاؤ، وہ تمہارے پاس دوڑ کر آئیں

وَاعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿260﴾ مَثَلُ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ

اور تُو جان | کہ | اللہ ہے | بڑا غالب | خوب حکمت والا | مثال | اُنکی جو | خرچ کرتے ہیں | مال اپنے

گے۔ اور یاد رکھو، اللہ زبردست اور حکمت والا ہے۔" جو لوگ اپنے مال اللہ کی راہ میں

فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ كَمَثَلِ حَبَّةٍ اَنْۢبَتَتْ سَبْعَ سَنَابِلَ فِيْ كُلِّ سُنْۢبُلَةٍ

میں | راہ | اللہ کی | جیسے مثال | ایک دانے کی | کہ اُگائے | سات | بالیاں | پس | ہر | بالی میں

خرچ کرتے ہیں ان کے ثواب کی مثال بیج کے اُس دانے کی ہے جس سے سات بالیں پیدا ہوں۔ ہر بالی میں سو

مِّائَةُ حَبَّةٍ ؕ وَاللّٰهُ يُضٰعِفُ لِمَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿261﴾

سَو | دانے | اور اللہ | کئی گنا بڑھاتا ہے | جس کیلئے | وہ چاہے | اور اللہ ہے | وسعت والا | بڑے علم والا

سو دانے ہوں۔ اللہ جس کے لیے چاہتا ہے اس سے بھی زیادہ بڑھاتا ہے۔ اللہ بڑی وسعت والا سب کچھ جاننے والا ہے۔

اَلَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ثُمَّ لَا يُتْبِعُوْنَ مَآ

جولوگ | خرچ کرتے ہیں | مال اپنے | میں | راہ | اللہ کی | پھر | نہیں | پیچھے لاتے | اسکے جو

جو لوگ اللہ کی راہ میں اپنے مال خرچ کرتے ہیں۔ اس کے بعد وہ کسی پر احسان نہیں

اَنْفَقُوْا مَنًّا وَّلَآ اَذًى ۙ لَّهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَلَا خَوْفٌ

خرچ کرتے ہیں | احسان جتلانا | اور نہ | تکلیف دینا | اُن کیلئے ہے | اجر اُنکا | پاس | اپنے رب کے | اور نہیں | ڈر

جتاتے اور نہ تکلیف پہنچاتے ہیں وہ اپنے رب کے ہاں اجر پائیں گے۔ انھیں نہ کوئی ڈر

عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿262﴾ قَوْلٌ مَّعْرُوْفٌ وَّمَغْفِرَةٌ خَيْرٌ مِّنْ

اُن پر | اور نہ | وہ | غمگین ہوں گے | بات کرنا | اچھی | اور مُعاف کر دینا | بہتر ہے | سے

ہوگا اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔ بھلی بات کہنا اور درگزر کرنا اس صدقے سے بہتر ہے

صَدَقَةٍ يَّتْبَعُهَآ اَذًى ؕ وَاللّٰهُ غَنِيٌّ حَلِيْمٌ ﴿263﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

اُس صدقے سے | جس کے پیچھے ہو | تکلیف دینا | اور اللہ ہے | بڑا بے نیاز | بڑے تحمل والا | اے | لوگو جو | ایمان لائے

جس کے بعد تنگ کرنا ہو۔ اور اللہ بڑا بے نیاز تحمل والا ہے۔ اے ایمان والو!

لَا تُبْطِلُوْا صَدَقٰتِكُمْ بِالْمَنِّ وَالْاَذٰى ۙ كَالَّذِيْ يُنْفِقُ مَالَهٗ

نہ | ضائع کرو | اپنے صدقات | احسان کر کے | اور تکلیف دے کر | جیسے کوئی | خرچ کرے | مال اپنا

دوسروں پر احسان جتا کر اور اُنھیں تکلیف پہنچا کر اپنے صدقے کا ثواب ضائع نہ کرو۔ جیسے وہ شخص اپنا ثواب

رِئَآءَ النَّاسِ وَلَا يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۭ فَمَثَلُهٗ كَمَثَلِ

دکھانے کیلئے | لوگوں کے | اور نہ | ایمان رکھے | اللہ پر | اور روزِ | آخرت پر | پس مثال اُسکی | جیسے مثال

ضائع کردیتا ہے جو دکھاوے کے لیے مال خرچ کرتا ہے، نہ اللہ پر اُس کا ایمان ہوتا ہے اور نہ قیامت کے دن پر۔ ایسے شخص کی

صَفْوَانٍ عَلَيْهِ تُرَابٌ فَاَصَابَهٗ وَابِلٌ فَتَرَكَهٗ صَلْدًا ۭ لَا يَقْدِرُوْنَ

صاف پتھر کی | اُس پر ہو | مٹی | پھر پہنچے اُسے | زور کی بارش | پھر چھوڑ دے اُسے | صاف چٹیل | نہیں | وہ حاصل کرسکتے

مثال ایسی ہے جیسے ایک چٹان ہو جس پر کچھ مٹی پڑی ہو پھر اس پر زور کی بارش ہو اور اسے بالکل صاف کردے۔ ایسے لوگوں

عَلٰي شَيْءٍ مِّمَّا كَسَبُوْا ۭ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿264﴾

کو | کسی چیز | اس میں سے جو | اُنہوں نے کمائی | اور اللہ | نہیں | ہدایت دیتا | لوگوں | کافر کو

کو اپنی کمائی سے کچھ حاصل نہ ہوگا اور ایسے کافروں کو اللہ ہدایت نہیں دیتا۔

وَمَثَلُ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمُ ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ وَتَثْبِيْتًا

اور مثال | اُنکی جو | خرچ کرتے ہیں | مال اپنے | چاہتے ہوئے | رضا مندی | اللہ کی | ثابت قدم رکھنے کیلئے

لیکن جو لوگ اپنا مال اللہ کی رضا کے لیے دل کھول کر خرچ کرتے ہیں، اُن کی اس نیکی کی مثال ایسی ہے

مِّنْ اَنْفُسِهِمْ كَمَثَلِ جَنَّةٍۢ بِرَبْوَةٍ اَصَابَهَا وَابِلٌ فَاٰتَتْ اُكُلَهَا

سے | اپنے آپ کو | جیسے مثال | ایک باغ کی جو | بلندی پر ہو | پہنچے اُس پر | زور کی بارش | پھر وہ لائے | پھل اپنا

جیسے ایک باغ ہو جو کسی بلند اور ہموار جگہ پر واقع ہو۔ اگر زور کی بارش ہوگئی تو دُگنا پھل

ضِعْفَيْنِ ۚ فَاِنْ لَّمْ يُصِبْهَا وَابِلٌ فَطَلٌّ ۭ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ

دوگنا | پس اگر | نہیں | پہنچی | زور کی بارش | توشبنم کافی ہے | اور اللہ | جو کچھ | تم کرتے ہو

پیدا ہوگیا۔ اگر زیادہ بارش نہ ہوئی تو اس کے لیے ہلکی پھوار کافی ہے۔ اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اسے

بَصِيْرٌ ﴿265﴾ اَيَوَدُّ اَحَدُكُمْ اَنْ تَكُوْنَ لَهٗ جَنَّةٌ مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّاَعْنَابٍ

خوب دیکھنے والا ہے | کیا چاہتا ہے | کوئی تم سے | کہ | ہو | اُس کیلئے | ایک باغ | کا | کھجوروں | اور انگوروں کا

دیکھ رہا ہے۔ کیا تم میں سے کوئی پسند کرے گا کہ اگر اُس کے پاس کھجوروں اور انگوروں کا باغ ہو،

تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۙ لَهٗ فِيْهَا مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ ۙ وَاَصَابَهُ

بہتی ہوں | سے | نیچے اُسکے | نہریں | اُس کیلئے | اُس میں | سے | سب | پھلوں | اور پہنچے اُسے

جس میں نہریں بہتی ہوں، اُس باغ میں اس کے لیے بکثرت پھل پیدا ہوتا ہو مگر حال یہ ہو کہ وہ خود

الْكِبَرُ وَلَهٗ ذُرِّيَّةٌ ضُعَفَآءُ ۖ فَاَصَابَهَآ اِعْصَارٌ فِيْهِ نَارٌ

بڑھاپا | اور اُسکے ہوں | بچّے | چھوٹے چھوٹے | پھر پہنچے اُس باغ کو | بگولا | جس میں | آگ ہو

بوڑھا ہوجائے اور اس کے چھوٹے چھوٹے بچے ہوں۔ پھر اچانک اس باغ پر بگولا آجائے جس میں آگ ہو۔

فَاحْتَرَقَتْ ؕ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ تَتَفَكَّرُوْنَ ﴿۲۶۶﴾ ع

پھر وہ باغ جل گیا | اسی طرح | واضح کرتا ہے | اللہ | تمہارے لیے | آیتیں | تاکہ تم | غوروفکر کرو

اس سے سارا باغ جل کر راکھ ہوجائے؟ اللہ اس طرح تمہارے لیے نشانیاں بیان کرتا ہے تاکہ تم غور کرو۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اَنْفِقُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا كَسَبْتُمْ وَمِمَّاۤ اَخْرَجْنَا

اے | لوگو جو | ایمان لائے ہو | خرچ کرو | سے | پاکیزہ چیزوں | جو کچھ | کمایا تم نے | اور اُس سے جو | ہم نے نکالی

اے ایمان والو! اللہ کی راہ میں پاکیزہ اور عُمدہ مال خرچ کرو، خواہ وہ تمہاری عام کمائی سے ہو یا جسے ہم نے تمہارے لیے

لَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ ۪ وَلَا تَيَمَّمُوا الْخَبِيْثَ مِنْهُ تُنْفِقُوْنَ وَلَسْتُمْ

تمہارے لیے | سے | زمین | اور نہ | ارادہ کرو | گھٹیا چیز کا | اُس سے جو | تم خرچ کرو | اور نہیں تم

زمین سے پیدا کیا ہو۔ اللہ کی راہ میں ردی چیز دینے کا ارادہ نہ کرو۔ کیونکہ اگر وہی چیز

بِاٰخِذِيْهِ اِلَّاۤ اَنْ تُغْمِضُوْا فِيْهِ ؕ وَاعْلَمُوْۤا اَنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ حَمِيْدٌ ﴿۲۶۷﴾

لینے والے اُسکے | مگر | یہ کہ | آنکھیں بند کرلو | اُس میں | اور جانو | کہ | اللہ ہے | بڑا بے نیاز | بہت تعریف کیا گیا

تمہیں دی جاتی تو تم اسے لینا گوارا نہ کرتے، یا ناپسندیدگی سے لیتے۔ یاد رکھو، اللہ بے نیاز اور خوبیوں والا ہے۔

اَلشَّيْطٰنُ يَعِدُكُمُ الْفَقْرَ وَيَاْمُرُكُمْ بِالْفَحْشَآءِ ۚ وَاللّٰهُ يَعِدُكُمْ

شیطان | خوف دلاتا ہے تمہیں | تنگ دستی کا | اور اُکساتا ہے تمہیں | بخل پر | اور اللہ | وعدہ کرتا ہے تم سے

دیکھو، شیطان تمہیں محتاجی سے ڈراتا اور بخل سکھاتا ہے۔ مگر اللہ تمہارے لیے

مَّغْفِرَةً مِّنْهُ وَفَضْلًا ؕ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۶۸﴾ ۖۙ يُّؤْتِى الْحِكْمَةَ مَنْ

بخشش کا | سے اپنی طرف | اور فضل کا | اور اللہ ہے | بڑی وسعت والا | بہت جاننے والا | وہ دیتا ہے | دانائی | جسے

بخشش اور فضل کا وعدہ فرماتا ہے اور اللہ وسعت والا جاننے والا ہے۔ وہ جسے چاہتا ہے دین کی سمجھ عطا

يَّشَآءُ ۚ وَمَنْ يُّؤْتَ الْحِكْمَةَ فَقَدْ اُوْتِىَ خَيْرًا كَثِيْرًا ؕ وَمَا يَذَّكَّرُ

وہ چاہے | اور جسے | دی گئی | دانائی | تو یقیناً | اُسے دی گئی | بھلائی | بہت | اور نہیں | نصیحت پاتے

کرتا ہے اور جسے دین کی سمجھ مل گئی اسے سب کچھ مل گیا۔ اور نصیحت وہی قبول کرتے ہیں

اِلَّآ اُولُوا الْاَلْبَابِ ﴿269﴾ وَمَآ اَنْفَقْتُمْ مِّنْ نَّفَقَةٍ اَوْ نَذَرْتُمْ مِّنْ

مگر | والے | عقلوں | اور جو کچھ | تم خرچ کرو | سے | خرچ | یا | تم نذر مانو | کوئی

جو عقل والے ہیں۔ تم اللہ کی راہ میں جو خرچ کرتے ہو یا نذر مانتے ہو اللہ

نَّذْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُهٗ ؕ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ﴿270﴾ اِنْ تُبْدُوا

نذر | تو بے شک | اللہ | جانتا ہے اُسے | اور نہیں | ظالموں کیلئے | کوئی | مدد کرنے والا | اگر | تم ظاہر کرکے دو

اسے جانتا ہے۔ اور یاد رکھو، ظالموں کو اللہ کی پکڑ سے بچانے والا کوئی مدد گار نہ ملے گا۔ اگر تم اپنے صدقات ظاہر

الصَّدَقٰتِ فَنِعِمَّا هِيَ ۚ وَاِنْ تُخْفُوْهَا وَتُؤْتُوْهَا الْفُقَرَآءَ فَهُوَ خَيْرٌ

صدقے کو | تو اچھا ہے | وہ | اور اگر | تم چھپا کر دو اُسے | اور تم دو اُسے | محتاجوں کو | تو وہ | بہتر ہے

کر کے دو تو بھی اچھا ہے اور اگر تم انھیں چھپا کر محتاجوں کو دو تو یہ تمہارے لیے زیادہ

لَّكُمْ ؕ وَيُكَفِّرُ عَنْكُمْ مِّنْ سَيِّاٰتِكُمْ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ﴿271﴾

تمہارے لیے | اور وہ دُور کرے گا | تم سے | سے | بُرائیوں تمہاری | اور اللہ ہے | اُس سے جو | تم کرتے ہو | خوب باخبر

بہتر ہے۔ اس طرح اللہ تمہارے گناہوں کو دور کرے گا اور وہ تمہارے کاموں سے واقف ہے۔

لَيْسَ عَلَيْكَ هُدٰىهُمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَمَا

نہیں | تجھ پر | ہدایت دینا اُنکو | اور لیکن | اللہ | ہدایت دیتا ہے | جسے | چاہتا ہے | اور جو کچھ

اے نبی ﷺ! لوگوں کو ہدایت دینا آپ ﷺ کی ذمہ داری نہیں، اللہ جسے چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے۔ اور جو

تُنْفِقُوْا مِنْ خَيْرٍ فَلِاَنْفُسِكُمْ ؕ وَمَا تُنْفِقُوْنَ اِلَّا ابْتِغَآءَ وَجْهِ

تم خرچ کرو | سے | بھلائی | وہ تمہارے اپنے فائدے ہی کیلئے | اور نہ | تم خرچ کرو | مگر | حاصل کرنے | رضا

مال تم اللہ کی راہ میں خرچ کرو گے اپنے لیے کرو گے۔ تمہیں اسی لیے خرچ کرنا چاہیے کہ اللہ کی رضا

اللّٰهِ ؕ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ خَيْرٍ يُّوَفَّ اِلَيْكُمْ وَاَنْتُمْ لَا تُظْلَمُوْنَ ﴿272﴾

اللہ کی | اور جو کچھ | تم خرچ کرو گے | سے | مال | پُورا بدلہ دیا جائیگا | طرف تمہاری | اور تم | نہیں | تم پر ظلم کیا جائے گا

حاصل ہو۔ اور تم جو مال خرچ کرو گے اس کا تمہیں پورا اجر ملے گا اور تمہاری حق تلفی نہ ہوگی۔

لِلْفُقَرَآءِ الَّذِيْنَ اُحْصِرُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ ضَرْبًا فِي

ان محتاجوں کیلئے | جو | گھر گئے ہیں | میں | راہ | اللہ کی | نہیں | وہ استطاعت رکھتے | دوڑ دھوپ کی | میں

صدقہ وخیرات میں ان لوگوں کا زیادہ حق ہے جو اللہ کے کاموں میں اس طرح گھرے ہوئے ہیں کہ روزی کمانے کے لیے دوڑ

الْاَرْضِ ۚ يَحْسَبُهُمُ الْجَاهِلُ اَغْنِيَآءَ مِنَ التَّعَفُّفِ ۚ تَعْرِفُهُمْ

زمین | سمجھتا ہے اُنکو | کوئی جاہل | کہ دولت مند ہیں | سے | نہ مانگنے | تو پہچانتا ہے اُنکو

دھوپ نہیں کر سکتے۔ ناواقف آدمی ان کے نہ مانگنے کی وجہ سے انھیں خوش حال سمجھتا ہے۔ لیکن تم اُنہیں اُن کی صورت سے

بِسِيْمٰهُمْ ۚ لَا يَسْئَلُوْنَ النَّاسَ اِلْحَافًا ؕ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ خَيْرٍ

ان کے چہروں سے | نہیں | وہ سوال کرتے | لوگوں سے | لپٹ کر | اور جو کچھ | تم خرچ کرو | سے | مال

پہچان سکتے ہو۔ وہ لوگوں سے لپٹ کر نہیں مانگتے۔ اور جو مال تم خرچ کرو گے

فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِيْمٌ ﴿٢٧٣﴾ اَلَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ بِالَّيْلِ وَالنَّهَارِ

تو بیشک | اللہ | اُسے | خوب جاننے والا ہے | جو لوگ | خرچ کرتے ہیں | مال اپنے | رات کو | اور دن کو

اللہ اسے جانتا ہے۔ جو لوگ دن رات اپنے مال اللہ کی راہ میں خرچ کرتے ہیں،

سِرًّا وَّعَلَانِيَةً فَلَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ

چھپا کر | اور ظاہر کر کے | تو اُن کیلیے ہے | اجر اُنکا | پاس | رب ان کے | اور نہیں | کوئی ڈر | اُنکو

پوشیدہ یا علانیہ، انھیں اپنے رب کے ہاں اس کا اجر ملے گا۔ انھیں نہ کوئی خوف ہوگا

وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿٢٧٤﴾ اَلَّذِيْنَ يَاْكُلُوْنَ الرِّبٰوا لَا يَقُوْمُوْنَ اِلَّا كَمَا

اور نہ | وہ | غمگین ہوں گے | جو لوگ | کھاتے ہیں | سُود | نہیں | اُٹھیں گے قبروں سے | مگر | جیسے

نہ وہ غمگین ہوں گے۔ مگر جو لوگ سود کھاتے ہیں، قیامت کے دن قبروں سے اس طرح اٹھیں گے

يَقُوْمُ الَّذِيْ يَتَخَبَّطُهُ الشَّيْطٰنُ مِنَ الْمَسِّ ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَالُوْٓا

وہ کھڑا ہوتا ہے | جسے | بے عقل بنا دیتا ہے | شیطان | سے | چھونے | یہ اس لیے ہے | کہ انہوں نے | کہا

جیسے کسی پر جن بھوت کا سایہ ہو۔ ان کا یہ حال اس لیے ہوگا کہ وہ کہتے تھے

اِنَّمَا الْبَيْعُ مِثْلُ الرِّبٰوا ۘ وَاَحَلَّ اللّٰهُ الْبَيْعَ وَحَرَّمَ الرِّبٰوا ؕ فَمَنْ

بیشک جو | تجارت ہے | مانند | سُود | حالانکہ حلال کیا | اللہ نے | تجارت کو | اور حرام کیا | سُود کو | پھر جسکے

”تجارت بھی سود کی طرح ہے۔“ حالاں کہ اللہ نے تجارت کو حلال اور سود کو حرام قرار دیا ہے۔ پھر جس کے پاس اس کے رب کی

جَآءَهٗ مَوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ فَانْتَهٰى فَلَهٗ مَا سَلَفَ ؕ وَاَمْرُهٗٓ اِلَى اللّٰهِ ؕ

آئی اُسکے پاس | نصیحت | طرف سے | رب اسکے | پھر وہ باز آیا | تو اُس کیلئے | جو | پہلے ہو چکا | اور معاملہ اُسکا | طرف | اللہ کی ہے

طرف سے نصیحت پہنچی اور وہ سود کھانے سے باز آ گیا تو جو پہلے لے چکا، سو لے چکا، اس کا معاملہ اللہ کے حوالے۔

ع 37 / 7 / 5 — وقف منزل — وقف لازم

وَمَنْ عَادَ فَاُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿275﴾ يَمْحَقُ

اور جو کوئی | پھر کرے | تو ایسے لوگ | رہنے والے | آگ کے ہیں | وہ | اُس میں | ہمیشہ رہنے والے ہیں | مٹاتا ہے

مگر جو اس کے بعد بھی سود کھائیں گے وہ دوزخی ہیں اور ہمیشہ دوزخ میں رہیں گے۔ اللہ سود کے مال

اللّٰهُ الرِّبٰوا وَيُرْبِي الصَّدَقٰتِ ۗ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ كُلَّ كَفَّارٍ اَثِيْمٍ ﴿276﴾

اللہ | سُود کو | اور بڑھاتا ہے | صدقات کو | اور اللہ | نہیں | پسند کرتا | کسی | کُفر کرنے والے | گنہگار کو

سے برکت ختم کردیتا ہے اور صدقے کے مال میں برکت دیتا ہے۔ یاد رکھو، اللہ کسی ناشکرے اور گناہ گار کو پسند نہیں کرتا۔

اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ

بیشک | جو لوگ | ایمان لائے | اور عمل کیے | اچھے | اور قائم کی | نماز | اور دی | زکوٰۃ

بے شک جو لوگ ایمان لائے، انھوں نے نیک کام کیے، نماز قائم کی اور زکوۃ ادا کی،

لَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ

اُنکے لئے ہے | اجر اُنکا | پاس | انکے رب | اور نہیں | ڈر | اُن پر | اور نہ | وہ

انھیں اپنے رب کے ہاں اس کا اجر ملے گا۔ انھیں نہ کوئی خوف ہوگا نہ وہ

يَحْزَنُوْنَ ﴿277﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَذَرُوْا مَا بَقِيَ مِنَ

غمگین ہوں گے | اے | لوگو جو | ایمان لائے ہو | ڈرو | اللہ سے | اور چھوڑ دو | جو کچھ | باقی رہا ہے | سے

غمگین ہوں گے۔ اے ایمان والو! اگر تم واقعی مومن ہو تو اللہ سے ڈرو اور تمہارا جو سود لوگوں کے ذمے باقی ہے

الرِّبٰوٓا اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿278﴾ فَاِنْ لَّمْ تَفْعَلُوْا فَاْذَنُوْا بِحَرْبٍ مِّنَ

سُود | اگر | تُم ہو | ایمان والے | پھر اگر | نہ | تم کرو | تو تیار ہو جاؤ | جنگ کیلئے | سے

اسے چھوڑ دو۔ اگر تم نے ایسا نہ کیا تو اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی طرف سے تمہارے خلاف

اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ۚ وَاِنْ تُبْتُمْ فَلَكُمْ رُءُوْسُ اَمْوَالِكُمْ ۚ لَا تَظْلِمُوْنَ

اللہ | اور رسول اُسکے | اور اگر | تم توبہ کرو | تو تمہارے لیے ہیں | اصل | مال تمہارے | نہ | تم ظلم کرو

اعلانِ جنگ ہے۔ اگر تم توبہ کرو تو اصل رقم کے حقدار ہو۔ نہ کسی پر ظلم کرو

وَلَا تُظْلَمُوْنَ ﴿279﴾ وَاِنْ كَانَ ذُوْ عُسْرَةٍ فَنَظِرَةٌ اِلٰى مَيْسَرَةٍ ۗ وَاَنْ

اور نہ | تم پر ظلم کیا جائے | اور اگر | ہو | قرض دار تنگی والا | تو مُہلت ہے | تک | خوشحالی | اور یہ کہ

اور نہ کوئی تم پر ظلم کرے۔ مقروض جب تک تنگ دست ہے اسے خوش حالی تک مہلت دو۔ اگر قرض

تَصَدَّقُوْا خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿280﴾ وَاتَّقُوْا يَوْمًا تُرْجَعُوْنَ

تم صدقہ کر دو | تو بہتر ہے | تمہارے لیے | اگر | تم ہو | جانتے | اور ڈرو | اُس دن سے | تم پھیرے جاؤ گے

معاف کر دو تو یہ تمہارے حق میں بہتر ہے اگر تم سمجھو۔ اس دن سے ڈرو جب تمہیں اللہ کے سامنے

فِيْهِ اِلَى اللّٰهِ ثُمَّ تُوَفّٰى كُلُّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ وَهُمْ

جس میں | طرف | اللہ کی | پھر | پُورا بدلہ ملے گا | ہر | جان کو | جو | اُس نے کمایا | اور وہ

پیش کیا جائے گا۔ پھر ہر ایک کو اس کے اچھے برے اعمال کا پورا بدلہ دیا جائے گا اور کسی کی

38 ع 8 6

لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿281﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا تَدَايَنْتُمْ بِدَيْنٍ اِلٰۤى اَجَلٍ

نہیں ظلم کیے جائینگے | اے | لوگو جو | ایمان لائے | جب | تم لین دین کرو | قرض کا | تک | ایک وقت

حق تلفی نہ ہوگی۔ اے ایمان والو! جب تم کسی مقررہ مدت کے لیے آپس میں اُدھار کا لین

مُّسَمًّى فَاكْتُبُوْهُ ؕ وَلْيَكْتُبْ بَّيْنَكُمْ كَاتِبٌۢ بِالْعَدْلِ ۠ وَلَا يَاْبَ

مقرر | تو تم لکھ رکھواسے | اور چاہیے کہ لکھے | درمیان تمہارے | لکھنے والا | انصاف سے | اور نہ | انکار کرے

دین کرو تو اسے لکھ لیا کرو۔ خود نہ لکھ سکو تو تمہارے درمیان کوئی اور لکھنے والا انصاف سے لکھ دے۔ لکھنے والے کو

كَاتِبٌ اَنْ يَّكْتُبَ كَمَا عَلَّمَهُ اللّٰهُ فَلْيَكْتُبْ ۚ وَلْيُمْلِلِ الَّذِيْ عَلَيْهِ

لکھنے والا | سے | لکھنے | جیسا | سکھایا اُسے | اللہ نے | تو چاہیے وہ لکھے | اور چاہیے کہ لکھوائے | وہ کہ | جس پر ہے

چاہیے وہ لکھنے سے انکار نہ کرے۔ جیسے اللہ نے اسے سکھایا ہے لکھ دے۔ وہ شخص لکھواتا جائے جس کے ذمے

الْحَقُّ وَلْيَتَّقِ اللّٰهَ رَبَّهٗ وَلَا يَبْخَسْ مِنْهُ شَيْـًٔا ؕ فَاِنْ كَانَ الَّذِيْ

حق | اور البتہ وہ ڈرے | اللہ | رب اپنے سے | اور نہ | کم کرے | اُس سے | کچھ بھی | پھر اگر | ہو | وہ شخص

قرض ہے اور وہ اللہ سے ڈرتا رہے جو اس کا رب ہے۔ ایسا نہ ہو قرض کی رقم میں سے کچھ کم کر کے لکھوا دے۔ مقروض اگر

عَلَيْهِ الْحَقُّ سَفِيْهًا اَوْ ضَعِيْفًا اَوْ لَا يَسْتَطِيْعُ اَنْ يُّمِلَّ هُوَ

جس پر ہے | حق | بے وقوف | یا | ناتواں | یا | نہیں | طاقت رکھتا | کہ | لکھوائے | وہ

بے سمجھ یا کمزور ہو یا خود نہ لکھوا سکتا ہو تو اس کا کوئی

فَلْيُمْلِلْ وَلِيُّهٗ بِالْعَدْلِ ؕ وَاسْتَشْهِدُوْا شَهِيْدَيْنِ مِنْ رِّجَالِكُمْ ۚ

تو چاہیے کہ لکھوائے | سرپرست اُسکا | انصاف سے | اور تم گواہ بنا لو | دو گواہ | سے | اپنے مردوں

سرپرست انصاف کے ساتھ لکھوا دے۔ اپنے مسلمان مردوں میں سے دو آدمیوں کو گواہ بنا لو۔

فَاِنْ لَّمْ يَكُوْنَا رَجُلَيْنِ فَرَجُلٌ وَّامْرَاَتٰنِ مِمَّنْ تَرْضَوْنَ مِنَ

پس اگر | نہ | ہوں | دو مرد | تو ایک مرد | اور دو عورتیں | اُن سے جو | تم پسند کرتے ہو | سے

اگر دو مرد نہ ہوں تو ایک مرد اور دو عورتوں کی گواہی ہو۔ سارے گواہ تمہارے نزدیک معتبر

الشُّهَدَآءِ اَنْ تَضِلَّ اِحْدٰىهُمَا فَتُذَكِّرَ اِحْدٰىهُمَا الْاُخْرٰى ؕ وَلَا

گواہوں | کہ | بھٹک جائے | ایک اُن دونوں سے | تو یاد دلا دے | ایک اُن دو میں سے | دوسری کو | اور نہ

ہونے چاہئیں۔ دو عورتوں کی گواہی اس لیے کہ ایک سے کچھ بھول چوک ہو تو دوسری اسے یاد دلا دے۔ گواہوں

يَاْبَ الشُّهَدَآءُ اِذَا مَا دُعُوْا ؕ وَلَا تَسْـَٔمُوْٓا اَنْ تَكْتُبُوْهُ صَغِيْرًا اَوْ

انکار کریں | گواہ | جب | کہ | بلائے جائیں | اور نہ | سستی کرو | سے | اُسے لکھنے | چھوٹا | یا

کو جب بلایا جائے وہ انکار نہ کریں۔ قرض تھوڑا ہو یا زیادہ میعاد کے مطابق اسے

كَبِيْرًا اِلٰٓى اَجَلِهٖ ؕ ذٰلِكُمْ اَقْسَطُ عِنْدَ اللّٰهِ وَاَقْوَمُ لِلشَّهَادَةِ وَاَدْنٰٓى

بڑا | تک | وقت اُسکے | یہ | بہت انصاف ہے | نزدیک | اللہ کے | اور زیادہ قوی ہے | گواہی کو | زیادہ قریب ہے

لکھنے میں سستی نہ کرو۔ یہی طریقہ اللہ کے نزدیک زیادہ انصاف کا ہے۔ اس سے گواہی ٹھیک ہوتی ہے

اَلَّا تَرْتَابُوْٓا اِلَّآ اَنْ تَكُوْنَ تِجَارَةً حَاضِرَةً تُدِيْرُوْنَهَا بَيْنَكُمْ

کہ نہ | تم شک میں پڑو | مگر | یہ کہ | ہو | سودا | ہاتھوں ہاتھ | تم پھراتے ہو اُسکو | درمیان اپنے

اور کوئی شک باقی نہیں رہتا۔ لیکن اگر نقد یا تھوڑی دیر کے لیے آپس میں لین دین کرو

فَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَلَّا تَكْتُبُوْهَا ؕ وَاَشْهِدُوْٓا اِذَا تَبَايَعْتُمْ ص

تو نہیں ہے | تم پر | گناہ | کہ نہ | تم لکھو اُسے | اور تم گواہ بنا لو | جب | تم سودا کرو

پھر نہ لکھنے میں حرج نہیں۔ آپس میں سودا طے کرو تو اس پر گواہ بنا لو۔ یاد رکھو،

وَلَا يُضَآرَّ كَاتِبٌ وَّلَا شَهِيْدٌ ؕ وَاِنْ تَفْعَلُوْا فَاِنَّهٗ فُسُوْقٌۢ بِكُمْ ؕ وَاتَّقُوا

اور نہ نقصان پہنچے | لکھنے والے کو | اور نہ | گواہ کو | اور اگر | تم یہ کرو گے | تو بیشک وہ | گناہ ہے | تم پر | اور تم ڈرو

کسی لکھنے والے کو یا گواہ بننے والے کو کوئی تکلیف نہ دی جائے۔ اگر ایسا کرو گے تو تمہیں گناہ ہوگا۔ ہر حال میں اللہ

اللّٰهَ ؕ وَيُعَلِّمُكُمُ اللّٰهُ ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿282﴾ وَاِنْ كُنْتُمْ عَلٰى

اللہ سے | اور سکھاتا ہے تمہیں | اللہ | اور اللہ | ہر | چیز | خوب جاننے والا ہے | اور اگر | تم ہو | پر

سے ڈرو۔ اللہ تمہیں اچھی بات سکھاتا ہے اور وہ ہر چیز کے بارے میں خوب جانتا ہے۔ اگر تم سفر

سَفَرٍ وَّلَمْ تَجِدُوْا كَاتِبًا فَرِهٰنٌ مَّقْبُوْضَةٌ ؕ فَاِنْ اَمِنَ بَعْضُكُمْ

سفر | اور نہ | تم پاؤ | کوئی لکھنے والا | تو رہن ہے | با قبضہ | پھر اگر | اعتبار کرے | بعض تمہارا

میں ہو اور کوئی لکھنے والا نہ ہو تو کوئی چیز رہن رکھ کر قرض لے لو۔ اگر کوئی شخص دوسرے پر اعتبار کرے

بَعْضًا فَلْيُؤَدِّ الَّذِى اؤْتُمِنَ اَمَانَتَهٗ وَلْيَتَّقِ اللّٰهَ رَبَّهٗ ؕ

بعض پر | تو چاہیے کہ ادا کرے | وہ کہ | اعتبار کیا گیا ہے | امانت اُسکی | اور چاہیے کہ وہ ڈرے | اللہ | رب اپنے سے

اور اسے بغیر رہن کے قرض دیدے تو جس قرض لینے والے پر اعتبار کیا گیا ہے اسے چاہیے قرض دینے والے کا قرض جو کہ امانت

وَلَا تَكْتُمُوا الشَّهَادَةَ ؕ وَمَنْ يَّكْتُمْهَا فَاِنَّهٗٓ اٰثِمٌ قَلْبُهٗ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا

اور نہ تم چھپاؤ | گواہی کو | اور جو کوئی | چھپائے گا اُسکو | تو بے شک وہ | گنہگار ہے | دل اُسکا | اور اللہ | اُسے جو

ہے، اسے پوری طرح واپس ادا کرے اور اللہ سے ڈرے جو اس کا رب ہے۔ دیکھو، گواہی کو ہرگز نہ چھپاؤ، جو گواہی چھپائے گا اس کا

تَعْمَلُوْنَ عَلِيْمٌ ﴿283﴾ لِلّٰهِ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الْاَرْضِ ؕ وَاِنْ

تم کرتے ہو | خوب جاننے والا ہے | اللہ کا ہے | جو کچھ | میں | آسمانوں ہے | اور جو کچھ | میں | زمین ہے | اور اگر

(39 ع 2 7)

دل گناہ گار ہوگا۔ اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اسے خوب جانتا ہے۔ جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو زمین میں ہے سب اللہ کا ہے۔

تُبْدُوْا مَا فِىْٓ اَنْفُسِكُمْ اَوْ تُخْفُوْهُ يُحَاسِبْكُمْ بِهِ اللّٰهُ ؕ فَيَغْفِرُ

تم ظاہر کرو | جو کچھ ہے | میں | دلوں تمہارے | یا | تم چھپاؤ اُسے | حساب لے گا تم سے | اُسکا | اللہ | پھر وہ بخشے گا

تمہارے دلوں میں جو کچھ ہے اسے تم ظاہر کرو یا چھپاؤ، اللہ تم سے اس کا حساب لے گا۔ پھر جسے چاہے گا

لِمَنْ يَّشَآءُ وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ ﴿284﴾

جسے | وہ چاہے | اور عذاب دے گا | جسے | وہ چاہے | اور اللہ | پر | ہر | چیز | قادر ہے

بخشے گا جسے چاہے گا سزا دے گا۔ اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔

اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مِنْ رَّبِّهٖ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ؕ كُلٌّ اٰمَنَ

ایمان لایا | رسول | اُس پر جو | اُتاری گئی | اُس پر | طرف سے | رب اُسکے | اور مُسلمان بھی | ہر ایک | ایمان لایا

اللہ کا رسول ﷺ اس کلام پر ایمان رکھتا ہے جو اس کے رب کی طرف سے اس پر نازل ہوا۔ مسلمان بھی اس پر ایمان رکھتے ہیں۔ یہ

بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ ۟ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْ

اللہ پر | اور فرشتوں اُسکے پر | اور کتابوں اُسکی پر | اور اُسکے رسولوں پر | نہیں | ہم فرق کرتے | درمیان | کسی کے | سے

سب ایمان رکھتے ہیں اللہ پر، اس کے فرشتوں پر، اس کی کتابوں پر اور اس کے رسولوں پر۔ اور نہیں تفریق کرتے کسی

رُسُلِهٖ ۣ وَقَالُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا ۤ غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ﴿285﴾

رسولوں اسکے | اور انہوں نے کہا | ہم نے سن لیا | اور مان لیا | بخشش مانگتے ہیں تیری | ہمارے رب | اور طرف تیری ہے | ٹھکانا

رسول میں۔ اور کہتے ہیں ''اے ہمارے رب! ہم نے تیرا حکم سنا اور مانا۔ اے ہمارے رب! ہم تجھ سے بخشش چاہتے ہیں! آخر

لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا ۭ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَعَلَيْهَا مَا

نہیں | ذمہ داری ڈالتا | اللہ | کسی جان پر | مگر | مطابق طاقت اُسکی | اُس کیلئے | جو | اُس نے کمایا | اور اُس پر ہے | جو

تیرے پاس جانا ہے۔ اللہ کسی پر اس کی طاقت سے زیادہ بوجھ نہیں ڈالتا۔ جو نیکی کرے گا اجر پائے گا جو برائی کرے گا اُسے بھگتے

اكْتَسَبَتْ ۭ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِيْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا ۚ رَبَّنَا

اُس نے کمایا | ہمارے رب | نہ تُو پکڑ ہم کو | اگر | ہم بھول گئے | یا | ہم نے خطا کی | رب ہمارے

گا۔ ایمان والے دعا کرتے ہیں ''اے ہمارے رب! ہم سے بھول ہو جائے، یا ہم غلطی کر بیٹھیں تو ہمیں نہ پکڑ!'' ''اے ہمارے

وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا ۚ رَبَّنَا

اور نہ تُو رکھ | ہم پر | بوجھ | جیسے | تُو نے بوجھ رکھا | پر | اُن | جو | ہم سے پہلے تھے | ہمارے رب

رب! جو لوگ ہم سے پہلے ہو گزرے، اُن کے گناہوں کی وجہ سے جس طرح تو نے ان پر سخت احکام کا بوجھ ڈالا، وہ بوجھ ہم پر نہ

وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ۚ وَاعْفُ عَنَّا ۪ وَاغْفِرْ لَنَا ۪

اور نہ | تُو اُٹھوا ہم سے | وہ کہ | نہیں | طاقت | ہم کو | جس کی | اور درگزر کر | ہم سے | اور بخش | ہم کو

ڈال، اے ہمارے رب! جو بوجھ ہم اٹھا نہیں سکتے وہ ہم سے نہ اُٹھوا! ہماری کوتاہیوں سے درگزر فرما، ہمارے گناہ بخش دے۔

وَارْحَمْنَا ۪ اَنْتَ مَوْلٰىنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿286﴾ ع

40 ع 3 8

اور رحمت فرما ہم پر | تُو ہی ہے | کارساز ہمارا | پس تو مدد کر ہماری | خلاف | لوگوں | کافر کے

ہمارے حال پر رحم فرما! تو ہی ہمارا کارساز ہے۔ کافروں کے مقابلے میں ہماری مدد فرما!

(3) سُوْرَةُ اٰلِ عِمْرٰنَ مَدَنِيَّةٌ (89)

اٰيَاتُهَا 200 — رُكُوْعَاتُهَا 20

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

الۗمّۗ ﴿1﴾ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۙ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ﴿2﴾ ۭ نَزَّلَ عَلَيْكَ الْكِتٰبَ

الۗمّۗ | اللہ | نہیں | کوئی معبود | مگر | وہ | ہمیشہ زندہ ہے | سب کو سنبھالنے والا | اُس نے اُتاری | تجھ پر | کتاب

الۗمّۗ۔ اللہ وہ ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ وہ زندہ اور سب کو سنبھالنے والا ہے۔ اے نبی ﷺ! اسی نے تھوڑی تھوڑی

بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ وَاَنْزَلَ التَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ ﴿3﴾

ساتھ حق کے | تصدیق کرتی | اُس چیز کی | پہلے | اُسکے ہے | اور نازل کی | توریت | اور انجیل

کر کے یہ کتاب آپ ﷺ پر نازل کی ہے جو پہلی کتابوں کو سچ کر دکھانے والی ہے۔ اسی اللہ نے توریت اور انجیل نازل کی

مِنْ قَبْلُ هُدًى لِّلنَّاسِ وَاَنْزَلَ الْفُرْقَانَ ۬ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ

اس سے | پہلے | ہدایت تھی | لوگوں کیلئے | اور اُتارا | فرقان (قرآن) | بے شک | جنہوں نے | انکار کیا | آیتوں کا

جو اس سے پہلے لوگوں کے لیے ہدایت تھیں اور آخر میں اللہ نے حق و باطل کا فیصلہ کرنے والا قرآن نازل کیا۔ بے شک جن لوگوں

اللّٰهِ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌ ؕ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ ذُو انْتِقَامٍ ﴿4﴾ اِنَّ اللّٰهَ

اللہ کی | اُن کیلئے | عذاب | سخت | اور اللہ | غالب ہے | بدلہ لینے والا | بے شک | اللہ

نے اللہ کی نشانیوں کا انکار کیا ان کے لیے سخت عذاب ہے۔ اللہ سب پر غالب اور بدلہ لینے والا ہے۔ بے شک اللہ سے

لَا يَخْفٰى عَلَيْهِ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ ؕ ﴿5﴾ هُوَ الَّذِيْ

نہیں چھپتی | اُس پر | کوئی چیز | میں | زمین | اور نہ | میں | آسمان | وہی | جو

کوئی شے چھپی نہیں، نہ زمین میں نہ آسمان میں۔ وہ جیسے

يُصَوِّرُكُمْ فِي الْاَرْحَامِ كَيْفَ يَشَآءُ ؕ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ

صورتیں بناتا تمہاری | میں | رحموں | جس طرح | وہ چاہے | نہیں | کوئی معبود | مگر | وہ ہے | غالب

چاہتا ہے تمہاری شکل و صورت بناتا ہے جب تم ابھی ماں کے پیٹ میں ہوتے ہو۔ اس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ وہ سب پر غالب

الْحَكِيْمُ ﴿6﴾ هُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ عَلَيْكَ الْكِتٰبَ مِنْهُ اٰيٰتٌ مُّحْكَمٰتٌ

خوب حکمت والا | وہی ہے | جس نے | اُتاری | تجھ پر | کتاب | بعض اُسکی | آیتیں ہیں | محکم (واضح)

اور حکمت والا ہے۔ اے نبی ﷺ! اللہ نے آپ ﷺ پر وہ کتاب نازل کی جس کی بعض آیتیں محکم ہیں جن کا مطلب واضح ہے اور

هُنَّ اُمُّ الْكِتٰبِ وَاُخَرُ مُتَشٰبِهٰتٌ ؕ فَاَمَّا الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ زَيْغٌ

وہی ہیں | جڑ | کتاب کی | اور دوسری ہیں | متشابہ | پس کیا | وہ لوگ کہ | میں | اُنکے دلوں | ٹیڑھ ہے

جو اصل کتاب کا درجہ رکھتی ہیں۔ بعض آیتیں متشابہ ہیں جن کا مطلب کھولا نہیں جاسکتا۔ جن لوگوں کے دلوں میں ٹیڑھ ہو

فَيَتَّبِعُوْنَ مَا تَشَابَهَ مِنْهُ ابْتِغَآءَ الْفِتْنَةِ وَابْتِغَآءَ تَاْوِيْلِهٖ ۚ وَمَا

پس پیروی کرتے ہیں | جو | شبہ ڈالتی ہیں | اُس سے | واسطے چاہنے | فتنہ | اور واسطے چاہنے | حقیقت اُسکی | اور نہیں

وہ متشابہ آیتوں کے پیچھے پڑے رہتے ہیں تا کہ دین میں کوئی فتنہ کھڑا کریں اور ان متشابہ آیتوں کا مطلب کھولیں۔ حالاں کہ ان

وقف النبی علیہ السلام

يَعْلَمُ تَأْوِيْلَهٗٓ اِلَّا اللّٰهُ ۘ وَالرّٰسِخُوْنَ فِي الْعِلْمِ يَقُوْلُوْنَ اٰمَنَّا

جانتا | حقیقت اُسکی | مگر | اللہ | اور جو مضبوط لوگ ہیں | میں | علم | وہ کہتے ہیں | ہم ایمان لائے

آیتوں کا مطلب اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا۔ اس لیے جو لوگ پختہ علم والے ہیں وہ کہتے ہیں ”ہم ایسی آیتوں پر بھی ایمان

بِهٖ ۙ كُلٌّ مِّنْ عِنْدِ رَبِّنَا ۚ وَمَا يَذَّكَّرُ اِلَّآ اُولُوا الْاَلْبَابِ ۝7 رَبَّنَا

اُس پر | ہر ایک ہے | سے | طرف | رب ہمارے کی | اور نہیں | نصیحت پکڑتے | مگر | عقل والے | ہمارے رب

رکھتے ہیں اور سبھی آیتیں ہمارے رب کی طرف سے ہیں۔“ اور نصیحت وہی قبول کرتے ہیں جو عقل والے ہیں۔ جو دعا کرتے ہیں

لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً ۚ

نہ | ٹیڑھے کر | ہمارے دل | بعد اسکے | جب | تُو نے ہدایت دی ہمیں | اور عطا کر | ہم کو | سے | طرف اپنی | رحمت

”اے ہمارے رب! تو نے ہمیں ہدایت عطا فرمائی، اب ہمارے دلوں میں ٹیڑھ پیدا نہ کرنا۔ ہمیں اپنی خاص رحمت سے نوازنا!

اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ۝8 رَبَّنَآ اِنَّكَ جَامِعُ النَّاسِ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ

بے شک تُو | تُو ہی ہے | بہت عطا کرنے والا | رب ہمارے | بیشک تُو | جمع کرنیوالا ہے | لوگوں کو | اُس دن کہ | نہیں شک

بے شک تو بہت دینے والا ہے۔ اے ہمارے رب! تیرا وعدہ ہے تو ایک دن سب کو جمع کرے گا اور اس دن کے آنے میں کوئی

فِيْهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ۝9 اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَنْ تُغْنِيَ

اُس میں | بے شک | اللہ | نہیں | خلاف کرتا | وعدے کو | بے شک | جو لوگ | کافر ہوئے | ہرگز نہیں | بچائیں گے

شک نہیں۔ بے شک اللہ اپنے وعدے کے خلاف نہیں کرتا۔“ جو لوگ کافر ہوئے انھیں اللہ کے

عَنْهُمْ اَمْوَالُهُمْ وَلَآ اَوْلَادُهُمْ مِّنَ اللّٰهِ شَيْـــًٔا ۭ وَاُولٰۗىِٕكَ هُمْ

اُنکو | مال اُنکے | اور نہ | اولاد اُنکی | سے | اللہ | کچھ بھی | اور یہ لوگ | وہ ہیں

عذاب سے ان کا مال بچا سکے گا نہ ان کی اولاد۔ وہ دوزخ کا

وَقُوْدُ النَّارِ ۝10 كَدَاْبِ اٰلِ فِرْعَوْنَ ۙ وَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۭ كَذَّبُوْا

ایندھن | آگ کا | مانند عادت | قومِ | فرعون کی | اور اُن لوگوں کی | سے | پہلے اُنکے | انہوں نے جھٹلایا

ایندھن بنیں گے۔ ان کا انجام وہی ہوگا جو فرعون والوں کا اور ان سے پہلے والوں کا ہوا۔ ان سب نے

بِاٰيٰتِنَا ۚ فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ بِذُنُوْبِهِمْ ۭ وَاللّٰهُ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝11 قُلْ

ہماری آیتوں کو | پس پکڑا اُنکو | اللہ نے | اُنکے گناہوں پر | اور اللہ ہے | سخت | عذاب دینے والا | کہہ دیجیے

ہماری نشانیوں کو جھٹلایا تو اللہ نے ان کے گناہوں کے باعث انھیں پکڑ لیا۔ اللہ سخت سزا دینے والا ہے۔ اے نبی ﷺ! آپ ﷺ

لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا سَتُغْلَبُوْنَ وَتُحْشَرُوْنَ اِلٰى جَهَنَّمَ ؕ وَبِئْسَ

اُنکو جو | کافر ہوئے | جلد ہی تم مغلوب ہو گے | اور جمع کیے جاؤ گے | طرف | دوزخ کے | اور وہ بُرا ہے

ان کافروں سے کہہ دیں ''تم جلد مغلوب ہو جاؤ گے اور تمہیں ایک دن جہنم کی طرف دھکیلا جائے گا جو بہت برا

الْمِهَادُ ﴿۱۲﴾ قَدْ كَانَ لَكُمْ اٰيَةٌ فِيْ فِئَتَيْنِ الْتَقَتَا ؕ فِئَةٌ تُقَاتِلُ فِيْ

بچھونا | بے شک | ہے | تمہارے لیے | نشانی | میں | دو گروہوں | جو مقابل آئے | ایک گروہ | لڑتا ہے | میں

ٹھکانا ہے۔'' تمہارے لیے نشانی ہے بدر کے واقعے میں جب دو لشکروں کا آمنا سامنا ہوا۔ ایک گروہ اللہ کی

سَبِيْلِ اللّٰهِ وَاُخْرٰى كَافِرَةٌ يَّرَوْنَهُمْ مِّثْلَيْهِمْ رَاْىَ الْعَيْنِ ؕ وَاللّٰهُ

راہ | اللہ کی | اور دوسرا | تھا کافر | جو دیکھتا تھا ان کو | اپنے سے دوگنا | دیکھنا | آنکھوں | اور اللہ

راہ میں لڑ رہا تھا دوسرا گروہ کافروں کا تھا۔ لڑائی کے وقت کافروں نے اپنی کھلی آنکھوں سے دیکھا تو ان کو اپنے مقابلے میں مسلمانوں

يُؤَيِّدُ بِنَصْرِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَعِبْرَةً لِّاُولِي

قوت دیتا ہے | ساتھ مدد اپنی کے | جسے | وہ چاہے | بے شک | میں | اس واقعے کے | ضرور سبق ہے | جو رکھتے ہیں

کی تعداد دگنی نظر آئی۔ اللہ جسے چاہتا ہے فتح و نصرت عطا کرتا ہے۔ اس واقعے میں ان لوگوں کے لیے سبق ہے جو آنکھیں

الْاَبْصَارِ ﴿۱۳﴾ زُيِّنَ لِلنَّاسِ حُبُّ الشَّهَوٰتِ مِنَ النِّسَآءِ وَالْبَنِيْنَ

آنکھیں | زینت دی گئی | لوگوں کیلئے | محبت | خواہشوں کی | سے | عورتوں | اور بیٹوں سے

رکھنے والے ہیں۔ لوگوں کے لیے جن خواہشوں کی محبت خوش نما بنا دی گئی وہ ہیں عورتیں، بیٹے،

وَالْقَنَاطِيْرِ الْمُقَنْطَرَةِ مِنَ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ وَالْخَيْلِ الْمُسَوَّمَةِ

اور خزانے | ڈھیر لگے ہوئے سے | سے | سونے | اور چاندی سے | اور گھوڑوں | نشان لگوں سے

سونے چاندی کے ڈھیر، نشان والے اعلیٰ گھوڑے،

وَالْاَنْعَامِ وَالْحَرْثِ ؕ ذٰلِكَ مَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَاللّٰهُ عِنْدَهٗ

اور چوپائیوں سے | اور کھیتی سے | یہ تو ہے | فائدہ | زندگی کا | دنیا کی | اور اللہ | پاس اُسکے ہے

مویشی اور کھیتی! مگر یہ دنیا کی زندگی کا سامان ہے اور اللہ کے ہاں اچھا

حُسْنُ الْمَاٰبِ ﴿۱۴﴾ قُلْ اَؤُنَبِّئُكُمْ بِخَيْرٍ مِّنْ ذٰلِكُمْ ؕ لِلَّذِيْنَ

خوبصورت | ٹھکانا | کہہ دیجئے | کیا میں خبر دوں تمہیں | بہتر کی | سے | اس | اُن کیلئے جو

ٹھکانا ہے۔ اے نبی ﷺ! آپ ﷺ کہیں ''کیا میں تمہیں اس سے بہتر چیز بتاؤں؟ جو لوگ

اتَّقَوْا عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ

پرہیزگار ہوئے | نزدیک | رب اُن کے | جنتیں ہیں | بہتی ہیں | سے | نیچے اُن کے | نہریں | ہمیشہ رہنے والے

اللہ سے ڈرتے ہیں ان کے لیے ان کے رب کے پاس ایسے باغ ہیں جن میں نہریں ہوں گی۔ وہاں وہ ہمیشہ

فِيْهَا وَاَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ وَّرِضْوَانٌ مِّنَ اللّٰهِ ۭ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِالْعِبَادِ ۚ﴿15﴾

اُس میں | اور جوڑے | پاکیزہ | اور رضامندی | کی طرف سے | اللہ | اور اللہ | خوب دیکھنے والا ہے | بندوں کو

رہیں گے۔ ان کے لیے پاکیزہ بیویاں ہوں گی اور انھیں اللہ کی خوشنودی حاصل ہوگی۔ اللہ اپنے بندوں کو دیکھ رہا ہے۔

اَلَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اِنَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَقِنَا

جو لوگ | کہتے ہیں | ہمارے رب | بیشک ہم | ایمان لائے | پس معاف کر | ہمیں | گناہ ہمارے | اور بچا ہم کو

جو دعا کرتے ہیں ”اے ہمارے رب! ہم ایمان لائے۔ ہمارے گناہ معاف کردے۔ ہمیں

عَذَابَ النَّارِ ﴿16﴾ اَلصّٰبِرِيْنَ وَالصّٰدِقِيْنَ وَالْقٰنِتِيْنَ وَالْمُنْفِقِيْنَ

عذاب | دوزخ کے سے | جو کہ صبر کرنیوالے ہیں | اور سچے ہیں | اور فرماں بردار ہیں | اور خرچ کرنیوالے ہیں

دوزخ کی آگ سے بچا!“ کیا شان ہے ایسے لوگوں کی، مشکل حالات میں صبر کرنے والے، ہمیشہ سچ بولنے والے، اللہ کی

وَالْمُسْتَغْفِرِيْنَ بِالْاَسْحَارِ ﴿17﴾ شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۙ

اور بخشش مانگنے والے | سحری کے وقت | گواہی دی | اللہ نے | یہ کہ | نہیں | معبود | سوائے | اُسی کے

فرماں برداری کرنے والے، اللہ کی راہ میں مال خرچ کرنے والے اور رات کی آخری گھڑیوں میں اللہ سے بخشش کی دعائیں مانگنے

وَالْمَلٰۗىِٕكَةُ وَاُولُوا الْعِلْمِ قَاۗىِٕمًۢا بِالْقِسْطِ ۭ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ

اور فرشتوں نے | اور اہل | علم نے | اس بات کی کہ اللہ قائم ہے | ساتھ انصاف کے | نہیں | معبود | مگر | وہ ہی

والے! ۔ اللہ نے اس کے فرشتوں نے اور اہلِ علم نے گواہی دی ہے کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں۔ وہ عدل و انصاف والا ہے۔ اس

الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿18﴾ۭ اِنَّ الدِّيْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الْاِسْلَامُ ۣ وَمَا اخْتَلَفَ

بڑا غالب | خوب حکمت والا | بے شک | دین | نزدیک | اللہ کے | اسلام ہے | اور نہیں | اختلاف کیا

کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔ وہ غالب اور حکمت والا ہے۔ اللہ کے نزدیک سچا دین صرف اسلام ہے۔ اہل کتاب نے

الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ مَا جَاۗءَھُمُ الْعِلْمُ بَغْيًۢا

اُنھوں نے جو | دیے گئے | کتاب | مگر | سے | بعد اسکے | کہ | آیا اُنکے پاس | علم | ضد سے

دین کے بارے میں جو اختلاف کیا وہ صحیح علم ہونے کے بعد کیا اور محض باہمی ضد کی

بَيْنَهُمْ ۗ وَمَنْ يَّكْفُرْ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ فَاِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ﴿19﴾

درمیان اپنے | اور جو کوئی | انکار کرے | آیتوں کا | اللہ کی | پس بیشک | اللہ ہے | بہت جلد | حساب لینے والا

وجہ سے کیا۔ جو اللہ کی آیتوں کا انکار کرے وہ یاد رکھے اللہ جلد حساب لینے والا ہے۔

فَاِنْ حَآجُّوْكَ فَقُلْ اَسْلَمْتُ وَجْهِيَ لِلّٰهِ وَمَنِ اتَّبَعَنِ ۗ وَقُلْ

پھر اگر | وہ جھگڑیں تم سے | کہہ دیجئے | کہ میں نے جھکایا | منہ اپنا | اللہ کیلئے | اور اس نے بھی | پیروی کی میری | اور کہہ دیجئے

اے نبی ﷺ! اہل کتاب آپ ﷺ سے دین کے بارے میں جھگڑا کریں تو آپ ﷺ ان سے کہیں ”میں نے اور میرے

لِّلَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ وَالْاُمِّيّٖنَ ءَاَسْلَمْتُمْ ۗ فَاِنْ اَسْلَمُوْا فَقَدِ

ان سے جو | دیے گئے | کتاب | اور ان پڑھوں کو | کیا تم اسلام لائے | پس اگر | اسلام لائیں | پس بیشک

پیروکاروں نے اپنا رخ اللہ کی فرماں برداری کی طرف کر لیا ہے۔“ اور آپ ﷺ اہل کتاب اور ان پڑھ عربوں سے کہیں ”کیا تم بھی

اهْتَدَوْا ۚ وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا عَلَيْكَ الْبَلٰغُ ۗ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِالْعِبَادِ ﴿20﴾ ع

ع 2 11 10

ہدایت پا گئے | اور اگر | وہ پھر جائیں | تو صرف | آپ پر | پہنچا دینا | اور اللہ ہے | خوب دیکھنے والا ہے | بندوں کو

اسلام قبول کرتے ہو؟“ اگر وہ اسلام قبول کر لیں تو انھوں نے بھی ہدایت پالی۔ لیکن اگر وہ نہ مانیں تو آپ ﷺ کی ذمہ داری صرف

اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَيَقْتُلُوْنَ النَّبِيّٖنَ بِغَيْرِ حَقٍّ ۙ

بے شک | جو لوگ | انکار کرتے ہیں | آیتوں کا | اللہ کی | اور وہ قتل کرتے ہیں | نبیوں کو | نا | حق

پہنچانے کی ہے۔ آگے اللہ خود دیکھ رہا ہے اس کے بندے کیا کر رہے ہیں۔ اے نبی ﷺ! جو لوگ اللہ کی نشانیوں کا انکار کریں، اس

وَّيَقْتُلُوْنَ الَّذِيْنَ يَاْمُرُوْنَ بِالْقِسْطِ مِنَ النَّاسِ ۙ فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ

اور قتل کرتے ہیں | ان لوگوں کو جو | حکم دیتے ہیں | انصاف کا | سے | لوگوں میں | پس خوشخبری دے انکو | عذاب کی

کے نبیوں کو ناحق قتل کریں اور حق و انصاف کی بات کرنے والوں کو قتل کر ڈالیں، ایسے لوگوں کو آپ ﷺ دردناک عذاب کی

اَلِيْمٍ ﴿21﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۫

دردناک | یہ لوگ ہیں | جن کے | ضائع ہو گئے | اعمال انکے | میں | دنیا | اور آخرت

خوشخبری سنا دیں۔ یہی لوگ ہیں جن کے اعمال دنیا اور آخرت میں ضائع ہوں گے

وَمَا لَهُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ﴿22﴾ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ اُوْتُوْا نَصِيْبًا

اور نہیں | انکو | کوئی | مدد دینے والا | کیا نہیں | تو دیکھتا | طرف | انکے جو | دیے گئے ہیں | ایک حصہ

اور ان کا کوئی مددگار نہ ہوگا۔ کیا تم نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جنہیں اللہ کی کتاب کا ایک حصہ

مِّنَ الْكِتٰبِ يُدْعَوْنَ اِلٰى كِتٰبِ اللّٰهِ لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ يَتَوَلّٰى

سے | کتاب | جب بُلائے جاتے ہیں | طرف | کتاب کے | اللہ کی | تا کہ وہ فیصلہ کرے | درمیان اُنکے | پھر | پھر جاتا ہے

دیا گیا۔ ان کا حال یہ ہے کہ جب انھیں اللہ کی کتاب کے کسی حکم کی طرف بلایا جاتا ہے تاکہ اس کے مطابق

فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ وَهُمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿23﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَالُوْا لَنْ تَمَسَّنَا

ایک گروہ | اُن میں سے | اور وہ ہیں | مُنہ پھیرنے والے | یہ اس لیے ہے | کہ انہوں نے | کہا | ہرگز نہیں | چھوئے گی ہمیں

لوگوں کے درمیان فیصلہ کیا جائے تو ان کا ایک گروہ منہ پھیر لیتا ہے اور وہ ہیں ہی منہ پھیرنے والے! ان کی یہ حالت اس لیے ہوئی کہ

النَّارُ اِلَّآ اَيَّامًا مَّعْدُوْدٰتٍ ۪ وَّغَرَّهُمْ فِيْ دِيْنِهِمْ مَّا كَانُوْا

آگ | مگر | کچھ دن | گنے ہوئے | اور دھوکا دیا ہے اُنکو | میں | دین اُنکے | جو | تھے

وہ کہتے ہیں ''ہمیں دوزخ کی آگ ہرگز نہ چھوئے گی سوائے چند دنوں کے۔'' حالاں کہ ان کی ایسی من گھڑت باتوں نے انھیں دین

يَفْتَرُوْنَ ﴿24﴾ فَكَيْفَ اِذَا جَمَعْنٰهُمْ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيْهِ ۣ وَوُفِّيَتْ

وہ گھڑ لیتے | پھر کیا حال ہوگا | جب | ہم جمع کریں گے اُن کو | اُس دن کہ | نہیں | شک | اُس میں | اور پُورا بدلہ ملے گا

کے بارے میں دھوکے میں ڈال رکھا ہے۔ پھر اس وقت ان کا کیا حال ہوگا جب ہم انھیں ایک ایسے دن جمع کریں گے جس کے آنے

كُلُّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿25﴾ قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ

ہر | جان کو | جو | اُس نے کمایا | اور وہ | نہیں | ظلم کیے جائیں گے | کہہ دیجئے | اے اللہ | مالک

میں کوئی شک نہیں؟ اور اس دن ہر ایک کو اس کی کمائی کا پورا بدلہ دیا جائے گا اور کسی پر ظلم نہیں کیا جائے گا۔ اے نبی ﷺ! آپ ﷺ

الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ ۡ

بادشاہی کے | تُو دیتا ہے | بادشاہی | جسے | چاہے | اور چھین لیتا ہے | بادشاہی | جس سے | چاہے

کہیں ''اے اللہ! بادشاہی کے مالک! تو جسے چاہے بادشاہی دے، جس سے چاہے بادشاہی چھین لے۔

وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ ۭ بِيَدِكَ الْخَيْرُ ۭ اِنَّكَ

اور تُو عزّت دیتا ہے | جسے | تو چاہے | اور ذلت دیتا ہے | جسے | تو چاہے | تیرے ہاتھ میں ہے | بھلائی | بیشک تُو ہے

جسے چاہے عزت دے، جسے چاہے ذلیل کرے۔ تیرے ہاتھ میں ساری بھلائی ہے۔ بے شک تو

عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿26﴾ تُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَتُوْلِجُ النَّهَارَ فِي

اُوپر | ہر | چیز کے | قادر | تُو داخل کرتا ہے | رات کو | میں | دن | اور داخل کرتا ہے | دن کو | میں

ہر چیز پر قادر ہے۔ تو رات کو دن میں داخل کرتا ہے اور دن کو رات میں

الَّيْلِ ۡ وَتُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ ۡ

رات | اور تُو نکالتا ہے | زندہ کو | سے | بے جان | اور نکالتا ہے | بے جان کو | سے | زندہ

داخل کرتا ہے۔ تو بے جان سے جاندار کو پیدا کرتا اور جاندار سے بے جان کو پیدا کرتا ہے

وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿27﴾ لَا يَتَّخِذِ الْمُؤْمِنُوْنَ الْكٰفِرِيْنَ

اور تُو رزق دیتا ہے | جسے | چاہے | بے | حساب | نہ | بنائیں | مومن | کافروں کو

تو جسے چاہتا ہے بے حساب رزق دیتا ہے۔ مسلمانوں کو چاہیے وہ مسلمانوں کو چھوڑ کر کافروں کو

اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۚ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ فَلَيْسَ مِنَ اللّٰهِ

دوست | سے | چھوڑ کر | مومنوں | اور جو کوئی | کرے گا | یہ حرکت | پس نہیں | سے | اللہ

اپنا دوست نہ بنائیں۔ جو ایسا کرے گا تو اللہ سے اس کا کوئی تعلق نہیں۔ البتہ ان کے ظلم

فِيْ شَيْءٍ اِلَّآ اَنْ تَتَّقُوْا مِنْهُمْ تُقٰىةً ؕ وَيُحَذِّرُكُمُ اللّٰهُ نَفْسَهٗ ؕ

میں | کسی چیز | مگر | یہ کہ | تم بچو | سے اُن | اپنے بچاؤ کیلئے | اور ڈراتا ہے تمہیں | اللہ | ذات اپنی سے

وستم سے بچنے کے لیے کوئی تدبیر کرسکتے ہو۔ اللہ تمہیں اپنے غضب سے ڈراتا ہے۔

وَاِلَى اللّٰهِ الْمَصِيْرُ ﴿28﴾ قُلْ اِنْ تُخْفُوْا مَا فِيْ صُدُوْرِكُمْ اَوْ تُبْدُوْهُ

اور طرف | اللہ کی ہے | ٹھکانا | کہہ دیجئے | اگر | تم چھپاؤ | جو کچھ | میں | تمہارے دلوں | یا | تم ظاہر کرو اُسے

آخر تمہیں اللہ کے پاس حاضر ہونا ہے۔ اے نبی ﷺ! آپ ﷺ ان لوگوں سے کہیں "جو کچھ تمہارے سینوں میں ہے اسے چھپاؤ یا

يَعْلَمْهُ اللّٰهُ ؕ وَيَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى

جانتا ہے اُسکو | اللہ | اور وہ جانتا ہے | جو ہے | میں | آسمانوں کے | اور جو ہے | میں | زمین کے | اور اللہ ہے | اوپر

ظاہر کرو اللہ اسے جانتا ہے۔ وہ آسمانوں اور زمین کی ہر چیز سے باخبر ہے۔ اللہ ہر

كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿29﴾ يَوْمَ تَجِدُ كُلُّ نَفْسٍ مَّا عَمِلَتْ مِنْ خَيْرٍ

ہر | چیز کے | قادر | جس دن | پائے گی | ہر | جان | جو کچھ | اُس نے عمل کیا | سے | بھلائی

چیز پر قادر ہے۔ اس دن کو یاد رکھو جب ہر کوئی اپنی کی ہوئی نیکی اور برائی کو

مع مُّحْضَرًا ۚۛ وَّمَا عَمِلَتْ مِنْ سُوْٓءٍ ۚۛ تَوَدُّ لَوْ اَنَّ بَيْنَهَا وَبَيْنَهٗٓ

موجود | اور جو کچھ | عمل کیا | سے | برائی | چاہے گا | کاش ہو | کہ | درمیان اُسکے | اور درمیان اُس کے (گناہوں کے)

اپنے سامنے موجود پائے گا۔ اس وقت وہ تمنا کرے گا کاش! یہ دن اس سے بہت

اَمَدًۢا بَعِيْدًا ؕ وَيُحَذِّرُكُمُ اللّٰهُ نَفْسَهٗ ؕ وَاللّٰهُ رَءُوْفٌۢ بِالْعِبَادِ ﴿۳۰﴾

فاصلہ | دُور کا | اور ڈراتا ہے تمہیں | اللہ | ذات اپنی سے | اور اللہ ہے | شفقت کرنے والا | بندوں پر

دور ہوتا۔ اللہ تمہیں اپنے غضب سے ڈراتا ہے لیکن وہ اپنے بندوں پر مہربان بھی ہے۔

قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِيْ يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ وَيَغْفِرْ

کہہ دیجیے | اگر | تم ہو | محبت کرتے | اللہ سے | پس پیروی کرو میری | محبت کرے گا تم سے | اللہ | اور وہ بخشے گا

اے نبی ﷺ! آپ ﷺ ان لوگوں سے کہیں ''اگر واقعی اللہ سے محبت کرتے ہو تو میری پیروی کرو، اللہ بھی تم سے محبت کرے گا اور

لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۳۱﴾ قُلْ اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ ۚ

تمہارے لیے | گناہ تمہارے | اور اللہ ہے | بڑا بخشنے والا | بہت رحم والا | کہہ دیجیے | اطاعت کرو | اللہ کی | اور رسول کی

تمہارے گناہ معاف کردے گا۔ اللہ بڑا معاف کرنے والا مہربان ہے۔ اور اے نبی ﷺ! آپ ﷺ ان سے کہیں ''اللہ اور اس

فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۳۲﴾ اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰۤى اٰدَمَ

پھر اگر | وہ پھر جائیں | پس بیشک | اللہ | نہیں | پسند کرتا | کافروں کو | بے شک | اللہ نے | چُن لیا | آدم کو

کے رسول ﷺ کی اطاعت کرو۔'' اگر وہ نہ مانیں تو اللہ ایسے کافروں کو ہرگز پسند نہیں کرتا۔ بے شک اللہ نے آدم علیہ السلام،

وَنُوْحًا وَّاٰلَ اِبْرٰهِيْمَ وَاٰلَ عِمْرٰنَ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ﴿۳۳﴾ ذُرِّيَّةًۢ بَعْضُهَا

اور نوح کو | اور آل | اِبراہیم کو | اور آلِ | عمران کو | اُوپر | جہانوں کے | اولاد تھے | بعض اُنکے

نوح علیہ السلام، آلِ ابراہیم علیہ السلام اور آل عمران کو دنیا والوں کے لیے پیشوا چنا تھا۔ یہ سب ایک ہی

مِنْۢ بَعْضٍ ؕ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۳۴﴾ اِذْ قَالَتِ امْرَاَتُ عِمْرٰنَ رَبِّ

سے | بعض | اور اللہ ہے | بڑا سننے والا | بہت جاننے والا | جب | کہا | بیوی | عمران کی نے | میرے رب

نسل سے تھے۔ اللہ سننے والا جاننے والا ہے۔ یاد کرو جب خاندان عمران کی عورت نے کہا ''اے میرے رب!

اِنِّيْ نَذَرْتُ لَكَ مَا فِيْ بَطْنِيْ مُحَرَّرًا فَتَقَبَّلْ مِنِّيْ ۚ اِنَّكَ اَنْتَ

بیشک مَیں | نذر کرتی ہوں | تیرے لیے | جو ہے | میں | پیٹ میرے | آزاد کیا ہوا | پس تُو قبول کر | مجھ سے | بے شک تُو | تُو ہے

جو بچہ میرے پیٹ میں ہے میں اس کی نذر مانتی ہوں۔ اسے صرف تیری عبادت کے لیے آزاد اور وقف کرتی ہوں۔ میری طرف

السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۳۵﴾ فَلَمَّا وَضَعَتْهَا قَالَتْ رَبِّ اِنِّيْ وَضَعْتُهَاۤ اُنْثٰى ؕ

بڑا سننے والا | بہت جاننے والا | پھر جب | اُس نے جنا اُسکو | بولی | رب میرے | بیشک میں نے | جنا اسکو | لڑکی

سے یہ نذر قبول فرما۔ بے شک تو سننے والا جاننے والا ہے!'' پھر جب اس کے ہاں بچی پیدا ہوئی تو اس نے کہا ''اے میرے رب! یہ

وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا وَضَعَتْ ؕ وَلَيْسَ الذَّكَرُ كَالْاُنْثٰى ۚ وَاِنِّيْ سَمَّيْتُهَا

اور اللہ | خوب جانتا ہے | جو کچھ | اُس نے جنا | اور نہیں ہوتا | مرد | عورت جیسا | اور بیشک میں نے | نام رکھا اُسکا

تو لڑکی ہے، حالاں کہ اس نے جو جنا تھا اور لڑکا تو لڑکی کی طرح نہیں ہوتا" اللہ اسے خوب جانتا تھا "خیر، اب میں نے اس کا نام

مَرْيَمَ وَاِنِّيْٓ اُعِيْذُهَا بِكَ وَذُرِّيَّتَهَا مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ﴿36﴾

مریم | اور بیشک میں | پناہ میں دیتی ہوں اسکو | تیری | اور اولاد اسکی کو | سے | شیطان | مردود

مریم علیہا السلام رکھا ہے میں اسے اور اس کی اولاد کو شیطان مردود سے بچانے کے لیے تیری پناہ میں دیتی ہوں۔"

فَتَقَبَّلَهَا رَبُّهَا بِقَبُوْلٍ حَسَنٍ وَّاَنْۢبَتَهَا نَبَاتًا حَسَنًا ۙ وَّكَفَّلَهَا

پس قبول کیا اُسے | رب اُسکے | ساتھ قبولیت | اچھی کے | اور پالا اُسکو | پالنا | اچھا | اور سونپ دی وہ

پھر مریم علیہا السلام کو اس کے رب نے نذر کے طور پر اچھی طرح قبول فرمایا۔ اسے عمدہ طریقے سے پروان چڑھایا اور زکریا علیہ السلام کو اُس کا

زَكَرِيَّا ۚ كُلَّمَا دَخَلَ عَلَيْهَا زَكَرِيَّا الْمِحْرَابَ ۙ وَجَدَ عِنْدَهَا رِزْقًا ۚ

زکریا کو | جب بھی | جاتا | اُس پر | زکریا | عبادت گاہ میں | پاتا | پاس اُسکے | رزق

سرپرست بنایا۔ جب زکریا علیہ السلام اس کی عبادت گاہ میں داخل ہوتے تو مریم علیہا السلام کے پاس کھانے کی کئی چیزیں دیکھتے۔ ایک روز پوچھا

قَالَ يٰمَرْيَمُ اَنّٰى لَكِ هٰذَا ؕ قَالَتْ هُوَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

کہتا | اے مریم | کہاں سے | تیرے لیے | یہ آیا | کہتی | وہ ہے | سے | طرف | اللہ کی | بے شک | اللہ

"مریم علیہا السلام! یہ چیزیں تمھیں کہاں سے ملتی ہیں؟" اس نے جواب دیا "یہ اللہ نے بھیجی ہیں۔ بے شک اللہ

يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿37﴾ هُنَالِكَ دَعَا زَكَرِيَّا رَبَّهٗ ۚ قَالَ

رزق دیتا ہے | جسے | چاہتا ہے | بے | حساب | اسی جگہ | دُعا کی | زکریا نے | رب اپنے سے | عرض کیا

جسے چاہتا ہے بے حساب رزق دیتا ہے۔" یہ سن کر زکریا علیہ السلام نے اپنے رب کو پکارا اور عرض کیا

رَبِّ هَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً ۚ اِنَّكَ سَمِيْعُ الدُّعَآءِ ﴿38﴾

میرے رب | عطا کر | میرے لیے | سے | اپنے پاس | اولاد | نیک | بے شک تُو | بڑا سننے والا ہے | دُعاؤں کا

"اے میرے رب! مجھے اپنی جناب سے نیک اولاد عطا فرما۔ بے شک تو دعائیں سنتا ہے۔"

فَنَادَتْهُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَهُوَ قَآئِمٌ يُّصَلِّيْ فِي الْمِحْرَابِ ۙ اَنَّ اللّٰهَ يُبَشِّرُكَ

پس آواز دی اُسکو | فرشتوں نے | جبکہ وہ | کھڑا | نماز پڑھتا تھا | میں | عبادت گاہ | یقیناً | اللہ | بشارت دیتا ہے تجھے

ابھی زکریا علیہ السلام اس عبادت گاہ میں کھڑے دعا مانگ رہے تھے کہ فرشتوں نے انھیں آواز دی "اللہ آپ کو یحییٰ بیٹا

بِيَحْيٰى مُصَدِّقًا بِكَلِمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَسَيِّدًا وَّحَصُوْرًا وَّنَبِيًّا مِّنَ

یحییٰ کی | تصدیق کرنے والا | ایک بات کو | سے | اللہ | اور سردار ہوگا | اور مجرد ہوگا | اور نبی ہوگا | سے

پیدا ہونے کی خوشخبری دیتا ہے۔ جو بڑا ہو کر اس عیسیٰ نبی کی تصدیق کرے گا جو اللہ کے خاص حکم سے پیدا ہوگا یحییٰ لوگوں کا سردار

الصّٰلِحِيْنَ ﴿39﴾ قَالَ رَبِّ اَنّٰى يَكُوْنُ لِيْ غُلٰمٌ وَّقَدْ بَلَغَنِيَ الْكِبَرُ

صالح انسانوں | کہا | رب میرے | کیسے | ہوگا | میرے لیے | لڑکا | اور واقعی | پہنچا ہے مجھ کو | بڑھاپا

ہوگا، وہ کسی عورت کے قریب نہیں جائے گا اور اللہ کے نیک بندوں میں سے نبی ہوگا۔'' زکریا علیہ السلام نے عرض کیا ''اے میرے رب!

وَامْرَاَتِيْ عَاقِرٌ ؕ قَالَ كَذٰلِكَ اللّٰهُ يَفْعَلُ مَا يَشَآءُ ﴿40﴾ قَالَ رَبِّ

اور بیوی میری | بانجھ ہے | کہا | اسی طرح | اللہ | کرتا ہے | جو | چاہتا ہے | کہا | رب میرے

میرے ہاں بیٹا کیسے ہوگا میں بوڑھا ہو چکا اور میری بیوی بانجھ ہے؟ فرمایا ''ہوگا۔'' اللہ جو چاہتا ہے کرتا ہے۔ زکریا علیہ السلام نے عرض کیا

اجْعَلْ لِّيْٓ اٰيَةً ؕ قَالَ اٰيَتُكَ اَلَّا تُكَلِّمَ النَّاسَ ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ اِلَّا

بنادے | میرے لیے | نشانی | کہا | نشانی تیری | کہ نہ | تو بول سکے گا | لوگوں سے | تین | دن | مگر

''اے میرے رب! میرے دل کی تسلی کے لیے قبولیت کی کوئی نشانی مقرر کر دے؟'' ''فرمایا تمہارے لیے نشانی یہ ہے کہ تین دن

رَمْزًا ؕ وَاذْكُرْ رَّبَّكَ كَثِيْرًا وَّسَبِّحْ بِالْعَشِيِّ وَالْاِبْكَارِ ﴿41﴾ وَاِذْ قَالَتِ

4 ع 11 12

اشارے سے | اور تو یاد کر | رب اپنے کو | بہت | اور تو تسبیح کر | شام کو | اور صبح کو | اور جب | کہا

کے روزے رکھ لینا اور اشارے کنائے کے سوا کوئی بات نہ کرنا، اپنے رب کو کثرت سے یاد کرنا اور صبح و شام اس کی تسبیح کرتے

الْمَلٰٓئِكَةُ يٰمَرْيَمُ اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰىكِ وَطَهَّرَكِ وَاصْطَفٰىكِ عَلٰى

فرشتوں نے | اے مریم | بے شک | اللہ نے | چن لیا تجھے | اور پاک کیا تجھے | اور چن لیا تجھے | اوپر

رہنا۔'' یاد کرو جب فرشتوں نے کہا ''اے مریم علیہا السلام! بے شک اللہ نے تمہیں افضل قرار دیا پاک دامنی بخشی اور دنیا کی عورتوں پر

نِسَآءِ الْعٰلَمِيْنَ ﴿42﴾ يٰمَرْيَمُ اقْنُتِيْ لِرَبِّكِ وَاسْجُدِيْ وَارْكَعِيْ مَعَ

عورتوں | جہان والوں کی | اے مریم | فرماں برداری کر | اپنے رب کی | اور سجدہ کیا کر | اور رکوع کیا کر | ساتھ

فضیلت عطا کی۔ اے مریم علیہا السلام! اپنے رب کی فرماں برداری کرو۔ اسی کو سجدہ کرو۔ اسی کے آگے جھکنے والوں کے ساتھ

الرّٰكِعِيْنَ ﴿43﴾ ذٰلِكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْغَيْبِ نُوْحِيْهِ اِلَيْكَ ؕ وَمَا كُنْتَ

رکوع کرنے والوں کے | یہ ہے | سے | خبروں | غیب کی | ہم وحی کرتے ہیں اسکو | طرف تیری | اور نہ | تو تھا

جھک جاؤ۔'' اے نبی ﷺ! یہ غیب کی باتیں ہیں جو ہم وحی کے ذریعے بتا رہے ہیں۔ آپ ﷺ اس وقت اُن کے

لَدَيْهِمْ اِذْ يُلْقُوْنَ اَقْلَامَهُمْ اَيُّهُمْ يَكْفُلُ مَرْيَمَ ۠ وَمَا كُنْتَ

پاس اُنکے | جب | وہ ڈالتے تھے | قلم اپنے | کون اُن میں سے | پرورش کرے | مریم کی | اور نہ | تُو تھا

پاس موجود نہ تھے جب وہ قرعہ ڈال رہے تھے کہ مریم علیہا السلام کی سرپرستی کون کرے؟ اور نہ آپ ﷺ اس وقت اُن کے پاس موجود

لَدَيْهِمْ اِذْ يَخْتَصِمُوْنَ ﴿44﴾ اِذْ قَالَتِ الْمَلٰٓئِكَةُ يٰمَرْيَمُ اِنَّ اللّٰهَ

پاس اُنکے | جب | وہ جھگڑتے تھے | جب | کہا | فرشتوں نے | اے مریم | بے شک | اللہ

تھے جب وہ اس بارے میں آپس میں جھگڑ رہے تھے۔ اور یاد کرو جب فرشتوں نے کہا ''اے مریم علیہا السلام! اللہ اپنے حکم کے ذریعے

يُبَشِّرُكِ بِكَلِمَةٍ مِّنْهُ ۖ اسْمُهُ الْمَسِيْحُ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ

بشارت دیتا ہے تجھے | ایک کلمے کی | اپنی طرف سے | نام اُسکا ہے | مسیح | عیسٰی | بیٹا | مریم کا

تمہیں بیٹے کی خوشخبری دیتا ہے۔ اس کا نام مسیح عیسٰی ابن مریم علیہما السلام ہوگا۔ وہ دنیا اور آخرت میں

وَجِيْهًا فِى الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَمِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ ﴿45﴾ وَيُكَلِّمُ النَّاسَ

عزت و آبرو والا ہے | میں | دنیا | اور آخرت (میں) | اور ہے سے | مقربین | اور وہ کلام کرے گا | لوگوں سے

مرتبے والا ہوگا اور اللہ کے مقرب بندوں میں ہوگا۔ وہ لوگوں سے باتیں کرے گا

فِى الْمَهْدِ وَكَهْلًا وَّمِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿46﴾ قَالَتْ رَبِّ اَنّٰى يَكُوْنُ

میں | گود | اور ادھیڑ پن میں | اور ہے سے | صالح انسانوں | بولی | اے رب میرے | کیسے | ہوگا

جب ماں کی گود میں ہوگا اور اس وقت بھی جب وہ بڑی عمر کو پہنچے گا اور وہ اللہ کے نیک بندوں میں سے ہوگا۔'' یہ سن کر مریم علیہا السلام نے

لِىْ وَلَدٌ وَّلَمْ يَمْسَسْنِىْ بَشَرٌ ۭ قَالَ كَذٰلِكِ اللّٰهُ يَخْلُقُ مَا

میرے لیے | بیٹا | اور نہیں | ہاتھ لگایا مجھے | کسی بشر نے | کہا | اسی طرح | اللہ | پیدا کرتا ہے | جو

عرض کیا ''اے میرے رب! میرے ہاں بیٹا کیسے ہوگا؟ مجھے تو آج تک کسی مرد نے ہاتھ نہیں لگایا۔'' ''فرمایا اسی طرح اللہ پیدا کرتا

يَشَاۗءُ ۭ اِذَا قَضٰٓى اَمْرًا فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ﴿47﴾ وَيُعَلِّمُهُ

چاہتا ہے | جب | فیصلہ کرتا ہے | کسی بات کا | پس صرف | کہتا ہے | اُسکو | ہوجا | پس وہ ہوجاتا ہے | اور وہ سکھائے گا اس کو

ہے جو چاہتا ہے۔ جب وہ کسی کام کا فیصلہ کرتا ہے تو کہتا ہے ہوجا اور وہ ہوجاتا ہے۔ اور اللہ اسے کتاب

الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَالتَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ ﴿48﴾ ج وَرَسُوْلًا اِلٰى

کتاب | اور حکمت | اور توریت | اور انجیل | اور وہ رسول ہوگا | طرف

و حکمت اور توریت و انجیل سکھائے گا۔ وہ کہے گا ''لوگو! مجھے بنی اسرائیل کی طرف رسول

بَنِيٓ اِسۡرَآءِيۡلَ ۙ اَنِّيۡ قَدۡ جِئۡتُكُمۡ بِاٰيَةٍ مِّنۡ رَّبِّكُمۡ ۙ اَنِّيۡۤ اَخۡلُقُ لَكُمۡ

بنی اسرائیل کی | یہ کہ میں | واقعی آیا ہوں تمہارے پاس | ساتھ نشانی کے | سے | رب تمہارے | یہ کہ میں | میں بناتا ہوں | تمہارے لیے

بنا کر بھیجا گیا ہے۔ میں تمہارے رب کی طرف سے نشانی لے کر آیا ہوں۔ میں تمہارے لیے مٹی سے

مِّنَ الطِّيۡنِ كَهَيۡـــَٔةِ الطَّيۡرِ فَاَنۡفُخُ فِيۡهِ فَيَكُوۡنُ طَيۡرًاۢ بِاِذۡنِ اللّٰهِ ۚ

سے | مٹی | جیسی صورت | پرندے کی | پھر پھونکتا ہوں | اُس میں | پس وہ ہو جاتا ہے | پرندہ | ساتھ حکم | اللہ کے

کسی پرندے کی صورت بناتا ہوں اور اس میں پھونک مارتا ہوں تو اللہ کے حکم سے واقعی پرندہ بن جاتا ہے۔

وَاُبۡرِئُ الۡاَكۡمَهَ وَالۡاَبۡرَصَ وَاُحۡىِ الۡمَوۡتٰى بِاِذۡنِ اللّٰهِ ۚ وَاُنَبِّئُكُمۡ بِمَا

اور ٹھیک کرتا ہوں | پیدائشی نابینا کو | اور کوڑی کو | اور زندہ کرتا ہوں | مُردوں کو | ساتھ حکم | اللہ کے | اور میں خبر دیتا ہوں | اُسکی جو

میں اللہ کے حکم سے پیدائشی اندھے اور کوڑھی کو اچھا کرتا ہوں۔ اللہ کے حکم سے مردے کو زندہ کرتا ہوں اور میں تمہیں بتا سکتا ہوں تم

تَاۡكُلُوۡنَ وَمَا تَدَّخِرُوۡنَ ۙ فِىۡ بُيُوۡتِكُمۡ ؕ اِنَّ فِىۡ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لَّكُمۡ

تم کھاتے ہو | اور جو | تم ذخیرہ کرتے ہو | میں | گھروں اپنے | بے شک | میں | اس | البتہ نشانی ہے | تمہارے لیے

کیا کھاتے ہو اور اپنے گھروں میں کیا ذخیرہ کرتے ہو؟ بے شک میری ان باتوں میں تمہارے لیے بڑی نشانی ہے،

اِنۡ كُنۡتُمۡ مُّؤۡمِنِيۡنَ ۚ ﴿۴۹﴾ وَمُصَدِّقًا لِّمَا بَيۡنَ يَدَىَّ مِنَ التَّوۡرٰٮةِ

اگر | تم ہو | ایمان والے | تصدیق کرنیوالا ہوں | اس چیز کی جو | آگے | میرے ہے | سے | توریت

اگر تم ایمان والے ہو۔ اور جو مجھ سے پہلے توریت موجود ہے میں اس کی پیش گوئی کو پورا کرنے والا ہوں۔

وَلِاُحِلَّ لَكُمۡ بَعۡضَ الَّذِىۡ حُرِّمَ عَلَيۡكُمۡ وَجِئۡتُكُمۡ بِاٰيَةٍ مِّنۡ

اور تاکہ حلال کر دوں | تمہارے لیے | بعض | وہ چیز کہ جو | حرام کی گئی | اُوپر تمہارے | اور میں آیا ہوں تم میں | ساتھ نشانی کے | سے

اور اس لیے آیا ہوں کہ بعض چیزوں کو تمہارے لیے حلال ٹھہراؤں جو اس سے پہلے تم پر حرام کر دی گئیں۔ میں تمہارے پاس

رَّبِّكُمۡ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيۡعُوۡنِ ﴿۵۰﴾ اِنَّ اللّٰهَ رَبِّىۡ وَرَبُّكُمۡ فَاعۡبُدُوۡهُ ؕ

رب تمہارے کی | پس تم ڈرو | اللہ سے | اور اطاعت کرو میری | بے شک | اللہ ہے | رب میرا | اور رب تمہارا | پس عبادت کرو اُسی کی

تمہارے رب کی طرف سے کتنی بڑی نشانی لے کر آیا ہوں! لہٰذا تم اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو۔ بے شک اللہ میرا رب ہے

هٰذَا صِرَاطٌ مُّسۡتَقِيۡمٌ ﴿۵۱﴾ فَلَمَّاۤ اَحَسَّ عِيۡسٰى مِنۡهُمُ الۡكُفۡرَ قَالَ

یہی ہے | راہ | سیدھی | پھر جب | محسوس کیا | عیسیٰؑ نے | اُن میں | کُفر | کہا

اور تمہارا بھی۔ صرف اسی کی عبادت کرو۔ سیدھا راستہ یہی ہے۔ پھر جب عیسیٰؑ نے محسوس کیا کہ بنی اسرائیل کفر پر تلے ہوئے ہیں تو

مَنْ اَنْصَارِيْٓ اِلَى اللّٰهِ ؕ قَالَ الْحَوَارِيُّوْنَ نَحْنُ اَنْصَارُ اللّٰهِ ۚ اٰمَنَّا

کون ہیں | مددگار میرے | طرف | اللہ کی | کہا | حواریوں نے | ہم ہیں | مددگار | اللہ کے | ہم ایمان لائے

فرمایا ''کون ہے جو اللہ کی راہ میں میرا مددگار بنتا ہے؟'' حواریوں نے عرض کیا ''ہم حاضر ہیں، اللہ کے دین کے خادم! ہم اللہ پر

بِاللّٰهِ ۚ وَاشْهَدْ بِاَنَّا مُسْلِمُوْنَ ﴿52﴾ رَبَّنَآ اٰمَنَّا بِمَآ اَنْزَلْتَ

ساتھ اللہ کے | اور تُو گواہ رہ | کہ ہم ہیں | فرماں بردار | رب ہمارے | ہم ایمان لائے | اس پر جو | اُتاری تُو نے

ایمان لائے۔ آپ گواہ رہنا کہ ہم فرماں بردار ہیں۔ اے ہمارے رب! ہم اس کتاب پر ایمان لائے جو تو نے نازل کی۔

وَاتَّبَعْنَا الرَّسُوْلَ فَاكْتُبْنَا مَعَ الشّٰهِدِيْنَ ﴿53﴾ وَمَكَرُوْا وَمَكَرَ اللّٰهُ ؕ

اور ہم نے پیروی کی | رسول کی | پھر تُو لکھ دے ہمیں | ساتھ | گواہوں کے | اور وہ چال چلے | اور تدبیر کی | اللہ نے

ہم نے تیرے رسول ﷺ کی پیروی قبول کی۔ ہمارا نام دین حق کی گواہی دینے والوں میں لکھ لے!'' مگر یہودیوں نے عیسیٰ علیہ السلام

وَاللّٰهُ خَيْرُ الْمٰكِرِيْنَ ﴿54﴾ ع اِذْ قَالَ اللّٰهُ يٰعِيْسٰٓى اِنِّيْ مُتَوَفِّيْكَ

اور اللہ | بہتر ہے | سب تدبیر کرنے والوں سے | جب | کہا | اللہ نے | اے عیسیٰ | بے شک میں | لینے والا ہوں تجھ کو

5 ع 13 13 الثلثة

کے خلاف چال چلی اور اللہ نے بھی ان کے مقابلے میں چال چلی اور اللہ سب سے بہتر چال چلنے والا ہے۔ یاد کرو جب اللہ نے

وَرَافِعُكَ اِلَيَّ وَمُطَهِّرُكَ مِنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَجَاعِلُ الَّذِيْنَ

اور اٹھانیوالا ہوں تجھے | طرف اپنی | اور پاک کرنیوالا ہوں تجھے | سے | اُن جو | کافر ہوئے | اور کرنے والا ہوں | اُن لوگوں کو جو

فرمایا ''اے عیسیٰ علیہ السلام! میں تمہارا وقت پورا کر کے تمہیں اپنی طرف اُٹھالوں گا۔ کافروں کی تہمتوں سے تمہیں پاک رکھوں گا اور تیرے

اتَّبَعُوْكَ فَوْقَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ۚ ثُمَّ اِلَيَّ مَرْجِعُكُمْ

پیروکار ہیں تیرے | اوپر | اُن کے جو | کافر ہوئے | تک | دن | قیامت کے | پھر | طرف میری | پھر آنا تمہارا

پیروکاروں کو تیرے مخالفوں پر غلبہ عطا کروں گا۔'' آخر ایک دن تم سب کو میرے پاس لوٹ کر آنا ہے۔ پھر میں تمہارے درمیان ان

فَاَحْكُمُ بَيْنَكُمْ فِيْمَا كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ﴿55﴾ فَاَمَّا الَّذِيْنَ

پس فیصلہ کروں گا | درمیان تمہارے | اُس میں جو | تم تھے | اُس میں | تم اختلاف کرتے | پھر جو | لوگ کہ

باتوں کا فیصلہ کروں گا جن کے بارے میں تم دنیا میں اختلاف کرتے رہے۔ اور کافروں کو

كَفَرُوْا فَاُعَذِّبُهُمْ عَذَابًا شَدِيْدًا فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۫ وَمَا لَهُمْ

کافر ہوئے | پس میں عذاب دوں گا اُنکو | عذاب | سخت | میں | دنیا | اور آخرت | اور نہیں | اُن کیلئے

دنیا اور آخرت میں سخت عذاب دوں گا اور ان کا کوئی مددگار

مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ﴿56﴾ وَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَيُوَفِّيْهِمْ

کوئی | مددگار | اور جو | لوگ کہ | ایمان لائے | اور عمل کیے | اچھے | پس پُورا دے گا اُنکو

نہ ہوگا۔ البتہ جو لوگ ایمان لائے اور انھوں نے نیک کام کیے اللہ انھیں پورا

اُجُوْرَهُمْ ؕ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الظّٰلِمِيْنَ ﴿57﴾ ذٰلِكَ نَتْلُوْهُ عَلَيْكَ مِنَ

اجرُ انکا | اور اللہ | نہیں | پسند کرتا | ظالموں کو | یہ | ہم پڑھتے ہیں اسکو | تجھ پر | سے

اجر دے گا۔ مگر اللہ ظالموں کو پسند نہیں کرتا۔ اے نبی ﷺ! ہم آپ ﷺ کو قرآن حکیم کی آیتیں

الْاٰيٰتِ وَالذِّكْرِ الْحَكِيْمِ ﴿58﴾ اِنَّ مَثَلَ عِيْسٰى عِنْدَ اللّٰهِ كَمَثَلِ اٰدَمَ ؕ

آیتوں | اور یاددہانی | حکمت والی | بے شک | مثال | عیسیٰ کی | نزدیک | اللہ کے | جیسے مثال | آدم کی

سنا رہے ہیں۔ بے شک اللہ کے نزدیک عیسیٰ علیہ السلام کی مثال آدم علیہ السلام کی سی ہے

خَلَقَهٗ مِنْ تُرَابٍ ثُمَّ قَالَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ﴿59﴾ اَلْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ

پیدا کیا اُسکو | سے | مٹی | پھر | کہا | اُسکو | ہوجا | پس وہ ہوگیا | حق ہے | کی طرف سے | رب تیرے

جسے اللہ نے مٹی سے بنایا پھر اپنے حکم سے اسے واقعی آدم علیہ السلام بنا دیا۔ اے نبی ﷺ! آپ ﷺ کے رب کی طرف سے جو کچھ بیان

فَلَا تَكُنْ مِّنَ الْمُمْتَرِيْنَ ﴿60﴾ فَمَنْ حَآجَّكَ فِيْهِ مِنْۢ بَعْدِ مَا

پس نہ | ہو | سے | شک کرنے والوں | پس جو کوئی | جھگڑے تجھ سے | اُس میں | سے | بعد | اسکے

ہوا ہے یہی اصل واقعہ ہے اور آپ ﷺ ان لوگوں میں شامل نہ ہوں جو شک کرنے والے ہیں۔ اب آپ ﷺ کو وحی کے ذریعے

جَآءَكَ مِنَ الْعِلْمِ فَقُلْ تَعَالَوْا نَدْعُ اَبْنَآءَنَا وَاَبْنَآءَكُمْ وَنِسَآءَنَا

آیا پاس تیرے | سے | علم | پس کہہ دیجیے | تم آؤ | ہم بُلاتے ہیں | بیٹوں اپنوں کو | اور تمہارے بیٹوں کو | اور اپنی عورتوں کو

سے عیسیٰ علیہ السلام کے بارے میں علم ہو چکا۔ اس کے بعد اگر کوئی آپ ﷺ سے اس معاملے میں جھگڑتا ہے تو آپ ﷺ کہیں ”میدان

وَنِسَآءَكُمْ وَاَنْفُسَنَا وَاَنْفُسَكُمْ ۟ ثُمَّ نَبْتَهِلْ فَنَجْعَلْ لَّعْنَتَ اللّٰهِ

اور تمہاری عورتوں کو | اور اپنی جانوں کو | اور تمہاری جانوں کو | پھر | التجا کرتے ہیں | پس ہم کریں | لعنت | اللہ کی

میں آجاؤ، ہم اپنے بیٹوں اور اپنی عورتوں سمیت نکلتے ہیں تم بھی اپنے بیٹوں اور اپنی عورتوں کو ساتھ لے کر نکلو۔ پھر سب مل کر بددعا

عَلَى الْكٰذِبِيْنَ ﴿61﴾ اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْقَصَصُ الْحَقُّ ۚ وَمَا مِنْ اِلٰهٍ

اُوپر | جھوٹوں کے | بے شک | یہ | واقعی وہ ہے | بیان | صحیح | اور نہیں | کوئی | معبود

کریں جو فریق جھوٹا ہو اس پر اللہ کی لعنت!“ اے نبی ﷺ! یہ جو کچھ بیان کیا گیا ہے برحق ہے۔ اللہ کے سوا کوئی عبادت

اِلَّا اللّٰهُ ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿62﴾ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّ اللّٰهَ

مگر | اللہ | اور بے شک | اللہ | واقعی وہ ہے | بڑا غالب | خوب حکمت والا | پس اگر | وہ پھر جائیں | پس یقیناً | اللہ

کے لائق نہیں اور وہ غالب حکمت والا ہے۔ پھر اگر وہ لوگ آپ ﷺ کا چیلنج قبول نہ کریں تو یاد رکھیں اللہ ان جیسے فسادیوں

عَلِيْمٌۢ بِالْمُفْسِدِيْنَ ﴿63﴾ ع قُلْ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ تَعَالَوْا اِلٰى كَلِمَةٍ

خوب جانتا ہے | فساد کرنے والوں کو | کہہ دیجئے | اے اہلِ | کتاب | آؤ | طرف | ایک بات کے

کو اچھی طرح جانتا ہے۔ اے نبی ﷺ! آپ ﷺ کہیں ''اے اہل کتاب! آؤ ایسی بات کی طرف جو ہمارے اور تمہارے

سَوَآءٍۢ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ اَلَّا نَعْبُدَ اِلَّا اللّٰهَ وَلَا نُشْرِكَ بِهٖ

مشترک ہے | درمیان ہمارے | اور درمیان تمہارے | یہ کہ نہ | ہم عبادت کریں | مگر | اللہ کی | اور نہ | شریک ٹھہرائیں | ساتھ اس کے

درمیان مشترک ہے کہ ہم سب اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہ کریں، اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ

شَيْـًٔا وَّلَا يَتَّخِذَ بَعْضُنَا بَعْضًا اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ فَاِنْ تَوَلَّوْا

کچھ بھی | اور نہ | پکڑے | بعض ہمارا | بعض کو | رب | سے | ماسوائے | اللہ کے | پس اگر | وہ پھر جائیں

بنائیں اور اللہ کے سوا کسی کو رب نہ بنائیں۔'' اگر وہ یہ بات نہ مانیں تو آپ ﷺ ان سے صاف

فَقُوْلُوا اشْهَدُوْا بِاَنَّا مُسْلِمُوْنَ ﴿64﴾ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ تُحَآجُّوْنَ فِيْٓ

تو تم کہو | گواہ رہو | کہ بے شک ہم | فرماں بردار ہیں | اے اہلِ | کتاب | کیوں | جھگڑتے ہو | بارے میں

کہہ دیں ''تم گواہ رہو کہ ہم اللہ کے فرماں بردار ہیں۔'' اے اہل کتاب! تم ابراہیم علیہ السلام کو یہودی یا عیسائی ثابت کرنے کے لیے

اِبْرٰهِيْمَ وَمَآ اُنْزِلَتِ التَّوْرٰىةُ وَالْاِنْجِيْلُ اِلَّا مِنْۢ بَعْدِهٖ ؕ

ابراہیم کے | اور نہیں | نازل کی گئی | توریت | اور انجیل | مگر | سے | بعد اُسکے

کیوں جھگڑتے ہو؟ جبکہ توریت اور انجیل ان کی وفات کے بعد اُتری ہیں۔ کیا تم عقل

اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿65﴾ هٰٓاَنْتُمْ هٰٓؤُلَآءِ حَاجَجْتُمْ فِيْمَا لَكُمْ بِهٖ عِلْمٌ فَلِمَ

کیا نہیں تم سمجھتے | ہاں تم | وہی ہو | جو تم جھگڑے تھے | اُس میں جو | تم کو | اُسکا | علم | پس کیوں

سے کام نہیں لیتے؟ دیکھو، ان باتوں میں تم بہت جھگڑا کر چکے جن کے بارے میں تمہیں کچھ علم تھا، لیکن اب ایسی باتوں میں کیوں

تُحَآجُّوْنَ فِيْمَا لَيْسَ لَكُمْ بِهٖ عِلْمٌ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ

تم جھگڑتے ہو | اُس میں جو | نہیں | تم کو | اُسکا | علم | اور اللہ | جانتا ہے | اور تم

جھگڑتے ہو جن کے بارے میں تمہیں کچھ علم نہیں؟ یاد رکھو اللہ سب کچھ جانتا ہے تم

لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۶۶﴾ مَا كَانَ اِبْرٰهِیْمُ یَهُوْدِیًّا وَّلَا نَصْرَانِیًّا وَّلٰكِنْ كَانَ

نہیں تم جانتے | نہ | تھا | ابراہیم | یہودی | اور نہ | عیسائی | اور لیکن | وہ تھا

نہیں جانتے۔ ابراہیم علیہ السلام نہ یہودی تھے اور نہ عیسائی۔ وہ

حَنِیْفًا مُّسْلِمًا ؕ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِیْنَ ﴿۶۷﴾ اِنَّ اَوْلَى النَّاسِ

یکسو | فرماں بردار | اور نہ | تھا | سے | مشرکوں میں | بے شک | قریب تر | لوگ

یکسو مسلمان تھے اور مشرک نہ تھے۔ ابراہیم علیہ السلام سے سچی نسبت والے

بِاِبْرٰهِیْمَ لَلَّذِیْنَ اتَّبَعُوْهُ وَهٰذَا النَّبِیُّ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا ؕ وَاللّٰهُ وَلِیُّ

ابراہیم کے | یقیناً وہ جنہوں نے | پیروی کی اُسکی | اور یہ | نبی | اور جو لوگ کہ | ایمان لائے | اور اللہ | دوست ہے

وہ ہیں جنہوں نے ان کی پیروی کی۔ یا پھر یہ نسبت حاصل ہے اس نبی ﷺ کو اور ان پر ایمان لانے والوں کو۔ اور اللہ ایمان والوں

الْمُؤْمِنِیْنَ ﴿۶۸﴾ وَدَّتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ لَوْ یُضِلُّوْنَكُمْ ؕ

ایمان والوں کا | چاہتا ہے | ایک گروہ | سے | اہل | کتاب | کاش کہ | وہ گمراہ کر دیں تم کو

کا کارساز ہے۔ مسلمانو! اہل کتاب کے کچھ لوگ تمہیں گمراہ کرنا چاہتے ہیں حالاں کہ

وَمَا یُضِلُّوْنَ اِلَّاۤ اَنْفُسَهُمْ وَمَا یَشْعُرُوْنَ ﴿۶۹﴾ یٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ

اور نہیں وہ گمراہ کرتے | مگر | اپنی جانوں کو | اور نہیں | وہ سمجھتے | اے اہل | کتاب | کیوں

اس طرح وہ خود گمراہ ہو رہے ہیں مگر نہیں سمجھتے۔ اے اہل کتاب! تم کیوں اللہ کی نشانیوں کا

تَكْفُرُوْنَ بِاٰیٰتِ اللّٰهِ وَاَنْتُمْ تَشْهَدُوْنَ ﴿۷۰﴾ یٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ

تم انکار کرتے ہو | آیتوں کا | اللہ کی | اور تم | گواہ ہو | اے اہل | کتاب | کیوں

انکار کرتے ہو حالاں کہ تم ان کے گواہ ہو؟ اے اہل کتاب! تم کیوں

تَلْبِسُوْنَ الْحَقَّ بِالْبَاطِلِ وَتَكْتُمُوْنَ الْحَقَّ وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۷۱﴾ ع

تم ملاتے ہو | سچ کو | ساتھ جھوٹ کے | اور تم چھپاتے ہو | حق کو | اور تم | جانتے ہو

جان بوجھ کر باطل کو حق بنا کر پیش کرتے ہو اور حق کو چھپاتے ہو؟

وَقَالَتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اٰمِنُوْا بِالَّذِیْۤ اُنْزِلَ عَلَى

اور کہا | ایک گروہ نے | سے | اہل | کتاب | تم ایمان لاؤ | ساتھ اُسکے جو | نازل کی گئی | اُوپر

اہل کتاب کا ایک گروہ اپنے لوگوں سے کہتا ہے ”تم جا کر صبح کے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَجْهَ النَّهَارِ وَاكْفُرُوْٓا اٰخِرَهٗ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿72﴾

اُن لوگوں کے جو | ایمان لائے | پہلے حصّے | دن کے | اور تم کافر ہو جاؤ | آخر اسکے | تا کہ وہ | پھر جائیں

وقت کتاب پر ایمان لاؤ جو مسلمانوں پر اُتری ہے اور شام کو انکار کر دو تا کہ اس طرح اور مسلمان بھی اپنے دین سے پھر جائیں۔ اور

وَلَا تُؤْمِنُوْٓا اِلَّا لِمَنْ تَبِعَ دِيْنَكُمْ ۭ قُلْ اِنَّ الْهُدٰى هُدَى اللّٰهِ ۙ اَنْ

اور نہ تم ایمان لاؤ | مگر | اُس پر جو | پیروی کرے | دین تمہارے کی | کہہ دیجئے | بے شک | ہدایت | ہدایت | اللہ کی | یہ کہ

کسی کی بات کا یقین نہ کرو سوائے اس کے جو تمہارے دین پر چلے۔ ورنہ دوسرے لوگ تمہارے رب کے ہاں تمہارے خلاف

يُّؤْتٰٓى اَحَدٌ مِّثْلَ مَآ اُوْتِيْتُمْ اَوْ يُحَاۗجُّوْكُمْ عِنْدَ رَبِّكُمْ ۭ قُلْ اِنَّ

دیا جائے | کوئی شخص | جیسے | جو | دیے گئے ہو تم | یا یہ کہ | جھگڑا کریں تم سے | پاس | رب تمہارے کے | کہہ دیجئے | بیشک

حجت کریں گے۔" اے نبی ﷺ! آپ ان سے کہیں "اصل ہدایت اللہ کی ہدایت ہے اور کسی پر

الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ ۚ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿73﴾

فضل ہے | ہاتھ میں | اللہ کے | وہ دیتا ہے اُسے | جس کو | وہ چاہے | اور اللہ | وُسعت والا ہے | خوب دیکھنے والا ہے

فضل کرنا اللہ کے اختیار میں ہے۔ وہ جس پر چاہتا ہے فضل کرتا ہے۔ اور اللہ وسعت والا جاننے والا ہے۔

يَّخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ﴿74﴾ وَمِنْ

خاص کر لیتا ہے | ساتھ اپنی رحمت کے | جس کیلئے | وہ چاہے | اور اللہ ہے | والا | فضل | بڑے | اور بعض

جسے چاہتا ہے اپنی رحمت کے لیے خاص کر لیتا ہے اور اللہ بڑے فضل والا ہے۔ اہل کتاب

اَهْلِ الْكِتٰبِ مَنْ اِنْ تَاْمَنْهُ بِقِنْطَارٍ يُّؤَدِّهٖٓ اِلَيْكَ ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ

اہلِ | کتاب سے | جو کہ | اگر | تو امانت دے اُسکو | بڑا خزانہ | ادا کرے گا اُسے | تیری طرف | اور اُن میں سے کہ | جسے

میں دیانت دار بھی ہیں۔ اگر تم ان کے پاس مال و دولت کا ڈھیر بھی امانت کے طور پر رکھ دو تو مانگنے پر لوٹا دیں گے۔ لیکن ان میں

اِنْ تَاْمَنْهُ بِدِيْنَارٍ لَّا يُؤَدِّهٖٓ اِلَيْكَ اِلَّا مَا دُمْتَ عَلَيْهِ قَاۗىِٕمًا ۭ

اگر | تو امانت دے اُسکو | ایک دینار | نہ | وہ ادا کرے اُسے | تیری طرف | مگر | جب تک | تُو رہے | اُوپر اُسکے | کھڑا

ایسے بد دیانت بھی ہیں کہ ان کے پاس اگر ایک دینار امانت رکھو تو تمہیں واپس نہیں دیں گے جب تک تم ان کے سر پر سوار ہو کر ان

ذٰلِكَ بِاَنَّھُمْ قَالُوْا لَيْسَ عَلَيْنَا فِي الْاُمِّيّٖنَ سَبِيْلٌ ۚ وَيَقُوْلُوْنَ

یہ اس لیے | کہ وہ | کہتے ہیں | نہیں | ہم پر | بارے میں | اُن پڑھوں کے | کوئی الزام | اور وہ کہتے ہیں

سے وصول نہ کر لو۔ یہ ذہنیت ان میں اس لیے پیدا ہوئی کہ وہ کہتے ہیں غیر اہل کتاب کا حق مار لینے میں ہم پر کوئی گناہ نہیں۔ حالاں

عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿75﴾ بَلٰى مَنْ اَوْفٰى بِعَهْدِهٖ

اوپر | اللہ کے | جھوٹ | جبکہ وہ | جانتے ہیں | نہیں بلکہ | جوکوئی | پورا کرے | عہد اپنا

کہ وہ جان بوجھ کر اللہ کے بارے میں ایسی جھوٹی بات کہتے ہیں۔ البتہ جو لوگ اپنا عہد پورا کریں

وَاتَّقٰى فَاِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَّقِيْنَ ﴿76﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ يَشْتَرُوْنَ بِعَهْدِ

اور تقویٰ اختیار کرے | پس بے شک | اللہ | پسند کرتا ہے | پرہیزگاروں کو | بے شک | جو لوگ | خریدتے ہیں | بدلے عہد

اور اللہ سے ڈریں تو اللہ ایسے پرہیزگاروں کو پسند کرتا ہے۔ جو لوگ اللہ سے کیے ہوئے عہد اور

اللّٰهِ وَاَيْمَانِهِمْ ثَمَنًا قَلِيْلًا اُولٰٓئِكَ لَا خَلَاقَ لَهُمْ فِى الْاٰخِرَةِ

اللہ کے | اور قسموں اپنی کے | مال | تھوڑا | یہ لوگ ہیں کہ | نہیں | حصہ | اُن کیلئے | میں | آخرت

اپنی قسموں کے بدلے میں دنیا کا حقیر مال حاصل کریں، ایسے لوگوں کے لیے آخرت میں کوئی حصہ نہیں۔

وَلَا يُكَلِّمُهُمُ اللّٰهُ وَلَا يَنْظُرُ اِلَيْهِمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَلَا يُزَكِّيْهِمْ ۠

اور نہ | کلام کرے گا اُن سے | اللہ | اور نہ | دیکھے گا | طرف اُنکی | دن | قیامت کے | اور نہ | پاک کرے گا اُنکو

قیامت کے دن اللہ اُن سے بات نہیں کرے گا، اُن کی طرف رحمت کی نظر سے نہ دیکھے گا، انھیں گناہوں سے پاک نہیں کرے گا

وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿77﴾ وَاِنَّ مِنْهُمْ لَفَرِيْقًا يَّلْوٗنَ اَلْسِنَتَهُمْ

اور اُن کیلئے ہے | عذاب | دردناک | اور بے شک | اُن میں سے | البتہ ایک گروہ | وہ موڑتے ہیں | اپنی زبانوں کو

اور اُن کے لیے درد ناک عذاب ہوگا۔ اہل کتاب کا ایک گروہ کتاب الٰہی کو اس طرح توڑ مروڑ کر پڑھتا

بِالْكِتٰبِ لِتَحْسَبُوْهُ مِنَ الْكِتٰبِ وَمَا هُوَ مِنَ الْكِتٰبِ ۚ وَيَقُوْلُوْنَ هُوَ

ساتھ کتاب کے | تاکہ تم سمجھو اُسے | سے | کتاب میں | اور نہیں ہے | وہ | سے | کتاب میں | اور وہ کہتے ہیں | وہ ہے

ہے کہ تم سمجھو جو کچھ انھوں نے پڑھا ہے وہ کتاب الٰہی کا حصہ ہے حالاں کہ وہ کتاب کا حصہ نہیں ہوتا۔ مگر وہ کہتے ہیں جو کچھ

مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ وَمَا هُوَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ۚ وَيَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ

سے | طرف | اللہ کی | اور نہیں | وہ | سے | طرف | اللہ کی | اور وہ کہتے ہیں | پر | اللہ

انھوں نے پڑھا ہے وہ اللہ کی طرف سے ہے حالاں کہ وہ اللہ کی طرف سے نہیں ہوتا۔ اس طرح یہ لوگ جان بوجھ کر اللہ

الْكَذِبَ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿78﴾ مَا كَانَ لِبَشَرٍ اَنْ يُّؤْتِيَهُ اللّٰهُ الْكِتٰبَ

جھوٹ | جبکہ وہ | جانتے ہیں | نہیں | مناسب | واسطے کسی آدمی کے | کہ | دے اُسکو | اللہ | کتاب

پر جھوٹ بولتے ہیں۔ کسی انسان کا کام نہیں کہ اللہ تو اسے کتاب و حکمت

وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ ثُمَّ يَقُوْلَ لِلنَّاسِ كُوْنُوْا عِبَادًا لِّيْ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ

اور حکم | اور نبوت | پھر | وہ کہے | لوگوں کو | تم ہو جاؤ | بندے | میرے | چھوڑ کر | اللہ کو

اور نبوت عطا کرے اور وہ لوگوں سے کہے ”تم اللہ کو چھوڑ کر میرے بندے بن جاؤ“

وَلٰكِنْ كُوْنُوْا رَبّٰنِيّٖنَ بِمَا كُنْتُمْ تُعَلِّمُوْنَ الْكِتٰبَ وَبِمَا كُنْتُمْ

اور لیکن | تم ہو جاؤ | اللہ والے | اس وجہ سے کہ | تم ہو | تم سکھاتے | کتاب | اور اس وجہ سے کہ | تم ہو

بلکہ وہ تو کہے گا لوگو اللہ والے بنو، اس واسطے کہ تم دوسروں کو اللہ کی کتاب سکھاتے ہو اور خود بھی

تَدْرُسُوْنَ ۙ﴿79﴾ وَلَا يَاْمُرَكُمْ اَنْ تَتَّخِذُوا الْمَلٰٓئِكَةَ وَالنَّبِيّٖنَ اَرْبَابًا ؕ

پڑھتے | اور نہیں مناسب | وہ حکم دے تمہیں | کہ | تم پکڑو | فرشتوں کو | اور نبیوں کو | رب

اسے پڑھتے ہو۔“ اللہ کا نبی لوگوں سے یہ نہیں کہتا ”تم فرشتوں اور پیغمبروں کو رب بناؤ“

اَيَاْمُرُكُمْ بِالْكُفْرِ بَعْدَ اِذْ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿80﴾ع وَاِذْ اَخَذَ اللّٰهُ

ع 8/9/16

کیا وہ حکم دے گا تمہیں | کفر کا | بعد اسکے | جب | تم ہو | مسلمان | اور جب | لیا | اللہ نے

کیا وہ تم لوگوں کو کفر سکھانے آتا ہے جب کہ تم اسلام لا چکے ہو؟ اے بنی اسرائیل! یاد کرو جب ہم نے

مِيْثَاقَ النَّبِيّٖنَ لَمَآ اٰتَيْتُكُمْ مِّنْ كِتٰبٍ وَّحِكْمَةٍ ثُمَّ جَآءَكُمْ

عہد | نبیوں کا | البتہ جو کچھ | میں دوں تم کو | سے | کتاب | اور حکمت سے | پھر | آئے تمہارے پاس

پیغمبروں کے بارے میں تم سے عہد لیا اور تمہیں کتاب وحکمت دی کہ ”جب تمہارے پاس کوئی ایسا پیغمبر آئے جو سچا ثابت کرنے والا

رَسُوْلٌ مُّصَدِّقٌ لِّمَا مَعَكُمْ لَتُؤْمِنُنَّ بِهٖ وَلَتَنْصُرُنَّهٗ ؕ قَالَ

ایک رسول جو | تصدیق کرنیوالا ہو | اس چیز کی جو | پاس تمہارے | ضرور تم ایمان لانا | اُس پر | اور ضرور تم مدد کرنا اُسکی | فرمایا

ہو اُن پیش گوئیوں کو جو تمہارے پاس موجود ہیں تو اس پر ایمان لانا اور اس کی حمایت کرنا۔ اس وقت اللہ نے پوچھا

ءَاَقْرَرْتُمْ وَاَخَذْتُمْ عَلٰى ذٰلِكُمْ اِصْرِيْ ؕ قَالُوْٓا اَقْرَرْنَا ؕ قَالَ

کیا تم نے اقرار کیا | اور تم نے لیا | اوپر | اسکے | عہد میرا | وہ بولے | ہم نے اقرار کیا | فرمایا

”کیا تم نے اس عہد کا اقرار کیا اور اس کی ذمہ داری قبول کی؟ تم نے کہا تھا ”ہم اقرار کرتے ہیں۔“ اس کے بعد اللہ نے فرمایا

فَاشْهَدُوْا وَاَنَا مَعَكُمْ مِّنَ الشّٰهِدِيْنَ ﴿81﴾ فَمَنْ تَوَلّٰى بَعْدَ ذٰلِكَ

پس تم گواہ رہو | اور میں | ساتھ تمہارے | سے | گواہوں میں | پھر جو | پھر گیا | بعد | اسکے

”اب تم اس بات کے گواہ رہو اور تمہارے ساتھ میں بھی گواہ رہوں گا۔ اور جو لوگ اس عہد سے پھر جائیں گے

فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿۸۲﴾ اَفَغَيْرَ دِيْنِ اللّٰهِ يَبْغُوْنَ وَلَهٗٓ اَسْلَمَ مَنْ

تو وہ | وہی | فاسق ہیں | کیا پھر سوائے | دین | اللہ کے | وہ چاہتے ہیں | اور اُس کیلئے | جھکا | جو

وہ نافرمان ہوں گے۔" کیا یہ لوگ اللہ کا دین چھوڑ کر کوئی اور دین چاہتے ہیں؟ حالاں کہ زمین و آسمان

فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْهًا وَّاِلَيْهِ يُرْجَعُوْنَ ﴿۸۳﴾ قُلْ اٰمَنَّا

میں | آسمانوں | اور زمین | خوشی سے | اور مجبوری سے | اور طرف اُسکی | وہ لوٹائے جائیں گے | کہہ دیجئے | ہم ایمان لائے

کی ہر شے اللہ کے آگے جھکی ہوئی ہے، خوشی سے اور ناخوشی سے۔ اور سب اسی کی طرف لوٹائے جائیں گے۔ اے نبی ﷺ!

بِاللّٰهِ وَمَآ اُنْزِلَ عَلَيْنَا وَمَآ اُنْزِلَ عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْمٰعِيْلَ

اللہ پر | اور جو | نازل کیا گیا | ہم پر | اور جو | نازل کیا گیا | پر | ابراہیم | اور اسماعیل

آپ ﷺ ان سے کہیں "ہم تو ایمان رکھتے ہیں اللہ پر اور اس پر جو کچھ ہم پر نازل کیا گیا اور اس پر جو ابراہیم علیہ السلام اسماعیل علیہ السلام،

وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ وَالْاَسْبَاطِ وَمَآ اُوْتِيَ مُوْسٰى وَعِيْسٰى وَالنَّبِيُّوْنَ

اور اسحاق | اور یعقوب | اور اولادِ یعقوب | اور جو | دیا گیا | موسیٰ کو | اور عیسیٰ کو | اور نبیوں کو

اسحاق، یعقوب علیہ السلام اور اولادِ یعقوب علیہ السلام پر نازل ہوا، اور ان کتابوں پر بھی ہمارا ایمان ہے جو موسیٰ علیہ السلام، عیسیٰ علیہ السلام اور دوسرے نبیوں

مِنْ رَّبِّهِمْ ۖ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْهُمْ ۖ وَنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ ﴿۸۴﴾

سے | رب اُنکے | نہیں | ہم فرق کرتے | درمیان | کسی ایک | اُن میں سے | اور ہم | اُس کیلئے | فرماں بردار

پر اتار دی گئیں۔ ہم کسی نبی کا انکار نہیں کرتے اور ہم اللہ کے فرماں بردار ہیں۔

وَمَنْ يَّبْتَغِ غَيْرَ الْاِسْلَامِ دِيْنًا فَلَنْ يُّقْبَلَ مِنْهُ ۚ وَهُوَ فِي

اور جو | چاہے | سوائے | اسلام کے | دین | پھر ہرگز نہیں | قبول ہوگا | اُس سے | اور وہ | میں

جو شخص اسلام کے سوا کوئی اور دین اختیار کرتا ہے اللہ اس کے دین کو ہرگز قبول نہ کرے گا اور وہ شخص

الْاٰخِرَةِ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿۸۵﴾ كَيْفَ يَهْدِي اللّٰهُ قَوْمًا كَفَرُوْا بَعْدَ

آخرت | سے | گھاٹا پانے والے | کیسے | ہدایت دے | اللہ | قوم کو | جو کافر ہوئے | بعد

آخرت میں گھاٹے میں رہے گا۔ اللہ ان اہل کتاب کو کیوں ہدایت دے جو ایمان لانے کے بعد

اِيْمَانِهِمْ وَشَهِدُوْٓا اَنَّ الرَّسُوْلَ حَقٌّ وَّجَآءَهُمُ الْبَيِّنٰتُ ۭ وَاللّٰهُ

ایمان اپنے کے | اور انہوں نے گواہی دی | کہ | رسول | برحق ہے | اور آئیں اُنکے پاس | کھلی نشانیاں | اور اللہ

کافر ہوگئے؟ حالاں کہ وہ اس بات کی گواہی دے چکے تھے کہ یہ سچا پیغمبر ہے۔ اور ان کے پاس روشن نشانیاں آچکی تھیں۔ اللہ

لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿86﴾ اُولٰٓئِكَ جَزَآؤُهُمْ اَنَّ عَلَيْهِمْ لَعْنَةَ اللّٰهِ

نہیں ہدایت دیتا | قوم | ظالم کو | یہی لوگ | سزا اُنکی | کہ | اُن پر ہے | لعنت | اللہ کی

ظالموں کو ہدایت نہیں دیتا۔ ایسے لوگوں پر لعنت ہو گی اللہ کی اس کے

وَالْمَلٰٓئِكَةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ ﴿87﴾ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۚ لَا يُخَفَّفُ عَنْهُمُ

اور فرشتوں کی | اور لوگوں | سب کی | ہمیشہ رہنے والے | اُس میں | نہ | کم ہوگا | اُن سے

فرشتوں کی اور سب انسانوں کی۔ اسی لعنت میں وہ ہمیشہ مبتلا رہیں گے۔ نہ ان کا عذاب ہلکا کیا

الْعَذَابُ وَلَا هُمْ يُنْظَرُوْنَ ﴿88﴾ اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ

عذاب | اور نہ | اُنکو | مہلت دی جائے گی | مگر | جنہوں نے | توبہ کی | سے | بعد | اسکے

جائے گا اور نہ انھیں مہلت دی جائے گی۔ البتہ جنہوں نے کفر سے توبہ کر لی

وَاَصْلَحُوْا ۟ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿89﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بَعْدَ

اور اصلاح کی | تو بےشک | اللہ | بڑا بخشنے والا | نہایت مہربان | بےشک | جو لوگ | کافر ہوئے | بعد

اور اپنی اصلاح کر لی تو اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔ مگر جو ایمان لانے کے بعد

اِيْمَانِهِمْ ثُمَّ ازْدَادُوْا كُفْرًا لَّنْ تُقْبَلَ تَوْبَتُهُمْ ۚ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ

ایمان اپنے کے | پھر | وہ زیادہ ہوئے | کفر میں | ہرگز نہیں | قبول ہوگی | توبہ اُنکی | اور وہ لوگ | وہی

کافر ہوگئے پھر کفر میں بڑھتے چلے گئے ان کی توبہ ہرگز قبول نہ ہوگی اور ایسے لوگ

الضَّآلُّوْنَ ﴿90﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَمَاتُوْا وَهُمْ كُفَّارٌ فَلَنْ يُّقْبَلَ

گمراہ | بےشک | جو لوگ | کافر ہوئے | اور مر گئے | جب وہ | کافر تھے | پھر ہرگز نہیں | قبول کیا جائے گا

گمراہ ہیں۔ جو لوگ کافر ہوئے اور کفر کی حالت میں مر گئے اگر وہ عذاب سے بچنے کے لیے

مِنْ اَحَدِهِمْ مِّلْءُ الْاَرْضِ ذَهَبًا وَّلَوِ افْتَدٰى بِهٖ ؕ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ

سے | اُن سے کسی کا | برابر | زمین | سونا | اور اگرچہ | وہ فدیہ دے | اُسکا | یہی لوگ | اُن کیلئے

دنیا بھر کا سونا چاندی فدیے میں دے دیں تو بھی قبول نہ ہوگا۔ ان کے لیے

عَذَابٌ اَلِيْمٌ وَّمَا لَهُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ﴿91﴾ ع

عذاب ہے | دردناک | اور نہیں (ہوگا) | کوئی | سے | مددگار

دردناک عذاب ہوگا اور ان کا کوئی مددگار نہ ہوگا۔

9 ع 11 17

لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ ؕ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ

ہرگز نہ | تم پہنچو گے | نیکی کو | یہاں تک کہ | تم خرچ کرو | اس چیز سے کہ | تم محبت کرتے ہو | اور جو کچھ | تم خرچ کرو | سے

مسلمانو! تم نیکی کا اعلیٰ درجہ نہیں پا سکتے جب تک اللہ کی راہ میں اپنا پسندیدہ مال خرچ نہ کرو۔ تم جو کچھ بھی خرچ

شَيْءٍ فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِيْمٌ ﴿92﴾ كُلُّ الطَّعَامِ كَانَ حِلًّا لِّبَنِيْٓ

کسی چیز | پس بیشک | اللہ ہے | ساتھ اُسکے | خوب جاننے والا | سب | کھانے | تھے | حلال | بنی

کرو گے اللہ اسے جانتا ہے۔ بنی اسرائیل کے لیے کھانے کی تمام پاکیزہ چیزیں حلال

اِسْرَآءِيْلَ اِلَّا مَا حَرَّمَ اِسْرَآءِيْلُ عَلٰى نَفْسِهٖ مِنْ قَبْلِ اَنْ

اسرائیل کیلئے | مگر | جو | حرام کرلیا | یعقوب | اُوپر | اپنی جان کے | اِس سے | پہلے | کہ

تھیں سوائے اس چیز کے جو یعقوب علیہ السلام نے تورات نازل ہونے سے پہلے اپنے

تُنَزَّلَ التَّوْرٰىةُ ؕ قُلْ فَاْتُوْا بِالتَّوْرٰىةِ فَاتْلُوْهَآ اِنْ كُنْتُمْ

نازل ہوجائے | توریت | کہہ دیجئے | پس لاؤ | توریت کو | پھر پڑھو اُسے | اگر | تم ہو

اوپر حرام کر لی تھی۔ اے نبی ﷺ! آپ ﷺ ان یہودیوں سے کہہ دیں ''توریت لاؤ اور اسے پڑھ کر دیکھ لو اگر تم

صٰدِقِيْنَ ﴿93﴾ فَمَنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ

سچے | پس جو کوئی | گھڑے | پر | اللہ | جھوٹ | سے | بعد | اس کے | پس یہ لوگ

اپنے دعوے میں سچے ہو'' اس کے بعد بھی جو لوگ اللہ پر جھوٹ باندھیں وہ

هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿94﴾ قُلْ صَدَقَ اللّٰهُ ۫ فَاتَّبِعُوْا مِلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا ؕ

وہی ہیں | ظالم | کہہ | سچ کہا | اللہ نے | پس پیروی کرو | دین | ابراہیم کی | جو یکسو تھا

ظالم ہیں۔ اے نبی ﷺ! آپ ﷺ ان سے کہہ دیں ''اللہ نے سچ فرمایا ہے لہٰذا تم ابراہیم علیہ السلام کے دین پر چلو جو یکسو تھے

وقف جبریل علیہ السلام

وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿95﴾ اِنَّ اَوَّلَ بَيْتٍ وُّضِعَ لِلنَّاسِ لَلَّذِيْ

اور نہ | وہ تھا | سے | مشرکوں میں | بے شک | پہلا | گھر | مقرر کیا گیا | لوگوں کیلئے | وہی ہے جو

اور مشرک نہ تھے۔ بیشک اللہ کا سب سے پہلا گھر جسے اس نے لوگوں کے لیے عبادت کا مرکز قرار دیا وہی ہے

بِبَكَّةَ مُبٰرَكًا وَّهُدًى لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿96﴾ فِيْهِ اٰيٰتٌۢ بَيِّنٰتٌ مَّقَامُ

مکہ میں ہے | برکت والا | اور ہدایت | جہان والوں کیلئے | اُس میں | نشانیاں ہیں | واضح | مقام

جو مکہ میں ہے برکت والا ہے اور سارے جہان کے لیے ہدایت کا سرچشمہ ہے۔ وہاں اللہ کی کھلی نشانیاں ہیں، مقام

اِبْرٰهِيْمَ ۚ۬ وَمَنْ دَخَلَهٗ كَانَ اٰمِنًا ؕ وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ

ابراہیم | اور جو کوئی | داخل ہوا اُس میں | ہے | امان میں | اور اللہ کیلئے | اوپر | لوگوں کے | حج کرنا

ابراہیم علیہ السلام ہے۔ جو کوئی وہاں داخل ہوجائے اسے امن حاصل ہے۔ اور اللہ کی طرف سے لوگوں پر فرض

الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ اِلَيْهِ سَبِيْلًا ؕ وَمَنْ كَفَرَ فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ

اس گھر کا (کعبہ کا) | جو کوئی | طاقت رکھے | طرف اُسکی | راہ کی | اور جو کوئی | کُفر کرے | پس بیشک | اللہ ہے | بڑا بے نیاز

ہے کہ جو اس گھر تک پہنچنے کی طاقت رکھتا ہو وہ اس کا حج کرے۔ اور جو اس حکم کو نہ مانے تو اللہ ساری دنیا

عَنِ الْعٰلَمِيْنَ ۝ قُلْ يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ تَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ۖ

سے | جہان والوں | کہہ دیجئے | اے اہلِ | کتاب | کیوں | تم انکار کرتے ہو | آیتوں کا | اللہ کی

سے بے نیاز ہے۔ اے نبی ﷺ! آپ ﷺ اہل کتاب سے کہیں ”تم کیوں اللہ کی نشانیوں کا انکار کرتے ہو؟

وَاللّٰهُ شَهِيْدٌ عَلٰى مَا تَعْمَلُوْنَ ۝ قُلْ يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ تَصُدُّوْنَ

اور اللہ | گواہ ہے | پر | اُس جو | تم کرتے ہو | کہہ دیجئے | اے اہلِ | کتاب | کیوں | تم روکتے ہو

حالاں کہ اللہ دیکھ رہا ہے جو تم کرتے ہو۔“ اور آپ ﷺ کہیں ”اے اہل کتاب تم کیوں دوسروں کو اللہ کی راہ سے روکتے ہو؟

عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ مَنْ اٰمَنَ تَبْغُوْنَهَا عِوَجًا وَّاَنْتُمْ شُهَدَآءُ ؕ

سے | راہ | اللہ کی | اُسے جو | ایمان لائے | تم چاہتے ہو | ٹیڑھ پن | جبکہ تم ہو | گواہ

جب کوئی ایمان لاتا ہے تم اسے پھر ٹیڑھی راہ پر چلانا چاہتے ہو اور یہ سب کچھ تم جان بوجھ کر کرتے ہو؟ یاد رکھو،

وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ۝ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِنْ تُطِيْعُوْا

اور نہیں اللہ | غافل | اُس سے جو | تم کرتے ہو | اے | لوگو جو | ایمان لائے ہو | اگر | تم اطاعت کرو

اللہ تمہاری ان حرکتوں سے بے خبر نہیں۔“ اے ایمان والو! اگر تم اہل کتاب کے کسی گروہ کی بات

فَرِيْقًا مِّنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ يَرُدُّوْكُمْ بَعْدَ اِيْمَانِكُمْ كٰفِرِيْنَ ۝

ایک گروہ کی | سے | اُن میں جو | دیے گئے | کتاب | وہ پھیر دیں گے تم کو | بعد | تمہارے ایمان کے | کافر (بنا کر)

مان لو گے تو وہ تمہیں ایمان سے ہٹا کر پھر کافر بنا دیں گے۔

وَكَيْفَ تَكْفُرُوْنَ وَاَنْتُمْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ اٰيٰتُ اللّٰهِ وَفِيْكُمْ رَسُوْلُهٗ ؕ

اور کیسے | تم کُفر کرو گے | اور جبکہ تم وہ ہو | پڑھی جاتی ہیں | تم پر | آیتیں | اللہ کی | اور تم میں (موجود ہے) | رسول اُسکا

اور تم کیوں کفر کی راہ پر چلو گے جبکہ تمہیں اللہ کی آیتیں سنائی جارہی ہیں اور تمہارے درمیان اللہ کا رسول ﷺ موجود ہے۔

وَمَنْ يَّعْتَصِمْ بِاللّٰهِ فَقَدْ هُدِيَ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۱۰۱﴾ يٰٓاَيُّهَا

اور جو کوئی | مضبوطی سے پکڑے | اللہ (کے دین) کو | پس ضرور | اُسے ہدایت ملی | طرف | راہ | سیدھی کی | اے

اور جس نے اللہ کا دامن مضبوطی سے تھام لیا وہ سیدھی راہ پر آ گیا۔ اے ایمان والو!

الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ حَقَّ تُقٰتِهٖ وَلَا تَمُوْتُنَّ اِلَّا وَاَنْتُمْ

لوگو جو | ایمان لائے | ڈرو | اللہ سے | جیسا حق ہے | اُس سے ڈرنے کا | اور نہ | تم مرنا | مگر | جبکہ تم ہو

اللہ سے ڈرو جیسا کہ اس سے ڈرنا چاہیے اور مرتے دم تک اسی کی فرماں

مُّسْلِمُوْنَ ﴿۱۰۲﴾ وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيْعًا وَّلَا تَفَرَّقُوْا ۠ وَاذْكُرُوْا

مسلمان | اور مضبوطی سے پکڑو | رسّی کو | اللہ کی | سب مل کر | اور نہ | تم الگ الگ رہو | اور تم یاد کرو

برداری کرو۔ اور سب مل کر اللہ کے دین کی رسی کو مضبوطی سے پکڑ لو اور الگ الگ نہ ہو جاؤ۔ اللہ کا یہ احسان نہ بھولو

نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ كُنْتُمْ اَعْدَآءً فَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِكُمْ

نعمت | اللہ کی | تم پر | جب | تم تھے | دشمن | پس جوڑ دیا | آپس میں | تمہارے دلوں کو

جو اس نے تم پر کیا کہ تم ایک دوسرے کے دشمن تھے، پھر اس نے تمہارے دلوں میں اُلفت ڈال دی۔

فَاَصْبَحْتُمْ بِنِعْمَتِهٖٓ اِخْوَانًا ۚ وَكُنْتُمْ عَلٰى شَفَا حُفْرَةٍ مِّنَ النَّارِ

پھر تم ہو گئے | ساتھ نعمت اُسکی | بھائی بھائی | اور تم تھے | پر | کنارے | گڑھے کے | سے | آگ

اس کے فضل سے تم آپس میں بھائی بھائی بن گئے۔ اس سے پہلے تم دوزخ کے گڑھے کے کنارے پر تھے

فَاَنْقَذَكُمْ مِّنْهَا ۭ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ

پس اُس نے بچایا تم کو | اُس سے | اس طرح | کھول کر بیان کرتا ہے | اللہ | تمہارے لیے | آیتیں اپنی | تاکہ تم

مگر اللہ نے تمہیں اس سے بچا لیا۔ اس طرح اللہ تمہارے لیے اپنی آیتیں کھول کر بیان کرتا ہے تاکہ

تَهْتَدُوْنَ ﴿۱۰۳﴾ وَلْتَكُنْ مِّنْكُمْ اُمَّةٌ يَّدْعُوْنَ اِلَى الْخَيْرِ وَيَاْمُرُوْنَ

تم ہدایت پاؤ | اور چاہیے کہ ہو | تم میں سے | ایک جماعت کہ | وہ بلائیں | طرف | بھلائی کے | اور وہ حکم دیں

تم ہدایت پاؤ۔ اور تم میں ایک جماعت ایسی ہونی چاہیے جو لوگوں کو بھلائی کی طرف بلائے، نیکی کا

بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ ۭ وَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۱۰۴﴾

نیکی کا | اور روکیں | سے | برائی | اور یہ لوگ | وہی ہیں | فلاح پانے والے

حکم دے اور برائی سے روکے۔ یہی لوگ کامیاب ہیں اور ان لوگوں کی

وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ تَفَرَّقُوْا وَاخْتَلَفُوْا مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَهُمُ الْبَيِّنٰتُ ط

اور نہ تم ہو جاؤ | جیسے کہ وہ لوگ جو | تفرقہ میں پڑ گئے | اور اختلاف کیا | سے | بعد | کہ | آئیں اُنکے پاس | کھلی نشانیاں

طرح نہ ہو جانا جو فرقوں میں بٹ گئے اور دین کے بارے میں جھگڑنے لگے جبکہ ان کے پاس اللہ کی طرف سے بڑی واضح دلیلیں

وَاُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۰۵﴾ يَّوْمَ تَبْيَضُّ وُجُوْهٌ وَّتَسْوَدُّ

اور وہ لوگ ہیں | اُنکے لیے ہے | عذاب | بڑا | اُس دن جب | سفید ہوں گے | کچھ چہرے | اور کالے ہونگے

آچکی تھیں۔ ایسے لوگوں کو بڑا عذاب ہوگا، اس دن جب کچھ چہرے روشن ہوں گے اور کچھ چہروں پر سیاہی

وُجُوْهٌ ج فَاَمَّا الَّذِيْنَ اسْوَدَّتْ وُجُوْهُهُمْ قف اَكَفَرْتُمْ بَعْدَ اِيْمَانِكُمْ

کچھ مُنہ | پس جو | لوگ کہ | کالے ہوئے | مُنہ اُنکے | کیا تم نے کُفر کیا | بعد | اپنے ایمان کے

چھا جائے گی۔ پھر جن چہروں پر سیاہی چھائی ہوگی، ان سے کہا جائے گا ''کیا تم ایمان لانے کے بعد کافر ہو گئے۔

فَذُوْقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ﴿۱۰۶﴾ وَاَمَّا الَّذِيْنَ ابْيَضَّتْ

پس تُم چکھو | عذاب | اس وجہ سے کہ | تم تھے | تم کُفر کرتے | اور جو | لوگ کہ | سفید ہوئے

اب اپنے کفر کے بدلے میں عذاب چکھو اور جن کے چہرے روشن

وُجُوْهُهُمْ فَفِيْ رَحْمَةِ اللّٰهِ ط هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۱۰۷﴾ تِلْكَ اٰيٰتُ اللّٰهِ

چہرے اُنکے | پس میں | رحمت | اللہ کی | وہ ہیں | اُس میں | ہمیشہ رہنے والے | یہ ہیں | آیتیں | اللہ کی

ہوں گے وہ اللہ کی رحمت کے سائے میں جنت میں داخل ہوں گے جہاں وہ ہمیشہ رہیں گے۔ اے نبی ﷺ! یہ اللہ کی

نَتْلُوْهَا عَلَيْكَ بِالْحَقِّ ط وَمَا اللّٰهُ يُرِيْدُ ظُلْمًا لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۰۸﴾ وَلِلّٰهِ

ہم پڑھتے ہیں اُنکو | تجھ پر | ساتھ حق کے | اور نہیں | اللہ | ارادہ کرتا | ظلم کرنے کا | جہان والوں کیلئے | اور اللہ کا ہے

آیتیں ہیں جو ہم آپ ﷺ کو حق کے ساتھ سنا رہے ہیں۔ اللہ پہلے سے خبردار کیے بغیر لوگوں کو عذاب دے کر ان پر ظلم نہیں کرنا

مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ط وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ع ﴿۱۰۹﴾

جو کچھ ہے | میں | آسمانوں | اور جو کچھ ہے | میں | زمین | اور طرف | اللہ کی | پھیرے جاتے ہیں | سب کام

چاہتا۔ اللہ آسمانوں اور زمین کی ہر شے کا مالک ہے۔ سارے کام اسی کے اختیار میں ہیں۔

ع 11 / 8 / 2

كُنْتُمْ خَيْرَ اُمَّةٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنْهَوْنَ

تم ہو | بہترین | اُمت | جو نکالی گئی | لوگوں کیلئے | تم حکم دیتے ہو | نیکی کا | اور تم روکتے ہو

تم بہترین امت ہو جسے لوگوں کی رہنمائی کے لیے پیدا کیا گیا۔ تم نیکی کا حکم دیتے، برائی سے

عَنِ الْمُنْكَرِ وَتُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ ۭ وَلَوْ اٰمَنَ اَھْلُ الْكِتٰبِ لَكَانَ خَيْرًا

سے | بُرائی | اور تم ایمان رکھتے ہو | اللہ پر | اور اگر | ایمان لائے | اہل | کتاب | البتہ ہوتا | بہتر

روکتے اور اللہ پر ایمان رکھتے ہو۔ اگر اہل کتاب بھی ایمان لاتے تو ان کے لیے

لَّھُمْ ۭ مِنْھُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ وَاَكْثَرُھُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿110﴾ لَنْ يَّضُرُّوْكُمْ اِلَّآ

اُنکے لیے | اُن میں ہیں | ایمان والے | اور اکثر اُنکے ہیں | نافرمان | ہرگز نہیں | نقصان پہنچا سکتے تم کو | مگر

بہتر تھا۔ ان میں سے کچھ ایمان والے ہیں لیکن اکثر نافرمان ہیں۔ مسلمانو! اہل کتاب اپنی زبان درازی سے تمھیں

اَذًى ۭ وَاِنْ يُّقَاتِلُوْكُمْ يُوَلُّوْكُمُ الْاَدْبَارَ ۣ ثُمَّ لَا يُنْصَرُوْنَ ﴿111﴾

ستانا | اور اگر | وہ لڑیں گے تم سے | تو وہ پھیر بھاگیں گے تم سے | پیٹھیں | پھر | نہ | اُنکی مدد کی جائے گی

ستائیں گے مگر تمہارا کچھ بگاڑ نہیں سکتے۔ اگر وہ مقابلہ کریں گے تو پیٹھ دکھائیں گے۔ پھر انھیں کہیں سے کوئی مدد نہ پہنچے گی۔

ضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الذِّلَّةُ اَيْنَ مَا ثُقِفُوْٓا اِلَّا بِحَبْلٍ مِّنَ اللّٰهِ وَحَبْلٍ

ماری گئی | اُن پر | ذلت | جہاں | بھی | وہ پائے جائیں | مگر | ساتھ سہارے | کے | اللہ | اور سہارے

وہ جہاں بھی ہوں گے ان پر ذلت مسلط رہے گی۔ البتہ اللہ کی طرف سے کسی عہد کی وجہ سے یا لوگوں کی جانب سے کسی

مِّنَ النَّاسِ وَبَاۗءُوْ بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰهِ وَضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الْمَسْكَنَةُ ۭ

کے | لوگوں | اور وہ لوٹے | ساتھ غضب | کے | اللہ | اور ماری گئی | اُوپر اُنکے | محتاجی

معاہدے کے تحت انھیں کچھ پناہ مل جائے گی۔ وہ اللہ کے غضب کے مستحق ہیں اور محتاجی کی زندگی بسر کرنے پر مجبور ہوں گے۔

ذٰلِكَ بِاَنَّھُمْ كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَيَقْتُلُوْنَ الْاَنْۢبِيَاۗءَ بِغَيْرِ

یہ | اس وجہ سے کہ | تھے | وہ انکار کرتے | آیتوں کا | اللہ کی | اور وہ قتل کرتے | نبیوں کو | نا

کیونکہ وہ اللہ کی نشانیوں کا انکار کرتے رہے، انھوں نے پیغمبروں کو ناحق

حَقٍّ ۭ ذٰلِكَ بِمَا عَصَوْا وَّكَانُوْا يَعْتَدُوْنَ ﴿112﴾ لَيْسُوْا سَوَاۗءً ۭ مِنْ

حق | یہ | اس وجہ سے کہ | نافرمانی کی | اور وہ تھے | حد سے گزرتے | نہیں ہیں | سب برابر | میں سے

قتل کیا، انھوں نے نافرمانیاں کیں اور وہ حد سے نکل جاتے تھے۔ لیکن سب اہل کتاب ایک جیسے نہیں۔ ان میں ایک گروہ

اَھْلِ الْكِتٰبِ اُمَّةٌ قَاۗىِٕمَةٌ يَّتْلُوْنَ اٰيٰتِ اللّٰهِ اٰنَاۗءَ الَّيْلِ وَھُمْ

اہل | کتاب | ایک جماعت | سیدھی | پڑھتے ہیں | آیتیں | اللہ کی | گھڑیوں میں | رات کی | اور وہ

سیدھی راہ پر ہے۔ وہ راتوں کو اللہ کی آیتیں پڑھتے ہیں اور اس کے آگے

يَسْجُدُوْنَ ۝ يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَيَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ

سجدہ کرتے ہیں | وہ ایمان رکھتے ہیں | اللہ پر | اور دن | آخرت پر | اور وہ حکم دیتے ہیں | نیکی کا

سجدہ ریز ہوتے ہیں، اللہ پر اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتے ہیں، نیکی کا حکم دیتے ہیں،

وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَيُسَارِعُوْنَ فِي الْخَيْرٰتِ ؕ وَاُولٰٓئِكَ مِنَ

اور وہ روکتے ہیں | سے | برائی | اور وہ جلدی کرتے ہیں | میں | بھلائیوں | اور یہ لوگ ہیں | سے

برائی سے روکتے ہیں اور بھلائی کے کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے ہیں۔ یہی نیک

الصّٰلِحِيْنَ ۝ وَمَا يَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ فَلَنْ يُّكْفَرُوْهُ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ

نیک لوگوں میں | اور جو کچھ | وہ کرتے ہیں | سے | بھلائی | پس ہرگز نہ | ناقدری ہوگی اُسکی | اور اللہ | خوب جاننے والا ہے

لوگ ہیں۔ وہ جو نیکی کریں گے، اس کی ناقدری نہیں کی جائے گی اور اللہ پرہیزگاروں

بِالْمُتَّقِيْنَ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَنْ تُغْنِيَ عَنْهُمْ اَمْوَالُهُمْ

پرہیزگاروں کو | بیشک | جو لوگ | کافر ہوئے | ہرگز نہ | کام آئیں گے | اُنکے | مال اُنکے

کو خوب جانتا ہے۔ مگر جو لوگ کافر ہوگئے انھیں اللہ کی پکڑ سے نہ ان کا مال

وَلَآ اَوْلَادُهُمْ مِّنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا ؕ وَاُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا

اور نہ اولاد اُنکی | مقابلے میں | اللہ کے | کچھ بھی | اور یہ لوگ ہیں | اہل | دوزخ | وہ | اُس میں

بچائے گا اور نہ ان کی اولاد۔ وہ دوزخی ہیں ہمیشہ دوزخ میں

خٰلِدُوْنَ ۝ مَثَلُ مَا يُنْفِقُوْنَ فِيْ هٰذِهِ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا كَمَثَلِ رِيْحٍ

ہمیشہ رہنے والے ہیں | مثال اُنکی | جو | وہ خرچ کرتے ہیں | میں | اس | زندگی | دنیا | جیسے مثال | ہوا کی

رہیں گے۔ ایسے لوگ دنیا کی زندگی میں جو کچھ خرچ کرتے ہیں، اس کی مثال اس آندھی کی سی ہے

فِيْهَا صِرٌّ اَصَابَتْ حَرْثَ قَوْمٍ ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ فَاَهْلَكَتْهُ ؕ وَمَا

اُس میں | سخت سردی ہو | پہنچی | کھیتی کو | ایک قوم کی جس نے | ظلم کیا تھا | جانوں اپنی پر | پس ہلاک کر دیا اُسکو | اور نہ

جس میں پالا ہو اور وہ ان لوگوں کی کھیتی پر چلے جنہوں نے اپنے اوپر ظلم کیا ہے اور پھر اسے تباہ و برباد کر دے۔ اللہ نے

ظَلَمَهُمُ اللّٰهُ وَلٰكِنْ اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

ظلم کیا اُن پر | اللہ نے | اور لیکن | جانوں اپنی پر | وہ ظلم کرتے تھے | اے | لوگو جو | ایمان لائے

ان پر ظلم نہیں کیا بلکہ وہ خود اپنی جانوں پر ظلم کرتے رہے۔ اے ایمان والو! غیروں

لَا تَتَّخِذُوْا بِطَانَةً مِّنْ دُوْنِكُمْ لَا يَأْلُوْنَكُمْ خَبَالًا ؕ وَدُّوْا مَا

نہ بناؤ | رازدار | سے | سوائے اپنے | نہیں | وہ کمی کرتے تم سے | نقصان پہنچانے میں | وہ چاہتے ہیں | کہ

کو اپنا راز دار نہ بناؤ۔ وہ تمھیں نقصان پہنچانے میں کوئی کمی نہیں کرتے۔ وہ تو چاہتے ہیں

عَنِتُّمْ ۚ قَدْ بَدَتِ الْبَغْضَآءُ مِنْ اَفْوَاهِهِمْ ۚۖ وَمَا تُخْفِيْ

تم تکلیف میں پڑو | بیشک | ظاہر ہوا | بغض | سے | اُنکے مونہوں | اور جو کچھ | چھپاتے ہیں

کہ تم مشکل میں پڑو۔ ان کی دشمنی ان کی باتوں سے ظاہر ہے اور جو بغض ان کے دلوں

صُدُوْرُهُمْ اَكْبَرُ ؕ قَدْ بَيَّنَّا لَكُمُ الْاٰيٰتِ اِنْ كُنْتُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿118﴾

سینے اُنکے | وہ بہت بڑا ہے | بیشک | ہم نے کھول دیں | تمہارے لیے | آیتیں | اگر | تم ہو | سمجھتے

میں ہے وہ اس سے بھی زیادہ ہے۔ اگر تم سمجھ رکھتے ہو تو ہم نے تمہارے لیے تمام نشانیاں واضح کر دی ہیں۔

هٰاَنْتُمْ اُولَآءِ تُحِبُّوْنَهُمْ وَلَا يُحِبُّوْنَكُمْ وَتُؤْمِنُوْنَ بِالْكِتٰبِ كُلِّهٖ ۚ

خبردار تم وہی ہو | جو کہ | تم دوست رکھتے تھے اُنکو | اور نہیں | وہ دوست رکھتے تمہیں | اور تم ایمان رکھتے تھے | کتاب پر | ساری

دیکھو، تم اہل کتاب سے دوستی رکھتے ہو مگر وہ تم سے دوستی نہیں رکھتے۔ حالاں کہ تم سب آسمانی کتابوں کو مانتے ہو۔

وَاِذَا لَقُوْكُمْ قَالُوْٓا اٰمَنَّا ۚۖ وَاِذَا خَلَوْا عَضُّوْا عَلَيْكُمُ الْاَنَامِلَ

اور جب | وہ ملتے ہیں تم سے | کہتے ہیں | ہم ایمان لائے | اور جب | تنہا ہوتے ہیں | وہ کاٹتے ہیں | تمہارے خلاف | اُنگلیاں

جب وہ تم سے ملتے ہیں تو کہتے ہیں ''ہم ایمان والے ہیں'' مگر جب آپس میں ملتے ہیں تو تمہارے خلاف غصے سے اپنی

مِنَ الْغَيْظِ ؕ قُلْ مُوْتُوْا بِغَيْظِكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿119﴾

سے | غصّے | کہہ دیجئے | تم مرجاؤ | اپنے غصّے میں | بیشک | اللہ | خوب جاننے والا ہے | سینوں والی بات کو

انگلیاں کاٹتے ہیں۔ اے نبی ﷺ! آپ ﷺ ان سے کہیں ''مرجاؤ تم اپنے غصے میں۔'' بے شک اللہ دلوں کی

اِنْ تَمْسَسْكُمْ حَسَنَةٌ تَسُؤْهُمْ ۡ وَاِنْ تُصِبْكُمْ سَيِّئَةٌ يَّفْرَحُوْا

اگر | پہنچے تمہیں | بھلائی | بری لگے اُنکو | اور اگر | پہنچے تمہیں | تکلیف | وہ خوش ہوتے ہیں

بات جانتا ہے۔ مسلمانو! اگر تمہیں بھلائی ملتی ہے تو انھیں تکلیف ہوتی ہے اور اگر تم پر مصیبت آتی ہے

بِهَا ؕ وَاِنْ تَصْبِرُوْا وَتَتَّقُوْا لَا يَضُرُّكُمْ كَيْدُهُمْ شَيْئًا ؕ

ساتھ اُسکے | اور اگر | تم صبر کرو | اور اللہ سے ڈرو | تو نہ | نقصان پہنچائے تمہیں | سازش اُنکی | ذرا بھی

تو وہ خوش ہوتے ہیں۔ لیکن اگر تم صبر سے کام لو اور تقویٰ اختیار کرو تو ان کی کوئی سازش تمہارا کچھ بگاڑ نہیں سکتی۔

إِنَّ اللّٰهَ بِمَا يَعْمَلُوْنَ مُحِيْطٌ ﴿١٢٠﴾ وَاِذْ غَدَوْتَ مِنْ اَهْلِكَ تُبَوِّئُ

بیشک | اللہ | اُسکو جو | وہ کرتے ہیں | گھیرنے والا ہے | اور جب | آپ صبح کو نکلے | سے | اپنے گھر والوں | جگہ لیتے تھے آپ

وہ جو کچھ کررہے ہیں اسے اللہ کی قدرت نے گھیر رکھا ہے۔ اے نبی ﷺ! وہ وقت یاد کریں جب آپ ﷺ صبح سویرے اپنے گھر

الْمُؤْمِنِيْنَ مَقَاعِدَ لِلْقِتَالِ ۭ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿١٢١﴾ اِذْ هَمَّتْ

اہلِ ایمان کو | جگہیں | لڑائی کی | اور اللہ ہے | خوب سننے والا | جاننے والا ہے | جب | ارادہ کیا

سے نکلے اور مسلمانوں کو جنگ کے مقامات پر مقرر کررہے تھے...... اللہ تو سب کچھ سنتا اور جانتا ہے...... اور جب مسلمانوں کے دو

طَّآئِفَتٰنِ مِنْكُمْ اَنْ تَفْشَلَا ۙ وَاللّٰهُ وَلِيُّهُمَا ۭ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ

دو گروہوں نے | تم میں سے | کہ | بزدلی دکھائیں | اور اللہ تھا | دوست دونوں کا | اور پر | اللہ | آپ چاہیے کہ اعتماد کریں

گروہوں نے ارادہ کیا کہ ہمت ہار دیں اور اللہ ان دونوں جماعتوں کا مددگار تھا۔ اور ایمان والوں کو اللہ پر

الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿١٢٢﴾ وَلَقَدْ نَصَرَكُمُ اللّٰهُ بِبَدْرٍ وَّاَنْتُمْ اَذِلَّةٌ ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ

ایمان والے | اور بیشک | مدد کی تمہاری | اللہ نے | بدر میں | اور تم تھے | کمزور | پس ڈرو | اللہ سے

بھروسا کرنا چاہیے۔ اس سے پہلے جنگ بدر کے موقع پر اللہ تمہاری مدد کرچکا ہے جبکہ تم کمزور تھے۔ اس لیے ہر حال میں اللہ سے

لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿١٢٣﴾ اِذْ تَقُوْلُ لِلْمُؤْمِنِيْنَ اَلَنْ يَّكْفِيَكُمْ اَنْ

تاکہ تم | تم شکر کرو | جب | تُو کہتا تھا | مومنوں سے | کیا نہیں | کافی ہوگا تم کو | کہ

ڈرو تاکہ اس کی نعمتوں کا شکر ادا کرسکو۔ اور اے نبی ﷺ! وہ وقت یاد کریں جب آپ ﷺ میدان جنگ میں مسلمانوں سے کہہ

يُّمِدَّكُمْ رَبُّكُمْ بِثَلٰثَةِ اٰلٰفٍ مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ مُنْزَلِيْنَ ﴿١٢٤﴾ بَلٰٓى ۙ اِنْ

مدد کرے تمہاری | رب تمہارا | ساتھ تین | ہزار | سے | فرشتوں | اُتارے ہوئے | کیوں نہیں | اگر

رہے تھے ''کیا تمہارے لیے کافی نہیں کہ تمہارا رب دشمن کے مقابلے میں تین ہزار فرشتوں کے ذریعے تمہاری مدد فرمائے؟'' بلکہ

تَصْبِرُوْا وَتَتَّقُوْا وَيَاْتُوْكُمْ مِّنْ فَوْرِهِمْ هٰذَا يُمْدِدْكُمْ رَبُّكُمْ

تم صبر کرو | اور اللہ سے ڈرو | اور وہ آئیں تم پر | سے | اچانک | اسی (وقت) | مدد کرے گا تمہاری | رب تمہارا

اگر تم صبر و ہمت سے کام لو، اللہ سے ڈرتے رہو اور دشمن تم پر اچانک حملہ آور ہو تو تمہارا رب خاص

بِخَمْسَةِ اٰلٰفٍ مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ مُسَوِّمِيْنَ ﴿١٢٥﴾ وَمَا جَعَلَهُ اللّٰهُ اِلَّا

ساتھ پانچ | ہزار | سے | فرشتوں | نشان والے | اور نہیں | کیا اُسکو | اللہ نے | مگر

نشان رکھنے والے پانچ ہزار فرشتوں سے تمہاری مدد فرمائے گا۔ اور اللہ نے تمہاری مدد کی

بُشْرٰى لَكُمْ وَلِتَطْمَئِنَّ قُلُوبُكُمْ بِهٖ ۗ وَمَا النَّصْرُ اِلَّا مِنْ عِنْدِ

خوشخبری | تمہارے لیے | اور تا کہ اطمینان پائیں | دل تمہارے | ساتھ اسکے | اور نہیں ہے | مدد | مگر | سے | پاس

تا کہ تمہارے لیے خوش خبری ہو اور تمہارے دلوں کو اطمینان حاصل ہو اصل مدد تو اللہ کی طرف سے

اللّٰهِ الْعَزِيزِ الْحَكِيمِ ﴿١٢٦﴾ لِيَقْطَعَ طَرَفًا مِّنَ الَّذِينَ كَفَرُوٓا اَوْ

اللہ | غالب | حکمت والا ہے | تا کہ وہ کاٹ ڈالے | ایک حصہ | سے | اُن لوگوں سے جو | کافر ہوئے | یا

ہوتی ہے جو غالب اور حکمت والا ہے۔ اس غیبی مدد کا مقصد یہ تھا کہ کافروں کی طاقت کا ایک حصہ ناکارہ کر دیا جائے یا

يَكْبِتَهُمْ فَيَنْقَلِبُوا خَآئِبِينَ ﴿١٢٧﴾ لَيْسَ لَكَ مِنَ الْاَمْرِ شَيْءٌ اَوْ

وہ ذلیل کرے اُنکو | پھر وہ لوٹ جائیں | ناکام | نہیں | تیرے لیے | سے | اس کام | کچھ (اختیار) | یا

انھیں اتنا ذلیل کر دیا جائے کہ وہ ناکام واپس لوٹ جائیں۔ اے نبی ﷺ! آپ ﷺ کا اس بارے میں کوئی دخل نہیں،

يَتُوبَ عَلَيْهِمْ اَوْ يُعَذِّبَهُمْ فَاِنَّهُمْ ظٰلِمُونَ ﴿١٢٨﴾ وَلِلّٰهِ مَا فِي

توبہ قبول کرے | اُنکی | یا | وہ عذاب دے اُنکو | پس بیشک وہ | ظالم ہیں | اور اللہ کا ہے | جو کچھ ہے | میں

اللہ چاہے تو ان کی توبہ قبول کرے یا انھیں عذاب دے کیونکہ وہ ظالم ہیں۔ اللہ کے اختیار میں ہے

السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۗ يَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ ۗ

آسمانوں | اور جو کچھ ہے | میں | زمین | وہ بخشے | جسے | وہ چاہے | اور وہ عذاب دے | جسے | وہ چاہے

جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے۔ وہ جسے چاہے بخش دے اور جسے چاہے عذاب دے،

وَاللّٰهُ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿١٢٩﴾ ع يٰٓاَيُّهَا الَّذِينَ اٰمَنُوا لَا تَاْكُلُوا الرِّبٰوٓا اَضْعَافًا

13 ع 9 4

اور اللہ ہے | بڑا بخشنے والا | بہت رحم کرنیوالا | اے | لوگو جو | ایمان لائے | نہ | تم کھاؤ | سُود کو | کئی گنا

وہ بخشنے والا مہربان ہے۔ اے ایمان والو! کئی گنا بڑھا کر سود

مُّضٰعَفَةً ۖ وَّاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ﴿١٣٠﴾ ج وَاتَّقُوا النَّارَ الَّتِيٓ اُعِدَّتْ

بڑھا ہوا | اور تم ڈرو | اللہ سے | تا کہ تم | تم نجات پاؤ | اور تم ڈرو | آگ سے | جو کہ | تیار کی گئی ہے

نہ کھاؤ۔ اللہ سے ڈرو تا کہ تم کامیاب ہو۔ اور دوزخ کی آگ سے ڈرو جو کافروں کے

لِلْكٰفِرِينَ ﴿١٣١﴾ ج وَاَطِيعُوا اللّٰهَ وَالرَّسُولَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُونَ ﴿١٣٢﴾ ج وَسَارِعُوٓا

کافروں کیلئے | اور اطاعت کرو | اللہ کی | اور رسول کی | تا کہ تم | تم پر رحم کیا جائے | اور جلدی کرو

لیے تیار کی گئی ہے۔ اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی اطاعت کرو تا کہ تم پر رحم کیا جائے۔ اور دوڑو

اِلٰى مَغْفِرَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَجَنَّةٍ عَرْضُهَا السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ ۙ

طرف | بخشش کی | سے | رب اپنے | اور جنت کی | چوڑائی اُس کی ہے | آسمان | اور زمین (کے برابر)

اپنے رب کی بخشش کی طرف اور اس جنت کی طرف جس کی وسعت آسمان و زمین جیسی ہے

اُعِدَّتْ لِلْمُتَّقِيْنَ ۙ﴿133﴾ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ فِى السَّرَّآءِ وَالضَّرَّآءِ وَالْكٰظِمِيْنَ

جو تیار کی گئی ہے | پرہیزگاروں کیلئے | جو کہ | خرچ کرتے ہیں | میں | خوش حالی | اور تنگی میں | اور روکنے والے ہیں

وہ ان پرہیزگاروں کے لیے تیار کی گئی ہے جو خوش حالی اور تنگ دستی، ہر حال میں اللہ کے لیے اپنا مال خرچ کرتے ہیں، جو غصے کو قابو

الْغَيْظَ وَالْعَافِيْنَ عَنِ النَّاسِ ؕ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ۚ﴿134﴾ وَالَّذِيْنَ

غصے کو | اور معاف کرنیوالے ہیں | سے | لوگوں | اور اللہ | پسند کرتا ہے | نیکی کرنیوالوں کو | اور جو لوگ کہ

میں رکھتے ہیں، جو لوگوں کی غلطیوں سے درگزر کرتے ہیں اور اللہ نیکی کرنے والوں کو پسند کرتا ہے۔ یہ وہ لوگ

اِذَا فَعَلُوْا فَاحِشَةً اَوْ ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ ذَكَرُوا اللّٰهَ فَاسْتَغْفَرُوْا

جب | کریں | کوئی بے حیائی | یا | ظلم کریں | اپنی جانوں پر | یاد کریں | اللہ کو | پس بخشش مانگیں

ہیں جب کوئی کھلی برائی کر بیٹھیں یا کوئی گناہ کر کے اپنی جانوں پر ظلم کریں تو فوراً اللہ کو یاد کر کے اپنے گناہوں کی

لِذُنُوْبِهِمْ ۠ وَمَنْ يَّغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اللّٰهُ ۠ وَلَمْ يُصِرُّوْا عَلٰى

اپنے گناہوں کی | اور کون ہے جو | بخشتا ہے | گناہوں کو | سوائے | اللہ کے | اور نہ | ضد کریں | پر

معافی مانگتے ہیں اور اللہ کے سوا کون ہے جو بندوں کے گناہ بخشے؟ اور جو جان بوجھ کر

مَا فَعَلُوْا وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿135﴾ اُولٰٓئِكَ جَزَآؤُهُمْ مَّغْفِرَةٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ

اُس جو | اُنہوں نے کیا | جبکہ وہ | وہ جانتے ہیں | یہ لوگ ہیں | بدلہ اُنکا ہے | بخشش | سے | رب اُنکے

اپنی غلطی پر نہیں اڑتے۔ ایسے لوگوں کو ان کے اعمال کا بدلہ ان کے رب کی طرف سے بخشش کی صورت میں ملے گا۔

وَجَنّٰتٌ تَجْرِىْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ وَنِعْمَ اَجْرُ

اور باغات | بہتی ہیں | سے | نیچے اُنکے | نہریں | ہمیشہ رہنے والے ہیں | اُس میں | اور بہت اچھا ہے | بدلہ

اس کے علاوہ ان کے لیے ایسے باغ ہوں گے جن میں نہریں بہتی ہوں گی۔ وہاں وہ ہمیشہ رہیں گے...... یہ کیسا اچھا بدلہ ہے

الْعٰمِلِيْنَ ؕ﴿136﴾ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِكُمْ سُنَنٌ ۙ فَسِيْرُوْا فِى الْاَرْضِ

عمل کرنیوالوں کا | بیشک | گزرے ہیں | سے | پہلے تم | کئی نمونے | پس سیر کرو | میں | زمین

کام کرنے والوں کا! تم سے پہلے بہت سی قوموں کی مثالیں گزر چکی ہیں۔ تم دنیا میں چل پھر کر

فَانْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِيْنَ ﴿١٣٧﴾ هٰذَا بَيَانٌ لِّلنَّاسِ

پھر تم دیکھو | کیسا | ہوا | انجام | جھٹلانے والوں کا | یہ ہے | ایک واضح بیان | لوگوں کیلئے

دیکھو جھٹلانے والوں کا کیا انجام ہوا؟ یہ قرآن ایک بیان ہے لوگوں کو سمجھانے کے لیے

وَهُدًى وَّمَوْعِظَةٌ لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿١٣٨﴾ وَلَا تَهِنُوْا وَلَا تَحْزَنُوْا وَاَنْتُمُ

اور ہدایت ہے | اور نصیحت ہے | پرہیزگاروں کیلئے | اور نہ | تم کمزور پڑو | اور نہ | تم غم کرو | اور تمھی ہو

اور یہ ہدایت اور نصیحت ہے اللہ سے ڈرنے والوں کے لیے!۔ تم ہمت نہ ہارو اور غم نہ کرو، بلکہ تمہی

الْاَعْلَوْنَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿١٣٩﴾ اِنْ يَّمْسَسْكُمْ قَرْحٌ فَقَدْ مَسَّ

سربلند (غالب) | اگر | تم ہو | ایمان والے | اگر | پہنچا تمہیں | زخم | پس بیشک | لگا ہے

غالب رہو گے اگر تم سچے مومن بن جاؤ۔ اگر تم نے چوٹ کھائی ہے تو کیا ہوا، اس سے پہلے

الْقَوْمَ قَرْحٌ مِّثْلُهٗ ؕ وَتِلْكَ الْاَيَّامُ نُدَاوِلُهَا بَيْنَ النَّاسِ ۚ

اُس قوم کو بھی | زخم | اُس جیسا | اور یہ | دن ہیں | ہم گھماتے ہیں | درمیان | لوگوں کے

تمہارا دشمن بھی اسی طرح کی چوٹ کھا چکا ہے..... ہم ایسے واقعات کو لوگوں کے درمیان بدلتے رہتے ہیں۔

وَلِيَعْلَمَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَيَتَّخِذَ مِنْكُمْ شُهَدَآءَ ؕ وَاللّٰهُ

اور تاکہ پرکھ کرلے | اللہ | اُن لوگوں کو جو | ایمان لائے | اور تاکہ بنائے | تم میں سے | شہید | اور اللہ

یہ واقعہ بھی اللہ کی طرف سے ایک آزمائش تھی تاکہ سچے اور مخلص مسلمانوں کی پہچان کرا دی جائے اور تم میں سے دین حق کے شہید

لَا يُحِبُّ الظّٰلِمِيْنَ ﴿١٤٠﴾ وَلِيُمَحِّصَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَيَمْحَقَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿١٤١﴾

نہیں پسند کرتا | ظالموں کو | اور تاکہ پرکھے | اللہ | اُن لوگوں کو جو | ایمان لائے | اور تاکہ مٹا ڈالے | کافروں کو

بنائے جائیں اور اللہ ظالموں کو پسند نہیں کرتا...... اور تاکہ اللہ ایمان والوں کو چھانٹ لے اور ان کے ہاتھوں کافروں کا زور توڑ

اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ وَلَمَّا يَعْلَمِ اللّٰهُ الَّذِيْنَ جٰهَدُوْا

کیا | تم نے گمان کیا | کہ | تم داخل ہوگے | جنت میں | اور ابھی نہیں | جانچا | اللہ نے | اُن لوگوں کو جو | جہاد کریں

دے۔ مسلمانو! تمہارا کیا خیال ہے کہ بس یونہی جنت میں داخل ہو جاؤ گے حالاں کہ ابھی اللہ نے تم میں سے نہ جہاد کرنے والوں

مِنْكُمْ وَيَعْلَمَ الصّٰبِرِيْنَ ﴿١٤٢﴾ وَلَقَدْ كُنْتُمْ تَمَنَّوْنَ الْمَوْتَ مِنْ

تم میں سے | اور پرکھے | صبر کرنیوالوں کو | اور یقیناً | تم تھے | تمنا کرتے | موت کی | سے

کو آزما کر دوسروں سے ممتاز کیا اور نہ صبر کرنے والوں کو۔ تم موت کے آنے سے پہلے اللہ کی راہ میں شہید ہونے کی

قَبْلِ اَنْ تَلْقَوْهُ ۪ فَقَدْ رَاَيْتُمُوْهُ وَاَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ ﴿۱۴۳﴾ وَمَا مُحَمَّدٌ

پہلے | کہ | تم ملو اُس کو | پس اب | تم نے دیکھ لیا اُسے | اور تم | تم دیکھتے ہو | اور نہیں | محمد

تمنا کرتے تھے اب جبکہ تمہیں موت کے اسباب نظر آئے تو کیوں نہیں لڑتے؟ محمد ﷺ اللہ کے رسول

اِلَّا رَسُوْلٌ ۚ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ ؕ اَفَاۡئِنْ مَّاتَ اَوْ

مگر | رسول | بیشک | ہو گزرے | سے | پہلے اُسکے | بہت رسول | کیا پس اگر | فوت ہو جائے | یا

ہی تو ہیں۔ ان سے پہلے بہت سے رسول ہو گزرے۔ اب اگر یہ وفات پا جائیں یا

قُتِلَ انْقَلَبْتُمْ عَلٰٓى اَعْقَابِكُمْ ؕ وَمَنْ يَّنْقَلِبْ عَلٰى عَقِبَيْهِ فَلَنْ

قتل ہو جائے | تم پھر جاؤ گے | پر | اپنی ایڑیوں | اور جو کوئی | پھر جائے | پر | اپنی ایڑیوں | پس ہرگز نہ

شہید ہو جائیں تو کیا تم اُلٹے پاؤں کفر کی طرف لوٹ جاؤ گے؟ جو کفر کی طرف جائے گا وہ

يَّضُرَّ اللّٰهَ شَيْـًٔا ؕ وَسَيَجْزِى اللّٰهُ الشّٰكِرِيْنَ ﴿۱۴۴﴾ وَمَا كَانَ لِنَفْسٍ

بگاڑے گا | اللہ کا | کچھ بھی | اور جلد بدلہ دے گا | اللہ | شکر کرنیوالوں کو | اور نہیں | ہو سکتا | کسی جان کیلئے

اللہ کا کچھ نہیں بگاڑے گا۔ اور شکر گزاروں کو اللہ اجر دے گا۔ اور یاد رکھو، اللہ کے حکم کے بغیر

اَنْ تَمُوْتَ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ كِتٰبًا مُّؤَجَّلًا ؕ وَمَنْ يُّرِدْ ثَوَابَ

کہ | وہ مرے | مگر | ساتھ حکم | اللہ کے | لکھا ہوا | وقت مقرر | اور جو کوئی | چاہے | بدلہ

کوئی شخص مر نہیں سکتا۔ موت کا وقت مقرر ہے۔ جو صرف دنیا کا فائدہ چاہتا ہے

الدُّنْيَا نُؤْتِهٖ مِنْهَا ۚ وَمَنْ يُّرِدْ ثَوَابَ الْاٰخِرَةِ نُؤْتِهٖ مِنْهَا ؕ

دُنیا کا | ہم دیں گے اُسے | اُس میں سے | اور جو کوئی | چاہے | ثواب | آخرت کا | ہم دیں گے اُسے | اُس میں سے

اسے ہم دنیا میں سے دیتے ہیں اور جو آخرت کا اجر چاہتا ہے اسے وہاں دیں گے۔

وَسَنَجْزِى الشّٰكِرِيْنَ ﴿۱۴۵﴾ وَكَاَيِّنْ مِّنْ نَّبِيٍّ قٰتَلَ ۙ مَعَهٗ رِبِّيُّوْنَ

اور جلد ہم بدل دیں گے | شکر کرنیوالوں کو | اور بہت سے | تھے | نبی | کہ لڑے | ساتھ اُسکے ہو کر | اللہ والے

ہم شکر کرنے والوں کو ان کا صلہ ضرور دیں گے۔ کتنے ہی نبی ہو گزرے ہیں جن کے ساتھ مل کر بہت سے اللہ والوں

كَثِيْرٌ ۚ فَمَا وَهَنُوْا لِمَآ اَصَابَهُمْ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَمَا ضَعُفُوْا

بہت | پھر نہ | وہ سست ہوئے | اُس سے جو | پہنچا اُنکو | میں | راہ | اللہ کی | اور نہ | وہ کمزور پڑے

نے جنگ کی۔ پھر جو مصیبت ان لوگوں کو اللہ کی راہ میں پیش آئی، اس کی وجہ سے نہ انھوں نے ہمت ہاری، نہ کمزوری دکھائی

وَمَا اسْتَكَانُوْا ۭ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الصّٰبِرِيْنَ ﴿146﴾ وَمَا كَانَ قَوْلَهُمْ اِلَّآ

اور نہ | اُنھوں نے گھٹنے ٹیکے | اور اللہ | پسند کرتا ہے | صبر کرنیوالوں کو | اور نہ | تھی | بات اُنکی | مگر

اور نہ دشمنوں کے آگے دبے...... اور اللہ ثابت قدم رہنے والوں کو پسند کرتا ہے اور ان کی زبان سے اس کے سوا کچھ نہ نکلا کہ اے

اَنْ قَالُوْا رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَاِسْرَافَنَا فِيْٓ اَمْرِنَا

یہ کہ | انہوں نے کہا | رب ہمارے | تُو بخش دے | ہم کو | گناہ ہمارے | اور زیادتی ہماری | میں | ہمارے کام

ہمارے رب! ہمارے گناہ بخش دے، ہمارے کام میں ہم سے جو زیادتی ہوئی اسے معاف فرما،

وَثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَي الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿147﴾ فَاٰتٰىھُمُ اللّٰهُ

اور ثابت رکھ | قدم ہمارے | اور مدد کر ہماری | خلاف | لوگوں | کافر کے | پھر دیا اُنکو | اللہ نے

ہمیں ثابت قدم رکھ اور کافروں کے مقابلے میں ہماری مدد فرما!...... اس پر اللہ نے انھیں دنیا میں بھی

ثَوَابَ الدُّنْيَا وَحُسْنَ ثَوَابِ الْاٰخِرَةِ ۭ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿148﴾ ع 15 5 6

ثواب | دُنیا کا | اور اچھا | ثواب | آخرت کا | اور اللہ | پسند کرتا ہے | نیکی کرنیوالوں کو

اچھا بدلہ دیا اور آخرت کے عمدہ اجر سے بھی نوازا۔ اور اللہ نیکی کرنے والوں کو پسند کرتا ہے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ تُطِيْعُوا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يَرُدُّوْكُمْ عَلٰٓي

اے | لوگو جو | ایمان لائے | اگر | تُم کہا مانو گے | اُن لوگوں کا جو | کافر ہوئے | وہ پھیر دیں گے تُم کو | پر

اے ایمان والو! اگر تم کافروں کی بات مانو گے تو وہ تمھیں اُلٹا کفر کی طرف

اَعْقَابِكُمْ فَتَنْقَلِبُوْا خٰسِرِيْنَ ﴿149﴾ بَلِ اللّٰهُ مَوْلٰىكُمْ ۚ وَھُوَ خَيْرُ

تمہاری ایڑیوں | پھر تُم ہو جاؤ گے | نُقصان اُٹھانے والے | بلکہ | اللہ ہے | کارساز تمہارا | اور وہ ہے | بہتر

پھیر دیں گے پھر تم گھاٹے میں رہو گے۔ بلکہ تم اللہ کی اطاعت کرو، وہی تمہارا کارساز اور بہترین

النّٰصِرِيْنَ ﴿150﴾ سَنُلْقِيْ فِيْ قُلُوْبِ الَّذِيْنَ كَفَرُوا الرُّعْبَ بِمَآ اَشْرَكُوْا

مدد کرنیوالا | جلد ہم ڈالیں گے | میں | دلوں | اُن لوگوں کے جو | کافر ہوئے | رُعب کو | اس وجہ سے کہ | انھوں نے شرک کیا

مددگار ہے۔ گھبراؤ نہیں، ہم کافروں کے دلوں میں تمہارا رعب ڈال دیں گے کیونکہ انھوں نے ایسی چیزوں کو اللہ کا شریک بنایا جن

بِاللّٰهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهٖ سُلْطٰنًا ۚ وَمَاْوٰىھُمُ النَّارُ ۭ وَبِئْسَ

ساتھ اللہ کے | جس کی | نہیں | اُتاری (اللہ نے) | اس پر | کوئی دلیل | اور ٹھکانہ اُنکا | آگ ہے | اور وہ بُری ہے

کے حق میں اللہ نے کوئی دلیل نہیں اتاری۔ ایسے لوگوں کا ٹھکانا دوزخ ہے اور ظالموں کا

مَثْوَى الظّٰلِمِيْنَ ﴿151﴾ وَلَقَدْ صَدَقَكُمُ اللّٰهُ وَعْدَهٗٓ اِذْ تَحُسُّوْنَهُمْ

رہنے کی جگہ | ظالموں کے | اور بیشک | سچا کیا ہے تم سے | اللہ نے | وعدہ اپنا | جب | تم تھے کاٹتے اُنکو

برا ٹھکانا ہے۔ مسلمانو! اللہ نے تم سے اپنا وعدہ سچ کر دکھایا جب تم اس کے حکم سے کافروں کا صفایا

بِاِذْنِهٖ ۚ حَتّٰٓى اِذَا فَشِلْتُمْ وَتَنَازَعْتُمْ فِى الْاَمْرِ وَعَصَيْتُمْ مِّنْۢ

اُسکے حکم سے | یہانتک کہ | جب | تم بزدل ہوگئے | اور تم جھگڑ پڑے | میں | کام | اور تم نے نافرمانی کی | سے

کررہے تھے۔ پھر تم خود کمزور پڑ گئے اور رسول ﷺ کے حکم کے بارے میں جھگڑنے لگے اور نافرمانی کر بیٹھے۔ اور اس سے پہلے

بَعْدِ مَآ اَرٰىكُمْ مَّا تُحِبُّوْنَ ؕ مِنْكُمْ مَّنْ يُّرِيْدُ الدُّنْيَا وَمِنْكُمْ

بعد | کہ | دکھائی تمہیں | وہ چیز جو | تم پسند کرتے تھے | تم میں سے | کوئی | چاہتا تھا | دُنیا کو | اور تم میں سے

تمہیں وہ مال غنیمت بھی دکھایا گیا جسے تم حاصل کرنا چاہتے تھے۔ تم میں سے بعض دنیا چاہتے تھے

مَّنْ يُّرِيْدُ الْاٰخِرَةَ ۚ ثُمَّ صَرَفَكُمْ عَنْهُمْ لِيَبْتَلِيَكُمْ ۚ وَلَقَدْ عَفَا

کوئی | چاہتا تھا | آخرت کو | پھر | اُس نے پھیر دیا تم کو | اُن سے | تاکہ وہ آزمائے تم کو | اور بیشک | معاف کیا

اور بعض آخرت چاہتے تھے۔ پھر اللہ نے تمہارا رُخ دشمنوں کی طرف سے پھیر دیا اور تم پر سخت آزمائش آن پڑی۔ پھر اللہ نے تمہیں

عَنْكُمْ ؕ وَاللّٰهُ ذُوْ فَضْلٍ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿152﴾ اِذْ تُصْعِدُوْنَ

تم کو | اور اللہ ہے | فضل والا | پر | ایمان والوں | جب | تم چڑھے جاتے تھے

معاف کر دیا اور ایمان والوں پر اللہ کا بڑا فضل ہے۔ یاد کرو جب تم میدان سے بھاگ رہے تھے اور تمہیں کسی اور

وَلَا تَلْوٗنَ عَلٰٓى اَحَدٍ وَّالرَّسُوْلُ يَدْعُوْكُمْ فِىْٓ اُخْرٰىكُمْ فَاَثَابَكُمْ غَمًّۢا

اور نہ تم مُڑتے تھے | پر | کسی | اور رسول | پکارتا تھا تم کو | میں | تمہارے پیچھے | پھر دوبارہ دیا تم کو | غم

جانب مڑ کر دیکھنے کا ہوش نہ تھا۔ حالاں کہ اللہ کا رسول ﷺ تمہیں پیچھے پکار رہا تھا۔ پھر اللہ نے تمہیں غم پر غم دیا

بِغَمٍّ لِّكَيْلَا تَحْزَنُوْا عَلٰى مَا فَاتَكُمْ وَلَا مَآ اَصَابَكُمْ ؕ وَاللّٰهُ

ساتھ غم کے | تاکہ نہ | تم غم کرو | پر | جو | نہ ملی تمہیں | اور نہ | جو | پہنچی تمہیں | اور اللہ

تاکہ آئندہ کسی نقصان کی صورت میں یا مصیبت کے وقت تم غمگین نہ ہو اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ

خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿153﴾ ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ الْغَمِّ اَمَنَةً

باخبر ہے | اُس سے جو | تم کرتے ہو | پھر | اُتارا | تم پر | سے | بعد | غم کے | امن

اُس سے باخبر ہے۔ پھر اللہ نے تم میں سے مخلص گروہ پر نیند طاری کر دی جس سے ان کے اندر اطمینان،

نُّعَاسًا يَّغْشٰى طَآئِفَةً مِّنْكُمْ ۙ وَطَآئِفَةٌ قَدْ اَهَمَّتْهُمْ اَنْفُسُهُمْ

جو کہ اُونگھ تھی | جو ڈھانکتی تھی | ایک جماعت کو | تم میں سے | اور ایک جماعت تھی کہ | واقعی | فکرمند کر دیا اُنکو | اُنکی جانوں نے

پیدا ہوا جبکہ دوسرے گروہ کو اس وقت اپنی جانوں کی فکر تھی۔ وہ اللہ کے بارے میں

يَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ غَيْرَ الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاهِلِيَّةِ ؕ يَقُوْلُوْنَ هَلْ لَّنَا مِنَ

وہ گمان کرتے تھے | اللہ پر | سوائے | حق کے | گمان | جاہلیت کا | وہ کہتے تھے | کیا ہے | ہمارے لیے | سے

دورِ جاہلیت کی نامناسب بدگمانیاں کررہے تھے، کہتے تھے ''کیا کریں، ہمارے پاس

الْاَمْرِ مِنْ شَيْءٍ ؕ قُلْ اِنَّ الْاَمْرَ كُلَّهٗ لِلّٰهِ ؕ يُخْفُوْنَ فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ

اختیار | بھی | کچھ | کہہ دیجئے | بیشک | اختیار | سب کا سب | اللہ کا | وہ چھپاتے تھے | میں | اپنے دلوں

کیا اختیار ہے؟'' اے نبی ﷺ آپ ﷺ ان سے کہیں ''سب کاموں کا اختیار اللہ کے پاس ہے۔'' اصل بات یہ ہے کہ وہ جو کچھ

مَّا لَا يُبْدُوْنَ لَكَ ؕ يَقُوْلُوْنَ لَوْ كَانَ لَنَا مِنَ الْاَمْرِ شَيْءٌ مَّا

جو | نہ | وہ ظاہر کرتے تھے | تیرے لیے | وہ کہتے ہیں | اگر | ہوتا | ہم کو | سے | اختیار | کچھ | نہ

اپنے دلوں میں چھپائے ہوئے ہیں، اسے آپ ﷺ پر ظاہر نہیں کرتے۔ دل ہی دل میں کہتے ہیں ''اگر اس معاملے میں ہمارا بھی

قُتِلْنَا هٰهُنَا ؕ قُلْ لَّوْ كُنْتُمْ فِيْ بُيُوْتِكُمْ لَبَرَزَ الَّذِيْنَ كُتِبَ

ہم مارے جاتے | اس جگہ | کہہ دیجئے | اگر | تم ہوتے | میں | اپنے گھروں | ضرور باہر نکلتے | وہ لوگ جو | لکھا تھا

دخل ہوتا تو ہمارے لوگ یہاں نہ مارے جاتے۔'' اے نبی ﷺ! آپ ﷺ ان سے کہیں ''اگر تم اپنے گھروں کے اندر بھی ہوتے تو

عَلَيْهِمُ الْقَتْلُ اِلٰى مَضَاجِعِهِمْ ۚ وَلِيَبْتَلِيَ اللّٰهُ مَا فِيْ صُدُوْرِكُمْ

اُن پر | قتل ہونا | طرف | اپنے مرنے کی جگہ کی | اور تاکہ آزمائے | اللہ | اُسے جو | میں | تمہارے سینوں

وہ لوگ جن کی قسمت میں قتل ہونا لکھا تھا، وہ ضرور اپنے قتل کی جگہ تک پہنچ کر رہتے۔ اور اس جنگ میں یہ حکمت بھی تھی کہ اس طرح

وَلِيُمَحِّصَ مَا فِيْ قُلُوْبِكُمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿۱۵۴﴾ اِنَّ

اور تاکہ وہ پرکھے | جو کچھ ہے | میں | تمہارے دلوں | اور اللہ | خوب جاننے والا ہے | سینوں والی بات کو | بیشک

اللہ تمہارے دلوں کے حال کو آزمائے اور انھیں ہر طرح کی آلائش سے پاک کردے۔ اور اللہ سینوں میں چھپی باتوں کو بھی جانتا

الَّذِيْنَ تَوَلَّوْا مِنْكُمْ يَوْمَ الْتَقَى الْجَمْعٰنِ ۙ اِنَّمَا اسْتَزَلَّهُمُ الشَّيْطٰنُ

جو لوگ | پیٹھ دکھا گئے | تم میں سے | اس دن کہ | مقابل آئیں | دو جماعتیں | بیشک | ڈگمگا دیا ان کو | شیطان نے

ہے۔ تم میں سے جن لوگوں نے اس دن لڑنے سے منہ موڑا جب دو لشکروں میں مقابلہ ہوا تھا تو شیطان نے ان لوگوں کی

بِبَعْضِ مَا كَسَبُوا ۖ وَلَقَدْ عَفَا اللَّهُ عَنْهُمْ ۗ إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ

کچھ | جو | انہوں نے کمایا | اور بیشک | معاف کیا | اللہ نے | اُنکو | بیشک | اللہ ہے | بڑا بخشنے والا

بعض غلطیوں کے سبب ان کے قدم ڈگمگا دیئے۔ مگر اب اللہ نے انھیں معاف کردیا۔ بے شک اللہ بخشنے والا

حَلِيمٌ ﴿١٥٥﴾ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَكُونُوا كَالَّذِينَ كَفَرُوا وَقَالُوا

16 ع 7 7

بہت نرمی کرنیوالا | اے | لوگو جو | ایمان لائے | نہ | ہوجاؤ | ان جیسے جو | کافر ہوئے | اور انہوں نے کہا

تحمل والا ہے۔ اے ایمان والو! ان لوگوں کی طرح نہ بنو جو کفر کی راہ اختیار کیے ہوئے ہیں اور منافق ہیں۔ جو اپنے

لِإِخْوَانِهِمْ إِذَا ضَرَبُوا فِي الْأَرْضِ أَوْ كَانُوا غُزًّى لَوْ كَانُوا عِنْدَنَا

اپنے بھائیوں سے | جب | وہ چلتے ہیں | میں | زمین | یا | ہوتے ہیں | لڑنے والے | اگر | ہوتے | پاس ہمارے

ان بھائیوں کے بارے میں جو سفر یا جہاد میں جان دے دیتے ہیں، یہ کہتے پھرتے ہیں کہ ''اگر وہ ہمارے پاس رہتے

مَا مَاتُوا وَمَا قُتِلُوا ۚ لِيَجْعَلَ اللَّهُ ذَٰلِكَ حَسْرَةً فِي قُلُوبِهِمْ ۗ

نہ | مرتے | اور نہ | مارے جاتے | تاکہ بنادے | اللہ | اس بات کو | پشیمانی | میں | اُنکے دلوں

تو نہ مرتے اور نہ قتل ہوتے۔'' لیکن ان کا یہ خیال ان کی اس ندامت کا اظہار ہے جو اللہ نے ان کے دلوں میں پیدا کردی ہے۔

وَاللَّهُ يُحْيِي وَيُمِيتُ ۗ وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ ﴿١٥٦﴾ وَلَئِنْ قُتِلْتُمْ

اور اللہ | زندہ کرتا ہے | اور موت دیتا ہے | اور اللہ ہے | اُس کو جو | تم کرتے ہو | خوب دیکھنے والا ہے | اور اگر | تم مارے جاؤ

ویسے زندگی اور موت اللہ کے ہاتھ میں ہے اور جو کچھ تم کر رہے ہو، اللہ اسے دیکھ رہا ہے۔ اگر تم اللہ کی راہ میں

فِي سَبِيلِ اللَّهِ أَوْ مُتُّمْ لَمَغْفِرَةٌ مِنَ اللَّهِ وَرَحْمَةٌ خَيْرٌ مِمَّا

میں | راہ | اللہ کی | یا | تم مرجاؤ | توضرور بخشش ہے | سے | اللہ | اور رحمت | بہتر ہے | اُس سے جو

شہید ہوجاؤ یا وفات پاؤ، دونوں صورتوں میں تمہیں اللہ کی طرف سے جو بخشش اور رحمت نصیب ہوگی، وہ اس مال

يَجْمَعُونَ ﴿١٥٧﴾ وَلَئِنْ مُتُّمْ أَوْ قُتِلْتُمْ لَإِلَى اللَّهِ تُحْشَرُونَ ﴿١٥٨﴾ فَبِمَا

وہ جمع کرتے ہیں | اور اگر | تم مرجاؤ | یا | تم مارے جاؤ | ضرور طرف | اللہ کی | تم اکٹھے کیے جاؤ گے | پس بسبب

ودولت سے بہتر ہے جسے لوگ دنیا میں جمع کرتے ہیں۔ یادرکھو، اگر تم وفات پاؤ یا شہید ہوجاؤ، ہر حال میں اللہ کی طرف اکٹھے کیے

رَحْمَةٍ مِنَ اللَّهِ لِنْتَ لَهُمْ ۖ وَلَوْ كُنْتَ فَظًّا غَلِيظَ الْقَلْبِ

رحمت | سے | اللہ | تُو نرم ہوا | اُنکے لیے | اور اگر | تُو ہوتا | سخت گیر | سخت | دل

جاؤ گے۔ اے نبی ﷺ! یہ اللہ کی رحمت ہے کہ آپ ﷺ ان لوگوں کے لیے بہت نرم ہیں۔ اگر آپ ﷺ سخت مزاج اور سخت دل

لَانْفَضُّوْا مِنْ حَوْلِكَ ۠ فَاعْفُ عَنْهُمْ وَاسْتَغْفِرْ لَهُمْ وَشَاوِرْهُمْ

ضرور وہ بھاگ جاتے | سے | گرد تیرے | پس تُو معاف کر | اُنکو | اور تُو بخشش مانگ | اُنکے لیے | اور تُو مشورہ کر اُن سے

ہوتے تو یہ لوگ آپ ﷺ کے پاس سے بھاگ جاتے۔ آپ ﷺ ان لوگوں کی غلطی معاف کر دیں، ان کے لیے بخشش مانگیں اور

فِي الْاَمْرِ ۚ فَاِذَا عَزَمْتَ فَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ

میں | کام | پھر جب | تُو عزم کرلے | پھر تو بھروسا کر | پر | اللہ | بیشک | اللہ | پسند کرتا ہے

معاملات میں ان سے مشورہ لیا کریں۔ پھر جب کسی کام کا فیصلہ کر لیں تو اللہ کے بھروسے پر اسے کر گزریں۔ بے شک اللہ ایسے

الْمُتَوَكِّلِيْنَ ۝ اِنْ يَّنْصُرْكُمُ اللّٰهُ فَلَا غَالِبَ لَكُمْ ۚ وَاِنْ يَّخْذُلْكُمْ

توکل کرنیوالوں کو | اگر | مدد کرے تمہاری | اللہ | تو نہیں کوئی | غالب آنے والا | تم پر | اور اگر | وہ تمہیں چھوڑ دے

لوگوں کو پسند کرتا ہے جو اس پر بھروسا کرتے ہیں۔ یاد رکھو، اگر اللہ تمہارا ساتھ دے تو کوئی تم پر غالب نہیں آ سکتا۔ لیکن اگر وہ تمہارا

فَمَنْ ذَا الَّذِيْ يَنْصُرُكُمْ مِّنْۢ بَعْدِهٖ ۭ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ

تو کون | ہے | جو | مدد کرے گا تُمہاری | سے | بعد اُسکے | اور پر | اللہ | پس چاہیے کہ بھروسا کریں

ساتھ چھوڑ دے تو اس کے بعد کون ہے جو تمہاری مدد کر سکے؟ اور ایمان والوں کو صرف اللہ پر بھروسا

الْمُؤْمِنُوْنَ ۝ وَمَا كَانَ لِنَبِيٍّ اَنْ يَّغُلَّ ۭ وَمَنْ يَّغْلُلْ يَاْتِ بِمَا

ایمان والے | اور نہیں | مناسب | کسی نبی کیلئے | کہ | وہ خیانت کرے | اور جو کوئی | خیانت کریگا | وہ لائے گا | اُسکو جو

کرنا چاہیے۔ اور دیکھو، نبی ﷺ کا کام خیانت کرنا نہیں، جو شخص خیانت کرتا ہے وہ قیامت کے

غَلَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۚ ثُمَّ تُوَفّٰى كُلُّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ وَهُمْ

خیانت کی | دن | قیامت کے | پھر | پُورا دیا جائے گا | ہر | جان کو | جو | اُس نے کمایا | اور وہ

دن اپنی خیانت سمیت پیش ہوگا۔ پھر ہر ایک کو اس کے کیے کا پورا بدلہ دیا جائے گا اور کسی

لَا يُظْلَمُوْنَ ۝ اَفَمَنِ اتَّبَعَ رِضْوَانَ اللّٰهِ كَمَنْۢ بَاۗءَ بِسَخَطٍ مِّنَ اللّٰهِ

نہیں اُن پر ظلم ہوگا | کیا؟ پس جس نے | پیروی کی | رضامندی | اللہ کی | ہوگا مانند اُسکے جو | پھر آیا | ساتھ غصّے | سے | اللہ کے

سے ناانصافی نہ ہوگی۔ کیا وہ آدمی جو ہر وقت اللہ کی رضا چاہتا ہے ایک ایسے شخص کی طرح ہو سکتا ہے جو اللہ کے غضب کا مستحق ہو اور

وَمَاْوٰىهُ جَهَنَّمُ ۭ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ۝ هُمْ دَرَجٰتٌ عِنْدَ اللّٰهِ ۭ وَاللّٰهُ

اور ٹھکانہ اُسکا | دوزخ ہے | اور وہ بُرا ہے | ٹھکانہ | یہ لوگ | درجوں پر ہیں | نزدیک | اللہ کے | اور اللہ

جس کا ٹھکانا دوزخ ہو جو بہت برا ٹھکانا ہے؟ البتہ اللہ کے ہاں نیک لوگوں کے کئی درجے ہوں گے اور اللہ

بَصِيرٌ ﴿١٦٣﴾ بِمَا يَعْمَلُونَ لَقَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ اِذْ بَعَثَ

خوب دیکھنے والا ہے | اُس کو جو | وہ کرتے ہیں | بیشک | احسان کیا | اللہ نے | پر | ایمان والوں | جب | بھیجا

دیکھ رہا ہے جو وہ کرتے ہیں۔ بے شک اللہ نے ایمان والوں پر احسان کیا کہ انھی میں سے ان کے پاس

فِيهِمْ رَسُولًا مِّنْ اَنْفُسِهِمْ يَتْلُوا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيهِمْ

اُن میں | رسول | سے | اُن میں | وہ پڑھتا ہے | اُن پر | آیتیں اُسکی | اور وہ پاک کرتا ہے اُنکو

ایک رسول ﷺ بھیجا جو انھیں اللہ کی آیتیں سناتا، انھیں پاک کرتا

وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ ۚ وَاِنْ كَانُوا مِنْ قَبْلُ لَفِي ضَلٰلٍ

اور وہ سکھاتا ہے اُنکو | کتاب | اور دانائی | اور بیشک | تھے | سے | پہلے اس | ضرور میں | گمراہی

اور کتاب و حکمت کی تعلیم دیتا ہے جبکہ اس کی بعثت سے پہلے وہ کھلی گمراہی

مُّبِينٍ ﴿١٦٤﴾ اَوَلَمَّآ اَصَابَتْكُمْ مُّصِيبَةٌ قَدْ اَصَبْتُمْ مِّثْلَيْهَا ۙ قُلْتُمْ

کھلی | کیا | جس وقت | پہنچی تم کو | مصیبت | بیشک | تم نے پہنچائی تھی | دوگنی اُسکی | تم نے کہا

میں تھے۔ اے مسلمانو! جب لڑائی میں تم پر مصیبت آئی تو تم نے کہا ''یہ کہاں سے آگئی؟'' حالاں کہ اس سے پہلے کی جنگ میں اس

اَنّٰى هٰذَا ۖ قُلْ هُوَ مِنْ عِنْدِ اَنْفُسِكُمْ ۖ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ

کہاں سے ہوا | یہ | کہہ دیجئے | وہ ہے | سے | پاس | تمہاری جانوں کے | بیشک | اللہ | اوپر | ہر

سے دگنی مصیبت تم اپنے دشمنوں پر ڈال چکے تھے۔ اے نبی ﷺ! آپ ﷺ ان سے کہیں ''یہ مصیبت تمہاری اپنی وجہ سے آئی۔

شَيْءٍ قَدِيرٌ ﴿١٦٥﴾ وَمَآ اَصَابَكُمْ يَوْمَ الْتَقَى الْجَمْعٰنِ فَبِاِذْنِ اللّٰهِ

چیز کے | قادر ہے | اور جو کچھ | پہنچا تمہیں | اس دن کہ | ملے | دو لشکر | پس ساتھ حکم | اللہ کے

بے شک اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔'' جس دن دو لشکروں میں مقابلہ ہوا اور اس کے نتیجے میں تمھیں جو مصیبت پہنچی وہ اللہ کے حکم سے پہنچی

وَلِيَعْلَمَ الْمُؤْمِنِينَ ﴿١٦٦﴾ وَلِيَعْلَمَ الَّذِينَ نَافَقُوا ۚۖ وَقِيلَ لَهُمْ تَعَالَوْا

اور تاکہ ظاہر کر دے | ایمان والوں کو | اور تاکہ ظاہر کر دے | اُن لوگوں کو جو | منافق ہوئے | اور کہا گیا | اُنکو | آؤ

تاکہ یہ ظاہر ہو کہ ایمان والے کون ہیں۔ اور منافق کون؟ جب منافقوں سے کہا گیا ''آؤ''

قَاتِلُوا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ اَوِ ادْفَعُوا ۖ قَالُوا لَوْ نَعْلَمُ قِتَالًا

لڑو | میں | راہ | اللہ کی | یا | دفاع کرو | کہنے لگے | اگر | ہم جانتے | لڑائی ہوتا

اللہ کی راہ میں نکل کر میدان میں لڑو یا شہر میں رہ کر دشمن کے حملے کو روکو'' تو وہ کہنے لگے ''اگر ہمیں جنگی حکمت عملی

لَّا اتَّبَعْنٰكُمْ ؕ هُمْ لِلْكُفْرِ يَوْمَئِذٍ اَقْرَبُ مِنْهُمْ لِلْاِيْمَانِ ۚ يَقُوْلُوْنَ

ضرور ساتھ چلتے تمہارے | یہ لوگ | کفر کے | اس دن | زیادہ قریب تھے | بہ نسبت | ایمان کے | کہتے ہیں

معلوم ہوتی تو ہم ضرور تمہارا ساتھ دیتے۔'' یہ لوگ اس دن ایمان کی نسبت کفر کے زیادہ قریب تھے۔ جو بات اپنے منہ سے کہتے

بِاَفْوَاهِهِمْ مَّا لَيْسَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ ؕ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا يَكْتُمُوْنَ ۚ ﴿۱۶۷﴾

اپنے مونہوں سے | جو | نہیں تھا | میں | اُنکے دلوں | اور اللہ | خوب جانتا ہے | جو کچھ کہ | وہ چھپاتے ہیں

ہیں وہ ان کے دل میں نہیں اور اللہ اسے خوب جانتا ہے جو وہ چھپاتے ہیں۔

اَلَّذِيْنَ قَالُوْا لِاِخْوَانِهِمْ وَقَعَدُوْا لَوْ اَطَاعُوْنَا مَا قُتِلُوْا ؕ قُلْ

جن لوگوں نے | کہا | اپنے بھائیوں سے | اور وہ خود بیٹھے رہے | اگر | کہا مانتے ہمارا | نہ | مارے جاتے | کہہ دیجئے

یہ لوگ خود بیٹھے رہے اور اپنے شہید بھائیوں کے بارے میں کہتے ہیں ''اگر وہ ہماری بات مان لیتے تو قتل نہ ہوتے۔'' اے نبی ﷺ!

فَادْرَءُوْا عَنْ اَنْفُسِكُمُ الْمَوْتَ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۱۶۸﴾

پس تم ہٹادو | سے | اپنی جانوں | موت کو | اگر | تم ہو | سچے

آپ ﷺ ان سے کہیں '' اگر تم سچے ہو تو اپنی موت کو دور ہٹا کر دیکھو۔ اور جو

وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتًا ؕ بَلْ اَحْيَآءٌ عِنْدَ

اور نہ ہرگز گمان کر | ان لوگوں کو جو | مارے گئے | میں | راہ | اللہ کی | مُردے | بلکہ | زندہ ہیں | نزدیک

لوگ اللہ کی راہ میں شہید ہوجائیں انھیں مردہ نہ سمجھو، وہ اپنے رب کے ہاں زندہ ہیں

رَبِّهِمْ يُرْزَقُوْنَ ۙ ﴿۱۶۹﴾ فَرِحِيْنَ بِمَآ اٰتٰهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ۙ

رب اپنے کے | وہ رزق دیے جاتے ہیں | خوش ہیں | اُس پر جو | دیا ہے اُنکو | اللہ نے | سے | فضل اپنے

اور اُنہیں روزی ملتی ہے۔ وہ اس پر خوش ہیں جو اللہ نے ان پر فضل فرمایا۔

وَيَسْتَبْشِرُوْنَ بِالَّذِيْنَ لَمْ يَلْحَقُوْا بِهِمْ مِّنْ خَلْفِهِمْ ۙ اَلَّا خَوْفٌ

اور وہ خوشخبری لیتے ہیں | اُن لوگوں کی جو | نہیں | ملے | اُن سے | سے | پیچھے اُنکے | یہ کہ نہیں | ڈر

اور جو لوگ ان کے پیچھے دنیا میں ہیں اور ابھی تک ان سے نہیں ملے۔ ان کے بارے میں بھی یہ خیال کر کے خوش ہوتے ہیں کہ ان

عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۱۷۰﴾ يَسْتَبْشِرُوْنَ بِنِعْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَفَضْلٍ ۙ

اُن پر | اور نہ | وہ | غمگین ہوں گے | وہ خوشخبری لیتے ہیں | نعمت کی | طرف سے | اللہ کی | اور فضل

کے لیے بھی نہ کوئی خوف ہوگا اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔ اور ان پر اللہ کے انعام اور اس کے فضل کے بارے میں خوش خبری پاتے

وَّ اَنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ اَجْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿171﴾ اَلَّذِيْنَ اسْتَجَابُوْا لِلّٰهِ

اور بیشک | اللہ | نہیں | ضائع کرتا | ثواب | ایمان والوں کا | جن لوگوں نے | حکم قبول کیا | اللہ کا

رہتے ہیں اور اس پر بھی خوش ہیں کہ اللہ ایمان والوں کا اجر ضائع نہیں کرتا۔ کیا شان ہے ان مومنین کی جو ایک

وَالرَّسُوْلِ مِنْۢ بَعْدِ مَآ اَصَابَهُمُ الْقَرْحُ ۛ لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا مِنْهُمْ

اور رسول کا | سے | بعد اسکے | جو | پہنچے اُنکو | زخم | اُنکے لیے جو | نیکی کرتے ہیں | اُن میں سے

لڑائی میں چوٹ کھانے کے بعد دوبارہ اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی پکار پر جہاد کے لیے نکل کھڑے ہوئے! ان میں سے جو نیک

وَاتَّقَوْا اَجْرٌ عَظِيْمٌ ﴿172﴾ اَلَّذِيْنَ قَالَ لَهُمُ النَّاسُ اِنَّ النَّاسَ قَدْ

اور پرہیزگار ہیں | ثواب | بڑا | جو لوگ کہ | کہا | اُن سے | لوگوں نے | بیشک | لوگ | البتہ

اور پرہیزگار ہیں ان کے لیے بڑا اجر ہے۔ یہ وہ ہیں جنہیں لوگوں نے خبر دی کہ ''دشمن نے تمہارے

جَمَعُوْا لَكُمْ فَاخْشَوْهُمْ فَزَادَهُمْ اِيْمَانًا ۖ وَّقَالُوْا حَسْبُنَا اللّٰهُ

جمع ہوئے ہیں | تمہارے لیے | پس تم ڈرو اُن سے | تو اور زیادہ کیا اُنکو | ایمان میں | اور وہ بولے | کافی ہے ہمیں | اللہ

خلاف بڑی طاقت جمع کر لی ہے اس سے ڈرو۔ لیکن اس چیز نے ان کے ایمان میں اور اضافہ کر دیا اور وہ بول اٹھے ''اللہ ہمارے

وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ﴿173﴾ فَانْقَلَبُوْا بِنِعْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَفَضْلٍ لَّمْ يَمْسَسْهُمْ

اور اچھا | کارساز ہے | پس پھر آئے | ساتھ نعمت کے | طرف سے | اللہ کی | اور فضل کے | نہ | پہنچی اُنکو

لیے کافی ہے اور وہ بہترین کارساز ہے۔'' پھر وہ نکلے اور اللہ کی نعمتیں اور اس کا فضل سمیٹ کر لوٹے۔ انھیں کوئی نقصان

سُوْٓءٌ ۙ وَّاتَّبَعُوْا رِضْوَانَ اللّٰهِ ۗ وَاللّٰهُ ذُوْ فَضْلٍ عَظِيْمٍ ﴿174﴾ اِنَّمَا ذٰلِكُمُ

کوئی تکلیف | اور انہوں نے پیروی کی | رضامندی | اللہ کی | اور اللہ ہے | فضل والا | بڑے | بیشک | یہ

نہ پہنچا۔ وہ اللہ کی رضا مندی پر چلے اور اللہ بڑے فضل والا ہے۔ اے مسلمانو! یہ شیطان

الشَّيْطٰنُ يُخَوِّفُ اَوْلِيَآءَهٗ ۠ فَلَا تَخَافُوْهُمْ وَخَافُوْنِ اِنْ كُنْتُمْ

شیطان | ڈراتا ہے | دوستوں اپنے سے | پس نہ | تم ڈرو اُن سے | اور تم ڈرو مجھ سے | اگر | تم ہو

ہے جو تمہیں اپنے ساتھیوں کے ذریعے ڈراتا ہے۔ تم ان سے نہ ڈرو بلکہ مجھ سے ڈرو اگر

مُّؤْمِنِيْنَ ﴿175﴾ وَلَا يَحْزُنْكَ الَّذِيْنَ يُسَارِعُوْنَ فِى الْكُفْرِ ۚ اِنَّهُمْ

ایمان والے | اور نہ | غمگین کریں تجھ کو | وہ لوگ جو | بھاگ دوڑ کرتے ہیں | میں | کفر | بیشک وہ

تم مومن ہو۔ اے نبی ﷺ! کافروں کی مخالفانہ سرگرمیاں آپ ﷺ کے لیے غم کا باعث نہ بنیں۔ وہ اللہ کو کوئی

لَنْ يَّضُرُّوا اللّٰهَ شَيْـًٔا ؕ يُرِيْدُ اللّٰهُ اَلَّا يَجْعَلَ لَهُمْ حَظًّا فِي الْاٰخِرَةِ ۚ

ہرگز نہ بگاڑ سکیں گے | اللہ کا | کچھ بھی | ارادہ کرتا ہے | اللہ | یہ کہ نہ | رکھے | اُنکے لیے | کوئی حصّہ | میں | آخرت

نقصان نہیں پہنچا سکتے۔ اللہ چاہتا ہے کہ ان کے لیے آخرت کی نعمتوں میں کوئی حصہ نہ رکھے

وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۷۶﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا الْكُفْرَ بِالْاِيْمَانِ

اور اُن کیلئے ہے | عذاب | بڑا | بیشک | جن لوگوں نے | خریدا | کُفر | بدلے ایمان کے

اور ان کے لیے وہاں عذاب ہے۔ اور جن لوگوں نے ایمان کے بدلے کفر خریدا وہ اللہ کا

لَنْ يَّضُرُّوا اللّٰهَ شَيْـًٔا ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱۷۷﴾ وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ

ہرگز نہ نقصان پہنچائیں گے | اللہ کو | کچھ بھی | اور اُنکے لیے ہے | عذاب | دردناک | اور نہ | ہرگز گمان کریں | وہ لوگ جو

کچھ نہیں بگاڑ سکتے بلکہ ان کے لیے درد ناک عذاب ہے۔ کافر لوگ یہ نہ سمجھیں کہ

كَفَرُوْٓا اَنَّمَا نُمْلِيْ لَهُمْ خَيْرٌ لِّاَنْفُسِهِمْ ؕ اِنَّمَا نُمْلِيْ لَهُمْ

کافر ہوئے | یہ کہ جو | ہم ڈھیل دیتے ہیں | اُنکو | وہ بہتر ہے | اُنکی جانوں کیلئے | صرف | ہم ڈھیل دیتے ہیں | اُنکو

جو مہلت ہم نے انھیں دے رکھی ہے وہ ان کے حق میں بہتر ہے۔ نہیں، ہم انھیں ڈھیل دے رہے ہیں تاکہ وہ

لِيَزْدَادُوْٓا اِثْمًا ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ﴿۱۷۸﴾ مَا كَانَ اللّٰهُ لِيَذَرَ

تاکہ وہ زیادہ ہوجائیں | گناہوں میں | اور اُنکے لیے ہے | عذاب | ذلیل کرنیوالا | نہیں | ہے | اللہ | کہ چھوڑ دے

گناہ میں اور بڑھ جائیں اور ان کے لیے ذلت والا عذاب ہوگا۔ اللہ تم مسلمانوں کو اس حالت

الْمُؤْمِنِيْنَ عَلٰى مَآ اَنْتُمْ عَلَيْهِ حَتّٰى يَمِيْزَ الْخَبِيْثَ مِنَ الطَّيِّبِ ؕ

ایمان والوں کو | اوپر | اس کے جو | تم ہو | جس پر | یہاں تک کہ | الگ کردے | ناپاک کو | سے | پاک

پر نہیں رہنے دے گا جس پر تم اب ہو۔ وہ ناپاک کو پاک سے الگ کر کے رہے گا۔

وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُطْلِعَكُمْ عَلَى الْغَيْبِ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَجْتَبِيْ

اور نہیں | ہے | اللہ | کہ آگاہ کردے تم کو | پر | غیب | اور لیکن | اللہ | خاص کر لیتا ہے

اللہ ایسا نہیں ہے کہ تمھیں غیب کی ساری باتوں سے آگاہ کردے البتہ وہ اپنے رسولوں میں

مِنْ رُّسُلِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ۠ فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ ۚ وَاِنْ تُؤْمِنُوْا

سے | اپنے رسولوں | جسے | چاہے | پس تم ایمان رکھو | اللہ پر | اور اُسکے رسولوں پر | اور اگر | تم ایمان رکھو

سے جسے چاہتا ہے اس کام کے لیے چن لیتا ہے۔ پس تم ایمان لاؤ اللہ پر اور اس کے رسولوں پر۔ اور اگر تم ایمان لاؤ گے

وَتَتَّقُوْا فَلَكُمْ اَجْرٌ عَظِيْمٌ ۝١٧٩ وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ

اور تقویٰ اختیار و | تو تمہارے لیے | ثواب ہے | بڑا | اور نہ | ہرگز گمان کریں | وہ لوگ جو | بخل کرتے ہیں

اور تقویٰ اختیار کرو گے تو تمہارے لیے بڑا اجر ہے۔ جن لوگوں کو اللہ نے مال و دولت سے نوازا ہے مگر وہ اللہ کے لیے مال خرچ

بِمَآ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ هُوَ خَيْرًا لَّهُمْ ؕ بَلْ هُوَ شَرٌّ

اُس چیز کا جو | دی اُنکو | اللہ نے | سے | اپنے فضل | کہ وہ | بہتر ہے | اُنکے لیے | بلکہ | وہ | بُرا ہے

کرنے میں بخل سے کام لیتے ہیں وہ یہ نہ سمجھیں یہ ان کے حق میں اچھا ہے بلکہ یہ ان کے حق

لَّهُمْ ؕ سَيُطَوَّقُوْنَ مَا بَخِلُوْا بِهٖ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ وَلِلّٰهِ مِيْرَاثُ

اُنکے لیے | جلد اُنکو طوق پہنائے جائیں گے | جو | بخل کیا | ساتھ اُسکے | دن | قیامت کے | اور اللہ کیلئے ہے | وراثت

میں برا ہے۔ جس مال و دولت میں وہ بخل کر رہے ہیں اس کا قیامت کے دن انھیں طوق پہنایا جائے گا۔ اور یاد رکھو، آسمانوں اور

18 ع 9 9

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ۝١٨٠ ع لَقَدْ سَمِعَ اللّٰهُ

آسمانوں کی | اور زمین کی | اور اللہ | اُس چیز سے جو | تم کرتے ہو | خوب باخبر ہے | بیشک | سُن لی | اللہ نے

زمین کی ہر چیز کا وارث اللہ ہے اور تمہارے اعمال سے باخبر ہے۔ بے شک اللہ نے ان لوگوں

وقف لازم

قَوْلَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ فَقِيْرٌ وَّنَحْنُ اَغْنِيَآءُ ۘ سَنَكْتُبُ مَا

بات | اُن لوگوں کی | جنہوں نے کہا | بیشک | اللہ | محتاج ہے | اور ہم | دولت مند ہیں | بے شک ہم لکھتے ہیں | جو کچھ

کی بات سن لی جنہوں نے کہا ”اللہ محتاج ہے ہم غنی ہیں!“ ہم ان کی یہ بات لکھ رکھیں گے

قَالُوْا وَقَتْلَهُمُ الْاَنْۢبِيَآءَ بِغَيْرِ حَقٍّ ۙ وَّنَقُوْلُ ذُوْقُوْا عَذَابَ

انہوں نے کہا | اور قتل کرنا اُنکا | نبیوں کو | نا | حق | اور ہم کہیں گے | تُم چکھو | عذاب

اور ان کا وہ جرم بھی جو وہ نبیوں کو ناحق قتل کرتے رہے۔ پھر آخرت میں ان سے کہیں گے ”اب آگ کا

الْحَرِيْقِ ۝١٨١ ذٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْكُمْ وَاَنَّ اللّٰهَ لَيْسَ بِظَلَّامٍ

آگ میں جلنے کا | یہ ہے | بدلہ اُسکا جو | آگے بھیجا | تمہارے ہاتھوں نے | اور یہ کہ | اللہ | نہیں ہے | ظلم کرنیوالا

عذاب چکھو! یہ سب کچھ تمہارے اپنے ہاتھوں کی کمائی ہے۔ اللہ ان پر ظلم کرنے

لِّلْعَبِيْدِ ۝١٨٢ ج اَلَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ عَهِدَ اِلَيْنَآ اَلَّا نُؤْمِنَ لِرَسُوْلٍ

بندوں پر | جن لوگوں نے | کہا | بیشک | اللہ نے | عہد کیا ہے | طرف ہماری | یہ کہ نہ | ہم ایمان لائیں | کسی رسول پر

والا نہیں۔“ یہی لوگ کہتے ہیں ”اللہ نے ہمیں حکم دے رکھا ہے کہ ہم کسی رسول کو نہ مانیں

حَتّٰى يَاۡتِيَنَا بِقُرۡبَانٍ تَاۡكُلُهُ النَّارُ ؕ قُلۡ قَدۡ جَآءَكُمۡ رُسُلٌ

یہاں تک کہ | وہ لائے ہمارے پاس | قربانی | کھا جائے جس کو | آگ | کہہ دیجئے | بیشک | آئے تمہارے پاس | رسول

جب تک وہ ایسی قربانی پیش نہ کرے جسے آگ کھا لے۔" اے نبی ﷺ! آپ ﷺ ان سے کہیں "مجھ سے پہلے تمہارے پاس

مِّنۡ قَبۡلِىۡ بِالۡبَيِّنٰتِ وَبِالَّذِىۡ قُلۡتُمۡ فَلِمَ قَتَلۡتُمُوۡهُمۡ اِنۡ كُنۡتُمۡ

سے | پہلے میرے | ساتھ کھلی نشانیوں کے | اور ساتھ اُسکے جو | تم نے کہی | پھر کیوں | تم نے قتل کیا اُنکو | اگر | تم ہو

بہت سے رسول کھلی نشانیاں لے کر آئے اور وہ معجزہ بھی لائے جو تم مانگ رہے ہو پھر تم نے انھیں کیوں قتل کیا

صٰدِقِيۡنَ ۝ فَاِنۡ كَذَّبُوۡكَ فَقَدۡ كُذِّبَ رُسُلٌ مِّنۡ قَبۡلِكَ جَآءُوۡ

سچے | پھر اگر | وہ جھٹلائیں تجھے | تو بیشک | جھٹلائے گئے | رسول | سے | پہلے تیرے | جو لائے تھے

اگر تم سچے ہو؟" اے نبی ﷺ! یہ لوگ آپ ﷺ کو جھٹلاتے ہیں تو آپ ﷺ سے پہلے بھی بہت سے رسول جھٹلائے جا چکے ہیں جو

بِالۡبَيِّنٰتِ وَالزُّبُرِ وَالۡكِتٰبِ الۡمُنِيۡرِ ۝ كُلُّ نَفۡسٍ ذَآئِقَةُ الۡمَوۡتِ ؕ

کھلی نشانیوں کے | اور چھوٹی کتابیں | اور کتاب | روشن | ہر | جان | چکھنے والی ہے | موت کو

کھلی نشانیاں، صحیفے اور روشن کتابیں لے کر آئے تھے۔ یاد رکھو، ہر شخص کو موت کا مزا چکھنا ہے۔

وَاِنَّمَا تُوَفَّوۡنَ اُجُوۡرَكُمۡ يَوۡمَ الۡقِيٰمَةِ ؕ فَمَنۡ زُحۡزِحَ عَنِ النَّارِ

اور بیشک | تمہیں پورے ملیں گے | اجر تمہارے | دن | قیامت کے | پھر جو کوئی | ہٹا دیا گیا | سے | آگ

پھر قیامت کے دن تمہیں تمہارے اعمال کا پورا بدلہ دیا جائے گا۔ جو شخص دوزخ کی آگ سے بچ جائے

وَاُدۡخِلَ الۡجَنَّةَ فَقَدۡ فَازَ ؕ وَمَا الۡحَيٰوةُ الدُّنۡيَآ اِلَّا مَتَاعُ الۡغُرُوۡرِ ۝

اور داخل کیا گیا | جنت میں | تو بیشک وہ کامیاب ہوا | اور نہیں | زندگی | دنیا کی | مگر | فائدہ اٹھانا | دھوکے کا

اور جنت میں داخل کیا جائے وہ کامیاب ہوگا۔ یہ دنیا کی زندگی دھوکے کا سودا ہے۔

لَتُبۡلَوُنَّ فِىۡۤ اَمۡوَالِكُمۡ وَاَنۡفُسِكُمۡ ۚ وَلَتَسۡمَعُنَّ مِنَ الَّذِيۡنَ اُوۡتُوا

ضرور تم کو آزمایا جائیگا | میں | اپنے مالوں | اور تمہاری جانوں میں | اور ضرور تم سنو گے | سے | اُن لوگوں جن کو | دی گئی

مسلمانو! تمہیں مال اور جان کی آزمائش میں ڈالا جائے گا اور تمہیں اہل کتاب اور مشرکین کی

الۡكِتٰبَ مِنۡ قَبۡلِكُمۡ وَمِنَ الَّذِيۡنَ اَشۡرَكُوۡۤا اَذًى كَثِيۡرًا ؕ وَاِنۡ

کتاب | سے | پہلے تم | اور سے | اُن لوگوں جو | شرک کرتے ہیں | ستانا | بہت | اور اگر

جانب سے بہت تکلیف وہ باتیں سننی پڑیں گی۔ لیکن اگر تم

تَصْبِرُوْا وَتَتَّقُوْا فَاِنَّ ذٰلِكَ مِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ ﴿١٨٦﴾ وَاِذْ اَخَذَ اللّٰهُ

تم صبر کرو | اور تقویٰ اختیار کرو | تو بیشک | یہ ہے | سے | ہمت کے | کاموں میں | اور جب | لیا | اللہ نے

نے صبر سے کام لیا اور تقویٰ اختیار کیا تو یہ بڑے حوصلے کا کام ہے۔ یاد کرو جب اللہ نے اہل کتاب سے

مِيْثَاقَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ لَتُبَيِّنُنَّهٗ لِلنَّاسِ وَلَا تَكْتُمُوْنَهٗ ز

عہد | اُن لوگوں سے جو | دیے گئے | کتاب | ضرور تم بیان کرو گے اسکو | لوگوں کیلئے | اور نہیں | تم چھپاؤ گے اسکو

اس بات کا عہد لیا کہ لوگوں کے سامنے اللہ کی کتاب کو ٹھیک ٹھیک بیان کرنا اور اس کی کوئی بات نہ چھپانا۔

فَنَبَذُوْهُ وَرَآءَ ظُهُوْرِهِمْ وَاشْتَرَوْا بِهٖ ثَمَنًا قَلِيْلًا ط فَبِئْسَ مَا

پھر پھینک دیا اُسکو | پیچھے | اپنی پیٹھوں کے | اور خرید لیا | بدلے اسکے | مال | تھوڑا | پس برا ہے | جو کچھ

مگر انھوں نے اس حکم کو پس پشت ڈال دیا اور اس کے بدلے میں دنیا کا حقیر مال حاصل کرنے لگے۔ کیسی بری چیز ہے

يَشْتَرُوْنَ ﴿١٨٧﴾ لَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ يَفْرَحُوْنَ بِمَآ اَتَوْا وَّيُحِبُّوْنَ اَنْ

وہ خریدتے ہیں | نہ | ہرگز گمان کریں آپ | ان لوگوں کو جو | خوش ہوتے ہیں | اُس پر جو | انہوں نے کیے | اور وہ چاہتے ہیں | کہ

جو انھوں نے خریدی! اے نبی ﷺ! جو لوگ آج اپنے کرتوتوں پر وخوش ہیں اور چاہتے ہیں ان کے

يُّحْمَدُوْا بِمَا لَمْ يَفْعَلُوْا فَلَا تَحْسَبَنَّهُمْ بِمَفَازَةٍ مِّنَ الْعَذَابِ ج

اُنکی تعریف کی جائے | اُس چیز پر جو | نہیں | انہوں نے کی | پس نہ | تو گمان کر اُن کے بارے میں | نجات کو | سے | عذاب

ایسے کاموں کی تعریف کی جائے جو انھوں نے کیے نہیں تو آپ ﷺ ان کو عذاب سے بری نہ سمجھیں۔

وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿١٨٨﴾ وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ط وَاللّٰهُ عَلٰى

اور اُن کیلئے ہے | عذاب | دردناک | اور اللہ کی ہے | بادشاہی | آسمانوں کی | اور زمین کی | اور اللہ | اُوپر

انھیں دردناک عذاب ہوگا۔ یاد رکھو، آسمانوں اور زمین کی بادشاہی اللہ کی ہے اور وہ ہر

19 ع 9 10

كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿١٨٩﴾ ع اِنَّ فِيْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافِ الَّيْلِ

ہر | چیز کے | قادر ہے | بیشک | میں | پیدائش | آسمانوں کی | اور زمین کی | اور بدلنے جانے | رات کے

چیز پر قادر ہے۔ بے شک آسمانوں اور زمین کی پیدائش میں اور رات دن کے باری باری

وَالنَّهَارِ لَاٰيٰتٍ لِّاُولِي الْاَلْبَابِ ﴿١٩٠﴾ لا الَّذِيْنَ يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ قِيٰمًا

اور دن کے | ضرور نشانیاں ہیں | عقل والوں کیلئے | وہ جو کہ | یاد کرتے ہیں | اللہ کو | کھڑے

آنے میں ان لوگوں کے لیے اللہ کی بہت نشانیاں ہیں جو عقل والے ہیں۔ جو کھڑے،

وَّقُعُوْدًا وَّعَلٰى جُنُوْبِهِمْ وَيَتَفَكَّرُوْنَ فِيْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ج

اور بیٹھے | اور پر | اپنی کروٹوں | اور وہ غور وفکر کرتے ہیں | میں | بننے | آسمانوں کے | اور زمین کے

بیٹھے اور اپنی کروٹوں پر ہر وقت اللہ کو یاد کرتے ہیں۔ آسمانوں اور زمین کی تخلیق پر غور و فکر کرتے ہیں

رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا ج سُبْحٰنَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ﴿191﴾

رب ہمارے | نہیں | تُو نے پیدا کیا | یہ | بے کار | پاک ہے تُو | پس بچا ہم کو | عذاب | آگ کے سے

اور پکار اٹھتے ہیں ”اے ہمارے رب! تو نے یہ سب کچھ بے مقصد نہیں پیدا کیا۔ تو پاک ہے۔ ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچا!

رَبَّنَآ اِنَّكَ مَنْ تُدْخِلِ النَّارَ فَقَدْ اَخْزَيْتَهٗ ط وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ

رب ہمارے | بیشک تُو | جس کو | تُو داخل کرے | آگ میں | پس بیشک | تُو نے ذلیل کر دیا اُسکو | اور نہیں | ظالموں کیلئے

اے ہمارے رب! جسے تو نے دوزخ میں ڈالا اسے تو نے واقعی ذلیل کر دیا۔ وہاں ظالموں کا کوئی

مِنْ اَنْصَارٍ ﴿192﴾ رَبَّنَآ اِنَّنَا سَمِعْنَا مُنَادِيًا يُّنَادِيْ لِلْاِيْمَانِ اَنْ

کوئی | مددگار | رب ہمارے | بیشک ہم نے | سُنا | ایک پکارنے والا | جو پکارتا ہے | ایمان کیلئے | یہ کہ

مددگار نہیں۔ اے ہمارے رب! بے شک ہم نے ایک پکارنے والے کو سنا جو ایمان کی طرف بُلا رہا تھا اے لوگو! اپنے

اٰمِنُوْا بِرَبِّكُمْ فَاٰمَنَّا ق رَبَّنَا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَكَفِّرْ عَنَّا

ایمان لاؤ | اپنے رب پر | پس ہم ایمان لائے | رب ہمارے | پس تُو بخش دے | ہمارے لیے | گناہ ہمارے | اور دُور کر دے | ہم سے

رب پر ایمان لاؤ تو ہم ایمان لائے اے ہمارے رب! ہمارے گناہ بخش دے۔ ہماری برائیوں کو ہم

سَيِّاٰتِنَا وَتَوَفَّنَا مَعَ الْاَبْرَارِ ج ﴿193﴾ رَبَّنَا وَاٰتِنَا مَا وَعَدْتَّنَا عَلٰى

بُرائیاں ہماری | اور وفات دینا ہم کو | ساتھ | نیکوں کے | اے رب ہمارے | اور دے ہمیں | جو | تُو نے وعدہ کیا ہم سے | پر

سے دور فرما! ہمارا خاتمہ نیک لوگوں کے ساتھ ہو! اے ہمارے رب! ہمیں وہ سب کچھ عطا فرمانا جس کا تو

رُسُلِكَ وَلَا تُخْزِنَا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ط اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ﴿194﴾

اپنے رسولوں کے | اور نہ | رُسوا کرنا ہمیں | دن | قیامت کے | بیشک تُو | نہیں | خلاف کرتا | وعدے کو

نے اپنے رسولوں کے ذریعے ہم سے وعدہ کیا اور قیامت کے دن ہمیں رسوا نہ کرنا! بے شک تو اپنے وعدے کے خلاف نہیں کرتا۔

فَاسْتَجَابَ لَهُمْ رَبُّهُمْ اَنِّيْ لَآ اُضِيْعُ عَمَلَ عَامِلٍ مِّنْكُمْ

پس قبول کیا | اُنکے لیے | اُنکے رب نے | یہ کہ میں | نہیں | میں ضائع کروں گا | عمل | کسی عمل کرنیوالے کا | تم میں سے

اور پھر ان کے رب نے ان کی دعا قبول فرمائی“ اے میرے بندو! میں تم میں سے کسی نیک کام کرنے والے کو اس کی نیکی کے اجر

مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى ۚ بَعْضُكُمْ مِّنْۢ بَعْضٍ ۚ فَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا

سے | مرد | یا | عورت | بعض تمہارے | میں سے ہیں | بعض | پس جن لوگوں نے | ہجرت کی

سے محروم نہیں کروں گا خواہ وہ نیکی کسی مرد نے کی ہو یا عورت نے کیونکہ تم سب انسان ہو...... اور وہ لوگ جنہوں نے ہجرت کی، اپنا

وَاُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ وَاُوْذُوْا فِيْ سَبِيْلِيْ وَقٰتَلُوْا وَقُتِلُوْا لَاُكَفِّرَنَّ

اور وہ نکالے گئے | سے | گھروں اپنے | اور ایذا دیے گئے | میں | میری راہ | اور لڑے | اور شہید ہوئے | ضرور میں دُور کروں گا

گھر بار چھوڑا، جو میری راہ میں ستائے گئے، جنہوں نے جہاد کیا اور شہید ہوئے، میں ضرور ان کی

عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ وَلَاُدْخِلَنَّهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۚ

اُن سے | بُرائیاں اُنکی | اور ضرور میں داخل کروں گا اُنکو | باغوں میں | بہتی ہیں | سے | نیچے اُنکے | نہریں

خطائیں ان سے دور کروں گا اور انھیں ایسے باغوں میں داخل کروں گا جن میں نہریں جاری ہوں گی

ثَوَابًا مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ ۭ وَاللّٰهُ عِنْدَهٗ حُسْنُ الثَّوَابِ ﴿195﴾ لَا يَغُرَّنَّكَ

یہ ثواب ہے | سے | ہاں | اللہ کے | اور اللہ | پاس اُسکے ہے | اچھا | ثواب | نہ | دھوکے دے تجھ کو

اور یہ سب اللہ کی طرف سے انھیں اجر ملے گا۔ اور بہترین اجر اللہ ہی کے پاس ہے۔" اے نبی ﷺ! ملک کے اندر

تَقَلُّبُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِي الْبِلَادِ ﴿196﴾ مَتَاعٌ قَلِيْلٌ ۣ ثُمَّ مَاْوٰىهُمْ

گھومنا پھرنا | اُن لوگوں کا جو | کافر ہوئے | میں | شہروں | یہ فائدہ ہے | تھوڑا | پھر | ٹھکانہ اُنکا

کافروں کی سرگرمیاں آپ ﷺ کو دھوکے میں نہ ڈالیں۔ ان کے لیے چار دن کا عیش ہے۔ پھر ان کا ٹھکانا

جَهَنَّمُ ۭ وَبِئْسَ الْمِهَادُ ﴿197﴾ لٰكِنِ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ لَهُمْ جَنّٰتٌ

دوزخ ہے | اور وہ بُرا ہے | بچھونا | لیکن | جو لوگ | ڈرتے ہیں | اپنے رب سے | ان کیلئے ہیں | باغات

جہنم ہے جو بہت بری جگہ ہے۔ البتہ جو لوگ اپنے رب سے ڈرتے ہیں، ان کے لیے آخرت میں ایسے باغ ہوں گے

تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا نُزُلًا مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ ۭ وَمَا

بہتی ہیں | سے | نیچے اُنکے | نہریں | ہمیشہ رہنے والے ہیں | اُس میں | یہ مہمانی ہے | سے | ہاں | اللہ کے | اور جو

جن میں نہریں بہتی ہوں گی وہاں وہ ہمیشہ رہیں گے۔ یہ اللہ کی طرف سے ان کی میزبانی ہوگی۔ اور جو کچھ

عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ لِّلْاَبْرَارِ ﴿198﴾ وَاِنَّ مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ لَمَنْ يُّؤْمِنُ

پاس ہے | اللہ کے | وہ بہتر ہے | نیکوں کیلئے | اور بیشک | بعض | اہل | کتاب | البتہ وہ ہیں | ایمان رکھتے ہیں

اللہ کے پاس ہے نیک لوگوں کے لیے وہی بہتر ہے۔ مسلمانو! اہل کتاب میں ایسے بھی ہیں جو اللہ پر ایمان رکھتے ہیں

بِاللّٰهِ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِمْ خٰشِعِيْنَ لِلّٰهِ ۙ

اللہ پر | اور جو کچھ | نازل کیا گیا | طرف تمہاری | اور جو | نازل کیا گیا | طرف اُنکے | وہ عاجزی کرتے ہیں | اللہ کیلئے

اور اس کتاب کو بھی مانتے ہیں جو تمہاری طرف بھیجی گئی اور اُس کتاب کو بھی مانتے ہیں جو اس سے پہلے خود ان کی طرف اتاری گئی۔

لَا يَشْتَرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ثَمَنًا قَلِيْلًا ؕ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ

نہیں وہ خریدتے | بدلے آیتوں | اللہ کی | مال | تھوڑا | یہ لوگ ہیں | اُنکے لیے ہے | ثواب اُنکا | پاس

ان کے دل اللہ کے آگے جھکے رہتے ہیں۔ وہ اللہ کی آیتوں کے عوض میں دنیا کا حقیر مال حاصل نہیں کرتے۔ یہی لوگ ہیں جن کا اجر

رَبِّهِمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ﴿199﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اصْبِرُوْا

اُنکے رب کے | بیشک | اللہ | جلد لینے والا ہے | حساب | اے | لوگو جو | ایمان لائے | صبر کرتے رہو

ان کے رب کے پاس ہے۔ بے شک اللہ جلد حساب لینے والا ہے۔ اے ایمان والو! صبر سے کام لو، ثابت قدم رہو، دشمن کے

وَصَابِرُوْا وَرَابِطُوْا ۣ وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿200﴾ ع

20 ع 11 11

اور ایک دوسرے کو صبر کی تاکید کرتے رہو | اور جہاد کے لیے تیار رہو | اور ڈرو | اللہ سے | تاکہ | تم فلاح پاؤ

مقابلے میں ہر وقت تیار رہو اور اللہ سے ڈرو تاکہ تم کامیاب ہو۔

(4) سُوْرَةُ النِّسَآءِ مَدَنِيَّةٌ (92)

اٰيَاتُهَا 176 | رُكُوْعَاتُهَا 24

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمُ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ

اے | لوگو | ڈرو | اپنے رب سے | جس نے | پیدا کیا تمہیں | سے | جان | ایک

اے لوگو! اپنے رب سے ڈرو جس نے تمہیں ایک جان سے پیدا کیا،

وَّخَلَقَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَبَثَّ مِنْهُمَا رِجَالًا كَثِيْرًا وَّنِسَآءً ۚ وَاتَّقُوا

اور پیدا کیا | اُس سے | جوڑا اُسکا | اور پھیلا دیے | اُن دونوں سے | مرد | بہت | اور عورتیں | اور ڈرو

اسی سے اس کا جوڑا بنایا اور پھر دونوں کی نسل سے مردوں اور عورتوں کی بہت بڑی تعداد دنیا میں پھیلا دی۔ تم اللہ ہی سے ڈرو جس کا

اللّٰهَ الَّذِيْ تَسَآءَلُوْنَ بِهٖ وَالْاَرْحَامَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلَيْكُمْ

اللہ سے | جسکے | تم آپس میں مانگتے ہو | اُسکے نام سے | اور ڈرو قرابت کے بارے میں | بیشک | اللہ | ہے | تم پر

واسطہ دے کر ایک دوسرے سے سوال کرتے ہو اور رشتہ داروں کے ساتھ قطع تعلقی سے بچو۔ بے شک اللہ تمہاری

رَقِيبًا ۝١ وَاٰتُوا الْيَتٰمٰۤى اَمْوَالَهُمْ وَلَا تَتَبَدَّلُوا الْخَبِيْثَ بِالطَّيِّبِ ۪

نگہبان | اور تم دو | یتیموں کو | مال اُنکے | اور نہ | تم بدل ڈالو | ناپاک کو | بدلے پاک کے

نگرانی کررہا ہے۔ اور دیکھو، یتیموں کا مال ان کے حوالے کرو۔ اپنے برے مال کو ان کے اچھے مال سے نہ بدلو۔

وَلَا تَاْكُلُوْۤا اَمْوَالَهُمْ اِلٰۤى اَمْوَالِكُمْ ؕ اِنَّهٗ كَانَ حُوْبًا كَبِيْرًا ۝٢ وَاِنْ

اور نہ | تم کھاؤ | انکے مال | ملاکر | اپنے مالوں میں | بیشک یہ | ہے | گناہ | بڑا | اور اگر

یتیموں کا مال اپنے مال میں ملا کر نہ کھاؤ۔ یہ بہت بڑا گناہ ہے۔ اگر تمہیں

خِفْتُمْ اَلَّا تُقْسِطُوْا فِى الْيَتٰمٰى فَانْكِحُوْا مَا طَابَ لَكُمْ مِّنَ

تم ڈرو | یہ کہ نہ | تم انصاف کرسکو گے | بارے میں | یتیم عورتوں کے | پس تم نکاح کرلو | جو | پسند ہو | تم کو | میں سے

اندیشہ ہو کہ یتیم لڑکیوں کے بارے میں انصاف نہ کرسکو گے تو اُن سے نکاح کرلو جو تمہیں پسند ہوں دو سے، تین سے یا چار سے۔

النِّسَآءِ مَثْنٰى وَثُلٰثَ وَرُبٰعَ ۚ فَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا تَعْدِلُوْا فَوَاحِدَةً

عورتوں | دو دو | اور تین تین | اور چار چار | پس اگر | تم ڈرو | کہ نہ | تم عدل کرسکو گے | تو ایک ہی

لیکن اگر تمہیں خدشہ ہو زیادہ بیویوں کی صورت میں ان کے درمیان انصاف نہیں کرسکو گے تو ایک ہی سے نکاح کرو،

اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ ؕ ذٰلِكَ اَدْنٰۤى اَلَّا تَعُوْلُوْا ؕ ۝٣ وَاٰتُوا النِّسَآءَ

یا | جس کے | مالک ہوئے | دائیں ہاتھ تمہارے | یہ | زیادہ قریب ہے | یہ کہ نہ | تم بے انصافی کرو | اور دو | بیویوں کو

یا جو کنیز تمہاری ملکیت میں ہو۔ اس طرح تم نا انصافی سے بچ سکتے ہو۔ بیویوں کو ان کے مہر

صَدُقٰتِهِنَّ نِحْلَةً ؕ فَاِنْ طِبْنَ لَكُمْ عَنْ شَیْءٍ مِّنْهُ نَفْسًا فَكُلُوْهُ

مہر اُنکے | خُوشی سے | پس اگر | خُوشی سے دیں | تم کو | سے | کچھ چیز | اس سے | خود | پس تم کھاؤ اُسے

خوش دلی سے ادا کرو۔ اگر وہ اپنی مرضی سے اس میں سے کچھ تمہارے لیے چھوڑ دیں تو اسے

هَنِیْٓــًٔا مَّرِیْٓــًٔا ۝٤ وَلَا تُؤْتُوا السُّفَهَآءَ اَمْوَالَكُمُ الَّتِیْ جَعَلَ اللّٰهُ

مزے | مزے سے | اور نہ | تم دو | بے وقوفوں کو | اپنا مال | جن کو | بنایا ہے | اللہ نے

ہنسی خوشی سے کھاؤ۔ اور وہ مال و دولت جسے اللہ نے تمہارے لیے قیام اور بقا کا ذریعہ بنایا ہے اسے نادان یتیموں کے حوالے نہ کرو

لَكُمْ قِیٰمًا وَّارْزُقُوْهُمْ فِیْهَا وَاكْسُوْهُمْ وَقُوْلُوْا لَهُمْ قَوْلًا

تمہارے لیے | گزارے کا ذریعہ | اور تم کھلاؤ اُنکو | اُس میں سے | اور پہناؤ اُنکو | اور تم کہو | اُنکو | بات

بلکہ اس میں سے ان کے کھانے اور کپڑے کا انتظام کرو اور ان سے بھلائی کی

مَّعْرُوْفًا ﴿5﴾ وَابْتَلُوا الْيَتٰمٰى حَتّٰٓى اِذَا بَلَغُوا النِّكَاحَ ۚ فَاِنْ اٰنَسْتُمْ

اچھی | اور پرکھو | یتیموں کو | یہاں تک کہ | جب | وہ پہنچیں | نکاح کو | پھر اگر | تم پاؤ

بات کہو۔ ان کی سمجھ بوجھ کا جائزہ لیتے رہو یہاں تک کہ وہ بالغ ہو کر نکاح کی عمر کو پہنچ جائیں۔ پھر اگر ان میں

مِّنْهُمْ رُشْدًا فَادْفَعُوْٓا اِلَيْهِمْ اَمْوَالَهُمْ ۚ وَلَا تَاْكُلُوْهَآ اِسْرَافًا

اُن میں | سمجھ کو | تو حوالے کردو | اُنکی طرف | مال اُنکے | اور نہ | تم کھاؤ اُسے | زیادتی سے

ہوشیاری دیکھو تو ان کا مال ان کے حوالے کردو۔ ایسا نہ کرو کہ فضول خرچی کر کے جلدی سے

وَّبِدَارًا اَنْ يَّكْبَرُوْا ۭ وَمَنْ كَانَ غَنِيًّا فَلْيَسْتَعْفِفْ ۚ وَمَنْ كَانَ

اور جلدی سے | کہیں | وہ بڑے ہوجائیں | اور جو کوئی | ہے | دولت مند | پس چاہیے کہ وہ بچے | اور جو کوئی | ہے

ان کا مال کھا جاؤ کہ جب وہ بڑے ہوں گے تو اپنا مال مانگیں گے۔ وہ مال دار جو کسی یتیم کا سرپرست ہو اسے چاہیے کہ یتیم کا مال

فَقِيْرًا فَلْيَاْكُلْ بِالْمَعْرُوْفِ ۭ فَاِذَا دَفَعْتُمْ اِلَيْهِمْ اَمْوَالَهُمْ فَاَشْهِدُوْا

غریب | تو چاہیے کہ کھائے | دستور کے مطابق | پھر جب | تم حوالے کرو | اُنکی طرف | مال اپنے | پس تم گواہ بنالو

اپنے اوپر خرچ نہ کرے۔ لیکن محتاج سرپرست اپنی حاجت کے مطابق کھاسکتا ہے۔ پھر جب ان کا مال ان کے حوالے کرو تو اس پر

عَلَيْهِمْ ۭ وَكَفٰى بِاللّٰهِ حَسِيْبًا ﴿6﴾ لِلرِّجَالِ نَصِيْبٌ مِّمَّا تَرَكَ الْوَالِدٰنِ

اُن پر | اور کافی ہے | اللہ | حساب لینے والا | مردوں کیلئے ہے | حصہ | اُس سے جو | چھوڑ گئے | والدین

لوگوں کو گواہ بنالو۔ ویسے حساب لینے کے لیے اللہ کافی ہے۔ ماں باپ اور دوسرے رشتہ داروں کے ترکے میں سے مردوں کا بھی حصہ

وَالْاَقْرَبُوْنَ ۠ وَلِلنِّسَاۗءِ نَصِيْبٌ مِّمَّا تَرَكَ الْوَالِدٰنِ وَالْاَقْرَبُوْنَ مِمَّا

اور رشتہ دار | اور عورتوں کیلئے ہے | حصہ | اُس چیز سے جو | چھوڑ گئے | ماں باپ | اور رشتہ دار | اُس سے جو

ہے اور ماں باپ اور دوسرے رشتہ داروں کے ترکے میں عورتوں کا بھی حصہ ہے۔

قَلَّ مِنْهُ اَوْ كَثُرَ ۭ نَصِيْبًا مَّفْرُوْضًا ﴿7﴾ وَاِذَا حَضَرَ الْقِسْمَةَ اُولُوا

کم ہو | اُس میں سے | یا | زیادہ ہو | حصہ ہے | مقرر کیا ہوا | اور جب | حاضر ہوں | تقسیم میں | والے

ورثے کا مال تھوڑا ہو یا زیادہ، اس کے سب حصے اللہ نے مقرر کردیے ہیں۔ جب وراثت تقسیم ہو اور بعض

الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنُ فَارْزُقُوْهُمْ مِّنْهُ وَقُوْلُوْا لَهُمْ قَوْلًا

قرابت | اور یتیم | اور مسکین | پس کھلاؤ اُنکو | اُس میں سے | اور کہو | اُن سے | بات

غریب رشتہ دار، یتیم اور محتاج بھی وہاں آموجود ہوں تو اس میں سے انھیں بھی کچھ دیدو اور ان سے ہمدردی

مَّعْرُوْفًا ۝٨ وَلْيَخْشَ الَّذِيْنَ لَوْ تَرَكُوْا مِنْ خَلْفِهِمْ ذُرِّيَّةً ضِعٰفًا

اچھی | اور چاہیے کہ ڈریں | وہ لوگ کہ | اگر | چھوڑ جائیں | سے | پیچھے اپنے | بچے | چھوٹے چھوٹے

کی بات کہو۔ وارثوں کو بھی خیال رکھنا چاہیے کہ اگر وہ خود اپنے پیچھے چھوٹے بچے چھوڑ کر مرتے تو ان کے لیے

خَافُوْا عَلَيْهِمْ ۖ فَلْيَتَّقُوا اللّٰهَ وَلْيَقُوْلُوْا قَوْلًا سَدِيْدًا ۝٩ اِنَّ

ڈریں | اُن پر | پس چاہیے کہ وہ ڈریں | اللہ سے | اور چاہیے کہ وہ کہیں | بات | صحیح | بیشک

انھیں کتنی فکر ہوتی! لہٰذا انھیں اللہ سے ڈرنا چاہیے اور ان غریبوں سے مناسب بات کہنی چاہیے۔ یاد رکھو،

الَّذِيْنَ يَاْكُلُوْنَ اَمْوَالَ الْيَتٰمٰى ظُلْمًا اِنَّمَا يَاْكُلُوْنَ فِيْ بُطُوْنِهِمْ

جو لوگ | کھاتے ہیں | مال | یتیموں کے | ناجائز طور پر | بیشک | وہ کھاتے ہیں | میں | پیٹوں اپنے

جو لوگ یتیموں کا مال ناحق کھاتے ہیں وہ اپنے پیٹ میں آگ کے انگارے بھرتے

نَارًا ۭ وَسَيَصْلَوْنَ سَعِيْرًا ۝١٠ ع يُوْصِيْكُمُ اللّٰهُ فِيْٓ اَوْلَادِكُمْ ۖ لِلذَّكَرِ

آگ | اور ضرور وہ ڈالے جائیں گے | آگ (میں) | تاکید کرتا ہے تم کو | اللہ | بارے میں | تمہاری اولاد کے | مرد کیلئے اتنا

ہیں اور عنقریب دوزخ کی بھڑکتی ہوئی آگ میں ڈالے جائیں گے۔ اللہ تمہاری اولاد کے بارے میں تمہیں تاکیدی حکم دیتا ہے کہ

مِثْلُ حَظِّ الْاُنْثَيَيْنِ ۚ فَاِنْ كُنَّ نِسَاۗءً فَوْقَ اثْنَتَيْنِ فَلَهُنَّ

جیسا کہ | حصہ | دو عورتوں | پس اگر | ہوں | عورتیں | زیادہ | دو سے | تو اُنکے لیے ہے

وراثت میں لڑکے کو دو لڑکیوں کے برابر حصہ دیا جائے۔ صرف لڑکیاں ہوں اور وہ دو یا دو سے زیادہ ہوں تو انھیں

ثُلُثَا مَا تَرَكَ ۚ وَاِنْ كَانَتْ وَاحِدَةً فَلَهَا النِّصْفُ ۭ وَلِاَبَوَيْهِ

دو تہائی | اس چیز کا جو | چھوڑ گیا | اور اگر | ہے | ایک ہی عورت | تو اُسکے لیے | آدھا | اور اُسکے والدین کیلئے

کل ترکے کا دو تہائی ملے گا۔ اگر صرف ایک لڑکی ہو تو اسے آدھا ملے گا۔ میت کے ماں باپ میں

لِكُلِّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا السُّدُسُ مِمَّا تَرَكَ اِنْ كَانَ لَهٗ وَلَدٌ ۚ

واسطے ہر | ایک کے | اُن دونوں میں سے | چھٹا حصہ | اُس میں سے جو | چھوڑ گیا | اگر | ہو | اُسکی | اولاد

سے ہر ایک کو چھٹا حصہ ملے گا بشرطیکہ میت کی اولاد ہو۔

فَاِنْ لَّمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلَدٌ وَّوَرِثَهٗٓ اَبَوٰهُ فَلِاُمِّهِ الثُّلُثُ ۚ فَاِنْ

پس اگر | نہ | ہو | اُسکی | اولاد | اور وارث ہوں اُسکے | ماں باپ اُسکے | تو اُسکی ماں کیلئے | تیسرا حصہ ہے | پس اگر

لیکن اگر اولاد نہ ہو اور صرف ماں باپ وارث ہوں تو ماں کو ایک تہائی حصہ ملے گا اور باقی سارا باپ کو۔ اور اگر

كَانَ لَهٗٓ اِخْوَةٌ فَلِاُمِّهِ السُّدُسُ مِنْۢ بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُّوْصِيْ بِهَآ

ہوں | اسکے | بھائی بہن | تو اُسکی ماں کیلئے | چھٹا حصّہ ہے | سے | بعد | وصیت کے | جو وصیت کرجائے | اُسکی

ماں باپ کے علاوہ میت کے ایک سے زیادہ بھائی یا بہنیں ہوں تو ماں کے لیے چھٹا حصہ ہے۔ یہ تمام حصے میت کی طرف سے کی گئی

اَوْ دَيْنٍ ؕ اٰبَآؤُكُمْ وَاَبْنَآؤُكُمْ لَا تَدْرُوْنَ اَيُّهُمْ اَقْرَبُ لَكُمْ

یا | قرض کے | باپ تمہارے | اور بیٹے تمہارے | نہیں | تم جانتے | کون اُن میں سے | زیادہ قریب ہے | تمہارے لیے

وصیت کو پورا کرنے اور اس کا قرض ادا کرنے کے بعد دیے جائیں۔ تمہارے باپ ہوں یا بیٹے، تم ان کے بارے میں نہیں جانتے

نَفْعًا ؕ فَرِيْضَةً مِّنَ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۝ وَلَكُمْ

نفع مند | یہ فرض ہے | طرف سے | اللہ کی | بیشک | اللہ | ہے | خوب جاننے والا | خوب حکمت والا | اور تمہارے لیے

کہ ان میں سے کون ہے جو تمہیں سب سے زیادہ نفع پہنچانے والا ہے۔ یہ سب حصے اللہ نے مقرر فرمائے ہیں۔ بے شک اللہ علم والا

نِصْفُ مَا تَرَكَ اَزْوَاجُكُمْ اِنْ لَّمْ يَكُنْ لَّهُنَّ وَلَدٌ ۚ فَاِنْ كَانَ

آدھا | اس کا کہ | چھوڑ گئیں | بیویاں تمہاری | اگر | نہ | ہو | اُنکی | اولاد | پھر اگر | ہو

حکمت والا ہے۔ اور جو ترکہ تمہاری بیویاں چھوڑ جائیں اور ان کی کوئی اولاد نہ ہو تو تمہارے لیے اس میں آدھا حصہ ہے۔ اگر ان کی

لَهُنَّ وَلَدٌ فَلَكُمُ الرُّبُعُ مِمَّا تَرَكْنَ مِنْۢ بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُّوْصِيْنَ

اُنکی | اولاد | تو تمہارے لیے | چوتھا حصّہ ہے | اُس سے جو | وہ چھوڑ گئیں | سے | بعد | وصیت کے | جو وصیت کی

اولاد ہو تو پھر تمہارے لیے چوتھائی حصہ ہے۔ یہ حصے اُن کی وصیت پوری کرنے اور ان کا قرض ادا کرنے

بِهَآ اَوْ دَيْنٍ ؕ وَلَهُنَّ الرُّبُعُ مِمَّا تَرَكْتُمْ اِنْ لَّمْ يَكُنْ لَّكُمْ

جسکی | یا | قرض کے | اور اُنکے لیے | چوتھا حصّہ ہے | اُس سے جو | تم چھوڑ جاؤ | اگر | نہ | ہو | تمہاری

کے بعد تقسیم کیے جائیں۔ جو ترکہ تم چھوڑ جاؤ اور تمہاری کوئی اولاد نہ ہو تو بیویوں کا چوتھائی

وَلَدٌ ۚ فَاِنْ كَانَ لَكُمْ وَلَدٌ فَلَهُنَّ الثُّمُنُ مِمَّا تَرَكْتُمْ مِّنْۢ

اولاد | پس اگر | ہو | تمہاری | اولاد | توان بیویوں کیلئے | آٹھواں حصّہ ہے | اس سے جو | تم چھوڑ جاؤ | سے

حصہ ہے۔ اور اگر تمہاری اولاد ہو تو پھر ان کے لیے آٹھواں حصہ ہے۔ یہ حصے

بَعْدِ وَصِيَّةٍ تُوْصُوْنَ بِهَآ اَوْ دَيْنٍ ؕ وَاِنْ كَانَ رَجُلٌ يُّوْرَثُ

بعد | وصیت کے | جو تم وصیت کر جاؤ | اُسکی | یا | قرض کے | اور اگر | ہو | مرد | ورثہ چھوڑنے والا

بھی وصیت کی تعمیل اور قرض کی ادائیگی کے بعد دیے جائیں۔ لیکن اگر کسی ایسے شخص کا ترکہ ہو

كَلٰلَةً اَوِ امْرَاَةٌ وَّلَهٗۤ اَخٌ اَوْ اُخْتٌ فَلِكُلِّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا

کلالہ | یا | وہ عورت ہو | اور اُسکا ہو | بھائی | یا | بہن | پس واسطے ہر | ایک | اُن میں سے

جس کے نہ ماں باپ ہوں اور نہ اولاد اور اس کا وارث صرف اس کا بھائی یا بہن ہو تو ان میں سے ہر ایک

السُّدُسُ ۚ فَاِنْ كَانُوْۤا اَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ فَهُمْ شُرَكَآءُ فِي الثُّلُثِ

چھٹا حصہ ہے | پس اگر | ہوں | زیادہ | سے | اس | پس وہ | حصہ دار ہیں | میں | ایک تہائی

کا چھٹا حصہ ہے۔ اور اگر ایک سے زیادہ ہوں تو ایک تہائی حصے میں سب برابر کے شریک ہوں گے۔

مِنْۢ بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُّوْصٰى بِهَاۤ اَوْ دَيْنٍ ۙ غَيْرَ مُضَآرٍّ ۚ وَصِيَّةً

سے | بعد | وصیت کے | جو وصیت کی گئی | ساتھ اُسکے | یا | قرض کے | نہیں | نقصان پہنچانا | وصیت ہے

لیکن یہ تمام حصے میت کی وصیت پوری کرنے اور اس کا قرض ادا کرنے کے بعد دیئے جائیں بشرطیکہ میت نے اپنی وصیت کے

مِّنَ اللّٰهِ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَلِيْمٌ ۭ ﴿12﴾ تِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ ۭ وَمَنْ يُّطِعِ

طرف سے | اللہ کی | اور اللہ ہے | خوب جاننے والا | بڑے تحمل والا | یہ ہیں | حدیں | اللہ کی | اور جو کوئی | اطاعت کرے

ذریعے کسی کی حق تلفی نہ کی ہو۔ اللہ کا یہ تاکیدی حکم ہے اور وہ سب کچھ جاننے والا تحمل والا ہے۔ یہ سب اللہ کی قائم کی ہوئی حدیں ہیں

اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ يُدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ

اللہ کی | اور اُسکے رسول کی | تو وہ داخل کرے گا اُسکو | ایسے باغوں میں | جاری ہیں | سے | نیچے جن کے | نہریں

جو لوگ اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی اطاعت کریں گے اللہ انھیں ایسے باغوں میں داخل کرے گا جن میں نہریں بہتی ہوں گی

خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ وَذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿13﴾ وَمَنْ يَّعْصِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ

ہمیشہ رہنے والے ہیں | اُس میں | اور یہ ہے | کامیابی | بڑی | اور جو کوئی | نافرمانی کرے | اللہ کی | اور اُسکے رسول کی

جہاں وہ ہمیشہ رہیں گے اور یہ بڑی کامیابی ہے۔ مگر جو شخص اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی نافرمانی کرے

وَيَتَعَدَّ حُدُوْدَهٗ يُدْخِلْهُ نَارًا خَالِدًا فِيْهَا ۠ وَلَهٗ عَذَابٌ

اور گزر جائے | اُسکی حدوں سے | تو وہ داخل کرے گا اُسے | آگ میں | ہمیشہ رہنے والا ہوگا | اُس میں | اور اُسکے لیے ہے | عذاب

اور اللہ کی قائم کردہ حدوں سے باہر نکل جائے تو اللہ اسے دوزخ کی آگ میں ڈالے گا جس میں وہ ہمیشہ رہے گا اور اسے ذلت والا

مُّهِيْنٌ ﴿14﴾ ع وَالّٰتِيْ يَاْتِيْنَ الْفَاحِشَةَ مِنْ نِّسَآئِكُمْ فَاسْتَشْهِدُوْا

ذلیل کرنیوالا | اور جو عورتیں | کرتی ہیں | بے حیائی | سے | تمہاری عورتوں | پس گواہ مانگو

عذاب دیا جائے گا۔ مسلمانو! تمہاری عورتوں میں سے جو بدکاری کریں ان پر اپنے میں سے

عَلَيْهِنَّ اَرْبَعَةً مِّنْكُمْ ۚ فَاِنْ شَهِدُوْا فَاَمْسِكُوْهُنَّ فِي الْبُيُوْتِ

اُن پر | چار گواہ | تم میں سے | پس اگر | وہ گواہی دیں | تو تم بند رکھواں عورتوں کو | میں | گھروں

چار گواہ طلب کرو۔ اگر وہ گواہی دیدیں تو ان عورتوں کو گھروں میں بند رکھو

حَتّٰى يَتَوَفّٰىهُنَّ الْمَوْتُ اَوْ يَجْعَلَ اللّٰهُ لَهُنَّ سَبِيْلًا ﴿15﴾ وَالَّذٰنِ

یہاں تک کہ | وفات دے اُنکو | موت | یا | کرے | اللہ | اُنکے لیے | کوئی راہ | اور جو دو مرد

یہاں تک کہ موت ان کا خاتمہ کردے یا ان کے لیے اللہ کوئی اور راستہ نکالے۔ جو دونوں مرد

يَاْتِيٰنِهَا مِنْكُمْ فَاٰذُوْهُمَا ۚ فَاِنْ تَابَا وَاَصْلَحَا فَاَعْرِضُوْا عَنْهُمَا ۭ

کریں بے حیائی | تم میں سے | پس تم ایذا دو اُن دونوں کو | پھر اگر | وہ توبہ کرلیں | اور نیکی اختیار کرلیں | تو چھوڑ دو | اُن دونوں کو

تم میں سے ہوں اور وہ بدفعلی کریں تو انھیں ایذا پہنچاؤ۔ پھر اگر وہ توبہ کر کے اپنی اصلاح کر لیں تو انھیں چھوڑ دو۔

اِنَّ اللّٰهَ كَانَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا ﴿16﴾ اِنَّمَا التَّوْبَةُ عَلَى اللّٰهِ لِلَّذِيْنَ

بیشک | اللہ | ہے | توبہ قبول کرنیوالا | نہایت رحم کرنے والا | بیشک | توبہ قبول کرنا | پر | اللہ | اُنکے لیے ہے جو

بے شک اللہ توبہ قبول کرنے والا مہربان ہے۔ اللہ کے ہاں صرف انھی لوگوں کی توبہ قبول ہوتی ہے

يَعْمَلُوْنَ السُّوْٓءَ بِجَهَالَةٍ ثُمَّ يَتُوْبُوْنَ مِنْ قَرِيْبٍ فَاُولٰٓئِكَ

کرتے ہیں | بُرائی | ساتھ نادانی کے | پھر | وہ توبہ کرتے ہیں | سے | جلدی | پس یہ لوگ ہیں

جو نادانی سے کوئی برائی کر بیٹھتے ہیں پھر جلد توبہ کر لیتے ہیں، ایسے

يَتُوْبُ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿17﴾ وَلَيْسَتِ التَّوْبَةُ

توبہ قبول کرتا ہے | اللہ | اُنکی | اور ہے | اللہ | خوب جاننے والا | بڑی حکمت والا | اور نہیں ہے | توبہ

لوگوں کو اللہ معاف کردیتا ہے اور اللہ جاننے والا حکمت والا ہے۔ لیکن ان لوگوں کی توبہ قبول نہیں

لِلَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ السَّيِّاٰتِ ۚ حَتّٰٓى اِذَا حَضَرَ اَحَدَهُمُ الْمَوْتُ قَالَ

اُن لوگوں کی جو | کرتے ہیں | بُرائیاں | یہاں تک کہ | جب | حاضر ہوتی ہے | اُن میں کسی کو | موت | وہ کہتا ہے

ہوتی جو برابر گناہ کرتے رہیں یہاں تک کہ جب ان میں سے کسی کی موت کا وقت آجائے تو وہ کہے

اِنِّىْ تُبْتُ الْــٰٔنَ وَلَا الَّذِيْنَ يَمُوْتُوْنَ وَهُمْ كُفَّارٌ ۭ اُولٰٓئِكَ

بیشک مَیں | مَیں نے توبہ کی | اب | اور نہ | اُنکے لیے جو | مرجاتے ہیں | جبکہ وہ | کافر ہیں | یہ لوگ ہیں

”میں اب توبہ کرتا ہوں۔“ اسی طرح ان لوگوں کی توبہ بھی قبول نہیں ہوتی جو کفر کی حالت میں مرتے ہیں۔ ایسے لوگوں

أَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابًا أَلِيمًا ﴿18﴾ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا يَحِلُّ لَكُمْ

ہم نے تیار کیا ہے | اُنکے لیے | عذاب | دردناک | اے | لوگو جو | ایمان لائے | نہیں | حلال | تمہارے لیے

کے لیے ہم نے دردناک عذاب تیار کر رکھا ہے۔ اے ایمان والو! تمہارے لیے جائز نہیں کہ عورتوں کو میراث سمجھ کر ان کے زبردستی

أَنْ تَرِثُوا النِّسَآءَ كَرْهًا ط وَلَا تَعْضُلُوهُنَّ لِتَذْهَبُوا بِبَعْضِ مَآ

کہ | تم وارث ہو جاؤ | عورتوں کے | زبردستی | اور نہ | تم منع کرو اُنکو | تاکہ تم لے لو | بعض | وہ چیز کہ

وارث بن جاؤ۔ اور نہ یہ جائز ہے کہ تم نے جو مال انھیں دیا تھا اس میں سے کچھ حصہ واپس لینے کے لیے انھیں

آتَيْتُمُوهُنَّ إِلَّآ أَنْ يَأْتِينَ بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ ج وَعَاشِرُوهُنَّ

تم نے دی اُنکو | مگر | یہ کہ | وہ لائیں | بے حیائی | ظاہر | اور رہو اُنکے ساتھ

تنگ کرو مگر اس صورت میں جب وہ کھلی بدکاری کریں۔ اور دیکھو، اپنی بیویوں کے ساتھ

بِالْمَعْرُوفِ ج فَإِنْ كَرِهْتُمُوهُنَّ فَعَسَى أَنْ تَكْرَهُوا شَيْئًا وَّيَجْعَلَ اللّٰهُ

اچھی طرح سے | پس اگر | تم ناپسند کرو اُنکو | تو ممکن ہے | کہ | تم ناپسند کرو | کسی چیز کو | اور کرے | اللہ

اچھی طرح گزر بسر کرو۔ اگر وہ تمھیں ناپسند ہوں تو ہوسکتا ہے ایک چیز تمھیں پسند نہ ہو مگر اللہ نے اس میں

فِيهِ خَيْرًا كَثِيرًا ﴿19﴾ وَإِنْ أَرَدْتُّمُ اسْتِبْدَالَ زَوْجٍ مَّكَانَ زَوْجٍ لا

اُس میں | بھلائی | بہت | اور اگر | تم چاہو | بدل لینا | ایک بیوی کا | جگہ | ایک بیوی کے

تمہارے لیے بہت بھلائی رکھی ہو۔ اگر تم ایک بیوی کی جگہ دوسری بیوی بدلنا چاہو

وَّآتَيْتُمْ إِحْدٰىهُنَّ قِنْطَارًا فَلَا تَأْخُذُوا مِنْهُ شَيْئًا ط أَتَأْخُذُونَهُ

اور تم نے دیا تھا | ایک کو اُن میں سے | بہت مال | پس نہ | تم لو | اُس سے | کچھ بھی | کیا تم لیتے ہوا سے

جبکہ تم پہلی کو ڈھیروں مال دے چکے ہو تو طلاق کے بعد علیحدگی کی صورت میں اس میں سے کچھ بھی واپس نہ لو۔ کیا تم اپنا دیا ہوا

بُهْتَانًا وَّإِثْمًا مُّبِينًا ﴿20﴾ وَكَيْفَ تَأْخُذُونَهُ وَقَدْ أَفْضٰى بَعْضُكُمْ

بُہتان لگا کر | اور گناہ | ظاہر | اور کیسے | تم لیتے ہوا سے | جبکہ بیشک | ملے ہیں | بعض تمہارے

مال کسی بہتان یا ظلم کے ذریعے واپس لو گے؟ اور تم کس طرح وہ مال لو گے جبکہ تم ایک دوسرے سے خلوت

إِلٰى بَعْضٍ وَّأَخَذْنَ مِنْكُمْ مِّيثَاقًا غَلِيظًا ﴿21﴾ وَلَا تَنْكِحُوا مَا

طرف | بعض کی | اور انہوں نے لیا | سے تم | وعدہ | پکا | اور نہ | تم نکاح کرو | جس سے

کر چکے اور وہ نکاح کے وقت تم سے پختہ عہد لے چکیں۔ اور جن عورتوں سے تمہارے

نَكَحَ اٰبَآؤُكُمْ مِّنَ النِّسَآءِ اِلَّا مَا قَدْ سَلَفَ ؕ اِنَّهٗ كَانَ فَاحِشَةً

نکاح کیا | باپوں تمہارے نے | سے | عورتوں | مگر | جو | البتہ | گزر چکا | بیشک وہ | ہے | بے حیائی

باپ نکاح کر چکے ہوں ان سے تم نکاح نہ کرو مگر جو پہلے ہو چکا سو ہو چکا۔ بے شک یہ بے حیائی،

وَّمَقْتًا ؕ وَسَآءَ سَبِيْلًا ﴿22﴾ حُرِّمَتْ عَلَيْكُمْ اُمَّهٰتُكُمْ وَبَنٰتُكُمْ

اور ناراضی اللہ کی بات | اور بُری ہے | راہ | حرام کی گئیں | تم پر | مائیں تمہاری | اور بیٹیاں تمہاری

نفرت کی بات اور بہت برا طریقہ ہے۔ مسلمانو! تمہارے لیے نکاح کرنا حرام ہے اپنی ماؤں سے، اپنی بیٹیوں سے،

وَاَخَوٰتُكُمْ وَعَمّٰتُكُمْ وَخٰلٰتُكُمْ وَبَنٰتُ الْاَخِ وَبَنٰتُ الْاُخْتِ

اور بہنیں تمہاری | اور پھوپھیاں تمہاری | اور خالائیں تمہاری | اور بیٹیاں | بھائی کی | اور بیٹیاں | بہن کی

اپنی بہنوں سے، اپنی پھوپھیوں سے، اپنی خالاؤں سے، اپنی بھتیجیوں سے، اپنی بھانجیوں سے،

وَاُمَّهٰتُكُمُ الّٰتِيْٓ اَرْضَعْنَكُمْ وَاَخَوٰتُكُمْ مِّنَ الرَّضَاعَةِ وَاُمَّهٰتُ

اور وہ مائیں تمہاری | جنہوں نے | دودھ پلایا تمہیں | اور وہ بہنیں تمہاری | سے | دودھ | اور مائیں

اپنی رضاعی ماؤں سے، اپنی دودھ شریک بہنوں سے اور اپنی

نِسَآئِكُمْ وَرَبَآئِبُكُمُ الّٰتِيْ فِيْ حُجُوْرِكُمْ مِّنْ نِّسَآئِكُمُ الّٰتِيْ

تمہاری بیویوں کی | اور تمہاری بیویوں کی بیٹیاں | جو | میں | تمہاری گودوں | سے | تمہاری بیویوں | جن سے

ساسوں سے، اور جن بیویوں سے تم ہم بستری کر چکے ہو ان کی پچھلی بیٹیوں سے جو عام طور پر تمہاری گودوں

دَخَلْتُمْ بِهِنَّ ز فَاِنْ لَّمْ تَكُوْنُوْا دَخَلْتُمْ بِهِنَّ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ ز

تم نے صحبت کی | اُن سے | پس اگر | نہیں | کی | تم نے صحبت | اُن سے | پھر نہیں | کوئی گناہ | تم پر

میں پرورش پاتی ہیں۔ لیکن جن بیویوں سے تم نے صحبت نہیں کی تو ان کی پچھلی بیٹیوں سے نکاح کر لینے میں کوئی گناہ نہیں۔

وَحَلَآئِلُ اَبْنَآئِكُمُ الَّذِيْنَ مِنْ اَصْلَابِكُمْ لا وَاَنْ تَجْمَعُوْا بَيْنَ

اور بیویاں | تمہارے بیٹوں کی | جو ہیں | سے | صُلب (نسل) تمہاری | اور یہ کہ | تم جمع کرو | درمیان

اور تمہارے لیے اپنے حقیقی بیٹوں کی بیویوں یعنی اپنی بہوؤں سے بھی نکاح کرنا حرام ہے۔ اور دو بہنوں کو بیک وقت نکاح میں رکھنا

الْاُخْتَيْنِ اِلَّا مَا قَدْ سَلَفَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿23﴾ لا

دو بہنوں کے | مگر | جو | تحقیق | گزر چکا | بیشک | اللہ | ہے | بڑا بخشنے والا | نہایت رحم کرنے والا

بھی حرام ہے۔ مگر اس سے پہلے جو ہو چکا سو ہو چکا۔ بے شک اللہ معاف کرنے والا مہربان ہے۔

وَّالْمُحْصَنٰتُ مِنَ النِّسَآءِ اِلَّا مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ ۚ كِتٰبَ اللّٰهِ

اورحرام کی گئیں شادی شدہ | عورتوں | سے | مگر | جن کے | مالک ہوئے | دائیں ہاتھ تمہارے | حکم | اللہ کا ہے

اس کے علاوہ وہ عورتیں بھی تمہارے لیے حرام ہیں جو کسی اور کے نکاح میں ہوں سوائے اُن کے جو جنگ میں لونڈیاں بن کر تمہارے

عَلَيْكُمْ ۚ وَاُحِلَّ لَكُمْ مَّا وَرَآءَ ذٰلِكُمْ اَنْ تَبْتَغُوْا بِاَمْوَالِكُمْ

تم پر | اورحلال کی گئی ہیں | تمہارے لیے | جو | سوائے | ان کے ہیں | یہ کہ | طلب کرو | اپنے مالوں کے بدلے

ہاتھ آئیں۔ یہ اللہ کا حکم ہے جس کی پابندی تم پر لازم ہے۔ان کے سوا باقی تمام عورتیں تمہارے لیے حلال ہیں بشرطیکہ تم اپنا مال خرچ

مُّحْصِنِيْنَ غَيْرَ مُسٰفِحِيْنَ ؕ فَمَا اسْتَمْتَعْتُمْ بِهٖ مِنْهُنَّ فَاٰتُوْهُنَّ

نکاح کرنے والے ہو | نہ کہ | بدکاری کرنے والے | پس جو | تم نے فائدہ اُٹھایا ہے | اُسکے بدلے | اُن بیویوں سے | پس تم دواُنکو

کر کے مہر کے ذریعے ان سے نکاح کرو، بدکاری نہ کرو۔ پھر جن عورتوں کو تم کام میں لائے انھیں ان کا طے شدہ

اُجُوْرَهُنَّ فَرِيْضَةً ؕ وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْمَا تَرٰضَيْتُمْ بِهٖ مِنْۢ بَعْدِ

مہر اُنکے | مقرر کیے ہوئے | اور نہیں | گناہ | تم پر | اس میں جو | تم باہم رضامند ہو | ساتھ اُسکے | سے | بعد

مہر ادا کر دو۔ اور اگر تم باہمی رضا مندی سے اس مہر میں کمی بیشی کر لو تو اس میں

الْفَرِيْضَةِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿24﴾ وَمَنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ

مقرر کرنے کے | بیشک | اللہ | ہے | خوب جاننے والا | بڑی حکمت والا | اور | جس کو | نہ | ہوسکے

کوئی گناہ نہیں۔ بے شک اللہ علم والا حکمت والا ہے۔ اور تم میں سے جو

مِنْكُمْ طَوْلًا اَنْ يَّنْكِحَ الْمُحْصَنٰتِ الْمُؤْمِنٰتِ فَمِنْ مَّا مَلَكَتْ

تم میں سے | توفیق | کہ | وہ نکاح کرے | آزاد | ایمان والیوں سے | پس اس سے | جن کے | مالک ہوئے

آزاد عورتوں سے نکاح نہ کرسکتا ہو اسے چاہیے وہ کسی

اَيْمَانُكُمْ مِّنْ فَتَيٰتِكُمُ الْمُؤْمِنٰتِ ؕ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِاِيْمَانِكُمْ ؕ بَعْضُكُمْ

دائیں ہاتھ تمہارے | سے | تمہاری لونڈیاں | ایمان والیوں سے | اور اللہ | خوب جانتا ہے | تمہارے ایمان کو | بعض تمہارے ہیں

مسلمان کنیز سے نکاح کر لے۔ اللہ تمہارے ایمان کو خوب جانتا ہے۔ تم سب

مِّنْۢ بَعْضٍ ۚ فَانْكِحُوْهُنَّ بِاِذْنِ اَهْلِهِنَّ وَاٰتُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ

سے | بعض | پس تم اُن سے نکاح کرلو | اجازت سے | اُنکے مالکوں کی | اور تم دواُنکو | مہر اُنکے

آپس میں ایک ہو۔ اس لیے مالکوں کی اجازت سے اُن کی کنیزوں سے نکاح کر لو اور بھلے طریقے سے ان کے

بِالْمَعْرُوْفِ مُحْصَنٰتٍ غَيْرَ مُسٰفِحٰتٍ وَّلَا مُتَّخِذٰتِ اَخْدَانٍ ۚ فَاِذَآ

بھلے طریقے سے | نکاح میں لائی ہوئی ہوں | نہ کہ | بدکاری کرنے والیاں | اور نہ | بنانے والیاں | یار چھپے | پھر جب

مہر ادا کرو اس طرح کہ وہ نکاح میں لائی جائیں نہ کہ آزاد شہوت رانی کریں اور چوری چھپے آشنائیاں کریں۔ پھر اگر

اُحْصِنَّ فَاِنْ اَتَيْنَ بِفَاحِشَةٍ فَعَلَيْهِنَّ نِصْفُ مَا عَلَى الْمُحْصَنٰتِ

وہ نکاح میں آجائیں | تو اگر | وہ کریں | بے حیائی | تو اُن پر ہے | آدھی | جو | پر | آزاد عورتوں

وہ تمہارے نکاح میں آنے کے بعد بدکاری کریں تو جو سزا آزاد عورتوں کے لیے ہے اُس کی آدھی

مِنَ الْعَذَابِ ۭ ذٰلِكَ لِمَنْ خَشِيَ الْعَنَتَ مِنْكُمْ ۭ وَاَنْ تَصْبِرُوْا خَيْرٌ

سے | سزا میں | یہ ہے | اُس کیلئے جو | ڈرے | بدکاری سے | تم میں سے | اور اگر | تم صبر کرو | بہتر ہے

سزا ان کے لیے ہے۔ کنیز سے نکاح کی اجازت صرف اُس مرد کے لیے ہے جسے بدکاری میں پڑنے کا اندیشہ ہو۔ لیکن اگر تم صبر

لَّكُمْ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝25ۧ يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُبَيِّنَ لَكُمْ وَيَهْدِيَكُمْ

4 ع 3 1

تمہارے لیے | اور اللہ ہے | بڑا بخشنے والا | بہت رحم کرنیوالا | چاہتا ہے | اللہ | تا کہ واضح کرے | تمہارے لیے | اور ہدایت دے تُم کو

سے کام لو تو یہ تمہارے لیے زیادہ بہتر ہے اور اللہ بخشنے والا رحم کرنے والا ہے۔ اللہ چاہتا ہے جو نیک لوگ تم سے پہلے ہو گزرے ہیں

سُنَنَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَيَتُوْبَ عَلَيْكُمْ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝26

اچھے طریقوں کی | اُن لوگوں کے جو | سے | پہلے تم میں | اور توبہ قبول کرے | تُم پر | اور اللہ ہے | خوب جاننے والا | بڑی حکمت والا

اُن کے طور طریقے تم سے کھول کر بیان کر دے اور تم پر اپنی رحمت کی نظر رکھے۔ اور اللہ سب کچھ جاننے والا حکمت والا ہے۔

وَاللّٰهُ يُرِيْدُ اَنْ يَّتُوْبَ عَلَيْكُمْ ۣ وَيُرِيْدُ الَّذِيْنَ يَتَّبِعُوْنَ الشَّهَوٰتِ

اور اللہ | چاہتا ہے | کہ | توبہ قبول کرے | تُم پر | اور چاہتے ہیں | وہ لوگ جو | پیچھے چلتے ہیں | خواہشوں کے

اور اللہ چاہتا ہے کہ تم پر رحمت کی نگاہ رکھے۔ لیکن جو لوگ خواہشوں کی پیروی کرتے ہیں وہ چاہتے ہیں

اَنْ تَمِيْلُوْا مَيْلًا عَظِيْمًا ۝27 يُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّخَفِّفَ عَنْكُمْ ۚ وَخُلِقَ

یہ کہ | تُم جھک جاؤ | جھکنا | بڑا | چاہتا ہے | اللہ | یہ کہ | ہلکا کرے | تُم سے | اور پیدا کیا گیا

تم مسلمان بھی سیدھی راہ سے بھٹک جاؤ۔ اللہ یہ بھی چاہتا ہے کہ تم پر سے پابندیوں کا بوجھ ہلکا کرے کیونکہ انسان

الْاِنْسَانُ ضَعِيْفًا ۝28 يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَاْكُلُوْٓا اَمْوَالَكُمْ بَيْنَكُمْ

انسان | کمزور | اے | لوگو جو | ایمان لائے ہو | نہ | تُم کھاؤ | مال اپنے | درمیان اپنے

کمزور پیدا کیا گیا ہے۔ اے ایمان والو! آپس میں ایک دوسرے کا مال ناحق نہ کھاؤ۔

بِالْبَاطِلِ اِلَّآ اَنْ تَكُوْنَ تِجَارَةً عَنْ تَرَاضٍ مِّنْكُمْ ۟ وَلَا تَقْتُلُوْٓا

ناجائز طریقے سے | مگر | یہ کہ | ہو | تجارت | سے | رضامندی | تمہاری | اور نہ | تُم قتل کرو

البتہ باہمی رضامندی کی تجارت کے ذریعے جو مال حاصل کرو وہ کھا سکتے ہو۔ اور دیکھو ایک دوسرے کو ہلاک نہ کرو۔ بے شک اللہ تم

اَنْفُسَكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِكُمْ رَحِيْمًا ﴿29﴾ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ عُدْوَانًا

ایک دوسرے کو | بیشک | اللہ | ہے | تمہارے ساتھ | بہت رحم کرنیوالا | اور جو کوئی | کرے | ایسا | زیادتی سے

پر بڑا مہربان ہے۔ جو کوئی ظلم اور سرکشی سے

وَّظُلْمًا فَسَوْفَ نُصْلِيْهِ نَارًا ؕ وَكَانَ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرًا ﴿30﴾ اِنْ

اور ظلم سے | تو جلد | ہم ڈالیں گے اُسکو | آگ میں | اور ہے | یہ | اوپر | اللہ کے | آسان | اگر

ایسا کرے گا اسے ہم ضرور دوزخ کی آگ میں ڈالیں گے اور یہ اللہ کے لیے بہت آسان ہے۔ اگر

تَجْتَنِبُوْا كَبَآئِرَ مَا تُنْهَوْنَ عَنْهُ نُكَفِّرْ عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ وَنُدْخِلْكُمْ

تم بچو گے | بڑے گناہوں سے | جو | تمہیں منع کیا جاتا ہے | اُن سے | ہم دُور کرینگے | تُم سے | بُرائیاں تمہاری | اور ہم داخل کرینگے تُم کو

تم بڑے گناہوں سے بچتے رہے جن سے تمہیں منع کیا گیا ہے تو ہم تمہاری چھوٹی برائیوں کو معاف کر دیں گے اور تمہیں جنت کے

مُّدْخَلًا كَرِيْمًا ﴿31﴾ وَلَا تَتَمَنَّوْا مَا فَضَّلَ اللّٰهُ بِهٖ بَعْضَكُمْ عَلٰى

جگہ | عزّت کی میں | اور نہ | تُم تمنا کرو | اسکی جو | فضیلت دی | اللہ نے | اُسکے ساتھ | تم میں سے بعض کو | پر

باعزت مقام میں جگہ دیں گے۔ اور دیکھو ایسی چیز کی تمنا نہ کرو جس میں اللہ نے تمہیں ایک کو دوسرے پر

بَعْضٍ ؕ لِلرِّجَالِ نَصِيْبٌ مِّمَّا اكْتَسَبُوْا ؕ وَلِلنِّسَآءِ نَصِيْبٌ مِّمَّا

بعض | مردوں کیلئے ہے | حصہ | اس سے جو | انہوں نے کمایا | اور عورتوں کیلئے ہے | حصہ | اس سے جو

بڑائی دی۔ مردوں کو اُن کی کمائی کا اجر ملے گا اور عورتوں کو اُن کی

اكْتَسَبْنَ ؕ وَسْئَلُوا اللّٰهَ مِنْ فَضْلِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِكُلِّ شَيْءٍ

انہوں نے کمایا | اور مانگو | اللہ سے | سے | اُس کے فضل | بیشک | اللہ | ہے | ساتھ ہر | چیز کے

کمائی کا۔ البتہ اللہ سے اُس کا فضل مانگو۔ بے شک اللہ ہر چیز کا علم

عَلِيْمًا ﴿32﴾ وَلِكُلٍّ جَعَلْنَا مَوَالِيَ مِمَّا تَرَكَ الْوَالِدٰنِ وَالْاَقْرَبُوْنَ ؕ

خوب جاننے والا | اور ہر ایک کیلئے | ہم نے بنائے ہیں | وارث | اُسکے جو | چھوڑ گئے | ماں باپ | اور رشتہ دار

رکھتا ہے۔ اور جو ترکہ تمہارے والدین اور دوسرے رشتہ دار چھوڑ جائیں تو ہم نے ہر ایک کے لیے وارث مقرر کر دیے ہیں،

وَالَّذِيْنَ عَقَدَتْ اَيْمَانُكُمْ فَاٰتُوْهُمْ نَصِيْبَهُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلٰي

اور وہ لوگ کہ | گرہ باندھی | دائیں ہاتھوں تمہارے نے | پس تم دو اُنکو | اُنکا حصہ | بیشک | اللہ | ہے | پر

اور جن لوگوں سے تم نے کوئی عہد کر رکھا ہو تو انھیں ان کا حصہ دو۔ بے شک اللہ ہر چیز کو

كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدًا ۝33 ع اَلرِّجَالُ قَوّٰمُوْنَ عَلَي النِّسَاۗءِ بِمَا فَضَّلَ

ع 5 8 2

ہر | چیز کے | گواہ | مرد | سربراہ ہیں | پر | عورتوں | اس وجہ سے جو | فضیلت دی

دیکھ رہا ہے۔ مرد بیویوں کے سربراہ ہیں، کیونکہ اللہ نے ان میں سے ایک کو

اللّٰهُ بَعْضَھُمْ عَلٰي بَعْضٍ وَّبِمَآ اَنْفَقُوْا مِنْ اَمْوَالِهِمْ ۭ فَالصّٰلِحٰتُ

اللہ نے | اُنکے بعض کو | پر | بعض | اور بوجہ جو | وہ خرچ کرتے ہیں | سے | اپنے مالوں | پس نیک عورتیں

دوسرے پر برتری دی اور اس وجہ سے کہ مرد بیویوں پر اپنا مال خرچ کرتے ہیں۔ نیک بیویاں

قٰنِتٰتٌ حٰفِظٰتٌ لِّلْغَيْبِ بِمَا حَفِظَ اللّٰهُ ۭ وَالّٰتِيْ تَخَافُوْنَ نُشُوْزَھُنَّ

فرماں بردار ہیں | حفاظت کرنیوالی | پیٹھ پیچھے | ساتھ | حفاظت | اللہ کی | اور جو عورتیں کہ | تم ڈرتے ہو | سرکشی اُنکی سے

شوہروں کی فرماں بردار ہوتی ہیں اور ان کی عدم موجودگی میں اللہ کی توفیق سے ہر چیز کی حفاظت کرتی ہیں۔ اور جن بیویوں سے تمھیں

فَعِظُوْھُنَّ وَاهْجُرُوْھُنَّ فِي الْمَضَاجِعِ وَاضْرِبُوْھُنَّ ۚ فَاِنْ اَطَعْنَكُمْ

پس سمجھاؤ اُنکو | اور تم الگ رہواُن سے | میں | بستروں | اور تم مارو اُنکو | پس اگر | وہ کہا مانیں تمہارا

سرکشی کا اندیشہ ہو تو انھیں سمجھاؤ، ان سے ہم بستری چھوڑ دو اور اس پر بھی نہ مانیں تو انھیں مارو۔ اگر وہ تمہاری اطاعت کریں تو ان

فَلَا تَبْغُوْا عَلَيْهِنَّ سَبِيْلًا ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيًّا كَبِيْرًا ۝34 وَاِنْ

پس نہ | تم ڈھونڈو | خلاف اُنکے | راہ زیادتی کی | بیشک | اللہ | ہے | نہایت بلند | بہت بڑا۔ | اور اگر

کے خلاف الزام تراشی نہ کرو۔ بےشک اللہ سب سے برتر اور بہت بڑا ہے۔ اگر تمھیں

خِفْتُمْ شِقَاقَ بَيْنِهِمَا فَابْعَثُوْا حَكَمًا مِّنْ اَھْلِهٖ وَحَكَمًا

تم ڈرو | جھگڑے سے | درمیان میاں بیوی کے | پس تم مقرر کرو | ایک مُنصِف | سے | مرد کے خاندان | اور ایک مُنصِف

میاں بیوی میں علیحدگی کا اندیشہ ہو تو ایک منصف مرد کے خاندان سے اور ایک منصف عورت کے خاندان سے

مِّنْ اَھْلِهَا ۚ اِنْ يُّرِيْدَآ اِصْلَاحًا يُّوَفِّقِ اللّٰهُ بَيْنَهُمَا ۭ اِنَّ اللّٰهَ

سے | عورت کے خاندان | اگر | ارادہ کریں گے | صلح کرانے کا | موافقت کردیگا | اللہ | درمیان دونوں کے | بیشک | اللہ

مقرر کرلو۔ اگر وہ صلح کرائیں گے تو اللہ بھی میاں بیوی کے درمیان موافقت پیدا کردے گا۔ بے شک اللہ

كَانَ عَلِيْمًا خَبِيْرًا ﴿٣٥﴾ وَاعْبُدُوا اللّٰهَ وَلَا تُشْرِكُوْا بِهٖ شَيْـًٔا

ہے | خوب جاننے والا | باخبر | اور تم عبادت کرو | اللہ کی | اور نہ | تم شریک بناؤ | اُسکا | کچھ بھی

سب کچھ جاننے والا ہر چیز سے باخبر ہے۔ تم اللہ کی عبادت کرو اور کسی کو اس کا شریک نہ بناؤ۔

وَّبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا وَّبِذِی الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَالْجَارِ

اور ساتھ ماں باپ کے | اچھا سلوک کرنا | اور ساتھ رشتہ داروں کے | اور یتیموں کے | اور مسکینوں کے | اور ہمسائے

اور اچھا سلوک کرو اپنے والدین، رشتہ داروں، یتیموں، مسکینوں، رشتہ دار

ذِی الْقُرْبٰى وَالْجَارِ الْجُنُبِ وَالصَّاحِبِ بِالْجَنْۢبِ وَابْنِ السَّبِيْلِ ۙ وَمَا

رشتہ دار کے | اور ہمسائے اجنبی کے | اور ساتھی پہلو کے | اور مسافر کے | اور جن کے

ہمسایوں، اجنبی ہمسایوں، پاس بیٹھنے والوں اور مسافروں سے

مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ مَنْ كَانَ مُخْتَالًا فَخُوْرَا ۨ ﴿٣٦﴾

مالک ہوئے | دائیں ہاتھ تمہارے | بیشک | اللہ | نہیں | پسند کرتا | اُسے جو | ہو | مغرور | شیخی کرنے والا

اور لونڈی غلاموں کے ساتھ۔ بے شک اللہ پسند نہیں کرتا ان لوگوں کو جو تکبر کرنے والے شیخی باز ہوں،

الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ وَيَاْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبُخْلِ وَيَكْتُمُوْنَ مَآ اٰتٰىهُمُ

جو لوگ | بخل کرتے ہیں | اور حکم دیتے ہیں | لوگوں کو | بخل کا | اور وہ چھپاتے ہیں | وہ جو | دیا اُنکو

جو خود بخل کریں اور دوسروں کو بخل سکھائیں، اللہ نے جو کچھ انھیں دے رکھا ہے اسے خرچ کرنے کے

اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ۭ وَاَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا مُّهِيْنًا ﴿٣٧﴾ ج وَالَّذِيْنَ

اللہ نے | سے | اپنے فضل | اور ہم نے تیار کیا ہے | کافروں کیلئے | عذاب | ذلیل کرنے والا | اور جو لوگ

بجائے چھپائیں۔ ایسے ناشکروں کے لیے ہم نے ذلت کا عذاب تیار کر رکھا ہے۔ وہ اگر

يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ رِئَاۗءَ النَّاسِ وَلَا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَلَا بِالْيَوْمِ

خرچ کرتے ہیں | مال اپنے | دکھانے کو | لوگوں کے | اور نہیں | وہ ایمان رکھتے | اللہ پر | اور نہ | دن پر

کچھ خرچ بھی کرتے ہیں تو لوگوں کو دکھانے کے لیے، نہ اللہ پر ایمان رکھتے ہیں اور نہ آخرت کے

الْاٰخِرِ ۭ وَمَنْ يَّكُنِ الشَّيْطٰنُ لَهٗ قَرِيْنًا فَسَاۗءَ قَرِيْنًا ﴿٣٨﴾ وَمَاذَا

آخرت کے | اور جو کوئی | ہو | شیطان | اُسکا | ساتھی | پس وہ بُرا ہے | ساتھی | اور کیا ہے

دن پر۔ حقیقت یہ ہے کہ شیطان جس کا ساتھی ہو وہ بہت برا ساتھی ہے۔ آخر ان

عَلَيۡهِمۡ لَوۡ اٰمَنُوۡا بِاللّٰهِ وَالۡيَوۡمِ الۡاٰخِرِ وَاَنۡفَقُوۡا مِمَّا رَزَقَهُمُ

اُن پر | اگر | وہ ایمان لائیں | اللہ پر | اور دن پر | آخرت کے | اور وہ خرچ کریں | اُس سے جو | دیا اُنکو

لوگوں کا کیا نقصان تھا اگر وہ اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان لاتے، اللہ نے جو کچھ انھیں دے رکھا ہے اُس میں سے اُس کی راہ میں

اللّٰهُ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِهِمۡ عَلِيۡمًا ﴿۳۹﴾ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَظۡلِمُ مِثۡقَالَ

اللہ نے | اور ہے | اللہ | اُنکو | خوب جاننے والا | بیشک | اللہ | نہیں | ظلم کرتا | برابر

خرچ کرتے؟ اور اللہ ایسے لوگوں سے اچھی طرح باخبر ہے۔ بے شک اللہ ذرا بھی کسی کی حق تلفی

ذَرَّةٍ ۚ وَاِنۡ تَكُ حَسَنَةً يُّضٰعِفۡهَا وَيُؤۡتِ مِنۡ لَّدُنۡهُ اَجۡرًا

ایک ذرّے کے | اور اگر | ہو | کوئی نیکی | وہ دوگنا کرے گا اُسکو | اور دے گا | سے | پاس اپنے | ثواب

نہیں کرتا بلکہ اگر کسی نے معمولی نیکی کی ہو تو اسے دگنا بڑھاتا اور اپنے پاس سے بڑا

عَظِيۡمًا ﴿۴۰﴾ فَكَيۡفَ اِذَا جِئۡنَا مِنۡ كُلِّ اُمَّةٍ بِشَهِيۡدٍ وَّجِئۡنَا بِكَ عَلٰى

بڑا | پس کیا ہوگا | جب | ہم لائیں گے | سے | ہر | اُمت | ایک گواہ | اور ہم لائیں گے | آپ کو | اوپر

ثواب دیتا ہے۔ پھر اُس دن کیا حال ہوگا جب سب لوگ جمع ہوں گے اور ہم ہر امت میں سے ایک نبی کو گواہ لائیں گے اور اے

هٰٓؤُلَاۤءِ شَهِيۡدًا ؕ ﴿۴۱﴾ يَوۡمَئِذٍ يَّوَدُّ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا وَعَصَوُا الرَّسُوۡلَ لَوۡ

اُنکے | گواہ | اُس دن | چاہیں گے | وہ لوگ جو | کافر ہوئے | اور نافرمانی کی | رسول کی | کاش

نبی ﷺ! ہم آپ ﷺ کو ان پر گواہ بنا کر کھڑا کریں گے۔ پھر اس دن وہ لوگ جنھوں نے کفر کیا اور رسول کی نافرمانی کی، یہ تمنا

وقف النبی علیہ السلام

تُسَوّٰى بِهِمُ الۡاَرۡضُ ؕ وَلَا يَكۡتُمُوۡنَ اللّٰهَ حَدِيۡثًا ﴿۴۲﴾ ع يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ

برابر کردی جائے | اُن پر | زمین | اور نہ | وہ چھپائیں گے | اللہ سے | کوئی بات | اے | لوگو جو

ع 6/9/3

کریں گے کہ اے کاش! زمین ان پر برابر کردی جائے، اور اس دن وہ اللہ سے کوئی بات چھپا نہ سکیں گے۔ اے ایمان

اٰمَنُوۡا لَا تَقۡرَبُوا الصَّلٰوةَ وَاَنۡتُمۡ سُكٰرٰى حَتّٰى تَعۡلَمُوۡا مَا تَقُوۡلُوۡنَ

ایمان لائے ہو | نہ | قریب ہو جاؤ | نماز کے | جبکہ تم ہو | نشے میں | یہاں تک کہ | تُم جانو | جو | تم کہتے ہو

والو! نشے کی حالت میں نماز کے قریب نہ جاؤ۔ یہاں تک کہ جو کچھ تم زبان سے کہو اُسے سمجھو۔

وَلَا جُنُبًا اِلَّا عَابِرِىۡ سَبِيۡلٍ حَتّٰى تَغۡتَسِلُوۡا ؕ وَاِنۡ كُنۡتُمۡ

اور نہ | جنابت کی حالت میں | مگر | گزرنے والے | راہ کے | یہاں تک کہ | تُم غسل کرلو | اور اگر | تُم ہو

اسی طرح جب غسل کی حاجت ہو تو بھی نماز کے قریب نہ جاؤ جب تک غسل نہ کر لو۔ البتہ بغیر

مَّرْضٰٓى اَوْ عَلٰى سَفَرٍ اَوْ جَآءَ اَحَدٌ مِّنْكُمْ مِّنَ الْغَآئِطِ اَوْ لٰمَسْتُمُ

بیمار | یا | پر | سفر | یا | آئے | کوئی | تم میں سے | سے | بیت الخلا | یا | تم نے ملاپ کیا ہو

غسل کیے مسجد اور نماز کی جگہ میں سے گزرنے کی اجازت ہے۔ اگر تم بیمار ہو یا سفر پر ہو یا تم میں سے کوئی شخص رفع حاجت کر کے

النِّسَآءَ فَلَمْ تَجِدُوْا مَآءً فَتَيَمَّمُوْا صَعِيْدًا طَيِّبًا فَامْسَحُوْا

بیویوں سے | پس نہ | تم پاؤ | پانی | تو تم تیمم کرو | مٹی | پاک سے | پس تم مسح کرو

آئے، یا تم بیویوں کے پاس گئے ہو اور تمہیں پانی نہ ملے تو پاک مٹی سے تیمّم کر لو اور اپنے چہرے

بِوُجُوْهِكُمْ وَاَيْدِيْكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَفُوًّا غَفُوْرًا ﴿43﴾ اَلَمْ تَرَ

اپنے چہروں کا | اور اپنے ہاتھوں کا | بیشک | اللہ | ہے | بہت معاف کرنے والا | بڑا بخشنے والا | کیا نہیں | تو نے دیکھا

اور ہاتھوں کا مسح کر لو۔ بے شک اللہ معاف کرنے والا بخشنے والا ہے۔ مسلمانو! کیا تم نے

اِلَى الَّذِيْنَ اُوْتُوْا نَصِيْبًا مِّنَ الْكِتٰبِ يَشْتَرُوْنَ الضَّلٰلَةَ وَيُرِيْدُوْنَ

طرف | اُن کی جن کو | ملا | حصہ | سے | کتاب میں | خریدتے ہیں | گمراہی | اور وہ چاہتے ہیں

ان لوگوں کا حال نہیں دیکھا جنہیں کتابِ الٰہی کا کچھ حصہ دیا گیا مگر وہ گمراہی خرید رہے ہیں اور چاہتے ہیں

اَنْ تَضِلُّوا السَّبِيْلَ ؕ ﴿44﴾ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِاَعْدَآئِكُمْ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَلِيًّا ۙ

کہ | تم بہک جاؤ | راہ سے | اور اللہ | خوب جانتا ہے | تمہارے دشمنوں کو | اور کافی ہے | اللہ | دوست

تم بھی گمراہ ہوجاؤ۔ اللہ تمہارے دشمنوں کو خوب جانتا ہے اور اللہ کی حمایت اور مدد

وَّكَفٰى بِاللّٰهِ نَصِيْرًا ﴿45﴾ مِنَ الَّذِيْنَ هَادُوْا يُحَرِّفُوْنَ الْكَلِمَ عَنْ

اور کافی ہے | اللہ | مددگار | بعض سے | اُن لوگوں سے جو | یہودی ہوئے | بدل ڈالتے ہیں | باتوں کو | سے

ہی تمہارے لیے کافی ہے۔ اے نبی ﷺ! یہودیوں کا ایک گروہ بات کو اُس کے ٹھکانے سے ہٹا

مَّوَاضِعِهٖ وَيَقُوْلُوْنَ سَمِعْنَا وَعَصَيْنَا وَاسْمَعْ غَيْرَ مُسْمَعٍ وَّرَاعِنَا لَيًّا

اُن کی جگہوں | اور وہ کہتے ہیں | ہم نے سُنا | اور ہم نے نہ مانا | اور سُن | نہ | سُنایا جائے | اور راعنا | مروڑ کر

دیتا ہے اور آپ ﷺ سے کہتا ہے ''ہم نے سنا مگر نہ مانا'' وہ یہ بھی کہتے ہیں کہ ''سنیں اور تمہیں سنایا نہ جائے'' اور وہ اپنی

بِاَلْسِنَتِهِمْ وَطَعْنًا فِى الدِّيْنِ ؕ وَلَوْ اَنَّهُمْ قَالُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا

اپنی زبانوں کو | اور طعن کرتے ہوئے | بارے میں | دین کے | اور اگر | یہ کہ وہ | کہتے | ہم نے سُنا | اور ہم نے مانا

زبان کو موڑ کر رَاعِنَا کہتے ہیں تاکہ دینِ حق پر عیب لگائیں۔ اگر وہ اس کی بجائے یہ کہتے ''ہم نے سنا اور مانا

وَاسْمَعْ وَانْظُرْنَا لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ وَاَقْوَمَ ۙ وَلٰكِنْ لَّعَنَهُمُ اللّٰهُ

اور سنیے | اور ہماری طرف دیکھئے | ضرور ہوتا | بہتر | اُن کے لیے | اور بہت درست | اور لیکن | لعنت کی اُن پر | اللہ نے

اور ہماری طرف متوجہ ہوں“ تو اُن کے حق میں بہتر ہوتا اور صحیح بات ہوتی۔ مگر اللہ نے اُن کے کفر کی

بِكُفْرِهِمْ فَلَا يُؤْمِنُوْنَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿٤٦﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ

اُنکے کفر کی وجہ سے | پس نہ | وہ ایمان لائیں گے | مگر | تھوڑے | اے | لوگو جن کو | دی گئی | کتاب

وجہ سے ان پر لعنت کردی اس لیے وہ بہت کم ایمان لائیں گے۔ اے اہلِ کتاب!

اٰمِنُوْا بِمَا نَزَّلْنَا مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ نَّطْمِسَ

تم ایمان لاؤ | اُس پر جو | ہم نے اتارا | تصدیق کرنیوالا | اُس کی جو | ساتھ تمہارے ہے | سے | پہلے | کہ | ہم مٹا ڈالیں

ہمارے نازل کیے ہوئے قرآن پر جو تمہاری کتابوں کو سچا کر دکھانے والا ہے ایمان لاؤ، اس سے پہلے کہ ہم تمہارے چہرے مسخ

وُجُوْهًا فَنَرُدَّهَا عَلٰۤى اَدْبَارِهَاۤ اَوْ نَلْعَنَهُمْ كَمَا لَعَنَّاۤ اَصْحٰبَ

چہرے | پس ہم پھیر دیں اُنکو | پر | اُنکی پیٹھوں | یا | ہم لعنت کریں اُن پر | جیسا کہ | ہم نے لعنت کی | والوں

کردیں اور انھیں اُلٹی طرف لگا دیں، یا تم پر لعنت کردیں جیسے ہفتے کےدن والوں پر

السَّبْتِ ؕ وَكَانَ اَمْرُ اللّٰهِ مَفْعُوْلًا ﴿٤٧﴾ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ اَنْ

ہفتے پر | اور ہے | کام | اللہ کا | ضرور ہونے والا | بیشک | اللہ | نہیں | بخشے گا | یہ کہ

کی تھی اور یاد رکھو اللہ کا حکم پورا ہو کر رہتا ہے۔ بے شک اللہ شرک کو معاف

يُّشْرَكَ بِهٖ وَيَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَّشَآءُ ۚ وَمَنْ يُّشْرِكْ

شریک کیا جائے | ساتھ اُسکے | اور وہ بخشے گا | جو | سوائے | اسکے ہے | جس کیلئے | وہ چاہے | اور جو کوئی | شریک بنائے

نہیں کرے گا۔ اس کے سوا باقی گناہوں میں سے جو چاہے گا بخش دے گا۔ جو شخص اللہ کا شریک

بِاللّٰهِ فَقَدِ افْتَرٰۤى اِثْمًا عَظِيْمًا ﴿٤٨﴾ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ يُزَكُّوْنَ

ساتھ اللہ کے | پس بیشک | اُس نے گھڑلیا | گناہ | بڑا | کیا نہیں | تو نے دیکھا | طرف | اُن لوگوں کی جو | پاک بناتے ہیں

بناتا ہے وہ بڑا بہتان باندھتا ہے۔ اے نبی ﷺ! کیا آپ ﷺ نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جو اپنے آپ کو گناہوں سے پاک سمجھتے

اَنْفُسَهُمْ ؕ بَلِ اللّٰهُ يُزَكِّيْ مَنْ يَّشَآءُ وَلَا يُظْلَمُوْنَ فَتِيْلًا ﴿٤٩﴾ اُنْظُرْ

خود کو | بلکہ | اللہ | پاک کرتا ہے | جسے | وہ چاہے | اور نہ | اُن پر ظلم ہوگا | دھاگے برابر | تو دیکھ

ہیں حالاں کہ اللہ جسے چاہتا ہے پاک کرتا ہے اور اللہ کسی پر ذرا ظلم نہیں کرتا مگر دیکھو

كَيۡفَ يَفۡتَرُوۡنَ عَلَى اللّٰهِ الۡكَذِبَ ؕ وَكَفٰى بِهٖۤ اِثۡمًا مُّبِيۡنًا ۞ اَلَمۡ

کیسے | وہ باندھتے ہیں | پر | اللہ | جھوٹ | اور کافی ہے | اُس کا یہ | گناہ | ظاہر | کیا نہیں

یہ لوگ اللہ پر کیسا جھوٹ باندھ رہے ہیں اور صریح گناہ ہونے کے لیے یہی کافی ہے۔ کیا تم نے

تَرَ اِلَى الَّذِيۡنَ اُوۡتُوۡا نَصِيۡبًا مِّنَ الۡكِتٰبِ يُؤۡمِنُوۡنَ بِالۡجِبۡتِ

تو نے دیکھا | طرف اُنکی | جن کو | دیا گیا | حصّہ | سے | کتاب | وہ ایمان رکھتے ہیں | بتوں پر

ان لوگوں کی حالت پر غور نہیں کیا جنہیں کتابِ الٰہی کا کچھ حصہ دیا گیا مگر وہ بتوں کو اور شیطان کو

وَالطَّاغُوۡتِ وَيَقُوۡلُوۡنَ لِلَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا هٰۤؤُلَاۤءِ اَهۡدٰى مِنَ الَّذِيۡنَ

اور شیطان پر | اور وہ کہتے ہیں | اُنکو جو | کافر ہوئے | کہ یہ لوگ | زیادہ ہدایت والے ہیں | سے | اُن لوگوں

مانتے ہیں اور کافروں کے بارے میں کہتے ہیں وہ مسلمانوں سے زیادہ صحیح

اٰمَنُوۡا سَبِيۡلًا ۞ اُولٰۤئِكَ الَّذِيۡنَ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ ؕ وَمَنۡ يَّلۡعَنِ اللّٰهُ

جو ایمان لائے | راستے پر | یہ لوگ | وہ ہیں جو | لعنت کی اُن پر | اللہ نے | اور جس پر | لعنت کرے | اللہ

راستے پر ہیں۔ یہی لوگ ہیں جن پر اللہ نے لعنت کی اور جس پر اللہ لعنت کر دے

فَلَنۡ تَجِدَ لَهٗ نَصِيۡرًا ؕ ۞ اَمۡ لَهُمۡ نَصِيۡبٌ مِّنَ الۡمُلۡكِ فَاِذًا

پس ہرگز نہ | تُو پائے گا | اُن کیلئے | مددگار | کیا | اُن کیلئے | حصّہ ہے | سے | بادشاہی میں | پھر فوراً

اس کا کوئی مددگار نہیں۔ کیا اللہ کی بادشاہی میں ان کا بھی کوئی دخل ہے؟ پھر تو

لَّا يُؤۡتُوۡنَ النَّاسَ نَقِيۡرًا ۞ اَمۡ يَحۡسُدُوۡنَ النَّاسَ عَلٰى مَاۤ اٰتٰهُمُ

نہ | وہ دیں گے | لوگوں کو | تل برابر | کیا | وہ حسد کرتے ہیں | لوگوں سے | پر | اس بات جو | دیا اُنکو

یہ لوگوں کو ایک تل برابر بھی نہ دیں۔ یا پھر انھیں اس بات کا حسد ہے کہ کیوں اللہ نے مسلمانوں کو

اللّٰهُ مِنۡ فَضۡلِهٖ ۚ فَقَدۡ اٰتَيۡنَاۤ اٰلَ اِبۡرٰهِيۡمَ الۡكِتٰبَ وَالۡحِكۡمَةَ

اللہ نے | سے | اپنے فضل | پس بیشک | ہم نے دی | اولادِ | ابراہیم کو | کتاب | اور حکمت

اپنے فضل سے نوازا؟ حالاں کہ اس سے پہلے ہم نے خاندانِ ابراہیم علیہ السلام کو کتاب و حکمت

وَاٰتَيۡنٰهُمۡ مُّلۡكًا عَظِيۡمًا ۞ فَمِنۡهُمۡ مَّنۡ اٰمَنَ بِهٖ وَمِنۡهُمۡ مَّنۡ صَدَّ

اور ہم نے دی اُنکو | بادشاہی | بڑی | پس کوئی اُن میں سے | جو | ایمان لایا | ساتھ اُسکے | اور کوئی اُن میں سے | جو | رُکا رہا

اور عظیم سلطنت دی تھی۔ پھر ان لوگوں میں سے کوئی ایمان لایا، کوئی رُکا رہا

عَنْهُ ؕ وَكَفٰى بِجَهَنَّمَ سَعِيْرًا ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِنَا سَوْفَ

اُس سے | اور کافی ہے | دوزخ کی | بھڑکتی آگ | بیشک | جن لوگوں نے | انکار کیا | ہماری آیتوں کا | عنقریب

تو ایسے لوگوں کے لیے جہنم کی بھڑکتی آگ کافی ہے۔ بے شک جن لوگوں نے ہماری نشانیوں کا انکار کیا، انھیں ہم قیامت کے دن

نُصْلِيْهِمْ نَارًا ؕ كُلَّمَا نَضِجَتْ جُلُوْدُهُمْ بَدَّلْنٰهُمْ جُلُوْدًا غَيْرَهَا

ہم داخل کریں گے اُنکو | آگ میں | جب جب | گل جائیں گے | چمڑے اُنکے | ہم بدل دیں گے اُنکو | چمڑے | علاوہ اُنکے

دوزخ کی آگ میں ڈالیں گے۔ جب اُن کے جسم کی کھالیں جل جائیں گی تو ہم ان کی کھالیں بدل کر دوسری کر دیں گے

لِيَذُوْقُوا الْعَذَابَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ۝ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

تاکہ وہ چکھیں | عذاب کو | بیشک | اللہ | ہے | غالب | حکمت والا | اور جو لوگ | ایمان لائے

تاکہ وہ عذاب سہتے رہیں۔ بے شک اللہ سب پر غالب اور حکمت والا ہے۔ جو لوگ ایمان لائے

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَنُدْخِلُهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ

اور انہوں نے کام کیے | اچھے | ضرور ہم داخل کریں گے اُنکو | ایسے باغوں میں | بہتی ہیں | سے | نیچے اُنکے | نہریں

اور انھوں نے نیک کام کیے انھیں ہم ایسے باغوں میں داخل کریں گے جن میں نہریں بہتی ہوں گی

خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ؕ لَهُمْ فِيْهَآ اَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ ۫ وَّنُدْخِلُهُمْ ظِلًّا

ہمیشہ رہنے والے | اُن میں | ہمیشہ | اُن کیلئے | اُن میں ہیں | بیویاں | پاکیزہ | اور ہم داخل کریں گے اُنکو | چھاؤں

وہاں وہ ہمیشہ رہیں گے۔ اُن کے لیے پاکیزہ بیویاں ہوں گی۔ ہم انھیں گھنی چھاؤں میں

ظَلِيْلًا ۝ اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُكُمْ اَنْ تُؤَدُّوا الْاَمٰنٰتِ اِلٰٓى اَهْلِهَا ۙ وَاِذَا

گھنی میں | بیشک | اللہ | حکم دیتا ہے تمہیں | کہ | تم پہنچاؤ | امانتیں | طرف | اُنکے حق داروں کی | اور جب

رکھیں گے۔ مسلمانو! اللہ تمہیں حکم دیتا ہے امانتیں اُن کے حق داروں کو پہنچاؤ۔ اور جب لوگوں

حَكَمْتُمْ بَيْنَ النَّاسِ اَنْ تَحْكُمُوْا بِالْعَدْلِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ نِعِمَّا

تم فیصلہ کرو | درمیان | لوگوں کے | یہ کہ | تم فیصلہ کرو | انصاف کے ساتھ | بیشک | اللہ | اچھی

کے درمیان فیصلہ کرو تو انصاف سے فیصلہ کرو۔ اللہ تمہیں کتنی اچھی

يَعِظُكُمْ بِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ سَمِيْعًا بَصِيْرًا ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا

نصیحت کرتا ہے تم کو | اُسکے ساتھ | بیشک | اللہ | ہے | بہت سُننے والا | بہت دیکھنے والا | اے | لوگو جو | ایمان لائے

نصیحت کرتا ہے۔ بے شک اللہ سننے والا دیکھنے والا ہے۔ اے ایمان والو!

أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ وَأُولِي الْأَمْرِ مِنكُمْ ۖ فَإِن تَنَازَعْتُمْ

اطاعت کرو | اللہ کی | اور اطاعت کرو | رسول کی | اور اختیار والوں کی | تم میں سے | پھر اگر | تم جھگڑو

اطاعت کرو اللہ کی، اطاعت کرو رسول ﷺ کی اور اُن کی جو تم میں سے حکمران ہیں۔ پھر اگر تمہارے درمیان

فِي شَيْءٍ فَرُدُّوهُ إِلَى اللَّهِ وَالرَّسُولِ إِن كُنتُمْ تُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ

میں | کسی چیز | پس پھیر دو اُسکو | طرف | اللہ کی | اور رسول کی | اگر | تم ہو | ایمان رکھتے | اللہ پر

کسی چیز میں اختلاف ہوجائے تو اسے اللہ اور رسول ﷺ کی طرف پھیر دو اگر تم واقعی اللہ پر اور آخرت کے دن پر

وَالْيَوْمِ الْآخِرِ ۚ ذَٰلِكَ خَيْرٌ وَأَحْسَنُ تَأْوِيلًا ﴿٥٩﴾ أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِينَ

اور روزِ | آخرت پر | یہی | بہتر ہے | اور اچھا | انجام میں | کیا نہیں | تو نے دیکھا | طرف | اُنکی جو

ایمان رکھتے ہو۔ یہی طریقہ تمہارے لیے بہتر ہے اور اس کا انجام بہت اچھا ہے۔ اے نبی ﷺ! کیا آپ ﷺ نے منافقوں کو نہیں

يَزْعُمُونَ أَنَّهُمْ آمَنُوا بِمَا أُنزِلَ إِلَيْكَ وَمَا أُنزِلَ مِن قَبْلِكَ

دعویٰ کرتے ہیں | کہ وہ | ایمان لائے | اُس پر جو | نازل کیا گیا | طرف تیری | اور جو | نازل ہوا | سے | پہلے تیرے

دیکھا جو دعویٰ کرتے ہیں کہ اس قرآن پر ایمان لائے ہیں جو آپ ﷺ پر نازل کیا گیا اور ان کتابوں پر بھی ایمان رکھتے ہیں جو

يُرِيدُونَ أَن يَتَحَاكَمُوا إِلَى الطَّاغُوتِ وَقَدْ أُمِرُوا أَن يَكْفُرُوا بِهِ

وہ چاہتے ہیں | کہ | فیصلہ لے جائیں | طرف | شیطان کے | اور بے شک | اُنکو حکم دیا گیا | کہ | وہ انکار کریں | اُسکا

آپ ﷺ سے پہلے نازل ہوئیں لیکن وہ چاہتے ہیں کہ اپنے معاملات کا فیصلہ شیطان سے کرائیں حالاں کہ انھیں حکم دیا گیا ہے کہ

وَيُرِيدُ الشَّيْطَانُ أَن يُضِلَّهُمْ ضَلَالًا بَعِيدًا ﴿٦٠﴾ وَإِذَا قِيلَ لَهُمْ

اور چاہتا ہے | شیطان | کہ | وہ گمراہ کرے اُنکو | گمراہی | دُور کی | اور جب | کہا جاتا ہے | اُنکو

یہ کہ وہ بخشے | اُنکو | اور نہ | یہ کہ وہ دکھائے اُنکو | راستہ | خوشخبری دو | منافقوں کو | یہ کہ | اُن کیلئے ہے

بخشے گا اور نہ سیدھی راہ دکھائے گا۔ اے نبی ﷺ! منافقوں کو خوشخبری دیں ان کے لیے

عَذَابًا اَلِيْمَا ۙ﴿138﴾ الَّذِيْنَ يَتَّخِذُوْنَ الْكٰفِرِيْنَ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِ

عذاب | دردناک | یہ لوگ | بناتے ہیں | کافروں کو | دوست | ماسوائے

دردناک عذاب ہے۔ کیونکہ وہ مسلمانوں کو چھوڑ کر کافروں کو دوست

الْمُؤْمِنِيْنَ ؕ اَيَبْتَغُوْنَ عِنْدَهُمُ الْعِزَّةَ فَاِنَّ الْعِزَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا ؕ﴿139﴾ وَقَدْ

مسلمانوں کے | کیا وہ چاہتے ہیں | پاس اُنکے | عزّت | پس بیشک | عزت ہے | اللہ کی | ساری کی ساری | اور بیشک

بناتے ہیں۔ کیا وہ ان کے ہاں سے عزت چاہتے ہیں۔ اگر ایسا ہے تو یاد رکھیں ساری عزت اللہ کے ہاتھ میں ہے۔ اور دیکھو

نَزَّلَ عَلَيْكُمْ فِي الْكِتٰبِ اَنْ اِذَا سَمِعْتُمْ اٰيٰتِ اللّٰهِ يُكْفَرُ بِهَا

اُتارا | تم پر | میں | کتاب | یہ کہ | جب | تُم سنو | آیات | اللہ کی | کا انکار ہوتے

اللہ اپنی کتاب میں یہ حکم نازل کر چکا ہے کہ جب تم سنو اور دیکھو کہ اللہ کی آیتوں کا انکار کیا جا رہا ہے

وَيُسْتَهْزَاُ بِهَا فَلَا تَقْعُدُوْا مَعَهُمْ حَتّٰى يَخُوْضُوْا فِيْ حَدِيْثٍ

اور مذاق ہوتے | اُن کا | پس نہ | تم بیٹھو | ساتھ اُنکے | یہاں تک کہ | وہ مشغول ہوں | میں | بات

اور ان کا مذاق اڑایا جا رہا ہے تو تم اس مجلس سے اُٹھ جاؤ۔ اور جب تک اس طرح کی باتیں چھوڑ کر لوگ دوسری بات میں نہ لگ

غَيْرِهٖٓ ۖ اِنَّكُمْ اِذًا مِّثْلُهُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ جَامِعُ الْمُنٰفِقِيْنَ وَالْكٰفِرِيْنَ

سوا اسکے | بیشک تم | اُس وقت ہو | اُن جیسے | بیشک | اللہ ہے | جمع کرنے والا | منافقوں کو | اور کافروں کو

جائیں اُن کے پاس نہ بیٹھو ورنہ تم بھی ان جیسے ہوجاؤ گے۔ بے شک اللہ منافقوں اور کافروں کو جہنم میں

فِيْ جَهَنَّمَ جَمِيْعَا ۙ﴿۱۴۰﴾ الَّذِيْنَ يَتَرَبَّصُوْنَ بِكُمْ ۚ فَاِنْ كَانَ لَكُمْ

میں | دوزخ | سب کو | یہ لوگ | انتظار کرتے ہیں | تمہارے بارے میں | پس اگر | ہوئی | تم کو

ایک جگہ اکٹھا کرنے والا ہے منافق انتظار میں رہتے ہیں اگر تمہیں اللہ کی طرف سے فتح حاصل ہو تو کہتے ہیں ''کیا ہم تمہارے ساتھ نہ

فَتْحٌ مِّنَ اللّٰهِ قَالُوْٓا اَلَمْ نَكُنْ مَّعَكُمْ ۡ ۖ وَاِنْ كَانَ لِلْكٰفِرِيْنَ

فتح | طرف سے | اللہ کی | کہتے ہیں | کیا نہ | ہم تھے | ساتھ تمہارے | اور اگر | ہو | کافروں کیلئے

تھے؟'' اور اگر کافروں کا پلّہ بھاری

نَصِيْبٌ ۙ قَالُوْٓا اَلَمْ نَسْتَحْوِذْ عَلَيْكُمْ وَنَمْنَعْكُمْ مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۭ

کچھ حصّہ | کہتے ہیں | کیا نہ | ہم غالب آئے تھے | تم پر | اور نہ ہم نے بچایا تم کو | سے | مومنوں

رہے تو ان سے کہتے ہیں ''کیا ہم تمہارے خلاف لڑنے پر قادر نہ تھے؟ پھر بھی ہم نے تمہیں مسلمانوں سے بچا نہیں لیا؟''

فَاللّٰهُ يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ وَلَنْ يَّجْعَلَ اللّٰهُ لِلْكٰفِرِيْنَ عَلَى

پس اللہ | فیصلہ کرے گا | درمیان تمہارے | دن | قیامت کے | اور ہرگز نہ | بنائے گا | اللہ | کافروں کیلئے | پر

اے مسلمانو! اللہ تمہارے اور ان منافقوں کے درمیان قیامت کے دن فیصلہ کرے گا۔ اور وہ کافروں کو مومنوں پر کوئی

الْمُؤْمِنِيْنَ سَبِيْلًا ﴿۱۴۱﴾ ع اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ يُخٰدِعُوْنَ اللّٰهَ وَهُوَ خَادِعُهُمْ ۚ

(20 ع 7 17)

مومنوں | کوئی راہ | بیشک | منافق | دھوکا دیتے ہیں | اللہ کو | اور وہ | دھوکے کی سزا دے گا اُنکو

راہ نہیں دے گا۔ بے شک منافقین اللہ سے دھوکہ بازی کر رہے ہیں حالاں کہ اللہ انھیں دھوکے بازی کی سزا دے گا۔

وَاِذَا قَامُوْٓا اِلَى الصَّلٰوةِ قَامُوْا كُسَالٰى ۙ يُرَاۗءُوْنَ النَّاسَ وَلَا يَذْكُرُوْنَ

اور جب | اٹھتے ہیں | طرف | نماز کی | اٹھتے ہیں | سست ہوکر | دکھاوا کرتے ہیں | لوگوں کو | اور نہیں وہ یاد کرتے

جب وہ نماز کے لیے اُٹھتے ہیں تو سُستی سے اٹھتے ہیں، لوگوں کو دکھانے کے لیے۔ اور اللہ کو کم ہی یاد

اللّٰهَ اِلَّا قَلِيْلًا ۝١٤٢ مُّذَبْذَبِيْنَ بَيْنَ ذٰلِكَ ۖ لَآ اِلٰى هٰۤؤُلَآءِ وَلَآ اِلٰى

اللہ کو | مگر | تھوڑا | تذبذب میں | درمیان | اسکے | نہ | طرف | اِن کی | اور نہ | طرف

کرتے ہیں۔ وہ ایمان اور کفر کے درمیان لٹک رہے ہیں۔ نہ اِدھر کے ہیں نہ

هٰۤؤُلَآءِ ۭ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ سَبِيْلًا ۝١٤٣ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ

اُنکی | اور جس کو | گمراہ کرے | اللہ | پس ہرگز نہ | تو پائے گا | اُس کیلئے | راستہ | اے | لوگو جو

اُدھر کے۔ جسے اللہ گمراہ کردے تم اُس کے لیے سیدھی راہ نہیں پاسکتے۔ اے ایمان والو!

اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا الْكٰفِرِيْنَ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۭ اَتُرِيْدُوْنَ

ایمان لائے ہو | نہ | بناؤ | کافروں کو | دوست | سے | سوائے | مومنوں کے | کیا تُم چاہتے ہو

مسلمانوں کو چھوڑ کر کافروں کو اپنا دوست نہ بناؤ۔ کیا تم چاہتے ہو

اَنْ تَجْعَلُوْا لِلّٰهِ عَلَيْكُمْ سُلْطٰنًا مُّبِيْنًا ۝١٤٤ اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ فِي الدَّرْكِ

کہ | تم بنالو | اللہ کیلئے | خلاف اپنے | دلیل | واضح | بیشک | منافق ہوں گے | میں | درجے

اپنے خلاف اللہ کی کھلی حجت قائم کرا لو؟ بے شک منافقین دوزخ کے سب سے نیچے کے

الْاَسْفَلِ مِنَ النَّارِ ۚ وَلَنْ تَجِدَ لَهُمْ نَصِيْرًا ۝١٤٥ اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا

نچلے | سے (کے) | آگ | اور ہرگز نہ | تو پائے گا | اُن کیلئے | مددگار | مگر | جنہوں نے | توبہ کی

طبقے میں ہوں گے اور تم ان کا کوئی مددگار نہ پاؤ گے۔ البتہ ان میں سے جو توبہ کر لیں،

وَاَصْلَحُوْا وَاعْتَصَمُوْا بِاللّٰهِ وَاَخْلَصُوْا دِيْنَهُمْ لِلّٰهِ فَاُولٰۤىِٕكَ مَعَ

اور اصلاح کرلی | اور مضبوطی سے پکڑا | اللہ کو | اور خالص کیا | دین اپنا | اللہ کیلئے | پس یہ لوگ | ساتھ ہیں

اپنی اصلاح کر لیں، اللہ کا دامن مضبوطی سے تھام لیں اور اپنے دین کو اللہ کے لیے خالص کر لیں تو ایسے لوگ

الْمُؤْمِنِيْنَ ۭ وَسَوْفَ يُؤْتِ اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ اَجْرًا عَظِيْمًا ۝١٤٦ مَا يَفْعَلُ

مومنوں کے | اور جلد | دے گا | اللہ | مومنوں کو | ثواب | بہت بڑا | کیا | کرے گا

ایمان والوں کے ساتھ ہوں گے اور اللہ ایمان والوں کو بڑا اجر دے گا۔ لوگو! اگر تم شکر گزاری کرو اور ایمان لاؤ تو اللہ

اللّٰهُ بِعَذَابِكُمْ اِنْ شَكَرْتُمْ وَاٰمَنْتُمْ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ شَاكِرًا عَلِيْمًا ۝١٤٧

اللہ | عذاب دے کر تم کو | اگر | تم شکر کرو | اور ایمان لاؤ | اور ہے | اللہ | نہایت قدردان | خوب جاننے والا

تمہیں عذاب دے کر کیا کرے گا؟ اللہ بڑا قدردان اور سب کچھ جاننے والا ہے۔

لَا يُحِبُّ اللّٰهُ الْجَهْرَ بِالسُّوْٓءِ مِنَ الْقَوْلِ اِلَّا مَنْ ظُلِمَ ؕ وَ كَانَ

نہیں | پسند کرتا | اللہ | علانیہ کہنا | ساتھ بری | سے | بات | مگر | جس پر | ظلم کیا جائے | اور ہے

اللہ کو پسند نہیں کہ تم کسی کی برائی بیان کرتے پھرو البتہ مظلوم کو ظالم کے خلاف ایسا کرنے کی اجازت ہے۔اور اللہ

اللّٰهُ سَمِيْعًا عَلِيْمًا ﴿148﴾ اِنْ تُبْدُوْا خَيْرًا اَوْ تُخْفُوْهُ اَوْ تَعْفُوْا عَنْ

اللہ | خوب سننے والا | بہت جاننے والا ہے | اگر | تم ظاہر کرو | بھلائی کو | یا | تم چھپاؤ اسے | یا | درگزر کرو | سے

سننے والا جاننے والا ہے۔اگر تم کسی نیکی کو ظاہر کرو، یا چھپاؤ یا کسی برائی سے درگزر کرو

سُوْٓءٍ فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَفُوًّا قَدِيْرًا ﴿149﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْفُرُوْنَ بِاللّٰهِ وَ

برائی | تو بے شک | اللہ | ہے | بہت معاف کرنیوالا | بڑی قدرت والا | بے شک | جو لوگ | انکار کرتے ہیں | اللہ کا | اور

تو اللہ معاف کرنے والا قدرت رکھنے والا ہے۔ بے شک جو لوگ اللہ اور اس کے رسولوں کا انکار کرتے ہیں اور

رُسُلِهٖ وَيُرِيْدُوْنَ اَنْ يُّفَرِّقُوْا بَيْنَ اللّٰهِ وَرُسُلِهٖ وَيَقُوْلُوْنَ

اُس کے رسولوں کا | اور وہ چاہتے ہیں | کہ | تفرقہ ڈالیں | درمیان | اللہ کے | اور اُسکے رسولوں کے | اور وہ کہتے ہیں

چاہتے ہیں کہ رسولوں کو چھوڑ کر صرف اللہ کو مانیں اور کہتے ہیں

نُؤْمِنُ بِبَعْضٍ وَّنَكْفُرُ بِبَعْضٍ ۙ وَّيُرِيْدُوْنَ اَنْ يَّتَّخِذُوْا بَيْنَ

ہم ایمان لاتے ہیں | بعض پر | اور ہم انکار کرتے ہیں | بعض کا | اور وہ چاہتے ہیں | کہ | وہ بنائیں | درمیان

''ہم بعض رسولوں کو مانتے ہیں بعض کو نہیں مانتے ''اور وہ چاہتے ہیں کہ کفر اور اسلام کے درمیان

ذٰلِكَ سَبِيْلًا ﴿150﴾ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْكٰفِرُوْنَ حَقًّا ۚ وَاَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ

اس کے | راہ | یہ لوگ | وہ ہیں | کافر | پکے | اور ہم نے تیار کیا | کافروں کے لیے

کوئی اور راہ نکالیں۔ ایسے لوگ پکے کافر ہیں اور ہم نے کافروں کے لئے ذلت کا

عَذَابًا مُّهِيْنًا ﴿151﴾ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ وَلَمْ يُفَرِّقُوْا

عذاب | ذلیل کرنے والا | اور جو لوگ | ایمان لائے | اللہ پر | اور اُسکے رسولوں پر | اور نہ | تفرقہ ڈالیں

عذاب تیار کر رکھا ہے۔ لیکن جو لوگ اللہ اور اس کے رسولوں پر ایمان لائے اور انھوں نے کسی رسول کا

بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْهُمْ اُولٰٓئِكَ سَوْفَ يُؤْتِيْهِمْ اُجُوْرَهُمْ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ

درمیان | کسی ایک کے | ان میں سے | یہ لوگ ہیں | ضرور جلد | وہ دے گا ان کو | ثواب ان کا | اور ہے | اللہ

انکار نہ کیا، اللہ انھیں ان کا اجر دے گا اور وہ بخشنے والا

غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۱۵۲﴾ يَسْـَٔلُكَ اَهْلُ الْكِتٰبِ اَنْ تُنَزِّلَ عَلَيْهِمْ كِتٰبًا مِّنَ

بخشنے والا | مہربان | پوچھتے ہیں تجھ سے | اہل | کتاب | یہ کہ | تو اتار دے | اُن پر | کتاب | سے

مہربان ہے۔ اے نبی ﷺ !اہل کتاب آپ ﷺ سے مطالبہ کرتے ہیں کہ آپ ﷺ ان پر آسمان سے کوئی تحریر نازل

السَّمَآءِ فَقَدْ سَاَلُوْا مُوْسٰۤى اَكْبَرَ مِنْ ذٰلِكَ فَقَالُوْۤا اَرِنَا اللّٰهَ

آسمان | پس بیشک | انہوں نے سوال کیا تھا | موسیٰ سے | بہت بڑا | سے | اس | پس انہوں نے کہا | ہمیں دکھا | اللہ

کرادیں پھر وہ آپ ﷺ کو سچا نبی مانیں گے۔ مگر اس سے پہلے وہ اس سے بھی بڑا مطالبہ موسیٰؑ سے کر چکے ہیں کہ ہمیں اللہ کو سامنے

جَهْرَةً فَاَخَذَتْهُمُ الصّٰعِقَةُ بِظُلْمِهِمْ ۚ ثُمَّ اتَّخَذُوا الْعِجْلَ مِنْۢ

آنکھوں کے سامنے | پھر پکڑا ان کو | بجلی نے | اُن کے ظلم کی وجہ سے | پھر | انہوں نے بنایا | بچھڑے کو | سے

لا کر دکھا دیں!'' ان کی اس زیادتی کی وجہ سے ان پر آسمان سے بجلی گری۔ انھوں نے کھلی نشانیاں آجانے کے بعد بھی بچھڑے کو

بَعْدِ مَا جَآءَتْهُمُ الْبَيِّنٰتُ فَعَفَوْنَا عَنْ ذٰلِكَ ۚ وَاٰتَيْنَا مُوْسٰى سُلْطٰنًا

بعد اس کے | کہ | آئیں پاس ان کے | کھلی دلیلیں | پس ہم نے معاف کیا | سے | اس | اور ہم نے دیا | موسیٰ کو | غلبہ

معبود بنا لیا۔ اس کے باوجود ہم نے در گزر کیا۔ اس کے علاوہ ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو واضح غلبہ

مُّبِيْنًا ﴿۱۵۳﴾ وَرَفَعْنَا فَوْقَهُمُ الطُّوْرَ بِمِيْثَاقِهِمْ وَقُلْنَا لَهُمُ ادْخُلُوا

واضح | اور ہم نے اٹھایا | اوپر ان کے | کوہِ طور | اُن سے وعدہ لینے کے لیے | اور ہم نے کہا | اُن کو | تم داخل ہو جاؤ

عطا کیا۔ ہم نے ان لوگوں سے عہد لینے کے لئے ان کے اوپر کوہِ طور کو اٹھایا۔ ہم نے انھیں حکم دیا کہ دروازے

الْبَابَ سُجَّدًا وَّقُلْنَا لَهُمْ لَا تَعْدُوْا فِي السَّبْتِ وَاَخَذْنَا مِنْهُمْ

دروازے میں | جھکتے ہوئے | اور ہم نے کہا | اُن کو | نہ | زیادتی کرو | بارے میں | ہفتے کے دن | اور ہم نے لیا | ان سے

سے سر جھکاتے ہوئے داخل ہو جاؤ۔ ہم نے انھیں کہا کہ سبت یعنی ہفتے کے دن کے بارے میں نافرمانی نہ کرنا اور ہم نے

مِّيْثَاقًا غَلِيْظًا ﴿۱۵۴﴾ فَبِمَا نَقْضِهِمْ مِّيْثَاقَهُمْ وَكُفْرِهِمْ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ

وعدہ | پکا | پس بسبب | توڑ ڈالنا ان کا | وعدے اپنے کو | اور اُن کا انکار کرنا | آیتوں کا | اللہ کی

ان سے پکا وعدہ لیا تھا۔ پھر ہم نے ان کو سزا دی ان کی وعدہ خلافی کی، اللہ کی نشانیوں کا انکار کرنے کی،

وَقَتْلِهِمُ الْاَنْۢبِيَآءَ بِغَيْرِ حَقٍّ وَّقَوْلِهِمْ قُلُوْبُنَا غُلْفٌ ۭ بَلْ طَبَعَ

اور بسبب قتل کرنا ان کا | نبیوں کو | ناحق | اور بسبب کہنا اُن کا | کہ ہمارے دل | غلاف میں لپٹے ہیں | بلکہ | مہر لگا دی

نبیوں کو ناحق قتل کرنے کی اور اُن کے اِس دعوے کی کہ ''ہمارے دل تو بند ہیں'' حالاں کہ ان کے کفر کی وجہ سے

اللّٰهُ عَلَیْهَا بِكُفْرِهِمْ فَلَا یُؤْمِنُوْنَ اِلَّا قَلِیْلًا ﴿۱۵۵﴾ وَّ بِكُفْرِهِمْ وَ

اللہ نے | ان کے دلوں پر | بسبب کفران کے | پس نہ | وہ ایمان لائیں گے | مگر | تھوڑے | اور بوجہ کفران کے | اور

اللہ نے ان کے دلوں پر مہر لگادی اس لئے وہ کم ہی ایمان لاتے ہیں۔ اور انہیں سزا ملی اُن کے کفر

قَوْلِهِمْ عَلٰی مَرْیَمَ بُهْتَانًا عَظِیْمًا ﴿۱۵۶﴾ وَّ قَوْلِهِمْ اِنَّا قَتَلْنَا الْمَسِیْحَ

کہنے ان کے | خلاف | مریم کے | بہتان | بڑا | اور بوجہ کہنے انکے کہ | بیشک ہم نے | ہم نے قتل کیا | مسیح

پر اور مریم علیہا السلام پر بڑا بہتان لگانے پر اور اس دعوے پر کہ "ہم نے مسیح کو قتل کردیا جو عیسیٰ

عِیْسَی ابْنَ مَرْیَمَ رَسُوْلَ اللّٰهِ ۚ وَمَا قَتَلُوْهُ وَمَا صَلَبُوْهُ وَلٰكِنْ

عیسیٰ | ابن | مریم کو | جو تھا رسول | اللہ کا | اور نہیں | انہوں نے قتل کیا اس کو | اور نہ | انہوں نے سولی دی اسکو | اور لیکن

ابن مریم علیہ السلام تھے اور اللہ کے رسول علیہ السلام تھے۔ حالاں کہ انھوں نے نہ ان کو قتل کیا اور نہ سولی دی بلکہ

شُبِّهَ لَهُمْ ؕ وَاِنَّ الَّذِیْنَ اخْتَلَفُوْا فِیْهِ لَفِیْ شَكٍّ مِّنْهُ ؕ مَا

شبہ ڈالا گیا | اُن کو | اور بیشک | جن لوگوں نے | اختلاف کیا | اس میں | ضرور میں | شک ہیں | اس سے | نہیں

یہ معاملہ ان کے لئے مشکوک ہوگیا اور جو لوگ اس میں اختلاف کرتے ہیں وہ اس بارے میں شک میں پڑے ہوئے ہیں انھیں اس

لَهُمْ بِهٖ مِنْ عِلْمٍ اِلَّا اتِّبَاعَ الظَّنِّ ۚ وَمَا قَتَلُوْهُ یَقِیْنًا ﴿۱۵۷﴾

اُن کو | اس کا | کچھ | علم | مگر | پیروی کرنا | گمان کی | اور نہیں | انہوں نے قتل کیا اسے | یقینی طور پر

کا کوئی علم نہیں۔ وہ صرف وہم و گمان کے پیچھے چلتے ہیں۔ یہودیوں نے عیسیٰ علیہ السلام کو قتل نہیں کیا۔

بَلْ رَّفَعَهُ اللّٰهُ اِلَیْهِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَزِیْزًا حَكِیْمًا ﴿۱۵۸﴾ وَاِنْ مِّنْ اَهْلِ

بلکہ | اٹھالیا اس کو | اللہ نے | طرف اپنی | اور ہے | اللہ | بڑا غالب | خوب حکمت والا | اور نہیں | کوئی | اہل

بلکہ اللہ نے اُن کو اپنی طرف اُٹھا لیا اور اللہ غالب اور حکمت والا ہے۔ اور اہل کتاب میں سے کوئی ایسا نہ

الْكِتٰبِ اِلَّا لَیُؤْمِنَنَّ بِهٖ قَبْلَ مَوْتِهٖ ۚ وَیَوْمَ الْقِیٰمَةِ یَكُوْنُ

کتاب | مگر | ضرور وہ ایمان لائے گا | اُس پر | پہلے | اُس کی موت سے | اور دن | قیامت کے | وہ ہوگا

ہوگا جو عیسیٰ علیہ السلام کی موت سے پہلے ان پر ایمان نہ لائے اور قیامت کے دن عیسیٰ علیہ السلام ان لوگوں پر گواہ کی حیثیت

عَلَیْهِمْ شَهِیْدًا ﴿۱۵۹﴾ فَبِظُلْمٍ مِّنَ الَّذِیْنَ هَادُوْا حَرَّمْنَا عَلَیْهِمْ

اُن پر | گواہ | پس بسبب ظلم کے | طرف سے | ان لوگوں کی | جو یہودی ہوئے | ہم نے حرام کیں | اُن پر

سے پیش ہوں گے۔ یہودیوں کے جرائم کی وجہ سے ہم نے کئی پاک چیزیں ان پر حرام کردیں جو پہلے ان

طَيِّبٰتٍ اُحِلَّتْ لَهُمْ وَبِصَدِّهِمْ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ كَثِيْرًا ﴿۱۶۰﴾

پاکیزہ چیزیں | جو حلال کی گئی تھیں | واسطے ان کے | اور بسبب روکنے ان کے | سے | راہ | اللہ کی | بہت لوگوں کو

کے لئے حلال تھیں۔ وہ لوگوں کو اللہ کی راہ سے روکتے تھے۔

وَّاَخْذِهِمُ الرِّبٰوا وَقَدْ نُهُوْا عَنْهُ وَاَكْلِهِمْ اَمْوَالَ النَّاسِ

اور بسبب لینے ان کے | سود | جبکہ ضرور | وہ منع کئے گئے | اس سے | اور بسبب کھانے انکے | مال | لوگوں کے

سود لیتے تھے حالانکہ اس سے انھیں منع کیا گیا اور وہ ناجائز طریقوں سے لوگوں کا مال کھاتے

بِالْبَاطِلِ ؕ وَاَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ مِنْهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿۱۶۱﴾ لٰكِنِ الرّٰسِخُوْنَ

ناجائز | اور ہم نے تیار کیا | کافروں کے لیے | اُن میں سے | عذاب | دردناک | لیکن | مضبوط لوگ

تھے۔ ہم نے ان میں سے کافروں کے لئے دردناک عذاب تیار کر رکھا ہے۔ مگر اے نبی ﷺ! ان میں سے جو لوگ علم میں پختہ

فِي الْعِلْمِ مِنْهُمْ وَالْمُؤْمِنُوْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ

میں | علم | اُن میں سے | اور مومن | ایمان لاتے ہیں | اُس پر جو | اتاری گئی | طرف تیری | اور جو کچھ

اور اہل ایمان ہیں وہ ایمان لاتے ہیں اس کتاب پر جو آپ ﷺ پر نازل ہوئی اور ان کتابوں پر جو آپ ﷺ سے

اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ وَالْمُقِيْمِيْنَ الصَّلٰوةَ وَالْمُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَالْمُؤْمِنُوْنَ

اتارا گیا | سے | پہلے تیرے | اور قائم کرنے والے | نماز | اور دینے والے | زکوۃ | اور ایمان لانے والے

پہلے نازل ہوئیں۔ وہ نماز کے پابند ہیں اور زکوۃ ادا کرتے ہیں اور اللہ پر

بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ اُولٰٓئِكَ سَنُؤْتِيْهِمْ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۱۶۲﴾ ع اِنَّآ

22 ع 10 2

اللہ پر | اور دن پر | آخرت کے | یہ لوگ | ضرور ہم دیں گے ان کو | ثواب | بڑا | بے شک ہم

اور آخرت کے دن پر بھی ایمان رکھتے ہیں۔ اور ان لوگوں کو عنقریب بڑا ثواب دیں گے۔ بے شک ہم نے

اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ كَمَآ اَوْحَيْنَآ اِلٰى نُوْحٍ وَّالنَّبِيّٖنَ مِنْ بَعْدِهٖ ج

ہم نے وحی کی | طرف تیری | جیسے | ہم نے وحی کی | طرف | نوح کی | اور نبیوں کی | سے | اس کے بعد

وحی بھیجی ہے جس طرح ہم نے نوح علیہ السلام اور ان کے بعد کے نبیوں کی طرف وحی بھیجی تھی۔

وَاَوْحَيْنَآ اِلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ وَالْاَسْبَاطِ

اور ہم نے وحی کی | طرف | ابراہیم کی | اور اسماعیل | اور اسحاق | اور یعقوب | اور اولاد اس کی

اور جس طرح ہم نے ابراہیم، اسماعیل، اسحاق، یعقوب، اولاد یعقوب علیہم السلام،

وَعِيسٰى وَاَيُّوبَ وَيُونُسَ وَهٰرُونَ وَسُلَيْمٰنَ ۚ وَاٰتَيْنَا دَاوٗدَ

اور عیسیٰ | اور ایوب | اور یونس | اور ہارون | اور سلیمان | اور ہم نے دی | داؤد کو

اور عیسیٰ، ایوب، یونس، ہارون، اور سلیمان علیہم السلام کی طرف وحی بھیجی تھی اور ہم نے داؤد علیہ السلام کو زبور

زَبُورًا ۚ ﴿163﴾ وَرُسُلًا قَدْ قَصَصْنٰهُمْ عَلَيْكَ مِنْ قَبْلُ وَرُسُلًا

زبور | اور ہم نے بھیجے رسول | بیشک | ہم نے ذکر کیا ان کا | تجھ پر | سے | پہلے | اور بہت سے رسول

دی۔ ہم نے ایسے رسول بھیجے جن کا حال ہم آپ ﷺ کو پہلے سنا چکے ہیں اور ایسے رسول علیہم السلام بھی جن کا حال

لَّمْ نَقْصُصْهُمْ عَلَيْكَ ؕ وَكَلَّمَ اللّٰهُ مُوسٰى تَكْلِيمًا ۚ ﴿164﴾ رُسُلًا مُّبَشِّرِينَ

کہ نہیں ہم نے ذکر کیا ان کا | تجھ پر | اور کلام کیا | اللہ نے | موسیٰ سے | باتیں کر کے | ہم نے بھیجے رسول | خوشخبری دینے والے

ہم نے آپ ﷺ کو نہیں سنایا۔ اور موسیٰ علیہ السلام سے اللہ نے کلام کیا۔ اللہ نے رسولوں کو خوش خبری دینے والے

وَمُنْذِرِينَ لِئَلَّا يَكُونَ لِلنَّاسِ عَلَى اللّٰهِ حُجَّةٌ ۢ بَعْدَ الرُّسُلِ ؕ

اور خبردار کرنے والے | تا کہ نہ | ہو | لوگوں کو | پر | اللہ | اعتراض | بعد | رسولوں کے

اور خبردار کرنے والے بنا کر بھیجا تا کہ رسولوں کے آنے کے بعد لوگوں کے پاس اللہ کے سامنے پیش کرنے کے لئے کوئی حجت باقی نہ رہے۔

وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيزًا حَكِيمًا ﴿165﴾ لٰكِنِ اللّٰهُ يَشْهَدُ بِمَآ اَنْزَلَ اِلَيْكَ

اور ہے | اللہ | بڑا غالب | خوب حکمت والا | لیکن | اللہ | گواہی دیتا ہے | ساتھ اس کے جو | نازل کیا | طرف تیری

اور اللہ غالب اور حکمت والا ہے۔ اللہ گواہی دیتا ہے کہ جو کچھ اس نے نازل کیا ہے اسے اپنے علم کے

اَنْزَلَهٗ بِعِلْمِهٖ ۚ وَالْمَلٰٓئِكَةُ يَشْهَدُونَ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيدًا ؕ ﴿166﴾ اِنَّ

نازل کیا اس کو | اپنے علم سے | اور فرشتے | گواہی دیتے ہیں | اور کافی ہے | اللہ | گواہی دینے والا | بیشک

ساتھ نازل کیا ہے اور فرشتے بھی اس کی گواہی دیتے ہیں اور اللہ گواہی کے لئے کافی ہے۔ بے شک

الَّذِينَ كَفَرُوا وَصَدُّوا عَنْ سَبِيلِ اللّٰهِ قَدْ ضَلُّوا ضَلٰلًا بَعِيدًا ﴿167﴾

جو لوگ | کافر ہوئے | اور انہوں نے روکا | سے | راہ | اللہ کی | بے شک | وہ گمراہ ہوئے | گمراہی | دور کی

جو لوگ کافر ہوئے اور انھوں نے لوگوں کو اللہ کی راہ سے روکا وہ بھٹک کر دور کی گمراہی میں جا پڑے۔

اِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا وَظَلَمُوا لَمْ يَكُنِ اللّٰهُ لِيَغْفِرَ لَهُمْ

بے شک | جو لوگ | کافر ہوئے | اور انہوں نے ظلم کیا | نہیں | ہے | اللہ | کہ بخشے | ان کو

جن لوگوں نے کفر کیا اور ظلم ڈھائے، اللہ انھیں ہرگز نہیں بخشے گا اور نہ انھیں کوئی

وَلَا لِيَهۡدِيَهُمۡ طَرِيقًا ۝١٦٨ إِلَّا طَرِيقَ جَهَنَّمَ خَٰلِدِينَ فِيهَآ أَبَدًا ۚ وَكَانَ

اور نہ کہ دکھائے ان کو | راستہ | مگر | راستہ | جہنم کا | ہمیشہ رہنے والے | اُس میں | ہمیشہ | اور ہے

راستہ دکھائے گا سوائے جہنم کے راستے کے جس میں وہ ہمیشہ رہیں گے اور اللہ کے

ذَٰلِكَ عَلَى ٱللَّهِ يَسِيرًا ۝١٦٩ يَٰٓأَيُّهَا ٱلنَّاسُ قَدۡ جَآءَكُمُ ٱلرَّسُولُ بِٱلۡحَقِّ

یہ | پر | اللہ | آسان | اے | لوگو | بے شک | آیا تمہارے پاس | رسول | حق کے ساتھ

لیے ایسا کرنا آسان ہے۔ لوگو! بے شک یہ رسول ﷺ تمہارے رب کی طرف سے تمہارے پاس حق کی بات لے

مِن رَّبِّكُمۡ فَـَٔامِنُواْ خَيۡرًا لَّكُمۡ ۚ وَإِن تَكۡفُرُواْ فَإِنَّ لِلَّهِ مَا

طرف سے | تمہارے رب کی | پس تم ایمان لے آؤ | یہ بہتر ہے | تمہارے لیے | اور اگر | تم کفر کرو گے | تو بے شک | اللہ کا ہے | جو کچھ ہے

کر آیا ہے۔ اس پر ایمان لاؤ تاکہ تمہارا بھلا ہو۔ لیکن اگر تم کفر اختیار کرو گے تو یاد رکھو! جو کچھ

فِي ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلۡأَرۡضِ ۚ وَكَانَ ٱللَّهُ عَلِيمًا حَكِيمًا ۝١٧٠ يَٰٓأَهۡلَ ٱلۡكِتَٰبِ

میں | آسمانوں | اور زمین | اور ہے | اللہ | خوب جاننے والا | بڑی حکمت والا | اے اہل کتاب

آسمانوں اور زمین میں ہے سب اللہ کا ہے اور وہ سب کچھ جاننے والا حکمت والا ہے۔ اے اہلِ کتاب! اپنے دین

لَا تَغۡلُواْ فِي دِينِكُمۡ وَلَا تَقُولُواْ عَلَى ٱللَّهِ إِلَّا ٱلۡحَقَّ ۚ إِنَّمَا ٱلۡمَسِيحُ

نہ کمی بیشی کرو | میں | دین اپنے | اور نہ | تم کہو | بارے میں | اللہ کے | مگر | سچ | بے شک | مسیح

میں کمی بیشی نہ کرو۔ اللہ کے بارے میں حق بات کہو۔ مسیح عیسیٰ

عِيسَى ٱبۡنُ مَرۡيَمَ رَسُولُ ٱللَّهِ وَكَلِمَتُهُۥٓ أَلۡقَىٰهَآ إِلَىٰ مَرۡيَمَ

عیسیٰ | ابن | مریم | رسول | اللہ کا ہے | اور ہے کلمہ اس کا | ڈال دیا جس کو | طرف | مریم کے

ابن مریم علیہ السلام اللہ کے رسول ہیں اور اس کا کلمہ ہیں جسے اس نے مریم علیہا السلام کی طرف اِلقا فرمایا

وَرُوحٞ مِّنۡهُ ۖ فَـَٔامِنُواْ بِٱللَّهِ وَرُسُلِهِۦ ۖ وَلَا تَقُولُواْ ثَلَٰثَةٌ ۚ ٱنتَهُواْ

اور روح ہے | اس کی طرف سے | پس تم ایمان لاؤ | اللہ پر | اور اس کے رسولوں پر | اور نہ | تم کہو | تین خدا ہیں | تم باز آ جاؤ

اور وہ اللہ کی جانب سے ایک روح ہیں۔ لہٰذا تم اللہ اور اس کے رسولوں پر ایمان لاؤ۔ یہ نہ کہو کہ تین خدا ہیں۔ دیکھو، باز آ جاؤ۔

خَيۡرًا لَّكُمۡ ۚ إِنَّمَا ٱللَّهُ إِلَٰهٞ وَٰحِدٞ ۖ سُبۡحَٰنَهُۥٓ أَن يَكُونَ لَهُۥ وَلَدٞ ۘ

یہ بہتر ہے | تمہارے لیے | بیشک صرف | اللہ ہے | معبود | اکیلا | پاک ہے وہ | اس سے کہ | ہو | اس کی | اولاد

یہی تمہارے حق میں بہتر ہے۔ معبود صرف اللہ ہے جو اس سے پاک ہے کہ اس کی اولاد ہو۔

لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ﴿171﴾

اسی کا ہے | جو کچھ | میں | آسمانوں | اور جو کچھ | میں | زمین ہے | اور کافی ہے | اللہ | کارساز

اسی کا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے۔ سب کا کارساز ہونے کے لئے اللہ کافی ہے۔ خود

لَنْ يَّسْتَنْكِفَ الْمَسِيْحُ اَنْ يَّكُوْنَ عَبْدًا لِّلّٰهِ وَلَا الْمَلٰۗىِٕكَةُ الْمُقَرَّبُوْنَ ۭ

ہرگز نہ عار محسوس کرینگے | مسیح | اس سے کہ | وہ ہو | بندہ | اللہ کا | اور نہ | فرشتے | مقرب

مسیح علیہ السلام کو اللہ کا بندہ بننے سے عار نہیں اور نہ مقرب فرشتوں کو اس سے عار ہے۔

وَمَنْ يَّسْتَنْكِفْ عَنْ عِبَادَتِهٖ وَيَسْتَكْبِرْ فَسَيَحْشُرُهُمْ اِلَيْهِ جَمِيْعًا ﴿172﴾

اور جو کوئی | عار محسوس کرے گا | سے | بندگی اس کی | اور وہ تکبر کرے گا | پس اللہ جمع کرے گا ان کو | طرف اپنی | سب کو

جو اللہ کی بندگی میں ننگ و عار محسوس کرے اور تکبر کرے تو اللہ ضرور سب کو اپنے پاس جمع کرے گا۔

فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَيُوَفِّيْهِمْ اُجُوْرَهُمْ وَيَزِيْدُهُمْ

پس مگر | جو لوگ | ایمان لائے | اور انہوں نے عمل کئے | نیک | پس وہ پورا دے گا ان کو | ثواب ان کا | اور وہ زیادہ دے گا ان کو

جو لوگ ایمان لائے اور انھوں نے نیک کام کیے تو اللہ انھیں ان کی نیکیوں کا پورا صلہ دے گا۔ اپنے فضل سے مزید

مِّنْ فَضْلِهٖ ۚ وَاَمَّا الَّذِيْنَ اسْتَنْكَفُوْا وَاسْتَكْبَرُوْا فَيُعَذِّبُهُمْ عَذَابًا

سے | فضل اپنے | اور وہ | جن لوگوں نے | عار محسوس کی | اور تکبر کیا | پس وہ عذاب دے گا ان کو | عذاب

بھی دے گا۔ مگر جن لوگوں نے اللہ کی بندگی کو اپنے لیے عار سمجھا اور تکبر کیا تو وہ انھیں دردناک عذاب

اَلِيْمًا ڏ وَّلَا يَجِدُوْنَ لَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ﴿173﴾

دردناک | اور نہ | وہ پائیں گے | اپنے لیے | سے | سوائے | اللہ کے | کوئی دوست | اور نہ | کوئی مددگار

دے گا۔ اور وہ اللہ کے مقابلے میں نہ کسی کو اپنا دوست پائیں گے اور نہ مدد گار۔

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَاۗءَكُمْ بُرْهَانٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَاَنْزَلْنَآ اِلَيْكُمْ

اے | لوگو | بے شک | آئی تمہارے پاس | دلیل | سے | رب تمہارے کی طرف | اور ہم نے نازل کی | طرف

اے لوگو! تمھارے پاس رب کی طرف سے دلیل آ چکی ہے اور ہم نے تمھاری طرف قرآن بھیجا ہے جو واضح

نُوْرًا مُّبِيْنًا ﴿174﴾ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَاعْتَصَمُوْا بِهٖ فَسَيُدْخِلُهُمْ

تمہارے روشنی | بالکل واضح | پس جو | لوگ کہ | ایمان لائے | اللہ پر | اور مضبوطی سے پکڑا | اسکو | پس جلد وہ داخل کریگا انکو

روشنی ہے۔ پھر جو لوگ اللہ پر ایمان لائے اور انھوں نے اسی کا سہارا پکڑا تو وہ انھیں

فِیْ رَحْمَةٍ مِّنْهُ وَفَضْلٍ ۙ وَّیَهْدِیْهِمْ اِلَیْهِ صِرَاطًا مُّسْتَقِیْمًا ﴿175﴾

میں | رحمت | اپنی طرف سے | اور فضل | اور وہ ہدایت دے گا ان کو | طرف اپنی | راہ | سیدھی کی

اپنے سایۂ رحمت میں لے لے گا، ان پر اپنا فضل کرے گا اور انھیں اپنے تک پہنچنے کی سیدھی راہ دکھائے گا۔

یَسْتَفْتُوْنَكَ ؕ قُلِ اللّٰهُ یُفْتِیْكُمْ فِی الْكَلٰلَةِ ؕ اِنِ امْرُؤٌا هَلَكَ لَیْسَ

وہ پوچھتے ہیں آپ سے | کہہ دیجئے | اللہ | حکم دیتا ہے | بارے میں | کلالہ کے | اگر | کوئی مرد | فوت ہو جائے | جبکہ نہ ہو

اے نبی ﷺ! لوگ آپ ﷺ سے "کلالہ" کے بارے میں پوچھتے ہیں۔ آپ ﷺ ان سے کہہ دیں اللہ تمھیں کلالہ کے بارے میں حکم دیتا

لَهٗ وَلَدٌ وَّلَهٗۤ اُخْتٌ فَلَهَا نِصْفُ مَا تَرَكَ ۚ وَهُوَ یَرِثُهَاۤ اِنْ

اس کی | اولاد | اور ہو اس کی | بہن | پس اس کیلئے ہے | آدھا | جو | وہ چھوڑ گیا | اور وہ | وارث ہے اپنی بہن کا | اگر

ہے کہ اگر کوئی شخص مر جائے اور اس کی کوئی اولاد نہ ہو اور ایک بہن ہو تو اسے کل ترکے کا آدھا حصہ ملے گا۔ اور وہ مرد اس بہن کے مرنے کی

لَّمْ یَكُنْ لَّهَا وَلَدٌ ؕ فَاِنْ كَانَتَا اثْنَتَیْنِ فَلَهُمَا الثُّلُثٰنِ مِمَّا تَرَكَ ؕ

نہ ہو | اسکی بہن کی | اولاد | پس اگر | ہوں | دو بہنیں | پس ان دونوں کیلئے | دو تہائی | اس سے جو | وہ چھوڑ گیا

صورت میں اس کے سارے مال کا وارث ہے بشرطیکہ اس بہن کی کوئی اولاد نہ ہو۔ پھر اگر کلالہ کی دو یا دو سے زیادہ بہنیں ہوں تو ان کو اس کے

وَاِنْ كَانُوْۤا اِخْوَةً رِّجَالًا وَّنِسَآءً فَلِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْاُنْثَیَیْنِ ؕ

اور اگر | ہوں وہ وارث | بہن بھائی | مرد | اور عورتیں | پس مرد کے لیے ہے | برابر | حصہ | دو عورتوں کے

ترکے کا دو تہائی حصہ ملے گا۔ اور اگر کئی بہن بھائی اور مرد عورتیں ہوں تو ایک مرد کے لیے دو عورتوں کے برابر حصہ ہے۔

یُبَیِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اَنْ تَضِلُّوْا ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ ﴿176﴾ ع

واضح کرتا ہے | اللہ | تمہارے لیے | تا کہ نہ | تم گمراہ ہو جاؤ | اور اللہ ہے | ہر | چیز کو | خوب جاننے والا ہے

اللہ تمہارے لیے اپنے احکام وضاحت سے بیان کرتا ہے تاکہ تم گمراہی میں نہ پڑ جاؤ اور اللہ ہر چیز کو جاننے والا ہے۔

(24 ع 5 4)

(5) سُوْرَةُ الْمَآئِدَةِ مَدَنِیَّةٌ (112)

آیاتہا 120 | رکوعاتہا 16

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اَوْفُوْا بِالْعُقُوْدِ ؕ اُحِلَّتْ لَكُمْ بَهِیْمَةُ الْاَنْعَامِ

اے | لوگو جو | ایمان لائے | تم پورا کرو | معاہدوں کو | حلال کئے گئے | تمہارے لیے | چوپائے | جانور پالتو

اے ایمان والو! اپنے عہد و پیمان پورے کرو۔ تمہارے لیے مویشی قسم کے سب جانور حلال ہیں

(2) التیسیر القرآن

اِلَّا مَا يُتْلٰى عَلَيْكُمْ غَيْرَ مُحِلِّي الصَّيْدِ وَاَنْتُمْ حُرُمٌ ۭ اِنَّ

مگر | جو کچھ کہ | پڑھ کر سنایا جاتا ہے | تم پر | نہ | حلال جانتے ہوئے | شکار کو | جبکہ تم ہو | احرام میں | بیشک

سوائے ان کے جن کا ذکر آگے آئے گا۔ لیکن احرام کی حالت میں شکار حلال نہ سمجھو۔ بے شک

اللّٰهَ يَحْكُمُ مَا يُرِيْدُ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُحِلُّوْا شَعَاۗىِٕرَ اللّٰهِ

اللہ | حکم دیتا ہے | جو | وہ چاہتا ہے | اے | لوگو جو | ایمان لائے | نہ | حلال سمجھو | نشانیوں کو | اللہ کی

اللہ حکم دیتا ہے جو چاہتا ہے۔ اے ایمان والو! بے حرمتی نہ کرو اللہ کی نشانیوں کی،

وَلَا الشَّهْرَ الْحَرَامَ وَلَا الْهَدْيَ وَلَا الْقَلَاۗىِٕدَ وَلَآ اٰۗمِّيْنَ

اور نہ | مہینے | حرمت والے کی | اور نہ | قربانی کے جانور کی | اور نہ | پٹہ ڈالے گئے جانوروں کی | اور نہ | ارادہ کر کے جانے والوں

نہ حرمت والے مہینوں کی، نہ ان جانوروں کی جو قربانی کے لیے حرم میں لائے جائیں، نہ قربانی کے ان جانوروں کی جن کے گلے میں پٹے

الْبَيْتَ الْحَرَامَ يَبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنْ رَّبِّهِمْ وَرِضْوَانًا ۭ وَاِذَا حَلَلْتُمْ

گھر | حرمت والے | جو چاہتے ہیں | فضل | طرف سے | اپنے رب کی | اور رضا مندی | اور جب | احرام اتار دو

پڑے ہوں اور نہ حرمت والے گھر کی طرف آنے والوں کی جو اپنے رب کا فضل اور اس کی خوشنودی حاصل کرنے کے لیے نکلے۔ اور جب تم

فَاصْطَادُوْا ۭ وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَاٰنُ قَوْمٍ اَنْ صَدُّوْكُمْ عَنِ الْمَسْجِدِ

تو تم شکار کرو | اور نہ | اُکسائے تم کو | دشمنی | کسی قوم کی | یہ کہ | انہوں نے روکا تمہیں | سے | مسجد

احرام کی حالت سے باہر آ جاؤ تو شکار کر سکتے ہو۔ جس قوم نے تمہیں مسجدِ حرام سے روکا اس کی دشمنی تمہیں اس بات پر نہ اُبھارے

الْحَرَامِ اَنْ تَعْتَدُوْا ۘ وَتَعَاوَنُوْا عَلَي الْبِرِّ وَالتَّقْوٰى ۠ وَلَا تَعَاوَنُوْا

حرام | یہ کہ | تم حد سے نکل جاؤ | اور تم تعاون کرو | پر | بھلائی کے کام | اور پرہیزگاری کے کام پر | اور نہ | تم تعاون کرو

کہ تم زیادتی کرنے لگو۔ بلکہ تمہیں چاہیے نیکی اور تقویٰ میں ایک دوسرے کی مدد کرو اور گناہ اور زیادتی میں ایک

عَلَي الْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ ۠ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝

پر | گناہ | اور زیادتی | اور تم ڈرو | اللہ سے | بے شک | اللہ | سخت | عذاب دینے والا ہے

دوسرے کی مدد نہ کرو۔ ہر حال میں اللہ سے ڈرو۔ بے شک اللہ سخت عذاب دینے والا ہے۔

حُرِّمَتْ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةُ وَالدَّمُ وَلَحْمُ الْخِنْزِيْرِ وَمَآ اُهِلَّ لِغَيْرِ

حرام کیا گیا | تم پر | مردار | اور خون | اور گوشت | سؤر کا | اور جو | پکارا جائے | سوائے

مسلمانو! تم پر حرام ہے مردار، خون، سؤر کا گوشت، وہ جانور جس پر اللہ کے سوا کسی اور کا نام لیا

اللّٰهِ بِهٖ وَالْمُنْخَنِقَةُ وَالْمَوْقُوْذَةُ وَالْمُتَرَدِّيَةُ وَالنَّطِيْحَةُ وَمَآ اَكَلَ

اللہ کے | اُس پر | اور گلا گھونٹ کر مری ہوئی | اور لاٹھی سے مری ہوئی | اور گر کر مری ہوئی | اور سینگ سے مری ہوئی | اور جو | کھا گیا ہو

گیا ہو وہ جو گلا گھونٹنے سے مر گیا ہو، یا چوٹ سے، یا اوپر سے گر کر مرا ہو، یا سینگ مارنے سے مرا ہو، وہ جسے درندے

السَّبُعُ اِلَّا مَا ذَكَّيْتُمْ ۗ وَمَا ذُبِحَ عَلَى النُّصُبِ وَاَنْ تَسْتَقْسِمُوْا

درندہ | مگر | جو | تم ذبح کر واس میں سے | اور جو | ذبح کیا جائے | پر | بتوں کے تھان | اور یہ کہ | تم قسمت معلوم کرو

نے کھا لیا ہو سوائے اس کے جسے اس کے مرنے سے پہلے تم نے ذبح کر لیا، وہ جو چڑھاوے کے لیے آستانے پر ذبح کیا گیا ہو اور وہ جسے

بِالْاَزْلَامِ ۭ ذٰلِكُمْ فِسْقٌ ۭ اَلْيَوْمَ يَىِٕسَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ دِيْنِكُمْ

تیروں سے | یہ | نافرمانی کا کام ہے | آج کے دن | مایوس ہو گئے | وہ لوگ جو | کافر ہوئے | سے | دین تمہارے

تم جوئے کے تیروں کے ذریعے حاصل کرو۔ یہ سب گناہ کے کام ہیں۔ مسلمانو! آج کافر تمہارے دین کی طرف سے مایوس ہو گئے کہ اسے مٹا

فَلَا تَخْشَوْهُمْ وَاخْشَوْنِ ۭ اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَاَتْمَمْتُ

پس نہ | تم ڈرو ان سے | اور تم ڈرو مجھ سے | آج کے دن | میں نے مکمل کر دیا | تمہارے لیے | دین تمہارا | اور میں نے پوری کر دی

نہیں سکتے۔ پس تم ان سے نہ ڈرو، صرف مجھ سے ڈرو۔ آج میں نے تمہارے لیے تمہارا دین مکمل کر دیا۔ تم پر اپنی نعمت

عَلَيْكُمْ نِعْمَتِيْ وَرَضِيْتُ لَكُمُ الْاِسْلَامَ دِيْنًا ۭ فَمَنِ اضْطُرَّ فِيْ

تم پر | نعمت اپنی | اور میں نے پسند کیا | تمہارے لیے | اسلام کو | دین کے طور پر | پس جو کوئی | مجبور ہو جائے | میں

پوری کر دی اور تمہارے لیے اسلام کو دین کی حیثیت سے پسند کر لیا۔ اگر کوئی شخص

مَخْمَصَةٍ غَيْرَ مُتَجَانِفٍ لِّاِثْمٍ ۙ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ①

بھوک | نہ ہو | جھکنے والا | طرف گناہ کی | پس بے شک | اللہ ہے | بہت بخشنے والا | نہایت رحم کرنے والا

بھوک سے مجبور ہو جائے لیکن گناہ پر مائل نہ ہو اور کوئی حرام چیز کھا لے تو اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

يَسْــَٔلُوْنَكَ مَاذَآ اُحِلَّ لَهُمْ ۭ قُلْ اُحِلَّ لَكُمُ الطَّيِّبٰتُ ۙ وَمَا

وہ پوچھتے ہیں تجھ سے | کیا | حلال کیا گیا ہے | ان کیلئے | کہہ دیجئے | حلال کی گئی ہیں | تمہارے لیے | پاکیزہ چیزیں | اور جو

اے نبی ﷺ! لوگ آپ ﷺ سے پوچھتے ہیں ان کے لیے کیا چیز حلال ہے؟ آپ ﷺ کہیں "تمہارے لیے تمام پاکیزہ اور ستھری چیزیں

عَلَّمْتُمْ مِّنَ الْجَوَارِحِ مُكَلِّبِيْنَ تُعَلِّمُوْنَهُنَّ مِمَّا عَلَّمَكُمُ اللّٰهُ ۡ فَكُلُوْا

تم سکھاؤ | سے | زخم لگانے والوں کو | شکاری جانور | (جنھیں تم) شکاری بناؤ | اس سے جو | سکھایا تم کو | اللہ نے | پس تم کھاؤ

حلال ہیں۔ اور تمہارے سدھائے ہوئے شکاری جانور جو شکار تمہارے لیے پکڑ رکھیں اسے بھی تم کھا سکتے ہو۔ کیونکہ تم انہیں شکار کا وہ طریقہ

مِمَّآ اَمْسَكْنَ عَلَيْكُمْ وَاذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهِ وَاتَّقُوا اللّٰهَ

اُس سے جو | وہ پکڑ رکھیں | تم پر | اور تم ذکر کرو | نام | اللہ کا | اُس پر | اور تم ڈرو | اللہ سے

سکھاتے ہو جو اللہ نے اپنی قدرت سے تمہیں سکھا رکھا ہے۔ لیکن انہیں شکار پر چھوڑتے وقت اللہ کا نام لے لیا کرو۔ ہر حال میں اللہ سے ڈرو۔

اِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ④ اَلْيَوْمَ اُحِلَّ لَكُمُ الطَّيِّبٰتُ وَطَعَامُ

بے شک | اللہ ہے | جلد | حساب لینے والا | آج کے دن | حلال کی گئیں | تمہارے لیے | پاکیزہ چیزیں | اور کھانا

بے شک اللہ جلد حساب لینے والا ہے۔ تمہارے لیے ساری پاک چیزیں حلال ہیں۔ اہلِ کتاب کا کھانا

الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ حِلٌّ لَّكُمْ وَطَعَامُكُمْ حِلٌّ لَّهُمْ

ان لوگوں کا جن کو | دی گئی | کتاب | حلال ہے | تمہارے لیے | اور کھانا تمہارا | حلال ہے | اُن کے لیے

تمہارے لیے حلال ہے اور تمہارا کھانا ان کے لیے حلال ہے

وَالْمُحْصَنٰتُ مِنَ الْمُؤْمِنٰتِ وَالْمُحْصَنٰتُ مِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ

اور پاکدامن عورتیں | سے | اہل ایمان میں | اور پاک دامن عورتیں | سے | ان لوگوں میں جن کو | دی گئی | کتاب

اسی طرح تمہارے لیے حلال ہیں مسلمان پاک دامن عورتیں اور اہل کتاب کی پاک دامن عورتیں

مِنْ قَبْلِكُمْ اِذَآ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ مُحْصِنِيْنَ غَيْرَ مُسٰفِحِيْنَ

سے | پہلے تم | جبکہ | تم دو ان کو | مہران کے | نکاح میں لانے والے بن کر | نہ کہ | بدکاری کرنے والے بن کر

بشرطیکہ تم انہیں اُن کے مہر ادا کرو اور مقصد نکاح میں لانا ہو نہ کہ علانیہ بدکاری کرنا

وَلَا مُتَّخِذِيْٓ اَخْدَانٍ وَمَنْ يَّكْفُرْ بِالْاِيْمَانِ فَقَدْ حَبِطَ عَمَلُهٗ

اور نہ | بنانے والے | چھپے یار بن کر | اور جو کوئی | کفر کرے | ساتھ ایمان کے | پس ضرور | ضائع ہوئے | عمل اس کے

یا خفیہ دوستی کرنا۔ یاد رکھو جو شخص ایمان کی راہ پر چلتے ہوئے کفر کرے، اس کے سارے اعمال ضائع ہو جائیں گے

وَهُوَ فِي الْاٰخِرَةِ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ⑤ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا قُمْتُمْ اِلَى

اور وہ ہے | میں | آخرت | سے | نقصان اٹھانے والوں میں | اے | لوگو جو | ایمان لائے ہو | جب | تم کھڑے ہو | طرف

اور وہ آخرت میں نقصان اٹھانے والوں میں سے ہوگا۔ اے ایمان والو! جب تم نماز کے لیے اٹھو تو

الصَّلٰوةِ فَاغْسِلُوْا وُجُوْهَكُمْ وَاَيْدِيَكُمْ اِلَى الْمَرَافِقِ وَامْسَحُوْا

نماز کے | تو تم دھولو | منہ اپنے | اور ہاتھ اپنے | تک | کہنیوں | اور تم مسح کرو

اپنے چہروں اور اپنے ہاتھوں کو کہنیوں تک دھولو، اپنے سروں کا

بِرُءُوْسِكُمْ وَاَرْجُلَكُمْ اِلَى الْكَعْبَيْنِ ؕ وَاِنْ كُنْتُمْ جُنُبًا فَاطَّهَّرُوْا ؕ

اپنے سروں کا | اورتم دھوؤ پاؤں اپنے | تک | دونوں ٹخنوں | اوراگر | تم ہو | ناپاک | پس نہا کرخوب پاک ہوجاؤ

مسح کرو اور پاؤں ٹخنوں تک دھولو۔ جنابت کی حالت ہو تو غسل کرلو۔

وَاِنْ كُنْتُمْ مَّرْضٰٓى اَوْ عَلٰى سَفَرٍ اَوْ جَآءَ اَحَدٌ مِّنْكُمْ مِّنَ

اوراگر | تم ہو | بیمار | یا | پر | سفر | یا | آئے | کوئی | تم میں سے | سے

اگر بیمار ہو یا سفر میں ہو یا تم میں سے کوئی شخص جائے ضرورت سے ہو کر

الْغَآئِطِ اَوْ لٰمَسْتُمُ النِّسَآءَ فَلَمْ تَجِدُوْا مَآءً فَتَيَمَّمُوْا صَعِيْدًا

جائے ضرورت | یا | صحبت کروتم | بیویوں سے | پس نہ | تم پاؤ | پانی | توتم تیمم کرو | مٹی

آئے یا تم نے بیوی سے صحبت کی ہو اور تمھیں پانی نہ ملے تو پاک مٹی سے تیمم

طَيِّبًا فَامْسَحُوْا بِوُجُوْهِكُمْ وَاَيْدِيْكُمْ مِّنْهُ ؕ مَا يُرِيْدُ اللّٰهُ

پاک سے | پس تم مسح کرو | اپنے منہ کو | اوراپنے ہاتھوں کو | اُس سے | نہیں | چاہتا | اللہ

کرلو اور اس سے اپنے چہروں اور ہاتھوں پر مسح کرلو۔ اللہ نہیں چاہتا تم پر کوئی

لِيَجْعَلَ عَلَيْكُمْ مِّنْ حَرَجٍ وَّلٰكِنْ يُّرِيْدُ لِيُطَهِّرَكُمْ وَلِيُتِمَّ نِعْمَتَهٗ

یہ کہ وہ کرے | تم پر | کچھ | تنگی | اورلیکن | وہ چاہتا ہے | کہ وہ پاک کرے تم کو | اور یہ کہ پوری کرے | نعمت اپنی

تنگی ڈالے بلکہ چاہتا ہے تمھیں پاک کرے اور تم پر اپنی نعمت پوری

عَلَيْكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿6﴾ وَاذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَمِيْثَاقَهُ

تم پر | تاکہ تم | تم شکر کرو | اورتم یاد کرو | نعمت | اللہ کی | تم پر | اورعہد اس کا

کرے تاکہ تم شکرگزار بنو۔ اور اپنے اوپر اللہ کی نعمت کو یاد کرو۔ اور اس کے اس عہد کو یاد کرو

الَّذِيْ وَاثَقَكُمْ بِهٖٓ ۙ اِذْ قُلْتُمْ سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا ۡ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ

جو | اس نے باندھا تم سے | ساتھ اس کے | جب | تم نے کہا | ہم نے سنا | اورہم نے مانا | اورتم ڈرو | اللہ سے | بے شک

جو اس نے تم سے لیا تھا جب تم نے اسلام قبول کرتے ہوئے کہا ''ہم نے سنا اور ہم نے مانا۔'' ہرحال میں اللہ سے ڈرو۔ بے شک

اللّٰهَ عَلِيْمٌ ۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿7﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْا قَوّٰمِيْنَ

اللہ ہے | خوب جاننے والا | سینوں کی بات کو | اے | وہ لوگو جو | ایمان لائے ہو | تم ہوجاؤ | قائم رہنے والے

وہ دلوں کی بات بھی جانتا ہے۔ اے ایمان والو! اللہ کے لیے قائم رہنے والے اور انصاف کے ساتھ

لِلّٰهِ شُهَدَآءَ بِالۡقِسۡطِ ۫ وَلَا يَجۡرِمَنَّكُمۡ شَنَاٰنُ قَوۡمٍ عَلٰۤى اَلَّا

اللہ کے لیے | گواہی دینے والے | ساتھ انصاف کے | اور نہ | اکسائے تم کو | دشمنی | کسی قوم کی | اس پر | کہ نہ

گواہی دینے والے بنو۔ کسی گروہ کی دشمنی تمھیں اس پر نہ اُبھارے کہ تم انصاف

تَعۡدِلُوۡا ؕ اِعۡدِلُوۡا ۟ هُوَ اَقۡرَبُ لِلتَّقۡوٰى ۫ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيۡرٌۢ

تم عدل کرو | تم عدل کرو | وہ | بہت قریب ہے | پرہیزگاری کے | اور تم ڈرو | اللہ سے | بے شک | اللہ | باخبر ہے

نہ کرو۔ ہر حال میں انصاف کرو۔یہی تقوے کے زیادہ قریب ہے اور اللہ سے ڈرو۔ بے شک وہ باخبر ہے اس سے جو

بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ ۞ وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ۙ

اس سے جو | تم کرتے ہو | وعدہ کیا | اللہ نے | ان لوگوں سے | جو ایمان لائے | اور انھوں نے عمل کئے | اچھے

کچھ تم کرتے ہو۔ جو لوگ ایمان لائے اور انھوں نے نیک عمل کیے

لَهُمۡ مَّغۡفِرَةٌ وَّاَجۡرٌ عَظِيۡمٌ ۞ وَالَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا وَكَذَّبُوۡا بِاٰيٰتِنَاۤ

اُن کے لیے ہے | بخشش | اور ثواب | بڑا | اور جو لوگ | کافر ہوئے | اور انھوں نے جھٹلایا | ہماری آیتوں کو

ان سے اللہ کا وعدہ ہے کہ آخرت میں ان کے لیے بخشش اور بڑا اجر ہے۔ جن لوگوں نے کفر کیا اور ہماری نشانیوں کو جھٹلایا

اُولٰۤـئِكَ اَصۡحٰبُ الۡجَحِيۡمِ ۞ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوا اذۡكُرُوۡا نِعۡمَتَ اللّٰهِ

یہ لوگ ہیں | رہنے والے | دوزخ کے | اے | لوگو | جو ایمان لائے ہو | تم یاد کرو | نعمت | اللہ کی

وہ دوزخی ہیں۔ اے ایمان والو! اپنے اوپر اللہ کے اس احسان کو یاد کرو

عَلَيۡكُمۡ اِذۡ هَمَّ قَوۡمٌ اَنۡ يَّبۡسُطُوۡۤا اِلَيۡكُمۡ اَيۡدِيَهُمۡ فَكَفَّ

تم پر | جب | ارادہ کیا | ایک قوم نے | کہ | وہ دراز کریں | تمھاری طرف | ہاتھ اپنے | پس اس نے روک دیے

جب ایک گروہ نے ارادہ کیا کہ تم پر دست درازی کرے تو اللہ نے ان کا ہاتھ

اَيۡدِيَهُمۡ عَنۡكُمۡ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ وَعَلَى اللّٰهِ فَلۡيَتَوَكَّلِ الۡمُؤۡمِنُوۡنَ ۞ ع

ہاتھ ان کے | تم سے | اور تم ڈرو | اللہ سے | اور پر | اللہ کے | پس چاہئے کہ توکل کریں | ایمان والے

روک دیا۔ ہر حال میں اللہ سے ڈرو اور ایمان والوں کو اللہ پر بھروسا کرنا چاہیے۔

وَلَقَدۡ اَخَذَ اللّٰهُ مِيۡثَاقَ بَنِىۡۤ اِسۡرَآءِيۡلَ ۚ وَبَعَثۡنَا مِنۡهُمُ اثۡنَىۡ عَشَرَ

اور بے شک | لیا | اللہ نے | عہد | بنی اسرائیل کا | اور ہم نے بھیجے | ان میں سے | بارہ (12)

اللہ نے بنی اسرائیل سے عہد لیا اور ان میں بارہ (12) سردار

نَقِيْبًا ؕ وَقَالَ اللّٰهُ اِنِّیْ مَعَكُمْ ؕ لَئِنْ اَقَمْتُمُ الصَّلٰوةَ

سردار | اور کہا | اللہ نے | بے شک میں ہوں | ساتھ تمہارے | اگر | تم قائم کرو | نماز کو

مقرر کیے۔ اللہ نے ان سے کہا میں تمہارے ساتھ ہوں اگر تم نماز قائم کرو،

وَاٰتَيْتُمُ الزَّكٰوةَ وَاٰمَنْتُمْ بِرُسُلِیْ وَعَزَّرْتُمُوْهُمْ وَاَقْرَضْتُمُ اللّٰهَ

اور تم دو | زکوۃ | اور تم ایمان لاؤ | میرے رسولوں پر | اور تم تقویت دو ان کو | اور تم قرض دو | اللہ کو

زکوۃ ادا کرو میرے پیغمبروں پر ایمان لاؤ، ان کا ساتھ دو اور اللہ کو

قَرْضًا حَسَنًا لَّاُكَفِّرَنَّ عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ وَلَاُدْخِلَنَّكُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِیْ

قرض | اچھا | ضرور میں دور کروں گا | تم سے | برائیاں تمہاری | اور ضرور میں داخل کروں گا تم کو | ایسے باغوں میں | بہتی ہیں

قرض حسنہ دو تو میں تم سے تمہارے گناہ دور کر دوں گا۔ تمہیں ایسے باغوں میں داخل کروں گا جن میں نہریں

مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۚ فَمَنْ كَفَرَ بَعْدَ ذٰلِكَ مِنْكُمْ فَقَدْ ضَلَّ سَوَآءَ

سے | نیچے جن کے | نہریں | پس جو کوئی | کافر ہوا | بعد | اس کے | تم میں سے | پس بے شک | وہ بھٹک گیا | سیدھی

بہتی ہوں گی۔ مگر تم میں سے اس کے بعد جس نے کفر کیا، وہ سیدھے راستے سے بھٹک

السَّبِيْلِ ﴿12﴾ فَبِمَا نَقْضِهِمْ مِّيْثَاقَهُمْ لَعَنّٰهُمْ وَجَعَلْنَا قُلُوْبَهُمْ

راہ سے | پس بسبب | توڑنے ان کے | عہد اپنے کو | ہم نے لعنت کی ان پر | اور ہم نے کر دیئے | دل ان کے

گیا۔ پھر ان لوگوں کے عہد توڑنے کی وجہ سے ہم نے ان پر لعنت کر دی اور ان کے دل سخت

قٰسِيَةً ۚ يُحَرِّفُوْنَ الْكَلِمَ عَنْ مَّوَاضِعِهٖ ۙ وَنَسُوْا حَظًّا مِّمَّا ذُكِّرُوْا

سخت | وہ بدل ڈالتے ہیں | باتوں کو | سے | جگہوں ان کی | اور وہ بھول گئے | وہ حصہ | اُس سے جو | وہ نصیحت کیے گئے

کر دیے۔ وہ کلام کو اُس کی جگہ سے بدل دیتے ہیں۔ جو نصیحت انھیں کی گئی اُس کا بڑا حصہ بھلا بیٹھے

بِهٖ ۚ وَلَا تَزَالُ تَطَّلِعُ عَلٰى خَآئِنَةٍ مِّنْهُمْ اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْهُمْ

ساتھ اس کے | اور ہمیشہ تو رہے گا | آگاہ ہوتا | پر | خیانت | اُن کی طرف سے | مگر | تھوڑے | اُن میں سے

ہیں۔ اور اے نبی ﷺ! آئے دن آپ ﷺ کو ان میں سے کچھ لوگوں کے سوا، سب کی کسی نہ کسی خیانت کا پتہ چلتا رہتا ہے۔

فَاعْفُ عَنْهُمْ وَاصْفَحْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿13﴾ وَمِنَ الَّذِيْنَ

پس تو معاف کر | اُن کو | اور تو درگزر کر | بے شک | اللہ | پسند کرتا ہے | نیکی کرنے والوں کو | اور سے | ان لوگوں

تاہم آپ ﷺ انکے قصور معاف کر دیں۔ ان سے درگزر کریں۔ بے شک اللہ نیکی کرنے والوں کو پسند کرتا ہے۔ جو لوگ اپنے

قَالُوْٓا اِنَّا نَصٰرٰٓى اَخَذْنَا مِيْثَاقَهُمْ فَنَسُوْا حَظًّا مِّمَّا ذُكِّرُوْا

جو کہتے ہیں | ہم | عیسائی ہیں | ہم نے لیا | عہد ان کا | پھر وہ بھول گئے | حصہ | اُس سے جو | اُن کو نصیحت کی گئی

آپ کو عیسائی کہتے ہیں ان سے بھی ہم نے عہد لیا تھا مگر انھوں نے بھی اس نصیحت کا بڑا حصہ بھلا دیا

بِهٖ ۠ فَاَغْرَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ۭ

ساتھ اس کے | پس ہم نے لگا دی | درمیان ان کے | دشمنی | اور نفرت | تک | دن | قیامت کے

جو انھیں کی گئی۔ اس پر ہم نے قیامت تک کے لیے ان کے درمیان دشمنی اور بغض ڈال دیا۔

وَسَوْفَ يُنَبِّئُهُمُ اللّٰهُ بِمَا كَانُوْا يَصْنَعُوْنَ ﴿14﴾ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ قَدْ

اور ضرور | آگاہ کرے گا ان کو | اللہ | اُس سے جو | تھے | وہ کرتے | اے اہل کتاب | بے شک

وہ جو کچھ کرتے ہیں اللہ ضرور اس سے انھیں آگاہ فرمائے گا۔ اے اہلِ کتاب! تمھارے پاس

جَآءَكُمْ رَسُوْلُنَا يُبَيِّنُ لَكُمْ كَثِيْرًا مِّمَّا كُنْتُمْ تُخْفُوْنَ مِنَ

آیا تمھارے پاس | رسول ہمارا | جو واضح کرتا ہے | تمھارے لیے | بہت کچھ | اس سے جو | تھے | تم چھپاتے | سے

ہمارا رسول ﷺ آیا ہے جو کتاب الٰہی کی بہت سی باتوں کو تمھارے سامنے کھول رہا ہے جنھیں تم چھپاتے

الْكِتٰبِ وَيَعْفُوْا عَنْ كَثِيْرٍ ڛ قَدْ جَآءَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ نُوْرٌ وَّكِتٰبٌ

کتاب | اور وہ درگزر کرتا ہے | سے | بہت | بیشک | آئی تمھارے پاس | طرف سے | اللہ کی | ایک روشنی | اور کتاب

رہے۔ وہ تمھاری بہت سی حرکتوں سے درگزر بھی کرتا ہے۔ بے شک اللہ کی طرف سے تمھارے پاس ایک نور آ گیا جو واضح کتاب کی

مُّبِيْنٌ ﴿15﴾ يَّهْدِيْ بِهِ اللّٰهُ مَنِ اتَّبَعَ رِضْوَانَهٗ سُبُلَ السَّلٰمِ

واضح | ہدایت دیتا ہے | ساتھ اس کے | اللہ | اس کو جو | پیروی کرے | اُس کی رضا کی | راہوں کی طرف | سلامتی کی

صورت میں ہے، اُس کے ذریعے سے اللہ ان لوگوں کو جو اس کی رضا کے طالب ہیں سلامتی کی راہیں دکھاتا ہے،

وَيُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ بِاِذْنِهٖ وَيَهْدِيْهِمْ اِلٰى صِرَاطٍ

اور وہ نکالتا ہے ان کو | سے | اندھیروں | طرف | روشنی کے | اپنے حکم سے | اور وہ ہدایت دیتا ہے | طرف | راہ کی

اپنی توفیق سے انھیں اندھیروں سے نکال کر روشنی کی طرف لاتا ہے اور سیدھی راہ کی طرف ان کی رہنمائی فرماتا

مُّسْتَقِيْمٍ ﴿16﴾ لَقَدْ كَفَرَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْمَسِيْحُ ابْنُ

سیدھی | بے شک | کافر ہوئے | وہ لوگ | جنھوں نے کہا | بے شک | اللہ | وہی ہے | مسیح | ابن

ہے۔ بے شک ان لوگوں نے کفر کیا جنھوں نے مسیح ابن مریم علیہا السلام کو خدا

مَرْيَمَ ؕ قُلْ فَمَنْ يَّمْلِكُ مِنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا اِنْ اَرَادَ اَنْ يُّهْلِكَ

مریم | کہہ دیجئے | پس کون | اختیار رکھتا ہے | سے | اللہ کے کام | کچھ بھی | اگر | وہ چاہے | تو | وہ ہلاک کردے

کہا۔ اے نبی ﷺ! آپ ﷺ ان سے پوچھیں اگر اللہ تعالیٰ مسیح ابن مریم علیہ السلام کو، اور اس کی ماں کو اور جتنے لوگ دنیا میں ہیں سب کو ہلاک

الْمَسِيْحَ ابْنَ مَرْيَمَ وَاُمَّهٗ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا ؕ وَلِلّٰهِ مُلْكُ

مسیح | ابن | مریم کو | اور اُس کی ماں کو | اور جو کوئی ہے | میں | زمین | سب کو | اور اللہ کیلئے ہے | بادشاہی

کر ڈالے تو کون ہے جس کا اللہ کے آگے زور چل سکتا ہے؟ یادرکھو، آسمانوں اور زمین کا اور جو کچھ

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ؕ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى

آسمانوں کی | اور زمین کی | اور جو کچھ | درمیان ان دونوں کے ہے | وہ پیدا کرتا ہے | جو کچھ | وہ چاہتا ہے | اور اللہ | اوپر

ان دونوں کے درمیان ہے سب کا اللہ ہی بادشاہ ہے۔ وہ جو چاہتا ہے پیدا کرتا ہے۔ اور وہ ہر چیز پر

كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۱۷﴾ وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ وَالنَّصٰرٰى نَحْنُ اَبْنٰٓؤُا اللّٰهِ

ہر | چیز کے | قادر ہے | اور کہا | یہود نے | اور عیسائیوں نے | ہم ہیں | بیٹے | اللہ کے

قادر ہے۔ یہودی اور عیسائی کہتے ہیں ''ہم خدا کے بیٹے ہیں اور اس کے چہیتے

وَاَحِبَّآؤُهٗ ؕ قُلْ فَلِمَ يُعَذِّبُكُمْ بِذُنُوْبِكُمْ ؕ بَلْ اَنْتُمْ بَشَرٌ مِّمَّنْ

اور پیارے اس کے | کہہ دیجئے | پھر کیوں | وہ عذاب دیتا ہے تمہیں | تمہارے گناہوں کی وجہ سے | بلکہ | تم ہو | آدمی | اس سے جو

ہیں۔'' اے نبی! آپ ﷺ ان سے پوچھیں پھر اللہ تمہارے گناہوں پر تمہیں سزا کیوں دیتا ہے۔ نہیں بلکہ تم بھی اس کے پیدا کیے ہوئے

خَلَقَ ؕ يَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ

پیدا کیا ہے | وہ بخشتا ہے | جس کو | وہ چاہے | اور وہ عذاب دیتا ہے | جسے | وہ چاہے | اور اللہ کیلئے ہے | بادشاہی | آسمانوں کی

دوسرے انسانوں کی طرح انسان ہو۔ آخرت میں اللہ جسے چاہے گا بخشے گا اور جسے چاہے گا عذاب دے گا۔ آسمانوں پر

وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ؗ وَاِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ﴿۱۸﴾ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ قَدْ

اور زمین کی | اور جو کچھ ہے | درمیان ان دونوں کے | اور طرف اس کی ہے | لوٹنا | اے اہل | کتاب | بیشک

زمین پر اور جو کچھ ان دونوں کے درمیان ہے سب پر اللہ ہی کی حکمرانی ہے۔ سب کو اسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔ اہل کتاب!

جَآءَكُمْ رَسُوْلُنَا يُبَيِّنُ لَكُمْ عَلٰى فَتْرَةٍ مِّنَ الرُّسُلِ اَنْ تَقُوْلُوْا

آ گیا تمہارے پاس | رسول ہمارا | جو بیان کرتا ہے | تمہارے لیے | بعد | عرصہ گذر جانے | کے | رسولوں | ایسا نہ ہو کہ | تم کہو

ہمارا یہ رسول ﷺ تمہارے پاس آیا ہے اور دین کی باتیں صاف صاف بتا رہا ہے۔ یہ رسولوں کے ایک طویل وقفے کے بعد مبعوث ہوا ہے

مَا جَآءَنَا مِنۡۢ بَشِيۡرٍ وَّلَا نَذِيۡرٍ فَقَدۡ جَآءَكُمۡ بَشِيۡرٌ

نہیں | آیا ہمارے پاس | کوئی | خوشخبری دینے والا | اور نہ | ڈرانے والا | پس بے شک | آیا ہے تمہارے پاس | خوشخبری دینے والا

تاکہ تم یہ نہ کہو کہ ہمارے پاس کوئی خوشخبری دینے والا اور ڈرانے والا نہیں آیا۔ دیکھو یہ خوشخبری دینے والا اور ڈرانے

وَّنَذِيۡرٌ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَىۡءٍ قَدِيۡرٌ ﴿19﴾ وَاِذۡ قَالَ مُوۡسٰى لِقَوۡمِهٖ

اور ڈرانے والا | اور اللہ | اوپر | ہر | چیز کے | قادر ہے | اور جب | کہا | موسیٰ نے | اپنی قوم کو

والا آ گیا۔ اور یاد رکھو اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔ یاد کرو جب موسیٰ علیہ السلام نے اپنی قوم سے کہا

يٰقَوۡمِ اذۡكُرُوۡا نِعۡمَةَ اللّٰهِ عَلَيۡكُمۡ اِذۡ جَعَلَ فِيۡكُمۡ اَنۡۢبِيَآءَ وَجَعَلَكُمۡ

اے میری قوم | تم یاد کرو | نعمت | اللہ کی | تم پر | جب | اُس نے بنائے | تم میں | بہت سے نبی | اور بنایا تم کو

''اے میری قوم! اپنے اوپر اللہ کے احسان کو یاد کرو جو اس نے تمہارے اندر نبی پیدا کیے، تمہیں بادشاہ

مُّلُوۡكًا ۖ وَّاٰتٰٮكُمۡ مَّا لَمۡ يُؤۡتِ اَحَدًا مِّنَ الۡعٰلَمِيۡنَ ﴿20﴾ يٰقَوۡمِ ادۡخُلُوا

بادشاہ | اور دیا تمہیں | جو | نہ | دیا | کسی کو | سے | دنیا والوں میں | اے میری قوم | تم داخل ہو جاؤ

بنایا اور تمہیں وہ کچھ دیا جو دنیا میں کسی کو نہیں دیا۔ اے میری قوم! پاک سرزمین میں

الۡاَرۡضَ الۡمُقَدَّسَةَ الَّتِىۡ كَتَبَ اللّٰهُ لَـكُمۡ وَلَا تَرۡتَدُّوۡا عَلٰۤى اَدۡبَارِكُمۡ

زمین | پاک میں | جو | لکھی ہے | اللہ نے | تمہارے لیے | اور نہ | پھر جاؤ | پر | اپنی پیٹھوں

داخل ہو جاؤ جو اللہ نے تمہارے لیے لکھ دی ہے اور اُلٹے پاؤں نہ پھر جانا ورنہ

فَتَـنۡقَلِبُوۡا خٰسِرِيۡنَ ﴿21﴾ قَالُوۡا يٰمُوۡسٰٓى اِنَّ فِيۡهَا قَوۡمًا جَبَّارِيۡنَ ۖ وَاِنَّا

ورنہ تم ہو جاؤ گے | نقصان اٹھانے والے | انہوں نے کہا | اے موسیٰ | بے شک | اُس میں ہے | قوم | زور آور | اور بے شک ہم

نقصان اٹھاؤ گے۔ انھوں نے کہا اے موسیٰ علیہ السلام! وہاں ایک زبردست قوم ہے۔ ہم ہرگز

لَنۡ نَّدۡخُلَهَا حَتّٰى يَخۡرُجُوۡا مِنۡهَا ۚ فَاِنۡ يَّخۡرُجُوۡا مِنۡهَا فَاِنَّا

ہرگز نہ | ہم داخل ہوں گے اس میں | جب تک کہ | وہ نکلیں | اس میں سے | پھر اگر | وہ نکلیں | اس میں سے | تو بے شک ہم

نہ وہاں جائیں گے جب تک وہ وہاں سے نکل نہ جائیں۔ جب وہ نکل جائیں پھر ہم داخل ہوں گے

دٰخِلُوۡنَ ﴿22﴾ قَالَ رَجُلٰنِ مِنَ الَّذِيۡنَ يَخَافُوۡنَ اَنۡعَمَ اللّٰهُ عَلَيۡهِمَا

داخل ہونے والے ہیں | کہا | دو مردوں نے | سے | ان لوگوں | جو ڈرتے تھے | انعام کیا تھا | اللہ نے | دونوں پر

اس پر دو آدمی جو اللہ سے ڈرنے والوں میں سے تھے اور ان پر اللہ کا فضل بھی تھا، کہنے

ادۡخُلُوۡا عَلَيۡهِمُ الۡبَابَ‌ۚ فَاِذَا دَخَلۡتُمُوۡهُ فَاِنَّكُمۡ غٰلِبُوۡنَ‌ ۚ وَعَلَى

تم داخل ہو جاؤ | اُن پر | دروازے میں سے | پھر جب | تم داخل ہو جاؤ اس میں سے | تو بے شک تم ہو | غالب | اور پر

لگے "تم ان پر حملہ کر کے شہر کے پھاٹک میں داخل ہو جاؤ۔ جب تم اس میں داخل ہو جاؤ گے تو فتح تمہاری ہے۔ اور اللہ پر

اللّٰهِ فَتَوَكَّلُوۡۤا اِنۡ كُنۡتُمۡ مُّؤۡمِنِيۡنَ‏ ﴿23﴾ قَالُوۡا يٰمُوۡسٰۤى اِنَّا

اللہ | پس تم توکل کرو | اگر | تم ہو | ایمان والے | انہوں نے کہا | اے موسیٰ | بے شک ہم

بھروسا کرو اگر ایمان والے ہو۔" انھوں نے کہا "اے موسیٰ علیہ السلام! جب تک دشمن کے لوگ

لَنۡ نَّدۡخُلَهَاۤ اَبَدًا مَّا دَامُوۡا فِيۡهَا‌ فَاذۡهَبۡ اَنۡتَ وَرَبُّكَ فَقَاتِلَاۤ

ہرگز نہ ہم داخل ہوں گے اس میں | کبھی | جب تک | وہ ہیں | اس میں | اس لئے جا | تو | اور رب تیرا | اور دونوں لڑو

وہاں ہیں ہم داخل نہیں ہوں گے۔ تم اور تمہارا خدا دونوں جا کر لڑو ہم یہاں بیٹھے

اِنَّا هٰهُنَا قٰعِدُوۡنَ‏ ﴿24﴾ قَالَ رَبِّ اِنِّىۡ لَاۤ اَمۡلِكُ اِلَّا نَفۡسِىۡ

بے شک ہم ہیں | یہیں | بیٹھے | کہا | اے میرے رب | بے شک میں | نہیں | میں اختیار رکھتا | مگر | جان اپنی کا

ہیں۔" موسیٰ علیہ السلام نے کہا "اے میرے رب! میرا اپنے سوا اور اپنے بھائی کے سوا کسی پر

وَاَخِىۡ‌ فَافۡرُقۡ بَيۡنَنَا وَبَيۡنَ الۡقَوۡمِ الۡفٰسِقِيۡنَ‏ ﴿25﴾ قَالَ فَاِنَّهَا

اور بھائی اپنے کا | پس تو جدائی ڈال | درمیان ہمارے | اور درمیان | قوم | نافرمان کے | کہا | پس بے شک وہ

زور نہیں۔ تو ہمارے اور اس نافرمان قوم کے درمیان جدائی کر دے" اللہ نے فرمایا "وہ ملک ان

مُحَرَّمَةٌ عَلَيۡهِمۡ‌ اَرۡبَعِيۡنَ سَنَةً‌ ۚ يَتِيۡهُوۡنَ فِى الۡاَرۡضِ‌ؕ فَلَا تَاۡسَ

حرام کی گئی | اُن پر | چالیس | برس | بھٹکتے پھریں گے | میں | زمین | پس نہ | تو غم کھا

پر چالیس (۴۰) سال کے لیے حرام کر دیا گیا۔ یہ لوگ زمین پر بھٹکتے پھریں گے۔ اے موسیٰ علیہ السلام! تم ان نافرمان

عَلَى الۡقَوۡمِ الۡفٰسِقِيۡنَ‏ ﴿26﴾ ع وَاتۡلُ عَلَيۡهِمۡ نَبَاَ ابۡنَىۡ اٰدَمَ بِالۡحَـقِّ‌ۘ اِذۡ

پر | قوم | نافرمان | اور تو سنا | ان کو | خبر | دو بیٹوں | آدم کے کی | ساتھ حق کے | جب

لوگوں پر افسوس نہ کرو۔ اے نبی صلی اللہ علیہ وسلم! آدم علیہ السلام کے دو بیٹوں کا واقعہ بھی ان کو ٹھیک سنا دیں۔ جب دونوں

ع 4/7/8 وقف لازم

قَرَّبَا قُرۡبَانًا فَتُقُبِّلَ مِنۡ اَحَدِهِمَا وَلَمۡ يُتَقَبَّلۡ مِنَ الۡاٰخَرِ‌ؕ

وہ دونوں قربانی لائے | قربانی | پس قبول کی گئی | سے | ایک کی ان دونوں میں | اور نہ | قبول کی گئی | سے | دوسرے

بیٹوں نے اپنی اپنی قربانی پیش کی تو ان میں سے ایک کی قربانی قبول ہوئی اور دوسرے کی قبول نہ ہوئی۔

قَالَ لَاَقْتُلَنَّكَ ؕ قَالَ اِنَّمَا يَتَقَبَّلُ اللّٰهُ مِنَ الْمُتَّقِيْنَ ﴿27﴾ لَئِنْ

اس نے کہا | ضرور میں تجھے قتل کروں گا | اس نے کہا | صرف | قبول کرتا ہے | اللہ | سے | پرہیزگاروں | البتہ اگر

اس پر دوسرے نے پہلے سے کہا "میں تمہیں قتل کر دوں گا"۔ پہلے نے جواب دیا "اللہ صرف متقی بندوں کی قربانی قبول کرتا ہے۔

بَسَطْتَّ اِلَيَّ يَدَكَ لِتَقْتُلَنِيْ مَآ اَنَا بِبَاسِطٍ يَّدِيَ اِلَيْكَ

تو نے دراز کیا | طرف میری | ہاتھ اپنا | تا کہ تو قتل کرے مجھے | نہیں | میں | دراز کرنے والا | ہاتھ اپنا | طرف تیری

اگر تو نے مجھے قتل کرنے کے لیے ہاتھ اٹھایا تو میں تجھے قتل کرنے کے لیے ہاتھ نہیں اٹھاؤں

لِاَقْتُلَكَ ۚ اِنِّيْٓ اَخَافُ اللّٰهَ رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿28﴾ اِنِّيْٓ اُرِيْدُ اَنْ تَبُوْٓاَ

تا کہ میں قتل کروں تجھے | بے شک میں | میں ڈرتا ہوں | اللہ سے | جو رب | جہانوں کا | بے شک میں چاہتا ہوں | کہ | تو پھرے

گا۔ میں اللہ سے ڈرتا ہوں جو سارے جہانوں کا رب ہے۔ میں چاہتا ہوں تو میرا اور اپنا

بِاِثْمِيْ وَاِثْمِكَ فَتَكُوْنَ مِنْ اَصْحٰبِ النَّارِ ۚ وَذٰلِكَ جَزٰٓؤُا

ساتھ گناہ میرے کے | اور گناہ اپنے کے | پھر تو ہو جائے | سے | رہنے والوں میں | آگ کے | اور یہ ہے | سزا

گناہ اپنے سر لے لے اور پھر دوزخی بنے کیونکہ ظالموں کی یہی

الظّٰلِمِيْنَ ﴿29﴾ ۚ فَطَوَّعَتْ لَهٗ نَفْسُهٗ قَتْلَ اَخِيْهِ فَقَتَلَهٗ فَاَصْبَحَ

ظالموں کی | پس اکسایا | اس کو | نفس اس کے نے | قتل پر | اپنے بھائی کے | پھر اس نے قتل کر دیا اس کو | پھر وہ ہو گیا

سزا ہے" پھر اس کے نفس نے اسے اپنے بھائی کے قتل پر راضی کر لیا اور اس نے اسے قتل کر دیا۔ پھر وہ نقصان

مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿30﴾ فَبَعَثَ اللّٰهُ غُرَابًا يَّبْحَثُ فِي الْاَرْضِ لِيُرِيَهٗ

سے | نقصان اٹھانے والوں میں | پھر بھیجا | اللہ نے | ایک کوا | جو کریدتا تھا | میں | زمین | تا کہ دکھائے اس کو

اٹھانے والوں میں سے ہو گیا۔ اللہ نے ایک کوے کو بھیجا جو زمین کریدتا تھا تا کہ وہ اسے دکھائے

كَيْفَ يُوَارِيْ سَوْءَةَ اَخِيْهِ ؕ قَالَ يٰوَيْلَتٰٓى اَعَجَزْتُ اَنْ اَكُوْنَ مِثْلَ

کیسے | وہ چھپائے | لاش | بھائی اپنے کی | اس نے کہا | اے کاش | کیا میں عاجز ہوا | یہ کہ | میں ایسا ہوتا | جیسا

کہ وہ اپنے بھائی کی لاش کو کس طرح چھپائے۔ وہ بولا "افسوس میری حالت پر

هٰذَا الْغُرَابِ فَاُوَارِيَ سَوْءَةَ اَخِيْ ۚ فَاَصْبَحَ مِنَ النّٰدِمِيْنَ ﴿31﴾ ۛۚ مِنْ

یہ | کوا | پھر میں ڈھانک دوں | لاش | بھائی اپنے کی | پھر وہ ہو گیا | سے | پشیمانوں میں | سے

میں اس کوے جیسا بھی نہ ہو سکا کہ اپنے بھائی کی لاش کو چھپا دیتا "اور وہ اپنے کیے پر شرمسار ہوا۔ اسی

وقف النبی علیہ السلام مع

اَجْلِ ذٰلِكَ ۛ كَتَبْنَا عَلٰى بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اَنَّهٗ مَنْ قَتَلَ نَفْسًا

وجہ | اسی | ہم نے لکھا | پر | بنی اسرائیل | یہ کہ | جو کوئی | قتل کرے | کسی جان کو

سبب سے ہم نے بنی اسرائیل کے لیے لکھ دیا کہ جس نے کسی کو بغیر

بِغَيْرِ نَفْسٍ اَوْ فَسَادٍ فِي الْاَرْضِ فَكَاَنَّمَا قَتَلَ النَّاسَ جَمِيْعًا ۭ

ہو تو اس سے تمہارا کچھ نقصان نہیں اگر تم ہدایت پر ہو۔ تم سب کو اللہ کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔ پھر وہ تمہیں بتائے گا

بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿١٠٥﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا شَهَادَةُ بَيْنِكُمْ اِذَا

ساتھ اسکے جو | تم تھے | تم کرتے | اے | لوگو جو | ایمان لائے ہو | گواہی | درمیان تمہارے | جب

جو کچھ تم کرتے رہے۔ اے ایمان والو! جب تم میں سے کسی کی موت کا وقت آ جائے

حَضَرَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ حِيْنَ الْوَصِيَّةِ اثْنٰنِ ذَوَا عَدْلٍ مِّنْكُمْ اَوْ

حاضر ہو | کسی ایک کو تم سے | موت | وقت | وصیت کے | دو شخص ہوں | اعتبار والے | تم میں سے | یا

اور وہ وصیت کرنا چاہے تو اس کے لئے گواہی کا نصاب یہ ہے کہ تم میں سے دو معتبر مسلمان گواہ ہوں۔ یا

اٰخَرٰنِ مِنْ غَيْرِكُمْ اِنْ اَنْتُمْ ضَرَبْتُمْ فِي الْاَرْضِ فَاَصَابَتْكُمْ

دو شخص | سے | تمہارے غیر | اگر | تم ہو | چلتے | میں | زمین | پس پہنچے تمہیں

اگر تم سفر پر ہو اور وہاں موت کی مصیبت پیش آ جائے تو پھر دو غیر مسلم گواہ بھی لیے

مُّصِيْبَةُ الْمَوْتِ ؕ تَحْبِسُوْنَهُمَا مِنْۢ بَعْدِ الصَّلٰوةِ فَيُقْسِمٰنِ بِاللّٰهِ اِنِ

مصیبت | موت کی | روک لو دونوں کو | سے | بعد | نماز کے | پس وہ قسم کھائیں | اللہ کی | اگر

جا سکتے ہیں۔ اگر تمہیں گواہی میں کسی طرح کا شبہ ہو جائے تو دونوں گواہوں کو نماز کے بعد روک لو

ارْتَبْتُمْ لَا نَشْتَرِيْ بِهٖ ثَمَنًا وَّلَوْ كَانَ ذَا قُرْبٰى ۙ وَلَا نَكْتُمُ

تم شک میں پڑو | نہ | ہم حاصل کرینگے | ساتھ اسکے | کچھ مال | اور اگرچہ | ہوں | قرابت والے | اور نہ | ہم چھپائینگے

اور وہ اللہ کی قسم کھا کر کہیں "ہم کسی قیمت کے عوض اس گواہی کو نہیں بیچیں گے خواہ کوئی ہمارا رشتہ دار ہی کیوں نہ ہو۔ نہ ہم اللہ کی

شَهَادَةَ ۙ اللّٰهِ اِنَّآ اِذًا لَّمِنَ الْاٰثِمِيْنَ ﴿١٠٦﴾ فَاِنْ عُثِرَ عَلٰٓى اَنَّهُمَا

گواہی | اللہ کی | بیشک ہم | اس وقت ہیں | البتہ سے | گنہگاروں میں | پھر اگر | معلوم ہوا | اس پر | کہ دونوں نے

گواہی کو چھپائیں گے۔ اگر ایسا کریں تو بے شک ہم گناہ گار ہوں گے۔" اگر پتہ چلے ان دونوں گواہوں نے حق تلفی کی ہے تو ان کی

اسْتَحَقَّآ اِثْمًا فَاٰخَرٰنِ يَقُوْمٰنِ مَقَامَهُمَا مِنَ الَّذِيْنَ اسْتَحَقَّ

حق دار بنایا ہے | گناہ سے | تو اور دو شخص | کھڑے ہوں | ان دونوں کی جگہ | سے | ان لوگوں | کہ حق ثابت کیا

جگہ دو نئے گواہ ان لوگوں میں سے کھڑے ہوں جن کا حق پہلے دو گواہوں نے

عَلَيْهِمُ الْاَوْلَيٰنِ فَيُقْسِمٰنِ بِاللّٰهِ لَشَهَادَتُنَآ اَحَقُّ مِنْ شَهَادَتِهِمَا

خلاف انکے جو | زیادہ حقدار تھے | تو وہ دونوں قسم کھائیں | اللہ کی | البتہ گواہی ہماری | زیادہ صحیح ہے | سے | گواہی ان دونوں کی

مارنا چاہا۔ اور وہ اللہ کی قسم کھا کر کہیں "ہماری گواہی پہلے دونوں کی گواہی سے زیادہ صحیح ہے

وَمَا اعْتَدَيْنَآ ۖ اِنَّآ اِذًا لَّمِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿١٠٧﴾ ذٰلِكَ اَدْنٰٓى اَنْ يَّاْتُوْا

اور نہیں | ہم نے زیادتی کی | بیشک ہم | اس وقت ہیں | البتہ سے | ظالموں میں | یہ | زیادہ قریب ہے | اس سے کہ | لائیں

اور ہم نے کوئی زیادتی نہیں کی۔ اگر ہم ایسا کریں تو ہم ظالموں میں سے ہوں گے" یہی بہتر طریقہ ہے تا کہ لوگ ٹھیک

بِالشَّهَادَةِ عَلٰى وَجْهِهَآ اَوْ يَخَافُوْٓا اَنْ تُرَدَّ اَيْمَانٌۢ بَعْدَ اَيْمَانِهِمْ ۗ

گواہی | پر | اس کے طریقے پر | یا | وہ ڈریں | کہ | رد ہوں گی | قسمیں ہماری | بعد | اُن کی قسموں کے

گواہی دیں یا انہیں کم سے کم اس بات کا ڈر رہے کہ ان کی قسموں کے بعد دوسرے کی قسموں سے کہیں ان کی تردید نہ ہو جائے۔

وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاسْمَعُوْا ۗ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ﴿١٠٨﴾ ع يَوْمَ

14 ع 8 4

اور تم ڈرو | اللہ سے | اور تم سنو | اور اللہ | نہیں | ہدایت دیتا | نافرمان لوگوں کو | جس دن

بہرحال اللہ سے ڈرو، اس کا حکم سنو اور مانو۔ یاد رکھو! اللہ نافرمانوں کو سیدھے راستے پر نہیں چلاتا۔ جس دن

يَجْمَعُ اللّٰهُ الرُّسُلَ فَيَقُوْلُ مَاذَآ اُجِبْتُمْ ۗ قَالُوْا لَا عِلْمَ لَنَا ۗ

جمع کرے گا | اللہ | رسولوں کو | پھر کہے گا | کیا | جواب تمہیں دیا گیا | وہ کہیں گے | نہیں | علم | ہم کو

اللہ سب رسولوں کو جمع کرے گا پھر ان سے پوچھے گا "تمہیں امتوں کی طرف سے کیا جواب ملا" وہ کہیں گے "ہمیں کچھ علم نہیں،

اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ﴿١٠٩﴾ اِذْ قَالَ اللّٰهُ يٰعِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ

بے شک تو | تو ہے | بہت جاننے والا | چھپی باتوں کا | جب | کہے گا | اللہ | اے عیسیٰ | ابن | مریم

تو ہی چھپی باتوں کو جاننے والا ہے" جب اللہ کہے گا "اے عیسیٰ علیہ السلام ابن مریم علیہ السلام

اذْكُرْ نِعْمَتِيْ عَلَيْكَ وَعَلٰى وَالِدَتِكَ ۘ اِذْ اَيَّدْتُّكَ بِرُوْحِ الْقُدُسِ ۣ

تو یاد کر | نعمت میری | تجھ پر | اور پر | تیری ماں | جب کہ | میں نے قوت دی تجھ کو | ساتھ روح | پاک کے

میری نعمتوں کو یاد کرو جو میں نے تم پر اور تمہاری ماں پر کیں۔ میں نے پاک روح جبریل کے ذریعے تمہاری مدد کی۔

تُكَلِّمُ النَّاسَ فِي الْمَهْدِ وَكَهْلًا ۚ وَاِذْ عَلَّمْتُكَ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ

تو باتیں کرتا تھا | لوگوں سے | میں | جھولے | اور بڑی عمر میں | اور جب کہ | میں نے سکھائی تجھے | کتاب | اور حکمت

تم لوگوں سے کلام کرتے تھے چھوٹی عمر میں بھی اور بڑی عمر میں بھی۔ جب میں نے تمہیں کتاب و حکمت

وَالتَّوۡرٰىةَ وَالۡاِنۡجِيۡلَ‌ۚ وَاِذۡ تَخۡلُقُ مِنَ الطِّيۡنِ كَهَيۡــَٔةِ الطَّيۡرِ

اورتوریت | اورانجیل | اورجب | توبناتا تھا | سے | مٹی | جیسے صورت | پرندے کی

اورتوریت و انجیل کی تعلیم دی۔ اورجب تم مٹی سے پرندے جیسی صورت میرے حکم سے

بِاِذۡنِىۡ فَتَنۡفُخُ فِيۡهَا فَتَكُوۡنُ طَيۡرًاۢ بِاِذۡنِىۡ وَتُبۡرِئُ الۡاَكۡمَهَ

میرے حکم سے | پھرتو پھونکتا تھا | اس میں | پھروہ ہوجاتا | پرندہ | میرے حکم سے | اورتندرست کرتا تھا | پیدائشی اندھے کو

بناتے۔ پھر اس میں پھونک مارتے تو میرے حکم سے واقعی پرندہ بن جاتا تھا۔جب تم پیدائشی اندھے

وَالۡاَبۡرَصَ بِاِذۡنِىۡ‌ۚ وَاِذۡ تُخۡرِجُ الۡمَوۡتٰى بِاِذۡنِىۡ‌ۚ وَاِذۡ كَفَفۡتُ

اور(برص) پھل بہری کو | میرے حکم سے | اورجب | تونکالتا تھا | مردوں کو | میرے حکم سے | اورجب کہ | میں نے روک رکھا

اورکوڑھی کومیرے حکم سے اچھا کردیتے اورجب تم مردوں کومیرے حکم سے زندہ نکال کھڑا کرتے تھے۔میں نے تمہیں بنی اسرائیل

بَنِىۡۤ اِسۡرَآءِيۡلَ عَنۡكَ اِذۡ جِئۡتَهُمۡ بِالۡبَيِّنٰتِ فَقَالَ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا مِنۡهُمۡ

بنی اسرائیل کو | تجھ سے | جب کہ | تولایا تھا انکے پاس | روشن دلیلیں | پھرکہا | ان لوگوں نے جو | کافر تھے | ان میں سے

کے شر سے بچایا جب تم ان کے پاس کھلی نشانیاں لے کر آئے تو ان کے کافروں نے کہا تھا

اِنۡ هٰذَاۤ اِلَّا سِحۡرٌ مُّبِيۡنٌ ﴿۱۱۰﴾ وَاِذۡ اَوۡحَيۡتُ اِلَى الۡحَوَارِيّٖنَ اَنۡ اٰمِنُوۡا

نہیں | یہ | مگر | جادو | ظاہر | اورجب | میں نے وحی کی | طرف | حواریوں کے | یہ کہ | تم ایمان لاؤ

''یہ سب جادو کے سوا کچھ نہیں۔'' یادکرو جب میں نے تیرے حواریوں کے دل میں یہ بات ڈال دی کہ''ایمان لاؤ

بِىۡ وَبِرَسُوۡلِىۡ‌ۚ قَالُوۡۤا اٰمَنَّا وَاشۡهَدۡ بِاَنَّنَا مُسۡلِمُوۡنَ ﴿۱۱۱﴾ اِذۡ قَالَ

مجھ پر | اورمیرے رسول پر | انہوں نے کہا | ہم ایمان لائے | اورتو گواہ رہ | کہ ہم ہیں | مسلمان | جب | کہا

مجھ پر اورمیرے رسول پر! وہ بول اٹھے''ہم ایمان لائے۔تو گواہ رہ ہم تیرے فرماں بردار ہیں'' اورجب حواریوں

الۡحَوَارِيُّوۡنَ يٰعِيۡسَى ابۡنَ مَرۡيَمَ هَلۡ يَسۡتَطِيۡعُ رَبُّكَ اَنۡ يُّنَزِّلَ

حواریوں نے | اے عیسیٰ | ابن | مریم | کیا | قدرت رکھتا ہے | رب تیرا | یہ کہ | اتارے

نے کہا ''اے عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام کیا تمہارا رب اس پر قدرت رکھتا ہے کہ ہم پر آسمان سے

عَلَيۡنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ‌ؕ قَالَ اتَّقُوا اللّٰهَ اِنۡ كُنۡتُمۡ مُّؤۡمِنِيۡنَ ﴿۱۱۲﴾

ہم پر | دسترخوان | سے | آسمان | اس نے کہا | تم ڈرو | اللہ سے | اگر | تم ہو | ایمان والے

کھانے کا دسترخوان اتارے؟'' اس پر عیسیٰ علیہ السلام نے کہا ''اللہ سے ڈرو اگر تم ایمان والے ہو''

قَالُوْا نُرِيْدُ اَنْ نَّاْكُلَ مِنْهَا وَتَطْمَىِٕنَّ قُلُوْبُنَا وَنَعْلَمَ اَنْ قَدْ

انہوں نے کہا | ہم چاہتے ہیں | کہ | ہم کھائیں | اس میں سے | اور اطمینان پائیں | دل ہمارے | اور ہم جانیں | کہ | واقعی

وہ بولے ''ہم چاہتے ہیں اس میں سے کھائیں اور ہمارے دل مطمئن ہوں۔ ہم جان لیں جو کچھ آپ نے ہم سے

صَدَقْتَنَا وَنَكُوْنَ عَلَيْهَا مِنَ الشّٰهِدِيْنَ ﴿113﴾ قَالَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ

تم نے سچ کہا ہم سے | اور ہم ہوں | اس پر | سے | گواہوں میں | کہا | عیسیٰ | ابن | مریم نے

کہا وہ سچ ہے اور ہم اس پر گواہی دینے والے بن جائیں۔ عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام نے دعا کی ''اے اللہ! اے ہمارے رب!

اللّٰهُمَّ رَبَّنَآ اَنْزِلْ عَلَيْنَا مَآىِٕدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوْنُ لَنَا عِيْدًا

اے اللہ | اے ہمارے رب | اتار دے | ہم پر | دسترخوان | سے | آسمان | تا کہ ہو | ہمارے لئے | عید

ہمارے لئے آسمان سے کھانے کا دسترخوان اتار جو عید بن جائے ہمارے لئے،

لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰيَةً مِّنْكَ ۚ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ﴿114﴾

ہمارے پہلوں کیلئے | اور ہمارے بعد والوں کیلئے | اور نشانی | تیری طرف سے | اور ہمیں رزق دے | اور تو | بہترین | رزق دینے والا ہے

ہمارے اس زمانے کے لئے اور ہمارے پچھلوں کے لئے اور تیری طرف سے ایک نشانی ہو! ہمیں یہ روزی عطا کر، تو سب سے بہتر

قَالَ اللّٰهُ اِنِّيْ مُنَزِّلُهَا عَلَيْكُمْ ۚ فَمَنْ يَّكْفُرْ بَعْدُ مِنْكُمْ فَاِنِّيْٓ

کہا | اللہ نے | بیشک میں | اتاروں گا اس کو | تم پر | پھر جو کوئی | کفر کرے گا | بعد اس کے | تم میں سے | تو بیشک میں

روزی رساں ہے!'' اللہ نے فرمایا ''میں یہ دسترخوان ضرور تم پر اتاروں گا، لیکن اس کے بعد تم میں جو سے کفر کرے گا اسے ایسی

اُعَذِّبُهٗ عَذَابًا لَّآ اُعَذِّبُهٗٓ اَحَدًا مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ ﴿115﴾ ع وَاِذْ قَالَ اللّٰهُ

(ع 15/7/5)

میں سزا دوں گا اسے | ایسا عذاب | کہ نہ | میں نے عذاب دیا ہوگا ایسا | کسی کو | سے | دنیا والوں میں | اور جب | کہا | اللہ نے

سزا دوں گا جو دنیا میں کسی کو نہ دی ہو گی''۔ جب اللہ تعالیٰ پوچھے گا

يٰعِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ ءَاَنْتَ قُلْتَ لِلنَّاسِ اتَّخِذُوْنِيْ وَاُمِّيَ اِلٰهَيْنِ

اے عیسیٰ | ابن | مریم | کیا تو | کہتا تھا | لوگوں کو | تم بناؤ مجھے | اور ماں میری کو | دو معبود

''اے عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام! کیا تم نے لوگوں سے کہا تھا مجھ کو اور میری ماں کو اللہ کے سوا

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۭ قَالَ سُبْحٰنَكَ مَا يَكُوْنُ لِيْٓ اَنْ اَقُوْلَ مَا لَيْسَ

سے | سوائے | اللہ کے | وہ کہے گا | پاک ہے تو | نہیں | ہے | میرے لئے | یہ کہ | میں کہوں | وہ چیز کہ | نہیں

معبود بنا لو؟ وہ جواب دیں گے ''تو پاک ہے۔ میرا کام نہ تھا میں وہ بات کہتا جس کے کہنے کا مجھے

وقف النبی علیہ السلام

لِیْ بِحَقٍّ ؕ اِنْ كُنْتُ قُلْتُهٗ فَقَدْ عَلِمْتَهٗ ؕ تَعْلَمُ مَا فِیْ

مجھ کو | اس کا حق | اگر | میں تھا | کہتا اسکو | تو بیشک | تو جانتا ہے اسے | تو جانتا ہے | جو ہے | میں

حق نہیں۔ اگر میں نے یہ کہا ہوگا تو تجھے ضرور معلوم ہو گا" تو جانتا ہے جو

نَفْسِیْ وَلَآ اَعْلَمُ مَا فِیْ نَفْسِكَ ؕ اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ ﴿۱۱۶﴾

میرے دل | اور نہیں | میں جانتا | جو کچھ ہے | میں | تیرے دل | بیشک تو | تو ہے | بہت جاننے والا | غیبوں کا

میرے جی میں ہے اور میں نہیں جانتا جو تیرے جی میں ہے۔ بے شک تو ہی غیب کی باتیں جاننے والا ہے۔ میں نے

مَا قُلْتُ لَهُمْ اِلَّا مَآ اَمَرْتَنِیْ بِهٖٓ اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ رَبِّیْ وَرَبَّكُمْ ۚ

نہیں میں نے کہا | ان کو | مگر | جو | تو نے حکم دیا مجھے | اس کا | یہ کہ | عبادت کرو | اللہ کی جو | رب ہے میرا | اور رب تمہارا

ان سے وہی بات کہی جس کا تو نے مجھے حکم دیا۔ یہ کہ صرف اللہ کی عبادت کرنا جو میرا بھی رب ہے اور تمہارا بھی۔

وَكُنْتُ عَلَیْهِمْ شَهِیْدًا مَّا دُمْتُ فِیْهِمْ ۚ فَلَمَّا تَوَفَّیْتَنِیْ كُنْتَ اَنْتَ

اور میں تھا | ان پر | گواہ | جب تک | میں رہا | ان میں | پھر جب | تو نے قبض کیا مجھے | تو تھا | تو

میں ان پر گواہ تھا جب تک ان میں رہا۔ پھر جب تو نے مجھے اٹھا لیا ان پر تو

الرَّقِیْبَ عَلَیْهِمْ ؕ وَاَنْتَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ شَهِیْدٌ ﴿۱۱۷﴾ اِنْ تُعَذِّبْهُمْ

نگہبان | اُن پر | اور تو ہے | پر | ہر | چیز | گواہ | اگر | تو عذاب دیگا ان کو

ہی نگران تھا اور تو ہر چیز پر گواہ ہے۔ اب اگر ان کو عذاب دے

فَاِنَّهُمْ عِبَادُكَ ۚ وَاِنْ تَغْفِرْ لَهُمْ فَاِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ ﴿۱۱۸﴾

تو بیشک وہ ہیں | بندے تیرے | اور اگر | تو بخش دے | ان کو | تو بیشک تو | تو ہے | خوب غالب | بڑی حکمت والا

تو یہ تیرے بندے ہیں اور اگر انہیں معاف کر دے تو بیشک تو غالب حکمت ہے اور بڑی والا ہے"۔

قَالَ اللّٰهُ هٰذَا یَوْمُ یَنْفَعُ الصّٰدِقِیْنَ صِدْقُهُمْ ؕ لَهُمْ جَنّٰتٌ

کہے گا | اللہ | یہ | دن ہے | کہ فائدہ دے گا | سچوں کو | سچ ان کا | ان کیلئے ہیں | باغات

اللہ فرمائے گا "آج وہ دن ہے کہ سچوں کو ان کا سچ کام آئے گا۔ ان کے لئے ایسے باغ ہیں

تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِیْنَ فِیْهَآ اَبَدًا ؕ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمْ

بہتی ہیں | سے | نیچے ان کے | نہریں | ہمیشہ رہنے والے | ان میں | ہمیشہ۔ | راضی ہوا | اللہ | ان سے

جن میں نہریں بہتی ہوں گی۔ وہاں وہ ہمیشہ رہیں گے۔ اللہ ان سے راضی ہوا

وَرَضُوْا عَنْهُ ۭ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿119﴾ لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

اور وہ راضی ہوئے | اس سے | یہ ہے | کامیابی | بڑی | اللہ کی ہے | بادشاہی | آسمانوں کی | اور زمین کی

اور وہ اللہ سے راضی ہوئے، یہی ہے بڑی کامیابی! آسمانوں کی، زمین کی،

وَمَا فِيْهِنَّ ۭ وَهُوَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿120﴾ ع

اور جو کچھ | ان میں | اور وہ | اوپر | ہر | چیز کے | قادر ہے۔

اور ہر شے کی بادشاہی صرف اللہ کے لئے ہے جو ہر چیز پر قادر ہے۔

16 ع 5 6

(6) سُوْرَةُ الْاَنْعَامِ مَكِّيَّةٌ (55)

اٰیاتہا 165 — رکوعاتہا 20

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَجَعَلَ الظُّلُمٰتِ

سب تعریف | اللہ کے لئے ہے | جس نے | پیدا کیا | آسمانوں کو | اور زمین کو | اور بنائے | اندھیرے

تمام تعریف اللہ کے لئے ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا فرمایا اندھیروں اور روشنی

وَالنُّوْرَ ڛ ثُمَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ يَعْدِلُوْنَ ﴿1﴾ هُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ

اور اجالا | پھر بھی | جنہوں نے | انکار کیا | اپنے رب کا | وہ شرک کرتے ہیں | وہی ہے | جس نے | پیدا کیا تم کو

کو بنایا۔ کافر لوگ پھر بھی دوسروں کو اپنے رب کا شریک بناتے ہیں۔ حالانکہ اسی نے تمہیں مٹی سے

مِّنْ طِيْنٍ ثُمَّ قَضٰٓى اَجَلًا ۭ وَاَجَلٌ مُّسَمًّى عِنْدَهٗ ثُمَّ اَنْتُمْ

سے | مٹی | پھر | مقرر کی | ایک اجل | اور ایک اجل | مقرر کی گئی ہے | پاس اس کے | پھر بھی | تم ہو

پیدا کیا۔ تمہاری مدت مقرر کی اور ایک اور مقررہ مدت جو اسی کے علم میں ہے لیکن تم قیامت کے بارے میں

تَمْتَرُوْنَ ﴿2﴾ وَهُوَ اللّٰهُ فِي السَّمٰوٰتِ وَفِي الْاَرْضِ ۭ يَعْلَمُ سِرَّكُمْ

تم شک کرتے ہو | اور وہی ہے | اللہ | میں | آسمانوں | اور میں | زمین | وہ جانتا ہے | چپکے بولنا تمہارا

شک کرتے ہو۔ اور اللہ آسمانوں میں بھی ہے اور زمین میں بھی۔ وہ تمہارے ظاہر و باطن کو

وَجَهْرَكُمْ وَيَعْلَمُ مَا تَكْسِبُوْنَ ﴿3﴾ وَمَا تَاْتِيْهِمْ مِّنْ اٰيَةٍ مِّنْ اٰيٰتِ

اور اونچا بولنا تمہارا | اور وہ جانتا ہے | جو کچھ | تم کماتے ہو | اور نہیں | آتی ان کے پاس | کوئی | آیت | سے | آیتوں

جانتا ہے اور وہ جانتا ہے جو کچھ تم کرتے ہو۔ مشرکوں کو دیکھو! اُن کے رب کی نشانیوں میں سے جو نشانی بھی

رَبِّهِمْ اِلَّا كَانُوْا عَنْهَا مُعْرِضِيْنَ ۝ فَقَدْ كَذَّبُوْا بِالْحَقِّ لَمَّا جَآءَهُمْ ؕ

انکے رب کی | مگر | ہیں | اس سے | منہ پھیرتے | بیشک | جھٹلایا انھوں نے | حق کو | جب بھی | ان کے پاس آیا

ان کے پاس آتی ہے وہ اُس سے منہ پھیر لیتے ہیں۔ چنانچہ جو حق ان کے پاس آیا اس کو بھی انہوں نے جھٹلا دیا۔

فَسَوْفَ يَاْتِيْهِمْ اَنْۢبٰٓؤُا مَا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝ اَلَمْ يَرَوْا

پس ضرور | آئیں گی انکے پاس | خبریں | اس کی جو | وہ تھے | اس کا | وہ مذاق کرتے | کیا نہیں | دیکھتے

جلد ہی ان کے پاس اس چیز کی خبریں آئیں گی جس کا وہ مذاق اڑاتے تھے۔ کیا ان لوگوں

كَمْ اَهْلَكْنَا مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنْ قَرْنٍ مَّكَّنّٰهُمْ فِي الْاَرْضِ مَا

کتنے | ہم نے ہلاک کئے | سے | پہلے ان کے | سے | قوموں | ہم نے اقتدار دیا انکو | میں | زمین | جو کہ

نے نہیں دیکھا کہ ہم نے ان سے پہلے کتنی قوموں کو ہلاک کیا جنہیں ہم نے زمین میں اتنی شان و شوکت

لَمْ نُمَكِّنْ لَّكُمْ وَاَرْسَلْنَا السَّمَآءَ عَلَيْهِمْ مِّدْرَارًا ۠ وَّجَعَلْنَا الْاَنْهٰرَ

نہیں ہم نے اقتدار دیا | تم کو | اور ہم نے بھیجا | بادلوں کو | اُن پر | موسلا دھار | اور ہم نے بنائیں | نہریں

دی جتنی ان کو نہیں دی۔ ہم نے ان پر آسمان سے خوب بارش برسائی اور نہریں

تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهِمْ فَاَهْلَكْنٰهُمْ بِذُنُوْبِهِمْ وَاَنْشَاْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ

جو بہتی تھیں | سے | نیچے ان کے | پھر ہم نے ہلاک کیا ان کو | ان کے گناہوں پر | اور ہم نے پیدا کیں | سے | بعد ان کے

جاری کیں جو ان کے ہاں بہتی تھیں۔ پھر ہم نے انہیں ان کے گناہوں کی پاداش میں ہلاک کر دیا۔ ان کے بعد ہم نے دوسری

قَرْنًا اٰخَرِيْنَ ۝ وَلَوْ نَزَّلْنَا عَلَيْكَ كِتٰبًا فِيْ قِرْطَاسٍ فَلَمَسُوْهُ

قومیں | دوسری | اور اگر | ہم اتارتے | تجھ پر | کوئی تحریر | میں | کاغذ | پھر وہ ٹٹولتے اس کو

قوموں کو اٹھایا۔ اے نبی ﷺ! اگر ہم آپ ﷺ پر کوئی ایسی کتاب اتارتے جو کاغذ پر لکھی ہوتی اور یہ لوگ اسے

بِاَيْدِيْهِمْ لَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۝ وَقَالُوْا

اپنے ہاتھوں سے | توضرور کہتے | وہ لوگ جو | کافر ہوئے | نہیں ہے | یہ | مگر | جادو | ظاہر۔ | اور بولے

اپنے ہاتھوں سے چھو لیتے تب بھی کافروں نے یہی کہنا تھا ''یہ کھلا جادو ہے''۔ اور وہ کہتے ہیں

لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ مَلَكٌ ؕ وَلَوْ اَنْزَلْنَا مَلَكًا لَّقُضِيَ الْاَمْرُ ثُمَّ

کیوں نہیں | اتارا گیا | اس پر | فرشتہ | اور اگر | ہم اتارتے | فرشتہ | ضرور فیصلہ ہو جاتا | معاملے کا | پھر

اگر یہ نبی ﷺ سچا ہے تو اس پر کوئی فرشتہ کیوں نہیں اتارا گیا؟ اگر ہم کوئی فرشتہ اتارتے تو معاملے کا فیصلہ ہو جاتا پھر انہیں

لَا يُنْظَرُوْنَ ﴿8﴾ وَلَوْ جَعَلْنٰهُ مَلَكًا لَّجَعَلْنٰهُ رَجُلًا وَّلَلَبَسْنَا عَلَيْهِمْ

نہ ان کو مہلت دی جاتی | اور اگر | ہم بنا دیتے اسے | فرشتہ | البتہ ہم بناتے اسے بھی | مرد | اور البتہ ہم شبہ ڈالتے | اُن پر

کوئی مہلت نہ ملتی۔ اگر ہم کسی فرشتے کو نبی بنا کر بھیجتے تو اسے بھی انسانی شکل میں اتارتے پھر ان لوگوں کو وہی شبہ ہوتا

مَّا يَلْبِسُوْنَ ﴿9﴾ وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَحَاقَ بِالَّذِيْنَ

جو | وہ شبہ کرتے ہیں | اور بے شک | مذاق کیا گیا | ساتھ پیغمبروں کے | سے | پہلے تجھ | پھر گھیر لیا | ان کو جو

جس میں اب پڑے ہوئے ہیں۔ اے نبی ﷺ! آپ ﷺ سے پہلے بھی پیغمبروں کا مذاق اڑایا گیا تو ان لوگوں میں سے جنہوں

سَخِرُوْا مِنْهُمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿10﴾ ع قُلْ سِيْرُوْا فِي

(ع 1 10 7)

مذاق کرتے تھے | ان میں سے | اس نے جو | وہ تھے | جس کا | وہ مذاق کرتے | کہہ دیجئے | سیر کرو | میں

نے مذاق اڑایا ان کو اس چیز نے آگھیرا جس کا وہ مذاق اڑاتے تھے۔ اے نبی ﷺ! آپ ﷺ ان سے کہیں ”زمین میں چلو پھرو

الْاَرْضِ ثُمَّ انْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِيْنَ ﴿11﴾ قُلْ لِّمَنْ

زمین | پھر | تم دیکھو | کیسے | ہوا | انجام | جھٹلانے والوں کا | کہہ دیجئے | کس کا ہے

اور دیکھو جھٹلانے والوں کا کیا انجام ہوا“۔ اور آپ ان سے پوچھیں

مَّا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ قُلْ لِّلّٰهِ ؕ كَتَبَ عَلٰى نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ ؕ

جو کچھ | میں | آسمانوں | اور زمین | کہہ دیجئے | اللہ کیلئے ہے | اس نے لکھی | پر | اپنی ذات | رحمت

”جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے وہ کس کا ہے؟“ یہ لوگ کیا جواب دیں گے آپ ﷺ خود کہیں سب کچھ اللہ کا ہے۔ اس نے اپنے

لَيَجْمَعَنَّكُمْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ لَا رَيْبَ فِيْهِ ؕ اَلَّذِيْنَ خَسِرُوْۤا

ضرور وہ جمع کرے گا تمہیں | طرف | دن | قیامت کے | نہیں | شک | اس میں | جن لوگوں نے | نقصان کیا

اوپر رحمت لکھ دی۔ وہ قیامت کے دن جس کے آنے میں کوئی شک نہیں ضرور تم لوگوں کو جمع کرے گا۔ مگر جنہوں نے اپنے آپ کو

اَنْفُسَهُمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿12﴾ وَلَهٗ مَا سَكَنَ فِي الَّيْلِ وَالنَّهَارِ ؕ

جانوں اپنی کا | پس وہ | نہیں | ایمان لاتے | اور اسی کا ہے | جو کچھ | بستا ہے | میں | رات | اور دن میں

گھاٹے میں ڈالا وہ ایمان نہیں لاتے۔ لیکن اللہ کو اس کی کیا پرواہ! کیونکہ ہر چیز اسی کی ہے خواہ وہ رات کی تاریکی میں ہو یا دن کے

وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿13﴾ قُلْ اَغَيْرَ اللّٰهِ اَتَّخِذُ وَلِيًّا فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ

اور وہی ہے | خوب سننے والا | بہت جاننے والا | کہہ دیجئے | کیا سوا | اللہ کے | میں پکڑوں | کارساز | وہ تو موجد ہے | آسمانوں

اُجالے میں۔ اور وہ سب کچھ سننے والا جاننے والا ہے۔ اے نبی ﷺ! آپ مشرکین سے پوچھیں ”کیا میں بھی تمہاری طرح اللہ کو

وَالْاَرْضِ وَهُوَ يُطْعِمُ وَلَا يُطْعَمُ ؕ قُلْ اِنِّيْٓ اُمِرْتُ اَنْ اَكُوْنَ

اور زمین کا | اور وہ | کھلاتا ہے | اورنہیں | وہ کھلایا جاتا | کہہ دیجئے | بیشک میں | حکم دیا گیا ہوں | کہ | میں ہو جاؤں

جو زمین و آسمان کا بنانے والا ہے، چھوڑ کر کسی اور کو اپنا کارساز بنا لوں ! حالانکہ اللہ سب کو روزی دیتا ہے مگر خود اسے روزی کی

اَوَّلَ مَنْ اَسْلَمَ وَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿14﴾ قُلْ اِنِّيْٓ اَخَافُ

پہلا | وہ شخص جو | مسلمان ہوا | اور نہ | ہرگز تو ہونا | سے | مشرکوں میں | کہہ دیجئے | بیشک میں | میں ڈرتا ہوں

ضرورت نہیں۔ اے نبی ﷺ ! آپ ﷺ کہیں ”مجھے حکم ملا ہے میں سب سے پہلے اسلام لانے والا بنوں اور مشرکوں میں شامل نہ

اِنْ عَصَيْتُ رَبِّيْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿15﴾ مَنْ يُّصْرَفْ عَنْهُ

اگر | میں نافرمانی کروں | اپنے رب کی | عذاب | دن | بڑے کے سے | جو شخص | پھیر دیا جاتا ہے | اس سے

ہوں“۔ اے نبی ﷺ آپ کہیں ”اگر میں اپنے رب کی نافرمانی کروں تو میں بڑے دن کے عذاب سے ڈرتا ہوں۔ اُس دن جس

يَوْمَئِذٍ فَقَدْ رَحِمَهٗ ؕ وَذٰلِكَ الْفَوْزُ الْمُبِيْنُ ﴿16﴾ وَاِنْ يَّمْسَسْكَ

اس روز | تو بے شک | اس پر رحمت کی | اور یہ ہے | کامیابی | ظاہر | اور اگر | دے تجھ کو

کے سر سے عذاب ٹل گیا، اس پر اللہ نے بڑا رحم فرمایا اور یہی کھلی کامیابی ہے۔ اے انسان ! اگر اللہ تجھے کسی

اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗٓ اِلَّا هُوَ ؕ وَاِنْ يَّمْسَسْكَ بِخَيْرٍ فَهُوَ

اللہ | کوئی تکلیف | تو نہیں | کھولنے والا | اس کو | مگر | وہی | اور اگر | وہ لگا دے تجھ کو | بھلائی | تو وہ

دکھ میں مبتلا کرے تو اس کے سوا کوئی نہیں جو اسے دور کرنے والا ہو۔ اور اگر وہ تجھے کوئی بھلائی پہنچائے تو کوئی اسے روک نہیں سکتا

عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿17﴾ وَهُوَ الْقَاهِرُ فَوْقَ عِبَادِهٖ ؕ وَهُوَ الْحَكِيْمُ

اوپر | ہر | چیز کے | قادر ہے | اور وہ | غالب ہے | پر | بندوں اپنے | اور وہ ہے | خوب حکمت والا

اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔ اسی کا زور ہے اپنے بندوں پر۔ اور وہ حکمت والا اور ہر بات سے

الْخَبِيْرُ ﴿18﴾ قُلْ اَيُّ شَيْءٍ اَكْبَرُ شَهَادَةً ؕ قُلِ اللّٰهُ ۙ شَهِيْدٌۢ بَيْنِيْ

باخبر | کہہ دیجئے | کون سی | چیز ہے | بڑی | گواہی میں | کہہ دیجئے | اللہ | گواہ ہے | درمیان میرے

باخبر ہے۔ اے نبی ﷺ ! آپ ﷺ ان سے پوچھیں ”گواہی کے لئے سب سے بڑا معتبر گواہ کون ہے؟“ آپ ﷺ خود کہیں

وَبَيْنَكُمْ ۚ وَاُوْحِيَ اِلَيَّ هٰذَا الْقُرْاٰنُ لِاُنْذِرَكُمْ بِهٖ وَمَنْۢ بَلَغَ ؕ

اور درمیان تمہارے | اور وحی کیا گیا ہے | طرف میری | یہ | قرآن | تا کہ ڈراؤں تمہیں | ساتھ اسکے | اور جس کو | وہ پہنچے

”اللہ“ وہی میرے اور تمہارے درمیان گواہ ہے۔ اور آپ ﷺ کہیں مجھ پر یہ قرآن اترا ہے تا کہ میں اس کے ذریعے سے تمہیں

اَئِنَّكُمْ لَتَشْهَدُوْنَ اَنَّ مَعَ اللّٰهِ اٰلِهَةً اُخْرٰى ؕ قُلْ لَّآ اَشْهَدُ ۚ قُلْ

کیا واقعی تم | البتہ تم گواہی دیتے ہو | یہ کہ | ساتھ | اللہ کے ہیں | معبود | دوسرے | کہہ دیجئے | نہیں | میں گواہی دیتا | کہہ دیجئے

خبردار کروں اور انہیں بھی جن تک یہ پہنچے۔ کیا تم اس کی گواہی دیتے ہو کہ اللہ کے ساتھ کچھ اور

اِنَّمَا هُوَ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ وَّاِنَّنِيْ بَرِيْٓءٌ مِّمَّا تُشْرِكُوْنَ ﴿19﴾ اَلَّذِيْنَ

بے شک | وہ ہے | معبود | اکیلا | اور بیشک میں ہوں | بیزار | ان سے جن کو | تم شریک ٹھہراتے ہو | وہ جن کو

معبود بھی ہیں؟'' اے نبی ﷺ! آپ ﷺ کہیں میں اس کی گواہی نہیں دیتا۔ اور آپ ﷺ کہیں ''صرف ایک ہی معبود ہے

اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يَعْرِفُوْنَهٗ كَمَا يَعْرِفُوْنَ اَبْنَآءَهُمْ ۘ اَلَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا

ہم نے دی ان کو | کتاب | وہ پہچانتے ہیں اس کو | جیسے | وہ پہچانتے ہیں | اپنوں بیٹوں کو | جن لوگوں نے | نقصان کیا

اور میں تمہارے ساتھ شرک سے بری ہوں۔ اہل کتاب اس قرآن کو اس طرح پہچانتے ہیں جیسے اپنے بیٹوں کو پہچانتے ہیں۔ مگر اس

اَنْفُسَهُمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿20﴾ ع وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ

جانوں اپنی کا | پس وہ | نہیں | ایمان لاتے | اور کون ہے | بڑا ظالم | اس سے | جو گھڑلے | پر | اللہ

طرح کے جن لوگوں نے اپنے آپ کو گھاٹے میں ڈالا وہ اس پر ایمان نہیں لاتے۔ اور اس شخص سے بڑا ظالم کون ہے

كَذِبًا اَوْ كَذَّبَ بِاٰيٰتِهٖ ؕ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿21﴾ وَيَوْمَ

جھوٹ | یا | جھٹلائے | اس کی آیتوں کو | بے شک | نہیں | فلاح پائیں گے | ظالم | اور جس دن

جو اللہ پر بہتان باندھے یا اس کی آیتوں کو جھٹلائے، بے شک ظالموں کے لئے فلاح نہیں۔ اور ڈرو

نَحْشُرُهُمْ جَمِيْعًا ثُمَّ نَقُوْلُ لِلَّذِيْنَ اَشْرَكُوْٓا اَيْنَ شُرَكَآؤُكُمُ الَّذِيْنَ

ہم جمع کریں گے ان کو | سب کو | پھر | ہم کہیں گے | ان کو جو | شرک کرتے تھے | کہاں ہیں | شریک تمہارے | جن کا

اُس دن سے جس دن ہم ان سب کو جمع کریں گے۔ پھر مشرکوں سے پوچھیں گے آج کہاں ہیں تمہارے وہ شریک

كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ ﴿22﴾ ثُمَّ لَمْ تَكُنْ فِتْنَتُهُمْ اِلَّآ اَنْ قَالُوْا وَاللّٰهِ

تم تھے | دعویٰ کرتے | پھر | نہ | ہوگا | بہانہ ان کا | مگر | یہ کہ | وہ کہیں گے | قسم ہے اللہ

جن کا تمہیں دعویٰ تھا؟ اس وقت ان کے پاس ان کا یہی عذر ہو گا وہ کہیں گے ''ہمیں، اللہ اپنے

رَبِّنَا مَا كُنَّا مُشْرِكِيْنَ ﴿23﴾ اُنْظُرْ كَيْفَ كَذَبُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ

رب ہمارے کی | نہ | ہم تھے | مشرک | تو دیکھ | کیسے | انہوں نے جھوٹ بولا | پر | جانوں اپنی

رب کی قسم! ہم مشرک نہ تھے!'' دیکھو یہ اپنے آپ پر کیسے جھوٹ بول گئے۔

وقف لازم | وقف لازم

وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿24﴾ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّسْتَمِعُ اِلَيْكَ ج

اور گم ہو جائے گا | ان سے | جو | وہ تھے | جھوٹ گھڑتے | اور بعض ان میں ہیں | جو | سنتے ہیں | طرف تیری

وہاں ان کی ساری باتیں ہوا ہو جائیں گی جو وہ بنایا کرتے تھے۔ اے نبی ﷺ! ان میں سے بعض ایسے ہیں جو آپ ﷺ کی طرف

وَجَعَلْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ اَكِنَّةً اَنْ يَّفْقَهُوْهُ وَفِيْٓ اٰذَانِهِمْ وَقْرًا ط

اور ہم نے ڈال دیئے | پر | ان کے دلوں | پردے | اس سے کہ | وہ سمجھیں اس کو | اور میں | اُن کے کانوں | بوجھ ہے

کان لگا کر بظاہر سنتے ہیں مگر حقیقت یہ ہے وہ اسے سمجھنا نہیں چاہتے۔ اسی لئے ہم نے ان کے دلوں پر غفلت کے پردے ڈال دیئے

وَاِنْ يَّرَوْا كُلَّ اٰيَةٍ لَّا يُؤْمِنُوْا بِهَا ط حَتّٰٓى اِذَا جَآءُوْكَ

اور اگر | وہ دیکھیں | سب | نشانیاں | نہ | وہ ایمان لائیں | ان پر | یہاں تک کہ | جب | آئیں تیرے پاس

اوران کے کانوں میں ایسا ڈاٹ لگا دیا کہ وہ نہیں سنتے۔ اگر وہ ہر قسم کے معجزے بھی دیکھ لیں پھر بھی ایمان نہ لائیں گے۔

يُجَادِلُوْنَكَ يَقُوْلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿25﴾

جھگڑتے ہیں تجھ سے | کہتے ہیں | وہ لوگ جو | کافر ہوئے | نہیں | یہ | مگر | کہانیاں | پہلوں کی

یہاں تک کہ جیسے وہ آپ ﷺ کے پاس جھگڑے کے لئے آتے ہیں تو یہی کافر لوگ قرآن کے بارے میں کہتے ہیں ''یہ تو پہلے

وَهُمْ يَنْهَوْنَ عَنْهُ وَيَنْـَٔوْنَ عَنْهُ ج وَاِنْ يُّهْلِكُوْنَ اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ

اور وہ | وہ منع بھی کرتے ہیں | اس سے | اور وہ دور بھی رہتے ہیں | اس سے | اور نہیں | وہ ہلاک کرتے | مگر | جانوں اپنی کو

لوگوں کی کہانیاں ہیں۔'' وہ دوسروں کو قرآن سننے سے روکتے ہیں اور خود بھی اس سے دور بھاگتے ہیں۔ اس طرح یہ اپنے آپ کو

وَمَا يَشْعُرُوْنَ ﴿26﴾ وَلَوْ تَرٰٓى اِذْ وُقِفُوْا عَلَى النَّارِ فَقَالُوْا

اور نہیں | وہ سمجھتے | اور اگر | تو دیکھے | جب | وہ کھڑے کئے جائیں گے | پر | آگ | پھر وہ کہیں گے

ہلاکت میں ڈال رہے ہیں مگر نہیں سمجھتے۔ اور اگر تم ان کی اس حالت کو دیکھو جب وہ دوزخ کے کنارے کھڑے کئے جائیں گے۔

يٰلَيْتَنَا نُرَدُّ وَلَا نُكَذِّبَ بِاٰيٰتِ رَبِّنَا وَنَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿27﴾

اے کاش ہم | ہم لوٹائے جائیں | اور نہ | ہم انکار کریں گے | نشانیوں کا | اپنے رب کی | اور ہم ہوں گے | سے | ایمان والوں

اس وقت کہیں گے ''اے کاش! ہم پھر دنیا میں واپس بھیج دیئے جائیں۔ اب ہم اپنے رب کی نشانیوں کو نہیں جھٹلائیں گے بلکہ ایمان

بَلْ بَدَا لَهُمْ مَّا كَانُوْا يُخْفُوْنَ مِنْ قَبْلُ ط وَلَوْ رُدُّوْا

بلکہ | ظاہر ہوگیا | ان پر | جو | وہ تھے | وہ چھپاتے | سے | پہلے | اور اگر | وہ پھیر دیئے جائیں

لانے والوں میں شامل ہو جائیں گے!'' وہاں ان پر حقیقت کھل جائے گی جسے وہ اس سے پہلے چھپایا کرتے تھے۔ اگر انہیں دنیا میں

لَعَادُوْا لِمَا نُهُوْا عَنْهُ وَاِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿28﴾ وَقَالُوْٓا اِنْ هِيَ اِلَّا

ضرور وہی کریں | جو کہ | منع کیے گئے | سے جس | اور بے شک وہ | البتہ جھوٹے ہیں | اور انہوں نے کہا | نہیں | یہ | مگر

واپس بھیج بھی دیا جائے تو پھر وہی کریں گے جس سے انہیں روکا گیا۔ بے شک وہ جھوٹے ہیں۔ اور وہ کہتے ہیں ''اس دنیا کی زندگی

حَيَاتُنَا الدُّنْيَا وَمَا نَحْنُ بِمَبْعُوْثِيْنَ ﴿29﴾ وَلَوْ تَرٰٓى اِذْ وُقِفُوْا عَلٰى

زندگی ہماری | دنیا کی | اور نہیں | ہم | اٹھائے جانے والے | اور اگر | تو دیکھے | جب | وہ کھڑے کیے جائینگے | سامنے

کے سوا کوئی اور زندگی نہیں اور ہمیں مرنے کے بعد دوبارہ نہیں اٹھایا جائے گا۔ اگر تم اس وقت انہیں دیکھو جب وہ اپنے رب کے

رَبِّهِمْ ؕ قَالَ اَلَيْسَ هٰذَا بِالْحَقِّ ؕ قَالُوْا بَلٰى وَرَبِّنَا ؕ قَالَ

اپنے رب کے | وہ کہے گا | کیا نہیں | یہ | برحق | وہ کہیں گے | کیوں نہیں | قسم ہمارے رب | وہ کہے گا

سامنے کھڑے کیے جائیں گے۔ رب ان سے پوچھے گا ''کیا تمہارا یہ دوبارہ جی اٹھنا حقیقت نہیں؟'' وہ جواب دیں گے ''جی ہاں،

فَذُوْقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ﴿30﴾ ع قَدْ خَسِرَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا ‏{3 ع 10 9}

پھر تم چکھو | عذاب | بدلے اسکے جو | تم تھے | کفر کرتے | بے شک | نقصان اٹھایا | جنہوں نے | انکار کیا

ہمارے رب کی قسم! یہ حقیقت ہے'' اللہ فرمائے گا ''اب اپنے کفر کے عذاب کا مزا چکھو''۔ یقیناً وہ لوگ گھاٹے میں رہے جنہوں نے

بِلِقَآءِ اللّٰهِ ؕ حَتّٰٓى اِذَا جَآءَتْهُمُ السَّاعَةُ بَغْتَةً قَالُوْا يٰحَسْرَتَنَا عَلٰى

ملاقات کا | اللہ کی | یہاں تک کہ | جب | آئی ان کے پاس | قیامت | اچانک | وہ کہیں گے | ہائے افسوس ہم پر | پر

آخرت میں اللہ سے ملاقات ہونے کو جھٹلایا۔ لیکن جب وہ گھڑی ان پر اچانک آئے گی تو کہیں گے ''ہائے افسوس! اس بارے میں

مَا فَرَّطْنَا فِيْهَا ۙ وَهُمْ يَحْمِلُوْنَ اَوْزَارَهُمْ عَلٰى ظُهُوْرِهِمْ ؕ اَلَا

اس جو | ہم نے قصور کیا | اس بارے میں | اور وہ | وہ اٹھائیں گے | بوجھ اپنے | پر | پیٹھوں اپنی | آگاہ رہو

ہم سے بہت کوتاہی ہوئی''۔ اور وہ اپنے گناہوں کے بوجھ اپنی پیٹھوں پر اٹھائے ہوئے ہوں گے۔ دیکھو!

سَآءَ مَا يَزِرُوْنَ ﴿31﴾ وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ ؕ وَلَلدَّارُ

برا ہے | جو کہ | وہ بوجھ اٹھاتے ہیں | اور نہیں | زندگی | دنیا کی | مگر | کھیل | اور تماشا | اور البتہ گھر

کیسا برا بوجھ ہے جو وہ اٹھائیں گے۔ اور یہ دنیا کی زندگی کھیل تماشا ہے۔ البتہ آخرت کا گھر

الْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿32﴾ قَدْ نَعْلَمُ اِنَّهٗ

آخرت کا | بہتر ہے | ان کے لئے جو | تقویٰ اختیار کرتے ہیں | کیا پس نہیں | تم سمجھتے | بے شک | ہم جانتے ہیں | کہ بیشک وہ

پرہیزگاروں کے لئے بہتر ہے۔ کیا تم نہیں سمجھتے؟ اے نبی ﷺ ہمیں معلوم ہے کافر جو کچھ کہتے ہیں

لَيَحْزُنُكَ الَّذِىْ يَقُوْلُوْنَ فَاِنَّهُمْ لَا يُكَذِّبُوْنَكَ وَلٰكِنَّ الظّٰلِمِيْنَ

البتہ غمگین کرتا ہے تجھے | جو کچھ کہ | وہ کہتے ہیں | پس بے شک وہ | نہیں | جھٹلائے آپ کو | اور لیکن | ظالم

اس سے آپ ﷺ کو رنج ہوتا ہے۔آپ ﷺ صبر کریں۔ یہ لوگ آپ ﷺ کو نہیں جھٹلاتے بلکہ یہ ظالم

بِاٰيٰتِ اللّٰهِ يَجْحَدُوْنَ ﴿٣٣﴾ وَلَقَدْ كُذِّبَتْ رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِكَ فَصَبَرُوْا

نشانیوں کا | اللہ کی | وہ انکار کرتے ہیں | اور بے شک | جھٹلائے گئے | بہت سے رسول | سے | پہلے تجھ | پس انہوں نے صبر کیا

اللہ کی نشانیوں کا انکار کرتے ہیں۔اے نبی ﷺ! آپ ﷺ سے پہلے بھی رسولوں کو جھٹلایا گیا تو انہوں نے جھٹلائے جانے

عَلٰى مَا كُذِّبُوْا وَاُوْذُوْا حَتّٰٓى اَتٰىهُمْ نَصْرُنَا ۚ وَلَا مُبَدِّلَ

پر | اس جو | وہ جھٹلائے گئے | اور وہ ایذا دیئے گئے | یہاں تک کہ | آئی ان کے پاس | مدد ہماری | اور نہیں | کوئی بدلنے والا

اور تکلیف پہنچائے جانے پر صبر کیا یہاں تک کہ انہیں ہماری مدد پہنچ گئی۔ اور اللہ کی باتوں کو

لِكَلِمٰتِ اللّٰهِ ۚ وَلَقَدْ جَآءَكَ مِنْ نَّبَاِى الْمُرْسَلِيْنَ ﴿٣٤﴾ وَاِنْ كَانَ

باتوں کو | اللہ کی | اور بے شک | آئی ہیں تیرے پاس | بعض | خبریں | رسولوں کی | اور اگر | ہوا ہے

کوئی بدلنے والا نہیں۔ آپ ﷺ تو پہلے پیغمبروں کے کچھ حالات سے آگاہ ہو چکے۔ اگر آپ ﷺ پر ان

كَبُرَ عَلَيْكَ اِعْرَاضُهُمْ فَاِنِ اسْتَطَعْتَ اَنْ تَبْتَغِىَ نَفَقًا فِى الْاَرْضِ

بھاری | تجھ پر | منہ پھیرنا ان کا | پس اگر | تو کر سکے | کہ | تو ڈھونڈے | سرنگ | میں | زمین

لوگوں کی بے رُخی گراں گزرتی ہے تو اگر آپ ﷺ یہ کر سکیں تو کر دیکھیں کہ زمین کے اندر کوئی سرُنگ ڈھونڈیں

اَوْ سُلَّمًا فِى السَّمَآءِ فَتَاْتِيَهُمْ بِاٰيَةٍ ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَجَمَعَهُمْ

یا | سیڑھی | میں | آسمان | پس تو لے آئے انکے پاس | کوئی نشانی | اور اگر | چاہتا | اللہ | ضرور جمع کرتا انکو

یا آسمان میں سیڑھی لگائیں اور اس پر چڑھ کر ان کے لئے کوئی اور نشانی لے آئیں مگر یہ پھر بھی انکار کریں گے۔ اللہ کو منظور ہوتا تو وہ

عَلَى الْهُدٰى فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْجٰهِلِيْنَ ﴿٣٥﴾ اِنَّمَا يَسْتَجِيْبُ الَّذِيْنَ

پر | ہدایت | پس نہ | ہرگز تو ہو | سے | نادانوں | بے شک | وہ مانتے ہیں | جو لوگ کہ

سب انسانوں کو ہدایت پر جمع کر دیتا مگر اس نے ایسا نہیں کیا۔لہٰذا آپ ﷺ نادانوں میں سے نہ بنیں۔آپ ﷺ کی دعوت وہی

النصف

يَسْمَعُوْنَ ؔ وَالْمَوْتٰى يَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ ثُمَّ اِلَيْهِ يُرْجَعُوْنَ ﴿٣٦﴾ وَقَالُوْا لَوْلَا

وقف منزل
وقف غفران

وہ سنتے ہیں | اور مردے | زندہ کریگا ان کو | اللہ | پھر | طرف اسی کی | وہ پھیرے جائیں گے | اور بولے | کیوں نہیں

لوگ قبول کر سکتے ہیں جو نیک نیتی سے سنیں۔لیکن یہ کافر تو مُردے ہیں جنہیں اللہ قیامت کے دن دوبارہ اٹھائے گا اور یہ اسی کی

نُزِّلَ عَلَيْهِ اٰيَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ؕ قُلْ اِنَّ اللّٰهَ قَادِرٌ عَلٰٓى اَنْ يُّنَزِّلَ

اتاری گئی | اس پر | نشانی | سے | رب اس کے | کہہ دیجئے | بے شک | اللہ | قادر ہے | اس پر | کہ | وہ اتارے

طرف لوٹائے جائیں گے۔ کافر کہتے ہیں ”کیوں اس نبی ﷺ پر اس کے رب کی جانب سے کوئی نشانی نہیں اتاری گئی ؟“ اے

اٰيَةً وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿37﴾ وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِي الْاَرْضِ

نشانی | اور لیکن | اکثر ان کے | نہیں | وہ جانتے | اور نہیں | کوئی | جاندار | میں | زمین

نبی ﷺ آپ ﷺ کہیں یقیناً اللہ اس پر قادر ہے کہ کوئی نشانی اتارے لیکن کافر لوگ حقیقت کو نہیں جانتے۔ اور جو جانور زمین پر

وَلَا طٰٓئِرٍ يَّطِيْرُ بِجَنَاحَيْهِ اِلَّآ اُمَمٌ اَمْثَالُكُمْ ؕ مَا فَرَّطْنَا فِي الْكِتٰبِ مِنْ

اور نہ کوئی پرندہ | اڑتا ہے | اپنے دو بازوؤں سے | مگر | امتیں ہیں | تم جیسی | نہیں | ہم نے کمی کی | میں | کتاب | کوئی

چلتا ہے، یا جو پرندہ اپنے دونوں بازوؤں سے اڑتا ہے یہ سب تمہاری طرح اللہ کی پیدا کی ہوئی انواع ہیں۔ ہم نے اپنی کتاب میں

شَيْءٍ ثُمَّ اِلٰى رَبِّهِمْ يُحْشَرُوْنَ ﴿38﴾ وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا صُمٌّ

چیز | پھر | طرف | اپنے رب کی | وہ اکٹھے کئے جائیں گے | اور جن لوگوں نے | جھٹلایا | ہماری آیتوں کو | وہ بہرے

کوئی چیز نہیں چھوڑی۔ سب کچھ لکھ دیا ہے۔ پھر قیامت کے روز سب لوگ اپنے رب کے ہاں اکٹھے کئے جائیں گے۔ جن لوگوں

وَّبُكْمٌ فِي الظُّلُمٰتِ ؕ مَنْ يَّشَاِ اللّٰهُ يُضْلِلْهُ ؕ وَمَنْ يَّشَاْ يَجْعَلْهُ

اور گونگے ہیں | میں | اندھیروں | جس کو | چاہے | اللہ | گمراہ کرے اسے | اور جسے | وہ چاہے | کرے اس کو

نے ہماری نشانیوں کو جھٹلایا وہ بہرے گونگے ہو کر اندھیرے میں پڑے ہیں۔ اللہ جسے چاہتا ہے گمراہ کرتا ہے اور جسے چاہتا ہے

عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿39﴾ قُلْ اَرَءَيْتَكُمْ اِنْ اَتٰىكُمْ عَذَابُ اللّٰهِ اَوْ

پر | راہ | سیدھی | کہہ دیجئے | کیا تم نے دیکھا ہے خود کو | اگر | آئے تمہارے پاس | عذاب | اللہ کا | یا

سیدھی راہ پر لگا دیتا ہے۔ اے نبی ﷺ ان سے پوچھیں ”بتاؤ اگر تم پر اللہ کا عذاب آ جائے یا

اَتَتْكُمُ السَّاعَةُ اَغَيْرَ اللّٰهِ تَدْعُوْنَ ۚ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿40﴾ بَلْ

آئے تمہارے پاس | قیامت | کیا غیر | اللہ کو | تم پکارو گے | اگر | تم ہو | سچے | بلکہ

قیامت آ جائے تو کیا تم اللہ کے سوا کسی اور کو پکارو گے، جواب دو اگر تم سچے ہو؟ نہیں بلکہ

اِيَّاهُ تَدْعُوْنَ فَيَكْشِفُ مَا تَدْعُوْنَ اِلَيْهِ اِنْ شَآءَ وَتَنْسَوْنَ مَا

صرف اسی کو | تم پکارو گے | پھر وہ کھول دے گا | جو کچھ کہ | تم دعا کرتے ہو | طرف اس کی | اگر | وہ چاہے | اور تم بھول جاتے ہو | جو کچھ

تم اس وقت اسی ایک خدا کو پکارو گے۔ پھر وہ چاہے گا تو تمہاری مصیبت دور کر دے گا۔ اس وقت تم ان کو بھول جاؤ گے جنہیں

تُشۡرِكُونَ ﴿٤١﴾ وَلَقَدۡ اَرۡسَلۡنَاۤ اِلٰۤى اُمَمٍ مِّنۡ قَبۡلِكَ فَاَخَذۡنٰهُمۡ بِالۡبَاۡسَآءِ

تم شریک ٹھہراتے ہو | اور بے شک | ہم نے بھیجا | طرف | امتوں کی | سے | پہلے تجھ | پھر ہم نے پکڑا ان کو | ساتھ تنگدستی کے

اللہ کا شریک بناتے ہو"! اے نبی ﷺ! ہم نے آپ ﷺ سے پہلے اور امتوں کی طرف بھی رسول بھیجے اور ان امتوں کو ہم نے

وَالضَّرَّآءِ لَعَلَّهُمۡ يَتَضَرَّعُوۡنَ ﴿٤٢﴾ فَلَوۡلَاۤ اِذۡ جَآءَهُمۡ بَاۡسُنَا تَضَرَّعُوۡا

اور بیماری کے | تا کہ وہ | گڑگڑائیں | پس کیوں نہ | جب | آیا ان کے پاس | عذاب ہمارا | وہ گڑگڑائے

مالی اور جسمانی تکلیفوں کی آزمائش میں مبتلا کیا تاکہ وہ گڑگڑائیں۔ لیکن جب ہماری جانب سے ان پر سختی آئی تو وہ کیوں اللہ کے

وَلٰـكِنۡ قَسَتۡ قُلُوۡبُهُمۡ وَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيۡطٰنُ مَا كَانُوۡا يَعۡمَلُوۡنَ ﴿٤٣﴾

اور لیکن | سخت ہو گئے | دل ان کے | اور زینت دی | ان کے لئے | شیطان نے | اس کی جو | وہ تھے | وہ کرتے

آگے نہ جھکے! اس لئے کہ ان کے دل سخت ہو چکے تھے اور شیطان نے ان کی بداعمالیوں کو ان کی نظر میں خوشنما بنا دیا تھا۔

فَلَمَّا نَسُوۡا مَا ذُكِّرُوۡا بِهٖ فَتَحۡنَا عَلَيۡهِمۡ اَبۡوَابَ كُلِّ شَىۡءٍ ؕ

پھر جب | وہ بھول گئے | جو | نصیحت کی گئی | اس کی | ہم نے کھول دیئے | اُن پر | دروازے | ہر | چیز کے

پھر جب انہوں نے نصیحت بھلا دی جو ان کو کی گئی تھی تو ہم نے ان پر ہر چیز کے دروازے کھول دیے۔

حَتّٰۤى اِذَا فَرِحُوۡا بِمَاۤ اُوۡتُوۡۤا اَخَذۡنٰهُمۡ بَغۡتَةً فَاِذَا هُمۡ مُّبۡلِسُوۡنَ ﴿٤٤﴾

یہاں تک کہ | جب | وہ خوش ہوئے | اس پر جو | ان کو دیا گیا | ہم نے پکڑا انکو | اچانک | پس اسی وقت | وہ تھے | مایوس

وہ خوشحالی میں مگن ہو گئے۔ پھر ہم نے انہیں اچانک پکڑ لیا۔ تو وہ نا امید ہو کر رہ گئے۔

فَقُطِعَ دَابِرُ الۡقَوۡمِ الَّذِيۡنَ ظَلَمُوۡا ؕ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ رَبِّ الۡعٰلَمِيۡنَ ﴿٤٥﴾

پس کاٹی گئی | جڑ | اس قوم کی | جو | ظلم کرتے تھے | اور سب تعریف | اللہ کیلئے ہے | جو رب | تمام جہانوں کا

اس طرح ان ظالموں کی جڑ کاٹ دی گئی۔ اور تعریف اسی اللہ رب العالمین کے لئے ہے۔

قُلۡ اَرَءَيۡتُمۡ اِنۡ اَخَذَ اللّٰهُ سَمۡعَكُمۡ وَاَبۡصَارَكُمۡ وَخَتَمَ عَلٰى قُلُوۡبِكُمۡ

کہہ دیجئے | کیا تم نے دیکھا | اگر | چھین لے | اللہ | کان تمہارے | اور آنکھیں تمہاری | اور وہ مہر لگا دے | پر | تمہارے دلوں

اے نبی ﷺ! آپ ﷺ ان سے کہیں "کیا تم نے کبھی اس بات پر غور کیا۔ اگر اللہ تمہارے کان اور تمہاری آنکھیں چھین لے

مَّنۡ اِلٰهٌ غَيۡرُ اللّٰهِ يَاۡتِيۡكُمۡ بِهٖ ؕ اُنۡظُرۡ كَيۡفَ نُصَرِّفُ الۡاٰيٰتِ

کون ہے | معبود | سوائے | اللہ کے | جو لا کر دے تمہیں | ان کو | دیکھو تو | کیسے | ہم واضح بیان کرتے ہیں | آیتوں کو

اور تمہارے دلوں پر مہر لگا دے تو اللہ کے سوا اور کون معبود ہے جو تمہیں یہ نعمتیں واپس دلا دے؟ دیکھو، ہم ہر طرح سے نشانیاں بیان

ثُمَّ هُمْ يَصْدِفُوْنَ ﴿۴۶﴾ قُلْ اَرَءَيْتَكُمْ اِنْ اَتٰىكُمْ عَذَابُ اللّٰهِ بَغْتَةً

پھر بھی | وہ | دور ہٹے رہتے ہیں | کہہ دیجئے | کیا تم نے دیکھا | اگر | آئے تمہیں | عذاب | اللہ کا | اچانک

کرتے ہیں مگر وہ ان سے منہ پھیر لیتے ہیں۔ اے نبی ﷺ! آپ ﷺ ان سے کہیں ”بتاؤ اگر تم پر اللہ کا عذاب اچانک بے خبری

اَوْ جَهْرَةً هَلْ يُهْلَكُ اِلَّا الْقَوْمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۴۷﴾ وَمَا نُرْسِلُ الْمُرْسَلِيْنَ

یا | آنکھوں کے سامنے | نہیں | ہلاک کیے جائیں گے | مگر | لوگ | ظالم | اور نہیں | ہم بھیجتے | رسول

میں یا علانیہ آ جائے تو ظالموں کے سوا اور کون ہلاک ہو گا ؟“ اور ہم پیغمبروں کو خوش خبری دینے والے

اِلَّا مُبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ ۚ فَمَنْ اٰمَنَ وَاَصْلَحَ فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ

مگر | خوشخبری دینے والے | اور خبردار کرنے والے | پھر جو کوئی | ایمان لائے | اور اصلاح کر لے | تو نہیں | خوف | ان پر

اور خبردار کرنے والے بنا کر بھیجتے ہیں۔ پھر جو لوگ ایمان لائیں اور اپنی اصلاح کر لیں انہیں نہ کوئی خوف ہو گا

وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۴۸﴾ وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا يَمَسُّهُمُ الْعَذَابُ بِمَا

اور نہ | وہ | وہ غمگین ہوں گے | اور جن لوگوں نے | جھٹلایا | ہماری آیتوں کو | لگے گا ان کو | عذاب | بوجہ جو

اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔ مگر جنہوں نے ہماری نشانیوں کو جھٹلایا، انہیں اس نافرمانی کی سزا مل کر رہے گی۔ اے نبی ﷺ!

كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ ﴿۴۹﴾ قُلْ لَّآ اَقُوْلُ لَكُمْ عِنْدِيْ خَزَآئِنُ اللّٰهِ

وہ تھے | نافرمانی کرتے | کہہ دیجئے | نہیں | میں کہتا | تم کو | میرے پاس ہیں | خزانے | اللہ کے

آپ ﷺ ان کافروں سے کہہ دیں ”میرا یہ دعویٰ نہیں میرے پاس اللہ کے خزانے ہیں۔ نہ یہ

وَلَآ اَعْلَمُ الْغَيْبَ وَلَآ اَقُوْلُ لَكُمْ اِنِّيْ مَلَكٌ ۚ اِنْ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا يُوْحٰٓى

اور نہ میں جانتا ہوں | غیب کو | اور نہ | میں کہتا ہوں | تم کو | کہ میں | فرشتہ ہوں | نہیں | میں پیروی کرتا | مگر | اس کی جو | وحی کی گئی

دعویٰ کہ ہے میں غیب کو جانتا ہوں اور نہ تم سے کہتا ہوں کہ میں فرشتہ ہوں، میں صرف اُس وحی کی پیروی کرتا ہوں جو مجھ پر

اِلَيَّ ؕ قُلْ هَلْ يَسْتَوِي الْاَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ ؕ اَفَلَا تَتَفَكَّرُوْنَ ﴿۵۰﴾ ع وَاَنْذِرْ

5 ع 9 11

طرف میری | کہہ دیجئے | کیا | برابر ہوتا ہے | اندھا | اور آنکھوں والا | کیا پس نہیں | تم غور و فکر کرتے | اور آپ ڈرائیں

نازل ہوتی ہے“ اور آپ ﷺ ان سے پوچھیں ”بتاؤ کیا اندھا اور آنکھوں والا دونوں برابر ہو سکتے ہیں؟ کیا تم غور نہیں کرتے؟“

بِهِ الَّذِيْنَ يَخَافُوْنَ اَنْ يُّحْشَرُوْٓا اِلٰى رَبِّهِمْ لَيْسَ لَهُمْ مِّنْ

اس سے | ان لوگوں کو جو | ڈرتے ہیں | کہ | اکٹھے کئے جائیں گے | طرف | اپنے رب کی | نہیں | ان کے لئے | کوئی

اور اے نبی ﷺ! آپ ان لوگوں تک قرآن کی دعوت پہنچائیں جو اس بات کا خوف رکھتے ہیں کہ قیامت کو انہیں اپنے رب کے حضور اس

دُوْنِهٖ وَلِيٌّ وَّلَا شَفِيْعٌ لَّعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ﴿51﴾ وَلَا تَطْرُدِ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ

سوائے اسکے | دوست | اور نہ | سفارشی | تا کہ وہ | بچیں | اور نہ | آپ دور کریں | ان لوگوں کو جو | پکارتے ہیں

حال میں لے جایا جائے گا کہ وہاں اللہ کے سوا نہ ان کا کوئی حمایتی ہوگا اور نہ سفارش کرنے والا، تا کہ وہ اللہ سے ڈریں۔اور اے نبی

رَبَّهُمْ بِالْغَدٰوةِ وَالْعَشِيِّ يُرِيْدُوْنَ وَجْهَهٗ ؕ مَا عَلَيْكَ مِنْ حِسَابِهِمْ

رب اپنے کو | صبح | اور شام | وہ چاہتے ہیں | رضا اس کی | نہیں | تجھ پر | سے | اُن کے حساب

ﷺ! آپ ﷺ ان غریب مسلمانوں کو اپنے سے دور نہ کریں جو صبح وشام اپنے رب کو پکارتے ہیں اور اسی کی خوشنودی چاہتے

مِّنْ شَيْءٍ وَّمَا مِنْ حِسَابِكَ عَلَيْهِمْ مِّنْ شَيْءٍ فَتَطْرُدَهُمْ فَتَكُوْنَ

کچھ | چیز | اور نہیں | سے | حساب تیرے | اُن پر | کچھ | چیز | پھر اگر آپ دور کریں ان کو | تو ہو جائے گا

ہیں۔نہ آپ ﷺ کے ذمے ان کا حساب ہے اور نہ ان کے ذمے آپ ﷺ کا حساب۔اس لئے آپ ﷺ انہیں اپنے سے دور نہ

مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿52﴾ وَكَذٰلِكَ فَتَنَّا بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لِّيَقُوْلُوْٓا اَهٰٓؤُلَآءِ مَنَّ

سے | ظالموں | اور اسی طرح | ہم نے آزمایا | ان کے بعض کو | بعض سے | تا کہ وہ کہیں | کیا یہی ہیں | احسان کیا

کریں۔ورنہ آپ ﷺ کا شمار بے انصافوں میں ہوگا! اسی طرح ہم نے ان لوگوں کو ایک دوسرے کے ذریعے آزمایا ہے تا کہ وہ

اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنْۢ بَيْنِنَا ؕ اَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَعْلَمَ بِالشّٰكِرِيْنَ ﴿53﴾ وَاِذَا

اللہ نے | ان پر | سے | درمیان ہمارے | کیا نہیں ہے | اللہ | جاننے والا | شکر کرنے والوں کو | اور جب

کہتے پھریں "کیا یہی لوگ ہیں جن پر ہمارے ہاں اللہ کا فضل ہوا ہے؟" کیا اللہ شکر گزاروں سے خوب واقف نہیں! اے نبی ﷺ!

جَآءَكَ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِاٰيٰتِنَا فَقُلْ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ كَتَبَ رَبُّكُمْ

آئیں تیرے پاس | وہ لوگ جو | ایمان لاتے ہیں | ہماری آیتوں پر | کہہ دیجئے | سلامتی ہے | تم پر | لکھی ہے | رب تمہارے

جب آپ ﷺ کے پاس وہ لوگ آئیں جو ہماری آیتوں پر ایمان رکھتے ہیں تو ان سے کہیں تم پر سلامتی ہو! تمہارے رب نے اپنے

عَلٰى نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ ۙ اَنَّهٗ مَنْ عَمِلَ مِنْكُمْ سُوْٓءًا بِجَهَالَةٍ ثُمَّ

اوپر | ذات اپنی کے | رحمت | یہ کہ | جو کوئی | عمل کرے | تم میں سے | برا | نادانی سے | پھر

اوپر رحمت لکھ دی تا کہ تم میں سے جو نادانی سے برائی کر بیٹھے، پھر

تَابَ مِنْۢ بَعْدِهٖ وَاَصْلَحَ فَاَنَّهٗ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿54﴾ وَكَذٰلِكَ نُفَصِّلُ

وہ توبہ کرے | سے | بعد اسکے | اور وہ اصلاح کرلے | تو بیشک وہ | بہت بخشنے والا | نہایت رحمت کرنیوالا | اور اسی طرح | ہم کھول کر بیان کرتے ہیں

توبہ کرے اور اپنی اصلاح کرلے تو اسے اللہ کی رحمت سے مایوس نہیں ہونا چاہئے وہ بڑا بخشنے والا مہربان ہے۔اور دیکھو! اسی طرح

الْاٰيٰتِ وَلِتَسْتَبِيْنَ سَبِيْلُ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿55﴾ ع قُلْ اِنِّيْ نُهِيْتُ اَنْ اَعْبُدَ

(ع 6 5 12)

آیات کو | اور تا کہ واضح ہو جائے | راہ | مجرموں کی | کہہ دیجئے | بیشک میں | مجھے منع کیا گیا | اس سے کہ | میں عبادت کروں

ہم اپنی نشانیاں کھول کر بیان کرتے ہیں تا کہ لوگ آسانی سے سمجھیں اور مجرموں کا طور طریقہ بھی ظاہر ہو جائے۔ اے نبی ﷺ

الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۭ قُلْ لَّآ اَتَّبِعُ اَهْوَاۗءَكُمْ ۙ قَدْ

ان کی جو | تم پکارتے ہو | سے | سوائے | اللہ کے | کہہ دیجئے | نہیں | میں پیروی کرتا | تمہاری خواہشوں کی | بے شک

آپ ﷺ مشرکوں سے کہہ دیں ''مجھے اس سے منع کیا گیا ہے کہ میں ان کی عبادت کروں جنہیں تم اللہ کے سوا پکارتے ہو''

ضَلَلْتُ اِذًا وَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُهْتَدِيْنَ ﴿56﴾ قُلْ اِنِّىْ عَلٰي بَيِّنَةٍ

میں گمراہ ہو جاؤں گا | تب | اور نہ ہوں گا | میں | سے | ہدایت پانے والوں | کہہ دیجئے | بیشک میں ہوں | پر | واضح دلیل

اور آپ ﷺ بھی کہیں ''میں تمہاری خواہشوں کی پیروی نہیں کر سکتا۔ اگر میں ایسا کروں تو خود گمراہ ہو جاؤں گا اور ہدایت

مِّنْ رَّبِّيْ وَكَذَّبْتُمْ بِهٖ ۭ مَا عِنْدِيْ مَا تَسْتَعْجِلُوْنَ بِهٖ ۭ اِنِ

طرف سے | اپنے رب کی | اور تم نے جھٹلایا | اس کو | نہیں | پاس میرے | وہ جو | تم جلدی کرتے ہو | جس کی | نہیں

پانے والوں میں سے نہ رہوں گا'' اور آپ ﷺ ان سے کہیں ''بے شک میں اپنے رب کی طرف سے ہدایت پر ہونے کی روشن

الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ ۭ يَقُصُّ الْحَقَّ وَهُوَ خَيْرُ الْفٰصِلِيْنَ ﴿57﴾ قُلْ لَّوْ

حکم | مگر | اللہ کا | وہ بیان کرتا ہے | سچ | اور وہ | سب سے اچھا | فیصلہ کرنے والا ہے | کہہ دیجئے | اگر

دلیل رکھتا ہوں۔ اور تم نے اسی کو جھٹلا دیا۔ اب فیصلہ اللہ کے ہاتھ میں ہے۔ میرے پاس اس فیصلے کا اختیار نہیں جس کے لئے تم جلدی

اَنَّ عِنْدِيْ مَا تَسْتَعْجِلُوْنَ بِهٖ لَقُضِيَ الْاَمْرُ بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ ۭ

یہ کہ | پاس میرے ہوتی | وہ چیز جو | تم جلد مانگتے ہو | جس کو | تو فیصلہ ہو جاتا | معاملے کا | درمیان میرے | اور درمیان تمہارے

مچاتے ہو۔ اس کا سارا اختیار اللہ کے پاس ہے۔ وہی حق واضح کرے گا اور وہ بہترین فیصلہ کرنے والا ہے'' اور آپ ﷺ ان سے یہ

وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِالظّٰلِمِيْنَ ﴿58﴾ وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَآ اِلَّا

اور اللہ | خوب جانتا ہے | ظالموں کو | اور اسی کے پاس ہیں | کنجیاں | غیب کی | نہیں | جانتا ان کو | مگر

بھی کہہ دیں کہ ''اگر وہ فیصلہ میرے اختیار میں ہوتا جس کی تم جلدی مچا رہے ہو تو پھر میرے اور تمہارے درمیان کب کا فیصلہ ہو چکا

هُوَ ۭ وَيَعْلَمُ مَا فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ۭ وَمَا تَسْقُطُ مِنْ وَّرَقَةٍ اِلَّا

وہی | اور وہ جانتا ہے | جو کچھ ہے | میں | خشکی | اور تری | اور نہیں | گرتا | کوئی | پتہ | مگر

ہوتا اور اللہ ظالموں کو اچھی طرح جانتا ہے''۔ اور اسی کے پاس غیب کی کنجیاں ہیں۔ اس کے سوا انہیں کوئی نہیں جانتا۔ اللہ ہی جانتا

يَعْلَمُهَا وَلَا حَبَّةٍ فِيْ ظُلُمٰتِ الْاَرْضِ وَلَا رَطْبٍ وَّلَا يَابِسٍ اِلَّا

وہ جانتا ہے اسے | اور نہ | کوئی دانہ | میں | اندھیروں | زمین کے | اور نہ | کوئی تر | اور نہ | خشک | مگر

ہے جو کچھ خشکی اور تری میں ہے۔ درخت سے گرنے والا کوئی پتّا ایسا نہیں جس کا اسے علم نہ ہو۔ زمین کی تاریک تہوں میں کوئی دانہ

فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ﴿59﴾ وَهُوَ الَّذِيْ يَتَوَفّٰىكُمْ بِالَّيْلِ وَيَعْلَمُ مَا

میں ہے | کتاب | بیان کرنے والی | اور وہی ہے | جو | جان قبض کرتا ہے تمہاری | رات کو | اور وہ جانتا ہے | جو کچھ

ایسا نہیں جس کی اسے خبر نہ ہو۔ کوئی خشک اور تر چیز ایسی نہیں جو ایک روشن کتاب، لوحِ محفوظ میں درج نہ ہو۔ اور وہی ہے جو رات

جَرَحْتُمْ بِالنَّهَارِ ثُمَّ يَبْعَثُكُمْ فِيْهِ لِيُقْضٰٓى اَجَلٌ مُّسَمًّى ۚ ثُمَّ

تم کماتے ہو | دن میں | پھر | وہ اٹھاتا ہے تمہیں | اس میں | تاکہ پورا کیا جائے | وقت | مقرر کیا ہوا | پھر

کو نیند میں تمہاری روحیں قبض کر لیتا ہے اور جو کچھ تم دن میں کرتے ہو اسے بھی جانتا ہے۔ وہی تمہیں صبح کو اٹھا کھڑا کرتا ہے تاکہ اس

اِلَيْهِ مَرْجِعُكُمْ ثُمَّ يُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿60﴾ ع وَهُوَ الْقَاهِرُ

7 ع 5 13

طرف اسی کی | پھر جانا تمہارا | پھر | وہ آگاہ کرے گا تمہیں | اس سے جو | تم تھے | تم کرتے | اور وہی ہے | غالب

طرح تمہاری عمر کی مدت پوری ہو۔ پھر تمہیں اسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے پھر وہ تمہیں بتائے گا جو کچھ تم دنیا میں کرتے رہے۔

فَوْقَ عِبَادِهٖ وَيُرْسِلُ عَلَيْكُمْ حَفَظَةً ۭ حَتّٰٓى اِذَا جَآءَ اَحَدَكُمُ

پر | اپنے بندوں | اور وہ بھیجتا ہے | تم پر | نگہبان فرشتے | یہاں تک کہ | جب | آتی ہے | تم میں سے کسی کو

اور وہی اپنے بندوں پر کامل غلبہ رکھنے والا ہے اور تم پر نگران فرشتے بھیجتا ہے۔ پھر جب تم میں سے کسی کی موت کا وقت آ جاتا

الْمَوْتُ تَوَفَّتْهُ رُسُلُنَا وَهُمْ لَا يُفَرِّطُوْنَ ﴿61﴾ ثُمَّ رُدُّوْٓا اِلَى

موت | فوت کرتے ہیں اسکو | بھیجے ہوئے ہمارے | اور وہ | نہیں | کمی کرتے | پھر | وہ پھیرے جاتے ہیں | طرف

ہے تو ہمارے بھیجے ہوئے فرشتے اس کی روح قبض کرتے ہیں اور ذرا کوتاہی نہیں کرتے۔ اس طرح لوگ دنیا سے رخصت ہو کر اللہ

اللّٰهِ مَوْلٰىهُمُ الْحَقِّ ۭ اَلَا لَهُ الْحُكْمُ ۣ وَهُوَ اَسْرَعُ الْحٰسِبِيْنَ ﴿62﴾

اللہ کی | کارسازان کا | برحق | آگاہ رہو | اسی کا ہے | حکم | اور وہ ہے | جلد | حساب لینے والا

کے ہاں پہنچ جاتے ہیں جو سب کا مالک حقیقی ہے۔ یاد رکھو! فیصلے کا سارا اختیار اسی کے ہاتھ میں ہے اور وہ جلد حساب لینے والا ہے۔

قُلْ مَنْ يُّنَجِّيْكُمْ مِّنْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ تَدْعُوْنَهٗ تَضَرُّعًا

کہہ دیجئے | کون ہے | جو نجات دیتا ہے تمہیں | سے | اندھیروں | خشکی کے | اور تری کے | تم پکارتے ہو اسی کو | گڑگڑا کر

اے نبی ﷺ! آپ ﷺ مشرکوں سے پوچھیں "کون ہے جو تمہیں خشکی اور تری کے اندھیروں میں مصیبت سے نجات دلاتا ہے؟

وَّخُفْيَةً ۚ لَئِنْ اَنْجٰنَا مِنْ هٰذِهٖ لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الشّٰكِرِيْنَ ﴿63﴾ قُلِ

اور پوشیدہ طور پر | اگر | وہ نجات دے ہم کو | سے | اس مصیبت | ضرور ہم ہوں گے | سے | شکر کرنے والوں | کہہ دیجئے

اس وقت تم اسی کو پکارتے ہو، عاجزی سے اور چپکے چپکے کہ ”اگر اللہ نے ہمیں اس مصیبت سے نجات دی تو ہم ضرور اس کے شکر

اللّٰهُ يُنَجِّيْكُمْ مِّنْهَا وَمِنْ كُلِّ كَرْبٍ ثُمَّ اَنْتُمْ تُشْرِكُوْنَ ﴿64﴾ قُلْ

اللہ | نجات دیتا ہے تمہیں | اس سے | اور سے | ہر | سختی | پھر بھی | تم | شرک کرتے ہو | کہہ دیجئے

گزاروں میں سے بن جائیں گے!“ اے نبی ﷺ! آپ ﷺ خود جواب دیں کہ ”اللہ ہی تمہیں اس مصیبت سے اور ہر دکھ سے

هُوَ الْقَادِرُ عَلٰٓى اَنْ يَّبْعَثَ عَلَيْكُمْ عَذَابًا مِّنْ فَوْقِكُمْ اَوْ مِنْ

وہ | قادر ہے | اس پر | کہ | وہ بھیجے | تم پر | عذاب | سے | اوپر تمہارے | یا | سے

نجات دیتا ہے“، لیکن تم پھر شرک کرنے لگتے ہو۔ اے نبی ﷺ! آپ ﷺ ان سے کہیں ”اللہ اس پر قادر ہے کہ تم پر

تَحْتِ اَرْجُلِكُمْ اَوْ يَلْبِسَكُمْ شِيَعًا وَّيُذِيْقَ بَعْضَكُمْ بَاْسَ بَعْضٍ ؕ

نیچے | پاؤں تمہارے کے | یا | لڑا دے تمہیں | فرقے بنا کر | اور چکھائے | بعض تمہارے کو | سختی | بعض کی

اوپر سے عذاب بھیج دے یا تمہارے پاؤں کے نیچے سے یا تمہیں مخالف فرقوں میں بانٹ کر ایک کو دوسرے کی طاقت کا مزا

اُنْظُرْ كَيْفَ نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّهُمْ يَفْقَهُوْنَ ﴿65﴾ وَكَذَّبَ بِهٖ قَوْمُكَ

دیکھئے | کیسے | ہم واضح کرتے ہیں | آیتوں کو | تاکہ وہ | سمجھیں | اور جھٹلایا | اس کو | قوم تیری نے

چکھائے“ آپ ﷺ دیکھیں ہم کس طرح اپنی آیتیں مختلف طریقوں سے بیان کرتے ہیں تاکہ وہ سمجھیں۔ اے نبی ﷺ! آپ

وَهُوَ الْحَقُّ ؕ قُلْ لَّسْتُ عَلَيْكُمْ بِوَكِيْلٍ ﴿66﴾ ؕ لِكُلِّ نَبَاٍ مُّسْتَقَرٌّ ز

حالانکہ وہ تو | سچ ہے | کہہ دیجئے | میں نہیں ہوں | تم پر | ذمہ دار | واسطے ہر | خبر کے ہے | ایک وقت مقرر

ﷺ کی قوم نے اس قرآن کو جھٹلا دیا حالاں کہ وہ حق ہے۔ آپ ﷺ ان سے کہہ دیں ”میں تم پر کوئی نگران نہیں“ ہر آنے والی خبر کا

وَّسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿67﴾ وَاِذَا رَاَيْتَ الَّذِيْنَ يَخُوْضُوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِنَا

اور ضرور | تم جان لوگے | اور جب | تو دیکھے | ان لوگوں کو جو | فضول بحث کرتے ہیں | میں | ہماری آیتوں

وقت مقرر ہے اور تم جلد جان لو گے۔ اور جب تم ان لوگوں کو دیکھو جو ہماری آیتوں میں عیب نکالتے ہیں

فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ حَتّٰى يَخُوْضُوْا فِيْ حَدِيْثٍ غَيْرِهٖ ؕ وَاِمَّا يُنْسِيَنَّكَ

پس تو منہ پھیر لے | ان سے | یہاں تک کہ | وہ مشغول ہو جائیں | میں | بات | دیگر اسکے | اور اگر | بھلا دے تجھ کو

تو ان سے الگ ہو جاؤ یہاں تک کہ وہ کسی اور بات میں مشغول ہو جائیں۔ اور اگر کبھی شیطان تمہیں یہ بات بھلا

الشَّيْطٰنُ فَلَا تَقْعُدْ بَعْدَ الذِّكْرٰى مَعَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٦٨﴾ وَمَا عَلَى

شیطان | پس نہ | تو بیٹھ | بعد | یاد آنے کے | ساتھ | لوگوں | ظالموں کے | اور نہیں | پر

دے تو یاد آنے کے بعد ایسے ظالموں کے پاس نہ بیٹھو۔ ایسے لوگوں کے اعمال کی

الَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ مِنْ حِسَابِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ وَّلٰكِنْ ذِكْرٰى لَعَلَّهُمْ

ان جو | متقی بنے | سے | حساب ان کے | کچھ | چیز | اور لیکن | یاد دہانی ہے | تا کہ وہ

ذمہ داری ان پر نہیں جو اللہ سے ڈرتے ہیں۔ لیکن ان کو نصیحت کرتے رہنا چاہیے

يَتَّقُوْنَ ﴿٦٩﴾ وَذَرِ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا دِيْنَهُمْ لَعِبًا وَّلَهْوًا وَّغَرَّتْهُمُ

متقی رہیں | اور تو چھوڑ دے | ان لوگوں کو جو | بناتے ہیں | دین اپنے کو | کھیل | اور تماشا | اور فریب دیا انکو

ممکن ہے وہ بھی اللہ سے ڈریں۔ اور اے نبی ﷺ! ایسے لوگوں کو ان کے حال پر چھوڑ دیں جنہوں نے اپنے دین کو کھیل تماشا بنایا

الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا وَذَكِّرْ بِهٖٓ اَنْ تُبْسَلَ نَفْسٌۢ بِمَا كَسَبَتْ ۖ

زندگی | دنیا کی نے | اور تو نصیحت کر | ساتھ اسکے | کہ نہ | ہلاکت میں ڈالی جائے | کوئی جان | اس وجہ سے جو | اس نے کمایا ہے

ہوا ہے اور جنہیں دنیا کی زندگی نے دھوکے میں ڈال رکھا ہے۔ آپ ﷺ انہیں قرآن کے ذریعے نصیحت کرتے رہیں

لَيْسَ لَهَا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيٌّ وَّلَا شَفِيْعٌ ۚ وَاِنْ تَعْدِلْ كُلَّ

نہیں ہے | اس کے لئے | سے | سوا | اللہ کے | کوئی دوست | اور نہ | کوئی سفارشی | اور اگر وہ | فدیہ دے | سارا

تا کہ کوئی شخص اپنے کیے پر پکڑا نہ جائے اس حال میں کہ اسے اللہ سے بچانے والا کوئی مدد گار اور سفارشی نہ ہو۔

عَدْلٍ لَّا يُؤْخَذْ مِنْهَا ۗ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اُبْسِلُوْا بِمَا كَسَبُوْا ۚ

فدیہ | نہ | لیا جائے گا | اس سے | یہی | لوگ ہیں جو | ہلاکت میں ڈالے گئے | اس وجہ سے جو | انہوں نے کمایا

اور اگر اپنی جان چھڑانے کے لئے دنیا بھر کا معاوضہ دے تو بھی اس سے قبول نہیں کیا جائے گا۔ یہی لوگ ہیں جو اپنے کیے پر گرفتار

لَهُمْ شَرَابٌ مِّنْ حَمِيْمٍ وَّعَذَابٌ اَلِيْمٌۢ بِمَا كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ ﴿٧٠﴾ ع

ان کیلئے ہے | پینا | سے | کھولتا پانی | اور عذاب ہے | دردناک | اس وجہ سے جو | وہ تھے | وہ کفر کرتے

ہو گئے۔ ان کو پینے کے لئے کھولتا ہوا پانی ملے گا اور انہیں درد ناک عذاب ہو گا کیونکہ وہ کافر تھے۔

قُلْ اَنَدْعُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَنْفَعُنَا وَلَا يَضُرُّنَا وَنُرَدُّ

کہہ دیجئے | کیا ہم پکاریں | سے | سوائے | اللہ کے | اسکو جو | نہ | نفع دے ہم کو | اور نہ | نقصان دے ہم کو | اور ہم پھیرے جائیں

اے نبی ﷺ! آپ ﷺ مشرکین سے کہہ دیں "کیا تم چاہتے ہو ہم مسلمان بھی اللہ کو چھوڑ کر ان جھوٹے معبودوں کو

عَلٰٓى اَعْقَابِنَا بَعْدَ اِذْ هَدٰىنَا اللّٰهُ كَالَّذِى اسْتَهْوَتْهُ الشَّيٰطِيْنُ

اوپر | اپنی ایڑیوں کے | بعد اسکے | جب کہ | ہدایت دی ہمیں | اللہ نے | جیسے جو | بہکا دیا ہو اس کو | شیطانوں نے

پکاریں جو نہ فائدے کا اختیار رکھتے ہیں اور نہ نقصان کا؟ جبکہ اللہ نے ہمیں سیدھی راہ دکھا دی تو کیا ہم گمراہی کی طرف اُلٹے پاؤں پھر

فِى الْاَرْضِ حَيْرَانَ لَهٗٓ اَصْحٰبٌ يَّدْعُوْنَهٗٓ اِلَى الْهُدَى ائْتِنَا

میں | زمین | پریشان حال | اس کے ہیں | یار | جو پکارتے ہیں اسے | طرف | ہدایت کی | کہ تو آ جا ہمارے پاس

جائیں؟ اور ہمارا حال اس شخص جیسا ہو جائے جسے جن بھوتوں نے بیابان میں بھٹکا دیا ہو اور وہ حیران پھر رہا ہو۔ اس کے ساتھی اسے

قُلْ اِنَّ هُدَى اللّٰهِ هُوَ الْهُدٰى وَاُمِرْنَا لِنُسْلِمَ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿71﴾

کہہ دیجئے | بے شک | ہدایت | اللہ کی | وہی ہے | ہدایت | اور ہم حکم دیئے گئے | کہ ہم مطیع ہوں | واسطے رب | جہانوں کے

سیدھے راستے کی طرف بلا رہے ہوں کہ ہمارے پاس آ جاؤ!" اے نبی ﷺ! آپ ﷺ خود ہی جواب دیں کہ اللہ کی ہدایت ہی

وَاَنْ اَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاتَّقُوْهُ وَهُوَ الَّذِىْٓ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿72﴾ وَهُوَ

اور یہ کہ | تم قائم کرو | نماز کو | اور تم ڈرو اسی سے | اور وہی ہے | جو | طرف جسکی | تم اکٹھے کیے جاؤ گے | اور وہی ہے

اصل ہدایت ہے اور ہمیں یہی حکم ملا ہے کہ ہم اللہ رب العالمین کے فرماں بردار بندے بن جائیں۔ اور اس نے ہمیں حکم دیا ہے کہ

الَّذِىْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ وَيَوْمَ يَقُوْلُ كُنْ فَيَكُوْنُ

جس نے | پیدا کیا | آسمانوں کو | اور زمین کو | ساتھ حق کے | اور جس دن | وہ کہے گا | ہو جا | تو وہ ہو جائے گا

ہم نماز قائم کریں اور ہر حال میں اللہ سے ڈریں کیونکہ قیامت کے روز سب لوگوں کو جمع کر کے اسی کے سامنے پیش کیا جائے گا۔

الثلثة

قَوْلُهُ الْحَقُّ وَلَهُ الْمُلْكُ يَوْمَ يُنْفَخُ فِى الصُّوْرِ عٰلِمُ الْغَيْبِ

بات اسی کی | سچ ہے | اور اسی کی ہے | بادشاہی | جس دن کہ | پھونکا جائے گا | میں | صور | جاننے والا | غیب کا ہے

اور وہی ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو برحق پیدا کیا۔ جس دن وہ حکم دے گا "قیامت برپا ہو جائے" تو وہ برپا ہو جائے گی۔ اس

وَالشَّهَادَةِ وَهُوَ الْحَكِيْمُ الْخَبِيْرُ ﴿73﴾ وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهِيْمُ لِاَبِيْهِ

اور ظاہر کا | اور وہی ہے | بڑی حکمت والا | خوب باخبر | اور جب | کہا | ابراہیم نے | اپنے باپ

کی بات حق ہے۔ اس دن اس کی بادشاہی ہو گی جس دن صُور پھونکا جائے گا۔ وہی غائب اور حاضر کا جاننے والا، حکمت والا باخبر

اٰزَرَ اَتَتَّخِذُ اَصْنَامًا اٰلِهَةً اِنِّىْٓ اَرٰىكَ وَقَوْمَكَ فِىْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿74﴾

آزر کو | کیا تو بناتا ہے | بتوں کو | معبود | بیشک میں | دیکھتا ہوں تجھ کو | اور قوم تیری کو | میں | گمراہی | کھلی

ہے۔ یاد کرو ابراہیم علیہ السلام نے اپنے باپ آزر سے کہا "کیا تم بتوں کو معبود مانتے ہو۔ میں تمہیں اور تمہارے قوم کو کھلی گمراہی میں

وَكَذٰلِكَ نُرِيْٓ اِبْرٰهِيْمَ مَلَكُوْتَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلِيَكُوْنَ مِنَ

اور اسی طرح | ہم دکھاتے تھے | ابراہیم کو | بادشاہی | آسمانوں کی | اور زمین کی | اور تا کہ وہ ہو | سے

دیکھتا ہوں"۔ اسی طرح ہم نے ابراہیم علیہ السلام کو آسمانوں اور زمین میں اپنی بادشاہی کے جلوے دکھائے تا کہ وہ کامل یقین کرنے

الْمُوْقِنِيْنَ ﴿75﴾ فَلَمَّا جَنَّ عَلَيْهِ الَّيْلُ رَاٰ كَوْكَبًا ۚ قَالَ هٰذَا رَبِّيْ ۚ

یقین کرنے والوں | پھر جب | ڈھانپ لیا | اس کو | رات نے | دیکھا | ایک تارے کو | اس نے کہا | یہ ہے | رب میرا

والوں میں سے ہو جائے۔ پھر جب اس پر رات کا اندھیرا چھا گیا تو اس نے آسمان پر چمکتا ستارا دیکھ کر اپنی قوم کے لوگوں سے

فَلَمَّآ اَفَلَ قَالَ لَآ اُحِبُّ الْاٰفِلِيْنَ ﴿76﴾ فَلَمَّا رَاَ الْقَمَرَ بَازِغًا

پھر جب | وہ ڈوب گیا | اس نے کہا | نہیں | میں پسند کرتا | ڈوبنے والوں کو | پھر جب | دیکھا | چاند کو | روشن

پوچھا "یہ میرا رب ہے؟" مگر جب وہ ستارہ ڈوب گیا تو کہا "نہیں، میں ڈوب جانے والوں کو نہیں مانتا" پھر جب اس نے چاند کو

قَالَ هٰذَا رَبِّيْ ۚ فَلَمَّآ اَفَلَ قَالَ لَىِٕنْ لَّمْ يَهْدِنِيْ رَبِّيْ

اس نے کہا | یہی ہے | رب میرا | پھر جب | وہ ڈوب گیا | اس نے کہا | اگر | نہ | دی ہوتی ہدایت مجھے | رب میرے نے

دیکھا جو چمک رہا تھا تو لوگوں سے پوچھا "یہ میرا رب ہے؟" لیکن جب وہ بھی ڈوب گیا تو کہا "اگر میرے رب نے مجھے ہدایت نہ

لَاَكُوْنَنَّ مِنَ الْقَوْمِ الضَّاۗلِّيْنَ ﴿77﴾ فَلَمَّا رَاَ الشَّمْسَ بَازِغَةً قَالَ

ضرور میں ہو جاتا | سے | قوم | گمراہ | پھر جب | دیکھا | سورج کو | روشن | اس نے کہا

دی ہوتی تو میں بھی گمراہ لوگوں میں سے ہوتا!" پھر جب اس نے سورج کو چمکتے دیکھا تو لوگوں سے پوچھا

هٰذَا رَبِّيْ هٰذَآ اَكْبَرُ ۚ فَلَمَّآ اَفَلَتْ قَالَ يٰقَوْمِ اِنِّيْ بَرِيْۗءٌ مِّمَّا

یہ ہے | رب میرا | یہ ہے | سب سے بڑا ہے | پھر جب | وہ ڈوب گیا | اس نے کہا | اے میری قوم | بیشک میں | بیزار ہوں | اس سے جو

"یہ میرا رب ہے، یہ سب سے بڑا ہے؟" پھر جب وہ بھی ڈوب گیا تو اس نے اپنی قوم سے کہا "اے لوگو! میں اس شرک سے بری

تُشْرِكُوْنَ ﴿78﴾ اِنِّيْ وَجَّهْتُ وَجْهِيَ لِلَّذِيْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ

تم شرک کرتے ہو | بے شک میں | میں نے متوجہ کیا | منہ اپنے کو | اس کیلئے جس نے | ایجاد کیا | آسمانوں کو | اور زمین کو

ہوں جو تم کرتے ہو۔ میں نے یکسو ہو کر اپنا رُخ اس خدا کی طرف کر لیا جس نے آسمانوں

حَنِيْفًا وَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿79﴾ ۚ وَحَاۗجَّهٗ قَوْمُهٗ ۭ قَالَ

توحید ماننے والا ہو کر | اور نہیں | میں ہوں | سے | مشرکوں | اور جھگڑا کیا اس سے | اس کی قوم نے | اس نے کہا

اور زمین کو پیدا کیا اور میں مشرک نہیں ہوں"! اور اس کی قوم اس سے جھگڑنے لگی تو اس نے کہا

اَتُحَآجُّوْٓنِّيْ فِي اللّٰهِ وَقَدْ هَدٰىنِ ۭ وَلَآ اَخَافُ مَا تُشْرِكُوْنَ

کیا جھگڑتے ہو مجھ سے | بارے میں | اللہ کے | جبکہ بیشک | اس نے ہدایت دی مجھے | اور نہیں | میں ڈرتا | اس سے جو | تم شرک کرتے ہو

”کیا تم لوگ اللہ کے معاملے میں مجھ سے جھگڑتے ہو جبکہ اس نے مجھے ہدایت دی۔ اور دیکھو! میں تمہارے بتوں سے نہیں ڈرتا

بِهٖٓ اِلَّآ اَنْ يَّشَاۗءَ رَبِّيْ شَيْـــًٔا ۭ وَسِعَ رَبِّيْ كُلَّ شَيْءٍ عِلْمًا ۭ

ساتھ اسکے | مگر | یہ کہ | چاہے | رب میرا | کچھ | گھیر لیا | میرے رب نے | ہر | چیز کو | علم سے۔

جنہیں تم اللہ کا شریک مانتے ہو۔ وہی ہو سکتا ہے جو میرا رب چاہے۔ ہر چیز میرے رب کے علم میں ہے۔

اَفَلَا تَتَذَكَّرُوْنَ ۝ وَكَيْفَ اَخَافُ مَآ اَشْرَكْتُمْ وَلَا تَخَافُوْنَ

کیا پس نہیں | تم نصیحت پکڑتے؟ | اور کیسے | میں ڈروں | اس سے جسے | تم شریک ٹھہراتے ہو | اور نہیں | تم ڈرتے

کیا تم لوگ نہیں سمجھتے؟ اور میں ان بتوں سے کیوں ڈروں جنہیں تم نے شریک بنا رکھا ہے، جب کہ تم شرک کرتے

اَنَّكُمْ اَشْرَكْتُمْ بِاللّٰهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهٖ عَلَيْكُمْ سُلْطٰنًا ۭ

یہ کہ تم | تم نے شریک بنایا | ساتھ اللہ کے | اس کو جو | نہیں | اتاری اللہ نے | ساتھ اس کے | تم پر | کوئی دلیل

ہوئے نہیں ڈرتے جس کے لئے اللہ نے کوئی دلیل تم پر نہیں اتاری؟

فَاَيُّ الْفَرِيْقَيْنِ اَحَقُّ بِالْاَمْنِ ۚ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝ اَلَّذِيْنَ

پس کون | دونوں فریقوں میں سے | زیادہ حقدار | امن کا | اگر | تم ہو | تم جانتے | وہ لوگ جو

اب دیکھو! ہم دونوں فریقوں میں سے کون امن و سلامتی کا مستحق ہے؟ بتاؤ اگر تم جانتے ہو؟ البتہ جنہوں نے

اٰمَنُوْا وَلَمْ يَلْبِسُوْٓا اِيْمَانَهُمْ بِظُلْمٍ اُولٰۗىِٕكَ لَهُمُ الْاَمْنُ وَهُمْ

ایمان لائے | اور نہیں | انہوں نے ملایا | اپنے ایمان کو | ساتھ ظلم کے | وہی لوگ ہیں | جن کے لئے ہے | امن | اور وہ ہیں

ایمان قبول کیا اور اپنے ایمان کو شرک سے آلودہ نہ کیا صرف ان کے لئے امن و سلامتی ہے اور وہی

مُّهْتَدُوْنَ ۝ وَتِلْكَ حُجَّتُنَآ اٰتَيْنٰهَآ اِبْرٰهِيْمَ عَلٰي قَوْمِهٖ ۭ نَرْفَعُ

ہدایت یافتہ | اور یہ ہے | دلیل ہماری جو | ہم نے دی جو | ابراہیم کو | خلاف | اسکی قوم کے | ہم بلند کرتے ہیں

ہدایت پر ہیں“ یہ تھی ہماری دلیل جو ہم نے ابراہیم علیہ السلام کو اس کی قوم کے مقابلے میں دی۔ ہم جس کے درجے چاہتے ہیں بلند کر

دَرَجٰتٍ مَّنْ نَّشَاۗءُ ۭ اِنَّ رَبَّكَ حَكِيْمٌ عَلِيْمٌ ۝ وَوَهَبْنَا لَهٗٓ اِسْحٰقَ

درجے | جس کے | ہم چاہتے ہیں | بے شک | رب تیرا ہے | بڑی حکمت والا | خوب جاننے والا | اور ہم نے عطا کئے | اس کو | اسحاق

دیتے ہیں۔ اور اے نبی ﷺ! بے شک آپ ﷺ کا رب حکمت والا علم والا ہے۔ اور ہم نے ابراہیم علیہ السلام کو اسحاق علیہ السلام

وَيَعْقُوْبَ ؕ كُلًّا هَدَيْنَا ۚ وَنُوْحًا هَدَيْنَا مِنْ قَبْلُ وَمِنْ ذُرِّيَّتِهٖ دَاوٗدَ

اور یعقوب | ہر ایک کو | ہم نے ہدایت دی | اور نوح کو | ہم نے ہدایت دی | سے | پہلے اس | اور سے | اولاد اسی کی | داؤد کو

بیٹا اور یعقوب علیہ السلام پوتا عطا فرمایا۔ انہیں ہم نے ہدایت بخشی۔ ان سے پہلے ہم نے نوح علیہ السلام کو بھی ہدایت سے نوازا۔

وَسُلَيْمٰنَ وَاَيُّوْبَ وَيُوْسُفَ وَمُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ؕ وَكَذٰلِكَ نَجْزِی

اور سلیمان کو | اور ایوب کو | اور یوسف کو | اور موسیٰ کو | اور ہارون کو | اور اسی طرح | ہم جزا دیتے ہیں

اس کی نسل میں سے داؤد علیہ السلام، سلیمان علیہ السلام ایوب علیہ السلام، یوسف علیہ السلام موسیٰ علیہ السلام اور ہارون علیہ السلام سب کو ہم

الْمُحْسِنِيْنَ ۙ﴿۸۴﴾ وَزَكَرِيَّا وَيَحْيٰى وَعِيْسٰى وَاِلْيَاسَ ؕ كُلٌّ مِّنَ

نیکی کرنے والوں کو | اور زکریا کو | اور یحییٰ کو | اور عیسیٰ کو | اور الیاس کو | ہر ایک تھا | سے

نے ہدایت کی توفیق دی اور ہم نیک لوگوں کو اسی طرح بدلہ دیتے ہیں۔ اسی طرح زکریا علیہ السلام، یحییٰ علیہ السلام، عیسیٰ علیہ السلام

الصّٰلِحِيْنَ ۙ﴿۸۵﴾ وَاِسْمٰعِيْلَ وَالْيَسَعَ وَيُوْنُسَ وَلُوْطًا ؕ وَكُلًّا فَضَّلْنَا عَلَى

نیکوکاروں | اور اسماعیل کو | اور یسع کو | اور یونس کو | اور لوط کو | اور ہر ایک کو | ہم نے فضیلت بخشی | پر

اور الیاس علیہ السلام کو بھی ہم نے راہِ ہدایت دکھائی۔ ان میں سے ہر ایک صالح اور نیک تھا۔ اور اسمٰعیل علیہ السلام، یسع علیہ السلام و

الْعٰلَمِيْنَ ۙ﴿۸۶﴾ وَمِنْ اٰبَآئِهِمْ وَذُرِّيّٰتِهِمْ وَاِخْوَانِهِمْ ۚ وَاجْتَبَيْنٰهُمْ

سب جہان والوں | اور سے | باپوں ان کے | اور اولاد ان کی سے | اور بھائیوں ان کے سے | اور ہم نے چن لیا ان کو

یونس علیہ السلام اور لوط علیہ السلام کو بھی ہدایت سے سرفراز کیا۔ ان میں سے ہر ایک کو ہم نے دنیا والوں پر فضیلت عطا کی۔ اور ان

وَهَدَيْنٰهُمْ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۸۷﴾ ذٰلِكَ هُدَى اللّٰهِ يَهْدِیْ بِهٖ

اور ہم نے ہدایت دی ان کو | طرف | راہ | سیدھی کی | یہ ہے | ہدایت | اللہ کی | وہ ہدایت دیتا | ساتھ اس کے

کے باپ دادوں، ان کی اولاد اور ان کے بھائی بندوں میں سے بہت سے لوگوں کو ہم نے راہِ راست دکھائی۔ ہم نے ان کو چن لیا

مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ؕ وَلَوْ اَشْرَكُوْا لَحَبِطَ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا

جسے | وہ چاہے | سے | بندوں اپنے | اور اگر | وہ شرک کرتے | ضرور ضائع ہوتے | ان سے | جو کچھ | وہ تھے

اور انہیں سیدھی راہ پر چلنے کی توفیق دی۔ یہی اللہ کی ہدایت ہے جو وہ اپنے بندوں میں سے جسے چاہتا ہے دیتا ہے۔ اگر یہ لوگ

يَعْمَلُوْنَ ﴿۸۸﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ ۚ فَاِنْ

وہ کرتے | یہ لوگ | جن کو | ہم نے دی ان کو | کتاب | اور حکم | اور نبوت | پھر اگر

بھی شرک کرتے تو ان کے سارے اعمال ضائع ہو جاتے۔ اے نبی ﷺ! یہ وہ لوگ تھے جنہیں ہم نے کتاب دی، حکومت بخشی

يَّكْفُرْ بِهَا هٰۤؤُلَاۤءِ فَقَدْ وَكَّلْنَا بِهَا قَوْمًا لَّيْسُوْا بِهَا

انکار کریں | اس کا | یہ لوگ | تو بے شک | ہم نے مقرر کی ہے | ساتھ اس کے | وہ قوم جو | وہ نہیں | ساتھ اسکے

اور نبوت عطا کی۔ اب اگر یہ مکے والے ہماری نعمتوں کی قدر نہیں کرتے تو کوئی پروا نہیں، ہم نے ان کی بجائے ایسے لوگ مقرر کر

بِكٰفِرِيْنَ ﴿۸۹﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ هَدَى اللّٰهُ فَبِهُدٰىهُمُ اقْتَدِهْ ؕ قُلْ

انکار کرنے والے | یہ لوگ ہیں | جن کو | ہدایت دی | اللہ نے | پس ان کی ہدایت کی | تو پیروی کر | کہہ دیجئے

دیئے ہیں جو نعمتوں کی ناقدری کرنے والے نہیں! اے نبی ﷺ پہلے نبیوں کو بھی اللہ نے ہدایت بخشی۔ آپ ﷺ بھی انھی کے

لَّاۤ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا ؕ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٰى لِلْعٰلَمِيْنَ ﴿۹۰﴾ ع وَمَا

10 ع 8 16

نہیں | میں مانگتا تم سے | اس پر | معاوضہ | نہیں | یہ | مگر | نصیحت | دنیا والوں کے لئے | اور نہ

طریقے پر چلیں، اور اعلان کر دیں ”اے لوگو! میں تم سے اس کام کا کوئی معاوضہ نہیں مانگتا۔ یہ تو سارے جہاں والوں کے لئے

قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖۤ اِذْ قَالُوْا مَاۤ اَنْزَلَ اللّٰهُ عَلٰى بَشَرٍ مِّنْ

قدر کی | اللہ کی | جیسا حق تھا | اس کی قدر کا | جب | انہوں نے کہا | نہیں | اتاری | اللہ نے | پر | کسی آدمی | کوئی

نصیحت اور یاد دہانی ہے۔ یہودی علماء نے اللہ کی قدر کو نہیں پہچانا جب انہوں نے کہا ”اللہ نے کسی انسان پر کوئی چیز نازل نہیں کی“

شَيْءٍ ؕ قُلْ مَنْ اَنْزَلَ الْكِتٰبَ الَّذِيْ جَآءَ بِهٖ مُوْسٰى نُوْرًا وَّهُدًى

چیز | کہہ دیجئے | اس نے | اتاری ہے | کتاب | وہ جو | آیا تھا | ساتھ اسکے | موسیٰ | جو روشنی تھی | اور ہدایت تھی

اے نبی ﷺ آپ ﷺ ان سے پوچھیں ”وہ کتاب کس نے نازل کی جو موسیٰ علیہ السلام لے کر آئے؟ جو لوگوں کے لئے روشنی

لِّلنَّاسِ تَجْعَلُوْنَهٗ قَرَاطِيْسَ تُبْدُوْنَهَا وَتُخْفُوْنَ كَثِيْرًا ۚ وَعُلِّمْتُمْ مَّا

لوگوں کے لئے | تم رکھتے ہو جسے | الگ الگ کاغذ کر کے | تم ظاہر کرتے ہو اسے | اور تم چھپاتے ہو | بہت | اور تم سکھائے گئے ہو | وہ جو

اور ہدایت تھی اور جس کو تم نے ورق ورق کر رکھا ہے۔ اس کا کچھ حصہ لوگوں پر ظاہر کرتے ہو اور زیادہ چھپا کر رکھتے ہو۔ اس کے

لَمْ تَعْلَمُوْۤا اَنْتُمْ وَلَاۤ اٰبَآؤُكُمْ ؕ قُلِ اللّٰهُ ۙ ثُمَّ ذَرْهُمْ فِيْ خَوْضِهِمْ

نہ | تم جانتے تھے | تم | اور نہ | باپ دادا تمہارے | کہہ دیجئے | اللہ نے | پھر | چھوڑ ان کو | میں | اُنکی مشغولیت

ذریعے تمہیں وہ باتیں سکھائی گئیں جنہیں اس سے پہلے نہ تم جانتے تھے نہ تمہارے باپ دادا؟ اے نبی ﷺ! آپ خود ہی بتا دیں اللہ نے

يَلْعَبُوْنَ ﴿۹۱﴾ وَهٰذَا كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ مُبٰرَكٌ مُّصَدِّقُ الَّذِيْ بَيْنَ يَدَيْهِ

کھیلتے ہیں وہ | اور یہ | کتاب ہے | ہم نے اتارا اسے | برکت والی | سچا کرنے والی | اس کو جو | ہے آگے اس کے

وہ کتاب نازل کی تھی۔ پھر آپ انہیں ان کی کج بحثیوں میں پڑے رہنے دیں۔ اور دیکھو یہ کتاب بھی ہم نے نازل کی جو برکت والی

وَلِتُنْذِرَ اُمَّ الْقُرٰى وَمَنْ حَوْلَهَا ۭ وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ

اور تاکہ تو ڈرائے | مکے والوں کو | اور ان کو جو | اردگرد ہیں اس کے | اور جو لوگ | ایمان رکھتے ہیں | آخرت پر

ہے۔ اپنے سے پہلی کتابوں کو سچ ثابت کرنے والی ہے۔ تاکہ اے نبی ﷺ! اس کتاب کے ذریعے آپ ﷺ مکے والوں اور اس

يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ وَهُمْ عَلٰي صَلَاتِهِمْ يُحَافِظُوْنَ ۝92 وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ

وہ ایمان لاتے ہیں | اس پر | اور وہ | پر | نماز اپنی | وہ پابندی کرتے ہیں | اور کون ہے | بڑا ظالم | اس سے جو

کے آس پاس والوں کو دین کی دعوت دیں۔ جو لوگ آخرت پر یقین رکھتے ہیں وہی اس پر ایمان لاتے ہیں اور وہ اپنی نمازوں کی

افْتَرٰي عَلَي اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ قَالَ اُوْحِيَ اِلَيَّ وَلَمْ يُوْحَ اِلَيْهِ شَيْءٌ

گھڑ لے | پر | اللہ | جھوٹ | یا | وہ کہے | وحی کی گئی ہے | طرف میری | اور نہ | وحی کی گئی | طرف اس کی | کچھ بھی

پابندی کرتے ہیں۔ اور اس سے بڑھ کر کون ظالم ہو گا جو اللہ پر جھوٹ بہتان باندھے یا دعویٰ کرے کہ

وَّمَنْ قَالَ سَاُنْزِلُ مِثْلَ مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ ۭ وَلَوْ تَرٰٓي اِذِ الظّٰلِمُوْنَ

اور جو | کہے | میں بھی نازل کروں گا | مانند | اس کے جو | اتاری | اللہ نے | اور اگر | تو دیکھے | جب | ظالم

"مجھ پر وحی آئی ہے" حالانکہ اس پر کوئی وحی نازل نہ ہوئی ہو؟ اور وہ یہ دعویٰ کرے کہ "میں بھی ایسا کلام اُتاروں گا جیسا اللہ نے

فِيْ غَمَرٰتِ الْمَوْتِ وَالْمَلٰۗىِٕكَةُ بَاسِطُوْٓا اَيْدِيْهِمْ ۚ اَخْرِجُوْٓا اَنْفُسَكُمْ ۭ

میں | سختیوں | موت کی | اور فرشتے | بڑھا رہے ہوں | ہاتھ اپنے | تم نکالو | جانوں اپنی کو

قرآن اُتارا؟" کاش تم اس وقت دیکھ پاتے جب یہ ظالم موت کی سختیوں میں ہوں گے اور فرشتے ہاتھ بڑھا رہے ہوں گے لاؤ

اَلْيَوْمَ تُجْزَوْنَ عَذَابَ الْهُوْنِ بِمَا كُنْتُمْ تَقُوْلُوْنَ عَلَي اللّٰهِ غَيْرَ

آج کے دن | تم بدلہ پاؤ گے | عذاب | ذلت کا | اس وجہ سے جو | تم تھے | تم کہتے | پر | اللہ | سوائے

اپنی جانیں نکالو! آج تمہیں ذلت کا عذاب دیا جائے گا کیونکہ تم اللہ پر جھوٹی باتیں

الْحَقِّ وَكُنْتُمْ عَنْ اٰيٰتِهٖ تَسْتَكْبِرُوْنَ ۝93 وَلَقَدْ جِئْتُمُوْنَا فُرَادٰي

حق کے | اور تم تھے | سے | نشانیوں اس کی | تم تکبر کرتے | اور بے شک | تم آئے ہمارے پاس | اکیلے

کہتے اور اللہ کی نشانیوں کو دیکھ کر سرکشی اور تکبر کرتے تھے" اور قیامت کے دن اللہ فرمائے گا "تم ہمارے پاس اکیلے آ گئے

كَمَا خَلَقْنٰكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّتَرَكْتُمْ مَّا خَوَّلْنٰكُمْ وَرَاۗءَ ظُهُوْرِكُمْ ۚ

جیسے | ہم نے پیدا کیا تم کو | پہلی | بار | اور تم نے چھوڑ دیا | جو | ہم نے دیا تھا تم کو | پیچھے | پیٹھوں اپنی کے

جیسے ہم نے تمہیں پہلی مرتبہ اکیلا پیدا کیا۔ وہ مال واسباب اپنے پیچھے چھوڑ آئے جو ہم نے تمہیں دیا۔

وَمَا نَرٰی مَعَكُمْ شُفَعَآءَكُمُ الَّذِیْنَ زَعَمْتُمْ اَنَّهُمْ فِیْكُمْ شُرَكٰٓؤُا ؕ

اور نہیں | ہم دیکھتے | ساتھ تمہارے | سفارشی تمہارے | جن کا | تم دعویٰ کرتے تھے | کہ وہ | تم میں | شریک ہیں

آج تمہارے وہ سفارشی تمہارے ساتھ نظر نہیں آ رہے جن کے متعلق تم سمجھتے تھے وہ تمہارے کار ساز ہیں۔

لَقَدْ تَّقَطَّعَ بَیْنَكُمْ وَضَلَّ عَنْكُمْ مَّا كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ ﴿۹۴﴾ ع اِنَّ

11 ع 4 17

بے شک | قطع ہو گیا تعلق | درمیان تمہارے | اور گم ہو گیا | سے تم | جو کچھ | تم تھے | تم دعویٰ کرتے | بے شک

اب تمہارا تعلق ٹوٹ گیا۔ تمہارے سارے دعوے ہوا ہو گئے۔ بے شک

اللّٰهَ فَالِقُ الْحَبِّ وَالنَّوٰی ؕ یُخْرِجُ الْحَیَّ مِنَ الْمَیِّتِ وَمُخْرِجُ الْمَیِّتِ

اللہ ہے | پھاڑنے والا | دانوں کا | اور گٹھلیوں کا | وہ نکالتا ہے | زندہ کو | سے | بے جان | اور نکالنے والا ہے | بے جان کا

اللہ دانے اور گٹھلی کو پھاڑ کر اس سے پودا اور درخت اگاتا ہے۔ اور جاندار کو بے جان سے اور بے جان کو

مِنَ الْحَیِّ ؕ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ فَاَنّٰی تُؤْفَكُوْنَ ﴿۹۵﴾ فَالِقُ الْاِصْبَاحِ ۚ وَجَعَلَ

سے | زندہ | یہی ہے | اللہ | پس کہاں | تم پھیرے جاتے ہو | پھاڑنے والا ہے | صبح کا | اور بنایا

جاندار سے نکالتا ہے۔ وہی اللہ تمہارا معبود ہے پھر تم کدھر بھٹکے جاتے ہو؟ اسی کے حکم سے صبح ہوتی ہے۔ اسی نے

الَّیْلَ سَكَنًا وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ حُسْبَانًا ؕ ذٰلِكَ تَقْدِیْرُ الْعَزِیْزِ

رات کو | آرام کا وقت | اور سورج کو | اور چاند کو | گردش کرنے والے | یہ ہے | اندازہ | غالب

تمہارے آرام کے لئے رات بنائی۔ سورج اور چاند بنائے تا کہ تم وقت کا حساب کر سکو۔ یہ سب اس غالب اور دانا خدا کا مقرر کیا ہوا

الْعَلِیْمِ ﴿۹۶﴾ وَهُوَ الَّذِیْ جَعَلَ لَكُمُ النُّجُوْمَ لِتَهْتَدُوْا بِهَا فِیْ ظُلُمٰتِ

علم والے کا۔ | اور وہی ہے | جس نے | بنائے | تمہارے لئے | ستارے | تا کہ تم راہ پاؤ | انکے ذریعے | میں | اندھیروں

نظام ہے۔ اس نے تمہارے لئے ستارے بنائے تا کہ تم اُن کے ذریعے خشکی اور تری کے اندھیروں میں اپنا

الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ؕ قَدْ فَصَّلْنَا الْاٰیٰتِ لِقَوْمٍ یَّعْلَمُوْنَ ﴿۹۷﴾ وَهُوَ الَّذِیْٓ

خشکی | اور تری کے | بیشک | ہم نے واضح بیان کر دیں | آیتیں | ان لوگوں کیلئے | جو جانتے ہیں | اور وہی ہے | جس نے

راستہ معلوم کر سکو۔ بے شک ہم نے جاننے والوں کے لئے اپنی نشانیاں کھول کر بیان کر دیں۔ اور وہی ہے جس نے

اَنْشَاَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ فَمُسْتَقَرٌّ وَّمُسْتَوْدَعٌ ؕ قَدْ فَصَّلْنَا

پیدا کیا تمہیں | سے | جان | ایک | پھر تمہارا ٹھکانہ ہے | اور جگہ سونپنے کی | بیشک | ہم نے واضح بیان کر دیں

تم سب کو ایک جان سے پیدا کیا۔ پھر دنیا میں ہر ایک کا ٹھکانا اور اس کے سونپے جانے کی جگہ مقرر کر دی۔ بے شک ہم نے سمجھنے

الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّفْقَهُوْنَ ۝ وَهُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً ۚ

آیتیں | ان لوگوں کیلئے جو | سمجھتے ہیں | اور وہی ہے | جس نے | اتارا | سے | آسمان | پانی

والوں کے لئے اپنی نشانیاں کھول کر بیان کر دیں۔ اور وہی ہے جس نے آسمان سے پانی برسایا۔

فَاَخْرَجْنَا بِهٖ نَبَاتَ كُلِّ شَیْءٍ فَاَخْرَجْنَا مِنْهُ خَضِرًا نُّخْرِجُ مِنْهُ

پھر ہم نے نکالی | اسکے ذریعے | نباتات | ہر | طرح کی | پھر ہم نے نکالا | اس میں سے | سبزہ | ہم نکالتے ہیں | اس سے

اس کے ذریعے ہر طرح کی نباتات اگائی۔ پھر اس کی سبز شاخیں نکالیں۔ جن میں ہم

حَبًّا مُّتَرَاكِبًا ۚ وَمِنَ النَّخْلِ مِنْ طَلْعِهَا قِنْوَانٌ دَانِيَةٌ وَّجَنّٰتٍ مِّنْ

دانے | ایک پر ایک چڑھا ہوا | اور سے | کھجور | سے | گابھے اس کے | خوشے ہیں | جھکے ہوئے | اور باغات | سے

تہہ بہ تہہ دانے پیدا کر دیتے ہیں۔ اور کھجوروں کے گابھے سے لٹکے ہوئے پھل کے گچھے، انگوروں کے

اَعْنَابٍ وَّالزَّيْتُوْنَ وَالرُّمَّانَ مُشْتَبِهًا وَّغَيْرَ مُتَشَابِهٍ ۗ اُنْظُرُوْٓا اِلٰى

انگوروں | اور زیتون | اور انار | ایک جیسے | اور ایک دوسرے سے | مختلف | تم دیکھو | کی طرف

باغ، زیتون اور انار پیدا کر دیئے جو آپس میں ملتے جلتے ہیں اور ذائقے اور مزے میں مختلف ہیں۔ ان میں سے ہر ایک کے پھل کو

ثَمَرِهٖٓ اِذَآ اَثْمَرَ وَيَنْعِهٖ ۗ اِنَّ فِیْ ذٰلِكُمْ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ۝

پھل اس کے | جب | وہ پھل لائے | اور اس کے پکنے کو | بیشک | میں | اس | یقیناً نشانیاں ہیں | ان کیلئے جو | ایمان لاتے ہیں

دیکھو جب وہ پھلتا ہے اور اس کے پکنے کو دیکھو جب وہ پکتا ہے۔ بے شک ان سب چیزوں میں ان لوگوں کے لئے جو ایمان لانا

وَجَعَلُوْا لِلّٰهِ شُرَكَآءَ الْجِنَّ وَخَلَقَهُمْ وَخَرَقُوْا لَهٗ بَنِيْنَ

اور بنائے انھوں نے | اللہ کیلئے | شریک | جنات | جبکہ اُس نے پیدا کیا ہے ان کو | اور انہوں نے گھڑ لئے | اس کے لئے | بیٹے

چاہیں اللہ کی بہت سی نشانیاں ہیں۔ اس کے باوجود مشرکوں نے جنوں کو بھی اللہ کا شریک بنالیا حالاں کہ ان کو بھی اللہ نے پیدا کیا۔

وَبَنٰتٍۢ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۗ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يَصِفُوْنَ ۝ۧ بَدِيْعُ

اور بیٹیاں | بغیر | علم کے۔ | پاک ہے وہ | اور بلند و برتر ہے | اس سے جو | وہ صفت بیان کرتے ہیں | از سر نو پیدا کرنیوالا

مشرکین نے بغیر جانے بوجھے اللہ کے لئے بیٹے اور بیٹیاں بنالیں۔ جب کہ وہ ان تمام باتوں سے پاک اور بلند و برتر ہے۔ وہی

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۗ اَنّٰى يَكُوْنُ لَهٗ وَلَدٌ وَّلَمْ تَكُنْ لَّهٗ

آسمانوں کا | اور زمین کا | کیسے | ہو | اس کی | اولاد | اور نہیں | ہے | اس کی

آسمانوں اور زمین کا موجد ہے۔ اس کا بیٹا کیسے ہو سکتا ہے جبکہ اس کی

صَاحِبَةٌ ۭ وَخَلَقَ كُلَّ شَيْءٍ ۚ وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿101﴾ ذٰلِكُمُ

بیوی | اور اس نے پیدا کی | ہر | چیز | اور وہ | ساتھ ہر | چیز کے | جاننے والا ہے | یہ ہے

بیوی نہیں؟ اس نے ہر چیز کو پیدا کیا اور وہ سب کو جانتا ہے۔ لوگو! یہ ہے

اللّٰهُ رَبُّكُمْ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ فَاعْبُدُوْهُ ۚ وَهُوَ

اللہ | رب تمہارا | نہیں | کوئی معبود | مگر | وہ | خالق ہے | ہر | چیز کا | پس تم عبادت کرو اسی کی | اور وہ

اللہ تمہارا رب اس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ وہی ہر شے کا خالق ہے۔ اس کی بندگی کرو۔ وہی ہر

عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ وَّكِيْلٌ ﴿102﴾ لَا تُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ ۡ وَهُوَ يُدْرِكُ الْاَبْصَارَ ۚ

اوپر | ہر | چیز کے | کارساز ہے | نہیں | پاتیں اس کو | نظریں | اور وہ | پالیتا ہے | سب نظروں کو

چیز کا کارساز ہے۔ نگاہیں اُس کو نہیں پاتیں مگر وہ تمام نگاہوں کو پالیتا ہے

وَهُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ ﴿103﴾ قَدْ جَاۗءَكُمْ بَصَاۗىِٕرُ مِنْ رَّبِّكُمْ ۚ فَمَنْ

اور وہی ہے | باریک بین | باخبر | بیشک | آگئیں تمہارے پاس | دلیلیں | طرف سے | تمہارے رب کی | پھر جس نے

وہ بڑا باریک بین اور بڑا باخبر ہے لوگو! تمہارے رب کی طرف سے تمہارے پاس بصیرت

اَبْصَرَ فَلِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ عَمِيَ فَعَلَيْهَا ۭ وَمَآ اَنَا عَلَيْكُمْ بِحَفِيْظٍ ﴿104﴾

دیکھ لیا | تو اپنے لئے | اور جو | اندھا بن گیا | تو اس پر ہے | اور نہیں | میں | تم پر | نگران

کی روشنیاں آچکیں۔ اب جو اپنے دل کی آنکھیں کھول کر دیکھے گا اپنا ہی بھلا کرے گا اور جو اندھا بنا رہے گا خود نقصان اٹھائے گا۔

وَكَذٰلِكَ نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ وَلِيَقُوْلُوْا دَرَسْتَ وَلِنُبَيِّنَهٗ لِقَوْمٍ

اور اسی طرح | ہم کھلا بیان کرتے ہیں | آیتوں کو | اور تا کہ وہ کہیں | تونے پڑھ لیا ہے | اور تا کہ ہم بیان کریں اسے | انکے لئے جو

اور اے نبیؐ! آپؐ کہہ دیں "میں تم پر کوئی نگران مقرر نہیں ہوا" اسی طرح ہم اپنی آیتوں کو مختلف طریقوں سے بیان کرتے ہیں تا کہ

يَّعْلَمُوْنَ ﴿105﴾ اِتَّبِعْ مَآ اُوْحِيَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ

جانتے ہیں۔ | تو پیروی کر | اس کی جو | وحی کی گئی | طرف تیری | طرف سے | رب تیرے | نہیں | کوئی معبود | مگر | وہ

سب لوگ مان لیں کہ آپ ﷺ نے واقعی انھیں قرآن پڑھ کر سنایا اور سمجھایا اور تا کہ جو لوگ جاننا چاہتے ہیں ان پر سے اچھی طرح

وَاَعْرِضْ عَنِ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿106﴾ وَلَوْ شَاۗءَ اللّٰهُ مَآ اَشْرَكُوْا ۭ وَمَا

اور اعراض کیجئے | سے | مشرکوں۔ | اور اگر | چاہتا | اللہ | نہ | وہ شرک کرتے | اور نہ

واضح کر دیا جائے۔ اے نبی ﷺ! آپ اس چیز کی پیروی کریں جو آپ ﷺ کے رب کی طرف سے آپ ﷺ پر وحی کی گئی کہ اللہ

جَعَلْنٰكَ عَلَيْهِمْ حَفِيْظًا ۚ وَمَآ اَنْتَ عَلَيْهِمْ بِوَكِيْلٍ ﴿107﴾ وَلَا تَسُبُّوا

ہم نے بنایا تجھے | ان پر | نگران | اور نہیں ہے | تو | اُن پر | ذمہ دار | اور نہ | تم برا کہو

کے سوا کوئی معبود نہیں اور آپ ﷺ مشرکوں سے منہ پھیر لیں۔ اگر اللہ چاہتا تو وہ شرک نہ کرتے۔ آپ ﷺ کو ہم نے ان پر نگران

الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَيَسُبُّوا اللّٰهَ عَدْوًاۢ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۗ

ان لوگوں کو جو | پکارتے ہیں | سے | سوائے | اللہ کے | پس وہ برا کہیں گے | اللہ کو | حد سے تجاوز کر کے | بے | سمجھے

مقرر نہیں کیا اور نہ آپ ان پر مختار ہیں۔ مسلمانو! جو لوگ اللہ کے سوا دوسروں کو پکارتے ہیں تم ان کے معبودوں کو گالی نہ دو ورنہ وہ حد

كَذٰلِكَ زَيَّنَّا لِكُلِّ اُمَّةٍ عَمَلَهُمْ ۠ ثُمَّ اِلٰى رَبِّهِمْ مَّرْجِعُهُمْ

اسی طرح | ہم نے خوشنما بنا دیے | واسطے ہر | قوم کے | عمل ان کے | پھر | طرف | رب اپنے کی | پھر جانا ان کا

سے گزر کر جہالت سے اللہ کو گالیاں دینے لگیں گے۔ اسی طرح ہم نے ہر گروہ کی نظر میں ان کے اعمال کو خوشنما بنا دیا۔ پھر ان

فَيُنَبِّئُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿108﴾ وَاَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ

پھر وہ خبر دے گا انکو | اسکی جو | وہ تھے | وہ عمل کرتے | اور انہوں نے قسمیں کھائیں | اللہ کی | پختہ | قسمیں اپنی

سب کو اپنے رب کی طرف پلٹ جانا ہے۔ اس وقت اللہ انھیں بتائے گا جو وہ کرتے رہے۔ مشرکین بڑے زور سے اللہ کی قسمیں کھا

لَئِنْ جَآءَتْهُمْ اٰيَةٌ لَّيُؤْمِنُنَّ بِهَا ۗ قُلْ اِنَّمَا الْاٰيٰتُ

البتہ اگر | آئے گی انکے پاس | کوئی نشانی | ضرور وہ ایمان لائیں گے | اس پر | کہہ دیجئے | بے شک | نشانیاں ہیں

کر مسلمانوں سے کہتے ہیں اگر اُن کی فرمائش کے مطابق کوئی معجزہ اُن کے سامنے آئے تو وہ ضرور اس پر ایمان لائیں گے۔ اے

عِنْدَ اللّٰهِ وَمَا يُشْعِرُكُمْ ۙ اَنَّهَآ اِذَا جَآءَتْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿109﴾ وَنُقَلِّبُ

پاس | اللہ کے | اور کیا چیز | بتاتی ہے تمہیں | یہ کہ وہ | جب | آئے گی | نہیں | وہ ایمان لائیں گے | اور ہم پھیر دینگے

نبی ﷺ! آپ ﷺ مسلمانوں کو سمجھا دیں کہ ''معجزے تو اللہ کے پاس ہیں۔'' اور اے مسلمانو! تمہیں کیا خبر یہ لوگ تو معجزے دیکھ کر

اَفْئِدَتَهُمْ وَاَبْصَارَهُمْ كَمَا لَمْ يُؤْمِنُوْا بِهٖٓ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّنَذَرُهُمْ

دل ان کے | اور آنکھیں ان کی | جیسا کہ | نہ | وہ ایمان لائے تھے | اس پر | پہلی | بار | اور ہم چھوڑ دیں گے انکو۔

بھی ایمان نہیں لائیں گے! اور ہم ان کے دلوں اور ان کی نگاہوں کو پھیر دیں گے یہ معجزے دیکھ کر بھی ایمان نہیں لائیں گے جیسا کہ

فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ﴿110﴾ ع

میں | سرکشی ان کی | وہ بھٹکتے پھریں گے

13 ع 10 19

یہ لوگ پہلی بار بھی ایمان نہیں لائے اور ہم انھیں ان کی سرکشی میں پڑا رہنے دیں گے تاکہ وہ بھٹکتے رہیں۔

وَلَوْ اَنَّنَا نَزَّلْنَآ اِلَيْهِمُ الْمَلٰٓئِكَةَ وَكَلَّمَهُمُ الْمَوْتٰى وَحَشَرْنَا عَلَيْهِمْ

اور اگر | یہ کہ ہم | ہم نازل کرتے | ان کی طرف | فرشتے | اور بولتے ان سے | مردے | اور ہم جمع کرتے | ان پر

اور اگر ہم ان پر فرشتے بھی اُتار دیتے اور مردے بھی ان سے باتیں کرتے اور ساری چیزیں ان کے

كُلَّ شَيْءٍ قُبُلًا مَّا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْٓا اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ وَلٰكِنَّ

ہر | چیز | سامنے | نہ | وہ تھے | کہ وہ ایمان لاتے | مگر | یہ کہ | چاہتا | اللہ | اور لیکن

سامنے لا کھڑی کرتے تو بھی وہ لوگ ایمان نہ لاتے مگر جو اللہ چاہتا۔ لیکن ان

اَكْثَرَهُمْ يَجْهَلُوْنَ ﴿111﴾ وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَا لِكُلِّ نَبِيٍّ عَدُوًّا شَيٰطِيْنَ

اکثر ان کے | جہالت پسند ہیں | اور اسی طرح | ہم نے بنائے | ہر | نبی کے لئے | دشمن | شیطان

میں اکثر لوگ نادانی کی باتیں کرتے ہیں۔ اور اسی طرح ہم نے شریر انسانوں اور جنوں کو ہر نبی

الْاِنْسِ وَالْجِنِّ يُوْحِيْ بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضٍ زُخْرُفَ الْقَوْلِ غُرُوْرًا ؕ

انسانوں سے | اور جنوں سے | وسوسہ ڈالتے ہیں | بعض انکے | طرف | بعض کے | چکنی چپڑی | بات | دھوکا دے کر

کا دشمن بنایا۔ جو ایک دوسرے کو دھوکا دینے کے لئے پُر فریب باتیں سکھاتے ہیں۔

وَلَوْ شَآءَ رَبُّكَ مَا فَعَلُوْهُ فَذَرْهُمْ وَمَا يَفْتَرُوْنَ ﴿112﴾ وَلِتَصْغٰٓى

اور اگر | چاہتا | تیرا رب | نہ | وہ کرتے اس کو | پس چھوڑ ان کو | اور جو | وہ گھڑتے ہیں | اور تا کہ مائل ہوں

اے نبی ﷺ! اگر آپ ﷺ کا رب چاہتا تو وہ ایسا نہ کر سکتے۔ لہٰذا آپ ﷺ ان کو چھوڑ دیں وہ جھوٹ باندھتے رہیں۔ اور ایسا اس

اِلَيْهِ اَفْـِٕدَةُ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ وَلِيَرْضَوْهُ وَلِيَقْتَرِفُوْا مَا

اسکی طرف | دل | ان کے جو | نہیں | ایمان لاتے | آخرت پر | اور تا کہ وہ پسند کریں اسکو | اور تا کہ وہ کرلیں | جو

لئے ہے تا کہ اس کی طرف ان لوگوں کے دل مائل ہوں جو آخرت پر یقین نہیں رکھتے اور تا کہ وہ اسے پسند کریں اور جو بری

هُمْ مُّقْتَرِفُوْنَ ﴿113﴾ اَفَغَيْرَ اللّٰهِ اَبْتَغِيْ حَكَمًا وَّهُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ

وہ | کرنے والے ہیں | کیا پھر سوائے | اللہ کے | میں چاہوں | منصف | جب کہ وہ | جس نے | اتاری

کمائی انہیں کرنی ہے وہ کرلیں۔ اے نبی ﷺ! آپ ﷺ ان سے پوچھیں "کیا تم چاہتے ہو میں اللہ کے سوا کسی اور کو منصف بناؤں جبکہ

اِلَيْكُمُ الْكِتٰبَ مُفَصَّلًا ؕ وَالَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يَعْلَمُوْنَ اَنَّهٗ

تمہاری طرف | کتاب | مفصل | اور جو لوگ | ہم نے دی ان کو | کتاب | وہ جانتے ہیں | کہ وہ

اس نے تمہاری طرف واضح کتاب نازل کر دی اور اے نبی ﷺ! ہم نے جن لوگوں کو آپ ﷺ سے پہلے کتاب دی وہ جانتے ہیں

مُنَزَّلٌ مِّنْ رَّبِّكَ بِالْحَقِّ فَلَا تَكُونَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِينَ ﴿114﴾ وَتَمَّتْ

نازل شدہ ہے | طرف سے | تمہارے رب کی | حق کے ساتھ | پس نہ | تو ہوجا | سے | شک کرنے والوں | اور پوری ہوئی

کہ یہ قرآن واقعی آپ ﷺ کے رب کی طرف سے نازل ہوا ہے۔ اس لئے آپ ﷺ اس بارے میں شک کرنے والوں میں سے

كَلِمَتُ رَبِّكَ صِدْقًا وَّعَدْلًا ۚ لَا مُبَدِّلَ لِكَلِمٰتِهٖ ۚ وَهُوَ السَّمِيعُ

بات | تیرے رب کی | سچائی میں | اور انصاف میں | نہیں | بدلنے والا | اس کی باتوں کو | اور وہ | خوب سننے والا

نہ بنیں۔ یاد رکھو! تمہارے رب کی بات پوری سچی اور صحیح انصاف کی ہے۔ کوئی اس کی بات بدل نہیں سکتا اور وہ سننے والا

الْعَلِيمُ ﴿115﴾ وَإِنْ تُطِعْ أَكْثَرَ مَنْ فِي الْأَرْضِ يُضِلُّوكَ عَنْ سَبِيلِ

خوب علم والا | اور اگر | تو کہا مانے | اکثر کا | جو | میں | زمین | وہ گمراہ کریں گے تجھے | سے | راستے

جاننے والا ہے۔ اور اے نبی ﷺ! اگر آپ ﷺ لوگوں کی اکثریت پر چلیں گے وہ آپ ﷺ کو بھی اللہ کے راستے سے

اللّٰهِ ۚ إِنْ يَتَّبِعُونَ إِلَّا الظَّنَّ وَإِنْ هُمْ إِلَّا يَخْرُصُونَ ﴿116﴾ إِنَّ رَبَّكَ

اللہ کے | نہیں | وہ پیروی کرتے | مگر | گمان کی | اور نہیں | وہ | مگر | اٹکل دوڑاتے | بے شک | تیرا رب

بھٹکا دیں گے۔ وہ محض گمان کی پیروی کرتے اور قیاس آرائیاں کرتے ہیں۔ بے شک آپ ﷺ کا رب انہیں

هُوَ أَعْلَمُ مَنْ يَضِلُّ عَنْ سَبِيلِهٖ ۚ وَهُوَ أَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِينَ ﴿117﴾ فَكُلُوا

وہی | خوب جانتا ہے | کون | بھٹکتا ہے | سے | اس کی راہ | اور وہ | خوب جانتا ہے | ہدایت پانے والوں کو | پس تم کھاؤ

خوب جانتا ہے جو اُس کے راستے سے بھٹکے ہوئے ہیں اور وہ انہیں بھی جانتا ہے جو راہِ راست پر ہیں۔ اے مسلمانو! جس

مِمَّا ذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ إِنْ كُنْتُمْ بِآيٰتِهٖ مُؤْمِنِينَ ﴿118﴾ وَمَا

اس میں سے جو | یاد کیا جائے | نام | اللہ کا | جس پر | اگر | تم ہو | اس کی آیتوں پر | ایمان رکھتے | اور کیا ہے

جانور پر ذبح کے وقت اللہ کا نام لیا گیا ہو اسے کھالیا کرو اگر تم اللہ کی آیتوں پر یقین رکھتے ہو۔ اور کیوں تم اُن

لَكُمْ أَلَّا تَأْكُلُوا مِمَّا ذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ وَقَدْ فَصَّلَ لَكُمْ

تم کو | کہ نہیں | تم کھاتے | اس سے جو | یاد کیا گیا | نام | اللہ کا | اس پر | اور بیشک | اس نے بیان کیا | تمہارے لئے

جانوروں کا گوشت نہ کھاؤ جن پر ذبح کے وقت اللہ کا نام لیا گیا حالاں کہ اللہ نے وہ چیزیں کھول کر بیان کر دیں

مَّا حَرَّمَ عَلَيْكُمْ إِلَّا مَا اضْطُرِرْتُمْ إِلَيْهِ ۗ وَإِنَّ كَثِيرًا لَّيُضِلُّونَ

جو | حرام کیا | تم پر | مگر | جو | تم مجبور ہوجاؤ | اس کی طرف | اور بے شک | بہت لوگ | ضرور گمراہ کرتے ہیں

جو تمہارے لئے حرام کی گئیں البتہ ان کو مجبوری کی حالت میں کھا سکتے ہو۔ بہت سے لوگ ایسے ہیں جو بغیر علم کے محض

بِاَهْوَآئِهِمْ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۭ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ بِالْمُعْتَدِيْنَ ﴿۱۱۹﴾ وَذَرُوْا

اپنی خواہشوں سے | بغیر | علم کے | بے شک | تیرا رب | وہی | خوب جانتا ہے | حد سے بڑھنے والوں کو | اور تم چھوڑ دو

اپنے خواہشات کی بنا پر دوسروں کو گمراہ کرتے ہیں۔ اے نبی ﷺ! بے شک آپ ﷺ کا رب ان لوگوں کو خوب جانتا ہے جو حد سے نکل

ظَاهِرَ الْاِثْمِ وَبَاطِنَهٗ ۭ اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْسِبُوْنَ الْاِثْمَ سَيُجْزَوْنَ بِمَا

ظاہر | گناہ کا | اور باطن اس کا | بے شک | جو لوگ | کماتے ہیں | گناہ | جلد وہ بدلہ پائیں گے | اس کا جو

جانے والے ہیں۔ لوگو! تم ظاہری اور پوشیدہ گناہوں سے بچو جو لوگ گناہ کما رہے ہیں انہیں جلد اپنے کئے کا

كَانُوْا يَقْتَرِفُوْنَ ﴿۱۲۰﴾ وَلَا تَاْكُلُوْا مِمَّا لَمْ يُذْكَرِ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ

تھے | وہ کرتے | اور نہ | تم کھاؤ | اس سے جو | نہیں | یاد کیا گیا | نام | اللہ کا | اس پر

بدلہ مل جائے گا۔ تم اس حلال جانور کا گوشت بھی نہ کھاؤ جس پر ذبح کے وقت اللہ کا نام نہ لیا گیا ہو

وَاِنَّهٗ لَفِسْقٌ ۭ وَاِنَّ الشَّيٰطِيْنَ لَيُوْحُوْنَ اِلٰٓى اَوْلِيٰٓـئِهِمْ لِيُجَادِلُوْكُمْ ۚ

اور بیشک وہ | ضرور گناہ ہے | اور بیشک | شیطان | ضرور وسوسہ ڈالتے ہیں | طرف | اپنے دوستوں کے | تا کہ وہ جھگڑا کریں تم سے

ورنہ یہ نافرمانی ہوگی۔ اور اے مسلمانو! شیاطین اپنے ساتھیوں کے دلوں میں وسوسے ڈالتے ہیں تا کہ پھر وہ دین کے بارے میں تم

وَاِنْ اَطَعْتُمُوْهُمْ اِنَّكُمْ لَمُشْرِكُوْنَ ﴿۱۲۱﴾ ع اَوَمَنْ كَانَ مَيْتًا فَاَحْيَيْنٰهُ

14 ع 11 1

اور اگر | تم نے کہا مانا ان کا | بے شک تم | ضرور مشرک ہو گے | کیا جو | تھا | بے جان | پھر ہم نے زندہ کیا اسکو

سے جھگڑا کریں۔ اگر ان کا کہا مانو گے تو تم بھی مشرک ہو جاؤ گے۔ دیکھو! کیا ایک شخص جو مُردہ تھا۔ اسے ہم نے زندگی دی

وَجَعَلْنَا لَهٗ نُوْرًا يَّمْشِيْ بِهٖ فِي النَّاسِ كَمَنْ مَّثَلُهٗ فِي الظُّلُمٰتِ

اور ہم نے کی | اس کیلئے | روشنی | وہ چلتا ہے | اسکے ساتھ | لوگوں میں | جیسے جو | حالت اس کی | میں | اندھیروں

اور ایسا نور ایمان عطا کیا جس کے اُجالے میں وہ ہدایت پا کر لوگوں میں چلتا پھرتا ہے۔ کیا وہ اُس آدمی کی طرح ہو سکتا ہے جو کفر اور

لَيْسَ بِخَارِجٍ مِّنْهَا ۭ كَذٰلِكَ زُيِّنَ لِلْكٰفِرِيْنَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۲۲﴾

نہیں ہے | نکلنے والا | ان سے | اسی طرح | آراستہ کیا گیا | کافروں کے لئے | جو کچھ | وہ تھے | کرتے

گمراہی کے اندھیروں میں پڑا ہوا اور اُن سے نکل نہ سکتا ہو۔ بات یہ ہے کہ کافروں کی نظر میں اُن کے اعمال خوشنما بنا دیئے گئے

وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَا فِيْ كُلِّ قَرْيَةٍ اَكٰبِرَ مُجْرِمِيْهَا لِيَمْكُرُوْا فِيْهَا ۭ

اور اسی طرح | ہم نے بنائے | میں | ہر | بستی | بڑے | مجرم اسکے | تا کہ وہ مکر کریں | اس میں

ہیں۔ اور دیکھو! اس طرح ہم نے ہر بستی میں گناہگاروں کے سردار بنا دیے تا کہ وہ حیلے بازیاں کریں حالاں کہ وہ جو حیلہ کرتے ہیں

وَمَا يَمْكُرُونَ إِلَّا بِأَنفُسِهِمْ وَمَا يَشْعُرُونَ ﴿١٢٣﴾ وَإِذَا جَاءَتْهُمْ آيَةٌ قَالُوا

اور نہیں وہ مکر کرتے | مگر | اپنے ساتھ | اور نہیں | سمجھتے | اور جب | آتی ہے انکے پاس | نشانی | کہتے ہیں

اپنے ہی خلاف کرتے ہیں مگر وہ نہیں سمجھتے۔ جب ان کے پاس کوئی نشانی آتی ہے تو کہتے ہیں

لَن نُّؤْمِنَ حَتَّىٰ نُؤْتَىٰ مِثْلَ مَا أُوتِيَ رُسُلُ اللَّهِ ۘ اللَّهُ أَعْلَمُ

وقف لازم / وقف منزل

ہرگز نہیں | ہم ایمان لائینگے | یہاں تک کہ | ہمیں دیا جائے | جیسے | جو | دیا گیا | رسولوں کو | اللہ کے | اللہ | خوب جانتا ہے

''ہم ہرگز نہیں مانیں گے جب تک ہمیں وہی کچھ نہ دیا جائے جو اللہ کے پیغمبروں کو عطا ہوا'' حالاں کہ اللہ بہتر

حَيْثُ يَجْعَلُ رِسَالَتَهُ ۗ سَيُصِيبُ الَّذِينَ أَجْرَمُوا صَغَارٌ عِندَ اللَّهِ

جس جگہ | رکھے | رسالت اپنی | عنقریب پہنچے گی | جنھوں نے | جرم کیا | ذلت | طرف سے | اللہ کی

جانتا ہے وہ اپنی پیغمبری کس کو عطا کرے! وہ وقت ضرور آئے گا جب مجرموں کو اللہ کے ہاں ذلت ملے گی اور وہ سخت

وَعَذَابٌ شَدِيدٌ بِمَا كَانُوا يَمْكُرُونَ ﴿١٢٤﴾ فَمَن يُرِدِ اللَّهُ أَن يَهْدِيَهُ

اور عذاب | سخت | اس پر جو | وہ تھے | مکر کرتے | پس جس کو | چاہتا ہے | اللہ | کہ | ہدایت دے اسکو

عذاب سے دوچار ہوں گے اس وجہ سے کہ وہ مکر کرتے تھے۔ اللہ جسے ہدایت دینا چاہتا ہے اُس کا سینہ

يَشْرَحْ صَدْرَهُ لِلْإِسْلَامِ ۖ وَمَن يُرِدْ أَن يُضِلَّهُ يَجْعَلْ صَدْرَهُ

کھول دیتا ہے | سینہ اس کا | اسلام کے لئے | اور جس کو | چاہے | کہ | گمراہ کرے اس کو | کر دیتا ہے | سینہ اس کا

اسلام کے لیے کھول دیتا ہے اور جسے گمراہ کرنا چاہتا ہے اُس کے سینے کو بالکل تنگ کر

ضَيِّقًا حَرَجًا كَأَنَّمَا يَصَّعَّدُ فِي السَّمَاءِ ۚ كَذَٰلِكَ يَجْعَلُ اللَّهُ الرِّجْسَ

تنگ | بند | گویا کہ | وہ چڑھتا ہے | آسمان میں | اسی طرح | ڈالتا ہے | اللہ | گندگی

دیتا ہے جیسے وہ آسمان پر چڑھ رہا ہو۔ اس طرح اُن لوگوں پر اللہ کی پھٹکار ہوتی ہے

عَلَى الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ ﴿١٢٥﴾ وَهَٰذَا صِرَاطُ رَبِّكَ مُسْتَقِيمًا ۗ قَدْ فَصَّلْنَا

پر | ان جو | نہیں | ایمان لاتے | اور یہ ہے | راستہ | تیرے رب کا | سیدھا | بے شک | ہم نے بیان کیں

جو ایمان نہیں لاتے۔ اور یہ اسلام تمہارے رب کا سیدھا راستہ ہے۔ بے شک ہم نے اُن لوگوں کے لیے اپنی آیتیں واضح طور پر

الْآيَاتِ لِقَوْمٍ يَذَّكَّرُونَ ﴿١٢٦﴾ لَهُمْ دَارُ السَّلَامِ عِندَ رَبِّهِمْ ۖ وَهُوَ

آیتیں | لوگوں کے لئے | جو نصیحت حاصل کریں | ان کیلئے ہے | گھر | سلامتی کا | پاس | ان کے رب کے | اور وہ

بیان کردی ہیں جو نصیحت حاصل کرتے ہیں۔ اُنہی کے لیے اُن کے رب کے ہاں سلامتی کا گھر ہے

وَلِيُّهُمْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿١٢٧﴾ وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ جَمِيْعًا ج يٰمَعْشَرَ

دوست ہے انکا | اس وجہ سے جو | وہ تھے | کام کرتے | اور جس دن | وہ ان کو جمع کرے گا | سب کو | اے گروہ

اور اللہ اُن کے نیک اعمال کی وجہ سے اُن کا کارساز ہے۔ اور جس دن اللہ سب کو جمع کرے گا تو فرمائے گا ''اے جنّوں

الْجِنِّ قَدِ اسْتَكْثَرْتُمْ مِّنَ الْاِنْسِ ج وَقَالَ اَوْلِيٰٓؤُهُمْ مِّنَ الْاِنْسِ

جنوں کے | بے شک | تم بہت لے گئے | سے | انسانوں | اور کہیں گے | دوست ان کے | سے | انسانوں

کے گروہ! تم نے انسانوں کی بڑی تعداد کو گمراہ کر کے اپنے ساتھ ملا لیا۔'' پھر جو لوگ دنیا میں جنّوں کے ساتھی بنے ہوئے تھے وہ

رَبَّنَا اسْتَمْتَعَ بَعْضُنَا بِبَعْضٍ وَّبَلَغْنَآ اَجَلَنَا الَّذِيْٓ اَجَّلْتَ لَنَا ط

ہمارے رب | فائدہ اٹھایا | ہمارے بعض نے | بعض سے | اور ہم پہنچے | اپنے وعدے پر | جو | تو نے مقرر کیا | ہمارے لئے

اعتراف کریں گے کہ ''اے ہمارے رب! ہم نے ایک دوسرے کو اپنا آلۂ کار بنایا۔ پھر ہم نے اپنی مدت پوری کر لی جو تو نے

قَالَ النَّارُ مَثْوٰىكُمْ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ط اِنَّ رَبَّكَ

فرمائے گا | آگ ہے | ٹھکانا تمہارا | ہمیشہ رہو گے | اس میں | مگر | جو | چاہے | اللہ | بے شک | تیرا رب ہے

ہمارے لیے مقرر کی تھی۔'' اللہ فرمائے گا ''اب تمہارا ٹھکانا آگ ہے۔ اس میں تم ہمیشہ رہو گے جب تک اللہ چاہے۔ بے شک

حَكِيْمٌ عَلِيْمٌ ﴿١٢٨﴾ وَكَذٰلِكَ نُوَلِّيْ بَعْضَ الظّٰلِمِيْنَ بَعْضًۢا بِمَا كَانُوْا

بڑی حکمت والا | خوب علم والا | اور اسی طرح | ہم مسلط کرتے ہیں | بعض | ظالموں کو | بعض پر | اس وجہ سے جو | وہ تھے

تمہارا رب حکمت والا علم والا ہے۔ اسی طرح ظالموں کو ہم اُن کے برے اعمال کی وجہ سے ایک دوسرے کے ساتھ ملا دیں گے۔

يَكْسِبُوْنَ ﴿١٢٩﴾ ع يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اَلَمْ يَاْتِكُمْ رُسُلٌ مِّنْكُمْ

(15 ع 8 2)

کماتے | اے گروہ | جنات کے | اور انسانوں کے | کیا نہیں | آئے تمہارے پاس | پیغمبر | تم میں سے

اُس دن ہم پوچھیں گے ''اے جنّوں اور انسانوں کے گروہ! کیا تمہارے پاس تمہیں میں سے ہمارے پیغمبر نہیں آئے تھے جو تمہیں

يَقُصُّوْنَ عَلَيْكُمْ اٰيٰتِيْ وَيُنْذِرُوْنَكُمْ لِقَآءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا ط قَالُوْا

بیان کرتے | تم پر | میری آیتیں | اور وہ ڈراتے تمہیں | ملاقات | تمہارے دن | اس کی | وہ کہیں گے

میری آیتیں سناتے اور تمہیں اس دن کے پیش آنے سے ڈراتے تھے۔'' وہ کہیں گے

شَهِدْنَا عَلٰٓى اَنْفُسِنَا وَغَرَّتْهُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا وَشَهِدُوْا عَلٰٓى

ہم نے گواہی دی | پر | اپنی جانوں | اور دھوکا دیا ان کو | زندگی | دنیا کی نے | اور انہوں نے گواہی دی | خلاف

''جی ہاں'' ہم خود اپنے خلاف گواہ ہیں''۔ حقیقت یہ ہے کہ انہیں دنیا کی زندگی نے دھوکے میں رکھا اور وہ اپنے خلاف گواہی

أَنْفُسِهِمْ أَنَّهُمْ كَانُوْا كٰفِرِيْنَ ﴿١٣٠﴾ ذٰلِكَ أَنْ لَّمْ يَكُنْ رَّبُّكَ مُهْلِكَ

اپنے آپ کے | کہ وہ | تھے | کافر | یہ | اس لئے کہ | نہیں | ہے | تیرا رب | ہلاک کرنے والا

دیں گے کہ وہ واقعی کافر تھے۔ اس سے ظاہر ہوا کہ تمہارا رب ایسی بستیوں کو اُن کے ظلم پر

الْقُرٰى بِظُلْمٍ وَّاَهْلُهَا غٰفِلُوْنَ ﴿١٣١﴾ وَلِكُلٍّ دَرَجٰتٌ مِّمَّا عَمِلُوْا

بستیوں کو | ظلم پر | جبکہ رہنے والے انکے | بے خبر ہوں | اور سب کے لئے | درجے ہیں | اس سے جو | انہوں نے کام کیے

ہلاک کرنے والا نہیں جہاں کے لوگ دعوتِ حق سے بے خبر ہوں۔ اعمال کے لحاظ سے ہر شخص کا الگ الگ درجہ ہے۔ تمہارا

وَمَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا يَعْمَلُوْنَ ﴿١٣٢﴾ وَرَبُّكَ الْغَنِيُّ ذُو الرَّحْمَةِ اِنْ يَّشَاْ

اور نہیں تیرا رب | بے خبر | اس سے جو | وہ کرتے ہیں | اور تیرا رب | بے نیاز ہے | رحمت والا ہے | اگر | وہ چاہے

رب لوگوں کے اعمال سے بے خبر نہیں۔ وہ بڑا بے نیاز بڑی رحمت والا ہے۔ اگر وہ چاہے تم سب

يُذْهِبْكُمْ وَيَسْتَخْلِفْ مِنْۢ بَعْدِكُمْ مَّا يَشَآءُ كَمَآ اَنْشَاَكُمْ مِّنْ

لے جائے تمہیں | اور جانشین بنائے | سے | تمہارے بعد | جس کو | چاہے | جیسے | اس نے پیدا کیا تمہیں | سے

کو اُٹھا لے اور تمہارے بعد جس کو چاہے تمہاری جگہ لے آئے جس طرح اُس نے تمہیں دوسروں کی نسل

ذُرِّيَّةِ قَوْمٍ اٰخَرِيْنَ ﴿١٣٣﴾ اِنَّ مَا تُوْعَدُوْنَ لَاٰتٍ وَّمَآ اَنْتُمْ

اولاد | قوم | دوسری | بے شک | جو | تم سے وعدہ کیا جاتا ہے | ضرور آنے والا ہے | اور نہیں | تم

سے پیدا کیا۔ لوگو! جس قیامت کے آنے کا تم سے وعدہ کیا جاتا ہے وہ آ کر رہے گی اور تم ہمارے قابو سے باہر

بِمُعْجِزِيْنَ ﴿١٣٤﴾ قُلْ يٰقَوْمِ اعْمَلُوْا عَلٰى مَكَانَتِكُمْ اِنِّيْ عَامِلٌ فَسَوْفَ

عاجز کرنے والے | کہہ دیجئے | اے میری قوم | کام کرو | پر | جگہ اپنی | بے شک میں | کام کرتا ہوں | پس عنقریب

نہیں جا سکتے۔ اے نبی ﷺ! آپ ﷺ ان سے کہیں ''لوگو! تم اپنے طریقے پر چلو، میں اپنے طریقے پر چلتا ہوں۔ تمہیں جلد معلوم

تَعْلَمُوْنَ مَنْ تَكُوْنُ لَهٗ عَاقِبَةُ الدَّارِ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿١٣٥﴾

تم جان لوگے | کون | ہے | اس کیلئے ہے | انجام | آخرت کے گھر کا | بے شک | نہیں | فلاح پائیں گے | ظالم

ہو جائے گا کہ کامیابی کس کے حصے میں آتی ہے۔ بے شک ظالم کبھی فلاح نہ پائیں گے۔

وَجَعَلُوْا لِلّٰهِ مِمَّا ذَرَاَ مِنَ الْحَرْثِ وَالْاَنْعَامِ نَصِيْبًا فَقَالُوْا هٰذَا

اور بنالیا انہوں نے | اللہ کے لئے | اس سے جو | پیدا کیا ہے | سے | کھیتی | اور جانور | حصہ | پھر انہوں نے کہا | یہ ہے

اللہ نے جو کھیتی اور چوپائے پیدا کیے اُن کے بارے میں مشرکین اپنے گمان کے مطابق کہتے ہیں

لِلّٰهِ بِزَعۡمِهِمۡ وَهٰذَا لِشُرَكَآئِنَا ۚ فَمَا كَانَ لِشُرَكَآئِهِمۡ فَلَا يَصِلُ

اللہ کیلئے | اپنے گمان سے | اور یہ ہے | ہمارے شریکوں کیلئے | پھر جو | ہے | انکے شریکوں کیلئے | تو نہیں | وہ پہنچتا

''یہ حصہ اللہ کے لئے ہے اور یہ حصہ ہمارے شریکوں کا ہے'' پھر جو حصہ اُن کے شریکوں کا ہے وہ اللہ کو نہیں

اِلَى اللّٰهِ ۚ وَمَا كَانَ لِلّٰهِ فَهُوَ يَصِلُ اِلٰى شُرَكَآئِهِمۡ ؕ سَآءَ

طرف | اللہ کی | اور جو | ہے | اللہ کیلئے | تو وہ | پہنچتا ہے | طرف | ان کے شریکوں کی | برا ہے

پہنچتا مگر جو حصہ اللہ کا ہے وہ اُن کے بنائے شریکوں کو پہنچ جاتا ہے۔ کیسا برا

مَا يَحۡكُمُوۡنَ ﴿۱۳۶﴾ وَكَذٰلِكَ زَيَّنَ لِكَثِيۡرٍ مِّنَ الۡمُشۡرِكِيۡنَ قَتۡلَ اَوۡلَادِهِمۡ

جو وہ فیصلہ کرتے ہیں | اور اسی طرح | خوش نما بنایا | بہتوں کے لئے | سے | مشرکین | قتل کرنا | اپنی اولاد کو

فیصلہ ہے جو یہ لوگ کرتے ہیں۔ اس طرح بہت سے مشرکوں کی نظر میں ان کے شریکوں نے اولاد کا قتل بھی خوشنما بنا رکھا ہے

شُرَكَآؤُهُمۡ لِيُرۡدُوۡهُمۡ وَلِيَلۡبِسُوۡا عَلَيۡهِمۡ دِيۡنَهُمۡ ؕ وَلَوۡ شَآءَ اللّٰهُ مَا

ان کے شریکوں نے | تاکہ وہ ہلاک کریں انکو | اور تاکہ وہ ملادیں | ان پر | ان کا دین | اور اگر | چاہتا | اللہ | نہ

تاکہ وہ انہیں برباد کر ڈالیں اور ان کے دین کو ان پر گڈ مڈ کر دیں۔ اگر اللہ چاہتا وہ ایسا نہ کرتے اس لئے

فَعَلُوۡهُ فَذَرۡهُمۡ وَمَا يَفۡتَرُوۡنَ ﴿۱۳۷﴾ وَقَالُوۡا هٰذِهٖۤ اَنۡعَامٌ وَّحَرۡثٌ

وہ کرتے اس کو | پس تو چھوڑ ان کو | اور جو | وہ گھڑتے ہیں | اور انہوں نے کہا | یہ | جانور | اور کھیتی

تم انہیں چھوڑ دو وہ اپنی غلط کاریوں میں لگے رہیں۔ اور وہ کہتے ہیں ''فلاں چوپائے

حِجۡرٌ ۖ لَّا يَطۡعَمُهَاۤ اِلَّا مَنۡ نَّشَآءُ بِزَعۡمِهِمۡ وَاَنۡعَامٌ حُرِّمَتۡ

منع ہے | نہیں | کھاتا اس کو | مگر | جسے | ہم چاہیں | اپنے گمان سے | اور جانور | حرام ہیں

اور فلاں کھیتی منع ہے'' اُن کے خیال میں ''انہیں کوئی کھا نہیں سکتا مگر جس کو وہ چاہیں''۔ اور ایسے چوپائے ہیں کہ اُن

ظُهُوۡرُهَا وَاَنۡعَامٌ لَّا يَذۡكُرُوۡنَ اسۡمَ اللّٰهِ عَلَيۡهَا افۡتِرَآءً عَلَيۡهِ ؕ

پیٹھیں ان کی | اور جانور | نہیں | وہ یاد کرتے | نام | اللہ کا | ان پر | جھوٹ گھڑ کر | اس پر

کے خیال میں ان کی پیٹھ پر سوار ہونا یا بوجھ لادنا حرام ہے۔ کچھ چوپائے ایسے ہیں جنہیں ذبح کرتے وقت وہ اللہ کا نام نہیں لیتے۔

سَيَجۡزِيۡهِمۡ بِمَا كَانُوۡا يَفۡتَرُوۡنَ ﴿۱۳۸﴾ وَقَالُوۡا مَا فِىۡ بُطُوۡنِ هٰذِهِ

جلد ہی وہ سزا دے گا انکو | اس پر جو | وہ ہیں | جھوٹ گھڑتے | اور وہ کہتے ہیں | جو | میں | پیٹوں | ان

یہ سب کچھ انہوں نے اللہ پر بہتان باندھا ہوا ہے۔ اللہ جلد انہیں ایسی حرکتوں کی سزا دے گا۔ اور وہ کہتے ہیں فلاں قسم کے

الْاَنْعَامِ خَالِصَةٌ لِّذُكُوْرِنَا وَمُحَرَّمٌ عَلٰٓى اَزْوَاجِنَا ۚ وَاِنْ يَّكُنْ

جانوروں کے | مخصوص ہے | ہم مردوں کے لئے | اور حرام ہے | پر | ہماری عورتوں | اور اگر | ہے

جانوروں کے پیٹ سے جو بچہ نکلے اگر وہ زندہ ہو تو ہمارے مردوں کے لئے حلال ہے اور عورتوں کے لئے حرام۔ اور اگر وہ

مَّيْتَةً فَهُمْ فِيْهِ شُرَكَآءُ ؕ سَيَجْزِيْهِمْ وَصْفَهُمْ ؕ اِنَّهٗ حَكِيْمٌ

مردار | تو وہ ہیں | اس میں | شریک | عنقریب بدلہ دے گا انکو | ان کے کہنے کا | بے شک وہ ہے | بڑی حکمت والا

مردہ ہو تو پھر مرد اور عورت سب اسے کھا سکتے ہیں۔ اللہ جلد انہیں ان کے کیے کی سزا دے گا۔ بے شک وہ حکمت والا

عَلِيْمٌ ﴿۱۳۹﴾ قَدْ خَسِرَ الَّذِيْنَ قَتَلُوْٓا اَوْلَادَهُمْ سَفَهًۢا بِغَيْرِ عِلْمٍ

خوب علم والا | بے شک | گھاٹا پایا | جنہوں نے | قتل کیا | اپنی اولاد کو | بے وقوفی سے | بغیر | علم کے

علم والا ہے " بے شک وہ لوگ گھاٹے میں رہے جنہوں نے نادانی اور جہالت سے اپنی اولاد کو

وَّحَرَّمُوْا مَا رَزَقَهُمُ اللّٰهُ افْتِرَآءً عَلَى اللّٰهِ ؕ قَدْ ضَلُّوْا وَمَا كَانُوْا

اور حرام کیا | جو | ان کو رزق دیا | اللہ نے | جھوٹ گھڑ لیا | پر | اللہ | بے شک | وہ گمراہ ہوئے | اور نہ | ہوئے

قتل کیا اور انہوں نے اللہ کے دیئے ہوئے رزق کو اپنے ڈھکوسلوں سے اپنے اوپر حرام کر لیا۔ ایسے لوگ گمراہ ہو گئے

مُهْتَدِيْنَ ﴿۱۴۰﴾ ع وَهُوَ الَّذِيْٓ اَنْشَاَ جَنّٰتٍ مَّعْرُوْشٰتٍ وَّغَيْرَ مَعْرُوْشٰتٍ

ہدایت پانے والے | اور وہی | جس نے | پیدا کئے | باغات | سہارے والے | اور بغیر | سہاروں کے

16 ع 11 3 رکوع

اور کبھی ہدایت نہ پا سکے۔ اور دیکھو! اُسی اللہ نے باغ پیدا کئے جن میں سے بعض کو سہارے کی ضرورت ہوتی ہے اور بعض پودوں کو

وَّالنَّخْلَ وَالزَّرْعَ مُخْتَلِفًا اُكُلُهٗ وَالزَّيْتُوْنَ وَالرُّمَّانَ مُتَشَابِهًا وَّغَيْرَ

اور کھجوریں | اور کھیتیاں | مختلف | پیداوار اسکی | اور زیتون | اور انار | ملتے جلتے | اور نہ

سہارے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ اُسی نے کھجور کے درخت اُگائے اور کھیتیاں پیدا کیں جن کے پھل مختلف قسم کے ہوتے ہیں۔

مُتَشَابِهٍ ؕ كُلُوْا مِنْ ثَمَرِهٖٓ اِذَآ اَثْمَرَ وَاٰتُوْا حَقَّهٗ يَوْمَ حَصَادِهٖ ۖ

ملتے جلتے | کھاؤ | سے | اس کے پھل | جب | وہ پھل دیں | اور دو | حق اس کا | دن | اس کی کٹائی کے

اس کے علاوہ زیتون اور انار پیدا کیے جو ایک دوسرے سے ملتے جلتے ہیں اور مختلف بھی۔ جب یہ پھل

وَلَا تُسْرِفُوْا ؕ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُسْرِفِيْنَ ﴿۱۴۱﴾ لا وَمِنَ الْاَنْعَامِ حَمُوْلَةً

اور نہ فضول خرچی کرو | بیشک وہ | نہیں | پسند کرتا | فضول خرچی کرنے والوں کو | اور سے | جانوروں | بوجھ اٹھانے والے

تیار ہوں تو ان کو کھاؤ اور فصل اُٹھاتے وقت اللہ کا حق ادا کرو۔ اور فضول خرچی نہ کرو کیونکہ اللہ فضول خرچی

وَّفَرۡشًا ؕ كُلُوۡا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ وَلَا تَتَّبِعُوۡا خُطُوٰتِ الشَّيۡطٰنِ ؕ اِنَّهٗ

اور رینگتے ہوئے | کھاؤ | اس سے جو | رزق دیا تمہیں | اللہ نے | اور نہ | پیروی کرو | قدموں کی | شیطان کے | بے شک وہ

کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔ اللہ نے تمہارے لئے کچھ بوجھ اٹھانے والے اور کچھ دوسرے جانور پیدا کئے۔ اللہ کی دی ہوئی

لَـكُمۡ عَدُوٌّ مُّبِيۡنٌ ۙ﴿۱۴۲﴾ ثَمٰنِيَةَ اَزۡوَاجٍ ۚ مِنَ الضَّاۡنِ اثۡنَيۡنِ وَمِنَ

ہے تمہارا | دشمن | کھلا | آٹھ | قسمیں | سے | بھیڑ | دو | اور سے

روزی کھاؤ مگر شیطان کی پیروی نہ کرو کیونکہ وہ تمہارا کھلا دشمن ہے۔ اللہ نے آٹھ جانوروں کے جوڑے بنائے۔ ایک

الۡمَعۡزِ اثۡنَيۡنِ ؕ قُلۡ ءٰٓالذَّكَرَيۡنِ حَرَّمَ اَمِ الۡاُنۡثَيَيۡنِ اَمَّا اشۡتَمَلَتۡ

بکری | دو | کہہ دیجئے | کیا دونروں کو | حرام کیا | یا | دو مادہ کو | یا جو | شامل ہیں

بھیڑ بکریوں میں سے نر اور مادہ کے دو جوڑے۔ اے نبی ﷺ! آپ ﷺ ان مشرکین سے پوچھیں کہ "کیا اللہ نے بھیڑ بکریوں کے

عَلَيۡهِ اَرۡحَامُ الۡاُنۡثَيَيۡنِ ؕ نَبِّـُٔوۡنِىۡ بِعِلۡمٍ اِنۡ كُنۡتُمۡ صٰدِقِيۡنَ ۙ﴿۱۴۳﴾

اس پر | پیٹ | دو مادہ کے | بتاؤ مجھے | علم سے | اگر | تم ہو | سچے

دونوں نر حرام کئے ہیں یا دونوں مادہ یا وہ بچے جو بھیڑ اور بکری کے پیٹ میں ہوں؟ مجھے دلیل کے ساتھ بتاؤ اگر تم سچے ہو؟"

وَمِنَ الۡاِبِلِ اثۡنَيۡنِ وَمِنَ الۡبَقَرِ اثۡنَيۡنِ ؕ قُلۡ ءٰٓالذَّكَرَيۡنِ حَرَّمَ اَمِ

اور سے | اونٹ | دو | اور سے | گائے | دو | کہہ دیجئے | کیا دو نر | حرام کئے | یا

دوسرے اونٹ اونٹنی اور بیل گائے کے دو جوڑے۔ اے نبی ﷺ! آپ ﷺ ان سے پوچھیں "کیا اللہ نے ان جوڑوں کے دونوں

الۡاُنۡثَيَيۡنِ اَمَّا اشۡتَمَلَتۡ عَلَيۡهِ اَرۡحَامُ الۡاُنۡثَيَيۡنِ ؕ اَمۡ كُنۡتُمۡ

دو مادہ | یا جو | شامل ہیں | اس پر | پیٹ | دو مادہ کے | کیا؟ | تم تھے

نر حرام ٹھہرائے ہیں یا دونوں مادہ یا وہ بچے جو اونٹنی اور گائے کے پیٹ میں ہوں؟ کیا تم لوگ اس وقت موجود

شُهَدَآءَ اِذۡ وَصّٰٮكُمُ اللّٰهُ بِهٰذَا ۚ فَمَنۡ اَظۡلَمُ مِمَّنِ افۡتَرٰى عَلَى

موجود | جب | حکم دیا تم کو | اللہ نے | اس کا | پھر کون | بڑا ظالم ہے | اس سے جو | گھڑے | پر

تھے جب اللہ نے تمہیں اس کا حکم دیا! پھر اس سے زیادہ ظالم کون ہے جو لوگوں کو

اللّٰهِ كَذِبًا لِّيُضِلَّ النَّاسَ بِغَيۡرِ عِلۡمٍ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهۡدِى

اللہ | جھوٹ | تا کہ وہ گمراہ کرے | لوگوں کو | بغیر | علم کے | بے شک | اللہ | نہیں | ہدایت دیتا

گمراہ کرنے کے لئے بلا سوچے سمجھے اللہ پر جھوٹ بہتان باندھے! بے شک اللہ ظالموں

ع 17 4 4

الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۴۴﴾ قُلْ لَّآ اَجِدُ فِيْ مَآ اُوْحِيَ اِلَيَّ مُحَرَّمًا عَلٰى

لوگوں | ظالم کو | کہہ دیجئے | نہیں | میں پاتا | میں | جو | وحی کی گئی | میری طرف | حرام | پر

کو ہدایت نہیں دیتا۔ اے نبی ﷺ! آپ ﷺ مشرکوں سے کہہ دیں ”مجھ پر جو وحی آئی ہے میں اس میں کوئی ایسی چیز نہیں پاتا جو کسی

طَاعِمٍ يَّطْعَمُهٗٓ اِلَّآ اَنْ يَّكُوْنَ مَيْتَةً اَوْ دَمًا مَّسْفُوْحًا اَوْ لَحْمَ

کھانے والا | کھائے اسے | مگر | یہ کہ | ہو | مردار | یا | خون | بہتا ہوا | یا | گوشت

کھانے والے پر حرام ہو سوائے اس کے جو مردار ہو، یا بہایا ہوا خون ہو، یا سور کا

خِنْزِيْرٍ فَاِنَّهٗ رِجْسٌ اَوْ فِسْقًا اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ ۚ فَمَنِ اضْطُرَّ

سور کا | تو بیشک وہ | ناپاک ہے | یا | گناہ | ذبح کیا گیا | واسطے غیر | اللہ کے | اس کو | پھر جو | مجبور ہو

گوشت ہو کیونکہ وہ ناپاک ہے، یا نا جائز ذبیحہ ہو جس پر اللہ کے سوا کسی اور کا نام پکارا گیا ہو۔ لیکن جو شخص

غَيْرَ بَاغٍ وَّلَا عَادٍ فَاِنَّ رَبَّكَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۴۵﴾ وَعَلَى الَّذِيْنَ

نہ | چاہنے والا | اور نہ | حد سے بڑھنے والا | تو بے شک | تیرا رب | بہت بخشنے والا | بڑا مہربان ہے | اور پر | اُن جو

بھوک کے ہاتھوں مجبور ہو اور اس کا ارادہ نافرمانی کا نہ ہو اور نہ حد سے بڑھنے کا تو بے شک تمہارا رب بخشنے والا مہربان ہے“۔ اور

هَادُوْا حَرَّمْنَا كُلَّ ذِيْ ظُفُرٍ ۚ وَمِنَ الْبَقَرِ وَالْغَنَمِ حَرَّمْنَا عَلَيْهِمْ

یہودی ہوئے | ہم نے حرام کیا | ہر | ناخن والا | اور سے | گائے | اور بکری | ہم نے حرام کیں | ان پر

یہودیوں کے لئے ہم نے سارے ناخن والے جانور حرام کئے تھے۔ اس کے علاوہ گائے اور بکری کی چربی حرام کی، سوائے اس

شُحُوْمَهُمَآ اِلَّا مَا حَمَلَتْ ظُهُوْرُهُمَآ اَوِ الْحَوَايَآ اَوْ مَا اخْتَلَطَ

چربیاں ان کی | مگر | جو | اٹھائیں | پیٹھیں ان کی | یا | انتڑیاں | یا | جو | ملا ہو

چربی کے جو ان کی پیٹھ یا انتڑیوں پر لگی ہو یا کسی ہڈی کے ساتھ ملی

بِعَظْمٍ ۭ ذٰلِكَ جَزَيْنٰهُمْ بِبَغْيِهِمْ ڮ وَاِنَّا لَصٰدِقُوْنَ ﴿۱۴۶﴾ فَاِنْ كَذَّبُوْكَ

ہڈی کے ساتھ | یہ | ہم نے سزا دی ان کو | ان کی سرکشی کی | اور بے شک ہم | سچے ہیں | پھر اگر | وہ جھٹلائیں تجھے

ہوئی ہو۔ وہ ہم نے انہیں سزا دی ان کی سرکشی پر اور ہم اپنے بیان میں بالکل سچے ہیں۔ اے نبی ﷺ! اگر اس کے بعد بھی یہ لوگ

فَقُلْ رَّبُّكُمْ ذُوْ رَحْمَةٍ وَّاسِعَةٍ ۚ وَلَا يُرَدُّ بَاْسُهٗ عَنِ الْقَوْمِ

کہہ دیجئے | رب تمہارا ہے | والا | رحمت | وسیع | اور نہیں | پھیرا جاتا | عذاب اس کا | سے | لوگوں

آپ ﷺ کو جھٹلائیں تو آپ ﷺ کہہ دیں ”اگرچہ تمہارا رب بڑی وسیع رحمت والا ہے لیکن عذاب مجرم لوگوں سے ٹل

الْمُجْرِمِيْنَ ﴿147﴾ سَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا لَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَآ اَشْرَكْنَا

مجرم | عنقریب کہیں گے | جنہوں نے | شرک کیا | اگر | چاہتا | اللہ | نہ | ہم شرک کرتے

نہیں سکتا'' اس کے جواب میں وہ کہیں گے ''اگر اللہ چاہتا تو ہم شرک نہ کرتے، نہ ہمارے باپ دادا ایسا کرتے اور نہ

وَلَآ اٰبَآؤُنَا وَلَا حَرَّمْنَا مِنْ شَيْءٍ ؕ كَذٰلِكَ كَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ

اور نہ ہمارے باپ دادا | اور نہ | ہم حرام کرتے | کوئی | چیز | اسی طرح | جھٹلایا | ان لوگوں نے جو | سے | پہلے ان کے

ہم کسی چیز کو حرام کر لیتے'' اسی طرح ان سے پہلے لوگوں نے بھی جھٹلایا پھر انہیں ہمارے عذاب کا مزا

حَتّٰى ذَاقُوْا بَاْسَنَا ؕ قُلْ هَلْ عِنْدَكُمْ مِّنْ عِلْمٍ فَتُخْرِجُوْهُ

یہاں تک کہ | چکھا انہوں نے | عذاب ہمارا | کہہ دیجئے | کیا | تمہارے پاس | سے | علم | پھر تم نکالو اسے

چکھنا پڑا۔ اے نبی ﷺ! آپ ﷺ ان سے پوچھیں ''کیا تمہارے پاس اس بارے میں کوئی علمی دلیل ہے جسے پیش

لَنَا ؕ اِنْ تَتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ وَاِنْ اَنْتُمْ اِلَّا تَخْرُصُوْنَ ﴿148﴾ قُلْ

ہمارے لئے | نہیں | وہ پیچھے چلتے | مگر | گمان کے | اور نہیں | تم | مگر | اٹکل دوڑاتے | کہہ دیجئے

کر سکتے ہو؟ دراصل تم وہم وگمان کی پیروی کر رہے ہو اور محض اٹکل سے کام لیتے ہو۔ اے نبی ﷺ آپ ﷺ ان سے کہیں

فَلِلّٰهِ الْحُجَّةُ الْبَالِغَةُ ۚ فَلَوْ شَآءَ لَهَدٰىكُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿149﴾ قُلْ هَلُمَّ

پس اللہ کیلئے ہے | دلیل | پہنچی ہوئی | پس اگر | وہ چاہتا | ضرور ہدایت دیتا تم | سب کو | کہہ دیجئے | لاؤ

''اللہ کی دلیل فیصلہ کن ہے اگر اللہ چاہتا تو تم سب کو ہدایت دے دیتا'' اے نبی ﷺ! آپ ﷺ ان سے کہیں

شُهَدَآءَكُمُ الَّذِيْنَ يَشْهَدُوْنَ اَنَّ اللّٰهَ حَرَّمَ هٰذَا ۚ فَاِنْ شَهِدُوْا

گواہ اپنے | جو | گواہی دیں | کہ | اللہ نے | حرام کیا | اس کو | پھر اگر | وہ گواہی دیں

''لاؤ اپنے گواہوں کو جو یہ گواہی دیں کہ ان چیزوں کو واقعی اللہ نے حرام کیا ہے جنہیں تم حرام سمجھتے ہو!''

فَلَا تَشْهَدْ مَعَهُمْ ۚ وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَالَّذِيْنَ

تو نہ تو گواہی دے | ساتھ انکے | اور نہ | پیروی کر | خواہشوں کی | جنہوں نے | جھٹلایا | ہماری آیتوں کو | اور جو لوگ

پھر اگر وہ جھوٹی گواہی دیں تو آپ ﷺ ان کے ساتھ گواہی نہ دیں۔ ان کی خواہشوں کی پیروی نہ کریں جنہوں نے ہماری نشانیوں کو

لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ وَهُمْ بِرَبِّهِمْ يَعْدِلُوْنَ ﴿150﴾ۧ قُلْ تَعَالَوْا اَتْلُ مَا

نہیں | ایمان لاتے | آخرت پر | اور وہ | اپنے رب کے | شریک بناتے ہیں | کہہ دیجئے | تم آؤ | میں پڑھتا ہوں | جو

جھٹلایا، جو آخرت پر ایمان نہیں رکھتے اور جو اپنے رب کے شریک بناتے ہیں۔ اے نبی ﷺ! آپ ﷺ ان سے کہیں ''آؤ میں

18 ع 6 5

حَرَّمَ رَبُّكُمْ عَلَيْكُمْ اَلَّا تُشْرِكُوْا بِهٖ شَيْئًا وَّبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا ج

حرام کیا | تمہارے رب نے | تم پر | یہ کہ نہ | تم شریک کرو | ساتھ اسکے | کچھ | اور والدین سے | اچھا سلوک

تمہیں پڑھ کر سناؤں جو تمہارے رب نے تم پر پابندیاں عائد کی ہیں کہ: اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ بناؤ۔ ماں باپ کے ساتھ

وَلَا تَقْتُلُوْٓا اَوْلَادَكُمْ مِّنْ اِمْلَاقٍ ط نَحْنُ نَرْزُقُكُمْ وَاِيَّاهُمْ ج

اور نہ | تم قتل کرو | اپنی اولاد کو | سے | غریبی کے خوف سے | ہم | ہم رزق دیتے ہیں تم کو | اور ان کو

نیک سلوک کرو۔ اپنی اولاد کو مفلسی کے ڈر سے قتل نہ کرو۔ کیونکہ ہم تمہیں بھی رزق دیتے ہیں اور انہیں بھی۔ بے حیائیوں

وَلَا تَقْرَبُوا الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ ج وَلَا تَقْتُلُوا النَّفْسَ

اور نہ قریب جاؤ | بے حیائیوں کے | جو | ظاہر ہو | اس سے | اور جو | چھپا ہو | اور نہ | قتل کرو | جان

کے قریب نہ جاؤ خواہ علانیہ ہوں یا پوشیدہ۔ کسی جان کو جسے اللہ نے

الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ ط ذٰلِكُمْ وَصّٰىكُمْ بِهٖ لَعَلَّكُمْ

جس کو | حرام کیا | اللہ نے | مگر | حق کے ساتھ | یہ بات | حکم دیا تم کو | اس کا | تاکہ تم

محترم قرار دیا قتل نہ کرو۔ یہ وہ باتیں ہیں جن کے بارے میں اللہ نے تمہیں ہدایت فرمائی ہے تاکہ

تَعْقِلُوْنَ ﴿151﴾ وَلَا تَقْرَبُوْا مَالَ الْيَتِيْمِ اِلَّا بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ حَتّٰى

سمجھو | اور نہ | قریب جاؤ | مال | یتیم کے | سوائے | جو | وہ | بہتر ہو | یہاں تک کہ

عقل سے کام لو۔ اور یتیم کے مال کے قریب نہ جاؤ مگر ایسے طریقے سے جو بہتر ہو۔

يَبْلُغَ اَشُدَّهٗ ج وَاَوْفُوا الْكَيْلَ وَالْمِيْزَانَ بِالْقِسْطِ ج لَا نُكَلِّفُ

پہنچے | جوانی اپنی کو | اور پورا کرو | ماپ | اور تول | انصاف کے ساتھ | نہیں | ہم تکلیف دیتے

یہاں تک کہ وہ یتیم اپنی جوانی کو پہنچ جائے اور ناپ تول میں پورا انصاف کرو۔ ہم کسی جان پر اس کی

نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا ج وَاِذَا قُلْتُمْ فَاعْدِلُوْا وَلَوْ كَانَ ذَا قُرْبٰى ج وَبِعَهْدِ

کسی جان کو | مگر | اسکی طاقت کے مطابق | اور جب | تم کہو | تو انصاف کرو | اگرچہ | ہو | رشتہ دار | اور عہد

طاقت سے زیادہ بوجھ نہیں ڈالتے۔ اور جب بولو انصاف کی بات بولو خواہ معاملہ اپنے رشتہ دار کا ہو۔ اور اللہ سے کیا

اللّٰهِ اَوْفُوْا ط ذٰلِكُمْ وَصّٰىكُمْ بِهٖ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ﴿152﴾ لا وَاَنَّ هٰذَا

اللہ کا | پورا کرو | یہ بات | حکم دیا تم کو | اس کا | تاکہ تم | نصیحت حاصل کرو | اور یہ کہ | یہ ہے

ہوا عہد پورا کرو۔ یہ وہ چیزیں ہیں جن کا اللہ نے تمہیں حکم دیا ہے تاکہ تم سمجھو۔ اور اے نبی ﷺ! آپ ﷺ کہیں

صِرَاطِيْ مُسْتَقِيْمًا فَاتَّبِعُوْهُ ۚ وَلَا تَتَّبِعُوا السُّبُلَ فَتَفَرَّقَ بِكُمْ عَنْ

میرا راستہ | سیدھا | پس تم پیروی کرو اس کی | اور نہ | پیروی کرو | دوسری راہوں کی | پھر الگ کر یں گی | تم کو | سے

''یہی میری سیدھی شاہراہ ہے۔ اسی پر چلو اور دوسرے راستوں پر نہ چلو ورنہ وہ تمہیں اللہ کے راستے سے جُدا

سَبِيْلِهٖ ۭ ذٰلِكُمْ وَصّٰىكُمْ بِهٖ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ﴿153﴾ ثُمَّ اٰتَيْنَا مُوْسَى

اس کے راستے | یہ بات | حکم دیا تم کو | اس کا | تا کہ تم | بچو | پھر | ہم نے دی | موسیٰ کو

کر دیں گے۔ اللہ نے ان سب باتوں کی تمہیں ہدایت فرمائی ہے تا کہ تم پرہیزگار بن جاؤ'' اور دیکھو، ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو

الْكِتٰبَ تَمَامًا عَلَى الَّذِيْٓ اَحْسَنَ وَتَفْصِيْلًا لِّكُلِّ شَيْءٍ وَّهُدًى

کتاب | نعمت پوری کرنے کو | پر | جو | نیکی کرے | اور تفصیل | سب | چیزوں کی | اور ہدایت

کتاب دی جس سے نیک لوگوں پر ہماری نعمت پوری ہوئی اور اس کتاب میں ہر بات کی وضاحت تھی اور وہ ہدایت اور

وَّرَحْمَةً لَّعَلَّهُمْ بِلِقَاۗءِ رَبِّهِمْ يُؤْمِنُوْنَ ﴿154﴾ ع وَهٰذَا كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ

اور رحمت | تا کہ وہ | ملاقات پر | اپنے رب کی | ایمان لائیں | اور یہ | کتاب | ہم نے نازل کیا اسے

رحمت تھی تا کہ اس کے ذریعے سے لوگ اپنے رب سے ہونے والی ملاقات پر ایمان لائیں۔ اسی طرح ہم نے یہ کتاب اتاری ہے

مُبٰرَكٌ فَاتَّبِعُوْهُ وَاتَّقُوْا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿155﴾ لا اَنْ تَقُوْلُوْٓا اِنَّمَآ

برکت والی ہے | پھر تم پیروی کرو اس کی | اور ڈرو | تا کہ | تم پر رحم کیا جائے | یہ کہ | تم کہو | بے شک

جو بڑی بابرکت ہے۔ لہٰذا اس کی پیروی کرو اور اللہ سے ڈرو تا کہ تم پر رحمت کی جائے۔ اور اے اہل عرب! تا کہ تم یہ نہ کہو کہ

اُنْزِلَ الْكِتٰبُ عَلٰي طَاۗىِٕفَتَيْنِ مِنْ قَبْلِنَا ۠ وَاِنْ كُنَّا عَنْ دِرَاسَتِهِمْ

نازل کی گئی | کتاب | پر | دو گروہوں | سے | پہلے ہمارے | اور بے شک | ہم تھے | سے | اس کے پڑھنے

ہم سے پہلے دو گروہوں کو کتاب دی گئی لیکن ہم اس کے پڑھنے پڑھانے سے

لَغٰفِلِيْنَ ﴿156﴾ لا اَوْ تَقُوْلُوْا لَوْ اَنَّآ اُنْزِلَ عَلَيْنَا الْكِتٰبُ لَكُنَّآ اَهْدٰى

ضرور بے خبر | یا | تم کہو | اگر | یہ کہ | نازل ہوتی | ہم پر | کتاب | ضرور ہم ہوتے | زیادہ ہدایت والے

بے خبر تھے۔ یا یہ عذر نہ کرو کہ اگر ہم پر کتاب اُتری ہوتی تو ہم اُن سے بہتر

مِنْهُمْ ۚ فَقَدْ جَاۗءَكُمْ بَيِّنَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ ۚ فَمَنْ

ان سے | پس بے شک | آئی تمہارے پاس | روشن دلیل | سے | رب تمہارے | اور ہدایت | اور رحمت | پس کون

راہ پر چلنے والے ہوتے۔ دیکھو! اب تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے روشن دلیل، ہدایت اور رحمت آ چکی! اب اس

اَظْلَمُ مِمَّنْ كَذَّبَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَصَدَفَ عَنْهَا ؕ سَنَجْزِی الَّذِیْنَ

بڑا ظالم ہے | اس سے جو | جھٹلائے | آیتیں | اللہ کی | اور منہ موڑے | ان سے | عنقریب ہم سزا دیں گے | جنہوں نے

سے زیادہ ظالم کون ہو گا جو اللہ کی نشانیوں کو جھٹلائے اور ان سے منہ موڑے! جو لوگ ہماری نشانیوں سے منہ موڑتے

یَصْدِفُوْنَ عَنْ اٰیٰتِنَا سُوْٓءَ الْعَذَابِ بِمَا كَانُوْا یَصْدِفُوْنَ ﴿۱۵۷﴾ هَلْ

منہ موڑا | سے | ہماری آیتوں | برا | عذاب | اس پر جو | وہ تھے | منہ موڑتے | نہیں

ہیں ہم انہیں اس کے بدلے میں بہت برا عذاب دیں گے۔ اے نبی ﷺ! کیا یہ

یَنْظُرُوْنَ اِلَّاۤ اَنْ تَاْتِیَهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ اَوْ یَاْتِیَ رَبُّكَ اَوْ یَاْتِیَ

انتظار کرتے | مگر | یہ کہ | آئیں ان کے پاس | فرشتے | یا | آئے | تیرا رب | یا | آئیں

لوگ اس بات کے منتظر ہیں کہ ان کے پاس فرشتے آئیں یا آپ ﷺ کا رب آئے یا آپ ﷺ کے رب کی کوئی اور

بَعْضُ اٰیٰتِ رَبِّكَ ؕ یَوْمَ یَاْتِیْ بَعْضُ اٰیٰتِ رَبِّكَ لَا یَنْفَعُ

بعض | نشانیاں | تیرے رب کی | جس دن | آئیں گی | بعض | نشانیاں | تیرے رب کی | نہیں | فائدہ دیگا

نشانی ظاہر ہو! حالانکہ جس دن آپ ﷺ کے رب کی قیامت کی نشانی ظاہر ہو گی اس دن کسی شخص کا ایمان لانا

نَفْسًا اِیْمَانُهَا لَمْ تَكُنْ اٰمَنَتْ مِنْ قَبْلُ اَوْ كَسَبَتْ فِیْۤ اِیْمَانِهَا

کسی جان کو | ایمان اس کا | جو نہیں | تھا | ایمان لایا | سے | پہلے | یا | اس نے کمائی | میں | ایمان اپنے

اسے کوئی نفع نہ دے گا جو پہلے ایمان نہ لا چکا ہو، یا اس نے ایمان کے ساتھ کچھ نیکی نہ کی ہو۔

خَیْرًا ؕ قُلِ انْتَظِرُوْۤا اِنَّا مُنْتَظِرُوْنَ ﴿۱۵۸﴾ اِنَّ الَّذِیْنَ فَرَّقُوْا دِیْنَهُمْ

بھلائی | کہہ دیجیے | تم انتظار کرو | بے شک ہم | انتظار کرنیوالے ہیں | بے شک | جن لوگوں نے | جدا کیا | دین اپنا

تم بھی انتظار کرو، ہم بھی انتظار کرتے ہیں" اے نبی ﷺ! جن لوگوں نے اپنے دین میں تفرقہ پیدا کیا

وَكَانُوْا شِیَعًا لَّسْتَ مِنْهُمْ فِیْ شَیْءٍ ؕ اِنَّمَاۤ اَمْرُهُمْ اِلَى اللّٰهِ ثُمَّ

اور وہ ہو گئے | گروہ | تو نہیں ہے | ان میں سے | میں | کچھ | بے شک | معاملہ ان کا | طرف | اللہ کی | پھر

اور کئی فرقے بن گئے۔ آپ ﷺ کا اُن سے کوئی تعلق نہیں۔ اُن کا معاملہ اللہ کے حوالے ہے۔

یُنَبِّئُهُمْ بِمَا كَانُوْا یَفْعَلُوْنَ ﴿۱۵۹﴾ مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ عَشْرُ

وہ بتائے گا ان کو | جو | وہ تھے | کرتے | جو | لایا | نیکی | تو اس کیلئے ہے | دس

وہی انہیں بتائے گا جو وہ کرتے تھے۔ جو شخص ایک نیکی لائے گا اُسے دس نیکیوں کا ثواب

اَمْثَالِهَا ۚ وَمَنْ جَآءَ بِالسَّيِّئَةِ فَلَا يُجْزٰٓى اِلَّا مِثْلَهَا وَهُمْ

برابر اس کے | اور جو | لایا | برائی | تو نہیں | اسے بدلہ دیا جائیگا | مگر | اس جیسا | اور ان پر

ملے گا اور جو برائی لے کر آئے گا اُسے اس برائی کے برابر بدلہ ملے گا اور ان سے کوئی نا انصافی

لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿١٦٠﴾ قُلْ اِنَّنِيْ هَدٰىنِيْ رَبِّيْٓ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۚ دِيْنًا

نہیں ظلم ہوگا | کہہ دیجئے | بے شک میں | مجھے ہدایت دی | میرے رب نے | طرف | راستے | سیدھے کی | دین

نہیں کی جائے گی۔ اے نبی ﷺ آپ ﷺ کہیں ”میرے رب نے مجھے سیدھا راستہ بتا دیا۔ وہی صحیح

قِيَمًا مِّلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا ۚ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿١٦١﴾ قُلْ اِنَّ

سیدھا | دین | ابراہیم | موحد کا | اور نہ | وہ تھا | سے | مشرکوں | کہہ دیجئے | بے شک

دین جو ابراہیم علیہ السلام کا دین تھا۔ جو یکسو تھے اور مشرکین میں سے نہ تھے۔ اے نبی ﷺ! آپ ﷺ کہیں ”بے شک

صَلَاتِيْ وَنُسُكِيْ وَمَحْيَايَ وَمَمَاتِيْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿١٦٢﴾ لا

میری نماز | اور میری قربانی | اور جینا میرا | اور مرنا میرا | اللہ کے لئے ہے | رب | تمام جہانوں کا

میری نماز ، میری قربانی ، میرا جینا ، میرا مرنا اللہ رب العالمین کے لئے ہے جس کا کوئی شریک

لَا شَرِيْكَ لَهٗ ۚ وَبِذٰلِكَ اُمِرْتُ وَاَنَا اَوَّلُ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿١٦٣﴾ قُلْ اَغَيْرَ اللّٰهِ

نہیں شریک | اس کا | اور اسی کا | مجھے حکم دیا گیا | اور میں ہوں | پہلا | مسلمانوں میں سے | کہہ دیجئے | کیا سوائے | اللہ کے

نہیں۔ مجھے اسی بات کا حکم ملا ہے اور میں سب سے پہلے فرماں بردار ہوں۔ اے نبی ﷺ! آپ ﷺ ان لوگوں سے کہیں ”کیا میں

اَبْغِيْ رَبًّا وَّهُوَ رَبُّ كُلِّ شَيْءٍ ۭ وَلَا تَكْسِبُ كُلُّ نَفْسٍ اِلَّا

میں چاہوں | رب | جبکہ وہ ہے | رب | ہر | چیز کا | اور نہیں | کماتی | کوئی | جان | مگر

اللہ کو چھوڑ کر کوئی اور رب تلاش کروں؟ حالانکہ وہی سب کا رب ہے“ اور دیکھو! جو شخص

عَلَيْهَا ۚ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى ۚ ثُمَّ اِلٰى رَبِّكُمْ

اس پر ہے | اور نہیں | بوجھ اٹھاتا | کوئی بوجھ اٹھانے والا | بوجھ | دوسرے کا | پھر | طرف | رب تمہارے

برائی کرتا ہے اس کا وبال اسی پر پڑے گا۔ کوئی کسی کے گناہوں کا بوجھ نہیں اٹھائے گا۔ تم سب کو اپنے رب کی طرف

مَّرْجِعُكُمْ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ﴿١٦٤﴾ وَهُوَ الَّذِيْ

لوٹنا تمہارا | پھر وہ تمہیں بتائے گا | جو | تم تھے | اس میں | تم اختلاف کرتے | اور وہی | جس نے

پلٹنا ہے۔ پھر تمہیں وہ بات بتائے گا جس میں تم اختلاف کرتے تھے۔ اور وہی

جَعَلَكُمْ خَلٰٓئِفَ الْاَرْضِ وَرَفَعَ بَعْضَكُمْ فَوْقَ بَعْضٍ دَرَجٰتٍ

تمہیں بنایا | جانشین | زمین کا | اور بلند کیے | تم میں سے بعض کے | پر | بعض | درجے

اللہ ہے جس نے تمہیں زمین میں ایک دوسرے کا جانشین بنایا۔ تم میں سے بعض کو بعض پر فوقیت دی

لِّيَبْلُوَكُمْ فِيْ مَآ اٰتٰىكُمْ ؕ اِنَّ رَبَّكَ سَرِيْعُ الْعِقَابِ ۖ وَاِنَّهٗ

تاکہ وہ آزمائے تمہیں | اس میں جو | اس نے دیا تمہیں | بے شک | تیرا رب | جلد | عذاب دینے والا ہے | اور بے شک وہ

تاکہ جو کچھ اس نے تمہیں دے رکھا ہے اس میں وہ تمہیں آزمائے۔ بے شک تمہارا رب جلد سزا دینے والا ہے اور بے شک وہ

لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿165﴾

ضرور بخشنے والا | مہربان ہے

بخشنے والا مہربان بھی ہے۔

20 ع 11 7 النصف

(7) سُوْرَةُ الْاَعْرَافِ مَكِّيَّةٌ (39)

اٰياتها 206 | رکوعاتها 24

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

الٓمّٓصٓ ﴿1﴾ كِتٰبٌ اُنْزِلَ اِلَيْكَ فَلَا يَكُنْ فِيْ صَدْرِكَ حَرَجٌ مِّنْهُ

الٓمّٓصٓ | یہ کتاب ہے | نازل کی گئی | تیری طرف | پس نہ | ہو | میں | تیرے سینے | تنگی | اس سے

الٓمّٓصٓ۔ اے نبی ﷺ! یہ کتاب آپ ﷺ کی طرف نازل کی گئی ہے اس لئے نہیں کہ اس کی وجہ سے آپ کا دل تنگ

لِتُنْذِرَ بِهٖ وَذِكْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿2﴾ اِتَّبِعُوْا مَآ اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ مِّنْ

تاکہ تو ڈرائے | اس کے ذریعے | اور یاد دہانی | ایمان والوں کے لئے | پیروی کرو | جو | نازل کیا گیا | تمہاری طرف | سے

ہو بلکہ آپ اس کے ذریعے سے لوگوں کو خبردار کر دیں۔ اور یہ اہل ایمان کے لئے یاد دہانی ہے۔ لوگو! جو کچھ تمہارے رب کی جانب

رَّبِّكُمْ وَلَا تَتَّبِعُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَآءَ ؕ قَلِيْلًا مَّا تَذَكَّرُوْنَ ﴿3﴾ وَكَمْ

تمہارے رب | اور نہ | پیروی کرو | سے | سوائے اسکے | دوستوں کی | تھوڑا ہے | جو | تم سمجھتے ہو | اور کتنی

سے تمہاری طرف نازل ہوا اس کی پیروی کرو۔ اللہ کے مقابلے میں اپنے بنائے ہوئے کارسازوں کی پیروی نہ کرو۔ مگر افسوس! تم

مِّنْ قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَا فَجَآءَهَا بَاْسُنَا بَيَاتًا اَوْ هُمْ قَآئِلُوْنَ ﴿4﴾ فَمَا

ہی | بستیاں | ہم نے ہلاک کیا انکو | پھر آیا انکے پاس | عذاب ہمارا | رات کو سوتے | یا | وہ | دوپہر کو آرام کرتے | پھر

بہت کم نصیحت مانتے ہو۔ دیکھو! کتنی بستیاں تھیں جنہیں ہم نے تباہ کیا۔ ان پر ہمارا عذاب رات کے وقت آیا، یا دوپہر کے وقت

كَانَ دَعْوٰىهُمْ اِذْ جَآءَهُمْ بَاْسُنَآ اِلَّآ اَنْ قَالُوْٓا اِنَّا كُنَّا

نہ تھا | پکارنا ان کا | جب | آیا ان کے پاس | عذاب ہمارا | مگر | یہ کہ | انہوں نے کہا | بیشک ہم | تھے

جب وہ آرام کر رہے تھے۔ پھر جب ان پر ہمارا عذاب آیا تو اس کے سوا کچھ نہ کہہ سکے ”واقعی ہم

ظٰلِمِيْنَ ۝٥ فَلَنَسْـَٔلَنَّ الَّذِيْنَ اُرْسِلَ اِلَيْهِمْ وَلَنَسْـَٔلَنَّ الْمُرْسَلِيْنَ ۝٦

ظالم | پس ضرور ہم پوچھیں گے | ان سے جو | پیغمبر بھیجے گئے | ان کی طرف | اور ضرور ہم پوچھیں گے | پیغمبروں سے

ظالم تھے“ یاد رکھو! قیامت کے دن ہمیں ان سب لوگوں سے ضرور پوچھنا ہے جن کی طرف پیغمبر بھیجے گئے اور خود پیغمبروں سے بھی

فَلَنَقُصَّنَّ عَلَيْهِمْ بِعِلْمٍ وَّمَا كُنَّا غَآئِبِيْنَ ۝٧ وَالْوَزْنُ يَوْمَئِذِنِ

پھر ہم ضرور بیان کریں گے | ان پر | علم سے | اور نہیں | ہم تھے | غائب | اور تولنا | اس دن

پوچھنا ہے۔ پھر ہم اپنے علم سے سب کچھ بیان کریں گے کیونکہ ہم ان کے اعمال سے بے خبر نہ تھے اور اس روز اعمال ضرور تولے

الْحَقُّ ج فَمَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِيْنُهٗ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝٨ وَمَنْ خَفَّتْ

برحق ہے | پھر جو | بھاری ہوئے | تول اس کے | تو وہ | وہی | فلاح پائیں گے | اور جو | کم ہوئے

جائیں گے۔ پھر جن کی نیکیوں کے پلڑے بھاری ہوں گے وہ فلاح پائیں گے۔ اور جن کے پلڑے ہلکے

مَوَازِيْنُهٗ فَاُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ بِمَا كَانُوْا بِاٰيٰتِنَا

تول اس کے | تو وہی لوگ ہیں | جنہوں نے | گھاٹے میں ڈالا | اپنے آپ کو | اس وجہ سے جو | وہ تھے | ہماری نشانیوں پر

ہوں گے۔ وہ ایسے ہوں گے جنہوں نے اپنے آپ کو گھاٹے میں ڈالا کیونکہ وہ ہماری آیتوں کی

يَظْلِمُوْنَ ۝٩ وَلَقَدْ مَكَّنّٰكُمْ فِي الْاَرْضِ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيْهَا مَعَايِشَ ط

ظلم کرتے | اور بے شک | ہم نے تمہیں ٹھکانا دیا | زمین میں | اور ہم نے بنائے | تمہارے لئے | اس میں | سامان حیات

نافرمانی کرتے تھے۔ اور اے لوگو! ہم نے تمہیں زمین میں جگہ دی اور اس میں تمہارے لئے زندگی کا سامان فراہم کیا

قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ۝١٠ ع وَلَقَدْ خَلَقْنٰكُمْ ثُمَّ صَوَّرْنٰكُمْ ثُمَّ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ

ع 1 / 10 / 8

تھوڑا ہے | جو | تم شکر کرتے ہو | اور بے شک | ہم نے پیدا کیا تم کو | پھر | ہم نے شکل بنائی تمہاری | پھر | ہم نے کہا | فرشتوں کو

مگر تم بہت کم شکر کرتے ہو۔ اور دیکھو! ہم نے تمہیں پیدا کیا۔ تمہیں شکل و صورت بنائی۔ ہم نے فرشتوں کو حکم دیا

اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ ق فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ ط لَمْ يَكُنْ مِّنَ السّٰجِدِيْنَ ۝١١

سجدہ کرو | آدم کو | پھر انہوں نے سجدہ کیا | سوائے | ابلیس کے | نہیں | وہ تھا | سے | سجدہ کرنے والوں

آدم علیہ السلام کے آگے جھکو! وہ سب جھک گئے مگر ابلیس جھکنے والوں میں شامل نہ ہوا۔

قَالَ مَا مَنَعَكَ اَلَّا تَسْجُدَ اِذْ اَمَرْتُكَ ؕ قَالَ اَنَا خَيْرٌ مِّنْهُ ۚ

فرمایا | کس نے | منع کیا تجھے | کہ نہ | تو سجدہ کرے | جب | میں نے حکم دیا تجھے | کہا | میں | بہتر ہوں | اس سے

اللہ نے اس سے پوچھا ''جب میں نے تجھے حکم دیا تو تجھے کس چیز نے آدم کے آگے جھکنے سے روکا؟'' وہ بولا ''میں اس سے بہتر

خَلَقْتَنِيْ مِنْ نَّارٍ وَّخَلَقْتَهٗ مِنْ طِيْنٍ ﴿12﴾ قَالَ فَاهْبِطْ مِنْهَا فَمَا

تو نے پیدا کیا مجھے | سے | آگ | اور تو نے پیدا کیا اس کو | سے | مٹی | فرمایا | پس تو اتر جا | اس میں سے | پس نہیں

ہوں۔ مجھے تُو نے آگ سے پیدا کیا اور اسے مٹی سے۔ اللہ نے فرمایا ''تو یہاں سے چلا جا،

يَكُوْنُ لَكَ اَنْ تَتَكَبَّرَ فِيْهَا فَاخْرُجْ اِنَّكَ مِنَ الصّٰغِرِيْنَ ﴿13﴾ قَالَ

ہے | تیرے لئے | کہ | تو تکبر کرے | اس میں | پس نکل جا | بے شک تو ہے | سے | ذلیلوں | کہا

تجھے حق نہیں کہ یہاں تکبر کرے۔ نکل جا تو ذلیل ہے۔ ابلیس بولا ''مجھے

اَنْظِرْنِيْٓ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ﴿14﴾ قَالَ اِنَّكَ مِنَ الْمُنْظَرِيْنَ ﴿15﴾ قَالَ

مجھے مہلت دے | تک | اس دن | وہ اٹھائے جائیں گے | فرمایا | بے شک تو ہے | سے | ڈھیل دیا گیا | کہا

اس دن تک کے لئے مہلت دی جائے جب سارے لوگ دوبارہ اٹھائے جائیں گے'' فرمایا ''تجھے مہلت ہے'' وہ بولا ''چونکہ تو نے

فَبِمَآ اَغْوَيْتَنِيْ لَاَقْعُدَنَّ لَهُمْ صِرَاطَكَ الْمُسْتَقِيْمَ ﴿16﴾ ثُمَّ

پس قسم ہے جو | تو نے بہکایا مجھے | ضرور میں بیٹھوں گا | ان کے لئے | تیرے راستے | سیدھے پر | پھر

مجھے گمراہ کیا اب میں بھی تیرے بندوں کی گھات میں بیٹھوں گا، پھر میں ان کے

لَاٰتِيَنَّهُمْ مِّنْ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ وَمِنْ خَلْفِهِمْ وَعَنْ اَيْمَانِهِمْ

ضرور میں آؤں گا | سے | ان کے | آگے سے | اور سے | ان کے پیچھے | اور سے | دائیں ان کے

آگے پیچھے اور اُن کے دائیں بائیں سے انہیں

وَعَنْ شَمَآئِلِهِمْ ؕ وَلَا تَجِدُ اَكْثَرَهُمْ شٰكِرِيْنَ ﴿17﴾ قَالَ اخْرُجْ مِنْهَا

اور سے | ان کے بائیں سے | اور نہیں | تو پائے گا | اکثر ان کے | شکر کرنے والے | فرمایا | تو نکل | اس سے

گھیروں گا۔ اُن میں سے اکثر کو تو اپنا شکر گزار نہ پائے گا''۔ فرمایا ''نکل یہاں سے، تو ذلیل ہے

مَذْءُوْمًا مَّدْحُوْرًا ؕ لَمَنْ تَبِعَكَ مِنْهُمْ لَاَمْلَئَنَّ جَهَنَّمَ مِنْكُمْ

بدحال | راندہ ہوا | ضرور جو | تیری پیروی کرے گا | ان میں سے | ضرور میں بھر دوں گا | دوزخ کو | تم

ٹھکرایا ہوا'' جو لوگ تیرے پیچھے چلیں گے، میں تم سب سے جہنم کو بھر دوں

أَجْمَعِينَ ﴿١٨﴾ وَيَا آدَمُ اسْكُنْ أَنْتَ وَزَوْجُكَ الْجَنَّةَ فَكُلَا مِنْ حَيْثُ

سب سے | اور اے آدم | رہ | تو | اور تیری بیوی | جنت میں | پھر کھاؤ | سے | جہاں

گا۔ اور اے آدم علیہ السلام تم اور تمہاری بیوی جنت میں رہو اور کھاؤ پیو جہاں سے

شِئْتُمَا وَلَا تَقْرَبَا هَٰذِهِ الشَّجَرَةَ فَتَكُونَا مِنَ الظَّالِمِينَ ﴿١٩﴾ فَوَسْوَسَ

تم چاہو | اور نہ | قریب جاؤ | اس | درخت کے | پھر تم ہو گے | سے | ظالموں | پھر وسوسہ ڈالا

چاہو مگر اس درخت کے قریب نہ جانا ورنہ نقصان اٹھاؤ گے۔ مگر شیطان نے دونوں کو

لَهُمَا الشَّيْطَانُ لِيُبْدِيَ لَهُمَا مَا وُورِيَ عَنْهُمَا مِنْ سَوْآتِهِمَا وَقَالَ

دونوں کو | شیطان نے | تاکہ ظاہر کرے | ان کے لئے | جو چھپایا گیا | ان سے | سے | ان کی شرم گاہوں | اور کہا

بہکایا تا کہ ان کے ستر کھول دے جو اب تک ان کی نظروں سے پوشیدہ تھے۔ اس نے ان سے کہا

مَا نَهَاكُمَا رَبُّكُمَا عَنْ هَٰذِهِ الشَّجَرَةِ إِلَّا أَنْ تَكُونَا مَلَكَيْنِ أَوْ

نہ | منع کیا تم کو | تمہارے رب نے | سے | اس | درخت | مگر | یہ کہ | تم ہو جاؤ | فرشتے | یا

تمہارے رب نے تمہیں اس درخت سے اس لئے روکا ہے کہیں تم دونوں فرشتے نہ بن جاؤ یا

تَكُونَا مِنَ الْخَالِدِينَ ﴿٢٠﴾ وَقَاسَمَهُمَا إِنِّي لَكُمَا لَمِنَ النَّاصِحِينَ ﴿٢١﴾

ہو جاؤ | سے | ہمیشہ رہنے والوں | اور اس نے ان سے قسم کھائی | بیشک میں ہوں | تمہارے لیے | ضرور سے | خیر خواہوں

تمہیں ہمیشہ کی زندگی نہ مل جائے۔ اس نے قسم کھا کر کہا'' میں تم دونوں کا خیر خواہ ہوں''۔

فَدَلَّاهُمَا بِغُرُورٍ ۚ فَلَمَّا ذَاقَا الشَّجَرَةَ بَدَتْ لَهُمَا سَوْآتُهُمَا وَطَفِقَا

پھر کھینچ لیا ان کو | دھوکے سے | پھر جب | انہوں نے چکھا | درخت | ظاہر ہو گئیں | ان کی | شرم گاہیں | اور وہ لگے

اس طرح اس نے دھوکے سے ان دونوں کو مائل کر لیا۔ پھر جب دونوں نے درخت کا پھل چکھا تو ان کے ستر کھل گئے۔ وہ شرم سے

يَخْصِفَانِ عَلَيْهِمَا مِنْ وَرَقِ الْجَنَّةِ ۖ وَنَادَاهُمَا رَبُّهُمَا أَلَمْ أَنْهَكُمَا

ڈھانکنے | اپنے اوپر | سے | پتوں | جنت کے | اور پکارا ان کو | ان کے رب نے | کیا نہیں | روکا تمہیں

اپنے جسموں کو باغ کے پتوں سے ڈھانکنے لگے۔ ان کے رب نے انہیں پکارا ''کیا میں نے تمہیں اس درخت

عَنْ تِلْكُمَا الشَّجَرَةِ وَأَقُلْ لَكُمَا إِنَّ الشَّيْطَانَ لَكُمَا عَدُوٌّ

سے | اس | درخت | اور کہا | تم کو | کہ | شیطان ہے | تمہارا | دشمن

سے منع نہیں کیا تھا اور یہ نہیں کہا تھا کہ شیطان تمہارا کھلا دشمن

مُّبِيْنٌ ﴿22﴾ قَالَا رَبَّنَا ظَلَمْنَآ اَنْفُسَنَا ۫ وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا

کھلا | وہ بولے | ہمارے رب | ہم نے ظلم کیا | اپنی جانوں پر | اور اگر | نہ | تو نے بخشا | ہم کو | اور رحم کیا ہم پر

ہے؟ انہوں نے عرض کیا ”اے ہمارے رب! ہم نے اپنی جانوں پر ظلم کیا۔ اگر تو نے ہمیں معاف نہ کیا اور ہم پر رحم نہ کیا

لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿23﴾ قَالَ اهْبِطُوْا بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ ۚ وَلَكُمْ

ضرور ہم ہوں گے | سے | نقصان اٹھانے والوں | فرمایا | اترو | تم میں سے بعض | بعض کے | دشمن ہیں | اور تمہارے لئے

تو ہم برباد ہو جائیں گے“۔ فرمایا ”یہاں سے چلے جاؤ۔ تم ایک دوسرے کے دشمن ہو۔ تمہارے لئے زمین

فِي الْاَرْضِ مُسْتَقَرٌّ وَّمَتَاعٌ اِلٰى حِيْنٍ ﴿24﴾ قَالَ فِيْهَا تَحْيَوْنَ وَفِيْهَا

میں | زمین | ٹھکانا ہے | اور فائدہ اٹھانا | تک | مدت | فرمایا | اسی میں | تم زندہ رہو گے | اور اسی میں

میں ایک خاص مدت تک ٹھہرنا اور فائدہ اٹھانا ہے“۔ یہ بھی فرمایا اسی میں تم جیو گے، اسی میں تم

تَمُوْتُوْنَ وَمِنْهَا تُخْرَجُوْنَ ﴿25﴾ ع يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ قَدْ اَنْزَلْنَا عَلَيْكُمْ لِبَاسًا

ع 2 15 9

تم مرو گے | اور اسی سے | تم نکالے جاؤ گے | اے بنی آدم | بے شک | ہم نے اتارا | تم پر | لباس

مرو گے اور اسی میں سے تم نکالے جاؤ گے۔ اے بنی آدم علیہ السلام! ہم نے ایسا لباس پیدا کیا جو تمہارے جسم کی

يُّوَارِيْ سَوْاٰتِكُمْ وَرِيْشًا ؕ وَلِبَاسُ التَّقْوٰى ۙ ذٰلِكَ خَيْرٌ ؕ ذٰلِكَ مِنْ

ڈھانپتا ہے | شرم گاہ تمہاری | اور خوبصورتی ہے | اور لباس | تقویٰ کا | وہ | بہتر ہے | یہ ہے | سے

ستر پوشی کرتا ہے اور زینت بھی ہے۔ لیکن پرہیز گاری کا لباس سب سے بہتر ہے اور یہ لباس کا ہونا اللہ کی

اٰيٰتِ اللّٰهِ لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُوْنَ ﴿26﴾ يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ لَا يَفْتِنَنَّكُمُ الشَّيْطٰنُ

آیتیں | اللہ کی | تاکہ وہ | سمجھیں | اے بنی آدم | نہ | بہکائے تمہیں | شیطان

قدرت کی نشانیوں میں سے ہے تاکہ لوگ غور کریں۔ اے بنی آدم علیہ السلام! دیکھنا شیطان تمہیں بہکانے

كَمَآ اَخْرَجَ اَبَوَيْكُمْ مِّنَ الْجَنَّةِ يَنْزِعُ عَنْهُمَا لِبَاسَهُمَا لِيُرِيَهُمَا

جیسے | اس نے نکالا | تمہارے والدین کو | سے | جنت | اتارا تھا | ان سے | لباس ان کا | تاکہ وہ دکھائے ان کو

نہ پائے، جس طرح اس نے تمہارے ماں باپ کو بہکا کر جنت سے نکلوا دیا تھا۔ اس نے ان کے

سَوْاٰتِهِمَا ؕ اِنَّهٗ يَرٰىكُمْ هُوَ وَقَبِيْلُهٗ مِنْ حَيْثُ لَا تَرَوْنَهُمْ ؕ اِنَّا

شرم گاہیں ان کی | بے شک | دیکھتا ہے تم کو | وہ | اور قبیلہ اس کا | سے | جہاں | نہیں | تم دیکھتے | بے شک

لباس بھی اُتروا دیئے جس سے ان کے ستر انہیں دکھائی دینے لگے۔ شیطان اور اس کے ساتھی تمہیں وہاں سے دیکھتے ہیں جہاں

جَعَلْنَا الشَّيٰطِيْنَ اَوْلِيَآءَ لِلَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿27﴾ وَاِذَا فَعَلُوْا فَاحِشَةً

ہم نے بنایا | شیطانوں کو | دوست | ان کا جو | نہیں | ایمان لاتے | اور جب | وہ کرتے ہیں | بے حیائی

سے تم انہیں نہیں دیکھتے۔ ہم نے شیطانوں کو ان لوگوں کا دوست بنا دیا جو ایمان نہیں لاتے۔ مشرکوں کو دیکھو جب کوئی برا

قَالُوْا وَجَدْنَا عَلَيْهَآ اٰبَآءَنَا وَاللّٰهُ اَمَرَنَا بِهَا ؕ قُلْ اِنَّ اللّٰهَ

کہتے ہیں | ہم نے پایا | اس پر | اپنے باپ دادا کو | اور اللہ نے | ہمیں حکم دیا | اس کا | کہہ دیجئے | بے شک | اللہ

کام کرتے ہیں تو کہتے ہیں ''ہم نے اپنے باپ دادا کو یہی کچھ کرتے دیکھا اور اللہ نے ہمیں اسی کا حکم دیا ہے'' اے نبی ﷺ! آپ

لَا يَاْمُرُ بِالْفَحْشَآءِ ؕ اَتَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿28﴾ قُلْ اَمَرَ

نہیں حکم دیتا | بے حیائی کا | کیا تم کہتے ہو | پر | اللہ | جو | نہیں | تم جانتے | کہہ دیجئے | حکم دیا

ﷺ ان سے کہیں ''اللہ کبھی برے کام کا حکم نہیں دیتا۔ کیا تم لوگ اللہ کے بارے میں وہ بات کہتے ہو جس کا تمہیں علم نہیں؟'' اے نبی

رَبِّيْ بِالْقِسْطِ ۗ وَاَقِيْمُوْا وُجُوْهَكُمْ عِنْدَ كُلِّ مَسْجِدٍ وَّادْعُوْهُ

میرے رب نے | انصاف کا | اور قائم رکھو | منہ اپنے | نزدیک | ہر | نماز کے | اور پکارو اسے

ﷺ آپ ﷺ کہیں ''میرے رب نے ہر بات میں صحیح راہ اپنانے کا حکم دیا ہے اور یہ کہ ہر نماز کے وقت اپنا رُخ

مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ۬ كَمَا بَدَاَكُمْ تَعُوْدُوْنَ ؕ ﴿29﴾ فَرِيْقًا هَدٰى وَفَرِيْقًا

خالص کر کے | اس کیلئے | عبادت | جیسے | پہلے پیدا کیا تمہیں | دوبارہ پیدا کیا جائیگا | ایک فریق نے | ہدایت پائی | اور ایک فریق

سیدھا رکھو۔ اور اسی کی اطاعت کرتے ہوئے اسے پکارو۔ اس نے جس طرح تمہیں پہلی بار پیدا کیا اسی طرح تمہیں دوسری بار بھی

حَقَّ عَلَيْهِمُ الضَّلٰلَةُ ؕ اِنَّهُمُ اتَّخَذُوا الشَّيٰطِيْنَ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِ

ثابت ہوئی | ان پر | گمراہی | بے شک انہوں نے | بنایا | شیطانوں کو | دوست | سے | سوائے

پیدا کیا جائے گا۔ انسانوں کے ایک گروہ کو اللہ نے ہدایت کی توفیق دی۔ دوسرے گروہ پر گمراہی ثابت ہو چکی جس نے اللہ کو چھوڑ کر

اللّٰهِ وَيَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ﴿30﴾ يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ خُذُوْا زِيْنَتَكُمْ

اللہ کے | اور وہ گمان کرتے ہیں | کہ وہ | ہدایت یافتہ ہیں | اے بنی | آدم | تم لو | زینت اپنی

شیطانوں کو اپنا دوست بنایا اور جو اس غلط فہمی میں مبتلا رہے کہ وہ ہدایت پر ہیں۔ اے اولادِ آدم علیہ السلام! ہر نماز کے وقت اپنا

عِنْدَ كُلِّ مَسْجِدٍ وَّكُلُوْا وَاشْرَبُوْا وَلَا تُسْرِفُوْا ۚ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ

نزدیک | ہر | نماز کے | اور تم کھاؤ | اور تم پیو | اور نہ | تم فضول خرچی کرو | بے شک وہ | نہیں | پسند کرتا

لباس پہنو۔ کھاؤ اور پیو مگر حد سے نہ بڑھو کیونکہ اللہ حد سے

ع 3 6 10

الْمُسْرِفِينَ ﴿٣١﴾ قُلْ مَنْ حَرَّمَ زِينَةَ اللَّهِ الَّتِي أَخْرَجَ لِعِبَادِهِ

فضول خرچوں کو | کہہ دیجئے | کس نے | حرام کی | زینت | اللہ کی | جو | اس نے نکالی | اپنے بندوں کیلئے

بڑھنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔ اے نبی ﷺ! آپ ﷺ ان لوگوں سے پوچھیں ''اللہ نے جو زینت کا سامان اور کھانے پینے کی

وَالطَّيِّبَاتِ مِنَ الرِّزْقِ ۚ قُلْ هِيَ لِلَّذِينَ آمَنُوا فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا

اور پاکیزہ چیزیں | سے | رزق | کہہ دیجئے | وہ ہیں | ان کے لئے جو | ایمان لائے | میں | زندگی | دنیا کی

پاک چیزیں اپنے بندوں کے لئے پیدا کی ہیں انہیں کس نے حرام کیا ہے؟'' اے نبی ﷺ آپ ﷺ خود بتادیں ''یہ سب نعمتیں

خَالِصَةً يَوْمَ الْقِيَامَةِ ۗ كَذَٰلِكَ نُفَصِّلُ الْآيَاتِ لِقَوْمٍ يَعْلَمُونَ ﴿٣٢﴾ قُلْ

مخصوص ہیں | دن | قیامت کے | اسی طرح | ہم بیان کرتے ہیں | آیتیں | لوگوں کے لئے | جو جانتے ہیں | کہہ دیجئے

ایمان والوں کے لئے اس دنیا میں بھی ہیں اور آخرت میں تو خاص اُنہی کے لئے ہوں گی'' دیکھو! اس طرح ہم اپنی آیتیں کھول کر

إِنَّمَا حَرَّمَ رَبِّيَ الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ وَالْإِثْمَ

بے شک | حرام کیں | میرے رب نے | بے حیائیاں | جو | ظاہر ہیں | ان میں سے | اور جو | پوشیدہ ہیں | اور گناہ

بیان کرتے ہیں ان لوگوں کے لئے جو جاننا چاہتے ہیں۔ اے نبی ﷺ! آپ ﷺ ان لوگوں سے کہہ دیں ''میرے رب نے حرام

وَالْبَغْيَ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَأَنْ تُشْرِكُوا بِاللَّهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهِ سُلْطَانًا

اور سرکشی | نا | حق | اور یہ کہ | تم شریک بناؤ | اللہ کے | جو | نہیں | اتاری | اس کی | دلیل

قرار دیا ہے فحش باتوں کو خواہ وہ کھلی ہوں یا پوشیدہ، اور گناہ کو، ناحق زیادتی کرنے کو اور اس بات کو کہ تم اللہ کے ساتھ کسی کو شریک بناؤ

وَأَنْ تَقُولُوا عَلَى اللَّهِ مَا لَا تَعْلَمُونَ ﴿٣٣﴾ وَلِكُلِّ أُمَّةٍ أَجَلٌ ۖ فَإِذَا

اور یہ کہ | تم کہو | پر | اللہ | جو | نہیں | تم جانتے | اور ہر | امت کیلئے ہے | مدت | پھر جب

جس کی کوئی دلیل اللہ نے نہیں اتاری، اور اس چیز کو کہ تم اللہ کے بارے میں ایسی بات کہو جس کا تم علم نہیں رکھتے''۔ ہر قوم کے لئے

جَاءَ أَجَلُهُمْ لَا يَسْتَأْخِرُونَ سَاعَةً ۖ وَلَا يَسْتَقْدِمُونَ ﴿٣٤﴾ يَا بَنِي آدَمَ

آجائے | وقت ان کا | نہیں | وہ پیچھے رہتے | ایک گھڑی | اور نہ | آگے بڑھتے | اے بنی | آدم

مہلت ہے۔ جب وہ مہلت پوری ہو جاتی ہے تو نہ ایک گھڑی پیچھے ہوسکتی ہے، نہ ایک گھڑی آگے ہوسکتی ہے۔ ہم نے کہا تھا اے بنی

إِمَّا يَأْتِيَنَّكُمْ رُسُلٌ مِنْكُمْ يَقُصُّونَ عَلَيْكُمْ آيَاتِي ۙ فَمَنِ اتَّقَىٰ

اگر | آئیں تمہارے پاس | رسول | تم میں سے | بیان کرتے ہوئے | تم پر | میری آیتیں | پھر جو | ڈرا

آدم علیہ السلام! جب کبھی تمہی میں سے پیغمبر تمہارے پاس آئیں جو تمہیں میری آیتیں سنائیں تو جنہوں نے اللہ سے ڈر کر

وَاَصْلَحَ فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿35﴾ وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا

اور سنوارا | تو نہیں | خوف | ان پر | اور نہ | وہ | غمگین ہوں گے | اور جنہوں نے | جھٹلایا

اپنی اصلاح کر لی ان کے لئے نہ کوئی خوف ہو گا اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔ لیکن جو لوگ ہماری آیتوں کو

بِاٰيٰتِنَا وَاسْتَكْبَرُوْا عَنْهَآ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ج هُمْ فِيْهَا

ہماری آیتوں کو | اور تکبر کیا | ان سے | وہی ہیں | والے | دوزخ | وہ | اس میں

جھٹلائیں اور ان سے سرکشی اختیار کریں وہ دوزخی ہیں اور ہمیشہ دوزخ میں

خٰلِدُوْنَ ﴿36﴾ فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ كَذَّبَ

ہمیشہ رہنے والے | پھر کون | بڑا ظالم | اس سے جو | گھڑے | پر | اللہ | جھوٹ | یا | وہ جھٹلائے

رہیں گے۔ اور اس سے زیادہ ظالم اور کون ہو گا جو اللہ پر بہتان باندھے یا اس کی نشانیوں کو جھٹلائے؟

بِاٰيٰتِهٖ ط اُولٰٓئِكَ يَنَالُهُمْ نَصِيْبُهُمْ مِّنَ الْكِتٰبِ ط حَتّٰٓى اِذَا جَآءَتْهُمْ

اس کی آیتوں کو | یہ لوگ | ملے گا ان کو | حصہ ان کا | لکھے میں سے | یہاں تک کہ | جب | آئیں گے انکے پاس

ایسے لوگ اپنے کیے کی سزا پائیں گے۔ جب ہمارے بھیجے ہوئے فرشتے ان کی جان لینے

رُسُلُنَا يَتَوَفَّوْنَهُمْ لا قَالُوْٓا اَيْنَ مَا كُنْتُمْ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ

ہمارے بھیجے ہوئے | قبض کریں گے جان انکی | کہیں گے | کہاں ہیں | جن کو | تم تھے | پکارتے تم | سے | سوائے

کے لئے ان کے پاس پہنچیں گے اور پوچھیں گے "بتاؤ کہاں ہیں تمہارے معبود جنہیں تم اللہ کے سوا

اللّٰهِ ط قَالُوْا ضَلُّوْا عَنَّا وَشَهِدُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ اَنَّهُمْ كَانُوْا

اللہ کے | وہ کہیں گے | گم ہو گئے | ہم سے | اور گواہی دیں گے | خلاف | اپنے | کہ وہ | تھے

پکارتے تھے"؟ وہ جواب دیں گے "وہ تو ہم سے کھوئے گئے" اور خود اپنے خلاف گواہی دیں گے کہ وہ واقعی

كٰفِرِيْنَ ﴿37﴾ قَالَ ادْخُلُوْا فِيْٓ اُمَمٍ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِكُمْ مِّنَ الْجِنِّ

کافر | فرمائے گا | داخل ہو جاؤ | جماعتوں میں | بے شک | گزر چکیں | سے | تم پہلے | سے | جنوں

کافر تھے۔ اللہ فرمائے گا " داخل ہو جاؤ دوزخ میں ، انسانوں اور جنوں کی ان امتوں کے ساتھ جو

وَالْاِنْسِ فِي النَّارِ ط كُلَّمَا دَخَلَتْ اُمَّةٌ لَّعَنَتْ اُخْتَهَا ط حَتّٰٓى اِذَا

اور انسانوں | میں | آگ | جب | داخل ہوگی | ایک جماعت | لعنت کرے گی | اپنے ساتھی کو | یہاں تک کہ | جب

پہلے ہو گزری ہیں" جب بھی کوئی گروہ دوزخ میں داخل ہو گا تو وہ اپنے ساتھی گروہ پر لعنت کرے گا۔ یہاں تک

اِدَّارَكُوْا فِيْهَا جَمِيْعًا ۙ قَالَتْ اُخْرٰىهُمْ لِاُوْلٰىهُمْ رَبَّنَا هٰٓؤُلَآءِ اَضَلُّوْنَا

مل جائیں گے | اس میں | سب | کہیں گے | ان کے دوسرے | اپنے پہلوں کو | ہمارے رب | انہوں نے | گمراہ کیا ہم کو

کہ جب وہ اس میں جمع ہو جائیں گے تو ان کے پچھلے ان کے اگلوں کے بارے میں کہیں گے ”اے ہمارے رب! یہی لوگ ہیں

فَاٰتِهِمْ عَذَابًا ضِعْفًا مِّنَ النَّارِ ۬ قَالَ لِكُلٍّ ضِعْفٌ وَّلٰكِنْ

پس تو دے ان کو | عذاب | دگنا | سے | آگ | فرمائے گا | سب کیلئے ہے | دگنا | اور لیکن

جنہوں نے ہمیں گمراہ کیا۔ تو انہیں آگ کا دوہرا عذاب دے“ اللہ فرمائے گا ”تم سب کے لئے دوہرا ہے مگر تم

لَّا تَعْلَمُوْنَ ﴿38﴾ وَقَالَتْ اُوْلٰىهُمْ لِاُخْرٰىهُمْ فَمَا كَانَ لَكُمْ عَلَيْنَا مِنْ

نہیں تم جانتے | اور کہیں گے | ان کے پہلے | اپنے دوسروں کو | پس نہیں | ہے | تم کو | ہم پر | کوئی

نہیں جانتے“ اور ان کے اگلے اپنے پچھلوں سے کہیں گے ”تمہیں ہم پر کوئی فضیلت

فَضْلٍ فَذُوْقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْسِبُوْنَ ﴿39﴾ ع اِنَّ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا

ع 4 8 11

فضیلت | پس تم چکھو | عذاب | اس وجہ سے جو | تم تھے | کماتے | بے شک | جنہوں نے | جھٹلایا

نہیں۔ اس لئے تم بھی ہماری طرح اپنی کمائی کے بدلے میں دُہرے عذاب کا مزا چکھو“ بے شک جن لوگوں نے ہماری

بِاٰيٰتِنَا وَاسْتَكْبَرُوْا عَنْهَا لَا تُفَتَّحُ لَهُمْ اَبْوَابُ السَّمَآءِ

ہماری آیتوں کو | اور تکبر کیا | ان سے | نہیں | کھولے جائینگے | ان کے لئے | دروازے | آسمان کے

نشانیوں کو جھٹلایا اور ان سے تکبر اور سرکشی کا رویہ اختیار کیا اُن کے لئے آسمان کے دروازے نہیں کھولے

وَلَا يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ حَتّٰى يَلِجَ الْجَمَلُ فِيْ سَمِّ الْخِيَاطِ ۭ وَكَذٰلِكَ

اور نہ وہ داخل ہوں گے | جنت میں | یہاں تک کہ | داخل ہو | اونٹ | میں | ناکے | سوئی کے | اور اسی طرح

جائیں گے اور وہ جنت میں داخل نہ ہوں گے جب تک اونٹ سُوئی کے ناکے میں نہ گُھس جائے۔ مجرموں کو

نَجْزِي الْمُجْرِمِيْنَ ﴿40﴾ لَهُمْ مِّنْ جَهَنَّمَ مِهَادٌ وَّمِنْ فَوْقِهِمْ غَوَاشٍ ۭ

ہم بدلہ دیں گے | مجرموں کو | ان کے لئے | سے | جہنم | بچھونا ہے | اور سے | اُن کے اوپر | اوڑھنا

ہم اسی طرح سزا دیتے ہیں۔ ان کے لئے دوزخ کا بچھونا ہو گا۔ ان کے اوپر اسی کا اوڑھنا ہو گا۔

وَكَذٰلِكَ نَجْزِي الظّٰلِمِيْنَ ﴿41﴾ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

اور اسی طرح | ہم سزا دیں گے | ظالموں کو | اور جو لوگ | ایمان لائے | اور کام کئے | نیک

ہم ظالموں کو ایسی ہی سزا دیتے ہیں۔ البتہ جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کئے، ہم

لَا نُكَلِّفُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَآ ۡ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۚ هُمْ فِيْهَا

نہیں ہم تکلیف دیتے | کسی جان کو | مگر | اس کی طاقت کے مطابق | یہی لوگ | والے | جنت | وہ | اس میں

کسی جان پر اس کی طاقت سے زیادہ بوجھ نہیں ڈالتے، یہی لوگ جنت والے ہیں ، وہ اس میں ہمیشہ

خٰلِدُوْنَ ﴿42﴾ وَنَزَعْنَا مَا فِيْ صُدُوْرِهِمْ مِّنْ غِلٍّ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهِمُ

ہمیشہ رہیں گے | اور ہم دور کردیں گے | جو ہے | میں | ان کے سینوں | سے | رنجش | بہتی ہوں گی | سے | نیچے ان کے

رہیں گے۔ ہم ان کے سینے سے پریشانی اور کدورت نکال دیں گے۔ ان کے ہاں نہریں بہہ رہی

الْاَنْهٰرُ ۚ وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ هَدٰىنَا لِهٰذَا ۗ وَمَا كُنَّا لِنَهْتَدِيَ

نہریں | اور وہ کہیں گے | شکر ہے | اللہ کا | جس نے | ہدایت دی ہم کو | اس کی | اور نہیں | ہم تھے | کہ راہ پاتے

ہوں گی۔ وہ کہیں گے ”شکر ہے اللہ کا جس نے ہمیں یہاں تک پہنچایا۔ ہم ہدایت کی راہ پر نہ

لَوْلَآ اَنْ هَدٰىنَا اللّٰهُ ۚ لَقَدْ جَآءَتْ رُسُلُ رَبِّنَا بِالْحَقِّ ۭ

اگر نہ | یہ کہ | ہدایت دیتا ہم کو | اللہ | بے شک | آئے | رسول | ہمارے رب کے | حق کے ساتھ

چلتے اگر اللہ نے ہمیں یہ راہ نہ دکھائی ہوتی۔ واقعی ہمارے رب کے رسول سچی بات لے کر آئے تھے“

وَنُوْدُوْٓا اَنْ تِلْكُمُ الْجَنَّةُ اُوْرِثْتُمُوْهَا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿43﴾

اور ان کو پکارا گیا | کہ | یہ | جنت | تم اسکے وارث ہو | اس وجہ سے جو | تم تھے | کام کرتے

آواز آئے گی ”یہ وہ جنت ہے جس کے تم وارث بنائے گئے ہو ، اپنے اعمال کے صلے میں“

وَنَادٰٓى اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ اَصْحٰبَ النَّارِ اَنْ قَدْ وَجَدْنَا مَا وَعَدَنَا

اور پکارا | جنت والوں نے | دوزخ والوں کو | کہ | بے شک | ہم نے پایا | جو | وعدہ ہوا ہم سے

جنت والے دوزخ والوں کو پکاریں گے ”ہم سے ہمارے رب نے جو وعدہ کیا ہم نے اسے

رَبُّنَا حَقًّا فَهَلْ وَجَدْتُّمْ مَّا وَعَدَ رَبُّكُمْ حَقًّا ۭ قَالُوْا نَعَمْ ۚ

ہمارے رب کا | سچا | تو کیا | تم نے پایا | جو | وعدہ کیا | تمہارے رب نے | سچا | وہ کہیں گے | جی ہاں

سچا پایا، کیا تم نے بھی اپنے رب کے وعدے کو سچا پایا ؟“ وہ جواب دیں گے ”ہاں“

فَاَذَّنَ مُؤَذِّنٌۢ بَيْنَهُمْ اَنْ لَّعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الظّٰلِمِيْنَ ﴿44﴾ ۙ الَّذِيْنَ

پھر پکارے گا | پکارنے والا | درمیان ان کے | کہ | لعنت کی | اللہ نے | پر | ظالموں | جو

پھر ایک پکارنے والا دونوں کے درمیان پکارے گا ”اللہ کی لعنت ہو ظالموں پر

يَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَيَبْغُوْنَهَا عِوَجًا ۚ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ

روکتے ہیں | سے | راستے | اللہ کے | اور چاہتے ہیں اس میں | ٹیڑھ | اور وہ | آخرت کے

جو اللہ کے راستے سے روکتے تھے ، اس میں خرابی ڈھونڈتے تھے اور آخرت کو نہیں

كٰفِرُوْنَ ﴿45﴾ وَبَيْنَهُمَا حِجَابٌ ۚ وَعَلَى الْاَعْرَافِ رِجَالٌ يَّعْرِفُوْنَ

وقف لازم

منکر ہیں | اور درمیان دونوں کے | پردہ ہے | اور پر | اعراف کے | کچھ مرد | پہچانتے ہوں گے

مانتے تھے۔ ان دونوں کے درمیان آڑ ہو گی جس کا نام اَعراف ہے۔ اس پر کچھ لوگ ہوں گے

كُلًّا ۢ بِسِيْمٰهُمْ ۚ وَنَادَوْا اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ اَنْ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ ۣ قف

سب کو | ان کی نشانی سے | اور وہ پکاریں گے | جنت والوں کو | کہ | سلام ہو | تم پر

جو ہر ایک کو اس کی علامت سے پہچانیں گے۔ وہ جنت والوں کو پکار کر کہیں گے "تم پر سلامتی ہو!" لیکن خود

لَمْ يَدْخُلُوْهَا وَهُمْ يَطْمَعُوْنَ ﴿46﴾ وَاِذَا صُرِفَتْ اَبْصَارُهُمْ تِلْقَآءَ اَصْحٰبِ

نہیں وہ داخل ہوئے اس میں | جبکہ وہ | امید رکھیں گے | اور جب | پھریں گی | ان کی نظریں | طرف | والوں

ابھی جنت میں داخل نہیں ہوئے ہوں گے بلکہ اس میں داخل ہونے کے امیدوار ہوں گے۔ جب ان کے نگاہیں دوزخیوں کی طرف

ع 5 8 12

النَّارِ ۙ قَالُوْا رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا مَعَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿47﴾ ع وَنَادٰٓى

دوزخ کی | کہیں گے | ہمارے رب | نہ | کر ہم کو | ساتھ | قوم | ظالم کے | اور پکاریں گے

جا پڑیں گی تو کہیں گے "اے ہمارے رب! ہمیں شامل نہ کرنا اِس ظالم گروہ کے ساتھ!" اَعراف والے

اَصْحٰبُ الْاَعْرَافِ رِجَالًا يَّعْرِفُوْنَهُمْ بِسِيْمٰهُمْ قَالُوْا مَآ اَغْنٰى

اعراف والے | مردوں کو | وہ پہچانتے ہوں گے ان کو | ان کی نشانی سے | کہیں گے | نہ | کام آیا

بعض دوزخیوں کو ان کی علامت سے پہچانتے ہوں گے۔ وہ کہیں گے "نہ تمہارے جتھے کام آئے۔

عَنْكُمْ جَمْعُكُمْ وَمَا كُنْتُمْ تَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿48﴾ اَهٰٓؤُلَآءِ الَّذِيْنَ اَقْسَمْتُمْ

تمہارا | جتھا تمہارا | اور جو | تم تھے | تکبر کرتے | کیا یہ لوگ | جن کے لئے | تم نے قسمیں کھائیں

نہ تمہارا گھمنڈ کام آیا" اور وہ جنتیوں کی طرف اشارہ کر کے دوزخیوں سے پوچھیں گے "کیا یہ وہی لوگ نہیں ہیں جن کے بارے میں تم

لَا يَنَالُهُمُ اللّٰهُ بِرَحْمَةٍ ۭ اُدْخُلُوا الْجَنَّةَ لَا خَوْفٌ عَلَيْكُمْ وَلَآ اَنْتُمْ

نہ پہنچائے گا ان کو | اللہ | رحمت | تم داخل ہو جاؤ | جنت میں | نہیں | خوف | تم پر | اور نہ | تم

قسمیں کھا کر کہتے تھے اللہ ان پر کبھی رحمت نہیں کرے گا۔ دیکھو! انہیں تو حکم مل گیا "جنت میں داخل ہو جاؤ اب تمہارے لئے نہ کوئی

تَحْزَنُوْنَ ﴿49﴾ وَنَادٰۤی اَصْحٰبُ النَّارِ اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ اَنْ اَفِیْضُوْا عَلَیْنَا

تم غمگین ہوگے | اور پکارا | دوزخ والوں نے | جنت والوں کو | کہ | ڈالو | ہم پر

خوف ہے، نہ تم غمگین ہوگے" دوزخی لوگ جنتیوں کو پکاریں گے "ہم پر کچھ پانی ڈال دو اور جو رزق تمہیں اللہ نے دیا ہے اس میں سے

مِنَ الْمَآءِ اَوْ مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ ؕ قَالُوْۤا اِنَّ اللّٰهَ حَرَّمَهُمَا عَلَی

کچھ | پانی | یا | اس میں سے جو | رزق دیا تم کو | اللہ نے | کہیں گے | بے شک | اللہ نے | حرام کیا دونوں کو | پر

کچھ ہماری طرف پھینک دو" ! وہ جواب دیں گے "اللہ نے جنت کا دانہ پانی کافروں کے لئے حرام

الْكٰفِرِیْنَ ۙ﴿50﴾ الَّذِیْنَ اتَّخَذُوْا دِیْنَهُمْ لَهْوًا وَّ لَعِبًا وَّ غَرَّتْهُمُ الْحَیٰوةُ

کافروں | جنہوں نے | بنایا | اپنے دین کو | تماشا | اور کھیل | اور دھوکا دیا ان کو | زندگی نے

کیا ہے۔" وہ فرماتا ہے جنہوں نے اپنے دین کو کھیل تماشا بنایا اور جنہیں دنیا کی زندگی نے دھوکے میں ڈالا

الدُّنْیَا ۚ فَالْیَوْمَ نَنْسٰىهُمْ كَمَا نَسُوْا لِقَآءَ یَوْمِهِمْ هٰذَا ۙ وَمَا كَانُوْا

دنیا کی | پس آج کے دن | ہم بھلا دیں گے ان کو | جیسے | وہ بھولے | ملاقات | اپنے دن | اس کی | اور جو | وہ تھے

آج انہیں ہم اسی طرح نظر انداز کر دیں گے جس طرح انہوں نے آج کے دن کی ملاقات کو بھلا دیا تھا اور ہماری

بِاٰیٰتِنَا یَجْحَدُوْنَ ﴿51﴾ وَلَقَدْ جِئْنٰهُمْ بِكِتٰبٍ فَصَّلْنٰهُ عَلٰی عِلْمٍ

ہماری آیتوں کا | انکار کرتے | اور بے شک | ہم لائے | کتاب | ہم نے کھول کر بیان کیا اسے | پر | علم

نشانیوں کا انکار کرتے تھے۔ اور دیکھو! ہم تو ان لوگوں کے پاس ایسی کتاب لائے جس میں ہم نے اپنے علم سے ہر بات کھول کر

هُدًی وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ یُّؤْمِنُوْنَ ﴿52﴾ هَلْ یَنْظُرُوْنَ اِلَّا تَاْوِیْلَهٗ ؕ

ہدایت | اور رحمت | ان لوگوں کے لئے | جو ایمان لائیں | نہیں | وہ انتظار کرتے | مگر | حقیقت اس کی

بیان کی ہے۔ جو سراپا ہدایت اور رحمت ہے ان لوگوں کے لئے جو ایمان لائیں۔ کیا منکرین اس بات کے منتظر ہیں کہ ان پر

یَوْمَ یَاْتِیْ تَاْوِیْلُهٗ یَقُوْلُ الَّذِیْنَ نَسُوْهُ مِنْ قَبْلُ قَدْ جَآءَتْ

جس دن | آئے گی | حقیقت اس کی | کہیں گے | جنہوں نے | بھلایا اسے | سے | پہلے | بے شک | آئے

اس کتاب کا مضمون ظاہر ہو جائے۔ جس دن اس کا مضمون ظاہر ہوگا تو وہ لوگ جو پہلے اسے بھولے ہوئے تھے بول اٹھیں گے "بے

رُسُلُ رَبِّنَا بِالْحَقِّ ۚ فَهَلْ لَّنَا مِنْ شُفَعَآءَ فَیَشْفَعُوْا لَنَاۤ اَوْ

رسول | ہمارے رب کے | حق کے ساتھ | پھر کیا ہیں | ہمارے لئے | کوئی | سفارشی | پھر وہ سفارش کریں | ہمارے لئے | یا

شک ہمارے رب کے پیغمبر حق لے کر آئے مگر افسوس ہم نے انہیں جھٹلایا کیا اب کوئی سفارشی ہے جو ہماری سفارش کرے، یا ہمیں

نُرَدُّ فَنَعۡمَلَ غَيۡرَ الَّذِىۡ كُنَّا نَعۡمَلُ ؕ قَدۡ خَسِرُوۡۤا اَنۡفُسَهُمۡ

ہم پھیرے جائیں | پھر کام کریں | سوائے | اس کے جو | ہم تھے | ہم کرتے | بے شک | گھاٹے میں ڈالا | اپنی جانوں کو

واپس دنیا میں بھیج دیا جائے تاکہ ہم اس سے مختلف کام کریں جو ہم پہلے کرتے رہے' یقیناً ان لوگوں نے اپنے آپ کو گھاٹے میں ڈالا

وَضَلَّ عَنۡهُمۡ مَّا كَانُوۡا يَفۡتَرُوۡنَ ﴿53﴾ ع اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِىۡ خَلَقَ

ع 6 6 13

اور گم ہو گیا | ان سے | جو | تھے | جھوٹ گھڑتے | بے شک | تمہارا رب | اللہ ہے | جس نے | پیدا کیا

اور ان سے گم ہو گیا وہ سب کچھ جو وہ گھڑتے تھے۔ لوگو! بے شک تمہارا رب اللہ ہے جس نے

السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ فِىۡ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسۡتَوٰى عَلَى الۡعَرۡشِ قف

آسمانوں کو | اور زمین کو | میں | چھ (6) | دنوں | پھر | وہ قائم ہوا | پر | عرش

چھ دنوں میں آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا۔ پھر وہ عرش پر قائم ہوا۔

يُغۡشِى الَّيۡلَ النَّهَارَ يَطۡلُبُهٗ حَثِيۡثًا ۙ وَّالشَّمۡسَ وَالۡقَمَرَ وَالنُّجُوۡمَ

ڈھانپ دیتا ہے | رات کو | دن پر | وہ پیچھا کرتا ہے اس کا | جلدی | اور سورج | اور چاند | اور ستارے

وہ دن کی روشنی کو رات کے پردے سے ڈھانپ دیتا ہے اور پھر دن پیچھے دوڑا چلا آتا ہے رات کے۔ اسی نے سورج،

مُسَخَّرٰتٍۢ بِاَمۡرِهٖ ؕ اَلَا لَهُ الۡخَلۡقُ وَالۡاَمۡرُ ؕ تَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ

تابع ہیں | اس کے حکم کے | یاد رکھو | اسی کیلئے ہے | پیدا کرنا | اور حکم دینا | بابرکت ہے | اللہ جو | رب ہے

چاند اور ستارے پیدا کیے جو اس کے حکم کے تابع ہیں۔ یاد رکھو اللہ کا کام ہے پیدا کرنا اور حکم دینا۔ اللہ بڑی برکت والا ہے اور

الۡعٰلَمِيۡنَ ﴿54﴾ اُدۡعُوۡا رَبَّكُمۡ تَضَرُّعًا وَّخُفۡيَةً ؕ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ

تمام جہانوں کا | تم پکارو | اپنے رب کو | عاجزی سے | اور چپکے چپکے | بے شک وہ | نہیں | پسند کرتا

سارے جہان کا پالنے والا ہے۔ لوگو! اپنے رب کو پکارو، عاجزی کے ساتھ اور چپکے چپکے۔ بے شک وہ ان لوگوں کو پسند نہیں

الۡمُعۡتَدِيۡنَ ﴿55﴾ ج وَلَا تُفۡسِدُوۡا فِى الۡاَرۡضِ بَعۡدَ اِصۡلَاحِهَا وَادۡعُوۡهُ خَوۡفًا

زیادتی کرنے والوں کو | اور نہ | تم فساد کرو | میں | زمین | بعد | اصلاح اس کی | اور پکارو اسے | ڈر کر

کرتا جو حد سے بڑھنے والے ہیں۔ اور دیکھو! جب ملک میں اصلاح ہو رہی ہو تو تم فساد نہ کرو۔ تم اسی کو پکارو،

وَّطَمَعًا ؕ اِنَّ رَحۡمَتَ اللّٰهِ قَرِيۡبٌ مِّنَ الۡمُحۡسِنِيۡنَ ﴿56﴾ وَهُوَ الَّذِىۡ

اور امید سے | بے شک | رحمت | اللہ کی | قریب ہے | سے | نیکوں | اور وہ | جو

خوف اور امید کے ساتھ۔ بے شک اللہ کی رحمت نیکی کرنے والوں کے بہت قریب ہے۔ اور وہی بارانِ رحمت سے

يُرۡسِلُ الرِّيٰحَ بُشۡرًاۢ بَيۡنَ يَدَيۡ رَحۡمَتِهٖ ۚ حَتّٰۤى اِذَاۤ اَقَلَّتۡ

بھیجتا ہے | ہوائیں | خوشخبری دینے والیاں | جو | آگے | رحمت اس کی | یہاں تک کہ | جب | اٹھاتی ہے

پہلے ہواؤں کو بھیجتا ہے جو بارش کی خوشخبری دیتی ہیں۔ پھر جب ہوا بوجھل بادلوں کو اٹھا لیتی ہے

سَحَابًا ثِقَالًا سُقۡنٰهُ لِبَلَدٍ مَّيِّتٍ فَاَنۡزَلۡنَا بِهِ الۡمَآءَ فَاَخۡرَجۡنَا

بادل | بوجھل | ہم چلاتے ہیں اسکو | طرف زمین | خشک کی | پھر ہم اتارتے ہیں | اس سے | پانی | پھر ہم نکالتے ہیں

تو ہم انہیں کسی خشک سرزمین کی طرف دھکیل دیتے ہیں اور وہاں ان سے پانی برساتے ہیں۔ پھر اس کے ذریعے سے ہر قسم کے

بِهٖ مِنۡ كُلِّ الثَّمَرٰتِ ؕ كَذٰلِكَ نُخۡرِجُ الۡمَوۡتٰى لَعَلَّكُمۡ تَذَكَّرُوۡنَ ﴿57﴾

اس سے | ہر قسم کے | پھل | اسی طرح | ہم نکالیں گے | مردوں کو | تاکہ تم | تم سمجھو

پھل نکالتے ہیں۔ اسی طرح ہم مُردوں کو نکالیں گے۔ ہم اپنی نشانیاں اس لئے بیان کرتے ہیں تاکہ تم غور کرو۔

وَالۡبَلَدُ الطَّيِّبُ يَخۡرُجُ نَبَاتُهٗ بِاِذۡنِ رَبِّهٖ ۚ وَالَّذِىۡ خَبُثَ

اور زمین | اچھی | نکلتی ہے | پیداوار اس کی | حکم سے | اپنے رب کے | اور جو | نکمی ہے

اور دیکھو! جو زمین اچھی ہوتی ہے اُس کے رب کے حکم سے اس کی پیداوار بھی اچھی نکلتی ہے اور جو زمین خراب ہو

لَا يَخۡرُجُ اِلَّا نَكِدًا ؕ كَذٰلِكَ نُصَرِّفُ الۡاٰيٰتِ لِقَوۡمٍ يَّشۡكُرُوۡنَ ﴿58﴾ ع لَقَدۡ

ع 7 5 14

نہیں نکلتا | مگر | ناقص | اسی طرح | ہم پھیرتے ہیں | آیتیں | ان لوگوں کیلئے | جو شکر کرتے ہیں | بے شک

اس کی پیداوار ناقص ہوتی ہے۔ اس طرح ہم ان لوگوں کے لئے اپنی نشانیاں مختلف طریقوں سے واضح کرتے ہیں جو شکر کرنے

اَرۡسَلۡنَا نُوۡحًا اِلٰى قَوۡمِهٖ فَقَالَ يٰقَوۡمِ اعۡبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمۡ مِّنۡ

ہم نے بھیجا | نوح کو | طرف | اس کی قوم کے | پھر اس نے کہا | اے میری قوم | عبادت کرو | اللہ کی | نہیں | تمہارے لئے | کوئی

والے ہیں۔ ہم نے نوح علیہ السلام کو رسول بنا کر اس کی قوم کی طرف بھیجا۔ اس نے انہیں دعوت دی ''اے میری قوم! اللہ کی

اِلٰهٍ غَيۡرُهٗ ؕ اِنِّىۡۤ اَخَافُ عَلَيۡكُمۡ عَذَابَ يَوۡمٍ عَظِيۡمٍ ﴿59﴾ قَالَ

معبود | سوائے اس کے | بے شک میں | میں ڈرتا ہوں | تم پر | عذاب | دن | بڑے کا | کہا

عبادت کرو۔ اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں۔ مجھے ڈر ہے تمہیں قیامت کے بڑے ہولناک دن

الۡمَلَاُ مِنۡ قَوۡمِهٖۤ اِنَّا لَنَرٰٮكَ فِىۡ ضَلٰلٍ مُّبِيۡنٍ ﴿60﴾ قَالَ يٰقَوۡمِ

سرداروں نے | سے | اس کی قوم | بے شک ہم | ضرور ہم دیکھتے ہیں تجھ کو | میں | گمراہی | کھلی | کہا | اے میری قوم

کا عذاب پیش نہ آجائے'' اس کی قوم کے سرداروں نے جواب دیا ''ہمیں تو نظر آتا ہے تم کھلی گمراہی میں ہو'' نوح علیہ السلام نے

لَيْسَ بِيْ ضَلٰلَةٌ وَّلٰكِنِّيْ رَسُوْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٦١﴾ اُبَلِّغُكُمْ

نہیں ہے | مجھ میں | گمراہی | اور لیکن میں | رسول ہوں | طرف سے | رب کی | جہانوں کے | میں پہنچاتا ہوں

کہا "اے میری قوم! مجھ میں کوئی گمراہی نہیں بلکہ میں رب العالمین کی طرف سے بھیجا ہوا رسول ہوں۔ تمہیں اپنے رب کے

رِسٰلٰتِ رَبِّيْ وَاَنْصَحُ لَكُمْ وَاَعْلَمُ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿٦٢﴾

پیغامات | اپنے رب کے | اور میں نصیحت کرتا ہوں | تم کو | اور میں جانتا ہوں | طرف سے | اللہ کی | جو | نہیں | تم جانتے

پیغامات پہنچا رہا ہوں۔ تمہاری خیر خواہی کر رہا ہوں۔ میں اللہ کی طرف سے وہ بات جانتا ہوں جو تم نہیں جانتے۔

اَوَعَجِبْتُمْ اَنْ جَآءَكُمْ ذِكْرٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ عَلٰى رَجُلٍ مِّنْكُمْ

کیا تمہیں عجیب لگا | کہ | آئی تمہارے پاس | نصیحت | طرف سے | تمہارے رب کی | پر | ایک آدمی | تم میں سے

کیا تمہیں اس پر تعجب ہوا کہ تمہارے رب کی نصیحت تمہارے پاس تمہی میں سے ایک شخص کے ذریعے آئی

لِيُنْذِرَكُمْ وَلِتَتَّقُوْا وَلَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿٦٣﴾ فَكَذَّبُوْهُ فَاَنْجَيْنٰهُ

تاکہ وہ ڈرائے تمہیں | اور تاکہ تم بچو | اور تاکہ | تم پر رحم کیا جائے | پھر جھٹلایا اسے | پھر ہم نے نجات دی اسکو

تاکہ وہ تمہیں خبردار کرے؟ اللہ سے ڈرو تاکہ تم پر رحم کیا جائے" لیکن انہوں نے نوح علیہ السلام کو جھٹلا دیا۔ پھر ہم نے اسے بچا لیا

وَالَّذِيْنَ مَعَهٗ فِي الْفُلْكِ وَاَغْرَقْنَا الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ؕ اِنَّهُمْ

اور ان کو جو | ساتھ تھے اسکے | میں | کشتی | اور ہم نے غرق کیا | جنہوں نے | جھٹلایا | ہماری آیتوں کو | بے شک

اور ان لوگوں کو بھی جو اس کے ساتھ کشتی میں سوار تھے اور ہم نے ان لوگوں کو غرق کر دیا جنہوں نے ہماری نشانیوں کو جھٹلایا تھا۔ بیشک

كَانُوْا قَوْمًا عَمِيْنَ ﴿٦٤﴾ وَاِلٰى عَادٍ اَخَاهُمْ هُوْدًا ؕ قَالَ يٰقَوْمِ

ع 8 6 15

وہ تھے | لوگ | اندھے | اور طرف | عاد کی | بھائی ان کا | ہود | اس نے کہا | اے میری قوم

وہ لوگ عقل کے اندھے تھے۔ اسی طرح ہم نے قوم عاد کی طرف ان کے بھائی ہود علیہ السلام کو رسول بنا کر بھیجا۔ اس نے بھی دعوت

اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿٦٥﴾ قَالَ الْمَلَاُ

تم عبادت کرو | اللہ کی | نہیں | تمہارے لئے | کوئی | معبود | اس کے سوا | کیا پھر نہیں | تم ڈرتے۔ | کہا | سرداروں نے

دی "اے میری قوم! اللہ کی عبادت کرو۔ اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں کیا تم اللہ سے نہیں ڈرتے؟" اس پر اس کی قوم کے

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖٓ اِنَّا لَنَرٰىكَ فِيْ سَفَاهَةٍ وَّاِنَّا

جو | کافر ہوئے | سے | قوم اس کی | بے شک ہم | ضرور دیکھتے ہیں تجھے | میں | بیوقوفی | اور بیشک ہم

سرداروں نے، جو کفر کا رویہ اختیار کئے ہوئے تھے، جواب دیا "ہمیں نظر آتا ہے تم بے عقلی میں مبتلا ہو اور ہمارے خیال

لَنَظُنُّكَ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ﴿۶۶﴾ قَالَ يٰقَوْمِ لَيْسَ بِيْ سَفَاهَةٌ

ضرور ہم سمجھتے ہیں تجھے | سے | جھوٹوں میں | کہا | اے میری قوم | نہیں ہے | مجھ میں | بے وقوفی

میں تم جھوٹے ہو'' ہود علیہ السلام نے کہا ''اے میری قوم! مجھے کچھ بے عقلی نہیں۔

وَّلٰكِنِّيْ رَسُوْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۶۷﴾ اُبَلِّغُكُمْ رِسٰلٰتِ رَبِّيْ وَاَنَا

اور لیکن میں | رسول ہوں | طرف سے | رب | تمام جہانوں کے | میں پہنچاتا ہوں تمہیں | پیغامات | اپنے رب کے | اور میں ہوں

بلکہ میں رب العالمین کا رسول ہوں۔ تمہیں اپنے رب کے پیغامات پہنچا رہا ہوں۔ میں تمہارا

لَكُمْ نَاصِحٌ اَمِيْنٌ ﴿۶۸﴾ اَوَعَجِبْتُمْ اَنْ جَآءَكُمْ ذِكْرٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ

تمہارا | خیر خواہ | دیانت دار | کیا تمہیں عجیب لگا | کہ | آئی تمہارے پاس | نصیحت | طرف سے | تمہارے رب کی

خیر خواہ اور امین ہوں۔ کیا تمہیں اس پر تعجب ہے کہ تمہارے رب کی نصیحت تمہارے پاس

عَلٰى رَجُلٍ مِّنْكُمْ لِيُنْذِرَكُمْ ؕ وَاذْكُرُوْٓا اِذْ جَعَلَكُمْ خُلَفَآءَ مِنْۢ

پر | آدمی | تم میں سے | تاکہ وہ ڈرائے تمہیں | اور یاد کرو | جب | اس نے بنایا تمہیں | جانشین | سے

تمہی میں سے ایک شخص کے ذریعے آئی تاکہ وہ تمہیں خبردار کرے، اللہ کا احسان یاد کرو اس نے قومِ نوح علیہ السلام

بَعْدِ قَوْمِ نُوْحٍ وَّزَادَكُمْ فِي الْخَلْقِ بَصْۜطَةً ۚ فَاذْكُرُوْٓا اٰلَآءَ

بعد | قوم | نوح کے | اور اس نے زیادہ کیا تمہیں | میں | پیدائش | پھیلاؤ | پس تم یاد کرو | نعمتیں

کے بعد تمہیں اس کا جانشین بنایا۔ جسمانی لحاظ سے تمہیں قد آور اور مضبوط بنایا۔ اللہ کی نعمتوں کو یاد کرو

اللّٰهِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۶۹﴾ قَالُوْٓا اَجِئْتَنَا لِنَعْبُدَ اللّٰهَ وَحْدَهٗ وَنَذَرَ

اللہ کی | تاکہ | فلاح پاؤ | وہ بولے | کیا تو آیا ہمارے پاس | تاکہ ہم عبادت کریں | اللہ | اکیلے کی | اور ہم چھوڑ دیں

تاکہ تم فلاح پاؤ'' ان لوگوں نے ہود علیہ السلام سے پوچھا ''کیا تم ہمارے پاس اس لئے آئے ہو کہ ہم صرف ایک اللہ کی عبادت کیا

مَا كَانَ يَعْبُدُ اٰبَآؤُنَا ۚ فَاْتِنَا بِمَا تَعِدُنَآ اِنْ كُنْتَ مِنَ

جن کو | تھے | پوجتے | ہمارے باپ دادا | پس تو لے آ | اسکو | تو ڈراتا ہے ہم کو | اگر | تو ہے | سے

کریں۔ اور ان معبودوں کو چھوڑ دیں جن کی عبادت ہمارے باپ دادا کرتے رہے؟ اگر تم سچے ہو تو جس عذاب کی ہمیں دھمکی دیتے

الصّٰدِقِيْنَ ﴿۷۰﴾ قَالَ قَدْ وَقَعَ عَلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ رِجْسٌ وَّغَضَبٌ ؕ

سچوں | کہا | بے شک | واقع ہو گیا | تم پر | سے | تمہارے رب | عذاب | اور غصہ

ہو اسے لے آؤ!'' ہود علیہ السلام نے جواب دیا ''تم پر تمہارے رب کا عذاب اور اس کا قہر نازل ہوا چاہتا ہے۔

اَتُجَادِلُوْنَنِيْ فِيْٓ اَسْمَآءٍ سَمَّيْتُمُوْهَآ اَنْتُمْ وَاٰبَآؤُكُمْ مَّا نَزَّلَ

کیا تم جھگڑتے ہو مجھ سے | بارے میں | ناموں کے | جو نام رکھے | تم نے | اور تمہارے باپ دادا نے | نہیں | اتاری

کیا تم جھوٹے معبودوں کے ان فرضی ناموں کے بارے میں مجھ سے جھگڑتے ہو جو تم نے اور تمہارے باپ دادا نے رکھ لیے جن

اللّٰهُ بِهَا مِنْ سُلْطٰنٍ ؕ فَانْتَظِرُوْٓا اِنِّيْ مَعَكُمْ مِّنَ الْمُنْتَظِرِيْنَ ﴿71﴾

اللہ نے | ان کی | کوئی | دلیل | پس تم انتظار کرو | بے شک میں ہوں | تمہارے ساتھ | سے | انتظار کرنے والوں

کے بارے میں اللہ نے کوئی دلیل نہیں اتاری؟ اچھا، تم بھی انجام کا انتظار کرو، میں بھی تمہارے ساتھ انتظار کرتا ہوں۔''

فَاَنْجَيْنٰهُ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا وَقَطَعْنَا دَابِرَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا

پھر ہم نے بچایا اس کو | اور جو | ساتھ اس کے | رحمت سے | اپنی طرف سے | اور ہم نے کاٹ دی | جڑ | جنہوں نے | جھٹلایا

پھر ہم نے اپنی رحمت سے ہود علیہ السلام اور اس کے ساتھیوں کو بچا لیا۔ اور ان لوگوں کی جڑ کاٹ دی

بِاٰيٰتِنَا وَمَا كَانُوْا مُؤْمِنِيْنَ ﴿72﴾ ع وَاِلٰى ثَمُوْدَ اَخَاهُمْ صٰلِحًا ۘ قَالَ

ع 9 8 16 | وقف لازم

ہماری آیتوں کو | اور نہیں | وہ تھے | ایمان والے | اور طرف | ثمود کی | بھائی ان کا | صالح | اس نے کہا

جنہوں نے ہماری نشانیوں کو جھٹلایا تھا اور وہ نہیں مانتے تھے۔ اسی طرح ہم نے قوم ثمود کی طرف اُن کے بھائی صالح علیہ السلام کو

يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ قَدْ جَآءَتْكُمْ بَيِّنَةٌ

اے میری قوم | عبادت کرو | اللہ کی | نہیں | تمہارے لئے | کوئی | معبود | سوائے اس کے | بیشک | آئی تمہارے پاس | روشن دلیل

رسول بنا کر بھیجا۔ اس نے دعوت دی ''اے میری قوم! اللہ کی عبادت کرو اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں۔ دیکھو تمہارے پاس

مِّنْ رَّبِّكُمْ ؕ هٰذِهٖ نَاقَةُ اللّٰهِ لَكُمْ اٰيَةً فَذَرُوْهَا تَاْكُلْ فِيْٓ

طرف سے | تمہارے رب کی | یہ ہے | اونٹنی | اللہ کی | تمہارے لئے | نشانی | پس تم چھوڑ دو اسے | وہ کھائے | میں

تمہارے رب کی طرف سے واضح نشانی آ چکی۔ یہ اللہ کی اونٹنی ہے جو تمہارے لئے فیصلہ کن نشانی ہے۔ اسے کھلا چھوڑ دو یہ اللہ کی

اَرْضِ اللّٰهِ وَلَا تَمَسُّوْهَا بِسُوْٓءٍ فَيَاْخُذَكُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿73﴾ وَاذْكُرُوْٓا

زمین | اللہ کی | اور نہ | ہاتھ لگاؤ | تکلیف دینے کو | پس پکڑ لے گا تم کو | عذاب | دردناک | اور یاد کرو

زمین میں کھاتی چرتی پھرے۔ اسے کوئی تکلیف نہ پہنچانا ورنہ تمہیں دردناک عذاب پکڑ لے گا۔ اور یاد کرو

اِذْ جَعَلَكُمْ خُلَفَآءَ مِنْۢ بَعْدِ عَادٍ وَّبَوَّاَكُمْ فِي الْاَرْضِ

جب | اس نے بنایا تمہیں | جانشین | سے | بعد | عاد کے | اور ٹھکانا دیا تمہیں | میں | زمین

اللہ نے قوم عاد کے بعد تمہیں اس کا جانشین بنایا۔ تمہیں زمین میں ٹھکانا دیا۔

تَتَّخِذُوْنَ مِنْ سُهُوْلِهَا قُصُوْرًا وَّتَنْحِتُوْنَ الْجِبَالَ بُيُوْتًا ج

تم بناتے ہو | سے | اس کی نرم زمین | محلات | اور تم تراشتے ہو | پہاڑوں کو | بطور گھر

تم اس کے میدانوں میں محل بناتے اور پہاڑوں کو تراش کر گھر بناتے ہو۔

فَاذْكُرُوْٓا اٰلَآءَ اللّٰهِ وَلَا تَعْثَوْا فِي الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ﴿74﴾ قَالَ الْمَلَاُ

پس تم یاد کرو | نعمتیں | اللہ کی | اور نہ | پھرو | میں | زمین | فساد کرنے والے | کہا | سرداروں نے

اللہ کی نعمتوں کو یاد کرو۔ زمین میں فساد کرتے نہ پھرو۔ صالح علیہ السلام کی قوم کے مغرور

الَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ لِلَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْا لِمَنْ اٰمَنَ مِنْهُمْ

جو | تکبر کرتے تھے | سے | اس کی قوم | ان کو جو | کمزور کئے گئے | ان کو جو | ایمان لائے | ان میں سے

سرداروں نے ان ایمان والوں سے جو ان کی نظر میں کمزور تھے یہ کہا ''کیا تمہیں

اَتَعْلَمُوْنَ اَنَّ صٰلِحًا مُّرْسَلٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ط قَالُوْٓا اِنَّا بِمَآ اُرْسِلَ بِهٖ

کیا تم جانتے ہو | کہ | صالح | پیغمبر ہے | طرف سے | اپنے رب کی | وہ بولے | بیشک ہم | ساتھ جو | بھیجا گیا | اس پر

یقین ہے صالح علیہ السلام اپنے رب کا رسول ہے؟'' انہوں نے جواب دیا ''بے شک ہم اس کی دعوت پر ایمان

مُؤْمِنُوْنَ ﴿75﴾ قَالَ الَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْٓا اِنَّا بِالَّذِيْٓ اٰمَنْتُمْ بِهٖ كٰفِرُوْنَ ﴿76﴾

ایمان رکھتے ہیں | کہا | ان لوگوں نے جو | تکبر کرتے تھے | بیشک ہم | اس پر جو | تم ایمان لائے | اس پر | منکر ہیں

رکھتے ہیں'' اس پر وہ متکبر لوگ کہنے لگے ''جس دعوت پر تم ایمان لائے ہو ہم اس کو نہیں مانتے''

فَعَقَرُوا النَّاقَةَ وَعَتَوْا عَنْ اَمْرِ رَبِّهِمْ وَقَالُوْا يٰصٰلِحُ ائْتِنَا بِمَا

پھر کونچیں کاٹ ڈالیں | اونٹنی کی | اور سرکشی کی | خلاف | حکم کے | اپنے رب کے | اور کہا | اے صالح | تو لے آ ہم پر | جو

مضبوطی سے پکڑتے ہیں | کتاب کو | اور وہ قائم کرتے ہیں | نماز کو | بے شک ہم | نہیں | ہم ضائع کرتے | اجر | نیکی کرنے والوں کا

اللہ کی کتاب کو مضبوطی سے پکڑتے ہیں اور نماز قائم کرتے ہیں تو ایسے نیک لوگوں کا اجر ہم ضائع نہیں کریں گے۔

وَاِذْ نَتَقْنَا الْجَبَلَ فَوْقَهُمْ كَاَنَّهٗ ظُلَّةٌ وَّظَنُّوْا اَنَّهٗ وَاقِعٌۢ بِهِمْ ۚ

اور جب | ہم نے اٹھایا | پہاڑ کو | اوپر ان کے | گویا کہ وہ | سائبان ہے | اور انہوں نے سمجھا | یہ کہ وہ | گرنے والا ہے | اُن پر

یاد کرو جب ہم نے بنی اسرائیل کے اوپر پہاڑ کو اٹھایا گویا وہ سائبان ہے۔ انہوں نے سمجھا وہ ان پر آ پڑے گا۔

خُذُوْا مَاۤ اٰتَيْنٰكُمْ بِقُوَّةٍ وَّاذْكُرُوْا مَا فِيْهِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ﴿۱۷۱﴾ ع وَاِذْ

21 ع 9 11

تم پکڑو | جو کچھ | ہم نے دیا تم کو | ساتھ مضبوطی کے | اور تم یاد کرو | جو کچھ | اس میں ہے | تاکہ تم | بچو | اور جب

اس وقت ہم نے انہیں حکم دیا اس توریت کو جو ہم نے تمہیں دی ہے مضبوطی سے پکڑو اور جو کچھ اس میں ہے اسے یاد رکھو

اَخَذَ رَبُّكَ مِنْۢ بَنِيْۤ اٰدَمَ مِنْ ظُهُوْرِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ وَاَشْهَدَهُمْ

لیا | تیرے رب نے | سے | بیٹوں | آدم کے | سے | پیٹھوں ان کی | اولاد ان کی کو | اور اس نے گواہ بنایا ان کو

تاکہ تم پرہیزگار بن جاؤ۔ اے نبی ﷺ! یاد کریں جب آپ ﷺ کے رب نے بنی آدم علیہ السلام کی پیٹھوں سے ان کی اولاد کو نکالا

عَلٰۤى اَنْفُسِهِمْ اَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ ؕ قَالُوْا بَلٰى ۛۚ شَهِدْنَا ۛۚ اَنْ تَقُوْلُوْا مع

پر | اُن کی جانوں | کیا نہیں ہوں میں | رب تمہارا | وہ بولے | ہاں کیوں نہیں | ہم نے گواہی دی | ایسا نہ ہو کہ | تم کہو

اور ساری روحوں سے عہد لیا۔ انہیں ان کی فطرت پر گواہ بنا کر پوچھا "کیا میں تمہارا رب نہیں ہوں؟" انہوں نے جواب دیا "ہاں"

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اِنَّا كُنَّا عَنْ هٰذَا غٰفِلِيْنَ ﴿۱۷۲﴾ اَوْ تَقُوْلُوْٓا اِنَّمَآ

دن | قیامت کے | بے شک ہم | ہم تھے | سے | اس | غافل | یا | تم کہو | بے شک جو

ہم اقرار کرتے ہیں‘‘۔ یہ عہد اس لئے لیا گیا تا کہ تم قیامت کے دن یہ عذر نہ کر سکو ہمیں اس کی خبر نہ تھی۔ یا یہ کہنے لگو ’’اے رب!

اَشْرَكَ اٰبَآؤُنَا مِنْ قَبْلُ وَكُنَّا ذُرِّيَّةً مِّنْۢ بَعْدِهِمْ ۚ اَفَتُهْلِكُنَا

شرک کیا تھا | ہمارے باپ دادا نے | سے | پہلے | اور ہم تو تھے | اولاد | سے | بعد ان کے | کیا پس تو ہلاک کرتا ہے ہم کو

شرک تو ہمارے باپ دادا نے ہم سے پہلے کیا تھا۔ ہم تو ان کے بعد ان کی نسل میں سے دنیا میں آئے۔ کیا اب تو ہمیں ہلاک و برباد

بِمَا فَعَلَ الْمُبْطِلُوْنَ ﴿۱۷۳﴾ وَكَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ وَلَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿۱۷۴﴾

اس پر | جو کیا | جھوٹوں نے | اور اسی طرح | ہم مفصل بیان کرتے ہیں | آیتوں کو | اور تا کہ وہ | وہ رجوع کریں

کرے گا اس جرم پر جو غلط کار لوگوں نے کیا‘‘ اور دیکھو! اس طرح ہم اپنی آیتیں کھول کر بیان کرتے ہیں تا کہ لوگ

وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَاَ الَّذِيْٓ اٰتَيْنٰهُ اٰيٰتِنَا فَانْسَلَخَ مِنْهَا فَاَتْبَعَهُ

اور تو پڑھ کر سنا | اُن پر | قصہ | اس شخص کا | ہم نے دیں جس کو | آیتیں اپنی | پھر وہ گزر گیا | ان میں سے | پھر پیچھے لگا لیا اس کو

ہماری طرف رجوع کریں۔ اے نبی ﷺ لوگوں کو اس شخص کا حال سنائیں جسے ہم نے ہدایت کی نشانیاں دیں مگر وہ ان سے نکل

الشَّيْطٰنُ فَكَانَ مِنَ الْغٰوِيْنَ ﴿۱۷۵﴾ وَلَوْ شِئْنَا لَرَفَعْنٰهُ بِهَا

شیطان نے | پھر وہ ہو گیا | سے | گمراہوں میں | اور اگر | ہم چاہتے | ضرور ہم بلند کر دیتے اسے | ساتھ ان نشانیوں کے

بھاگا۔ پھر شیطان اس کے پیچھے لگ گیا اور وہ گمراہ ہو گیا۔ اگر ہم چاہتے تو اسے ہدایت کی انہی نشانیوں کے ذریعے

وَلٰكِنَّهٗٓ اَخْلَدَ اِلَى الْاَرْضِ وَاتَّبَعَ هَوٰىهُ ۚ فَمَثَلُهٗ كَمَثَلِ الْكَلْبِ ۚ

اور لیکن وہ | ہمیشہ رہا | طرف | زمین کی | اور اس نے پیروی کی | خواہش اپنی کی | پس مثال اس کی | جیسے مثال | کتے کی ہے

بلندی عطا کرتے مگر وہ پستی کی طرف جھکا اور اپنی خواہشوں کی پیروی کرنے لگا۔ پھر اس کی مثال

اِنْ تَحْمِلْ عَلَيْهِ يَلْهَثْ اَوْ تَتْرُكْهُ يَلْهَثْ ؕ ذٰلِكَ مَثَلُ الْقَوْمِ

اگر | تو بوجھ رکھے | اُس پر | وہ زبان لٹکائے | یا | تو چھوڑ دے اس کو | وہ زبان لٹکائے | یہ ہے | مثال | ان لوگوں کی

کتے کی سی ہو گئی۔ جسے تم دھتکارو جب بھی ہانپے اگر چھوڑ دو جب بھی ہانپے۔ یہ مثال ان لوگوں کی ہے جنہوں نے

الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ۚ فَاقْصُصِ الْقَصَصَ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ﴿۱۷۶﴾

جنہوں نے | جھٹلایا | ہماری آیتوں کو | پس تو بیان کر | قصے | تا کہ وہ | وہ غور و فکر کریں

ہماری نشانیوں کو جھٹلایا۔ اے نبی ﷺ! لوگوں کو یہ واقعات سنائیں تا کہ وہ سوچیں۔

سَآءَ مَثَلَاۨ الْقَوْمُ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَاَنْفُسَهُمْ كَانُوْا

بری ہے | مثال | ان لوگوں کی | جنہوں نے | انکار کیا | ہماری آیتوں کا | اور جانوں اپنی پر | وہ تھے

کیسی بری حالت ہے ان لوگوں کی جو ہماری نشانیوں کو جھٹلاتے اور اپنا نقصان کرتے ہیں۔ حقیقت یہ ہے جنہیں

يَظْلِمُوْنَ ﴿177﴾ مَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِيْ ۚ وَمَنْ يُّضْلِلْ فَاُولٰٓئِكَ

وہ ظلم کرتے | جسے | ہدایت دے | اللہ | تو وہی ہے | ہدایت پانے والا | اور جسے | وہ گمراہ کرے | تو ایسے لوگ

اللہ ہدایت دے وہی ہدایت پاسکتے ہیں اور جنہیں وہ گمراہ کردے وہ

هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿178﴾ وَلَقَدْ ذَرَاْنَا لِجَهَنَّمَ كَثِيْرًا مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ ۖ

وہی ہیں | نقصان اٹھانے والے | اور بے شک | ہم نے پیدا کئے | دوزخ کے لیے | بہت | سے | جنوں | اور انسانوں سے

گھاٹے میں ہیں۔ دراصل ہم نے بہت سے جنوں اور انسانوں کو ان کے برے اعمال کی وجہ سے دوزخ کے لئے پیدا کیا ہے

لَهُمْ قُلُوْبٌ لَّا يَفْقَهُوْنَ بِهَا ۫ وَلَهُمْ اَعْيُنٌ لَّا يُبْصِرُوْنَ بِهَا ۫

اُن کے | دل ہیں | جونہیں | وہ سمجھتے | ساتھ ان کے | اور اُن کی | آنکھیں ہیں | جونہیں | وہ دیکھتے | ساتھ ان کے

ان کے دل ہیں جن سے وہ سمجھتے نہیں۔ ان کی آنکھیں ہیں جن سے وہ دیکھتے نہیں

وَلَهُمْ اٰذَانٌ لَّا يَسْمَعُوْنَ بِهَا ؕ اُولٰٓئِكَ كَالْاَنْعَامِ بَلْ هُمْ

اور اُن کے | کان ہیں | جونہیں | وہ سنتے | ساتھ ان کے | یہ ایسے لوگ ہیں | جیسے جانور | بلکہ | وہ ہیں

ان کے کان ہیں جن سے وہ سنتے نہیں۔ وہ ایسے ہیں جیسے جانور بلکہ ان سے بھی گئے گزرے

اَضَلُّ ؕ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْغٰفِلُوْنَ ﴿179﴾ وَلِلّٰهِ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى فَادْعُوْهُ

زیادہ گمراہ | یہ لوگ | وہی ہیں | غافل | اور اللہ کے ہیں | نام | اچھے | پس تم پکارو اسے

یہی لوگ ہیں جو غفلت میں پڑے ہوئے ہیں۔ اللہ کے سب اچھے نام ہیں۔ تم اسے جس اچھے نام سے چاہو

بِهَا ۖ وَذَرُوا الَّذِيْنَ يُلْحِدُوْنَ فِيْٓ اَسْمَآئِهٖ ؕ سَيُجْزَوْنَ مَا

ساتھ ان کے | اور تم چھوڑ دو | ان لوگوں کو جو | ٹیڑھ پیدا کرتے ہیں | میں | ناموں اس کے | عنقریب اُن کو سزا ملے گی | جو کچھ

پکارو اور ان لوگوں کو چھوڑ دو جو اللہ کے ناموں میں بے راہ روی اختیار کرتے ہیں۔ وہ اپنے کئے کا بدلہ

كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿180﴾ وَمِمَّنْ خَلَقْنَآ اُمَّةٌ يَّهْدُوْنَ بِالْحَقِّ وَبِهٖ

وہ تھے | وہ کرتے | اور اُن میں سے جو | ہم نے پیدا کئے | ایک جماعت ہے | جو راہ دکھاتے ہیں | ساتھ حق کے | اور ساتھ اس کے

پائیں گے۔ اور ہمارے پیدا کئے ہوئے انسانوں میں سے ایک گروہ ایسا بھی رہا جو لوگوں کی صحیح رہنمائی کرتا اور حق کے مطابق

يَعۡدِلُوۡنَ ﴿۱۸۱﴾ وَالَّذِيۡنَ كَذَّبُوۡا بِاٰيٰتِنَا سَنَسۡتَدۡرِجُهُمۡ مِّنۡ حَيۡثُ

وہ عدل کرتے ہیں | اور جنہوں نے | انکار کیا | ہماری آیتوں کا | ضرور ہم آہستہ آہستہ کھینچیں گے ان کو | سے | جہاں

انصاف کرتا رہا۔ جن لوگوں نے ہماری نشانیوں کو جھٹلایا۔ ہم انہیں آہستہ آہستہ پکڑیں گے ایسی جگہ سے جہاں سے

لَا يَعۡلَمُوۡنَ ﴿۱۸۲﴾ وَاُمۡلِىۡ لَهُمۡ ؕ اِنَّ كَيۡدِىۡ مَتِيۡنٌ ﴿۱۸۳﴾

نہیں | وہ جانتے | اور میں مہلت دیتا ہوں | ان کو | بے شک | چال میری | مضبوط ہے

ان کو خبر نہ ہو گی۔ ابھی میں انہیں ڈھیل دے رہا ہوں مگر میرا داؤ بڑا مضبوط ہے۔ کیا ان مشرکوں

اَوَلَمۡ يَتَفَكَّرُوۡا ؕ مَا بِصَاحِبِهِمۡ مِّنۡ جِنَّةٍ ؕ اِنۡ هُوَ اِلَّا نَذِيۡرٌ مُّبِيۡنٌ ﴿۱۸۴﴾

کیا نہیں انہوں نے غور کیا | نہیں ہے | اُن کے ساتھی | کوئی | جنون | نہیں ہے | وہ | مگر | خبردار کرنے والا | ظاہر

نے غور نہیں کیا کہ ان کا ساتھی دیوانہ نہیں۔ وہ صاف خبردار کرنے والا نبی ﷺ ہے۔

اَوَلَمۡ يَنۡظُرُوۡا فِىۡ مَلَكُوۡتِ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ وَمَا خَلَقَ اللّٰهُ مِنۡ

کیا نہیں | انہوں نے دیکھا | میں | بادشاہی | آسمانوں | اور زمین کی | اور جو کچھ | پیدا کیا | اللہ نے | سے

کیا انہوں نے آسمانوں اور زمین کے نظام کو اور ان چیزوں کو جو اللہ نے پیدا کی ہیں نہیں دیکھا؟

شَىۡءٍ ۙ وَّاَنۡ عَسٰۤى اَنۡ يَّكُوۡنَ قَدِ اقۡتَرَبَ اَجَلُهُمۡ ۚ فَبِاَىِّ حَدِيۡثٍۢ

کسی چیز | اور یہ کہ | جلدی ہے | یہ کہ | ہو | بے شک | قریب آئی | اجل ان کی | پھر ساتھ کون سی | بات کے

اور یہ غور نہیں کیا ممکن ہے ان کے خاتمے کے وقت قریب آ گیا ہو؟ اس قرآن کے بعد وہ کس

بَعۡدَهٗ يُؤۡمِنُوۡنَ ﴿۱۸۵﴾ مَنۡ يُّضۡلِلِ اللّٰهُ فَلَا هَادِىَ لَهٗ ؕ

بعد اس کے | وہ ایمان لائیں گے | جسے | گمراہ کرے | اللہ | پھر نہیں | کوئی ہدایت دینے والا | اس کو

بات پر ایمان لائیں گے؟ حقیقت یہ ہے جسے اللہ گمراہ کر دے اسے کوئی ہدایت نہیں دے سکتا۔

وَيَذَرُهُمۡ فِىۡ طُغۡيَانِهِمۡ يَعۡمَهُوۡنَ ﴿۱۸۶﴾ يَسۡـَٔلُوۡنَكَ عَنِ السَّاعَةِ

اور وہ چھوڑتا ہے ان کو | میں | اُن کی سرکشی | وہ بھٹکتے پھرتے ہیں | وہ پوچھتے ہیں تجھ سے | بارے میں | قیامت کے

اللہ نے ان کافروں کو ان کی سرکشی میں چھوڑ رکھا ہے کہ بھٹکتے پھریں۔ اے نبی ﷺ! کافر لوگ آپ ﷺ سے قیامت کے بارے

اَيَّانَ مُرۡسٰٮهَا ؕ قُلۡ اِنَّمَا عِلۡمُهَا عِنۡدَ رَبِّىۡ ۚ لَا يُجَلِّيۡهَا

کب ہے | قائم ہونا اس کا | کہہ دیجئے | بے شک | علم اس کا ہے | پاس | رب میرے کے | نہیں | وہ ظاہر کرے گا اسے

میں پوچھتے ہیں کب واقع ہو گی۔ آپ ﷺ جواب دیں ”اس کا علم میرے رب کے پاس ہے۔ وہی اسے

لِوَقْتِهَآ اِلَّا هُوَ ؔ ثَقُلَتْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ لَا تَاْتِيْكُمْ اِلَّا

اس کے وقت پر | مگر | وہی | بھاری ہوئی ہے | میں | آسمانوں | اور زمین | نہیں | وہ آئے گی تمہارے پاس | مگر

مقررہ وقت پر ظاہر کرے گا۔ وہ آسمانوں اور زمین پر بڑی بھاری ہے جب آئے گی تو اچانک آئے

بَغْتَةً ؕ يَسْـَٔلُوْنَكَ كَاَنَّكَ حَفِيٌّ عَنْهَا ؕ قُلْ اِنَّمَا عِلْمُهَا

اچانک | وہ پوچھتے ہیں آپ سے | جیسے کہ تو ہو | آگاہ | بارے میں اس کے | کہہ دیجئے | بے شک | علم اس کا ہے

گی"۔اے نبی ﷺ ! یہ لوگ قیامت کے بارے میں آپ ﷺ سے اس طرح پوچھتے ہیں جیسے آپ ﷺ نے اس کی تحقیق کی

عِنْدَ اللّٰهِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿187﴾ قُلْ لَّآ اَمْلِكُ

پاس | اللہ کے | اور لیکن | اکثر | لوگ | نہیں | وہ جانتے | تو کہہ | نہیں | میں اختیار رکھتا

ہوئی ہے۔ آپ ﷺ کہہ دیں "اس کا علم صرف اللہ کو ہے لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے" اے نبی ﷺ ! آپ ﷺ کہیں

لِنَفْسِيْ نَفْعًا وَّلَا ضَرًّا اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ؕ وَلَوْ كُنْتُ اَعْلَمُ

اپنی جان کے | نفع کا | اور نہ | نقصان کا | مگر | جو کچھ | چاہے | اللہ | اور اگر | میں ہوتا | میں جانتا

"میں اپنے نفع نقصان کا اختیار نہیں رکھتا مگر جو اللہ چاہے۔ اگر میں غیب جانتا ہوتا تو اپنے لئے بہت سے فائدے

الْغَيْبَ لَاسْتَكْثَرْتُ مِنَ الْخَيْرِ ۛ وَمَا مَسَّنِيَ السُّوْٓءُ ۛ اِنْ اَنَا اِلَّا

غیب کو | تو بہت لے لیتا | سے | بھلائی | اور نہ | چھوتی مجھے | تکلیف | نہیں | میں | مگر

سمیٹ لیتا اور مجھے کبھی نقصان نہ پہنچتا۔ میرا کام لوگوں کو خبردار

نَذِيْرٌ وَّبَشِيْرٌ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿188﴾ هُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ

خبردار کرنے والا | اور خوشخبری دینے والا | اُن لوگوں کے لیے جو | ایمان لاتے ہیں | وہی ہے | جس نے | پیدا کیا تمہیں | سے

کرنا اور ایمان والوں کو خوشخبری سنانا ہے۔ وہی اللہ ہے جس نے تمہیں ایک جان سے

نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ وَّجَعَلَ مِنْهَا زَوْجَهَا لِيَسْكُنَ اِلَيْهَا ۚ فَلَمَّا

جان | ایک | اور بنایا | اُس کی قسم سے | جوڑا اس کا | تاکہ وہ سکون پائے | طرف اس کی | پھر جب

پیدا کیا۔ اسی کی جنس سے اس کا جوڑا بنایا تاکہ وہ ایک دوسرے سے سکون حاصل کریں۔ جب مرد

تَغَشّٰىهَا حَمَلَتْ حَمْلًا خَفِيْفًا فَمَرَّتْ بِهٖ ۚ فَلَمَّآ اَثْقَلَتْ

اس نے ڈھانپ لیا اس کو | اس نے حمل اٹھایا | حمل | ہلکا | تو وہ چلتی پھرتی رہی | ساتھ اس کے | پھر جب | وہ بوجھل ہوگئی

عورت کو ڈھانپ لیتا ہے تو عورت کو ہلکا سا حمل ہو جاتا ہے جسے لئے ہوئے وہ چلتی پھرتی ہے۔ جب بوجھل ہو جاتی ہے

وقف منزل — وقف لازم — مع — 23 ع 7 13

دَّعَوَا اللّٰهَ رَبَّهُمَا لَئِنْ اٰتَيْتَنَا صَالِحًا لَّنَكُوْنَنَّ مِنَ الشّٰكِرِيْنَ ﴿١٨٩﴾

دونوں نے پکارا | اللہ | رب اپنے کو | اگر | تو دے گا ہمیں | تندرست | ضرور ہم ہوں گے | سے | شکر کرنے والوں

تو دونوں میاں بیوی اپنے رب اللہ سے دعا مانگتے ہیں ”اگر تو نے ہمیں تندرست اولاد دی تو ہم تیرے شکر گزار رہیں گے“

فَلَمَّآ اٰتٰىهُمَا صَالِحًا جَعَلَا لَهٗ شُرَكَآءَ فِيْمَآ اٰتٰىهُمَا ۚ فَتَعٰلَى

پھر جب | اس نے دیا ان کو | تندرست | تو دونوں نے بنائے | اُس کے | شریک | اس میں جو | اس نے دی ان کو | پس بلند ہے

مگر جب اللہ انہیں تندرست اولاد دیتا ہے تو اسی کی دی ہوئی چیز میں دوسروں کو اس کا شریک بناتے ہیں۔ مگر یاد رکھو! اللہ کی ذات ان

اللّٰهُ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿١٩٠﴾ اَيُشْرِكُوْنَ مَا لَا يَخْلُقُ شَيْـًٔا وَّهُمْ

اللہ | اس سے جو | وہ شریک ٹھہراتے ہیں | کیا وہ شریک ٹھہراتے ہیں | اسے جو | نہیں | پیدا کرتا | کوئی چیز | اور وہ تو خود

کے شرک سے ماورا ہے۔ کیا وہ اللہ کے ساتھ ایسے معبودوں کو شریک بناتے ہیں جو کوئی چیز پیدا نہیں کر سکتے

يُخْلَقُوْنَ ﴿١٩١﴾ وَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ لَهُمْ نَصْرًا وَّلَآ اَنْفُسَهُمْ يَنْصُرُوْنَ ﴿١٩٢﴾

پیدا کیے جاتے ہیں | اور نہیں | وہ طاقت رکھتے | اُن کی | مدد کرنے کی | اور نہ | جانوں اپنی کی | وہ مدد کرتے ہیں

بلکہ خود مخلوق ہیں۔ نہ اپنے پجاریوں کی مدد کر سکتے ہیں اور نہ اپنی مدد کر سکتے ہیں۔

وَاِنْ تَدْعُوْهُمْ اِلَى الْهُدٰى لَا يَتَّبِعُوْكُمْ ۭ سَوَآءٌ عَلَيْكُمْ

اور اگر | تم بلاؤ ان کو | طرف | ہدایت کی | نہیں | وہ پیروی کریں گے تمہاری | برابر ہے | اُن پر

تم انہیں رہنمائی کے لئے پکارو تو تمہارا ساتھ نہ دے سکیں۔ تمہارا ان کو بلانا نہ

اَدَعَوْتُمُوْهُمْ اَمْ اَنْتُمْ صَامِتُوْنَ ﴿١٩٣﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ

خواہ تم پکارو ان کو | یا | تم | خاموش رہو | بے شک | جن کو | تم پکارتے ہو | ما سوا

بلانا برابر ہے۔ مشرک لوگو! تم جنہیں اللہ کے سوا پکارتے ہو وہ تمہارے

اللّٰهِ عِبَادٌ اَمْثَالُكُمْ فَادْعُوْهُمْ فَلْيَسْتَجِيْبُوْا لَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ

اللہ کے | بندے ہیں | تم جیسے | پس تم پکارو ان کو | پھر چاہیے کہ وہ جواب دیں | تم کو | اگر | تم ہو

جیسے بندے ہیں۔ تم اپنے دعوے میں سچے ہو تو انہیں پکار کر دیکھو وہ کیا جواب دے سکتے ہیں۔

صٰدِقِيْنَ ﴿١٩٤﴾ اَلَهُمْ اَرْجُلٌ يَّمْشُوْنَ بِهَآ ۡ اَمْ لَهُمْ اَيْدٍ يَّبْطِشُوْنَ

سچے | کیا اُن کے ہیں | پاؤں | وہ چلتے ہیں | اُن سے | یا | اُن کے | ہاتھ ہیں | وہ پکڑتے ہیں

کیا ان بتوں کے پاؤں ہیں جن سے وہ چلتے ہیں؟ کیا ان کے ہاتھ ہیں جن سے وہ پکڑتے

بِهَآ ۘ اَمْ لَهُمْ اَعْيُنٌ يُّبْصِرُوْنَ بِهَآ ۡ اَمْ لَهُمْ اٰذَانٌ يَّسْمَعُوْنَ

ساتھ جن کے | یا | واسطے ان کے | آنکھیں ہیں | وہ دیکھتے ہیں | ساتھ جن کے | یا | اُن کے | کان ہیں | وہ سنتے ہیں

ہیں ؟ کیا ان کی آنکھیں ہیں جن سے وہ دیکھتے ہیں ؟ کیا ان کے کان ہیں جن سے وہ سنتے

بِهَا ۭ قُلِ ادْعُوْا شُرَكَآءَكُمْ ثُمَّ كِيْدُوْنِ فَلَا تُنْظِرُوْنِ ﴿195﴾ اِنَّ

ساتھ جن کے | کہہ دیجئے | تم پکارو | اپنے شریکوں کو | پھر | چال چلو میرے خلاف | پھر نہ | تم ڈھیل دو مجھے | بے شک

ہیں؟ اے نبی ﷺ! آپ ﷺ ان سے کہیں "تم اپنے بنائے ہوئے شریکوں کو بلاؤ۔ پھر سب مل کر میرے خلاف اپنی چالیں چلو

وَلِیِّ ۦَ اللّٰهُ الَّذِیْ نَزَّلَ الْكِتٰبَ ۖ وَهُوَ يَتَوَلَّى الصّٰلِحِيْنَ ﴿196﴾ وَالَّذِيْنَ

دوست میرا | اللہ ہے | جس نے | نازل کی | کتاب | اور وہ | دوستی رکھتا ہے | نیکوں سے | اور جن کو

اور مجھے مہلت نہ دو۔ یقیناً میرا کارساز اللہ ہے جس نے مجھ پر قرآن نازل کیا۔ وہی اپنے نیک بندوں کے کام بناتا ہے" جنھیں تم

تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ نَصْرَكُمْ وَلَآ اَنْفُسَهُمْ

تم پکارتے ہو | ماسوائے اس کے | نہیں | طاقت رکھتے | مدد تمہاری کی | اور نہ | جانوں اپنی کی

لوگ اللہ کے سوا پکارتے ہو وہ نہ تمہاری مدد کر سکتے ہیں اور نہ اپنی مدد کر

يَنْصُرُوْنَ ﴿197﴾ وَاِنْ تَدْعُوْهُمْ اِلَى الْهُدٰى لَا يَسْمَعُوْا ۭ وَتَرٰىهُمْ

وہ مدد کرتے ہیں | اور اگر | تو بلائے ان کو | طرف | ہدایت کے | نہ | وہ سنیں | اور تو دیکھے ان کو

سکتے ہیں۔ اگر تم انہیں سیدھی راہ کی طرف بلاؤ وہ تمہاری بات نہیں سن سکتے۔ تمہیں نظر آتا ہے

يَنْظُرُوْنَ اِلَيْكَ وَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ ﴿198﴾ خُذِ الْعَفْوَ وَاْمُرْ بِالْعُرْفِ

وہ نگاہیں کرتے ہیں | طرف تیری | جبکہ وہ | نہیں | وہ دیکھتے | تو کام لے | درگزر سے | اور تو حکم دے | نیکی کا

وہ تمہارے طرف دیکھ رہے ہیں حقیقت میں وہ کچھ نہیں دیکھتے۔ اے نبی ﷺ! آپ ﷺ درگزر کریں نیکی کا حکم دیں

وَاَعْرِضْ عَنِ الْجٰهِلِيْنَ ﴿199﴾ وَاِمَّا يَنْزَغَنَّكَ مِنَ الشَّيْطٰنِ نَزْغٌ

اور تو منہ پھیر لے | سے | جاہلوں | اور اگر | وسوسہ لگے تجھے | طرف سے | شیطان کی | کوئی وسوسہ

اور جاہلوں سے نہ الجھیں۔ اگر کبھی شیطان وسوسہ ڈالے

فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ ۭ اِنَّهٗ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿200﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا اِذَا

تو تو پناہ لے | اللہ کی | بے شک وہ | وہی سننے والا | خوب جاننے والا | بے شک | جو لوگ | تقویٰ اختیار کرتے ہیں | جب

تو اللہ کی پناہ مانگیں، بے شک وہ سننے والا جاننے والا ہے۔ جو لوگ پرہیزگار ہیں انہیں جب کوئی

مَسَّهُمْ طٰٓئِفٌ مِّنَ الشَّيْطٰنِ تَذَكَّرُوْا فَاِذَا هُمْ مُّبْصِرُوْنَ ﴿201﴾

لگتا ہے ان کو | کوئی وسوسہ | طرف سے | شیطان کی | چوکنے ہو جاتے ہیں | پھر اچانک وہ | دیکھنے لگتے ہیں

شیطانی وسوسہ لاحق ہوتا ہے تو فوراً چونک پڑتے ہیں اور پھر صحیح راہ پا لیتے ہیں۔

وَاِخْوَانُهُمْ يَمُدُّوْنَهُمْ فِى الْغَيِّ ثُمَّ لَا يُقْصِرُوْنَ ﴿202﴾ وَاِذَا لَمْ

اور بھائی ان کے | کھینچتے ہیں ان کو | میں | گمراہی | پھر | نہیں | وہ کمی کرتے | اور جب | نہیں

مگر جو شیطان کے بھائی ہیں وہ انہیں گمراہی میں کھینچے چلے جاتے ہیں پھر کوئی کسر نہیں چھوڑتے۔ اے نبی ﷺ جب

تَاْتِهِمْ بِاٰيَةٍ قَالُوْا لَوْلَا اجْتَبَيْتَهَا ؕ قُلْ اِنَّمَآ اَتَّبِعُ

تو لاتا ان کے پاس | کوئی معجزہ | وہ کہتے ہیں | کیوں نہ | تو کھینچ لایا اسے | کہہ دیجئے | بے شک | میں پیروی کرتا ہوں

آپ ﷺ ان کافروں کو ان کا کوئی فرمائشی معجزہ نہیں دکھاتے تو وہ کہتے ہیں ''کیوں اپنی طرف سے نہیں دکھا دیتے؟'' آپ ﷺ

مَا يُوْحٰٓى اِلَىَّ مِنْ رَّبِّىْ ۚ هٰذَا بَصَآئِرُ مِنْ رَّبِّكُمْ وَهُدًى

اس چیز کی جو | وحی کی جاتی ہے | طرف میری | سے | رب میرے | یہ ہیں | روشن دلیلیں | سے | رب تمہارے | اور ہدایت ہے

کہیں ''میں تو اس کی پیروی کرتا ہوں جو میرے رب کی طرف سے مجھ پر وحی کی جاتی ہے'' اے لوگو! یہ بصیرت افروز قرآن ہے جو

وَّرَحْمَةٌ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿203﴾ وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ

اور رحمت ہے | واسطے ان لوگوں کے جو | ایمان لاتے ہیں | اور جب | پڑھا جائے | قرآن | تو تم سنو | اس کو

تمہارے رب کی طرف سے نازل ہوا اور جو ان لوگوں کے لئے ہدایت اور رحمت ہے جو ایمان رکھتے ہیں'' مسلمانو! جب قرآن

وَاَنْصِتُوْا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿204﴾ وَاذْكُرْ رَّبَّكَ فِىْ نَفْسِكَ تَضَرُّعًا

اور تم خاموش رہو | تا کہ تم | تم پر رحم کیا جائے | اور تو یاد کر | رب اپنے کو | میں | اپنے دل | عاجزی سے

پڑھا جائے تو توجہ سے سنو اور خاموش رہو تا کہ تم پر رحمت کی جائے۔ اور اپنے رب کو صبح و شام یاد کرو

وَّخِيْفَةً وَّدُوْنَ الْجَهْرِ مِنَ الْقَوْلِ بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ وَلَا تَكُنْ

اور ڈر سے | اور کم | آواز سے | سے | بات | صبح کو | اور شام کو | اور نہ | تو ہو

اپنے دل میں، عاجزی سے، ڈر سے، بغیر اونچی آواز کے، آہستہ آہستہ۔ اور غافلوں

مِّنَ الْغٰفِلِيْنَ ﴿205﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ عِنْدَ رَبِّكَ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ

سے | غافلوں | بے شک | جو لوگ | نزدیک ہیں | رب اپنے کے | نہیں | وہ تکبر کرتے | سے

میں سے نہ بنو۔ بے شک اللہ کے ہاں جو فرشتے ہیں وہ اس کی عبادت سے منہ

عِبَادَتِهٖ وَيُسَبِّحُوْنَهٗ وَلَهٗ يَسْجُدُوْنَ ۩ 206

بندگی اس کی | اور وہ تسبیح کرتے ہیں اس کی | اور اُسی کو | وہ سجدہ کرتے ہیں۔

نہیں موڑتے بلکہ اس کی تسبیح کرتے اور اس کو سجدہ کرتے ہیں۔

(8) سُوْرَةُ الْاَنْفَالِ مَدَنِيَّةٌ (88)

اٰیاتھا 75 — رکوعاتھا 10

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

يَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الْاَنْفَالِ ؕ قُلِ الْاَنْفَالُ لِلّٰهِ وَ الرَّسُوْلِ ۚ فَاتَّقُوا

وہ سوال کرتے ہیں تجھ سے | بارے میں | مال غنیمت کے | کہہ دیجئے | مال غنیمت ہے | اللہ کے لیے | اور رسول کے لیے | پس تم ڈرو

اے نبی ﷺ لوگ آپ ﷺ سے مالِ غنیمت کے بارے میں پوچھتے ہیں؟ آپ ﷺ کہیں مالِ غنیمت اللہ اور اس کے

اللّٰهَ وَ اَصْلِحُوْا ذَاتَ بَيْنِكُمْ ۠ وَ اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗۤ اِنْ كُنْتُمْ

اللہ سے | اور تم درست رکھو | معاملے | درمیان اپنے کے | اور تم فرماں برداری کرو | اللہ کی | اور اُس کے رسول کی | اگر | تم ہو

رسول ﷺ کا ہے۔ تم اللہ سے ڈرو اور آپس کے تعلقات ٹھیک رکھو۔ اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی اطاعت کرو اگر تم سچے

مُّؤْمِنِيْنَ ۝1 اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَجِلَتْ

ایمان والے | بے شک | ایمان والے | وہ لوگ ہیں | کہ جب | ذکر کیا جائے | اللہ | ڈر جاتے ہیں

مومن ہو۔ ایمان والے وہ ہیں جب اللہ کا ذکر کیا جاتا ہے تو ان کے دل

قُلُوْبُهُمْ وَ اِذَا تُلِيَتْ عَلَيْهِمْ اٰيٰتُهٗ زَادَتْهُمْ اِيْمَانًا وَّ عَلٰى رَبِّهِمْ

دل ان کے | اور جب | پڑھی جاتی ہیں | اُن پر | آیتیں اس کی | وہ بڑھاتی ہیں ان کے لئے | ایمان کو | اور اوپر | رب اپنے کے

دہل جاتے ہیں۔ جب اللہ کی آیتیں ان کے سامنے پڑھی جاتی ہیں تو ان کا ایمان بڑھا دیتی ہیں اور وہ اپنے رب پر

يَتَوَكَّلُوْنَ ۝2 الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَ مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۝3

وہ توکل کرتے ہیں | وہ لوگ جو | قائم رکھتے ہیں | نماز کو | اور اُس سے جو | ہم نے دیا ان کو | وہ خرچ کرتے ہیں

بھروسا کرتے ہیں۔ نماز قائم کرتے ہیں اور جو کچھ ہم نے انہیں دیا اس میں سے اللہ کی راہ میں خرچ کرتے ہیں۔

اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ حَقًّا ؕ لَهُمْ دَرَجٰتٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَ مَغْفِرَةٌ

وہ لوگ | وہی ہیں | ایمان والے | سچے | ان کے لیے ہیں | درجے | پاس | اُن کے رب کے | اور بخشش ہے

یہی لوگ سچے مومن ہیں۔ ان کے لئے ان کے رب کے پاس بڑے درجے ہیں۔ بخشش ہے

وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ۝4 كَمَآ اَخْرَجَكَ رَبُّكَ مِنْۢ بَيْتِكَ بِالْحَقِّ ۠ وَاِنَّ

اور روزی ہے | عمدہ | جس طرح | نکالا تجھے | رب تیرے نے | سے | گھر تیرے | ساتھ حق کے | اور بے شک

اور عزت کی روزی۔ اے نبی ﷺ! جب آپ ﷺ کو آپ ﷺ کے رب نے گھر سے کوچ کرنے کا حکم دیا اس وقت مسلمانوں

فَرِيْقًا مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ لَكٰرِهُوْنَ ۝5 يُجَادِلُوْنَكَ فِي الْحَقِّ بَعْدَ مَا

ایک گروہ تھا | سے | ایمان والوں | البتہ ناخوش | وہ جھگڑتے تھے تجھ سے | بارے میں | حق کے | بعد | اس کے جو

کے ایک گروہ کو باہر نکل کر مقابلہ کرنا ناگوار تھا۔ وہ آپ ﷺ سے حق بات میں جھگڑا کر رہے تھے حالانکہ وہ معاملہ

تَبَيَّنَ كَاَنَّمَا يُسَاقُوْنَ اِلَى الْمَوْتِ وَهُمْ يَنْظُرُوْنَ ۝6 وَاِذْ يَعِدُكُمُ

ظاہر ہوا | گویا کہ | وہ دھکیلے جاتے ہیں | طرف | موت کی | اور وہ | وہ دیکھتے ہیں | اور جب | وعدہ کرتا تھا تم سے

واضح ہو چکا تھا لیکن انہیں یوں معلوم ہوتا تھا گویا وہ آنکھوں دیکھتے موت کی طرف ہانکے جا رہے ہیں۔ مسلمانو! یاد کرو جب اللہ

اللّٰهُ اِحْدَى الطَّآئِفَتَيْنِ اَنَّهَا لَكُمْ وَتَوَدُّوْنَ اَنَّ غَيْرَ ذَاتِ

اللہ | ایک کا | دو گروہوں میں سے | یہ کہ وہ ہے | لئے تمہارے | اور تم چاہتے تھے | یہ کہ | بغیر | والا

نے تم سے مشرکوں کے دو گروہوں میں سے ایک کے مغلوب ہونے کا وعدہ کیا، لیکن تم چاہتے تھے جس میں

الشَّوْكَةِ تَكُوْنُ لَكُمْ وَيُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّحِقَّ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ

اسلحے | ہو | تمہارے لیے | اور چاہتا تھا | اللہ | یہ کہ | قائم کرے | حق کو | ساتھ باتوں اپنی کے

کا نٹا نہ لگے وہ گروہ تمہارے ہاتھ آ جائے۔ جبکہ اللہ چاہتا تھا وہ اپنے حکم سے حق کا بول بالا کر دے اور کافروں کی جڑ کاٹ دے۔

وَيَقْطَعَ دَابِرَ الْكٰفِرِيْنَ ۝7 لِيُحِقَّ الْحَقَّ وَيُبْطِلَ الْبَاطِلَ وَلَوْ كَرِهَ

اور کاٹ ڈالے | جڑ | کافروں کی | تا کہ سچا کرے | حق کو | اور جھوٹا کرے | باطل کو | اور اگرچہ | ناپسند کریں

تا کہ حق کا حق ہونا اور باطل کا باطل ہونا ظاہر کر دے اگرچہ کافروں کو کتنا ہی

الْمُجْرِمُوْنَ ۝8 اِذْ تَسْتَغِيْثُوْنَ رَبَّكُمْ فَاسْتَجَابَ لَكُمْ اَنِّيْ

مجرم | جب | تم فریاد کرتے تھے | رب اپنے سے | تو اس نے قبول کیا | تمہارے لیے | یہ کہ میں

ناگوار ہو۔ مسلمانو! یاد کرو جب تم اپنے رب سے فریاد کر رہے تھے تو اس نے تمہاری فریاد سنی کہ ''میں تمہاری مدد کے

مُمِدُّكُمْ بِاَلْفٍ مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ مُرْدِفِيْنَ ۝9 وَمَا جَعَلَهُ اللّٰهُ اِلَّا

مدد کرنے والا ہوں تمہاری | ساتھ ہزار کے | سے | فرشتوں | ایک دوسرے کے پیچھے آنے والے | اور نہیں | کیا اس کو | اللہ نے | مگر

لئے ایک ہزار فرشتے لگاتار بھیج رہا ہوں'' اللہ نے یہ اس لئے کیا تا کہ تمہارے لئے خوشخبری ہو

بُشْرٰى وَلِتَطْمَئِنَّ بِهٖ قُلُوْبُكُمْ ۚ وَمَا النَّصْرُ اِلَّا مِنْ عِنْدِ

خوشخبری | اور تا کہ مطمئن ہوں | ساتھ اس کے | دل تمہارے | اور نہیں | مدد | مگر | سے | پاس

اور تمہارے دل مطمئن ہوں۔ فتح و نصرت تو اللہ کی طرف سے آتی ہے۔

اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿10﴾ اِذْ يُغَشِّيْكُمُ النُّعَاسَ اَمَنَةً مِّنْهُ

اللہ کے | بیشک | اللہ ہے | غالب | حکمت والا | جب | وہ طاری کرتا تھا تم پر | اونگھ کو | اطمینان کے لئے | اس سے

بے شک اللہ غالب حکمت والا ہے۔ اور یاد کرو جب اللہ نے تم پر اونگھ طاری کر دی جس سے تمہارے دلوں کو سکون اور اطمینان ملا۔

وَيُنَزِّلُ عَلَيْكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ مَآءً لِّيُطَهِّرَكُمْ بِهٖ وَيُذْهِبَ عَنْكُمْ

اور وہ اتارتا تھا | تم پر | سے | آسمان | پانی | تا کہ وہ پاک کرے تمہیں | اس سے | اور وہ دور کرے | تم سے

اس نے آسمان سے تمہارے اوپر پانی برسایا تا کہ اس کے ذریعے سے تمہیں پاک صاف کر دے۔ تم سے شیطان کی نجاست دور کر

رِجْزَ الشَّيْطٰنِ وَلِيَرْبِطَ عَلٰى قُلُوْبِكُمْ وَيُثَبِّتَ بِهِ الْاَقْدَامَ ﴿11﴾ ؕ

گندگی | شیطان کی | اور تا کہ وہ مضبوط کر دے | پر | تمہارے دلوں | اور وہ ثابت رکھے | اس سے | قدموں کو

دے، تمہارے دلوں کو مضبوط کر دے اور تمہارے قدم جما دے!

اِذْ يُوْحِيْ رَبُّكَ اِلَى الْمَلٰٓئِكَةِ اَنِّيْ مَعَكُمْ فَثَبِّتُوا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ؕ

جب | وحی پہنچاتا تھا | رب تیرا | طرف | فرشتوں کے | یہ کہ میں | ساتھ تمہارے | پس ثابت قدم رکھو | ان لوگوں کو جو | ایمان لائے

جب آپ ﷺ کے رب نے فرشتوں کو حکم بھیجا "میں تمہارے ساتھ ہوں، تم ایمان والوں کو ثابت قدم رکھو"

سَاُلْقِيْ فِيْ قُلُوْبِ الَّذِيْنَ كَفَرُوا الرُّعْبَ فَاضْرِبُوْا فَوْقَ الْاَعْنَاقِ

عنقریب میں ڈالوں گا | میں | دلوں | ان لوگوں کے | جو کافر ہوئے | رعب | پس تم مارو | اوپر | گردنوں کے

ضرور میں کافروں کے دلوں میں رعب ڈال دوں گا اس لئے اے مسلمانو! "تم ان کافروں کی گردنوں پر مارو۔

وَاضْرِبُوْا مِنْهُمْ كُلَّ بَنَانٍ ﴿12﴾ ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ شَآقُّوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ۚ

اور تم مارو | سے ان میں | ہر | جوڑ پر | یہ اس لیے ہے | کہ انہوں نے | مخالفت کی | اللہ کی | اور اُس کے رسول کی

ان کے جوڑ جوڑ پر ضرب لگاؤ"۔ کیونکہ انہوں نے اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی مخالفت کی

وَمَنْ يُّشَاقِقِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَاِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿13﴾ ذٰلِكُمْ

اور جو کوئی | مخالفت کرے | اللہ کی | اور اُس کے رسول کی | تو بے شک | اللہ ہے | سخت | عذاب دینے والا | یہ ہے

اور جو اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی مخالفت کرے گا وہ یاد رکھے اللہ سزا دینے میں سخت ہے۔ اور اے کافرو! ابھی

فَذُوۡقُوۡهُ وَاَنَّ لِلۡكٰفِرِيۡنَ عَذَابَ النَّارِ ﴿14﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡۤا اِذَا

پس تم چکھو اس کو | اور بے شک | کافروں کے لیے ہے | عذاب | آگ کا | اے وہ | لوگو جو | ایمان لائے | جب

اس سزا کا مزا چکھو اور پھر تمہارے لئے دوزخ کی آگ کا عذاب بھی تیار ہے۔ اے ایمان والو! جب تمہارا

لَقِيۡتُمُ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا زَحۡفًا فَلَا تُوَلُّوۡهُمُ الۡاَدۡبَارَ ﴿15﴾ وَمَنۡ

تم مقابلے میں آؤ | ان لوگوں کے جو | کافر ہوئے | لشکر لے کر | پس نہ | تم پھیرو ان سے | پیٹھوں کو | اور جو کوئی

مقابلہ کافروں کے لشکر سے ہو تو پیٹھ نہ دکھاؤ۔ جس نے ایسے موقع

يُّوَلِّهِمۡ يَوۡمَئِذٍ دُبُرَهٗۤ اِلَّا مُتَحَرِّفًا لِّقِتَالٍ اَوۡ مُتَحَيِّزًا اِلٰى

پھیرے گا ان سے | اس دن | پیٹھ اپنی | مگر | چال چلنے والا | جنگ کے لیے | یا | محاذ بنانے والا | طرف

پر پیٹھ دکھائی اس پر اللہ کا غضب نازل ہوگا۔ اس کا ٹھکانہ جہنم ہوگا جو بہت برا ٹھکانا ہے۔ البتہ اگر پیچھے ہٹنا جنگی چال کے لئے ہو

فِئَةٍ فَقَدۡ بَآءَ بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰهِ وَمَاۡوٰٮهُ جَهَنَّمُ ؕ وَبِئۡسَ

جماعت کی | تو بے شک | وہ آیا | ساتھ غضب | طرف سے | اللہ کی | اور ٹھکانا اس کا ہے | دوزخ | اور بری ہے

یا اپنے دوسرے لشکر سے جا ملنے کے لئے ہو تو اس کی اجازت ہے۔ اے مسلمانو!

الۡمَصِيۡرُ ﴿16﴾ فَلَمۡ تَقۡتُلُوۡهُمۡ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ قَتَلَهُمۡ ۪ وَمَا رَمَيۡتَ اِذۡ

جگہ پھر جانے کی | پس نہیں | تم نے قتل کیا ان کو | اور لیکن | اللہ نے | قتل کیا ان کو | اور نہیں | تو نے پھینکا | جب

تم نے جنگ میں کافروں کو قتل نہیں کیا بلکہ اللہ نے ان کو قتل کیا۔ اور اے نبی ﷺ! جب آپ ﷺ نے کافروں پر

رَمَيۡتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰى ۚ وَلِيُبۡلِىَ الۡمُؤۡمِنِيۡنَ مِنۡهُ بَلَآءً حَسَنًا ؕ

تو نے پھینکا | اور لیکن | اللہ نے | پھینکا | اور تا کہ وہ آزمائے | ایمان والوں کو | اپنی طرف سے | آزمائش | نیک

خاک پھینکی تو آپ ﷺ نے نہیں پھینکی بلکہ اللہ نے پھینکی تا کہ اللہ ایمان والوں کو ایک بہتر آزمائش میں ڈال کر سرخرو کرے۔

اِنَّ اللّٰهَ سَمِيۡعٌ عَلِيۡمٌ ﴿17﴾ ذٰلِكُمۡ وَاَنَّ اللّٰهَ مُوۡهِنُ كَيۡدِ الۡكٰفِرِيۡنَ ﴿18﴾

بے شک | اللہ ہے | خوب سننے والا | خوب جاننے والا | یہ بات ہے | اور بیشک | اللہ | ناکام بنانے والا ہے | چال | کافروں کی

بے شک اللہ سننے والا جاننے والا ہے۔ یہ جو کچھ ہوا تمہارے سامنے ہے اور اللہ کافروں کی ساری چالیں ناکام کر کے رہے گا۔

اِنۡ تَسۡتَفۡتِحُوۡا فَقَدۡ جَآءَكُمُ الۡفَتۡحُ ۚ وَاِنۡ تَنۡتَهُوۡا فَهُوَ خَيۡرٌ

اگر | تم فتح چاہتے ہو | تو بے شک | آئی تمہارے پاس | فتح | اور اگر | تم باز رہو | تو وہ | بہتر ہے

اے کفار مکہ! تم حق کا فیصلہ چاہتے تھے وہ تمہارے سامنے آ گیا۔ اب اگر باز آ جاؤ تو تمہارے حق میں

لَكُمْ ج وَاِنْ تَعُوْدُوْا نَعُدْ ج وَلَنْ تُغْنِيَ عَنْكُمْ فِئَتُكُمْ شَيْئًا وَّلَوْ

تمہارے لیے | اوراگر | تم پھر آؤ گے | توہم بھی آئیں گے | اور ہرگز | نہ کام آئے گا | تم سے | جتھا تمہارا | کچھ بھی | اور اگرچہ

بہتر ہے لیکن اگر پھر وہی کرو گے تو ہم بھی پھر وہی کریں گے۔ تمہارا جتھا تمہارے کچھ کام نہ آئے گا خواہ وہ کتنا

كَثُرَتْ لا وَاَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿19﴾ ع يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَطِيْعُوا

وہ زیادہ ہو | اور یہ کہ | اللہ ہے | ساتھ | ایمان والوں کے | اے وہ | لوگو جو | ایمان لائے ہو | اطاعت کرو

ہی زیادہ ہو۔ بے شک اللہ ایمان والوں کے ساتھ ہے۔ اے ایمان والو! اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی اطاعت

اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَلَا تَوَلَّوْا عَنْهُ وَاَنْتُمْ تَسْمَعُوْنَ ﴿20﴾ وَلَا تَكُوْنُوْا

اللہ کی | اور اُس کے رسول کی | اور نہ | تم پھرو | اس سے | اور تم | تم سنتے ہو | اور نہ | تم ہو جاؤ

کرو اور اس کے حکم سے منہ نہ پھیرو جبکہ تم اسے سن رہے ہو۔ اور ان لوگوں کی

كَالَّذِيْنَ قَالُوْا سَمِعْنَا وَهُمْ لَا يَسْمَعُوْنَ ﴿21﴾ اِنَّ شَرَّ الدَّوَآبِّ

مانند ان لوگوں کے | جنہوں نے کہا | ہم نے سنا | اور وہ | نہیں | وہ سنتے | بے شک | بہت برے | جانوروں

طرح نہ ہو جاؤ جنہوں نے کہا ہم نے سنا حالانکہ وہ نہیں سنتے۔ اللہ کے نزدیک بدترین جانور

عِنْدَ اللّٰهِ الصُّمُّ الْبُكْمُ الَّذِيْنَ لَا يَعْقِلُوْنَ ﴿22﴾ وَلَوْ عَلِمَ اللّٰهُ

نزدیک | اللہ کے | بہرے | گونگے ہیں | جو کہ | نہیں | وہ سمجھتے | اور اگر | پاتا | اللہ

وہ لوگ ہیں جو بہرے گونگے بن جاتے ہیں اور عقل سے کام نہیں لیتے۔ اگر اللہ ان لوگوں میں کوئی بھلائی دیکھتا تو ضرور

فِيْهِمْ خَيْرًا لَّاَسْمَعَهُمْ ط وَلَوْ اَسْمَعَهُمْ لَتَوَلَّوْا وَّهُمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿23﴾

ان میں | بھلائی | ضرور وہ سناتا ان کو | اور اگر | اب سنائے ان کو | ضرور وہ پھر جائیں | اور وہ ہیں | منہ پھیرنے والے

انہیں سننے کی توفیق دیتا لیکن وہ ایسے ہیں کہ اگر اللہ انہیں سنا بھی دے وہ اس سے اعراض کرتے ہوئے منہ پھیر لیتے ہیں۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اسْتَجِيْبُوْا لِلّٰهِ وَلِلرَّسُوْلِ اِذَا دَعَاكُمْ لِمَا

اے وہ | لوگو جو | ایمان لائے ہو | تم حکم مانو | اللہ کا | اور رسول کا | جب | وہ بلائے تمہیں | تاکہ

اے ایمان والو! اللہ اور رسول ﷺ کی پکار پر لبیک کہو جب رسول ﷺ تمہیں اس چیز کی طرف بلا رہا ہو جو تمہیں

يُحْيِيْكُمْ ج وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ يَحُوْلُ بَيْنَ الْمَرْءِ وَقَلْبِهٖ وَاَنَّهٗٓ

وہ زندگی بخشے تم کو | اور تم جانو | کہ | اللہ | حائل ہوتا ہے | درمیان | آدمی کے | اور اُس کے دل کے | اور یہ کہ وہ

زندگی دینے والی ہے۔ جان لو اللہ آدمی اور اس کے دل کے درمیان حائل ہو جاتا ہے۔ اور یاد رکھو تم

اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿24﴾ وَاتَّقُوْا فِتْنَةً لَّا تُصِيْبَنَّ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْكُمْ

طرف اس کی | تم اکٹھے کیے جاؤ گے | اور تم ڈرو | اس فتنے سے | جو نہ | پہنچے گا | صرف ان لوگوں کو جو | ظلم کرتے ہیں | تم میں سے

سب کو اسی کی طرف اکٹھا ہونا ہے۔ اور ڈرو اس فتنے سے جس کا وبال صرف ان لوگوں پر نہیں پڑے گا جو تم

خَآصَّةً ۚ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿25﴾ وَاذْكُرُوْٓا اِذْ اَنْتُمْ

خاص طور پر | اور جان لو | کہ | اللہ ہے | سخت | عذاب دینے والا | اور تم یاد کرو | جب | تم تھے

میں سے ظالم ہیں۔ اور جان لو کہ اللہ سخت سزا دینے والا ہے۔ اے مسلمانو! یاد کرو جب تم

قَلِيْلٌ مُّسْتَضْعَفُوْنَ فِي الْاَرْضِ تَخَافُوْنَ اَنْ يَّتَخَطَّفَكُمُ النَّاسُ

تھوڑے | کمزور سمجھے جانے والے | میں | زمین | تم ڈرتے تھے | یہ کہ | خاتمہ کردیں تمہارا | دوسرے لوگ

تھوڑے تھے، زمین میں کمزور تھے اور ڈرتے تھے کہ لوگ اچانک تمہیں اچک نہ لیں۔

فَاٰوٰىكُمْ وَاَيَّدَكُمْ بِنَصْرِهٖ وَرَزَقَكُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ لَعَلَّكُمْ

پس اس نے ٹھکانا دیا تمہیں | اور تم کو قوت دی | ساتھ مدد اپنی کے | اور اس نے روزی دی تمہیں | سے | پاکیزہ چیزوں | تاکہ تم

پھر اللہ نے تمہیں رہنے کو جگہ دی، اپنی نصرت سے تمہاری تائید کی اور تمہیں پاکیزہ روزی دی تا کہ

تَشْكُرُوْنَ ﴿26﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَخُوْنُوا اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ وَتَخُوْنُوْٓا

تم شکر کرو | اے وہ | لوگو جو | ایمان لائے ہو | نہ | تم خیانت کرو | اللہ کی | اور رسول کی | اور نہ تم خیانت کرو

تم شکر گزار بنو۔ اے ایمان والو! اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے ساتھ بے ایمانی نہ کرو اور

اَمٰنٰتِكُمْ وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿27﴾ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَآ اَمْوَالُكُمْ وَاَوْلَادُكُمْ

امانتوں اپنی کی | اور جبکہ تم | تم جانتے ہو | اور تم جانو | یہ کہ | مال تمہارے | اور اولاد تمہاری

نہ اپنی امانتوں میں خیانت کرو جب کہ تم جانتے ہو یہ بری چیز ہے۔ اور یہ جان لو تمہارے مال اور تمہاری اولاد

ع 3 9 17

فِتْنَةٌ ۙ وَّاَنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗٓ اَجْرٌ عَظِيْمٌ ﴿28﴾ ع يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ

آزمائش ہیں | اور یہ کہ | اللہ | پاس اس کے ہے | ثواب | بڑا | اے وہ | لوگو جو | ایمان لائے ہو | اگر

آزمائش ہیں، البتہ اللہ کے ہاں ان کا بڑا اجر بھی ہے۔ اے ایمان والو! اگر تم

تَتَّقُوا اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّكُمْ فُرْقَانًا وَّيُكَفِّرْ عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ

تم ڈرو گے | اللہ سے | وہ پیدا کرے گا | تمہارے لیے | تمیز حق و باطل کی | اور وہ دور کرے گا | تم سے | برائیاں تمہاری

اللہ سے ڈرو تو وہ تمہیں بصیرت عطا فرمائے گا۔ تم سے تمہاری برائیاں دور کر دے گا

وَيَغْفِرْ لَكُمْ ۗ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ﴿29﴾ وَاِذْ يَمْكُرُ بِكَ

اور وہ بخش دے گا | تم کو | اور اللہ ہے | والا | فضل | بڑے | اور جب | چال چلتے تھے | خلاف تیرے

اور تمہیں بخش دے گا۔ اللہ بڑے فضل والا ہے۔ اے نبی ﷺ، یاد کرو جب کفار آپ کے خلاف سازش

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِيُثْبِتُوْكَ اَوْ يَقْتُلُوْكَ اَوْ يُخْرِجُوْكَ ۗ وَيَمْكُرُوْنَ

وہ لوگ جو | کافر ہوئے | تاکہ وہ قید کر دیں تجھے | یا | وہ قتل کر دیں تجھے | یا | وہ جلاوطن کر دیں تجھے | اور وہ چال چلتے تھے

کر رہے تھے آپ ﷺ کو قید کریں یا قتل کریں یا جلا وطن کریں۔ وہ چالیں چل رہے تھے اور اللہ بھی چال

وَيَمْكُرُ اللّٰهُ ۗ وَاللّٰهُ خَيْرُ الْمٰكِرِيْنَ ﴿30﴾ وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا

اور چال چلتا تھا | اللہ | اور اللہ | بہتر | چال چلنے والا ہے | اور جب | پڑھی جاتی ہیں | اوپر ان کے | آیتیں ہماری

چل رہا تھا اور اللہ بہترین چالیں چلنے والا ہے۔ جب کافروں کے سامنے ہماری آیتیں پڑھی جاتی ہیں

قَالُوْا قَدْ سَمِعْنَا لَوْ نَشَآءُ لَقُلْنَا مِثْلَ هٰذَآ ۙ اِنْ هٰذَآ اِلَّآ

وہ کہتے ہیں | بے شک | ہم نے سنا | اگر | ہم چاہیں | ضرور ہم بھی کہہ دیں | اسی طرح کی | نہیں ہے | یہ | مگر

تو کہتے ہیں "ہم نے سن لیا، اگر ہم چاہیں تو ایسا کلام پیش کر سکتے ہیں۔ یہ پہلے لوگوں کی

اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿31﴾ وَاِذْ قَالُوا اللّٰهُمَّ اِنْ كَانَ هٰذَا هُوَ الْحَقَّ

کہانیاں | پہلوں کی | اور جب | انہوں نے کہا | اے اللہ | اگر | ہے | یہ | بالکل | سچ

کہانیاں ہیں" اے نبی ﷺ! جب کافروں نے کہا تھا "اے اللہ! اگر یہ تیرا سچا کلام ہے تو ہم پر

مِنْ عِنْدِكَ فَاَمْطِرْ عَلَيْنَا حِجَارَةً مِّنَ السَّمَآءِ اَوِ ائْتِنَا بِعَذَابٍ

سے | نزدیک تیرے | پھر تو برسا | اوپر ہمارے | پتھر | سے | آسمان | یا | تو لے آ ہم پر | عذاب

آسمان سے پتھر برسا دے یا کوئی اور دردناک عذاب ہم پر

اَلِيْمٍ ﴿32﴾ وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ وَاَنْتَ فِيْهِمْ ۗ وَمَا كَانَ اللّٰهُ

دردناک | اور نہیں | تھا | اللہ | کہ عذاب دیتا ان کو | جبکہ تو تھا | اُن میں | اور نہیں | ہے | اللہ

لے آ" اللہ ایسا نہیں کہ ان پر عذاب نازل کرے جب آپ ﷺ ان میں موجود ہیں۔ نہ اللہ ایسا ہے

مُعَذِّبَهُمْ وَهُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ ﴿33﴾ وَمَا لَهُمْ اَلَّا يُعَذِّبَهُمُ اللّٰهُ

عذاب دینے والا ان کو | جبکہ وہ ہوں | بخشش مانگتے | اور کیا ہے | ان کو | یہ کہ نہ | عذاب دے ان کو | اللہ

کہ انہیں عذاب دے جب وہ استغفار کرتے ہوں۔ لیکن اللہ انہیں کیوں عذاب نہ دے

وَهُمْ يَصُدُّوْنَ عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ وَمَا كَانُوْٓا اَوْلِيَآءَهٗ ؕ اِنْ

جبکہ وہ | روکتے ہیں | سے | مسجد | حرام | اورنہیں | وہ مناسب | متولی اس کے | نہیں

جبکہ وہ مسلمانوں کو مسجد حرام سے روکتے ہیں؟ جبکہ وہ کعبے کے متولی نہیں۔ اس کے

اَوْلِيَآؤُهٗٓ اِلَّا الْمُتَّقُوْنَ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿34﴾ وَمَا كَانَ

متولی اس کے | مگر | پرہیزگار لوگ | اورلیکن | اکثران کے | نہیں | وہ جانتے | اورنہیں | ہے

متولی تو صرف اللہ سے ڈرنے والے ہو سکتے ہیں۔ لیکن ان میں سے اکثر اس حقیقت کو نہیں جانتے۔ بیت اللہ

صَلَاتُهُمْ عِنْدَ الْبَيْتِ اِلَّا مُكَآءً وَّتَصْدِيَةً ؕ فَذُوْقُوا الْعَذَابَ

نماز ان کی | قریب | کعبے کے | مگر | سیٹیاں بجانا | اور تالیاں بجانا | پس تم چکھو | عذاب کو

کے پاس ان کی نماز سیٹیاں اور تالیاں بجانے کے سوا کچھ نہیں۔ ان سے کہا جائے گا اپنے کفر کا

بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ﴿35﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ

اس وجہ سے جو | تم تھے | تم کفر کرتے | بے شک | جو لوگ | کافر ہوئے | وہ خرچ کرتے ہیں | مال اپنے

عذاب چکھو۔ کافر مال خرچ کرتے ہیں تا کہ لوگوں کو اللہ کی

لِيَصُدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ فَسَيُنْفِقُوْنَهَا ثُمَّ تَكُوْنُ عَلَيْهِمْ حَسْرَةً

تا کہ وہ روکیں | سے | راہ | اللہ کی | پس ضرور وہ خرچ کریں گے اسے | پھر | ہوگی | اُن پر | پشیمانی

راہ سے روکیں۔ وہ خرچ کرتے رہیں گے پھر یہ ان کے لئے پشیمانی کا باعث بنے گا۔ وہ مغلوب

ثُمَّ يُغْلَبُوْنَ ۬ ؕ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِلٰى جَهَنَّمَ يُحْشَرُوْنَ ﴿36﴾ لِيَمِيْزَ اللّٰهُ

پھر | وہ مغلوب ہوں گے | اور جو لوگ | کافر ہوئے | طرف | دوزخ کی | وہ اکٹھے کئے جائیں گے | تا کہ الگ کرے | اللہ

ہوں گے۔ ان کو دوزخ کی طرف اکٹھا کیا جائے گا۔ تا کہ اللہ ناپاک کو پاک سے چھانٹ کر الگ

الْخَبِيْثَ مِنَ الطَّيِّبِ وَيَجْعَلَ الْخَبِيْثَ بَعْضَهٗ عَلٰى بَعْضٍ فَيَرْكُمَهٗ

ناپاک کو | سے | پاک | اور وہ کرے | ناپاک کو | اُس کے بعض کو | اوپر | بعض کے | پھر ڈھیر لگائے اسکا

کر دے اور ناپاک کو ایک دوسرے پر رکھ کر اکٹھا کرے۔ پھر اس ڈھیر کو

جَمِيْعًا فَيَجْعَلَهٗ فِيْ جَهَنَّمَ ؕ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿37﴾ قُلْ لِّلَّذِيْنَ

اکٹھا کر کے | پھر ڈالے اسے | میں | دوزخ | یہ لوگ | وہی ہیں | نقصان اٹھانے والے | کہہ دیجئے | اُن سے جو

دوزخ میں ڈال دے۔ یہی لوگ گھاٹے میں رہیں گے۔ اے نبی ﷺ! آپ ﷺ کافروں سے کہہ دیں

كَفَرُوْٓا اِنْ يَّنْتَهُوْا يُغْفَرْ لَهُمْ مَّا قَدْ سَلَفَ ۚ وَاِنْ يَّعُوْدُوْا

کافر ہوئے | اگر | وہ باز آجائیں | بخش دیا جائے گا | اُن کے لیے | جو کچھ | ہو | گزرا | اور اگر | وہ پھر کریں گے

اگر وہ کفر سے باز آ جائیں تو جو کچھ ہو چکا انہیں معاف کر دیا جائے گا۔ لیکن اگر پھر

فَقَدْ مَضَتْ سُنَّتُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿38﴾ وَقَاتِلُوْهُمْ حَتّٰى لَا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ

تو بیشک | گزر چکی | مثال | پہلوں کی | اور تم لڑو ان سے | یہاں تک کہ | نہ | رہے | فتنہ

کفر کریں گے تو ان کا وہی انجام ہوگا جو ان جیسے پہلے لوگوں کا ہو چکا۔ مسلمانو! کافروں سے لڑو یہاں تک کہ فتنہ باقی نہ رہے

وَّيَكُوْنَ الدِّيْنُ كُلُّهٗ لِلّٰهِ ۚ فَاِنِ انْتَهَوْا فَاِنَّ اللّٰهَ بِمَا يَعْمَلُوْنَ

اور ہو جائے | دین | پورا | اللہ کے لیے | پھر اگر | وہ باز آجائیں | تو بے شک | اللہ ہے | اُس کو جو | وہ کرتے ہیں

اور دین سارے کا سارا اللہ کے لئے ہو جائے۔ پھر اگر کفار باز آ جائیں تو جو کچھ وہ کریں گے اللہ اسے دیکھ

بَصِيْرٌ ﴿39﴾ وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ مَوْلٰىكُمْ ۭ نِعْمَ الْمَوْلٰى

خوب دیکھنے والا | اور اگر | وہ پھر جائیں | تو تم جان لو | کہ | اللہ ہے | دوست تمہارا | اچھا ہے | دوست

رہا ہے۔ اور اگر وہ منہ موڑیں تو اے مسلمانو! یقین رکھو کہ اللہ تمہارا کارساز ہے جو کیسا اچھا کارساز ہے اور کیسا

وَنِعْمَ النَّصِيْرُ ﴿40﴾

اور اچھا ہے | مدد کرنے والا

اچھا مددگار!

وَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَا غَنِمْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ فَاَنَّ لِلّٰهِ خُمُسَهٗ

اور تم جانو | یہ کہ جو کچھ | مالِ غنیمت پاؤ | سے | کسی چیز | تو بے شک | اللہ کے لیے ہے | پانچواں حصہ اس کا

اور جان لو جو مالِ غنیمت تمہیں حاصل ہو، اس کا پانچواں حصہ اللہ

وَلِلرَّسُوْلِ وَلِذِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَابْنِ السَّبِيْلِ ۙ

اور رسول کے لیے ہے | اور رشتہ داروں کے لیے | اور یتیموں کے لیے | اور مسکینوں کے لیے | اور مسافروں کے لیے

اور رسول ﷺ کے لئے اور رشتہ داروں، یتیموں، مسکینوں اور مسافروں کے لئے ہے

اِنْ كُنْتُمْ اٰمَنْتُمْ بِاللّٰهِ وَمَآ اَنْزَلْنَا عَلٰى عَبْدِنَا يَوْمَ

اگر | تم ہو | ایمان رکھتے | اللہ پر | اور اس پر جو | ہم نے اتارا | پر | اپنے بندے | دن

اگر تم اللہ پر ایمان رکھتے ہو اور اس غیبی مدد پر یقین رکھتے ہو جو ہم نے اپنے بندے پر فیصلے کے

الْفُرْقَانِ يَوْمَ الْتَقَى الْجَمْعٰنِ ۭ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ

فیصلے کے | جس دن | مقابلے میں آئے | دونوں لشکر | اور اللہ | اوپر | ہر | چیز کے

دن اتاری جب کفر اور اسلام کے لشکروں کا مقابلہ ہوا۔ یاد رکھو اللہ ہر چیز پر

قَدِيْرٌ ﴿41﴾ اِذْ اَنْتُمْ بِالْعُدْوَةِ الدُّنْيَا وَهُمْ بِالْعُدْوَةِ الْقُصْوٰى

قادر ہے | جب | تم تھے | کنارے پر | اِدھر | اور وہ تھے | کنارے پر | اُدھر

قادر ہے۔ اس وقت تم وادی کے قریبی کنارے پر تھے اور کافر دور کے کنارے پر تھے۔

وَالرَّكْبُ اَسْفَلَ مِنْكُمْ ۭ وَلَوْ تَوَاعَدْتُّمْ لَاخْتَلَفْتُمْ فِي

اور قافلہ | نیچے | تم سے | اور اگر | تم وعدہ مقرر کرتے | ضرور تم اختلاف کرتے | میں

اور ان کا تجارتی قافلہ تمہارے نیچے کی طرف تھا۔ اگر تم اور تمہارا دشمن لڑنے کا وقت مقرر کرتے تو ضرور اس بارے میں

الْمِيْعٰدِ ۙ وَلٰكِنْ لِّيَقْضِيَ اللّٰهُ اَمْرًا كَانَ مَفْعُوْلًا ۙ لِّيَهْلِكَ

وعدے | اور لیکن | تا کہ پورا کرے | اللہ | اس کام کو | جو تھا | کرنا | تا کہ ہلاک ہو جائے

تمہارا اختلاف ہو جاتا۔ اور لیکن جو کچھ ہوا اس لئے ہوا تا کہ اللہ اپنا ایک طے شدہ کام کر دکھائے۔ تا کہ جسے ہلاک ہونا ہے

مَنْ هَلَكَ عَنْۢ بَيِّنَةٍ وَّيَحْيٰى مَنْ حَيَّ عَنْۢ بَيِّنَةٍ ۭ

وہ جو | ہلاک ہوا ہے | سے | دلیل | اور زندہ رہے | وہ جو | زندہ رہے | سے | دلیل

وہ روشن دلیل دیکھنے کے بعد ہلاک ہو اور جسے زندہ رہنا ہے وہ روشن دلیل کے ساتھ زندہ رہے۔

وَاِنَّ اللّٰهَ لَسَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿42﴾ اِذْ يُرِيْكَهُمُ اللّٰهُ فِيْ

اور بے شک | اللہ ہے | یقیناً سننے والا | خوب جاننے والا | جب | دکھاتا تھا تجھے وہ لوگ | اللہ | میں

بے شک اللہ سننے والا جاننے والا ہے۔ جب اللہ نے تمہارے خواب میں دشمن کی تعداد تھوڑی کر کے

مَنَامِكَ قَلِيْلًا ۭ وَلَوْ اَرٰىكَهُمْ كَثِيْرًا لَّفَشِلْتُمْ وَلَتَنَازَعْتُمْ

تیرے خواب میں | تھوڑے | اور اگر | وہ دکھاتا تجھے وہ لوگ | زیادہ | ضرور تم کمزوری دکھاتے | اور ضرور تم جھگڑتے

دکھا دی۔ اگر ان کی زیادہ تعداد دکھا دیتا تم لوگ ہمت ہار جاتے اور جنگ کرنے کے بارے میں اختلاف

فِي الْاَمْرِ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ سَلَّمَ ۭ اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ

میں | معاملے | اور لیکن | اللہ نے | سلامت رکھا | بے شک وہ | خوب جاننے والا ہے | بات

کرتے۔ لیکن اللہ نے تمہیں اس سے بچا لیا۔ بیشک وہ دلوں کا حال

الصُّدُوْرِ ﴿43﴾ وَاِذْ يُرِيْكُمُوْهُمْ اِذِ الْتَقَيْتُمْ فِيْٓ اَعْيُنِكُمْ

سینوں کی | اور جب | وہ تمہیں دکھاتا تھا وہ لوگ | جب | تم مقابلے میں آئے | میں | تمہاری نظروں

جانتا ہے۔ مسلمانو! یاد کرو جب اللہ نے تمہاری نظر میں کافروں کو کم کر کے

قَلِيْلًا وَّيُقَلِّلُكُمْ فِيْٓ اَعْيُنِهِمْ لِيَقْضِيَ اللّٰهُ اَمْرًا كَانَ

تھوڑے | اور کم تعداد دکھاتا تھا تمہاری | میں | اُن کی نظروں | تا کہ پورا کرے | اللہ | اس کام کو | جو تھا

دکھایا اور تمہیں کافروں کی نظر میں کم کر کے دکھایا تا کہ اللہ اس معاملے کا فیصلہ کر دے جس کا ہونا

مَفْعُوْلًا ۭ وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ﴿44﴾ ع يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا

5 ع 7 1

کیا ہوا | اور طرف | اللہ کی | پھیرے جاتے ہیں | سب کام | اے وہ | لوگو جو | ایمان لائے ہو

طے تھا اور سارے معاملات اللہ کی طرف لوٹتے ہیں۔ اے ایمان والو!

اِذَا لَقِيْتُمْ فِئَةً فَاثْبُتُوْا وَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا لَّعَلَّكُمْ

جب | تم مقابلے میں آؤ | کسی گروہ کے | تو تم ثابت قدم رہو | اور تم یاد کرو | اللہ کو | بہت | تا کہ تم

جب کسی گروہ سے تمہارا مقابلہ ہو تو ثابت قدم رہو اور اللہ کو بہت یاد کرو تا کہ تم

تُفْلِحُوْنَ ﴿45﴾ ج وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَلَا تَنَازَعُوْا فَتَفْشَلُوْا

تم فلاح پاؤ | اور تم اطاعت کرو | اللہ کی | اور رسول کی | اور نہ | تم جھگڑو | ورنہ تم کمزور پڑ جاؤ گے

کامیاب ہو۔ اور اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی اطاعت کرو۔ آپس میں جھگڑا نہ کرو ورنہ تمہارے اندر کمزوری آ جائے گی

وَتَذْهَبَ رِيْحُكُمْ وَاصْبِرُوْا ۭ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ ۚ﴿46﴾

اور اکھڑ جائے گی | تمہاری ہوا | اور تم صبر کرو | بے شک | اللہ ہے | ساتھ | صبر کرنے والوں کے

اور تمہاری ہوا اکھڑ جائے گی۔ صبر سے کام لو بے شک اللہ صبر کرنیوالوں کے ساتھ ہے۔

وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ خَرَجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ بَطَرًا وَّرِئَاۗءَ

اور نہ | تم ہو جاؤ مانند | ان لوگوں کی جو | وہ نکلے | سے | گھروں اپنے | غرور کرتے | اور دکھانے کے لیے

اور ان کافروں کی طرح نہ ہو جانا جو اپنے گھروں سے اکڑتے ہوئے اور لوگوں کو دکھاتے

النَّاسِ وَيَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ وَاللّٰهُ بِمَا يَعْمَلُوْنَ

لوگوں کے | اور وہ روکتے ہیں | سے | راہ | اللہ کی | اور اللہ | ساتھ اس چیز کے جو | وہ کرتے ہیں

ہوئے نکلے۔ جو دوسروں کو بھی اللہ کی راہ سے روکتے ہیں حالاں کہ وہ جو کچھ کرتے ہیں اللہ اس کا احاطہ کئے

مُحِيْطٌ ﴿47﴾ وَاِذْ زَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ اَعْمَالَهُمْ وَقَالَ

گھیرنے والا ہے | اور جب | خوش نما بنائے | اُن کے لیے | شیطان نے | عمل ان کے | اور اس نے کہا

ہوئے ہے۔ یاد کرو جب شیطان نے انہیں ان کے اعمال خوشنما بنا کر دکھائے اور ان سے کہا

لَا غَالِبَ لَكُمُ الْيَوْمَ مِنَ النَّاسِ وَاِنِّىْ جَارٌ لَّكُمْ ۚ فَلَمَّا

نہیں کوئی غالب | تم پر | آج کے دن | سے | لوگوں | اور بے شک میں ہوں | حمایتی | تمہارے لیے | پھر جب

"آج کوئی تم پر غالب نہیں آ سکتا اور میں تمہارے ساتھ ہوں"۔ مگر جب دونوں لشکر

تَرَاۗءَتِ الْفِئَتٰنِ نَكَصَ عَلٰي عَقِبَيْهِ وَقَالَ اِنِّىْ بَرِيْۗءٌ

آمنے سامنے ہوئے | دونوں لشکر | وہ پھر گیا | پر | اپنی دونوں ایڑیوں | اور اس نے کہا | بے شک میں | بیزار ہوں

آمنے سامنے ہوئے تو وہ اُلٹے پاؤں بھاگا اور کہنے لگا "میں تم سے

مِّنْكُمْ اِنِّىْٓ اَرٰى مَا لَا تَرَوْنَ اِنِّىْٓ اَخَافُ اللّٰهَ ۭ وَاللّٰهُ

تم سے | بے شک میں | میں دیکھتا ہوں | وہ جو | نہیں | تم دیکھتے | بیشک میں | میں ڈرتا ہوں | اللہ سے | اور اللہ ہے

بری ہوں۔ میں جو کچھ دیکھ رہا ہوں تم لوگ نہیں دیکھتے۔ میں اللہ سے ڈرتا ہوں اور اللہ سخت

شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿48﴾ ۧ اِذْ يَقُوْلُ الْمُنٰفِقُوْنَ وَالَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ

سخت | عذاب دینے والا | جب | کہتے تھے | منافق | اور وہ لوگ | میں | جن کے دلوں

سزا دینے والا ہے"۔ یاد کرو جب منافقین جن کی نیت خراب تھی کہتے

مَّرَضٌ غَرَّ هٰٓؤُلَآءِ دِيْنُهُمْ ۭ وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَاِنَّ

کھوٹ تھا | دھوکا دیا ہے | ان کو | دین ان کے نے | اور جو کوئی | توکل کرے | پر | اللہ | تو بے شک

تھے "ان مسلمانوں کو ان کے دین نے دھوکے میں ڈال رکھا ہے" حالاں کہ جس نے اللہ پر بھروسہ کیا تو اللہ غالب ہے اور بڑی

اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿49﴾ وَلَوْ تَرٰٓى اِذْ يَتَوَفَّى الَّذِيْنَ كَفَرُوا ۙ

اللہ ہے | بڑا غالب | خوب حکمت والا | اور کاش کہ | تو دیکھے | جب | جان قبض کرتے ہیں | ان لوگوں کی | جو کافر ہوئے

حکمت والا ہے۔ اگر تم اپنی آنکھوں سے وہ حالت دیکھ پاتے جب فرشتے ان کافروں کی جان

الْمَلٰٓئِكَةُ يَضْرِبُوْنَ وُجُوْهَهُمْ وَاَدْبَارَهُمْ ۚ وَذُوْقُوْا عَذَابَ

فرشتے | مارتے ہیں | اُن کے منہ پر | اور اُن کی پیٹھوں پر | اور تم چکھو | عذاب

قبض کرتے وقت ان کے چہروں اور ان کی پیٹھوں پر مارتے ہوں گے اور ان سے کہیں گے "اب آگ میں جلنے کا

الْحَرِيْقِ ﴿50﴾ ذٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْكُمْ وَاَنَّ اللّٰهَ لَيْسَ

جلنے کا | یہ | اس وجہ سے کہ جو | آگے بھیجا | تمہارے ہاتھوں نے | اور یہ کہ | اللہ | نہیں ہے

مزا چکھو۔ یہ تمہارے اپنے کئے کی سزا ہے۔ ورنہ اللہ ہرگز اپنے بندوں پر

بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ﴿51﴾ ۙ كَدَاْبِ اٰلِ فِرْعَوْنَ ۙ وَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۭ

ظلم کرنے والا | بندوں پر | جیسے عادت | قوم | فرعون کی | اور وہ لوگ جو تھے | سے | پہلے اُن

ظلم نہیں کرتا"۔ ان کا حال بھی فرعون والوں جیسا ہے اور ان جیسا ہے جو ان سے بھی پہلے ہو گزرے۔

كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ بِذُنُوْبِهِمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ

انہوں نے انکار کیا | آیتوں کا | اللہ کی | پھر پکڑا ان کو | اللہ نے | ان کے گناہوں پر | بے شک | اللہ ہے

انہوں نے بھی اپنے رب کی نشانیوں کا انکار کیا۔ پھر اللہ نے ان کے گناہوں پر انہیں پکڑا۔ بے شک اللہ بڑی

قَوِيٌّ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿52﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ لَمْ يَكُ مُغَيِّرًا

قوت والا | سخت | عذاب دینے والا | یہ | اس وجہ سے کہ | اللہ | نہیں | ہے | بدلنے والا

قوت والا سخت سزا دینے والا ہے۔ یہ اس وجہ سے ہوا کہ اللہ کبھی اس نعمت کو جو اس نے کسی قوم پر کی ہوتی ہے

نِّعْمَةً اَنْعَمَهَا عَلٰى قَوْمٍ حَتّٰى يُغَيِّرُوْا مَا بِاَنْفُسِهِمْ ۙ

نعمت کو | جو انعام کی ہو | پر | کسی قوم | یہاں تک کہ | وہ بدل ڈالیں | اس چیز کو جو | اُن کے دلوں میں ہے

اس وقت تک نہیں بدلتا جب تک وہ قوم خود اسے بدل نہیں دیتی۔

وَاَنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿53﴾ كَدَاْبِ اٰلِ فِرْعَوْنَ ۙ وَالَّذِيْنَ

اور یہ کہ | اللہ ہے | خوب سننے والا | خوب جاننے والا | جیسے عادت | قوم | فرعون کی تھی | اوران لوگوں کی جو

اور بیشک اللہ سننے والا جاننے والا ہے۔ ان کافروں کا حال بھی فرعونیوں جیسا ہے اور ان جیسا جو

مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ فَاَهْلَكْنٰهُمْ بِذُنُوْبِهِمْ

سے | پہلے ان کے تھے | انہوں نے جھٹلایا | آیتوں کو | اپنے رب کی | پھر ہم نے ہلاک کیا ان کو | ان کے گناہوں کی وجہ سے

ان سے بھی پہلے ہو گزرے۔ انہوں نے بھی اپنے رب کی نشانیوں کو جھٹلایا۔ پھر ہم نے ان کے گناہوں پر انہیں ہلاک کیا۔

وَاَغْرَقْنَآ اٰلَ فِرْعَوْنَ ۚ وَكُلٌّ كَانُوْا ظٰلِمِيْنَ ﴿54﴾ اِنَّ شَرَّ

اور ہم نے غرق کیا | قوم | فرعون کو | اور سب | وہ تھے | ظالم | بے شک | بہت برے

ہم نے فرعونیوں کو سمندر میں غرق کر دیا جو کہ بڑے ظالم لوگ تھے۔ بے شک اللہ کے نزدیک بدترین

الدَّوَآبِّ عِنْدَ اللّٰهِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿55﴾

جانور | نزدیک | اللہ کے | وہ لوگ ہیں جو | کافر ہوئے | پھر وہ | نہیں | ایمان لاتے

مخلوق وہ کافر ہیں جو ایمان نہیں لاتے۔

اَلَّذِيْنَ عٰهَدْتَّ مِنْهُمْ ثُمَّ يَنْقُضُوْنَ عَهْدَهُمْ فِيْ كُلِّ

وہی لوگ | تو نے معاہدہ کیا | اُن سے | پھر | وہ توڑتے ہیں | عہد اپنا | میں | ہر

جن لوگوں سے تم نے عہد کیا اور وہ اپنا عہد ہر بار توڑ دیتے ہیں

مَرَّةٍ وَّهُمْ لَا يَتَّقُوْنَ ﴿56﴾ فَاِمَّا تَثْقَفَنَّهُمْ فِي الْحَرْبِ فَشَرِّدْ

دفعہ | اور وہ | نہیں | ڈرتے | پھر اگر | تو پائے ان کو | میں | لڑائی | تو بھگا دے

اور اللہ سے بھی نہیں ڈرتے۔ اگر تم انہیں لڑائی میں پاؤ تو انہیں ایسی سزا دو

بِهِمْ مَّنْ خَلْفَهُمْ لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُوْنَ ﴿57﴾ وَاِمَّا تَخَافَنَّ مِنْ

ان کو | جو کہ | پیچھے ان کے ہیں | تا کہ وہ | نصیحت حاصل کریں | اور اگر | تو اندیشہ کرے | سے

کہ جو ان کے پیچھے ہیں وہ بھی دیکھ کر بھاگ جائیں تا کہ انہیں عبرت ہو۔ اگر تمہیں کسی قوم سے بدعہدی کا

قَوْمٍ خِيَانَةً فَانْۢبِذْ اِلَيْهِمْ عَلٰى سَوَآءٍ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

کسی قوم کی | خیانت کا | تو پھینک دیں | طرف ان کی | پر | برابر | بے شک | اللہ

اندیشہ ہو تو ان کا عہد ان کی طرف پھینک دو تا کہ معاملہ برابر ہو جائے۔ بے شک اللہ

لَا يُحِبُّ الْخَآئِنِيْنَ ﴿58﴾ وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا سَبَقُوْا

نہیں پسند کرتا | خیانت کرنے والوں کو | اور نہ | وہ گمان کریں | جو لوگ کہ | کافر ہوئے | کہ وہ آگے نکل گئے

بدعہدوں کو پسند نہیں کرتا۔ کافر یہ نہ سمجھیں وہ نکل بھاگیں گے۔

اِنَّهُمْ لَا يُعْجِزُوْنَ ﴿59﴾ وَاَعِدُّوْا لَهُمْ مَّا اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ

بیشک وہ | نہیں | وہ عاجز کر سکتے | اور تم تیاری رکھو | اُن کے لیے | جو کچھ | تم کر سکو | سے

وہ ہمارے قابو سے باہر نہیں جا سکتے۔ مسلمانو! جس قدر تم سے ہو سکے فوجی

قُوَّةٍ وَّمِنْ رِّبَاطِ الْخَيْلِ تُرْهِبُوْنَ بِهٖ عَدُوَّ اللّٰهِ

قوت | اور سے | باندھنے | گھوڑوں کے | تم رعب ڈالو گے | اس سے | اللہ کے دشمن پر

قوت اور گھوڑے تیار رکھو جس سے اللہ کے دشمنوں پر، تمہارے

وَعَدُوَّكُمْ وَاٰخَرِيْنَ مِنْ دُوْنِهِمْ ۚ لَا تَعْلَمُوْنَهُمْ ۚ اَللّٰهُ

اور اپنے دشمن پر | اور دوسروں پر | سے | علاوہ ان کے | نہیں | تم جانتے ان کو | اللہ

دشمنوں پر اور ان لوگوں پر تمہارا رعب رہے جنہیں تم نہیں جانتے لیکن اللہ

يَعْلَمُهُمْ ؕ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ شَيْءٍ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ يُوَفَّ

جانتا ہے ان کو | اور جو کچھ | تم خرچ کرو | کوئی | چیز | میں | راہ | اللہ کی | پورا بدلہ دیا جائے گا

انہیں جانتا ہے۔ تم جو کچھ بھی اللہ کی راہ میں خرچ کرو گے اس کا پورا بدلہ ملے

اِلَيْكُمْ وَاَنْتُمْ لَا تُظْلَمُوْنَ ﴿60﴾ وَاِنْ جَنَحُوْا لِلسَّلْمِ فَاجْنَحْ

تمہاری طرف | اور تم | نہیں | تم پر ظلم کیا جائے گا | اور اگر | وہ جھکیں | صلح کے لیے | پھر تو بھی جھک جا

گا اور تمہاری حق تلفی نہ ہو گی۔ اے نبی ﷺ اگر کفار صلح کی طرف جھکیں تو آپ ﷺ بھی اس کے لئے

لَهَا وَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ؕ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿61﴾ وَاِنْ

اس کیلئے | اور توکل کر | اوپر | اللہ کے | بے شک وہ | وہی ہے | خوب سننے والا | خوب جاننے والا | اور اگر

بازو کھول دیں اور اللہ پر بھروسہ رکھیں۔ بے شک وہ سننے والا جاننے والا ہے۔

يُّرِيْدُوْٓا اَنْ يَّخْدَعُوْكَ فَاِنَّ حَسْبَكَ اللّٰهُ ؕ هُوَ الَّذِيْٓ

وہ ارادہ کریں | یہ کہ | وہ دھوکا دیں تجھے | تو بے شک | کافی ہے تجھے | اللہ | وہی ہے | جس نے

اگر وہ آپ ﷺ کو دھوکا دینا چاہیں تو اللہ کی مدد آپ ﷺ کیلئے کافی ہے۔ وہی ہے جس

اَيَّدَكَ بِنَصْرِهٖ وَبِالْمُؤْمِنِيْنَ ﴿62﴾ وَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ ۭ لَوْ

قوت دی تجھے | ساتھ مدد اپنی کے | اور ساتھ مسلمانوں کے | اور اس نے الفت ڈالی | درمیان | اُن کے دلوں کے | اگر

نے اپنی مدد سے اور مومنین کے ذریعے سے آپ ﷺ کو قوت دی۔ اسی نے ایمان والوں کے دلوں میں اُلفت پیدا کی۔

اَنْفَقْتَ مَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا مَّآ اَلَّفْتَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ

توخرچ کرتا | جو کچھ | میں | زمین | سب کا سب | نہ | تو الفت ڈال سکتا | درمیان | دلوں ان کے

اگر آپ ﷺ رُوئے زمین کی ساری دولت خرچ کر دیتے تب بھی ان کے دلوں کو نہ جوڑ سکتے۔

وَلٰكِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ بَيْنَهُمْ ۭ اِنَّهٗ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿63﴾ يٰٓاَيُّهَا

اور لیکن | اللہ نے | الفت ڈالی | درمیان ان کے | بے شک وہ ہے | بڑا غالب | خوب حکمت والا | اے

لیکن اللہ نے ان میں اُلفت پیدا کر دی۔ بے شک وہ غالب ہے حکمت والا ہے۔ اے نبی ﷺ!

ع 8/6/4

النَّبِيُّ حَسْبُكَ اللّٰهُ وَمَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿64﴾ ع يٰٓاَيُّهَا

نبی | کافی ہے تجھے | اللہ | اور جس نے | پیروی کی تیری | سے | مومنوں میں | اے

آپ ﷺ کے لئے اللہ کافی ہے اور وہ مومنین جنھوں نے آپ ﷺ کی پیروی کی۔ اے نبی ﷺ!

النَّبِيُّ حَرِّضِ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلَى الْقِتَالِ ۭ اِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ

نبی | اُبھارو | مومنوں کو | پر | لڑائی | اگر | ہوں | تم میں سے

مومنین کو جہاد پر اُبھارو۔ اور اے مسلمانو! اگر تم میں سے بیس (20) ثابت قدم ہوں تو

عِشْرُوْنَ صٰبِرُوْنَ يَغْلِبُوْا مِائَتَيْنِ ۚ وَاِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ مِّائَةٌ

بیس | صبر کرنے والے | وہ غالب آئیں گے | دو سو پر | اور اگر | ہوں تم | میں سے | ایک سو

دو سو (200) پر غالب آ جائیں گے اور اگر تم میں سو (100) ہوں تو ایک

يَّغْلِبُوْٓا اَلْفًا مِّنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ

وہ غالب آئیں گے | ایک ہزار پر | سے | ان لوگوں جو | کافر ہوئے | اس وجہ سے کہ وہ | لوگ ہیں

ہزار (1000) کافروں پر غالب آ سکتے ہیں کیونکہ کافر لوگ

لَّا يَفْقَهُوْنَ ﴿65﴾ اَلْـٰٔنَ خَفَّفَ اللّٰهُ عَنْكُمْ وَعَلِمَ اَنَّ فِيْكُمْ

جو نہیں سمجھتے | اب | نرمی کر دی | اللہ نے | تم سے | اور ظاہر ہوا | کہ | تم میں ہے

سمجھ نہیں رکھتے۔ اب اللہ نے تمہارا بوجھ ہلکا کر دیا۔ اس نے جان لیا تم میں کچھ

ضَعۡفًا ؕ فَاِنۡ يَّكُنۡ مِّنۡكُمۡ مِّائَةٌ صَابِرَةٌ يَّغۡلِبُوۡا مِائَتَيۡنِ ۚ

کمزوری | پس اگر | ہوں | تم میں سے | ایک سو | صبر کرنے والے | وہ غالب آئیں گے | دو سو پر

کمزوری ہے۔ لہٰذا اگر تم میں سو (100) ثابت قدم ہوں گے تو دو سو (200) پر

وَاِنۡ يَّكُنۡ مِّنۡكُمۡ اَلۡفٌ يَّغۡلِبُوۡٓا اَلۡفَيۡنِ بِاِذۡنِ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ

اور | اگر ہوں | تم میں سے | ایک ہزار | وہ غالب آئیں گے | دو ہزار پر | حکم سے | اللہ کے | اور اللہ ہے

اور اگر ہزار (1000) ہوں گے تو اللہ کے حکم سے دو ہزار (2000) کافروں پر غالب آئیں گے۔ اور اللہ

مَعَ الصّٰبِرِيۡنَ ۞ مَا كَانَ لِنَبِىٍّ اَنۡ يَّكُوۡنَ لَهٗۤ اَسۡرٰى

ساتھ | صبر کرنے والوں کے | نہیں | تھا مناسب | نبی کے لیے | یہ کہ | ہوں | اس کے لیے | قیدی

ثابت قدم رہنے والوں کے ساتھ ہے۔ نبی ﷺ کے لائق نہیں کہ اس کے پاس قیدی ہوں جب تک

حَتّٰى يُثۡخِنَ فِى الۡاَرۡضِ ؕ تُرِيۡدُوۡنَ عَرَضَ الدُّنۡيَا ۖ وَاللّٰهُ

یہاں تک کہ | وہ خون ریزی کرے | میں | زمین | تم چاہتے ہو | مال | دنیا کا | اور اللہ

وہ میدانِ جنگ میں خون ریزی کر کے کفار کی طاقت کو کچل نہ دے۔ مسلمانو! تم دنیا کا مال و اسباب چاہتے ہو۔ اللہ

يُرِيۡدُ الۡاٰخِرَةَ ؕ وَاللّٰهُ عَزِيۡزٌ حَكِيۡمٌ ۞ لَوۡلَا كِتٰبٌ مِّنَ اللّٰهِ

چاہتا ہے | آخرت کو | اور اللہ ہے | بڑا غالب | خوب حکمت والا | اگر نہ ہوتا | لکھا ہوا | طرف سے | اللہ کی

آخرت چاہتا ہے۔ اور وہ غالب ہے حکمت والا ہے۔ اگر پہلے سے اللہ کی مشیت

سَبَقَ لَمَسَّكُمۡ فِيۡمَاۤ اَخَذۡتُمۡ عَذَابٌ عَظِيۡمٌ ۞ فَكُلُوۡا مِمَّا

جو پہلے گزرا | تو ضرور پہنچتا تمہیں | اُس میں جو | تم نے لیا تھا | عذاب | بڑا | پس تم کھاؤ | اُس میں سے جو

نہ ہوتی تو جو طریقہ تم نے اختیار کیا اس کے باعث تمہیں سخت عذاب پہنچتا۔ بہرحال جو مال تم نے لے لیا اسے کھاؤ

غَنِمۡتُمۡ حَلٰلًا طَيِّبًا ۖ وَّاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوۡرٌ رَّحِيۡمٌ ۞ ع 9 5 5

تم نے مالِ غنیمت پایا | حلال | پاکیزہ | اور تم ڈرو | اللہ سے | بے شک | اللہ ہے | بہت بخشنے والا | نہایت مہربان

وہ تمہارے لئے حلال اور پاک ہے۔ اللہ سے ڈرو بے شک وہ بخشنے والا مہربان ہے۔

يٰۤاَيُّهَا النَّبِىُّ قُلۡ لِّمَنۡ فِىۡۤ اَيۡدِيۡكُمۡ مِّنَ الۡاَسۡرٰٓى ۙ اِنۡ

اے | نبی | کہہ دیجیے | اُن کو جو ہیں | میں | تمہارے ہاتھوں | سے | قیدیوں میں | اگر

اے نبی ﷺ! آپ ﷺ بدر کے قیدیوں سے کہہ دیں ”اگر اللہ

يَعْلَمِ اللّٰهُ فِيْ قُلُوْبِكُمْ خَيْرًا يُّؤْتِكُمْ خَيْرًا مِّمَّآ اُخِذَ

پائے گا | اللہ | میں | تمہارے دلوں | بھلائی | تو وہ دے گا تمہیں | بہتر | اُس سے جو | لیا گیا ہے

تمہارے دلوں میں کوئی بھلائی پائے گا تو جو فدیے کا مال تم سے لے کر تمہیں چھوڑا گیا

مِنْكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝70 وَاِنْ يُّرِيْدُوْا

تم سے | اور وہ بخش دے گا | تم کو | اور اللہ ہے | بہت بخشنے والا | نہایت مہربان | اور اگر | وہ چاہیں

اللہ اس سے بہتر چیز تمہیں عطا فرمائے گا اور تمہیں بخش دے گا۔ اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔ اے نبی ﷺ اگر یہ قیدی

خِيَانَتَكَ فَقَدْ خَانُوا اللّٰهَ مِنْ قَبْلُ فَاَمْكَنَ مِنْهُمْ ؕ

خیانت کرنا تجھ سے | تو بے شک | انہوں نے خیانت کی تھی | اللہ | سے | پہلے | پس اس نے قابو دلایا | اُن پر

آپ ﷺ سے بدعہدی کریں گے تو اس سے پہلے وہ اللہ سے بدعہدی کر چکے جس کی سزا میں اللہ نے ان کو آپ ﷺ کے قابو میں

وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝71 اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَهَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا

اور اللہ ہے | خوب جاننے والا | بڑی حکمت والا | بے شک | جو لوگ | ایمان لائے | اور انہوں نے ہجرت کی | اور انہوں نے جہاد کیا

دے دیا۔ اور اللہ جاننے والا حکمت والا ہے۔ جو لوگ ایمان لائے۔ انہوں نے ہجرت کی اور اللہ کی راہ میں

بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰوَوْا وَّنَصَرُوْٓا

اپنے مالوں سے | اور اپنی جانوں سے | میں | راہ | اللہ کی | اور جن لوگوں نے | جگہ دی | اور انہوں نے مدد کی

اپنے جان و مال سے جہاد کیا، اور وہ جنہوں نے ان کو پناہ دی اور ان کی مدد کی،

اُولٰٓئِكَ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ؕ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَلَمْ يُهَاجِرُوْا

تو ایسے لوگ | بعض ان کے ہیں | دوست | بعض کے | اور جو لوگ | ایمان لائے | اور نہیں | انہوں نے ہجرت کی

وہ سب ایک دوسرے کے رفیق ہیں۔ مگر وہ لوگ جو ایمان لائے مگر ہجرت نہیں کی تو اے مسلمانو!

مَا لَكُمْ مِّنْ وَّلَايَتِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ حَتّٰى يُهَاجِرُوْا ۚ

نہیں ہے | تمہارے لیے | سے | دوستی ان کی | کوئی | چیز | یہاں تک کہ | وہ ہجرت کریں

ان سے تمہارا رفاقت کا تعلق نہیں جب تک وہ ہجرت کر کے نہ آ جائیں۔

وَاِنِ اسْتَنْصَرُوْكُمْ فِي الدِّيْنِ فَعَلَيْكُمُ النَّصْرُ اِلَّا عَلٰى

اور اگر | وہ مدد مانگیں تم سے | بارے میں | دین کے | تو تم پر ہے | مدد کرنا | مگر | پر

لیکن اگر وہ دین کے معاملے میں تم سے مدد مانگیں تو تم پر ان کی مدد کرنا ضروری ہے سوائے یہ کہ وہ

قَوْمٍۭ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ مِّيْثَاقٌ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿72﴾

ایسی قوم | درمیان تمہارے | اور درمیان انکے ہے | معاہدہ | اور اللہ ہے | اُس کو جو | تم کرتے ہو | دیکھنے والا

مدد کسی ایسی قوم کے خلاف ہو جس کے ساتھ تمہارا معاہدہ ہے۔ یاد رکھو! جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اسے دیکھ رہا ہے۔

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ؕ اِلَّا تَفْعَلُوْهُ تَكُنْ فِتْنَةٌ

اور جو لوگ | کافر ہوئے | بعض ان کے ہیں | دوست | بعض کے | اگر نہ | تم کرو اسے | تو ہوگا | فتنہ

کافر ایک دوسرے کے رفیق ہیں۔ مسلمانو! اگر تم ان حکموں کی پابندی نہیں کروگے تو زمین میں فتنہ پھیلے گا

فِى الْاَرْضِ وَفَسَادٌ كَبِيْرٌ ﴿73﴾ ؕ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَهَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا

میں | زمین | اور فساد | بڑا | اور جو لوگ | ایمان لائے | اور ہجرت کی | اور انہوں نے جہاد کیا

اور بڑا فساد ہو گا۔ جو لوگ ایمان لائے، انہوں نے ہجرت کی، اللہ کی راہ میں جہاد

فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰوَوْا وَّنَصَرُوْٓا اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ

میں | راہ | اللہ کی | اور جن لوگوں نے | جگہ دی | اور مدد کی | یہ لوگ | وہی ہیں | ایمان والے

کیا اور جن لوگوں نے ان کو پناہ دی اور ان کی مدد کی یہ سب سچے مومن ہیں۔

حَقًّا ؕ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ﴿74﴾ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْۢ بَعْدُ

سچے | اُن کے لیے ہے | بخشش | اور رزق | اچھا | اور جو لوگ | ایمان لائے | سے | بعد اس کے

ان کے لئے بخشش ہے اور بہترین روزی۔ جو لوگ بعد میں ایمان لائے،

وَهَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا مَعَكُمْ فَاُولٰٓئِكَ مِنْكُمْ ؕ وَاُولُوا الْاَرْحَامِ

اور انہوں نے ہجرت کی | اور انہوں نے جہاد کیا | ساتھ تمہارے | تو یہ لوگ ہیں | تم میں سے | اور رشتہ دار

ہجرت کی اور تمہارے ساتھ مل کر جہاد کیا وہ بھی تم میں شامل ہیں۔ اور خون کے رشتہ دار

بَعْضُهُمْ اَوْلٰى بِبَعْضٍ فِىْ كِتٰبِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ

بعض ان کے ہیں | نزدیک تر | بعض سے | میں | حکم | اللہ کے | بے شک | اللہ ہے | ہر

اللہ کے قانون کے مطابق ایک دوسرے کے زیادہ حقدار ہیں۔ بے شک اللہ سب

شَىْءٍ عَلِيْمٌ ﴿75﴾

چیز کو | خوب جاننے والا

کچھ جانتا ہے۔

ع 10 6 6

(9) سُوۡرَةُ التَّوۡبَةِ مَدَنِيَّةٌ (113)

ركوعاتها 16 — اٰياتها 129

بَرَآءَةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوۡلِهٖۤ اِلَى الَّذِيۡنَ عٰهَدۡتُّمۡ مِّنَ الۡمُشۡرِكِيۡنَ ؕ﴿1﴾

بیزاری ہے | طرف سے | اللہ کی | اور رسول کی | جانب | ان کی جن سے | تم نے معاہدہ کیا | سے | مشرکوں میں

کوئی ذمہ نہیں اللہ اور اس کے رسول ﷺ کا ان مشرکین کے بارے میں جن سے تم مسلمانوں نے معاہدے کئے۔

فَسِيۡحُوۡا فِى الۡاَرۡضِ اَرۡبَعَةَ اَشۡهُرٍ وَّاعۡلَمُوۡۤا اَنَّكُمۡ غَيۡرُ مُعۡجِزِى

تو تم چل پھر لو | میں | زمین | چار | مہینے | اور تم جان لو | کہ تم | نہیں | عاجز کرنے والے

تو اے مشرکو! ملک میں چار مہینے تک چل پھر لو۔ اور جان لو کہ تم اللہ کے قابو

اللّٰهِ ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ مُخۡزِى الۡكٰفِرِيۡنَ ﴿2﴾ وَاَذَانٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوۡلِهٖۤ

اللہ کو | اور بے شک | اللہ ہے | رسوا کرنے والا | کافروں کو | اور اعلان ہے | طرف سے | اللہ کی | اور اُس کے رسول کی

سے باہر نہیں جا سکتے اور یہ کہ اللہ کافروں کو ذلیل کرنے والا ہے۔ اور اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی طرف سے

اِلَى النَّاسِ يَوۡمَ الۡحَجِّ الۡاَكۡبَرِ اَنَّ اللّٰهَ بَرِىۡٓءٌ مِّنَ الۡمُشۡرِكِيۡنَ ۙ

کو | لوگوں | دن | حج | اکبر کے | یہ کہ | اللہ | بیزار ہے | سے | مشرکوں

حج کے دن سب لوگوں کے سامنے اعلان کر دیا جائے کہ اللہ اور اس رسول ﷺ مشرکوں سے بری الذمہ

وَرَسُوۡلُهٗ ؕ فَاِنۡ تُبۡتُمۡ فَهُوَ خَيۡرٌ لَّـكُمۡ ۚ وَاِنۡ تَوَلَّيۡتُمۡ فَاعۡلَمُوۡۤا

اور اُس کا رسول بھی | پھر اگر | تم توبہ کرو | تو وہ | بہتر ہے | تمہارے لیے | اور اگر | تم پھر جاؤ | تو تم جان لو

ہیں۔ اس لئے اے مشرکو! اگر توبہ کر لو تو تمہارے حق میں بہتر ہے۔ لیکن اگر تم منہ موڑو گے تو جان لو کہ

اَنَّكُمۡ غَيۡرُ مُعۡجِزِى اللّٰهِ ؕ وَبَشِّرِ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا بِعَذَابٍ اَلِيۡمٍ ۙ﴿3﴾

کہ تم | نہیں | عاجز کرنے والے | اللہ کو | اور تو خوشخبری دے | ان لوگوں کو جو | کافر ہوئے | عذاب کی | دردناک

تم اللہ سے بھاگ کر کہیں نہیں جا سکتے۔ اے نبی ﷺ کافروں کو دردناک عذاب کی خوشخبری دیں۔

اِلَّا الَّذِيۡنَ عٰهَدۡتُّمۡ مِّنَ الۡمُشۡرِكِيۡنَ ثُمَّ لَمۡ يَنۡقُصُوۡكُمۡ شَيۡـئًا

مگر | جن لوگوں سے | تم نے معاہدہ کیا | سے | مشرکوں | پھر | نہیں | انہوں نے کمی بیشی کی تم سے | کچھ بھی

مگر جن مشرکین سے آپ نے معاہدہ کیا اور انہوں نے اس معاہدے کی خلاف ورزی نہیں کی،

وَلَمْ يُظَاهِرُوْا عَلَيْكُمْ اَحَدًا فَاَتِمُّوْٓا اِلَيْهِمْ عَهْدَهُمْ اِلٰى

اور نہ | انہوں نے مدد کی | خلاف تمہارے | کسی کی | تو تم پورا کرو | طرف ان کی | عہد ان کا | تک

نہ تمہارے خلاف کسی کی مدد کی، تو اُن کا معاہدہ اُن کی مدت تک پورا

مُدَّتِهِمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَّقِيْنَ ﴿4﴾ فَاِذَا انْسَلَخَ الْاَشْهُرُ الْحُرُمُ

ان کی مدت | بیشک | اللہ | پسند کرتا ہے | پرہیزگاروں کو | پھر جب | گذر جائیں | مہینے | حرمت کے

کرو۔ بے شک اللہ پرہیزگاروں کو پسند کرتا ہے۔ پھر جب حرمت والے مہینے گزر جائیں

فَاقْتُلُوا الْمُشْرِكِيْنَ حَيْثُ وَجَدْتُّمُوْهُمْ وَخُذُوْهُمْ وَاحْصُرُوْهُمْ

تو تم قتل کرو | مشرکوں کو | جہاں | تم پاؤ ان کو | اور تم پکڑو ان کو | اور تم گھیراؤ کرو ان کا

تو مشرکین کو جہاں پاؤ قتل کرو، پکڑ کر قید کرو،

وَاقْعُدُوْا لَهُمْ كُلَّ مَرْصَدٍ ۚ فَاِنْ تَابُوْا وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا

اور تم بیٹھو | ان کے لیے | ہر | گھات کی جگہ | پھر اگر | وہ توبہ کریں | اور وہ قائم کریں | نماز کو | اور وہ دیں

اور ان کی گھات لگا کر بیٹھو۔ اگر وہ توبہ کر لیں، نماز قائم کریں اور

الزَّكٰوةَ فَخَلُّوْا سَبِيْلَهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿5﴾ وَاِنْ اَحَدٌ

زکوۃ | تو تم چھوڑ دو | ان کی راہ | بے شک | اللہ ہے | بہت بخشنے والا | نہایت مہربان | اور اگر | کوئی شخص

زکوۃ ادا کریں تو انہیں چھوڑ دو۔ بے شک اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔ اگر کوئی مشرک

مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ اسْتَجَارَكَ فَاَجِرْهُ حَتّٰى يَسْمَعَ كَلٰمَ اللّٰهِ

سے | مشرکوں میں | پناہ مانگے تجھ سے | تو تو پناہ دے اسے | یہاں تک کہ | وہ سن لے | کلام | اللہ کا

تم سے پناہ مانگے تو اسے پناہ دو تا کہ وہ اللہ کا کلام سن سکے۔ پھر اسے اس کے

ثُمَّ اَبْلِغْهُ مَاْمَنَهٗ ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَعْلَمُوْنَ ﴿6﴾ ع كَيْفَ

پھر | تو پہنچا دے اسے | اُس کے ٹھکانے پر | یہ اس لئے ہے | کہ وہ | لوگ ہیں جو | نہیں | وہ جانتے | کیسے

ٹھکانے پر پہنچا دو کیونکہ ایسے لوگ علم نہیں رکھتے۔ مشرکین کے

يَكُوْنُ لِلْمُشْرِكِيْنَ عَهْدٌ عِنْدَ اللّٰهِ وَعِنْدَ رَسُوْلِهٖٓ اِلَّا الَّذِيْنَ

ہو | مشرکوں کے لیے | عہد | نزدیک | اللہ کے | اور نزدیک | اُس کے رسول کے | مگر | جن لوگوں سے

لئے اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے ذمے کوئی عہد کیسے رہ سکتا ہے؟ البتہ جن لوگوں

عٰهَدْتُّمْ عِنْدَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ۚ فَمَا اسْتَقَامُوْا لَكُمْ فَاسْتَقِيْمُوْا

تم نے عہد کیا | نزدیک | مسجد | حرام کے | پس جب تک | وہ سیدھے رہیں | تمہارے لیے | تو تم بھی سیدھے رہو

نے تم سے مسجد حرام کے پاس معاہدہ کیا جب تک وہ تم سے سیدھے رہیں تم بھی ان سے سیدھے

لَهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَّقِيْنَ ۝ كَيْفَ وَاِنْ يَّظْهَرُوْا عَلَيْكُمْ

اُن کے لیے | بے شک | اللہ | پسند کرتا ہے | پرہیزگاروں کو | یہ کیسے نہ ہو | اور اگر | وہ غالب آئیں | تم پر

رہو۔ بے شک اللہ پرہیزگاروں کو پسند کرتا ہے۔ ان مشرکوں سے کیسے عہد باقی رہ سکتا ہے۔ جبکہ ان

لَا يَرْقُبُوْا فِيْكُمْ اِلًّا وَّلَا ذِمَّةً ؕ يُرْضُوْنَكُمْ بِاَفْوَاهِهِمْ وَتَاْبٰى

نہیں وہ لحاظ رکھتے | تمہارے میں | رشتہ داری کا | اور نہ | معاہدے کا | وہ خوش رکھتے ہیں تمہیں | اپنے منہ سے | اور انکار کرتے ہیں

کا یہ حال ہے کہ اگر وہ تمہارے اوپر قابو پائیں تو تمہارے بارے میں نہ رشتہ داری کا لحاظ کریں اور نہ عہد کا۔ وہ تمہیں زبانی باتوں

قُلُوْبُهُمْ ۚ وَاَكْثَرُهُمْ فٰسِقُوْنَ ۝ اِشْتَرَوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ثَمَنًا قَلِيْلًا

دل ان کے | اور اکثر ان کے ہیں | نافرمان | انہوں نے خریدا | بدلے آیتوں کے | اللہ کی | مال | تھوڑا

سے راضی کرنا چاہتے ہیں مگر ان کے دل انکاری ہیں اور ان میں اکثر بدعہد ہیں۔ انہوں نے اللہ کی آیتوں کو حقیر مال کی خاطر بیچ دیا۔

فَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِهٖ ؕ اِنَّهُمْ سَآءَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝ لَا يَرْقُبُوْنَ

پس وہ روکتے ہیں | سے | اُس کی راہ | بے شک وہ | برا ہے | جو کچھ | وہ تھے | کرتے | نہیں | وہ لحاظ رکھتے

وہ اللہ کی راہ سے خود رکے اور اوروں کو بھی روکا۔ بہت برا ہے جو وہ کرتے ہیں۔ کسی مسلمان کے معاملے میں نہ رشتہ داری کا لحاظ

فِيْ مُؤْمِنٍ اِلًّا وَّلَا ذِمَّةً ؕ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُعْتَدُوْنَ ۝ فَاِنْ

بارے میں | کسی مومن کے | رشتہ داری کا | اور نہ | معاہدے کا | اور یہ لوگ | وہی ہیں | حد سے نکل جانے والے | پھر اگر

کرتے ہیں نہ عہد کا۔ یہی لوگ ہیں زیادتی کرنے والے۔ لیکن اگر

تَابُوْا وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ فَاِخْوَانُكُمْ فِي الدِّيْنِ ؕ وَنُفَصِّلُ

وہ توبہ کرلیں | اور وہ قائم کریں | نماز کو | اور وہ دیں | زکوۃ | تو بھائی تمہارے ہیں | دین میں | اور ہم مفصل بیان کرتے ہیں

توبہ کر لیں، نماز قائم کریں اور زکوۃ ادا کریں تو پھر وہ تمہارے دینی بھائی ہیں۔ ہم اپنی آیتوں کو کھول

الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ۝ وَاِنْ نَّكَثُوْٓا اَيْمَانَهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ

آیتیں | اُن کے لیے جو | جانتے ہیں | اور اگر | وہ توڑ دیں | قسمیں اپنی | سے | بعد

کر بیان کرتے ہیں ان لوگوں کے لئے جو جاننا چاہیں۔ اور اگر وہ تم سے معاہدہ کر کے توڑ دیں

عَهْدِهِمْ وَطَعَنُوْا فِيْ دِيْنِكُمْ فَقَاتِلُوْٓا اَئِمَّةَ الْكُفْرِ ۙ اِنَّهُمْ

اُن کے عہد کے | اور لعن طعن کریں | میں | تمہارے دین | تو تم لڑائی کرو | سرداروں سے | کفر کے | بے شک وہ لوگ

اور تمہارے دین پر عیب لگائیں تو پھر کفر کے سرداروں سے لڑو کیونکہ ان کی قسموں کا اعتبار

لَآ اَيْمَانَ لَهُمْ لَعَلَّهُمْ يَنْتَهُوْنَ ﴿12﴾ اَلَا تُقَاتِلُوْنَ قَوْمًا نَّكَثُوْٓا

نہیں قسمیں | اُن کی | تا کہ وہ | وہ باز آ جائیں | کیا نہ | تم لڑو گے | ان لوگوں سے | جنہوں نے توڑ دیں

نہیں اور تا کہ وہ باز آ جائیں۔ تم ایسے لوگوں سے کیوں نہ لڑو جنہوں نے اپنے معاہدے

اَيْمَانَهُمْ وَهَمُّوْا بِاِخْرَاجِ الرَّسُوْلِ وَهُمْ بَدَءُوْكُمْ اَوَّلَ

قسمیں اپنی | اور انہوں نے ارادہ کیا | نکالنے کا | رسول کو | اور وہی ہیں | جنہوں نے ابتدا کی تم سے | پہلی

توڑے، رسول ﷺ کو وطن سے نکالنے کی جسارت کی اور تم سے لڑنے میں پہل

مَرَّةٍ ؕ اَتَخْشَوْنَهُمْ ۚ فَاللّٰهُ اَحَقُّ اَنْ تَخْشَوْهُ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿13﴾

بار | کیا تم ڈرتے ہو ان سے | پس اللہ | زیادہ حقدار ہے | کہ | تم ڈرو اس سے | اگر | تم ہو | ایمان والے

کی، کیا تم ان سے ڈرتے ہو؟ اگر تم مومن ہو تو تمہیں اللہ، سے زیادہ ڈرنا چاہئے۔

قَاتِلُوْهُمْ يُعَذِّبْهُمُ اللّٰهُ بِاَيْدِيْكُمْ وَيُخْزِهِمْ وَيَنْصُرْكُمْ

تم ان سے لڑو | عذاب دے گا ان کو | اللہ | تمہارے ہاتھوں سے | اور وہ ذلیل کرے گا ان کو | وہ مدد کرے گا تمہاری

تم ان لوگوں سے لڑو۔ اللہ تمہارے ہاتھوں انہیں سزا دے گا۔ انہیں ذلیل کرے گا۔ تمہیں ان پر غلبہ

عَلَيْهِمْ وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ ۙ ﴿14﴾ وَيُذْهِبْ غَيْظَ قُلُوْبِهِمْ ؕ

خلاف ان کے | اور وہ شفا دے گا | سینوں کو | لوگوں کے | ایمان والے | اور وہ دور کرے گا | غصہ | اُن کے دلوں کا

دے گا۔ مسلمانوں کے کلیجے ٹھنڈے کرے گا اور دلوں کی جلن دور کرے گا۔

وَيَتُوْبُ اللّٰهُ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿15﴾ اَمْ حَسِبْتُمْ

اور توبہ قبول کرتا ہے | اللہ | پر | جس | وہ چاہتا ہے | اور اللہ ہے | خوب جاننے والا | بڑی حکمت والا | کیا | تم گمان کرتے ہو

اللہ جسے چاہے گا توبہ نصیب کرے گا۔ اور وہ جاننے والا حکمت والا ہے۔ مسلمانو! تمہارا کیا خیال ہے

اَنْ تُتْرَكُوْا وَلَمَّا يَعْلَمِ اللّٰهُ الَّذِيْنَ جٰهَدُوْا مِنْكُمْ

کہ | تم چھوڑ دیئے جاؤ گے | جبکہ ابھی نہیں | ظاہر کیا | اللہ نے | ان لوگوں کو | جنہوں نے جہاد کیا | تم میں سے

تم یونہی چھوڑ دیئے جاؤ گے حالانکہ ابھی اللہ نے تم میں سے ان لوگوں کو چھانٹ کر الگ نہیں کیا جو جہاد کرتے ہوں، اللہ اور

وَلَمْ يَتَّخِذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلَا رَسُوْلِهٖ وَلَا الْمُؤْمِنِيْنَ وَلِيْجَةً ؕ

اور نہ پکڑا انہوں نے | سے | سوائے | اللہ کے | اور نہ | اُس کے رسول کے | اور نہ | ایمان والوں کے | دلی دوست

اس کے رسول ﷺ اور مسلمانوں کے سوا کسی اور کو اپنا دوست نہ بناتے ہوں۔

وَاللّٰهُ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ۧ ﴿16﴾ مَا كَانَ لِلْمُشْرِكِيْنَ اَنْ يَّعْمُرُوْا

اور اللہ | باخبر ہے | ساتھ اس چیز کے جو | تم کرتے ہو | نہیں | مناسب | مشرکوں کے لیے | یہ کہ | وہ آباد کریں

اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اسے جانتا ہے۔ مشرکوں کا کام نہیں کہ اللہ کی مسجدوں کو تعمیر

مَسٰجِدَ اللّٰهِ شٰهِدِيْنَ عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ بِالْكُفْرِ ؕ اُولٰٓئِكَ حَبِطَتْ

مسجدیں | اللہ کی | جبکہ وہ گواہی دیتے ہیں | پر | جانوں اپنی | ساتھ کفر کے | یہ لوگ | ضائع ہو گئے

کریں۔ وہ تو خود اپنے اوپر کفر کے گواہ بنے ہوئے ہیں۔ ان لوگوں کے تمام اعمال ضائع

اَعْمَالُهُمْ ۚۖ وَفِى النَّارِ هُمْ خٰلِدُوْنَ ﴿17﴾ اِنَّمَا يَعْمُرُ مَسٰجِدَ اللّٰهِ

اعمال ان کے | اور میں | آگ | وہ ہیں | ہمیشہ رہنے والے | بے شک | آباد کرتے ہیں | مسجدیں | اللہ کی

ہو گئے وہ ہمیشہ دوزخ کی آگ میں رہیں گے۔ اللہ کی مسجدوں کو وہی آباد کرتے ہیں جو

مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَاَقَامَ الصَّلٰوةَ وَاٰتَى الزَّكٰوةَ وَلَمْ

وہ جو | ایمان لائے | ساتھ اللہ کے | اور دن | آخرت کے | اور انہوں نے قائم کی | نماز | اور دی | زکوٰۃ | اور نہ

اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان لائیں، نماز قائم کریں، زکوٰۃ ادا کریں اور اللہ کے سوا

يَخْشَ اِلَّا اللّٰهَ فَعَسٰٓى اُولٰٓئِكَ اَنْ يَّكُوْنُوْا مِنَ الْمُهْتَدِيْنَ ﴿18﴾

وہ ڈرے | سوائے | اللہ کے | پھر قریب ہے | یہ لوگ | کہ | وہ ہوں | سے | ہدایت پانے والوں

کسی سے نہ ڈریں۔ ایسے لوگوں سے امید ہے وہ ہدایت پانے والوں میں سے بنیں گے۔

اَجَعَلْتُمْ سِقَايَةَ الْحَآجِّ وَعِمَارَةَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ كَمَنْ

کیا تم نے کر رکھا ہے | پانی پلانے | حاجیوں کو | آباد کرنا | مسجد | حرام کو | جیسے جو

کیا تم حاجیوں کو پانی پلانے اور مسجد حرام کی خدمت کرنے کو ان لوگوں کے عمل کے برابر سمجھتے ہو جو اللہ

اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَجٰهَدَ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ

ایمان لائے | ساتھ اللہ کے | اور دن | آخرت کے | اور جہاد کرے | میں | راہ | اللہ کی

اور آخرت پر ایمان لائیں اور اللہ کی راہ میں جہاد کریں؟ اللہ کے

لَا يَسْتَوٗنَ عِنْدَ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝ اَلَّذِيْنَ

نہیں وہ برابر ہو سکتے | نزدیک | اللہ کے | اور اللہ | نہیں | ہدایت دیتا | لوگوں | ظالم کو | جو لوگ

نزدیک یہ دونوں برابر نہیں ہو سکتے۔ اور اللہ ظالموں کو ہدایت نہیں دیتا۔ جو لوگ

اٰمَنُوْا وَهَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ ۙ

ایمان لائے | اور انہوں نے ہجرت کی | اور انہوں نے جہاد کیا | میں | راہ | اللہ کی | اپنے مالوں سے | اور اپنی جانوں سے

ایمان لائے، ہجرت کی اور اللہ کے راستے میں اپنی جان و مال سے جہاد کیا ان کا

اَعْظَمُ دَرَجَةً عِنْدَ اللّٰهِ ؕ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ۝ يُبَشِّرُهُمْ

بڑے ہیں | درجے میں | نزدیک | اللہ کے | اور یہ لوگ | وہی ہیں | کامیاب | بشارت دیتا ہے ان کو

درجہ اللہ کے ہاں بہت بڑا ہے اور وہ کامیاب ہیں۔ ان کا رب

رَبُّهُمْ بِرَحْمَةٍ مِّنْهُ وَرِضْوَانٍ وَّجَنّٰتٍ لَّهُمْ فِيْهَا نَعِيْمٌ

رب ان کا | رحمت کی | طرف سے اپنی | اور رضامندی کی | اور ایسے باغات کی | جو ان کے لیے ہیں | بیچ جن کے | نعمت ہے

انہیں خوشخبری دیتا ہے اپنی رحمت اور خوشنودی کی اور ایسے باغوں کی جن میں ان کے لئے دائمی نعمتیں

مُّقِيْمٌ ۙ۝ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗٓ اَجْرٌ عَظِيْمٌ ۝

ہمیشہ باقی رہنے والی | ہمیشہ رہنے والے | اُس میں | ہمیشہ | بے شک | اللہ | اس کے ہاں ہے | ثواب | بڑا

ہوں گی۔ وہ ان میں ہمیشہ رہیں گے۔ بے شک اللہ کے پاس بڑا اجر ہے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْٓا اٰبَآءَكُمْ وَاِخْوَانَكُمْ اَوْلِيَآءَ اِنِ

اے وہ | لوگو جو | ایمان لائے ہو | نہ | تم بناؤ | اپنے باپ دادا کو | اور اپنے بھائیوں کو | دوست | اگر

اے ایمان والو! اپنے باپوں اور اپنے بھائیوں کو دوست نہ بناؤ جبکہ

اسْتَحَبُّوا الْكُفْرَ عَلَى الْاِيْمَانِ ؕ وَمَنْ يَّتَوَلَّهُمْ مِّنْكُمْ فَاُولٰٓئِكَ

وہ پسند کریں | کفر کو | پر | ایمان | اور جو کوئی | دوست بنائے ان کو | تم میں سے | تو ایسے لوگ

وہ ایمان کے مقابلے میں کفر کو عزیز رکھیں۔ تم میں سے جو انہیں اپنا دوست بنائیں گے

هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ۝ قُلْ اِنْ كَانَ اٰبَآؤُكُمْ وَاَبْنَآؤُكُمْ وَاِخْوَانُكُمْ

وہی ہیں | ظالم | کہہ دیجیے | اگر | ہوں | تمہارے باپ دادا | اور بیٹے تمہارے | اور بھائی تمہارے

وہی ظالم ہیں۔ اے نبی ﷺ! آپ ﷺ مسلمانوں سے کہہ دیں

وَ اَزْوَاجُكُمْ وَعَشِيْرَتُكُمْ وَ اَمْوَالُ ِۨ اقْتَرَفْتُمُوْهَا وَتِجَارَةٌ تَخْشَوْنَ

اور بیویاں تمہاری | اور برادری تمہاری | اور مال | تم نے کمائے ہیں جو | اور تجارت | جو تم ڈرتے ہو

"اگر تمہارے باپ، تمہارے بیٹے، تمہارے بھائی، تمہاری بیویاں، تمہارا خاندان، تمہارا وہ مال جو تم نے کمایا، تمہارا وہ کاروبار

كَسَادَهَا وَمَسٰكِنُ تَرْضَوْنَهَآ اَحَبَّ اِلَيْكُمْ مِّنَ اللّٰهِ

اُس کے مندے سے | اور گھر | تم پسند کرتے ہو جن کو | زیادہ پیارے ہیں | تم کو | سے | اللہ

جس کے بند ہونے کا تمہیں اندیشہ ہے اور تمہارے رہنے کے گھر جنہیں تم پسند کرتے ہو، یہ سب چیزیں تمہیں اللہ اور

وَرَسُوْلِهٖ وَجِهَادٍ فِيْ سَبِيْلِهٖ فَتَرَبَّصُوْا حَتّٰى يَاْتِيَ اللّٰهُ بِاَمْرِهٖ ؕ

اور اس کے رسول سے | اور جہاد | میں | اُس کی راہ | تو تم انتظار کرو | یہاں تک کہ | لائے | اللہ | حکم اپنا

اس کے رسول ﷺ اور اس کی راہ میں جہاد کرنے سے زیادہ محبوب ہیں تو انتظار کرو یہاں تک کہ اللہ اپنا حکم بھیج دے۔

وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ۟ؑ﴿24﴾ لَقَدْ نَصَرَكُمُ اللّٰهُ فِيْ مَوَاطِنَ

ع 3 8 9

اور اللہ | نہیں | ہدایت دیتا | لوگوں | نافرمان کو | بے شک | مدد کی تمہاری | اللہ نے | میں | موقعوں

یاد رکھو، اللہ نافرمان لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا۔ مسلمانو! اللہ نے کئی موقعوں پر

كَثِيْرَةٍ ۙ وَّيَوْمَ حُنَيْنٍ ۙ اِذْ اَعْجَبَتْكُمْ كَثْرَتُكُمْ فَلَمْ تُغْنِ

بہت | اور دن | حنین کے | جب | خوش لگی تم کو | کثرت تمہاری | پھر نہ | کام آئی

تمہاری مدد کی۔ حنین کی جنگ میں بھی کی جبکہ تمہیں اپنی کثرت سے ناز تھا مگر وہ کثرت تمہارے کام

عَنْكُمْ شَيْئًا وَّضَاقَتْ عَلَيْكُمُ الْاَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ ثُمَّ وَلَّيْتُمْ

تم سے | کچھ بھی | اور تنگ ہو گئی | تم پر | زمین | باوجود اس کے جو | وہ وسیع تھی | اس کے بعد | تم پھر گئے

نہ آئی اور زمین اپنی وسعت کے باوجود تم پر تنگ ہو گئی۔ پھر تم پیٹھ پھیر

مُّدْبِرِيْنَ ﴿25﴾ ۚ ثُمَّ اَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِيْنَتَهٗ عَلٰى رَسُوْلِهٖ وَعَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ

پیٹھ پھیر کر | پھر | اتاری | اللہ نے | تسکین اپنی | پر | اپنے رسول | اور پر | مومنوں

کر بھاگے۔ اس کے بعد اللہ نے اپنے رسول ﷺ پر اور مومنوں پر اپنی طرف سے سکینت نازل فرمائی۔

وَاَنْزَلَ جُنُوْدًا لَّمْ تَرَوْهَا وَعَذَّبَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ؕ وَذٰلِكَ

اور اتارے | لشکر | نہیں | تم نے دیکھا ان کو | اور عذاب دیا | ان لوگوں کو جو | کافر ہوئے | اور یہ ہے

ایسے لشکر بھیجے جنہیں تم نے نہ دیکھا۔ اللہ نے کافروں کو سزا دی اور یہی ان کا

جَزَآءُ الْكٰفِرِيْنَ ﴿26﴾ ثُمَّ يَتُوْبُ اللّٰهُ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ ؕ

سزا | کافروں کی | پھر | توبہ قبول کرے گا | اللہ | سے | بعد | اس کے | پر | جس | وہ چاہے

بدلہ ہے۔ اس کے بعد اللہ جسے چاہے گا توبہ نصیب کر دے گا۔

وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿27﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّمَا الْمُشْرِكُوْنَ نَجَسٌ

اور اللہ ہے | بہت بخشنے والا | نہایت مہربان | اے | لوگو جو | ایمان لائے ہو | بے شک | مشرک لوگ | ناپاک ہیں

وہ بخشنے والا مہربان ہے۔ اے ایمان والو! مشرک لوگ ناپاک ہیں۔

فَلَا يَقْرَبُوا الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ بَعْدَ عَامِهِمْ هٰذَا ۚ وَاِنْ خِفْتُمْ

اس لئے نہ | وہ قریب آئیں | مسجد | حرام کے | بعد | اُن کے سال | اس کے | اور اگر | تم ڈرو

لہٰذا وہ اس سال کے بعد مسجد حرام میں نہ آئیں۔ اگر تمہیں اس سے تنگ دستی

عَيْلَةً فَسَوْفَ يُغْنِيْكُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖٓ اِنْ شَآءَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

تنگدستی سے | تو ضرور | خوشحالی دے گا تمہیں | اللہ | سے | فضل اپنے | اگر | وہ چاہے | بے شک | اللہ ہے

کا اندیشہ ہے تو اللہ چاہے گا تو اپنے فضل سے تمہیں بے نیاز کر دے گا۔ بے شک

عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿28﴾ قَاتِلُوا الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَلَا بِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ

خوب جاننے والا | خوب حکمت والا | تم لڑو | ان لوگوں سے جو | نہیں | ایمان لاتے | اللہ پر | اور نہ | دن پر | آخرت کے

اللہ جاننے والا حکمت والا ہے۔ مسلمانو! تم اہل کتاب سے لڑو جو نہ اللہ پر ایمان رکھتے ہیں، نہ آخرت کے دن پر،

وَلَا يُحَرِّمُوْنَ مَا حَرَّمَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَلَا يَدِيْنُوْنَ دِيْنَ

اور نہیں | وہ حرام جانتے | اس چیز کو جو | حرام کی | اللہ نے | اور اُس کے رسول نے | اور نہ | وہ قبول کرتے ہیں | دین

جو ان چیزوں کو حرام نہیں سمجھتے جنہیں اللہ اور اس کے رسول ﷺ نے حرام قرار دیا اور نہ وہ دین

الْحَقِّ مِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ حَتّٰى يُعْطُوا الْجِزْيَةَ

سچے کو | ان لوگوں میں سے جو کہ | دیئے گئے | کتاب | یہاں تک کہ | وہ دیں | جزیہ

حق کو مانتے ہیں، یہاں تک کہ وہ مغلوب ہو کر خود اپنے ہاتھوں سے

عَنْ يَّدٍ وَّهُمْ صٰغِرُوْنَ ﴿29﴾ ع وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ عُزَيْرُ ۨابْنُ اللّٰهِ

سے | ہاتھ اپنے | اور وہ ہوں | ذلیل | اور کہا | یہود نے | عزیر | بیٹا ہے | اللہ کا

جزیہ دیں اور ذلیل بن کر رہیں۔ یہودی کہتے ہیں عزیر (علیہ السلام) اللہ کا بیٹا ہے۔

4 ع 5 10

وَقَالَتِ النَّصٰرَى الْمَسِيْحُ ابْنُ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ قَوْلُهُمْ بِاَفْوَاهِهِمْ ۚ

اور کہا | عیسائیوں نے | مسیح | بیٹا ہے | اللہ کا | یہ ہے | بات ان کی | اپنے منہ سے

عیسائی کہتے ہیں مسیح (علیہ السلام) اللہ کا بیٹا ہے۔ یہ سب ان کے منہ کی باتیں ہیں۔ وہ ان لوگوں کی باتوں کی نقل

يُضَاهِـُٔوْنَ قَوْلَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَبْلُ ؕ قٰتَلَهُمُ اللّٰهُ ۚ اَنّٰى

وہ مشابہ ہوتے ہیں | بات سے | ان لوگوں کی جو | کافر ہوئے | سے | پہلے | ہلاک کرے ان کو | اللہ | کہاں

کرتے ہیں جنہوں نے اُن سے پہلے کفر کیا۔ اللہ انہیں ہلاک کرے کدھر بہکے جا

يُؤْفَكُوْنَ ﴿30﴾ اِتَّخَذُوْٓا اَحْبَارَهُمْ وَرُهْبَانَهُمْ اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ

وہ پھیرے جاتے ہیں | انہوں نے بنایا | اپنے عالموں کو | اور اپنے صوفیوں کو | رب | سے | سوائے | اللہ کے

رہے ہیں۔ انہوں نے اللہ کے علاوہ اپنے علماء اور مشائخ کو بھی رب بنا لیا

وَالْمَسِيْحَ ابْنَ مَرْيَمَ ۚ وَمَآ اُمِرُوْٓا اِلَّا لِيَعْبُدُوْٓا اِلٰهًا وَّاحِدًا ۚ

اور مسیح | ابن | مریم کو | اور نہیں | اُن کو حکم دیا گیا | مگر | یہ کہ وہ عبادت کریں | معبود | ایک کی

اور مسیح ابن مریم علیہ السلام کو بھی رب بنا لیا حالانکہ ان کو یہ حکم دیا گیا تھا کہ صرف ایک معبود کی عبادت کریں جس کے سوا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ سُبْحٰنَهٗ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿31﴾ يُرِيْدُوْنَ اَنْ يُّطْفِـُٔوْا

نہیں معبود | مگر | وہی | پاک ہے وہ | اس سے جو | وہ شرک کرتے ہیں | وہ چاہتے ہیں | یہ کہ | وہ بجھا دیں

کوئی اور معبود نہیں، جو پاک ہے اس شرک سے جو وہ کرتے ہیں۔ وہ چاہتے ہیں اللہ کی روشنی کو اپنے منہ سے بجھا

نُوْرَ اللّٰهِ بِاَفْوَاهِهِمْ وَيَاْبَى اللّٰهُ اِلَّآ اَنْ يُّتِمَّ نُوْرَهٗ

روشنی | اللہ کی | اپنے منہ سے | اور انکار کرتا ہے | اللہ | مگر | یہ کہ | وہ پورا کرے | اپنی روشنی کو

دیں جبکہ اللہ کا اٹل فیصلہ ہے کہ وہ اس روشنی کو پھیلا کر رہے گا خواہ کافروں کو کتنا ہی

وَلَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ ﴿32﴾ هُوَ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى وَدِيْنِ

اور اگرچہ | ناپسند کریں | کافر | وہی ہے | جس نے | بھیجا | اپنا رسول | ہدایت کے ساتھ | اور دین

ناگوار ہو۔ وہی اللہ ہے جس نے اپنے رسول ﷺ کو ہدایت اور دینِ حق کے

الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ ۙ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ ﴿33﴾ يٰٓاَيُّهَا

حق کے | تا کہ وہ غالب کرے اس کو | پر | دینوں | سب | اور اگرچہ | ناپسند کریں | مشرک | اے

ساتھ بھیجا تا کہ وہ اسے سارے دینوں پر غالب کر دے خواہ مشرکوں کو کتنا ہی ناگوار ہو۔ اے

النصف

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ الْاَحْبَارِ وَالرُّهْبَانِ لَيَاْكُلُوْنَ اَمْوَالَ

لوگو جو | ایمان لائے ہو | بے شک | بہت | سے | عالم | اور صوفی | البتہ کھا جاتے ہیں | مال

ایمان والو! اہل کتاب کے اکثر علماء اور مشائخ لوگوں کا مال ناجائز طریقوں

النَّاسِ بِالْبَاطِلِ وَيَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ وَالَّذِيْنَ يَكْنِزُوْنَ

لوگوں کے | ناجائز طور پر | اور وہ روکتے ہیں | سے | راہ | اللہ کی | اور جو لوگ | جمع کرتے ہیں

سے کھاتے اور لوگوں کو اللہ کی راہ سے روکتے ہیں۔ اے نبی ﷺ! جو لوگ سونا چاندی

الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ وَلَا يُنْفِقُوْنَهَا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۙ فَبَشِّرْهُمْ

سونا | اور چاندی | اور نہیں | وہ خرچ کرتے ان کو | میں | راہ | اللہ کی | تو تو خوشخبری دے ان کو

جمع کرتے ہیں اور اسے اللہ کی راہ میں خرچ نہیں کرتے، آپ ﷺ انہیں دردناک عذاب کی

بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ۙ﴿34﴾ يَّوْمَ يُحْمٰى عَلَيْهَا فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ فَتُكْوٰى

عذاب کی | دردناک | جس دن | تپایا جائے گا | اس پر | میں | آگ | دوزخ کی | پھر داغے جائیں گے

خوشخبری دیں۔ قیامت کے دن اس سونے چاندی کو جہنم کی آگ میں رکھ کر تپایا جائے گا۔ اس سے ان کی پیشانیاں،

بِهَا جِبَاهُهُمْ وَجُنُوْبُهُمْ وَظُهُوْرُهُمْ ؕ هٰذَا مَا كَنَزْتُمْ

ساتھ اس کے | ماتھے ان کے | اور ان کے پہلو | اور پیٹھیں ان کی | یہ ہے | جو | تم نے جمع کیا

ان کے پہلو اور ان کی پیٹھیں داغی جائیں گی۔ ان سے کہا جائے گا ''یہ ہے جو تم

لِاَنْفُسِكُمْ فَذُوْقُوْا مَا كُنْتُمْ تَكْنِزُوْنَ ﴿35﴾ اِنَّ عِدَّةَ الشُّهُوْرِ عِنْدَ

اپنے لیے | پس تم چکھو | جو کچھ | تم تھے | تم جمع کرتے | بے شک | گنتی | مہینوں کی | نزدیک

نے اپنے لئے دنیا میں جمع کیا۔ آج اپنے اس جمع کرنے کا مزا چکھو'' ! اللہ نے جب سے آسمانوں

اللّٰهِ اثْنَا عَشَرَ شَهْرًا فِيْ كِتٰبِ اللّٰهِ يَوْمَ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ

اللہ کے ہے | بارہ (12) | مہینے ہے | میں | کتاب | اللہ کی | جس دن | اس نے پیدا کیا | آسمانوں کو | اور زمین کو

اور زمین کو پیدا کیا اس وقت سے اللہ کے نزدیک مہینوں کی گنتی بارہ مہینے ہیں۔ یہی اللہ کی کتاب میں لکھا ہوا ہے۔

مِنْهَآ اَرْبَعَةٌ حُرُمٌ ؕ ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ ۙ فَلَا تَظْلِمُوْا فِيْهِنَّ

اس میں سے | چار مہینے | حرمت والے ہیں | یہ ہے | دین | سیدھا | پس نہ | تم ظلم کرو | ان میں

ان میں سے چار مہینے حرمت والے ہیں۔ لوگو! یہی سیدھا دین ہے۔ لہٰذا ان مہینوں کی بے حرمتی کرکے

اَنْفُسَكُمْ وَقَاتِلُوا الْمُشْرِكِيْنَ كَآفَّةً كَمَا يُقَاتِلُوْنَكُمْ كَآفَّةً

اپنی جانوں پر | اور تم لڑو | مشرکوں سے | اکٹھے ہوکر | جیسے | وہ لڑتے ہیں تم سے | اکٹھے ہوکر

اپنے اوپر ظلم نہ کرو۔ اور اے مسلمانو! تم سب مل کر مشرکین سے جنگ کرو جیسے وہ سب مل کر تم سے جنگ کرتے ہیں۔

وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُتَّقِيْنَ ﴿36﴾ اِنَّمَا النَّسِيْٓءُ زِيَادَةٌ فِي الْكُفْرِ

اور تم جان لو | کہ | اللہ | ساتھ ہے | پرہیزگاروں کے | بے شک | کمی بیشی کرنا | اضافہ ہے | میں | کفر

اور جان لو کہ اللہ پرہیزگاروں کے ساتھ ہے۔ اور یاد رکھو کہ مہینوں کو ان کی جگہ سے ہٹا دینا کفر میں اضافہ کرنا ہے جس سے کفار لوگ

يُضَلُّ بِهِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُحِلُّوْنَهٗ عَامًا وَّيُحَرِّمُوْنَهٗ عَامًا

گمراہ کئے جاتے ہیں | ساتھ اسکے | وہ لوگ جو | کافر ہوئے | وہ حلال کر لیتے ہیں اسے | ایک سال | اور وہ حرام کر لیتے ہیں اسے | ایک سال

گمراہ ہو جاتے ہیں۔ ایک سال کسی حرام مہینے کو حلال کر لیتے ہیں، دوسرے سال اسے حرام سمجھ لیتے ہیں۔ اس طرح وہ محترم مہینوں

لِّيُوَاطِـُٔوْا عِدَّةَ مَا حَرَّمَ اللّٰهُ فَيُحِلُّوْا مَا حَرَّمَ اللّٰهُ ۭ زُيِّنَ

تاکہ وہ مطابقت کریں | اس گنتی کی | جسے | حرام ٹھہرایا ہے | اللہ نے | پھر وہ حلال کرتے ہیں | جسے | حرام کیا | اللہ نے | خوشنما بنا دیئے گئے

کی تعداد پوری کرنے کے لئے اللہ کے حرام کئے ہوئے مہینوں کو حلال کر لیتے ہیں۔ ان کے برے کام ان

لَهُمْ سُوْٓءُ اَعْمَالِهِمْ ۭ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿37﴾ يٰٓاَيُّهَا

ع 5 8 11

ان کے لیے | برے | اعمال ان کے | اور اللہ | نہیں | ہدایت دیتا | لوگوں | کافروں | اے

کی نظر میں خوشنما بنا دیئے گئے ہیں اور اللہ کافروں کو ہدایت نہیں دیتا۔ مسلمانو!

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَا لَكُمْ اِذَا قِيْلَ لَكُمُ انْفِرُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

لوگو جو | ایمان لائے ہو | کیا ہے | تم کو | جب | کہا جاتا ہے | تم کو | کہ تم نکلو | میں | راہ | اللہ کی

تمہیں کیا ہو گیا ہے جب تم سے کہا جاتا ہے اللہ کی راہ میں جہاد کے لئے نکلو تم زمین سے

اثَّاقَلْتُمْ اِلَى الْاَرْضِ ۭ اَرَضِيْتُمْ بِالْحَيٰوةِ الدُّنْيَا مِنَ الْاٰخِرَةِ ۚ

تم بوجھل ہو جاتے ہو | طرف | زمین کی | کیا تم راضی ہوئے ہو | ساتھ زندگی | دنیا کی | بجائے | آخرت کے

چپک جاتے ہو! کیا تم آخرت کے معاملے میں دنیا کی زندگی پر راضی ہو گئے؟

فَمَا مَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا فِي الْاٰخِرَةِ اِلَّا قَلِيْلٌ ﴿38﴾ اِلَّا تَنْفِرُوْا

پس نہیں | مفاد | زندگی کا | دنیا کی | بمقابلہ | آخرت کے | مگر | تھوڑا | اگر نہ | تم نکلو گے

اگر ایسا ہے تو یاد رکھو آخرت کے مقابلے میں دنیا کی زندگی کا سامان بہت تھوڑا ہے! اگر تم نہ نکلو گے تو

يُعَذِّبْكُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ۙ وَّيَسْتَبْدِلْ قَوْمًا غَيْرَكُمْ وَلَا تَضُرُّوْهُ

وہ عذاب دے گا تمہیں | عذاب | دردناک | اور وہ بدل کر لے آئے گا | اور قوم | سوائے تمہارے | اور نہ | تم نقصان پہنچاؤ گے اللہ کو

اللہ تمہیں درد ناک سزا دے گا اور تمہاری جگہ دوسری قوم لے آئے گا اور تم اللہ کا کچھ نہیں بگاڑ

شَيْـًٔا ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ اِلَّا تَنْصُرُوْهُ فَقَدْ نَصَرَهُ اللّٰهُ

کچھ بھی | اور اللہ | اوپر | ہر | چیز کے | قادر ہے | اگر نہ | تم مدد کرو گے اس کی | تو بے شک | اُس کی مدد کی | اللہ نے

سکو گے۔ اور اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔ اگر تم اللہ کے رسول ﷺ کی مدد نہ کرو گے ، تو اللہ تو اس کا مددگار ہے جس نے اس وقت بھی

اِذْ اَخْرَجَهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ثَانِيَ اثْنَيْنِ اِذْ هُمَا فِي الْغَارِ اِذْ

جب | نکال دیا اس کو | ان لوگوں نے جو | کافر ہوئے | دوسرا | دو میں سے | جب | وہ دونوں تھے | میں | غار | جب

اس کی مدد فرمائی جب کافروں نے اسے گھر سے نکالا اور وہ دو آدمی تھے جن میں ایک اللہ کا رسول ﷺ تھا۔ دونوں غار میں تھے۔

يَقُوْلُ لِصَاحِبِهٖ لَا تَحْزَنْ اِنَّ اللّٰهَ مَعَنَا ۚ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِيْنَتَهٗ

وہ کہتا تھا | اپنے ساتھی کو | نہ | تو غمگین ہو | بے شک | اللہ ہے | ساتھ ہمارے | تو اتاری | اللہ نے | تسکین اپنی

اس وقت اللہ کے رسول ﷺ نے اپنے ساتھی سے کہا ”غم نہ کرو۔ اللہ ہمارے ساتھ ہے۔“ اللہ نے اس پر اپنی سکینت نازل کی۔

عَلَيْهِ وَاَيَّدَهٗ بِجُنُوْدٍ لَّمْ تَرَوْهَا وَجَعَلَ كَلِمَةَ الَّذِيْنَ كَفَرُوا

اُس پر | اور قوت دی اس کو | ساتھ لشکروں کے | جو نہ | تم نے دیکھا جن کو | اور کر دی | بات | ان لوگوں کی جو | کافر ہوئے

ایسے لشکروں کے ذریعے رسول ﷺ کی مدد فرمائی جو تمہیں نظر نہ آئے۔ اللہ نے کافروں کی بات نیچی

السُّفْلٰى ؕ وَكَلِمَةُ اللّٰهِ هِيَ الْعُلْيَا ؕ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۝ اِنْفِرُوْا

نیچی | اور بات | اللہ کی | وہی ہے | بلند | اور اللہ ہے | بڑا غالب | خوب حکمت والا | تم نکلو

کر دی اور اللہ کی بات اونچی ہے۔ اور اللہ غالب اور حکمت والا ہے۔ مسلمانو! نکلو

خِفَافًا وَّثِقَالًا وَّجَاهِدُوْا بِاَمْوَالِكُمْ وَاَنْفُسِكُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ

ہلکے | اور بھاری | اور تم جہاد کرو | اپنے مالوں سے | اور اپنی جانوں سے | میں | راہ | اللہ کی

خواہ نہتے ہو یا مسلح اور اپنے مال و جان سے اللہ کی راہ میں جہاد کرو۔

ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝ لَوْ كَانَ عَرَضًا قَرِيْبًا

یہ ہے | بہتر | تمہارے لیے | اگر | تم ہو | تم جانتے | اگر | ہوتا | سامان | فوری

یہ تمہارے لئے بہتر ہے اگر تم جانتے ہو۔ اے نبی ﷺ اگر منافقوں کو کوئی فوری فائدہ نظر آتا اور سفر ہلکا ہوتا تو

وَّسَفَرًا قَاصِدًا لَّاتَّبَعُوْكَ وَلٰكِنْۢ بَعُدَتْ عَلَيْهِمُ الشُّقَّةُ ؕ

اور سفر | درمیانہ | ضرور وہ چلتے پیچھے تیرے | اور لیکن | دور لگی | اُن پر | مسافت

وہ بھی جہاد کے لئے آپ ﷺ کے ساتھ چلتے۔ لیکن انہیں یہ منزل کٹھن نظر آئی۔

وَسَيَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ لَوِ اسْتَطَعْنَا لَخَرَجْنَا مَعَكُمْ ۚ يُهْلِكُوْنَ اَنْفُسَهُمْ ۚ

اور ضرور قسم کھائیں گے | اللہ کی | اگر | ہم طاقت رکھتے | ضرور ہم نکلتے | ساتھ تمہارے | وہ ہلاک کرتے ہیں | اپنے آپ کو

اب وہ اللہ کی قسمیں کھا کر کہیں گے کہ اگر ہم سے ہوسکتا ہم ضرور تمہارے ساتھ چلتے"۔ دراصل وہ خود کو ہلاکت میں ڈال رہے ہیں۔

ع 6/5/12

وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿۴۲﴾ عَفَا اللّٰهُ عَنْكَ ۚ لِمَ اَذِنْتَ لَهُمْ

اور اللہ | جانتا ہے | کہ وہ ہیں | واقعی جھوٹے | معاف کیا | اللہ نے | تجھ کو | کیوں | تو نے اجازت دی | اُن کو

اللہ جانتا ہے وہ بالکل جھوٹے ہیں۔ اے نبی ﷺ! اللہ آپ کو معاف کرے آپ ﷺ نے ان منافقوں کو پیچھے رہ جانے کی

حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَكَ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا وَتَعْلَمَ الْكٰذِبِيْنَ ﴿۴۳﴾ لَا يَسْتَاْذِنُكَ

یہاں تک کہ | ظاہر ہو جاتے | تیرے لیے | وہ لوگ جو | سچے ہیں | اور تو جان لیتا | جھوٹوں کو | نہیں | اجازت مانگتے تجھ سے

اجازت کیوں دی؟ چاہیے تھا کہ آپ ﷺ اجازت نہ دیتے جب تک آپ ﷺ پر ظاہر نہ ہو جاتا سچے کون ہیں اور جھوٹے کون؟

الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ اَنْ يُّجَاهِدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ

وہ لوگ جو | ایمان رکھتے ہیں | اللہ پر | اور دن پر | آخرت کے | یہ کہ | وہ جہاد کریں | اپنے مالوں سے

جو لوگ اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتے ہیں وہ کبھی آپ ﷺ سے درخواست نہیں کریں گے کہ اپنے مال و جان سے

وَاَنْفُسِهِمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالْمُتَّقِيْنَ ﴿۴۴﴾ اِنَّمَا يَسْتَاْذِنُكَ الَّذِيْنَ

اور اپنی جانوں سے | اور اللہ ہے | خوب جاننے والا | پرہیزگاروں کو | بے شک | اجازت مانگتے تجھ سے | وہ لوگ جو

جہاد نہ کریں۔ اللہ پرہیزگاروں کو خوب جانتا ہے۔ آپ ﷺ سے اجازت وہی لوگ مانگتے ہیں جو اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان

لَا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَارْتَابَتْ قُلُوْبُهُمْ فَهُمْ فِيْ رَيْبِهِمْ

نہیں ایمان لاتے | اللہ پر | اور دن پر | آخرت کے | اور شک میں پڑے | اُن کے دل | پس وہ | میں | شک اپنے

نہیں رکھتے، ان کے دل شک میں پڑے ہوئے ہیں اور وہ اسی شک میں بھٹک رہے

يَتَرَدَّدُوْنَ ﴿۴۵﴾ وَلَوْ اَرَادُوا الْخُرُوْجَ لَاَعَدُّوْا لَهٗ عُدَّةً وَّلٰكِنْ كَرِهَ

دور رہے پڑے ہیں | اور اگر | وہ ارادہ کرتے | نکلنے کا | ضرور وہ تیاری کرتے | اس کے لیے | سامان | اور لیکن | ناپسند کیا

ہیں۔ ان کا ارادہ جہاد کا ہوتا تو اس کی کچھ تیاری کرتے۔ لیکن اللہ نے ان کا جانا پسند نہ کیا

اللّٰهُ انْۢبِعَاثَهُمْ فَثَبَّطَهُمْ وَقِيْلَ اقْعُدُوْا مَعَ الْقٰعِدِيْنَ ﴿46﴾ لَوْ خَرَجُوْا

اللہ نے | اٹھنا ان کا | پس اس نے روکے رکھا ان کو | اور کہا گیا | بیٹھ جاؤ | ساتھ | بیٹھ جانے والوں کے | اگر | وہ نکلتے

اس لئے انہیں ٹکا رہنے دیا۔ ان سے کہہ دیا گیا ’’جاؤ بیٹھنے والوں کے ساتھ بیٹھ رہو‘‘ مسلمانو اگر تمہارے ساتھ منافقین بھی

فِيْكُمْ مَّا زَادُوْكُمْ اِلَّا خَبَالًا وَّلَاۡاَوْضَعُوْا خِلٰلَكُمْ يَبْغُوْنَكُمُ

تم میں | نہ | وہ اضافہ کرتے تم میں | مگر | خرابی | اور ضرور وہ گھوڑے دوڑاتے | درمیان تمہارے | وہ چاہتے تمہارے لیے

جہاد کے لئے نکل کھڑے ہوتے تو تمہارے لئے خرابی کا باعث بنتے۔ وہ تمہارے درمیان فتنہ پردازی

الْفِتْنَةَ ۚ وَفِيْكُمْ سَمّٰعُوْنَ لَهُمْ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالظّٰلِمِيْنَ ﴿47﴾ لَقَدِ

فتنہ | اور تم میں | بعض جاسوس ہیں | ان کے لیے | اور اللہ | خوب جانتا ہے | ظالموں کو | بے شک

کے لئے بھاگ دوڑ کرتے۔ تمہارے اندر ان کے جاسوس موجود ہیں۔ اللہ ظالموں کو اچھی طرح جانتا ہے۔ اے نبی ﷺ! ان

ابْتَغَوُا الْفِتْنَةَ مِنْ قَبْلُ وَقَلَّبُوْا لَكَ الْاُمُوْرَ حَتّٰى جَاۗءَ الْحَقُّ

انہوں نے چاہا تھا | فتنہ | سے | پہلے اس | اور گڑبڑ کی تھی | تیرے لیے | کاموں میں | یہاں تک کہ | آیا | حق

منافقوں نے پہلے بھی فتنہ انگیزیاں کیں۔ آپ ﷺ کے معاملات کو بگاڑنے کی کوشش کی لیکن پھر حق آ گیا اور اللہ کا حکم ظاہر

وَظَهَرَ اَمْرُ اللّٰهِ وَهُمْ كٰرِهُوْنَ ﴿48﴾ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّقُوْلُ ائْذَنْ

اور ظاہر ہوا | حکم | اللہ کا | اور وہ تھے | بیزار | اور کوئی ان میں ہے | جو | کہتا ہے کہ | تو اجازت دے

ہو گیا اور وہ ناخوش رہے۔ بعض منافق آ کر کہتے ہیں ’’مجھے رخصت دے دیجئے۔ مجھے کسی فتنے میں

لِّيْ وَلَا تَفْتِنِّيْ ۭ اَلَا فِي الْفِتْنَةِ سَقَطُوْا ۭ وَاِنَّ جَهَنَّمَ

مجھ کو | اور نہ | تو فتنے میں ڈال مجھے | آگاہ رہو | میں | فتنے | وہ گر پڑے ہیں | اور بے شک | دوزخ

نہ ڈالیے۔ سن لو، یہی لوگ نافرمانی کے فتنے میں پڑے ہوئے ہیں۔ اور بے شک جہنم کافروں کو

لَمُحِيْطَةٌۢ بِالْكٰفِرِيْنَ ﴿49﴾ اِنْ تُصِبْكَ حَسَنَةٌ تَسُؤْهُمْ ۚ وَاِنْ تُصِبْكَ

ضرور گھیرنے والی ہے | کافروں کو | اگر | پہنچے تجھے | کوئی بھلائی | ناپسند ہوتی ہے ان کو | اور اگر | پہنچے تجھ کو

گھیرے ہوئے ہے۔ اے نبی ﷺ اگر آپ ﷺ کو کوئی نعمت ملتی ہے تو منافقوں کو دکھ ہوتا ہے اور اگر آپ ﷺ کو کوئی مصیبت

مُصِيْبَةٌ يَّقُوْلُوْا قَدْ اَخَذْنَآ اَمْرَنَا مِنْ قَبْلُ وَيَتَوَلَّوْا وَّهُمْ

کوئی مصیبت | وہ کہتے ہیں | بے شک | ہم نے پکڑ لیا تھا | کام اپنا | سے | پہلے | اور وہ پھر جاتے ہیں | اور وہ

پہنچتی ہے تو کہتے ہیں ’’ہم نے پہلے ہی اپنا بچاؤ کر لیا تھا‘‘ پھر وہ خوش ہو کر

فَرِحُوْنَ ﴿50﴾ قُلْ لَّنْ يُّصِيْبَنَآ اِلَّا مَا كَتَبَ اللّٰهُ لَنَا ۚ هُوَ مَوْلٰىنَا ۚ

خوش ہوتے ہیں | کہہ دیجیے | ہرگز نہ | پہنچے گا ہمیں | مگر | جو کچھ | لکھا | اللہ نے | ہمارے لیے | وہی ہے | کارساز ہمارا

چلے جاتے ہیں۔ آپ ﷺ ان سے کہیں "ہمیں وہی کچھ پیش آئے گا جو اللہ نے ہمارے لئے لکھ دیا۔ وہی ہمارا کارساز ہے

وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿51﴾ قُلْ هَلْ تَرَبَّصُوْنَ بِنَآ اِلَّآ

اور پر | اللہ | پس چاہیے توکل کریں | ایمان والے | کہہ دیجیے | نہیں | تم انتظار کرتے | ہمارے لیے | مگر

اور اہل ایمان کو اللہ پر بھروسا کرنا چاہئے۔ اے نبی ﷺ آپ ﷺ ان منافقوں سے کہیں "ٹھیک ہے تم ہمارے

اِحْدَى الْحُسْنَيَيْنِ ؕ وَنَحْنُ نَتَرَبَّصُ بِكُمْ اَنْ يُّصِيْبَكُمُ اللّٰهُ

ایک کا | دو بھلائیوں میں سے | اور ہم | انتظار کرتے ہیں | تمہارے لیے | یہ کہ | پہنچائے تم کو | اللہ

لئے دو بھلائیوں میں سے ایک نہ ایک بھلائی کے منتظر رہو۔ مگر ہم تمہارے لئے منتظر ہیں کہ اللہ تم پر اپنی طرف سے

بِعَذَابٍ مِّنْ عِنْدِهٖٓ اَوْ بِاَيْدِيْنَا ۖ فَتَرَبَّصُوْٓا اِنَّا مَعَكُمْ

عذاب | سے | پاس اپنے | یا | ہمارے ہاتھوں سے | پس تم منتظر رہو | بے شک ہم | ساتھ تمہارے

عذاب بھیجے یا پھر ہمارے ہاتھوں سے۔ اب تم بھی انتظار کرو۔ ہم بھی انتظار

مُّتَرَبِّصُوْنَ ﴿52﴾ قُلْ اَنْفِقُوْا طَوْعًا اَوْ كَرْهًا لَّنْ يُّتَقَبَّلَ مِنْكُمْ ؕ

منتظر ہیں | کہہ دیجیے | تم خرچ کرو | خوشی سے | یا | مجبوری سے | ہرگز نہ | وہ قبول کیا جائے گا | تم سے

کرتے ہیں۔ اے نبی ﷺ ان منافقوں سے کہہ دیں "تم بظاہر خوشی سے خرچ کرو یا ناخوشی سے، تمہارا خرچ کرنا ہرگز قبول نہ کیا

اِنَّكُمْ كُنْتُمْ قَوْمًا فٰسِقِيْنَ ﴿53﴾ وَمَا مَنَعَهُمْ اَنْ تُقْبَلَ مِنْهُمْ

بے شک تم | تم تھے | لوگ | نافرمان | اور نہیں | رکاوٹ بنی ان کیلئے | یہ کہ | قبول کئے جائیں | ان سے

جائے گا، کیونکہ تم نافرمان ہو۔" اور وہ اپنے خرچ کی قبولیت سے اس لئے محروم ہوئے

نَفَقٰتُهُمْ اِلَّآ اَنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاللّٰهِ وَبِرَسُوْلِهٖ وَلَا يَاْتُوْنَ الصَّلٰوةَ

خرچ ان کے | مگر | یہ کہ وہ | انہوں نے انکار کیا | اللہ کا | اور اُس کے رسول کا | اور نہیں | وہ آتے | نماز کو

کہ انہوں نے اللہ اور اس کے رسول ﷺ کا انکار کیا۔ وہ نماز کے

اِلَّا وَهُمْ كُسَالٰى وَلَا يُنْفِقُوْنَ اِلَّا وَهُمْ كٰرِهُوْنَ ﴿54﴾ فَلَا تُعْجِبْكَ

مگر | جبکہ وہ ہوں | سست | اور نہیں | وہ خرچ کرتے | مگر | جبکہ وہ ہوں | بیزار | پس نہ | خوش لگیں تجھ کو

لئے آتے ہیں تو سستی کے مارے، اور خرچ کرتے ہیں تو ناگواری سے۔ مگر تم اُن کے مال

أَمْوَالُهُمْ وَلَآ أَوْلَادُهُمْ ۚ إِنَّمَا يُرِيدُ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُم بِهَا فِي

مال ان کے | اور نہ | اولاد ان کی | بے شک | چاہتا ہے | اللہ | یہ کہ عذاب دے ان کو | ذریعے اس کے | میں

واولاد کو کچھ وقعت نہ دو۔ اللہ چاہتا ہے ان کے لئے یہی چیزیں دنیا کی زندگی میں عذاب

الْحَيَوٰةِ الدُّنْيَا وَتَزْهَقَ أَنفُسُهُمْ وَهُمْ كَٰفِرُونَ ﴿٥٥﴾ وَيَحْلِفُونَ بِاللّٰهِ

زندگی | دنیا کی | اور نکلیں | جانیں ان کی | جبکہ وہ ہوں | کافر | اور وہ قسمیں کھاتے ہیں | اللہ کی

کا ذریعہ بنیں اور ان کی جانیں کفر کی حالت میں نکلیں۔ منافق لوگ اللہ کی قسمیں کھا کر کہتے ہیں

إِنَّهُمْ لَمِنكُمْ وَمَا هُم مِّنكُمْ وَلَٰكِنَّهُمْ قَوْمٌ يَفْرَقُونَ ﴿٥٦﴾ لَوْ

بے شک وہ ہیں | ضرور تم میں سے | اور نہیں ہیں | وہ | تم میں سے | اور لیکن وہ | لوگ ہیں | بزدل | اگر

وہ تم میں سے ہیں حالاں کہ وہ تم میں سے نہیں وہ بڑے بزدل ہیں۔ انہیں کوئی

يَجِدُونَ مَلْجَأً أَوْ مَغَٰرَٰتٍ أَوْ مُدَّخَلًا لَّوَلَّوْا إِلَيْهِ وَهُمْ

وہ پائیں | جائے پناہ | یا | غاریں | یا | کوئی جگہ داخل ہونے کی | تو وہ پھر جائیں | اس کی طرف | اور وہ

پناہگاہ، غار یا اور گھس بیٹھنے کی جگہ مل جائے تو بھاگ کر اس میں

يَجْمَحُونَ ﴿٥٧﴾ وَمِنْهُم مَّن يَلْمِزُكَ فِي الصَّدَقَٰتِ ۖ فَإِنْ أُعْطُوا

وہ سرکشی کرتے ہیں | اور بعض ان میں ہے | جو | الزام دیتا ہے تجھے | بارے میں | زکوٰۃ کے | پس اگر | اُن کو دیا جائے

جا چھپیں۔اے نبی ﷺ بعض منافق ایسے ہیں جو زکوٰۃ کی تقسیم کے بارے میں آپ ﷺ پر ناانصافی کا الزام لگاتے ہیں۔اگر اس

مِنْهَا رَضُوا وَإِن لَّمْ يُعْطَوْا مِنْهَا إِذَا هُمْ يَسْخَطُونَ ﴿٥٨﴾ وَلَوْ

اس میں سے | وہ راضی ہو جاتے ہیں | اور اگر | نہ | اُن کو دیا جائے | اس میں سے | تب | وہ | ناراض ہو جاتے ہیں | اور اگر

میں سے انہیں بھی دے دیا جائے تو راضی ہیں،اگر نہ دیا جائے تو ناراض ہو جاتے ہیں۔ اچھا ہوتا کہ اللہ

أَنَّهُمْ رَضُوا مَآ ءَاتَىٰهُمُ اللّٰهُ وَرَسُولُهُۥ وَقَالُوا حَسْبُنَا اللّٰهُ

یہ کہ وہ | وہ راضی ہو جاتے | جو کچھ | دیا ان کو | اللہ نے | اور رسول اس کے نے | اور وہ کہتے | کافی ہے ہمیں | اللہ

اور رسول ﷺ نے جو کچھ دیا اس پر وہ راضی رہتے اور کہتے ''اللہ ہمارے لئے کافی ہے۔

سَيُؤْتِينَا اللّٰهُ مِن فَضْلِهِۦ وَرَسُولُهُۥٓ إِنَّآ إِلَى اللّٰهِ رَٰغِبُونَ ﴿٥٩﴾ ع

7 ع 17 13

جلد دے گا ہمیں | اللہ | سے | فضل اپنے | اور رسول اس کا | بے شک ہم | طرف | اللہ کی ہیں | رغبت کرنے والے

اللہ اپنے فضل سے ہمیں اور دے گا اور اس کا رسول ﷺ بھی ہمیں دے گا۔ ہمیں اللہ کی خوشنودی چاہیے۔''

اِنَّمَا الصَّدَقٰتُ لِلْفُقَرَآءِ وَالْمَسٰكِيْنِ وَالْعٰمِلِيْنَ عَلَيْهَا وَالْمُؤَلَّفَةِ

بیشک ہے | زکوٰۃ | محتاجوں کیلئے | اور مساکین کیلئے | اور جو ملازم رکھے گئے | اس پر | اور مائل کرنے کو

زکوٰۃ دی جائے فقیروں کو، مسکینوں کو، ان کارکنوں کو جو اس کی وصولی پر مقرر ہیں، ان کو جن کی تالیف قلب مطلوب ہے،

قُلُوْبُهُمْ وَفِي الرِّقَابِ وَالْغٰرِمِيْنَ وَفِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَابْنِ السَّبِيْلِ ؕ

دل جن کے | اور میں | گردنیں آزاد کرنے | اور قرضداروں کے | اور میں | راہ | اللہ کی | اور مسافروں کیلئے

ان غلاموں کو جن کی آزادی مقصود ہے، مقروضوں کو، اللہ کے راستے میں اور مسافروں کو۔

فَرِيْضَةً مِّنَ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝ وَمِنْهُمُ الَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ

فرض ہے | طرف سے | اللہ کی | اور اللہ ہے | خوب جاننے والا | بڑی حکمت والا | اور بعض ان میں ہیں | جو | ایذا پہنچاتے ہیں

یہ فرض ہے اللہ کی طرف سے اور اللہ علم والا حکمت والا ہے۔ اور بعض منافق لوگ نبی ﷺ کو دُکھ

النَّبِيَّ وَيَقُوْلُوْنَ هُوَ اُذُنٌ ؕ قُلْ اُذُنُ خَيْرٍ لَّكُمْ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ

نبی کو | اور وہ کہتے ہیں | وہ ہے | کان کا کچا | کہہ دیجیے | وہ کان ہے | بھلائی کا | تمہارے لیے | وہ ایمان رکھتا ہے | اللہ پر

دیتے ہیں، کہتے ہیں ''یہ شخص کان کا کچا ہے'' اے نبی ﷺ آپ ﷺ ان سے کہیں ''ہاں بھلائی کے لئے واقعی کان کا کچا ہے۔ اللہ

وَيُؤْمِنُ لِلْمُؤْمِنِيْنَ وَرَحْمَةٌ لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ ؕ وَالَّذِيْنَ

اور اعتبار کرنے والا ہے | مسلمانوں کے لیے | اور رحمت ہے | اُن کے لیے جو | ایمان لائے | تم میں سے | اور جو لوگ

پر ایمان رکھتا ہے، اہل ایمان پر اعتماد کرتا ہے اور ان لوگوں کے لئے سراپا رحمت ہے جو تم میں سے ایمان والے ہیں'' یاد رکھو، جو لوگ

يُؤْذُوْنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝ يَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ لَكُمْ

ایذا دیتے ہیں | اللہ کے رسول کو | اُن کے لیے ہے | عذاب | دردناک | وہ قسمیں کھاتے ہیں | اللہ کی | تم سے

اللہ کے رسول ﷺ کو دکھ دیتے ہیں ان کے لئے دردناک عذاب ہے۔ اے مسلمانو! منافق لوگ تمہارے سامنے اللہ کی قسمیں

لِيُرْضُوْكُمْ ۚ وَاللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗۤ اَحَقُّ اَنْ يُّرْضُوْهُ اِنْ كَانُوْا

تا کہ وہ راضی کرلیں تم کو | اور اللہ | اور اُس کا رسول | زیادہ حقدار ہے | کہ | وہ راضی کریں اسے | اگر | وہ ہیں

کھاتے ہیں تا کہ تمہیں راضی کریں حالاں کہ اللہ اور اس کے رسول ﷺ زیادہ حق دار ہیں کہ وہ انہیں راضی کریں اگر وہ

مُؤْمِنِيْنَ ۝ اَلَمْ يَعْلَمُوْۤا اَنَّهٗ مَنْ يُّحَادِدِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَاَنَّ

ایمان والے | کیا نہیں | انہوں نے جانا | یہ کہ | جو کوئی | مخالفت کرے | اللہ کی | اور اُس کے رسول کی | تو بے شک

مومن ہیں۔ انہیں معلوم نہیں جو اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی مخالفت کرتا ہے، اس کے لئے

لَهٗ نَارَ جَهَنَّمَ خَالِدًا فِيْهَا ؕ ذٰلِكَ الْخِزْيُ الْعَظِيْمُ ۞ يَحْذَرُ

اُس کے لیے ہے | آگ | دوزخ کی | ہمیشہ رہے گا | اُس میں | یہ ہے | ذلت | بڑی | ڈرتے ہیں

جہنم کی آگ ہے جس میں وہ ہمیشہ جلے گا اور یہ بہت بڑی ذلت ہے۔ منافقین ڈرتے

الْمُنٰفِقُوْنَ اَنْ تُنَزَّلَ عَلَيْهِمْ سُوْرَةٌ تُنَبِّئُهُمْ بِمَا فِيْ قُلُوْبِهِمْ ؕ

منافق | یہ کہ | اتاری جائے | اُن پر | کوئی سورت | جو ظاہر کرے ان پر | وہ چیز جو ہے | میں | اُن کے دلوں

ہیں کہیں مسلمانوں پر کوئی ایسی سورت نازل نہ ہو جائے جو ان کو ان کے دلوں کے بھید بتا دے۔

قُلِ اسْتَهْزِءُوْا ۚ اِنَّ اللّٰهَ مُخْرِجٌ مَّا تَحْذَرُوْنَ ۞ وَلَئِنْ

کہہ دیجیے | تم مذاق اڑاؤ | بے شک | اللہ | نکالنے والا ہے | وہ چیز | تم ڈرتے ہو جس کے نکالنے سے | اور البتہ اگر

اے نبی ﷺ! آپ ﷺ ان منافقوں سے کہیں ''تم مذاق اُڑا لو۔ یقیناً اللہ اس بات کو ظاہر کر دے گا جس کا تمہیں ڈر ہے'' اگر

سَاَلْتَهُمْ لَيَقُوْلُنَّ اِنَّمَا كُنَّا نَخُوْضُ وَنَلْعَبُ ؕ قُلْ اَبِاللّٰهِ

تو پوچھے ان سے | ضرور وہ کہیں گے | سوائے اس کے نہیں کہ | ہم تھے | ہم گپ لگاتے | اور ہم کھیلتے | کہہ دیجیے | کیا اللہ سے

آپ ﷺ ان سے پوچھیں تو یہ جواب میں کہیں گے ''ہم تو ہنسی مذاق اور دل لگی کرتے تھے۔'' اے نبی ﷺ! آپ ﷺ کہیں

وَاٰيٰتِهٖ وَرَسُوْلِهٖ كُنْتُمْ تَسْتَهْزِءُوْنَ ۞ لَا تَعْتَذِرُوْا قَدْ كَفَرْتُمْ

اور اُس کی آیتوں سے | اور اُس کے رسول سے | تم ہو | تم مذاق کرتے | نہ | تم بہانے بناؤ | بے شک | تم نے کفر کیا

''کیا تم اللہ سے، اس کی آیتوں سے اور اس کے رسول ﷺ سے مذاق کرتے ہو'' منافقو! بہانے مت بناؤ۔ تم نے ایمان لانے کے

بَعْدَ اِيْمَانِكُمْ ؕ اِنْ نَّعْفُ عَنْ طَآئِفَةٍ مِّنْكُمْ نُعَذِّبْ طَآئِفَةً ۢ

بعد | اپنے ایمان لانے کے | اگر | ہم معاف کر دیں | کو | ایک گروہ | تم میں سے | ہم عذاب دیں گے | ایک گروہ کو

بعد کفر کیا۔ اگر ہم تم میں سے ایک گروہ کو معاف کر دیں تو دوسرے گروہ کو ضرور سزا دیں گے

بِاَنَّهُمْ كَانُوْا مُجْرِمِيْنَ ۞ اَلْمُنٰفِقُوْنَ وَالْمُنٰفِقٰتُ بَعْضُهُمْ مِّنْ

8 ع 7 / 14

کیونکہ وہ | وہ تھے | گنہگار | منافق مرد | اور منافق عورتیں | بعض ان کے ہیں | سے

کیونکہ وہ مجرم ہیں۔ منافق مرد اور منافق عورتیں سب ایک طرح کے

بَعْضٍ ۘ يَاْمُرُوْنَ بِالْمُنْكَرِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمَعْرُوْفِ وَيَقْبِضُوْنَ

بعض | وہ حکم دیتے ہیں | برائی کا | اور وہ منع کرتے ہیں | سے | بھلائی | اور وہ بند رکھتے ہیں

ہیں۔ برائی کا حکم دیتے ہیں، بھلائی سے روکتے ہیں اور راہِ خدا میں

اَيۡدِيَهُمۡ‌ؕ نَسُوا اللّٰهَ فَنَسِيَهُمۡ‌ؕ اِنَّ الۡمُنٰفِقِيۡنَ هُمُ الۡفٰسِقُوۡنَ ﴿۶۷﴾

اپنے ہاتھوں کو | وہ بھول گئے | اللہ کو | تو وہ بھی بھول گیا ان کو | بے شک | منافق | وہی ہیں | نافرمان

خرچ نہیں کرتے۔ انہوں نے اللہ کو بھلا دیا تو اللہ نے بھی انہیں نظر انداز کر دیا۔ بے شک منافق بڑے نافرمان ہیں۔

وَعَدَ اللّٰهُ الۡمُنٰفِقِيۡنَ وَالۡمُنٰفِقٰتِ وَالۡكُفَّارَ نَارَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيۡنَ

وعدہ کیا ہے | اللہ نے | منافق مردوں سے | اور منافق عورتوں سے | اور کافروں سے | آگ کا | دوزخ کی | ہمیشہ رہنے والے

منافق مردوں، منافق عورتوں اور کافروں سے اللہ نے دوزخ کا وعدہ کیا ہے جس میں وہ ہمیشہ

فِيۡهَا‌ؕ هِىَ حَسۡبُهُمۡ‌ۚ وَلَعَنَهُمُ اللّٰهُ‌ۚ وَلَهُمۡ عَذَابٌ مُّقِيۡمٌۙ ﴿۶۸﴾

اُس میں | وہی | کافی ہے ان کو | اور لعنت کی ہے ان پر | اللہ نے | اور اُن کے لیے ہے | عذاب | دائمی

رہیں گے۔ یہی ان کے لئے کافی ہے۔ ان پر اللہ کی لعنت ہے اور ہمیشہ کے لئے عذاب۔

كَالَّذِيۡنَ مِنۡ قَبۡلِكُمۡ كَانُوۡۤا اَشَدَّ مِنۡكُمۡ قُوَّةً وَّاَكۡثَرَ اَمۡوَالًا

مثال ان لوگوں کی جو | سے | پہلے تم | وہ تھے | زیادہ | تم سے | قوت میں | اور زیادہ | مال میں

منافقو تمہارا وہی حال ہے جیسا ان کا تھا جو تم سے پہلے ہوگزرے۔ وہ تم سے زیادہ زور آور اور مال و

وَّاَوۡلَادًا‌ؕ فَاسۡتَمۡتَعُوۡا بِخَلَاقِهِمۡ فَاسۡتَمۡتَعۡتُمۡ بِخَلَاقِكُمۡ كَمَا

اور اولاد میں | پھر انہوں نے فائدہ اٹھایا | اپنے حصے کا | پس تم نے بھی فائدہ اٹھایا | اپنے حصے کا | جیسے

اولاد والے تھے۔ انہوں نے اپنے حصے کا فائدہ اٹھایا۔ تم نے بھی اپنے حصے کا

اسۡتَمۡتَعَ الَّذِيۡنَ مِنۡ قَبۡلِكُمۡ بِخَلَاقِهِمۡ وَخُضۡتُمۡ كَالَّذِىۡ

فائدہ اٹھایا | ان لوگوں نے جو تھے | سے | پہلے تم | اپنے حصے کا | اور تم نے کج بحثی کی | جیسا کہ

فائدہ اٹھایا، جیسا کہ پہلے لوگوں نے اپنے حصے کا فائدہ اٹھایا۔ تم لوگوں نے

خَاضُوۡا‌ؕ اُولٰٓـئِكَ حَبِطَتۡ اَعۡمَالُهُمۡ فِى الدُّنۡيَا وَالۡاٰخِرَةِ‌ۚ وَاُولٰٓـئِكَ

انہوں نے کج بحثی کی | یہ لوگ | ضائع ہوئے | اعمال ان کے | میں | دنیا | اور آخرت | اور یہ لوگ

بھی بحثیں کیں، جیسی بحثیں انہوں نے کیں۔ ان لوگوں کے سارے اعمال دنیا و آخرت میں ضائع ہو گئے اور وہ

هُمُ الۡخٰسِرُوۡنَ ﴿۶۹﴾ اَلَمۡ يَاۡتِهِمۡ نَبَاُ الَّذِيۡنَ مِنۡ قَبۡلِهِمۡ قَوۡمِ نُوۡحٍ

وہی ہیں | نقصان اٹھانے والے | کیا نہیں | آئی ان کے پاس | خبر | ان لوگوں کی جو تھے | سے | پہلے ان | قوم | نوح کی

نقصان اٹھانے والے ہیں۔ کیا منافقوں کو پہلے لوگوں کی خبر نہیں پہنچی؟ قوم نوح،

وَّعَادٍ وَّثَمُوْدَ ۬ وَقَوْمِ اِبْرٰهِیْمَ وَاَصْحٰبِ مَدْیَنَ وَالْمُؤْتَفِكٰتِ ؕ

اللہ کو ہے، اس لئے تم لوگ انتظار کرو، میں بھی تمہارے ساتھ انتظار کرنے والوں میں ہوں۔ جب لوگوں کو کوئی تکلیف

رَحْمَةً مِّنْۢ بَعْدِ ضَرَّآءَ مَسَّتْهُمْ اِذَا لَهُمْ مَّكْرٌ فِيْٓ اٰيَاتِنَا ۭ قُلِ

رحمت | سے | بعد | تکلیف کے | جو لگے ان کو | اچانک | ان کو | چال سوجھتی ہے | میں | ہماری آیتوں | کہہ دیجئے

پہنچنے کے بعد ہم انہیں اپنے فضل سے نوازتے ہیں، وہ فوراً ہماری نشانیوں کے معاملے میں حیلے بنانے لگتے ہیں۔ اے نبی ﷺ

اللّٰهُ اَسْرَعُ مَكْرًا ۭ اِنَّ رُسُلَنَا يَكْتُبُوْنَ مَا تَمْكُرُوْنَ ﴿٢١﴾ هُوَ الَّذِيْ

اللہ | بہت تیز ہے | چال چلنے میں | بیشک | ہمارے بھیجے ہوئے | وہ لکھتے ہیں | جو کچھ | تم چال چلتے ہو | وہی ہے | جو

آپ ﷺ ان سے کہیں ''اللہ اپنی تدبیر میں تم سے زیادہ تیز ہے۔ اس کے فرشتے تمہاری ساری مکاریاں لکھ رہے ہیں'' وہی اللہ ہے

يُسَيِّرُكُمْ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ۭ حَتّٰٓى اِذَا كُنْتُمْ فِي الْفُلْكِ ۚ وَجَرَيْنَ

تمہیں چلاتا ہے | میں | خشکی | اور سمندر میں | یہاں تک کہ | جب | تم ہوتے ہو | میں | کشتی | اور وہ لے کر چلتی ہیں

جو تمہیں خشکی اور تری میں سفر کراتا ہے۔ کبھی تم کشتی میں ہوتے ہو جو لوگوں کو لے کر

بِهِمْ بِرِيْحٍ طَيِّبَةٍ وَّفَرِحُوْا بِهَا جَاۗءَتْهَا رِيْحٌ عَاصِفٌ وَّجَاۗءَهُمُ

ان کو | ساتھ ہوا | موافق کے | اور خوش ہوتے ہیں | اس سے | آ لیتی ہے ان کو | ہوا | سخت تیز و تند | اور آتی ہیں ان پر

موافق ہوا کی مدد سے چلتی ہے۔ لوگ اس سے خوش ہوتے ہیں لیکن اچانک کشتی طوفان کی لپیٹ میں آ جاتی ہے۔ ہر طرف سے

الْمَوْجُ مِنْ كُلِّ مَكَانٍ وَّظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ اُحِيْطَ بِهِمْ ۙ دَعَوُا اللّٰهَ

موجیں | سے | ہر | طرف | اور وہ سمجھتے ہیں | کہ وہ | گھیر لیے گئے | اُن میں | تو وہ پکارتے ہیں | اللہ کو

موجوں کے تھپیڑے لگتے ہیں اور مسافروں کو اس طوفان میں گھر کر جان کے لالے پڑ جاتے ہیں۔ اس وقت وہ اللہ کی خالص

مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ۚ لَئِنْ اَنْجَيْتَنَا مِنْ هٰذِهٖ لَنَكُوْنَنَّ مِنَ

خالص کرتے ہوئے | اسی کے لئے | عبادت | البتہ اگر | تو نجات دے گا ہم کو | سے | اس | ضرور ہم ہوں گے | سے

اطاعت کرتے ہوئے صرف اسی کو پکارتے ہیں ''خدایا! اگر تو نے ہمیں اس سے نجات دی تو ہم ضرور تیرے

الشّٰكِرِيْنَ ﴿22﴾ فَلَمَّآ اَنْجٰىهُمْ اِذَا هُمْ يَبْغُوْنَ فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ

شکر کرنے والوں | پھر جب وہ | نجات دے ان کو | اچانک | وہ | سرکشی کرتے ہیں | میں | زمین | بغیر

شکر گزار بندے بنیں گے'' پھر جب اللہ انہیں نجات دیتا ہے تو جلد زمین میں ناحق سرکشی کرنے

الْحَقِّ ۭ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّمَا بَغْيُكُمْ عَلٰٓي اَنْفُسِكُمْ ۙ مَّتَاعَ الْحَيٰوةِ

حق کے | اے | لوگو | بیشک | سرکشی تمہاری | پر | تمہاری جانوں | (تم لے لو) فائدہ | زندگی کا

لگتے ہیں۔ لوگو! تمہاری سرکشی کا وبال تمہارے ہی اوپر ہے۔ آج دنیا کی زندگی میں عیش کر لو

الدُّنْيَا ۡ ثُمَّ اِلَيْنَا مَرْجِعُكُمْ فَنُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿23﴾

دنیا کی | پھر | ہماری طرف ہے | لوٹنا تمہارا | پھر ہم آگاہ کریں گے تمہیں | اس سے جو | تم تھے | تم کرتے

پھر تمہیں ہماری طرف لوٹ کر آنا ہے۔ اس وقت ہم تمہیں بتائیں گے تم کیا کرتے تھے۔

اِنَّمَا مَثَلُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا كَمَاۗءٍ اَنْزَلْنٰهُ مِنَ السَّمَاۗءِ فَاخْتَلَطَ بِهٖ

بیشک ہے | مثال | زندگی کی | دنیا کی | جیسے پانی | ہم نے اتارا اس کو | سے | آسمان | پھر مل گئی | اس کے ساتھ

دنیا کی زندگی کی مثال ایسی ہے جیسے ہم نے آسمان سے پانی برسایا۔

نَبَاتُ الْاَرْضِ مِمَّا يَاْكُلُ النَّاسُ وَالْاَنْعَامُ ۭ حَتّٰٓي اِذَآ اَخَذَتِ

پیداوار | زمین کی | اس سے | کھاتے ہیں | انسان | اور چوپائے جانور | یہاں تک کہ | جب | لیتی ہے

اس سے زمین کی پیداوار نکلی جسے انسان اور چوپائے کھاتے ہیں۔ جب زمین اپنی پوری

الْاَرْضُ زُخْرُفَهَا وَازَّيَّنَتْ وَظَنَّ اَهْلُهَآ اَنَّهُمْ قٰدِرُوْنَ عَلَيْهَآ ۙ

زمین | رونق اپنی | اور زینت حاصل کرتی ہے | اور سمجھتے ہیں | لوگ اس کے | یہ کہ وہ | قادر ہیں | اس پر

رونق پر آکر سنور گئی اور زمین داروں نے گمان کر لیا کہ اب یہ فصل ہمارے ہاتھوں میں ہے تو

اَتٰىهَآ اَمْرُنَا لَيْلًا اَوْ نَهَارًا فَجَعَلْنٰهَا حَصِيْدًا كَاَنْ لَّمْ تَغْنَ

آتا ہے | ہمارا حکم | رات کو | یا | دن کو | پھر ہم بنا دیتے ہیں اسے | کٹی ہوئی کھیتی | گویا کہ | نہ | وہ تھی

اچانک ایک قہر نازل ہوا، رات کو یا دن کو، پھر ہم نے اس کا ایسا صفایا کر دیا گویا کل تک یہاں

بِالْاَمْسِ ؕ كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿24﴾ وَاللّٰهُ يَدْعُوْٓا

کل تک | اس طرح | ہم کھول کر بیان کرتے ہیں | آیتیں | ان لوگوں کیلئے جو | غور وفکر کرتے ہیں | اور اللہ | پکارتا ہے

کچھ نہ تھا۔ اس طرح ہم اپنی نشانیاں کھول کر بیان کرتے ہیں ان لوگوں کے لئے جو غور کرتے ہیں۔ اللہ سلامتی کے

اِلٰى دَارِ السَّلٰمِ ؕ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿25﴾

طرف | گھر | سلامتی کے | اور وہ ہدایت دیتا ہے | جسے | وہ چاہے | طرف | راہ | سیدھی کی

گھر کی طرف بلاتا ہے۔ وہ جسے چاہتا ہے سیدھا راستہ دکھاتا ہے۔

لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوا الْحُسْنٰى وَزِيَادَةٌ ؕ وَلَا يَرْهَقُ وُجُوْهَهُمْ قَتَرٌ

ان لوگوں کیلئے جو | اچھائی کرتے ہیں | بھلائی ہے | اور اضافہ بھی ہے | اور نہ | ڈھانکے گی | ان کے منہ کو | سیاہی

جن لوگوں نے اچھے کام کئے ان کے لئے اچھا بدلہ ہے اور مزید انعام بھی۔ ان کے چہروں پر نہ سیاہی چھائے گی

وَّلَا ذِلَّةٌ ؕ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿26﴾ وَالَّذِيْنَ

اور نہ | ذلت | یہی لوگ ہیں | رہنے والے | جنت کے | وہ ہیں | اس میں | ہمیشہ رہنے والے | اور جنہوں نے

نہ ذلت۔ وہ جنتی ہوں گے۔ اور اس میں ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے۔ جنہوں نے

كَسَبُوا السَّيِّاٰتِ جَزَآءُ سَيِّئَةٍ بِمِثْلِهَا ۙ وَتَرْهَقُهُمْ ذِلَّةٌ ؕ مَا لَهُمْ

کمائیں | برائیاں | بدلہ | برائی کا | اسی کے برابر ہے | اور ڈھانکے گی ان کو | ذلت | نہیں | ان کو

برائیاں کمائیں وہ اپنی برائی کے برابر بدلہ پائیں گے۔ ان پر ذلت چھائی ہو گی۔ کوئی انہیں

مِّنَ اللّٰهِ مِنْ عَاصِمٍ ۚ كَاَنَّمَآ اُغْشِيَتْ وُجُوْهُهُمْ قِطَعًا مِّنَ الَّيْلِ

سے | اللہ | کوئی | بچانے والا | گویا کہ | ڈھانپے گئے ہیں | ان کے منہ | ٹکڑے | سے | رات

اللہ سے بچانے والا نہ ہو گا۔ گویا ان کے چہروں پر رات کے سیاہ پردے پڑے

مُظْلِمًا ؕ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿27﴾ وَيَوْمَ

اندھیری کے | یہی لوگ ہیں | رہنے والے | دوزخ کے | وہ ہیں | اس میں | ہمیشہ رہنے والے | اور جس دن

ہوں گے۔ وہ دوزخی ہوں گے اور اس میں ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے۔ اور جس دن ہم ان

نَحْشُرُهُمْ جَمِيْعًا ثُمَّ نَقُوْلُ لِلَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا مَكَانَكُمْ اَنْتُمْ

ہم اکٹھا کریں گے ان کو | سب کو | پھر | ہم کہیں گے | ان لوگوں سے | جنہوں نے شرک کیا | اپنی جگہ رہو | تم

سب کو جمع کریں گے۔ پھر مشرکوں سے کہیں گے ”ٹھہرو تم بھی اور تمہارے

وَشُرَكَآؤُكُمْ ۚ فَزَيَّلْنَا بَيْنَهُمْ وَقَالَ شُرَكَآؤُهُمْ مَّا كُنتُمْ اِيَّانَا

اور تمہارے شریک | پھر ہم جدائی ڈالیں گے | انکے درمیان | اور کہیں گے | انکے شریک ان کو | نہیں | تم تھے | ہماری

بنائے ہوئے شریک بھی! پھر ہم ان کے درمیان علیحدگی کر دیں گے۔ ان کے شریک ان سے کہیں گے "تم جھوٹے ہو، تم ہماری

تَعْبُدُوْنَ ﴿28﴾ فَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًاۢ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ اِنْ كُنَّا عَنْ

تم عبادت کرتے | پس کافی ہے | اللہ | گواہ | ہمارے درمیان | اور تمہارے درمیان | بیشک | ہم تھے | سے

عبادت نہیں کرتے تھے۔ اب ہمارے اور تمہارے درمیان اللہ کی گواہی کافی ہے۔ ہم تمہاری عبادت

عِبَادَتِكُمْ لَغٰفِلِيْنَ ﴿29﴾ هُنَالِكَ تَبْلُوْا كُلُّ نَفْسٍ مَّآ اَسْلَفَتْ وَرُدُّوْٓا

تمہاری عبادت | البتہ بے خبر | اس جگہ | آزمائے گی | ہر | جان | جو کچھ | پیشگی بھیجا تھا | اور ہانکے جائیں گے

سے بالکل بے خبر تھے" اس وقت ہر شخص اپنے اعمال کے مطابق جانچا جائے گا۔ مالک حقیقی کے

اِلَى اللّٰهِ مَوْلٰىهُمُ الْحَقِّ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ع ﴿30﴾ قُلْ

طرف | اللہ | اپنے مالک | سچے کی | اور گم ہو گیا | ان سے | جو | تھے | وہ گھڑتے | کہہ دیجئے

حضور پیش ہوں گے اور جو جھوٹ انہوں نے گھڑے تھے سب اُن سے جاتے رہیں گے۔ اے نبی ﷺ! آپ ﷺ

مَنْ يَّرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ اَمَّنْ يَّمْلِكُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ

کون | رزق دیتا ہے تمہیں | سے | آسمان | اور زمین سے | یا کون | مالک ہے | کانوں | اور آنکھوں کا

مشرکوں سے پوچھیں "کون تمہیں آسمان اور زمین سے روزی دیتا ہے؟ کون ہے جس کے قبضہ قدرت میں تمہارے کان اور

وَمَنْ يُّخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَمَنْ

اور کون | نکالتا ہے | جاندار کو | سے | بے جان | اور نکالتا ہے | بے جان کو | سے | جاندار سے | اور کون

تمہاری آنکھیں ہیں؟ کون ہے جو جاندار کو بے جان سے اور بے جان کو جاندار سے نکالتا ہے؟ اور کون ہے

يُّدَبِّرُ الْاَمْرَ ۭ فَسَيَقُوْلُوْنَ اللّٰهُ ۚ فَقُلْ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿31﴾ فَذٰلِكُمُ اللّٰهُ

تدبیر کرتا ہے | کام کی | تو وہ جلد کہیں گے | اللہ | پس کہہ دیجئے | پھر کیوں نہیں | تم ڈرتے | پس یہی ہے | اللہ

جو کائنات کا نظام چلا رہا ہے؟ کہیں گے اللہ! پھر کیوں نہیں ڈرتے۔ وہی اللہ تمہارا

رَبُّكُمُ الْحَقُّ ۚ فَمَاذَا بَعْدَ الْحَقِّ اِلَّا الضَّلٰلُ ښ فَاَنّٰى تُصْرَفُوْنَ ﴿32﴾

رب تمہارا | سچا | پھر کیا ہے | بعد | سچائی کے | مگر | گمراہی | تو کہاں | تم پھیرے جاتے ہو

حقیقی رب ہے۔ حق بات معلوم ہو جانے کے بعد اسے نہ ماننا گمراہی کے سوا اور کیا ہے؟ تم کدھر اُلٹے پھر جاتے ہو؟

كَذٰلِكَ حَقَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ عَلَى الَّذِيْنَ فَسَقُوْٓا اَنَّهُمْ

اسی طرح | ثابت ہوئی | بات | تیرے رب کی | پر | ان لوگوں جو | نافرمان ہوئے | یہ کہ وہ

اے نبی ﷺ! اس طرح آپ ﷺ کے رب کی بات سرکشی کرنے والوں کے حق میں پوری ہو چکی کہ وہ ایمان

لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿33﴾ قُلْ هَلْ مِنْ شُرَكَآئِكُمْ مَّنْ يَّبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ

نہیں ایمان لائیں گے | کہہ دیجئے | کیا ہے | سے | تمہارے شریکوں میں | جو | شروع کرتا ہو | تخلیق کو | پھر

نہیں لائیں گے۔ اے نبی ﷺ! آپ ﷺ ان سے پوچھیں ''تمہارے بنائے ہوئے شریکوں میں کوئی ایسا ہے جو پہلی بار بھی پیدا

يُعِيْدُهٗ ؕ قُلِ اللّٰهُ يَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ ﴿34﴾ قُلْ

دوبارہ لوٹائے اس کو | کہہ دیجئے | اللہ | ابتداء کرتا ہے | پیدائش کی | پھر | دوبارہ لوٹائے گا اسکو | پس کہاں | تم بہکائے جاتے ہو | کہہ دیجئے

کرے اور دوبارہ بھی پیدا کرے؟''۔ آپ ﷺ خود جواب دیں ''اللہ پہلی بار بھی پیدا کرتا ہے اور دوبارہ بھی پیدا کرے گا۔ پھر تم

هَلْ مِنْ شُرَكَآئِكُمْ مَّنْ يَّهْدِيْٓ اِلَى الْحَقِّ ؕ قُلِ اللّٰهُ يَهْدِيْ

کیا ہے | سے | تمہارے شریکوں | کوئی جو | ہدایت دے | طرف | حق کی | کہہ دیجئے | اللہ | ہدایت دیتا ہے

کہاں بھٹکے چلے جا رہے ہو''؟ آپ ﷺ ان سے یہ پوچھیں ''کیا تمہارے بنائے ہوئے معبودوں میں کوئی ایسا ہے جو حق کی طرف

لِلْحَقِّ ؕ اَفَمَنْ يَّهْدِيْٓ اِلَى الْحَقِّ اَحَقُّ اَنْ يُّتَّبَعَ اَمَّنْ لَّا يَهِدِّيْٓ

حق کی | کیا پھر جو | ہدایت دیتا ہے | طرف | حق کی | زیادہ حقدار ہے | کہ | اطاعت ہو اسکی | یا اسکی جو | نہیں | ہدایت دیتا

رہنمائی کرتا ہو؟'' آپ ﷺ خود جواب دیں ''اللہ ہی حق کی طرف رہنمائی کرتا ہے۔ پھر جو حق کی طرف رہنمائی کرتا ہے

اِلَّآ اَنْ يُّهْدٰى ۚ فَمَا لَكُمْ ۟ كَيْفَ تَحْكُمُوْنَ ﴿35﴾ وَمَا يَتَّبِعُ اَكْثَرُهُمْ

مگر | وہ ہے | محتاج ہدایت کا | پس کیا ہے تم کو | کیسے | تم فیصلہ کرتے ہو | اور نہیں | پیروی کرتے | اکثر ان کے

وہ پیروی کئے جانے کا زیادہ مستحق ہے یا وہ جسے خود راستہ نہ ملتا ہو جب تک اسے راستہ بتایا نہ جائے؟ تمہیں کیا ہو گیا ہے تم کیسا فیصلہ

اِلَّا ظَنًّا ؕ اِنَّ الظَّنَّ لَا يُغْنِيْ مِنَ الْحَقِّ شَيْـًٔا ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ

مگر | گمان کی | بے شک | گمان | نہیں | وہ حیثیت رکھتا | مقابلے | حق کے | کچھ بھی | بے شک | اللہ | خوب جاننے والا

کرتے ہو؟'' ان میں سے اکثر صرف گمان کی پیروی کرتے ہیں۔ ظاہر ہے گمان کبھی حقیقت کا بدل نہیں ہو سکتا۔ بے شک اللہ

بِمَا يَفْعَلُوْنَ ﴿36﴾ وَمَا كَانَ هٰذَا الْقُرْاٰنُ اَنْ يُّفْتَرٰى مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ

اس کو جو | وہ کرتے ہیں | اور نہیں | ہے | یہ | قرآن | ایسا کہ | گھڑا گیا ہو | طرف سے | سوائے | اللہ کی

کو سب معلوم ہے جو وہ کرتے ہیں۔ یہ قرآن اللہ کی کسی مخلوق کا گھڑا ہوا نہیں

وَلٰكِنْ تَصْدِيْقَ الَّذِيْ بَيْنَ يَدَيْهِ وَتَفْصِيْلَ الْكِتٰبِ لَا رَيْبَ

اور لیکن | تصدیق ہے | اس کی جو | آگے | اسکے ہے | اور تفصیل کرنے والا ہے | کتاب کی | نہیں ہے | شک

بلکہ یہ اپنے سے پہلی کتابوں کی تصدیق ہے، یہ مفصل کتاب الٰہی ہے اور اس میں کوئی شک نہیں

فِيْهِ مِنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿37﴾ اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ۭ قُلْ فَاْتُوْا بِسُوْرَةٍ

اس میں کہ | ہے طرف سے | رب کی | تمام جہانوں کے | کیا | وہ کہتے ہیں | گھڑلیا ہے اسے | کہہ دیجئے | پس تم لاؤ | کوئی سورت

یہ رب العالمین کی طرف سے ہے۔کیا کافر کہتے ہیں ''اس شخص نے قرآن خود گھڑ لیا ہے'' اے نبی ﷺ! آپ ﷺ کہیں ''پھر تم بھی

مِّثْلِهٖ وَادْعُوْا مَنِ اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ

اس جیسی | اور تم بلا لو | جس کو | تم بلا سکو | سے | سوائے | اللہ کے | اگر | تم ہو

اس جیسی کوئی سورت لاؤ اور اللہ کے سوا جنہیں تم اپنی مدد کے لئے بلا سکتے ہو، بلا لو اگر

صٰدِقِيْنَ ﴿38﴾ بَلْ كَذَّبُوْا بِمَا لَمْ يُحِيْطُوْا بِعِلْمِهٖ وَلَمَّا يَاْتِهِمْ

سچے | بلکہ | انہوں نے انکار کیا | اس کا جسے | نہیں | وہ احاطے میں لائے | اس کے علم کو | جبکہ نہیں | آئی ان کے پاس

تم سچے ہو'' بلکہ یہ لوگ اس چیز کو جھٹلا رہے ہیں جو ان کے علم میں نہیں۔ جس کی حقیقت ابھی ان پر

تَاْوِيْلُهٗ ۭ كَذٰلِكَ كَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ

حقیقت اس کی | اسی طرح | انکار کیا تھا | ان لوگوں نے جو | سے | پہلے ان کے | پس تو دیکھ | کیسے | ہوا

نہیں کھلی۔ اسی طرح ان لوگوں نے جھٹلایا تھا جو ان سے پہلے ہو گزرے تو دیکھو ان ظالموں کا کیسا

عَاقِبَةُ الظّٰلِمِيْنَ ﴿39﴾ وَمِنْهُمْ مَّنْ يُّؤْمِنُ بِهٖ وَمِنْهُمْ مَّنْ

انجام | ظالموں کا | اور کوئی ان میں سے ہے | جو | ایمان لاتا ہے | اس پر | اور کوئی ان کا ہے | جو

برا انجام ہوا۔اے نبی ﷺ آپ ﷺ کی قوم میں ایسے بھی ہیں جو قرآن پر ایمان لائیں گے، وہ بھی ہیں جو اس پر ایمان نہ لائیں

لَّا يُؤْمِنُ بِهٖ ۭ وَرَبُّكَ اَعْلَمُ بِالْمُفْسِدِيْنَ ﴿40﴾ ع وَاِنْ كَذَّبُوْكَ فَقُلْ

4 ع 10 9

نہیں ایمان لاتا | اس پر | اور رب تیرا | زیادہ جاننے والا ہے | فساد کرنے والوں کو | اور اگر | وہ جھٹلائیں تجھے | پس کہہ دیجئے

گے۔آپ ﷺ کا رب ایسے لوگوں کو خوب جانتا ہے جو بگاڑ پیدا کرنے والے ہیں۔اے نبی ﷺ اگر اس کے بعد بھی وہ آپ ﷺ

لِّيْ عَمَلِيْ وَلَكُمْ عَمَلُكُمْ ۚ اَنْتُمْ بَرِيْۗـــــُٔوْنَ مِمَّآ اَعْمَلُ وَاَنَا

میرے لئے | میرا عمل | اور تمہارے لئے | تمہارا عمل ہے | تم | بری ہو | اس سے جو | میں کرتا ہوں | اور میں

کو جھٹلاتے ہیں تو آپ ﷺ ان سے کہہ دیں میرا عمل میرے لئے ہے تمہارا عمل تمہارے لئے۔تم اس سے بری ہو

بَرِیٓءٌ مِّمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿41﴾ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّسْتَمِعُوْنَ اِلَيْكَ ؕ اَفَاَنْتَ

بری ہوں | اس سے جو | تم کرتے ہو | اور بعض ان میں ہیں | جو | کان لگا کرسنتے ہیں | تیری طرف | کیا پس تو

جو میں کرتا ہوں۔ میں اس سے بری ہوں جو تم کرتے ہو۔ ان میں بعض ایسے ہیں جو آپ ﷺ کی طرف بظاہر کان لگاتے ہیں مگر وہ

تُسْمِعُ الصُّمَّ وَلَوْ كَانُوْا لَا يَعْقِلُوْنَ ﴿42﴾ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّنْظُرُ

سناتا ہے | بہروں کو | اور اگرچہ | وہ ہوں | نہ | سمجھتے | اور بعض ان میں ہیں | جو | دیکھتے ہیں

سنتے نہیں۔ تو کیا آپ ﷺ بہروں کو سنائیں گے جبکہ وہ سمجھ سے کام نہ لیتے ہوں؟ ان میں کچھ ایسے ہیں جو آپ ﷺ کی طرف

اِلَيْكَ ؕ اَفَاَنْتَ تَهْدِی الْعُمْیَ وَلَوْ كَانُوْا لَا يُبْصِرُوْنَ ﴿43﴾ اِنَّ اللّٰهَ

تیری طرف | کیا پس تو | ہدایت دے گا | اندھوں کو | اور اگرچہ | وہ ہوں | نہ | دیکھتے | بے شک | اللہ

دیکھتے ہیں مگر متوجہ نہیں ہوتے تو کیا آپ ﷺ اندھوں کو راستہ دکھائیں گے جبکہ وہ دیکھ نہ رہے ہوں؟ اللہ کبھی لوگوں

لَا يَظْلِمُ النَّاسَ شَيْئًا وَّلٰكِنَّ النَّاسَ اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿44﴾ وَيَوْمَ

نہیں | ظلم کرتا | لوگوں پر | کچھ بھی | اور لیکن | لوگ | اپنی جانوں پر | وہ ظلم کرتے ہیں | اور جس دن

پر ظلم نہیں کرتا مگر لوگ خود اپنی جانوں پر ظلم کرتے ہیں۔ اور جس دن

يَحْشُرُهُمْ كَاَنْ لَّمْ يَلْبَثُوْٓا اِلَّا سَاعَةً مِّنَ النَّهَارِ يَتَعَارَفُوْنَ

وہ اکٹھا کرے گا ان کو | گویا کہ | نہ | وہ رہے تھے | مگر | ایک گھڑی | کی | دن | ایک دوسرے کو پہچانیں گے

اللہ انہیں جمع کرے گا وہ محسوس کریں گے گویا اس سے پہلے دنیا میں ایک گھڑی رہے۔ وہاں ایک دوسرے کو پہچانیں گے۔

بَيْنَهُمْ ؕ قَدْ خَسِرَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِلِقَآءِ اللّٰهِ وَمَا كَانُوْا مُهْتَدِيْنَ ﴿45﴾

اپنے درمیان | بے شک | نقصان اٹھایا | جنہوں نے | جھٹلایا | ملاقات کو | اللہ کی | اور نہ | وہ تھے | ہدایت پانے والے

بے شک وہ لوگ بڑے گھاٹے میں رہے جنہوں نے اللہ سے ملنے کو جھٹلایا اور راہِ راست پر نہ آئے۔

وَاِمَّا نُرِيَنَّكَ بَعْضَ الَّذِیْ نَعِدُهُمْ اَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ فَاِلَيْنَا مَرْجِعُهُمْ

اور اگر | ہم دکھا دیں تجھ کو | کچھ اس سے | جس کا | ہم وعدہ کرتے ہیں اُن سے | یا | ہم فوت کر دیں آپ کو | تو ہماری طرف | ان کا لوٹنا

اور اے نبی ﷺ! ہم نے کافروں سے جو وعدہ کیا ہے اس کا کچھ حصہ آپ ﷺ کی زندگی میں ظاہر کریں گے یا آپ ﷺ کی

ثُمَّ اللّٰهُ شَهِيْدٌ عَلٰی مَا يَفْعَلُوْنَ ﴿46﴾ وَلِكُلِّ اُمَّةٍ رَّسُوْلٌ ۚ فَاِذَا

پھر | اللہ | گواہ ہے | پر | اس جو | وہ کرتے ہیں | اور واسطے ہر | امت کے | رسول ہے | پھر جب

وفات ہو جانے کے بعد۔ بہر حال انہیں ہماری طرف ہی لوٹنا ہے اور اللہ اس پر گواہ ہے جو کچھ وہ کر رہے ہیں۔ ہر امت کے لئے

جَآءَ رَسُوْلُهُمْ قُضِيَ بَيْنَهُمْ بِالْقِسْطِ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿٤٧﴾

آیا | رسول ان کا | فیصلہ کیا جاتا ہے | ان کے درمیان | انصاف کے ساتھ | اور وہ | نہیں | ان پر ظلم کیا جاتا

ایک رسول ہے۔جب ان کا رسول آجاتا ہے تو ان کے درمیان انصاف کے ساتھ فیصلہ کر دیا جاتا ہے اور ان پر کوئی ظلم نہیں ہوتا۔اے

وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿٤٨﴾ قُلْ لَّآ اَمْلِكُ

اور وہ کہتے ہیں | کب ہے | یہ | وعدہ | اگر | تم ہو | سچے | کہہ دیجئے | نہیں | میں اختیار رکھتا

نبیﷺ کافر لوگ آپ سے کہتے ہیں"اگر آپ سچے ہیں تو بتائیں عذاب کی دھمکی کا وعدہ کب پورا ہوگا؟" آپ کہیں کہ"میرے اختیار

لِنَفْسِيْ ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ؕ لِكُلِّ اُمَّةٍ اَجَلٌ ؕ اِذَا

اپنی جان کے لیے | کسی نقصان کا | اور نہ | نفع کا | مگر | جو | چاہے | اللہ | واسطے ہر | امت کے ہے | مقررہ مدت | جب

میں اپنا نفع نقصان بھی نہیں مگر جو اللہ چاہے۔ ہر امت کے لئے ایک وقت ہے یہ وقت پورا ہوتا

جَآءَ اَجَلُهُمْ فَلَا يَسْتَاْخِرُوْنَ سَاعَةً وَّلَا يَسْتَقْدِمُوْنَ ﴿٤٩﴾ قُلْ

آتی ہے | مقررہ مدت ان کی | پھر نہیں | وہ پیچھے رہ سکتے | ایک گھڑی | اور نہ | وہ آگے بڑھ سکتے ہیں | کہہ دیجئے

ہے تو پھر نہ وہ ایک گھڑی پیچھے ہوتے ہیں اور نہ ایک گھڑی آگے اے نبی ﷺ آپ ان لوگوں سے کہیں

اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَتٰىكُمْ عَذَابُهٗ بَيَاتًا اَوْ نَهَارًا مَّاذَا يَسْتَعْجِلُ مِنْهُ

کیا تم نے دیکھا | اگر | آئے تمہیں | اس کا عذاب | رات کو | یا | دن کو | کس چیز کی | جلدی مچاتے ہیں | اس سے

اگر اللہ کا عذاب تم پر رات کو آجائے یا دن دیہاڑے آجائے تو مجرم لوگ اس سے پہلے کیا کر

الْمُجْرِمُوْنَ ﴿٥٠﴾ اَثُمَّ اِذَا مَا وَقَعَ اٰمَنْتُمْ بِهٖ ؕ آٰلْـٰٔنَ وَقَدْ

مجرم لوگ | کیا پھر | جب | جو | واقع ہو جائے گا | تم ایمان لاؤ گے | اس پر | اب لائے ایمان | اور بیشک

لیں گے؟ تو کیا جب عذاب واقع ہو چکے گا تو پھر یقین کرو گے؟ اس وقت ہم ان سے کہیں گے"اب تمہیں یقین آ گیا

كُنْتُمْ بِهٖ تَسْتَعْجِلُوْنَ ﴿٥١﴾ ثُمَّ قِيْلَ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ذُوْقُوْا عَذَابَ

تم تھے | اس کی | تم جلدی مچاتے | پھر | کہا جائے گا | ان کو جو | جو ظلم کرتے تھے | تم چکھو | عذاب

تم اسی کی جلدی کیا کرتے تھے" پھر ظالموں سے کہا جائے گا کہ اب ہمیشہ کا عذاب چکھو

الْخُلْدِ ۚ هَلْ تُجْزَوْنَ اِلَّا بِمَا كُنْتُمْ تَكْسِبُوْنَ ﴿٥٢﴾ وَيَسْتَنْۢبِـُٔوْنَكَ

ہمیشہ کا | نہیں | تم کو بدلہ دیا جاتا | مگر | اسی کا جو | تم تھے | تم کماتے | اور وہ خبر پوچھتے ہیں تجھ سے

یہ تمہیں اپنے ہی کرتوتوں کا بدلہ مل رہا ہے۔ اے نبی ﷺ! کافر لوگ آپ سے پوچھتے ہیں

اَحَقٌّ هُوَ ؕ قُلْ اِیْ وَرَبِّیْۤ اِنَّهٗ لَحَقٌّ ؔؕ وَمَاۤ اَنْتُمْ بِمُعْجِزِیْنَ ﴿۵۳﴾ ع

کیا سچ ہے | وہ | کہہ دیجئے | ہاں | میرے رب کی قسم | بے شک وہ | ضرور حق ہے | اور نہیں | تم | عاجز کر دینے والے

''کیا قیامت کے آنے کی بات سچ ہے؟'' آپ کہیں ''ہاں، میرے رب کی قسم یہ سچ ہے اور تم اللہ کے قابو سے باہر نہیں نکل سکو گے''

وَلَوْ اَنَّ لِكُلِّ نَفْسٍ ظَلَمَتْ مَا فِی الْاَرْضِ لَافْتَدَتْ بِهٖ ؕ

اور اگر | ہو | واسطے ہر | جان کے | جس نے ظلم کیا | وہ کچھ جو ہے | میں | زمین | تا کہ وہ فدیہ دے | اس کو

اس دن اگر اس ظالم کے پاس روئے زمین کی ساری زمین کی ساری دولت بھی ہو تو وہ عذاب سے بچنے کیلئے اسے فدیے میں دینے

وَاَسَرُّوا النَّدَامَةَ لَمَّا رَاَوُا الْعَذَابَ ۚ وَقُضِیَ بَیْنَهُمْ بِالْقِسْطِ

اور وہ چھپائیں گے | شرمندگی کو | جب | وہ دیکھیں گے | عذاب کو | اور فیصلہ کیا جائے گا | ان کے درمیان | انصاف کے ساتھ

پر تیار ہوگا اور جب وہ عذاب کو دیکھیں گے تو اپنے دل میں پچھتائیں گے پھر ان کے درمیان انصاف سے فیصلہ کر دیا جائے گا

وَهُمْ لَا یُظْلَمُوْنَ ﴿۵۴﴾ اَلَاۤ اِنَّ لِلّٰهِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ اَلَاۤ

اور وہ | نہیں | ان پر ظلم کیا جائے گا | آگاہ رہو | بے شک اللہ کا ہے جو کچھ | میں | آسمانوں | اور زمین | آگاہ رہو

اور ان پر کوئی ظلم نہ ہوگا یاد رکھو، آسمانوں اور زمین میں جو کچھ ہے سب اللہ ہی کا ہے اور آگاہ رہو کہ

اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا یَعْلَمُوْنَ ﴿۵۵﴾ هُوَ یُحْیٖ

بے شک | وعدہ | اللہ کا | سچ ہے | اور لیکن | اکثر ان کے | نہیں | وہ جانتے | وہی | زندہ کرتا ہے

اللہ کا وعدہ سچا ہے مگر اکثر لوگ نہیں جانتے۔ وہی زندہ کرتا ہے، وہی مارتا ہے

وَیُمِیْتُ وَاِلَیْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۵۶﴾ یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَتْكُمْ مَّوْعِظَةٌ

اور مارتا ہے | اور اُسی کی طرف | تم لوٹائے جاؤ گے | اے | لوگو | بے شک | آئی تمہارے پاس | نصیحت

اور اسی کی طرف تم لوٹائے جاؤ گے۔ اے لوگو! تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے

مِّنْ رَّبِّكُمْ وَشِفَآءٌ لِّمَا فِی الصُّدُوْرِ ۙ وَهُدًی وَّرَحْمَةٌ

طرف سے | تمہارے رب کی | اور شفا | اس کے لئے جو | میں | سینوں ہے | اور ہدایت | اور رحمت

نصیحت آ گئی ہے۔ جو روحانی بیماریوں سے شفا بخشنے والی اور ایمان والوں کے لئے ہدایت

لِّلْمُؤْمِنِیْنَ ﴿۵۷﴾ قُلْ بِفَضْلِ اللّٰهِ وَبِرَحْمَتِهٖ فَبِذٰلِكَ فَلْیَفْرَحُوْا ؕ

ایمان والوں کے لئے | کہہ دیجئے | ساتھ فضل کے | اللہ کے | اور اس کی رحمت کے | پس اس پر | پس چاہیے کہ وہ خوش ہوں

اور رحمت ہے۔ لہٰذا اے نبی ﷺ! آپ ﷺ ان لوگوں سے کہیں ''یہ اللہ کا فضل اور اس کی رحمت ہے جس پر لوگوں کو خوش ہونا

وقف النبی علیہ السلام ۲ ع ۱۳ / ۵ / ۱۰

هُوَ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ ﴿58﴾ قُلْ اَرَءَيْتُمْ مَّآ اَنْزَلَ اللّٰهُ لَكُمْ

وہ | بہتر ہے | اس سے جو | وہ جمع کرتے ہیں | کہہ دیجئے | کیا تم نے دیکھا | جو | اتارا ہے | اللہ نے | تمہارے لئے

چاہئے۔ یہ بہتر چیز ہے ان تمام دنیاوی فائدوں سے جنہیں جمع کرنے میں وہ لگے ہوئے ہیں'' اے نبی ﷺ! آپ ﷺ کہیں

مِّنْ رِّزْقٍ فَجَعَلْتُمْ مِّنْهُ حَرَامًا وَّحَلٰلًا ؕ قُلْ آٰللّٰهُ اَذِنَ لَكُمْ

سے | رزق | پھر تم نے بنالیا | اس سے | حرام | اور حلال | کہہ دیجئے | کیا اللہ نے | حکم دیا ہے | تم کو

''بتاؤ جو رزق اللہ نے تمہارے لئے پیدا کیا، تم نے کیوں اس میں سے بعض کو حرام اور بعض کو حلال قرار دے لیا'' اے نبی ﷺ

اَمْ عَلَى اللّٰهِ تَفْتَرُوْنَ ﴿59﴾ وَمَا ظَنُّ الَّذِيْنَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ

یا | پر | اللہ | تم جھوٹ گھڑتے ہو | اور کیا | گمان ہے | ان لوگوں کا جو | گھڑتے ہیں | پر | اللہ

آپ ﷺ ان سے پوچھیں ''کیا اللہ نے تمہیں اس کا حکم دیا ہے؟ یا تم اللہ پر جھوٹ لگا رہے ہو؟ اور قیامت کے دن

الْكَذِبَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَلٰكِنَّ

جھوٹ | دن | قیامت | بے شک | اللہ | ضرور فضل والا ہے | پر | لوگوں | اور لیکن

کے بارے میں ان لوگوں کا کیا خیال ہے جو اللہ پر جھوٹ لگا رہے ہیں۔ بے شک اللہ تو بڑا فضل فرمانے والا ہے مگر

اَكْثَرَهُمْ لَا يَشْكُرُوْنَ ﴿60﴾ ع وَمَا تَكُوْنُ فِىْ شَاْنٍ وَّمَا تَتْلُوْا مِنْهُ

اکثر ان کے | نہیں | وہ شکر کرتے | اور نہیں | تو ہوتا | میں | کسی حال | اور نہیں | تو تلاوت کرتا | اس میں

اکثر لوگ شکر ادا نہیں کرتے۔ اے نبی ﷺ آپ ﷺ جس حال میں بھی ہوں اور قرآن میں سے

مِنْ قُرْاٰنٍ وَّلَا تَعْمَلُوْنَ مِنْ عَمَلٍ اِلَّا كُنَّا عَلَيْكُمْ شُهُوْدًا اِذْ

سے | قرآن | اور نہیں | تم کرتے | کوئی | عمل | مگر | ہم ہوتے ہیں | تم پر | گواہ | جب

جو حصہ بھی لوگوں کو سنا رہے ہوں، اور اے لوگو! تم جو کام بھی کرتے ہو ہم تمہارے اوپر موجود ہوتے ہیں جس وقت

تُفِيْضُوْنَ فِيْهِ ؕ وَمَا يَعْزُبُ عَنْ رَّبِّكَ مِنْ مِّثْقَالِ ذَرَّةٍ فِى

تم مشغول ہوتے ہو | اس میں | اور نہیں | چھپتی | سے | تیرے رب | کوئی چیز | برابر | ذرہ کے | میں

تم اس میں مشغول ہوتے ہو۔ اے نبی ﷺ زمین و آسمان میں کوئی ذرہ برابر چیز ایسی نہیں،

الْاَرْضِ وَلَا فِى السَّمَآءِ وَلَآ اَصْغَرَ مِنْ ذٰلِكَ وَلَآ اَكْبَرَ اِلَّا فِىْ

زمین | اور نہ | میں | آسمان | اور نہ | کوئی چھوٹی چیز | سے | اس | اور نہ | بڑی چیز | مگر ہے | میں

نہ چھوٹی نہ بڑی، جو تیرے رب کے علم سے باہر ہو۔ بلکہ سب کچھ واضح

كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ﴿٦١﴾ اَلَآ اِنَّ اَوْلِيَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ

کتاب | واضح | آگاہ رہو | بے شک | دوست | اللہ کے | نہیں | کوئی ڈر | ان پر | اور نہ | وہ

کتاب میں لکھا ہوا ہے۔ یاد رکھو اللہ کے دوستوں کے لئے نہ کوئی خوف ہوگا

يَحْزَنُوْنَ ﴿٦٢﴾ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَكَانُوْا يَتَّقُوْنَ ﴿٦٣﴾ لَهُمُ الْبُشْرٰى فِي

غمگین ہوں گے | وہ لوگ ہیں | جو ایمان لائے | اور وہ تھے | تقویٰ اختیار کرتے | ان کے لئے ہے | خوشخبری | میں

اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔ یہ وہ لوگ ہیں جو ایمان لائے اور انہوں نے تقویٰ اختیار کیا۔ ان کے لئے خوشخبری ہے

الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِي الْاٰخِرَةِ ۭ لَا تَبْدِيْلَ لِكَلِمٰتِ اللّٰهِ ۭ ذٰلِكَ هُوَ

زندگی | دنیا کی | اور میں | آخرت | نہیں | تبدیلی | کلام میں | اللہ کے | یہی ہے | وہ

دنیا کی زندگی میں بھی اور آخرت میں بھی۔ یقیناً اللہ کی باتوں میں کوئی تبدیلی نہیں ہوسکتی۔ اور ان لوگوں کے لئے

الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿٦٤﴾ وَلَا يَحْزُنْكَ قَوْلُهُمْ ۘ اِنَّ الْعِزَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا ۭ هُوَ

کامیابی | بڑی | اور نہ | غمگین کرے تجھے | اُن کی بات | بیشک | عزت ہے | اللہ کیلئے | ساری | وہی ہے

یہی بڑی کامیابی ہے۔ اے نبی ﷺ آپ ﷺ کو ان کافروں کی بات غم میں نہ ڈالے۔ زور اور غلبہ اللہ کے لئے ہے۔ وہی سننے

السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿٦٥﴾ اَلَآ اِنَّ لِلّٰهِ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ ۭ

خوب سننے والا | خوب جاننے والا | آگاہ رہو | بیشک | اللہ کا ہے | جو کچھ ہے | میں | آسمانوں | اور جو کچھ ہے | میں | زمین

والا جاننے والا ہے۔ یاد رکھو جو آسمانوں میں ہیں اور جو زمین میں ہیں

وَمَا يَتَّبِعُ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ شُرَكَآءَ ۭ اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ

اور نہیں | پیروی کرتے | وہ لوگ جو | پکارتے ہیں | سے سوائے | اللہ | شریکوں کو | نہیں | وہ پیروی کرتے

سب اللہ کی مخلوق ہیں۔ جو لوگ اللہ کے سوا شریکوں کو پکارتے ہیں وہ کس چیز کی پیروی کر رہے ہیں صرف اپنے

اِلَّا الظَّنَّ وَاِنْ هُمْ اِلَّا يَخْرُصُوْنَ ﴿٦٦﴾ هُوَ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الَّيْلَ

مگر | گمان کی | اور نہیں | وہ | مگر | وہ اٹکل دوڑاتے | وہی ہے | جس نے | بنائی | تمہارے لئے | رات

گمان کی اور وہ محض اٹکل دوڑا رہے ہیں۔ لوگو! وہی اللہ ہے جس نے تمہارے لئے رات بنائی

لِتَسْكُنُوْا فِيْهِ وَالنَّهَارَ مُبْصِرًا ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ

تاکہ تم آرام کرسکو | اس میں | اور دن بنایا | دکھانے والا | بے شک | میں | اس | ضرور نشانیاں ہیں | ان لوگوں کیلئے

تاکہ تم سکون حاصل کرو اور دن کو روشن بنایا۔ بے شک اس میں ان لوگوں کے لئے بڑی نشانیاں ہیں

يَّسْمَعُوْنَ ۝ قَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا سُبْحٰنَهٗ ؕ هُوَ الْغَنِيُّ ؕ لَهٗ مَا فِي

جو سنتے ہیں | وہ کہتے ہیں | بنائی ہے | اللہ نے | اولاد | پاک ہے وہ | وہ | بے نیاز ہے | اسی کا ہے | جو کچھ | میں

جو بات سنتے ہیں۔ مگر بعض لوگ کہتے ہیں اللہ بھی اولاد رکھتا ہے، حالاں کہ وہ پاک اور بے نیاز ہے۔ اسی کا ہے

السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ اِنْ عِنْدَكُمْ مِّنْ سُلْطٰنٍۢ بِهٰذَا ؕ

آسمانوں | اور جو کچھ | میں | زمین | نہیں | تمہارے پاس | کوئی | دلیل | اس کی کیا

جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے۔ لوگو! تمہارے پاس اس دعوے کی کوئی دلیل نہیں۔

اَتَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ۝ قُلْ اِنَّ الَّذِيْنَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى

کیا تم کہتے ہو | پر | اللہ | جو نہیں | تم | جانتے | کہہ دیجئے | بے شک | جو لوگ | گھڑتے ہیں | پر

کیا تم اللہ پر ایسی بات گھڑتے ہو جس کا تمہیں کچھ علم نہیں؟ اے نبی ﷺ آپ ﷺ ان سے کہہ دیں جو لوگ اللہ پر جھوٹ

اللّٰهِ الْكَذِبَ لَا يُفْلِحُوْنَ ۝ ؕ مَتَاعٌ فِي الدُّنْيَا ثُمَّ اِلَيْنَا مَرْجِعُهُمْ

اللہ | جھوٹ | نہیں | وہ فلاح پائیں گے | فائدہ اٹھانا ہے | میں | دنیا | پھر | ہماری طرف ہے | ان کا لوٹنا

باندھتے ہیں، فلاح نہیں پائیں گے۔ ان کے لئے دنیا میں تھوڑا سا فائدہ ہے۔ پھر ہماری طرف ان کا لوٹنا ہے۔ پھر ہم انہیں ان کے

ثُمَّ نُذِيْقُهُمُ الْعَذَابَ الشَّدِيْدَ بِمَا كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ ۝ ع وَاتْلُ عَلَيْهِمْ

پھر | ہم چکھائیں گے ان کو | عذاب | سخت | اس وجہ سے جو | وہ تھے | وہ کفر کرتے | اور تو پڑھ | ان پر

کفر کے بدلے سخت عذاب کا مزہ چکھائیں گے۔ اے نبی ﷺ آپ ﷺ انہیں نوح علیہ السلام کا

ع 7 10 12 — الثلاثة وقف لازم

نَبَاَ نُوْحٍ ۘ اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ اِنْ كَانَ كَبُرَ عَلَيْكُمْ مَّقَامِيْ

خبر | نوح کی | جب اس نے کہا | اپنی قوم کو | اے میری قوم | اگر | ہے | بہت بھاری | تم پر | میرا کھڑا رہنا

واقعہ سنائیں۔ جب انہوں نے اپنی قوم سے کہا ''اے میری قوم! اگر میرا کھڑے ہو کر

وَتَذْكِيْرِيْ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ فَعَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْتُ فَاَجْمِعُوْٓا اَمْرَكُمْ

اور میرا نصیحت کرنا | نشانیوں کے ساتھ | اللہ کی | تو پر | اللہ | میں نے توکل کیا | پس تم جمع کر لو | اپنے کاموں

اللہ کی آیتوں سے نصیحت کرنا تم پر گراں ہو گیا ہے تو میرا بھروسہ صرف اللہ پر ہے۔ تم اپنا متفقہ فیصلہ کر لو،

وَشُرَكَآءَكُمْ ثُمَّ لَا يَكُنْ اَمْرُكُمْ عَلَيْكُمْ غُمَّةً ثُمَّ اقْضُوْٓا

اور اپنے شریکوں کو | پھر | نہ | ہو | تمہارا کام | تم پر | چھپا ہوا | پھر | تم پورا کر ڈالو (اس کام کو)

اپنے شریکوں کو بھی ساتھ لے لو اور تمہیں اپنے فیصلے میں کوئی شبہ باقی نہ رہے۔ پھر تم لوگ میرے خلاف جو کرنا چاہتے ہو کرو،

اِلَيَّ وَلَا تُنْظِرُوْنِ ﴿۷۱﴾ فَاِنْ تَوَلَّيْتُمْ فَمَا سَاَلْتُكُمْ مِّنْ اَجْرٍ ؕ اِنْ

میری طرف | اور نہ | تم مہلت دو مجھے | پس اگر | تم پھر جاؤ | تو نہیں | میں مانگا تم سے | کوئی | معاوضہ | نہیں

اور مجھے مہلت نہ دو۔ اگر تم لوگ منہ پھیر لو گے تو میں نے تم سے اس کا کوئی معاوضہ نہیں مانگا۔ میرا

اَجْرِيَ اِلَّا عَلَى اللّٰهِ ۙ وَاُمِرْتُ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿۷۲﴾

میرا معاوضہ | مگر | پر | اللہ | اور مجھے حکم دیا گیا | کہ | میں ہوں | سے | فرماں برداروں

اجر اللہ کے پاس ہے۔ مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں اسی کا فرماں بردار بنوں"

فَكَذَّبُوْهُ فَنَجَّيْنٰهُ وَمَنْ مَّعَهٗ فِي الْفُلْكِ وَجَعَلْنٰهُمْ

پھر انہوں نے جھٹلایا اسے | پھر ہم نے نجات دی اسے | اور جو کوئی تھا | اُس کے ساتھ | میں | کشتی | اور ہم نے بنا دیا ان کو

پھر قوم نے ان کو جھٹلایا تو ہم نے نوح علیہ السلام کو اور جو لوگ ان کے ساتھ کشتی میں تھے نجات دی۔ پھر ان کو جنہوں نے

خَلٰٓئِفَ وَاَغْرَقْنَا الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ۚ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ

جانشین | اور ہم نے غرق کر دیا | ان لوگوں کو | جنہوں نے جھٹلایا | ہماری آیتوں کو | پس تو دیکھ | کیسے | ہوا

ہماری نشانیوں کو جھٹلایا تھا، غرق کر دیا۔ نجات پانے والوں کو ان کا جانشین بنا دیا۔ دیکھو، ان لوگوں کا کیا انجام ہوا

عَاقِبَةُ الْمُنْذَرِيْنَ ﴿۷۳﴾ ثُمَّ بَعَثْنَا مِنْۢ بَعْدِهٖ رُسُلًا اِلٰى قَوْمِهِمْ

انجام | خبردار کئے گئے لوگوں کا | پھر | ہم نے بھیجے | سے | بعد اس کے | رسول | طرف | ان کی قوم کی

جنہیں پہلے سے خبردار کیا گیا۔ پھر ہم نے نوح کے بعد کئی پیغمبروں کو ان کی اپنی قوم کی طرف بھیجا

فَجَآءُوْهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَمَا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْا بِمَا كَذَّبُوْا بِهٖ

پھر وہ آئے ان کے پاس | روشن دلیلوں کے ساتھ | پھر نہ | وہ ہوئے | کہ وہ ایمان لاتے | اس پر جو | انہوں نے انکار کیا | جس کا

جو ان کے پاس کھلی نشانیاں لے کر آئے۔ مگر وہ ایمان لانے والے نہ بنے جسے پہلے

مِنْ قَبْلُ ؕ كَذٰلِكَ نَطْبَعُ عَلٰى قُلُوْبِ الْمُعْتَدِيْنَ ﴿۷۴﴾ ثُمَّ بَعَثْنَا مِنْۢ

سے | پہلے | اسی طرح | ہم مہر لگا دیتے ہیں | پر | دلوں | حد سے نکل جانے والوں کے | پھر | ہم نے بھیجا | سے

جھٹلا چکے۔ اسی طرح ہم حد سے نکل جانے والوں کے دلوں پر مہر لگا دیتے ہیں۔ پھر ہم نے ان کے بعد

بَعْدِهِمْ مُّوْسٰى وَهٰرُوْنَ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ بِاٰيٰتِنَا فَاسْتَكْبَرُوْا

بعد ان کے | موسیٰ کو | اور ہارون کو | طرف | فرعون کی | اور اسکے درباریوں کی | اپنی نشانیوں کے ساتھ | پھر انہوں نے تکبر کیا

موسیٰ اور ہارون علیہما السلام کو فرعون اور اس کے سرداروں کے پاس اپنی نشانیاں دے کر بھیجا مگر انہوں نے غرور کیا

وَكَانُوْا قَوْمًا مُّجْرِمِيْنَ ﴿75﴾ فَلَمَّا جَآءَهُمُ الْحَقُّ مِنْ عِنْدِنَا قَالُوْٓا

اور وہ تھے | لوگ | مجرم | پھر جب | آیا ان کے پاس | حق | سے | ہماری طرف | وہ بولے

اور وہ مجرم لوگ تھے۔ جب ان کے پاس ہماری طرف سے حق بات پہنچی تو انہوں نے کہا

اِنَّ هٰذَا لَسِحْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿76﴾ قَالَ مُوْسٰٓى اَتَقُوْلُوْنَ لِلْحَقِّ لَمَّا

بے شک | یہ ہے | البتہ جادو | ظاہر | کہا | موسیٰ نے | کیا تم کہتے ہو | حق کو | جب

"یہ کھلا جادو ہے" موسیٰ علیہ السلام نے کہا "کیا تم حق بات کو جادو کہتے ہو جو تمہارے پاس

جَآءَكُمْ ۭ اَسِحْرٌ هٰذَا ۭ وَلَا يُفْلِحُ السّٰحِرُوْنَ ﴿77﴾ قَالُوْٓا اَجِئْتَنَا

وہ آیا تمہارے پاس | کیا جادو ہے | یہ | اور نہیں فلاح پاتے | جادوگر | انہوں نے کہا | کیا تو آیا ہمارے پاس

آ چکی ہے؟ کیا یہ جادو ہے؟ حالاں کہ جادوگر فلاح نہیں پاتے" وہ بولے "کیا تم ہمارے پاس آئے ہو

لِتَلْفِتَنَا عَمَّا وَجَدْنَا عَلَيْهِ اٰبَآءَنَا وَتَكُوْنَ لَكُمَا الْكِبْرِيَآءُ فِي

تا کہ تو ہٹا دے ہم کو | اس سے | ہم نے پایا | جس پر | اپنے باپ دادا | اور تا کہ ہو | تمہارے لئے | بڑائی | میں

تا کہ ہمیں اس راستے سے پھیر دو جس پر ہم نے اپنے باپ دادا کو پایا اور اس ملک میں تم دونوں کی بڑائی قائم ہو

الْاَرْضِ ۭ وَمَا نَحْنُ لَكُمَا بِمُؤْمِنِيْنَ ﴿78﴾ وَقَالَ فِرْعَوْنُ ائْتُوْنِيْ بِكُلِّ

زمین | اور نہیں | ہم | تمہارے لئے | ایمان لانے والے | اور کہا | فرعون نے | لاؤ میرے پاس | ہر

جائے۔ ہم کبھی تم دونوں کی بات ماننے والے نہیں"۔ فرعون نے کہا "تمام ماہر جادوگروں کو میرے

سٰحِرٍ عَلِيْمٍ ﴿79﴾ فَلَمَّا جَآءَ السَّحَرَةُ قَالَ لَهُمْ مُّوْسٰٓى اَلْقُوْا مَآ

جادوگر | ماہر کو | جب | آئے | جادوگر | کہا | ان کو | موسیٰ نے | تم ڈالو | جو کچھ

پاس لاؤ" جب جادوگر آ گئے تو موسیٰ علیہ السلام نے ان سے کہا "تم ڈالو جو کچھ تم نے

اَنْتُمْ مُّلْقُوْنَ ﴿80﴾ فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ ۙ السِّحْرُ ۭ

تم ہو | ڈالنے والے | پھر جب | انہوں نے ڈالا | کہا | موسیٰ نے | جو | تم لائے ہو | اسے | وہ جادو ہے

ڈالنا ہے۔ پھر جب جادوگروں نے ڈالا تو موسیٰ علیہ السلام نے کہا تم جو کچھ لائے ہو وہ جادو ہے۔

اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿81﴾ وَيُحِقُّ

بے شک | اللہ | جلد مٹا دے گا اس کو | بے شک | اللہ | نہیں | سنوارتا | کام | فساد کرنے والوں کا | اور ثابت کرے گا

اللہ اسے ملیا میٹ کر دے گا۔ اللہ ان لوگوں کے کام سدھرنے نہیں دیتا جو فسادی ہوں۔ اللہ اپنے حکم سے حق

اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ﴿82﴾ فَمَآ اٰمَنَ لِمُوْسٰٓى

اللہ | حق کو | اپنی باتوں سے | اور اگرچہ | ناپسند کریں | مجرم لوگ | پھر نہ | ایمان لائے لوگ | موسیٰ پر

کو حق کر دکھاتا ہے خواہ مجرموں کو کتنا ہی ناگوار ہو۔'' لیکن موسیٰ علیہ السلام کو اس کی قوم کے چند

اِلَّا ذُرِّيَّةٌ مِّنْ قَوْمِهٖ عَلٰى خَوْفٍ مِّنْ فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهِمْ اَنْ

مگر | کچھ نوجوان | سے | اس کی قوم سے | بوجہ | ڈر کے | سے | فرعون | اور ان کے سرداروں سے | اس سے

نوجوانوں کے سوا کسی نے نہ مانا۔ فرعون کے ڈر سے اور خود اپنی قوم کے بڑے لوگوں کے ڈر سے، کہیں

يَّفْتِنَهُمْ ؕ وَاِنَّ فِرْعَوْنَ لَعَالٍ فِى الْاَرْضِ ۚ وَاِنَّهٗ لَمِنَ

کہ وہ تکلیف دے ان کو | اور بے شک | فرعون | واقعی سرکش تھا | میں | زمین | اور بیشک وہ تھا | ضرور سے

وہ انہیں کسی فتنے میں نہ ڈال دیں۔ کیونکہ فرعون ملک میں غلبہ رکھتا تھا۔ وہ ان لوگوں میں سے تھا

الْمُسْرِفِيْنَ ﴿83﴾ وَقَالَ مُوْسٰى يٰقَوْمِ اِنْ كُنْتُمْ اٰمَنْتُمْ بِاللّٰهِ فَعَلَيْهِ

حد سے بڑھنے والوں میں | اور کہا | موسیٰ نے | اے میری قوم | اگر | تم ہو | تم ایمان لائے | اللہ پر | تو اسی پر

جو حد سے گزر جاتے ہیں۔ موسیٰ علیہ السلام نے اپنی قوم سے کہا ''تم اللہ پر

تَوَكَّلُوْٓا اِنْ كُنْتُمْ مُّسْلِمِيْنَ ﴿84﴾ فَقَالُوْا عَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْنَا ۚ رَبَّنَا

تم توکل کرو | اگر | تم ہو | فرماں بردار | پھر انہوں نے کہا | پر | اللہ | ہم نے توکل کیا | ہمارے رب

ایمان رکھتے ہو تو اسی پر بھروسا کرو اگر تم واقعی فرماں بردار ہو'' انہوں نے جواب دیا ''ہم نے اللہ پر بھروسا کیا۔ اے ہمارے

لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿85﴾ ۙ وَنَجِّنَا بِرَحْمَتِكَ مِنَ الْقَوْمِ

نہ تو بنا ہمیں | ظلم وستم کا نشانہ | لوگوں کے لئے | ظالم | اور تو نجات دے ہمیں | اپنی رحمت سے | سے | قوم

رب، ہمیں ظالموں کے ظلم کا تختۂ مشق نہ بنا! اپنی رحمت سے ہمیں کافر لوگوں

الْكٰفِرِيْنَ ﴿86﴾ وَاَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰى وَاَخِيْهِ اَنْ تَبَوَّاٰ لِقَوْمِكُمَا

کافر | اور ہم نے وحی کی | طرف | موسیٰ کی | اور اس کے بھائی کی | یہ کہ | تم دونوں جگہ بناؤ | اپنی قوم کے لیے

سے نجات دے'' ہم نے موسیٰ علیہ السلام اور اس کے بھائی کی طرف وحی بھیجی ''اپنی قوم کے لئے

بِمِصْرَ بُيُوْتًا وَّاجْعَلُوْا بُيُوْتَكُمْ قِبْلَةً وَّاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ ؕ وَبَشِّرِ

مصر میں | گھروں کی صورت میں | اور تم بناؤ | اپنے گھروں کو | قبلہ | اور تم قائم کرو | نماز | اور تو خوشخبری دے

شہر میں کچھ گھر مقرر کر لو، ان گھروں کو عبادت گاہیں قرار دو، نماز قائم کرو اور اہلِ ایمان کو

الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿87﴾ وَقَالَ مُوْسٰى رَبَّنَآ اِنَّكَ اٰتَيْتَ فِرْعَوْنَ وَمَلَاَهٗ

ایمان والوں کو | اور کہا | موسیٰ نے | اے ہمارے رب | بے شک تو | تو نے دی ہے | فرعون کو | اور اس کے سرداروں کو

نجات کی خوش خبری دو"۔ موسیٰ علیہ السلام نے دعا کی "اے ہمارے رب! تو نے فرعون اور اس کے سرداروں کو دنیا کی زندگی میں

زِيْنَةً وَّ اَمْوَالًا فِى الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۙ رَبَّنَا لِيُضِلُّوْا عَنْ

شان وشوکت | اور مال | میں | زندگی | دنیا کی | اے ہمارے رب | تا کہ اس کے نتیجے میں وہ گمراہ کریں | سے

رونق اور مال دے رکھا ہے۔ جس کی وجہ سے اے ہمارے رب! وہ تیری راہ سے بھٹکا رہے

سَبِيْلِكَ ۚ رَبَّنَا اطْمِسْ عَلٰٓى اَمْوَالِهِمْ وَاشْدُدْ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ

تیری راہ | اے ہمارے رب | تو مٹا دے | پر | ان کے مال | اور تو سخت کر دے | کو | دلوں ان کے

ہیں۔ لہٰذا اے ہمارے رب! تو ان کے مال برباد کر دے اور ان کے دلوں کو سخت کر دے۔

فَلَا يُؤْمِنُوْا حَتّٰى يَرَوُا الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ ﴿88﴾ قَالَ قَدْ اُجِيْبَتْ

تا کہ نہ وہ ایمان لا سکیں | یہاں تک کہ | وہ دیکھ لیں | عذاب | دردناک | اس نے کہا | بے شک | میں نے قبول کی

تا کہ وہ ایمان نہ لائیں جب تک درد ناک عذاب نہ دیکھ لیں" ! اللہ نے فرمایا "تم دونوں کی دعا

دَّعْوَتُكُمَا فَاسْتَقِيْمَا وَلَا تَتَّبِعٰٓنِّ سَبِيْلَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿89﴾

دعا تم دونوں کی | پس تم دونوں قائم رہو | اور نہ | تم دونوں پیروی کرنا | راہ | ان لوگوں کی جو | نہیں | وہ علم رکھتے

قبول کی گئی، تم ثابت قدم رہو اور اُن لوگوں کے راستے پر نہ چلنا جو علم نہیں رکھتے۔"

وَجٰوَزْنَا بِبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ الْبَحْرَ فَاَتْبَعَهُمْ فِرْعَوْنُ وَجُنُوْدُهٗ بَغْيًا

اور ہم نے پار کرا یا | بنی اسرائیل کو | سمندر | تو اُن کا پیچھا کیا | فرعون نے | اور اس کے لشکروں نے | سرکشی سے

ہم نے بنی اسرائیل کو سمندر پار کرا دیا۔ فرعون اور اس کے لشکر نے ان کا پیچھا کیا تا کہ وہ

وَّعَدْوًا ۭ حَتّٰٓى اِذَآ اَدْرَكَهُ الْغَرَقُ ۙ قَالَ اٰمَنْتُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا

اور دشمنی سے | یہاں تک کہ | جب | پالیا اسے | غرق ہونے نے | اس نے کہا | میں ایمان لایا | یہ کہ | نہیں | کوئی معبود | مگر

ظلم و زیادتی کریں۔ جب فرعون غرق ہونے لگا تو اس نے کہا "میں ایمان لایا، کوئی معبود نہیں سوائے

الَّذِيْٓ اٰمَنَتْ بِهٖ بَنُوْٓا اِسْرَآءِيْلَ وَاَنَا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿90﴾ آٰلْئٰنَ

وہی | ایمان لائے | جس پر | بنی اسرائیل | اور میں ہوں | سے | فرماں برداروں | کیا اب؟

اُس کے جس پر بنی اسرائیل ایمان لائے اور میں فرماں برداروں میں سے ہوں!" اِس پر اللہ نے فرمایا" کیا اب ایمان

وَقَدْ عَصَيْتَ قَبْلُ وَكُنْتَ مِنَ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿٩١﴾ فَالْيَوْمَ نُنَجِّيْكَ

جبکہ بے شک | تونے نافرمانی کی | پہلے | اور تو تھا | سے | فساد کرنے والوں | پس آج | ہم نجات دیں گے تجھے

لاتا ہے۔ اس سے پہلے نافرمانی کرتا رہا اور تو فساد کرنے والوں میں سے تھا! آج ہم تیری لاش محفوظ

بِبَدَنِكَ لِتَكُوْنَ لِمَنْ خَلْفَكَ اٰيَةً ۭ وَاِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ النَّاسِ

ساتھ بدن تیرے کے | تاکہ تو ہو | ان لوگوں کے جو | بعد میں آئیں تیرے | ایک نشانی | اور بے شک | بہت | سے | لوگ

کر لیں گے تاکہ تو اپنے بعد آنے والوں کے لئے عبرت کا نشان بن جائے۔ بے شک بہت سے لوگ

عَنْ اٰيٰتِنَا لَغٰفِلُوْنَ ﴿٩٢﴾ ع وَلَقَدْ بَوَّاْنَا بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ مُبَوَّاَ صِدْقٍ

9 ع 10 14

سے | ہماری نشانیوں | ضرور غافل ہیں | اور بے شک ہم نے ٹھکانا دیا | بنی اسرائیل کو | ٹھکانا | اچھا

ہماری نشانیوں سے غافل ہیں۔ ہم نے بنی اسرائیل کو بہت اچھا ٹھکانا دیا۔

وَّرَزَقْنٰھُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ ۚ فَمَا اخْتَلَفُوْا حَتّٰى جَاۗءَھُمُ الْعِلْمُ ۭ اِنَّ

اور ہم نے رزق دیا ان کو | سے | پاکیزہ چیزوں سے | پھر نہ | انہوں نے اختلاف کیا | یہاں تک کہ | آیا انکے پاس | علم | بیشک

انہیں ستھری چیزیں کھانے کو دیں۔ پھر انہوں نے دین میں اختلاف نہیں کیا مگر اُس وقت جب اُن کے پاس علم آچکا۔ اے نبی ﷺ!

رَبَّكَ يَقْضِيْ بَيْنَھُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿٩٣﴾

رب تیرا | فیصلہ کرے گا | درمیان ان کے | دن | قیامت کے | اس بارے میں جو | وہ تھے | اس میں | وہ اختلاف کرتے

آپ ﷺ کا رب قیامت کے دن ان کے درمیان اس چیز کا فیصلہ کرے گا جس میں وہ اختلاف کرتے تھے۔

فَاِنْ كُنْتَ فِيْ شَكٍّ مِّمَّآ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ فَسْــَٔـلِ الَّذِيْنَ يَقْرَءُوْنَ

پس اگر | تو ہے | میں | شک | اس سے جو | ہم نے نازل کی | طرف تیری | پس تو پوچھ لے | ان لوگوں سے جو | پڑھتے ہیں

اگر تمہیں اس چیز کے بارے میں شک ہے جو ہم نے تمہاری طرف اتاری ہے تو ان لوگوں سے پوچھ سکتے ہو جو اس سے پہلے

الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكَ ۚ لَقَدْ جَاۗءَكَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ

کتاب | سے | پہلے تجھ | بے شک آیا تیرے پاس | حق | طرف سے | تیرے رب کی | پس نہ | تو ہو | سے

آسمانی کتابیں پڑھ رہے ہیں۔ بے شک تمہارے رب کی طرف سے تمہارے پاس یہ سچی کتاب آچکی ہے۔ اس لئے تم شک کرنے

الْمُمْتَرِيْنَ ﴿٩٤﴾ لا وَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ فَتَكُوْنَ

شک کرنے والوں | اور نہ | تو ہو | سے | ان لوگوں | جنہوں نے انکار کیا | نشانیوں کا | اللہ کی | ورنہ تو ہو جائے گا

والوں میں سے نہ بنو، اور ان لوگوں میں شامل نہ ہو جنہوں نے اللہ کی آیتوں کو جھٹلایا، ورنہ نقصان اٹھانے

مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿95﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ حَقَّتْ عَلَيْهِمْ كَلِمَتُ رَبِّكَ

سے | نقصان اٹھانے والوں | بے شک | وہ لوگ کہ | ثابت ہوئی | ان پر | بات | تیرے رب کی

والوں میں سے ہو گے۔ اے نبی ﷺ جن لوگوں پر آپ ﷺ کے رب کے عذاب کی بات پوری ہو چکی تو وہ ایمان

لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿96﴾ وَلَوْ جَآءَتْهُمْ كُلُّ اٰيَةٍ حَتّٰى يَرَوُا الْعَذَابَ

نہیں وہ ایمان لائیں گے | اور اگرچہ | آ جائیں ان کے پاس | سب | نشانیاں | یہاں تک کہ | وہ دیکھ لیں | عذاب

نہیں لائیں گے۔ خواہ اُن کے پاس ساری نشانیاں آ جائیں جب تک وہ درد ناک عذاب اپنی آنکھوں سے نہ

الْاَلِيْمَ ﴿97﴾ فَلَوْلَا كَانَتْ قَرْيَةٌ اٰمَنَتْ فَنَفَعَهَآ اِيْمَانُهَآ اِلَّا قَوْمَ

دردناک | پس کیوں نہ | ہوئی | کوئی بستی کہ | وہ ایمان لائی ہو | پھر فائدہ دیا ہوا سے | اسکے ایمان نے | مگر | قوم

دیکھ لیں۔ ایسا کیوں نہ ہوا کہ یونس علیہ السلام کی قوم کے سوا اور بستی کے لوگ بھی ایمان لاتے تا کہ ان کا ایمان لانا ان کو فائدہ دیتا؟

يُوْنُسَ ؕ لَمَّآ اٰمَنُوْا كَشَفْنَا عَنْهُمْ عَذَابَ الْخِزْيِ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا

یونس کی | جب | وہ ایمان لائے | ہم نے دور کر دیا | ان سے | عذاب | ذلت کا | میں | زندگی | دنیا کی

جب یونس علیہ السلام کی قوم ایمان لائی تو ہم نے ان سے ذلت کا عذاب ٹال دیا جو ان کو دنیا کی زندگی میں پیش آنے والا تھا اور انہیں

وَمَتَّعْنٰهُمْ اِلٰى حِيْنٍ ﴿98﴾ وَلَوْ شَآءَ رَبُّكَ لَاٰمَنَ مَنْ فِي الْاَرْضِ

اور ہم نے سامان دیا ان کو | تک | ایک مدت | اور اگر | چاہتا | تیرا رب | ضرور ایمان لاتے | جو ہیں | میں | زمین

ایک مدت تک بہرہ مند ہونے کا موقع دیا۔ اے نبی ﷺ اگر آپ ﷺ کا رب چاہتا تو روئے زمین پر بسنے والے سب لوگ ایمان

كُلُّهُمْ جَمِيْعًا ؕ اَفَاَنْتَ تُكْرِهُ النَّاسَ حَتّٰى يَكُوْنُوْا مُؤْمِنِيْنَ ﴿99﴾

سب کے سب | اکٹھے | کیا پس تو | زبردستی کرتا ہے | لوگوں پر | تا کہ | وہ ہوں | ایمان والے

لے آتے۔ تو کیا آپ ﷺ ان لوگوں کو ایمان لانے پر مجبور کریں گے؟ کسی شخص کے لئے

وَمَا كَانَ لِنَفْسٍ اَنْ تُؤْمِنَ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ وَيَجْعَلُ الرِّجْسَ عَلَى

اور نہیں ہے | کسی جان کیلئے | یہ کہ | وہ ایمان لائے | مگر | ساتھ حکم | اللہ کے | اور وہ بنا دیتا ہے | ناپاکی | پر

ممکن نہیں کہ وہ اللہ کی مرضی کے بغیر ایمان لا سکے۔ اللہ اُن لوگوں پر کفر اور شرک کی گندگی ڈال دیتا ہے

الَّذِيْنَ لَا يَعْقِلُوْنَ ﴿100﴾ قُلِ انْظُرُوْا مَاذَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ

ان لوگوں جو | نہیں | سمجھتے | کہہ دیجئے | تم دیکھو | کیا کچھ ہے | میں | آسمانوں | اور زمین

جو عقل سے کام نہیں لیتے۔ اے نبی ﷺ آپ ﷺ ان لوگوں سے کہیں ”آسمانوں اور زمین میں جو کچھ ہے اس پر غور کرو“

وَمَا تُغْنِي الْاٰيٰتُ وَالنُّذُرُ عَنْ قَوْمٍ لَّا يُؤْمِنُوْنَ ﴿101﴾ فَهَلْ

اور نہیں | کام دیتیں | نشانیاں | اور نہ خبردار کرنے والے | سے | ان لوگوں کو جو | نہیں | وہ ایمان لاتے | پس نہیں

مگر ساری نشانیاں اور ڈراوے ان لوگوں کے لئے بیکار ہیں جو ایمان نہیں لاتے۔ تو کیا ایسے لوگ

يَنْتَظِرُوْنَ اِلَّا مِثْلَ اَيَّامِ الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ قُلْ

وہ انتظار کر رہے | مگر | جیسے | واقعات | ان لوگوں کے جو | پہلے ہو گزرے ہیں | سے | پہلے ان کے | کہہ دیجئے

اسی طرح کے برے دنوں کا انتظار کر رہے ہیں جو پہلی قوموں کو پیش آئے۔ ایسا ہے تو اے نبی ﷺ آپ ﷺ ان سے کہہ

فَانْتَظِرُوْٓا اِنِّيْ مَعَكُمْ مِّنَ الْمُنْتَظِرِيْنَ ﴿102﴾ ثُمَّ نُنَجِّيْ رُسُلَنَا

پھر تم بھی انتظار کرو | بیشک میں بھی | ساتھ ہوں تمہارے | سے | انتظار کرنے والوں | پھر | ہم نجات دیں گے | اپنے رسولوں کو

دیں ''اچھا تم بھی انتظار کرو میں بھی تمہارے ساتھ انتظار کرنے والوں میں ہوں!'' پھر جب ہمارا عذاب آتا ہے تو ہم اپنے رسولوں

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كَذٰلِكَ ۚ حَقًّا عَلَيْنَا نُنْجِ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿103﴾ ع قُلْ

10 ع 11 15

اور ان لوگوں کو جو | ایمان لائے | اسی طرح | یہ ذمہ داری ٹھہری | ہم پر | ہم نجات دیتے ہیں | ایمان والوں کو | کہہ دیجئے

اور مومنوں کو بچا لیتے ہیں کیونکہ ایمان والوں کو نجات دینا ہماری ذمہ داری ہے۔ اور آپ ﷺ کہیں

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنْ كُنْتُمْ فِيْ شَكٍّ مِّنْ دِيْنِيْ فَلَآ اَعْبُدُ الَّذِيْنَ

اے | لوگو | اگر | تم ہو | میں | شک | سے | میرے دین | تو نہیں | میں عبادت کرتا | ان کی جن کی

''لوگو! اگر تمہیں میرے دین کے بارے میں شک ہے تو سنو، تم اللہ کے سوا جن کی عبادت کرتے ہو، میں ان کی

تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلٰكِنْ اَعْبُدُ اللّٰهَ الَّذِيْ يَتَوَفّٰىكُمْ ۚ

تم عبادت کرتے ہو | سے | سوائے | اللہ کے | اور لیکن | میں عبادت کرتا ہوں | اللہ کی | جو | موت دیتا ہے تمہیں

عبادت نہیں کرتا۔ بلکہ میں اُس اللہ کی عبادت کرتا ہوں جو تمہیں وفات دیتا ہے۔

وَاُمِرْتُ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿104﴾ لا وَاَنْ اَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّيْنِ

اور مجھے حکم دیا گیا ہے | یہ کہ | میں ہوں | سے | ایمان والوں | اور یہ کہ | تو قائم رکھے | اپنا چہرہ | دین کے لئے

مجھے حکم ملا ہے کہ میں ایمان والوں میں سے بنوں۔ اور یکسو ہو کر اپنا رُخ صرف اللہ کی اطاعت کی

حَنِيْفًا ۚ وَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿105﴾ وَلَا تَدْعُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ

یکسو ہو کر | ہرگز نہ ہوں آپ | سے | مشرکوں | اور نہ | تو پکار | سے | سوا | اللہ کے

طرف کروں اور مشرکوں میں سے نہ بنوں'' اور اللہ کے علاوہ کسی اور کو نہ پکارنا

مَا لَا يَنْفَعُكَ وَلَا يَضُرُّكَ ۚ فَإِنْ فَعَلْتَ فَإِنَّكَ إِذًا مِّنَ

جو | نہیں | وہ نفع دیتا تجھے | اور نہ | وہ نقصان پہنچاتا تجھے | پھر اگر | تو نے ایسا کیا | تو بے شک تو | اس وقت ہے | سے

جو نفع و نقصان کا اختیار نہیں رکھتا۔ اگر تم ایسا کرو گے تو ظالموں میں سے

الظّٰلِمِيْنَ ﴿١٠٦﴾ وَإِنْ يَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗٓ إِلَّا هُوَ ۚ

ظالموں | اور اگر | پہنچائے تجھے | اللہ | کوئی تکلیف | تو نہیں | دور کرنے والا | اس کو | مگر | وہی

ہو جاؤ گے۔ اگر اللہ تمہیں کسی تکلیف میں پکڑ لے تو اُس کے سوا کوئی نہیں جو اس کو دور کر سکے۔

وَإِنْ يُّرِدْكَ بِخَيْرٍ فَلَا رَآدَّ لِفَضْلِهٖ ؕ يُصِيْبُ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ

اور اگر | وہ چاہے تیرے لئے | بھلائی | تو نہیں | کوئی روکنے والا | اس کے فضل کو | وہ پہنچاتا ہے | فضل | جس کو | چاہے

اور وہ تمہیں کوئی بھلائی پہنچانا چاہے تو اس کے فضل کو کوئی روکنے والا نہیں۔ وہ اپنے بندوں میں سے جس پر چاہے

مِنْ عِبَادِهٖ ؕ وَهُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ﴿١٠٧﴾ قُلْ يٰٓأَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَكُمُ

سے | اپنے بندوں | اور وہ ہے | بڑا بخشنے والا | نہایت مہربان | کہہ دیجئے | اے | لوگو | بیشک | آیا تمہارے پاس

اپنا فضل کرتا ہے اور وہ بخشنے والا مہربان ہے۔ اے نبی ﷺ آپ ﷺ کہہ دیں لوگو! تمہارے رب کی طرف سے تمہارے

الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكُمْ ۚ فَمَنِ اهْتَدٰى فَإِنَّمَا يَهْتَدِيْ لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ

حق | سے | تمہارے رب | پس جس نے | ہدایت پائی | تو بیشک | وہ ہدایت پاتا ہے | اپنے لئے | اور جو

پاس حق آ گیا۔ اب جو اس ہدایت کو قبول کرے گا اپنے لیے کرے گا۔ جو بھٹکے گا

ضَلَّ فَإِنَّمَا يَضِلُّ عَلَيْهَا ۚ وَمَآ أَنَا عَلَيْكُمْ بِوَكِيْلٍ ﴿١٠٨﴾ ؕ

گمراہ ہوا | تو بیشک | اس کی گمراہی | اسی پر ہے | اور نہیں | میں ہوں | تم پر | ذمہ دار

اُس کا وبال اُسی پر آئے گا۔ میں تمہارے اعمال کا ذمہ دار نہیں۔ اے نبی ﷺ آپ ﷺ اُس چیز کی

وَاتَّبِعْ مَا يُوْحٰٓى إِلَيْكَ وَاصْبِرْ حَتّٰى يَحْكُمَ اللّٰهُ ۚ

اور تو پیروی کر | اس کی جو | وحی کیا جاتا ہے | تیری طرف | اور تو صبر کر | یہاں تک کہ | فیصلہ کرے | اللہ

پیروی کریں جو آپ ﷺ پر وحی کی جاتی ہے اور صبر کریں یہاں تک کہ اللہ فیصلہ کر دے

وَهُوَ خَيْرُ الْحٰكِمِيْنَ ﴿١٠٩﴾ ع

اور وہ ہے | بہترین | فیصلہ کرنے والا

اور وہ بہترین فیصلہ کرنے والا ہے۔

11 ع 6 16

(11) سُوْرَةُ هُوْدٍ مَّكِّيَّةٌ (52)

اٰيَاتُهَا 123 | رُكُوْعَاتُهَا 10

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

الٓرٰ قف كِتٰبٌ اُحْكِمَتْ اٰيٰتُهٗ ثُمَّ فُصِّلَتْ مِنْ لَّدُنْ حَكِيْمٍ

الٓرٰ | یہ ایک کتاب ہے | مضبوط کی گئیں | اس کی آیتیں | پھر | کھول کر بیان کی گئیں | سے | طرف | حکمت والے

الٓرٰ اے نبی ﷺ لوگوں سے کہیں "یہ کتاب ایک دانا اور خبیر ہستی کی طرف سے نازل ہوئی

خَبِيْرٍ ۝ لا اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّا اللّٰهَ ؕ اِنَّنِيْ لَكُمْ مِّنْهُ نَذِيْرٌ وَّبَشِيْرٌ ۝ لا

باخبر کی | یہ کہ نہ | تم عبادت کرو | مگر | اللہ کی | بیشک میں ہوں | تمہارے لئے | طرف سے اس کی | ڈرانے والا | اور خوشخبری دینے والا

ہے۔اس کی آیتیں پختہ اور الگ الگ واضح ہیں۔اس کی تعلیم یہ ہے کہ اللہ کے سوا کسی کی بندگی نہ کرو۔میں اسی کی طرف سے تمہیں

وَّاَنِ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوْبُوْٓا اِلَيْهِ يُمَتِّعْكُمْ مَّتَاعًا حَسَنًا اِلٰٓى

اور یہ کہ | تم بخشش مانگو | اپنے رب سے | پھر | تم توبہ کرو | اس کی طرف | وہ گزارہ دیگا تمہیں | گزارہ | اچھا | تک

خبردار کرنے والا اور خوشخبری دینے والا ہوں۔اور یہ کہ تم لوگ اپنے رب سے بخشش مانگو۔اسی کی طرف رجوع کرو۔وہ تمہیں ایک

اَجَلٍ مُّسَمًّى وَّيُؤْتِ كُلَّ ذِيْ فَضْلٍ فَضْلَهٗ ؕ وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنِّيْٓ اَخَافُ

مدت | ایک مقررہ | اور وہ دے گا | ہر | والے | فضیلت کو | اس کی فضیلت | اور اگر | تم پھر جاؤ | تو بیشک میں | میں ڈرتا ہوں

مدت تک اچھا سامان زندگی دے گا اور زیادہ ثواب کے مستحق کو زیادہ ثواب دے گا۔اگر تم نہیں مانو گے تو مجھے ڈر ہے

عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ كَبِيْرٍ ۝ اِلَى اللّٰهِ مَرْجِعُكُمْ ۚ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝

تم پر | عذاب | دن | بڑے کے | طرف | اللہ کی ہے | تمہارا لوٹنا | اور وہی ہے | اوپر ہر چیز کے قادر

تم بڑے دن کے عذاب سے نہیں بچ سکو گے۔تم سب کو اللہ کی طرف لوٹ کر جانا ہے جو ہر چیز پر قادر ہے"

اَلَآ اِنَّهُمْ يَثْنُوْنَ صُدُوْرَهُمْ لِيَسْتَخْفُوْا مِنْهُ ؕ اَلَا حِيْنَ يَسْتَغْشُوْنَ

آگاہ رہو | بے شک وہ | وہ سمیٹتے ہیں | اپنے سینوں کو | تاکہ وہ چھپ جائیں | اس سے | آگاہ رہو | جب | وہ پہنے ہوتے ہیں

دیکھو، یہ کافر لوگ اپنے سینوں کو دوہرا کرتے ہیں تاکہ اپنے راز اللہ سے چھپا سکیں لیکن یہ جب لوگ آپنے

ثِيَابَهُمْ ۙ يَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ۚ اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝

اپنے کپڑے | وہ جانتا ہے | جو کچھ | وہ چھپاتے ہیں | اور جو کچھ | وہ ظاہر کرتے ہیں | بیشک وہ | خوب جاننے والا | سینوں کی بات

آپ کو کپڑوں سے ڈھانپ لیتے ہیں اس وقت بھی اللہ ان کے ظاہر و باطن کو جانتا ہے کیونکہ وہ دلوں کے بھید جانتا ہے۔

وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِي الْأَرْضِ إِلَّا عَلَى اللَّهِ رِزْقُهَا وَيَعْلَمُ مُسْتَقَرَّهَا

اور نہیں | کوئی | جاندار | میں | زمین | مگر | پر | اللہ | رزق اس کا | اور وہ جانتا ہے | ٹھکانا اس کا

زمین پر چلنے والا کوئی جاندار ایسا نہیں جس کی روزی اللہ کے ذمے نہ ہو۔ وہ ہر ایک کے رہنے اور سونپے جانے کی

وَمُسْتَوْدَعَهَا كُلٌّ فِي كِتَابٍ مُّبِينٍ ۝۶ وَهُوَ الَّذِي خَلَقَ السَّمَاوَاتِ

اور سپرد ہونے کی جگہ | سب کچھ ہے | میں | ایک کتاب | واضح | اور وہی ہے | جس نے | پیدا کیا | آسمانوں کو

جگہ جانتا ہے۔ یہ سب ایک واضح کتاب میں موجود ہے۔ وہی اللہ ہے جس نے آسمانوں

وَالْأَرْضَ فِي سِتَّةِ أَيَّامٍ وَّكَانَ عَرْشُهُ عَلَى الْمَاءِ لِيَبْلُوَكُمْ

اور زمین کو | میں | چھ | دنوں | اور تھا | عرش اس کا | پر | پانی | تاکہ وہ آزمائے تمہیں

اور زمین کو چھ دنوں میں پیدا کیا۔ اس وقت اس کا عرش پانی تھا۔ پر اللہ نے تمہیں بھی پیدا کیا تاکہ تمہیں آزمائے کہ تم

أَيُّكُمْ أَحْسَنُ عَمَلًا وَلَئِنْ قُلْتَ إِنَّكُمْ مَّبْعُوثُونَ مِنْ بَعْدِ

کون تم میں سے | بہتر ہے | عمل میں | اور اگر | تو کہے | یقیناً تم | اٹھائے جانے والے ہو | سے | بعد

میں سے کون اچھے کام کرتا ہے۔ اے نبی ﷺ! اگر آپ ﷺ ان کافروں سے کہیں ”مرنے کے بعد تم لوگ دوبارہ اٹھائے

الْمَوْتِ لَيَقُولَنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا إِنْ هَٰذَا إِلَّا سِحْرٌ مُّبِينٌ ۝۷ وَلَئِنْ

موت کے | ضرور وہ کہیں گے | جو | کافر ہوئے | نہیں ہے | یہ | مگر | جادو | واضح | اور اگر

جاؤ گے“ تو کہتے ہیں ”یہ تو کھلا جادو ہے۔“ اگر ہم

أَخَّرْنَا عَنْهُمُ الْعَذَابَ إِلَىٰ أُمَّةٍ مَّعْدُودَةٍ لَّيَقُولُنَّ مَا يَحْبِسُهُ

ہم مؤخر کر دیں | ان سے | عذاب کو | تک | مدت | کچھ | ضرور کہیں گے | کس نے | بند کر رکھا ہے اسے

کچھ مدت کے لئے ان کے عذاب کو روک دیں تو وہ کہتے ہیں ”اسے کس نے روک رکھا ہے؟

أَلَا يَوْمَ يَأْتِيهِمْ لَيْسَ مَصْرُوفًا عَنْهُمْ وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوا

خبردار | جس دن | وہ آئے گا ان پر | نہیں | ہٹا ہوا ہوگا | ان سے | اور گھیرے گی | ان کو | وہ چیز | وہ تھے

آگاہ رہو جس دن وہ عذاب ان پر آئے گا پھر وہ اسے ٹال نہ سکیں گے۔ جس عذاب کا وہ مذاق اڑا رہے ہیں

بِهِ يَسْتَهْزِءُونَ ۝۸ وَلَئِنْ أَذَقْنَا الْإِنْسَانَ مِنَّا رَحْمَةً ثُمَّ نَزَعْنَاهَا

جس کا | وہ مذاق کرتے | اور اگر | ہم چکھائیں | انسان کو | طرف سے اپنی | رحمت | پھر | ہم کھینچ لیں

وہ انہیں گھیر لے گا۔ اگر ہم انسان کو اپنی رحمت سے نوازتے ہیں، پھر اس سے محروم کر دیتے ہیں

مِنْهُ ۚ اِنَّهٗ لَيَـُٔوْسٌ كَفُوْرٌ ۝ وَلَئِنْ اَذَقْنٰهُ نَعْمَآءَ بَعْدَ ضَرَّآءَ

اس سے | بے شک وہ ہے | ضرور مایوس | ناشکرا | اور اگر | ہم چکھائیں اسے | نعمت | بعد | تکلیف کے

تو وہ مایوس اور ناشکرا بن جاتا ہے۔ اگر ہم اسے پیش آنے والی کسی تکلیف کے بعد نعمت سے نوازتے

مَسَّتْهُ لَيَقُوْلَنَّ ذَهَبَ السَّيِّاٰتُ عَنِّيْ ؕ اِنَّهٗ لَفَرِحٌ فَخُوْرٌ ۝ اِلَّا

جو پہنچی تھی اسے | تو وہ ضرور کہے گا | دور ہوئیں | تکلیفیں | مجھ سے | بیشک وہ ہے | اترانے والا | مغرور | مگر

ہیں تو کہتا ہے ''میری ساری مصیبتیں مجھ سے دور ہو گئیں۔'' پھر وہ اِترانے والا اور اکڑنے والا بن جاتا ہے۔ مگر

الَّذِيْنَ صَبَرُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ؕ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ

جو لوگ | صبر کریں | اور وہ عمل کریں | اچھے | یہ لوگ | ان کے لئے ہے | بخشش | اور ثواب

جو لوگ صبر کرنے والے اور نیک کام کرنے والے ہیں ان کے لئے بخشش

كَبِيْرٌ ۝ فَلَعَلَّكَ تَارِكٌۢ بَعْضَ مَا يُوْحٰٓى اِلَيْكَ وَضَآئِقٌۢ بِهٖ

بڑا | پس شاید تو | چھوڑنے والا ہے | بعض | وہ چیز جو | وحی کی جاتی ہے | طرف تیری | اور تنگ ہوتا ہے | اس سے

اور بڑا اجر ہے۔ اے نبی ﷺ! کیا کافروں کو یہ امید ہے کہ آپ ﷺ اس چیز کا کچھ حصہ چھوڑ دیں گے جو آپ ﷺ پر وحی کی جا رہی

صَدْرُكَ اَنْ يَّقُوْلُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ كَنْزٌ اَوْ جَآءَ مَعَهٗ مَلَكٌ ؕ

سینہ تیرا | اس لئے کہ | وہ کہیں | کیوں نہ | اتارا گیا | اس پر | خزانہ | یا | آیا | ساتھ اس کے | فرشتہ

ہے؟ کیا آپ ﷺ کا دل ان لوگوں کی باتوں سے تنگ رہے گا جو کہتے ہیں ''اس شخص پر کوئی خزانہ کیوں نہیں اتارا گیا، یا اس کے

اِنَّمَآ اَنْتَ نَذِيْرٌ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ وَّكِيْلٌ ۝ اَمْ يَقُوْلُوْنَ

بے شک | تو | خبردار کرنے والا ہے | اور اللہ | پر | ہر | چیز کے ہے | کارساز | کیا | وہ کہتے ہیں

ساتھ کوئی فرشتہ کیوں نہیں آیا؟ آپ ﷺ صرف خبردار کرنے والے ہیں اور اللہ ہر چیز کا ذمہ دار ہے۔ کیا وہ کہتے ہیں

افْتَرٰىهُ ؕ قُلْ فَاْتُوْا بِعَشْرِ سُوَرٍ مِّثْلِهٖ مُفْتَرَيٰتٍ وَّادْعُوْا مَنِ

اس نے گھڑ لیا ہے یہ | کہہ دیجئے | تو تم لاؤ | دس | سورتیں | اس جیسی | گھڑی ہوئی | اور تم پکارو | جسے

''اس شخص نے قرآن خود گھڑ لیا ہے؟'' آپ ﷺ کہیں ''تم بھی اس جیسی (10) سورتیں بنا لاؤ اور اپنی مدد کے لئے

اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝

تم پکار سکو | سے | سوا | اللہ کے | اگر | تم ہو | سچے

اللہ کے سوا جس کو بلا سکتے ہو بلا لو، اگر تم سچے ہو''۔ پھر اگر وہ

فَاِلَّمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَكُمْ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَآ اُنْزِلَ بِعِلْمِ اللّٰهِ وَاَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا

پھر اگر نہ وہ جواب دے سکیں | تم کو | تو تم جان لو | یہ کہ | وہ اتارا گیا ہے | ساتھ علم | اللہ کے | اور یہ کہ | نہیں | کوئی معبود | مگر

آپ ﷺ کے چیلنج کا جواب نہ دے سکیں تو جان لو یہ قرآن اللہ کے علم سے اترا ہے، اور یہ کہ اس کے سوا کوئی

هُوَ ۚ فَهَلْ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿14﴾ مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا

وہی | تو کیا | تم ہوتے ہو | مسلمان | جو کوئی | ہے | وہ چاہتا | زندگی | دنیا کی

معبود نہیں۔ پھر اے کافرو! کیا تم اسلام قبول کرتے ہو ؟ جو لوگ صرف دنیا کی زندگی اور اس کی

وَزِيْنَتَهَا نُوَفِّ اِلَيْهِمْ اَعْمَالَهُمْ فِيْهَا وَهُمْ فِيْهَا لَا يُبْخَسُوْنَ ﴿15﴾

اور رونق اس کی | ہم پورا بدلہ دیں گے | ان کو | ان کے اعمال کا | اس میں | اور وہ | اس میں | نہیں | اُن کو کم دیا جائے گا

زینت چاہتے ہیں ہم ان کے اعمال کا بدلہ دنیا میں دے دیتے ہیں اور اس میں کوئی کمی نہیں کرتے۔

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَيْسَ لَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ اِلَّا النَّارُ ۖ وَحَبِطَ مَا

یہ لوگ ہیں | وہ | نہیں ہے | ان کے لئے | میں | آخرت | مگر | آگ | اور ضائع ہوا | جو کچھ

یہی لوگ ہیں جن کے لئے آخرت میں آگ کے سوا کچھ نہیں۔ انہوں نے دنیا میں

صَنَعُوْا فِيْهَا وَبٰطِلٌ مَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿16﴾ اَفَمَنْ كَانَ عَلٰى بَيِّنَةٍ

انہوں نے کیا تھا | اس میں | اور بیکار رہا | جو کچھ | وہ تھے | وہ کرتے | کیا پس جو کوئی | ہو | پر | دلیل

جو کچھ بنایا سب برباد ہوا اور بے کار گیا جو انہوں نے کمایا۔ بھلا ایک شخص جو اپنے رب کی طرف سے روشن دلیل

مِّنْ رَّبِّهٖ وَيَتْلُوْهُ شَاهِدٌ مِّنْهُ وَمِنْ قَبْلِهٖ كِتٰبُ مُوْسٰٓى

طرف سے | اپنے رب کی | اور وہ پیچھے آتا ہے اس کے | گواہ | اسکی طرف سے | اور سے | اس کے پہلے | کتاب | موسیٰ کی

رکھتا ہو، اس کے بعد اللہ کی طرف سے اس کے حق میں ایک نبی بھی گواہ ہو اور اس سے پہلے

اِمَامًا وَّرَحْمَةً ۭ اُولٰٓئِكَ يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ ۭ وَمَنْ يَّكْفُرْ بِهٖ مِنَ

رہنما | اور رحمت | یہ لوگ | ایمان لاتے ہیں | اس پر | اور جو کوئی | کفر کرے | اس کا | سے

موسیٰ علیہ السلام کی کتاب بھی ہدایت اور رحمت کی حیثیت سے موجود تھی تو ایسے لوگ ہی قرآن پر ایمان لائیں گے۔

الْاَحْزَابِ فَالنَّارُ مَوْعِدُهٗ ۚ فَلَا تَكُ فِيْ مِرْيَةٍ مِّنْهُ ۤ اِنَّهُ الْحَقُّ

گروہوں میں | پھر آگ ہے | وعدے کی جگہ اس کی | پس نہ | تو ہو | میں | شک | اس سے | بے شک وہ | سچ ہے

کفار کے گروہوں میں سے جو کوئی اس قرآن کا انکار کرے گا اس کا ٹھکانا دوزخ ہوگا۔ تم اس بارے میں کسی شک میں نہ پڑو۔ یہ

مِنْ رَّبِّكَ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿١٧﴾ وَمَنْ اَظْلَمُ

طرف سے | رب تیرے کی | اور لیکن | اکثر | لوگ | نہیں | ایمان لاتے | اور کون ہے | زیادہ ظالم

قرآن تمہارے رب کی طرف سے برحق ہے لیکن اکثر لوگ نہیں مانتے۔ اس سے بڑھ کر ظالم

مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا ؕ اُولٰٓئِكَ يُعْرَضُوْنَ عَلٰى رَبِّهِمْ وَيَقُوْلُ

اس سے جو | گھڑلے | پر | اللہ | جھوٹ | یہ لوگ | پیش کئے جائیں گے | سامنے | اپنے رب کے | اور کہیں گے

کون ہے جو اللہ پر جھوٹ بولے؟ ایسے لوگ اپنے رب کے سامنے پیش کئے جائیں گے اور گواہی دینے

الْاَشْهَادُ هٰٓؤُلَآءِ الَّذِيْنَ كَذَبُوْا عَلٰى رَبِّهِمْ ۚ اَلَا لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى

گواہ | یہ لوگ ہیں | جنہوں نے | جھوٹ بولا | پر | اپنے رب | آگاہ رہو کہ | لعنت | اللہ کی ہے | پر

والے کہیں گے ”یہی ہیں جنہوں نے اپنے رب کے بارے میں جھوٹ گھڑا“ سنو، اللہ کی لعنت ہے ایسے ظالموں پر

الظّٰلِمِيْنَ ۙ﴿١٨﴾ الَّذِيْنَ يَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَيَبْغُوْنَهَا عِوَجًا ؕ

ظالموں | جو | روکتے ہیں | سے | راہ | اللہ کی | اور وہ چاہتے ہیں اس میں | ٹیڑھ

جو دوسروں کو اللہ کی راہ سے روکتے ہیں اور اس میں ٹیڑھ تلاش کرتے ہیں۔

وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ كٰفِرُوْنَ ﴿١٩﴾ اُولٰٓئِكَ لَمْ يَكُوْنُوْا مُعْجِزِيْنَ فِى

اور وہ | آخرت کے | وہی ہیں | منکر | یہ لوگ | نہ | وہ تھے | عاجز کرنے والے | میں

یہی لوگ آخرت کا انکار کرتے ہیں۔ ایسے لوگ دنیا میں اللہ کے قابو سے باہر نہیں اور

الْاَرْضِ وَمَا كَانَ لَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ اَوْلِيَآءَ ۘ يُضٰعَفُ لَهُمُ

زمین | اور نہ | تھا | ان کے لئے | سے | غیر | اللہ | کوئی | دوست | دوگنا دیا جائے گا | ان کو

اللہ کے مقابلے میں ان کا کوئی مددگار نہیں۔ انہیں دوہرا عذاب ہوگا

الْعَذَابُ ؕ مَا كَانُوْا يَسْتَطِيْعُوْنَ السَّمْعَ وَمَا كَانُوْا يُبْصِرُوْنَ ﴿٢٠﴾

عذاب | نہ | وہ تھے | طاقت رکھتے | سننے کی | اور نہ | وہ تھے | دیکھتے

کیونکہ نہ وہ حق بات سنتے اور نہ دیکھتے تھے۔

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿٢١﴾

یہ لوگ ہیں | جنہوں نے | نقصان پہنچایا | خود اپنے آپ کو | اور گم ہوگیا | ان سے | جو | وہ تھے | وہ گھڑتے

یہی لوگ ہیں جنہوں نے اپنے آپ کو گھاٹے میں ڈالا۔ ان سے وہ سب کچھ کھو گیا جو

لَا جَرَمَ اَنَّهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ هُمُ الْاَخْسَرُوْنَ ﴿22﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

بلاشبہ | یقیناً وہ | میں | آخرت | وہی ہیں | نقصان اٹھانے والے | بے شک | جو لوگ | ایمان لائے

انہوں نے گھڑا تھا۔ اس میں شک نہیں یہی لوگ آخرت میں گھاٹے میں رہیں گے۔ مگر جو لوگ ایمان لائے،

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَاَخْبَتُوْٓا اِلٰى رَبِّهِمْ ۙ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۚ

اور انہوں نے کام کئے | اچھے | اور انہوں نے عاجزی کی | طرف | اپنے رب کی | یہ لوگ ہیں | رہنے والے | جنت کے

انہوں نے نیک کام کئے، اپنے رب کے سامنے عاجزی کی، وہی جنت والے ہیں اور اس میں

هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿23﴾ مَثَلُ الْفَرِيْقَيْنِ كَالْاَعْمٰى وَالْاَصَمِّ وَالْبَصِيْرِ

وہ | اس میں | ہمیشہ رہنے والے ہیں | مثال | دونوں فریقوں کی | جیسے ایک اندھا | اور بہرا ہو | اور دوسرا دیکھنے والا

ہمیشہ رہیں گے۔ ان دونوں قسم کے فریقوں کی مثال ایسی ہے جیسے ایک اندھا بہرا

وَالسَّمِيْعِ ۭ هَلْ يَسْتَوِيٰنِ مَثَلًا ۭ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿24﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا

اور سننے والا ہو | کیا | وہ دونوں برابر ہوتے ہیں | مثال میں | کیا پس نہیں | تم نصیحت حاصل کرتے | اور بے شک | ہم نے بھیجا

ہو اور دوسرا دیکھنے سننے والا۔ کیا یہ دونوں برابر ہو سکتے ہیں؟ کیا تم غور نہیں کرتے؟ یہ واقعہ ہے کہ ہم نے نوح علیہ السلام کو

نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖٓ ۡ اِنِّىْ لَكُمْ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿25﴾ اَنْ لَّا تَعْبُدُوْٓا

نوح کو | طرف | ان کی قوم کے | بے شک میں ہوں | تمہارے لئے | خبردار کرنے والا | ظاہر | یہ کہ | نہ | تم عبادت کرو

اس کی قوم کی طرف رسول بنا کر بھیجا۔ انہوں نے دعوت دی" میں تمہیں صاف خبردار کرنے والا ہوں کہ اللہ کے سوا کسی کی

اِلَّا اللّٰهَ ۭ اِنِّىْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ اَلِيْمٍ ﴿26﴾ فَقَالَ الْمَلَاُ

مگر | اللہ کی | بے شک میں | میں ڈرتا ہوں | تم پر | عذاب سے | دن | دردناک کے | پھر کہا | سرداروں نے

عبادت نہ کرو ورنہ مجھے ڈر ہے تم پر ایک دن دردناک عذاب آئے گا"۔ جواب میں

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ مَا نَرٰىكَ اِلَّا بَشَرًا مِّثْلَنَا وَمَا نَرٰىكَ

جو | کافر ہوئے | سے | قوم اس کی | نہیں | ہم دیکھتے تجھے | مگر | آدمی | ہم جیسا | اور نہیں | ہم دیکھتے تجھے

اس کی قوم کے کافر سرداروں نے کہا " ہم دیکھتے ہیں تم بھی ہم جیسے انسان ہو اور ہمیں اپنی

اتَّبَعَكَ اِلَّا الَّذِيْنَ هُمْ اَرَاذِلُنَا بَادِيَ الرَّاْيِ ۚ وَمَا نَرٰى

پیروی کی جس نے تیری | مگر | ان لوگوں نے جو | وہ | حقیر ہمارے ہیں | سرسری رائے والے | اور نہیں | ہم دیکھتے

قوم کے چند حقیر لوگوں کے سوا، جو بے سوچے سمجھے تمہارے پیچھے لگ گئے ہیں تمہارا کوئی پیروکار نظر نہیں آتا۔ ہم کوئی ایسی چیز نہیں

لَكُمْ عَلَيْنَا مِنْ فَضْلٍ بَلْ نَظُنُّكُمْ كٰذِبِيْنَ ﴿27﴾ قَالَ يٰقَوْمِ

تمہارے لئے | ہم پر | کوئی | فضیلت | بلکہ | ہم سمجھتے ہیں تمہیں | جھوٹے | اس نے کہا | اے قوم میری

پاتے جس میں تم لوگ ہم سے برتری رکھتے ہو بلکہ ہم تمہیں جھوٹا خیال کرتے ہیں۔'' نوح علیہ السلام نے کہا

اَرَءَيْتُمْ اِنْ كُنْتُ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّيْ وَاٰتٰىنِيْ رَحْمَةً مِّنْ

کیاتم نے دیکھا | اگر | میں ہوں | پر | دلیل | طرف سے | اپنے رب کی | اوراس نے دی مجھے | رحمت | سے

''اے میری قوم کے لوگو! بتاؤ اگر میں اپنے رب کی طرف سے واضح دلیل رکھتا ہوں۔اس نے مجھے پیغمبری دے کر اپنی رحمت سے

عِنْدِهٖ فَعُمِّيَتْ عَلَيْكُمْ اَنُلْزِمُكُمُوْهَا وَاَنْتُمْ لَهَا كٰرِهُوْنَ ﴿28﴾

پاس اپنے | پس وہ چھپائی گئی | تم پر | کیا ہم لگادیں گے تمہیں وہ رحمت | اورتم ہو | اس کے | ناپسند کرنے والے

نوازا ہے تو اب اگر تمہیں حقیقت نظر نہیں آتی تو کیا میں تمہیں زبردستی راہِ حق دکھا دوں جبکہ تم اس سے بیزار ہو؟''

وَيٰقَوْمِ لَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مَالًا اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلَى اللّٰهِ

اوراے میری قوم | نہیں | میں مانگتا تم سے | اس پر | مال | نہیں | معاوضہ میرا | مگر | پر | اللہ

''اور اے لوگو! میں اس کام پر تم سے کچھ مال نہیں مانگتا، میرا اجر اللہ کے ذمے ہے۔ دیکھو جو لوگ

وَمَآ اَنَا بِطَارِدِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اِنَّهُمْ مُّلٰقُوْا رَبِّهِمْ وَلٰكِنِّيْٓ اَرٰىكُمْ قَوْمًا

اورنہیں میں | ٹھکرانے والا | ان لوگوں کو جو | ایمان لائے | بے شک وہ | ملنے والے ہیں | رب اپنے سے | اورلیکن میں | دیکھتا ہوں تمہیں | لوگ ہو

ایمان لائے ہیں، میں انہیں اپنے آپ سے دور کرنے کے لئے ہرگز تیار نہیں۔ انہیں ایک دن اپنے رب سے ملنا ہے۔ مگر میں تمہیں

تَجْهَلُوْنَ ﴿29﴾ وَيٰقَوْمِ مَنْ يَّنْصُرُنِيْ مِنَ اللّٰهِ اِنْ طَرَدْتُّهُمْ

جو جہالت کا مظاہرہ کرتے ہو تم | اوراے قوم میری | کون | مدد کرکے (بچائے گا) مجھے | سے | اللہ | اگر | میں ٹھکرادوں ان کو

دیکھتا ہوں تم جہالت میں مبتلا ہو! اے میری قوم! اگر میں ایمان والوں کو دھتکار دوں تو اللہ کے مقابلے میں کون میری مدد کرے گا۔

اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿30﴾ وَلَآ اَقُوْلُ لَكُمْ عِنْدِيْ خَزَآئِنُ اللّٰهِ وَلَآ اَعْلَمُ

کیا پس نہیں | تم نصیحت حاصل کرتے | اورنہیں | میں کہتا | تم کو | کہ میرے پاس | خزانے ہیں | اللہ کے | اورنہیں | میں جانتا

کیا تم غور نہیں کرتے؟ میں تمہیں یہ نہیں کہتا میرے پاس اللہ کے خزانے ہیں، نہ غیب کی خبر

الْغَيْبَ وَلَآ اَقُوْلُ اِنِّيْ مَلَكٌ وَّلَآ اَقُوْلُ لِلَّذِيْنَ تَزْدَرِيْٓ

غیب | اورنہیں | میں کہتا کہ | بیشک میں ہوں | فرشتہ | اورنہیں | میں کہتا | اُن لوگوں کو جن کو | حقیر دیکھتی ہیں

رکھتا ہوں، نہ یہ کہتا ہوں کہ میں فرشتہ ہوں۔ میں یہ نہیں کہہ سکتا جو لوگ تمہاری نگاہوں میں حقیر ہیں

اَعْيُنُكُمْ لَنْ يُّؤْتِيَهُمُ اللّٰهُ خَيْرًا ؕ اَللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ ۚ

آنکھیں تمہاری | ہرگز نہ | دے گا ان کو | اللہ | کوئی بھلائی | اللہ | خوب جانتا ہے | جو کچھ ہے | میں | ان کے دلوں

انہیں اللہ کوئی بھلائی نہیں دے گا۔ اللہ خوب جانتا ہے جو کچھ ان کے دلوں میں ہے۔

اِنِّيْٓ اِذًا لَّمِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿31﴾ قَالُوْا يٰنُوْحُ قَدْ جٰدَلْتَنَا فَاَكْثَرْتَ

بیشک میں | اس وقت | ضرور ہو جاؤں گا سے | ظالموں | وہ بولے | اے نوح | بے شک | تو نے جھگڑا کیا ہم سے | پس تو نے بہت کیا

اگر میں ایسا کہوں تو میں ظالم ہوں گا۔ لوگوں نے کہا ''اے نوح علیہ السلام! تم نے ہم سے جھگڑا کیا اور بہت جھگڑا کیا۔

جِدَالَنَا فَاْتِنَا بِمَا تَعِدُنَآ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿32﴾ قَالَ

جھگڑا ہم سے | اب تو لے آ ہم پر | جو کچھ | تو دھمکی دیتا ہے ہمیں | اگر | تو ہے | سے | سچوں | اس نے کہا

اب وہ عذاب ہم پر لے ہی آ جس کی ہمیں دھمکی دیتے ہو اگر تم سچے ہو۔ نوح علیہ السلام نے جواب دیا

اِنَّمَا يَاْتِيْكُمْ بِهِ اللّٰهُ اِنْ شَآءَ وَمَآ اَنْتُمْ بِمُعْجِزِيْنَ ﴿33﴾

بے شک | لائے گا تمہارے پاس | اس کو | اللہ | اگر | وہ چاہے گا | اور نہیں | تم ہو | عاجز کرنے والے

''وہ عذاب اللہ لائے گا اگر اسے منظور ہوگا پھر تم اس کے قابو سے باہر نہیں جا سکو گے۔

وَلَا يَنْفَعُكُمْ نُصْحِيْٓ اِنْ اَرَدْتُّ اَنْ اَنْصَحَ لَكُمْ اِنْ كَانَ

اور نہیں | نفع دے گی تمہیں | نصیحت میری | اگر | میں چاہوں | کہ | میں نصیحت کروں | تم کو | اگر | ہے

میری نصیحت بھی تمہیں فائدہ نہ دے گی اگر

اللّٰهُ يُرِيْدُ اَنْ يُّغْوِيَكُمْ ؕ هُوَ رَبُّكُمْ ۣ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿34﴾ ؕ اَمْ

اللہ | چاہتا | کہ | وہ گمراہ کرے تمہیں | وہی ہے | رب تمہارا | اور طرف اس کی | تم لوٹائے جاؤ گے | کیا

اللہ تمہیں بھٹکانا چاہتا ہے۔ وہی تمہارا رب ہے اور اسی کی طرف تمہیں لوٹ کر جانا ہے۔''

يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ؕ قُلْ اِنِ افْتَرَيْتُهٗ فَعَلَيَّ اِجْرَامِيْ وَاَنَا بَرِيْٓءٌ

وہ کہتے ہیں کہ | اس نے گھڑ لیا ہے اسے | کہہ دیجئے | اگر | میں نے گھڑ لیا اسے | تو مجھ پر ہے | جرم میرا | اور میں | بری ہوں

اے نبی صلی اللہ علیہ وسلم! کیا کافر یہ کہتے ہیں ''اس شخص نے قرآن خود گھڑ لیا؟'' آپ صلی اللہ علیہ وسلم کہیں ''اگر میں نے اسے گھڑا ہے تو میرا جرم

مِّمَّا تُجْرِمُوْنَ ﴿35﴾ ع وَاُوْحِيَ اِلٰى نُوْحٍ اَنَّهٗ لَنْ يُّؤْمِنَ مِنْ قَوْمِكَ

اس سے جو | تم جرم کرتے ہو | اور وحی کی گئی | طرف | نوح کی | یہ کہ | ہرگز نہ | وہ ایمان لائیں گے | سے | قوم تیری

میرے اوپر ہے اور جو جرم تم کر رہے ہو میں اس سے بری ہوں۔'' اور نوح علیہ السلام کی طرف وحی کی گئی ''تمہاری قوم میں سے جو

ع 3 11 3

اِلَّا مَنْ قَدْ اٰمَنَ فَلَا تَبْتَئِسْ بِمَا كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ ﴿۳۶﴾ وَاصْنَعِ

مگر | جو لوگ | ہیں | ایمان لا چکے | پس نہ | تو غم کھا | اس کا جو | وہ ہیں | وہ کرتے | اور تو بنا

لوگ ایمان لا چکے ہیں اب ان کے سوا کوئی اور ایمان نہ لائے گا۔ آپ ان کاموں پر غمگین نہ ہوں جو وہ کر رہے ہیں۔ آپ علیہ السلام

الْفُلْكَ بِاَعْيُنِنَا وَوَحْيِنَا وَلَا تُخَاطِبْنِيْ فِي الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ۚ

کشتی | ہماری آنکھوں کے سامنے | اور ہماری وحی کے | اور نہ | تو گفتگو کر | بارے میں | ان لوگوں کے | جنہوں نے ظلم کیا

ہمارے روبرو اور ہمارے حکم سے ایک کشتی بنائیں اور ان ظالموں کے حق میں مجھ سے بات نہ کریں۔

اِنَّهُمْ مُّغْرَقُوْنَ ﴿۳۷﴾ وَيَصْنَعُ الْفُلْكَ ۟ وَكُلَّمَا مَرَّ عَلَيْهِ مَلَاٌ مِّنْ

بے شک وہ ہیں | ڈبوئے جانے والے | اور وہ بناتا تھا | کشتی کو | اور جب جب | گزرتے | اس پر | سردار | سے

بے شک وہ غرق ہوں گے۔'' چنانچہ نوح علیہ السلام نے کشتی بنانی شروع کی۔ جب ان کی قوم کے سردار

قَوْمِهٖ سَخِرُوْا مِنْهُ ؕ قَالَ اِنْ تَسْخَرُوْا مِنَّا فَاِنَّا نَسْخَرُ مِنْكُمْ

قوم اس کی | وہ مذاق کرتے | اس سے | اس نے کہا | اگر | تم مذاق کرتے ہو | ہم سے | تو بے شک ہم | ہم مذاق کریں گے | تم سے

وہاں سے گزرتے تو ہنسی اُڑاتے۔ نوح علیہ السلام انہیں جواب دیتے ''اگر تم ہم پر ہنستے ہو تو ہم بھی تم پر

كَمَا تَسْخَرُوْنَ ؕ ﴿۳۸﴾ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۙ مَنْ يَّاْتِيْهِ عَذَابٌ يُّخْزِيْهِ

جیسے | تم مذاق کرتے ہو | پھر ضرور | تم جان لوگے | کون ہے | آتا ہے جس کے پاس | عذاب | جو ذلیل کرے گا اسے

ہنسیں گے۔ تمہیں جلد معلوم ہو جائے گا کہ کس پر ذلت ناک

وَيَحِلُّ عَلَيْهِ عَذَابٌ مُّقِيْمٌ ﴿۳۹﴾ حَتّٰٓى اِذَا جَآءَ اَمْرُنَا وَفَارَ التَّنُّوْرُ ۙ

اور نازل ہوگا | اس پر | عذاب | دائمی | یہاں تک کہ | جب | آ گیا | حکم ہمارا | اور جوش مارا | تنور نے

اور دائمی عذاب آتا ہے۔'' اور جب ہمارا حکم آ پہنچا اور تنور سے طوفان اُبل پڑا تو

قُلْنَا احْمِلْ فِيْهَا مِنْ كُلٍّ زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ وَاَهْلَكَ اِلَّا مَنْ

ہم نے کہا | تو لاد لے | اس میں | سے | ہر | جوڑا | دو عدد | اور گھرانے اپنے کو | مگر | وہ کہ

ہم نے نوح علیہ السلام سے کہا ''ہر قسم کے جانوروں کا ایک جوڑا کشتی میں سوار کر لیں۔ اپنے گھر والوں کو اس میں بٹھا لیں سوائے ان

سَبَقَ عَلَيْهِ الْقَوْلُ وَمَنْ اٰمَنَ ؕ وَمَآ اٰمَنَ مَعَهٗٓ اِلَّا قَلِيْلٌ ﴿۴۰﴾

پہلے سے طے ہوئی | جس پر | بات | اور ان کو جو | ایمان لائے | اور نہیں | ایمان لائے | ساتھ اس کے | مگر | تھوڑے

کے جن کے بارے میں پہلے کہا جا چکا ہے کہ انہیں ہلاک ہونا ہے اور سب ایمان والوں کو بھی اپنے ساتھ کشتی میں سوار کر لیں۔ وہ

وَقَالَ ارْكَبُوْا فِيْهَا بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖىهَا وَمُرْسٰىهَا ؕ اِنَّ رَبِّيْ

اور اس نے کہا | تم سوار ہو جاؤ | اس میں | ساتھ نام | اللہ کے ہے | چلنا اس کا | اور ٹھہرنا اس کا | بے شک | رب میرا ہے

تھوڑے سے لوگ تھے جو نوح علیہ السلام کے ساتھ ایمان والے تھے۔ نوح علیہ السلام نے اپنے ساتھیوں سے کہا "کشتی میں سوار

لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿41﴾ وَهِيَ تَجْرِيْ بِهِمْ فِيْ مَوْجٍ كَالْجِبَالِ ۟ وَنَادٰى

واقعی بخشنے والا | نہایت مہربان | اور وہ | چلتی تھی | ساتھ ان کے | میں | موجوں | طرح پہاڑوں کی | اور پکارا

ہو جاؤ، اللہ کے نام سے اس کا چلنا اور اللہ کے نام سے اس کا رکنا ہے۔ بے شک میرا رب بخشنے والا مہربان ہے!" اور وہ کشتی پہاڑ

نُوْحُ ِۨ ابْنَهٗ وَكَانَ فِيْ مَعْزِلٍ يّٰبُنَيَّ ارْكَبْ مَّعَنَا وَلَا تَكُنْ

نوح نے | بیٹے اپنے کو | اور وہ تھا | میں | ایک طرف | اے بیٹے میرے | تو سوار ہو جا | ساتھ ہمارے | اور نہ | تو ہو

جیسی موجوں کے درمیان انہیں لے کر چلنے لگی۔ نوح علیہ السلام نے اپنے بیٹے کو پکارا جو ان سے الگ تھا "اے میرے بیٹے!

مَّعَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿42﴾ قَالَ سَاٰوِيْٓ اِلٰى جَبَلٍ يَّعْصِمُنِيْ مِنَ الْمَآءِ ؕ قَالَ

ساتھ | کافروں کے | اس نے کہا | جلد لوں گا پناہ | طرف | پہاڑ کی | جو بچا لے گا مجھے | سے | پانی | اس نے کہا

ہمارے ساتھ سوار ہو جا۔ کافروں کے ساتھ مت رہ!" وہ بولا "میں کسی پہاڑ کی پناہ لے لوں گا جو مجھے پانی سے بچائے گا۔" نوح

لَا عَاصِمَ الْيَوْمَ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ اِلَّا مَنْ رَّحِمَ ۚ وَحَالَ بَيْنَهُمَا

نہیں | کوئی بچانے والا | آج کے دن | سے | حکم | اللہ کے | مگر | جس پر | وہ رحم کرے | اور حائل ہو گئی | دونوں کے درمیان

علیہ السلام نے کہا "آج اللہ کے عذاب سے کوئی بچانے والا نہیں مگر جس پر اللہ رحم فرمائے وہ بچ سکتا ہے۔ پھر دونوں کے درمیان

الْمَوْجُ فَكَانَ مِنَ الْمُغْرَقِيْنَ ﴿43﴾ وَقِيْلَ يٰٓاَرْضُ ابْلَعِيْ مَآءَكِ

موج | پھر وہ ہو گیا | سے | ڈوبنے والوں | اور کہا گیا | اے زمین | تو نگل جا | پانی اپنا

موج حائل ہو گئی اور دوسروں کے ساتھ نوح علیہ السلام کا بیٹا بھی غرق ہو گیا۔ اللہ کا حکم ہوا "اے زمین! اپنا پانی نگل لے اور اے

وَيٰسَمَآءُ اَقْلِعِيْ وَغِيْضَ الْمَآءُ وَقُضِيَ الْاَمْرُ وَاسْتَوَتْ عَلَى

اور اے آسمان | تو تھم جا | اور خشک کیا گیا | پانی | اور پورا کر دیا گیا | کام | اور وہ (کشتی) جا لگی | پر

آسمان تھم جا!" اور پانی خشک ہو گیا۔ جو ہونا تھا وہ ہو گیا۔ کشتی جودی پہاڑ پر جا

الْجُوْدِيِّ وَقِيْلَ بُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿44﴾ وَنَادٰى نُوْحٌ رَّبَّهٗ فَقَالَ

جودی پہاڑ | اور کہا گیا | ہلاکت ہے | لوگوں کے لئے | ظالم | اور پکارا | نوح نے | اپنے رب کو | پھر کہا

لگی۔ ظالموں کی تباہی کا اعلان ہو گیا۔ اور جب نوح علیہ السلام کا بیٹا ابھی غرق نہیں ہوا تھا تو نوح علیہ السلام

رَبِّ اِنَّ ابْنِیْ مِنْ اَهْلِیْ وَاِنَّ وَعْدَكَ الْحَقُّ وَاَنْتَ اَحْكَمُ

اے رب میرے | بیشک | بیٹا میرا ہے | سے | گھرانے میرے | اور بیشک | وعدہ تیرا | سچا ہے | اور تو | بڑا فیصلہ کرنے والا ہے

نے اپنے رب کو پکارا ”اے میرے رب! میرا بیٹا میرے گھر والوں میں سے ہے۔ تو نے میرے گھر والوں کو نجات دینے کا سچا

الْحٰكِمِیْنَ ﴿45﴾ قَالَ یٰنُوْحُ اِنَّهٗ لَیْسَ مِنْ اَهْلِكَ ۚ اِنَّهٗ عَمَلٌ غَیْرُ

فیصلہ کرنے والوں سے | اس نے کہا | اے نوح | بے شک وہ | نہیں ہے | سے | گھرانے تیرے | بے شک اسکا | عمل | نہیں

وعدہ فرمایا تھا۔ تو سب سے بڑا حاکم ہے میرے بیٹے کو بھی نجات دے!“ اللہ نے فرمایا ”اے نوح علیہ السلام! وہ تیرے گھر والوں

صَالِحٍ ۖ فَلَا تَسْـَٔلْنِ مَا لَیْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ ؕ اِنِّیْۤ اَعِظُكَ اَنْ

اچھا | پس نہ | تو سوال کر مجھ سے | اسکا جو | نہیں | تجھ کو | اس کا | علم | بے شک میں | میں سمجھاتا ہوں تجھے | یہ کہ

میں سے نہیں۔ اس کے کام خراب ہیں۔ مجھ سے ایسا سوال نہ کریں جس کی حقیقت آپ کو معلوم نہیں۔ میں آپ کو نصیحت کرتا ہوں کہ

تَكُوْنَ مِنَ الْجٰهِلِیْنَ ﴿46﴾ قَالَ رَبِّ اِنِّیْۤ اَعُوْذُ بِكَ اَنْ اَسْـَٔلَكَ

تو ہو جائے | سے | جاہلوں | اس نے کہا | رب میرے | بیشک میں | پناہ چاہتا ہوں | تیری | یہ کہ | سوال کروں تجھ سے

نادانوں میں سے نہ بنیں۔ نوح علیہ السلام نے عرض کیا ”اے میرے رب! میں تیری پناہ چاہتا ہوں اس سے بچنے کے لئے کہ تجھ

مَا لَیْسَ لِیْ بِهٖ عِلْمٌ ؕ وَاِلَّا تَغْفِرْ لِیْ وَتَرْحَمْنِیْۤ اَكُنْ مِّنَ

جو | نہیں | مجھ کو | اس کا | علم | اور اگر نہ | تو بخشے گا مجھے | اور نہ تو رحم کریگا مجھ پر | میں ہو جاؤں گا | سے

سے اس چیز کا سوال کروں جس کا مجھے علم نہیں۔ تو نے اگر مجھے معاف نہ کیا اور مجھ پر رحم نہ فرمایا تو میں برباد

الْخٰسِرِیْنَ ﴿47﴾ قِیْلَ یٰنُوْحُ اهْبِطْ بِسَلٰمٍ مِّنَّا وَبَرَكٰتٍ عَلَیْكَ وَعَلٰۤى

نقصان اٹھانے والوں | کہا گیا | اے نوح | تو اتر | ساتھ سلامتی کے | طرف سے ہماری | اور برکتوں کے | تجھ پر | اور پر

ہو جاؤں گا“۔ جب طوفان ختم ہوا تو حکم دیا گیا ”اے نوح علیہ السلام اب کشتی سے اترو، ہماری طرف سے تم پر سلامتی اور برکتیں

اُمَمٍ مِّمَّنْ مَّعَكَ ؕ وَاُمَمٌ سَنُمَتِّعُهُمْ ثُمَّ یَمَسُّهُمْ مِّنَّا عَذَابٌ

امتوں کے | ان سے جو | ساتھ تیرے ہیں | اور امتیں ہونگی | جلد ہم فائدہ دینگے انکو | پھر | پہنچے گا ان کو | طرف سے ہماری | عذاب

ہوں اور ان لوگوں پر بھی ہوں جو تمہارے ساتھ ہیں۔ تم لوگوں سے آگے چل کر کچھ کافر بھی پیدا ہوں گے جنہیں ہم دنیا کا فائدہ

اَلِیْمٌ ﴿48﴾ تِلْكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْغَیْبِ نُوْحِیْهَاۤ اِلَیْكَ ۚ مَا كُنْتَ

دردناک | یہ ہیں | سے | خبروں میں | غیب کی | ہم وحی کرتے ہیں ان کو | طرف تیری | نہیں | تو تھا

دیں گے مگر آخرت میں انہیں ہماری طرف سے دردناک عذاب پہنچے گا۔ اے نبی صلی اللہ علیہ وسلم! یہ غیب کی خبریں ہیں جو ہم آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی

تَعْلَمُهَآ اَنْتَ وَلَا قَوْمُكَ مِنْ قَبْلِ هٰذَا ۛ فَاصْبِرْ ۛ اِنَّ الْعَاقِبَةَ

تو جانتا ان کو | تو | اور نہ | قوم تیری | سے | پہلے | اس | پس تو صبر کر | بے شک | اچھا انجام ہے

طرف وحی کر رہے ہیں ورنہ اس سے پہلے ان باتوں کو نہ آپ ﷺ جانتے تھے، نہ آپ ﷺ کی قوم جانتی تھی۔ لہٰذا آپ ﷺ صبر

لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿49﴾ وَاِلٰى عَادٍ اَخَاهُمْ هُوْدًا ۛ قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ

پرہیزگاروں کیلئے | اور طرف | عاد کی | بھائی ان کے | ہود کو | اس نے کہا | اے قوم میری | تم عبادت کرو | اللہ کی

کریں۔ بے شک پرہیزگاروں کے لئے اچھا انجام ہے۔ اور قومِ عاد کی طرف ہم نے ان کے بھائی ہود علیہ السلام کو نبی بنا کر

مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ۛ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا مُفْتَرُوْنَ ﴿50﴾ يٰقَوْمِ

نہیں ہے | تمہارے لئے | کوئی | معبود | سوائے اس کے | نہیں ہو | تم | مگر | جھوٹ گھڑنے والے | اے میری قوم

بھیجا۔ اس نے کہا "اے میری قوم کے لوگو! اللہ کی عبادت کرو۔ اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں۔ تم نے جھوٹے معبود گھڑ رکھے

لَآ اَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا ۛ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلَى الَّذِيْ فَطَرَنِيْ ۛ اَفَلَا

نہیں | میں مانگتا تم سے | اس پر | کوئی معاوضہ | نہیں ہے | معاوضہ | مگر | اوپر | جس نے | پیدا کیا مجھے | کیا پس نہیں

ہیں۔ اے میری قوم! میں اس تبلیغ پر تم سے کوئی معاوضہ نہیں مانگتا۔ میرا اجر میرے خالق کے ذمے ہے۔ کیا تم نہیں

تَعْقِلُوْنَ ﴿51﴾ وَيٰقَوْمِ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوْبُوْٓا اِلَيْهِ يُرْسِلِ

تم سمجھتے | اور اے میری قوم | تم بخشش مانگو | اپنے رب سے | پھر | تم توبہ کرو | طرف اس کی | وہ بھیجے گا

سمجھتے؟ اور اے میری قوم کے لوگو! اپنے رب سے گناہوں کی معافی مانگو اور توبہ کرو۔ وہ تم پر خوب

السَّمَآءَ عَلَيْكُمْ مِّدْرَارًا وَّيَزِدْكُمْ قُوَّةً اِلٰى قُوَّتِكُمْ وَلَا تَتَوَلَّوْا

بادل | تم پر | خوب برسنے والا | اور وہ زیادہ دے گا تمہیں | طاقت | پر | طاقت تمہاری | اور نہ | تم پھر جاؤ

بارشیں برسائے گا۔ تمہاری قوت میں مزید اضافہ کرے گا۔ اور دیکھو، مجرم بن کر منہ

مُجْرِمِيْنَ ﴿52﴾ قَالُوْا يٰهُوْدُ مَا جِئْتَنَا بِبَيِّنَةٍ وَّمَا نَحْنُ بِتَارِكِيْٓ

مجرم بن کر | وہ بولے | اے ہود | نہیں | تو لایا ہمارے پاس | کوئی دلیل | اور نہیں ہیں | ہم | چھوڑنے والے

نہ پھیرو۔" ان لوگوں نے جواب دیا "اے ہود علیہ السلام تم ہمارے پاس کوئی کھلی نشانی لے کر نہیں آئے۔ ہم تمہارے کہنے سے

اٰلِهَتِنَا عَنْ قَوْلِكَ وَمَا نَحْنُ لَكَ بِمُؤْمِنِيْنَ ﴿53﴾ اِنْ نَّقُوْلُ اِلَّا

اپنے معبودوں کو | سے | تیری بات | اور نہیں ہیں | ہم | تجھ کو | ماننے والے | نہیں | ہم کہتے | مگر

اپنے معبودوں کو چھوڑنے والے نہیں۔ ہم ہرگز تمہیں ماننے والے نہیں۔ ہم یہی کہیں گے

اِعْتَرٰىكَ بَعْضُ اٰلِهَتِنَا بِسُوْٓءٍ ؕ قَالَ اِنِّيْٓ اُشْهِدُ اللّٰهَ وَاشْهَدُوْٓا

آسیب کردیا ہے تجھے | بعض | ہمارے معبودوں نے | برا | اس نے کہا | بیشک میں | گواہ بناتا ہوں | اللہ کو | اور تم بھی گواہ رہو

تم پر ہمارے معبودوں میں سے کسی کی مار پڑ گئی ہے جو ایسی باتیں کرتے ہو"۔ ہود علیہ السلام نے کہا "میں اللہ کو گواہ بناتا ہوں

اَنِّيْ بَرِيْٓءٌ مِّمَّا تُشْرِكُوْنَ ﴿54﴾ مِنْ دُوْنِهٖ فَكِيْدُوْنِيْ جَمِيْعًا ثُمَّ

کہ میں | بری ہوں | اس سے جو | تم شرک کرتے ہو | سے | سوائے اس کے | پس تم مجھ پر چال چل لو | سب | پھر

تم بھی گواہ رہو میں بری ہوں ان سے جنہیں تم نے اللہ کے ساتھ شریک بنا رکھا ہے۔ تم سب مل کر میرے خلاف تدبیر کرو اور مجھے

لَا تُنْظِرُوْنِ ﴿55﴾ اِنِّيْ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ رَبِّيْ وَرَبِّكُمْ ؕ مَا مِنْ

نہ تم مہلت دو مجھے | بے شک میں | میں نے توکل کیا | پر | اللہ | جو میرا رب ہے | اور تمہارا رب ہے | نہیں ہے | کوئی

مہلت نہ دو۔ میرا بھروسا اللہ پر ہے جو میرا بھی رب ہے اور تمہارا بھی۔ کوئی جاندار

دَآبَّةٍ اِلَّا هُوَ اٰخِذٌۢ بِنَاصِيَتِهَا ؕ اِنَّ رَبِّيْ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿56﴾

جاندار | مگر | وہ | پکڑنے والا ہے | اس کی پیشانی کو | بے شک | میرا رب ہے | پر | راہ | سیدھی

ایسا نہیں جس کی چوٹی اس کے ہاتھ میں نہ ہو۔ بے شک میرا رب سیدھی راہ پر ہے۔

فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقَدْ اَبْلَغْتُكُمْ مَّآ اُرْسِلْتُ بِهٖٓ اِلَيْكُمْ ؕ وَيَسْتَخْلِفُ

پھر اگر | تم پھر جاؤ | تو بے شک | میں پہنچا چکا تمہیں | وہ چیز کہ | میں بھیجا گیا ہوں | ساتھ جسکے | طرف تمہاری | اور جانشین بنا دے گا

لیکن اگر تم منہ موڑو گے تو میں نے تمہیں وہ پیغام پہنچا دیا جس کے لئے مجھے تمہاری طرف بھیجا گیا۔

رَبِّيْ قَوْمًا غَيْرَكُمْ ۚ وَلَا تَضُرُّوْنَهٗ شَيْـًٔا ؕ اِنَّ رَبِّيْ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ

میرا رب | کسی اور قوم کو | تمہارے سوا | اور نہ | تم بگاڑ سکو گے اس کا | کچھ | بیشک | رب میرا ہے | پر | ہر | چیز

مجھے تو نظر آتا ہے میرا رب تمہاری جگہ کسی دوسری قوم کو اٹھا کھڑا کرے گا اور تم اللہ کا کچھ نہیں بگاڑ سکو گے۔ بے شک میرا رب ہر چیز پر

حَفِيْظٌ ﴿57﴾ وَلَمَّا جَآءَ اَمْرُنَا نَجَّيْنَا هُوْدًا وَّالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ

نگہبان | اور جب | آ گیا | حکم ہمارا | ہم نے نجات دی | ہود کو | اور ان کو جو | ایمان لائے | ساتھ اس کے

نگہبان ہے۔ اور جب ہمارا عذاب آیا تو ہم نے اپنی رحمت کے ذریعے ہود علیہ السلام کو اور ان لوگوں کو

بِرَحْمَةٍ مِّنَّا ۚ وَنَجَّيْنٰهُمْ مِّنْ عَذَابٍ غَلِيْظٍ ﴿58﴾ وَتِلْكَ عَادٌ ۙ

ساتھ رحمت کے | ہماری طرف سے | اور ہم نے نجات دی ان کو | سے | عذاب | سخت | اور یہ تھے | عاد

بچا لیا جو اس کے ساتھ ایمان لائے اور ہم نے ان سب کو ایک نہایت سخت عذاب سے بچایا تھا۔ یہ قصہ قومِ عاد کا ہے

جَحَدُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ وَعَصَوْا رُسُلَهٗ وَاتَّبَعُوْٓا اَمْرَ كُلِّ جَبَّارٍ

جنہوں نے انکار کیا | نشانیوں کا | اپنے رب کی | اور نافرمانی کی | اپنے رسولوں کی | اور انہوں نے پیروی کی | حکم | ہر | سرکش

جنہوں نے اپنے رب کی نشانیوں کا انکار کیا، اس کے رسولوں کی نافرمانی کی اور ہر سرکش اور مخالف کی

عَنِيْدٍ ﴿59﴾ وَاُتْبِعُوْا فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا لَعْنَةً وَّيَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ اَلَآ اِنَّ

دشمن حق کی | اور انکے پیچھے بھیجی گئی | میں | اس | دنیا | لعنت | اور دن | قیامت کے | آگاہ رہو | بیشک

بات مانی۔ ان کے پیچھے اس دنیا میں بھی لعنت لگی اور قیامت کے دن بھی۔ آگاہ رہو،

عَادًا كَفَرُوْا رَبَّهُمْ ۭ اَلَا بُعْدًا لِّعَادٍ قَوْمِ هُوْدٍ ﴿60﴾ ع وَاِلٰى ثَمُوْدَ

ع 5 11 5

عاد نے | انکار کیا | اپنے رب کا | آگاہ رہو | ہلاکت ہوئی | واسطے عاد کے | قوم | ہود کی | اور طرف | ثمود کی

قومِ عاد نے اپنے رب کا انکار کیا۔ سنو، ہلاکت ہے ہود کی قوم، عاد کے لئے! اور قومِ ثمود کی طرف

اَخَاهُمْ صٰلِحًا ۘ قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ

وقف لازم

بھائی ان کے | صالح کو | اس نے کہا | اے میری قوم | تم عبادت کرو | اللہ کی | نہیں | تمہارے لئے | کوئی | معبود

ہم نے ان کے بھائی صالح علیہ السلام نبی بنا کر بھیجا۔ اس نے کہا "اے میری قوم کے لوگو! اللہ کی عبادت کرو۔ اس کے سوا تمہارا

غَيْرُهٗ ۭ هُوَ اَنْشَاَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ وَاسْتَعْمَرَكُمْ فِيْهَا فَاسْتَغْفِرُوْهُ

سوائے اس کے | اس نے | پیدا کیا تمہیں | سے | زمین | اور اس نے آباد کیا تم کو | اس میں | پس تم بخشش مانگو اس سے

کوئی معبود نہیں۔ اسی نے تمہیں زمین سے پیدا کیا۔ اس میں آباد کیا۔ اسی سے اپنے گناہوں کی معافی مانگو اور اسی کی طرف رجوع

ثُمَّ تُوْبُوْٓا اِلَيْهِ ۭ اِنَّ رَبِّيْ قَرِيْبٌ مُّجِيْبٌ ﴿61﴾ قَالُوْا يٰصٰلِحُ قَدْ

پھر | تم توبہ کرو | طرف اس کی | بے شک | میرا رب ہے | بہت قریب | دعائیں سننے والا | انہوں نے کہا | اے صالح | بے شک

کرو۔ بے شک میرا رب قریب بھی ہے اور دعائیں قبول کرنے والا بھی" لوگوں نے کہا "اے صالح علیہ السلام

كُنْتَ فِيْنَا مَرْجُوًّا قَبْلَ هٰذَآ اَتَنْهٰىنَآ اَنْ نَّعْبُدَ مَا

تو تھا | ہم میں | جس سے امیدیں تھیں | پہلے | اس سے | کیا تو روکتا ہے ہمیں | اس سے کہ | ہم عبادت کریں | اس چیز کی

اس سے پہلے ہمیں تم سے بڑی امیدیں تھیں۔ کیا تم ہمیں ان کی عبادت سے روکتے ہو جن کی عبادت ہمارے

يَعْبُدُ اٰبَاۗؤُنَا وَاِنَّنَا لَفِيْ شَكٍّ مِّمَّا تَدْعُوْنَآ اِلَيْهِ

جس کی عبادت کی | باپ دادا ہمارے | اور بے شک ہم ہیں | البتہ میں | شک | اس سے کہ | تو بلاتا ہے ہمیں | طرف جس کی

باپ دادا کرتے تھے؟ تم جس چیز کی طرف ہمیں بلاتے ہو اس کے بارے میں ہمیں شبہ ہے

مُرِيْبٍ ﴿۶۲﴾ قَالَ يٰقَوْمِ اَرَءَيْتُمْ اِنْ كُنْتُ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّىْ

الجھن میں ڈالنے والی | اس نے کہا | اے میری قوم | کیا تم نے دیکھا | اگر | میں ہوں | پر | دلیل | طرف سے | اپنے رب کی

اور ہم سخت اُلجھن میں ہیں۔" صالح علیہ السلام نے کہا "اے میری قوم بتاؤ اگر میں اپنے رب کی طرف سے واضح دلیل رکھتا ہوں

وَاٰتٰىنِىْ مِنْهُ رَحْمَةً فَمَنْ يَّنْصُرُنِىْ مِنَ اللّٰهِ اِنْ عَصَيْتُهٗ فَمَا

اور مجھے دی | اپنے پاس سے | رحمت | پھر کون | مدد کرے گا میری | سے | اللہ | اگر | نافرمانی کروں اسکی | پھر نہ

اور اس نے مجھے اپنی رحمت سے نبوت عطا کی تو اگر میں اللہ کی نافرمانی کروں تو اس کی پکڑ سے مجھے کون بچائے گا؟ اس طرح تم میرا

تَزِيْدُوْنَنِىْ غَيْرَ تَخْسِيْرٍ ﴿۶۳﴾ وَيٰقَوْمِ هٰذِهٖ نَاقَةُ اللّٰهِ لَكُمْ اٰيَةً

تم زیادہ کرو گے مجھے | سوائے | نقصان پہنچانے کے | اور اے میری قوم | یہ ہے | اونٹنی | اللہ کی | تمہارے لئے | نشانی

نقصان ہی کرو گے۔ اور اے میری قوم کے لوگو! دیکھو، یہ اللہ کی اونٹنی تمہارے لئے ایک نشانی ہے۔

فَذَرُوْهَا تَاْكُلْ فِىْٓ اَرْضِ اللّٰهِ وَلَا تَمَسُّوْهَا بِسُوْٓءٍ فَيَاْخُذَكُمْ

پس تم چھوڑ دو اسے | وہ کھاتی پھرے | میں | زمین | اللہ کی | اور نہ | تم چھونا اسے | تکلیف دینے کو | ورنہ پکڑے گا تمہیں

تم اسے چھوڑ دو تا کہ اللہ کی زمین میں کھائے پھرے اور اسے کوئی تکلیف نہ پہنچانا ورنہ تمہیں جلد عذاب

عَذَابٌ قَرِيْبٌ ﴿۶۴﴾ فَعَقَرُوْهَا فَقَالَ تَمَتَّعُوْا فِىْ دَارِكُمْ ثَلٰثَةَ

عذاب | جلدی | پھر انہوں نے پاؤں کاٹے اس کے | پس وہ بولا | تم مزے کرلو | میں | اپنے گھروں | تین

آ پکڑے گا۔" مگر انہوں نے اس کے پاؤں کاٹ ڈالے۔ اس پر صالح علیہ السلام نے ان سے کہا "تین دن اور اپنے گھروں

اَيَّامٍ ؕ ذٰلِكَ وَعْدٌ غَيْرُ مَكْذُوْبٍ ﴿۶۵﴾ فَلَمَّا جَآءَ اَمْرُنَا نَجَّيْنَا

دن | یہ ہے | وعدہ | نہیں | جھوٹا | پھر جب | آ گیا | حکم ہمارا | ہم نے نجات دی

میں رہ لو۔ عذاب کی یہ دھمکی جھوٹی نہ نکلے گی" پھر جب ہمارا حکم آ پہنچا تو ہم نے اپنی رحمت کے ذریعے صالح علیہ السلام کو اور

صٰلِحًا وَّالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا وَمِنْ خِزْىِ يَوْمِئِذٍ ؕ

صالح کو | اور ان کو جو | ایمان لائے | ساتھ اس کے | ساتھ رحمت کے | اپنی طرف سے | اور سے | ذلت | اس دن کی

ان لوگوں کو جو اس کے ساتھ ایمان لائے تھے بچا لیا اور اس دن کی رسوائی سے محفوظ رکھا۔

اِنَّ رَبَّكَ هُوَ الْقَوِىُّ الْعَزِيْزُ ﴿۶۶﴾ وَاَخَذَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوا الصَّيْحَةُ

بے شک | رب تیرا | وہ ہے | بڑی قوت والا | نہایت غالب | اور پکڑا | ان کو جو | ظلم کرتے تھے | کڑک نے

اے نبی صلی اللہ علیہ وسلم بے شک آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا رب بڑا قوی اور غالب ہے۔ اور جن لوگوں نے ظلم کیا انہیں ایک سخت دھماکے نے پکڑ لیا اور وہ

فَاَصْبَحُوْا فِیْ دِیَارِهِمْ جٰثِمِیْنَ ﴿67﴾ كَاَنْ لَّمْ یَغْنَوْا فِیْهَا ؕ اَلَاۤ

پھر وہ ہو گئے | میں | اپنے گھروں | گھٹنوں کے بل پڑے ہوئے | گویا کہ | نہ | وہ کبھی رہے تھے | اس میں | آگاہ رہو

اپنے گھروں میں اوندھے پڑے رہ گئے۔ جیسے وہ کبھی ان میں بسے ہی نہ تھے! آگاہ رہو، قوم ثمود

اِنَّ ثَمُوْدَاۡ كَفَرُوْا رَبَّهُمْ ؕ اَلَا بُعْدًا لِّثَمُوْدَ ﴿68﴾ ع وَ لَقَدْ جَآءَتْ

بے شک | ثمود نے | انکار کیا | اپنے رب کا | آگاہ رہو | دوری ہے | ثمود کے لئے | اور بے شک | آئے

نے اپنے رب کا انکار کیا۔ سنو قومِ ثمود ہلاک ہوئی۔ یہ واقعہ ہے کہ ابراہیم علیہ السلام کے پاس

رُسُلُنَاۤ اِبْرٰهِیْمَ بِالْبُشْرٰی قَالُوْا سَلٰمًا ؕ قَالَ سَلٰمٌ فَمَا لَبِثَ

بھیجے ہوئے ہمارے | ابراہیم کے پاس | ساتھ خوشخبری کے | انہوں نے کہا | سلام ہو | اس نے کہا | سلام ہے | پھر نہ | اس نے دیر کی

ہمارے فرشتے خوشخبری لے کر آئے۔ انہوں نے ابراہیم علیہ السلام کو سلام کیا۔ اس وقت ابراہیم علیہ السلام نے سلام کا جواب دیا۔

اَنْ جَآءَ بِعِجْلٍ حَنِیْذٍ ﴿69﴾ فَلَمَّا رَاٰۤ اَیْدِیَهُمْ لَا تَصِلُ اِلَیْهِ

کہ | لے آیا | گائے کا بچہ | بھنا ہوا | پھر جب | دیکھا کہ | ہاتھ ان کے | نہیں | بڑھتے | طرف اس کی

زیادہ دیر نہ گزری کہ ابراہیم اُن کے لئے ایک بُھنا ہوا بچھڑا لے آئے۔ پھر جب دیکھا ان کے ہاتھ کھانے کی طرف نہیں بڑھ رہے تو

نَكِرَهُمْ وَ اَوْجَسَ مِنْهُمْ خِیْفَةً ؕ قَالُوْا لَا تَخَفْ اِنَّاۤ اُرْسِلْنَاۤ

اوپرا سمجھا اُنکو | اور دل میں گھبرایا | ان سے | خوف | انہوں نے کہا | نہ | تو ڈر | بے شک ہم | ہم بھیجے گئے

کھٹک گئے اور دل میں ان سے گھبرا گئے۔ فرشتوں نے کہا "گھبرائیں نہیں، ہم لوط علیہ السلام کی قوم کی

اِلٰی قَوْمِ لُوْطٍ ؕ ﴿70﴾ وَ امْرَاَتُهٗ قَآىِٕمَةٌ فَضَحِكَتْ فَبَشَّرْنٰهَا بِاِسْحٰقَ ۙ

طرف | قوم | لوط کی | اور بیوی اس کی | کھڑی تھی | پھر وہ ہنسی | پھر ہم نے خوشخبری دی اسے | اسحاق کی

طرف بھیجے گئے ہیں۔" ابراہیم علیہ السلام کی بیوی پاس ہی کھڑی تھیں۔ جب ہم نے ان فرشتوں کے ذریعے انہیں اسحاق علیہ السلام

وَ مِنْ وَّرَآءِ اِسْحٰقَ یَعْقُوْبَ ﴿71﴾ قَالَتْ یٰوَیْلَتٰۤی ءَاَلِدُ وَ اَنَا عَجُوْزٌ

اور سے | بعد | اسحاق کے | یعقوب کی | وہ بولی | ہائے میری | کیا میں جنوں گی | جبکہ میں ہوں | بڑھیا

بیٹے اور اسحاق کے بعد یعقوب پوتے کے پیدا ہونے کی خوشخبری دی تو وہ ہنس پڑیں۔ بولیں "ہائے، کیا میں بچہ جنوں گی حالاں

وَّ هٰذَا بَعْلِیْ شَیْخًا ؕ اِنَّ هٰذَا لَشَیْءٌ عَجِیْبٌ ﴿72﴾ قَالُوْۤا اَتَعْجَبِیْنَ مِنْ

اور یہ ہے | شوہر میرا | بوڑھا | بے شک | یہ ہے | ضرور بات | عجیب | وہ بولے | کیا تو تعجب کرتی ہے | سے

کہ میں بڑھیا ہوں اور میرا خاوند بوڑھا ہے! یہ عجیب بات ہے۔ فرشتوں نے اس سے کہا "کیا تم اللہ کے حکم پر

اَمْرِ اللّٰهِ رَحْمَتُ اللّٰهِ وَبَرَكٰتُهٗ عَلَيْكُمْ اَهْلَ الْبَيْتِ ؕ اِنَّهٗ حَمِيْدٌ

حکم | اللہ کے | اللہ کی | رحمت ہے | اور برکتیں اس کی | تم پر | اے گھر والو | بیشک وہ ہے | تعریف کیا گیا

تعجب کرتی ہو؟'' اللہ کی رحمت اور اس کی برکتیں نازل ہوں تم پر اے ابراہیم کے گھر والو! بے شک اللہ تعریف کے لائق

مَّجِيْدٌ ﴿73﴾ فَلَمَّا ذَهَبَ عَنْ اِبْرٰهِيْمَ الرَّوْعُ وَجَآءَتْهُ الْبُشْرٰى

بزرگی والا | پھر جب | دور ہوئی | سے | ابراہیم | گھبراہٹ | اور آئی اس کو | خوشخبری

اور بڑی شان والا ہے!'' پھر جب ابراہیم کی گھبراہٹ دور ہوئی اور انہیں اولاد کی خوشخبری ملی تو وہ قوم لوط پر عذاب کے

يُجَادِلُنَا فِيْ قَوْمِ لُوْطٍ ؕ ﴿74﴾ اِنَّ اِبْرٰهِيْمَ لَحَلِيْمٌ اَوَّاهٌ

وہ جھگڑنے لگا ہم سے | بارے میں | قوم | لوط کے | بے شک | ابراہیم تھا | واقعی تحمل والا | دردمند

معاملے میں جھگڑنے لگے۔ بے شک ابراہیم علیہ السلام بڑے تحمل والے نرم دل اور اللہ کی طرف

مُّنِيْبٌ ﴿75﴾ يٰۤاِبْرٰهِيْمُ اَعْرِضْ عَنْ هٰذَا ۚ اِنَّهٗ قَدْ جَآءَ اَمْرُ

اور اللہ کی طرف متوجہ رہنے والا | اے ابراہیم | تو چھوڑ دے | کو | اس بات | بے شک | آچکا | حکم

رجوع کرنے والے تھے۔ فرشتوں نے کہا ''اے ابراہیم علیہ السلام اس بات کو چھوڑیں۔ آپ کے رب کا

رَبِّكَ ۚ وَاِنَّهُمْ اٰتِيْهِمْ عَذَابٌ غَيْرُ مَرْدُوْدٍ ﴿76﴾ وَلَمَّا جَآءَتْ

تیرے رب کا | اور بے شک وہ لوگ | آنے والا ہے ان کو | عذاب | نہ | ٹلنے والا | اور جب | آئے

حکم آ چکا۔ ان لوگوں پر ایسا عذاب آنے والا ہے جو ٹل نہیں سکتا۔'' اور جب ہمارے فرشتے لوط علیہ السلام کے

رُسُلُنَا لُوْطًا سِيْٓءَ بِهِمْ وَضَاقَ بِهِمْ ذَرْعًا وَّقَالَ هٰذَا

بھیجے ہوئے ہمارے | لوط کے پاس | وہ پریشان ہوا | ان سے | اور اس نے تنگی محسوس کی | اُن کی وجہ سے | دل میں | اور اس نے کہا | یہ ہے

پاس پہنچے تو وہ گھبرائے اور ان کے آنے سے پریشان ہوئے۔ کہنے لگے'' آج کا دن بہت

يَوْمٌ عَصِيْبٌ ﴿77﴾ وَجَآءَهٗ قَوْمُهٗ يُهْرَعُوْنَ اِلَيْهِ ؕ وَمِنْ قَبْلُ كَانُوْا

دن | بھاری | اور آئی اس کے پاس | قوم اس کی | دوڑتی ہوئی | طرف اس کی | اور سے | پہلے | وہ تھے

بھاری ہے'' ان کی قوم کے لوگ ان کے گھر دوڑتے ہوئے آئے۔ وہ پہلے سے

يَعْمَلُوْنَ السَّيِّاٰتِ ؕ قَالَ يٰقَوْمِ هٰٓؤُلَآءِ بَنَاتِيْ هُنَّ اَطْهَرُ لَكُمْ

وہ کام کرتے | برے | اس نے کہا | اے میری قوم | یہ ہیں | بیٹیاں میری | وہ ہیں | بہت پاکیزہ | تمہارے لئے

برے کام کرتے تھے۔ لوط علیہ السلام نے ان سے کہا ''اے میری قوم! یہ بستی کی عورتیں میری بیٹیاں ہیں۔ وہ

فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَلَا تُخْزُوْنِ فِيْ ضَيْفِيْ ؕ اَلَيْسَ مِنْكُمْ رَجُلٌ

پس تم ڈرو | اللہ سے | اور نہ | تم ذلیل کرو مجھے | بارے میں | میرے مہمانوں کے | کیا نہیں ہے | تم میں سے | کوئی آدمی

تمہارے لئے پاکیزہ ہیں۔ لہٰذا تم اللہ سے ڈرو اور میرے مہمانوں کے سامنے مجھے ذلیل نہ کرو۔ کیا تم میں کوئی

رَّشِيْدٌ ﴿78﴾ قَالُوْا لَقَدْ عَلِمْتَ مَا لَنَا فِيْ بَنٰتِكَ مِنْ حَقٍّ ۚ

شریف | وہ بولے | بے شک | تو جانتا ہے | کہ نہیں | ہمارے لئے | بارے میں | تیری بیٹیوں کے | کچھ | حق

شریف آدمی نہیں؟'' وہ بولے '' تم جانتے ہو ہمیں تمہاری ان بیٹیوں سے کچھ غرض نہیں اور تم جانتے ہو ہم

وَاِنَّكَ لَتَعْلَمُ مَا نُرِيْدُ ﴿79﴾ قَالَ لَوْ اَنَّ لِيْ بِكُمْ قُوَّةً اَوْ

اور بے شک تو | تو جانتا ہے | جو کچھ | ہم چاہتے ہیں | اس نے کہا | کاش | کہ ہوتا | مجھ کو | تم پر | زور | یا

کیا چاہتے ہیں!'' لوط علیہ السلام نے کہا ''کاش میرے پاس تم سے مقابلے کی قوت ہوتی یا میں کسی

اٰوِيْٓ اِلٰى رُكْنٍ شَدِيْدٍ ﴿80﴾ قَالُوْا يٰلُوْطُ اِنَّا رُسُلُ رَبِّكَ

میں ٹھکانا بناتا | طرف | سہارے | مضبوط کی | مہمان بولے | اے لوط | بے شک ہم ہیں | بھیجے ہوئے | تیرے رب کے

مضبوط پناہ میں ہوتا اور تم کو اس حرکت سے باز رکھتا!'' اس پر فرشتوں نے کہا ''اے لوط! ہم تیرے رب کے بھیجے ہوئے

لَنْ يَّصِلُوْٓا اِلَيْكَ فَاَسْرِ بِاَهْلِكَ بِقِطْعٍ مِّنَ الَّيْلِ وَلَا يَلْتَفِتْ

ہرگز نہ وہ پہنچ سکیں گے | طرف تیری | پس تو لے چل | اپنے لوگوں کو | ایک حصے میں | کے | رات | اور نہ | منہ پھیرے پیچھے

ہیں۔ یہ لوگ ہرگز تم تک نہیں پہنچ سکتے۔ تم رات کے کسی حصے میں اپنے لوگوں کو ساتھ لے کر نکل جاؤ۔ تم میں سے کوئی پیچھے مڑ کر نہ

مِنْكُمْ اَحَدٌ اِلَّا امْرَاَتَكَ ؕ اِنَّهٗ مُصِيْبُهَا مَآ اَصَابَهُمْ ؕ اِنَّ

تم میں سے | کوئی | مگر | بیوی تیری | بے شک وہ | پہنچنے والا ہے اسے | جو | پہنچے گا ان کو | بے شک

دیکھے۔ مگر تمہاری بیوی ساتھ نہیں جائے گی کیونکہ اس پر وہی آفت آنی ہے جو دوسروں پر آنے والی ہے۔ سب کی

مَوْعِدَهُمُ الصُّبْحُ ؕ اَلَيْسَ الصُّبْحُ بِقَرِيْبٍ ﴿81﴾ فَلَمَّا جَآءَ اَمْرُنَا

اُن کا وعدہ ہے | صبح | کیا نہیں ہے | صبح | قریب | پھر جب | آ گیا | حکم ہمارا

تباہی کے لئے صبح کا وقت مقرر ہے اور کیا صبح قریب نہیں'' ۔ پھر جب ہمارا حکم آیا تو اے نبی ﷺ!

جَعَلْنَا عَالِيَهَا سَافِلَهَا وَاَمْطَرْنَا عَلَيْهَا حِجَارَةً مِّنْ سِجِّيْلٍ ۙ۬

ہم نے کر دیا | اوپر اس کا | نیچے اس کے | اور ہم نے برسائے | اُس پر | پتھر | سے | کنکر کی

ہم نے اس بستی کو تلپٹ کر دیا اور اس پر ایسے پتھروں کی بارش کی جو آپ ﷺ کے رب کے پاس تیار اور

مَّنْضُوْدٍ ۙ﴿82﴾ مُّسَوَّمَةً عِنْدَ رَبِّكَ ؕ وَمَا هِيَ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ بِبَعِيْدٍ ﴿83﴾

تہ بہ تہ | نشان لگے ہوئے | نزدیک | رب تیرے کے | اور نہیں | وہ ہے | سے | ظالموں | کچھ دور

نشان لگے ہوئے تھے۔ اب وہ تباہ شدہ بستی ظالم کفار سے کچھ دور واقع نہیں۔

وَاِلٰى مَدْيَنَ اَخَاهُمْ شُعَيْبًا ؕ قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ

اورطرف | مدین کی | بھائی ان کے | شعیب کو | اس نے کہا | اے میری قوم | تم عبادت کرو | اللہ کی | نہیں | تمہارے لئے

اور مدین والوں کی طرف ہم نے ان کے بھائی شعیب علیہ السلام کو بھیجا۔ اس نے کہا ''اے میری قوم! اللہ کی عبادت کرو۔ اس کے

مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ وَلَا تَنْقُصُوا الْمِكْيَالَ وَالْمِيْزَانَ اِنِّيْٓ اَرٰىكُمْ

کوئی | معبود | سوائے اس کے | اور نہ | تم کم کرو | ماپ کو | اور تول کو | بے شک میں | میں دیکھتا ہوں تمہیں

سوا تمہارا کوئی معبود نہیں۔ ناپ تول میں کمی نہ کرو۔ میں تمہیں اچھے حال میں دیکھ

بِخَيْرٍ وَّاِنِّيْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ مُّحِيْطٍ ﴿84﴾ وَيٰقَوْمِ اَوْفُوا

ٹھیک ٹھاک | اور بے شک میں | میں ڈرتا ہوں | تم پر | عذاب سے | دن | گھیر لینے والے کے | اور اے میری قوم | تم پورا کیا کرو

رہا ہوں لیکن مجھے ڈر ہے کہ ایسا دن آئے گا جس کا عذاب تم سب کو گھیر لے گا۔ اور اے میری قوم کے لوگو! انصاف

الْمِكْيَالَ وَالْمِيْزَانَ بِالْقِسْطِ وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ اَشْيَآءَهُمْ

ماپ کو | اور تول کو | ساتھ انصاف کے | اور نہ | تم کم دو | لوگوں کو | چیزیں ان کی

کے ساتھ ناپ تول پورا رکھو۔ لوگوں کو ان کی چیزیں گھٹا کر نہ دو اور

وَلَا تَعْثَوْا فِي الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ﴿85﴾ بَقِيَّتُ اللّٰهِ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ

اور نہ تم پھرو | میں | زمین | فساد کرتے ہوئے | باقی منافع | اللہ کا | بہتر ہے | تمہارے لئے | اگر | تم ہو

زمین پر فساد نہ مچاؤ۔ اللہ کا دیا ہوا جو نفع ہو وہی تمہارے لئے بہتر ہے اگر تم

مُّؤْمِنِيْنَ ۚ وَمَآ اَنَا عَلَيْكُمْ بِحَفِيْظٍ ﴿86﴾ قَالُوْا يٰشُعَيْبُ اَصَلٰوتُكَ

ایمان والے | اور نہیں ہوں | میں | تم پر | نگہبان | وہ بولے | اے شعیب | کیا نماز تیری

مومن ہو۔ یاد رکھو میں تمہارے اوپر نگہبان نہیں۔'' لوگوں نے کہا ''اے شعیب علیہ السلام! کیا تمہاری نماز

تَاْمُرُكَ اَنْ نَّتْرُكَ مَا يَعْبُدُ اٰبَآؤُنَآ اَوْ اَنْ نَّفْعَلَ فِيْٓ اَمْوَالِنَا

حکم دیتی ہے تجھے | یہ کہ | ہم چھوڑ دیں | جس کی | عبادت کرتے تھے | باپ دادا ہمارے | یا | یہ کہ نہ | ہم کر سکیں | میں | اپنے مالوں

تمہیں سکھاتی ہے کہ ہم ان معبودوں کو چھوڑ دیں جن کی عبادت ہمارے باپ دادا کرتے تھے، یا ہم اپنے مال میں اپنی

مَا نَشٰٓؤُا ؕ اِنَّكَ لَاَنْتَ الْحَلِيْمُ الرَّشِيْدُ ﴿87﴾ قَالَ يٰقَوْمِ اَرَءَيْتُمْ

جو | ہم چاہیں | بے شک تو | البتہ تو ہے | بردبار | بڑا سمجھ دار | اس نے کہا | اے میری قوم | کیا تم نے دیکھا

مرضی کے مطابق تصرف کرنا چھوڑ دیں۔ بس تمہی عقل مند اور شریف آدمی ہو!" شعیب علیہ السلام نے کہا "اے میری قوم!

اِنْ كُنْتُ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّيْ وَرَزَقَنِيْ مِنْهُ رِزْقًا حَسَنًا ؕ

اگر | میں ہوں | پر | دلیل | طرف سے | رب اپنے کی | اور اس نے دی مجھے | طرف سے اپنی | روزی | اچھی

بتاؤ اگر میں اپنے رب کی طرف سے واضح دلیل رکھتا ہوں اور اس نے مجھے اپنے فضل سے پاکیزہ روزی دی ہے

وَمَآ اُرِيْدُ اَنْ اُخَالِفَكُمْ اِلٰى مَآ اَنْهٰكُمْ عَنْهُ ؕ اِنْ اُرِيْدُ اِلَّا

اور نہیں | میں چاہتا | کہ میں | خلاف کروں تم سے | طرف | اس کی جو | میں منع کروں تمہیں | جس سے | نہیں | میں چاہتا | مگر

تو میں نہیں چاہتا خود وہ کام کروں جس سے تمہیں روکتا ہوں۔ میں اصلاح کرنا چاہتا ہوں

الْاِصْلَاحَ مَا اسْتَطَعْتُ ؕ وَمَا تَوْفِيْقِيْٓ اِلَّا بِاللّٰهِ ؕ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ

اصلاح کرنا | جو | میں کرسکوں | اور نہیں | توفیق میری | مگر | اللہ سے | اس پر | میں نے توکل کیا

جہاں تک ہو سکے۔ اس کے لئے مجھے اللہ ہی سے توفیق ملے گی۔ اسی پر میں نے بھروسا کیا

وَاِلَيْهِ اُنِيْبُ ﴿88﴾ وَيٰقَوْمِ لَا يَجْرِمَنَّكُمْ شِقَاقِيْٓ اَنْ يُّصِيْبَكُمْ

اور طرف اسی کے | میں رجوع کرتا ہوں | اور اے میری قوم | نہ | ابھارے تمہیں | مخالفت میری | یہ کہ | آ پہنچے تمہیں

اور اسی کی طرف میں رجوع کرتا ہوں۔ اے میری قوم! ایسا نہ ہو میری ضد میں آ کر نافرمانی کرو

مِّثْلُ مَآ اَصَابَ قَوْمَ نُوْحٍ اَوْ قَوْمَ هُوْدٍ اَوْ قَوْمَ صٰلِحٍ ؕ وَمَا

وہی کچھ | جو | آ پہنچا تھا | قوم | نوح کو | یا | قومِ | ہود کو | یا | قومِ | صالح کو | اور نہیں

اور تم پر وہی عذاب آ جائے جو اس سے پہلے قوم نوح علیہ السلام، قوم ہود علیہ السلام، یا قوم صالح علیہ السلام پر آیا تھا۔

قَوْمُ لُوْطٍ مِّنْكُمْ بِبَعِيْدٍ ﴿89﴾ وَاسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوْبُوْٓا اِلَيْهِ ؕ

قوم | لوط | تم سے | کچھ دور | اور تم بخشش مانگو | اپنے رب سے | پھر | تم توبہ کرو | طرف اس کی

اور قوم لوط علیہ السلام کی تباہ شدہ بستی تم سے دور نہیں۔ اور دیکھو، اپنے رب سے گناہوں کی معافی مانگو۔ اسی کی طرف رجوع کرو۔

اِنَّ رَبِّيْ رَحِيْمٌ وَّدُوْدٌ ﴿90﴾ قَالُوْا يٰشُعَيْبُ مَا نَفْقَهُ كَثِيْرًا مِّمَّا

بے شک | رب میرا ہے | نہایت مہربان | بہت محبت کرنے والا | وہ بولے | اے شعیب | نہیں | ہم سمجھتے | زیادہ کچھ | اس سے جو

بے شک میرا رب مہربان اور محبت والا ہے!" وہ بولے "اے شعیب علیہ السلام تم جو کہتے ہو اس میں سے اکثر باتیں ہماری سمجھ میں

تَقُوْلُ وَاِنَّا لَنَرٰىكَ فِيْنَا ضَعِيْفًا ۚ وَلَوْلَا رَهْطُكَ

تو کہتا ہے | اور بیشک ہم | البتہ ہم دیکھتے ہیں تجھے | درمیان اپنے | کمزور | اور اگر نہ ہوتا | قبیلہ تیرا

نہیں آتیں۔ ہم دیکھ رہے ہیں تم ہمارے درمیان کمزور آدمی ہو۔ اگر تیری برادری نہ ہوتی

لَرَجَمْنٰكَ ۫ وَمَآ اَنْتَ عَلَيْنَا بِعَزِيْزٍ ۝۹۱ قَالَ يٰقَوْمِ اَرَهْطِيْٓ اَعَزُّ

ضرور ہم سنگسار کردیتے تجھے | اور نہیں ہے | تو | ہم پر | غالب | اس نے کہا | اے میری قوم | کیا قبیلہ میرا | زیادہ طاقتور ہے

تو ہم تمہیں سنگسار کردیتے۔ تم ہم سے زیادہ طاقتور نہیں۔" شعیب علیہ السلام نے کہا "اے میری قوم! کیا تمہارے لئے میری

عَلَيْكُمْ مِّنَ اللّٰهِ ۭ وَاتَّخَذْتُمُوْهُ وَرَآءَكُمْ ظِهْرِيًّا ۭ اِنَّ رَبِّيْ بِمَا

تم پر | سے | اللہ | اور تم نے رکھا اس کو | پیچھے اپنے | پیٹھ پر پھینکا ہوا | بے شک | رب میرا | اس کو جو

برادری اللہ سے بھی زیادہ طاقتور ہے۔ تم نے اللہ کو پس پشت ڈال دیا۔ بے شک میرے رب کے قابو میں ہے

تَعْمَلُوْنَ مُحِيْطٌ ۝۹۲ وَيٰقَوْمِ اعْمَلُوْا عَلٰي مَكَانَتِكُمْ اِنِّىْ عَامِلٌ ۭ

تم کرتے ہو | گھیرنے والا ہے | اور اے میری قوم | تم کام کرو | پر | جگہ اپنی | بیشک میں | کام کرنے والا ہوں

جو کچھ تم کرتے ہو۔ اے میری قوم کے لوگو! تم اپنے طریقے پر کام کئے جاؤ، میں اپنے طریقے پر کام کرتا رہوں گا۔

سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۙ مَنْ يَّاْتِيْهِ عَذَابٌ يُّخْزِيْهِ وَمَنْ هُوَ كَاذِبٌ ۭ

جلد | تم جان لوگے | کون ہے | آئے گا جس پر | عذاب | جو ذلیل کرے گا اس کو | اور کون ہے جو | وہ | جھوٹا ہے

جلد ہی تمہیں معلوم ہو جائے گا کس پر ذلت ناک عذاب آتا ہے اور کون جھوٹا ہے۔

وَارْتَقِبُوْٓا اِنِّىْ مَعَكُمْ رَقِيْبٌ ۝۹۳ وَلَمَّا جَاۗءَ اَمْرُنَا نَجَّيْنَا شُعَيْبًا

اور تم انتظار کرو | بیشک میں ہوں | ساتھ تمہارے | انتظار کرنے والا | اور جب | آگیا | حکم ہمارا | ہم نے نجات دی | شعیب کو

تم انتظار کرو میں بھی تمہارے ساتھ انتظار کرتا ہوں۔" اور جب ہمارا حکم آیا تو ہم نے شعیب علیہ السلام کو

وَّالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا وَاَخَذَتِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوا

اور ان کو جو | ایمان لائے | ساتھ اس کے | ساتھ رحمت کے | اپنی طرف سے | اور پکڑا | ان لوگوں کو جو | ظلم کرتے تھے

اور ان کو جو اس کے ساتھ ایمان لائے تھے اپنی رحمت سے بچا لیا اور ظالم نافرمانوں کو

الصَّيْحَةُ فَاَصْبَحُوْا فِيْ دِيَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ ۝۹۴ ۙ كَاَنْ لَّمْ يَغْنَوْا

کڑک نے | پھر وہ ہوگئے | میں | گھروں اپنے | گھٹنوں کے بل پڑے ہوئے | گویا کہ | نہ | وہ کبھی رہے تھے

سخت دھماکے نے آ پکڑا۔ وہ اپنے گھروں میں اوندھے پڑے رہ گئے اور ایسے مٹے گویا کبھی ان میں بسے ہی

فِيْهَا ۭ اَلَا بُعْدًا لِّمَدْيَنَ كَمَا بَعِدَتْ ثَمُوْدُ ۝ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى

ان میں | آگاہ رہو | دوری ہے | مدین کی | جیسے | دوری ہوئی | ثمود کی | اور بے شک | ہم نے بھیجا | موسیٰ کو

نہ تھے۔ سنو، ہلاکت ہوئی مدین والوں کی جیسے ہلاکت ہوئی قوم ثمود کی! اور موسیٰ علیہ السلام کو

بِاٰيٰتِنَا وَسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ۝ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ىِٕهٖ فَاتَّبَعُوْٓا اَمْرَ

اپنی نشانیوں کے ساتھ | اور معجزے | ظاہر | طرف | فرعون کی | اور اس کے سرداروں کی | پس انہوں نے پیروی کی | حکم

ہم نے اپنی نشانیوں اور واضح دلیل کے ساتھ رسول بنا کر بھیجا، فرعون اور اس کے سرداروں کی طرف۔ مگر وہ لوگ فرعون کے حکم پر

فِرْعَوْنَ ۚ وَمَآ اَمْرُ فِرْعَوْنَ بِرَشِيْدٍ ۝ يَقْدُمُ قَوْمَهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ

فرعون کی | اور نہ تھا | حکم | فرعون کا | درست | وہ آگے چلے گا | اپنی قوم کے | دن | قیامت کے

چلے جس کا حکم درست نہ تھا۔ قیامت کے دن وہ اپنی قوم کے آگے ہوگا، انہیں

فَاَوْرَدَهُمُ النَّارَ ۭ وَبِئْسَ الْوِرْدُ الْمَوْرُوْدُ ۝ وَاُتْبِعُوْا فِيْ هٰذِهٖ

پھر وہ جا کھڑا کرے گا ان کو | آگ پر | اور برا ہے وہ | گھاٹ | لا کھڑا کیا گیا | اور ان کے پیچھے لگا دی گئی | میں | اس دنیا

دوزخ میں پہنچائے گا اور خود بھی وہاں پہنچے گا۔ کیسا برا گھاٹ ہے جس پر وہ پہنچیں گے۔ اس دنیا میں بھی ان کے پیچھے

لَعْنَةً وَّيَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ بِئْسَ الرِّفْدُ الْمَرْفُوْدُ ۝ ذٰلِكَ مِنْ اَنْۢبَاۗءِ

لعنت | اور دن | قیامت کے | یہ برا ہے | تحفہ | جو تحفہ دیا گیا | یہ ہیں | بعض | خبریں

لعنت لگا دی گئی اور قیامت کے دن بھی ان پر لعنت پڑے گی۔ دیکھو، کیسا برا انعام ہے جو ان کو ملا! اے نبی ﷺ! کچھ بستیوں کے

الْقُرٰى نَقُصُّهٗ عَلَيْكَ مِنْهَا قَاۗىِٕمٌ وَّحَصِيْدٌ ۝ وَمَا ظَلَمْنٰهُمْ

بستیوں کی | ہم بیان کرتے ہیں وہ | تجھ پر | بعض ان میں سے ہیں | قائم | اور بعض جڑ سے کٹی ہوئی | اور نہیں | ہم نے ظلم کیا ان پر

حالات ہم آپ ﷺ کو سنا رہے ہیں۔ ان میں سے کچھ اب تک قائم ہیں اور کچھ مٹ گئیں۔ ہم نے ان پر ظلم نہیں کیا

وَلٰكِنْ ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ فَمَآ اَغْنَتْ عَنْهُمْ اٰلِهَتُهُمُ الَّتِيْ يَدْعُوْنَ

اور لیکن انہوں نے | ظلم کیا | اپنی جانوں پر | پھر نہ | کام آئے | ان کے | معبودان کے | جن کو | وہ پکارتے تھے

بلکہ انہوں نے خود اپنے اوپر ظلم کیا۔ پھر جب آپ ﷺ کے رب کا حکم آیا تو ان کے وہ معبود جنہیں وہ اللہ کے سوا

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ لَّمَّا جَاۗءَ اَمْرُ رَبِّكَ ۭ وَمَا زَادُوْهُمْ غَيْرَ

سوائے | اللہ کے | بھی | کچھ | جب | آ گیا | حکم | تیرے رب کا | اور نہ | زیادہ کیا ان کو | سوائے

پوجتے تھے، ان کے کچھ کام نہ آئے بلکہ انہوں نے اپنے پجاریوں کو بربادی کے سوا کچھ

تَتْبِيْبٍ ﴿١٠١﴾ وَكَذٰلِكَ اَخْذُ رَبِّكَ اِذَآ اَخَذَ الْقُرٰى وَهِيَ ظَالِمَةٌ ؕ اِنَّ

ہلاکت کے | اور اسی طرح ہے | پکڑنا | رب کا | جب | وہ پکڑے | بستیوں کو | جبکہ وہ | ظالم ہوتی ہیں | بے شک

نہ دیا۔ آپ ﷺ کے رب کی پکڑ اسی طرح ہوتی ہے جب وہ بستیوں کو ان کے ظلم پر پکڑتا ہے۔ بے شک

اَخْذَهٗۤ اَلِيْمٌ شَدِيْدٌ ﴿١٠٢﴾ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّمَنْ خَافَ عَذَابَ

پکڑ اس کی ہے | دردناک | نہایت سخت | بے شک | میں | اسی | ضرور نشانی ہے | اس کے لئے جو | ڈرے | عذاب

اس کی پکڑ بڑی درد ناک اور سخت ہے۔ اس میں ان لوگوں کے لئے بڑی نشانی ہے جو آخرت کے

الْاٰخِرَةِ ؕ ذٰلِكَ يَوْمٌ مَّجْمُوْعٌ ۙ لَّهُ النَّاسُ وَذٰلِكَ يَوْمٌ مَّشْهُوْدٌ ﴿١٠٣﴾

آخرت کے | یہ ہے | دن | جمع کئے جانے کا | اس میں | لوگ | اور یہ ہے | دن | حاضر کیا گیا

عذاب سے ڈریں۔ وہ ایسا دن ہوگا جس میں سب لوگ جمع ہوں گے اور وہ حاضری کا دن ہو گا۔

وَمَا نُؤَخِّرُهٗۤ اِلَّا لِاَجَلٍ مَّعْدُوْدٍ ؕ ﴿١٠٤﴾ يَوْمَ يَاْتِ لَا تَكَلَّمُ نَفْسٌ

اور نہیں | ہم موخر کرتے اسے | مگر | واسطے ایک وقت | گنے ہوئے کے | جس دن | وہ آئے گا | نہ | بولے گا | کوئی جی

اس دن کو ایک مقررہ مدت تک کے لئے ملتوی کیا گیا ہے۔ جب وہ دن آ جائے گا تو کسی کی مجال نہ ہوگی کہ اللہ کی اجازت

اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۚ فَمِنْهُمْ شَقِيٌّ وَّسَعِيْدٌ ﴿١٠٥﴾ فَاَمَّا الَّذِيْنَ شَقُوْا فَفِي

مگر | اس کی اجازت سے | پھر بعض ان میں | بدقسمت | اور بعض خوش قسمت | پھر جو | لوگ | بدقسمت ہوئے | تو میں

کے بغیر زبان کھولے۔ پھر اس دن کچھ بدبخت ہوں گے کچھ نیک بخت۔ جو بدبخت ہوں گے وہ دوزخ

النَّارِ لَهُمْ فِيْهَا زَفِيْرٌ وَّشَهِيْقٌ ۙ ﴿١٠٦﴾ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا مَا دَامَتِ

آگ کے ہیں | ان کے لئے | اس میں ہے | رونا | اور چلانا | ہمیشہ رہنے والے | اس میں | یہاں تک کہ رہیں

میں جائیں گے۔ وہاں چیختے چلاتے رہیں گے۔ وہ اسی حالت میں ہمیشہ کے لئے

السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ اِلَّا مَا شَآءَ رَبُّكَ ؕ اِنَّ رَبَّكَ فَعَّالٌ لِّمَا

آسمان | اور زمین | مگر | جو | چاہے | رب تیرا | بے شک | رب تیرا | کرنے والا ہے | جو کہ

رہیں گے مگر جو آپ ﷺ کا رب چاہے۔ بے شک آپ ﷺ کا رب جو چاہتا ہے کر

يُرِيْدُ ﴿١٠٧﴾ وَاَمَّا الَّذِيْنَ سُعِدُوْا فَفِي الْجَنَّةِ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا مَا دَامَتِ

وہ چاہتا ہے | اور جو | لوگ | خوش قسمت ہوئے | تو | جنت میں ہیں | ہمیشہ رہنے والے | اس میں | جب تک کہ رہیں

ڈالتا ہے۔ اور جو نیک بخت ہوں گے وہ جنت میں جائیں گے۔ وہاں وہ ہمیشہ کے لئے رہیں

السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ اِلَّا مَا شَآءَ رَبُّكَ ؕ عَطَآءً غَيْرَ مَجْذُوْذٍ ﴿۱۰۸﴾

آسمان | اور زمین | مگر | جو | چاہے | رب تیرا | بخشش ہے | نہ | ختم ہونے والی

گے مگر جو آپ ﷺ کا رب چاہے۔ ان نیک بختوں کے لئے جنت میں نہ ختم ہونے والی نعمتیں ہوں گی۔ لہٰذا

فَلَا تَكُ فِيْ مِرْيَةٍ مِّمَّا يَعْبُدُ هٰٓؤُلَآءِ ؕ مَا يَعْبُدُوْنَ اِلَّا كَمَا يَعْبُدُ

پس نہ تو ہو | میں | شک | اس سے جو | پوجتے ہیں | وہ | نہیں | وہ پوجتے | مگر | جیسے | پوجتے تھے

اے نبی ﷺ یہ مشرکین جن جھوٹے معبودوں کی پوجا کرتے ہیں آپ ﷺ ان کے انجام کے بارے میں کسی تردد میں نہ پڑیں۔ یہ

اٰبَآؤُهُمْ مِّنْ قَبْلُ ؕ وَاِنَّا لَمُوَفُّوْهُمْ نَصِيْبَهُمْ غَيْرَ مَنْقُوْصٍ ﴿۱۰۹﴾ ع

باپ دادا ان کے | سے | پہلے | اور بے شک ہم | ضرور پورا دینے والے ہیں ان کو | حصہ ان کا | نہ | کم کیا ہوا

اسی طرح پوجا کر رہے ہیں جیسے ان سے پہلے ان کے باپ دادا پوجا کرتے تھے۔ آخرت میں ہم انہیں بغیر کسی کمی کے ان کا پورا

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ فَاخْتُلِفَ فِيْهِ ؕ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ

اور بے شک | ہم نے دی | موسیٰ کو | کتاب | پھر اختلاف کیا گیا | اس میں | اور اگر نہ ہوتی | ایک بات | پہلے طے ہوئی

حصہ دیں گے۔ اے نبی ﷺ ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو بھی کتاب دی تھی پھر اس کے بارے میں اختلاف پیدا ہوا۔ اگر آپ ﷺ

مِنْ رَّبِّكَ لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ ؕ وَاِنَّهُمْ لَفِيْ شَكٍّ مِّنْهُ مُرِيْبٍ ﴿۱۱۰﴾

" میں اپنی پریشانی اور غم کا شکوہ صرف اللہ سے کرتا ہوں جس کی طرف سے مجھے وہ باتیں معلوم ہیں جو تم

لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿86﴾ يٰبَنِيَّ اذْهَبُوْا فَتَحَسَّسُوْا مِنْ يُّوْسُفَ وَاَخِيْهِ

نہیں تم جانتے | اے میرے بیٹو | جاؤ | پھر تلاش کرو | کی | یوسف | اور اسکے بھائی کی

نہیں جانتے۔" پھر کہا "اے بیٹو! جاؤ یوسف علیہ السلام اور اس کے بھائی کو تلاش کرو اور اللہ کی رحمت سے

وَلَا تَايْــَٔسُوْا مِنْ رَّوْحِ اللّٰهِ ؕ اِنَّهٗ لَا يَايْــَٔسُ مِنْ رَّوْحِ اللّٰهِ اِلَّا

اور نہ مایوس ہو | سے | رحمت | اللہ کی | بیشک وہ | نہیں | مایوس ہوتے | سے | رحمت | اللہ کی | مگر

نا امید نہ ہو۔ اللہ کی رحمت سے صرف کافر لوگ مایوس

الْقَوْمُ الْكٰفِرُوْنَ ﴿87﴾ فَلَمَّا دَخَلُوْا عَلَيْهِ قَالُوْا يٰۤاَيُّهَا الْعَزِيْزُ مَسَّنَا

لوگ | کافر | پھر جب | وہ داخل ہوئے | اس پر | بولے | اے | بادشاہ | ہمیں پہنچی

ہوتے ہیں۔" پھر جب وہ یوسف علیہ السلام کے پاس پہنچے تو کہنے لگے "اے عزیز! ہمیں

وَاَهْلَنَا الضُّرُّ وَجِئْنَا بِبِضَاعَةٍ مُّزْجٰىةٍ فَاَوْفِ لَنَا الْكَيْلَ

اور ہمارے گھر والوں کو | تکلیف | اور ہم لائے | رقم | تھوڑی | پس تو پورا دے | ہم کو | ماپ (غلہ)

اور ہمارے گھر والوں پر بڑی سختی کے دن گزر رہے ہیں ہم تھوڑی سی پونجی لائے ہیں۔ آپ ہمیں پورا غلہ دیں اور

وَتَصَدَّقْ عَلَيْنَا ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَجْزِى الْمُتَصَدِّقِيْنَ ﴿88﴾ قَالَ هَلْ

اور صدقہ کر | ہم پر | بیشک | اللہ | بدلہ دیتا ہے | صدقہ کرنے والوں کو | کہا | کیا

صدقہ بھی دیں۔ بیشک اللہ صدقہ کرنے والوں کو ثواب دیتا ہے۔" یوسف علیہ السلام نے کہا! "تمہیں یاد ہے

عَلِمْتُمْ مَّا فَعَلْتُمْ بِيُوْسُفَ وَاَخِيْهِ اِذْ اَنْتُمْ جٰهِلُوْنَ ﴿89﴾ قَالُوْۤا

تم جانتے ہو | جو | تم نے کیا | یوسف کے ساتھ | اور اسکے بھائی سے | جب | تم تھے | نادان | وہ بولے

تم نے یوسف علیہ السلام اور اس کے بھائی کے ساتھ کیا سلوک کیا تھا جب تمہیں سمجھ نہ تھی؟ اس پر بھائی فوراً بول اٹھے

ءَاِنَّكَ لَاَنْتَ يُوْسُفُ ؕ قَالَ اَنَا يُوْسُفُ وَهٰذَاۤ اَخِيْ ؗ قَدْ مَنَّ اللّٰهُ

کیا بیشک تو | تو ہی | یوسف ہے؟ | کہا | میں | یوسف ہوں | اور یہ | میرا بھائی ہے | بیشک احسان کیا | اللہ نے

"کیا تم یوسف علیہ السلام ہو؟" اس نے کہا "ہاں، میں یوسف ہوں اور یہ میرا بھائی ہے۔ اللہ نے ہم پر بڑا فضل

عَلَيْنَا ؕ اِنَّهٗ مَنْ يَّتَّقِ وَيَصْبِرْ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ اَجْرَ

ہم پر | بیشک | جو | ڈرے | اور صبر کرے | پس بیشک | اللہ | نہیں | ضائع کرتا | اجر

فرمایا۔ واقعی جو اس سے ڈرتا ہے اور صبر کرتا ہے تو اللہ نیک کام کرنے والوں کا اجر ضائع

الْمُحْسِنِيْنَ ﴿٩٠﴾ قَالُوْا تَاللّٰهِ لَقَدْ اٰثَرَكَ اللّٰهُ عَلَيْنَا وَاِنْ كُنَّا

نیکوں کا | وہ بولے | قسم اللہ کی | بیشک | فوقیت دی تجھے | اللہ نے | ہم پر | اور بیشک | ہم تھے

نہیں کرتا۔ بھائیوں نے کہا "اللہ کی قسم! اللہ نے تمہیں ہم پر فضیلت دی۔ بیشک ہم

لَخٰطِئِيْنَ ﴿٩١﴾ قَالَ لَا تَثْرِيْبَ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ ۭ يَغْفِرُ اللّٰهُ لَكُمْ ۡ وَهُوَ

ضرور خطا کار | کہا | نہیں | الزام | تم پر | آج کے دن | بخشے گا | اللہ | تم کو | اور وہ

غلطی پر تھے۔" یوسف علیہ السلام نے کہا "آج تم پر کوئی الزام نہیں، اللہ بھی تمہیں معاف کرے اور وہ بہترین

اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿٩٢﴾ اِذْهَبُوْا بِقَمِيْصِيْ هٰذَا فَاَلْقُوْهُ عَلٰى وَجْهِ اَبِيْ

بہترین رحم کرنے والا ہے | لے جاؤ | قمیص میری | یہ | پھر ڈالو اس کو | پر | چہرے | میرے باپ کے

مہربان ہے۔ تم میرا یہ کرتہ لے جاؤ۔ اسے میرے والد کے چہرے پر ڈال دینا،

يَاْتِ بَصِيْرًا ۚ وَاْتُوْنِيْ بِاَهْلِكُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿٩٣﴾ ع وَلَمَّا فَصَلَتِ الْعِيْرُ قَالَ

آئے گا | دیکھتا ہوا | اور لاؤ میرے پاس | اپنے گھر والوں | سب کو | اور جب | روانہ ہوا | قافلہ | کہا

ان کی بینائی لوٹ آئے گی اور تم اپنے گھر والوں کے ساتھ میرے پاس آ جانا۔" اور جب یہ قافلہ مصر سے روانہ ہوا تو ان کے باپ

اَبُوْهُمْ اِنِّيْ لَاَجِدُ رِيْحَ يُوْسُفَ لَوْلَآ اَنْ تُفَنِّدُوْنِ ﴿٩٤﴾ قَالُوْا

انکے باپ نے | بیشک میں | ضرور پاتا ہوں | خوشبو | یوسف کی | اگر نہ | یہ کہ | تم مجھے بہکا ہوا سمجھو | وہ بولے

یعقوب علیہ السلام نے کنعان میں کہا "اگر تم مجھے بڑھاپے میں بہکی باتیں کرنے والا نہ سمجھو تو میں کہتا ہوں مجھے یوسف کی خوشبو آ رہی ہے۔"

تَاللّٰهِ اِنَّكَ لَفِيْ ضَلٰلِكَ الْقَدِيْمِ ﴿٩٥﴾ فَلَمَّآ اَنْ جَاۗءَ الْبَشِيْرُ اَلْقٰىهُ

قسم اللہ کی | بیشک تو ہے | ضرور میں | وہم اپنے | پرانے | پھر جب | یہ کہ | آیا | خوش خبری لانے والا | ڈال دیا اس کو

لوگوں نے کہا "اللہ کی قسم! آپ ابھی تک اپنے پرانے وہم میں مبتلا ہیں۔" پھر جب خوشخبری دینے والا آ گیا۔ اس نے آتے ہی

عَلٰى وَجْهِهٖ فَارْتَدَّ بَصِيْرًا ۚ قَالَ اَلَمْ اَقُلْ لَّكُمْ ڔ اِنِّىْٓ اَعْلَمُ مِنَ

پر | اسکے چہرے | پھر وہ ہو گیا | دیکھنے والا | کہا | کیا نہیں | میں نے کہا | تم کو | بیشک میں | جانتا ہوں | طرف سے

وہ کرتہ یعقوب علیہ السلام کے چہرے پر ڈال دیا جس سے ان کی بینائی لوٹ آئی تو یعقوب علیہ السلام نے اپنے بیٹوں سے کہا "کیا میں

اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿٩٦﴾ قَالُوْا يٰٓاَبَانَا اسْتَغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَآ اِنَّا كُنَّا

اللہ کی | جو | نہیں | تم جانتے | وہ بولے | اے ہمارے باپ | بخشش مانگ | ہمارے لیے | ہمارے گناہوں کی | بیشک ہم | ہم تھے

نے تم سے نہیں کہا تھا کہ میں اللہ کی جانب سے وہ باتیں جانتا ہوں جو تم نہیں جانتے۔" بیٹے بولے "ابا جان! ہمارے گناہوں

خٰطِـِٕيْنَ ﴿97﴾ قَالَ سَوْفَ اَسْتَغْفِرُ لَكُمْ رَبِّيْ ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ

خطا کار | کہا | عنقریب | میں بخشش مانگوں گا | تمہارے لئے | اپنے رب سے | بیشک وہ | وہی | بخشنے والا

کی معافی کے لئے دعا کریں۔ بیشک ہم خطاوار تھے۔" یعقوب علیہ السلام نے کہا "میں اپنے رب سے تمہارے لئے بخشش کی دعا

الرَّحِيْمُ ﴿98﴾ فَلَمَّا دَخَلُوْا عَلٰى يُوْسُفَ اٰوٰٓى اِلَيْهِ اَبَوَيْهِ وَقَالَ ادْخُلُوْا

نہایت مہربان ہے | پھر جب | وہ داخل ہوئے | پر | یوسف | اسنے جگہ دی | اپنی طرف | اپنے والدین کو | اور کہا | داخل ہوجاؤ

کروں گا۔ بیشک وہ بخشنے والا مہربان ہے۔" پھر سب یوسف علیہ السلام کے پاس پہنچے تو یوسف نے اپنے والدین کو اپنے پاس بٹھایا

مِصْرَ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ اٰمِنِيْنَ ﴿99﴾ وَرَفَعَ اَبَوَيْهِ عَلَى الْعَرْشِ وَخَرُّوْا

مصر میں | اگر | چاہا | اللہ نے | امن سے | اور بلند بٹھایا | اپنے والدین کو | پر | تخت | اور سب گرے

اور کہا "مصر میں انشاء اللہ امن و چین سے رہیں گے۔" اس نے اپنے والدین کو تخت پر بٹھایا۔ سب اس کے

لَهٗ سُجَّدًا ۚ وَقَالَ يٰٓاَبَتِ هٰذَا تَاْوِيْلُ رُءْيَايَ مِنْ قَبْلُ ؗ قَدْ

اس کیلئے | جھکتے ہوئے | اور کہا | اے میرے باپ | یہ ہے | تعبیر | میرے خواب کی | سے | پہلے | بیشک

آگے جھک گئے۔ یوسف علیہ السلام نے کہا "ابا جان! ہے یہ میرے خواب کی تعبیر جو میں نے پہلے دیکھا تھا!

جَعَلَهَا رَبِّيْ حَقًّا ؕ وَقَدْ اَحْسَنَ بِيْٓ اِذْ اَخْرَجَنِيْ مِنَ السِّجْنِ

کردیا اس کو | میرے رب نے | سچا | اور بیشک | احسان کیا | میرے ساتھ | جب | اس نے نکالا مجھے | سے | قید خانے

میرے رب نے اسے سچ کر دیا۔ اس نے احسان کیا کہ مجھے قید سے رہائی بخشی۔

وَجَآءَ بِكُمْ مِّنَ الْبَدْوِ مِنْۢ بَعْدِ اَنْ نَّزَغَ الشَّيْطٰنُ بَيْنِيْ

اور لایا | تم کو | سے | صحرا | سے | بعد | کہ | جھگڑا ڈالا | شیطان نے | درمیان میرے

وہی آپ لوگوں کو دیہات سے یہاں لایا۔ یہ سب کچھ اس کے بعد ہوا جب شیطان نے میرے اور میرے بھائیوں کے درمیان

وَبَيْنَ اِخْوَتِيْ ؕ اِنَّ رَبِّيْ لَطِيْفٌ لِّمَا يَشَآءُ ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْعَلِيْمُ

اور درمیان | میرے بھائیوں کے | بیشک | میرا رب | مہربان ہے | جس کیلئے | وہ چاہے | بیشک وہ | وہی | بڑا علم والا

فساد ڈال دیا۔ بیشک میرا رب جو چاہتا ہے اس کی عمدہ تدبیر کرتا ہے۔ وہ جاننے والا

الْحَكِيْمُ ﴿100﴾ رَبِّ قَدْ اٰتَيْتَنِيْ مِنَ الْمُلْكِ وَعَلَّمْتَنِيْ مِنْ تَاْوِيْلِ

خوب حکمت والا | اے میرے رب | بیشک | تو نے دی مجھے | کچھ | بادشاہی | اور تو نے سکھائی مجھے | کچھ | معاملہ

حکمت والا ہے۔ یوسف علیہ السلام نے دعا کی "اے میرے رب! تو نے مجھے حکومت بخشی۔ باتوں کی تہہ تک

الْاَحَادِيْثِ ۚ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۣ اَنْتَ وَلِيّٖ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۚ

نہی | اے پیدا کرنیوالے | آسمانوں کے | اورزمین کے | تو ہے | میرا کارساز | میں | دنیا | اورآخرت

پہنچنے کا علم عطا کیا۔ اے آسمانوں اور زمین کے بنانے والے تو ہی میرا کارساز ہے، دنیا میں بھی اور آخرت میں بھی۔

تَوَفَّنِيْ مُسْلِمًا وَّ اَلْحِقْنِيْ بِالصّٰلِحِيْنَ ﴿۱۰۱﴾ ذٰلِكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْغَيْبِ

وفات دینا مجھے | اسلام پر | اور ملانا مجھے | نیکوں کے ساتھ | یہ ہے | سے | خبروں | غیب کی

میں جب مروں تو فرماں برداری کی حالت میں اور دوبارہ اٹھوں تو تیرے نیک بندوں کے ساتھ!'' اے نبی ﷺ یہ غیب کی خبریں

نُوْحِيْهِ اِلَيْكَ ۚ وَمَا كُنْتَ لَدَيْهِمْ اِذْ اَجْمَعُوْٓا اَمْرَهُمْ وَهُمْ

ہم وحی کرتے ہیں | طرف تیری | اور نہیں | تو تھا | پاس ان کے | جب | انہوں نے ایکا کیا | اپنے کام کا | اور وہ

ہیں جو ہم آپ پر وحی کر رہے ہیں ورنہ آپ تو اس وقت ان کے پاس موجود نہ تھے جب یوسف علیہ السلام کے بھائیوں نے انہیں کنویں میں

يَمْكُرُوْنَ ﴿۱۰۲﴾ وَمَآ اَكْثَرُ النَّاسِ وَلَوْ حَرَصْتَ بِمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۰۳﴾

چال چلتے تھے | اور نہیں | اکثر | لوگ | اگرچہ | تو خواہش کرے | ایمان لانے والے

ڈالنے کا فیصلہ کیا اور انہیں ہلاک کرنے کی تدبیریں کر رہے تھے۔ اس کے باوجود آپ ﷺ خواہ کتنا ہی چاہیں اکثر لوگ ایمان لانے

وَمَا تَسْـَٔلُهُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ ۭ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۰۴﴾ ع وَكَاَيِّنْ

11 ع 11 5

اور نہیں تو مانگتا ان سے | اس پر | کوئی | معاوضہ | نہیں | یہ | مگر | نصیحت | جہاں والوں کیلئے | اور کتنی

والے نہیں۔ حالانکہ آپ ﷺ اس کام پر ان سے کوئی معاوضہ نہیں مانگتے۔ یہ قرآن تو نصیحت ہے سارے جہان والوں کے لئے۔

مِّنْ اٰيَةٍ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَمُرُّوْنَ عَلَيْهَا وَهُمْ عَنْهَا

ہی | نشانیاں ہیں | میں | آسمانوں | اور زمین میں | وہ گزرتے ہیں | ان پر | اور وہ | ان سے

اور آسمانوں اور زمین میں کتنی نشانیاں ہیں جنہیں یہ لوگ دیکھ کر گزر جاتے ہیں اور ان کی طرف

مُعْرِضُوْنَ ﴿۱۰۵﴾ وَمَا يُؤْمِنُ اَكْثَرُهُمْ بِاللّٰهِ اِلَّا وَهُمْ مُّشْرِكُوْنَ ﴿۱۰۶﴾

منہ پھیرتے ہیں | اور نہیں | ایمان لاتے | اکثر ان کے | اللہ پر | مگر | جبکہ وہ | شرک کرتے ہیں

دھیان نہیں کرتے۔ ان میں سے اکثر اللہ کو بھی مانتے ہیں اور شرک بھی کرتے ہیں۔

اَفَاَمِنُوْٓا اَنْ تَاْتِيَهُمْ غَاشِيَةٌ مِّنْ عَذَابِ اللّٰهِ اَوْ تَاْتِيَهُمُ

کیا پھر وہ امن میں ہیں | یہ کہ | آئے ان کے پاس | ڈھانپنے والی آفت | سے | عذاب | اللہ کے | یا | آئے ان کے پاس

کیا یہ لوگ اس بات سے بے فکر ہیں کہ ان پر عذاب الٰہی کی کوئی آفت نہیں آئے گی یا اچانک بے خبری

السَّاعَةُ بَغْتَةً وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿107﴾ قُلْ هٰذِهٖ سَبِيْلِيْٓ اَدْعُوْٓا اِلَى

قیامت | اچانک | جبکہ وہ | نہ | جانتے ہوں | کہہ دیجئے | یہ ہے | راستہ میرا | میں بلاتا ہوں | طرف

میں ان پر قیامت نہیں آ سکتی؟ اے نبی ﷺ آپ ﷺ ان لوگوں سے کہہ دیں "یہ میرا راستہ ہے۔ میں تمہیں پورے یقین اور

اللّٰهِ ۚ عَلٰى بَصِيْرَةٍ اَنَا وَمَنِ اتَّبَعَنِيْ ۭ وَسُبْحٰنَ اللّٰهِ وَمَآ اَنَا مِنَ

اللہ کی | پر | بصیرت | میں | اور جو | میرے پیچھے چلے | اور پاک ہے | اللہ | اور نہیں ہوں | میں | سے

بصیرت کے ساتھ اللہ کی طرف بلاتا ہوں۔ جن لوگوں نے میری پیروی کی ہے وہ بھی اسی سیدھے راستے پر ہیں۔ میرا عقیدہ ہے اللہ

وقف النبی علیہ السلام

الْمُشْرِكِيْنَ ﴿108﴾ وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ اِلَّا رِجَالًا نُّوْحِيْٓ اِلَيْهِمْ

مشرکوں | اور نہیں | ہم نے بھیجے | سے | پہلے تجھ | مگر | مرد | ہم وحی کرتے تھے | طرف ان کی

ہر عیب سے پاک ہے اور میں شرک کرنے والوں میں سے نہیں۔ اے نبی ﷺ ہم نے آپ ﷺ سے پہلے مختلف بستی والوں میں

مِّنْ اَهْلِ الْقُرٰى ۭ اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ

سے | رہنے والے | بستیوں کے | کیا پھر نہیں | وہ چلے پھرے | میں | زمین | پھر وہ دیکھتے | کیسا | ہوا

جتنے رسول بھیجے وہ سب مرد تھے۔ ہم ان کی طرف وحی کرتے تھے۔ کیا یہ لوگ زمین پر چلے پھرے نہیں

عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۭ وَلَدَارُ الْاٰخِرَةِ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ اتَّقَوْا ۭ

انجام | ان کا جو تھے | سے | پہلے ان | اور البتہ گھر | آخرت کا | بہتر ہے | ان کے لئے جو | ڈریں

کہ پہلی قوموں کا انجام دیکھتے؟ اور آخرت کا گھر ان لوگوں کے لئے بہتر ہے جنہوں نے تقویٰ اختیار کیا۔

اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿109﴾ حَتّٰٓى اِذَا اسْتَيْـَٔسَ الرُّسُلُ وَظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ قَدْ

کیا پھر نہیں | تم سمجھتے | یہاں تک کہ | جب | مایوس ہوئے | رسول | اور انہوں نے سمجھا | کہ وہ | بیشک

کیا تم سمجھتے نہیں؟ پہلے پیغمبر جب لوگوں کے ایمان لانے سے مایوس ہوئے اور لوگوں نے سمجھا کہ انہیں عذاب کے جھوٹے

كُذِبُوْا جَاۗءَهُمْ نَصْرُنَا ۙ فَنُجِّيَ مَنْ نَّشَاۗءُ ۭ وَلَا يُرَدُّ بَاْسُنَا عَنِ

جھٹلائے گئے | آئی ان کے پاس | مدد ہماری | پھر ہم نے نجات دی | جسے | ہم نے چاہا | اور نہیں | ہٹایا جاتا | عذاب ہمارا | سے

ڈراوے سنائے گئے تو پیغمبروں کو یکایک ہماری مدد آ پہنچی۔ پھر ہم نے جس کو چاہا نجات دی مگر مجرم لوگوں سے ہمارا عذاب ٹالا

الْقَوْمِ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿110﴾ لَقَدْ كَانَ فِيْ قَصَصِهِمْ عِبْرَةٌ لِّاُولِي الْاَلْبَابِ ۭ

لوگوں | گناہ گار | بیشک | ہے | میں | ان کے قصوں | سبق | عقل والوں کیلئے

نہیں جا سکتا۔ پہلی امتوں کے حالات میں سمجھ دار لوگوں کے لئے بڑی عبرت ہے۔

مَا كَانَ حَدِيْثًا يُّفْتَرٰى وَلٰكِنْ تَصْدِيْقَ الَّذِيْ بَيْنَ يَدَيْهِ

نہیں | ہے | یہ بات | گھڑی ہوئی | اور لیکن ہے | سچا کرنے والی | اس کو جو ہے | آگے (پہلے) | اس سے

اور یہ قرآن کسی انسان کی گھڑی ہوئی بات نہیں، بلکہ یہ اپنے سے پہلی کتابوں کو سچ ثابت کرتی ہے۔

وَتَفْصِيْلَ كُلِّ شَيْءٍ وَّهُدًى وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿111﴾ ع 12 7 6

اور تفصیل | ہر | چیز کی | اور ہدایت | اور رحمت | ان لوگوں کیلئے جو | ایمان لاتے ہیں

اس میں ہدایت کی ہر چیز کا واضح بیان موجود ہے۔ اور یہ ایمان والوں کے حق میں رہنمائی اور رحمت ہے۔

(13) سُوْرَةُ الرَّعْدِ مَدَنِيَّةٌ (96)

اٰيَاتُهَا 43 | رُكُوْعَاتُهَا 6

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

الٓمّٓرٰ ۚ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ ۭ وَالَّذِيْٓ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ

الٓمّٓرٰ | یہ ہیں | آیتیں | کتاب کی | اور جو | نازل کیا گیا | طرف تیری | طرف سے | تیرے رب کی

الٓمّٓرٰ اے نبی ﷺ یہ کتاب الٰہی کی آیتیں ہیں۔ اور جو کچھ آپ ﷺ کے رب کی طرف سے آپ ﷺ پر نازل ہوا ہے

الْحَقُّ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿1﴾ اَللّٰهُ الَّذِيْ رَفَعَ

سچ ہے | اور لیکن | اکثر | لوگ | نہیں | ایمان لاتے | اللہ | جس نے | بلند کیا

وہ حق ہے مگر اکثر لوگ نہیں مانتے۔ لوگو! اسی اللہ نے آسمانوں کو بلند کیا بغیر ایسے ستونوں کے

السَّمٰوٰتِ بِغَيْرِ عَمَدٍ تَرَوْنَهَا ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ وَسَخَّرَ

آسمانوں کو | بغیر | ستونوں کے | تم دیکھتے ہو جن کو | پھر | وہ قائم ہوا | پر | عرش | اور کام پر لگایا

جو تمہیں نظر آئیں۔ پھر وہ عرش پر قائم ہوا۔ اسی نے سورج اور چاند کو ایک ضابطے کا پابند بنایا۔

الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ۭ كُلٌّ يَّجْرِيْ لِاَجَلٍ مُّسَمًّى ۭ يُدَبِّرُ الْاَمْرَ

سورج کو | اور چاند کو | سب | چلتے ہیں | ایک مدت تک | مقررہ | وہ تدبیر کرتا ہے | کام کی

دونوں ایک مقررہ وقت کے لئے حرکت کر رہے ہیں۔ اللہ کائنات کا نظام چلا رہا ہے۔

يُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ بِلِقَاۗءِ رَبِّكُمْ تُوْقِنُوْنَ ﴿2﴾ وَهُوَ الَّذِيْ مَدَّ

کھول کر بیان کرتا ہے | آیتوں کو | تاکہ تم | ملنے کو | اپنے رب کے | یقین جانو | اور وہی ہے | جس نے | پھیلائی

وہ اپنی نشانیوں کو کھول کھول کر بیان کرتا ہے تاکہ تم ان پر غور کر کے اپنے رب سے ملنے کا یقین کرو۔ وہی ہے جس نے زمین کو

الْاَرْضَ وَجَعَلَ فِيْهَا رَوَاسِيَ وَاَنْهٰرًا ۭ وَمِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ جَعَلَ

زمین | اور بنائے | اس میں | پہاڑ | اور نہریں | اور سے | ہر | پھل | بنائے

پھیلایا۔ اس میں پہاڑ بنائے۔ نہریں اور ندیاں بہائیں، ہر قسم کے پھلوں کے

فِيْهَا زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ يُغْشِي الَّيْلَ النَّهَارَ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ

اس میں | جوڑے | دو دو | وہ ڈھانپتا ہے | رات کو | دن پر | بیشک | میں | اس | ضرور نشانیاں ہیں

جوڑے پیدا کئے۔ دن بنایا اور رات بنائی جو دن کو ڈھانپ لیتی ہے۔ یقیناً ان سب چیزوں میں ان لوگوں کے لئے بڑی نشانیاں

لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ۝ وَفِي الْاَرْضِ قِطَعٌ مُّتَجٰوِرٰتٌ وَّجَنّٰتٌ مِّنْ

لوگوں کیلئے | جو غور و فکر کرتے ہیں | اور میں | زمین | رقبے | پاس پاس | اور باغات | سے

ہیں جو غور و فکر کریں۔ اور دیکھو، زمین میں پاس پاس کئی قطعے ہوتے ہیں۔ کہیں انگوروں

اَعْنَابٍ وَّزَرْعٌ وَّنَخِيْلٌ صِنْوَانٌ وَّغَيْرُ صِنْوَانٍ يُّسْقٰى بِمَاۗءٍ وَّاحِدٍ ۣ

انگور | اور کھیتی | اور کھجوریں | ایک جڑ والی | اور مختلف جڑوں والی | سیراب ہوتی ہیں | پانی | ایک سے

کا باغ ہے۔ کہیں غلے کی کھیتی ہے اور کہیں کھجوروں کے درخت کھڑے ہیں جو اکہرے بھی ہیں اور دوہرے بھی۔ سب ایک ہی پانی

وَنُفَضِّلُ بَعْضَهَا عَلٰي بَعْضٍ فِي الْاُكُلِ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ

اور ہم فضیلت دیتے ہیں | بعض کو | پر | بعض | میں | ذائقے | بیشک | میں | اس | ضرور نشانیاں ہیں

سے سیراب ہوتے ہیں مگر ہم ایک کو دوسرے پر لذت میں فوقیت دیتے ہیں۔ بیشک ان چیزوں میں بڑی نشانیاں ہیں ان لوگوں کے

لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ۝ وَاِنْ تَعْجَبْ فَعَجَبٌ قَوْلُهُمْ ءَاِذَا كُنَّا تُرٰبًا

لوگوں کیلئے | جو سمجھتے ہیں | اور اگر | تو تعجب کرے | تو تعجب ہے | ان کی بات پر | کیا جب | ہم ہونگے | مٹی

لئے جو غور کریں۔ تعجب تو کافروں کی بات پر ہے جو کہتے ہیں "جب ہم مر کر مٹی ہو جائیں گے

ءَاِنَّا لَفِيْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ ڛ اُولٰۗىِٕكَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ ۚ وَاُولٰۗىِٕكَ

کیا بیشک ہم | البتہ میں | پیدائش | نئی | یہی لوگ | جنہوں نے | انکار کیا | اپنے رب کا | اور یہی لوگ

تو کیا ہم نئے سرے سے پیدا کئے جائیں گے؟" یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے اپنے رب کا انکار کیا۔ قیامت کے دن

الْاَغْلٰلُ فِيْٓ اَعْنَاقِهِمْ ۚ وَاُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا

طوق ہیں | میں | ان کی گردنوں | اور یہی لوگ ہیں | دوزخ والے | وہ | اس میں

ان کی گردنوں میں طوق پڑے ہوں گے۔ وہ دوزخی ہوں گے اور ہمیشہ دوزخ

خٰلِدُوْنَ ۝ وَيَسْتَعْجِلُوْنَكَ بِالسَّيِّئَةِ قَبْلَ الْحَسَنَةِ وَقَدْ خَلَتْ

ہمیشہ رہنے والے | اور وہ جلدی مانگتے ہیں تجھ سے | برائی | پہلے | بھلائی سے | اور بیشک | ہو گزریں

میں رہیں گے۔ کافر لوگ اپنے لئے بھلائی چاہنے سے پہلے عذاب کے لئے جلدی کر رہے ہیں حالانکہ ان سے پہلے کی قوموں پر

مِنْ قَبْلِهِمُ الْمَثُلٰتُ ؕ وَاِنَّ رَبَّكَ لَذُوْ مَغْفِرَةٍ لِّلنَّاسِ عَلٰى

سے | پہلے ان کے | مثالیں (عذاب کی) | اور بیشک | تیرا رب | البتہ بخشش والا ہے | لوگوں کیلئے ہے | باوجود

عذاب آنے کی مثالیں گزر چکی ہیں۔ اے نبی ﷺ آپ ﷺ کا رب لوگوں کے ظلم کے باوجود ان سے

ظُلْمِهِمْ ۚ وَاِنَّ رَبَّكَ لَشَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝ وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

ان کے ظلم کے | اور بیشک | تیرا رب | ضرور سخت | عذاب والا ہے | اور کہتے ہیں | جو | کافر ہوئے

درگزر کرتا ہے اور اس میں بھی شک نہیں آپ ﷺ کا رب سخت سزا دینے والا ہے۔ اور آپ ﷺ کے بارے میں کفار کہتے ہیں

لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ اٰيَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ؕ اِنَّمَآ اَنْتَ مُنْذِرٌ وَّلِكُلِّ

کیوں نہیں | اتاری گئی | اس پر | نشانی | طرف سے | اس کے رب کی | بیشک | تو ہے | ڈرانے والا | اور واسطے ہر

''اس شخص پر اس کے رب کی طرف سے کوئی نشانی کیوں نہیں اتری؟'' حالانکہ آپ ﷺ صرف خبردار کر دینے والے ہیں اور

قَوْمٍ هَادٍ ۝ ع اَللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ اُنْثٰى وَمَا تَغِيْضُ

قوم کے | ہدایت دینے والا ہے | اللہ | جانتا ہے | جو | اٹھاتی ہے | ہر | عورت (مادہ) | اور جو | کم کرتے ہیں

آپ ﷺ سے پہلے بھی ہر قوم کے لئے ایک نہ ایک رہنما ہو گزرا ہے۔ اللہ ہی جانتا ہے ہر حاملہ کے پیٹ میں کیا ہے اور رحموں کے

الْاَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ ؕ وَكُلُّ شَيْءٍ عِنْدَهٗ بِمِقْدَارٍ ۝ عٰلِمُ الْغَيْبِ

رحم | اور جو | بڑھاتے ہیں | اور ہر | شے | اس کے ہاں | اندازے سے ہے | جاننے والا | غیب کا

اندر کیا گھٹتا اور کیا بڑھتا ہے۔ اللہ کے ہاں ہر چیز کا اندازہ مقرر ہے۔ وہی ظاہر و باطن کو جاننے والا،

وَالشَّهَادَةِ الْكَبِيْرُ الْمُتَعَالِ ۝ سَوَآءٌ مِّنْكُمْ مَّنْ اَسَرَّ الْقَوْلَ وَمَنْ

اور ظاہر کا | بہت بڑا ہے | نہایت بلند ہے | برابر ہے | تم میں سے | جو | چھپائے | بات | اور جو

سب سے بڑا اور بلند مرتبہ ہے۔ اس کے علم میں سب یکساں ہیں خواہ کوئی چپکے سے بات کہے، خواہ کوئی

جَهَرَ بِهٖ وَمَنْ هُوَ مُسْتَخْفٍ بِالَّيْلِ وَسَارِبٌ بِالنَّهَارِ ۝ لَهٗ

پکار کر کہے | اس کو | اور جو | وہ | چھپنے والا ہے | رات کو | اور چلنے والا | دن کو | اسی کے پاس

پکار کر کہے، خواہ کوئی رات کے اندھیرے میں چھپا ہوا ہو اور خواہ کوئی دن کے اُجالے میں چل پھر رہا ہو۔ ہر شخص کے

مُعَقِّبٰتٌ مِّنۡۢ بَيۡنِ يَدَيۡهِ وَمِنۡ خَلۡفِهٖ يَحۡفَظُوۡنَهٗ مِنۡ اَمۡرِ

محافظ (فرشتے) | سے | آگے | اسکے | اور سے | پیچھے اس کے | حفاظت کرتے ہیں اسکی | سے | حکم

آگے اور پیچھے نگران فرشتے مقرر ہیں، جو اللہ کے حکم سے اس کی دیکھ بھال کرتے

اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُغَيِّرُ مَا بِقَوۡمٍ حَتّٰى يُغَيِّرُوۡا مَا بِاَنۡفُسِهِمۡ ؕ

اللہ کے | بیشک | اللہ | نہیں | بدلتا | جو | قوم ہو | یہاں تک کہ | وہ بدلیں | اپنے | آپ کو

ہیں۔ بیشک اللہ کسی قوم کی حالت نہیں بدلتا جب تک وہ قوم خود نہیں بدلتی۔

وَاِذَاۤ اَرَادَ اللّٰهُ بِقَوۡمٍ سُوۡٓءًا فَلَا مَرَدَّ لَهٗ ۚ وَمَا لَهُمۡ مِّنۡ

اور جب | ارادہ کرے | اللہ | قوم سے | عذاب کا | تو نہیں | ہٹانا | اس سے | اور نہیں | ان کے لئے | سے

جب اللہ کسی قوم پر کوئی آفت لانا چاہتا ہے تو کوئی اس آفت کو ٹال نہیں سکتا اور اللہ کے مقابلے میں اس قوم کا

دُوۡنِهٖ مِنۡ وَّالٍ ﴿۱۱﴾ هُوَ الَّذِىۡ يُرِيۡكُمُ الۡبَرۡقَ خَوۡفًا وَّطَمَعًا وَّيُنۡشِئُ

سوائے اس کے | کوئی | کارساز | وہی | جو | دکھاتا ہے تم کو | بجلی | ڈرانے کو | اور امید دلانے کو | اور اٹھاتا ہے

کوئی مددگار نہیں ہوتا۔ وہی اللہ ہے جو تمہیں بادلوں میں بجلی کی چمک دکھاتا ہے جس سے ڈر بھی پیدا ہوتا ہے اور بارش کی امید بھی ہوتی

السَّحَابَ الثِّقَالَ ۚ ﴿۱۲﴾ وَيُسَبِّحُ الرَّعۡدُ بِحَمۡدِهٖ وَالۡمَلٰٓئِكَةُ مِنۡ

بادل | بھاری | اور تسبیح کرتی ہے | گرج | ساتھ اسکی حمد کے | اور فرشتے بھی | سے

ہے۔ وہی ہے جو پانی سے لدے ہوئے بادل اٹھاتا ہے۔ بادلوں کی گرج بھی اللہ کی حمد وثنا کے ساتھ تسبیح بیان کرتی ہے اور فرشتے

خِيۡفَتِهٖ ۚ وَيُرۡسِلُ الصَّوَاعِقَ فَيُصِيۡبُ بِهَا مَنۡ يَّشَآءُ وَهُمۡ

اس کے خوف | اور وہ بھیجتا ہے | بجلیاں گرنے والی | پھر پہنچاتا ہے | ان کو | جس پر | چاہے | اور وہ

بھی اس کے خوف سے تسبیح کرتے ہیں۔ وہی ہے جو بجلیاں بھیجتا ہے اور جس پر چاہتا ہے گرا بھی دیتا ہے۔ اس کے باوجود مشرک

يُجَادِلُوۡنَ فِى اللّٰهِ ۚ وَهُوَ شَدِيۡدُ الۡمِحَالِ ؕ ﴿۱۳﴾ لَهٗ دَعۡوَةُ الۡحَقِّ ؕ

جھگڑتے ہیں | بارے میں | اللہ کے | اور وہ | سخت | عذاب والا ہے | اسی کیلئے ہے | پکارنا | درست

لوگ اللہ کے بارے میں جھگڑتے ہیں حالانکہ وہ بڑی قوت والا ہے۔ صرف اللہ کو پکارنا درست ہے

وَالَّذِيۡنَ يَدۡعُوۡنَ مِنۡ دُوۡنِهٖ لَا يَسۡتَجِيۡبُوۡنَ لَهُمۡ بِشَىۡءٍ اِلَّا

اور جن کو | وہ پکارتے ہیں | سے | سوائے اس کے | نہیں | وہ جواب دیتے | ان کو | کچھ | مگر

اس کے سوا جن کو لوگ پکارتے ہیں وہ اپنے پکارنے والوں کی داد رسی نہیں کر سکتے۔ جیسے

كَبَاسِطِ كَفَّيْهِ إِلَى الْمَآءِ لِيَبْلُغَ فَاهُ وَمَا هُوَ بِبَالِغِهٖ ؕ وَمَا

جیسے دراز کرنے والا | اپنی دونوں ہتھیلیوں کو | طرف | پانی کی | تا کہ پہنچے | منہ اس کا | اور نہیں | وہ | پہنچنے والا اس تک | اور نہیں

کوئی شخص اپنے دونوں ہاتھ پانی کی طرف پھیلائے تا کہ پانی اس کے منہ تک پہنچ جائے حالانکہ وہ اس تک پہنچنے والا نہیں۔ اسی

دُعَآءُ الْكٰفِرِيْنَ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ ﴿14﴾ وَلِلّٰهِ يَسْجُدُ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ

دعا | کافروں کی | مگر | میں | گمراہی | اور اللہ کیلئے | سجدہ کرتا ہے | جو کوئی ہے | میں | آسمانوں

طرح کافروں کی پکار بے فائدہ ہے۔ آسمان و زمین کی ہر چیز اللہ کو سجدہ کر رہی ہے

وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْهًا وَّظِلٰلُهُمْ بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ ۩ ﴿15﴾ قُلْ مَنْ

اور زمین | خوشی سے | اور مجبوری سے | اور سائے ان کے | صبح کو | اور شام کو | کہہ دیجئے | کون ہے

خوشی سے یا مجبوری سے۔ تمام چیزوں کے سائے بھی صبح وشام اللہ کے آگے سجدہ ریز ہوتے ہیں۔

رَّبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ قُلِ اللّٰهُ ؕ قُلْ اَفَاتَّخَذْتُمْ مِّنْ دُوْنِهٖٓ

رب | آسمانوں کا | اور زمین کا | کہہ دیجئے | اللہ | کہہ دیجئے | کیا پھر بنائے تم نے | سے | سوائے اسکے

اے نبی ﷺ آپ ﷺ ان لوگوں سے پوچھیں "آسمانوں اور زمین کا مالک کون ہے؟" آپ ﷺ خود ہی جواب دیں "اللہ سب کا

اَوْلِيَآءَ لَا يَمْلِكُوْنَ لِاَنْفُسِهِمْ نَفْعًا وَّلَا ضَرًّا ؕ قُلْ هَلْ يَسْتَوِي

کارساز | نہیں | اختیار رکھتے | اپنی جانوں کیلئے | نفع کا | اور نہ | نقصان کا | کہہ دیجئے | کیا | برابر ہیں

مالک ہے" پھر آپ ﷺ ان سے کہیں "تم نے کیوں اس کے سوا دوسروں کو اپنا کارساز بنا رکھا ہے جو خود اپنے لئے نفع نقصان کا

الْاَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ ۙ اَمْ هَلْ تَسْتَوِي الظُّلُمٰتُ وَالنُّوْرُ ۚ اَمْ جَعَلُوْا

اندھا | اور دیکھنے والا | یا | کیا | برابر ہیں | اندھیرے | اور روشنی | کیا | انہوں نے بنائے

اختیار نہیں رکھتے؟" آپ ﷺ ان سے یہ بھی پوچھیں "کیا اندھا اور آنکھوں والا برابر ہو سکتے ہیں؟ کیا اندھیرا اور اُجالا برابر ہیں۔ کیا

لِلّٰهِ شُرَكَآءَ خَلَقُوْا كَخَلْقِهٖ فَتَشَابَهَ الْخَلْقُ عَلَيْهِمْ ؕ قُلِ اللّٰهُ

اللہ کے | شریک | انہوں نے پیدا کیا | جیسے اس کا پیدا کرنا | پھر مشابہ ہوگئی | پیدائش | ان پر | کہہ دیجئے | اللہ

انہوں نے اللہ کے ایسے شریک بنائے جنہوں نے اللہ کی طرح کچھ چیزیں پیدا کی ہوں جس سے خالقوں کے بارے میں ان کو شبہ ہو

خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ وَّهُوَ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ﴿16﴾ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً

پیدا کرنیوالا ہے | ہر | چیز کا | اور وہ | اکیلا | غالب ہے | اس نے اتارا | سے | آسمان | پانی

گیا ہو؟ اے نبی ﷺ آپ ﷺ کہیں "اللہ ہر چیز کا پیدا کرنے والا ہے اور وہ اکیلا زبردست ہے۔" اللہ نے آسمان سے

فَسَالَتْ اَوْدِيَةٌۢ بِقَدَرِهَا فَاحْتَمَلَ السَّيْلُ زَبَدًا رَّابِيًا ؕ وَمِمَّا

پھر بہنے لگے | نالے | اپنے اندازے سے | پھر اٹھالیا | بہاؤ نے | جھاگ | پھولا ہوا | اور اس سے جو

پانی برسایا اور ندی نالے اپنی مقدار کے موافق بہہ نکلے۔ پھر سیلاب نے اُبھرتے جھاگ کو اُٹھالیا۔ اور دیکھو اسی طرح کا جھاگ اُن

يُوْقِدُوْنَ عَلَيْهِ فِي النَّارِ ابْتِغَآءَ حِلْيَةٍ اَوْ مَتَاعٍ زَبَدٌ مِّثْلُهٗ ؕ

تپاتے ہیں | اس پر | میں | آگ | حاصل کرنے | زیور | یا | سامان | جھاگ | اس جیسا

دھاتوں پر بھی اُبھر آتا ہے جنہیں لوگ زیور یا نئی چیزیں بنانے کے لئے پگھلاتے ہیں۔

كَذٰلِكَ يَضْرِبُ اللّٰهُ الْحَقَّ وَالْبَاطِلَ ؕ فَاَمَّا الزَّبَدُ فَيَذْهَبُ

اسی طرح | بیان کرتا ہے | اللہ | حق | اور باطل کو | پھر جو | جھاگ ہے | تو وہ جاتا رہتا ہے

اس طرح اللہ حق و باطل کی مثال بیان کرتا ہے۔ جھاگ باطل ہے اور وہ سُوکھ کر مٹ

جُفَآءً ۚ وَاَمَّا مَا يَنْفَعُ النَّاسَ فَيَمْكُثُ فِي الْاَرْضِ ؕ كَذٰلِكَ

خشک ہوکر | اور جو | چیز | فائدہ دے | لوگوں کو | تو وہ رہتی ہے | میں | زمین | اسی طرح

جاتا ہے مگر انسانوں کو نفع پہنچانے والی چیز حق ہے جو زمین میں باقی رہتی ہے۔ اللہ اسی طرح

يَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ ؕ ۝ لِلَّذِيْنَ اسْتَجَابُوْا لِرَبِّهِمُ الْحُسْنٰى ؕ

بیان کرتا ہے | اللہ | مثالیں | ان کیلئے | جنہوں نے حکم مانا | اپنے رب کا | بھلائی ہے

مثالیں بیان کرتا ہے۔ ان لوگوں کیلئے جنہوں نے اللہ کا حکم مانا ان کے لئے بھلائی ہے۔

وقف النبی علیہ السلام

وَالَّذِيْنَ لَمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَهٗ لَوْ اَنَّ لَهُمْ مَّا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا

اور جنہوں نے | نہیں | حکم مانا | اس کا | اگر | یہ کہ | انکے پاس ہو | جو ہے | میں | زمین | سارا

جن لوگوں نے اس کا حکم نہ مانا ان کے پاس اگر دنیا بھر کی دولت بھی ہو اور اتنی ہی اور بھی ہو تو وہ یہ ساری دولت اپنی رہائی کے لئے

وَّمِثْلَهٗ مَعَهٗ لَافْتَدَوْا بِهٖ ؕ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ سُوْٓءُ الْحِسَابِ ۙ

اور اس جیسا | ساتھ اسکے | ضرور فدیہ میں دیں | اس کو | یہ لوگ | ان کیلئے ہے | برا | حساب

دینے پر تیار ہو جائیں گے۔ ان لوگوں کا حساب سخت ہوگا

النصف

وَمَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ؕ وَبِئْسَ الْمِهَادُ ۝ع اَفَمَنْ يَّعْلَمُ اَنَّمَآ اُنْزِلَ

ع 2 11 8

اور ٹھکانہ ان کا | دوزخ ہے | اور وہ برا ہے | بچھونا | کیا پھر جو | جانتا ہے | کہ بے شک | نازل ہوا

اور ان کا ٹھکانا جہنم ہوگا جو بہت برا ٹھکانا ہے۔ اے نبی ﷺ کیا جو شخص یہ جانتا ہے کہ جو قرآن آپ ﷺ کے

اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ الْحَقُّ كَمَنْ هُوَ اَعْمٰى ط اِنَّمَا يَتَذَكَّرُ

طرف تیری | طرف سے | تیرے رب کی | سچا ہے | جیسے جو | وہ | اندھا ہے | بیشک | سمجھتے ہیں

رب کی طرف سے نازل ہوا ہے وہ حق ہے، کیا وہ اس آدمی کی طرح ہو سکتا ہے جو اندھا ہے۔ مگر نصیحت تو عقل والے

اُولُوا الْاَلْبَابِ ﴿۱۹﴾ الَّذِيْنَ يُوْفُوْنَ بِعَهْدِ اللّٰهِ وَلَا يَنْقُضُوْنَ الْمِيْثَاقَ ﴿۲۰﴾

عقل والے | جو | پورا کرتے ہیں | عہد کو | اللہ کے | اور نہیں | وہ توڑتے | پختہ عہد کو

قبول کرتے ہیں جو اللہ کے ساتھ کیے ہوئے عہد کو پورا کرتے ہیں اور اس کے عہد کو نہیں توڑتے۔

وَالَّذِيْنَ يَصِلُوْنَ مَآ اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖٓ اَنْ يُّوْصَلَ وَيَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ

اور جو | ملاتے ہیں | جو | حکم دیا | اللہ نے | اس کا | کہ | ملایا جائے | اور ڈرتے ہیں | اپنے رب سے

جو اس چیز کو ملاتے ہیں جسے اللہ نے ملانے کا حکم دیا ہے۔ جو اپنے رب سے ڈرتے ہیں

وَيَخَافُوْنَ سُوْٓءَ الْحِسَابِ ﴿۲۱﴾ وَالَّذِيْنَ صَبَرُوا ابْتِغَآءَ وَجْهِ رَبِّهِمْ

اور ڈرتے ہیں | برے | حساب سے | اور جو | صبر کریں | چاہنے | رضا | اپنے رب کی

اور آخرت کے سخت حساب سے خوف زدہ ہیں۔ اور اپنے رب کی رضا کے لئے صبر کرتے ہیں۔

وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاَنْفَقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا وَّعَلَانِيَةً وَّيَدْرَءُوْنَ

اور قائم کریں | نماز | اور خرچ کریں | اس سے جو | ہم نے رزق دیا انکو | پوشیدہ | اور ظاہر | اور دور کرتے ہیں

نماز قائم کرتے ہیں۔ ہمارے دیے میں سے پوشیدہ اور علانیہ خرچ کرتے ہیں اور جو برائی کے

بِالْحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عُقْبَى الدَّارِ ﴿۲۲﴾ جَنّٰتُ عَدْنٍ

بھلائی سے | برائی کو | یہی لوگ | ان کیلئے ہے | انجام کار | آخرت کا گھر | باغ | ہمیشہ کے

بدلے میں بھی بھلائی کرتے ہیں۔ آخرت کا گھر انہی لوگوں کے لئے ہے۔ وہ ابدی باغوں میں

يَّدْخُلُوْنَهَا وَمَنْ صَلَحَ مِنْ اٰبَآئِهِمْ وَاَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّيّٰتِهِمْ

وہ داخل ہوں گے ان میں | اور جو | نیک ہیں | سے | ان کے باپ دادا | اور بیویاں ان کی | اور اولاد ان کی

خود بھی داخل ہوں گے اور ان کے آباؤ اجداد، ان کی بیویاں اور ان کی اولاد میں جو نیک اور صالح ہوں گے وہ بھی ان کے ساتھ وہاں

وَالْمَلٰٓئِكَةُ يَدْخُلُوْنَ عَلَيْهِمْ مِّنْ كُلِّ بَابٍ ﴿۲۳﴾ ج سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ بِمَا

اور فرشتے | داخل ہوں گے | ان پر | سے | ہر | دروازے | سلامتی ہو | تم پر | اس وجہ سے جو

جائیں گے۔ فرشتے ہر دروازے سے ان کے پاس آئیں گے۔ اور ان سے کہیں گے "سلامتی ہو تم لوگوں پر، تم نے دنیا

صَبَرْتُمْ فَنِعْمَ عُقْبَى الدَّارِ ﴿٢٤﴾ وَالَّذِيْنَ يَنْقُضُوْنَ عَهْدَ اللّٰهِ مِنْ

تم نے صبر کیا | پس کتنا اچھا ہے | انجام کار | آخرت کا گھر | اور جو لوگ | توڑتے ہیں | عہد | اللہ کا | سے

میں صبر کیا، یہ سب اسی کا صلہ ہے'' اتنا اچھا ہے آخرت میں ان کا ٹھکانا۔ مگر جو لوگ اللہ سے پختہ عہد کر کے اسے

بَعْدِ مِيْثَاقِهٖ وَيَقْطَعُوْنَ مَآ اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖٓ اَنْ يُّوْصَلَ وَيُفْسِدُوْنَ

بعد | پختہ کرنے کے | اور کاٹتے ہیں | جو | حکم دیا | اللہ نے | اس کا | کہ | ملایا جائے | اور فساد کرتے ہیں

توڑ ڈالتے ہیں۔ اللہ نے جن چیزوں کے ملانے کا حکم دیا ہے انہیں کاٹ دیتے ہیں اور زمین میں

فِي الْاَرْضِ ۙ اُولٰٓئِكَ لَهُمُ اللَّعْنَةُ وَلَهُمْ سُوْٓءُ الدَّارِ ﴿٢٥﴾ اَللّٰهُ يَبْسُطُ

میں | زمین | یہی لوگ | ان کیلئے | لعنت ہے | اور ان کیلئے | برا | گھر ہے | اللہ | زیادہ دیتا ہے

فساد کرتے ہیں۔ ایسے لوگوں پر لعنت ہے اور آخرت میں ان کیلئے برا ٹھکانا ہے۔ اللہ زیادہ

الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَقْدِرُ ۭ وَفَرِحُوْا بِالْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۭ وَمَا

روزی | جسے | چاہے | اور کم دیتا ہے | اور وہ خوش ہوئے | زندگی پر | دنیا کی | اور نہیں

روزی دیتا ہے جسے چاہتا ہے اور تھوڑی دیتا ہے جسے چاہتا ہے۔ مگر لوگ دنیا کی زندگی میں مگن ہیں۔ حالانکہ دنیا کی

الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا فِي الْاٰخِرَةِ اِلَّا مَتَاعٌ ﴿٢٦﴾ وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْلَآ

زندگی | دنیا کی | (مقابلے) میں | آخرت کے | مگر | تھوڑا فائدہ | اور کہتے ہیں | جو لوگ | کافر ہوئے | کیوں نہ

زندگی آخرت کے مقابلے میں معمولی سامان کے سوا کچھ نہیں۔ کافر لوگ نبی ﷺ کے بارے میں کہتے ہیں ''اس شخص پر اس کے رب

اُنْزِلَ عَلَيْهِ اٰيَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ۭ قُلْ اِنَّ اللّٰهَ يُضِلُّ مَنْ يَّشَآءُ

اتاری گئی | اس پر | نشانی | طرف | اسکے رب کی | کہہ دیجئے | بیشک | اللہ | گمراہ کرتا ہے | جسے | چاہے

کی طرف سے کوئی نشانی نہیں اتاری گئی؟'' اے نبی ﷺ آپ ﷺ کہیں ''بات یہ ہے اللہ جسے چاہتا ہے گمراہ کرتا ہے، اور جو اس

وَيَهْدِيْٓ اِلَيْهِ مَنْ اَنَابَ ﴿٢٧﴾ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَتَطْمَىِٕنُّ قُلُوْبُهُمْ

اور ہدایت دیتا ہے | اپنی طرف | جو | رجوع کرے | جو لوگ | ایمان لائے | اور اطمینان پاتے ہیں | دل ان کے

کی طرف رجوع کرتا ہے اسے وہ ہدایت دیتا ہے۔ ایسے لوگ جو ایمان لاتے ہیں اور ان کے دل اللہ کی یاد سے مطمئن

بِذِكْرِ اللّٰهِ ۭ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَىِٕنُّ الْقُلُوْبُ ﴿٢٨﴾ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

ذکر سے | اللہ کے | یاد رکھو | ذکر سے | اللہ کے | اطمینان پاتے ہیں | دل | جو لوگ | ایمان لائے

ہوتے ہیں تو یاد رکھو، اللہ کے ذکر ہی سے دلوں کو اطمینان حاصل ہوتا ہے۔ جو لوگ ایمان لائے

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ طُوْبٰى لَهُمْ وَحُسْنُ مَاٰبٍ ﴿29﴾ كَذٰلِكَ اَرْسَلْنٰكَ

اور کام کئے | نیک | خوش نصیبی | ان کیلئے | اور عمدہ | ٹھکانہ | اسی طرح | ہم نے بھیجا تجھے

اور انہوں نے نیک کام کئے، وہی خوش نصیب ہیں اور آخرت میں انہی کے لئے اچھا ٹھکانا ہے۔اے نبی ﷺ جس طرح ہر امت

فِيْٓ اُمَّةٍ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهَآ اُمَمٌ لِّتَتْلُوَا۟ عَلَيْهِمُ الَّذِيْٓ

میں | امت | بیشک | گزر چکیں | سے | ان سے پہلے | امتیں | تاکہ تو پڑھے | ان پر | جو

کے لئے پیغمبر بھیجا گیا اسی طرح ہم نے آپ ﷺ کو بھی ایک ایسی امت کی طرف بھیجا ہے جس سے پہلے بہت سی امتیں گزر چکی ہیں

اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ وَهُمْ يَكْفُرُوْنَ بِالرَّحْمٰنِ ۭ قُلْ هُوَ رَبِّيْ لَآ اِلٰهَ

ہم نے وحی کیا | طرف تیری | اور وہ | انکار کرتے ہیں | رحمان کا | کہہ دیجئے | وہ | میرا رب ہے | نہیں | معبود

تاکہ آپ ﷺ وہ قرآن سنادیں جو ہم نے آپ ﷺ کی طرف وحی کیا ہے مگر وہ لوگ رحمان کا انکار کرتے ہیں۔آپ ﷺ کہہ دیں

اِلَّا هُوَ ۚ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَاِلَيْهِ مَتَابِ ﴿30﴾ وَلَوْ اَنَّ قُرْاٰنًا

مگر | وہی | اسی پر | میں نے بھروسا کیا | اور طرف اس کی | میرا توبہ کرنا | اور اگر | بلاشبہ | قرآن

''وہی میرا رب ہے، اس کے سوا کوئی معبود نہیں۔اسی پر میں نے بھروسا کیا اور اسی کی طرف میں رجوع کرتا ہوں۔'' اور اگر ایسا

سُيِّرَتْ بِهِ الْجِبَالُ اَوْ قُطِّعَتْ بِهِ الْاَرْضُ اَوْ كُلِّمَ بِهِ الْمَوْتٰى ۭ

چلائے جاتے | اس سے | پہاڑ | یا | پھٹ جاتی | اس سے | زمین | یا | باتیں کرتے | اس سے | مردے

قرآن ہوتا جس کی تاثیر سے پہاڑ چلنے لگتے یا زمین پھٹ جاتی یا اس سے مردے بولنے لگتے تب بھی یہ کافر لوگ اس پر ایمان نہ

بَلْ لِّلّٰهِ الْاَمْرُ جَمِيْعًا ۭ اَفَلَمْ يَايْـَٔسِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْ لَّوْ

بلکہ | اللہ کیلئے ہے | حکم | سارا | کیا پس نہیں | جانتے | جو لوگ | ایمان لائے | کہ | اگر

لاتے۔حقیقت یہ ہے کہ سارا اختیار اللہ کے پاس ہے۔پھر کیا ایمان والوں کو اس بات سے تسلی نہیں ہوئی کہ اگر

يَشَاۗءُ اللّٰهُ لَهَدَى النَّاسَ جَمِيْعًا ۭ وَلَا يَزَالُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

چاہتا | اللہ | ضرور ہدایت دیتا | لوگوں | سب کو | اور ہمیشہ | جو لوگ | کافر ہوئے

اللہ چاہتا تو سب لوگوں کو ہدایت دے دیتا۔ اور کافروں پر اُن کے برے اعمال

تُصِيْبُهُمْ بِمَا صَنَعُوْا قَارِعَةٌ اَوْ تَحُلُّ قَرِيْبًا مِّنْ دَارِهِمْ حَتّٰى

پہنچے گی | اس وجہ سے جو | انہوں نے کیا | مصیبت | یا | اترے گی | قریب | سے | گھران کے | یہاں تک کہ

کی وجہ سے کوئی نہ کوئی مصیبت آتی رہتی ہے، یا کوئی آفت ان کی بستی کے آس پاس نازل ہوتی رہے گی یہاں تک

يَأْتِيَ وَعْدُ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ﴿31﴾ وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ

آئے | وعدہ | اللہ کا | بیشک | اللہ | نہیں | خلاف کرتا | وعدے کے | اور بیشک | مذاق اڑایا گیا

کہ اللہ کا وعدہ آ جائے۔ یقیناً اللہ اپنے وعدے کی خلاف ورزی نہیں کرتا۔ اے نبی ﷺ آپ ﷺ سے پہلے بھی

بِرُسُلٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَاَمْلَيْتُ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا ثُمَّ اَخَذْتُهُمْ ۫ فَكَيْفَ

رسولوں کا | سے | پہلے تجھ | پھر میں نے ڈھیل دی | ان کو جو | کافر ہوئے | پھر | میں نے پکڑا ان کو | پھر کیسا

رسولوں کا مذاق اُڑایا گیا تو میں نے کافروں کو ڈھیل دی۔ پھر میں نے انہیں پکڑ لیا تو دیکھو،

كَانَ عِقَابِ ﴿32﴾ اَفَمَنْ هُوَ قَآئِمٌ عَلٰى كُلِّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ ۚ

ہوا | عذاب میرا | کیا پھر جو | وہ | قائم ہے | پر | ہر | جان | جو | اس نے کمایا

میرا بھیجا ہوا عذاب کتنا سخت تھا۔ کیا وہ اللہ جو ہر کسی کے اچھے برے عمل کا حساب کرنے والا ہے، ایسا ہے کہ اس کا کوئی شریک ہو مگر

وَجَعَلُوْا لِلّٰهِ شُرَكَآءَ ؕ قُلْ سَمُّوْهُمْ ؕ اَمْ تُنَبِّئُوْنَهٗ بِمَا لَا يَعْلَمُ

اور بنائے | اللہ کے | شریک | کہہ دیجئے | تم نام لو ان کے | یا | تم بتاتے ہو وہ چیز | جو | نہیں | وہ جانتا

لوگوں نے اللہ کے شریک بنا رکھے ہیں۔ اے نبی ﷺ آپ ﷺ ان سے کہیں ان شریکوں کے نام لو۔ کیا تم اللہ کو ایسی چیز بتاتے ہو

فِي الْاَرْضِ اَمْ بِظَاهِرٍ مِّنَ الْقَوْلِ ؕ بَلْ زُيِّنَ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا

میں | زمین | یا | ظاہری | سے | بات | بلکہ | آراستہ کیا گیا | ان کے لئے جو | کافر ہوئے

جسے وہ زمین میں کہیں نہیں جانتا؟ یا تم ایسی ویسی باتیں کرتے ہو۔ بات یہ ہے کہ کافروں کی نگاہوں میں ان کی مکاریاں خوشنما بنا دی

مَكْرُهُمْ وَصُدُّوْا عَنِ السَّبِيْلِ ؕ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ

مکر ان کا | اور وہ روکے گئے | سے | راستے | اور جس کو | گمراہ کرے | اللہ | تو نہیں | اس کو | کوئی

گئی ہیں۔ وہ راہِ حق سے محروم ہو چکے ہیں۔ جسے اللہ گمراہ کر دے اسے کوئی ہدایت

هَادٍ ﴿33﴾ لَهُمْ عَذَابٌ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَشَقُّ ۚ

ہدایت دینے والا | ان کیلئے ہے | عذاب | میں | زندگی | دنیا کی | اور البتہ عذاب | آخرت کا | بھاری ہے

نہیں دے سکتا۔ ان لوگوں کے لئے دنیا کی زندگی میں بھی عذاب ہے اور آخرت کا عذاب تو بہت سخت ہے۔

وَمَا لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ وَّاقٍ ﴿34﴾ مَثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِيْ وُعِدَ

اور نہیں | ان کیلئے | سے | اللہ | کوئی | بچانے والا | حال | جنت کا | جس کا | وعدہ کیا گیا

کوئی انہیں اللہ کے عذاب سے بچانے والا نہیں۔ پرہیزگاروں کے لئے جس جنت کا وعدہ

الْمُتَّقُوْنَ ۭ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۭ اُكُلُهَا دَاۗىِٕمٌ وَّظِلُّهَا ۭ تِلْكَ

پرہیزگاروں سے | بہتی ہیں | سے | نیچے ان کے | نہریں | پھل اسکے | ہمیشہ | اور سایہ اس کا | یہ ہے

کیا گیا وہ ایسی ہے کہ اس میں نہریں بہتی ہوں گی۔ اس کا پھل اور سایہ ہمیشہ رہے گا۔ یہ

عُقْبَى الَّذِيْنَ اتَّقَوْا ڰ وَّعُقْبَى الْكٰفِرِيْنَ النَّارُ ۝35 وَالَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ

انجام | ان کا جو | پرہیزگار ہیں | اور انجام | کافروں کا | دوزخ ہے | اور جو لوگ | ہم نے دی ان کو

انجام ان لوگوں کا ہے جنہوں نے تقویٰ اختیار کیا لیکن کافروں کا انجام دوزخ کی آگ ہے۔ اے نبی ﷺ بعض سچے اہل کتاب اس

الْكِتٰبَ يَفْرَحُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمِنَ الْاَحْزَابِ مَنْ يُّنْكِرُ

کتاب | وہ خوش ہوتے ہیں | اس پر جو | نازل ہوا | طرف تیری | اور سے | گروہوں | جو | انکار کرتا ہے

قرآن سے جو ہم نے آپ ﷺ پر نازل کیا ہے خوش ہوتے ہیں اور اس پر ایمان بھی رکھتے ہیں لیکن کچھ مخالف گروہ بھی ہیں جو قرآن

بَعْضَهٗ ۭ قُلْ اِنَّمَآ اُمِرْتُ اَنْ اَعْبُدَ اللّٰهَ وَلَآ اُشْرِكَ بِهٖ ۭ

اسکے بعض کا | کہہ دیجئے | بیشک | مجھے حکم دیا گیا | کہ | میں عبادت کروں | اللہ کی | اور نہ | شریک کروں | اسکے ساتھ

کی کئی باتیں نہیں مانتے۔ آپ ﷺ ان سے کہیں ”مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں ایک اللہ کی عبادت کروں۔ کسی کو اس کا شریک نہ بناؤں۔

اِلَيْهِ اَدْعُوْا وَاِلَيْهِ مَاٰبِ ۝36 وَكَذٰلِكَ اَنْزَلْنٰهُ حُكْمًا عَرَبِيًّا ۭ

طرف اسی کی | میں بلاتا ہوں | اور طرف اسی کی ہے | ٹھکانہ | اور اسی طرح | ہم نے نازل کیا اسے | حکم | عربی

اسی کی طرف میں بلاتا ہوں اور اسی کی طرف رجوع کرتا ہوں۔“ اور ہم نے اس قرآن کو ایک حکم کی حیثیت سے عربی میں نازل کیا

وَلَىِٕنِ اتَّبَعْتَ اَهْوَاۗءَهُمْ بَعْدَ مَا جَاۗءَكَ مِنَ الْعِلْمِ ۙ مَا لَكَ

اور البتہ اگر | تو نے پیروی کی | ان کی خواہشوں کی | بعد | جو | آیا تیرے پاس | سے | علم | نہیں | تمہارے لئے

ہے۔ اگر تم وحی کا علم آ جانے کے بعد بھی دوسرے لوگوں کی خواہشوں کی پیروی کرو گے تو اللہ کے

مِنَ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا وَاقٍ ۝37ۧ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا رُسُلًا مِّنْ قَبْلِكَ

5 ع 6 11

سے | اللہ | کوئی | دوست | اور نہ | بچانے والا | اور بیشک | ہم نے بھیجے | رسول | سے | پہلے تجھ

مقابلے میں نہ کوئی تمہارا مددگار ہوگا اور نہ بچانے والا۔ اے نبی ﷺ ہم نے آپ ﷺ سے پہلے بھی بہت سے رسول بھیجے۔ وہ سب

وَجَعَلْنَا لَهُمْ اَزْوَاجًا وَّذُرِّيَّةً ۭ وَمَا كَانَ لِرَسُوْلٍ اَنْ يَّاْتِيَ

اور ہم نے بنائیں | ان کے لئے | بیویاں | اور اولاد | اور نہ | تھا | کسی رسول کیلئے | کہ | وہ لاتا

انسان تھے۔ ہم نے انہیں بیویاں بھی دیں اور اولاد بھی۔ کسی رسول کے اختیار میں نہیں کہ وہ اللہ کے حکم کے بغیر

بِاٰيَةٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ لِكُلِّ اَجَلٍ كِتَابٌ ﴿۳۸﴾ يَمْحُوا اللّٰهُ مَا

کوئی نشانی | مگر | حکم سے | اللہ کے | واسطے ہر | وعدے کے | لکھائی ہے | مٹاتا ہے | اللہ | جو

کوئی نشانی خود لے آئے۔ ہر وعدہ لکھا ہوا ہے۔ اللہ جس چیز کو چاہے مٹا دیتا ہے اور جس چیز کو

يَشَآءُ وَيُثْبِتُ ۚۖ وَعِنْدَهٗٓ اُمُّ الْكِتٰبِ ﴿۳۹﴾ وَاِنْ مَّا نُرِيَنَّكَ بَعْضَ

چاہے | اور ثابت رکھتا ہے | اور اس کے پاس ہے | اصل | کتاب | اور اگر | جو | ہم دکھادیں تجھ کو | بعض

چاہے قائم رکھتا ہے۔ اصل کتاب اسی کے پاس ہے۔ ہم نے کافروں سے جن برے نتائج کے وعدے کر رکھے ہیں ان میں سے

الَّذِيْ نَعِدُهُمْ اَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ فَاِنَّمَا عَلَيْكَ الْبَلٰغُ وَعَلَيْنَا

جو | ہم وعدہ کرتے ہیں ان سے | یا | ہم تیری جان قبض کرلیں | پس بیشک | تجھ پر | پہنچانا ہے | اور ہم پر

بعض تو ہم آپ ﷺ کی حیات طیبہ میں پورے کر دکھائیں گے لیکن بعض وعدوں کے پورا ہونے سے پہلے ہم آپ کو دنیا سے اٹھا

الْحِسَابُ ﴿۴۰﴾ اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا نَاْتِي الْاَرْضَ نَنْقُصُهَا مِنْ اَطْرَافِهَا ؕ

حساب لینا | کیا نہیں | انہوں نے دیکھا | کہ ہم | ہم لاتے ہیں | زمین کو | ہم گھٹاتے اس کو | سے | اسکے کناروں سے

لیں گے۔ بہر حال آپ کا کام پیغام پہنچانا ہے، آگے حساب لینا ہماری ذمہ داری ہے۔ کیا کافروں کو نظر نہیں آتا ہم ہر طرف سے ان

وَاللّٰهُ يَحْكُمُ لَا مُعَقِّبَ لِحُكْمِهٖ ؕ وَهُوَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ﴿۴۱﴾ وَقَدْ

اور اللہ | حکم دیتا ہے | نہیں کوئی پیچھا کرنیوالا | اس کے حکم کا | اور وہ | جلد | حساب لینے والا ہے | اور بیشک

کا دائرہ تنگ کرتے چلے آرہے ہیں۔ اللہ جو فیصلہ کرتا ہے اسے کوئی بدل نہیں سکتا، اور وہ جلد حساب لینے والا ہے۔ ان سے

مَكَرَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَلِلّٰهِ الْمَكْرُ جَمِيْعًا ؕ يَعْلَمُ مَا تَكْسِبُ

چالیں چلیں | جو لوگ | سے | پہلے انکے | تو اللہ کیلئے ہیں | چالیں | ساری | وہ جانتا ہے | جو | کماتی ہے

پہلے لوگوں نے بھی ہمارے خلاف تدبیریں کیں۔ مگر تمام تدبیریں اللہ کے اختیار میں ہیں۔ وہی جانتا ہے کون

كُلُّ نَفْسٍ ؕ وَسَيَعْلَمُ الْكُفّٰرُ لِمَنْ عُقْبَى الدَّارِ ﴿۴۲﴾ وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ

ہر | جان | اور جلد جان لیں گے | کافر | کس کیلئے | انجام | آخرت کے گھر کا | اور کہتے ہیں | جو

کیا کر رہا ہے۔ کافروں کو جلد معلوم ہو جائے گا کہ کس کے لئے آخرت کا اچھا انجام ہے۔ اے نبی ﷺ آپ ﷺ کے بارے میں

كَفَرُوْا لَسْتَ مُرْسَلًا ؕ قُلْ كَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًاۢ بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ ۙ

کافر ہوئے | تو نہیں ہے | رسول | کہہ دیجئے | کافی ہے | اللہ | گواہ | درمیان میرے | اور درمیان تمہارے

کافر لوگ کہتے ہیں ”تم پیغمبر نہیں ہو۔“ آپ ﷺ کہیں ”میرے اور تمہارے درمیان اللہ کی گواہی کافی ہے

وَمَنْ عِنْدَهٗ عِلْمُ الْكِتٰبِ ﴿43﴾

اور جو | اسکے پاس ہے | علم | کتاب کا

اور ان لوگوں کی گواہی جن کے پاس کتاب کا علم ہے"۔

(14) سُوْرَةُ اِبْرٰهِیْمَ مَكِّیَّةٌ (72)

اٰیَاتُھَا 52 — رُکُوْعَاتُھَا 7

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

الٓرٰ ۚ كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ اِلَیْكَ لِتُخْرِجَ النَّاسَ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى

الٓرٰ | یہ کتاب ہے | ہم نے نازل کیا اسے | تیری طرف | تاکہ تو نکالے | لوگوں کو | سے | اندھیروں | طرف

الٓرٰ اے نبی ﷺ یہ کتاب ہے جو ہم نے آپ ﷺ کی طرف نازل کی تاکہ آپ ﷺ اسکے ذریعے لوگوں کو اندھیروں

النُّوْرِ ۙ بِاِذْنِ رَبِّهِمْ اِلٰى صِرَاطِ الْعَزِیْزِ الْحَمِیْدِ ۙ﴿1﴾ اللّٰهِ الَّذِیْ لَهٗ

روشنی کی | حکم سے | انکے رب کے | طرف | راستے | (اللہ) غالب | تعریف والے کے | اللہ | جو کہ | اسی کا ہے

سے نکال کر اجالے کی طرف لائیں اور ان کے رب کے حکم سے اس کے راستے کی طرف بلائیں جو غالب اور تعریف کے لائق ہے۔

مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ؕ وَوَیْلٌ لِّلْكٰفِرِیْنَ مِنْ عَذَابٍ

جو کچھ | میں | آسمانوں | اور جو کچھ | میں | زمین | اور ہلاکت ہے | کافروں کے لئے | سے | عذاب

اللہ ہے جو آسمانوں اور زمین کی ہر چیز کا مالک ہے۔ مگر کافر لوگ ایک سخت عذاب کے نتیجے میں تباہ

شَدِیْدِ ۙ﴿2﴾ الَّذِیْنَ یَسْتَحِبُّوْنَ الْحَیٰوةَ الدُّنْیَا عَلَى الْاٰخِرَةِ وَیَصُدُّوْنَ

سخت | جو | ترجیح دیتے ہیں | زندگی | دنیا کی | پر | آخرت | اور روکتے ہیں

حال ہوں گے۔ کیونکہ وہ آخرت کے مقابلے میں دنیا کی زندگی کو پسند کرتے ہیں۔ دوسروں کو بھی

عَنْ سَبِیْلِ اللّٰهِ وَیَبْغُوْنَهَا عِوَجًا ؕ اُولٰٓئِكَ فِیْ ضَلٰلٍۭ بَعِیْدٍ ﴿3﴾

سے | راہ | اللہ کی | اور چاہتے ہیں | ٹیڑھ پن | یہی لوگ ہیں | میں | گمراہی | دور کی

اللہ کے راستے سے روکتے ہیں اور راہ حق میں ٹیڑھ تلاش کرتے ہیں۔ یہ لوگ سیدھے راستے سے بھٹک کر دور جا پڑے ہیں۔

وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا بِلِسَانِ قَوْمِهٖ لِیُبَیِّنَ لَهُمْ ؕ فَیُضِلُّ

اور نہیں | ہم نے بھیجا | کوئی | رسول | مگر | زبان میں | اُس کی قوم کی | تاکہ وہ بیان کرے | ان کو | پھر گمراہ کرتا ہے

ہم نے جو پیغمبر بھیجا اپنی قوم کی زبان بولنے والا بھیجا تاکہ انہیں اچھی طرح سمجھا دے۔ مگر اللہ جسے

اللّٰهُ مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝۴

اللہ | جسے | چاہے | اور ہدایت دیتا ہے | جسے | چاہے | اور وہ | بڑا غالب | خوب حکمت والا ہے

چاہتا ہے گمراہ کرتا ہے، جسے چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے اور وہ غالب ہے حکمت والا ہے۔

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى بِاٰيٰتِنَآ اَنْ اَخْرِجْ قَوْمَكَ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى

اور بیشک | ہم نے بھیجا | موسیٰ کو | اپنی نشانیوں کے ساتھ | کہ | تو نکال | اپنی قوم کو | سے | اندھیروں | طرف

ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو اپنی نشانیاں دے کر بھیجا تاکہ وہ اپنی قوم کو اندھیروں سے نکال کر اجالے

النُّوْرِ ۙ وَذَكِّرْهُمْ بِاَيّٰىمِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ

روشنی کی | اور یاددہانی کرا ان کو | ساتھ دنوں | اللہ کے | بیشک | میں | اس | البتہ نشانیاں ہیں | ہر | صابر

میں لائے۔ ان کو وہ واقعات یاد دلائے جب اللہ نے حق اور باطل کے بارے میں فیصلے فرمائے۔ بیشک ان میں بڑی نشانیاں ہیں

شَكُوْرٍ ۝۵ وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهِ اذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ

شاکر کے لئے | اور جب | کہا | موسیٰ نے | اپنی قوم سے | یاد کرو | نعمت | اللہ کی | تم پر | جب

ہر اس شخص کیلئے جو صبر اور شکر کرنیوالا ہو۔ جب موسیٰ علیہ السلام نے اپنی قوم سے کہا "اللہ نے تم پر جو احسانات کئے ہیں انہیں کبھی نہ بھولنا۔ اس

اَنْجٰىكُمْ مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ يَسُوْمُوْنَكُمْ سُوْٓءَ الْعَذَابِ وَيُذَبِّحُوْنَ

اس نے نجات دی | سے | قوم | فرعون | وہ پہنچاتے تھے تم کو | برا | عذاب | اور وہ ذبح کرتے تھے

نے تمہیں فرعون کی قوم سے رہائی دی جو تمہیں سخت تکلیفیں پہنچاتے تھے۔ وہ تمہارے بیٹوں کو

اَبْنَآءَكُمْ وَيَسْتَحْيُوْنَ نِسَآءَكُمْ ؕ وَفِيْ ذٰلِكُمْ بَلَآءٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ

بیٹے تمہارے | اور زندہ چھوڑتے تھے | عورتیں تمہاری | اور میں | اس | آزمائش | طرف | تمہارے رب کی

ذبح کرتے اور تمہاری عورتوں کو زندہ رکھتے تھے۔ اس میں تمہارے رب کی طرف سے بڑی

عَظِيْمٌ ۝۶ ع وَاِذْ تَاَذَّنَ رَبُّكُمْ لَئِنْ شَكَرْتُمْ لَاَزِيْدَنَّكُمْ وَلَئِنْ

بڑی | اور جب | اعلان کیا | تمہارے رب نے | البتہ اگر | تم نے شکر کیا | ضرور میں زیادہ دوں گا تمہیں | اور البتہ اگر

آزمائش تھی۔ وہ وقت بھی یاد کرو جب تمہارے رب نے اعلان فرمایا "اگر تم شکر کرو گے تو میں تمہیں اور زیادہ دوں گا۔ لیکن اگر

كَفَرْتُمْ اِنَّ عَذَابِيْ لَشَدِيْدٌ ۝۷ وَقَالَ مُوْسٰٓى اِنْ تَكْفُرُوْٓا اَنْتُمْ

تم نے ناشکری کی | بیشک | عذاب میرا | ضرور سخت ہے | اور کہا | موسیٰ نے | اگر | تم کفر کرو گے | تم

تم ناشکری کرو گے تو میرا عذاب بڑا سخت ہے۔" اور موسیٰ علیہ السلام نے کہا تھا "اگر تم کفر کرو

وَمَنْ فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا ۙ فَإِنَّ اللَّهَ لَغَنِيٌّ حَمِيدٌ ﴿٨﴾ أَلَمْ يَأْتِكُمْ

اور جو | میں | زمین | سب | تو بیشک | اللہ | البتہ بے نیاز | تعریف والا ہے | کیا نہیں | آئی تمھارے پاس

اور زمین کے سارے لوگ کافر ہو جائیں تب بھی اللہ کو پروا نہیں، وہ بے نیاز اور تعریف کے لائق ہے۔" لوگو کیا تمہیں

نَبَؤُا الَّذِينَ مِنْ قَبْلِكُمْ قَوْمِ نُوحٍ وَعَادٍ وَثَمُودَ ۛ وَالَّذِينَ مِنْ

مع

خبر | ان کی جو تھے | سے | پہلے تمہارے | قوم | نوح | اور عاد | اور ثمود | اور جو لوگ | سے

ان قوموں کے حالات نہیں پہنچے جو تم سے پہلے ہو گزریں، جیسے قومِ نوح، قومِ عاد اور قومِ ثمود اور ان قوموں کے حالات

بَعْدِهِمْ ۛ لَا يَعْلَمُهُمْ إِلَّا اللَّهُ ۚ جَاءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنَاتِ

بعد ان کے | نہیں | جانتا ان کو | مگر | اللہ | آئے انکے پاس | رسول ان کے | ساتھ روشن نشانیوں کے

جو ان کے بعد آئیں، جنہیں اب اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا۔ ان سب کے پاس ہمارے بھیجے ہوئے رسول واضح دلیلیں لے کر

فَرَدُّوا أَيْدِيَهُمْ فِي أَفْوَاهِهِمْ وَقَالُوا إِنَّا كَفَرْنَا بِمَا أُرْسِلْتُمْ

تو انہوں نے پھیرے | ہاتھ اپنے | میں | اپنے منہ | اور کہا | بیشک ہم | انکار کیا ہم نے | اس کا جو | تم بھیجے گئے

آئے۔ مگر ان لوگوں نے اپنے ہاتھوں سے ان رسولوں کے منہ بند کرنے کی کوشش کی اور یہ تک کہہ دیا "تم جو پیغام لے کر آئے ہو

بِهِ وَإِنَّا لَفِي شَكٍّ مِمَّا تَدْعُونَنَا إِلَيْهِ مُرِيبٍ ﴿٩﴾ قَالَتْ

الربع

ساتھ اسکے | اور بیشک ہم | ضرور میں | شک | اس سے جو | تم بلاتے ہو ہم کو | طرف اس کی | اُلجھن والا | کہا

ہم اسے نہیں مانتے۔ جس چیز کی طرف تم بلاتے ہو ہم اس کے بارے میں سخت الجھن والے شک میں پڑے ہیں۔ ان کے رسولوں

رُسُلُهُمْ أَفِي اللَّهِ شَكٌّ فَاطِرِ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۖ يَدْعُوكُمْ

انکے رسولوں نے | کیا بارے میں | اللہ کے | شک ہے | پیدا کرنے والا | آسمانوں کا | اور زمین کا | بلاتا ہے تم کو

نے کہا "کیا تمہیں اللہ کے بارے میں شک ہے جو آسمانوں اور زمین کو وجود میں لانے والا ہے۔ وہ تمہیں بلاتا ہے

لِيَغْفِرَ لَكُمْ مِنْ ذُنُوبِكُمْ وَيُؤَخِّرَكُمْ إِلَىٰ أَجَلٍ مُسَمًّى ۚ قَالُوا إِنْ

تا کہ بخش دے | تم کو | سے | تمہارے گناہوں | اور مہلت دے تمہیں | طرف | مدت | مقررہ کی | وہ بولے | نہیں

تا کہ تمہیں تمہارے گناہ معاف کر دے اور تمہیں ایک مقررہ مدت تک زندگی کی مہلت دے" اس پر ان لوگوں نے کہا "تم ہماری

أَنْتُمْ إِلَّا بَشَرٌ مِثْلُنَا ۖ تُرِيدُونَ أَنْ تَصُدُّونَا عَمَّا كَانَ يَعْبُدُ

تم | مگر | بشر | ہم جیسے | تم چاہتے ہو | کہ | روکو ہم کو | اس سے جو | تھے | پوجتے

طرح کے انسان ہو۔ تم چاہتے ہو کہ ہمیں ان معبودوں کی عبادت سے روک دو

اٰبَآؤُنَا فَاْتُوْنَا بِسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿10﴾ قَالَتْ لَهُمْ رُسُلُهُمْ اِنْ نَّحْنُ

ہمارے باپ دادا | پس لاؤ ہمارے پاس | دلیل | واضح | کہا | ان کو | ان کے رسولوں نے | نہیں | ہم

جن کی عبادت ہمارے باپ دادا کرتے تھے۔ اگر تم اپنے دعوے میں سچے ہو تو کوئی معجزہ دکھاؤ'' ان کے رسولوں نے جواب دیا

اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَمُنُّ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ط

مگر | بشر | تم جیسے | اور لیکن | اللہ | احسان کرتا ہے | پر | جس پر | وہ چاہتا ہے | سے | اپنے بندوں میں

''بیشک ہم تمہاری طرح انسان ہیں مگر اللہ اپنے بندوں میں سے جن پر چاہتا ہے اپنا انعام فرماتا ہے۔

وَمَا كَانَ لَنَآ اَنْ نَّاْتِيَكُمْ بِسُلْطٰنٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ط وَعَلَى

اور نہیں | ہے | ہم کو | کہ | ہم لائیں تمہارے پاس | دلیل | مگر | حکم سے | اللہ کے | اور پر

ہم اللہ کے حکم کے بغیر اپنی طرف سے تمہیں کوئی معجزہ نہیں دکھا سکتے۔ اور ایمان والوں کو

اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿11﴾ وَمَا لَنَآ اَلَّا نَتَوَكَّلَ عَلَى اللّٰهِ وَقَدْ

اللہ | پس چاہئے بھروسا کریں | ایمان والے | اور کیا ہے | ہم کو | کہ نہ | ہم بھروسا کریں | پر | اللہ | جبکہ بیشک

اللہ پر بھروسا کرنا چاہئے۔ ہم کیوں نہ اللہ پر بھروسہ کریں جبکہ اس نے

هَدٰىنَا سُبُلَنَا ط وَلَنَصْبِرَنَّ عَلٰى مَآ اٰذَيْتُمُوْنَا ط وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ

دکھائیں ہم کو | راہیں ہماری | اور ضرور ہم صبر کریں گے | پر | جو | تم نے تکلیف دی ہم کو | اور پر | اللہ | پس چاہئے بھروسا کریں

ہمیں سیدھے راستوں پر چلنے کی توفیق دی جو تکلیف تم ہمیں پہنچاؤ گے ہم اس پر صبر کریں گے اور بھروسہ کرنے والوں کو اللہ ہی پر

الْمُتَوَكِّلُوْنَ ﴿12﴾ ع وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِرُسُلِهِمْ لَنُخْرِجَنَّكُمْ مِّنْ اَرْضِنَآ

ع 2 6 14

بھروسا کرنے والے | اور کہا | انہوں نے جو | کافر ہوئے | اپنے رسولوں کو | ضرور ہم نکالیں گے تمہیں | سے | اپنی زمین

بھروسہ کرنا چاہئے۔ آخر کافروں نے ہمارے بھیجے ہوئے رسولوں سے کہہ دیا ''تمہیں ہمارے مذہب میں آنا پڑے گا

اَوْ لَتَعُوْدُنَّ فِيْ مِلَّتِنَا ط فَاَوْحٰٓى اِلَيْهِمْ رَبُّهُمْ لَنُهْلِكَنَّ

یا | ضرور تم کو واپس آنا ہوگا | میں | ہمارے دین | پھر وحی بھیجی | طرف ان کی | انکے رب نے | ضرور ہم ہلاک کرینگے

ورنہ ہم تمہیں اپنی سر زمین سے نکال دیں گے۔ اس پر ہم نے اپنے رسولوں پر وحی بھیجی کہ ان ظالموں کو ہلاک

الظّٰلِمِيْنَ ﴿13﴾ لا وَلَنُسْكِنَنَّكُمُ الْاَرْضَ مِنْ بَعْدِهِمْ ط ذٰلِكَ لِمَنْ خَافَ

ظالموں کو | اور ضرور ہم بسا دیں گے تم کو | زمین | سے | بعد ان کے | یہ ہے | اس کیلئے جو | ڈرے

کر دیں گے اور ان کے بعد تمہیں زمین پر بسائیں گے دنیا میں یہ اچھا انجام ان لوگوں کے لئے ہے جو میرے حضور پیشی کا خوف

مَقَامِيْ وَخَافَ وَعِيْدِ ﴿14﴾ وَاسْتَفْتَحُوْا وَخَابَ كُلُّ جَبَّارٍ عَنِيْدٍ ﴿15﴾

میرے سامنے | اور ڈرے | میرے ڈرانے سے | اور انہوں نے فتح مانگی | اور نا کام ہوا | ہر | سرکش | مخالف

رکھتے ہیں اور جو میرے ڈرانے سے ڈرتے ہیں۔ آخر پیغمبر نے اللہ سے فیصلے کے لئے دعا کی جس کے نتیجے میں ہر سرکش اور ضدی

مِّنْ وَّرَآئِهٖ جَهَنَّمُ وَيُسْقٰى مِنْ مَّآءٍ صَدِيْدٍ ﴿16﴾ يَّتَجَرَّعُهٗ

سے | آگے اس کے | دوزخ | اور اسے پلایا جائے گا | سے | پانی | پیپ کا | وہ گھونٹ گھونٹ پیے گا اسے

شخص دنیا میں نامراد ہوا۔ اور آخرت میں اس کے آگے دوزخ ہے جہاں اسے پیپ کا پانی پینے کو ملے گا وہ اسے ایک ایک گھونٹ کر

وَلَا يَكَادُ يُسِيْغُهٗ وَيَاْتِيْهِ الْمَوْتُ مِنْ كُلِّ مَكَانٍ وَّمَا هُوَ بِمَيِّتٍ ؕ

اور نہیں قریب ہوگا | کہ نگل سکے اس کو | اور آئے گی اسے | موت | سے | ہر | جگہ | اور نہیں | وہ | مرنے والا

کے پیے گا اور مشکل سے حلق سے اُتار سکے گا۔ اسے ہر طرف سے موت آتی دکھائی دے گی مگر وہ مرے گا نہیں،

وَمِنْ وَّرَآئِهٖ عَذَابٌ غَلِيْظٌ ﴿17﴾ مَثَلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ

اور سے | آگے اسکے | عذاب ہے | سخت | حال | ان کا جنہوں نے | انکار کیا | اپنے رب کا

اور اس کے آگے سخت عذاب ہوگا۔ کافروں کے اعمال اُس راکھ کی طرح ہیں جسے ایک

اَعْمَالُهُمْ كَرَمَادِ ۨ اشْتَدَّتْ بِهِ الرِّيْحُ فِيْ يَوْمٍ عَاصِفٍ ؕ

اعمال ان کے | جیسے راکھ | سخت چلے | اس پر | (زور کی) ہوا | میں | دن | آندھی کے

طوفانی دن کی آندھی نے اُڑا دیا ہو۔ انہیں اپنے کیے کا

لَا يَقْدِرُوْنَ مِمَّا كَسَبُوْا عَلٰى شَيْءٍ ؕ ذٰلِكَ هُوَ الضَّلٰلُ الْبَعِيْدُ ﴿18﴾

نہیں قابو پاتے | اس سے جو | انہوں نے کمایا | پر | کچھ | یہ ہے | وہی | گمراہی | دور کی

کچھ نہ ملے گا۔ یہ ہے پرلے درجے کی گمراہی اور ناکامی۔

اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ ؕ اِنْ يَّشَاْ

کیا نہیں | تونے دیکھا | کہ | اللہ نے | پیدا کئے | آسمان | اور زمین | حق کے ساتھ | اگر | وہ چاہے

کیا تم نہیں دیکھتے اللہ نے آسمانوں اور زمین کو درست پیدا کیا۔ اگر وہ چاہے تو تمہیں ختم کر

يُذْهِبْكُمْ وَيَاْتِ بِخَلْقٍ جَدِيْدٍ ﴿19﴾ وَّمَا ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ بِعَزِيْزٍ ﴿20﴾

لے جائے تمہیں | اور لائے | مخلوق | نئی | اور نہیں | یہ | پر | اللہ | مشکل

ڈالے اور تمہاری جگہ کوئی نئی مخلوق لے آئے۔ اور اللہ کے لئے یہ کچھ مشکل نہیں۔

وَبَرَزُوْا لِلّٰهِ جَمِيْعًا فَقَالَ الضُّعَفٰٓؤُا لِلَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْٓا اِنَّا كُنَّا

اور وہ روبرو ہوں گے | اللہ کے | سب | پھر کہیں گے | کمزور | ان کو جو | تکبر کرتے تھے | بیشک ہم | ہم تھے

آخرت میں جب سب لوگ اللہ کے سامنے پیش ہوں گے۔ کمزور لوگ اپنے بڑے لوگوں سے کہیں گے "دنیا میں ہم تمہارے تابع

لَكُمْ تَبَعًا فَهَلْ اَنْتُمْ مُّغْنُوْنَ عَنَّا مِنْ عَذَابِ اللّٰهِ مِنْ

تمہارے | تابع | تو کیا | تم ہو | کام آنے والے | ہمارے | سے | عذاب | اللہ | کے

تھے کیا تم اب اللہ کے عذاب سے ہمیں بچانے کے لئے کچھ

شَيْءٍ ۭ قَالُوْا لَوْ هَدٰىنَا اللّٰهُ لَهَدَيْنٰكُمْ ۭ سَوَاۗءٌ عَلَيْنَآ اَجَزِعْنَآ

کچھ | وہ کہیں گے | اگر | ہمیں ہدایت دیتا | اللہ | ضرور ہم ہدایت دیتے تمہیں | برابر ہے | ہم پر | ہم زاری کریں

کر سکتے ہو؟" وہ جواب دیں گے "اگر اللہ نے ہمیں ہدایت دی ہوتی تو ہم تمہیں بھی ہدایت دیتے۔ اب ہمارے لئے برابر ہے

اَمْ صَبَرْنَا مَا لَنَا مِنْ مَّحِيْصٍ ﴿21﴾ وَقَالَ الشَّيْطٰنُ لَمَّا قُضِيَ

ع 3 9 15

یا | ہم صبر کریں | نہیں | ہمارے لئے | کوئی | بھاگنے کی جگہ | اور کہے گا | شیطان | جب | فیصلہ ہو گا

بے صبری کریں یا صبر کریں، ہمارے بچنے کی کوئی صورت نہیں۔" اور جب لوگوں کے انجام کا فیصلہ ہو جائے گا

الْاَمْرُ اِنَّ اللّٰهَ وَعَدَكُمْ وَعْدَ الْحَقِّ وَوَعَدْتُّكُمْ فَاَخْلَفْتُكُمْ ۭ وَمَا

کام کا | بیشک | اللہ نے | وعدہ کیا تم سے | وعدہ | سچا | اور میں نے وعدہ کیا تم سے | پھر خلاف کیا تم سے | اور نہیں

تو شیطان کہے گا "بیشک اللہ نے تم سے سچا وعدہ کیا تھا لیکن میں نے تم سے وعدہ خلافی کی۔ میرا

كَانَ لِيَ عَلَيْكُمْ مِّنْ سُلْطٰنٍ اِلَّآ اَنْ دَعَوْتُكُمْ فَاسْتَجَبْتُمْ لِيْ ۚ

تھا | مجھ کو | تم پر | کوئی | غلبہ | مگر | یہ کہ | میں نے بلایا تمہیں | تو تم نے قبول کی | میری بات

تمہارے اوپر کوئی زور نہ تھا۔ میں نے یہی کیا تمہیں اپنی طرف بلایا اور تم نے میری بات مان لی۔

فَلَا تَلُوْمُوْنِيْ وَلُوْمُوْٓا اَنْفُسَكُمْ ۭ مَآ اَنَا بِمُصْرِخِكُمْ وَمَآ اَنْتُمْ

پس نہ | تم ملامت کرو مجھے | اور ملامت کرو | اپنے آپ کو | نہیں | میں | تمہاری فریاد کو پہنچنے والا | اور نہ | تم

مجھے الزام نہ دو بلکہ اپنے آپ کو الزام دو۔ آج نہ میں تمہارا مددگار بن سکتا ہوں

بِمُصْرِخِيَّ ۭ اِنِّىْ كَفَرْتُ بِمَآ اَشْرَكْتُمُوْنِ مِنْ قَبْلُ ۭ اِنَّ

میری فریاد کو پہنچنے والے | بیشک میں | انکار کرتا ہوں | ساتھ جس کے | تم مجھے شریک بناتے | سے | پہلے | بیشک

اور نہ تم میرے مددگار بن سکتے ہو۔ میں اس سے بری ہوں جو تم نے مجھے اللہ کا شریک بنایا تھا۔ بیشک

الظّٰلِمِيْنَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿22﴾ وَاُدْخِلَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا

ظالم لوگ | ان کیلئے ہے | عذاب | دردناک | اور داخل ہوں گے | جو لوگ | ایمان لائے | اور کام کئے

ظالموں کے لئے درد ناک عذاب ہے۔ مگر جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک

الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا بِاِذْنِ

نیک | باغوں میں | بہتی ہیں | سے | نیچے ان کے | نہریں | ہمیشہ رہیں گے | ان میں | حکم سے

کام کئے وہ ایسے باغوں میں داخل کئے جائیں گے جن میں نہریں بہتی ہوں گی۔ وہاں وہ اپنے رب کے حکم سے ہمیشہ

رَبِّهِمْ ۭ تَحِيَّتُهُمْ فِيْهَا سَلٰمٌ ﴿23﴾ اَلَمْ تَرَ كَيْفَ ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا

اپنے رب کے | انکی (ملاقات کی) دعا | اس میں | سلام ہے | کیا نہیں | تو نے دیکھا | کیسی | بیان کی | اللہ نے | مثال

رہیں گے۔ باہمی ملاقات کے وقت وہ ایک دوسرے کو سلامتی کی دعا دیا کریں گے۔ کیا تم نے غور نہیں کیا اللہ نے توحید کے

كَلِمَةً طَيِّبَةً كَشَجَرَةٍ طَيِّبَةٍ اَصْلُهَا ثَابِتٌ وَّفَرْعُهَا فِي السَّمَاۗءِ ﴿24﴾

کلمہ | طیبہ کی | جیسے درخت | پاکیزہ | جڑ اس کی | مضبوط | اور شاخیں اسکی | میں | آسمان

کلمہ طیبہ کی کیسی اچھی مثال بیان فرمائی کہ وہ پاکیزہ درخت کی مانند ہے جس کی جڑ زمین میں جمی ہوئی اور جس کی شاخیں آسمان تک

تُؤْتِيْٓ اُكُلَهَا كُلَّ حِيْنٍۢ بِاِذْنِ رَبِّهَا ۭ وَيَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ

دیتا ہے | پھل اپنا | ہر | وقت | حکم سے | اپنے رب کے | اور بیان کرتا ہے | اللہ | مثالیں

پہنچی ہوئی ہیں۔ وہ وقت پر پھل دیتا ہے۔ اللہ تعالیٰ لوگوں کے لئے مثالیں بیان

لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿25﴾ وَمَثَلُ كَلِمَةٍ خَبِيْثَةٍ كَشَجَرَةٍ

لوگوں کے لئے | تا کہ وہ | سمجھیں | اور مثال | بات | ناپاک کی | جیسے پودا

کرتا ہے تا کہ وہ نصیحت حاصل کریں۔ اور ناپاک شرکیہ بات کی مثال خراب

خَبِيْثَةِۨ اجْتُثَّتْ مِنْ فَوْقِ الْاَرْضِ مَا لَهَا مِنْ قَرَارٍ ﴿26﴾ يُثَبِّتُ

ناپاک | اکھاڑ لیا ہے | سے | اوپر | زمین کے | نہیں | اس کی | کوئی | جڑ کی جگہ | ثابت رکھتا ہے

درخت کی ہے جو زمین کے اوپر ہی سے اکھاڑ لیا جائے، اس میں پائیداری نہ ہو۔ اللہ ایمان والوں کو

اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِي الْاٰخِرَةِ ۚ

اللہ | ان کو جو | ایمان لائے | ساتھ بات | مضبوط کے | میں | زندگی | دنیا کی | اور میں | آخرت

ایک پکی بات، کلمہ توحید کے ذریعے دنیا اور آخرت میں ثابت قدم رکھتا ہے

وَيُضِلُّ اللّٰهُ الظّٰلِمِيْنَ ۙ وَيَفْعَلُ اللّٰهُ مَا يَشَآءُ ﴿27﴾ اَلَمْ تَرَ اِلَى

اور گمراہ کرتا ہے | اللہ | ظالموں کو | اور کرتا ہے | اللہ جو | چاہے | کیا نہیں | تو نے دیکھا | طرف

مگر ظالموں کو گمراہ کر دیتا ہے۔ اللہ جو چاہتا ہے کرتا ہے۔ کیا تم نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا

الَّذِيْنَ بَدَّلُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ كُفْرًا وَّاَحَلُّوْا قَوْمَهُمْ دَارَ الْبَوَارِ ﴿28﴾

جنہوں نے | بدل دی | نعمت | اللہ کی | ناشکری میں | اور اتارا | اپنی قوم کو | گھر | تباہی کے

جنہوں نے اللہ کی نعمت کی ناشکری کی اور اپنی قوم کو ہلاکت کے اس گھر تک پہنچا دیا

جَهَنَّمَ ۚ يَصْلَوْنَهَا ۗ وَبِئْسَ الْقَرَارُ ﴿29﴾ وَجَعَلُوْا لِلّٰهِ اَنْدَادًا لِّيُضِلُّوْا

جہنم | وہ پہنچیں گے اس میں | اور وہ ہے بری | جگہ | اور انہوں نے بنائے | اللہ کے | شریک | تا کہ وہ بھٹکا دیں

جس کا نام جہنم ہے۔ اس میں وہ سب داخل ہوں گے اور وہ بہت برا ٹھکانا ہے۔ ان لوگوں نے اللہ کے شریک بنائے تا کہ دوسرے

عَنْ سَبِيْلِهٖ ۗ قُلْ تَمَتَّعُوْا فَاِنَّ مَصِيْرَكُمْ اِلَى النَّارِ ﴿30﴾ قُلْ

سے | اس کے راستے | کہہ دیجئے | فائدہ اٹھالو | پس بیشک | ٹھکانا تمہارا ہے | طرف | آگ کی | کہہ دیجئے

لوگوں کو بھی اللہ کی راہ سے بھٹکا دیں۔ اے نبی ﷺ آپ ﷺ ان سے کہہ دیں ”تھوڑے دن عیش کر لو۔ تمہارا آخری ٹھکانا دوزخ

لِّعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَيُنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا

میرے بندوں کو | جو | ایمان لائے | وہ قائم کریں | نماز | اور خرچ کریں | اس سے جو | رزق دیا ہم نے انکو | پوشیدہ

ہے۔“ اے نبی ﷺ میرے مومن بندوں سے کہہ دیں ”وہ نماز قائم کریں۔ جو کچھ ہم نے انہیں دیا اس میں سے پوشیدہ اور علانیہ

وَّعَلَانِيَةً مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ يَوْمٌ لَّا بَيْعٌ فِيْهِ وَلَا خِلٰلٌ ﴿31﴾

اور ظاہر | سے | پہلے | کہ | آئے | دن | نہیں | خرید و فروخت | اس میں | اور نہ | دوستی

خرچ کریں اس سے پہلے کہ وہ دن آ جائے جس میں نہ خرید و فروخت ہو گی اور نہ دوستی کام آئے گی۔“

اَللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَاَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً

اللہ | جس نے | پیدا کئے | آسمان | اور زمین | اور اتارا | سے | آسمان | پانی

اللہ وہ ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا۔ وہی آسمان سے پانی برساتا ہے

فَاَخْرَجَ بِهٖ مِنَ الثَّمَرٰتِ رِزْقًا لَّكُمْ ۚ وَسَخَّرَ لَكُمُ الْفُلْكَ

پھر نکالے | اسکے ذریعے | سے | پھل | رزق ہے | تمہارے لئے | اور تابع کیا | تمہارے لئے | کشتی کو

جس کے ذریعے تمہاری روزی کے لئے مختلف پھل پیدا کرتا ہے۔ اسی نے تمہیں کشتیوں اور جہازوں سے فائدہ اٹھانے کا موقع دیا

لِتَجْرِيَ فِي الْبَحْرِ بِاَمْرِهٖ ۚ وَسَخَّرَ لَكُمُ الْاَنْهٰرَ ﴿32﴾ ۚ وَسَخَّرَ لَكُمُ

تاکہ وہ چلے | میں | سمندر | اس کے حکم سے | اور تابع کی | تمہارے لئے | نہریں | اور تابع کیا | تمہارے

جو اللہ کے حکم سے سمندر میں تیرتے پھرتے ہیں۔ اسی نے دریاؤں کو تمہاری نفع رسانی میں لگا دیا۔ اسی نے سورج

الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ دَآئِبَيْنِ ۚ وَسَخَّرَ لَكُمُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ ﴿33﴾ ۚ وَاٰتٰىكُمْ

سورج | اور چاند | ہمیشہ پھرنے والے | اور تابع کئے | تمہارے لئے | رات | اور دن | اور اس نے دیا تمہیں

اور چاند کو تمہاری خدمت پر لگا دیا۔ یہ دونوں برابر حرکت کر رہے ہیں۔ اسی نے رات اور دن کو تمہارے لئے فائدہ مند بنایا۔ غرض

مِّنْ كُلِّ مَا سَاَلْتُمُوْهُ ۭ وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا ۭ اِنَّ

سے | ہر چیز | جو | تم نے مانگا اس سے | اور اگر | تم گنو | نعمتیں | اللہ کی | نہیں | تم شمار کر سکتے انکو | بیشک

اس نے تمہاری تمام ضرورتیں پوری کیں۔ اگر تم اللہ کی نعمتوں کو گنو تو شمار نہیں کر سکتے۔ بیشک

الْاِنْسَانَ لَظَلُوْمٌ كَفَّارٌ ﴿34﴾ ۧ وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهِيْمُ رَبِّ اجْعَلْ هٰذَا

(5 ع 7 17)

انسان ہے | البتہ ظالم | ناشکرا | اور جب | کہا | ابراہیم نے | اے میرے رب | تو بنادے | اس

انسان بڑا بےانصاف بڑا ناشکرا ہے۔ اور یاد کرو جب ابراہیم علیہ السلام نے دعا کی ''اے میرے رب

الْبَلَدَ اٰمِنًا وَّاجْنُبْنِيْ وَبَنِيَّ اَنْ نَّعْبُدَ الْاَصْنَامَ ﴿35﴾ ۭ رَبِّ اِنَّهُنَّ

سرزمین کو | امن والی | اور بچا مجھے | اور میرے بیٹوں کو | کہ | ہم پوجا کریں | بتوں کی | میرے رب | بیشک وہ

اس علاقے کو امن والا بنا دے مجھے اور میری اولاد کو بت پرستی سے دور رکھنا۔ اے میرے رب ان بتوں نے

اَضْلَلْنَ كَثِيْرًا مِّنَ النَّاسِ ۚ فَمَنْ تَبِعَنِيْ فَاِنَّهٗ مِنِّيْ ۚ وَمَنْ

انہوں نے گمراہ کیا | بہت | سے | لوگوں کو | پھر جو | پیروی کرے میری | تو بیشک وہ | مجھ سے ہے | اور جو

بہت سے لوگوں کو گمراہ کیا۔ لہٰذا جو میری پیروی کرے وہ تو میرا ہے، مگر جو

عَصَانِيْ فَاِنَّكَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿36﴾ رَبَّنَآ اِنِّيْٓ اَسْكَنْتُ مِنْ ذُرِّيَّتِيْ

نافرمانی کرے میری | تو بیشک تو | بخشنے والا | نہایت مہربان ہے | اے ہمارے رب | بیشک میں | میں نے بسایا | کچھ | اپنی اولاد کو

نافرمانی کرے تو اسے بھی ہدایت دے اور بخشش دے بیشک تو بخشنے والا مہربان ہے۔ اے ہمارے رب! میں نے اپنی کچھ اولاد کو

بِوَادٍ غَيْرِ ذِيْ زَرْعٍ عِنْدَ بَيْتِكَ الْمُحَرَّمِ ۙ رَبَّنَا لِيُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ

وادی | بغیر | والی | کھیتی | پاس | تیرے گھر | محترم کے | اے ہمارے رب | تاکہ وہ قائم کریں | نماز

ایک غیر آباد وادی میں تیرے محترم گھر کے پاس بسایا ہے۔ اے ہمارے رب تاکہ وہ نماز قائم کریں

فَاجْعَلْ اَفْـِٕدَةً مِّنَ النَّاسِ تَهْوِيْٓ اِلَيْهِمْ وَارْزُقْهُمْ مِّنَ الثَّمَرٰتِ

پس تو کر دے | دل | سے | لوگوں | مائل ہوں | طرف ان کے | اور رزق دے ان کو | سے | پھلوں

تو لوگوں کے دل ان کی طرف مائل کر دے۔ انہیں پھلوں کا رزق عطا فرما

لَعَلَّهُمْ يَشْكُرُوْنَ ﴿37﴾ رَبَّنَآ اِنَّكَ تَعْلَمُ مَا نُخْفِيْ وَمَا نُعْلِنُ ۭ وَمَا

تاکہ وہ | شکر کریں | اے ہمارے رب | بیشک تو | تو جانتا ہے | جو | ہم چھپاتے ہیں | اور جو | ہم ظاہر کرتے ہیں | اور نہیں

تاکہ وہ شکر کریں۔ اے ہمارے رب تو ہمارا ظاہر و باطن جانتا ہے۔ اللہ سے

يَخْفٰى عَلَى اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَاۗءِ ﴿38﴾ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ

چھپتی | پر | اللہ | کوئی | چیز | میں | زمین | اور نہ | میں | آسمان | شکر ہے | اللہ کا

کوئی چیز چھپی نہیں، نہ زمین میں، نہ آسمان میں۔ شکر ہے اللہ کا

الَّذِيْ وَهَبَ لِيْ عَلَي الْكِبَرِ اِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ ۭ اِنَّ رَبِّيْ لَسَمِيْعُ

جس نے | دیئے | مجھ کو | باوجود | بڑھاپے کے | اسماعیل | اور اسحاق | بیشک | میرا رب | ضرور سننے والا ہے

جس نے مجھے بڑھاپے میں اسمٰعیل علیہ السلام اور اسحاق علیہ السلام دو بیٹے دیئے۔ بیشک میرا رب

الدُّعَاۗءِ ﴿39﴾ رَبِّ اجْعَلْنِيْ مُقِيْمَ الصَّلٰوةِ وَمِنْ ذُرِّيَّتِيْ ڰ رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ

دعاؤں کا | اے میرے رب | تو بنادے مجھے | قائم کرنے والا | نماز کا | اور میری اولاد کو | اے ہمارے رب | اور قبول کر

دعائیں سنتا ہے۔ اے میرے رب مجھے اور میری اولاد کو نمازی بنا دے۔ اے ہمارے رب! میری دعا

دُعَاۗءِ ﴿40﴾ رَبَّنَا اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ يَوْمَ يَقُوْمُ

میری دعا | اے ہمارے رب | بخش دے | مجھ کو | اور میرے والدین کو | اور مومنین کو | جس دن | قائم ہو

قبول فرما لے۔ اے ہمارے رب اس دن بخش دینا مجھ کو، میرے والدین کو اور مومنین کو جس دن حساب

الْحِسَابُ ﴿41﴾ۧ وَلَا تَحْسَبَنَّ اللّٰهَ غَافِلًا عَمَّا يَعْمَلُ الظّٰلِمُوْنَ ڛ اِنَّمَا

ع 6/7/18

حساب | اور نہ | تو گمان کر | اللہ کو | بے خبر | اس سے جو | کام کرتے ہیں | ظالم لوگ | بیشک

قائم ہو۔ اور مت خیال کرو اللہ اس سے بے خبر ہے جو ظالم لوگ کر رہے ہیں۔ وہ انہیں

يُؤَخِّرُهُمْ لِيَوْمٍ تَشْخَصُ فِيْهِ الْاَبْصَارُ ﴿42﴾ۙ مُهْطِعِيْنَ مُقْنِعِيْ

وہ ان کو ڈھیل دیتا ہے | اس دن تک | پتھرا جائیں گی | اس میں | آنکھیں | دوڑتے ہوں گے | اونچا کیے ہوئے

اس دن تک کے لئے ڈھیل دے رہا ہے جس دن آنکھیں پتھرا جائیں گی۔ وہ سر اُٹھائے بھاگ

رُءُوْسِهِمْ لَا يَرْتَدُّ اِلَيْهِمْ طَرْفُهُمْ ۚ وَ اَفْـِٕدَتُهُمْ هَوَآءٌ ﴿43﴾ وَ اَنْذِرِ

اپنے سروں کو | نہیں | لوٹیں گے | طرف ان کی | نظریں ان کی | اور دل ان کے | گرے ہوں گے | اور تو ڈرا

رہے ہوں گے۔ اُن کی نگاہیں اُٹھی کی اُٹھی رہ جائیں گی اور اُن کے دل بدحواس ہوں گے اے نبی ﷺ لوگوں

النَّاسَ يَوْمَ يَاْتِيْهِمُ الْعَذَابُ فَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا رَبَّنَآ

لوگوں کو | جس دن | آئے گا ان پر | عذاب | پھر کہیں گے | وہ جو | ظالم ہیں | اے ہمارے رب

کو اس دن کے عذاب سے ڈرائیں جس دن ظالم لوگ کہیں گے ”اے ہمارے رب

اَخِّرْنَآ اِلٰٓى اَجَلٍ قَرِيْبٍ ۙ نُّجِبْ دَعْوَتَكَ وَ نَتَّبِعِ الرُّسُلَ ؕ

ڈھیل دے ہم کو | طرف | مدت | تھوڑی | ہم قبول کریں گے | تیری پکار | اور ہم پیروی کریں گے | رسولوں کی

ہمیں تھوڑی سی مہلت اور دے دے پھر ہم نافرمانی نہیں کریں گے، تیرے رسولوں کی پیروی کریں گے“۔

اَوَ لَمْ تَكُوْنُوْٓا اَقْسَمْتُمْ مِّنْ قَبْلُ مَا لَكُمْ مِّنْ زَوَالٍ ۙ ﴿44﴾

کیا نہیں | تم تھے | تم نے قسمیں کھائیں | سے | پہلے | (کہ) نہیں | تمہارے لئے | کوئی | زوال

مگر انہیں صاف کہا جائے گا ”کیا تم نے اس سے پہلے قسمیں نہیں کھائی تھیں کہ تمہیں کوئی زوال نہیں آئے گا۔

وَّ سَكَنْتُمْ فِيْ مَسٰكِنِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ وَ تَبَيَّنَ لَكُمْ كَيْفَ

اور تم رہے | میں | مکانوں | جنہوں نے | ظلم کیا | اپنی جانوں پر | اور ظاہر ہوا | تم کو | کیسا

حالانکہ تم انہی لوگوں کی بستیوں میں آباد تھے جنہوں نے اپنی جانوں پر ظلم کیا اور تم پر اچھی طرح واضح تھا کہ

فَعَلْنَا بِهِمْ وَ ضَرَبْنَا لَكُمُ الْاَمْثَالَ ﴿45﴾ وَ قَدْ مَكَرُوْا مَكْرَهُمْ

ہم نے کیا | انکے ساتھ | اور ہم نے بیان کیں | تمہارے لئے | مثالیں | اور بیشک | انہوں نے مکر کیا | مکر اپنا

ہم نے ان کے ساتھ کیا سلوک کیا اور ہم نے تمہیں سمجھانے کے لئے کئی مثالیں بیان کیں۔ پھر بھی تم باز نہ آئے۔ ان سے پہلے لوگوں

وَ عِنْدَ اللّٰهِ مَكْرُهُمْ ؕ وَ اِنْ كَانَ مَكْرُهُمْ لِتَزُوْلَ مِنْهُ الْجِبَالُ ﴿46﴾

اور پاس | اللہ کے ہے | ان کا مکر | اور بیشک | تھا | ان کا مکر | کہ ٹل جائیں | جس سے | پہاڑ

نے بھی اپنی چالیں چلیں، اور ان کی ساری چالیں اللہ کے سامنے تھیں۔ اگرچہ ان کی چالیں ایسی تھیں جن سے پہاڑ بھی اپنی جگہ سے

فَلَا تَحْسَبَنَّ اللّٰهَ مُخْلِفَ وَعْدِهٖ رُسُلَهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ

پس نہ | تو گمان کر | اللہ کو | خلاف کرنے والا | اپنے وعدے کے | اپنے رسولوں سے | بیشک | اللہ | نہایت غالب ہے

ہل جاتے۔ لہٰذا تم اللہ کو اپنے رسولوں سے وعدہ خلافی کرنے والا نہ سمجھو۔ بیشک اللہ غالب

ذُو انْتِقَامٍ ﴿47﴾ يَوْمَ تُبَدَّلُ الْاَرْضُ غَيْرَ الْاَرْضِ وَالسَّمٰوٰتُ وَبَرَزُوْا

بدلہ لینے والا ہے | جس دن | بدل جائے گی | زمین | دوسری | زمین | اور آسمان | اور وہ روبرو ہونگے

اور بدلہ لینے والا ہے۔ اللہ کا وعدہ اس دن پورا ہوگا جس دن یہ زمین بدل کر دوسری زمین کر دی جائے گی، یہ آسمان بدل کر اور آسمان

لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ ﴿48﴾ وَتَرَى الْمُجْرِمِيْنَ يَوْمَئِذٍ مُّقَرَّنِيْنَ فِي

اللہ | اکیلے | زبردست کے | اور تو دیکھے گا | مجرموں کو | اس دن | جکڑے ہوئے | میں

ہو جائیں گے۔ سب لوگ ایک زبردست اللہ کے سامنے پیش ہوں گے۔ اس دن تم دیکھو گے مجرم لوگ زنجیروں میں

الْاَصْفَادِ ﴿49﴾ سَرَابِيْلُهُمْ مِّنْ قَطِرَانٍ وَّتَغْشٰى وُجُوْهَهُمُ النَّارُ ﴿50﴾

زنجیروں | قمیصیں ان کی | سے | گندھک | اور ڈھانپے گی | ان کے چہروں کو | آگ

جکڑے ہوں گے۔ ان کے لباس تارکول کے ہوں گے۔ ان کے چہروں پر آگ چھائی ہوگی۔

لِيَجْزِيَ اللّٰهُ كُلَّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ﴿51﴾

تاکہ بدلہ دے | اللہ | ہر | جان کو | جو | اس نے کمایا | بیشک | اللہ | جلد | حساب لینے والا ہے

یہ سب اس لئے ہو گا کہ اللہ ہر کسی کو اس کے کیے کا بدلہ دے۔ بیشک اللہ جلد حساب لینے والا ہے۔

هٰذَا بَلٰغٌ لِّلنَّاسِ وَلِيُنْذَرُوْا بِهٖ وَلِيَعْلَمُوْٓا اَنَّمَا هُوَ اِلٰهٌ

یہ ہے | پیغام | لوگوں کیلئے | اور تاکہ ان کو ڈرایا جائے | اسکے ذریعے | اور تاکہ وہ جان لیں | کہ | وہ | معبود

یہ قرآن لوگوں کے لئے ایک پیغام ہے۔ اس کا مقصد لوگوں کو خبردار کرنا ہے تاکہ وہ جان لیں ایک اللہ ہی

وَّاحِدٌ وَّلِيَذَّكَّرَ اُولُوا الْاَلْبَابِ ﴿52﴾

ایک ہے | اور تاکہ سمجھیں | عقل والے۔

معبود ہے اور تاکہ جو عقل مند ہیں وہ اس سے نصیحت حاصل کریں۔

7 ع 11 19

(15) سُوْرَةُ الْحِجْرِ مَكِّيَّةٌ (54)

اٰیَاتُھَا 99 | رُکُوْعَاتُھَا 6

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

الٓرٰ ۣ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ وَقُرْاٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿1﴾

الٓرٰ | یہ ہیں | آیتیں | کتاب کی | یعنی قرآن | واضح کی

الٓرٰ یہ آیتیں ہیں اس کتاب کی جو واضح قرآن ہے۔

رُبَمَا يَوَدُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْ كَانُوْا مُسْلِمِيْنَ ② ذَرْهُمْ يَاْكُلُوْا

بہت | چاہیں گے | وہ لوگ جو | کافر ہوئے | کاش | ہو جاتے | مسلمان | تو چھوڑ دے ان کو | وہ کھائیں

ایک ایسا وقت آئے گا جب کفار تمنا کریں گے کاش کہ وہ مسلمان ہوتے۔ اے نبی ﷺ آپ ﷺ ان کو چھوڑ دیں، وہ کھائیں

وَيَتَمَتَّعُوْا وَيُلْهِهِمُ الْاَمَلُ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ③ وَمَآ اَهْلَكْنَا مِنْ

اور فائدہ اٹھائیں | اور غافل رکھے ان کو | اُمید | پھر عنقریب | وہ جان لیں گے | اور نہیں | ہم نے ہلاک کی | کوئی

پئیں، عیش کریں اور خیالی امیدوں میں مگن رہیں۔ عنقریب انہیں اپنا انجام معلوم ہو جائے گا۔ ہم نے اس سے پہلے جس بستی

قَرْيَةٍ اِلَّا وَلَهَا كِتَابٌ مَّعْلُوْمٌ ④ مَا تَسْبِقُ مِنْ اُمَّةٍ اَجَلَهَا

بستی | مگر | اور اس کے لئے | لکھا ہوا ہے | معلوم | نہیں | آگے ہو سکتی | کوئی | امت | وقت اپنے سے

کو بھی ہلاک کیا، اس کی تباہی کا ایک مقررہ وقت لکھا ہوا تھا۔ پھر کوئی قوم اپنے مقررہ وقت سے نہ آگے بڑھ سکتی ہے،

وَمَا يَسْتَاْخِرُوْنَ ⑤ وَقَالُوْا يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْ نُزِّلَ عَلَيْهِ الذِّكْرُ اِنَّكَ

اور نہ | وہ پیچھے ہو سکتے ہیں | اور انہوں نے کہا | اے | وہ شخص کہ | نازل ہوا | جس پر | ذکر | بیشک تو ہے

نہ پیچھے رہ سکتی ہے۔ اے نبی ﷺ آپ ﷺ کے بارے میں کافر کہتے ہیں "اے وہ شخص جو سمجھتا ہے کہ اس پر نصیحت اتری

لَمَجْنُوْنٌ ⑥ لَوْ مَا تَاْتِيْنَا بِالْمَلٰٓئِكَةِ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ⑦

البتہ دیوانہ | کیوں نہیں | لاتا تو ہمارے پاس | فرشتوں کو | اگر | تو ہے | سے | سچوں

ہے، بے شک تو دیوانہ ہے۔ اگر تو سچا ہے تو ہمارے پاس فرشتوں کو کیوں نہیں لے آتا؟"

مَا نُنَزِّلُ الْمَلٰٓئِكَةَ اِلَّا بِالْحَقِّ وَمَا كَانُوْٓا اِذًا مُّنْظَرِيْنَ ⑧ اِنَّا

نہیں | ہم اتارتے | فرشتے | مگر | ساتھ حق کے | اور نہ | وہ ہوں گے | اس وقت | مہلت دیئے گئے | بیشک ہم

لیکن ہم تو فرشتوں کو صرف فیصلے کے لئے اتارتے ہیں اور اس وقت لوگوں کو مہلت نہیں دی جاتی۔ بے شک

نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ⑨ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ

ہم (ہی) | نے نازل کیا | ذکر | اور ہم ہیں اس کے | البتہ محافظ | اور بیشک | ہم نے رسول بھیجے | سے | پہلے تجھ

ہم نے اس قرآن کو نازل کیا ہے اور ہم ہی اس کے محافظ ہیں۔ اے نبی ﷺ ہم نے آپ ﷺ سے پہلے بہت سی گزری

فِيْ شِيَعِ الْاَوَّلِيْنَ ⑩ وَمَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا كَانُوْا بِهٖ

میں | امتوں | پہلی | اور نہ | آتا تھا ان کے پاس | کوئی | رسول | مگر | وہ تھے | اس کا

ہوئی قوموں میں اپنے پیغمبر بھیجے۔ جو پیغمبر بھی ان کے پاس آیا وہ اس کا مذاق اڑاتے

يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿11﴾ كَذٰلِكَ نَسْلُكُهٗ فِيْ قُلُوْبِ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿12﴾ لَا يُؤْمِنُوْنَ

مذاق اڑاتے | اس طرح | ہم چلاتے ہیں (انکار کو) | میں | دلوں | مجرموں کے | نہیں | وہ ایمان لاتے

رہے۔ ہم اسی طرح مجرموں کے دلوں میں حق کی مخالفت ڈال دیتے ہیں۔ اس لئے یہ کفار بھی ایمان

بِهٖ وَقَدْ خَلَتْ سُنَّةُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿13﴾ وَلَوْ فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَابًا مِّنَ

اس پر | اور بیشک | گزر چکی | عادت | پہلوں کی | اور اگر | ہم کھول دیں | ان پر | دروازہ | سے

نہ لائیں گے۔ یہی پہلوں کی ریت چلی آتی ہے۔ اگر ہم ان پر آسمان کا کوئی دروازہ کھول

السَّمَآءِ فَظَلُّوْا فِيْهِ يَعْرُجُوْنَ ﴿14﴾ لَقَالُوْٓا اِنَّمَا سُكِّرَتْ اَبْصَارُنَا

آسمان | پھر وہ ہوں | اس میں | وہ چڑھتے | تو کہیں گے | صرف | مدہوش ہوگئی ہیں | آنکھیں ہماری

دیتے جس میں وہ چڑھنے لگتے پھر بھی وہ یہی کہتے ''ہماری آنکھوں کو دھوکا ہو رہا ہے

بَلْ نَحْنُ قَوْمٌ مَّسْحُوْرُوْنَ ﴿15﴾ وَلَقَدْ جَعَلْنَا فِي السَّمَآءِ بُرُوْجًا

بلکہ | ہم | لوگ ہیں | جادو کئے گئے | اور بیشک | ہم نے بنائے | میں | آسمان | برج

بلکہ ہم پر جادو کر دیا گیا ہے۔'' ہم نے آسمان میں بڑے بڑے روشن ستارے بنائے۔

وَّزَيَّنّٰهَا لِلنّٰظِرِيْنَ ﴿16﴾ وَحَفِظْنٰهَا مِنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ رَّجِيْمٍ ﴿17﴾ اِلَّا

اور ہم نے سجایا انکو | دیکھنے والوں کیلئے | اور ہم نے حفاظت کی انکی | سے | ہر | شیطان | مردود | مگر

اسے دیکھنے والوں کے لئے خوش نما بنایا۔ ہر شیطان مردود سے اسے محفوظ رکھا۔ لیکن اگر

مَنِ اسْتَرَقَ السَّمْعَ فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ مُّبِيْنٌ ﴿18﴾ وَالْاَرْضَ

جس نے | چرالی | کوئی بات | پھر پیچھے لگتا ہے اسکے | شعلہ | ظاہر | اور زمین کو

کوئی چوری چھپے سننے کے لئے کان لگائے تو ایک روشن شعلہ اس کا پیچھا کرتا ہے۔ ہم نے زمین

مَدَدْنٰهَا وَاَلْقَيْنَا فِيْهَا رَوَاسِيَ وَاَنْۢبَتْنَا فِيْهَا مِنْ كُلِّ شَيْءٍ

ہم نے پھیلایا اسے | اور ہم نے ڈالے | اس میں | پہاڑ | اور ہم نے اگائی | اس میں | سے | ہر | چیز

کو پھیلایا۔ اس پر ہم نے پہاڑ رکھ دیئے۔ زمین سے ہر چیز ایک خاص اندازے

مَّوْزُوْنٍ ﴿19﴾ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيْهَا مَعَايِشَ وَمَنْ لَّسْتُمْ لَهٗ

مناسب | اور ہم نے بنائے | تمہارے لئے | اس میں | روزی کے سامان | اور جو | تم نہیں ہو | جس کو

سے اگائی۔ اس میں ہم نے معیشت کے اسباب بنائے، تمہارے لئے اور ان کیلئے جن کے تم

بِرٰزِقِيْنَ ﴿20﴾ وَاِنْ مِّنْ شَيْءٍ اِلَّا عِنْدَنَا خَزَآئِنُهٗ وَمَا نُنَزِّلُهٗۤ

رزق دینے والے | اور نہیں | کوئی | چیز | مگر | پاس ہمارے ہیں | خزانے اس کے | اور نہیں | ہم اتارتے اسے

رازق نہیں ہو۔ اور دیکھو، کوئی چیز ایسی نہیں جس کے خزانے ہمارے پاس نہ ہوں مگر ہم اسے مقررہ اندازے

اِلَّا بِقَدَرٍ مَّعْلُوْمٍ ﴿21﴾ وَاَرْسَلْنَا الرِّيٰحَ لَوَاقِحَ فَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ

مگر | اندازے سے | معلوم | اور ہم نے بھیجیں | ہوائیں | بوجھل کرنے والی | پھر ہم نے اتارا | سے | آسمان

کے مطابق اتارتے ہیں۔ ہم ہواؤں کو بھیجتے ہیں جو بادلوں کو پانی سے بوجھل کر دیتی ہیں۔ پھر ہم آسمان سے پانی برساتے اور تم لوگوں

مَآءً فَاَسْقَيْنٰكُمُوْهُ ج وَمَآ اَنْتُمْ لَهٗ بِخٰزِنِيْنَ ﴿22﴾ وَاِنَّا لَنَحْنُ نُحْيٖ

پانی | پھر ہم نے پلایا تمہیں وہ | اور نہیں ہو | تم | اس کے | جمع کرنے والے | اور بیشک ہم | البتہ ہم | زندہ کرتے

کو اس سے سیراب کرتے ہیں۔ اور تم اس کا خزانہ نہیں رکھتے۔ تمہاری زندگی اور موت کا اختیار

وَنُمِيْتُ وَنَحْنُ الْوٰرِثُوْنَ ﴿23﴾ وَلَقَدْ عَلِمْنَا الْمُسْتَقْدِمِيْنَ مِنْكُمْ

اور ہم مارتے ہیں | اور ہم ہیں | وارث | اور بیشک | ہم جانتے ہیں | پہلوں کو | تم میں سے

ہمارے پاس ہے اور ہم ہی باقی رہنے والے ہیں۔ ہم تمہارے اگلوں کو بھی جانتے ہیں

وَلَقَدْ عَلِمْنَا الْمُسْتَاْخِرِيْنَ ﴿24﴾ وَاِنَّ رَبَّكَ هُوَ يَحْشُرُهُمْ ط اِنَّهٗ

اور بیشک | ہم جانتے ہیں | بعد میں آنے والوں کو | اور بیشک | رب تیرا ہے | وہی | جمع کرے گا ان کو | بیشک وہ ہے

اور تمہارے پچھلوں کو بھی جانتے ہیں۔ بے شک تمہارا رب ان سب کو قیامت کے دن اکٹھا کرے گا اور وہ

2 ع 10 2

حَكِيْمٌ عَلِيْمٌ ع ﴿25﴾ وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَاٍ

بڑی حکمت والا | خوب علم والا | اور بیشک | ہم نے پیدا کیا | انسان کو | سے | بجنے والی مٹی سے | جو بنی تھی | کیچڑ

حکمت والا جاننے والا ہے۔ بے شک ہم نے انسان کو خمیر اٹھے ہوئے گارے سے بنایا جو سُوکھ کر

مَّسْنُوْنٍ ج ﴿26﴾ وَالْجَآنَّ خَلَقْنٰهُ مِنْ قَبْلُ مِنْ نَّارِ السَّمُوْمِ ﴿27﴾ وَاِذْ

سڑی ہوئی سے | اور جنوں کو | ہم نے پیدا کیا ان کو | سے | پہلے | سے | آگ | شعلے کی | اور جب

بجنے لگتا ہے۔ اس سے پہلے جنوں کو ہم نے آگ کے شعلے سے پیدا کیا۔ یاد کرو جب

قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اِنِّيْ خَالِقٌۢ بَشَرًا مِّنْ صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَاٍ

کہا | تیرے رب نے | فرشتوں کو | بیشک میں | پیدا کرنیوالا ہوں | ایک انسان | سے | بجنے والی مٹی | جو بنی ہے | کیچڑ

تمہارے رب نے فرشتوں سے کہا ”میں خمیر اٹھے ہوئے گارے کی سوکھی مٹی سے انسان

مَّسْنُوْنٍ ﴿28﴾ فَاِذَا سَوَّيْتُهٗ وَنَفَخْتُ فِيْهِ مِنْ رُّوْحِيْ فَقَعُوْا لَهٗ

سڑی ہوئی سے | پھر جب | میں درست کرلوں اسکو | اور میں پھونک دوں | اس میں | سے | روح اپنی | پھر تم گر پڑو | اس کیلئے

پیدا کرنے والا ہوں۔ جب میں اسے مکمل بنا لوں اور اس میں اپنی طرف سے روح پھونک دوں تو تم اس کے

سٰجِدِيْنَ ﴿29﴾ فَسَجَدَ الْمَلٰٓئِكَةُ كُلُّهُمْ اَجْمَعُوْنَ ﴿30﴾ اِلَّآ اِبْلِيْسَ ؕ اَبٰٓى

سجدہ کرتے ہوئے | پھر سجدہ کیا | فرشتوں نے | ان کے تمام | سب نے | مگر | ابلیس | انکار کیا

آگے جھک جانا۔ چنانچہ سب کے سب آدم کے آگے جھک گئے، مگر ابلیس نے جھکنے والوں

اَنْ يَّكُوْنَ مَعَ السّٰجِدِيْنَ ﴿31﴾ قَالَ يٰٓاِبْلِيْسُ مَا لَكَ اَلَّا تَكُوْنَ

اس سے کہ | ہو | ساتھ | سجدہ کرنے والوں کے | کہا | اے ابلیس | کیا ہے | تجھ کو | کہ نہ | تو ہوا

کا ساتھ دینے سے انکار کر دیا۔ اللہ نے فرمایا "اے ابلیس تجھے کیا ہوا تو جھکنے والوں میں

مَعَ السّٰجِدِيْنَ ﴿32﴾ قَالَ لَمْ اَكُنْ لِّاَسْجُدَ لِبَشَرٍ خَلَقْتَهٗ مِنْ

ساتھ | سجدہ کرنے والوں کے | کہا | نہیں | میں ہوسکتا | کہ میں سجدہ کروں | بشر کو | تو نے پیدا کیا جسے | سے

شامل نہ ہوا؟" ابلیس بولا "میں انسان کے آگے جھکنے کو تیار نہیں جسے تو نے خمیر اٹھے ہوئے

صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَاٍ مَّسْنُوْنٍ ﴿33﴾ قَالَ فَاخْرُجْ مِنْهَا فَاِنَّكَ رَجِيْمٌ ﴿34﴾

بجنے والی مٹی | جو بنی ہے | کیچڑ | سڑی ہوئی سے | کہا | پس تو نکل | اس سے | اب بیشک تو | مردود ہے

گارے کی سوکھی مٹی سے بنایا ہے" اللہ نے حکم دیا "تو یہاں سے نکل جا، تو مردود ہے

وَّاِنَّ عَلَيْكَ اللَّعْنَةَ اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ ﴿35﴾ قَالَ رَبِّ فَاَنْظِرْنِيْٓ

اور بیشک | تجھ پر | لعنت ہے | تک | دن | قیامت کے | کہا | اے میرے رب | پس مہلت دے مجھے

بے شک تجھ پر قیامت کے دن تک لعنت ہے۔" ابلیس نے کہا خدایا! تو مجھے اس دن تک

اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ﴿36﴾ قَالَ فَاِنَّكَ مِنَ الْمُنْظَرِيْنَ ﴿37﴾ اِلٰى يَوْمِ

تک | دن | جب اٹھائے جائیں گے | کہا | پس بیشک تو ہے | سے | مہلت دیئے گئے لوگوں | تک | دن

کے لئے مہلت دے دے جس دن سب لوگ دوبارہ اٹھائے جائیں گے۔" فرمایا "تجھے مہلت ہے اس دن تک

الْوَقْتِ الْمَعْلُوْمِ ﴿38﴾ قَالَ رَبِّ بِمَآ اَغْوَيْتَنِيْ لَاُزَيِّنَنَّ لَهُمْ

وقت کے | معلوم کے | کہا | میرے رب | اس وجہ سے جو | تو نے گمراہ کیا مجھے | ضرور زینت دوں گا | ان کیلئے

کے لئے جو مقرر ہے۔" ابلیس بولا "اے میرے رب! جس طرح تو نے مجھے گمراہ کیا، میں بھی دنیا میں لوگوں کو سبز باغ

فِي الْاَرْضِ وَ لَاُغْوِيَنَّهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿39﴾ اِلَّا عِبَادَكَ مِنْهُمُ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿40﴾

میں | زمین | اور ضرور میں گمراہ کروں گا | سب کو | مگر | تیرے بندے | ان میں سے | خاص کیے گئے

دکھاؤں گا اور انہیں گمراہ کروں گا، سوائے اُن کے جو تیرے خاص بندے ہیں۔

قَالَ هٰذَا صِرَاطٌ عَلَيَّ مُسْتَقِيْمٌ ﴿41﴾ اِنَّ عِبَادِيْ لَيْسَ لَكَ

کہا | یہ ہے | راہ | مجھ پر | سیدھی | بیشک | میرے بندے | نہیں ہے | تجھ کو

فرمایا ”حق کا راستہ ہی سیدھا راستہ ہے جو مجھ تک پہنچانے والا ہے۔ اس راستے پر چلنے والے میرے بندوں پر تیرا

عَلَيْهِمْ سُلْطٰنٌ اِلَّا مَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْغٰوِيْنَ ﴿42﴾ وَ اِنَّ جَهَنَّمَ

ان پر | غلبہ | مگر | جو | پیروی کرے تیری | سے | گمراہوں میں | اور | بیشک | دوزخ

زور نہیں چلے گا۔ تیرا زور صرف اُن پر چلے گا جو غلط راستہ اختیار کرنے کے لئے تیری پیروی کریں گے۔ اور اُن کیلئے جہنم

لَمَوْعِدُهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿43﴾ لَهَا سَبْعَةُ اَبْوَابٍ لِكُلِّ بَابٍ مِّنْهُمْ

البتہ ٹھکانہ ان | سب کا | اس کے | سات | دروازے ہیں | ہر | دروازہ | ان میں سے

کا وعدہ ہے۔ جس کے سات دروازے ہیں۔ ہر دروازے سے دوزخیوں کی الگ الگ

جُزْءٌ مَّقْسُوْمٌ ﴿44﴾ اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ جَنّٰتٍ وَّ عُيُوْنٍ ﴿45﴾ اُدْخُلُوْهَا

حصہ ہے | مقرر کیا ہوا | بیشک | پرہیزگار ہوں گے | میں | باغوں | اور چشموں میں | تم داخل ہو ان میں

ٹولیاں داخل ہوں گی۔“ لیکن پرہیزگار لوگ باغوں اور چشموں کے عیش و آرام میں ہوں گے۔ ان سے کہا جائے گا سلامتی اور امن

بِسَلٰمٍ اٰمِنِيْنَ ﴿46﴾ وَ نَزَعْنَا مَا فِيْ صُدُوْرِهِمْ مِّنْ غِلٍّ اِخْوَانًا

ساتھ سلامتی کے | امن سے | اور ہم نے نکال دی | جو تھی | میں | ان کے سینوں | کوئی | ناراضی | بھائی ہونگے

کے ساتھ ان باغوں میں داخل ہو جایئے۔ اُن کے سینوں کی کدورتیں ہم نکال دیں گے۔ وہ بھائیوں کی طرح رہیں گے۔ ایک

عَلٰى سُرُرٍ مُّتَقٰبِلِيْنَ ﴿47﴾ لَا يَمَسُّهُمْ فِيْهَا نَصَبٌ وَّ مَا هُمْ مِّنْهَا

اوپر | تختوں کے | آمنے سامنے | نہ | پہنچے گی ان کو | اس میں | کوئی مشقت | اور نہ | وہ ہیں | اس سے

دوسرے کے آمنے سامنے تخت پر بیٹھے ہوں گے۔ وہاں انہیں نہ کوئی تکلیف ہوگی اور نہ وہ جنت سے

بِمُخْرَجِيْنَ ﴿48﴾ نَبِّئْ عِبَادِيْٓ اَنِّيْٓ اَنَا الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ﴿49﴾ وَ اَنَّ

نکلنے والے | خبر دیجئے | میرے بندوں کو | یہ کہ | میں ہوں | بڑا بخشنے والا | نہایت مہربان | اور یہ کہ

نکالے جائیں گے۔ اے نبی ﷺ آپ ﷺ میرے بندوں کو آگاہ کر دیں میں بخشنے والا اور مہربان ہوں، مگر

وقف لازم

عَذَابِیْ هُوَ الْعَذَابُ الْاَلِیْمُ ﴿۵۰﴾ وَنَبِّئْهُمْ عَنْ ضَیْفِ اِبْرٰهِیْمَ ﴿۵۱﴾

عذاب میرا ہے | وہ | عذاب | دردناک | اور خبر دیجئے ان کو | بارے میں | مہمانوں | ابراہیم کے

میرا عذاب بڑا دردناک عذاب ہے۔ اے نبی ﷺ آپ ﷺ ان لوگوں کو ابراہیم علیہ السلام کے مہمان فرشتوں کے بارے میں بتائیں۔

اِذْ دَخَلُوْا عَلَیْهِ فَقَالُوْا سَلٰمًا ؕ قَالَ اِنَّا مِنْكُمْ وَجِلُوْنَ ﴿۵۲﴾ قَالُوْا

جب | وہ داخل ہوئے | اس پر | تو بولے | ہم سلام کرتے ہیں | کہا | بیشک ہم | تم سے | ڈرتے ہیں | انہوں نے کہا

جب وہ ان کے پاس آئے تو انہوں نے سلام کیا۔ ابراہیم علیہ السلام نے کہا ''ہمیں آپ لوگوں سے کچھ خطرہ محسوس ہوتا ہے۔'' فرشتوں

لَا تَوْجَلْ اِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلٰمٍ عَلِیْمٍ ﴿۵۳﴾ قَالَ اَبَشَّرْتُمُوْنِیْ عَلٰۤی

نہ | تو ڈر | بیشک | ہم خوشخبری دیتے ہیں تجھے | ایک لڑکے | علم والے کی | اس نے کہا | کیا تم خوشخبری دیتے ہو مجھے | باوجود

نے جواب دیا ''فکر نہ کریں ہم آپ کو ایک بیٹے کی بشارت دیتے ہیں جو علم والا ہوگا۔ ابراہیم علیہ السلام نے کہا'' کیا آپ مجھے بڑھاپے

اَنْ مَّسَّنِیَ الْكِبَرُ فَبِمَ تُبَشِّرُوْنَ ﴿۵۴﴾ قَالُوْا بَشَّرْنٰكَ بِالْحَقِّ

اس کے کہ | پہنچا ہے مجھے | بڑھاپا | پس کیسی | تم خوشخبری دیتے ہو | انہوں نے کہا | ہم بشارت دیتے ہیں | سچی

میں اولاد کی بشارت دیتے ہیں، کس امید پر مجھے خوشخبری سناتے ہیں؟'' فرشتوں نے کہا ''ہم نے آپ کو صحیح خوشخبری دی ہے۔ آپ

فَلَا تَكُنْ مِّنَ الْقٰنِطِیْنَ ﴿۵۵﴾ قَالَ وَمَنْ یَّقْنَطُ مِنْ رَّحْمَةِ رَبِّهٖۤ اِلَّا

پس نہ تو ہو | سے | مایوسوں | اس نے کہا | اور کون | مایوس ہوتا ہے | سے | رحمت | اپنے رب کی | مگر

ناامید نہ ہوں۔'' ابراہیم علیہ السلام نے کہا ''اپنے رب کی رحمت سے گمراہوں کے سوا اور کون ناامید

الضَّآلُّوْنَ ﴿۵۶﴾ قَالَ فَمَا خَطْبُكُمْ اَیُّهَا الْمُرْسَلُوْنَ ﴿۵۷﴾ قَالُوْۤا اِنَّاۤ

گمراہ | اس نے کہا | پس کیا ہے | بات تمہاری | اے | بھیجے ہوئے (فرشتو!) | انہوں نے کہا | بیشک ہم

ہو سکتا ہے۔'' پھر ابراہیم علیہ السلام نے ان سے پوچھا ''اے بھیجے ہوئے فرشتو! اب آپ کی کیا مہم ہے؟'' وہ بولے ''ہمیں

اُرْسِلْنَاۤ اِلٰی قَوْمٍ مُّجْرِمِیْنَ ۙ ﴿۵۸﴾ اِلَّاۤ اٰلَ لُوْطٍ ؕ اِنَّا لَمُنَجُّوْهُمْ

ہم بھیجے گئے | طرف | قوم | مجرم کی | مگر | خاندان | لوط کا | بیشک ہم | ضرور ہم بچالیں گے انکو

مجرم قوم کی طرف عذاب کے لئے بھیجا گیا ہے۔ البتہ ان میں لوط علیہ السلام کا خاندان بھی ہے جس کے تمام افراد کو ہم

ع 4 16 4

اَجْمَعِیْنَ ۙ ﴿۵۹﴾ اِلَّا امْرَاَتَهٗ قَدَّرْنَاۤ ۙ اِنَّهَا لَمِنَ الْغٰبِرِیْنَ ﴿۶۰﴾ ع فَلَمَّا

سب کو | مگر | بیوی اس کی | ہم نے طے کر دیا ہے | یہ کہ وہ ہے | البتہ سے | پیچھے رہ جانے والوں میں | پھر جب

بچالیں گے سوائے لوط علیہ السلام کی بیوی کے، جس کے بارے میں ہم طے کر چکے ہیں، وہ پیچھے رہ جانے والے مجرم لوگوں میں شامل

جَآءَ اٰلَ لُوْطِ ۨالْمُرْسَلُوْنَ ۙ﴿۶۱﴾ قَالَ اِنَّكُمْ قَوْمٌ مُّنْكَرُوْنَ ﴿۶۲﴾ قَالُوْا

آئے | خاندانِ | لوط کے پاس | بھیجے ہوئے فرشتے | اس نے کہا | بیشک تم ہو | لوگ | ناواقف | انہوں نے کہا

رہے گی۔ جب فرشتے خاندان لوط علیہ السلام کے پاس آئے۔ تو لوط علیہ السلام نے کہا ''آپ لوگ اجنبی معلوم ہوتے ہیں''

بَلْ جِئْنٰكَ بِمَا كَانُوْا فِيْهِ يَمْتَرُوْنَ ﴿۶۳﴾ وَاَتَيْنٰكَ بِالْحَقِّ وَاِنَّا

بلکہ | ہم لائے تیرے پاس | جو | وہ تھے | اس میں | وہ شک کرتے | اور ہم لائے تیرے پاس | حق کو | اور بیشک ہم

انہوں نے کہا ''نہیں ہم وہ عذاب لے کر آئے ہیں جس کے بارے میں آپ کی قوم شک میں پڑی ہے۔ ہم آپ کے پاس اللہ کا

لَصٰدِقُوْنَ ﴿۶۴﴾ فَاَسْرِ بِاَهْلِكَ بِقِطْعٍ مِّنَ الَّيْلِ وَاتَّبِعْ اَدْبَارَهُمْ

ضرور سچے ہیں | پس تو لے چل | اپنے اہل کو | ایک حصے میں | سے | رات | اور تو پیچھے چل | ان کی پیٹھوں کے

اٹل حکم لے کر آئے ہیں اور ہم سچے ہیں۔ لہٰذا آپ راتوں رات اپنے خاندان کے افراد کو لے کر بستی سے نکل جائیں خود

وَلَا يَلْتَفِتْ مِنْكُمْ اَحَدٌ وَّامْضُوْا حَيْثُ تُؤْمَرُوْنَ ﴿۶۵﴾ وَقَضَيْنَآ

اور نہ | پیچھے مڑ کر دیکھے | تم میں سے | کوئی ایک | اور تم چلے جاؤ | جہاں | تمہیں حکم دیا جاتا ہے | اور ہم نے طے کر دی

اُن کے پیچھے رہیں۔ کوئی تم میں سے پیچھے مُڑ کر نہ دیکھے۔ وہاں چلے جاؤ جہاں تمہیں جانے کا حکم ہے۔''

اِلَيْهِ ذٰلِكَ الْاَمْرَ اَنَّ دَابِرَ هٰٓؤُلَآءِ مَقْطُوْعٌ مُّصْبِحِيْنَ ﴿۶۶﴾ وَجَآءَ

طرف اسکی | یہ | بات | کہ | جڑ | ان لوگوں کی | کٹ جائے گی | صبح کے وقت | اور آئے

ہم نے لوط علیہ السلام کی طرف وحی بھیجی کہ صبح ہوتے ہی تمہاری قوم کی جڑ کٹ جائے گی۔ اور شہر کے

اَهْلُ الْمَدِيْنَةِ يَسْتَبْشِرُوْنَ ﴿۶۷﴾ قَالَ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ ضَيْفِيْ

اہل | شہر | خوش ہو کر | اس نے کہا | بیشک | یہ ہیں | مہمان میرے

لوگ خوش ہو کر آئے۔ لوط علیہ السلام نے ان سے کہا ''یہ میرے مہمان ہیں تم مجھے

فَلَا تَفْضَحُوْنِ ۙ﴿۶۸﴾ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَلَا تُخْزُوْنِ ﴿۶۹﴾ قَالُوْٓا اَوَلَمْ نَنْهَكَ عَنِ

پس نہ تم بے عزتی کرو میری | اور تم ڈرو | اللہ سے | اور نہ | تم رسوا کرو مجھے | وہ بولے | کیا | نہیں | ہم نے منع کیا تجھے | سے

رسوا نہ کرو۔ اللہ سے ڈرو۔ مجھے ذلیل نہ کرو۔ انہوں نے کہا ''کیا ہم نے تمہیں کئی بار منع نہیں کیا کہ باہر کے مہمانوں کو

الْعٰلَمِيْنَ ﴿۷۰﴾ قَالَ هٰٓؤُلَآءِ بَنٰتِيْٓ اِنْ كُنْتُمْ فٰعِلِيْنَ ﴿۷۱﴾ لَعَمْرُكَ اِنَّهُمْ

سارے جہان | اس نے کہا | یہ ہیں | بیٹیاں میری | اگر | تم ہو | کرنے والے | قسم ہے زندگی تیری کی | بیشک وہ تھے

اپنے ہاں ٹھہرایا نہ کرو۔ لوط علیہ السلام نے کہا ''یہ میری قوم کی بیٹیاں موجود ہیں اگر تم نے نکاح کرنا ہے۔'' اے نبی صلی اللہ علیہ وسلم آپ صلی اللہ علیہ وسلم

لَفِيْ سَكْرَتِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ﴿72﴾ فَاَخَذَتْهُمُ الصَّيْحَةُ مُشْرِقِيْنَ ﴿73﴾ فَجَعَلْنَا

البتہ میں | بدمستی اپنی | اندھے | پھر پکڑا ان کو | سخت آواز نے | سورج نکلتے وقت | پھر ہم نے کر دیا

کی جان کی قسم وہ لوگ اپنی بدمستی میں مدہوش تھے۔ پھر سورج نکلتے ہی انہیں زبردست دھماکے نے آ لیا۔ ہم نے اس بستی

عَالِيَهَا سَافِلَهَا وَاَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ حِجَارَةً مِّنْ سِجِّيْلٍ ﴿74﴾ اِنَّ فِيْ

اس کے اوپر کو | اس کے نیچے | اور ہم نے برسائے | ان پر | پتھر | کے | کنکر | بیشک | میں

کو زیر و زبر کر ڈالا۔ ان لوگوں پر کنکر کے پتھروں کی بارش کر دی۔ بے شک اس واقعے میں پہچان کرنے والوں

ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّلْمُتَوَسِّمِيْنَ ﴿75﴾ وَاِنَّهَا لَبِسَبِيْلٍ مُّقِيْمٍ ﴿76﴾ اِنَّ فِيْ

اس | ضرور نشانیاں ہیں | چہرہ پہچاننے والوں کے لیے | اور بیشک وہ بستی ہے | ضرور راستے | آباد پر | بیشک | میں

کیلئے بڑی نشانیاں ہیں۔ قوم لوط علیہ السلام کی تباہ شدہ بستی آج بھی ایک آباد سڑک پر واقع ہے۔ بے شک اس

ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿77﴾ وَاِنْ كَانَ اَصْحٰبُ الْاَيْكَةِ لَظٰلِمِيْنَ ﴿78﴾

اس | ضرور نشانی ہے | اہل ایمان کے لئے | اور بیشک | تھے | رہنے والے | جنگل کے | البتہ ظالم

قصے میں ایمان والوں کے لئے بڑی نشانی ہے۔ اسی طرح جنگل والے اصحابِ ایکہ بھی ظالم تھے۔

فَانْتَقَمْنَا مِنْهُمْ ۘ وَاِنَّهُمَا لَبِاِمَامٍ مُّبِيْنٍ ﴿79﴾ وَلَقَدْ كَذَّبَ اَصْحٰبُ

پھر ہم نے بدلہ لیا | ان سے | اور وہ دونوں ہیں | البتہ راستے | ظاہر پر | اور بیشک | جھٹلایا | رہنے والوں نے

ہم نے ان سے انتقام لیا۔ اور یہ دونوں تباہ شدہ بستیاں کھلی شاہراہ پر واقع ہیں۔ اور حجر والوں نے بھی

ع 5 19 5 — وقف لازم

الْحِجْرِ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿80﴾ وَاٰتَيْنٰهُمْ اٰيٰتِنَا فَكَانُوْا عَنْهَا مُعْرِضِيْنَ ﴿81﴾

حجر کے | پیغمبروں کو | اور ہم نے دیں ان کو | نشانیاں اپنی | پھر وہ تھے | ان سے | منہ پھیرنے والے

رسولوں کو جھٹلایا۔ ہم نے ان کے پاس اپنی نشانیاں بھیجیں مگر وہ منہ موڑتے رہے۔

وَكَانُوْا يَنْحِتُوْنَ مِنَ الْجِبَالِ بُيُوْتًا اٰمِنِيْنَ ﴿82﴾ فَاَخَذَتْهُمُ

اور وہ تھے | وہ تراشتے | سے | پہاڑوں | گھر | امن چاہنے والے | پھر پکڑا ان کو

وہ پہاڑوں کو تراش کر ان میں گھر بناتے تا کہ امن و حفاظت سے رہیں۔ مگر اُن کو ایک زبردست

الصَّيْحَةُ مُصْبِحِيْنَ ﴿83﴾ فَمَآ اَغْنٰى عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿84﴾

سخت آواز نے | صبح کے وقت | پھر نہ | کام آیا | ان کے | جو | وہ تھے | وہ کماتے

دھماکے نے صبح ہوتے ہی پکڑ لیا۔ پھر اُن کی کمائی اُن کے کام نہ آئی۔ اور ہم نے

وَمَا خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ ۭ وَاِنَّ السَّاعَةَ

اور نہیں ہم نے پیدا کیا | آسمانوں کو | اور زمین کو | اور جو کچھ | درمیان دونوں کے ہے | مگر | حق کے ساتھ | اور بیشک | قیامت کی گھڑی

آسمان و زمین اور جو کچھ ان دونوں کے درمیان میں ہے سب کو بغیر مقصد کے نہیں بنایا۔ بے شک قیامت کی گھڑی

لَاٰتِيَةٌ فَاصْفَحِ الصَّفْحَ الْجَمِيْلَ ﴿85﴾ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ الْخَلّٰقُ الْعَلِيْمُ ﴿86﴾

ضرور آنے والی ہے | پس تو درگزر کر | درگزر | اچھے انداز میں | بیشک | رب تیرا | وہی ہے | بار بار پیدا کرنے والا | خوب جاننے والا

آنے والی ہے لہٰذا آپ ان سے درگزر کریں اچھی طرح سے۔ آپ ﷺ کا رب سب کا خالق اور علم رکھنے والا ہے۔

وَلَقَدْ اٰتَيْنٰكَ سَبْعًا مِّنَ الْمَثَانِيْ وَالْقُرْاٰنَ الْعَظِيْمَ ﴿87﴾ لَا تَمُدَّنَّ

اور بیشک | ہم نے دیں تجھے | سات (آیتیں) | جو | دہرائی جانے والی | اور قرآن | عظمت والا | نہ | تو لمبی کر

اے نبی ﷺ ہم نے آپ ﷺ کو سات دہرائی جانے والی آیتیں عطا کی ہیں جو قرآنِ عظیم کا حصہ ہیں۔ یہ جو ہم نے بعض کافروں

عَيْنَيْكَ اِلٰى مَا مَتَّعْنَا بِهٖٓ اَزْوَاجًا مِّنْهُمْ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ

دونوں آنکھیں اپنی | طرف | اسکے جو | ہم نے فائدہ دیا | اس سے | مختلف لوگوں کو | ان میں سے | اور نہ | تو غم کھا | ان پر

کو خوب مال و متاع دیا ہے تو آپ ﷺ اس کی طرف آنکھ اٹھا کر نہ دیکھیں۔ ان لوگوں کی حالتِ کفر پر غم نہ کریں،

وَاخْفِضْ جَنَاحَكَ لِلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿88﴾ وَقُلْ اِنِّيْٓ اَنَا النَّذِيْرُ الْمُبِيْنُ ﴿89﴾

اور تو جھکا | بازو اپنا | اہل ایمان کے لئے | اور کہہ دیجئے | بیشک میں ہوں | میں | خبردار کرنے والا | ظاہر

بلکہ ایمان والوں کو اپنے دامنِ شفقت میں لے لیں۔ اور اعلان کر دیں ''میں کھلم کھلا خبردار کرنے والا ہوں۔

كَمَآ اَنْزَلْنَا عَلَى الْمُقْتَسِمِيْنَ ﴿90﴾ الَّذِيْنَ جَعَلُوا الْقُرْاٰنَ عِضِيْنَ ﴿91﴾

جیسے | ہم نے نازل کیا | پر | تقسیم کرنے والوں | جنہوں نے | کر ڈالا | قرآن کو | ٹکڑے ٹکڑے

جیسے ان لوگوں کو عذاب نازل ہونے سے خبردار کرتا ہوں جنہوں نے اس قرآن کی مخالفت میں اس کے بہت سے جھوٹے نام تجویز

فَوَرَبِّكَ لَنَسْــَٔـلَنَّهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿92﴾ عَمَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿93﴾ فَاصْدَعْ بِمَا

پس قسم تیرے رب کی | ضرور ہم پوچھیں گے | ان سب سے | بارے میں جو | وہ تھے | وہ کرتے | پس تو ظاہر کر دے | اس کو جو

کر رکھے ہیں۔ ''پس قسم ہے آپ ﷺ کے رب کی، ہم ان سب سے ضرور پوچھیں گے جو کچھ وہ کرتے تھے۔ لہٰذا اے نبی ﷺ

تُؤْمَرُ وَاَعْرِضْ عَنِ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿94﴾ اِنَّا كَفَيْنٰكَ الْمُسْتَهْزِءِيْنَ ﴿95﴾

تجھے حکم دیا جاتا ہے | اور تو منہ پھیر لیجئے | سے | مشرکوں | بیشک ہم | کافی ہیں تیرے لئے | مذاق کرنے والوں کو

آپ ﷺ کو ''حکم دیا گیا ہے اسے سرِعام سنا دیں اور مشرکوں کی کچھ پروا نہ کریں۔ ہم آپ ﷺ کی طرف سے ان مذاق اڑانے

الَّذِيْنَ يَجْعَلُوْنَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۚ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ﴿۹۶﴾ وَلَقَدْ

جو | وہ ٹھہراتے ہیں | ساتھ | اللہ کے | معبود | کوئی دوسرا | پس عنقریب | وہ جانیں گے | اور بیشک

والوں کے لئے کافی ہیں۔ جو اللہ کے ساتھ دوسرے معبودوں کو مانتے ہیں۔ عنقریب انہیں معلوم ہو جائے گا۔ ہم خوب

نَعْلَمُ اَنَّكَ يَضِيْقُ صَدْرُكَ بِمَا يَقُوْلُوْنَ ۙ﴿۹۷﴾ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ

ہم جانتے ہیں | کہ تیرا | تنگ ہوتا ہے | سینہ تیرا | اس سے جو | وہ کہتے ہیں | پس تو تسبیح کر | ساتھ حمد | اپنے رب کی

جانتے ہیں کہ یہ کافر جو کچھ کہتے ہیں اس سے آپ ﷺ کا دل تنگ ہوتا ہے مگر آپ ﷺ اپنے رب کی حمد کے ساتھ تسبیح کریں اور اسی

وَكُنْ مِّنَ السّٰجِدِيْنَ ۙ﴿۹۸﴾ وَاعْبُدْ رَبَّكَ حَتّٰى يَاْتِيَكَ الْيَقِيْنُ ﴿۹۹﴾ ع

ع 6 20 6

اور تو ہو جا | سے | سجدہ کرنے والوں | اور تو عبادت کر | اپنے رب کی | یہاں تک کہ | آ جائے تجھے | موت

کو سجدہ کرنے والے بنیں۔ اپنے رب کی عبادت کیا کریں یہاں تک کہ آپ ﷺ کا آخری وقت آ جائے۔

(16) سُوْرَةُ النَّحْلِ مَكِّيَّةٌ (70)

اٰيَاتُهَا 128 | رُكُوْعَاتُهَا 16

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اَتٰۤى اَمْرُ اللّٰهِ فَلَا تَسْتَعْجِلُوْهُ ؕ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۱﴾

آیا | حکم | اللہ کا | پس نہ | تم جلدی کرو اس کی | پاک ہے وہ | اور بلند ہے | اس سے جو | وہ شریک ٹھہراتے ہیں

اے کافرو! اللہ کی طرف سے تمہارے عذاب کا وقت قریب آ گیا اب اس کی جلدی نہ کرو۔ اے نبی ﷺ جو شرک یہ لوگ کر رہے

يُنَزِّلُ الْمَلٰٓئِكَةَ بِالرُّوْحِ مِنْ اَمْرِهٖ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖۤ

وہ اتارتا ہے | فرشتے | روح کے ساتھ | سے | اپنے حکم | پر | جس | چاہے | اپنے بندوں میں سے

ہیں اللہ اس سے پاک اور برتر ہے۔ وہ اپنے بندوں میں سے جسے چاہتا ہے نبوت کے لئے چن لیتا ہے۔ پھر اس پر اپنے فرشتوں

اَنْ اَنْذِرُوْۤا اَنَّهٗ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّاۤ اَنَا فَاتَّقُوْنِ ﴿۲﴾ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ

یہ کہ | تم ڈراؤ | کہ | نہیں | معبود | مگر | میں | پس تم ڈرو مجھ سے | اس نے پیدا کیا | آسمانوں کو

کے ذریعے وحی بھیجتا ہے کہ اللہ کی طرف سے لوگوں کو خبردار کر دیا جائے کہ "میرے سوا کوئی معبود نہیں لہٰذا مجھ سے ڈرو" اسی نے

وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ ؕ تَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۳﴾ خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ نُّطْفَةٍ

اور زمین کو | حق کے ساتھ | بلند ہے وہ | اس سے جو | وہ شریک ٹھہراتے ہیں | اس نے پیدا کیا | انسان کو | سے | نطفے

آسمانوں اور زمین کو با مقصد پیدا کیا۔ وہ بہت بلند و برتر ہے اس شرک سے جو یہ لوگ کر رہے ہیں۔ اسی نے انسان کو ایک بوند سے

فَاِذَا هُوَ خَصِيْمٌ مُّبِيْنٌ ﴿4﴾ وَالْاَنْعَامَ خَلَقَهَا ۚ لَكُمْ فِيْهَا دِفْءٌ

پھر اچانک | وہ ہے | جھگڑنے والا | ظاہر | اور چوپائے | پیدا کیا ان کو | تمہارے لئے | ان میں | گرم لباس

پیدا کیا۔ مگر وہی انسان اللہ کا مدِّ مقابل بن کر کھلم کھلا جھگڑنے لگا۔ اور دیکھو، اسی نے تمہارے لئے چوپائے پیدا کئے جن میں

وَّمَنَافِعُ وَمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ﴿5﴾ وَلَكُمْ فِيْهَا جَمَالٌ حِيْنَ تُرِيْحُوْنَ

اور فائدے ہیں | اور ان میں سے | تم کھاتے ہو | اور تمہارے لئے | ان میں | خوبصورتی ہے | جب | تم شام کو چرالاتے ہو

تمہارے لئے گرم پوشاک بھی ہے۔ خوراک بھی اور دوسرے فائدے بھی۔ اور ان میں تمہارے لئے رونق ہے جب تم انہیں چرا کر

وَحِيْنَ تَسْرَحُوْنَ ﴿6﴾ وَتَحْمِلُ اَثْقَالَكُمْ اِلٰى بَلَدٍ لَّمْ تَكُوْنُوْا بٰلِغِيْهِ

اور جب | صبح چرانے لے جاتے ہو | اور وہ اٹھاتے ہیں | بوجھ تمہارے | طرف | کسی شہر کی | جو نہیں | تم تھے | پہنچنے والے

شام کے وقت واپس لاتے ہو اور جب صبح کے وقت چرنے کے لئے چھوڑ دیتے ہو وہ تمہارے بوجھ اٹھا کر ایسے مقامات تک

اِلَّا بِشِقِّ الْاَنْفُسِ ؕ اِنَّ رَبَّكُمْ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿7﴾ وَّالْخَيْلَ وَالْبِغَالَ

اس کو | مگر ساتھ مشقت | جانوں کی | بیشک | رب تمہارا ہے | البتہ مہربان | نہایت مہربان | اور گھوڑے بھی | اور خچریں بھی

پہنچاتے ہیں جہاں تم سخت محنت کے بغیر نہیں پہنچ سکتے۔ بے شک تمہارا رب بڑی شفقت کرنے والا مہربان ہے۔ اور دیکھو اسی نے

وَالْحَمِيْرَ لِتَرْكَبُوْهَا وَزِيْنَةً ؕ وَيَخْلُقُ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿8﴾ وَعَلَى اللّٰهِ

اور گدھے بھی | تاکہ تم سواری کرو ان کی | اور زینت بھی ہو | اور وہ پیدا کرتا ہے | جو | نہیں | تم جانتے | اور پر | اللہ

گھوڑے، خچر اور گدھے پیدا کئے تاکہ تم ان پر سوار ہو اور وہ تمہارے لئے زینت کا سامان بھی ہیں۔ وہ ایسی چیزیں پیدا کرتا ہے

قَصْدُ السَّبِيْلِ وَمِنْهَا جَآئِرٌ ؕ وَلَوْ شَآءَ لَهَدٰىكُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿9﴾ هُوَ ع 1/9/7

سیدھی | راہ ہے | اور بعض راہیں | ٹیڑھی ہیں | اور اگر | وہ چاہتا | ضرور ہدایت دیتا تم | سب کو | وہی ہے

جنہیں تم نہیں جانتے۔ اللہ کی طرف جانے والا ایک ہی سیدھا راستہ ہے، باقی سب ٹیڑھے راستے ہیں۔ اگر اللہ چاہتا تو سب کو

الَّذِيْٓ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً لَّكُمْ مِّنْهُ شَرَابٌ وَّمِنْهُ شَجَرٌ

جس نے | اتارا | سے | آسمان | پانی | تمہارے لئے | اس میں سے | پینا ہے | اور اس میں سے | درخت ہیں

ہدایت دے دیتا۔ وہی اللہ ہے جس نے آسمان سے پانی اتارا جو تم پیتے ہو۔ اسی سے درخت اُگتے ہیں جن میں تم

فِيْهِ تُسِيْمُوْنَ ﴿10﴾ يُنْۢبِتُ لَكُمْ بِهِ الزَّرْعَ وَالزَّيْتُوْنَ وَالنَّخِيْلَ

اُن میں | تم جانور چراتے ہو | وہ اُگاتا ہے | تمہارے لئے | اسکے ذریعے | کھیتی | اور زیتون | اور کھجور

اپنے جانور چراتے ہو۔ اسی سے وہ تمہارے لئے کھیتی، زیتون، کھجور،

وَالْأَعْنَابَ وَمِنْ كُلِّ الثَّمَرَاتِ ۗ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً لِّقَوْمٍ

اور انگور | اور قسم کے | ہر | پھل | بیشک | میں | اس | البتہ نشانی ہے | لوگوں کیلئے

انگور اور ہر قسم کے پھل پیدا کرتا ہے۔ بے شک اس کے اندر میں ان لوگوں کے لئے نشانیاں ہیں جو

يَتَفَكَّرُونَ ﴿١١﴾ وَسَخَّرَ لَكُمُ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ ۙ وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ۖ

جو غور کرتے ہیں | اور کام پر لگایا | تمہارے لئے | رات کو | اور دن کو | اور سورج کو | اور چاند کو

غور کرتے ہیں۔ اسی نے تمہارے فائدے کے لئے رات دن اور سورج چاند کو کام پر لگا دیا۔

وَالنُّجُومُ مُسَخَّرَاتٌ بِأَمْرِهِ ۗ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِّقَوْمٍ

اور ستارے | تابع ہیں | اس کے حکم کے | بیشک | میں | اس | البتہ نشانیاں ہیں | لوگوں کے لئے

ستارے بھی اسی کے حکم کے تابع ہیں۔ بے شک اس میں نشانیاں ہیں ان لوگوں کے لئے جو عقل سے

يَعْقِلُونَ ۙ ﴿١٢﴾ وَمَا ذَرَأَ لَكُمْ فِي الْأَرْضِ مُخْتَلِفًا أَلْوَانُهُ ۗ إِنَّ فِي

جو سمجھتے ہیں | اور جو کچھ | پھیلایا | تمہارے لئے | میں | زمین | مختلف | رنگ اس کے | بیشک | میں

کام لیتے ہیں۔ اسی نے تمہارے لئے زمین میں ہر رنگ کی چیز پیدا کی۔ بےشک ان میں

ذَٰلِكَ لَآيَةً لِّقَوْمٍ يَذَّكَّرُونَ ﴿١٣﴾ وَهُوَ الَّذِي سَخَّرَ الْبَحْرَ لِتَأْكُلُوا

اس | ضرور نشانی ہے | لوگوں کیلئے | جو نصیحت پکڑیں | اور وہی ہے | جس نے | خدمت پر لگایا | سمندر کو | تاکہ تم کھاؤ

بڑی نشانی ہے ان لوگوں کے لئے جو سبق حاصل کریں۔ اسی نے تمہارے لئے دریاؤں اور سمندروں کو بھی خدمت پر لگا دیا تاکہ تم

مِنْهُ لَحْمًا طَرِيًّا وَتَسْتَخْرِجُوا مِنْهُ حِلْيَةً تَلْبَسُونَهَا ۚ وَتَرَى

اس میں سے | گوشت | تازہ | اور تم نکالو | اس سے | زیور | تم پہنتے ہو جسے | اور تو دیکھتا ہے

ان میں سے مچھلیوں کا تازہ گوشت کھاؤ اور ان میں سے زیور نکالو جسے تم پہنتے ہو۔ اور تم کشتیوں

الْفُلْكَ مَوَاخِرَ فِيهِ وَلِتَبْتَغُوا مِنْ فَضْلِهِ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ ﴿١٤﴾

کشتیوں کو | پانی کو چیرنے والیاں | اس میں | اور تاکہ تلاش کرو | سے | اس کے فضل | اور تاکہ تم | تم شکر کرو

کو دیکھتے ہو پانی کو چیرتی ہوئی چلتی ہیں تاکہ تم ان کے ذریعے اپنے رب کا فضل تلاش کرو اور پھر شکر ادا کرو۔

وَأَلْقَىٰ فِي الْأَرْضِ رَوَاسِيَ أَنْ تَمِيدَ بِكُمْ وَأَنْهَارًا وَسُبُلًا

اور رکھ دیئے | میں | زمین | پہاڑ | ایسا نہ ہو کہ | ہلا دے | تمہیں | اور نہریں | اور راہیں

اسی نے زمین میں پہاڑ رکھ دیئے۔ تاکہ وہ تمہیں لے کر ڈگمگانے نہ لگے۔ اس نے ندیاں اور نہریں بہا دیں اور راستے بنا دیئے

لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ﴿15﴾ وَعَلٰمٰتٍ ؕ وَبِالنَّجْمِ هُمْ يَهْتَدُوْنَ ﴿16﴾ اَفَمَنْ

تاکہ تم | تم راستے پاؤ | اور نشان راہ بنائے | اور تاروں سے | وہ | راستہ معلوم کرتے ہیں | کیا پھر جو

تاکہ تم راہ پاؤ۔ اس نے زمین میں راستہ جاننے کے لئے بہت سی علامتیں رکھیں اور لوگ ستاروں سے بھی راستہ معلوم کر لیتے ہیں!

يَّخْلُقُ كَمَنْ لَّا يَخْلُقُ ؕ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿17﴾ وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ

پیدا کرتا ہے | اس جیسا ہے جو | نہیں | پیدا کرتا | کیا پھر نہیں | تم نصیحت حاصل کرتے | اور اگر | تم گنو | نعمتیں | اللہ کی

پھر بتاؤ، کیا وہ اللہ جو سب کچھ پیدا کرتا ہے برابر ہے ان کے جو کچھ بھی پیدا نہیں کر سکتے؟ کیا تم سوچتے نہیں؟ اگر تم اللہ کی نعمتیں گنو تو

لَا تُحْصُوْهَا ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿18﴾ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تُسِرُّوْنَ

نہ | تم شمار کر سکو ان کو | بیشک | اللہ ہے | ضرور بخشنے والا | نہایت مہربان | اور اللہ | جانتا ہے | جو کچھ | تم چھپاتے ہو

شمار نہ کر سکو گے۔ بے شک اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔ وہ تمہارے ظاہر و باطن

وَمَا تُعْلِنُوْنَ ﴿19﴾ وَالَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ لَا يَخْلُقُوْنَ شَيْـًٔا

اور جو | تم ظاہر کرتے ہو | اور جن کو | وہ پکارتے ہیں | سے | سوائے | اللہ کے | نہیں | وہ پیدا کر سکتے | کچھ بھی

کو جانتا ہے۔ جنہیں لوگ اللہ کے سوا پکارتے ہیں وہ کوئی چیز پیدا نہیں کر سکتے

وَّهُمْ يُخْلَقُوْنَ ؕ ﴿20﴾ اَمْوَاتٌ غَيْرُ اَحْيَآءٍ ۚ وَمَا يَشْعُرُوْنَ ۙ اَيَّانَ

اور وہ | پیدا کئے جاتے ہیں | مردے ہیں | نہیں | زندہ | اور نہیں | وہ جانتے | کب

بلکہ خود مخلوق ہیں۔ وہ مردہ ہیں جن میں جان نہیں۔ وہ یہ نہیں جانتے دوبارہ کب

يُبْعَثُوْنَ ؑ ﴿21﴾ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَالَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ

وہ اٹھائے جائیں گے | معبود تمہارا ہے | معبود | ایک | پھر جو لوگ | نہیں | ایمان لاتے | آخرت پر

اٹھائے جائیں گے۔ اے لوگو! تمہارا معبود ایک ہی معبود ہے مگر جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں رکھتے

قُلُوْبُهُمْ مُّنْكِرَةٌ وَّهُمْ مُّسْتَكْبِرُوْنَ ﴿22﴾ لَا جَرَمَ اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا

ان کے دل | انکاری ہیں | اور وہ | تکبر کرنے والے ہیں | نہیں | شک | یہ کہ | اللہ | جانتا ہے | جو

ان کے دل منکر ہیں اور وہ تکبر کرتے ہیں۔ اللہ یقیناً جانتا ہے جو کچھ وہ چھپاتے ہیں

يُسِرُّوْنَ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ؕ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُسْتَكْبِرِيْنَ ﴿23﴾ وَاِذَا قِيْلَ

وہ چھپاتے ہیں | اور جو | وہ ظاہر کرتے ہیں | بیشک وہ | نہیں | پسند کرتا | تکبر کرنے والوں کو | اور جب | کہا جائے

اور جو کچھ ظاہر کرتے ہیں۔ بے شک اللہ تکبر کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔ جب ان کافروں سے

لَهُمْ مَّاذَآ اَنْزَلَ رَبُّكُمْ ۙ قَالُوْٓا اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿24﴾ لِيَحْمِلُوْٓا

ان کو | کیا چیز | نازل کی | تمہارے رب نے | وہ کہتے ہیں | کہانیاں | پہلوں کی | تا کہ وہ اٹھائیں

قرآن کے بارے میں پوچھا جاتا ہے تمہارے رب نے کیا نازل کیا ہے تو جواب دیتے ہیں ''اگلے لوگوں کی کہانیاں ہیں'' ان کی

اَوْزَارَهُمْ كَامِلَةً يَّوْمَ الْقِيٰمَةِ ۙ وَمِنْ اَوْزَارِ الَّذِيْنَ يُضِلُّوْنَهُمْ

بوجھ اپنے | پورے | دن | قیامت کے | اور بعض | بوجھ | ان کے بھی جنہیں | وہ گمراہ کرتے ہیں

ایسی باتوں کے نتیجے میں قیامت کے دن انہیں اپنے گناہوں کے بوجھ بھی پورے اٹھانے پڑیں گے اور ساتھ ان لوگوں کے گناہوں

بِغَيْرِ عِلْمٍ ۭ اَلَا سَاۗءَ مَا يَزِرُوْنَ ﴿25﴾ ع قَدْ مَكَرَ الَّذِيْنَ مِنْ

بغیر | علم کے | خبردار | بُرا ہے | جو | وہ بوجھ اٹھاتے ہیں | بیشک | چال چلی | انہوں نے جو تھے | سے

کے بوجھ بھی جنہیں وہ اپنی جہالت سے گمراہ کر رہے ہیں۔ یاد رکھو، بہت برا ہے وہ بوجھ جسے وہ اٹھا رہے ہیں۔ ان سے پہلے لوگوں

قَبْلِهِمْ فَاَتَى اللّٰهُ بُنْيَانَهُمْ مِّنَ الْقَوَاعِدِ فَخَرَّ عَلَيْهِمُ السَّقْفُ

پہلے ان کے | پھر آیا | اللہ کا عذاب | ان کی عمارت پر | سے | بنیادوں | پس گر پڑی | ان پر | چھت

نے بھی حق کے خلاف تدبیریں کیں مگر اللہ نے ان کی تدبیروں کی ساری عمارت کو بنیاد سے اکھاڑ پھینکا۔ اوپر سے چھت بھی ان کے

مِنْ فَوْقِهِمْ وَاَتٰىهُمُ الْعَذَابُ مِنْ حَيْثُ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿26﴾ ثُمَّ يَوْمَ

سے | ان کے اُوپر | اور آیا ان پر | عذاب | سے | اس جگہ جو | نہیں | وہ جانتے تھے | پھر | دن

اوپر آ گری اور ان پر عذاب وہاں سے آیا جہاں کا انہیں وہم و گمان نہ تھا۔ قیامت کے دن

الْقِيٰمَةِ يُخْزِيْهِمْ وَيَقُوْلُ اَيْنَ شُرَكَاۗءِيَ الَّذِيْنَ كُنْتُمْ تُشَاۗقُّوْنَ

قیامت کے | وہ ذلیل کرے گا ان کو | اور کہے گا | کہاں ہیں | شریک میرے | جو | تم تھے | تم جھگڑتے

اللہ انہیں اور بھی ذلیل کرے گا۔ ان سے پوچھے گا ''بتاؤ'' کہاں ہیں میرے شریک جن کے لئے تم جھگڑا

فِيْهِمْ ۭ قَالَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ اِنَّ الْخِزْيَ الْيَوْمَ وَالسُّوْۗءَ عَلَى

جن کے بارے میں | کہیں گے | وہ | دیا گیا جن کو | علم | بیشک | ذلت ہے | آج کے دن | اور برائی ہے | پر

کرتے تھے؟'' اس وقت علم والے کہیں گے ''آج رسوائی اور عذاب ان کافروں

الْكٰفِرِيْنَ ﴿27﴾ ۙ الَّذِيْنَ تَتَوَفّٰىهُمُ الْمَلٰۗىِٕكَةُ ظَالِمِيْٓ اَنْفُسِهِمْ ۠

کافروں | وہ لوگ | وفات دیتے ہیں جن کو | فرشتے | اس حالت میں کہ ظالم تھے | اپنی جانوں پر

کے لئے ہے جن کی جانیں فرشتوں نے اس حال میں قبض کیں کہ وہ اپنی جانوں پر ظلم کر رہے تھے۔''

فَاَلْقَوُا السَّلَمَ مَا كُنَّا نَعْمَلُ مِنْ سُوْۗءٍ ۭ بَلٰٓى اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ

پھر انہوں نے ڈالی | صلح | نہ | ہم تھے | ہم کرتے | کوئی | برائی | ایسا نہیں | بیشک | اللہ | جاننے والا ہے

اس موقع پر کافر لوگ گھٹنے ٹیک دیں گے اور کہیں گے ”ہم تو کوئی برا کام نہ کرتے تھے۔“ کہا جائے گا تم نے برائیاں کی تھیں۔

بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿28﴾ فَادْخُلُوْٓا اَبْوَابَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ

اس کو جو | تم تھے | تم عمل کرتے | پھر تم داخل ہو جاؤ | دروازوں سے | جہنم کے | ہمیشہ رہنے والے | اس میں

بے شک اللہ جانتا ہے جو کچھ تم کرتے تھے۔ اب جاؤ جہنم کے دروازوں میں گھس جاؤ، وہیں تمہیں ہمیشہ رہنا ہے۔

فَلَبِئْسَ مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِيْنَ ﴿29﴾ وَقِيْلَ لِلَّذِيْنَ اتَّقَوْا مَاذَآ اَنْزَلَ

پس البتہ برا ہے | ٹھکانا | تکبر کرنے والوں کا | اور کہا گیا | ان کو جو | پرہیزگار ہیں | کیا | نازل کیا

دیکھو، تکبر کرنے والوں کا کیسا برا ٹھکانا ہے لیکن جب پرہیزگاروں سے پوچھا جاتا ہے تمہارے رب نے کیا

رَبُّكُمْ ۭ قَالُوْا خَيْرًا ۭ لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةٌ ۭ

تمہارے رب نے | وہ کہتے ہیں | بھلائی | ان کے لئے جو | نیکی کریں | میں | اس | دنیا | بھلائی ہے

نازل کیا؟ وہ کہتے ہیں ”بہت اچھی بات اتاری ہے“ جن لوگوں نے بھلائی کی، ان کے لئے دنیا میں بھلائی ہے

وَلَدَارُ الْاٰخِرَةِ خَيْرٌ ۭ وَلَنِعْمَ دَارُ الْمُتَّقِيْنَ ﴿30﴾ جَنّٰتُ عَدْنٍ

اور البتہ گھر | آخرت کا | بہتر ہے | اور ضرور اچھا ہے | گھر | پرہیزگاروں کا | باغات | ہمیشہ کے

اور ان کے لئے آخرت کا گھر تو اس سے کہیں بہتر ہے۔ واقعی عمدہ ہے پرہیزگاروں کا گھر جنت جہاں ہمیشہ کے باغوں میں

يَّدْخُلُوْنَهَا تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ لَهُمْ فِيْهَا مَا يَشَاۗءُوْنَ ۭ

وہ داخل ہوں گے ان میں | بہتی ہیں | سے | ان کے نیچے | نہریں | ان کے لئے ہے | اس میں | جو | وہ چاہیں گے

وہ داخل ہوں گے۔ وہاں نہریں بہتی ہوں گی اور ان کے لئے وہ سب کچھ ہو گا جو وہ چاہیں گے۔

كَذٰلِكَ يَجْزِي اللّٰهُ الْمُتَّقِيْنَ ﴿31﴾ الَّذِيْنَ تَتَوَفّٰىهُمُ الْمَلٰۗىِٕكَةُ

اسی طرح | بدلہ دیتا ہے | اللہ | پرہیزگاروں کو | وہ جو | وفات دیتے ہیں جن کو | فرشتے

اللہ پرہیزگاروں کو ایسا ہی صلہ دے گا۔ یہ ایسے ہیں کہ جب فرشتے ان کی جانیں نکالنے لگتے ہیں اور یہ

طَيِّبِيْنَ ۙ يَقُوْلُوْنَ سَلٰمٌ عَلَيْكُمُ ۙ ادْخُلُوا الْجَنَّةَ بِمَا كُنْتُمْ

جبکہ وہ نیک کار تھے | وہ کہتے ہیں | سلام ہو | تم پر | تم داخل ہو جاؤ | جنت میں | بدلے میں جو | تم تھے

پاکیزہ ہوتے ہیں تو وہ سلام کہتے ہیں جنت میں داخل ہو جاؤ اپنے اعمال کے بدلے میں

تَعۡمَلُوۡنَ ﴿32﴾ هَلۡ يَنۡظُرُوۡنَ اِلَّاۤ اَنۡ تَاۡتِيَهُمُ الۡمَلٰٓئِكَةُ اَوۡ يَاۡتِىَ

تم کرتے | نہیں | وہ انتظار کرتے ہیں | مگر | یہ کہ | آئیں انکے پاس | فرشتے | یا | آئے

جو تم کرتے تھے۔ کیا کافر لوگ اس کے منتظر ہیں کہ ان کے پاس فرشتے آئیں یا آپ ﷺ کے رب کا

اَمۡرُ رَبِّكَ ؕ كَذٰلِكَ فَعَلَ الَّذِيۡنَ مِنۡ قَبۡلِهِمۡ ؕ وَمَا ظَلَمَهُمُ اللّٰهُ

حکم | تیرے رب کا | اسی طرح | کیا | انہوں نے جو تھے | سے | پہلے ان کے | اور نہیں | ظلم کیا ان پر | اللہ نے

عذاب آئے۔ پہلے لوگوں نے بھی ایسا ہی کیا پھر ان کا جو انجام ہوا تو اللہ نے ان پر ظلم نہ کیا

وَلٰكِنۡ كَانُوۡۤا اَنۡفُسَهُمۡ يَظۡلِمُوۡنَ ﴿33﴾ فَاَصَابَهُمۡ سَيِّاٰتُ مَا عَمِلُوۡا

اور لیکن | وہ تھے | اپنی جانوں پر | وہ ظلم کرتے | پھر پہنچیں ان کو | برائیاں | جو | عمل کیے

بلکہ وہ خود اپنے اوپر ظلم کرتے تھے۔ پھر انہیں اپنے برے کاموں کی سزا ملی اور

وَحَاقَ بِهِمۡ مَّا كَانُوۡا بِهٖ يَسۡتَهۡزِءُوۡنَ ﴿34﴾ ع وَقَالَ الَّذِيۡنَ اَشۡرَكُوۡا لَوۡ

(ع 4 / 9 / 10)

اور گھیر لیا | ان کو | اس چیز نے جو | وہ تھے | اس کا | وہ مذاق اڑاتے | اور کہا | انہوں نے جو | شرک کرتے ہیں | اگر

جس عذاب کا وہ مذاق اڑاتے تھے اسی نے انہیں آ گھیرا۔ مشرک لوگ کہتے ہیں

شَآءَ اللّٰهُ مَا عَبَدۡنَا مِنۡ دُوۡنِهٖ مِنۡ شَىۡءٍ نَّحۡنُ وَلَاۤ اٰبَآؤُنَا

چاہتا | اللہ | نہ | ہم عبادت کرتے | سے | سوائے اس کے | کی | کسی چیز | ہم | اور نہ | ہمارے باپ دادا

"اگر اللہ چاہتا تو ہم اور ہمارے باپ دادا اللہ کے سوا کسی اور چیز کو نہ پوجتے اور نہ ہم اس کے حکم کے

وَلَا حَرَّمۡنَا مِنۡ دُوۡنِهٖ مِنۡ شَىۡءٍ ؕ كَذٰلِكَ فَعَلَ الَّذِيۡنَ مِنۡ

اور نہ | ہم حرام ٹھہراتے | سے | سوائے اس کے | کوئی | چیز | اسی طرح | کیا انہوں نے | جو تھے | سے

بغیر کسی چیز کو حرام قرار دیتے۔ ایسا ہی ان سے پہلے والوں نے

قَبۡلِهِمۡ ۚ فَهَلۡ عَلَى الرُّسُلِ اِلَّا الۡبَلٰغُ الۡمُبِيۡنُ ﴿35﴾ وَلَقَدۡ بَعَثۡنَا فِىۡ

پہلے ان | پس نہیں | پر | رسولوں | مگر | پہنچا دینا | ظاہر | اور بیشک | ہم نے بھیجا | میں

کیا تھا۔ البتہ رسولوں کے ذمے تو صاف پہنچا دینا ہے۔ ہم نے ہر امت میں کوئی نہ کوئی

كُلِّ اُمَّةٍ رَّسُوۡلًا اَنِ اعۡبُدُوا اللّٰهَ وَاجۡتَنِبُوا الطَّاغُوۡتَ ۚ فَمِنۡهُمۡ

ہر | امت | ایک رسول | یہ کہ | تم عبادت کرو | اللہ کی | اور بچو | بتوں سے | پھر بعض انکے تھے

پیغمبر اس دعوت کے ساتھ بھیجا کہ "اے لوگو ایک اللہ کی عبادت کرو اور شیطان سے بچو" پھر ان میں سے

مَّنْ هَدَى اللّٰهُ وَمِنْهُمْ مَّنْ حَقَّتْ عَلَيْهِ الضَّلٰلَةُ ؕ فَسِيْرُوْا فِي

جن کو | ہدایت دی | اللہ نے | اور بعض انکے تھے | جو | ثابت ہوگئی | ان پر | گمراہی | پس تم سیر کرو | میں

کچھ کو اللہ نے ہدایت دی اور کچھ پر گمراہی ثابت ہو کر رہی۔ لوگو ! چل پھر کر دیکھو

الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِيْنَ ﴿36﴾ اِنْ تَحْرِصْ

زمین | پھر تم دیکھو | کیسے | ہوا | انجام | جھٹلانے والوں کا | اگر | تو خواہش کرے

جھٹلانے والوں کا کیا انجام ہوا ؟ اے نبی ﷺ آپ ﷺ کو ان لوگوں کے

عَلٰى هُدٰىهُمْ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِيْ مَنْ يُّضِلُّ وَمَا لَهُمْ مِّنْ

پر | ہدایت ان کی | تو بیشک | اللہ | نہیں | ہدایت دیتا | اس کو جسے | گمراہ کرتا ہے | اور نہیں ہے | ان کا | کوئی

ہدایت پانے کی کتنی ہی آرزو ہو مگر اللہ ان کو ہدایت نہیں دیتا جنہیں وہ گمراہ کرتا ہے۔ پھر ان کا کوئی مدد گار

نّٰصِرِيْنَ ﴿37﴾ وَاَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ ۙ لَا يَبْعَثُ اللّٰهُ مَنْ

مددگار | اور انہوں نے قسمیں کھائیں | اللہ کی | سخت | قسمیں اپنی | کہ نہیں | زندہ اٹھائے گا | اللہ | اس کو جو

نہیں ہوتا۔ کافر لوگ اللہ کی قسمیں کھا کر کہتے ہیں ”جو شخص مر جائے گا اللہ اُسے دوبارہ نہیں

يَّمُوْتُ ؕ بَلٰى وَعْدًا عَلَيْهِ حَقًّا وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ۙ﴿38﴾

مرجاتا ہے | کیوں نہیں | وعدہ ہے | اس پر | سچا | اور لیکن | اکثر | لوگ | نہیں | وہ جانتے

اٹھائے گا۔“ اے نبی ﷺ آپ ﷺ ان سے کہیں ”اللہ ضرور اٹھائے گا۔ اس کا پکا وعدہ ہے“ لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے۔

لِيُبَيِّنَ لَهُمُ الَّذِيْ يَخْتَلِفُوْنَ فِيْهِ وَلِيَعْلَمَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنَّهُمْ

تاکہ وہ بیان کرے | ان کو | وہ چیز کہ | وہ اختلاف کرتے تھے | جس میں | اور تاکہ جان لیں | وہ جو | کافر ہوئے | کہ وہ

اور ضروری ہے کہ جن باتوں میں لوگ اختلاف کر رہے ہیں ان پر اصل حقیقت واضح کی جائے اور تاکہ کافروں کو معلوم ہو

كَانُوْا كٰذِبِيْنَ ﴿39﴾ اِنَّمَا قَوْلُنَا لِشَيْءٍ اِذَآ اَرَدْنٰهُ اَنْ نَّقُوْلَ

تھے | جھوٹے | بے شک | کہنا ہمارا | کسی چیز کو | جب | ہم ارادہ کریں اسکا | کہ | ہم کہتے ہیں

جائے کہ وہ جھوٹے تھے۔ جب ہم کسی چیز کا ارادہ کرتے ہیں تو صرف اتنا کہتے ہیں

لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ﴿40﴾ ع وَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا فِي اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ مَا ظُلِمُوْا

اس کو | تو ہو جا | تو وہ ہو جاتی ہے | اور جنہوں نے | ہجرت کی | راہ میں | اللہ کی | سے | بعد | جو | ان پر ظلم کیا گیا

”ہو جا“ تو وہ ہو جاتی ہے۔ جن لوگوں نے ظلم سہہ کر اللہ کی راہ میں ہجرت کی،

ع 5/6/11

وقف لازم

لَنُبَوِّئَنَّهُمْ فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً ۖ وَلَأَجْرُ الْآخِرَةِ أَكْبَرُ ۚ لَوْ كَانُوا

ضرور ہم ٹھکانا دینگے ان کو | میں | دنیا | اچھا | اور البتہ ثواب | آخرت کا | بہت بڑا ہے | کاش | وہ ہوتے

ہم انہیں دنیا میں ضرور اچھا ٹھکانا دیں گے۔ ان کے لئے آخرت کا ثواب تو بہت بڑا ہے۔ کاش کافروں کو

يَعْلَمُونَ ﴿٤١﴾ الَّذِينَ صَبَرُوا وَعَلَىٰ رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُونَ ﴿٤٢﴾ وَمَا أَرْسَلْنَا مِن

وہ جانتے | جنہوں نے | صبر کیا | اور پر | اپنے رب | وہ توکل کرتے ہیں | اور نہیں | ہم نے بھیجے | سے

معلوم ہوتا۔ مظلوم مہاجرین کا یہ اچھا انجام اس لئے ہے کہ انہوں نے صبر کیا اور وہ اپنے رب پر بھروسا رکھتے ہیں۔ اے نبی ﷺ ہم

قَبْلِكَ إِلَّا رِجَالًا نُّوحِي إِلَيْهِمْ ۚ فَاسْأَلُوا أَهْلَ الذِّكْرِ إِن كُنتُمْ

پہلے تجھ | مگر | مرد | ہم وحی کرتے | انکی طرف | پس تم پوچھ لو | اہل | کتاب سے | اگر | تم

نے آپ ﷺ سے پہلے بھی مردوں کو پیغمبر بنا کر بھیجا تھا جن پر ہم وحی نازل کرتے تھے۔ لوگو اگر تمہیں معلوم نہ ہو تو اہل علم سے

لَا تَعْلَمُونَ ﴿٤٣﴾ بِالْبَيِّنَاتِ وَالزُّبُرِ ۗ وَأَنزَلْنَا إِلَيْكَ الذِّكْرَ لِتُبَيِّنَ

نہیں جانتے۔ | ساتھ نشانیوں کے | اور کتابوں کے | اور ہم نے اتارا | تیری طرف | ذکر | تا کہ تو بیان کرے

پوچھ لو۔ ان پیغمبروں کو ہم نے واضح نشانیاں اور کتابیں دے کر بھیجا۔ اے نبی ﷺ ہم نے آپ ﷺ پر بھی قرآن نازل کیا تا کہ

النصف

لِلنَّاسِ مَا نُزِّلَ إِلَيْهِمْ وَلَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُونَ ﴿٤٤﴾ أَفَأَمِنَ الَّذِينَ

لوگوں کیلئے | جو کچھ | نازل ہوا | ان کی طرف | اور تا کہ وہ | غور کریں | کیا پھر بے خوف ہیں | وہ جو

آپ ﷺ اس چیز کو لوگوں پر واضح کر دیں جو ان کی طرف اتاری گئی اور تا کہ وہ غور کریں۔ پھر کیا وہ لوگ

مَكَرُوا السَّيِّئَاتِ أَن يَخْسِفَ اللَّهُ بِهِمُ الْأَرْضَ أَوْ يَأْتِيَهُمُ

چالیں چلتے ہیں | بری | کہ | دھنسا دے | اللہ | ان کو | زمین میں | یا | آئے ان پر

جو نبی ﷺ کے خلاف بری تدبیریں کر رہے ہیں اس بات سے بےفکر ہیں کہ اللہ انہیں زمین میں دھنسا دے؟ یا ان پر عذاب وہاں

الْعَذَابُ مِنْ حَيْثُ لَا يَشْعُرُونَ ﴿٤٥﴾ أَوْ يَأْخُذَهُمْ فِي تَقَلُّبِهِمْ

عذاب | سے | جہاں | نہ | وہ سمجھتے ہوں | یا | وہ پکڑے ان کو | میں | انکے چلنے پھرنے

سے آئے جہاں کا انہیں وہم و گمان بھی نہ ہو؟ یا انہیں چلتے پھرتے پکڑ لے،

فَمَا هُم بِمُعْجِزِينَ ﴿٤٦﴾ أَوْ يَأْخُذَهُمْ عَلَىٰ تَخَوُّفٍ فَإِنَّ رَبَّكُمْ

پھر نہیں | وہ | عاجز کرنے والے | یا | وہ پکڑے ان کو | پر | نقصان | پس بیشک | رب تمہارا

وہ اس کے قابو سے باہر نہیں نکل سکتے۔ یا اُن کا آہستہ آہستہ خاتمہ کر دے۔ بے شک تمہارا رب

لَرَءُوفٌ رَّحِيمٌ ﴿٤٧﴾ أَوَلَمْ يَرَوْا إِلَىٰ مَا خَلَقَ اللَّهُ مِن شَيْءٍ

البتہ شفقت کرنیوالا | نہایت مہربان ہے | کیا | نہیں | انہوں نے دیکھا | طرف | اس کی جو | پیدا کیا | اللہ نے | سے | ہر چیز

شفقت والا مہربان ہے۔ کیا یہ لوگ نہیں دیکھتے کہ اللہ نے جو چیز بھی پیدا کی

يَتَفَيَّؤُا ظِلَالُهُ عَنِ الْيَمِينِ وَالشَّمَائِلِ سُجَّدًا لِّلَّهِ وَهُمْ دَاخِرُونَ ﴿٤٨﴾

پھرتے ہیں | سائے اسکے | سے | دائیں طرف | اور بائیں طرف | سجدہ کرتے ہوئے | اللہ کو | اور وہ | ذلیل ہیں اسکے آگے

اس کے سائے دائیں اور بائیں طرف جھک جاتے ہیں گویا اللہ کے آگے سجدہ ریز ہیں اور عاجزی کا اظہار کر رہے ہیں۔

وَلِلَّهِ يَسْجُدُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ مِن دَابَّةٍ

اور اللہ کو | سجدہ کرتا ہے | جو کچھ ہے | میں | آسمانوں | اور جو کچھ ہے | میں | زمین | سے | جانداروں

آسمانوں اور زمین میں جتنے جاندار ہیں سب اللہ کو سجدہ کرتے ہیں۔

وَالْمَلَائِكَةُ وَهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُونَ ﴿٤٩﴾ يَخَافُونَ رَبَّهُم مِّن فَوْقِهِمْ

اور فرشتے | اور وہ | نہیں | وہ تکبر کرتے | وہ ڈرتے ہیں | رب اپنے سے | سے | اپنے اُوپر

اس کے علاوہ فرشتے بھی اللہ کو سجدہ کرتے ہیں اور وہ تکبر نہیں کرتے بلکہ اپنے اوپر اپنے رب سے ڈرتے رہتے ہیں۔

وَيَفْعَلُونَ مَا يُؤْمَرُونَ ۩ ﴿٥٠﴾ وَقَالَ اللَّهُ لَا تَتَّخِذُوا إِلَٰهَيْنِ اثْنَيْنِ ۚ

اور وہ کرتے ہیں | جو | ان کو حکم دیا جاتا ہے | اور کہا | اللہ نے | نہ | تم بناؤ | دو معبود | دو

وہ وہی کام کرتے ہیں جس کا انہیں حکم ملتا ہے۔ لوگو اللہ نے حکم دیا ہے "دو دو معبود نہ بناؤ۔

ع 6 10 12 — السجدة 3

إِنَّمَا هُوَ إِلَٰهٌ وَاحِدٌ ۚ فَإِيَّايَ فَارْهَبُونِ ﴿٥١﴾ وَلَهُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ

صرف | وہی ہے | معبود | ایک | پس صرف مجھ ہی سے | پس تم ڈرو | اور اسی کا ہے | جو کچھ | میں | آسمانوں

حقیقت میں ایک ہی معبود ہے۔ لہٰذا صرف مجھ سے ڈرو اسی کا ہے جو کچھ آسمانوں

وَالْأَرْضِ وَلَهُ الدِّينُ وَاصِبًا ۚ أَفَغَيْرَ اللَّهِ تَتَّقُونَ ﴿٥٢﴾ وَمَا

اور زمین | اور اسی کیلئے ہے | اطاعت | لازمی | کیا پھر غیر | اللہ سے | تم ڈرتے ہو | اور جو کچھ ہے

اور زمین میں ہے۔ اسی کی اطاعت لازم ہے ہمیشہ کے لئے۔ پھر کیا تم اللہ کے سوا دوسروں سے ڈرتے ہو؟ تمہارے پاس

بِكُم مِّن نِّعْمَةٍ فَمِنَ اللَّهِ ۖ ثُمَّ إِذَا مَسَّكُمُ الضُّرُّ فَإِلَيْهِ

پاس تمہارے | کوئی | نعمت | تو ہے طرف سے | اللہ کی | پھر | جب | پہنچتی ہے تمہیں | تکلیف | تو طرف اس کی

جو نعمت بھی ہے وہ اللہ کی طرف سے ہے۔ جب تمہیں تکلیف پہنچتی ہے تو اسی کے آگے

تَجْـَٔرُوْنَ ۚ ﴿۵۳﴾ ثُمَّ اِذَا كَشَفَ الضُّرَّ عَنْكُمْ اِذَا فَرِيْقٌ مِّنْكُمْ بِرَبِّهِمْ

تم فریاد کرتے ہو | پھر | جب | دور کرتا ہے | تکلیف | تم سے | اچانک | کچھ لوگ | تم میں سے | اپنے رب کے

فریاد کرتے ہو۔ پھر جب وہ تمہاری تکلیف دور کر دیتا ہے تو تم میں سے ایک گروہ اپنے رب کے شریک

يُشْرِكُوْنَ ۙ ﴿۵۴﴾ لِيَكْفُرُوْا بِمَآ اٰتَيْنٰهُمْ ۭ فَتَمَتَّعُوْا ۣ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿۵۵﴾

شریک ٹھہراتے ہیں | تاکہ وہ ناشکری کریں | اُس کی جو | ہم نے دیا ان کو | پس تم فائدہ اٹھالو | پھر جلد | تم جان لوگے

بنانے لگتا ہے تاکہ جو نعمت ہم نے اسے دی اُس کی ناشکری کرے۔ اچھا، کچھ دن عیش کرلو، تمہیں اس کا نتیجہ جلد معلوم ہو جائے گا۔

وَيَجْعَلُوْنَ لِمَا لَا يَعْلَمُوْنَ نَصِيْبًا مِّمَّا رَزَقْنٰهُمْ ۭ تَاللّٰهِ لَتُسْـَٔلُنَّ

اور وہ بناتے ہیں | اسکے لئے جسے | نہیں | وہ جانتے | حصہ | اس سے جو | ہم نے رزق دیا انکو | قسم اللہ کی | ضرور تم سے پوچھا جائے گا

مشرکوں کا حال دیکھو، وہ ہماری دی ہوئی چیزوں میں سے اپنے بنائے ہوئے ان معبودوں کا حصہ بھی مقرر کر لیتے ہیں جن کی حقیقت

عَمَّا كُنْتُمْ تَفْتَرُوْنَ ﴿۵۶﴾ وَيَجْعَلُوْنَ لِلّٰهِ الْبَنٰتِ سُبْحٰنَهٗ ۙ وَلَهُمْ مَّا

بارے میں جو | تم تھے | تم گھڑتے | اور وہ بناتے ہیں | اللہ کے لیے | بیٹیاں | پاک ہے وہ | اور ان کیلئے ہے | جو

کا انہیں کچھ علم نہیں "اے مشرکو خدا کی قسم تم سے ضرور باز پرس ہوگی کہ یہ جھوٹ تم نے کیوں گھڑ لئے تھے۔ اور وہ فرشتوں کو اللہ کی

يَشْتَهُوْنَ ﴿۵۷﴾ وَاِذَا بُشِّرَ اَحَدُهُمْ بِالْاُنْثٰى ظَلَّ وَجْهُهٗ مُسْوَدًّا

وہ چاہتے ہیں | اور جب | بشارت دی جائے | کسی ایک کو ان میں سے | بیٹی کی | ہو جاتا ہے | چہرہ اس کا | سیاہ

بیٹیاں قرار دیتے ہیں حالاں کہ وہ اس سے پاک ہے۔ مگر خود اپنے لئے بیٹے پسند کرتے ہیں۔ جب ان میں سے کسی کو بیٹی پیدا

وَّهُوَ كَظِيْمٌ ۚ ﴿۵۸﴾ يَتَوَارٰى مِنَ الْقَوْمِ مِنْ سُوْۗءِ مَا بُشِّرَ بِهٖ ۭ

اور وہ | غمگین ہوتا ہے | وہ چھپتا پھرتا ہے | سے | قوم | سے | برائی | اسکی جو | بشارت دی گئی | اس کو

ہونے کی خوشخبری دی جائے تو اس کا چہرہ سیاہ پڑ جاتا ہے اور وہ گھٹا گھٹا رہتا ہے۔ اس بری خبر پر شرم اور عار کی وجہ سے لوگوں سے

اَيُمْسِكُهٗ عَلٰي هُوْنٍ اَمْ يَدُسُّهٗ فِي التُّرَابِ ۭ اَلَا سَاۗءَ مَا

کیا وہ رکھے اسے | ساتھ | ذلت کے | یا | گاڑے اس کو | میں | مٹی | یاد رکھو | برا ہے | جو وہ

چھپتا پھرتا ہے۔ سوچتا ہے اسے ذلّت کے ساتھ اپنے پاس رکھے یا مٹی میں گاڑ دے۔ کیا ہی برا فیصلہ ہے

يَحْكُمُوْنَ ﴿۵۹﴾ لِلَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ مَثَلُ السَّوْءِ ۚ وَلِلّٰهِ

فیصلہ کرتے ہیں | ان کے لئے جو | نہیں | ایمان لاتے | آخرت پر | حالت ہے | بری | اور اللہ کی ہے

جو وہ کرتے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ جو لوگ آخرت کو نہیں مانتے ان کی حالت بری ہے۔ اللہ کی شان

الْمَثَلُ الْاَعْلٰى ؕ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿٦٠﴾ وَلَوْ يُؤَاخِذُ اللّٰهُ النَّاسَ

صفت | بلند | اور وہ ہے | بڑا غالب | خوب حکمت والا | اور اگر | پکڑتا | اللہ | لوگوں کو

بہت اونچی ہے جو غالب اور حکمت والا ہے۔ اگر اللہ لوگوں کو ان کے ظلم پر فوراً پکڑتا ہے

بِظُلْمِهِمْ مَّا تَرَكَ عَلَيْهَا مِنْ دَآبَّةٍ وَّلٰكِنْ يُّؤَخِّرُهُمْ اِلٰٓى اَجَلٍ

ان کے ظلم پر | نہ | چھوڑتا | زمین پر | کسی | جاندار کو | اور لیکن | وہ مہلت دیتا ہے ان کو | تک | وقت

تو زمین پر کسی جاندار کو نہ چھوڑتا، لیکن وہ ایک مقررہ وقت تک مہلت

مُّسَمًّى ۚ فَاِذَا جَآءَ اَجَلُهُمْ لَا يَسْتَاْخِرُوْنَ سَاعَةً وَّلَا يَسْتَقْدِمُوْنَ ﴿٦١﴾

مقرر کے | پھر جب | آئے گا | وقت مقرر ان کا | نہ | وہ پیچھے ہوں گے | ایک گھڑی | اور نہ | وہ آگے ہوں گے

دیتا ہے۔ پھر جب ان کا مقررہ وقت آ جائے گا تو نہ ایک گھڑی پیچھے ہٹ سکیں گے نہ ایک گھڑی آگے بڑھ سکیں گے۔

وَيَجْعَلُوْنَ لِلّٰهِ مَا يَكْرَهُوْنَ وَتَصِفُ اَلْسِنَتُهُمُ الْكَذِبَ اَنَّ لَهُمُ

اور وہ بناتے ہیں | اللہ کیلئے | جسے | خود ناپسند کرتے ہیں | اور بیان کرتی ہیں | زبانیں ان کی | جھوٹ | کہ ہے | ان کیلئے

مشرک لوگ اللہ کی طرف وہ چیزیں منسوب کرتے ہیں جنہیں اپنے لئے ناپسند کرتے ہیں۔ ان کی زبانیں جھوٹ کہتی ہیں کہ آخرت

الْحُسْنٰى ؕ لَا جَرَمَ اَنَّ لَهُمُ النَّارَ وَاَنَّهُمْ مُّفْرَطُوْنَ ﴿٦٢﴾ تَاللّٰهِ

بھلائی | نہیں | شک | کہ | ان کے لئے ہے | آگ | اور یہ کہ وہ | پہلے پہنچیں گے دوزخ پر | قسم اللہ کی

میں ان کا اچھا انجام ہوگا۔ ان کے لئے دوزخ لازی ہے اور ضرور اس میں انہیں پہنچا دیا جائے گا اے نبی ﷺ اللہ کی قسم! ہم نے

لَقَدْ اَرْسَلْنَآ اِلٰٓى اُمَمٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ اَعْمَالَهُمْ

بیشک | ہم نے بھیجے رسول | طرف | امتوں کے | سے | پہلے تجھ | پھر زینت دی | ان کے لئے | شیطان نے | ان کے اعمال کو

آپ ﷺ سے پہلے بہت سی قوموں کی طرف پیغمبر بھیجے۔ پھر شیطان نے ان قوموں کے برے کام انہیں آراستہ کر کے دکھائے۔

فَهُوَ وَلِيُّهُمُ الْيَوْمَ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿٦٣﴾ وَمَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ

پس وہ | دوست ان کا ہے | آج کے دن | اور ان کیلئے ہے | عذاب | دردناک | اور نہیں | ہم نے اتاری | تجھ پر

وہی شیطان آج ان کافروں کا دوست بنا ہوا ہے، ان سب کے لئے دردناک عذاب ہے۔ ہم نے یہ کتاب آپ ﷺ پر

الْكِتٰبَ اِلَّا لِتُبَيِّنَ لَهُمُ الَّذِى اخْتَلَفُوْا فِيْهِ ۙ وَهُدًى وَّرَحْمَةً

کتاب | مگر | تاکہ تو بیان کرے | ان کو | وہ جو | انہوں نے اختلاف کیا | جس میں | اور ہدایت | اور رحمت

نازل کی ہے تاکہ آپ ﷺ ان اختلافات کی حقیقت واضح کریں جن میں یہ لوگ پڑے ہوئے ہیں۔ ایمان لانے والوں کے لئے تو

لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿64﴾ وَاللّٰهُ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَحْيَا بِهِ

ان لوگوں کیلئے ہے | جو ایمان لاتے ہیں | اور اللہ نے | اتارا | سے | آسمان | پانی | پھر زندہ کیا | اس سے

یہ قرآن ہدایت اور رحمت ہے۔ اللہ نے آسمان سے پانی برسایا جس سے مردہ زمین زندہ اور سرسبز

الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّسْمَعُوْنَ ﴿65﴾ ع

زمین کو | بعد | اس کے مردہ ہونے کے | بیشک | میں | اس | البتہ نشانی ہے | لوگوں کیلئے | جو سنتے ہیں

و شاداب ہو گئی۔ بے شک اس میں بڑی نشانی ہے ان لوگوں کے لئے جو بات سنتے ہیں۔

وَاِنَّ لَكُمْ فِي الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً ؕ نُسْقِيْكُمْ مِّمَّا فِيْ بُطُوْنِهٖ مِنْۢ

اور بیشک | تمہارے لئے | میں | جانوروں | البتہ سبق ہے | ہم پلاتے ہیں تمہیں | اس سے جو | میں | پیٹوں ان کے | سے

بے شک تمہارے لئے مویشیوں میں بھی سبق ہے۔ ہم ان کے پیٹ میں

بَيْنِ فَرْثٍ وَّدَمٍ لَّبَنًا خَالِصًا سَآئِغًا لِّلشّٰرِبِيْنَ ﴿66﴾ وَمِنْ ثَمَرٰتِ

درمیان | گوبر کے | اور خون کے | دودھ | خالص | خوشگوار | پینے والوں کیلئے | اور سے | پھلوں

گوبر اور خون کے درمیان سے تمہیں خالص دودھ پلاتے ہیں جو پینے والوں کے لئے بہت خوش گوار ہوتا ہے۔ اسی طرح اللہ نے

النَّخِيْلِ وَالْاَعْنَابِ تَتَّخِذُوْنَ مِنْهُ سَكَرًا وَّرِزْقًا حَسَنًا ؕ اِنَّ فِيْ

کھجور | اور انگور | تم حاصل کرتے ہو | اس سے | نشہ (آور چیزیں) | اور روزی | اچھی | بیشک | میں

تمہارے لئے کھجوروں اور انگوروں کے پھل پیدا کئے تم ان سے نشے کی چیزیں بھی بناتے ہو اور کھانے کی اچھی چیزیں بھی۔ بیشک

ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ﴿67﴾ وَاَوْحٰى رَبُّكَ اِلَى النَّحْلِ اَنِ

اس | البتہ نشانی ہے | لوگوں کیلئے جو | عقل رکھتے ہیں | اور وحی کی | تیرے رب نے | طرف | شہد کی مکھی کی | کہ

اس میں نشانی ہے ان لوگوں کے لئے جو عقل سے کام لیتے ہیں۔ اور تمہارے رب نے شہد کی مکھی کے دل میں بات ڈال دی کہ

اتَّخِذِيْ مِنَ الْجِبَالِ بُيُوْتًا وَّمِنَ الشَّجَرِ وَمِمَّا يَعْرِشُوْنَ ﴿68﴾ لا ثُمَّ

تو بنالے | سے | پہاڑوں | گھر | اور سے | درختوں | اور اس سے جو | وہ بیلیں چڑھاتے ہیں | پھر

"تو پہاڑوں میں، درختوں میں اور لوگوں کی بنائی ہوئی چھتوں میں اپنے چھتے بنا۔ ہر قسم کے

كُلِيْ مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ فَاسْلُكِيْ سُبُلَ رَبِّكِ ذُلُلًا ؕ يَخْرُجُ مِنْۢ

تو کھا | سے | سب | پھلوں | پھر تو چل | راہوں پر | اپنے رب کی | تابع کی ہوئیں | نکلتی ہے | سے

پھل پھول سے رَس چُوس۔ اپنے رب کے ہموار کئے ہوئے راستوں پر چل۔" اس کے پیٹ سے

بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِيْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ ؕ اِنَّ فِيْ

ان کے پیٹوں | پینے کی چیز | مختلف ہیں | رنگ اسکے | اس میں | شفا ہے | لوگوں کے لئے | بیشک | میں

پینے کی چیز نکلتی ہے جس کے رنگ مختلف ہیں۔ اس میں لوگوں کے لئے شفا ہے۔ بے شک اس میں بڑی نشانی ہے

ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿۶۹﴾ وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ ثُمَّ يَتَوَفّٰىكُمْ ۙ

اس | ضرور نشانی ہے | لوگوں کیلئے جو | غور کرتے ہیں | اور اللہ نے | پیدا کیا تمہیں | پھر | وہ وفات دے گا تمہیں

ان لوگوں کے لئے جو غور کرتے ہیں۔ لوگو! اللہ نے تمہیں پیدا کیا۔ وہی تمہیں وفات دیتا ہے

وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّرَدُّ اِلٰٓى اَرْذَلِ الْعُمُرِ لِكَيْ لَا يَعْلَمَ بَعْدَ عِلْمٍ

اور بعض تم میں ہے | جو | پھیرا جاتا ہے | طرف | بے کار | عمر کی | تاکہ | نہ | وہ جانے | بعد | علم کے

تم میں سے کوئی بڑھاپے کی اتنی ناکارہ عمر تک پہنچا دیا جاتا ہے کہ جاننے کے بعد کچھ

شَيْـًٔا ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ قَدِيْرٌ ﴿۷۰﴾ ع وَاللّٰهُ فَضَّلَ بَعْضَكُمْ عَلٰى بَعْضٍ فِي

(9 ع 5 15)

کوئی چیز | بیشک | اللہ ہے | خوب جاننے والا | بڑی قدرت والا | اور اللہ نے | فضیلت دی | تم میں سے بعض کو | پر | بعض | میں

نہیں جانتا۔ بے شک اللہ علم والا قدرت والا ہے۔ اور دیکھو اللہ نے تمہیں ایک دوسرے پر روزی میں

الرِّزْقِ ۚ فَمَا الَّذِيْنَ فُضِّلُوْا بِرَآدِّيْ رِزْقِهِمْ عَلٰى مَا مَلَكَتْ

رزق | پھر نہیں | وہ لوگ جو | فضیلت دی گئی | لوٹانے والے | روزی اپنی | اس پر | جس کے | مالک ہوئے

برتری دی۔ جنہیں یہ برتری دی گئی وہ اپنی روزی اپنے غلاموں کو نہیں دے دیتے کہ وہ اس میں

اَيْمَانُهُمْ فَهُمْ فِيْهِ سَوَآءٌ ؕ اَفَبِنِعْمَةِ اللّٰهِ يَجْحَدُوْنَ ﴿۷۱﴾ وَاللّٰهُ

دائیں ہاتھ ان کے | تاکہ وہ | اس میں | برابر ہوں | کیا پھر ساتھ نعمت | اللہ کی | وہ انکار کرتے ہیں | اور اللہ نے

برابر ہو جائیں۔ کیا شرک کرنے والوں کو اللہ کی نعمت، توحید کا انکار ہی کرتے رہنا ہے۔ اللہ نے تمہارے لئے

جَعَلَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا وَّجَعَلَ لَكُمْ مِّنْ اَزْوَاجِكُمْ

بنائے | تمہارے لئے | سے | جنس تمہاری | جوڑے | اور بنائے | تمہارے لئے | سے | تمہاری بیویوں

تمہاری جنس میں سے بیویاں بنائیں۔ اور تمہاری بیویوں سے

بَنِيْنَ وَحَفَدَةً وَّرَزَقَكُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ ؕ اَفَبِالْبَاطِلِ يُؤْمِنُوْنَ

بیٹے | اور پوتے | اور روزی دی تمہیں | سے | پاکیزہ چیزوں | کیا پھر باطل پر | وہ ایمان لاتے ہیں

تمہارے لئے بیٹے پیدا کئے اور پوتے بھی دیئے۔ تمہیں پاکیزہ رزق عطا کیا۔ پھر کیا وہ لوگ باطل کو مانتے

وَبِنِعْمَتِ اللّٰهِ هُمْ يَكْفُرُوْنَ ﴿72﴾ وَ يَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا

اور نعمت پر | اللہ کی | وہ | وہ ناشکری کرتے ہیں | اور | وہ عبادت کرتے ہیں | سے | سوا | اللہ کے | جو

اور اللہ کی نعمتوں کی ناشکری کرتے ہیں؟ اور وہ اللہ کے سوا ان چیزوں کی پوجا کرتے ہیں

لَا يَمْلِكُ لَهُمْ رِزْقًا مِّنَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ شَيْئًا

نہیں | اختیار رکھتا | ان کے لئے | رزق کا | سے | آسمانوں | اور زمین سے | کچھ بھی

جو آسمان اور زمین میں انہیں روزی دینے کا کوئی اختیار نہیں

وَّلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ ﴿73﴾ فَلَا تَضْرِبُوْا لِلّٰهِ الْاَمْثَالَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ

اور نہیں وہ طاقت رکھتے | پس نہ | تم بیان کرو | اللہ کے لئے | مثالیں | بیشک | اللہ | جانتا ہے | اور تم

رکھتیں اور نہ وہ قدرت رکھتی ہیں۔ تم اللہ کے بارے میں غلط باتیں منسوب نہ کرو۔ بے شک اللہ جانتا ہے تم

لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿74﴾ ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا عَبْدًا مَّمْلُوْكًا لَّا يَقْدِرُ عَلٰى

نہیں | تم جانتے | بیان کی | اللہ نے | مثال | ایک بندے | غلام کی | نہیں | وہ طاقت رکھتا | پر

نہیں جانتے۔ اللہ مثال بیان فرماتا ہے، ایک غلام ہے جو کسی چیز کا اختیار

شَيْءٍ وَّمَنْ رَّزَقْنٰهُ مِنَّا رِزْقًا حَسَنًا فَهُوَ يُنْفِقُ مِنْهُ

کسی چیز | اور اس کی جو | ہم نے روزی دی جسکو | اپنی طرف سے | روزی | اچھی | پھر وہ | خرچ کرتا ہے | اس سے

نہیں رکھتا۔ دوسرا وہ شخص ہے جسے ہم نے اپنے فضل سے اچھی روزی دی ہے، وہ اس میں

سِرًّا وَّجَهْرًا ؕ هَلْ يَسْتَوٗنَ ؕ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ؕ بَلْ اَكْثَرُهُمْ

پوشیدہ بھی | اور ظاہر بھی | کیا | وہ برابر ہوتے ہیں | تمام تعریف | اللہ کی ہے | بلکہ | اکثر ان کے

سے پوشیدہ اور علانیہ خرچ کرتا ہے۔ بتاؤ، یہ دونوں برابر ہو سکتے ہیں؟ تعریف اللہ کے لئے ہے۔ لیکن ان میں سے اکثر لوگ

لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿75﴾ وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا رَّجُلَيْنِ اَحَدُهُمَآ اَبْكَمُ لَا يَقْدِرُ

نہیں وہ جانتے | اور بیان کی | اللہ نے | مثال | دو مردوں کی | ایک ان میں | گونگا ہے | نہیں | قدرت پاتا

علم نہیں رکھتے۔ اللہ ایک اور مثال بیان کرتا ہے دو شخص ہیں، ایک گونگا اور غلام ہے

عَلٰى شَيْءٍ وَّهُوَ كَلٌّ عَلٰى مَوْلٰىهُ ۙ اَيْنَمَا يُوَجِّهْهُّ لَا يَاْتِ بِخَيْرٍ ؕ

پر | کسی چیز | اور وہ | بوجھ ہے | پر | مالک اپنے | جدھر | وہ بھیجے اسے | نہ | وہ لائے | بھلائی

کوئی کام نہیں کر سکتا اپنے مالک پر بوجھ بنا ہوا ہے۔ وہ اسے کہیں بھیجتا ہے تو کوئی کام درست کر کے نہیں آتا۔

هَلْ يَسْتَوِیْ هُوَ ۙ وَمَنْ يَّاْمُرُ بِالْعَدْلِ ۙ وَهُوَ عَلٰى صِرَاطٍ

کیا | برابر ہوتا ہے | وہ | اور وہ جو | حکم دیتا ہے | انصاف کا | اور وہ ہے | پر | راہ

دوسرا شخص لوگوں کو انصاف کی تعلیم دیتا ہے اور سیدھی راہ پر ہے۔ کیا یہ دونوں برابر ہو

مُّسْتَقِيْمٍ ۧ ﴿76﴾ وَلِلّٰهِ غَيْبُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَمَآ اَمْرُ السَّاعَةِ

سیدھی | اور اللہ کیلئے ہے | غیب | آسمانوں کا | اور زمین کا | اور نہیں | معاملہ | قیامت کا

سکتے ہیں ؟ آسمانوں اور زمین کی پوشیدہ باتیں اللہ کو معلوم ہیں۔ قیامت کا معاملہ

اِلَّا كَلَمْحِ الْبَصَرِ اَوْ هُوَ اَقْرَبُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ

مگر | جیسے جھپکنا | آنکھ کا | یا | وہ | اور زیادہ قریب ہے | بیشک | اللہ | اوپر | ہر | چیز کے

ایسے ہو گا جیسے آنکھ جھپکنا، بلکہ اس سے بھی جلد۔ بے شک اللہ ہر چیز پر

قَدِيْرٌ ﴿77﴾ وَاللّٰهُ اَخْرَجَكُمْ مِّنْۢ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ شَيْـًٔا ۙ

قادر ہے | اور اللہ نے | نکالا تمہیں | سے | پیٹوں | تمہاری ماؤں کے | نہ | تم جانتے تھے | کچھ بھی

قادر ہے۔ اور دیکھو اللہ نے تمہیں تمہاری ماؤں کے پیٹ سے نکالا۔ اس وقت تم کچھ نہیں جانتے تھے۔

وَّجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ ۙ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿78﴾ اَلَمْ

اور بنائے | تمہارے لئے | کان | اور آنکھیں | اور دل | تاکہ تم | تم شکر کرو | کیا نہیں

اس نے تمہارے کان، آنکھیں اور دل بنائے تاکہ تم شکر کرو۔ کیا ان

يَرَوْا اِلَى الطَّيْرِ مُسَخَّرٰتٍ فِیْ جَوِّ السَّمَآءِ ؕ مَا يُمْسِكُهُنَّ اِلَّا

وہ دیکھتے | طرف | پرندوں کی | تابع ہیں | میں | فضا | آسمان کی | نہیں | تھام رکھتا ان کو | مگر

لوگوں نے پرندوں کو نہیں دیکھا جو آسمان کی فضا میں اُڑتے پھرتے ہیں۔ انہیں صرف اللہ تھامے

اللّٰهُ ؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿79﴾ وَاللّٰهُ جَعَلَ

اللہ | بیشک | میں | اس | البتہ نشانیاں ہیں | لوگوں کیلئے جو | ایمان لاتے ہیں | اور اللہ نے | بنائی

ہوئے ہے؟ بے شک اس میں نشانیاں ہیں ان لوگوں کے لئے جو ایمان لائیں۔ اور دیکھو، اللہ نے تمہارے آرام

لَكُمْ مِّنْۢ بُيُوْتِكُمْ سَكَنًا وَّجَعَلَ لَكُمْ مِّنْ جُلُوْدِ الْاَنْعَامِ بُيُوْتًا

تمہارے لئے | سے | تمہارے گھروں | رہائش | اور بنائے | تمہارے لئے | سے | چمڑوں | چوپایوں کے | گھر

و سکون کے لئے تمہارے گھر بنائے۔ تمہارے لئے جانوروں کی کھال اور چمڑے کے

تَسۡتَخِفُّوۡنَهَا يَوۡمَ ظَعۡنِكُمۡ وَيَوۡمَ اِقَامَتِكُمۡ ۙ وَمِنۡ اَصۡوَافِهَا

تم ہلکا جانتے ہو جن کو | دن | اپنے کوچ | اور دن | اپنے قیام کے | اور سے | بھیڑوں کے بالوں

اور خیمے بنائے جنہیں تم کوچ کے وقت اور قیام کے وقت ہلکا پھلکا پاتے ہو۔ ان کی اُون سے،

وَاَوۡبَارِهَا وَاَشۡعَارِهَاۤ اَثَاثًا وَّمَتَاعًا اِلٰى حِيۡنٍ ﴿80﴾ وَاللّٰهُ جَعَلَ

اوراونٹوں کے بالوں | اور بکریوں کے بالوں سے | سامان | اور فائدہ ہے | تک | ایک مدت | اور اللہ نے | بنائے

ان کے رؤوں سے اور ان کے بالوں سے گھریلو سامان اور استعمال کی دوسری چیزیں بنائیں تاکہ تم ایک خاص مدت تک کے لئے

لَكُمۡ مِّمَّا خَلَقَ ظِلٰلًا وَّجَعَلَ لَكُمۡ مِّنَ الۡجِبَالِ اَكۡنَانًا وَّجَعَلَ

تمہارے لئے | اس سے جو | پیدا کیے | سائے | اور بنائیں | تمہارے لئے | میں | پہاڑوں | چھپنے کی جگہیں | اور بنائے

ان سے فائدہ اٹھاؤ۔ تمہارے لئے اللہ نے اپنی پیدا کی ہوئی چیزوں کے سائے بنائے اور پہاڑوں میں چھپنے کی جگہیں بنائیں۔

لَكُمۡ سَرَابِيۡلَ تَقِيۡكُمُ الۡحَرَّ وَسَرَابِيۡلَ تَقِيۡكُمۡ بَاۡسَكُمۡ ؕ كَذٰلِكَ

تمہارے لئے | بڑے کرتے | جو بچاتے ہیں تمہیں | گرمی سے | اور کرتے (زرہیں) | جو بچاتے ہیں تمہیں | تمہاری لڑائی میں | اسی طرح

تمہارے لئے ایسے لباس بنائے جو تمہیں گرمی سردی سے بچاتے ہیں۔ کچھ ایسے لباس بنائے جو لڑائی میں تمہیں بچاتے ہیں۔ اس

يُتِمُّ نِعۡمَتَهٗ عَلَيۡكُمۡ لَعَلَّكُمۡ تُسۡلِمُوۡنَ ﴿81﴾ فَاِنۡ تَوَلَّوۡا فَاِنَّمَا عَلَيۡكَ

پوری کرتا ہے | نعمت اپنی | تم پر | تاکہ تم | تم فرماں بردار ہو جاؤ | پھر اگر | وہ پھر جائیں | تو صرف | تجھ پر ہے

طرح اللہ تم پر اپنی نعمتیں پوری کرتا ہے تاکہ تم فرماں بردار بنو۔ پھر اے نبی ﷺ اتنا سمجھانے پر بھی یہ لوگ نہ مانیں تو آپ ﷺ کی

الۡبَلٰغُ الۡمُبِيۡنُ ﴿82﴾ يَعۡرِفُوۡنَ نِعۡمَتَ اللّٰهِ ثُمَّ يُنۡكِرُوۡنَهَا وَاَكۡثَرُهُمُ

پہنچا دینا ہے | ظاہر | وہ پہچانتے ہیں | نعمت | اللہ کی | پھر | وہ انکار کرتے ہیں اس کا | اور اکثر ان کے ہیں

ذمہ داری تو صاف پہنچا دینے کی ہے۔ یہ لوگ اللہ کی نعمتوں کو پہچانتے ہیں۔ پھر اُن کے منکر ہو جاتے ہیں اور ان میں سے اکثر

الۡكٰفِرُوۡنَ ﴿83﴾ ع وَيَوۡمَ نَبۡعَثُ مِنۡ كُلِّ اُمَّةٍ شَهِيۡدًا ثُمَّ لَا يُؤۡذَنُ

ع 11 / 7 / 17

ناشکرے | اور جس دن | ہم اٹھائیں گے | سے | ہر | امت | ایک گواہ | پھر | نہیں | اجازت ہوگی

ناشکرے ہیں۔ جس دن ہم ہر امت میں سے اس کے نبی کو گواہ بنا کر اُٹھائیں گے تو کافروں

لِلَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا وَلَا هُمۡ يُسۡتَعۡتَبُوۡنَ ﴿84﴾ وَاِذَا رَاَ الَّذِيۡنَ ظَلَمُوا

ان کو جو | کافر ہوئے | اور نہ | ان کی | توبہ قبول کی جائے گی | اور جب | دیکھیں گے | وہ لوگ | جو ظالم تھے

کے لئے کوئی عذر اور توبہ کا موقع نہ ہوگا۔ جب ظالم لوگ عذاب کو دیکھیں گے

الْعَذَابَ فَلَا يُخَفَّفُ عَنْهُمْ وَلَا هُمْ يُنْظَرُوْنَ ﴿85﴾ وَاِذَا رَاَ الَّذِيْنَ

عذاب کو | پھر نہیں | کم کیا جائے گا | ان سے | اور نہ | ان کو | مہلت دی جائے گی | اور جب | دیکھیں گے | وہ لوگ

تو اس عذاب میں نہ کوئی کمی کی جائے گی اور نہ ان کو کچھ مہلت دی جائے گی۔ جب مشرک لوگ اپنے شریکوں کو

اَشْرَكُوْا شُرَكَآءَهُمْ قَالُوْا رَبَّنَا هٰٓؤُلَآءِ شُرَكَآؤُنَا الَّذِيْنَ كُنَّا نَدْعُوْا

جنھوں نے شرک کیا | اپنے شریکوں کو | کہیں گے | رب ہمارے | یہ ہیں | شریک ہمارے | جن کو | ہم تھے | ہم پکارتے

دیکھیں گے تو کہیں گے ''اے ہمارے رب! یہی ہمارے شریک ہیں جنہیں ہم تیرے سوا پکارتے

مِنْ دُوْنِكَ ۚ فَاَلْقَوْا اِلَيْهِمُ الْقَوْلَ اِنَّكُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿86﴾ وَاَلْقَوْا اِلَى

سے | سوائے تیرے | پھر وہ ڈالیں گے | طرف ان کی | بات کو | بیشک تم ہو | ضرور جھوٹے | اور وہ ڈالیں گے | طرف

تھے۔'' مگر اُلٹا وہ بات کو اُن پر ڈال دیں گے کہ ''تم جھوٹے ہو؟'' اُس دن وہ اللہ کے آگے

اللّٰهِ يَوْمَئِذِ ِالسَّلَمَ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿87﴾ اَلَّذِيْنَ

اللہ کی | اس دن | صلح | اور کھو جائے گا | ان سے | جو | وہ تھے | وہ گھڑتے | جنھوں نے

گھٹنے ٹیک دیں گے اور اُن کے سارے جھوٹے کام بیکار ہو جائیں گے۔ جن لوگوں نے

كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ زِدْنٰهُمْ عَذَابًا فَوْقَ الْعَذَابِ بِمَا

کفر کیا | اور انہوں نے روکا | سے | راہ | اللہ کی | ہم زیادہ دیں گے انکو | عذاب | پر | عذاب | اس وجہ سے

کفر کیا اور لوگوں کو اللہ کے راستے سے روکا ہم انہیں عذاب پر عذاب دیں گے کیونکہ وہ دنیا میں

كَانُوْا يُفْسِدُوْنَ ﴿88﴾ وَيَوْمَ نَبْعَثُ فِيْ كُلِّ اُمَّةٍ شَهِيْدًا عَلَيْهِمْ

جو وہ تھے | وہ فساد کرتے | اور جس دن | ہم اٹھائیں گے | میں | ہر | امت | ایک گواہ | ان پر

فساد کرتے رہے۔ جس دن ہم ہر پیغمبر کو اس کی امت پر گواہ بنا کر اٹھا کھڑا

مِّنْ اَنْفُسِهِمْ وَجِئْنَا بِكَ شَهِيْدًا عَلٰى هٰٓؤُلَآءِ ۭ وَنَزَّلْنَا عَلَيْكَ

سے | ان میں | اور ہم لائیں گے | تجھے | گواہ بنا کر | پر | ان | اور ہم نے اتاری | تجھ پر

کرینگے تو اے نبی ﷺ ان لوگوں پر ہم آپ ﷺ کو بھی گواہ بنا کر لائیں گے۔ اسی لئے ہم نے یہ کتاب

الْكِتٰبَ تِبْيَانًا لِّكُلِّ شَيْءٍ وَّهُدًى وَّرَحْمَةً وَّبُشْرٰى

کتاب | واضح بیان کرنے والی | ہر | چیز کو | اور ہدایت | اور رحمت | اور خوشخبری

آپ ﷺ پر نازل کی جو ہر چیز کو واضح کرنے والی ہے، جو ہدایت، رحمت اور بشارت ہے

لِلْمُسْلِمِيْنَ ع ﴿٨٩﴾ اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ وَاِيْتَآئِ ذِي

مسلمانوں کے لئے | بیشک | اللہ | حکم دیتا ہے | انصاف کرنے کا | اور نیکی کرنے کا | اور دینے کا | اہل

فرماں برداروں کے لئے۔ مسلمانو! اللہ حکم دیتا ہے انصاف کرنے کا، لوگوں کے ساتھ بھلائی کرنے کا اور رشتہ داروں

الْقُرْبٰى وَيَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ وَالْبَغْيِ ج يَعِظُكُمْ لَعَلَّكُمْ

قرابت کو | اور منع کرتا ہے | سے | بے حیائی | اور برائی سے | اور سرکشی سے | وہ سمجھاتا ہے تمہیں | تاکہ تم

کی امداد کرنے کا۔ وہ تمہیں روکتا ہے بے حیائی سے، برائی سے اور سرکشی سے۔ وہ تمہیں نصیحت کرتا ہے

تَذَكَّرُوْنَ ﴿٩٠﴾ وَاَوْفُوْا بِعَهْدِ اللّٰهِ اِذَا عٰهَدْتُّمْ وَلَا تَنْقُضُوا

تم سمجھو | اور تم پورا کرو | عہد کو | اللہ کے | جب | تم عہد کرو | اور نہ | تم توڑو

تا کہ تم سمجھو۔ جب تم آپس میں معاہدہ کرو تو اللہ کے نام کی اٹھائی ہوئی قسم پوری کرو۔ قسمیں پکی کر کے

الْاَيْمَانَ بَعْدَ تَوْكِيْدِهَا وَقَدْ جَعَلْتُمُ اللّٰهَ عَلَيْكُمْ كَفِيْلًا ط اِنَّ

قسموں کو | بعد | ان کو پختہ کرنے کے | اور بیشک | تم نے بنایا ہے | اللہ کو | اپنے اوپر | ضامن | بیشک

انہیں ہرگز نہ توڑو کیونکہ تم اللہ کو اپنا ضامن بنا چکے۔

اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا تَفْعَلُوْنَ ﴿٩١﴾ وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّتِيْ نَقَضَتْ غَزْلَهَا

اللہ | جانتا ہے | جو کچھ | تم کرتے ہو | اور نہ | تم ہو جاؤ | اس عورت کی طرح | جس نے توڑ ڈالا | سوت اپنا

بے شک اللہ جانتا ہے جو کچھ تم کرتے ہو۔ اور اس عورت کی طرح نہ بنو جو اپنا محنت سے کاتا ہوا

مِنْۢ بَعْدِ قُوَّةٍ اَنْكَاثًا ط تَتَّخِذُوْنَ اَيْمَانَكُمْ دَخَلًا ۢ بَيْنَكُمْ اَنْ

سے | بعد | پکا کرنے کے | ٹکڑے ٹکڑے | تم بناتے ہو | اپنی قسموں کو | دخل دینے والی | درمیان اپنے | تا کہ

سوت ٹکڑے ٹکڑے کر کے توڑ دیتی ہے۔ ایسا نہ کرو کہ اپنی قسموں کو آپس کے معاملات میں فساد ڈالنے کا ذریعہ بناؤ تا کہ

تَكُوْنَ اُمَّةٌ هِيَ اَرْبٰى مِنْ اُمَّةٍ ط اِنَّمَا يَبْلُوْكُمُ اللّٰهُ بِهٖ ط

ہو جائے | ایک قوم | وہی | بڑھ جانے والی | سے | قوم دوسری | بے شک | آزماتا ہے تمہیں | اللہ | اسکے ذریعے

ایک گروہ دوسرے گروہ سے آگے بڑھ جائے۔ یاد رکھو، اللہ ان چیزوں سے تمہاری آزمائش کر رہا ہے۔

وَلَيُبَيِّنَنَّ لَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مَا كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ﴿٩٢﴾ وَلَوْ

اور ضرور بیان کرے گا | تمہارے لئے | دن | قیامت کے | جو کہ | تم تھے | جس میں | تم اختلاف کرتے | اور اگر تو

وہ قیامت کے دن سب باتوں کو تم پر ظاہر کر دے گا جن کے بارے میں تم اختلاف کر رہے ہو۔ اللہ چاہتا تو

شَآءَ اللّٰهُ لَجَعَلَكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّلٰكِنْ يُّضِلُّ مَنْ يَّشَآءُ

چاہتا | اللہ | ضرور بنا دیتا تمہیں | قوم | ایک ہی | اور لیکن | وہ گمراہ کرتا ہے | جسے | وہ چاہے

تم سب کو ایک ہی امت بنا دیتا۔ لیکن وہ گمراہ کرتا ہے جسے چاہتا ہے

وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ۭ وَلَتُسْـَٔلُنَّ عَمَّا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿93﴾

اور وہ ہدایت دیتا ہے | جسے | وہ چاہے | اور ضرور تم سے پوچھا جائیگا | بارے میں جو | تم تھے | تم عمل کرتے

اور ہدایت دیتا ہے جسے چاہتا ہے۔ اور ضرور تم سے تمہارے اعمال کی پوچھ ہوگی۔ تم آپس

وَلَا تَتَّخِذُوْٓا اَيْمَانَكُمْ دَخَلًۢا بَيْنَكُمْ فَتَزِلَّ قَدَمٌۢ بَعْدَ ثُبُوْتِهَا

اور نہ تم بناؤ | اپنی قسموں کو | دخل دینے والی | آپس میں | ورنہ ڈگمگائے گا | قدم | بعد | اس کے قائم رہنے کے

کے معاملات میں اپنی قسموں کو دھوکے اور فریب کا ذریعہ نہ بناؤ۔ ایسا نہ ہو کہ صحیح بات پر لوگوں کے جمے ہوئے قدم اکھڑ جائیں۔

وَتَذُوْقُوا السُّوْۗءَ بِمَا صَدَدْتُّمْ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۚ وَلَكُمْ عَذَابٌ

اور تم چکھو گے | تکلیف | اس وجہ سے جو | تم نے روکا | سے | راہ | اللہ کی | اور تمہارے لئے ہوگا | عذاب

پھر تمہیں اللہ کی راہ سے روکنے کے جرم میں برے نتیجے سے دوچار ہونا پڑے اور ایک روز بڑا عذاب

عَظِيْمٌ ﴿94﴾ وَلَا تَشْتَرُوْا بِعَهْدِ اللّٰهِ ثَمَنًا قَلِيْلًا ۭ اِنَّمَا عِنْدَ اللّٰهِ

بڑا | اور نہ | تم بیچو | عہد کو | اللہ کے | بدلے میں مال | تھوڑے کے | بیشک جو | پاس ہے | اللہ کے

چکھنا پڑے۔ اللہ سے کئے ہوئے عہد کو دنیا کے حقیر فائدے کے لئے نہ بیچو۔ جو کچھ اللہ کے پاس ہے

هُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿95﴾ مَا عِنْدَكُمْ يَنْفَدُ وَمَا

وہی | بہتر ہے | تمہارے لئے | اگر | تم ہو | تم جانتے | جو کچھ ہے | تمہارے پاس | وہ ختم ہوگا | اور جو ہے

وہی تمہارے حق میں بہتر ہے اگر تم جانو۔ لوگو! جو کچھ تمہارے پاس ہے وہ جلد ختم ہو جائے گا اور جو کچھ

عِنْدَ اللّٰهِ بَاقٍ ۭ وَلَنَجْزِيَنَّ الَّذِيْنَ صَبَرُوْٓا اَجْرَهُمْ بِاَحْسَنِ مَا

پاس | اللہ کے | باقی رہنے والا ہے | اور ضرور ہم بدلہ دینگے | ان کو جنہوں نے | صبر کیا | ثواب ان کا | زیادہ اچھا ہے | جو کچھ

اللہ کے پاس ہے وہ ہمیشہ باقی رہنے والا ہے۔ جو لوگ صبر کرتے ہیں ہم ان کے اچھے

كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿96﴾ مَنْ عَمِلَ صَالِحًا مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى وَهُوَ

وہ تھے | وہ عمل کرتے | جو کوئی | عمل کرے | اچھا | ہو | مرد | یا | عورت | اور وہ

اعمال کا اجر ضرور دیں گے۔ جو شخص کوئی نیک کام کرے گا، خواہ وہ مرد ہو یا عورت، مگر ہو

مُؤْمِنٌ فَلَنُحْيِيَنَّهٗ حَيٰوةً طَيِّبَةً ۚ وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ اَجْرَهُمْ بِاَحْسَنِ

مومن ہو | پھر ضرور ہم زندگی دیں گے اسے | زندگی | پاکیزہ | اور ضرور ہم بدلہ دیں گے ان کو | ثواب ان کا | زیادہ اچھا

مومن تو ہم اسے اچھی زندگی دیں گے اور اس کے اچھے کاموں کا اسے

مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿97﴾ فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ

جو کچھ | وہ تھے | وہ کرتے | پھر جب | تو پڑھے | قرآن | تو پناہ مانگ | اللہ کی | سے

ضرور بدلہ دیں گے۔ جب قرآن پڑھو تو پہلے شیطان مردود

الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ﴿98﴾ اِنَّهٗ لَيْسَ لَهٗ سُلْطٰنٌ عَلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَلٰى

شیطان | مردود | بیشک وہ | نہیں ہے | اس کو | اختیار | اوپر | ان کے جو | ایمان لائے | اور پر

سے اللہ کی پناہ مانگو۔ شیطان کا زور ان پر نہیں چلتا جو ایمان والے ہیں اور اپنے

رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ﴿99﴾ اِنَّمَا سُلْطٰنُهٗ عَلَى الَّذِيْنَ يَتَوَلَّوْنَهٗ وَالَّذِيْنَ

اپنے رب کے | وہ توکل کرتے ہیں | صرف | اختیار اس کا ہے | اوپر | ان کے جو | دوست بناتے ہیں اسے | اور جو لوگ

رب پر بھروسا کرتے ہیں۔ اس کا زور صرف ان لوگوں پر چلتا ہے جو اس سے دوستی کرتے ہیں اور جو

ع 13 11 19

هُمْ بِهٖ مُشْرِكُوْنَ ﴿100﴾ ع وَاِذَا بَدَّلْنَآ اٰيَةً مَّكَانَ اٰيَةٍ ۙ وَّاللّٰهُ

کہ ہیں | ساتھ اسکے | شریک ٹھہرانے والے | اور جب | ہم بدل دیتے ہیں | کوئی آیت | جگہ | کسی آیت کی | اور اللہ

اللہ کے ساتھ شرک کرتے ہیں۔ اے نبی ﷺ جب ہم کسی آیت کا حکم منسوخ کر کے اس کی جگہ دوسری آیت نازل کرتے ہیں، اور

اَعْلَمُ بِمَا يُنَزِّلُ قَالُوْآ اِنَّمَآ اَنْتَ مُفْتَرٍ ۭ بَلْ اَكْثَرُهُمْ

خوب جانتا ہے | اس کو جو | وہ نازل کرتا ہے | وہ کہتے ہیں | بے شک | تو | گھڑ لینے والا ہے | بلکہ | اکثر ان کے

اللہ جو حکم نازل فرماتا ہے اس کی مصلحت خوب جانتا ہے، تو کافر لوگ آپ ﷺ سے کہتے ہیں "تم یہ آیتیں خود گھڑ لیتے ہو۔" دراصل

لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿101﴾ قُلْ نَزَّلَهٗ رُوْحُ الْقُدُسِ مِنْ رَّبِّكَ بِالْحَقِّ لِيُثَبِّتَ

نہیں وہ جانتے | کہہ دیجئے | نازل کیا ہے اسے | روح | القدس نے | طرف سے | تیرے رب کی | ساتھ حق کے | تاکہ ثابت قدم رکھے

ان میں سے اکثر لوگ علم نہیں رکھتے۔ آپ ﷺ ان سے کہیں "اس قرآن کو روح القدس جبریل نے تمہارے رب کی طرف سے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَهُدًى وَّبُشْرٰى لِلْمُسْلِمِيْنَ ﴿102﴾ وَلَقَدْ نَعْلَمُ اَنَّهُمْ

ان کو جو | ایمان لائے | اور ہدایت | اور خوشخبری ہو | مسلمانوں کے لئے | اور بیشک | ہم جانتے ہیں | کہ وہ

برحق نازل کیا ہے تاکہ اس سے ایمان والے ثابت قدم رہیں، اور یہ ہدایت اور بشارت ہے فرماں برداروں کے لئے۔ اے

يَقُوْلُوْنَ اِنَّمَا يُعَلِّمُهٗ بَشَرٌ ؕ لِسَانُ الَّذِيْ يُلْحِدُوْنَ اِلَيْهِ

وہ کہتے ہیں | بے شک | سکھاتا ہے اس کو | ایک آدمی | زبان | وہ جو | منسوب کرتے ہیں | جس کی طرف

نبی ﷺ ہمیں معلوم ہے یہ لوگ آپ ﷺ کے اور قرآن کے بارے میں کہتے ہیں "اس شخص کو ایک آدمی سکھاتا ہے۔" حالانکہ جس

اَعْجَمِيٌّ وَّهٰذَا لِسَانٌ عَرَبِيٌّ مُّبِيْنٌ ﴿103﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ

عجمی ہے | اور یہ ہے | زبان | عربی | واضح | بیشک | جو لوگ | نہیں | ایمان لاتے

آدمی کی طرف یہ بات منسوب کرتے ہیں اس کی زبان عجمی ہے اور یہ قرآن صاف عربی زبان میں ہے۔ بے شک جو لوگ اللہ کی

بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ۙ لَا يَهْدِيْهِمُ اللّٰهُ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿104﴾ اِنَّمَا

آیتوں پر | اللہ کی | نہیں | ہدایت دے گا ان کو | اللہ | اور ان کے لئے ہے | عذاب | دردناک | بے شک

آیتوں پر ایمان نہیں لاتے، اللہ انہیں ہدایت نہیں دے گا۔ ان کے لئے دردناک عذاب ہے۔

يَفْتَرِي الْكَذِبَ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ۚ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ

گھڑتے ہیں | جھوٹ | وہ لوگ جو | نہیں | ایمان لاتے | آیتوں پر | اللہ کی | اور وہ ہیں | وہی

جھوٹ وہ لوگ گھڑتے ہیں جو اللہ کی آیتوں پر ایمان نہیں رکھتے اور وہ ہیں

الْكٰذِبُوْنَ ﴿105﴾ مَنْ كَفَرَ بِاللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ اِيْمَانِهٖٓ اِلَّا مَنْ اُكْرِهَ

جھوٹے | جس نے | انکار کیا | اللہ کا | سے | بعد | ایمان اپنے کے | مگر | جسے | مجبور کیا گیا

ہی جھوٹے۔ جس مسلمان کو کفر پر مجبور کیا جائے مگر اس کا دل ایمان کی طرف سے مطمئن ہو تو اس پر کوئی

وَقَلْبُهٗ مُطْمَئِنٌّۢ بِالْاِيْمَانِ وَلٰكِنْ مَّنْ شَرَحَ بِالْكُفْرِ صَدْرًا

اور دل اسکا | مطمئن ہے | ایمان پر | اور لیکن | جن کا | کھول دیا | ساتھ کفر کے | سینہ

گناہ نہیں۔ لیکن جو شخص دل کھول کر کافر ہو جائے

فَعَلَيْهِمْ غَضَبٌ مِّنَ اللّٰهِ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿106﴾ ذٰلِكَ

تو ان پر | غضب ہے | طرف سے | اللہ کی | اور ان کیلئے ہے | عذاب | بڑا | اس لئے

ایسے لوگوں پر اللہ کا غضب ہو گا اور انہیں بڑا عذاب ہو گا۔ کیونکہ

بِاَنَّهُمُ اسْتَحَبُّوا الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا عَلَى الْاٰخِرَةِ ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ

کہ وہ ہیں | جنہوں نے ترجیح دی | زندگی کو | دنیا کی | بجائے | آخرت کے | اور یہ کہ | اللہ

انہوں نے آخرت کے مقابلے میں دنیا کی زندگی پسند کی۔ اور اللہ کافر لوگوں کو

لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿107﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ طَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ

نہیں ہدایت دیتا | لوگوں کو | کافر | وہی ہیں | جو کہ | مہر لگا دی | اللہ نے | اوپر | ان کے دلوں

ہدایت نہیں دیتا۔ یہی لوگ ہیں جن کے دلوں پر، کانوں پر اور آنکھوں پر

وَسَمْعِهِمْ وَاَبْصَارِهِمْ ۚ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْغٰفِلُوْنَ ﴿108﴾ لَا جَرَمَ اَنَّهُمْ

اور ان کے کانوں پر | اور اُن کی آنکھوں پر | اور یہ لوگ | وہی ہیں | غافل | نہیں | شک | کہ وہ ہیں

اللہ نے مہر لگا دی ہے اور وہ غافل ہیں۔ لازمی بات ہے آخرت میں یہ لوگ گھاٹے

فِي الْاٰخِرَةِ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿109﴾ ثُمَّ اِنَّ رَبَّكَ لِلَّذِيْنَ هَاجَرُوْا مِنْ

میں | آخرت | وہی | نقصان اٹھانے والے | پھر | بیشک | رب تیرا ہے | ان کا جنہوں نے | ہجرت کی | سے

میں رہیں گے۔ لیکن اے نبی ﷺ جن لوگوں نے آزمائشوں میں پڑنے کے بعد اللہ کی راہ

بَعْدِ مَا فُتِنُوْا ثُمَّ جٰهَدُوْا وَصَبَرُوْٓا ۙ اِنَّ رَبَّكَ مِنْۢ بَعْدِهَا

بعد | جو کہ | ستائے گئے | پھر | انہوں نے جہاد کیا | اور صبر کیا | بیشک | رب تیرا ہے | سے | بعد اس کے

میں ہجرت کی، جہاد کیا اور ثابت قدم رہے تو اُن کے اُن اعمال کی بدولت آپ ﷺ کا رب انہیں

لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿110﴾ ع يَوْمَ تَاْتِيْ كُلُّ نَفْسٍ تُجَادِلُ عَنْ نَّفْسِهَا

14 ع 10 20

البتہ بخشنے والا | نہایت مہربان | اس دن | آئے گی | ہر | جان | جھگڑتی ہوئی | سے | اپنے لئے

ضرور بخشنے والا مہربان ہے، اس دن جس دن ہر شخص صرف اپنی طرفداری میں بولتا ہوا آئے گا۔

وَتُوَفّٰى كُلُّ نَفْسٍ مَّا عَمِلَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿111﴾ وَضَرَبَ اللّٰهُ

اور پورا بدلہ ملے گا | ہر | جان کو | جو | اس نے عمل کیا | اور وہ ہیں کہ | نہیں | ان پر ظلم کیا جائے گا | اور بیان کی | اللہ نے

ہر کسی کو اس کے کئے کا پورا بدلہ دیا جائے گا اور لوگوں کے ساتھ ناانصافی نہ ہوگی۔ اور دیکھو، اللہ ایک بستی والوں کی مثال بیان کرتا ہے

مَثَلًا قَرْيَةً كَانَتْ اٰمِنَةً مُّطْمَئِنَّةً يَّاْتِيْهَا رِزْقُهَا رَغَدًا مِّنْ كُلِّ

مثال | بستی کی | جو تھی | امن والی | چین والی | آتا تھا اسے | رزق اس کا | بکثرت | سے | ہر

جو امن و اطمینان سے رہتے تھے۔ انہیں ہر طرف سے وافر رزق

مَكَانٍ فَكَفَرَتْ بِاَنْعُمِ اللّٰهِ فَاَذَاقَهَا اللّٰهُ لِبَاسَ الْجُوْعِ وَالْخَوْفِ

جگہ | پھر ناشکری کی | نعمتوں کی | اللہ کی | تو چکھایا اسے | اللہ نے | لباس | بھوک کا | اور ڈر کا

پہنچتا تھا۔ مگر انہوں نے اللہ کی نعمتوں کی ناشکری کی تو اللہ نے انہیں اُن کے اعمال کے سبب سے بھوک اور خوف کا

بِمَا كَانُوْا يَصْنَعُوْنَ ﴿112﴾ وَلَقَدْ جَآءَهُمْ رَسُوْلٌ مِّنْهُمْ فَكَذَّبُوْهُ

اس وجہ سے جو | وہ تھے | وہ کرتے | اور بیشک | آیا ان کے پاس | رسول | ان میں سے | پھر انہوں نے جھٹلایا اسے

مزہ چکھایا۔ اُن کے پاس ان کی اپنی قوم سے ایک رسول بھی آیا مگر انہوں نے اسے جھٹلا دیا۔

فَاَخَذَهُمُ الْعَذَابُ وَهُمْ ظٰلِمُوْنَ ﴿113﴾ فَكُلُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ حَلٰلًا

تو پکڑا ان کو | عذاب نے | اور وہ تھے | ظالم | پس تم کھاؤ | اس سے جو | روزی دی تمہیں | اللہ نے | حلال

پھر انہیں عذاب نے آ پکڑا اور وہ تھے ہی ظالم۔ مسلمانو! اللہ نے تمہیں جو حلال اور پاک چیزیں عطا کیں اُن میں

طَيِّبًا ۖ وَّاشْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ اِيَّاهُ تَعْبُدُوْنَ ﴿114﴾ اِنَّمَا

پاکیزہ | اور تم شکر کرو | نعمت کا | اللہ کی | اگر | تم ہو | صرف اسکی | تم عبادت کرتے | بے شک

سے کھاؤ اور اللہ کی نعمتوں کا شکر ادا کرو کیونکہ بندگی کا حق اسی طرح ادا ہو سکتا ہے۔ اللہ نے

حَرَّمَ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةَ وَالدَّمَ وَلَحْمَ الْخِنْزِيْرِ وَمَآ اُهِلَّ لِغَيْرِ

اس نے حرام کیا | تم پر | مردار | اور لہو | اور گوشت | سور کا | اور وہ جو | ذبح کیا جائے | سوائے

تمہارے لئے جو کچھ حرام قرار دیا وہ مردار ہے، خون ہے، سوّر کا گوشت ہے اور وہ جس پر غیر اللہ کا

اللّٰهِ بِهٖ ۚ فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَّلَا عَادٍ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ

اللہ کے | نام کے | پھر جو کوئی | مجبور ہو جائے | نہ ہو | سرکش | اور نہ ہو | حد سے بڑھنے والا | تو بیشک | اللہ ہے | بہت بخشنے والا

نام لیا گیا ہے۔ پھر جو شخص مجبور ہو جائے تو اپنی جان بچانے کے لئے ان حرام چیزوں میں سے کچھ کھا پی سکتا ہے بشرطیکہ وہ اللہ کے حکم

رَّحِيْمٌ ﴿115﴾ وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَا تَصِفُ اَلْسِنَتُكُمُ الْكَذِبَ هٰذَا حَلٰلٌ

نہایت مہربان | اور نہ | تم کہو | اس کو جو | بیان کرتی ہیں | زبانیں تمہاری | جھوٹ | یہ ہے | حلال

کو توڑنے کا ارادہ نہ رکھتا ہو اور نہ ضرورت سے تجاوز کرنے والا ہو۔ بے شک اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔ تم کافروں کی طرح محض اپنی

وَّهٰذَا حَرَامٌ لِّتَفْتَرُوْا عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ ؕ اِنَّ الَّذِيْنَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى

اور یہ ہے | حرام | تاکہ تم باندھو | پر | اللہ | جھوٹ | بیشک | جو لوگ | باندھتے ہیں | پر

زبانوں کے گھڑے ہوئے جھوٹ کی بنا پر یہ نہ کہو کہ فلاں چیز حلال ہے اور فلاں چیز حرام۔ ایسا کرنا اللہ پر جھوٹی تہمت لگانا ہے۔ جو

اللّٰهِ الْكَذِبَ لَا يُفْلِحُوْنَ ؕ ﴿116﴾ مَتَاعٌ قَلِيْلٌ ۖ وَّلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿117﴾

اللہ | جھوٹ | نہیں | وہ فلاح پائیں گے | فائدہ ہے | تھوڑا | اور ان کے لئے ہے | عذاب | دردناک

لوگ اللہ پر جھوٹی تہمت لگائیں گے وہ فلاح نہیں پائیں گے۔ ان کے لئے دنیا میں چند روزہ عیش ہے پھر ان کے لئے دردناک

وَعَلَى الَّذِيْنَ هَادُوْا حَرَّمْنَا مَا قَصَصْنَا عَلَيْكَ مِنْ قَبْلُ ۚ وَمَا

اور اوپر | اور اُن کے جو | یہودی ہوئے | ہم نے حرام کیا | جو | ہم نے بیان کردیا | تجھ پر | سے | پہلے | اور نہیں

عذاب ہے۔ اے نبی ﷺ یہودیوں کے لئے ہم نے جو چیزیں حرام کیں وہ ہم اس سے پہلے آپ ﷺ کو بتا چکے ہیں۔ اس

ظَلَمْنٰهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿118﴾ ثُمَّ اِنَّ رَبَّكَ لِلَّذِيْنَ

ہم نے ظلم کیا ان پر | اور لیکن | وہ تھے | اپنی جانوں پر | وہ ظلم کرتے | پھر | بیشک | رب تیرا | ان کو جو

معاملے میں ہم نے ان پر کوئی ظلم نہیں کیا وہ خود اپنے اوپر ظلم کرتے تھے۔ اے نبی ﷺ جن لوگوں نے جہالت اور نادانی سے کوئی

عَمِلُوا السُّوْٓءَ بِجَهَالَةٍ ثُمَّ تَابُوْا مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ وَاَصْلَحُوْٓا ۙ اِنَّ

کام کریں | برا | نادانی سے | پھر | توبہ کرلیں | سے | بعد | اس کے | اور اصلاح کرلیں | بیشک

برائی کی، اس کے بعد توبہ کی اور اپنی اصلاح کر لی تو آپ ﷺ کا

رَبَّكَ مِنْۢ بَعْدِهَا لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿119﴾ ع اِنَّ اِبْرٰهِيْمَ كَانَ اُمَّةً قَانِتًا

(15 ع 9 21)

رب تیرا ہے | سے | بعد اس کے | ضرور بخشنے والا | نہایت مہربان | بیشک | ابراہیم | تھا | پیشوا | فرماں بردار تھا

رب اُن کے حق میں بخشنے والا مہربان ہے۔ بے شک ابراہیم علیہ السلام لوگوں کے پیشوا تھے۔ اللہ کے فرماں

لِّلّٰهِ حَنِيْفًا ۭ وَلَمْ يَكُ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿120﴾ ۙ شَاكِرًا لِّاَنْعُمِهٖ ۭ

اللہ کا | یکسو تھا | اور نہ | وہ تھا | سے | مشرکوں میں | شکر گزار | اس کی نعمتوں کا

بردار اور یکسو تھے۔ وہ مشرک نہ تھے۔ اللہ کی نعمتوں کا شکر ادا کرنے والے تھے۔

اِجْتَبٰىهُ وَهَدٰىهُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿121﴾ وَاٰتَيْنٰهُ فِي الدُّنْيَا

اس نے چن لیا اسے | اور ہدایت دی اسے | طرف | راستے | سیدھے کی | اور ہم نے دی اسے | میں | دنیا

اللہ نے انہیں چن لیا اور سیدھے راستے کی طرف ان کی رہنمائی کی۔ ہم نے انہیں دنیا میں بھی بھلائی

حَسَنَةً ۭ وَاِنَّهٗ فِي الْاٰخِرَةِ لَمِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿122﴾ ۭ ثُمَّ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ

بھلائی | اور بیشک وہ | میں | آخرت | ضرور سے | نیک لوگوں میں ہیں | پھر | ہم نے وحی بھیجی | طرف تیری

عطا کی اور وہ آخرت میں بھی نیک لوگوں میں سے ہوں گے۔ اے نبی ﷺ پھر ہم نے آپ ﷺ کی طرف وحی بھیجی

اَنِ اتَّبِعْ مِلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا ۭ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿123﴾ اِنَّمَا

یہ کہ | تو پیروی کر | دین | ابراہیم کی | جو یکسو تھا | اور نہ | تھا | سے | مشرکوں میں | صرف

کہ ابراہیم علیہ السلام کے دین کی پیروی کریں جو یکسو تھے اور شرک کرنے والے نہ تھے۔ ''سبت'' کے

جُعِلَ السَّبْتُ عَلَى الَّذِيْنَ اخْتَلَفُوْا فِيْهِ ؕ وَاِنَّ رَبَّكَ لَيَحْكُمُ

مقرر کیا گیا تھا | ہفتے کا دن | پر | اُن پر جنہوں نے | اختلاف کیا | اس میں | اور بیشک | رب تیرا | ضرور فیصلہ کریگا

احترام کا حکم یہودیوں کو دیا گیا تھا مگر وہ اس بارے میں خود اختلاف میں پڑ گئے۔ اے نبی ﷺ بے شک آپ ﷺ کا رب قیامت

بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿۱۲۴﴾ اُدْعُ اِلٰى

درمیان انکے | دن | قیامت کے | اس بارے جو | وہ تھے | جس میں | وہ اختلاف کرتے | تو بلا | طرف

کے روز ان کے درمیان فیصلہ کر دے گا جس بات میں وہ اختلاف کر رہے ہیں اے نبی ﷺ آپ ﷺ اپنے رب کے راستے کی

سَبِيْلِ رَبِّكَ بِالْحِكْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ وَجَادِلْهُمْ بِالَّتِيْ هِيَ

راہ | اپنے رب کی | ساتھ حکمت کے | اور نصیحت | اچھی کے | اور تو بحث کر ان سے | ایسی | جو

طرف لوگوں کو بلائیں حکمت کے ساتھ اور اچھی نصیحت کے ساتھ اور اُن سے اچھے طریقے سے

اَحْسَنُ ؕ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ بِمَنْ ضَلَّ عَنْ سَبِيْلِهٖ وَهُوَ

اچھی ہو | بیشک | تیرا رب ہے | وہی | خوب جاننے والا | اسکو جو | گمراہ ہوا | سے | اس کی راہ | اور وہ

بحث کریں۔ بے شک آپ ﷺ کا رب بہتر جانتا ہے کون اس کی راہ سے بھٹکا ہوا ہے اور وہ

اَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِيْنَ ﴿۱۲۵﴾ وَاِنْ عَاقَبْتُمْ فَعَاقِبُوْا بِمِثْلِ مَا عُوْقِبْتُمْ

خوب جانتا ہے | ہدایت پانے والوں کو | اور اگر | تم بدلہ لو | تو اتنا بدلہ لو | جو برابر ہو | اسکے جتنا | نقصان ہوا تمہارا

خوب جانتا ہے اُن کو جو ہدایت پر ہیں۔ مسلمانو! اگر تم بدلہ لو تو اتنا بدلہ لو جتنا تمہارے ساتھ

بِهٖ ؕ وَلَئِنْ صَبَرْتُمْ لَهُوَ خَيْرٌ لِّلصّٰبِرِيْنَ ﴿۱۲۶﴾ وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ

ساتھ اسکے | اور البتہ اگر | تم صبر کرو | تو ضرور وہ | بہتر ہے | صبر کرنیوالوں کے لے | اور تو صبر کر | اور نہیں | صبر تیرا

کیا گیا لیکن اگر تم صبر کر لو تو یہ چیز صبر کرنے والوں کے حق میں بہت بہتر ہے۔ اے نبی ﷺ آپ ﷺ صبر کریں اور آپ ﷺ کا

اِلَّا بِاللّٰهِ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُ فِيْ ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُوْنَ ﴿۱۲۷﴾

مگر | اللہ کی مدد سے | اور نہ | تو غم کھا | ان کا | اور نہ | تو ہو | میں | تنگی | اس سے جو | وہ چالیں چلتے ہیں

صبر اللہ کی توفیق سے ہے۔ آپ ﷺ ان کافروں کی حالت پر غم نہ کریں اور جو بری تدبیریں وہ کر رہے ہیں اس سے تنگ دل نہ ہوں۔

اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا وَّالَّذِيْنَ هُمْ مُّحْسِنُوْنَ ﴿۱۲۸﴾ ع

بیشک | اللہ ہے | ساتھ | ان کے جو | پرہیزگار ہوئے | اور ان لوگوں کے | جو ہیں | نیکوکار

بے شک اللہ ان لوگوں کے ساتھ ہے جو پرہیزگار اور نیک ہیں

16 ع 9 22

(17) سُوۡرَةُ بَنِیۡۤ اِسۡرَآءِیۡلَ مَکِّیَّةٌ (50)

رکوعاتها 12 — آیاتها 111

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

سُبۡحٰنَ الَّذِیۡۤ اَسۡرٰی بِعَبۡدِهٖ لَیۡلًا مِّنَ الۡمَسۡجِدِ الۡحَرَامِ اِلَی

پاک ذات ہے | وہ جو | لے گیا | اپنے بندے کو | رات کو | سے | مسجد | حرام | طرف

پاک ہے وہ اللہ جو اپنے بندے کو ایک رات مسجد حرام سے

الۡمَسۡجِدِ الۡاَقۡصَا الَّذِیۡ بٰرَکۡنَا حَوۡلَهٗ لِنُرِیَهٗ مِنۡ اٰیٰتِنَا ؕ اِنَّهٗ

مسجد | اقصیٰ | وہ جو | ہم نے برکت دی | اس کے ماحول کو | تاکہ ہم دکھائیں اسے | بعض | نشانیاں اپنی | بیشک وہ

مسجد اقصیٰ تک لے گیا جس کے ماحول کو ہم نے بابرکت بنایا تاکہ ہم اسے اپنی کچھ نشانیاں دکھائیں۔ بیشک

هُوَ السَّمِیۡعُ الۡبَصِیۡرُ ﴿۱﴾ وَ اٰتَیۡنَا مُوۡسَی الۡکِتٰبَ وَ جَعَلۡنٰهُ هُدًی لِّبَنِیۡۤ

وہی ہے | خوب سننے والا | خوب دیکھنے والا | اور ہم نے دی | موسیٰ کو | کتاب | اور ہم نے بنایا اسے | ہدایت | بنی

اللہ سننے والا دیکھنے والا ہے! ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو کتاب دی جو بنی اسرائیل

اِسۡرَآءِیۡلَ اَلَّا تَتَّخِذُوۡا مِنۡ دُوۡنِیۡ وَکِیۡلًا ؕ﴿۲﴾ ذُرِّیَّةَ مَنۡ حَمَلۡنَا مَعَ

اسرائیل کے لیے | یہ کہ نہ | تم بناؤ | سے | سوائے میرے | کوئی کارساز | اے اولاد | انکی جن کو | ہم نے سوار کیا | ساتھ

کے لئے ہدایت تھی اور ان کو تاکید کی کہ میرے سوا کسی کو اپنا کارساز نہ بنانا! تم ان لوگوں کی اولاد ہو جنہیں ہم نے نوح علیہ السلام کی

نُوۡحٍ ؕ اِنَّهٗ کَانَ عَبۡدًا شَکُوۡرًا ﴿۳﴾ وَ قَضَیۡنَاۤ اِلٰی بَنِیۡۤ اِسۡرَآءِیۡلَ فِی

نوح کے | بیشک وہ | تھا | بندہ | شکر گزار | اور ہم نے حکم دیا | کو | بنی اسرائیل | میں

کشتی میں سوار کرایا۔ بیشک نوح علیہ السلام اپنے رب کا شکر گزار بندہ تھا۔ ہم نے بنی اسرائیل کو کتاب میں بتا دیا کہ تم دو دفعہ ملکِ

الۡکِتٰبِ لَتُفۡسِدُنَّ فِی الۡاَرۡضِ مَرَّتَیۡنِ وَ لَتَعۡلُنَّ عُلُوًّا کَبِیۡرًا ﴿۴﴾ فَاِذَا

کتاب | ضرور تم فساد کرو گے | میں | زمین | دوبار | اور ضرور تم سرکشی کرو گے | سرکشی | بڑی | پھر جب

شام میں بگاڑ پیدا کرو گے اور دونوں دفعہ بڑی سرکشی دکھاؤ گے۔ پھر جب

جَآءَ وَعۡدُ اُوۡلٰهُمَا بَعَثۡنَا عَلَیۡکُمۡ عِبَادًا لَّنَاۤ اُولِیۡ بَاۡسٍ شَدِیۡدٍ

آیا | وعدہ | پہلا ان دونوں کا | ہم نے بھیجے | تم پر | بندے | اپنے | والے | لڑائی | سخت

ان میں سے پہلے بگاڑ کا وقت آیا تو اے بنی اسرائیل! ہم نے مقابلے میں ایسے زور آور بندے بھیجے جو

فَجَاسُوْا خِلٰلَ الدِّيَارِ ۭ وَكَانَ وَعْدًا مَّفْعُوْلًا ۝ ثُمَّ رَدَدْنَا لَكُمُ

پھر وہ گھس گئے | اندر | گھروں کے | اور تھا | وعدہ | اٹل | پھر | ہم نے کردیا | تمہارے

تمہاری آبادیوں میں گھس گئے اور پہلا وعدہ پورا ہو کر رہا۔ پھر ہم نے تمہیں دشمنوں

الْكَرَّةَ عَلَيْهِمْ وَاَمْدَدْنٰكُمْ بِاَمْوَالٍ وَّبَنِيْنَ وَجَعَلْنٰكُمْ اَكْثَرَ نَفِيْرًا ۝

لئے غلبہ | ان پر | اور ہم نے مدد کی تمہاری | مالوں سے | اور بیٹوں سے | اور ہم نے بنایا تمہیں | زیادہ | لشکر

پر غلبہ دیا۔ مال و اولاد سے تمہاری مدد کی اور تمہیں زیادہ بڑی جماعت بنا دیا۔

اِنْ اَحْسَنْتُمْ اَحْسَنْتُمْ لِاَنْفُسِكُمْ ۣ وَاِنْ اَسَاْتُمْ فَلَهَا ۭ فَاِذَا جَاۗءَ

اگر | تم بھلائی کرو گے | تو تم بھلائی کرو گے | اپنے لئے | اور اگر | تم برائی کرو گے | تو اپنے لیے | پھر جب | آیا

ساتھ ہی ہدایت کر دی اب اگر تم اچھا کام کرو گے تو اپنے لئے اچھا کرو گے، اگر برائی کرو گے تو اپنے لئے برا کرو گے۔ پھر جب

وَعْدُ الْاٰخِرَةِ لِيَسُوْۗءٗا وُجُوْهَكُمْ وَلِيَدْخُلُوا الْمَسْجِدَ كَمَا دَخَلُوْهُ

وعدہ | دوسرا | تا کہ وہ بگاڑ دیں | چہرے تمہارے | اور تا کہ وہ داخل ہوں | مسجد میں | جیسے | داخل ہوئے اس میں

دوسرے بگاڑ کا وقت آیا تو ہم نے اور بندے بھیجے تا کہ وہ تمہیں مار مار کر تمہاری شکلیں بگاڑ دیں اور بیت المقدس کی مسجد میں گھس

اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّلِيُتَبِّرُوْا مَا عَلَوْا تَتْبِيْرًا ۝ عَسٰى رَبُّكُمْ اَنْ يَّرْحَمَكُمْ ۚ

پہلی | مرتبہ | اور تا کہ تباہ کر دیں | جس پر وہ غلبہ پائیں | تباہ کرنا | اُمید ہے | تمہارا رب | کہ | رحم کرے تم پر

جائیں جس طرح اس میں پہلی بار گھسے تھے اور جس چیز پر ان کا زور چلے، اسے برباد کر دیں۔ ممکن ہے کہ تمہارا رب تمہارے اوپر رحم

وَاِنْ عُدْتُّمْ عُدْنَا ۘ وَجَعَلْنَا جَهَنَّمَ لِلْكٰفِرِيْنَ حَصِيْرًا ۝ اِنَّ

اور اگر | تم وہی کرو گے | ہم بھی وہی کریں گے | اور ہم نے بنایا ہے | جہنم کو | کافروں کے لئے | قید خانہ | بیشک

فرمائے۔ اگر تم پھر سرکشی کرو گے تو ہم پہلے کی طرح سزا دیں گے اور یاد رکھو، ہم نے کافروں کے لئے جہنم کا جیل خانہ بنا رکھا ہے۔

هٰذَا الْقُرْاٰنَ يَهْدِيْ لِلَّتِيْ هِيَ اَقْوَمُ وَيُبَشِّرُ الْمُؤْمِنِيْنَ الَّذِيْنَ

یہ | قرآن | ہدایت دیتا ہے | اس راہ کی جو | سیدھی ہے | اور خوشخبری دیتا ہے | ایمان والوں کو | جو کہ

بیشک یہ قرآن بالکل سیدھی راہ دکھاتا ہے اور خوشخبری دیتا ہے ایمان والوں کو جو

يَعْمَلُوْنَ الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمْ اَجْرًا كَبِيْرًا ۝ وَّاَنَّ الَّذِيْنَ

عمل کرتے ہیں | اچھے | یہ کہ | ان کیلئے ہے | ثواب | بڑا | اور یہ کہ | جو لوگ

نیک کام کرتے ہیں کہ ان کے لئے بڑا اجر ہے۔ اور اس کا اعلان ہے جو لوگ

لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ اَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿10﴾ وَيَدْعُ الْاِنْسَانُ

نہیں ایمان رکھتے | آخرت پر | ہم نے تیار کیا ہے | ان کے لئے | عذاب | دردناک | اور پکارتا ہے | انسان

آخرت کو نہیں مانتے ان کے لئے ہم نے دردناک عذاب تیار کر رکھا ہے۔ اور دیکھو، انسان کبھی برائی اس طرح مانگنے

بِالشَّرِّ دُعَآءَهٗ بِالْخَيْرِ ؕ وَكَانَ الْاِنْسَانُ عَجُوْلًا ﴿11﴾ وَجَعَلْنَا الَّيْلَ

برائی کیلئے | جیسے دعا اسکی ہو | بھلائی کیلئے | اور ہے | انسان | جلدباز | اور ہم نے بنایا | رات کو

لگتا ہے جس طرح اسے بھلائی مانگنی چاہئے۔ انسان بڑا جلدباز ہے۔ ہم نے رات

وَالنَّهَارَ اٰيَتَيْنِ فَمَحَوْنَآ اٰيَةَ الَّيْلِ وَجَعَلْنَآ اٰيَةَ النَّهَارِ مُبْصِرَةً

اور دن کو | دو نشانیاں | پھر ہم نے اندھیرا کیا | نشانی کا | رات کی | اور ہم نے بنائی | نشانی | دن کی | اجالا کرنے والی

اور دن کو دو نشانیاں بنایا۔ پھر ہم نے رات کی نشانی کو دھندلا بنایا اور دن کی نشانی کو روشن بنایا

لِّتَبْتَغُوْا فَضْلًا مِّنْ رَّبِّكُمْ وَلِتَعْلَمُوْا عَدَدَ السِّنِيْنَ وَالْحِسَابَ ؕ

تا کہ تم تلاش کرو | فضل | کا | اپنے رب | اور تا کہ تم جانو | گنتی | برسوں کی | اور حساب

تا کہ تم اپنے رب کا فضل تلاش کرو اور برسوں کی گنتی اور حساب معلوم کرو۔

وَكُلَّ شَيْءٍ فَصَّلْنٰهُ تَفْصِيْلًا ﴿12﴾ وَكُلَّ اِنْسَانٍ اَلْزَمْنٰهُ طٰٓئِرَهٗ

اور ہر | چیز کو | ہم نے کھول دیا اسے | الگ الگ کر کے | اور ہر | انسان کیلئے | ہم نے لگادی اسے | قسمت اسکی

ہم نے ہر چیز کھول کر بیان کر دی ہے۔ ہم نے ہر انسان کا اعمال نامہ اس کے گلے میں

فِيْ عُنُقِهٖ ؕ وَنُخْرِجُ لَهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ كِتٰبًا يَّلْقٰىهُ مَنْشُوْرًا ﴿13﴾ اِقْرَاْ

میں | اُس کی گردن | اور ہم نکالیں گے | اس کے لیے | دن | قیامت کے | ایک اعمال نامہ | وہ دیکھے گا جس کو | کھلا ہوا | تو پڑھ

باندھ دیا ہے اور قیامت کے دن اس کے لئے ایک کتاب نکالیں گے جسے وہ اپنے سامنے کھلا پائے گا۔ اس سے کہا جائے گا ''پڑھ

كِتٰبَكَ ؕ كَفٰى بِنَفْسِكَ الْيَوْمَ عَلَيْكَ حَسِيْبًا ﴿14﴾ ؕ مَنِ اهْتَدٰى فَاِنَّمَا

اعمال نامہ اپنا | کافی ہے | تو خود | آج کے دن | اپنے آپ پر | حساب لینے والا | جو | ہدایت پا گیا | تو صرف

اپنا اعمال نامہ! آج اپنا حساب کرنے کے لئے تو خود ہی کافی ہے۔'' حقیقت یہ ہے کہ جو شخص ہدایت کی راہ پر چلتا ہے وہ اپنے

يَهْتَدِيْ لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ ضَلَّ فَاِنَّمَا يَضِلُّ عَلَيْهَا ؕ وَلَا تَزِرُ

ہدایت پایا ہے | اپنے لیے | اور جو | گمراہ ہوا | تو صرف | گمراہ ہوتا ہے وہ | اوپر اپنے | اور نہیں | اٹھاتی

لئے چلتا ہے۔ جو گمراہی اختیار کرتا ہے اس کی گمراہی کا وبال بھی اسی پر ہے۔ کوئی بوجھ اٹھانے والا

وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰی ؕ وَمَا كُنَّا مُعَذِّبِيْنَ حَتّٰی نَبْعَثَ رَسُوْلًا ﴿۱۵﴾

کوئی بوجھ اٹھانے والی | بوجھ | دوسری کا | اور نہیں | ہیں ہم | عذاب دینے والے | یہاں تک کہ | ہم بھیج دیں | رسول

کسی دوسرے کا بوجھ نہیں اٹھائے گا۔ اور جب تک ہم پیغمبر نہ بھیج لیں اس وقت تک کسی قوم کو عذاب نہیں دیتے۔

وَاِذَآ اَرَدْنَآ اَنْ نُّهْلِكَ قَرْيَةً اَمَرْنَا مُتْرَفِيْهَا فَفَسَقُوْا فِيْهَا

اور جب | ہم چاہیں | کہ | ہم ہلاک کریں | کسی بستی کو | ہم حکم دیتے ہیں | اس کے دولت مندوں کو | پھر نافرمانی کرتے ہیں | اس میں

جب ہم کسی بستی کو ہلاک کرنا چاہتے ہیں تو اس کے امیر طبقے کو نافرمانیوں پر لگا دیتے ہیں۔ پھر جب ان پر بات ثابت ہو جاتی ہے تو

فَحَقَّ عَلَيْهَا الْقَوْلُ فَدَمَّرْنٰهَا تَدْمِيْرًا ﴿۱۶﴾ وَكَمْ اَهْلَكْنَا مِنَ

پھر ثابت ہو جاتی ہے | اُس پر | بات | پھر ہم تباہ کرتے ہیں اسے | تباہ کرنا | اور کتنے ہی | ہم نے ہلاک کیے | سے

ہم اس بستی کو تباہ و برباد کر دیتے ہیں۔ اور نوح علیہ السلام کے بعد ہم نے کتنی ہی

الْقُرُوْنِ مِنْۢ بَعْدِ نُوْحٍ ؕ وَكَفٰی بِرَبِّكَ بِذُنُوْبِ عِبَادِهٖ خَبِيْرًاۢ

قوموں | کے | بعد | نوح | اور کافی ہے | تیرا رب | گناہوں سے | اپنے بندوں کے | باخبر

قومیں ہلاک کیں اور اے نبی ﷺ آپ ﷺ کا رب کافی ہے اپنے بندوں کے گناہوں کو جاننے اور

بَصِيْرًا ﴿۱۷﴾ مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْعَاجِلَةَ عَجَّلْنَا لَهٗ فِيْهَا مَا نَشَآءُ لِمَنْ

دیکھنے والا | جو کوئی | ہے | چاہتا | دنیا کو | ہم جلد دیتے ہیں | اس کو | اس میں | جتنا | ہم چاہیں | جس کیلئے

دیکھنے کے لئے۔ جو شخص صرف دنیا کا طالب ہو ہم اسے اس میں سے جو دینا چاہیں دے دیتے ہیں۔ پھر ہم نے اس

نُّرِيْدُ ثُمَّ جَعَلْنَا لَهٗ جَهَنَّمَ ۚ يَصْلٰهَا مَذْمُوْمًا مَّدْحُوْرًا ﴿۱۸﴾

ہم چاہیں | پھر | ہم مقرر کرتے ہیں | اس کیلئے | جہنم | وہ داخل ہوگا اس میں | بدنام ہو کر | دھتکارا ہوا

کے لئے جہنم رکھی ہے جس میں وہ داخل ہوگا ، بدحال ہو کر اور راندہ ہو کر۔

وَمَنْ اَرَادَ الْاٰخِرَةَ وَسَعٰی لَهَا سَعْيَهَا وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَاُولٰٓئِكَ كَانَ

اور جو کوئی | چاہے | آخرت کو | اور وہ کوشش کرے | اس کی | کوشش اپنی | اور وہ | ایمان والا ہو | تو یہی لوگ ہیں | ہے

اور جو آخرت کا طالب ہو، اس کے لئے صحیح کوشش کرے اور وہ مومن بھی ہو تو ایسے لوگوں کی کوشش

سَعْيُهُمْ مَّشْكُوْرًا ﴿۱۹﴾ كُلًّا نُّمِدُّ هٰٓؤُلَآءِ وَهٰٓؤُلَآءِ مِنْ عَطَآءِ رَبِّكَ ؕ

کوشش جنکی | قدر کی گئی | ہر ایک کو | ہم مدد دیتے ہیں | ان کو | اور اُن کو | سے | بخشش | تیرے رب کی

مقبول ہوگی۔ اے نبی ﷺ ! ہم ہر ایک کو آپ ﷺ کے رب کی نعمتوں سے نوازتے ہیں،

وَمَا كَانَ عَطَآءُ رَبِّكَ مَحْظُورًا ﴿20﴾ اُنْظُرْ كَيْفَ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ

اور نہیں | ہے | بخشش | تیرے رب کی | رکی ہوئی | تو دیکھ | کیسے | ہم نے فضیلت دی | ان کے بعض کو

خواہ کوئی دنیا کا طالب ہو یا آخرت کا اور تیرے رب کی نعمتیں کسی پر بند نہیں۔ دیکھو ہم نے دنیا میں لوگوں کو ایک دوسرے

عَلٰى بَعْضٍ ؕ وَلَلْاٰخِرَةُ اَكْبَرُ دَرَجٰتٍ وَّاَكْبَرُ تَفْضِيْلًا ﴿21﴾ لَا تَجْعَلْ

پر | بعض | اور البتہ آخرت | بڑی ہے | درجات میں | اور بڑی ہے | فضیلت میں | نہ | تو بنا

پر فوقیت دی ہے۔ لیکن آخرت اور بھی زیادہ بڑی ہے درجے کے اعتبار سے اور فضیلت کے اعتبار سے۔ لہٰذا تم اللہ کے

مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ فَتَقْعُدَ مَذْمُوْمًا مَّخْذُوْلًا ﴿22﴾ ع وَقَضٰى رَبُّكَ اَلَّا

ساتھ | اللہ کے | معبود | دوسرا | ورنہ تو بیٹھے گا | بدنام | ذلیل ہو کر | اور حکم دیا | تیرے رب نے | یہ کہ نہ

ساتھ کسی اور کو معبود نہ بناؤ ورنہ ذلت اور بے چارگی میں پڑے رہو گے۔ اور تمہارے رب نے حکم جاری کر دیا تم اس کے

تَعْبُدُوْٓا اِلَّآ اِيَّاهُ وَبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا ؕ اِمَّا يَبْلُغَنَّ عِنْدَكَ الْكِبَرَ

تم عبادت کرو | مگر | صرف اسی کی | اور ساتھ والدین کے | اچھا سلوک کرنا | اگر | وہ پہنچیں | تیرے پاس | بڑھاپے کو

سوا کسی اور کی عبادت نہ کرو۔ والدین کے ساتھ اچھا سلوک کرو۔ اگر وہ تمہارے سامنے بڑھاپے کو پہنچ جائیں،

اَحَدُهُمَآ اَوْ كِلٰهُمَا فَلَا تَقُلْ لَّهُمَآ اُفٍّ وَّلَا تَنْهَرْهُمَا وَقُلْ لَّهُمَا

ایک دونوں میں سے | یا | دونوں ہی | پس نہ | کہیے | ان کو | اُف | اور نہ | ڈانٹیے ان کو | اور کہہ دیجئے | ان کو

ان میں سے ایک یا دونوں، تو انہیں اف نہ کہو، نہ انہیں جھڑکو بلکہ ان سے احترام کے ساتھ بات کرو۔ ان کے سامنے نرمی سے

قَوْلًا كَرِيْمًا ﴿23﴾ وَاخْفِضْ لَهُمَا جَنَاحَ الذُّلِّ مِنَ الرَّحْمَةِ وَقُلْ

بات | بھلی | اور جھکا دے | ان کے لئے | بازو | نرمی کا | سے | مہربانی | اور تو کہہ

خاکساری کا پہلو جھکا دو۔ ان کے لئے دعا کرو

رَّبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيٰنِيْ صَغِيْرًا ﴿24﴾ رَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِمَا فِيْ

اے رب میرے | تو رحم کر دونوں پر | جیسے | پرورش کی میری | بچپن میں | تمہارا رب | خوب جانتا ہے | جو کچھ ہے | میں

”اے رب جس طرح انہوں نے مجھے بچپن میں پالا اسی طرح تو ان پر رحمت و شفقت فرما“ تمہارا رب خوب جانتا ہے تمہارے

نُفُوْسِكُمْ ؕ اِنْ تَكُوْنُوْا صٰلِحِيْنَ فَاِنَّهٗ كَانَ لِلْاَوَّابِيْنَ غَفُوْرًا ﴿25﴾ وَاٰتِ

تمہارے دلوں | اگر | تم ہو گے | نیک | تو بیشک وہ | ہے | رجوع کرنے والوں کو | بخشنے والا | اور تو دے

دلوں میں کیا ہے۔ اگر تم خدمت گزار ہو گے اور توبہ کرنے والے بنو گے تو اللہ معاف کرنے والا ہے۔ اور دیکھو،

ذَا الْقُرْبٰى حَقَّهٗ وَالْمِسْكِيْنَ وَابْنَ السَّبِيْلِ وَلَا تُبَذِّرْ تَبْذِيْرًا ﴿26﴾ اِنَّ

رشتہ دار کو | حق اس کا | اور مسکین کو | اور مسافر کو | اور نہ | تو بے جا خرچ کر | بے جا خرچ کرنا | بیشک

رشتہ داروں، مسکینوں اور مسافروں کے حقوق بھی ادا کرو۔ اپنا مال بے جا خرچ نہ کرو۔

الْمُبَذِّرِيْنَ كَانُوْٓا اِخْوَانَ الشَّيٰطِيْنِ ۭ وَكَانَ الشَّيْطٰنُ لِرَبِّهٖ كَفُوْرًا ﴿27﴾

بے جا خرچ کرنیوالے | ہیں | بھائی | شیطانوں کے | اور ہے | شیطان | اپنے رب کا | انکاری

بے جا خرچ کرنے والے شیطان کے بھائی ہیں اور شیطان اپنے رب کا بڑا ناشکرا ہے۔

وَاِمَّا تُعْرِضَنَّ عَنْهُمُ ابْتِغَاۗءَ رَحْمَةٍ مِّنْ رَّبِّكَ تَرْجُوْهَا فَقُلْ لَّهُمْ

اور اگر | تو منہ پھیر لے | ان لوگوں سے | چاہنے کے لیے | رحمت | کی | رب اپنے | تو امیدوار ہے جس کا | پھر کہہ دیجئے | ان کو

اور اگر تم اپنے رب کی طرف سے خوشحالی کے منتظر ہو اور تنگدستی کی وجہ سے تمہیں ان حقداروں سے پہلو تہی کرنی پڑے

قَوْلًا مَّيْسُوْرًا ﴿28﴾ وَلَا تَجْعَلْ يَدَكَ مَغْلُوْلَةً اِلٰى عُنُقِكَ وَلَا تَبْسُطْهَا

بات | بھلی | اور نہ | تو کر | ہاتھ اپنے کو | بندھا ہوا | طرف | اپنی گردن کے | اور نہ | تو پھیلا اسے

تو نرمی سے انہیں سمجھا دو۔ خرچ کرتے وقت نہ تو ہاتھ گردن سے باندھ لو اور نہ بالکل کھلا

كُلَّ الْبَسْطِ فَتَقْعُدَ مَلُوْمًا مَّحْسُوْرًا ﴿29﴾ اِنَّ رَبَّكَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ

سارا | پھیلانا | ورنہ تو بیٹھے گا | ملامت کیا گیا | پچھتایا ہوا | بیشک | تیرا رب | پھیلاتا ہے | روزی

چھوڑ دو ورنہ تم ملامت زدہ بے سہارا بن کر رہ جاؤ گے۔ تمہارا رب جسے چاہتا ہے زیادہ رزق دیتا ہے

لِمَنْ يَّشَاۗءُ وَيَقْدِرُ ۭ اِنَّهٗ كَانَ بِعِبَادِهٖ خَبِيْرًۢا بَصِيْرًا ﴿30﴾ وَلَا تَقْتُلُوْٓا

جس کے لئے | وہ چاہے | اور وہ کم کرتا ہے | بیشک وہ | ہے | اپنے بندوں کو | خوب جاننے والا | خوب دیکھنے والا | اور نہ | تم قتل کرو

جس کے لئے چاہتا ہے کم کر دیتا ہے۔ بیشک وہ اپنے بندوں کو جاننے والا دیکھنے والا ہے۔ اور دیکھو، اپنی اولاد کو تنگ دستی

اَوْلَادَكُمْ خَشْيَةَ اِمْلَاقٍ ۭ نَحْنُ نَرْزُقُهُمْ وَاِيَّاكُمْ ۭ اِنَّ قَتْلَهُمْ

اپنی اولاد کو | ڈر سے | غریبی کے | ہم | رزق دیتے ہیں انکو | اور تم کو بھی | بیشک | قتل کرنا اُن کا

کے خوف سے قتل نہ کرو۔ ہم انہیں بھی روزی دیتے ہیں اور تمہیں بھی۔ بیشک انہیں قتل کرنا

كَانَ خِطْاً كَبِيْرًا ﴿31﴾ وَلَا تَقْرَبُوا الزِّنٰٓى اِنَّهٗ كَانَ فَاحِشَةً ۭ وَسَاۗءَ

ہے | گناہ | بہت بڑا | اور نہ | تم قریب جاؤ | زنا کے | بیشک وہ | ہے | بے حیائی | اور بری

بہت بڑا گناہ ہے۔ اور زنا کے قریب نہ جاؤ۔ وہ بے حیائی ہے اور برا

سَبِيْلًا ﴿32﴾ وَلَا تَقْتُلُوا النَّفْسَ الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ ؕ وَمَنْ

راہ | اور نہ | تم قتل کرو | اُس جان کو | جسے | حرام ٹھہرایا | اللہ نے | مگر | ساتھ حق کے | اور جو کوئی

راستہ ہے۔ اور جس جان کو اللہ نے محترم قرار دیا اسے ناحق قتل نہ کرو۔

قُتِلَ مَظْلُوْمًا فَقَدْ جَعَلْنَا لِوَلِيِّهٖ سُلْطٰنًا فَلَا يُسْرِفْ فِّي الْقَتْلِ ؕ

قتل ہو جائے | مظلوم | تو بیشک | ہم نے دیا ہے | اس کے وارث کو | اختیار | پس نہ | وہ زیادتی کرے | میں | قتل کرنے

جس شخص کو ناحق قتل کیا گیا تو ہم نے اس کے وارث کو قصاص کے مطالبے کا اختیار دیا ہے۔ لہٰذا اسے چاہئے وہ قصاص لینے میں کسی

اِنَّهٗ كَانَ مَنْصُوْرًا ﴿33﴾ وَلَا تَقْرَبُوْا مَالَ الْيَتِيْمِ اِلَّا بِالَّتِيْ هِيَ

بیشک وہ | ہے | مدد کیا گیا | اور نہ | تم قریب جاؤ | مال | یتیم کے | مگر | ساتھ اسکے | وہ

طرح کی زیادتی نہ کرے کیونکہ قانون میں اس کی داد رسی کی گئی ہے۔ یتیم کے مال کے قریب نہ جاؤ مگر ایسے طریقے

اَحْسَنُ حَتّٰى يَبْلُغَ اَشُدَّهٗ ۠ وَاَوْفُوْا بِالْعَهْدِ ۚ اِنَّ الْعَهْدَ كَانَ

بہتر ہو | یہاں تک کہ | وہ پہنچ جائے | اپنی جوانی کو | اور تم پورا کرو | عہد کو | بیشک | ہر عہد | ہے

سے جو یتیم کے حق میں بہتر ہو۔ جب وہ جوان ہو جائے تو اس کی امانت اس کے حوالے کر دو۔ اور دیکھو، عہد کو پورا کرو، بیشک عہد کی

مَسْئُوْلًا ﴿34﴾ وَاَوْفُوا الْكَيْلَ اِذَا كِلْتُمْ وَزِنُوْا بِالْقِسْطَاسِ الْمُسْتَقِيْمِ ؕ

جوابدہ | اور تم پورا کرو | ماپ کو | جب | تم ماپو | تم وزن کرو | ساتھ ترازو | سیدھی کے

پوچھ ہو گی۔ جب کوئی چیز ناپ کر دو تو پورا ناپو اور ٹھیک ترازو سے تولو۔

ذٰلِكَ خَيْرٌ وَّاَحْسَنُ تَاْوِيْلًا ﴿35﴾ وَلَا تَقْفُ مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ ؕ

یہ ہے | بہتر | اور اچھا | انجام میں | اور نہ | تو پیچھے پڑ | اسکے جو | نہیں ہے | تجھ کو | اس کا | علم

یہی طریقہ بہتر ہے اور اس کا انجام اچھا ہے۔ ایسی چیز کے پیچھے نہ لگو جس کی تمہیں خبر نہیں۔

اِنَّ السَّمْعَ وَالْبَصَرَ وَالْفُؤَادَ كُلُّ اُولٰٓئِكَ كَانَ عَنْهُ مَسْئُوْلًا ﴿36﴾

بیشک | کان | اور آنکھ | اور دل | سب | وہ | ہیں | اپنے بارے میں | جوابدہ

بیشک کان، آنکھ اور دل سب کے بارے میں بازپرس ہو گی۔ زمین

وَلَا تَمْشِ فِي الْاَرْضِ مَرَحًا ۚ اِنَّكَ لَنْ تَخْرِقَ الْاَرْضَ وَلَنْ تَبْلُغَ

اور نہ تو چل | پر | زمین | اکڑ کر | بیشک تو | ہرگز | تو نہ پھاڑے گا | زمین کو | اور ہرگز | تو نہ پہنچے گا

پر اکڑ کر نہ چلو۔ تم اس طرح نہ تو زمین کو پھاڑ سکتے ہو، نہ تم پہاڑوں کی لمبائی تک

الْجِبَالَ طُوْلًا ﴿37﴾ كُلُّ ذٰلِكَ كَانَ سَيِّئُهٗ عِنْدَ رَبِّكَ مَكْرُوْهًا ﴿38﴾

پہاڑوں تک | لمبائی میں | سب | یہ | ہیں | برائی ان کی | نزدیک | تیرے رب کے | ناپسندیدہ

پہنچ سکتے ہو۔ یہ سارے برے کام تمہارے رب کے نزدیک ناپسندیدہ ہیں۔

ذٰلِكَ مِمَّآ اَوْحٰٓى اِلَيْكَ رَبُّكَ مِنَ الْحِكْمَةِ ؕ وَلَا تَجْعَلْ مَعَ اللّٰهِ

یہ ہے | اس سے جو | وحی کیا | تیری طرف | تیرے رب نے | سے | حکمت | اور نہ | تو بنا | ساتھ | اللہ کے

اے نبی ﷺ یہ باتیں اس حکمت ودانائی کا حصہ ہیں جو آپ ﷺ کے رب نے آپ ﷺ کی طرف وحی کی۔ اے لوگو اللہ کے ساتھ

اِلٰهًا اٰخَرَ فَتُلْقٰى فِيْ جَهَنَّمَ مَلُوْمًا مَّدْحُوْرًا ﴿39﴾ اَفَاَصْفٰىكُمْ

معبود | دوسرا | ورنہ تو ڈالا جائے گا | میں | جہنم | ملامت کیا ہوا | دھتکارا ہوا | کیا پس چنا ہے تمہیں

کوئی اور معبود نہ بناؤ ورنہ تم ملامت زدہ اور راندہ ہو کر جہنم میں ڈالے جاؤ گے۔ کیا تمہارے رب نے تمہیں

رَبُّكُمْ بِالْبَنِيْنَ وَاتَّخَذَ مِنَ الْمَلٰٓىِٕكَةِ اِنَاثًا ؕ اِنَّكُمْ لَتَقُوْلُوْنَ قَوْلًا

تمہارے رب نے | بیٹوں کے لئے | اور بنایا ہے | کو | فرشتوں | بیٹیاں | بیشک تم | البتہ تم کہتے ہو | بات

بیٹے چن کر دیئے اور فرشتوں سے اپنے لئے بیٹیاں بنا لیں؟ تم بڑی سنگین بات

عَظِيْمًا ﴿40﴾ ع وَلَقَدْ صَرَّفْنَا فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لِيَذَّكَّرُوْا ؕ وَمَا يَزِيْدُهُمْ

بھاری | اور بیشک | ہر طرح سے بیان کیا ہم نے | میں | اس | قرآن | تا کہ وہ سمجھیں | اور نہیں | وہ زیادہ کرتا ان کو

کہتے ہو۔ اور دیکھو۔ ہم نے اس قرآن میں طرح طرح سے بات بیان کی تا کہ وہ لوگ یاد دہانی حاصل کریں لیکن الٹا اس

اِلَّا نُفُوْرًا ﴿41﴾ قُلْ لَّوْ كَانَ مَعَهٗٓ اٰلِهَةٌ كَمَا يَقُوْلُوْنَ اِذًا لَّابْتَغَوْا

مگر | نفرت | کہہ دیجئے | اگر | ہوتے | ساتھ اسکے | معبود | جیسے | وہ کہتے ہیں | تو اس وقت | ضرور وہ ڈھونڈتے

سے ان کی بیزاری بڑھتی گئی۔ اے نبی ﷺ آپ ﷺ کہہ دیں "اگر اللہ کے ساتھ اور بھی خدا ہوتے جیسا کہ لوگ کہتے ہیں تو وہ

اِلٰى ذِي الْعَرْشِ سَبِيْلًا ﴿42﴾ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يَقُوْلُوْنَ عُلُوًّا

طرف | عرش والے کی | راہ | پاک ہے وہ | اور برتر ہے | اس سے جو | وہ کہتے ہیں | بلندی

سب عرش والے خدا پر چڑھائی کر دیتے اور سارا نظام درہم برہم ہو جاتا۔ اللہ ان باتوں سے پاک اور برتر ہے جو وہ کہتے ہیں۔

كَبِيْرًا ﴿43﴾ تُسَبِّحُ لَهُ السَّمٰوٰتُ السَّبْعُ وَالْاَرْضُ وَمَنْ فِيْهِنَّ ؕ

بڑی کے ساتھ | تسبیح کرتے ہیں | اس کی | آسمان | ساتوں | اور زمین بھی | اور جو کوئی ہے | ان میں

ساتوں آسمان اور زمین اور جو بھی ان میں ہیں سب اللہ کی تسبیح بیان کرتے ہیں۔

وَاِنْ مِّنْ شَيْءٍ اِلَّا يُسَبِّحُ بِحَمْدِهٖ وَلٰكِنْ لَّا تَفْقَهُوْنَ تَسْبِيْحَهُمْ ۭ

اور نہیں | کوئی | چیز | مگر | تسبیح کرتی | اس کی حمد کے ساتھ | اور لیکن | نہیں | تم سمجھتے | ان کی تسبیح

کوئی چیز ایسی نہیں جو اس کی حمد و ثنا کے ساتھ اس کی تسبیح نہ کرتی ہو مگر تم ان کی تسبیح کو نہیں سمجھتے۔

اِنَّهٗ كَانَ حَلِيْمًا غَفُوْرًا ﴿44﴾ وَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ جَعَلْنَا بَيْنَكَ

بیشک وہ | ہے | بڑے تحمل والا | بہت بخشنے والا | اور جب | تو پڑھتا ہے | قرآن کو | ہم کر دیتے ہیں | تیرے درمیان

بیشک وہ بڑے تحمل والا بخشنے والا ہے۔ اے نبی ﷺ جب آپ ﷺ قرآن پڑھتے ہیں تو ہم آپ ﷺ کے اور ان لوگوں کے

وَبَيْنَ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ حِجَابًا مَّسْتُوْرًا ﴿45﴾ وَّجَعَلْنَا عَلٰي

اور درمیان | ان کے جو | نہیں | ایمان رکھتے | آخرت پر | ایک پردہ | چھپا ہوا | اور ہم کر دیتے ہیں | پر

درمیان جو آخرت کو نہیں مانتے ایک مخفی پردہ حائل کر دیتے ہیں۔ اور ہم ان کے دلوں

قُلُوْبِهِمْ اَكِنَّةً اَنْ يَّفْقَهُوْهُ وَفِيْٓ اٰذَانِهِمْ وَقْرًا ۭ وَاِذَا ذَكَرْتَ

ان کے دلوں | پردہ | تاکہ نہ | وہ سمجھیں اسے | اور میں | اُن کے کانوں | بوجھ ہے | اور جب | تو ذکر کرتا ہے

پر ایسا پردہ رکھ دیتے ہیں کہ وہ قرآن کو نہ سمجھیں۔ ان کے کانوں پر ڈاٹ لگا دیتے ہیں کہ وہ کچھ نہیں سنتے۔ جب آپ ﷺ قرآن

رَبَّكَ فِي الْقُرْاٰنِ وَحْدَهٗ وَلَّوْا عَلٰٓي اَدْبَارِهِمْ نُفُوْرًا ﴿46﴾ نَحْنُ اَعْلَمُ

اپنے رب کا | میں | قرآن | اکیلے کا | وہ پھر جاتے ہیں | پر | اپنی پیٹھوں | بھاگتے ہوئے | ہم | خوب جانتے ہیں

میں اپنے اکیلے رب کا ذکر کرتے ہیں تو وہ نفرت کے ساتھ پیٹھ پھیر لیتے ہیں۔ ہم خوب جانتے ہیں کہ

بِمَا يَسْتَمِعُوْنَ بِهٖٓ اِذْ يَسْتَمِعُوْنَ اِلَيْكَ وَاِذْ هُمْ نَجْوٰٓى اِذْ يَقُوْلُ

اس نیت کو | وہ سنتے ہیں | ساتھ جسکے | جب | وہ سنتے ہیں | تیری طرف | اور جب | وہ | ساز باز کرتے ہیں | جب | کہتے ہیں

جب وہ آپ ﷺ کی طرف کان لگاتے ہیں تو وہ کس لئے سنتے ہیں اور ہمیں یہ بھی معلوم ہے جب سرگوشیاں کرتے ہوئے یہ ظالم

الظّٰلِمُوْنَ اِنْ تَتَّبِعُوْنَ اِلَّا رَجُلًا مَّسْحُوْرًا ﴿47﴾ اُنْظُرْ كَيْفَ ضَرَبُوْا

ظالم | کہ نہیں | تم پیروی کرتے | مگر | آدمی کی | جادو کئے گئے | تو دیکھ | کیسے | بیان کیں

لوگ کہتے ہیں ”تم جس آدمی کے پیچھے چل پڑے ہو، اس پر تو کسی نے جادو کیا ہوا ہے۔“ اے نبی ﷺ آپ دیکھیں یہ لوگ آپ ﷺ

لَكَ الْاَمْثَالَ فَضَلُّوْا فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ سَبِيْلًا ﴿48﴾ وَقَالُوْٓا ءَاِذَا كُنَّا

تیرے لئے | مثالیں | پھر وہ گمراہ ہو گئے | پس نہیں | وہ پا سکتے | راہ | اور کہتے ہیں | کیا جب | ہم ہو گئے

کے بارے میں کیسی غلط باتیں بناتے ہیں۔ اپنی انہی باتوں کی وجہ سے وہ لوگ گمراہ ہوئے۔ اب سیدھا راستہ نہیں پا سکتے۔ اور وہ

عِظَامًا وَّرُفَاتًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ خَلْقًا جَدِيْدًا ﴿49﴾ قُلْ كُوْنُوْا

ہڈیاں | اور گلے سڑے | کیا ہم | البتہ پھر زندہ کئے جائیں گے | پیدائش | نئی میں | کہہ دیجئے | تم ہو جاؤ

کہتے ہیں ”جب ہم مر کر ہڈیاں اور ریزہ ریزہ ہو جائیں گے تو کیا ہمیں نئے سرے سے پیدا کیا جائے گا؟“ اے نبی ﷺ آپ

حِجَارَةً اَوْ حَدِيْدًا ﴿50﴾ اَوْ خَلْقًا مِّمَّا يَكْبُرُ فِيْ صُدُوْرِكُمْ ۚ

پتھر | یا | لوہا | یا | اور مخلوق | اس سے جو | بڑی ہو | میں | تمہارے دلوں

ﷺ ان سے کہیں ”خواہ تم مٹی میں مل کر پتھر یا لوہا بن جاؤ یا کوئی شے جو تمہارے خیال میں ان سے بھی زیادہ سخت ہو تب بھی تمہیں

فَسَيَقُوْلُوْنَ مَنْ يُّعِيْدُنَا ۭ قُلِ الَّذِيْ فَطَرَكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ ۚ فَسَيُنْغِضُوْنَ

پس البتہ وہ کہیں گے | کون | ہمیں واپس لوٹائے گا | کہہ دیجئے | جس نے | پیدا کیا تمہیں | پہلی | بار | پھر عنقریب وہ ہلائیں گے

دوبارہ زندہ کیا جائے گا۔“ پھر وہ پوچھیں گے ”اس طرح کون ہمیں دوبارہ زندہ کرے گا؟“ آپ ﷺ جواب دیں ”وہی اللہ جس نے

اِلَيْكَ رُءُوْسَهُمْ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هُوَ ۭ قُلْ عَسٰٓى اَنْ يَّكُوْنَ

تیری طرف | اپنے سر | اور وہ کہتے ہیں | کب ہے | وہ۔ | کہہ دیجئے | ممکن ہے | کہ | وہ ہو

تمہیں پہلی بار پیدا کیا۔“ پھر وہ آپ ﷺ کے آگے تعجب سے سر ہلائیں گے اور کہیں گے ”یہ کب ہوگا؟“ آپ ﷺ بتائیں ”عجب

قَرِيْبًا ﴿51﴾ يَوْمَ يَدْعُوْكُمْ فَتَسْتَجِيْبُوْنَ بِحَمْدِهٖ وَتَظُنُّوْنَ اِنْ لَّبِثْتُمْ

قریب | جس دن | وہ بلائے گا تمہیں | پھر تم جواب دو گے | اس کی حمد کے ساتھ | اور تم گمان کرو گے | نہیں | تم رہے

نہیں کہ اس کا وقت قریب آ پہنچا ہو“ جس دن اللہ تمہیں پکارے گا تم اس کی حمد کرتے ہوئے اس کی پکار پر چلے آؤ گے اور یہ خیال کرو

اِلَّا قَلِيْلًا ﴿52﴾ ع وَقُلْ لِّعِبَادِيْ يَقُوْلُوا الَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ ۭ اِنَّ الشَّيْطٰنَ

5 ع 12 5

مگر | کم مدت | اور کہہ دیجئے | میرے بندوں کو | وہ کہیں | ایسی بات | جو | بہت اچھی ہو | بیشک | شیطان

گے کہ قبر میں بہت تھوڑی مدت رہے۔ اے نبی ﷺ آپ ﷺ میرے بندوں سے کہہ دیں وہ وہی بات کہیں جو بہتر ہو ورنہ شیطان

يَنْزَغُ بَيْنَهُمْ ۭ اِنَّ الشَّيْطٰنَ كَانَ لِلْاِنْسَانِ عَدُوًّا مُّبِيْنًا ﴿53﴾

وسوسہ ڈالتا ہے | اُن کے درمیان | بیشک | شیطان | ہے | انسان کا | دشمن | واضح

باتوں کے ذریعے بھی لوگوں کے درمیان فساد ڈالتا ہے۔ بیشک شیطان انسان کا کھلا دشمن ہے۔

رَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِكُمْ ۭ اِنْ يَّشَاْ يَرْحَمْكُمْ اَوْ اِنْ يَّشَاْ يُعَذِّبْكُمْ ۭ

تمہارا رب | خوب جانتا ہے | تم کو | اگر | وہ چاہے | وہ رحم کرے تم پر | یا | اگر | وہ چاہے | وہ عذاب دے تمہیں

اے لوگو تمہارا رب تمہیں خوب جانتا ہے۔ اگر وہ چاہے تو تم پر رحم کرے اور چاہے تو تمہیں عذاب دے۔

وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ عَلَيْهِمْ وَكِيْلًا ﴿54﴾ وَرَبُّكَ اَعْلَمُ بِمَنْ فِي السَّمٰوٰتِ

اور نہیں | ہم نے بھیجا تجھے | ان پر | نگران | اور تمہارا رب | خوب جانتا ہے | اسے جو ہے | میں | آسمانوں

اے نبی ﷺ ہم نے آپ ﷺ کو ان لوگوں کے ایمان لانے یا نہ لانے کا ذمہ دار بنا کر نہیں بھیجا۔ آپ ﷺ کا رب آسمانوں اور

وَالْاَرْضِ ؕ وَلَقَدْ فَضَّلْنَا بَعْضَ النَّبِيّٖنَ عَلٰى بَعْضٍ وَّاٰتَيْنَا دَاوٗدَ

اور زمین میں | اور بیشک | ہم نے فضیلت دی | بعض | نبیوں کو | پر | بعض | اور ہم نے دی | داؤد کو

زمین کی ہر چیز کا حال جانتا ہے۔ ہم نے بعض نبیوں کو بعض پر فضیلت دی اور ہم نے داؤد علیہ السلام کو زبور

زَبُوْرًا ﴿55﴾ قُلِ ادْعُوا الَّذِيْنَ زَعَمْتُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ فَلَا يَمْلِكُوْنَ كَشْفَ

زبور | کہہ دیجئے | تم پکارو | ان کو جنہیں | تم (معبود) سمجھتے ہو | سے | سوائے اس کے پس نہیں | وہ اختیار رکھتے | دور کرنے کا

عطا کی۔ آپ ﷺ مشرکین سے کہیں "تم اپنے معبودوں کو پکار کر دیکھو جنہیں تم اللہ کے سوا اپنا کارساز سمجھتے ہو، وہ نہ تمہاری کسی

الضُّرِّ عَنْكُمْ وَلَا تَحْوِيْلًا ﴿56﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ يَبْتَغُوْنَ اِلٰى

تکلیف کو | تم سے | اور نہ | حالت بدل ڈالنے کا | یہ لوگ | جن کو | پکارتے ہیں | وہ ڈھونڈتے ہیں | طرف

مصیبت کو دور کرنے کا اختیار رکھتے ہیں اور نہ اسے بدل سکتے ہیں۔ مشرکین جن کو پکارتے ہیں وہ خود اپنے رب کا

رَبِّهِمُ الْوَسِيْلَةَ اَيُّهُمْ اَقْرَبُ وَيَرْجُوْنَ رَحْمَتَهٗ وَيَخَافُوْنَ عَذَابَهٗ ؕ

اپنے رب کی | قرب | کہ کون سا ان میں زیادہ قریب ہے | اور امیدوار ہیں | اس کی رحمت کے | اور وہ ڈرتے ہیں | اس کے عذاب سے

قرب ڈھونڈتے ہیں کہ ان میں سے کون سب سے زیادہ قریب ہو جائے۔ وہ اپنے رب کی رحمت کے امیدوار ہیں اور وہ اس کے

اِنَّ عَذَابَ رَبِّكَ كَانَ مَحْذُوْرًا ﴿57﴾ وَاِنْ مِّنْ قَرْيَةٍ اِلَّا نَحْنُ

بیشک | عذاب | تیرے رب کا | ہے | ڈرنے کی چیز | اور نہیں ہے | کوئی | بستی | مگر | ہم ہیں

عذاب سے ڈرتے ہیں۔ واقعی تمہارے رب کا عذاب ہے ہی ڈرنے کی چیز۔ نافرمانوں کی کوئی بستی ایسی نہیں جسے

مُهْلِكُوْهَا قَبْلَ يَوْمِ الْقِيٰمَةِ اَوْ مُعَذِّبُوْهَا عَذَابًا شَدِيْدًا ؕ كَانَ

ہلاک کرنیوالے اسے | پہلے | دن | قیامت کے | یا | عذاب دینے والے اسے | عذاب | سخت | ہے

ہم قیامت سے پہلے ہلاک نہ کریں یا سخت عذاب نہ دیں۔ یہ بات

ذٰلِكَ فِي الْكِتٰبِ مَسْطُوْرًا ﴿58﴾ وَمَا مَنَعَنَآ اَنْ نُّرْسِلَ بِالْاٰيٰتِ اِلَّآ اَنْ

یہ | میں | کتاب | لکھا ہوا | اور نہیں | روکا ہمیں | اس سے کہ | ہم بھیجیں | نشانیاں | مگر | یہ کہ

کتاب میں لکھی ہوئی ہے۔ ہم فرمائشی نشانیاں اس لئے نہیں بھیجتے کہ پہلے لوگوں نے

كَذَّبَ بِهَا الْاَوَّلُوْنَ ؕ وَاٰتَيْنَا ثَمُوْدَ النَّاقَةَ مُبْصِرَةً فَظَلَمُوْا

جھٹلایا تھا | ان کو | پہلوں نے | اور ہم نے دی | قومِ ثمود کو | اونٹنی | نشانی کے طور پر | تو انہوں نے ظلم کیا

بھی انہیں جھٹلا دیا ہم نے قوم ثمود کو اونٹنی کی نشانی دی مگر انہوں نے اسے ہلاک کر کے اپنی جانوں پر

بِهَا ؕ وَمَا نُرْسِلُ بِالْاٰيٰتِ اِلَّا تَخْوِيْفًا ﴿59﴾ وَاِذْ قُلْنَا لَكَ اِنَّ

اس کے ساتھ | اور نہیں | ہم بھیجتے | نشانیاں | مگر | خوف دلانے کیلئے | اور جب | ہم نے کہا | تجھ کو | بیشک

ظلم کیا۔نشانیاں تو ہم صرف خبردار کرنے کے لئے بھیجتے ہیں۔اے نبی ﷺ یاد کریں جب آپ کے رب نے آپ سے کہا تھا اس

رَبَّكَ اَحَاطَ بِالنَّاسِ ؕ وَمَا جَعَلْنَا الرُّءْيَا الَّتِيْٓ اَرَيْنٰكَ اِلَّا فِتْنَةً

تیرے رب نے | گھیر لیا ہے | لوگوں کو | اور نہیں | ہم نے کیا | خواب کو | جو | ہم نے دکھایا تجھے | مگر | آزمائش

نے مشرکین کو گھیرے میں لے رکھا ہے کہ وہ آپ ﷺ کا کچھ نہیں بگاڑ سکتے اور اس خواب میں جو ہم نے آپ ﷺ کو دکھایا اور دوزخ کے

لِّلنَّاسِ وَالشَّجَرَةَ الْمَلْعُوْنَةَ فِي الْقُرْاٰنِ ؕ وَنُخَوِّفُهُمْ ۙ فَمَا يَزِيْدُهُمْ

لوگوں کیلئے | اور اس درخت کو | جس پر لعنت کی گئی | میں | قرآن | اور ہم ڈراتے ہیں انکو | پھر نہیں | وہ زیادہ کرتا ان کو

اس تکلیف دہ درخت تھوہر میں جس کی خبر قرآن میں دی گئی ہے، ان سب میں لوگوں کے لئے آزمائش تھی۔اور ہم انہیں ہر طرح سے

اِلَّا طُغْيَانًا كَبِيْرًا ﴿60﴾ؑ وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا

سوائے | سرکشی | بڑی میں | اور جب | ہم نے کہا | فرشتوں کو | تم سجدہ کرو | آدم کو | تو انہوں نے سجدہ کیا

خبردار کرتے ہیں مگر ان کی سرکشی بڑھتی جاتی ہے۔یاد کرو جب ہم نے فرشتوں کو حکم دیا'' آدم علیہ السلام کے آگے جھک جاؤ'' وہ جھک گئے مگر

اِلَّآ اِبْلِيْسَ ؕ قَالَ ءَاَسْجُدُ لِمَنْ خَلَقْتَ طِيْنًا ﴿61﴾ۚ قَالَ اَرَءَيْتَكَ هٰذَا

سوائے | ابلیس کے | اس نے کہا | کیا میں سجدہ کروں | اسے جسے | تو نے پیدا کیا | مٹی سے | اس نے کہا | کیا دیکھا تو نے | اسے

ابلیس نہ جھکا۔اس نے رب سے کہا'' کیا میں اس کے آگے جھکوں جسے تو نے مٹی سے بنایا؟'' اس نے یہ بھی کہا'' ذرا دیکھ،

الَّذِيْ كَرَّمْتَ عَلَيَّ ؗ لَئِنْ اَخَّرْتَنِ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ لَاَحْتَنِكَنَّ

جسے | تو نے درجہ دیا | مجھ پر | البتہ اگر | تو مہلت دے مجھے | تک | دن | قیامت کے | ضرور میں ہلاک کرونگا

جسے تو نے مجھ پر عزت دی ہے اگر تو مجھے قیامت کے دن تک مہلت دیدے تو میں تھوڑے لوگوں کے سوا اس کی پوری نسل کو اپنا شکار

ذُرِّيَّتَهٗٓ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿62﴾ قَالَ اذْهَبْ فَمَنْ تَبِعَكَ مِنْهُمْ فَاِنَّ جَهَنَّمَ

اس کی اولاد کو | مگر | تھوڑے | کہا | تو جا | پس جو | پیروی کرے تیری | ان میں سے | تو بیشک | جہنم ہے

بنا لوں گا۔'' اللہ نے فرمایا ''جا، ان میں سے جو بھی تیرا ساتھی بنے گا تو تم سب کے لئے جہنم کی

جَزَآؤُكُمۡ جَزَآءً مَّوۡفُوۡرًا ﴿63﴾ وَاسۡتَفۡزِزۡ مَنِ اسۡتَطَعۡتَ مِنۡهُمۡ بِصَوۡتِكَ

بدلہ تمہارا | بدلہ | پورا | اور تو بہکا | جسے | تو کر سکے | ان میں سے | اپنی آواز سے

پوری سزا ہوگی۔ ان میں سے جن پر تیرا بس چلے انہیں اپنی آواز کے ذریعے بہکا دے،

وَاَجۡلِبۡ عَلَيۡهِمۡ بِخَيۡلِكَ وَرَجِلِكَ وَشَارِكۡهُمۡ فِي الۡاَمۡوَالِ وَالۡاَوۡلَادِ

اور تو کھینچ لا | ان پر | اپنے سواروں کو | اور اپنے پیادوں کو | اور تو شریک ہو | میں | مالوں | اور اولاد میں

ان پر اپنے سوار اور پیادے چڑھا لا، ان کے مال و اولاد میں ان کا حصے دار بن جا،

وَعِدۡهُمۡ ؕ وَمَا يَعِدُهُمُ الشَّيۡطٰنُ اِلَّا غُرُوۡرًا ﴿64﴾ اِنَّ عِبَادِيۡ لَيۡسَ

اور تو وعدے دے انکو | اور نہیں | وعدہ دیتا ان کو | شیطان | مگر | دھوکے کا | بیشک | میرے بندوں | نہیں

ان سے جھوٹے وعدے کر اور شیطان کے وعدے تو سب دھوکا ہوتے ہیں۔ بیشک میرے نیک بندوں

لَكَ عَلَيۡهِمۡ سُلۡطٰنٌ ؕ وَكَفٰى بِرَبِّكَ وَكِيۡلًا ﴿65﴾ رَبُّكُمُ الَّذِيۡ يُزۡجِيۡ

تجھ کو | ان پر | اختیار | اور کافی ہے | تمہارا رب | کارساز | رب تمہارا | وہ ہے جو | چلاتا ہے

پر تیرا زور نہیں چلے گا۔ اے نبی ﷺ آپ ﷺ کا رب کارسازی کے لئے کافی ہے۔'' لوگو تمہارا رب وہ ہے جو تمہارے لیے

لَكُمُ الۡفُلۡكَ فِي الۡبَحۡرِ لِتَبۡتَغُوۡا مِنۡ فَضۡلِهٖ ؕ اِنَّهٗ كَانَ بِكُمۡ

لئے تمہارے | کشتی | میں | سمندر | تا کہ تم تلاش کرو | سے | اُس کے فضل | بیشک وہ | ہے | تمہارے ساتھ

سمندر میں کشتی چلاتا ہے تاکہ تم اس کا فضل تلاش کرو۔ بیشک وہ تمہارے اوپر

رَحِيۡمًا ﴿66﴾ وَاِذَا مَسَّكُمُ الضُّرُّ فِي الۡبَحۡرِ ضَلَّ مَنۡ تَدۡعُوۡنَ اِلَّاۤ

بہت مہربان | اور جب | پہنچتی ہے تمہیں | تکلیف | میں | سمندر | گم ہو جاتے ہیں | وہ جن کو | تم پکارتے ہو | مگر

مہربان ہے۔اور جب سمندر میں تم پر کوئی آفت آتی ہے تو تم ان سب معبودوں کو بھول جاتے ہو جنہیں اللہ کے سوا پکارتے تھے۔ پھر

اِيَّاهُ ۚ فَلَمَّا نَجّٰىكُمۡ اِلَى الۡبَرِّ اَعۡرَضۡتُمۡ ؕ وَكَانَ الۡاِنۡسَانُ كَفُوۡرًا ﴿67﴾

صرف وہی | پھر جب | نجات دیتا ہے تمہیں | طرف | خشکی کی | تم منہ پھیر لیتے ہو | اور ہے | انسان | بہت ناشکرا

جب وہ تمہیں خشکی کی طرف بچا لاتا ہے تو تم دوبارہ پھر جاتے ہو۔ انسان بڑا ہی ناشکرا ہے۔

اَفَاَمِنۡتُمۡ اَنۡ يَّخۡسِفَ بِكُمۡ جَانِبَ الۡبَرِّ اَوۡ يُرۡسِلَ عَلَيۡكُمۡ

کیا پس تم بے خوف ہو | اس سے کہ | دھنسا دے | تم کو | طرف | خشکی کی | یا | وہ بھیجے | تم کو

اے مشرکو کیا تمہیں ڈر نہیں کہ اللہ تمہیں خشکی کی طرف لا کر زمین میں دھنسا دے، یا تم پر پتھر برسانے والی آندھی

حَاصِبًا ثُمَّ لَا تَجِدُوْا لَكُمْ وَكِيْلًا ﴿٦٨﴾ اَمْ اَمِنْتُمْ اَنْ يُّعِيْدَكُمْ

سخت آندھی | پھر | نہ | تم پاؤ | اپنے لئے | کارساز | یا | تم بے خوف ہو | اس سے کہ | وہ واپس لیجائے تمہیں

بھیج دے، پھر تم کسی کو اپنا کارساز نہ پاؤ؟ یا تمہیں اس کا ڈر نہیں کہ اللہ تمہیں دوبارہ سمندر کی

فِيْهِ تَارَةً اُخْرٰى فَيُرْسِلَ عَلَيْكُمْ قَاصِفًا مِّنَ الرِّيْحِ فَيُغْرِقَكُمْ بِمَا

اس میں | بار | دوسری | پھر وہ بھیجے | تم پر | تیز وتند | سے | ہوا | پھر وہ غرق کردے تمہیں | اس پر جو

طرف لے جائے اور پھر تم پر ہوا کا سخت طوفان بھیج دے اور تمہارے کفر و شرک کی وجہ سے تمہیں غرق

كَفَرْتُمْ ثُمَّ لَا تَجِدُوْا لَكُمْ عَلَيْنَا بِهٖ تَبِيْعًا ﴿٦٩﴾ وَلَقَدْ كَرَّمْنَا

تم نے کفر کیا | پھر | نہ | تم پاؤ | اپنے لئے | ہم پر | اسکے لئے | مدد کو پہنچنے والا | اور بیشک | ہم نے عزت دی

کر دے۔ پھر اس پر تمہیں کوئی نہ ملے جو ہمارا پیچھا کر سکے۔ ہم نے آدم علیہ السلام کی اولاد کو عزت دی

بَنِيْٓ اٰدَمَ وَحَمَلْنٰهُمْ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَرَزَقْنٰهُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ

بنی آدم کو | اور ہم نے سوار کیا ان کو | میں | خشکی | اور سمندر میں | اور ہم نے روزی دی ان کو | سے | پاکیزہ چیزوں

انہیں خشکی اور تری میں سوار کیا، انہیں پاکیزہ چیزوں کا رزق دیا

وَفَضَّلْنٰهُمْ عَلٰى كَثِيْرٍ مِّمَّنْ خَلَقْنَا تَفْضِيْلًا ﴿٧٠﴾ ع يَوْمَ نَدْعُوْا كُلَّ

اور ہم نے فضیلت دی انکو | پر | بہتوں | ان سے جو | ہم نے پیدا کئے | فضیلت دینا | جس روز | ہم بلائیں گے | سب

اور انہیں اپنی بہت سی مخلوقات پر فوقیت دی جس دن ہم لوگوں کو ان کے اعمال ناموں کے ساتھ بلائیں گے۔ پھر جن کا اعمال نامہ ان

اُنَاسٍۭ بِاِمَامِهِمْ ۚ فَمَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ بِيَمِيْنِهٖ فَاُولٰٓئِكَ يَقْرَءُوْنَ

انسانوں کو | ان کے امام کے ساتھ | پھر جسے | دیا گیا | اعمال نامہ اسکا | اس کے دائیں ہاتھ میں | تو وہ لوگ | پڑھیں گے

کے دائیں ہاتھ میں دیا جائے گا وہ خوشی سے اسے پڑھیں گے اور ان کے ساتھ ذرا بھی

كِتٰبَهُمْ وَلَا يُظْلَمُوْنَ فَتِيْلًا ﴿٧١﴾ وَمَنْ كَانَ فِيْ هٰذِهٖٓ اَعْمٰى

اعمال نامہ اپنا | اور نہیں | اُن پر ظلم ہوگا | گٹھلی کے دھاگے برابر | اور جو کوئی | ہے | میں | اس دنیا | اندھا

ناانصافی نہ ہو گی۔ جو شخص اس دنیا میں اندھا بنا رہا

فَهُوَ فِي الْاٰخِرَةِ اَعْمٰى وَاَضَلُّ سَبِيْلًا ﴿٧٢﴾ وَاِنْ كَادُوْا لَيَفْتِنُوْنَكَ

تو وہ ہوگا | میں | آخرت | اندھا | اور بہت گمراہ ہے | راہ سے | اور بیشک | وہ قریب تھے | کہ فتنے میں ڈالتے تجھے

وہ آخرت میں بھی اندھا رہے گا اور گمراہ ہوگا۔ اے نبی صلی اللہ علیہ وسلم قریب تھا کہ کافر لوگ

عَنِ الَّذِيْٓ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ لِتَفْتَرِيَ عَلَيْنَا غَيْرَهٗ ۖ وَاِذًا لَّاتَّخَذُوْكَ

سے | اس چیز جو | ہم نے وحی کی | تیری طرف | تا کہ تو گھڑ لے | ہم پر (باتیں) | اس کے سوا | اور اس وقت | ضرور وہ بناتے تجھے

آپ ﷺ کو فتنے میں مبتلا کر دیتے اور اس قرآن کی تبلیغ سے باز رکھتے جو ہم نے آپ ﷺ پر وحی کیا ہے تا کہ آپ ﷺ اس کے سوا

خَلِيْلًا ﴿73﴾ وَلَوْلَآ اَنْ ثَبَّتْنٰكَ لَقَدْ كِدْتَّ تَرْكَنُ اِلَيْهِمْ شَيْـًٔا

دوست | اور اگر نہ | البتہ | ہم مضبوط رکھتے تجھے | بیشک | قریب تھا | کہ تو جھک جائے | ان کی طرف | کچھ

ہماری طرف کچھ غلط باتیں منسوب کرتے، پھر کافر آپ ﷺ کو اپنا دوست بنا لیتے۔ اگر ہم نے آپ ﷺ کو ثابت قدم نہ رکھا ہوتا

قَلِيْلًا ﴿74﴾ اِذًا لَّاَذَقْنٰكَ ضِعْفَ الْحَيٰوةِ وَضِعْفَ الْمَمَاتِ ثُمَّ

تھوڑا | اس وقت | ضرور ہم چکھاتے تجھے | دگنا عذاب | دنیا کی زندگی کا | اور دگنا عذاب | موت کا | پھر

تو قریب تھا کہ آپ ﷺ ان کی طرف جھک پڑتے۔ اگر ایسا ہوتا تو ہم آپ ﷺ کو زندگی اور موت دونوں کا دوہرا عذاب چکھاتے۔

لَا تَجِدُ لَكَ عَلَيْنَا نَصِيْرًا ﴿75﴾ وَاِنْ كَادُوْا لَيَسْتَفِزُّوْنَكَ مِنَ الْاَرْضِ

نہ تو پاتا | اپنے لئے | ہم پر | کوئی مددگار | اور بیشک | قریب تھا | کہ وہ اکھیڑ دیں تجھے | سے | اس زمین

پھر آپ ﷺ کو ہمارے مقابلے میں کوئی مددگار نہ ملتا۔ اے نبی ﷺ کافر لوگ اس بات پر بھی تلے ہوئے ہیں کہ اس سرزمین سے

لِيُخْرِجُوْكَ مِنْهَا وَاِذًا لَّا يَلْبَثُوْنَ خِلٰفَكَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿76﴾ سُنَّةَ مَنْ

تا کہ وہ نکالیں تجھے | اس سے | اور اس وقت | نہیں | وہ رہیں گے | تیرے پیچھے | مگر | کم | طریقہ | ان کا

آپ ﷺ کے قدم اکھاڑ دیں اور آپ ﷺ کو یہاں سے نکال دیں۔ لیکن اگر وہ ایسا کریں گے تو پھر آپ ﷺ کے بعد وہ خود بھی

قَدْ اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ مِنْ رُّسُلِنَا وَلَا تَجِدُ لِسُنَّتِنَا تَحْوِيْلًا ﴿77﴾ ع اَقِمِ

(ع 8 / 7 / 8)

بیشک | ہم نے بھیجے | پہلے تجھ | سے | اپنے رسولوں | اور نہیں | تو پائے گا | ہمارے طریقے میں | تبدیلی | تو قائم کر

زیادہ دیر یہاں نہیں رہ سکیں گے۔ کیونکہ ہمارا یہی طریقہ رہا ہے اُن رسولوں کے بارے میں بھی جنہیں ہم نے آپ ﷺ سے پہلے

الصَّلٰوةَ لِدُلُوْكِ الشَّمْسِ اِلٰى غَسَقِ الَّيْلِ وَقُرْاٰنَ الْفَجْرِ ۭ اِنَّ قُرْاٰنَ

نماز | قریب وقت ڈھلنے | سورج کے | تک | اندھیرے | رات کے | اور قرآن پڑھ | فجر کو | بیشک | قرآن پڑھنا

بھیجا اور پہلی قوموں کے بارے میں بھی، اور آپ ﷺ ہمارے طریقے میں کوئی تبدیلی نہیں پائیں گے۔ اے نبی ﷺ نماز قائم

الْفَجْرِ كَانَ مَشْهُوْدًا ﴿78﴾ وَمِنَ الَّيْلِ فَتَهَجَّدْ بِهٖ نَافِلَةً لَّكَ ۖ عَسٰٓى

فجر کا | ہے | حاضری والا | اور کچھ | رات کو | پس نماز تہجد پڑھ | ساتھ اسکے | اضافی ہے | تیرے لئے | ممکن ہے

کریں، سورج ڈھلنے کے بعد سے رات کے اندھیرے تک اور فجر کے وقت بھی۔ بیشک فجر کی نماز میں فرشتے حاضر ہوتے ہیں۔ اور

اَنْ يَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا ﴿۷۹﴾ وَقُلْ رَّبِّ اَدْخِلْنِیْ مُدْخَلَ

کہ | پہنچادے تجھے | تیرارب | مقام | محمود پر | اور کہہ دیجئے | اے میرے رب | تو داخل کر مجھے | داخل کرنا

اے نبی ﷺ رات کو تہجد پڑھیں فرض نمازوں کے علاوہ یہ آپ ﷺ کے لئے اضافی عبادت ہے۔ امید ہے آپ ﷺ کا رب

صِدْقٍ وَّاَخْرِجْنِیْ مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّیْ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطٰنًا

اچھا | اور تو نکال مجھے | نکالنا | اچھا | اور تو کر | میرے لئے | سے | اپنے پاس | غلبہ

آپ ﷺ کو مقام محمود پر پہنچا دے گا۔ آپ ﷺ دعا کریں "اے میرے رب میں جہاں بھی جاؤں عزت سے جاؤں اور جہاں

نَّصِيْرًا ﴿۸۰﴾ وَقُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ ؕ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ

مدد دینے والا | اور کہہ دیجئے | آگیا | حق | اور چلا گیا | باطل | بیشک | باطل | ہے

سے نکلوں عزت سے نکلوں مجھے اپنی جناب سے فاتحانہ غلبہ نصیب فرما" اور آپ ﷺ یہ کہہ دیں "حق آگیا، باطل مٹ گیا، بیشک

زَهُوْقًا ﴿۸۱﴾ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۙ

بھاگنے والا | اور ہم نازل کرتے ہیں | سے | قرآن | جو کہ | وہ ہے | شفاء | اور رحمت | مومنین کے لیے

باطل مٹ جانے والی چیز ہے۔" ہم نے قرآن نازل کیا ہے جو ایمان والوں کے لئے شفا اور رحمت ہے

وَلَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا خَسَارًا ﴿۸۲﴾ وَاِذَآ اَنْعَمْنَا عَلَى الْاِنْسَانِ

اور نہیں | وہ بڑھاتا | ظالموں کو | مگر | خسارے میں | اور جب | ہم نعمت دیتے ہیں | کو | انسان

مگر ظالموں کو اس سے کچھ نہیں ملتا سوائے نقصان کے۔ انسان کا حال یہ ہے جب ہم اسے کوئی نعمت دیتے ہیں

اَعْرَضَ وَنَاٰ بِجَانِبِهٖ ۚ وَاِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ كَانَ يَـُٔوْسًا ﴿۸۳﴾ قُلْ كُلٌّ

وہ منہ پھیرتا ہے | اور پہلو تہی کرتا ہم سے | اور جب | پہنچتی ہے اسے | برائی | وہ ہوجاتا ہے | مایوس | کہہ دیجئے | ہر کوئی

تو وہ اعراض کرتا اور پیٹھ موڑ لیتا ہے۔ جب اسے تکلیف پہنچتی ہے تو ناامید ہو جاتا ہے۔ اے نبی ﷺ آپ ﷺ ان لوگوں

يَّعْمَلُ عَلٰى شَاكِلَتِهٖ ؕ فَرَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِمَنْ هُوَ اَهْدٰى سَبِيْلًا ﴿۸۴﴾ ع

عمل کرتا ہے | پر | طریقے اپنے | پس تمہارا رب | خوب جانتا ہے | کون ہے | وہ جو | زیادہ سیدھے | راستے پر ہے

سے کہہ دیں "ہر کوئی اپنے طریقے پر چل رہا ہے۔ تمہارا رب ہی بہتر جانتا ہے کون سیدھے راستے پر ہے۔"

وَيَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الرُّوْحِ ؕ قُلِ الرُّوْحُ مِنْ اَمْرِ رَبِّیْ وَمَآ اُوْتِيْتُمْ

اور وہ پوچھتے ہیں تجھ سے | بارے میں | روح کے | کہہ دیجئے | روح ہے | سے | حکم | میرے رب کے | اور نہیں | تم کو دیا گیا

اے نبی ﷺ وہ آپ ﷺ سے روح کے بارے میں پوچھتے ہیں۔ آپ ﷺ کہیں "روح میرے رب کا ایک حکم ہے اور تمہیں

مِّنَ الْعِلْمِ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿85﴾ وَلَئِنْ شِئْنَا لَنَذْهَبَنَّ بِالَّذِيْٓ اَوْحَيْنَآ

سے | علم | مگر | تھوڑا | اور البتہ اگر | ہم چاہیں | ضرور ہم لے جائیں | وہ چیز جو | ہم نے وحی کی

بہت تھوڑا علم دیا گیا ہے۔" اور اے نبی ﷺ اگر ہم چاہیں تو وہ سب کچھ آپ ﷺ سے چھین لیں جو ہم نے آپ ﷺ کی طرف وحی

اِلَيْكَ ثُمَّ لَا تَجِدُ لَكَ بِهٖ عَلَيْنَا وَكِيْلًا ﴿86﴾ اِلَّا رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ

تیری طرف | پھر | نہ | تو پائے گا اپنے لئے | اس سے | ہم پر | کارساز | مگر | رحمت ہے | طرف سے | تیرے رب کی

کیا ہے پھر آپ ﷺ کو ہمارے مقابلے میں اپنا کوئی حمایتی نہیں ملے گا مگر آپ ﷺ پر رب کی رحمت ہے۔ بیشک آپ ﷺ پر اس

اِنَّ فَضْلَهٗ كَانَ عَلَيْكَ كَبِيْرًا ﴿87﴾ قُلْ لَّئِنِ اجْتَمَعَتِ الْاِنْسُ وَالْجِنُّ

بیشک | فضل اس کا | ہے | تجھ پر | بڑا | کہہ دیجئے | اگر | جمع ہوں | انسان | اور جن

کا بڑا فضل ہے۔ اے نبی ﷺ آپ ﷺ کافروں سے کہیں "اگر تمام انسان اور جنات مل کر اس جیسا قرآن

عَلٰٓى اَنْ يَّاْتُوْا بِمِثْلِ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لَا يَاْتُوْنَ بِمِثْلِهٖ وَلَوْ كَانَ

اس پر | کہ | لائیں | جیسا | یہ | قرآن ہے | نہیں | وہ لا سکتے | اس جیسا | اور اگرچہ | ہو

لانا چاہیں تو نہیں لا سکتے اگرچہ وہ ایک دوسرے کے

بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ ظَهِيْرًا ﴿88﴾ وَلَقَدْ صَرَّفْنَا لِلنَّاسِ فِيْ هٰذَا

ان کا بعض | بعض کے لئے | مددگار | اور بیشک | ہم نے طرح طرح سے بیان کی | لوگوں کے لیے | میں | اس

مددگار بن جائیں۔ ہم نے لوگوں کو سمجھانے کے لئے اس قرآن میں ہر طرح سے مضمون

الْقُرْاٰنِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ ۡ فَاَبٰٓى اَكْثَرُ النَّاسِ اِلَّا كُفُوْرًا ﴿89﴾ وَقَالُوْا

قرآن | سے | ہر | مثال | پھر انکار کیا | اکثر | لوگوں نے | مگر | کفر کرکے | اور انہوں نے کہا

بیان کیا۔ پھر بھی اکثر لوگ کفر و انکار پر اڑے ہوئے ہیں۔ اور کفار نے آپ ﷺ سے کہا

لَنْ نُّؤْمِنَ لَكَ حَتّٰى تَفْجُرَ لَنَا مِنَ الْاَرْضِ يَنْۢبُوْعًا ﴿90﴾ اَوْ

ہرگز نہیں | ہم مانیں گے | تجھ کو | حتی کہ | تو نکالے | ہمارے لئے | سے | زمین | ایک چشمہ | یا

ہم اس وقت تک تمہاری بات کا یقین نہیں کریں گے جب تک کہ تم ہمارے لئے زمین سے چشمہ جاری نہ کر دو، یا

تَكُوْنَ لَكَ جَنَّةٌ مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّعِنَبٍ فَتُفَجِّرَ الْاَنْهٰرَ خِلٰلَهَا

ہو | تیرے لئے | ایک باغ | کا | کھجوروں | اور انگوروں کا | پھر تو نکالے | نہریں | اس میں

تمہارے پاس کھجوروں اور انگوروں کا ایسا باغ پیدا ہو جس میں تم نہریں جاری کر کے دکھا دو

تَفْجِيْرًا ﴿91﴾ اَوْ تُسْقِطَ السَّمَآءَ كَمَا زَعَمْتَ عَلَيْنَا كِسَفًا اَوْ تَاْتِيَ

نکالنا | یا | تو گرا دے | آسمان کو | جیسے | تو گمان کرتا ہے | ہم پر | ٹکڑے کر کے | یا | تو لے آ

یا تم اپنے دعوے کے مطابق آسمان ٹکڑے ٹکڑے کر کے ہم پر گرا دو، یا

بِاللّٰهِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ قَبِيْلًا ﴿92﴾ اَوْ يَكُوْنَ لَكَ بَيْتٌ مِّنْ زُخْرُفٍ اَوْ

اللہ کو | اور فرشتوں کو | سامنے میں | یا | ہو | تیرے لئے | ایک گھر | کا | سونے | یا

اللہ اور فرشتوں کو لا کر ہمارے سامنے کھڑا کر دو، یا تمہارے لئے سونے کا گھر بن جائے، یا

تَرْقٰى فِي السَّمَآءِ ۭ وَلَنْ نُّؤْمِنَ لِرُقِيِّكَ حَتّٰى تُنَزِّلَ عَلَيْنَا

تو چڑھ جائے | میں | آسمان | اور ہرگز نہیں | ہم مانیں گے | تیرے چڑھنے کو | یہاں تک کہ | تو نازل کرے | ہم پر

تم آسمان پر چڑھ دکھاؤ، اور ہم تمہارے چڑھنے کو بھی نہیں مانیں گے جب تک تم وہاں سے کوئی لکھی لکھائی

كِتٰبًا نَّقْرَؤُهٗ ۭ قُلْ سُبْحَانَ رَبِّيْ هَلْ كُنْتُ اِلَّا بَشَرًا رَّسُوْلًا ﴿93﴾ ع

10 ع 9 10

کوئی تحریر | ہم پڑھیں جسے | کہہ دیجئے | پاک ہے | میرا رب | نہیں | ہوں میں | مگر | بشر | رسول

کتاب ہم پر نہ اتار دو جسے ہم پڑھ کر دیکھیں" اے نبی ﷺ آپ ﷺ اس کے جواب میں کہیں "میں صرف ایک بشر ہوں اور اللہ کا

وَمَا مَنَعَ النَّاسَ اَنْ يُّؤْمِنُوْٓا اِذْ جَآءَهُمُ الْهُدٰٓى اِلَّآ اَنْ قَالُوْٓا

اور نہیں | روکا | لوگوں کو | کہ | وہ ایمان لائیں | جب | آئی ان کے پاس | ہدایت | مگر | یہ کہ | انہوں نے کہا

رسول ہوں" بات یہ ہے اللہ کی ہدایت آ جانے کے بعد لوگوں کو جس چیز نے ایمان لانے سے روکا وہ یہ تھی "کیا اللہ نے بشر کو پیغمبر بنا

اَبَعَثَ اللّٰهُ بَشَرًا رَّسُوْلًا ﴿94﴾ قُلْ لَّوْ كَانَ فِي الْاَرْضِ مَلٰٓئِكَةٌ

کیا بھیجا ہے | اللہ نے | بشر کو | رسول بنا کر | کہہ دیجئے | اگر | ہوتے | میں | زمین | فرشتے

کر بھیجا؟" اے نبی ﷺ آپ ﷺ کہیں "اگر زمین پر فرشتے ہوتے جو اس پر اطمینان سے

يَّمْشُوْنَ مُطْمَئِنِّيْنَ لَنَزَّلْنَا عَلَيْهِمْ مِّنَ السَّمَآءِ مَلَكًا رَّسُوْلًا ﴿95﴾ قُلْ

جو چلتے پھرتے | آرام سے | تو البتہ ہم اتارتے | ان پر | سے | آسمان | فرشتے کو | رسول بنا کر | کہہ دیجئے

چل پھر رہے ہوتے تو پھر ہم ضرور کسی فرشتے ہی کو آسمان سے پیغمبر بنا کر ان کے پاس بھیجتے۔" اور آپ ﷺ ان لوگوں سے کہہ دیں

كَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًۢا بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ ۭ اِنَّهٗ كَانَ بِعِبَادِهٖ خَبِيْرًۢا

کافی ہے | اللہ | گواہ | درمیان میرے | اور درمیان تمہارے | بیشک وہ | ہے | اپنے بندوں سے | باخبر

"اللہ میرے اور تمہارے درمیان گواہی کے لیے کافی ہے۔" بیشک وہ اپنے بندوں کو جاننے والا

بَصِيْرًا ﴿٩٦﴾ وَمَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِ ۚ وَمَنْ يُّضْلِلْ فَلَنْ تَجِدَ

خوب دیکھنے والا | اور جسے | ہدایت دے | اللہ | تو وہی | ہدایت یافتہ ہے | اور جسے | وہ گمراہ کرے | ہرگز نہیں | تو پائے گا

دیکھنے والا ہے۔ اللہ جن کو ہدایت دے وہی ہدایت پا سکتے ہیں۔ جنہیں وہ گمراہ کر دے تو تم ان

لَهُمْ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِهٖ ۭ وَنَحْشُرُهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَلٰى وُجُوْهِهِمْ

ان کے لئے | دوست | سے | سوائے اسکے | اور ہم جمع کریں گے ان کو | دن | قیامت کے | پر | ان کے چہروں

کے لئے اللہ کے سوا کسی کو مددگار نہ پاؤ گے۔ ہم قیامت کے دن ان کو

عُمْيًا وَّبُكْمًا وَّصُمًّا ۭ مَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ۭ كُلَّمَا خَبَتْ زِدْنٰهُمْ

اندھے ہوں گے | اور گونگے | اور بہرے | ٹھکانہ ان کا | جہنم ہے | جب | بجھنے لگے گی | ہم زیادہ کریں گے انکے لئے

اندھا، گونگا اور بہرا کر کے ان کے منہ کے بل اٹھائیں گے۔ ان کا ٹھکانا دوزخ ہے۔ جب اس کی آگ دھیمی ہونے لگے گی ہم اسے

النصف

سَعِيْرًا ﴿٩٧﴾ ذٰلِكَ جَزَآؤُهُمْ بِاَنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِنَا وَقَالُوْٓا ءَاِذَا كُنَّا

آگ بھڑکانا | یہ ہے | بدلہ ان کا | کیونکہ انہوں نے | انکار کیا | ہماری آیتوں کا | اور انہوں نے کہا | کیا جب | ہم ہونگے

مزید بھڑکا دیں گے۔ یہ بدلہ ہو گا اس کا جو انہوں نے ہماری آیتوں کا انکار کیا اور کہتے تھے ”جب ہم مرنے

عِظَامًا وَّرُفَاتًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ خَلْقًا جَدِيْدًا ﴿٩٨﴾ اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّ

ہڈیاں | اور بوسیدہ | کیا بیشک ہم | ضرور اٹھائے جائیں گے | پیدائش | نئی میں | کیا نہیں | دیکھتے | کہ

کے بعد ہڈیاں اور ریزہ ریزہ ہو جائیں گے تو کیا ہمیں نئے سرے سے پیدا کر کے اٹھایا جائے گا؟“ انہوں نے یہ نہ سوچا جس اللہ

اللّٰهَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ قَادِرٌ عَلٰٓي اَنْ يَّخْلُقَ مِثْلَهُمْ

اللہ | وہ ہے جس نے | پیدا کیا | آسمانوں کو | اور زمین کو | قادر ہے | پر | کہ | وہ پیدا کرے | ان جیسے

نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا وہ اس پر بھی قادر ہے کہ اس طرح لوگوں کو دوبارہ پیدا کر دے؟ اسی کے لئے اس نے قیامت کا وقت

وَجَعَلَ لَهُمْ اَجَلًا لَّا رَيْبَ فِيْهِ ۭ فَاَبَى الظّٰلِمُوْنَ اِلَّا كُفُوْرًا ﴿٩٩﴾

اور وہ مقرر کرے | ان کے لئے | مدت مقررہ | نہیں | شک | میں جس | پس انکار کیا | ظالموں نے | مگر | کفر کرکے

بھی مقرر کر رکھا ہے جس کے آنے میں کوئی شک نہیں۔ اس کے باوجود ظالم لوگ انکار پر اڑے ہوئے ہیں۔

قُلْ لَّوْ اَنْتُمْ تَمْلِكُوْنَ خَزَآئِنَ رَحْمَةِ رَبِّيْٓ اِذًا لَّاَمْسَكْتُمْ خَشْيَةَ

کہہ دیجئے | اگر | تم | مالک ہوتے | خزانوں کے | میرے رب کی رحمت کے | اس وقت | ضرور تم روکے رکھتے | ڈر سے

اے نبی ﷺ! آپ ﷺ ان سے کہیں ”اگر میرے رب کی رحمت کے خزانے تمہارے اختیار میں ہوتے تو تم ان کے خرچ ہو جانے

الْاِنْفَاقِ ؕ وَ كَانَ الْاِنْسَانُ قَتُوْرًا ﴿۱۰۰﴾ وَ لَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسٰى تِسْعَ اٰيٰتٍۭ

خرچ ہو جانے کے | اور ہے | انسان | تنگ دل | اور بیشک | ہم نے دیں | موسیٰ کو | نو | نشانیاں

کے اندیشے سے ضرور ہاتھ روک لیتے۔'' انسان بڑا ہی تنگ دل ہے۔ اے نبی ﷺ ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو نو (9) کھلی نشانیاں

بَيِّنٰتٍ فَسْــَٔلْ بَنِیْۤ اِسْرَآءِيْلَ اِذْ جَآءَهُمْ فَقَالَ لَهٗ فِرْعَوْنُ اِنِّیْ

واضح | پس پوچھ لے | بنی اسرائیل سے | جب | آئیں پاس انکے | تو کہا | اس کو | فرعون نے | بیشک میں

دیں۔ آپ ﷺ بنی اسرائیل سے پوچھیں جب موسیٰ علیہ السلام کے پاس پیغمبر بن کر آئے تو فرعون نے کہا ''اے موسیٰ علیہ السلام میرے

لَاَظُنُّكَ يٰمُوْسٰى مَسْحُوْرًا ﴿۱۰۱﴾ قَالَ لَقَدْ عَلِمْتَ مَاۤ اَنْزَلَ هٰۤؤُلَآءِ

البتہ میں سمجھتا ہوں تجھے | اے موسیٰ | جادو کیا ہوا | اس نے کہا | بیشک | تو جانتا ہے | نہیں | اتارا | ان کو

خیال میں تم پر کسی نے جادو کیا ہے۔'' موسیٰ علیہ السلام نے جواب دیا ''تو خوب جانتا ہے یہ بصیرت افروز

اِلَّا رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ بَصَآئِرَ ۚ وَ اِنِّیْ لَاَظُنُّكَ يٰفِرْعَوْنُ

مگر | رب نے | آسمانوں کے | اور زمین کے | بصیرتیں | اور بیشک میں | البتہ میں سمجھتا ہوں تجھے | اے فرعون

نشانیاں رب العالمین نے اتاری ہیں۔ اے فرعون میرا خیال ہے تیری شامت آنے

مَثْبُوْرًا ﴿۱۰۲﴾ فَاَرَادَ اَنْ يَّسْتَفِزَّهُمْ مِّنَ الْاَرْضِ فَاَغْرَقْنٰهُ وَ مَنْ مَّعَهٗ

ہلاک شدہ | پھر اس نے چاہا | کہ | وہ بھگائے ان کو | سے | ملک | پس ہم نے غرق کیا اسے | اور انکو جو تھے | ساتھ اسکے

والی ہے۔'' فرعون نے چاہا کہ موسیٰ علیہ السلام اور بنی اسرائیل کے قدم سرزمینِ مصر سے اکھاڑ دے۔ مگر ہم نے فرعون کو اس کے

جَمِيْعًا ۙ﴿۱۰۳﴾ وَّ قُلْنَا مِنْۢ بَعْدِهٖ لِبَنِیْۤ اِسْرَآءِيْلَ اسْكُنُوا الْاَرْضَ فَاِذَا جَآءَ

سب کو | اور ہم نے کہا | سے | بعد اس کے | بنی اسرائیل کو | تم رہو | زمین میں | پھر جب | آئے گا

سارے ساتھیوں سمیت سمندر میں غرق کر دیا۔ اس واقعے کے بعد ہم نے بنی اسرائیل سے کہا ''اب تم زمین میں امن و چین سے

وَعْدُ الْاٰخِرَةِ جِئْنَا بِكُمْ لَفِيْفًا ؕ﴿۱۰۴﴾ وَ بِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَ بِالْحَقِّ

وعدہ | آخرت کا | ہم لائیں گے | تمہیں | لپیٹ کر | اور ساتھ حق کے | ہم نے اتارا ہے اسے | اور ساتھ حق کے

رہو۔ پھر جب آخرت کا وعدہ آئے گا تو ہم اپنے پاس تم سب کو اکٹھا کر لیں گے۔ اے نبی ﷺ ہم نے اس قرآن کو حق کے ساتھ

نَزَلَ ؕ وَ مَاۤ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّ نَذِيْرًا ﴿۱۰۵﴾ وَ قُرْاٰنًا فَرَقْنٰهُ

وہ نازل ہوا | اور نہیں | ہم نے بھیجا تجھے | مگر | خوشخبری دینے والا | اور ڈرانیوالا | اور قرآن کو | ہم نے حصوں میں تقسیم کیا اسے

اتارا اور یہ حق کے ساتھ اترا ہے۔ اور ہم نے آپ ﷺ کو خوشخبری دینے والا اور خبردار کرنے والا بنا کر بھیجا ہے۔ اور ہم نے اس

لِتَقْرَاَهٗ عَلَى النَّاسِ عَلٰى مُكْثٍ وَّنَزَّلْنٰهُ تَنْزِيْلًا ﴿106﴾ قُلْ اٰمِنُوْا بِهٖٓ

تاکہ تو پڑھے اسے | پر | لوگوں | سے | وقفے | اور ہم نے اتارا اسے | اتارنا | کہہ دیجئے | تم ایمان لاؤ | اس پر

قرآن کو تھوڑا تھوڑا کر کے نازل کیا تاکہ آپ ﷺ اسے وقفے وقفے سے لوگوں کو سناتے رہیں۔ اسے ہم نے بتدریج اتارا ہے۔ اور

اَوْ لَا تُؤْمِنُوْا ؕ اِنَّ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ مِنْ قَبْلِهٖٓ اِذَا يُتْلٰى

یا | نہ | تم ایمان لاؤ | بیشک | جو لوگ | دیئے گئے | علم | سے | پہلے اس کے | جب | پڑھا جاتا ہے

آپ ﷺ ان لوگوں سے کہہ دیں ''تم اس قرآن پر ایمان لاؤ یا نہ لاؤ لیکن بعض لوگ جنہیں اس سے پہلے کی کتابوں کا علم دیا گیا

عَلَيْهِمْ يَخِرُّوْنَ لِلْاَذْقَانِ سُجَّدًا ۙ ﴿107﴾ وَّيَقُوْلُوْنَ سُبْحٰنَ رَبِّنَآ اِنْ

ان پر | وہ گر پڑتے ہیں | بل ٹھوڑیوں کے | سجدہ کرتے ہوئے | اور وہ کہتے ہیں | پاک ہے | رب ہمارا | بیشک

جب انہیں یہ قرآن سنایا جاتا ہے تو وہ منہ کے بل سجدے میں گر پڑتے ہیں اور کہتے ہیں ''ہمارا رب پاک ہے۔ بیشک ہمارے رب

كَانَ وَعْدُ رَبِّنَا لَمَفْعُوْلًا ﴿108﴾ وَيَخِرُّوْنَ لِلْاَذْقَانِ يَبْكُوْنَ وَيَزِيْدُهُمْ

ہے | وعدہ | رب ہمارے کا | البتہ اٹل | اور وہ گرتے ہیں | بل ٹھوڑیوں کے | روتے ہوئے | اور وہ اضافہ کرتا ہے ان میں

کا وعدہ پورا ہونا تھا'' وہ منہ کے بل اللہ کے حضور گر پڑتے ہیں، ان کی آنکھیں روتی ہیں اور قرآن ان کے خشوع اور عاجزی کو بڑھا

خُشُوْعًا ۩ ﴿109﴾ قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ ؕ اَيًّا مَّا تَدْعُوْا فَلَهُ

عاجزی کا | کہہ دیجئے | تم پکارو | اللہ کہہ کر | یا | تم پکارو | رحمٰن کہہ کر | یا کیسے | تم پکارو | تو اسکے ہیں

دیتا ہے۔ اے نبی ﷺ آپ ﷺ کہہ دیں ''لوگو تم خواہ اللہ کہہ کر پکارو، یا رحمٰن کہہ کر پکارو۔ سب

السجدة 4

الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ۚ وَلَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ وَلَا تُخَافِتْ بِهَا وَابْتَغِ

نام | بہت اچھے | اور نہ | تو آواز بلند کر | اپنی نماز میں | اور نہ | تو بہت آہستہ کر | اس کو | اور تو ڈھونڈھ

اچھے نام اسی کے ہیں۔'' اور اے نبی ﷺ آپ ﷺ اپنی نماز میں قراءت نہ تو بہت زیادہ پکار کر کریں اور نہ بالکل چپکے چپکے، بلکہ ان

بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيْلًا ﴿110﴾ وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا

درمیان | اس کے | راہ | اور کہہ دیجئے | تمام تعریف ہے | اللہ کی | جس نے | نہیں | بنائی | اولاد

دونوں کے درمیان کا طریقہ اختیار کریں۔ اور یہ بھی کہہ دیں ''تعریف اُس اللہ کے لئے ہے جو اولاد نہیں رکھتا،

وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِيٌّ مِّنَ

اور نہیں | ہے | اس کا | کوئی شریک | میں | بادشاہی | اور نہیں | ہے | اسکے لئے | دوست بچانے والا | سے

اس کی بادشاہی میں کوئی اس کا شریک نہیں۔ وہ ایسا عاجز و کمزور نہیں کہ کوئی اس کا مدد گار ہو۔''

الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا ۝١١١

ذلت | اور تو بڑائی بیان کر اس کی | خوب بڑائی بیان کرنا۔

اور آپ ﷺ اس کی خوب بڑائی بیان کریں۔

(18) سُوْرَةُ الْكَهْفِ مَكِّيَّةٌ (69)

اٰیاتھا 110 — رکوعاتھا 12

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ عَلٰي عَبْدِهِ الْكِتٰبَ وَلَمْ يَجْعَلْ لَّهٗ

تمام تعریف ہے | اللہ کے لئے | جس نے | اتاری | پر | بندے اپنے | کتاب | اور نہیں | اس نے رکھی | اس کے لئے

تعریف اللہ کے لئے ہے جس نے اپنے بندے پر ایسی کتاب نازل کی جس کے سمجھنے میں کوئی

عِوَجًا ۝١ قَيِّمًا لِّيُنْذِرَ بَاْسًا شَدِيْدًا مِّنْ لَّدُنْهُ وَيُبَشِّرَ

کوئی ٹیڑھ | وہ قائم رکھنے والی | تاکہ وہ خبردار کرے | عذاب | سخت کے بارے میں | سے | اپنے پاس | اور وہ بشارت دے

پیچیدگی نہیں۔ یہ رہنما کتاب ہے جس کا مقصد یہ ہے کہ وہ ان لوگوں کو جو اسے جھٹلائیں ایک سخت عذاب سے آگاہ کر دے اور ایمان

الْمُؤْمِنِيْنَ الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمْ اَجْرًا حَسَنًا ۝٢

ایمان والوں کو | جو کہ | عمل کرتے ہیں | اچھے | کہ | ان کیلئے ہے | ثواب | اچھا

والوں کو جو نیک عمل کرتے ہیں خوشخبری سنا دے کہ ان کے لئے جنت کا اچھا بدلہ ہے

مّٰكِثِيْنَ فِيْهِ اَبَدًا ۝٣ وَّيُنْذِرَ الَّذِيْنَ قَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا ۝٤ مَا

وہ رہنے والے ہیں | اس میں | ہمیشہ | اور وہ خبردار کرے | ان کو | جو کہتے ہیں | بنائی ہے | اللہ نے | اولاد | نہیں

جس میں وہ ہمیشہ رہیں گے اور تاکہ یہ کتاب ان لوگوں کو خبردار کر دے جو کہتے ہیں اللہ اولاد رکھتا ہے۔ اس بارے

لَهُمْ بِهٖ مِنْ عِلْمٍ وَّلَا لِاٰبَاۗىِٕهِمْ ۭ كَبُرَتْ كَلِمَةً تَخْرُجُ مِنْ

ان کو | اس کا | کچھ | علم | اور نہ | ان کے باپ دادا کو | بھاری ہے | بات جو | نکلتی ہے | سے

میں نہ خود انہیں کچھ علم ہے اور نہ ان کے باپ دادا کو کچھ علم تھا۔ کتنی سنگین بات ہے جو ان کے منہ سے

اَفْوَاهِهِمْ ۭ اِنْ يَّقُوْلُوْنَ اِلَّا كَذِبًا ۝٥ فَلَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ عَلٰٓي

ان کے منہ | نہیں | وہ بولتے | مگر | جھوٹ | پس شاید تو | ہلاک کرنے والا ہے | اپنی جان | کو

نکلتی ہے۔ وہ جو کچھ کہتے ہیں جھوٹ کہتے ہیں۔ اے نبی ﷺ شاید آپ ان لوگوں کی وجہ سے اپنے آپ

اٰثَارِهِمْ اِنْ لَّمْ يُؤْمِنُوْا بِهٰذَا الْحَدِيْثِ اَسَفًا ۝٦ اِنَّا جَعَلْنَا مَا

پیچھے ان کے | اگر | نہ | وہ ایمان لائے | اس | کلام پر | غم کرتے ہوئے | بیشک | ہم نے بنائی ہے | جو ہے

کو غم سے ہلاک کر ڈالیں گے کہ وہ کیوں اس قرآن پر ایمان نہیں لاتے۔ حقیقت یہ ہے کہ

عَلَى الْاَرْضِ زِيْنَةً لَّهَا لِنَبْلُوَهُمْ اَيُّهُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا ۝٧ وَاِنَّا

پر | زمین | زینت | اس کی | تا کہ ہم آزمائیں ان کو | کون ان کا ہے | زیادہ اچھا | عمل میں | اور بیشک ہم

روئے زمین پر جو کچھ ہے اسے ہم نے زمین کے لئے سجاوٹ بنائی ہے تا کہ لوگوں کو آزمائیں ان میں سے کون اچھے کام کرتا ہے۔

لَجٰعِلُوْنَ مَا عَلَيْهَا صَعِيْدًا جُرُزًا ۝٨ اَمْ حَسِبْتَ اَنَّ اَصْحٰبَ

ضرور بنانے والے ہیں | اسے جو ہے | اس پر | زمین | بنجر | کیا | تو نے گمان کیا | کہ | والے

پھر ہم زمین کی ساری چیزوں کو ایک دن ملیامیٹ کر کے صاف میدان بنا دیں گے۔ کیا تم خیال کرتے ہو غار

الْكَهْفِ وَالرَّقِيْمِ ۙ كَانُوْا مِنْ اٰيٰتِنَا عَجَبًا ۝٩ اِذْ اَوَى الْفِتْيَةُ اِلَى

غار | اور کتبے والے | تھے | سے | نشانیاں ہماری | عجیب | جب | ٹھہرے | کچھ جوان | طرف

اور کتبے والے اصحاب کہف ہماری نشانیوں میں سے بہت عجب نشانی تھے؟ جب ان نوجوانوں نے غار میں پناہ لی تو انہوں نے دعا

الْكَهْفِ فَقَالُوْا رَبَّنَآ اٰتِنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً وَّهَيِّئْ لَنَا مِنْ

غار کی | تو وہ بولے | اے رب ہمارے | ہمیں دے | سے | پاس اپنے | رحمت | اور تو تیار کر | ہمارے لئے | سے

کی ''اے ہمارے رب! ہم پر اپنی خاص رحمت نازل کر۔ ہمارے نیک مقصد میں کامیابی

اَمْرِنَا رَشَدًا ۝١٠ فَضَرَبْنَا عَلٰٓى اٰذَانِهِمْ فِي الْكَهْفِ سِنِيْنَ

ہمارے کام میں | بھلائی | پھر ہم نے پردہ ڈالا | پر | ان کے کانوں | میں | غار | برس

عطا فرما'' پھر ہم نے اسی غار میں ان کے کان تھپک کر انہیں سالہا سال کے لئے گہری نیند

عَدَدًا ۝١١ ثُمَّ بَعَثْنٰهُمْ لِنَعْلَمَ اَيُّ الْحِزْبَيْنِ اَحْصٰى لِمَا لَبِثُوْٓا

کئی تک | پھر | ہم نے اٹھایا ان کو | تا کہ ہم جان لیں | کون ہے | دونوں گروہوں میں سے | زیادہ شمار کرنے والا | اس کو کہ | وہ رہے

سلا دیا۔ پھر ہم نے انہیں جگایا تا کہ ہم دیکھیں ان کے اپنے دو مختلف گروہوں میں سے کون اس مدتِ قیام کا صحیح

اَمَدًا ۝١٢ ع نَحْنُ نَقُصُّ عَلَيْكَ نَبَاَهُمْ بِالْحَقِّ ۭ اِنَّهُمْ فِتْيَةٌ اٰمَنُوْا

مدت تک | ہم | ہم بیان کرتے ہیں | تجھ پر | ان کا قصہ | ٹھیک | بیشک وہ تھے | جوان | جو ایمان لائے

شمار کرتا ہے۔ ہم تمہیں اصل واقعہ سناتے ہیں۔ وہ چند نوجوان تھے جو اپنے رب پر

بِرَبِّهِمْ وَزِدْنٰهُمْ هُدًى ۝ وَّرَبَطْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ اِذْ قَامُوْا فَقَالُوْا

اپنے رب پر | اور ہم نے زیادہ دی ان کو | ہدایت | اور ہم نے مضبوط کیا | کو | ان کے دلوں | جب | وہ کھڑے ہوئے | تو وہ بولے

ایمان لائے۔ ہم نے انہیں ہدایت میں مزید ترقی دی۔ ان کے دل مضبوط کر دیئے۔ جب وہ اٹھے تو انہوں نے کہا ''ہمارا رب وہ

رَبُّنَا رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ لَنْ نَّدْعُوَاۡ مِنْ دُوْنِهٖٓ اِلٰهًا لَّقَدْ

اے رب ہمارے | رب | آسمانوں کے | اور زمین کے | ہرگز نہیں | ہم پکاریں گے | سے | سوا اسکے | کوئی معبود | یقیناً

ہے جو آسمانوں اور زمین کا رب ہے۔ ہم اس کے سوا کسی اور معبود کو نہیں پکاریں گے۔ اگر ہم ایسا کریں تو

قُلْنَآ اِذًا شَطَطًا ۝ هٰٓؤُلَآءِ قَوْمُنَا اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اٰلِهَةً ؕ لَوْلَا

ہم کہیں گے | اس وقت | نامناسب بات | یہ | ہماری قوم نے | بنائے ہیں | سے | سوائے اسکے | کئی معبود | کیوں نہیں

بہت بے جا بات ہو گی۔ یہ ہماری قوم کے لوگوں نے اللہ کو چھوڑ کر دوسرے معبود بنا رکھے ہیں۔ یہ کیوں ان کے

يَاْتُوْنَ عَلَيْهِمْ بِسُلْطٰنٍۢ بَيِّنٍ ؕ فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ

لاتے | ان پر | دلیل | واضح | پس کون ہے | زیادہ ظالم | اس سے جو | گھڑے | پر | اللہ

حق میں کوئی واضح دلیل پیش نہیں کرتے۔ پھر اس شخص سے بڑھ کر ظالم اور کون ہو گا

كَذِبًا ۝ وَاِذِ اعْتَزَلْتُمُوْهُمْ وَمَا يَعْبُدُوْنَ اِلَّا اللّٰهَ فَاْوٗٓا اِلَى

جھوٹ | اور جب | تم الگ ہو گئے ان سے | اور جس کی | وہ عبادت کرتے ہیں | سوائے | اللہ کے | تو تم پناہ لو | طرف

جو اللہ پر جھوٹ باندھے؟ اور اب جبکہ تم ان کو اور ان کے بنائے ہوئے معبودوں کو جنہیں وہ پوجتے ہیں چھوڑ کر الگ ہو چکے ہو تو

الْكَهْفِ يَنْشُرْ لَكُمْ رَبُّكُمْ مِّنْ رَّحْمَتِهٖ وَيُهَيِّئْ لَكُمْ مِّنْ

غار کی | پھیلائے گا | تمہارے لئے | تمہارا رب | سے | اپنی رحمت | اور وہ مہیا کرے گا | تمہارے لئے | سے

چاہئے کہ چل کر غار میں پناہ لیں۔ تمہارا رب تم پر اپنی رحمت کا سایہ پھیلا دے گا اور تمہارے کام کے لئے

اَمْرِكُمْ مِّرْفَقًا ۝ وَتَرَى الشَّمْسَ اِذَا طَلَعَتْ تَّزٰوَرُ عَنْ كَهْفِهِمْ

تمہارے کام | آسانی | اور تو دیکھے | اس سورج کو | جب | طلوع ہوتا | ایک طرف سے گزرتا ہے | سے | غار ان کے

سروسامان مہیا کرے گا۔'' اور جب سورج نکلتا تو ان کے غار کو چھوڑ کر دائیں طرف

ذَاتَ الْيَمِيْنِ وَاِذَا غَرَبَتْ تَّقْرِضُهُمْ ذَاتَ الشِّمَالِ وَهُمْ فِيْ

طرف | دائیں | اور جب | غروب ہوتا ہے | نکل جاتا ہے ان سے | طرف | بائیں | اور وہ ہیں | میں

چڑھ جاتا اور جب ڈوبتا تو ان سے بچ کر بائیں طرف اتر جاتا۔ اور وہ

فَجْوَةٍ مِّنْهُ ۭ ذٰلِكَ مِنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ ۭ مَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِ ۚ

کھلی جگہ | اس میں سے | یہ ہے | سے | نشانیوں | اللہ کی | جسے | ہدایت دے | اللہ | پس وہی ہے | ہدایت یافتہ

غار کے اندر ایک وسیع جگہ میں پڑے ہوئے تھے۔ یہ بھی اللہ کی نشانیوں میں سے ایک نشانی ہے۔ جسے اللہ ہدایت دے وہی ہدایت

2 ع 5 14

وَمَنْ يُّضْلِلْ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ وَلِيًّا مُّرْشِدًا ۝17 ع وَتَحْسَبُهُمْ اَيْقَاظًا

اور جسے | وہ گمراہ کرے | پھر ہرگز نہیں | تو پائے گا | اس کیلئے دوست | رہنما | اور تو گمان کرے ان کو | جاگتے

پانے والا ہے اور جسے وہ گمراہ کر دے اس کے لئے کوئی دوسرا کارساز اور رہنما نہیں ہو سکتا۔ اور اگر تم انہیں دیکھتے

وَّهُمْ رُقُوْدٌ ڰ وَّنُقَلِّبُهُمْ ذَاتَ الْيَمِيْنِ وَذَاتَ الشِّمَالِ ڰ وَكَلْبُهُمْ

جبکہ وہ ہیں | سوتے | اور ہم کروٹیں بدلواتے ہیں ان کی | طرف | دائیں | اور طرف | بائیں | اور کتا ان کا ہے

تو سمجھتے وہ جاگ رہے ہیں حالانکہ وہ سو رہے تھے۔ ہم انہیں دائیں اور بائیں کروٹ دلواتے رہتے تھے۔ ان کا کتا

بَاسِطٌ ذِرَاعَيْهِ بِالْوَصِيْدِ ۭ لَوِ اطَّلَعْتَ عَلَيْهِمْ لَوَلَّيْتَ مِنْهُمْ

پھیلائے ہوئے | دونوں بازو اپنے | غار کے دہانے پر | اگر | تو جھانکے | ان پر | ضرور تو پیٹھ پھیرے | ان سے

غار کے دہانے پر دونوں ہاتھ پھیلائے بیٹھا تھا۔ اگر تم انہیں جھانک کر دیکھتے تو وہاں سے اُلٹے پاؤں

فِرَارًا وَّلَمُلِئْتَ مِنْهُمْ رُعْبًا ۝18 وَكَذٰلِكَ بَعَثْنٰهُمْ لِيَتَسَاۗءَلُوْا

بھاگ کر | اور ضرور تجھ پر طاری ہو | ان کا | خوف | اور اسی طرح | ہم نے اٹھایا ان کو | تاکہ وہ پوچھیں

بھاگ کھڑے ہوتے اور تم پر ان کی دہشت طاری ہو جاتی۔ اسی طرح ہم نے انہیں جگا دیا تاکہ وہ آپس میں

بَيْنَهُمْ ۭ قَالَ قَاۗىِٕلٌ مِّنْهُمْ كَمْ لَبِثْتُمْ ۭ قَالُوْا لَبِثْنَا يَوْمًا اَوْ

درمیان اپنے | کہا | ایک کہنے والے نے | ان میں سے | کتنا عرصہ | تم رہے | وہ بولے | ہم رہے | ایک دن | یا

پوچھ گچھ کریں۔ ان میں سے ایک نے پوچھا "ہم کتنی دیر غار میں رہے؟" ان میں سے بعض نے کہا "ایک دن

بَعْضَ يَوْمٍ ۭ قَالُوْا رَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِمَا لَبِثْتُمْ ۭ فَابْعَثُوْٓا اَحَدَكُمْ

حصہ | ایک دن کا | وہ بولے | تمہارا رب | بہتر جانتا ہے | کہ | کب تک تم رہے | پس تم بھیجو | ایک کو اپنے سے

یا ایک دن سے بھی کچھ کم رہے ہوں گے۔" پھر وہ بولے "ہمارا رب بہتر جانتا ہے ہم کتنی دیر یہاں پڑے رہے۔ اچھا، اب اپنے

بِوَرِقِكُمْ هٰذِهٖٓ اِلَى الْمَدِيْنَةِ فَلْيَنْظُرْ اَيُّهَآ اَزْكٰى طَعَامًا

اپنی نقدی کے ساتھ | اس | طرف | شہر کی | پھر چاہیے وہ دیکھے | کون سا ہے | پاکیزہ | کھانا

میں سے کسی کو چاندی کا یہ سکہ دے کر شہر بھیجیں۔ وہ جا کر دیکھے پاکیزہ کھانا کہاں ملتا ہے

فَلْيَاْتِكُمْ بِرِزْقٍ مِّنْهُ وَلْيَتَلَطَّفْ وَلَا يُشْعِرَنَّ بِكُمْ اَحَدًا ﴿19﴾

پھر وہ لائے تمہارا | رزق | اس سے | اور چاہیے کہ وہ نرمی کرے | اور نہ | وہ بتائے | تمہارے بارے میں | کسی کو

وہاں سے تمہارے لئے کھانا لائے۔ وہ ذرا ہوشیار رہے کسی کو ہماری خبر نہ ہونے دے۔

اِنَّهُمْ اِنْ يَّظْهَرُوْا عَلَيْكُمْ يَرْجُمُوْكُمْ اَوْ يُعِيْدُوْكُمْ فِيْ مِلَّتِهِمْ

بیشک وہ | اگر | وہ غالب آ گئے | تم پر | وہ سنگسار کر دیں گے تمہیں | یا | واپس لے جائیں گے تمہیں | میں | اپنے مذہب

اگر ہماری قوم کے لوگوں کو پتہ چل گیا وہ ہمیں جان سے مار ڈالیں گے یا ہمیں مجبور کریں گے کہ ہم ان کے مذہب میں واپس چلے

وَلَنْ تُفْلِحُوْٓا اِذًا اَبَدًا ﴿20﴾ وَكَذٰلِكَ اَعْثَرْنَا عَلَيْهِمْ لِيَعْلَمُوْٓا اَنَّ

اور ہرگز نہیں | تم فلاح پاؤ گے | اس وقت | کبھی | اور اس طرح | ہم نے بتایا | ان کو | تاکہ وہ معلوم کر لیں | کہ

جائیں پھر ہم کبھی فلاح نہ پائیں گے۔" جب ان کا آدمی وہاں پہنچا تو ہم نے شہر والوں کو اس واقعے سے مطلع کر دیا تاکہ وہ جان لیں

وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّاَنَّ السَّاعَةَ لَا رَيْبَ فِيْهَا ۚ اِذْ يَتَنَازَعُوْنَ بَيْنَهُمْ

وعدہ | اللہ کا | سچا ہے | اور یہ کہ | گھڑی قیامت کی | نہیں | شک | اس میں | جب | وہ جھگڑتے تھے | آپس میں

کہ اللہ کا وعدہ سچا ہے اور یہ کہ قیامت میں کوئی شک نہیں۔ پھر اصحاب کہف کے مرنے کے بعد جب لوگ آپس میں جھگڑ رہے تھے

اَمْرَهُمْ فَقَالُوا ابْنُوْا عَلَيْهِمْ بُنْيَانًا ؕ رَبُّهُمْ اَعْلَمُ بِهِمْ ؕ قَالَ

اپنے کام میں | پھر انہوں نے کہا | تم بناؤ | ان پر | عمارت | رب ان کا | خوب جانتا ہے | ان کو | کہا

کہ اب ان کے بارے میں کیا کیا جائے۔ کچھ لوگوں نے کہا "ان کے غار کے آگے دیوار بنا دو۔ ان کا رب ان کے معاملے کو بہتر

الَّذِيْنَ غَلَبُوْا عَلٰٓى اَمْرِهِمْ لَنَتَّخِذَنَّ عَلَيْهِمْ مَّسْجِدًا ﴿21﴾ سَيَقُوْلُوْنَ

انہوں نے جو | غالب آئے | میں | ان کے معاملے | ضرور ہم بنائیں گے | ان پر | مسجد | اب وہ کہتے ہیں

جانتا ہے" مگر جو لوگ ان کے معاملات پر غالب تھے انہوں نے کہا ہم ان کے غار پر عبادت گاہ بنائیں گے۔" اب کچھ لوگ کہیں

ثَلٰثَةٌ رَّابِعُهُمْ كَلْبُهُمْ ۚ وَيَقُوْلُوْنَ خَمْسَةٌ سَادِسُهُمْ كَلْبُهُمْ رَجْمًا

وہ تین ہیں | چوتھا ان کا ہے | کتا ان کا | اور وہ کہتے ہیں | پانچ ہیں | چھٹا ان کا ہے | کتا ان کا | قیاس آرائی

گے اصحاب کہف تین آدمی تھے اور چوتھا اُن کا کتا تھا۔ بعض کہیں گے "نہیں وہ پانچ تھے اور چھٹا ان کا کتا تھا۔ یہ سب

بِالْغَيْبِ ۚ وَيَقُوْلُوْنَ سَبْعَةٌ وَّثَامِنُهُمْ كَلْبُهُمْ ؕ قُلْ رَّبِّيْٓ اَعْلَمُ

بغیر دیکھے | اور وہ کہتے ہیں | سات ہیں | اور آٹھواں ان کا ہے | کتا ان کا | کہہ دیجئے | میرا رب | بہتر جانتا ہے

لوگ بے تحقیق بات کہتے ہیں۔ لیکن کچھ لوگ کہیں گے وہ سات تھے اور آٹھواں ان کا کتا تھا۔ اے نبی ﷺ! آپ ﷺ کہہ دیں

بِعِدَّتِهِمْ مَّا يَعْلَمُهُمْ اِلَّا قَلِيْلٌ فَلَا تُمَارِ فِيْهِمْ اِلَّا مِرَآءً

ان کی تعداد کو | نہیں | جانتے ان کو | مگر | تھوڑے | پس نہ | جھگڑا کر | ان سے | مگر | جھگڑا

''میرا رب ہی بہتر جانتا ہے وہ کتنے تھے۔ تھوڑے ہی لوگ انہیں جانتے ہیں۔'' لہٰذا آپ ﷺ سرسری بات سے زیادہ ان کے

ظَاهِرًا وَّلَا تَسْتَفْتِ فِيْهِمْ مِّنْهُمْ اَحَدًا ﴿22﴾ وَلَا تَقُوْلَنَّ لِشَایْءٍ

ظاہری | اور نہ | تو پوچھ | بارے میں ان کے | ان سے | کسی سے | اور نہ | کہیں ہرگز | کسی چیز کو

معاملے میں بحث نہ کریں، نہ ان کے بارے میں ان لوگوں میں سے کسی سے پوچھیں۔ اے نبی ﷺ آپ ﷺ کسی کام کے

اِنِّيْ فَاعِلٌ ذٰلِكَ غَدًا ﴿23﴾ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ وَاذْكُرْ رَّبَّكَ اِذَا

بیشک میں | کرنے والا ہوں | اسے | کل | مگر | یہ کہ | چاہے | اللہ | اور تو یاد کر | اپنے رب کو | جب

بارے میں یوں نہ کہیں ''میں اسے کل کر دوں گا'' بلکہ کہا کریں انشاء اللہ میں کر دوں گا۔ اگر کبھی یہ کہنا بھول جائیں تو

نَسِيْتَ وَقُلْ عَسٰۤى اَنْ يَّهْدِيَنِ رَبِّيْ لِاَقْرَبَ مِنْ هٰذَا رَشَدًا ﴿24﴾

تو بھول جائے | اور کہہ دیجئے | امید ہے | کہ | ہدایت دے مجھے | میرا رب | طرف زیادہ قریب | سے | اس | بھلائی میں

جب یاد آ جائے ان شاء اللہ کہہ کر اپنے رب کو یاد کر لیں۔'' اور کہیں ''امید ہے میرا رب ہر معاملے میں میری بہتر رہنمائی فرمائے گا''

وَلَبِثُوْا فِيْ كَهْفِهِمْ ثَلٰثَ مِائَةٍ سِنِيْنَ وَازْدَادُوْا تِسْعًا ﴿25﴾ قُلِ

اور وہ رہے | میں | غار اپنے | تین | سو | برس | اور وہ زیادہ رہے | نو برس | کہہ دیجئے

اور اصحابِ کہف اپنے غار میں تین سو سال رہے۔ بعض لوگوں کے حساب سے وہ نو برس مزید رہے۔ اے نبی ﷺ آپ ﷺ

اللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا لَبِثُوْا لَهٗ غَيْبُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَبْصِرْ بِهٖ

اللہ | بہتر جانتا ہے | اس مدت کو جو | وہ رہے | اسی کیلئے ہے | غیب | آسمانوں کا | اور زمین کا | کیا خوب دیکھنے والا ہے | وہ

کہیں اللہ ان کے رہنے کی مدت کو بہتر جانتا ہے۔ وہی آسمانوں اور زمین کی ساری چھپی باتوں کا علم رکھتا ہے۔ کیا خوب ہے وہ دیکھنے

وَاَسْمِعْ مَا لَهُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا يُشْرِكُ فِيْ حُكْمِهٖۤ

اور خوب سننے والا | نہیں | ان کے لئے | سے | اس کے سوا | کوئی | کارساز | اور نہیں | وہ شریک رکھتا | میں | اپنے حکم

والا اور سننے والا! اس کے سوا لوگوں کا کوئی کارساز نہیں۔ نہ وہ کسی کو اپنے اختیار میں شریک

اَحَدًا ﴿26﴾ وَاتْلُ مَآ اُوْحِيَ اِلَيْكَ مِنْ كِتَابِ رَبِّكَ لَا مُبَدِّلَ

کسی کو | اور تو پڑھ | جو کچھ | وحی کیا گیا | تیری طرف | سے | کتاب | تیرے اپنے رب کی | نہیں | کوئی بدلنے والا

کرتا ہے۔ اے نبی ﷺ آپ ﷺ کے رب کی طرف سے جو کتاب آپ ﷺ پر وحی کی جا رہی ہے وہ لوگوں کو سنائیں۔ اللہ کی

لِكَلِمٰتِهٖ ۚ وَلَنْ تَجِدَ مِنْ دُوْنِهٖ مُلْتَحَدًا ﴿27﴾ وَاصْبِرْ نَفْسَكَ مَعَ

اس کی باتوں کو | اور ہرگز نہ | تو پائے گا | سے | اس کے سوائے | پناہ گاہ | اور تو روکے رکھ | اپنے آپ کو | ساتھ

باتوں کو کوئی بدل نہیں سکتا۔ اس کے سوا تمہیں کہیں پناہ نہیں مل سکتی۔ اور اے نبی ﷺ آپ ﷺ اپنا اٹھنا بیٹھنا

الَّذِیْنَ یَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَدٰوةِ وَالْعَشِیِّ یُرِیْدُوْنَ وَجْهَهٗ

ان لوگوں کے جو | پکارتے ہیں | اپنے رب کو | صبح کو | اور شام کو | چاہتے ہیں | اُس کی رضا

ان لوگوں کے ساتھ رکھیں جو صبح وشام اپنے رب کو یاد کرتے ہیں اور اس کے طالب ہیں۔ آپ ﷺ کی نظر کرم اُن سے ہٹنے نہ

وَلَا تَعْدُ عَیْنٰكَ عَنْهُمْ ۚ تُرِیْدُ زِیْنَةَ الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا ۚ وَلَا تُطِعْ

اور نہ پھریں | دونوں آنکھیں تیری | ان سے | تو چاہتا ہے | آرائش | زندگی | دنیا کی | اور نہ | تو کہا مان

پائے۔ کہیں ایسا نہ ہو آپ ﷺ دنیا کی رونق اور زیبائش کو ترجیح دینے لگیں۔ اور ان لوگوں کا کہا نہ مانیں

مَنْ اَغْفَلْنَا قَلْبَهٗ عَنْ ذِكْرِنَا وَاتَّبَعَ هَوٰىهُ وَكَانَ اَمْرُهٗ

اس کا کہ | ہم نے غافل رکھا | اس کا دل | سے | یاد اپنی | اور وہ پیچھے چلا | اپنی خواہش کے | اور ہے | کام اس کا

جن کے دلوں کو ہم نے اپنی یاد سے غافل کر دیا جو اپنی خواہشوں کے پجاری بن گئے اور جن کا معاملہ حد

فُرُطًا ﴿28﴾ وَقُلِ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكُمْ ۚ فَمَنْ شَآءَ فَلْیُؤْمِنْ وَّمَنْ شَآءَ

حد سے نکلا ہوا | اور کہہ دیجئے | حق ہے | طرف سے | تمہارے رب کی | پس جو | چاہے | تو وہ ایمان لائے | اور جو | چاہے

سے بڑھ چکا۔ لوگوں کو آپ ﷺ صاف کہہ دیں ''یہ قرآن حق ہے۔ تمہارے رب کی طرف سے نازل ہوا ہے۔ اب جس کا جی

فَلْیَكْفُرْ ۙ اِنَّآ اَعْتَدْنَا لِلظّٰلِمِیْنَ نَارًا ۙ اَحَاطَ بِهِمْ سُرَادِقُهَا ؕ وَاِنْ

تو وہ کفر کرے | بیشک ہم | ہم نے تیار کی | ظالموں کے لئے | آگ | گھیرا ہے | ان کو | پردوں نے اسکے | اور اگر

چاہے اسے مان لے جس کا جی چاہے نہ مانے۔'' ہم نے ظالموں کے لئے ایسی آگ تیار کر رکھی ہے جس کی قناتیں انہیں گھیر لیں گی۔

یَّسْتَغِیْثُوْا یُغَاثُوْا بِمَآءٍ كَالْمُهْلِ یَشْوِی الْوُجُوْهَ ؕ بِئْسَ الشَّرَابُ ؕ

وہ فریاد کریں | تو فریاد رسی کئے جائیں گے | پانی | جیسے تانبا پگھلا ہوا | بھون ڈالے | چہروں کو | برا ہے | پینا

اگر وہ پانی کے لئے فریاد کریں گے تو ان کی فریاد رسی ایسے پانی سے کی جائے گی جو تیل کی تلچھٹ کی طرح گرم ہوگا۔ جو چہروں کو بھون

وَسَآءَتْ مُرْتَفَقًا ﴿29﴾ اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اِنَّا

اور بری ہے وہ | آرام گاہ | بیشک | جو لوگ | ایمان لائے | اور عمل کئے | اچھے | بیشک ہم

ڈالے گا۔ وہ کیا برا پانی ہوگا اور کیسا برا ٹھکانا۔ بیشک جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کئے تو

لَا نُضِيْعُ اَجْرَ مَنْ اَحْسَنَ عَمَلًا ۚ﴿30﴾ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ جَنّٰتُ عَدْنٍ

نہیں ہم ضائع کریں گے | ثواب | اس کا جو | اچھا کرے | عمل | یہ لوگ | ان کے لئے | باغات ہیں | ہمیشہ رہنے کے

ایسے نیکوں کے اجر کو ہم ضائع نہیں کریں گے۔ ان کے لئے جنت کے دائمی باغ ہوں گے جن میں

تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهِمُ الْاَنْهٰرُ يُحَلَّوْنَ فِيْهَا مِنْ اَسَاوِرَ مِنْ ذَهَبٍ

چلتی ہیں | سے | ان کے نیچے | نہریں | پہنائے جائیں گے | اس میں | سے | کنگن | کے | سونے

نہریں بہتی ہوں گی۔ وہاں انہیں سونے کے کنگن پہنائے جائیں گے۔

وَّيَلْبَسُوْنَ ثِيَابًا خُضْرًا مِّنْ سُنْدُسٍ وَّاِسْتَبْرَقٍ مُّتَّكِـِٕيْنَ فِيْهَا

اور وہ پوشاک پہنیں گے | کپڑے | سبز | سے | موٹا ریشم | اور باریک ریشم | تکیہ لگائے ہوں گے | اس میں

وہ باریک اور موٹے ریشم کے سبز کپڑے پہنیں گے اور تخت پر ٹیک لگائے ہوئے

عَلَى الْاَرَآئِكِ ؕ نِعْمَ الثَّوَابُ ؕ وَحَسُنَتْ مُرْتَفَقًا ﴿31﴾ ع وَاضْرِبْ لَهُمْ

(ع 4/9 16)

پر | تختوں | کیا اچھا ہے | ثواب | اور اچھی ہے | آرام گاہ | اور تو بیان کر | ان کے لئے

ہوں گے۔ وہ کتنا اچھا صلہ اور کیسا عمدہ ٹھکانا ہوگا! اے نبی ﷺ آپ ﷺ ان لوگوں کو مثال

مَّثَلًا رَّجُلَيْنِ جَعَلْنَا لِاَحَدِهِمَا جَنَّتَيْنِ مِنْ اَعْنَابٍ وَّحَفَفْنٰهُمَا

مثال | دو مردوں کی | ہم نے بنائے | دو میں سے ایک کے | دو باغ | کے | انگوروں | اور گھیرا ہم نے ان دونوں کو

سنائیں: دو آدمی تھے۔ ان میں سے ایک کو ہم نے انگوروں کے دو باغ دیئے۔ ان کے چاروں طرف کھجوروں کے درختوں کا احاطہ

بِنَخْلٍ وَّجَعَلْنَا بَيْنَهُمَا زَرْعًا ؕ﴿32﴾ كِلْتَا الْجَنَّتَيْنِ اٰتَتْ اُكُلَهَا

کھجوروں سے | اور ہم نے بنائی | دونوں کے درمیان | کھیتی | ان دونوں | باغوں نے | دیا | اپنا پھل

بنایا۔ دونوں کے درمیان کھیتی رکھ دی۔ دونوں باغ اپنا پورا پھل لائے۔ ان کی پیداوار میں کچھ

وَلَمْ تَظْلِمْ مِّنْهُ شَيْـًٔا ۙ وَّفَجَّرْنَا خِلٰلَهُمَا نَهَرًا ۙ﴿33﴾ وَّكَانَ لَهٗ ثَمَرٌ ۚ

اور نہیں کم کیا | اس سے | کچھ بھی | اور ہم نے بہائی | درمیان دونوں کے | نہر | اور تھا | اس کے لئے | پھل

کمی نہ ہوئی۔ ان باغوں کے اندر ہم نے نہر جاری کر دی۔ اس آدمی کو خوب پھل حاصل ہوا اور دولت ملی۔

فَقَالَ لِصَاحِبِهٖ وَهُوَ يُحَاوِرُهٗٓ اَنَا اَكْثَرُ مِنْكَ مَالًا وَّاَعَزُّ

پھر اس نے کہا | اپنے ساتھی کو | جبکہ وہ | وہ مکالمہ کر رہا تھا اس سے | میں | زیادہ ہوں | تم سے | مال میں | اور زیادہ طاقتور ہوں

ایک دن اس نے اپنے ساتھی سے بات چیت کرتے ہوئے کہا ”میں تم سے زیادہ مال اور زیادہ افرادی قوت

نَفَرًا ﴿٣٤﴾ وَدَخَلَ جَنَّتَهٗ وَهُوَ ظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ ۚ قَالَ مَآ اَظُنُّ اَنْ

افراد میں | اور وہ داخل ہوا | باغ اپنے میں | جبکہ وہ | ظالم تھا | اپنی جان پر | اس نے کہا | نہیں | میں خیال کرتا | کہ

رکھتا ہوں۔'' اس کے بعد وہ اپنے باغوں میں داخل ہوا اور وہ اپنے اوپر ظلم کر رہا تھا۔ اس نے کہا ''میں نہیں سمجھتا یہ باغ کبھی برباد ہو

تَبِيْدَ هٰذِهٖٓ اَبَدًا ﴿٣٥﴾ وَّمَآ اَظُنُّ السَّاعَةَ قَآئِمَةً ۙ وَّلَئِنْ رُّدِدْتُّ

تباہ ہوگا | یہ | کبھی | اور نہیں | میں گمان کرتا | قیامت کی گھڑی کو | قائم ہونے والی | اور البتہ اگر | مجھے لوٹایا گیا

جائیں گے اور میں نہیں مانتا قیامت کبھی آئے گی۔ اور اگر مجھے اپنے

اِلٰى رَبِّيْ لَاَجِدَنَّ خَيْرًا مِّنْهَا مُنْقَلَبًا ﴿٣٦﴾ قَالَ لَهٗ صَاحِبُهٗ

طرف | میرے رب کی | تو ضرور میں پاؤں گا | بہتر | اس سے | ٹھکانا | کہا | اس سے | اس کے ساتھی نے

رب کی طرف لوٹا دیا گیا تو ضرور وہاں اس سے زیادہ اچھی جگہ ملے گی۔'' اس کے ساتھی نے اس سے

وَهُوَ يُحَاوِرُهٗٓ اَكَفَرْتَ بِالَّذِيْ خَلَقَكَ مِنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ

جبکہ وہ | مکالمہ کر رہا تھا اس سے | کیا تو نے کفر کیا | اس کا | جس نے پیدا کیا تجھے | سے | مٹی | پھر | سے | نطفے

بات چیت کرتے ہوئے کہا ''کیا تو اس ذات کا انکار کرتا ہے جس نے تمہیں مٹی سے بنایا اور پانی کی ایک بوند سے پیدا کیا۔ پھر تمہیں

ثُمَّ سَوّٰىكَ رَجُلًا ﴿٣٧﴾ لٰكِنَّا۠ هُوَ اللّٰهُ رَبِّيْ وَلَآ اُشْرِكُ بِرَبِّيْٓ

پھر | ٹھیک طرح سے بنایا تجھے | پورا مرد | لیکن | وہی ہے | اللہ | میرا رب | اور نہیں | میں شریک ٹھہراتا | اپنے رب کا

پورا آدمی بنا دیا؟ وہی اللہ میرا رب ہے اور میں اپنے رب کے ساتھ کسی کو شریک

اَحَدًا ﴿٣٨﴾ وَلَوْلَآ اِذْ دَخَلْتَ جَنَّتَكَ قُلْتَ مَا شَآءَ اللّٰهُ ۙ لَا قُوَّةَ

کسی کو | اور کیوں نہ | جب | تو داخل ہوا | اپنے باغ میں | کہا تو نے | جو | چاہے | اللہ | نہیں | طاقت

نہیں بناتا۔ جب تم اپنے باغ میں داخل ہوئے تو کیوں نہ کہا جو اللہ چاہتا ہے وہی ہوتا ہے۔ اللہ کے بغیر کوئی

اِلَّا بِاللّٰهِ ۚ اِنْ تَرَنِ اَنَا اَقَلَّ مِنْكَ مَالًا وَّوَلَدًا ﴿٣٩﴾ ۚ فَعَسٰى

مگر | اللہ سے | اگر | تو دیکھتا ہے مجھے | میں | کمتر ہوں | تجھ سے | مال میں | اور اولاد میں | تو قریب ہے

قوت نہیں۔ اگر تم دیکھتے ہو میں مال اور اولاد میں تم سے کم ہوں تو یہ بھی ممکن ہے کہ

رَبِّيْٓ اَنْ يُّؤْتِيَنِ خَيْرًا مِّنْ جَنَّتِكَ وَيُرْسِلَ عَلَيْهَا حُسْبَانًا مِّنَ

میرا رب | کہ | دے مجھے | بہتر | سے | تیرے باغ | اور بھیجے | اس پر | عذاب | سے

میرا رب مجھے تمہارے باغ سے بہتر باغ عطا فرمائے اور تمہارے باغ پر آسمان سے کوئی آفت بھیج دے

السَّمَآءِ فَتُصْبِحَ صَعِيدًا زَلَقًا ﴿40﴾ اَوْ يُصْبِحَ مَآؤُهَا غَوْرًا فَلَنْ

آسمان | پھر ہو جائے | میدان | چٹیل | یا | وہ کر دے | پانی اس کا | خشک | پھر ہرگز نہ

جس سے وہ چٹیل میدان بن جائے، اس کی نہر کا پانی خشک ہو جائے، پھر وہ پانی تمہیں کسی طرح

تَسْتَطِيعَ لَهٗ طَلَبًا ﴿41﴾ وَاُحِيطَ بِثَمَرِهٖ فَاَصْبَحَ يُقَلِّبُ كَفَّيْهِ عَلٰى مَآ

تو کر سکے | اس کو | طلب | اور لپیٹ میں آ گیا | پھل اس کا | پھر وہ لگا | ملنے | دونوں اپنی ہتھیلیاں | اس پر | جو

حاصل نہ ہو سکے۔‘‘ پھر اس کے پھل پر آفت آئی جو کچھ اس نے سرمایہ کاری کی تھی اس کی بربادی پر وہ ہاتھ

اَنْفَقَ فِيهَا وَهِيَ خَاوِيَةٌ عَلٰى عُرُوشِهَا وَيَقُولُ يٰلَيْتَنِي

سرمایہ لگایا تھا | اس میں | اور وہ تھے | گرے ہوئے | پر | چھتوں اپنی | اور وہ کہتا تھا | ہائے افسوس

ملتا رہ گیا۔ وہ انگوروں کے باغ اپنے سہاروں سمیت زمین پر گرے پڑے تھے۔ وہ کہہ رہا تھا کاش میں اپنے رب کے ساتھ

لَمْ اُشْرِكْ بِرَبِّيْٓ اَحَدًا ﴿42﴾ وَلَمْ تَكُنْ لَّهٗ فِئَةٌ يَّنْصُرُونَهٗ مِنْ دُونِ

نہ شریک بناتا | اپنے رب کا | کسی کو | اور نہ | تھا | اس کا | کوئی گروہ | جو مدد کرتے اس کی | میں | مقابلے

کسی کو شریک نہ بناتا۔‘‘ پھر اس وقت نہ اس کے پاس کوئی لشکر تھا جو اللہ کے مقابلے میں اس کی مدد

اللّٰهِ وَمَا كَانَ مُنْتَصِرًا ﴿43﴾ هُنَالِكَ الْوَلَايَةُ لِلّٰهِ الْحَقِّ ۭ هُوَ خَيْرٌ

اللہ کے | اور نہ | تھا | وہ بدلہ لینے والا | اس جگہ | حکمرانی ہے | اللہ کیلئے | سچی | وہ ہے | بہتر

کرتا اور نہ وہ خود ہم سے کوئی بدلہ لے سکا۔ پس معلوم ہوا سارا اختیار خدائے برحق کا ہے۔ وہی بہتر ثواب

ثَوَابًا وَّخَيْرٌ عُقْبًا ﴿44﴾ ع وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا كَمَآءٍ

5 ع 13 17

ثواب دینے میں | اور بہتر | نتیجہ پیدا کرنے میں | اور تو بیان کر | ان کو | مثال | زندگی | دنیا کی | جیسے پانی

دینے والا ہے اور اسی کے ہاتھ میں اچھا انجام ہے۔ اے نبی ﷺ ان لوگوں کو دنیا کی زندگی کی مثال سنائیں جیسے ہم نے

اَنْزَلْنٰهُ مِنَ السَّمَآءِ فَاخْتَلَطَ بِهٖ نَبَاتُ الْاَرْضِ فَاَصْبَحَ هَشِيمًا

ہم نے اتارا جسے | سے | آسمان | پھر مل گئی | اس کے ساتھ | پیداوار | زمین کی | پھر ہو گیا | چورا چورا

آسمان سے پانی برسایا۔ اس سے زمین کی نباتات خوب گھنی اُگی۔ پھر وہ ریزہ ریزہ ہو گئی جسے ہوائیں

تَذْرُوهُ الرِّيٰحُ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ مُّقْتَدِرًا ﴿45﴾ اَلْمَالُ

اڑاتی ہیں جسے | ہوائیں | اور ہے | اللہ ہے | اوپر | ہر | چیز کے | بڑا قادر | مال

اڑاتی پھرتی ہیں۔ اللہ ہر چیز پر پوری قدرت رکھنے والا ہے۔ یہ مال

وَالْبَنُوْنَ زِيْنَةُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَالْبٰقِيٰتُ الصّٰلِحٰتُ خَيْرٌ عِنْدَ

اور بیٹے | زینت ہے | زندگی کی | دنیا کی | اور باقی رہنے والیاں | نیکیاں ہیں | بہتر ہیں | پاس

اور اولاد دنیا کی زندگی کی رونق ہیں لیکن باقی رہنے والی نیکیاں تمہارے رب کے نزدیک

رَبِّكَ ثَوَابًا وَّخَيْرٌ اَمَلًا ﴿46﴾ وَيَوْمَ نُسَيِّرُ الْجِبَالَ وَتَرَى الْاَرْضَ

تیرے رب کے | ثواب میں | اور بہتر ہیں | امید رکھنے میں | اور جس روز | ہم چلائیں گے | پہاڑوں کو | اور تو دیکھے گا | زمین کو

ثواب کے لحاظ سے بہتر ہیں۔ اور جس دن ہم پہاڑوں کو چلا دینگے اور تم زمین

بَارِزَةً ۙ وَّحَشَرْنٰهُمْ فَلَمْ نُغَادِرْ مِنْهُمْ اَحَدًا ۚ ﴿47﴾ وَعُرِضُوْا عَلٰى

صاف نکلی ہوئی | اور ہم اکٹھا کریں گے ان کو | پھر نہیں | ہم چھوڑیں گے | ان سے | کسی کو | اور وہ پیش کیے جائیں گے | سامنے

کو دیکھو گے وہ ایک صاف چٹیل میدان ہے۔ ہم اس وقت سب لوگوں کو جمع کریں گے اور ان میں سے کسی کو بھی نہیں چھوڑیں گے۔

رَبِّكَ صَفًّا ؕ لَقَدْ جِئْتُمُوْنَا كَمَا خَلَقْنٰكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ ۢ بَلْ

تیرے رب کے | صف باندھے | بیشک | تم آئے ہمارے پاس | جیسے | ہم نے پیدا کیا تھا تمہیں | پہلی | بار | بلکہ

اور اے نبی ﷺ! سب لوگ آپ ﷺ کے رب کے سامنے صف باندھ کر پیش کئے جائیں گے۔ پھر ہم کافروں سے کہیں گے ”تم

زَعَمْتُمْ اَلَّنْ نَّجْعَلَ لَكُمْ مَّوْعِدًا ﴿48﴾ وَوُضِعَ الْكِتٰبُ فَتَرَى

تم نے گمان کیا تھا | کہ ہرگز نہیں | ہم کریں گے | تمہارے لئے | وعدے کی جگہ | اور رکھی جائے گی | کتاب | پھر تو دیکھے گا

ہمارے پاس آ گئے جس طرح ہم نے تمہیں پہلی بار پیدا کیا۔ تم نے یہ گمان کر رکھا تھا کہ ہم نے تمہارے لئے قیامت کا وعدہ مقرر نہیں

الْمُجْرِمِيْنَ مُشْفِقِيْنَ مِمَّا فِيْهِ وَيَقُوْلُوْنَ يٰوَيْلَتَنَا مَالِ هٰذَا

مجرموں کو | وہ ڈرتے ہوں گے | اس سے جو ہے | اس میں | اور وہ کہیں گے | اے افسوس ہمیں | کیا ہے | یہ

کیا۔“ اور اعمال نامے سامنے رکھ دیئے جائیں گے۔ اس وقت تم ان مجرموں کو دیکھو گے وہ اپنے اعمال نامے کی جوابدہی سے

الْكِتٰبِ لَا يُغَادِرُ صَغِيْرَةً وَّلَا كَبِيْرَةً اِلَّآ اَحْصٰهَا ۚ وَوَجَدُوْا مَا

کتاب | نہیں | چھوڑتی | چھوٹی چیز | اور نہ | بڑی چیز | مگر | شمار کیا ہے اسے | اور وہ پائیں گے | جو کچھ

ڈرتے ہوں گے اور کہیں گے ”ہائے افسوس اس اعمال نامے میں ہمارا ہر چھوٹا بڑا گناہ لکھا ہے۔“ جو کچھ انہوں نے دنیا میں کیا ہوگا

عَمِلُوْا حَاضِرًا ؕ وَلَا يَظْلِمُ رَبُّكَ اَحَدًا ﴿49﴾ ع وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ

انہوں نے کیا | موجود | اور نہیں | ظلم کرتا | تیرا رب | کسی پر | اور جب | ہم نے کہا | فرشتوں سے

اسے اپنے سامنے موجود پائیں گے۔ اور اے نبی ﷺ آپ ﷺ کا رب کسی پر ظلم نہیں کرے گا۔ اور یاد کرو جب ہم نے فرشتوں کو

6 ع 5 18

اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِیْسَ ؕ كَانَ مِنَ الْجِنِّ فَفَسَقَ عَنْ

تم سجدہ کرو | آدم کو | پھر سب نے سجدہ کیا | مگر | ابلیس نے نہ کیا | وہ تھا | سے | جنوں میں | پھر نافرمانی کی | سے

حکم دیا ''آدمؑ کے آگے جھک جاؤ'' وہ سب جھک گئے۔ مگر ابلیس نہ جھکا۔ وہ جنّوں میں سے تھا۔ اس نے اپنے رب کے حکم کی

اَمْرِ رَبِّهٖ ؕ اَفَتَتَّخِذُوْنَهٗ وَذُرِّیَّتَهٗٓ اَوْلِیَآءَ مِنْ دُوْنِیْ وَهُمْ لَكُمْ

حکم | اپنے رب کے | کیا پس تم بناتے ہو اسے | اور اس کی اولاد کو | دوست | سے | سوا میرے | اور وہ | تمہارے لئے

نافرمانی کی۔ تو کیا اب تم لوگ مجھے چھوڑ کر شیطان اور اس کے چیلوں کو اپنا دوست بناتے ہو جبکہ وہ تمہارے

عَدُوٌّ ؕ بِئْسَ لِلظّٰلِمِیْنَ بَدَلًا ۞50 مَآ اَشْهَدْتُّهُمْ خَلْقَ السَّمٰوٰتِ

دشمن ہے | برا ہے | ظالموں کے لئے | بدلہ | نہیں | میں نے گواہ بنایا تھا ان کو | پیدا کرتے وقت | آسمانوں کو

دشمن ہیں؟ تم ظالموں نے کتنی بری چیز کا انتخاب کیا۔ میں نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کرتے وقت

وَالْاَرْضِ وَلَا خَلْقَ اَنْفُسِهِمْ ۪ وَمَا كُنْتُ مُتَّخِذَ الْمُضِلِّیْنَ

اور زمین کو | اور نہ | پیدا کرتے ہوئے | خود ان کو | اور نہیں | میں ہوں | پکڑنے والا | گمراہوں کو

بلکہ خود اُن کو پیدا کرتے وقت ان سب کو مدد کے لئے نہیں بلایا تھا اور میں ایسا نہیں ہوں کہ گمراہ کرنے والوں کو اپنا

عَضُدًا ۞51 وَیَوْمَ یَقُوْلُ نَادُوْا شُرَكَآءِیَ الَّذِیْنَ زَعَمْتُمْ فَدَعَوْهُمْ

بازو یعنی مددگار | اور جس دن | وہ کہے گا | تم پکارو | میرے شریکوں کو | جنہیں | تم گمان کرتے تھے | پس بلاؤ انہیں

مددگار بناؤں۔ اور جس دن اللہ مشرکوں سے کہے گا ''پکارو اب ان شریکوں کو جنہیں تم نے میرا شریک بنایا تھا'' وہ انہیں پکاریں گے،

فَلَمْ یَسْتَجِیْبُوْا لَهُمْ وَجَعَلْنَا بَیْنَهُمْ مَّوْبِقًا ۞52 وَرَاَ الْمُجْرِمُوْنَ

پھر نہیں | وہ جواب میں کچھ کہیں گے | ان کو | اور ہم بنائیں گے | ان کے درمیان | ہلاکت کی جگہ | اور دیکھیں گے | گنہگار

مگر وہ انہیں کوئی جواب نہ دیں گے اور ہم ان کے درمیان آگ کا مہلک پردہ حائل کر دیں گے۔ مجرم لوگ دوزخ کی

النَّارَ فَظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ مُّوَاقِعُوْهَا وَلَمْ یَجِدُوْا عَنْهَا مَصْرِفًا ۞53 ع

7 ع 4 19

آگ کو | پھر وہ گمان کریں گے | کہ وہ | گرنے والے ہیں اس میں | اور نہیں | وہ پائیں گے | اس سے | بھاگنے کی جگہ

آگ کو دیکھیں گے اور سمجھ لیں گے وہ اس میں گرنے والے ہیں اور انہیں اس سے بچنے کا کوئی راستہ نہ ملے گا۔

وَلَقَدْ صَرَّفْنَا فِیْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لِلنَّاسِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ ؕ

اور بیشک | ہم نے طرح طرح سے بیان کیا | میں | اس | قرآن | لوگوں کے لئے | سے | ہر | مثال

اور ہم نے اِس قرآن میں لوگوں کی ہدایت کے لئے ہر قسم کی مثالیں بیان کیں

وَ کَانَ الۡاِنۡسَانُ اَکۡثَرَ شَیۡءٍ جَدَلًا ﴿۵۴﴾ وَ مَا مَنَعَ النَّاسَ اَنۡ

اور ہے | انسان | زیادہ | ہر چیز سے | جھگڑنے میں | اور نہیں | منع کیا | لوگوں کو | اس سے کہ

مگر انسان بڑا جھگڑالو ہے۔ اور جب لوگوں کے سامنے ہدایت آ گئی تو اس پر ایمان

یُّؤۡمِنُوۡۤا اِذۡ جَآءَهُمُ الۡهُدٰی وَ یَسۡتَغۡفِرُوۡا رَبَّهُمۡ اِلَّاۤ اَنۡ تَاۡتِیَهُمۡ

وہ ایمان لائیں | جب | آئی انکے پاس | ہدایت | اور وہ بخشش مانگیں | اپنے رب سے | مگر | یہ کہ | آیا ان کے پاس

لانے اور اپنے رب سے معافی مانگنے سے انہیں کس چیز نے روکا؟ صرف تباہی کے انتظار نے کہ وہ چاہتے تھے ان کے ساتھ بھی وہی

سُنَّةُ الۡاَوَّلِیۡنَ اَوۡ یَاۡتِیَهُمُ الۡعَذَابُ قُبُلًا ﴿۵۵﴾ وَ مَا نُرۡسِلُ الۡمُرۡسَلِیۡنَ

طریقہ | پہلوں کا | یا | آئے انکے پاس | عذاب | سامنے | اور نہیں | ہم بھیجتے | رسولوں کو

کچھ ہو جو پہلی قوموں کے ساتھ ہوا یا ہمارا عذاب ان کے سامنے آ کھڑا ہو! پیغمبروں کو ہم صرف خوشخبری دینے والے

اِلَّا مُبَشِّرِیۡنَ وَ مُنۡذِرِیۡنَ ۚ وَ یُجَادِلُ الَّذِیۡنَ کَفَرُوۡا بِالۡبَاطِلِ

مگر | خوشخبری سنانے والے | اور ڈرانے والے | اور جھگڑتے ہیں | وہ جو | کافر ہوئے | باطل طریقے سے

اور خبردار کرنے والے بنا کر بھیجتے ہیں۔ مگر کافروں کا حال یہ ہے وہ اپنی جھوٹی اور بے بنیاد باتوں سے

لِیُدۡحِضُوۡا بِهِ الۡحَقَّ وَ اتَّخَذُوۡۤا اٰیٰتِیۡ وَ مَاۤ اُنۡذِرُوۡا هُزُوًا ﴿۵۶﴾

تاکہ وہ ہٹا دیں | اس کے ذریعے | حق کو | اور انہوں نے بنایا | میری آیتوں کو | اور جس سے | وہ خبردار کئے گئے | مذاق

جھگڑا کر کے حق کو نیچا دکھانے کی کوشش کرتے ہیں۔ اور انہوں نے میری آیتوں کو اور اس چیز کو جس سے انہیں خبردار کیا گیا ہے مذاق

وَ مَنۡ اَظۡلَمُ مِمَّنۡ ذُکِّرَ بِاٰیٰتِ رَبِّهٖ فَاَعۡرَضَ عَنۡهَا وَ نَسِیَ مَا

اور کون ہے | بڑا ظالم | اس سے جسے | سمجھایا گیا | آیتوں سے | اس کے رب کی | پھر اس نے منہ پھیرا | ان سے | اور وہ بھول گیا | اسے جو

بنا رکھا ہے، ان سے بڑھ کر ظالم کون ہوگا جنہیں ان کے رب کی آیتیں سنا کر نصیحت کی جائے مگر وہ ان سے منہ پھیر لیں اور اپنے کئے

قَدَّمَتۡ یَدٰهُ ؕ اِنَّا جَعَلۡنَا عَلٰی قُلُوۡبِهِمۡ اَکِنَّةً اَنۡ یَّفۡقَهُوۡهُ وَ فِیۡۤ

آگے بھیجا | اُس کے دونوں ہاتھوں نے | بیشک ہم | ہم نے ڈالا ہے | پر | اُن کے دلوں | پردہ | تاکہ نہ | وہ سمجھیں اسے | اور میں

کو بھول جائیں۔ یہی لوگ ہیں جن کے دلوں پر ہم نے پردے ڈال دیئے اس لئے وہ سمجھتے نہیں۔ ہم نے ان کے کانوں

اٰذَانِهِمۡ وَقۡرًا ؕ وَ اِنۡ تَدۡعُهُمۡ اِلَی الۡهُدٰی فَلَنۡ یَّهۡتَدُوۡۤا اِذًا

اُن کے کانوں | ڈاٹ ہے | اور اگر | تو بلائے ان کو | طرف | ہدایت کی | تو ہرگز نہیں | وہ ہدایت پائیں گے | اس وقت

میں ڈاٹ لگا دیا جس کی وجہ سے وہ بات سنتے نہیں۔ اے نبی ﷺ یہی وجہ ہے آپ ﷺ انہیں ہدایت کی طرف کتنا ہی بلائیں وہ کبھی

اَبَدًا ﴿57﴾ وَرَبُّكَ الْغَفُوْرُ ذُو الرَّحْمَةِ ۭ لَوْ يُؤَاخِذُهُمْ بِمَا كَسَبُوْا

کبھی | اور رب تیرا ہے | بہت بخشنے والا | بڑی رحمت والا | اگر | وہ پکڑے ان کو | اس پر جو | انہوں نے کمایا

ہدایت پانے والے نہیں۔ لیکن آپ ﷺ کا رب درگزر کرنے والا رحمت والا ہے۔ اگر وہ ان کے کرتوتوں پر پکڑنا چاہتا تو فوراً ان پر

لَعَجَّلَ لَهُمُ الْعَذَابَ ۭ بَلْ لَّهُمْ مَّوْعِدٌ لَّنْ يَّجِدُوْا مِنْ دُوْنِهٖ

تو ضرور جلد دے | ان کو | عذاب | لیکن | ان کے لئے | وعدہ ہے | ہرگز نہیں | وہ پائیں گے | سے | سوائے اس کے

عذاب بھیج دیتا۔ مگر ان کے لئے ایک وقت مقرر ہے۔ وہ اللہ کے عذاب سے بچ کر کہیں جا نہ سکیں

مَوْىِٕلًا ﴿58﴾ وَتِلْكَ الْقُرٰٓى اَهْلَكْنٰهُمْ لَمَّا ظَلَمُوْا وَجَعَلْنَا لِمَهْلِكِهِمْ

پناہ | اور یہ ہیں | بستیاں | ہم نے ہلاک کیا ہے انکو | جب | انہوں نے ظلم کیا | اور ہم نے کیا | ان کی ہلاکت کی جگہ کو

گے۔ لوگو! تمہارے سامنے وہ بستیاں موجود ہیں جنہیں ہم نے اس لئے ہلاک کیا کہ وہاں کے لوگ ظالم تھے۔ ان میں سے ہر ایک

ع 8 6 20

مَّوْعِدًا ﴿59﴾ وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِفَتٰىهُ لَآ اَبْرَحُ حَتّٰٓى اَبْلُغَ مَجْمَعَ

ایک وعدے کی جگہ | اور جب | کہا | موسیٰ نے | اپنے خادم کو | نہ | میں ٹلوں گا | یہاں تک کہ | میں پہنچ جاؤں | سنگم تک دو

کی ہلاکت کے لئے ہم نے وقت مقرر کر دیا تھا۔ یاد کرو جب موسیٰ علیہ السلام نے اپنے خادم سے کہا "میں چلتا رہوں گا یہاں تک کہ

الْبَحْرَيْنِ اَوْ اَمْضِيَ حُقُبًا ﴿60﴾ فَلَمَّا بَلَغَا مَجْمَعَ بَيْنِهِمَا نَسِيَا

دریاؤں کے | یا | میں چلتا ہی رہوں گا | زمانے | پھر جب | وہ دونوں پہنچے | سنگم | درمیان ان دونوں کے | بھول گئے دونوں

دو دریاؤں کے ملنے کی جگہ پہنچ جاؤں یا اسی طرح برسوں تک چلتا رہوں۔" پھر جب دو دریاؤں کے سنگم پر پہنچے تو اپنے ساتھ لائی

حُوْتَهُمَا فَاتَّخَذَ سَبِيْلَهٗ فِي الْبَحْرِ سَرَبًا ﴿61﴾ فَلَمَّا جَاوَزَا قَالَ

اپنی مچھلی | پس اس نے بنائی | راہ اپنی | میں | دریا | ٹھکانا بنا کر | پھر جب | وہ پار کر گئے | اس نے کہا

ہوئی مچھلی بھول گئے۔ اس مچھلی نے دریا میں اپنی راہ لی۔ پھر جب وہ آگے بڑھے تو موسیٰ علیہ السلام نے

لِفَتٰىهُ اٰتِنَا غَدَاۗءَنَا ۡ لَقَدْ لَقِيْنَا مِنْ سَفَرِنَا هٰذَا نَصَبًا ﴿62﴾ قَالَ

اپنے خادم کو | تو دے ہمیں | ہمارا ناشتہ | بیشک | ہمیں ہوئی ہے | سے | اپنے سفر | اس | تھکاوٹ | اس نے کہا

اپنے خادم سے کہا "ہمارا ناشتہ لاؤ۔ آج کے سفر نے ہمیں بہت تھکا دیا۔" خادم نے کہا "

اَرَءَيْتَ اِذْ اَوَيْنَآ اِلَى الصَّخْرَةِ فَاِنِّىْ نَسِيْتُ الْحُوْتَ ۡ وَمَآ

کیا تو نے دیکھا | جب | ہم ٹھہرے | پاس | چٹان کے | تو بیشک میں | میں بھول گیا | مچھلی کو | اور نہیں

کیا آپ نے دیکھا جب ہم فلاں پتھر کے پاس ٹھہرے تھے تو مجھے مچھلی کا خیال نہ رہا۔ وہ عجیب طریقے سے نکل کر دریا میں چلی گئی

اَنْسٰنِيْهُ اِلَّا الشَّيْطٰنُ اَنْ اَذْكُرَهٗ ۚ وَاتَّخَذَ سَبِيْلَهٗ فِي الْبَحْرِ ۖ

بھلوایا مجھ کو | مگر | شیطان نے | کہ نہ | میں یاد کروں اسے | اور اس نے بنائی | راہ اپنی | میں | دریا

اور شیطان نے مجھے ایسا غافل کر دیا کہ میں آپ کو بتانا

عَجَبًا ﴿63﴾ قَالَ ذٰلِكَ مَا كُنَّا نَبْغِ ۖ فَارْتَدَّا عَلٰٓى اٰثَارِهِمَا

عجب طریقے سے | اس نے کہا | یہی ہے | جو | ہم تھے | ہم چاہتے | وہ دونوں واپس لوٹے | پر | اپنے پاؤں کے نشانوں پر

بھول گیا۔ موسیٰ علیہ السلام نے کہا ''اسی موقع کی تو ہمیں تلاش تھی۔ پھر دونوں اپنے قدموں کے نشان دیکھتے ہوئے

قَصَصًا ﴿64﴾ فَوَجَدَا عَبْدًا مِّنْ عِبَادِنَآ اٰتَيْنٰهُ رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِنَا

پیچھا کرتے ہوئے | پھر ان دونوں نے پایا | ایک بندہ | سے | بندوں ہمارے | ہم نے دی جسے | رحمت | سے | اپنے پاس

واپس لوٹے۔ وہاں انہیں ہمارے بندوں میں سے ایک بندہ مل گیا جسے ہم نے اپنی رحمت سے نوازا تھا۔ جس کو اپنے پاس سے خاص

وَعَلَّمْنٰهُ مِنْ لَّدُنَّا عِلْمًا ﴿65﴾ قَالَ لَهٗ مُوْسٰى هَلْ اَتَّبِعُكَ عَلٰٓى

اور ہم نے سکھایا جسے | سے | اپنے پاس | علم | کہا | اس کو | موسیٰ علیہ السلام نے | کیا | میں پیروی کروں تیری | پر

علم سکھایا تھا۔ موسیٰ علیہ السلام نے اس سے کہا ''کیا میں آپ کے ساتھ رہ سکتا ہوں تاکہ آپ مجھے بھی وہ علم سکھا دیں

اَنْ تُعَلِّمَنِ مِمَّا عُلِّمْتَ رُشْدًا ﴿66﴾ قَالَ اِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ مَعِيَ

اس بات کہ | تو سکھائے مجھے | اس سے جو | سکھائی گئی تجھے | ہدایت | اس نے کہا | بیشک تو | ہرگز نہیں | تو کر سکے گا | میرے ساتھ

جو آپ کو سکھایا گیا ہے؟'' اس نے جواب دیا ''مگر آپ میرے ساتھ صبر نہ کر

صَبْرًا ﴿67﴾ وَكَيْفَ تَصْبِرُ عَلٰى مَا لَمْ تُحِطْ بِهٖ خُبْرًا ﴿68﴾ قَالَ

صبر | اور کیسے | تو صبر کرے گا | پر | اس | نہیں | تو نے پائی | جس کی | خبر | اس نے کہا

سکیں گے۔ جن باتوں سے آپ واقف نہیں ان کے بارے میں کیسے صبر کر سکتے ہیں''۔ موسیٰ علیہ السلام نے کہا

سَتَجِدُنِيْٓ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ صَابِرًا وَّلَآ اَعْصِيْ لَكَ اَمْرًا ﴿69﴾ قَالَ

ضرور تو پائے گا مجھے | اگر | چاہا | اللہ نے | صبر کرنے والا | اور نہیں | میں نافرمانی کروں گا | تیرے | حکم کی | اس نے کہا

انشاء اللہ آپ مجھے صبر کرنے والا پائیں گے۔ میں کسی بات میں آپ کی نافرمانی نہیں کروں گا'' اس نے کہا

فَاِنِ اتَّبَعْتَنِيْ فَلَا تَسْـَٔلْنِيْ عَنْ شَيْءٍ حَتّٰٓى اُحْدِثَ لَكَ مِنْهُ

پھر اگر | تو پیروی کرتا ہے میری | تو نہ | تو پوچھنا مجھ سے | بارے میں | کسی چیز کے | یہاں تک کہ | میں بیان کروں | تجھ کو | اس سے

''اچھا اگر آپ میرے ساتھ چلتے ہیں تو مجھ سے کوئی بات نہ پوچھیں جب تک میں خود آپ سے اس کا

ع 9 11 21

ذِكْرًا ﴿٧٠﴾ فَانْطَلَقَا ٞ حَتّٰٓى اِذَا رَكِبَا فِى السَّفِيْنَةِ خَرَقَهَا ؕ قَالَ

ذکر کرے | پھر وہ دونوں چل دیئے | یہاں تک کہ | جب | وہ سوار ہوئے | میں | کشتی | اس میں سوراخ کر دیا | اس نے کہا

ذکر نہ کروں۔ پھر دونوں چل پڑے یہاں تک کہ جب کشتی میں سوار ہوئے تو اس شخص نے کشتی میں سوراخ کر دیا۔ موسیٰ علیہ السلام

اَخَرَقْتَهَا لِتُغْرِقَ اَهْلَهَا ۚ لَقَدْ جِئْتَ شَيْـًٔا اِمْرًا ﴿٧١﴾ قَالَ

کیا تو نے سوراخ کیا اس میں | تاکہ تو ڈبوئے | اس کے لوگوں کو | بیشک | تو لایا ہے | چیز | بھاری | اس نے کہا

نے کہا ''کیا آپ نے سب کشتی والوں کو ڈبونے کے لئے سوراخ کیا ہے؟ آپ نے بڑا خطرناک کام کیا۔'' اس نے کہا ''کیا میں نے

اَلَمْ اَقُلْ اِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ مَعِىَ صَبْرًا ﴿٧٢﴾ قَالَ لَا تُؤَاخِذْنِىْ بِمَا

کیا نہیں میں نے کہا تھا | بیشک تو | نہیں | تو کر سکے گا | ساتھ میرے | صبر | اس نے کہا | نہ | تو پکڑ مجھے | اس پر جو

آپ سے نہیں کہا تھا آپ میرے ساتھ صبر نہ کر سکیں گے۔'' موسیٰ علیہ السلام نے کہا ''آپ میری بھول چوک

نَسِيْتُ وَلَا تُرْهِقْنِىْ مِنْ اَمْرِىْ عُسْرًا ﴿٧٣﴾ فَانْطَلَقَا ٞ حَتّٰٓى

میں بھول گیا | اور نہ | تو پیدا کر | سے | میرے کام | دشواری | پھر وہ دونوں چل پڑے | یہاں تک کہ

پر مجھے نہ پکڑیں۔ میرے معاملے میں سختی سے کام نہ لیں۔'' پھر وہ دونوں روانہ ہوئے یہاں تک

اِذَا لَقِيَا غُلٰمًا فَقَتَلَهٗ ۙ قَالَ اَقَتَلْتَ نَفْسًا زَكِيَّةًۢ بِغَيْرِ

جب | وہ دونوں ملے | ایک لڑکے سے | تو اس نے قتل کر دیا اسے | اس نے کہا | کیا تو نے قتل کیا | ایک جان | پاکیزہ کو | بغیر

کہ انہیں ایک لڑکا ملا تو اس شخص نے اسے قتل کر ڈالا۔ اس پر موسیٰ علیہ السلام نے کہا ''آپ نے ایک معصوم جان کو مار ڈالا حالاں کہ اس نے

نَفْسٍ ؕ لَقَدْ جِئْتَ شَيْـًٔا نُّكْرًا ﴿٧٤﴾

بدلے جان کے | بیشک | تو لایا ہے | چیز | بہت بری۔

کسی کا خون نہیں بہایا تھا۔ یہ آپ نے ناحق کام کیا۔

قَالَ اَلَمْ اَقُلْ لَّكَ اِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ مَعِيَ صَبْرًا ﴿75﴾ قَالَ اِنْ

اس نے کہا | کیا نہیں | میں نے کہا تھا | تجھ کو | بیشک تو | ہرگز نہیں | تو کر سکے گا | ساتھ میرے | صبر | اس نے کہا | اگر

اس شخص نے کہا "کیا میں نے آپ سے نہیں کہا تھا کہ آپ میرے ساتھ صبر نہ کر سکیں گے؟" موسیٰ علیہ السلام نے کہا "اس

سَاَلْتُكَ عَنْ شَيْءٍۢ بَعْدَهَا فَلَا تُصٰحِبْنِيْ ۚ قَدْ بَلَغْتَ مِنْ لَّدُنِّيْ

میں پوچھوں تجھ سے | بارے میں | کسی چیز کے | بعد اس کے | تو نہ | تو ساتھ رکھنا مجھے | بیشک | تو پہنچا | سے | میرے پاس

کے بعد اگر میں آپ سے کسی چیز کے بارے میں پوچھوں تو مجھے اپنے ساتھ نہ رکھیں۔ پھر آپ کو ایسا کرنے کا عذر

عُذْرًا ﴿76﴾ فَانْطَلَقَا ۫ حَتّٰۤى اِذَاۤ اَتَيَاۤ اَهْلَ قَرْيَةِ ِۨ اسْتَطْعَمَاۤ اَهْلَهَا

عذر کو | پھر وہ دونوں چلے | یہاں تک کہ | جب | دونوں آئے پاس | لوگوں | بستی کے | دونوں نے کھانا مانگا | اس کے لوگوں سے

حاصل ہو گا۔ پھر وہ دونوں چل پڑے یہاں تک کہ جب ایک بستی والوں کے پاس پہنچے تو وہاں کے لوگوں سے کھانا مانگا

فَاَبَوْا اَنْ يُّضَيِّفُوْهُمَا فَوَجَدَا فِيْهَا جِدَارًا يُّرِيْدُ اَنْ يَّنْقَضَّ

تو انہوں نے انکار کیا | یہ کہ | ضیافت کریں دونوں کی | پھر دونوں نے پائی | اس میں | ایک دیوار | جو چاہتی تھی | کہ | گر جائے

مگر انہوں نے ان کی مہمان نوازی کرنے سے انکار کیا۔ وہاں انہوں نے ایک دیوار دیکھی جو گرا چاہتی تھی تو اس شخص نے اسے

فَاَقَامَهٗ ؕ قَالَ لَوْ شِئْتَ لَتَّخَذْتَ عَلَيْهِ اَجْرًا ﴿77﴾ قَالَ هٰذَا

تو اس نے کھڑی کر دی وہ | اس نے کہا | اگر | تو چاہتا | ضرور لیتا | اس پر | مزدوری | اس نے کہا | یہ

سیدھا کر دیا۔ موسیٰ علیہ السلام نے کہا "اگر آپ چاہتے تو اس پر اجرت لیتے؟" اس وقت اس شخص نے موسیٰ علیہ السلام سے کہا

فِرَاقُ بَيْنِيْ وَبَيْنِكَ ۚ سَاُنَبِّئُكَ بِتَاْوِيْلِ مَا لَمْ تَسْتَطِعْ عَّلَيْهِ

جدائی ہے | میرے درمیان | اور درمیان تیرے | اب میں بتاؤں گا تجھے | اصل حقیقت | اسکی جو | نہیں | تو کر سکتا تھا | اس پر

"اب میرے اور آپ کے درمیان جدائی ہے۔ البتہ میں ان چیزوں کی حقیقت بتائے دیتا ہوں جن کو آپ برداشت

صَبْرًا ﴿78﴾ اَمَّا السَّفِيْنَةُ فَكَانَتْ لِمَسٰكِيْنَ يَعْمَلُوْنَ فِي الْبَحْرِ

صبر | جو | کشتی تھی | تو وہ تھی | مسکینوں کی | جو محنت کرتے تھے | میں | سمندر

نہ کر سکے۔ وہ جو کشتی تھی وہ مسکینوں کی تھی جو دریا میں محنت مزدوری کرتے تھے۔ میں نے چاہا

فَاَرَدْتُّ اَنْ اَعِيْبَهَا وَكَانَ وَرَآءَهُمْ مَّلِكٌ يَّاْخُذُ كُلَّ سَفِيْنَةٍ

پس میں نے چاہا | کہ | عیب دار کر دوں اسکو | اور تھا | اُن کے آگے | ایک بادشاہ | جو لے لیتا تھا | ہر | کشتی کو

کہ اس کشتی کو عیب دار کر دوں کیونکہ ان کے سامنے کی طرف دریا کے اُس پار ایک بادشاہ تھا جو ہر اچھی کشتی زبردستی

غَصْبًا ﴿٧٩﴾ وَاَمَّا الْغُلٰمُ فَكَانَ اَبَوٰهُ مُؤْمِنَيْنِ فَخَشِيْنَآ اَنْ

چھین کر | اور جو | لڑکا تھا | تو تھے | والدین اسکے | ایمان والے | پس ہمیں اندیشہ ہوا | کہ

چھین لیتا تھا۔ اور جو لڑکا تھا تو اس کے ماں باپ مومن تھے۔ ہمیں اندیشہ ہوا وہ بڑا ہو کر اپنی سرکشی اور کفر

يُّرْهِقَهُمَا طُغْيَانًا وَّكُفْرًا ۚ ﴿٨٠﴾ فَاَرَدْنَآ اَنْ يُّبْدِلَهُمَا رَبُّهُمَا خَيْرًا مِّنْهُ

وہ مبتلا کرے ان کو | سرکشی میں | اور کفر میں | پس ہم نے ارادہ کیا | کہ | بدل دے ان کیلئے | اُن کا رب | بہتر | اس سے

سے انہیں تنگ کرے گا۔ ہم نے چاہا کہ اسے مار ڈالا جائے اور ان کا رب اس کے بدلے میں انہیں

زَكٰوةً وَّاَقْرَبَ رُحْمًا ﴿٨١﴾ وَاَمَّا الْجِدَارُ فَكَانَ لِغُلٰمَيْنِ يَتِيْمَيْنِ فِي

پاکیزگی میں | اور قریب تر | مہربانی میں | اور جو | دیوار تھی | تو وہ تھی | دو لڑکوں کی | دونوں یتیم | میں

ایک نیک اور سعادت مند بیٹا عطا فرمائے۔‘‘ ’’اور جو دیوار تھی وہ اس بستی کے دو یتیم لڑکوں

الْمَدِيْنَةِ وَكَانَ تَحْتَهٗ كَنْزٌ لَّهُمَا وَكَانَ اَبُوْهُمَا صَالِحًا ۚ فَاَرَادَ

شہر | اور تھا | نیچے اس کے | خزانہ | ان دونوں کا | اور تھا | اُن دونوں کا باپ | نیک | پس ارادہ کیا

کی تھی۔ اس کے نیچے ان کا خزانہ دفن تھا۔ ان کا باپ نیک آدمی تھا۔ لہٰذا آپ کے رب نے

رَبُّكَ اَنْ يَّبْلُغَآ اَشُدَّهُمَا وَيَسْتَخْرِجَا كَنْزَهُمَا ۖ رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ ۚ

رب تیرے نے | کہ | وہ دونوں پہنچیں | جوانی اپنی کو | اور وہ نکال لیں | اپنا خزانہ | بطورِ رحمت | سے | تیرے رب

چاہا کہ وہ دونوں لڑکے جوانی کی عمر کو پہنچیں تو اپنا خزانہ نکالیں۔ یہ سب کچھ آپ کے رب کی رحمت سے ہوا۔

وَمَا فَعَلْتُهٗ عَنْ اَمْرِيْ ۭ ذٰلِكَ تَاْوِيْلُ مَا لَمْ تَسْطِعْ عَّلَيْهِ

اور نہیں | میں نے کیا یہ کام | سے | اپنے حکم (مرضی) | یہ ہے | حقیقت | اس کی جو | نہ | تو کر سکتا تھا | اس پر

میں نے اپنی مرضی سے کچھ نہیں کیا۔ یہ ہے اصل حقیقت ان باتوں کی جن پر آپ سے صبر نہ

ع 10 / 12 / 1

صَبْرًا ۭ ﴿٨٢﴾ وَيَسْـَٔـلُوْنَكَ عَنْ ذِي الْقَرْنَيْنِ ۭ قُلْ سَاَتْلُوْا عَلَيْكُمْ مِّنْهُ

صبر | اور وہ پوچھتے ہیں تجھ سے | بارے میں | ذوالقرنین کے | کہہ دیجئے | جلد میں پڑھوں گا | تم پر | اس کا

ہو سکا۔‘‘ اے نبی لوگ آپ ﷺ سے ذوالقرنین کے بارے میں پوچھتے ہیں۔ آپ ﷺ کہیں ’’میں اس کا حال کچھ تمہارے

ذِكْرًا ۭ ﴿٨٣﴾ اِنَّا مَكَّنَّا لَهٗ فِي الْاَرْضِ وَاٰتَيْنٰهُ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ

بیان | بیشک ہم | ہم نے اقتدار دیا | اس کو | میں | زمین | اور ہم نے دیا اسے | سے | ہر | چیز

سامنے بیان کرتا ہوں۔‘‘ اللہ فرماتا ہے ہم نے اسے زمین پر اقتدار دیا۔ ہم نے اسے ہر قسم کا سازو

سَبَبًا ﴿84﴾ فَاَتْبَعَ سَبَبًا ﴿85﴾ حَتّٰۤى اِذَا بَلَغَ مَغْرِبَ الشَّمْسِ وَجَدَهَا

سامان | پھر وہ چل پڑا | ایک راہ پر | یہاں تک کہ | جب | وہ پہنچا | جگہ ڈوبنے | سورج کی | اس نے پایا اسے

سامان دیا۔ پھر ذوالقرنین نے پہلے مغرب کی طرف ایک مہم کا آغاز کیا۔ یہاں تک کہ وہ اس مقام تک جا پہنچا

تَغْرُبُ فِيْ عَيْنٍ حَمِئَةٍ وَّوَجَدَ عِنْدَهَا قَوْمًا ۬ قُلْنَا يٰذَا الْقَرْنَيْنِ

ڈوبتا | میں | چشمے | سیاہ کیچڑ کے | اور پایا | اس کے پاس | لوگوں کو | ہم نے کہا | اے ذوالقرنین

جو سورج کے غروب ہونے کی جگہ معلوم ہوتی تھی۔ وہاں اس نے سورج کو دیکھا تو وہ ایسے لگا جیسے کالے پانی میں ڈوب رہا ہو۔ وہاں

اِمَّاۤ اَنْ تُعَذِّبَ وَاِمَّاۤ اَنْ تَتَّخِذَ فِيْهِمْ حُسْنًا ﴿86﴾ قَالَ اَمَّا مَنْ

یا | یہ کہ | تو سزا دے | اور یا | یہ کہ | تو کر | ان میں | بھلائی | اس نے کہا | کہ | جو

اسے ایک قوم ملی۔ ہم نے کہا ''اے ذوالقرنین! تم چاہو تو ان لوگوں کو سزا دو اور چاہو تو ان کے ساتھ اچھا سلوک کرو'' اس نے کہا ''جو ان

ظَلَمَ فَسَوْفَ نُعَذِّبُهٗ ثُمَّ يُرَدُّ اِلٰى رَبِّهٖ فَيُعَذِّبُهٗ عَذَابًا

ظلم کرے | تو ضرور | ہم سزا دیں گے اسے | پھر | وہ لوٹایا جائے گا | طرف | اپنے رب کی | تو وہ عذاب دے گا اسے | عذاب

میں سے ظلم و سرکشی کرے گا ہم صرف اسے سزا دیں گے۔ پھر وہ اپنے رب کے پاس پہنچایا جائے گا جو اسے سخت عذاب

نُّكْرًا ﴿87﴾ وَاَمَّا مَنْ اٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَلَهٗ جَزَآءَ ِۨ الْحُسْنٰى ۚ

سخت | اور وہ | جو کہ | ایمان لایا | اور عمل کیا | اچھا | تو اس کے لئے | بدلہ ہے | اچھا

دے گا۔ اور جو شخص ایمان لائے گا اور نیک عمل کرے گا اس کے لئے اللہ کے ہاں اچھی جزا ہے

وَسَنَقُوْلُ لَهٗ مِنْ اَمْرِنَا يُسْرًا ﴿88﴾ ثُمَّ اَتْبَعَ سَبَبًا ﴿89﴾ حَتّٰۤى اِذَا

اور ضرور ہم کہیں گے | اس کو | سے | اپنے حکم | آسانی | پھر | وہ چلا | ایک راہ پر | یہاں تک کہ | جب

اور ہم بھی اس کے ساتھ نرم رویہ اختیار کریں گے۔ پھر ذوالقرنین دوسری مہم پر چلا۔ یہاں تک کہ جب وہ

بَلَغَ مَطْلِعَ الشَّمْسِ وَجَدَهَا تَطْلُعُ عَلٰى قَوْمٍ لَّمْ نَجْعَلْ لَّهُمْ مِّنْ

وہ پہنچا | جگہ نکلنے | سورج کی | اس نے پایا اس کو | طلوع ہوتے | پر | لوگوں | نہیں | ہم نے بنایا | جن کے لئے | سے

مشرق کی انتہائی حد تک جا پہنچا تو اس نے سورج کو ایک ایسی قوم پر طلوع ہوتے دیکھا جسے دھوپ سے بچانے کے لئے ہم نے اس

دُوْنِهَا سِتْرًا ﴿90﴾ كَذٰلِكَ ۭ وَقَدْ اَحَطْنَا بِمَا لَدَيْهِ خُبْرًا ﴿91﴾ ثُمَّ

سوا اس کے | پردہ | اس طرح تھا | اور بیشک | ہم نے احاطہ کر لیا | جو | پاس اسکے تھیں | خبریں | پھر

طرف کوئی آڑ نہیں رکھی تھی۔ ان کی یہی صورت حال تھی اور ہم ذوالقرنین کے حالات سے باخبر ہیں۔

اَتْبَعَ سَبَبًا ﴿۹۲﴾ حَتّٰٓى اِذَا بَلَغَ بَيْنَ السَّدَّيْنِ وَجَدَ مِنْ دُوْنِهِمَا

وہ چلا | ایک راہ پر | یہاں تک کہ | جب | وہ پہنچا | درمیان | دو دیواروں کے | اس نے پایا | سے | اُن کے اِدھر

ذوالقرنین ایک اور مہم پر چلا۔ یہاں تک کہ جب وہ دو پہاڑوں کے درمیان پہنچا تو اسے وہاں ایک قوم ملی مگر کوئی بات اس قوم کے

قَوْمًا ۙ لَّا يَكَادُوْنَ يَفْقَهُوْنَ قَوْلًا ﴿۹۳﴾ قَالُوْا يٰذَا الْقَرْنَيْنِ اِنَّ يَاْجُوْجَ

ایک قوم کو جو | نہیں | قریب تھے | کہ سمجھیں | بات کو | انہوں نے کہا | اے ذوالقرنین | بیشک | یاجوج

پلے نہیں پڑتی تھی۔ انہوں نے کہا ”اے ذوالقرنین! یاجوج اور ماجوج ہمارے

وَمَاْجُوْجَ مُفْسِدُوْنَ فِي الْاَرْضِ فَهَلْ نَجْعَلُ لَكَ خَرْجًا عَلٰٓى اَنْ

اور ماجوج | فساد کرنے والے ہیں | میں | زمین | تو کیا | ہم کر دیں | تیرے لئے | چندہ | اس لئے | تاکہ

ملک میں بڑا فساد پھیلاتے ہیں۔ آپ ہمارے اور ان کے درمیان کوئی روک بنا دیں۔ اس کے لئے ہم آپ کو رقم

تَجْعَلَ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُمْ سَدًّا ﴿۹۴﴾ قَالَ مَا مَكَّنِّيْ فِيْهِ رَبِّيْ خَيْرٌ

تو بنا دے | ہمارے درمیان | اور اُن کے درمیان | دیوار | اس نے کہا | جو کچھ | اقتدار دیا ہے مجھے | اس میں | میرے رب نے | بہتر ہے

مہیا کر دیتے ہیں۔ ذوالقرنین نے کہا ”رب نے جو کچھ مجھے دے رکھا ہے میرے لئے بہت ہے۔

فَاَعِيْنُوْنِيْ بِقُوَّةٍ اَجْعَلْ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ رَدْمًا ۙ﴿۹۵﴾ اٰتُوْنِيْ زُبَرَ

پس تم مدد کرو میری | قوت سے | تاکہ میں بنا دوں | تمہارے درمیان | اور اُن کے درمیان | مضبوط دیوار | لاؤ میرے پاس | ٹکڑے

تم محنت کے ذریعے میری مدد کرو۔ میں تمہارے اور ان کے درمیان مضبوط دیوار بنا دوں گا۔ تم میرے پاس لوہے کی

الْحَدِيْدِ ۭ حَتّٰٓى اِذَا سَاوٰى بَيْنَ الصَّدَفَيْنِ قَالَ انْفُخُوْا ۭ حَتّٰٓى اِذَا

لوہے کے | یہاں تک کہ | جب | برابر کر دیا | درمیان | دونوں پہاڑوں کے | تو اس نے کہا | تم پھونکو (دھونکو) | یہاں تک کہ | جب

چادریں لاؤ“ پھر جب سارا سامان مہیا ہو گیا اور دونوں پہاڑوں کے درمیانی خلا بھر دیا گیا تو اس نے حکم دیا ”آگ دھکاؤ“ یہاں

جَعَلَهٗ نَارًا ۙ قَالَ اٰتُوْنِيْٓ اُفْرِغْ عَلَيْهِ قِطْرًا ﴿۹۶﴾ فَمَا اسْطَاعُوْٓا

کر دیا اسے | آگ | اس نے کہا | تم لاؤ میرے پاس | میں ڈالوں | اس پر | پگھلا ہوا تانبا | پس نہ | وہ طاقت رکھتے

تک کہ جب اس آہنی دیوار کو آگ کی طرح سرخ کر دیا تو اس نے کہا ”لاؤ اب میں اس پر پگھلا ہوا تانبا ڈال دوں۔“ اب یاجوج

اَنْ يَّظْهَرُوْهُ وَمَا اسْتَطَاعُوْا لَهٗ نَقْبًا ﴿۹۷﴾ قَالَ هٰذَا رَحْمَةٌ مِّنْ

کہ | وہ چڑھ آئیں اُس پر | اور نہ | وہ طاقت رکھتے | اس میں | سوراخ | اس نے کہا | یہ ہے | رحمت | سے

ماجوج نہ اس پر چڑھ سکیں گے اور نہ اس میں سوراخ کر سکیں گے۔ پھر ذوالقرنین نے کہا یہ سب میرے رب کا

رَبِّیْ ج فَاِذَا جَآءَ وَعْدُ رَبِّیْ جَعَلَهٗ دَكَّآءَ ج وَكَانَ وَعْدُ رَبِّیْ

میرے رب کی | پھر جب | آئے گا | وعدہ | میرے رب کا | کرے گا اسے | ریزہ ریزہ | اور ہے | وعدہ | میرے رب کا

فضل ہے۔ پھر جب میرے رب کا وعدہ آئے گا تو اسے ڈھا کر برابر کر دے گا اور میرے رب کا وعدہ سچا ہے۔'' ہم

حَقًّا ط ﴿98﴾ وَتَرَكْنَا بَعْضَهُمْ یَوْمَئِذٍ یَّمُوْجُ فِیْ بَعْضٍ وَّنُفِخَ فِی

سچا | اور ہم نے چھوڑ دیا | بعضوں کو ان سے | اس دن | گھستے ہیں | میں | بعض | اور پھونکا جائے گا | میں

اس دن سب لوگوں کو کھلا چھوڑ دیں گے۔ وہ موجوں کی طرح ایک دوسرے میں گھسیں گے۔ پھر صُور پھونکا

الصُّوْرِ فَجَمَعْنٰهُمْ جَمْعًا لا ﴿99﴾ وَّعَرَضْنَا جَهَنَّمَ یَوْمَئِذٍ لِّلْكٰفِرِیْنَ

صور | پھر ہم جمع کریں گے ان کو | اکٹھا کر کے | اور ہم سامنے لائیں گے | جہنم کو | اس دن | کافروں کے لئے

جائے گا تو سب کو میدانِ محشر میں جمع کریں گے۔ اس روز ہم جہنم کو ان کافروں کے سامنے

عَرْضَا لا ﴿100﴾ الَّذِیْنَ كَانَتْ اَعْیُنُهُمْ فِیْ غِطَآءٍ عَنْ ذِكْرِیْ وَكَانُوْا

پیش کر کے | جو لوگ کہ | تھیں | اُن کی آنکھیں | میں | پردۂ غفلت | سے | میری یاد | اور وہ تھے

لائیں گے جو دنیا میں ہماری نصیحت کے آگے اندھے بنے رہے اور کچھ سننا گوارا نہ

لَا یَسْتَطِیْعُوْنَ سَمْعًا ع ﴿101﴾ اَفَحَسِبَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْٓا اَنْ یَّتَّخِذُوْا عِبَادِیْ

نہیں وہ طاقت رکھتے تھے | سُننے کی | کیا پھر گمان کیا ہے | انہوں نے جو | کافر ہوئے | کہ | وہ بنالیں | میرے بندوں کو

کرتے تھے۔ کیا کافر لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ وہ مجھے چھوڑ کر میرے بندوں کو اپنا کارساز بنا لیں تو

مِنْ دُوْنِیْٓ اَوْلِیَآءَ ط اِنَّآ اَعْتَدْنَا جَهَنَّمَ لِلْكٰفِرِیْنَ نُزُلًا ﴿102﴾ قُلْ هَلْ

سے | سوا میرے | کارساز | بیشک | ہم نے تیار کی | جہنم | کافروں کے لئے | بطور مہمانی | کہہ دیجئے | کیا

انہیں کچھ نہیں کہا جائے گا۔ بے شک ہم نے ایسے کافروں کی مہمانی کے لئے جہنم تیار کر رکھی ہے۔ اے نبی ﷺ آپ ان سے

نُنَبِّئُكُمْ بِالْاَخْسَرِیْنَ اَعْمَالًا ط ﴿103﴾ اَلَّذِیْنَ ضَلَّ سَعْیُهُمْ فِی الْحَیٰوةِ

ہم بتائیں تمہیں | گھاٹا پانے والے | عمل میں | وہ جو | ضائع ہوگئی | انکی کوشش | میں | زندگی

کہیں ''کیا ہم تمہیں ایسے لوگ بتائیں جو اپنے اعمال کے اعتبار سے بڑے گھاٹے میں رہیں گے؟ وہ جن کی ساری کوشش دنیا کی

الدُّنْیَا وَهُمْ یَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ یُحْسِنُوْنَ صُنْعًا ﴿104﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِیْنَ

دنیا کی | اور وہ | وہ گمان کرتے ہیں | کہ وہ | اچھا کر رہے ہیں | کام | یہ لوگ ہیں | انہوں نے

زندگی چاہنے میں بیکار گئی اور وہ سمجھتے رہے کہ بہت اچھا کام کر رہے ہیں۔ یہی لوگ ہیں جنہوں نے

كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ وَلِقَآئِهٖ فَحَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فَلَا نُقِيْمُ لَهُمْ

انکار کیا | آیتوں کا | اپنے رب کی | اور اُس کی ملاقات کا | پھر ضائع ہوگئے | ان کے اعمال | پس نہیں | ہم قائم کریں گے | انکے لئے

اپنے رب کی نشانیوں کا اور اس سے ملنے کا انکار کیا۔ ان کے تمام اعمال ضائع ہو گئے۔ قیامت کے دن ہم انہیں

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَزْنًا ۝ ذٰلِكَ جَزَآؤُهُمْ جَهَنَّمُ بِمَا كَفَرُوْا وَاتَّخَذُوْٓا

دن | قیامت کے | تول | یہ ہے | ان کی سزا | جہنم | اس وجہ سے جو | کفر کیا | اورانہوں نے بنایا

کوئی وزن نہ دیں گے۔ ان کی سزا جہنم ہے کیونکہ انہوں نے کفر کیا اور میری نشانیوں اور میرے رسولوں

اٰيٰتِيْ وَرُسُلِيْ هُزُوًا ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ كَانَتْ

میری آیتوں کو | اور میرے رسولوں کو | مذاق | بیشک | جولوگ | ایمان لائے | اور عمل کئے | اچھے | ہیں

کا مذاق اڑایا۔ بے شک جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کئے، ان کی مہمانی کے لئے

لَهُمْ جَنّٰتُ الْفِرْدَوْسِ نُزُلًا ۝ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا لَا يَبْغُوْنَ عَنْهَا

ان کے لئے | باغ | فردوس کے | بطور مہمانی | ہمیشہ رہنے والے | اس میں | نہ | وہ چاہیں گے | ان سے

فردوس کے باغ ہوں گے۔ جہاں وہ ہمیشہ رہیں گے اور وہ اس جگہ کو چھوڑنا کبھی پسند

حِوَلًا ۝ قُلْ لَّوْ كَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِّكَلِمٰتِ رَبِّيْ لَنَفِدَ الْبَحْرُ

نکلنا | کہہ دیجئے | اگر | ہو | سمندر | سیاہی | باتوں کے لئے | میرے رب کی | ضرور ختم ہوجائے | سمندر

نہیں کریں گے۔ اے نبی ﷺ آپ ﷺ کہیں "اگر میرے رب کی خوبیاں اور کمالات لکھنے کے لئے تمام سمندر روشنائی یعنی

قَبْلَ اَنْ تَنْفَدَ كَلِمٰتُ رَبِّيْ وَلَوْ جِئْنَا بِمِثْلِهٖ مَدَدًا ۝ قُلْ

پہلے اس سے | کہ | ختم ہوں | باتیں | میرے رب کی | اور اگر چہ | ہم لائیں | اس جیسی | سیاہی | کہہ دیجئے

سیاہی بن جائیں تو سب سمندروں کا پانی ختم ہوجائے گا لیکن میرے رب کی خوبیاں اور کمالات ختم نہ ہوں گے اگر چہ ہم ان کے ساتھ

اِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يُوْحٰٓى اِلَيَّ اَنَّمَآ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ

بے شک | میں | بشر ہوں | تم جیسا | وحی کی جاتی ہے | میری طرف | یہ کہ | معبود تمہارا ہے | معبود | ایک

ان جیسے اور سمندر بھی ملا دیں" اے نبی ﷺ! آپ ﷺ کہہ دیں "میں تمہاری طرح انسان ہوں لیکن مجھ پر اللہ کی طرف سے وحی

فَمَنْ كَانَ يَرْجُوْا لِقَآءَ رَبِّهٖ فَلْيَعْمَلْ عَمَلًا صَالِحًا وَّلَا يُشْرِكْ

پھر جوکوئی | ہے | امید رکھتا | ملنے کی | اپنے رب سے | تو ضرور وہ عمل کرے | عمل | اچھے | اور نہ | وہ شریک بنائے

آتی ہے کہ تمہارا معبود صرف ایک معبود ہے۔ لہٰذا جس کو اپنے رب سے ملنے کی امید ہے، اسے چاہئے نیک عمل کرے اور اپنے رب کی

بِعِبَادَةِ رَبِّهٖٓ اَحَدًا ﴿110﴾

بندگی میں | اپنے رب کی | کسی کو

عبادت میں کسی کو شریک نہ بنائے۔''

(19) سُوْرَةُ مَرْيَمَ مَكِّيَّةٌ (44)

اٰیاتھا 98 — رکوعاتھا 6

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

كٓهٰيٰعٓصٓ ﴿1﴾ ذِكْرُ رَحْمَتِ رَبِّكَ عَبْدَهٗ زَكَرِيَّا ﴿2﴾ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗ

كٓهٰيٰعٓصٓ | ذکر ہے | رحمت کا | تیرے رب کی | اُس کے بندے | زکریا پر | جب | اس نے پکارا | اپنے رب کو

كٓهٰيٰعٓصٓ یہ ذکر ہے اُس رحمت کا جو آپ ﷺ کے رب نے اپنے بندے زکریا علیہ السلام پر کی۔ جب زکریا

نِدَآءً خَفِيًّا ﴿3﴾ قَالَ رَبِّ اِنِّيْ وَهَنَ الْعَظْمُ مِنِّيْ وَاشْتَعَلَ

پکارنا | آہستہ سے | اس نے کہا | اے میرے رب | بیشک میں | کمزور ہوگئی ہیں | ہڈیاں | میری | اور شعلہ مارا

علیہ السلام نے چپکے چپکے اپنے رب کو پکارا۔ اور دعا کی ''اے میرے رب! میری ہڈیاں کمزور ہوگئیں اور سر میں بالوں کی سفیدی

الرَّاْسُ شَيْبًا وَّلَمْ اَكُنْۢ بِدُعَآئِكَ رَبِّ شَقِيًّا ﴿4﴾ وَاِنِّيْ خِفْتُ

سر نے | بڑھاپے سے | اور نہیں | میں تھا | تیری دعا سے | میرے رب | بے نصیب | اور بیشک میں | مجھے اندیشہ ہے

پھیل گئی۔ اے میرے رب! تجھ سے مانگ کر میں کبھی محروم نہیں رہا۔ مجھے اپنے رشتہ داروں

الْمَوَالِيَ مِنْ وَّرَآءِيْ وَكَانَتِ امْرَاَتِيْ عَاقِرًا فَهَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ

رشتہ داروں کا | سے | میرے بعد | اور ہے | میری بیوی | بانجھ | پس تو دے | مجھ کو | سے | پاس اپنے

کے بارے میں اندیشہ ہے کہ میرے بعد وہ دین میں خرابی پیدا نہ کر دیں۔ میری بیوی بانجھ ہے۔ تو اپنے فضل سے مجھے

وَلِيًّا ﴿5﴾ يَّرِثُنِيْ وَيَرِثُ مِنْ اٰلِ يَعْقُوْبَ وَاجْعَلْهُ رَبِّ رَضِيًّا ﴿6﴾

وارث | جو وارث بنے میرا | اور وارث ہو | کا | آلِ یعقوب | اور تو کر اسے | اے میرے رب | پسندیدہ

بیٹا عطا فرما۔ جو میرا وارث ہو اور خاندانِ یعقوب علیہ السلام کا بھی وارث ہو اور اے میرے رب تو اسے اپنا پسندیدہ بنا دینا''

يٰزَكَرِيَّآ اِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلٰمِ ِۨ اسْمُهٗ يَحْيٰى لَمْ نَجْعَلْ لَّهٗ مِنْ

اے زکریا | بیشک ہم | ہم بشارت دیتے ہیں تجھے | لڑکے کی | نام جس کا | یحییٰ ہے | نہیں | ہم نے کیا | اس کا | سے

آواز آئی ''اے زکریا علیہ السلام ہم تمہیں ایک بیٹے کے پیدا ہونے کی خوشخبری دیتے ہیں۔ نام اُس کا یحییٰ علیہ السلام ہوگا۔ اس نام

قَبْلُ سَمِيًّا ﴿٧﴾ قَالَ رَبِّ اَنّٰى يَكُوْنُ لِىْ غُلٰمٌ وَّكَانَتِ امْرَاَتِىْ

پہلے | کوئی ہم نام | اس نے کہا | میرے رب | کیسے | ہوگا | میرے لئے | فرزند | اور ہے | بیوی میری

کا کوئی آدمی ہم نے اس سے پہلے نہیں بنایا۔'' زکریا علیہ السلام نے عرض کیا ''اے میرے رب! میرے ہاں لڑکا کیسے ہوگا جبکہ میری

عَاقِرًا وَّقَدْ بَلَغْتُ مِنَ الْكِبَرِ عِتِيًّا ﴿٨﴾ قَالَ كَذٰلِكَ ۚ قَالَ رَبُّكَ

بانجھ | اور بیشک | میں پہنچا ہوں | سے | بڑھاپے | بہت بوڑھا | اس نے کہا | اسی طرح ہوگا | کہا | رب تیرے نے

بیوی بانجھ ہے اور میں بڑھاپے کی آخری حد کو پہنچ گیا ہوں۔'' ارشاد ہوا ''ایسا ہی ہوگا۔ تیرا رب فرماتا ہے کہ

هُوَ عَلَىَّ هَيِّنٌ وَّقَدْ خَلَقْتُكَ مِنْ قَبْلُ وَلَمْ تَكُ شَيْئًا ﴿٩﴾ قَالَ

وہ | مجھ پر | آسان ہے | اور بیشک | میں نے پیدا کیا تجھے | بھی | پہلے | اور نہ | تو تھا | کچھ بھی | اس نے کہا

ایسا کرنا میرے لئے آسان ہے۔ میں نے اس سے پہلے خود تمہیں پیدا کیا حالاں کہ تم کچھ بھی نہ تھے۔'' اس پر زکریا علیہ السلام نے

رَبِّ اجْعَلْ لِّىْٓ اٰيَةً ۭ قَالَ اٰيَتُكَ اَلَّا تُكَلِّمَ النَّاسَ ثَلٰثَ

رب میرے | تو بنا دے | میرے لئے | کوئی نشانی | اس نے کہا | نشانی تیری ہے | کہ نہ | تو کلام کرے گا | لوگوں سے | تین

کہا ''اے میرے رب میرے لئے اس کی کوئی نشانی مقرر کر دے؟'' فرمایا ''تمہارے لئے نشانی یہ ہے کہ تم تین رات دن تک

لَيَالٍ سَوِيًّا ﴿١٠﴾ فَخَرَجَ عَلٰى قَوْمِهٖ مِنَ الْمِحْرَابِ فَاَوْحٰٓى اِلَيْهِمْ اَنْ

راتیں | برابر | پھر وہ نکلا | طرف | قوم اپنی | سے | عبادت گاہ | پھر اشارہ کیا | ان کی طرف | کہ

لوگوں سے بات نہ کرسکو گے حالاں کہ تم تندرست ہوگے'' پھر زکریا علیہ السلام اپنے عبادت خانے سے نکل کر لوگوں کے پاس آئے اور

سَبِّحُوْا بُكْرَةً وَّعَشِيًّا ﴿١١﴾ يٰيَحْيٰى خُذِ الْكِتٰبَ بِقُوَّةٍ ۭ وَاٰتَيْنٰهُ الْحُكْمَ

تم تسبیح کرو | صبح | اور شام | اے یحییٰ | تو پکڑ | کتاب کو | مضبوطی سے | اور ہم نے دیا اسے | حکم

اشارے سے انہیں نصیحت کر دی کہ ''تم صبح وشام اللہ کی تسبیح کرتے رہو اور اللہ نے حکم دیا'' اے یحییٰ علیہ السلام! کتابِ الٰہی کو

صَبِيًّا ﴿١٢﴾ وَّحَنَانًا مِّنْ لَّدُنَّا وَزَكٰوةً ۭ وَكَانَ تَقِيًّا ﴿١٣﴾ وَّبَرًّا ۢ بِوَالِدَيْهِ

بچپن سے | اور نرم خوئی دی | سے | اپنے پاس | اور پاکیزگی | اور وہ تھا | پرہیزگار | اور حسن سلوک کرنے والا | اپنے والدین سے

مضبوطی سے پکڑو اور اس پر عمل کرو۔'' ہم نے انہیں بچپن ہی میں دین کی سمجھ عطا کی اور اپنی طرف سے انہیں رحم دلی اور پاکیزگی

وَلَمْ يَكُنْ جَبَّارًا عَصِيًّا ﴿١٤﴾ وَسَلٰمٌ عَلَيْهِ يَوْمَ وُلِدَ وَيَوْمَ يَمُوْتُ

اور نہ | وہ تھا | سخت خو | نافرمان | اور سلامتی ہے | اس پر | جس دن | وہ پیدا ہوا | اور جس دن | وہ فوت ہوا

دی۔ وہ بڑے پرہیزگار تھے۔ اپنے والدین کے خدمت گزار تھے۔ سرکش اور نافرمان نہ تھے۔ اُن پر سلامتی ہو جس دن وہ پیدا

وَيَوْمَ يُبْعَثُ حَيًّا ﴿15﴾ وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ مَرْيَمَ ۘ اِذِ انْتَبَذَتْ مِنْ

اور جس دن | وہ اٹھے گا | زندہ ہوکر | اور تو یاد کر | میں | کتاب | مریم کو | جب | الگ ہوگئی | سے

ہوئے جس دن ان کی وفات ہوئی اور جس دن وہ دوبارہ زندہ کر کے اٹھائے جائیں گے۔ اے نبی ﷺ اس کتاب میں مریم علیہا

اَهْلِهَا مَكَانًا شَرْقِيًّا ﴿16﴾ فَاتَّخَذَتْ مِنْ دُوْنِهِمْ حِجَابًا ۚ فَاَرْسَلْنَاۤ

اپنے گھر والوں سے | جگہ | مشرقی تک | تو اس نے کیا | سے | اُدھران | پردہ | پھر ہم نے بھیجا

السلام کا ذکر بھی لوگوں سے بیان کریں جبکہ وہ اپنے لوگوں سے الگ ہوکر مشرقی مقام پر چلی گئیں۔ پھر انہوں نے اپنے آپ کو لوگوں

اِلَيْهَا رُوْحَنَا فَتَمَثَّلَ لَهَا بَشَرًا سَوِيًّا ﴿17﴾ قَالَتْ اِنِّيْۤ اَعُوْذُ

طرف اس کی | روح اپنی کو | پھر وہ صورت بن گیا | اس کے لئے | آدمی | پورا | وہ بولی | بیشک میں | میں پناہ مانگتی ہوں

سے پردے میں کرلیا۔ ہم نے ان کی طرف اپنے فرشتے جبریل علیہ السلام کو بھیجا جو اُن کے سامنے ایک پورا آدمی بن کر ظاہر ہوا۔

بِالرَّحْمٰنِ مِنْكَ اِنْ كُنْتَ تَقِيًّا ﴿18﴾ قَالَ اِنَّمَاۤ اَنَا رَسُوْلُ رَبِّكِ ۖ

رحمٰن کی | تجھ سے | اگر | تم ہو | نیک | اس نے کہا | بے شک | میں | بھیجا ہوا ہوں | تیرے رب کا

مریم علیہا السلام نے اسے دیکھ کر کہا ”اگر تم اللہ سے ڈرتے ہو تو میں تمہیں خدائے رحمان کا واسطہ دیتی ہوں کہ میرے سامنے سے

لِاَهَبَ لَكِ غُلٰمًا زَكِيًّا ﴿19﴾ قَالَتْ اَنّٰى يَكُوْنُ لِيْ غُلٰمٌ

تاکہ میں دوں | تجھ کو | لڑکا | پاکیزہ | وہ بولی | کیسے | ہوگا | میرے لئے | لڑکا

ہٹ جاؤ۔ فرشتے نے کہا ”میں تمہارے رب کا بھیجا ہوا فرشتہ ہوں اور اس لئے بھیجا گیا ہوں تاکہ آپ کو ایک پاکیزہ بیٹا دوں۔“

وَّلَمْ يَمْسَسْنِيْ بَشَرٌ وَّلَمْ اَكُ بَغِيًّا ﴿20﴾ قَالَ كَذٰلِكِ ۚ قَالَ رَبُّكِ هُوَ

اور نہیں چھوا مجھے | کسی بشر نے | اور نہیں | میں ہوں | بدکار | اس نے کہا | اسی طرح | کہا | تیرے رب نے | وہ

میرم علیہا السلام نے کہا ”میرے ہاں لڑکا کیسے ہوگا جب کہ مجھے نہ کسی مرد نے ہاتھ لگایا اور نہ میں بدکار رہوں۔“ فرشتے نے کہا ”ایسا

عَلَيَّ هَيِّنٌ ۚ وَلِنَجْعَلَهٗۤ اٰيَةً لِّلنَّاسِ وَرَحْمَةً مِّنَّا ۚ وَكَانَ اَمْرًا

مجھ پر | آسان ہے | اور تاکہ ہم بنادیں اس کو | نشانی | لوگوں کیلئے | اور رحمت | اپنی سے | اور ہے | معاملہ

ہی ہوگا۔ تمہارا رب فرماتا ہے یہ کام میرے لئے بہت آسان ہے تاکہ ہم اسے لوگوں کے لئے ایک نشانی بنادیں، ان کے لئے اپنی

مَّقْضِيًّا ﴿21﴾ فَحَمَلَتْهُ فَانْتَبَذَتْ بِهٖ مَكَانًا قَصِيًّا ﴿22﴾ فَاَجَآءَهَا الْمَخَاضُ

قطعی | پھر اُس کو حمل ہوگیا | وہ الگ ہوگئی | اس کے ساتھ | ایک جگہ | دور | پھر لایا اسکو | دردِ زہ

رحمت کا ذریعہ قرار دیں اور اب یہ ایک طے شدہ بات ہے۔“ اور پھر مریم علیہا السلام کے ہاں اُس ہونے والے بیٹے کا حمل ٹھہر گیا۔

اِلٰى جِذْعِ النَّخْلَةِ ۚ قَالَتْ يٰلَيْتَنِىْ مِتُّ قَبْلَ هٰذَا وَكُنْتُ نَسْيًا

طرف | تنے کی | کھجور کے | اس نے کہا | اے کاش میں | مرچکی ہوتی | پہلے | اس کے | اور میں ہوتی | بھولی

وہ ایک دور کی جگہ چلی گئیں۔ درد زہ نے انہیں کھجور کے درخت کے پاس پہنچا دیا اور وہ کہنے لگیں ''کاش میں اس سے پہلے مرجاتی اور

مَّنْسِيًّا ﴿23﴾ فَنَادٰىهَا مِنْ تَحْتِهَآ اَلَّا تَحْزَنِىْ قَدْ جَعَلَ رَبُّكِ تَحْتَكِ

بسری | پھر آواز دی اسے | سے | اُس کے نیچے | کہ نہ | تو غم کر | بیشک | بنایا ہے | تیرے رب نے | تیرے نیچے

بھولی بسری چیز ہوتی'' فرشتے نے قریب ہی سے آواز دی ''غمگین نہ ہوں، آپ کے رب نے آپ کے پاس

سَرِيًّا ﴿24﴾ وَهُزِّىْٓ اِلَيْكِ بِجِذْعِ النَّخْلَةِ تُسٰقِطْ عَلَيْكِ رُطَبًا جَنِيًّا ﴿25﴾

چشمہ | اور تو ہلا | اپنی طرف | تنے کو | کھجور کے | وہ ڈالے گا | تجھ پر | کھجور | تازہ

ایک چشمہ جاری کر دیا ہے۔ اس کھجور کے تنے کو پکڑ کر اپنی طرف ہلائیں وہ تم پر تازی کھجوریں گرائے گا

فَكُلِىْ وَاشْرَبِىْ وَقَرِّىْ عَيْنًا ۚ فَاِمَّا تَرَيِنَّ مِنَ الْبَشَرِ اَحَدًا ۙ فَقُوْلِىْٓ

پس تو کھا | اور تو پی | اور تو ٹھنڈی کر | آنکھ اپنی | پھر اگر | تو دیکھے | سے | آدمیوں | کسی کو | پھر تو کہنا

پس کھائیں اور پئیں اور آنکھیں ٹھنڈی کریں۔ اگر کوئی آدمی آپ کو دیکھ لے تو اسے اشارے سے کہہ دیں

اِنِّىْ نَذَرْتُ لِلرَّحْمٰنِ صَوْمًا فَلَنْ اُكَلِّمَ الْيَوْمَ اِنْسِيًّا ﴿26﴾ ۚ فَاَتَتْ بِهٖ

بیشک میں | میں نے نذر مانی ہے | رحمٰن کے لئے | ایک روزہ | پس ہرگز نہیں | میں کلام کروں گی | آج کے دن | کسی انسان سے | پھر لائی | اسے

کہ میں نے خدائے رحمان کے لئے روزہ رکھا ہوا ہے جس کی وجہ سے آج میں کسی انسان سے نہیں بولوں گی''۔ پھر وہ بچے کو گود میں

قَوْمَهَا تَحْمِلُهٗ ۭ قَالُوْا يٰمَرْيَمُ لَقَدْ جِئْتِ شَيْـًٔا فَرِيًّا ﴿27﴾ يٰٓاُخْتَ

قوم اپنی میں | اُسے اُٹھائے ہوئے | انہوں نے کہا | اے مریم | بیشک | تو لائی | ایک چیز | بری | اے بہن

لئے اپنی قوم کے پاس آئیں۔ لوگوں نے کہا ''مریم علیہا السلام تم نے بڑا طوفان کر ڈالا؟ ارے ہارون علیہ السلام

هٰرُوْنَ مَا كَانَ اَبُوْكِ امْرَاَ سَوْءٍ وَّمَا كَانَتْ اُمُّكِ بَغِيًّا ﴿28﴾

ہارون کی | نہ | تھا | تیرا باپ | آدمی | برا | اور نہ | تھی | تیری ماں | بدکار

کی بہن نہ تمہارا باپ برا آدمی تھا اور نہ تمہاری ماں بدکار تھی''

فَاَشَارَتْ اِلَيْهِ ۭ قَالُوْا كَيْفَ نُكَلِّمُ مَنْ كَانَ فِى الْمَهْدِ صَبِيًّا ﴿29﴾

پھر اس نے اشارہ کیا | اس کی طرف | وہ بولے | کیسے | ہم بات کریں | اس سے جو | ہے | میں | گود | بچہ

مریم علیہا السلام نے بچے کی طرف اشارہ کیا تو لوگوں نے کہا ''ہم کیسے اس سے بات کریں جو ابھی گود میں بچہ ہے؟''

قَالَ اِنِّیْ عَبْدُ اللّٰهِ ۟ اٰتٰىنِیَ الْكِتٰبَ وَجَعَلَنِیْ نَبِیًّا ﴿۳۰﴾ وَّجَعَلَنِیْ

اس نے کہا | بیشک میں ہوں | بندہ | اللہ کا | اس نے دی مجھے | کتاب | اور اس نے بنایا مجھے | نبی | اور اس نے کیا مجھے

بچہ بولا "میں اللہ کا بندہ ہوں۔ اس نے مجھے کتاب دی اور نبی بنایا۔ میں جہاں

مُبٰرَكًا اَیْنَ مَا كُنْتُ ۪ وَاَوْصٰنِیْ بِالصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ مَا دُمْتُ

بابرکت | جہاں | بھی | میں ہوں | اور اس نے تاکید کی مجھے | نماز کی | اور زکوٰۃ کی | جب تک | میں رہوں

کہیں بھی ہوں، اس نے مجھے برکت والا بنایا۔ اس نے مجھے نماز اور زکوٰۃ کی تاکید کی جب تک

حَیًّا ﴿۳۱﴾ وَّبَرًّۢا بِوَالِدَتِیْ ۫ وَلَمْ یَجْعَلْنِیْ جَبَّارًا شَقِیًّا ﴿۳۲﴾ وَالسَّلٰمُ

زندہ | اور اچھا سلوک کرنے والا | اپنی ماں سے | اور نہیں | اس نے بنایا مجھے | سخت | بدبخت | اور سلامتی ہو

میں زندہ رہوں۔ اس نے مجھے میری ماں کا خدمت گزار بنایا۔ مجھے سرکش اور بدبخت نہیں بنایا۔ مجھ پر سلامتی

عَلَیَّ یَوْمَ وُلِدْتُّ وَیَوْمَ اَمُوْتُ وَیَوْمَ اُبْعَثُ حَیًّا ﴿۳۳﴾ ذٰلِكَ عِیْسَی

مجھ پر | جس دن | میں پیدا ہوا | اور جس دن | میں مروں گا | اور جس دن | میں اُٹھایا جاؤں | زندہ | یہ ہے | عیسیٰ علیہ السلام

ہے جس دن میں پیدا ہوا، جس دن میں مروں گا اور جس دن مجھے دوبارہ زندہ کر کے اٹھایا جائے گا۔" یہ ہے عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام کا

ابْنُ مَرْیَمَ ۚ قَوْلَ الْحَقِّ الَّذِیْ فِیْهِ یَمْتَرُوْنَ ﴿۳۴﴾ مَا كَانَ لِلّٰهِ اَنْ

بیٹا | مریم کا | بات | حق کی ہے | کہ | جس میں | وہ شک کرتے ہیں | نہیں | مناسب | اللہ کو | کہ

اصل واقعہ، جس کے بارے میں لوگ جھگڑتے ہیں۔ اللہ ایسا

یَّتَّخِذَ مِنْ وَّلَدٍ ۙ سُبْحٰنَهٗ ؕ اِذَا قَضٰۤی اَمْرًا فَاِنَّمَا یَقُوْلُ لَهٗ كُنْ

وہ رکھے | کوئی | اولاد | پاک ہے وہ | جب | وہ فیصلہ کرتا ہے | کام کا | تو یقیناً | وہ کہتا ہے | اس کو | تو ہو جا

نہیں کہ کسی کو اپنا بیٹا بنائے، وہ پاک ہے۔ جب کسی کام کا فیصلہ کرتا ہے تو کہتا ہے "ہو جا"

فَیَكُوْنُ ﴿۳۵﴾ ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ رَبِّیْ وَرَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْهُ ؕ هٰذَا صِرَاطٌ

تو وہ ہو جاتا ہے | اور بیشک | اللہ ہے | میرا رب | اور تمہارا رب | پس تم عبادت کرو اسکی | یہ ہے | راہ

تو وہ ہو جاتا ہے۔ عیسیٰ علیہ السلام کی دعوت یہ تھی کہ "بے شک اللہ میرا رب ہے اور تمہارا رب ہے۔ لہٰذا اسی کی عبادت کرو۔ یہی

مُّسْتَقِیْمٌ ﴿۳۶﴾ فَاخْتَلَفَ الْاَحْزَابُ مِنْۢ بَیْنِهِمْ ۚ فَوَیْلٌ لِّلَّذِیْنَ كَفَرُوْا

سیدھی | پھر اختلاف کیا | گروہوں نے | سے | اپنے درمیان | پس ہلاکت ہے | ان کے لئے جو | کافر ہوئے

سیدھا راستہ ہے۔" مگر ان کے بعد مختلف فرقوں نے باہم اختلاف کیا۔ پھر تباہی ہے کفر کی راہ پر

مِنْ مَّشْهَدِ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿37﴾ اَسْمِعْ بِهِمْ وَاَبْصِرْ ۙ يَوْمَ

سے | حاضری | دن کی | بڑے | کیا خوب سنتے ہوں گے | وہ | اور کیا خوب دیکھتے ہوں گے | جس دن

چلنے والوں کے لئے اُس دن جب یہ لوگ ہمارے پاس حاضر ہوں گے۔ اس حاضری کے وقت وہ خوب سنتے اور خوب دیکھتے ہوں

يَاْتُوْنَنَا لٰكِنِ الظّٰلِمُوْنَ الْيَوْمَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿38﴾ وَاَنْذِرْهُمْ

وہ آئیں گے ہمارے پاس | لیکن | ظالم | آج ہیں | میں | گمراہی | کھلی | اور ڈرایئے ان کو

گے۔ مگر آج یہ ظالم کھلی گمراہی میں پڑے ہوئے ہیں۔ اور اے نبی ﷺ آپ ﷺ ان

يَوْمَ الْحَسْرَةِ اِذْ قُضِيَ الْاَمْرُ ۘ وَهُمْ فِيْ غَفْلَةٍ وَّهُمْ

دن | پشیمانی سے | جب | فیصلہ ہوگا | معاملے کا | اور وہ ہیں | میں | غفلت | اور وہ

لوگوں کو اس حسرت کے دن سے خبردار کر دیں جب ساری باتوں کا فیصلہ کیا جائے گا۔ ابھی وہ غفلت میں

لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿39﴾ اِنَّا نَحْنُ نَرِثُ الْاَرْضَ وَمَنْ عَلَيْهَا وَاِلَيْنَا يُرْجَعُوْنَ ﴿40﴾ ع

نہیں ایمان لاتے | بیشک ہم | ہم | ہم وارث ہیں | زمین کے | اور اسکے جو ہے | اس پر | اور ہماری طرف | وہ لوٹائے جائیں گے

پڑے ہیں اور ایمان نہیں لاتے۔ بے شک ہم زمین کے اور زمین والوں کے وارث ہیں اور سب ہماری طرف لوٹائے جائیں

وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ اِبْرٰهِيْمَ ۬ اِنَّهٗ كَانَ صِدِّيْقًا نَّبِيًّا ﴿41﴾ اِذْ قَالَ

اور یاد کیجئے | میں | کتاب | ابراہیم کو | بیشک وہ | تھا | سچا | نبی | جب | اس نے کہا

گے۔ اور اے نبی ﷺ اس کتاب میں ابراہیم علیہ السلام کا لوگوں سے تذکرہ کریں۔ بے شک وہ سچے تھے اور نبی تھے۔ یاد کرو

لِاَبِيْهِ يٰۤاَبَتِ لِمَ تَعْبُدُ مَا لَا يَسْمَعُ وَلَا يُبْصِرُ وَلَا يُغْنِيْ

اپنے باپ کو | اے باپ میرے | کیوں | تو پوجتا ہے | اسے جو | نہیں | سنتا | اور نہ | وہ دیکھتا | اور نہ | وہ کام آتا

جب انہوں نے اپنے باپ سے کہا "ابا جان آپ ان بتوں کی کیوں پوجا کرتے ہیں جو نہ سنتے ہیں، نہ دیکھتے ہیں اور نہ آپ کے کچھ

عَنْكَ شَيْئًا ﴿42﴾ يٰۤاَبَتِ اِنِّيْ قَدْ جَآءَنِيْ مِنَ الْعِلْمِ مَا لَمْ يَاْتِكَ

تیرے لئے | کچھ بھی | اے میرے باپ | بیشک میں | بلاشبہ | آیا میرے پاس | کچھ | علم | جو | نہیں | آیا تیرے پاس

کام آ سکتے ہیں؟" ابا جان میرے پاس ایسا علم آیا ہے جو آپ کے پاس نہیں ہے۔ لہٰذا آپ

فَاتَّبِعْنِيْۤ اَهْدِكَ صِرَاطًا سَوِيًّا ﴿43﴾ يٰۤاَبَتِ لَا تَعْبُدِ الشَّيْطٰنَ ؕ اِنَّ

پس تو پیروی کر میری | میں راہ دکھاؤں تجھے | راہ | سیدھی | اے میرے باپ | نہ | تو پوجا کر | شیطان کی | بیشک

میری پیروی کریں، میں آپ کو سیدھا راستہ دکھاؤں گا۔ ابا جان شیطان کی پوجا نہ کریں۔ شیطان

الشَّيْطٰنَ كَانَ لِلرَّحْمٰنِ عَصِيًّا ﴿44﴾ يٰۤاَبَتِ اِنِّیْۤ اَخَافُ اَنْ يَّمَسَّكَ

شیطان | ہے | رحمن کا | نافرمان | اے باپ میرے | بیشک میں | ڈرتا ہوں | کہ | پہنچے تجھے

تو خدائے رحمان کا نافرمان ہے۔ ابا جان مجھے ڈر ہے کہیں آپ پر خدائے رحمان کا عذاب

عَذَابٌ مِّنَ الرَّحْمٰنِ فَتَكُوْنَ لِلشَّيْطٰنِ وَلِيًّا ﴿45﴾ قَالَ اَرَاغِبٌ اَنْتَ

عذاب | کا | رحمان | پھر تو ہو جائے | شیطان کا | دوست | اس نے کہا | کیا پھرنے والا ہے | تو

نہ آ جائے اور آپ شیطان کے ساتھی نہ بن جائیں۔" باپ نے کہا "ابراہیم علیہ السلام کیا میرے معبودوں

عَنْ اٰلِهَتِیْ يٰۤاِبْرٰهِيْمُ ۚ لَئِنْ لَّمْ تَنْتَهِ لَاَرْجُمَنَّكَ وَاهْجُرْنِیْ

سے | میرے معبودوں | اے ابراہیم | البتہ اگر | نہ | تو باز آیا اس سے | ضرور سنگسار کروں گا تجھے | اور تو چھوڑ دے مجھے

سے پھر گئے ہو؟ اگر باز نہ آئے تو میں تمہیں سنگسار کر دوں گا اور ہمیشہ کے لئے مجھ سے دور

مَلِيًّا ﴿46﴾ قَالَ سَلٰمٌ عَلَيْكَ ۚ سَاَسْتَغْفِرُ لَكَ رَبِّیْ ؕ اِنَّهٗ كَانَ

کچھ مدت تک | اس نے کہا | سلام ہو | تجھ پر | ضرور میں استغفار کروں گا | تیرے لئے | رب اپنے سے | بیشک وہ | ہے

ہو جاؤ گے۔" ابراہیم علیہ السلام نے کہا "آپ کو سلام میں آپ کے لئے اپنے رب سے ہدایت اور بخشش کی دعا کروں گا۔ بے شک

بِیْ حَفِيًّا ﴿47﴾ وَاَعْتَزِلُكُمْ وَمَا تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَاَدْعُوْا

مجھ پر | مہربان | اور چھوڑ دوں گا تمہیں | اور اس کو جسے | تم پکارتے ہو | سے | سوائے | اللہ | اور میں پکاروں گا

وہ مجھ پر مہربان ہے۔ میں آپ لوگوں کو اور ان بتوں کو جنہیں تم اللہ کے سوا پکارتے ہو، چھوڑ کر الگ ہوتا ہوں۔ صرف اپنے رب کو

رَبِّیْ ۖ عَسٰۤى اَلَّاۤ اَكُوْنَ بِدُعَآءِ رَبِّیْ شَقِيًّا ﴿48﴾ فَلَمَّا اعْتَزَلَهُمْ وَمَا

اپنے رب کو | امید ہے | کہ نہیں | میں ہوں گا | پکار کر | رب اپنے کو | بے نصیب | پھر جب | وہ چھوڑ گیا انکو | اور جن کی

پکارتا ہوں۔ امید ہے میں اپنے رب کو پکار کر محروم نہیں رہوں گا۔" پھر جب ابراہیم علیہ السلام ان لوگوں

يَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۙ وَهَبْنَا لَهٗۤ اِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ ؕ وَكُلًّا

وہ عبادت کرتے تھے | سے | سوائے | اللہ کے | ہم نے عطا کیا | اس کو | اسحاق | اور یعقوب | اور سب کو

سے اور ان بتوں سے جنہیں وہ لوگ اللہ کے سوا پوجتے تھے، چھوڑ کر الگ ہو گئے تو ہم نے اسے اسحاق علیہ السلام بیٹا اور یعقوب

جَعَلْنَا نَبِيًّا ﴿49﴾ وَوَهَبْنَا لَهُمْ مِّنْ رَّحْمَتِنَا وَجَعَلْنَا لَهُمْ لِسَانَ

ہم نے بنایا | نبی | اور ہم نے عطا کیا | ان کو | سے | رحمت اپنی | اور ہم نے کیا | ان کے لئے | ذکر

علیہ السلام پوتا عطا فرمایا اور ان میں سے ہر ایک کو ہم نے نبی بنایا۔ انہیں اپنی خاص رحمت سے نوازا اور نیک نامی

ع 3/10/6

صِدْقٍ عَلِيًّا ﴿٥٠﴾ وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ مُوْسٰىٓ اِنَّهٗ كَانَ مُخْلَصًا

خیر | بلند | اور یاد کیجئے | میں | کتاب | موسیٰ کو | بیشک وہ | تھا | چنا ہوا

اور ناموری بخشی۔ اے نبی ﷺ اس کتاب میں موسیٰ علیہ السلام کا ذکر بھی کریں۔ بے شک وہ ہمارے چنے ہوئے خاص بندے،

وَّكَانَ رَسُوْلًا نَّبِيًّا ﴿٥١﴾ وَنَادَيْنٰهُ مِنْ جَانِبِ الطُّوْرِ الْاَيْمَنِ وَقَرَّبْنٰهُ

اور تھا | رسول | نبی | اور ہم نے پکارا اسے | سے | جانب | طور کی | دائیں | اور ہم نے قریب کیا اسے

رسول اور نبی تھے۔ ہم نے انہیں کوہِ طور کی دائیں جانب سے پکارا۔ راز کی باتیں کرنے کے لئے اپنے

نَجِيًّا ﴿٥٢﴾ وَوَهَبْنَا لَهٗ مِنْ رَّحْمَتِنَآ اَخَاهُ هٰرُوْنَ نَبِيًّا ﴿٥٣﴾ وَاذْكُرْ فِي

سرگوشی کرکے | اور ہم نے عطا کیا | اسکو | سے | اپنی رحمت | اس کا بھائی | ہارون | نبی | اور یاد کیجئے | میں

قریب بلایا۔ اور اپنی رحمت سے ہم نے ان کے بھائی ہارون علیہ السلام کو نبی بنا کر انہیں دیا۔ اور اے نبی ﷺ اس کتاب میں

الْكِتٰبِ اِسْمٰعِيْلَ اِنَّهٗ كَانَ صَادِقَ الْوَعْدِ وَكَانَ رَسُوْلًا نَّبِيًّا ﴿٥٤﴾

کتاب | اسماعیل کو | بیشک وہ | تھا | سچا | وعدے کا | اور تھا | رسول | نبی

اسماعیل علیہ السلام کا بھی ذکر کریں۔ بے شک وہ وعدے کے سچے اور ہمارے بھیجے ہوئے رسول اور نبی تھے۔

وَكَانَ يَاْمُرُ اَهْلَهٗ بِالصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ وَكَانَ عِنْدَ رَبِّهٖ مَرْضِيًّا ﴿٥٥﴾

اور تھا | تاکید کرتا | اپنے گھر والوں کو | نماز کی | اور زکوٰۃ کی | اور تھا | نزدیک | اپنے رب کے | پسندیدہ

اپنے لوگوں کو نماز زکوٰۃ کا حکم دیتے تھے۔ اپنے رب کے مقبول بندے تھے۔

وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ اِدْرِيْسَ اِنَّهٗ كَانَ صِدِّيْقًا نَّبِيًّا ﴿٥٦﴾ وَّرَفَعْنٰهُ

اور یاد کیجئے | میں | کتاب | ادریس کو | بیشک وہ | تھا | بڑا سچا | نبی | اور ہم نے اٹھایا اس کو

اور اے نبی ﷺ اس کتاب میں ادریس علیہ السلام کا ذکر بھی بیان کردیں۔ بے شک وہ بھی بڑے سچے تھے اور نبی تھے۔ ہم نے

مَكَانًا عَلِيًّا ﴿٥٧﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيّٖنَ مِنْ

مقام | اونچے پر | یہ لوگ ہیں | وہ کہ | انعام کیا | اللہ نے | جن پر | سے | نبیوں | سے

ان کو بڑے بلند رتبے تک پہنچایا۔ یہ ان نبیوں میں سے ہیں جن پر اللہ نے فضل فرمایا، جو آدم علیہ السلام ہی کی نسل سے ہیں اور ان کی

ذُرِّيَّةِ اٰدَمَ وَمِمَّنْ حَمَلْنَا مَعَ نُوْحٍ وَّمِنْ ذُرِّيَّةِ اِبْرٰهِيْمَ

اولاد | آدم کی | اور ان سے جن کو | ہم نے سوار کرایا | ساتھ | نوح کے | اور سے | اولاد | ابراہیم کی

نسل سے ہیں جنہیں ہم نے نوح علیہ السلام کے ساتھ کشتی میں سوار کیا۔ ان میں بعض ابراہیم علیہ السلام

وَاِسْرَآءِيْلَ ۫ وَمِمَّنْ هَدَيْنَا وَاجْتَبَيْنَا ؕ اِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُ

اور یعقوب کی | اور ان سے جن کو | ہم نے ہدایت دی | اور ہم نے چن لیا ان کو | جب | پڑھی جاتی تھیں | ان پر | آیتیں

اور یعقوب علیہ السلام کی نسل سے ہیں اور ان لوگوں میں سے ہیں جنہیں ہم نے ہدایت بخشی اور جنہیں ہم نے اپنے کام کے لئے

الرَّحْمٰنِ خَرُّوْا سُجَّدًا وَّبُكِيًّا ۩ ﴿58﴾ فَخَلَفَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ خَلْفٌ

رحمان کی | وہ گر پڑتے | سجدہ کرتے ہوئے | اور روتے ہوئے | پھر جانشین بنے | سے | بعد ان کے | ایسے جانشین

چن لیا۔ ان کا حال یہ تھا جب انہیں اللہ رحمن کی آیتیں سنائی جاتیں تو وہ بے اختیار جھکتے ہوئے اور روتے ہوئے گر پڑتے۔ پھر

اَضَاعُوا الصَّلٰوةَ وَاتَّبَعُوا الشَّهَوٰتِ فَسَوْفَ يَلْقَوْنَ غَيًّا ۙ ﴿59﴾ اِلَّا مَنْ

جنہوں نے ضائع کی | نماز | اور پیچھے پڑ گئے | خواہشوں کے | تو جلد | وہ ملیں گے | گمراہی کے عذاب سے | مگر | جس نے

ان کے بعد ایسے ناخلف جانشین ہوئے جنہوں نے نماز ضائع کر دی اور اپنی خواہشوں کے پیچھے پڑ گئے۔ وہ عنقریب اپنی گمراہی کے

تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَاُولٰٓئِكَ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ وَلَا يُظْلَمُوْنَ

توبہ کی | اور وہ ایمان لایا | اور اس نے عمل کیا | اچھا | تو ایسے لوگ | داخل ہوں گے | جنت میں | اور نہیں | ان پر ظلم ہوگا

انجام سے دوچار ہوں گے۔ البتہ جو لوگ توبہ کر لیں، ایمان لے آئیں اور نیک عمل کریں وہ جنت میں داخل ہوں گے اور ان کی ذرا

شَيْـًٔا ۙ ﴿60﴾ جَنّٰتِ عَدْنِ ِۨالَّتِيْ وَعَدَ الرَّحْمٰنُ عِبَادَهٗ بِالْغَيْبِ ؕ اِنَّهٗ

کچھ بھی | باغوں میں | ہمیشگی کے | جن کا | وعدہ کیا ہے | رحمان نے | بندوں اپنے سے | غائبانہ | بیشک

بھی حق تلفی نہ ہوگی۔ ان کے لئے ہمیشہ رہنے والے باغ ہیں جن کا رحمان نے اپنے بندوں سے غائبانہ وعدہ کر رکھا ہے اور یہ وعدہ

كَانَ وَعْدُهٗ مَاْتِيًّا ﴿61﴾ لَا يَسْمَعُوْنَ فِيْهَا لَغْوًا اِلَّا سَلٰمًا ؕ وَلَهُمْ

ہے | وعدہ اس کا | یقینی | نہیں | وہ سنیں گے | اس میں | بیہودہ بات | مگر | سلام | اور ان کے لیے ہے

پورا ہو کر رہنا ہے۔ وہاں ان کے کانوں میں کوئی فضول بات نہیں پڑے گی۔ وہ سلام سلام کی آوازیں سنیں گے۔ انہیں صبح

رِزْقُهُمْ فِيْهَا بُكْرَةً وَّعَشِيًّا ﴿62﴾ تِلْكَ الْجَنَّةُ الَّتِيْ نُوْرِثُ مِنْ

ان کا رزق | اس میں | صبح | اور شام | یہ وہی | جنت ہے | جس کے | ہم وارث بنائیں گے | سے

و شام اپنا رزق ملے گا۔ یہی وہ جنت ہے جس کا وارث ہم اپنے بندوں میں سے ان کو

عِبَادِنَا مَنْ كَانَ تَقِيًّا ﴿63﴾ وَمَا نَتَنَزَّلُ اِلَّا بِاَمْرِ رَبِّكَ ۚ لَهٗ مَا

اپنے بندوں | جو کوئی | ہو | پرہیزگار | اور نہیں | ہم اترتے | مگر | ساتھ حکم | تیرے رب کے | اسی کا ہے | جو کچھ

بنائیں گے جو اللہ سے ڈرتے ہیں۔ اور اے نبی صلی اللہ علیہ وسلم فرشتے یہ کہتے ہیں "ہم صرف آپ کے رب کے حکم سے نازل ہوتے ہیں۔ جو

بَيْنَ اَيْدِيْنَا وَمَا خَلْفَنَا وَمَا بَيْنَ ذٰلِكَ ۚ وَمَا كَانَ رَبُّكَ

آگے ہمارے ہے | اور جو کچھ | پیچھے ہمارے | اور جو کچھ | درمیان | اس کے | اور نہیں | ہے | تیرا رب

کچھ ہمارے سامنے ہے، جو کچھ ہمارے پیچھے ہے اور جو کچھ اس کے درمیان ہے سب اللہ ہی کے اختیار میں ہے۔ آپ ﷺ کا

نَسِيًّا ﴿٦٤﴾ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا فَاعْبُدْهُ وَاصْطَبِرْ

بھولنے والا | رب | آسمانوں کا | اور زمین کا | اور جو کچھ | درمیان دونوں کے | پس عبادت کر اسی کی | اور ہمیشہ کر

رب کسی چیز سے غافل نہیں۔ وہی مالک ہے آسمانوں کا، زمین کا اور ان سب چیزوں کا جو ان دونوں کے درمیان ہیں۔" لہٰذا اے

لِعِبَادَتِهٖ ؕ هَلْ تَعْلَمُ لَهٗ سَمِيًّا ﴿٦٥﴾ وَيَقُوْلُ الْاِنْسَانُ ءَاِذَا مَا مِتُّ

اس کی عبادت کو | کیا | تو جانتا ہے | اس کا | ہم نام | اور کہتا ہے | انسان | کیا جب | کہ | میں مرونگا

لوگو! اسی کی بندگی کرو۔ اسی کی بندگی پر قائم رہو۔ کیا تمہارے علم میں اس جیسی صفتوں والا کوئی اور بھی ہے؟ اور کافر انسان تعجب سے

لَسَوْفَ اُخْرَجُ حَيًّا ﴿٦٦﴾ اَوَلَا يَذْكُرُ الْاِنْسَانُ اَنَّا خَلَقْنٰهُ مِنْ قَبْلُ

تو پھر | نکالا جاؤں گا | زندہ | کیا | نہیں | یاد کرتا | انسان | کہ ہم | ہم نے پیدا کیا اسے | سے | پہلے

پوچھتا ہے "کیا جب میں مر جاؤں گا تو پھر زندہ کر کے نکالا جاؤں گا؟" کیا انسان کو یاد نہیں ہم نے اسے پہلے بھی پیدا کیا جبکہ وہ کچھ

وَلَمْ يَكُ شَيْـًٔا ﴿٦٧﴾ فَوَرَبِّكَ لَنَحْشُرَنَّهُمْ وَالشَّيٰطِيْنَ ثُمَّ لَنُحْضِرَنَّهُمْ

اور نہ | وہ تھا | کچھ بھی | پس قسم تیرے رب کی | ضرور ہم جمع کریں گے انکو | اور شیطانوں کو | پھر | ضرور ہم حاضر کریں گے انکو

بھی نہ تھا؟ لہٰذا اے نبی ﷺ آپ ﷺ کے رب کی قسم! ہم ان کو ان کے ساتھ سارے شیطانوں کو جمع کریں گے۔ پھر ان سب کو

حَوْلَ جَهَنَّمَ جِثِيًّا ﴿٦٨﴾ ۚ ثُمَّ لَنَنْزِعَنَّ مِنْ كُلِّ شِيْعَةٍ اَيُّهُمْ

گرد | جہنم کے | زانو پر گرے ہوئے | پھر | ضرور ہم کھینچ لیں گے | سے | ہر | گروہ | اسے جو کہ ان میں

دوزخ کے گرد اس طرح حاضر کریں گے کہ وہ گھٹنوں کے بل گرے ہوں گے۔ پھر ہم ہر گروہ میں سے ان لوگوں کو جدا کریں گے جو

اَشَدُّ عَلَى الرَّحْمٰنِ عِتِيًّا ﴿٦٩﴾ ۚ ثُمَّ لَنَحْنُ اَعْلَمُ بِالَّذِيْنَ هُمْ اَوْلٰى

زیادہ سخت ہے | کی | رحمان | سرکشی میں | پھر | ضرور ہم | خوب جانتے ہیں | ان کو | جو | زیادہ مستحق ہیں

رحمان کے مقابلے میں سب سے زیادہ سرکش بنے ہوئے تھے۔ پھر ہم ان لوگوں کو خوب جانتے ہیں جو جہنم میں ڈالے جانے کے

بِهَا صِلِيًّا ﴿٧٠﴾ وَاِنْ مِّنْكُمْ اِلَّا وَارِدُهَا ۚ كَانَ عَلٰى رَبِّكَ حَتْمًا

اس میں | داخل ہونے کے | اور نہیں ہے | تم میں سے | مگر | اُس پر سے گزرنے والا | یہ ہے | پر | تیرے رب | حتمی

زیادہ مستحق ہیں۔ اور اے لوگو! یاد رکھو، تم میں سے کوئی نہیں جس کا دوزخ پر سے گزر نہ ہو۔ یہ تمہارے رب کی طے شدہ بات ہے جو

مَّقۡضِيًّا ﴿٧١﴾ ثُمَّ نُنَجِّي الَّذِيۡنَ اتَّقَوۡا وَّنَذَرُ الظّٰلِمِيۡنَ فِيۡهَا جِثِيًّا ﴿٧٢﴾

طے شدہ | پھر | ہم نجات دیں گے | ان کو جو | پرہیزگار ہوئے | اور ہم چھوڑیں گے | ظالموں کو | اس میں | گرا ہوا گھٹنوں کے بل

پوری ہو کر رہے گی۔ پھر ہم ان لوگوں کو بچا لیں گے جو اللہ سے ڈرتے تھے اور ظالموں کو اُس میں گھٹنوں کے بل گرا ہوا چھوڑ دیں

وَاِذَا تُتۡلٰى عَلَيۡهِمۡ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ قَالَ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا لِلَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡۤا ۙ

اور جب | پڑھی جاتی ہیں | ان پر | آیتیں ہماری | واضح | کہتے ہیں | وہ لوگ | جو کافر ہوئے | ان کو جو | ایمان لائے

گے۔ اور جب انہیں ہماری واضح آیتیں سنائی جاتی ہیں تو کافر لوگ ایمان والوں سے کہتے ہیں "بتاؤ

اَىُّ الۡفَرِيۡقَيۡنِ خَيۡرٌ مَّقَامًا وَّاَحۡسَنُ نَدِيًّا ﴿٧٣﴾ وَكَمۡ اَهۡلَكۡنَا قَبۡلَهُمۡ

کون سا | دو گروہوں میں سے | بہتر | مقام میں | اور بہتر | مجلس میں | اور کتنے ہی | ہم نے ہلاک کئے | پہلے ان

ہم دونوں میں سے کون بہتر حالت میں ہے اور کس کی مجلس زیادہ اچھی ہے؟ حالانکہ ان سے پہلے ہم نے کتنی ہی قومیں ہلاک کر دیں

مِّنۡ قَرۡنٍ هُمۡ اَحۡسَنُ اَثَاثًا وَّرِءۡيًا ﴿٧٤﴾ قُلۡ مَنۡ كَانَ فِى الضَّلٰلَةِ

سے | کئی گروہ | جو کہ | بہتر تھے | مال و دولت | اور شان و شوکت میں | کہہ دیجئے | جو کوئی | ہو | میں | گمراہی

جو ان سے زیادہ مال و اسباب اور ٹھاٹ باٹھ رکھتی تھیں۔ اے نبی ﷺ آپ ﷺ کہہ دیں کہ "جو لوگ گمراہی میں پڑے ہوتے

فَلۡيَمۡدُدۡ لَهُ الرَّحۡمٰنُ مَدًّا ۚ حَتّٰٓى اِذَا رَاَوۡا مَا يُوۡعَدُوۡنَ اِمَّا

تو اسے چاہئے کہ کھینچ لے | اس کو | رحمان | کھینچ لینا | یہاں تک کہ | جب | دیکھیں گے اسے | جس کا | وعدہ کیا جاتا ہے | یا تو

ہیں خدائے رحمان انہیں ڈھیل دیتا ہے یہاں تک کہ جب وہ اس چیز کو دیکھ لیں گے جس کا ان سے وعدہ کیا گیا ہے،

الۡعَذَابَ وَاِمَّا السَّاعَةَ ؕ فَسَيَعۡلَمُوۡنَ مَنۡ هُوَ شَرٌّ مَّكَانًا وَّاَضۡعَفُ

عذاب کا | اور یا پھر | قیامت کا | پھر جلد وہ جانیں گے | کون | ہے | برا | ٹھکانے میں | اور کمزور ہے

دنیا کا عذاب یا قیامت، تو انہیں معلوم ہو جائے گا کہ کس کا حال برا ہے اور کس کا

جُنۡدًا ﴿٧٥﴾ وَيَزِيۡدُ اللّٰهُ الَّذِيۡنَ اهۡتَدَوۡا هُدًى ؕ وَالۡبٰقِيٰتُ الصّٰلِحٰتُ

لشکر میں | اور اضافہ کرتا ہے | اللہ | ان کیلئے | جو ہدایت پائیں | ہدایت میں | اور باقی رہنے والی | نیکیاں ہیں

جتھا کمزور۔ لیکن جو لوگ ہدایت کی راہ اختیار کرتے ہیں اللہ ان کی ہدایت میں اضافہ کرتا ہے اور اے نبی ﷺ باقی رہنے والی

خَيۡرٌ عِنۡدَ رَبِّكَ ثَوَابًا وَّخَيۡرٌ مَّرَدًّا ﴿٧٦﴾ اَفَرَءَيۡتَ الَّذِىۡ كَفَرَ

بہتر | پاس | تیرے رب کے | ثواب میں | اور بہتر | انجام میں | کیا پھر تو نے دیکھا | اسے جس نے | انکار کیا

نیکیاں آپ ﷺ کے رب کے نزدیک ثواب اور انجام کے لحاظ سے بہتر ہیں۔ کیا تم نے اس شخص کو دیکھا جو ہماری

بِاٰيٰتِنَا وَقَالَ لَاُوْتَيَنَّ مَالًا وَّوَلَدًا ﴿77﴾ اَطَّلَعَ الْغَيْبَ اَمِ اتَّخَذَ

ہماری آیتوں کا | اور اس نے کہا | ضرور مجھے دیا جائے گا | مال | اور اولاد | کیا جانتا ہے | غیب کو | یا | اس نے کیا ہے

آیتوں کا انکار کرتا ہے اور کہتا ہے ''مجھے آخرت میں بھی مال اور اولاد ضرور ملیں گے'' کیا اسے غیب کی خبر معلوم ہوئی ہے، یا اس نے

عِنْدَ الرَّحْمٰنِ عَهْدًا ﴿78﴾ كَلَّا ۭ سَنَكْتُبُ مَا يَقُوْلُ وَنَمُدُّ لَهٗ مِنَ

سے | رحمان | عہد | ہرگز نہیں | جلد ہم لکھیں گے | جو | وہ کہتا ہے | اور ہم بڑھائیں گے | اس کو | میں

خدائے رحمان سے اس کا کوئی عہد لے رکھا ہے؟ ایسا ہرگز نہیں ہوگا جو وہ کہتا ہے اسے ہم لکھ لیں گے اور اس کے عذاب میں اضافہ

الْعَذَابِ مَدًّا ﴿79﴾ وَّنَرِثُهٗ مَا يَقُوْلُ وَيَاْتِيْنَا فَرْدًا ﴿80﴾ وَاتَّخَذُوْا

عذاب میں | بڑھا | اور ہم وارث ہوں گے اسکے | اس کا جو | وہ کہتا ہے | اور آئے گا ہمارے پاس | اکیلا | اور انہوں نے بنائے

کریں گے۔ جس مال و اولاد کا اُسے دعویٰ ہے اس کے وارث ہم ہوں گے اور وہ ہمارے پاس اکیلا حاضر ہوگا۔ اور ان مشرکوں نے

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اٰلِهَةً لِّيَكُوْنُوْا لَهُمْ عِزًّا ﴿81﴾ كَلَّا ۭ سَيَكْفُرُوْنَ

سے | سوا | اللہ کے | کئی معبود | تاکہ وہ ہوں | ان کے لئے | عزت | ہرگز نہیں | جلد وہ انکار کریں گے

اللہ کے سوا دوسرے معبود اس امید پر بنا رکھے ہیں کہ وہ ان کے مددگار بنیں گے۔ مگر ایسا ہرگز نہیں ہوگا۔ وہ قیامت کے دن ان کی

(ع 5 17 8)

بِعِبَادَتِهِمْ وَيَكُوْنُوْنَ عَلَيْهِمْ ضِدًّا ﴿82﴾ اَلَمْ تَرَ اَنَّآ اَرْسَلْنَا

ان کی عبادت کا | اور وہ ہوں گے | ان کے | مخالف | کیا نہیں | تو نے دیکھا | کہ ہم | ہم نے بھیجا

عبادت کا انکار کریں گے اور اُلٹے ان کے دشمن بن جائیں گے۔ کیا تم کو معلوم نہیں ہم نے کافروں پر شیطانوں کو چھوڑ رکھا ہے جو

الشَّيٰطِيْنَ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ تَؤُزُّهُمْ اَزًّا ﴿83﴾ فَلَا تَعْجَلْ عَلَيْهِمْ ۭ اِنَّمَا

شیطانوں کو | پر | کافروں | بہکاتے ہیں ان کو | بہکا لینا | پس نہ | تو جلدی کر | ان پر | بے شک

انہیں اُکساتے رہتے ہیں۔ تم ان کے بارے میں جلدی نہ کرو۔ ہم ان کی

نَعُدُّ لَهُمْ عَدًّا ﴿84﴾ يَوْمَ نَحْشُرُ الْمُتَّقِيْنَ اِلَى الرَّحْمٰنِ وَفْدًا ﴿85﴾

ہم شمار کرتے ہیں | ان کے لئے | شمار کرنا | جس دن | ہم جمع کریں گے | پرہیزگاروں کو | طرف | رحمان کی | مہمان بنا کر

مہلت کے دن گن رہے ہیں۔ پھر اس دن ہم پرہیزگاروں کو خدائے رحمٰن کے پاس مہمان بنا کر لے جائیں گے۔ اور مجرموں کو

(وقف لازم)

وَّنَسُوْقُ الْمُجْرِمِيْنَ اِلٰى جَهَنَّمَ وِرْدًا ﴿86﴾ لَا يَمْلِكُوْنَ الشَّفَاعَةَ اِلَّا

اور ہم چلائیں گے | مجرموں کو | طرف | جہنم کی | پیاسے کر کے | نہیں | وہ کر سکیں گے | شفاعت | مگر

دوزخ کی طرف پیاسا ہانکیں گے۔ کسی کو شفاعت کا اختیار نہ ہو گا سوائے اس کے

مَنِ اتَّخَذَ عِنْدَ الرَّحْمٰنِ عَهْدًا ﴿87﴾ وَقَالُوا اتَّخَذَ الرَّحْمٰنُ وَلَدًا ﴿88﴾

جس نے کہ | لیا ہے | سے | رحمان | عہد | اور وہ کہتے ہیں | بنا رکھی ہے | رحمان نے | اولاد

جس نے خدائے رحمٰن سے اس کی اجازت لی ہو گی۔ اور وہ لوگ کہتے ہیں کہ خدائے رحمٰن بھی اولاد رکھتا ہے۔

لَقَدْ جِئْتُمْ شَيْئًا إِدًّا ﴿89﴾ تَكَادُ السَّمٰوٰتُ يَتَفَطَّرْنَ مِنْهُ وَتَنْشَقُّ

بیشک | تم لائے ہو | ایک چیز | بھاری | قریب ہے کہ | آسمان | پھٹ جائیں | اس سے | اور شق ہو جائے

بڑی سنگین بات ہے جو انہوں نے کہی۔ قریب ہے کہ آسمان پھٹ جائیں، زمین شق

الْأَرْضُ وَتَخِرُّ الْجِبَالُ هَدًّا ﴿90﴾ أَنْ دَعَوْا لِلرَّحْمٰنِ وَلَدًا ﴿91﴾ وَمَا

زمین | اور گر پڑیں | پہاڑ | کانپ کر | کہ | وہ دعویٰ کریں | رحمان کے لئے | اولاد کا | اور نہیں

ہو جائے اور پہاڑ ٹوٹ کر گر پڑیں، اس بات پر کہ لوگ رحمٰن کی طرف اولاد کی نسبت کرتے ہیں۔ حالانکہ

يَنْبَغِي لِلرَّحْمٰنِ أَنْ يَتَّخِذَ وَلَدًا ﴿92﴾ إِنْ كُلُّ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ

مناسب | رحمان کے لئے | کہ | وہ بنا رکھے | اولاد | نہیں | وہ سارے | جو ہیں | میں | آسمانوں

رحمٰن کی یہ شان نہیں کہ وہ اولاد رکھے۔ آسمانوں اور زمین میں کوئی ایسا نہیں جو خدائے رحمٰن کے

وَالْأَرْضِ إِلَّا آتِي الرَّحْمٰنِ عَبْدًا ﴿93﴾ لَقَدْ أَحْصٰهُمْ وَعَدَّهُمْ عَدًّا ﴿94﴾

اور زمین میں | مگر | آئیں گے | رحمان کے پاس | بندہ ہو کر | بیشک | احاطہ کر لیا ہے ان کا | اور گن لیا ہے ان کو | گن لینا

آگے غلام بن کر کھڑا نہ ہو۔ اس نے سب کو شمار کر رکھا ہے اور اچھی طرح گن رکھا ہے۔

وَكُلُّهُمْ آتِيهِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَرْدًا ﴿95﴾ إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا

اور وہ سب | آنیوالے ہیں اسکے پاس | دن | قیامت کے | اکیلے ہو کر | بیشک | جو لوگ | ایمان لائے | اور عمل کئے

ان میں سے ہر ایک قیامت کے دن اس کے سامنے اکیلا حاضر ہو گا۔ لیکن جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل

الصّٰلِحٰتِ سَيَجْعَلُ لَهُمُ الرَّحْمٰنُ وُدًّا ﴿96﴾ فَإِنَّمَا يَسَّرْنٰهُ بِلِسَانِكَ

اچھے | جلد کرے گا | ان کے لئے | رحمان | محبت | پس بے شک | ہم نے آسان کیا اسے | تیری زبان میں

کئے تو خدائے رحمٰن ان کے لئے لوگوں کے دلوں میں محبت پیدا کر دے گا۔ اے نبی ﷺ ہم نے اس قرآن کو آپ ﷺ کی زبان

لِتُبَشِّرَ بِهِ الْمُتَّقِينَ وَتُنْذِرَ بِهِ قَوْمًا لُدًّا ﴿97﴾ وَكَمْ أَهْلَكْنَا

تا کہ تو بشارت دے | اس سے | پرہیزگاروں کو | اور تو خبردار کرے | اس سے | قوم | جھگڑالو کو | اور کتنے ہی | ہم نے ہلاک کئے

میں آسان کر دیا ہے تا کہ آپ ﷺ اس کے ذریعے پرہیزگاروں کو خوشخبری دیں اور ہٹ دھرم لوگوں کو خبردار کر دیں۔ اور ان لوگوں

قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْنٍ ۭ هَلْ تُحِسُّ مِنْهُمْ مِّنْ اَحَدٍ اَوْ تَسْمَعُ لَهُمْ رِكْزًا ﴿98﴾

پہلے ان کے | کئی | گروہ | کیا | تو محسوس کرتا ہے | ان سے | کو | کسی | یا | تو سنتا ہے | ان کی | کوئی بھنک

سے پہلے ہم کتنی ہی قومیں ہلاک کر چکے ہیں۔ کیا اب ان میں سے کوئی نظر آتا ہے یا ان کی کوئی آہٹ سنائی دیتی ہے؟

(20) سُوْرَةُ طٰهٰ مَكِّيَّةٌ (45)

اٰیاتُھا 135 — رکوعاتُھا 8

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

طٰهٰ ﴿1﴾ مَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ لِتَشْقٰٓى ﴿2﴾ اِلَّا تَذْكِرَةً لِّمَنْ يَّخْشٰى ﴿3﴾

طٰهٰ | نہیں ہم نے اتارا | تجھ پر | قرآن | تاکہ تو مشقت میں پڑے | مگر | نصیحت ہے | اُس کے لیے | جو ڈرتا ہے

طٰهٰ۔ اے نبی ﷺ ہم نے آپ ﷺ پر یہ قرآن اس لئے نہیں اتارا کہ آپ ﷺ مصیبت میں پڑ جائیں۔ یہ تو ان لوگوں کے لئے

تَنْزِيْلًا مِّمَّنْ خَلَقَ الْاَرْضَ وَالسَّمٰوٰتِ الْعُلٰى ﴿4﴾ اَلرَّحْمٰنُ عَلَى

یہ نازل شدہ ہے | طرف سے اسکی جس نے | پیدا کیا | زمین | اور آسمانوں کو | بلند | وہ رحمٰن ہے | پر

یاد دہانی ہے جو اللہ سے ڈرتے ہوں۔ اور یہ کلام اس ذات کی طرف سے نازل ہوا ہے جس نے زمین کو اور اونچے آسمانوں کو پیدا کیا

الْعَرْشِ اسْتَوٰى ﴿5﴾ لَهٗ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الْاَرْضِ وَمَا

عرش | قائم ہوا | اسی کا ہے | جو کچھ | میں | آسمانوں | اور جو کچھ | میں | زمین | اور جو کچھ

وہ رحمان عرش پر قائم ہے۔ اسی کا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے، جو کچھ زمین میں ہے اور جو

بَيْنَهُمَا وَمَا تَحْتَ الثَّرٰى ﴿6﴾ وَاِنْ تَجْهَرْ بِالْقَوْلِ فَاِنَّهٗ يَعْلَمُ

درمیان دونوں کے | اور جو کچھ ہے | نیچے | زمین کی گہرائی میں | اور اگر | تو بلند کہے | بات کو | تو بیشک وہ | جانتا ہے

کچھ ان دونوں کے درمیان ہے اور جو کچھ زمین کے نیچے ہے۔ اور تم چاہے اونچی آواز سے بات کرو وہ تو چپکے سے کہی ہوئی بات کو بھی

السِّرَّ وَاَخْفٰى ﴿7﴾ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۭ لَهُ الْاَسْمَاۗءُ الْحُسْنٰى ﴿8﴾

راز کو | اور زیادہ مخفی کو | وہی اللہ | نہیں ہے | معبود | مگر | وہی | اسکے ہیں | سارے نام | اچھے

جانتا بلکہ اس سے بھی مخفی بات کو جانتا ہے۔ وہی اللہ ہے۔ اس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ تمام اچھے نام اسی کے ہیں۔

وَهَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ مُوْسٰى ﴿9﴾ اِذْ رَاٰ نَارًا فَقَالَ لِاَهْلِهِ امْكُثُوْٓا

اور کیا | پہنچی تجھے | بات | موسیٰ کی | جب | اس نے دیکھی | آگ | تو کہا | اپنے گھر والوں کو | تم ٹھہرو

اور اے نبی ﷺ کیا آپ ﷺ کو موسیٰؑ کا واقعہ معلوم ہے۔ جب انہیں دور سے آگ دکھائی دی تو انہوں نے اپنے گھر والوں سے کہا

إِنِّيٓ ءَانَسْتُ نَارًا لَّعَلِّيٓ ءَاتِيكُم مِّنْهَا بِقَبَسٍ أَوْ أَجِدُ عَلَى ٱلنَّارِ

بیشک میں | نے دیکھی ہے | آگ | تاکہ میں | لاؤں | اس سے | انگارہ | یا | میں حاصل کروں | پر | آگ

”ٹھہرو، میں نے آگ دیکھی ہے۔ میں وہاں جاتا ہوں تاکہ اس میں سے تمہارے لئے ایک انگارہ لاؤں یا اس آگ سے مجھے

هُدًى ﴿١٠﴾ فَلَمَّآ أَتَىٰهَا نُودِىَ يَٰمُوسَىٰٓ ﴿١١﴾ إِنِّيٓ أَنَا۠ رَبُّكَ فَٱخْلَعْ

رہنمائی | پھر جب | وہ آیا اسکے پاس | پکارا گیا | اے موسیٰ | بیشک | میں ہوں | تیرا رب | تو اتار دے

راستے کا کچھ پتہ چل جائے۔ پھر جب موسیٰؑ وہاں پہنچے تو آواز آئی ”اے موسیٰ علیہ السلام میں تمہارا رب ہوں۔ تم اپنے جوتے

نَعْلَيْكَ ۖ إِنَّكَ بِٱلْوَادِ ٱلْمُقَدَّسِ طُوًى ﴿١٢﴾ وَأَنَا ٱخْتَرْتُكَ فَٱسْتَمِعْ لِمَا

اپنے جوتے | بیشک تو ہے | وادی میں | پاک | طویٰ | اور میں نے | چن لیا ہے تجھے | پس تو غور سے سُن | اسے جو

اتار دو کیونکہ تم طویٰ کی مقدس وادی میں ہو۔ میں نے تمہیں پیغمبری کے لئے چن لیا ہے۔ لہٰذا جو وحی کی جا رہی

يُوحَىٰٓ ﴿١٣﴾ إِنَّنِيٓ أَنَا ٱللَّهُ لَآ إِلَٰهَ إِلَّآ أَنَا۠ فَٱعْبُدْنِي وَأَقِمِ ٱلصَّلَوٰةَ

وحی کیا جاتا ہے | بیشک میں | میں اللہ ہوں | نہیں معبود | مگر | میں | پس تو عبادت کر میری | اور تو قائم کر | نماز

ہے اسے توجہ سے سنو۔ میں ہی اللہ ہوں۔ میرے سوا کوئی معبود نہیں۔ لہٰذا میری ہی عبادت کرو اور میری یاد کے لئے

لِذِكْرِيٓ ﴿١٤﴾ إِنَّ ٱلسَّاعَةَ ءَاتِيَةٌ أَكَادُ أُخْفِيهَا لِتُجْزَىٰ كُلُّ نَفْسٍۭ

میری یاد کے لئے | بیشک | قیامت کی گھڑی | آنے والی ہے | قریب ہے کہ | میں چھپا رکھوں اسے | تاکہ بدلہ دیا جائے | ہر | جان کو

نماز قائم کرو۔ بے شک قیامت آنے والی ہے۔ میں ابھی اسے چھپائے رکھنا چاہتا ہوں تاکہ پھر ہر شخص کو اس کے

بِمَا تَسْعَىٰ ﴿١٥﴾ فَلَا يَصُدَّنَّكَ عَنْهَا مَن لَّا يُؤْمِنُ بِهَا وَٱتَّبَعَ

اس کا جو | وہ محنت کرے | پس نہ | روکے تجھے | اس سے | وہ شخص جو | نہیں | ایمان رکھتا | اس پر | اور پیروی کرتا ہے

کیے کا بدلہ ملے۔ دیکھو، کوئی شخص تمہیں اس قیامت سے غافل نہ کر دے جو اس پر ایمان نہیں رکھتا اور اپنی خواہشوں

هَوَىٰهُ فَتَرْدَىٰ ﴿١٦﴾ وَمَا تِلْكَ بِيَمِينِكَ يَٰمُوسَىٰ ﴿١٧﴾ قَالَ هِيَ عَصَايَ ۖ

اپنی خواہش کی | پھر تو ہلاک ہو جائے گا | اور کیا ہے | یہ | تیرے دائیں ہاتھ میں | اے موسیٰ | اس نے کہا | یہ | عصا ہے میرا

پر چلتا ہے۔ ورنہ تم تباہ ہو جاؤ گے۔ اور اے موسیٰؑ تمہارے دائیں ہاتھ میں کیا ہے؟“ وہ بولے ”یہ میری لاٹھی ہے۔

أَتَوَكَّؤُا۟ عَلَيْهَا وَأَهُشُّ بِهَا عَلَىٰ غَنَمِي وَلِيَ فِيهَا مَـَٔارِبُ

میں ٹیک لگاتا ہوں | اس پر | اور جھاڑتا ہوں (پتے) | اس سے | پر | اپنی بکریوں | اور میرے لئے ہیں | اس میں | فائدے

میں اس سے ٹیک لگاتا ہوں۔ اس سے اپنی بکریوں کے لئے پتے جھاڑتا ہوں اور اس میں میرے لئے دوسرے

اُخْرٰى ﴿18﴾ قَالَ اَلْقِهَا يٰمُوْسٰى ﴿19﴾ فَاَلْقٰهَا فَاِذَا هِيَ حَيَّةٌ تَسْعٰى ﴿20﴾

اور بھی | فرمایا | ڈال دے اسکو | اے موسیٰ | تو ڈال دیا اسے | پھر اچانک | وہ تھا | سانپ | دوڑتا ہوا

کام بھی ہیں۔" فرمایا "اے موسیٰ علیہ السلام اسے زمین پر ڈال دو" جب انہوں نے اسے ڈال دیا تو وہ یکا یک ایک دوڑتا ہوا سانپ

قَالَ خُذْهَا وَلَا تَخَفْ سَنُعِيْدُهَا سِيْرَتَهَا الْاُوْلٰى ﴿21﴾ وَاضْمُمْ

فرمایا | پکڑ لے اسے | اور نہ | تو ڈر | ابھی ہم لے آئیں گے | اسے حالت اسکی | پہلی پر | اور تو ملا

بن گیا۔ فرمایا "اسے پکڑ لو اور مت ڈرو ہم پھر اسے پہلی حالت پر لوٹا دیں گے۔ اور ذرا اپنے

يَدَكَ اِلٰى جَنَاحِكَ تَخْرُجْ بَيْضَآءَ مِنْ غَيْرِ سُوْٓءٍ اٰيَةً اُخْرٰى ﴿22﴾

اپنے ہاتھ کو | ساتھ | اپنے بازو کے | وہ نکلے گا | سفید | کے | بغیر | عیب | نشانی | دوسری

ہاتھ کو اپنی بغل میں رکھ لو اور پھر نکالو تو وہ بغیر کسی عیب کے سفید چمکتا ہوا نکلے گا۔ یہ دوسری نشانی ہے

لِنُرِيَكَ مِنْ اٰيٰتِنَا الْكُبْرٰى ﴿23﴾ اِذْهَبْ اِلٰى فِرْعَوْنَ اِنَّهٗ طَغٰى ﴿24﴾

ع 1 24 10

تاکہ ہم دکھائیں تجھے | سے | نشانیوں اپنی | بڑی | تو جا | طرف | فرعون کی | بیشک وہ | سرکش ہوا ہے

تاکہ ہم تمہیں اپنی بڑی نشانیوں میں سے بعض نشانیاں دکھا دیں۔ اب تم فرعون کے پاس جاؤ وہ حد سے نکل گیا ہے۔

قَالَ رَبِّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ ﴿25﴾ وَيَسِّرْ لِيْٓ اَمْرِيْ ﴿26﴾ وَاحْلُلْ

اس نے کہا | اے رب | کھول دے | میرے لئے | سینہ میرا | اور آسان کر | میرے لئے | میرا کام | اور تو کھول دے

موسیٰ علیہ السلام نے عرض کیا "اے میرے رب! میرا سینہ کھول دے میرا کام میرے لئے آسان کر دے۔ میری زبان کی

عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِيْ ﴿27﴾ يَفْقَهُوْا قَوْلِيْ ﴿28﴾ وَاجْعَلْ لِّيْ وَزِيْرًا مِّنْ

گرہ | سے | میری زبان | تاکہ وہ سمجھیں | میری بات کو | اور تو مقرر کر | میرے لئے | مددگار | سے

گرہ کھول دے۔ تاکہ لوگ میری بات اچھی طرح سمجھیں۔ اور میرے خاندان سے میرا ایک مددگار

اَهْلِيْ ﴿29﴾ هٰرُوْنَ اَخِي ﴿30﴾ اشْدُدْ بِهٖٓ اَزْرِيْ ﴿31﴾ وَاَشْرِكْهُ فِيْٓ

میرے خاندان | ہارون | میرے بھائی کو | تو مضبوط کر | اس سے | میری کمرہمت | اور تو شامل کرا سے | میں

مقرر کر دے۔ ہارون علیہ السلام کو جو کہ میرا بھائی ہے۔ اس کے ذریعے میرے ہاتھ مضبوط کر دے۔ اسے میرے کام میں شریک کر

اَمْرِيْ ﴿32﴾ كَيْ نُسَبِّحَكَ كَثِيْرًا ﴿33﴾ وَّنَذْكُرَكَ كَثِيْرًا ﴿34﴾ اِنَّكَ كُنْتَ بِنَا

میرے کام | تاکہ | ہم تسبیح کریں تیری | بہت | اور ہم ذکر کریں تیرا | بہت | بیشک تو | تو ہے | ہم کو

دے تاکہ ہم دونوں کثرت سے تیری تسبیح کریں۔ اور تیرا خوب ذکر کریں۔ بے شک تو ہمیں

بَصِيۡرًا ﴿35﴾ قَالَ قَدۡ اُوۡتِيۡتَ سُؤۡلَكَ يٰمُوۡسٰى ﴿36﴾ وَلَقَدۡ مَنَنَّا عَلَيۡكَ

دیکھنے والا | فرمایا | بیشک | تجھے دیا گیا | تیرا سوال | اے موسیٰ | اور بیشک | ہم نے احسان کیا | تجھ پر

دیکھ رہا ہے۔" اللہ نے فرمایا "اے موسیٰ علیہ السلام تمہاری دعا قبول کی گئی۔" اور تم جانتے ہو ہم نے پہلے بھی ایک بار

مَرَّةً اُخۡرٰٓى ﴿37﴾ اِذۡ اَوۡحَيۡنَاۤ اِلٰٓى اُمِّكَ مَا يُوۡحٰٓى ﴿38﴾ اَنِ اقۡذِفِيۡهِ

بار | دوسری | جب | ہم نے وحی کی | طرف | تیری ماں کی | جو بھی | وحی کی | یہ کہ | تو ڈال دے اس کو

تم پر احسان کیا تھا۔ جب ہم نے تمہاری والدہ کے دل میں ایک بات ڈال دی تھی۔ کہ اپنے بچے کو صندوق

فِى التَّابُوۡتِ فَاقۡذِفِيۡهِ فِى الۡيَمِّ فَلۡيُلۡقِهِ الۡيَمُّ بِالسَّاحِلِ يَاۡخُذۡهُ

میں | صندوق | پھر تو ڈال دے اسے | میں | دریا | پھر ڈالے گا اُس کو | دریا | ساحل پر | پکڑ لے گا اسے

میں رکھو اور دریا میں ڈال دو۔ دریا اسے کنارے پر ڈال دے گا۔ پھر اسے وہ فرعون اٹھا لے گا

عَدُوٌّ لِّىۡ وَعَدُوٌّ لَّهٗ‌ ؕ وَاَلۡقَيۡتُ عَلَيۡكَ مَحَبَّةً مِّنِّىۡ ۚ وَلِتُصۡنَعَ

دشمن | میرا | اور دشمن | اسکا | اور میں نے ڈال دی | تجھ پر | محبت | پاس اپنے سے | اور تاکہ تیری پرورش ہو

جو میرا بھی دشمن ہے اور اس کا بھی دشمن ہے اور اے موسیٰ علیہ السلام ہم نے اپنی طرف سے تم پر محبت کا سایہ ڈال دیا تاکہ تم میری

عَلٰى عَيۡنِىۡ ﴿39﴾ اِذۡ تَمۡشِىۡۤ اُخۡتُكَ فَتَقُوۡلُ هَلۡ اَدُلُّكُمۡ عَلٰى مَنۡ

سامنے | میری آنکھوں کے | جب | چلتی تھی | تیری بہن | پھر وہ کہتی تھی | کیا | میں بتاؤں تمہیں | کہ | کون

خاص نگرانی میں پرورش پاؤ۔ جب تمہاری بہن اجنبی بن کر وہاں گئی اور فرعون کے لوگوں سے کہنے لگی "کیا میں تمہیں اس عورت کا پتہ

يَّكۡفُلُهٗ‌ ؕ فَرَجَعۡنٰكَ اِلٰٓى اُمِّكَ كَىۡ تَقَرَّ عَيۡنُهَا وَلَا تَحۡزَنَ ؕ

پرورش کرے اسکی | پھر ہم نے لوٹا دیا تجھے | طرف | تیری ماں کی | تاکہ ٹھنڈی ہوں | اُس کی آنکھیں | اور نہ | وہ غم کرے

دوں جو اس بچے کی پرورش اچھی طرح کرے؟" پھر ہم نے تمہیں واپس تمہاری ماں کے پاس پہنچا دیا تاکہ اس کی آنکھیں ٹھنڈی ہوں

وَقَتَلۡتَ نَفۡسًا فَنَجَّيۡنٰكَ مِنَ الۡغَمِّ وَفَتَنّٰكَ فُتُوۡنًا ۚ فَلَبِثۡتَ

اور تو نے قتل کیا | ایک جان کو | پھر ہم نے نجات دی تجھے | سے | غم | اور ہم نے آزمایا تجھے | آزمانا | پھر تو رہا

اور اسے غم نہ ہو۔ اور اے موسیٰ علیہ السلام تم نے ایک آدمی قتل کر دیا تھا۔ پھر ہم نے تمہیں اس غم سے نجات دی اور ہم نے خوب

سِنِيۡنَ فِىۡۤ اَهۡلِ مَدۡيَنَ ۙ ثُمَّ جِئۡتَ عَلٰى قَدَرٍ يّٰمُوۡسٰى ﴿40﴾

کئی سال | میں | اہل مدین | پھر | تو آیا | پر | ایک اندازے | اے موسیٰ

جانچا۔ پھر تم کئی سال مدین والوں میں رہے۔ یہاں تک کہ اے موسیٰ علیہ السلام اب تم ایک اندازے پر ہمارے پاس

منزل 4

وَاصْطَنَعْتُكَ لِنَفْسِيْ ﴿41﴾ اِذْهَبْ اَنْتَ وَاَخُوْكَ بِاٰيٰتِيْ وَلَا تَنِيَا فِيْ

اور میں نے چن لیا تجھے | اپنے لئے | تو جا | تو | اور تیرا بھائی | میری نشانیوں کے ساتھ | اور نہ | تم سستی کرنا | میں

حاضر ہو گئے۔ میں نے تمہیں اپنی دعوت کے کام کے لئے تیار کیا ہے۔ لہٰذا تم اور تمہارا بھائی دونوں میری نشانیاں لے کر جاؤ اور

ذِكْرِيْ ﴿42﴾ اِذْهَبَآ اِلٰى فِرْعَوْنَ اِنَّهٗ طَغٰى ﴿43﴾ فَقُوْلَا لَهٗ قَوْلًا لَّيِّنًا

میری یاد | تم دونوں جاؤ | طرف | فرعون کی | بیشک وہ | سرکش ہوا ہے | پھر تم کہو | اس کو | بات | نرم

دیکھو میری یاد میں سستی نہ کرنا۔ تم دونوں فرعون کے پاس جاؤ وہ سرکش ہو گیا ہے۔ اس سے نرمی کے ساتھ

لَّعَلَّهٗ يَتَذَكَّرُ اَوْ يَخْشٰى ﴿44﴾ قَالَا رَبَّنَآ اِنَّنَا نَخَافُ اَنْ يَّفْرُطَ

شاید کہ | وہ سمجھے | یا | وہ ڈرے | دونوں نے کہا | رب ہمارے | بیشک ہم | ہم ڈرتے ہیں | کہ | وہ ہاتھ ڈالے

بات کرنا شاید وہ نصیحت قبول کرے یا اپنے برے انجام سے ڈر جائے۔" دونوں بھائیوں نے عرض کیا "اے ہمارے رب ہمیں

عَلَيْنَآ اَوْ اَنْ يَّطْغٰى ﴿45﴾ قَالَ لَا تَخَافَآ اِنَّنِيْ مَعَكُمَآ اَسْمَعُ

ہم پر | یا | کہ | وہ سرکشی کرے | فرمایا | نہ | تم ڈرو | بیشک میں ہوں | ساتھ تمہارے | میں سنتا بھی ہوں

اندیشہ ہے کہ فرعون ہم پر زیادتی کرے گا یا اس کی سرکشی اور بڑھ جائے گی۔" فرمایا "اندیشہ نہ کرو میں تمہارے ساتھ ہوں، سب

وَاَرٰى ﴿46﴾ فَاْتِيٰهُ فَقُوْلَآ اِنَّا رَسُوْلَا رَبِّكَ فَاَرْسِلْ مَعَنَا

اور دیکھتا بھی ہوں | پس جاؤ اسکے پاس | پھر کہو | بیشک ہم | دونوں رسول ہیں | تیرے رب کے | پس تو بھیج دے | ساتھ ہمارے

کچھ سنتا اور دیکھتا ہوں۔" اب تم اس کے پاس جاؤ اور اس سے کہو "ہم دونوں تیرے رب کے بھیجے ہوئے ہیں۔ تو بنی اسرائیل کو نہ

بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ۙ وَلَا تُعَذِّبْهُمْ ؕ قَدْ جِئْنٰكَ بِاٰيَةٍ مِّنْ رَّبِّكَ ؕ وَالسَّلٰمُ

بنی اسرائیل کو | اور نہ | تو عذاب دے ان کو | بیشک | ہم لائے تیرے پاس | نشانی | طرف سے | تیرے رب کی | اور سلامتی ہو

ستا۔ انہیں ہمارے ساتھ بھیج دے۔ ہم تمہارے رب کی طرف سے نشانی لے کر آئے ہیں۔ اور سلامتی ہے

عَلٰى مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰى ﴿47﴾ اِنَّا قَدْ اُوْحِيَ اِلَيْنَآ اَنَّ الْعَذَابَ عَلٰى

پر | اُس کے جو | پیروی کرے | ہدایت کی | بیشک ہم | بلاشبہ | وحی کی گئی | ہمارے طرف | یہ کہ | عذاب ہے | پر

اس شخص کے لئے جو ہدایت کی پیروی کرے۔ ہم پر یہ وحی بھی کی گئی ہے کہ جو جھٹلائے اور منہ موڑے

مَنْ كَذَّبَ وَتَوَلّٰى ﴿48﴾ قَالَ فَمَنْ رَّبُّكُمَا يٰمُوْسٰى ﴿49﴾ قَالَ رَبُّنَا

اُس جو | انکار کرے | اور منہ موڑے | اس نے کہا | پس کون ہے | رب تم دونوں کا | اے موسیٰ | اس نے کہا | رب ہمارا

اسے عذاب ہوگا۔ فرعون نے پوچھا "اے موسیٰ علیہ السلام تم دونوں کا رب کون ہے؟" موسیٰ علیہ السلام نے جواب دیا "ہمارا رب وہ

الَّذِیْٓ اَعْطٰی كُلَّ شَیْءٍ خَلْقَهٗ ثُمَّ هَدٰی ﴿50﴾ قَالَ فَمَا بَالُ

وہ ہے جس نے | دی | ہر | چیز کو | اُس کی پیدائش | پھر | ہدایت دی | اس نے کہا | تو کیا ہے | حال

ہے جس نے ہر چیز کو وجود بخشا پھر اسے راہ پر لگا دیا۔" فرعون نے کہا "ان لوگوں کا کیا بنے گا جو تمہارے اس

الْقُرُوْنِ الْاُوْلٰی ﴿51﴾ قَالَ عِلْمُهَا عِنْدَ رَبِّیْ فِیْ كِتٰبٍ ۚ لَا یَضِلُّ

قوموں | پہلی کا | اس نے کہا | اُن کا علم | پاس ہے | میرے رب کے | میں | کتاب | نہیں | بھٹکتا

دین سے پہلے گزر چکے ہیں؟" موسیٰ علیہ السلام نے جواب دیا "اس کا علم میرے رب کے پاس لوحِ محفوظ میں لکھا ہوا ہے۔ میرا

رَبِّیْ وَلَا یَنْسَی ﴿52﴾ الَّذِیْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ مَهْدًا وَّسَلَكَ لَكُمْ

میرا رب | اور نہ | وہ بھولتا | جس نے | بنایا | تمہارے لئے | زمین کو | بچھونا | اور بنائیں | تمہارے لئے

رب نہ غلطی کرتا ہے نہ بھولتا ہے۔ اسی نے تمہارے لئے زمین کا فرش بنایا اور اس میں تمہارے لئے

فِیْهَا سُبُلًا وَّاَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً ؕ فَاَخْرَجْنَا بِهٖٓ اَزْوَاجًا مِّنْ

اس میں | راہیں | اور اتارا | سے | آسمان | پانی | پھر ہم نے نکالیں | اس سے | قسمیں | کی

راستے بنائے۔ اسی نے آسمان سے پانی برسایا۔ پھر اس کے ذریعے مختلف قسم کی نباتات

نَّبَاتٍ شَتّٰی ﴿53﴾ كُلُوْا وَارْعَوْا اَنْعَامَكُمْ ؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ

نباتات | مختلف | تم کھاؤ | اور تم چراؤ | جانور اپنے | بیشک | میں | اس | البتہ نشانیاں ہیں

پیدا کیں۔ تاکہ تم خود کھاؤ اور اپنے مویشیوں کو چراؤ۔ اس بات میں عقل والوں کے لئے

لِّاُولِی النُّهٰی ﴿54﴾ ع مِنْهَا خَلَقْنٰكُمْ وَفِیْهَا نُعِیْدُكُمْ وَمِنْهَا نُخْرِجُكُمْ

2 ع 30 11

عقل والوں کے لئے | اسی سے | ہم نے پیدا کیا تمہیں | اور اسی میں | ہم لوٹائیں گے تمہیں | اور اسی سے | ہم نکالیں گے تمہیں

نشانیاں ہیں۔ اے لوگو! اسی زمین سے ہم نے تمہیں پیدا کیا، اسی میں تمہیں لوٹائیں گے اور اسی میں سے تمہیں

تَارَةً اُخْرٰی ﴿55﴾ وَلَقَدْ اَرَیْنٰهُ اٰیٰتِنَا كُلَّهَا فَكَذَّبَ وَاَبٰی ﴿56﴾ قَالَ

بار | دوسری | اور بیشک | ہم نے دکھائیں اسے | نشانیاں اپنی | تمام ہی | پھر اس نے انکار کیا | اور وہ نہ مانا | اس نے کہا

دوبارہ نکالیں گے۔ اور ہم نے فرعون کو اپنی سب نشانیاں دکھائیں مگر اس نے جھٹلایا اور انکار کیا۔ اس نے کہا

اَجِئْتَنَا لِتُخْرِجَنَا مِنْ اَرْضِنَا بِسِحْرِكَ یٰمُوْسٰی ﴿57﴾ فَلَنَاْتِیَنَّكَ

کیا تو آیا ہمارے پاس | تاکہ تو نکالے ہمیں | سے | ہمارے ملک | اپنے جادو سے | اے موسیٰ | پس ہم لائیں گے تیرے پاس

"اے موسیٰ علیہ السلام کیا تم اس لئے ہمارے پاس آئے ہو کہ اپنے جادو کے ذریعے ہمیں ہمارے ملک سے نکال دو؟ اچھا، ہم

بِسِحْرٍ مِّثْلِهٖ فَاجْعَلْ بَيْنَنَا وَبَيْنَكَ مَوْعِدًا لَّا نُخْلِفُهٗ نَحْنُ

جادو | اس جیسا | پس تو مقرر کر | ہمارے درمیان | اور اپنے درمیان | وعدے کی جگہ | نہیں | ہم خلاف ورزی کریں گے اسکی | ہم

تمہارے مقابلے میں ویسا ہی جادو لائیں گے۔ تم ہمارے اور اپنے درمیان مقابلے کا وعدہ مقرر کر لو، جس

وَلَآ اَنْتَ مَكَانًا سُوًى ﴿58﴾ قَالَ مَوْعِدُكُمْ يَوْمُ الزِّيْنَةِ وَاَنْ

اور نہ | تو | جگہ | برابر | کہا | تم سے وعدہ ہے | دن کا | جشن کے | اور یہ کہ

سے نہ ہم پھریں اور نہ تم پھرو۔ یہ مقابلہ درمیان کے میدان میں ہوگا۔ موسیٰ علیہ السلام نے کہا "اس کے لئے میلے والا دن طے ہوا اور

يُّحْشَرَ النَّاسُ ضُحًى ﴿59﴾ فَتَوَلّٰى فِرْعَوْنُ فَجَمَعَ كَيْدَهٗ ثُمَّ اَتٰى ﴿60﴾

اکٹھے ہوں | لوگ | دن چڑھے | پھر الگ ہوا | فرعون | پھر اس نے جمع کیا | مکر اپنا | پھر | وہ آ گیا

سب لوگ دن چڑھے جمع ہو جائیں۔" پھر فرعون وہاں سے ہٹا، اس نے اپنے سارے داؤ جمع کئے اور مقابلے کے دن آ گیا۔

قَالَ لَهُمْ مُّوْسٰى وَيْلَكُمْ لَا تَفْتَرُوْا عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا فَيُسْحِتَكُمْ

کہا | ان کو | موسیٰ نے | افسوس تم پر | نہ | تم گھڑو | پر | اللہ | جھوٹ | ورنہ وہ تباہ کرے گا تمہیں

موسیٰ علیہ السلام نے جادوگروں سے کہا "تمہارا برا ہو تم اللہ پر جھوٹ نہ باندھو ورنہ وہ کسی عذاب سے تم سب کو نیست و نابود کر دے

بِعَذَابٍ ۚ وَقَدْ خَابَ مَنِ افْتَرٰى ﴿61﴾ فَتَنَازَعُوْٓا اَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ

عذاب سے | اور بیشک | نامراد ہوا | جس نے | جھوٹ گھڑا | پھر وہ جھگڑنے لگے | کام اپنے میں | اپنے درمیان

گا۔ اور یاد رکھو جس نے اللہ پر جھوٹ باندھا وہ ناکام ہوا۔ یہ سن کر جادوگروں میں اختلاف پیدا ہو گیا۔ پھر انہوں نے خفیہ صلاح

وَاَسَرُّوا النَّجْوٰى ﴿62﴾ قَالُوْٓا اِنْ هٰذٰنِ لَسٰحِرٰنِ يُرِيْدٰنِ اَنْ يُّخْرِجٰكُمْ

اور انہوں نے چھپائی | سازش | پھر وہ بولے | بیشک | یہ دو | البتہ جادوگر ہیں | جو چاہتے ہیں | کہ | نکالیں تمہیں

مشورہ کیا۔ آخر متفق ہو کر کہنے لگے "یہ دونوں یقیناً جادوگر ہیں اور چاہتے ہیں کہ اپنے جادو کے زور سے

مِّنْ اَرْضِكُمْ بِسِحْرِهِمَا وَيَذْهَبَا بِطَرِيْقَتِكُمُ الْمُثْلٰى ﴿63﴾ فَاَجْمِعُوْا

سے | تمہارے ملک | اپنے جادو سے | اور وہ ختم کر دیں | تمہارے طریقے | بہتر کو | پس تم جمع کرو

تمہیں تمہارے ملک سے نکال دیں اور تمہارے عمدہ ملکی نظام کا خاتمہ کر دیں۔ لہٰذا تم اپنی ساری

كَيْدَكُمْ ثُمَّ ائْتُوْا صَفًّا ۚ وَقَدْ اَفْلَحَ الْيَوْمَ مَنِ اسْتَعْلٰى ﴿64﴾ قَالُوْا

اپنے مکر کو | پھر | تم آؤ | صف باندھ کر | اور بیشک | کامیاب ہوا | آج کے دن | جو | غالب آ جائے | انہوں نے کہا

تدبیریں اختیار کر لو۔ ان کے مقابلہ میں متحد ہو جاؤ۔ آج جو جیت گیا وہی کامیاب ہے" پھر وہ بولے

يٰمُوْسٰٓى اِمَّآ اَنْ تُلْقِىَ وَاِمَّآ اَنْ نَّكُوْنَ اَوَّلَ مَنْ اَلْقٰى ﴿65﴾ قَالَ

اے موسیٰ | یا | یہ کہ | تو ڈالے گا | اور یا | یہ کہ | ہم ہوں | پہلے | جو | ڈالیں | اس نے کہا

''اے موسیٰ علیہ السلام یا تم ڈالو یا ہم پہلے ڈالنے والے بنیں؟'' موسیٰ علیہ السلام نے کہا

بَلْ اَلْقُوْا ۚ فَاِذَا حِبَالُهُمْ وَعِصِيُّهُمْ يُخَيَّلُ اِلَيْهِ مِنْ سِحْرِهِمْ

بلکہ | تم ڈالو | پھر اچانک | رسیاں ان کی | اور لاٹھیاں ان کی | خیال باندھا گیا تھا | اُس کی طرف | سے | جادو ان کے

''تم ہی پہلے ڈالو'' پھر اچانک ان کی رسیاں اور ان کی لاٹھیاں ان کے جادو کے زور سے اس طرح دکھائی دیں جیسے

اَنَّهَا تَسْعٰى ﴿66﴾ فَاَوْجَسَ فِىْ نَفْسِهٖ خِيْفَةً مُّوْسٰى ﴿67﴾ قُلْنَا لَا تَخَفْ

یہ کہ | وہ دوڑتی ہیں | تو محسوس کیا | میں | اپنے دل | خوف | موسیٰ نے | ہم نے کہا | نہ | تو ڈر

وہ دوڑ رہی ہیں۔ یہ دیکھ کر موسیٰ علیہ السلام نے اپنے دل میں کچھ خوف محسوس کیا۔ ہم نے کہا ''ڈرو نہیں،

اِنَّكَ اَنْتَ الْاَعْلٰى ﴿68﴾ وَاَلْقِ مَا فِىْ يَمِيْنِكَ تَلْقَفْ مَا صَنَعُوْا ۭ

بیشک تو | تو ہی | غالب ہے | اور تو ڈال | جو کچھ ہے | میں | تیرے دائیں ہاتھ | وہ نگل جائے گا | اسے جو کچھ | انہوں نے بنایا ہے

تم ہی غالب رہو گے۔ جو عصا تمہارے ہاتھ میں ہے اسے ڈال دیں۔ وہ ان کے سارے ڈرامے کو نگل جائے گا۔

اِنَّمَا صَنَعُوْا كَيْدُ سٰحِرٍ ۭ وَلَا يُفْلِحُ السّٰحِرُ حَيْثُ اَتٰى ﴿69﴾ فَاُلْقِىَ

جو بھی | انہوں نے بنایا | مکر ہے | جادو کا | اور نہیں | کامیاب ہوتا | جادوگر | جہاں بھی | آئے | پھر گر پڑے

یہ جو کچھ انہوں نے بنایا ہے جادو کا فریب ہے اور جادوگر جہاں بھی ہو اس کے لئے فلاح نہیں۔ اور پھر جادوگر

السَّحَرَةُ سُجَّدًا قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ هٰرُوْنَ وَمُوْسٰى ﴿70﴾ قَالَ اٰمَنْتُمْ

جادوگر | سجدے میں | وہ بولے | ہم ایمان لائے | رب پر | ہارون | اور موسیٰ کے | اس نے کہا | تم نے مانا

سجدے میں گر پڑے اور پکار اٹھے ''ہم ایمان لائے ہارون علیہ السلام اور موسیٰ علیہ السلام کے رب پر'' فرعون نے ان سے کہا

لَهٗ قَبْلَ اَنْ اٰذَنَ لَكُمْ ۭ اِنَّهٗ لَكَبِيْرُكُمُ الَّذِىْ عَلَّمَكُمُ السِّحْرَ ۚ

اس کو | پہلے | اس سے کہ | میں اجازت دوں | تم کو | بیشک وہ | البتہ بڑا ہے تمہارا | جس نے | سکھایا تم کو | جادو

''تم نے میری اجازت کے بغیر موسیٰ علیہ السلام کو مان لیا؟ ضرور وہ تمہارا بڑا گرو ہے جس نے تمہیں جادو سکھایا ہے۔

فَلَاُقَطِّعَنَّ اَيْدِيَكُمْ وَاَرْجُلَكُمْ مِّنْ خِلَافٍ وَّلَاُصَلِّبَنَّكُمْ فِىْ جُذُوْعِ

پس ضرور میں کاٹوں گا | تمہارے ہاتھ | اور تمہارے پاؤں | سے | الٹے | اور ضرور میں سُولی دوں گا تمہیں | میں | تنوں

اچھا، اب میں تمہارے ہاتھ اور پاؤں اُلٹی طرف سے کٹواؤں گا اور تمہیں کھجور کے تنوں

النَّخْلِ ؕ وَلَتَعْلَمُنَّ اَيُّنَآ اَشَدُّ عَذَابًا وَّاَبْقٰى ﴿71﴾ قَالُوْا

درختوں کے | اور ضرور تم جانو گے | کون ہے ہم میں | زیادہ سخت | سزا دینے میں | اور زیادہ باقی رہنے میں | انہوں نے کہا

پر سُولی دوں گا۔ پھر تمہیں پتہ چلے گا کہ ہم میں سے کس کی سزا زیادہ سخت ہے اور زیادہ دیر رہنے والی ہے" جادوگروں نے کہا

لَنْ نُّؤْثِرَكَ عَلٰى مَا جَآءَنَا مِنَ الْبَيِّنٰتِ وَالَّذِيْ فَطَرَنَا

ہرگز نہیں ہم ترجیح دیں گے تجھے | اس پر | جو | آئیں ہمارے پاس | کچھ | روشن دلیلیں | اور اس ہستی سے جس نے | پیدا کیا ہمیں

ہم کھلے معجزوں کو اور اپنے خالق کو چھوڑ کر صرف تمہاری بات نہیں مان سکتے۔

فَاقْضِ مَآ اَنْتَ قَاضٍ ؕ اِنَّمَا تَقْضِيْ هٰذِهِ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ؕ ﴿72﴾ اِنَّآ

تو کر ڈال | جو کچھ | تو | کرنے والا ہے | صرف | تو کرے گا | اس | زندگی | دنیا کی میں | بیشک ہم

تم نے جو کرنا ہے کر لو۔ تم صرف دنیا کی زندگی کا کچھ کر سکتے ہو۔ ہم تو

اٰمَنَّا بِرَبِّنَا لِيَغْفِرَ لَنَا خَطٰيٰنَا وَمَآ اَكْرَهْتَنَا عَلَيْهِ مِنَ السِّحْرِ ؕ

ہم ایمان لائے | اپنے رب پر | تا کہ وہ بخش دے ہم کو | ہماری خطائیں | اور جو | تو نے ہمیں مجبور کیا | اس پر | سے | جادوگری

اپنے رب پر ایمان لائے تا کہ وہ ہماری خطائیں معاف کر دے اور اس جادو کی خطا بھی معاف کرے جس پر تم نے ہمیں مجبور کیا۔

وَاللّٰهُ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ﴿73﴾ اِنَّهٗ مَنْ يَّاْتِ رَبَّهٗ مُجْرِمًا فَاِنَّ لَهٗ جَهَنَّمَ ؕ

اور اللہ ہے | بہت بہتر | اور ہمیشہ رہنے والا | بیشک | جو کوئی | آئے پاس | اپنے رب کے | مجرم بن کر | تو بیشک | اس کیلئے | جہنم ہے

ہمارے لئے اللہ بہتر ہے اور وہی ہمیشہ رہنے والا ہے۔" بے شک جو شخص مجرم بن کر اپنے رب کے سامنے پیش ہوگا اس کے لئے

لَا يَمُوْتُ فِيْهَا وَلَا يَحْيٰى ﴿74﴾ وَمَنْ يَّاْتِهٖ مُؤْمِنًا قَدْ عَمِلَ

نہیں | وہ مرے گا | اس میں | اور نہ | وہ جیئے گا | اور جو کوئی | آئے اسکے پاس | مومن ہو کر | ہوں | عمل کئے

دوزخ ہے جس میں وہ نہ مرے گا نہ جیے گا۔ لیکن جو اللہ کے ہاں مومن ہو کر آئے گا اور اس نے نیک عمل

الصّٰلِحٰتِ فَاُولٰٓئِكَ لَهُمُ الدَّرَجٰتُ الْعُلٰى ۙ ﴿75﴾ جَنّٰتُ عَدْنٍ تَجْرِيْ مِنْ

اچھے | تو ایسے لوگ | ان کے لئے | درجات | اونچے ہیں | باغ | ہمیشہ کے | بہتی ہیں | سے

بھی کیے ہوں گے تو ایسے لوگوں کے بڑے اونچے درجے ہیں۔ ان کے لئے ہمیشہ رہنے والے باغ ہیں جن میں

تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ وَذٰلِكَ جَزٰٓؤُا مَنْ تَزَكّٰى ﴿76﴾ وَلَقَدْ

ان کے نیچے | نہریں | ہمیشہ رہنے والے | اس میں | اور یہ ہے | بدلہ | اس کا جو | پاک ہوا | اور بیشک

نہریں جاری ہوں گی۔ وہاں وہ ہمیشہ رہیں گے اور یہ صلہ ہے اس شخص کے لئے جو پاکیزگی اختیار کرے۔ اور ہم نے

اَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى ۙ اَنْ اَسْرِ بِعِبَادِيْ فَاضْرِبْ لَهُمْ طَرِيْقًا فِي

ہم نے وحی کی | طرف | موسیٰ کی | یہ کہ لے | چل میرے بندوں کو | پھر تو مار | ان کے لئے | راستے بنانے کو | میں

موسیٰ علیہ السلام پر وحی کی کہ رات کے وقت میرے بندوں کو لے کر نکل جانا اور سمندر میں عصا مار کر ان کے لئے

الْبَحْرِ يَبَسًا ۙ لَّا تَخٰفُ دَرَكًا وَّلَا تَخْشٰى ﴿77﴾ فَاَتْبَعَهُمْ فِرْعَوْنُ

سمندر | خشک | نہ | تو خوف کر | تعاقب کا | اور نہ | تو خطرہ سمجھ | پھر پیچھا کیا ان کا | فرعون نے

خشک راستہ بنا لینا۔ نہ تعاقب کا اندیشہ کرنا اور نہ کسی اور چیز سے ڈرنا پھر فرعون نے اپنے لشکروں کے ساتھ

بِجُنُوْدِهٖ فَغَشِيَهُمْ مِّنَ الْيَمِّ مَا غَشِيَهُمْ ﴿78﴾ وَاَضَلَّ فِرْعَوْنُ

اپنے لشکروں کے ساتھ | تو ڈھانپ لیا ان کو | سے | سمندر | جس نے بھی | ڈھانپ لیا ان کو | اور گمراہ کیا | فرعون نے

ان کا پیچھا کیا مگر سمندر کے پانی نے فرعونیوں کو اپنی لپیٹ میں لے لیا۔ اور فرعون نے اپنی قوم کو گمراہ کیا،

قَوْمَهٗ وَمَا هَدٰى ﴿79﴾ يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ قَدْ اَنْجَيْنٰكُمْ مِّنْ عَدُوِّكُمْ

اپنی قوم کو | اور نہ | ہدایت دی | اے بنی اسرائیل | بیشک | ہم نے نجات دی تمہیں | سے | تمہارے دشمن

صحیح راہ نہ دکھائی۔ اے بنی اسرائیل ! ہم نے تمہیں تمہارے دشمن سے نجات دی۔ کوہ طور کی دائیں

وَوٰعَدْنٰكُمْ جَانِبَ الطُّوْرِ الْاَيْمَنَ وَنَزَّلْنَا عَلَيْكُمُ الْمَنَّ وَالسَّلْوٰى ﴿80﴾

اور ہم نے وعدہ لیا تم سے | جانب | طور کی | دائیں کے | اور ہم نے اتارا | تم پر | من | اور سلویٰ

جانب تمہاری حاضری کے لئے وقت مقرر کیا اور تمہارے لئے من و سلویٰ اتارا کہ

كُلُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ وَلَا تَطْغَوْا فِيْهِ فَيَحِلَّ عَلَيْكُمْ

تم کھاؤ | سے | پاکیزہ چیزوں | جو | ہم نے دیں تمہیں | اور نہ | تم سرکشی کرو | اس میں | ورنہ اترے گا | تم پر

ہماری دی ہوئی پاک روزی کھاؤ مگر سرکشی نہ کرو ورنہ تمہارے اوپر میرا غضب نازل ہو گا

غَضَبِيْ ۚ وَمَنْ يَّحْلِلْ عَلَيْهِ غَضَبِيْ فَقَدْ هَوٰى ﴿81﴾ وَاِنِّيْ لَغَفَّارٌ

میرا غضب | اور جو کوئی | کہ آئے | جس پر | میرا غضب | تو بیشک | وہ گر گیا | اور بیشک میں | ضرور بڑا معاف کرنیوالا ہوں

اور جس پر میرا غضب نازل ہوا وہ تباہ ہوا۔ لیکن جو توبہ کر لے، ایمان لائے، نیک عمل کرے اور سیدھے

لِّمَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا ثُمَّ اهْتَدٰى ﴿82﴾ وَمَآ اَعْجَلَكَ

اس کو جو | توبہ کرے | اور ایمان لائے | اور عمل کرے | اچھا | پھر | وہ ہدایت پائے | اور کس نے | جلدی کرائی تجھے

راستے پر چلے تو اس کے لئے میں بہت زیادہ بخشنے والا ہوں۔ اور جب موسیٰ علیہ السلام توریت لینے آئے

عَنْ قَوْمِكَ يٰمُوْسٰى ﴿83﴾ قَالَ هُمْ اُولَآءِ عَلٰٓى اَثَرِيْ وَعَجِلْتُ

سے | اپنی قوم | اے موسیٰ | اس نے کہا | وہ | یہ لوگ ہیں | پر | پیچھے میرے | اور میں نے جلدی کی

تو ہم نے پوچھا "اے موسیٰ علیہ السلام اپنی قوم کو پیچھے چھوڑ کر آگے جلدی کیوں آ گئے؟" موسیٰ علیہ السلام نے عرض کیا "وہ لوگ بھی

اِلَيْكَ رَبِّ لِتَرْضٰى ﴿84﴾ قَالَ فَاِنَّا قَدْ فَتَنَّا قَوْمَكَ مِنْۢ بَعْدِكَ

تیری طرف | میرے رب | تاکہ تو راضی ہو | فرمایا | پس بیشک ہم | ضرور | ہم نے آزمایا | تیری قوم کو | سے | تیرے بعد

میرے پیچھے آ رہے ہیں۔ اور میں، اے میرے رب! تیری خوشنودی کی خاطر جلدی چلا آیا۔" فرمایا "ہم نے تمہاری قوم کو تمہارے

وَاَضَلَّهُمُ السَّامِرِيُّ ﴿85﴾ فَرَجَعَ مُوْسٰٓى اِلٰى قَوْمِهٖ غَضْبَانَ اَسِفًا ۚ

اور گمراہ کیا ان کو | سامری نے | پھر واپس آیا | موسیٰ | طرف | اپنی قوم کی | غصے میں | غمگین

بعد آزمائش میں ڈال دیا ہے اور سامری نے انہیں گمراہ کر دیا ہے۔" موسیٰ علیہ السلام سخت غصے اور رنج کی حالت میں واپس آئے اور

قَالَ يٰقَوْمِ اَلَمْ يَعِدْكُمْ رَبُّكُمْ وَعْدًا حَسَنًا ۬ؕ اَفَطَالَ عَلَيْكُمُ

اس نے کہا | اے میری قوم | کیا نہیں | وعدہ کیا تم سے | تمہارے رب نے | وعدہ | اچھا | کیا پھر دراز ہو گیا | تم پر

کہا "اے میری قوم کے لوگو! کیا تمہارے رب نے تم سے اچھا وعدہ نہیں کیا تھا؟ کیا تم پر زیادہ

الْعَهْدُ اَمْ اَرَدْتُّمْ اَنْ يَّحِلَّ عَلَيْكُمْ غَضَبٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ

زمانہ | یا | تم نے چاہا | کہ | آئے | تم پر | غضب | سے | تمہارے رب

زمانہ گزر گیا یا تم نے چاہا کہ تمہارے اوپر تمہارے رب کا غضب نازل ہو؟ اس لئے تم نے مجھ سے

فَاَخْلَفْتُمْ مَّوْعِدِيْ ﴿86﴾ قَالُوْا مَآ اَخْلَفْنَا مَوْعِدَكَ بِمَلْكِنَا وَلٰكِنَّا

تو تم نے خلاف ورزی کی | وعدے میرے کی | وہ بولے | نہیں | ہم نے خلاف کیا | وعدہ تیرا | اپنے اختیار سے | اور لیکن ہم

وعدہ خلافی کی؟" انہوں نے کہا "ہم نے اپنے اختیار سے آپ کے ساتھ وعدہ خلافی نہیں کی۔ معاملہ یہ ہوا کہ

حُمِّلْنَآ اَوْزَارًا مِّنْ زِيْنَةِ الْقَوْمِ فَقَذَفْنٰهَا فَكَذٰلِكَ اَلْقَى

ہمیں اٹھانے پڑے | بوجھ | کے | زیوروں | قوم فرعون کے | پھر ہم نے پھینک دیئے وہ | تو اس طرح | ڈال دیا

ہم پر قوم کے زیوارات کا بوجھ لاد دیا گیا جسے ہم نے پھینک دیا تو سامری نے اسے

السَّامِرِيُّ ۙ ﴿87﴾ فَاَخْرَجَ لَهُمْ عِجْلًا جَسَدًا لَّهٗ خُوَارٌ فَقَالُوْا هٰذَآ

سامری نے | پس بنا نکالا | ان کے لئے | بچھڑا | ایک جسم | اس کی | گائے کی آواز تھی | تو وہ بولے | یہ ہے

ڈال لیا۔ پھر اس نے لوگوں کے لئے ایک بچھڑا بنا دیا جو ایک مورت تھی جس سے بیل کی سی آواز نکلتی تھی۔" پھر اس نے کہا "یہ ہے

اِلٰهُكُمۡ وَاِلٰهُ مُوۡسٰى ۙ فَنَسِىَ ؕ ﴿۸۸﴾ اَفَلَا يَرَوۡنَ اَلَّا يَرۡجِعُ اِلَيۡهِمۡ قَوۡلًا ۙ

معبود تمہارا | اور معبود | موسیٰ کا | پس وہ موسیٰ بھول گیا | کیا پس نہیں | وہ دیکھتے | کہ نہیں | لوٹاتا | طرف ان کی | بات کو

تمہارا معبود اور موسیٰ علیہ السلام کا معبود بھی یہی ہے لیکن وہ اسے بھول کر چلے گئے ہیں۔'' کیا وہ دیکھتے نہ تھے کہ وہ بچھڑا نہ تو کسی بات

وَّلَا يَمۡلِكُ لَهُمۡ ضَرًّا وَّلَا نَفۡعًا ﴿۸۹﴾ وَلَقَدۡ قَالَ لَهُمۡ هٰرُوۡنُ

اور نہیں | وہ اختیار رکھتا | ان کے لئے | نقصان کا | اور نہ | نفع کا | اور بیشک | کہا | ان کو | ہارون نے

کا جواب دیتا ہے اور نہ ان کے کسی نفع یا نقصان کا اختیار رکھتا ہے اور ہارون علیہ السلام ان سے کہہ چکے تھے ''اے

مِنۡ قَبۡلُ يٰقَوۡمِ اِنَّمَا فُتِنۡتُمۡ بِهٖ ۚ وَاِنَّ رَبَّكُمُ الرَّحۡمٰنُ

سے | پہلے | اے قوم میری | صرف | تم آزمائے گئے ہو | اس کے ساتھ | اور بیشک | تمہارا رب | رحمان ہے

میری قوم بے شک بچھڑے میں تمہارے لئے آزمائش ہے اور تمہارا رب خدائے رحمان

فَاتَّبِعُوۡنِىۡ وَاَطِيۡعُوۡۤا اَمۡرِىۡ ﴿۹۰﴾ قَالُوۡا لَنۡ نَّبۡرَحَ عَلَيۡهِ عٰكِفِيۡنَ

پس تم پیروی کرو میری | اور تم اطاعت کرو | میرے حکم کی | وہ بولے | ہرگز نہیں | ہم ٹلیں گے | اس پر | جمے رہیں گے

ہے لہٰذا میری پیروی کرو اور میری بات مانو مگر انہوں نے کہا ''جب تک موسیٰ علیہ السلام ہمارے پاس واپس نہیں آ جاتے

حَتّٰى يَرۡجِعَ اِلَيۡنَا مُوۡسٰى ﴿۹۱﴾ قَالَ يٰهٰرُوۡنُ مَا مَنَعَكَ اِذۡ رَاَيۡتَهُمۡ

یہاں تک کہ | لوٹ آئے | طرف ہماری | موسیٰ | اس نے کہا | اے ہارون | کس نے | منع کیا تجھے | جب | تو نے دیکھا انکو

ہم اسی بچھڑے کی پوجا کرتے رہیں گے۔'' اس کے بعد موسیٰ علیہ السلام نے کہا ''اے ہارون علیہ السلام جب آپ نے لوگوں کو

ضَلُّوۡۤا ۙ ﴿۹۲﴾ اَلَّا تَتَّبِعَنِ ؕ اَفَعَصَيۡتَ اَمۡرِىۡ ﴿۹۳﴾ قَالَ يَبۡنَؤُمَّ

کہ وہ گمراہ ہوئے تھے | کہ نہ | تو پیروی کرے میری | کیا پس تو نے نافرمانی کی | میرے حکم کی | اس نے کہا | اے میرے ماں جائے

گمراہی کی راہ پر جاتے دیکھا تو انہیں کیوں نہ روکا؟ کیوں آپ نے میری ہدایت کی پروا نہ کی؟ کیوں میرے حکم کی خلاف ورزی

لَا تَاۡخُذۡ بِلِحۡيَتِىۡ وَلَا بِرَاۡسِىۡ ۚ اِنِّىۡ خَشِيۡتُ اَنۡ تَقُوۡلَ فَرَّقۡتَ

نہ | تو پکڑ | میری داڑھی کو | اور نہ | میرے سر کو | بیشک میں | مجھے خوف ہوا | کہ | تو کہے گا | کہ تو نے جدائی ڈال دی

کی؟'' ہارون علیہ السلام نے کہا ''اے میری ماں کے بیٹے! میری داڑھی اور میرے سر کے بال نہ پکڑیں۔ مجھے اندیشہ ہوا کہ آپ

بَيۡنَ بَنِىۡۤ اِسۡرَآءِيۡلَ وَلَمۡ تَرۡقُبۡ قَوۡلِىۡ ﴿۹۴﴾ قَالَ فَمَا خَطۡبُكَ

درمیان | بنی اسرائیل کے | اور نہیں | تو نے خیال کیا | میری بات کا | اس نے کہا | پس کیا ہے | معاملہ تیرا

واپس آ کر یہ نہ کہیں تم نے بنی اسرائیل میں پھوٹ ڈال دی اور میری بات کا لحاظ نہ کیا'' پھر موسیٰ علیہ السلام نے

يٰسَامِرِيُّ ﴿95﴾ قَالَ بَصُرْتُ بِمَا لَمْ يَبْصُرُوْا بِهٖ فَقَبَضْتُ قَبْضَةً

اے سامری | اس نے کہا | میں نے دیکھا | اس چیز کو | نہیں | لوگوں نے دیکھا | اس کو | پھر میں نے مٹھی بھر لی | ایک مٹھی

سامری سے کہا ''اے سامری تیرا کیا معاملہ ہے؟'' وہ بولا مجھے وہ چیز سُوجھی جو دوسروں کو نہیں سوجھی۔ میں نے (جبریل) رسول ہی

مِّنْ اَثَرِ الرَّسُوْلِ فَنَبَذْتُهَا وَكَذٰلِكَ سَوَّلَتْ لِيْ نَفْسِيْ ﴿96﴾ قَالَ

سے | خاکِ قدم | بھیجے ہوئے (فرشتے) کی | پھر میں نے پھینکی وہ | اور اس طرح | اچھا کر دکھایا | مجھ کو | میرے دل نے | اس نے کہا

کے نقش قدم سے ایک مٹھی خاک اٹھائی اور اس بچھڑے کے قالب میں ڈال دی۔ اس طرح میرے نفس نے مجھے یہی سمجھایا۔'' موسیٰ

فَاذْهَبْ فَاِنَّ لَكَ فِي الْحَيٰوةِ اَنْ تَقُوْلَ لَا مِسَاسَ ۠ وَاِنَّ لَكَ

پس تو چلا جا | تو بیشک | تیرے لیے | میں | زندگی | یہ ہے کہ | تو کہے گا | نہ | ہاتھ لگانا | اور بیشک | تیرے لئے

علیہ السلام نے کہا ''دُور ہو تیرے لئے یہ سزا ہے کہ تو عمر بھر یہ کہتا پھرے گا ''مجھے نہ چُھونا، ورنہ تمہیں بھی

مَوْعِدًا لَّنْ تُخْلَفَهٗ ۚ وَانْظُرْ اِلٰٓى اِلٰهِكَ الَّذِيْ ظَلْتَ عَلَيْهِ

وعدہ ہے | ہرگز نہیں | تجھے پیچھے چھوڑا جائے گا اسکے | اور تو دیکھ | طرف | اپنے معبود کی | وہ جو | تو ہو گیا تھا | اس پر

بیماری لگ جائے گی'' اور پھر تمہارے لئے عذاب کا ایک وعدہ مقرر ہے جو تم سے کبھی نہیں ٹلے گا۔ تم اپنے بنائے ہوئے اس معبود کو

عَاكِفًا ۭ لَنُحَرِّقَنَّهٗ ثُمَّ لَنَنْسِفَنَّهٗ فِي الْيَمِّ نَسْفًا ﴿97﴾ اِنَّمَآ اِلٰهُكُمُ

جما بیٹھا | ضرور ہم جلا دیں گے اسے | پھر | ضرور ہم راکھ اڑائیں گے اسکی | میں | سمندر | اُڑانا | یقیناً | معبود تمہارا

دیکھو جس کی پوجا کرتے رہے ہو۔ ہم اسے جلا دیں گے۔ پھر اسے دریا میں بکھیر کر بہا دیں گے۔'' اے لوگو! تمہارا معبود صرف اللہ

اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۭ وَسِعَ كُلَّ شَيْءٍ عِلْمًا ﴿98﴾ كَذٰلِكَ

اللہ ہے | وہی کہ | نہیں | کوئی معبود | سوائے | اس کے | اس نے سمیٹ لیا | ہر | چیز کو | علم میں | اسی طرح

ہے۔ اس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ اس کا علم ہر چیز پر حاوی ہے۔ اے نبی ﷺ اسی طرح ہم آپ ﷺ کو گزرے ہوئے واقعات

نَقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ اَنْۢبَاۗءِ مَا قَدْ سَبَقَ ۚ وَقَدْ اٰتَيْنٰكَ مِنْ لَّدُنَّا

ہم بیان کرتے ہیں | تجھ پر | سے | خبروں | جو | پہلے | گزر چکی ہیں | اور بیشک | ہم نے دیا تجھے | سے | اپنے پاس

سناتے ہیں۔ ہم نے آپ ﷺ کو اپنے پاس سے یہ قرآن عطا

ذِكْرًا ﴿99﴾ مَنْ اَعْرَضَ عَنْهُ فَاِنَّهٗ يَحْمِلُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وِزْرًا ۙ ﴿100﴾

ذکر | جو کوئی | منہ موڑے | اس سے | تو بیشک | وہ اٹھائے گا | دن | قیامت کے | بوجھ

کیا ہے۔ جو لوگ اس سے منہ پھیریں گے وہ قیامت کے دن گناہوں کا بھاری بوجھ اٹھائیں گے

خٰلِدِيْنَ فِيْهِ ؕ وَسَآءَ لَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ حِمْلًا ﴿101﴾ يَّوْمَ يُنْفَخُ فِي

ہمیشہ رہنے والے | اس میں | اور برا ہے | ان کے لئے | دن | قیامت کے | بوجھ | جس دن | پھونکا جائے گا | میں

اور ہمیشہ اسی بوجھ تلے عذاب میں رہیں گے۔ وہ کیا ہی برا بوجھ ہوگا جو یہ لوگ قیامت کے دن اٹھائے ہوں گے جس دن صور پھونکا

الصُّوْرِ وَنَحْشُرُ الْمُجْرِمِيْنَ يَوْمَئِذٍ زُرْقًا ﴿102﴾ يَّتَخَافَتُوْنَ بَيْنَهُمْ اِنْ

صور | اور ہم جمع کریں گے | مجرموں کو | اس دن | نیلی آنکھوں والے ہوں گے | وہ سرگوشی کریں گے | اپنے درمیان | نہیں

جائے گا اور مجرموں کو اس دن ہم اس حال میں جمع کریں گے کہ خوف سے ان کی آنکھیں نیلی ہوں گی۔ وہ آپس میں چپکے چپکے ایک

لَّبِثْتُمْ اِلَّا عَشْرًا ﴿103﴾ نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا يَقُوْلُوْنَ اِذْ يَقُوْلُ اَمْثَلُهُمْ

تم رہے | مگر | دس دن | ہم | خوب جانتے ہیں | اس کو جو | وہ کہتے ہیں | جب | کہے گا | مثالی ان کا

دوسرے سے کہیں گے ''تم تو دنیا میں صرف دس دن رہے ہوگے'' ہم خوب جانتے ہیں جو کچھ وہ کہیں گے اور ہمیں یہ بھی معلوم ہے کہ

طَرِيْقَةً اِنْ لَّبِثْتُمْ اِلَّا يَوْمًا ﴿104﴾ ع وَيَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الْجِبَالِ فَقُلْ

راہ میں | نہیں | تم رہے | مگر | ایک دن | اور وہ پوچھتے ہیں آپ سے | بارے میں | پہاڑوں کے | پس کہہ دیجئے

ع 5 15 14

ان میں جو بڑا سمجھدار ہوگا وہ ان سے کہے گا ''دنیا میں تم صرف ایک دن رہے ہو'' اور اے نبی ﷺ لوگ آپ ﷺ سے پوچھتے ہیں

يَنْسِفُهَا رَبِّيْ نَسْفًا ﴿105﴾ فَيَذَرُهَا قَاعًا صَفْصَفًا ﴿106﴾ لَّا تَرٰى فِيْهَا

اڑائے گا ان کو | میرا رب | اڑانا | پھر چھوڑ دے گا اسے | میدان | صاف بنا کر | نہ | تو دیکھے گا | اس میں

کہ قیامت کے دن ان پہاڑوں کا کیا بنے گا؟ آپ ﷺ انہیں بتائیں ''میرا رب ان کو ریزہ ریزہ کر کے اڑا دے گا۔'' پھر زمین کو

عِوَجًا وَّلَآ اَمْتًا ﴿107﴾ يَوْمَئِذٍ يَّتَّبِعُوْنَ الدَّاعِيَ لَا عِوَجَ لَهٗ ج

ٹیڑھ | اور نہ | ٹیلہ | اس دن | وہ پیچھے چلیں گے | ایک پکارنے والے کے | نہیں | کوئی ٹیڑھ | اُس میں

ایسا صاف میدان بنا دے گا جس میں تم کوئی اونچ نیچ نہ دیکھو گے۔ اس دن سب لوگ ایک پکارنے والے کے آواز کے پیچھے چل

وَخَشَعَتِ الْاَصْوَاتُ لِلرَّحْمٰنِ فَلَا تَسْمَعُ اِلَّا هَمْسًا ﴿108﴾ يَوْمَئِذٍ

اور نیچی ہوں گی | آوازیں | رحمان کے آگے | پس نہ | تو سنے گا | مگر | کھسر پھسر | اس دن

پڑیں گے اور سیدھے چلے جائیں گے۔ تمام آوازیں خدائے رحمان کے آگے دب جائیں گی۔ صرف قدموں کی چاپ سنائی دے

لَّا تَنْفَعُ الشَّفَاعَةُ اِلَّا مَنْ اَذِنَ لَهُ الرَّحْمٰنُ وَرَضِيَ لَهٗ قَوْلًا ﴿109﴾

نہیں فائدہ دے گی | سفارش | مگر | جسے | اجازت دے | اس کو | رحمان | اور وہ راضی ہو | اس کی | بات سے

گی۔ اس دن کوئی سفارش کام نہ آئے گی مگر ہاں جسے شفاعت کرنے کی اجازت خود رحمٰن دے اور اس کا بولنا پسند فرمائے۔

يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِهٖ عِلْمًا ﴿۱۱۰﴾

وہ جانتا ہے | جو کچھ | درمیان ہے | اُن کے ہاتھوں کے | اور جو کچھ | پیچھے انکے ہے | اور نہیں | وہ احاطہ کر سکتے | اس کے | علم کا

اللہ سب کے اگلے اور پچھلے حالات جانتا ہے۔ لوگوں کا علم اس کا احاطہ نہیں کر سکتا۔

وَعَنَتِ الْوُجُوْهُ لِلْحَيِّ الْقَيُّوْمِ ؕ وَقَدْ خَابَ مَنْ حَمَلَ ظُلْمًا ﴿۱۱۱﴾

اور جھک جائیں گے | چہرے | آگے زندہ | قائم رہنے والے کے | اور بیشک | نامراد ہوا | جس نے | اُٹھایا | ظلم

اس دن تمام چہرے اللہ کے آگے جھکے ہوں گے جو زندہ اور سب کو سنبھالنے والا ہے۔ پھر جو شخص وہاں ظلم لے کر آئے گا وہ ناکام

وَمَنْ يَّعْمَلْ مِنَ الصّٰلِحٰتِ وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَا يَخٰفُ ظُلْمًا

اور جو کوئی | کرے | سے | نیکیوں | اور وہ ہو | مومن | تو نہیں | وہ ڈرے گا | ناانصافی سے

رہے گا۔ اور جس نے نیک کام کئے اور وہ ایمان بھی رکھتا ہوگا تو اسے نہ کسی ناانصافی کا اندیشہ ہو گا

وَّلَا هَضْمًا ﴿۱۱۲﴾ وَكَذٰلِكَ اَنْزَلْنٰهُ قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا وَّصَرَّفْنَا فِيْهِ مِنَ

اور نہ زیادتی سے | اور اسی طرح | ہم نے نازل کیا اسے | قرآن | عربی | اور ہم نے طرح طرح سے بیان کیے | اس میں | کئی

نہ حق تلفی کا۔ اور اسی طرح ہم نے قرآن کو عربی زبان میں اتارا ہے۔ اس میں طرح طرح سے

الْوَعِيْدِ لَعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ اَوْ يُحْدِثُ لَهُمْ ذِكْرًا ﴿۱۱۳﴾ فَتَعٰلَى اللّٰهُ

ڈراوے | تاکہ وہ | ڈریں | یا | وہ پیدا کرے | ان کے لئے | نصیحت | پس بلند مرتبہ ہے | اللہ

تنبیہ کی ہے تاکہ لوگ اللہ سے ڈریں اور اس کتاب کے ذریعے نصیحت حاصل کریں۔ اور یاد رکھو اللہ ہی بزرگ و برتر

الْمَلِكُ الْحَقُّ ۚ وَلَا تَعْجَلْ بِالْقُرْاٰنِ مِنْ قَبْلِ اَنْ يُّقْضٰٓى اِلَيْكَ

بادشاہ | برحق | اور نہ | تو جلدی کر | بارے میں قرآن کے | سے | پہلے | اس کے کہ | پوری کی جائے | طرف تیری

اور بادشاہ حقیقی ہے۔ اور اے نبی ﷺ جب قرآن نازل ہو رہا ہو اس وقت اس کے پڑھنے میں آپ ﷺ جلدی نہ کریں جب تک

وَحْيُهٗ ۫ وَقُلْ رَّبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا ﴿۱۱۴﴾ وَلَقَدْ عَهِدْنَآ اِلٰٓى اٰدَمَ مِنْ

وحی اس کی | اور کہہ دیجئے | میرے رب | اضافہ کر مجھ میں | علم کا | اور بیشک | ہم نے عہد لیا | سے | آدم | سے

کہ وحی پوری نازل نہ ہو جایا کرے اور یہ دعا کریں ”اے میرے رب! مجھے اور زیادہ علم عطا فرما“ اور اس سے پہلے ہم نے آدم علیہ السلام

6 ع 11 15

قَبْلُ فَنَسِيَ وَلَمْ نَجِدْ لَهٗ عَزْمًا ﴿۱۱۵﴾ ع وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا

پہلے | پھر وہ بھول گیا | اور نہیں | ہم نے پایا | اس میں | عزم | اور جب | ہم نے کہا | فرشتوں کو | تم سجدہ کرو

کو حکم دیا تھا مگر وہ بھول گئے اور ہم نے ان میں عزم نہ پایا۔ اور جب ہم نے فرشتوں سے کہا ”آدم علیہ السلام کے آگے جھک

لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ ؕ اَبٰى ﴿۱۱۶﴾ فَقُلْنَا يٰٓاٰدَمُ اِنَّ هٰذَا عَدُوٌّ

آدم کو | توسب نے سجدہ کیا | سوائے | ابلیس کے | اس نے انکار کیا | پھر ہم نے کہا | اے آدم | بیشک | یہ | دشمن ہے

جاؤ" توسب جھک گئے مگر ابلیس نے جھکنے سے انکار کیا۔ پھر ہم نے کہا "اے آدم علیہ السلام! بے شک ابلیس تمہارا

لَّكَ وَلِزَوْجِكَ فَلَا يُخْرِجَنَّكُمَا مِنَ الْجَنَّةِ فَتَشْقٰى ﴿۱۱۷﴾ اِنَّ لَكَ

تیرا | اور تیری بیوی کا | پس نہ | وہ نکالے تم دونوں کو | سے | جنت | ورنہ تو مشقت میں پڑے گا | بیشک | تیرے لئے

اور تمہاری بیوی کا دشمن ہے۔ ایسا نہ ہو وہ تم دونوں کو جنت سے نکلوا دے اور پھر تمہیں مشقت اٹھانی پڑے۔ اس جنت

اَلَّا تَجُوْعَ فِيْهَا وَلَا تَعْرٰى ﴿۱۱۸﴾ وَاَنَّكَ لَا تَظْمَؤُا فِيْهَا وَلَا تَضْحٰى ﴿۱۱۹﴾

کہ نہ تو بھوکا رہے | اس میں | اور نہ | تو ننگا رہے گا | اور یہ کہ تو | نہ | تو پیاسا رہے گا | اس میں | اور نہ | تو دھوپ میں رہے گا

میں نہ تم بھوکے رہتے ہو اور نہ ننگے۔ نہ تمہیں پیاس ستاتی ہے اور نہ دھوپ"

فَوَسْوَسَ اِلَيْهِ الشَّيْطٰنُ قَالَ يٰٓاٰدَمُ هَلْ اَدُلُّكَ عَلٰى شَجَرَةِ

پھر وسوسہ ڈالا | طرف اس کی | شیطان نے | اس نے کہا | اے آدم | کیا | میں بتاؤں تجھے | بارے میں | درخت کے

لیکن پھر شیطان نے آدم علیہ السلام کو بہکایا اور کہا "اے آدم علیہ السلام کیا میں تمہیں ہمیشگی کا درخت

الْخُلْدِ وَمُلْكٍ لَّا يَبْلٰى ﴿۱۲۰﴾ فَاَكَلَا مِنْهَا فَبَدَتْ لَهُمَا

ہمیشہ کے | اور بادشاہی کے | جو نہ | پرانی ہو | پھر دونوں نے کھایا | اس سے | تو کھل گئیں | ان دونوں کی

بتاؤں اور ایسی بادشاہی جس کو زوال نہ ہو۔ پھر ان دونوں نے اس درخت کا پھل کھا لیا تھا تو ان دونوں کے ستر

سَوْاٰتُهُمَا وَطَفِقَا يَخْصِفٰنِ عَلَيْهِمَا مِنْ وَّرَقِ الْجَنَّةِ ۫ وَعَصٰٓى

شرمگاہیں دونوں کی | اور وہ دونوں لگے | ڈھانپنے | اپنے آپ پر | سے | پتوں | جنت کے | اور نافرمانی کی

ان پر کھل گئے اور وہ اپنے آپ کو جنت کے پتوں سے ڈھانکنے لگے۔ اس طرح آدم علیہ السلام نے اپنے

اٰدَمُ رَبَّهٗ فَغَوٰى ﴿۱۲۱﴾ ثُمَّ اجْتَبٰهُ رَبُّهٗ فَتَابَ عَلَيْهِ وَهَدٰى ﴿۱۲۲﴾

آدم نے | اپنے رب کی | پس وہ بھٹک گیا | پھر | چن لیا اسے | اُس کے رب نے | پھر توبہ قبول کی | اس سے | اور ہدایت دی

رب کی نافرمانی کی اور بھٹک گئے۔ پھر ان کے رب نے انہیں نوازا، ان کی توبہ قبول فرمائی اور انہیں ہدایت دی۔

قَالَ اهْبِطَا مِنْهَا جَمِيْعًا بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ ۚ فَاِمَّا يَاْتِيَنَّكُمْ

فرمایا | تم دونوں اترو | اس سے | سب | بعض تمہارے | بعض کے | دشمن ہیں | پھر جب | آئے تمہارے پاس

اور شیطان اور آدم علیہ السلام کو حکم دیا "تم دونوں فریق یہاں سے اُتر جاؤ۔ تم ایک دوسرے کے دشمن ہو۔ پھر اگر تمہارے پاس

مِّنِّیْ هُدًی ۙ فَمَنِ اتَّبَعَ هُدَایَ فَلَا یَضِلُّ وَلَا یَشْقٰی ﴿123﴾

طرف سے میری | ہدایت | توجس نے | پیروی کی | میری ہدایت کی | تو نہ | وہ گمراہ ہوگا | اور نہ | وہ بدنصیب ہوگا

میری طرف سے ہدایت آئے تو جو میری ہدایت کی پیروی کرے گا وہ نہ دنیا میں گمراہ ہوگا اور نہ آخرت میں محروم رہے گا۔''

وَمَنْ اَعْرَضَ عَنْ ذِكْرِیْ فَاِنَّ لَهٗ مَعِیْشَةً ضَنْكًا وَّنَحْشُرُهٗ یَوْمَ

اور جوکوئی | منہ موڑے | سے | میری یاد | تو بیشک | اس کی | گذران | تنگ ہوگی | اور ہم اٹھائیں گے اسے | دن

اور جس نے میرے ذکر کو چھوڑا اس کے لئے تنگ زندگی ہوگی اور قیامت کے دن ہم اسے اندھا

الْقِیٰمَةِ اَعْمٰی ﴿124﴾ قَالَ رَبِّ لِمَ حَشَرْتَنِیْۤ اَعْمٰی وَقَدْ كُنْتُ

قیامت کے | اندھا کرکے | وہ کہے گا | اے میرے رب | کیوں | تو نے اٹھایا مجھے | اندھا کرکے | اور بیشک | میں تھا

اٹھائیں گے۔ وہ کہے گا''اے میرے رب تو نے مجھے اندھا کیوں اٹھایا میں تو

بَصِیْرًا ﴿125﴾ قَالَ كَذٰلِكَ اَتَتْكَ اٰیٰتُنَا فَنَسِیْتَهَا ۚ وَكَذٰلِكَ الْیَوْمَ

دیکھنے والا | فرمایا | اسی طرح | آئیں تیرے پاس | نشانیاں ہماری | پھر تو نے بھلا دیا ان کو | اور اسی طرح | آج

آنکھوں والا تھا؟''ارشاد ہوگا جس طرح دنیا میں تیرے پاس ہماری نشانیاں آئیں اور تو نے ان کا خیال نہ کیا اسی طرح آج تمہارا

تُنْسٰی ﴿126﴾ وَكَذٰلِكَ نَجْزِیْ مَنْ اَسْرَفَ وَلَمْ یُؤْمِنْ بِاٰیٰتِ رَبِّهٖ ؕ

تجھے بھلایا جائے گا | اور اسی طرح | ہم بدلہ دیتے ہیں | اسے جو | حد سے بڑھے | اور نہ | ایمان لائے | نشانیوں پر | اپنے رب کی

کچھ خیال نہ کیا جائے گا۔'' اور اسی طرح ہم بدلہ دیں گے ایسے شخص کو جو حد سے گزر جاتا ہے اور اپنے رب کی نشانیوں پر ایمان نہیں

وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَشَدُّ وَاَبْقٰی ﴿127﴾ اَفَلَمْ یَهْدِ لَهُمْ كَمْ اَهْلَكْنَا

اور البتہ عذاب | آخرت کا | سخت ہے | اور باقی رہنے والا ہے | کیا پس نہیں | سمجھایا | ان کو | کہ کتنی | ہم نے ہلاک کیں

لاتا اور آخرت کا عذاب بڑا سخت اور بہت باقی رہنے والا ہے۔ کیا لوگوں کو اس سے سمجھ نہ آئی کہ ان سے پہلے ہم

قَبْلَهُمْ مِّنَ الْقُرُوْنِ یَمْشُوْنَ فِیْ مَسٰكِنِهِمْ ؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ

پہلے ان سے | کئی | قومیں | جو چلتے پھرتے تھے | میں | اپنے گھروں | بیشک | میں | اس | ضرور نشانیاں ہیں

نے کتنی قومیں ہلاک کیں جن کی تباہ شدہ بستیوں میں یہ چلتے ہیں؟ بے شک اس میں عقلمندوں کے لئے

لِّاُولِی النُّهٰی ﴿128﴾ ع وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ لَكَانَ لِزَامًا

ع 7 13 16

عقل والوں کے لئے | اور اگر نہ ہوتی | ایک بات | جو طے ہو چکی ہے | سے | تیرے رب | تو ضرور ہو جاتا عذاب | چمٹنے والا

بڑی نشانیاں ہیں۔ اور اے نبی ﷺ اگر آپ ﷺ کے رب کی طرف سے ایک بات پہلے طے نہ ہو چکی ہوتی اور مہلت کی ایک مدت

وَّاَجَلٌ مُّسَمًّى ﴿١٢٩﴾ط فَاصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ

اور مدت | مقرر نہ ہوتی | پس صبر کیجئے | اس پر | جو | وہ کہتے ہیں | اور تسبیح کیجئے | حمد کے ساتھ | اپنے رب کی

مقرر نہ ہوتی تو ان لوگوں کا فیصلہ ہو چکا ہوتا لہٰذا آپ ﷺ ان کی باتوں پر صبر کریں۔ اپنے رب کی حمد کے ساتھ تسبیح بیان کریں،

قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ غُرُوْبِهَا ج وَمِنْ اٰنَآئِ الَّيْلِ فَسَبِّحْ

پہلے | نکلنے | سورج کے | اور پہلے | اُس کے ڈوبنے سے | اور کچھ | گھڑیاں | رات کی | پس تسبیح کریں

سورج نکلنے سے پہلے، سورج ڈوبنے سے پہلے، رات کی گھڑیوں

وَاَطْرَافَ النَّهَارِ لَعَلَّكَ تَرْضٰى ﴿١٣٠﴾ وَلَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ اِلٰى مَا

اور کناروں | دن کے بھی | تاکہ آپ | راضی ہو جائیں | اور نہ | تو پھیلائیں | اپنی آنکھوں کو | اسکی طرف | جو

میں بھی اور دن کے کناروں پر بھی تاکہ آپ ﷺ کو اتنا اجر و ثواب دیا جائے کہ آپ ﷺ راضی خوش ہو جائیں۔ اور آپ ﷺ دنیا

مَتَّعْنَا بِهٖٓ اَزْوَاجًا مِّنْهُمْ زَهْرَةَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۙ لِنَفْتِنَهُمْ فِيْهِ ط

ہم نے فائدہ دیا | جس کا | لوگوں کو | ان میں سے | آرائش | زندگی | دنیا کی سے | تاکہ ہم آزمائیں ان کو | اس میں

کے مال و اسباب کی طرف آنکھ اٹھا کر بھی نہ دیکھیں جو ہم نے ان میں سے مختلف لوگوں کو دے رکھا ہے، یہ سب کچھ ہم نے ان کی

وَرِزْقُ رَبِّكَ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ﴿١٣١﴾ وَاْمُرْ اَهْلَكَ بِالصَّلٰوةِ وَاصْطَبِرْ

اور رزق | تیرے رب کا | بہتر ہے | اور بہت باقی رہنے والا | اور حکم دے دیجئے | اپنے گھر والوں کو | نماز کا | اور ہمیشہ پابندی کریں

آزمائش کے لئے انہیں دیا ہے۔ اور آپ ﷺ کے لئے آپ ﷺ کے رب کا دیا ہوا رزق زیادہ بہتر ہے اور باقی رہنے والا ہے۔

عَلَيْهَا ط لَا نَسْئَلُكَ رِزْقًا ط نَحْنُ نَرْزُقُكَ ط وَالْعَاقِبَةُ لِلتَّقْوٰى ﴿١٣٢﴾

اس کی | نہیں | ہم مانگتے تجھ سے | روزی | ہم | ہم روزی دیتے ہیں تجھے | اور اچھا انجام ہے | تقوے کے لیے

اور اپنے لوگوں کو نماز کا حکم دیں اور خود اس کے پابند رہیں۔ ہم آپ ﷺ سے روزی نہیں مانگتے۔ روزی تو آپ ﷺ کو ہم دیتے

وَقَالُوْا لَوْلَا يَاْتِيْنَا بِاٰيَةٍ مِّنْ رَّبِّهٖ ط اَوَلَمْ تَاْتِهِمْ بَيِّنَةُ

اور وہ کہتے ہیں | کیوں نہیں | لاتا ہمارے پاس | کوئی نشانی | سے | اپنے رب | کیا | نہیں | آئی انکے پاس | کھلی نشانی

ہیں اور بہتر انجام تقوے والوں کے لئے ہے۔ اور وہ آپ ﷺ کے بارے میں کہتے ہیں ”یہ شخص اپنے رب کی طرف سے ہمارے

مَا فِي الصُّحُفِ الْاُوْلٰى ﴿١٣٣﴾ وَلَوْ اَنَّآ اَهْلَكْنٰهُمْ بِعَذَابٍ مِّنْ قَبْلِهٖ

جو تھی | میں | صحیفوں | پہلے | اور اگر | یہ کہ ہم | ہم ہلاک کرتے انکو | عذاب سے | سے | اس کے پہلے

پاس کوئی نشانی کیوں نہیں لاتا؟“ کیا ان کے پاس وہ قرآن نہیں آیا جو تمام پہلی کتابوں کی تعلیمات کا جامع ہے۔ اور اگر ہم اس

لَقَالُوْا رَبَّنَا لَوْلَآ اَرْسَلْتَ اِلَيْنَا رَسُوْلًا فَنَتَّبِعَ اٰيٰتِكَ مِنْ

ضرور وہ کہتے | اے ہمارے رب | کیوں نہیں | تونے بھیجا | ہماری طرف | رسول کوئی | تاکہ ہم پیروی کرتے | تیری آیتوں کی | سے

قرآن کے نازل ہونے سے پہلے ان لوگوں کو کسی عذاب کے ذریعے ہلاک کر دیتے تو پھر وہ کہتے ”خدایا تونے ہمارے پاس رسول

قَبْلِ اَنْ نَّذِلَّ وَنَخْزٰى ﴿134﴾ قُلْ كُلٌّ مُّتَرَبِّصٌ فَتَرَبَّصُوْا ۚ

پہلے اس | کہ | ہم ذلیل ہوتے | اور خوار ہوتے | کہہ دیجئے | ہر کوئی | منتظر ہے | پس تم بھی انتظار کرو

کیوں نہ بھیجا کہ ہم ذلیل اور رسوا ہونے سے پہلے تیری نشانیوں کی پیروی کرتے“ اے نبی ﷺ! آپ ﷺ ان سے کہیں ”ہر کوئی

فَسَتَعْلَمُوْنَ مَنْ اَصْحٰبُ الصِّرَاطِ السَّوِيِّ وَمَنِ اهْتَدٰى ﴿135﴾ ع

(ع 8 / 7 / 17)

پھر جلد تمہیں معلوم ہو جائے گا | کہ کون ہیں | والے | راہ | سیدھی | اور کس نے | ہدایت پائی

منتظر ہے لہٰذا تم بھی انتظار کرو۔ عنقریب تمہیں معلوم ہو جائے گا کون سیدھی راہ پر چلنے والا اور منزل پانے والا ہے۔

(21) سُوْرَةُ الْاَنْبِيَآءِ مَكِّيَّةٌ (73)

اٰيَاتُهَا 112 | رُكُوْعَاتُهَا 7

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اِقْتَرَبَ لِلنَّاسِ حِسَابُهُمْ وَهُمْ فِيْ غَفْلَةٍ مُّعْرِضُوْنَ ﴿1﴾ مَا

قریب آیا ہے | لوگوں کے لئے | حساب ان کا | اور وہ ہیں | میں | غفلت | منہ موڑنے والے | نہیں

لوگوں کے حساب کا وقت قریب آ گیا ہے مگر وہ غفلت میں پڑ کر منہ موڑ رہے ہیں۔ ان کے

يَاْتِيْهِمْ مِّنْ ذِكْرٍ مِّنْ رَّبِّهِمْ مُّحْدَثٍ اِلَّا اسْتَمَعُوْهُ وَهُمْ

آتا انکے پاس | کچھ | ذکر | طرف سے | ان کے رب کی | نیا | مگر | وہ سنتے ہیں اسے | اور وہ

پاس جو نئی نصیحت ان کے رب کی طرف سے آتی ہے اس کا مذاق اڑاتے ہوئے اسے سنتے ہیں۔ ان کے دل

يَلْعَبُوْنَ ﴿2﴾ لَاهِيَةً قُلُوْبُهُمْ ؕ وَاَسَرُّوا النَّجْوَى ۖ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ۖ هَلْ

مذاق اڑاتے ہیں | غافل ہیں | اُن کے دل | اور خفیہ کیا | سرگوشی | انہوں نے | جو ظالم ہیں | کیا ہے

غافل ہیں۔ اور اے نبی ﷺ! یہ ایسے ظالم ہیں کہ آپ ﷺ کے خلاف سرگوشیاں کرتے ہوئے آپس میں کہتے ہیں "یہ شخص تمہاری

هٰذَآ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ ۚ اَفَتَاْتُوْنَ السِّحْرَ وَاَنْتُمْ تُبْصِرُوْنَ ﴿3﴾ قٰلَ

یہ | مگر | آدمی | تم جیسا | کیا پھر تم آتے ہو | جادو کے پاس | اور تم | تم دیکھتے بھی ہو | اس نے کہا

طرح کا آدمی ہے پھر تم کیوں آنکھوں دیکھتے اس کے جادو میں پھنستے ہو۔" رسول ﷺ نے ان سے کہا

رَبِّيْ يَعْلَمُ الْقَوْلَ فِي السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ۫ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿4﴾

میرا رب | جانتا ہے | ہر بات کو | میں | آسمان | اور زمین میں | اور وہ ہے | خوب سننے والا | خوب جاننے والا

"میرا رب ہر بات جانتا ہے خواہ وہ آسمان میں ہو یا زمین میں اور وہ سننے والا جاننے والا ہے۔"

بَلْ قَالُوْٓا اَضْغَاثُ اَحْلَامٍۭ بَلِ افْتَرٰىهُ بَلْ هُوَ شَاعِرٌ ۚۖ فَلْيَاْتِنَا

بلکہ | انہوں نے کہا | پریشان | خیالات ہیں | بلکہ | گھڑلیا اس کو | بلکہ | وہ | شاعر ہے | پس وہ لائے ہمارے پاس

کافروں نے قرآن کے بارے میں کہا "یہ پراگندہ خیالات ہیں۔" اور نبی ﷺ کے بارے میں کہتے ہیں "اس شخص نے یہ کلام

بِاٰيَةٍ كَمَآ اُرْسِلَ الْاَوَّلُوْنَ ﴿5﴾ مَآ اٰمَنَتْ قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْيَةٍ

کوئی نشانی | جیسا کہ | رسول بھیجے گئے | پہلے | نہ | ایمان لائی | ان سے پہلے | کوئی | بستی

خود گھڑ لیا ہے۔ یا وہ ایک شاعر ہے۔ اگر وہ سچا نبی ہے تو جس طرح کی نشانیاں دے کر پہلے رسولوں کو بھیجا گیا اسی طرح یہ بھی کوئی

اَهْلَكْنٰهَا ۚ اَفَهُمْ يُؤْمِنُوْنَ ۝٦ وَمَآ اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ اِلَّا رِجَالًا نُّوْحِيْٓ

ہم نے ہلاک کیا جس کو | کیا پس وہ | ایمان لائیں گے | اور نہیں | ہم نے رسول بھیجے | تجھ سے پہلے | مگر | مرد | کہ ہم وحی کرتے

نشانی ہمارے پاس لائے۔'' ان سے پہلے بستی والوں کو ہم نے ہلاک کیا وہ بھی ایمان نہیں لائے تو کیا یہ لوگ ایمان لائیں گے؟ اور

اِلَيْهِمْ فَسْـَٔلُوْٓا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ۝٧ وَمَا

ان کی طرف | پس تم پوچھ لو | والوں | ذکر سے | اگر | تم | نہیں | تم جانتے | اور نہیں

اے نبی ﷺ ہم نے آپ ﷺ سے پہلے جو پیغمبر بھیجے وہ سب آدمی ہی تھے جن کی طرف ہم وحی بھیجتے تھے۔ اگر تم لوگوں کو یہ بات

جَعَلْنٰهُمْ جَسَدًا لَّا يَاْكُلُوْنَ الطَّعَامَ وَمَا كَانُوْا خٰلِدِيْنَ ۝٨ ثُمَّ

ہم نے بنایا ان کو | ایسے جسم | کہ نہ | وہ کھائیں | کھانا | اور نہ | وہ تھے | ہمیشہ رہنے والے | پھر

معلوم نہیں تو اہل کتاب سے پوچھ لو۔ اور ہم نے پیغمبروں کو ایسے جسم نہیں دیئے تھے کہ وہ کھانا نہ کھاتے ہوں اور نہ وہ ہمیشہ رہنے

صَدَقْنٰهُمُ الْوَعْدَ فَاَنْجَيْنٰهُمْ وَمَنْ نَّشَآءُ وَاَهْلَكْنَا الْمُسْرِفِيْنَ ۝٩

ہم نے سچا کیا ان سے | وعدہ | پھر ہم نے نجات دی انکو | اور انکو جن کو | ہم چاہیں | اور ہم نے ہلاک کیا | حد سے بڑھنے والوں کو

والے تھے۔ پھر ہم نے اپنے رسولوں سے کیا ہوا وعدہ پورا کر دیا۔ پھر ان کو اور جس کو ہم نے چاہا، عذاب سے بچا لیا اور حد سے

لَقَدْ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكُمْ كِتٰبًا فِيْهِ ذِكْرُكُمْ ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ۝١٠ ع وَكَمْ

ع 1 10 1

بیشک | ہم نے نازل کی | تمہاری طرف | ایک کتاب | اس میں | تمہارا ذکر ہے | کیا پھر نہیں | تم سمجھتے | اور کتنی ہی

گزرنے والوں کو ہلاک کر دیا۔ اے لوگو! ہم نے تمہاری طرف قرآن نازل کیا ہے جس میں تمہارے لئے یاد دہانی ہے پھر کیا تم

قَصَمْنَا مِنْ قَرْيَةٍ كَانَتْ ظَالِمَةً وَّاَنْشَاْنَا بَعْدَهَا قَوْمًا

ہم نے ہلاک کیں | ایسی | بستیاں | جو تھیں | ظالم | اور ہم نے پیدا کئے | بعد انکے | لوگ

سمجھتے نہیں؟ اور ہم نے ظالموں کی کتنی ہی بستیوں کو نیست و نابود کر دیا اور ان کے بعد دوسری

اٰخَرِيْنَ ۝١١ فَلَمَّآ اَحَسُّوْا بَاْسَنَآ اِذَا هُمْ مِّنْهَا يَرْكُضُوْنَ ۝١٢ ؕ

دوسرے | پھر جب | انہوں نے محسوس کیا | ہمارا عذاب | اچانک | وہ | اس سے | وہ بھاگتے تھے

قوم کو اٹھایا۔ جب ان ہلاک ہونے والوں نے ہمارا عذاب آتے دیکھا تو اس سے بھاگنے لگے۔ ہم نے کہا

لَا تَرْكُضُوْا وَارْجِعُوْٓا اِلٰى مَآ اُتْرِفْتُمْ فِيْهِ وَمَسٰكِنِكُمْ لَعَلَّكُمْ

نہ تم بھاگو | اور واپس جاؤ | طرف | اس چیز کی کہ | خوشحالی دی گئی تمہیں | جس میں | اور اپنے مکانوں کی طرف | تاکہ تم

''بھاگو مت! واپس جاؤ اپنے انہی عیش کے سامانوں اور مکانوں کی طرف

تُسْـَٔلُوْنَ ﴿13﴾ قَالُوْا يٰوَيْلَنَآ اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ﴿14﴾ فَمَا زَالَتْ تِّلْكَ

تم سے پوچھا جائے | وہ بولے | ہائے افسوس ہمیں | بیشک ہم | ہم تھے | ظالم | پھر نہ | ختم ہوا | یہ

تا کہ کوئی تمہارا حال پوچھے "وہ کہنے لگے "ہائے ہماری شامت، بے شک ہم لوگ ظالم تھے" وہ یہی پکارتے رہے

دَعْوٰىهُمْ حَتّٰى جَعَلْنٰهُمْ حَصِيْدًا خٰمِدِيْنَ ﴿15﴾ وَمَا خَلَقْنَا السَّمَآءَ

پکارنا انکا | یہاں تک کہ | ہم نے کر دیا انکو | جڑ سے کٹے ہوئے | بجھے ہوئے | اور نہیں | ہم نے پیدا کیا | آسمان کو

یہاں تک کہ ہم نے ان کا خاتمہ کر دیا جیسے کھیتی کٹ گئی ہو اور آگ بجھ گئی ہو۔ ہم نے آسمان اور زمین کو

وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا لٰعِبِيْنَ ﴿16﴾ لَوْ اَرَدْنَآ اَنْ نَّتَّخِذَ لَهْوًا

اور زمین کو | اور جو کچھ | درمیان دونوں کے ہے | کھیلتے ہوئے | اگر | ہم چاہتے | کہ | ہم اختیار کریں | کوئی مشغلہ

اور جو کچھ ان کے درمیان ہے کھیل تماشے کے لئے نہیں بنایا۔ اگر ہم نے کھیل تماشا کرنا ہوتا تو اپنے پاس سے

لَّاتَّخَذْنٰهُ مِنْ لَّدُنَّآ ۖ اِنْ كُنَّا فٰعِلِيْنَ ﴿17﴾ بَلْ نَقْذِفُ بِالْحَقِّ

توضرور ہم اختیار کرتے اسے | سے | اپنے پاس | اگر | ہم ہوتے | ایسا کرنے والے | بلکہ | ہم پھینک مارتے ہیں | حق کو

اس کا بندوبست کر لیتے مگر یہ کام ہمارے شایانِ شان نہ تھا۔ بلکہ ہم حق کو باطل پر مارتے

عَلَى الْبَاطِلِ فَيَدْمَغُهٗ فَاِذَا هُوَ زَاهِقٌ ۭ وَلَكُمُ الْوَيْلُ مِمَّا

پر | باطل | پھر وہ بھیجا نکالتا ہے اس کا | پس اچانک | وہ | مٹ جاتا ہے | اور تم پر | افسوس ہے | اس سے جو

ہیں تو وہ اس کا سر توڑ دیتا ہے اور باطل اسی وقت ملیا میٹ ہو جاتا ہے۔ اور اے مشرکو! تمہارے لئے تباہی ہے تمہاری

تَصِفُوْنَ ﴿18﴾ وَلَهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَمَنْ عِنْدَهٗ

تم بیان کرتے ہو | اور اسی کا ہے | جو کوئی ہے | میں | آسمانوں | اور زمین میں | اور جو ہیں | اس کے پاس

مشرکانہ باتوں کی وجہ سے جو تم کہتے پھرتے ہو۔ اور جو کوئی آسمانوں میں ہے اور جو کوئی زمین میں ہے، سب اللہ کی مخلوق ہے۔ وہ

لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِهٖ وَلَا يَسْتَحْسِرُوْنَ ﴿19﴾ ج يُسَبِّحُوْنَ الَّيْلَ

نہیں وہ تکبر اختیار کرتے | سے | اس کی عبادت | اور نہ | وہ تھکتے ہیں | وہ تسبیح کرتے ہیں | رات کو

فرشتے جنہیں اللہ کا قرب حاصل ہے وہ اس کی عبادت سے نہ سرتابی کرتے ہیں اور نہ تھکتے ہیں۔ وہ دن رات تسبیح کرتے

وَالنَّهَارَ لَا يَفْتُرُوْنَ ﴿20﴾ اَمِ اتَّخَذُوْٓا اٰلِهَةً مِّنَ الْاَرْضِ هُمْ

اور دن کو | نہیں | وہ اس سے فارغ ہوتے | کیا | انہوں نے بنائے ہیں | معبود | سے | زمین | جو وہ

ہیں کبھی ناغہ نہیں کرتے۔ کیا ان مشرکوں نے زمین پر ایسے معبود بنا رکھے ہیں

يُنْشِرُوْنَ ﴿٢١﴾ لَوْ كَانَ فِيْهِمَآ اٰلِهَةٌ اِلَّا اللّٰهُ لَفَسَدَتَا ۚ فَسُبْحٰنَ اللّٰهِ

کچھ پیدا کرتے ہیں | اگر | ہوتے | دونوں میں | معبود | سوائے | اللہ کے | تو دونوں بگڑ جاتے | پس پاک ہے | اللہ

جو مردوں کو زندہ کرتے ہوں؟ اگر زمین اور آسمان میں اللہ کے سوا اور معبود ہوتے تو سارا نظام درہم برہم ہو جاتا۔ اللہ جو عرش کا مالک

رَبِّ الْعَرْشِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿٢٢﴾ لَا يُسْـَٔلُ عَمَّا يَفْعَلُ وَهُمْ

مالک | عرش کا | اس سے جو | وہ بیان کرتے ہیں | نہیں | پوچھا جائے گا | بارے میں اسکے جو | وہ کرتا ہے | اور وہ لوگ

ہے وہ ان ساری باتوں سے پاک ہے جو مشرک لوگ اس کی طرف منسوب کرتے ہیں۔ اللہ جو کچھ کرے اس سے باز پرس نہیں ہو

يُسْـَٔلُوْنَ ﴿٢٣﴾ اَمِ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اٰلِهَةً ۭ قُلْ هَاتُوْا بُرْهَانَكُمْ ۚ

پوچھے جائیں گے | کیا | انہوں نے بنائے ہیں | سے | سوا اس کے | اور معبود | کہہ دیجئے | تم لاؤ | دلیل اپنی

سکتی لیکن لوگوں سے باز پرس ہونی ہے۔ کیا مشرکین نے اللہ کے سوا اور بھی معبود بنا رکھے ہیں؟ اے نبی! آپ ﷺ ان سے کہیں

هٰذَا ذِكْرُ مَنْ مَّعِيَ وَذِكْرُ مَنْ قَبْلِيْ ۭ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۙ

یہ ہے | ذکر | انکا جو | ساتھ میرے | اور ذکر | انکا جو تھے | پہلے میرے | بلکہ | اکثر انکے | نہیں | وہ جانتے

"یہ میرے پاس قرآن موجود ہے اور مجھ سے پہلے کی کتابیں بھی آ چکی ہیں، تم ان میں سے اپنے شرک کے حق میں کوئی دلیل پیش

الْحَقَّ فَهُمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿٢٤﴾ وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا

حق کو | پس وہ ہیں | منہ موڑنے والے | اور نہیں | ہم نے بھیجا | سے | پہلے تجھ | کوئی | رسول | مگر یہ کہ

کرو" مگر ان میں سے اکثر حق کو نہیں جانتے اس لئے منہ پھیر لیتے ہیں۔ اور اے نبی ﷺ ہم نے آپ ﷺ سے پہلے کوئی پیغمبر ایسا

نُوْحِيْٓ اِلَيْهِ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا فَاعْبُدُوْنِ ﴿٢٥﴾ وَقَالُوا اتَّخَذَ

ہم وحی کرتے تھے | طرف اسکی | یہ کہ | نہیں | کوئی معبود | سوائے | میرے | پس عبادت کرو میری | اور کہتے ہیں | بنا رکھی ہے

نہیں بھیجا جس کے پاس یہ وحی نہ بھیجی ہو کہ "میرے سوا کوئی معبود نہیں۔ لہٰذا تم میری ہی عبادت کرو۔" اور مشرکین کہتے ہیں کہ

الرَّحْمٰنُ وَلَدًا سُبْحٰنَهٗ ۭ بَلْ عِبَادٌ مُّكْرَمُوْنَ ﴿٢٦﴾ لَا يَسْبِقُوْنَهٗ بِالْقَوْلِ

رحمان نے | اولاد | پاک ہے وہ | بلکہ | وہ تو بندے ہیں | عزت والے | نہیں | وہ آگے چلتے اسکے | بات میں

"خدائے رحمان بھی اولاد رکھتا ہے۔" مگر وہ اس سے پاک ہے بلکہ جن فرشتوں کو وہ اللہ کی اولاد سمجھتے ہیں وہ تو اُس کے معزز بندے

وَهُمْ بِاَمْرِهٖ يَعْمَلُوْنَ ﴿٢٧﴾ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ

اور وہ سب | اس کے حکم سے | وہ کام کرتے ہیں | وہ جانتا ہے | جو کچھ ہے | درمیان | ان کے ہاتھوں | اور جو کچھ ہے | ان کے پیچھے

ہیں۔ وہ اُس کے آگے بڑھ کر بات نہیں کرتے، صرف اس کے حکم کی تکمیل کرتے ہیں۔ اللہ اُن کے اگلے اور پچھلے حال کو جانتا ہے۔

وَلَا يَشْفَعُوْنَ ۙ اِلَّا لِمَنِ ارْتَضٰى وَهُمْ مِّنْ خَشْيَتِهٖ مُشْفِقُوْنَ ﴿28﴾

اور نہیں | وہ شفاعت کر سکتے | مگر | جس کو | وہ پسند کرے | اور وہ ہیں | سے | اس کے خوف | ڈرنے والے

وہ کسی کی سفارش نہیں کر سکتے مگر اس کے لئے جس کو اللہ پسند کرے اور وہ اللہ کی ہیبت سے ڈرتے رہتے ہیں۔

وَمَنْ يَّقُلْ مِنْهُمْ اِنِّيْٓ اِلٰهٌ مِّنْ دُوْنِهٖ فَذٰلِكَ نَجْزِيْهِ جَهَنَّمَ ؕ

اور جو کوئی | کہے | ان میں سے | بیشک میں ہوں | معبود | سے | سوا اسکے | تو اسے | ہم سزا دیں گے اسے | جہنم کی

اور اگر ان میں سے کوئی کہے "میں بھی اللہ کے سوا معبود ہوں" تو اسے ہم جہنم کی سزا دیں گے

كَذٰلِكَ نَجْزِي الظّٰلِمِيْنَ ﴿29﴾ اَوَلَمْ يَرَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنَّ السَّمٰوٰتِ

اسی طرح | ہم بدلہ دیتے ہیں | ظالموں کو | کیا | نہیں | دیکھا | انہوں نے جو | کافر ہوئے | کہ | آسمان

اور ظالموں کو ہم ایسی ہی سزا دیتے ہیں۔ کیا کافروں نے نہیں دیکھا کہ آسمان

وَالْاَرْضَ كَانَتَا رَتْقًا فَفَتَقْنٰهُمَا ؕ وَجَعَلْنَا مِنَ الْمَآءِ كُلَّ شَيْءٍ

اور زمین | دونوں تھے | ملے ہوئے | پھر ہم نے پھاڑ دیا دونوں کو | اور ہم نے بنایا | سے | پانی | ہر | چیز

اور زمین دونوں بند تھے پھر ہم نے ان کو کھول دیا۔ اور ہم نے پانی سے ہر

حَيٍّ ؕ اَفَلَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿30﴾ وَجَعَلْنَا فِي الْاَرْضِ رَوَاسِيَ اَنْ تَمِيْدَ

زندہ کو | کیا پس نہیں | وہ ایمان لاتے | اور ہم نے بنائے | میں | زمین | پہاڑ مضبوط | تا کہ نہ | وہ لڑھکا

جاندار چیز بنائی۔ کیا پھر یہ لوگ ایمان نہیں لاتے؟ اور ہم نے زمین میں پہاڑ بنائے تا کہ زمین لوگوں کو لے کر کسی طرف کو جھک

بِهِمْ ۠ وَجَعَلْنَا فِيْهَا فِجَاجًا سُبُلًا لَّعَلَّهُمْ يَهْتَدُوْنَ ﴿31﴾ وَجَعَلْنَا

دے ان کو | اور ہم نے بنائے | اس میں | کھلے | راستے | تا کہ وہ | وہ راہ پائیں | اور ہم نے بنایا

نہ جائے۔ اور ہم نے زمین میں کھلے راستے بنائے تا کہ لوگ راہ پائیں۔ اور ہم نے

السَّمَآءَ سَقْفًا مَّحْفُوْظًا ۚۖ وَّهُمْ عَنْ اٰيٰتِهَا مُعْرِضُوْنَ ﴿32﴾ وَهُوَ الَّذِيْ

آسمان کو | چھت | محفوظ | اور وہ ہیں | سے | اس کی نشانیوں | منہ موڑنے والے | اور وہی ہے | جس نے

آسمان کو محفوظ چھت بنایا مگر وہ لوگ ہماری نشانیوں سے منہ پھیرے ہوئے ہیں۔ اور وہی

خَلَقَ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ؕ كُلٌّ فِيْ فَلَكٍ يَّسْبَحُوْنَ ﴿33﴾

پیدا کیا | رات کو | اور دن کو | اور سورج کو | اور چاند کو | سب ہی | میں | خلا | تیرتے ہیں

اللہ ہے جس نے رات اور دن بنائے اور سورج اور چاند بنائے جو اپنے اپنے مدار میں تیر رہے ہیں۔

وَمَا جَعَلْنَا لِبَشَرٍ مِّنْ قَبْلِكَ الْخُلْدَ ۭ اَفَا۟ىِٕنْ مِّتَّ فَهُمُ

اور نہیں | ہم نے بنایا | کسی انسان کیلئے | سے | پہلے تجھ | کہ ہمیشہ رہنا | کیا پھر اگر | تو مر جائے گا | تو وہ

اور اے نبی ﷺ! ہم نے آپ ﷺ سے پہلے بھی کسی انسان کو ہمیشہ کی زندگی نہیں دی۔ اگر آپ ﷺ فوت ہو جائیں گے تو کیا

الْخٰلِدُوْنَ ۝34 كُلُّ نَفْسٍ ذَاۗىِٕقَةُ الْمَوْتِ ۭ وَنَبْلُوْكُمْ بِالشَّرِّ وَالْخَيْرِ

ہمیشہ رہنے والے ہیں؟ | ہر | شخص | چکھنے والا ہے | موت کو | اور ہم آزماتے ہیں تمہیں | ساتھ برائی | اور بھلائی کے

اعتراض کرنے والے ہمیشہ زندہ رہیں گے؟ ہر جان کو موت کا مزا چکھنا ہے اور تم لوگوں کو ہم دُکھ اور سُکھ دے کر

فِتْنَةً ۭ وَاِلَيْنَا تُرْجَعُوْنَ ۝35 وَاِذَا رَاٰكَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ يَّتَّخِذُوْنَكَ

آزمائش کیلئے | اور ہماری طرف | تم لوٹو گے | اور جب | دیکھتے ہیں تجھے | وہ لوگ جو | کافر ہوئے | نہیں | بناتے آپ کو

آزمارہے ہیں۔ آخر تمہیں ہمارے پاس آنا ہے۔ اور اے نبی ﷺ جب کافر لوگ آپ ﷺ کو دیکھتے ہیں تو آپ ﷺ کو مذاق کا

اِلَّا هُزُوًا ۭ اَھٰذَا الَّذِيْ يَذْكُرُ اٰلِهَتَكُمْ ۚ وَهُمْ بِذِكْرِ الرَّحْمٰنِ

مگر | مذاق کیلئے | کیا یہ ہے | جو | بات کرتا ہے | تمہارے معبودوں کی | اور وہ | ذکر سے | رحمان کے

نشانہ بنالیتے ہیں اور کہتے ہیں ''کیا یہی شخص ہے جو تمہارے معبودوں پر تنقید کرتا ہے؟'' اور ان کا اپنا حال یہ ہے کہ وہ رحمان کے نام

هُمْ كٰفِرُوْنَ ۝36 خُلِقَ الْاِنْسَانُ مِنْ عَجَلٍ ۭ سَاُورِيْكُمْ اٰيٰتِيْ

وہ | منکر ہیں | پیدا کیا گیا | انسان | سے | جلدی (جلد بازی) | جلد دکھاؤں گا تمہیں | نشانیاں اپنی

ہی سے متنفر ہیں۔ انسان جلدباز واقع ہوا ہے۔ میں عنقریب اپنی نشانیاں دکھاؤں گا

فَلَا تَسْتَعْجِلُوْنِ ۝37 وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝38

پس نہ تم جلدی مچاؤ | اور وہ کہتے ہیں | کب ہے | یہ | وعدہ | اگر | تم ہو | سچے

تم جلدی نہ مچاؤ لیکن مشرک لوگ مسلمانوں سے کہتے ہیں ''اگر تم سچے ہو تو بتاؤ قیامت کا وعدہ کب پورا ہو گا؟''

لَوْ يَعْلَمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا حِيْنَ لَا يَكُفُّوْنَ عَنْ وُّجُوْهِهِمُ النَّارَ

اگر | جان جائیں | وہ لوگ جو | کافر ہوئے | جس وقت کہ | نہیں | وہ ہٹا سکیں گے | سے | اپنے چہروں | آگ کو

کاش ان کو اُس وقت کی خبر ہوتی جب وہ دوزخ کی آگ کو نہ اپنے چہروں سے ہٹا سکیں گے

وَلَا عَنْ ظُهُوْرِهِمْ وَلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ۝39 بَلْ تَاْتِيْهِمْ بَغْتَةً

اور نہ | سے | اپنی پیٹھوں | اور نہیں | وہ | ان کی مدد کی جائے گی | بلکہ | وہ آئے گی ان کے پاس | اچانک

اور نہ اپنی پیٹھوں سے اور نہ انہیں کوئی مدد پہنچے گی۔ وہ قیامت اچانک آئے گی اور انہیں بدحواس

فَتَبۡهَتُهُمۡ فَلَا يَسۡتَطِيعُونَ رَدَّهَا وَلَا هُمۡ يُنۡظَرُونَ ﴿۴۰﴾ وَلَقَدِ

پھر وہ بدحواس کرے گی انکو | پھر نہیں | وہ طاقت رکھتے | اس کو ہٹانے کی | اور نہ | وہ ہیں | کہ انکو مہلت دی جائیگی | اور بیشک

کر دے گی۔ پھر نہ وہ اسے ہٹا سکیں گے اور نہ انہیں مہلت دی جائے گی۔ اور اے نبی ﷺ آپ ﷺ سے

اسۡتُهۡزِئَ بِرُسُلٍ مِّنۡ قَبۡلِكَ فَحَاقَ بِالَّذِينَ سَخِرُوا مِنۡهُمۡ مَّا

مذاق کیا گیا | رسولوں کا | سے | پہلے تجھ | پھر گھیر لیا | ان کو جو | مذاق کرتے تھے | ان میں سے | اس نے کہ

پہلے بھی پیغمبروں کا مذاق اڑایا گیا۔ پھر مذاق اڑانیوالوں کو وہی عذاب لے ڈوبا جس کا وہ

كَانُوا بِهٖ يَسۡتَهۡزِءُونَ ﴿۴۱﴾ قُلۡ مَنۡ يَّكۡلَؤُكُمۡ بِالَّيۡلِ وَالنَّهَارِ مِنَ

وہ تھے | جس کا | وہ مذاق اڑاتے | کہہ دیجئے | کون | محفوظ رکھ سکتا ہے تمہیں | رات کو | اور دن کو | سے

مذاق اڑاتے تھے۔اے نبی ﷺ آپ ﷺ ان سے کہیں ''کون ہے جو تمہیں خدائے رحمان کی پکڑ سے رات یا دن کے وقت

الرَّحۡمٰنِ ؕ بَلۡ هُمۡ عَنۡ ذِكۡرِ رَبِّهِمۡ مُّعۡرِضُونَ ﴿۴۲﴾ اَمۡ لَهُمۡ اٰلِهَةٌ

رحمان کے (عذاب) | بلکہ | وہ ہیں | سے | ذکر | اپنے رب کے | منہ موڑنے والے | کیا | ان کے لئے | معبود ہیں

بچا سکتا ہے؟'' اور ان لوگوں کا حال یہ ہے کہ یہ اپنے رب کی نصیحت سے منہ موڑے ہوئے ہیں۔کیا ہمارے سوا ان کے

تَمۡنَعُهُمۡ مِّنۡ دُوۡنِنَا ؕ لَا يَسۡتَطِيعُونَ نَصۡرَ اَنۡفُسِهِمۡ وَلَا هُمۡ مِّنَّا

جو روکتے ہیں انکو | سے | ہماری طرف | نہیں | وہ طاقت رکھتے | مدد کی | اپنی جانوں کی | اور نہیں | وہ | ہم سے

کچھ اور معبود ہیں جو انہیں ہمارے عذاب سے بچا سکتے ہیں۔ وہ تو اپنا بچاؤ نہیں کر سکتے اور نہ ہمارے مقابلے

يُصۡحَبُونَ ﴿۴۳﴾ بَلۡ مَتَّعۡنَا هٰۤؤُلَآءِ وَاٰبَآءَهُمۡ حَتّٰى طَالَ عَلَيۡهِمُ الۡعُمُرُ ؕ

قرب رکھتے | بلکہ | ہم نے فائدہ دیا | انکو | اور ان کے باپ دادا کو | یہاں تک کہ | زیادہ ہوئی | ان پر | عمریں (ان کی)

میں کوئی ان کا ساتھ دے سکتا ہے۔بات یہ ہے کہ ہم نے ان لوگوں کو اور ان کے باپ دادا کو دنیا کا سامان دیا یہاں تک کہ اسی حال

اَفَلَا يَرَوۡنَ اَنَّا نَاۡتِى الۡاَرۡضَ نَنۡقُصُهَا مِنۡ اَطۡرَافِهَا ؕ اَفَهُمُ

کیا پس نہیں | وہ دیکھتے | کہ ہم | ہم آتے ہیں | زمین کو | ہم گھٹاتے ہوئے اسے | سے | اس کی سرحدوں کو | کیا پس وہ ہیں

میں ان پر لمبی مدت گزر گئی۔لیکن کیا وہ نہیں دیکھتے کہ اب ہم چاروں طرف سے اس سرزمین کا گھیرا تنگ کرکے آگے بڑھ رہے ہیں تو

الۡغٰلِبُونَ ﴿۴۴﴾ قُلۡ اِنَّمَاۤ اُنۡذِرُكُمۡ بِالۡوَحۡىِ ۖ وَلَا يَسۡمَعُ الصُّمُّ

غالب | کہہ دیجئے | بے شک | میں خبردار کرتا ہوں تمہیں | وحی کے ذریعے | اور نہیں | سنتے | بہرے لوگ

کیا یہ لوگ غالب آئیں گے؟ اے نبی ﷺ آپ ﷺ ان سے کہیں ''میں تمہیں وحی کے ذریعے خبردار کر رہا ہوں۔'' مگر جو لوگ

الدُّعَاءَ اِذَا مَا يُنْذَرُوْنَ ﴿45﴾ وَلَئِنْ مَّسَّتْهُمْ نَفْحَةٌ مِّنْ عَذَابِ

پکارنے کو | جب | کہ | ان کوڈرایا جاتا ہے | اور اگر | پہنچے ان کو | جھونکا | کا | عذاب

بہرے بن جائیں انہیں کتنا ہی سمجھایا جائے، وہ نہیں سنتے ؟ اور اگر آپ ﷺ کے رب کی طرف سے عذاب کا کوئی جھونکا ان پر آ یا تو

رَبِّكَ لَيَقُوْلُنَّ يٰوَيْلَنَآ اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ﴿46﴾ وَنَضَعُ الْمَوَازِيْنَ

تیرے رب کے | ضرور وہ کہیں گے | اے افسوس ہم پر | بیشک ہم | ہم تھے | ظالم | اور ہم رکھیں گے | ترازوئیں

کہنے لگیں گے "ہماری بدبختی! بے شک ہم ظالم تھے!" اور ہم قیامت کے دن

الْقِسْطَ لِيَوْمِ الْقِيٰمَةِ فَلَا تُظْلَمُ نَفْسٌ شَيْـًٔا ۭ وَاِنْ كَانَ مِثْقَالَ

انصاف کی | دن کو | قیامت کے | پھر نہیں | ناانصافی ہوگی | کسی جان پر | کچھ بھی | اور اگر | ہوگا عمل | برابر

انصاف کا ترازو رکھیں گے پھر کسی کی حق تلفی نہ ہوگی۔ اگر رائی کے

حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ اَتَيْنَا بِهَا ۭ وَكَفٰى بِنَا حٰسِبِيْنَ ﴿47﴾ وَلَقَدْ

دانے | کے | رائی | ہم لائیں گے | اسکو | اور کافی ہیں | ہم | حساب لینے والے | اور بیشک

دانے کے برابر بھی کسی کا عمل ہوگا ہم اُسے بھی حاضر کر دیں گے۔ اور ہم حساب لینے کے لئے کافی ہیں۔ اور ہم نے

اٰتَيْنَا مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ الْفُرْقَانَ وَضِيَاۗءً وَّذِكْرًا لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿48﴾ الَّذِيْنَ

ہم نے دی | موسیٰ | اور ہارون کو | حق اور باطل میں فرق کرنیوالی چیز | اور روشنی | اور نصیحت | پرہیزگاروں کے لئے | جو کہ

موسیٰ اور ہارون علیہما السلام کو حق و باطل کا فرق کرنے والی کتاب دی جو ایسے پرہیزگاروں کے لئے ہدایت کی روشنی اور

يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَيْبِ وَهُمْ مِّنَ السَّاعَةِ مُشْفِقُوْنَ ﴿49﴾ وَهٰذَا

ڈرتے ہیں | اپنے رب سے | بغیر دیکھے | اور وہ | سے | گھڑی قیامت کی | ڈرنے والے ہیں | اور یہ ہے

نصیحت تھی جو بن دیکھے اپنے رب سے ڈرتے ہیں اور قیامت کا خوف رکھتے ہیں۔ اور ہم نے

ذِكْرٌ مُّبٰرَكٌ اَنْزَلْنٰهُ ۭ اَفَاَنْتُمْ لَهٗ مُنْكِرُوْنَ ﴿50﴾ وَلَقَدْ اٰتَيْنَآ اِبْرٰهِيْمَ

ذکر | برکت والا | ہم نے نازل کیا اسے | کیا پس تم ہو | اس کے | منکر؟ | اور بیشک | ہم نے دی | ابراہیم کو

یہ بابرکت قرآن نازل کیا تو کیا تم لوگ اِسے ماننے سے انکاری ہو؟ اور ہم نے اس سے پہلے ابراہیم علیہ السلام کو

رُشْدَهٗ مِنْ قَبْلُ وَكُنَّا بِهٖ عٰلِمِيْنَ ﴿51﴾ اِذْ قَالَ لِاَبِيْهِ وَقَوْمِهٖ مَا

اُس کی ہدایت | سے | پہلے | اور ہم تھے | اس کو | جاننے والے | جب | کہا | اپنے باپ کو | اور اپنی قوم کو | کیا ہیں

ہدایت عطا کی اور ہم اُن کے مرتبے کو خوب جانتے ہیں۔ یاد کرو جب انہوں نے اپنے باپ اور اپنی قوم سے کہا

هٰذِهِ التَّمَاثِيْلُ الَّتِيْٓ اَنْتُمْ لَهَا عٰكِفُوْنَ ﴿52﴾ قَالُوْا وَجَدْنَآ اٰبَآءَنَا

یہ | مورتیاں | کہ | تم ہو | جن پر | بیٹھنے والے | وہ بولے | ہم نے پایا | اپنے باپوں کو

”یہ کیا مورتیاں ہیں جن پر تم جم کر بیٹھے ہو؟“ وہ بولے ”ہم نے اپنے باپ دادا کو ان کی پوجا

لَهَا عٰبِدِيْنَ ﴿53﴾ قَالَ لَقَدْ كُنْتُمْ اَنْتُمْ وَاٰبَآؤُكُمْ فِيْ ضَلٰلٍ

ان کی | عبادت کرنے والے | اس نے کہا | بیشک | تم ہو | تم | اور باپ تمہارے | میں | گمراہی

کرتے دیکھا ہے۔“ ابراہیم علیہ السلام نے کہا ”تم بھی اور تمہارے باپ دادا بھی

مُّبِيْنٍ ﴿54﴾ قَالُوْٓا اَجِئْتَنَا بِالْحَقِّ اَمْ اَنْتَ مِنَ اللّٰعِبِيْنَ ﴿55﴾ قَالَ بَلْ

صریح | وہ بولے | کیا تو لایا ہمارے پاس | حق کو | یا | تو ہے | سے | مذاق کرنے والوں | اس نے کہا | بلکہ

گمراہ رہے۔“ اس پر انہوں نے کہا ”کیا تم ہمارے پاس سچی بات لائے ہو یا مذاق کر رہے ہو؟“ ابراہیم علیہ السلام نے کہا

رَّبُّكُمْ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ الَّذِيْ فَطَرَهُنَّ ۡ وَاَنَا عَلٰى ذٰلِكُمْ مِّنَ

تمہارا رب ہے | رب | آسمانوں کا | اور زمین کا | جس نے | پیدا کیا انکو | اور میں ہوں | پر | اس بات | سے

”تمہارا رب وہ ہے جو آسمانوں اور زمین کا مالک ہے۔ جس نے ان کو پیدا کیا اور میں اس بات کی گواہی

الشّٰهِدِيْنَ ﴿56﴾ وَتَاللّٰهِ لَاَكِيْدَنَّ اَصْنَامَكُمْ بَعْدَ اَنْ تُوَلُّوْا

گواہی دینے والوں | اور قسم ہے اللہ کی | ضرور میں چال چلوں گا | بتوں تمہارے کے لئے | بعد اس کے | جب | تم چلے جاؤ

دینے والا ہوں۔ اور اللہ کی قسم میں تمہارے بتوں کے خلاف چال چلوں گا جب تم یہاں سے

مُدْبِرِيْنَ ﴿57﴾ فَجَعَلَهُمْ جُذٰذًا اِلَّا كَبِيْرًا لَّهُمْ لَعَلَّهُمْ اِلَيْهِ

پیٹھ پھیرتے ہوئے | پھر اس نے کر دیا انکو | ٹکڑے ٹکڑے | سوائے | ایک بڑے | ان کے | تا کہ وہ | اُس کی طرف

چلے جاؤ گے۔“ پھر ابراہیم علیہ السلام نے بتوں کو ٹکڑے ٹکڑے کر دیا۔ صرف ایک بڑے بت کو چھوڑ دیا تا کہ وہ اس کی

يَرْجِعُوْنَ ﴿58﴾ قَالُوْا مَنْ فَعَلَ هٰذَا بِاٰلِهَتِنَآ اِنَّهٗ لَمِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿59﴾

وہ رجوع کریں | انہوں نے کہا | کس نے | کیا | یہ | ہمارے معبودوں کے ساتھ | بیشک وہ ہے | البتہ سے | ظالموں

طرف رجوع کریں۔ جب لوگوں نے واپس آ کر بتوں کا یہ حال دیکھا تو کہنے لگے ”کس نے ہمارے معبودوں کے ساتھ ایسا کیا

قَالُوْا سَمِعْنَا فَتًى يَّذْكُرُهُمْ يُقَالُ لَهٗٓ اِبْرٰهِيْمُ ﴿60﴾ قَالُوْا فَاْتُوْا بِهٖ

وہ بولے | ہم نے سنا | ایک جوان | جو ذکر کرتا تھا انکے | کہا جاتا ہے | اس کو | ابراہیم | وہ بولے | پس تم لاؤ | اسکو

ہے، بے شک وہ بڑا ظالم ہے۔“ لوگوں نے کہا ”ہم نے ایک جوان کو ان کے خلاف بولتے سنا جسے ابراہیم علیہ السلام کہا جاتا ہے۔“

عَلٰٓى اَعْيُنِ النَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَشْهَدُوْنَ ﴿61﴾ قَالُوْٓا ءَاَنْتَ فَعَلْتَ هٰذَا

سامنے | آنکھوں کے | لوگوں کی | تاکہ وہ | سب دیکھیں | وہ بولے | کیا تو | تونے کیا ہے | یہ

انہوں نے کہا کہ ''اسے سب آدمیوں کے سامنے حاضر کرو تاکہ وہ دیکھیں۔'' پھر لوگوں نے پوچھا ''ابراہیم علیہ السلام کیا ہمارے

بِاٰلِهَتِنَا يٰٓاِبْرٰهِيْمُ ﴿62﴾ قَالَ بَلْ فَعَلَهٗ ۖ كَبِيْرُهُمْ هٰذَا فَسْـَٔلُوْهُمْ

ہمارے معبودوں سے | اے ابراہیم | اس نے کہا | بلکہ | کیا ہے یہ | اُن کے بڑے نے | اس | پس تم پوچھو ان سے

معبودوں کے ساتھ تم نے ایسا کیا؟'' ابراہیم علیہ السلام نے جواب دیا ''بلکہ ان کے اس بڑے نے کیا ہے، تم ان بتوں سے پوچھ لو

اِنْ كَانُوْا يَنْطِقُوْنَ ﴿63﴾ فَرَجَعُوْٓا اِلٰٓى اَنْفُسِهِمْ فَقَالُوْٓا اِنَّكُمْ اَنْتُمُ

اگر | وہ ہیں | بات کرتے | پھر وہ لوٹے | طرف | اپنے آپ کی | پھر وہ بولے | بیشک تم ہو | تمہی

اگر یہ بولتے ہیں۔'' پھر ان لوگوں نے اپنے جی میں کچھ سوچا۔ پھر آپس میں ایک دوسرے سے کہنے لگے ''واقعی تم

الظّٰلِمُوْنَ ﴿64﴾ ثُمَّ نُكِسُوْا عَلٰى رُءُوْسِهِمْ ۚ لَقَدْ عَلِمْتَ مَا هٰٓؤُلَآءِ

ظالم | پھر | پھر وہ جھکائے گئے | پر | اپنے سروں | بیشک | تو جانتا ہے | نہیں | یہ

غلطی پر ہو۔'' پھر سر جھکا کر بولے ''اے ابراہیم علیہ السلام تم جانتے ہو یہ

يَنْطِقُوْنَ ﴿65﴾ قَالَ اَفَتَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَنْفَعُكُمْ شَيْـًٔا

بولتے | اس نے کہا | کیا تم پوجتے ہو | کے | سوا | اللہ | اسے جو | نہیں | فائدہ دیتا تمہیں | کچھ بھی

بولتے نہیں۔'' ابراہیم علیہ السلام نے کہا ''کیا تم اللہ کے سوا ایسی چیزوں کو پوجتے ہو، جو تمہیں نفع یا نقصان پہنچانے کا

وَّلَا يَضُرُّكُمْ ﴿66﴾ اُفٍّ لَّكُمْ وَلِمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۭ اَفَلَا

اور نہ | نقصان پہنچاتا تم کو | افسوس ہے | تم پر | اور اس پر جو | تم پوجتے ہو | سے | سوا | اللہ کے | کیا پس نہیں

اختیار نہیں رکھتیں۔ افسوس تم پر اور ان چیزوں پر جنہیں تم اللہ کے سوا پوجتے ہو کیا تم سمجھتے نہیں'' پھر انہوں

تَعْقِلُوْنَ ﴿67﴾ قَالُوْا حَرِّقُوْهُ وَانْصُرُوْٓا اٰلِهَتَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ فٰعِلِيْنَ ﴿68﴾

تم سمجھتے | وہ بولے | تم جلا ڈالو اسے | اور تم مدد کرو | اپنے معبودوں کی | اگر | تم ہو | کچھ کرنے والے

نے آپس میں کہا ''اگر کچھ کرنا ہے تو اس شخص کو آگ میں جلا دو اور اس طرح اپنے معبودوں کی حمایت کرو۔''

قُلْنَا يٰنَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ ﴿69﴾ وَاَرَادُوْا بِهٖ

ہم نے حکم دیا | اے آگ | تو ہو جا | ٹھنڈی | اور سلامتی والی | پر | ابراہیم | اور انہوں نے چاہا | اس سے

پھر ہم نے حکم دیا ''اے آگ تو ٹھنڈی ہو جا اور سلامتی بن جا ابراہیم علیہ السلام کے لئے۔ ان لوگوں نے ابراہیم علیہ السلام کے

كَيْدًا فَجَعَلْنٰهُمُ الْاَخْسَرِيْنَ ﴿70﴾ وَنَجَّيْنٰهُ وَلُوْطًا اِلَى الْاَرْضِ الَّتِيْ

چال چلنا | پھر ہم نے کردیا انکو | بڑا خسارہ پانے والے | اور ہم نے نجات دی اسے | اور لوط کو | طرف | سرزمین کی | کہ

خلاف چال چلی مگر ہم نے ان لوگوں کو ناکام کر دیا۔ اور ہم نے ابراہیم علیہ السلام کو اور لُوط علیہ السلام کو اس سر زمین میں

بٰرَكْنَا فِيْهَا لِلْعٰلَمِيْنَ ﴿71﴾ وَوَهَبْنَا لَهٗٓ اِسْحٰقَ ؕ وَيَعْقُوْبَ نَافِلَةً ؕ

ہم نے برکت رکھی | جس میں | جہان والوں کے لئے | اور ہم نے عطا کیا | اس کو | اسحاق | اور یعقوب | پوتا

حفاظت سے رکھا جس میں ہم نے دنیاوالوں کے لئے برکتیں رکھی ہیں۔ اور ہم نے ابراہیم علیہ السلام کو عطا کیا اسحاق علیہ السلام بیٹا

وَكُلًّا جَعَلْنَا صٰلِحِيْنَ ﴿72﴾ وَجَعَلْنٰهُمْ اَئِمَّةً يَّهْدُوْنَ بِاَمْرِنَا

اور سب کو | ہم نے بنایا | نیک | اور ہم نے بنایا انکو | پیشوا | وہ ہدایت دیتے تھے | ہمارے حکم کے سامنے

اور یعقوب علیہ السلام پوتا اور ان سب کو ہم نے نیک بنایا۔ اور ان کو امام بنایا جو ہمارے حکم سے لوگوں کی رہنمائی کرتے تھے۔

وَاَوْحَيْنَآ اِلَيْهِمْ فِعْلَ الْخَيْرٰتِ وَاِقَامَ الصَّلٰوةِ وَاِيْتَآءَ الزَّكٰوةِ ج

اور ہم نے وحی کی | ان کی طرف | کرنے کی | بھلائیاں | اور قائم رکھنا | نماز | اور دینا | زکوٰۃ

ہم نے انہیں وحی کے ذریعے ہدایت کی کہ وہ بھلائی کے کام کریں، نماز قائم کریں اور زکوٰۃ ادا کریں۔

وَكَانُوْا لَنَا عٰبِدِيْنَ ﴿73﴾ وَلُوْطًا اٰتَيْنٰهُ حُكْمًا وَّعِلْمًا وَّنَجَّيْنٰهُ مِنَ

اور وہ تھے | ہمارے لئے | بندگی کرنے والے | اور لوط کو | ہم نے دیا اسے | حکم | اور علم | اور ہم نے نجات دی اسے | سے

اور وہ سب ہماری عبادت کرنے والے تھے۔ اور لُوط علیہ السلام کو ہم نے حکمت اور علم عطا کیا۔ انہیں اس بستی سے نجات دی

الْقَرْيَةِ الَّتِيْ كَانَتْ تَّعْمَلُ الْخَبٰٓئِثَ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمَ سَوْءٍ

بستی | جو | تھی | کرتی | برائیاں | بیشک وہ | تھے | لوگ | برے

جس کے رہنے والے گندے کام کرتے تھے۔ بے شک وہ لوگ بہت برے اور

فٰسِقِيْنَ ﴿74﴾ وَاَدْخَلْنٰهُ فِيْ رَحْمَتِنَا ؕ اِنَّهٗ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿75﴾ ع وَنُوْحًا اِذْ

نافرمان | اور ہم نے داخل کیا اسے | میں | رحمت اپنی | بیشک وہ ہے | سے | نیک لوگوں | اور نوح کو | جب

نافرمان تھے۔ اور لُوط علیہ السلام کو ہم نے اپنی رحمت کے سائے میں لے لیا۔ بے شک وہ ہمارے نیک بندوں میں سے تھے۔ اور

نَادٰى مِنْ قَبْلُ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ فَنَجَّيْنٰهُ وَاَهْلَهٗ مِنَ الْكَرْبِ

اس نے پکارا | سے | پہلے | پھر ہم نے قبول کی دعا | اس کی | پھر ہم نے نجات دی اسے | اور اس کے گھرانے کو | سے | مصیبت

اس سے پہلے نوح علیہ السلام کو بھی نبی بنایا۔ یاد کرو جب انہوں نے ہمیں پکارا تو ہم نے ان کی دعا قبول کی۔ پھر انہیں اور ان کے

الْعَظِيمِ ۝ وَنَصَرْنٰهُ مِنَ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ۭ اِنَّهُمْ كَانُوْا

بڑی | اور ہم نے مدد دی اسے | سے | اس قوم | جنہوں نے | انکار کیا | ہماری آیتوں کا | بیشک وہ | وہ تھے

ساتھیوں کو بہت بڑے غم سے نجات دی۔ اور اس قوم کے مقابلے میں جس نے ہماری نشانیوں کو جھٹلایا تھا ہم نے نوح علیہ السلام کی

قَوْمَ سَوْءٍ فَاَغْرَقْنٰهُمْ اَجْمَعِيْنَ ۝ وَدَاوٗدَ وَسُلَيْمٰنَ اِذْ يَحْكُمٰنِ

لوگ | برے | پس ہم نے غرق کیا ان | سب کو | اور داؤد | اور سلیمان کو ہدایت دی | جب | وہ فیصلہ کرتے تھے

مدد کی۔ بے شک وہ بہت برے لوگ تھے اس لئے ہم نے ان سب کو غرق کر دیا۔ اور ہم نے داؤد علیہ السلام اور سلیمان علیہ السلام

فِي الْحَرْثِ اِذْ نَفَشَتْ فِيْهِ غَنَمُ الْقَوْمِ ۚ وَكُنَّا لِحُكْمِهِمْ

کا | کھیتی | جب | چر گئیں | اس میں | بکریاں | کچھ لوگوں کی | اور ہم تھے | ان کے فیصلے کے

کو بھی نبی بنایا۔ یاد کرو جب وہ دونوں ایک کھیت کے بارے میں فیصلہ کر رہے تھے جس میں کچھ لوگوں کی بکریاں رات کے وقت جا

شٰهِدِيْنَ ۝ فَفَهَّمْنٰهَا سُلَيْمٰنَ ۚ وَكُلًّا اٰتَيْنَا حُكْمًا وَّعِلْمًا ۡ وَّسَخَّرْنَا

شاہد | پھر ہم نے سمجھائی وہ بات | سلیمان کو | اور ہر ایک کو | ہم نے دیا | حکم | اور علم | اور ہم نے تابع کیا

پڑیں اور ہم ان کے اس فیصلے کو دیکھ رہے تھے۔ ہم نے سلیمان علیہ السلام کو وہ معاملہ سمجھا دیا۔ ویسے ہم نے دونوں ہی کو حکمت اور علم

مَعَ دَاوٗدَ الْجِبَالَ يُسَبِّحْنَ وَالطَّيْرَ ۭ وَكُنَّا فٰعِلِيْنَ ۝ وَعَلَّمْنٰهُ

ساتھ | داؤد کے | پہاڑوں کو | جو تسبیح کرتے تھے | اور پرندوں کو تابع کیا | اور ہم تھے | کرنے والے | اور ہم نے سکھایا اس کو

عطا کیا تھا۔ اور ہم نے پہاڑوں اور پرندوں کو داؤد علیہ السلام کا ہم نوا بنا دیا تھا جو ان کے ساتھ اللہ کی تسبیح کرتے تھے، اور یہ سب ہم

صَنْعَةَ لَبُوْسٍ لَّكُمْ لِتُحْصِنَكُمْ مِّنْۢ بَاْسِكُمْ ۚ فَهَلْ اَنْتُمْ

ہنر | زرہ کا | تمہارے لئے | تا کہ وہ محفوظ رکھے تمہیں | میں | تمہاری لڑائی | پس کیا | تم ہو

ہی کرنے والے تھے۔ اس کے علاوہ ہم نے داؤد علیہ السلام کو تم لوگوں کے لئے زِرہ بنانے کی صنعت سکھائی تا کہ وہ تمہیں لڑائی میں

شٰكِرُوْنَ ۝ وَلِسُلَيْمٰنَ الرِّيْحَ عَاصِفَةً تَجْرِيْ بِاَمْرِهٖٓ اِلَى الْاَرْضِ

شکر کرنے والے | اور سلیمان کے لئے | ہوا | تیز | جو چلتی تھی | اس کے حکم سے | طرف | سرزمین کی

ایک دوسرے کے وار سے محفوظ رکھے۔ تو کیا تم شکر کرتے ہو؟ اور ہم نے سلیمان علیہ السلام کے لئے تیز ہوا کو تابع کر دیا جو اُن کے حکم

الَّتِيْ بٰرَكْنَا فِيْهَا ۭ وَكُنَّا بِكُلِّ شَيْءٍ عٰلِمِيْنَ ۝ وَمِنَ الشَّيٰطِيْنِ مَنْ

جسے | ہم نے برکت رکھی | جس میں | اور ہم تھے | سب | چیز | جاننے والے | اور سے | جنات | جو

سے اُس سرزمین کی طرف چلتی تھی جس میں ہم نے برکتیں رکھی ہیں اور ہم ہر چیز کو جانتے تھے۔ ہم نے جنات کو بھی اُن کے

يَّغُوْصُوْنَ لَهٗ وَيَعْمَلُوْنَ عَمَلًا دُوْنَ ذٰلِكَ ۚ وَكُنَّا لَهُمْ حٰفِظِيْنَ ﴿82﴾

غوطے لگاتے تھے | اس کے لئے | اور وہ کام کرتے | کام | علاوہ | اس کے | اور ہم تھے | ان کے | محافظ

تابع کر دیا جو ان کے لئے غوطے لگاتے اور دوسرے کام کرتے تھے اور ہم انہیں قابو میں رکھے ہوئے تھے۔

وَاَيُّوْبَ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗٓ اَنِّىْ مَسَّنِىَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿83﴾ۚ

اور ایوب | جب | اس نے پکارا | اپنے رب کو | کہ میں | مجھے پہنچی ہے | تکلیف | اور تو ہے | بڑا رحیم | رحم کرنے والوں میں

اور ایوب علیہ السلام کو بھی ہم نے اپنے فضل سے نوازا۔ یاد کرو جب انہوں نے اپنے رب کو پکارا ''مجھے کچھ تکلیف ہوگئی ہے اور تو

فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ فَكَشَفْنَا مَا بِهٖ مِنْ ضُرٍّ وَّاٰتَيْنٰهُ اَهْلَهٗ وَمِثْلَهُمْ

پھر ہم نے قبول کی دعا | اس کی | پھر ہم نے دور کردی | جو تھی | اسے | کوئی | تکلیف | اور ہم نے دی اسے | اس کی اولاد | اور اُن جیسے

بہترین رحم کرنے والا ہے'' ہم نے ان کی دعا قبول کی اور اُن کو جو تکلیف تھی دور کردی۔ ان کا گھرانا پھر سے آباد کر دیا۔ مزید اتنے ہی

مَّعَهُمْ رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِنَا وَذِكْرٰى لِلْعٰبِدِيْنَ ﴿84﴾ وَاِسْمٰعِيْلَ

ساتھ انکے | رحمت | سے | ہمارے پاس | اور نصیحت | بندگی کرنے والوں کیلئے | اور اسماعیل کو

اور اہل وعیال عطا کر دیئے۔ یہ ہماری طرف سے ان پر خاص رحمت تھی تا کہ بعد میں آنے والے عبادت گزاروں کے لئے اس میں

وَاِدْرِيْسَ وَذَا الْكِفْلِ ؕ كُلٌّ مِّنَ الصّٰبِرِيْنَ ﴿85﴾ۚ وَاَدْخَلْنٰهُمْ فِىْ

اور ادریس کو | اور ذوالکفل کو ہدایت دی | وہ ہر ایک تھا | سے | صبر کرنے والوں میں | اور ہم نے داخل کیا انکو | میں

ایک سبق ہو۔ اور اسی طرح اسماعیل علیہ السلام، ادریس، اور ذُوالکفل علیہما السلام کو بھی ہم نے اپنی رحمت سے نوازا۔ یہ سب صابر

رَحْمَتِنَا ؕ اِنَّهُمْ مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿86﴾ وَذَا النُّوْنِ اِذْ ذَّهَبَ مُغَاضِبًا

رحمت اپنی | بیشک وہ تھے | سے | نیک لوگوں | اور مچھلی والا | جب | وہ گیا | غصے میں

لوگ تھے۔ ہم نے انہیں اپنی رحمت کے سائے میں لیا۔ وہ نیک بندے تھے۔ اسی طرح مچھلی والے یونس علیہ السلام نبی پر بھی

فَظَنَّ اَنْ لَّنْ نَّقْدِرَ عَلَيْهِ فَنَادٰى فِى الظُّلُمٰتِ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ

پھر وہ سمجھا | کہ | ہرگز نہیں | ہم قدرت رکھتے | اس پر | پھر اس نے پکارا | میں | اندھیروں | کہ | نہیں | معبود | سوائے

ہم نے فضل کیا۔ یاد کرو جب وہ اپنی قوم سے ناراض ہو کر چلے گئے اور سمجھے ہم ان پر کوئی گرفت نہیں کریں گے۔ پھر انہوں نے

اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۖ اِنِّىْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿87﴾ۚ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ ۙ وَنَجَّيْنٰهُ

تیرے | پاک ہے تو | بیشک میں | ہوں | سے | ظالموں میں | پھر ہم نے قبول کی دعا | اس کی | اور ہم نے بچایا اُس کو

اندھیروں میں اپنے رب کو پکارا ''خدایا! تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔ تو پاک ہے۔ بے شک میں قصوروار ہوں۔'' ہم نے ان کی دعا

مِنَ الْغَمِّ ۭ وَكَذٰلِكَ نُـْۨجِي الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿88﴾ وَزَكَرِيَّآ اِذْ نَادٰى

سے | غم | اور اسی طرح | ہم نجات دیتے ہیں | ایمان والوں کو | اور زکریا | جب | اس نے پکارا

قبول کی اور انہیں غم سے نجات دی۔ ہم اسی طرح ایمان والوں کو نجات دیتے ہیں۔ اور زکریا علیہ السلام پر بھی ہم نے فضل کیا جب

رَبَّهٗ رَبِّ لَا تَذَرْنِيْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْوٰرِثِيْنَ ﴿89﴾ فَاسْتَجَبْنَا

اپنے رب کو | رب میرے | نہ | چھوڑ مجھے | تنہا | اور تو ہے | بہترین | وارث | پس ہم نے قبول کی دعا

انہوں نے بڑھاپے میں اپنے رب کو پکارا ''اے میرے رب! مجھے اکیلا نہ چھوڑ تو سب کا بہترین وارث ہے'' تو ہم نے ان کی دعا

لَهٗ ۡ وَوَهَبْنَا لَهٗ يَحْيٰى وَاَصْلَحْنَا لَهٗ زَوْجَهٗ ۭ اِنَّهُمْ كَانُوْا

اس کی | اور ہم نے عطا کیا | اس کو | یحییٰ | اور ہم نے درست کر دی | اس کے لئے | بیوی اس کی | بیشک وہ | وہ تھے

قبول کی۔ ان کی بیوی کو اولاد کے قابل بنایا اور یحییٰ علیہ السلام بیٹا عطا کیا۔ بے شک یہ سب لوگ نیک کاموں

يُسٰرِعُوْنَ فِي الْخَيْرٰتِ وَيَدْعُوْنَنَا رَغَبًا وَّرَهَبًا ۭ وَكَانُوْا لَنَا

جلدی کرتے | میں | نیکیوں | اور وہ پکارتے تھے ہمیں | شوق سے | اور خوف سے | اور وہ تھے | ہم سے

میں سر گرم تھے۔ ہمیں امید اور خوف کے ساتھ پکارتے تھے اور ہمارے آگے عاجزی

خٰشِعِيْنَ ﴿90﴾ وَالَّتِيْٓ اَحْصَنَتْ فَرْجَهَا فَنَفَخْنَا فِيْهَا مِنْ رُّوْحِنَا

ڈرنے والے | اور وہ عورت | جس نے محفوظ رکھی | اپنی شرمگاہ | پھر پھونکا ہم نے | اس میں | سے | اپنی روح

کرتے تھے۔ اور وہ خاتون مریم جس نے اپنی عصمت کی حفاظت کی۔ ہم نے اُس میں ایک روح پھونک دی

وَجَعَلْنٰهَا وَابْنَهَآ اٰيَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿91﴾ اِنَّ هٰذِهٖٓ اُمَّتُكُمْ اُمَّةً

اور ہم نے بنایا اسے | اور اس کے بیٹے کو | نشانی | لوگوں کے لئے | بیشک | یہ ہے | امت تمہاری | امت

اور اسے اور اس کے بیٹے کو دنیا والوں کے لئے ایک نشانی قرار دیا۔ دیکھو، تمہاری امت ایک ہی

وَّاحِدَةً ڮ وَّاَنَا رَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْنِ ﴿92﴾ وَتَقَطَّعُوْٓا اَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ ۭ كُلٌّ

ایک | اور میں ہوں | تمہارا رب | پس تم عبادت کرو میری | اور انہوں نے بگاڑ دیا | اپنا کام | آپس میں | سب ہیں

امت ہے اور میں تمہارا رب ہوں۔ لہٰذا میری عبادت کرو۔ مگر گمراہ لوگوں نے اپنے دین کے ٹکڑے کر ڈالے۔ آخر انہیں ہمارے

ع 6 18 6

اِلَيْنَا رٰجِعُوْنَ ﴿93﴾ ع فَمَنْ يَّعْمَلْ مِنَ الصّٰلِحٰتِ وَهُوَ مُؤْمِنٌ

ہماری طرف | لوٹنے والے | پس جو کوئی | عمل کرے | سے | اچھائیوں | جبکہ وہ ہو | ایمان والا

پاس ہی آنا ہے۔ جو شخص نیک عمل کرے گا اور وہ ایمان والا ہوگا تو اس کی

فَلَا كُفْرَانَ لِسَعْيِهٖ ۚ وَاِنَّا لَهٗ كٰتِبُوْنَ ﴿94﴾ وَحَرٰمٌ عَلٰى قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَآ

تونہیں ناقدری | اسکی کوشش کیلئے | اور بیشک ہم | اس کیلئے | لکھنے والے | اور گویا حرام تھا | پر | ہر بستی | ہم نے ہلاک کیا جسے

محنت کی ناقدری نہ ہوگی کیونکہ ہم اس کی نیکیاں لکھ رہے ہیں۔ ہم نے جن بستی والوں کو ہلاک کرنے کا فیصلہ کیا تو ان کے لئے گویا

اَنَّهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ ﴿95﴾ حَتّٰٓى اِذَا فُتِحَتْ يَاْجُوْجُ وَمَاْجُوْجُ وَهُمْ

کہ وہ | نہیں | باز آئیں گے | یہاں تک کہ | جب | کھولے جائیں گے | یاجوج | اور ماجوج | اور وہ

حرام تھا کہ وہ رجوع کرتے۔ یہاں تک کہ جب یاجوج اور ماجوج کے لشکر کھول دیئے جائیں گے اور وہ

مِّنْ كُلِّ حَدَبٍ يَّنْسِلُوْنَ ﴿96﴾ وَاقْتَرَبَ الْوَعْدُ الْحَقُّ فَاِذَا هِيَ

سے | ہر | اونچی جگہ | دوڑتے پھرتے ہوں گے | اور قریب ہوگا | وعدہ | سچا | پھر اچانک | ہی

ہر بلندی سے نکل پڑیں گے۔ قیامت کا سچا وعدہ قریب آ جائے گا۔ اس وقت کافروں کی آنکھیں

شَاخِصَةٌ اَبْصَارُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۭ يٰوَيْلَنَا قَدْ كُنَّا فِيْ غَفْلَةٍ مِّنْ

پھٹی رہ جائیں گی | آنکھیں | ان لوگوں کی جو | کافر ہوئے | ہائے افسوس ہم کو | بیشک | ہم تھے | میں | غفلت | سے

پھٹی رہ جائیں گی۔ وہ کہیں گے ”ہائے ہماری کم بختی! ہم تو اس سے غافل رہے۔

هٰذَا بَلْ كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ﴿97﴾ اِنَّكُمْ وَمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ

اس | بلکہ | ہم تھے | ظالم | بیشک تم | اور جنہیں | تم پوجتے ہو | سے | سوا | اللہ کے

بلکہ ہم ظالم تھے۔ حکم ہو گا کہ تم اور تمہارے وہ معبود جنہیں تم اللہ کے سوا پُوجتے تھے،

حَصَبُ جَهَنَّمَ ۭ اَنْتُمْ لَهَا وٰرِدُوْنَ ﴿98﴾ لَوْ كَانَ هٰٓؤُلَاۗءِ اٰلِهَةً مَّا

ایندھن ہیں | جہنم کا | تم | اس پر | پہنچنے والے ہو | اگر | ہوتے | یہ | معبود سچے | تو نہ

سب دوزخ کا ایندھن بنو گے۔ تمہیں وہیں جانا ہے۔ اگر وہ سچے معبود ہوتے تو دوزخ میں

وَّرَدُوْهَا ۭ وَكُلٌّ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿99﴾ لَهُمْ فِيْهَا زَفِيْرٌ وَّهُمْ فِيْهَا

وہ پہنچتے وہاں | اور سب ہیں | اس میں | ہمیشہ رہنے والے | ان کے لئے ہے | اس میں | چیخنا چلانا | اور وہ | اس میں

نہ جاتے۔ اب تم سب کو اس میں ہمیشہ رہنا ہے۔“ وہاں ان کی وہ چیخ و پکار ہو گی کہ ایک دوسرے کی آواز

لَا يَسْمَعُوْنَ ﴿100﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ سَبَقَتْ لَهُمْ مِّنَّا الْحُسْنٰٓى ۙ اُولٰۗىِٕكَ عَنْهَا

نہیں کچھ وہ سنیں گے | بیشک | جو لوگ | کہ پہلے ہو چکا | ان کا | ہم سے | نیک وعدہ | وہ | اس سے

سنائی نہ دے گی۔ لیکن جن لوگوں کے لئے ہماری طرف سے بھلائی کا پہلے فیصلہ ہو چکا ہے وہ دوزخ

مُبْعَدُونَ ﴿١٠١﴾ لَا يَسْمَعُونَ حَسِيسَهَا ۖ وَهُمْ فِي مَا اشْتَهَتْ أَنفُسُهُمْ

دور رکھے جائیں گے | نہیں | وہ سنیں گے | اس کی آہٹ | اور وہ ہیں | میں | اس | کہ چاہیں گے | جی انکے

سے اتنے دُور رکھے جائیں گے کہ اُس کی آہٹ بھی نہ سنیں گے اور وہ اپنے پسندیدہ عیش میں

خَالِدُونَ ﴿١٠٢﴾ لَا يَحْزُنُهُمُ الْفَزَعُ الْأَكْبَرُ وَتَتَلَقَّاهُمُ الْمَلَائِكَةُ

ہمیشہ رہنے والے | نہ | غمگین کرے گی انکو | گھبراہٹ | بڑی | اور استقبال کریں گے انکا | فرشتے

ہمیشہ رہیں گے۔ بڑی گھبراہٹ انہیں غمگین نہ کرے گی۔ فرشتے اُن کا استقبال کریں گے اور اُن سے

هَٰذَا يَوْمُكُمُ الَّذِي كُنتُمْ تُوعَدُونَ ﴿١٠٣﴾ يَوْمَ نَطْوِي السَّمَاءَ كَطَيِّ

یہ ہے | دن تمہارا | جس کا | تم سے | وعدہ کیا جاتا تھا | جس دن | ہم لپیٹیں گے | آسمان کو | جیسے لپیٹنا

کہیں گے "یہ ہے وہ دن جس کا تم سے وعدہ کیا گیا تھا۔" جس دن ہم آسمان لپیٹ دیں گے جیسے کاغذوں کا

السِّجِلِّ لِلْكُتُبِ ۚ كَمَا بَدَأْنَا أَوَّلَ خَلْقٍ نُّعِيدُهُ ۚ وَعْدًا عَلَيْنَا ۚ

کاغذ کا | تحریر کیلیے | جس طرح | ہم نے شروع کیا | پہلے | پیدا کرنا | ہم اسی کو لوٹا دیں گے | وعدہ ہے | ہم پر

رول لپیٹ دیا جاتا ہے۔ جس طرح ہم نے پہلی دفعہ پیدا کیا تھا اسی طرح ہم دوبارہ پیدا کر دیں گے۔ یہ ہمارے ذمے وعدہ ہے

إِنَّا كُنَّا فَاعِلِينَ ﴿١٠٤﴾ وَلَقَدْ كَتَبْنَا فِي الزَّبُورِ مِن بَعْدِ الذِّكْرِ أَنَّ

بیشک ہم | ہم ہیں | کرنے والے | اور بیشک | ہم نے لکھا | میں | زبور | سے | بعد | ذکر کے | کہ

ہم اسے پورا کر کے رہیں گے۔ ہم نے توریت کے بعد زبور میں بھی لکھ دیا تھا کہ جنت کے وارث

الْأَرْضَ يَرِثُهَا عِبَادِيَ الصَّالِحُونَ ﴿١٠٥﴾ إِنَّ فِي هَٰذَا لَبَلَاغًا لِّقَوْمٍ

زمین | وارث ہوں گے اسکے | میرے بندے | نیک | بیشک ہے | میں | اس | ضرور ایک پیغام | قوم

صرف ہمارے نیک بندے ہوں گے۔" بے شک اِن باتوں میں فرماں برداروں کے لئے

عَابِدِينَ ﴿١٠٦﴾ وَمَا أَرْسَلْنَاكَ إِلَّا رَحْمَةً لِّلْعَالَمِينَ ﴿١٠٧﴾ قُلْ إِنَّمَا يُوحَىٰ

عبادت گزار کے لیے | اور نہیں | ہم نے بھیجا تجھے | مگر | رحمت | جہان والوں کے لیے | کہہ دیجئے | یقیناً | وحی کی جاتی ہے

بڑا پیغام ہے۔ اور اے نبی ﷺ ہم نے آپ ﷺ کو دنیا والوں کے لئے رحمت بنا کر بھیجا ہے۔ آپ ﷺ ان لوگوں سے کہہ

إِلَيَّ أَنَّمَا إِلَٰهُكُمْ إِلَٰهٌ وَاحِدٌ ۖ فَهَلْ أَنتُم مُّسْلِمُونَ ﴿١٠٨﴾ فَإِن

طرف میری | یہ کہ | معبود تمہارا ہے | معبود | ایک | پس کیا | تم ہو | ماننے والے | پھر اگر

دیں "میرے پاس جو وحی آتی ہے وہ یہ ہے کہ "تمہارا معبود صرف ایک معبود ہے" تو کیا تم اس کی اطاعت کے لئے تیار ہو؟" پھر اگر

تَوَلَّوْا فَقُلْ اٰذَنْتُكُمْ عَلٰى سَوَآءٍ ؕ وَاِنْ اَدْرِیْۤ اَقَرِیْبٌ اَمْ بَعِیْدٌ

وہ منہ پھیر لیں | کہہ دیجئے | میں نے آگاہ کر دیا ہے تمہیں | پر | برابر (طریقے) | اور نہیں | میں جانتا | کہ قریب ہے | یا | دور

وہ منہ پھیر لیتے ہیں تو آپ ﷺ ان سے کہہ دیں ”میں نے تمہیں صاف صاف آگاہ کر دیا۔ اور میں نہیں جانتا کہ جس عذاب کا تم سے

مَّا تُوْعَدُوْنَ ﴿۱۰۹﴾ اِنَّهٗ یَعْلَمُ الْجَهْرَ مِنَ الْقَوْلِ وَیَعْلَمُ مَا

وہ جس کا | تم سے وعدہ کیا جاتا ہے | بیشک وہ | وہی جانتا ہے | اونچی آواز | سے | بات | اور وہ جانتا ہے | جو کچھ

وعدہ کیا جا رہا ہے وہ قریب ہے یا دور۔ بے شک اللہ کھلی بات کو بھی جانتا ہے اور اُس بات کو بھی جسے تم

تَكْتُمُوْنَ ﴿۱۱۰﴾ وَاِنْ اَدْرِیْ لَعَلَّهٗ فِتْنَةٌ لَّكُمْ وَمَتَاعٌ اِلٰى حِیْنٍ ﴿۱۱۱﴾

تم چھپاتے ہو | اور نہیں | میں جانتا | شاید وہ | آزمائش ہے | تمہارے لئے | اور فائدہ اٹھانا ہے | تک | ایک مدت

چھپاتے ہو۔ اور مجھے نہیں معلوم کہ جو فرصت ملی ہوئی ہے وہ تمہارے لئے ایک آزمائش اور فائدہ اٹھانے کی مہلت کے سوا کچھ اور

قٰلَ رَبِّ احْكُمْ بِالْحَقِّ ؕ وَرَبُّنَا الرَّحْمٰنُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى

اس نے کہا | اے میرے رب | تو فیصلہ کر | ساتھ حق کے | اور رب ہمارا ہے | مہربان | جس سے مدد مانگی جاتی ہے | خلاف

ہے“ آخر رسول نے دعا کی ”اے میرے رب تو میرے اور مشرکین کے درمیان حق کے ساتھ فیصلہ کر دے“ ”اور ان سے کہہ دیا گیا

مَا تَصِفُوْنَ ﴿۱۱۲﴾ ع

اس کے جو | تم بیان کرتے ہو

کہ تم جو باتیں بناتے ہو ان کے مقابلے میں ہم رحمان ہی سے مدد مانگتے ہیں۔“

7 ع 19 7 النصف

(22) سُوْرَةُ الْحَجِّ مَدَنِیَّةٌ (103)

ایاتها 78 — رکوعاتها 10

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمْ ۚ اِنَّ زَلْزَلَةَ السَّاعَةِ شَیْءٌ عَظِیْمٌ ﴿۱﴾

اے | لوگو | تم ڈرو | اپنے رب سے | بیشک | زلزلہ | قیامت کا ہے | چیز | بڑی

اے لوگو! اپنے رب سے ڈرو۔ قیامت کا زلزلہ بڑی ہولناک چیز ہے۔

یَوْمَ تَرَوْنَهَا تَذْهَلُ كُلُّ مُرْضِعَةٍ عَمَّاۤ اَرْضَعَتْ وَتَضَعُ كُلُّ

جس دن | تم دیکھو گے اسے کہ | بھول جائے گی | ہر | دودھ پلانے والی | اس کو | جسے وہ دودھ پلاتی تھی | اور ڈال دے گی | ہر

جس دن تم اُسے دیکھو گے، ہر دودھ پلانے والی اپنے دودھ پیتے بچے کو بھول جائے گی اور ہر حمل والی

ذَاتِ حَمْلٍ حَمْلَهَا وَتَرَى النَّاسَ سُكٰرٰى وَمَا هُمْ بِسُكٰرٰى

والی | حمل | حمل اپنے کو | اور تو دیکھے گا | لوگوں کو | مدہوش | اور نہیں | وہ | مدہوش

اپنا حمل ڈال دے گی۔ لوگ تمہیں مدہوش نظر آئیں گے حالانکہ وہ مدہوش نہیں ہوں گے

وَلٰكِنَّ عَذَابَ اللّٰهِ شَدِيْدٌ ۝٢ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُّجَادِلُ فِي اللّٰهِ

اور لیکن | عذاب ہوگا | اللہ کا | سخت | اور سے | لوگوں میں ہے | جو کہ | جھگڑتا ہے | بارے میں | اللہ کے

بلکہ اللہ کا عذاب ہی کچھ ایسا سخت ہو گا۔ اور بعض لوگ علم کے بغیر اللہ کے بارے میں

بِغَيْرِ عِلْمٍ وَّيَتَّبِعُ كُلَّ شَيْطٰنٍ مَّرِيْدٍ ۝٣ كُتِبَ عَلَيْهِ اَنَّهٗ مَنْ

بغیر | علم کے | اور پیروی کرتا ہے | ہر | شیطان | سرکش کی | لکھ دیا گیا | اس پر | کہ وہ | جس سے

جھگڑتے ہیں اور سرکش شیطان کی پیروی کرتے ہیں۔ جس کے متعلق یہ لکھ دیا گیا ہے

تَوَلَّاهُ فَاَنَّهٗ يُضِلُّهٗ وَيَهْدِيْهِ اِلٰى عَذَابِ السَّعِيْرِ ۝٤ يٰٓاَيُّهَا

دوستی کرے گا وہ | تو بیشک وہ | وہ گمراہ کرے گا اسے | اور راہ سجھائے گا اسے | طرف | عذاب کی | آگ کے | اے

کہ جو شخص اسے دوست بنائے گا تو وہ اسے گمراہ کر کے چھوڑے گا اور دوزخ کے عذاب کی طرف لے جائے گا۔ اے لوگو اگر تمہیں

النَّاسُ اِنْ كُنْتُمْ فِيْ رَيْبٍ مِّنَ الْبَعْثِ فَاِنَّا خَلَقْنٰكُمْ مِّنْ تُرَابٍ

لوگو | اگر | تم ہو | میں | شک | سے | دوبارہ زندگی | تو بیشک ہم | ہم نے پیدا کیا تمہیں | سے | مٹی

دوبارہ زندہ ہونے کے بارے میں شک ہو تو غور کرو ہم نے تمہیں مٹی سے پیدا کیا۔

ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ مِنْ عَلَقَةٍ ثُمَّ مِنْ مُّضْغَةٍ مُّخَلَّقَةٍ وَّغَيْرِ

پھر | سے | نطفے | پھر | سے | لہو جمے ہوئے | پھر | سے | بوٹی | صورت بنی ہوئی | اور بغیر

پھر نطفے سے، جو پہلے خون کا لوتھڑا بنتا ہے۔ پھر گوشت کی بوٹی بنتی ہے جو پوری شکل والی ہوتی ہے اور

مُخَلَّقَةٍ لِّنُبَيِّنَ لَكُمْ ؕ وَنُقِرُّ فِي الْاَرْحَامِ مَا نَشَآءُ اِلٰٓى

صورت بنی ہوئی سے | تاکہ ہم بیان کریں | تمہارے لئے | اور ہم ٹھہراتے ہیں (اسے) | میں | رحموں | جتنا | ہم چاہیں | تک

اُدھوری بھی ہوتی ہے تاکہ ہم اپنی قدرت اور حکمت تم پر واضح کریں۔ پھر جس نطفے کو ہم تکمیل تک پہنچانا چاہتے ہیں

اَجَلٍ مُّسَمًّى ثُمَّ نُخْرِجُكُمْ طِفْلًا ثُمَّ لِتَبْلُغُوْٓا اَشُدَّكُمْ ج

ایک مدت | مقرر | پھر | ہم نکالتے ہیں تمہیں | بچے کی صورت | پھر | تاکہ تم پہنچو | اپنی جوانی کو

اسے ایک خاص مدت تک عورت کے رحم میں ٹھہرائے رکھتے ہیں۔ پھر ہم تمہیں بچہ بنا کر باہر لاتے ہیں۔ پھر تم جوانی کو پہنچتے ہو۔

وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّتَوَفّٰى وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّرَدُّ اِلٰٓى اَرْذَلِ الْعُمُرِ لِكَيْلَا

اور بعض تم میں ہیں | جو | وفات پاتا ہے | اور بعض تم میں | سے ہے | جو پھیرا جاتا ہے | طرف بے کار | عمر کی | تا کہ نہ

تم میں سے کوئی شخص پہلے مر جاتا ہے اور کوئی شخص بڑھاپے کی ایسی نکمی حالت تک پہنچا دیا جاتا ہے کہ جاننے

يَعْلَمَ مِنْۢ بَعْدِ عِلْمٍ شَيْـًٔا ۭ وَتَرَى الْاَرْضَ هَامِدَةً فَاِذَآ اَنْزَلْنَا

وہ جانے | سے | بعد | جاننے کے | کچھ بھی | اور تو دیکھتا ہے | زمین کو | خشک | پھر جب | ہم اتارتے ہیں

کے بعد بھی کچھ نہیں جانتا۔ اور تم دیکھتے ہو کہ زمین خشک پڑی ہوتی ہے۔ پھر جب ہم اس پر پانی

عَلَيْهَا الْمَاۗءَ اهْتَزَّتْ وَرَبَتْ وَاَنْۢبَتَتْ مِنْ كُلِّ زَوْجٍۢ بَهِيْجٍ ۝

اس پر | پانی | وہ ہلتی ہے | اور وہ بڑھتی پھولتی ہے | اور وہ اگاتی ہے | کو | ہر | قسم | عمدہ

برساتے ہیں تو وہ ترو تازہ ہو کر ابھرنے لگتی ہے اور طرح طرح کی خوشنما چیزیں اُگاتی ہے۔

ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ وَاَنَّهٗ يُحْيِ الْمَوْتٰى وَاَنَّهٗ عَلٰي كُلِّ

یہ ہے | اس لیے کہ | اللہ | ہے | حق | اور یہ کہ وہ | وہی زندہ کرتا ہے | مردوں کو | اور یہ کہ وہ ہے | پر | ہر

یہ سب اِس لئے ہے کہ اللہ برحق ہے، وہی بے جانوں میں جان ڈالتا ہے اور وہ ہر چیز پر

شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ وَّاَنَّ السَّاعَةَ اٰتِيَةٌ لَّا رَيْبَ فِيْهَا ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ

چیز کے | قادر | اور یہ کہ | قیامت | آنے والی ہے | نہیں | شک | اس میں | اور یہ کہ | اللہ

قادر ہے اور یہ کہ قیامت آنے والی ہے اس میں کوئی شک نہیں اور یہ کہ اللہ ضرور ان سب کو

يَبْعَثُ مَنْ فِي الْقُبُوْرِ ۝ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُّجَادِلُ فِي اللّٰهِ

دوبارہ اٹھائے گا | انکو جو ہیں | میں | قبروں | اور بعض ہے | لوگوں سے | جو | جھگڑتا ہے | بارے میں | اللہ کے

دوبارہ اٹھائے گا جو قبروں میں ہیں۔ بعض لوگ ایسے ہیں جو بغیر علم کے،

بِغَيْرِ عِلْمٍ وَّلَا هُدًى وَّلَا كِتٰبٍ مُّنِيْرٍ ۝ ثَانِيَ عِطْفِهٖ لِيُضِلَّ

بغیر | علم کے | اور بغیر | ہدایت کے | اور بغیر | کتاب | روشن کے | پھیرنے والا | کندھے اپنے کو | تا کہ وہ گمراہ کرے

بغیر ہدایت کے اور بغیر کسی روشن کتاب کے اللہ کی توحید کے بارے میں جھگڑتے ہیں۔ ان کی گردنیں اکڑی ہوتی ہیں۔ وہ لوگوں کو

عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ لَهٗ فِي الدُّنْيَا خِزْيٌ وَّنُذِيْقُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ

سے | راہ سے | اللہ کی | اس کے لئے ہے | میں | دنیا | ذلت | اور ہم چکھائیں گے اسے | دن | قیامت کے

اللہ کی راہ سے بھٹکانا چاہتے ہیں۔ ایسے لوگوں کے لئے دنیا میں رُسوائی ہے اور قیامت کے دن ہم انہیں آگ کا

عَذَابَ الْحَرِيْقِ ۝ ذٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ يَدٰكَ وَاَنَّ اللّٰهَ لَيْسَ

عذاب | جلنے کا | یہ ہے | اس لئے جو | آگے بھیجا | تیرے دونوں ہاتھوں نے | اور یہ کہ | اللہ | نہیں ہے

عذاب چکھائیں گے۔ ان سے کہا جائے گا یہ تمہارے اپنے ہاتھوں کی کمائی کا بدلہ ہے ورنہ اللہ تو اپنے

بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ۝ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّعْبُدُ اللّٰهَ عَلٰى حَرْفٍ فَاِنْ

ظلم کرنے والا | بندوں پر | اور بعض ہے | لوگوں سے | جو | عبادت کرتا ہے | اللہ کی | پر | کنارے | پس اگر

بندوں پر ذرا ظلم نہیں کرتا۔ اور کچھ لوگ ایسے ہیں جو اللہ کی بندگی میں ڈانواں ڈول رہتے ہیں۔ کوئی

اَصَابَهٗ خَيْرُ نِ اطْمَاَنَّ بِهٖ وَاِنْ اَصَابَتْهُ فِتْنَةُ نِ انْقَلَبَ عَلٰى

پہنچا اسے | کوئی بھلائی | اطمینان ہو جائے | اس کو | اور اگر | پہنچا اسے | آزمائش | وہ پھر جائے | پر

فائدہ پہنچا تو قائم رہے۔ کوئی آزمائش آئی تو اُلٹے

وَجْهِهٖ خَسِرَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةَ ذٰلِكَ هُوَ الْخُسْرَانُ الْمُبِيْنُ ۝

منہ اپنے | خسارے میں رہا | دنیا کے | اور آخرت کے | یہی ہے | وہ | خسارہ پانا | ظاہر

پھر گئے۔ ایسے لوگوں نے دنیا بھی کھوئی اور آخرت بھی۔ یہ ہے زرا گھاٹا۔

يَدْعُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَضُرُّهٗ وَمَا لَا يَنْفَعُهٗ ذٰلِكَ هُوَ

وہ پکارتا ہے | سے | سوا | اللہ کے | اسے جو | نہیں | نقصان پہنچاتا اسے | اور نہ | وہ | نفع دیتا ہے اسے | یہی ہے | وہ

ایسے لوگ اللہ کے سوا دوسروں کو پکارتے ہیں جو انہیں نفع یا نقصان پہنچانے کا کوئی اختیار نہیں رکھتے۔ یہ ہے انتہا

الضَّلٰلُ الْبَعِيْدُ ۝ يَدْعُوْا لَمَنْ ضَرُّهٗ اَقْرَبُ مِنْ نَّفْعِهٖ لَبِئْسَ

گمراہی | دور کی | وہ پکارتا ہے | اسے کہ | نقصان اس کا ہے | زیادہ قریب | سے | نفع اس کے | ضرور برا ہے

درجے کی گمراہی۔ ایسے لوگ جن کو پکارتے ہیں اُن کے فائدے سے زیادہ اُن کا نقصان واضح ہے۔ کیسے برے ہیں

الْمَوْلٰى وَلَبِئْسَ الْعَشِيْرُ ۝ اِنَّ اللّٰهَ يُدْخِلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا

دوست | اور ضرور برا ہے | ساتھی | بیشک | اللہ | داخل کرے گا | ان کو جو | ایمان لائے | اور جنہوں نے عمل کئے

اُن کے کارساز اور کیسے برے ہیں اُن کے ساتھی۔ بے شک اللہ اُن لوگوں کو جو ایمان لائے اور انہوں نے نیک

الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ اِنَّ اللّٰهَ يَفْعَلُ مَا

اچھے | باغوں میں | بہتی ہیں | سے | اُن کے نیچے | نہریں | بیشک | اللہ | کرتا ہے | جو

کام کئے ایسے باغوں میں داخل کرے گا جن میں نہریں بہتی ہوں گی۔ اللہ جو چاہتا ہے کر

يُرِيْدُ ﴿14﴾ مَنْ كَانَ يَظُنُّ اَنْ لَّنْ يَّنْصُرَهُ اللّٰهُ فِي الدُّنْيَا

وہ چاہتا ہے | جو کوئی | ہے | گمان کرتا | یہ کہ | ہرگز نہیں | مدد کرے گا اسکی | اللہ | میں | دنیا

گزرتا ہے۔ جس شخص کو یہ بدگمانی اور مایوسی ہو کہ اللہ دنیا اور آخرت میں اُس کی ہرگز مدد نہ

وَالْاٰخِرَةِ فَلْيَمْدُدْ بِسَبَبٍ اِلَى السَّمَآءِ ثُمَّ لْيَقْطَعْ فَلْيَنْظُرْ هَلْ

اور آخرت میں | تو چاہیے کہ وہ کھینچے | ایک رسی | طرف | آسمان کی | پھر | چاہیے کہ وہ کاٹ ڈالے | پھر چاہیے کہ وہ دیکھے | کیا

کرے گا تو ایسے مشرک کو کہیں سہارا نہ ملے گا خواہ وہ آسمان پر چڑھ جائے یا جو بھی فیصلہ

يُذْهِبَنَّ كَيْدُهٗ مَا يَغِيْظُ ﴿15﴾ وَكَذٰلِكَ اَنْزَلْنٰهُ اٰيٰتٍۭ بَيِّنٰتٍ ۙ وَّ اَنَّ

ختم کر دے گی | چال اسکی | اس چیز کو جو | اسے غصے دلاتی ہے | اور اسی طرح | ہم نے اتارا اسے | آیتیں | واضح | اور یہ کہ

کرے اُس کی پریشانی کبھی دُور نہ ہو گی۔ ہم نے قرآن کھلی دلیلوں کی صورت میں نازل کیا ہے لیکن اللہ

اللّٰهَ يَهْدِيْ مَنْ يُّرِيْدُ ﴿16﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَالَّذِيْنَ هَادُوْا

اللہ | ہدایت دیتا ہے | جس کو | وہ چاہتا ہے | بیشک | جو لوگ | ایمان لائے | اور جو لوگ | یہودی ہوئے

جسے چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے۔ اِس میں شک نہیں کہ مسلمانوں، یہودیوں،

وَالصّٰبِـِٔيْنَ وَالنَّصٰرٰى وَالْمَجُوْسَ وَالَّذِيْنَ اَشْرَكُوْٓا ۖ اِنَّ اللّٰهَ يَفْصِلُ

اور صابی | اور عیسائی | اور مجوسی | اور جو لوگ | مشرک ہوئے | تو بیشک | اللہ | فیصلہ کرے گا

صابیوں، عیسائیوں، مجوسیوں اور مشرکوں کے درمیان اللہ قیامت کے دن فیصلہ

بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ﴿17﴾ اَلَمْ تَرَ

درمیان انکے | دن | قیامت کے | بیشک | اللہ ہے | اوپر | ہر | چیز کے | حاضر ناظر | کیا نہیں | تو نے دیکھا

کرے گا۔ بےشک اللہ ہر چیز پر نگران ہے۔ لوگو کیا تم نہیں دیکھتے

اَنَّ اللّٰهَ يَسْجُدُ لَهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ وَالشَّمْسُ

کہ | اللہ کو | سجدہ کرتا ہے | اس کو | جو کوئی | میں | آسمانوں | اور جو کوئی ہے | میں | زمین | اور سورج بھی

اللہ ہی کے آگے جھکتے ہیں آسمان والے، زمین والے، سورج،

وَالْقَمَرُ وَالنُّجُوْمُ وَالْجِبَالُ وَالشَّجَرُ وَالدَّوَآبُّ وَكَثِيْرٌ مِّنَ

اور چاند بھی | اور ستارے بھی | اور پہاڑ بھی | اور درخت بھی | اور جانور بھی | اور بہت | سے

چاند، ستارے، پہاڑ، درخت، چوپائے اور بہت سے انسان۔ لیکن

النَّاسِ ط وَكَثِيرٌ حَقَّ عَلَيْهِ الْعَذَابُ ط وَمَنْ يُّهِنِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ

لوگوں میں | اور بہت ہیں | کہ ثابت ہے | جن پر | عذاب | اور جسے | ذلت دے | اللہ | تو نہیں | اس کو

بہت ایسے بھی ہیں جو نافرمانی کر کے عذاب کے مستحق بن چکے ہیں۔ اور جسے اللہ ذلیل کر دے اسے کوئی

مِنْ مُّكْرِمٍ ط اِنَّ اللّٰهَ يَفْعَلُ مَا يَشَآءُ ۩ ﴿۱۸﴾ هٰذٰنِ خَصْمٰنِ اخْتَصَمُوْا

کوئی | عزت دینے والا | بیشک | اللہ | کرتا ہے | جو | وہ چاہتا ہے | یہ دو | فریق ہیں | جو جھگڑتے ہیں

عزت دینے والا نہیں۔ بے شک اللہ جو چاہتا ہے کرڈالتا ہے۔ یہ دو پارٹیاں ہیں جنہوں نے اپنے رب کے

السجدۃ 6

فِيْ رَبِّهِمْ ز فَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا قُطِّعَتْ لَهُمْ ثِيَابٌ مِّنْ نَّارٍ ط

بارے میں | اپنے رب کے | پس جو لوگ | کافر ہوئے | تو کتائی ہوگی | ان کے لئے | کپڑوں کی | کے | آگ

بارے میں جھگڑا کیا۔ جس پارٹی نے کفر کیا اسے آخرت میں آگ کے کپڑے کٹوا کر پہنائے جائیں گے۔

يُصَبُّ مِنْ فَوْقِ رُءُوْسِهِمُ الْحَمِيْمُ ج ﴿۱۹﴾ يُصْهَرُ بِهٖ مَا فِيْ

ڈالا جائے گا | سے | اوپر | ان کے سروں کے | کھولتا پانی | گل جائے گا | اس سے | جو کچھ ہوگا | میں

اُن کے سروں پر کھولتا پانی ڈالا جائے گا۔ جس سے اُن کے پیٹ تک کی ساری چیزیں

بُطُوْنِهِمْ وَالْجُلُوْدُ ط ﴿۲۰﴾ وَلَهُمْ مَّقَامِعُ مِنْ حَدِيْدٍ ﴿۲۱﴾ كُلَّمَآ اَرَادُوْٓا

ان کے پیٹوں | اور کھال بھی | اور اُن کے لیے ہیں | بڑے بڑے ہتھوڑے | کے | لوہے | جب جب | وہ چاہیں گے

گل جائیں گی۔ اُن کے لئے لوہے کے ہتھوڑے ہوں گے۔ جب وہ گھبرا کر اُس سے

اَنْ يَّخْرُجُوْا مِنْهَا مِنْ غَمٍّ اُعِيْدُوْا فِيْهَا ق وَذُوْقُوْا عَذَابَ

کہ | وہ نکلیں | اس سے | سے | غم | وہ پھر لوٹائے جائیں گے | اسی میں | اور (کہا جائے گا) تم چکھو | عذاب

باہر نکلنا چاہیں گے انہیں پھر اُس میں دھکیل دیا جائے گا کہ اب چکھتے رہو جلنے

الْحَرِيْقِ ع ﴿۲۲﴾ اِنَّ اللّٰهَ يُدْخِلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ

ع 2 12 9

جلنے کا | بیشک | اللہ | داخل کرے گا | ان کو جو | ایمان لائے | اور جنہوں نے عمل کئے | اچھے | ان باغوں میں

کا عذاب۔ لیکن دوسری پارٹی اُن لوگوں کی ہے جو ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کئے، اللہ انہیں ایسے باغوں

تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ يُحَلَّوْنَ فِيْهَا مِنْ اَسَاوِرَ مِنْ ذَهَبٍ

کہ بہتی ہیں | سے | ان کے نیچے | نہریں | انکو پہنائے جائیں گے | اس میں | سے | کنگن | سے | سونے

میں داخل کرے گا جن میں نہریں بہتی ہوں گی۔ انہیں وہاں سونے کے کنگن اور موتی پہنائے جائیں گے

وَّلُؤْلُؤًا ۚ وَلِبَاسُهُمْ فِيهَا حَرِيرٌ ﴿23﴾ وَهُدُوٓا إِلَى الطَّيِّبِ مِنَ

اور موتی | اور لباس انکا ہے | اس میں | ریشمی | اور انکو راہ دکھائی گئی | طرف | اچھی (پاکیزہ) | کی

اور ان کا لباس ریشمی ہوگا۔ یہ وہ ہیں جنہیں دنیا میں پاکیزہ کلمے کی

الْقَوْلِ ۚ وَهُدُوٓا إِلَىٰ صِرَاطِ الْحَمِيدِ ﴿24﴾ إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا

بات | اور انکو راہ دکھائی گئی | کی طرف | راستے | تعریف کئے گئے کے | بیشک | جو لوگ | کافر ہوئے

توفیق ملی اور انہیں خدائے حمید کا راستہ دکھایا گیا۔ لیکن جنہوں نے انکار کیا

وَيَصُدُّونَ عَن سَبِيلِ اللَّهِ وَالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ الَّذِي جَعَلْنَاهُ لِلنَّاسِ

اور وہ روکتے ہیں | سے | راہ | اللہ کی | اور مسجد | حرام سے | وہ کہ | ہم نے بنایا ہے جسے | تمام لوگوں کے لیے

اور جو لوگوں کو اللہ کی راہ سے اور مسجدِ حرام سے روکتے ہیں، جسے ہم نے سب کے لئے برابر بنایا ہے

سَوَآءً الْعَاكِفُ فِيهِ وَالْبَادِ ۚ وَمَن يُرِدْ فِيهِ بِإِلْحَادٍ بِظُلْمٍ

برابر ہے | رہائشی | جس میں | اور غیر رہائشی | اور جو کوئی | چاہے | اس میں | گمراہی کو | ساتھ ظلم کے

خواہ وہاں کا مقامی باشندہ ہو یا باہر سے آنے والا، تو ایسے لوگوں نے بڑا

نُّذِقْهُ مِنْ عَذَابٍ أَلِيمٍ ﴿25﴾ وَإِذْ بَوَّأْنَا لِإِبْرَاهِيمَ مَكَانَ الْبَيْتِ

ہم چکھائیں گے اسے | سے | عذاب | دردناک | اور جب | ہم نے جگہ مقرر کی | ابراہیم کے لئے | مکان | کعبے کا

ظلم کیا۔ اور جو اللہ کے گھر میں ظلم کا طریقہ اختیار کرے گا اسے ہم دردناک عذاب کا مزا چکھائیں گے اور یاد کرو جب ہم نے ابراہیم

أَن لَّا تُشْرِكْ بِي شَيْئًا وَطَهِّرْ بَيْتِيَ لِلطَّآئِفِينَ وَالْقَآئِمِينَ

یہ کہ | نہ | تو شریک ٹھہرا | میرا | کسی چیز کو | اور تو پاک رکھ | گھر میرا | واسطے طواف کرنے والوں کے | اور قیام کرنے والوں کے

علیہ السلام کو بیت اللہ کی جگہ بتادی اور حکم دیا "میرے ساتھ کسی چیز کو شریک نہ کرنا۔ میرے گھر کو پاک رکھنا طواف کرنے والوں کے

وَالرُّكَّعِ السُّجُودِ ﴿26﴾ وَأَذِّن فِي النَّاسِ بِالْحَجِّ يَأْتُوكَ رِجَالًا وَعَلَىٰ

اور رکوع کرنیوالوں کے | سجدہ کرنے والوں کے | اور تو پکار دے | کو | لوگوں | حج کے لئے | وہ آئیں گے تیرے پاس | پیدل | اور پر

لئے، قیام کرنے والوں کے لئے اور رکوع اور سجدہ کرنے والوں کے لئے اور لوگوں میں حج کا اعلان کردیں۔ وہ تمہاری طرف آئیں

كُلِّ ضَامِرٍ يَأْتِينَ مِن كُلِّ فَجٍّ عَمِيقٍ ﴿27﴾ لِّيَشْهَدُوا مَنَافِعَ

ہر | دبلے اونٹ | وہ آئیں گے | سے | ہر | راستے | دور کے | تا کہ وہ حاضر ہوں | فائدوں کو

گے پیدل چل کر اور تھکے ماندے اونٹوں پر سوار ہو کر دُور دراز راستوں سے آئیں گے۔ تا کہ وہاں حاضر ہو کر

لَهُمْ وَيَذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ فِيْٓ اَيَّامٍ مَّعْلُوْمٰتٍ عَلٰى مَا رَزَقَهُمْ

اپنے لئے | اور وہ یاد کریں | نام | اللہ کا | میں | دنوں | معلوم | پر | اس جو | اس نے دیئے انکو

وہ اپنے فائدے حاصل کریں۔ اللہ نے جو مویشی چوپائے انہیں دے رکھے ہیں، اُن خاص دنوں میں اُن کی قربانی کرتے ہوئے

مِّنْ بَهِيْمَةِ الْاَنْعَامِ ۚ فَكُلُوْا مِنْهَا وَاَطْعِمُوا الْبَآئِسَ الْفَقِيْرَ ﴿28﴾ ثُمَّ

سے | چوپایوں | مویشی | پھر تم کھاؤ | اس سے | اور تم کھلاؤ | بھوکے | فقیر کو | پھر

ان پر اللہ کا نام لیں۔“ پھر اے لوگو قربانی کا گوشت خود بھی کھاؤ اور مفلس محتاج کو بھی کھلاؤ۔ پھر لوگ

لْيَقْضُوْا تَفَثَهُمْ وَلْيُوْفُوْا نُذُوْرَهُمْ وَلْيَطَّوَّفُوْا بِالْبَيْتِ الْعَتِيْقِ ﴿29﴾

تا کہ وہ دور کریں | میل اپنا | اور تا کہ وہ پوری کریں | نذریں اپنی | اور تا کہ وہ طواف کریں | گھر کا | قدیمی

اپنا میل کچیل دُور کریں۔ اپنی نذر پوری کریں اور اُس قدیم گھر کا طواف کریں۔

ذٰلِكَ ۗ وَمَنْ يُّعَظِّمْ حُرُمٰتِ اللّٰهِ فَهُوَ خَيْرٌ لَّهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ۭ

یہ بات ہے | اور جو کوئی | تعظیم کرے | حرمتوں کی | اللہ کی | تو وہ | بہتر ہے | اس کے لئے | پاس | اس کے رب کے

یہ بات ہو چکی، اور جو اللہ کی حرمتوں کی تعظیم کرے تو یہ اُس کے رب کے نزدیک خود اُس کے حق میں بہتر ہے۔

وَاُحِلَّتْ لَكُمُ الْاَنْعَامُ اِلَّا مَا يُتْلٰى عَلَيْكُمْ فَاجْتَنِبُوا الرِّجْسَ

اور حلال کئے گئے | تمہارے لئے | مویشی جانور | مگر | وہ جن کے بارے میں | پڑھ کر سنایا جاتا | تم پر | پس تم بچتے رہو | گندگی

اور اے مسلمانو حرام جانوروں کے سوا جن کا حکم قرآن میں سنا دیا گیا ہے، باقی تمام چوپائے تمہارے لئے حلال ہیں۔ اور یاد رکھو

مِنَ الْاَوْثَانِ وَاجْتَنِبُوْا قَوْلَ الزُّوْرِ ﴿30﴾ حُنَفَآءَ لِلّٰهِ غَيْرَ مُشْرِكِيْنَ

سے | بتوں کی | اور تم بچتے رہو | بات سے | جھوٹی | موحد ہو کر | اللہ کے لئے | بغیر | شریک ٹھہراتے ہوئے

بتوں کی گندگی سے بچو اور جھوٹی بات سے بچو۔ اللہ کی طرف یکسو رہو۔ اُس کے ساتھ شریک نہ بناؤ۔

بِهٖ ۭ وَمَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَكَاَنَّمَا خَرَّ مِنَ السَّمَآءِ فَتَخْطَفُهُ الطَّيْرُ

اس کا | اور جو کوئی | شریک ٹھہرائے | اللہ کا | تو گویا | وہ گرا | سے | آسمان | پھر اُچک لیتے ہیں اسے | پرندے

جو اللہ کا شریک بناتا ہے گویا وہ آسمان سے گر پڑتا ہے۔ پھر اسے پرندے اُچک لیتے ہیں یا

اَوْ تَهْوِيْ بِهِ الرِّيْحُ فِيْ مَكَانٍ سَحِيْقٍ ﴿31﴾ ذٰلِكَ ۗ وَمَنْ يُّعَظِّمْ

یا | پھینک دیتی ہے | اس کو | تیز ہوا | میں | جگہ | دور | یہ بات ہے | اور جو کوئی | تعظیم کرے

ہوا اسے کسی دُور دراز مقام پر لے جا کر پھینک دیتی ہے۔ یہ بات ہو چکی، اور جو اللہ کے شعائر کا

شَعَآئِرَ اللّٰهِ فَاِنَّهَا مِنْ تَقْوَى الْقُلُوْبِ ﴿۳۲﴾ لَكُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ اِلٰٓى

نشانیوں | اللہ کی | تو بیشک یہ ہے | سے | تقویٰ | دلوں کے | تمہارے لئے | اس میں | فائدے ہیں | تک

احترام کرتا ہے تو یہ دل کے تقوے کی بات ہے۔ اور تمہیں اپنے قربانی کے جانوروں سے مخصوص وقت تک فائدہ اٹھانا ہے۔ پھر انہیں

اَجَلٍ مُّسَمًّى ثُمَّ مَحِلُّهَآ اِلَى الْبَيْتِ الْعَتِيْقِ ﴿۳۳﴾ ع وَلِكُلِّ اُمَّةٍ

ایک مدت | مقررہ کے | پھر | جگہ قربان گاہ اسکی | طرف | گھر | قدیم کے | اور واسطے ہر | امت کے

قربانی کے لئے اللہ کے قدیم گھر کی طرف لے جانا ہے۔ اور ہم نے ہر امت کو

جَعَلْنَا مَنْسَكًا لِّيَذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ عَلٰى مَا رَزَقَهُمْ مِّنْۢ بَهِيْمَةِ

ہم نے مقرر کی | قربانی | تاکہ وہ یاد کریں | نام | اللہ کا | اوپر | اسکے جو | اس نے دیئے انکو | سے | چوپائے

قربانی کا حکم دیا تاکہ لوگ اُن جانوروں پر اللہ کا نام لیں جو اُس نے انہیں عطا

الْاَنْعَامِ ؕ فَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ فَلَهٗٓ اَسْلِمُوْا ؕ وَبَشِّرِ الْمُخْبِتِيْنَ ﴿۳۴﴾ۙ

مویشی | پس معبود تمہارا ہے | معبود | ایک | پس اسی کیلئے | تم سر جھکاؤ | اور آپ خوشخبری دیں | عاجزی کرنے والوں کو

کئے ہیں۔ اور یاد رکھو، تمہارا معبود ایک ہی معبود ہے۔ صرف اسی کے آگے جھکو۔ اور اے نبی ﷺ آپ ﷺ عاجزی کرنے والوں کو

الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَجِلَتْ قُلُوْبُهُمْ وَالصّٰبِرِيْنَ عَلٰى مَآ

وہ لوگ کہ | جب | ذکر کیا جاتا ہے | اللہ کا | ڈر جاتے ہیں | دل انکے | اور صبر کرنے والے | اس پر | جو

خوشخبری دے دیں۔ جن کا حال یہ ہے کہ جب اللہ کا ذکر کیا جاتا ہے تو ان کے دل کانپ جاتے ہیں۔ جو مصیبت پر صبر

اَصَابَهُمْ وَالْمُقِيْمِي الصَّلٰوةِ ۙ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ﴿۳۵﴾ وَالْبُدْنَ

پہنچے انکو | اور قائم کرنے والے | نماز | اور اس سے جو | ہم نے دیا انکو | وہ خرچ کرتے ہیں | اور قربانی کے اونٹ

کرتے ہیں، نماز قائم کرتے ہیں اور جو کچھ ہم نے انہیں دیا ہے اُس میں سے خرچ کرتے ہیں۔ اور قربانی کے اونٹوں کو

جَعَلْنٰهَا لَكُمْ مِّنْ شَعَآئِرِ اللّٰهِ لَكُمْ فِيْهَا خَيْرٌ ۖ فَاذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ

ہم نے بنایا انکو | تمہارے لئے | سے | نشانیوں | اللہ کی | تمہارے لئے | ان میں | بھلائی ہے | پس تم ذکر کرو | نام | اللہ کا

ہم نے تمہارے لئے اللہ کی یادگار بنایا ہے۔ ان میں تمہارے لئے بھلائی ہے۔ جب انہیں قطاروں میں کھڑا کر کے

عَلَيْهَا صَوَآفَّ ۚ فَاِذَا وَجَبَتْ جُنُوْبُهَا فَكُلُوْا مِنْهَا وَاَطْعِمُوا

ان پر | قطار باندھے ہوئے | پھر جب | وہ گر پڑیں | پہلوں اپنے پر | تو تم کھاؤ | اس میں سے | اور تم کھلاؤ

ذبح کرو تو اُن پر اللہ کا نام لو۔ پھر جب وہ کسی پہلو پر گر پڑیں تو اُن کا گوشت خود بھی کھاؤ

الْقَانِعَ وَالْمُعْتَرَّ ؕ كَذٰلِكَ سَخَّرْنٰهَا لَكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿36﴾

نہ مانگنے والے محتاج کو | اور مانگنے والے کو | اسی طرح | ہم نے تابع کیا انکو | تمہارے لئے | تاکہ تم | شکر وکرو

اور نہ مانگنے والے محتاج کو اور سوالی کو بھی کھلاؤ۔ اس طرح ہم نے ان جانوروں کو تمہارے بس میں کر دیا ہے تاکہ تم شکر وکرو۔

لَنْ يَّنَالَ اللّٰهَ لُحُوْمُهَا وَلَا دِمَآؤُهَا وَلٰكِنْ يَّنَالُهُ التَّقْوٰى

ہرگز نہیں | پہنچتے | اللہ کو | گوشت انکے | اور نہ | خون انکے | اور لیکن | پہنچتا ہے اس کو | تقویٰ

یاد رکھو، اللہ کو نہ قربانیوں کا گوشت پہنچتا ہے اور نہ اُن کا خون، بلکہ اللہ کو صرف تمہارا تقویٰ

مِنْكُمْ ؕ كَذٰلِكَ سَخَّرَهَا لَكُمْ لِتُكَبِّرُوا اللّٰهَ عَلٰى مَا هَدٰىكُمْ ؕ

تم سے | اسی طرح | اس نے تابع کیا انکو | تمہارے لئے | تاکہ تم بڑائی بیان کرو | اللہ کی | مطابق اسکے جو | ہدایت دی تم کو

پہنچتا ہے۔ اس طرح ہم نے ان جانوروں کو تمہارے تابع کر دیا ہے تاکہ تم اللہ کی بخشی ہوئی ہدایت پر اُس کی بڑائی بیان کرو۔

وَبَشِّرِ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿37﴾ اِنَّ اللّٰهَ يُدٰفِعُ عَنِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ

اور خوشخبری دو | نیکی کرنے والوں کو | بیشک | اللہ | دفاع کرتا ہے | کا | ان لوگوں | جو ایمان لائے | بیشک | اللہ

اور اے نبی ﷺ آپ ﷺ نیکی کرنے والوں کو خوشخبری دیں۔ بے شک اللہ ان لوگوں کا تحفظ کرتا ہے جو ایمان لائیں۔ بے شک

لَا يُحِبُّ كُلَّ خَوَّانٍ كَفُوْرٍ ﴿38﴾ ع اُذِنَ لِلَّذِيْنَ يُقٰتَلُوْنَ بِاَنَّهُمْ ظُلِمُوْا ؕ

نہیں پسند کرتا | ہر | بدعہد | کافر کو | اجازت دی گئی | ان کو | جن سے لڑائی کی جاتی ہے | کیونکہ ان پر | ظلم ہوا

اللہ بدعہدوں اور ناشکروں کو پسند نہیں کرتا۔ جن مظلوم مسلمانوں سے لڑائی کی جا رہی ہے انہیں اب جوابی کاروائی کرنے کی اجازت

وَاِنَّ اللّٰهَ عَلٰى نَصْرِهِمْ لَقَدِيْرُ ﴿39﴾ الَّذِيْنَ اُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ

اور بیشک | اللہ ہے | پر | اُن کی مدد | ضرور قادر | وہ لوگ | نکالے گئے | سے | اپنے گھروں

ہے۔ بے شک اللہ اُن کی مدد کرنے پر قادر ہے۔ ان بیچاروں کو ان کے گھروں سے نکالا گیا،

بِغَيْرِ حَقٍّ اِلَّآ اَنْ يَّقُوْلُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ؕ وَلَوْلَا دَفْعُ اللّٰهِ النَّاسَ

نا | حق | صرف | اس پر کہ | وہ کہتے ہیں | ہمارا رب | اللہ ہے | اور اگر نہ ہوتا | دفع کرنا | اللہ کا | لوگوں کو

صرف اِس قصور پر کہ وہ کہتے ہیں "ہمارا رب اللہ ہے۔" اور اگر اللہ تعالیٰ لوگوں کو ایک دوسرے کے ذریعے دفع

بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لَّهُدِّمَتْ صَوَامِعُ وَبِيَعٌ وَّصَلَوٰتٌ وَّمَسٰجِدُ

ان کے بعض کو | بعض سے | تو البتہ گرا دیئے جاتے | خانقاہیں راہبوں کی | اور گرجے | اور عبادت گاہیں یہود کی | اور مسجدیں

نہ کرے تو خانقاہیں، گرجے، عبادت خانے اور مسجدیں جن میں

يُذْكَرُ فِيهَا اسْمُ اللهِ كَثِيرًا ۗ وَلَيَنْصُرَنَّ اللهُ مَنْ يَّنْصُرُهٗ ۗ اِنَّ

لیا جاتا ہے | جن میں | نام | اللہ کا | بہت | اور ضرور مدد کرے گا | اللہ | اسکی جو | مدد کرے گا اسکی | بیشک

اللہ کا نام کثرت سے لیا جاتا ہے سب ڈھا دیئے جائیں۔ اللہ ضرور اُن لوگوں کی مدد فرمائے گا جو اُس کے دین کے لئے اُٹھ کھڑے

اللهَ لَقَوِيٌّ عَزِيْزٌ ﴿40﴾ اَلَّذِيْنَ اِنْ مَّكَّنّٰهُمْ فِي الْاَرْضِ اَقَامُوا الصَّلٰوةَ

اللہ ہے | ضرور قوت والا | زبردست | وہ لوگ | اگر | ہم اقتدار دیں انکو | میں | ملک | وہ قائم کریں | نماز

ہوں۔ بے شک اللہ بڑی قوت والا اور سب پر غالب ہے۔ یہ وہ لوگ ہیں جنہیں اگر ہم ملک میں اقتدار دیں تو وہ نماز کا اہتمام کریں

وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ وَاَمَرُوْا بِالْمَعْرُوْفِ وَنَهَوْا عَنِ الْمُنْكَرِ ۗ وَلِلّٰهِ عَاقِبَةُ

اور وہ دیں | زکوۃ | اور وہ حکم دیں | نیکی کا | اور وہ روکیں | سے | برائی | اور اللہ کیلئے ہے | انجام

گے، زکوٰۃ ادا کریں گے، نیکی کا حکم دیں گے اور برائی سے روکیں گے۔ اور سب کاموں کا انجام اللہ کے

الْاُمُوْرِ ﴿41﴾ وَاِنْ يُّكَذِّبُوْكَ فَقَدْ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ وَّعَادٌ

سب کاموں کا | اور اگر | وہ جھٹلاتے ہیں تجھے | تو بیشک | جھٹلایا | پہلے انکے | قوم | نوح نے | اور عاد نے

اختیار میں ہے۔ اے نبی ﷺ اگر کافر آپ ﷺ کو جھٹلاتے ہیں تو ان سے پہلے قوم نوح، قوم عاد،

وَّثَمُوْدُ ﴿42﴾ وَقَوْمُ اِبْرٰهِيْمَ وَقَوْمُ لُوْطٍ ﴿43﴾ وَّاَصْحٰبُ مَدْيَنَ ۚ

اور ثمود نے | اور قوم | ابراہیم نے | اور قوم | لوط نے | اور والوں | مدین نے

اور قومِ ثمود نے بھی جھٹلایا اور قومِ ابراہیم اور قومِ لوط نے بھی۔ اور مدین والے بھی جھٹلا چکے ہیں۔

وَكُذِّبَ مُوْسٰى فَاَمْلَيْتُ لِلْكٰفِرِيْنَ ثُمَّ اَخَذْتُهُمْ ۚ فَكَيْفَ كَانَ

جھٹلائے گئے | موسیٰ | پھر میں نے مہلت دی | کافروں کو | پھر | میں نے پکڑ لیا انکو | پھر کیسا | ہوا

اور موسیٰ علیہ السلام کو بھی جھٹلایا گیا۔ میں نے کافروں کو ڈھیل دی۔ اور پھر انہیں پکڑ لیا۔ پھر کیسا ہوا میرا

نَكِيْرِ ﴿44﴾ فَكَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَا وَهِيَ ظَالِمَةٌ فَهِيَ خَاوِيَةٌ

انکار (عذاب) میرا | پس کتنی | ہی | بستیاں تھیں | ہم نے ہلاک کیا انکو | جبکہ | وہ ظالم تھیں | پس وہ | گری ہوئی ہیں

عذاب۔ غرض کتنی ہی بستیاں تھیں جنہیں اُن کے ظلم کی وجہ سے ہم نے ہلاک کیا۔ اب اُن کے گھروں کی چھتیں

عَلٰى عُرُوْشِهَا وَبِئْرٍ مُّعَطَّلَةٍ وَّقَصْرٍ مَّشِيْدٍ ﴿45﴾ اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي

پر | چھتوں اپنی | اور کئی کنوئیں | بے کار پڑے ہوئے | اور کئی محل | جو مضبوط بنے ہوئے تھے | کیا پس نہیں | انہوں نے سیر کی | میں

اور دیواریں زمین بوس ہو چکی ہیں۔ ان کے آباد کنوئیں ویران ہو گئے ہیں اور ان کے پختہ محل کھنڈر بن چکے ہیں۔ تو کیا یہ لوگ زمین

الْأَرْضِ فَتَكُوْنَ لَهُمْ قُلُوْبٌ يَّعْقِلُوْنَ بِهَآ اَوْ اٰذَانٌ يَّسْمَعُوْنَ

زمین | پھر ہوتے | ان کے | دل | جو سمجھتے | اس کو | یا | کان ہوتے | جو سنتے

پر چلے پھرے نہیں کہ ان کے دل کچھ سمجھتے، یا ان کے کان کچھ

بِهَا ۚ فَاِنَّهَا لَا تَعْمَى الْاَبْصَارُ وَلٰكِنْ تَعْمَى الْقُلُوْبُ الَّتِيْ فِي

اس کو | پس بیشک یہ کہ | نہیں | اندھی ہوتیں | آنکھیں | اور لیکن | اندھے ہو جاتے ہیں | دل | جو ہیں | میں

سنتے۔ بات یہ ہے کہ لوگوں کی آنکھیں اندھی نہیں ہو جاتیں بلکہ وہ دل اندھے ہو جاتے ہیں جو

الصُّدُوْرِ ﴿46﴾ وَيَسْتَعْجِلُوْنَكَ بِالْعَذَابِ وَلَنْ يُّخْلِفَ اللّٰهُ وَعْدَهٗ ۭ

سینوں | اور وہ جلدی مچاتے ہیں تجھ سے | عذاب کی | اور ہرگز نہیں | خلاف ورزی کرتا | اللہ | اپنے وعدے کی

سینوں میں ہوتے ہیں۔ اے نبی ﷺ کافر لوگ آپ ﷺ سے عذاب کے لئے جلدی مچاتے ہیں حالاں کہ اللہ اپنا وعدہ پورا کر کے

وَاِنَّ يَوْمًا عِنْدَ رَبِّكَ كَاَلْفِ سَنَةٍ مِّمَّا تَعُدُّوْنَ ﴿47﴾ وَكَاَيِّنْ

اور بیشک | ایک دن | نزدیک | تیرے رب کے | مانند ہزار | سال کے | اس سے جو | تم شمار کرتے ہو | اور کتنی

رہے گا۔ آپ ﷺ کے رب کا ایک دن تمہارے شمار کے لحاظ سے ایک ہزار سال کے برابر ہوتا ہے۔ اور کتنی ہی بستیوں

مِّنْ قَرْيَةٍ اَمْلَيْتُ لَهَا وَهِيَ ظَالِمَةٌ ثُمَّ اَخَذْتُهَا ۚ وَاِلَيَّ

ہی | بستیاں تھیں کہ | میں نے مہلت دی | ان کو | جبکہ وہ | ظالم تھیں | پھر | میں نے پکڑا انکو | اور میری طرف ہے

کو میں نے مہلت دی اور وہ ظالم تھیں۔ پھر میں نے انہیں پکڑ لیا اور سب کو

الْمَصِيْرُ ﴿48﴾ ع قُلْ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّمَآ اَنَا لَكُمْ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿49﴾ ۚ

ع 6/10/13

لوٹنا | کہہ دیجئے | اے | لوگو | بے شک | میں ہوں | تمہارے لئے | ڈرانے والا | ظاہر

میری طرف لوٹ کر آنا ہے۔ اے نبی ﷺ آپ ﷺ ان لوگوں سے کہیں ''میں تمہیں واضح خبردار کرنے والا ہوں''۔

فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ﴿50﴾

پس جو لوگ | ایمان لائے | اور عمل کئے | اچھے | ان کے لئے ہے | بخشش | اور روزی | عزت کی

پھر جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کئے، اُن کے لئے بخشش ہے اور عزت کی روزی۔

وَالَّذِيْنَ سَعَوْا فِيْٓ اٰيٰتِنَا مُعٰجِزِيْنَ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ﴿51﴾

اور جنہوں نے | دوڑ دھوپ کی | بارے میں | ہماری آیتوں کے | عاجز کرنے کیلئے | وہی ہیں | والے | دوزخ

لیکن جو لوگ ہماری آیتوں کو نیچا دکھانے میں لگے ہوئے ہیں وہ دوزخ والے ہیں۔

وَمَآ اَرۡسَلۡنَا مِنۡ قَبۡلِكَ مِنۡ رَّسُوۡلٍ وَّلَا نَبِىٍّ اِلَّاۤ اِذَا تَمَنّٰۤى اَلۡقَى

اور نہیں ہم نے بھیجا | سے | پہلے تجھ | کوئی | رسول | اور نہ | نبی | مگر | جب | اس نے پڑھا | تو ڈال دی

اے نبی ﷺ ہم نے آپ ﷺ سے پہلے جو بھی رسول اور نبی بھیجا اور اس نے پیغامِ حق سنایا تو شیطان نے

الشَّيۡطٰنُ فِىۡۤ اُمۡنِيَّتِهٖ ۚ فَيَنۡسَخُ اللّٰهُ مَا يُلۡقِى الشَّيۡطٰنُ ثُمَّ يُحۡكِمُ

شیطان نے | میں | اس کے پڑھنے | پھر ختم کر دیتا تھا | اللہ | اس کو جو | ڈالتا تھا | شیطان | پھر | مضبوط رکھتا ہے

اُس میں کوئی نہ کوئی وسوسہ ڈالا۔ پھر اللہ نے شیطان کے ڈالے ہوئے وسوسے کو ختم کر دیا اور اپنی آیتوں کو

اللّٰهُ اٰيٰتِهٖ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيۡمٌ حَكِيۡمٌ ۙ﴿52﴾ لِّيَجۡعَلَ مَا يُلۡقِى الشَّيۡطٰنُ

اللہ | آیتوں اپنی کو | اور اللہ ہے | علم والا | حکمت والا | تاکہ وہ بنائے | اسے جو کچھ | ڈالتا ہے | شیطان

مستحکم کر دیا۔ اور اللہ علم والا حکمت والا ہے۔ ایسا اس لئے ہوتا رہا کہ شیطان کا وسوسہ ان لوگوں

فِتۡنَةً لِّلَّذِيۡنَ فِىۡ قُلُوۡبِهِمۡ مَّرَضٌ وَّالۡقَاسِيَةِ قُلُوۡبُهُمۡ ؕ وَاِنَّ

آزمائش | ان کے لئے جو | میں | ان کے دل | بیماری ہے | اور سخت | ان کے دل | اور بیشک

کے لئے آزمائش بن جائے جن کے دلوں میں کھوٹ ہے اور جن کے دل سخت ہیں۔ یہ ایسے

الظّٰلِمِيۡنَ لَفِىۡ شِقَاقٍۢ بَعِيۡدٍ ۙ﴿53﴾ وَّلِيَـعۡلَمَ الَّذِيۡنَ اُوۡتُوا الۡعِلۡمَ اَنَّهُ

ظالم ہیں | ضرور میں | ضد | دور کی | اور تاکہ وہ جانیں | جو | صاحب | علم ہیں | یہ کہ وہ

ظالم ہیں کہ مخالفت میں بہت دور نکل گئے ہیں اور اے نبی ﷺ ایسا اس لئے ہوتا ہے کہ وہ لوگ جنہیں علم دیا گیا ہے جان لیں

الۡحَـقُّ مِنۡ رَّبِّكَ فَيُؤۡمِنُوۡا بِهٖ فَتُخۡبِتَ لَهٗ قُلُوۡبُهُمۡ ؕ وَاِنَّ

حق ہے | طرف سے | تیرے رب کی | پس وہ ایمان لائیں | اس پر | پھر عاجزی کریں | اس کے لئے | ان کے دل | اور بیشک

کہ یہ آپ ﷺ کے رب کی طرف سے ہے۔ اور وہ اس پر ایمان رکھیں اور ان کے دل اللہ کے آگے جھک جائیں۔ بے شک

اللّٰهَ لَهَادِ الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡۤا اِلٰى صِرَاطٍ مُّسۡتَقِيۡمٍ‏ ﴿54﴾ وَلَا يَزَالُ

اللہ | ضرور ہدایت دینے والا ہے | انکو جو | ایمان لائے | طرف | راہ | سیدھی کی | اور ہمیشہ رہیں گے

اللہ ایمان والوں کو ضرور سیدھا راستہ دکھاتا ہے۔ لیکن کافر لوگ قرآن

الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا فِىۡ مِرۡيَةٍ مِّنۡهُ حَتّٰى تَاۡتِيَهُمُ السَّاعَةُ بَغۡتَةً اَوۡ

وہ لوگ جو | کافر ہوئے | میں | شک | اس سے | یہاں تک کہ | آئے گی انکے پاس | گھڑی قیامت کی | اچانک | یا

کے بارے میں ہمیشہ شک میں رہیں گے یہاں تک کہ اچانک اُن پر قیامت آ جائے یا

يَأْتِيَهُمْ عَذَابُ يَوْمٍ عَقِيمٍ ﴿٥٥﴾ اَلْمُلْكُ يَوْمَئِذٍ لِّلّٰهِ ۭ يَحْكُمُ

آئے گا انکے پاس | عذاب | دن | نحوست کا | بادشاہی ہے | آج کے دن | اللہ کی | وہ فیصلہ کرے گا

منحوس دن کا عذاب آ جائے۔ اُس دن سارا اختیار صرف اللہ کو ہو گا۔ وہی ان کے درمیان

بَيْنَهُمْ ۭ فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فِيْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ﴿٥٦﴾

درمیان انکے | پھر جو لوگ | ایمان لائے | اور عمل کئے | اچھے | وہ ہوں گے میں | باغوں | نعمت کے

فیصلہ فرمائے گا۔ پھر جو ایمان والے ہوں گے اور انہوں نے نیک کام کئے ہوں گے وہ نعمت والے باغوں میں جائیں گے۔

ع 7 9 14

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا فَاُولٰۗىِٕكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ﴿٥٧﴾ ع

اور جو لوگ | کافر ہوئے | اور انکار کیا | ہماری آیتوں کا | تو وہ ہیں | جن کے لئے ہے | عذاب | ذلیل کرنے والا

رہے کافر، جنہوں نے ہماری آیتوں کا انکار کیا، ان کے لئے ذلت ناک عذاب ہو گا۔

وَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ثُمَّ قُتِلُوْٓا اَوْ مَاتُوْا لَيَرْزُقَنَّهُمُ

اور جن لوگوں نے | ہجرت کی | میں | راہ | اللہ کی | پھر | وہ قتل ہوئے | یا | مر گئے | البتہ ضرور روزی دے گا انکو

اور دیکھو، جن لوگوں نے اللہ کی راہ میں ہجرت کی، پھر شہید کر دیئے گئے یا فوت ہو گئے، اللہ ضرور انہیں

اللّٰهُ رِزْقًا حَسَنًا ۭ وَاِنَّ اللّٰهَ لَهُوَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ﴿٥٨﴾ لَيُدْخِلَنَّهُمْ

اللہ | روزی | اچھی | اور بیشک | اللہ | البتہ وہی ہے | بہترین | رزق دینے والا | البتہ ضرور وہ داخل کرے گا انکو

اچھا رزق دے گا۔ بے شک اللہ سب سے بہتر رزق دینے والا ہے۔ اللہ انہیں ایسا ٹھکانا دے گا

مُّدْخَلًا يَّرْضَوْنَهٗ ۭ وَاِنَّ اللّٰهَ لَعَلِيْمٌ حَلِيْمٌ ﴿٥٩﴾ ذٰلِكَ ۚ وَمَنْ عَاقَبَ

ایسی جگہ کہ | وہ پسند کریں گے جس کو | اور بیشک | اللہ ہے | ضرور علم والا | تحمل والا | یہ بات ہے | اور جو کوئی | بدلہ لے

جسے وہ پسند کریں گے۔ بے شک اللہ جاننے والا تحمل والا ہے۔ یہ بات ہو چکی، اور جو شخص بدلہ لے

بِمِثْلِ مَا عُوْقِبَ بِهٖ ثُمَّ بُغِيَ عَلَيْهِ لَيَنْصُرَنَّهُ اللّٰهُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ

اتنا | جتنی | زیادتی کی گئی | اس سے | پھر | زیادتی ہو جائے | اس پر | تو البتہ ضرور مدد کرے گا اسکی | اللہ | بیشک | اللہ ہے

ویسا ہی جیسا اُس کے ساتھ کیا گیا تھا لیکن اس پر پھر زیادتی کی جائے تو اللہ ضرور اس کی مدد فرمائے گا۔ بے شک اللہ

لَعَفُوٌّ غَفُوْرٌ ﴿٦٠﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ يُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَيُوْلِجُ

ضرور معاف کرنے والا | بہت بخشنے والا | یہ ہے | اس لیے کہ | اللہ | داخل کرتا ہے | رات کو | میں | دن | اور داخل کرتا ہے

معاف کرنے والا بخشنے والا ہے۔ وہ رات کو دن میں داخل کرتا ہے اور دن کو

النَّهَارَ فِي الَّيْلِ وَ اَنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌۢ بَصِيْرٌ ﴿61﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ هُوَ

دن کو | میں | رات | اور یہ کہ | اللہ ہے | خوب سننے والا | بہت دیکھنے والا | یہ ہے | کیونکہ | اللہ | وہی ہے

رات میں داخل کرتا ہے اور اللہ سننے والا دیکھنے والا ہے۔ اللہ کی مدد آتی ہے کیونکہ وہ

الْحَقُّ وَ اَنَّ مَا يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ هُوَ الْبَاطِلُ وَ اَنَّ اللّٰهَ هُوَ

حق | اور یہ کہ | جسے | وہ پکارتے ہیں | سے | اس کے سوا | وہ | باطل ہے | اور یہ کہ | اللہ | وہی ہے

معبودِ برحق ہے اور مشرک لوگ جن کو اللہ کے سوا پکارتے ہیں وہ سب باطل ہیں۔ بےشک اللہ ہی

الْعَلِيُّ الْكَبِيْرُ ﴿62﴾ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً

بلند مرتبہ | بہت بڑا | کیا نہیں | تونے دیکھا | یہ کہ | اللہ نے | اتارا | سے | آسمان | پانی

سب سے اُوپر اور سب سے بڑا ہے۔ کیا تم نہیں دیکھتے اللہ آسمان سے پانی برساتا ہے

فَتُصْبِحُ الْاَرْضُ مُخْضَرَّةً ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَطِيْفٌ خَبِيْرٌ ﴿63﴾ لَهٗ مَا فِي

پھر ہوجاتی ہے | زمین | سرسبز | بیشک | اللہ ہے | باریک بین | باخبر | اس کیلئے ہے | جو کچھ | میں

جس سے زمین سر سبز ہو جاتی ہے۔ بے شک اللہ باریک بین اور باخبر ہے۔ اسی کا ہے

السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ وَاِنَّ اللّٰهَ لَهُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ﴿64﴾

آسمانوں | اور جو کچھ ہے | میں | زمین | اور بیشک | اللہ | ضرور وہی ہے | بے نیاز | تعریف کیا گیا

جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے۔ اللہ بے نیاز اور تعریف کے لائق ہے۔ کیا تم

اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ سَخَّرَ لَكُمْ مَّا فِي الْاَرْضِ وَالْفُلْكَ تَجْرِيْ فِي

کیا نہیں تونے دیکھا | یہ کہ | اللہ نے | تابع کیا | تمہارے لئے | جو کچھ ہے | میں | زمین | اور کشتی | جو چلتی ھے | میں

نے نہیں دیکھا اللہ نے زمین کی چیزوں کو تمہارے کام میں لگا رکھا ہے؟ اور کشتی

الْبَحْرِ بِاَمْرِهٖ ۭ وَيُمْسِكُ السَّمَآءَ اَنْ تَقَعَ عَلَى الْاَرْضِ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۭ

سمندر | اس کے حکم سے | اور وہ تھام رکھتا ہے | آسمان کو | تاکہ نہ | گر پڑے | پر | زمین | مگر | اس کے حکم سے

کو بھی جو اُس کے حکم سے سمندر میں چلتی ہے۔ وہی اپنے حکم سے آسمان کو زمین پر گرنے سے روکے ہوئے ہے۔

اِنَّ اللّٰهَ بِالنَّاسِ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿65﴾ وَهُوَ الَّذِيْٓ اَحْيَاكُمْ ۡ ثُمَّ

بیشک | اللہ ہے | لوگوں پر | ضرور شفقت کرنے والا | بڑا مہربان | اور وہی ہے | جس نے | زندہ کیا تمہیں | پھر

بے شک اللہ لوگوں پر شفقت کرنے والا مہربان ہے۔ وہی ہے جس نے تمہیں زندگی دی۔ پھر

يُمِيْتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيْكُمْ ۭ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَكَفُوْرٌ ﴿٦٦﴾ لِكُلِّ اُمَّةٍ جَعَلْنَا

وہ مارے گا تم کو | پھر | وہ زندہ کرے گا تم کو | بیشک | انسان ہے | البتہ بڑا ناشکرا | واسطے ہر | امت کے | ہم نے مقرر کیا

تمہیں موت دے گا پھر تمہیں دوبارہ زندہ کرے گا۔ بے شک انسان بڑا ناشکرا ہے۔ ہم نے ہر امت کے لئے

مَنْسَكًا هُمْ نَاسِكُوْهُ فَلَا يُنَازِعُنَّكَ فِي الْاَمْرِ وَادْعُ اِلٰى

عبادت کا طریقہ | وہ | عبادت کرتے ہیں اس سے | پس نہ | وہ جھگڑیں تجھ سے | بارے میں | دین کے | اور تو دعوت دے | طرف

ایک طریقہ مقرر کیا جس کے وہ پابند تھے۔ لہٰذا اے نبی ﷺ کافروں کو اس بارے میں آپ ﷺ سے جھگڑا نہیں کرنا چاہئے۔

رَبِّكَ ۭ اِنَّكَ لَعَلٰى هُدًى مُّسْتَقِيْمٍ ﴿٦٧﴾ وَاِنْ جٰدَلُوْكَ فَقُلِ اللّٰهُ

اپنے رب کی | بیشک تو ہے | ضرور اوپر | ہدایت | سیدھی کے | اور اگر | وہ جھگڑا کریں تجھ سے | پس کہہ دیجئے | اللہ

آپ ﷺ انہیں اپنے رب کی طرف بلائیں۔ یقیناً آپ ﷺ سیدھے راستے پر ہیں۔ لیکن اگر وہ آپ ﷺ سے جھگڑا کریں تو

اَعْلَمُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿٦٨﴾ اَللّٰهُ يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا

بہتر جانتا ہے | اسے جو | تم کرتے ہو | اللہ | فیصلہ کرے گا | درمیان تمہارے | دن | قیامت کے | اس کے بارے میں

آپ ﷺ کہہ دیں ''اللہ خوب جانتا ہے جو کچھ تم کر رہے ہو۔ اللہ قیامت کے دن تمہارے درمیان اُس چیز کا فیصلہ کر دے گا جس

كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ﴿٦٩﴾ اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا فِي

تم تھے | جس میں | تم اختلاف کرتے | کیا نہیں | تو جانتا | کہ | اللہ | جانتا ہے | جو کچھ ہے | میں

میں تم اختلاف کر رہے ہو۔ کیا تم نہیں جانتے کہ آسمان و زمین کی ہر چیز اللہ

السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ۭ اِنَّ ذٰلِكَ فِيْ كِتٰبٍ ۭ اِنَّ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ

آسمان | اور زمین میں | بیشک | یہ ہے | میں | ایک کتاب | بیشک | یہ ہے | پر | اللہ

کے علم میں ہے۔ سب کچھ ایک کتاب میں لکھا ہوا ہے اور یہ اللہ کے لئے بہت

يَسِيْرٌ ﴿٧٠﴾ وَيَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهٖ سُلْطٰنًا

آسان | اور وہ عبادت کرتے ہیں | سے | سوا | اللہ کے | اسکی کہ | نہیں | اس نے اتاری | اس کی | کوئی دلیل

آسان ہے۔ اور مشرکین اللہ کو چھوڑ کر اُن چیزوں کی عبادت کرتے ہیں جن کے حق میں اللہ نے کوئی دلیل نہیں اُتاری۔

وَّمَا لَيْسَ لَهُمْ بِهٖ عِلْمٌ ۭ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ نَّصِيْرٍ ﴿٧١﴾ وَاِذَا

اور اسکی بھی جو | نہیں | ان کو | اسکا | کچھ علم | اور نہیں ہے | ظالموں کا | کوئی | مددگار | اور جب

اور یہ خود بھی اُن کے بارے میں کچھ علم نہیں رکھتے۔ ایسے ظالموں کا کوئی مددگار نہ ہوگا۔ اے نبی ﷺ جب

تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ تَعْرِفُ فِيْ وُجُوْهِ الَّذِيْنَ كَفَرُوا

پڑھی جاتی ہیں | ان پر | آیتیں ہماری | واضح | تو پہچانتا ہے | میں | چہروں | انکے جو | کافر ہوئے

انہیں ہماری واضح آیتیں پڑھ کر سنائی جاتی ہیں تو آپ ﷺ اُن کے چہروں پر ناگواری

الْمُنْكَرَ ؕ يَكَادُوْنَ يَسْطُوْنَ بِالَّذِيْنَ يَتْلُوْنَ عَلَيْهِمْ اٰيٰتِنَا ؕ قُلْ

ناپسندیدگی کو | قریب ہیں کہ | وہ حملہ کریں | ان پر جو | پڑھ کر سناتے ہیں | ان کو | آیتیں ہماری | کہہ دیجئے

دیکھتے ہیں۔ایسا معلوم ہوتا ہے وہ ان لوگوں پر حملہ کر دیں گے جو انہیں ہماری آیتیں سناتے ہیں۔اے نبی ﷺ! آپ ﷺ ان سے

اَفَاُنَبِّئُكُمْ بِشَرٍّ مِّنْ ذٰلِكُمْ ؕ اَلنَّارُ ؕ وَعَدَهَا اللّٰهُ الَّذِيْنَ

کیا پس میں آگاہ کروں تمہیں | بارے میں بری چیز کے | سے | اس | وہ آگ ہے | وعدہ کیا ہے جس کا | اللہ نے | ان سے جو

کہہ دیں ”کیا میں تمہیں تمہارے خیال کے مطابق اس قرآن سے بھی بڑھ کر ناگوار چیز نہ بتا دوں؟ وہ ہے دوزخ کی آگ جس کا اللہ

كَفَرُوْا ؕ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿72﴾ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ ضُرِبَ مَثَلٌ فَاسْتَمِعُوْا (9 ع 8 16)

کافر ہوئے | اور وہ بری ہے | جگہ | اے | لوگو | بیان کی جاتی ہے | مثال | پس تم غور سے سنو!

نے کافروں سے وعدہ کر رکھا ہے اور وہ بہت برا ٹھکانا ہے۔“ لوگو ایک مثال بیان کی جاتی ہے اسے غور سے سنو!

لَهٗ ؕ اِنَّ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ لَنْ يَّخْلُقُوْا ذُبَابًا وَّلَوِ

اس کو | بیشک | جو لوگ | پکارتے ہیں | سے | سوا | اللہ کے | ہرگز نہیں | وہ پیدا کر سکتے | ایک مکھی کو | اور اگر چہ

تم لوگ اللہ کے سوا جن کو پکارتے ہو وہ سب مل کر ایک مکھی بھی پیدا نہیں کر سکتے۔ اگر مکھی

اجْتَمَعُوْا لَهٗ ؕ وَاِنْ يَّسْلُبْهُمُ الذُّبَابُ شَيْـًٔا لَّا يَسْتَنْقِذُوْهُ

سب مل جائیں | اس کے لئے | اور اگر | چھین لے جائے ان سے | مکھی | کوئی چیز | نہیں | وہ چھڑا سکتے اسے

ان سے کچھ چھین کر لے جائے تو وہ اِسے اُس سے چُھڑا نہیں

مِنْهُ ؕ ضَعُفَ الطَّالِبُ وَالْمَطْلُوْبُ ﴿73﴾ مَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ ؕ

اس سے | کمزور ہے | مانگنے والا بھی | اور جس سے مانگا جاتا ہے وہ بھی | نہیں | انہوں نے قدر کی | اللہ کی | صحیح | قدر اسکی

سکتے۔کمزور ہیں مدد چاہنے والے اور کمزور ہیں وہ جن سے مدد مانگی گئی۔ان لوگوں نے اللہ کی قدر نہیں پہچانی جیسا کہ اس کے پہچاننے

اِنَّ اللّٰهَ لَقَوِيٌّ عَزِيْزٌ ﴿74﴾ اَللّٰهُ يَصْطَفِيْ مِنَ الْمَلٰٓئِكَةِ رُسُلًا وَّمِنَ

بیشک | اللہ ہے | ضرور قوت والا | زبردست | اللہ | چن لیتا ہے | سے | فرشتوں | پیغام رساں | اور سے

کا حق ہے۔ بے شک اللہ بڑی قوت والا سب پر غالب ہے۔ اللہ فرشتوں میں سے پیغام رساں چُن لیتا ہے

النَّاسِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيۡعٌۢ بَصِيۡرٌ ۚ﴿۷۵﴾ يَعۡلَمُ مَا بَيۡنَ اَيۡدِيۡهِمۡ وَمَا

انسانوں | بیشک | اللہ ہے | بہت سننے والا | خوب دیکھنے والا | وہ جانتا ہے | جو ہے | درمیان میں | ہاتھوں ان کے | اور جو ہے

اور انسانوں میں سے بھی۔ بے شک اللہ سننے والا دیکھنے والا ہے۔ وہ جانتا ہے جو کچھ لوگوں کے سامنے ہے اور جو کچھ

خَلۡفَهُمۡ ؕ وَاِلَى اللّٰهِ تُرۡجَعُ الۡاُمُوۡرُ ﴿۷۶﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوا ارۡكَعُوۡا

پیچھے ان کے | اور طرف | اللہ کی | لوٹتے ہیں | سارے کام | اے | لوگو جو | ایمان لائے ہو | تم رکوع کرو

اُن کے پیچھے ہے۔ سارے معاملات کا اختیار اُسی کے ہاتھ میں ہے۔ اے ایمان والو! رکوع

وَاسۡجُدُوۡا وَاعۡبُدُوۡا رَبَّكُمۡ وَافۡعَلُوا الۡخَيۡرَ لَعَلَّكُمۡ تُفۡلِحُوۡنَ ۩﴿۷۷﴾

اور تم سجدہ کرو | اور تم عبادت کرو | اپنے رب کی | اور تم (جلد) کیا کرو | نیکی | تا کہ تم | تم فلاح پاؤ

السجدۃ 7

اور سجدہ کرو اپنے رب کی عبادت کرو اور بھلائی کے کام کرو تا کہ تم فلاح پاؤ۔

وَجَاهِدُوۡا فِى اللّٰهِ حَقَّ جِهَادِهٖ ؕ هُوَ اجۡتَبٰٮكُمۡ وَمَا جَعَلَ عَلَيۡكُمۡ

اور تم جہاد کرو | راہ میں | اللہ کی | صحیح | جہاد اس کا | اسی نے | چنا ہے تمہیں | اور نہیں | اس نے رکھی | تم پر

اللہ کی راہ میں جہاد کرو جیسا کہ جہاد کرنے کا حق ہے۔ اللہ نے تمہیں چُن لیا۔ دین کے معاملے میں تم پر کوئی

فِى الدِّيۡنِ مِنۡ حَرَجٍ ؕ مِلَّةَ اَبِيۡكُمۡ اِبۡرٰهِيۡمَ ؕ هُوَ سَمّٰٮكُمُ

میں | دین | کوئی | تنگی | دین | تمہارے باپ | ابراہیم کا | اسی نے | نام رکھا تمہارا

تنگی نہیں رکھی۔ تمہارا دین وہی ہے جو تمہارے باپ ابراہیم علیہ السلام کا تھا۔ اللہ نے تمہارا نام

الۡمُسۡلِمِيۡنَ ۙ مِنۡ قَبۡلُ وَفِىۡ هٰذَا لِيَكُوۡنَ الرَّسُوۡلُ شَهِيۡدًا عَلَيۡكُمۡ

مسلمان | سے | پہلے | اور میں | اس (کتاب) | تا کہ ہو جائے | رسول | گواہ | تم پر

"مسلم" رکھا، پہلی کتابوں میں بھی اور اِس قرآن میں بھی۔ تا کہ اللہ کا رسول صلی اللہ علیہ وسلم تمہارے لئے دینِ حق کا گواہ بن جائے

وَتَكُوۡنُوۡا شُهَدَآءَ عَلَى النَّاسِ ۖۚ فَاَقِيۡمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ

اور تم ہو جاؤ | گواہ | پر | لوگوں | پس تم قائم کرو | نماز کو | اور تم دو | زکوٰۃ

اور تم دوسرے لوگوں کے لئے دینِ حق کے گواہ بن جاؤ۔ تم نماز قائم کرو، زکوٰۃ ادا کرو

وَاعۡتَصِمُوۡا بِاللّٰهِ ؕ هُوَ مَوۡلٰٮكُمۡ ۚ فَنِعۡمَ الۡمَوۡلٰى وَنِعۡمَ النَّصِيۡرُ ﴿۷۸﴾ ع

10 ع 6 17

اور تم مضبوطی سے پکڑو | اللہ کو | وہی ہے | کارساز تمہارا | پس وہ بہت اچھا ہے | کارساز | اور وہ بہت اچھا ہے | مددگار

اور اللہ کا دامن مضبوطی سے تھام لو۔ وہی تمہارا کارساز ہے جو بہت اچھا کارساز ہے اور بہت اچھا مددگار ہے۔

(23) سُوْرَةُ الْمُؤْمِنُوْنَ مَكِّيَّةٌ (74)

رُكُوْعَاتُهَا 6 — اٰيَاتُهَا 118

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝1 الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ صَلَاتِهِمْ خٰشِعُوْنَ ۝2

بیشک | فلاح پا گئے | ایمان والے | وہ لوگ | جو | میں | نمازوں اپنی | خشوع کرنے والے ہیں

وہ ایمان والے یقیناً فلاح پائیں گے جو اپنی نماز خشوع کے ساتھ پڑھتے ہیں،

وَالَّذِيْنَ هُمْ عَنِ اللَّغْوِ مُعْرِضُوْنَ ۝3 وَالَّذِيْنَ هُمْ لِلزَّكٰوةِ

اور وہ لوگ | جو | سے | لغویات | منہ پھیرنے والے ہیں | اور وہ لوگ | جو | زکوۃ

بیہودہ باتوں سے بچتے ہیں، زکوۃ ادا

فٰعِلُوْنَ ۝4 وَالَّذِيْنَ هُمْ لِفُرُوْجِهِمْ حٰفِظُوْنَ ۝5 اِلَّا عَلٰٓى اَزْوَاجِهِمْ

ادا کرنے والے | اور وہ لوگ | جو | اپنی شرمگاہوں کی | حفاظت کرنے والے ہیں | سوائے | پر | بیویوں اپنی

کرتے ہیں، اپنے ستر کی حفاظت کرتے ہیں، سوائے اپنی بیویوں

اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ فَاِنَّهُمْ غَيْرُ مَلُوْمِيْنَ ۝6 فَمَنِ ابْتَغٰى

یا | جن کے | مالک ہوئے | اُن کے دائیں ہاتھ | بیشک وہ | نہیں | ملامت کئے گئے | پھر جو کوئی | چاہے

اور لونڈیوں کے کیونکہ ان کے بارے میں کوئی الزام نہیں۔ مگر جو اس کے

وَرَآءَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْعٰدُوْنَ ۝7 وَالَّذِيْنَ هُمْ لِاَمٰنٰتِهِمْ

سوا | اسکے | تو وہ لوگ | وہی ہیں | حد سے بڑھنے والے | اور وہ لوگ | جو | اپنی امانتوں کا

علاوہ کچھ اور چاہیں تو وہ حد سے گزرنے والے ہیں۔ اور جو اپنی امانتوں

وَعَهْدِهِمْ رٰعُوْنَ ۝8 وَالَّذِيْنَ هُمْ عَلٰى صَلَوٰتِهِمْ يُحَافِظُوْنَ ۝9

اور اپنے وعدے کا | لحاظ رکھنے والے ہیں | اور وہ لوگ | جو | پر | نمازوں اپنی | پابندی کرتے ہیں

اور اپنے وعدوں کا خیال رکھتے ہیں اور اپنی نمازوں کی پابندی کرتے ہیں

اُولٰٓئِكَ هُمُ الْوٰرِثُوْنَ ۝10 الَّذِيْنَ يَرِثُوْنَ الْفِرْدَوْسَ ط هُمْ فِيْهَا

وہ لوگ | وہی ہیں | وارث | جو | وارث بنیں گے | جنت فردوس کے | وہ ہیں | اس میں

یہی لوگ وارث بنیں گے۔ جنتِ فردوس کی وراثت پائیں گے۔ اُس میں

خٰلِدُوْنَ ﴿11﴾ وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ طِيْنٍ ﴿12﴾ ثُمَّ

ہمیشہ رہنے والے | اور بیشک | ہم نے پیدا کیا | انسان کو | سے | جوہر | کے | مٹی | پھر

ہمیشہ رہیں گے۔ ہم نے انسان کو مٹی کے سَت سے پیدا کیا۔ پھر

جَعَلْنٰهُ نُطْفَةً فِيْ قَرَارٍ مَّكِيْنٍ ﴿13﴾ ثُمَّ خَلَقْنَا النُّطْفَةَ عَلَقَةً

ہم نے بنایا اسے | نطفہ | میں | جگہ | مضبوط | پھر | ہم نے بنایا | نطفے کو | جما ہوا لہو

ہم نے نطفے کی شکل میں اسے ایک محفوظ جگہ میں رکھا۔ پھر اسے جنین کی شکل دی۔

فَخَلَقْنَا الْعَلَقَةَ مُضْغَةً فَخَلَقْنَا الْمُضْغَةَ عِظٰمًا فَكَسَوْنَا الْعِظٰمَ

پھر ہم نے بنایا | جمے ہوئے لہو کو | بوٹی | پھر ہم نے بنائیں | بوٹی میں | ہڈیاں | پھر ہم نے پہنایا | ہڈیوں پر

پھر جنین کو گوشت کا لوتھڑا بنایا۔ پھر لوتھڑے کے اندر ہڈیاں پیدا کیں۔ پھر ان ہڈیوں پر گوشت

لَحْمًا ثُمَّ اَنْشَاْنٰهُ خَلْقًا اٰخَرَ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخٰلِقِيْنَ ﴿14﴾

گوشت | پھر | ہم نے بنائی اسکی | بناوٹ | دوسری | پس بہت بابرکت ہے | اللہ | بہترین | پیدا کرنے والا

چڑھا دیا۔ پھر ہم نے اسے ایک نئی صورت میں بنا کھڑا کیا۔ اللہ بڑی برکت والا بہترین پیدا کرنے والا ہے۔

ثُمَّ اِنَّكُمْ بَعْدَ ذٰلِكَ لَمَيِّتُوْنَ ﴿15﴾ ثُمَّ اِنَّكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ تُبْعَثُوْنَ ﴿16﴾

پھر | بیشک تم | بعد | اسکے | ضرور مرنے والے ہو | پھر | بیشک تم | دن | قیامت کے | تم اٹھائے جاؤ گے

اور اے لوگو اس کے بعد تمہیں ضرور مرنا ہے۔ پھر تم قیامت کے دن اٹھائے جاؤ گے۔

وَلَقَدْ خَلَقْنَا فَوْقَكُمْ سَبْعَ طَرَآئِقَ وَمَا كُنَّا عَنِ الْخَلْقِ

اور بیشک | ہم نے پیدا کئے | اوپر تمہارے | سات | آسمان راہوں والے | اور نہیں | ہم ہیں | سے | مخلوق

ہم نے تمہارے اوپر سات تہہ در تہہ آسمان بنائے اور ہم اپنی مخلوق سے

غٰفِلِيْنَ ﴿17﴾ وَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءًۢ بِقَدَرٍ فَاَسْكَنّٰهُ فِي الْاَرْضِ

غافل | اور ہم نے اتارا | سے | آسمان | پانی | ساتھ اندازے کے | پھر ہم نے ٹھہرایا اسے | میں | زمین

بے خبر نہیں۔ ہم نے ایک اندازے کے ساتھ آسمان سے پانی برسایا۔ پھر اُسے زمین میں ٹھہرایا

وَاِنَّا عَلٰى ذَهَابٍۢ بِهٖ لَقٰدِرُوْنَ ﴿18﴾ فَاَنْشَاْنَا لَكُمْ بِهٖ جَنّٰتٍ مِّنْ

اور بیشک ہم ہیں | پر | لے جانے | اس کے | ضرور قادر | پھر ہم نے پیدا کئے | تمہارے لئے | اس سے | باغات | سے

اور ہم اُسے واپس لینے پر بھی قادر ہیں۔ اُسی پانی سے ہم نے تمہارے لئے

نَخِيْلٍ وَّ اَعْنَابٍ ۘ لَكُمْ فِيْهَا فَوَاكِهُ كَثِيْرَةٌ وَّ مِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ﴿19﴾

کھجوروں | اورانگوروں کے | تمہارے لئے ہیں | ان میں | پھل | بہت | اور بعض ان میں سے | تم کھاتے ہو

کھجور اور انگور کے باغ پیدا کئے۔ تمہارے لئے ان میں بہت سے پھل ہیں اور تم ان میں سے کھاتے ہو۔

وَ شَجَرَةً تَخْرُجُ مِنْ طُوْرِ سَيْنَآءَ تَنْۢبُتُ بِالدُّهْنِ وَ صِبْغٍ لِّلْاٰكِلِيْنَ ﴿20﴾

اور درخت پیدا کیا | جو نکلتا ہے | سے | طور | سینا | اُگاتا ہے | تیل | اور سالن | کھانے والوں کے لئے

اور ہم نے زیتون کا درخت اگایا جو طورِ سینا کے علاقے میں پیدا ہوتا ہے۔ اس میں تیل ہوتا ہے جو کھانے والوں کے لئے سالن کا

وَ اِنَّ لَكُمْ فِي الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً ؕ نُسْقِيْكُمْ مِّمَّا فِيْ بُطُوْنِهَا

اور بیشک | تمہارے لئے ہے | میں | مویشیوں | ضرور سبق | ہم پلاتے ہیں تم کو | اس سے جو | میں | اُن کے پیٹوں

کام دیتا ہے۔ اور تمہارے لئے مویشیوں میں بھی سبق ہے۔ ہم تمہیں ان کے پیٹ کے اندر سے دودھ مہیا کر کے پلاتے ہیں۔

وَ لَكُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ كَثِيْرَةٌ وَّ مِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ﴿21﴾ وَ عَلَيْهَا وَ عَلَى

اور تمہارے لئے ہیں | ان میں | فائدے | بہت | اور ان میں سے | تم کھاتے ہو | اور اُن پر | اور پر

اور تمہارے لئے ان چوپایوں میں اور بھی بہت فائدے ہیں۔ تم ان کا گوشت کھاتے ہو۔ تم ان پر بھی اور

الْفُلْكِ تُحْمَلُوْنَ ﴿22﴾ ع وَ لَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖ فَقَالَ يٰقَوْمِ

(ع 1 22 1)

کشتی | تم سوار کئے جاتے ہو | اور بیشک | ہم نے بھیجا | نوح کو | کی طرف | اس کی قوم | پھر اس نے کہا | اے میری قوم

کشتیوں پر بھی سواری کرتے ہو۔ اور یہ واقعہ ہے کہ ہم نے نوح علیہ السلام کو اُن کی قوم کی طرف رسول بنا کر بھیجا۔ انہوں نے دعوت

اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿23﴾ فَقَالَ

تم عبادت کرو | اللہ کی | نہیں ہے | تمہارے لئے | کوئی | معبود | سوائے اسکے | کیا پس نہیں | تم ڈرتے | پھر کہا

دی "اے میری قوم کے لوگو! صرف اللہ کی عبادت کرو، اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں۔ کیا تم ڈرتے نہیں؟" اس پر ان کی

الْمَلَؤُا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ مَا هٰذَآ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ ۙ يُرِيْدُ

سرداروں نے | وہ جو | کافر تھے | سے | قوم اسکی | نہیں ہے | یہ | مگر | بشر | تم جیسا | چاہتا ہے

قوم کے کافر سرداروں نے اپنے لوگوں سے کہا "یہ تمہارے جیسا بشر ہے جو تم پر اپنی

اَنْ يَّتَفَضَّلَ عَلَيْكُمْ ؕ وَ لَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَاَنْزَلَ مَلٰٓئِكَةً ۚۖ مَّا سَمِعْنَا

کہ | اسکا اونچا مقام ہو | تم سے | اور اگر | چاہتا | اللہ | تو ضرور نازل کرتا | فرشتے | نہیں | ہم نے سنی

برتری جمانا چاہتا ہے۔ اگر اللہ کو کوئی رسول بھیجنا ہوتا تو فرشتوں کو بھیجتا۔ ہم نے ایسی بات

بِهٰذَا فِيْٓ اٰبَآئِنَا الْاَوَّلِيْنَ ﴿24﴾ اِنْ هُوَ اِلَّا رَجُلٌۢ بِهٖ جِنَّةٌ فَتَرَبَّصُوْا

یہ بات | میں | اپنے باپ دادا | پہلے | نہیں ہے | وہ | مگر | ایک مرد | جس کو | جنون ہے | پس تم انتظار کرو

اپنے اگلے باپ دادا سے نہیں سنی۔ اس شخص کو تو جنون ہو گیا ہے۔ اس کے بارے میں کچھ

بِهٖ حَتّٰى حِيْنٍ ﴿25﴾ قَالَ رَبِّ انْصُرْنِيْ بِمَا كَذَّبُوْنِ ﴿26﴾ فَاَوْحَيْنَآ

اس کا | تک | ایک مدت | اس نے کہا | اے میرے رب | تو مدد کر میری | اس پر جو | وہ جھٹلاتے ہیں | پھر ہم نے وحی بھیجی

وقت تک انتظار کرو۔" نوح علیہ السلام نے کہا "اے میرے رب ان لوگوں کے جھٹلا دینے پر میری مدد فرما" ہم نے نوح علیہ السلام

اِلَيْهِ اَنِ اصْنَعِ الْفُلْكَ بِاَعْيُنِنَا وَوَحْيِنَا فَاِذَا جَآءَ اَمْرُنَا وَفَارَ

اس کی طرف | کہ | تو بنا | کشتی | ہماری آنکھوں کے سامنے | اور ہماری وحی کے | پھر جب | آئے | ہمارا حکم | اور جوش مارے

کو وحی کی کہ "ہماری نگرانی میں اور ہماری ہدایت کے مطابق کشتی تیار کریں۔ پھر جب ہمارا حکم آ جائے اور تنور سے پانی

التَّنُّوْرُ ۙ فَاسْلُكْ فِيْهَا مِنْ كُلٍّ زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ وَاَهْلَكَ اِلَّا مَنْ

تنور | تو بٹھا لے | اس میں | سے | ہر قسم | جوڑا | دو کا | اپنے لوگوں کو | مگر | جو کوئی کہ

ابل پڑے تو ہر قسم کے جانوروں کا ایک جوڑا لے کر اپنے ساتھ کشتی میں رکھ لیں اور اپنے گھر والوں کو بھی اپنے ساتھ سوار کرا لیں،

سَبَقَ عَلَيْهِ الْقَوْلُ مِنْهُمْ ۚ وَلَا تُخَاطِبْنِيْ فِي الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ۚ اِنَّهُمْ

گزر چکی ہے | اس پر | بات | ان میں سے | اور نہ | تو بات کر مجھ سے | بارے میں | ان لوگوں کے | جو ظلم کرتے ہیں | بیشک وہ ہیں

سوائے ان کے جن کے غرق ہونے کا پہلے فیصلہ ہو چکا اور ظالموں کے بارے میں مجھ سے بات نہ کرنا۔ بے شک

مُّغْرَقُوْنَ ﴿27﴾ فَاِذَا اسْتَوَيْتَ اَنْتَ وَمَنْ مَّعَكَ عَلَى الْفُلْكِ فَقُلِ

غرق ہونے والے | پھر جب | تو سوار ہو | تو | اور جو کوئی ہے | ساتھ تیرے | پر | کشتی | پس کہہ دیجئے

انہیں غرق ہونا ہے۔ پھر جب تم اپنے ساتھیوں سمیت کشتی میں بیٹھ جاؤ تو کہو

الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ نَجّٰنَا مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿28﴾ وَقُلْ رَّبِّ اَنْزِلْنِيْ

شکر ہے | اللہ کا | جس نے | نجات دی ہمیں | سے | قوم | ظالم | اور کہہ دیجئے | اے رب میرے | تو اتار مجھے

"شکر ہے اللہ کا جس نے ہمیں ظالموں سے نجات دی" اور دعا کرو "اے میرے رب اب زمین پر میرا اترنا

مُنْزَلًا مُّبٰرَكًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْمُنْزِلِيْنَ ﴿29﴾ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ وَّاِنْ

اتارنا | برکت والا | اور تو ہے | بہتر | اتارنے والوں میں | بیشک | میں | اس | ضرور نشانیاں ہیں | اور بیشک

بابرکت ہو اور تو ہی بہترین جگہ دینے والا ہے" بے شک اِس واقعے میں بڑی نشانیاں ہیں اور ہم

كُنَّا لَمُبْتَلِيْنَ ﴿30﴾ ثُمَّ اَنْشَاْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ قَرْنًا اٰخَرِيْنَ ﴿31﴾ فَاَرْسَلْنَا

ہم ہیں | البتہ آزمانے والے | پھر | ہم نے پیدا کیں | سے | بعد انکے | قومیں | دوسری | پھر ہم نے بھیجا

بندوں کو آزماتے ہیں۔ پھر ہم نے ان کے بعد ایک قوم پیدا کی۔ ان میں بھی ایک رسول بھیجا

فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ

ان میں | ایک رسول | ان میں سے | یہ کہ | تم عبادت کرو | اللہ کی | نہیں | تمہارے لیے | کوئی معبود | سوائے اسکے

جو انہی میں سے تھا۔ اس نے لوگوں سے کہا ''اللہ کی عبادت کرو اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں۔

اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿32﴾ وَقَالَ الْمَلَاُ مِنْ قَوْمِهِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا

کیا پس نہیں | تم ڈرتے | اور کہا | سرداروں نے | سے | اس کی قوم | جو کہ | کافر تھے | جھٹلایا

کیا تم ڈرتے نہیں'' اس کی قوم کے وہ سردار جنہوں نے انکار کیا، آخرت کی

بِلِقَآءِ الْاٰخِرَةِ وَاَتْرَفْنٰهُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا مَا هٰذَآ اِلَّا بَشَرٌ

ملاقات کو | آخرت کی | اور ہم نے خوشحالی دی انکو | میں | زندگی | دنیا کی | نہیں ہے | یہ | مگر | بشر

ملاقات کو جھٹلایا اور جنہیں ہم نے دنیا کی زندگی میں خوشحالی دی تھی، کہنے لگے ''لوگو یہ تمہارے جیسا

مِّثْلُكُمْ يَاْكُلُ مِمَّا تَاْكُلُوْنَ مِنْهُ وَيَشْرَبُ مِمَّا تَشْرَبُوْنَ ﴿33﴾ وَلَئِنْ

تم جیسا | وہ کھاتا ہے | وہی جو | تم کھاتے ہو | اس سے | اور وہ پیتا ہے | وہی جو | تم پیتے ہو | اور البتہ اگر

آدمی ہے، وہی کھاتا ہے جو تم کھاتے ہو اور وہی پیتا ہے جو تم پیتے ہو۔ اور اگر تم نے

اَطَعْتُمْ بَشَرًا مِّثْلَكُمْ اِنَّكُمْ اِذًا لَّخٰسِرُوْنَ ﴿34﴾ اَيَعِدُكُمْ اَنَّكُمْ اِذَا

تم اطاعت کرو | ایک بشر | اپنے جیسے کی | بیشک تم | اس وقت | ضرور خسارا پانے والے ہوگے | کیا وہ وعدہ کرتا ہے تم سے | کہ تم | جب

اپنے جیسے آدمی کی بات مانی تو بڑے گھاٹے میں رہو گے۔ کیا یہ شخص تم سے کہتا ہے کہ جب تم

مِتُّمْ وَكُنْتُمْ تُرَابًا وَّعِظَامًا اَنَّكُمْ مُّخْرَجُوْنَ ﴿35﴾ هَيْهَاتَ هَيْهَاتَ

تم مرجاؤ گے | اور تم ہو جاؤ گے | مٹی | اور ہڈیاں | یہ کہ تم | نکالے جاؤ گے | دور ہے | دور ہے

مر جاؤ گے اور مٹی اور ہڈیاں ہو جاؤ گے تو تمہیں پھر نکالا جائے گا؟ بہت ہی بعید اور نا ممکن ہے

لِمَا تُوْعَدُوْنَ ﴿36﴾ اِنْ هِيَ اِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا نَمُوْتُ وَنَحْيَا وَمَا نَحْنُ

وہ جس کا | تم سے وعدہ کیا جاتا ہے | نہیں ہے | یہ | مگر | زندگی ہماری | دنیا کی | ہم مرتے ہیں | اور ہم زندہ رہتے ہیں | اور نہیں | ہم

وہ بات جو تم سے کہی جارہی ہے۔ زندگی تو یہی ہماری دنیا کی زندگی ہے، یہیں ہم مرتے جیتے ہیں۔ ہم دوبارہ اٹھائے جانے والے

بِمَبْعُوْثِيْنَ ﴿37﴾ اِنْ هُوَ اِلَّا رَجُلُ ۨ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا وَّمَا نَحْنُ

دوبارہ اٹھائے جانے والے | نہیں ہے | وہ | مگر | ایک آدمی | جس نے گھڑلیا ہے | پر | اللہ | جھوٹ | اور نہیں | ہم

نہیں۔ یہ تو ایسا شخص ہے جس نے اللہ پر جھوٹ باندھا ہے اور ہم

لَهٗ بِمُؤْمِنِيْنَ ﴿38﴾ قَالَ رَبِّ انْصُرْنِيْ بِمَا كَذَّبُوْنِ ﴿39﴾ قَالَ عَمَّا

اس پر | یقین کرنے والے | اس نے کہا | اے میرے رب | تو مدد کر میری | اس پر جو | انہوں نے جھٹلایا مجھے | اس نے کہا | اس چیز سے

اسے ماننے والے نہیں۔" اس رسول نے کہا "اے میرے رب ان لوگوں کے جھٹلانے پر میری مدد فرما" فرمایا یہ

قَلِيْلٍ لَّيُصْبِحُنَّ نٰدِمِيْنَ ﴿40﴾ فَاَخَذَتْهُمُ الصَّيْحَةُ بِالْحَقِّ فَجَعَلْنٰهُمْ

تھوڑی دیر بعد | ضرور وہ ہو جائیں گے | پشیمان | پھر پکڑ لیا ان کو | سخت آواز نے | برحق | پھر ہم نے کر دیا ان کو

لوگ جلد پچھتائیں گے۔" پھر ہمارے فیصلے کے مطابق ایک سخت آواز نے انہیں آ پکڑا اور ہم نے انہیں

غُثَآءً ۚ فَبُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿41﴾ ثُمَّ اَنْشَاْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ قُرُوْنًا

کوڑا کرکٹ | پس ہلاکت ہے | لوگوں کے لیے | ظالم | پھر | ہم نے پیدا کیں | سے | بعد انکے | قومیں

خس و خاشاک کر دیا۔ پس ہلاکت ہے ظالموں کے لئے۔ پھر ہم نے ان کے بعد اور قومیں

اٰخَرِيْنَ ﴿42﴾ مَا تَسْبِقُ مِنْ اُمَّةٍ اَجَلَهَا وَمَا يَسْتَاْخِرُوْنَ ﴿43﴾ ثُمَّ

دوسری | نہیں | آگے نکل جاتی | کوئی امت | وقت اپنے سے | اور نہ | پیچھے رہ جاتی ہے | پھر

پیدا کیں۔ کوئی قوم اپنی ہلاکت کے وقت سے نہ آگے بڑھ سکتی ہے اور نہ پیچھے ہٹ سکتی ہے۔ پھر ہم

اَرْسَلْنَا رُسُلَنَا تَتْرَا ؕ كُلَّمَا جَآءَ اُمَّةً رَّسُوْلُهَا كَذَّبُوْهُ فَاَتْبَعْنَا

ہم نے بھیجے | اپنے رسول | لگاتار | جب کبھی | آیا | کسی امت کے پاس | اُس کا رسول | انہوں نے جھٹلایا اسے | پھر ہم نے پیچھے لگا دیا

نے لگا تار اپنے پیغمبر بھیجے۔ جب بھی کسی قوم کے پاس اس کا پیغمبر آیا انہوں نے اسے جھٹلایا تو ہم نے بھی اس قوم کو ٹھکانے

بَعْضَهُمْ بَعْضًا وَّجَعَلْنٰهُمْ اَحَادِيْثَ ۚ فَبُعْدًا لِّقَوْمٍ لَّا يُؤْمِنُوْنَ ﴿44﴾

ان کے بعض کو | بعض کے | اور ہم نے بنا دیا ان کو | کہانیاں | پس ہلاکت ہے | واسطے لوگوں کے | جو نہ | ایمان لائیں

لگا دیا اور انہیں کہانیاں بنا دیا۔ پس ہلاکت ہے ان کے لئے جو ایمان نہیں لاتے۔

ثُمَّ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى وَاَخَاهُ هٰرُوْنَ ۙ بِاٰيٰتِنَا وَسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿45﴾ اِلٰى

پھر | ہم نے بھیجا | موسیٰ کو | اور بھائی اسکے | ہارون کو | اپنی نشانیوں کے ساتھ | اور معجزے | ظاہر کے | طرف

پھر ہم نے موسیٰ علیہ السلام اور ان کے بھائی ہارون علیہ السلام کو بھیجا اپنی نشانیوں اور کھلی دلیل کے ساتھ، فرعون

فِرْعَوْنَ وَمَلَاۡىِٕهٖ فَاسْتَكْبَرُوْا وَكَانُوْا قَوْمًا عَالِيْنَ ﴿46﴾ فَقَالُوْٓا اَنُؤْمِنُ

فرعون کی | اور اس کے سرداروں کی | پھر انہوں نے تکبر کیا | اور وہ تھے | لوگ | سرکش | پھر انہوں نے کہا | کیا ہم یقین کر لیں

اور اس کے درباریوں کے پاس، تو انہوں نے تکبر کیا اور وہ بڑے مغرور تھے۔ انہوں نے آپس میں کہا ''کیا ہم اپنے

لِبَشَرَيْنِ مِثْلِنَا وَقَوْمُهُمَا لَنَا عٰبِدُوْنَ ﴿47﴾ فَكَذَّبُوْهُمَا فَكَانُوْا مِنَ

دو آدمیوں پر | اپنے جیسے | اور قوم ان دونوں کی ہے | ہماری | غلام | پس انہوں نے جھٹلایا دونوں کو | پھر وہ ہو گئے | سے

جیسے دو آدمیوں کی بات مان لیں حالاں کہ ان کی قوم ہماری غلام ہے'' پھر انہوں نے دونوں کو جھٹلایا

الْمُهْلَكِيْنَ ﴿48﴾ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ لَعَلَّهُمْ يَهْتَدُوْنَ ﴿49﴾

ہلاک ہونے والوں میں | اور بیشک | ہم نے دی | موسیٰ کو | کتاب | تاکہ وہ لوگ | ہدایت پائیں

تو ہلاک کر دیے گئے۔ اس کے بعد ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو کتاب دی تاکہ لوگ ہدایت پائیں۔

وَجَعَلْنَا ابْنَ مَرْيَمَ وَاُمَّهٗٓ اٰيَةً وَّاٰوَيْنٰهُمَآ اِلٰى رَبْوَةٍ ذَاتِ قَرَارٍ

اور ہم نے بنایا | ابن | مریم کو | اور اسکی ماں کو | ایک نشانی | اور ہم نے ٹھکانہ دیا دونوں کو | طرف | بلند زمین کی | جگہ | رہنے کی

اسی طرح ہم نے ابن مریم عیسیٰ علیہ السلام کو اور ان کی والدہ مریم علیہا السلام کو ایک بڑی نشانی بنایا۔ ہم نے دونوں کو ایک اونچی زمین

وَّمَعِيْنٍ ﴿50﴾ يٰٓاَيُّهَا الرُّسُلُ كُلُوْا مِنَ الطَّيِّبٰتِ وَاعْمَلُوْا صَالِحًا ۭ اِنِّىْ

اور پانی بہتا ہوا | اے | رسولو | تم کھاؤ | سے | پاکیزہ چیزوں | اور تم عمل کرو | اچھا | بیشک میں

پر ٹھکانا دیا جو سکون کی جگہ تھی اور وہاں پانی کا چشمہ جاری تھا۔ ہمارا یہی حکم رہا ''اے ہمارے پیغمبرو! پاکیزہ چیزیں کھاؤ اور نیک کام

بِمَا تَعْمَلُوْنَ عَلِيْمٌ ﴿51﴾ وَاِنَّ هٰذِهٖٓ اُمَّتُكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّاَنَا

اسے جو | تم کرتے ہو | خوب جانتا ہے | اور بیشک | یہ ہے | امت تمہاری | امت | ایک ہی | اور میں ہوں

کرو۔ میں جانتا ہوں جو کچھ تم کرتے ہو۔ تمہارا دین ایک ہی دین ہے اور میں تمہارا رب

رَبُّكُمْ فَاتَّقُوْنِ ﴿52﴾ فَتَقَطَّعُوْٓا اَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ زُبُرًا ۭ كُلُّ حِزْبٍۢ بِمَا

تمہارا رب | پس تم ڈرو مجھ سے | پھر انہوں نے کاٹ ڈالا | کام اپنا | درمیان اپنے | ٹکڑے ٹکڑے کر کے | ہر | ایک گروہ | ساتھ اس چیز کے جو

ہوں، صرف مجھ سے ڈرو'' لیکن بعد میں لوگوں نے دین کے ٹکڑے ٹکڑے کر لیے۔ ہر گروہ کے پاس جو کچھ ہے

لَدَيْهِمْ فَرِحُوْنَ ﴿53﴾ فَذَرْهُمْ فِيْ غَمْرَتِهِمْ حَتّٰى حِيْنٍ ﴿54﴾ اَيَحْسَبُوْنَ

اُن کے پاس ہے | خوش ہیں | پس تو چھوڑ دے انکو | میں | ان کی غفلت | تک | ایک مدت | کیا وہ گمان کرتے ہیں

اسی پر نازاں ہے۔ اور اے نبی صلی اللہ علیہ وسلم آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان کافروں کو کچھ دن ان کی غفلت اور بے ہوشی میں پڑے رہنے دیں۔ وہ کیا سمجھتے

اَیَحْسَبُوْنَ اَنَّمَا نُمِدُّهُمْ بِهٖ مِنْ مَّالٍ وَّبَنِیْنَۙ﴿55﴾ نُسَارِعُ لَهُمْ فِی الْخَیْرٰتِؕ

کہ جو کچھ | ہم مدد دیتے ہیں انکو | ساتھ اسکے | سے | مال | اور بیٹوں سے | ہم جلدی چاہتے ہیں | ان کے لئے | میں | بھلائیوں

ہیں کہ ہم انہیں جو مال و اولاد دیئے جا رہے ہیں تو یہ ہم ان کے بھلے کے لئے سرگرم ہیں؟

بَلْ لَّا یَشْعُرُوْنَ﴿56﴾ اِنَّ الَّذِیْنَ هُمْ مِّنْ خَشْیَةِ رَبِّهِمْ مُّشْفِقُوْنَۙ﴿57﴾

بلکہ | نہیں | وہ سمجھتے | بیشک | جولوگ کہ | وہ | سے | خوف | اپنے رب کے | ڈرنے والے ہیں

نہیں، وہ بات کو نہیں سمجھتے۔ بے شک جو لوگ اپنے رب کی ہیبت سے ڈرتے ہیں،

وَالَّذِیْنَ هُمْ بِاٰیٰتِ رَبِّهِمْ یُؤْمِنُوْنَۙ﴿58﴾ وَالَّذِیْنَ هُمْ بِرَبِّهِمْ

اور جولوگ کہ | وہ | آیتوں پر | اپنے رب کی | ایمان رکھتے ہیں | اور جولوگ کہ | وہ | اپنے رب کا

اپنے رب کی آیتوں پر یقین رکھتے ہیں۔ اپنے رب کے ساتھ کسی کو شریک

لَا یُشْرِکُوْنَۙ﴿59﴾ وَالَّذِیْنَ یُؤْتُوْنَ مَاۤ اٰتَوْا وَّقُلُوْبُهُمْ وَجِلَةٌ اَنَّهُمْ اِلٰی

نہیں وہ شریک ٹھہراتے ہیں | اور جولوگ کہ | وہ دیتے ہیں | جو کچھ | انکو دیا گیا | اور اُن کے دل | ڈرتے ہیں | اس سے کہ وہ | طرف

نہیں بناتے۔ اللہ کی راہ میں جتنا دے سکتے ہیں دیتے ہیں۔ پھر بھی ان کے دل کانپتے ہیں کہ انہیں ایک دن

رَبِّهِمْ رٰجِعُوْنَۙ﴿60﴾ اُولٰٓئِكَ یُسٰرِعُوْنَ فِی الْخَیْرٰتِ وَهُمْ لَهَا سٰبِقُوْنَ﴿61﴾

رب اپنے کی | لوٹنے والے ہیں | وہی لوگ ہیں جو | جلدی کرتے ہیں | میں | بھلائیوں | اور وہ | ان کی طرف | آگے بڑھنے والے ہیں

اپنے رب کے پاس جانا ہے۔ یہ لوگ بھلائیوں کی راہ میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے ہیں اور وہ اس ڈر میں سب سے آگے نکلنے والے

وَلَا نُكَلِّفُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا وَلَدَیْنَا كِتٰبٌ یَّنْطِقُ بِالْحَقِّ وَهُمْ

اور نہیں | ہم بوجھ ڈالتے | کسی جان پر | مگر | اُس کی طاقت کے مطابق | اور ہمارے پاس ہے | ایک کتاب | جو بولتی ہے | ساتھ حق کے | اور وہ

ہیں۔ اور ہم کسی پر اس کی طاقت سے زیادہ بوجھ نہیں ڈالتے۔ اور ہمارے پاس سب کے اعمال کا پورا ریکارڈ ہے جو وقت آنے پر

لَا یُظْلَمُوْنَ﴿62﴾ بَلْ قُلُوْبُهُمْ فِیْ غَمْرَةٍ مِّنْ هٰذَا وَلَهُمْ اَعْمَالٌ

نہیں | ان پر ظلم کیا جائے گا | بلکہ | اُن کے دل ہیں | میں | غفلت | سے | اس | اور ان کے | اعمال ہیں

ٹھیک ٹھیک بتائے گا اور ان پر ظلم نہ ہو گا۔ مگر آج کافروں کے دل غفلت میں ہیں اور ان کے کئی اور برے اعمال

مِّنْ دُوْنِ ذٰلِكَ هُمْ لَهَا عٰمِلُوْنَ﴿63﴾ حَتّٰۤی اِذَاۤ اَخَذْنَا مُتْرَفِیْهِمْ

سے | سوا | اسکے | وہ | ان کو | کرنے والے ہیں | یہاں تک کہ | جب | ہم نے پکڑلیا | ان کے دولتمندوں کو

ہیں جو وہ کرتے رہیں گے۔ یہاں تک کہ جب ہم ان کے خوش حال لوگوں کو عذاب میں

بِالْعَذَابِ اِذَا هُمْ يَجْـَٔرُوْنَ ﴿64﴾ لَا تَجْـَٔرُوا الْيَوْمَ اِنَّكُمْ مِّنَّا

عذاب میں | اچانک | وہ | چیخ وپکار کرتے ہیں | نہ | تم چیخ وپکار کرو | آج کے دن | بیشک تم | ہماری طرف سے

پکڑیں گے تو وہ فریاد کریں گے۔ ان سے کہا جائے گا ''اب فریاد نہ کرو۔ ہماری طرف سے تمہاری کوئی

لَا تُنْصَرُوْنَ ﴿65﴾ قَدْ كَانَتْ اٰيٰتِيْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ فَكُنْتُمْ عَلٰٓى اَعْقَابِكُمْ

نہیں تمہاری مدد کی جائے گی | بیشک | تھیں | ہماری آیتیں | پڑھی جاتیں | تم پر | پھر تم تھے | پر | اپنی ایڑیوں

مدد نہ ہوگی۔ اس سے پہلے جب تمہیں میری آیتیں سنائی جاتی تھیں تم پیٹھ پھیر کر

تَنْكِصُوْنَ ﴿66﴾ مُسْتَكْبِرِيْنَ بِهٖ سٰمِرًا تَهْجُرُوْنَ ﴿67﴾ اَفَلَمْ يَدَّبَّرُوا الْقَوْلَ

واپس پھر جاتے | تکبر کرتے ہوئے | ساتھ اسکے | کہانیاں بناتے | بیہودہ بکتے تھے | کیا پس نہیں | انہوں نے غور وتدبر کیا | بات پر

بھاگتے تھے، تکبر کرتے تھے اور اپنی مجلسوں میں قرآن کے خلاف باتیں بناتے تھے۔'' کیا ان لوگوں نے اس کلام پر غور

اَمْ جَآءَهُمْ مَّا لَمْ يَاْتِ اٰبَآءَهُمُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿68﴾ اَمْ لَمْ يَعْرِفُوْا

یا | اُن کے پاس آئی | جو | نہیں | آئی | ان کے باپوں | پہلوں کے پاس | یا | نہیں | انہوں نے پہچانا

نہیں کیا؟ یا ان کے پاس ایسی چیز آ گئی ہے جو ان کے اگلے بڑوں کے پاس نہیں آئی تھی یا انہوں نے اپنے

رَسُوْلَهُمْ فَهُمْ لَهٗ مُنْكِرُوْنَ ﴿69﴾ اَمْ يَقُوْلُوْنَ بِهٖ جِنَّةٌ بَلْ

اپنے رسول کو | پس وہ | اس کے | منکر ہیں | یا | وہ کہتے ہیں | اس کو | جنون ہے | بلکہ

رسول ﷺ کو نہیں پہچانا اس لئے وہ اسے نہیں مانتے۔ یا وہ نبی ﷺ کے بارے میں کہتے ہیں ''یہ شخص دیوانہ ہے؟'' نہیں،

جَآءَهُمْ بِالْحَقِّ وَاَكْثَرُهُمْ لِلْحَقِّ كٰرِهُوْنَ ﴿70﴾ وَلَوِ اتَّبَعَ الْحَقُّ

وہ لایا ہے انکے پاس | حق کو | اور اکثر انکے | حق کو | ناپسند کرنے والے ہیں | اور اگر | پیروی کرے | حق

بلکہ اللہ کا رسول ﷺ ان کے پاس حق لے کر آیا مگر ان میں سے اکثر کو حق بات بری لگتی ہے۔ اور اگر حق ان کی خواہشوں

اَهْوَآءَهُمْ لَفَسَدَتِ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ وَمَنْ فِيْهِنَّ بَلْ اَتَيْنٰهُمْ

ان کی خواہشوں کی | توضرور برباد ہو جائے | آسمان | اور زمین | اور جو کوئی ہے | ان میں | بلکہ | ہم لائے انکے پاس

کے تابع ہوتا تو آسمان، زمین اور جو کچھ ان میں ہے سب تباہ ہو جاتے۔ بلکہ ہم نے ان کے لئے

بِذِكْرِهِمْ فَهُمْ عَنْ ذِكْرِهِمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿71﴾ اَمْ تَسْـَٔلُهُمْ خَرْجًا فَخَرَاجُ

ان کی نصیحت | پس وہ | سے | اپنی نصیحت | منہ پھیرنے والے ہیں | یا | تو مانگتا ہے ان سے | مال | تو مال

نصیحت بھیجی مگر وہ اس سے منہ موڑے ہوئے ہیں۔ اے نبی ﷺ کیا آپ ﷺ ان سے مال مانگ رہے ہیں۔ آپ ﷺ کے لئے

رَبِّكَ خَيْرٌ ۖ وَّهُوَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ﴿۷۲﴾ وَاِنَّكَ لَتَدْعُوْهُمْ اِلٰى صِرَاطٍ

تیرے رب کا | بہتر ہے | اور وہ ہے | بہترین | رزق دینے والا | اور بیشک تو | البتہ بلاتا ہے انکو | طرف | راہ

تو آپ ﷺ کے رب کا مال بہتر ہے اور وہ بہترین روزی دینے والا ہے۔ اور یقیناً آپ ﷺ انہیں ایک سیدھے راستے کی طرف

مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۷۳﴾ وَاِنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ عَنِ الصِّرَاطِ

سیدھی کی | اور بیشک | جو لوگ | نہیں | ایمان لاتے | آخرت پر | سے | راستے

بلاتے ہیں۔ مگر جو لوگ آخرت کو نہیں مانتے وہ سیدھی راہ سے ہٹ

لَنٰكِبُوْنَ ﴿۷۴﴾ وَلَوْ رَحِمْنٰهُمْ وَكَشَفْنَا مَا بِهِمْ مِّنْ ضُرٍّ لَّلَجُّوْا فِيْ

ضرور پھر جانے والے ہیں | اور اگر | ہم رحم کرتے ان پر | اور ہم ہٹا دیں | جو کچھ | ان کے ساتھ | کوئی | تکلیف | ضرور وہ اڑے رہیں | میں

گئے ہیں۔ اور اگر ہم ان پر رحم کریں اور ان کے کفر کی وجہ سے ان پر جو مصیبت ہے اسے دور کریں تب بھی وہ اپنی سرکشی

طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ﴿۷۵﴾ وَلَقَدْ اَخَذْنٰهُمْ بِالْعَذَابِ فَمَا اسْتَكَانُوْا

اپنی سرکشی | بھٹکتے ہوئے | اور بیشک | ہم نے پکڑا ان کو | عذاب میں | پھر نہ | وہ گڑگڑائے

پر اڑے رہیں گے اور گمراہی میں بھٹکتے پھریں گے۔ ہم نے انہیں قحط کے عذاب میں بھی پکڑا مگر نہ وہ اپنے رب کے

لِرَبِّهِمْ وَمَا يَتَضَرَّعُوْنَ ﴿۷۶﴾ حَتّٰٓى اِذَا فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَابًا ذَا عَذَابٍ

اپنے رب کے سامنے | اور نہ | انہوں نے عاجزی کی | یہاں تک کہ | جب | ہم نے کھولا | ان پر | دروازہ | عذاب والا

آگے جھکے اور نہ انہوں نے عاجزی کی۔ یہاں تک کہ جب ہم ان پر سخت عذاب کا دروازہ کھول

شَدِيْدٍ اِذَا هُمْ فِيْهِ مُبْلِسُوْنَ ﴿۷۷﴾ وَهُوَ الَّذِيْٓ اَنْشَاَ لَكُمُ السَّمْعَ

سخت | اچانک | وہ ہوئے | اس میں | مایوس | اور وہی ہے | جس نے | پیدا کئے | تمہارے لئے | کان

دیں گے تو وہ ہر طرف سے مایوس ہو جائیں گے۔ اور دیکھو، وہی اللہ ہے جس نے تمہارے لئے کان،

وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ ۭ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ﴿۷۸﴾ وَهُوَ الَّذِيْ ذَرَاَكُمْ فِي

اور آنکھیں | اور دل | کم ہے | جو | تم شکر ہوتے ہو | اور وہی ہے | جس نے | پیدا کیا تمہیں | میں

آنکھیں اور دل بنائے مگر تم بہت کم شکر ادا کرتے ہو۔ وہی ہے جس نے تمہیں زمین میں پھیلایا۔

الْاَرْضِ وَاِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿۷۹﴾ وَهُوَ الَّذِيْ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ وَلَهُ

زمین | اور طرف اسی کی | تم جمع کئے جاؤ گے | اور وہی ہے | جو | زندہ کرتا ہے | اور مارتا ہے | اور اسی کیلئے ہے

اور پھر تم اسی کی طرف جمع کئے جاؤ گے۔ وہی اللہ ہے جو پیدا کرتا اور مارتا ہے۔ اور اسی کے

اخْتِلَافُ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿80﴾ بَلْ قَالُوْا مِثْلَ مَا

تبدیلی | رات | اور دن کی | کیا پس نہیں | تم سمجھتے | بلکہ | انہوں نے کہا | وہی کچھ | جو کچھ

اختیار میں ہے رات اور دن کا بدلنا۔ تو کیا تم سمجھتے نہیں؟ بلکہ انہوں نے بھی وہی کچھ کہا جو پہلے کافروں

قَالَ الْاَوَّلُوْنَ ﴿81﴾ قَالُوْٓا ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا

کہا تھا | پہلوں نے | وہ بولے | کیا جب | ہم مرجائیں گے | اور ہم ہوجائیں گے | مٹی | اور ہڈیاں | کیا بیشک ہم

نے کہا تھا ”کیا جب ہم مر جائیں گے اور مٹی اور ہڈیاں ہو جائیں گے تو کیا ہم دوبارہ

لَمَبْعُوْثُوْنَ ﴿82﴾ لَقَدْ وُعِدْنَا نَحْنُ وَاٰبَآؤُنَا هٰذَا مِنْ قَبْلُ اِنْ هٰذَآ

البتہ اٹھائے جائیں گے | بیشک | وعدہ کیا گیا ہم سے | ہمیں | اور باپ دادا ہمارے سے | یہ | سے | پہلے | نہیں ہے | یہ

اٹھائے جائیں گے۔ اس کا وعدہ ہم سے اور ہمارے باپ دادا سے بھی کیا جاتا رہا۔ یہ کچھ نہیں،

اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿83﴾ قُلْ لِّمَنِ الْاَرْضُ وَمَنْ فِيْهَآ اِنْ كُنْتُمْ

مگر | کہانیاں | پہلوں کی | کہہ دیجئے | کس کی ہے | زمین | اور جو کوئی ہے | اس میں | اگر | تم ہو

محض لوگوں کی کہانیاں ہیں۔“ اے نبی ﷺ آپ ﷺ ان سے پوچھیں ”بتاؤ اگر تم جانتے ہو کہ یہ زمین اور جو کچھ اس میں ہے

تَعْلَمُوْنَ ﴿84﴾ سَيَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ ؕ قُلْ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿85﴾ قُلْ مَنْ رَّبُّ

تم جانتے | جلد وہ کہیں گے | اللہ کی | کہہ دیجئے | کیا پس نہیں | تم نصیحت پاتے | کہہ دیجئے | کون ہے | مالک

سب کس کا ہے؟“ وہ کہیں گے ”اللہ کا“ آپ ﷺ کہیں ”پھر سوچتے کیوں نہیں“ آپ ﷺ ان سے پوچھیں ”کون مالک ہے

السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ﴿86﴾ سَيَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ ؕ قُلْ اَفَلَا

آسمانوں | سات کا | اور رب | عرش | عظیم کا | جلد وہ کہیں گے | اللہ ہے | کہہ دیجئے | کیا پس نہیں

سات آسمانوں کا اور کون مالک ہے عرشِ عظیم کا؟ وہ کہیں گے ”سب اللہ کا ہے“ پھر آپ ﷺ کہیں ”تم ڈرتے

تَتَّقُوْنَ ﴿87﴾ قُلْ مَنْۢ بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَيْءٍ وَّهُوَ يُجِيْرُ

تم ڈرتے | کہہ دیجئے | کون ہے | جس کے ہاتھ میں | بادشاہی ہے | ہر ایک | چیز کی | اور وہ | پناہ دیتا ہے

کیوں نہیں“ آپ ﷺ ان سے پوچھیں ”کون ہے جس کے ہاتھ میں ہر چیز کا اختیار ہے۔ وہ پناہ دیتا ہے اور اس کے مقابلے میں کوئی

وَلَا يُجَارُ عَلَيْهِ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿88﴾ سَيَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ ؕ قُلْ فَاَنّٰى

اور نہیں وہ پناہ دیا جاتا | اپنے خلاف | اگر | تم ہو | تم جانتے | ضرور وہ کہیں گے | اللہ کے لئے | کہہ دیجئے | پھر کہاں سے

پناہ نہیں دے سکتا، اگر تم جانتے ہو تو بتاؤ؟“ وہ کہیں گے ”یہ سب اللہ کے اختیار میں ہے“ پھر آپ ﷺ ان سے کہیں ”تو تمہاری

تُسْحَرُوْنَ ﴿۸۹﴾ بَلْ اَتَيْنٰهُمْ بِالْحَقِّ وَاِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿۹۰﴾ مَا اتَّخَذَ اللّٰهُ

تم پر جادو کیا جاتا ہے | بلکہ | ہم لائے انکے پاس | حق | اور بیشک وہ ہیں | البتہ جھوٹے | نہیں | بنائی | اللہ نے

عقل کہاں ماری جاتی ہے؟'' بلکہ ہم نے ان تک حق بات پہنچا دی مگر وہ جھوٹے ہیں۔ نہ اللہ نے اپنی کوئی

مِنْ وَّلَدٍ وَّمَا كَانَ مَعَهٗ مِنْ اِلٰهٍ اِذًا لَّذَهَبَ كُلُّ اِلٰهٍۢ بِمَا

کوئی | اولاد | اور نہیں | ہے | ساتھ اسکے | کوئی | اور معبود | ورنہ | اس وقت ضرور لے جاتا | ہر | معبود | اس کو جو

اولاد بنائی اور نہ اس کے ساتھ کوئی اور معبود ہے۔ اگر ایسا ہوتا تو ہر معبود اپنی مخلوق کو لے کر

خَلَقَ وَلَعَلَا بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ ؕ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ۙ﴿۹۱﴾

اس نے پیدا کیا | اور ضرور چڑھائی کرتے | بعض انکے | پر | بعض | پاک ہے | اللہ | اس سے جو | وہ بیان کرتے ہیں

الگ ہو جاتا اور ایک دوسرے پر چڑھائی کر دیتا۔ لیکن اللہ پاک ہے ان باتوں سے جو یہ لوگ اس کی طرف منسوب کرتے ہیں۔

عٰلِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۹۲﴾ ع قُلْ رَّبِّ اِمَّا

جاننے والا | غیب کا | اور ظاہر کا | پس وہ بلند ہے | اس سے جو | وہ شریک ٹھہراتے ہیں | کہہ دیجئے | اے میرے رب | اگر

وہ ہر غائب اور حاضر چیز کو جانتا ہے اور ان چیزوں سے بہت اوپر ہے جنہیں یہ لوگ اس کا شریک بناتے ہیں۔ اے نبی ﷺ

تُرِيَنِّيْ مَا يُوْعَدُوْنَ ۙ﴿۹۳﴾ رَبِّ فَلَا تَجْعَلْنِيْ فِي الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۹۴﴾

تو دکھائے مجھے | وہ جس کا | ان سے وعدہ کیا جاتا ہے | اے میرے رب | پس نہ | تو رکھنا مجھے | میں | قوم | ظالم

آپ ﷺ کہیں ''اے میرے رب اگر تو مجھے وہ عذاب دکھائے جس کا ان کافروں سے وعدہ کیا جا رہا ہے، تو اے میرے رب

وَاِنَّا عَلٰٓى اَنْ نُّرِيَكَ مَا نَعِدُهُمْ لَقٰدِرُوْنَ ﴿۹۵﴾ اِدْفَعْ بِالَّتِيْ هِيَ

اور بیشک ہم ہیں | پر | اس کہ | ہم دکھائیں تجھے | وہ جس کا | ہم وعدہ کرتے ہیں ان سے | ضرور قادر | تو دور کر | اس چیز کے ساتھ | جو کہ

مجھے ان ظالم لوگوں میں شامل نہ کرنا'' اور بے شک ہم اس پر قادر ہیں کہ جس عذاب کا ہم ان سے وعدہ کر رہے ہیں وہ آپ ﷺ کو

اَحْسَنُ السَّيِّئَةَ ؕ نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا يَصِفُوْنَ ﴿۹۶﴾ وَقُلْ رَّبِّ اَعُوْذُ

بہتر ہے | برائی کو | ہم | خوب جانتے ہیں | اسے جو | وہ بیان کرتے ہیں | اور کہہ دیجئے | اے میرے رب | میں پناہ چاہتا

دکھا دیں۔ اے نبی ﷺ آپ ﷺ ان لوگوں کی برائی کے جواب میں بھی اچھا طریقہ اپنائیں۔ ہم خوب جانتے ہیں جو کچھ یہ لوگ

بِكَ مِنْ هَمَزٰتِ الشَّيٰطِيْنِ ۙ﴿۹۷﴾ وَاَعُوْذُ بِكَ رَبِّ اَنْ يَّحْضُرُوْنِ ﴿۹۸﴾

ہوں تیری | سے | وسوسوں | شیطانوں کے | اور میں پناہ چاہتا ہوں | تیری | اے میرے رب | اس سے کہ | وہ حاضر ہوں میرے پاس

آپ ﷺ کے بارے میں کہتے ہیں۔ اور آپ ﷺ دعا کریں ''اے میرے رب میں شیطانوں کے وسوسوں سے تیری پناہ چاہتا

حَتّٰٓى اِذَا جَآءَ اَحَدَهُمُ الْمَوْتُ قَالَ رَبِّ ارْجِعُوْنِ ﴿٩٩﴾ لَعَلِّیْٓ اَعْمَلُ

یہاں تک کہ جب | آئے | کسی کو ان میں سے | موت | وہ کہے | اے میرے رب | تو واپس بھیج دے مجھے | تاکہ میں | میں عمل کروں

ہوں۔ اور اے رب میں اس بات سے بھی تیری پناہ چاہتا ہوں کہ شیطان میرے پاس آئیں" کافروں کی حالت یہ ہے کہ جب ان

صَالِحًا فِیْمَا تَرَكْتُ كَلَّا ؕ اِنَّهَا كَلِمَةٌ هُوَ قَآئِلُهَا ؕ وَمِنْ وَّرَآئِهِمْ

اچھا | اس میں جو | میں نے چھوڑا | ہرگز نہیں | بیشک وہ | ایک بات ہے | جو وہ ہے | کہنے والا اس کا | اور سے | ان کے آگے

میں سے کسی پر موت آتی ہے تو وہ کہتا ہے "اے میرے رب! مجھے دنیا میں واپس بھیج دے تاکہ میں وہاں کچھ نیکی کماؤں حکم ہوگا" ہرگز

بَرْزَخٌ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ﴿١٠٠﴾ فَاِذَا نُفِخَ فِی الصُّوْرِ فَلَآ اَنْسَابَ

پردہ ہے | تک | اس دن | جب وہ اٹھائے جائیں گے | پھر جب | پھونکا جائے گا | میں | صور | پھر نہ | کوئی نسب ہوں گے

نہیں" یہ محض ایک بات ہوگی جو کہنے والا کہے گا اور پھر ان کے آگے ایک پردہ حائل ہو جائے گا جو اس دن تک رہے گا جب وہ دوبارہ

بَيْنَهُمْ يَوْمَئِذٍ وَّلَا يَتَسَآءَلُوْنَ ﴿١٠١﴾ فَمَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِيْنُهٗ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ

ان کے درمیان | اس دن | اور نہ | وہ ایک دوسرے کو پوچھیں گے | پھر وہ شخص کہ | بھاری ہوئے | اس کے تول | تو وہ لوگ | وہی ہیں

اٹھائے جائیں گے۔ پھر جب صور پھونکا جائے گا تو اس دن نہ کوئی رشتہ داری رہے گی اور نہ کوئی کسی کو پوچھے گا۔ پھر جن کے پلڑے

الْمُفْلِحُوْنَ ﴿١٠٢﴾ وَمَنْ خَفَّتْ مَوَازِيْنُهٗ فَاُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ

کامیاب | اور وہ شخص کہ | ہلکے ہوئے | اُس کے تول | تو وہ لوگ ہیں | جنہوں نے | نقصان اٹھایا | خود اپنا

بھاری ہوں گے وہی لوگ فلاح پائیں گے۔ اور جن کے پلڑے ہلکے ہوں گے تو یہ وہ لوگ ہوں گے جنہوں نے اپنے آپ کو گھاٹے

فِیْ جَهَنَّمَ خٰلِدُوْنَ ﴿١٠٣﴾ تَلْفَحُ وُجُوْهَهُمُ النَّارُ وَهُمْ فِيْهَا

میں | جہنم | ہمیشہ رہنے والے ہیں | جھلس دے گی | ان کے چہروں کو | آگ | اور وہ | اس میں

میں ڈالا اور وہ ہمیشہ دوزخ میں رہیں گے۔ ان کے چہروں کو آگ جھلس دے گی اور وہ اس میں

كٰلِحُوْنَ ﴿١٠٤﴾ اَلَمْ تَكُنْ اٰيٰتِیْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ فَكُنْتُمْ بِهَا تُكَذِّبُوْنَ ﴿١٠٥﴾

بدشکل ہو جائیں گے | کیا نہیں | تھیں | میری آیتیں | پڑھی جاتیں | تم پر | پھر تم تھے | ان کو | تم جھٹلاتے

بدشکل ہو رہے ہوں گے۔ ارشاد ہوگا "کیا تمہیں میری آیتیں پڑھ کر نہیں سنائی جاتی تھیں جنہیں تم جھٹلاتے تھے؟"

قَالُوْا رَبَّنَا غَلَبَتْ عَلَيْنَا شِقْوَتُنَا وَكُنَّا قَوْمًا ضَآلِّيْنَ ﴿١٠٦﴾ رَبَّنَآ

وہ کہیں گے | اے ہمارے رب | غالب آئی | ہم پر | بدبختی ہماری | اور ہم ہوئے | لوگ | گمراہ | اے ہمارے رب

وہ کہیں گے اے ہمارے رب ہماری بدبختی نے ہمیں گھیر لیا تھا اور ہم گمراہ لوگ تھے "اے ہمارے رب

اَخْرِجْنَا مِنْهَا فَاِنْ عُدْنَا فَاِنَّا ظٰلِمُوْنَ ﴿107﴾ قَالَ اخْسَـُٔوْا فِيْهَا

تو نکال ہمیں | اس سے | پھر اگر | ہم دوبارہ کریں | تو بیشک ہم | ظالم ہوں گے | اس نے کہا | تم دفع ہو جاؤ | اس میں

ہمیں اس دوزخ سے نکال پھر اگر ہم دوبارہ ایسا کریں تو بے شک ہم ظالم ہوں گے' اللہ فرمائے گا'' دور ہو جاؤ اسی جہنم میں پڑے

وَلَا تُكَلِّمُوْنِ ﴿108﴾ اِنَّهٗ كَانَ فَرِيْقٌ مِّنْ عِبَادِيْ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اٰمَنَّا

اور نہ تم بات کرو مجھ سے | بیشک کہ | تھا | ایک گروہ | سے | میرے بندوں | وہ کہتے تھے | اے ہمارے رب | ہم ایمان لائے

رہو اور مجھ سے بات نہ کرو تم وہی ہو کہ جب میرے بندوں کا ایک گروہ کہتا تھا کہ اے ہمارے رب ہم ایمان لائے

فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿109﴾ فَاتَّخَذْتُمُوْهُمْ سِخْرِيًّا

پس تو بخش دے | ہم کو | اور تو رحم کر ہم پر | اور تو ہے | بہترین | رحم کرنے والا | پس تم نے بنایا انکو | مذاق کا نشانہ

تو ہمیں بخش دے ہم پر رحم فرما اور تو بہترین رحم فرمانے والا ہے، تو تم ان کا مذاق اُڑاتے تھے

حَتّٰٓى اَنْسَوْكُمْ ذِكْرِيْ وَكُنْتُمْ مِّنْهُمْ تَضْحَكُوْنَ ﴿110﴾ اِنِّيْ جَزَيْتُهُمُ

یہاں تک کہ | انہوں نے بھلا دیا تم کو | میری یاد سے | اور تم تھے | ان سے | تم ہنستے | بیشک میں | میں نے بدلہ دیا انکو

یہاں تک کہ ان کے پیچھے تم نے ہماری یاد بھلا دی اور تم ان پر ہنستے تھے۔ دیکھو، میں نے انہیں آج ان کے

الْيَوْمَ بِمَا صَبَرُوْٓا ۙ اَنَّهُمْ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ﴿111﴾ قٰلَ كَمْ لَبِثْتُمْ فِي

آج کے دن | اس کا جو | انہوں نے صبر کیا | کہ وہ ہیں | وہی | کامیاب | اس نے کہا | کتنا | تم رہے | میں

صبر کا بدلہ دے دیا وہ کامیاب ہیں۔'' ارشاد ہو گا ''تم کتنے برس

الْاَرْضِ عَدَدَ سِنِيْنَ ﴿112﴾ قَالُوْا لَبِثْنَا يَوْمًا اَوْ بَعْضَ يَوْمٍ فَسْـَٔلِ

زمین | گنتی | برسوں کی | وہ بولے | ہم رہے | ایک دن | یا | ایک حصہ | دن کا | پس تو پوچھ لے

زمین پر رہے؟'' وہ کہیں گے ''ہم ایک دن رہے یا ایک دن سے بھی کم۔ یہ تو گنتی کرنے

الْعَآدِّيْنَ ﴿113﴾ قٰلَ اِنْ لَّبِثْتُمْ اِلَّا قَلِيْلًا لَّوْ اَنَّكُمْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿114﴾

گنتی والوں سے | اس نے کہا | نہیں | تم رہے | مگر | تھوڑی مدت | اگر | یہ کہ | تم ہو | تم جانتے

والوں سے پوچھیں۔'' ارشاد ہو گا ''تم وہاں تھوڑی مدت ہی رہے۔ کاش تم جانتے ہوتے''

اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ﴿115﴾ فَتَعٰلَى

کیا پس تم نے گمان کیا | یہ کہ | ہم نے پیدا کیا تمہیں | بے مقصد | اور یہ کہ | ہماری طرف | نہیں | تم واپس آؤ گے | پس بہت بلند ہے

لوگو کیا تمہارا یہ خیال ہے کہ ہم نے تمہیں بے مقصد پیدا کیا اور تم ہمارے پاس نہیں لائے جاؤ گے؟ اللہ ایسا

اللهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ ﴿116﴾ وَمَنْ

اللہ | بادشاہ | حق | نہیں | کوئی معبود | مگر | وہی | رب ہے | عرش | شان والے کا | اور جو کوئی

نہیں ہے۔ وہ بہت برتر ہے حقیقی بادشاہ ہے۔ اس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ وہ عرش کریم کا مالک ہے اور جو شخص

يَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۙ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ ۙ فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنْدَ

پکارے | ساتھ | اللہ کے | معبود | دوسرے کو | نہیں | کوئی دلیل | اس کی | ساتھ اسکے | تو پھر | حساب اسکا ہے | پاس

اللہ کے ساتھ کسی اور معبود کو پکارے جس کے حق میں اس کے پاس کوئی دلیل نہیں تو اس کا حساب اس کے رب کے

رَبِّهٖ ۭ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ﴿117﴾ وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ

اس کے رب کے | بیشک | نہیں | فلاح پائیں گے | کافر لوگ | اور کہہ دیجئے | اے میرے رب | تو بخش دے | اور تو رحم کر | اور تو ہے

پاس ہے۔ بے شک کافر فلاح نہ پائیں گے اور اے نبی ﷺ آپ کہیں ''اے میرے رب مجھے بخش دے۔ مجھ پر رحم فرما۔ تو ہی

خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿118﴾ ع

سب سے بہترین | رحم کرنے والا

بہترین رحم فرمانے والا ہے''

ع 6 26 6

(24) سُوْرَةُ النُّوْرِ مَدَنِيَّةٌ (102)

اٰیاتھا 64 — رکوعاتھا 9

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

سُوْرَةٌ اَنْزَلْنٰهَا وَفَرَضْنٰهَا وَاَنْزَلْنَا فِيْهَآ اٰيٰتٍ بَيِّنٰتٍ لَّعَلَّكُمْ

یہ سورت ہے | ہم نے اتاری | اور ہم نے لازم کیا ہے اسکو | اور ہم نے نازل کی ہیں | اس میں | آیتیں | واضح | تاکہ تم

ہم نے یہ سورت نازل کی۔ اس کے احکام ضروری ٹھہرائے۔ اس میں صاف صاف آیتیں اتاریں

تَذَكَّرُوْنَ ﴿1﴾ اَلزَّانِيَةُ وَالزَّانِيْ فَاجْلِدُوْا كُلَّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا مِائَةَ

تم نصیحت پاؤ | زانی عورت | اور زانی مرد | پس تم کوڑے لگاؤ | ہر | ایک کو | دونوں میں سے | ایک سو

تاکہ تم نصیحت حاصل کرو۔ زانی عورت اور زانی مرد دونوں میں سے ہر ایک کو سو

جَلْدَةٍ ۠ وَّلَا تَاْخُذْكُمْ بِهِمَا رَاْفَةٌ فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ

کوڑے | اور نہ | پکڑے تم کو | بارے میں ان دونوں کے | کوئی نرمی | میں | قانون | اللہ کے | اگر | تم ہو

کوڑے مارو۔ اگر تم اللہ پر اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتے ہو تو اللہ کے حکم کی تعمیل میں تمہیں ان دونوں پر رحم نہیں

تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۚ وَلْيَشْهَدْ عَذَابَهُمَا طَآئِفَةٌ مِّنَ

تم ایمان رکھتے | اللہ پر | اور دن | آخرت پر | اور چاہئے کہ حاضر ہو | دونوں کی سزا پر | ایک گروہ | سے

آنا چاہئے۔ اور چاہئے کہ دونوں کی سزا کے وقت مسلمانوں کا ایک گروہ

الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ اَلزَّانِيْ لَا يَنْكِحُ اِلَّا زَانِيَةً اَوْ مُشْرِكَةً ۫ وَّالزَّانِيَةُ

اہل ایمان میں | زانی مرد | نہیں | جنسی تعلق رکھتا | مگر | زانی عورت سے | یا | مشرک عورت سے | اور زانی عورت

وہاں موجود ہو۔ بدکار مرد کسی بدکار یا مشرک عورت ہی سے ناجائز تعلقات رکھتا ہے اور بدکار عورت کسی

لَا يَنْكِحُهَآ اِلَّا زَانٍ اَوْ مُشْرِكٌ ۚ وَحُرِّمَ ذٰلِكَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ ۝

نہیں جنسی تعلق رکھتا اس سے | مگر | کوئی زانی مرد | یا | کوئی مشرک مرد | اور حرام ہے | یہ | پر | اہل ایمان

بدکار یا مشرک مرد ہی سے ناجائز تعلقات رکھتی ہے لیکن ایمان والوں کے لئے ایسے تعلقات حرام ہیں۔

وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ الْمُحْصَنٰتِ ثُمَّ لَمْ يَاْتُوْا بِاَرْبَعَةِ شُهَدَآءَ

اور جو لوگ | تہمت لگاتے ہیں | پاکدامن عورتوں پر | پھر | نہیں | وہ لاتے | چار | گواہ

اور جو لوگ پاک دامن عورتوں پر تہمت لگائیں پھر چار گواہ نہ لائیں

فَاجْلِدُوْهُمْ ثَمٰنِيْنَ جَلْدَةً وَّلَا تَقْبَلُوْا لَهُمْ شَهَادَةً اَبَدًا ۚ وَاُولٰٓئِكَ

تو تم کوڑے مارو انکو | اسی ۸۰ | کوڑے | اور نہ | تم قبول کرو | ان کی | گواہی | کبھی | اور وہ لوگ

انہیں اسی (80) کوڑے مارو۔ اور ان کی گواہی کبھی قبول نہ کرو۔ ایسے لوگ

هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ۝ اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ وَاَصْلَحُوْا ۚ فَاِنَّ

وہی ہیں | نافرمان | مگر | جو لوگ | توبہ کرلیں | سے | بعد | اسکے | اور وہ اصلاح کرلیں | تو بیشک

فاسق ہیں۔ لیکن جو بعد میں توبہ کر لیں اور اپنی اصلاح کر لیں تو

اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ اَزْوَاجَهُمْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهُمْ

اللہ ہے | بہت بخشنے والا | نہایت مہربان | اور جو لوگ | تہمت لگاتے ہیں | اپنی بیویوں پر | اور نہیں | ہوتے | ان کے پاس

اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔ جو لوگ اپنی بیویوں پر تہمت لگائیں اور ان کے پاس

شُهَدَآءُ اِلَّآ اَنْفُسُهُمْ فَشَهَادَةُ اَحَدِهِمْ اَرْبَعُ شَهٰدٰتٍۭ بِاللّٰهِ ۙ اِنَّهٗ

گواہ | مگر | خود وہ | تو گواہی | ایک کی ان میں سے ہے | چار بار | گواہیاں | اللہ کی قسم کے ساتھ | بیشک وہ

اپنے سوا اور گواہ نہ ہوں تو شوہر چار بار اللہ کی قسم کھا کر کہے کہ بے شک

لَمِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۝ وَالْخَامِسَةُ اَنَّ لَعْنَتَ اللّٰهِ عَلَيْهِ اِنْ كَانَ مِنَ

وہ ہے ضرور سے | سچوں میں | اور پانچویں بار | یہ کہ | لعنت | اللہ کی ہے | اس پر | اگر | وہ ہو | سے

وہ سچا ہے۔ اور پانچویں بار یہ کہے کہ اس پر اللہ کی لعنت ہو اگر وہ

الْكٰذِبِيْنَ ۝ وَيَدْرَؤُا عَنْهَا الْعَذَابَ اَنْ تَشْهَدَ اَرْبَعَ شَهٰدٰتٍ

جھوٹوں میں | اور دور کرتا ہے | اس سے | سزا کو | کہ | گواہی دے وہ عورت | چار بار | گواہیاں

جھوٹا ہے۔ اور بیوی سے سزا صرف اس صورت میں ٹل سکتی ہے کہ وہ چاربار اللہ کی قسم کھا کر

بِاللّٰهِ ۙ اِنَّهٗ لَمِنَ الْكٰذِبِيْنَ ۝ وَالْخَامِسَةَ اَنَّ غَضَبَ اللّٰهِ عَلَيْهَآ

اللہ کی قسم کے ساتھ | بیشک وہ ہے | ضرور سے | جھوٹوں میں | اور پانچویں بار | یہ کہ | غضب ہو | اللہ کا | اس پر

کہے کہ یہ جھوٹا ہے اور پانچویں بار یہ کہے کہ "مجھ پر اللہ کا غضب نازل ہو اگر یہ شخص

اِنْ كَانَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۝ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ

اگر | وہ ہو | سے | سچوں میں | اور اگر نہ ہوتا | فضل | اللہ کا | تم پر | اور رحمت اسکی

سچا ہو" اور اگر تم لوگوں پر اللہ کا فضل اور اس کی رحمت نہ ہوتی

وَاَنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ حَكِيْمٌ ۝ؑ اِنَّ الَّذِيْنَ جَآءُوْ بِالْاِفْكِ عُصْبَةٌ

اور یہ کہ | اللہ ہے | توبہ قبول کرنے والا | حکمت والا | بیشک | جو لوگ | لائے | بہتان | ایک جماعت ہے

اور یہ بات نہ ہوتی کہ اللہ توبہ قبول کرنے والا اور بڑی حکمت والا ہے تو تم اس معاملے میں کسی مصیبت میں پھنس جاتے۔ مسلمانو جن

مِّنْكُمْ ؕ لَا تَحْسَبُوْهُ شَرًّا لَّكُمْ ؕ بَلْ هُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ؕ لِكُلِّ امْرِئٍ

تم میں سے | نہ | تم گمان کرو اسے | برا | اپنے لیے | بلکہ | وہ ہے | بہتر | تمہارے لیے | ہر | شخص کے لیے ہے

لوگوں نے جھوٹی تہمت پھیلائی وہ تمہارے اندر کی ایک جماعت ہے۔ لیکن اس واقعے کو اپنے حق میں برا نہ سمجھو بلکہ یہ تمہاری

مِّنْهُمْ مَّا اكْتَسَبَ مِنَ الْاِثْمِ ۚ وَالَّذِيْ تَوَلّٰى كِبْرَهٗ مِنْهُمْ لَهٗ

ان میں سے | جو | اس نے کمایا | سے | گناہ میں | اور جس نے | حصہ لیا | زیادہ اسکا | ان میں سے | اس کے لیے ہے

آزمائش کے لئے بہتر ہوا۔ تم میں سے جس نے جتنا گناہ سمیٹا وہ اس کی سزا بھگتے گا۔ جس نے اسے پھیلانے میں بڑا حصہ لیا اس کے

عَذَابٌ عَظِيْمٌ ۝ لَوْلَآ اِذْ سَمِعْتُمُوْهُ ظَنَّ الْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنٰتُ

عذاب | بڑا | کیوں نہ ہو | جب | تم نے سنا تھا وہ | کہ گمان کرتے | اہل ایمان مرد | اور اہل ایمان عورتیں

لئے بڑا عذاب ہے۔ جب تم لوگوں نے تہمت سنی تو مسلمان مردوں اور عورتوں نے اپنے ہی بہن بھائیوں کے بارے میں نیک

بِاَنۡفُسِهِمۡ خَيۡرًا ۙ وَّقَالُوۡا هٰذَاۤ اِفۡكٌ مُّبِيۡنٌ ﴿12﴾ لَوۡلَا جَآءُوۡ عَلَيۡهِ

بارے میں آپس کے | اچھا | اور وہ کہتے | یہ ہے | جھوٹ | صریح | کیوں نہ | وہ لائے | اس پر

گمان کیوں نہ کیا؟ اور کیوں نہ کہا "یہ تو صریح بہتان ہے۔" اور الزام لگانے والے کیوں

بِاَرۡبَعَةِ شُهَدَآءَ ۚ فَاِذۡ لَمۡ يَاۡتُوۡا بِالشُّهَدَآءِ فَاُولٰٓئِكَ عِنۡدَ اللّٰهِ هُمُ

چار | گواہ | پھر جب | نہیں | وہ لائے | گواہ | تو وہ | نزدیک | اللہ کے | وہی ہیں

چار گواہ نہ لائے۔ جب وہ گواہ نہیں لائے تو اللہ کے نزدیک وہ

الۡكٰذِبُوۡنَ ﴿13﴾ وَلَوۡلَا فَضۡلُ اللّٰهِ عَلَيۡكُمۡ وَرَحۡمَتُهٗ فِى الدُّنۡيَا

جھوٹے | اور اگر نہ ہوتا | فضل | اللہ کا | تم پر | اور اس کی رحمت | میں | دنیا

جھوٹے ہیں۔ اور اگر تم مسلمانوں پر دنیا اور آخرت میں اللہ کا فضل اور اس کی رحمت نہ ہوتی

وَالۡاٰخِرَةِ لَمَسَّكُمۡ فِىۡ مَاۤ اَفَضۡتُمۡ فِيۡهِ عَذَابٌ عَظِيۡمٌ ﴿14﴾ اِذۡ

اور آخرت میں | ضرور پہنچتا تمہیں | میں | اس چیز | جو تم پہنچ گئے | اس میں | عذاب | بڑا | جب

تو جس معاملے میں تم پڑ گئے تھے اس کے باعث تم پر کوئی بڑی آفت آ جاتی۔ جب تم

تَلَقَّوۡنَهٗ بِاَلۡسِنَتِكُمۡ وَتَقُوۡلُوۡنَ بِاَفۡوَاهِكُمۡ مَّا لَيۡسَ لَكُمۡ بِهٖ عِلۡمٌ

تم لیتے تھے اسے | اپنی زبانوں پر | اور تم کہتے تھے | اپنے منہ سے | وہ بات | نہیں تھا | تم کو | جس کا | علم

اپنی زبانوں سے جھوٹی تہمت بیان کر رہے تھے اور اپنے منہ سے ایسی بات کہہ رہے تھے جس کا تمہیں علم نہ تھا۔ تم اسے معمولی بات

وَّتَحۡسَبُوۡنَهٗ هَيِّنًا ۖ وَّهُوَ عِنۡدَ اللّٰهِ عَظِيۡمٌ ﴿15﴾ وَلَوۡلَاۤ اِذۡ سَمِعۡتُمُوۡهُ

اور تم سمجھتے تھے اسے | ہلکا (معاملہ) | اور وہ تھا | نزدیک | اللہ کے | بڑا (معاملہ) | اور کیوں نہ ہوا کہ | جب | تم نے سنا اسے

سمجھ رہے تھے حالاں کہ وہ اللہ کے نزدیک بہت سنگین بات تھی۔ کیوں نہ اسے سنتے ہی تم نے

قُلۡتُمۡ مَّا يَكُوۡنُ لَنَاۤ اَنۡ نَّتَكَلَّمَ بِهٰذَا ۖ سُبۡحٰنَكَ هٰذَا بُهۡتَانٌ

تم نے کہا | نہیں ہے | مناسب | ہمیں | کہ | ہم بولیں | اس بارے میں | پاک ہے تو | یہ تو ہے | بہتان

کہہ دیا "ہمیں جائز نہیں کہ ہم ایسی بات منہ سے نکالیں۔ معاذ اللہ، یہ بہت بڑا

عَظِيۡمٌ ﴿16﴾ يَعِظُكُمُ اللّٰهُ اَنۡ تَعُوۡدُوۡا لِمِثۡلِهٖۤ اَبَدًا اِنۡ كُنۡتُمۡ

بڑا | سمجھاتا ہے تمہیں | اللہ | تاکہ نہ | تم دوبارہ کرو | اس جیسے کو | کبھی | اگر | تم ہو

بہتان ہے۔" اللہ تمہیں نصیحت کرتا ہے کہ پھر کبھی ایسا نہ کرنا اگر تم

مُّؤْمِنِيْنَ ﴿17﴾ وَيُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿18﴾ اِنَّ

ایمان والے | اور بیان کرتا ہے | اللہ | تمہارے لئے | آیتیں | اور اللہ ہے | خوب جاننے والا | بڑی حکمت والا | بیشک

مومن ہو۔ اللہ اپنے احکام تم سے صاف بیان کرتا ہے اور اللہ جاننے والا حکمت والا ہے۔ بے شک

الَّذِيْنَ يُحِبُّوْنَ اَنْ تَشِيْعَ الْفَاحِشَةُ فِي الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَهُمْ عَذَابٌ

جو لوگ | چاہتے ہیں | کہ | پھیلے | بے حیائی | میں | ان لوگوں جو | ایمان لائے | اُن کے لیے ہے | عذاب

جو لوگ چاہتے ہیں کہ مسلمانوں میں بے حیائی پھیلے، ان کے لئے دنیا اور آخرت میں

اَلِيْمٌ ۙ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۭ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿19﴾

دردناک | میں | دنیا | اور آخرت میں | اور اللہ | جانتا ہے | اور تم | نہیں | تم جانتے

درد ناک سزا ہے۔ اور یاد رکھو اللہ جانتا ہے تم نہیں جانتے۔

وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ وَاَنَّ اللّٰهَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿20﴾ ع

اور اگر نہ ہوتا | فضل | اللہ کا | تم پر | اور اس کی رحمت | اور یہ کہ | اللہ | بڑی شفقت کرنے والا ہے | نہایت مہربان

اگر تم پر اللہ کا فضل اور اس کی رحمت نہ ہوتی اور یہ بات نہ ہوتی کہ اللہ نرمی کرنے والا مہربان ہے تو تم پر کوئی آفت نازل ہو جاتی۔

النصف — ع 2/10/8

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ ۭ وَمَنْ يَّتَّبِعْ

اے | لوگو جو | ایمان لائے ہو | نہ | تم پیروی کرو | قدموں کی | شیطان کے | اور جو کوئی | پیروی کرے

اے ایمان والو! شیطان کے نقشِ قدم پر نہ چلو۔ جو شیطان کے نقش قدم

خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ فَاِنَّهٗ يَاْمُرُ بِالْفَحْشَاۗءِ وَالْمُنْكَرِ ۭ وَلَوْلَا فَضْلُ

قدموں کی | شیطان کے | تو بیشک وہ | حکم دیتا ہے | بے حیائی کا | اور برائی کا | اور اگر نہ ہوتا | فضل

پر چلے گا، شیطان اسے ہمیشہ بے حیائی اور بدی کا کام کرنے کو کہے گا۔ اور اگر تم پر اللہ کا فضل

اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ مَا زَكٰى مِنْكُمْ مِّنْ اَحَدٍ اَبَدًا ۙ وَّلٰكِنَّ اللّٰهَ

اللہ کا | تم پر | اور رحمت اسکی | نہ | پاک ہوتا | تم میں سے | کوئی | ایک بھی | کبھی | اور لیکن | اللہ

اور اس کی رحمت نہ ہوتی تو تم میں سے کوئی شخص کبھی پاک نہ ہو سکتا لیکن اللہ جسے

يُزَكِّيْ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿21﴾ وَلَا يَاْتَلِ اُولُوا الْفَضْلِ

پاک کرتا ہے | جسے | وہ چاہتا ہے | اور اللہ ہے | خوب سننے والا | نہایت جاننے والا | اور نہ | قسم کھائیں | والے | فضل (مال)

چاہتا ہے پاک کر دیتا ہے۔ اور اللہ سننے والا جاننے والا ہے۔ اور تم میں سے جو لوگ فضل والے

مِنْكُمْ وَالسَّعَةِ اَنْ يُّؤْتُوْٓا اُولِي الْقُرْبٰى وَالْمَسٰكِيْنَ وَالْمُهٰجِرِيْنَ فِيْ

تم میں سے | اور خوشحالی والے | کہ نہ | وہ دیں | رشتہ داروں کو | اور مسکینوں کو | اور مہاجرین کو | میں

اور خوشحال ہیں وہ اس بات کی قسم نہ کھائیں کہ اپنے رشتہ داروں، مسکینوں اور اللہ کی راہ میں ہجرت کرنے والوں کی مالی

سَبِيْلِ اللّٰهِ ۖ وَلْيَعْفُوْا وَلْيَصْفَحُوْا ۭ اَلَا تُحِبُّوْنَ اَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ

راہ | اللہ کی | اور چاہئے کہ وہ معاف کریں | اور چاہئے کہ وہ درگزر کریں | کیا نہیں | تم پسند کرتے | کہ | بخش دے | اللہ

امداد نہ کریں گے بلکہ انہیں چاہئے کہ بیچاروں کو معاف کر دیں اور درگزر کریں۔ کیا تم نہیں چاہتے کہ اللہ تمہیں

لَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿22﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ الْمُحْصَنٰتِ الْغٰفِلٰتِ

تم کو | اور اللہ ہے | خوب بخشنے والا | بہت مہربان | بیشک | جو لوگ | تہمت لگاتے ہیں | پاکدامن | سیدھی سادی

معاف کرے؟ اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔ جو لوگ پاک دامن، بھولی بھالی، ایمان والیوں پر تہمت

الْمُؤْمِنٰتِ لُعِنُوْا فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۠ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿23﴾ۙ

ایمان والیوں پر | ان پر لعنت کی گئی | میں | دنیا | اور آخرت | اور ان کے لئے ہے | عذاب | بڑا

لگاتے ہیں، ان پر دنیا اور آخرت میں لعنت ہے اور ان کے لئے بڑا عذاب ہے۔

يَّوْمَ تَشْهَدُ عَلَيْهِمْ اَلْسِنَتُهُمْ وَاَيْدِيْهِمْ وَاَرْجُلُهُمْ بِمَا كَانُوْا

اس دن جب | گواہی دیں گی | ان کے خلاف | ان کی زبانیں | اور اُن کے ہاتھ | اور اُن کے پاؤں | اس کی | جو وہ تھے

اس دن جب کہ ان کے خلاف خود ان کی اپنی زبانیں، اپنے ہاتھ اور اپنے پاؤں گواہی دیں گے کہ وہ یہ کام

يَعْمَلُوْنَ ﴿24﴾ يَوْمَئِذٍ يُّوَفِّيْهِمُ اللّٰهُ دِيْنَهُمُ الْحَقَّ وَيَعْلَمُوْنَ اَنَّ اللّٰهَ

وہ کرتے | اس دن | پورا دے گا انکو | اللہ | بدلہ انکا | صحیح | اور وہ جانیں گے | کہ | اللہ

کرتے تھے۔ اس دن اللہ اُن کے کاموں کا انہیں پورا بدلہ دے گا اور وہ جان لیں گے کہ

هُوَ الْحَقُّ الْمُبِيْنُ ﴿25﴾ اَلْخَبِيْثٰتُ لِلْخَبِيْثِيْنَ وَالْخَبِيْثُوْنَ لِلْخَبِيْثٰتِ ۚ

وہی ہے | حق | بیان کرنے والا | خبیث عورتیں | خبیث مردوں کے لئے ہیں | اور خبیث مرد | خبیث عورتوں کے لئے ہیں

اللہ برحق ہے اور سب کچھ واضح کر دینے والا ہے۔ بری عورتیں برے مردوں سے اور برے مرد بری عورتوں سے لگاؤ رکھتے ہیں۔

وَالطَّيِّبٰتُ لِلطَّيِّبِيْنَ وَالطَّيِّبُوْنَ لِلطَّيِّبٰتِ ۚ اُولٰۗىِٕكَ مُبَرَّءُوْنَ مِمَّا

اور پاک عورتیں | پاک مردوں کے لئے ہیں | اور پاک مرد | پاک عورتوں کے لئے ہیں | وہ | بری ہیں | اس سے جو

اسی طرح نیک عورتیں نیک مردوں سے اور نیک مرد نیک عورتوں سے لگاؤ رکھتے ہیں۔ نیک لوگ ان باتوں سے بری ہیں جو ان کے

يَقُوْلُوْنَ ؕ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ﴿٢٦﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

یہ کہتے ہیں | ان کے لئے ہے | بخشش | اور روزی | عزت کی | اے | لوگو جو | ایمان لائے ہو

بارے میں پھیلائی گئیں۔ ان کے لئے آخرت میں بخشش ہے اور عزت کی روزی۔ اے ایمان والو تم

لَا تَدْخُلُوْا بُيُوْتًا غَيْرَ بُيُوْتِكُمْ حَتّٰى تَسْتَاْنِسُوْا وَتُسَلِّمُوْا عَلٰٓى اَهْلِهَا ؕ

نہ تم داخل ہو | گھروں میں | سوائے | اپنے گھروں کے | یہاں تک کہ | تم اجازت لے لو | اور سلام کرلو | اوپر | اُن کے گھر والوں کے

اپنے گھر کے سوا دوسرے گھروں میں داخل نہ ہونا جب تک اجازت حاصل نہ کر لو اور ان کو سلام نہ کر لو۔

ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ﴿٢٧﴾ فَاِنْ لَّمْ تَجِدُوْا فِيْهَآ اَحَدًا

یہ ہے | بہتر | تمہارے لئے | تا کہ تم | نصیحت حاصل کرو | پھر اگر | نہ | تم پاؤ | ان میں | کسی کو

یہ تمہارے لئے بہتر ہے تا کہ تم سمجھو۔ پھر اگر وہاں کسی کو نہ پاؤ تو داخل نہ ہونا جب تک تمہیں

فَلَا تَدْخُلُوْهَا حَتّٰى يُؤْذَنَ لَكُمْ ۚ وَاِنْ قِيْلَ لَكُمُ ارْجِعُوْا فَارْجِعُوْا

تو نہ | تم داخل ہو ان میں | یہاں تک کہ | اجازت دی جائے | تم کو | اور اگر | کہا جائے | تم کو | تم واپس چلے جاؤ | تو تم واپس چلے جاؤ

اجازت نہ دی جائے۔ اگر تم سے کہا جائے کہ لوٹ جاؤ تو تم واپس لوٹ جاؤ

هُوَ اَزْكٰى لَكُمْ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ عَلِيْمٌ ﴿٢٨﴾ لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ

یہی ہے | زیادہ پاکیزگی | تمہارے لئے | اور اللہ | اسے جو | تم کرتے ہو | خوب جانتا ہے | نہیں ہے | تم پر | گناہ

یہ تمہارے لئے زیادہ پاکیزہ طریقہ ہے۔ اللہ جانتا ہے جو کچھ تم کرتے ہو۔ لیکن اس میں کوئی گناہ نہیں کہ تم ان گھروں میں داخل ہو جاؤ

اَنْ تَدْخُلُوْا بُيُوْتًا غَيْرَ مَسْكُوْنَةٍ فِيْهَا مَتَاعٌ لَّكُمْ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ

کہ | تم داخل ہو | گھروں | غیر | رہائشی میں | جن میں ہو | سامان | تمہارا | اور اللہ | جانتا ہے

جن میں کوئی نہ رہتا ہو اور ان میں تمہارا کچھ سامان ہو۔ اور اللہ تمہارے ظاہر

مَا تُبْدُوْنَ وَمَا تَكْتُمُوْنَ ﴿٢٩﴾ قُلْ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ يَغُضُّوْا مِنْ اَبْصَارِهِمْ

جو کچھ | تم ظاہر کرتے ہو | اور جو کچھ | تم چھپاتے ہو | کہہ دیجئے | ایمان والوں کو | وہ نیچی رکھیں | اپنی نظروں کو

اور باطن کو جانتا ہے۔ اے نبی ﷺ آپ ﷺ مومن مردوں سے کہیں وہ اپنی نگاہیں نیچی رکھیں

وَيَحْفَظُوْا فُرُوْجَهُمْ ؕ ذٰلِكَ اَزْكٰى لَهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌ ۢ بِمَا

اور وہ حفاظت کریں | اپنی شرمگاہوں کی | یہ ہے | بہت پاکیزہ | ان کے لئے | بیشک | اللہ ہے | باخبر | اس سے جو

اور اپنے ستر کی حفاظت کریں یہ ان کے لئے پاکیزہ طریقہ ہے۔ بے شک اللہ باخبر ہے اس سے

يَصْنَعُوْنَ ﴿30﴾ وَقُلْ لِّلْمُؤْمِنٰتِ يَغْضُضْنَ مِنْ اَبْصَارِهِنَّ وَيَحْفَظْنَ

وہ کرتے ہیں | اور کہہ دیجئے | ایمان والیوں کو | وہ نیچی رکھیں | اپنی نظروں کو | اور وہ حفاظت کریں

جو وہ کرتے ہیں۔ اور اے نبی ﷺ آپ ﷺ مومن عورتوں سے کہیں وہ اپنی نگاہیں نیچی رکھیں، اپنے ستر کی

فُرُوْجَهُنَّ وَلَا يُبْدِيْنَ زِيْنَتَهُنَّ اِلَّا مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَلْيَضْرِبْنَ

اپنی شرمگاہوں کی | اور نہ | وہ ظاہر کریں | اپنی زینت کو | مگر | جو | ظاہر ہو جائے | اس سے | اور چاہئے کہ وہ ڈالیں

حفاظت کریں اور اپنی زینت کو ظاہر نہ کریں مگر جو اس میں سے خود بخود ظاہر ہو جائے۔ اور اپنے دوپٹے اپنے

بِخُمُرِهِنَّ عَلٰى جُيُوْبِهِنَّ ۠ وَلَا يُبْدِيْنَ زِيْنَتَهُنَّ اِلَّا لِبُعُوْلَتِهِنَّ اَوْ

اوڑھنیاں اپنی | پر | گریبانوں اپنے | اور نہ | وہ ظاہر کریں | اپنی زینت | مگر | اپنے شوہروں کے سامنے | یا

سینوں پر ڈالیں اور اپنی زینت کو ظاہر نہ کریں مگر اپنے شوہروں کے سامنے یا

اٰبَآئِهِنَّ اَوْ اٰبَآءِ بُعُوْلَتِهِنَّ اَوْ اَبْنَآئِهِنَّ اَوْ اَبْنَآءِ بُعُوْلَتِهِنَّ اَوْ

اپنے باپوں | یا | باپوں | اپنے شوہروں کے | یا | اپنے بیٹوں کے | یا | بیٹوں | اپنے شوہروں کے | یا

اپنے باپ کے، یا اپنے سسر کے، یا اپنے بیٹوں کے، یا اپنے شوہر کے بیٹوں کے،

اِخْوَانِهِنَّ اَوْ بَنِيْٓ اِخْوَانِهِنَّ اَوْ بَنِيْٓ اَخَوٰتِهِنَّ اَوْ نِسَآئِهِنَّ اَوْ مَا

اپنے بھائیوں کے | یا | بیٹوں | اپنے بھائیوں کے | یا | بیٹوں | اپنی بہنوں کے | یا | اپنی عورتوں کے | یا | جو

یا اپنے بھائیوں کے، یا بھتیجوں کے، یا بھانجوں کے، یا اپنی عورتوں کے یا اپنی لونڈی

مَلَكَتْ اَيْمَانُهُنَّ اَوِ التّٰبِعِيْنَ غَيْرِ اُولِي الْاِرْبَةِ مِنَ الرِّجَالِ اَوِ

مالک ہوئے | دائیں ہاتھ انکے | یا | ساتھ رہنے والے (نوکر) | غیر | والے | حاجت | سے | مردوں | یا

غلام کے، یا ماتحت بے غرض کے یا ایسے

الطِّفْلِ الَّذِيْنَ لَمْ يَظْهَرُوْا عَلٰى عَوْرٰتِ النِّسَآءِ ۠ وَلَا يَضْرِبْنَ

لڑکوں کے | جو | نہیں | واقف ہوئے | پر | پوشیدہ چیزوں | عورتوں کی | اور نہ | وہ ماریں

لڑکوں کے جو عورتوں کے پردے کی باتوں سے ابھی ناواقف ہوں۔ اس کے علاوہ وہ اپنے پاؤں

بِاَرْجُلِهِنَّ لِيُعْلَمَ مَا يُخْفِيْنَ مِنْ زِيْنَتِهِنَّ ؕ وَتُوْبُوْٓا اِلَى اللّٰهِ جَمِيْعًا

اپنے پاؤں کو | تا کہ ظاہر ہو | وہ کچھ جو | وہ چھپاتی ہیں | سے | اپنی زینت | اور تم توبہ کرو | طرف | اللہ کی | سب

زور سے نہ ماریں کہ ان کی چھپی زینت معلوم ہو جائے۔ اور اے ایمان والو! تم سب مل کر اللہ کی طرف رجوع کرو

اَيُّهَ الْمُؤْمِنُوْنَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿31﴾ وَاَنْكِحُوا الْاَيَامٰى مِنْكُمْ

اے | ایمان والو | تاکہ تم | تم فلاح پاؤ | اور تم نکاح کرو | رنڈووں کے | اپنے میں سے

تاکہ فلاح پاؤ۔ اور جن کا نکاح نہیں ان کا نکاح کر دو۔

وَالصّٰلِحِيْنَ مِنْ عِبَادِكُمْ وَاِمَآئِكُمْ ۭ اِنْ يَّكُوْنُوْا فُقَرَآءَ يُغْنِهِمُ اللّٰهُ

اور صحت مندوں کے | سے | اپنے غلاموں میں | اور اپنی لونڈیوں میں سے | اگر | وہ ہوں گے | غریب | غنی کر دے گا انکو | اللہ

اور اپنے غلاموں اور لونڈیوں میں سے جو نکاح کے لائق ہوں ان کا بھی نکاح کر دو۔ اگر وہ غریب ہوں گے تو اللہ انہیں

مِنْ فَضْلِهٖ ۭ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿32﴾ وَلْيَسْتَعْفِفِ الَّذِيْنَ لَا يَجِدُوْنَ

سے | اپنے فضل | اور اللہ ہے | وسعت والا | خوب جاننے والا | اور چاہیئے کہ پاکدامن رہیں | وہ جو | نہیں | کر پاسکتے

اپنے فضل سے غنی کر دے گا۔ اللہ وسعت والا جاننے والا ہے۔ اور جو لوگ نکاح نہ کر پائیں انہیں

نِكَاحًا حَتّٰى يُغْنِيَهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ۭ وَالَّذِيْنَ يَبْتَغُوْنَ الْكِتٰبَ

نکاح | یہاں تک کہ | غنی کر دے انکو | اللہ | سے | فضل اپنے | اور جو لوگ | چاہتے ہیں | تحریر آزادی کی

چاہیئے کہ صبر کریں یہاں تک کہ اللہ اپنے فضل سے انہیں غنی کر دے۔ اور تمہارے وہ غلام جو مال دے کر آزاد ہونے کے طالب

مِمَّا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ فَكَاتِبُوْهُمْ اِنْ عَلِمْتُمْ فِيْهِمْ خَيْرًا

ان میں سے | جن کے مالک ہوئے | دائیں ہاتھ تمہارے | تو تم تحریر آزادی کی لکھ دو انکو | اگر | تم جانو | ان میں | بھلائی

ہوں تو ان سے اس کا معاہدہ کر لو اگر تم ان میں صلاحیت پاؤ۔

وَّاٰتُوْهُمْ مِّنْ مَّالِ اللّٰهِ الَّذِيْٓ اٰتٰىكُمْ ۭ وَلَا تُكْرِهُوْا فَتَيٰتِكُمْ عَلَى

اور تم دو ان کو | سے | مال | اللہ کے | جو | اس نے دیا تم کو | اور نہ | تم مجبور کرو | اپنی لونڈیوں کو | پر

اور ان کی مدد کرو اس مال سے جو اللہ نے تمہیں دیا ہے۔ اور اپنی لونڈیوں کو پیشے پر مجبور نہ

الْبِغَآءِ اِنْ اَرَدْنَ تَحَصُّنًا لِّتَبْتَغُوْا عَرَضَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۭ وَمَنْ

بدکاری | اگر | وہ چاہیں | پاکدامن رہنا | تاکہ تم حاصل کرو | مال | زندگی کا | دنیا کی | اور جو کوئی

کرو جبکہ وہ پاکدامن رہنا چاہتی ہوں۔ اور جو کوئی اس لئے کہ تم لوگوں کو دنیا کا کچھ مال حاصل ہو جائے انہیں

يُّكْرِهْهُّنَّ فَاِنَّ اللّٰهَ مِنْۢ بَعْدِ اِكْرَاهِهِنَّ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿33﴾ وَلَقَدْ اَنْزَلْنَآ

مجبور کرے گا ان کو | تو بیشک | اللہ ہے | سے | بعد | ان کے مجبور کیے جانے کے | بہت بخشنے والا | نہایت مہربان | اور بیشک | ہم نے نازل کیں

مجبور کرے گا تو اللہ ان مجبور عورتوں کے حق میں بخشنے والا مہربان ہے۔ اے مسلمانو! ہم نے تمہاری

اِلَيْكُمْ اٰيٰتٍ مُّبَيِّنٰتٍ وَّمَثَلًا مِّنَ الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلِكُمْ

تمہاری طرف | آیتیں | واضح کرنیوالی | اور مثالیں | سے | ان لوگوں جو | جو گزر چکے | سے | پہلے تم

طرف روشن آیتیں اتاری ہیں۔ پہلی قوموں کی مثالیں بیان کر دی ہیں اور اللہ سے ڈرنے والوں کے لئے

وَمَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿34﴾ اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ مَثَلُ نُوْرِهٖ

اور نصیحت | پرہیزگاروں کے لیے | اللہ | نور ہے | آسمانوں کا | اور زمین کا | مثال | اس کے نور کی

نصیحت سنا دی ہے۔ اللہ آسمانوں اور زمین کا نور ہے۔ اُس کے نور کی مثال

كَمِشْكٰوةٍ فِيْهَا مِصْبَاحٌ اَلْمِصْبَاحُ فِيْ زُجَاجَةٍ اَلزُّجَاجَةُ كَاَنَّهَا

جیسے طاق | جس میں | چراغ ہو | چراغ | میں | فانوس | فانوس | جیسے کہ وہ ہو

ایسی ہے جیسے طاق میں چراغ رکھا ہو، چراغ شیشے میں ہو، شیشہ ایسا ہو

كَوْكَبٌ دُرِّيٌّ يُّوْقَدُ مِنْ شَجَرَةٍ مُّبٰرَكَةٍ زَيْتُوْنَةٍ لَّا شَرْقِيَّةٍ

تارا | چمکتا | روشن ہوتا ہو | سے | درخت | مبارک | زیتون | جو نہ | مشرقی

جیسے چمک دار تارا۔ اس چراغ کو زیتون کے مبارک درخت کا تیل ملتا ہو جو مشرقی

وَّلَا غَرْبِيَّةٍ يَّكَادُ زَيْتُهَا يُضِيْٓءُ وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ نُوْرٌ عَلٰى

اور نہ مغربی | قریب ہے کہ | تیل اسکا | بھڑک اٹھے | اور اگرچہ | نہ | اُس کو چھوئے | آگ | روشنی ہو | پر

اور مغربی دونوں رُخ پر پھیلا ہوا ہو۔ یہ تیل ایسا ہو گویا آگ کے چھوئے بغیر خود بخود جل اٹھے گا۔ گویا ہر طرف روشنیاں ہی

نُوْرٍ يَهْدِي اللّٰهُ لِنُوْرِهٖ مَنْ يَّشَآءُ وَيَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ

روشنی | ہدایت دیتا ہے | اللہ | اپنے نور کی طرف | جسے | وہ چاہے | اور بیان کرتا ہے | اللہ | مثالیں

روشنیاں ہوں۔ اللہ اپنے نور کی راہ دکھاتا ہے جسے چاہتا ہے۔ اللہ مثالیں بیان کرتا ہے

لِلنَّاسِ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿35﴾ فِيْ بُيُوْتٍ اَذِنَ اللّٰهُ اَنْ تُرْفَعَ

لوگوں کے لئے | اور اللہ ہے | ہر | ایک چیز کو | خوب جاننے والا | میں | ان گھروں | کہ حکم دیا ہے | اللہ نے | کہ | بلند کیا جائے

تا کہ لوگ سمجھیں اور وہ ہر چیز کو جاننے والا ہے۔ اس نور سے فیض یاب لوگ ان مسجدوں میں جاتے ہیں جن کے بارے میں

وَيُذْكَرَ فِيْهَا اسْمُهٗ يُسَبِّحُ لَهٗ فِيْهَا بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ ﴿36﴾ رِجَالٌ

اور ذکر کیا جائے | ان میں | اس کا نام | تسبیح کرتے ہیں | اس کی | ان میں | صبح کو | اور شام کو | وہ مرد

اللہ نے حکم دیا ہے کہ ان کا احترام کیا جائے اور ان میں اس کے نام کا ذکر کیا جائے۔ جہاں ایسے مرد صبح و شام اللہ کو یاد کرتے ہیں

لَّا تُلْهِيْهِمْ تِجَارَةٌ وَّلَا بَيْعٌ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ وَاِقَامِ الصَّلٰوةِ

کہ نہیں | غافل کرتی ان کو | تجارت | اور نہ | فروخت | سے | یاد | اللہ کی | اور قائم کرنے سے | نماز کے

جنہیں تجارت اور خرید و فروخت اللہ کی یاد سے، نماز کی پابندی سے

وَاِيْتَاۤءِ الزَّكٰوةِ ۙ يَخَافُوْنَ يَوْمًا تَتَقَلَّبُ فِيْهِ الْقُلُوْبُ وَالْاَبْصَارُ ﴿37﴾

اور دینے | زکوٰۃ کے | وہ ڈرتے ہیں | اس دن سے | پھر جائیں گے | جس میں | دل | اور آنکھیں

اور زکوٰۃ کی ادائیگی سے غافل نہیں کرتی۔ وہ اُس دن سے ڈرتے ہیں جس میں دل اُلٹ جائیں گے اور آنکھیں پتھرا جائیں گی۔

لِيَجْزِيَهُمُ اللّٰهُ اَحْسَنَ مَا عَمِلُوْا وَيَزِيْدَهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ؕ وَاللّٰهُ

تا کہ بدلہ دے ان کو | اللہ | بہتر | اس کا جو | انہوں نے کیا | اور زیادہ دے انکو | سے | اپنے فضل | اور اللہ

وہ سب اس لئے کرتے ہیں تا کہ اللہ انہیں ان کے عمل کا بہترین بدلہ دے اور مزید اپنے فضل سے نوازے۔ اور اللہ

يَرْزُقُ مَنْ يَّشَاۤءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿38﴾ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْۤا اَعْمَالُهُمْ

روزی دیتا ہے | جسے | وہ چاہے | بغیر | حساب کے | اور جو لوگ | کافر ہوئے | ان کے اعمال ہیں

جسے چاہتا ہے بےحساب دیتا ہے۔ مگر کافروں کے اعمال کی مثال

كَسَرَابٍۭ بِقِيْعَةٍ يَّحْسَبُهُ الظَّمْاٰنُ مَاۤءً ؕ حَتّٰۤى اِذَا جَاۤءَهٗ لَمْ يَجِدْهُ

جیسے سراب | میدان میں | گمان کرتا ہے اسکو | پیاسا | پانی | یہاں تک کہ | جب | وہ آئے اسکے پاس | نہ | وہ پائے

ایسی ہے جیسے چٹیل میدان میں پانی کے دھوکے کا سراب ہو، پیاسا اسے دور سے پانی سمجھے مگر جب اس کے پاس پہنچے تو وہاں کچھ نہ

شَيْـًٔا وَّوَجَدَ اللّٰهَ عِنْدَهٗ فَوَفّٰىهُ حِسَابَهٗ ؕ وَاللّٰهُ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ﴿39﴾

اسے کچھ بھی | اور وہ پائے | اللہ کو | پاس اُس کے | پھر وہ پورا کرے اسکے لئے | حساب اسکا | اور اللہ ہے | بہت جلد | حساب لینے والا

پائے۔ صرف اللہ کو موجود پائے جو اس کے کفر کا حساب چُکا دے اور اللہ جلد حساب لینے والا ہے۔

اَوْ كَظُلُمٰتٍ فِيْ بَحْرٍ لُّجِّيٍّ يَّغْشٰىهُ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ مَوْجٌ مِّنْ

یا | جیسے اندھیرے ہوں | میں | سمندر | گہرے | ڈھانپتی ہے اسے | موج | سے | اُس کے اُوپر | اور موج ہے | سے

یا اُن کے اعمال کی مثال کسی گہرے سمندر کے اندرونی اندھیرے کی سی ہے جسے موجوں نے ڈھانپ رکھا ہو،

فَوْقِهٖ سَحَابٌ ؕ ظُلُمٰتٌۢ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ ؕ اِذَاۤ اَخْرَجَ يَدَهٗ

اُس کے اُوپر | بادل ہے | اندھیرے ہیں | بعض انکے | اوپر | بعض کے | جب | وہ نکالے | ہاتھ اپنا

اُوپر سے بادل چھائے ہوں، اندھیروں پر اندھیرے ہوں۔ کوئی اپنا ہاتھ نکالے تو

لَمْ يَكَدْ يَرٰىهَا ۭ وَمَنْ لَّمْ يَجْعَلِ اللّٰهُ لَهٗ نُوْرًا فَمَا لَهٗ مِنْ نُّوْرٍ ﴿40﴾

نہ ہوکہ | وہ دیکھے اسے | اور جو کوئی کہ | نہ | کرے | اللہ | اُس کے لیے | روشنی | تو نہیں | اس کے لئے | کوئی | روشنی

نظر نہ آئے اور جس کو اللہ روشنی نہ دے اس کے لئے کوئی روشنی نہیں۔

اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يُسَبِّحُ لَهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَالطَّيْرُ

کیا نہیں تو نے دیکھا | کہ بے شک | اللہ ہے | تسبیح کرتا ہے | اسکی | جو کوئی بھی ہے | میں | آسمانوں | اور زمین میں | اور پرندے

کیا تم نہیں دیکھتے اللہ کی تسبیح کر رہے ہیں وہ جو آسمانوں اور زمین میں ہیں اور پرندے بھی جو

صٰٓفّٰتٍ ۭ كُلٌّ قَدْ عَلِمَ صَلَاتَهٗ وَتَسْبِيْحَهٗ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِمَا

پر کھولے ہوئے | ہر ایک | بیشک | جانتا ہے | نماز اپنی | اور تسبیح اپنی | اور اللہ ہے | خوب جاننے والا | اسے جو

پر پھیلائے ہوئے اُڑتے ہیں۔ ہر کوئی اپنی عبادت اور تسبیح جانتا ہے۔ اور اللہ کو معلوم ہے جو

يَفْعَلُوْنَ ﴿41﴾ وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَاِلَى اللّٰهِ الْمَصِيْرُ ﴿42﴾

وہ کرتے ہیں | اور اللہ کے لئے ہے | بادشاہی | آسمانوں کی | اور زمین کی | اور طرف | اللہ کی ہے | لوٹ کر جانا

کچھ وہ کرتے ہیں۔ اللہ ہی کی بادشاہی ہے آسمانوں اور زمین میں اور اللہ ہی کے پاس سب کو جانا ہے۔

اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يُزْجِيْ سَحَابًا ثُمَّ يُؤَلِّفُ بَيْنَهٗ ثُمَّ يَجْعَلُهٗ

کیا نہیں تو نے دیکھا | کہ بے شک | اللہ | چلاتا ہے | بادلوں کو | پھر | ملاتا ہے | اُن کے درمیان | پھر | وہ کرتا ہے ان کو

کیا تم نہیں دیکھتے کہ اللہ بادلوں کو چلاتا ہے۔ انہیں آپس میں ملا دیتا ہے۔ پھر انہیں تہہ بہ تہہ کر

رُكَامًا فَتَرَى الْوَدْقَ يَخْرُجُ مِنْ خِلٰلِهٖ ۚ وَيُنَزِّلُ مِنَ السَّمَاۗءِ مِنْ

تہہ در تہہ | پھر تو دیکھتا ہے | مینہ | نکلتا ہے | سے | اس کے اندر | اور وہ اتارتا ہے | سے | آسمان | سے

دیتا ہے۔ پھر تم بارش کو دیکھتے ہو جو اُس کے بیچ سے برستی ہے۔ کبھی اللہ آسمان سے ایسی ژالہ باری

جِبَالٍ فِيْهَا مِنْۢ بَرَدٍ فَيُصِيْبُ بِهٖ مَنْ يَّشَاۗءُ وَيَصْرِفُهٗ عَنْ مَّنْ

پہاڑوں | ان میں | اولے | پھر وہ پہنچاتا ہے | اس کو | جسے | وہ چاہتا ہے | اور وہ پھیر دیتا ہے اسے | سے | جس

کرتا ہے گویا اولوں کے پہاڑ برسا رہا ہے۔ پھر جس کو چاہتا ہے ان سے نقصان

يَّشَاۗءُ ۭ يَكَادُ سَنَا بَرْقِهٖ يَذْهَبُ بِالْاَبْصَارِ ﴿43﴾ يُقَلِّبُ اللّٰهُ الَّيْلَ

وہ چاہتا ہے | قریب ہے کہ | چمک | اس کی بجلی کی | لے جائے | آنکھوں کو | پھیرتا ہے | اللہ | رات کو

پہنچاتا ہے اور جسے چاہتا ہے اسے بچا لیتا ہے۔ معلوم ہوتا ہے اُس کی بجلی کی چمک ابھی نگاہوں کو اُچک لے گی۔ اللہ رات کو

وَالنَّهَارَ ؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَعِبْرَةً لِّاُولِی الْاَبْصَارِ ﴿۴۴﴾ وَاللّٰهُ خَلَقَ كُلَّ

اور دن کو | بیشک ہے | میں | اس | ضرور سبق | آنکھوں والوں کے لیے | اور اللہ نے | پیدا کیا | ہر

اور دن کو بدلتا رہتا ہے۔ بے شک اس میں سمجھ دار لوگوں کے لئے بڑا سبق ہے۔ اللہ نے ہر جاندار کو پانی

دَآبَّةٍ مِّنْ مَّآءٍ ۚ فَمِنْهُمْ مَّنْ یَّمْشِیْ عَلٰی بَطْنِهٖ ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ

جاندار کو | سے | پانی | پس بعض انکے ہیں | جو | چلتے ہیں | پر | اپنے پیٹ | اور بعض انکے ہیں | جو

سے پیدا کیا۔ پھر ان میں سے کوئی پیٹ کے بل چلتا ہے، کوئی دو پاؤں پر

یَّمْشِیْ عَلٰی رِجْلَیْنِ ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ یَّمْشِیْ عَلٰۤی اَرْبَعٍ ؕ یَخْلُقُ اللّٰهُ

چلتے ہیں | پر | دو پاؤں پر | اور بعض انکے ہیں | جو | چلتے ہیں | پر | چار پاؤں | پیدا کرتا ہے | اللہ

چلتا ہے اور کوئی چار پیروں پر چلتا ہے۔ اللہ جو چاہتا ہے

مَا یَشَآءُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ﴿۴۵﴾ لَقَدْ اَنْزَلْنَاۤ اٰیٰتٍ

جو کچھ | وہ چاہتا ہے | بیشک | اللہ ہے | اوپر | ہر ایک | چیز کے | قادر | بیشک | ہم نے نازل کیں | آیتیں

پیدا کرتا ہے۔ بے شک اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔ بےشک ہم نے واضح آیتیں نازل

مُّبَیِّنٰتٍ ؕ وَاللّٰهُ یَهْدِیْ مَنْ یَّشَآءُ اِلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ ﴿۴۶﴾

واضح کرنے والی | اور اللہ | ہدایت دیتا ہے | جسے | وہ چاہے | طرف | راہ | سیدھی کی

کی ہیں اور اللہ جسے چاہتا ہے سیدھی راہ کی ہدایت دیتا ہے۔

وَیَقُوْلُوْنَ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَبِالرَّسُوْلِ وَاَطَعْنَا ثُمَّ یَتَوَلّٰی فَرِیْقٌ مِّنْهُمْ

اور وہ کہتے ہیں | ہم ایمان لائے | اللہ پر | اور رسول پر | اور ہم نے اطاعت کی | پھر | پھر جاتا ہے | ایک فریق | ان کا

منافقین کہتے ہیں "ہم اللہ اور رسول ﷺ پر ایمان لائے اور اطاعت کی۔" مگر اس کے بعد ان میں سے ایک گروہ

مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ ؕ وَمَاۤ اُولٰٓئِكَ بِالْمُؤْمِنِیْنَ ﴿۴۷﴾ وَاِذَا دُعُوْۤا اِلَی اللّٰهِ

سے | بعد | اسکے | اور نہیں | وہ ہیں | ایمان والے | اور جب | انہیں بلایا جاتا ہے | طرف | اللہ کی

اپنی بات سے پھر جاتا ہے۔ ایسے لوگ ایمان والے نہیں۔ جب انہیں اللہ اور رسول ﷺ کی طرف بلایا جاتا ہے تاکہ رسول ﷺ

وَرَسُوْلِهٖ لِیَحْكُمَ بَیْنَهُمْ اِذَا فَرِیْقٌ مِّنْهُمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿۴۸﴾ وَاِنْ یَّكُنْ

اور اس کے رسول کی | تاکہ وہ فیصلہ کرے | ان کے درمیان | اچانک | ایک فریق ہے | ان کا | منہ پھیرنے والا | اور اگر | ہو

ان کے درمیان فیصلہ کریں تو اُن میں سے ایک گروہ منہ پھیر لیتا ہے۔ لیکن اگر

لَّهُمُ الْحَقُّ يَأْتُوْٓا اِلَيْهِ مُذْعِنِيْنَ ۝49 اَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ اَمِ

ان کا | حق | وہ آتے ہیں | اس کی طرف | جلدی مطیع ہوکر | کیا | میں | ان کے دلوں | بیماری ہے | یا وہ

حق انہیں ملنے والا ہوتو پھر رسول ﷺ کی طرف سر جھکائے چلے آتے ہیں۔کیا ان کے دلوں میں منافقت ہے؟ یا وہ شک میں

ارْتَابُوْٓا اَمْ يَخَافُوْنَ اَنْ يَّحِيْفَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ وَرَسُوْلُهٗ ۭ بَلْ اُولٰۗىِٕكَ

شک میں پڑے ہیں | یا | وہ ڈرتے ہیں | کہ | حق تلفی کرے گا | اللہ | ان کی | اور اُس کا رسول | بلکہ | وہ لوگ

پڑے ہوئے ہیں؟ یا انہیں اندیشہ ہے کہ اللہ اور اس کا رسول ﷺ اُن کی حق تلفی کریں گے۔ بلکہ یہی لوگ

ع 6 10 12

هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ۝50ۧ اِنَّمَا كَانَ قَوْلَ الْمُؤْمِنِيْنَ اِذَا دُعُوْٓا اِلَى اللّٰهِ

وہی ہیں | ظالم | یقیناً | ہے | بات | ایمان والوں کی | جب | وہ بلائے جاتے ہیں | طرف | اللہ کی

ظالم ہیں۔ایمان والوں کی بات یہ ہوتی ہے کہ جب انہیں اللہ اوراس کے رسول ﷺ کی طرف بلایا جاتا ہے تا کہ رسول ﷺ ان

وَرَسُوْلِهٖ لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ اَنْ يَّقُوْلُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا ۭ وَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ

اوراس کے رسول کی | تاکہ وہ فیصلہ کرے | درمیان اُن کے | یہ کہ | وہ کہیں | ہم نے سنا | اور ہم نے اطاعت کی | اور وہ لوگ | وہی ہیں

کے درمیان فیصلہ کرے تو وہ کہتے ہیں ”ہم نے سنا اور ہم نے مانا“ یہی لوگ

الْمُفْلِحُوْنَ ۝51 وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَيَخْشَ اللّٰهَ وَيَتَّقْهِ فَاُولٰۗىِٕكَ

فلاح پانے والے | اور جوکوئی | اطاعت کرے | اللہ کی | اوراس کے رسول کی | اور ڈرے | اللہ سے | اورتقویٰ اختیار کرے اسکا | تو وہ لوگ

فلاح پانے والے ہیں۔ اور جو لوگ اللہ اور اُس کے رسول ﷺ کی اطاعت کریں، اللہ سے ڈریں اور تقویٰ اختیار

هُمُ الْفَاۗىِٕزُوْنَ ۝52 وَاَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ لَىِٕنْ اَمَرْتَهُمْ

وہی ہیں | کامیاب | اور انہوں نے قسمیں کھائیں | اللہ کی | سخت | اپنی قسمیں | کہ اگر | تو حکم دے انکو

کریں وہی کامیاب ہیں۔اے نبی ﷺ یہ منافق لوگ اللہ کے نام کی قسمیں کھاتے ہیں کہ اگر آپ ﷺ انہیں جہاد کا حکم دیں تو وہ

لَيَخْرُجُنَّ ۭ قُلْ لَّا تُقْسِمُوْا ۚ طَاعَةٌ مَّعْرُوْفَةٌ ۭ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ بِمَا

البتہ ضرور وہ نکل جائینگے | کہہ دیجئے | نہ | تم قسمیں کھاؤ | صرف اطاعت | بھلی ہو | بیشک | اللہ ہے | باخبر | اس سے جو

ضرور نکلیں گے۔آپ ﷺ ان سے کہیں ”قسمیں نہ کھاؤ“ بس دستور کے مطابق اطاعت ہونی چاہئے۔ بے شک تم جو کچھ کرتے ہو

تَعْمَلُوْنَ ۝53 قُلْ اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ ۚ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا

تم کرتے ہو | کہہ دیجئے | تم اطاعت کرو | اللہ کی | اور تم اطاعت کرو | رسول کی | پھر اگر | وہ پھر جائیں | تو بے شک

اللہ اس سے باخبر ہے۔“ اور آپ ﷺ ان سے کہیں ”اللہ کی اطاعت کرو اور رسول ﷺ کی اطاعت کرو۔ پھر اگر تم منہ موڑو گے

عَلَيْهِ مَا حُمِّلَ وَعَلَيْكُمْ مَّا حُمِّلْتُمْ ؕ وَاِنْ تُطِيْعُوْهُ تَهْتَدُوْا ؕ

اس پر ہے | جو | ذمہ داری ڈالی گئی | اور تم پر ہے | جو | تم پر ذمہ داری ڈالی گئی | اور اگر | تم اطاعت کرو اسکی | تو تم ہدایت پاؤ گے

تو رسول ﷺ اپنے کیے کا ذمہ دار ہے اور تم اپنے کیے کے ذمہ دار ہو، لیکن اگر تم رسول ﷺ کی اطاعت کرو گے تو ہدایت پاؤ گے۔

وَمَا عَلَى الرَّسُوْلِ اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿۵۴﴾ وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ

اور نہیں پر | رسول | مگر | پہنچا دینا | واضح | وعدہ کیا | اللہ نے | ان لوگوں سے | جو ایمان لائے | تم میں سے

اور رسول ﷺ کے ذمّے صاف پیغام پہنچا دینا ہے۔ اللہ نے وعدہ فرمایا ہے تم میں سے ان لوگوں کے ساتھ جو ایمان لائیں

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِى الْاَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِيْنَ

اور عمل کئے | اچھے | ضرور وہ خلافت عطا کرے گا انکو | میں | زمین | جیسے | اس نے خلافت عطا کی | ان لوگوں کو جو تھے

اور نیک عمل کریں کہ وہ انہیں زمین میں اِقتدار دے گا جیسا کہ ان سے پہلے لوگوں کو اقتدار

مِنْ قَبْلِهِمْ ۪ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِيْنَهُمُ الَّذِى ارْتَضٰى لَهُمْ

سے | پہلے ان | اور البتہ ضرور وہ اقتدار دے گا | ان کے لئے | ان کے دین کو | جو کہ | اس نے پسند کیا | ان کے لئے

دیا تھا۔ اور ان کے لئے اس دین کو مضبوط قائم کر دے گا جسے اللہ نے ان کے حق میں پسند فرمایا ہے۔

وَلَيُبَدِّلَنَّهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ خَوْفِهِمْ اَمْنًا ؕ يَعْبُدُوْنَنِىْ لَا يُشْرِكُوْنَ بِىْ

اور ضرور وہ بدل دے گا انکے لئے | سے | بعد | ان کے خوف کو | امن میں | وہ عبادت کریں گے میری | نہیں | وہ شریک ٹھہرائینگے | میرا

ان کے خوف کی حالت کو امن سے بدل دے گا۔ وہ صرف میری عبادت کریں گے۔ میرے ساتھ کسی کو شریک نہ

شَيْـًٔا ؕ وَمَنْ كَفَرَ بَعْدَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿۵۵﴾ وَاَقِيْمُوا

کسی کو | اور جو کوئی | کفر کرے | بعد | اسکے | تو ایسے لوگ | وہی ہیں | نافرمان | اور تم قائم کرو

ٹھہرائیں گے۔ اور جو اِس کے بعد کفر کریں گے وہ نافرمان ہوں گے۔ مسلمانو! نماز

الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿۵۶﴾

نماز کو | اور تم دو | زکوٰۃ | اور تم اطاعت کرو | رسول کی | تاکہ تم | تم پر رحم کیا جائے

قائم کرو، زکوٰۃ ادا کرو اور رسول ﷺ کی اطاعت کرو تاکہ تم پر رحم کیا جائے۔ اور کافروں

لَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مُعْجِزِيْنَ فِى الْاَرْضِ ۚ وَمَاْوٰىهُمُ النَّارُ ؕ

نہ تو گمان کر | ان کو جو | کافر ہوئے | کہ وہ عاجز کر دینے والے ہیں | میں | زمین | اور ٹھکانہ ان کا ہے | آگ

کے بارے میں یہ خیال نہ کرو کہ وہ زمین میں ہمارے قابو سے باہر نکل جائیں گے۔ ان کا ٹھکانا دوزخ ہے

ع 7 7 13

وَلَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ع ﴿57﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لِيَسْتَاْذِنْكُمُ الَّذِيْنَ مَلَكَتْ

اور البتہ وہ برا ہے | ٹھکانا | اے | لوگو جو | ایمان لائے ہو | چاہئے کہ اجازت لیں تم سے | وہ لوگ | جن کے مالک ہوئے

جو بہت برا ٹھکانا ہے۔ اے ایمان والو! تمہارے غلاموں اور نابالغ بچوں کو بھی گھر میں داخل

اَيْمَانُكُمْ وَالَّذِيْنَ لَمْ يَبْلُغُوا الْحُلُمَ مِنْكُمْ ثَلٰثَ مَرّٰتٍ ط مِنْ قَبْلِ

تمہارے دائیں ہاتھ | اور وہ لوگ جو | نہیں | پہنچے | بلوغت کو | تم میں سے | تین | بار | سے | پہلے

ہونے کے لئے تین وقتوں میں اجازت لینی چاہئے۔ فجر کی

صَلٰوةِ الْفَجْرِ وَحِيْنَ تَضَعُوْنَ ثِيَابَكُمْ مِّنَ الظَّهِيْرَةِ وَمِنْ بَعْدِ

نماز | فجر | اور جس وقت | تم اتارتے ہو | اپنے کپڑے | دوپہر کو | اور سے | بعد

نماز سے پہلے اور دوپہر کو جب تم اپنے کپڑے اتارتے ہو اور عشاء

صَلٰوةِ الْعِشَآءِ ﷗ ثَلٰثُ عَوْرٰتٍ لَّكُمْ ط لَيْسَ عَلَيْكُمْ وَلَا عَلَيْهِمْ

نماز | عشاء کے | تین ہیں | پردے کے اوقات | تمہارے لئے | نہیں ہے | تم پر | اور نہ | ان پر

کی نماز کے بعد۔ یہ تین وقت تمہارے لئے پردے کے ہیں۔ ان اوقات کے سوا تمہارے اور ان کے لئے بلا اجازت آنے جانے

جُنَاحٌ م بَعْدَهُنَّ ط طَوّٰفُوْنَ عَلَيْكُمْ بَعْضُكُمْ عَلٰى بَعْضٍ ط كَذٰلِكَ

گناہ | ان کے بعد | پھرنے والے ہیں | تم پر | بعض تمہارے ہیں | پر | بعض | اسی طرح

میں کوئی گناہ نہیں۔ کیونکہ تم ایک دوسرے کے پاس آتے جاتے ہو۔ اس طرح

يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ ط وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿58﴾ وَ اِذَا بَلَغَ

بیان کرتا ہے | اللہ | تمہارے لئے | آیتیں | اور اللہ ہے | خوب جاننے والا | بڑی حکمت والا | اور | جب | پہنچیں

اللہ تم سے اپنی آیتیں واضح طور پر بیان کرتا ہے اور اللہ جاننے والا حکمت والا ہے۔ جب تمہارے بچے

الْاَطْفَالُ مِنْكُمُ الْحُلُمَ فَلْيَسْتَاْذِنُوْا كَمَا اسْتَاْذَنَ الَّذِيْنَ مِنْ

لڑکے | تم میں سے | بلوغت کو | تو چاہئے کہ وہ اجازت لیں | جیسے | اجازت لیتے ہیں | وہ لوگ جو ہیں | سے

بالغ ہو جائیں تو چاہئے کہ وہ بھی بڑوں کی طرح اجازت لے کر داخل

قَبْلِهِمْ ط كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ ط وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿59﴾

پہلے انکے | اسی طرح | بیان کرتا ہے | اللہ | تمہارے لئے | اپنی آیتیں | اور اللہ ہے | خوب جاننے والا | بڑی حکمت والا

ہوا کریں۔ اس طرح اللہ اپنے احکام تم سے کھول کر بیان کرتا ہے اور اللہ جاننے والا حکمت والا ہے۔

وَالْقَوَاعِدُ مِنَ النِّسَآءِ الّٰتِيْ لَا يَرْجُوْنَ نِكَاحًا فَلَيْسَ عَلَيْهِنَّ

اور بیٹھ رہنے والیاں | سے | عورتوں میں | وہ جو | نہیں | امید رکھتیں | نکاح کی | تو نہیں ہے | اوپر انکے

اور بڑی بوڑھی عورتیں جو نکاح کی امید نہیں رکھتیں، ان پر کوئی گناہ نہیں اگر وہ اپنی چادریں اُتار رکھیں بشرطیکہ

جُنَاحٌ اَنْ يَّضَعْنَ ثِيَابَهُنَّ غَيْرَ مُتَبَرِّجٰتٍۭ بِزِيْنَةٍ ؕ وَاَنْ

گناہ | کہ | وہ اتار رکھیں | کپڑے اپنے | بغیر | نمائش کرنے والیاں | زینت کی | اور اگر

وہ زینت کی نمائش کرنے والی نہ ہوں۔ لیکن اگر وہ احتیاط کریں

يَّسْتَعْفِفْنَ خَيْرٌ لَّهُنَّ ؕ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿60﴾ لَيْسَ عَلَى الْاَعْمٰى

وہ بچیں اس سے تو | بہتر ہے | ان کے لئے | اور اللہ ہے | خوب سننے والا | بہت جاننے والا | نہیں ہے | پر | اندھے

تو ان کے لئے بہتر ہے۔ اور اللہ سننے والا جاننے والا ہے۔ اور اس میں کوئی حرج نہیں

حَرَجٌ وَّلَا عَلَى الْاَعْرَجِ حَرَجٌ وَّلَا عَلَى الْمَرِيْضِ حَرَجٌ وَّلَا عَلٰٓى

کوئی حرج | اور نہ | پر | لنگڑے | کوئی حرج | اور نہ | پر | مریض | کوئی حرج | اور نہ | پر

اگر کوئی اندھا، لنگڑا یا بیمار شخص کسی کے ساتھ اس کے گھر میں کھانا کھا لے۔ اور خود

اَنْفُسِكُمْ اَنْ تَاْكُلُوْا مِنْۢ بُيُوْتِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ اٰبَآئِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ

تمہارے اپنے | کہ | تم کھاؤ | سے | اپنے گھروں | یا | گھروں | اپنے باپوں کے | یا | گھروں

تمہارے لئے بھی کوئی حرج نہیں اگر تم اپنے گھر میں کھانا کھاؤ یا ایسے گھروں میں کھاؤ جو تمہارے باپ،

اُمَّهٰتِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ اِخْوَانِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ اَخَوٰتِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ

اپنی ماؤں کے | یا | گھروں | اپنے بھائیوں کے | یا | گھروں | اپنی بہنوں کے | یا | گھروں

ماں، بھائی، بہن، چچا،

اَعْمَامِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ عَمّٰتِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ اَخْوَالِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ

اپنے چچاؤں کے | یا | گھروں | اپنی پھوپھیوں کے | یا | گھروں | اپنے ماموؤں کے | یا | گھروں

پھوپھی، ماموں، خالہ کے

خٰلٰتِكُمْ اَوْ مَا مَلَكْتُمْ مَّفَاتِحَهٗۤ اَوْ صَدِيْقِكُمْ ؕ لَيْسَ عَلَيْكُمْ

اپنی خالاؤں کے | یا | جن کے | تم مالک ہوئے ہو | اُن کی چابیوں کے | یا | اپنے دوست کے | نہیں ہے | تم پر

گھر ہوں یا ان لوگوں کے جن کی کنجیوں کے تم مالک ہو، یا تمہارے دوستوں کے گھر ہوں۔ اور اس میں بھی

جُنَاحٌ اَنْ تَاْكُلُوْا جَمِيْعًا اَوْ اَشْتَاتًا ؕ فَاِذَا دَخَلْتُمْ بُيُوْتًا فَسَلِّمُوْا

گناہ | کہ | تم کھاؤ | سب مل کر | یا | الگ الگ | پھر جب | تم داخل ہو | گھروں میں | تو تم سلام کرو

تم پر کوئی گناہ نہیں کہ تم لوگ مل کر کھانا کھاؤ یا الگ الگ۔ لیکن جب تم گھروں میں داخل ہو تو چاہئے کہ اپنے لوگوں

عَلٰۤى اَنْفُسِكُمْ تَحِيَّةً مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ مُبٰرَكَةً طَيِّبَةً ؕ كَذٰلِكَ

پر | اپنے لوگوں | دعائے خیر | سے | طرف | اللہ کی | برکت والی | پاکیزہ | اسی طرح

کو وہ سلام کرو جو اللہ کی طرف سے ایک بابرکت پاکیزہ دعا ہے۔ اس طرح اللہ اپنے

يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿61﴾ اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ

ع 8 4 14

بیان کرتا ہے | اللہ | تمہارے لئے | آیتیں | تا کہ تم | سمجھو | یقیناً | اہل ایمان | وہ ہیں جو

احکام تم سے کھول کر بیان کرتا ہے تاکہ تم سمجھو۔ ایمان والے تو وہ ہیں

اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَاِذَا كَانُوْا مَعَهٗ عَلٰۤى اَمْرٍ جَامِعٍ

ایمان لائے | اللہ پر | اور اس کے رسول پر | اور جب | ہوں | اس کے ساتھ | پر | کام | اجتماعی

جو اللہ اور اس کے رسول ﷺ پر پختہ ایمان رکھتے ہیں۔ جب کسی اجتماعی کام کے موقع پر رسول ﷺ کے

لَّمْ يَذْهَبُوْا حَتّٰى يَسْتَاْذِنُوْهُ ؕ اِنَّ الَّذِيْنَ يَسْتَاْذِنُوْنَكَ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ

نہیں وہ جاتے | یہاں تک کہ | وہ اجازت لیں اس سے | بیشک | جو لوگ | اجازت لیتے ہیں تجھ سے | وہی لوگ ہیں | جو

ساتھ ہوں تو کبھی اُٹھ کر نہیں جاتے جب تک رسول ﷺ سے اجازت نہ لے لیں۔ اے نبی ﷺ جو لوگ ایسے موقعوں پر اجازت

يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ۚ فَاِذَا اسْتَاْذَنُوْكَ لِبَعْضِ شَاْنِهِمْ فَاْذَنْ

ایمان رکھتے ہیں | اللہ پر | اور اس کے رسول پر | پھر جب | وہ اجازت طلب کریں تجھ سے | بعض کے لیے | اپنے کام | تو اجازت دے

لے کر جاتے ہیں وہی اللہ اور اس کے رسول ﷺ پر ایمان رکھتے ہیں۔ پھر جب وہ اپنے کسی کام کے لئے اجازت مانگیں تو

لِّمَنْ شِئْتَ مِنْهُمْ وَاسْتَغْفِرْ لَهُمُ اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿62﴾

اسے جسے | تو چاہے | ان میں سے | اور تو بخشش مانگ | اُن کے لئے | اللہ سے | بیشک | اللہ ہے | بہت بخشنے والا | نہایت مہربان

آپ ﷺ ان سے میں سے جسے مناسب سمجھیں اجازت دیں اور ان کے لئے اللہ سے بخشش کی دعا کریں۔ بے شک اللہ بخشنے والا

لَا تَجْعَلُوْا دُعَآءَ الرَّسُوْلِ بَيْنَكُمْ كَدُعَآءِ بَعْضِكُمْ بَعْضًا ؕ قَدْ

نہ | تم سمجھو | پکارنا | رسول کا | اپنے درمیان | جیسے پکارنا ہے | بعض تمہارے کا | بعض کو | بیشک

رحم کرنے والا ہے۔ مسلمانو! نبی ﷺ کے بلانے کو اس طرح کا بلانا نہ سمجھو جس طرح تم آپس میں ایک دوسرے کو بلاتے ہو۔ اللہ

يَعۡلَمُ اللّٰهُ الَّذِيۡنَ يَتَسَلَّلُوۡنَ مِنۡكُمۡ لِوَاذًا‌ ۚ فَلۡيَحۡذَرِ الَّذِيۡنَ

جانتا ہے | اللہ | انکو جو | کھسک جاتے ہیں | تم میں سے | نظر بچا کر | پس چاہیے کہ ڈریں | وہ لوگ جو

تم میں سے ان لوگوں کو جانتا ہے جو ایک دوسرے کی آڑ لیتے ہوئے چپکے سے کھسک جاتے ہیں۔ جو لوگ حکم کے خلاف کرتے ہیں

يُخَالِفُوۡنَ عَنۡ اَمۡرِهٖۤ اَنۡ تُصِيۡبَهُمۡ فِتۡنَةٌ اَوۡ يُصِيۡبَهُمۡ عَذَابٌ

مخالفت کرتے ہیں | کی | اس کے حکم | اس سے کہ | پہنچ جائے انکو | کوئی آزمائش | یا | پہنچ جائے انکو | عذاب

انہیں ڈرنا چاہیے کہ اُن پر کوئی آفت نہ آ جائے یا انہیں درد ناک عذاب

اَلِيۡمٌ ﴿63﴾ اَلَاۤ اِنَّ لِلّٰهِ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ‌ ؕ قَدۡ يَعۡلَمُ مَاۤ

دردناک | آگاہ رہو | بیشک | اللہ کا ہے | جو کچھ ہے | میں | آسمانوں | اور زمین میں | بیشک | وہ جانتا ہے | جو کچھ

نہ پکڑ لے۔ یاد رکھو جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے سب اللہ کا ہے۔ بے شک اللہ تمہاری

اَنۡتُمۡ عَلَيۡهِ ؕ وَيَوۡمَ يُرۡجَعُوۡنَ اِلَيۡهِ فَيُنَبِّئُهُمۡ بِمَا عَمِلُوۡا‌ ؕ وَاللّٰهُ

تم ہو | اس پر | اور جس دن | وہ پھیرے جائیں گے | اس کی طرف | پھر وہ بتائے گا انکو | وہ کچھ جو | انہوں نے کیا | اور اللہ ہے

حالت کو خوب جانتا ہے اور جس دن لوگ اللہ کی طرف لائے جائیں گے وہ انہیں آگاہ کر دے گا کہ وہ کیا کچھ کر کے آئے ہیں اور اللہ

بِكُلِّ شَىۡءٍ عَلِيۡمٌ ﴿64﴾ ع

ہر ایک | چیز کو | خوب جاننے والا

ہر چیز کو جاننے والا ہے۔

9 ع 3 15

(25) سُوۡرَةُ الۡفُرۡقَانِ مَكِّيَّةٌ (42)

اٰيَاتُهَا 77 — رُكُوۡعَاتُهَا 6

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

تَبٰرَكَ الَّذِىۡ نَزَّلَ الۡفُرۡقَانَ عَلٰى عَبۡدِهٖ لِيَكُوۡنَ لِلۡعٰلَمِيۡنَ نَذِيۡرَا ۙ ﴿1﴾

بہت برکت والا ہے | جس نے | نازل کیا | قرآن | پر | اپنے بندے | تا کہ وہ ہو | جہاں والوں کے لیے | خبردار کرنے والا

بابرکت ہے وہ ذات جس نے اپنے بندے پر قرآن نازل کیا تا کہ سارے جہان والوں کو خبردار کر دے۔

اۨلَّذِىۡ لَهٗ مُلۡكُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ وَلَمۡ يَتَّخِذۡ وَلَدًا وَّلَمۡ يَكُنۡ

وہی ہے | جس کی ہے | بادشاہی | آسمانوں کی | اور زمین کی | اور نہیں | وہ رکھتا | کوئی اولاد | اور نہیں | ہے

اسی ذات کے ہاتھ میں آسمانوں اور زمین کی بادشاہی ہے۔ اس نے اپنی کوئی اولاد نہیں بنائی۔ اس کی بادشاہی

لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ وَخَلَقَ كُلَّ شَيْءٍ فَقَدَّرَهٗ تَقْدِيْرًا ۝2

اس کا | کوئی شریک | میں | بادشاہی | اور اس نے پیدا کیا | ہر ایک | چیز کو | پھر اس نے اندازہ کیا اسکا | خوب اندازہ کر کے

میں کوئی اس کا شریک نہیں۔ اس نے ہر چیز کو پیدا کیا۔ پھر اس کا اندازہ مقرر کیا۔

وَاتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اٰلِهَةً لَّا يَخْلُقُوْنَ شَيْـًٔا وَّهُمْ يُخْلَقُوْنَ

اور انہوں نے بنائے | سے | سوا اسکے | معبود | نہیں | وہ پیدا کرتے | کچھ بھی | اور وہ | پیدا کئے جاتے ہیں

مگر مشرکوں نے اللہ کے سوا ایسے معبود بنا لئے جو کوئی چیز پیدا نہیں کر سکتے بلکہ خود مخلوق ہیں

وَلَا يَمْلِكُوْنَ لِاَنْفُسِهِمْ ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا وَّلَا يَمْلِكُوْنَ مَوْتًا وَّلَا حَيٰوةً

اور نہیں وہ اختیار رکھتے | اپنے آپ کا | نقصان | اور نہ | نفع کا | اور نہیں | وہ اختیار رکھتے | موت کا | اور نہ | زندگی کا

جنہیں کوئی اختیار نہیں، نہ نفع نقصان کا، نہ موت کا، نہ زندگی کا اور نہ دوبارہ

وَّلَا نُشُوْرًا ۝3 وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اِفْكُۨ افْتَرٰىهُ

اور نہ | دوبارہ جی اٹھنے کا | اور کہا | انہوں نے جو | کافر ہوئے | نہیں ہے | یہ | مگر | جھوٹ | اس نے گھڑ لیا ہے اسے

پیدا کرنے کا۔ کافر کہتے ہیں "یہ قرآن جھوٹ ہے جو ایک شخص نے گھڑ لیا ہے

مع

وَاَعَانَهٗ عَلَيْهِ قَوْمٌ اٰخَرُوْنَ ۚ فَقَدْ جَآءُوْ ظُلْمًا وَّزُوْرًا ۝4ۚ وَقَالُوْٓا

اور مدد کی ہے اسکی | اس پر | لوگوں | دوسرے نے | پس بیشک | وہ لائے | ظلم | اور جھوٹ | اور انہوں نے کہا

اور کچھ دوسرے لوگوں نے اس کی مدد کی ہے۔" مگر یہ کہہ کر انہوں نے بڑا ظلم کیا اور جھوٹ بولا۔ اور کہتے ہیں

اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ اكْتَتَبَهَا فَهِيَ تُمْلٰى عَلَيْهِ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا ۝5

کہانیاں | پہلوں کی | لکھی ہوئی ہیں وہ | وہ | لکھوائی جاتی ہیں | اس پر | صبح | اور شام

"یہ تو پہلے لوگوں کے افسانے ہیں جو اس نے لکھوا لئے ہیں۔ وہی صبح و شام پڑھ کر سنا دیئے جاتے ہیں۔"

قُلْ اَنْزَلَهُ الَّذِيْ يَعْلَمُ السِّرَّ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ اِنَّهٗ كَانَ

کہہ دیجئے | نازل کیا ہے اسے | اس نے جو | جانتا ہے | راز کو | جو ہے | میں آسمانوں | اور زمین میں | بیشک وہ | ہے

اے نبی ﷺ آپ ان سے کہیں "اس قرآن کو اللہ نے نازل فرمایا ہے جو آسمانوں اور زمین کے بھید جانتا ہے۔ بے شک وہ

غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝6 وَقَالُوْا مَالِ هٰذَا الرَّسُوْلِ يَاْكُلُ الطَّعَامَ وَيَمْشِيْ

بہت بخشنے والا | نہایت مہربان | اور انہوں نے کہا | کیا ہے | اس | رسول کو | جو کھاتا ہے | کھانا | اور چلتا ہے

بخشنے والا مہربان ہے۔" اور وہ کہتے ہیں "یہ کیسا رسول ﷺ ہے جو کھانا کھاتا اور بازاروں

فِي الْاَسْوَاقِ ط لَوْلَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مَلَكٌ فَيَكُوْنَ مَعَهٗ نَذِيْرًا ﴿7﴾ اَوْ

میں | بازاروں | کیوں نہ | نازل ہوا | اس پر | فرشتہ | پھر وہ ہوتا | اس کے ساتھ | خبردار کرنے والا | یا

میں چلتا پھرتا ہے؟ کیوں نہ اس کے پاس کوئی فرشتہ بھیجا گیا جو اس کے ساتھ رہ کر لوگوں کو خبردار کرتا۔ یا

يُلْقٰٓى اِلَيْهِ كَنْزٌ اَوْ تَكُوْنُ لَهٗ جَنَّةٌ يَّاْكُلُ مِنْهَا ط وَقَالَ

ڈالا جاتا | اس کی طرف | خزانہ | یا | ہو | اس کا | باغ | وہ کھائے | جس سے | اور کہا

اس کے لئے کوئی خزانہ اتارا جاتا۔ یا اس کے لئے کوئی باغ ہوتا جس سے وہ کھاتا۔" اور ان ظالموں

الظّٰلِمُوْنَ اِنْ تَتَّبِعُوْنَ اِلَّا رَجُلًا مَّسْحُوْرًا ﴿8﴾ اُنْظُرْ كَيْفَ ضَرَبُوْا

ظالموں نے | نہیں | تم پیروی کرتے | مگر | آدمی | جادو کئے گئے کی | تو دیکھ | کیسے | انہوں نے بیان کیں

نے مسلمانوں سے کہا "تم لوگ ایسے شخص کی پیروی کررہے ہو، جس پر کسی نے جادو کیا ہے" اے نبی ﷺ دیکھیں یہ لوگ آپ ﷺ

لَكَ الْاَمْثَالَ فَضَلُّوْا فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ سَبِيْلًا ع ﴿9﴾ تَبٰرَكَ الَّذِيْٓ اِنْ

تیرے لئے | مثالیں | پھر وہ گمراہ ہوئے | پس نہیں | وہ پاسکتے | راہ | بہت برکت والا ہے | وہ جو | اگر

کے بارے میں کیسی عجیب باتیں بناتے ہیں اور ایسے گمراہ ہو چکے ہیں کہ کسی طرح راہ پر نہیں آسکتے۔ حالاں کہ بڑا بابرکت ہے

شَآءَ جَعَلَ لَكَ خَيْرًا مِّنْ ذٰلِكَ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ لا

چاہے | بنادے | تیرے لئے | بہتر | سے | اس | باغات | بہتی ہیں | سے | اُن کے نیچے | نہریں

اللہ جو چاہے تو اے نبی ﷺ ان کی کہی ہوئی چیزوں سے بہتر چیزیں آپ ﷺ کو عطا فرمادے۔ ایسے باغات جن میں نہریں بہتی

وَيَجْعَلْ لَّكَ قُصُوْرًا ﴿10﴾ بَلْ كَذَّبُوْا بِالسَّاعَةِ قف وَاَعْتَدْنَا لِمَنْ

اور وہ بنادے | تیرے لئے | محلات | بلکہ | انہوں نے انکار کیا | قیامت کی گھڑی کا | اور ہم نے تیار کی ہے | اس کے لئے

ہوں اور آپ ﷺ کے لئے محلات بنا دے۔ مگر یہ لوگ قیامت کو نہیں مانتے اور جو قیامت کے

كَذَّبَ بِالسَّاعَةِ سَعِيْرًا ج ﴿11﴾ اِذَا رَاَتْهُمْ مِّنْ مَّكَانٍ بَعِيْدٍ سَمِعُوْا

جو انکار کرے | قیامت کی گھڑی کا | آگ | جب | وہ دیکھے گی ان کو | سے | جگہ | دور کی | وہ سنیں گے

منکر ہوں ہم نے ان کے لئے دوزخ کی آگ تیار کررکھی ہے۔ جب وہ انہیں دُور سے دیکھے گی تو وہ اس کا بپھرنا اور دھاڑنا سنیں

لَهَا تَغَيُّظًا وَّزَفِيْرًا ﴿12﴾ وَاِذَآ اُلْقُوْا مِنْهَا مَكَانًا ضَيِّقًا مُّقَرَّنِيْنَ

اس کی | آواز غصے کی | اور چلانے کی | اور جب | وہ ڈالے جائیں گے | اس میں | جگہ | تنگ میں | جکڑے ہوئے

گے۔ اور جب وہ دوزخ کی کسی تنگ جگہ میں باندھ کر ڈال دیئے جائیں گے تو وہاں موت کو

دَعَوْا هُنَالِكَ ثُبُوْرًا ﴿13﴾ لَا تَدْعُوا الْيَوْمَ ثُبُوْرًا وَّاحِدًا وَّادْعُوْا

وہ پکاریں گے | وہاں | ہلاکت کو | نہ | تم پکارو | آج کے دن | ہلاکت | ایک کو | اور تم پکارو

پکاریں گے۔ ان سے کہا جائے گا ''آج ایک ہلاکت کو نہ پکارو، بہت سی ہلاکتوں

ثُبُوْرًا كَثِيْرًا ﴿14﴾ قُلْ اَذٰلِكَ خَيْرٌ اَمْ جَنَّةُ الْخُلْدِ الَّتِيْ وُعِدَ

ہلاکتوں | کئی کو | کہہ دیجئے | کیا یہ ہے | بہتر | یا | جنت | ہمیشہ رہنے کی | جس کا | وعدہ کیا گیا ہے

کو پکارو'' اے نبی ﷺ آپ ﷺ ان کافروں سے پوچھیں ''کیا دوزخ بہتر ہے یا ہمیشہ کی جنت جس کا وعدہ

الْمُتَّقُوْنَ ؕ كَانَتْ لَهُمْ جَزَآءً وَّمَصِيْرًا ﴿15﴾ لَهُمْ فِيْهَا مَا يَشَآءُوْنَ

پرہیزگاروں سے | ہے | ان کے لئے | بدلہ | اور ٹھکانا | ان کے لئے | اس میں | جو | وہ چاہیں گے

پرہیزگاروں سے کیا گیا ہے۔ وہ ان کے لئے بدلہ اور ٹھکانا ہے۔ اس میں ان کے لئے سب کچھ ہوگا جو وہ چاہیں گے

خٰلِدِيْنَ ؕ كَانَ عَلٰى رَبِّكَ وَعْدًا مَّسْــُٔوْلًا ﴿16﴾ وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ وَمَا

ہمیشہ رہنے والے ہیں | یہ ہے | پر | تیرے رب | وعدہ | سوال کیا ہوا | اور جس دن | وہ جمع کرے گا انکو | اور اسکو جسے

اور وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔ یہ آپ ﷺ کے رب کا وعدہ ہے جسے اس نے پورا کرنا ہے۔ اور جس دن اللہ ان

يَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَيَقُوْلُ ءَاَنْتُمْ اَضْلَلْتُمْ عِبَادِيْ هٰٓؤُلَآءِ

وہ پوجتے ہیں | سے | سوا | اللہ کے | پس وہ کہے گا | کیا تم | تم نے گمراہ کیا | بندوں میرے | ان کو

مشرکوں کو اور ان کے معبودوں کو جمع کرے گا پھر ان معبودوں سے پوچھے گا ''کیا تم نے میرے بندوں کو گمراہ کیا؟

اَمْ هُمْ ضَلُّوا السَّبِيْلَ ﴿17﴾ قَالُوْا سُبْحٰنَكَ مَا كَانَ يَنْۢبَغِيْ لَنَآ اَنْ

یا | وہی | وہ بھٹک گئے | راہ سے | وہ کہیں گے | پاک ہے تو | نہیں | ہے | جائز | ہمارے لئے | کہ

یا وہ خود گمراہ ہوئے؟ وہ کہیں گے ''تیری ذات پاک ہے۔ ہماری کیا مجال ہم تیرے سوا

نَّتَّخِذَ مِنْ دُوْنِكَ مِنْ اَوْلِيَآءَ وَلٰكِنْ مَّتَّعْتَهُمْ وَاٰبَآءَهُمْ حَتّٰى

ہم بنائیں | سے | تیرے سوا | کوئی | کارساز | اور لیکن | تو نے فائدہ دیا انکو | اور ان کے باپوں کو | یہاں تک کہ

اوروں کو کارساز بناتے۔ مگر تو نے ان کو اور ان کے باپ دادا کو دنیا میں خوب سامان دیا یہاں تک کہ وہ

نَسُوا الذِّكْرَ ۚ وَكَانُوْا قَوْمًۢا بُوْرًا ﴿18﴾ فَقَدْ كَذَّبُوْكُمْ بِمَا تَقُوْلُوْنَ ۙ

وہ بھول گئے | نصیحت | اور وہ تھے | لوگ | ہلاک ہونے والے | پس بیشک | انہوں نے جھٹلایا تمہیں | جو کچھ | تم کہتے تھے

نصیحت بھول گئے اور ہلاک ہونے والے بنے۔'' پھر مشرکوں سے کہا جائے گا ''لو'' تمہارے معبودوں ہی نے

فَمَا تَسْتَطِيْعُوْنَ صَرْفًا وَّلَا نَصْرًا ۚ وَمَنْ يَّظْلِمْ مِّنْكُمْ نُذِقْهُ

پھر نہ | تم طاقت رکھتے تھے | (عذاب کو) پھیرنے کی | اور نہ | مدد کرنے کی | اور جو کوئی | ظلم کرے گا | تم میں سے | ہم چکھائیں گے اسے

تمہیں تمہاری باتوں میں جھوٹا کہہ دیا۔ اب نہ اپنے آپ کو عذاب سے بچا سکتے ہو اور نہ تمہیں کہیں سے کوئی مدد مل سکتی ہے'' اور اے

عَذَابًا كَبِيْرًا ﴿19﴾ وَمَآ اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ اِلَّآ اِنَّهُمْ

عذاب | بڑا | اور نہیں | ہم نے بھیجا | پہلے تیرے | سے | رسولوں کو | مگر | یہ کہ وہ

لوگو تم میں سے جو بھی ظلم کرے گا ہم اسے بڑا عذاب چکھائیں گے۔ اور اے نبی ﷺ ہم نے آپ ﷺ سے پہلے جتنے پیغمبر بھیجے

لَيَاْكُلُوْنَ الطَّعَامَ وَيَمْشُوْنَ فِى الْاَسْوَاقِ ۭ وَجَعَلْنَا بَعْضَكُمْ

ضرور وہ کھاتے تھے | کھانا | اور وہ چلتے پھرتے تھے | میں | بازاروں | اور ہم نے بنایا | اُن کے بعض کو

سب کھانا کھاتے اور بازاروں میں چلتے پھرتے تھے۔ اے لوگو ہم نے تمہیں ایک دوسرے کے لئے آزمائش

لِبَعْضٍ فِتْنَةً ۭ اَتَصْبِرُوْنَ ۚ وَكَانَ رَبُّكَ بَصِيْرًا ﴿20﴾ ع

2 ع 11 17

بعض کے لیے | آزمائش | کیا تم صبر کرتے ہو | اور ہے | آپ کا رب | خوب دیکھنے والا

بنایا ہے۔ تو کیا تم آزمائشوں پر صبر کرتے ہو؟ یاد رکھو، تمہارا رب سب کچھ دیکھتا ہے۔

وَقَالَ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْنَا الْمَلٰٓئِكَةُ اَوْ

اور کہا | انہوں نے جو | نہیں | امید رکھتے | ہماری ملاقات کی | کیوں نہیں | نازل کئے گئے | ہم پر | فرشتے | یا

وہ لوگ جنہیں ہمارے سامنے پیش ہونے کا ڈر نہیں، کہتے ہیں ''ہمارے پاس فرشتے کیوں نہیں آتے یا

نَرٰى رَبَّنَا ؕ لَقَدِ اسْتَكْبَرُوْا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ وَعَتَوْ عُتُوًّا كَبِيْرًا ﴿21﴾ يَوْمَ

ہم دیکھتے | رب اپنے کو | بے شک | انہوں نے تکبر کیا | میں | اپنے آپ | اور سرکشی کی | سرکشی کرنا | بڑی | جس دن

ہمارا رب ہمارے سامنے کیوں نہیں آتا؟'' انہوں نے اپنے جی میں اپنے آپ کو بہت بڑا سمجھا اور سرکشی میں حد سے بڑھ گئے۔ مگر

يَرَوْنَ الْمَلٰٓئِكَةَ لَا بُشْرٰى يَوْمَئِذٍ لِّلْمُجْرِمِيْنَ وَيَقُوْلُوْنَ حِجْرًا

وہ دیکھیں گے | فرشتوں کو | نہیں | خوشی ہوگی | اس دن | مجرموں کو | اور وہ کہیں گے | دُور

جس دن وہ فرشتوں کو دیکھیں گے اُس دن اِن مجرموں کے لئے کوئی خوشخبری نہ ہو گی، بلکہ کہیں گے

مَّحْجُوْرًا ﴿22﴾ وَقَدِمْنَآ اِلٰى مَا عَمِلُوْا مِنْ عَمَلٍ فَجَعَلْنٰهُ هَبَآءً

دُور کرنا | اور ہم آگے بڑھے | طرف | اس کی جو | انہوں نے کیا | کوئی | عمل | پھر ہم نے کر دیا اسے | ریت

''پناہ پناہ'' اور ہم ان کے کئے ہوئے اعمال کی طرف بڑھیں گے اور انہیں اُڑتی ہوئی خاک

مَّنْثُوْرًا ﴿23﴾ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ يَوْمَئِذٍ خَيْرٌ مُّسْتَقَرًّا وَّاَحْسَنُ مَقِيْلًا ﴿24﴾

بکھری ہوئی | والے | جنت | اس دن | بہتر ہیں | ٹھکانے میں | اور اچھے ہیں | قیلولہ کرنے کی جگہ

بنا دیں گے۔ جنت والے اُس دن بہترین ٹھکانے اور نہایت اچھی آرام گاہ میں ہوں گے۔

وَيَوْمَ تَشَقَّقُ السَّمَآءُ بِالْغَمَامِ وَنُزِّلَ الْمَلٰٓئِكَةُ تَنْزِيْلًا ﴿25﴾ اَلْمُلْكُ

اور جس دن | پھٹ جائے گا | آسمان | بادلوں سمیت | اور نازل کیے جائیں گے | فرشتے | نازل ہو کر | بادشاہی

اور جس دن آسمان پھٹ جائے گا، اس میں سے ایک بدلی ظاہر ہوگی جس کے اندر سے فرشتے لگاتار اُتارے جائیں گے۔ اس دن

يَوْمَئِذِ ِالْحَقُّ لِلرَّحْمٰنِ ؕ وَكَانَ يَوْمًا عَلَى الْكٰفِرِيْنَ عَسِيْرًا ﴿26﴾ وَيَوْمَ

اس دن | ثابت ہے | رحمان کے لئے | اور ہوگا | وہ دن | پر | کافروں | سخت مشکل | اور اس دن

حقیقی بادشاہی رحمان کی ہو گی۔ کافروں کے لئے وہ دن بڑا سخت ہو گا۔ ظالم شخص

يَعَضُّ الظَّالِمُ عَلٰى يَدَيْهِ يَقُوْلُ يٰلَيْتَنِى اتَّخَذْتُ مَعَ الرَّسُوْلِ

کاٹ کھائے گا | ظالم | اپنے دونوں ہاتھوں کو | وہ کہے گا | اے کاش مجھے | میں بناتا | ساتھ | رسول کے

افسوس سے اپنے ہاتھوں کو کاٹے گا اور کہے گا ''کاش میں نے رسول ﷺ کے ساتھ راہ اختیار کی

سَبِيْلًا ﴿27﴾ يٰوَيْلَتٰى لَيْتَنِيْ لَمْ اَتَّخِذْ فُلَانًا خَلِيْلًا ﴿28﴾ لَقَدْ اَضَلَّنِيْ

راہ | ہائے افسوس مجھے | کاش کہ میں | نہ | میں بناتا | فلاں کو | دوست | بے شک | اس نے غافل رکھا مجھے

ہوتی۔ ہائے میری بدبختی! کاش میں فلاں شخص کو دوست نہ بناتا، اسی نے مجھے گمراہ کر کے

عَنِ الذِّكْرِ بَعْدَ اِذْ جَآءَنِيْ ؕ وَكَانَ الشَّيْطٰنُ لِلْاِنْسَانِ خَذُوْلًا ﴿29﴾

سے | قرآن | اسکے بعد | جب | آیا میرے پاس | اور ہے | شیطان | انسان سے | بے وفائی کرنے والا

اس نصیحت سے بہکا دیا جو میرے پاس آ چکی تھی۔'' اور شیطان تو ہے ہی انسان کو دغا دینے والا۔

وَقَالَ الرَّسُوْلُ يٰرَبِّ اِنَّ قَوْمِي اتَّخَذُوْا هٰذَا الْقُرْاٰنَ مَهْجُوْرًا ﴿30﴾

اور کہا | رسول نے | اے میرے رب | بیشک | میری قوم نے | رکھا | اس | قرآن کو | چھوڑا ہوا

اور رسول ﷺ کہیں گے ''اے میرے رب میری قوم نے اس قرآن کو نظر انداز کر رکھا تھا۔''

وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَا لِكُلِّ نَبِيٍّ عَدُوًّا مِّنَ الْمُجْرِمِيْنَ ؕ وَكَفٰى بِرَبِّكَ

اور اسی طرح | ہم نے بنائے | واسطے ہر | نبی کے | دشمن | سے | مجرموں میں | اور کافی ہے | تیرا رب

اور اے نبی ﷺ ہم نے اسی طرح مجرموں کو ہر نبی کا دشمن بنایا۔ اور آپ ﷺ کا رب رہنمائی

هَادِيًا وَّنَصِيْرًا ﴿31﴾ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْلَا نُزِّلَ عَلَيْهِ الْقُرْاٰنُ

ہدایت دینے والا | اور مددگار | اور کہا | انہوں نے جو | کافر ہوئے | کیوں نہ | نازل ہوا | اس پر | قرآن

اور مدد کرنے کے لئے کافی ہے۔ کافروں نے کہا ''اس شخص پر ایک ہی دفعہ پورا قرآن کیوں نہیں

جُمْلَةً وَّاحِدَةً ۚ كَذٰلِكَ ۚ لِنُثَبِّتَ بِهٖ فُؤَادَكَ وَرَتَّلْنٰهُ تَرْتِيْلًا ﴿32﴾ مع

پورا | ایک بار | اسی طرح ہے | تاکہ ہم مضبوط رکھیں | اس سے | دل تیرے کو | اور ہم نے پڑھا اس کو | ٹھہر ٹھہر کر پڑھنا

اتارا گیا؟'' ایسا اس لئے ہے تاکہ اس کے ذریعے ہم آپ ﷺ کے دل کو مضبوط کریں اور ہم نے اس قرآن کو ٹھہر ٹھہر کر نازل کیا

وَلَا يَاْتُوْنَكَ بِمَثَلٍ اِلَّا جِئْنٰكَ بِالْحَقِّ وَاَحْسَنَ تَفْسِيْرًا ﴿33﴾ ط

اور نہیں | وہ لاتے تیرے پاس | کوئی بات | مگر | ہم لاتے ہیں تیرے پاس | حق کو | اور بہت اچھی | تفسیر کر کے

ہے۔ اور یہ لوگ جو اعتراض بھی کریں گے ہم اس کا ٹھیک جواب اور بہترین وضاحت آپ ﷺ کو بتا دیں گے۔

اَلَّذِيْنَ يُحْشَرُوْنَ عَلٰى وُجُوْهِهِمْ اِلٰى جَهَنَّمَ ۙ اُولٰٓئِكَ شَرٌّ مَّكَانًا

جو لوگ | جمع کئے جائیں گے | پر | اپنے مونہوں | طرف | دوزخ کی | وہی ہیں | برے | جگہ کے لحاظ سے

یہ وہ لوگ ہیں جو منہ کے بل جہنم کی طرف لے جائے جائیں گے۔ ان کا ٹھکانا بہت برا ہے

ع 3 14 1

وَّاَضَلُّ سَبِيْلًا ﴿34﴾ع وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ وَجَعَلْنَا مَعَهٗٓ اَخَاهُ

اور بہت بھٹکے ہوئے | راستے سے | اور بے شک | ہم نے دی | موسیٰ کو | کتاب | اور ہم نے بنایا | اس کے ساتھ | اس کے بھائی

اور اِن کا راستہ نہایت گمراہی کا ہے۔ ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو کتاب دی اور ان کے بھائی ہارون کو ان کا

هٰرُوْنَ وَزِيْرًا ﴿35﴾ج فَقُلْنَا اذْهَبَآ اِلَى الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ط

ہارون کو | مددگار | پھر ہم نے کہا | تم دونوں جاؤ | طرف | قوم کی | جنہوں نے | جھٹلایا | ہماری آیتوں کو

مددگار بنایا۔ ہم نے انہیں حکم دیا ”تم دونوں ان لوگوں کے پاس جاؤ جنہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا ہے۔“

فَدَمَّرْنٰهُمْ تَدْمِيْرًا ﴿36﴾ وَقَوْمَ نُوْحٍ لَّمَّا كَذَّبُوا الرُّسُلَ اَغْرَقْنٰهُمْ

پھر ہم نے ہلاک کر دیا انکو | ہلاک کرنا | اور قوم | نوح کی | جب | انہوں نے جھٹلایا | رسولوں کو | ہم نے غرق کیا انکو

مگر پھر ہم نے ان لوگوں کو بالکل تباہ کر دیا۔ اور نوح علیہ السلام کی قوم کو بھی ہم نے غرق کیا۔ جبکہ انہوں نے رسولوں کو جھٹلایا اور ہم

وَجَعَلْنٰهُمْ لِلنَّاسِ اٰيَةً ط وَاَعْتَدْنَا لِلظّٰلِمِيْنَ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿37﴾ج

اور ہم نے بنایا ان کو | لوگوں کے لیے | نشانی عبرت کی | اور ہم نے تیار کیا | ظالموں کے لئے | عذاب | دردناک

نے اُن کو پانی میں غرق کر کے لوگوں کے لئے ایک نشانی بنا دیا۔ ہم نے ظالموں کے لئے دردناک عذاب تیار کر رکھا ہے۔

وَّعَادًا وَّثَمُوْدَاۡ وَاَصْحٰبَ الرَّسِّ وَقُرُوْنًا بَيْنَ ذٰلِكَ كَثِيْرًا ﴿38﴾ وَكُلًّا

اور عاد کو | اور ثمود کو | اور کنویں والوں کو | اور قوموں | درمیان | اس کے | بہت کو | اور ہر ایک کو

اور ہم نے قومِ عاد کو قومِ ثمود کو اور کنویں والے اصحابِ رَس کو اور ان کے درمیان بہت سی قوموں کو ہلاک کیا۔ ان میں سے ہر ایک کو

ضَرَبْنَا لَهُ الْاَمْثَالَ ز وَكُلًّا تَبَّرْنَا تَتْبِيْرًا ﴿39﴾ وَلَقَدْ اَتَوْا عَلَى

ہم نے بیان کیں | اس کے لئے | مثالیں | اور ہر ایک کو | ہم نے ہلاک کیا | ہلاک کرنا | اور بے شک | وہ ہو آئے ہیں | پر

ہم نے مثالیں دے کر سمجھایا۔ مگر ہم نے ان میں سے ہر ایک کو تباہ و برباد کر دیا۔ اور یہ کافر لوگ قومِ لوط کی اُس بستی پر سے

الْقَرْيَةِ الَّتِيْٓ اُمْطِرَتْ مَطَرَ السَّوْءِ ط اَفَلَمْ يَكُوْنُوْا يَرَوْنَهَا ج بَلْ كَانُوْا

بستی | جس پر | بارش ہوئی | بارش | بری | کیا پس نہ | وہ تھے | وہ دیکھتے اسے | بلکہ | وہ تھے

گزرتے رہے ہیں جسے بری طرح پتھر برسا کر تباہ کیا گیا تھا۔ یہ لوگ اسے دیکھ کر عبرت نہیں پکڑتے؟ اصل میں ان لوگوں

لَا يَرْجُوْنَ نُشُوْرًا ﴿40﴾ وَاِذَا رَاَوْكَ اِنْ يَّتَّخِذُوْنَكَ اِلَّا هُزُوًا ط اَهٰذَا

نہ | وہ امید رکھتے | دوبارہ جی اٹھنے کی | اور جب | دیکھتے ہیں تجھے | نہیں | وہ بناتے تیرا | مگر | مذاق | کیا یہ ہے

کو قیامت کا ڈر نہیں۔ اے نبی ﷺ جب یہ لوگ آپ کو دیکھتے ہیں تو آپ ﷺ کا مذاق اُڑاتے ہیں اور کہتے ہیں ”کیا

الَّذِیْ بَعَثَ اللّٰهُ رَسُوْلًا ﴿41﴾ اِنْ كَادَ لَیُضِلُّنَا عَنْ اٰلِهَتِنَا لَوْلَاۤ

وہ جسے | بھیجا | اللہ نے | رسول بنا کر | بے شک | قریب تھا | کہ گمراہ کر دے ہمیں | سے | معبودوں ہمارے | اگر نہ ہوتا

یہی ہے جسے اللہ نے رسول بنا کر بھیجا ہے۔ اس نے تو ہمیں ہمارے معبودوں سے ہٹا دیا ہوتا

اَنْ صَبَرْنَا عَلَیْهَا ؕ وَسَوْفَ یَعْلَمُوْنَ حِیْنَ یَرَوْنَ الْعَذَابَ مَنْ

یہ کہ | ہم ڈٹ گئے | ان پر | اور ضرور | وہ جانیں گے | جب | وہ دیکھیں گے | عذاب کو | کون ہے

اگر ہم ان پر جمے نہ رہتے'' ان لوگوں کو جلد ہی معلوم ہو جائے گا جب یہ عذاب کو دیکھیں گے کہ کون سیدھی

اَضَلُّ سَبِیْلًا ﴿42﴾ اَرَءَیْتَ مَنِ اتَّخَذَ اِلٰهَهٗ هَوٰىهُ ؕ اَفَاَنْتَ تَكُوْنُ

زیادہ گمراہ | راہ سے | کیا تو نے دیکھا | جس نے | بنایا | معبود اپنا | خواہش اپنی کو | کیا پھر تو | تو ہے

راہ سے بھٹکا ہوا تھا۔ اے نبی ﷺ کیا آپ نے ایسے شخص کو دیکھا جس نے اپنی خواہش کو اپنا معبود بنا رکھا ہے۔ تو کیا

عَلَیْهِ وَكِیْلًا ۙ﴿43﴾ اَمْ تَحْسَبُ اَنَّ اَكْثَرَهُمْ یَسْمَعُوْنَ اَوْ یَعْقِلُوْنَ ؕ

اس پر | نگران | کیا | تو گمان کرتا ہے | یہ کہ | اکثر ان کے | وہ سنتے ہیں | یا | وہ سمجھتے ہیں

آپ ﷺ اس کے ذمہ دار ہیں؟ یا کیا آپ ﷺ یہ خیال کرتے ہیں کہ ان کافروں میں سے اکثر کچھ سنتے سمجھتے ہیں؟

اِنْ هُمْ اِلَّا كَالْاَنْعَامِ بَلْ هُمْ اَضَلُّ سَبِیْلًا ۠﴿44﴾ اَلَمْ تَرَ اِلٰى

(4 ع 10 2)

نہیں ہیں | وہ | مگر | مانند جانوروں کے | بلکہ | وہ | زیادہ گمراہ ہیں | راہ سے | کیا نہیں | تو نے دیکھا | طرف

نہیں، وہ تو جانوروں کی طرح ہیں، بلکہ ان سے بھی گئے گزرے ہیں۔ کیا تم نے اپنے رب کی قدرت نہیں دیکھی

رَبِّكَ كَیْفَ مَدَّ الظِّلَّ ۚ وَلَوْ شَآءَ لَجَعَلَهٗ سَاكِنًا ۚ ثُمَّ جَعَلْنَا

اپنے رب کی | کیسے | اس نے پھیلایا | سائے کو | اور اگر | وہ چاہتا | تو وہ کر دیتا اسے | ساکن | پھر | ہم نے بنایا

وہ کس طرح سائے کو پھیلا دیتا ہے۔ اگر وہ چاہتا تو اسے ایک ہی حالت پر ٹھہرا دیتا۔ لیکن ہم نے سائے کو

الشَّمْسَ عَلَیْهِ دَلِیْلًا ۙ﴿45﴾ ثُمَّ قَبَضْنٰهُ اِلَیْنَا قَبْضًا یَّسِیْرًا ﴿46﴾ وَهُوَ

سورج کو | اس پر | دلیل | پھر | ہم نے کھینچ لیا اسے | اپنی طرف | کھینچنا | آہستہ آہستہ | اور وہی ہے

سورج پر دلیل بنا دیا پھر اس سائے کو ہم سمیٹ لیتے ہیں۔ اللہ ہی نے

الَّذِیْ جَعَلَ لَكُمُ الَّیْلَ لِبَاسًا وَّالنَّوْمَ سُبَاتًا وَّجَعَلَ النَّهَارَ

جس نے | بنایا | تمہارے لئے | رات کو | پردہ | اور نیند کو | آرام | اور بنایا | دن کو

تمہارے لئے رات بنائی پردہ پوشی کے لئے، نیند بنائی آرام کے لئے اور دن بنایا چلنے پھرنے

نُشُوْرًا ﴿47﴾ وَهُوَ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ الرِّيٰحَ بُشْرًۢا بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهٖ ۚ

جی اٹھنا | اور وہی ہے | جس نے | بھیجیں | ہوائیں | خوشخبری دیتیں | آگے | اس کی رحمت کے

کے لئے وہی ہے جو باران رحمت سے پہلے ہواؤں کو بھیجتا ہے جو بارش کے آنے کی خوشخبری دیتی ہیں۔

وَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً طَهُوْرًا ﴿48﴾ لِّنُحْيِۦَ بِهٖ بَلْدَةً مَّيْتًا وَّنُسْقِيَهٗ

اور ہم نے اتارا | سے | آسمان | پانی | پاک کرنے والا | تاکہ ہم زندہ کریں | اس سے | شہر | مردہ کو | اور ہم پلائیں اسے

اور ہم آسمان سے پاک پانی اتارتے ہیں تاکہ اس کے ذریعے سے مردہ زمین میں جان ڈال دیں اور اپنی مخلوقات میں سے بہت

مِمَّا خَلَقْنَآ اَنْعَامًا وَّاَنَاسِيَّ كَثِيْرًا ﴿49﴾ وَلَقَدْ صَرَّفْنٰهُ

ان کو جو | ہم نے پیدا کئے | جانور | اور انسان | بہت سے | اور بے شک | ہم نے طرح طرح سے بیان کیا اسے

سے جانوروں اور انسانوں کو اس سے سیراب کر دیں۔ ہم نے یہ بات لوگوں کے لئے

بَيْنَهُمْ لِيَذَّكَّرُوْا ۖ فَاَبٰٓى اَكْثَرُ النَّاسِ اِلَّا كُفُوْرًا ﴿50﴾ وَلَوْ شِئْنَا

ان کے درمیان | تاکہ وہ نصیحت پائیں | پھر نہ باز آئے | اکثر | لوگ | مگر | کفر کرنا | اور اگر | ہم چاہتے

طرح طرح سے بیان کی ہے تاکہ وہ سمجھیں۔ مگر اکثر لوگ پھر بھی ناشکری کئے بغیر نہیں رہتے۔ اگر ہم چاہتے تو

لَبَعَثْنَا فِيْ كُلِّ قَرْيَةٍ نَّذِيْرًا ﴿51﴾ فَلَا تُطِعِ الْكٰفِرِيْنَ وَجَاهِدْهُمْ بِهٖ

ضرور ہم بھیجتے | میں | ہر | بستی | ایک خبردار کرنے والا | پس نہ | تو پیروی کر | کافروں کی | اور جہاد کر ان سے | اس کے ساتھ

ہر بستی میں ایک خبردار کرنے والا بھیج دیتے۔ اے نبی ﷺ! آپ ﷺ ان کافروں کا کہنا نہ مانیں بلکہ اس قرآن کے ذریعے ان کے

جِهَادًا كَبِيْرًا ﴿52﴾ وَهُوَ الَّذِيْ مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ هٰذَا عَذْبٌ فُرَاتٌ وَّهٰذَا

جہاد | بڑا | اور وہی ہے | جس نے | ملائے | دو سمندر | یہ ہے | میٹھا | خوب میٹھا | اور یہ

خلاف زبردست جہاد کریں۔ وہی اللہ ہے جس نے دو سمندروں کو ملایا جن میں سے ایک کا پانی میٹھا اور خوش گوار ہے،

مِلْحٌ اُجَاجٌ ۚ وَجَعَلَ بَيْنَهُمَا بَرْزَخًا وَّحِجْرًا مَّحْجُوْرًا ﴿53﴾ وَهُوَ

کھاری | سخت کڑوا | اور اس نے بنا دیا | درمیان دونوں کے | ایک پردہ | اور روک | باندھی ہوئی | اور وہی ہے

دوسرے کا کھاری اور کڑوا ہے۔ اور ان دونوں کے درمیان پردہ حائل کر دیا اور مضبوط آڑ بنا دی۔

الَّذِيْ خَلَقَ مِنَ الْمَآءِ بَشَرًا فَجَعَلَهٗ نَسَبًا وَّصِهْرًا ۭ وَكَانَ رَبُّكَ

جس نے | پیدا کیا | سے | پانی | بشر کو | پھر اس نے بنایا اسکو | نسب | اور سسرال والا | اور ہے | تیرا رب

وہی اللہ ہے جس نے انسان کو پانی کی بوند سے پیدا کیا۔ پھر اسے خاندان والا اور سسرال والا بنایا۔ اور تمہارا رب بڑی

قَدِيْرًا ﴿54﴾ وَيَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَنْفَعُهُمْ

قادر | اور وہ پوجتے ہیں | سے | سوا | اللہ کے | اسے جو | نہیں | فائدہ دیتا ان کو

قدرت والا ہے۔ مشرک لوگ اللہ کے سوا ان چیزوں کو پوجتے ہیں جو نہ انھیں نفع پہنچانے کا اختیار رکھتی ہیں اور نہ نقصان

وَلَا يَضُرُّهُمْ ؕ وَكَانَ الْكَافِرُ عَلٰى رَبِّهٖ ظَهِيْرًا ﴿55﴾ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا

اور نہ نقصان پہنچاتا ان کو | اور ہے | کافر | خلاف | اپنے رب کے | حمایتی دوسروں کا | اور نہیں | ہم نے بھیجا تجھے | مگر

پہنچانے کا۔ بلکہ کافر اپنے رب کے دشمنوں سے ملا ہوا ہے۔ اے نبی ﷺ ہم نے آپ ﷺ کو خوشخبری دینے والا

مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ﴿56﴾ قُلْ مَآ اَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ اِلَّا مَنْ شَآءَ

خوشخبری دینے والا | اور ڈرانے والا | کہہ دیجئے | نہیں | میں مانگتا تم سے | اس پر | کوئی | معاوضہ | مگر | جو کوئی | چاہے

اور ڈرانے والا بنا کر بھیجا ہے۔ آپ ﷺ ان لوگوں سے کہہ دیں ''میں اُس کام پر تم سے کوئی اجرت نہیں مانگتا۔ یہی کہتا ہوں کہ

اَنْ يَّتَّخِذَ اِلٰى رَبِّهٖ سَبِيْلًا ﴿57﴾ وَتَوَكَّلْ عَلَى الْحَيِّ الَّذِيْ لَا يَمُوْتُ

کہ | وہ پکڑے | طرف | اپنے رب کی | راہ کو | اور توکل کریں | پر | اس زندہ | جو | نہیں | مرے گا کبھی

جو کوئی چاہے اپنے رب کا راستہ اختیار کر لے۔ اور آپ ﷺ اس ہمیشہ زندہ رہنے والے خدا پر بھروسا رکھیں جو لا فانی ہے۔

وَسَبِّحْ بِحَمْدِهٖ ؕ وَكَفٰى بِهٖ بِذُنُوْبِ عِبَادِهٖ خَبِيْرًا ﴿58﴾ الَّذِيْ خَلَقَ مع

اور تسبیح کریں | اس کی تعریف کے ساتھ | اور کافی ہے | وہ | گناہوں سے | اپنے بندوں کے | باخبر | اسی نے | پیدا کیا

اُسی کی حمد وثنا کے ساتھ تسبیح کریں۔ وہ اپنے بندوں کے گناہوں سے باخبر رہنے کے لئے کافی ہے۔ اُسی نے آسمانوں کو،

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى

آسمانوں کو | اور زمین کو | اور جو کچھ | درمیان دونوں کے | میں | چھ | دنوں | پھر | وہ قائم ہوا | پر

زمین کو، اور جو کچھ اُن کے درمیان ہے سب کو چھ دنوں میں پیدا کیا۔ پھر وہ عرش پر

الْعَرْشِ ۚ اَلرَّحْمٰنُ فَسْئَلْ بِهٖ خَبِيْرًا ﴿59﴾ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ اسْجُدُوْا

عرش | وہ رحمان ہے | پس پوچھیے | اس کے بارے میں | کسی باخبر سے | اور جب | کہا جائے | ان کو | تم سجدہ کرو

قائم ہوا۔ لوگو! وہی رحمان ہے۔ اس کی شان کسی جاننے والے سے پوچھو۔ جب مشرکوں سے کہا جاتا ہے

لِلرَّحْمٰنِ قَالُوْا وَمَا الرَّحْمٰنُ ق اَنَسْجُدُ لِمَا تَاْمُرُنَا وَزَادَهُمْ

رحمان کو | وہ کہتے ہیں | اور کون ہے | رحمٰن | کیا ہم سجدہ کریں | اس کو جو | تو حکم دے ہمیں | اور وہ زیادہ کرتا ہے ان کو

صرف رحمان کو سجدہ کرو تو کہتے ہیں ''رحمان کیا ہے؟ کیا ہم اسے سجدہ کریں جس کے آگے تم ہمیں سجدہ کرنے کو کہو۔'' اور اُن کا بدکنا

ع 5 16 3 السجدۃ 8

نُفُوْرًا ﴿60﴾ تَبٰرَكَ الَّذِيْ جَعَلَ فِي السَّمَآءِ بُرُوْجًا وَّجَعَلَ فِيْهَا

اور بھاگنے میں | بہت برکت والا ہے | وہ جس نے | بنائے | میں | آسمان | برج | اور بنایا | اس میں

اور بڑھ جاتا ہے۔ بڑی بابرکت ہے وہ ذات جس نے آسمان پر بڑے بڑے ستارے بنائے۔ اُس میں سورج کا چراغ

سِرٰجًا وَّقَمَرًا مُّنِيْرًا ﴿61﴾ وَهُوَ الَّذِيْ جَعَلَ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ خِلْفَةً

چراغ | اور چاند | چمکتا ہوا | اور وہی ہے | جس نے | بنایا | رات کو | اور دن کو | آگے پیچھے آنے والے

اور چمک دار چاند بنایا۔ وہی ہے جس نے رات اور دن کو ایک دوسرے کے بعد آنے والا بنایا

لِّمَنْ اَرَادَ اَنْ يَّذَّكَّرَ اَوْ اَرَادَ شُكُوْرًا ﴿62﴾ وَعِبَادُ الرَّحْمٰنِ الَّذِيْنَ

اس کے لئے جو | ارادہ کرے | کا | نصیحت حاصل کرنے | یا ارادہ کرے | شکر کرنے کا | اور بندے | رحمان کے | وہ ہیں جو

تاکہ لوگ غور کریں اور شکر گزار بنیں۔ رحمان کے بندے وہ ہیں جو زمین پر

يَمْشُوْنَ عَلَى الْاَرْضِ هَوْنًا وَّاِذَا خَاطَبَهُمُ الْجٰهِلُوْنَ قَالُوْا سَلٰمًا ﴿63﴾

چلتے ہیں | پر | زمین | تواضع سے | اور جب | بات کریں ان سے | جاہل لوگ | تو وہ کہتے ہیں | سلام ہے

عاجزی سے چلتے ہیں۔ جب جاہل لوگ اُن سے بات کرتے ہیں تو وہ کہہ دیتے ہیں: تم کو سلام۔

وَالَّذِيْنَ يَبِيْتُوْنَ لِرَبِّهِمْ سُجَّدًا وَّقِيَامًا ﴿64﴾ وَالَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا

اور وہ جو | رات گزارتے ہیں | اپنے رب کو | سجدہ کرتے ہوئے | اور قیام کرتے ہوئے | اور جو کہ | کہتے ہیں | ہمارے رب

جو اپنے رب کے آگے سجدے اور قیام میں راتیں گزارتے ہیں۔ جو کہتے ہیں ''اے ہمارے رب!

اصْرِفْ عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ ۖ اِنَّ عَذَابَهَا كَانَ غَرَامًا ﴿65﴾ اِنَّهَا

تو پھیر دے | ہم سے | عذاب | جہنم کا | بے شک | عذاب اس کا | ہے | چمٹنے والا | بے شک وہ

ہمیں دوزخ کے عذاب سے دُور رکھنا۔ کیونکہ اُس کا عذاب نری مصیبت ہے۔ بے شک وہ

سَآءَتْ مُسْتَقَرًّا وَّمُقَامًا ﴿66﴾ وَالَّذِيْنَ اِذَآ اَنْفَقُوْا لَمْ يُسْرِفُوْا

برا ہے | ٹھکانہ | اور مقام رہنے کا | اور جو لوگ کہ | جب | وہ خرچ کرتے ہیں | نہیں | وہ اسراف کرتے

برا ٹھکانا اور برا مقام ہے۔'' اور جو خرچ کرتے ہیں تو نہ فضول خرچی کرتے ہیں اور نہ

وَلَمْ يَقْتُرُوْا وَكَانَ بَيْنَ ذٰلِكَ قَوَامًا ﴿67﴾ وَالَّذِيْنَ لَا يَدْعُوْنَ مَعَ اللّٰهِ

اور نہیں وہ کنجوسی کرتے | اور ہوتا ہے | درمیان | اس کے | معقول گزارہ | اور جو کہ | نہیں | وہ پکارتے | ساتھ | اللہ کے

بخل سے کام لیتے ہیں بلکہ کفایت شعاری اختیار کرتے ہیں۔ جو اللہ کے سوا کسی اور معبود کو نہیں پکارتے

اِلٰهًا اٰخَرَ وَلَا يَقْتُلُوْنَ النَّفْسَ الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ

معبود | دوسرے کو | اورنہیں | وہ قتل کرتے | جان کو | جس کا قتل کرنا | حرام قرار دیا | اللہ نے | مگر | ساتھ حق کے

جو کسی ایسی جان کو ناحق قتل نہیں کرتے جسے قتل کرنا اللہ نے حرام قرار دیا ہے

وَلَا يَزْنُوْنَ ۚ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ يَلْقَ اَثَامًا ﴿68﴾ يُّضٰعَفْ لَهُ الْعَذَابُ

اور نہ وہ زنا کرتے ہیں | اور جو کوئی | کرے کام | ایسا | وہ ملے گا | گناہ کی سزا سے | دوہرا دیا جائے گا | اس کو | عذاب

اور جو بدکاری نہیں کرتے۔ اور جو ایسے کام کرے گا وہ اپنے کیئے کی سزا بھگتے گا۔ قیامت کے دن اُس کا عذاب بڑھتا ہی چلا جائے

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَيَخْلُدْ فِيْهٖ مُهَانًا ﴿69﴾ اِلَّا مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ

دن | قیامت کے | اور وہ ہمیشہ رہے گا | اس میں | ذلیل ہو کر | مگر | جو کوئی | توبہ کرے | اور وہ ایمان لائے

گا۔ اور وہ اُس میں ہمیشہ ذلیل ہو کر رہے گا۔ مگر جس نے توبہ کی، ایمان لایا

وَعَمِلَ عَمَلًا صَالِحًا فَاُولٰٓئِكَ يُبَدِّلُ اللّٰهُ سَيِّاٰتِهِمْ حَسَنٰتٍ ؕ

اور وہ عمل کرے | عمل | اچھا | تو وہ لوگ ہیں کہ | بدل ڈالے گا | اللہ | ان کے گناہوں کو | نیکیوں میں

اور نیک کام کئے، اللہ ایسے لوگوں کی برائیوں کو نیکیوں میں بدل دے گا

وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿70﴾ وَمَنْ تَابَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَاِنَّهٗ

اور ہے | اللہ | بڑا بخشنے والا | نہایت مہربان | اور جو کوئی | توبہ کرے | اور عمل کرے | اچھا | تو بے شک وہ

اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔ اور جو توبہ کر لے اور نیک کام کرے تو وہ

يَتُوْبُ اِلَى اللّٰهِ مَتَابًا ﴿71﴾ وَالَّذِيْنَ لَا يَشْهَدُوْنَ الزُّوْرَ ۙ وَاِذَا مَرُّوْا

توبہ کرتا ہے | طرف | اللہ کی | توبہ کرنا | اور وہ جو کہ | نہیں | گواہی دیتے | جھوٹی | اور جب | وہ گزریں

اللہ ہی کی طرف رجوع کر رہا ہے۔ اور جو لوگ جھوٹی گواہی نہیں دیتے اور جب کسی بیہودہ چیز سے

بِاللَّغْوِ مَرُّوْا كِرَامًا ﴿72﴾ وَالَّذِيْنَ اِذَا ذُكِّرُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ

بیہودہ چیز سے | وہ گزرتے ہیں | وقار سے | اور وہ لوگ کہ | جب | نصیحت کی جائے | آیتوں کے ساتھ | ان کے رب کی

گزرتے ہیں تو وقار کے ساتھ گزر جاتے ہیں اور جو ایسے ہیں کہ جب انہیں ان کے رب کی آیتوں کے ذریعے نصیحت کی جاتی ہے تو وہ

لَمْ يَخِرُّوْا عَلَيْهَا صُمًّا وَّعُمْيَانًا ﴿73﴾ وَالَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ

نہیں وہ گر پڑتے | ان پر | بہرے | اور اندھے ہو کر | اور وہ جو کہ | کہتے ہیں | ہمارے رب | دے | ہم کو | سے

اُن پر اندھے بہرے نہیں بنے رہتے۔ اور جو دعا کرتے ہیں "اے ہمارے رب! ہمیں ہماری بیوی اور اولاد کی

دَاوٗدَ وَقَالَ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ عُلِّمْنَا مَنْطِقَ الطَّيْرِ وَاُوْتِيْنَا مِنْ

داؤد کا | اور اس نے کہا | اے | لوگو | سکھائی گئی ہے ہمیں | بولی | پرندوں کی | اور دیا گیا ہے ہمیں | سے

سلیمان علیہ السلام ہوا۔ جس نے کہا ''لوگو ہمیں پرندوں کی بولی سکھائی گئی۔ ہمیں ہر قسم کی

كُلِّ شَيْءٍ ۭ اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْفَضْلُ الْمُبِيْنُ ﴿16﴾ وَحُشِرَ لِسُلَيْمٰنَ

ہر | چیز | بے شک | یہ ہے | البتہ وہی | فضل | ظاہر | اور جمع کئے گئے | سلیمان کیلئے

چیز دی گئی۔ بے شک یہ اللہ کا خاص فضل ہے۔'' اور سلیمان علیہ السلام کے معائنے کے لئے اس کا سارا

جُنُوْدُهٗ مِنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَالطَّيْرِ فَهُمْ يُوْزَعُوْنَ ﴿17﴾ حَتّٰٓى اِذَآ

لشکراس کے | سے | جنوں | اورانسانوں سے | اور پرندوں سے | پھر وہ | الگ الگ کیے گئے | یہاں تک کہ | جب

لشکر جمع کیا گیا جس میں جن، انسان اور پرندے تھے۔ اور اسے ترتیب دیا گیا۔ وہ لشکر روانہ ہو گیا۔ جب

اَتَوْا عَلٰى وَادِ النَّمْلِ ۙ قَالَتْ نَمْلَةٌ يّٰٓاَيُّهَا النَّمْلُ ادْخُلُوْا

وہ آئے | پر | وادی | چیونٹیوں کی | بولی | ایک چیونٹی | اے | چیونٹیو | تم داخل ہو جاؤ

وہ چیونٹیوں کی وادی میں پہنچے تو ایک چیونٹی بولی ''اے چیونٹیو! اپنے سوراخوں میں

مَسٰكِنَكُمْ ۚ لَا يَحْطِمَنَّكُمْ سُلَيْمٰنُ وَجُنُوْدُهٗ ۙ وَهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿18﴾

اپنے گھروں میں | نہ | کچل ڈالے تمہیں | سلیمان | اور لشکر اس کے | جبکہ وہ | نہ | وہ جانتے ہوں

داخل ہو جاؤ، کہیں سلیمان علیہ السلام اور اس کا لشکر بے خبری میں تمہیں کچل نہ ڈالے۔

فَتَبَسَّمَ ضَاحِكًا مِّنْ قَوْلِهَا وَقَالَ رَبِّ اَوْزِعْنِيْٓ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ

پھر وہ مسکرایا | ہنستا ہوا | سے | اس کی بات | اور کہا | میرے رب | توفیق دے مجھے | کہ | میں شکر کروں | تیری نعمت کا

سلیمان علیہ السلام اس کی بات سن کر مسکراتے ہوئے ہنس پڑے اور دعا کی ''اے میرے رب مجھے توفیق دے میں تیری نعمتوں کا

الَّتِيْٓ اَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلٰى وَالِدَيَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰىهُ

جو | تو نے انعام کی | مجھ پر | اور | پر | میرے والدین | اور یہ کہ | میں عمل کروں | اچھا | تو پسند کرے جسے

شکر ادا کروں جو تو نے مجھے اور میرے والدین کو عطا کیں۔ اور میں عمر بھر ایسے نیک کام کرتا رہوں جن سے تو

وَاَدْخِلْنِيْ بِرَحْمَتِكَ فِيْ عِبَادِكَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿19﴾ وَتَفَقَّدَ الطَّيْرَ فَقَالَ

اور تو داخل کر مجھے | اپنی رحمت سے | میں | اپنے بندوں | نیک | اور اس نے حاضری لی | پرندوں کی | پھر کہا

راضی ہو اور اپنی رحمت سے آخرت میں مجھے اپنے نیک بندوں میں شامل رکھنا'' اور سلیمان علیہ السلام نے پرندوں کا جائزہ لے کر کہا

مَا لِيَ لَآ اَرَى الْهُدْهُدَ ۖ اَمْ كَانَ مِنَ الْغَآئِبِيْنَ ﴿20﴾ لَاُعَذِّبَنَّهٗ

کیا ہے | مجھے | نہیں | میں دیکھتا | ہدہد کو | یا | وہ ہے | سے | غائبوں | ضرور میں سزا دوں گا اسے

''کیا بات ہے مجھے ہدہد نظر نہیں آ رہا۔ کیا وہ غائب ہو گیا ہے؟ اگر غائب ہے تو میں اُسے سخت سزا دوں گا

عَذَابًا شَدِيْدًا اَوْ لَاَاذْبَحَنَّهٗٓ اَوْ لَيَاْتِيَنِّيْ بِسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿21﴾

سزا | سخت | یا | ضرور ذبح کر ڈالوں گا اسے | یا | ضرور لائے میرے پاس | دلیل | واضح

یا اُسے ذبح کر دوں گا یا وہ میرے سامنے اپنی غیر حاضری کا معقول عذر پیش کرے''

فَمَكَثَ غَيْرَ بَعِيْدٍ فَقَالَ اَحَطْتُّ بِمَا لَمْ تُحِطْ بِهٖ وَجِئْتُكَ

پھر اس نے دیر کی | جو نہ تھی | زیادہ | پھر اس نے کہا | میں نے احاطہ کیا | اس کا جو | نہیں | تو نے احاطہ کیا | اس کا | اور میں آیا تیرے پاس

زیادہ دیر نہیں گزری ہد ہد آ گیا اور اس نے کہا "میں ایسی چیز کی خبر لایا ہوں جو آپ کو معلوم نہیں۔ جو ملک سبا کے بارے میں یقینی خبر

مِنْ سَبَاٍ بِنَبَاٍ يَّقِيْنٍ ﴿22﴾ اِنِّيْ وَجَدْتُّ امْرَاَةً تَمْلِكُهُمْ وَاُوْتِيَتْ مِنْ

سے | سبا | ساتھ خبر | یقینی کے | بیشک | میں نے پائی | ایک عورت | جو ملکہ تھی ان پر | اور اسے دیا گیا ہے | سے

لایا ہوں۔ میں نے دیکھا وہاں عورت حکمرانی کرتی ہے جسے ہر چیز

كُلِّ شَيْءٍ وَّلَهَا عَرْشٌ عَظِيْمٌ ﴿23﴾ وَجَدْتُّهَا وَقَوْمَهَا يَسْجُدُوْنَ

ہر | چیز | اور اس کا ہے | تخت | بڑا | میں نے پایا اسے | اور اس کی قوم کو | وہ سجدہ کرتے ہیں

میسر ہے۔ اُس کا بڑا تخت ہے۔ میں نے ملکہ اور اُس کی رعایا کو دیکھا وہ سب اللہ کو چھوڑ کر سورج کو

لِلشَّمْسِ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ اَعْمَالَهُمْ فَصَدَّهُمْ

سورج کو | سے | سوا | اللہ کے | اور خوشنما بنائے | ان کے لئے | شیطان نے | عمل ان کے | پس روکا ہے ان کو

سجدہ کرتے ہیں۔ شیطان نے ان کے اعمال ان کے لئے خوشنما بنا کر

عَنِ السَّبِيْلِ فَهُمْ لَا يَهْتَدُوْنَ ﴿24﴾ اَلَّا يَسْجُدُوْا لِلّٰهِ الَّذِيْ يُخْرِجُ

سے | راہ | پس وہ | نہیں | وہ ہدایت پاتے | یہ کہ | وہ سجدہ کریں | اللہ کو | جو | نکالتا ہے

انہیں راہ راست سے روک دیا ہے۔ انہیں اتنی ہدایت کی توفیق نہیں کہ وہ اللہ کے آگے سجدہ ریز ہو جائیں جو آسمانوں اور زمین میں

الْخَبْءَ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَيَعْلَمُ مَا تُخْفُوْنَ وَمَا تُعْلِنُوْنَ ﴿25﴾

چھپی ہوئی کو | میں | آسمانوں | اور زمین میں | اور وہ جانتا ہے | جو کچھ | تم چھپاتے ہو | اور جو کچھ | تم ظاہر کرتے ہو

چھپی چیزوں کو ظاہر کرتا ہے اور جو تمہارے ظاہر و باطن کو جانتا ہے۔

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ﴿26﴾ السجدة قَالَ سَنَنْظُرُ اَصَدَقْتَ

اللہ | نہیں | کوئی معبود | مگر | وہی | مالک ہے | عرش | بڑے کا | اس نے کہا | اب ہم دیکھیں گے | کیا تو نے سچ کہا

وہی اللہ جس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ جو عرش عظیم کا مالک ہے۔ یہ سن کر سلیمان علیہ السلام نے کہا "ہم دیکھیں گے تم نے سچ کہا

السجدة 9

اَمْ كُنْتَ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ﴿27﴾ اِذْهَبْ بِّكِتٰبِيْ هٰذَا فَاَلْقِهْ اِلَيْهِمْ

یا | تو ہے | سے | جھوٹوں | تو لے جا | میرا خط | یہ | پھر تو ڈال اسے | ان کی طرف

یا تم جھوٹے ہو۔ میرا یہ خط لے جاؤ اور اِسے اُن لوگوں کے ہاں جا کر ڈال دو۔

ثُمَّ تَوَلَّ عَنْهُمْ فَانْظُرْ مَاذَا يَرْجِعُوْنَ ﴿28﴾ قَالَتْ يٰۤاَيُّهَا الْمَلَؤُا اِنِّيْۤ

پھر | تو ہٹ جا | ان سے | پھر تو دیکھ | کیا وہ | جواب دیتے ہیں | وہ بولی | اے | سردارو | بیشک میں

پھر اُن سے ہٹ کر دیکھتے رہنا وہ کیا ردِّعمل ظاہر کرتے ہیں۔“ ملکۂ سبا نے کہا ”اے دربار والو ! میری

اُلْقِيَ اِلَيَّ كِتٰبٌ كَرِيْمٌ ﴿29﴾ اِنَّهٗ مِنْ سُلَيْمٰنَ وَاِنَّهٗ بِسْمِ اللّٰهِ

ڈالا گیا ہے | میری طرف | ایک خط | عزت والا | بیشک وہ ہے | طرف سے | سلیمان کی | اور بیشک وہ ہے | ساتھ نام | اللہ

طرف ایک اہم خط بھیجا گیا ہے جو سلیمان علیہ السلام کی طرف سے ہے اور وہ یہ ہے۔ بسم اللہ

ع 2 17 17

الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ﴿30﴾ اَلَّا تَعْلُوْا عَلَيَّ وَاْتُوْنِيْ مُسْلِمِيْنَ ﴿31﴾ قَالَتْ

رحمت والے | مہربان کے | یہ کہ نہ | تم سرکشی کرو | مجھ پر | اور تم آؤ میرے پاس | مسلمان ہو کر | وہ بولی

الرحمٰن الرحیم تم لوگ میرے مقابلے میں سرکشی نہ کرو اور مطیع ہو کر میرے پاس آ جاؤ“ پھر ملکہ نے کہا

يٰۤاَيُّهَا الْمَلَؤُا اَفْتُوْنِيْ فِيْۤ اَمْرِيْ ۚ مَا كُنْتُ قَاطِعَةً اَمْرًا حَتّٰى

اے | سردارو | تم جواب دو مجھے | بارے میں | میرے کام کے | نہیں | میں | فیصلہ کرنے والی | کام کا | یہاں تک کہ

”اے درباریو ! مجھے اِس معاملے میں اپنی رائے دو۔ میں کسی کام کا فیصلہ نہیں کرتی جب تک

تَشْهَدُوْنِ ﴿32﴾ قَالُوْا نَحْنُ اُولُوْا قُوَّةٍ وَّاُولُوْا بَاْسٍ شَدِيْدٍ ۙ وَّالْاَمْرُ

تم موجود ہو میرے پاس | وہ بولے | ہم ہیں | والے | قوت | اور والے | لڑنے | سخت | اور معاملہ ہے

تم لوگ حاضر نہ ہو۔“ انہوں نے کہا ”ہم زور آور اور جنگجو لوگ ہیں اور فیصلہ کرنا آپ کے

اِلَيْكِ فَانْظُرِيْ مَاذَا تَاْمُرِيْنَ ﴿33﴾ قَالَتْ اِنَّ الْمُلُوْكَ اِذَا دَخَلُوْا

تیری طرف | پس تو دیکھ | کیا ہے | تو حکم دیتی | وہ بولی | بےشک | بادشاہ | جب | داخل ہوتے ہیں

اختیار میں ہے۔ آپ خود دیکھ لیں آپ کیا حکم دیتی ہیں۔“ ملکہ نے کہا ”بادشاہ لوگ جب کسی بستی میں

قَرْيَةً اَفْسَدُوْهَا وَجَعَلُوْۤا اَعِزَّةَ اَهْلِهَاۤ اَذِلَّةً ۚ وَكَذٰلِكَ يَفْعَلُوْنَ ﴿34﴾

کسی بستی میں | وہ برباد کرتے ہیں اسے | اور وہ کرتے ہیں | عزت والوں کو | وہاں کے | ذلیل | اور اسی طرح | یہ بھی کریں گے

فاتحانہ داخل ہوتے ہیں تو اُسے برباد کر دیتے ہیں۔ وہاں کے معزز لوگوں کو ذلیل کر دیتے ہیں اور یہی کچھ وہ ہمارے ساتھ

وَاِنِّيْ مُرْسِلَةٌ اِلَيْهِمْ بِهَدِيَّةٍ فَنٰظِرَةٌۢ بِمَ يَرْجِعُ الْمُرْسَلُوْنَ ﴿35﴾

اور بیشک میں | بھیجنے والی ہوں | ان کی طرف | تحفہ | پھر میں دیکھتی ہوں | کیا چیز | جواب میں لاتے ہیں | قاصد

کریں گے۔ میں اُن کی طرف تحفے بھیجتی ہوں۔ پھر دیکھتی ہوں سفیر کیا جواب لاتے ہیں۔“

فَلَمَّا جَآءَ سُلَیْمٰنَ قَالَ اَتُمِدُّوْنَنِ بِمَالٍ فَمَآ اٰتٰىنِۦَ اللّٰهُ خَیْرٌ

پھر جب | وہ آیا | سلیمان کے پاس | فرمایا | کیا تم مدد دیتے ہو مجھے | مال کی | پس جو کچھ | دیا ہے مجھے | اللہ نے | بہتر ہے

پھر جب سفیر تحفے لے کر سلیمان علیہ السلام کے پاس پہنچا تو سلیمان علیہ السلام نے کہا "کیا تم لوگ مجھے مال دے کر ٹرخاتے ہو؟ اللہ

مِّمَّآ اٰتٰىكُمْ ۚ بَلْ اَنْتُمْ بِهَدِیَّتِكُمْ تَفْرَحُوْنَ ﴿36﴾ اِرْجِعْ اِلَیْهِمْ

اس سے جو | دیا تم کو | بلکہ | تم ہی | ساتھ اپنے تحفوں کے | خوش ہوتے ہو | تو واپس جا | ان کی طرف

نے جو کچھ مجھے دے رکھا ہے وہ اس سے بہتر ہے جو اس نے تمہیں دیا۔ تم لوگوں کو اپنے تحفے مبارک۔ اب واپس اپنے لوگوں میں

فَلَنَاْتِیَنَّهُمْ بِجُنُوْدٍ لَّا قِبَلَ لَهُمْ بِهَا وَلَنُخْرِجَنَّهُمْ مِّنْهَآ اَذِلَّةً

پھر البتہ ضرور ہم لائینگے ان پر | لشکر | نہ | مقابلہ ہو سکے گا | ان سے | ان کا | اور البتہ ضرور ہم نکالیں گے انہیں | وہاں سے | ذلیل کر کے

جاؤ۔ ہم اُن پر ایسے لشکر لائیں گے جن کا مقابلہ کرنا اُن کے بس میں نہیں۔ ہم انہیں بے عزت کر کے نکال دیں گے

وَّهُمْ صٰغِرُوْنَ ﴿37﴾ قَالَ یٰٓاَیُّهَا الْمَلَؤُا اَیُّكُمْ یَاْتِیْنِیْ بِعَرْشِهَا

جبکہ وہ | رسوا ہوں گے | فرمایا | اے | سردارو | کون ہے تم میں | جو لائے میرے پاس | اس کا تخت

اور وہ خوار ہوں گے۔" سلیمان علیہ السلام نے کہا "اے دربار والو تم میں سے کون ملکہ کا تخت میرے پاس لاتا ہے

قَبْلَ اَنْ یَّاْتُوْنِیْ مُسْلِمِیْنَ ﴿38﴾ قَالَ عِفْرِیْتٌ مِّنَ الْجِنِّ اَنَا

پہلے | اس سے کہ | وہ آئیں میرے پاس | مسلمان ہو کر | کہا | ایک دیو نے | سے | جنوں | میں

اِس سے پہلے کہ وہ لوگ تابع ہو کر میرے پاس آئیں؟" جنوں میں سے ایک دیو نے کہا "میں اسے آپ کی خدمت میں لا سکتا ہوں

اٰتِیْكَ بِهٖ قَبْلَ اَنْ تَقُوْمَ مِنْ مَّقَامِكَ ۚ وَاِنِّیْ عَلَیْهِ لَقَوِیٌّ

لاؤں گا تیرے پاس | اس کو | پہلے | اس سے کہ | تو اٹھے | سے | اپنی جگہ | اور بے شک میں | اس پر | البتہ زور آور

اس سے پہلے کہ آپ اپنی جگہ سے اٹھیں۔ میں یہ کام کرنے کی طاقت رکھتا ہوں اور

اَمِیْنٌ ﴿39﴾ قَالَ الَّذِیْ عِنْدَهٗ عِلْمٌ مِّنَ الْكِتٰبِ اَنَا اٰتِیْكَ بِهٖ

امانت دار ہوں | کہا | اس نے | جس کے پاس تھا | علم | سے | کتاب | میں | لاؤں گا تیرے پاس | اسکو

دیانت دار بھی ہوں۔" ایک اور شخص جس کے پاس کتاب کا علم تھا وہ بولا "میں آپ کے پلک جھپکنے سے

قَبْلَ اَنْ یَّرْتَدَّ اِلَیْكَ طَرْفُكَ ؕ فَلَمَّا رَاٰهُ مُسْتَقِرًّا عِنْدَهٗ قَالَ هٰذَا

پہلے | اس سے کہ | پھرے | تیری طرف | تیری نظر | پھر جب | دیکھا اسے | پڑا ہوا | اس کے پاس | کہا | یہ ہے

پہلے وہ تخت لا دوں گا۔" پھر جب سلیمان علیہ السلام نے اس تخت کو اپنے سامنے رکھا ہوا دیکھا تو کہا "یہ میرے رب کا

مِنْ فَضْلِ رَبِّيْ ۖ لِيَبْلُوَنِيْٓ ءَاَشْكُرُ اَمْ اَكْفُرُ ۭ وَمَنْ شَكَرَ

سے | فضل | میرے رب کے | تاکہ وہ آزمائے مجھے | کہ کیا میں شکر کرتا ہوں | یا | میں ناشکری کرتا ہوں | اور جو کوئی | شکر کرے

فضل ہے تاکہ وہ مجھے آزمائے کہ میں شکر کرتا ہوں یا ناشکری۔ جو شخص شکر کرتا ہے

فَاِنَّمَا يَشْكُرُ لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ كَفَرَ فَاِنَّ رَبِّيْ غَنِيٌّ كَرِيْمٌ ﴿40﴾

تو صرف | شکر کرتا ہے | اپنے لئے | اور جو | ناشکری کرے | تو بے شک | میرا رب ہے | بے نیاز | کرم کرنے والا

وہ اپنے لئے شکر کرتا ہے جو ناشکری کرے گا تو بے شک میرا رب ہر چیز سے بے نیاز اور کرم کرنے والا ہے۔''

قَالَ نَكِّرُوْا لَهَا عَرْشَهَا نَنْظُرْ اَتَهْتَدِيْٓ اَمْ تَكُوْنُ مِنَ الَّذِيْنَ

فرمایا | تم بدل ڈالو | اسکے لئے | تخت اسکا | ہم دیکھیں گے | کیا وہ راہ پاتی ہے | یا | وہ ہوتی ہے | سے | ان لوگوں میں جو

پھر سلیمان علیہ السلام نے کہا ''اِس تخت کا رُوپ بدل دو، دیکھیں وہ اِسے پہچان لیتی

لَا يَهْتَدُوْنَ ﴿41﴾ فَلَمَّا جَاۗءَتْ قِيْلَ اَهٰكَذَا عَرْشُكِ ۭ قَالَتْ كَاَنَّهٗ هُوَ ۚ

نہیں راہ پاتے | پھر جب | وہ آئی | اسے کہا گیا | کیا اسی طرح کا ہے | تخت تیرا | وہ بولی | گویا کہ یہ | وہی ہے

ہے کہ نہیں۔'' جب ملکہ آئی تو اس سے پوچھا گیا ''کیا تمہارا تخت بھی ایسا ہے؟'' وہ بولی ''گویا یہ وہی ہے۔

وَاُوْتِيْنَا الْعِلْمَ مِنْ قَبْلِهَا وَكُنَّا مُسْلِمِيْنَ ﴿42﴾ وَصَدَّهَا مَا كَانَتْ

اور دیا گیا ہم کو | علم | سے | اس کے پہلے | اور ہم تھے | مسلمان | اور روکا تھا اسے | اس نے جسکی | وہ تھی

ہمیں پہلے بہت کچھ معلوم ہوا تھا اس لئے ہم نے آپ کی اطاعت اختیار کرلی۔'' اُسے جس چیز نے اب تک ایمان لانے سے روک

تَّعْبُدُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۭ اِنَّهَا كَانَتْ مِنْ قَوْمٍ كٰفِرِيْنَ ﴿43﴾ قِيْلَ

وہ عبادت کرتی | سے | سوا | اللہ کے | بے شک وہ | تھی | سے | قوم | کافروں کی | کہا گیا

رکھا تھا وہ جھوٹے معبودوں کی عبادت تھی کیونکہ وہ ایک کافر اور مشرک قوم سے تعلق رکھتی تھی۔ پھر اس سے

لَهَا ادْخُلِي الصَّرْحَ ۚ فَلَمَّا رَاَتْهُ حَسِبَتْهُ لُجَّةً وَّكَشَفَتْ عَنْ

اس کو | داخل ہو | محل میں | پھر جب | دیکھا اسے | تو گمان کرنے لگی اسے | گہرا پانی | اور اس نے کھول دیا | سے

کہا گیا کہ ''محل میں داخل ہو۔'' وہ آگے بڑھی تو سمجھی گہرا پانی ہے۔ وہ گھبرا

سَاقَيْهَا ۭ قَالَ اِنَّهٗ صَرْحٌ مُّمَرَّدٌ مِّنْ قَوَارِيْرَ ڛ قَالَتْ رَبِّ اِنِّيْ

پنڈلیوں اپنی | اس نے کہا | بے شک یہ | محل ہے | جڑاؤ کیا گیا | سے | شیشے | وہ بولی | میرے رب | بیشک

گئی اور اپنی پنڈلیاں ننگی کرلیں۔ سلیمان علیہ السلام نے کہا ''یہ سارا محل شیشے کا بنا ہوا ہے'' وہ کہنے لگی ''اے میرے رب

ظَلَمْتُ نَفْسِيْ وَاَسْلَمْتُ مَعَ سُلَيْمٰنَ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۴۴﴾ وَلَقَدْ

میں نے ظلم کیا | جان اپنی پر | اور میں فرماں بردار ہوں | ساتھ | سلیمان کے | اللہ کیلئے | رب | جہانوں کے | اور بیشک

میں نے اپنی جان پر ظلم کیا۔اب میں سلیمان علیہ السلام کے ساتھ ہو کر اللہ رب العالمین پر ایمان لائی'' ہم نے قوم ثمود کی طرف ان

اَرْسَلْنَآ اِلٰى ثَمُوْدَ اَخَاهُمْ صٰلِحًا اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ فَاِذَا هُمْ

ہم نے بھیجا | طرف | قوم ثمود کی | بھائی ان کے | صالح کو | یہ کہ | تم عبادت کرو | اللہ کی | پھر اچانک | وہ تھے

کے بھائی صالح علیہ السلام کو رسول بنا کر اور یہ پیغام دے کر بھیجا ''لوگو اللہ کی عبادت کرو'' پھر وہ قوم

فَرِيْقٰنِ يَخْتَصِمُوْنَ ﴿۴۵﴾ قَالَ يٰقَوْمِ لِمَ تَسْتَعْجِلُوْنَ بِالسَّيِّئَةِ

دو گروہ | آپس میں جھگڑتے | اس نے کہا | اے قوم میری | کیوں | تم جلدی مچاتے ہو | برائی کی

دو گروہوں میں بٹ گئی۔صالح علیہ السلام نے کہا ''اے میری قوم کے لوگو! تم بھلائی کرنے سے پہلے برے عذاب کے لئے کیوں

قَبْلَ الْحَسَنَةِ ۚ لَوْلَا تَسْتَغْفِرُوْنَ اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿۴۶﴾ قَالُوا

پہلے | بھلائی | کیوں نہیں | تم بخشش مانگتے | اللہ سے | تاکہ تم | تم پر رحم کیا جائے | وہ بولے

جلدی کرتے ہو؟ اللہ سے گناہوں کی معافی کیوں نہیں مانگتے تاکہ تم پر رحم کیا جائے؟'' وہ بولے

اطَّيَّرْنَا بِكَ وَبِمَنْ مَّعَكَ ۚ قَالَ طٰٓئِرُكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ بَلْ اَنْتُمْ

ہم نے بدشگونی لی | تجھ سے | اور اس سے جو | تیرے ساتھ ہے | اس نے کہا | بدشگونی تمہاری | پاس ہے | اللہ کے | بلکہ | تم ہو

''اے صالح ہم تمہیں اور تمہارے ساتھیوں کو منحوس سمجھتے ہیں۔'' صالح علیہ السلام نے کہا ''تمہاری نحوست کا فیصلہ اللہ کے ہاتھ میں

قَوْمٌ تُفْتَنُوْنَ ﴿۴۷﴾ وَكَانَ فِى الْمَدِيْنَةِ تِسْعَةُ رَهْطٍ يُّفْسِدُوْنَ فِى

لوگ | آزمائش میں پڑے ہوئے | اور تھے | میں | شہر | نو | آدمی | جو فساد کرتے تھے | میں

ہے۔ اب تم لوگوں کی آزمائش ہو رہی ہے۔'' اور اس شہر میں نو سردار تھے جو زمین میں فساد

الْاَرْضِ وَلَا يُصْلِحُوْنَ ﴿۴۸﴾ قَالُوْا تَقَاسَمُوْا بِاللّٰهِ لَنُبَيِّتَنَّهٗ وَاَهْلَهٗ

ملک | اور نہیں | وہ اصلاح کرتے تھے | وہ بولے | تم قسمیں کھاؤ | اللہ کی | کہ ضرور ہم رات کو حملہ کرینگے | اور اس کے گھر پر

پھیلاتے اور اصلاح کا کام نہ کرتے۔انہوں نے اللہ کی قسم کھا کر آپس میں عہد کیا ''ہم صالح اور اس کے لوگوں کو رات کے وقت

ثُمَّ لَنَقُوْلَنَّ لِوَلِيِّهٖ مَا شَهِدْنَا مَهْلِكَ اَهْلِهٖ وَاِنَّا لَصٰدِقُوْنَ ﴿۴۹﴾

پھر | ضرور ہم کہیں گے | اس کے وارث کو | نہیں | ہم موجود تھے | قتل گاہ پر | اس کے گھر کی | اور بیشک ہم | البتہ سچے ہیں

چپکے سے ہلاک کر دیں گے۔بعد میں اس کے وارث سے کہہ دیں گے ''ہم صالح اور اس کے لوگوں کی ہلاکت کے وقت موجود نہ

وَمَكَرُوْا مَكْرًا وَّمَكَرْنَا مَكْرًا وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿٥٠﴾ فَانْظُرْ كَيْفَ

اور وہ چال چلے | ایک چال | اور ہم نے چال چلی | ایک چال | اور وہ | نہیں | جانتے تھے | پس تو دیکھ | کیسے

تھے۔ بے شک ہم سچے ہیں۔" اس طرح انہوں نے صالح علیہ السلام کے خلاف چال چلی اور ہم نے بھی چال چلی جس کی انہیں خبر نہ

كَانَ عَاقِبَةُ مَكْرِهِمْ ۙ اَنَّا دَمَّرْنٰهُمْ وَقَوْمَهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿٥١﴾ فَتِلْكَ

ہوا | انجام | ان کی چال کا | یہ کہ | ہم نے ہلاک کر دیا انکو | اور ان کی قوم کو | سب کو | پس یہ ہیں

ہوئی۔ پھر دیکھو کیسا ہوا اُن کی چال کا انجام؟ ہم نے انہیں اور ان کی پوری قوم کو ہلاک کر دیا۔ اب دیکھ لو

بُيُوْتُهُمْ خَاوِيَةًۢ بِمَا ظَلَمُوْا ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ

ان کے گھر | ویران | اس وجہ سے جو | انہوں نے ظلم کیا | بے شک | میں | اس | ضرور نشانی ہے | ان لوگوں کے لیے

اُن کے گھر ویران پڑے ہوئے، ان کی نافرمانی کا نتیجہ۔ بے شک اس واقعے میں ان لوگوں کے لئے بڑا سبق ہے جو جاننا چاہیں۔

يَّعْلَمُوْنَ ﴿٥٢﴾ وَاَنْجَيْنَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَكَانُوْا يَتَّقُوْنَ ﴿٥٣﴾ وَلُوْطًا اِذْ

جو جانتے ہیں | اور ہم نے نجات دی | ان کو جو | ایمان لائے | اور وہ تھے | پرہیزگار | اور لوط کو | جب

ہم نے ان لوگوں کو بچا لیا تھا جو ایمان لائے اور اللہ سے ڈرتے تھے۔ اور ہم نے لوط علیہ السلام کو رسول بنا کر بھیجا۔

قَالَ لِقَوْمِهٖٓ اَتَاْتُوْنَ الْفَاحِشَةَ وَاَنْتُمْ تُبْصِرُوْنَ ﴿٥٤﴾ اَئِنَّكُمْ لَتَاْتُوْنَ

اس نے کہا | اپنی قوم کو | کیا تم آتے ہو | بے حیائی کو | اور تم | دیکھتے ہو | کیا تم | البتہ تم آتے ہو

یاد کرو جب انہوں نے اپنی قوم سے کہا "کیا تم جان بوجھ کر بے حیائی کرتے ہو۔ تم لڑکوں

الرِّجَالَ شَهْوَةً مِّنْ دُوْنِ النِّسَآءِ ؕ بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ تَجْهَلُوْنَ ﴿٥٥﴾

مردوں کے پاس | شہوت کیلئے | چھوڑ کر | بیویاں | بلکہ | تم | لوگ ہو | کہ جہالت کرتے ہو

سے شہوت پوری کرتے ہو عورتوں کو چھوڑ کر، کتنے احمق ہو۔

فَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهٖٓ اِلَّآ اَنْ قَالُوْٓا اَخْرِجُوْٓا اٰلَ لُوْطٍ مِّنْ

پھر نہ | تھا | جواب | اس کی قوم کا | مگر | یہ کہ | وہ بولے | تم نکالو | خاندان لوط کو | سے

مگر لوط علیہ السلام کی قوم کا جواب یہ تھا کہ "لوط علیہ السلام کے گھر والوں کو اپنی بستی

قَرْيَتِكُمْ ۚ اِنَّهُمْ اُنَاسٌ يَّتَطَهَّرُوْنَ ﴿٥٦﴾ فَاَنْجَيْنٰهُ وَاَهْلَهٗٓ اِلَّا

اپنی بستی سے | بے شک یہ | لوگ | بڑے پاک بنتے ہیں | پھر ہم نے نجات دی اسے | اور اس کے گھر والوں کو | مگر

سے نکال دو، یہ لوگ پاک صاف بنتے ہیں۔" پھر ہم نے لوط علیہ السلام کو اور ان کے خاندان کو عذاب سے بچا لیا مگر

امْرَاَتَهٗ ۫ قَدَّرْنٰهَا مِنَ الْغٰبِرِيْنَ ﴿57﴾ وَ اَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ مَّطَرًا ۚ فَسَآءَ

اس کی بیوی | ہم نے مقدر کیا اسکا | سے | پیچھے رہ جانے والوں میں | اور ہم نے بارش کی | ان پر | ایک بارش | پس بری تھی

اُن کی بیوی نہ بچی جس کا پیچھے رہ جانا ہم نے طے کر دیا تھا۔ ہم نے اُس قوم پر پتھروں کی بارش برسائی۔ کیسی بری

مَطَرُ الْمُنْذَرِيْنَ ﴿58﴾ قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ وَسَلٰمٌ عَلٰى عِبَادِهِ الَّذِيْنَ

بارش | خبردار کئے گئے لوگوں پر | کہہ دیجئے | تمام تعریف ہے | اللہ کیلئے | اور سلام ہے | پر | اس کے بندوں | جن کو

بارش تھی جو اُن لوگوں پر کی گئی جنہیں پہلے خبردار کیا گیا تھا۔ اے نبی ﷺ آپ ﷺ کہیں شکر ہے اللہ کا، اور سلام ہے اللہ کے چُنے

اصْطَفٰى ؕ آٰللّٰهُ خَيْرٌ اَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿59﴾ؕ

اس نے چن لیا | کیا اللہ | بہتر ہے | یا جسے | وہ شریک ٹھہراتے ہیں۔

ہوئے بندوں پر اور آپ ﷺ مشرکین سے پوچھیں ''کیا اللہ بہتر ہے یا وہ جنہیں وہ شریک بناتے ہیں؟''

أَمَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ وَأَنْزَلَ لَكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ مَآءً

بھلا کس نے | پیدا کیا | آسمانوں کو | اور زمین کو | اور اتارا | تمہارے لئے | سے | آسمان | پانی

بھلا کون ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا اور تمہارے لئے آسمان سے پانی اتارا؟

فَأَنْبَتْنَا بِهٖ حَدَآئِقَ ذَاتَ بَهْجَةٍ مَا كَانَ لَكُمْ أَنْ تُنْبِتُوْا

پھر ہم نے اگائے | اس سے | باغات | والے | رونق | نہ | (قدرت) تھی | تم کو | یہ کہ | تم اگاؤ

اسی سے ہم نے خوشنما باغ اگائے۔ تمہارے بس میں نہ تھا کہ تم ان درختوں کو

شَجَرَهَا ؕ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ بَلْ هُمْ قَوْمٌ يَّعْدِلُوْنَ ؕ﴿۶۰﴾ أَمَّنْ جَعَلَ

اس کے درخت | کیا ہے کوئی معبود | ساتھ | اللہ کے | بلکہ | وہ | لوگ | شرک کرتے ہیں | بھلا کس نے | بنایا

اگا سکتے۔ کیا اللہ کے سوا کوئی اور معبود ہے؟ مگر مشرک لوگ راہِ راست سے ہٹے ہوئے ہیں۔ بھلا کس نے زمین

الْأَرْضَ قَرَارًا وَّجَعَلَ خِلٰلَهَآ أَنْهٰرًا وَّجَعَلَ لَهَا رَوَاسِيَ وَجَعَلَ

زمین کو | ٹھکانا | اور بنائیں | اس کے درمیان | نہریں | اور بنائے | اس کے | پہاڑ | اور بنایا

کو رہنے کے قابل بنایا۔ اس میں نہریں جاری کیں۔ اس میں پہاڑ بنا دیئے۔ دو قسم کے سمندروں

بَيْنَ الْبَحْرَيْنِ حَاجِزًا ؕ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ بَلْ أَكْثَرُهُمْ

درمیان | دو سمندروں کے | پردہ | کیا ہے کوئی معبود | ساتھ | اللہ کے | بلکہ | اکثر ان کے

کے درمیان پردہ ڈال دیا۔ کیا اللہ کے سوا کوئی اور معبود ہے؟ مگر اکثر لوگ

لَا يَعْلَمُوْنَ ؕ﴿۶۱﴾ أَمَّنْ يُّجِيْبُ الْمُضْطَرَّ إِذَا دَعَاهُ وَيَكْشِفُ السُّوْٓءَ

نہیں وہ جانتے | بھلا کون | دعا قبول کرتا ہے | پریشان حال کی | جب | وہ پکارے اس کو | اور دور کرتا ہے | تکلیف

نہیں سمجھتے۔ بھلا وہ کون ہے جو بےبس کی پکار سنتا ہے اور اس کا دُکھ دور کرتا ہے؟

وَيَجْعَلُكُمْ خُلَفَآءَ الْأَرْضِ ؕ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ قَلِيْلًا مَّا تَذَكَّرُوْنَ ؕ﴿۶۲﴾

اور بناتا ہے تم کو | جانشین | زمین کے | کیا ہے کوئی معبود | ساتھ | اللہ کے | تھوڑی ہے | جو | تم نصیحت پکڑتے ہو

کون ہے جو تمہیں زمین پر ایک دوسرے کا جانشین بناتا ہے؟ کیا اللہ کے سوا کوئی اور معبود ہے؟ مگر تم لوگ بہت کم نصیحت پکڑتے

أَمَّنْ يَّهْدِيْكُمْ فِيْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَمَنْ يُّرْسِلُ الرِّيٰحَ

بھلا کون | راہ دکھاتا ہے تمہیں | میں | اندھیروں | خشکی کے | اور تری کے | اور کون | بھیجتا ہے | ہوائیں

ہو۔ بھلا کون ہے جو تمہیں خشکی اور سمندر کے اندھیروں میں راستہ دکھاتا ہے؟ وہ کون ہے جو بارانِ رحمت

بُشْرًا بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهٖ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ تَعٰلَى اللّٰهُ عَمَّا

خوشخبری دینے والی | آگے | اس کی رحمت کے | کیا ہے کوئی معبود | ساتھ | اللہ کے | بہت بلند ہے | اللہ | اس سے جو

سے پہلے ہواؤں کو خوشخبری بنا کر بھیجتا ہے؟ کیا اللہ کے سوا کوئی اور معبود ہے؟ اللہ بہت برتر ہے ان چیزوں سے جنہیں وہ لوگ اس کا

يُشْرِكُوْنَ ﴿۶۳﴾ اَمَّنْ يَّبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ وَمَنْ يَّرْزُقُكُمْ مِّنَ

وہ شرک کرتے ہیں | بھلا کون | ابتدا کرتا ہے | پیدا کرنے کی | پھر | اُس کو دوبارہ پیدا کرے گا | اور کون | رزق دیتا ہے تمہیں | سے

شریک بناتے ہیں۔ کون ہے جو مخلوق کو پہلی بار پیدا کرتا ہے۔ پھر اسے دوبارہ پیدا کرے گا؟ اور کون تمہیں آسمانوں اور زمین سے

السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ قُلْ هَاتُوْا بُرْهَانَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ

آسمان | اور زمین سے | کیا ہے کوئی معبود | ساتھ | اللہ کے | کہہ دیجئے | لاؤ | اپنی دلیل | اگر | تم ہو

روزی دیتا ہے؟ کیا اللہ کے سوا کوئی اور معبود ہے؟ اے نبی ﷺ آپ ﷺ ان سے کہیں ”اگر تم سچے ہو تو دلیل

صٰدِقِيْنَ ﴿۶۴﴾ قُلْ لَّا يَعْلَمُ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ الْغَيْبَ اِلَّا

سچے | کہہ دیجئے | نہیں | جانتا | کوئی | میں | آسمانوں | اور زمین میں | غیب کو | سوائے

پیش کرو“ اے نبی ﷺ آپ ﷺ کہیں ”اللہ کے سوا آسمانوں اور زمین میں کوئی غیب کا علم

اللّٰهُ وَمَا يَشْعُرُوْنَ اَيَّانَ يُبْعَثُوْنَ ﴿۶۵﴾ بَلِ ادّٰرَكَ عِلْمُهُمْ فِي

اللہ کے | اور نہیں | وہ جانتے | کس وقت | وہ اٹھائے جائیں گے | بلکہ | الجھ گیا ہے | اُن کا علم | بارے میں

نہیں رکھتا۔ وہ یہ نہیں جانتے انہیں کب اٹھایا جائے گا“ آخرت کے بارے میں اُن کا علم اُلجھ

الْاٰخِرَةِ بَلْ هُمْ فِيْ شَكٍّ مِّنْهَا بَلْ هُمْ مِّنْهَا عَمُوْنَ ﴿۶۶﴾

آخرت کے | بلکہ | وہ ہیں | میں | شک | اس سے | بلکہ | وہ ہیں | اس سے | اندھے

کر رہ گیا ہے، وہ شک میں پڑے ہیں، وہ اندھے بن گئے ہیں۔

وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا ءَاِذَا كُنَّا تُرٰبًا وَّاٰبَآؤُنَآ اَئِنَّا لَمُخْرَجُوْنَ ﴿۶۷﴾ لَقَدْ

اور کہا | انہوں نے جو | کافر ہوئے | کیا جب | ہم ہونگے | مٹی | اور ہمارے باپ دادا بھی | کیا ہم | البتہ نکالے جائیں گے | بیشک

کافر لوگ کہتے ہیں ”جب ہم مر کر مٹی ہو جائیں گے اور ہمارے باپ دادا خاک ہو جائیں گے کیا پھر ہمیں قبروں سے نکالا جائے گا۔

وُعِدْنَا هٰذَا نَحْنُ وَاٰبَآؤُنَا مِنْ قَبْلُ اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ

ہم سے وعدہ کیا گیا | اس بات کا | ہم | اور ہمارے باپ دادا بھی | سے | پہلے | نہیں ہے | یہ | مگر | کہانیاں

یہ وعدہ ہم سے کیا گیا اور ہمارے باپ دادا سے بھی۔ یہ پہلے لوگوں کی

الْاَوَّلِيْنَ ﴿٦٨﴾ قُلْ سِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ

پہلوں کی | کہہ دیجئے | تم سیر کرو | میں | زمین | پھر تم دیکھو | کیسے | ہوا | انجام

کہانیاں ہیں۔“ اے نبی ﷺ! آپ ﷺ ان سے کہیں ”تم زمین پر چل پھر کر دیکھو مجرموں کا کیا

الْمُجْرِمِيْنَ ﴿٦٩﴾ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُنْ فِيْ ضَيْقٍ مِّمَّا

مجرموں کا | اور نہ | تو غم کھا | ان پر | اور نہ | تو ہو | میں | تنگی | اس سے جو

انجام ہوا۔ اور آپ ﷺ ان لوگوں کے حال پر غم نہ کریں اور نہ ان کی چالوں سے

يَمْكُرُوْنَ ﴿٧٠﴾ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿٧١﴾ قُلْ

وہ چال چلتے ہیں | اور وہ کہتے ہیں | کب ہے | یہ | وعدہ | اگر | تم ہو | سچے | کہہ دیجئے

فکر مند ہوں۔ اور وہ کہتے ہیں ”اگر تم سچے ہو تو بتاؤ قیامت کا وعدہ کب پورا ہو گا؟“ اے نبی ﷺ آپ ﷺ کہیں

عَسٰى اَنْ يَّكُوْنَ رَدِفَ لَكُمْ بَعْضُ الَّذِيْ تَسْتَعْجِلُوْنَ ﴿٧٢﴾ وَاِنَّ

ممکن ہے | کہ | وہ ہو | پیچھے لگی | تمہارے | بعض | وہ چیز جس کی | تم جلدی مچاتے ہو | اور بیشک

”جس عذاب کی تم جلدی کر رہے ہو، ہو سکتا ہے اس کا کچھ حصہ تمہارے قریب آ لگا ہو۔“ اس میں

رَبَّكَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَشْكُرُوْنَ ﴿٧٣﴾

تیرا رب ہے | البتہ والا | فضل | پر | لوگوں | اور لیکن | اکثر ان کے | نہیں | وہ شکر کرتے

شک نہیں آپ ﷺ کا رب لوگوں کے لئے بڑے فضل والا ہے مگر ان میں سے اکثر شکر نہیں کرتے۔

وَاِنَّ رَبَّكَ لَيَعْلَمُ مَا تُكِنُّ صُدُوْرُهُمْ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ﴿٧٤﴾ وَمَا مِنْ

اور بیشک | تیرا رب | ضرور جانتا ہے | جو کچھ | چھپاتے ہیں | ان کے سینے | اور جو کچھ | وہ ظاہر کرتے ہیں | اور نہیں | کوئی

آپ ﷺ کا رب خوب جانتا ہے جو کچھ ان لوگوں کے سینوں میں چھپا ہے اور جو وہ ظاہر کرتے ہیں۔ آسمانوں

غَآئِبَةٍ فِي السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ﴿٧٥﴾ اِنَّ هٰذَا الْقُرْاٰنَ

چھپی چیز | میں | آسمان | اور زمین میں | مگر ہے | میں | کتاب | بیان کرنے والی | بیشک | یہ | قرآن

اور زمین کی کوئی پوشیدہ چیز ایسی نہیں جو ایک واضح کتاب میں درج نہ ہو۔ بے شک یہ قرآن

يَقُصُّ عَلٰى بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اَكْثَرَ الَّذِيْ هُمْ فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿٧٦﴾

بیان کرتا ہے | اوپر | بنی اسرائیل کے | اکثر | وہ چیز کہ | وہ | جس میں | وہ اختلاف کرتے ہیں

بنی اسرائیل پر بہت سی چیزیں واضح کرتا ہے جن میں وہ اختلاف رکھتے ہیں

وَإِنَّهُ لَهُدًى وَرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِينَ ﴿٧٧﴾ إِنَّ رَبَّكَ يَقْضِي بَيْنَهُم

اور بیشک یہ | البتہ ہدایت ہے | اور رحمت ہے | مومنوں کے لئے | بیشک | تیرا رب | فیصلہ کرے گا | ان کے درمیان

اور ایمان والوں کے لئے یہ ہدایت اور رحمت ہے۔ اے نبی ﷺ آپ ﷺ کا رب اپنے حکم سے ان کے

بِحُكْمِهِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيزُ الْعَلِيمُ ﴿٧٨﴾ فَتَوَكَّلْ عَلَى اللَّهِ ۖ إِنَّكَ عَلَى الْحَقِّ

اپنے حکم سے | اور وہ ہے | بڑا غالب | خوب علم والا | پس تو بھروسا کر | پر | اللہ | بیشک تو ہے | پر | حق

درمیان فیصلہ کرے گا اور وہ غالب اور علم والا ہے۔ آپ ﷺ اللہ پر بھروسا رکھیں۔ یقینا آپ ﷺ بالکل حق

الْمُبِينِ ﴿٧٩﴾ إِنَّكَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتَىٰ وَلَا تُسْمِعُ الصُّمَّ الدُّعَاءَ إِذَا

ظاہر | بیشک تو | نہیں | سنا سکتا | مردوں کو | اور نہ | سنا سکتا ہے | بہروں کو | آواز | جب

پر ہیں۔ اور آپ ﷺ مردوں کو نہیں سنا سکتے اور نہ بہروں تک اپنی آواز پہنچا سکتے ہیں جبکہ وہ پیٹھ پھیر کر

وَلَّوْا مُدْبِرِينَ ﴿٨٠﴾ وَمَا أَنتَ بِهَادِي الْعُمْيِ عَن ضَلَالَتِهِمْ ۖ إِن

وہ پھر جائیں | پیٹھ پھیرتے ہوئے | اور نہیں | تو | ہدایت دینے والا | اندھوں کو | سے | ان کی گمراہی | نہیں

چلے جائیں، نہ آپ ﷺ اندھوں کو ان کی گمراہی سے بچا کر راہِ راست پر لا سکتے ہیں۔ آپ ﷺ صرف

تُسْمِعُ إِلَّا مَن يُؤْمِنُ بِآيَاتِنَا فَهُم مُّسْلِمُونَ ﴿٨١﴾ وَإِذَا وَقَعَ الْقَوْلُ

تو سناتا | مگر | اسے جو | ایمان لاتا ہے | ہماری آیتوں پر | پھر وہ | فرماں بردار ہیں | اور جب | آن پڑے گی | بات

اُن لوگوں کو سنا سکتے ہیں جو ہماری آیتوں پر ایمان لا کر فرماں بردار بن جاتے ہیں۔ اور جب اللہ کا وعدۂ قیامت

عَلَيْهِمْ أَخْرَجْنَا لَهُمْ دَابَّةً مِّنَ الْأَرْضِ تُكَلِّمُهُمْ أَنَّ النَّاسَ

ان پر | ہم نکالیں گے | ان کے لئے | ایک جانور | سے | زمین | جو بولے گا ان سے | کہ | لوگ

لوگوں پر پورا ہونے کو ہو گا تو ہم ان کے لئے زمین سے ایک جانور نکالیں گے جو ان سے کلام کرے گا اور بتائے گا کون لوگ ہماری

كَانُوا بِآيَاتِنَا لَا يُوقِنُونَ ﴿٨٢﴾ وَيَوْمَ نَحْشُرُ مِن كُلِّ أُمَّةٍ فَوْجًا

تھے | ہماری آیتوں پر | نہ | وہ یقین کرتے | اور جس دن | ہم جمع کریں گے | سے | ہر | امت | ایک گروہ

آیتوں پر یقین نہ رکھتے تھے۔ اور جس دن ہر امت میں سے ایک گروہ اُن لوگوں کا جمع کریں گے

مِّمَّن يُكَذِّبُ بِآيَاتِنَا فَهُمْ يُوزَعُونَ ﴿٨٣﴾ حَتَّىٰ إِذَا جَاءُوا قَالَ

ان سے جو | انکار کرتا تھا | ہماری آیتوں کا | پھر وہ | ان کی گروہ بندی ہوگی | یہاں تک کہ | جب | وہ آئیں گے | (اللہ) فرمائے گا

جو ہماری آیتوں کو جھٹلاتے تھے۔ پھر ان کی جماعت بندی کی جائے گی۔ جب وہ آ جائیں گے تو اللہ ان سے کہے گا

اَكَذَّبْتُمْ بِاٰيٰتِيْ وَلَمْ تُحِيْطُوْا بِهَا عِلْمًا اَمَّا ذَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۸۴﴾

کیا تم نے جھٹلایا | میری آیتوں کو | اور نہ | تم نے احاطہ کیا تھا | ان کا | علم سے | یا | کیا | تم تھے | تم کرتے

"کیا تم نے میری آیتوں کو سمجھے بغیر جھٹلایا تھا، بولو، تم کیا کرتے تھے؟"

وَوَقَعَ الْقَوْلُ عَلَيْهِمْ بِمَا ظَلَمُوْا فَهُمْ لَا يَنْطِقُوْنَ ﴿۸۵﴾ اَلَمْ يَرَوْا

اور آن پڑے گی | بات | ان پر | اس وجہ سے جو | انہوں نے ظلم کیا | پھر وہ | نہیں | وہ بول سکیں گے | کیا نہیں | دیکھتے

پھر ان پر عذاب کی بات پوری ہو جائے گی کیونکہ انہوں نے ظلم کیا تھا۔ پھر وہ کچھ بول نہ سکیں گے۔ کیا ان لوگوں نے نہیں دیکھا

اَنَّا جَعَلْنَا الَّيْلَ لِيَسْكُنُوْا فِيْهِ وَالنَّهَارَ مُبْصِرًا ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ

کہ ہم | ہم نے بنائی | رات | تا کہ وہ آرام کریں | اس میں | اور دن بنایا | دکھانے والا | بیشک | میں | اس

ہم نے رات بنائی تا کہ وہ اس میں آرام کریں اور دن بنایا تا کہ وہ اس میں دیکھیں۔ بے شک اس میں ان لوگوں کے لئے اللہ کی

لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۸۶﴾ وَيَوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ فَفَزِعَ مَنْ

ضرور نشانیاں ہیں | ان لوگوں کیلئے | جو ایمان لاتے ہیں | اور جس دن | پھونکا جائے گا | میں | صور | پھر گھبرا جائے گا | جو کوئی ہے

بڑی نشانیاں ہیں جو ایمان لانا چاہیں۔ اور جس دن صُور پھونکا جائے گا تو آسمانوں اور زمین میں

فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ اِلَّا مَنْ شَآءَ اللّٰهُ ؕ وَكُلٌّ اَتَوْهُ

میں | آسمانوں | اور جو کوئی ہے | میں | زمین | مگر | جسے | چاہے | اللہ | اور سب | آئیں گے

جو بھی ہوں گے سب گھبرا اٹھیں گے سوائے اُن کے جنہیں اللہ محفوظ رکھے گا اور سب اللہ کے آگے سر

دٰخِرِيْنَ ﴿۸۷﴾ وَتَرَى الْجِبَالَ تَحْسَبُهَا جَامِدَةً وَّهِيَ تَمُرُّ مَرَّ

ذلیل ہو کر | اور تو دیکھے گا | پہاڑوں کو | تو گمان کرے گا انکو | جمے ہوئے ہیں | جبکہ وہ | چلیں گے | چال

جھکائے ہوں گے۔ اُس وقت تم پہاڑوں کو دیکھو گے تو گمان کرو گے وہ اپنی جگہ جمے ہوئے ہیں حالاں کہ وہ بادلوں کی طرح چل

السَّحَابِ ؕ صُنْعَ اللّٰهِ الَّذِيْٓ اَتْقَنَ كُلَّ شَيْءٍ ؕ اِنَّهٗ خَبِيْرٌۢ بِمَا

بادلوں کی | کاریگری | اللہ کی ہے | جس نے | خوب بنائی | ہر | چیز | بیشک وہ | باخبر ہے | اس سے جو

رہے ہوں گے۔ کیسی اللہ کی کاریگری ہے جس نے ہر چیز کو ٹھیک بنایا! بے شک وہ تمہارے اعمال

تَفْعَلُوْنَ ﴿۸۸﴾ مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ خَيْرٌ مِّنْهَا ۚ وَهُمْ مِّنْ فَزَعٍ

تم کرتے ہو | جو کوئی | لائے گا | نیکی | تو اسکے لئے ہے | بہتر | اس سے | اور وہ ہیں | سے | گھبراہٹ

سے باخبر ہے۔ جو شخص بھلائی لائے گا اسے بہتر بدلہ ملے گا اور ایسے لوگ قیامت کے دن گھبراہٹ

يَّوْمَئِذٍ اٰمِنُوْنَ ﴿۸۹﴾ وَمَنْ جَآءَ بِالسَّيِّئَةِ فَكُبَّتْ وُجُوْهُهُمْ فِى النَّارِ

اس روز | امن والے | اور جو کوئی | لایا | برائی | تو ڈالے جائیں گے | منہ ان کے | میں | آگ

سے محفوظ رہیں گے۔اور جو شخص برائی لائے گا ایسے لوگوں کو اوندھے منہ دوزخ کی آگ میں ڈالا جائے گا۔ اُن سے کہا جائے گا

هَلْ تُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۹۰﴾ اِنَّمَآ اُمِرْتُ اَنْ اَعْبُدَ رَبَّ

نہیں | تمہیں بدلہ دیا جاتا | مگر | جو کچھ | تم تھے | تم کرتے | صرف یہی | مجھے حکم دیا گیا | کہ | میں عبادت کروں | رب کی

''تمہیں اسی کا بدلہ مل رہا ہے جو تم کرتے تھے'' اے نبی ﷺ آپ ﷺ کہہ دیں ''مجھے یہ حکم دیا گیا ہے میں اس شہر مکہ کے رب

هٰذِهِ الْبَلْدَةِ الَّذِىْ حَرَّمَهَا وَلَهٗ كُلُّ شَىْءٍ وَّاُمِرْتُ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ

اس | شہر کے | جس نے | عزت دی اسے | اور اسی کی ہے | ہر | چیز | اور مجھے حکم دیا گیا ہے | کہ | میں ہوں | سے

کی عبادت کروں جس نے اِسے محترم ٹھہرایا۔ ، ہر چیز اسی کی ہے اور مجھے حکم دیا گیا ہے میں اُسی کا

الْمُسْلِمِيْنَ ﴿۹۱﴾ وَاَنْ اَتْلُوَا الْقُرْاٰنَ فَمَنِ اهْتَدٰى فَاِنَّمَا يَهْتَدِىْ لِنَفْسِهٖ

فرماں برداروں میں | اور یہ کہ | میں پڑھوں | قرآن کو | پھر جو کوئی | ہدایت پا گیا | تو صرف | وہ ہدایت پاتا ہے | اپنے لئے

فرماں بردار بنوں اور لوگوں کو قرآن سناؤں۔'' پھر جو شخص ہدایت کی راہ اختیار کرتا ہے وہ اپنے لئے کرتا ہے اور جو گمراہی اختیار

وَمَنْ ضَلَّ فَقُلْ اِنَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُنْذِرِيْنَ ﴿۹۲﴾ وَقُلِ الْحَمْدُ

اور جو کوئی | گمراہ ہوا | پس کہہ دیجئے | صرف | میں ہوں | سے | خبردار کرنے والوں میں | اور کہہ دیجئے | تعریف ہے

کرے گا تو اے نبی ﷺ آپ کہہ دیں ''میں صرف خبردار کرنیوالا ہوں۔'' اور آپ ﷺ یہ بھی کہیں ''تعریف

لِلّٰهِ سَيُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ فَتَعْرِفُوْنَهَا وَمَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۹۳﴾

7 ع 11 3

اللہ کے لئے | جلد دکھائے گا تم کو | نشانیاں اپنی | پھر پہچان لوگے انکو | اور نہیں ہے | تیرا رب | غافل | اس سے جو | تم کرتے ہو

اللہ کے لئے ہیں۔ وہ تمہیں اپنی نشانیاں دکھائے گا جنہیں تم پہچان لو گے، اور تمہارا رب اس سے بے خبر نہیں جو تم کرتے ہو۔''

(28) سُوْرَةُ الْقَصَصِ مَكِّيَّةٌ (49)

اٰياتها 88 — رکوعاتها 9

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

طٰسٓمّٓ ﴿۱﴾ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ﴿۲﴾ نَتْلُوْا عَلَيْكَ مِنْ نَّبَاِ مُوْسٰى

طٰسٓمّٓ | یہ ہیں | آیتیں | کتاب | واضح کی | ہم سناتے ہیں | تجھ کو | کچھ | قصہ | موسیٰ کا

طٰسٓمّٓ یہ واضح کتاب کی آیتیں ہیں۔ اے نبی ﷺ ہم آپ ﷺ کو موسیٰ علیہ السلام اور فرعون کے کچھ سچے واقعات

وَفِرْعَوْنَ بِالْحَقِّ لِقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿3﴾ اِنَّ فِرْعَوْنَ عَلَا فِي الْاَرْضِ

اور فرعون کا | حق کے ساتھ | لوگوں کے لئے جو | ایمان لاتے ہیں | بیشک | فرعون | متکبر تھا | میں | زمین

سناتے ہیں ان لوگوں کے لئے جو ایمان لائیں۔ بے شک فرعون نے ملک میں سرکشی کی۔

وَجَعَلَ اَهْلَهَا شِيَعًا يَّسْتَضْعِفُ طَآئِفَةً مِّنْهُمْ يُذَبِّحُ اَبْنَآءَهُمْ

اور بنا رکھے تھے | اپنی رعایا کے | کئی فرقے | وہ کمزور سمجھتا تھا | ایک گروہ کو | ان میں سے | وہ ذبح کرتا تھا | ان کے بیٹے

اس کے باشندوں کو گروہوں میں تقسیم کر دیا۔ ایک گروہ کو اس نے کمزور کر رکھا تھا۔ وہ ان کے بیٹوں کو ذبح کرتا

وَيَسْتَحْيٖ نِسَآءَهُمْ ؕ اِنَّهٗ كَانَ مِنَ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿4﴾ وَنُرِيْدُ اَنْ نَّمُنَّ

اور زندہ رکھتا تھا | ان کی عورتیں | بیشک وہ | تھا | سے | فساد کرنے والوں میں | اور ہم چاہتے تھے | کہ | ہم احسان کریں

اور ان کی عورتوں کو زندہ رکھتا۔ بے شک وہ فسادی تھا۔ ہم چاہتے تھے ان لوگوں پر احسان کریں جو زمین

عَلَى الَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْا فِي الْاَرْضِ وَنَجْعَلَهُمْ اَئِمَّةً وَّنَجْعَلَهُمُ

پر | ان لوگوں | جو کمزور بنا دیئے گئے تھے | میں | زمین | اور ہم بنانا چاہتے تھے ان کو | پیشوا | اور ہم بنانا چاہتے تھے انکو

میں کمزور کر دیئے گئے کہ انہیں پیشوا بنائیں اور زمین کا وارث

الْوٰرِثِيْنَ ﴿5﴾ وَنُمَكِّنَ لَهُمْ فِي الْاَرْضِ وَنُرِيَ فِرْعَوْنَ وَهَامٰنَ

وارث (ملک کے) | اور ہم اقتدار دینا چاہتے تھے | ان کو | میں | زمین | اور ہم دکھانا چاہتے تھے | فرعون کو | اور ہامان کو

بنائیں اور اقتدار عطا کریں۔ اور فرعون اور ہامان اور ان کے لشکروں کو بنی اسرائیل

وَجُنُوْدَهُمَا مِنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَحْذَرُوْنَ ﴿6﴾ وَاَوْحَيْنَآ اِلٰٓى اُمِّ

اور ان کے لشکروں کو | ان (کے ہاتھوں) سے | جن سے | وہ تھے | وہ خطرہ محسوس کرتے | اور ہم نے وحی بھیجی | طرف | ماں

کے ہاتھوں وہ انجام دکھا دیں جس کا انہیں خطرہ تھا۔ ہم نے موسیٰ علیہ السلام کی والدہ کو الہام کیا

مُوْسٰٓى اَنْ اَرْضِعِيْهِ ۚ فَاِذَا خِفْتِ عَلَيْهِ فَاَلْقِيْهِ فِي الْيَمِّ

موسیٰ کی | یہ کہ | تو دودھ پلا اسے | پھر جب | تو اندیشہ کرے | اس کے بارے میں | تو ڈال دے اسے | میں | دریا

''اپنے بچے کو دودھ پلاؤ۔ جب تمہیں اس کے بارے میں اندیشہ ہو تو اسے دریا میں ڈال دینا۔ پھر فکر

وَلَا تَخَافِيْ وَلَا تَحْزَنِيْ ۚ اِنَّا رَآدُّوْهُ اِلَيْكِ وَجَاعِلُوْهُ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿7﴾

اور نہ تو ڈر | اور نہ | تو غم کر | بیشک ہم | لوٹائیں گے اسے | تیری طرف | اور بنائیں گے اسے | سے | رسولوں میں

نہ کرنا اور غمگین نہ ہونا۔ ہم اسے تمہارے پاس واپس لائیں گے اور اپنا رسول بنائیں گے۔''

فَالْتَقَطَهٗۤ اٰلُ فِرْعَوْنَ لِيَكُوْنَ لَهُمْ عَدُوًّا وَّحَزَنًا ؕ اِنَّ فِرْعَوْنَ

پھر اٹھالیا اسے | فرعونیوں نے | تاکہ وہ ہو | ان کے لئے | دشمن | اور غم کا باعث | بیشک | فرعون

چنانچہ اس بچے کو فرعون کے لوگوں نے دریا سے اٹھالیا مگر انہیں کیا معلوم وہی بچہ ایک دن ان کا دشمن ہوگا اور ان کے لئے غم کا باعث

وَهَامٰنَ وَجُنُوْدَهُمَا كَانُوْا خٰطِئِيْنَ ﴿8﴾ وَقَالَتِ امْرَاَتُ فِرْعَوْنَ قُرَّتُ

اور ہامان | اور لشکر ان دونوں کے | تھے | خطا کرنے والے | اور کہا | بیوی نے | فرعون کی | ٹھنڈک ہے

بنے گا۔ ویسے فرعون، ہامان اور ان کے لشکر تھے بڑے خطا کار اور مجرم۔ اور فرعون کی بیوی نے اپنے شوہر سے کہا "یہ بچہ آنکھوں کی

عَيْنٍ لِّيْ وَلَكَ ؕ لَا تَقْتُلُوْهُ ۖ عَسٰۤى اَنْ يَّنْفَعَنَاۤ اَوْ نَتَّخِذَهٗ وَلَدًا

آنکھوں کی | میری | اور تیری | نہ | تم قتل کرو اسے | ہوسکتا ہے | کہ | وہ فائدہ دے ہمیں | یا | ہم بنالیں اسے | بیٹا

ٹھنڈک ہے، میرے لئے بھی اور تیرے لئے بھی، اسے قتل نہ کرنا۔ ممکن ہے یہ ہمیں فائدہ دے یا ہم اسے بیٹا بنا لیں۔"

وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿9﴾ وَاَصْبَحَ فُؤَادُ اُمِّ مُوْسٰى فٰرِغًا ؕ اِنْ كَادَتْ

اور وہ | نہیں | وہ سمجھتے تھے | اور ہوگیا | دل | ماں کا | موسیٰ کی | بے قرار | بیشک | قریب تھی

اور انہیں انجام کی خبر نہ تھی۔ ادھر موسیٰ علیہ السلام کی ماں کا دل بے چین ہوگیا۔ قریب تھا وہ اس معاملے کو ظاہر کر

لَتُبْدِيْ بِهٖ لَوْلَاۤ اَنْ رَّبَطْنَا عَلٰى قَلْبِهَا لِتَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿10﴾

کہ وہ ظاہر کرتی | اس کو | اگر نہ | البتہ | ہم باندھ رکھتے | اس کے دل کو | تاکہ وہ ہو | ایمان والوں میں سے

دیتی اگر ہم اُس کے دل کو نہ سنبھالتے تاکہ وہ ہمارے وعدے پر یقین کر کے مطمئن رہے۔

وَقَالَتْ لِاُخْتِهٖ قُصِّيْهِ ۫ فَبَصُرَتْ بِهٖ عَنْ جُنُبٍ وَّهُمْ

اور کہا | اس کی بہن کو | تو پیچھا کر اسکا | پھر وہ دیکھتی تھی | اس کو | سے | لاتعلقی | اور وہ

اس نے موسیٰ علیہ السلام کی بہن سے کہا "تو اس کے پیچھے پیچھے جا" چنانچہ وہ اجنبی بن کر اسے دیکھتی رہی اور فرعون کے لوگوں کو اس کی

لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿11﴾ وَحَرَّمْنَا عَلَيْهِ الْمَرَاضِعَ مِنْ قَبْلُ فَقَالَتْ هَلْ اَدُلُّكُمْ

نہیں جانتے تھے | اور ہم نے حرام کر دیا | اس پر | دودھ پلانے والیوں کو | سے | پہلے | پھر وہ بولی | کیا | میں بتاؤں تمہیں

خبر نہ ہوئی۔ ہم نے پہلے ہی موسیٰ پر دائیوں کے دودھ حرام کر دیئے تھے۔ وہ لڑکی کہنے لگی "کیا میں تمہیں ایسے گھرانے کا

عَلٰۤى اَهْلِ بَيْتٍ يَّكْفُلُوْنَهٗ لَكُمْ وَهُمْ لَهٗ نٰصِحُوْنَ ﴿12﴾ فَرَدَدْنٰهُ اِلٰۤى

کا | والوں | گھر | جو پرورش کریں اسکی | تمہارے لئے | اور وہ | اس کے ہیں | خیر خواہ | پھر ہم نے لوٹا دیا اسے | طرف

پتہ دوں جو تمہارے لئے اس بچے کی پرورش کریں اور اس کی خیر خواہی کریں۔" اس طرح ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو ان کی ماں کے

أُمِّهٖ كَيْ تَقَرَّ عَيْنُهَا وَلَا تَحْزَنَ وَلِتَعْلَمَ أَنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ

اس کی ماں کی | تا کہ | ٹھنڈی ہوں | اس کی آنکھیں | اور نہ | وہ غم کھائے | اور تا کہ وہ جانے | کہ | وعدہ | اللہ کا | حق ہے

پاس واپس پہنچا دیا تا کہ اس کی آنکھیں ٹھنڈی ہوں، وہ غمگین نہ ہو اور وہ جان لے اللہ کا وعدہ سچا ہے،

وَّلٰكِنَّ أَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿13﴾ وَلَمَّا بَلَغَ أَشُدَّهٗ وَاسْتَوٰٓى اٰتَيْنٰهُ

اور لیکن | اکثر انکے | نہیں | وہ جانتے | اور جب | وہ پہنچا | اپنی جوانی کو | اور بھرپور ہو گیا | تو ہم نے دیا اسکو

مگر اکثر لوگ نہیں جانتے۔ جب موسیٰ علیہ السلام اپنی جوانی کو پہنچے اور پورے جوان ہو گئے تو ہم نے اسے حکمت اور علم عطا کیا۔

حُكْمًا وَّعِلْمًا ۭ وَكَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿14﴾ وَدَخَلَ الْمَدِيْنَةَ عَلٰى

حکم | اور علم | اور اسی طرح | ہم بدلہ دیتے ہیں | نیکی کرنے والوں کو | اور وہ داخل ہوا | شہر میں | پر

نیک لوگوں کو ہم اسی طرح بدلہ دیتے ہیں۔ ایک دن موسیٰ علیہ السلام ایسے وقت میں آئے جبکہ شہر والے

حِيْنِ غَفْلَةٍ مِّنْ أَهْلِهَا فَوَجَدَ فِيْهَا رَجُلَيْنِ يَقْتَتِلٰنِ ۡ هٰذَا مِنْ

وقت | غفلت کے | سے | باشندوں اسکے | تو پایا اس نے | اس میں | دو آدمیوں کو | جو لڑتے تھے | یہ تھا | سے

دوپہر کو بے خبر سو رہے تھے۔ اس نے دیکھا دو آدمی لڑ رہے ہیں۔ ایک اس کی اپنی قوم

شِيْعَتِهٖ وَهٰذَا مِنْ عَدُوِّهٖ ۚ فَاسْتَغَاثَهُ الَّذِيْ مِنْ شِيْعَتِهٖ عَلَى الَّذِيْ

قوم اس کی | اور یہ تھا | سے | دشمن اس کے | پھر فریاد کی اس نے | جو تھا | سے | قوم اس کی | اوپر | اس کے جو تھا

سے تھا، دوسرا دشمنوں میں سے تھا۔ جو اس کی قوم میں سے تھا اس نے اپنے دشمن کے خلاف موسیٰ علیہ السلام

مِنْ عَدُوِّهٖ ۙ فَوَكَزَهٗ مُوْسٰى فَقَضٰى عَلَيْهِ ۤ قَالَ هٰذَا مِنْ عَمَلِ

سے | دشمن اس کے | تو مکہ مارا اسے | موسیٰ نے | تو کام تمام کر دیا | اس کا | اس نے کہا | یہ ہے | سے | عمل

سے مدد مانگی۔ اس پر موسیٰ علیہ السلام نے اس قبطی کو مکا مارا اور اس کا کام تمام کر دیا۔ موسیٰ علیہ السلام نے کہا "یہ کام مجھ سے شیطان

الشَّيْطٰنِ ۭ إِنَّهٗ عَدُوٌّ مُّضِلٌّ مُّبِيْنٌ ﴿15﴾ قَالَ رَبِّ إِنِّيْ ظَلَمْتُ

شیطان کے | بیشک وہ ہے | دشمن | گمراہ | ظاہر | کہا | اے میرے رب | بیشک میں نے | ظلم کیا

نے کرایا۔ بے شک وہ ایسا دشمن ہے جو کھلا گمراہ کرنے والا ہے۔" پھر موسیٰ علیہ السلام نے دعا کی "اے میرے رب میں

نَفْسِيْ فَاغْفِرْ لِيْ فَغَفَرَ لَهٗ ۭ إِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ﴿16﴾ قَالَ

اپنی جان پر | پس تو بخش | مجھے | پھر بخش دیا | اس کو | بیشک وہ | ہی | بہت بخشنے والا | نہایت مہربان | اس نے کہا

نے اپنی جان پر ظلم کیا۔ مجھے بخش دے" اللہ نے اسے بخش دیا۔ بے شک وہ بخشنے والا مہربان ہے۔ پھر موسیٰ علیہ السلام نے

رَبِّ بِمَآ اَنْعَمْتَ عَلَيَّ فَلَنْ اَكُوْنَ ظَهِيْرًا لِّلْمُجْرِمِيْنَ ﴿17﴾ فَاَصْبَحَ

میرے رب | اس وجہ سے جو | تونے انعام کیا | مجھ پر | پس ہرگز نہیں | میں ہوں گا | حمایتی | مجرموں کا | پھر صبح کو آیا

عہد کیا "اے میرے رب تو نے میرا قصور معاف کر کے مجھ پر فضل کیا۔ میں آئندہ کبھی مجرموں کا مددگار نہ بنوں گا۔ پھر صبح

فِي الْمَدِيْنَةِ خَآئِفًا يَّتَرَقَّبُ فَاِذَا الَّذِي اسْتَنْصَرَهٗ بِالْاَمْسِ

میں | شہر | ڈرتا ہوا | خبر لیتا | پھر اچانک | وہ آدمی | جس نے مدد مانگی تھی اس سے | کل

کو ڈرتا ہوا شہر میں گیا تا کہ جائزہ لے مگر اس نے دیکھا وہی اسرائیلی جس نے کل اسے مدد کے لئے پکارا تھا آج پھر اسے مدد کے لئے

يَسْتَصْرِخُهٗ ؕ قَالَ لَهٗ مُوْسٰٓى اِنَّكَ لَغَوِيٌّ مُّبِيْنٌ ﴿18﴾ فَلَمَّآ اَنْ اَرَادَ

وہ پکار رہا ہے اسے | کہا | اس کو | موسیٰ نے | بیشک تو ہے | ضرور گمراہ | ظاہر | پھر جب | البتہ | ارادہ کیا

پکار رہا ہے۔ اس پر موسیٰ علیہ السلام نے اس سے کہا، تم بالکل گمراہ ہو" پھر جب موسیٰ علیہ السلام نے اس قبطی کو زیادتی

اَنْ يَّبْطِشَ بِالَّذِيْ هُوَ عَدُوٌّ لَّهُمَا ۙ قَالَ يٰمُوْسٰٓى اَتُرِيْدُ اَنْ

کہ | وہ پکڑے | اس کو | جو | دشمن تھا | دونوں کا | اس نے کہا | اے موسیٰ | کیا تو چاہتا ہے | کہ

سے روکنے کے لئے ہاتھ بڑھایا جو کہ موسیٰ علیہ السلام اور اسرائیلی دونوں کا دشمن تھا تو اسرائیلی بدحواس ہو کر بولا "اے موسیٰ

تَقْتُلَنِيْ كَمَا قَتَلْتَ نَفْسًا بِالْاَمْسِ ۖ اِنْ تُرِيْدُ اِلَّآ اَنْ تَكُوْنَ

تو قتل کرے مجھے | جیسے | تو نے قتل کیا | ایک جان کو | کل | نہیں | تو چاہتا | مگر | یہ کہ | تو ہو

کیا تم مجھے قتل کرنا چاہتے ہو جس طرح تم نے کل ایک شخص کو قتل کیا؟ تم زمین میں بڑے سرکش بن کر رہنا

جَبَّارًا فِي الْاَرْضِ وَمَا تُرِيْدُ اَنْ تَكُوْنَ مِنَ الْمُصْلِحِيْنَ ﴿19﴾ وَجَآءَ

سخت گیر | میں | زمین | اور نہیں | تو چاہتا | کہ | تو ہو | سے | اصلاح کرنے والوں میں | اور آیا

چاہتے ہو، شریف شہری بن کر نہیں رہنا چاہتے۔" اور شہر کے کنارے

رَجُلٌ مِّنْ اَقْصَا الْمَدِيْنَةِ يَسْعٰى ۫ قَالَ يٰمُوْسٰٓى اِنَّ الْمَلَاَ

ایک آدمی | سے | کنارے | شہر کے | دوڑتا ہوا | اس نے کہا | اے موسیٰ | بیشک | سردار

سے ایک شخص دوڑتا ہوا آیا اور اس نے کہا "اے موسیٰ علیہ السلام دربار والے

يَاْتَمِرُوْنَ بِكَ لِيَقْتُلُوْكَ فَاخْرُجْ اِنِّيْ لَكَ مِنَ النّٰصِحِيْنَ ﴿20﴾ فَخَرَجَ

مشورہ کرتے ہیں | تیرے لیے | تا کہ قتل کریں تجھے | پس تو نکل جا | بیشک میں ہوں | تیرے لئے | سے | خیر خواہ میں | پھر وہ نکلا

مشورہ کر رہے ہیں کہ تمہیں مار ڈالیں لہٰذا تم نکل جاؤ۔ میں تمہارا خیر خواہ ہوں۔" موسیٰ علیہ السلام وہاں سے

مِنْهَا خَآئِفًا يَّتَرَقَّبُ ۫ قَالَ رَبِّ نَجِّنِىْ مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿21﴾

وہاں سے | ڈرتا ہوا | خبر لیتا | اس نے کہا | میرے رب | تو بچا مجھے | سے | لوگوں | ظالم

ڈرتے ہوئے اور صورتِ حال کا جائزہ لیتے ہوئے نکل کھڑے ہوئے اور دعا کی ''اے میرے رب مجھے ظالم قوم سے بچا''

وَلَمَّا تَوَجَّهَ تِلْقَآءَ مَدْيَنَ قَالَ عَسٰى رَبِّىْٓ اَنْ يَّهْدِيَنِىْ سَوَآءَ

اور جب | وہ متوجہ ہوا | طرف | مدین کے | اس نے کہا | امید ہے کہ | میرا رب | یہ کہ | رہنمائی کرے میری | سیدھی

پھر موسیٰ علیہ السلام نے مدین کا رخ کرتے ہوئے کہا ''امید ہے میرا رب مجھے سیدھا راستہ

السَّبِيْلِ ﴿22﴾ وَلَمَّا وَرَدَ مَآءَ مَدْيَنَ وَجَدَ عَلَيْهِ اُمَّةً مِّنَ النَّاسِ

راہ کی | اور جب | وہ پہنچا | پانی پر | مدین کے | اس نے پایا | اس پر | گروہ | سے | لوگوں

دکھائے گا۔'' جب وہ مدین کے قریب کنویں پر پہنچے تو وہاں لوگوں کی جماعت دیکھی جو اپنے جانوروں کو پانی

يَسْقُوْنَ ۫ وَوَجَدَ مِنْ دُوْنِهِمُ امْرَاَتَيْنِ تَذُوْدٰنِ ۚ قَالَ مَا خَطْبُكُمَا ؕ

جو پلاتے تھے | اور اس نے پائیں | سے | انکے علاوہ | دو عورتیں | جو ہٹاتی تھیں بکریوں کو | اس نے کہا | کیا ہے | معاملہ تمہارا

پلا رہے تھے اور ان سے الگ ایک طرف دو عورتوں کو دیکھا جو اپنی بکریاں روکے کھڑی تھیں۔ موسیٰ علیہ السلام نے ان سے پوچھا

قَالَتَا لَا نَسْقِىْ حَتّٰى يُصْدِرَ الرِّعَآءُ ٜ وَاَبُوْنَا شَيْخٌ كَبِيْرٌ ﴿23﴾ فَسَقٰى

دونوں بولیں | نہیں | ہم پلاتیں | یہاں تک کہ | ہٹالے جائیں | چرواہے | اور باپ ہمارا ہے | بوڑھا | بہت | پھر اس نے پلایا

''تمہارا کیا ماجرا ہے؟'' وہ بولیں ''ہم اپنی بکریوں کو پانی نہیں پلا سکتیں جب تک چرواہے اپنی بکریاں ہٹا نہ لیں اور ہمارا باپ بہت

لَهُمَا ثُمَّ تَوَلّٰٓى اِلَى الظِّلِّ فَقَالَ رَبِّ اِنِّىْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَىَّ مِنْ

ان کے لئے | پھر | وہ پھرا | طرف | سائے کی | پھر کہا | اے میرے رب | بیشک میں اسکا جو | تو اتارے | میری طرف | سے

بوڑھا ہے۔'' یہ سن کر موسیٰ علیہ السلام نے ان کی بکریوں کو پانی پلایا۔ پھر وہاں سے ہٹ کر ایک جگہ سائے میں جا بیٹھے۔ اور دعا

خَيْرٍ فَقِيْرٌ ﴿24﴾ فَجَآءَتْهُ اِحْدٰىهُمَا تَمْشِىْ عَلَى اسْتِحْيَآءٍ ۫ قَالَتْ

بھلائی | محتاج ہوں | پھر آئی اسکے پاس | ایک ان دونوں میں سے | چلتی ہوئی | ساتھ | شرم وحیا کے | وہ بولی

کی ''اے میرے رب جو نعمت بھی مجھے دے، میں اُس کا محتاج ہوں'' تھوڑی دیر بعد انہی دو عورتوں میں سے ایک شرماتی ہوئی آئی

اِنَّ اَبِىْ يَدْعُوْكَ لِيَجْزِيَكَ اَجْرَ مَا سَقَيْتَ لَنَا ؕ فَلَمَّا جَآءَهٗ

بیشک | باپ میرا | بلاتا ہے تجھے | تا کہ دے تجھے | مزدوری | جو | تو نے پانی پلایا | ہمارے لئے | پھر جب | آیا اسکے پاس

اور موسیٰ علیہ السلام سے کہنے لگی ''میرے والد آپ کو بلا رہے ہیں تا کہ اس کا معاوضہ دیں جو آپ نے ہماری بکریوں کو پانی پلایا۔''

وَقَصَّ عَلَيْهِ الْقَصَصَ ۙ قَالَ لَا تَخَفْ ۫ نَجَوْتَ مِنَ الْقَوْمِ

اور بیان کیا | اس پر | قصہ | اس نے کہا | نہ | تو ڈر | تو نے نجات پائی | سے | قوم

جب موسیٰ علیہ السلام ان کے گھر پہنچے اور اپنا سارا قصہ سنایا تو شعیب علیہ السلام نے کہا ”فکر نہ کرو تم نے ظالموں

الظّٰلِمِيْنَ ﴿25﴾ قَالَتْ اِحْدٰىهُمَا يٰٓاَبَتِ اسْتَاْجِرْهُ ۡ اِنَّ خَيْرَ مَنِ

ظالم | بولی | ایک دونوں میں سے | اے میرے باپ | تو نوکر رکھ اسے | بیشک | بہتر ہے | جسے

سے نجات پائی“۔ پھر ان دو عورتوں میں سے ایک نے کہا ”اے ابا جان اسے نوکر رکھ لیں۔ بہترین آدمی جسے آپ نوکر رکھیں اسے

اسْتَاْجَرْتَ الْقَوِيُّ الْاَمِيْنُ ﴿26﴾ قَالَ اِنِّيْٓ اُرِيْدُ اَنْ اُنْكِحَكَ اِحْدَى

تو نوکر رکھے | قوت والا | دیانتدار | اس نے کہا | بیشک میں | چاہتا ہوں | کہ | میں نکاح کر دوں تیرا | ایک کا

مضبوط اور امانت دار ہونا چاہیے۔“ شعیب علیہ السلام نے کہا ”میں چاہتا ہوں اپنی ان دو بیٹیوں میں سے ایک کا نکاح

ابْنَتَيَّ هٰتَيْنِ عَلٰٓي اَنْ تَاْجُرَنِيْ ثَمٰنِيَ حِجَجٍ ۚ فَاِنْ اَتْمَمْتَ عَشْرًا

اپنی بیٹیوں | ان دو میں سے | اس پر | کہ | تو میری نوکری کرے | آٹھ | سال | پھر اگر | تو پورے کر دے | دس سال

تمہارے ساتھ اس شرط پر کر دوں کہ تم آٹھ سال میری ملازمت کرو۔ اگر تم دس سال پورے کر دو تو

فَمِنْ عِنْدِكَ ۚ وَمَآ اُرِيْدُ اَنْ اَشُقَّ عَلَيْكَ ۭ سَتَجِدُنِيْٓ اِنْ شَاۗءَ

تو ہیں تیری طرف سے | اور نہیں | میں چاہتا | کہ | میں مشقت ڈالوں | تجھ پر | عنقریب تو پائے گا مجھے | اگر | چاہا

تمہاری خوشی۔ میں تم پر مشقت ڈالنا نہیں چاہتا۔ انشاءاللہ تم مجھے اچھا آدمی

اللّٰهُ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿27﴾ قَالَ ذٰلِكَ بَيْنِيْ وَبَيْنَكَ ۭ اَيَّمَا الْاَجَلَيْنِ

اللہ نے | سے | اچھے لوگوں | اس نے کہا | یہ ہے | میرے درمیان | اور تیرے درمیان | جو بھی | ان دو مدتوں سے

پاؤ گے۔“ موسیٰ علیہ السلام نے کہا ”یہ بات میرے اور آپ کے درمیان طے ہے۔ میں ان دونوں مدتوں میں سے جو بھی

قَضَيْتُ فَلَا عُدْوَانَ عَلَيَّ ۭ وَاللّٰهُ عَلٰي مَا نَقُوْلُ وَكِيْلٌ ﴿28﴾ ع فَلَمَّا

میں پوری کروں | پس نہیں | زیادتی | مجھ پر | اور اللہ | پر | جو | ہم کہتے ہیں | کارساز ہے | پھر جب

پوری کروں مجھ پر کوئی جبر نہ ہو گا اور اللہ ہمارے قول و قرار پر گواہ ہے۔“ پھر جب موسیٰ علیہ السلام نے

3 ع 7 6

قَضٰى مُوْسَى الْاَجَلَ وَسَارَ بِاَهْلِهٖٓ اٰنَسَ مِنْ جَانِبِ الطُّوْرِ نَارًا ۚ

پوری کی | موسیٰ نے | مدت | اور وہ لے چلا | اپنی بیوی کو | اس نے دیکھی | سے | جانب | طور کی | آگ

مدت پوری کی تو اپنے گھر والوں کو لے کر مصر روانہ ہوئے۔ انہوں نے کوہِ طور کی طرف آگ دیکھی۔

قَالَ لِاَهۡلِهِ امۡكُثُوۡۤا اِنِّىۡۤ اٰنَسۡتُ نَارًا لَّعَلِّىۡۤ اٰتِيۡكُمۡ مِّنۡهَا بِخَبَرٍ اَوۡ

اس نے کہا | اپنی بیوی کو | تم ٹھہرو | بیشک میں نے | دیکھی ہے | آگ | شاید میں | لاؤں تمہارے پاس | اس سے | کوئی خبر | یا

اپنے گھر والوں سے کہا ”تم ٹھہرو میں نے آگ دیکھی ہے۔ میں جاتا ہوں شاید وہاں سے راستے کی کچھ خبر لاؤں یا

جَذۡوَةٍ مِّنَ النَّارِ لَعَلَّكُمۡ تَصۡطَلُوۡنَ ۝٢٩ فَلَمَّاۤ اَتٰٮهَا نُوۡدِىَ مِنۡ

چنگاری | سے | آگ | تاکہ تم | تم تاپو | پھر جب | وہ آیا وہاں | اسے پکارا گیا | طرف سے

آگ کا انگارہ لیتا آؤں تا کہ تم تاپو“ جب موسیٰ علیہ السلام وہاں پہنچے تو وادی کے

شَاطِیٴِ الۡوَادِ الۡاَيۡمَنِ فِى الۡبُقۡعَةِ الۡمُبٰرَكَةِ مِنَ الشَّجَرَةِ اَنۡ

کنارے | وادی کے | دائیں | میں | گوشہ | برکت والا | طرف سے | درخت کی | یہ کہ

دائیں کنارے کی طرف مبارک جگہ میں ایک درخت سے آواز آئی

يّٰمُوۡسٰٓى اِنِّىۡۤ اَنَا اللّٰهُ رَبُّ الۡعٰلَمِيۡنَ ۝٣٠ وَاَنۡ اَلۡقِ عَصَاكَ‌ؕ فَلَمَّا

اے موسیٰ | بیشک میں | ہوں | اللہ | رب | جہانوں کا | اور یہ کہ | تو ڈال دے | عصا اپنا | پھر جب

”اے موسیٰ! میں اللہ ہوں، سارے جہاں کا مالک“ اور یہ کہ ”تم اپنا عصا زمین پر ڈال دو۔“ جب موسیٰ علیہ السلام نے

رَاٰهَا تَهۡتَزُّ كَاَنَّهَا جَآنٌّ وَّلّٰى مُدۡبِرًا وَّلَمۡ يُعَقِّبۡ‌ؕ يٰمُوۡسٰٓى

دیکھا اسے | حرکت کرتا ہے | جیسا کہ وہ ہے | بڑا سانپ | وہ مڑا | پیٹھ پھیر کر | اور نہ | پیچھے پھر کر دیکھا | اے موسیٰ

عصا ڈال دیا تو انہیں وہ سانپ کی طرح حرکت کرتا ہوا نظر آیا۔ موسیٰ علیہ السلام پیٹھ پھیر کر بھاگے اور مڑ کر نہ دیکھا۔ حکم ہوا ”اے

اَقۡبِلۡ وَلَا تَخَفۡ‌ اِنَّكَ مِنَ الۡاٰمِنِيۡنَ ۝٣١ اُسۡلُكۡ يَدَكَ فِىۡ جَيۡبِكَ

آگے بڑھ | اور نہ | تو ڈر | بیشک تو ہے | سے | امن والوں | تو داخل کر | اپنا ہاتھ | میں | اپنے گریبان

موسیٰ علیہ السلام آگے آؤ، ڈرو نہیں۔ تم بالکل محفوظ ہو۔ اپنا ہاتھ گریبان میں ڈالو پھر نکالو تو وہ

تَخۡرُجۡ بَيۡضَآءَ مِنۡ غَيۡرِ سُوۡٓءٍ وَّاضۡمُمۡ اِلَيۡكَ جَنَاحَكَ مِنَ الرَّهۡبِ

وہ نکلے گا | سفید ہو کر | سے | بغیر | عیب کے | اور تو ملا لے | اپنی طرف | اپنا بازو | سے | ڈر

بغیر کسی مرض کے سفید چمکتا ہوا نظر آئے گا۔ اپنا خوف دور کرنے کے لئے بازو کو اپنے ساتھ ملا لو۔

فَذٰنِكَ بُرۡهَانٰنِ مِنۡ رَّبِّكَ اِلٰى فِرۡعَوۡنَ وَمَلَا۟ٮِٕهٖ‌ؕ اِنَّهُمۡ كَانُوۡا قَوۡمًا

پس یہ دو ہیں | دو دلیلیں | سے | تیرے رب | طرف | فرعون کی | اور اس کے سرداروں کی | بیشک | وہ ہیں | لوگ

یہ دو کھلی نشانیاں تمہارے رب کی طرف سے دی جاتی ہیں تا کہ تم انہیں فرعون اور اس کے درباریوں کے سامنے پیش کر سکو۔ بے شک

فٰسِقِيْنَ ﴿٣٢﴾ قَالَ رَبِّ اِنِّيْ قَتَلْتُ مِنْهُمْ نَفْسًا فَاَخَافُ اَنْ

نافرمان | اس نے کہا | اے میرے رب | بیشک | میں نے قتل کیا | ان سے | ایک جان کو | پس میں ڈرتا ہوں | کہ

وہ نافرمان لوگ ہیں۔" موسیٰ علیہ السلام نے عرض کیا "اے میرے رب میں نے ان میں سے ایک شخص کو قتل کیا تھا۔ میں ڈرتا ہوں

يَّقْتُلُوْنِ ﴿٣٣﴾ وَاَخِيْ هٰرُوْنُ هُوَ اَفْصَحُ مِنِّيْ لِسَانًا فَاَرْسِلْهُ مَعِيَ

وہ قتل کریں گے مجھے | اور بھائی میرا | ہارون ہے | وہ | زیادہ فصیح ہے | مجھ سے | زبان میں | پس تو بھیج اس کو | میرے ساتھ

وہ مجھے مار ڈالیں گے۔ لہٰذا تو میرے بھائی ہارون کو جو مجھ سے زیادہ زبان آور ہے میرے ساتھ مددگار کے طور

رِدْاً يُّصَدِّقُنِيْٓ اِنِّيْٓ اَخَافُ اَنْ يُّكَذِّبُوْنِ ﴿٣٤﴾ قَالَ سَنَشُدُّ

مددگار | تاکہ وہ تائید کرے میری | بیشک | میں ڈرتا ہوں | کہ | وہ جھٹلائیں گے مجھے | فرمایا | ضرور ہم مضبوط کریں گے

پر بھیج تاکہ وہ میری تائید کرے۔ مجھے اندیشہ ہے کہ فرعونی لوگ مجھے جھٹلا دیں گے۔" ارشاد ہوا "ہم تمہارے بھائی کے ذریعے

عَضُدَكَ بِاَخِيْكَ وَنَجْعَلُ لَكُمَا سُلْطٰنًا فَلَا يَصِلُوْنَ اِلَيْكُمَا ۚ

تیرا بازو | تیرے بھائی سے | اور ہم کریں گے | تمہارے لئے | غلبہ | پھر نہیں | وہ پہنچ سکیں گے | تمہاری طرف

تمہارا بازو مضبوط بنائیں گے۔ تم دونوں کو ایسا غلبہ دیں گے کہ فرعونی لوگ تم تک پہنچ نہ سکیں گے۔

بِاٰيٰتِنَآ ۚ اَنْتُمَا وَمَنِ اتَّبَعَكُمَا الْغٰلِبُوْنَ ﴿٣٥﴾ فَلَمَّا جَآءَهُمْ مُّوْسٰى

ہماری نشانیوں کے ساتھ | تم دونوں | اور جو | پیروکار تم دونوں کے | غالب ہوگے | پھر جب | آیا انکے پاس | موسیٰ

ہمارے دیئے ہوئے معجزوں کی وجہ سے تم دونوں اپنے پیروکاروں سمیت غالب رہو گے۔" پھر جب موسیٰ علیہ السلام ان فرعونیوں

بِاٰيٰتِنَا بَيِّنٰتٍ قَالُوْا مَا هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّفْتَرًى وَّمَا سَمِعْنَا

ہماری نشانیوں کے ساتھ | واضح کے | وہ بولے | نہیں ہے | یہ | مگر | جادو | گھڑا ہوا | اور نہیں | ہم نے سنا

کے پاس ہماری واضح نشانیوں کے ساتھ پہنچے تو انہوں نے کہہ دیا "یہ تو گھڑا ہوا جادو ہے۔ ہم نے یہ بات اپنے باپ سے نہیں

بِهٰذَا فِيْٓ اٰبَآئِنَا الْاَوَّلِيْنَ ﴿٣٦﴾ وَقَالَ مُوْسٰى رَبِّيْٓ اَعْلَمُ بِمَنْ جَآءَ

اس بات کو | درمیان | اپنے باپ دادا کے | پہلے | اور کہا | موسیٰ نے | رب میرا | خوب جانتا ہے | کہ کون | لایا ہے

سنی۔" موسیٰ علیہ السلام نے کہا "جو شخص اللہ کی طرف سے ہدایت لے کر آیا ہے

بِالْهُدٰى مِنْ عِنْدِهٖ وَمَنْ تَكُوْنُ لَهٗ عَاقِبَةُ الدَّارِ ۭ اِنَّهٗ

ہدایت | طرف سے | اس کی | اور کون ہے کہ | ہوگا | اس کے لئے | (اچھا) انجام | گھر (آخرت) کا | بیشک

اور جس کا آخرت میں اچھا انجام ہونے والا ہے، اسے میرا رب خوب جانتا ہے۔ بے شک ظالم

لَا يُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿37﴾ وَقَالَ فِرْعَوْنُ يٰۤاَيُّهَا الْمَلَاُ مَا عَلِمْتُ لَكُمْ

نہیں فلاح پاتے | ظالم | اور کہا | فرعون نے | اے | سردارو | نہیں | میں جانتا | تمہارے لئے

فلاح نہ پائیں گے۔" فرعون نے کہا "اے دربار والو! میں تمہارے لئے اپنے سوا کسی

مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرِيْ ۚ فَاَوْقِدْ لِيْ يٰهَامٰنُ عَلَى الطِّيْنِ فَاجْعَلْ لِّيْ

کسی | معبود کو | سوائے اپنے | پس تو جلا | میرے لئے | اے ہامان | پر | مٹی (اینٹیں بنا) | پھر تو تیار کر | میرے لئے

معبود کو نہیں جانتا۔ اے ہامان! تم میرے لئے پختہ اینٹیں تیار کرو۔ ان سے میرے لئے اونچی

صَرْحًا لَّعَلِّيْۤ اَطَّلِعُ اِلٰۤى اِلٰهِ مُوْسٰى ۙ وَاِنِّيْ لَاَظُنُّهٗ مِنَ

ایک محل | تا کہ میں | جھانکوں | طرف | معبود کی | موسیٰ کے | اور بیشک میں | البتہ گمان کرتا ہوں کہ وہ ہے | سے

عمارت بناؤ تا کہ میں اس پر چڑھ کر موسیٰ علیہ السلام کے رب کو جھانک کر دیکھوں۔ میں تو موسیٰ علیہ السلام کو جھوٹا آدمی

الْكٰذِبِيْنَ ﴿38﴾ وَاسْتَكْبَرَ هُوَ وَجُنُوْدُهٗ فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَظَنُّوْۤا

جھوٹوں | اور تکبر کیا | اس نے | اور اُس کے لشکروں نے | میں | زمین | نا | حق | اور گمان کیا انہوں نے

سمجھتا ہوں۔" اس طرح فرعون اور اس کی فوجوں نے زمین پر ناحق غرور کیا۔ انہوں نے سمجھا

اَنَّهُمْ اِلَيْنَا لَا يُرْجَعُوْنَ ﴿39﴾ فَاَخَذْنٰهُ وَجُنُوْدَهٗ فَنَبَذْنٰهُمْ فِي

یہ کہ وہ | ہماری طرف | نہیں | وہ لوٹائے جائیں گے | پھر ہم نے پکڑ لیا اسے | اور اُس کے لشکروں کو | پھر ہم نے پھینک دیا انکو | میں

انہیں ہماری طرف لوٹ کر نہیں آنا۔ آخر ہم نے فرعون اور اس کے لشکروں کو پکڑا اور سمندر میں

الْيَمِّ ۚ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الظّٰلِمِيْنَ ﴿40﴾ وَجَعَلْنٰهُمْ اَىِٕمَّةً

سمندر | پس تو دیکھ | کیسا | ہوا | انجام | ظالموں کا | اور ہم نے بنایا ان کو | پیشوا

پھینک دیا۔ دیکھو ان ظالموں کا انجام کیا ہوا؟ وہ فرعونی ایسے لیڈر تھے

يَّدْعُوْنَ اِلَى النَّارِ ۚ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ لَا يُنْصَرُوْنَ ﴿41﴾ وَاَتْبَعْنٰهُمْ فِيْ

جو بلاتے تھے | طرف | آگ کی | اور دن | قیامت کے | نہیں | ان کی مدد کی جائے گی | اور ہم نے پیچھے لگا دی انکے | میں

جو لوگوں کو دوزخ کی طرف بلاتے تھے اور قیامت کے دن کوئی ان کی مدد نہیں کرے گا۔ ہم نے دنیا میں بھی ان کے پیچھے

هٰذِهِ الدُّنْيَا لَعْنَةً ۚ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ هُمْ مِّنَ الْمَقْبُوْحِيْنَ ﴿42﴾ ع وَلَقَدْ

اس | دنیا | لعنت | اور دن | قیامت کے | وہ ہیں | سے | مذمت کئے گئے لوگوں | اور بیشک

لعنت لگا دی اور قیامت کے دن وہ بدحال لوگوں میں سے ہوں گے۔ اور ہم نے پہلی

4 ع 14 7

اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ مِنْۢ بَعْدِ مَآ اَهْلَكْنَا الْقُرُوْنَ الْاُوْلٰى بَصَآىِٕرَ

ہم نے دی | موسیٰ کو | کتاب | سے | اس کے بعد | کہ | ہم نے ہلاک کیں | قومیں | پہلی | عبرتیں

امتوں کو ہلاک کرنے کے بعد موسیٰ علیہ السلام کو کتاب دی جو لوگوں کے لئے بصیرت،

لِلنَّاسِ وَهُدًى وَّرَحْمَةً لَّعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ۞ وَمَا كُنْتَ بِجَانِبِ

لوگوں کے لئے | اور ہدایت | اور رحمت | تا کہ وہ | وہ نصیحت حاصل کریں | اور نہیں | تو تھا | جانب

ہدایت اور رحمت تھی تا کہ وہ نصیحت پکڑیں۔ اور اے نبی ﷺ آپ ﷺ اس وقت کوہ طور کے مغربی کنارے پر

الْغَرْبِيِّ اِذْ قَضَيْنَآ اِلٰى مُوْسَى الْاَمْرَ وَمَا كُنْتَ مِنَ الشّٰهِدِيْنَ ۞

مغربی | جب | ہم نے فیصلہ کیا | طرف | موسیٰ کی | حکم کا | اور نہ | تو تھا | سے | حاضرین

موجود نہ تھے جب ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو احکام دئے اور نہ آپ ﷺ اس واقعے کے گواہ ہیں۔

وَلٰكِنَّآ اَنْشَاْنَا قُرُوْنًا فَتَطَاوَلَ عَلَيْهِمُ الْعُمُرُ ۚ وَمَا كُنْتَ ثَاوِيًا فِيْٓ

اور لیکن | ہم نے پیدا کیں | قومیں | پھر دراز ہوگئی | ان پر | ان کی عمریں | اور نہیں | تو تھا | رہنے والا | میں

بلکہ ہم نے بہت سی نسلیں پیدا کیں۔ پھر ان پر بہت زمانہ گزر گیا۔ آپ ﷺ اہل مدین میں

اَهْلِ مَدْيَنَ تَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِنَا ۙ وَلٰكِنَّا كُنَّا مُرْسِلِيْنَ ۞ وَمَا

اہل | مدین | پڑھا کرتا | اُن پر | ہماری آیتیں | اور لیکن ہم | ہم تھے | رسول بھیجنے والے | اور نہ

بھی نہیں رہے کہ انہیں ہماری آیتیں سناتے ہوں۔ لیکن ہم نے آپ ﷺ کو رسول ﷺ بنا کر یہ سب کچھ بتایا۔ اور آپ ﷺ اس

كُنْتَ بِجَانِبِ الطُّوْرِ اِذْ نَادَيْنَا وَلٰكِنْ رَّحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ لِتُنْذِرَ

تو تھا | جانب | طور کی | جب | ہم نے آواز دی | اور لیکن | رحمت ہے | طرف سے | تیرے رب کی | تا کہ تو ڈرائے

وقت بھی کوہ طور کے دامن میں موجود نہ تھے جب ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو پکارا۔ لیکن یہ سب آپ ﷺ کے رب کی رحمت ہے تا کہ

قَوْمًا مَّآ اَتٰىهُمْ مِّنْ نَّذِيْرٍ مِّنْ قَبْلِكَ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ۞ وَلَوْلَآ

ان لوگوں کو | کہ نہیں | آیا جن کے پاس | کوئی | خبردار کرنیوالا | سے | تیرے پہلے | تا کہ وہ | وہ نصیحت حاصل کریں | اور اگر نہ ہوتا

آپ ﷺ اس قوم کو خبردار کریں جس کے پاس آپ ﷺ سے پہلے کوئی خبردار کرنے والا نہیں آیا تا کہ وہ نصیحت حاصل کریں۔ ہم

اَنْ تُصِيْبَهُمْ مُّصِيْبَةٌۢ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ فَيَقُوْلُوْا رَبَّنَا

یہ کہ جب | پہنچتی ان کو | مصیبت | اس وجہ سے جو | آگے بھیجا ہے | ان کے ہاتھوں نے | تو وہ کہتے | اے ہمارے رب

نے یہ قرآن اس لئے نازل کیا کہیں ایسا نہ ہوجاتا، کہ ان لوگوں کے برے اعمال کی وجہ سے ان پر کوئی آفت نازل ہوجاتی، اس

لَوْلَآ اَرْسَلْتَ اِلَيْنَا رَسُوْلًا فَنَتَّبِعَ اٰيٰتِكَ وَنَكُوْنَ مِنَ

کیوں نہ | تونے بھیجا | ہماری طرف | کوئی رسول | پھر ہم پیروی کرتے | تیری آیتوں کو | اور ہم ہوتے | سے

وقت یہ لوگ کہتے ''اے ہمارے رب تو نے کیوں ہمارے پاس کوئی رسول نہ بھیجا کہ ہم تیری آیتوں کی پیروی کرتے اور ایمان

الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿47﴾ فَلَمَّا جَآءَهُمُ الْحَقُّ مِنْ عِنْدِنَا قَالُوْا لَوْلَآ اُوْتِيَ

ایمان والوں | پھر جب | آیا انکے پاس | حق | سے | ہماری طرف | وہ بولے | کیوں نہیں | اسے دی گئی

والوں میں شامل ہوتے۔'' پھر جب ان لوگوں کے پاس ہماری طرف سے حق آیا تو کہنے لگے ''اِس رسول ﷺ کو وہ کچھ نہیں

مِثْلَ مَآ اُوْتِيَ مُوْسٰى ؕ اَوَلَمْ يَكْفُرُوْا بِمَآ اُوْتِيَ مُوْسٰى مِنْ قَبْلُ ۚ

ویسی چیز | جو | دی گئی | موسیٰ کو | کیا | نہیں | انہوں نے کفر کیا تھا | اس کا جو | دی گئی | موسیٰ کو | سے | پہلے

دیا گیا جو موسیٰ علیہ السلام کو دیا گیا'' کیا یہ لوگ اس چیز کا انکار نہیں کر چکے جو اس سے پہلے موسیٰ کو دی گئی تھی؟

قَالُوْا سِحْرٰنِ تَظٰهَرَا ۗ وَقَالُوْٓا اِنَّا بِكُلٍّ كٰفِرُوْنَ ﴿48﴾ قُلْ فَاْتُوْا

وہ کہتے تھے | یہ دو جادوگر ہیں | باہم ملے ہوئے | اور انہوں نے کہا | بیشک ہم | ہر ایک کے | منکر ہیں | کہہ دیجئے | پس تم لاؤ

بلکہ وہ کہتے ہیں کہ ''توریت اور قرآن دونوں جادو ہیں جو ایک دوسرے کے مددگار ہیں۔'' پھر کہتے ہیں ''ہم ان میں سے کسی کتاب کو

بِكِتٰبٍ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ هُوَ اَهْدٰى مِنْهُمَآ اَتَّبِعْهُ اِنْ كُنْتُمْ

کتاب | سے | طرف | اللہ کی | جو | زیادہ ہدایت دینے والی ہو | ان دونوں سے | میں پیروی کروں گا اسکی | اگر | تم ہو

نہیں مانتے۔'' اے نبی ﷺ آپ ﷺ ان لوگوں سے کہیں ''اگر تم سچے ہو تو اللہ کی طرف سے اور کتاب لے آؤ جو توریت اور قرآن

صٰدِقِيْنَ ﴿49﴾ فَاِنْ لَّمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَكَ فَاعْلَمْ اَنَّمَا يَتَّبِعُوْنَ اَهْوَآءَهُمْ ؕ

سچے | پھر اگر | نہ | وہ جواب دے سکیں | تجھ کو | پھر تو جان لے | کہ | وہ پیروی کرتے ہیں | اپنی خواہشوں کی

سے زیادہ ہدایت والی ہو، میں اُسی کی پیروی کرلوں گا۔'' پھر اگر یہ لوگ آپ ﷺ کے چیلنج کا جواب نہ دیں تو آپ ﷺ یقین کرلیں

وَمَنْ اَضَلُّ مِمَّنِ اتَّبَعَ هَوٰىهُ بِغَيْرِ هُدًى مِّنَ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

اور کون ہے | زیادہ گمراہ | اس سے جو | پیروی کرے | اپنی خواہش کی | بغیر | ہدایت کے | طرف سے | اللہ کی | بیشک | اللہ

یہ اپنی خواہش کی پیروی کر رہے ہیں۔ اور اُس سے زیادہ گمراہ کون ہوگا جو اللہ کی ہدایت کے بغیر اپنی خواہش کی پیروی کرے؟

ع 5/8 8

لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿50﴾ وَلَقَدْ وَصَّلْنَا لَهُمُ الْقَوْلَ لَعَلَّهُمْ

نہیں | ہدایت دیتا | لوگوں | ظالم کو | اور بیشک | ہم نے بار بار کہی | ان کو | بات | تاکہ وہ

بے شک اللہ ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا۔ ہم نے ان لوگوں کے لئے پے درپے اپنا کلام بھیجا تاکہ وہ

يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿51﴾ اَلَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِهٖ هُمْ بِهٖ يُؤْمِنُوْنَ ﴿52﴾

وہ نصیحت حاصل کریں | وہ لوگ | ہم نے دی جن کو | کتاب | سے | اس کے پہلے | وہی ہیں | اس پر | ایمان لاتے

نصیحت پکڑیں۔ اس سے پہلے جن لوگوں کو ہم نے کتاب دی، اُن میں سے بعض اس قرآن پر بھی ایمان لاتے ہیں۔

وَاِذَا يُتْلٰى عَلَيْهِمْ قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِهٖٓ اِنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّنَآ اِنَّا كُنَّا

اور جب | پڑھا جاتا ہے | ان پر | تو وہ کہتے ہیں | ہم ایمان لائے | اس پر | بیشک یہ | حق ہے | طرف سے | ہمارے رب کی | بیشک | ہم تھے

جب انہیں آیتیں سنائی جاتی ہیں تو کہتے ہیں ”ہم اس پر ایمان لائے۔ بے شک یہ حق ہے جو ہمارے رب کی طرف سے آیا ہے۔ ہم

مِنْ قَبْلِهٖ مُسْلِمِيْنَ ﴿53﴾ اُولٰٓئِكَ يُؤْتَوْنَ اَجْرَهُمْ مَّرَّتَيْنِ بِمَا صَبَرُوْا

سے | اس کے پہلے | مسلمان | ان لوگوں کو | دیا جائے گا | ان کا اجر | دوہرا | کیونکہ | انہوں نے صبر کیا

پہلے ہی سے اپنی کتابوں کے ذریعے اسے مانتے تھے۔“ یہی لوگ ہیں جنہیں ان کے صبر کے بدلے میں دوہرا اجر ملے گا۔

وَيَدْرَءُوْنَ بِالْحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ﴿54﴾ وَاِذَا

اور وہ دور کرتے ہیں | نیکی سے | برائی کو | اور اس سے جو | ہم نے دیا ہے ان کو | وہ خرچ کرتے ہیں | اور جب

وہ برائی کا جواب بھلائی سے دیتے ہیں۔ جو روزی ہم نے انہیں دی اس میں سے راہِ خدا میں خرچ کرتے ہیں۔ جب کسی

سَمِعُوا اللَّغْوَ اَعْرَضُوْا عَنْهُ وَقَالُوْا لَنَآ اَعْمَالُنَا وَلَكُمْ اَعْمَالُكُمْ ز

وہ سنتے ہیں | بیہودہ بات | منہ پھیر لیتے ہیں | اس سے | اور وہ کہتے ہیں | ہمارے لئے | اعمال ہمارے | اور تمہارے لئے | اعمال تمہارے ہیں

سے کوئی بیہودہ بات سنتے ہیں تو اُس سے کنارہ کش ہو جاتے ہیں اور ایسے لوگوں سے کہہ دیتے ہیں ”ہمارے لئے ہمارے اعمال

سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ ز لَا نَبْتَغِي الْجٰهِلِيْنَ ﴿55﴾ اِنَّكَ لَا تَهْدِيْ مَنْ

سلام ہے | تم کو | نہیں | ہم الجھتے | جاہلوں سے | بیشک تو | نہیں | ہدایت دے سکتا | جسے

ہیں، تمہارے لئے تمہارے اعمال۔ تمہیں سلام، ہم بے سمجھ لوگوں سے نہیں اُلجھتے۔ اے نبی ﷺ آپ ﷺ جسے چاہیں

اَحْبَبْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ج وَهُوَ اَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِيْنَ ﴿56﴾

تو پسند کرے | اور لیکن | اللہ | ہدایت دیتا ہے | جس کو | وہ چاہتا ہے | اور وہ | خوب جانتا ہے | ہدایت یافتہ لوگوں کو

ہدایت نہیں دے سکتے۔ اللہ جسے چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے۔ وہی ہدایت قبول کرنے والوں کو خوب جانتا ہے۔

وَقَالُوْٓا اِنْ نَّتَّبِعِ الْهُدٰى مَعَكَ نُتَخَطَّفْ مِنْ اَرْضِنَا ط اَوَلَمْ

اور انہوں نے کہا | اگر | ہم پیروی کریں | ہدایت کی | تیرے ساتھ | تو ہم اچک لئے جائیں | سے | اپنی زمین | کیا | نہیں

مشرکین کہتے ہیں ”اگر ہم تمہارے ساتھ مل کر اس ہدایت پر چلیں تو ہمیں اس سرزمین میں کوئی نہیں رہنے دے گا۔“ کیا ہم نے انہیں

نُمَكِّنْ لَّهُمْ حَرَمًا اٰمِنًا يُّجْبٰٓى اِلَيْهِ ثَمَرٰتُ كُلِّ شَىْءٍ رِّزْقًا مِّنْ

ہم نے جگہ دی | ان کو | حرم میں | امن والا | کھنچے آتے ہیں | اس کی طرف | پھل | ہر | طرح کے | روزی | سے

امن و امان والے حرم میں جگہ نہیں دی جہاں ہماری طرف سے روزی کے طور پر ہر قسم کے پھل کھنچے چلے

لَّدُنَّا وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿57﴾ وَكَمْ اَهْلَكْنَا مِنْ قَرْيَةٍ

طرف ہماری | اور لیکن | اکثر ان کے | نہیں | وہ جانتے | اور بہت | ہم نے ہلاک کیں | سے | بستیاں

آتے ہیں؟ لیکن ان میں سے اکثر لوگ نہیں جانتے۔ اور ہم نے کتنی ہی بستیاں ہلاک کر دیں جو اپنے

بَطِرَتْ مَعِيْشَتَهَا ۚ فَتِلْكَ مَسٰكِنُهُمْ لَمْ تُسْكَنْ مِّنْۢ بَعْدِهِمْ اِلَّا

جو مغرور تھیں | اپنی معیشت پر | پھر یہ ہیں | ان کے گھر | نہیں | بسے | سے | بعد ان کے | مگر

سامانِ معیشت پر ناز کرتی تھیں۔ اب دیکھو ان کی اجڑی ہوئی بستیوں کو جہاں ان کے بعد کوئی کم

قَلِيْلًا ۗ وَكُنَّا نَحْنُ الْوٰرِثِيْنَ ﴿58﴾ وَمَا كَانَ رَبُّكَ مُهْلِكَ الْقُرٰى

تھوڑے | اور ہم ہیں | ہم ہی | وارث | اور نہیں | ہے | تیرا رب | ہلاک کرنے والا | بستیوں کو

ہی بسا ہے۔ آخر ہم ہی ان کے وارث ہوئے۔ اے نبی ﷺ آپ ﷺ کا رب اس وقت تک بستیوں کو ہلاک نہیں کرتا جب تک

حَتّٰى يَبْعَثَ فِىْٓ اُمِّهَا رَسُوْلًا يَّتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِنَا ۚ وَمَا كُنَّا

یہاں تک کہ | بھیجے | میں | ان کے مرکز | کوئی رسول | جو پڑھے | ان پر | ہماری آیتیں | اور نہیں | ہم ہیں

ان کی بڑی بستی میں کوئی پیغمبر کو نہ بھیج لے جو انہیں ہماری آیتیں پڑھ کر سنائے۔ ہم بستیوں کو اسی

مُهْلِكِى الْقُرٰٓى اِلَّا وَاَهْلُهَا ظٰلِمُوْنَ ﴿59﴾ وَمَآ اُوْتِيْتُمْ مِّنْ شَىْءٍ

ہلاک کرنے والے | بستیوں کے | مگر | جبکہ اس کے رہنے والے ہوں | ظالم | اور جو کچھ | تمہیں دی گئی | کوئی | چیز

وقت ہلاک کرتے تھے جب وہاں کے باشندے ظالم اور نافرمان بن جاتے تھے۔ لوگو تمہیں جو کچھ دیا گیا ہے

فَمَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَزِيْنَتُهَا ۚ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ۗ اَفَلَا

تو فائدہ اٹھانا ہے | زندگی کا | دنیا کی | اور اُس کی زینت کا | اور جو کچھ | پاس ہے | اللہ کے | بہتر ہے | اور باقی رہنے والا | کیا پس نہیں

وہ دنیا کی زندگی کا سامان اور اس کی رونق ہے۔ مگر جو اللہ کے پاس ہے وہ بہتر اور باقی رہنے والا ہے۔ کیا تم

تَعْقِلُوْنَ ﴿60﴾ ع اَفَمَنْ وَّعَدْنٰهُ وَعْدًا حَسَنًا فَهُوَ لَاقِيْهِ كَمَنْ

ع 6/10/9

تم سمجھتے | کیا پس وہ کہ | ہم نے وعدہ کیا ہو جس سے | وعدہ | اچھا | تو وہ | ملنے والا ہے اس سے | جیسے جو

سمجھتے نہیں؟ بھلا وہ شخص جس سے ہم نے جنت کا اچھا وعدہ کیا ہے جو اُسے ضرور ملنے والی ہے کیا وہ اس جیسا ہو سکتا ہے

مَتَّعْنٰهُ مَتَاعَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ثُمَّ هُوَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مِنَ

ہم نے فائدہ دیا ہو جس کو | فائدہ | زندگی کا | دنیا کی | پھر | وہ | دن | قیامت کے ہو | سے

جسے ہم نے صرف دنیا کی زندگی کا فائدہ دیا مگر وہ قیامت کے دن دوزخ کے عذاب

الْمُحْضَرِيْنَ ﴿61﴾ وَيَوْمَ يُنَادِيْهِمْ فَيَقُوْلُ اَيْنَ شُرَكَآءِيَ الَّذِيْنَ كُنْتُمْ

حاضر کئے گئے لوگوں | اور جس دن | وہ پکارے گا انکو | پھر وہ کہے گا | کہاں ہیں | شریک میرے | جن کا | تم تھے

میں مبتلا ہوگا؟ اور جس دن اللہ مشرکوں سے پوچھے گا ”کہاں ہیں میرے شریک جن کا تم

تَزْعُمُوْنَ ﴿62﴾ قَالَ الَّذِيْنَ حَقَّ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ رَبَّنَا هٰٓؤُلَآءِ الَّذِيْنَ

تم دعویٰ کرتے | کہیں گے | وہ کہ | ثابت ہوگئی | جن پر | بات | اے رب ہمارے | یہ ہیں | جنہوں نے

دعویٰ کرتے تھے؟“ پھر سب شریکوں کو حاضر کرلیا جائے گا جن کے بارے میں اللہ کے عذاب کا وعدہ پورا ہوگا، وہ کہیں گے ”اے

اَغْوَيْنَا ۚ اَغْوَيْنٰهُمْ كَمَا غَوَيْنَا ۚ تَبَرَّاْنَآ اِلَيْكَ ۖ مَا كَانُوْٓا اِيَّانَا

گمراہ کیا ہم کو | ہم نے گمراہ کیا ان کو | جیسے | ہم گمراہ ہوئے | ہم بری ہوئے | تیری طرف | نہیں | وہ تھے | ہماری

ہمارے رب بے شک یہ وہی لوگ ہیں جنہیں ہم نے بہکایا تھا۔ لیکن جس طرح ہم خود بہکے اسی طرح ہم نے انہیں بھی بہکایا۔ ہم ان

يَعْبُدُوْنَ ﴿63﴾ وَقِيْلَ ادْعُوْا شُرَكَآءَكُمْ فَدَعَوْهُمْ فَلَمْ يَسْتَجِيْبُوْا

وہ عبادت کرتے | اور کہا جائے گا | تم بلاؤ | اپنے شریکوں کو | پھر وہ بلائیں گے ان کو | پھر نہیں | وہ جواب دیں گے

سے بیزاری کا اظہار کرتے ہیں یہ لوگ ہماری پوجا نہیں کرتے تھے۔“ پھر مشرکین سے کہا جائے گا ”اب اپنے بنائے ہوئے شریکوں

لَهُمْ وَرَاَوُا الْعَذَابَ ۚ لَوْ اَنَّهُمْ كَانُوْا يَهْتَدُوْنَ ﴿64﴾ وَيَوْمَ

ان کو | اور وہ دیکھیں گے | عذاب کو | کاش | کہ وہ | ہوتے | وہ ہدایت پانے والے | اور جس دن

کو پکارو“ وہ انہیں پکاریں گے مگر وہ انہیں جواب نہ دیں گے اور عذاب کو دیکھیں گے۔ کاش وہ ہدایت اختیار کرنے والے ہوتے۔

يُنَادِيْهِمْ فَيَقُوْلُ مَاذَآ اَجَبْتُمُ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿65﴾ فَعَمِيَتْ عَلَيْهِمُ الْاَنْۢبَآءُ

وہ آواز دے گا انکو | پھر وہ کہے گا | پس کیا | تم نے جواب دیا | رسولوں کو | پھر اندھیر ہو جائیں گی | ان پر | خبریں

اس دن کو یاد رکھو جب اللہ کافروں کو بلا کر پوچھے گا ”تم نے پیغمبروں کو کیا جواب دیا تھا؟“ اس دن ان سے کوئی بات بن نہیں پڑے

يَوْمَىِٕذٍ فَهُمْ لَا يَتَسَآءَلُوْنَ ﴿66﴾ فَاَمَّا مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ

اس دن | پھر وہ | نہ | وہ ایک دوسرے سے پوچھیں گے | پھر | جس نے | توبہ کی (کفر سے) | اور ایمان لایا | اور عمل کیا

گی۔ نہ وہ ایک دوسرے سے کچھ پوچھ سکیں گے۔ البتہ جس نے دنیا میں توبہ کر لی اور ایمان لایا اور نیک

صَالِحًا فَعَسٰۤى اَنْ يَّكُوْنَ مِنَ الْمُفْلِحِيْنَ ﴿67﴾ وَ رَبُّكَ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ

اچھا | تو امید ہے | کہ | وہ ہوگا | سے | کامیاب ہونے والوں | اور تیرا رب | پیدا کرتا ہے | جو | وہ چاہتا ہے

عمل کیا، امید ہے کہ وہ فلاح پانے والوں میں سے ہوگا۔ اے نبی ﷺ آپ ﷺ کا رب جو چاہے پیدا کرتا ہے اور جسے چاہے

وَ يَخْتَارُ ؕ مَا كَانَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ ؕ سُبْحٰنَ اللّٰهِ وَ تَعٰلٰى عَمَّا

اور چن لیتا ہے | نہیں | ہے | ان کو | اختیار | پاک ہے | اللہ | اور وہ بہت بلند ہے | اس سے جو

نبوت کے لئے چن لیتا ہے۔ یہ چناؤ لوگوں کے اختیار میں نہیں۔ بے شک اللہ کی ذات پاک اور برتر ہے، اس شرک سے جو وہ لوگ

يُشْرِكُوْنَ ﴿68﴾ وَ رَبُّكَ يَعْلَمُ مَا تُكِنُّ صُدُوْرُهُمْ وَ مَا يُعْلِنُوْنَ ﴿69﴾

وہ شریک ٹھہراتے ہیں | اور تیرا رب | جانتا ہے | جو کچھ | چھپاتے ہیں | ان کے سینے | اور جو کچھ | وہ ظاہر کرتے ہیں

کرتے ہیں۔ آپ ﷺ کا رب جانتا ہے جو کچھ ان لوگوں نے سینوں میں چھپا رکھا ہے اور جو کچھ وہ ظاہر کرتے ہیں۔ وہی اللہ ہے،

وَ هُوَ اللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ لَهُ الْحَمْدُ فِي الْاُوْلٰى وَ الْاٰخِرَةِ ٞ وَ لَهُ

اور وہ | اللہ ہے | نہیں | کوئی معبود | سوائے | اسکے | اسی کی ہے | تعریف | میں | دنیا | اور آخرت میں | اور اسی کا

اس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ اسی کے لئے حمد ہے دنیا میں اور آخرت میں بھی۔ فیصلے کا اختیار اسی کے ہاتھ میں ہے۔ اسی کی طرف تم

الْحُكْمُ وَ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿70﴾ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ جَعَلَ اللّٰهُ عَلَيْكُمُ الَّيْلَ

حکم ہے | اور اسی کی طرف | تم پلٹائے جاؤ گے | کہہ دیجئے | کیا تم نے دیکھا | اگر | کردے | اللہ | تم پر | رات کو

لوٹائے جاؤ گے۔ اے نبی ﷺ ان لوگوں سے کہیں "بتاؤ اگر اللہ قیامت کے دن تک تم پر ہمیشہ کے لئے

سَرْمَدًا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ مَنْ اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ يَاْتِيْكُمْ بِضِيَآءٍ ؕ

ہمیشہ | تک | دن | قیامت | کون ہے | معبود | سوائے | اللہ کے | جو لائے تم پر | روشنی کو

رات کر دے تو اللہ کے سوا کون معبود ہے جو تمہارے لئے روشنی لائے؟

اَفَلَا تَسْمَعُوْنَ ﴿71﴾ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ جَعَلَ اللّٰهُ عَلَيْكُمُ النَّهَارَ

پس نہیں | تم سنتے | کہہ دیجئے | کیا تم نے دیکھا | اگر | کردے | اللہ | تم پر | دن کو

کیا تم سنتے نہیں! آپ ﷺ ان سے کہیں "بتاؤ اگر قیامت کے وقت تک تم پر ہمیشہ کے لئے دن

سَرْمَدًا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ مَنْ اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ يَاْتِيْكُمْ بِلَيْلٍ

ہمیشہ | تک | دن | قیامت | کون ہے | معبود | سوائے | اللہ کے | جو لائے تم پر | رات کو

کر دے تو اللہ کے سوا کون معبود ہے جو تمہارے لئے رات لائے تاکہ تم اس میں سکون

تَسْكُنُوْنَ فِيْهِ ؕ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ ﴿۷۲﴾ وَمِنْ رَّحْمَتِهٖ جَعَلَ لَكُمُ الَّيْلَ

تم آرام کرو | جس میں | کیا پس نہیں | تم دیکھتے | اور سے | اپنی رحمت | اس نے بنائی | تمہارے لئے | رات

حاصل کر سکو؟" کیا تم دیکھتے نہیں۔ اُسی کی رحمت ہے کہ اس نے تمہارے لئے رات بنائی تاکہ تم سکون

وَالنَّهَارَ لِتَسْكُنُوْا فِيْهِ وَلِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۷۳﴾

اور دن | تاکہ تم آرام کرو | اس میں | اور تاکہ تم تلاش کرو | سے | اس کے فضل | اور تاکہ تم | تم شکر کرو

حاصل کرو اور دن بنایا تاکہ تم اپنے رب کا فضل تلاش کرو اور اس کا شکر کرو۔

وَيَوْمَ يُنَادِيْهِمْ فَيَقُوْلُ اَيْنَ شُرَكَآءِيَ الَّذِيْنَ كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ ﴿۷۴﴾

اور جس دن | وہ پکارے گا ان کو | پھر وہ کہے گا | کہاں ہیں | میرے شریک | جن کا | تم | دعویٰ کرتے تھے

جس دن اللہ مشرکوں سے پوچھے گا "کہاں ہیں میرے شریک جن کا تم دعویٰ کرتے تھے؟"

وَنَزَعْنَا مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ شَهِيْدًا فَقُلْنَا هَاتُوْا بُرْهَانَكُمْ فَعَلِمُوْٓا اَنَّ

اور ہم کھینچ لیں گے | سے | ہر | امت | ایک گواہ | پھر ہم کہیں گے | تم لاؤ | اپنی دلیل | پھر وہ جانیں گے | کہ

اور ہم ہر امت میں سے ایک گواہ نکال کر لائیں گے۔ پھر لوگوں سے کہیں گے "اپنی کوئی دلیل پیش کرو۔" اس وقت وہ جان لیں گے

الْحَقَّ لِلّٰهِ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿۷۵﴾ ع اِنَّ قَارُوْنَ كَانَ

حق ہے | صرف اللہ کا | اور کھو یا جائے گا | ان سے | جو کچھ | وہ تھے | وہ جھوٹ گھڑتے | بیشک | قارون | تھا

کہ حق اللہ ہی کی طرف ہے اور وہ ساری باتیں ان سے گم ہو جائیں گی جو وہ گھڑتے تھے۔ قارون موسیٰ علیہ السلام کی قوم میں سے

مِنْ قَوْمِ مُوْسٰى فَبَغٰى عَلَيْهِمْ ص وَاٰتَيْنٰهُ مِنَ الْكُنُوْزِ مَآ اِنَّ

سے | قوم | موسیٰ | پھر اس نے سرکشی کی | ان پر | اور ہم نے دیے اسکو | سے | خزانوں | اتنے | کہ

تھا۔ پھر وہ ان کے خلاف ہو گیا۔ ہم نے اسے اتنے خزانے دئے تھے کہ ان کی

مَفَاتِحَهٗ لَتَنُوْٓاُ بِالْعُصْبَةِ اُولِي الْقُوَّةِ ق اِذْ قَالَ لَهٗ قَوْمُهٗ

کنجیاں اس کی | البتہ بوجھل تھیں | ایک جماعت کو | والی | قوت | جب | کہا | اس کو | اسکی قوم نے

کنجیاں اٹھانے سے کئی طاقتور مرد تھک جاتے تھے۔ اس کی قوم کے کچھ لوگوں نے اسے کہا "اپنی دولت کا

لَا تَفْرَحْ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْفَرِحِيْنَ ﴿۷۶﴾ وَابْتَغِ فِيْمَآ اٰتٰىكَ اللّٰهُ

نہ اترا | بیشک | اللہ | نہیں | پسند کرتا | اِترانے والوں کو | اور تو تلاش کر | اس میں جو | دیا تجھے | اللہ نے

غرور نہ کر، اللہ غرور کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔ جو کچھ اللہ نے تجھے دیا ہے اس سے آخرت کا

الدَّارَ الْاٰخِرَةَ وَلَا تَنْسَ نَصِيْبَكَ مِنَ الدُّنْيَا وَاَحْسِنْ كَمَآ

گھر | آخرت کا | اور نہ | تو بھول | اپنا حصہ | سے | دنیا میں | اور تو اچھا کر | جیسے

گھر بنانے کی فکر کر۔ اس دنیا میں سے اپنے حصے کو نہ بھول۔ لوگوں کے ساتھ بھلائی کر

اَحْسَنَ اللّٰهُ اِلَيْكَ وَلَا تَبْغِ الْفَسَادَ فِي الْاَرْضِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ

اچھا کیا | اللہ نے | تیرے ساتھ | اور نہ | تو چاہ | فساد | میں | زمین | بیشک | اللہ | نہیں | وہ پسند کرتا

جس طرح اللہ نے تیرے ساتھ بھلائی کی اور زمین پر فساد نہ کر۔ بے شک اللہ فساد کرنے والوں کو پسند

الْمُفْسِدِيْنَ ﴿77﴾ قَالَ اِنَّمَآ اُوْتِيْتُهٗ عَلٰى عِلْمٍ عِنْدِيْ ؕ اَوَلَمْ يَعْلَمْ

فساد کرنے والوں کو | اس نے کہا | بیشک جو | مجھے ملا ہے یہ | وجہ سے | علم کی | میرے پاس ہے | کیا | نہیں | اس نے جانا

نہیں کرتا۔" قارون بولا "مجھے یہ مال میرے علم اور قابلیت کی وجہ سے ملا ہے" کیا اسے معلوم نہ تھا اللہ اس سے

اَنَّ اللّٰهَ قَدْ اَهْلَكَ مِنْ قَبْلِهٖ مِنَ الْقُرُوْنِ مَنْ هُوَ اَشَدُّ مِنْهُ

کہ | اللہ نے | بیشک | ہلاک کیں | سے | اس کے پہلے | کئی | قومیں | جو کہ | وہ | زیادہ تھے | اس سے

پہلے کتنی جماعتیں ہلاک کر چکا جو اس سے زیادہ قوت اور لشکر

قُوَّةً وَّاَكْثَرُ جَمْعًا ؕ وَلَا يُسْـَٔلُ عَنْ ذُنُوْبِهِمُ الْمُجْرِمُوْنَ ﴿78﴾ فَخَرَجَ

قوت میں | اور زیادہ تھے | افراد میں | اور نہیں | پوچھا جاتا | بارے میں | ان کے گناہوں کے | مجرموں سے | پھر وہ نکلا

رکھتی تھیں۔ اور مجرموں سے عذاب کے وقت اُن کے گناہ نہیں پوچھے جاتے۔ ایک مرتبہ قارون نے اپنی

عَلٰى قَوْمِهٖ فِيْ زِيْنَتِهٖ ؕ قَالَ الَّذِيْنَ يُرِيْدُوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا يٰلَيْتَ

سامنے | اپنی قوم کے | ساتھ | اپنی زینت کے | کہا | انہوں نے جو | چاہتے تھے | زندگی | دنیا کی | اے کاش

قوم کے سامنے نکل کر مال و دولت کی نمائش کی۔ جو لوگ صرف دنیا کی زندگی کے طالب تھے انہوں نے کہا "کاش

لَنَا مِثْلَ مَآ اُوْتِيَ قَارُوْنُ ۙ اِنَّهٗ لَذُوْ حَظٍّ عَظِيْمٍ ﴿79﴾ وَقَالَ

ہمارے لئے ہو | وہی جیسا | کہ | دیا گیا | قارون کو | بیشک وہ ہے | البتہ والا | نصیب | بڑے | اور کہا

ہمیں بھی وہ کچھ ملتا جو قارون کو ملا ہے، وہ بڑی قسمت والا ہے۔" مگر جن لوگوں کو

الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ وَيْلَكُمْ ثَوَابُ اللّٰهِ خَيْرٌ لِّمَنْ اٰمَنَ وَعَمِلَ

انہوں نے جن کو | دیا گیا | علم | افسوس تم پر | ثواب | اللہ کا | بہتر ہے | اس کے لئے جو | ایمان لائے | اور عمل کرے

اللہ نے علم دیا تھا انہوں نے یہ سن کر کہا "تمہارا برا ہو، اللہ کا ثواب بہتر ہے اس شخص کے لئے جو ایمان لائے اور نیک

صَالِحًا ۚ وَلَا يُلَقّٰهَآ اِلَّا الصّٰبِرُوْنَ ﴿۸۰﴾ فَخَسَفْنَا بِهٖ وَبِدَارِهِ

اچھا | اور نہیں | سکھائی جاتی یہ بات | مگر | صبر کرنے والوں کو | پھر ہم نے دھنسا دیا | اس کو | اور اس کے گھر کو

عمل کرے۔ مگر یہ ثواب صبر کرنے والوں کو ملتا ہے۔ اس کے بعد ہم نے قارون کو اس کے گھر سمیت زمین

الْاَرْضَ ۫ فَمَا كَانَ لَهٗ مِنْ فِئَةٍ يَّنْصُرُوْنَهٗ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۗ وَمَا

زمین میں | پھر نہ | تھا | اس کے لئے | کوئی | گروہ | جو اس کی مدد کرتا | میں | مقابلے | اللہ کے | اور نہ

میں دھنسا دیا۔ پھر اس کے لئے نہ کوئی لشکر اٹھا جو اللہ کے مقابلے میں اسے بچا لیتا اور نہ وہ خود اپنے

كَانَ مِنَ الْمُنْتَصِرِيْنَ ﴿۸۱﴾ وَاَصْبَحَ الَّذِيْنَ تَمَنَّوْا مَكَانَهٗ بِالْاَمْسِ

وہ تھا | سے | بدلہ لینے والوں | اور صبح کو اٹھے | وہ لوگ جو | تمنا کرتے تھے | اس کے مرتبے کی | کل

آپ کو بچا سکا۔ جو لوگ کل اُس جیسا ہونے کی تمنا کر رہے تھے وہ کہنے لگے

يَقُوْلُوْنَ وَيْكَاَنَّ اللّٰهَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ

وہ کہنے لگے | تعجب ہے کہ | اللہ | پھیلاتا ہے | روزی | جس کے لئے | وہ چاہے | سے | اپنے بندوں

”افسوس ہم سے بھول ہوئی، بے شک اللہ اپنے بندوں میں سے جسے چاہتا ہے زیادہ روزی دیتا ہے اور جسے

وَيَقْدِرُ ۚ لَوْلَآ اَنْ مَّنَّ اللّٰهُ عَلَيْنَا لَخَسَفَ بِنَا ۭ وَيْكَاَنَّهٗ

اور تنگ کرتا ہے | اگر نہ ہوتا | یہ کہ | احسان کیا | اللہ نے | ہم پر | ضرور وہ دھنسا دیتا | ہم کو بھی | تعجب ہے کہ

چاہتا ہے کم دیتا ہے۔ اگر اللہ ہم پر احسان نہ کرتا تو ہمیں بھی زمین میں دھنسا دیتا۔ افسوس، ہم بھول گئے کہ

8 ع 7 11

لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۸۲﴾ تِلْكَ الدَّارُ الْاٰخِرَةُ نَجْعَلُهَا لِلَّذِيْنَ لَا يُرِيْدُوْنَ

نہیں فلاح پائیں گے | کافر | یہ ہے | گھر | آخرت کا | ہم دیتے ہیں یہ | ان کو جو | نہیں | چاہتے

ناشکروں کے لئے فلاح نہیں ہے۔ آخرت کی نعمتیں ہم ان لوگوں کو دیں گے جو دنیا میں اپنی بڑائی نہیں

عُلُوًّا فِي الْاَرْضِ وَلَا فَسَادًا ۭ وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿۸۳﴾ مَنْ جَآءَ

بڑائی | میں | زمین | اور نہ | فساد | اور اچھا انجام ہے | پرہیزگاروں کے لئے | جو کوئی | لایا

چاہتے اور نہ فساد کرتے ہیں اور اچھا انجام پرہیزگاروں کے لئے ہے۔ جو شخص نیکی

بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ خَيْرٌ مِّنْهَا ۚ وَمَنْ جَآءَ بِالسَّيِّئَةِ فَلَا يُجْزَى

نیکی کو | تو اسکے لئے | بہتر ہے | اس سے | اور جو کوئی | لایا | برائی کو | تو نہیں | بدلہ دیا جائے گا

لائے گا اسے اس کی نیکی سے بڑھ کر صلہ ملے گا۔ جو شخص برائی لائے گا اسے اسی

الَّذِيْنَ عَمِلُوا السَّيِّاٰتِ اِلَّا مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿84﴾ اِنَّ الَّذِيْ فَرَضَ

ان لوگوں کو | جو عمل کئے | برے | مگر | وہ جو | وہ تھے | وہ عمل کرتے | بیشک | جس نے | لازم ٹھہرایا

برائی کے برابر بدلہ ملے گا۔ اے نبی ﷺ

عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ لَرَآدُّكَ اِلٰى مَعَادٍ ؕ قُلْ رَّبِّيْۤ اَعْلَمُ مَنْ جَآءَ

تجھ پر | قرآن کو | ضرور لوٹائے گا تجھ کو | طرف | ٹھکانے کی | تو کہہ | میرا رب | خوب جانتا ہے | اس کو جو | لایا ہے

جس اللہ نے آپ ﷺ پر قرآن کی ذمہ داری ڈالی وہ ضرور آپ ﷺ کو اصل منزل تک پہنچائے گا۔ آپ ﷺ ان لوگوں سے کہہ

بِالْهُدٰى وَمَنْ هُوَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿85﴾ وَمَا كُنْتَ تَرْجُوْۤا اَنْ

ہدایت | اور جو کہ | وہ ہے | میں | گمراہی | واضح | اور نہیں | تو تھا | تو امیدوار | کہ

دیں ''میرا رب خوب جانتا ہے کون ہدایت لایا ہے اور کون کھلی گمراہی میں ہے۔'' اے نبی ﷺ آپ ﷺ کو توقع

يُّلْقٰۤى اِلَيْكَ الْكِتٰبُ اِلَّا رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ فَلَا تَكُوْنَنَّ ظَهِيْرًا

اتاری جائے | تیری طرف | کتاب | مگر | رحمت ہے | طرف سے | تیرے رب کی | پس نہ | تو ہو | حمایتی

نہ تھی اللہ کی طرف سے آپ ﷺ پر کتاب نازل ہوگی۔ یہ تو آپ ﷺ کے رب پر خاص فضل ہوا ہے۔ لہٰذا آپ ﷺ کافروں کے

لِّلْكٰفِرِيْنَ ﴿86﴾ وَلَا يَصُدُّنَّكَ عَنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ بَعْدَ اِذْ اُنْزِلَتْ اِلَيْكَ

کافروں کا | اور نہ | وہ باز رکھیں تجھے | سے | آیتوں | اللہ کی | بعد اس کے | جب | اتاری گئیں | تیری طرف

طرفدار نہ بنیں۔ ایسا نہ ہو اللہ کی جو آیتیں آپ ﷺ پر نازل ہوں ان سے کافر لوگ آپ ﷺ کو روک دیں۔

وَادْعُ اِلٰى رَبِّكَ وَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿87﴾ ج وَلَا تَدْعُ مَعَ

اور تو دعوت دے | طرف | اپنے رب کی | اور نہ | تو ہو | سے | مشرکوں | اور نہ | تو پکار | ساتھ

آپ ﷺ ان لوگوں کو اپنے رب کی طرف بلائیں اور مشرکوں میں سے نہ بنیں'' اے لوگو اللہ کے ساتھ کسی

وقف لازم

اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۘ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ قف كُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ اِلَّا وَجْهَهٗ ؕ

اللہ کے | کسی معبود | دوسرے کو | نہیں | کوئی معبود | مگر | وہی | ہر | چیز | ہلاک ہونے والی ہے | مگر | ذات اس کی

دوسرے معبود کو نہ پکارو۔ اس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ ہر چیز فنا ہونے والی ہے سوائے اللہ کی ذات کے۔

لَهُ الْحُكْمُ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿88﴾ ع

اسی کا ہے | حکم | اور طرف اسی کی | تم لوٹائے جاؤ گے

اسی کے پاس فیصلے کا اختیار ہے۔ تم لوگ اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔

ع 9 / 6 / 12 — الثلاثۃ

(29) سُوْرَةُ الْعَنْکَبُوْتِ مَکِّیَّةٌ (85)

رُکُوْعَاتُھَا 7 — اٰیَاتُھَا 69

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

الٓمّٓ ﴿1﴾ اَحَسِبَ النَّاسُ اَنْ يُّتْرَكُوْٓا اَنْ يَّقُوْلُوْٓا اٰمَنَّا وَهُمْ

الٓمّٓ | کیا گمان کیا | لوگوں نے | کہ | یونہی چھوٹ جائینگے | یہ کہ | وہ کہہ دیں | ہم ایمان لائے | اور وہ

الٓمّٓ۔ کیا لوگ یہ سمجھتے ہیں ان کو ان کے یہ کہنے پر چھوڑ دیا جائے گا کہ ''ہم ایمان لائے'' اور اُن کی

لَا يُفْتَنُوْنَ ﴿2﴾ وَلَقَدْ فَتَنَّا الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَلَيَعْلَمَنَّ اللّٰهُ الَّذِيْنَ

نہیں وہ آزمائے جائیں گے | اور بیشک | ہم نے آزمایا | ان کو (جو تھے) | سے | ان کے پہلے | پھر ضرور ظاہر کرے گا | اللہ | انکو جنہوں نے

آزمائش نہ ہوگی؟ ہم نے اِن کو بھی آزمایا جو ان سے پہلے ہو گزرے۔ اس طرح اللہ ان لوگوں کو ظاہر کرے گا جو

صَدَقُوْا وَلَيَعْلَمَنَّ الْكٰذِبِيْنَ ﴿3﴾ اَمْ حَسِبَ الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ السَّيِّاٰتِ

سچ کہا ہے | اور ضرور وہ ظاہر کرے گا | جھوٹوں کو | کیا | گمان کیا ہے | انہوں نے جو | کرتے ہیں | برائیاں

سچے ایمان والے ہیں اور اُن کو بھی جو جھوٹے ہیں۔ کیا جو لوگ برائیاں کرتے ہیں وہ سمجھتے ہیں ہم سے

اَنْ يَّسْبِقُوْنَا ۭ سَاۗءَ مَا يَحْكُمُوْنَ ﴿4﴾ مَنْ كَانَ يَرْجُوْا لِقَاۗءَ اللّٰهِ فَاِنَّ

یہ کہ | وہ بچ نکلیں گے ہم سے | برا ہے | جو | وہ فیصلہ کرتے ہیں | جو کوئی | ہے | چاہتا | ملاقات | اللہ کی | تو بیشک

بچ جائیں گے۔ بہت برا فیصلہ ہے جو وہ کر رہے ہیں۔ جو شخص اللہ سے ملنے کی امید رکھتا ہے تو

اَجَلَ اللّٰهِ لَاٰتٍ ۭ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿5﴾ وَمَنْ جَاهَدَ فَاِنَّمَا

وعدہ | اللہ کا | ضرور آنے والا ہے | اور وہ ہے | خوب سننے والا | خوب جاننے والا | اور جو کوئی | کوشش کرے | تو وہ

اللہ کا وعدہ ضرور آنے والا ہے اور اللہ سننے والا جاننے والا ہے۔ جو شخص اللہ کی راہ میں جہاد کرتا ہے وہ

يُجَاهِدُ لِنَفْسِهٖ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَغَنِيٌّ عَنِ الْعٰلَمِيْنَ ﴿6﴾ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

کوشش کرتا ہے | اپنی جان کے لئے | بیشک | اللہ ہے | ضرور بے نیاز | سے | جہان والوں | اور جو لوگ | ایمان لائے

اپنے لئے جہاد کرتا ہے۔ بے شک اللہ سارے جہان والوں سے بے نیاز ہے۔ جو لوگ ایمان لائے

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَنُكَفِّرَنَّ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ اَحْسَنَ

اور عمل کئے | اچھے | ضرور ہم دور کر دیں گے | ان سے | برائیاں ان کی | اور ضرور ہم بدلہ دیں گے انکو | بہتر

اور انہوں نے نیک کام کئے، ہم ضرور اُن کے گناہ ان سے دور کر دیں گے اور انہیں ان کے عمل

الَّذِیْ کَانُوْا یَعْمَلُوْنَ ﴿۷﴾ وَوَصَّیْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَیْهِ حُسْنًا ؕ وَاِنْ

اس کام کا جو | وہ تھے | وہ کرتے | اور ہم نے تاکید کی | انسان کو | اس کے والدین کیساتھ | حسن سلوک کی | اور اگر

کا بہترین بدلہ دیں گے۔ ہم نے انسان کو تاکید کی کہ وہ اپنے ماں باپ سے نیک سلوک کرے۔ اسے

جَاهَدٰكَ لِتُشْرِكَ بِیْ مَا لَیْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ فَلَا تُطِعْهُمَا ؕ

دباؤ ڈالیں تجھ پر | تا کہ تو شریک ٹھہرائے | میرا | اسکو | نہیں | تجھ کو | اس کا | کچھ علم | تو نہ | تو کہا مان دونوں کا

سمجھایا اگر تیرے والدین تجھ پر دباؤ ڈالیں کہ تو ایسی چیز کو میرا شریک بنائے جس کی حقیقت کا تجھے علم نہیں تو اُن کی اطاعت نہ کرو۔

اِلَیَّ مَرْجِعُكُمْ فَاُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۸﴾ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا

میری طرف ہے | لوٹنا تمہارا | پھر میں آگاہ کروں گا تمہیں | اس سے جو | تم تھے | تم کرتے | اور جو لوگ | ایمان لائے

تم سب کو میرے پاس لوٹ کر آنا ہے۔ پھر میں تمہیں بتاؤں گا جو کچھ تم کرتے تھے۔ جو لوگ ایمان لائے

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَنُدْخِلَنَّهُمْ فِی الصّٰلِحِیْنَ ﴿۹﴾ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ

اور عمل کئے | اچھے | ضرور ہم داخل کریں گے انکو | میں | نیک لوگوں | اور بعض | لوگ ہیں | جو

اور انہوں نے نیک کام کیے، ہم انہیں اپنے نیک بندوں میں شامل کریں گے۔ بعض لوگ

یَّقُوْلُ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ فَاِذَاۤ اُوْذِیَ فِی اللّٰهِ جَعَلَ فِتْنَةَ النَّاسِ

کہتے ہیں | ہم ایمان لائے | اللہ پر | پھر جب | ایذا پہنچی | بارے میں | اللہ کے | وہ بناتا | ایذا | لوگوں کی

کہتے ہیں ''ہم ایمان لائے'' لیکن جب اللہ کی راہ میں انہیں کوئی دکھ پہنچتا ہے تو لوگوں کے دیے ہوئے دکھ کو

كَعَذَابِ اللّٰهِ ؕ وَلَىِٕنْ جَآءَ نَصْرٌ مِّنْ رَّبِّكَ لَیَقُوْلُنَّ اِنَّا كُنَّا

جیسے عذاب | اللہ کا | اور البتہ اگر | آئے | مدد | طرف سے | تیرے رب کی | البتہ ضرور وہ کہیں گے | بیشک | ہم تھے

اللہ کے عذاب کی طرح سمجھتے ہیں۔ اے نبی ﷺ اگر آپ کے رب کی طرف سے کوئی مدد آ جائے اور فتح نصیب ہو تو یہی لوگ مخلص

مَعَكُمْ ؕ اَوَلَیْسَ اللّٰهُ بِاَعْلَمَ بِمَا فِیْ صُدُوْرِ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۱۰﴾ وَلَیَعْلَمَنَّ

ساتھ تمہارے | کیا | نہیں ہے | اللہ | خوب جاننے والا | اسے جو ہے | میں | سینوں | جہان والوں | اور البتہ ضرور پہچانے گا

مسلمانوں سے کہتے ہیں ''ہم بھی تمہارے ساتھ تھے'' کیا اللہ ان لوگوں کے دلوں کا حال نہیں جانتا؟ اللہ ایمان والوں

اللّٰهُ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَلَیَعْلَمَنَّ الْمُنٰفِقِیْنَ ﴿۱۱﴾ وَقَالَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا

اللہ | ان کو جو | ایمان لائے | اور ضرور وہ جان لے گا | منافقوں کو | اور کہا | انہوں نے جو | کافر ہوئے

کو بھی ظاہر کر کے رہے گا اور منافقوں کو بھی۔ کافر لوگ ایمان والوں سے کہتے ہیں

لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّبِعُوْا سَبِيْلَنَا وَلْنَحْمِلْ خَطٰيٰكُمْ ؕ وَمَا هُمْ بِحٰمِلِيْنَ

ان کو جو | ایمان لائے | کہ تم پیروی کرو | ہماری راہ کی | اور البتہ ہم اٹھالیں گے | تمہارے گناہ | اور نہیں ہیں | وہ | اٹھانے والے

"تم ہمارے راستے پر چلو تو تمہارے سارے گناہ ہمارے ذمے۔ حالانکہ وہ ان کے گناہوں میں سے کچھ بھی

مِنْ خَطٰيٰهُمْ مِّنْ شَيْءٍ ؕ اِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿12﴾ وَلَيَحْمِلُنَّ اَثْقَالَهُمْ

سے | ان کے گناہوں | بھی کچھ | بیشک وہ ہیں | ضرور جھوٹے | اور البتہ وہ اٹھائیں گے | اپنے بوجھ

اٹھانے والے نہیں بنیں گے۔ بےشک وہ جھوٹے ہیں۔ وہ اپنے گناہوں کے بوجھ کے علاوہ اوروں

وَاَثْقَالًا مَّعَ اَثْقَالِهِمْ ۫ وَلَيُسْـَٔلُنَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَمَّا كَانُوْا

اور کئی بوجھ | ساتھ | اپنے بوجھوں کے | اور ضرور پوچھے جائیں گے | دن | قیامت کے | اس کے بارے میں جو | وہ تھے

کو گمراہ کرنے کا بوجھ بھی اٹھائے ہوں گے۔ اور جو جھوٹی باتیں وہ بناتے ہیں قیامت کے دن اس کے بارے میں بھی

يَفْتَرُوْنَ ﴿13﴾ ع وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖ فَلَبِثَ فِيْهِمْ اَلْفَ

وہ گھڑتے | اور بیشک | ہم نے بھیجا | نوح کو | طرف | اس کی قوم کی | پھر وہ رہا | ان میں | ایک ہزار

اُن سے پوچھ ہوگی۔ اور ہم نے نوح علیہ السلام کو اس کی قوم کی طرف رسول بنا کر بھیجا۔ وہ پچاس کم ایک ہزار سال

سَنَةٍ اِلَّا خَمْسِيْنَ عَامًا ؕ فَاَخَذَهُمُ الطُّوْفَانُ وَهُمْ ظٰلِمُوْنَ ﴿14﴾

سال | مگر | پچاس | سال | پھر اُن کو پکڑا | طوفان نے | جبکہ وہ تھے | ظالم

اُن میں رہے۔ پھر اُس قوم کو پانی کے طوفان نے پکڑ لیا کیونکہ وہ ظالم تھے۔

فَاَنْجَيْنٰهُ وَاَصْحٰبَ السَّفِيْنَةِ وَجَعَلْنٰهَآ اٰيَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿15﴾ وَاِبْرٰهِيْمَ

پھر ہم نے بچایا اسکو | اور کشتی والوں کو | اور ہم نے بنایا اسے | ایک نشانی | جہان والوں کے لئے | اور ابراہیم

پھر ہم نے نوح علیہ السلام کو ان کی کشتی والوں سمیت بچا لیا اور اس واقعے کو دنیا والوں کے لئے ایک نشانی بنا دیا۔ اور ہم نے ابراہیم

اِذْ قَالَ لِقَوْمِهِ اعْبُدُوا اللّٰهَ وَاتَّقُوْهُ ؕ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ

جب | اس نے کہا | اپنی قوم کو | تم عبادت کرو | اللہ کی | اور تم ڈرو اس سے | یہ ہے | بہتر | تمہارے لئے | اگر

علیہ السلام کو بھی رسول بنا کر بھیجا۔ یاد کرو جب انہوں نے اپنی قوم سے کہا "اللہ کی عبادت کرو۔ اسی سے ڈرو۔ یہ تمہارے لئے بہتر

كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿16﴾ اِنَّمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَوْثَانًا وَّتَخْلُقُوْنَ

تم ہو | تم جانتے | بے شک | تم عبادت کرتے ہو | سے | سوا | اللہ کے | بتوں کی | اور تم بنا لیتے ہو

ہے اگر تم سمجھو۔ تم لوگ اللہ کو چھوڑ کر بتوں کو پوجتے ہو اور جھوٹی باتیں

اِفۡكًا ؕ اِنَّ الَّذِيۡنَ تَعۡبُدُوۡنَ مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ لَا يَمۡلِكُوۡنَ لَـكُمۡ رِزۡقًا

جھوٹ | بیشک | وہ جن کی | تم عبادت کرتے ہو | سے | سوا | اللہ کے | نہیں | وہ اختیار رکھتے | تمہارے لئے | روزی کا

گھڑتے ہو۔اللہ کے سوا جنہیں تم پوجتے ہو وہ تمہیں روزی دینے کا اختیار نہیں رکھتے۔

فَابۡتَغُوۡا عِنۡدَ اللّٰهِ الرِّزۡقَ وَاعۡبُدُوۡهُ وَاشۡكُرُوۡا لَهٗ ؕ اِلَيۡهِ تُرۡجَعُوۡنَ ﴿17﴾

پس تم ڈھونڈو | پاس | اللہ کے | روزی | اور تم عبادت کرو اسی کی | اور تم شکر کرو | اس کا | اسی کی طرف | تم لوٹائے جاؤ گے

لہٰذا تم اللہ سے روزی مانگو۔ اسی کی عبادت کرو اور اس کا شکر ادا کرو۔ اسی کے پاس تم سب کو جانا ہے۔

وَاِنۡ تُكَذِّبُوۡا فَقَدۡ كَذَّبَ اُمَمٌ مِّنۡ قَبۡلِكُمۡ ؕ وَمَا عَلَى الرَّسُوۡلِ

اور اگر | تم جھٹلاؤ | تو بیشک | جھٹلایا | امتوں نے | سے | پہلے تم | اور نہیں ہے | ذمہ داری | رسول کی

اگر تم جھٹلاؤ گے تو تم سے پہلے بہت سی قومیں جھٹلا چکی ہیں۔ اور رسول کا کام واضح

اِلَّا الۡبَلٰغُ الۡمُبِيۡنُ ﴿18﴾ اَوَلَمۡ يَرَوۡا كَيۡفَ يُبۡدِئُ اللّٰهُ الۡخَلۡقَ ثُمَّ

مگر | پہنچانا | کھلا | کیا | نہیں | وہ دیکھتے | کیسے | شروع کرتا ہے | اللہ | پیدائش | پھر

پیغام پہنچا دینا ہے۔" کیا لوگوں نے غور نہیں کیا اللہ پہلی بار بھی پیدا کرتا ہے وہ دوبارہ بھی

يُعِيۡدُهٗ ؕ اِنَّ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيۡرٌ ﴿19﴾ قُلۡ سِيۡرُوۡا فِى الۡاَرۡضِ

دوبارہ پیدا کریگا اسکو | بیشک | یہ ہے | پر | اللہ | آسان | کہہ دیجئے | تم سیر کرو | میں | زمین پھر

پیدا کردے گا۔ بے شک اللہ کے لئے یہ کام بہت آسان بات ہے۔ اے نبی ﷺ آپ ﷺ ان سے کہہ دیں "تم لوگ زمین پر

فَانۡظُرُوۡا كَيۡفَ بَدَاَ الۡخَلۡقَ ثُمَّ اللّٰهُ يُنۡشِئُ النَّشۡاَةَ الۡاٰخِرَةَ ؕ اِنَّ

پھر تم دیکھو | کیسے | ابتدا کی | پیدائش کی | پھر | اللہ ہی | پیدا کرے گا | پیدائش | آخرت کی | بیشک

چل پھر کر دیکھو کس طرح اللہ نے پہلی مرتبہ مخلوقات کو پیدا کیا، اسی طرح اللہ قیامت کے دن دوبارہ پیدا کرے گا۔ بے شک

اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَىۡءٍ قَدِيۡرٌ ﴿20﴾ ۚ يُعَذِّبُ مَنۡ يَّشَآءُ وَيَرۡحَمُ مَنۡ

اللہ ہے | اوپر | ہر | چیز کے | قادر | وہ عذاب دیتا ہے | جسے | وہ چاہے | اور وہ رحم کرتا ہے | جس پر

اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔ وہ جسے چاہے گا عذاب دے گا اور جس پر چاہے گا رحم کرے گا۔

يَّشَآءُ ۚ وَاِلَيۡهِ تُقۡلَبُوۡنَ ﴿21﴾ وَمَاۤ اَنۡتُمۡ بِمُعۡجِزِيۡنَ فِى الۡاَرۡضِ

وہ چاہے | اور طرف اُسی کی | تم پھیرے جاؤ گے | اور نہیں | تم ہو | عاجز کردینے والے | میں | زمین

تم سب اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔" نہ تم زمین میں ہمارے قابو سے باہر نکل سکتے ہو اور

وَلَا فِي السَّمَآءِ ۫ وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ع ﴿22﴾

اور نہ میں | آسمان | اور نہیں ہے | تمہارا | سے | سوا | اللہ کے | کوئی دوست | اور نہ | مددگار

نہ آسمان میں، اور اللہ کے سوا نہ کوئی تمہارا کارساز ہے اور نہ کوئی مددگار۔

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَلِقَآئِهٖٓ اُولٰٓئِكَ يَئِسُوْا مِنْ رَّحْمَتِيْ

اور جنہوں نے | انکار کیا | آیتوں کا | اللہ کی | اور اس کی ملاقات کا | وہی لوگ | مایوس ہوئے ہیں | سے | رحمت میری

جن لوگوں نے اللہ کی آیتوں کا اور قیامت کے دن اللہ کے سامنے پیش ہونے کا انکار کیا وہ لوگ میری رحمت سے محروم ہوں گے

وَاُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿23﴾ فَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهٖٓ اِلَّآ اَنْ

اور وہی ہیں کہ | ان کے لئے ہے | عذاب | دردناک | پھر نہ | تھا | جواب | اس کی قوم کا | مگر | یہ کہ

اور انہیں درد ناک عذاب ہو گا۔ ابراہیم علیہ السلام کی قوم کا جواب یہ تھا کہ وہ آپس میں

قَالُوا اقْتُلُوْهُ اَوْ حَرِّقُوْهُ فَاَنْجٰىهُ اللّٰهُ مِنَ النَّارِ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ

کہا | تم قتل کر ڈالو اسکو | یا | تم جلا دو اسکو | پھر نجات دی اسکو | اللہ نے | سے | آگ | بیشک | میں | اس

کہنے لگے "اسے قتل کر دو یا جلا دو" مگر اللہ نے ابراہیم علیہ السلام کو آگ سے بچا لیا۔ بے شک اس واقعے میں

لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿24﴾ وَقَالَ اِنَّمَا اتَّخَذْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ

ضرور نشانیاں | ان لوگوں کے لیے جو | ایمان لاتے ہیں | اور کہا | صرف | تم نے بنا رکھے ہیں | سے | سوا | اللہ کے

ان لوگوں کے لئے بڑی نشانیاں ہیں جو ایمان لائیں۔ ابراہیم علیہ السلام نے اپنی قوم سے کہا "اللہ کو چھوڑ کر تم نے جو

اَوْثَانًا ۙ مَّوَدَّةَ بَيْنِكُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ ثُمَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَكْفُرُ

بت | دوستی کر کے | اپنے درمیان | میں | زندگی | دنیا کی | پھر | دن | قیامت کے | انکار کریں گے

بت پرستی اختیار کی ہے وہ تمہارے باہمی دنیاوی تعلقات کی وجہ سے ہے۔ مگر قیامت کے دن تم میں سے ہر

بَعْضُكُمْ بِبَعْضٍ وَّيَلْعَنُ بَعْضُكُمْ بَعْضًا ۫ وَّمَاْوٰىكُمُ النَّارُ وَمَا

بعض تمہارے | بعض کا | اور لعنت کریں گے | بعض تمہارے | بعض پر | اور ٹھکانہ تمہارا | آگ ہے | اور نہیں

ایک دوسرے کا انکار کرے گا اور ایک دوسرے پر لعنت بھیجے گا۔ تمہارا ٹھکانا دوزخ ہو گا اور تمہارا

لَكُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ﴿25﴾ فَاٰمَنَ لَهٗ لُوْطٌ ۘ وَقَالَ اِنِّيْ مُهَاجِرٌ اِلٰى

تمہارے لیے | کوئی | مددگار | پس ایمان لایا | اس پر | لوط | اور کہا | بیشک میں | مہاجر ہوں | طرف

کوئی مددگار نہ ہوگا" لوط علیہ السلام نے ابراہیم علیہ السلام کی تائید کی۔ ابراہیم علیہ السلام نے کہا "میں اپنے رب کی طرف ہجرت کرتا ہوں۔

رَبِّیۡ ؕ اِنَّہٗ ہُوَ الۡعَزِیۡزُ الۡحَکِیۡمُ ﴿۲۶﴾ وَ وَہَبۡنَا لَہٗۤ اِسۡحٰقَ وَ یَعۡقُوۡبَ

رب اپنے کی | بیشک وہ | وہی ہے | بڑا غالب | خوب حکمت والا | اور ہم نے دیا | اسکو | اسحاق | اور یعقوب

بے شک وہ غالب اور حکمت والا ہے۔'' ہم نے ابراہیم علیہ السلام کو اسحاق علیہ السلام بیٹا اور یعقوب علیہ السلام پوتا عنایت فرمایا۔

وَ جَعَلۡنَا فِیۡ ذُرِّیَّتِہِ النُّبُوَّۃَ وَ الۡکِتٰبَ وَ اٰتَیۡنٰہُ اَجۡرَہٗ فِی الدُّنۡیَا ۚ

اور ہم نے رکھ دی | میں | اولاد اس کی | نبوت | اور کتاب | اور ہم نے دیا اسے | اس کا اجر | میں | دنیا

اُن کی نسل میں نبوت اور کتاب کا سلسلہ جاری کیا۔ ہم نے ابراہیم علیہ السلام کو ان کا صلہ اس دنیا میں بھی عطا کیا

وَ اِنَّہٗ فِی الۡاٰخِرَۃِ لَمِنَ الصّٰلِحِیۡنَ ﴿۲۷﴾ وَ لُوۡطًا اِذۡ قَالَ لِقَوۡمِہٖۤ اِنَّکُمۡ

اور بیشک وہ | میں | آخرت | ضرور سے | نیک لوگوں | اور لوط | جب | اس نے کہا | اپنی قوم کو | بیشک تم

اور آخرت میں وہ یقیناً ہمارے نیک بندوں میں شامل ہوں گے۔ اور لوط علیہ السلام کو بھی ہم نے رسول بنا کر بھیجا۔ یاد کرو جب

لَتَاۡتُوۡنَ الۡفَاحِشَۃَ ۫ مَا سَبَقَکُمۡ بِہَا مِنۡ اَحَدٍ مِّنَ الۡعٰلَمِیۡنَ ﴿۲۸﴾

البتہ تم کرتے ہو | بے حیائی کا کام | نہیں | پہلے کیا تم سے | اس کو | نے | کسی | سے | جہان والوں

انہوں نے اپنی قوم سے کہا ''تم ایسی بے حیائی کا کام کرتے ہو جو تم سے پہلے دنیا والوں میں سے کسی نے نہیں کیا۔

اَئِنَّکُمۡ لَتَاۡتُوۡنَ الرِّجَالَ وَ تَقۡطَعُوۡنَ السَّبِیۡلَ ۬ۙ وَ تَاۡتُوۡنَ فِیۡ نَادِیۡکُمُ

کیا تم | البتہ تم آتے ہو | مردوں کے پاس | اور تم کاٹتے ہو | راہ | اور تم کرتے ہو | میں | اپنی مجلس

تم لڑکوں سے جنسی خواہش پوری کرتے ہو، رہزنی کرتے ہو، مجلسوں میں بیہودہ حرکتیں

الۡمُنۡکَرَ ؕ فَمَا کَانَ جَوَابَ قَوۡمِہٖۤ اِلَّاۤ اَنۡ قَالُوا ائۡتِنَا بِعَذَابِ اللّٰہِ

بے حیائی | پھر نہ | تھا | جواب | اس کی قوم کا | مگر | یہ کہ | وہ بولے | تو لے آ ہم پر | عذاب | اللہ کا

کرتے ہو'' مگر قوم کا جواب اس کے سوا کچھ نہ تھا ''اگر تم سچے ہو تو اللہ کا

اِنۡ کُنۡتَ مِنَ الصّٰدِقِیۡنَ ﴿۲۹﴾ قَالَ رَبِّ انۡصُرۡنِیۡ عَلَی الۡقَوۡمِ

اگر | تو ہے | سے | سچوں | (لوط نے) کہا | میرے رب | تو مدد فرما میری | مقابلے میں | قوم

عذاب لے آؤ'' اس پر لوط علیہ السلام نے دعا کی ''میرے رب اس بگڑی ہوئی قوم کے مقابلے میں میری

الۡمُفۡسِدِیۡنَ ﴿۳۰﴾ؑ وَ لَمَّا جَآءَتۡ رُسُلُنَاۤ اِبۡرٰہِیۡمَ بِالۡبُشۡرٰی ۙ قَالُوۡۤا اِنَّا

ع 3 8 15

فساد کرنے والی کے | اور جب | آئے | ہمارے بھیجے ہوئے | ابراہیم کے پاس | خوشخبری کے ساتھ | وہ بولے | بیشک ہم

مدد فرما'' اور جب ابراہیم علیہ السلام کے پاس میرے بھیجے ہوئے فرشتے آئے تاکہ انہیں بیٹا پیدا ہونے کی بشارت دیں تو انہوں نے

مُهْلِكُوْٓا اَهْلِ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ ۚ اِنَّ اَهْلَهَا كَانُوْا ظٰلِمِيْنَ ﴿31﴾ قَالَ

ہلاک کرنے والے ہیں | رہنے والوں کو | اس | بستی کے | بیشک | اس کے رہنے والے | ہیں | ظالم | کہا

ابراہیم علیہ السلام سے یہ بھی کہا ”ہم قوم لوط کی بستی کو ہلاک کرنے والے ہیں کیونکہ اس بستی کے لوگ بڑے ظالم ہیں“ یہ

اِنَّ فِيْهَا لُوْطًا ۭ قَالُوْا نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَنْ فِيْهَا ڭ لَنُنَجِّيَنَّهٗ وَاَهْلَهٗٓ

بیشک | میں اس | لوط ہے | وہ بولے | ہم | خوب جانتے ہیں | کون ہے | اس میں | ضرور ہم بچائیں گے اسے | اور اس کے خاندان کو

سن کر ابراہیم علیہ السلام نے کہا ”وہاں لوط علیہ السلام بھی موجود ہیں۔“ فرشتوں نے کہا ”ہم خوب جانتے ہیں وہاں کون ہے۔ہم لوط

اِلَّا امْرَاَتَهٗ ڭ كَانَتْ مِنَ الْغٰبِرِيْنَ ﴿32﴾ وَلَمَّآ اَنْ جَاۗءَتْ رُسُلُنَا

مگر | بیوی اس کی | وہ ہے | سے | پیچھے رہ جانے والوں | اور جب ہوا | یہ کہ | آئے | رسول ہمارے

علیہ السلام کو اور ان کے گھر والوں کو ضرور بچالیں گے۔مگر لوط کی بیوی پیچھے عذاب میں رہ جانے والوں میں سے ہوگی۔“

لُوْطًا سِيْۗءَ بِهِمْ وَضَاقَ بِهِمْ ذَرْعًا وَّقَالُوْا لَا تَخَفْ

لوط کے پاس | وہ غمگین ہوا | ان کی وجہ سے | اور گھبرایا | ان کی وجہ سے | دل میں | اور وہ بولے | نہ | تو ڈر

پھر جب لوط علیہ السلام کے پاس ہمارے بھیجے ہوئے فرشتے پہنچے تو وہ ان کے آنے سے سخت پریشان ہوئے اور بہت کڑھے۔

وَلَا تَحْزَنْ ۣ اِنَّا مُنَجُّوْكَ وَاَهْلَكَ اِلَّا امْرَاَتَكَ كَانَتْ مِنَ الْغٰبِرِيْنَ ﴿33﴾

اور نہ تو غم کر | بیشک ہم | تجھے نجات دیں گے | اور تیرے خاندان کو | مگر | بیوی تیری | وہ ہے | سے | پیچھے رہ جانے والوں

فرشتوں نے کہا ”کوئی فکر اندیشہ نہ کریں۔ہم آپ کو اور آپ کے گھر والوں کو بچالیں گے سوائے آپ

اِنَّا مُنْزِلُوْنَ عَلٰٓي اَهْلِ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ رِجْزًا مِّنَ السَّمَاۗءِ بِمَا كَانُوْا

بیشک ہم | اتارنے والے ہیں | پر | باشندوں | اس | بستی کے | عذاب | سے | آسمان | اس وجہ سے جو | وہ تھے

کی بیوی کے جو پیچھے رہ جانے والوں میں سے ہوگی۔ہم اس بستی کے باشندوں پر ان کی بدکاریوں کی سزا میں آسمانی عذاب

يَفْسُقُوْنَ ﴿34﴾ وَلَقَدْ تَّرَكْنَا مِنْهَآ اٰيَةًۢ بَيِّنَةً لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ﴿35﴾

وہ نافرمانی کرتے | اور بیشک | ہم نے چھوڑی | اس سے | ایک نشانی | واضح | اس قوم کے لئے | جو عقل سے کام لیتے ہیں

نازل کرنے والے ہیں۔ہم نے اس تباہ شدہ بستی کے کچھ نشان رہنے دیئے ہیں، ان لوگوں کی عبرت کے لئے، جو عقل رکھتے ہیں۔

وَاِلٰى مَدْيَنَ اَخَاهُمْ شُعَيْبًا ۙ فَقَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ وَارْجُوا

اور طرف | مدین کی | ان کے بھائی | شعیب کو (ہم نے بھیجا) | پھر کہا | اے میری قوم | تم عبادت کرو | اللہ کی | اور تم امید رکھو

اور مدین والوں کی طرف ہم نے ان کے بھائی شعیب علیہ السلام کو پیغمبر بنا کر بھیجا۔انہوں نے کہا ”اے میری قوم کے لوگو! اللہ کی

الْيَوْمَ الْاٰخِرَ وَلَا تَعْثَوْا فِي الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ﴿36﴾ فَكَذَّبُوْهُ

دن کی | آخرت کے | اور نہ | تم پھرو | میں | زمین | فساد کرتے ہوئے | پھر انہوں نے جھٹلایا اس کو

عبادت کرو۔ آخرت کے دن کی فکر کرو اور زمین میں فساد پھیلانے والے نہ بنو۔ مگر قوم نے شعیب علیہ السلام کو جھٹلا دیا۔

فَاَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ فَاَصْبَحُوْا فِيْ دَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ ﴿37﴾ وَعَادًا وَّثَمُوْدَاۡ

پھر پکڑا ان کو | زلزلے نے | پھر وہ صبح اٹھے | میں | اپنے گھروں | گھٹنوں پر گرے ہوئے | اور عاد کو | اور ثمود کو

پھر زلزلے نے ان لوگوں کو آ پکڑا اور وہ اپنے گھروں میں اوندھے پڑے رہ گئے۔ قومِ عاد اور قومِ ثمود کو بھی ہم نے ہلاک کیا

وَقَدْ تَّبَيَّنَ لَكُمْ مِّنْ مَّسٰكِنِهِمْ ۫ وَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ اَعْمَالَهُمْ

اور بیشک | معلوم ہیں | تم کو | سے | ان کے گھروں | اور خوشنما بنائے | ان کے لئے | شیطان نے | ان کے اعمال

اور تم لوگ ان کے تباہ شدہ گھر بھی دیکھ چکے ہو۔ شیطان نے ان کے برے اعمال کو ان کے لئے خوشنما بنا دیا

فَصَدَّهُمْ عَنِ السَّبِيْلِ وَكَانُوْا مُسْتَبْصِرِيْنَ ﴿38﴾ وَقَارُوْنَ وَفِرْعَوْنَ

پھر اس نے روکا انکو | سے | سیدھی راہ | اور وہ تھے | دیکھنے والے | اور قارون کو | اور فرعون کو

اور انہیں سیدھے راستے سے روک دیا تھا۔ ویسے وہ بڑے ہوشیار لوگ تھے۔ ہم نے قارون، فرعون

وَهَامٰنَ ۫ وَلَقَدْ جَآءَهُمْ مُّوْسٰى بِالْبَيِّنٰتِ فَاسْتَكْبَرُوْا فِي الْاَرْضِ

اور ہامان کو | اور بیشک | آیا انکے پاس | موسیٰ | نشانیوں کے ساتھ | پھر انہوں نے تکبر کیا | میں | زمین

اور ہامان کو بھی ہلاک کیا۔ موسیٰ علیہ السلام ان سب کے پاس کھلی نشانیاں لے کر آئے مگر ان لوگوں نے زمین میں تکبر کیا

وَمَا كَانُوْا سٰبِقِيْنَ ﴿39﴾ فَكُلًّا اَخَذْنَا بِذَنْۢبِهٖ ۚ فَمِنْهُمْ مَّنْ

اور نہ | وہ تھے | آگے نکل جانے والے | پھر ہر ایک کو | ہم نے پکڑا | اس کے گناہوں پر | پھر بعض ان کا ہے | کہ

اور وہ ہم سے بھاگ جانے والے نہ تھے۔ اس طرح ہم نے ہر ایک کو اس کے گناہوں کی سزا میں پکڑا۔ کسی پر پتھراؤ کرنے والی

اَرْسَلْنَا عَلَيْهِ حَاصِبًا ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ اَخَذَتْهُ الصَّيْحَةُ ۚ وَمِنْهُمْ

ہم نے بھیجی | اس پر | بارش پتھروں کی | اور بعض ان کا ہے | جنکو | کہ پکڑا اسے | سخت آواز نے | اور بعض ان کا ہے

آندھی بھیجی۔ کسی کو زبردست دھماکے نے آ لیا۔ کسی کو زمین

مَّنْ خَسَفْنَا بِهِ الْاَرْضَ ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ اَغْرَقْنَا ۚ وَمَا كَانَ اللّٰهُ

کہ | ہم نے دھنسا دیا | اس کو | زمین میں | اور بعض ان کا ہے | کہ جس کو | ہم نے غرق کر دیا | اور نہ | تھا | اللہ

میں دھنسا دیا اور کسی کو غرق کر دیا۔ لیکن اللہ نے ان پر ظلم

لِيَظْلِمَهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿۴۰﴾ مَثَلُ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا

کہ وہ ظلم کرے ان پر | اور لیکن | وہ تھے | اپنی جانوں پر | وہ ظلم کرتے | مثال | ان کی جنہوں نے | بنائے

نہیں کیا وہ خود اپنی جانوں پر ظلم کرتے تھے۔ جن لوگوں نے اللہ کے سوا دوسرے کارساز بنائے،

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَوْلِيَآءَ كَمَثَلِ الْعَنْكَبُوْتِ ۚ اِتَّخَذَتْ بَيْتًا ۭ وَاِنَّ

سے | سوا | اللہ کے | کارساز | جیسے مثال | مکڑی کی | جو بناتی ہے | گھر | اور بیشک

ان کی مثال مکڑی کی سی ہے جس نے گھر بنایا مگر مکڑی کا

اَوْهَنَ الْبُيُوْتِ لَبَيْتُ الْعَنْكَبُوْتِ ۘ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿۴۱﴾ اِنَّ اللّٰهَ

زیادہ کمزور ہے | گھروں میں | البتہ گھر | مکڑی کا | کاش کہ | وہ ہوتے | وہ جانتے | بیشک | اللہ

گھر سب گھروں سے زیادہ کمزور ہوتا ہے۔ کاش لوگ جانتے۔ بے شک اللہ جانتا ہے

يَعْلَمُ مَا يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ مِنْ شَيْءٍ ۭ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۴۲﴾

جانتا ہے | جس کو | وہ پکارتے ہیں | سے | سوائے اس کے | کوئی چیز | اور وہ ہے | بڑا غالب | خوب حکمت والا

وہ لوگ اُس کے سوا کن چیزوں کو پکارتے ہیں اور وہ غالب اور حکمت والا ہے۔

وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ ۚ وَمَا يَعْقِلُهَآ اِلَّا الْعٰلِمُوْنَ ﴿۴۳﴾

اور یہ | مثالیں ہیں | ہم بیان کرتے ہیں انکو | لوگوں کے لئے | اور نہیں | سمجھتے ان کو | مگر | علم والے

ہم یہ مثالیں لوگوں کے غور کرنے کے لئے بیان کرتے ہیں لیکن صرف علم والے ہی انہیں سمجھتے ہیں۔

خَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً

پیدا کیا | اللہ نے | آسمانوں کو | اور زمین کو | ساتھ حق کے | بیشک | میں | اس | ضرور نشانی ہے

اللہ نے آسمانوں اور زمین کو برحق پیدا کیا۔ بےشک اس میں بڑی نشانی ہے

لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۴۴﴾ ع

ایمان والوں کے لئے

ان لوگوں کے لئے جو ایمان لانا چاہیں۔

4 ع 14 16

اُتْلُ مَآ اُوْحِيَ اِلَيْكَ مِنَ الْكِتٰبِ وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ ؕ اِنَّ الصَّلٰوةَ تَنْهٰى

تو پڑھ | جو کچھ | وحی کیا گیا | طرف تیری | سے | کتاب | اور تو قائم کر | نماز کو | بیشک | نماز | روکتی ہے

اے نبی ﷺ یہ کتاب جو آپ ﷺ کی طرف وحی کی گئی، اس کی تلاوت کریں اور نماز قائم کریں۔ بے شک نماز

عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ ؕ وَلَذِكْرُ اللّٰهِ اَكْبَرُ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا

سے | بے حیائی | اور برائی سے | اور البتہ ذکر | اللہ کا | بڑی چیز ہے | اور اللہ | جانتا ہے | جو کچھ

بے حیائی سے اور برے کاموں سے روکتی ہے اور اللہ کی یاد بڑی چیز ہے۔ اللہ جانتا ہے جو کچھ تم

تَصْنَعُوْنَ ﴿45﴾ وَلَا تُجَادِلُوْٓا اَهْلَ الْكِتٰبِ اِلَّا بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ ۖ اِلَّا

تم کرتے ہو | اور نہ | تم جھگڑو | اہل | کتاب سے | مگر | اس طریقے سے جو | وہ | اچھا ہے | مگر

لوگ کرتے ہو۔ مسلمانو تم اہل کتاب سے بحث نہ کرو مگر ایسے طریقے سے جو بہتر ہو۔ البتہ ان

الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْهُمْ وَقُوْلُوْٓا اٰمَنَّا بِالَّذِيْٓ اُنْزِلَ اِلَيْنَا وَاُنْزِلَ

جو لوگ | ظلم کریں | ان میں سے | اور تم کہو | ہم ایمان لائے | اس پر جو | اتاری گئی | ہماری طرف | اور اتاری گئی

میں جو ظالم ہیں ان کا معاملہ الگ ہے۔ ان لوگوں سے کہہ دو ''ہم اس کتاب پر بھی ایمان رکھتے ہیں جو ہم پر نازل ہوئی اور ان

اِلَيْكُمْ وَاِلٰهُنَا وَاِلٰهُكُمْ وَاحِدٌ وَّنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ ﴿46﴾ وَكَذٰلِكَ

تمہاری طرف | اور معبود ہمارا | اور معبود تمہارا | ایک ہے | اور ہم | اس کے لئے | فرمان بردار ہیں | اور اسی طرح

کتابوں پر بھی جو تم پر نازل ہوئیں۔ ہمارا معبود اور تمہارا معبود ایک ہی ہے اور ہم اسی کے فرماں بردار ہیں۔'' اے نبی ﷺ ہم

اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الْكِتٰبَ ؕ فَالَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ ۚ وَمِنْ

ہم نے اتاری | تیری طرف | کتاب | پھر وہ لوگ کہ | ہم نے دی انکو | کتاب | وہ ایمان لاتے ہیں | اس پر | اور سے

نے پہلے نبیوں کی طرح آپ ﷺ پر بھی کتاب نازل کی۔ جن اہلِ کتاب کو ہم نے آپ ﷺ سے پہلے کتاب دی وہ اپنی کتاب پر

هٰٓؤُلَآءِ مَنْ يُّؤْمِنُ بِهٖ ؕ وَمَا يَجْحَدُ بِاٰيٰتِنَآ اِلَّا الْكٰفِرُوْنَ ﴿47﴾

ان سے | بعض ہے | جو ایمان لاتا ہے | اس پر | اور نہیں | انکار کرتے | ہماری آیتوں کا | مگر | کافر

ایمان رکھتے ہیں اور بعض مشرکین بھی ان کی کتاب پر ایمان رکھتے ہیں۔ ہماری آیتوں کا انکار صرف کافر کرتے ہیں۔ اے نبی ﷺ

وَمَا كُنْتَ تَتْلُوْا مِنْ قَبْلِهٖ مِنْ كِتٰبٍ وَّلَا تَخُطُّهٗ بِيَمِيْنِكَ اِذًا

اور نہیں تو تھا | پڑھتا | سے | پہلے اسکے | کوئی | تحریر | اور نہ | تو لکھتا تھا اسے | دائیں ہاتھ اپنے سے | اس وقت

آپ ﷺ اِس سے پہلے نہ کوئی کتاب پڑھتے اور نہ اسے اپنے ہاتھ سے لکھتے تھے۔ اگر ایسا

لَّارْتَابَ الْمُبْطِلُوْنَ ﴿48﴾ بَلْ هُوَ اٰيٰتٌۢ بَيِّنٰتٌ فِيْ صُدُوْرِ الَّذِيْنَ اُوْتُوا

البتہ شک کرتے | جھوٹے لوگ | بلکہ | وہ | آیتیں ہیں | روشن | میں | سینوں | انکے جو کہ | دیئے گئے ہیں

ہوتا تو باطل پرست لوگ شک میں پڑ جاتے۔ بلکہ یہ قرآن ایسی واضح آیتوں کا مجموعہ ہے جو ان لوگوں کے سینوں میں ہے جنہیں علم

الْعِلْمَ ؕ وَمَا يَجْحَدُ بِاٰيٰتِنَآ اِلَّا الظّٰلِمُوْنَ ﴿49﴾ وَقَالُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ

علم | اور نہیں | انکار کرتے | ہماری آیتوں کا | مگر | ظالم | اور انہوں نے کہا | کیوں نہ | اتاری گئیں

عطا ہوا ہے۔ ہماری آیتوں کا انکار صرف وہی کرتے ہیں جو ظالم ہیں۔ مشرکین کہتے ہیں ”اس نبی ﷺ پر اس کے

عَلَيْهِ اٰيٰتٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ؕ قُلْ اِنَّمَا الْاٰيٰتُ عِنْدَ اللّٰهِ ؕ وَاِنَّمَآ اَنَا

اس پر | نشانیاں | طرف سے | اس کے رب کی | کہہ دیجئے | بس | نشانیاں | پاس ہیں | اللہ کے | اور بیشک | میں ہوں

رب کی طرف سے معجزے کیوں نہیں اترے؟ اے نبی ﷺ آپ ﷺ کہیں ”سارے معجزے اللہ کے اختیار میں ہیں۔ میں تو

نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿50﴾ اَوَلَمْ يَكْفِهِمْ اَنَّآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ يُتْلٰى

ڈرانے والا | واضح | کیا | نہیں | کافی ہے انکو | یہ کہ ہم | ہم نے اتاری | تجھ پر | کتاب | جو پڑھی جاتی ہے

صرف خبردار کر دینے والا ہوں۔“ کیا ان کے لئے یہ معجزہ کافی نہیں کہ ہم نے آپ ﷺ پر قرآن نازل کیا۔ جو انہیں پڑھ کر سنایا

عَلَيْهِمْ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَرَحْمَةً وَّذِكْرٰى لِقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿51﴾ ع قُلْ كَفٰى

(5 ع 7 1)

ان پر | بیشک | میں | اس | البتہ رحمت ہے | اور نصیحت | ان کیلئے | جو ایمان لاتے ہیں | کہہ دیجئے | کافی ہے

جارہا ہے؟ بے شک اس میں ان لوگوں کے لئے رحمت اور یاد دہانی ہے جو ایمان لانے والے ہیں ﷺ آپ ﷺ کہہ دیں ”میرے

بِاللّٰهِ بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ شَهِيْدًا ۚ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ

اللہ | میرے درمیان | اور تمہارے درمیان | گواہ | وہ جانتا ہے | جو کچھ ہے | میں | آسمانوں | اور زمین میں

اور تمہارے درمیان اللہ کافی گواہ ہے جو آسمانوں اور زمین کی ہر چیز کو جانتا ہے۔

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِالْبَاطِلِ وَكَفَرُوْا بِاللّٰهِ ۙ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿52﴾

اور جو لوگ | ایمان لائے | جھوٹ پر | اور انہوں نے انکار کیا | اللہ کا | وہ لوگ | وہی ہیں | نقصان اٹھانے والے

مگر جو لوگ باطل معبودوں پر ایمان رکھتے ہیں اور اللہ کے نافرمان ہیں وہی گھاٹے میں رہیں گے۔

وَيَسْتَعْجِلُوْنَكَ بِالْعَذَابِ ؕ وَلَوْلَآ اَجَلٌ مُّسَمًّى لَّجَآءَهُمُ

اور وہ جلدی چاہتے ہیں تجھ سے | عذاب کی | اور اگر نہ ہوتا | ایک وقت | مقرر | پس آتا انکے پاس

اے نبی ﷺ یہ لوگ آپ ﷺ سے عذاب جلد مانگ رہے ہیں۔ اگر ایک وقت مقرر نہ ہوتا تو ان پر عذاب

الْعَذَابُ ۭ وَلَيَاْتِيَنَّهُمْ بَغْتَةً وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿53﴾ يَسْتَعْجِلُوْنَكَ

عذاب | اور ضرور آئے گا انکے پاس | اچانک | جبکہ وہ | نہیں | سمجھتے ہوں گے | وہ جلدی چاہتے ہیں تجھ سے

آ جاتا۔ البتہ وہ عذاب ان پر اچانک آئے گا اور انہیں خبر بھی نہ ہوگی۔ اے نبی ﷺ یہ لوگ آپ ﷺ سے عذاب جلد مانگ رہے

بِالْعَذَابِ ۭ وَاِنَّ جَهَنَّمَ لَمُحِيْطَةٌ ۢ بِالْكٰفِرِيْنَ ﴿54﴾ يَوْمَ يَغْشٰىهُمُ

عذاب کو | اور بیشک | دوزخ | ضرور گھیر لینے والی ہے | کافروں کو | جس دن | ڈھانپ لے گا انکو

ہیں حالاں کہ دوزخ ان کافروں کو گھیرے میں لئے ہوئے ہے۔ جس دن عذاب ان کو اوپر سے

الْعَذَابُ مِنْ فَوْقِهِمْ وَمِنْ تَحْتِ اَرْجُلِهِمْ وَيَقُوْلُ ذُوْقُوْا مَا

عذاب | سے | ان کے اوپر | اور سے | نیچے | اُن کے پاؤں | اور وہ کہے گا | تم چکھو | جو کچھ

ڈھانک لے گا اور نیچے سے بھی اور اللہ ان سے کہے گا ''اب چکھو مزا

كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿55﴾ يٰعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّ اَرْضِيْ وَاسِعَةٌ

تم تھے | تم عمل کرتے | اے میرے بندو | جو | ایمان لائے ہو | بیشک | میری زمین | وسیع ہے

اپنے برے اعمال کا'' اے میرے مومن بندو! بے شک میری زمین وسیع ہے

فَاِيَّايَ فَاعْبُدُوْنِ ﴿56﴾ كُلُّ نَفْسٍ ذَاۗىِٕقَةُ الْمَوْتِ ۣ ثُمَّ اِلَيْنَا

پس صرف میری | پس تم عبادت کرو میری | ہر | جان | چکھنے والی ہے | موت کو | پھر | طرف ہمارے

تم میری عبادت کرو۔ یاد رکھو ہر جان کو موت کا مزا چکھنا ہے۔ پھر تم سب کو ہماری

تُرْجَعُوْنَ ﴿57﴾ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَنُبَوِّئَنَّهُمْ مِّنَ الْجَنَّةِ

تم لوٹ کر آؤ گے | اور جو لوگ | ایمان لائے | اور عمل کئے | اچھے | ضرور ہم ٹھکانہ دیں گے انکو | سے | جنت

طرف آنا ہے۔ جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کئے ہم انہیں جنت کے بالاخانوں

غُرَفًا تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ نِعْمَ اَجْرُ

بالاخانے | بہتی ہیں | سے | اُن کے نیچے | نہریں | ہمیشہ رہنے والے | اس میں | بہت اچھا ہے | اجر

میں جگہ دیں گے۔ وہاں نہریں بہتی ہوں گی۔ وہاں وہ ہمیشہ رہیں گے۔ کتنا اچھا اجر ہے نیک اعمال کرنے

الْعٰمِلِيْنَ ﴿58﴾ الَّذِيْنَ صَبَرُوْا وَعَلٰي رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ﴿59﴾ وَكَاَيِّنْ مِّنْ

عمل کرنیوالوں کا | جنہوں نے | صبر کیا | اور پر | اپنے رب | وہ توکل کرتے ہیں | اور کتنے ہیں | سے

والوں کا۔ وہ جنہوں نے صبر کیا۔ ہر حال میں اپنے رب پر بھروسا رکھا۔ کتنے ہی جانور ہیں

دَآبَّةٍ لَّا تَحْمِلُ رِزْقَهَا ۖ اَللّٰهُ يَرْزُقُهَا وَاِيَّاكُمْ ۖ وَهُوَ السَّمِيْعُ

جانداروں | کہ نہیں | اٹھاتے | اپنی روزی | اللہ | روزی دیتا ہے انکو | اور تم کو بھی | اور وہ ہے | خوب سننے والا

جو اپنا رزق اٹھائے نہیں پھرتے۔ اللہ انہیں رزق دیتا ہے اور تمہیں بھی اور وہ سننے والا

الْعَلِيْمُ ﴿60﴾ وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَسَخَّرَ

خوب جاننے والا | اور البتہ اگر | تو پوچھے ان سے | کس نے | پیدا کیا | آسمانوں کو | اور زمین کو | اور خدمت میں لگایا

جاننے والا ہے۔ اے نبی ﷺ اگر آپ ﷺ ان مشرکین سے پوچھیں ''کس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا اور کس نے سورج

الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ۚ فَاَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ﴿61﴾ اَللّٰهُ يَبْسُطُ

سورج کو | اور چاند کو | البتہ ضرور وہ کہیں گے | وہ اللہ نے | پس کہاں | وہ الٹے پھیرے جاتے ہیں | اللہ | زیادہ دیتا ہے

اور چاند کو کام پر لگایا؟'' وہ ضرور کہیں گے ''اللہ نے'' وہ پھر کدھر بھٹکتے جا رہے ہیں؟ اللہ اپنے بندوں میں سے جسے چاہتا

الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ وَيَقْدِرُ لَهٗ ۭ اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ

روزی | جس کو | وہ چاہے | سے | اپنے بندوں | اور کم دیتا ہے | اس کو | بیشک | اللہ ہے | ہر | چیز کو

ہے زیادہ روزی دیتا ہے اور جسے چاہتا ہے کم دیتا ہے۔ بے شک اللہ ہر چیز کا

عَلِيْمٌ ﴿62﴾ وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ نَّزَّلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَحْيَا بِهِ

خوب جاننے والا | اور البتہ اگر | تو پوچھے ان سے | کون | اتارتا ہے | سے | آسمان | پانی | پھر زندہ کرتا ہے | اس سے

جاننے والا ہے۔ اور اے نبی ﷺ اگر آپ ﷺ ان سے پوچھیں ''کون آسمان سے پانی برساتا ہے اور ان سے مردہ زمین کو

الْاَرْضَ مِنْ بَعْدِ مَوْتِهَا لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ۭ قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ ۭ بَلْ

زمین کو | سے | بعد | اس کے مردہ ہونے کے | البتہ ضرور وہ کہیں گے | اللہ | کہہ دیجئے | سب تعریفیں ہیں | اللہ کے لئے | بلکہ

زندہ کرتا ہے؟'' اس کے جواب میں بھی کہیں گے ''اللہ''۔ آپ ﷺ کہیں ''الحمد للہ'' ساری تعریف اللہ کے لئے ہے۔ مگر

اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ ﴿63﴾ ع وَمَا هٰذِهِ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا لَهْوٌ

اکثر ان کے | نہیں | سمجھتے | اور نہیں | یہ | زندگی | دنیا کی | مگر | تماشا

ان میں سے اکثر لوگ نہیں سمجھتے۔ یہ دنیا کی زندگی تو محض کھیل

وَّلَعِبٌ ۭ وَاِنَّ الدَّارَ الْاٰخِرَةَ لَهِيَ الْحَيَوَانُ ۘ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿64﴾

اور کھیل | اور بیشک | گھر | آخرت کا | واقعی وہی ہے | زندگانی | کاش | وہ ہوتے | وہ جانتے

تماشا ہے۔ آخرت کی زندگی اصل زندگی ہے۔ کاش وہ اس حقیقت کو جانتے۔

فَاِذَا رَكِبُوْا فِی الْفُلْكِ دَعَوُا اللّٰهَ مُخْلِصِیْنَ لَهُ الدِّیْنَ ۚ۬ فَلَمَّا

پھر جب | وہ سوار ہوتے ہیں | میں | کشتی | وہ پکارتے ہیں | اللہ کو | خالص کرتے ہوئے | اسی کیلئے | عبادت | پھر جب

جب وہ کشتی میں سوار ہوتے ہیں تو اللہ کی خالص عبادت کا اظہار کر کے صرف اسی کو پکارتے ہیں۔ جب وہ سمندر سے

نَجّٰىهُمْ اِلَى الْبَرِّ اِذَا هُمْ یُشْرِكُوْنَ ﴿65﴾ لِیَكْفُرُوْا بِمَاۤ اٰتَیْنٰهُمْ ۚۙ

وہ نجات دیتا ہے انکو | طرف | خشکی کی | فوراً | وہ | شرک کرتے ہیں | تاکہ وہ ناشکری کریں | اس کی جو | ہم نے دی انکو

بچا کر انہیں خشکی کی طرف پہنچا دیتا ہے تو پھر شرک کرنے لگتے ہیں۔ اس طرح وہ ہماری نعمتوں کی ناشکری کرتے

وَلِیَتَمَتَّعُوْا ۥ فَسَوْفَ یَعْلَمُوْنَ ﴿66﴾ اَوَلَمْ یَرَوْا اَنَّا جَعَلْنَا حَرَمًا

اور تاکہ وہ فائدہ اٹھائیں | پس عنقریب | وہ جانیں گے | کیا | نہیں | انہوں نے دیکھا | یہ کہ ہم | ہم نے کیا ہے | حرم کو

اور چند روزہ عیش کرتے ہیں۔ عنقریب انہیں اپنا انجام معلوم ہو جائے گا۔ کیا مشرکین دیکھتے نہیں ہم نے ان کے شہر کو

اٰمِنًا وَّیُتَخَطَّفُ النَّاسُ مِنْ حَوْلِهِمْ ؕ اَفَبِالْبَاطِلِ یُؤْمِنُوْنَ وَبِنِعْمَةِ

امن والا | اور اچک لئے جاتے ہیں | لوگ | سے | ان کے اردگرد | کیا پس باطل پر | وہ ایمان لاتے ہیں | اور نعمت کی

پُر امن حرم بنایا جبکہ اُن کے گرد و پیش لوگ اٹھا لئے جاتے ہیں۔ کیا وہ باطل کو مانتے ہیں اور اللہ کی نعمتوں کی

اللّٰهِ یَكْفُرُوْنَ ﴿67﴾ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ

اللہ کی | وہ ناشکری کرتے ہیں | اور کون ہے | بڑا ظالم | اس سے جو | گھڑلے | پر | اللہ | جھوٹ | یا

ناشکری کرتے ہیں؟ اس شخص سے بڑا ظالم کون ہو گا جو اللہ پر جھوٹ باندھے یا

كَذَّبَ بِالْحَقِّ لَمَّا جَآءَهٗ ؕ اَلَیْسَ فِیْ جَهَنَّمَ مَثْوًى لِّلْكٰفِرِیْنَ ﴿68﴾

جھٹلاتا ہے | حق کو | جب | وہ آئے اسکے پاس | کیا نہیں ہے | میں | دوزخ | ٹھکانہ | کافروں کا

جب حق اس کے سامنے آئے تو اسے جھٹلا دے؟ کیا ایسے کافروں کا ٹھکانا دوزخ نہیں؟

وَالَّذِیْنَ جَاهَدُوْا فِیْنَا لَنَهْدِیَنَّهُمْ سُبُلَنَا ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ لَمَعَ

اور جنہوں نے | کوشش کی | ہماری راہ میں | ضرور ہم دکھائیں گے انکو | اپنے راستے | اور بیشک | اللہ ہے | ضرور ساتھ

جو لوگ ہماری خاطر مشقت اٹھائیں گے انہیں ہم اپنے راستے دکھائیں گے۔ یقیناً اللہ نیکی کرنے

الْمُحْسِنِیْنَ ﴿69﴾ ع

نیکی کرنیوالوں کے

والوں کے ساتھ ہے۔

ع 7 6 3

(30) سُوْرَةُ الرُّوْمِ مَكِّيَّةٌ (84)

رُكُوْعَاتُهَا 6 — اٰيَاتُهَا 60

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

الٓمّٓ ﴿1﴾ غُلِبَتِ الرُّوْمُ ﴿2﴾ فِيْٓ اَدْنَى الْاَرْضِ وَهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ غَلَبِهِمْ

الٓمّٓ | مغلوب ہو گئے | رومی | میں | قریبی | زمین (شام) | اور وہ | سے | بعد | اپنی شکست کے

الٓمّٓ رومی مغلوب ہو گئے۔ قریب کے علاقے میں۔ مگر وہ اپنی مغلوبیت کے بعد عنقریب

سَيَغْلِبُوْنَ ﴿3﴾ فِيْ بِضْعِ سِنِيْنَ ؕ لِلّٰهِ الْاَمْرُ مِنْ قَبْلُ وَمِنْۢ بَعْدُ ؕ

جلد غالب آئیں گے | میں | چند | برسوں | اللہ کیلئے ہے | حکم | اس پہلے سے بھی | اور آخر

غالب آئیں گے، چند برسوں میں۔ پہلے بھی ہر چیز کا اختیار اللہ کے پاس تھا بعد میں بھی اسی کے پاس رہے گا۔

وَيَوْمَئِذٍ يَّفْرَحُ الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿4﴾ بِنَصْرِ اللّٰهِ ؕ يَنْصُرُ مَنْ يَّشَآءُ ؕ

اور اس دن | خوش ہوں گے | ایمان والے | مدد سے | اللہ کی | وہ مدد کرتا ہے | جس کی | وہ چاہے

اُس دن ایمان والے خوش ہوں گے، اللہ کی مدد آنے پر۔ وہ جس کی چاہتا ہے مدد فرماتا ہے۔

وَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿5﴾ وَعْدَ اللّٰهِ ؕ لَا يُخْلِفُ اللّٰهُ وَعْدَهٗ وَلٰكِنَّ

اور وہ ہے | بڑا غالب | نہایت مہربان | وعدہ ہے | اللہ کا | نہیں | خلاف کرتا | اللہ | اپنے وعدے کے | اور لیکن

وہ غالب اور مہربان ہے۔ یہ اللہ کا وعدہ ہے۔ اللہ اپنے وعدے کے خلاف نہیں کرتا۔ لیکن اکثر

اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿6﴾ يَعْلَمُوْنَ ظَاهِرًا مِّنَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ

اکثر | لوگ | نہیں | وہ جانتے | وہ جانتے ہیں | ظاہر کو | سے | زندگی | دنیا کی

لوگ نہیں جانتے۔ وہ دنیا کی زندگی کے صرف ظاہر کو جانتے ہیں

وَهُمْ عَنِ الْاٰخِرَةِ هُمْ غٰفِلُوْنَ ﴿7﴾ اَوَلَمْ يَتَفَكَّرُوْا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ ۫

اور وہ ہیں | سے | آخرت | وہی | غافل | کیا | نہیں | انہوں نے غور کیا | میں | خود اپنے

مگر آخرت سے بے خبر ہیں کیا ان لوگوں نے غور نہیں کیا

مَا خَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ وَاَجَلٍ

نہیں | پیدا کیا | اللہ نے | آسمانوں کو | اور زمین کو | اور جو | دونوں کے درمیان ہے | مگر | حق کے ساتھ | اور ایک وقت

کہ اللہ نے آسمانوں کو، زمین کو اور جو کچھ ان دونوں کے درمیان ہے سب کو برحق پیدا کیا، ایک مقررہ مدت کے لئے

مُّسَمًّى ؕ وَاِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ النَّاسِ بِلِقَآئِ رَبِّهِمْ لَكٰفِرُوْنَ ﴿8﴾ اَوَ

مقررہ کے | اور بیشک | بہت | سے | لوگ | ملاقات سے | اپنے رب کی | منکر ہیں | کیا

لیکن اس کے باوجود بہت سے لوگ اپنے رب کے سامنے پیش ہونے کے منکر ہیں۔ کیا وہ

لَمْ يَسِيْرُوْا فِى الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ

نہیں | انہوں نے سیر کی | میں | زمین | تاکہ وہ دیکھتے | کیسے | ہوا | انجام | انکا جو تھے | سے

زمین میں چلے پھرے نہیں تاکہ ان لوگوں کا انجام دیکھتے جو ان سے پہلے

قَبْلِهِمْ ؕ كَانُوْٓا اَشَدَّ مِنْهُمْ قُوَّةً وَّاَثَارُوا الْاَرْضَ وَعَمَرُوْهَآ اَكْثَرَ

ان کے پہلے | جو تھے | زیادہ | ان سے | طاقت میں | اور انہوں نے پھاڑا | زمین کو | اور انہوں نے آباد کیا اسے | زیادہ

ہو گزرے۔ وہ ان سے زیادہ طاقت رکھتے تھے۔ انہوں نے ان سے بڑھ کر زمین کو جوتا

مِمَّا عَمَرُوْهَا وَجَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ ؕ فَمَا كَانَ اللّٰهُ

اس سے جو | انہوں نے آباد کیا اسے | اور آئے انکے پاس | ان کے رسول | واضح نشانیوں کے ساتھ | پھر نہ | تھا | اللہ

اور آباد کیا۔ ان کے پاس بھی ان کے رسول واضح نشانیاں لے کر آئے۔ پھر اللہ ان پر

لِيَظْلِمَهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿9﴾ ثُمَّ كَانَ عَاقِبَةَ

کہ ظلم کرتا ان پر | اور لیکن | وہ تھے | اپنی جانوں پر | وہ ظلم کرتے | پھر | تھا | انجام

ظلم کرنے والا نہ تھا، وہ خود ہی اپنی جانوں پر ظلم کرتے رہے۔ پھر جن لوگوں نے برے کام کئے

الَّذِيْنَ اَسَآءُوا السُّوْٓاٰى اَنْ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَكَانُوْا بِهَا

ان کا جو | برا کرتے تھے | برا | کیونکہ | انہوں نے جھٹلایا | آیتوں کو | اللہ کی | اور وہ تھے | ان کا

ان کا انجام برا ہوا۔ کیونکہ وہ اللہ کی نشانیوں کو جھٹلاتے اور ان کا مذاق

يَسْتَهْزِءُوْنَ ع ﴿10﴾ اَللّٰهُ يَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ ثُمَّ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿11﴾

ع 1 10 4

وہ مذاق اڑاتے | اللہ | ابتدا کرتا ہے | پیدائش کی | پھر | دوبارہ کرے گا اسے | پھر | اسی کی طرف | تم لوٹائے جاؤ گے

اڑاتے تھے۔ اللہ مخلوق کو پہلی بار پیدا کرتا ہے وہی اسے دوبار پیدا کرے گا۔ پھر تم اسی کی طرف لائے جاؤ گے۔

وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ يُبْلِسُ الْمُجْرِمُوْنَ ﴿12﴾ وَلَمْ يَكُنْ لَّهُمْ مِّنْ

اور جس دن | قائم ہوگی | گھڑی قیامت کی | مایوس ہوں گے | مجرم لوگ | اور نہیں | ہوں گے | ان کے لئے | کوئی

جب قیامت برپا ہوگی تو مجرم لوگ مایوس ہو جائیں گے۔ اُن کے شریکوں میں سے کوئی اُن کا

شُرَكَآئِهِمْ شُفَعٰٓؤُا وَكَانُوْا بِشُرَكَآئِهِمْ كٰفِرِيْنَ ﴿13﴾ وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ

شریک انکے | سفارشی | اور وہ ہوں گے | اپنے شریکوں کے | منکر | اور جس دن | قائم ہوگی | گھڑی قیامت کی

سفارشی نہ ہوگا بلکہ وہ اپنے شریکوں کے منکر ہو جائیں گے۔ جس دن قیامت برپا ہوگی

يَوْمَئِذٍ يَّتَفَرَّقُوْنَ ﴿14﴾ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَهُمْ فِيْ

اس دن | وہ الگ الگ ہو جائیں گے | پس لیکن | جو لوگ | ایمان لائے | اور عمل کئے | اچھے | تو وہ | میں

اُس دن سب لوگ جُدا جُدا ہو جائیں گے۔ جو ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کئے، وہ بہشت کے باغ

رَوْضَةٍ يُّحْبَرُوْنَ ﴿15﴾ وَاَمَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَلِقَآئِ

باغ | خوش کیے جائینگے | اور لیکن | جو لوگ | کافر ہوئے | اور انہوں نے جھٹلایا | ہماری آیتوں کو | اور ملاقات

میں خوش ہوں گے۔ جن لوگوں نے کفر کیا اور ہماری نشانیوں کو اور آخرت کی پیشی کو

الْاٰخِرَةِ فَاُولٰٓئِكَ فِي الْعَذَابِ مُحْضَرُوْنَ ﴿16﴾ فَسُبْحٰنَ اللّٰهِ حِيْنَ

آخرت کی کو | تو وہ لوگ | میں | عذاب | حاضر کردیئے جائیں گے | پس تسبیح ہے | اللہ کی | جب

جھٹلایا، وہ عذاب میں پکڑے ہوئے ہوں گے۔ لوگو! اللہ کی عبادت کرو جب تم شام کرتے

تُمْسُوْنَ وَحِيْنَ تُصْبِحُوْنَ ﴿17﴾ وَلَهُ الْحَمْدُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

تم شام کرتے ہو | اور جب | تم صبح کرتے ہو | اور اسی کے لئے ہے | تعریف ہے | میں | آسمانوں | اور زمین

ہو اور جب تم صبح کرتے ہو۔ آسمانوں اور زمین میں اللہ کی تعریف ہوتی ہے۔

وَعَشِيًّا وَّحِيْنَ تُظْهِرُوْنَ ﴿18﴾ يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ الْمَيِّتَ

اور شام ڈھلے | اور جب | تم ظہر کرتے ہو | وہ نکالتا ہے | زندہ کو | سے | مردہ سے | اور وہ نکالتا ہے | مردہ کو

عصر کے وقت اور جب تم ظہر کرتے ہو اُس وقت بھی اللہ کی عبادت کرو۔ جو جاندار کو بے جان سے اور بے جان کو

مِنَ الْحَيِّ وَيُحْيِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ؕ وَكَذٰلِكَ تُخْرَجُوْنَ ﴿19﴾ ع 2 9 5

سے | زندہ | اور وہ زندہ کرتا ہے | زمین کو | بعد | اس کے مردہ ہونے | اور اسی طرح | تم بھی نکالے جاؤ گے

جاندار سے پیدا کرتا ہے۔ وہی زمین کو اُس کے مردہ ہو جانے کے بعد زندہ کرتا ہے۔ اسی طرح تم لوگ قبروں سے نکالے جاؤ گے۔

وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنْ خَلَقَكُمْ مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ اِذَآ اَنْتُمْ بَشَرٌ

اور ہے سے | اسی کی نشانیوں | یہ کہ | اس نے پیدا کیا تمہیں | سے | مٹی | پھر | یکا یک | تم | آدمی ہو

یہ بھی اللہ کی نشانیوں میں سے ہے کہ اُس نے تمہیں مٹی سے پیدا کیا۔ پھر تم انسان بنے،

تَنْتَشِرُوْنَ ﴿20﴾ وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنْ خَلَقَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا

تم پھیلتے جا رہے ہو | اور سے | اس کی نشانیوں | یہ کہ | اس نے پیدا کیں | تمہارے لئے | سے | جنس تمہاری | بیویاں

روئے زمین پر پھیلے ہوئے۔ اور اس کی نشانیوں میں سے ہے کہ اُس نے تمہاری جنس سے تمہارے جوڑے پیدا کئے

لِّتَسْكُنُوْٓا اِلَيْهَا وَجَعَلَ بَيْنَكُمْ مَّوَدَّةً وَّرَحْمَةً ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ

تا کہ تم سکون پاؤ | اُن کی طرف | اور کردی | تمہارے درمیان | محبت | اور مہربانی | بیشک | میں | اس

تا کہ ان سے سکون حاصل کرو اور اس نے تمہارے درمیان محبت اور الفت پیدا کی۔ بے شک اس میں

لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿21﴾ وَمِنْ اٰيٰتِهٖ خَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

ضرور نشانیاں ہیں | ان لوگوں کے لئے جو | غور کرتے ہیں | اور سے | اس کی نشانیوں | پیدا کرنا | آسمانوں کو | اور زمین کو

بہت سی نشانیاں ہیں ان لوگوں کے لئے جو غور کرتے ہیں۔ اور اس کی نشانیوں میں سے ہے آسمانوں اور زمین کا پیدا ہونا

وَاخْتِلَافُ اَلْسِنَتِكُمْ وَاَلْوَانِكُمْ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّلْعٰلِمِيْنَ ﴿22﴾

اور مختلف ہونا | تمہاری زبانوں کا | اور تمہاری رنگتوں کا | بیشک | میں | اس | ضرور نشانیاں ہیں | جاننے والوں کے لئے

اور تمہاری بولیوں اور تمہاری رنگت کا مختلف ہونا۔ بے شک اس میں علم والوں کے لئے بہت سی نشانیاں ہیں۔

وَمِنْ اٰيٰتِهٖ مَنَامُكُمْ بِالَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَابْتِغَاۗؤُكُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ۭ اِنَّ

اور سے | اسکی نشانیوں | نیند کرنا تمہارا | رات کو | اور دن کو | اور تلاش کرنا تمہارا | سے | اس کے فضل | بیشک

اور اس کی نشانیوں میں سے ہے تمہارا رات کو سونا اور دن کو اللہ کا فضل تلاش کرنا۔ بے شک

فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّسْمَعُوْنَ ﴿23﴾ وَمِنْ اٰيٰتِهٖ يُرِيْكُمُ الْبَرْقَ

میں | اس | ضرور نشانیاں ہیں | ان لوگوں کے لئے | جو سنتے ہیں | اور سے | اس کی نشانیوں | وہ دکھاتا ہے تمہیں | بجلی

اس میں بہت سی نشانیاں ہیں ان لوگوں کے لئے جو سنتے سمجھتے ہیں۔ اور اس کی نشانیوں میں سے ہے کہ وہ تمہیں بجلی کی چمک دکھاتا

خَوْفًا وَّطَمَعًا وَّيُنَزِّلُ مِنَ السَّمَاۗءِ مَاۗءً فَيُحْيٖ بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ

ڈرانے کے لیے | اور امید دلانے کیلئے | اور وہ اتارتا ہے | سے | آسمان | پانی | تا کہ وہ زندہ کرے | اس سے | زمین کو | بعد

ہے جو تمہارے اندر خوف بھی پیدا کرتی ہے اور اُمید بھی لاتی ہے۔ وہ آسمان سے پانی برساتا ہے پھر اس سے مردہ زمین کو

مَوْتِهَا ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ﴿24﴾ وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنْ

اس کے مردہ ہونے کے | بیشک | میں | اس | ضرور نشانیاں ہیں | ان کے لئے | جو سمجھیں | اور سے | اس کی نشانیوں | کہ

زندہ کرتا ہے۔ بے شک اس میں بہت سی نشانیاں ہیں ان لوگوں کے لئے جو عقل سے کام لیتے ہیں۔ اور اس کی نشانیوں میں

تَقُوْمَ السَّمَآءُ وَالْاَرْضُ بِاَمْرِهٖ ۭ ثُمَّ اِذَا دَعَاكُمْ دَعْوَةً ڰ مِّنَ

قائم ہے | آسمان | اورزمین | اس کے حکم سے | پھر | جب | وہ پکارے گا تمہیں | ایک پکار | سے

سے یہ ہے کہ آسمان اور زمین اسی کے حکم سے قائم ہیں۔ پھر جب وہ تمہیں ایک بار پکارے گا تم اسی وقت زمین

الْاَرْضِ ڰ اِذَآ اَنْتُمْ تَخْرُجُوْنَ ﴿25﴾ وَلَهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ

زمین | اچانک | تم | نکلو گے | اوراسی کا ہے | جو کچھ ہے | میں | آسمانوں | اورزمین میں

سے نکل پڑو گے۔ اور آسمانوں اور زمین میں جو بھی ہے اسی کا ہے۔

كُلٌّ لَّهٗ قٰنِتُوْنَ ﴿26﴾ وَهُوَ الَّذِيْ يَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ وَهُوَ

سب ہیں | اسی کے | فرماں بردار | اوروہی ہے | جو | آغاز کرتا ہے | پیدائش کا | پھر | لوٹادے گا اسے | اوروہ ہے

سب اسی کے تابع ہیں۔ اور وہی ہے جو پہلی بار پیدا کرتا ہے۔ پھر وہی دوبارہ پیدا کرے گا اور یہ اس کے لئے

اَهْوَنُ عَلَيْهِ ۭ وَلَهُ الْمَثَلُ الْاَعْلٰى فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ

زیادہ آسان | اس پر | اوراسکی ہے | صفت | بلند | میں | آسمانوں | اورزمین | اوروہ ہے

زیادہ آسان ہے آسمانوں اور زمین میں اسی کی شان سب سے بلند ہے۔ وہ

الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿27﴾ ع ضَرَبَ لَكُمْ مَّثَلًا مِّنْ اَنْفُسِكُمْ ۭ هَلْ لَّكُمْ

ع 3/8/6

بڑا غالب | خوب حکمت والا | اس نے بیان کی | تمہارے لئے | مثال | سے | تمہارے نفسوں | کیا | تمہارے لئے ہیں

غالب اور حکمت والا ہے۔ لوگو اللہ تمہارے لئے خود تمہارے حوالے سے ایک مثال بیان کرتا ہے۔ کیا تمہارے غلاموں

مِّنْ مَّا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ مِّنْ شُرَكَاۗءَ فِيْ مَا رَزَقْنٰكُمْ فَاَنْتُمْ فِيْهِ

سے | اس چیز جو | مالک ہوئے | تمہارے دائیں ہاتھ | کچھ حصے دار | اس میں جو | ہم نے دیا ہے تمہیں | پس تم ہو | اس میں

میں کوئی تمہارے اُس مال میں شریک ہے جو ہم نے تمہیں دیا کہ تم اور وہ اس میں

سَوَاۗءٌ تَخَافُوْنَهُمْ كَخِيْفَتِكُمْ اَنْفُسَكُمْ ۭ كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ

برابر | کہ تم ڈرتے ہو ان سے | جیسے ڈرنا تمہارا | خود اپنوں سے | اس طرح | ہم کھول کر بیان کرتے ہیں | نشانیاں | ان کے لئے

برابر ہو جاؤ اور کیا جس طرح تم اپنوں کا لحاظ کرتے ہو اس طرح اُن کا بھی لحاظ کرتے ہو؟ اس طرح ہم آیتیں کھول کر بیان کرتے ہیں

يَّعْقِلُوْنَ ﴿28﴾ بَلِ اتَّبَعَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اَهْوَاۗءَهُمْ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۚ فَمَنْ

جو سمجھتے ہیں | بلکہ | پیروی کی | انہوں نے جو | ظالم ہیں | اپنی خواہشوں کی | بغیر | علم کے | پس کون

ان لوگوں کے لئے جو عقل سے کام لیتے ہیں۔ مگر ظالم لوگ بغیر دلیل کے اپنی خواہشوں کے پیچھے چلتے ہیں، پھر اسے کون

يَّهْدِيْ مَنْ اَضَلَّ اللّٰهُ ؕ وَمَا لَهُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ﴿29﴾ فَاَقِمْ وَجْهَكَ

ہدایت دے | اسے جسے | گمراہ کرے | اللہ | اور نہیں | ان کے لئے | کوئی | مددگار | پس سیدھا کر | اپنا چہرہ

ہدایت دے سکتا ہے جسے اللہ نے بھٹکا دیا ہو؟ ایسے لوگوں کا کوئی مددگار نہ ہوگا جو انہیں عذاب سے بچا سکے۔ لہٰذا اے نبی ﷺ

لِلدِّيْنِ حَنِيْفًا ؕ فِطْرَتَ اللّٰهِ الَّتِيْ فَطَرَ النَّاسَ عَلَيْهَا ؕ

عبادت کے لئے | یکسو ہوکر | فطرت | اللہ کی | جس پر | اس نے پیدا کیا | لوگوں کو | اُس پر

آپ ﷺ یکسو ہوکر اپنا رخ اس دین کی طرف رکھیں جو توحید کا فطری دین ہے جس پر اللہ نے سب لوگوں کو پیدا کیا۔

لَا تَبْدِيْلَ لِخَلْقِ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ ۙ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ

نہیں کوئی تبدیلی | پیدا کرنے میں | اللہ کے | یہ ہے | دین | سیدھا | اور لیکن | اکثر | لوگ

اور اے لوگو! اللہ کی بنائی ہوئی فطرت کو تبدیل نہ کرو۔ یہی سیدھا دین ہے۔ لیکن اکثر لوگ

لَا يَعْلَمُوْنَ ۙ ﴿30﴾ مُنِيْبِيْنَ اِلَيْهِ وَاتَّقُوْهُ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَلَا تَكُوْنُوْا

نہیں | جانتے | رجوع کرتے ہوئے | اسی کی طرف | اور تم ڈرو اس سے | اور تم قائم کرو | نماز کو | اور نہ | تم ہو

نہیں جانتے۔ لوگو اسی اللہ کی طرف رجوع کرو۔ اسی سے ڈرو۔ نماز کی پابندی کرو اور ان مشرکوں میں

مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۙ ﴿31﴾ مِنَ الَّذِيْنَ فَرَّقُوْا دِيْنَهُمْ وَكَانُوْا شِيَعًا ؕ كُلُّ

سے | مشرکوں | ان لوگوں سے جنہوں نے | ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالا | اپنے دین کو | اور وہ ہوئے | فرقہ فرقہ | ہر

سے نہ بنو جنہوں نے اپنے دین کو ٹکڑے ٹکڑے کر لیا اور بہت سے فرقے بنا لئے۔ ہر فرقہ

حِزْبٍۭ بِمَا لَدَيْهِمْ فَرِحُوْنَ ﴿32﴾ وَاِذَا مَسَّ النَّاسَ ضُرٌّ دَعَوْا

فرقہ | اس پر جو | اس کے پاس ہے | خوش ہے | اور جب | پہنچتی ہے | لوگوں کو | کوئی تکلیف | وہ پکارتے ہیں

اپنے ہی طریقے پر نازاں ہے۔ جب لوگوں کو کوئی تکلیف پہنچتی ہے وہ اپنے رب کی طرف رجوع کر کے

رَبَّهُمْ مُّنِيْبِيْنَ اِلَيْهِ ثُمَّ اِذَا اَذَاقَهُمْ مِّنْهُ رَحْمَةً اِذَا فَرِيْقٌ

اپنے رب کو | رجوع کرتے ہوئے | اسی کی طرف | پھر | جب | وہ چکھاتا ہے انکو | اس سے | رحمت | اچانک | کچھ لوگ

اسے پکارتے ہیں۔ پھر جب اللہ انہیں اپنی رحمت سے نوازتا ہے تو ان میں سے ایک گروہ اپنے رب

مِّنْهُمْ بِرَبِّهِمْ يُشْرِكُوْنَ ۙ ﴿33﴾ لِيَكْفُرُوْا بِمَآ اٰتَيْنٰهُمْ ؕ فَتَمَتَّعُوْا ۫ وقفة فَسَوْفَ

ان میں سے | اپنے رب کے ساتھ | شریک ٹھہراتے ہیں | تاکہ ناشکری کریں | اس کی جو | ہم نے دیا انکو | پس تم فائدہ اٹھالو | پھر جلد

کے شریک بنانے لگتا ہے۔ اِس طرح ہماری دی ہوئی نعمتوں کی ناشکری کرتا ہے۔ اچھا، چند دن عیش کر لو، عنقریب

تَعۡلَمُوۡنَ ﴿۳۴﴾ اَمۡ اَنۡزَلۡنَا عَلَيۡهِمۡ سُلۡطٰنًا فَهُوَ يَتَكَلَّمُ بِمَا كَانُوۡا بِهٖ

تم جانو گے | کیا | ہم نے اتاری | ان پر | کوئی دلیل | پھر وہ | بات کرتے ہیں | اس سے جو | وہ ہیں | اس کے ساتھ

تمہیں معلوم ہو جائے گا۔ کیا ہم نے ان پر کوئی ایسی دلیل اتاری ہے جو انہیں شرک کی

يُشۡرِكُوۡنَ ﴿۳۵﴾ وَاِذَاۤ اَذَقۡنَا النَّاسَ رَحۡمَةً فَرِحُوۡا بِهَا ؕ وَاِنۡ تُصِبۡهُمۡ

شریک ٹھہراتے | اور جب | ہم چکھائیں | لوگوں کو | رحمت | وہ خوش ہوتے ہیں | اس سے | اور اگر | پہنچے انکو

تعلیم دیتی ہو؟ لوگوں کو جب ہم کوئی نعمت دیتے ہیں وہ اس پر پھول جاتے ہیں۔ اگر ان کے اعمال کی

سَيِّئَةٌ ۢ بِمَا قَدَّمَتۡ اَيۡدِيۡهِمۡ اِذَا هُمۡ يَقۡنَطُوۡنَ ﴿۳۶﴾ اَوَلَمۡ يَرَوۡا

کوئی تکلیف | اس پر جو | آگے بھیجا | ان کے ہاتھوں نے | فوراً | وہ | مایوس ہو جاتے ہیں | کیا | نہیں | انہوں نے دیکھا

وجہ سے انہیں کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو مایوس ہو کر بیٹھ جاتے ہیں۔ کیا وہ دیکھتے نہیں اللہ جسے

اَنَّ اللّٰهَ يَبۡسُطُ الرِّزۡقَ لِمَنۡ يَّشَآءُ وَيَقۡدِرُ ؕ اِنَّ فِىۡ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ

بے شک | اللہ | زیادہ دیتا ہے | روزی | جس کو | وہ چاہے | اور کم دیتا ہے | بیشک | میں | اس | البتہ نشانیاں ہیں

چاہتا ہے زیادہ روزی دیتا ہے اور جسے چاہتا ہے کم دیتا ہے۔ بے شک اس میں ایمان والوں کے لئے

لِّقَوۡمٍ يُّؤۡمِنُوۡنَ ﴿۳۷﴾ فَاٰتِ ذَا الۡقُرۡبٰى حَقَّهٗ وَالۡمِسۡكِيۡنَ وَابۡنَ السَّبِيۡلِ ؕ

ان لوگوں کیلئے جو | ایمان لائیں | پس تو دے | رشتہ دار کو | اس کا حق | اور مسکین کو | اور مسافر کو

بہت سی نشانیاں ہیں۔ لہٰذا تم اپنے رشتہ دار کو، مسکین کو اور مسافر کو ان کا حق دو۔

ذٰلِكَ خَيۡرٌ لِّلَّذِيۡنَ يُرِيۡدُوۡنَ وَجۡهَ اللّٰهِ ۖ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الۡمُفۡلِحُوۡنَ ﴿۳۸﴾

یہ ہے | بہتر | ان کے لئے جو | چاہتے ہیں | رضا | اللہ کی | اور وہ لوگ | وہی ہیں | فلاح پانے والے

یہ بہتر ہے ان لوگوں کے لئے جو اللہ کی رضا چاہتے ہیں۔ ایسے لوگ ہی فلاح پائیں گے۔

وَمَاۤ اٰتَيۡتُمۡ مِّنۡ رِّبًا لِّيَرۡبُوَا۟ فِىۡۤ اَمۡوَالِ النَّاسِ فَلَا يَرۡبُوۡا عِنۡدَ

اور جو کچھ | تم دیتے ہو | سے | سود | تا کہ وہ بڑھے | میں | مالوں | لوگوں کے | پس نہیں | وہ بڑھتا | پاس

جو سودی قرض تم دیتے ہو تا کہ دوسرے لوگوں کے مال میں شامل ہو کر وہ بڑھ جائے تو اللہ کے نزدیک وہ

اللّٰهِ ۚ وَمَاۤ اٰتَيۡتُمۡ مِّنۡ زَكٰوةٍ تُرِيۡدُوۡنَ وَجۡهَ اللّٰهِ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ

اللہ کے | اور جو کچھ | تم دیتے ہو | سے | زکوٰۃ | تم چاہتے ہوئے | رضا | اللہ کی | پس ایسے لوگ | وہی ہیں

نہیں بڑھتا۔ لیکن جو زکوٰۃ تم اللہ کی رضا کے لئے دیتے ہو تو ایسے لوگ اللہ کے ہاں اپنا

الْمُضْعِفُوْنَ ﴿39﴾ اَللّٰهُ الَّذِیْ خَلَقَكُمْ ثُمَّ رَزَقَكُمْ ثُمَّ یُمِیْتُكُمْ ثُمَّ

کئی گنا بڑھانے والے | اللہ وہ ہے | جس نے | پیدا کیا تمہیں | پھر | اس نے رزق دیا تمہیں | پھر | وہ موت دے گا تمہیں | پھر

مال بڑھا رہے ہیں۔ لوگو اللہ نے تمہیں پیدا کیا۔ وہی تمہیں روزی دیتا ہے۔ وہی تمہیں موت دے گا۔ پھر وہی تمہیں دوبارہ زندہ

یُحْیِیْكُمْ ؕ هَلْ مِنْ شُرَكَآىِٕكُمْ مَّنْ یَّفْعَلُ مِنْ ذٰلِكُمْ مِّنْ شَیْءٍ ؕ

وہ زندہ کرے گا تمہیں | کیا ہے | سے | تمہارے شریکوں | کوئی جو | کرے | سے | اس میں | بھی | کچھ

کرے گا۔ کیا تمہارے بنائے ہوئے شریکوں میں کوئی ہے جو ایسا کام کر سکے؟

سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا یُشْرِكُوْنَ ﴿40﴾ ع ظَهَرَ الْفَسَادُ فِی الْبَرِّ وَالْبَحْرِ بِمَا

(ع 4 13 7)

پاک ہے وہ | اور بلند ہے | اس سے جو | وہ شریک ٹھہراتے ہیں | ظاہر ہوا | فساد | میں | خشکی | اور تری | بوجہ جو

اللہ پاک اور برتر ہے۔ اُس شرک سے جو یہ لوگ کرتے ہیں۔ لوگوں کے برے اعمال کی وجہ سے خشکی اور تری میں

كَسَبَتْ اَیْدِی النَّاسِ لِیُذِیْقَهُمْ بَعْضَ الَّذِیْ عَمِلُوْا لَعَلَّهُمْ

کمایا | ہاتھوں نے | لوگوں کے | تاکہ وہ چکھائے انکو | کچھ اسکا | جو | انہوں نے کیا | شاید کہ وہ

فساد پھیل گیا ہے تاکہ اللہ انہیں ان کے بعض اعمال کی سزا دے، شاید وہ

یَرْجِعُوْنَ ﴿41﴾ قُلْ سِیْرُوْا فِی الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَیْفَ كَانَ عَاقِبَةُ

وہ باز آئیں | کہہ دیجئے | سیر کرو | میں | زمین | پھر تم دیکھو | کیسے | ہوا | انجام

باز آ جائیں۔ اے نبی ﷺ آپ ﷺ ان لوگوں سے کہیں ''زمین میں چلو پھرو اور دیکھو اُن لوگوں کا کیا انجام ہوا

الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلُ ؕ كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّشْرِكِیْنَ ﴿42﴾ فَاَقِمْ وَجْهَكَ

انکا جو تھے | سے | پہلے | وہ تھے | اکثر انکے | مشرک | پس سیدھا کر تو | منہ اپنا

جو ان سے پہلے ہو گزرے ہیں۔ ان میں سے اکثر مشرک تھے۔'' لہٰذا اس سے پہلے کہ اللہ کی طرف

لِلدِّیْنِ الْقَیِّمِ مِنْ قَبْلِ اَنْ یَّاْتِیَ یَوْمٌ لَّا مَرَدَّ لَهٗ مِنَ اللّٰهِ

دین کے لئے | سیدھے | اس سے | پہلے | کہ | آئے | وہ دن | نہیں | ٹلنا | اس کا | سے | اللہ

سے وہ اٹل دن آ جائے تم اپنا رخ دینِ حق کی طرف سیدھا رکھو۔ اُس دن لوگ جدا

یَوْمَىِٕذٍ یَّصَّدَّعُوْنَ ﴿43﴾ مَنْ كَفَرَ فَعَلَیْهِ كُفْرُهٗ ۚ وَمَنْ عَمِلَ صَالِحًا

اس دن | وہ الگ الگ ہو جائیں گے | جس نے | کفر کیا | تو اس پر ہے | اس کا کفر | اور جو کوئی | عمل کرے | نیک

جدا ہو جائیں گے۔ جو شخص کفر کرتا ہے اس کے کفر کا وبال اسی پر ہے، اور جو نیک عمل کر رہے ہیں

فَلِاَنْفُسِهِمْ يَمْهَدُوْنَ ﴿٤٤﴾ لِيَجْزِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنْ

تو وہ اپنے لئے | وہ جگہ بناتے ہیں | تاکہ وہ بدلہ دے | انکو جو | ایمان لائے | اور عمل کئے | اچھے | سے

وہ اپنے ہی کام کی تیاری کر رہے ہیں۔ تاکہ اللہ ایمان لانے والوں اور نیک عمل کرنے والوں کو اپنے

فَضْلِهٖ ؕ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْكٰفِرِيْنَ ﴿٤٥﴾ وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنْ يُّرْسِلَ الرِّيَاحَ

اپنے فضل | بیشک وہ | نہیں | پسند کرتا | کافروں کو | اور سے | اس کی نشانیوں | کہ | وہ بھیجتا ہے | ہواؤں کو

فضل سے جزا دے۔ لیکن کافروں کو اللہ پسند نہیں کرتا۔ اور اللہ کی نشانیوں میں سے ہے کہ وہ ہوائیں بھیجتا

مُبَشِّرٰتٍ وَّلِيُذِيْقَكُمْ مِّنْ رَّحْمَتِهٖ وَلِتَجْرِيَ الْفُلْكُ بِاَمْرِهٖ

خوشخبری دیتی ہوئیں | اور تاکہ وہ چکھائے تمہیں | سے | اپنی رحمت | اور تاکہ چلیں | کشتیاں | اس کے حکم سے

ہے جو بارش کی خوشخبری لاتی ہیں تاکہ اللہ تمہیں اپنی رحمت سے نوازے اور ان ہواؤں کے ذریعے کشتیاں اللہ کے حکم سے چلتی ہیں

وَلِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿٤٦﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مِنْ

اور تاکہ تم ڈھونڈو | سے | فضل اسکے | اور تاکہ تم | تم شکر کرو | اور بیشک | ہم نے بھیجے | سے

تاکہ تم اللہ کا فضل تلاش کرو اور اس کا شکر ادا کیا کرو۔ اے نبی ﷺ ہم نے آپ ﷺ سے پہلے بہت سے رسولوں

قَبْلِكَ رُسُلًا اِلٰى قَوْمِهِمْ فَجَآءُوْهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَانْتَقَمْنَا مِنَ الَّذِيْنَ

پہلے تجھ | رسول | طرف | ان کی قوم | پھر وہ آئے انکے پاس | نشانیوں کے ساتھ | پھر ہم نے انتقام لیا | ان سے | جو

کو ان کی قوموں کی طرف بھیجا۔ جو ان کے پاس کھلی نشانیاں لے کر آئے۔ پھر ہم نے جرم کرنے والوں سے

اَجْرَمُوْا ؕ وَكَانَ حَقًّا عَلَيْنَا نَصْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٤٧﴾ اَللّٰهُ الَّذِيْ يُرْسِلُ

جرم کرتے تھے | اور تھا | لازم | ہم پر | مدد کرنا | ایمان والوں کی | اللہ | وہی ہے جو | بھیجتا ہے

انتقام لیا۔ لیکن مومنوں کی مدد کرنا ہماری ذمہ داری ہے۔ اللہ ہواؤں کو بھیجتا

الرِّيٰحَ فَتُثِيْرُ سَحَابًا فَيَبْسُطُهٗ فِي السَّمَآءِ كَيْفَ يَشَآءُ وَيَجْعَلُهٗ

ہواؤں کو | پھر وہ اٹھاتی ہیں | بادل | پھر وہ پھیلاتا ہے اسے | میں | آسمان | جیسے | وہ چاہے | اور کرتا ہے اسے

ہے جو بادل کو اٹھاتی ہیں۔ پھر جس طرح وہ چاہتا ہے بادلوں کو آسمان میں پھیلا دیتا ہے اور انہیں تہہ بہ تہہ

كِسَفًا فَتَرَى الْوَدْقَ يَخْرُجُ مِنْ خِلٰلِهٖ ۚ فَاِذَآ اَصَابَ بِهٖ مَنْ

تہہ در تہہ | پھر تو دیکھتا ہے | بارش | نکلتی ہے | سے | اس کے اندر | پھر جب | وہ پہنچاتا ہے | اس کو | جس پر

کرتا ہے۔ پھر تم دیکھتے ہو بادل کے اندر سے بوندیں گرنے لگتی ہیں۔ جب وہ اپنے بندوں میں سے جن

يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖٓ اِذَا هُمْ يَسْتَبْشِرُوْنَ ﴿48﴾ وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلِ

وہ چاہے | سے | اپنے بندوں | اچانک | وہ | خوش ہو جاتے ہیں | اور بیشک | وہ تھے | اس سے | پہلے

پر چاہتا ہے بارش برساتا ہے تو وہ خوش ہو جاتے ہیں۔ حالاں کہ اس سے پہلے وہ بارش کی طرف

اَنْ يُّنَزَّلَ عَلَيْهِمْ مِّنْ قَبْلِهٖ لَمُبْلِسِيْنَ ﴿49﴾ فَانْظُرْ اِلٰٓى اٰثٰرِ رَحْمَتِ

کہ | اتارا جائے | ان کے اوپر | سے | اس کے پہلے | البتہ مایوس | پس تو دیکھ | طرف | نشانیوں کی | رحمت

سے بالکل مایوس ہو چکے ہوتے ہیں۔ پھر تم اللہ کی رحمت کے آثار دیکھو وہ

اللّٰهِ كَيْفَ يُحْيِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ۭ اِنَّ ذٰلِكَ لَمُحْيِ الْمَوْتٰى ۚ

اللہ کی | کیسے | وہ زندہ کرتا ہے | زمین کو | بعد | اس کے مردہ ہونے کے | بیشک | وہ | البتہ زندہ کرنیوالا ہے | مردوں کو

کس طرح مردہ زمین کو زندہ کرتا ہے۔ بے شک وہی مردوں کو زندہ کرے گا۔

وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿50﴾ وَلَىِٕنْ اَرْسَلْنَا رِيْحًا فَرَاَوْهُ مُصْفَرًّا

اور وہ | اوپر | ہر | چیز کے ہے | قادر | اور البتہ اگر | ہم بھیجیں | سخت ہوا | پھر وہ دیکھیں اسے | زرد کھیتی

وہ ہر چیز پر قادر ہے، اور اگر ہم ایسی آندھی بھیج دیں جس سے لوگ اپنی کھیتی کو زرد اور خراب ہوتا دیکھیں

لَّظَلُّوْا مِنْۢ بَعْدِهٖ يَكْفُرُوْنَ ﴿51﴾ فَاِنَّكَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتٰى وَلَا تُسْمِعُ

تو لگ جائیں | سے | اس کے بعد | کفر کرنے | پس بیشک تو | نہیں | سناتا | مردوں کو | اور نہیں | تو سناتا

تو پھر مایوس ہو جائیں گے۔ اے نبی ﷺ آپ ﷺ مردوں کو نہیں سنا سکتے، نہ بہروں کو سنا سکتے ہیں

الصُّمَّ الدُّعَاۗءَ اِذَا وَلَّوْا مُدْبِرِيْنَ ﴿52﴾ وَمَآ اَنْتَ بِهٰدِ الْعُمْيِ عَنْ

بہروں کو | پکارنا | جب | وہ پھر جائیں | پیٹھ پھیر کر | اور نہیں | تو | راہ دکھانے والا | اندھوں کو | سے

جبکہ وہ پیٹھ پھیر کر چلے جا رہے ہوں، نہ آپ ﷺ اندھوں کو ان کی گمراہی سے نکال کر راہِ راست پر

ضَلٰلَتِهِمْ ۭ اِنْ تُسْمِعُ اِلَّا مَنْ يُّؤْمِنُ بِاٰيٰتِنَا فَهُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿53﴾ ع

ان کی گمراہی | نہیں | تو سناتا | مگر | اسے جو | ایمان لاتا ہے | ہماری آیتوں پر | پھر وہ | مسلمان ہیں

لا سکتے ہیں۔ آپ ﷺ صرف اسے سنا سکتے ہیں جو ہماری آیتوں پر ایمان لانے والا ہو اور ایسے لوگ ہی فرماں برداری اختیار کرتے

5 ع 13 8

اَللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ ضَعْفٍ ثُمَّ جَعَلَ مِنْۢ بَعْدِ ضَعْفٍ قُوَّةً

اللہ | وہی ہے جس نے | پیدا کیا تمہیں | سے | ناتوانی | پھر | کر دی | سے | بعد | ناتوانی کے | قوت

ہیں۔ اللہ نے تمہیں پیدا کیا جبکہ تم کمزور تھے۔ پھر کمزوری کے بعد قوت دی۔

قرأۃ حفص بضم الضاد وفتحها في الثلاثة

ثُمَّ جَعَلَ مِنْۢ بَعْدِ قُوَّةٍ ضَعْفًا وَّشَيْبَةً ۭ يَخْلُقُ مَا يَشَاۗءُ ۚ وَهُوَ

پھر | کردی | سے | بعد | قوت کے | کمزوری | اور بڑھاپا | وہ پیدا کرتا ہے | جو | وہ چاہتا ہے | اور وہ ہے

پھر قوت کے بعد کمزوری اور بڑھاپا طاری کر دیا۔ وہ جو چاہتا ہے پیدا کرتا ہے۔ وہ علم والا

الْعَلِيْمُ الْقَدِيْرُ ﴿54﴾ وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ يُقْسِمُ الْمُجْرِمُوْنَ ڏ مَا

خوب جاننے والا | بڑا قادر | اور جس دن | قائم ہوگی | گھڑی قیامت کی | قسم کھائیں گے | مجرم لوگ | نہیں

قدرت والا ہے۔ جس دن قیامت برپا ہو گی تو مجرم لوگ قسم کھا کر کہیں گے

لَبِثُوْا غَيْرَ سَاعَةٍ ۭ كَذٰلِكَ كَانُوْا يُؤْفَكُوْنَ ﴿55﴾ وَقَالَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا

وہ رہے | مگر | ایک گھڑی | اسی طرح | وہ تھے | وہ پھیرے جاتے | اور کہیں گے | وہ لوگ جو | دیئے گئے

وہ دنیا میں ایک گھڑی سے زیادہ نہیں رہے۔ اسی طرح پہلے بھی اُن کی عقلیں ماری گئی تھیں۔ اور جن لوگوں کو

الْعِلْمَ وَالْاِيْمَانَ لَقَدْ لَبِثْتُمْ فِيْ كِتٰبِ اللّٰهِ اِلٰى يَوْمِ الْبَعْثِ ۡ

علم | اور ایمان | بیشک | تم رہے ہو | میں | کتاب | اللہ کی | تک | دن | قیامت کے

علم اور ایمان عطا ہوا، وہ کہیں گے تم اللہ کے حساب کے مطابق روزِ حشر تک پڑے رہے۔

فَهٰذَا يَوْمُ الْبَعْثِ وَلٰكِنَّكُمْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿56﴾ فَيَوْمَىِٕذٍ

پس یہ ہے | دن | (دوبارہ) اٹھنے کا | اور لیکن تم | تم تھے | نہ | تم جانتے | پھر اس دن

یہ وہی حشر کا دن ہے لیکن تم جانتے نہ تھے۔ پھر اُس دن ظالموں کو نہ ان کی

لَّا يَنْفَعُ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مَعْذِرَتُهُمْ وَلَا هُمْ يُسْتَعْتَبُوْنَ ﴿57﴾ وَلَقَدْ

نہ نفع دے گی | انکو جو | ظالم ہیں | اُن کی معذرت | اور نہ | وہ | ان کی توبہ قبول ہوگی | اور بیشک

معذرت کام آئے گی اور نہ ان کی معافی ہوگی۔ ہم نے اس

ضَرَبْنَا لِلنَّاسِ فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ ۭ وَلَىِٕنْ جِئْتَهُمْ

ہم نے بیان کی | لوگوں کے لئے | میں | اس | قرآن | سے | ہر | مثال | اور البتہ اگر | تو لائے انکے پاس

قرآن میں لوگوں کے لئے ہر طرح کی مثالیں بیان کیں۔ اے نبی ﷺ اگر آپ ﷺ ان کے پاس

بِاٰيَةٍ لَّيَقُوْلَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا مُبْطِلُوْنَ ﴿58﴾ كَذٰلِكَ

کوئی نشانی | البتہ ضرور وہ کہیں گے | جو | کافر ہیں | نہیں | تم | مگر | جھوٹے | اسی طرح

کوئی معجزہ لے آئیں تب بھی کافر کہیں گے ”تم لوگ جھوٹے ہو“ اسی طرح

يَطْبَعُ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿59﴾ فَاصْبِرْ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ

مہر لگا دیتا ہے | اللہ | پر | دلوں | انکے جو | نہیں | جانتے | پس تو صبر کر | بیشک | وعدہ | اللہ کا

اللہ ان لوگوں کے دلوں پر مہر لگا دیتا ہے جو جاننا نہیں چاہتے۔ لہٰذا اے نبی ﷺ! آپ ﷺ صبر کریں۔ بے شک اللہ کا

حَقٌّ وَّلَا يَسْتَخِفَّنَّكَ الَّذِيْنَ لَا يُوْقِنُوْنَ ﴿60﴾ ع

سچا ہے | اور نہ | ہلکا اور کمزور کریں تجھے | وہ لوگ جو | نہیں | یقین رکھتے۔

وعدہ سچا ہے۔ ایسا نہ ہو کہ بے یقین لوگ آپ ﷺ کا حوصلہ پست کر دیں۔

(31) سُوْرَةُ لُقْمٰنَ مَكِّيَّةٌ (57)

اٰیَاتُھَا 34 رُكُوْعَاتُھَا 4

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

الٓمّٓ ﴿1﴾ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْحَكِيْمِ ﴿2﴾ هُدًى وَّرَحْمَةً لِّلْمُحْسِنِيْنَ ﴿3﴾

الٓمّٓ | یہ | آیتیں ہیں | کتاب | حکمت والی کی | رہنمائی ہے | اور رحمت ہے | نیکی کرنیوالوں کے لئے

الٓمّٓ یہ حکمت بھری کتاب کی آیتیں ہیں جو اُن نیکی کرنے والوں کے لئے ہدایت اور رحمت ہے

الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ

جو کہ | قائم کرتے ہیں | نماز | اور وہ دیتے ہیں | زکوٰۃ | اور وہ | آخرت پر | وہی

جو نماز قائم کرتے ہیں۔ زکوٰۃ ادا کرتے ہیں اور آخرت پر یقین

يُوْقِنُوْنَ ﴿4﴾ اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿5﴾

یقین رکھتے ہیں | وہی ہیں | پر | ہدایت | طرف سے | اپنے رب کی | اور وہ ہیں | وہی | کامیاب

رکھتے ہیں۔ یہی لوگ اپنے رب کے سیدھے راستے پر ہیں اور یہی فلاح پانے والے ہیں۔

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْتَرِيْ لَهْوَ الْحَدِيْثِ لِيُضِلَّ عَنْ سَبِيْلِ

اور سے | لوگوں | جو | خریدتا ہے | غافل کرنے والی | بات کو | تا کہ وہ گمراہ کرے | سے | راہ

بعض لوگ ایسی باتوں کے خریدار بنتے ہیں جو اللہ سے غافل کرنے والی ہیں تا کہ وہ دوسرے کو بھی اللہ کی راہ سے

اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۖ وَّيَتَّخِذَهَا هُزُوًا ۭ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ﴿6﴾

اللہ کی | بغیر | علم کے | اور وہ بناتا ہے اسے | مذاق | یہ لوگ | ان کے لئے ہے | عذاب | ذلت والا

بھٹکا دیں۔ ان کے پاس علم بھی نہیں اور وہ دعوتِ حق کا مذاق اڑاتے ہیں۔ ایسے لوگوں کے لئے ذلیل کرنے والا عذاب ہے۔

وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِ اٰيٰتُنَا وَلّٰى مُسْتَكْبِرًا كَاَنْ لَّمْ يَسْمَعْهَا كَاَنَّ

اور جب | پڑھی جائیں | اس پر | ہماری آیتیں | وہ پیٹھ پھیرتا ہے | تکبر کرتے ہوئے | گویا کہ | نہیں | اس نے سنا اسے | گویا کہ

جب انہیں ہماری آیتیں سنائی جاتی ہیں وہ تکبر کرتے ہوئے منہ پھیر لیتے ہیں جیسے انہوں نے سنا ہی نہیں،

فِيْٓ اُذُنَيْهِ وَقْرًا ۚ فَبَشِّرْهُ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿٧﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

میں | اس کے دونوں کانوں | بوجھ ہے | پس خوشخبری دیں اسے | عذاب کی | دردناک | بیشک | جو لوگ | ایمان لائے

جیسے ان کے کانوں کے بہرا پن ہے۔ اے نبی ﷺ ایسے لوگوں کو آپ ﷺ دردناک عذاب کی خوشخبری دیں۔ بے شک جو لوگ

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ جَنّٰتُ النَّعِيْمِ ۙ﴿٨﴾ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ وَعْدَ اللّٰهِ

اور عمل کئے | اچھے | ان کیلئے ہیں | باغات | نعمت والے | ہمیشہ رہنے والے | ان میں | وعدہ | اللہ کا

ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کئے، ان کے لئے نعمت کے باغ ہوں گے جن میں وہ ہمیشہ رہیں گے۔ یہ اللہ کا پختہ

حَقًّا ۭ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿٩﴾ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ بِغَيْرِ عَمَدٍ تَرَوْنَهَا

سچا ہے | اور وہ ہے | نہایت غالب | خوب حکمت والا | اس نے پیدا کیا | آسمانوں کو | بغیر | ستونوں کے | تم دیکھتے ہو جن کو

وعدہ ہے اور وہ غالب اور حکمت والا ہے۔ اللہ نے آسمانوں کو بغیر ستونوں کے بنایا جیسا کہ تم دیکھ رہے ہو۔

وَاَلْقٰى فِي الْاَرْضِ رَوَاسِيَ اَنْ تَمِيْدَ بِكُمْ وَبَثَّ فِيْهَا مِنْ كُلِّ

اور ڈال دیئے | میں | زمین | مضبوط پہاڑ | کہ نہ | وہ تمہیں لڑھکا دے | اور پھیلائے | اس میں | ہر | طرح کے

اُس نے زمین میں پہاڑ رکھ دیئے تا کہ زمین تمہیں لے کر کہیں لڑھک نہ جائے۔ اس نے ہر قسم کے جانور

دَاۗبَّةٍ ۭ وَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَاۗءِ مَاۗءً فَاَنْۢبَتْنَا فِيْهَا مِنْ كُلِّ زَوْجٍ

جاندار | اور ہم نے اتارا | سے | آسمان | پانی | پس ہم نے اُگائی | اس میں | سے | ہر | قسم

پھیلا دیئے۔ ہم نے آسمان سے پانی برسایا اور زمین سے ہر طرح کی عمدہ چیزیں اگائیں۔

كَرِيْمٍ ﴿١٠﴾ هٰذَا خَلْقُ اللّٰهِ فَاَرُوْنِيْ مَاذَا خَلَقَ الَّذِيْنَ مِنْ دُوْنِهٖ ۭ

عمدہ | یہ ہے | تخلیق | اللہ کی | پس تم دکھاؤ مجھے | کیا | پیدا کیا | انہوں نے | جو ہیں | اس کے سوا

اے نبی! آپ ﷺ ان لوگوں سے کہیں ”جب سب کچھ اللہ کا پیدا کیا ہوا ہے تو اے مشرکو! مجھے بتاؤ، اللہ کے سوا تمہارے دوسرے

بَلِ الظّٰلِمُوْنَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿١١﴾ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا لُقْمٰنَ الْحِكْمَةَ اَنِ

ع 1 11 10

بلکہ | ظالم ہیں | میں | گمراہی | کھلی | اور بیشک | ہم نے دی | لقمان کو | دانائی | تا کہ

معبودوں نے کیا پیدا کیا؟“ بلکہ ظالم لوگ کھلی گمراہی میں ہیں۔ اور ہم نے لقمان کو دانائی عطا فرمائی اور

اشْكُرْ لِلّٰهِ ؕ وَمَنْ يَّشْكُرْ فَاِنَّمَا يَشْكُرُ لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ كَفَرَ فَاِنَّ

شکر کرے | اللہ کا | اور جو | شکر کرتا ہے | تو وہ | شکر کرتا ہے | اپنے لئے | اور جو کوئی | ناشکری کرتا ہے | تو بیشک

حکم دیا اللہ کا شکر کرو۔ جو شخص شکر کرتا ہے وہ اپنے لئے شکر کرتا ہے اور جو ناشکری کرے گا تو

اللّٰهَ غَنِيٌّ حَمِيْدٌ ۝12 وَاِذْ قَالَ لُقْمٰنُ لِابْنِهٖ وَهُوَ يَعِظُهٗ يٰبُنَيَّ

اللہ ہے | بے نیاز | تعریف کیا گیا | اور جب | کہا | لقمان نے | اپنے بیٹے کو | اور وہ | نصیحت کر رہا تھا اسے | اے میرے بیٹے

اللہ بے نیاز اور خوبیوں والا ہے۔ اور یاد کرو جب لقمان نے اپنے بیٹے کو نصیحت کرتے ہوئے کہا ''اے میرے بیٹے

لَا تُشْرِكْ بِاللّٰهِ ؕ اِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيْمٌ ۝13 وَوَصَّيْنَا الْاِنْسَانَ

نہ | تو شریک بنا | اللہ کا | بیشک | شرک ہے | البتہ ظلم | بہت بڑا | اور ہم نے تاکید کی | انسان کو

وقف النبی علیہ السلام

کسی کو اللہ کا شریک نہ بنانا۔ بے شک شرک بہت بڑا ظلم ہے۔'' اور ہم نے انسان کو اُس کے ماں باپ سے

بِوَالِدَيْهِ ۚ حَمَلَتْهُ اُمُّهٗ وَهْنًا عَلٰى وَهْنٍ وَّفِصٰلُهٗ فِيْ عَامَيْنِ اَنِ

بارے میں والدین اسکے | اٹھائے رکھا اسے | اس کی ماں نے | تکلیف | پر | تکلیف سے | اور دودھ چھڑانا اسکا | میں | دو برسوں میں | یہ کہ

اچھے سلوک کی تاکید کی......اس کی ماں نے دکھ پر دکھ اٹھا کر اسے پیٹ میں رکھا اور دو سال میں اس کا دودھ چھڑانا ہوا......ہم نے

اشْكُرْ لِيْ وَلِوَالِدَيْكَ ؕ اِلَيَّ الْمَصِيْرُ ۝14 وَاِنْ جَاهَدٰكَ عَلٰٓى اَنْ

النصف

توشکر کرے | میرا | اور اپنے والدین کا | میری طرف ہے | ٹھکانا | اور اگر | وہ دونوں دباؤ ڈالیں | تجھ پر | یہ کہ

انسان کو حکم دیا ''وہ میرا بھی شکر گزار رہے اور اپنے والدین کا بھی''......آخر تم سب کو میرے پاس آنا ہے......لیکن اگر والدین تجھ پر

تُشْرِكَ بِيْ مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ ۙ فَلَا تُطِعْهُمَا وَصَاحِبْهُمَا فِي

توشریک بنائے | میرا | اسے | نہیں ہے | تجھ کو | جس کا | علم | تو نہ | تو اطاعت کر انکی | اور ساتھ بن دونوں کا | میں

دباؤ ڈالیں کہ تو کسی کو میرا شریک بنائے جس کی کوئی دلیل نہیں تو ان کی بات نہ ماننا۔ البتہ دنیا میں ان کے

الدُّنْيَا مَعْرُوْفًا ۡ وَّاتَّبِعْ سَبِيْلَ مَنْ اَنَابَ اِلَيَّ ۚ ثُمَّ اِلَيَّ

دنیا | اچھی طرح سے | اور تو پیروی کر | راہ | اس کی جو | رجوع کرے | میری طرف | پھر | میری طرف ہے

ساتھ نیک برتاؤ کرنا۔ لیکن پیروی ان لوگوں کے طریقے کی کرنا جو میری طرف

مَرْجِعُكُمْ فَاُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝15 يٰبُنَيَّ اِنَّهَا اِنْ تَكُ

تمہارا لوٹنا | پھر میں بتاؤں گا تمہیں | جو کچھ | تم تھے | تم کرتے | اے میرے بیٹے | بیشک عمل | اگر | ہو

رجوع کئے ہوئے ہیں۔ پھر تم سب کو میرے پاس آنا ہے۔ میں تمہیں بتاؤں گا جو کچھ تم کرتے رہے۔ اور لقمان نے کہا ''اے

مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ فَتَكُنْ فِیْ صَخْرَةٍ اَوْ فِی السَّمٰوٰتِ اَوْ

برابر | دانے کے | ایک | رائی کے | پھر وہ ہو | میں | سخت پتھر | یا | میں | آسمانوں | یا

میرے بیٹے کوئی عمل اگر رائی کے دانے کے برابر ہو، خواہ وہ کسی پتھر کے اندر ہو، یا آسمانوں میں ہو،

فِی الْاَرْضِ یَاْتِ بِهَا اللّٰهُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَطِیْفٌ خَبِیْرٌ ﴿16﴾ یٰبُنَیَّ اَقِمِ

میں | زمین | لائے گا | اسے | اللہ | بیشک | اللہ ہے | باریک بیں | باخبر | اے میرے بیٹے | تو قائم کر

یا زمین میں ہو، اللہ اسے حاضر کرے گا۔ بے شک اللہ باریک بیں اور باخبر ہے۔ اے میرے بیٹے! نماز

الصَّلٰوةَ وَاْمُرْ بِالْمَعْرُوْفِ وَانْهَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَاصْبِرْ عَلٰی مَآ

نماز کو | اور حکم دے | بھلائی کا | اور منع کر | سے | برائی | اور تو صبر کر | پر | اس جو

پڑھ۔ اچھے کام کی نصیحت کر۔ برائی سے روک اور جو مصیبت آئے اس پر

اَصَابَكَ ؕ اِنَّ ذٰلِكَ مِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ ﴿17﴾ وَلَا تُصَعِّرْ خَدَّكَ لِلنَّاسِ

پہنچے تکلیف تجھے | بیشک | یہ ہے | سے | بڑے | کاموں | اور نہ | تو پھیر | اپنے گال | سے لوگوں

صبر کر۔ بے شک یہ بڑی ہمت کے کام ہیں۔ اور لوگوں سے بے رُخی نہ کر۔

وَلَا تَمْشِ فِی الْاَرْضِ مَرَحًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا یُحِبُّ كُلَّ مُخْتَالٍ

اور نہ | تو چل | میں | زمین | اکڑ کر | بیشک | اللہ | نہیں | پسند کرتا | ہر | تکبر کرنے والے

زمین پر اکڑ کر نہ چل۔ بے شک اللہ کسی اکڑنے والے اور غرور کرنے والے کو

فَخُوْرٍ ﴿18﴾ وَاقْصِدْ فِیْ مَشْیِكَ وَاغْضُضْ مِنْ صَوْتِكَ ؕ اِنَّ اَنْكَرَ

مغرور کو | اور تو میانہ روی اختیار کر | میں | اپنی چال | اور آہستہ رکھ | کو | اپنی آواز | بیشک | زیادہ ناپسندیدہ

پسند نہیں کرتا۔ اور اپنی چال میں میانہ روی اختیار کر۔ اپنی آواز کو پست کر۔ بے شک سب سے بری

الْاَصْوَاتِ لَصَوْتُ الْحَمِیْرِ ﴿19﴾ اَلَمْ تَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ سَخَّرَ لَكُمْ

آوازوں میں | البتہ آواز ہے | گدھے کی | کیا نہیں | تم نے دیکھا | بے شک | اللہ نے | خدمت میں لگایا | تمہارے لئے

(2 ع 8 11)

آواز گدھے کی آواز ہے۔'' کیا تم نہیں دیکھتے اللہ نے آسمانوں اور زمین کی چیزوں کو

مَّا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ وَاَسْبَغَ عَلَیْكُمْ نِعَمَهٗ ظَاهِرَةً

جو کچھ ہے | میں | آسمانوں | اور جو کچھ ہے | میں | زمین | اور اس نے پوری کیں | تم پر | اپنی نعمتیں | ظاہری

تمہارے کام پر لگا دیا اور اُس نے تم پر اپنی ظاہری اور باطنی نعمتیں پوری

وَّبَاطِنَةً ؕ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُّجَادِلُ فِي اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَّلَا

اور باطنی | اور بعض | لوگ ہیں | جو | جھگڑتے ہیں | بارے میں | اللہ کے | بغیر | علم کے | اور بغیر

کر دیں؟ پھر بھی بعض لوگ اللہ کے بارے میں جھگڑتے ہیں، بغیر علم کے،

هُدًى وَّلَا كِتٰبٍ مُّنِيْرٍ ﴿20﴾ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ اتَّبِعُوْا مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ

ہدایت کے | اور بغیر | کتاب | روشن کے | اور جب | کہا جائے | ان کو | تم پیروی کرو | جو کہ | نازل کیا | اللہ نے

بغیر ہدایت کے اور بغیر روشن کتاب کے۔ جب مشرکوں سے کہا جاتا ہے "پیروی کرو اس چیز کی جو اللہ نے نازل کی ہے"

قَالُوْا بَلْ نَتَّبِعُ مَا وَجَدْنَا عَلَيْهِ اٰبَآءَنَا ؕ اَوَلَوْ كَانَ الشَّيْطٰنُ

وہ کہتے ہیں | بلکہ | ہم پیروی کریں گے | اسکی | ہم نے پایا | جس پر | اپنے باپ دادا کو | کیا اگرچہ | ہو | شیطان

تو کہتے ہیں "نہیں" ہم اس کی پیروی کریں گے جس پر ہم نے اپنے باپ دادا کو پایا۔" کیا وہ پھر بھی ان کی پیروی

يَدْعُوْهُمْ اِلٰى عَذَابِ السَّعِيْرِ ﴿21﴾ وَمَنْ يُّسْلِمْ وَجْهَهٗٓ اِلَى اللّٰهِ

بلاتا ان کو | طرف | عذاب کی | آگ کے | اور جو کوئی | جھکا دے | منہ اپنا | طرف | اللہ کی

کریں گے جبکہ شیطان انہیں دوزخ کے عذاب کی طرف بلا رہا ہو؟ جو شخص اپنا رخ اللہ

وَهُوَ مُحْسِنٌ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى ؕ وَاِلَى اللّٰهِ عَاقِبَةُ

اور وہ | نیکو کار ہو | تو بیشک | اس نے پکڑا | کڑے کو | مضبوط | اور طرف | اللہ کی | نتیجہ ہے

کی طرف کر لے اور وہ نیکو کار بھی ہو تو اس نے مضبوط رسی پکڑ لی۔ اور سارے کاموں کا نتیجہ اللہ

الْاُمُوْرِ ﴿22﴾ وَمَنْ كَفَرَ فَلَا يَحْزُنْكَ كُفْرُهٗ ؕ اِلَيْنَا مَرْجِعُهُمْ

سب کاموں کا | اور جو | کفر کرے | تو نہ | غمگین کرے تجھے | کفر اسکا | ہماری طرف | لوٹنا ہے انکا

کے پاس ہے۔ اے نبی ﷺ جو شخص کفر کرتا ہے آپ ﷺ اس کے کفر کے باعث غمگین نہ ہوں۔ ان سب کو ہمارے پاس آنا ہے۔

فَنُنَبِّئُهُمْ بِمَا عَمِلُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿23﴾ نُمَتِّعُهُمْ

پھر ہم بتائیں گے انکو | جو کچھ | انہوں نے عمل کئے | بیشک | اللہ ہے | جاننے والا | سینوں کی باتوں کو | ہم فائدہ دیں گے انکو

پھر ہم انہیں بتائیں گے جو کچھ انہوں نے کیا۔ بے شک اللہ دلوں کے بھید جانتا ہے۔ ابھی ہم انہیں

قَلِيْلًا ثُمَّ نَضْطَرُّهُمْ اِلٰى عَذَابٍ غَلِيْظٍ ﴿24﴾ وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ

تھوڑا عرصہ | پھر | ہم مجبور کریں گے انکو | طرف | عذاب کی | سخت | اور اگر | تو پوچھے ان سے | کس نے

کچھ عیش کرنے دیں گے۔ پھر انہیں ایک سخت عذاب کی طرف دھکیلیں گے۔ اے نبی ﷺ اگر آپ ﷺ ان سے پوچھیں

خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ؕ قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ ؕ بَلْ

پیدا کیا | آسمانوں کو | اور زمین کو | البتہ ضرور وہ کہیں گے | اللہ نے | کہہ دیجئے | سب تعریف ہے | اللہ کی | بلکہ

”آسمانوں اور زمین کو کس نے پیدا کیا؟“ تو وہ کہیں گے ”اللہ نے“ اس پر آپ ﷺ کہیں ”الحمدللہ“ اتنی بات تو سمجھتے ہو۔ مگر ان

اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿25﴾ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ

اکثر انکے | نہیں | جانتے | اللہ کا ہے | جو | میں | آسمانوں | اور زمین میں | بیشک | اللہ | وہی ہے

میں سے اکثر لوگ علم نہیں رکھتے۔ اللہ ہی کا ہے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے۔ بے شک اللہ

الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ﴿26﴾ وَلَوْ اَنَّ مَا فِي الْاَرْضِ مِنْ شَجَرَةٍ اَقْلَامٌ

بے نیاز | تعریف کیا گیا | اور اگر ہو | کہ | جو کچھ ہے | میں | زمین | سے | درختوں | قلمیں

بے نیاز اور خوبیوں والا ہے۔ اگر زمین میں جتنے درخت ہیں وہ قلم بن جائیں۔

وَّالْبَحْرُ يَمُدُّهٗ مِنْ بَعْدِهٖ سَبْعَةُ اَبْحُرٍ مَّا نَفِدَتْ كَلِمٰتُ اللّٰهِ ؕ

اور سمندر | اس کی سیاہی | سے | اس کے بعد | سات | سمندر | نہ | ختم ہوں | باتیں | اللہ کی

تمام سمندر روشنائی یعنی سیاہی بن جائیں اور مزید سات سمندر بھی روشنائی یعنی سیاہی کے ہوں تب بھی اللہ کی باتیں ختم نہیں ہوں

اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿27﴾ مَا خَلْقُكُمْ وَلَا بَعْثُكُمْ اِلَّا كَنَفْسٍ

بیشک | اللہ ہے | بڑا غالب | خوب حکمت والا | نہیں | پیدا کیا جانا تمہارا | اور نہیں | دوبارہ زندہ کیا جانا تمہارا | مگر | جیسے کسی جان

گی۔ بے شک اللہ غالب اور حکمت والا ہے۔ اُس کے نزدیک تم سب کا پیدا کر دینا اور پھر زندہ کرنا ایسا ہے جیسے کسی ایک شخص کو پیدا

وَّاحِدَةٍ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌۢ بَصِيْرٌ ﴿28﴾ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يُوْلِجُ الَّيْلَ

ایک کا | بیشک | اللہ ہے | خوب سننے والا | خوب دیکھنے والا | کیا نہیں | تو نے دیکھا | یہ کہ | اللہ | داخل کرتا ہے | رات کو

کرنا اور پھر اسے زندہ کر دینا۔ بے شک اللہ سننے والا دیکھنے والا ہے۔ کیا تم نے دیکھا نہیں اللہ رات کو

فِي النَّهَارِ وَيُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ؗ كُلٌّ

میں | دن | اور داخل کرتا ہے | دن کو | میں | رات | اور کام پر لگایا | سورج کو | اور چاند کو | ہر ایک

دن میں داخل کرتا ہے اور دن کو رات میں داخل کرتا ہے اور اسی نے سورج اور چاند کو کام پر لگا دیا۔ ہر ایک چلتا ہے

يَّجْرِيْٓ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى وَّاَنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ﴿29﴾ ذٰلِكَ

چلتا ہے | تک | ایک وقت | مقررہ | اور یہ کہ | اللہ ہے | اس سے | جو تم کرتے ہو | خوب باخبر | یہ اس لئے

ایک مقررہ وقت تک۔ اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اس سے باخبر ہے۔ یہ سب

بِاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ وَاَنَّ مَا يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهِ الْبَاطِلُ ۙ وَاَنَّ

کہ | اللہ | وہی ہے | حق | اور یہ کہ | جو کچھ | وہ پکارتے ہیں | سے | سوا اسکے | باطل ہے | اور یہ کہ

اس لئے ہے کہ اللہ برحق ہے۔ اس کے سوا جن چیزوں کو وہ پکارتے ہیں وہ باطل ہیں۔ بے شک

اللّٰهَ هُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيْرُ ﴿30﴾ ع اَلَمْ تَرَ اَنَّ الْفُلْكَ تَجْرِيْ فِي الْبَحْرِ

ع 3 11 12

اللہ | وہی ہے | بہت بلند | بہت بڑا | کیا نہیں | تو نے دیکھا | یہ کہ | کشتیاں | چلتی ہیں | میں | سمندر

اللہ بلند و برتر ہے۔ کیا تم نے نہیں دیکھا اللہ کے فضل سے کشتی سمندر میں چلتی

بِنِعْمَتِ اللّٰهِ لِيُرِيَكُمْ مِّنْ اٰيٰتِهِ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ

ساتھ نعمت کے | اللہ کی | تا کہ وہ دکھائے تمہیں | سے | اپنی نشانیوں | بیشک | میں | اس | البتہ نشانیاں ہیں | واسطے ہر | صابر

ہے تا کہ اللہ تمہیں اپنی نشانیاں دکھائے۔ بےشک اس میں نشانیاں ہیں ہر صبر کرنے والے اور

شَكُوْرٍ ﴿31﴾ وَاِذَا غَشِيَهُمْ مَّوْجٌ كَالظُّلَلِ دَعَوُا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ

شاکر کے | اور جب | ڈھانکتی ہے انکو | موج | جیسے سائبان ہوں | پکارتے ہیں | اللہ کو | خالص کرتے ہوئے | اسی کے لئے

شکر کرنے والے کے لئے۔ اور جب موج ان کے سر پر بادل کی طرح چھا جاتی ہے وہ اللہ کی خالص اطاعت کا دم بھرتے ہوئے

الدِّيْنَ ۚ فَلَمَّا نَجّٰىهُمْ اِلَى الْبَرِّ فَمِنْهُمْ مُّقْتَصِدٌ ؕ وَمَا يَجْحَدُ

اطاعت | پھر جب | وہ نجات دے انکو | طرف | خشکی کی | تو بعض انکے | صحیح راہ پر ہیں | اور نہیں | انکار کرتا

صرف اسے پکارتے ہیں۔ پھر جب وہ انہیں نجات دے کر خشکی کی طرف لے آتا ہے تو ان میں کچھ تو اعتدال پر رہتے ہیں مگر اکثر پھر

بِاٰيٰتِنَآ اِلَّا كُلُّ خَتَّارٍ كَفُوْرٍ ﴿32﴾ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمْ وَاخْشَوْا

ہماری آیتوں کا | مگر | ہر | وعدہ خلاف | ناشکرا | اے | لوگو | تم ڈرو | اپنے رب سے | اور تم ڈرو

سے گمراہ ہو جاتے ہیں۔ ہماری آیتوں کا انکار صرف وہی لوگ کرتے ہیں جو بدعہد اور ناشکرے گزارے۔ اے لوگو! اپنے رب سے ڈرو

يَوْمًا لَّا يَجْزِيْ وَالِدٌ عَنْ وَّلَدِهٖ ۡ وَلَا مَوْلُوْدٌ هُوَ جَازٍ عَنْ

اس دن سے | نہیں | کام آئے گا | کوئی باپ | سے | اپنے بیٹے | اور نہ | بیٹا | وہ | کام آنے والا | سے

اور اس دن سے ڈرو جب نہ کوئی باپ اپنی اولاد کے کام آئے گا اور نہ اولاد اپنے

وَّالِدِهٖ شَيْـًٔا ؕ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ فَلَا تَغُرَّنَّكُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا ۥ وقفة

اپنے باپ | کچھ بھی | بیشک | وعدہ | اللہ کا | سچا ہے | اسلئے نہ | دھوکے میں ڈالے تمہیں | زندگی | دنیا کی

باپ کے کام آئے گی۔ بےشک اللہ کا وعدہ سچا ہے۔ لہٰذا نہ دنیا کی زندگی تمہیں دھوکے میں ڈالے

وَلَا يَغُرَّنَّكُمْ بِاللّٰهِ الْغَرُوْرُ ﴿33﴾ اِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗ عِلْمُ السَّاعَةِ ۚ

اور نہ | دھوکا دے تمہیں | بارے میں اللہ کے | بڑا دھوکا باز | بیشک | اللہ | اس کے پاس ہے | علم | قیامت کی گھڑی کا

اور نہ شیطان دھوکے باز تمہیں اللہ کے بارے میں دھوکا دینے پائے۔ بے شک اللہ ہی کو قیامت کے بارے میں علم ہے۔

وَيُنَزِّلُ الْغَيْثَ ۚ وَيَعْلَمُ مَا فِي الْاَرْحَامِ ۭ وَمَا تَدْرِيْ نَفْسٌ

اور وہی برساتا ہے | مینہ | اور وہی جانتا ہے | جو کچھ ہے | میں | رحموں میں | اور نہیں | جانتی | کوئی جان

وہی بارش برساتا ہے۔ وہی جانتا ہے رحم مادر میں کیا ہے۔ کوئی شخص نہیں جانتا وہ کل

مَّاذَا تَكْسِبُ غَدًا ۭ وَمَا تَدْرِيْ نَفْسٌۢ بِاَيِّ اَرْضٍ تَمُوْتُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ

کیا وہ | کمائے گی | کل کو | اور نہیں | جانتی | کوئی جان | کس میں | زمین | وہ مرے گی | بیشک | اللہ ہے

کیا کرے گا۔ اور کوئی نہیں جانتا وہ کس سرزمین میں مرے گا۔ بے شک اللہ

عَلِيْمٌ خَبِيْرٌ ﴿34﴾ ع

خوب جاننے والا | خوب باخبر

جاننے والا باخبر ہے۔

4 ع 4 13

(32) سُوْرَةُ السَّجْدَةِ مَكِّيَّةٌ (75)

اٰيَاتُهَا 30 — رُكُوْعَاتُهَا 3

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

الٓمّٓ ۚ ﴿1﴾ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ لَا رَيْبَ فِيْهِ مِنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۭ ﴿2﴾ اَمْ

الٓمّٓ | اتارنا | اس کتاب کا ہے | نہیں | شک | اس میں | طرف سے | مالک کی | جہانوں کے | کیا

الٓمّٓ اِس میں شک نہیں یہ کتاب رب العالمین کی طرف سے نازل ہوئی ہے۔ اے نبی ﷺ کیا

يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ۚ بَلْ هُوَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ

وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوبَكُمْ ۗ وَمَن يُطِعِ اللّٰهَ وَرَسُولَهُۥ فَقَدْ فَازَ فَوْزًا

اور بخشے گا | تمہارے لئے | تمہارے گناہ | اور جو | اطاعت کرے | اللہ کی | اور اسکے رسول کی | تو بیشک | کامیاب ہوا | کامیابی

اور تمہارے گناہ بخش دے گا۔ جس نے اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کی، اس نے بڑی کامیابی

عَظِيمًا ﴿٧١﴾ إِنَّا عَرَضْنَا الْأَمَانَةَ عَلَى السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَالْجِبَالِ

بڑی | بیشک | ہم نے پیش کی | امانت | پر | آسمانوں | اور زمین | اور پہاڑوں

حاصل کی۔ ہم نے اختیاری اطاعت کی ذمہ داری آسمانوں اور زمین اور پہاڑوں کو پیش کی

فَأَبَيْنَ أَنْ يَحْمِلْنَهَا وَأَشْفَقْنَ مِنْهَا وَحَمَلَهَا الْإِنْسَانُ ۖ إِنَّهُ

پھر انہوں نے انکار کیا | کہ | اٹھائیں اسکو | اور وہ ڈر گئے | اس سے | اور اٹھایا اسے | انسان نے | بیشک وہ

تو انہوں نے اِسے اُٹھانے سے انکار کر دیا۔ وہ اس سے ڈر گئے مگر انسان نے اسے اٹھایا۔ بے شک وہ بڑا

كَانَ ظَلُومًا جَهُولًا ﴿٧٢﴾ لِيُعَذِّبَ اللَّهُ الْمُنَافِقِينَ وَالْمُنَافِقَاتِ

ہے | بڑا ظالم | بڑا نادان | تاکہ عذاب دے | اللہ | منافق مردوں کو | اور منافق عورتوں کو

ظالم اور جاہل واقع ہوا ہے۔ اسی ذمہ داری کے بعد اللہ منافق مردوں، منافق عورتوں،

وَالْمُشْرِكِينَ وَالْمُشْرِكَاتِ وَيَتُوبَ اللَّهُ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ ۗ

اور مشرک مردوں کو | اور مشرک عورتوں کو | اور توبہ قبول کرے | اللہ | کی | مومن مردوں | اور مومن عورتوں کی

مشرک مردوں اور مشرک عورتوں کو سزا دے گا۔ لیکن وہ مومن مردوں اور مومن عورتوں کو اپنی رحمت سے نوازے گا۔

وَكَانَ اللَّهُ غَفُورًا رَحِيمًا ﴿٧٣﴾ ع

اور ہے | اللہ | بہت بخشنے والا | نہایت مہربان

اور اللہ بخشنے والا نہایت مہربان ہے۔

9 ع 5 6

(34) سُورَةُ سَبَإٍ مَكِّيَّةٌ (58)

آیاتہا 54 — رکوعاتہا 6

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي لَهُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ وَلَهُ

تمام تعریف | اللہ کیلئے ہے | وہ جو | اس کا ہے | جو کچھ | میں | آسمانوں | اور جو کچھ | میں | زمین | اور اس کیلئے ہے

سب تعریف اِس دنیا میں بھی اللہ کیلئے ہے جو آسمانوں اور زمین کا مالک ہے اور آخرت

الْحَمْدُ فِي الْآخِرَةِ ۚ وَهُوَ الْحَكِيمُ الْخَبِيرُ ﴿١﴾ يَعْلَمُ مَا يَلِجُ فِي

تمام تعریف | میں | آخرت | اور وہ ہے | بڑی حکمت والا | خوب باخبر | وہ جانتا ہے | جو کچھ | داخل ہوتا ہے | میں

میں بھی اُسی کے لیے تعریف ہے۔ وہ حکمت والا اور ہر چیز سے باخبر ہے۔ وہ جانتا ہے جو کچھ زمین کے اندر

الْاَرْضِ وَمَا يَخْرُجُ مِنْهَا وَمَا يَنْزِلُ مِنَ السَّمَآءِ وَمَا يَعْرُجُ

زمین | اور جو کچھ | نکلتا ہے | اس سے | اور جو | اترتا ہے | سے | آسمان | اور جو | چڑھتا ہے

داخل ہوتا ہے، جو کچھ اس سے نکلتا ہے جو کچھ آسمان سے اترتا ہے اور جو کچھ اس میں

فِيْهَا ۭ وَهُوَ الرَّحِيْمُ الْغَفُوْرُ ۝ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَا تَاْتِيْنَا

اس میں | اور وہی | بڑا مہربان | نہایت بخشنے والا | اور کہا | انہوں نے جو | کافر ہوئے | نہیں | آئے گی ہم پر

چڑھتا ہے۔ اور وہ رحمت والا بخشنے والا ہے۔ کافر لوگ کہتے ہیں ''ہم پر قیامت

السَّاعَةُ ۭ قُلْ بَلٰى وَرَبِّيْ لَتَاْتِيَنَّكُمْ ۙ عٰلِمِ الْغَيْبِ ۚ لَا يَعْزُبُ

قیامت | کہہ دیجئے | ہاں | قسم میرے رب کی | ضرور آئے گی تم پر | جاننے والا | غیب کا | نہیں | چھپتا

نہیں آئے گی۔'' اے نبی ﷺ آپ ﷺ کہیں ''آئے گی، قسم ہے میرے رب عالم الغیب کی، وہ ضرور تم پر آئے گی۔

عَنْهُ مِثْقَالُ ذَرَّةٍ فِي السَّمٰوٰتِ وَلَا فِي الْاَرْضِ وَلَآ اَصْغَرُ مِنْ

اس سے | برابر وزن | کوئی ذرہ | میں | آسمانوں | اور نہ | میں | زمین | اور نہ | چھوٹا | سے

میرے رب سے ذرہ برابر چیز بھی چھپی نہیں، نہ آسمانوں میں اور نہ زمین میں۔ ہر چھوٹی

ذٰلِكَ وَلَآ اَكْبَرُ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ۝ لِّيَجْزِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

اس | اور نہ | بڑا | مگر | میں | کتاب | واضح | تاکہ وہ بدلہ دے | ان کو جو | ایمان لائے

بڑی چیز لوح محفوظ میں لکھی ہوئی موجود ہے۔ تا کہ اللہ ان لوگوں کو آخرت میں صلہ دے

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ۭ اُولٰۗىِٕكَ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ۝ وَالَّذِيْنَ

اور انہوں نے کام کئے | نیک | یہی لوگ | ان کیلئے ہے | بخشش | اور روزی | عمدہ | اور جن لوگوں نے

جو ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کئے۔ ایسے لوگوں کیلئے ہی بخشش ہے اور عزت کی روزی۔ مگر جو لوگ

سَعَوْ فِيْٓ اٰيٰتِنَا مُعٰجِزِيْنَ اُولٰۗىِٕكَ لَهُمْ عَذَابٌ مِّنْ رِّجْزٍ اَلِيْمٌ ۝

کوشش کی | میں | ہماری آیتوں | عاجز کرنے کو | یہ لوگ | ان کیلئے ہے | عذاب | سے | عذاب | دردناک

ہماری آیتوں کے خلاف سرگرمی دکھا رہے ہیں، انہیں سختی کا دردناک عذاب ہو گا۔

وَيَرَى الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ الَّذِيْٓ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ هُوَ

اور دیکھتے ہیں | وہ جن کو | دیا گیا | علم | کہ جو | اتارا گیا | تیری طرف | طرف سے | تیرے رب کی | وہ

اے نبی ﷺ! جن لوگوں کو آسمانی کتابوں کا علم دیا گیا، وہ آخرت کو برحق سمجھتے

الْحَقَّ ۙ وَيَهْدِيْٓ اِلٰى صِرَاطِ الْعَزِيْزِ الْحَمِيْدِ ۝6 وَقَالَ الَّذِيْنَ

حق ہے | اور راہ دکھاتا ہے | کی طرف | راستے | غالب | تعریف والے کے | اور کہا | انہوں نے جو

ہیں کیونکہ یہی بات آپ ﷺ پر آپ ﷺ کے رب کی طرف سے اس قرآن میں بھی نازل ہوئی ہے جو اُس اللہ کی رضا کا راستہ

كَفَرُوْا هَلْ نَدُلُّكُمْ عَلٰى رَجُلٍ يُّنَبِّئُكُمْ اِذَا مُزِّقْتُمْ كُلَّ مُمَزَّقٍ ۙ

کافر ہوئے | کیا | ہم بتائیں تم کو | بارے میں | آدمی کے | وہ بتاتا ہے تم کو | جب | تم ریزہ ریزہ ہو گے | سارا | ریزہ ریزہ

دکھاتا ہے جو غالب اور تعریف کے لائق ہے۔ کافر لوگ مذاق میں کہتے ہیں ''کیا ہم تمہیں ایسا آدمی بتائیں جو خبر دیتا ہے کہ مرنے

اِنَّكُمْ لَفِيْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ ۝7ج اَفْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اَمْ بِهٖ جِنَّةٌ ۭ

بیشک تم ہو گے | ضرور میں | پیدائش | نئی | کیا گھڑ لیا اس نے | پر | اللہ | جھوٹ | یا | اسکو | جنون ہے

کے بعد جب تم ریزہ ریزہ ہو جاؤ گے تو پھر تمہیں نئے سرے سے پیدا ہونا ہے۔ اس شخص نے یا تو اللہ پر جھوٹ باندھا ہے یا وہ

بَلِ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ فِي الْعَذَابِ وَالضَّلٰلِ الْبَعِيْدِ ۝8

بلکہ | جو لوگ | نہیں | ایمان لاتے | آخرت پر | میں | عذاب | اور گمراہی | دور کی (میں ہیں)

دیوانہ ہے'' حالاں کہ جو لوگ آخرت پر یقین نہیں رکھتے وہ پرلے درجے کی گمراہی میں مبتلا ہیں اور عذاب بھگتیں گے۔

اَفَلَمْ يَرَوْا اِلٰى مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ مِّنَ السَّمَآءِ

کیا پھر نہیں | انہوں نے دیکھا | طرف | اسکی جو | ان کے آگے ہے | اور جو | ان کے پیچھے ہے | سے | آسمان

کیا انہوں نے غور نہیں کیا وہ آسمان اور زمین کے درمیان آگے پیچھے ہر طرف سے گھرے

وَالْاَرْضِ ۭ اِنْ نَّشَاْ نَخْسِفْ بِهِمُ الْاَرْضَ اَوْ نُسْقِطْ عَلَيْهِمْ كِسَفًا

اور زمین | اگر | ہم چاہیں | دھنسا دیں | ان کو | زمین میں | یا | ہم گرا دیں | ان پر | ٹکڑا

ہوئے ہیں۔ اگر ہم چاہیں انہیں زمین میں دھنسا دیں یا ان پر آسمان سے کوئی

مِّنَ السَّمَآءِ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّكُلِّ عَبْدٍ مُّنِيْبٍ ۝9ع وَلَقَدْ

ع 1 | 9 | 7

سے | آسمان | بیشک | میں | اس | ضرور نشانی ہے | ہر | بندے | رجوع کرنیوالے کیلئے | اور بیشک

ٹکڑا گرا دیں۔ بے شک اسی دنیا میں آخرت کی نشانی موجود ہے ہر اس بندے کیلئے جو اللہ کی طرف رجوع کرنیوالا ہو۔ ہم نے

اٰتَيْنَا دَاوٗدَ مِنَّا فَضْلًا ۭ يٰجِبَالُ اَوِّبِيْ مَعَهٗ وَالطَّيْرَ ۚ وَاَلَنَّا لَهُ

ہم نے دیا | داؤد کو | اپنی طرف سے | فضل | اے پہاڑو | تسبیح دہراؤ | ساتھ اسکے | اور پرندو | اور ہم نے نرم کر دیا | اس کیلئے

داؤد علیہ السلام کو خاص فضل سے نوازا۔ پہاڑوں اور پرندوں کو حکم دیا ''تم بھی ان کے ساتھ مل کر تسبیح کرو'' اور ہم نے داؤد علیہ السلام

الْحَدِيدَ ﴿١٠﴾ أَنِ اعْمَلْ سَابِغَاتٍ وَقَدِّرْ فِي السَّرْدِ وَاعْمَلُوا صَالِحًا ۖ

لوہا | کہ | بناؤ | زرہیں | اور اندازہ رکھو | میں | کڑیوں | اور کام کرو | نیک

کیلئے لوہے کو نرم کر دیا کہ اس سے کشادہ زرہیں بنائیں اور کڑیوں کو اندازے سے جوڑیں" اے داؤد علیہ السلام کے خاندان

إِنِّي بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ ﴿١١﴾ وَلِسُلَيْمَانَ الرِّيحَ غُدُوُّهَا شَهْرٌ

بیشک میں | اس کو جو | تم کرتے ہو | دیکھ رہا ہوں | اور سلیمان کیلئے | ہوا | صبح کی منزل اسکی | ایک مہینے کی راہ

والو نیک کام کرو۔ بے شک تم جو کچھ کرتے ہو میں اسے دیکھ رہا ہوں۔ اسی طرح ہم نے سلیمان علیہ السلام کیلئے ہوا کو تابع کیا۔ وہ صبح

وَرَوَاحُهَا شَهْرٌ ۖ وَأَسَلْنَا لَهُ عَيْنَ الْقِطْرِ ۖ وَمِنَ الْجِنِّ مَنْ

اور شام کی منزل | ایک مہینے کی راہ | اور ہم نے بہایا | اس کیلئے | چشمہ | پگھلے ہوئے تانبے کا | اور سے | جنوں | جو

کی منزل میں مہینے کا سفر کر لیتے اور شام کی منزل میں بھی مہینے کی مسافت طے کر لیتے۔ ہم نے ان کیلئے تانبا نرم کر کے اس کا چشمہ بہا

يَعْمَلُ بَيْنَ يَدَيْهِ بِإِذْنِ رَبِّهِ ۖ وَمَنْ يَزِغْ مِنْهُمْ عَنْ أَمْرِنَا

کام کرتے | آگے | اسکے | حکم سے | اسکے رب کے | اور جو | ٹیڑھا ہو | ان میں سے | سے | ہمارے حکم

دیا۔ جنات ان کے تابع کر دیئے جو اُن کے رب کے حکم سے ان کے آگے کام کرتے تھے۔ یہ ہمارا فرمان تھا اگر ان جنوں میں سے

نُذِقْهُ مِنْ عَذَابِ السَّعِيرِ ﴿١٢﴾ يَعْمَلُونَ لَهُ مَا يَشَاءُ مِنْ

ہم چکھائیں گے اسے | سے | عذاب | بھڑکتی آگ کے | وہ کام کرتے | اس کیلئے | جو | وہ چاہتا | سے

کوئی ہمارے حکم سے پھرے تو ہم اسے دوزخ کا عذاب چکھائیں گے۔ وہ جنات سلیمان علیہ السلام کی خواہش کے مطابق چیزیں بنا

مَحَارِيبَ وَتَمَاثِيلَ وَجِفَانٍ كَالْجَوَابِ وَقُدُورٍ رَاسِيَاتٍ ۚ اعْمَلُوا آلَ

قلعوں | اور مجسمے | اور لگن | تالابوں جیسے | اور دیگیں | دھری رہنے والی | تم کام کرو | اے آلِ

کر دیتے مثلاً عمارتیں، تصویریں، حوض جیسے بڑے بڑے لگن اور بھاری جمی ہوئی دیگیں۔ ہم نے حکم دیا "اے آلِ داؤد علیہ السلام

دَاوُودَ شُكْرًا ۚ وَقَلِيلٌ مِنْ عِبَادِيَ الشَّكُورُ ﴿١٣﴾ فَلَمَّا قَضَيْنَا عَلَيْهِ

داؤد | شکر کے | اور تھوڑے ہیں | سے | میرے بندوں | شکر کرنیوالے | پھر جب | ہم نے فیصلہ کیا | اس پر

شکر گزاری کے عمل کرو" اور میرے بندوں میں کم ہی شکر گزار ہیں۔ پھر جب ہم نے سلیمان علیہ السلام پر موت کا فیصلہ

الْمَوْتَ مَا دَلَّهُمْ عَلَىٰ مَوْتِهِ إِلَّا دَابَّةُ الْأَرْضِ تَأْكُلُ مِنْسَأَتَهُ ۖ

موت کا | نہیں | بتایا ان کو | پر | اسکی موت | مگر | کیڑے نے | زمین کے | جو کھاتا تھا | اس کے عصا کو

نافذ کیا تو جنوں کو ان کے مرنے کا پتہ نہ چلا۔ یہ بات انہیں اس گھن کے کیڑے کے ذریعے معلوم ہوئی جو سلیمان کے عصا کو کھائے

فَلَمَّا خَرَّ تَبَيَّنَتِ الْجِنُّ اَنْ لَّوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ الْغَيْبَ مَا لَبِثُوْا فِي

پھر جب | وہ گر پڑا | ظاہر ہوا | جنوں پر | کہ | اگر | وہ ہوتے | جانتے | غیب | نہ | وہ رہتے | میں

پھر جب سلیمان علیہ السلام گر پڑے تو جنوں پر حقیقت کھلی کہ اگر وہ غیب کا علم جانتے ہوتے تو ذلت والی جا رہا تھا۔

الْعَذَابِ الْمُهِيْنِ ﴿14﴾ لَقَدْ كَانَ لِسَبَاٍ فِيْ مَسْكَنِهِمْ اٰيَةٌ ۚ جَنَّتٰنِ

عذاب | ذلت والے | بے شک | تھی | قوم سبا کے لیے | میں | ان کے گھروں | نشانی | دو باغ

مشقتوں کی مصیبت میں نہ رہتے۔ قوم سبا کیلئے ان کے اپنے علاقے میں اللہ کی قدرت کی نشانی تھی جہاں

عَنْ يَّمِيْنٍ وَّشِمَالٍ ۬ كُلُوْا مِنْ رِّزْقِ رَبِّكُمْ وَاشْكُرُوْا لَهٗ ؕ بَلْدَةٌ

سے | دائیں | اور بائیں | کھاؤ | سے | رزق | اپنے رب کے | اور شکر کرو | اس کا | شہر ہے

دو طرفہ باغ تھے۔ ان لوگوں سے کہا گیا ''اپنے رب کا رزق کھاؤ اور اس کا شکر کرو۔ تمہارے لئے عمدہ

طَيِّبَةٌ وَّرَبٌّ غَفُوْرٌ ﴿15﴾ فَاَعْرَضُوْا فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ سَيْلَ الْعَرِمِ

پاکیزہ | اور رب ہے | بہت بخشنے والا | پھر انہوں نے منہ موڑا | تو ہم نے بھیجا | ان پر | سیلاب | بند کا

شہر ہے اور بخشنے والا رب ہے۔'' مگر انہوں نے ہمارے حکم کی پرواہ نہ کی تو ہم نے بند توڑ کر ان پر سیلاب مسلط کر دیا۔

وَبَدَّلْنٰهُمْ بِجَنَّتَيْهِمْ جَنَّتَيْنِ ذَوَاتَيْ اُكُلٍ خَمْطٍ وَّاَثْلٍ وَّشَيْءٍ مِّنْ

اور ہم نے بدل دیا ان کو | ان کے دو باغوں کو | دو باغوں میں | والے | پھل | بدمزہ | اور جھاؤ | اور کچھ | سے

ان کے پہلے باغوں کو تباہ کر کے ایسے دو باغوں میں بدل دیا جن میں کچھ بدمزہ پھل، جھاؤ اور

سِدْرٍ قَلِيْلٍ ﴿16﴾ ذٰلِكَ جَزَيْنٰهُمْ بِمَا كَفَرُوْا ؕ وَهَلْ نُجٰزِيْٓ اِلَّا

بیری | تھوڑی | یہ | ہم نے بدلہ دیا ان کو | اس کا جو | انہوں نے کفر کیا | اور نہیں | ہم سزا دیتے | مگر

چند بیریاں تھیں۔ یہ ہم نے ان کی ناشکری کا بدلہ دیا اور ہم ایسا ہی بدلہ دیتے ہیں اس کو جو ناشکری کرے۔

الْكَفُوْرَ ﴿17﴾ وَجَعَلْنَا بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ الْقُرَى الَّتِيْ بٰرَكْنَا فِيْهَا قُرًى

ناشکرے کو | اور ہم نے کئے | ان کے درمیان | اور درمیان | بستیوں کے | جو | ہم نے برکت دی | ان میں | بستیاں

اور ہم نے اُن کے اور ملکِ شام کے بابرکت علاقے کے درمیان شاہراہوں پر ایسی بہت سی بستیاں آباد کر دی تھیں

ظَاهِرَةً وَّقَدَّرْنَا فِيْهَا السَّيْرَ ؕ سِيْرُوْا فِيْهَا لَيَالِيَ وَاَيَّامًا اٰمِنِيْنَ ﴿18﴾

ظاہر | اور ہم نے مقرر کیں | ان میں | چلنے کی منزلیں | تم چلو پھرو | ان میں | راتوں کو | اور دنوں کو | امن سے

جو دور سے نظر آتی تھیں۔ ہم نے ان کے درمیان یکساں فاصلے کی منزلیں ٹھہرا دیں تا کہ وہ رات دن امن کے ساتھ سفر کریں۔

فَقَالُوْا رَبَّنَا بٰعِدْ بَيْنَ اَسْفَارِنَا وَظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ فَجَعَلْنٰهُمْ

پھر وہ بولے | اے ہمارے رب | دوری کردے | درمیان | ہمارے سفروں کے | اور انہوں نے ظلم کیا | اپنے اوپر | پھر ہم نے بنادیا ان کو

مگر انہوں نے کہا ''اے ہمارے رب تو ہماری منزلیں دُور دُور کردے۔ اس طرح انہوں نے اپنے آپ پر ظلم کیا تو ہم نے انہیں

اَحَادِيْثَ وَمَزَّقْنٰهُمْ كُلَّ مُمَزَّقٍ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ

کہانیاں | اور ہم نے چورا کردیا | سب | چوراچورا کرنا | بیشک | میں | اس | ضرور نشانیاں ہیں | کیلئے ہر | صابر

داستانِ عبرت بنا دیا اور ان کی دھجیاں بکھیر دیں۔ بے شک اس واقعے میں بڑی نشانی ہے ہر صابر شاکر

شَكُوْرٍ ﴿۱۹﴾ وَلَقَدْ صَدَّقَ عَلَيْهِمْ اِبْلِيْسُ ظَنَّهٗ فَاتَّبَعُوْهُ اِلَّا فَرِيْقًا

شاکر کے | اور بیشک | سچا کردکھایا | ان پر | ابلیس نے | گمان اپنا | پھر انہوں نے اسکی پیروی کی | مگر | ایک جماعت

انسان کیلئے۔ اور ابلیس نے ان لوگوں کو گمراہ کرنے کے بارے میں اپنا گمان سچ کردکھایا۔ چنانچہ ایک مومن گروہ کے سوا سب نے

مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۲۰﴾ وَمَا كَانَ لَهٗ عَلَيْهِمْ مِّنْ سُلْطٰنٍ اِلَّا لِنَعْلَمَ

سے | مومنوں | اور نہ | تھا | اس کو | ان پر | کوئی | غلبہ | مگر | تاکہ ہم جان لیں

اُس کی پیروی کی۔ حالاں کہ شیطان کو ان پر کوئی اختیار نہ تھا۔ اس کے ذریعے ہمارا مقصد لوگوں کا

مَنْ يُّؤْمِنُ بِالْاٰخِرَةِ مِمَّنْ هُوَ مِنْهَا فِيْ شَكٍّ ؕ وَرَبُّكَ عَلٰى كُلِّ

جو | ایمان لاتا ہے | آخرت پر | اس سے جو | وہ | اس سے ہے | میں | شک | اور تیرا رب ہے | اوپر | ہر

امتحان لینا ہے کہ کون آخرت پر سچا ایمان رکھتا ہے اور کون اس کے بارے میں شک میں مبتلا ہے۔ اور تمہارا رب ہر چیز

شَيْءٍ حَفِيْظٌ ﴿۲۱﴾ قُلِ ادْعُوا الَّذِيْنَ زَعَمْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۚ

چیز کے | محافظ | کہہ دیجئے | تم پکارو | جن کو | تم سمجھتے ہو | سے | سوا | اللہ کے

پر نگران ہے۔ اے نبی ﷺ آپ ﷺ مشرکین سے کہیں ''تم پکار دیکھو ان کو جنہیں تم نے اللہ کے سوا اپنا معبود بنا رکھا ہے۔ وہ

لَا يَمْلِكُوْنَ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ فِي السَّمٰوٰتِ وَلَا فِي الْاَرْضِ وَمَا لَهُمْ

نہیں وہ اختیار رکھتے | برابر وزن | ذرّے کا | میں | آسمانوں | اور نہ | میں | زمین | اور نہیں | ان کا

ذرہ برابر اختیار نہیں رکھتے، نہ آسمانوں میں اور نہ زمین میں اور نہ ان دونوں کے بنانے میں

فِيْهِمَا مِنْ شِرْكٍ وَّمَا لَهٗ مِنْهُمْ مِّنْ ظَهِيْرٍ ﴿۲۲﴾ وَلَا تَنْفَعُ

ان دونوں میں | کوئی | حصہ | اور نہیں | اس کا | ان سے | کوئی | پشت پناہ | اور نہ | فائدہ دے گی

ان کا کوئی حصہ ہے۔ نہ ان میں سے کوئی اللہ کا مددگار ہے۔ اللہ کے ہاں ان میں سے کسی کی

الشَّفَاعَةُ عِنْدَهٗۤ اِلَّا لِمَنْ اَذِنَ لَهٗ ؕ حَتّٰۤی اِذَا فُزِّعَ عَنْ

سفارش | پاس اس کے | مگر | جس کو | وہ اجازت دے | اسکو | یہاں تک کہ | جب | گھبراہٹ دور کر دی جاتی ہے | سے

شفاعت کام نہیں آئے گی مگر صرف اس کیلئے جس کیلئے اللہ اجازت دے گا۔ یہاں تک کہ جب شفاعت کے انتظار کے بعد مومنوں

قُلُوْبِهِمْ قَالُوْا مَاذَا ۙ قَالَ رَبُّكُمْ ؕ قَالُوا الْحَقَّ ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ

انکے دلوں | وہ کہتے ہیں | کیا | فرمایا | تمہارے رب نے | کہتے ہیں | حق | اور وہی ہے | سب سے بلند

کے دلوں سے گھبراہٹ دور ہوگی تو ایک دوسرے سے پوچھیں گے تمہارے رب نے کیا فرمایا؟ وہ کہیں گے "حق بات کا حکم فرمایا"

الْكَبِيْرُ ﴿23﴾ قُلْ مَنْ يَّرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ قُلِ اللّٰهُ ۙ

بہت بڑا | کہہ دیجئے | کون | روزی دیتا ہے تمہیں | سے | آسمانوں | اور زمین | کہہ دیجئے | اللہ

اور اللہ بلند و برتر اور سب سے بڑا ہے۔ اے نبی ﷺ آپ ﷺ مشرکوں سے کہیں "کون تمہیں آسمانوں اور زمین سے روزی دیتا

وَاِنَّاۤ اَوْ اِيَّاكُمْ لَعَلٰى هُدًى اَوْ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿24﴾ قُلْ لَّا تُسْئَلُوْنَ

اور بیشک ہم | یا | تم | ضرور پر | ہدایت ہیں | یا | میں | گمراہی | کھلی | کہہ دیجئے | نہ تم سے پوچھا جائیگا

ہے؟" پھر خود ان سے کہیں "اللہ" اب ہم اور تم میں سے کوئی ایک ہدایت پر ہے یا کھلی گمراہی میں ہے" آپ ﷺ ان سے کہیں "نہ

عَمَّاۤ اَجْرَمْنَا وَلَا نُسْئَلُ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿25﴾ قُلْ يَجْمَعُ

اسکے بارے میں جو | ہم نے جرم کیا | اور نہ | ہم سے پوچھا جائیگا | اسکے بارے میں جو | تم کرتے ہو | کہہ دیجئے | جمع کرے گا

تم ہمارے قصوروں کے جوابدہ ہو اور نہ ہم تمہارے اعمال کے جوابدہ ہیں" اور آپ ﷺ یہ کہیں "ہمارا رب ہم

بَيْنَنَا رَبُّنَا ثُمَّ يَفْتَحُ بَيْنَنَا بِالْحَقِّ ؕ وَهُوَ الْفَتَّاحُ الْعَلِيْمُ ﴿26﴾

ہمارے درمیان | رب ہمارا | پھر | فیصلہ کرے گا | ہمارے درمیان | حق کے ساتھ | اور وہ | خوب فیصلہ کرنے والا | خوب علم والا ہے

سب کو جمع کرے گا۔ پھر وہ ہمارے درمیان ٹھیک فیصلہ فرمائے گا۔ وہی فیصلہ فرمانے والا علم والا ہے"

قُلْ اَرُوْنِيَ الَّذِيْنَ اَلْحَقْتُمْ بِهٖ شُرَكَآءَ كَلَّا ؕ بَلْ هُوَ اللّٰهُ الْعَزِيْزُ

کہہ دیجئے | دکھاؤ مجھے | جن کو | تم نے ملایا | ساتھ اس کے | شریک | ہرگز نہیں | بلکہ | وہ | اللہ | بڑا غالب

اور ان سے کہیں "مجھے دکھاؤ وہ کون ہیں جنہیں تم نے شریک بنا کر اللہ کے ساتھ ملایا ہے؟" اس کا ہرگز کوئی شریک نہیں۔ اللہ غالب

الْحَكِيْمُ ﴿27﴾ وَمَاۤ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا كَآفَّةً لِّلنَّاسِ بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا وَّلٰكِنَّ

نہایت حکمت والا ہے | اور نہیں | ہم نے بھیجا تجھے | مگر | سب | لوگوں کیلئے | خوشخبری دینے والا | اور ڈرانے والا | اور لیکن

اور حکمت والا ہے۔ اے نبی ﷺ ہم نے آپ ﷺ کو تمام انسانوں کیلئے خوشخبری دینے والا اور خبردار کرنیوالا بنا کر بھیجا ہے لیکن

اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿28﴾ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ

اکثر | لوگ | نہیں | جانتے | اور وہ کہتے ہیں | کب ہے | یہ | وعدہ | اگر | تم ہو

اکثر لوگ نہیں سمجھتے۔ اور وہ کہتے ہیں ”قیامت کا وعدہ کب پورا ہوگا، بتاؤ اگر تم

صٰدِقِيْنَ ﴿29﴾ قُلْ لَّكُمْ مِّيْعَادُ يَوْمٍ لَّا تَسْتَاْخِرُوْنَ عَنْهُ سَاعَةً

سچے | کہہ دیجئے | تمہارے لئے ہے | وعدہ | ایک دن کا | نہیں | تم پیچھے رہو گے | اس سے | ایک گھڑی

سچے ہو؟“ آپ ﷺ جواب دیں ”تمہارے لئے ایک خاص دن کی میعاد مقرر ہے جس سے نہ ایک گھڑی پیچھے رہو گے

وَّلَا تَسْتَقْدِمُوْنَ ﴿30﴾ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَنْ نُّؤْمِنَ بِهٰذَا الْقُرْاٰنِ

اور نہ | تم آگے بڑھو گے | اور کہا | انھوں نے جو | کافر ہوئے | ہرگز نہیں | ہم ایمان لائیں گے | اس | قرآن پر

اور نہ آگے بڑھو گے۔“ کافر کہتے ہیں ”ہم نہ اس قرآن کو مانیں گے

وَلَا بِالَّذِيْ بَيْنَ يَدَيْهِ ؕ وَلَوْ تَرٰۤى اِذِ الظّٰلِمُوْنَ مَوْقُوْفُوْنَ عِنْدَ

اور نہ | اس پر جو | اسکے آگے ہے | اور اگر | تو دیکھتا | جب | ظالم | کھڑے ہوں گے | پاس

اور نہ اس کی بتائی ہوئی آخرت کو“ لیکن اگر تم لوگ ان کافروں کا حال دیکھو جب یہ ظالم اپنے رب کے سامنے

رَبِّهِمْ ۚۖ يَرْجِعُ بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضِ ِ الْقَوْلَ ۚ يَقُوْلُ الَّذِيْنَ

اپنے رب کے | لوٹائے گا | بعض ان کا | طرف | بعض کی | بات | کہیں گے | وہ لوگ جو

کھڑے کیے جائیں گے تو ایک دوسرے کو الزام دیں گے اور جو لوگ

اسْتُضْعِفُوْا لِلَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا لَوْلَاۤ اَنْتُمْ لَكُنَّا مُؤْمِنِيْنَ ﴿31﴾ قَالَ

کمزور سمجھے گئے | ان سے جو | تکبر کرتے تھے | اگر نہ | تم ہوتے | ضرور ہم ہوتے | مومن | کہیں گے

کمزور سمجھے جاتے تھے وہ بڑا بننے والوں سے کہیں گے ”اگر تم نہ ہوتے تو ہم ضرور ایمان والے ہوتے“ بڑا بننے والے کمزور

الَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا لِلَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْۤا اَنَحْنُ صَدَدْنٰكُمْ عَنِ الْهُدٰى

وہ جو | تکبر کرتے تھے | ان سے جو | کمزور سمجھے گئے | کیا ہم | ہم نے روکا تمہیں | سے | ہدایت

لوگوں کو جواب دیں گے ”کیا ہم نے تمہیں ہدایت سے زبردستی روکا تھا

بَعْدَ اِذْ جَآءَكُمْ بَلْ كُنْتُمْ مُّجْرِمِيْنَ ﴿32﴾ وَقَالَ الَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْا

بعد | جب | آئی تمہارے پاس | بلکہ | تم تھے | مجرم | اور کہیں گے | جو | کمزور سمجھے جاتے تھے

جبکہ وہ تمہارے پاس پہنچ چکی تھی بلکہ تم خود مجرم ہو“ کمزور لوگ

لِلَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا بَلْ مَكْرُ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ اِذْ تَأْمُرُوْنَنَآ اَنْ نَّكْفُرَ

ان کو جو | تکبر کرتے تھے | بلکہ | مکر | رات کا | اور دن کا | جب | تم ہمیں حکم دیتے تھے | کہ | ہم انکار کریں

بڑے لوگوں سے کہیں گے "نہیں بلکہ تمہاری رات دن کی سازشوں نے ہمیں ہدایت سے روکے رکھا جبکہ تم ہمیں کہتے تھے ہم اللہ

بِاللّٰهِ وَنَجْعَلَ لَهٗٓ اَنْدَادًا ۭ وَاَسَرُّوا النَّدَامَةَ لَمَّا رَاَوُا الْعَذَابَ ۭ

اللہ کا | اور ہم بنائیں | اسکے | شریک | اور وہ چھپائیں گے | پشیمانی | جب | دیکھیں گے | عذاب کو

کے ساتھ کفر کریں اور اس کے شریک بنائیں۔" اور وہ اپنی پشیمانی کو چھپائیں گے جب عذاب دیکھیں گے۔

وَجَعَلْنَا الْاَغْلٰلَ فِيْٓ اَعْنَاقِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۭ هَلْ يُجْزَوْنَ اِلَّا مَا

اور ہم ڈالیں گے | طوق | میں | گردنوں | ان کی | جو کافر ہوئے | نہیں | ان کو بدلہ دیا جائے گا | مگر | جو

پھر ہم کافروں کی گردن میں طوق ڈالیں گے وہ اپنے کیے کا بدلہ

كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿33﴾ وَمَآ اَرْسَلْنَا فِيْ قَرْيَةٍ مِّنْ نَّذِيْرٍ اِلَّا قَالَ

تھے | وہ کرتے | اور نہیں | ہم نے بھیجا | میں | کسی بستی | کوئی | ڈرانیوالا | مگر | کہا

پائیں گے۔ ہم نے جس بستی میں بھی کوئی خبردار کرنے والا نبی بھیجا تو وہاں کے خوشحال لوگوں نے

مُتْرَفُوْهَآ ۙ اِنَّا بِمَآ اُرْسِلْتُمْ بِهٖ كٰفِرُوْنَ ﴿34﴾ وَقَالُوْا نَحْنُ اَكْثَرُ

اسکے مالداروں نے | بیشک ہم | اسکا جو | تم بھیجے گئے | ساتھ اسکے | منکر ہیں | اور انہوں نے کہا | ہم | زیادہ ہیں

یہی کہا "ہم اس دعوت کو نہیں مانتے جو تم لے کر آئے ہو۔" اور یہ کہا "ہم مال اور اولاد میں

اَمْوَالًا وَّاَوْلَادًا ۙ وَّمَا نَحْنُ بِمُعَذَّبِيْنَ ﴿35﴾ قُلْ اِنَّ رَبِّيْ يَبْسُطُ

مال میں | اور اولاد میں | اور نہیں | ہم | عذاب دیے جانے والے | کہہ دیجئے | بیشک | میرا رب | زیادہ دیتا ہے

زیادہ ہیں اور ہمیں عذاب نہ ہوگا۔" اے نبی ﷺ؟ آپ ﷺ کہیں "میرا رب جسے چاہتا ہے زیادہ روزی دیتا ہے

الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَاۗءُ وَيَقْدِرُ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿36﴾ ع

ع 4/6 10

روزی | جس کو | چاہتا ہے | اور کم دیتا ہے | اور لیکن | اکثر | لوگ | نہیں | جانتے

اور جسے چاہتا ہے کم دیتا ہے۔ لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے۔"

وَمَآ اَمْوَالُكُمْ وَلَآ اَوْلَادُكُمْ بِالَّتِيْ تُقَرِّبُكُمْ عِنْدَنَا زُلْفٰٓي اِلَّا مَنْ

اور نہیں | مال تمہارے | اور نہ | اولاد تمہاری | جو | قرب دلائے تمہیں | ہمارے پاس | خوب قریب کرنا | مگر | جو

اور اے لوگو تمہارے مال اور تمہاری اولاد ایسی چیز نہیں جس سے تمہیں ہمارا قرب حاصل ہو۔ البتہ

اٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا ۡ فَاُولٰٓئِكَ لَهُمْ جَزَآءُ الضِّعْفِ بِمَا عَمِلُوْا

ایمان لایا | اور کام کیا | نیک | پس وہ لوگ | ان کیلئے ہے | ثواب | دگنا | اسکا جو | انہوں نے کیا

جو لوگ ایمان لائیں اور نیک کام کریں اُن کیلئے اُن کے اعمال کا دوہرا اجر ہے

وَهُمْ فِي الْغُرُفٰتِ اٰمِنُوْنَ ﴿37﴾ وَالَّذِيْنَ يَسْعَوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِنَا مُعٰجِزِيْنَ

اور وہ ہوں گے | میں | بالاخانوں | امن سے | اور جو | دوڑتے ہیں | میں | ہماری آیتوں | عاجز کرنے کیلئے

اور وہ جنت کے بالاخانوں میں امن سے رہیں گے۔ جو لوگ ہماری آیتوں کے خلاف سرگرم ہیں

اُولٰٓئِكَ فِي الْعَذَابِ مُحْضَرُوْنَ ﴿38﴾ قُلْ اِنَّ رَبِّيْ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ

وہ لوگ | میں | عذاب | حاضر کئے جائیں گے | کہہ دیجئے | بیشک | میرا رب | زیادہ دیتا ہے | رزق | جسے

وہ عذاب میں داخل کئے جائیں گے۔ اے نبی ﷺ آپ ﷺ کہیں "بے شک میرا رب اپنے بندوں میں سے جسے چاہتا ہے

يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ وَيَقْدِرُ لَهٗ ۭ وَمَآ اَنْفَقْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ فَهُوَ

چاہے | سے | اپنے بندوں | اور کم دیتا ہے | اسکو | اور جو | تم خرچ کرتے ہو | کوئی | چیز | تو وہ

زیادہ روزی دیتا ہے اور جسے چاہتا ہے کم دیتا ہے۔ لوگو جو کچھ اللہ کی راہ میں خرچ کروگے تمہیں اس کا بدلہ

يُخْلِفُهٗ ۚ وَهُوَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ﴿39﴾ وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ جَمِيْعًا ثُمَّ

اسکا بدلہ دیتا ہے اسکو | اور وہ | بہترین | رازق ہے | اور جس دن | وہ جمع کرے گا ان کو | سب کو | پھر

ملے گا اور وہ بہترین رزق دینے والا ہے۔ اور جس دن اللہ سب لوگوں کو جمع کرے گا۔ پھر وہ

يَقُوْلُ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اَهٰٓؤُلَآءِ اِيَّاكُمْ كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ ﴿40﴾ قَالُوْا سُبْحٰنَكَ

فرمائے گا | فرشتوں سے | کیا یہ لوگ | تم کو | تھے | پوجتے | وہ کہیں گے | پاک ہے تو

فرشتوں سے پوچھے گا "کیا یہ لوگ تمہاری عبادت کرتے تھے؟" وہ کہیں گے "تیری ذات پاک ہے۔

اَنْتَ وَلِيُّنَا مِنْ دُوْنِهِمْ ۚ بَلْ كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ الْجِنَّ ۚ اَكْثَرُهُمْ

تو ہے | کارساز ہمارا | سے | سوا ان کے | بلکہ | وہ تھے | پوجتے | جنوں کو | اکثر انکے

ہمارا تعلق تجھ سے ہے نہ کہ ان لوگوں سے۔ اصل میں یہ جنوں کی پوجا کرتے تھے۔ ان میں سے اکثر

بِهِمْ مُّؤْمِنُوْنَ ﴿41﴾ فَالْيَوْمَ لَا يَمْلِكُ بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ نَّفْعًا

ان کو | مانتے تھے | پس آج کے دن | نہیں | اختیار رکھتا | بعض تمہارا | بعض کیلئے | نفع کا

انہی کو مانتے تھے۔" ارشاد ہو گا "آج تم میں سے کوئی ایک دوسرے کو نہ فائدہ پہنچا سکتا ہے اور نہ

وَّلَا ضَرًّا ؕ وَنَقُوْلُ لِلَّذِیْنَ ظَلَمُوْا ذُوْقُوْا عَذَابَ النَّارِ الَّتِیْ كُنْتُمْ

اور نہ نقصان کا | اور ہم کہیں گے | ان سے جو | ظالم تھے | چکھو | عذاب | آگ کا | جس کو | تم تھے

نقصان''۔ پھر ہم ظالموں سے کہیں گے ''اب آگ کا عذاب چکھو جسے تم

بِهَا تُكَذِّبُوْنَ ﴿۴۲﴾ وَاِذَا تُتْلٰى عَلَیْهِمْ اٰیٰتُنَا بَیِّنٰتٍ قَالُوْا مَا هٰذَاۤ

اس کو | جھٹلاتے | اور جب | پڑھی جاتی ہیں | ان پر | ہماری آیتیں | واضح | کہتے ہیں | نہیں | یہ

جھٹلاتے تھے'' کافروں کو جب ہماری واضح آیتیں سنائی جاتی ہیں تو وہ آپس میں کہتے ہیں ''یہ ایک

اِلَّا رَجُلٌ یُّرِیْدُ اَنْ یَّصُدَّكُمْ عَمَّا كَانَ یَعْبُدُ اٰبَآؤُكُمْ ۚ وَقَالُوْا

مگر | آدمی | چاہتا ہے | کہ | روکے تمہیں | اس سے جو | تھے | پوجتے | باپ دادا تمہارے | اور کہتے ہیں

شخص ہے جو چاہتا ہے تمہیں ان معبودوں سے ہٹا دے جن کی عبادت تمہارے باپ دادا کرتے چلے آئے ہیں۔'' اور قرآن کے

مَا هٰذَاۤ اِلَّاۤ اِفْكٌ مُّفْتَرًى ؕ وَقَالَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا لِلْحَقِّ لَمَّا

نہیں | یہ | مگر | جھوٹ | گھڑا ہوا | اور کہتے ہیں | جو | کافر ہوئے | حق کو | جب

بارے میں کہتے ہیں ''یہ جھوٹ ہے گھڑا ہوا'' اور یہ کافر اس حق کے بارے میں جو ان کے پاس آ گیا ہے

جَآءَهُمْ ۙ اِنْ هٰذَاۤ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِیْنٌ ﴿۴۳﴾ وَمَاۤ اٰتَیْنٰهُمْ مِّنْ كُتُبٍ

آیا انکے پاس | نہیں | یہ | مگر | جادو | کھلا | اور نہیں | ہم نے دی ان کو | کوئی | کتاب

کہتے ہیں ''یہ کھلا جادو ہے'' اور اے نبی ﷺ حالاں کہ اس سے پہلے ہم نے انہیں نہ آسمانی کتابیں دی تھیں

یَّدْرُسُوْنَهَا وَمَاۤ اَرْسَلْنَاۤ اِلَیْهِمْ قَبْلَكَ مِنْ نَّذِیْرٍ ﴿۴۴﴾ وَكَذَّبَ الَّذِیْنَ

وہ پڑھتے ہوں جس کو | اور نہیں | ہم نے بھیجا | ان کی طرف | پہلے تیرے | کوئی | ڈرانے والا | اور جھٹلایا | انہوں نے جو تھے

جنہیں وہ پڑھتے ہوں اور نہ آپ ﷺ سے پہلے ان کے پاس کوئی خبردار کرنیوالا نبی بھیجا۔ اور ان سے پہلے والوں نے

مِنْ قَبْلِهِمْ ۙ وَمَا بَلَغُوْا مِعْشَارَ مَاۤ اٰتَیْنٰهُمْ فَكَذَّبُوْا رُسُلِیْ ۫ فَكَیْفَ

سے | ان کے پہلے | اور نہیں | یہ پہنچے | دسویں حصے کو | جو | ہم نے دیا ان کو | پھر انہوں نے جھٹلایا | میرے رسولوں کو | پھر کیسا

بھی جھٹلایا۔ یہ لوگ تو اس کے دسویں حصے کو بھی نہیں پہنچے جو کچھ ہم نے پہلوں کو دیا تھا مگر انہوں نے میرے رسولوں کو جھٹلایا تو دیکھو

ع 5/9/11

كَانَ نَكِیْرِ ﴿۴۵﴾ قُلْ اِنَّمَاۤ اَعِظُكُمْ بِوَاحِدَةٍ ۚ اَنْ تَقُوْمُوْا لِلّٰهِ مَثْنٰى

تھا | عذاب میرا | کہہ دیجئے | بیشک | میں نصیحت کرتا ہوں | ایک بات کی | کہ | تم کھڑے ہو | اللہ کیلئے | دو دو ہو کر

ان پر میرا کیسا عذاب آیا؟ اے نبی ﷺ آپ ﷺ ان سے کہیں ''میں تمہیں ایک بات کی نصیحت کرتا ہوں۔ یہ کہ تم اللہ کے سامنے

وَفُرَادٰى ثُمَّ تَتَفَكَّرُوْا ۫ مَا بِصَاحِبِكُمْ مِّنْ جِنَّةٍ ؕ اِنْ هُوَ اِلَّا

اور اکیلے اکیلے | پھر | تم غور کرو | نہیں | تمہارے ساتھی کو | کوئی | جنون | نہیں | وہ | مگر

تنہائی میں کھڑے ہو جاؤ، دو دو یا ایک ایک پھر سوچو تمہارے درمیان رہنے والا یہ نبی ﷺ دیوانہ نہیں ہے۔ بلکہ وہ تمہیں

نَذِيْرٌ لَّكُمْ بَيْنَ يَدَيْ عَذَابٍ شَدِيْدٍ ﴿46﴾ قُلْ مَا سَاَلْتُكُمْ مِّنْ

ڈرانے والا | تم کو | پہلے | عذاب | سخت کے | کہہ دیجئے | نہیں | میں مانگا تم سے | کوئی

سخت عذاب آنے سے پہلے خبردار کر رہا ہے۔'' اے نبی ﷺ آپ ﷺ ان سے کہیں ''میں نے تم سے اس دعوت کا

اَجْرٍ فَهُوَ لَكُمْ ؕ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلَى اللّٰهِ ۚ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ

اجرت | تو وہ | تمہارے لئے | نہیں | اجرت میری | مگر | پر | اللہ | اور وہ | اوپر | ہر | چیز کے

کچھ معاوضہ مانگا ہو تو وہ تمہیں ہی مبارک۔ میرا صلہ اللہ کے ذمے ہے۔ وہ ہر چیز پر

شَهِيْدٌ ﴿47﴾ قُلْ اِنَّ رَبِّيْ يَقْذِفُ بِالْحَقِّ ۚ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ﴿48﴾ قُلْ جَآءَ

گواہ ہے | کہہ دیجئے | بیشک | میرا رب | ڈالتا ہے | حق کو | خوب جاننے والا | غیبوں کا | کہہ دیجئے | آ گیا

گواہ ہے'' اور اے نبی ﷺ! کہیں ''بے شک میرا رب حق کو باطل پر غالب کرے گا اور وہی چھپی باتوں کو جاننے والا ہے'' اور

الْحَقُّ وَمَا يُبْدِئُ الْبَاطِلُ وَمَا يُعِيْدُ ﴿49﴾ قُلْ اِنْ ضَلَلْتُ فَاِنَّمَآ

حق | اور نہیں | پہلی بار پیدا کرتا | باطل | اور نہ | دوبارہ پیدا کرتا ہے | کہہ دیجئے | اگر | میں گمراہ ہو جاؤں | تو بیشک

آپ ﷺ یہ کہیں ''حق آ گیا ہے اب باطل مٹ جائے گا۔'' اور آپ ﷺ یہ بھی کہیں ''اگر میں گمراہی میں ہوں تو

اَضِلُّ عَلٰى نَفْسِيْ ۚ وَاِنِ اهْتَدَيْتُ فَبِمَا يُوْحِيْٓ اِلَيَّ رَبِّيْ ؕ اِنَّهٗ

میں گمراہ ہوں گا | پر | اپنی جان | اور اگر | میں ہدایت پر ہوں | تو اس لیے کہ | وحی کرتا ہے | میری طرف | میرا رب | بیشک وہ

میری گمراہی کا وبال مجھ پر ہے اور اگر میں ہدایت پر ہوں تو اس وحی کی بدولت ہے جو میرا رب میری طرف بھیجتا ہے۔ بے شک وہ

سَمِيْعٌ قَرِيْبٌ ﴿50﴾ وَلَوْ تَرٰٓى اِذْ فَزِعُوْا فَلَا فَوْتَ وَاُخِذُوْا مِنْ

خوب سننے والا | نہایت قریب ہے | اور کاش | تو دیکھے | جب | وہ گھبرائیں گے | پھر نہ بھاگیں گے | اور پکڑے جائیں گے | سے

سننے والا قریب ہے۔'' کاش تم دیکھو جب آخرت میں یہ کافر گھبرائے ہوئے ہوں گے اور کہیں بھاگ نہ سکیں گے بلکہ قریب سے دھر

مَّكَانٍ قَرِيْبٍ ﴿51﴾ وَّقَالُوْٓا اٰمَنَّا بِهٖ ۚ وَاَنّٰى لَهُمُ التَّنَاوُشُ مِنْ

جگہ | قریب | اور کہیں گے | ہم ایمان لائے | اس پر | اور کہاں | ان کیلئے ہے | پہنچ | سے

لیے جائیں گے۔ اُس وقت یہ کہیں گے ''ہم ایمان لائے''۔ مگر اُس وقت اتنی دور سے انھیں ایمان تک

مَّكَانٍۭ بَعِيْدٍ ﴿52﴾ وَّقَدْ كَفَرُوْا بِهٖ مِنْ قَبْلُ ۚ وَيَقْذِفُوْنَ بِالْغَيْبِ

جگہ | دور کی | اور بیشک | انہوں نے انکار کیا | اس کا | سے | پہلے | اور پھینکتے تھے | بن دیکھے

رسائی کیسے ہوگی! حالانکہ اس سے پہلے انھوں نے کفر کیا اور اندھیرے میں تیر تکے

مِنْ مَّكَانٍۭ بَعِيْدٍ ﴿53﴾ وَحِيْلَ بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ مَا يَشْتَهُوْنَ كَمَا

سے | جگہ | دور کی | اور پردہ ڈال دیا جائے گا | درمیان انکے | اور درمیان | جو | وہ چاہتے تھے | جیسا

چلاتے رہے۔ آخر ان کے اور ان کی اس آرزو کے درمیان آڑ کر دی جائے گی جس طرح

فُعِلَ بِاَشْيَاعِهِمْ مِّنْ قَبْلُ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا فِيْ شَكٍّ مُّرِيْبٍ ﴿54﴾ ع

کیا گیا | انکے ساتھیوں کے ساتھ | سے | پہلے | بے شک | وہ تھے | میں | شک | الجھن والے

اس سے پہلے ان جیسوں کے ساتھ یہی معاملہ ہو چکا۔ بے شک یہ لوگ بڑے الجھن والے شک میں پڑے رہے تھے۔

(6 ع 9 12)

(35) سُوْرَةُ فَاطِرٍ مَّكِّيَّةٌ (43)

اٰیاتُها 45 | رُکُوعاتُها 5

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ جَاعِلِ الْمَلٰٓئِكَةِ رُسُلًا اُولِيْٓ

تمام تعریف | اللہ کیلئے ہے | پیدا کرنیوالا | آسمانوں | اور زمین کا | بنانے والا | فرشتوں کو | پیغامبر | والے

سب تعریف اللہ کیلئے ہے جو آسمانوں اور زمین کا موجد ہے۔ جس نے فرشتوں کو پیغام رساں بنایا۔ جن کے

اَجْنِحَةٍ مَّثْنٰى وَثُلٰثَ وَرُبٰعَ ؕ يَزِيْدُ فِي الْخَلْقِ مَا يَشَآءُ ؕ اِنَّ

پروں | دودو | اور تین تین | اور چار چار | زیادہ کرتا ہے | میں | پیدائش | جو | چاہتا ہے | بیشک

پر ہیں دو دو، تین تین، اور چار چار۔ وہ مخلوق میں جو چاہے اضافہ کر دیتا ہے۔ بے شک

اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿1﴾ مَا يَفْتَحِ اللّٰهُ لِلنَّاسِ مِنْ رَّحْمَةٍ

اللہ | پر | ہر | چیز | قادر ہے | جو | کھول دے | اللہ | لوگوں کیلئے | سے | رحمت

اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔ اللہ جس رحمت کا دروازہ لوگوں کیلئے کھولے کوئی اسے

فَلَا مُمْسِكَ لَهَا ۚ وَمَا يُمْسِكْ ۙ فَلَا مُرْسِلَ لَهٗ مِنْۢ بَعْدِهٖ ؕ وَهُوَ

تو نہیں کوئی روکنے والا | اس کو | اور جو | روک دے | تو نہیں | کوئی بھیجنے والا | اس کو | سے | بعد اس کے | اور وہ

روکنے والا نہیں، اور جسے وہ روک دے کوئی اسے کھولنے والا نہیں۔ اور وہ

الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝٢ يَاَيُّهَا النَّاسُ اذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ ؕ هَلْ

بڑا غالب | خوب حکمت والا ہے | اے | لوگو | یاد کرو | نعمت | اللہ کی | تم پر | کیا

نہایت غالب اور خوب حکمت والا ہے۔ اے لوگو اپنے اوپر اللہ کا احسان یاد کرو۔ کیا

مِنْ خَالِقٍ غَيْرُ اللّٰهِ يَرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ؕ لَآ اِلٰهَ اِلَّا

کوئی | خالق ہے | سوائے | اللہ کے | روزی دے تم کو | سے | آسمان | اور زمین سے | نہیں | کوئی معبود | سوائے

اللہ کے سوا کوئی اور خالق ہے جو تمہیں آسمان اور زمین سے رزق دیتا ہے۔ جب اس کے سوا کوئی

هُوَ ۖ فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ ۝٣ وَاِنْ يُّكَذِّبُوْكَ فَقَدْ كُذِّبَتْ رُسُلٌ مِّنْ

اس کے | پھر کہاں | تم بھٹکائے جاتے ہو | اور اگر | وہ جھٹلاتے ہیں تجھ کو | تو بیشک | جھٹلائے گئے | کئی رسول | سے

معبود نہیں تو تم کہاں سے دھوکا کھا رہے ہو؟ اے نبی ﷺ اگر یہ لوگ آپ ﷺ کو جھٹلائیں تو آپ ﷺ سے پہلے بھی بہت سے پیغمبر

قَبْلِكَ ؕ وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ۝٤ يَاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ

پہلے تجھ | اور طرف | اللہ کی | پھیرے جاتے ہیں | سب کام | اے | لوگو | بیشک | وعدہ | اللہ کا

جھٹلائے جا چکے۔ اور سارے معاملات اللہ کے سامنے پیش ہوں گے۔ لوگو بےشک اللہ کا وعدۂ قیامت

حَقٌّ فَلَا تَغُرَّنَّكُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا ٛ وَلَا يَغُرَّنَّكُمْ بِاللّٰهِ الْغَرُوْرُ ۝٥

سچا ہے | پس نہ | تم کو دھوکا دے | زندگی | دنیا کی | اور نہ | دھوکا دے | اللہ کے بارے | بڑا دھوکے باز

برحق ہے۔ لہٰذا دنیا کی زندگی تمہیں دھوکے میں نہ ڈالے اور نہ وہ بڑا دھوکے باز تمہیں اللہ کے بارے میں دھوکا دینے پائے۔

اِنَّ الشَّيْطٰنَ لَكُمْ عَدُوٌّ فَاتَّخِذُوْهُ عَدُوًّا ؕ اِنَّمَا يَدْعُوْا حِزْبَهٗ

بیشک | شیطان ہے | تمہارا | دشمن | پس تم بناؤ اسکو | دشمن | بیشک | وہ بلاتا ہے | اپنے گروہ کو

بےشک شیطان تمہارا دشمن ہے۔ لہٰذا تم اسے اپنا دشمن سمجھو۔ وہ اپنے گروہ کو اسی لئے بلاتا ہے

لِيَكُوْنُوْا مِنْ اَصْحٰبِ السَّعِيْرِ ؕ ۝٦ اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَهُمْ عَذَابٌ

تاکہ وہ ہوں | سے | رہنے والے | دوزخ کے | جو لوگ | کافر ہوئے | ان کیلئے ہے | عذاب

تاکہ انہیں گمراہ کر کے دوزخی بنائے۔ جو لوگ کافر ہیں ان کیلئے سخت

شَدِيْدٌ ؕ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ

سخت | اور جو | ایمان لائے | اور کام کیے | نیک | ان کیلئے ہے | بخشش | اور اجر

عذاب ہے اور جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کیے، ان کیلئے بخشش اور بڑا

كَبِيرٌ ۝٧ اَفَمَنْ زُيِّنَ لَهٗ سُوْٓءُ عَمَلِهٖ فَرَاٰهُ حَسَنًا ؕ فَاِنَّ اللّٰهَ

بہت بڑا | کیا پھر جو | آراستہ کیا گیا | اس کیلئے | برا | عمل اسکا | پھر وہ اسے دیکھتا ہے | اچھا | پس بیشک | اللہ

اجر ہے۔ ایسا شخص جسے اس کا برا عمل اچھا کر کے دکھایا گیا ہو پھر وہ اسے اچھا سمجھ رہا ہو اسے کون ہدایت دے سکتا ہے؟ اللہ جسے چاہتا

يُضِلُّ مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ۖ فَلَا تَذْهَبْ نَفْسُكَ عَلَيْهِمْ

گمراہ کرتا ہے | جسے | وہ چاہتا ہے | اور ہدایت دیتا ہے | جسے | وہ چاہتا ہے | پس نہ | جاتی رہے | جان تیری | ان پر

ہے گمراہ کرتا ہے اور جسے چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے۔ لہٰذا اے نبی ﷺ ایسے لوگوں پر افسوس کر کے آپ ﷺ اپنی جان کو

حَسَرٰتٍ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِمَا يَصْنَعُوْنَ ۝٨ وَاللّٰهُ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ

افسوس سے | بیشک | اللہ | خوب جاننے والا | جو | وہ کرتے ہیں | اور اللہ | وہ جو | بھیجتا ہے

ہلکان نہ کریں۔ اللہ کو معلوم ہے جو وہ کرتے ہیں۔ وہی اللہ ہے جو ہوائیں

الرِّيٰحَ فَتُثِيْرُ سَحَابًا فَسُقْنٰهُ اِلٰى بَلَدٍ مَّيِّتٍ فَاَحْيَيْنَا بِهِ الْاَرْضَ

ہوائیں | پھر وہ اٹھاتی ہیں | بادلوں کو | پھر ہم چلاتے ہیں | کی طرف | علاقہ | مردہ | پھر ہم زندہ کرتے ہیں | اس سے | زمین

بھیجتا ہے جو بادلوں کو اٹھاتی ہیں۔ پھر ہم انہیں کسی خشک علاقے کی طرف ہانک کر لے جاتے ہیں۔ پھر اس مردہ زمین کو

بَعْدَ مَوْتِهَا ؕ كَذٰلِكَ النُّشُوْرُ ۝٩ مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْعِزَّةَ فَلِلّٰهِ

بعد | اس کی موت کے | اسی طرح | دوبارہ اٹھنا ہوگا | جو | ہے | چاہتا | عزت | تو اللہ کیلئے ہے

بارش کے ذریعے زندہ کر دیتے ہیں۔ اسی طرح قیامت کے دن دوبارہ زندہ ہو کر اٹھنا ہوگا۔ جو شخص عزت چاہتا ہے تو ساری

الْعِزَّةُ جَمِيْعًا ؕ اِلَيْهِ يَصْعَدُ الْكَلِمُ الطَّيِّبُ وَالْعَمَلُ الصَّالِحُ

عزت | ساری | اسکی طرف | چڑھتے ہیں | کلمات | پاکیزہ | اور عمل | نیک

عزت اللہ کے ہاتھ میں ہے۔ اسی کی طرف چڑھتی ہے پاکیزہ بات، مگر اسے قبولیت کے قابل بناتا ہے اس کے ساتھ

يَرْفَعُهٗ ؕ وَالَّذِيْنَ يَمْكُرُوْنَ السَّيِّاٰتِ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌ ؕ وَمَكْرُ

وہ بلند کرتا ہے اس کو | اور جو لوگ | چالیں چلتے ہیں | بری | ان کیلئے | عذاب ہے | سخت | اور چال

نیک عمل۔ اے نبی ﷺ جو لوگ آپ ﷺ کے خلاف بری چالیں چل رہے ہیں ان کیلئے سخت عذاب ہے۔ ان کی تمام چالیں

اُولٰٓئِكَ هُوَ يَبُوْرُ ۝١٠ وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ

انکی | وہ | برباد ہوگی | اور اللہ نے | پیدا کیا تم کو | سے | مٹی | پھر | سے | نطفے

ناکام ہو کر رہیں گی۔ اللہ نے تمہیں مٹی سے بنایا۔ پھر پانی کی بوند سے پیدا کیا۔

ثُمَّ جَعَلَكُمْ اَزْوَاجًا ؕ وَمَا تَحْمِلُ مِنْ اُنْثٰی وَلَا تَضَعُ اِلَّا

پھر | بنائے تمہارے | جوڑے | اور نہیں | حاملہ ہوتی | کوئی | عورت | اور نہ | جنتی ہے | مگر

پھر تمہارے جوڑے بنائے۔ کوئی عورت نہ حاملہ ہوتی ہے اور نہ بچہ جنتی ہے مگر یہ سب اللہ کے

بِعِلْمِهٖ ؕ وَمَا يُعَمَّرُ مِنْ مُّعَمَّرٍ وَّلَا يُنْقَصُ مِنْ عُمُرِهٖۤ اِلَّا فِيْ

اسکے علم میں ہے | اور نہیں | عمر پاتا | کوئی | عمر پانے والا | اور نہ | کم کیا جاتا ہے | سے | اسکی عمر | مگر ہے | میں

علم میں ہوتا ہے۔ نہ کوئی بڑی عمر والا بڑی عمر پاتا ہے اور نہ کسی کی عمر گھٹتی ہے مگر یہ سب کچھ لوحِ محفوظ

كِتٰبٍ ؕ اِنَّ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ ۝ وَمَا يَسْتَوِي الْبَحْرٰنِ ۖ هٰذَا

کتاب | بیشک | یہ ہے | پر | اللہ | نہایت آسان | اور نہیں | برابر ہیں | دو سمندر | یہ

میں لکھا ہوا ہے۔ ایسا کرنا اللہ کیلئے بہت آسان ہے۔ اور دیکھو، دریاؤں اور سمندروں کا پانی یکساں نہیں۔ ایک

عَذْبٌ فُرَاتٌ سَآئِغٌ شَرَابُهٗ وَهٰذَا مِلْحٌ اُجَاجٌ ؕ وَمِنْ كُلٍّ تَاْكُلُوْنَ

میٹھا | پیاس بجھانے والا | خوشگوار | پینا اسکا | اور یہ | کھاری | کڑوا | اور سے | ہر ایک | تم کھاتے ہو

پانی میٹھا ہے، پیاس بجھانے والا اور پینے کیلئے خوش گوار۔ دوسرا پانی کھاری ہے اور کڑوا۔ لیکن دونوں قسم کے پانیوں

لَحْمًا طَرِيًّا وَّتَسْتَخْرِجُوْنَ حِلْيَةً تَلْبَسُوْنَهَا ۚ وَتَرَى الْفُلْكَ فِيْهِ

گوشت | تازہ | اور تم نکالتے ہو | زیور | تم پہنتے ہو اسے | اور تو دیکھتا ہے | کشتیاں | اس میں

سے تم مچھلی کا تازہ گوشت کھاتے ہو اور زینت کی چیزیں نکالتے ہو جنہیں تم پہنتے ہو۔ تم کشتیوں کو دیکھتے ہو وہ

مَوَاخِرَ لِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۝ يُوْلِجُ الَّيْلَ فِي

پھاڑتی ہیں پانی کو | تاکہ تم تلاش کرو | سے | اسکے فضل | اور تاکہ | تم شکر کرو | وہ داخل کرتا ہے | رات کو | میں

پانی کو پھاڑتی ہوئی چلتی ہیں تاکہ تم اللہ کا فضل تلاش کرو اور تاکہ اس کا شکر ادا کرو۔ اور دیکھو، اللہ رات کو

النَّهَارِ وَيُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ ۙ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ۖ كُلٌّ

دن | اور داخل کرتا ہے | دن کو | میں | رات | اور کام پر لگایا | سورج کو | اور چاند کو | ہر ایک

دن میں داخل کرتا ہے اور دن کو رات میں داخل کرتا ہے۔ اسی نے سورج اور چاند کو کام پر لگا دیا۔ ہر ایک

يَّجْرِيْ لِاَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ لَهُ الْمُلْكُ ؕ وَالَّذِيْنَ

چلتا ہے | مدت تک | مقررہ | یہی | اللہ | تمہارا رب ہے | اسی کی | بادشاہی ہے | اور جن کو

مقررہ وقت تک گردش کر رہا ہے۔ یہ سب کام اللہ کے ہیں جو تمہارا رب ہے۔ بادشاہی اسی کی ہے۔ اس کے سوا

تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ مَا يَمْلِكُوْنَ مِنْ قِطْمِيْرٍ ﴿13﴾ اِنْ تَدْعُوْهُمْ

تم پکارتے ہو | سے | سوا اللہ کے | نہیں | وہ مالک | سے | کھجور کی گٹھلی کے چھلکے | اگر | تم بلاؤ ان کو

تم جنہیں پکارتے ہو وہ کھجور کی گٹھلی کے ایک چھلکے کے بھی مالک نہیں۔ اگر تم انہیں پکارو وہ تمہاری

لَا يَسْمَعُوْا دُعَآءَكُمْ ۚ وَلَوْ سَمِعُوْا مَا اسْتَجَابُوْا لَكُمْ ۗ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ

نہیں وہ سنتے | تمہاری پکار | اور اگر | وہ سن لیں | نہیں | وہ جواب دے سکتے | تم کو | اور دن | قیامت کے

فریاد نہیں سنیں گے۔ اگر سنیں تو تمہاری فریاد رسی نہیں کر سکتے۔ وہ قیامت کے دن

يَكْفُرُوْنَ بِشِرْكِكُمْ ۗ وَلَا يُنَبِّئُكَ مِثْلُ خَبِيْرٍ ﴿14﴾ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ

وہ انکار کریں گے | تمہارے شرک کا | اور نہیں | بتائے گا تجھ کو | جیسے | باخبر | اے | لوگو

تمہارے شرک کا انکار کریں گے۔ اور دیکھو، ایک باخبر اللہ کی طرح کوئی تمہیں اصل حقیقت سے آگاہ نہیں کر سکتا۔ اے لوگو!

(ع 2 ‏7 ‏14 — الثلاثة)

اَنْتُمُ الْفُقَرَآءُ اِلَى اللّٰهِ ۚ وَاللّٰهُ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ﴿15﴾ اِنْ يَّشَاْ

تم | محتاج ہو | طرف | اللہ کی | اور اللہ | وہی ہے | بے نیاز | تعریف کے لائق | اگر | وہ چاہے

تم اللہ کے محتاج ہو اور اللہ بے نیاز اور تعریف کے لائق ہے۔ اگر وہ چاہے

يُذْهِبْكُمْ وَيَاْتِ بِخَلْقٍ جَدِيْدٍ ﴿16﴾ ۚ وَمَا ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ بِعَزِيْزٍ ﴿17﴾

لے جائے تمہیں | اور لائے | مخلوق | نئی | اور نہیں | یہ | پر | اللہ | مشکل

تمہیں فنا کر دے اور تمہاری جگہ نئی مخلوق لے آئے۔ ایسا کرنا اللہ کیلئے کچھ مشکل نہیں۔

وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى ۗ وَاِنْ تَدْعُ مُثْقَلَةٌ اِلٰى حِمْلِهَا

اور نہ | اٹھائے گی | بوجھ اٹھانے والی | بوجھ | دوسری کا | اور اگر | پکارے گی | بوجھ والی | طرف | اپنے بوجھ کی

قیامت کے دن کوئی کسی کا بوجھ نہ اٹھائے گا۔ اگر کوئی بھاری بوجھ والا شخص اپنا بوجھ اٹھانے کیلئے پکارے گا تو کوئی

لَا يُحْمَلْ مِنْهُ شَيْءٌ وَّلَوْ كَانَ ذَا قُرْبٰى ۗ اِنَّمَا تُنْذِرُ الَّذِيْنَ

نہیں اٹھایا جائیگا | اس سے | کچھ | اور اگرچہ | وہ ہو | رشتہ دار | بیشک | تو ڈراتا ہے | ان کو جو

رشتہ دار بھی اُس کا بوجھ نہیں اٹھائے گا۔ اور اے نبی ﷺ آپ ﷺ صرف ان لوگوں کو سمجھا سکتے ہیں

يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَيْبِ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ ۗ وَمَنْ تَزَكّٰى فَاِنَّمَا يَتَزَكّٰى

ڈرتے ہیں | اپنے رب سے | بن دیکھے | اور قائم کرتے ہیں | نماز | اور جو | پاک ہوتا ہے | تو بیشک | وہ پاک ہوا

جو بغیر دیکھے اپنے رب سے ڈریں اور نماز قائم کریں۔ اور دیکھو، جو شخص گناہوں سے پاک ہو جاتا ہے وہ اپنے لئے

لِنَفْسِهٖ ؕ وَاِلَى اللّٰهِ الْمَصِيْرُ ﴿۱۸﴾ وَمَا يَسْتَوِي الْاَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ ﴿۱۹﴾

اپنے لئے | اور طرف | اللہ کی ہے | لوٹنا | اور نہیں | برابر ہوتے | اندھا | اور دیکھنے والا

پاک ہوتا ہے۔ سب کو اللہ ہی کے پاس جانا ہے۔ اور دیکھو، اندھا اور آنکھوں والا برابر نہیں ہیں۔

وَلَا الظُّلُمٰتُ وَلَا النُّوْرُ ﴿۲۰﴾ وَلَا الظِّلُّ وَلَا الْحَرُوْرُ ﴿۲۱﴾ وَمَا

اور نہ | اندھیرے | اور نہ | روشنی | اور نہ | سایہ | اور نہ | دھوپ | اور نہیں

نہ تاریکی اور روشنی، نہ چھاؤں اور دھوپ، نہ

يَسْتَوِي الْاَحْيَآءُ وَلَا الْاَمْوَاتُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يُسْمِعُ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَمَآ

برابر ہوتے | زندہ | اور نہ | مردہ | بیشک | اللہ | سناتا ہے | جس کو | وہ چاہتا ہے | اور نہیں

زندہ اور مردے برابر ہو سکتے ہیں۔ بے شک اللہ جسے چاہتا ہے سننے سمجھنے کی توفیق دیتا ہے۔ اے نبی ﷺ آپ ﷺ ان کو

اَنْتَ بِمُسْمِعٍ مَّنْ فِي الْقُبُوْرِ ﴿۲۲﴾ اِنْ اَنْتَ اِلَّا نَذِيْرٌ ﴿۲۳﴾ اِنَّآ

تو | سنانے والا | اسکو جو ہیں | میں | قبروں | نہیں | تو | مگر | ڈرانے والا | بیشک ہم

سنا سمجھا نہیں سکتے جو قبروں میں ہیں۔ آپ ﷺ صرف خبردار کرنے والے ہیں۔ بے شک

اَرْسَلْنٰكَ بِالْحَقِّ بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا ؕ وَاِنْ مِّنْ اُمَّةٍ اِلَّا خَلَا فِيْهَا

ہم نے بھیجا تجھے | ساتھ حق کے | خوشخبری دینے والا | اور ڈرانے والا | اور نہیں | کوئی | امت | مگر | ہے گزرا | اس میں

ہم نے آپ ﷺ کو خوشخبری دینے والا اور خبردار کرنیوالا بنا کر بھیجا ہے۔ کوئی امت ایسی نہیں جس میں کوئی خبردار

نَذِيْرٌ ﴿۲۴﴾ وَاِنْ يُّكَذِّبُوْكَ فَقَدْ كَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۚ

ایک ڈرانے والا | اور اگر | وہ جھٹلائیں تجھے | تو بیشک | جھٹلایا | انہوں نے جو | سے | پہلے انکے

کرنیوالا نہ آیا ہو۔ اگر یہ لوگ آپ ﷺ کو جھٹلاتے ہیں تو ان سے پہلے جو لوگ گزرے انہوں نے بھی جھٹلایا۔

جَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ وَبِالزُّبُرِ وَبِالْكِتٰبِ الْمُنِيْرِ ﴿۲۵﴾ ثُمَّ

آئے انکے پاس | ان کے رسول | روشن دلیلوں کے ساتھ | اور صحیفوں کیساتھ | اور کتابوں کے ساتھ | روشن | پھر

ان کے پاس ان کے رسول کھلی نشانیاں، صحیفے اور روشن کتابیں لے کر آئے پھر

اَخَذْتُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَكَيْفَ كَانَ نَكِيْرِ ﴿۲۶﴾ ع اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ

3 ع 12 15

میں نے پکڑ لیا | ان کو جو | کافر ہوئے | پھر کیسا | تھا | میرا عذاب | کیا نہیں | تو نے دیکھا | کہ | اللہ نے

جن لوگوں نے نہ مانا انہیں میں نے پکڑ لیا۔ تو دیکھو انہیں میرے انکار کی کیسی سزا ملی؟ کیا تم نہیں دیکھتے اللہ

اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً ۚ فَاَخْرَجْنَا بِهٖ ثَمَرٰتٍ مُّخْتَلِفًا اَلْوَانُهَا ؕ وَمِنَ

اتارا | سے | آسمان | پانی | پھر ہم نے نکالے | اسکے ذریعے | پھل | مختلف | ان کے رنگ | اور سے

آسمان سے پانی برساتا ہے۔ اس سے ہم مختلف رنگوں کے پھل پیدا کر دیتے ہیں۔ اور دیکھو،

الْجِبَالِ جُدَدٌۢ بِیْضٌ وَّحُمْرٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهَا وَغَرَابِیْبُ سُوْدٌ ﴿۲۷﴾

پہاڑوں | ٹکڑے | سفید | اور سرخ | مختلف ہیں | جن کے رنگ | اور کالے | سیاہ

پہاڑوں میں بھی مختلف رنگوں کے ٹکڑے ہوتے ہیں سفید، سرخ اور گہرے سیاہ۔

وَمِنَ النَّاسِ وَالدَّوَآبِّ وَالْاَنْعَامِ مُخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ كَذٰلِكَ ؕ اِنَّمَا

اور بعض | انسان | اور جانور | اور مویشی | مختلف ہیں | رنگ انکے | اسی طرح | بیشک

اسی طرح انسانوں، جانوروں اور چوپایوں کے رنگ بھی مختلف ہوتے ہیں۔ بے شک

یَخْشَى اللّٰهَ مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمٰٓؤُا ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَزِیْزٌ غَفُوْرٌ ﴿۲۸﴾ اِنَّ

ڈرتے ہیں | اللہ سے | سے | اس کے بندے | علم والے | بیشک | اللہ ہے | بڑا غالب | بہت بخشنے والا | بیشک

اللہ سے اس کے وہی بندے ڈرتے ہیں جو علم والے ہیں۔ یقیناً اللہ غالب اور بخشنے والا ہے۔ جو

الَّذِیْنَ یَتْلُوْنَ كِتٰبَ اللّٰهِ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاَنْفَقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ

جو لوگ | پڑھتے ہیں | کتاب | اللہ کی | اور قائم کرتے ہیں | نماز | اور خرچ کرتے ہیں | اس سے جو | ہم نے روزی دی انکو

لوگ اللہ کی کتاب پڑھتے ہیں، نماز قائم کرتے ہیں اور جو کچھ ہم نے انہیں عطا کیا ہے اس میں سے

سِرًّا وَّعَلَانِیَةً یَّرْجُوْنَ تِجَارَةً لَّنْ تَبُوْرَ ﴿۲۹﴾ لِیُوَفِّیَهُمْ اُجُوْرَهُمْ

پوشیدہ | اور ظاہر | وہ امید رکھتے ہیں | ایسی تجارت کی | جو ہرگز نہیں | برباد ہوگی | تاکہ وہ ان کو پورا دے | ان کا بدلہ

اللہ کی راہ میں پوشیدہ اور علانیہ خرچ کرتے ہیں، وہ ایسی تجارت کر رہے ہیں جس میں کبھی گھاٹا نہیں۔ انہیں یقین ہے اللہ ان کو

وَیَزِیْدَهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ؕ اِنَّهٗ غَفُوْرٌ شَكُوْرٌ ﴿۳۰﴾ وَالَّذِیْٓ اَوْحَیْنَآ

اور زیادہ دے ان کو | سے | اپنے فضل | بیشک وہ ہے | بہت بخشنے والا | نہایت قدردان | اور جو | ہم نے وحی بھیجی

ان کا پورا اجر دے گا بلکہ اپنے فضل سے مزید بھی عطا کرے گا۔ بے شک اللہ بخشنے والا قدردان ہے۔ اے نبی ﷺ ہم نے

اِلَیْكَ مِنَ الْكِتٰبِ هُوَ الْحَقُّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَیْنَ یَدَیْهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

تیری طرف | سے | کتاب | وہ | حق ہے | سچا کرنیوالی | اس کو جو | اسکے آگے (پہلے) ہے | بے شک | اللہ

آپ ﷺ کی طرف جو کتاب وحی کی ہے وہ حق ہے۔ وہ اپنے سے پہلے کتابوں کی تصدیق کرتی ہے۔ بے شک اللہ

بِعِبَادِهٖ لَخَبِيْرٌۢ بَصِيْرٌ ﴿31﴾ ثُمَّ اَوْرَثْنَا الْكِتٰبَ الَّذِيْنَ اصْطَفَيْنَا مِنْ

اپنے بندوں سے | ضرور باخبر | خوب دیکھنے والا | پھر | ہم نے وارث بنایا | کتاب کا | ان کو جنہیں | ہم نے چنا | سے

اپنے بندوں کی خبر رکھنے والا دیکھنے والا ہے۔ پھر ہم نے کتابِ الٰہی کا وارث بنایا ان لوگوں کو جنہیں ہم نے اپنے

عِبَادِنَا ۚ فَمِنْهُمْ ظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ ۚ وَمِنْهُمْ مُّقْتَصِدٌ ۚ وَمِنْهُمْ سَابِقٌۢ

اپنے بندوں | پھر ان میں سے | ظلم کرنیوالا | اپنی جان پر | اور بعض ان میں سے | معتدل | اور بعض ان میں سے | آگے بڑھنے والا

بندوں میں سے چن لیا۔ ان میں سے کچھ اپنی جانوں پر ظلم کرنیوالے ہیں اور کچھ درمیانی چال والے ہیں۔ کچھ ایسے ہیں جو

بِالْخَيْرٰتِ بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ هُوَ الْفَضْلُ الْكَبِيْرُ ﴿32﴾ ؕ جَنّٰتُ عَدْنٍ

نیکیوں میں | حکم سے | اللہ کے | یہ ہے | وہی | فضل | بہت بڑا | باغات | ہمیشہ کے

اللہ کی توفیق سے بھلائیوں میں سبقت کرنیوالے ہیں۔ یہ اللہ کا بڑا فضل ہے۔ یہی لوگ جنت کے سدا بہار باغوں

يَّدْخُلُوْنَهَا يُحَلَّوْنَ فِيْهَا مِنْ اَسَاوِرَ مِنْ ذَهَبٍ وَّلُؤْلُؤًا ۚ

وہ داخل ہوں گے ان میں | انکو پہنائے جائینگے | ان میں | سے | کنگن | کے | سونے | اور موتی

میں داخل ہوں گے۔ وہاں انہیں سونے کے کنگن اور موتی پہنائے جائیں گے۔

وَلِبَاسُهُمْ فِيْهَا حَرِيْرٌ ﴿33﴾ وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْٓ اَذْهَبَ عَنَّا

اور لباس ان کا | اس میں ہے | ریشمی | اور وہ کہیں گے | سب تعریف | اللہ کے لئے | جس نے | دور کیا | ہم سے

ان کا لباس ریشم ہوگا۔ وہ کہیں گے "شکر ہے اللہ کا جس نے ہمارے سارے غم دور کر

الْحَزَنَ ؕ اِنَّ رَبَّنَا لَغَفُوْرٌ شَكُوْرُۨ ﴿34﴾ ۙ الَّذِيْٓ اَحَلَّنَا دَارَ الْمُقَامَةِ

غم کو | بیشک | ہمارا رب ہے | ضرور بخشنے والا | نہایت قدردان | جس نے | ہم کو اتارا | گھر | ہمیشہ رہنے کے

دیے۔ بے شک ہمارا رب بخشنے والا قدر دان ہے۔ جس نے ہمیں اپنے فضل سے ہمیشہ رہنے کے

مِنْ فَضْلِهٖ ۚ لَا يَمَسُّنَا فِيْهَا نَصَبٌ وَّلَا يَمَسُّنَا فِيْهَا لُغُوْبٌ ﴿35﴾

سے | اپنے فضل | نہیں | پہنچتی ہم کو | اس میں | کوئی تکلیف | اور نہ | پہنچتی ہے ہم کو | اس میں | کوئی تھکاوٹ

گھر میں لا بسایا ہے، جہاں ہمیں نہ مشقت کرنی پڑتی ہے، نہ تکان ہوتی ہے۔"

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَهُمْ نَارُ جَهَنَّمَ ۚ لَا يُقْضٰى عَلَيْهِمْ فَيَمُوْتُوْا

اور جو لوگ | کافر ہوئے | ان کیلئے ہے | آگ | جہنم کی | نہ | پورا کیا جائے گا | ان پر | کہ وہ مر جائیں

مگر جن لوگوں نے کفر کیا ان کیلئے جہنم کی آگ ہے۔ نہ ان کی قضا آئے گی کہ وہ مر کر عذاب سے چھٹکارا پائیں، نہ

وَلَا يُخَفَّفُ عَنْهُمْ مِّنْ عَذَابِهَا ؕ كَذٰلِكَ نَجْزِیْ كُلَّ كَفُوْرٍ ۚ﴿36﴾ وَهُمْ

اور نہ ہلکا کیا جائے گا | ان سے | کچھ | عذاب اس کا | اسی طرح | ہم بدلہ دیں گے | ہر | کافر کو | اور وہ

ان کے عذاب میں کوئی کمی کی جائے گی۔ ہم ہر کافر کو یہ سزا دیں گے۔ وہاں وہ چیخ کر

یَصْطَرِخُوْنَ فِیْهَا ۚ رَبَّنَاۤ اَخْرِجْنَا نَعْمَلْ صَالِحًا غَیْرَ الَّذِیْ كُنَّا

چلائیں گے | اس میں | ہمارے رب | نکال ہمیں | ہم کام کریں گے | نیک | سوائے | جو | ہم تھے

فریاد کریں گے ''اے ہمارے رب! ہمیں یہاں سے نکال۔ ہم نیک عمل کریں گے۔ اس سے مختلف جو ہم پہلے

نَعْمَلُ ؕ اَوَلَمْ نُعَمِّرْكُمْ مَّا یَتَذَكَّرُ فِیْهِ مَنْ تَذَكَّرَ وَجَآءَكُمُ

ہم کرتے | کیا | نہیں | ہم نے عمر دی تمہیں | کہ | سمجھ لیتا | اس میں | جو | سمجھتا | اور آیا تمہارے پاس

کیا کرتے تھے'' ارشاد ہوگا ''کیا ہم نے تمہیں اتنی عمر نہ دی جس میں جسے سمجھنا ہوتا وہ سمجھ سکتا اور تمہارے پاس خبردار

ع 4 11 16

النَّذِیْرُ ؕ فَذُوْقُوْا فَمَا لِلظّٰلِمِیْنَ مِنْ نَّصِیْرٍ ۠﴿37﴾ اِنَّ اللّٰهَ عٰلِمُ غَیْبِ

ڈرانیوالا | پس تم چکھو | پھر نہیں | ظالموں کیلئے | کوئی | مددگار | بے شک | اللہ | جاننے والا | غیب

کرنیوالا پیغمبر بھی آیا۔ اب عذاب کا مزہ چکھو۔ ظالموں کا یہاں کوئی مددگار نہیں۔'' بے شک اللہ آسمانوں اور زمین

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ اِنَّهٗ عَلِیْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿38﴾ هُوَ الَّذِیْ

آسمانوں کا | اور زمین کا | بیشک وہ | جاننے والا | سینوں کی بات | وہ | جس نے

کے غیب کو جاننے والا ہے۔ وہی سینوں کے بھید جانتا ہے۔ وہی ہے

جَعَلَكُمْ خَلٰٓئِفَ فِی الْاَرْضِ ؕ فَمَنْ كَفَرَ فَعَلَیْهِ كُفْرُهٗ ؕ وَلَا یَزِیْدُ

بنایا تم کو | جانشین | میں | زمین | پھر جو | کفر کرے | تو اس پر ہے | کفر اس کا | اور نہیں | زیادہ کرتا

جس نے تمہیں زمین میں آباد کیا۔ جو شخص کفر کرے گا تو اُس کے کفر کا وبال اسی پر پڑے گا۔ کافروں کے

الْكٰفِرِیْنَ كُفْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ اِلَّا مَقْتًا ۚ وَلَا یَزِیْدُ الْكٰفِرِیْنَ

کافروں کو | ان کا کفر | پاس | انکے رب کے | مگر | ناراضی میں | اور نہیں | زیادہ کرتا | کافروں کو

کفر سے ان کے رب کی ناراضی بڑھتی ہے اور ان کیلئے ان کا کفر

كُفْرُهُمْ اِلَّا خَسَارًا ﴿39﴾ قُلْ اَرَءَیْتُمْ شُرَكَآءَكُمُ الَّذِیْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ

ان کا کفر | مگر | گھاٹے میں | کہہ دیجئے | کیا تم نے دیکھا | اپنے شریکوں کو | جن کو | تم پکارتے ہو | سے

خسارے میں اضافہ کرتا ہے۔ اے نبی ﷺ آپ ﷺ مشرکوں سے کہیں ''تم اپنے شریکوں کو دیکھو جنہیں اللہ کے سوا پکارتے ہو

دُوْنِ اللّٰهِ ؕ اَرُوْنِیْ مَاذَا خَلَقُوْا مِنَ الْاَرْضِ اَمْ لَهُمْ شِرْكٌ فِی

سوائے | اللہ کے | تم دکھاؤ مجھے | کیا | انہوں نے پیدا کیا | سے | زمین | یا | ان کا ہے | ساجھا | میں

مجھے دکھاؤ انہوں نے زمین میں کیا بنایا؟ یا ان کی آسمانوں میں

السَّمٰوٰتِ ۚ اَمْ اٰتَیْنٰهُمْ كِتٰبًا فَهُمْ عَلٰی بَیِّنَتٍ مِّنْهُ ۚ بَلْ اِنْ یَّعِدُ

آسمانوں | کیا | ہم نے دی ان کو | کتاب | پھر وہ ہیں | پر | روشن دلیل | اس سے | بلکہ | نہیں | وعدہ کرتے

حصہ داری ہے؟ یا ہم نے ان مشرکوں کو کوئی کتاب دی ہوئی ہے جس میں ان کے شرک کی دلیل موجود ہے؟ نہیں، بلکہ

الظّٰلِمُوْنَ بَعْضُهُمْ بَعْضًا اِلَّا غُرُوْرًا ﴿40﴾ اِنَّ اللّٰهَ یُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ

ظالم لوگ | بعض انکے | بعض سے | مگر | دھوکے کا | بیشک | اللہ | تھامے ہوئے ہے | آسمانوں کو

یہ ظالم ایک دوسرے سے صرف دھوکے کی باتوں کا وعدہ کرتے ہیں۔ اللہ نے آسمانوں اور زمین کا نظام قائم کر

وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا ۚ وَلَىِٕنْ زَالَتَاۤ اِنْ اَمْسَكَهُمَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْۢ

اور زمین کو | اس سے کہ | وہ ٹل جائیں | اور البتہ اگر | وہ ٹل جائیں | نہ | تھامے گا دونوں کو | کوئی | ایک | سے

رکھا ہے کہ وہ درہم برہم نہ ہو۔ لیکن اگر وہ درہم برہم ہو جائے تو کوئی اسے قائم نہیں

بَعْدِهٖ ؕ اِنَّهٗ كَانَ حَلِیْمًا غَفُوْرًا ﴿41﴾ وَاَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَیْمَانِهِمْ

اسکے بعد | بے شک | وہ ہے | بڑے تحمل والا | بہت بخشنے والا | اور قسمیں کھائیں | اللہ کی | سخت | اپنی قسمیں

رکھ سکتا۔ بے شک اللہ تحمل والا بخشنے والا ہے۔ ان مشرکوں نے اللہ کی سخت قسمیں کھائیں کہ

لَىِٕنْ جَآءَهُمْ نَذِیْرٌ لَّیَكُوْنُنَّ اَهْدٰی مِنْ اِحْدَی الْاُمَمِ ۚ فَلَمَّا

البتہ اگر | آیا انکے پاس | ڈرانے والا | البتہ ضرور وہ ہوں گے | زیادہ ہدایت والے | سے | ہر ایک | امت | پھر جب

اگر ان کے پاس کوئی خبردار کرنیوالا نبی آیا تو وہ ہر جماعت سے زیادہ ہدایت قبول کرنیوالے ہوں گے۔ پھر جب

جَآءَهُمْ نَذِیْرٌ مَّا زَادَهُمْ اِلَّا نُفُوْرَا ۙ ﴿42﴾ اسْتِكْبَارًا فِی الْاَرْضِ وَمَكْرَ

آیا انکے پاس | ڈرانے والا | نہ | زیادہ کیا ان کو | مگر | نفرت میں | تکبر کرتے ہوئے | میں | زمین | اور چال

ان کے پاس خبردار کرنیوالا نبی ﷺ آیا تو اس کے خلاف ان لوگوں کی بیزاری میں اضافہ ہوا۔ یہ زمین میں اپنے آپ کو بڑا سمجھنے

السَّیِّئِ ؕ وَلَا یَحِیْقُ الْمَكْرُ السَّیِّئُ اِلَّا بِاَهْلِهٖ ؕ فَهَلْ یَنْظُرُوْنَ اِلَّا

بری | اور نہیں | گھیرتا | مکر | برا | مگر | اسکے کرنیوالے کو | تو نہیں | وہ انتظار کرتے | مگر

لگے اور بری چالیں چلنے لگے۔ حالانکہ بری چال چلنے کا وبال خود بری چال چلنے والے پر ہی پڑتا ہے۔ کیا یہ لوگ اسی دستور

سُنَّتَ الْاَوَّلِيْنَ ۚ فَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّتِ اللّٰهِ تَبْدِيْلًا ۚ وَلَنْ تَجِدَ

عادت | پہلوں کی | پس نہیں | تو پائے گا | عادت میں | اللہ کی | کوئی تبدیلی | اور ہرگز نہیں | تو پائے گا

کے منتظر ہیں جو پہلی نافرمان قوموں کے بارے میں ظاہر ہوا۔ تم اللہ کے دستور میں نہ کوئی تبدیلی پاؤ گے اور نہ تم کبھی دیکھو گے

لِسُنَّتِ اللّٰهِ تَحْوِيْلًا ﴿۴۳﴾ اَوَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ

عادت میں | اللہ کی | کوئی پھیر دینا | کیا | نہیں | وہ چلے پھرے | میں | زمین | پھر وہ دیکھتے | کیسا

کہ اللہ کا قانون ٹل گیا ہے۔ کیا یہ لوگ زمین پر چلے پھرے نہیں تاکہ دیکھتے ان لوگوں کا کیسا

كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ وَكَانُوْٓا اَشَدَّ مِنْهُمْ قُوَّةً ۭ وَمَا

ہوا | انجام | ان کا جو تھے | سے | پہلے ان | اور وہ تھے | زیادہ | ان سے | طاقت میں | اور نہیں

انجام ہوا جو ان سے پہلے ہو گزرے، حالاں کہ وہ ان سے بڑھ کر زور آور تھے۔ آسمانوں

كَانَ اللّٰهُ لِيُعْجِزَهٗ مِنْ شَيْءٍ فِي السَّمٰوٰتِ وَلَا فِي الْاَرْضِ ۭ اِنَّهٗ

ہے | اللہ | کہ عاجز کرے اسکو | کوئی | چیز | میں | آسمانوں | اور نہ | میں | زمین | بیشک وہ

اور زمین میں کوئی چیز ایسی نہیں جو اللہ کے قابو سے باہر ہو سکے۔ بے شک وہ

كَانَ عَلِيْمًا قَدِيْرًا ﴿۴۴﴾ وَلَوْ يُؤَاخِذُ اللّٰهُ النَّاسَ بِمَا

ہے | خوب علم والا | بڑی قدرت والا | اور اگر | پکڑے | اللہ | لوگوں کو | اس پر جو

علم والا قدرت والا ہے۔ اگر اللہ لوگوں کو ان کے اعمال پر فوراً پکڑتا تو

كَسَبُوْا مَا تَرَكَ عَلٰي ظَهْرِهَا مِنْ دَآبَّةٍ وَّلٰكِنْ يُّؤَخِّرُهُمْ

انہوں نے کمایا | نہ | چھوڑے | پر | اس کی پیٹھ | کوئی | جاندار | اور لیکن | وہ ڈھیل دیتا ہے ان کو

روئے زمین پر کسی جاندار کو نہ چھوڑتا۔ لیکن وہ انہیں مقررہ مدت تک مہلت دیتا ہے۔

اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ۚ فَاِذَا جَآءَ اَجَلُهُمْ فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ

تک | وقت | مقررہ | پھر جب | آئے گا | مقررہ وقت ان کا | تو بیشک | اللہ | ہے

پھر جب وہ مدت پوری ہو جائے گی تو اللہ

بِعِبَادِهٖ بَصِيْرًا ﴿۴۵﴾ ع

اپنے بندوں کو | خوب دیکھنے والا

اپنے بندوں کو خود دیکھ لے گا۔

ع 5 / 8 / 17

(36) سُوْرَةُ یٰسٓ مَكِّيَّةٌ (41)

رُكُوْعَاتُهَا 5 — اٰيَاتُهَا 83

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

یٰسٓ ﴿1﴾ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ ﴿2﴾ اِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿3﴾ عَلٰى صِرَاطٍ

یٰسٓ | قسم قرآن | حکمت والے کی | بیشک تو ہے | ضرور سے | رسولوں | پر | راستے

یٰسٓ قرآن حکیم کی قسم اے نبی ﷺ بے شک آپ ﷺ ہمارے رسولوں میں سے ہیں اور سیدھے

مُّسْتَقِيْمٍ ﴿4﴾ تَنْزِيْلَ الْعَزِيْزِ الرَّحِيْمِ ﴿5﴾ لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ اُنْذِرَ

سیدھے | اتارا ہوا | غالب | مہربان (کی طرف سے) | تا کہ تو ڈرائے | ایسی قوم کو | نہیں | ڈرائے گئے

راستے پر ہیں۔ یہ قرآن اُس اللہ نے نازل کیا ہے جو غالب اور مہربان ہے تا کہ آپ ﷺ ان لوگوں کو خبردار کر دیں

اٰبَآؤُهُمْ فَهُمْ غٰفِلُوْنَ ﴿6﴾ لَقَدْ حَقَّ الْقَوْلُ عَلٰٓى اَكْثَرِهِمْ فَهُمْ

ان کے باپ دادا | پس وہ | بے خبر ہیں | بیشک | ثابت ہوئی | بات | پر | انکے اکثر | پس وہ

جن کے باپ دادا کو خبردار نہیں کیا گیا اس لئے وہ بے خبر ہیں۔ البتہ ان میں سے اکثر لوگوں پر یہ بات ثابت ہو چکی ہے کہ وہ

لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿7﴾ اِنَّا جَعَلْنَا فِيْٓ اَعْنَاقِهِمْ اَغْلٰلًا فَهِيَ اِلَى الْاَذْقَانِ فَهُمْ

نہیں ایمان لائیں گے | بیشک ہم | ہم نے کر دیئے | میں | انکی گردنوں | طوق | پس وہ ہیں | تک | ٹھوڑیوں | پھر وہ

ایمان نہیں لائیں گے۔ ہم نے ان کی گردنوں میں طوق ڈال دیے جو اُن کی ٹھوڑیوں تک آ گئے ہیں جس سے

مُّقْمَحُوْنَ ﴿8﴾ وَجَعَلْنَا مِنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا

سر اونچا کیے ہوئے ہیں | اور ہم نے کر دی | سے | ان کے آگے | دیوار | اور سے | ان کے پیچھے | دیوار

ان کی گردنیں اکڑی ہوئی اور سر اونچے ہو رہے ہیں۔ ہم نے ان کے آگے بھی آڑ کر دی ہے اور ان کے پیچھے بھی آڑ کر دی ہے۔

فَاَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ ﴿9﴾ وَسَوَآءٌ عَلَيْهِمْ ءَاَنْذَرْتَهُمْ اَمْ

پھر ہم نے انکو ڈھانپ دیا | پس وہ | نہیں | دیکھتے | اور برابر ہے | ان پر | کیا تو ڈرائے ان کو | یا

ہم نے انہیں ڈھانک دیا ہے جس کے بعد انہیں کچھ دکھائی نہیں دیتا۔ اے نبی ﷺ ان کیلئے برابر ہے خواہ آپ ﷺ انہیں خبردار

لَمْ تُنْذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿10﴾ اِنَّمَا تُنْذِرُ مَنِ اتَّبَعَ الذِّكْرَ وَخَشِيَ

نہ | تو ڈرائے ان کو | نہیں | وہ ایمان لائیں گے | بیشک | تو ڈراتا ہے | اسے جو | پیروی کرے | نصیحت کی | اور ڈرے

کریں یا نہ کریں وہ ایمان نہیں لائیں گے۔ آپ ﷺ صرف ایسے شخص کو خبردار کر سکتے ہیں جو نصیحت پر چلے اور اللہ رحمٰن سے

الرَّحْمٰنَ بِالْغَيْبِ ۚ فَبَشِّرْهُ بِمَغْفِرَةٍ وَّاَجْرٍ كَرِيْمٍ ﴿11﴾ اِنَّا نَحْنُ

رحمان سے | بن دیکھے | پس تو خوشخبری دے اسے | بخشش کی | اور اجر | عمدہ | بیشک ہم | ہم

بغیر دیکھے ڈرے۔ ایسے شخص کو آپ ﷺ بخشش کی اور باعزت اجر و ثواب کی بشارت دیں۔ یقیناً ہم

نُحْيِ الْمَوْتٰى وَنَكْتُبُ مَا قَدَّمُوْا وَاٰثَارَهُمْ ۭ وَكُلَّ شَيْءٍ اَحْصَيْنٰهُ

ہم زندہ کریں گے | مردوں کو | اور ہم لکھتے ہیں | جو | انہوں نے آگے بھیجا | اور انکی نشانیوں کو | اور ہر | چیز | ہم نے شمار کر رکھی ہے

مردوں کو زندہ کریں گے۔ ہم لکھ رہے ہیں جو کچھ وہ آگے بھیج رہے ہیں اور جو کچھ وہ پیچھے چھوڑ رہے ہیں۔ ہر چیز کو ہم نے

وقف غفران

فِيْٓ اِمَامٍ مُّبِيْنٍ ﴿12﴾ ع وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلًا اَصْحٰبَ الْقَرْيَةِ ۘ اِذْ

میں | کتاب | روشن | اور تو بیان کر | ان کیلئے | مثال | رہنے والوں کی | بستی کے | جب

لوحِ محفوظ میں لکھ دیا ہے۔ اے نبی ﷺ ان لوگوں کو بستی والوں کی مثال سنائیں جبکہ

ع 1 12 18 — وقف لازم

جَاۗءَهَا الْمُرْسَلُوْنَ ۚ﴿13﴾ اِذْ اَرْسَلْنَآ اِلَيْهِمُ اثْنَيْنِ فَكَذَّبُوْهُمَا فَعَزَّزْنَا

آئے انکے پاس | رسول | جب | ہم نے بھیجے | انکی طرف | دو پیغمبر | پھر انہوں نے جھٹلایا انکو | پھر ہم نے قوت دی

ان کے پاس رسول آئے۔ ہم نے پہلے دو رسول بھیجے مگر بستی والوں نے انہیں جھٹلا دیا۔ پھر ہم نے ان کی مدد کیلئے

بِثَالِثٍ فَقَالُوْٓا اِنَّآ اِلَيْكُمْ مُّرْسَلُوْنَ ﴿14﴾ قَالُوْا مَآ اَنْتُمْ اِلَّا بَشَرٌ

تیسرے سے | تو انہوں نے کہا | بیشک ہم | تمہاری طرف | بھیجے گئے ہیں | وہ بولے | نہیں | تم | مگر | آدمی

تیسرا رسول بھیجا۔ پھر تینوں نے ان سے کہا "ہم تمہارے پاس پیغمبر بنا کر بھیجے گئے ہیں۔" لوگ بولے "تم ہم جیسے

مِّثْلُنَا ۙ وَمَآ اَنْزَلَ الرَّحْمٰنُ مِنْ شَيْءٍ ۙ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا تَكْذِبُوْنَ ﴿15﴾

ہم جیسے | اور نہیں | اتاری | رحمن نے | کوئی | چیز | نہیں | تم | مگر | جھوٹ بولتے

بشر ہو اور اللہ رحمن نے کوئی وحی نہیں اتاری۔ تم محض جھوٹ بولتے ہو۔"

قَالُوْا رَبُّنَا يَعْلَمُ اِنَّآ اِلَيْكُمْ لَمُرْسَلُوْنَ ﴿16﴾ وَمَا عَلَيْنَآ اِلَّا الْبَلٰغُ

انہوں نے کہا | ہمارا رب | جانتا ہے | بیشک ہم | تمہاری طرف | ضرور بھیجے گئے ہیں | اور نہیں | ہم پر | مگر | پہنچانا

ان رسولوں نے کہا "ہمارا رب جانتا ہے ہم تمہارے پاس بھیجے گئے ہیں اور ہمارے ذمے صرف واضح طور پر پیغام

الْمُبِيْنُ ﴿17﴾ قَالُوْٓا اِنَّا تَطَيَّرْنَا بِكُمْ ۚ لَىِٕنْ لَّمْ تَنْتَهُوْا لَنَرْجُمَنَّكُمْ

ظاہر | وہ بولے | بیشک ہم | منحوس سمجھتے ہیں | تم کو | البتہ اگر | نہ | تم باز آئے | ضرور ہم سنگسار کر دیں گے تم کو

پہنچا دینا ہے۔" لوگوں نے کہا ہم تمہیں منحوس سمجھتے ہیں۔ اگر تم باز نہ آئے تو ہم تمہیں سنگسار کر دیں گے

وَلَيَمَسَّنَّكُمْ مِّنَّا عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿18﴾ قَالُوْا طَآئِرُكُمْ مَّعَكُمْ ۭ اَئِنْ

اور ضرور پہنچے گا تمہیں | ہم سے | عذاب | دردناک | وہ بولے | نحوست تمہاری | تمہارے ساتھ ہے | کیا

اور تمہیں ہمارے ہاتھوں سخت تکلیف پہنچے گی۔" رسولوں نے کہا "تمہاری نحوست تمہارے ساتھ ہے۔ کیا تم

ذُكِّرْتُمْ ۭ بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ مُّسْرِفُوْنَ ﴿19﴾ وَجَاۗءَ مِنْ اَقْصَا الْمَدِيْنَةِ

تمہیں نصیحت کی گئی | بلکہ | تم | لوگ ہو | حد سے بڑھنے والے | اور آیا | سے | کنارے | شہر کے

ایسی باتیں محض اس نصیحت کی وجہ سے کرتے ہو جو تمہیں کی گئی ہے۔ تم لوگ حد سے نکل جانے والے ہو" اور شہر کے دور مقام سے

رَجُلٌ يَّسْعٰى قَالَ يٰقَوْمِ اتَّبِعُوا الْمُرْسَلِيْنَ ﴿20﴾ ۙ اتَّبِعُوْا مَنْ

ایک آدمی | دوڑتا ہوا | اس نے کہا | اے میری قوم | پیروی کرو | پیغمبروں کی | پیروی کرو | جو

ایک شخص دوڑتا ہوا آیا اور کہنے لگا "اے میری قوم رسولوں کی پیروی کرو۔ ان لوگوں کی پیروی کرو جو تم سے

لَّا يَسْـَٔــلُكُمْ اَجْرًا وَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ﴿21﴾

نہیں مانگتے تم سے | اجرت | اور وہ | ہدایت یافتہ ہیں

کوئی معاوضہ نہیں مانگتے اور وہ ٹھیک راستے پر ہیں۔

وَ مَا لِيَ لَآ اَعْبُدُ الَّذِيْ فَطَرَنِيْ وَ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿22﴾ ءَاَتَّخِذُ مِنْ

اور | کیا ہے | مجھ کو | نہ | میں عبادت کروں | اسکی جس نے | پیدا کیا مجھے | اور طرف اسکی | تم لوٹائے جاؤ گے | کیا میں بناؤں | سے

اور میں کیوں نہ عبادت کروں اُس ذات کی جس نے مجھے پیدا کیا۔ اُسی کی طرف تمہیں لوٹ کر جانا ہے؟ کیا اُس کے سوا دوسروں کو

دُوْنِهٖٓ اٰلِهَةً اِنْ يُّرِدْنِ الرَّحْمٰنُ بِضُرٍّ لَّا تُغْنِ عَنِّيْ شَفَاعَتُهُمْ

سوا اسکے | معبود | اگر | ارادہ کرے مجھ پر | رحمان | نقصان کا | نہ | کام آسکے | میرے لئے | سفارش انکی

معبود بناؤں کہ اگر خدائے رحمٰن مجھے کوئی تکلیف پہنچانی چاہے تو نہ ان معبودوں کی سفارش میرے کام

شَيْـًٔا وَّلَا يُنْقِذُوْنِ ﴿23﴾ اِنِّيْٓ اِذًا لَّفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿24﴾ اِنِّيْٓ اٰمَنْتُ

کچھ بھی | اور نہ | وہ چھڑا سکیں مجھ کو | بیشک میں ہوں | اس وقت | البتہ میں | گمراہی | واضح | بیشک میں | میں ایمان لایا

آئے اور نہ وہ مجھے چھڑا سکیں۔ بیشک اس وقت میں کھلی گمراہی میں جا پڑوں گا۔ میں تمہارے رب

بِرَبِّكُمْ فَاسْمَعُوْنِ ﴿25﴾ قِيْلَ ادْخُلِ الْجَنَّةَ قَالَ يٰلَيْتَ قَوْمِيْ

تمہارے رب پر | پس تم سنو میری (بات) | کہا گیا | تو داخل ہو | جنت میں | اس نے کہا | اے کاش | میری قوم

پر ایمان لایا۔ تم بھی میری بات سنو اور مانو۔'' پھر اس شخص کے بارے میں ارشاد ہوا ''تم جنت میں داخل ہو جاؤ۔'' اس نے کہا

يَعْلَمُوْنَ ﴿26﴾ بِمَا غَفَرَ لِيْ رَبِّيْ وَجَعَلَنِيْ مِنَ الْمُكْرَمِيْنَ ﴿27﴾

جانتی | یہ کہ | بخش دیا | مجھ کو | میرے رب نے | اور کر دیا مجھ کو | سے | عزت والوں

''کاش میری قوم جانتی کہ میرے رب نے مجھے بخش دیا اور مجھے عزت داروں میں شامل کر دیا''۔ اس کے بعد

وَمَآ اَنْزَلْنَا عَلٰى قَوْمِهٖ مِنْۢ بَعْدِهٖ مِنْ جُنْدٍ مِّنَ السَّمَآءِ وَمَا كُنَّا

اور نہ ہم نے اتارا | پر | اس کی قوم | سے | اس کے بعد | کوئی | لشکر | سے | آسمان | اور نہ | ہم تھے

اُس شخص کی قوم پر ہمیں آسمان سے کوئی لشکر نہیں اُتارنا پڑا نہ اس کے اتارنے کی

مُنْزِلِيْنَ ﴿28﴾ اِنْ كَانَتْ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً فَاِذَا هُمْ خٰمِدُوْنَ ﴿29﴾

اتارنے والے | نہ | تھی | مگر | سخت آواز | ایک | پھر اچانک | وہ تھے | بجھے ہوئے

ضرورت تھی بس ایک دھماکہ ہوا جس سے وہ یکایک بجھ کر رہ گئے۔

يٰحَسْرَةً عَلَى الْعِبَادِ مَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا كَانُوْا بِهٖ

اے افسوس | پر | بندوں | نہیں | آیا انکے پاس | کوئی | رسول | مگر | وہ تھے | اس کا

افسوس بندوں پر، جو بھی رسول ان کے پاس آیا وہ اُس کا مذاق

وقف غفران

يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿30﴾ اَلَمْ يَرَوْا كَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنَ الْقُرُوْنِ اَنَّهُمْ

وہ مذاق اڑاتے | کیا نہیں | انہوں نے دیکھا | کتنے ہی | ہم نے ہلاک کئے | ان سے پہلے | سے | لوگوں | یہ کہ وہ

اڑاتے رہے۔ کیا انہوں نے نہیں دیکھا ہم نے ان سے پہلے کتنی قومیں ہلاک کر دیں جو اب ان کے

اِلَيْهِمْ لَا يَرْجِعُوْنَ ﴿31﴾ وَاِنْ كُلٌّ لَّمَّا جَمِيْعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُوْنَ ﴿32﴾

ان کی طرف | نہیں | وہ واپس آئیں گے | اور نہیں ہیں | سب | مگر | سب جمع ہو کر | ہمارے پاس | حاضر کئے گئے ہیں

پاس کبھی واپس نہیں آ سکتیں؟ اور وہ سب کے سب ہمارے سامنے حاضر کئے جائیں گے۔

وَاٰيَةٌ لَّهُمُ الْاَرْضُ الْمَيْتَةُ ۖ اَحْيَيْنٰهَا وَاَخْرَجْنَا مِنْهَا حَبًّا فَمِنْهُ

اور نشانی | ان کے لئے | زمین | مردہ | ہم نے زندہ کیا جس کو | اور ہم نے نکالا | اس سے | اناج | پھر اس سے

ان لوگوں کے لئے ایک نشانی مردہ زمین ہے جسے ہم نے پانی برسا کر زندہ کیا۔ اس سے غلہ نکالا جس میں سے

يَاْكُلُوْنَ ﴿33﴾ وَجَعَلْنَا فِيْهَا جَنّٰتٍ مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّاَعْنَابٍ وَّفَجَّرْنَا

وہ کھاتے ہیں | اور ہم نے بنائے | اس میں | باغات | کے | کھجوروں | اور انگوروں کے | اور ہم نے جاری کئے

وہ کھاتے ہیں۔ ہم نے کھجوروں اور انگوروں کے باغ بنائے۔ ہم نے چشمے

فِيْهَا مِنَ الْعُيُوْنِ ﴿34﴾ لِيَاْكُلُوْا مِنْ ثَمَرِهٖ ۙ وَمَا عَمِلَتْهُ اَيْدِيْهِمْ ۭ

اس میں | سے | چشمے | تاکہ وہ کھائیں | سے | اس کے پھل | اور نہیں | کیا ہے یہ | ان کے ہاتھوں نے

جاری کئے تاکہ لوگ اس سے پیدا ہونے والے پھل کھائیں۔ یہ سب ان کے ہاتھوں نے نہیں بنایا۔ کیا وہ شکر

اَفَلَا يَشْكُرُوْنَ ﴿35﴾ سُبْحٰنَ الَّذِيْ خَلَقَ الْاَزْوَاجَ كُلَّهَا مِمَّا تُنْۢبِتُ الْاَرْضُ

کیا پھر نہیں وہ شکر کرتے | پاک ہے وہ | جس نے | پیدا کیں | قسمیں | سب | اس سے جو | اگاتی ہے | زمین

نہیں کرتے؟ پاک ہے وہ ذات جس نے سب چیزوں کے جوڑے بنائے، ان کے بھی جنہیں زمین اگاتی ہے

وَمِنْ اَنْفُسِهِمْ وَمِمَّا لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿36﴾ وَاٰيَةٌ لَّهُمُ الَّيْلُ ۖ نَسْلَخُ

اور سے | ان کی جانوں | اور اس سے جو | نہیں | وہ جانتے | اور نشانی ہے | ان کے لئے | رات | ہم کھینچ لیتے ہیں

اور خود ان کی اپنی جنس کے اور ان چیزوں کے بھی جنہیں وہ نہیں جانتے۔ ان لوگوں کے لئے ایک اور نشانی رات ہے۔ ہم اس میں

مِنْهُ النَّهَارَ فَاِذَا هُمْ مُّظْلِمُوْنَ ﴿37﴾ وَالشَّمْسُ تَجْرِيْ لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا ۭ

اس سے | دن کو | پھر اچانک | وہ ہیں | اندھیروں میں | اور سورج | چلتا ہے | ٹھکانے تک | اپنے

سے دن کو کھینچ لیتے ہیں تو وہ اندھیرے میں رہ جاتے ہیں۔ ایک اور نشانی سورج ہے جو اپنے مدار پر چلتا ہے۔

ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ﴿38﴾ وَالْقَمَرَ قَدَّرْنٰهُ مَنَازِلَ حَتّٰى عَادَ

یہ ہے | اندازہ | بڑے غالب | خوب علم والے کا | اور چاند کو | ہم نے مقرر کیں اسکی | منزلیں | یہاں تک کہ | لوٹتا ہے

یہ سارا نظام اُس اللہ کا قائم کیا ہوا ہے جو غالب اور علم والا ہے۔ ایک اور نشانی چاند ہے جس کے لئے ہم نے منزلیں مقرر کیں۔ یہاں

كَالْعُرْجُوْنِ الْقَدِيْمِ ﴿39﴾ لَا الشَّمْسُ يَنْۢبَغِيْ لَهَآ اَنْ تُدْرِكَ الْقَمَرَ

جیسے کھجور کی ٹہنی | پرانی | نہ | سورج | مناسب ہے | اس کو | کہ | وہ جا پکڑے | چاند کو

تک کہ وہ آخر میں ایسا رہ جاتا ہے جیسے کھجور کی پرانی ٹہنی۔ نہ سورج کی مجال ہے کہ وہ چاند کو جا پکڑے

وَلَا الَّيْلُ سَابِقُ النَّهَارِ ۭ وَكُلٌّ فِيْ فَلَكٍ يَّسْبَحُوْنَ ﴿40﴾ وَاٰيَةٌ لَّهُمْ

اور نہ | رات | آسکتی پہلے | دن سے | اور سب | میں | مدار | تیرتے ہیں | اور نشانی | ان کے لئے

اور نہ رات کے بس میں ہے کہ وہ دن کی جگہ لے۔ سب اپنے اپنے مدار میں تیر رہے ہیں۔ ایک نشانی ان لوگوں کے لئے

اَنَّا حَمَلْنَا ذُرِّيَّتَهُمْ فِي الْفُلْكِ الْمَشْحُوْنِ ﴿41﴾ وَخَلَقْنَا لَهُمْ مِّنْ

یہ کہ | ہم نے سوار کیا | ان کی اولاد کو | میں | کشتی | بھری ہوئی | اور ہم نے پیدا کئے | ان کے لئے | سے

یہ ہے کہ ہم نے ان کی نسل کو بھری ہوئی کشتی میں سوار کیا۔ ہم نے ان کے لئے ایسی اور چیزیں پیدا کیں جن

مِّثْلِهٖ مَا يَرْكَبُوْنَ ﴿42﴾ وَاِنْ نَّشَاْ نُغْرِقْهُمْ فَلَا صَرِيْخَ لَهُمْ وَلَا هُمْ

اس جیسے | جن پر | وہ سواری کرتے ہیں | اور اگر | ہم چاہیں | ہم غرق کر دیں انکو | پھر نہ ہو | مدد کو پہنچنے والا | ان کی | اور نہ | وہ

پر وہ سوار ہوتے ہیں۔ اگر ہم چاہیں انہیں غرق کر دیں۔ پھر نہ کوئی اُن کی فریاد سننے والا ہو اور نہ کوئی

يُنْقَذُوْنَ ﴿43﴾ اِلَّا رَحْمَةً مِّنَّا وَمَتَاعًا اِلٰى حِيْنٍ ﴿44﴾ وَاِذَا قِيْلَ

بچائے جائیں گے | مگر | رحمت | ہماری طرف سے | اور فائدہ دینا | تک | ایک وقت مقرر کے | اور جب | کہا جاتا ہے

انہیں بچا سکے۔ مگر یہ ہماری رحمت ہے اور انہیں ایک مدت تک فائدہ دینا ہے۔ جب ان سے کہا جاتا ہے

لَهُمُ اتَّقُوْا مَا بَيْنَ اَيْدِيْكُمْ وَمَا خَلْفَكُمْ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿45﴾

ان کو | تم ڈرو | اس سے جو | آگے تمہارے ہے | اور جو | پیچھے تمہارے ہے | تا کہ تم | تم پر رحم کیا جائے

ڈرو اُس عذاب سے جو تمہارے سروں پر منڈلا رہا ہے تاکہ تم پر رحم کیا جائے۔

وَمَا تَاْتِيْهِمْ مِّنْ اٰيَةٍ مِّنْ اٰيٰتِ رَبِّهِمْ اِلَّا كَانُوْا عَنْهَا

اور نہیں | آتی انکے پاس | کوئی | نشانی | سے | نشانیوں | ان کے رب کی | مگر | وہ ہیں | اس سے

مگر ان کے رب کی نشانیوں میں سے کوئی نشانی بھی ان کے پاس نہیں آتی جس سے وہ منہ نہ

مُّعْرِضِیْنَ ﴿46﴾ وَاِذَا قِیْلَ لَهُمْ اَنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ ۙ قَالَ

منہ پھیرنے والے | اور جب | کہا جاتا ہے | ان کو | تم خرچ کرو | اس سے جو | رزق دیا تم کو | اللہ نے | کہتے ہیں

پھیر لیتے ہوں۔ جب ان سے کہا جاتا ہے اللہ نے جو کچھ تمہیں دیا ہے اُس میں سے اُس کی راہ میں خرچ کرو تو کافر لوگ

الَّذِیْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اَنُطْعِمُ مَنْ لَّوْ یَشَآءُ اللّٰهُ اَطْعَمَهٗۤ ۖ

وہ جو | کافر ہوئے | ان کو جو | ایمان لائے | کیا ہم کھلائیں | اسکو کہ | اگر | چاہتا | اللہ | تو کھلا دیتا اسکو

ایمان والوں سے کہتے ہیں ''کیا ہم ایسے لوگوں کو کھلائیں جنہیں اللہ چاہتا تو خود کھلاتا؟

اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا فِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ ﴿47﴾ وَیَقُوْلُوْنَ مَتٰی هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ

نہیں | تم ہو | مگر | میں | گمراہی | واضح | اور وہ کہتے ہیں | کب ہے | یہ | وعدہ | اگر

تم لوگ کھلی گمراہی میں ہو'' اور وہ کہتے ہیں ''اگر تم سچے ہو تو بتاؤ قیامت کا وعدہ کب

كُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ ﴿48﴾ مَا یَنْظُرُوْنَ اِلَّا صَیْحَةً وَّاحِدَةً تَاْخُذُهُمْ

ہو تم | سچے | نہیں | وہ انتظار کرتے | مگر | سخت آواز | ایک کا | جو پکڑ لے انکو

پورا ہوگا؟'' یہ لوگ ایک دھماکے کے منتظر ہیں جو انہیں آ پکڑے گا اور وہ

وَهُمْ یَخِصِّمُوْنَ ﴿49﴾ فَلَا یَسْتَطِیْعُوْنَ تَوْصِیَةً وَّلَاۤ اِلٰۤی اَهْلِهِمْ

اور وہ | وہ جھگڑتے ہونگے | پھر نہ | وہ کر سکیں گے | وصیت کرنا | اور نہ | طرف | اپنے گھر والوں کی

جھگڑتے رہ جائیں گے۔ پھر نہ وہ وصیت کر پائیں گے نہ اپنے گھر والوں طرف

یَرْجِعُوْنَ ﴿50﴾ ع وَنُفِخَ فِی الصُّوْرِ فَاِذَا هُمْ مِّنَ الْاَجْدَاثِ اِلٰی رَبِّهِمْ

3 ع 18 2

وہ لوٹ سکیں گے | اور پھونکا جائے گا | میں | صور | پھر اچانک | وہ | سے | قبروں | طرف | اپنے رب کی

لوٹ سکیں گے۔ جب دوبارہ صور پھونکا جائے گا تو یکایک وہ اپنی قبروں سے اپنے رب کی طرف

یَنْسِلُوْنَ ﴿51﴾ قَالُوْا یٰوَیْلَنَا مَنْۢ بَعَثَنَا مِنْ مَّرْقَدِنَا ۜ هٰذَا مَا وَعَدَ

وہ دوڑتے ہونگے | وہ کہیں گے | اے افسوس ہم پر | کس نے | اٹھایا ہم کو | سے | ہماری خوابگاہوں | یہ ہے | جو | وعدہ کیا

چل پڑیں گے۔ وہ کہیں گے ''ہائے ہماری بدبختی! ہماری قبروں سے کس نے ہمیں اٹھایا؟ یہ وہی ہے جس کا

الرَّحْمٰنُ وَصَدَقَ الْمُرْسَلُوْنَ ﴿52﴾ اِنْ كَانَتْ اِلَّا صَیْحَةً وَّاحِدَةً فَاِذَا

رحمان نے | اور سچ کہا تھا | رسولوں نے | نہ | ہوگی | مگر | سخت آواز | ایک | پھر اچانک

خدائے رحمٰن نے وعدہ کیا تھا اور پیغمبروں نے سچ کہا تھا'' بس وہ ایک دھماکہ ہو گا۔ پھر یکایک

وقف لازم - وقف منزل - وقف غفران

هُمْ جَمِيعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُونَ ﴿53﴾ فَالْيَوْمَ لَا تُظْلَمُ نَفْسٌ شَيْئًا

وہ | سب | ہمارے پاس | حاضر کر دیئے جائینگے | پس آج کے دن | نہیں | ظلم کیا جائے گا | کسی جان پر | کچھ بھی

سب جمع ہو کر ہمارے پاس حاضر کر دیئے جائیں گے۔ اُس دن کسی پر ظلم نہ ہوگا۔ تم لوگوں کو

وَلَا تُجْزَوْنَ إِلَّا مَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ ﴿54﴾ إِنَّ أَصْحَابَ الْجَنَّةِ الْيَوْمَ فِي

اور نہ بدلہ دیا جائیگا | مگر | وہ جو کچھ | تم تھے | تم کرتے | بیشک | اہل | جنت | آج کے دن | میں

وہی بدلہ ملے گا جو تم کرتے تھے۔ بیشک جنتی لوگ اُس دن اپنے مشغلوں میں

شُغُلٍ فَاكِهُونَ ﴿55﴾ هُمْ وَأَزْوَاجُهُمْ فِي ظِلَالٍ عَلَى الْأَرَائِكِ

مشغلے | خوش ہیں | وہ | اور ان کی بیویاں | میں | سایوں | پر | تختوں

خوش ہوں گے۔ وہ اور ان کی بیویاں سایوں میں مسہریوں پر

مُتَّكِئُونَ ﴿56﴾ لَهُمْ فِيهَا فَاكِهَةٌ وَلَهُم مَّا يَدَّعُونَ ﴿57﴾ سَلَامٌ

تکیہ لگائے ہوئے | ان کے لئے | اس میں | پھل ہیں | اور ان کے لئے | وہ جو کچھ | وہ چاہیں گے | سلام

تکیے لگائے بیٹھے ہوں گے۔ ان کے لئے وہاں پھل میوے ہوں گے اور وہ سب کچھ ہوگا جو وہ طلب کریں گے۔ انہیں سلام کہا جائے

قَوْلًا مِّن رَّبٍّ رَّحِيمٍ ﴿58﴾ وَامْتَازُوا الْيَوْمَ أَيُّهَا الْمُجْرِمُونَ ﴿59﴾

کہا جائے گا | طرف سے | رب | نہایت مہربان کی | اور تم الگ ہو جاؤ | آج کے دن | اے | مجرمو

گا مہربان رب کی طرف سے۔ مگر کافروں سے کہا جائے گا اے مجرمو! آج تم الگ ہو جاؤ۔

أَلَمْ أَعْهَدْ إِلَيْكُمْ يَا بَنِي آدَمَ أَن لَّا تَعْبُدُوا الشَّيْطَانَ إِنَّهُ

کیا نہیں | میں نے عہد کیا تھا | تم سے | اے اولادِ آدم | یہ کہ | نہ | تم عبادت کرو | شیطان کی | بیشک وہ

اے اولادِ آدم علیہ السلام! کیا میں نے تمہیں تاکید نہیں کی تھی کہ تم شیطان کی پُوجا نہ کرنا، وہ تمہارا

لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِينٌ ﴿60﴾ وَأَنِ اعْبُدُونِي هَٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيمٌ ﴿61﴾

تمہارا | دشمن ہے | کھلا | اور یہ کہ | تم عبادت کرو میری | یہ ہے | راہ | سیدھی

کھلا دشمن ہے۔ اور یہ کہ تم میری عبادت کرنا۔ یہی سیدھا راستہ ہے۔

وقف غفران

وَلَقَدْ أَضَلَّ مِنكُمْ جِبِلًّا كَثِيرًا أَفَلَمْ تَكُونُوا تَعْقِلُونَ ﴿62﴾ هَٰذِهِ

اور بیشک | اس نے گمراہ کیا | تم میں سے | مخلوق | بہت کو | کیا پس نہیں | تھے تم | تم سمجھتے | یہ ہے

مگر شیطان نے تم میں سے بہت خلقت کو گمراہ کیا۔ کیا تم سمجھتے نہیں تھے؟ یہ ہے

جَهَنَّمُ الَّتِیْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ ﴿۶۳﴾ اِصْلَوْهَا الْیَوْمَ بِمَا كُنْتُمْ

جہنم | وہی جس کا | تھے تم | وعدہ کیے جاتے | داخل ہو جاؤ اس میں | آج | اس وجہ سے جو | تھے تم

جہنم جس سے تمہیں ڈرایا جاتا تھا۔ اب اپنے کفر کے بدلے میں اس میں

تَكْفُرُوْنَ ﴿۶۴﴾ اَلْیَوْمَ نَخْتِمُ عَلٰۤى اَفْوَاهِهِمْ وَتُكَلِّمُنَاۤ اَیْدِیْهِمْ

تم کفر کرتے | آج | ہم مہر لگا دیں گے | پر | ان کے مونہوں | اور ہم سے باتیں کریں گے | ان کے ہاتھ

داخل ہو جاؤ" آج ہم ان کے منہ پر مہر لگا دیں گے، ان کے ہاتھ ہم سے بولیں گے

وَتَشْهَدُ اَرْجُلُهُمْ بِمَا كَانُوْا یَكْسِبُوْنَ ﴿۶۵﴾ وَلَوْ نَشَآءُ لَطَمَسْنَا عَلٰۤى

اور گواہی دیں گے | ان کے پاؤں | اسکی جو | تھے | وہ کماتے | اور اگر | ہم چاہیں | ضرور ہم مٹا دیں | کو

اور ان کے پاؤں گواہی دیں گے جو کچھ وہ لوگ کیا کرتے تھے۔ اگر ہم چاہتے تو ان کی آنکھیں

اَعْیُنِهِمْ فَاسْتَبَقُوا الصِّرَاطَ فَاَنّٰى یُبْصِرُوْنَ ﴿۶۶﴾ وَلَوْ نَشَآءُ لَمَسَخْنٰهُمْ

ان کی آنکھوں | پھر وہ آگے چلیں گے | راہ پر | پھر کہاں سے | وہ دیکھیں گے | اور اگر | ہم چاہیں | ضرور ہم مسخ کر دیں انکو

مٹا دیتے۔ پھر وہ راستے کی طرف دوڑتے تو انہیں کیسے نظر آتا؟ اگر ہم چاہتے تو ان لوگوں کے ٹھکانوں

عَلٰى مَكَانَتِهِمْ فَمَا اسْتَطَاعُوْا مُضِیًّا وَّلَا یَرْجِعُوْنَ ﴿۶۷﴾ وَمَنْ

پر | ان کی جگہ | پھر نہ | طاقت رکھیں | آگے بڑھنے کی | اور نہ | واپس پلٹ سکیں | اور جس کی

پر ان کی صورتیں مسخ کر دیتے۔ پھر نہ وہ آگے بڑھ سکتے نہ پیچھے لوٹ سکتے۔ ہم جس کی

نُّعَمِّرْهُ نُنَكِّسْهُ فِی الْخَلْقِ ؕ اَفَلَا یَعْقِلُوْنَ ﴿۶۸﴾ وَمَا عَلَّمْنٰهُ

ہم عمر دراز کرتے ہیں | ہم الٹا دیتے ہیں اسے | میں | ساخت | کیا پس نہیں | وہ سمجھتے | اور نہیں | ہم نے سکھایا اسے

عمر زیادہ کر دیتے ہیں اسے پھر الٹا دیتے ہیں ساخت میں۔ کیا وہ سمجھتے نہیں؟ ہم نے اس نبی ﷺ کو

الشِّعْرَ وَمَا یَنْۢبَغِیْ لَهٗ ؕ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ وَّقُرْاٰنٌ مُّبِیْنٌ ﴿۶۹﴾ لِّیُنْذِرَ

شعر کہنا | اور نہ | مناسب ہے | اس کے لئے | نہیں ہے | وہ | مگر | ذکر | اور قرآن | واضح | تاکہ وہ ڈرائے

شاعری نہیں سکھائی، نہ یہ چیز ان کے لائق ہے۔ یہ سراپا نصیحت اور واضح قرآن ہے۔ زندہ انسانوں

مَنْ كَانَ حَیًّا وَّیَحِقَّ الْقَوْلُ عَلَى الْكٰفِرِیْنَ ﴿۷۰﴾ اَوَلَمْ یَرَوْا اَنَّا

اسے جو | ہو | زندہ | اور سچ ثابت ہو | بات | پر | کافروں | کیا نہیں | وہ دیکھتے | یہ کہ

کو راہ دکھاتا اور کافروں پر حجت قائم کرتا ہے۔ کیا ان لوگوں نے نہیں دیکھا

خَلَقْنَا لَهُمْ مِّمَّا عَمِلَتْ اَيْدِيْنَآ اَنْعَامًا فَهُمْ لَهَا مٰلِكُوْنَ ﴿71﴾

ہم نے پیدا کیئے | ان کے لئے | اس سے جو | بنائے | ہمارے ہاتھوں نے | چوپائے | پھر وہ | انکے | مالک ہیں

ہم نے اپنے ہاتھوں سے اُن کے لئے چوپائے جانور پیدا کئے جن کے یہ مالک بنے ہوئے ہیں۔

وَذَلَّلْنٰهَا لَهُمْ فَمِنْهَا رَكُوْبُهُمْ وَمِنْهَا يَاْكُلُوْنَ ﴿72﴾ وَلَهُمْ فِيْهَا

اور ہم نے تابع کیا انکو | ان کا | پس بعض ان میں | ان کی سواریاں ہیں | اور بعض کو ان سے | وہ کھاتے ہیں | اور ان کیلئے ہیں | ان میں

ہم نے اس طرح انہیں ان کا تابع بنا دیا کہ بعض پر وہ سواری کرتے اور بعض کا گوشت کھاتے ہیں۔ ان کے لئے ان میں

مَنَافِعُ وَمَشَارِبُ ؕ اَفَلَا يَشْكُرُوْنَ ﴿73﴾ وَاتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ

فائدے | اور پینے کی چیزیں | کیا پس نہیں | وہ شکر کرتے | اور انہوں نے بنائے | سے | سوا | اللہ کے

اور بھی فائدے ہیں اور پینے کے لئے دودھ ہے تو کیا یہ شکر نہیں کرتے؟ مگر ان مشرکوں نے اللہ کے سوا دوسرے معبود

اٰلِهَةً لَّعَلَّهُمْ يُنْصَرُوْنَ ؕ ﴿74﴾ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ نَصْرَهُمْ ۙ وَهُمْ لَهُمْ

معبود دوسرے | تا کہ انکی | مدد کی جائے | نہیں | وہ طاقت رکھتے | ان کی مدد کی | اور وہ | ان کیلئے ہیں

بنا رکھے ہیں کہ وہ ان کی مدد کریں گے، حالانکہ وہ ان کی مدد نہ کر سکیں گے بلکہ وہ بھی ان کے ساتھ فوج ہو کر

جُنْدٌ مُّحْضَرُوْنَ ﴿75﴾ فَلَا يَحْزُنْكَ قَوْلُهُمْ ۘ اِنَّا نَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ

وقف لازم

لشکر | حاضر کئے گئے | پس نہ | غمگین کریں تجھے | ان کی باتیں | بیشک ہم | ہم جانتے ہیں | جو کچھ | وہ چھپاتے ہیں

حاضر کئے جائیں گے۔ لہٰذا اے نبی ﷺ آپ ﷺ ان لوگوں کی باتوں سے غمگین نہ ہوں۔ ہم جانتے ہیں جو وہ چھپاتے ہیں

وَمَا يُعْلِنُوْنَ ﴿76﴾ اَوَلَمْ يَرَ الْاِنْسَانُ اَنَّا خَلَقْنٰهُ مِنْ نُّطْفَةٍ فَاِذَا

اور جو کچھ | وہ ظاہر کرتے ہیں | کیا نہیں | دیکھتا | انسان | یہ کہ ہم | ہم نے پیدا کیا اسکو | سے | نطفے | پھر اچانک

اور جو ظاہر کرتے ہیں۔ کیا انسان کو پتہ نہیں ہم نے اسے ایک بوند سے پیدا کیا۔ اب وہ

هُوَ خَصِيْمٌ مُّبِيْنٌ ﴿77﴾ وَضَرَبَ لَنَا مَثَلًا وَّنَسِيَ خَلْقَهٗ ؕ قَالَ مَنْ

وہ ہے | جھگڑنے والا | کھلا | اور بیان کرتا ہے | ہم پر | مثال | اور وہ بھول گیا | پیدائش اپنی | وہ کہتا ہے | کون

صاف جھگڑالو بن گیا۔ ہم پر باتیں بنانے لگا۔ اپنی پیدائش بھول گیا۔ کہتا ہے کون

يُّحْيِ الْعِظَامَ وَهِيَ رَمِيْمٌ ﴿78﴾ قُلْ يُحْيِيْهَا الَّذِيْٓ اَنْشَاَهَآ اَوَّلَ مَرَّةٍ ؕ

زندہ کریگا | ہڈیوں کو | جبکہ وہ ہیں | گل گئیں | کہہ دیجئے | وہ زندہ کرے گا انکو | جس نے | پیدا کیا انکو | پہلی | بار

زندہ کرے گا ہڈیوں کو جب وہ بوسیدہ ہو جائیں گی؟ اے نبی ﷺ آپ ﷺ کہیں "انہیں زندہ کرے گا وہ جس نے انہیں پہلی بار

وَهُوَ بِكُلِّ خَلْقٍ عَلِيْمُۨ ﴿79﴾ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمْ مِّنَ الشَّجَرِ الْاَخْضَرِ

اور وہ ہے | البتہ ہر | تخلیق کا | خوب ماہر | اسی نے | پیدا کی | تمہارے لئے | سے | درخت | سبز

پیدا کیا۔ جو سب طرح پیدا کرنا جانتا ہے۔ وہی ہے جس نے تمہارے لئے ہرے بھرے درخت سے

نَارًا فَاِذَآ اَنْتُمْ مِّنْهُ تُوْقِدُوْنَ ﴿80﴾ اَوَلَيْسَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ

آگ | پھر اچانک | تم | اس سے | تم جلاتے ہو | کیا نہیں | جس نے | پیدا کیا | آسمانوں کو

آگ پیدا کر دی جس سے تم آگ جلاتے ہو۔ کیا جس نے آسمانوں اور زمین کو

وَالْاَرْضَ بِقٰدِرٍ عَلٰٓى اَنْ يَّخْلُقَ مِثْلَهُمْ ۭ بَلٰى ۤ وَهُوَ الْخَلّٰقُ

اور زمین کو | قادر | اس پر | کہ | وہ پیدا کرے | ان جیسے | کیوں نہیں | اور وہی تو ہے | پیدا کرنے میں

وقف غفران

پیدا کیا وہ اس پر قادر نہیں کہ ان جیسوں کو دوبارہ پیدا کر دے؟ ہاں وہ قادر ہے اور پیدا کرنے

الْعَلِيْمُ ﴿81﴾ اِنَّمَآ اَمْرُهٗٓ اِذَآ اَرَادَ شَيْـــًٔا اَنْ يَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ﴿82﴾

ماہر | بیشک ہے | اسکا معاملہ | کہ جب | وہ ارادہ کرتا | کسی چیز کا | تو | وہ کہتا ہے | اسکو | ہوجا | تو وہ ہوجاتی ہے

میں ماہر ہے۔ جب وہ کسی چیز کا ارادہ کرتا ہے تو کہتا ہے ”ہو جا“ اور وہ ہو جاتی ہے۔

فَسُبْحٰنَ الَّذِيْ بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَيْءٍ وَّاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿83﴾ ع

5 ع 16 4

پس پاک ہے | وہ | جسکے ہاتھ میں | بادشاہی ہے | ہر | چیز کی | اور اسی کی طرف | تم لوٹائے جاؤ گے

غرض وہ پاک ذات ہے جس کے ہاتھ میں ہر چیز کی بادشاہی ہے۔ اور اسی کی طرف تم لوٹائے جاؤ گے۔

(37) سُوْرَةُ الصّٰفّٰتِ مَكِّيَّةٌ (56)

اٰيَاتُهَا 182 | رُكُوْعَاتُهَا 5

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

وَالصّٰٓفّٰتِ صَفًّا ﴿1﴾ فَالزّٰجِرٰتِ زَجْرًا ﴿2﴾ فَالتّٰلِيٰتِ ذِكْرًا ﴿3﴾ اِنَّ

الصّٰفّٰت: آیات کا بیان (6)

قسم ہے صف باندھنے والوں کی | صف باندھ کر | پھر ڈانٹنے والوں کی | ڈانٹ کر | پھر تلاوت کرنیوالوں کی | ذکر (قرآن) کی | بیشک

گواہ ہیں سب فرشتے جو اللہ کے حضور صف باندھے حاضر رہتے ہیں، یا جو انسانوں کو برائی پر ٹوکتے ہیں، یا جو اللہ کی نصیحت اور اس کا

اِلٰهَكُمْ لَوَاحِدٌ ﴿4﴾ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَرَبُّ

تمہارا معبود | البتہ ایک ہے | رب ہے | آسمانوں کا | اور زمین کا | اور اسکا جو کچھ | درمیان دونوں کے ہے | اور رب

پیغام سناتے ہیں۔ کہ تمہارا معبود ایک ہے جو آسمانوں کا، زمین کا اور جو کچھ ان کے درمیان ہے، سب کا رب ہے اور سارے

الْمَشَارِقِ ﴿۵﴾ اِنَّا زَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْيَا بِزِيْنَةِ ِالْكَوَاكِبِ ﴿۶﴾ وَحِفْظًا مِّنْ

مشرقوں کا | بیشک ہم | ہم نے سجایا | آسمان | دنیا کو | آرائش سے | ستاروں کی | اور حفاظت کیلئے | سے

مشرقوں کا رب ہے۔ بیشک ہم نے آسمان دنیا کو ستاروں کی زینت سے سجایا۔ ہر سرکش شیطان سے

كُلِّ شَيْطٰنٍ مَّارِدٍ ﴿۷﴾ لَا يَسَّمَّعُوْنَ اِلَى الْمَلَاِ الْاَعْلٰى وَيُقْذَفُوْنَ مِنْ

ہر | شیطان | سرکش | نہیں | وہ سن سکتے | طرف | اعلیٰ مجلس کی | وہ مارے جاتے ہیں (آگ) | سے

اسے محفوظ کیا۔ وہ اوپر ملاء اعلیٰ کی طرف کان نہیں لگا سکتے کیونکہ ہر طرف سے

كُلِّ جَانِبٍ ﴿۸﴾ دُحُوْرًا وَّلَهُمْ عَذَابٌ وَّاصِبٌ ﴿۹﴾ اِلَّا مَنْ خَطِفَ

ہر | جانب | مار بھگانے کیلئے | اور ان کے لئے ہے | عذاب | دائمی | مگر | جو کوئی | اُچک لے

مارے جاتے ہیں بھگانے کے لئے، اور ان کے لئے دائمی عذاب ہے۔ مگر جو شیطان کوئی بات

الْخَطْفَةَ فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ ثَاقِبٌ ﴿۱۰﴾ فَاسْتَفْتِهِمْ اَهُمْ اَشَدُّ خَلْقًا اَمْ

جھپٹ کر | تو پیچھا کرتا ہے اسکا | شعلہ | چمکتا ہوا | پس تو پوچھ ان سے | کیا انکا | زیادہ مشکل ہے | پیدا کرنا | یا

اُچک لے تو ایک دہکتا ہوا شعلہ اُس کا پیچھا کرتا ہے۔ اے نبی ﷺ آپ ﷺ کافروں سے پوچھیں ''کیا ان کو پیدا کرنا زیادہ مشکل

مَّنْ خَلَقْنَا ؕ اِنَّا خَلَقْنٰهُمْ مِّنْ طِيْنٍ لَّازِبٍ ﴿۱۱﴾ بَلْ عَجِبْتَ

وہ جسے | ہم نے پیدا کیا | بیشک ہم | ہم نے پیدا کیا انکو | سے | مٹی | چپکنے والی | بلکہ | تو نے تعجب کیا

ہے یا ان چیزوں کو جو ہم نے پہلے پیدا کیں؟'' ہم نے انہیں چپکتی مٹی سے پیدا کیا۔ اے نبی ﷺ آپ ﷺ کو ان کے انکارِ

وَيَسْخَرُوْنَ ﴿۱۲﴾ وَاِذَا ذُكِّرُوْا لَا يَذْكُرُوْنَ ﴿۱۳﴾ وَاِذَا رَاَوْا اٰيَةً

اور وہ مذاق کرتے ہیں | اور جب | انکو سمجھایا جاتا ہے | نہیں | وہ سمجھتے | اور جب | وہ دیکھتے ہیں | کوئی نشانی

آخرت پر تعجب ہے اور یہ اُلٹا آپ ﷺ کا مذاق اڑاتے ہیں۔ جب ان کو سمجھایا جاتا ہے تو نہیں سمجھتے۔ جب کوئی معجزہ دیکھتے ہیں

يَّسْتَسْخِرُوْنَ ﴿۱۴﴾ وَقَالُوْٓا اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۵﴾ ءَاِذَا مِتْنَا

تو وہ مذاق اڑاتے ہیں | اور وہ کہتے ہیں | نہیں ہے | یہ | مگر | جادو | کھلا | کیا جب | ہم مر جائیں گے

تو اس کا بھی مذاق اڑاتے اور کہتے ہیں ''یہ کھلا جادو ہے۔ کیا جب ہم مر جائیں گے،

وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ ﴿۱۶﴾ اَوَ اٰبَآؤُنَا الْاَوَّلُوْنَ ﴿۱۷﴾ قُلْ

اور ہم ہو جائیں گے | مٹی | اور ہڈیاں | کیا بیشک ہم | البتہ اٹھائے جائیں گے | یا | ہمارے باپ دادا | پہلے والے بھی | کہہ دیجئے

مٹی اور ہڈیاں بن جائیں گے، کیا پھر ہم دوبارہ اٹھائے جائیں گے؟ اور کیا ہمارے اگلے باپ دادا بھی؟'' اے نبی ﷺ آپ ﷺ

نَعَمْ وَاَنْتُمْ دَاخِرُوْنَ ﴿١٨﴾ فَاِنَّمَا هِيَ زَجْرَةٌ وَّاحِدَةٌ فَاِذَا هُمْ

جی ہاں | اور تم | ذلیل ہوگے | پھر بے شک | وہ ہے | ڈانٹ | ایک | پھر اچانک | وہ

کہیں ''ہاں، اور تم ذلیل بھی ہوگے۔'' قیامت تو بس ایک سخت آواز ہوگی۔ پھر اسی وقت وہ زندہ ہو کر

يَنْظُرُوْنَ ﴿١٩﴾ وَقَالُوْا يٰوَيْلَنَا هٰذَا يَوْمُ الدِّيْنِ ﴿٢٠﴾ هٰذَا يَوْمُ الْفَصْلِ

دیکھ رہے ہوں گے | اور وہ کہیں گے | اے افسوس ہم پر | یہ ہے | دن | بدلے کا | یہ ہے | دن | فیصلے کا

دیکھنے لگیں گے۔ اور کہیں گے ''ہائے ہماری کم بختی! یہ تو بدلے کا دن ہے'' ارشاد ہوگا ''یہ وہی فیصلے کا دن ہے

الَّذِيْ كُنْتُمْ بِهٖ تُكَذِّبُوْنَ ﴿٢١﴾ اُحْشُرُوا الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا وَاَزْوَاجَهُمْ

وہ | تم تھے | جس کا | تم انکار کرتے | جمع کرو | انکو جنہوں نے | ظلم کیا | اور ان کے ساتھیوں کو

جسے تم جھٹلاتے تھے۔'' فرشتوں کو حکم ہوگا ''جمع کرو ان ظالموں کو، ان کے ساتھیوں کو اور ان معبودوں کو جن کی وہ پوجا کرتے تھے اللہ

وَمَا كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ ﴿٢٢﴾ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَاهْدُوْهُمْ اِلٰى صِرَاطِ

اور جس کی | وہ تھے | وہ عبادت کرتے | سے | سوا | اللہ کے | پھر راہ دکھاؤ ان کو | کی طرف | راستے

کو چھوڑ کر۔ پھر ان سب کو دوزخ کا راستہ

الْجَحِيْمِ ﴿٢٣﴾ وَقِفُوْهُمْ اِنَّهُمْ مَّسْئُوْلُوْنَ ﴿٢٤﴾ مَا لَكُمْ لَا تَنَاصَرُوْنَ ﴿٢٥﴾

جہنم کے | اور روکو انکو | بیشک وہ | جوابدہ ہیں | کیا ہے | تم کو | نہیں | تم باہم مدد کرتے

دکھاؤ اور ان کو روکو، ان سے کچھ پوچھنا ہے۔ تمہیں کیا ہوا تم ایک دوسرے کی مدد نہیں کرتے؟''

بَلْ هُمُ الْيَوْمَ مُسْتَسْلِمُوْنَ ﴿٢٦﴾ وَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ

بلکہ | وہ ہیں | آج کے دن | فرمانبردار | اور روبرو ہونگے | بعض انکے | پر | بعض

بلکہ آج تو وہ بڑے فرماں بردار بنے ہوئے ہیں۔ پھر وہ ایک دوسرے کی طرف متوجہ ہو کر سوال و

يَّتَسَآءَلُوْنَ ﴿٢٧﴾ قَالُوْٓا اِنَّكُمْ كُنْتُمْ تَاْتُوْنَنَا عَنِ الْيَمِيْنِ ﴿٢٨﴾ قَالُوْا بَلْ

پوچھتے ہوئے | وہ کہیں گے | بیشک تم | تمہی تھے | تم آتے ہم پر | سے | دائیں طرف | وہ کہیں گے | بلکہ

جواب کریں گے۔ ایک گروہ کہے گا ''تم ہمارے پاس آ آ کر ہمیں راہ حق سے روکتے تھے'' دوسرا گروہ کہے گا ''نہیں'' تم خود

لَّمْ تَكُوْنُوْا مُؤْمِنِيْنَ ﴿٢٩﴾ وَمَا كَانَ لَنَا عَلَيْكُمْ مِّنْ سُلْطٰنٍ بَلْ

نہیں | تم تھے | ایمان والے | اور نہیں | تھا | ہم کو | تم پر | کوئی | اختیار | بلکہ

ایمان لانے والے نہیں تھے۔ ہمارا تم پر کوئی زور نہ تھا بلکہ تم خود

كُنْتُمْ قَوْمًا طٰغِيْنَ ﴿30﴾ فَحَقَّ عَلَيْنَا قَوْلُ رَبِّنَآ ۖ اِنَّا لَذَآئِقُوْنَ ﴿31﴾

تم تھے | لوگ | سرکش | پس ثابت ہوئی | ہم پر | بات | ہمارے رب کی | بیشک ہم ہیں | ضرور چکھنے والے (عذاب)

سرکش لوگ تھے۔ پھر ہم سب پر ہمارے رب کی بات پوری ہو کر رہی۔ اب ہمیں عذاب چکھنا ہو گا۔

فَاَغْوَيْنٰكُمْ اِنَّا كُنَّا غٰوِيْنَ ﴿32﴾ فَاِنَّهُمْ يَوْمَئِذٍ فِي الْعَذَابِ

پس ہم نے گمراہ کیا تم کو | بیشک ہم | ہم بھی تھے | گمراہ | پھر بیشک وہ | اس روز | میں | عذاب

ہم نے تمہیں گمراہ کیا، ہم خود بھی گمراہ تھے" وہ سب اُس دن عذاب میں

مُشْتَرِكُوْنَ ﴿33﴾ اِنَّا كَذٰلِكَ نَفْعَلُ بِالْمُجْرِمِيْنَ ﴿34﴾ اِنَّهُمْ كَانُوْٓا اِذَا

شریک ہونگے | بیشک ہم | اسی طرح | ہم کرتے ہیں | مجرموں کے ساتھ | بیشک وہ | تھے | جب

اکٹھے ہوں گے۔ مجرموں کے ساتھ ہم ایسا ہی برتاؤ کرتے ہیں۔ یہ وہ لوگ تھے جب ان سے

قِيْلَ لَهُمْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ۙ يَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿35﴾ وَيَقُوْلُوْنَ اَئِنَّا

کہا جاتا تھا | انکو | نہیں | کوئی معبود | سوائے | اللہ کے | وہ تکبر کرتے تھے | اور وہ کہتے تھے | کیا ہم ہیں

کہا جاتا "اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں" تو تکبر کرتے تھے۔" اور کہتے تھے "کیا ہم ایک

لَتَارِكُوْٓا اٰلِهَتِنَا لِشَاعِرٍ مَّجْنُوْنٍ ﴿36﴾ بَلْ جَآءَ بِالْحَقِّ وَصَدَّقَ

البتہ چھوڑ دینے والے | اپنے معبودوں کو | خاطر ایک شاعر | دیوانے کی | بلکہ | وہ آیا ہے | حق کیساتھ | اور اس نے تصدیق کی ہے

دیوانے شاعر کے کہنے پر اپنے معبودوں کو چھوڑ دیں؟" حالانکہ وہ نبی ﷺ حق لے کر آئے ہیں اور پہلے رسولوں کو بھی

الْمُرْسَلِيْنَ ﴿37﴾ اِنَّكُمْ لَذَآئِقُوا الْعَذَابِ الْاَلِيْمِ ﴿38﴾ وَمَا تُجْزَوْنَ اِلَّا

(پہلے) رسولوں کو | بیشک تم | ضرور چکھنے والے ہو | عذاب | دردناک کو | اور نہیں | تم کو بدلہ دیا جائیگا | مگر

برحق سمجھتے ہیں۔ پھر کافروں سے کہا جائے گا "بیشک تمہیں درد ناک عذاب چکھنا پڑے گا۔ یہ تمہارے اپنے اعمال

مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿39﴾ اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿40﴾ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ

اسکا جو | تم تھے | تم عمل کرتے | مگر | بندے | اللہ کے | چنے ہوئے | وہ | جن کے لئے ہے

کی سزا ہے۔" مگر جو اللہ کے چنے ہوئے بندے ہیں اُن کے لئے

رِزْقٌ مَّعْلُوْمٌ ﴿41﴾ فَوَاكِهُ ۚ وَهُمْ مُّكْرَمُوْنَ ﴿42﴾ فِيْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ﴿43﴾

روزی | معلوم | پھل | اور وہ ہیں | عزت والے | میں | باغوں | نعمت کے

معلوم رزق ہو گا۔ پھل میوے ہوں گے۔ وہ نہایت عزت سے رہیں گے، نعمت کے باغوں میں۔

عَلٰی سُرُرٍ مُّتَقٰبِلِیْنَ ﴿44﴾ یُطَافُ عَلَیْهِمْ بِكَاْسٍ مِّنْ مَّعِیْنٍ ﴿45﴾ بَیْضَآءَ

پر | تختوں | آمنے سامنے ہونگے | دور کرائے جائیں گے | ان پر | ساتھ پیالے | سے | شراب بہتی | جو سفید ہوگی

وہ مسندوں پر ایک دوسرے کے آمنے سامنے بیٹھے ہوں گے۔ ان کے پاس ایک جام لایا جائے گا جو بہتی ہوئی شراب سے بھرا جائے

لَذَّةٍ لِّلشّٰرِبِیْنَ ﴿46﴾ لَا فِیْهَا غَوْلٌ وَّلَا هُمْ عَنْهَا یُنْزَفُوْنَ ﴿47﴾

مزے دار | پینے والوں کیلئے | نہ | اس میں | کوئی سر کا چکرانا | اور نہ | وہ | اس سے | بہکیں گے

گا۔ وہ شراب صاف شفاف ہوگی، پینے والوں کے لئے لذت ہی لذت! اس کے پینے سے سر میں درد نہ ہوگا اور نہ اس سے عقل

وَعِنْدَهُمْ قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ عِیْنٌ ﴿48﴾ كَاَنَّهُنَّ بَیْضٌ مَّكْنُوْنٌ ﴿49﴾

اوران کے پاس ہوں گی | نیچی | نگاہ والیاں | موٹی آنکھ والیاں | گویا کہ وہ ہیں | انڈے | چھپائے ہوئے

خراب ہوگی۔ اوران کے پاس نیچی نگاہ والی اور بڑی آنکھوں والی حوریں ہوں گی، ایسی خوبصورت جیسے شتر مرغ کے محفوظ انڈے!

فَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰی بَعْضٍ یَّتَسَآءَلُوْنَ ﴿50﴾ قَالَ قَآئِلٌ مِّنْهُمْ اِنِّیْ

پھر سامنا کریگا | بعض انکا | پر | بعض | سوال کرتے ہوئے | کہے گا | کہنے والا | ان میں سے | بیشک میں

جنتی لوگ ایک دوسرے کی طرف متوجہ ہو کر بات کریں گے۔ ان میں سے ایک کہنے والا کہے گا ”میرا

كَانَ لِیْ قَرِیْنٌ ﴿51﴾ یَّقُوْلُ اَئِنَّكَ لَمِنَ الْمُصَدِّقِیْنَ ﴿52﴾ ءَاِذَا مِتْنَا

تھا | میرے لئے | ایک ساتھی | جو کہا کرتا تھا | کیا تو ہے | البتہ سے | ماننے والوں میں | کیا جب | ہم مرجائیں گے

ایک ملنے والا تھا۔ وہ مجھے کہا کرتا تھا ”کیا تم بھی اس بات کو مانتے ہو؟ کیا جب ہم مر جائیں گے

وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَدِیْنُوْنَ ﴿53﴾ قَالَ هَلْ اَنْتُمْ

اور ہم ہوں گے | مٹی | اور ہڈیاں | کیا؟ بیشک ہم | البتہ ہم بدلہ پائیں گے | وہ کہے گا | کیا | تم ہو

اور ہڈیوں کا چورا بن جائیں گے کیا ہمیں جزا سزا ملے گی؟“ پھر وہ جنتی اپنے ساتھیوں سے کہے گا ”میں اسے دیکھنا چاہتا ہوں۔ کیا تم

مُّطَّلِعُوْنَ ﴿54﴾ فَاطَّلَعَ فَرَاٰهُ فِیْ سَوَآءِ الْجَحِیْمِ ﴿55﴾ قَالَ تَاللّٰهِ اِنْ

جھانکنے والے | پھر وہ جھانکے گا | تو دیکھے گا اسے | میں | درمیان | دوزخ کے | وہ کہے گا | قسم اللہ کی | بیشک

بھی اسے دیکھنا چاہو گے۔ وہ اوپر سے جھانکے گا تو اپنے اسی ملنے والے کو جہنم کے بیچ میں دیکھے گا۔ پھر اسے کہے گا ”اللہ کی قسم! تم

كِدْتَّ لَتُرْدِیْنِ ﴿56﴾ وَلَوْلَا نِعْمَةُ رَبِّیْ لَكُنْتُ مِنَ الْمُحْضَرِیْنَ ﴿57﴾

قریب تھا | کہ تو مروا ڈالتا مجھے بھی | اور اگر نہ ہوتا | فضل | میرے رب کا | ضرور میں ہوتا | سے | عذاب میں حاضر کیے گئے لوگوں سے

مجھے تباہ کر دینے والے تھے۔ اگر میرے رب کا فضل نہ ہوتا تو میں بھی عذاب میں پکڑا ہوتا“

اَفَمَا نَحْنُ بِمَيِّتِيْنَ ﴿۵۸﴾ اِلَّا مَوْتَتَنَا الْاُوْلٰى وَمَا نَحْنُ بِمُعَذَّبِيْنَ ﴿۵۹﴾

کیا پس نہیں | ہم | مریں گے | مگر | موت ہماری | پہلی | اور نہیں ہیں | ہم | عذاب پانے والے

پھر وہ خوشی سے کہے گا اب تو ہمیں مرنا نہیں۔ جو موت آنی تھی وہ دنیا میں آ چکی۔ ہمیں کوئی عذاب نہ ہوگا۔

اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿۶۰﴾ لِمِثْلِ هٰذَا فَلْيَعْمَلِ الْعٰمِلُوْنَ ﴿۶۱﴾

بیشک | یہ ہے | البتہ وہی | کامیابی | بڑی | اس جیسا | پس چاہئے عمل کریں | عمل کرنے والے

بیشک یہ بڑی کامیابی ہے ایسی کامیابی کے لئے نیک عمل کرنے والوں کو نیک عمل کرنا چاہئے۔

اَذٰلِكَ خَيْرٌ نُّزُلًا اَمْ شَجَرَةُ الزَّقُّوْمِ ﴿۶۲﴾ اِنَّا جَعَلْنٰهَا فِتْنَةً

کیا یہ ہے | بہتر | مہمانی | یا | درخت | تھوہر کا | بیشک ہم | ہم نے بنایا اسے | آزمائش

بتاؤ یہ مہمانی اچھی ہے یا تھوہر کا درخت؟ جسے ہم نے ظالموں کے لئے

لِّلظّٰلِمِيْنَ ﴿۶۳﴾ اِنَّهَا شَجَرَةٌ تَخْرُجُ فِيْٓ اَصْلِ الْجَحِيْمِ ﴿۶۴﴾ طَلْعُهَا كَاَنَّهٗ

ظالموں کیلئے | بیشک وہ | درخت | اگتا ہے | میں | تہہ | دوزخ کی | شاخیں اسکی | جیسے

آزمائش بنایا۔ وہ ایک درخت ہے جو دوزخ کی تہہ سے اگتا ہے۔ اُس کی شاخیں ایسی ہیں جیسے

رُءُوْسُ الشَّيٰطِيْنِ ﴿۶۵﴾ فَاِنَّهُمْ لَاٰكِلُوْنَ مِنْهَا فَمَالِـُٔوْنَ مِنْهَا

سر | شیطانوں کے | پھر بیشک وہ | ضرور کھائیں گے | اس سے | پھر بھریں گے | اس سے

شیطانوں کے سر۔ دوزخی لوگ اسے کھائیں گے۔ اسی سے پیٹ

الْبُطُوْنَ ﴿۶۶﴾ ثُمَّ اِنَّ لَهُمْ عَلَيْهَا لَشَوْبًا مِّنْ حَمِيْمٍ ﴿۶۷﴾ ثُمَّ اِنَّ

(اپنے) پیٹوں کو | پھر | بیشک | ان کے لئے ہے | اس پر | البتہ آمیزش | کی | کھولتے پانی | پھر | بیشک

بھریں گے۔ انہیں کھولتا ہوا پانی دیا جائے گا۔ اس کے بعد بھی ان کا ٹھکانا

مَرْجِعَهُمْ لَاِلَى الْجَحِيْمِ ﴿۶۸﴾ اِنَّهُمْ اَلْفَوْا اٰبَآءَهُمْ ضَآلِّيْنَ ﴿۶۹﴾ فَهُمْ

ٹھکانہ انکا ہے | ضرور طرف | دوزخ کی | بیشک انہوں نے | پایا | اپنے باپ دادا کو | گمراہ | پھر وہ

دوزخ ہی رہے گا۔ انہوں نے اپنے باپ دادا کو گمراہی میں پایا، پھر وہ بھی انہیں کے

عَلٰٓى اٰثٰرِهِمْ يُهْرَعُوْنَ ﴿۷۰﴾ وَلَقَدْ ضَلَّ قَبْلَهُمْ اَكْثَرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۷۱﴾

پر | ان کے نقش قدم پر | دوڑے جاتے تھے | اور بیشک | گمراہ ہوئے | پہلے ان سے | بہت | لوگ پہلے کے

نقشِ قدم پر دوڑتے رہے۔ ان سے پہلے بہت سے لوگ گمراہ ہوئے۔

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا فِيْهِمْ مُّنْذِرِيْنَ ﴿٧٢﴾ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ

اور بیشک | ہم نے بھیجے | ان میں | خبردار کرنیوالے | پس تو دیکھ | کیسا | ہوا | انجام انکا

ان میں بھی ہم نے خبردار کرنے والے پیغمبر بھیجے۔ دیکھو ان لوگوں کا کیا انجام ہوا جنہیں پہلے سے

الْمُنْذَرِيْنَ ﴿٧٣﴾ اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿٧٤﴾ ع وَلَقَدْ نَادٰىنَا نُوْحٌ

جن کو خبردار کیا گیا | مگر | بندے | اللہ کے | چنے ہوئے | اور بیشک | پکارا ہم کو | نوح نے

خبردار کیا گیا۔ مگر ہمارے چنے ہوئے بندے عذاب سے محفوظ رہے۔ ہمیں نوح علیہ السلام نے پکارا تھا

فَلَنِعْمَ الْمُجِيْبُوْنَ ﴿٧٥﴾ وَنَجَّيْنٰهُ وَاَهْلَهٗ مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ ﴿٧٦﴾

پس البتہ خوب تھے | جواب دینے والے | اور ہم نے نجات دی اسکو | اور اس کے خاندان کو | سے | مصیبت | بڑی

تو ہم کیا خوب پکار سننے والے ہیں۔ ہم نے انہیں اور ان کے لوگوں کو بڑی آفت سے بچا لیا۔

وَجَعَلْنَا ذُرِّيَّتَهٗ هُمُ الْبٰقِيْنَ ﴿٧٧﴾ وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِي الْاٰخِرِيْنَ ﴿٧٨﴾

اور ہم نے کر دیا | اس کی اولاد کو | وہی ہوئے | باقی رہنے والے | اور ہم نے رکھ دیا | اس (کے طریقہ ذکر) پر | میں | بعد میں آنے والوں

ہم نے ان کی نسل کو باقی رہنے والا بنایا۔ ہم نے بعد میں آنے والوں میں نوح علیہ السلام کا ذکرِ خیر باقی رکھا۔

سَلٰمٌ عَلٰى نُوْحٍ فِي الْعٰلَمِيْنَ ﴿٧٩﴾ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿٨٠﴾

سلامتی ہے | پر | نوح | میں | جہانوں | بیشک ہم | اسی طرح | ہم بدلہ دیتے ہیں | نیکی کرنیوالوں کو

دنیا جہان میں نوح علیہ السلام کے لئے سلام ہے۔ ہم نیکی کرنے والوں کو ایسا ہی بدلہ دیتے ہیں۔

اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٨١﴾ ثُمَّ اَغْرَقْنَا الْاٰخَرِيْنَ ﴿٨٢﴾ وَاِنَّ مِنْ

بیشک وہ ہے | سے | بندوں ہمارے | ایمان والے | پھر | ہم نے غرق کر دیا | دوسروں کو | اور بیشک | سے

بیشک وہ ہمارے مومن بندوں میں سے تھے۔ ہم نے دوسروں کو جو ایمان نہ لائے تھے غرق کر دیا۔ نوحؑ کے طریقے پر چلنے والوں

شِيْعَتِهٖ لَاِبْرٰهِيْمَ ﴿٨٣﴾ اِذْ جَآءَ رَبَّهٗ بِقَلْبٍ سَلِيْمٍ ﴿٨٤﴾ اِذْ قَالَ لِاَبِيْهِ

گروہ اسکے | البتہ ابراہیم بھی | جب | وہ آیا | اپنے رب کے پاس | ساتھ دل | صاف کے | جب | اس نے کہا | اپنے باپ کو

میں ابراہیمؑ بھی تھے۔ یاد کرو جب وہ نیک دل کے ساتھ اپنے رب کی طرف متوجہ ہوئے۔ انہوں نے اپنے باپ سے

وَقَوْمِهٖ مَاذَا تَعْبُدُوْنَ ﴿٨٥﴾ اَئِفْكًا اٰلِهَةً دُوْنَ اللّٰهِ تُرِيْدُوْنَ ﴿٨٦﴾ فَمَا

اور اپنی قوم کو | کس کی | تم عبادت کرتے ہو | کیا جھوٹے | معبود | سوا | اللہ کے | تم چاہتے ہو | پس کیا ہے

اور اپنی قوم سے کہا "تم کس چیز کی عبادت کرتے ہو؟ کیا تم اللہ کے سوا من گھڑت معبودوں کو چاہتے ہو؟

ظَنُّكُمْ بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿87﴾ فَنَظَرَ نَظْرَةً فِي النُّجُوْمِ ﴿88﴾ فَقَالَ اِنِّيْ

گمان تمہارا | بارے میں رب | کائنات کے | پھر دیکھا | ایک نظر | میں | ستاروں کو | پھر بولا | بیشک میں

رب العالمین کے بارے میں تمہارا کیا خیال ہے؟'' پھر ابراہیم علیہ السلام نے کچھ غور کیا۔ پھر کہا ''میرا موڈ

سَقِيْمٌ ﴿89﴾ فَتَوَلَّوْا عَنْهُ مُدْبِرِيْنَ ﴿90﴾ فَرَاغَ اِلٰى اٰلِهَتِهِمْ فَقَالَ

بیمار ہوں | پھر وہ پلٹ گئے | اس سے | پیٹھ پھیر کر | پھر وہ چپکے سے گیا | طرف | ان کے معبودوں کی | پھر کہا (طنزاً)

ٹھیک نہیں۔'' جب لوگ انہیں چھوڑ کر چلے گئے تو وہ چپکے سے ان کے بت خانے میں گھس گئے اور بتوں سے کہا

اَلَا تَاْكُلُوْنَ ﴿91﴾ مَا لَكُمْ لَا تَنْطِقُوْنَ ﴿92﴾ فَرَاغَ عَلَيْهِمْ ضَرْبًا بِالْيَمِيْنِ ﴿93﴾

کیوں نہیں تم کھاتے | کیا ہے | تم کو | نہیں | تم بولتے بھی | پھر وہ پل پڑا | ان پر | مارتا ہوا | دائیں ہاتھ سے

''تم یہ چڑھاوے کھاتے کیوں نہیں؟'' ''تمہیں کیا ہوا ہے تو بولتے نہیں؟'' یہ کہہ کر وہ ان پر پل پڑے اور انہیں توڑ پھوڑ کر رکھ دیا۔

فَاَقْبَلُوْٓا اِلَيْهِ يَزِفُّوْنَ ﴿94﴾ قَالَ اَتَعْبُدُوْنَ مَا تَنْحِتُوْنَ ﴿95﴾ وَاللّٰهُ

پھر وہ آگے بڑھے | اس کی طرف | دوڑتے ہوئے | اس نے کہا | کیا تم پوجتے ہو | اس کو جسے | تم خود بناتے ہو۔ | اور اللہ نے

لوگوں کو خبر ہوئی تو وہ ان کے پاس دوڑتے ہوئے آئے۔ ابراہیمؑ نے ان سے کہا ''کیا تم ایسی چیزوں کو پوجتے ہو جنہیں خود تراشتے ہو

خَلَقَكُمْ وَمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿96﴾ قَالُوا ابْنُوْا لَهٗ بُنْيَانًا فَاَلْقُوْهُ فِي

پیدا کیا تم کو | اور جو کچھ | تم کرتے ہو | وہ بولے | تم بناؤ | اس کے لئے | ایک عمارت | پھر تم ڈالو اسکو | میں

جبکہ اللہ نے پیدا کیا ہے تمہیں بھی اور ان چیزوں کو بھی جنہیں تم بناتے ہو۔ ان لوگوں نے آپس میں کہا ''اس شخص کے لئے ایک آتش

الْجَحِيْمِ ﴿97﴾ فَاَرَادُوْا بِهٖ كَيْدًا فَجَعَلْنٰهُمُ الْاَسْفَلِيْنَ ﴿98﴾ وَقَالَ اِنِّيْ

آگ | پھر انہوں نے ارادہ کیا | اس سے | چال چلنے کا | پھر ہم نے کر دیا انکو | نیچوں میں | اور اس نے کہا | بیشک میں

کدہ بناؤ اور اسے دہکتی آگ میں ڈال دو۔'' اس طرح انہوں نے ابراہیمؑ کے خلاف چال چلی مگر ہم نے ان لوگوں کو نیچا دکھایا۔ جب

ذَاهِبٌ اِلٰى رَبِّيْ سَيَهْدِيْنِ ﴿99﴾ رَبِّ هَبْ لِيْ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿100﴾

جانے والا ہوں | طرف | اپنے رب کی | ضرور رہنمائی کرے گا وہ میری | اے میرے رب | تو دے | مجھ کو | سے | نیکوں (بیٹا)

ابراہیمؑ نے کہا ''میں اپنے رب کی خاطر ہجرت کر رہا ہوں، وہی میری رہنمائی فرمائے گا۔'' اور دعا کی ''اے میرے رب مجھے نیک

فَبَشَّرْنٰهُ بِغُلٰمٍ حَلِيْمٍ ﴿101﴾ فَلَمَّا بَلَغَ مَعَهُ السَّعْيَ قَالَ

پھر ہم نے خوشخبری دی اسے | لڑکے کی | تحمل والے | پھر جب | وہ پہنچا | ساتھ اسکے | دوڑنے (کی عمر) کو | اس نے کہا

بیٹا عطا فرما۔ ہم نے انہیں متحمل مزاج لڑکے کی بشارت دی۔ جب وہ لڑکا ان کے ساتھ چلنے پھرنے کی عمر کو پہنچا تو انہوں نے اس

يٰبُنَيَّ اِنِّيْٓ اَرٰى فِي الْمَنَامِ اَنِّيْٓ اَذْبَحُكَ فَانْظُرْ مَاذَا تَرٰى ؕ

اے میرے بیٹے | بیشک میں | دیکھتا ہوں | میں | خواب | یہ کہ میں | ذبح کرتا ہوں تجھے | پس تو دیکھ | کیا ہے | تو دیکھتا

سے کہا ''اے میرے بیٹے میں نے خواب میں دیکھا ہے کہ تجھے ذبح کر رہا ہوں تم سوچ لو تمہاری کیا رائے ہے؟''

قَالَ يٰٓاَبَتِ افْعَلْ مَا تُؤْمَرُ ز سَتَجِدُنِيْٓ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ مِنَ

اس نے کہا | اے اباجان | آپ کیجئے | جو | آپ کو حکم دیا گیا | عنقریب آپ پائیں گے مجھے | اگر | چاہے | اللہ | سے

بیٹے نے عرض کیا ''ابا جان آپ کو جو حکم دیا گیا ہے اسے کر ڈالیے۔ انشاء اللہ آپ مجھے صابر

الصّٰبِرِيْنَ ﴿102﴾ فَلَمَّآ اَسْلَمَا وَتَلَّهٗ لِلْجَبِيْنِ ج ﴿103﴾ وَنَادَيْنٰهُ اَنْ

صبر کرنیوالوں | پھر جب | دونوں تابع فرمان ہو گئے | اور گرایا اسے | ماتھے کے بل | اور ہم نے آواز دی اسکو | کہ

پائیں گے۔ پھر جب دونوں اپنے رب کے حکم کی تعمیل کرنے لگے اور باپ نے بیٹے کو ماتھے کے بل لٹا دیا تو ہم نے انہیں آواز دی

يّٰٓاِبْرٰهِيْمُ لا ﴿104﴾ قَدْ صَدَّقْتَ الرُّءْيَا ج اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿105﴾

اے ابراہیم | بیشک | تو نے سچ کر دیا | خواب کو | بیشک ہم | اسی طرح | ہم بدلہ دیتے ہیں | نیک لوگوں کو

''اے ابراہیم تو نے خواب سچ کر دکھایا۔ اب امتحان ختم۔ بیشک ہم نیکی کرنے والوں کو اسی طرح بدلہ دیتے ہیں۔

اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْبَلٰٓؤُا الْمُبِيْنُ ﴿106﴾ وَفَدَيْنٰهُ بِذِبْحٍ عَظِيْمٍ ﴿107﴾ وَتَرَكْنَا

بیشک | یہ ہے | البتہ یہی | آزمائش | واضح | اور ہم نے چھڑا لیا اسے | بدلے قربانی | بڑی کے | اور ہم نے رکھ دیا

یہ ایک کھلی آزمائش تھی۔ ہم نے ایک بڑی قربانی کے عوض بیٹے کو چھڑا لیا۔ ہم نے ابراہیم علیہ السلام کے

عَلَيْهِ فِي الْاٰخِرِيْنَ ﴿108﴾ سَلٰمٌ عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ ﴿109﴾ كَذٰلِكَ نَجْزِي

اس (طریقہ) پر | میں | بعد میں آنے والوں | سلامتی ہے | پر | ابراہیم | اسی طرح | ہم بدلہ دیتے ہیں

بعد آنے والے لوگوں میں ان کا ذکر خیر باقی رکھا۔ سلام ہو ابراہیم کے لئے۔ ہم نیکو کاروں کو ایسا ہی

الْمُحْسِنِيْنَ ﴿110﴾ اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿111﴾ وَبَشَّرْنٰهُ بِاِسْحٰقَ

نیکی کرنیوالوں کو | بیشک وہ ہے | سے | ہمارے بندوں | ایمان والے | اور ہم نے بشارت دی اسکو | اسحاق کی

صلہ دیتے ہیں۔ بیشک وہ ہمارے مومن بندوں میں سے تھے۔ اور ہم نے انہیں اسحاقؑ بیٹے کی بشارت دی

نَبِيًّا مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿112﴾ وَبٰرَكْنَا عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اِسْحٰقَ ط وَمِنْ

نبی | سے | نیک لوگوں | اور ہم نے برکت فرمائی | اس پر | اور پر | اسحاق | اور سے

اور بتایا کہ وہ بھی نبی اور صالح بندوں میں سے ہوں گے اور ہم نے ابراہیم علیہ السلام کو اور اسحاقؑ کو برکت دی۔ اور ان

ذُرِّيَّتِهِمَا مُحْسِنٌ وَّظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ مُبِيْنٌ ﴿113﴾ وَلَقَدْ مَنَنَّا عَلٰى مُوْسٰى

دونوں کی اولاد | نیک بھی ہیں | اور ظلم کرنیوالے | اپنی جان پر | کھلے | اور بیشک | ہم نے احسان کیا | پر | موسیٰ

دونوں کی نسل میں نیک بھی ہیں اور ایسے بھی ہیں جو اپنی جان پر ظلم کرنے والے ہیں۔ اور ہم نے موسیٰؑ اور ہارونؑ پر بھی

وَهٰرُوْنَ ﴿114﴾ وَنَجَّيْنٰهُمَا وَقَوْمَهُمَا مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ ﴿115﴾ وَنَصَرْنٰهُمْ

اور ہارون پر | اور ہم نے نجات دی دونوں کو | اور دونوں کی قوم کو | سے | مصیبت | بڑی | اور ہم نے مدد کی انکی

احسان کیا۔ انہیں اور ان کی قوم کو ایک بڑی مصیبت سے نجات دی۔ ہم نے ان دونوں کی مدد کی،

فَكَانُوْا هُمُ الْغٰلِبِيْنَ ﴿116﴾ وَاٰتَيْنٰهُمَا الْكِتٰبَ الْمُسْتَبِيْنَ ﴿117﴾ وَهَدَيْنٰهُمَا

پھر وہ ہو گئے | وہ | غالب | اور ہم نے دی دونوں کو | کتاب | واضح | اور ہم نے ہدایت دی دونوں کو

انہیں غلبہ عطا کیا۔ انہیں ایک واضح کتاب دی۔ سیدھے راستے پر چلنے

الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ﴿118﴾ وَتَرَكْنَا عَلَيْهِمَا فِى الْاٰخِرِيْنَ ﴿119﴾ سَلٰمٌ عَلٰى

راستے | سیدھے کی | اور ہم نے رکھ دیا | دونوں کے (طریقے) پر | میں | بعد آنے والوں | سلامتی ہے | پر

کی توفیق دی۔ ہم نے بعد کے لوگوں میں ان دونوں کا ذکرِ خیر باقی رکھا۔ سلام ہو

مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ﴿120﴾ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِى الْمُحْسِنِيْنَ ﴿121﴾ اِنَّهُمَا مِنْ

موسیٰ | اور ہارون | بیشک ہم | اسی طرح | ہم بدلہ دیتے ہیں | نیک لوگوں کو | بیشک وہ دونوں ہیں | سے

موسیٰؑ اور ہارونؑ پر۔ ہم نیکی کرنے والوں کو ایسا ہی بدلہ دیا کرتے ہیں بے شک وہ دونوں

عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿122﴾ وَاِنَّ اِلْيَاسَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿123﴾ اِذْ قَالَ

ہمارے بندوں | ایمان والے | اور بیشک | الیاس تھا | ضرور سے | رسولوں میں | جب | اس نے کہا

ہمارے مومن بندوں میں سے تھے۔ اور الیاسؑ بھی ہمارے پیغمبروں میں سے تھے۔ یاد کرو جب

لِقَوْمِهٖٓ اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿124﴾ اَتَدْعُوْنَ بَعْلًا وَّتَذَرُوْنَ اَحْسَنَ الْخَالِقِيْنَ ﴿125﴾

اپنی قوم کو | کیا نہیں | تم ڈرتے | کیا تم پکارتے ہو | بعل (بت) کو | اور تم چھوڑتے ہو | سب سے بہتر | پیدا کرنیوالے

انہوں نے اپنی قوم سے کہا ”کیا تم لوگ اللہ سے نہیں ڈرتے! کیا تم بعل کو پوجتے ہو اور بہترین خالق کو چھوڑے ہوئے ہو۔

اللّٰهَ رَبَّكُمْ وَرَبَّ اٰبَآئِكُمُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿126﴾ فَكَذَّبُوْهُ فَاِنَّهُمْ لَمُحْضَرُوْنَ ﴿127﴾

اللہ کو | جو تمہارا رب ہے | اور رب ہے | تمہارے باپ دادا | پہلوں کا | پھر انہوں نے جھٹلایا انہیں | پھر بیشک وہ | ضرور حاضر کئے جائینگے

اس اللہ کو جو تمہارا بھی رب ہے اور تمہارے اگلے باپ دادا کا بھی۔“ مگر انہوں نے الیاسؑ کو جھٹلایا تو وہ لوگ ضرور پکڑے جانے

اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِیْنَ ﴿128﴾ وَ تَرَكْنَا عَلَیْهِ فِی الْاٰخِرِیْنَ ﴿129﴾ سَلٰمٌ

مگر | بندے | اللہ کے | چنے ہوئے | اور ہم نے رکھ دیا | اس پر | میں | بعد آنے والوں کو | سلامتی ہے

والوں میں سے ہوں گے۔ مگر ان میں جو اللہ کے خاص بندے تھے وہ عذاب سے محفوظ رہیں گے اور اجر پائیں گے۔ ہم نے بعد

عَلٰۤى اِلْ یَاسِیْنَ ﴿130﴾ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِی الْمُحْسِنِیْنَ ﴿131﴾ اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا

پر | الیاسین | بیشک ہم | اسی طرح | ہم بدلہ دیتے ہیں | نیک لوگوں کو | بیشک وہ تھے | سے | ہمارے بندوں

کے لوگوں میں الیاسؑ کا ذکر خیر باقی رکھا۔ سلام ہو الیاسؑ پر ہم نیکوکاروں کو اسی طرح صلہ دیا کرتے ہیں۔ بیشک وہ ہمارے مومن

الْمُؤْمِنِیْنَ ﴿132﴾ وَ اِنَّ لُوْطًا لَّمِنَ الْمُرْسَلِیْنَ ﴿133﴾ اِذْ نَجَّیْنٰهُ وَ اَهْلَهٗۤ

ایمان والے | اور بیشک | لوط تھا | ضرور سے | رسولوں میں | جب | ہم نے نجات دی اسے | اور اسکے خاندان

بندوں میں سے تھے۔ اور لوطؑ بھی ہمارے پیغمبروں میں سے تھے۔ یاد کرو جب ہم نے انہیں اور ان کے لوگوں کو

اَجْمَعِیْنَ ﴿134﴾ اِلَّا عَجُوْزًا فِی الْغٰبِرِیْنَ ﴿135﴾ ثُمَّ دَمَّرْنَا الْاٰخَرِیْنَ ﴿136﴾

سب کو | مگر | ایک بڑھیا تھی | میں | پیچھے رہ جانے والوں | پھر | ہم نے ہلاک کر دیا | دوسروں کو

عذاب سے نجات دی۔ مگر ایک بڑھیا پیچھے رہ جانے والوں میں سے تھی۔ پھر ہم نے تمام پیچھے رہ جانے والوں کو تہس نہس کر دیا۔

وَ اِنَّكُمْ لَتَمُرُّوْنَ عَلَیْهِمْ مُّصْبِحِیْنَ ﴿137﴾ وَ بِالَّیْلِ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿138﴾

(4 ع 25 8)

اور بیشک تم | البتہ گزرتے ہو | ان پر | صبح کو | اور رات کو | کیا پھر نہیں | تم سمجھتے

اور اے لوگو تم کبھی دن کو اُن کی اُجڑی بستیوں پر سے گزرتے ہو اور کبھی رات کو، کیا تم سمجھتے نہیں؟

وَ اِنَّ یُوْنُسَ لَمِنَ الْمُرْسَلِیْنَ ﴿139﴾ اِذْ اَبَقَ اِلَی الْفُلْكِ الْمَشْحُوْنِ ﴿140﴾

اور بیشک | یونس تھا | ضرور سے | رسولوں میں | جب | وہ بھاگا | کی طرف | کشتی | بھری ہوئی

اور یونس علیہ السلام بھی ہمارے پیغمبروں میں سے تھے۔ یاد کرو جب وہ بھاگ کر بھری ہوئی کشتی پر پہنچے

فَسَاهَمَ فَكَانَ مِنَ الْمُدْحَضِیْنَ ﴿141﴾ فَالْتَقَمَهُ الْحُوْتُ وَ هُوَ مُلِیْمٌ ﴿142﴾

پھر قرعہ ڈالا | پھر وہ ہو گیا | سے | دھکیلے جانے والوں | پھر لقمہ بنا لیا اسکا | مچھلی نے | اور وہ تھا | ملامت میں پڑا ہوا

پھر جب قرعہ ڈالا گیا تو انہی کا نام نکلا اور ان کو دریا میں ڈال دیا گیا۔ پھر انہیں مچھلی نے نگل لیا اور وہ اپنے آپ کو ملامت کر رہے

فَلَوْ لَاۤ اَنَّهٗ كَانَ مِنَ الْمُسَبِّحِیْنَ ﴿143﴾ لَلَبِثَ فِیْ بَطْنِهٖۤ اِلٰی یَوْمِ

پھر اگر نہ | البتہ وہ | ہوتا | سے | تسبیح کرنیوالوں | ضرور پڑا رہتا | میں | اس کے پیٹ | تک | دن

تھے۔ پھر اگر وہ تسبیح کرنے والوں میں سے نہ ہوتے تو قیامت تک مچھلی کے

یُبْعَثُوْنَ ﴿144﴾ فَنَبَذْنٰهُ بِالْعَرَآءِ وَهُوَ سَقِیْمٌ ﴿145﴾ وَاَنْۢبَتْنَا عَلَیْهِ شَجَرَةً

اٹھائے جانے کے | پھر ہم نے پھینکا اسے | چٹیل زمین میں | اور وہ تھا | بیمار | اور ہم نے اگایا | اس پر | پودا

پیٹ میں رہتے۔ لیکن ہم نے انہیں ایک کھلے میدان میں ڈال دیا اور وہ نڈھال تھے۔ ہم نے ان کے پاس بیل والا

مِّنْ یَّقْطِیْنٍ ﴿146﴾ وَاَرْسَلْنٰهُ اِلٰی مِائَةِ اَلْفٍ اَوْ یَزِیْدُوْنَ ﴿147﴾ فَاٰمَنُوْا

سے | (کدو کی) بیل | اور ہم نے بھیجا اسے | طرف | ایک سو | ہزار (1000) کی | یا | زیادہ کی | پس ایمان لائے

درخت اگا دیا پھر ہم نے انہیں ایک لاکھ یا اس سے زیادہ لوگوں کی طرف بھیجا۔ پھر وہ لوگ ایمان لائے

فَمَتَّعْنٰهُمْ اِلٰی حِیْنٍ ﴿148﴾ فَاسْتَفْتِهِمْ اَلِرَبِّكَ الْبَنَاتُ وَلَهُمُ

پھر ہم نے فائدہ دیا انکو | تک | ایک وقت | پس تو پوچھ ان سے | کیا تیرے رب کیلئے | بیٹیاں ہیں | اور ان کیلئے ہیں

تو ہم نے انہیں ایک مدت تک دنیا سے فائدہ اٹھانے کا موقع دیا۔ اے نبیؐ آپ مشرکین سے پوچھیں ''کیا اللہ کے لئے بیٹیاں ہیں

الْبَنُوْنَ ﴿149﴾ اَمْ خَلَقْنَا الْمَلٰٓئِكَةَ اِنَاثًا وَّهُمْ شٰهِدُوْنَ ﴿150﴾ اَلَآ اِنَّهُمْ

بیٹے | کیا | ہم نے پیدا کیا تھا | فرشتوں کو | عورتیں | اور وہ | (وہاں) حاضر تھے | خبردار رہو | بیشک وہ

اور ان کے لئے بیٹے؟'' کیا ہم نے فرشتوں کو عورتیں بنایا ہے اور وہ دیکھ رہے تھے؟ سن لو، یہ لوگ صرف

مِّنْ اِفْكِهِمْ لَیَقُوْلُوْنَ ﴿151﴾ وَلَدَ اللّٰهُ وَاِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿152﴾ اَصْطَفَی

سے | اپنے جھوٹ سے | ضرور وہ کہتے ہیں | کہ اولاد ہے | اللہ کی | اور بیشک وہ | ضرور جھوٹے ہیں | کیا ترجیح دی ہے

من گھڑت بات کہہ رہے ہیں کہ اللہ اولاد رکھتا ہے وہ یقیناً جھوٹے ہیں۔ کیا اللہ نے

الْبَنَاتِ عَلَی الْبَنِیْنَ ﴿153﴾ مَا لَكُمْ كَیْفَ تَحْكُمُوْنَ ﴿154﴾ اَفَلَا

بیٹیوں کو | پر | بیٹوں | کیا ہے | تم کو | کیسا | تم فیصلہ کرتے ہو | کیا پس نہیں

بیٹوں کے مقابلے میں بیٹیاں پسند کیں؟ تمہیں کیا ہو گیا ہے تم کیسا غلط فیصلہ کرتے ہو؟ کیا تم

تَذَكَّرُوْنَ ﴿155﴾ اَمْ لَكُمْ سُلْطٰنٌ مُّبِیْنٌ ﴿156﴾ فَاْتُوْا بِكِتٰبِكُمْ اِنْ كُنْتُمْ

تم سمجھتے | کیا | تمہارے پاس ہے | کوئی دلیل | واضح | پس لے آؤ | کتاب اپنی | اگر | تم ہو

سوچتے نہیں؟ کیا تمہارے پاس اس کی کوئی واضح دلیل ہے؟ اپنی کتاب پیش کرو اگر تم

صٰدِقِیْنَ ﴿157﴾ وَجَعَلُوْا بَیْنَهٗ وَبَیْنَ الْجِنَّةِ نَسَبًا وَلَقَدْ عَلِمَتِ

سچے | اور انہوں نے بنادی | اس کے درمیان | اور درمیان | جنات کے | رشتہ داری | اور بیشک | جانتے ہیں

سچے ہو۔ ان مشرکوں نے اللہ اور فرشتوں کے درمیان رشتہ داری بنالی ہے۔ حالاں کہ فرشتوں کو

الْجِنَّةُ اِنَّهُمْ لَمُحْضَرُوْنَ ﴿158﴾ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿159﴾ اِلَّا عِبَادَ

جنات | کہ وہ | ضرور حاضر کئے جائیں گے | پاک ہے | اللہ | اس سے جو | وہ بیان کرتے ہیں | مگر | بندے

معلوم ہے یہ لوگ کل کو پکڑے جانے والے ہیں، اللہ پاک ہے ان باتوں سے جو یہ لوگ بیان کرتے ہیں۔ البتہ اللہ کے نیک

اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿160﴾ فَاِنَّكُمْ وَمَا تَعْبُدُوْنَ ﴿161﴾ مَآ اَنْتُمْ عَلَيْهِ

اللہ کے ہیں | چنے ہوئے | پس بیشک تم | اور جس کی | تم عبادت کرتے ہو | نہیں ہو | تم | خلاف اسکے

بندے عذاب میں نہیں پکڑے جائیں گے۔ لیکن اے مشرکو! تم اور تمہارے بنائے ہوئے معبود کسی کو اللہ سے پھیر

بِفٰتِنِيْنَ ﴿162﴾ اِلَّا مَنْ هُوَ صَالِ الْجَحِيْمِ ﴿163﴾ وَمَا مِنَّآ اِلَّا لَهٗ

بہکانے والے | مگر | وہ | جو | جانے والا ہے | دوزخ میں | اور نہیں ہے | ہم سے | مگر | اسکا

نہیں سکتے۔ سوائے اُس کے جو دوزخ میں جا پڑنے والے ہو۔ اور ہم فرشتوں میں سے ہر ایک کا

مَقَامٌ مَّعْلُوْمٌ ﴿164﴾ وَّاِنَّا لَنَحْنُ الصَّآفُّوْنَ ﴿165﴾ وَاِنَّا لَنَحْنُ الْمُسَبِّحُوْنَ ﴿166﴾

ایک مقام ہے | معلوم | اور بیشک | ضرور ہم | صف باندھنے والے (حاضر) | اور بیشک | ضرور ہم ہیں | تسبیح کرنیوالے

درجہ اور مقام مقرر ہے۔ ہم اللہ کے حضور صف بستہ حاضر رہتے ہیں۔ اسی کی تسبیح میں لگے رہتے ہیں۔"

وَاِنْ كَانُوْا لَيَقُوْلُوْنَ ﴿167﴾ لَوْ اَنَّ عِنْدَنَا ذِكْرًا مِّنَ الْاَوَّلِيْنَ ﴿168﴾

اور بیشک | وہ تھے | ضرور وہ کہتے | اگر | بیشک | ہمارے پاس ہوتا | ذکر (ہدایت) | سے | پہلے لوگوں

اس سے پہلے یہی مشرکین کہا کرتے تھے اگر ہمارے پاس پہلی قوموں کی طرح کی کوئی آسمانی کتاب ہوتی

لَكُنَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿169﴾ فَكَفَرُوْا بِهٖ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ﴿170﴾

ضرور ہم بھی ہوتے | بندوں سے | اللہ کے | چنے ہوئے | پھر انکار کر دیا | اسکا | پس جلد ہی | وہ جان لیں گے

تو ہم اسے مان کر اللہ کے خاص بندوں میں سے ہوتے۔ پھر جب وہی چیز آ گئی تو انہوں نے اس کا انکار کر دیا۔

وَلَقَدْ سَبَقَتْ كَلِمَتُنَا لِعِبَادِنَا الْمُرْسَلِيْنَ ﴿171﴾ اِنَّهُمْ لَهُمُ

اور بیشک | پہلے گزر چکی | ہماری بات | ہمارے بندوں کے لئے | بھیجے گئے | بیشک وہ | (ضرور) وہ ہیں

عنقریب انہیں اپنا انجام معلوم ہو جائے گا۔ ہم اپنے بھیجے ہوئے پہلے رسولوں سے وعدہ کر چکے ہیں کہ بیشک انہیں ہماری مدد حاصل ہو

الْمَنْصُوْرُوْنَ ﴿172﴾ وَاِنَّ جُنْدَنَا لَهُمُ الْغٰلِبُوْنَ ﴿173﴾ فَتَوَلَّ عَنْهُمْ حَتّٰى

(اللہ کی) مدد کئے گئے | اور بیشک | لشکر ہمارے ہیں | ضرور وہی | غالب | پس آپ منہ پھیر لیجیے | ان سے | تک

گی اور ہمارا لشکر غالب رہے گا۔ لہٰذا اے نبی ﷺ آپ ﷺ کچھ عرصہ تک کافروں سے اعراض کریں

حِیْنٍ ﴿۱۷۴﴾ وَّ اَبْصِرْهُمْ فَسَوْفَ یُبْصِرُوْنَ ﴿۱۷۵﴾ اَفَبِعَذَابِنَا یَسْتَعْجِلُوْنَ ﴿۱۷۶﴾

ایک مدت | اور دیکھیے ان کو | پھر عنقریب | وہ بھی دیکھ لیں گے | کیا پس ہمارے عذاب کی | وہ جلدی مچاتے ہیں

تا کہ آپ ﷺ ان کا انجام دیکھیں اور وہ خود بھی اپنا انجام دیکھیں۔ کیا وہ ہمارے عذاب کے لئے جلدی کر رہے ہیں۔

فَاِذَا نَزَلَ بِسَاحَتِهِمْ فَسَآءَ صَبَاحُ الْمُنْذَرِیْنَ ﴿۱۷۷﴾ وَتَوَلَّ عَنْهُمْ حَتّٰی

پھر جب | اترے گا | انکے صحن میں | پھر بری ہوگی | صبح | خبردار کئے گئے لوگوں کی | اور منہ پھیر لیجیے | ان سے | تک

پھر جب وہ عذاب ان کے صحن میں اترے گا تو جو لوگ ڈرائے گئے ان کیلئے وہ برا دن ہوگا۔ اور کچھ مدت کیلئے انہیں انکے حال پر

حِیْنٍ ﴿۱۷۸﴾ وَّ اَبْصِرْ فَسَوْفَ یُبْصِرُوْنَ ﴿۱۷۹﴾ سُبْحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا

ایک وقت | اور دیکھیے | پس عنقریب | وہ بھی دیکھ لیں گے | پاک ہے | رب آپ کا | رب | عزت والا | اس سے جو

رہنے دیں۔ پھر آپ ﷺ دیکھیں اور وہ خود بھی دیکھ لیں گے۔ آپ ﷺ کا رب جو عزت والا ہے وہ ان باتوں سے پاک ہے جو

یَصِفُوْنَ ﴿۱۸۰﴾ وَسَلٰمٌ عَلَی الْمُرْسَلِیْنَ ﴿۱۸۱﴾ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۱۸۲﴾

ع 5 44 9

وہ بیان کرتے ہیں | اور سلامتی ہے | پر | رسولوں | اور سب تعریف ہے | اللہ | رب | کائنات کے لئے

اسکے بارے میں بیان کرتے ہیں۔ اور سلام ہے پیغمبروں پر اور تعریف اُس اللہ کے لئے ہے جو سارے جہانوں کا رب ہے۔

(38) سُوْرَةُ صٓ مَكِّيَّةٌ (38)

اٰیَاتُهَا 88 — رُكُوْعَاتُهَا 5

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

صٓ وَالْقُرْاٰنِ ذِی الذِّكْرِ ﴿۱﴾ بَلِ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا فِیْ عِزَّةٍ وَّشِقَاقٍ ﴿۲﴾

صٓ | قسم ہے قرآن کی | نصیحت والے | بلکہ | وہ لوگ جو | کافر ہوئے | میں | غرور | اور مخالفت میں

صٓ، یہ شان و شوکت والا قرآن گواہ ہے کہ یہ اللہ کا کلام ہے۔ مگر جو لوگ اس کا انکار کر رہے ہیں وہ غرور اور مخالفت میں ہیں۔

كَمْ اَهْلَكْنَا مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنْ قَرْنٍ فَنَادَوْا وَّلَاتَ حِیْنَ

کتنے ہی | ہم نے ہلاک کئے | سے | پہلے ان | کئی | لوگ | پھر پکارتے پھرے | اور نہیں تھا | وقت

ہم نے ان سے پہلے کتنی قومیں ہلاک کر دیں جنہوں نے عذاب کے وقت بہت واویلا کیا مگر وہ وقت بچنے کا نہ تھا۔ مشرکین نے اس پر

مَنَاصٍ ﴿۳﴾ وَعَجِبُوْٓا اَنْ جَآءَهُمْ مُّنْذِرٌ مِّنْهُمْ وَقَالَ الْكٰفِرُوْنَ

نجات کا | اور انہوں نے تعجب کیا | کہ | آیا انکے پاس | ایک خبردار کرنیوالا | ان میں سے | اور کہا | کافروں نے

تعجب کیا کہ ان کے پاس انہیں میں سے ایک خبردار کرنے والا آ گیا۔ اس کے بارے میں وہ کہنے لگے "یہ جادوگر ہے،

هٰذَا سٰحِرٌ كَذَّابٌ ۖ ﴿٤﴾ اَجَعَلَ الْاٰلِهَةَ اِلٰهًا وَّاحِدًا ۚ اِنَّ هٰذَا لَشَیْءٌ

یہ ہے | جادوگر | جھوٹا | کیا اس نے بنایا | سب معبودوں کو | معبود | اکیلا | بیشک | یہ | ہے بات

جھوٹا ہے، کیا اس نے اتنے معبودوں کی جگہ ایک ہی معبود اپنا لیا یہ بڑی عجیب

عُجَابٌ ﴿٥﴾ وَانْطَلَقَ الْمَلَاُ مِنْهُمْ اَنِ امْشُوْا وَاصْبِرُوْا عَلٰۤی اٰلِهَتِكُمْ ۚ

بڑے تعجب کی | اور چلے | سردار | بعض انکے | کہ | تم چلو | اور ڈٹے رہو | پر | معبودوں اپنے

بات ہے۔“ اور ان کے سردار یہ کہتے ہوئے اٹھ کھڑے ہوئے ”چلو اور اپنے معبودوں پر جمے رہو۔

اِنَّ هٰذَا لَشَیْءٌ یُّرَادُ ۖ ﴿٦﴾ مَا سَمِعْنَا بِهٰذَا فِی الْمِلَّةِ الْاٰخِرَةِ ۚ اِنْ

بیشک | یہ تو ہے | کام | سوچا سمجھا | نہیں | ہم نے سنا | یہ کچھ | میں | مذہب | دوسرے | نہیں

یہ کوئی سازش ہے۔ ہم نے یہ بات پچھلے کسی مذہب میں نہیں سنی۔ یہ

هٰذَاۤ اِلَّا اخْتِلَاقٌ ۖ ﴿٧﴾ ءَاُنْزِلَ عَلَیْهِ الذِّكْرُ مِنْۢ بَیْنِنَا ؕ بَلْ هُمْ فِیْ

یہ | مگر | من گھڑت بات | کیا اترا ہے | اس پر | ذکر (قرآن) | سے | ہمارے درمیان | بلکہ | وہ ہیں | میں

خود بنائی بات ہے۔ کیا ہم میں سے صرف اسی شخص پر کلام الٰہی نازل ہوا؟“ ہاں یہ لوگ میری

شَكٍّ مِّنْ ذِكْرِیْ ۚ بَلْ لَّمَّا یَذُوْقُوْا عَذَابِ ؕ ﴿٨﴾ اَمْ عِنْدَهُمْ

شک | سے | میری یاد | بلکہ | ابھی نہیں | انہوں نے چکھا | عذاب میرا | کیا | ان کے پاس

نصیحت کے بارے میں شک میں ہیں بلکہ انہوں نے ابھی تک میرے عذاب کا مزا نہیں چکھا۔ اے نبی ﷺ کیا آپ ﷺ کے

خَزَآئِنُ رَحْمَةِ رَبِّكَ الْعَزِیْزِ الْوَهَّابِ ۚ ﴿٩﴾ اَمْ لَهُمْ مُّلْكُ السَّمٰوٰتِ

خزانے | رحمت کے | تیرے رب کی | بڑے غالب | عطا کرنیوالے کے | کیا | ان کی ہے | بادشاہی | آسمانوں

غالب اور فیاض رب کی رحمت کے خزانے ان لوگوں کے پاس آ گئے ہیں؟ کیا ساری کائنات کی بادشاہی ان کے

وَالْاَرْضِ وَمَا بَیْنَهُمَا ۫ فَلْیَرْتَقُوْا فِی الْاَسْبَابِ ﴿١٠﴾ جُنْدٌ مَّا

اور زمین کی | اور جو کچھ | درمیان دونوں کے | پھر البتہ چڑھ جائیں | میں | رسیوں (آسمان تک) | چھوٹا سا لشکر | ہے جو

ہاتھوں میں آ گئی ہے؟ تو چڑھ دیکھیں آسمان تک سیڑھیاں لگا کر کہ رحمت وہدایت کا اختیار کس کو ہے؟ اے نبی ﷺ آپ ﷺ کا یہ

هُنَالِكَ مَهْزُوْمٌ مِّنَ الْاَحْزَابِ ﴿١١﴾ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ وَّعَادٌ

یہاں پر | شکست کھائے گا | سے | لشکروں | انکار کیا | پہلے ان سے | قومِ | نوح نے | اور عاد نے

مخالف گروہ بھی پہلے گروہوں کی طرح مغلوب ہو گا۔ ان سے پہلے قومِ نوح، قومِ عاد

وَفِرْعَوْنُ ذُو الْاَوْتَادِ ﴿۱۲﴾ وَثَمُوْدُ وَقَوْمُ لُوْطٍ وَّاَصْحٰبُ لْـَٔيْكَةِ

اور فرعون | میخوں والے نے | اور ثمود نے | اور قوم | لوط نے | اور جنگل والوں نے

مضبوط کرسی والا فرعون قوم ثمود، قوم لوط اور جنگل والے اصحابِ اَیکہ نے بھی جھٹلایا۔

اُولٰٓئِكَ الْاَحْزَابُ ﴿۱۳﴾ اِنْ كُلٌّ اِلَّا كَذَّبَ الرُّسُلَ فَحَقَّ عِقَابِ ﴿۱۴﴾

یہی لوگ ہیں | وہ لشکر | نہیں | سب تھے | مگر | انکار کرتے | رسولوں کا | پھر ثابت ہوا | عذاب میرا

یہی بڑے مخالف گروہ گزرے ہیں۔ ان سب نے رسولوں کو جھٹلایا تو ان پر میرا عذاب نازل ہو کر رہا۔ آج یہ

وَمَا يَنْظُرُ هٰٓؤُلَآءِ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً مَّا لَهَا مِنْ فَوَاقٍ ﴿۱۵﴾ وَقَالُوْا

اور نہیں انتظار کر رہے | یہ لوگ | مگر | سخت چیخ | ایک کا | نہیں | جس کا | کوئی | وقفہ | اور وہ کہتے ہیں

مشرک لوگ صرف ایک دھماکے کے منتظر ہیں جس کے بعد کوئی ڈھیل نہیں ہو گی۔ اور وہ مذاق میں کہتے ہیں

رَبَّنَا عَجِّلْ لَّنَا قِطَّنَا قَبْلَ يَوْمِ الْحِسَابِ ﴿۱۶﴾ اِصْبِرْ عَلٰى مَا

ہمارے رب | تو جلدی دے | ہم کو | نصیب ہمارا | پہلے | دن سے | حساب کے | آپ صبر کریں | اس پر | جو

''اے ہمارے رب ہمارا حصہ ہمیں روزِ حساب سے پہلے ہی دیدے'' اے نبی ﷺ آپ ﷺ ان کی باتوں پر صبر کریں اور

يَقُوْلُوْنَ وَاذْكُرْ عَبْدَنَا دَاوٗدَ ذَا الْاَيْدِ ۚ اِنَّهٗٓ اَوَّابٌ ﴿۱۷﴾ اِنَّا سَخَّرْنَا

وہ کہتے ہیں | اور یاد کریں | بندے ہمارے | داؤد | قوت والے کو | بیشک وہ تھا | رجوع کرنیوالا | بیشک ہم | ہم نے تابع کئے

ہمارے نیک بندے داؤدؑ کو یاد کریں جو قوت والے اور اللہ کی طرف رجوع کرنے والے تھے۔ ہم نے ان کے ساتھ پہاڑوں کو لگا

الْجِبَالَ مَعَهٗ يُسَبِّحْنَ بِالْعَشِيِّ وَالْاِشْرَاقِ ﴿۱۸﴾ وَالطَّيْرَ مَحْشُوْرَةً

پہاڑ | اس کے ساتھ | جو تسبیح کرتے تھے | شام کو | اور صبح کو | اور پرندے | جمع کئے ہوئے

دیا جو صبح و شام ان کے ساتھ مل کر اللہ کی تسبیح کرتے تھے۔ اور جھنڈ کے جھنڈ پرندوں کو بھی ان کا ہمنوا بنا دیا۔

كُلٌّ لَّهٗٓ اَوَّابٌ ﴿۱۹﴾ وَشَدَدْنَا مُلْكَهٗ وَاٰتَيْنٰهُ الْحِكْمَةَ وَفَصْلَ

سب تھے | اسکے | خادم | اور ہم نے مضبوط کی | بادشاہی اسکی | اور ہم نے دی اسے | دانائی | اور فیصلہ کن

سب اللہ کی طرف رجوع کرتے تھے۔ ہم نے داؤد علیہ السلام کی سلطنت مضبوط کی۔ انہیں حکمت و دانائی عطا کی اور معاملات کا

الْخِطَابِ ﴿۲۰﴾ وَهَلْ اَتٰىكَ نَبَؤُا الْخَصْمِ ۘ اِذْ تَسَوَّرُوا الْمِحْرَابَ ﴿۲۱﴾ اِذْ

بات | اور کیا | آئی تجھے | خبر | جھگڑنے والوں کی | جب | دیوار پھلانگ کر آئے | محراب میں | جب

فیصلہ کرنے کی صلاحیت دی۔ اے نبی ﷺ کیا آپ ﷺ کو مقدمے والوں کی خبر پہنچی جو دیوار پھلانگ کر عبادت خانے میں داخل

دَخَلُوْا عَلٰى دَاوٗدَ فَفَزِعَ مِنْهُمْ قَالُوْا لَا تَخَفْ ۚ خَصْمٰنِ بَغٰى

داخل ہوئے | پر | داؤد | تو وہ گھبرایا | ان سے | وہ بولے | نہ | تو ڈر | دونوں جھگڑ بیٹھے ہیں | زیادتی کی ہے

ہوئے؟ جب داؤدؑ کے پاس پہنچے تو وہ انہیں دیکھ کر گھبرا گئے۔ انہوں نے کہا "آپ ڈریں نہیں۔ ہم دو فریقوں میں جھگڑا ہے۔ ہم

بَعْضُنَا عَلٰى بَعْضٍ فَاحْكُمْ بَيْنَنَا بِالْحَقِّ وَلَا تُشْطِطْ وَاهْدِنَآ

بعض نے | پر | بعض | پس تو فیصلہ کر | ہمارے درمیان | ساتھ حق کے | اور نہ | تو بے انصافی کرنا | اور تو رہنمائی کر ہماری

میں سے ایک نے دوسرے پر زیادتی کی ہے۔ آپ ہمارے درمیان حق کے ساتھ فیصلہ کیجئے، بے انصافی نہ کیجئے اور اس معاملے

اِلٰى سَوَآءِ الصِّرَاطِ ﴿22﴾ اِنَّ هٰذَآ اَخِىْ ۚ لَهٗ تِسْعٌ وَّتِسْعُوْنَ نَعْجَةً

طرف | راہ | سیدھی کی | بیشک | یہ ہے | بھائی میرا | اسکی ہیں | نو | اور نوے (99) | بھیڑیں

میں ہماری صحیح رہنمائی فرمائیے۔ ایک فریق نے کہا "یہ شخص میرا بھائی ہے اس کے پاس ننانوے بھیڑیں ہیں اور میرے پاس صرف

وَّلِىَ نَعْجَةٌ وَّاحِدَةٌ ۚ فَقَالَ اَكْفِلْنِيْهَا وَعَزَّنِىْ فِى الْخِطَابِ ﴿23﴾ قَالَ

اور میری ہے | بھیڑ | اکیلی | تو وہ کہتا ہے | میرے حوالے کر اسے | اور غالب آیا مجھ پر | میں | بات کرنے | داؤد نے کہا

ایک بھیڑ ہے۔ مگر یہ کہتا ہے "وہ بھی میرے حوالے کر دے۔ اس نے بحث میں بھی مجھے دبا لیا۔ داؤدؑ نے کہا "اس آدمی نے تمہاری

لَقَدْ ظَلَمَكَ بِسُؤَالِ نَعْجَتِكَ اِلٰى نِعَاجِهٖ ۖ وَاِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ

بیشک | ظلم کیا تجھ پر | سوال کر کے | تیری بھیڑ کا | طرف | اپنی بھیڑوں کی | اور بیشک | بہت | سے

بھیڑ کو اپنی بھیڑوں میں ملانے کا مطالبہ کر کے تم پر زیادتی کی ہے۔ اکثر شرکاء

الْخُلَطَآءِ لَيَبْغِىْ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا

شراکت والے | البتہ زیادتی کرتے ہیں | بعض انکے | پر | بعض | مگر | جو لوگ | ایمان لائے | اور عمل کئے

ایک دوسرے پر زیادتی کیا کرتے ہیں سوائے ان لوگوں کے جو ایمان رکھتے ہیں اور نیک عمل

الصّٰلِحٰتِ وَقَلِيْلٌ مَّا هُمْ ۗ وَظَنَّ دَاوٗدُ اَنَّمَا فَتَنّٰهُ فَاسْتَغْفَرَ

اچھے | اور تھوڑے | ہیں | وہ | اور سمجھا | داؤد نے | بیشک | ہم نے آزمایا ہے اسے | پھر بخشش مانگی

کرتے ہیں مگر ایسے لوگ بہت کم ہیں۔" اسی لمحے داؤدؑ کو خیال آیا کہ ہم نے اس مقدمے کے ذریعے ان کی آزمائش کی ہے تو انہوں

رَبَّهٗ وَخَرَّ رَاكِعًا وَّاَنَابَ ۩ ﴿24﴾ فَغَفَرْنَا لَهٗ ذٰلِكَ ۗ وَاِنَّ لَهٗ

اپنے رب سے | اور وہ گر پڑا | رکوع میں | اور اس نے رجوع کیا | پھر ہم نے بخش دیا | اسکو | یہ | اور بیشک | اس کیلئے

نے اپنے رب سے معافی مانگی، سجدے میں گر گئے اور اللہ کی طرف رجوع کیا۔ پھر ہم نے انہیں معاف کر دیا اور بیشک ہمارے

السجدة 11

عِنْدَنَا لَزُلْفٰى وَحُسْنَ مَاٰبٍ ﴿25﴾ يٰدَاوٗدُ اِنَّا جَعَلْنٰكَ خَلِيْفَةً فِى

ہمارے پاس | ضرور قرب ہے | اور اچھا | مقام | اے داؤد | بیشک ہم | ہم نے بنایا تجھ کو | خلیفہ | میں

ہاں انہیں قرب حاصل ہے اور ان کے لئے اچھا انجام ہے۔ ہم نے کہا "اے داوٗدؑ! ہم نے تمہیں زمین پر خلیفہ

الْاَرْضِ فَاحْكُمْ بَيْنَ النَّاسِ بِالْحَقِّ وَلَا تَتَّبِعِ الْهَوٰى فَيُضِلَّكَ عَنْ

زمین | پس تو فیصلہ کر | درمیان | لوگوں کے | ساتھ حق کے | اور نہ | تو پیروی کر | خواہش کی | ورنہ بھٹکا دیگی تجھ کو | سے

بنایا ہے۔ لہٰذا لوگوں کے درمیان انصاف کے ساتھ فیصلے کریں اور خواہش کی پیروی نہ کریں ورنہ وہ تمہیں اللہ کی راہ سے

سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ الَّذِيْنَ يَضِلُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ لَهُمْ عَذَابٌ

راستے | اللہ کے | بیشک | جو لوگ | گمراہ ہوتے ہیں | سے | راستے | اللہ کے | ان کیلئے ہے | عذاب

بھٹکا دے گی۔ جو لوگ اللہ کے راستے سے بھٹک جاتے ہیں، اُن کے لئے سخت

شَدِيْدٌۢ بِمَا نَسُوْا يَوْمَ الْحِسَابِ ﴿26﴾ ع وَمَا خَلَقْنَا السَّمَآءَ وَالْاَرْضَ

سخت | کیونکہ | وہ بھول گئے | دن | حساب کے | اور نہیں | ہم نے پیدا کیا | آسمان | اور زمین کو

عذاب ہے کیونکہ وہ یومِ حساب کو بھولے رہے۔" اور دیکھو ہم نے آسمان کو، زمین کو، اور جو کچھ ان کے

وَمَا بَيْنَهُمَا بَاطِلًا ؕ ذٰلِكَ ظَنُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۚ فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ

اور جو | درمیان دونوں کے ہے | بے مقصد | یہ ہے | گمان ان کا | جو | کافر ہوئے | پس ہلاکت ہے | ان کے لیے جو

درمیان ہے، ان سب کو بیکار پیدا نہیں کیا۔ ایسا گمان کافروں کا ہے جن کے لئے دوزخ

كَفَرُوْا مِنَ النَّارِ ؕ ﴿27﴾ اَمْ نَجْعَلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

کافر ہوئے | سے | آگ | کیا | ہم بنادیں گے | انکو جو | ایمان لائے | اور عمل کئے | اچھے

کی ہلاکت ہے۔ تو کیا ہم ان لوگوں کو جو ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کئے،

كَالْمُفْسِدِيْنَ فِى الْاَرْضِ ۫ اَمْ نَجْعَلُ الْمُتَّقِيْنَ كَالْفُجَّارِ ﴿28﴾ كِتٰبٌ

مانند فساد کرنے والوں کے | میں | زمین | یا | ہم کر دیں گے | پرہیزگاروں کو | گناہگاروں جیسا | یہ کتاب ہے

اُن کے برابر کر دیں گے جو زمین میں فساد کرنے والے ہیں؟ یا ہم پرہیزگاروں کو گناہ گاروں جیسا کر دیں گے؟ اے نبی ﷺ یہ

اَنْزَلْنٰهُ اِلَيْكَ مُبٰرَكٌ لِّيَدَّبَّرُوْٓا اٰيٰتِهٖ وَلِيَتَذَكَّرَ اُولُوا الْاَلْبَابِ ﴿29﴾

ہم نے اتارا اسے | تیری طرف | برکت والی | تا کہ تدبر کریں | اسکی آیتوں میں | اور تا کہ سمجھیں | والے | عقل

قرآن بابرکت کتاب ہے جو ہم نے آپ ﷺ کی طرف نازل کی ہے تا کہ لوگ اس کی آیتوں پر غور کریں اور عقل والے اس سے

وَوَهَبْنَا لِدَاوٗدَ سُلَيْمٰنَ ؕ نِعْمَ الْعَبْدُ ؕ اِنَّهٗٓ اَوَّابٌ ﴿30﴾ اِذْ عُرِضَ

اور ہم نے عطا کیا | داؤد کو | سلیمان | بہت اچھا | بندہ تھا | بیشک وہ | رجوع کرنیوالا تھا | جب | پیش کیے گئے

نصیحت حاصل کریں۔ ہم نے داؤدؑ کو سلیمانؑ بیٹا عطا کیا جو بہترین بندہ تھا، اپنے رب کی طرف بہت رجوع کرنے والا۔ ایک دفعہ

عَلَيْهِ بِالْعَشِيِّ الصّٰفِنٰتُ الْجِيَادُ ۙ﴿31﴾ فَقَالَ اِنِّيْٓ اَحْبَبْتُ حُبَّ الْخَيْرِ

اس پر | شام کو | اصیل | عمدہ قسم کے (گھوڑے) | پھر سلیمان نے کہا | بیشک میں | ترجیح دیتا ہوں | محبت | مال کی

جب شام کے وقت سلیمانؑ نے تیز رفتار عمدہ گھوڑوں کا معائنہ کیا تو وہ انہیں دوڑتا دیکھ کر کہنے لگے ''میں نے اس مال سے پیار کیا ہے

عَنْ ذِكْرِ رَبِّيْ ۚ حَتّٰى تَوَارَتْ بِالْحِجَابِ ﴿32﴾ رُدُّوْهَا عَلَيَّ ؕ فَطَفِقَ

سے | یاد کو | اپنے رب کی | یہاں تک کہ | اوجھل ہو گئے | پردے میں | واپس لاؤ انکو | میرے پاس | پھر شروع کیا

اپنے رب کی یاد کی خاطر یہاں تک کہ جب وہ گھوڑے نظروں سے اوجھل ہو گئے تو فرمایا ''انہیں میرے پاس واپس لاؤ'' جب وہ

مَسْحًاۢ بِالسُّوْقِ وَالْاَعْنَاقِ ﴿33﴾ وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَيْمٰنَ وَاَلْقَيْنَا عَلٰى

ہاتھ پھیرنا | پنڈلیوں پر | اور گردنوں پر | اور بیشک | ہم نے آزمایا | سلیمان کو | اور ہم نے ڈال دیا | پر

لائے گئے تو سلیمان نے ان کی پنڈلیوں اور گردنوں پر شفقت سے ہاتھ پھیرنا شروع کر دیا۔ ہم نے سلیمانؑ کو ایک بیماری میں مبتلا کیا

كُرْسِيِّهٖ جَسَدًا ثُمَّ اَنَابَ ﴿34﴾ قَالَ رَبِّ اغْفِرْ لِيْ وَهَبْ لِيْ

اسکی کرسی | ایک بدن | پھر | اس نے رجوع کیا | سلیمان نے کہا | میرے رب | تو بخش دے | مجھے | اور تو دے | مجھے

جس سے وہ اپنے تخت پر ایک دھڑ کی مانند پڑے رہے۔ پھر صحت یاب ہونے پر سلیمانؑ نے اللہ کی طرف رجوع کیا۔ اور عرض کیا

مُلْكًا لَّا يَنْۢبَغِيْ لِاَحَدٍ مِّنْۢ بَعْدِيْ ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ﴿35﴾ فَسَخَّرْنَا

بادشاہی | جو نہ | لائق ہو | کسی کو | سے | میرے بعد | بیشک تو ہے | تو ہی | عطا کرنے والا | پھر ہم نے تابع کی

''اے میرے رب مجھے معاف کر دے۔ مجھے ایسی بادشاہی دے جو میرے سوا کسی کو نہ ملے۔ بیشک تو بہت عطا کرنے والا ہے'' ہم

لَهُ الرِّيْحَ تَجْرِيْ بِاَمْرِهٖ رُخَآءً حَيْثُ اَصَابَ ۙ﴿36﴾ وَالشَّيٰطِيْنَ كُلَّ

اس کیلئے | ہوا | جو چلتی تھی | اس کے حکم سے | نرمی سے | جہاں | وہ پہنچنا چاہتا | اور (تابع کیا) شیاطین کو | سب تھے

نے ہوا کو اُن کے تابع کر دیا جو اُن کے حکم سے ادھر چلتی جدھر وہ چاہتے۔ ہم نے ایسے جنات کو بھی ان کا تابع کر دیا

بَنَّآءٍ وَّغَوَّاصٍ ۙ﴿37﴾ وَّاٰخَرِيْنَ مُقَرَّنِيْنَ فِي الْاَصْفَادِ ﴿38﴾ هٰذَا عَطَآؤُنَا

ماہر معمار | اور ماہر غوطہ خور | اور دوسری طرح کے بھی | جکڑے ہوئے | میں | زنجیروں | یہ ہے | عنایت ہماری

جو بڑے ماہر معمار اور غوطہ خور تھے اور دوسرے جنوں کو بھی ان کا تابع کیا تھا جو زنجیروں میں جکڑے رہتے تھے۔ ہم نے سلیمانؑ

فَامْنُنْ اَوْ اَمْسِكْ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿39﴾ وَاِنَّ لَهٗ عِنْدَنَا لَزُلْفٰى

پس احسان کر کے عطا کر | یا | روک رکھ | بغیر | حساب کے | اور بیشک | اس کیلئے | نزدیک ہمارے | البتہ قرب ہے

سے کہہ دیا ''یہ سب ہمارا عطیہ ہے۔ آپ چاہیں تو اس میں سے کسی کو کچھ دیں یا نہ دیں آپ سے کوئی نہیں پوچھے گا'' اور بیشک سلیمانؑ

وَحُسْنَ مَاٰبٍ ﴿40﴾ وَاذْكُرْ عَبْدَنَآ اَيُّوْبَ ۘ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗٓ اَنِّىْ

اور خوبصورت | مقام | اور یاد کریں | ہمارے بندے | ایوب کو | جب | اس نے پکارا | اپنے رب کو | یہ کہ

کو ہمارے ہاں تقرب حاصل ہے اور ان کے لئے اچھا انجام ہے۔ اور اے نبیﷺ ہمارے بندے ایوبؑ کو یاد کریں جب انہوں نے

مَسَّنِىَ الشَّيْطٰنُ بِنُصْبٍ وَّعَذَابٍ ﴿41﴾ اُرْكُضْ بِرِجْلِكَ ۚ هٰذَا مُغْتَسَلٌۢ

چھوا ہے مجھے | شیطان نے | ساتھ تکلیف | اور عذاب کے | تو ایڑی مار | اپنے پاؤں کی | یہ ہے | نہانے کا

اپنے رب کو پکارا۔ شیطان نے مجھے تکلیف اور عذاب میں ڈال دیا'' تو ہم نے انہیں کہا ''زمین پر اپنا پاؤں ماریں، یہ ٹھنڈے پانی

بَارِدٌ وَّشَرَابٌ ﴿42﴾ وَوَهَبْنَا لَهٗٓ اَهْلَهٗ وَمِثْلَهُمْ مَّعَهُمْ رَحْمَةً

ٹھنڈا (پانی) | اور پینے کا | اور ہم نے دیئے | اسکو | اہل خانہ اسکے | اور ان جیسے | ان کے ساتھ | بطور رحمت

کا چشمہ ہے، نہانے کے لئے اور پینے کے لئے''۔ ہم نے انہیں ان کا کنبہ عطا کیا اور اس کے ساتھ اتنا ہی اور بھی عطا کیا اپنی طرف سے

مِّنَّا وَذِكْرٰى لِاُولِى الْاَلْبَابِ ﴿43﴾ وَخُذْ بِيَدِكَ ضِغْثًا فَاضْرِبْ

ہماری طرف سے | اور یادگار | عقل والوں کے لئے | اور تو پکڑ | اپنے ہاتھ میں | جھاڑو | پھر تو مار

رحمت کے طور پر اور عقل والوں کے لئے نصیحت کے طور پر۔ اور ہم نے ایوبؑ سے کہا ''اپنے ہاتھ میں جھاڑو کے تنکوں کا ایک مٹھا

بِّهٖ وَلَا تَحْنَثْ ؕ اِنَّا وَجَدْنٰهُ صَابِرًا ؕ نِعْمَ الْعَبْدُ ؕ اِنَّهٗٓ اَوَّابٌ ﴿44﴾

اس کے ساتھ | اور نہ | تو قسم توڑ | بیشک | ہم نے پایا اسے | صبر کرنیوالا | بہت اچھا تھا | بندہ | بیشک وہ تھا | رجوع کرنیوالا

لیں اس سے ماریں اور اپنی قسم نہ توڑیں''۔ بیشک ہم نے ایوبؑ کو بڑا صابر پایا۔ وہ کیسے اچھے بندے تھے، اپنے رب کی طرف

وَاذْكُرْ عِبٰدَنَآ اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ اُولِى الْاَيْدِىْ

اور یاد کریں | ہمارے بندوں کو | ابراہیم | اور اسحاق | اور یعقوب کو جو | والے | ہاتھوں (قوت)

بہت رجوع کرنے والے! اور اے نبی ﷺ آپ ﷺ ہمارے بندوں ابراہیمؑ، اسحاقؑ اور یعقوبؑ کو بھی یاد کریں جو قوت و بصیرت

وَالْاَبْصَارِ ﴿45﴾ اِنَّآ اَخْلَصْنٰهُمْ بِخَالِصَةٍ ذِكْرَى الدَّارِ ۚ ﴿46﴾ وَاِنَّهُمْ

اور آنکھوں والے تھے | بیشک ہم | ہم نے چن لیا تھا انکو | صفت خاص سے | (جو تھی) یاد | آخرت کے گھر کی | اور بیشک وہ

رکھتے تھے۔ ہم نے انہیں آخرت کی یاد کے لئے چن لیا تھا۔ وہ ہمارے چنے ہوئے

عِنْدَنَا لَمِنَ الْمُصْطَفَيْنَ الْاَخْيَارِ ﴿47﴾ وَاذْكُرْ اِسْمٰعِيْلَ وَالْيَسَعَ

ہمارے نزدیک | ضرور ہیں سے | چنے ہوئے | بہتر لوگوں | اور یاد کریں | اسماعیل | اور یسع

اور نیک بندوں میں سے تھے۔ اور اے نبی ﷺ آپ ﷺ اسماعیلؑ، الیسعؑ اور ذوالکفلؑ کو بھی

وَذَا الْكِفْلِ ۭ وَكُلٌّ مِّنَ الْاَخْيَارِ ﴿48﴾ هٰذَا ذِكْرٌ ۭ وَاِنَّ لِلْمُتَّقِيْنَ لَحُسْنَ

اور ذوالکفل کو | اور سب تھے | سے | بہتر لوگوں میں | یہ ہے | یاد دہانی | اور بیشک | پرہیزگاروں کیلئے ہے | ضرور اچھا

یاد کریں۔ یہ سب نیک بندوں میں سے تھے۔ یہ ہوئی لوگوں کی یاد دہانی، اور سنو بیشک اللہ سے ڈرنے والوں کے لئے اچھا

مَاٰبٍ ﴿49﴾ جَنّٰتِ عَدْنٍ مُّفَتَّحَةً لَّهُمُ الْاَبْوَابُ ﴿50﴾ مُتَّكِـِٕيْنَ فِيْهَا

ٹھکانا | باغات | ہمیشہ کے | کھلے ہونگے | ان کیلئے | دروازے | وہ تکیے لگائے | اس میں

ٹھکانا ہے۔ ہمیشہ کے باغوں کی صورت میں، جن کے دروازے ان کے لئے کھلے ہوں گے۔ وہ ان باغوں میں تکیے لگائے بیٹھے ہوں

يَدْعُوْنَ فِيْهَا بِفَاكِهَةٍ كَثِيْرَةٍ وَّشَرَابٍ ﴿51﴾ وَعِنْدَهُمْ قٰصِرٰتُ

منگوائیں گے | ان میں | پھلوں سے | بہت | اور پینے کی چیزیں | اور ان کے پاس | نیچی رکھنے والیاں

گے اور پھل میوے اور مشروبات طلب کر کے کھائیں گے۔ ان کے پاس حیادار

الطَّرْفِ اَتْرَابٌ ﴿52﴾ هٰذَا مَا تُوْعَدُوْنَ لِيَوْمِ الْحِسَابِ ﴿53﴾ اِنَّ هٰذَا

الربع

نگاہ | ہم عمر (بیویاں) | یہ ہے | جس کا | تم وعدہ کیے جاتے تھے | دن | حساب کے | بیشک | یہ ہے

اور ہم عمر حوریں ہوں گی۔ یہ ہیں آخرت کی نعمتیں جن کے ملنے کا نیک لوگوں سے وعدہ کیا جاتا ہے۔ بیشک یہ ہماری دی ہوئی روزی

لَرِزْقُنَا مَا لَهٗ مِنْ نَّفَادٍ ﴿54﴾ هٰذَا ۭ وَاِنَّ لِلطّٰغِيْنَ لَشَرَّ مَاٰبٍ ﴿55﴾

البتہ روزی ہماری | نہیں | اس کیلئے | سے | ختم ہوجانا | یہ ہے بات | اور بیشک | سرکشوں کیلئے | ضرور برا | ٹھکانہ

ہوگی جو کبھی ختم نہ ہوگی۔ یہ بات ہو چکی، اور دیکھو سرکشوں کے لئے برا ٹھکانا ہے،

جَهَنَّمَ ۚ يَصْلَوْنَهَا ۚ فَبِئْسَ الْمِهَادُ ﴿56﴾ هٰذَا ۙ فَلْيَذُوْقُوْهُ حَمِيْمٌ

جہنم ہے | وہ داخل ہونگے اس میں | پس وہ برا ہے | ٹھکانا | یہ ہے عذاب | پس ضرور وہ چکھیں گے اسے | کھولتا پانی

جہنم میں وہ داخل ہوں گے، جو بہت بری جگہ ہے۔ جہاں انہیں مزا چکھنا پڑے گا کھولتے پانی کا،

وَّغَسَّاقٌ ﴿57﴾ وَّاٰخَرُ مِنْ شَكْلِهٖٓ اَزْوَاجٌ ﴿58﴾ هٰذَا فَوْجٌ مُّقْتَحِمٌ مَّعَكُمْ ۚ

اور پیپ | اور دوسری | سے | اس صورت جیسی | کئی قسمیں | یہ ہے | جماعت | بیٹھنے والی | ساتھ تمہارے

پیپ کا اور اسی طرح کی اور بھی ناگوار چیزوں کا۔ پھر وہ اپنے پیروکاروں کو اپنی طرف آتے دیکھ کر آپس میں ایک دوسرے سے کہیں

لَا مَرْحَبًا بِهِمْ ۭ اِنَّهُمْ صَالُوا النَّارِ ﴿59﴾ قَالُوْا بَلْ اَنْتُمْ ۣ

نہیں | خوش آمدید | ان کو | بیشک وہ | داخل ہونے والے ہیں | آگ میں | وہ کہیں گے | بلکہ | تم ہو

گے ''یہ ایک بھیڑ ہے جو تمہارے پاس گھسی چلی آ رہی ہے'' اِن پر خدا کی مار ''یہ بھی تمہارے ساتھ دوزخ میں جلنے والے ہیں'' یہ سن کر

لَا مَرْحَبًا بِكُمْ ۭ اَنْتُمْ قَدَّمْتُمُوْهُ لَنَا ۚ فَبِئْسَ الْقَرَارُ ﴿60﴾ قَالُوْا رَبَّنَا

نہیں خوش آمدید | تمہیں | تم ہی نے | آگے بھیجا تھا اسے | ہمارے لئے | پس برا ہے | ٹھکانہ | وہ کہیں گے | ہمارے رب

پیروکار اپنے لیڈروں سے کہیں گے ''نہیں، بلکہ تم پر خدا کی مار! تمہی نے ہمیں اس انجام تک پہنچایا۔ یہ دوزخ کیسی بری جگہ ہے'' پھر

مَنْ قَدَّمَ لَنَا هٰذَا فَزِدْهُ عَذَابًا ضِعْفًا فِي النَّارِ ﴿61﴾ وَقَالُوْا

جس نے | تیار کیا | ہمارے لئے | یہ | پس زیادہ کر اسے | عذاب | دگنا | میں | آگ | اور وہ کہیں گے

پیروکار کہیں گے ''اے ہمارے رب جنہوں نے ہمیں اس برے انجام تک پہنچایا انہیں ہم سے دگنا عذاب دے۔'' پھر دوزخی آپس

مَا لَنَا لَا نَرٰى رِجَالًا كُنَّا نَعُدُّهُمْ مِّنَ الْاَشْرَارِ ﴿62﴾ اَتَّخَذْنٰهُمْ

کیا ہے | ہم کو | نہیں | ہم دیکھتے | ان مردوں کو | ہم تھے | ہم شمار کرتے جن کو | سے | برے لوگوں | کیا ہم نے بنا رکھا تھا انکو

میں کہیں گے ''کیا بات ہے ہم ان لوگوں کو یہاں نہیں دیکھ پا رہے جنہیں ہم برے لوگوں میں شمار کرتے تھے۔ کیا ہم نے انہیں مذاق

سِخْرِيًّا اَمْ زَاغَتْ عَنْهُمُ الْاَبْصَارُ ﴿63﴾ اِنَّ ذٰلِكَ لَحَقٌّ تَخَاصُمُ اَهْلِ

مذاق | یا | ٹیڑھی ہو گئی ہیں | ان سے | آنکھیں (ہماری) | بیشک | یہ ہے | ضرور سچ | جھگڑنا | اہل

بنا لیا تھا؟ یا ہماری نگاہیں ان سے ہٹی ہوئی ہیں۔ اس طرح دوزخیوں کا یہ باہمی جھگڑا ہو کر رہے گا۔ اے نبی ﷺ آپ ﷺ کہیں

النَّارِ ﴿64﴾ ع قُلْ اِنَّمَآ اَنَا مُنْذِرٌ ۖ وَّمَا مِنْ اِلٰهٍ اِلَّا اللّٰهُ الْوَاحِدُ

ع 4 24 13

دوزخ کا | کہہ دیجئے | بے شک | میں ہوں | خبردار کرنیوالا | اور نہیں | کوئی | معبود | سوائے | اللہ | اکیلے

''میں خبردار کرنے والا ہوں اور اعلان کرتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہی یکتا

الْقَهَّارُ ۚ ﴿65﴾ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا الْعَزِيْزُ الْغَفَّارُ ﴿66﴾

زبردست کے | رب ہے | آسمانوں کا | اور زمین کا | اور جو کچھ | دونوں کے درمیان ہے | غالب | بخشنے والا ہے

اور زبردست ہے۔ وہی آسمانوں کا، زمین کا اور جو کچھ ان کے درمیان ہے سب کا مالک ہے۔ وہی غالب اور بار بار بخشنے والا ہے''

قُلْ هُوَ نَبَؤٌا عَظِيْمٌ ۙ ﴿67﴾ اَنْتُمْ عَنْهُ مُعْرِضُوْنَ ﴿68﴾ مَا كَانَ لِيَ

کہہ دیجئے | وہ ہے | خبر (قیامت کی) | بڑی | تم ہو | اس سے | منہ پھیرنے والے | نہیں | ہے | مجھے

اور آپ ﷺ کہیں ''جو تمہیں بتا رہا ہوں وہ بڑی خبر ہے مگر تم لوگ اس سے بے پرواہ ہو رہے ہو۔ اور دیکھو، مجھے ملاءِ اعلیٰ

مِنْ عِلْمٍۭ بِالْمَلَاِ الْاَعْلٰۤى اِذْ یَخْتَصِمُوْنَ ﴿۶۹﴾ اِنْ یُّوْحٰۤى اِلَیَّ اِلَّاۤ

کچھ | علم | مجلس اعلیٰ کا | جب | وہ جھگڑتے تھے | نہیں | وحی کی جاتی | میری طرف | مگر

کی کچھ خبر نہ تھی وہاں کیا تکرار ہوئی۔ مگر میرے پاس وحی آتی ہے اور میں ایک کھلا

اَنَّمَاۤ اَنَا نَذِیْرٌ مُّبِیْنٌ ﴿۷۰﴾ اِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓىِٕكَةِ اِنِّیْ خَالِقٌۢ

یہ کہ | میں ہوں | خبردار کرنیوالا | کھلا | جب | کہا | تیرے رب نے | فرشتوں سے | بیشک میں ہوں | پیدا کرنیوالا

خبردار کرنے والا ہوں۔" وہ وقت یاد کرو جب تمہارے رب نے فرشتوں سے کہا تھا "میں مٹی سے ایک انسان

بَشَرًا مِّنْ طِیْنٍ ﴿۷۱﴾ فَاِذَا سَوَّیْتُهٗ وَ نَفَخْتُ فِیْهِ مِنْ رُّوْحِیْ فَقَعُوْا

ایک بشر | سے | مٹی | پھر جب | میں درست بنالوں اسے | اور میں پھونکوں | اس میں | طرف سے | اپنی روح کی | تو تم گر پڑو

پیدا کرنے والا ہوں۔ پھر جب میں اسے درست کر لوں اور اس میں اپنی طرف سے جان ڈال دوں تو تم

لَهٗ سٰجِدِیْنَ ﴿۷۲﴾ فَسَجَدَ الْمَلٰٓىِٕكَةُ كُلُّهُمْ اَجْمَعُوْنَ ﴿۷۳﴾ اِلَّاۤ اِبْلِیْسَ ؕ

اس کیلئے | سجدہ کرتے ہوئے | پھر سجدہ کیا | فرشتوں نے | سب | تمام نے | مگر | ابلیس

اس کے آگے جھک جانا" چنانچہ سب فرشتے جھک گئے، مگر ابلیس نہ جھکا۔

اِسْتَكْبَرَ وَ كَانَ مِنَ الْكٰفِرِیْنَ ﴿۷۴﴾ قَالَ یٰۤاِبْلِیْسُ مَا مَنَعَكَ اَنْ

اس نے تکبر کیا | اور ہو گیا | سے | کافروں میں | (اللہ نے) کہا | اے ابلیس | کس نے | منع کیا تجھے | کہ

اس نے غرور کیا اور وہ کافروں میں سے ہو گیا۔ اللہ نے پوچھا "اے ابلیس تو اس کے آگے کیوں نہ

تَسْجُدَ لِمَا خَلَقْتُ بِیَدَیَّ ؕ اَسْتَكْبَرْتَ اَمْ كُنْتَ مِنَ الْعَالِیْنَ ﴿۷۵﴾

تو سجدہ کرے | جسے | میں نے پیدا کیا | اپنے ہاتھ سے | کیا تو نے تکبر کیا | یا | تو ہے | سے | بلند مرتبے والوں

جھکا جسے میں نے اپنے ہاتھوں سے بنایا؟ تو نے تکبر کیا ہے یا تو کوئی بڑی شے ہے؟"

قَالَ اَنَا خَیْرٌ مِّنْهُ ؕ خَلَقْتَنِیْ مِنْ نَّارٍ وَّ خَلَقْتَهٗ مِنْ طِیْنٍ ﴿۷۶﴾

ابلیس نے کہا | میں ہوں | بہتر | اس سے | تو نے پیدا کیا مجھے | سے | آگ | اور تو نے پیدا کیا اسے | سے | مٹی

وہ بولا "میں آدم علیہ السلام سے بہتر ہوں۔ تو نے مجھے آگ سے پیدا کیا، اسے مٹی سے"

قَالَ فَاخْرُجْ مِنْهَا فَاِنَّكَ رَجِیْمٌ ﴿۷۷﴾ وَّ اِنَّ عَلَیْكَ لَعْنَتِیْۤ اِلٰى

اللہ نے کہا | پس تو نکل جا | اس سے | پس بیشک تو ہے | راندہ گیا | اور بیشک | تجھ پر | میری لعنت ہے | تک

فرمایا "یہاں سے نکل جا، تو مردود ہے۔ قیامت تک تجھ پر میری

يَوْمِ الدِّيْنِ ﴿78﴾ قَالَ رَبِّ فَاَنْظِرْنِيْٓ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ﴿79﴾ قَالَ

دن | بدلے کے | (ابلیس) بولا | اے میرے رب | پس مہلت دے مجھے | تک | اس دن | جب اٹھائے جائینگے | (اللہ نے) کہا

لعنت ہے" ابلیس نے کہا "اے میرے رب مجھے مہلت دے اس دن تک کے لئے جب لوگ دوبارہ اٹھائے جائیں گے۔ ارشاد

فَاِنَّكَ مِنَ الْمُنْظَرِيْنَ ﴿80﴾ اِلٰى يَوْمِ الْوَقْتِ الْمَعْلُوْمِ ﴿81﴾ قَالَ

پس بیشک تو ہے | سے | مہلت پانے والوں | تک | دن | وقت | معلوم کے | (ابلیس نے) کہا

ہوا "تجھے مہلت دی گئی مقررہ وقت تک کے لئے" وہ بولا

فَبِعِزَّتِكَ لَاُغْوِيَنَّهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿82﴾ اِلَّا عِبَادَكَ مِنْهُمُ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿83﴾

پس قسم ہے تیری عزت کی | البتہ ضرور میں گمراہ کروں گا انکو | سب کو | مگر | تیرے بندوں کو | ان سے جو ہیں | چنے ہوئے

"اے رب! تیری عزت کی قسم! میں ان سب کو گمراہ کر کے رہوں گا، سوائے تیرے خاص بندوں کے۔"

قَالَ فَالْحَقُّ وَالْحَقَّ اَقُوْلُ ﴿84﴾ لَاَمْلَئَنَّ جَهَنَّمَ مِنْكَ وَمِمَّنْ تَبِعَكَ

کہا | پس حق یہ ہے | اور سچ بات | میں کہتا ہوں | البتہ ضرور میں بھروں گا | جہنم کو | تجھ سے | اوران سے جو | پیروی کریں گے تیری

فرمایا "سچی بات ہے یہ اور میں ہمیشہ سچ کہتا ہوں کہ میں تجھ سے اور تیرے پیروکاروں سے جہنم کو بھر دوں

مِنْهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿85﴾ قُلْ مَآ اَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ وَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُتَكَلِّفِيْنَ ﴿86﴾

ان میں سے | سب سے | کہہ دیجئے | نہیں میں مانگتا تم سے | اس پر | کوئی | معاوضہ | اور نہیں میں | سے | بناوٹ کرنیوالوں سے

گا۔" اے نبی ﷺ آپ ﷺ کہیں کہ لوگو میں تم سے کوئی اجر نہیں مانگتا اور نہ میں کوئی بناوٹی نبی ہوں۔"

اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿87﴾ وَلَتَعْلَمُنَّ نَبَاَهٗ بَعْدَ حِيْنٍ ﴿88﴾ ع

5 ع 24 14

نہیں ہے | یہ (قرآن) | مگر | یاددہانی | جہان والوں کے لئے | اور ضرور تم جان لوگے | خبر اسکی | بعد | ایک مدت کے

یہ قرآن دنیاوالوں کے لئے ایک نصیحت ہے۔ اور یاد رکھو ایک وقت آئے گا جب تمہیں ان ساری باتوں کی حقیقت معلوم ہو جائے گی۔

(39) سُوْرَةُ الزُّمَرِ مَكِّيَّةٌ (59)

رکوعاتھا 8 | آیاتھا 75

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ﴿1﴾ اِنَّآ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ

اتارنا | کتاب کا ہے | طرف سے | اللہ | بڑے غالب | حکمت والے کی | بیشک ہم | ہم نے اتاری | تیری طرف

یہ کتاب اللہ کی طرف سے نازل کی ہوئی ہے جو غالب اور حکمت والا ہے۔ اے نبی ﷺ بیشک ہم نے یہ کتاب آپ ﷺ کی طرف

الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ فَاعْبُدِ اللّٰهَ مُخْلِصًا لَّهُ الدِّيْنَ ۝2 اَلَا لِلّٰهِ

کتاب | ساتھ حق کے | پس تو عبادت کر | اللہ کی | خالص کر کے | اسی کیلئے | اطاعت کو | آگاہ رہو | اللہ کیلئے ہے

حق کے ساتھ اتاری ہے۔لہٰذا آپ ﷺ اللہ کی خالص اطاعت کرتے ہوئے اسی کی عبادت کریں۔اور اے لوگو یاد رکھو اللہ ہی کی

الدِّيْنُ الْخَالِصُ ؕ وَالَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖۤ اَوْلِيَآءَ ۘ

اطاعت | خالص | اور جنہوں نے | بنائے | سے | سوا اسکے | دوست

خالص اطاعت ہونی چاہئے۔مگر جن لوگوں نے اللہ کے سوا دوسرے کارساز بنا رکھے ہیں وہ کہتے ہیں ''ہم ان کی پوجا صرف اس لئے

مَا نَعْبُدُهُمْ اِلَّا لِيُقَرِّبُوْنَاۤ اِلَى اللّٰهِ زُلْفٰى ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ

نہیں ہم عبادت کرتے انکی | مگر | تا کہ وہ قرب دلائیں ہمیں | طرف | اللہ کی | نزدیک کر کے | بیشک | اللہ | فیصلہ کرے گا | ان کے درمیان

کرتے ہیں کہ ان کے ذریعے اللہ کا قرب حاصل کریں۔ بیشک اللہ قیامت کے دن ان کے درمیان ان باتوں کا فیصلہ کرے گا

فِيْ مَا هُمْ فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ؕ۬ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِيْ مَنْ هُوَ كٰذِبٌ

میں | جس کے | وہ | بارے میں اس کے | وہ اختلاف کرتے ہیں | بیشک | اللہ | نہیں | ہدایت دیتا | اسے جو | وہ ہو | جھوٹا

جن میں وہ اختلاف کرتے ہیں۔ یقیناً اللہ کسی ایسے شخص کو ہدایت نہیں دیتا جو جھوٹا اور حق کو

كَفَّارٌ ۝3 لَوْ اَرَادَ اللّٰهُ اَنْ يَّتَّخِذَ وَلَدًا لَّاصْطَفٰى مِمَّا يَخْلُقُ مَا

کافر | اگر | چاہتا | اللہ | کہ | بنائے | اولاد | توضرور وہ چنتا | اس سے جو | وہ پیدا کرتا ہے | جو

نہ ماننے والا ہو۔ اگر اللہ چاہتا اپنے لئے بیٹا بنائے تو اپنی مخلوق میں سے جسے چاہتا

يَشَآءُ ۙ سُبْحٰنَهٗ ؕ هُوَ اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ۝4 خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ

وہ چاہتا | پاک ہے وہ | وہی | اللہ ہے | اکیلا | زبردست | اس نے پیدا کیا | آسمانوں کو | اور زمین کو

چن لیتا۔مگر وہ اس سے پاک ہے، وہ اللہ اکیلا ہے، سب پر غالب۔ اسی نے آسمانوں اور زمین کو بامقصد

بِالْحَقِّ ۚ يُكَوِّرُ الَّيْلَ عَلَى النَّهَارِ وَيُكَوِّرُ النَّهَارَ عَلَى الَّيْلِ وَسَخَّرَ

ساتھ حق کے | وہ لپیٹتا ہے | رات کو | پر | دن | اور وہ لپیٹتا ہے | دن کو | پر | رات | اور اس نے تابع کیا

پیدا کیا۔ وہی رات کو دن پر لپیٹتا ہے اور دن کو رات پر لپیٹتا ہے۔ اسی نے

الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ؕ كُلٌّ يَّجْرِيْ لِاَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ اَلَا هُوَ الْعَزِيْزُ

سورج کو | اور چاند کو | ہر ایک | چلتا ہے | ایک وقت | مقرر تک | آگاہ رہو | وہی ہے | غالب

سورج اور چاند کو کام پر لگا دیا۔ ہر ایک مقررہ مدت تک کے لئے گردش کر رہا ہے۔ لوگو! آگاہ رہو کہ وہی غالب

الْغَفَّارُ ﴿5﴾ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ ثُمَّ جَعَلَ مِنْهَا زَوْجَهَا

بہت بخشنے والا | اس نے پیدا کیا تمہیں | سے | جان | ایک | پھر | اس نے بنایا | اس سے | جوڑا اسکا

اور بڑا بخشنے والا ہے۔ اسی نے تمہیں ایک جان سے پیدا کیا۔ پھر اسی سے اس کا جوڑا بنایا۔

وَ اَنْزَلَ لَكُمْ مِّنَ الْاَنْعَامِ ثَمٰنِيَةَ اَزْوَاجٍ ؕ يَخْلُقُكُمْ فِيْ بُطُوْنِ

اوراس نے اتارے | تمہارے لئے | سے | مویشیوں | آٹھ | جوڑے | وہ تمہیں پیدا کرتا ہے | میں | پیٹوں

اس نے تمہارے لئے چوپایوں میں سے نر مادہ کی آٹھ قسمیں پیدا کیں۔ وہی تمہیں تمہاری ماؤں کے

اُمَّهٰتِكُمْ خَلْقًا مِّنْۢ بَعْدِ خَلْقٍ فِيْ ظُلُمٰتٍ ثَلٰثٍ ؕ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ

تمہاری ماؤں کے | ایک پیدائش | کے | بعد | پیدائش | میں | اندھیروں | تین | یہ ہے | اللہ

پیٹ میں تین اندھیروں کے اندر مرحلہ وار بناتا ہے۔ وہی اللہ تمہارا

رَبُّكُمْ لَهُ الْمُلْكُ ؕ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ فَاَنّٰى تُصْرَفُوْنَ ﴿6﴾ اِنْ تَكْفُرُوْا

رب تمہارا | اسی کی ہے | بادشاہی | نہیں | کوئی معبود | سوائے | اسکے | پھر کہاں سے | تم پلٹائے جاتے ہو | اگر | تم کفر کرو

رب ہے۔ بادشاہی اسی کی ہے۔ اس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ تم کہاں بھٹکائے جا رہے ہو؟ لوگو! اگر تم ناشکری کرو

فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ عَنْكُمْ ۫ وَلَا يَرْضٰى لِعِبَادِهِ الْكُفْرَ ۚ وَاِنْ تَشْكُرُوْا

تو بیشک | اللہ | بے نیاز ہے | تم سے | اور نہیں | وہ پسند کرتا | اپنے بندوں سے | کفر کو | اور اگر | تم شکر کرو

تو اللہ تم سے بے نیاز ہے۔ البتہ اپنے بندوں کی ناشکری کو پسند نہیں کرتا۔ اگر تم شکر کرو تو وہ تمہارے شکر کو

يَرْضَهُ لَكُمْ ؕ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى ؕ ثُمَّ اِلٰى

تو وہ پسند کرتا ہے | تم کو | اور نہیں | بوجھ اٹھائے گی | کوئی بوجھ اٹھانے والی جان | بوجھ | دوسری کا | پھر | طرف

پسند کرتا ہے۔ یاد رکھو، قیامت کے دن کوئی بوجھ اٹھانے والا کسی دوسرے کا بوجھ نہیں اٹھائے گا۔ پھر تمہیں اپنے

رَبِّكُمْ مَّرْجِعُكُمْ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ؕ اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ

تمہارے رب کی | پلٹنا ہے تمہارا | پھر وہ آگاہ کرے گا تمہیں | اس سے جو | تم تھے | تم کرتے | بیشک وہ ہے | خوب جاننے والا

رب کے پاس جانا ہے۔ وہ تمہیں بتائے گا جو کچھ تم دنیا میں کرتے تھے۔ بیشک وہ دلوں کا

بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿7﴾ وَاِذَا مَسَّ الْاِنْسَانَ ضُرٌّ دَعَا رَبَّهٗ مُنِيْبًا

سینوں والی (بات) کو | اور جب | پہنچے | انسان کو | کوئی تکلیف | وہ پکارتا ہے | اپنے رب کو | رجوع کرتے ہوئے

حال جانتا ہے۔ انسان کو جب تکلیف پہنچتی ہے وہ اپنے رب کی طرف رجوع کرتے ہوئے اسے

اِلَيْهِ ثُمَّ اِذَا خَوَّلَهٗ نِعْمَةً مِّنْهُ نَسِيَ مَا كَانَ يَدْعُوْٓا اِلَيْهِ

اس کی طرف | پھر | جب | وہ دیتا ہے اسے | کوئی نعمت | اپنے پاس سے | بھول جاتا ہے | جو | وہ تھا | وہ پکارتا | اس کی طرف

پکارتا ہے۔ پھر اللہ اس پر اپنا فضل کرتا ہے تو انسان اسے بھول جاتا ہے جسے پہلے پکار رہا تھا

مِنْ قَبْلُ وَجَعَلَ لِلّٰهِ اَنْدَادًا لِّيُضِلَّ عَنْ سَبِيْلِهٖ ؕ قُلْ تَمَتَّعْ

سے | پہلے | اور وہ بناتا ہے | اللہ کیلئے | شریک | تا کہ وہ گمراہ کرے | سے | اس کی راہ | کہہ دیجئے | تو فائدہ اٹھالے

بلکہ دوسروں کو اللہ کے برابر ٹھہرانے لگتا ہے اور دوسرے لوگوں کو بھی گمراہ کرنے لگتا ہے۔ اے نبی ﷺ آپ ﷺ ایسے شخص سے

بِكُفْرِكَ قَلِيْلًا ۖ اِنَّكَ مِنْ اَصْحٰبِ النَّارِ ﴿۸﴾ اَمَّنْ هُوَ قَانِتٌ اٰنَآءَ

اپنے کفر کا | تھوڑا | بیشک تو ہے | سے | والوں | آگ | کیا وہ شخص | ہو | بندگی کرنیوالا | گھڑیوں میں

کہیں ”اپنے کفر و شرک کے ساتھ تھوڑے دن عیش کر لے، پھر تجھے دوزخ میں جانا ہے۔“ کیا ایسا شخص اس آدمی کے برابر ہو سکتا ہے

الَّيْلِ سَاجِدًا وَّقَآئِمًا يَّحْذَرُ الْاٰخِرَةَ وَيَرْجُوْا رَحْمَةَ رَبِّهٖ ؕ قُلْ

رات کی | سجدہ کرنے والا | اور قیام کرنے والا | وہ ڈرتا ہے | آخرت سے | اور وہ امیدوار ہے | رحمت کا | اپنے رب کی | کہہ دیجئے

جو رات کی گھڑیوں میں سجدے اور قیام کی حالت میں عاجزی کرتا ہو، آخرت سے ڈرتا ہو اور اپنے رب کی رحمت کا امیدوار ہو؟

هَلْ يَسْتَوِي الَّذِيْنَ يَعْلَمُوْنَ وَالَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ؕ اِنَّمَا يَتَذَكَّرُ

کیا | برابر ہو سکتے ہیں | وہ جو | علم رکھتے ہیں | اور جو | نہیں | علم رکھتے | یقیناً صرف | سمجھتے ہیں

اے نبی ﷺ آپ ﷺ ان لوگوں سے پوچھیں ”کیا علم والے اور بے علم دونوں برابر ہوتے ہیں؟“ مگر نصیحت وہی لوگ پکڑتے

اُولُوا الْاَلْبَابِ ﴿۹﴾ ع قُلْ يٰعِبَادِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوْا رَبَّكُمْ ؕ لِلَّذِيْنَ (ع 1 9 15)

عقلوں والے | کہہ دیجئے | اے میرے بندو | جو | ایمان لائے ہو | تم ڈرو | اپنے رب سے | ان کے لئے جو

ہیں جو عقل والے ہیں۔ اے نبی ﷺ آپ ﷺ میرے مومن بندوں سے کہیں ”اپنے رب سے ڈرو۔ جو لوگ دنیا

اَحْسَنُوْا فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةٌ ؕ وَاَرْضُ اللّٰهِ وَاسِعَةٌ ؕ اِنَّمَا

نیکی کرتے ہیں | میں | اس | دنیا | بھلائی ہے | اور زمین | اللہ کی | وسیع ہے | بیشک یہ کہ

میں نیکی کریں گے اُن کے لئے اچھا صلہ ہے۔ یاد رکھو اللہ کی زمین بڑی وسیع ہے اور صبر

يُوَفَّى الصّٰبِرُوْنَ اَجْرَهُمْ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿۱۰﴾ قُلْ اِنِّيْٓ اُمِرْتُ اَنْ

پورا دیا جائے گا | صبر کرنیوالوں کو | ثواب انکا | بغیر | حساب کے | کہہ دیجئے | بیشک میں | مجھے حکم دیا گیا | یہ کہ

کرنے والوں کو ان کا اجر بے حساب دیا جائے گا۔“ اے نبی ﷺ آپ ﷺ کہیں ”مجھے حکم دیا گیا ہے میں

اَعْبُدَ اللّٰهَ مُخْلِصًا لَّهُ الدِّيْنَ ﴿11﴾ وَاُمِرْتُ لِاَنْ اَكُوْنَ اَوَّلَ

میں عبادت کروں | اللہ کی | خالص کرتے ہوئے | اسی کی | اطاعت | اور مجھے حکم دیا گیا | یہ کہ | میں ہوں | پہلا

صرف اللہ کا مطیع ہو کر اسی کی عبادت کروں اور مجھے یہ حکم دیا گیا ہے کہ میں سب سے پہلے خود

الْمُسْلِمِيْنَ ﴿12﴾ قُلْ اِنِّيْٓ اَخَافُ اِنْ عَصَيْتُ رَبِّيْ عَذَابَ يَوْمٍ

فرماں بردار (مسلمان) | کہہ دیجئے | بیشک میں | ڈرتا ہوں | اگر | میں نافرمانی کروں | اپنے رب کی | عذاب سے | دن

مسلم بنوں۔'' اور آپ ﷺ ان لوگوں سے کہیں ''اگر میں اپنے رب کی نافرمانی کروں تو میں ایک ہولناک دن کے عذاب

عَظِيْمٍ ﴿13﴾ قُلِ اللّٰهَ اَعْبُدُ مُخْلِصًا لَّهٗ دِيْنِيْ ﴿14﴾ فَاعْبُدُوْا مَا

بڑے سے | کہہ دیجئے | اللہ کی | میں عبادت کرتا ہوں | خالص کرتے ہوئے | اس کے لئے | اطاعت اپنی | پس تم عبادت کرلو | جس کی

سے ڈرتا ہوں'' اور آپ ﷺ کہیں ''میں صرف اللہ کا فرماں بردار بن کر اس کی عبادت کرتا ہوں۔'' اور تم مشرک لوگ اللہ

شِئْتُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ ؕ قُلْ اِنَّ الْخٰسِرِيْنَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ

تم چاہو | سے | سوا اسکے | کہہ دیجئے | بیشک | خسارے میں ڈالا | وہ ہیں جنھوں نے | خسارے میں ڈالا | اپنے آپ کو

کے سوا جس کی چاہو عبادت کرو اپنا انجام خود دیکھ لوگے۔ اے نبی ﷺ آپ ﷺ ان سے کہیں ''اصلی گھاٹے والے وہ ہیں جنھوں

وَاَهْلِيْهِمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ اَلَا ذٰلِكَ هُوَ الْخُسْرَانُ الْمُبِيْنُ ﴿15﴾ لَهُمْ

اور اپنے گھر والوں کو | دن | قیامت کے | آگاہ رہو | یہ ہے | یہی | خسارہ | کھلا | ان کے لئے ہے

نے اپنے آپ اور اپنے گھر والوں کو قیامت کے دن گھاٹے میں ڈالا'' سن لو یہی کھلا گھاٹا ہے۔ وہاں ایسے

مِّنْ فَوْقِهِمْ ظُلَلٌ مِّنَ النَّارِ وَمِنْ تَحْتِهِمْ ظُلَلٌ ؕ ذٰلِكَ يُخَوِّفُ

سے | اوپر انکے | بادل | کے | آگ | اور سے | نیچے انکے | بادل ہونگے | یہ کہ | ڈراتا ہے

لوگوں کے اوپر نیچے آگ کے شعلے ہی شعلے ہوں گے۔ اسی عذاب سے اللہ اپنے بندوں

اللّٰهُ بِهٖ عِبَادَهٗ ؕ يٰعِبَادِ فَاتَّقُوْنِ ﴿16﴾ وَالَّذِيْنَ اجْتَنَبُوا الطَّاغُوْتَ اَنْ

اللہ | اس کے ساتھ | اپنے بندوں کو | اے میرے بندو | پس تم ڈرو مجھ سے | اور جو لوگ | بچے رہے | بتوں سے | کہ

کو ڈراتا ہے اور کہتا ہے کہ ''اے میرے بندو صرف مجھ سے ڈرو'' جو لوگ شیطان کی پوجا کرنے سے بچے اور

يَّعْبُدُوْهَا وَاَنَابُوْٓا اِلَى اللّٰهِ لَهُمُ الْبُشْرٰى ۚ فَبَشِّرْ عِبَادِ ﴿17﴾

وہ عبادت کریں انکی | اور انھوں نے رجوع کیا | طرف | اللہ کی | ان کے لئے ہے | خوشخبری | پس آپ خوشخبری دیں | میرے بندوں کو

اللہ کی طرف رجوع کیا ان کے لئے جنت کی خوشخبری ہے۔ اے نبی ﷺ آپ ﷺ میرے بندوں کو خوشخبری سنا دیں

الَّذِيْنَ يَسْتَمِعُوْنَ الْقَوْلَ فَيَتَّبِعُوْنَ اَحْسَنَهٗ ؕ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ

وہ جو | غور سے سنتے ہیں | بات کو | پھر وہ پیروی کرتے ہیں | اس کے بہتر کی | یہ لوگ ہیں | جن کو کہ

جو اس کلام کو غور سے سنتے اور اس کے زیادہ اچھے پہلو کو اختیار کرتے ہیں۔ یہی وہ لوگ ہیں جنہیں

هَدٰىهُمُ اللّٰهُ وَاُولٰٓئِكَ هُمْ اُولُوا الْاَلْبَابِ ﴿18﴾ اَفَمَنْ حَقَّ عَلَيْهِ

ہدایت دی انکو | اللہ نے | اور یہی ہیں | یہی | والے | عقلوں | کیا پس وہ کہ | ثابت ہوئی | جس پر

اللہ نے ہدایت بخشی اور یہی ہیں عقل والے۔ اے نبی ﷺ کیا جس شخص پر عذاب کی بات ثابت ہو چکی ہو ایسے دوزخی کو آپ ﷺ

كَلِمَةُ الْعَذَابِ ؕ اَفَاَنْتَ تُنْقِذُ مَنْ فِي النَّارِ ﴿19﴾ لٰكِنِ الَّذِيْنَ

بات | عذاب کی | کیا پھر آپ | بچائیں گے | اسے جو ہے | میں | آگ | لیکن | جو لوگ

عذاب سے بچا سکتے ہیں؟ البتہ جو لوگ اپنے

اتَّقَوْا رَبَّهُمْ لَهُمْ غُرَفٌ مِّنْ فَوْقِهَا غُرَفٌ مَّبْنِيَّةٌ ۙ تَجْرِيْ مِنْ

ڈریں | اپنے رب سے | ان کے لئے ہیں | بالا خانے | پھر | اوپر ان کے | بالا خانے | بنے ہوئے | بہتی ہیں | سے

رب سے ڈرتے ہیں، ان کے لئے جنت میں بالا خانوں پر بالا خانے ہوں گے۔ وہاں نہریں

تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۬ؕ وَعْدَ اللّٰهِ ؕ لَا يُخْلِفُ اللّٰهُ الْمِيْعَادَ ﴿20﴾ اَلَمْ تَرَ

نیچے جن کے | نہریں | وعدہ ہے | اللہ کا | نہیں | خلاف کرتا | اللہ | وعدے کا | کیا نہیں | تو دیکھتا

بہتی ہوں گی۔ یہ اللہ کا وعدہ ہے۔ اللہ اپنے وعدے کے خلاف نہیں کرتا۔ کیا تم نے نہیں دیکھا

اَنَّ اللّٰهَ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَسَلَكَهٗ يَنَابِيْعَ فِي الْاَرْضِ ثُمَّ

یہ کہ | اللہ نے | اتارا | سے | آسمان | پانی کو | پھر چلایا اسے | چشموں تک | میں | زمین | پھر

اللہ آسمان سے پانی برساتا ہے۔ پھر زمین میں اس کے چشمے جاری کر دیتا ہے۔ پھر اس سے ہر

يُخْرِجُ بِهٖ زَرْعًا مُّخْتَلِفًا اَلْوَانُهٗ ثُمَّ يَهِيْجُ فَتَرٰىهُ مُصْفَرًّا ثُمَّ

وہ نکالتا ہے | اس کے ذریعے | کھیتی | مختلف ہیں | رنگ جس کے | پھر | وہ خشک ہو جاتی ہے | پھر تو دیکھتا ہے اسے | زرد | پھر

طرح کی کھیتی اگاتا ہے۔ پھر وہ کھیتی خشک ہونے لگتی ہے تو تم اسے زرد دیکھتے ہو۔ پھر

يَجْعَلُهٗ حُطَامًا ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَذِكْرٰى لِاُولِي الْاَلْبَابِ ﴿21﴾ ع اَفَمَنْ

وہ کر دیتا ہے اسے | ریزہ ریزہ | بیشک | میں | اس | ضرور سبق ہے | عقل والوں کے لئے | کیا پس جس کا

اللہ اسے چورا چورا کر دیتا ہے۔ بے شک اس میں نصیحت ہے عقل والوں کے لئے کیا وہ شخص جس کا

ع 2 12 16

شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرَهٗ لِلْاِسْلَامِ فَهُوَ عَلٰى نُوْرٍ مِّنْ رَّبِّهٖ ؕ فَوَيْلٌ

کھولا ہے | اللہ نے | اس کا سینہ | اسلام کے لئے | تو وہ ہے | پر | نور | سے | رب اپنے | پس ہلاکت ہے

سینہ اللہ نے اسلام کے لئے کھول دیا ہوا ور وہ اپنے رب کی طرف سے نورِ ہدایت پر چل رہا ہو، ایک ایسے آدمی کے برابر ہو سکتا ہے

لِّلْقٰسِيَةِ قُلُوْبُهُمْ مِّنْ ذِكْرِ اللّٰهِ ؕ اُولٰٓئِكَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿22﴾ اَللّٰهُ

ان کے لئے سخت ہیں | دل جن کے | سے | یاد | اللہ کی | یہی لوگ ہیں | میں | گمراہی | کھلی | اللہ نے

جس کا دل سخت ہو چکا ہو؟ پس ہلاکت ہے ان کے لئے جن کے دل اللہ کی یاد سے غافل ہو کر سخت ہو گئے۔ ایسے لوگ کھلی گمراہی میں

نَزَّلَ اَحْسَنَ الْحَدِيْثِ كِتٰبًا مُّتَشَابِهًا مَّثَانِيَ ۖ تَقْشَعِرُّ مِنْهُ

اتارا | بہترین | کلام | جو کتاب ہے | باہم مشابہ | دہرائی جانے والی | کانپ جاتی ہیں | اس سے

ہیں۔ اللہ نے یہ بہترین کلام اتارا ہے۔ اس کے مضامین ہم رنگ اور تضاد سے پاک ہیں اور سمجھانے کے لئے ان کو بار بار دہرایا گیا

جُلُوْدُ الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ ۚ ثُمَّ تَلِيْنُ جُلُوْدُهُمْ وَقُلُوْبُهُمْ اِلٰى

کھالیں | ان کی جو | ڈرتے ہیں | اپنے رب سے | پھر | نرم ہو جاتے ہیں | ان کے چمڑے | اور ان کے دل | طرف

ہے۔ اس کلام کو سن کر ان لوگوں کے رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں جو اپنے رب سے ڈرتے ہیں۔ ان کے بدن اور دل نرم ہو کر اللہ کی

ذِكْرِ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ هُدَى اللّٰهِ يَهْدِيْ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَمَنْ

ذکر کی | اللہ کے | یہ ہے | ہدایت | اللہ کی | وہ ہدایت دیتا ہے | اس سے | جسے | وہ چاہے | اور جس کو

یاد کی طرف متوجہ ہو جاتے ہیں۔ یہ اللہ کی ہدایت ہے جس کے ذریعے وہ ہدایت دیتا ہے جسے چاہتا ہے۔ اور جس کو

يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ﴿23﴾ اَفَمَنْ يَّتَّقِيْ بِوَجْهِهٖ سُوْٓءَ

گمراہ کرے | اللہ | تو نہیں | اس کیلئے | کوئی | ہدایت دینے والا | کیا پس جو کوئی | بچاتا ہے | اپنے منہ کو | برے

اللہ گمراہ کر دے اسے کوئی ہدایت نہیں دے سکتا۔ کیا ایسا شخص جسے قیامت کے دن اپنے منہ پر برا

الْعَذَابِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ وَقِيْلَ لِلظّٰلِمِيْنَ ذُوْقُوْا مَا كُنْتُمْ

عذاب سے | دن | قیامت کے | اور کہا جائے گا | ظالموں کو | تم چکھو | جو کچھ | تم تھے

عذاب سہنا پڑے گا اس آدمی کی طرح ہو سکتا ہے جو اس سے محفوظ رہے گا۔ وہاں ظالموں سے کہا جائے گا ''چکھو مزا

تَكْسِبُوْنَ ﴿24﴾ كَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَاَتٰىهُمُ الْعَذَابُ مِنْ حَيْثُ

کماتے | جھٹلایا | ان لوگوں نے جو تھے | سے | ان کے پہلے | پھر آیا ان پر | عذاب | سے | جہاں

اس کمائی کا جو تم کرتے تھے'' ان سے پہلے والوں نے بھی رسولوں کو جھٹلایا تو ان پر عذاب وہاں سے آیا جدھر سے

لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿25﴾ فَاَذَاقَهُمُ اللّٰهُ الْخِزْيَ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَلَعَذَابُ

کہ نہیں | وہ جانتے تھے | پھر چکھائی انکو | اللہ نے | ذلت | میں | زندگی | دنیا کی | اور البتہ عذاب

ان کا خیال بھی نہ تھا۔ پھر اللہ نے انہیں دنیا میں رسوائی کا مزا چکھایا اور آخرت کا

الْاٰخِرَةِ اَكْبَرُ ۘ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿26﴾ وَلَقَدْ ضَرَبْنَا لِلنَّاسِ فِيْ

آخرت کا | بہت بڑا ہے | کاش | وہ ہوتے | وہ جانتے | اور بیشک | ہم نے بیان کی | لوگوں کے لئے | میں

عذاب تو اور بھی بڑا ہے۔ کاش یہ لوگ جانتے۔ ہم نے اس قرآن میں ہر قسم کی مثالیں بیان کی ہیں

هٰذَا الْقُرْاٰنِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ لَّعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ۚ ﴿27﴾ قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا

اس | قرآن | سے | ہر | مثال | تا کہ وہ | نصیحت پکڑیں | قرآن ہے | عربی میں

تا کہ وہ نصیحت حاصل کریں۔ یہ قرآن عربی زبان میں ہے

غَيْرَ ذِيْ عِوَجٍ لَّعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ﴿28﴾ ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا رَّجُلًا فِيْهِ

نہیں | والا | الجھاؤ | تا کہ وہ | وہ ڈریں | بیان کی | اللہ نے | مثال | کہ ایک مرد | جسکے

اس میں کوئی اُلجھاؤ نہیں تا کہ لوگ اسے سمجھیں اور ڈریں۔ اللہ ایک مثال بیان کرتا ہے شرک اور توحید کی۔ ایک غلام ہے جس کے کئی

شُرَكَآءُ مُتَشٰكِسُوْنَ وَرَجُلًا سَلَمًا لِّرَجُلٍ ۭ هَلْ يَسْتَوِيٰنِ مَثَلًا ۭ

(مالک کئی) حصے دار ہیں | اختلاف رکھنے والے | اور ایک آدمی | سالم | ایک ہی مرد کا | کیا | دونوں برابر ہیں | مثال میں

حصے دار مالک ہیں، آپس میں جھگڑنے والے اور دوسری طرف ایک غلام ہے جو پورے کا پورا ایک ہی مالک کا ہے۔ کیا ان دونوں

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ۚ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿29﴾ اِنَّكَ مَيِّتٌ وَّاِنَّهُمْ

سب تعریف ہے | اللہ کیلئے | بلکہ | اکثر انکے | نہیں | وہ جانتے | بیشک تو | مرنے والا ہے | اور بیشک وہ

غلاموں کا حال یکساں ہوگا؟ تعریف اللہ ہی کے لئے ہے۔ لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے۔ اے نبی ﷺ بیشک آپ ﷺ کو بھی مرنا ہے

مَّيِّتُوْنَ ﴿30﴾ ثُمَّ اِنَّكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عِنْدَ رَبِّكُمْ تَخْتَصِمُوْنَ ﴿31﴾ ع

مرنے والے ہیں | پھر | بیشک تم | دن | قیامت کے | پاس | اپنے رب کے | تم جھگڑو گے

اور ان لوگوں کو بھی مرنا ہے۔ پھر تم سب قیامت کے دن اپنے رب کے سامنے اپنا اپنا مقدمہ پیش کرو گے۔

فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ كَذَبَ عَلَى اللّٰهِ وَكَذَّبَ بِالصِّدْقِ اِذْ جَآءَهٗ

پس کون ہے | بڑا ظالم | اس سے جو | جھوٹ باندھے | پر | اللہ | اور جھٹلائے | سچائی کو | جب | پہنچے پاس اسکے

اس شخص سے زیادہ ظالم اور کون ہوگا جس نے اللہ پر جھوٹ باندھا اور سچائی کو جھٹلا دیا جبکہ وہ اس کے پاس آئی۔

اَلَيْسَ فِيْ جَهَنَّمَ مَثْوًى لِّلْكٰفِرِيْنَ ﴿32﴾ وَالَّذِيْ جَآءَ بِالصِّدْقِ

کیا نہیں ہے | میں | دوزخ | ٹھکانا | کافروں کے لیے | اور جو | آیا | سچائی کے ساتھ

کیا ایسے کافروں کا ٹھکانا جہنم میں نہیں؟ اور جو شخص سچائی لے کر آیا

وَصَدَّقَ بِهٖٓ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُتَّقُوْنَ ﴿33﴾ لَهُمْ مَّا يَشَآءُوْنَ عِنْدَ

اور جس نے تصدیق کی | اس کی | وہ لوگ ہیں | وہی | پرہیز گار | ان کے لیے ہے | جو کچھ | وہ چاہیں گے | پاس

اور وہ جنہوں نے اس کی تصدیق کی تو یہی لوگ اللہ سے ڈرنے والے ہیں۔ ان کے لئے ان کے رب کے پاس وہ سب کچھ ہے جو وہ

رَبِّهِمْ ؕ ذٰلِكَ جَزٰٓؤُا الْمُحْسِنِيْنَ ﴿34﴾ لِيُكَفِّرَ اللّٰهُ عَنْهُمْ اَسْوَاَ الَّذِيْ

رب اپنے کے | یہ ہے | بدلہ | نیکی کرنیوالوں کا | تاکہ دور کرے | اللہ | ان سے | برائی کو | جو

چاہیں گے۔ یہ بدلہ ہے نیکی کرنے والوں کا تاکہ اللہ ان سے ان کی برائیاں دور

عَمِلُوْا وَيَجْزِيَهُمْ اَجْرَهُمْ بِاَحْسَنِ الَّذِيْ كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿35﴾ اَلَيْسَ

انہوں نے کی | اور دے انکو | ثواب ان کا | نیکی کا | جو | وہ تھے | وہ کرتے | کیا نہیں ہے

کر دے اور ان کے اچھے اعمال کا انہیں پورا اجر دے جو وہ کرتے ہیں۔ اے نبی ﷺ کیا

اللّٰهُ بِكَافٍ عَبْدَهٗ ؕ وَيُخَوِّفُوْنَكَ بِالَّذِيْنَ مِنْ دُوْنِهٖ ؕ وَمَنْ يُّضْلِلِ

اللہ | کافی | اپنے بندے کو | اور وہ ڈراتے ہیں تجھے | ان سے جو | ہیں | سوا اس (اللہ) کے | اور جسے | گمراہ کرے

اللہ اپنے بندے کے لئے کافی نہیں؟ یہ مشرک لوگ تو غیر اللہ سے آپ ﷺ کو ڈراتے ہیں۔ جسے اللہ گمراہ کر

اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ﴿36﴾ وَمَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ مُّضِلٍّ ؕ

اللہ | پھر نہیں | اس کو | کوئی | ہدایت دینے والا | اور جسے | ہدایت دے | اللہ | پھر نہیں | اس کو | کوئی | گمراہ کرنیوالا

دے اسے کوئی ہدایت دینے والا نہیں اور اللہ جسے ہدایت دے اسے کوئی گمراہ کرنے والا نہیں۔

اَلَيْسَ اللّٰهُ بِعَزِيْزٍ ذِي انْتِقَامٍ ﴿37﴾ وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ

کیا نہیں ہے | اللہ | زبردست | والا | بدلہ لینے | اور اگر | آپ پوچھیں ان سے | کس نے | پیدا کیا

کیا اللہ غالب اور انتقام لینے پر قادر نہیں؟ اے نبی ﷺ اگر آپ ﷺ ان مشرکوں سے پوچھیں ''آسمان اور زمین

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ؕ قُلْ اَفَرَءَيْتُمْ مَّا تَدْعُوْنَ مِنْ

آسمانوں کو | اور زمین کو | البتہ ضرور وہ کہیں گے | اللہ | کہہ دیجئے | کیا پس تم نے دیکھا | اس کو جسے | تم پکارتے ہو | سے

کس نے پیدا کیے" وہ کہیں گے "اللہ نے" پھر آپ ﷺ ان سے کہیں "پھر تمہارا کیا خیال ہے اگر اللہ مجھے کوئی تکلیف پہنچانا چاہے تو

دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ اَرَادَنِيَ اللّٰهُ بِضُرٍّ هَلْ هُنَّ كٰشِفٰتُ ضُرِّهٖۤ اَوْ

سوا | اللہ کے | اگر | چاہے مجھے | اللہ | کوئی ضرر پہنچانا | کیا | وہ | دور کرنیوالے ہیں | اس کی تکلیف کو | یا

کیا یہ تمہارے بنائے ہوئے معبود جنہیں تم اللہ کے سوا پوجتے ہو اس تکلیف کو دور کر سکتے ہیں؟ یا

اَرَادَنِيْ بِرَحْمَةٍ هَلْ هُنَّ مُمْسِكٰتُ رَحْمَتِهٖ ؕ قُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ ؕ

وہ چاہے مجھ پر | کوئی رحمت کرنا | کیا | وہ ہیں | روکنے والے | اس کی رحمت کو | کہہ دیجئے | کافی ہے مجھے | اللہ

اگر اللہ مجھ پر کوئی فضل کرنا چاہے تو کیا تمہارے بت اس کے فضل کو روک سکتے ہیں؟" آپ ﷺ کہیں "اللہ میرے لئے کافی ہے

عَلَيْهِ يَتَوَكَّلُ الْمُتَوَكِّلُوْنَ ﴿38﴾ قُلْ يٰقَوْمِ اعْمَلُوْا عَلٰى مَكَانَتِكُمْ اِنِّيْ

اسی پر | توکل کرنا چاہئے | توکل کرنیوالوں کو | کہہ دیجئے | اے میری قوم | تم عمل کرو | پر | اپنی جگہ | بیشک میں بھی

اور بھروسا کرنے والے اسی پر بھروسا کرتے ہیں" اے نبی ﷺ آپ کہیں "اے میری قوم تم لوگ اپنے طریقے پر کام کرو،

عَامِلٌ ۚ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۙ﴿39﴾ مَنْ يَّاْتِيْهِ عَذَابٌ يُّخْزِيْهِ وَيَحِلُّ

عمل کرنے والا ہوں | پھر جلد | تم جان لوگے | کون ہے | آئے گا جس پر | عذاب | جو ذلیل کرے گا اسے | اور نازل ہوگا

میں اپنے طریقے پر کام کرتا ہوں تم جلد جان لو گے کس پر ذلت والا عذاب آتا ہے اور کس پر

عَلَيْهِ عَذَابٌ مُّقِيْمٌ ﴿40﴾ اِنَّآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ لِلنَّاسِ بِالْحَقِّ ۚ

اس پر | عذاب | دائمی | بیشک ہم | ہم نے نازل کی | تیری طرف | کتاب | لوگوں کے لیے | حق کے ساتھ

دائمی عذاب نازل ہوتا ہے" اے نبی ﷺ ہم نے لوگوں کی ہدایت کے لئے آپ ﷺ پر یہ کتاب حق کے ساتھ اتاری۔

فَمَنِ اهْتَدٰى فَلِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ ضَلَّ فَاِنَّمَا يَضِلُّ عَلَيْهَا ۚ وَمَآ اَنْتَ

پھر جو کوئی | ہدایت پا گیا | تو اپنی ذات کیلئے | اور جو کوئی | گمراہ ہوا | تو صرف | وہ گمراہ ہوا | خود اپنے پر | اور نہیں ہے | تو

اب جو شخص ہدایت حاصل کرے گا اپنے لئے کرے گا اور جو گمراہی اختیار کرے گا اس کی گمراہی کا وبال اسی پر پڑے گا۔ لوگوں کے

عَلَيْهِمْ بِوَكِيْلٍ ﴿41﴾ ع اَللّٰهُ يَتَوَفَّى الْاَنْفُسَ حِيْنَ مَوْتِهَا وَالَّتِيْ

ان پر | زبردستی کرنیوالا | اللہ | قبض کرتا ہے | جانوں کو | بوقت | ان کی موت | اور ان کو بھی جو

اعمال کے ذمہ دار آپ ﷺ نہیں ہیں۔ اور دیکھو، لوگوں کی موت کے وقت اللہ ان کی روحوں کو اپنے پاس بلا لیتا ہے۔ جن کو ابھی

4 ع 10 1

لَمْ تَمُتْ فِيْ مَنَامِهَا ۚ فَيُمْسِكُ الَّتِيْ قَضٰى عَلَيْهَا الْمَوْتَ وَيُرْسِلُ

نہیں مری | میں | نینداپنی | پھر وہ روک لیتا ہے | اسے کہ | مقرر کی ہے | جس پر | موت | اور وہ بھیج دیتا ہے

موت نہیں آئی ان کی روحیں بھی نیند کی حالت میں اللہ کے پاس چلی جاتی ہیں۔ پھر اللہ جن کی موت کا فیصلہ کر چکا ہوتا ہے انہیں روک

الْاُخْرٰٓى اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ

باقیوں کو | تک | ایک وقت | مقرر | بیشک | میں | اس | ضرور نشانیاں ہیں | ان لوگوں کے لیے جو

لیتا ہے اور باقی روحوں کو ایک مقررہ وقت تک کے لئے رہا کر دیتا ہے۔ بے شک اس میں بڑی نشانیاں ہیں ان لوگوں کے لئے

يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿42﴾ اَمِ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ شُفَعَاۗءَ ۭ قُلْ اَوَلَوْ كَانُوْا

غور کرتے ہیں | کیا | انہوں نے بنا رکھے ہیں | سے | سوا | اللہ کے | سفارشی | کہہ دیجئے | کیا اگرچہ | وہ ہیں

جو غور کرتے ہیں۔ کیا ان مشرکوں نے اپنے معبودوں کو اللہ کے ہاں سفارشی بنا رکھا ہے۔ اے نبی ﷺ آپ ﷺ ان سے کہیں ”خواہ

لَا يَمْلِكُوْنَ شَـيْـــًٔا وَّلَا يَعْقِلُوْنَ ﴿43﴾ قُلْ لِّلّٰهِ الشَّفَاعَةُ جَمِيْعًا ۭ لَهٗ

نہیں | وہ اختیار رکھتے | کچھ بھی | اور نہیں | وہ سمجھتے | کہہ دیجئے | اللہ کے لیے | سفارش ہے | ساری | اسکی ہے

تمہارے معبود بالکل بے اختیار ہوں اور بے سمجھ ہوں تو کیا پھر بھی وہ تمہارے سفارشی ہیں؟“ اور آپ ﷺ کہیں ”شفاعت ساری

مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ ثُمَّ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿44﴾ وَاِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ

بادشاہی | آسمانوں کی | اور زمین کی | پھر | اسی کی طرف | تم لوٹائے جاؤ گے | اور جب | ذکر کیا جائے | اللہ

اللہ کے اختیار میں ہے۔ آسمانوں اور زمین کی بادشاہی اسی کی ہے۔ پھر تم اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔“ اور جب اکیلے اللہ کا ذکر کیا

وَحْدَهُ اشْمَاَزَّتْ قُلُوْبُ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ ۚ وَاِذَا ذُكِرَ

ایک کا | نفرت کرتے ہیں | دل | ان کے جو | نہیں | وہ ایمان رکھتے | آخرت پر | اور جب | ذکر ہو

جاتا ہے تو ان لوگوں کے دل کڑھتے ہیں جو آخرت پر ایمان نہیں رکھتے۔ اور جب اللہ کے سوا دوسروں کا ذکر ہوتا ہے اس وقت وہ

الَّذِيْنَ مِنْ دُوْنِهٖٓ اِذَا هُمْ يَسْتَبْشِرُوْنَ ﴿45﴾ قُلِ اللّٰهُمَّ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ

ان کا جو | سے | سوا اسکے ہیں | اچانک | وہ | وہ خوش ہو جاتے ہیں | کہہ دیجئے | اے اللہ | پیدا کرنیوالے | آسمانوں کے

خوش ہو جاتے ہیں۔ اے نبی ﷺ آپ ﷺ کہیں ”اے اللہ! آسمانوں اور زمین کے پیدا

وَالْاَرْضِ عٰلِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ اَنْتَ تَحْكُمُ بَيْنَ عِبَادِكَ فِيْ

اور زمین کے | جاننے والے | غیب کے | اور حاضر کے | تو ہی | تو فیصلہ کرے گا | درمیان | اپنے بندوں کے | بارے

کرنے والے، غائب اور حاضر کے جاننے والے، تو ہی اپنے بندوں کے درمیان ان باتوں کا فیصلہ کرے گا جس میں

مَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿46﴾ وَلَوْ اَنَّ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مَا فِي الْاَرْضِ

اس کے | وہ تھے | جس میں | وہ اختلاف کرتے | اور اگر | یہ کہ ہو | ان کے لیے جو | ظالم ہیں | جو ہے | میں | زمین

وہ اختلاف کر رہے ہیں‘‘ اگر ظالم مشرکوں کے پاس روئے زمین کا سارا مال و دولت

جَمِيْعًا وَّمِثْلَهٗ مَعَهٗ لَافْتَدَوْا بِهٖ مِنْ سُوْٓءِ الْعَذَابِ يَوْمَ

سارا | اور اس جتنا مزید | اس کے ساتھ | ضرور بدلے میں دیں | اس کو | سے | برے | عذاب | دن

موجود ہو اور اتنا ہی اور بھی ہو تب بھی وہ روزِ قیامت کے برے عذاب سے بچنے کے لئے سب کچھ فدیے میں دینے پر تیار ہو

الْقِيٰمَةِ ؕ وَبَدَا لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مَا لَمْ يَكُوْنُوْا يَحْتَسِبُوْنَ ﴿47﴾ وَبَدَا

قیامت کے | اور ظاہر ہو گا | ان کے لئے | طرف سے | اللہ کی | وہ جس کا | نہیں | وہ تھے | وہ گمان کرتے | اور ظاہر ہوں گی

جائیں گے۔ اللہ کی طرف سے انہیں وہ معاملہ پیش آئے گا جس کا انہیں تصور نہ ہو گا۔ ان کے

لَهُمْ سَيِّاٰتُ مَا كَسَبُوْا وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿48﴾

ان کے لئے | برائیاں | جو | انہوں نے کمائیں | اور گھیر لے گی | ان کو | وہ چیز کہ | وہ تھے | جس کا | وہ مذاق اڑاتے

برے اعمال ان کے سامنے آ جائیں گے۔ وہی عذاب انہیں گھیر لے گا جس کا وہ مذاق اڑاتے تھے۔

فَاِذَا مَسَّ الْاِنْسَانَ ضُرٌّ دَعَانَا ۡ ثُمَّ اِذَا خَوَّلْنٰهُ نِعْمَةً مِّنَّا ۙ

پس جب | چھوتی ہے | انسان کو | کوئی تکلیف | وہ پکارتا ہے ہمیں | پھر | جب | ہم دیتے ہیں اسے | کوئی نعمت | اپنی طرف سے

انسان کا حال یہ ہے جب اسے کوئی تکلیف پہنچتی ہے وہ ہمیں پکارتا ہے۔ پھر جب ہم اس پر اپنا فضل کرتے ہیں

قَالَ اِنَّمَآ اُوْتِيْتُهٗ عَلٰى عِلْمٍ ؕ بَلْ هِيَ فِتْنَةٌ وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ

وہ کہتا ہے | صرف | مجھے ملی ہے یہ | وجہ سے | علم کی | بلکہ | یہ | آزمائش ہے | اور لیکن | اکثر انکے

تو کہتا ہے ’’یہ تو مجھے میری قابلیت کی وجہ سے ملا‘‘ حالاں کہ وہ نعمت بھی آزمائش ہوتی ہے مگر ان میں سے اکثر لوگ نہیں

لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿49﴾ قَدْ قَالَهَا الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَمَآ اَغْنٰى عَنْهُمْ مَّا

نہیں وہ جانتے | بیشک | یہی بات کہی | ان لوگوں نے جو تھے | سے | ان کے پہلے | پھر نہ | کام آیا | ان کے | جو کچھ

جانتے۔ ان سے پہلے والوں نے بھی ایسی باتیں کہی تھیں، پھر ان کی کمائی ان کے کچھ

كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿50﴾ فَاَصَابَهُمْ سَيِّاٰتُ مَا كَسَبُوْا ؕ وَالَّذِيْنَ ظَلَمُوْا

وہ تھے | وہ کماتے | پھر پہنچیں انکو | برائیاں | اس کی جو | وہ کماتے تھے | اور جن لوگوں نے | ظلم کیا

کام نہ آئی۔ بلکہ انہوں نے اپنی کمائی کے برے نتائج دنیا میں بھگتے اور یہ ظالم

مِنْ هٰٓؤُلَآءِ سَيُصِيْبُهُمْ سَيِّاٰتُ مَا كَسَبُوْا ۙ وَمَا هُمْ بِمُعْجِزِيْنَ ﴿51﴾

سے | ان لوگو | جلدی پہنچیں گی انکو | برائیاں | اس کی جو | انہوں نے کمایا تھا | اور نہیں | وہ | عاجز کرنیوالے (ہم کو)

مشرک بھی جلد اپنی برائیوں کا نتیجہ بھگتیں گے اور ہمارے قابو سے باہر نہیں نکل سکتے۔

اَوَلَمْ يَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَقْدِرُ ۭ اِنَّ

کیا نہیں | وہ جانتے | کہ | اللہ | پھیلاتا ہے | روزی | جس کے لیے | وہ چاہے | اور وہ کم کرتا ہے | بیشک

کیا انہیں معلوم نہیں اللہ جس کے لئے چاہتا ہے روزی بڑھا دیتا ہے اور جس کے لئے چاہتا ہے تنگ کر دیتا ہے۔ بے شک

فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿52﴾ ع قُلْ يٰعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اَسْرَفُوْا

میں | اس | ضرور نشانیاں ہیں | ان کیلئے جو | ایمان لائیں | کہہ دیجئے | اے میرے بندو | جنہوں نے | زیادتی کی

اس معاملے میں بھی بڑی نشانیاں ہیں ان لوگوں کے لئے جو ایمان لاتے ہیں۔ اے نبی ﷺ آپ ﷺ میرے بندوں سے کہہ

عَلٰٓي اَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ

پر | اپنی جانوں | نہ | تم مایوس ہو | سے | رحمت | اللہ کی | بیشک | اللہ | بخشتا ہے | گناہوں کو

دیں کہ اللہ فرماتا ہے، اے میرے بندو! جنہوں نے گناہ کر کے اپنے اوپر زیادتی کی ہے، اللہ کی رحمت سے مایوس نہ ہوں، بے شک

جَمِيْعًا ۭ اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ﴿53﴾ وَاَنِيْبُوْٓا اِلٰى رَبِّكُمْ وَاَسْلِمُوْا

سب کے سب | بیشک وہ | وہی ہے | بہت بخشنے والا | نہایت مہربان | اور تم رجوع کرو | طرف | اپنے رب کی | اور تم فرماں برداری کرو

اللہ تمام گناہ معاف کر دیتا ہے۔ وہ بڑا بخشنے والا مہربان ہے۔ اور تم اپنے رب کی طرف رجوع کرو۔ اس کے فرماں بردار

لَهٗ مِنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَكُمُ الْعَذَابُ ثُمَّ لَا تُنْصَرُوْنَ ﴿54﴾ وَاتَّبِعُوْٓا

اسکی | سے | پہلے | کہ | آئے تم پر | عذاب | پھر | نہیں | تمہاری مدد کی جائے گی | اور تم پیروی کرو

بن جاؤ، اس سے پہلے کہ تم پر عذاب آ جائے، پھر تمہاری کوئی مدد نہ کی جائے گی، اور تم پیروی کرو

اَحْسَنَ مَآ اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَكُمُ

بہت اچھی چیز کی | جو | اتاری گئی | تم پر | طرف سے | تمہارے رب کی | سے | پہلے اس | کہ | آئے تم پر

اس بہترین چیز کی جو تمہارے رب کی طرف سے تمہارے پاس بھیجی گئی، اس سے پہلے کہ تم پر

الْعَذَابُ بَغْتَةً وَّاَنْتُمْ لَا تَشْعُرُوْنَ ﴿55﴾ ۙ اَنْ تَقُوْلَ نَفْسٌ يّٰحَسْرَتٰى

عذاب | اچانک | جبکہ تم | نہ | تم جانتے ہو | یہ کہ | کہے | کوئی جان | ہائے افسوس

اچانک عذاب آ جائے اور تمہیں خبر بھی نہ ہو۔ کہیں ایسا نہ ہو کہ تم میں سے کوئی شخص کہے ''افسوس میری کوتاہی پر،

عَلٰی مَا فَرَّطْتُّ فِیْ جَنْۢبِ اللّٰهِ وَاِنْ كُنْتُ لَمِنَ السّٰخِرِیْنَ ﴿56﴾ اَوْ

اس پر | جو | میں نے زیادتی کی | میں | حق | اللہ کے | اور بیشک | میں تھا | البتہ سے | مذاق کرنیوالوں | یا

جو میں نے اللہ کی جناب میں کی اور میں مذاق اڑانے والوں میں شامل رہا'' یا

تَقُوْلَ لَوْ اَنَّ اللّٰهَ هَدٰىنِیْ لَكُنْتُ مِنَ الْمُتَّقِیْنَ ﴿57﴾ اَوْ تَقُوْلَ حِیْنَ

وہ کہے | اگر | یہ کہ | اللہ | ہدایت دیتا مجھے | تو ضرور میں ہوتا | سے | پرہیزگاروں میں | یا | وہ کہے | جب

کوئی یہ کہنے لگے ''اگر اللہ مجھے ہدایت دیتا تو میں پرہیزگاروں میں سے ہوتا'' یا کوئی شخص عذاب

تَرَی الْعَذَابَ لَوْ اَنَّ لِیْ كَرَّةً فَاَكُوْنَ مِنَ الْمُحْسِنِیْنَ ﴿58﴾ بَلٰی قَدْ

وہ دیکھے | عذاب کو | کاش | کہ ہو | میرے لیے دوبارہ جانا | پھر میں ہوں گا | سے | نیکی کرنیوالوں میں | کیوں نہیں | بلکہ بیشک

دیکھ کر یہ کہے ''کاش مجھے دنیا میں دوبارہ بھیج دیا جائے تا کہ میں نیک بندوں میں سے ہو جاؤں'' ارشاد ہو گا ''ہاں

جَآءَتْكَ اٰیٰتِیْ فَكَذَّبْتَ بِهَا وَاسْتَكْبَرْتَ وَكُنْتَ مِنَ الْكٰفِرِیْنَ ﴿59﴾

آئی تھیں تیرے پاس | میری آیتیں | پھر تو نے جھٹلایا | ان کو | اور تو نے تکبر کیا | اور تو تھا | سے | کافروں میں

تیرے پاس میری آیتیں آئیں، تو نے انہیں جھٹلایا، تکبر کیا اور تو کافروں میں شامل رہا''

وَیَوْمَ الْقِیٰمَةِ تَرَی الَّذِیْنَ كَذَبُوْا عَلَی اللّٰهِ وُجُوْهُهُمْ مُّسْوَدَّةٌ ؕ

اور دن | قیامت کے | تو دیکھے گا | ان کو جنہوں نے | جھوٹ بولا | پر | اللہ | کہ منہ انکے | کالے ہیں

اور تم قیامت کے دن ان لوگوں کے چہرے سیاہ دیکھو گے جنہوں نے اللہ پر جھوٹ بولا تھا۔

اَلَیْسَ فِیْ جَهَنَّمَ مَثْوًی لِّلْمُتَكَبِّرِیْنَ ﴿60﴾ وَیُنَجِّی اللّٰهُ الَّذِیْنَ اتَّقَوْا

کیا نہیں ہے | میں | دوزخ | ٹھکانا | تکبر کرنیوالوں کا | اور نجات دے گا | اللہ | اُن کو جنہوں نے | تقویٰ اختیار کیا

کیا تکبر کرنے والوں کا ٹھکانا جہنم میں نہیں؟ مگر جن لوگوں نے تقویٰ اختیار کیا، اللہ انہیں کامیاب کر کے عذاب سے

بِمَفَازَتِهِمْ ؗ لَا یَمَسُّهُمُ السُّوْٓءُ وَلَا هُمْ یَحْزَنُوْنَ ﴿61﴾ اَللّٰهُ خَالِقُ

ان کی کامیابی کے ساتھ | نہ | چھوئے گی انکو | برائی | اور نہ | وہ | غمگین ہوں گے | اللہ | پیدا کرنیوالا ہے

نجات دے گا۔ انہیں نہ کوئی تکلیف پہنچے گی اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔ اللہ ہر چیز کا پیدا

كُلِّ شَیْءٍ ؗ وَّهُوَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ وَّكِیْلٌ ﴿62﴾ لَهٗ مَقَالِیْدُ السَّمٰوٰتِ

ہر | چیز کا | اور وہ ہے | اوپر | ہر | چیز کے | کارساز | اسی کے لیے ہیں | کنجیاں | آسمانوں کی

کرنے والا اور ہر چیز پر نگہبان ہے۔ آسمانوں اور زمین کی کنجیاں اسی کے

وَالْاَرْضِ ۭ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ اُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ۝ قُلْ

اور زمین کی | اور جنہوں نے | انکار کیا | آیتوں کا | اللہ کی | وہ لوگ ہیں | وہی | خسارا پانے والے | کہہ دیجئے

پاس ہیں۔ اور جن لوگوں نے اللہ کی آیتوں کا انکار کیا وہی گھاٹے میں رہیں گے۔ اے نبی ﷺ آپ ﷺ کہیں

اَفَغَيْرَ اللّٰهِ تَاْمُرُوْۗنِّىْٓ اَعْبُدُ اَيُّهَا الْجٰهِلُوْنَ ۝ وَلَقَدْ اُوْحِيَ اِلَيْكَ

کیا پس غیر | اللہ کا | تم مشورہ دیتے ہو مجھے | کہ میں عبادت کروں | اے | جاہلو | اور بیشک | وحی کی گئی | تیری طرف

''اے نادانو! کیا تم مجھے غیر اللہ کی عبادت کرنے کے لئے کہتے ہو؟'' حالاں کہ آپ ﷺ کی طرف بھی اور ان تمام نبیوں کی طرف

وَاِلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكَ ۚ لَىِٕنْ اَشْرَكْتَ لَيَحْبَطَنَّ عَمَلُكَ وَلَتَكُوْنَنَّ

اور ان کی طرف | جو تھے | سے | تجھ سے پہلے | کہ اگر | تو نے شرک کیا | البتہ ضرور ضائع ہوں گے | عمل تیرے | اور البتہ ضرور تو ہوگا

بھی جو آپ ﷺ سے پہلے ہو گزرے ہیں، وحی بھیجی گئی ہے کہ لوگو! اگر تم شرک کرو گے تو تمہارے اعمال ضائع ہو جائیں گے اور تم

مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ۝ بَلِ اللّٰهَ فَاعْبُدْ وَكُنْ مِّنَ الشّٰكِرِيْنَ ۝ وَمَا

سے | خسارہ پانے والوں | بلکہ | اللہ ہی کی | پس تو عبادت کر | اور تو ہو جا | سے | شکر کرنیوالوں | اور نہ

خسارے میں رہو گے۔ لہٰذا اللہ کی عبادت کرو اور اُسی کے شکر گزار بنو'' ان

قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ ڰ وَالْاَرْضُ جَمِيْعًا قَبْضَتُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ

انہوں نے قدر کی | اللہ کی | جیسا حق ہے | اس کی قدر کا | اور زمین | ساری | مٹھی میں ہوگی اس کی | دن | قیامت کے

مشرکوں نے اللہ کی قدر نہیں کی، جیسا کہ اس کی قدر کرنے کا حق ہے۔ حالاں کہ قیامت کے دن ساری زمین اُس کی مٹھی میں ہوگی اور

وَالسَّمٰوٰتُ مَطْوِيّٰتٌۢ بِيَمِيْنِهٖ ۭ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۝

اور سب آسمان | لپیٹے ہوئے ہوں گے | اس کے دائیں ہاتھ میں | پاک ہے وہ | اور بلند ہے | اس سے جو | وہ شریک ٹھہراتے ہیں

تمام آسمان اس کے دائیں ہاتھ میں لپیٹے ہوں گے۔ وہ پاک ہے اور برتر ہے اس شرک سے جو یہ لوگ کرتے ہیں۔

وَنُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَصَعِقَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ اِلَّا

اور پھونکا جائے گا | میں | صور | پھر بے ہوش ہو جائے گا | جو بھی ہے | میں | آسمانوں | اور جو ہے | میں | زمین | مگر

جب پہلا صور پھونکا جائے گا تو آسمانوں اور زمین میں جو بھی ہیں سب بے ہوش ہو کر گر پڑیں گے سوائے

مَنْ شَاۗءَ اللّٰهُ ۭ ثُمَّ نُفِخَ فِيْهِ اُخْرٰى فَاِذَا هُمْ قِيَامٌ يَّنْظُرُوْنَ ۝

جسے | چاہے | اللہ | پھر | پھونکا جائے گا | اس میں | دوسری بار | پھر اچانک | وہ ہوں گے | کھڑے | دیکھتے ہوئے

ان کے جنہیں اللہ محفوظ رکھے۔ پھر دوسرا صُور پھونکا جائے گا تو یکا یک سب کے سب قبروں سے اٹھ کر دیکھنے لگیں گے۔

وَاَشْرَقَتِ الْاَرْضُ بِنُوْرِ رَبِّهَا وَوُضِعَ الْكِتٰبُ وَجِايْٓءَ بِالنَّبِيّٖنَ

اور چمکے گی | زمین | سے نور | اپنے رب کے | اور رکھے جائیں گے | اعمال نامے | اور لایا جائے گا | نبیوں کو

زمین اپنے رب کے نور سے چمک اٹھے گی، لوگوں کو ان کے اعمال نامے دیے جائیں گے، پیغمبر اور

وَالشُّهَدَآءِ وَقُضِيَ بَيْنَهُمْ بِالْحَقِّ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿69﴾ وَوُفِّيَتْ

اور گواہوں کو | اور فیصلہ کیا جائے گا | ان کے درمیان | حق کے ساتھ | اور وہ | نہیں | ظلم کیے جائیں گے | اور پورا بدلہ دیا جائیگا

گواہ حاضر کئے جائیں گے۔ پھر لوگوں کے درمیان ٹھیک فیصلہ کر دیا جائے گا اور ان پر کوئی ظلم نہ ہو گا۔ ہر شخص کو

كُلُّ نَفْسٍ مَّا عَمِلَتْ وَهُوَ اَعْلَمُ بِمَا يَفْعَلُوْنَ ﴿70﴾ وَسِيْقَ الَّذِيْنَ

ہر | جان کو | اس کا جو | اس نے عمل کیا | اور وہ | خوب جانتا ہے | اسے جو | وہ کرتے ہیں | اور چلا کر لے جایا جائیگا | ان کو جو

اس کے اعمال کا پورا بدلہ دیا جائے گا اور اللہ خوب جانتا ہے جو لوگ کرتے ہیں۔ پھر کافر لوگ گروہ

كَفَرُوْٓا اِلٰى جَهَنَّمَ زُمَرًا ط حَتّٰٓى اِذَا جَآءُوْهَا فُتِحَتْ اَبْوَابُهَا

کافر ہوئے | طرف | دوزخ کی | ٹولیوں میں | یہاں تک کہ | جب | وہ آئیں گے اسکے پاس | کھولے جائینگے | اس کے دروازے

در گروہ جہنم کی طرف ہانکے جائیں گے۔ یہاں تک کہ جب وہ اسکے پاس پہنچیں گے تو اس کے دروازے کھول دیئے جائیں گے۔

وَقَالَ لَهُمْ خَزَنَتُهَآ اَلَمْ يَاْتِكُمْ رُسُلٌ مِّنْكُمْ يَتْلُوْنَ عَلَيْكُمْ

اور کہیں گے | ان کو | چوکیدار اس کے | کیا نہیں | آئے تمہارے پاس | رسول | تم میں سے | جو پڑھتے تھے | تم پر

دوزخ کے محافظ ان سے کہیں گے "کیا تمہارے پاس تم لوگوں میں سے پیغمبر نہیں آئے تھے جو تمہیں تمہارے رب کی

اٰيٰتِ رَبِّكُمْ وَيُنْذِرُوْنَكُمْ لِقَآءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا ط قَالُوْا بَلٰى وَلٰكِنْ

آیتیں | تمہارے رب کی | اور وہ خبردار کرتے تھے تمہیں | ملاقات سے | تمہارے دن کی | اس | وہ کہیں گے | کیوں نہیں! | اور لیکن

آیتیں سناتے اور تمہیں اس دن کے پیش آنے سے ڈراتے تھے؟" وہ جواب دیں گے "ہاں، آئے تھے مگر

حَقَّتْ كَلِمَةُ الْعَذَابِ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ﴿71﴾ قِيْلَ ادْخُلُوْٓا اَبْوَابَ جَهَنَّمَ

ثابت ہوئی | بات | عذاب کی | پر | کافروں | کہا جائے گا | تم داخل ہو جاؤ | دروازوں میں | دوزخ کے

ہم نے ایک نہ سنی۔ عذاب کا وعدہ ہم کافروں پر پورا ہو کر رہا" حکم ہو گا "جہنم کے دروازوں میں داخل ہو جاؤ،

خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ج فَبِئْسَ مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِيْنَ ﴿72﴾ وَسِيْقَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا

ہمیشہ رہنے والے | اس میں | پس برا ہے | ٹھکانا | تکبر کرنیوالوں کا | اور چلا کر لے جایا جائیگا | ان کو جو | ڈرتے تھے

اس میں ہمیشہ رہنے کے لئے۔" وہ کیسا برا ٹھکانا ہے متکبر لوگوں کا" اور جو لوگ دنیا میں رب سے ڈرے

رَبَّهُمْ اِلَى الْجَنَّةِ زُمَرًا ؕ حَتّٰۤى اِذَا جَآءُوْهَا وَفُتِحَتْ اَبْوَابُهَا

اپنے رب سے | طرف | جنت کی | ٹولیوں میں | یہاں تک کہ | جب | وہ آئیں گے اسکے پاس | اور کھولے جائینگے | اس کے دروازے

وہ گروہ در گروہ جنت کی طرف لے جائے جائیں گے۔ یہاں تک کہ جب وہاں پہنچیں گے تو جنت کے دروازے پہلے سے کھلے ہوں

وَقَالَ لَهُمْ خَزَنَتُهَا سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ طِبْتُمْ فَادْخُلُوْهَا خٰلِدِيْنَ ﴿73﴾

اور کہیں گے | ان کو | چوکیدار اسکے | سلامتی ہو | تم پر | تم خوش رہو | پس تم داخل ہو اس میں | ہمیشہ رہنے والے

گے۔ وہاں کے محافظ فرشتے ان سے کہیں گے سلام ہو تم پر، خوش حال رہو، اب جنت میں ہمیشہ کے لئے داخل ہو جاؤ۔"

وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ صَدَقَنَا وَعْدَهٗ وَاَوْرَثَنَا الْاَرْضَ نَتَبَوَّاُ

اور وہ کہیں گے | سب تعریف ہے | اللہ کے لئے | جس نے | سچ کر دیا | وعدہ اپنا | اور جس نے وارث بنایا ہم کو | زمین (جنت) کا | ہم رہیں

پھر جنتی لوگ کہیں گے "شکر ہے اللہ کا جس نے ہمارے ساتھ اپنا وعدہ سچ کر دکھایا۔ ہمیں اس سرزمین کا وارث بنا دیا۔ ہم جنت میں

مِنَ الْجَنَّةِ حَيْثُ نَشَآءُ ۚ فَنِعْمَ اَجْرُ الْعٰمِلِيْنَ ﴿74﴾ وَتَرَى الْمَلٰٓئِكَةَ

میں | جنت | جہاں | ہم چاہیں | پس بہت اچھا ہے | ثواب | عمل کرنیوالوں کا | اور تو دیکھے گا | فرشتوں کو

جہاں چاہیں، رہیں۔ کیسا اچھا انعام ہے نیک عمل کرنے والوں کے لئے"۔ اور قیامت کے دن تم

حَآفِّيْنَ مِنْ حَوْلِ الْعَرْشِ يُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ ۚ وَقُضِيَ

گھیرا ڈالے ہوں گے | سے | اردگرد | عرش کے | وہ تسبیح کرتے ہیں | ساتھ حمد کے | اپنے رب کی | اور فیصلہ کیا جائیگا

فرشتوں کو دیکھو گے وہ عرش کے گرد حلقہ بنائے ہوئے اپنے رب کی حمد و ثنا اور تسبیح کر رہے ہوں گے، اور لوگوں کے درمیان ٹھیک

بَيْنَهُمْ بِالْحَقِّ وَقِيْلَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿75﴾ ع

ان کے درمیان | ساتھ حق کے | اور کہا جائے گا | سب تعریف ہے | اللہ | رب | کائنات کی

ٹھیک فیصلہ کر دیا جائے گا، اور کہا جائے گا "ساری تعریف اللہ کے لئے ہے جو رب العالمین ہے۔"

(8 ع 5 5 — الربع)

(40) سُوْرَةُ الْمُؤْمِنِ مَكِّيَّةٌ (60)

اٰیاتھا 85 — رکوعاتھا 9

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

حٰمٓ ﴿1﴾ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ﴿2﴾ غَافِرِ الذَّنْۢبِ

حٰمٓ | اتارنا | کتاب کا | طرف سے ہے | اللہ | غالب | علم والے کی | بخشنے والا | گناہ کا

حٰمٓ۔ یہ کتاب اللہ کی طرف سے اتاری گئی ہے جو غالب اور ہر چیز کا جاننے والا ہے۔ جو گناہ بخشنے والا،

وَقَابِلِ التَّوْبِ شَدِيْدِ الْعِقَابِ ذِي الطَّوْلِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ

اورقبول کرنیوالا | توبہ کا | سخت | عذاب والا | صاحب | فضل وکرم | نہیں | کوئی معبود | سوائے | اس کے

توبہ قبول کرنے والا، سخت سزا دینے والا اور بڑا فضل کرنے والا ہے۔ اس کے سوا کوئی معبود نہیں۔

اِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ﴿3﴾ مَا يُجَادِلُ فِيْٓ اٰيٰتِ اللّٰهِ اِلَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَلَا

اسی کی طرف | پلٹنا ہے | نہیں | جھگڑتے | میں | آیتوں | اللہ کی | مگر | وہ جو | کافر ہوئے | پس نہ

اس کی طرف سب کو جانا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ اللہ کی آیتوں میں منکر لوگ ہی جھگڑے پیدا کرتے ہیں۔ مگر ان

يَغْرُرْكَ تَقَلُّبُهُمْ فِي الْبِلَادِ ﴿4﴾ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ

فریب دے تجھے | چلنا پھرنا انکا | میں | شہروں | جھٹلایا | ان سے پہلے | قوم | نوح نے

لوگوں کا شہروں میں چلنا پھرنا تمہیں کسی دھوکے میں نہ ڈالے۔ ان سے پہلے نوح کی قوم نے جھٹلایا۔

وَّالْاَحْزَابُ مِنْۢ بَعْدِهِمْ ۠ وَهَمَّتْ كُلُّ اُمَّةٍۭ بِرَسُوْلِهِمْ لِيَاْخُذُوْهُ

اور جماعتوں نے | سے | ان کے بعد | اور ارادہ کیا | ہر | امت نے | اپنے رسول کا | کہ وہ پکڑ لیں اسے

اس کے بعد دوسری قوموں نے بھی جھٹلایا۔ یہاں تک کہ ہر امت نے اپنے پیغمبر پر ہاتھ ڈالنے کی کوشش کی،

وَجٰدَلُوْا بِالْبَاطِلِ لِيُدْحِضُوْا بِهِ الْحَقَّ فَاَخَذْتُهُمْ ۣ فَكَيْفَ كَانَ

اور جھگڑا کیا انھوں نے | جھوٹ کے ذریعے | تاکہ وہ ڈگمگا دیں | اس کے ذریعے | حق کو | پس میں نے پکڑ لیا انکو | پھر کیسا | تھا

ناحق جھگڑے پیدا کئے تاکہ اس طرح حق کو پسپا کریں تو میں نے انہیں پکڑ لیا۔ پھر کیسا تھا میرا

عِقَابِ ﴿5﴾ وَكَذٰلِكَ حَقَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ عَلَى الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنَّهُمْ

عذاب میرا | اور اسی طرح | ثابت ہوئی | بات | تیرے رب کی | پر | اُن جو | کافر ہوئے | کہ وہ ہیں

عذاب۔ اسی طرح تمہارے رب کی بات کافروں پر پوری ہو چکی کہ وہ

اَصْحٰبُ النَّارِ ﴿6﴾ اَلَّذِيْنَ يَحْمِلُوْنَ الْعَرْشَ وَمَنْ حَوْلَهٗ يُسَبِّحُوْنَ

والے | آگ | جو (فرشتے) | اٹھاتے ہیں | عرش کو | اور جو ہیں | اردگرد اسکے | وہ تسبیح کرتے ہیں

دوزخی ہیں۔ جو فرشتے عرش کو اٹھائے ہوئے ہیں اور جو اس کے ارد گرد ہیں، وہ اپنے رب کی حمد و ثنا کے

بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَيُؤْمِنُوْنَ بِهٖ وَيَسْتَغْفِرُوْنَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۚ رَبَّنَا

ساتھ حمد کے | رب اپنے کی | اور وہ ایمان رکھتے ہیں | اس پر | اور وہ بخشش مانگتے ہیں | ان کے لیے جو | ایمان لائے | اے رب ہمارے

ساتھ تسبیح کرتے ہیں۔ وہ اللہ پر ایمان رکھتے ہیں اور ایمان والوں کے لئے مغفرت کی دعا کرتے ہیں ''اے ہمارے رب تیری

وقف لازم — وقف النبی علیہ السلام

وَسِعۡتَ كُلَّ شَيۡءٖ رَّحۡمَةٗ وَّعِلۡمٗا فَاغۡفِرۡ لِلَّذِيۡنَ تَابُوۡا وَاتَّبَعُوۡا

تو وسیع ہے | ہر | چیز پر | رحمت سے | اور علم سے | پس تو بخش دے | ان کو جنہوں نے | توبہ کی | اور پیروی کی

رحمت اور تیرا علم ہر چیز کا احاطہ کئے ہوئے ہیں۔ لہٰذا تو معاف کر دے ان لوگوں کو جو توبہ کریں اور تیرے راستے

سَبِيۡلَكَ وَقِهِمۡ عَذَابَ الۡجَحِيۡمِ ۝7 رَبَّنَا وَاَدۡخِلۡهُمۡ جَنّٰتِ عَدۡنِ

تیری راہ کی | اور تو بچا انکو | عذاب سے | دوزخ کے | اے رب ہمارے | اور تو داخل کر انکو | باغوں میں | ہمیشہ کے

پر چلیں اور تو انہیں دوزخ کے عذاب سے بچا۔ اے ہمارے رب تو انہیں ہمیشہ رہنے والے باغوں میں داخل کر

الَّتِيۡ وَعَدۡتَّهُمۡ وَمَنۡ صَلَحَ مِنۡ اٰبَآئِهِمۡ وَاَزۡوَاجِهِمۡ وَذُرِّيّٰتِهِمۡ ؕ

جن کا | تونے وعدہ کیا ان سے | اور ان کو جو | نیک ہوئے | سے | ان کے باپوں | اور ان کی بیویوں سے | اور ان کی اولاد سے

جن کا تو نے ان سے وعدہ فرمایا ہے۔ ان کے والدین، ان کی بیویوں اور ان کی اولاد میں سے جو نیک ہوں انہیں بھی جنت میں داخل

اِنَّكَ اَنۡتَ الۡعَزِيۡزُ الۡحَكِيۡمُ ۙ۝8 وَقِهِمُ السَّيِّاٰتِ ؕ وَمَنۡ تَقِ السَّيِّاٰتِ

بیشک تو | تو ہے | بڑا غالب | نہایت حکمت والا | اور تو بچا انکو | برائیوں سے | اور جسے | تونے بچایا | برائیوں سے

کر دے بے شک تو غالب اور حکمت والا ہے اور انہیں برائیوں سے بچا لے اور جسے تو نے اس دن برائیوں کے

يَوۡمَئِذٍ فَقَدۡ رَحِمۡتَهٗ ؕ وَذٰلِكَ هُوَ الۡفَوۡزُ الۡعَظِيۡمُ ۝9 ع اِنَّ الَّذِيۡنَ

(ع 1 / 9 / 6)

اس دن | تو بیشک | تونے رحمت کی اس پر | اور یہ ہے | یہی | کامیابی | بڑی | بیشک | جو لوگ

برے انجام سے بچایا اس پر تو نے بڑا رحم کیا۔ اور یہی بڑی کامیابی ہے" یقیناً جن لوگوں نے

كَفَرُوۡا يُنَادَوۡنَ لَمَقۡتُ اللّٰهِ اَكۡبَرُ مِنۡ مَّقۡتِكُمۡ اَنۡفُسَكُمۡ اِذۡ تُدۡعَوۡنَ

کافر ہوئے | وہ پکارے جائینگے | البتہ غصہ | اللہ کا | زیادہ تھا | سے | تمہارے غصے | تمہاری جانوں کے | جب | تم کو پکارا جاتا تھا

کفر کیا، قیامت کے دن انہیں پکار کر کہا جائے گا کہ جتنی بیزاری آج تمہیں اپنے آپ سے ہے اس سے زیادہ بیزاری اللہ کو تم سے ہے

اِلَى الۡاِيۡمَانِ فَتَكۡفُرُوۡنَ ۝10 قَالُوۡا رَبَّنَاۤ اَمَتَّنَا اثۡنَتَيۡنِ وَاَحۡيَيۡتَنَا

طرف | ایمان کی | پھر تم کفر کرتے تھے | وہ کہیں گے | اے ہمارے رب | تونے مارا ہمیں | دوبار | اور تونے زندہ کیا ہمیں

جب تمہیں ایمان کی طرف بلایا جاتا تھا تو تم انکار کرتے تھے۔ وہ کہیں گے "اے ہمارے رب تو نے ہی دوبار موت دی اور دوبار

اثۡنَتَيۡنِ فَاعۡتَرَفۡنَا بِذُنُوۡبِنَا فَهَلۡ اِلٰى خُرُوۡجٍ مِّنۡ سَبِيۡلٍ ۝11 ذٰلِكُمۡ

دوبار | پس ہم نے اعتراف کرلیا | اپنے گناہوں کا | تو کیا | طرف | نکلنے کی ہے | کوئی | راہ | یہ ہے

زندگی دی۔ ہم نے اپنے گناہوں کا اقرار کیا، کیا اب بچ نکلنے کا کوئی راستہ ہے؟"

بِاَنَّهٗۤ اِذَا دُعِيَ اللّٰهُ وَحْدَهٗ كَفَرْتُمْ ۚ وَاِنْ يُّشْرَكْ بِهٖ تُؤْمِنُوْا ؕ

کیونکہ | جب | پکارا جاتا تھا | اللہ | اکیلے کو | توتم کفر کرتے تھے | اور اگر | شریک بنایا جاتا | اس کا | توتم مان لیتے تھے

اس سے پہلے جب تمہیں اکیلے خدا کی طرف بلایا جاتا تھا توتم انکار کرتے تھے۔ اگر شرک کیا جاتا تھا توتم اسے مان لیتے تھے۔

فَالْحُكْمُ لِلّٰهِ الْعَلِيِّ الْكَبِيْرِ ﴿۱۲﴾ هُوَ الَّذِيْ يُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ وَيُنَزِّلُ لَكُمْ

پس حکم ہے | اللہ | جو بہت بلند | بہت بڑا ہے | وہی ہے | جو | دکھاتا ہے تم کو | اپنی نشانیاں | اور وہ اتارتا ہے | تمہارے لئے

اب فیصلہ اللہ کے اختیار میں ہے جو بڑا مرتبے والا ہے۔" وہی اللہ ہے جو تمہیں اپنی نشانیاں دکھاتا اور تمہارے لئے آسمان

مِّنَ السَّمَآءِ رِزْقًا ؕ وَمَا يَتَذَكَّرُ اِلَّا مَنْ يُّنِيْبُ ﴿۱۳﴾ فَادْعُوا اللّٰهَ

سے | آسمان | روزی | اور نہیں | سمجھتا | مگر | جو | رجوع کرتا ہے | پس تم پکارو | اللہ کو

سے رزق اتارتا ہے۔ مگر نصیحت وہی قبول کرتا ہے جو اللہ کی طرف رجوع کرنے والا ہو۔ مسلمانو تم اللہ ہی کو پکارو،

مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ وَلَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۱۴﴾ رَفِيْعُ الدَّرَجٰتِ

خالص کرتے ہوئے | اسی کیلئے | اطاعت | اور اگرچہ | ناپسند کریں | کافرلوگ | بلند | درجوں والا ہے

اسی کی خالص اطاعت کرو، خواہ کافروں کو کتنا ہی ناگوار ہو۔ اللہ بڑے بلند درجوں والا اور عرش کا

ذُو الْعَرْشِ ۚ يُلْقِي الرُّوْحَ مِنْ اَمْرِهٖ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ

عرش والا | ڈالتا ہے | روح کو | سے | اپنے حکم | پر | جس | وہ چاہتا ہے | سے | اپنے بندوں

مالک ہے۔ وہ اپنے بندوں میں سے جس پر چاہتا ہے وحی بھیجتا ہے

لِيُنْذِرَ يَوْمَ التَّلَاقِ ﴿۱۵﴾ لا يَوْمَ هُمْ بٰرِزُوْنَ ۚ لَا يَخْفٰى عَلَى اللّٰهِ

تاکہ وہ خبردار کرے | دن سے | ملاقات کے | جس دن | وہ | ظاہر ہوں گے | نہیں | مخفی رہے گا | پر | اللہ

تاکہ ملاقات کے اس دن سے خبردار کر دے جس دن وہ اللہ کے سامنے پیش ہوں گے۔ ان کی کوئی بات اللہ سے چھپی

مِنْهُمْ شَيْءٌ ؕ لِمَنِ الْمُلْكُ الْيَوْمَ ؕ لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ ﴿۱۶﴾ اَلْيَوْمَ

ان سے | کچھ بھی | کس کی ہے | بادشاہی | آج کے دن | اللہ کی | ایک | زبردست | آج

ہوئی نہ ہوگی۔ پوچھا جائے گا "آج بادشاہی کس کی ہے" کہا جائے گا "صرف ایک زبردست اللہ کی" ارشاد ہوگا "آج ہر شخص کو اس

تُجْزٰى كُلُّ نَفْسٍۢ بِمَا كَسَبَتْ ؕ لَا ظُلْمَ الْيَوْمَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ

بدلہ دیا جائے گا | ہر | جان کو | اس کا جو | اس نے کمایا | نہیں | ظلم ہوگا | آج کے دن | بیشک | اللہ ہے | جلد لینے والا

کے کیے کا بدلہ ملے گا۔ آج کوئی ظلم نہ ہو گا بےشک اللہ جلد حساب

الْحِسَابِ ﴿١٧﴾ وَاَنْذِرْهُمْ يَوْمَ الْاٰزِفَةِ اِذِ الْقُلُوْبُ لَدَى الْحَنَاجِرِ

حساب کا | اور تو خبردار کرا نکو | دن سے | قیامت کے | جب | دل ہوں گے | نزدیک | حلق کے

لینے والا ہے''اے نبی ﷺ آپ ﷺ ان لوگوں کو قریب آنے والی مصیبت کے دن سے خبردار کردیں جب کلیجے منہ کو آرہے ہوں

كٰظِمِيْنَ ۬ؕ مَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ حَمِيْمٍ وَّلَا شَفِيْعٍ يُّطَاعُ ﴿١٨﴾ؕ يَعْلَمُ

غم سے بھرے ہوئے | نہیں ہوگا | ظالموں کا | کوئی | دوست | اور نہ | شفاعت کرنیوالا کہ | جسکی بات مانی جائے | وہ جانتا ہے

گے۔لوگ غم سے بھرے ہوں گے۔اس دن ظالموں کا نہ کوئی دوست ہوگا اور نہ کوئی سفارشی جس کی بات مانی جائے۔اللہ نگاہوں کی

خَآئِنَةَ الْاَعْيُنِ وَمَا تُخْفِى الصُّدُوْرُ ﴿١٩﴾ وَاللّٰهُ يَقْضِىْ بِالْحَقِّؕ

خیانت | آنکھ کی | اور جو کچھ | چھپاتے ہیں | سینے | اور اللہ | فیصلہ کرے گا | حق کے ساتھ

چوری کو جانتا ہے اور سینوں کے چھپے رازوں کو بھی۔ وہی صحیح فیصلہ کرے گا۔

وَالَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ لَا يَقْضُوْنَ بِشَىْءٍؕ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ

اور جن کو | وہ پکارتے ہیں | سے | سوا اسکے | نہیں | وہ فیصلہ کرتے | کسی بات کا | بیشک | اللہ | وہی ہے

جنہیں مشرکین پوجتے ہیں وہ کسی چیز کا فیصلہ نہیں کر سکتے۔ بے شک اللہ

السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ ﴿٢٠﴾ؑ اَوَلَمْ يَسِيْرُوْا فِى الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ

ع 2 11 7

خوب سننے والا | خوب دیکھنے والا | کیا نہیں | انہوں نے سیر کی | میں | زمین | پھر وہ دیکھتے | کیسا | ہوا

سننے والا دیکھنے والا ہے۔ کیا وہ لوگ زمین پر چلے پھرے نہیں کہ دیکھتے ان لوگوں کا کیا

عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ كَانُوْا مِنْ قَبْلِهِمْؕ كَانُوْا هُمْ اَشَدَّ مِنْهُمْ قُوَّةً

انجام | ان کا جو | تھے | سے | ان کے پہلے | تھے | وہ | زیادہ سخت | ان سے | طاقت میں

انجام ہوا جو ان سے پہلے گزر چکے۔ وہ ان سے زیادہ تھے طاقت میں بھی

وَّاٰثَارًا فِى الْاَرْضِ فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ بِذُنُوْبِهِمْؕ وَمَا كَانَ لَهُمْ مِّنَ

اور اثرات میں | میں | زمین | پھر پکڑا انکو | اللہ نے | ان کے گناہوں پر | اور نہ | تھا | ان کو | سے

اور اثرات کے اعتبار سے بھی جو انہوں نے زمین پر چھوڑے مگر اللہ نے ان کے گناہوں پر انہیں پکڑ لیا۔ پھر کوئی انہیں اللہ کے

اللّٰهِ مِنْ وَّاقٍ ﴿٢١﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَانَتْ تَّاْتِيْهِمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ

اللہ | کوئی | چھڑانے والا | یہ ہے | اس وجہ سے کہ وہ | ان کے پاس آتے تھے | ان کے رسول | روشن دلیلوں کے ساتھ

عذاب سے بچانے والا نہ تھا۔ یہ اس لئے ہوا کہ ان کے پاس ان کے رسول کھلی نشانیاں لے کر آئے

فَكَفَرُوْا فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ ؕ اِنَّهٗ قَوِیٌّ شَدِیْدُ الْعِقَابِ ﴿۲۲﴾ وَ لَقَدْ اَرْسَلْنَا

پھر وہ کافر ہوئے | پھر پکڑ لیا انکو | اللہ نے | بیشک وہ ہے | قوت والا | سخت | عذاب دینے والا | اور بیشک | ہم نے بھیجا

مگر انہوں نے انکار کیا۔ پھر اللہ نے انہیں پکڑ لیا۔ بے شک وہ قوت والا سخت سزا دینے والا ہے۔ ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو

مُوْسٰی بِاٰیٰتِنَا وَ سُلْطٰنٍ مُّبِیْنٍ ۙ﴿۲۳﴾ اِلٰی فِرْعَوْنَ وَ هَامٰنَ وَ قَارُوْنَ

موسیٰ کو | اپنی نشانیوں کے ساتھ | اور دلیل کے ساتھ | واضح | طرف | فرعون کی | اور ہامان کی | اور قارون کی

اپنی نشانیوں اور کھلے معجزے دے کر بھیجا۔ فرعون ہامان اور قارون کے پاس۔

فَقَالُوْا سٰحِرٌ كَذَّابٌ ﴿۲۴﴾ فَلَمَّا جَآءَهُمْ بِالْحَقِّ مِنْ عِنْدِنَا قَالُوا

پھر وہ بولے | جادوگر ہے | جھوٹا | پھر جب وہ | آیا انکے پاس | حق کیساتھ | سے | طرف ہماری | وہ بولے

مگر انہوں نے موسیٰؑ کو جادوگر اور جھوٹا کہا۔ پھر جب موسیٰؑ ان کے پاس دین حق لے کر آئے تو انہوں نے اپنے لوگوں کو حکم دیا ''موسیٰؑ

اقْتُلُوْۤا اَبْنَآءَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ وَ اسْتَحْیُوْا نِسَآءَهُمْ ؕ وَ مَا كَیْدُ

تم قتل کرو | ان کے بیٹوں کو | جو لوگ | ایمان لائے ہیں | اس کے ساتھ | اور تم زندہ چھوڑ دو | ان کی عورتوں کو | اور نہیں | چال

کے وہ ساتھی جو اللہ پر ایمان لائے ہیں ان کے بیٹوں کو قتل کر دیا جائے اور ان کی بچیوں کو زندہ رکھا جائے۔ مگر ان کافروں کی

الْكٰفِرِیْنَ اِلَّا فِیْ ضَلٰلٍ ﴿۲۵﴾ وَ قَالَ فِرْعَوْنُ ذَرُوْنِیْۤ اَقْتُلْ مُوْسٰی

کافروں کی | مگر | میں | ناکامی | اور کہا | فرعون نے | تم چھوڑ دو مجھے | میں قتل کروں | موسیٰ کو

یہ تدبیر ناکام رہی۔ فرعون نے درباریوں سے کہا ''مجھے چھوڑ دیں میں موسیٰ علیہ السلام کو قتل کر دوں۔

وَ لْیَدْعُ رَبَّهٗ ۚ اِنِّیْۤ اَخَافُ اَنْ یُّبَدِّلَ دِیْنَكُمْ اَوْ اَنْ یُّظْهِرَ

اور چاہئے کہ وہ پکارے | اپنے رب کو | بیشک میں | ڈرتا ہوں | اس سے کہ | وہ بدل ڈالے | تمہارے دین کو | یا | یہ کہ | وہ ظاہر (برپا) کرے

وہ اپنے رب کو اپنی مدد کے لئے پکار دیکھے۔ مجھے اندیشہ ہے وہ تمہارا دین بدل ڈالے گا۔ یا ملک میں

فِی الْاَرْضِ الْفَسَادَ ﴿۲۶﴾ وَ قَالَ مُوْسٰۤی اِنِّیْ عُذْتُ بِرَبِّیْ وَ رَبِّكُمْ

میں | زمین | فساد | اور کہا | موسیٰ نے | بیشک میں | میں پناہ مانگتا ہوں | اپنے رب کی | اور تمہارے رب کی

فساد پھیلائے گا۔'' موسیٰ علیہ السلام نے دعا کی ''میں اپنے اور تمہارے رب کی پناہ چاہتا ہوں،

مِّنْ كُلِّ مُتَكَبِّرٍ لَّا یُؤْمِنُ بِیَوْمِ الْحِسَابِ ﴿۲۷﴾ ع وَ قَالَ رَجُلٌ مُّؤْمِنٌ ۖۗ

سے | ہر | متکبر | جو نہیں | ایمان لاتا | دن پر | حساب کے | اور کہا | ایک مرد | ایمان والے نے

ہر اس متکبر کے شر سے بچنے کے لئے جو حساب کے دن پر ایمان نہیں رکھتا۔'' فرعون کی قوم سے ایک

{3 ع 7 8}

مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ يَكْتُمُ اِيْمَانَهٗٓ اَتَقْتُلُوْنَ رَجُلًا اَنْ يَّقُوْلَ رَبِّيَ

سے | قومِ | فرعون | جو چھپاتا تھا | اپنے ایمان کو | کیا تم قتل کرتے ہو | ایک مرد کو | اس پر کہ | وہ کہتا ہے | میرا رب

مومن جو اپنے ایمان کو چھپائے ہوئے تھا، بولا ''کیا تم لوگ ایک آدمی کو صرف اس بات پر قتل کر دو گے کہ وہ کہتا ہے میرا رب

اللّٰهُ وَقَدْ جَآءَكُمْ بِالْبَيِّنٰتِ مِنْ رَّبِّكُمْ ؕ وَاِنْ يَّكُ كَاذِبًا فَعَلَيْهِ

اللہ ہے | اور بیشک | وہ آیا تمہارے پاس | روشن دلیلوں کیساتھ | طرف سے | اپنے رب کی | اور اگر | وہ ہے | جھوٹا | تو اسی پر ہے

اللہ ہے، حالاں کہ وہ تمہارے رب کی طرف سے کھلی نشانیاں لے کر آیا ہے۔ اگر وہ جھوٹا ہے تو اس کے جھوٹ کا وبال اسی پر

كَذِبُهٗ ۚ وَاِنْ يَّكُ صَادِقًا يُّصِبْكُمْ بَعْضُ الَّذِيْ يَعِدُكُمْ ؕ اِنَّ

اس کا جھوٹ | اور اگر | ہے | وہ سچا | تو پہنچے گا تم پر | بعض وہ | جس کا | وہ وعدہ کرتا ہے تم سے | بیشک

پڑے گا۔ اگر وہ سچا ہے تو جس عذاب سے وہ تمہیں ڈراتا ہے اس کا کچھ حصہ تمہیں پہنچ کر رہے گا۔ بے شک

اللّٰهَ لَا يَهْدِيْ مَنْ هُوَ مُسْرِفٌ كَذَّابٌ ﴿28﴾ يٰقَوْمِ لَكُمُ الْمُلْكُ

اللہ | نہیں | ہدایت دیتا | اسے جو | وہ ہو | حد سے بڑھنے والا | جھوٹا | اے میری قوم | تمہاری ہے | بادشاہی

اللہ ایسے شخص کو ہدایت نہیں دیتا جو حد سے گزرنے والا اور بہت جھوٹا ہو۔ اے میری قوم آج تمہاری

الْيَوْمَ ظٰهِرِيْنَ فِي الْاَرْضِ ۫ فَمَنْ يَّنْصُرُنَا مِنْۢ بَاْسِ اللّٰهِ اِنْ

آج | غالب ہو | میں | زمین | پھر کون | مدد کرے گا ہماری | سے | عذاب | اللہ کے | اگر

حکومت ہے۔تم اس ملک میں غالب ہو۔ لیکن اگر اللہ کا عذاب ہم پر آ گیا پھر کون ہمیں بچا

جَآءَنَا ؕ قَالَ فِرْعَوْنُ مَآ اُرِيْكُمْ اِلَّا مَآ اَرٰى وَمَآ اَهْدِيْكُمْ اِلَّا

وہ آ گیا ہم پر | کہا | فرعون نے | نہیں میں دکھاتا تمہیں | مگر | وہ کچھ جو | میں خود دیکھتا ہوں | اور نہیں | میں راہ دکھاتا تمہیں | مگر

سکے گا؟'' مگر فرعون نے کہا ''میں تم لوگوں کو وہی رائے دیتا ہوں جو میں سمجھ رہا ہوں اور بھلائی کے راستے کی طرف تمہاری

سَبِيْلَ الرَّشَادِ ﴿29﴾ وَقَالَ الَّذِيْٓ اٰمَنَ يٰقَوْمِ اِنِّيْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ

راہ | ہدایت کی | اور کہا | اس نے جو | ایمان لایا | اے میری قوم | بیشک | میں ڈرتا ہوں | تم پر

رہنمائی کر رہا ہوں'' وہ مومن بولا ''اے میری قوم! مجھے ڈر ہے کہیں تم پر وہی عذاب نہ آ جائے جو اس سے پہلے

مِّثْلَ يَوْمِ الْاَحْزَابِ ۙ﴿30﴾ مِثْلَ دَاْبِ قَوْمِ نُوْحٍ وَّعَادٍ وَّثَمُوْدَ

جیسے | دن | پہلی قوموں کا | جیسے | طریقہ | قوم | نوح کا | اور عاد کا | اور ثمود کا

دوسری قوموں پر آ چکا۔ جیسے قومِ نوح، قومِ عاد اور قومِ ثمود پر

وَالَّذِيْنَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ ؕ وَمَا اللّٰهُ يُرِيْدُ ظُلْمًا لِّلْعِبَادِ ﴿31﴾ وَيٰقَوْمِ

اوران کا جو تھے | سے | ان کے بعد | اور نہیں | اللہ | چاہتا | ظلم کرنا | بندوں پر | اور اے میری قوم

اور ان کے بعد والوں پر آیا۔ اللہ اپنے بندوں پر ظلم نہیں کرنا چاہتا۔ اے میری قوم

اِنِّيْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ يَوْمَ التَّنَادِ ۙ﴿32﴾ يَوْمَ تُوَلُّوْنَ مُدْبِرِيْنَ ۚ مَا

بیشک | میں ڈرتا ہوں | تم پر | دن | پکارنے (قیامت) کے | جس دن | تم پلٹو گے | پیٹھ پھیر کر | نہیں

مجھے تمہارے بارے میں اس دن کا ڈر ہے جب بڑی چیخ و پکار ہو گی۔ اس دن تم پیٹھ پھیر کر بھاگو گے۔ تمہیں

لَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ عَاصِمٍ ۚ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ

تم کو | سے | اللہ | کوئی | بچانے والا | اور جسے | گمراہ کرے | اللہ | پھر نہیں | اس کو | کوئی

اللہ سے بچانے والا کوئی نہ ہو گا۔ جسے اللہ گمراہ کر دے، اسے کوئی ہدایت

هَادٍ ﴿33﴾ وَلَقَدْ جَآءَكُمْ يُوْسُفُ مِنْ قَبْلُ بِالْبَيِّنٰتِ فَمَا زِلْتُمْ فِيْ

ہدایت دینے والا | اور بیشک | آیا تمہارے پاس | یوسف | سے | پہلے | روشن دلیلوں کے ساتھ | پھر | تم ہمیشہ رہے | میں

دینے والا نہیں۔ اس سے پہلے یوسف علیہ السلام تمہارے پاس کھلی نشانیاں لے کر آئے مگر تم ان کی لائی ہوئی باتوں کے بارے میں

شَكٍّ مِّمَّا جَآءَكُمْ بِهٖ ؕ حَتّٰٓى اِذَا هَلَكَ قُلْتُمْ لَنْ يَّبْعَثَ اللّٰهُ

شک | اس سے جو | وہ لایا تمہارے | پاس | یہاں تک کہ | جب | وہ فوت ہوا | تم نے کہا | ہرگز نہیں | بھیجے گا | اللہ

شک میں پڑے رہے۔ یہاں تک کہ جب ان کی وفات ہو گئی تو تم نے کہا ''ان کے بعد اللہ ہرگز کوئی

مِنْۢ بَعْدِهٖ رَسُوْلًا ؕ كَذٰلِكَ يُضِلُّ اللّٰهُ مَنْ هُوَ مُسْرِفٌ مُّرْتَابُ ۚ﴿34﴾

سے | اس کے بعد | کوئی رسول | اسی طرح | گمراہ کرتا ہے | اللہ | اسے جو | وہ ہو | حد سے بڑھنے والا | شک کرنیوالا

رسول نہ بھیجے گا'' اس طرح اللہ ان لوگوں کو گمراہ کرتا ہے جو حد سے گزرنے والے اور شک کرنے والے ہوتے ہیں،

الَّذِيْنَ يُجَادِلُوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِ اللّٰهِ بِغَيْرِ سُلْطٰنٍ اَتٰىهُمْ ؕ كَبُرَ مَقْتًا

جو لوگ کہ | جھگڑتے ہیں | بارے میں | آیتوں | اللہ کی | بغیر | دلیل کے | جو آئی ہو انکے پاس | یہ بڑی ہے | ناراضی

جو اللہ کی آیتوں میں جھگڑا کرتے ہیں بغیر کسی دلیل کے جو ان کے پاس آئی ہو۔ ایسے لوگوں کی روش

عِنْدَ اللّٰهِ وَعِنْدَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ؕ كَذٰلِكَ يَطْبَعُ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ قَلْبِ

نزدیک | اللہ کے | اور نزدیک | ان کے جو | ایمان لائے | اسی طرح | مہر لگا دیتا ہے | اللہ | پر | ہر | دل

اللہ کو اور ایمان والوں کو سخت ناپسند ہے۔ اس طرح اللہ ہر مغرور اور سرکش کے دل پر مہر

مُتَكَبِّرٍ جَبَّارٍ ﴿35﴾ وَقَالَ فِرْعَوْنُ يٰهَامٰنُ ابْنِ لِيْ صَرْحًا لَّعَلِّيْٓ اَبْلُغُ

متکبر | سرکش کے | اور کہا | فرعون نے | اے ہامان | تو بنا | میرے لئے | ایک محل | تا کہ | میں پہنچوں

لگا دیتا ہے۔ فرعون نے کہا ''اے ہامان میرے لئے اونچی عمارت بنا، تاکہ میں ان بلندیوں تک

الْاَسْبَابَ ﴿36﴾ اَسْبَابَ السَّمٰوٰتِ فَاَطَّلِعَ اِلٰٓى اِلٰهِ مُوْسٰى وَاِنِّيْ لَاَظُنُّهٗ

راستوں تک | راستوں | آسمانوں کے تک | پھر میں جھانکوں | طرف | معبود کی | موسیٰ کے | اور بیشک | میں گمان کرتا ہوں اسے

پہنچوں جہاں آسمان کے دروازے ہیں، پھر وہاں سے موسیٰ علیہ السلام کے خدا کو جھانک کر دیکھوں میں موسیٰ علیہ السلام کو

كَاذِبًا ؕ وَكَذٰلِكَ زُيِّنَ لِفِرْعَوْنَ سُوْٓءُ عَمَلِهٖ وَصُدَّ عَنِ السَّبِيْلِ ؕ

جھوٹا | اور اسی طرح | خوشنما بنایا گیا | فرعون کے لیے | برا | عمل اسکا | اور اسے روکا گیا | سے | سیدھی راہ

جھوٹا سمجھتا ہوں'' اور اس طرح فرعون کے برے اعمال اس کے لئے خوشنما بنا دیے گئے۔ وہ سیدھے راستے سے روک دیا گیا

وَمَا كَيْدُ فِرْعَوْنَ اِلَّا فِيْ تَبَابٍ ﴿37﴾ ع وَقَالَ الَّذِيْٓ اٰمَنَ يٰقَوْمِ

4 ع 10 9

اور نہ تھی | چال | فرعون کی | مگر | میں | ہلاکت | اور کہا | اس نے جو | ایمان لایا تھا | اے میری قوم

اس کی ساری تدبیریں برباد ہو کر رہ گئیں۔ اس مومن نے کہا اے میری قوم

اتَّبِعُوْنِ اَهْدِكُمْ سَبِيْلَ الرَّشَادِ ﴿38﴾ ج يٰقَوْمِ اِنَّمَا هٰذِهِ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا

تم پیروی کرو میری | میں دکھاؤں تمہیں | راہ | ہدایت کی | اے میری قوم | صرف | یہ | زندگی | دنیا کی ہے

میری بات مانو، میں تمہیں صحیح راستہ بتاتا ہوں۔ اے میری قوم! یہ دنیا کی زندگی چند

مَتَاعٌ ز وَّاِنَّ الْاٰخِرَةَ هِيَ دَارُ الْقَرَارِ ﴿39﴾ مَنْ عَمِلَ سَيِّئَةً

تھوڑا سا فائدہ | اور بیشک | آخرت | وہی ہے | گھر | رہنے کا | جس نے | کی | برائی

روزہ ہے، اصل منزل آخرت ہے۔ جو شخص برائی کرے گا، اسے اس کی برائی کے برابر

فَلَا يُجْزٰٓى اِلَّا مِثْلَهَا ج وَمَنْ عَمِلَ صَالِحًا مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى وَهُوَ

تو نہیں بدلہ دیا جائے گا | مگر | برابر اسی کے | اور جو | عمل کرے | اچھا | کوئی | مرد | یا | عورت | جبکہ وہ ہو

سزا ملے گی۔ جو شخص نیک کام کرے گا خواہ مرد ہو یا عورت بشرطیکہ وہ ہو

مُؤْمِنٌ فَاُولٰٓئِكَ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ يُرْزَقُوْنَ فِيْهَا بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿40﴾

ایمان والا | تو ایسے لوگ | داخل ہوں گے | جنت میں | ان کو رزق دیا جائے گا | اس میں | بے | حساب

مومن، تو ایسے لوگ جنت میں داخل ہوں گے۔ وہاں انہیں بے حساب رزق ملے گا۔

وَيٰقَوْمِ مَا لِيْٓ اَدْعُوْكُمْ اِلَى النَّجٰوةِ وَتَدْعُوْنَنِيْٓ اِلَى النَّارِ ﴿41﴾

اور اے میری قوم | کیا ہے | مجھے | میں بلاتا ہوں تمہیں | طرف | نجات کی | اور تم بلاتے ہو مجھے | طرف | آگ کی

اے میری قوم! کیا بات ہے میں تمہیں نجات کی طرف بلاتا ہوں، تم مجھے دوزخ کی طرف بلاتے ہو۔

تَدْعُوْنَنِيْ لِاَكْفُرَ بِاللّٰهِ وَاُشْرِكَ بِهٖ مَا لَيْسَ لِيْ بِهٖ عِلْمٌ ۫ وَّاَنَا

تم پکارتے ہو مجھے | تاکہ میں انکار کروں | اللہ کا | اور میں شریک ٹھہراؤں | اس کا | اسے کہ | نہیں ہے | مجھے | جس کا | کچھ علم | اور میں

تم مجھے بلاتے ہو کہ میں اللہ کے ساتھ کفر کروں اور وہ شرک کروں جس کا میرے پاس کوئی علم نہیں۔ حالانکہ میں

اَدْعُوْكُمْ اِلَى الْعَزِيْزِ الْغَفَّارِ ﴿42﴾ لَاجَرَمَ اَنَّمَا تَدْعُوْنَنِيْٓ اِلَيْهِ

بلاتا ہوں تمہیں | طرف | غالب | بخشنے والے کی | بلاشبہ | کہ | تم بلاتے ہو مجھے | جس کی طرف

تمہیں اللہ کی طرف بلا رہا ہوں جو غالب اور بار بار بخشنے والا ہے۔ یقینی بات ہے تم جن معبودوں کی طرف مجھے بلاتے ہو وہ اس لائق

لَيْسَ لَهٗ دَعْوَةٌ فِي الدُّنْيَا وَلَا فِي الْاٰخِرَةِ وَاَنَّ مَرَدَّنَآ اِلَى

نہیں ہے (مناسب) | اس کو | پکارنا | میں | دنیا | اور نہ | میں | آخرت | اور یہ کہ | پلٹنا ہمارا ہے | طرف

نہیں کہ انہیں پکارا جائے، نہ دنیا میں اور نہ آخرت میں۔ بے شک ہم سب کو اللہ کے

اللّٰهِ وَاَنَّ الْمُسْرِفِيْنَ هُمْ اَصْحٰبُ النَّارِ ﴿43﴾ فَسَتَذْكُرُوْنَ مَآ اَقُوْلُ

اللہ کی | اور یہ کہ | حد سے بڑھنے والے | وہی ہیں | والے | آگ | پس ضرور تم یاد کرو گے | جو | میں کہتا ہوں

پاس جانا ہے۔ حد سے گزرنے والے آگ میں جانے والے ہیں۔ آگے چل کر تم میری بات کو یاد

لَكُمْ ۭ وَاُفَوِّضُ اَمْرِيْٓ اِلَى اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ بَصِيْرٌۢ بِالْعِبَادِ ﴿44﴾ فَوَقٰىهُ

تم کو | اور میں سپرد کرتا ہوں | اپنا کام | طرف | اللہ کی | بیشک | اللہ | دیکھنے والا ہے | بندوں کو | پھر بچا لیا اس (مومن) کو

کرو گے۔ میں اپنا معاملہ اللہ کے سپرد کرتا ہوں۔ بے شک اللہ تمام بندوں کو دیکھ رہا ہے۔'' پھر اللہ نے اس

اللّٰهُ سَيِّاٰتِ مَا مَكَرُوْا وَحَاقَ بِاٰلِ فِرْعَوْنَ سُوْٓءُ الْعَذَابِ ﴿45﴾ ج

اللہ نے | ان بری چالوں سے | جو | انہوں نے چلی تھیں | اور گھیر لیا | قوم فرعون کو | برے | عذاب نے

مردِ مومن کو ان لوگوں کی بری چالوں سے بچا لیا اور فرعون والوں کو برے عذاب نے گھیر لیا۔

اَلنَّارُ يُعْرَضُوْنَ عَلَيْهَا غُدُوًّا وَّعَشِيًّا ۚ وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ ۣ

وہ آگ ہے | وہ پیش کیے جاتے ہیں | اس پر | صبح کو | اور شام کو | اور جس دن | قائم ہوگی | قیامت

ان لوگوں کو برزخ میں صبح و شام دوزخ کی آگ کے سامنے کھڑا کیا جاتا ہے اور جس دن قیامت قائم ہو گی

اَدْخِلُوْٓا اٰلَ فِرْعَوْنَ اَشَدَّ الْعَذَابِ ﴿۴۶﴾ وَاِذْ يَتَحَآجُّوْنَ فِي النَّارِ

تم داخل کرو | قوم | فرعون کو | سخت | عذاب میں | اور جب | وہ آپس میں جھگڑیں گے | میں | آگ

توحکم ہو گا ”فرعونیوں کو سخت ترین عذاب میں ڈالا جائے“ جب دوزخی ایک دوسرے سے جھگڑیں گے

فَيَقُوْلُ الضُّعَفٰٓؤُا لِلَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْٓا اِنَّا كُنَّا لَكُمْ تَبَعًا فَهَلْ اَنْتُمْ

پھر کہیں گے | کمزور لوگ | ان کو جو | تکبر کیا کرتے تھے | بیشک | ہم تھے | تمہارے | تابع | پس کیا | تم ہو

تو کمزور لوگ بڑا بننے والوں سے کہیں گے ”ہم تمہارے تابع تھے۔ کیا تم

مُّغْنُوْنَ عَنَّا نَصِيْبًا مِّنَ النَّارِ ﴿۴۷﴾ قَالَ الَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْٓا اِنَّا كُلٌّ

بچانے والے | ہم کو | کچھ | سے | آگ | کہیں گے | وہ جو | تکبر کرتے تھے | بیشک ہم | سب ہیں

دوزخ کا کچھ عذاب ہم سے ہٹا سکتے ہو؟“ بڑے لوگ کہیں گے ”ہم سب اس

فِيْهَآ ۙ اِنَّ اللّٰهَ قَدْ حَكَمَ بَيْنَ الْعِبَادِ ﴿۴۸﴾ وَقَالَ الَّذِيْنَ فِي النَّارِ

اس میں | بیشک | اللہ نے | ہے | فیصلہ کردیا | درمیان | بندوں کے | اور کہیں گے | وہ جو ہوں گے | میں | آگ

میں ہیں۔ اللہ نے بندوں کے درمیان فیصلہ کر دیا“ اور دوزخی لوگ جہنم کے

لِخَزَنَةِ جَهَنَّمَ ادْعُوْا رَبَّكُمْ يُخَفِّفْ عَنَّا يَوْمًا مِّنَ الْعَذَابِ ﴿۴۹﴾ قَالُوْٓا

چوکیداروں کو | دوزخ کے | تم دعا کرو | اپنے رب سے | وہ کم کردے | ہم سے | ایک دن | سے | عذاب | وہ کہیں گے

محافظ فرشتوں سے کہیں گے ”تم اپنے رب سے دعا کرو وہ ہمارے عذاب میں ایک دن کی کمی کردے“ وہ جواب دیں گے

اَوَلَمْ تَكُ تَاْتِيْكُمْ رُسُلُكُمْ بِالْبَيِّنٰتِ ۭ قَالُوْا بَلٰى ۭ قَالُوْا

کیانہیں | تھے | آئے تمہارے پاس | تمہارے رسول | روشن دلیلوں کے ساتھ | وہ کہیں گے | کیوں نہیں | وہ (چوکیدار) کہیں گے

”کیا تمہارے پاس تمہارے رسول کھلی نشانیاں لے کر نہیں آئے تھے؟“ وہ کہیں گے ”ہاں“ فرشتے کہیں گے

ع 5 13 10

فَادْعُوْا ۚ وَمَا دُعٰٓؤُا الْكٰفِرِيْنَ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ ﴿۵۰﴾ اِنَّا لَنَنْصُرُ رُسُلَنَا

پس تم دعا کرو | اور نہیں | دعا | کافروں کی | مگر | میں | تباہی | بیشک ہم | ضرور ہم مدد کرتے ہیں | اپنے رسولوں کی

”پھر تم خود ہی دعا کرو“ اور کافروں کی پکار تو بیکار ہے۔ بےشک ہم مدد کرتے ہیں دنیا کی زندگی میں

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَيَوْمَ يَقُوْمُ الْاَشْهَادُ ﴿۵۱﴾ يَوْمَ

اور ان کی جو | ایمان لائے | میں | زندگی | دنیا کی | اور جس دن | کھڑے ہوں گے | گواہی دینے والے | جس دن

اپنے رسولوں کی اور ایمان والوں کی، اور اس دن بھی مدد کریں گے جب گواہ کھڑے ہوں گے۔ جس دن

لَا يَنْفَعُ الظّٰلِمِيْنَ مَعْذِرَتُهُمْ وَلَهُمُ اللَّعْنَةُ وَلَهُمْ سُوْٓءُ الدَّارِ ﴿52﴾

نہیں فائدہ دے گا | ظالموں کو | ان کا عذر | اور ان کے لیے ہے | لعنت | اور ان کے لیے ہے | برائی | (اس) گھر کی

ظالموں کو ان کی معذرت کچھ فائدہ نہ دے گی بلکہ ان کے لئے لعنت ہو گی اور ان کے لئے برا ٹھکانا ہو گا۔

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْهُدٰى وَاَوْرَثْنَا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ الْكِتٰبَ ﴿53﴾

اور بیشک | ہم نے دی | موسیٰ کو | ہدایت | اور ہم نے وارث بنایا | بنی اسرائیل کو | کتاب کا

ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو کتاب ہدایت دی اور بنی اسرائیل کو اس کتاب کا وارث بنایا۔

هُدًى وَّذِكْرٰى لِاُولِي الْاَلْبَابِ ﴿54﴾ فَاصْبِرْ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ

ہدایت | اور نصیحت | عقل والوں کے لیے | پس تو صبر کر | بیشک | وعدہ | اللہ کا | سچ ہے

وہ کتاب عقل والوں کے لئے ہدایت اور نصیحت تھی۔ اور اے نبی ﷺ آپ ﷺ صبر کریں۔ بے شک اللہ کا وعدہ برحق ہے۔

وَّاسْتَغْفِرْ لِذَنْۢبِكَ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ بِالْعَشِيِّ وَالْاِبْكَارِ ﴿55﴾ اِنَّ

اور تو بخشش مانگ | اپنے گناہوں کی | اور تو تسبیح کر | ساتھ حمد کے | اپنے رب کی | شام کو | اور صبح کو | بیشک

اپنی لغزشوں کی معافی مانگیں اور صبح و شام اپنے رب کی حمد و ثنا کے ساتھ تسبیح کریں۔ جو

الَّذِيْنَ يُجَادِلُوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِ اللّٰهِ بِغَيْرِ سُلْطٰنٍ اَتٰىهُمْ ۙ اِنْ فِيْ

جو لوگ | جھگڑتے ہیں | بارے میں | آیتوں کے | اللہ کی | بغیر | دلیل کے جو | آئی ہو انکے پاس | نہیں | میں

لوگ بغیر صحیح دلیل کے اللہ کی آیتوں میں جھگڑتے ہیں ان کے

صُدُوْرِهِمْ اِلَّا كِبْرٌ مَّا هُمْ بِبَالِغِيْهِ ۚ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ ۭ اِنَّهٗ هُوَ

ان کے سینوں | مگر | تکبر | نہیں | وہ | پہنچنے والے اس تک | پس تو پناہ مانگ | اللہ کی | بیشک وہ | وہی ہے

دلوں میں تکبر ہے جس کے باعث وہ کبھی مراد نہیں پائیں گے۔ تم اللہ کی پناہ مانگو۔ بے شک وہ

السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ ﴿56﴾ لَخَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَكْبَرُ مِنْ خَلْقِ النَّاسِ

خوب سننے والا | خوب دیکھنے والا | البتہ پیدا کرنا | آسمانوں کا | اور زمین کا | بڑا ہے | سے | پیدا کرنے | لوگوں کو

سننے والا دیکھنے والا ہے۔ یقیناً آسمانوں اور زمین کا پیدا کرنا انسانوں کے دوبارہ پیدا کرنے سے زیادہ بڑا کام ہے۔

وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿57﴾ وَمَا يَسْتَوِي الْاَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ ڏ

اور لیکن | اکثر | لوگ | نہیں | وہ جانتے | اور نہیں | برابر ہوتا | اندھا | اور دیکھنے والا

لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے۔ اور جیسے اندھا اور آنکھوں والا برابر نہیں ہو سکتا

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَلَا الْمُسِيْٓءُ ؕ قَلِيْلًا مَّا

اور وہ لوگ جو | ایمان لائے | اور انہوں نے عمل کئے | اچھے | اور نہ | برائی کرنیوالا | کم ہے | جو

اسی طرح باعمل مومن اور برے لوگ یکساں نہیں ہو سکتے۔ مگر تم لوگ بہت کم

تَتَذَكَّرُوْنَ ﴿58﴾ اِنَّ السَّاعَةَ لَاٰتِيَةٌ لَّا رَيْبَ فِيْهَا وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ

تم نصیحت پاتے ہو | بیشک | گھڑی (قیامت کی) | ضرور آنے والی ہے | نہیں | کوئی شک | اس میں | اور لیکن | اکثر

سمجھتے ہو۔ بے شک قیامت آ کے رہے گی۔ اس میں کوئی شک نہیں۔ لیکن اکثر لوگ

النَّاسِ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿59﴾ وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُوْنِيْٓ اَسْتَجِبْ لَكُمْ ؕ اِنَّ

لوگ | نہیں | وہ ایمان لاتے | اور کہا | تمہارے رب نے | تم پکارو مجھے | میں جواب دوں گا | تم کو | بیشک

نہیں مانتے۔ تمہارے رب نے فرما دیا ہے "مجھے پکارو میں تمہاری پکار سنوں گا۔ مگر جو

ع 6 10 11

الَّذِيْنَ يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِيْ سَيَدْخُلُوْنَ جَهَنَّمَ دٰخِرِيْنَ ﴿60﴾ ع اَللّٰهُ

جو لوگ | تکبر کرتے ہیں | سے | میری عبادت | جلد وہ داخل ہوں گے | دوزخ میں | ذلیل ہو کر | اللہ ہے

لوگ میری عبادت کو ٹھکراتے ہیں وہ عنقریب ذلیل ہو کر جہنم میں داخل ہوں گے۔ لوگو اللہ

الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الَّيْلَ لِتَسْكُنُوْا فِيْهِ وَالنَّهَارَ مُبْصِرًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ

وہ جس نے | بنائی | تمہارے لیے | رات | تا کہ تم آرام کرو | اس میں | اور دن کو | روشن | بیشک | اللہ

وہ ہے جس نے تمہارے لئے رات بنائی تا کہ تم اس میں آرام کرو اور دن کو روشن کیا۔ بے شک اللہ

لَذُوْ فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَشْكُرُوْنَ ﴿61﴾

ضرور فضل والا ہے | پر | لوگوں | اور لیکن | اکثر | لوگ | نہیں | وہ شکر کرتے

بڑا مہربان ہے لوگوں پر، لیکن اکثر لوگ شکر نہیں کرتے۔

وقف لازم

ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ ۘ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۫ فَاَنّٰى

یہ ہے | اللہ | رب تمہارا | خالق | ہر | چیز کا | نہیں | کوئی معبود | سوائے | اس کے | پھر کہاں سے

وہی اللہ تمہارا مالک ہے، ہر چیز کا خالق ہے۔ اس کے سوا کوئی معبود نہیں، پھر تم کہاں

تُؤْفَكُوْنَ ﴿62﴾ كَذٰلِكَ يُؤْفَكُ الَّذِيْنَ كَانُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ يَجْحَدُوْنَ ﴿63﴾ اَللّٰهُ

تم پلٹائے جاتے ہو | اسی طرح | پلٹائے جاتے ہیں | وہ لوگ جو | تھے | آیتوں کا | اللہ کی | وہ انکار کرتے | اللہ

بھٹکائے جاتے ہو! اسی طرح پہلے لوگ بھی بھٹکے تھے جو اللہ کی آیتوں کا انکار کرتے تھے۔ اسی اللہ نے

اَللّٰهُ الَّذِیْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ قَرَارًا وَّالسَّمَآءَ بِنَآءً وَّصَوَّرَكُمْ فَاَحْسَنَ

جس نے | بنایا | تمہارے لیے | زمین کو | رہنے کا مقام | اور آسمان کو | چھت | اور اس نے شکلیں بنائیں تمہاری | پھر اچھی بنائیں

تمہارے لئے زمین کو ٹھکانا بنایا اور آسمان کو چھت بنایا۔ اس نے تمہاری شکل و صورت بنائی اور خوب

صُوَرَكُمْ وَرَزَقَكُمْ مِّنَ الطَّیِّبٰتِ ؕ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ ۚۖ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ

صورتیں تمہاری | اور رزق دیا تمہیں | سے | پاکیزہ چیزوں | یہ ہے | اللہ | رب تمہارا | پس برکت والا ہے | اللہ

بنائی۔ اسی نے تمہیں پاکیزہ چیزوں سے رزق دیا۔ وہی اللہ تمہارا رب ہے۔ بڑا بابرکت ہے اللہ

رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۶۴﴾ هُوَ الْحَیُّ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَادْعُوْهُ مُخْلِصِیْنَ لَهُ

رب | جہانوں کا | وہ | زندہ ہے | نہیں | معبود | سوائے | اسکے | پس تم پکارو اسے | خالص کرتے ہوئے | اسی کیلئے

جو سارے جہان کا رب ہے۔ وہی زندہ ہے۔ اس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ تم اسی کو پکارو۔ اخلاص کے ساتھ اسی کی

الدِّیْنَ ؕ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۶۵﴾ قُلْ اِنِّیْ نُهِیْتُ اَنْ اَعْبُدَ

اطاعت کو | سب تعریف ہے | اللہ کیلئے | جو رب ہے | کائنات کا | کہہ دیجئے | بیشک | مجھے منع کیا گیا | کہ | میں عبادت کروں

اطاعت کرو۔ ساری تعریف اُس اللہ کے لئے ہے جو رب العالمین ہے۔ اے نبی ﷺ آپ ﷺ ان لوگوں سے کہیں ''مجھے اس

الَّذِیْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ لَمَّا جَآءَنِیَ الْبَیِّنٰتُ مِنْ رَّبِّیْ ؗ

ان کی جسے | تم پکارتے ہو | سے | سوا | اللہ کے | جب کہ | آئی ہیں میرے پاس | روشن دلیلیں | طرف سے | میرے رب کی

سے منع کیا گیا ہے کہ میں ان کی پوجا کروں جنہیں تم اللہ کے سوا پکارتے ہو۔ میرے پاس کھلی دلیلیں آ چکی ہیں

وَاُمِرْتُ اَنْ اُسْلِمَ لِرَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۶۶﴾ هُوَ الَّذِیْ خَلَقَكُمْ مِّنْ تُرَابٍ

اور مجھے حکم دیا گیا ہے | کہ میں | فرمانبردار ہو جاؤں | رب کا | کائنات کے | وہی ہے | جس نے | پیدا کیا تمہیں | سے | مٹی

اور مجھے یہ حکم دیا گیا ہے کہ میں رب العالمین کے آگے جھک جاؤں۔'' لوگو! وہی اللہ ہے جس نے تمہیں مٹی سے پیدا کیا،

ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ مِنْ عَلَقَةٍ ثُمَّ یُخْرِجُكُمْ طِفْلًا ثُمَّ

پھر | سے | نطفے | پھر | سے | جمے ہوئے لہو | پھر | وہ نکالتا ہے تمہیں | بچے کی صورت | پھر

پھر نطفے سے، پھر خون کے لوتھڑے سے، پھر وہ تمہیں بچہ بنا کر پیدا کرتا ہے۔ وہ

لِتَبْلُغُوْٓا اَشُدَّكُمْ ثُمَّ لِتَكُوْنُوْا شُیُوْخًا ۚ وَمِنْكُمْ مَّنْ یُّتَوَفّٰی مِنْ

تاکہ تم پہنچو | اپنی جوانی کو | پھر | تاکہ تم ہو جاؤ | بوڑھے | اور بعض تمہارے ہیں | جو | فوت کیے جاتے ہیں | سے

تمہاری پرورش کرتا ہے تاکہ تم اپنی جوانی کو پہنچو۔ پھر اس کے بعد بوڑھے ہو جاؤ۔ تم میں سے کوئی پہلے ہی مر جاتا ہے۔

قَبْلُ وَلِتَبْلُغُوْٓا اَجَلًا مُّسَمًّى وَّلَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿67﴾ هُوَ الَّذِيْ يُحْيٖ

پہلے | اورتاکہ تم پہنچو | ایک وقت | مقررتک | اورتاکہ تم | تم سمجھو | وہی ہے | جو | زندہ کرتا ہے

یہ سلسلہ تمہیں قیامت کے مقررہ دن تک پہنچانے کے لئے ہے تاکہ تم اس پر غور کرو۔ وہی اللہ ہے جو زندہ کرتا

وَيُمِيْتُ ۚ فَاِذَا قَضٰٓى اَمْرًا فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ﴿68﴾ اَلَمْ

اور مارتا ہے | پھر جب | وہ فیصلہ کرتا ہے | کسی کام کا | توصرف | وہ کہتا ہے | اس کو | تو ہوجاؤ | پھر وہ ہوجاتا ہے | کیا نہیں

اور مارتا ہے۔ وہ جب کسی کام کا فیصلہ کرلیتا ہے تو بس اتنا کہتا ہے ''ہو جا'' اور وہ ہو جاتا ہے۔ کیا

تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ يُجَادِلُوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِ اللّٰهِ ۭ اَنّٰى يُصْرَفُوْنَ ﴿69﴾ الَّذِيْنَ

تونے دیکھا | طرف | ان کی جو | جھگڑتے ہیں | بارے میں | آیتوں کے | اللہ کی | کہاں سے | وہ پلٹائے جاتے ہیں | جن لوگوں نے

تم نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جو اللہ کی آیتوں کے بارے میں جھگڑتے ہیں۔ ان کی عقل ماری گئی ہے یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے

كَذَّبُوْا بِالْكِتٰبِ وَبِمَآ اَرْسَلْنَا بِهٖ رُسُلَنَا ڤ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ﴿70﴾ اِذِ

جھٹلایا | کتاب کو | اور اُس کو جو | ہم نے بھیجا | ساتھ اسکے | اپنے رسولوں کو | پس جلد | وہ جان لیں گے | جب

قرآن کو جھٹلایا اور ہمارے پہلے رسولوں کی تعلیمات کا انکار کیا۔ انہیں اپنی اس روش کا نتیجہ جلد معلوم ہو جائے گا۔ جب

الْاَغْلٰلُ فِيْٓ اَعْنَاقِهِمْ وَالسَّلٰسِلُ ۭ يُسْحَبُوْنَ ﴿71﴾ فِي الْحَمِيْمِ ڏ ثُمَّ فِي

طوق ہوں گے | میں | ان کی گردنوں | اور زنجیریں ہوں گی | وہ گھسیٹے جائیں گے | میں | گرم پانی | پھر | میں

ان کی گردنوں میں طوق اور زنجیریں ہوں گی۔ وہ گھسیٹے جائیں گے کھولتے ہوئے پانی میں، پھر آگ میں جھونک دیے جائیں

النَّارِ يُسْجَرُوْنَ ﴿72﴾ ثُمَّ قِيْلَ لَهُمْ اَيْنَ مَا كُنْتُمْ تُشْرِكُوْنَ ﴿73﴾ مِنْ

آگ | وہ جھونکے جائیں گے | پھر | کہا جائے گا | ان کو | کہاں ہیں | جن کو | تم تھے | شریک ٹھہراتے | سے

گے۔ پھر ان سے کہا جائے گا، ''کہاں ہیں وہ جنہیں تم شریک بناتے تھے،

دُوْنِ اللّٰهِ ۭ قَالُوْا ضَلُّوْا عَنَّا بَلْ لَّمْ نَكُنْ نَّدْعُوْا مِنْ قَبْلُ

سوائے | اللہ کے | وہ کہیں گے | گم ہوئے | ہم سے | بلکہ | نہ | ہم تھے | ہم پکارتے | سے | پہلے

اللہ کو چھوڑ کر؟'' وہ کہیں گے ''وہ ہم سے کھوئے گئے۔ بلکہ ہم اس سے پہلے کسی چیز کو پوجتے ہی

شَيْـــًٔا ۭ كَذٰلِكَ يُضِلُّ اللّٰهُ الْكٰفِرِيْنَ ﴿74﴾ ذٰلِكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَفْرَحُوْنَ فِي

کسی چیز کو | اسی طرح | گمراہ کرتا ہے | اللہ | کافروں کو | یہ ہے | بسبب اسکے جو | تم تھے | جشن مناتے | میں

نہ تھے'' اس طرح اللہ کافروں کو برباد کرتا ہے۔ پھر ان سے کہا جائے گا ''یہ نتیجہ ہے اس کا جو تم دنیا میں

الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَبِمَا كُنْتُمْ تَمْرَحُوْنَ ﴿٧٥﴾ اُدْخُلُوْٓا اَبْوَابَ جَهَنَّمَ

زمین | نا | حق | اور بسبب اسکے جو | تم تھے | تم اکڑتے | تم داخل ہو جاؤ | دروازوں سے | دوزخ کے

ناحق خوش ہوتے اور غرور کرتے تھے۔ اب جہنم کے دروازوں میں داخل ہو جاؤ۔

خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۚ فَبِئْسَ مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِيْنَ ﴿٧٦﴾ فَاصْبِرْ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ

ہمیشہ رہنے والے | اس میں | پس برا ہے | ٹھکانا | تکبر کرنیوالوں کا | پس تو صبر کر | بیشک | وعدہ | اللہ کا

اس میں تمہیں ہمیشہ رہنا ہے" تو دیکھو، کیسا برا ٹھکانا ہے تکبر کرنے والوں کا۔ اے نبی ﷺ آپ ﷺ صبر کریں۔ اللہ کا وعدہ

حَقٌّ ۚ فَاِمَّا نُرِيَنَّكَ بَعْضَ الَّذِيْ نَعِدُهُمْ اَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ فَاِلَيْنَا

سچا ہے | پھر اگر | ہم دکھائیں تجھے | بعض | اس کا جس کا | ہم وعدہ کرتے ہیں ان سے | یا | ہم وفات دیں تجھے | پھر ہماری طرف

سچا ہے۔ کافروں کو ہم جس عذاب سے ڈرا رہے ہیں ممکن ہے اس کا کچھ حصہ آپ ﷺ کی زندگی میں آپ کو دکھا دیں، یا پھر آپ کی

يُرْجَعُوْنَ ﴿٧٧﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا رُسُلًا مِّنْ قَبْلِكَ مِنْهُمْ مَّنْ قَصَصْنَا

وہ لوٹائے جائینگے | اور بیشک | ہم نے بھیجے | رسول | سے | پہلے تجھ | بعض ان میں ہے | جس کا | ہم نے قصہ بیان کیا

وفات کے بعد دکھائیں۔ بہر حال انہیں ہمارے پاس آنا ہے۔ اے نبی ﷺ ہم نے آپ ﷺ سے پہلے بہت سے رسول بھیجے جن

عَلَيْكَ وَمِنْهُمْ مَّنْ لَّمْ نَقْصُصْ عَلَيْكَ ۗ وَمَا كَانَ لِرَسُوْلٍ اَنْ

تجھ پر | اور بعض ان میں ہے | جس کا | نہیں | ہم نے قصہ بیان کیا | تجھ پر | اور نہ | تھا (اختیار) | کسی رسول کو | کہ

میں سے بعض کے حالات آپ ﷺ کو سنائے ہیں اور بعض کے حالات نہیں سنائے۔ کسی رسول کے لئے یہ ممکن نہ تھا کہ

يَّاْتِيَ بِاٰيَةٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ۚ فَاِذَا جَآءَ اَمْرُ اللّٰهِ قُضِيَ بِالْحَقِّ

وہ لائے | کوئی نشانی | مگر | حکم سے | اللہ کے | پھر جب | آجائے گا | حکم | اللہ کا | فیصلہ کیا گیا | حق کے ساتھ

وہ اللہ کی مرضی کے بغیر اپنی طرف سے کوئی معجزہ دکھائے۔ پھر جب اللہ کی طرف سے پہلی امتوں پر عذاب کا حکم آیا تو اسکے مطابق

وَخَسِرَ هُنَالِكَ الْمُبْطِلُوْنَ ﴿٧٨﴾ ع اَللّٰهُ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَنْعَامَ

ع 8 10 13

اور خسارے میں پڑے | اس موقع پر | جھوٹے لوگ | اللہ وہ ہے | جس نے | بنائے | تمہارے لیے | چوپائے

فیصلہ کیا گیا۔ اُس وقت غلط کار لوگ خسارے میں رہے۔ لوگو! اللہ نے تمہارے لئے مویشی بنائے

لِتَرْكَبُوْا مِنْهَا وَمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ﴿٧٩﴾ وَلَكُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ وَلِتَبْلُغُوْا

تا کہ تم سواری کرو | ان میں سے بعض پر | اور بعض کو | تم کھاتے ہو | اور تمہارے لئے | ان میں | فائدے ہیں | اور تا کہ تم پہنچو

تا کہ تم ان میں سے بعض پر سواری کرو اور بعض کا گوشت کھاؤ۔ تمہارے لئے ان میں اور بھی فائدے ہیں تا کہ تم ان کے

عَلَيْهَا حَاجَةً فِيْ صُدُوْرِكُمْ وَعَلَيْهَا وَعَلَى الْفُلْكِ تُحْمَلُوْنَ ﴿80﴾

ان پر | اپنی حاجت کو | جو میں ہے | تمہارے سینوں | اور ان پر | اور کشتیوں پر | تمہیں سوار کرایا جاتا ہے

ذریعے اپنی اس حاجت تک پہنچو جو تمہارے دلوں میں ہو۔ ان کے علاوہ تم کشتیوں اور جہازوں پر بھی سواری کرتے ہو۔

وَيُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ ۖ فَاَيَّ اٰيٰتِ اللّٰهِ تُنْكِرُوْنَ ﴿81﴾ اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي

اور وہ دکھاتا ہے تمہیں | اپنی نشانیاں | پس کون سی | نشانی کا | اللہ کی | تم انکار کرو گے | کیا پھر نہیں | انہوں نے سیر کی | میں

اللہ تمہیں اپنی نشانیاں دکھاتا ہے۔ تم اللہ کی کن کن نشانیوں کا انکار کرو گے؟ کیا یہ لوگ زمین پر چلے پھرے

الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۭ كَانُوْٓا

زمین | پھر وہ دیکھتے | کیسا | ہوا | انجام | ان کا جو تھے | سے | ان کے پہلے | وہ تھے

نہیں تاکہ دیکھتے ان لوگوں کا انجام کیا ہوا جو ان سے پہلے ہو گزرے ہیں۔ وہ ان سے

اَكْثَرَ مِنْهُمْ وَاَشَدَّ قُوَّةً وَّاٰثَارًا فِي الْاَرْضِ فَمَآ اَغْنٰى عَنْهُمْ مَّا

زیادہ | ان سے | اور زیادہ | طاقت میں | اور نشانات میں | میں | زمین | پھر نہ | کام آیا | ان کے | جو

قوت میں بھی زیادہ تھے اور ان آثار میں بھی جو وہ زمین پر چھوڑ گئے، ان سے بڑھ کر تھے۔ پھر ان کی کمائی ان کے

كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿82﴾ فَلَمَّا جَاۗءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَرِحُوْا بِمَا

وہ تھے | وہ کماتے | پھر جب | آئے انکے پاس | ان کے رسول | روشن دلیلوں کے ساتھ | وہ اترائے | اس پر جو تھا

کام نہ آئی۔ جب ان کے پاس ہمارے پیغمبر کھلی نشانیاں لے کر آئے تو وہ لوگ اپنے اس علم و ہنر پر

عِنْدَهُمْ مِّنَ الْعِلْمِ وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿83﴾

ان کے پاس | کچھ | علم | اور گھیر لیا | ان کو | اس چیز نے | وہ تھے | جس کا | وہ مذاق اڑاتے

مغرور رہے جو ان کے پاس تھا اور پھر ان پر وہ عذاب آ پڑا جس کا وہ مذاق اڑاتے تھے۔

فَلَمَّا رَاَوْا بَاْسَنَا قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَحْدَهٗ وَكَفَرْنَا بِمَا كُنَّا بِهٖ

پھر جب | انہوں نے دیکھا | ہمارا عذاب | وہ بولے | ہم ایمان لائے | اللہ اکیلے پر | اور ہم نے انکار کیا | اس کا جو | ہم تھے | جس کو

جب انہوں نے ہمارا عذاب آتا دیکھا تو کہنے لگے ”اب ہم اللہ واحد پر ایمان لائے۔ ہم ان معبودوں کو نہیں مانتے جنہیں اس سے

مُشْرِكِيْنَ ﴿84﴾ فَلَمْ يَكُ يَنْفَعُهُمْ اِيْمَانُهُمْ لَمَّا رَاَوْا بَاْسَنَا ۭ سُنَّتَ

شریک ٹھہراتے | پھر نہ | ہوا کہ | فائدہ دے انکو | ان کا ایمان | جب | انہوں نے دیکھ لیا | ہمارا عذاب | قانون

پہلے اللہ کے شریک بناتے تھے۔“ مگر اس وقت ان کا ایمان لانا ان کے کام نہ آیا کیونکہ وہ ہمارا عذاب دیکھ چکے تھے۔ اس بارے

اللّٰهِ الَّتِیْ قَدْ خَلَتْ فِیْ عِبَادِهٖ ۚ وَ خَسِرَ هُنَالِكَ الْكٰفِرُوْنَ ﴿85﴾

اللہ کا | جو ہے | تحقیق | گزرا | بارے میں | اس کے بندوں کے | اور نقصان اٹھایا | اس موقع پر | کافروں نے

میں اللہ کی یہی سنت ہے جو اس کے بندوں میں جاری ہے کہ عذاب آنے پر کافروں کو برباد ہونا ہوتا ہے۔

(41) سُوْرَةُ حٰمٓ السَّجْدَة مَكِّيَّةٌ (61)

اٰیَاتُهَا 54 رُكُوْعَاتُهَا 6

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

حٰمٓ ﴿1﴾ تَنْزِیْلٌ مِّنَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ﴿2﴾ كِتٰبٌ فُصِّلَتْ اٰیٰتُهٗ

حٰمٓ | اتاری گئی ہے | طرف سے | نہایت مہربان | رحم کرنیوالے کی | کتاب کہ | الگ الگ بیان کی گئیں ہیں | جن کی آیتیں

حٰمٓ۔ یہ کلام اُس اللہ کی طرف سے نازل ہوا ہے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔ یہ ایسی کتاب ہے جس کی آیتوں کو الگ الگ

قُرْاٰنًا عَرَبِیًّا لِّقَوْمٍ یَّعْلَمُوْنَ ﴿3﴾ بَشِیْرًا وَّ نَذِیْرًا ۚ فَاَعْرَضَ اَكْثَرُهُمْ

قرآن | عربی ہے | واسطے ان لوگوں کے جو | جانتے ہیں | خوشخبری دینے والی | اور خبردار کرنیوالی | پھر منہ پھیرلیا | اکثریت انکی نے

واضح کیا گیا ہے۔ یہ عربی زبان کا قرآن ہے، ان لوگوں کے لئے جو اسے جانتے ہیں۔ یہ خوشخبری دیتا ہے اور خبردار بھی کرتا ہے لیکن

فَهُمْ لَا یَسْمَعُوْنَ ﴿4﴾ وَ قَالُوْا قُلُوْبُنَا فِیْۤ اَكِنَّةٍ مِّمَّا تَدْعُوْنَاۤ اِلَیْهِ

پس وہ | نہیں | وہ سنتے | اور انہوں نے کہا | دل ہمارے ہیں | میں | پردوں | اس سے جو | تو پکارتا ہے ہمیں | جس کی طرف

اکثر مشرک لوگ اس سے منہ موڑے ہوئے ہیں اور وہ نہیں سنتے۔ بلکہ نبی ﷺ سے کہتے ہیں ''ہمارے دل پردوں میں

وَ فِیْۤ اٰذَانِنَا وَقْرٌ وَّ مِنْۢ بَیْنِنَا وَ بَیْنِكَ حِجَابٌ فَاعْمَلْ اِنَّنَا

اور میں | ہمارے کانوں | بوجھ ہے | اور | ہمارے درمیان | اور تیرے درمیان | ایک پردہ ہے | پس تو کام کر | بیشک ہم بھی

محفوظ ہیں، جن پر تمہاری دعوت کا اثر نہیں ہوسکتا۔ ہمارے کان بھی اس کے لئے بہرے ہیں۔ ہمارے اور تمہارے درمیان میں

عٰمِلُوْنَ ﴿5﴾ قُلْ اِنَّمَاۤ اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ یُوْحٰۤى اِلَیَّ اَنَّمَاۤ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ

کام کرنیوالے ہیں | کہہ دیجئے | صرف | میں | بشر ہوں | تم جیسا | وحی کی جاتی ہے | میری طرف | یہ کہ | معبود تمہارا ہے | معبود

ایک پردہ ہے۔ تم اپنا کام کرو ہم اپنا کام کررہے ہیں'' اے نبی ﷺ آپ ﷺ ان سے کہیں ''میں تم جیسا بشر ہوں مگر مجھ پر وحی آتی

وَّاحِدٌ فَاسْتَقِیْمُوْۤا اِلَیْهِ وَ اسْتَغْفِرُوْهُ ؕ وَ وَیْلٌ لِّلْمُشْرِكِیْنَ ﴿6﴾ الَّذِیْنَ

اکیلا | پس تم سیدھے چلو | اس کی طرف | اور تم بخشش مانگو اس سے | اور ہلاکت ہے | مشرکوں کے لیے | جو کہ

ہے کہ تمہارا معبود ایک ہی معبود ہے۔ تم اسی کی طرف سیدھے رہو اور اس سے گناہوں کی معافی مانگو۔ لیکن تباہی ہے ان مشرکوں کے

لَا يُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ كٰفِرُوْنَ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

نہیں دیتے | زکوۃ | اور وہ | ساتھ آخرت کے | وہی | منکر ہیں | بیشک | جولوگ | ایمان لائے

لئے جو زکوۃ نہیں دیتے اور آخرت کے منکر ہیں۔ البتہ جو لوگ ایمان لائے

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ اَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُوْنٍ ۝ قُلْ اَئِنَّكُمْ لَتَكْفُرُوْنَ

اور انہوں نے عمل کئے | اچھے | ان کے لیے ہے | ثواب | نہ | ختم ہونے والا | کہہ دیجئے | کیا تم | البتہ تم انکار کرتے ہو

اور انہوں نے نیک عمل کئے ان کے لئے ایسا اجر ہے جو کبھی ختم ہونے والا نہیں۔'' اے نبی ﷺ آپ ﷺ ان سے کہیں ''کیا تم اس

بِالَّذِيْ خَلَقَ الْاَرْضَ فِيْ يَوْمَيْنِ وَتَجْعَلُوْنَ لَهٗٓ اَنْدَادًا ۭ ذٰلِكَ

اس کا جس نے | پیدا کیا | زمین کو | میں | دو دنوں | اور تم ٹھہراتے ہو | اس کے | شریک | وہ ہے

خدا کا انکار کرتے ہو جس نے زمین کو دو دن میں بنایا اور تم اس کے شریک بناتے ہو حالاں کہ وہی

رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ وَجَعَلَ فِيْهَا رَوَاسِيَ مِنْ فَوْقِهَا وَبٰرَكَ فِيْهَا

رب | جہانوں کا | اور اس نے بنائے | اس میں | مضبوط پہاڑ | سے | اس کے اوپر | اور برکت رکھی | ان میں

رب ہے سارے جہانوں کا۔ اسی نے زمین پر پہاڑ بنائے۔ پھر مضبوط پہاڑوں کے اندر فائدے کی چیزیں رکھ دیں اور زمین

وَقَدَّرَ فِيْهَآ اَقْوَاتَهَا فِيْٓ اَرْبَعَةِ اَيَّامٍ ۭ سَوَاۗءً لِّلسَّاۗىِٕلِيْنَ ۝ ثُمَّ

اور رکھ دیں | اس میں | اس کی غذائیں | میں | چار | دنوں | برابر ہے | پوچھنے والوں کے لیے | پھر

میں اس کے رہنے والوں کے لئے غذائی وسائل رکھ دیئے۔ یہ کام چار دنوں میں ہوا تا کہ ضرورت منداس سے پورا فائدہ اٹھا سکیں۔

اسْتَوٰٓى اِلَى السَّمَاۗءِ وَهِيَ دُخَانٌ فَقَالَ لَهَا وَلِلْاَرْضِ ائْتِيَا طَوْعًا

وہ متوجہ ہوا | طرف | آسمان کی | جبکہ وہ تھا | ابھی دھواں تھا | پھر اللہ نے کہا | اس کو | اور زمین کو | تم دونوں آؤ | خوشی سے

پھر اللہ آسمان کی طرف متوجہ ہوا جو ابھی دھواں تھا'' اللہ نے آسمان اور زمین سے کہا ''تم دونوں تعمیل کرو ہمارے حکم کی خوشی سے یا

اَوْ كَرْهًا ۭ قَالَتَآ اَتَيْنَا طَاۗىِٕعِيْنَ ۝ فَقَضٰىهُنَّ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ فِيْ

یا | بغیر خوشی کے | دونوں نے کہا | ہم آتے ہیں | خوشی سے | پھر اس نے بنائے انکے | سات | آسمان | میں

ناخوشی سے'' دونوں نے کہا ''ہم خوشی سے حاضر ہیں۔'' پھر اللہ نے دو اور دنوں میں ساتوں آسمان

يَوْمَيْنِ وَاَوْحٰى فِيْ كُلِّ سَمَاۗءٍ اَمْرَهَا ۭ وَزَيَّنَّا السَّمَاۗءَ الدُّنْيَا

دو دنوں | اور اس نے القاء کیا | میں | ہر | آسمان | اس کا حکم | اور ہم نے سجایا | آسمان کو | دنیا کے

بنائے اور ہر آسمان میں اس کا حکم بھیج دیا۔ اور ہم نے آسمانِ دنیا کو ستاروں کے چراغوں

بِمَصَابِيْحَ ۖ وَحِفْظًا ۭ ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ﴿12﴾ فَاِنْ اَعْرَضُوْا

سے چراغوں | اور حفاظت کی خاطر | یہ ہے | اندازہ | غالب | علم والے کا | پھر اگر | وہ منہ پھیر لیں

سے سجایا اور اسے محفوظ کر دیا۔ یہ سارا نظام اُس اللہ کا بنایا ہوا ہے جو غالب اور علم والا ہے۔ اے نبی ﷺ پھر اگر یہ کفار آپ ﷺ کی

فَقُلْ اَنْذَرْتُكُمْ صٰعِقَةً مِّثْلَ صٰعِقَةِ عَادٍ وَّثَمُوْدَ ﴿13﴾ ۭ اِذْ جَاۗءَتْهُمُ

پس کہہ دیجئے | میں نے خبردار کر دیا تمہیں | کڑک سے | جیسے | کڑک | عاد | اور ثمود کے | جب | آئے انکے پاس

دعوت سے منہ موڑتے ہیں تو آپ ﷺ ان سے کہہ دیں "میں تمہیں اسی طرح کے عذاب سے ڈراتا ہوں جس طرح کا عذاب قومِ

الرُّسُلُ مِنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ وَمِنْ خَلْفِهِمْ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّا اللّٰهَ ۭ

رسول | سے | سامنے انکے | اور سے | ان کے پیچھے | یہ کہ نہ | تم عبادت کرو | مگر | اللہ کی

عاد اور قومِ ثمود پر آیا۔ ان کے پاس بھی اللہ کے رسول آگے پیچھے ہر طرف سے آئے اور انہیں دعوت دی "تم اللہ کے سوا کسی کی

قَالُوْا لَوْ شَاۗءَ رَبُّنَا لَاَنْزَلَ مَلٰۗىِٕكَةً فَاِنَّا بِمَآ اُرْسِلْتُمْ بِهٖ

وہ بولے | اگر | چاہتا | رب ہمارا | تو ضرور نازل کرتا | فرشتے | پس بیشک ہم | اس کے جو | تم بھیجے گئے ہو | جس کیساتھ

عبادت نہ کرو" انہوں نے جواب دیا "اگر ہمارا رب چاہتا تو اس کام کے لئے فرشتے بھیجتا۔ ہم اس دعوت کو نہیں مانتے

كٰفِرُوْنَ ﴿14﴾ فَاَمَّا عَادٌ فَاسْتَكْبَرُوْا فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَقَالُوْا

منکر ہیں | پس جو | عاد تھے | تو انہوں نے تکبر کیا | میں | زمین | ناحق | اور انہوں نے کہا

جو تم لائے ہو"۔ قومِ عاد کا حال یہ تھا کہ انہوں نے زمین میں ناحق تکبر کیا۔ وہ بولے

مَنْ اَشَدُّ مِنَّا قُوَّةً ۭ اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ الَّذِيْ خَلَقَهُمْ هُوَ اَشَدُّ

کون ہے | زیادہ | ہم سے | قوت میں | کیا نہیں | انہوں نے دیکھا | کہ بے شک | وہ اللہ | جس نے | پیدا کیا ان کو | وہ | زیادہ ہے

"ہم سُپر پاور ہیں۔ کون ہے جو قوت میں ہم سے زیادہ ہے؟" انہوں نے یہ نہ سوچا جس اللہ نے انہیں پیدا کیا وہ ہی سُپر پاور ہے

مِنْهُمْ قُوَّةً ۭ وَكَانُوْا بِاٰيٰتِنَا يَجْحَدُوْنَ ﴿15﴾ فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيْحًا

ان سے | قوت میں | اور وہ تھے | ہماری آیتوں کا | وہ انکار کرتے | پھر ہم نے بھیجی | ان پر | ہوا

اور قوت میں ان سے بڑھ کر ہے۔ وہ لوگ ہماری نشانیوں کا انکار کرتے رہے۔ پھر ہم نے ان کی نحوست کے دنوں میں ان پر سخت

صَرْصَرًا فِيْٓ اَيَّامٍ نَّحِسَاتٍ لِّنُذِيْقَهُمْ عَذَابَ الْخِزْيِ فِي الْحَيٰوةِ

سخت تیز | میں | دنوں | منحوس | تا کہ ہم چکھائیں انکو | عذاب | ذلت کا | میں | زندگی

طوفانی آندھی بھیج دی تا کہ انہیں دنیا میں ذلت کا عذاب

الدُّنۡیَا ؕ وَ لَعَذَابُ الۡاٰخِرَۃِ اَخۡزٰی وَ ہُمۡ لَا یُنۡصَرُوۡنَ ﴿۱۶﴾ وَ اَمَّا ثَمُوۡدُ

دنیا کی | اورالبتہ عذاب | آخرت کا | زیادہ ذلیل کرنیوالا ہے | اور وہ | نہیں | مدد کیے جائیں گے | اور جو | ثمود تھے

چکھائیں اور آخرت کا عذاب تو اس سے بھی زیادہ ذلت ناک ہے اور انہیں کوئی مدد نہ پہنچے گی۔ اور جو ثمود تھے

فَہَدَیۡنٰہُمۡ فَاسۡتَحَبُّوا الۡعَمٰی عَلَی الۡہُدٰی فَاَخَذَتۡہُمۡ صٰعِقَۃُ الۡعَذَابِ

تو ہم نے راہ دکھائی انکو | پھر انہوں نے پسند کیا | اندھے پن کو | پر | ہدایت | پھر پکڑ لیا انکو | کڑک نے | عذاب کی

تو ہم نے انہیں ہدایت کا راستہ دکھایا مگر انہوں نے ہدایت پر چلنے کی بجائے اندھا بننا پسند کیا تو انہیں بھی ذلت کے عذاب کے

الۡہُوۡنِ بِمَا کَانُوۡا یَکۡسِبُوۡنَ ﴿ۚ۱۷﴾ وَ نَجَّیۡنَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا وَ کَانُوۡا

ذلت کے | بسبب جو | وہ تھے | وہ کماتے | اور ہم نے نجات دی | ان کو جو | ایمان لائے | اور جو تھے

دھماکے نے پکڑ لیا، ان کے برے اعمال کی وجہ سے۔ اور ہم نے ان لوگوں کو نجات دی جو ایمان لائے اور اللہ سے

یَتَّقُوۡنَ ﴿٪۱۸﴾ وَ یَوۡمَ یُحۡشَرُ اَعۡدَآءُ اللّٰہِ اِلَی النَّارِ فَہُمۡ یُوۡزَعُوۡنَ ﴿۱۹﴾

ع 2 10 16

ڈرتے | اور جس دن | اکٹھے کیے جائینگے | دشمن | اللہ کے | طرف | آگ کی | پھر وہ | الگ الگ کیے جائیں گے

ڈرتے تھے۔ جس روز اللہ کے دشمن دوزخ کی طرف جمع کیے جائیں گے تو وہ جدا جدا کیے جائیں گے۔ یہاں تک کہ جب وہ اس

حَتّٰۤی اِذَا مَا جَآءُوۡہَا شَہِدَ عَلَیۡہِمۡ سَمۡعُہُمۡ وَ اَبۡصَارُہُمۡ وَ جُلُوۡدُہُمۡ

یہاں تک کہ | جب | وہ آئینگے اس کے پاس | گواہی دیں گے | خلاف انکے | ان کے کان | اور ان کی آنکھیں | اور اُن کے چمڑے

کے پاس آ جائیں گے تو ان کے کان، ان کی آنکھیں اور کھالیں ان پر ان کے اعمال کی

بِمَا کَانُوۡا یَعۡمَلُوۡنَ ﴿۲۰﴾ وَ قَالُوۡا لِجُلُوۡدِہِمۡ لِمَ شَہِدۡتُّمۡ عَلَیۡنَا ؕ قَالُوۡۤا

اس کی جو | وہ تھے | وہ کرتے | اور وہ کہیں گے | اپنے چمڑوں سے | کیوں | تم نے گواہی دے | خلاف ہمارے | وہ کہیں گی

گواہی دیں گی۔ وہ اپنی کھالوں سے کہیں گے ''تم نے کیوں ہمارے خلاف گواہی دی؟'' وہ کہیں گی ''ہمیں اسی اللہ نے بولنا سکھایا

اَنۡطَقَنَا اللّٰہُ الَّذِیۡۤ اَنۡطَقَ کُلَّ شَیۡءٍ وَّ ہُوَ خَلَقَکُمۡ اَوَّلَ مَرَّۃٍ

بولنا سکھایا ہے ہمیں | اللہ نے | جس نے | بولنا سکھایا ہے | ہر | چیز کو | اور اسی نے | پیدا کیا تم کو | پہلی | بار

جس نے سب کو بولنا سکھایا۔ اسی نے تمہیں پہلی مرتبہ پیدا کیا

وَّ اِلَیۡہِ تُرۡجَعُوۡنَ ﴿۲۱﴾ وَ مَا کُنۡتُمۡ تَسۡتَتِرُوۡنَ اَنۡ یَّشۡہَدَ عَلَیۡکُمۡ

اور اس کی طرف | تم پلٹائے جاؤ گے | اور نہیں | تم تھے | تم چھپ سکتے | اس سے کہ | گواہی دیں | خلاف تمہارے

اور اس کے پاس تم لائے گئے۔ تم اپنے آپ کو اس بات سے چھپا نہیں سکتے کہ تمہارے خلاف تمہارے کان،

سَمْعُكُمْ وَلَآ اَبْصَارُكُمْ وَلَا جُلُوْدُكُمْ وَلٰكِنْ ظَنَنْتُمْ اَنَّ اللّٰهَ

کان تمہارے | اور نہ | تمہاری آنکھیں | اور نہ | تمہاری کھالیں | اور لیکن | تم نے گمان کیا | کہ | اللہ

تمہاری آنکھیں اور تمہاری کھالیں گواہی دیں۔ تمہارا گمان تو یہ تھا کہ اللہ تمہارے بہت سے اعمال کو نہیں

لَا يَعْلَمُ كَثِيْرًا مِّمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿22﴾ وَذٰلِكُمْ ظَنُّكُمُ الَّذِيْ ظَنَنْتُمْ بِرَبِّكُمْ

نہیں جانتا | بہت کچھ | اس سے جو | تم کرتے ہو | اور یہ | گمان تمہارا تھا | جو | تم نے گمان کیا | اپنے رب کے بارے میں

جانتا جو تم کرتے ہو۔ تمہارے اسی گمان نے جو تم نے اپنے رب کے بارے میں کیا، تمہیں

اَرْدٰىكُمْ فَاَصْبَحْتُمْ مِّنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿23﴾ فَاِنْ يَّصْبِرُوْا فَالنَّارُ مَثْوًى

اس نے ہلاک کیا تم کو | پھر تم ہو گئے | سے | خسارہ پانے والوں | پس اگر | وہ صبر کریں | تو آگ ہے | ٹھکانا

برباد کیا اور تم خسارہ پانے والوں میں سے ہو گئے'' اب صبر کریں تو بھی آگ ان کا

لَّهُمْ ۚ وَاِنْ يَّسْتَعْتِبُوْا فَمَا هُمْ مِّنَ الْمُعْتَبِيْنَ ﴿24﴾ وَقَيَّضْنَا لَهُمْ

ان کا | اور اگر | وہ توبہ کریں | تو نہیں | وہ | سے | توبہ قبول کیے جانے والوں | اور ہم نے مسلط کر دیئے | ان پر

ٹھکانا ہے اور اگر معافی مانگیں تو بھی انہیں معافی نہ ملے گی۔ اور ہم نے کافروں پر ایسے برے

قُرَنَآءَ فَزَيَّنُوْا لَهُمْ مَّا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَحَقَّ عَلَيْهِمُ

ساتھی | پس وہ خوشنما دکھاتے ہیں | ان کو | جو کچھ | آگے ان کے ہے | اور جو کچھ | ان کے پیچھے ہے | اور ثابت ہوئی | ان پر

ساتھی مسلط کر دیے جنہوں نے ان کے اگلے پچھلے اعمال انہیں خوشنما بنا کر دکھائے۔ ان پر عذاب کی وہی بات پوری ہو کر رہی جو

الْقَوْلُ فِيْٓ اُمَمٍ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ ۚ

بات | بارے میں | امتوں کے | جو تحقیق | گزر چکیں | سے | ان کے پہلے | سے | جنوں | اور انسانوں سے

جنوں اور انسانوں کے ان گروہوں پر پوری ہوئی جو ان سے پہلے گزر چکے۔

اِنَّهُمْ كَانُوْا خٰسِرِيْنَ ﴿25﴾ ؏ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَا تَسْمَعُوْا لِهٰذَا

بیشک وہ | وہی تھے | خسارہ پانے والے | اور کہا | انہوں نے | جو کافر ہوئے | نہ | تم سنو | اس

بے شک وہ خسارہ پانے والے تھے۔ اور کافروں نے ایک دوسرے سے کہا ''یہ قرآن نہ

الْقُرْاٰنِ وَالْغَوْا فِيْهِ لَعَلَّكُمْ تَغْلِبُوْنَ ﴿26﴾ فَلَنُذِيْقَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

قرآن کو | اور تم شور کرو | اس میں | تاکہ تم | تم غالب رہو | پس البتہ ضرور ہم چکھائیں گے | ان کو جو | کافر ہوئے

سنو، بلکہ اس وقت شور مچا دو تاکہ تم غالب رہو'' ہم ان کافروں کو ضرور سخت

(ع 3 / 7 / 17)

عَذَابًا شَدِيْدًا ۙ وَّلَنَجْزِيَنَّهُمْ اَسْوَاَ الَّذِيْ كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿27﴾ ذٰلِكَ

عذاب | سخت | اور البتہ ضرور ہم بدلہ دیں گے انکو | برائی کا | جو | وہ تھے | وہ کرتے | یہ ہے

عذاب چکھائیں گے۔ ان کو ان کے برے اعمال کا پورا بدلہ دیں گے۔ اللہ

جَزَآءُ اَعْدَآءِ اللّٰهِ النَّارُ ۚ لَهُمْ فِيْهَا دَارُ الْخُلْدِ ۭ جَزَآءًۢ بِمَا

بدلہ | دشمنوں کا | اللہ کے | آگ ہے | ان کے کیلئے | اس میں | گھر ہے | ہمیشہ رہنے کا | بدلہ | اس چیز کا جو

کے ان دشمنوں کی سزا دوزخ کی آگ ہے۔ وہی ان کے لئے ہمیشہ کا ٹھکانا ہے کیونکہ وہ ہماری

كَانُوْا بِاٰيٰتِنَا يَجْحَدُوْنَ ﴿28﴾ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا رَبَّنَآ اَرِنَا الَّذَيْنِ

وہ تھے | ہماری آیتوں کا | وہ انکار کرتے | اور کہا | انھوں نے جو | کافر ہوئے | اے ہمارے رب | تو دکھا ہمیں | وہ دونوں

آیتوں کا انکار کرتے تھے۔ کفار کہیں گے ”اے ہمارے رب! ہمیں وہ سارے

اَضَلّٰنَا مِنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ نَجْعَلْهُمَا تَحْتَ اَقْدَامِنَا لِيَكُوْنَا مِنَ

جنھوں نے گمراہ کیا ہمیں | سے | جنوں | اور انسانوں سے | ہم کردیں ان دونوں کو | نیچے | اپنے قدموں کے | تاکہ وہ دونوں ہوں | سے

جن اور انسان دکھا جنھوں نے ہمیں گمراہ کیا تاکہ ہم انہیں اپنے پاؤں تلے روندیں اور تاکہ وہ

الْاَسْفَلِيْنَ ﴿29﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا تَتَنَزَّلُ

نیچے والوں سے | بیشک | وہ لوگ | جنھوں نے کہا | رب ہمارا | اللہ ہے | پھر | وہ ثابت قدم رہے | اترتے ہیں

ذلیل ہوں۔“ بے شک جن لوگوں نے کہا ”اللہ ہمارا رب ہے“ پھر وہ ثابت قدم رہے تو یقیناً ان پر

عَلَيْهِمُ الْمَلٰٓئِكَةُ اَلَّا تَخَافُوْا وَلَا تَحْزَنُوْا وَاَبْشِرُوْا بِالْجَنَّةِ الَّتِيْ

ان پر | فرشتے | کہ نہ | تم ڈرو | اور نہ | تم غمگین ہو | اور تم خوشخبری سنو | جنت کی | جس کا

فرشتے اترتے ہیں اور ان سے کہتے ہیں ”تم فکر نہ کرو اور غم نہ کرو۔ اُس جنت کی بشارت سے خوش ہو جاؤ جس کا

كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ ﴿30﴾ نَحْنُ اَوْلِيٰٓؤُكُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِي الْاٰخِرَةِ ۚ

تھے تم | تم وعدہ کیے جاتے | ہم ہیں | تمہارے دوست | میں | زندگی | دنیا کی | اور میں | آخرت

تم سے وعدہ کیا گیا ہے۔ ہم دنیا کی زندگی میں بھی تمہارے ساتھی ہیں اور آخرت میں بھی۔

وَلَكُمْ فِيْهَا مَا تَشْتَهِيْٓ اَنْفُسُكُمْ وَلَكُمْ فِيْهَا مَا تَدَّعُوْنَ ﴿31﴾ نُزُلًا

اور تمہارے لیے ہے | اس میں جو کچھ | چاہے | جی تمہارا | اور تمہارے لیے ہے | اس میں | جو | تم مانگو | مہمانی

وہاں تمہارے لیے وہ سب کچھ ہے جو تم چاہو گے، اور تمہارے لئے ہر چیز ہے جو تم طلب کرو گے۔ یہ اُس اللہ کی

مِّنْ غَفُوْرٍ رَّحِيْمٍ ﴿32﴾ وَمَنْ اَحْسَنُ قَوْلًا مِّمَّنْ دَعَآ اِلَى اللّٰهِ

طرف سے | بخشنے والا | مہربان کی | اور کون ہے | زیادہ اچھا | بات میں | اس سے جو | دعوت دے | طرف | اللہ کی

طرف سے مہمانی ہوگی جو بخشنے والا نہایت رحم والا ہے" اور اُس شخص سے بہتر کس کی بات ہے جو لوگوں کو اللہ کی طرف بلائے،

وَعَمِلَ صَالِحًا وَّقَالَ اِنَّنِيْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿33﴾ وَلَا تَسْتَوِي

اور عمل کرے | اچھا | اور کہے | بیشک میں ہوں | سے | فرماں برداروں | اور نہیں | برابر ہوتی

نیک عمل کرے اور لوگوں سے کہے "میں اللہ کا فرماں بردار ہوں" اور دیکھو بھلائی

الْحَسَنَةُ وَلَا السَّيِّئَةُ ۭ اِدْفَعْ بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ فَاِذَا الَّذِيْ بَيْنَكَ

نیکی | اور نہ | بدی | تو دفع کر (بدی کو) | اس سے | جو | اچھی بات ہے | پھر اچانک | وہ کہ | تمہارے درمیان

اور برائی برابر نہیں ہو سکتی۔ تم برائی کا جواب بھی بھلائی سے دو۔ پھر تم دیکھو گے تم میں

وَبَيْنَهٗ عَدَاوَةٌ كَاَنَّهٗ وَلِيٌّ حَمِيْمٌ ﴿34﴾ وَمَا يُلَقّٰىهَآ اِلَّا الَّذِيْنَ

اور اس کے درمیان ہے | دشمنی | گویا کہ وہ ہے | دوست | گہرا | اور نہیں | سکھائی جاتی یہ بات | مگر | ان کو جو

اور جس شخص میں دشمنی تھی وہ گویا تمہارا جگری دوست بن گیا ہے۔ لیکن یہ صفت ان لوگوں کو نصیب ہوتی ہے جو

صَبَرُوْا ۚ وَمَا يُلَقّٰىهَآ اِلَّا ذُوْ حَظٍّ عَظِيْمٍ ﴿35﴾ وَاِمَّا يَنْزَغَنَّكَ مِنَ

صبر کریں | اور نہیں | سکھائی جاتی یہ بات | مگر | والے | نصیب | بڑے کو | اور اگر | وسوسہ آئے تجھے | طرف سے

صبر والے ہیں اور یہ توفیق صرف اسے ملتی ہے جو بڑے نصیب والا ہے۔ اور اگر شیطان تمہارے دل میں وسوسہ

الشَّيْطٰنِ نَزْغٌ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ ۭ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿36﴾ وَمِنْ

شیطان کی | کوئی وسوسہ | تو تو پناہ مانگ | اللہ کی | بیشک وہ | وہی ہے | خوب سننے والا | خوب جاننے والا | اور سے

ڈالے تو اللہ کی پناہ مانگو بےشک اللہ سننے والا جاننے والا ہے۔ رات

اٰيٰتِهِ الَّيْلُ وَالنَّهَارُ وَالشَّمْسُ وَالْقَمَرُ ۭ لَا تَسْجُدُوْا لِلشَّمْسِ

اس کی نشانیوں | رات | اور دن | اور سورج | اور چاند | نہ | تم سجدہ کرو | سورج کو

اور دن، یہ سورج اور چاند سب اللہ کی نشانیوں میں سے ہیں۔ تم لوگ نہ سورج کو سجدہ کرو

وَلَا لِلْقَمَرِ وَاسْجُدُوْا لِلّٰهِ الَّذِيْ خَلَقَهُنَّ اِنْ كُنْتُمْ اِيَّاهُ تَعْبُدُوْنَ ﴿37﴾

اور نہ چاند کو | اور تم سجدہ کرو | اللہ کو | جس نے | پیدا کیا ان کو | اگر | تم ہو | صرف اسی کی | تم عبادت کرتے

اور نہ چاند کو، بلکہ اُس کو سجدہ کرو جس نے ان سب کو پیدا کیا، اگر تم اسی کی عبادت کرنے والے ہو۔

فَاِنِ اسْتَكْبَرُوْا فَالَّذِيْنَ عِنْدَ رَبِّكَ يُسَبِّحُوْنَ لَهٗ بِالَّيْلِ وَالنَّهَارِ

پھر اگر | یہ لوگ تکبر کریں | تو وہ جو | پاس ہیں | تیرے رب کے | وہ تسبیح کرتے ہیں | اس کی | رات کو | اور دن کو

اور اے نبی ﷺ مشرک لوگ اس حکم کو ٹھکرا دیں تو تیرے رب کو کیا پروا۔ اس کے مقرب فرشتے شب و روز اس کی تسبیح کرتے ہیں

وَهُمْ لَا يَسْـَٔمُوْنَ ۩ ﴿38﴾ وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنَّكَ تَرَى الْاَرْضَ خَاشِعَةً

اور وہ | نہیں | وہ تھکتے | اور سے | اس کی نشانیوں میں | یہ کہ تو | تو دیکھتا ہے | زمین کو | دبی ہوئی

اور کبھی نہیں تھکتے۔ اللہ کی نشانیوں میں سے ایک یہ ہے کہ تم دیکھتے ہو زمین سُوکھی پڑی ہے۔

فَاِذَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْهَا الْمَآءَ اهْتَزَّتْ وَرَبَتْ ؕ اِنَّ الَّذِيْٓ اَحْيَاهَا

پھر جب | ہم اتارتے ہیں | اس پر | پانی | وہ ہلتی ہے | اور وہ بڑھتی پھولتی ہے | بیشک | وہ جس نے | زندہ کیا اسے

جب ہم اس پر پانی برساتے ہیں تو وہ اُبھرتی اور پھولتی ہے۔ بے شک جس نے اسے زندہ کیا

لَمُحْيِ الْمَوْتٰى ؕ اِنَّهٗ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿39﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ

ضرور زندہ کرنیوالا ہے | مردوں کو | بیشک وہ ہے | اوپر | ہر | چیز کے | قادر | بیشک | جو لوگ

وہ مُردوں کو بھی زندہ کرے گا۔ وہ ہر چیز پر قادر ہے۔ جو لوگ

يُلْحِدُوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِنَا لَا يَخْفَوْنَ عَلَيْنَا ؕ اَفَمَنْ يُّلْقٰى فِي النَّارِ

ٹیڑھ تلاش کرتے ہیں | میں | ہماری آیتوں | نہیں | وہ چھپتے | ہم پر | کیا پس جو کوئی | ڈالا جائے | میں | آگ

ہماری آیتوں کو اُلٹے معنی پہناتے ہیں وہ ہم سے پوشیدہ نہیں۔ وہ غور کریں کیا جس شخص کو آگ میں ڈالا جائے گا

خَيْرٌ اَمْ مَّنْ يَّاْتِيْٓ اٰمِنًا يَّوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ اِعْمَلُوْا مَا شِئْتُمْ ۙ اِنَّهٗ

بہتر ہے | یا | جو | آئے گا | امن سے | دن | قیامت کے | تم کام کرو | جو | تم چاہو | بیشک وہ

وہ بہتر ہے یا وہ جو قیامت کے دن امن کے سائے میں ہو گا۔ تم لوگ جو چاہے کر لو یاد رکھو تم جو بھی

بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿40﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِالذِّكْرِ لَمَّا جَآءَهُمْ ۚ

اس کو جو | تم کرتے ہو | خوب دیکھنے والا ہے | بیشک | جن لوگوں نے | انکار کیا | نصیحت کا | جب | وہ آئی انکے پاس

کرتے ہو اللہ اسے دیکھ رہا ہے۔ ایسے لوگوں ہی نے اللہ کی نصیحت کا انکار کیا جب کہ وہ ان کے پاس آئی

وَاِنَّهٗ لَكِتٰبٌ عَزِيْزٌ ﴿41﴾ ۙ لَّا يَاْتِيْهِ الْبَاطِلُ مِنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ

اور بیشک یہ ہے | البتہ کتاب | زبردست | نہیں | آتا اسکے پاس | جھوٹ | سے | آگے | اسکے

حالاں کہ یہ ایک زبردست کتاب ہے، باطل نہ اس کے آگے سے آ سکتا ہے نہ

وَلَا مِنْ خَلْفِهٖ ؕ تَنْزِيْلٌ مِّنْ حَكِيْمٍ حَمِيْدٍ ﴿42﴾ مَا يُقَالُ لَكَ اِلَّا مَا

اور نہ سے | پیچھے اسکے | اتاری گئی ہے | طرف سے | حکمت والے | تعریف کئے گئے کی | نہیں | کہا جاتا | تجھ کو | مگر | جو کچھ

پیچھے سے۔ یہ اُس خدا کی طرف سے نازل کی گئی ہے جو حکمت والا اور لائق تعریف ہے۔ اے نبی ﷺ آپ ﷺ کے خلاف وہی

قَدْ قِيْلَ لِلرُّسُلِ مِنْ قَبْلِكَ ؕ اِنَّ رَبَّكَ لَذُوْ مَغْفِرَةٍ وَّذُوْ

یقیناً | کہا گیا | رسولوں کو | سے | پہلے تجھ | بیشک | تیرا رب ہے | ضرور والا | بخشش کرنے | اور والا

باتیں کہی جا رہی ہیں جو آپ ﷺ سے پہلے رسولوں کے خلاف کہی گئیں۔ بیشک آپ ﷺ کا رب بخشش والا بھی ہے اور دردناک

عِقَابٍ اَلِيْمٍ ﴿43﴾ وَلَوْ جَعَلْنٰهُ قُرْاٰنًا اَعْجَمِيًّا لَّقَالُوْا لَوْلَا فُصِّلَتْ

عذاب دینے | دردناک | اور اگر | ہم کرتے اس | قرآن کو | عجمی زبان کا | تو وہ کہتے | کیوں نہیں | الگ الگ کی گئیں

عذاب دینے والا بھی۔ اگر ہم اس کتاب کو عجمی قرآن بنا کر بھیجتے تو یہی لوگ اعتراض کرتے ”اس کی آیتیں صاف کیوں نہیں بیان کی

اٰيٰتُهٗ ؕ ءَاَعْجَمِيٌّ وَّعَرَبِيٌّ ؕ قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَآءٌ ؕ

آیتیں اسکی | کیا عجمی زبان | اور عربی (رسول) | کہہ دیں | وہ | ان کے لیے جو | ایمان لائے | ہدایت ہے | اور شفا ہے

گئیں؟ دیکھو جی قرآن عجمی اور رسول عربی“ اے نبی ﷺ آپ ﷺ ان سے کہیں ”یہ قرآن ایمان لانے والوں کے لئے ہدایت

وَالَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ فِيْٓ اٰذَانِهِمْ وَقْرٌ وَّهُوَ عَلَيْهِمْ عَمًى ؕ

اور جو لوگ | نہیں | ایمان لاتے | میں | ان کے کانوں | بوجھ ہے | اور وہ قرآن | ان پر ہے | اندھا پن

اور شفا ہے مگر جو لوگ ایمان نہیں لاتے ان کے کان بہرے اور آنکھیں اندھی ہیں۔ گویا انہیں دور سے پکارا جا رہا ہے اور وہ نہیں سنتے

اُولٰٓئِكَ يُنَادَوْنَ مِنْ مَّكَانٍۢ بَعِيْدٍ ﴿44﴾ ع وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى

یہ لوگ ہیں | پکارے جاتے ہیں | سے | جگہ | دور کی | اور بیشک | ہم نے دی | موسیٰ کو

سمجھتے“ ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو کتاب دی تھی مگر اس میں بھی اختلاف پیدا کیا گیا۔ اور اے نبی ﷺ اگر آپ ﷺ کے رب کی طرف

الْكِتٰبَ فَاخْتُلِفَ فِيْهِ ؕ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ

کتاب | پھر اختلاف کیا گیا | اس میں | اور اگر نہ ہوتی | ایک بات | جو پہلے ہو چکی | طرف سے | تیرے رب کی

سے ایک بات پہلے سے طے نہ ہو چکی ہوتی تو ان کے درمیان دنیا میں فیصلہ کر دیا جاتا۔ یہ کافر لوگ بھی قرآن کے بارے میں ایسے

لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ ؕ وَاِنَّهُمْ لَفِيْ شَكٍّ مِّنْهُ مُرِيْبٍ ﴿45﴾ مَنْ

تو ضرور فیصلہ کیا جاتا | ان کے درمیان | اور بیشک وہ ہیں | ضرور میں | شک | اس سے | بے چین کرنیوالے | جو کوئی

شک میں ہیں جس نے انہیں الجھن میں ڈال رکھا ہے۔ یاد رکھو جو شخص نیک عمل کرے گا

5 ع 12 19

قرآن حکیم پر مشتمل الفوز العظیم

عَمِلَ صَالِحًا فَلِنَفْسِهٖ وَمَنْ اَسَآءَ فَعَلَيْهَا ۭ وَمَا رَبُّكَ

عمل کرے | اچھا | تو اسی کے اپنے لیے ہے | اور جو کوئی | برائی کرے | پس اسی پر ہے | اور نہیں ہے | تیرا رب

اپنے لیے کرے گا۔ جو شخص برائی کرے گا اُس کا وبال اسی پر آئے گا۔ اے نبی ﷺ آپ ﷺ کا رب بندوں پر

بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ﴿46﴾

ظلم کرنیوالا | بندوں پر

ہرگز ظلم کرنے والا نہیں۔

اِلَيْهِ يُرَدُّ عِلْمُ السَّاعَةِ ؕ وَمَا تَخْرُجُ مِنْ ثَمَرٰتٍ مِّنْ اَكْمَامِهَا

اسی کی طرف | لوٹایا جاتا ہے | علم | قیامت کا | اور نہیں | نکلتے | کوئی | پھل | سے | اپنے غلافوں

قیامت کا علم اللہ ہی کے پاس ہے۔ کوئی پکنے والا پھل اپنے خول سے باہر نہیں نکلتا،

وَمَا تَحْمِلُ مِنْ اُنْثٰى وَلَا تَضَعُ اِلَّا بِعِلْمِهٖ ؕ وَيَوْمَ يُنَادِيْهِمْ

اور نہیں | حاملہ ہوتی | کوئی | عورت | اور نہیں | جنتی | مگر ہے | اسکے علم میں | اور جس دن | وہ پکارے گا انکو

نہ کوئی عورت حاملہ ہوتی ہے اور نہ بچہ جنتی ہے مگر یہ سب کچھ اللہ کے علم میں ہوتا ہے۔ جس دن اللہ

اَيْنَ شُرَكَآءِيْ ۙ قَالُوْٓا اٰذَنّٰكَ ۙ مَا مِنَّا مِنْ شَهِيْدٍ ۚ ﴿47﴾ وَضَلَّ عَنْهُمْ

کہاں ہیں | شریک میرے | وہ کہیں گے | ہم نے بتادیا ہے تجھے | نہیں | ہم میں سے | کوئی | اس کا گواہ | اور کھو جائیں گے | ان سے

ان مشرکوں کو پکار کر پوچھے گا "میرے شریک کہاں ہیں؟" وہ کہیں گے "ہم آپ سے یہی عرض کرتے ہیں ہم میں سے کوئی بھی ان کو

مَّا كَانُوْا يَدْعُوْنَ مِنْ قَبْلُ وَظَنُّوْا مَا لَهُمْ مِّنْ مَّحِيْصٍ ﴿48﴾

وہ جن کو | وہ تھے | پکارتے | سے | پہلے | وہ گمان کریں گے | کہ نہیں | ان کے لئے | کوئی | بھاگنے کی جگہ

نہیں مانتا۔" اور جن معبودوں کو وہ پہلے پکارتے تھے وہ سب ان سے گم ہو جائیں گے۔ مشرک لوگ سمجھ لیں گے ان کے لئے کوئی بچاؤ

لَا يَسْـَٔمُ الْاِنْسَانُ مِنْ دُعَآءِ الْخَيْرِ ۡ وَاِنْ مَّسَّهُ الشَّرُّ فَيَئُوْسٌ

نہیں تھکتا | انسان | سے | مانگنے | بھلائی | اور اگر | چھوئے اسے | تکلیف | پھر وہ مایوس ہو جاتا ہے

کی صورت نہیں۔ انسان اپنے لئے بھلائی مانگنے سے نہیں تھکتا۔ اگر اسے کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو مایوس اور

قَنُوْطٌ ﴿49﴾ وَلَئِنْ اَذَقْنٰهُ رَحْمَةً مِّنَّا مِنْ بَعْدِ ضَرَّآءَ مَسَّتْهُ

ناامید | اور اگر | ہم چکھائیں اسے | رحمت | اپنی طرف سے | سے | بعد | تکلیف کے جو | پہنچی اسے

دل شکستہ ہو جاتا ہے۔ جب سخت وقت گزر جانے کے بعد ہم اسے اپنی رحمت سے نوازتے ہیں تو کہتا ہے

لَيَقُوْلَنَّ هٰذَا لِيْ ۙ وَمَآ اَظُنُّ السَّاعَةَ قَآئِمَةً ۙ وَّلَئِنْ رُّجِعْتُ اِلٰى

البتہ ضرور وہ کہے گا | یہ ہے | میرے لئے | اور نہیں | میں گمان کرتا | کہ قیامت | قائم ہونے والی ہے | اور اگر | میں لوٹایا جاؤں گا | طرف

"یہ تو میرا حق ہے۔ میں نہیں سمجھتا قیامت آئے گی۔ اگر مجھے اپنے رب کی طرف

رَبِّيْٓ اِنَّ لِيْ عِنْدَهٗ لَلْحُسْنٰى ۚ فَلَنُنَبِّئَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِمَا

اپنے رب کی | تو بیشک | میرے لئے | اس کے پاس | ضرور بہتری ہے | پس البتہ ضرور ہم بتائیں گے | ان کو جو | کافر ہوئے | وہ کچھ جو

لوٹایا گیا تو وہاں بھی میرے لئے بہتری ہے۔" ایسے کافروں کو ہم ان کے اعمال سے ضرور

عَمِلُوْا ۫ وَلَنُذِيْقَنَّهُمْ مِّنْ عَذَابٍ غَلِيْظٍ ﴿50﴾ وَاِذَآ اَنْعَمْنَا عَلَى الْاِنْسَانِ

انہوں نے کیا | اور البتہ ضرور ہم چکھائیں گے ان کو | سے | عذاب | سخت | اور جب | انعام کرتے | پر | انسان

آگاہ کریں گے اور پھر انہیں سخت عذاب کا مزا چکھائیں گے۔ انسان کا حال یہ ہے کہ جب ہم اس پر فضل کرتے

اَعْرَضَ وَنَاٰ بِجَانِبِهٖ ۚ وَاِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ فَذُوْ دُعَآءٍ عَرِيْضٍ ﴿51﴾ قُلْ

وہ منہ پھیر لیتا ہے | اور دور کرتا ہے | اپنے پہلو کو | اور جب | پہنچتی ہے اسے | تکلیف | تو وہ دعا والا ہے | (لمبی) چوڑی | کہہ دیجئے

ہیں تو وہ اعراض کرتا ہے اور ہم سے پہلو تہی کرتا ہے۔ جب اسے تکلیف پہنچتی ہے تو لمبی لمبی دعائیں کرنے لگتا ہے۔ اے نبی ﷺ

اَرَءَيْتُمْ اِنْ كَانَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ثُمَّ كَفَرْتُمْ بِهٖ مَنْ اَضَلُّ مِمَّنْ

کیا تم نے دیکھا | اگر | ہو (یہ قرآن) | سے | طرف | اللہ کی | پھر | تم نے انکار کیا | اس کا | کون ہے | زیادہ گمراہ | اس سے جو

آپ ﷺ ان لوگوں سے کہیں ''اگر یہ قرآن اللہ کی طرف سے آیا ہو اور تم اس کا انکار کرتے ہو تو بتاؤ اس شخص سے بڑھ کر گمراہ اور کون

هُوَ فِيْ شِقَاقٍۭ بَعِيْدٍ ﴿52﴾ سَنُرِيْهِمْ اٰيٰتِنَا فِي الْاٰفَاقِ وَفِيْٓ اَنْفُسِهِمْ حَتّٰى

وہ ہے | میں | مخالفت | دور کی | جلد ہم دکھائیں گے انکو | اپنی نشانیاں | میں | دنیا | اور میں | ان کی جانوں | یہاں تک کہ

ہوگا جو مخالفت میں بہت دور چلا جائے؟ عنقریب ہم انہیں اپنی نشانیاں دکھائیں گے، کائنات میں بھی اور خود ان کے اندر بھی

يَتَبَيَّنَ لَهُمْ اَنَّهُ الْحَقُّ ۭ اَوَلَمْ يَكْفِ بِرَبِّكَ اَنَّهٗ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ﴿53﴾

ظاہر ہوگا | ان پر | کہ وہ | حق ہے | کیا نہیں کافی ہے | تیرا رب | یہ کہ وہ ہے | اوپر | ہر | چیز کے | حاضر (موجود)

یہاں تک کہ ان پر ظاہر ہو جائے گا کہ یہ قرآن حق ہے۔ اے نبی ﷺ کیا آپ ﷺ کی تسلی کے لئے یہ بات کافی نہیں کہ آپ ﷺ

اَلَآ اِنَّهُمْ فِيْ مِرْيَةٍ مِّنْ لِّقَآءِ رَبِّهِمْ ۭ اَلَآ اِنَّهٗ بِكُلِّ شَيْءٍ مُّحِيْطٌ ﴿54﴾ ع

(6 ع 10 1)

آگاہ رہو | بیشک وہ ہیں | میں | شک | سے | ملاقات | رب اپنے کی | آگاہ رہو | کہ وہ ہے | ہر | چیز کو | گھیرنے والا

کا رب ہر چیز پر گواہ ہے۔ اور تم لوگ دیکھو یہ منکرین تو اپنے رب کی ملاقات میں شک کرتے ہیں۔ اور سنو اللہ ہر چیز کا احاطہ کئے ہوئے ہے۔

(42) سُوْرَةُ الشُّوْرٰى مَكِّيَّةٌ (62)

اٰیاتُھا 53 | رُکُوعَاتُھا 5

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

حٰمٓ ۚ ﴿1﴾ عٓسٓقٓ ﴿2﴾ كَذٰلِكَ يُوْحِيْٓ اِلَيْكَ وَاِلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكَ ۙ اللّٰهُ

حٰمٓ | عٓسٓقٓ | اسی طرح | وحی کرتا ہے | تیری طرف | اور طرف | ان کی جو تھے | سے | پہلے تجھ | اللہ

حٰمٓ عٓسٓقٓ اے نبی ﷺ اُس اللہ کی طرف سے آپ ﷺ پر اسی طرح وحی کی جا رہی ہے جس طرح آپ ﷺ سے

الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ﴿٣﴾ لَهُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ ۖ وَهُوَ

نہایت غالب | خوب حکمت والا | اسی کا ہے | جو کچھ ہے | میں | آسمانوں | اور جو کچھ | میں | زمین | اور وہی ہے

پہلے نبیوں پر کی گئی۔ وہ غالب حکمت والا ہے، اللہ کا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے۔ وہی

الْعَلِيُّ الْعَظِيمُ ﴿٤﴾ تَكَادُ السَّمٰوٰتُ يَتَفَطَّرْنَ مِنْ فَوْقِهِنَّ وَالْمَلٰٓئِكَةُ

نہایت بلند مرتبہ | خوب بڑا | قریب ہے کہ | آسمان | پھٹ جائیں | سے | اپنے اوپر | اور فرشتے

سب سے بلند مرتبہ اور عظیم ہستی ہے۔ قریب ہے اس کی ہیبت سے آسمان اپنے اوپر سے پھٹ جائیں۔ فرشتے اپنے

يُسَبِّحُونَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَيَسْتَغْفِرُونَ لِمَنْ فِي الْأَرْضِ ۗ أَلَآ إِنَّ

وہ تسبیح کرتے ہیں | ساتھ حمد کے | اپنے رب کی | اور وہ بخشش مانگتے ہیں | ان کے لئے جو ہیں | میں | زمین | آگاہ رہو | بیشک

رب کی حمد و ثنا کے ساتھ تسبیح کرتے ہیں اور زمین والوں کے لئے استغفار کرتے ہیں۔ سن لو

اللّٰهَ هُوَ الْغَفُورُ الرَّحِيمُ ﴿٥﴾ وَالَّذِينَ اتَّخَذُوا مِنْ دُونِهِ أَوْلِيَآءَ اللّٰهُ

اللہ | وہی ہے | بہت بخشنے والا | نہایت مہربان | اور جنہوں نے | بنا رکھے ہیں | سے | سوا اسکے | کارساز | اللہ

اللہ بخشنے والا رحم کرنے والا ہے۔ جن لوگوں نے اس کے سوا دوسرے کارساز بنائے، اللہ

حَفِيظٌ عَلَيْهِمْ ۖ وَمَآ أَنْتَ عَلَيْهِمْ بِوَكِيلٍ ﴿٦﴾ وَكَذٰلِكَ أَوْحَيْنَآ

نگہبان ہے | ان پر | اور نہیں ہے | تو | ان پر | ذمہ دار | اور اسی طرح | ہم نے وحی کیا

ان پر نگران ہے۔ اور اے نبی آپ ﷺ ان لوگوں کے ذمہ دار نہیں۔ اے نبی ﷺ ہم نے اسی طرح آپ ﷺ کی

إِلَيْكَ قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا لِّتُنْذِرَ أُمَّ الْقُرٰى وَمَنْ حَوْلَهَا وَتُنْذِرَ يَوْمَ

تیری طرف | قرآن | عربی | تاکہ تو خبردار کرے | مکہ والوں کو | اور ان کو جو | اردگرد اسکے ہیں | اور تو خبردار کرے | دن

طرف عربی قرآن نازل کیا تاکہ آپ ﷺ مکے والوں کو اور اس کے آس پاس والوں کو خبردار کر دیں۔ سب کو

الْجَمْعِ لَا رَيْبَ فِيهِ ۗ فَرِيقٌ فِي الْجَنَّةِ وَفَرِيقٌ فِي السَّعِيرِ ﴿٧﴾ وَلَوْ

جمع کرنے کے | نہیں | کوئی شک | اس میں | کچھ لوگ ہوں گے میں | جنت | اور کچھ لوگ ہوں گے | میں | آگ | اور اگر

حشر کے دن سے ڈرائیں جس کے آنے میں کوئی شک نہیں۔ پھر ایک گروہ جنت میں ہوگا اور ایک گروہ دوزخ میں۔ اگر

شَآءَ اللّٰهُ لَجَعَلَهُمْ أُمَّةً وَّاحِدَةً وَّلٰكِنْ يُّدْخِلُ مَنْ يَّشَآءُ فِي

چاہتا | اللہ | تو بنا دیتا ان کو | امت | ایک | اور لیکن | وہ داخل کرتا ہے | جسے | وہ چاہتا ہے | میں

اللہ چاہتا سب کو ایک ہی امت بنا دیتا لیکن وہ جسے چاہتا ہے اپنے سایۂ رحمت میں

رَحْمَتِهٖ ؕ وَالظّٰلِمُوْنَ مَا لَهُمْ مِّنْ وَّلِیٍّ وَّلَا نَصِیْرٍ ﴿۸﴾ اَمِ اتَّخَذُوْا

اپنی رحمت | اور جو ظالم ہیں | نہیں ہے | ان کا | کوئی | دوست | اور نہ | مددگار | کیا | انہوں نے بنا رکھے ہیں

داخل کرتا ہے، مگر ظالموں کا کوئی حامی و مددگار نہ ہوگا۔ کیا مشرکوں نے

مِنْ دُوْنِهٖۤ اَوْلِیَآءَ ۚ فَاللّٰهُ هُوَ الْوَلِیُّ وَهُوَ یُحْیِ الْمَوْتٰی ۫ وَهُوَ عَلٰی

سے | سوا اسکے | کارساز | تو اللہ | وہی ہے | کارساز | اور وہ | زندہ کرتا ہے | مردوں کو | اور وہ | اوپر

اللہ کے سوا دوسرے کارساز بنا رکھے ہیں؟ انہیں معلوم ہونا چاہئے کہ اللہ ہی کارساز ہے۔ وہی مردوں کو زندہ کرے گا اور وہ ہر

كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ﴿۹﴾ ع وَمَا اخْتَلَفْتُمْ فِیْهِ مِنْ شَیْءٍ فَحُكْمُهٗۤ اِلَی

ع 1 9 2

ہر | چیز کے | قادر ہے | اور جو چیز کہ | تم اختلاف کرو | اس میں | بھی | کچھ | تو فیصلہ اسکا ہے | طرف

چیز پر قادر ہے۔ اے نبی ﷺ آپ ﷺ ان لوگوں سے کہیں ”جس بات میں تم اختلاف کرتے ہو اس کا فیصلہ اللہ

اللّٰهِ ؕ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبِّیْ عَلَیْهِ تَوَكَّلْتُ ۖۗ وَاِلَیْهِ اُنِیْبُ ﴿۱۰﴾ فَاطِرُ

اللہ کی | یہ ہے | اللہ | میرا رب | اسی پر | میں نے توکل کیا | اور اُسی کی طرف | میں رجوع کرتا ہوں | پیدا کرنیوالا

کے حوالے ہے۔ وہی اللہ میرا رب ہے۔ اسی پر میں نے بھروسا کیا۔ اسی کی طرف میں رجوع کرتا ہوں۔“ وہی آسمان

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ جَعَلَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا وَّمِنَ

آسمانوں کا | اور زمین کا | اس نے بنائے | تمہارے لئے | سے | جنس تمہاری | جوڑے | اور سے

اور زمین کا پیدا کرنے والا ہے۔ اسی نے تمہاری جنس سے تمہارے جوڑے پیدا کئے۔ جانوروں کے بھی جوڑے بنائے۔ وہ تمہاری

الْاَنْعَامِ اَزْوَاجًا ۚ یَذْرَؤُكُمْ فِیْهِ ؕ لَیْسَ كَمِثْلِهٖ شَیْءٌ ۚ وَهُوَ

جانوروں | جوڑے | وہ پھیلاتا ہے تمہیں | اس میں | نہیں ہے | اس جیسی | کوئی چیز | اور وہی ہے

نسل چلاتا ہے۔ کوئی اُس جیسا نہیں۔ وہ سننے والا

السَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ ﴿۱۱﴾ لَهٗ مَقَالِیْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ یَبْسُطُ الرِّزْقَ

خوب سننے والا | خوب دیکھنے والا | اسی کے لئے ہیں | کنجیاں | آسمانوں کی | اور زمین کی | وہ پھیلاتا ہے | روزی

دیکھنے والا ہے۔ اُسی کے اختیار میں آسمانوں اور زمین کی کنجیاں ہیں۔ وہ جس کی روزی چاہتا

لِمَنْ یَّشَآءُ وَیَقْدِرُ ؕ اِنَّهٗ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ ﴿۱۲﴾ شَرَعَ لَكُمْ مِّنَ

جس کے لئے | وہ چاہے | اور کم کرتا ہے | بیشک وہ ہے | ہر | چیز | خوب جاننے والا | اس نے مقرر کیا ہے | تمہارے لئے | سے

ہے بڑھا دیتا ہے، جس کی چاہتا ہے کم کر دیتا ہے۔ بے شک وہ ہر چیز کا علم رکھتا ہے۔ اللہ نے تمہارے لئے وہی دین

الدِّیۡنِ مَا وَصّٰی بِہٖ نُوۡحًا وَّالَّذِیۡۤ اَوۡحَیۡنَاۤ اِلَیۡکَ وَمَا وَصَّیۡنَا بِہٖۤ

دین | جوکہ | اس نے تاکید کی | جس کی | نوح کو | اور وہ جسے | ہم نے وحی کیا | تیری طرف | اور جوکہ | ہم نے تاکید کی | جس کی

مقرر کیا جس کا اس نے نوح علیہ السلام کو حکم دیا۔ اور اے نبی ﷺ اسی دین کی وحی ہم نے آپ ﷺ کی طرف کی۔

اِبۡرٰهِیۡمَ وَمُوۡسٰی وَعِیۡسٰۤی اَنۡ اَقِیۡمُوا الدِّیۡنَ وَلَا تَتَفَرَّقُوۡا فِیۡهِ ؕ

ابراہیم کو | اور موسیٰ کو | اور عیسیٰ کو | یہ کہ | تم قائم رکھو | دین کو | اور نہ | تفرقہ پیدا کرو | اس میں

اسی پر چلنے کا حکم ہم نے ابراہیم، موسیٰ اور عیسیٰ علیہم السلام کو دیا تھا کہ اسی دین کو قائم رکھو اور اس میں تفرقہ نہ ڈالو

کَبُرَ عَلَی الۡمُشۡرِکِیۡنَ مَا تَدۡعُوۡهُمۡ اِلَیۡهِ ؕ اَللّٰهُ یَجۡتَبِیۡۤ اِلَیۡهِ مَنۡ

وہ بڑی بھاری ہے | پر | مشرکوں | وہ بات | تو بلاتا ہے ان کو | جس کی طرف | اللہ | چن لیتا ہے | اپنے درمیان | جسے

لیکن اے نبی ﷺ مشرکین کو وہ بات بہت ناگوار ہے جس کی طرف آپ بلا رہے ہیں۔ حقیقت یہ ہے اللہ جسے چاہتا

یَّشَآءُ وَیَهۡدِیۡۤ اِلَیۡهِ مَنۡ یُّنِیۡبُ ﴿۱۳﴾ وَمَا تَفَرَّقُوۡۤا اِلَّا مِنۡۢ بَعۡدِ مَا

وہ چاہے | اور وہ ہدایت دیتا ہے | طرف اپنی | اسے جو | رجوع کرے | اور نہیں | انہوں نے تفرقہ پیدا کیا | مگر | سے | بعد اس | کہ

ہے چن لیتا ہے، اور ہدایت اسے دیتا ہے جو اس کی طرف رجوع کرتا ہے۔ اور اہل کتاب کا تفرقہ اس کے پاس

جَآءَهُمُ الۡعِلۡمُ بَغۡیًۢا بَیۡنَهُمۡ ؕ وَلَوۡلَا کَلِمَةٌ سَبَقَتۡ مِنۡ رَّبِّکَ

آیا ان کے پاس | علم | ضد کی وجہ سے | اپنے درمیان | اور اگر نہ ہوتی | بات | جو پہلے ہو چکی | طرف سے | تیرے رب کی

صحیح علم آنے کے بعد پیدا ہوا، وہ بھی ان کی باہمی ضد کی وجہ سے اور اگر تمہارے رب کی طرف سے ایک مقررہ وقت کی بات طے نہ

اِلٰۤی اَجَلٍ مُّسَمًّی لَّقُضِیَ بَیۡنَهُمۡ ؕ وَاِنَّ الَّذِیۡنَ اُوۡرِثُوا الۡکِتٰبَ مِنۡۢ

تک | ایک مدت | مقرر | تو ضرور فیصلہ کر دیا جاتا | ان کے درمیان | اور بیشک | جو لوگ | وارث بنائے گئے | کتاب کے | سے

ہو چکی ہوتی تو ان کے درمیان فیصلہ کر دیا جاتا۔ اور اب اہلِ کتاب خود اپنی کتابوں کے بارے

بَعۡدِهِمۡ لَفِیۡ شَکٍّ مِّنۡهُ مُرِیۡبٍ ﴿۱۴﴾ فَلِذٰلِکَ فَادۡعُ ۚ وَاسۡتَقِمۡ کَمَاۤ

ان کے بعد | ضرور میں ہیں | شک | اس سے | الجھن والے | پس اسی بات کو | پھر تو پکار | اور تو قائم رہ | جیسا کہ

میں شک میں پڑے ہیں جس نے انہیں اُلجھن میں ڈال رکھا ہے۔ لہٰذا اے نبی ﷺ آپ ﷺ اس دین کی دعوت دیں جس کا

اُمِرۡتَ ۚ وَلَا تَتَّبِعۡ اَهۡوَآءَهُمۡ ۚ وَقُلۡ اٰمَنۡتُ بِمَاۤ اَنۡزَلَ اللّٰهُ مِنۡ

تجھے حکم دیا گیا ہے | اور نہ | تو پیچھے چل | ان کی خواہشوں کے | اور تو کہہ | میں ایمان لایا | اس پر جو کچھ | نازل کیا | اللہ نے | سے

آپ ﷺ کو حکم دیا گیا ہے اور اسی پر قائم رہیں۔ لوگوں کی خواہشوں کی پیروی نہ کریں۔ اور اعلان کریں ”اللہ نے جو کتاب نازل

كِتٰبٍ ۚ وَاُمِرْتُ لِاَعْدِلَ بَيْنَكُمْ ؕ اَللّٰهُ رَبُّنَا وَرَبُّكُمْ ؕ لَنَآ

کتاب | اور مجھے حکم دیا گیا ہے | کہ میں انصاف کروں | تمہارے درمیان | اللہ | رب ہے ہمارا | اور رب ہے تمہارا | ہمارے لئے

کی ہے، میں اس پر ایمان رکھتا ہوں۔ مجھے یہ حکم ہوا ہے کہ میں تمہارے درمیان انصاف کروں۔ اللہ ہمارا رب ہے اور تمہارا بھی۔

اَعْمَالُنَا وَلَكُمْ اَعْمَالُكُمْ ؕ لَا حُجَّةَ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ ؕ اَللّٰهُ يَجْمَعُ

اعمال ہمارے ہیں | اور تمہارے لئے | اعمال تمہارے | نہیں | کوئی جھگڑا | ہمارے درمیان | اور تمہارے درمیان | اللہ | جمع کرے گا

ہمارے اعمال ہمارے لئے اور تمہارے اعمال تمہارے لئے۔ ہمارے اور تمہارے درمیان کوئی جھگڑا نہیں۔ اللہ ہم سب کو جمع

بَيْنَنَا ۚ وَاِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ﴿15﴾ وَالَّذِيْنَ يُحَآجُّوْنَ فِي اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ مَا

ہمارے درمیان | اور اسی کی طرف | پلٹنا ہے | اور جو لوگ | جھگڑا کرتے ہیں | بارے میں | اللہ کے | سے | بعد اسکے | کہ

کرے گا۔ اسی کے پاس سب کو جانا ہے۔" اور جب بہت سے لوگ اسلام لا کر اللہ کو مان چکے ہیں تو جو اہل کتاب انہیں بہکانے کے

اسْتُجِيْبَ لَهٗ حُجَّتُهُمْ دَاحِضَةٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَعَلَيْهِمْ غَضَبٌ

قبول کیا گیا ہے | اس کو | اُن کی دلیل | کمزور ہے | نزدیک | ان کے رب کے | اور ان پر | غضب ہے

لئے حجت کرتے ہیں۔ ان کی حجت ان کے رب کے نزدیک باطل ہے۔ ان پر اللہ کا غضب ہے

وَّلَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌ ﴿16﴾ اَللّٰهُ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ

اور ان کے لئے | عذاب ہے | سخت | اللہ | وہی ہے جس نے | نازل کیا | کتاب کو | ساتھ حق کے

اور ان کے لئے سخت عذاب ہے۔" اللہ نے سچی کتاب اتاری اور

وَالْمِيْزَانَ ؕ وَمَا يُدْرِيْكَ لَعَلَّ السَّاعَةَ قَرِيْبٌ ﴿17﴾ يَسْتَعْجِلُ بِهَا

اور میزان کو | اور کیا | جانے تو | شاید کہ | قیامت | قریب ہو | جلدی مچاتے ہیں | اس کی

ترازو بھی۔ اور تمہیں کیا خبر شاید قیامت قریب ہو۔ مگر اس کی جلدی

الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِهَا ۚ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مُشْفِقُوْنَ مِنْهَا ۙ وَيَعْلَمُوْنَ

وہ لوگ جو | نہیں | ایمان لاتے | اس پر | اور جو لوگ | ایمان لائے | ڈرتے ہیں | اس سے | اور وہ جانتے ہیں

ان لوگوں کو ہے جو اس پر یقین نہیں رکھتے۔ جو لوگ یقین رکھنے والے ہیں وہ اس سے ڈرتے ہیں اور جانتے ہیں

اَنَّهَا الْحَقُّ ؕ اَلَآ اِنَّ الَّذِيْنَ يُمَارُوْنَ فِي السَّاعَةِ لَفِيْ ضَلٰلٍۢ

کہ وہ | حق ہے | آگاہ رہو | بیشک | جو لوگ | جھگڑتے ہیں | بارے میں | قیامت کے | ضرور ہیں میں | گمراہی

قیامت برحق ہے۔ یاد رکھو جو لوگ قیامت کے بارے میں جھگڑتے ہیں، وہ گمراہی میں بہت

بَعِيْدٍ ﴿18﴾ اَللّٰهُ لَطِيْفٌ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَهُوَ الْقَوِيُّ

دُور کی | اللہ | نہایت مہربان ہے | اپنے بندوں پر | وہ روزی دیتا ہے | جس کو | وہ چاہے | اور وہی ہے | بڑی قوت والا

دُور چلے گئے۔ اللہ اپنے بندوں پر مہربان ہے۔ وہ جس کو جتنی روزی چاہتا ہے دیتا ہے۔ وہ قوت والا

الْعَزِيْزُ ﴿19﴾ مَنْ كَانَ يُرِيْدُ حَرْثَ الْاٰخِرَةِ نَزِدْ لَهٗ فِيْ حَرْثِهٖ ۚ

خوب غالب | جو کوئی | ہے | چاہتا | کھیتی | آخرت کی | ہم زیادہ کردیتے ہیں | اس کے لئے | میں | اس کی کھیتی

اور غالب ہے۔ جو شخص آخرت کی کھیتی چاہے ہم اس کی کھیتی میں برکت دیں گے۔

وَمَنْ كَانَ يُرِيْدُ حَرْثَ الدُّنْيَا نُؤْتِهٖ مِنْهَا وَمَا لَهٗ فِي الْاٰخِرَةِ

اور جو کوئی | ہے | چاہتا | کھیتی | دنیا کی | ہم دیتے ہیں اسے | اس سے | اور نہیں ہے | اس کے لئے | میں | آخرت

جو شخص صرف دنیا کی کھیتی چاہے ہم اسے اس میں سے کچھ دے دیتے ہیں مگر آخرت میں اس کا کوئی

مِنْ نَّصِيْبٍ ﴿20﴾ اَمْ لَهُمْ شُرَكٰٓؤُا شَرَعُوْا لَهُمْ مِّنَ الدِّيْنِ مَا

کوئی | حصہ | کیا | ان کے لئے | شریکوں نے | مقرر کیا ہے | ان کے لئے | کوئی | دین | کہ

حصہ نہیں۔ کیا ان مشرکوں نے کچھ ایسے شریک بنا رکھے ہیں جنہوں نے ان کے لئے ایسا دین مقرر کیا ہے

لَمْ يَاْذَنْۢ بِهِ اللّٰهُ ۭ وَلَوْلَا كَلِمَةُ الْفَصْلِ لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ ۭ

نہیں | حکم دیا | جس کا | اللہ نے | اور اگر نہ ہوتی | بات | فیصلہ کرنے کی | ضرور (ابھی) فیصلہ کیا جاتا | ان کے درمیان

جس کی اللہ نے اجازت نہیں دی؟ اگر قیامت کے فیصلے کی بات پہلے طے نہ ہو چکی ہوتی تو ان کا فیصلہ کر دیا جاتا۔

وَاِنَّ الظّٰلِمِيْنَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿21﴾ تَرَى الظّٰلِمِيْنَ مُشْفِقِيْنَ مِمَّا

اور بیشک | ظالم لوگ | ان کے لئے ہے | عذاب | دردناک | تو دیکھے گا | ظالموں کو | ڈرتے ہوں گے | اس سے جو

بے شک ظالموں کے لئے دردناک عذاب ہے۔ اُس دن تم ظالموں کو دیکھو گے وہ اپنے اعمال کے برے انجام

كَسَبُوْا وَهُوَ وَاقِعٌۢ بِهِمْ ۭ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فِيْ

انہوں نے کمایا | اور وہ | آن پڑے گی | ان پر | اور جو لوگ | ایمان لائے | اور انہوں نے عمل کئے | اچھے (وہ ہوں گے) | میں

سے ڈر رہے ہوں گے جس سے انہیں دو چار ہونا پڑے گا۔ لیکن جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کئے، وہ

رَوْضٰتِ الْجَنّٰتِ ۚ لَهُمْ مَّا يَشَآءُوْنَ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۭ ذٰلِكَ هُوَ

باغوں | بہشتوں کے | ان کے لئے ہے | جو کچھ | وہ چاہیں گے | پاس | اپنے رب کے | یہ ہے | وہ

جنت کے باغوں میں ہوں گے۔ ان کے لئے ان کے رب کے ہاں وہ سب کچھ ہو گا جو وہ چاہیں گے۔ یہی

اَلْفَضْلُ الْكَبِيْرُ ﴿٢٢﴾ ذٰلِكَ الَّذِيْ يُبَشِّرُ اللّٰهُ عِبَادَهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

فضل | بڑا | یہ ہے | جس کی | خوشخبری دیتا ہے | اللہ | اپنے بندوں کو | جو | ایمان لائے

بڑا انعام ہے۔ یہ وہ چیز ہے جس کی خوشخبری اللہ اپنے ان بندوں کو دیتا ہے جو ایمان لائے

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ؕ قُلْ لَّآ اَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا اِلَّا الْمَوَدَّةَ فِي

اور انہوں نے کام کیے | اچھے | کہہ دیجئے | نہیں | میں مانگتا تم سے | اس پر | کوئی معاوضہ | مگر | محبت | میں

اور جنہوں نے نیک عمل کیے۔ اے نبی ﷺ آپ ﷺ کہیں "لوگو میں تم سے تبلیغ کا کوئی معاوضہ نہیں مانگتا مگر تم لوگ رشتہ داری کا

الْقُرْبٰى ؕ وَمَنْ يَّقْتَرِفْ حَسَنَةً نَّزِدْ لَهٗ فِيْهَا حُسْنًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ

رشتہ داری | اور جو کوئی | کمائے | نیکی | ہم زیادہ کر دیتے ہیں | اس کیلئے | اس میں | بھلائی کو | بیشک | اللہ ہے

کچھ خیال کرو" آگاہ رہو جو شخص کوئی نیکی کرے گا ہم اس کی نیکی میں برکت دیں گے۔ بے شک اللہ

غَفُوْرٌ شَكُوْرٌ ﴿٢٣﴾ اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا ۚ

بہت بخشنے والا | نہایت قدردان | کیا | وہ کہتے ہیں | اس نے گھڑلیا ہے | پر | اللہ | جھوٹ

معاف کرنے والا بڑا قدردان ہے۔ اے نبی ﷺ کیا کافر آپ ﷺ کے بارے میں کہتے ہیں "اس شخص نے اللہ پر جھوٹ باندھا

فَاِنْ يَّشَاِ اللّٰهُ يَخْتِمْ عَلٰى قَلْبِكَ ؕ وَيَمْحُ اللّٰهُ الْبَاطِلَ

پس اگر | چاہے | اللہ | مہر لگا دے | پر | تیرے دل | اور مٹاتا ہے | اللہ | باطل کو

ہے؟" اگر بالفرض یہ بات ہوتی تو پھر اللہ آپ ﷺ کے دل پر مہر لگا دیتا۔ اللہ باطل کو مٹاتا ہے

وَيُحِقُّ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ ؕ اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿٢٤﴾

اور ثابت کرتا ہے | حق کو | اپنی باتوں سے | بیشک وہ ہے | خوب جاننے والا | سینوں والی (بات)

اور حق کو ثابت کرتا ہے۔ وہ دلوں کی باتیں جانتا ہے۔

وَهُوَ الَّذِيْ يَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهٖ وَيَعْفُوْا

اور وہی ہے | جو | قبول کرتا ہے | توبہ | سے | اپنے بندوں | اور وہ معاف کرتا ہے

وہی ہے جو اپنے بندوں کی توبہ قبول کرتا ہے۔ برائیوں کو معاف کرتا ہے۔

عَنِ السَّيِّاٰتِ وَيَعْلَمُ مَا تَفْعَلُوْنَ ﴿٢٥﴾ وَيَسْتَجِيْبُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

کو | گناہوں | اور وہ جانتا ہے | جو کچھ | تم کرتے ہو | اور وہ قبول کرتا ہے دعا | ان کی جو | ایمان لائے

وہ جانتا ہے جو کچھ تم کرتے ہو۔ وہ ان کی دعائیں قبول کرتا ہے

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَيَزِيْدُهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ۭ وَالْكٰفِرُوْنَ لَهُمْ

اور جنہوں نے عمل کئے | اچھے | اور وہ زیادہ دے گا ان کو | سے | اپنے فضل | اور کافر لوگ | ان کے لئے ہے

جو ایمان لائے اور جنہوں نے نیک کام کیے۔ بلکہ وہ انہیں اپنے فضل سے اور زیادہ دیتا ہے۔ مگر کافروں

عَذَابٌ شَدِيْدٌ ۝ وَلَوْ بَسَطَ اللّٰهُ الرِّزْقَ لِعِبَادِهٖ لَبَغَوْا فِي

عذاب | سخت | اور اگر | زیادہ دے | اللہ | رزق | اپنے بندوں کو | ضرور وہ سرکشی کریں گے | میں

کے لئے سخت عذاب ہے۔ اگر اللہ اپنے تمام بندوں کی روزی زیادہ کر دیتا تو وہ دنیا میں فساد

الْاَرْضِ وَلٰكِنْ يُّنَزِّلُ بِقَدَرٍ مَّا يَشَاۗءُ ۭ اِنَّهٗ بِعِبَادِهٖ خَبِيْرٌۢ

زمین | اور لیکن | وہ اتارتا ہے | اندازے سے | جو کچھ | وہ چاہتا ہے | بیشک وہ ہے | اپنے بندوں کو | خوب جاننے والا

مچاتے۔ لیکن وہ اندازے کے ساتھ دیتا ہے جتنا چاہتا ہے۔ بے شک وہ اپنے بندوں کو جاننے والا

بَصِيْرٌ ۝ وَهُوَ الَّذِيْ يُنَزِّلُ الْغَيْثَ مِنْۢ بَعْدِ مَا قَنَطُوْا وَيَنْشُرُ

خوب دیکھنے والا | اور وہی ہے | جو | اتارتا ہے | بارش | سے | بعد | جو | وہ مایوس ہوتے ہیں | اور وہ پھیلاتا ہے

دیکھنے والا ہے۔ وہی ہے جو لوگوں کے مایوس ہونے کے بعد بارش برساتا ہے اور اپنی رحمت

رَحْمَتَهٗ ۭ وَهُوَ الْوَلِيُّ الْحَمِيْدُ ۝ وَمِنْ اٰيٰتِهٖ خَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

اپنی رحمت کو | اور وہی ہے | کارساز | تعریف کیا گیا | اور سے | اس کی نشانیوں | پیدا کرنا ہے | آسمانوں کا | اور زمین کا

پھیلا دیتا ہے۔ وہی سب کا کارساز اور تعریف کے لائق ہے۔ اس کی نشانیوں میں سے ہے آسمانوں اور زمین کا پیدا کرنا۔

وَمَا بَثَّ فِيْهِمَا مِنْ دَاۗبَّةٍ ۭ وَهُوَ عَلٰي جَمْعِهِمْ اِذَا يَشَاۗءُ

اور جو کچھ | اس نے پھیلائے | ان میں | سے | جانداروں | اور وہ | پر | ان کے جمع کرنے | جب | وہ چاہے

ان میں جانداروں کا ہر جگہ پھیلا دینا۔ اور وہ اس پر قادر ہے کہ جب چاہے سب کو جمع

قَدِيْرٌ ۝ۧ وَمَآ اَصَابَكُمْ مِّنْ مُّصِيْبَةٍ فَبِمَا كَسَبَتْ اَيْدِيْكُمْ

قادر ہے | اور جو | پہنچتی ہے تمہیں | کوئی | مصیبت | تو بسبب اسکے جو | کمایا | تمہارے ہاتھوں نے

کر لے۔ لوگو! تم پر جو مصیبت آتی ہے تمہارے اپنے اعمال کا نتیجہ ہوتی ہے

وَيَعْفُوْا عَنْ كَثِيْرٍ ۝ۭ وَمَآ اَنْتُمْ بِمُعْجِزِيْنَ فِي الْاَرْضِ ښ وَمَا لَكُمْ

اور وہ درگزر کرتا ہے | سے | بہت (باتوں) | اور نہیں | تم | عاجز کرنیوالے | میں | زمین | اور نہیں | تمہارا

لیکن اللہ تمہارے بہت سے قصور معاف کر دیتا ہے۔ تم زمین میں ہمارے قابو سے باہر نہیں نکل سکتے۔ اللہ کے

مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ﴿31﴾ وَمِنْ اٰيٰتِهِ الْجَوَارِ فِي

سے | سوا | اللہ کے | کوئی | دوست | اور نہ | کوئی مددگار | اور سے | اس کی نشانیوں | کشتیاں ہیں | میں

سوا نہ تمہارا کوئی کار ساز ہے اور نہ کوئی مدد گار اسی کی نشانیوں میں سے ہے کہ سمندر میں جہاز

الْبَحْرِ كَالْاَعْلَامِ ﴿32﴾ اِنْ يَّشَاْ يُسْكِنِ الرِّيْحَ فَيَظْلَلْنَ رَوَاكِدَ عَلٰى

سمندر | جیسے بلند پہاڑ | اگر | وہ چاہے | ساکن کردے | ہوا کو | پھر وہ ہو جائیں | ٹھہری ہوئیں | پر

چلتے ہیں پہاڑوں جیسے۔ اگر اللہ چاہے تو ہوا کو روک دے پھر وہ سمندر کی سطح

ظَهْرِهٖ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُوْرٍ ﴿33﴾ اَوْ يُوْبِقْهُنَّ

اسکی سطح | بے شک | میں | اس | ضرور نشانیاں ہیں | واسطے ہر | صبر کرنیوالے | شکر کرنیوالے کے | یا | وہ ہلاک کردے انکو

پر رُک جائیں۔ بے شک اس کے اندر نشانیاں ہیں ہر اس شخص کے لئے جو صبر کرنے والا اور شکر کرنے والا ہے۔ اللہ چاہے تو جہاز

بِمَا كَسَبُوْا وَيَعْفُ عَنْ كَثِيْرٍ ﴿34﴾ وَّيَعْلَمَ الَّذِيْنَ يُجَادِلُوْنَ فِيْٓ

بسبب اسکے جو | انہوں نے کمایا | اور وہ درگزر کرے | سے | بہتوں | اور تا کہ جانیں | وہ لوگ جو | جھگڑتے ہیں | بارے میں

والوں کو ان کی بداعمالیوں کے سبب تباہ کر دے اور چاہے تو بہت سے لوگوں کو معاف کر دے۔ پھر ان لوگوں کو جو ہماری نشانیوں کو

اٰيٰتِنَا ؕ مَا لَهُمْ مِّنْ مَّحِيْصٍ ﴿35﴾ فَمَآ اُوْتِيْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ فَمَتَاعُ

ہماری آیتوں کے | کہ نہیں | ان کے لئے | کوئی | بھاگنے کی جگہ | پس جو کچھ | تمہیں دیا گیا ہے | سے | کسی چیز | تو فائدہ ہے

جھٹلانے کے لئے جھگڑتے ہیں پتہ چل جائے، اب ان کے بچاؤ کا کوئی راستہ نہیں۔ لوگو جو کچھ تمہیں ملا ہے دنیا کی

الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَلٰى

زندگی کا | دنیا کی | اور جو کچھ | پاس | اللہ کے ہے | بہتر ہے | اور زیادہ باقی رہنے والا ہے | اُن کے لیے جو | ایمان لائے | اور پر

زندگی برتنے کے لئے ہے لیکن جو اجر اللہ کے ہاں ہے وہ زیادہ بہتر اور باقی رہنے والا ہے۔ مگر وہ ہے ان لوگوں کے لئے جو ایمان

رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ﴿36﴾ ۚ وَالَّذِيْنَ يَجْتَنِبُوْنَ كَبٰٓئِرَ الْاِثْمِ وَالْفَوَاحِشَ وَاِذَا مَا

اپنے رب | وہ توکل کرتے ہیں | اور جو لوگ | بچتے ہیں | بڑے | گناہوں سے | اور بے حیائیوں سے | اور جب

لاتے اور اپنے رب پر بھروسا رکھتے ہیں۔ جو بڑے گناہوں اور بے حیائی سے بچتے ہیں۔ جب

غَضِبُوْا هُمْ يَغْفِرُوْنَ ﴿37﴾ ۚ وَالَّذِيْنَ اسْتَجَابُوْا لِرَبِّهِمْ وَاَقَامُوا

وہ غصے میں آئیں | تو وہ | بخش دیتے ہیں | اور جو لوگ | حکم مانتے ہیں | اپنے رب کا | اور قائم کرتے ہیں

انہیں غصہ آتا ہے تو معاف کر دیتے ہیں۔ جو اپنے رب کا حکم مانتے ہیں۔ نماز کی پابندی

الصَّلٰوةَ ۠ وَاَمْرُهُمْ شُوْرٰى بَيْنَهُمْ ۠ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ﴿38﴾

نماز | اور کام ان کا ہے | مشورہ کرنا | اپنے درمیان | اور اس سے جو | ہم نے روزی دی انکو | وہ خرچ کرتے ہیں

کرتے ہیں۔ اپنے کام باہمی مشورے سے کرتے ہیں۔ ہم نے جو کچھ انہیں دیا اس میں سے راہ خدا میں خرچ کرتے ہیں

وَالَّذِيْنَ اِذَآ اَصَابَهُمُ الْبَغْيُ هُمْ يَنْتَصِرُوْنَ ﴿39﴾ وَجَزٰٓؤُا سَيِّئَةٍ

اور وہ لوگ کہ | جب | پہنچتی ہے انکو | زیادتی | وہ | بدلہ لیتے ہیں | اور بدلہ | برائی کا

جب ان پر کوئی زیادتی ہوتی ہے تو بدلہ لیتے ہیں اور برائی کا بدلہ اتنا لیا جا سکتا ہے

سَيِّئَةٌ مِّثْلُهَا ۚ فَمَنْ عَفَا وَاَصْلَحَ فَاَجْرُهٗ عَلَى اللّٰهِ ۭ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ

برائی ہے | برابر اسکے | پھر جو کوئی | معاف کر دے | اور صلح کر لے | تو اجر اسکا ہے | پر | اللہ | بیشک وہ | نہیں | پسند کرتا

جتنی برائی کی گئی۔ لیکن جو معاف کر دے اور اصلاح کرے اس کا ثواب اللہ کے ذمے ہے۔ بے شک اللہ ظالموں

الظّٰلِمِيْنَ ﴿40﴾ وَلَمَنِ انْتَصَرَ بَعْدَ ظُلْمِهٖ فَاُولٰٓئِكَ مَا عَلَيْهِمْ مِّنْ

ظالموں کو | اور البتہ جو | بدلہ لے | بعد | اپنے ظلم کے | تو وہ لوگ | نہیں ہے | ان پر | کوئی

کو پسند نہیں کرتا۔ لیکن جو اپنے اوپر ظلم ہونے کے بعد بدلہ لیں تو ایسے لوگوں پر کوئی

سَبِيْلٍ ﴿41﴾ اِنَّمَا السَّبِيْلُ عَلَى الَّذِيْنَ يَظْلِمُوْنَ النَّاسَ وَيَبْغُوْنَ فِي

الزام | صرف | الزام ہے | اوپر | ان جو | ظلم کرتے ہیں | لوگوں پر | اور وہ سرکشی کرتے ہیں | میں

الزام نہیں۔ الزام صرف ان پر ہے جو لوگوں پر ظلم کرتے اور زمین میں نا حق

الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ ۭ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿42﴾ وَلَمَنْ صَبَرَ

زمین | ناحق | وہ لوگ | ان کے لئے ہے | عذاب | دردناک | اور البتہ جو | صبر کرے

سرکشی کرتے ہیں۔ یہی لوگ ہیں جن کے لئے دردناک عذاب ہے اور جو صبر کرے

وَغَفَرَ اِنَّ ذٰلِكَ لَمِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ ﴿43﴾ ۧ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ

اور بخش دے | بیشک | یہ ہے | ضرور سے | ہمت کے | کاموں میں | اور جسے | گمراہ کرے | اللہ | پھر نہیں | اس کا

اور معاف کر دے تو بے شک یہ ہمت کے کام ہیں۔ اور دیکھو، جسے اللہ گمراہ کر دے اس کا کوئی

مِنْ وَّلِيٍّ مِّنْۢ بَعْدِهٖ ۭ وَتَرَى الظّٰلِمِيْنَ لَمَّا رَاَوُا الْعَذَابَ يَقُوْلُوْنَ

کوئی | کارساز | سے | اس کے بعد | اور تو دیکھے گا | ظالموں کو | جب | وہ دیکھیں گے | عذاب کو | وہ کہیں گے

کارساز نہیں۔ تم ظالموں کو دیکھو گے جب وہ عذاب سے دو چار ہوں گے تو کہیں گے

هَلْ اِلٰى مَرَدٍّ مِّنْ سَبِيْلٍ ﴿٤٤﴾ وَتَرٰىهُمْ يُعْرَضُوْنَ عَلَيْهَا خٰشِعِيْنَ

کیا ہے | طرف | واپسی کے | کوئی | راہ | اور تو دیکھے گا انکو | وہ پیش کیے جائیں گے | اس پر | جھکے ہوں گے

''ہے کوئی راستہ دنیا میں واپس جانے کا؟'' اور تم انہیں دیکھو گے وہ دوزخ کے سامنے اس طرح لائے جائیں گے کہ ذلت سے جھکے

مِنَ الذُّلِّ يَنْظُرُوْنَ مِنْ طَرْفٍ خَفِيٍّ ؕ وَقَالَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّ

سے | ذلت | دیکھتے ہوں گے | سے | نظر | چھپی | اور کہیں گے | وہ جو | ایمان لائے | بیشک

ہوئے ہوں گے۔ چھپی نگاہ سے دیکھتے ہوں گے۔ اور ایمان والے کہیں گے

الْخٰسِرِيْنَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ وَاَهْلِيْهِمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ اَلَآ اِنَّ

نقصان اٹھانے والے وہ ہیں | جنہوں نے | نقصان کیا | اپنے آپ کا | اور اپنے گھر والوں کا | دن | قیامت کے | آگاہ رہو | بیشک

''خسارے والے وہی ہیں جنہوں نے آج قیامت کے دن اپنے آپ کو اور اپنے متعلقین کو خسارے میں ڈالا۔ سنو ظالم

الظّٰلِمِيْنَ فِيْ عَذَابٍ مُّقِيْمٍ ﴿٤٥﴾ وَمَا كَانَ لَهُمْ مِّنْ اَوْلِيَآءَ

ظالم لوگ (ہوں گے) | میں | عذاب | دائمی | اور نہ | ہوگا | ان کا | کوئی | دوست

لوگ ہمیشہ کے عذاب میں رہیں گے۔ ان کے لئے کوئی مددگار نہ ہوں گے جو اللہ کے مقابلے میں

يَنْصُرُوْنَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ

جو مدد کریں انکی | سے | علاوہ | اللہ کے | اور جسے | گمراہ کرے | اللہ | پھر نہیں | اس کو | کوئی

ان کی کچھ مدد کریں۔ جسے اللہ بھٹکا دے اُس کے لئے کوئی

سَبِيْلٍ ؕ ﴿٤٦﴾ اِسْتَجِيْبُوْا لِرَبِّكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ يَوْمٌ لَّا مَرَدَّ

راہ (ہدایت کی) | تم حکم مانو | اپنے رب کا | سے | پہلے اس | کہ | آئے | وہ دن | نہیں | ٹالا جانا

راستہ نہیں۔'' لوگو اپنے رب کا حکم مانو اس سے پہلے کہ وہ دن آ جائے جو اللہ کی طرف

لَهٗ مِنَ اللّٰهِ ؕ مَا لَكُمْ مِّنْ مَّلْجَاٍ يَّوْمَئِذٍ وَّمَا لَكُمْ مِّنْ

اس کو | سے | اللہ | نہیں | تمہارے لئے | کوئی | پناہ گاہ | اس دن | اور نہیں | تمہارے لئے | کوئی

سے ٹلنے والا نہیں۔ اس دن تمہارے لئے نہ کوئی پناہ ہو گی، نہ تم کسی بات کا انکار

نَّكِيْرٍ ﴿٤٧﴾ فَاِنْ اَعْرَضُوْا فَمَآ اَرْسَلْنٰكَ عَلَيْهِمْ حَفِيْظًا ؕ اِنْ عَلَيْكَ

انکار | پھر اگر | وہ منہ پھیر لیں | تو نہیں | ہم نے بھیجا تجھے | ان پر | نگران | نہیں | تجھ پر

کر سکو گے۔ اے نبی ﷺ اگر مشرک لوگ اعراض کریں تو ہم نے آپ ﷺ کو ان پر نگران بنا کر تو نہیں بھیجا۔ آپ ﷺ کے ذمے

اِلَّا الْبَلٰغُ ؕ وَ اِنَّاۤ اِذَاۤ اَذَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنَّا رَحْمَةً فَرِحَ بِهَا ۚ

مگر | پہنچا دینا | اور بیشک ہم | جب | ہم چکھاتے ہیں | انسان کو | اپنے طرف سے | رحمت | وہ خوش ہوتا ہے | اس سے

پیغام پہنچانا ہے۔ انسان کو جب ہم اپنے فضل سے نوازتے ہیں تو وہ اس پر مغرور ہو جاتا ہے۔

وَ اِنْ تُصِبْهُمْ سَیِّئَةٌۢ بِمَا قَدَّمَتْ اَیْدِیْهِمْ فَاِنَّ الْاِنْسَانَ كَفُوْرٌ ﴿۴۸﴾

اور اگر | پہنچے انکو | کوئی تکلیف | بسبب اسکے جو | آگے بھیجا | ان کے ہاتھوں نے | پھر بیشک | انسان | ناشکرا ہے

اگر اس کے برے اعمال کے بدلے میں اس پر کوئی مصیبت آتی ہے تو ناشکری کرنے لگتا ہے۔

لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ؕ یَخْلُقُ مَا یَشَآءُ ؕ یَهَبُ لِمَنْ

اللہ کے لئے ہے | بادشاہی | آسمانوں کی | اور زمین کی | وہ پیدا کرتا ہے | جو | وہ چاہتا ہے | وہ دیتا ہے | جس کو

آسمانوں اور زمین کی بادشاہی اللہ کی ہے وہ جو چاہتا ہے پیدا کرتا ہے۔ جسے چاہتا ہے

یَّشَآءُ اِنَاثًا وَّ یَهَبُ لِمَنْ یَّشَآءُ الذُّكُوْرَ ۙ﴿۴۹﴾ اَوْ یُزَوِّجُهُمْ ذُكْرَانًا

وہ چاہے | بیٹیاں | اور وہ دیتا ہے | جس کو | وہ چاہے | بیٹے | یا | ملا کر دیتا ہے انکو | بیٹے

بیٹیاں دیتا ہے اور جسے چاہتا ہے صرف بیٹے عطا کرتا ہے۔ یا بیٹے بیٹیاں ملا

وَّ اِنَاثًا ۚ وَ یَجْعَلُ مَنْ یَّشَآءُ عَقِیْمًا ؕ اِنَّهٗ عَلِیْمٌ قَدِیْرٌ ﴿۵۰﴾ وَ مَا كَانَ

اور بیٹیاں | اور وہ کر دیتا ہے | جسے | وہ چاہتا ہے | بانجھ | بیشک وہ ہے | بہت جاننے والا | بڑی قدرت والا | اور نہیں | ہے (لائق)

کر دیتا ہے، اور جسے چاہتا ہے بے اولاد رکھتا ہے۔ بے شک وہ جاننے والا قدرت والا ہے۔ کوئی انسان اس کی

لِبَشَرٍ اَنْ یُّكَلِّمَهُ اللّٰهُ اِلَّا وَحْیًا اَوْ مِنْ وَّرَآئِ حِجَابٍ اَوْ

کسی بشر کے لئے | کہ | کلام کرے اس سے | اللہ | مگر | وحی کر کے | یا | سے | پیچھے | پردے کے | یا

تاب نہیں لا سکتا کہ اللہ اُس سے کلام کرے مگر وحی کے ذریعے سے، یا پردے کے پیچھے سے،

یُرْسِلَ رَسُوْلًا فَیُوْحِیَ بِاِذْنِهٖ مَا یَشَآءُ ؕ اِنَّهٗ عَلِیٌّ حَكِیْمٌ ﴿۵۱﴾ وَ كَذٰلِكَ

وہ بھیجے | رسول | تو وہ وحی کرے | حکم اپنے سے | جو کچھ | وہ چاہے | بیشک وہ ہے | بلند مرتبہ | حکمت والا | اور اسی طرح

یا کسی فرشتے کو اس کے پاس بھیج دے تا کہ اپنے حکم کے مطابق جو وحی چاہے کر دے۔ بے شک اللہ سب سے بلند اور حکمت والا

اَوْحَیْنَاۤ اِلَیْكَ رُوْحًا مِّنْ اَمْرِنَا ؕ مَا كُنْتَ تَدْرِیْ مَا الْكِتٰبُ

ہم نے وحی کیا | آپ کی طرف | روح (قرآن) کو | سے | حکم اپنے | نہیں | تھے آپ | جانتے | کیا ہے | کتاب

ہے۔ اے نبی ﷺ اسی طرح ہم نے اپنی طرف سے آپ ﷺ کے پاس وحی بھیجی۔ ورنہ اس سے پہلے آپ ﷺ

وَلَا الْاِيْمَانُ وَلٰكِنْ جَعَلْنٰهُ نُوْرًا نَّهْدِيْ بِهٖ مَنْ نَّشَآءُ مِنْ

اور نہ | ایمان | اور لیکن | ہم نے بنایا ہے اسے | نور | ہم ہدایت دیتے ہیں | اس کے ذریعے | جسے | ہم چاہیں | سے

کتاب و ایمان سے ناواقف تھے۔ لیکن ہم نے اس قرآن کو نور بنایا جس سے ہم اپنے بندوں میں سے جس کو چاہتے ہیں ہدایت

عِبَادِنَا ؕ وَاِنَّكَ لَتَهْدِيْۤ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿52﴾ صِرَاطِ اللّٰهِ الَّذِيْ

اپنے بندوں | اور بیشک آپ | البتہ رہنمائی کرتے ہیں | کی طرف | راہ | سیدھی | راہ | اللہ کی | جو

دیتے ہیں۔ اے نبی ﷺ بے شک آپ ﷺ ان لوگوں کو وہ سیدھا راستہ دکھا رہے ہیں جو اُس اللہ کا بتایا ہوا راستہ ہے جو آسمانوں

لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ اَلَاۤ اِلَى اللّٰهِ تَصِيْرُ الْاُمُوْرُ ﴿53﴾ ع

اسی کیلئے | جو کچھ | میں | آسمانوں | اور جو کچھ ہے | میں | زمین | آگاہ رہو | طرف | اللہ کی | پھیرے جاتے ہیں | سب کام

اور زمین کی ہر چیز کا مالک ہے۔ لوگو! آگاہ رہو سارے معاملات اللہ کے سامنے پیش ہوں گے۔

(43) سُوْرَةُ الزُّخْرُفِ مَكِّيَّةٌ (63)

اٰیاتھا 89 — رکوعاتھا 7

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

حٰمٓ ۚ﴿1﴾ وَالْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ۙ﴿2﴾ اِنَّا جَعَلْنٰهُ قُرْءٰنًا عَرَبِيًّا لَّعَلَّكُمْ

حٰمٓ | قسم ہے کتاب | واضح کی | بیشک ہم | ہم نے کیا ہے اسے | قرآن | عربی | تاکہ تم

حٰمٓ یہ واضح کتاب کی قسم بے شک ہم نے اس قرآن کو عربی زبان میں اتارا

تَعْقِلُوْنَ ۚ﴿3﴾ وَاِنَّهٗ فِيْۤ اُمِّ الْكِتٰبِ لَدَيْنَا لَعَلِيٌّ حَكِيْمٌ ؕ﴿4﴾ اَفَنَضْرِبُ

تم سمجھو | اور بیشک یہ ہے | میں | لوح | محفوظ | ہمارے پاس | یقیناً بلند مرتبہ | حکمت بھرا | کیا پھر ہم روک لیں گے

تاکہ تم سمجھو۔ اور بے شک یہ قرآن ہمارے پاس لوحِ محفوظ میں موجود ہے۔ یہ بلند مرتبہ اور حکمت بھری کتاب ہے۔ کیا تم جیسے حد

عَنْكُمُ الذِّكْرَ صَفْحًا اَنْ كُنْتُمْ قَوْمًا مُّسْرِفِيْنَ ﴿5﴾ وَكَمْ اَرْسَلْنَا

تم سے | اس ذکر کو | ایک طرف | اس لئے کہ | تم ہو | لوگ | حد سے گزرنے والے | اور کتنے ہی | ہم نے بھیجے ہیں

سے گزرنے والوں کو ہم اس قرآن کے ذریعے سمجھانا چھوڑ دیں؟ ہم نے پہلی قوموں کے لئے

مِنْ نَّبِيٍّ فِي الْاَوَّلِيْنَ ﴿6﴾ وَمَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ نَّبِيٍّ اِلَّا كَانُوْا بِهٖ

سے | نبی | میں | پہلے لوگوں | اور نہیں | آیا انکے پاس | کوئی | نبی | مگر | وہ تھے | اس کا

کتنے ہی نبی بھیجے، مگر کوئی نبی اُن کے پاس ایسا نہ آیا جس کا انہوں

يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝٧ فَاَهْلَكْنَآ اَشَدَّ مِنْهُمْ بَطْشًا وَّمَضٰى مَثَلُ

مذاق اڑاتے | پھر ہم نے ہلاک کئے | وہ جو زیادہ سخت تھے | ان میں | پکڑ میں | اور گزر چکی ہے | مثال

نے مذاق نہ اڑایا۔ پھر ہم نے ان سب کو جو ان مشرکوں سے زیادہ طاقت ور تھے ہلاک کر دیا۔ اس طرح پہلوں کی مثالیں

الْاَوَّلِيْنَ ۝٨ وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ لَيَقُوْلُنَّ

پہلے لوگوں کی | اور البتہ اگر | تو پوچھے ان سے | کس نے | پیدا کیا | آسمانوں کو | اور زمین کو | البتہ ضرور وہ کہیں گے

گزر چکی ہیں، اے نبی ﷺ اگر آپ ﷺ ان لوگوں سے پوچھیں ''آسمانوں اور زمین کو کس نے پیدا کیا؟ تو وہ ضرور کہیں گے

خَلَقَهُنَّ الْعَزِيْزُ الْعَلِيْمُ ۝٩ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ مَهْدًا

پیدا کیا ہے انکو | نہایت غالب | خوب علم والے نے | جس نے | بنایا ہے | تمہارے لئے | زمین کو | بچھونا

''اس اللہ نے جو غالب اور علم والا ہے'' لوگو اسی نے تمہارے لئے زمین کا فرش بنایا۔

وَّجَعَلَ لَكُمْ فِيْهَا سُبُلًا لَّعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ۝١٠ وَالَّذِيْ نَزَّلَ مِنَ

اور بنائے ہیں | تمہارے لئے | اس میں | راستے | تاکہ تم | تم راہ پاؤ | اور جس نے | اتارا | سے

تمہارے لئے اس میں راستے بنائے تاکہ تم راہ پاؤ۔ وہی خاص اندازے کے ساتھ

السَّمَآءِ مَآءًۢ بِقَدَرٍ ۚ فَاَنْشَرْنَا بِهٖ بَلْدَةً مَّيْتًا ۚ كَذٰلِكَ تُخْرَجُوْنَ ۝١١

آسمان | پانی | اندازے سے | پھر ہم نے زندہ کیا | اس کے ذریعے | شہر | مردہ کو | اسی طرح | تم نکالے جاؤ گے

آسمان سے پانی برساتا ہے۔ پھر اس کے ذریعے مردہ زمین کو زندہ کر دیتا ہے۔ اسی طرح تم بھی نکالے جاؤ گے۔

وَالَّذِيْ خَلَقَ الْاَزْوَاجَ كُلَّهَا وَجَعَلَ لَكُمْ مِّنَ الْفُلْكِ وَالْاَنْعَامِ

اور جس نے | پیدا کیں | قسمیں | ساری | اور جس نے بنائی | تمہارے لئے | سے | کشتیاں | اور چار پایوں سے

اسی نے ہر قسم کی چیزیں پیدا کیں۔ تمہارے لئے ایسی کشتیاں اور چوپائے بنائے جن پر

مَا تَرْكَبُوْنَ ۝١٢ لِتَسْتَوٗا عَلٰى ظُهُوْرِهٖ ثُمَّ تَذْكُرُوْا نِعْمَةَ رَبِّكُمْ اِذَا

وہ چیز (جس پر) | تم سوار ہوتے ہیں | تاکہ تم چڑھ بیٹھو | پر | ان کی پیٹھوں | پھر | تم یاد کرو | نعمت | اپنے رب کی | جب

تم سوار ہوتے ہو۔ تاکہ تم ان کی پیٹھ پر جم کر بیٹھو۔ پھر اپنے رب کی اس نعمت کا شکر کرتے

اسْتَوَيْتُمْ عَلَيْهِ وَتَقُوْلُوْا سُبْحٰنَ الَّذِيْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا

تم سوار ہو | اس پر | اور تم کہو | وہ پاک ہے | جس نے | تابع کیا | ہمارے لئے | اس کو | اور نہ | ہم تھے

ہوئے کہو کہ ''پاک ہے وہ اللہ جس نے ان چیزوں کو ہمارے قابو میں کر دیا۔ ورنہ ہم

لَهُ مُقْرِنِيْنَ ۝١٣ وَاِنَّآ اِلٰى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ ۝١٤ وَجَعَلُوْا لَهٗ مِنْ عِبَادِهٖ

اس کو | قابو میں لانے والے | اور بیشک ہم | طرف | اپنے رب کی | ضرور پھرنے والے ہیں | اور انہوں نے بنایا | اس کے لئے | سے | اس کے بندوں

ایسے نہ تھے کہ انہیں قابو میں کرتے۔ بے شک ایک دن ہمیں اپنے رب کے پاس جانا ہے۔" ان مشرکوں نے اللہ کے

ع 1 15 7

جُزْءًا ۭ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَكَفُوْرٌ مُّبِيْنٌ ۝١٥ۭ اَمِ اتَّخَذَ مِمَّا يَخْلُقُ

ایک جزو (اولاد) | بیشک | انسان ہے | ضرور ناشکرا | کھلا | کیا | اس نے بنائی ہے | اس سے جو | اس نے پیدا کیں

بندوں میں سے فرشتوں کو اس کی بیٹیاں قرار دیا۔ بے شک انسان کھلا ناشکرا ہے۔ کیا اللہ نے اپنی مخلوقات میں

بَنٰتٍ وَّاَصْفٰىكُمْ بِالْبَنِيْنَ ۝١٦ وَاِذَا بُشِّرَ اَحَدُهُمْ بِمَا ضَرَبَ

بیٹیاں | اور اس نے چنا تمہیں | بیٹوں کے لیے | اور جب | خوشخبری دی جاتی ہے | کسی کو ان میں سے | اس کی جو | بیان کی ہے

سے بیٹیاں پسند کیں اور تمہیں بیٹوں سے نوازا؟ حالاں کہ جس چیز کو وہ لوگ اللہ رحمن کی طرف

لِلرَّحْمٰنِ مَثَلًا ظَلَّ وَجْهُهٗ مُسْوَدًّا وَّهُوَ كَظِيْمٌ ۝١٧ اَوَمَنْ يُّنَشَّؤُا

رحمٰن کے لئے | مثال | ہو جاتا ہے | منہ اس کا | کالا | اور وہ | غم سے بھرا ہوتا ہے | کیا جسے | پالا جاتا ہے

منسوب کرتے ہیں جب ان میں سے کسی کو اس کی خبر دی جاتی ہے تو اس کا چہرہ سیاہ ہو جاتا ہے۔ وہ غم سے بھر جاتا ہے۔ کہتا ہے "کیا

فِي الْحِلْيَةِ وَهُوَ فِي الْخِصَامِ غَيْرُ مُبِيْنٍ ۝١٨ وَجَعَلُوا الْمَلٰٓئِكَةَ

میں | زیور | اور وہ ہے | میں | لڑائی | غیر | واضح | اور انہوں نے بنایا | فرشتوں کو

وہ پیدا ہوئی ہے جو آرائش میں پلتی اور لڑائی میں پیچھے رہتی ہے۔" اور انہوں نے فرشتوں کو

الَّذِيْنَ هُمْ عِبٰدُ الرَّحْمٰنِ اِنَاثًا ۭ اَشَهِدُوْا خَلْقَهُمْ ۭ سَتُكْتَبُ

جو کہ | وہ ہیں | بندے | رحمان کے | عورتیں | کیا وہ موجود تھے | ان کی پیدائش پر | ضرور لکھی جائے گی

جو رب رحمٰن کے خاص بندے ہیں اللہ کی بیٹیاں بنا رکھا ہے۔ کیا وہ ان کی پیدائش کے وقت موجود تھے؟ ان کا یہ دعویٰ لکھ

شَهَادَتُهُمْ وَيُسْئَلُوْنَ ۝١٩ وَقَالُوْا لَوْ شَآءَ الرَّحْمٰنُ مَا عَبَدْنٰهُمْ ۭ

ان کی گواہی | اور ان سے پوچھا جائے گا | اور انہوں نے کہا | اگر | چاہتا | رحمٰن | نہ | ہم پوجتے انکو

لیا جائے گا اور ان سے پوچھ ہوگی۔ اور وہ کہتے ہیں "اگر اللہ رحمن چاہتا ہم فرشتوں کی پوجا نہ کرتے۔" انہیں

مَا لَهُمْ بِذٰلِكَ مِنْ عِلْمٍ ۤ اِنْ هُمْ اِلَّا يَخْرُصُوْنَ ۝٢٠ۭ اَمْ اٰتَيْنٰهُمْ

نہیں ان کو | اس کا | کچھ | علم | نہیں ہیں | وہ | مگر | وہ قیاس آرائی کرتے | کیا | ہم نے دی ہے انکو

اس بارے میں کوئی علم نہیں۔ وہ محض بے تحقیق بات کر رہے ہیں۔ کیا ہم نے انہیں اس سے

كِتٰبًا مِّنْ قَبْلِهٖ فَهُمْ بِهٖ مُسْتَمْسِكُوْنَ ﴿21﴾ بَلْ قَالُوْٓا اِنَّا وَجَدْنَآ

کوئی کتاب | سے | پہلے اس | پس وہ | اس کو | تھامے ہوئے ہیں | بلکہ | انہوں نے کہا | بیشک ہم | ہم نے پایا

پہلے کوئی کتاب دے رکھی ہے جس سے وہ دلیل پکڑتے ہیں؟ نہیں، وہ تو کہتے ہیں ”ہم نے اپنے باپ

اٰبَآءَنَا عَلٰٓى اُمَّةٍ وَّاِنَّا عَلٰٓى اٰثٰرِهِمْ مُّهْتَدُوْنَ ﴿22﴾ وَكَذٰلِكَ

اپنے باپ دادا کو | پر | ایک طریقے | اور بیشک ہم | پر | ان کے نقش قدم | ہدایت یافتہ ہیں | اور اسی طرح

دادا کو ایک طریقے پر پایا اور ہم ان کے پیچھے چل رہے ہیں۔“ اے نبی ﷺ اسی طرح ہم نے

مَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ فِيْ قَرْيَةٍ مِّنْ نَّذِيْرٍ اِلَّا قَالَ مُتْرَفُوْهَآ ۙ

نہیں ہم نے بھیجا | سے | پہلے تجھ | میں | کسی بستی | سے | کوئی ڈرانیوالا | مگر | (جواب میں) کہا | ان کے امیروں نے

آپ ﷺ سے پہلے جس بستی میں کوئی خبردار کرنے والا نبی بھیجا تو وہاں کے خوشحال لوگ یہی کہتے

اِنَّا وَجَدْنَآ اٰبَآءَنَا عَلٰٓى اُمَّةٍ وَّاِنَّا عَلٰٓى اٰثٰرِهِمْ مُّقْتَدُوْنَ ﴿23﴾ قٰلَ

بیشک ہم | ہم نے پایا | اپنے باپ دادا کو | پر | ایک طریقے | اور بیشک ہم | پر | ان کے نقش قدم | پیچھے چلنے والے ہیں | نبی نے کہا

”ہم نے اپنے باپ دادا کو ایک طریقے پر پایا اور ہم ان کے پیچھے چلے جا رہے ہیں۔“ نبی ان سے کہتا

اَوَلَوْ جِئْتُكُمْ بِاَهْدٰى مِمَّا وَجَدْتُّمْ عَلَيْهِ اٰبَآءَكُمْ ۭ قَالُوْٓا اِنَّا

کیا اگر | میں لایا ہوں تمہارے پاس | بہتر ہدایت | اس سے جو | تم نے پایا | جس پر | اپنے باپ دادا کو | انہوں نے کہا | بیشک ہم

”اگرچہ میں اس سے زیادہ صحیح راستہ تمہیں بتاؤں جس پر تم نے اپنے باپ دادا کو پایا؟“ وہ جواب دیتے ”ہم

بِمَآ اُرْسِلْتُمْ بِهٖ كٰفِرُوْنَ ﴿24﴾ فَانْتَقَمْنَا مِنْهُمْ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ

اس کے جو | تم بھیجے گئے ہو | ساتھ جس کے | منکر ہیں | پھر ہم نے بدلہ لیا | ان سے | پھر تو دیکھ | کیسا | ہوا

تمہارے لائے ہوئے دین کو نہیں مانتے۔“ پھر ہم نے ان لوگوں سے انتقام لیا۔ تو دیکھو کیسا انجام ہوا

عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِيْنَ ﴿25﴾ ع وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهِيْمُ لِاَبِيْهِ وَقَوْمِهٖٓ اِنَّنِيْ

انجام | جھٹلانے والوں کا | اور جب | کہا | ابراہیم نے | اپنے باپ کو | اور اپنی قوم کو | بیشک میں

ان جھٹلانے والوں کا۔ یاد کرو جب ابراہیم علیہ السلام نے اپنے باپ سے اور اپنی قوم سے کہا ”میں ان

بَرَآءٌ مِّمَّا تَعْبُدُوْنَ ﴿26﴾ ۙ اِلَّا الَّذِيْ فَطَرَنِيْ فَاِنَّهٗ سَيَهْدِيْنِ ﴿27﴾

بیزار ہوں | اس سے جس کی | تم پوجا کرتے ہو | مگر | وہی | جس نے پیدا کیا مجھ کو | پس بیشک وہی | عنقریب رہنمائی کرے گا میری

چیزوں سے بری ہوں جن کی تم پوجا کرتے ہو۔ میں صرف اس کی عبادت کرتا ہوں جس نے مجھے پیدا کیا۔ وہی میری رہنمائی کرے

وَجَعَلَهَا كَلِمَةًۢ بَاقِيَةً فِيْ عَقِبِهٖ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿28﴾ بَلْ مَتَّعْتُ

اور اس نے رکھی وہ | بات | باقی رہنے والی | میں | (اولاد) اپنی | تا کہ وہ | وہ رجوع کریں | بلکہ | میں نے فائدہ دیا

گا۔'' اور ابراہیم علیہ السلام اسی کلمۂ توحید کو اپنے پیچھے اپنی اولاد میں چھوڑ گئے تا کہ وہ اس کی طرف رجوع کریں۔ پھر میں نے

هٰٓؤُلَآءِ وَاٰبَآءَهُمْ حَتّٰى جَآءَهُمُ الْحَقُّ وَرَسُوْلٌ مُّبِيْنٌ ﴿29﴾ وَلَمَّا

ان کو | اور ان کے باپ دادا کو | یہاں تک کہ | آیا انکے پاس | حق | اور رسول | بیان کرنیوالا | اور جب

ان مشرکین قریش کو اور ان کے باپ دادا کو دنیا کا سامان دیا۔ یہاں تک کہ اب ان کے پاس حق آ گیا اور وہ

جَآءَهُمُ الْحَقُّ قَالُوْا هٰذَا سِحْرٌ وَّاِنَّا بِهٖ كٰفِرُوْنَ ﴿30﴾ وَقَالُوْا

آ گیا ان کے پاس | حق | وہ بولے | یہ | جادو ہے | اور بے شک ہم | اس کے | منکر ہیں | اور بولے

رسول صلی اللہ علیہ وسلم جو کھول کر سنانے والا ہے۔ مگر جب ان کے سامنے یہ سچا قرآن آیا تو انہوں نے کہہ دیا ''یہ جادو ہے۔ ہم اسے نہیں

لَوْلَا نُزِّلَ هٰذَا الْقُرْاٰنُ عَلٰى رَجُلٍ مِّنَ الْقَرْيَتَيْنِ عَظِيْمٍ ﴿31﴾ اَهُمْ

کیوں نہ | اتارا گیا | یہ | قرآن | پر | آدمی | سے | دو بستیوں | بڑے | کیا وہ

مانتے'' اور اعتراض کیا ''یہ قرآن دو بستیوں کے کسی ایک بڑے آدمی پر کیوں نہیں اتارا گیا؟'' اے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کیا وہ

يَقْسِمُوْنَ رَحْمَتَ رَبِّكَ ؕ نَحْنُ قَسَمْنَا بَيْنَهُمْ مَّعِيْشَتَهُمْ فِي الْحَيٰوةِ

تقسیم کرتے ہیں | رحمت | تیرے رب کی | ہم | ہم نے تقسیم کی | ان کے درمیان | معیشت انکی | میں | زندگی

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے رب کی رحمت کے ٹھیکیدار ہیں۔ اس دنیا کی زندگی میں ان کی روزی ہم تقسیم

الدُّنْيَا وَرَفَعْنَا بَعْضَهُمْ فَوْقَ بَعْضٍ دَرَجٰتٍ لِّيَتَّخِذَ بَعْضُهُمْ

دنیا کی | اور ہم نے بلند کیا | ان کے بعض کو | اوپر | بعض کے | درجوں میں | تا کہ بنائیں | ان کے بعض

کرتے ہیں۔ ہم ایک کو دوسرے پر فوقیت دی ہے تا کہ وہ ایک دوسرے

بَعْضًا سُخْرِيًّا ؕ وَرَحْمَتُ رَبِّكَ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ ﴿32﴾ وَلَوْلَآ اَنْ

بعض کو | تابع | اور رحمت | تیرے رب کی | بہتر ہے | اس سے جو | وہ جمع کرتے ہیں | اور اگر نہ ہوتا (خطرہ) | یہ کہ

سے کام لیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے رب کی رحمت اس سے بہتر ہے جو مال وہ لوگ جمع کر رہے ہیں۔ اور اگر یہ

يَّكُوْنَ النَّاسُ اُمَّةً وَّاحِدَةً لَّجَعَلْنَا لِمَنْ يَّكْفُرُ بِالرَّحْمٰنِ لِبُيُوْتِهِمْ

ہو جائیں | سب لوگ | جماعت | ایک ہی | تو ضرور ہم بنا دیتے | ان کے لئے جو | منکر ہیں | رحمان کے | ان کے گھروں کی

اندیشہ نہ ہوتا کہ لوگ ایک ہی کافرانہ طریقے کے ہو جائیں گے تو جو لوگ اللہ رحمٰن کے منکر ہیں، ہم ان کے گھروں کی

سُقُفًا مِّنْ فِضَّةٍ وَّمَعَارِجَ عَلَيْهَا يَظْهَرُوْنَ ﴿33﴾ وَلِبُيُوْتِهِمْ اَبْوَابًا

چھتوں کو | کا | چاندی | اور سیڑھیاں بھی | جن پر | وہ چڑھتے ہیں | اور ان کے گھروں کے | دروازے

چھتیں چاندی کی بنا دیتے، سیڑھیاں بھی جن پر وہ چڑھتے ہیں۔ ان کے گھروں کے دروازے بھی

وَّسُرُرًا عَلَيْهَا يَتَّكِـُٔوْنَ ﴿34﴾ وَزُخْرُفًا ۭ وَاِنْ كُلُّ ذٰلِكَ لَمَّا مَتَاعُ

اور تختوں کو | جن پر | وہ تکیہ لگاتے ہیں | اور سونے کا بنا دیتے | اور نہیں | سب کچھ | یہ | مگر | فائدہ

اور ان کی چارپائیاں بھی جن پر وہ تکیے لگا کر بیٹھتے ہیں۔ بلکہ یہ ساری چیزیں سونے کی بنا دیتے۔ مگر پھر بھی یہ دنیا کی

الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۭ وَالْاٰخِرَةُ عِنْدَ رَبِّكَ لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿35﴾ وَمَنْ يَّعْشُ

3 ع 10 9

زندگی کا | دنیا کی | اور آخرت ہے | پاس | تیرے رب کے | پرہیزگاروں کے لئے | اور جو کوئی | (اندھا بن کر) غافل رہے

محض زندگی کا سامان ہوتا۔ اے نبی ﷺ آپ ﷺ کے رب کے پاس آخرت کی نعمتیں صرف پرہیزگاوں کے لئے ہیں۔ جو شخص

عَنْ ذِكْرِ الرَّحْمٰنِ نُقَيِّضْ لَهٗ شَيْطٰنًا فَهُوَ لَهٗ قَرِيْنٌ ﴿36﴾ وَاِنَّهُمْ

سے | یاد | رحمان کی | ہم مسلط کر دیتے ہیں | اس پر | ایک شیطان | پھر وہ | اس کا | ساتھی ہوتا ہے | اور بیشک وہ

رحمن کی یاد سے منہ موڑتا ہے ہم اس پر ایک شیطان مسلط کر دیتے ہیں جو اس کا ساتھی بن جاتا ہے۔ پھر وہی

لَيَصُدُّوْنَهُمْ عَنِ السَّبِيْلِ وَيَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ﴿37﴾ حَتّٰٓى اِذَا

ضرور وہ روکتے ہیں انکو | سے | سیدھی راہ | اور وہ گمان کرتے ہیں | کہ وہ ہیں | راہ پانے والے | یہاں تک کہ | جب

شیاطین ان لوگوں کو اللہ کی راہ سے روکتے رہتے ہیں اور لوگ یہی سمجھتے ہیں وہ ہدایت پر ہیں۔ یہاں تک کہ

جَاۗءَنَا قَالَ يٰلَيْتَ بَيْنِيْ وَبَيْنَكَ بُعْدَ الْمَشْرِقَيْنِ فَبِئْسَ الْقَرِيْنُ ﴿38﴾

وہ آئیگا ہمارے پاس | کہے گا | اے افسوس | میرے درمیان | اور تیرے درمیان ہو | دوری | دو مشرقوں کی | پس برا ہے | وہ ساتھی

جب ایسا شخص ہمارے پاس آئے گا تو اپنے ساتھی شیطان کو دیکھ کر کہے گا " کاش میرے اور تیرے درمیان مشرق اور مغرب کی

وَلَنْ يَّنْفَعَكُمُ الْيَوْمَ اِذْ ظَّلَمْتُمْ اَنَّكُمْ فِي الْعَذَابِ مُشْتَرِكُوْنَ ﴿39﴾

اور ہرگز نہ | فائدہ دے گا تمہیں | آج | جب کہ | تم نے ظلم کیا تھا | یہ کہ تم | میں | عذاب | باہم شریک ہوگے

دوری ہوتی، تو بہت برا ساتھی ہے۔" اس وقت ایسے نافرمانوں سے کہا جائے گا " تم نے دنیا میں ظلم کئے۔ اس لئے آج یہ بات تمہیں

اَفَاَنْتَ تُسْمِعُ الصُّمَّ اَوْ تَهْدِي الْعُمْيَ وَمَنْ كَانَ فِيْ ضَلٰلٍ

کیا پھر تو | سنائے گا | بہروں کو | یا | تو راہ دکھائے گا | اندھوں کو | اور اسے جو | ہے | میں | گمراہی

کچھ فائدہ نہ دے گی کہ تم عذاب میں ایک دوسرے کے ساتھ ہو" اے نبی ﷺ کیا آپ ﷺ بہروں کو سنائیں گے، یا اندھوں کو

مُّبِيْنٍ ﴿40﴾ فَاِمَّا نَذْهَبَنَّ بِكَ فَاِنَّا مِنْهُمْ مُّنْتَقِمُوْنَ ﴿41﴾ اَوْ نُرِيَنَّكَ

کھلی | پھر اگر | ہم لے جائیں | تجھ کو | تو بیشک ہم ہیں | ان سے | انتقام لینے والے | یا | ہم دکھائیں تجھے

اور کھلی گمراہی میں پڑے ہوؤں کو راہ دکھائیں گے؟ ہم ان کافروں کو عذاب دے کر رہیں گے خواہ اس سے پہلے ہم آپ ﷺ کو دنیا

الَّذِيْ وَعَدْنٰهُمْ فَاِنَّا عَلَيْهِمْ مُّقْتَدِرُوْنَ ﴿42﴾ فَاسْتَمْسِكْ بِالَّذِيْٓ اُوْحِيَ

وہ جس کا | ہم نے وعدہ کیا ان سے | تو بیشک ہم | ان پر | قادر ہیں | پس تو مضبوطی سے تھام لے | اس کو جو | وحی کیا گیا

سے اٹھالیں۔ یا پھر جس عذاب کا ہم نے ان سے وعدہ کیا ہے اور آپ ﷺ ان کا انجام دیکھ لیں۔ کیونکہ ہم ان پر پوری طرح قادر

اِلَيْكَ ۚ اِنَّكَ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿43﴾ وَاِنَّهٗ لَذِكْرٌ لَّكَ وَلِقَوْمِكَ ۚ

تیری طرف | بیشک تو ہے | پر | راہ | سیدھی | اور بیشک یہ | البتہ ایک ذکر ہے | تیرے لئے | اور تیری قوم کیلئے

ہیں۔ اے نبی ﷺ آپ ﷺ اس کتاب کو مضبوطی سے تھامے رہیں جو وحی کے ذریعے آپ ﷺ کے پاس بھیجی گئی۔ بے شک

وَسَوْفَ تُسْـَٔلُوْنَ ﴿44﴾ وَسْـَٔلْ مَنْ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رُّسُلِنَآ

اور عنقریب | تم سے پوچھا جائے گا | اور تو پوچھ | ان سے جن کو | ہم نے بھیجا | سے | پہلے تجھ | سے | ہمارے رسولوں

آپ ﷺ سیدھے راستے پر ہیں اس میں شک نہیں یہ قرآن آپ ﷺ کے لئے اور قوم کے لئے باعث شرف واعزاز ہے۔ عنقریب

4 ع 10 10

اَجَعَلْنَا مِنْ دُوْنِ الرَّحْمٰنِ اٰلِهَةً يُّعْبَدُوْنَ ﴿45﴾ ع وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى

کیا ہم نے بنائے | سے | سوا | رحمان کے | اور معبود | کہ جن کی عبادت کی جائے | اور بیشک | ہم نے بھیجا | موسیٰ علیہ السلام کو

اس کے بارے میں پوچھ ہونی ہے۔ تم پہلے رسولوں کی امتوں سے پوچھو ''کیا ہم نے کسی امت کے لئے رحمٰن کے سوا دوسرے معبود

بِاٰيٰتِنَآ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ فَقَالَ اِنِّيْ رَسُوْلُ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿46﴾

ہماری نشانیوں کے ساتھ | طرف | فرعون کی | اور اس کے سرداروں کی | پھر (موسیٰ نے) کہا | بیشک میں | رسول ہوں | رب | کائنات کا

بنائے تھے کہ ان کی عبادت کی جائے'' ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو اپنی نشانیوں کے ساتھ فرعون اور اس کے درباریوں کے پاس بھیجا۔ انہوں

فَلَمَّا جَآءَهُمْ بِاٰيٰتِنَآ اِذَا هُمْ مِّنْهَا يَضْحَكُوْنَ ﴿47﴾ وَمَا نُرِيْهِمْ مِّنْ

پھر جب | وہ آیا انکے پاس | ہماری آیتوں کے ساتھ | اچانک | وہ | ان پر | ہنستے تھے | اور نہیں | ہم دکھاتے تھے ان کو | کوئی

نے جا کر کہا ''میں رب العالمین کا رسول ہوں۔'' پھر جب موسیٰ علیہ السلام نے ان کے سامنے ہماری نشانیاں پیش کیں تو وہ ان کا مذاق

اٰيَةٍ اِلَّا هِيَ اَكْبَرُ مِنْ اُخْتِهَا ۫ وَاَخَذْنٰهُمْ بِالْعَذَابِ لَعَلَّهُمْ

نشانی | مگر | وہ تھی | زیادہ بڑی | سے | اس جیسی | اور ہم نے پکڑا انکو | ساتھ عذاب کے | تا کہ وہ

اڑانے لگے۔ ہم ان لوگوں کو جو نشانیاں دکھاتے تھے وہ پہلی سے بڑھ کر ہوتی تھیں۔ پھر ہم نے انہیں عذابوں میں پکڑا تا کہ

يَرْجِعُوْنَ ﴿٤٨﴾ وَقَالُوْا يٰٓاَيُّهَ السّٰحِرُ ادْعُ لَنَا رَبَّكَ بِمَا عَهِدَ

وہ رجوع کریں | اور انہوں نے کہا | اے | جادوگر | تو دعا کر | ہمارے لئے | اپنے رب سے | اس پر جو | اس نے عہد کیا ہے

وہ رجوع کریں۔ مگر وہ ہر عذاب کے وقت موسیٰؑ سے کہتے ”اے جادوگر جو آپ کو رب کے ہاں قرب حاصل ہے اس کے حوالے سے

عِنْدَكَ ۚ اِنَّنَا لَمُهْتَدُوْنَ ﴿٤٩﴾ فَلَمَّا كَشَفْنَا عَنْهُمُ الْعَذَابَ اِذَا هُمْ

تیرے پاس | بیشک ہم | ضرور ہدایت پر چلیں گے | پھر جب | ہم دور کر دیتے | ان سے | عذاب کو | اچانک | وہ

ہمارے حق میں دعا کریں۔ اگر عذاب ٹل گیا تو ہم ضرور رہ ہدایت پر چلیں گے۔“ پھر جب ہم ان لوگوں سے عذاب ہٹا دیتے تو وہ

يَنْكُثُوْنَ ﴿٥٠﴾ وَنَادٰى فِرْعَوْنُ فِيْ قَوْمِهٖ قَالَ يٰقَوْمِ اَلَيْسَ لِيْ مُلْكُ

عہد توڑ ڈالتے تھے | اور پکارا | فرعون نے | میں | اپنی قوم | یہ کہا کہ | اے میری قوم | کیا نہیں ہے | پاس میرے | بادشاہی

فوراً اپنا عہد توڑ ڈالتے۔ فرعون نے اپنی قوم کو جمع کر کے کہا ”اے میری قوم کیا مصر کی بادشاہی

مِصْرَ وَهٰذِهِ الْاَنْهٰرُ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِيْ ۚ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ ﴿٥١﴾ اَمْ اَنَا

مصر کی | اور یہ | نہریں | جو بہتی ہیں | سے | میرے نیچے | کیا پس نہیں | تم دیکھتے | بلکہ | میں

میری نہیں۔ یہ بہتی ہوئی نہریں میرے قبضے میں نہیں؟ کیا تم لوگ دیکھتے نہیں؟ میں

خَيْرٌ مِّنْ هٰذَا الَّذِيْ هُوَ مَهِيْنٌ ۙ وَّلَا يَكَادُ يُبِيْنُ ﴿٥٢﴾

بہتر ہوں | سے | اس | جو | وہ | حقیر ہے | اور نہیں | وہ نزدیک کہ | بات بیان کرے

بہتر ہوں اس حقیر شخص سے جو صاف بول نہیں سکتا۔ اگر سچا

فَلَوْلَآ اُلْقِيَ عَلَيْهِ اَسْوِرَةٌ مِّنْ ذَهَبٍ اَوْ جَآءَ مَعَهُ الْمَلٰٓئِكَةُ

پھر کیوں نہ ڈالے گئے | اس پر | کنگن | کے | سونے | یا | آئے | ساتھ اسکے | فرشتے

نبی ہے تو اس کے ہاتھوں میں سونے کے کنگن کیوں نہیں، یا فرشتے اس کے ساتھ پرا باندھے

مُقْتَرِنِيْنَ ﴿٥٣﴾ فَاسْتَخَفَّ قَوْمَهٗ فَاَطَاعُوْهُ ۭ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا

مل کر | پھر اس نے ہلکا (قائل) کر لیا | اپنی قوم کو | تو انہوں نے اطاعت کی اسکی | بیشک وہ | تھے | لوگ

کیوں نہ اترے؟“ اور اس طرح فرعون نے اپنی قوم کو بیوقوف بنایا۔ وہ اس کی باتوں میں آ گئے اور وہ تھے ہی

فٰسِقِيْنَ ﴿٥٤﴾ فَلَمَّآ اٰسَفُوْنَا انْتَقَمْنَا مِنْهُمْ فَاَغْرَقْنٰهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿٥٥﴾

نافرمان | پھر جب | انہوں نے غصہ دلایا ہمیں | تو ہم نے بدلہ لیا | ان سے | پھر ہم نے غرق کر دیا ان | سب کو

نافرمان لوگ۔ پھر جب انہوں نے ہمیں غصہ دلایا تو ہم نے ان سے بدلہ لیا اور سب کو غرق کر دیا۔

ع 5 11 11

فَجَعَلْنٰهُمْ سَلَفًا وَّمَثَلًا لِّلْاٰخِرِيْنَ ﴿56﴾ وَلَمَّا ضُرِبَ ابْنُ مَرْيَمَ مَثَلًا

پھر ہم نے بنایا انکو | پیشرو | اور نمونہ | بعد والوں کے لیے | اور جب | بیان کی گئی | ابن | مریم کی | مثال

پھر ہم نے انہیں ماضی کی داستان اور دوسروں کیلئے عبرت کا نمونہ بنا دیا۔ اے نبی ﷺ جب عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام کی مثال

اِذَا قَوْمُكَ مِنْهُ يَصِدُّوْنَ ﴿57﴾ وَقَالُوْٓا ءَاٰلِهَتُنَا خَيْرٌ اَمْ هُوَ ۭ

اچانک | تیری قوم | اس سے | بغلیں بجاتے ہیں | اور انہوں نے کہا | کیا معبود ہمارے | بہتر ہیں | یا | وہ

کسی شخص نے دی تو اسے سن کر آپ ﷺ کی مشرک قوم خوشی سے اچھل پڑی۔ اور وہ کہنے لگے ''اگر سارے جھوٹے معبود

مَا ضَرَبُوْهُ لَكَ اِلَّا جَدَلًا ۭ بَلْ هُمْ قَوْمٌ خَصِمُوْنَ ﴿58﴾ اِنْ هُوَ اِلَّا

نہیں وہ بیان کرتے اسے | تجھ سے | مگر | جھگڑنے کو | بلکہ | وہ ہیں | لوگ | جھگڑالو | نہیں ہے | وہ | مگر

دوزخ میں جائینگے تو پھر ہمارے معبود اچھے ہیں یا عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام جن کی پوجا کی گئی؟'' یہ سوال انہوں نے صرف جھگڑنے کے

عَبْدٌ اَنْعَمْنَا عَلَيْهِ وَجَعَلْنٰهُ مَثَلًا لِّبَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ ۭ ﴿59﴾ وَلَوْ نَشَاۗءُ

ایک بندہ | ہم نے انعام کیا | جس پر | اور ہم نے بنایا اسے | ایک مثال | بنی اسرائیل کے لیے | اور اگر | ہم چاہیں

لئے اٹھایا کیونکہ وہ ہیں ہی جھگڑالو۔ عیسیٰ علیہ السلام تو ہمارے ایک بندے تھے جن پر ہم نے فضل فرمایا۔ جنہیں بنی اسرائیل کیلئے نمونہ

لَجَعَلْنَا مِنْكُمْ مَّلٰۗىِٕكَةً فِي الْاَرْضِ يَخْلُفُوْنَ ﴿60﴾ وَاِنَّهٗ لَعِلْمٌ

تو ضرور ہم پیدا کریں | تم سے | فرشتوں کو | میں | زمین | وہ جانشین ہوتے | اور بیشک وہ ہے | البتہ علامت

ہدایت بنایا۔ اگر ہم چاہیں تو تمہارے اندر سے فرشتے پیدا کر دیں جو زمین میں تمہارے جانشین ہوں۔ بیشک عیسیٰ علیہ السلام

لِّلسَّاعَةِ فَلَا تَمْتَرُنَّ بِهَا وَاتَّبِعُوْنِ ۭ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ﴿61﴾

قیامت کی | پس نہ | تم شک کرو | اس پر | اور تم پیروی کرو میری | یہ ہے | راہ | سیدھی

قیامت کی ایک نشانی ہے۔ لہٰذا اے نبی ﷺ آپ ﷺ ان مشرکین سے کہیں ''تم لوگ قیامت کے بارے میں ہرگز شک نہ کرو۔

وَلَا يَصُدَّنَّكُمُ الشَّيْطٰنُ ۚ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ﴿62﴾ وَلَمَّا جَاۗءَ

اور نہ | روکے تم کو | شیطان | بیشک وہ ہے | تمہارا | دشمن | کھلا | اور جب | لایا

میری پیروی کرو۔ یہی سیدھا راستہ ہے۔ اور دیکھو، شیطان تمہیں اس سیدھے راستے سے روکنے نہ پائے۔ بے شک وہ تمہارا کھلا

عِيْسٰى بِالْبَيِّنٰتِ قَالَ قَدْ جِئْتُكُمْ بِالْحِكْمَةِ وَلِاُبَيِّنَ لَكُمْ بَعْضَ

عیسیٰ | کھلی دلیلوں کو | اس نے کہا | بیشک | میں لایا ہوں تمہارے پاس | حکمت | اور تاکہ میں بیان کرو | تم سے | بعض

دشمن ہے۔ جب عیسیٰ علیہ السلام کھلی نشانیاں لے کر آئے تو انہوں نے کہا ''اے بنی اسرائیل میں تمہارے پاس حکمت کی باتیں لے کر آیا ہوں

الَّذِیْ تَخْتَلِفُوْنَ فِیْهِ ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَ اَطِیْعُوْنِ ﴿63﴾ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ رَبِّیْ

وہ | تم اختلاف کرتے ہو | جس میں | پس تم ڈرو | اللہ سے | اور تم اطاعت کرو میری | بیشک | اللہ | وہی ہے | میرا رب

تاکہ تم پر سب کچھ واضح کردوں جس میں تم اختلاف کرتے ہو۔ تم لوگ اللہ سے ڈرو۔ میری اطاعت کرو۔ بے شک اللہ ہی میرا

وَ رَبُّکُمْ فَاعْبُدُوْهُ ؕ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِیْمٌ ﴿64﴾ فَاخْتَلَفَ الْاَحْزَابُ مِنْۢ

اور تمہارا رب | پس تم عبادت کرو اسی کی | یہ ہے | راہ | سیدھی | پھر اختلاف کیا | گروہوں نے | سے

اور تمہارا رب ہے۔ اسی کی عبادت کرو۔ یہی سیدھا راستہ ہے" مگر پھر عیسائیوں کے مختلف گروہوں نے آپس

بَیْنِهِمْ ۚ فَوَیْلٌ لِّلَّذِیْنَ ظَلَمُوْا مِنْ عَذَابِ یَوْمٍ اَلِیْمٍ ﴿65﴾

درمیان اپنے | پس ہلاکت ہے | ان پر جنہوں نے | ظلم کیا | سے | عذاب | دن | دردناک

میں اختلاف کیا۔ پس تباہی ہے درد ناک دن کے عذاب کی، ان لوگوں کے لئے جنہوں نے ظلم کیا۔ کیا کافر

هَلْ یَنْظُرُوْنَ اِلَّا السَّاعَةَ اَنْ تَاْتِیَهُمْ بَغْتَةً وَّهُمْ لَا یَشْعُرُوْنَ ﴿66﴾

نہیں انتظار کرتے | مگر | قیامت کا | یہ کہ | وہ آئے ان پر | اچانک | اور وہ | نہ | وہ جانتے ہوں

لوگ قیامت کے انتظار میں ہیں کہ ان پر اچانک آ جائے اور انہیں خبر نہ ہو؟

اَلْاَخِلَّآءُ یَوْمَئِذٍۭ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ اِلَّا الْمُتَّقِیْنَ ﴿67﴾ؑ یٰعِبَادِ

سب دوست | اس روز | بعض ان کا | بعض کے لئے | دشمن ہوگا | مگر | پرہیزگار لوگ | اے میرے بندو

6 ع 11 12

اس دن سوائے نیک لوگوں کے تمام دوست ایک دوسرے کے دشمن ہو جائیں گے۔ ارشاد ہوگا "اے میرے بندو!

لَا خَوْفٌ عَلَیْکُمُ الْیَوْمَ وَلَآ اَنْتُمْ تَحْزَنُوْنَ ﴿68﴾ۚ اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا بِاٰیٰتِنَا

نہیں کوئی خوف | تم پر | آج کے دن | اور نہ | تم | تم غمگین ہوگے | وہ لوگ جو | ایمان لائے | ہماری آیتوں پر

آج تمہیں نہ کوئی خوف ہوگا اور نہ تم غمگین ہوگے" لیکن یہ بات ان سے کہی جائے گی جو دنیا میں ایمان لائے

وَ کَانُوْا مُسْلِمِیْنَ ﴿69﴾ۚ اُدْخُلُوا الْجَنَّةَ اَنْتُمْ وَ اَزْوَاجُکُمْ تُحْبَرُوْنَ ﴿70﴾

اور وہ تھے | مسلمان | تم داخل ہو جاؤ | جنت میں | تم | اور تمہاری بیویاں | تم خوش کیے جاؤ گے

اور ہمارے فرماں بردار رہے۔ پھر ارشاد ہوگا "تم اور تمہاری نیک بیویاں سب اس جنت میں داخل ہو جاؤ، ہنسی خوشی رہو"

یُطَافُ عَلَیْهِمْ بِصِحَافٍ مِّنْ ذَهَبٍ وَّ اَکْوَابٍ ۚ وَ فِیْهَا مَا تَشْتَهِیْهِ

گردش میں لائے جائینگے | ان پر | تھال | کے | سونے | اور پیالے | اور اس میں | وہ کچھ ہوگا | چاہیں گے

ان کے سامنے سونے کی پلیٹیں اور پیالے پیش کئے جائیں گے وہاں وہ چیزیں ہوں گی

الْاَنْفُسُ وَتَلَذُّ الْاَعْيُنُ ۚ وَاَنْتُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿71﴾ وَتِلْكَ الْجَنَّةُ

جس کو جی | اور لذت حاصل کریں گی | آنکھیں | اور تم | اس میں | ہمیشہ رہنے والے ہو | اور یہ | جنت ہے

جن کو جی چاہے گا۔ جن سے آنکھوں کو لذت ملے گی۔ انہیں کہا جائے گا ''تم یہاں ہمیشہ رہو گے۔ تم اس جنت کے

الَّتِيْٓ اُوْرِثْتُمُوْهَا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿72﴾ لَكُمْ فِيْهَا فَاكِهَةٌ

وہ جو | تم وارث بنادیئے گئے ہو جس کے | بسبب اسکے جو | تم تھے | تم کرتے | تمہارے واسطے | اس میں ہیں | پھل

وارث اپنے ان اعمال کی وجہ سے ہوئے ہو جو تم دنیا میں کرتے تھے۔ تمہارے لئے اس میں بہت سے پھل

كَثِيْرَةٌ مِّنْهَا تَاْكُلُوْنَ ﴿73﴾ اِنَّ الْمُجْرِمِيْنَ فِيْ عَذَابِ جَهَنَّمَ

بہت | جن سے | تم کھاؤ گے | بیشک | مجرم لوگ | میں | عذاب | دوزخ کے

میوے ہیں جن میں سے تم کھاؤ گے۔'' بے شک مجرم لوگ ہمیشہ دوزخ کے عذاب میں

خٰلِدُوْنَ ﴿74﴾ ۚ لَا يُفَتَّرُ عَنْهُمْ وَهُمْ فِيْهِ مُبْلِسُوْنَ ﴿75﴾ ۚ وَمَا ظَلَمْنٰهُمْ

ہمیشہ رہیں گے | نہیں | کم کیا جائے گا | ان سے | اور وہ | اس میں | مایوس ہوں گے | اور نہیں | ہم نے ظلم کیا ان پر

رہیں گے جس میں کوئی کمی نہیں کی جائے گی۔ اور وہ اس میں مایوس پڑے رہیں گے۔ ہم نے ان پر ظلم نہیں کیا

وَلٰكِنْ كَانُوْا هُمُ الظّٰلِمِيْنَ ﴿76﴾ وَنَادَوْا يٰمٰلِكُ لِيَقْضِ عَلَيْنَا رَبُّكَ ؕ

اور لیکن | وہ تھے | وہی | ظالم | اور وہ پکاریں گے | اے مالک | چاہئے کہ تمام کردے | ہم پر | تیرا رب

بلکہ وہ خود ظالم تھے۔ وہاں وہ پکاریں گے ''اے مالک فرشتے تمہارا رب ہمارا خاتمہ ہی کر دے''

قَالَ اِنَّكُمْ مّٰكِثُوْنَ ﴿77﴾ لَقَدْ جِئْنٰكُمْ بِالْحَقِّ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَكُمْ لِلْحَقِّ

وہ مالک کہے گا | بیشک تم | ہمیشہ رہنے والے ہو | بیشک | ہم لائے تمہارے پاس | حق | اور لیکن | اکثر تمہارے | حق کو

فرشتہ کہے گا ''تمہیں اسی طرح پڑے رہنا ہے'' ہم تمہارے پاس حق لے کر آئے مگر تم میں سے اکثر حق سے

كٰرِهُوْنَ ﴿78﴾ اَمْ اَبْرَمُوْٓا اَمْرًا فَاِنَّا مُبْرِمُوْنَ ﴿79﴾ ۚ اَمْ يَحْسَبُوْنَ اَنَّا

ناپسند کرنے والے تھے | کیا | انہوں نے تہیہ کر رکھا ہے | کسی کام کا | تو بیشک ہم بھی | تہیہ کئے ہوئے ہیں | کیا | وہ سمجھتے ہیں | یہ کہ ہم

بیزار رہے۔ اے نبی ﷺ اگر ان لوگوں نے کوئی بات طے کی ہے تو ہم بھی ایک بات طے کر لیں گے۔ کیا انہوں نے یہ سمجھ رکھا ہے

لَا نَسْمَعُ سِرَّهُمْ وَنَجْوٰىهُمْ ؕ بَلٰى وَرُسُلُنَا لَدَيْهِمْ يَكْتُبُوْنَ ﴿80﴾

نہیں | ہم سنتے | ان کے راز کی باتیں | اور ان کی سرگوشیاں | بلکہ | اور بھیجے ہوئے ہمارے | ان کے پاس | وہ لکھتے ہیں

کہ ہم ان کے رازوں کو اور ان کے مشوروں کو نہیں سن رہے؟ ہم ضرور سنتے ہیں۔ ان پر ہمارے فرشتے مقرر ہیں جو سب کچھ لکھتے جا

قُلْ اِنْ كَانَ لِلرَّحْمٰنِ وَلَدٌ ۖ فَاَنَا اَوَّلُ الْعٰبِدِيْنَ ﴿۸۱﴾ سُبْحٰنَ رَبِّ

کہہ دیجئے | اگر | ہوتی | رحمان کی | اولاد | تو میں | پہلا | عبادت کرنیوالا ہوں | پاک ہے | رب

رہے ہیں اے نبی ﷺ آپ ان لوگوں سے کہیں "اگر بالفرض اللہ رحمٰن کی اولاد ہوتی تو اس اولاد کی عبادت کرنیوالا سب سے پہلے

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ رَبِّ الْعَرْشِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿۸۲﴾ فَذَرْهُمْ يَخُوْضُوْا

آسمانوں کا | اورزمین کا | رب | عرش کا | اس سے جو | تم بیان کرتے ہو | پس تو چھوڑ انکو | وہ بحثیں کریں

میں ہوتا" مگر وہ رب جو آسمانوں کا، زمین کا اور عرش کا مالک ہے ایسی تمام باتوں سے پاک ہے جو یہ لوگ بیان کرتے ہیں۔ لہٰذا

وَيَلْعَبُوْا حَتّٰى يُلٰقُوْا يَوْمَهُمُ الَّذِيْ يُوْعَدُوْنَ ﴿۸۳﴾ وَهُوَ الَّذِيْ فِي

اور وہ کھیلیں | یہاں تک کہ | وہ ملائیں جائیں | اپنے اُس دن سے | جس کا | ان سے وعدہ کیا جاتا ہے | اور وہی ہے | جو | میں

آپ ﷺ انہیں چھوڑ دیں کہ وہ بحث کرتے رہیں اور کھیلتے رہیں۔ یہاں تک کہ اس دن سے دوچار ہوں جس کا ان سے وعدہ کیا جاتا

السَّمَآءِ اِلٰهٌ وَّفِي الْاَرْضِ اِلٰهٌ ۭ وَهُوَ الْحَكِيْمُ الْعَلِيْمُ ﴿۸۴﴾ وَتَبٰرَكَ

آسمان | معبود ہے | اور میں | زمین | معبود ہے | اور وہی ہے | خوب حکمت والا | بڑے علم والا | اور وہ برکت والا ہے

ہے۔ یاد رکھو آسمانوں اور زمین میں وہی اکیلا معبود ہے جو حکمت والا علم والا ہے۔ بابرکت ہے

الَّذِيْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۚ وَعِنْدَهٗ عِلْمُ

جو | اس کی ہے | بادشاہی | آسمانوں کی | اورزمین کی | اور اس کی جو | درمیان دونوں کے ہے | اور پاس اسی کے ہے | علم

وہ اللہ جس کے ہاتھ میں آسمان و زمین کی بادشاہی ہے۔ اُسی کو قیامت کے بارے

السَّاعَةِ ۚ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۸۵﴾ وَلَا يَمْلِكُ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ

قیامت کا | اور اُسی کی طرف | تم لوٹائے جاؤ گے | اور نہیں | اختیار رکھتے | وہ جو | پکارتے ہیں | سے

میں علم ہے۔ تم سب اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔ اللہ کے سوا جن معبودوں کو یہ لوگ پکارتے

دُوْنِهِ الشَّفَاعَةَ اِلَّا مَنْ شَهِدَ بِالْحَقِّ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿۸۶﴾ وَلَئِنْ

سوا اسکے | شفاعت کا | مگر | جو | گواہی دے | حق کی | اور وہ | جانتے ہیں | اور البتہ اگر

ہیں وہ شفاعت کا کوئی اختیار نہیں رکھتے۔ البتہ وہاں کچھ لوگ حق کی گواہی دیں گے اور وہ جانتے ہوں گے۔ اے نبی ﷺ اگر

سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَهُمْ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ فَاَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ﴿۸۷﴾ وَقِيْلِهٖ

تو پوچھے ان سے | کس نے | پیدا کیا ان کو | ضرور وہ کہیں گے | اللہ نے | پھر کہاں | وہ بھٹکائے جاتے ہیں | اور قول اس (نبی) کا

آپ ﷺ ان مشرکوں سے پوچھیں انہیں کس نے پیدا کیا تو کہیں گے "اللہ نے" پھر وہ کہاں بھٹکائے جاتے ہیں؟ اللہ اپنے

وقف لازم

يٰرَبِّ اِنَّ هٰۤؤُلَآءِ قَوْمٌ لَّا يُؤْمِنُوْنَ ﴿88﴾ فَاصْفَحْ عَنْهُمْ وَقُلْ

اے میرے رب | بیشک | یہ | لوگ | نہیں | ایمان لاتے | پس تو درگزر کر | ان سے | اور کہہ دیجئے

نبی ﷺ کی اس فریاد کو بھی جانتا ہے کہ ''اے میرے رب! یہ مشرکین ایمان نہیں لاتے۔'' تو اے نبی ﷺ آپ ﷺ ان لوگوں

سَلٰمٌ ؕ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ﴿89﴾ ع

سلام ہے | پس جلد | وہ جان لیں گے

سے درگزر کریں اور ان سے کہیں ''سلام ہے تمہیں'' عنقریب انہیں اپنا انجام معلوم ہو جائے گا۔

7 ع 22 13

(44) سُوْرَةُ الدُّخَانِ مَكِّيَّةٌ (64)

ایاتها 59 — رکوعاتها 3

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

مع

حٰمٓ ﴿1﴾ ج وَالْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ﴿2﴾ اِنَّاۤ اَنْزَلْنٰهُ فِيْ لَيْلَةٍ مُّبٰرَكَةٍ اِنَّا كُنَّا

حٰمٓ | قسم ہے کتاب | واضح کی | بیشک ہم | ہم نے نازل کیا اسے | میں | ایک رات | مبارک | بیشک ہم | ہم ہیں

حٰمٓ یہ واضح کتاب کی قسم! ہم نے اِسے ایک برکت والی رات میں اتارا تاکہ لوگوں کو

مُنْذِرِيْنَ ﴿3﴾ فِيْهَا يُفْرَقُ كُلُّ اَمْرٍ حَكِيْمٍ ﴿4﴾ اَمْرًا مِّنْ عِنْدِنَا ؕ

ڈرانیوالا | اُس میں | فیصلہ کیا جاتا ہے | ہر | کام | حکمت والے کا | حکم ہوتا ہے | سے | ہمارے پاس

ہم خبردار کریں۔ اُس رات میں ہر حکمت والا معاملہ طے کیا جاتا ہے۔ یہ سب ہمارے حکم سے ہوتا ہے۔

اِنَّا كُنَّا مُرْسِلِيْنَ ﴿5﴾ ج رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ ؕ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿6﴾

بیشک ہم | ہم ہیں | بھیجنے والے | رحمت ہے | طرف سے | تیرے رب کی | بیشک وہ | وہی ہے | خوب سننے والا | خوب جاننے والا

اور اے نبی ﷺ ہم نے آپ ﷺ کو رسول بنا کر بھیجا ہے اور یہ کام آپ ﷺ کے رب کی رحمت سے ہوا ہے۔ بے شک اللہ سننے

وقف لازم

رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۘ اِنْ كُنْتُمْ مُّوْقِنِيْنَ ﴿7﴾

رب | آسمانوں کا | اور زمین کا | اور جو کچھ | ان دونوں کے درمیان ہے | اگر | تم ہو | یقین کرنیوالے

والا اور جاننے والا ہے۔ وہی آسمانوں کا، زمین کا اور جو کچھ ان دونوں کے درمیان ہے سب کا مالک ہے، اگر تم یقین کرنے والے

لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ؕ رَبُّكُمْ وَرَبُّ اٰبَآئِكُمُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿8﴾ بَلْ

نہیں کوئی معبود | مگر | وہی | وہ زندہ کرتا ہے | اور وہی مارتا ہے | تمہارا رب | اور رب | تمہارے باپ دادا | پہلے کا | بلکہ

ہو۔ حقیقت یہ ہے کہ اس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ وہی زندہ کرتا اور مارتا ہے۔ وہی تمہارا بھی رب ہے اور تمہارے اگلے باپ دادا کا

هُمْ فِیْ شَكٍّ یَّلْعَبُوْنَ ﴿9﴾ فَارْتَقِبْ یَوْمَ تَاْتِی السَّمَآءُ بِدُخَانٍ

وہ ہیں | میں | شک | وہ کھیلتے | پس تو منتظر رہ | اس دن کا | جب لائے گا | آسمان | دھواں

بھی ۔مگر کافر لوگ شک میں پڑے ہیں اور مذاق اڑاتے ہیں۔لہٰذا اے نبی ﷺ آپ انتظار کریں۔ان پر آنے والی اس دن کی

مُّبِیْنٍ ﴿10﴾ یَّغْشَی النَّاسَ ؕ هٰذَا عَذَابٌ اَلِیْمٌ ﴿11﴾ رَبَّنَا اكْشِفْ عَنَّا

ظاہر | جو ڈھانپ دے گا | لوگوں کو | یہ ہے | عذاب | دردناک | اے ہمارے رب | تو دور کر | ہم سے

شامت کا جب آسمان ایک کھلے دھوئیں کے ساتھ ظاہر ہوگا۔جو سب لوگوں پر چھا جائے گا۔وہ ایک دردناک عذاب ہوگا۔اس وقت

الْعَذَابَ اِنَّا مُؤْمِنُوْنَ ﴿12﴾ اَنّٰی لَهُمُ الذِّكْرٰی وَقَدْ جَآءَهُمْ

عذاب کو | بیشک ہم | ایمان لاتے ہیں | کیسے (ہوگی) | ان کے لئے | نصیحت | اور بیشک | آچکا انکے پاس

وہ فریاد کریں گے ''اے ہمارے رب! یہ عذاب ہم سے دور کر،ہم ایمان لاتے ہیں۔'' مگر وہ کب نصیحت مانتے ہیں؟ حالاں کہ ان

رَسُوْلٌ مُّبِیْنٌ ﴿13﴾ ثُمَّ تَوَلَّوْا عَنْهُ وَقَالُوْا مُعَلَّمٌ مَّجْنُوْنٌ ﴿14﴾ اِنَّا

رسول | بیان کرنے والا | پھر | انہوں نے منہ موڑا | اس سے | اور انہوں نے کہا | سکھایا ہوا | دیوانہ ہے | بیشک ہم

کے پاس کھول کر سمجھانے والا رسول ﷺ آچکا۔پھر بھی انہوں نے اُس سے پیٹھ پھیری اور اس کے بارے میں کہا ''یہ شخص کسی کا

كَاشِفُوا الْعَذَابِ قَلِیْلًا اِنَّكُمْ عَآىِٕدُوْنَ ﴿15﴾ یَوْمَ نَبْطِشُ الْبَطْشَةَ

دور کرنے والے ہیں | عذاب کو | تھوڑا | بیشک تم | پھر وہی (کفر) کرنیوالے ہو | جس دن | ہم پکڑیں گے | پکڑ

سکھایا ہوا دیوانہ ہے'' اگر ہم اس عذاب کو کچھ عرصے کے لئے تم لوگوں سے ہٹا بھی دیں تم پھر کفر کی پہلی حالت پر آجاؤ گے۔یاد رکھو

الْكُبْرٰی ۚ اِنَّا مُنْتَقِمُوْنَ ﴿16﴾ وَلَقَدْ فَتَنَّا قَبْلَهُمْ قَوْمَ فِرْعَوْنَ

بڑی | بیشک ہم | انتقام لینے والے ہیں | اور بیشک | ہم نے آزمایا | ان سے پہلے | قوم | فرعون کو

جس دن ہم بڑی سخت پکڑ پکڑیں گے اس دن ہم پورا بدلہ لیں گے۔ ان سے پہلے ہم نے فرعون کی قوم کو آزمایا۔

وَجَآءَهُمْ رَسُوْلٌ كَرِیْمٌ ﴿17﴾ اَنْ اَدُّوْۤا اِلَیَّ عِبَادَ اللّٰهِ ؕ اِنِّیْ لَكُمْ

اور آیا انکے پاس | رسول | عزت والا | یہ کہ | تم حوالے کردو | میری طرف | بندوں کو | اللہ کے | بیشک میں ہوں | تمہارے لئے

ان کے پاس بھی ایک معزز رسول آیا۔جس نے ان سے کہا ''اللہ کے بندوں کو میرے حوالے کرو۔ میں تمہارے لئے

رَسُوْلٌ اَمِیْنٌ ﴿18﴾ وَّاَنْ لَّا تَعْلُوْا عَلَی اللّٰهِ ۚ اِنِّیْۤ اٰتِیْكُمْ بِسُلْطٰنٍ

رسول | امانت دار | اور یہ کہ | نہ | تم سرکشی کرو | پر | اللہ | بیشک میں | لانے والا ہوں تمہارے پاس | دلیل

معتبر رسول ہوں۔ اور یہ کہ اللہ کے مقابلے میں سرکشی نہ کرو۔ میں تمہارے سامنے ایک واضح نشانی

مُّبِيْنٍ ﴿١٩﴾ وَاِنِّيْ عُذْتُ بِرَبِّيْ وَرَبِّكُمْ اَنْ تَرْجُمُوْنِ ﴿٢٠﴾ وَاِنْ

واضح | اور بیشک میں | پناہ مانگتا ہوں | اپنے رب کی | اور تمہارے رب کی | اس سے کہ | تم سنگسار کرو مجھے | اور اگر

پیش کرتا ہوں۔ اور اس بات سے کہ تم کہیں مجھے کوئی نقصان پہنچاؤ میں اپنے اور تمہارے رب کی پناہ چاہتا ہوں۔ اور اگر تم

لَّمْ تُؤْمِنُوْا لِيْ فَاعْتَزِلُوْنِ ﴿٢١﴾ فَدَعَا رَبَّهٗٓ اَنَّ هٰٓؤُلَآءِ قَوْمٌ

نہیں تم ایمان لاتے | مجھ پر | تو تم الگ ہو جاؤ مجھ سے | پھر اس نے پکارا | اپنے رب کو | یہ کہ | یہ | لوگ

مجھ پر ایمان نہیں لاتے تو میری راہ چھوڑ دو" مگر ان لوگوں نے مخالفت کی تو موسیٰؑ نے اپنے رب سے دعا کی "یہ مجرم

مُّجْرِمُوْنَ ﴿٢٢﴾ فَاَسْرِ بِعِبَادِيْ لَيْلًا اِنَّكُمْ مُّتَّبَعُوْنَ ﴿٢٣﴾ وَاتْرُكِ الْبَحْرَ

مجرم ہیں | پس تو لے چل | میرے بندوں کو | رات کے وقت | بیشک تمہارا | تعاقب کیا جائے گا | اور تو چھوڑ دے | سمندر کو

لوگ ہیں ہمیں ان سے نجات دے"، حکم ہوا "اے موسیٰؑ میرے بندوں کو لے کر راتوں رات نکل جانا لیکن خیال رکھنا تمہارا پیچھا کیا

رَهْوًا ۭ اِنَّهُمْ جُنْدٌ مُّغْرَقُوْنَ ﴿٢٤﴾ كَمْ تَرَكُوْا مِنْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ﴿٢٥﴾

رکا ہوا | بیشک وہ | لشکر ہیں | غرق کیے جانے والے | بہت کچھ | وہ چھوڑ گئے | سے | باغوں | اور چشموں سے

جائے گا۔ اور سمندر کو رکا ہوا چھوڑ کر پار ہو جانا۔ اس میں ان کا لشکر ڈوبنے والا ہے" اس طرح قوم فرعون غرق ہوئی۔ وہ اپنے پیچھے

وَّزُرُوْعٍ وَّمَقَامٍ كَرِيْمٍ ﴿٢٦﴾ وَّنَعْمَةٍ كَانُوْا فِيْهَا فٰكِهِيْنَ ﴿٢٧﴾ كَذٰلِكَ

اور کھیتوں سے | اور مکانوں | اچھے سے | اور سامان عیش سے | وہ تھے | جن میں | خوش | اسی طرح ہوا

چھوڑ مری کتنے باغ، چشمے، کھیتیاں، عمدہ مکانات اور عیش و آرام کے سامان جن میں وہ خوش رہتی تھی۔ اس طرح ہوا

وَاَوْرَثْنٰهَا قَوْمًا اٰخَرِيْنَ ﴿٢٨﴾ فَمَا بَكَتْ عَلَيْهِمُ السَّمَآءُ وَالْاَرْضُ

اور ہم نے وارث بنایا انکا | لوگوں کو | دوسرے | پھر نہ | رویا | ان پر | آسمان | اور زمین

اور ہم نے دوسرے لوگوں کو ان کا وارث بنا دیا۔ پھر اُن پر نہ آسمان رویا نہ زمین، نہ انہیں

وَمَا كَانُوْا مُنْظَرِيْنَ ﴿٢٩﴾ وَلَقَدْ نَجَّيْنَا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ مِنَ الْعَذَابِ

اور نہ وہ تھے | مہلت دیئے گئے | اور بیشک | ہم نے نجات دی | بنی اسرائیل کو | سے | عذاب

مہلت دی گئی۔ اس طرح ہم نے بنی اسرائیل کو ذلت والے عذاب سے

الْمُهِيْنِ ﴿٣٠﴾ مِنْ فِرْعَوْنَ ۭ اِنَّهٗ كَانَ عَالِيًا مِّنَ الْمُسْرِفِيْنَ ﴿٣١﴾ وَلَقَدِ

ذلیل کرنیوالے | سے | فرعون | بیشک وہ | تھا | سرکش | سے | حد سے گزرنے والوں میں | اور بیشک

نجات دی یعنی فرعون سے، بے شک وہ سرکش اور حد سے گزرا ہوا تھا۔ البتہ ہم

اخْتَرْنٰهُمْ عَلٰی عِلْمٍ عَلَی الْعٰلَمِیْنَ ﴿۳۲﴾ وَاٰتَیْنٰهُمْ مِّنَ الْاٰیٰتِ مَا فِیْهِ

ہم نے چنا تھا ان لوگوں کو | علم (کی بنیاد) پر | پر | جہانوں | اور ہم نے دیں انکو | کئی | نشانیاں | کہ تھی | اس میں

نے اپنے علم کی رُو سے بنی اسرائیل کو دنیا والوں پر ترجیح دی۔ انہیں ایسی نشانیاں دیں جن میں

بَلٰٓؤٌا مُّبِیْنٌ ﴿۳۳﴾ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ لَیَقُوْلُوْنَ ﴿۳۴﴾ اِنْ هِیَ اِلَّا مَوْتَتُنَا الْاُوْلٰی

آزمائش | کھلی | بیشک | یہ (کافر) | البتہ کہتے ہیں | نہیں ہے | یہ | مگر | ہماری موت | پہلی

کھلا امتحان تھا۔ یہ مشرکین تو مسلمانوں سے کہتے ہیں ''ہم ایک بار مریں گے

وَمَا نَحْنُ بِمُنْشَرِیْنَ ﴿۳۵﴾ فَاْتُوْا بِاٰبَآئِنَآ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ ﴿۳۶﴾

اور نہیں | ہم | دوبارہ اٹھائے جانے والے | پس تم لے آؤ | ہمارے باپ دادا کو | اگر | تم ہو | سچے

پھر ہمیں نہیں اٹھایا جائے گا۔ اور اگر تم سچے ہو تو ہمارے باپ دادا کو زندہ کر دکھاؤ''

اَهُمْ خَیْرٌ اَمْ قَوْمُ تُبَّعٍ وَّالَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ اَهْلَكْنٰهُمْ

کیا وہ | بہتر ہیں | یا | قوم | تبع کی | اور جو تھے | سے | ان کے پہلے | ہم نے انکو ہلاک کیا

کیا یہ لوگ بہتر ہیں یا تُبّع کی قوم، اور وہ جو ان سے بھی پہلے تھے؟ ہم نے سب کو ہلاک کیا

اِنَّهُمْ كَانُوْا مُجْرِمِیْنَ ﴿۳۷﴾ وَمَا خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا

بیشک وہ | تھے | مجرم | اور نہیں | ہم نے پیدا کیا | آسمانوں کو | اور زمین کو | اور جو کچھ

کیونکہ وہ نافرمان تھے۔ ہم نے آسمان، زمین اور جو کچھ ان دونوں کے درمیان ہے سب کو کھیل

بَیْنَهُمَا لٰعِبِیْنَ ﴿۳۸﴾ مَا خَلَقْنٰهُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ

درمیان دونوں کے ہے | کھیلتے ہوئے | نہیں | ہم نے پیدا کیا دونوں کو | مگر | حق کے ساتھ | اور لیکن | اکثر انکے

تماشے کے طور پر نہیں بنایا۔ بلکہ اس کائنات کو مقصد کے تحت بنایا ہے لیکن اکثر لوگ نہیں

لَا یَعْلَمُوْنَ ﴿۳۹﴾ اِنَّ یَوْمَ الْفَصْلِ مِیْقَاتُهُمْ اَجْمَعِیْنَ ﴿۴۰﴾ یَوْمَ لَا یُغْنِیْ

نہیں وہ جانتے | بیشک | دن | فیصلے کا | وعدہ مقرر ہے ان | سب کا | اس دن | نہیں | کام آئے گا

جانتے۔ بے شک ان سب کے فیصلے کے لئے قیامت کے دن کا وقت مقرر ہے۔ جس دن کوئی عزیز

مَوْلًی عَنْ مَّوْلًی شَیْئًا وَّلَا هُمْ یُنْصَرُوْنَ ﴿۴۱﴾ اِلَّا مَنْ رَّحِمَ اللّٰهُ

کوئی دوست | کے | کسی دوست | کچھ بھی | اور نہ | وہ | مدد کیے جائیں گے | مگر | جس پر | رحم کرے گا | اللہ

کسی عزیز کے کام نہ آئے گا اور نہ انہیں کوئی مدد پہنچ سکے گی مگر وہ جس پر اللہ رحم فرمائے گا۔

اِنَّهٗ هُوَ الْعَزِیْزُ الرَّحِیْمُ ﴿۴۲﴾ اِنَّ شَجَرَتَ الزَّقُّوْمِ ﴿۴۳﴾ طَعَامُ

بیشک وہ | وہی ہے | بڑا غالب | نہایت مہربان | بیشک | درخت | تھوہر کا | کھانا ہے

بے شک اللہ غالب اور رحم کرنے والا ہے۔ بے شک زقّوم کا درخت گناہ گار کا

الْاَثِیْمِ ﴿۴۴﴾ كَالْمُهْلِ یَغْلِیْ فِی الْبُطُوْنِ ﴿۴۵﴾ كَغَلْیِ الْحَمِیْمِ ﴿۴۶﴾ خُذُوْهُ

گناہ گار کا | جیسے تانبا پگھلا ہوا | جوش مارے گا | میں | پیٹوں | جیسے جوش | گرم پانی کا | تم پکڑو اسے

کھانا ہوگا۔ جو تیل کی تلچھٹ جیسا گرم ہوگا۔ وہ پیٹ میں جا کر کھولے گا جس طرح گرم پانی کھولتا ہے۔ فرشتوں کو حکم ہوگا ''اسے پکڑو

فَاعْتِلُوْهُ اِلٰى سَوَآءِ الْجَحِیْمِ ﴿۴۷﴾ ثُمَّ صُبُّوْا فَوْقَ رَاْسِهٖ مِنْ عَذَابِ

پھر گھسیٹو اسے | طرف | درمیان کے | دوزخ کی | پھر | تم ڈالو | اوپر | اس کے سر کے | سے | عذاب

اور گھسیٹ کر دوزخ کے اندر لے جاؤ۔ پھر اس کے سر پر گرم کھولتا ہوا

الْحَمِیْمِ ﴿۴۸﴾ ذُقْ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِیْزُ الْكَرِیْمُ ﴿۴۹﴾ اِنَّ هٰذَا مَا كُنْتُمْ

کھولتا پانی | تو چکھ | بیشک تو بنتا تھا | تو | عزت والا | بزرگی والا | بیشک | یہ | وہ ہے کہ | تھے تم

پانی ڈالو'' پھر اس کافر مجرم سے کہا جائے گا ''چکھو اس عذاب کا مزہ، تم بڑے معزز آدمی ہو۔ یہ وہی چیز ہے جس میں

بِهٖ تَمْتَرُوْنَ ﴿۵۰﴾ اِنَّ الْمُتَّقِیْنَ فِیْ مَقَامٍ اَمِیْنٍ ﴿۵۱﴾ فِیْ جَنّٰتٍ

جس پر | تم شک کرتے | بیشک | پرہیزگار ہیں | میں | جگہ | امن والی | میں | باغوں

تم لوگ شک کرتے تھے''۔ بے شک اللہ سے ڈرنے والے امن کی جگہ میں ہوں گے۔ جہاں باغ

وَّعُیُوْنٍ ﴿۵۲﴾ یَّلْبَسُوْنَ مِنْ سُنْدُسٍ وَّاِسْتَبْرَقٍ مُّتَقٰبِلِیْنَ ﴿۵۳﴾ كَذٰلِكَ

اور چشموں میں | لباس پہنیں گے | کا | باریک ریشمی کپڑے | اور موٹے ریشمی کپڑے | آمنے سامنے بیٹھے ہونگے | اسی طرح ہوگا

اور چشمے ہوں گے۔ وہ باریک اور موٹا ریشمی لباس پہنے ہوئے آمنے سامنے بیٹھے ہوں گے۔ بالکل ایسا ہی ہوگا۔

وَزَوَّجْنٰهُمْ بِحُوْرٍ عِیْنٍ ﴿۵۴﴾ یَدْعُوْنَ فِیْهَا بِكُلِّ فَاكِهَةٍ اٰمِنِیْنَ ﴿۵۵﴾

اور ہم بیاہ کردیں گے انکو | حوروں سے | موٹی آنکھوں والی | وہ منگوائیں گے | میں اس | ہر | پھل | امن سے

ہم ان کا نکاح حوروں سے کردیں گے جو بڑی بڑی آنکھ والی ہوں گی۔ وہاں وہ اطمینان سے ہر قسم کے پھل میوے طلب کرکے

لَا یَذُوْقُوْنَ فِیْهَا الْمَوْتَ اِلَّا الْمَوْتَةَ الْاُوْلٰى ۚ وَوَقٰهُمْ عَذَابَ

نہ | وہ چکھیں گے | اس میں | موت | مگر | موت | پہلی | اور وہ بچائے گا ان کو | عذاب

کھائیں گے۔ انہیں کبھی موت نہ آئے گی۔ جو آنی تھی وہ پہلے دنیا میں آ چکی۔ اللہ نے انہیں دوزخ کے

الْجَحِيمِ ﴿56﴾ فَضْلًا مِّن رَّبِّكَ ذَٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ ﴿57﴾ فَإِنَّمَا

دوزخ کے سے | یہ فضل ہوگا | طرف سے | تیرے رب کی | یہ ہے | یہی | کامیابی | بڑی | پس بے شک

عذاب سے بچالیا۔ یہ سب تمہارے رب کے فضل سے ہوگا۔ یہی ہے بڑی کامیابی۔ اے نبی ﷺ ہم نے اِس قرآن کو آپ ﷺ کی

يَسَّرْنَاهُ بِلِسَانِكَ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُونَ ﴿58﴾ فَارْتَقِبْ إِنَّهُم مُّرْتَقِبُونَ ﴿59﴾ ع 3 17 16

آسان کیا ہم نے اسے | تیری زبان میں | تاکہ وہ | وہ سمجھیں | پس تو منتظر رہ | بیشک وہ بھی ہیں | منتظر

زبان میں آسان کر دیا ہے تاکہ یہ لوگ نصیحت حاصل کریں۔ رہا انجام کا معاملہ، تو آپ ﷺ انتظار کریں وہ بھی انتظار کر رہے ہیں۔

(45) سُورَةُ الْجَاثِيَةِ مَكِّيَّةٌ (65)

آیاتھا 37 — رکوعاتھا 15

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

حم ﴿1﴾ تَنزِيلُ الْكِتَابِ مِنَ اللَّهِ الْعَزِيزِ الْحَكِيمِ ﴿2﴾ إِنَّ فِي

حٰمٓ | اتارنا | کتاب کا | طرف سے ہے | اللہ | غالب | حکمت والے کی | بیشک | میں

حٰمٓ۔ یہ کتاب اللہ کی طرف سے نازل ہوئی ہے جو غالب اور حکمت والا ہے۔ بے شک آسمانوں اور زمین

السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ لَآيَاتٍ لِّلْمُؤْمِنِينَ ﴿3﴾ وَفِي خَلْقِكُمْ وَمَا يَبُثُّ

آسمانوں | اور زمین میں | ضرور نشانیاں ہیں | ایمان والوں کے لئے | اور میں | تمہارے پیدا کرنے میں | اور جو کچھ | وہ پھیلاتا ہے

میں بہت سی نشانیاں ہیں ایمان لانے والوں کے لئے۔ اور اے لوگو! خود تمہارے پیدا ہونے میں، اور روئے زمین پر پھیلے ہوئے

مِن دَابَّةٍ آيَاتٌ لِّقَوْمٍ يُوقِنُونَ ﴿4﴾ وَاخْتِلَافِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَمَا

سے | جانداروں | نشانیاں ہیں | لوگوں کے لئے | جو یقین کریں | اور آگے پیچھے آنے جانے میں | رات کے | اور دن کے | اور جو کچھ

جانوروں کے پیدا کئے جانے میں، بڑی نشانیاں ہیں، ان لوگوں کے لئے جو یقین کرنے والے ہیں۔ اسی طرح رات اور دن کے

أَنزَلَ اللَّهُ مِنَ السَّمَاءِ مِن رِّزْقٍ فَأَحْيَا بِهِ الْأَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا

اتارا | اللہ نے | سے | آسمان | سے | رزق | پھر اس نے زندہ کیا | اس کے ذریعے | زمین کو | بعد | اس کی موت کے

آنے جانے میں، اُس بارش میں جو روزی کا ذریعہ ہے اور جسے اللہ نے آسمانوں سے برسایا، پھر اس سے مردہ زمین کو زندہ کیا، اور

وَتَصْرِيفِ الرِّيَاحِ آيَاتٌ لِّقَوْمٍ يَعْقِلُونَ ﴿5﴾ تِلْكَ آيَاتُ اللَّهِ نَتْلُوهَا

اور پھیرنے میں | ہواؤں کے | نشانیاں ہیں | لوگوں کے لئے | جو عقل سے کام لیتے ہیں | یہ ہیں | آیتیں | اللہ کی | ہم پڑھتے ہیں انکو

ہواؤں کی گردش میں بھی نشانیاں ہیں ان لوگوں کے لئے جو عقل رکھتے ہیں۔ اے نبی ﷺ یہ اللہ کی آیتیں ہیں جو ہم آپ ﷺ کو

عَلَيْكَ بِالْحَقِّ ۚ فَبِاَيِّ حَدِيْثٍۭ بَعْدَ اللّٰهِ وَاٰيٰتِهٖ يُؤْمِنُوْنَ ﴿6﴾ وَيْلٌ

تجھ پر | ساتھ حق کے | پس کس | بات پر | بعد | اللہ کے | اور اس کی آیتوں کے | وہ ایمان لائیں گے | ہلاکت ہے

ٹھیک ٹھیک سنا رہے ہیں۔ پھر اللہ اور اس کی آیتوں کے بعد اور کون سی بات ہے جسے سن کر وہ ایمان لائیں گے۔ ہلاکت ہے

لِّكُلِّ اَفَّاكٍ اَثِيْمٍ ۙ﴿7﴾ يَّسْمَعُ اٰيٰتِ اللّٰهِ تُتْلٰى عَلَيْهِ ثُمَّ يُصِرُّ

واسطے ہر | جھوٹے | گناہگار کے | جو سنتا ہے | آیتیں | اللہ کی | جو پڑھی جاتی ہیں | اس پر | پھر | وہ ضد کرتا ہے

ایسے شخص کے لئے جو جھوٹا اور نافرمان ہے، جس کے سامنے اللہ کی آیتیں پڑھی جاتی ہیں تو

مُسْتَكْبِرًا كَاَنْ لَّمْ يَسْمَعْهَا ۚ فَبَشِّرْهُ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿8﴾ وَاِذَا عَلِمَ

تکبر کرتے ہوئے | گویا کہ | نہیں | اس نے سنیں وہ | پس تو خوشخبری دے اسے | عذاب | دردناک کی | اور جب | اسے معلوم ہو

وہ تکبر کے ساتھ اپنے کفر پر اڑا رہتا ہے گویا اس نے سنا ہی نہیں۔ اے نبی ﷺ ایسے شخص کو آپ ﷺ دردناک عذاب کی خوشخبری

مِنْ اٰيٰتِنَا شَيْـًٔا اتَّخَذَهَا هُزُوًا ۭ اُولٰۗىِٕكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ۭ﴿9﴾ مِنْ

سے | ہماری آیتوں | کچھ | وہ بنالیتا ہے ان کا | مذاق | ایسے لوگ ہیں | ان کے لئے ہے | عذاب | ذلت والا | سے

دیں۔ جب وہ ہماری آیتوں میں سے کسی چیز کی خبر پاتا ہے تو اسے مذاق بنالیتا ہے۔ ایسے لوگوں کے لئے ذلت کا عذاب ہے۔ ان

وَّرَاۗىِٕهِمْ جَهَنَّمُ ۚ وَلَا يُغْنِيْ عَنْهُمْ مَّا كَسَبُوْا شَيْـًٔا وَّلَا مَا

ان کے آگے | دوزخ ہے | اور نہیں | کام آئے گا | ان کے | جو | انہوں نے کمایا | کچھ بھی | اور نہ | جو

کے آگے جہنم ہے ان کی کمائی ان کے کام نہ آئے گی۔ ان کے اپنے بنائے ہوئے

اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَوْلِيَاۗءَ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ۭ﴿10﴾ هٰذَا

انہوں نے بنائے | سے | سوا | اللہ کے | کارساز | اور ان کے لئے ہے | عذاب | بڑا | یہ ہے

کارساز بھی ان کے کام نہ آئیں گے اور ان کے لئے بڑا عذاب ہے۔ اور دیکھو یہ قرآن

هُدًى ۚ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ لَهُمْ عَذَابٌ مِّنْ رِّجْزٍ

ہدایت | اور جن لوگوں نے | انکار کیا | آیتوں کا | اپنے رب کی | ان کے لئے ہے | عذاب | سے | عذاب

ہدایت ہے۔ مگر جن لوگوں نے اپنے رب کی آیتوں کا انکار کیا۔ اُن کے لئے سختی کا

ع 1/11/17

اَلِيْمٌ ﴿11﴾ ع اَللّٰهُ الَّذِيْ سَخَّرَ لَكُمُ الْبَحْرَ لِتَجْرِيَ الْفُلْكُ فِيْهِ بِاَمْرِهٖ

دردناک | اللہ | وہی ہے | جس نے تابع کیا | تمہارے لئے | سمندر کو | تاکہ چلیں | کشتیاں | اس میں | اس کے حکم سے

دردناک عذاب ہے۔ لوگو اللہ نے تمہارے لئے سمندر کو کام پر لگا دیا تاکہ اس کے حکم سے اس میں کشتیاں چلیں

وَلِتَبۡتَغُوۡا مِنۡ فَضۡلِهٖ وَلَعَلَّكُمۡ تَشۡكُرُوۡنَ ۝ وَسَخَّرَ لَكُمۡ مَّا فِى

اورتا کہ تم تلاش کرو | سے | اس کے فضل | اور تاکہ | تم شکر کرو | اور اس نے تابع کیا | تمہارے لئے | جو کچھ ہے | میں

اور تم اللہ کا فضل تلاش کرو اور اس کے شکر گزار بنو۔ اسی نے اپنے کرم سے آسمانوں اور زمین کی

السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الۡاَرۡضِ جَمِيۡعًا مِّنۡهُ‌ ؕ اِنَّ فِىۡ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوۡمٍ

آسمانوں | اور جو کچھ ہے | میں | زمین | سب کو | اس سے | بیشک | میں | اس | ضرور نشانیاں ہیں | لوگوں کیلئے جو

تمام چیزوں کو تمہاری خدمت پر لگا دیا۔ بے شک اس میں نشانیاں ہیں ان لوگوں کے لئے

يَّتَفَكَّرُوۡنَ ۝ قُلْ لِّلَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا يَغۡفِرُوۡا لِلَّذِيۡنَ لَا يَرۡجُوۡنَ اَيَّامَ

غور وفکر کرتے ہیں | کہہ دیجئے | ان سے جو | ایمان لائے | بخش دیں | ان کو جو | نہیں | امید رکھتے | دنوں

جو غور کرتے ہیں۔ اے نبی ﷺ آپ ﷺ ایمان لانے والوں سے کہیں وہ ان لوگوں سے درگزر کریں جو اللہ کے فیصلوں کے دنوں

اللّٰهِ لِيَجۡزِىَ قَوۡمًا ۢ بِمَا كَانُوۡا يَكۡسِبُوۡنَ ۝ مَنۡ عَمِلَ صَالِحًا

اللہ کے | تاکہ وہ بدلہ دے | لوگوں کو | اس کا جو | وہ تھے | وہ کماتے | جو کوئی | عمل کرے | اچھا

سے نہیں ڈرتے، تاکہ خود اللہ ایسے لوگوں کو ان کے کیے کا بدلہ دے۔ یاد رکھو جو نیک عمل کرے گا

فَلِنَفۡسِهٖ‌ ۚ وَمَنۡ اَسَآءَ فَعَلَيۡهَا‌ ثُمَّ اِلٰى رَبِّكُمۡ تُرۡجَعُوۡنَ ۝ وَلَقَدۡ

تو اپنے لئے | اور جو کوئی | برائی کرے | تو اسی پر ہے | پھر | طرف | اپنے رب کی | تم لوٹا جاؤ گے | اور بیشک

اپنے فائدے کے لئے کرے گا جو برائی کرے گا اس کا وبال اسی پر پڑے گا۔ پھر تم اپنے رب کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔ ہم نے

اٰتَيۡنَا بَنِىۡۤ اِسۡرَآءِيۡلَ الۡكِتٰبَ وَالۡحُكۡمَ وَالنُّبُوَّةَ وَرَزَقۡنٰهُمۡ مِّنَ

ہم نے دی | بنی اسرائیل کو | کتاب | اور حکمت | اور نبوت | اور ہم نے رزق دیا انکو | سے

بنی اسرائیل کو کتاب، حکومت اور نبوت دی۔ انہیں پاکیزہ رزق

الطَّيِّبٰتِ وَفَضَّلۡنٰهُمۡ عَلَى الۡعٰلَمِيۡنَ‌ ۝ وَاٰتَيۡنٰهُمۡ بَيِّنٰتٍ مِّنَ الۡاَمۡرِ‌ ۚ

پاکیزہ چیزوں | اور ہم نے فضیلت دی ان کو | پر | جہان والوں | اور ہم نے دیں ان کو | روشن دلیلیں | سے | (دین کے) معاملے

عطا کیا اور دنیا والوں پر فضیلت بخشی۔ ہم نے انہیں دین کے بارے میں واضح احکام دیے۔

فَمَا اخۡتَلَفُوۡۤا اِلَّا مِنۡۢ بَعۡدِ مَا جَآءَهُمُ الۡعِلۡمُ ۙ بَغۡيًاۢ بَيۡنَهُمۡ‌ ؕ اِنَّ

پھر نہیں | انہوں نے اختلاف کیا | مگر | سے | بعد | اس کے جو | آیا انکے پاس | علم | ضد سے | درمیان اپنے | بیشک

مگر انہوں نے جب ان کے پاس علم آ چکا تھا، محض آپس کی ضد کی وجہ سے اختلاف پیدا کر لیا۔ اے نبی ﷺ بے شک

رَبَّكَ يَقْضِي بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيمَا كَانُوا فِيهِ يَخْتَلِفُونَ ﴿17﴾

تیرا رب | فیصلہ کرے گا | ان کے درمیان | دن | قیامت کے | بارے میں جس کے | وہ تھے | اس میں | وہ اختلاف کرتے

آپ ﷺ کا رب قیامت کے دن ان کے درمیان ان تمام چیزوں کا فیصلہ کرے گا جن میں وہ اختلاف کرتے تھے۔

ثُمَّ جَعَلْنٰكَ عَلٰى شَرِيعَةٍ مِّنَ الْاَمْرِ فَاتَّبِعْهَا وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَ

پھر | ہم نے مقرر کیا تجھے | پر | شریعت | سے | (دین کے) معاملے | پس تو پیروی کر اسکی | اور نہ | تو پیروی کر | خواہشوں کی

اے نبی ﷺ پھر ہم نے آپ ﷺ کو دین کے ایک واضح طریقے پر قائم کیا۔ لہٰذا آپ ﷺ اسی پر چلیں اور ان لوگوں کی خواہشوں

الَّذِينَ لَا يَعْلَمُونَ ﴿18﴾ اِنَّهُمْ لَنْ يُّغْنُوا عَنْكَ مِنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا ۭ وَاِنَّ

ان کی جو | نہیں | وہ جانتے | بیشک وہ | ہرگز نہ | کام آئیں گے | تیرے | سے | اللہ | کچھ بھی | اور بیشک

کی پیروی نہ کریں جو علم نہیں رکھتے۔ جو لوگ اللہ کے مقابلے میں آپ ﷺ کے کچھ کام نہیں آ سکتے۔ ظالم لوگ

الظّٰلِمِينَ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ۚ وَاللّٰهُ وَلِيُّ الْمُتَّقِينَ ﴿19﴾ هٰذَا

ظالم | بعض انکے ہیں | دوست | بعض کے | اور اللہ ہے | کارساز | پرہیزگاروں کا | یہ ہیں

ایک دوسرے کے ساتھی ہیں مگر پرہیزگاروں کا ساتھی اللہ ہے۔ یہ قرآن

بَصَآئِرُ لِلنَّاسِ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّقَوْمٍ يُّوقِنُونَ ﴿20﴾ اَمْ حَسِبَ

روشن دلیلیں | لوگوں کے لئے | اور ہدایت ہے | اور رحمت | ایسے لوگوں کے لئے | جو یقین کریں | کیا | گمان کیا ہے

کی بصیرت افروز باتیں ہیں جو ان لوگوں کے لئے ہدایت اور رحمت ہے جو یقین کریں۔ کیا برائیاں

الَّذِينَ اجْتَرَحُوا السَّيِّاٰتِ اَنْ نَّجْعَلَهُمْ كَالَّذِينَ اٰمَنُوا وَعَمِلُوا

ان لوگوں نے جو | کرتے ہیں | برائیاں | یہ کہ | ہم کر دیں گے انکو | اُن جیسے جو | ایمان لائے | اور جنہوں

کمانے والوں کا یہ خیال ہے کہ آخرت میں ہم ان کا اور ان لوگوں کا انجام ایک جیسا کر دیں گے جو ایمان لائے اور جنہوں

الصّٰلِحٰتِ ۙ سَوَآءً مَّحْيَاهُمْ وَمَمَاتُهُمْ ۭ سَآءَ مَا يَحْكُمُونَ ﴿21﴾ ع وَخَلَقَ

ع 2/10/18

نے عمل کئے اچھے | برابر ہے | جن کا جینا | اور جن کا مرنا | برا ہے | جو | وہ فیصلہ کرتے ہیں | اور پیدا کیا

نے نیک عمل کیے؟ اور کیا ان دونوں گروہوں کی زندگی اور موت کا حال یکساں ہے؟ بہت برا فیصلہ ہے جو وہ کر رہے ہیں۔ دیکھو، اللہ

اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ وَلِتُجْزٰى كُلُّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ

اللہ نے | آسمانوں کو | اور زمین کو | ساتھ حق کے | اور تاکہ بدلہ دیا جائے | ہر | جان کو | اس کا جو | اس نے کمایا

نے آسمانوں اور زمین کو مقصد کے ساتھ پیدا کیا تاکہ ہر کسی کو اس کے کیے کا بدلہ دیا جائے۔

وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ ﴿٢٢﴾ اَفَرَءَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ اِلٰهَهٗ هَوٰىهُ وَاَضَلَّهُ

اور وہ | نہ | ظلم کیے جائیں گے | کیا پس تو نے دیکھا | اسے جس نے | بنایا | معبود اپنا | اپنی خواہش کو | اور گمراہ کیا جس کو

اور ان پر کوئی ظلم نہ ہوگا۔ کیا تم نے ایسے شخص کو دیکھا جس نے اپنی خواہش کو اپنا معبود بنا لیا اور اللہ نے اس کے

اللّٰهُ عَلٰى عِلْمٍ وَّخَتَمَ عَلٰى سَمْعِهٖ وَقَلْبِهٖ وَجَعَلَ عَلٰى بَصَرِهٖ

اللہ نے | باوجود | علم کے | اور مہر لگا دی | پر | اسکے کانوں | اور اسکے دل پر | اور بنا دیا | پر | اس کی آنکھ

علم کے باوجود اسے گمراہی میں ڈال دیا۔ اس کے کان اور دل پر مہر لگا دی۔ اس کی آنکھ پر پردہ

غِشٰوَةً ؕ فَمَنْ يَّهْدِيْهِ مِنْۢ بَعْدِ اللّٰهِ ؕ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿٢٣﴾ وَقَالُوْا

پردہ | پس کون | ہدایت دے گا اسے | سے | بعد | اللہ کے | کیا پس نہیں | تم سمجھتے | اور انہوں نے کہا

ڈال دیا۔ ایسے شخص کو کون ہدایت دے سکتا ہے جسے اللہ نے گمراہ کر دیا ہو۔ کیا تم دھیان نہیں کرتے؟ مشرکین کہتے ہیں

مَا هِيَ اِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا نَمُوْتُ وَنَحْيَا وَمَا يُهْلِكُنَآ اِلَّا الدَّهْرُ ۚ

نہیں ہے | یہ | مگر | زندگی ہماری | دنیا کی | ہم مرتے ہیں | اور زندہ رہتے ہیں | اور نہیں | ہلاک کرتا ہمیں | مگر | زمانہ

''زندگی صرف اسی دنیا کی زندگی ہے، یہیں ہم مرتے جیتے ہیں۔ ہمیں صرف زمانے کی گردش ہلاک کرتی ہے''

وَمَا لَهُمْ بِذٰلِكَ مِنْ عِلْمٍ ۚ اِنْ هُمْ اِلَّا يَظُنُّوْنَ ﴿٢٤﴾ وَاِذَا تُتْلٰى

اور نہیں | ان کو | اس کا | کچھ | علم | نہیں ہیں | وہ | مگر | وہ صرف گمان کرتے | اور جب | پڑھی جاتی ہیں

انہیں اس بارے میں کوئی علم نہیں۔ وہ محض گمان کی بنا پر ایسا کہتے ہیں۔ جب انہیں ہماری واضح

عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ مَّا كَانَ حُجَّتَهُمْ اِلَّآ اَنْ قَالُوا ائْتُوْا

اُن پر | ہماری آیتیں | واضح | نہیں | ہوتی | دلیل انکی | مگر | یہ کہ | وہ کہتے ہیں | تم لاؤ

آیتیں سنائی جاتی ہیں تو ان کے پاس کوئی حجت اس کے سوا نہیں ہوتی کہ ''ہمارے باپ دادا کو زندہ

بِاٰبَآئِنَآ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿٢٥﴾ قُلِ اللّٰهُ يُحْيِيْكُمْ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ

ہمارے باپ دادا کو | اگر | تم ہو | سچے | کہہ دیجئے | اللہ | زندہ کرتا ہے تمہیں | پھر | وہ مارے گا تمہیں

کر کے لاؤ اگر تم سچے ہو'' اے نبی ﷺ آپ ﷺ ان سے کہیں ''اللہ تمہیں زندہ کرتا ہے، وہی تمہیں مارتا ہے

ثُمَّ يَجْمَعُكُمْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ لَا رَيْبَ فِيْهِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ

پھر | وہ جمع کرے گا تمہیں | طرف | دن کی | قیامت کے | نہیں | کوئی شک | جس میں | اور لیکن | اکثر

پھر وہی قیامت کے دن جس کے آنے میں کوئی شک نہیں، تمہیں جمع کرے ۔ لیکن اکثر لوگ نہیں

النَّاسِ لَا يَعْلَمُونَ ﴿٢٦﴾ وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَيَوْمَ تَقُوْمُ

لوگ | نہیں | وہ جانتے | اور اللہ کی ہے | بادشاہی | آسمانوں کی | اور زمین کی | اور جس دن | قائم ہوگی

جانتے۔ یاد رکھو آسمانوں اور زمین کی بادشاہی اللہ کی ہے۔ جس دن قیامت

السَّاعَةُ يَوْمَئِذٍ يَّخْسَرُ الْمُبْطِلُوْنَ ﴿٢٧﴾ وَتَرٰى كُلَّ اُمَّةٍ جَاثِيَةً

قیامت | اس دن | خسارہ پائیں گے | جھوٹے لوگ | اور تو دیکھے گا | ہر | امت کو | گھٹنوں پر گری ہوئی

قائم ہو گی اُس دن غلط کار لوگ گھاٹے میں رہیں گے۔ تم دیکھو گے ہر امت گھٹنوں کے بل گری ہو گی۔

كُلُّ اُمَّةٍ تُدْعٰٓى اِلٰى كِتٰبِهَا ۭ اَلْيَوْمَ تُجْزَوْنَ مَا كُنْتُمْ

ہر | امت | بلائی جائے گی | طرف | اپنے اعمال نامے کی | آج کے دن | تمہیں بدلہ دیا جائے گا | جو کچھ | تم تھے

ہر امت کو اس کے نامۂ اعمال کی طرف بلایا جائے گا۔ ان سے کہا جائے گا "آج تمہیں اپنے کیے

تَعْمَلُوْنَ ﴿٢٨﴾ هٰذَا كِتٰبُنَا يَنْطِقُ عَلَيْكُمْ بِالْحَقِّ ۭ اِنَّا كُنَّا

تم کرتے | یہ ہے | کتاب ہماری | جو بولتی ہے | تم پر | ساتھ حق کے | بیشک ہم | ہم تھے

کا بدلہ ملے گا۔ یہ ہمارا ریکارڈ ہے جو تمہارے بارے میں ٹھیک ٹھیک بتا رہا ہے۔ ہم لکھواتے

نَسْتَنْسِخُ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿٢٩﴾ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا

ہم لکھتے | جو کچھ | تم تھے | تم کرتے | پھر جو | لوگ | ایمان لائے | اور انہوں نے عمل کئے

جاتے تھے جو کچھ تم کرتے تھے" پھر جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک

الصّٰلِحٰتِ فَيُدْخِلُهُمْ رَبُّهُمْ فِيْ رَحْمَتِهٖ ۭ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْمُبِيْنُ ﴿٣٠﴾

اچھے | پس داخل کرے گا انکو | ان کا رب | میں | اپنی رحمت | یہ ہے | یہی | کامیابی | کھلی

کام کیے تو ان کا رب انہیں اپنی رحمت کے سائے میں لے کر جنت میں داخل کرے گا۔ یہی کھلی کامیابی ہے۔

وَاَمَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۣ اَفَلَمْ تَكُنْ اٰيٰتِيْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ فَاسْتَكْبَرْتُمْ

اور جو | لوگ | کافر ہوئے | کیا پس نہیں | تھیں | آیتیں | پڑھی جاتی | تم پر | پھر تم نے تکبر کیا

لیکن جن لوگوں نے کفر کیا ان سے کہا جائے گا "کیا تمہیں میری آیتیں پڑھ کر نہیں سنائی جاتی تھیں؟ پھر تم نے تکبر کیا

وَكُنْتُمْ قَوْمًا مُّجْرِمِيْنَ ﴿٣١﴾ وَاِذَا قِيْلَ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ

اور تم تھے | لوگ | مجرم | اور جب | کہا جائے | بیشک | وعدہ | اللہ کا | سچا ہے

اور تم مجرم لوگ تھے۔ جب کہا جاتا تھا کہ اللہ کا وعدہ سچا ہے

وَّالسَّاعَةُ لَا رَيْبَ فِيْهَا قُلْتُمْ مَّا نَدْرِيْ مَا السَّاعَةُ ۙ اِنْ نَّظُنُّ

اور قیامت | نہیں | کوئی شک | اس میں | تم نے کہا | نہیں | ہم جانتے | کیا ہے | قیامت | نہیں | ہم گمان کرتے

اور قیامت میں کوئی شک نہیں تو تم کہتے تھے ''ہم نہیں جانتے قیامت کیا ہے؟ ہمیں اس کا کچھ

اِلَّا ظَنًّا وَّمَا نَحْنُ بِمُسْتَيْقِنِيْنَ ﴿32﴾ وَبَدَا لَهُمْ سَيِّاٰتُ مَا عَمِلُوْا

مگر | کچھ گمان | اور نہیں | ہم | یقین کرنیوالے | اور ظاہر ہوں گی | ان پر | وہ برائیاں | جو | وہ کرتے تھے

وہم سا ہے لیکن ہمیں اس پر یقین نہیں'' اس وقت ان پر ان کی بداعمالیاں ظاہر ہوں گی

وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿33﴾ وَقِيْلَ الْيَوْمَ نَنْسٰكُمْ

اور گھیرے گی | ان کو | وہ چیز | وہ تھے | جس کا | وہ مذاق اڑاتے | اور کہا جائے گا | آج کے دن | ہم بھلا دیں گے تم کو

اور عذاب انہیں آگھیرے گا جس کا وہ مذاق اڑاتے تھے۔ ان سے کہا جائے گا ''آج ہم بھی تمہیں عذاب میں ڈال کر بھول جائیں

كَمَا نَسِيْتُمْ لِقَآءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا وَمَاْوٰىكُمُ النَّارُ وَمَا لَكُمْ مِّنْ

جیسے | تم نے بھلایا تھا | ملاقات کو | تمہارے دن کی | اس | اور ٹھکانہ تمہارا | دوزخ ہے | اور نہیں | تمہارے لیے | کوئی

گے جس طرح تم نے اپنے اس دن کے آنے کو بھلائے رکھا۔ اب تمہارا ٹھکانا دوزخ ہے۔ کوئی تمہارا

نّٰصِرِيْنَ ﴿34﴾ ذٰلِكُمْ بِاَنَّكُمُ اتَّخَذْتُمْ اٰيٰتِ اللّٰهِ هُزُوًا وَّغَرَّتْكُمُ

مددگار | یہ ہے | بسبب اسکے جو | تم نے بنایا | آیتوں کو | اللہ کی | مذاق | اور فریب دیا تم کو

مددگار نہیں۔ کیونکہ تم نے اللہ کی آیتوں کا مذاق اڑایا۔ دنیا کی زندگی نے تمہیں

الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا ۚ فَالْيَوْمَ لَا يُخْرَجُوْنَ مِنْهَا وَلَا هُمْ يُسْتَعْتَبُوْنَ ﴿35﴾

زندگی | دنیا کی نے | پس آج کے دن | نہ | وہ نکالے جائیں گے | اس سے | اور نہ | وہ | توبہ کا مطالبہ کیے جائیں گے

دھوکے میں رکھا'' غرض آج نہ انہیں دوزخ سے نکالا جائے گا، نہ ان کا کوئی عذر قبول کیا جائے گا۔

فَلِلّٰهِ الْحَمْدُ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَرَبِّ الْاَرْضِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿36﴾ وَلَهُ

پس اللہ کیلئے ہے | سب تعریف | رب | آسمانوں کا | اور رب | زمین کا | رب | جہانوں کا | اور اسی کیلئے ہے

پس تعریف اُس اللہ کے لئے ہے جو آسمانوں کا، زمین کا اور سارے جہان کا مالک ہے۔ آسمانوں اور زمین

الْكِبْرِيَآءُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۠ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿37﴾ ع

(4 ع 11 20)

کبریائی | میں | آسمانوں | اور زمین میں | اور وہی ہے | بڑا غالب | نہایت حکمت والا

میں اسی کی بڑائی ہے۔ اور وہ غالب حکمت والا ہے۔

(46) سُوْرَةُ الْاَحْقَافِ مَكِّيَّةٌ (66)

رُكُوْعَاتُهَا 4 — اٰيَاتُهَا 35

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

حٰمٓ ۚ ① تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ② مَا خَلَقْنَا

حٰمٓ | اتارنا | کتاب کا | طرف سے | اللہ | غالب | حکمت والے کی | نہیں | ہم نے پیدا کیا

حٰمٓ ۔ یہ کتاب اللہ کی طرف سے نازل ہوئی ہے جو غالب اور حکمت والا ہے ۔ ہم نے آسمانوں

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ وَاَجَلٍ مُّسَمًّى ۭ وَالَّذِيْنَ

آسمانوں کو | اور زمین کو | اور جو کچھ | درمیان دونوں کے ہے | مگر | ساتھ حق کے | اور ایک مدت | مقرر تک | اور جو لوگ

کو زمین کو اور جو کچھ ان دونوں کے درمیان ہے سب کو ایک مقصد کے ساتھ پیدا کیا اور ایک مقررہ مدت کے لئے بنایا ہے۔ مگر

كَفَرُوْا عَمَّآ اُنْذِرُوْا مُعْرِضُوْنَ ③ قُلْ اَرَءَيْتُمْ مَّا تَدْعُوْنَ مِنْ

کافر ہیں | جس سے | انکو خبردار کیا جاتا ہے | وہ منہ پھیرنے والے ہیں | کہہ دیجئے | کیا تم نے دیکھا | جسے | تم پکارتے ہو | سے

کافروں کا حال یہ کہ ہے جس برے انجام سے انہیں ڈرایا جا رہا ہے اس کی پروا نہیں کرتے ۔اے نبی ﷺ آپ ﷺ ان سے پوچھیں

دُوْنِ اللّٰهِ اَرُوْنِيْ مَاذَا خَلَقُوْا مِنَ الْاَرْضِ اَمْ لَهُمْ شِرْكٌ فِي

سوائے | اللہ کے | تم دکھاؤ مجھے | کیا ہے | انہوں نے پیدا کیا | سے | زمین | کیا | اُن کی | حصہ داری ہے | میں

" جن چیزوں کو تم اللہ کے سوا پکارتے ہو انہوں نے زمین میں کیا پیدا کیا یا آسمانوں کو پیدا کرنے میں ان کا

السَّمٰوٰتِ ۭ اِيْتُوْنِيْ بِكِتٰبٍ مِّنْ قَبْلِ هٰذَآ اَوْ اَثٰرَةٍ مِّنْ عِلْمٍ اِنْ

آسمانوں | تم لاؤ میرے پاس | کوئی کتاب | سے | پہلے | اسکے | یا | کوئی نشانی | سے | علم | اگر

کوئی حصہ ہے؟ اگر تم سچے ہو تو میرے پاس اس سے پہلے کی کوئی کتاب لاؤ یا کوئی علم جو چلا آتا ہو

كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ④ وَمَنْ اَضَلُّ مِمَّنْ يَّدْعُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَنْ

تم ہو | سچے | اور کون ہے | زیادہ گمراہ | اس سے جو | پکارتا ہے | سے | سوا | اللہ کے | اسے جو

وہ پیش کرو" لیکن ایسے لوگوں سے زیادہ گمراہ کون ہو گا جو اللہ کو چھوڑ کر ایسے معبودوں کو پکاریں

لَّا يَسْتَجِيْبُ لَهٗٓ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ وَهُمْ عَنْ دُعَآئِهِمْ غٰفِلُوْنَ ⑤

نہیں | جواب دے گا | اس کو | تک | دن | قیامت کے | اور وہ ہیں | سے | انکی پکار | غافل

جو قیامت تک انہیں جواب نہ دے سکیں ۔ بلکہ ان کی پکار سے بھی بے خبر رہیں ۔

وَاِذَا حُشِرَ النَّاسُ كَانُوْا لَهُمْ اَعْدَآءً وَّكَانُوْا بِعِبَادَتِهِمْ

اور جب | جمع کئے جائینگے | لوگ | وہ ہونگے | اُن کے | دشمن | اور وہ ہونگے | اُن کی عبادت کے

جب آخرت میں سب لوگ اکٹھے کئے جائیں گے تو یہی معبود اپنے پکارنے والوں کے دشمن ہوں گے اور ان کی پوجا سے

كٰفِرِيْنَ ۞ وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ قَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

منکر | اور جب | پڑھی جاتی ہیں | اُن پر | آیتیں ہماری | روشن | کہتے ہیں | وہ جو | منکر ہیں

انکار کریں گے۔ اور جب انہیں ہماری آیتیں پڑھ کر سنائی جاتی ہیں تو کافر لوگ اس سچے

لِلْحَقِّ لَمَّا جَآءَهُمْ ۙ هٰذَا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۞ اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ؕ

حق کے | جب | آیا انکے پاس | یہ ہے | جادو | کھلا | کیا | وہ کہتے ہیں | اس (نبی) نے گھڑلیا اسے

قرآن کو کھلا جادو قرار دیتے ہیں۔ اے نبی ﷺ کیا وہ آپ ﷺ کے بارے میں کہتے ہیں "اس شخص نے یہ قرآن خود گھڑ لیا ہے۔"

قُلْ اِنِ افْتَرَيْتُهٗ فَلَا تَمْلِكُوْنَ لِيْ مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا ؕ هُوَ اَعْلَمُ

کہہ دیجئے | اگر | میں نے گھڑ لیا ہے اسے | تو نہیں | تم اختیار رکھتے | میرے لیے | سے | اللہ | کچھ بھی | وہی | بہتر جانتا ہے

آپ ﷺ کہیں "اگر میں نے اسے گھڑا ہے تو تم لوگ مجھے اللہ کی پکڑ سے ذرا نہیں بچا سکتے۔ اور تم جو باتیں بناتے ہو اللہ

بِمَا تُفِيْضُوْنَ فِيْهِ ؕ كَفٰى بِهٖ شَهِيْدًاۢ بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ ؕ وَهُوَ

اسے جو | تم گفتگو کرتے ہو | جس بات میں | وہ کافی ہے | اس پر | گواہ | درمیان میرے | اور درمیان تمہارے | اور وہی ہے

انہیں خوب جانتا ہے۔ وہی میرے اور تمہارے درمیان گواہی کے لئے کافی ہے۔ وہ

الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ۞ قُلْ مَا كُنْتُ بِدْعًا مِّنَ الرُّسُلِ وَمَآ اَدْرِيْ

بہت بخشنے والا | نہایت مہربان | کہہ دیجئے | نہیں | میں ہوں | نیا | سے | رسولوں | اور نہیں | میں جانتا

بخشنے والا نہایت مہربان ہے۔" اے نبی ﷺ آپ ان لوگوں سے کہیں "میں کوئی انوکھا رسول نہیں ہوں۔ میں نہیں جانتا میرے

مَا يُفْعَلُ بِيْ وَلَا بِكُمْ ؕ اِنْ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ

کیا | ہوگا | ساتھ میرے | اور نہ | ساتھ تمہارے | نہیں | میں پیروی کرتا | مگر | جو کچھ | وحی کیا جاتا ہے | طرف میری

ساتھ کیا معاملہ ہوگا اور تمہارے ساتھ کیا سلوک ہوگا۔ میں صرف اس بات کی پیروی کرتا ہوں جو میری طرف وحی کی جاتی ہے۔ میں

وَمَآ اَنَا اِلَّا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ۞ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ كَانَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ

اور نہیں ہوں میں | مگر | خبردار کرنیوالا | کھلا | کہہ دیجئے | کیا تم نے دیکھا | اگر | وہ ہے | سے | طرف | اللہ کی

ایک صاف خبردار کرنے والا ہوں" آپ ﷺ کہیں "کیا تم نے کبھی سوچا اگر یہ قرآن اللہ کی جانب سے ہے

وَكَفَرْتُمْ بِهٖ وَشَهِدَ شَاهِدٌ مِّنْ بَنِيٓ اِسْرَآءِيْلَ عَلٰى مِثْلِهٖ

اورتم نے انکار کر دیا | اس کا | اور گواہی دی | ایک گواہ نے | سے | بنی اسرائیل | پر | اسی بات کی

اور تم نے اسکا انکار کر دیا تو تم سے بڑھ کر گمراہ اور ظالم کون ہوگا، جبکہ بنی اسرائیل میں سے ایک بڑے گواہ نے اسی کتاب کے حق

فَاٰمَنَ وَاسْتَكْبَرْتُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۟ع 10

پس ایمان لایا | اور تم نے تکبر کیا | بیشک | اللہ | نہیں | ہدایت دیتا | قوم | ظالم کو

ہونے کی گواہی دی اور وہ ایمان بھی لا چکا ہے مگر تم اس کو ٹھکراتے ہو۔ بے شک اللہ ظالموں کو ہدایت نہیں دیتا۔"

وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَوْ كَانَ خَيْرًا مَّا سَبَقُوْنَآ

اور کہا | انہوں نے جو | کافر ہوئے | اُن سے جو | ایمان لائے | اگر | ہوتی | بھلائی | نہ | وہ آگے بڑھتے ہم سے

کافر لوگ مسلمانوں سے کہتے ہیں" اگر اس دین میں کوئی بھلائی ہوتی تو اسے ماننے میں تم لوگ ہم پر سبقت نہ

اِلَيْهِ ؕ وَاِذْ لَمْ يَهْتَدُوْا بِهٖ فَسَيَقُوْلُوْنَ هٰذَآ اِفْكٌ قَدِيْمٌ ۟ 11

طرف اسکی | اور جب | نہیں | انہوں نے ہدایت پائی | اسکی | پھر جلد وہ کہیں گے | یہ ہے | جھوٹ | پرانا

لے جاتے۔" اور جب انہوں نے اس کتاب سے کوئی ہدایت نہیں پائی تو اب وہ یہی کہیں گے" یہ پرانا جھوٹ ہے"۔

وَمِنْ قَبْلِهٖ كِتٰبُ مُوْسٰٓى اِمَامًا وَّرَحْمَةً ؕ وَهٰذَا كِتٰبٌ مُّصَدِّقٌ

اور سے | پہلے اسکے | کتاب | موسیٰ کی تھی | پیشوا | اور رحمت | اور یہ | کتاب ہے | تصدیق کرنیوالی

حالانکہ اس سے پہلے موسیٰؑ کی کتاب بھی رہنما اور رحمت بن کر آ چکی ہے۔ اور یہ ایک کتاب ہے جو اس کتاب کی تصدیق کرتی ہے

لِّسَانًا عَرَبِيًّا لِّيُنْذِرَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ۖ وَبُشْرٰى لِلْمُحْسِنِيْنَ ۟ ج 12 اِنَّ

زبان | عربی میں | تا کہ وہ ڈرائے | انکو جو | ظالم ہیں | اور خوشخبری ہے | نیکی کرنیوالوں کے لیے | بیشک

یہ عربی زبان میں ہے تاکہ ان لوگوں کو خبردار کر دے جنہوں نے ظلم کیا اور نیک لوگوں کیلئے خوشخبری ہے۔ بیشک

الَّذِيْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ

جن لوگوں نے | کہا | رب ہمارا | اللہ ہے | پھر | وہ ثابت قدم رہے | تو نہیں | کوئی ڈر | ان کو | اور نہ | وہ

جن لوگوں نے کہا ہمارا رب اللہ ہے پھر وہ اس پر جمے رہے۔ انہیں نہ کوئی خوف ہوگا نہ وہ

يَحْزَنُوْنَ ۟ ج 13 اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۚ جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا

غمگین ہونگے | یہ ہیں | والے | جنت | ہمیشہ رہینگے | اس میں | بدلہ ہے | اس کا جو | وہ تھے

غمگین ہوں گے۔ یہی لوگ جنت والے ہیں وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے، اپنے ان اعمال کے صلے

يَعۡمَلُوۡنَ ﴿۱۴﴾ وَوَصَّيۡنَا الۡاِنۡسَانَ بِوَالِدَيۡهِ اِحۡسٰنًا ؕ حَمَلَتۡهُ اُمُّهٗ

وہ کرتے | اور ہم نے تاکید کی | انسان کو | اس کے والدین سے | حسن سلوک کی | اٹھائے رکھا اسے | ماں اسکی نے

میں جو وہ دنیا میں کرتے رہے ۔ اور ہم نے انسان کو حکم دیا وہ اپنے ماں باپ کے ساتھ بھلائی کرے اس کی ماں نے تکلیف کے ساتھ

كُرۡهًا وَّوَضَعَتۡهُ كُرۡهًا ؕ وَحَمۡلُهٗ وَفِصٰلُهٗ ثَلٰثُوۡنَ شَهۡرًا ؕ حَتّٰۤى اِذَا

تکلیف سے | اور جنا اسے | تکلیف سے | اور حمل اسکا | اور دودھ چھڑانا اسکا | تیس | مہینے ہے | یہاںتک کہ | جب

اسے پیٹ میں رکھا اور تکلیف کے ساتھ اسے جنا۔ اس کو پیٹ میں رکھنا اور اس کا دودھ چھڑانا تیس مہینوں میں ہوا۔ یہاں تک کہ

بَلَغَ اَشُدَّهٗ وَبَلَغَ اَرۡبَعِيۡنَ سَنَةً ۙ قَالَ رَبِّ اَوۡزِعۡنِىۡۤ اَنۡ

پہنچا | جوانی اپنی کو | اور پہنچا | چالیس | برس کو | اس نے کہا | اے رب میرے | توفیق دے مجھے | یہ کہ

جب وہ اپنی پختہ عمر کو پہنچا اور چالیس برس کو پہنچ گیا تو کہنے لگا " اے میرے رب ! مجھے توفیق دے

اَشۡكُرَ نِعۡمَتَكَ الَّتِىۡۤ اَنۡعَمۡتَ عَلَىَّ وَعَلٰى وَالِدَىَّ وَاَنۡ اَعۡمَلَ

میں شکر کروں | نعمت تیری کا | جو | تو نے انعام کی | مجھ پر | اور پر | میرے والدین | اور یہ کہ | میں عمل کروں

میں تیرے احسان کا شکر کروں جو تو نے مجھ پر اور میرے والدین پر کیا ، اور یہ کہ میں نیک

صَالِحًا تَرۡضٰٮهُ وَاَصۡلِحۡ لِىۡ فِىۡ ذُرِّيَّتِىۡ ؕ اِنِّىۡ تُبۡتُ اِلَيۡكَ

اچھا | تو پسند کرے جسے | اور اصلاح کر دے | میرے لیے | میں | اولاد میری | بے شک میں | توبہ کرتا ہوں | طرف تیری

کام کروں جس سے تو راضی ہو اور میری اولاد کو بھی نیک بنا ۔ میں نے تیری طرف رجوع کیا

وَاِنِّىۡ مِنَ الۡمُسۡلِمِيۡنَ ﴿۱۵﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيۡنَ نَتَقَبَّلُ عَنۡهُمۡ اَحۡسَنَ مَا

اور بیشک میں ہوں | سے | مسلمانوں | یہ لوگ ہیں | جو کہ | ہم قبول کرتے ہیں | جن سے | اچھے کام | جو

اور میں تیرے فرماں برداروں میں سے ہوں۔" یہی لوگ ہیں جن کے اچھے اعمال ہم قبول کریں

عَمِلُوۡا وَنَتَجَاوَزُ عَنۡ سَيِّاٰتِهِمۡ فِىۡۤ اَصۡحٰبِ الۡجَـنَّةِ ؕ وَعۡدَ

انہوں نے کئے | اور ہم درگزر کرتے ہیں | سے | برائیوں انکی | میں ہیں | والوں | جنت | یہ وعدہ

گے ، ان کی برائیوں سے در گزر کریں گے۔ وہ اہل جنت میں سے ہوں گے۔ یہ سچا وعدہ

الصِّدۡقِ الَّذِىۡ كَانُوۡا يُوۡعَدُوۡنَ ﴿۱۶﴾ وَالَّذِىۡ قَالَ لِوَالِدَيۡهِ اُفٍّ

سچا ہے | جس کا | ان سے | وعدہ کیا جاتا ہے | اور وہ | جس نے کہا | اپنے والدین سے | اف ہے

ہے جو ان سے کیا جا رہا ہے اس کے برعکس جس نے اپنے ماں باپ سے کہا میں بیزار ہوں

لَّكُمَآ اَتَعِدٰنِنِيْٓ اَنْ اُخْرَجَ وَقَدْ خَلَتِ الْقُرُوْنُ مِنْ

تم دونوں کے لیے | کیا تم دونوں وعدہ کرتے ہو مجھ سے | یہ کہ | میں نکالا جاؤں گا (قبر سے) | اور بیشک | گزری ہیں | قومیں | سے

تم سے کیا تم مجھے اس بات سے ڈراتے ہو کہ مجھے دوبارہ زندہ کر کے قبر سے نکالا جائے گا؟ حالاں کہ مجھ سے پہلے بہت سی قومیں گزر

قَبْلِيْ ۚ وَهُمَا يَسْتَغِيْثٰنِ اللّٰهَ وَيْلَكَ اٰمِنْ ۖ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ ۚ

پہلے مجھ | اور دونوں | فریاد کرتے ہیں | اللہ سے | افسوس ہے تجھ پر | تو ایمان لا | بیشک | وعدہ | اللہ کا | سچا ہے

چکی ہیں'' اس کے والدین اللہ کا واسطہ دے کر کہتے ہیں ''ارے بد نصیب ایمان لا، بے شک اللہ کا وعدہ سچا ہے''

فَيَقُوْلُ مَا هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿17﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ حَقَّ

تو وہ کہتا ہے کہ | نہیں | یہ | مگر | کہانیاں | پہلے لوگوں کی | یہ لوگ ہیں | جو کہ | ثابت ہوئی

مگر وہ کہتا ہے ''یہ سب پہلے لوگوں کی کہانیاں ہیں'' اسی طرح کے لوگ اپنے سے پہلے

عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ فِيْٓ اُمَمٍ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنَ الْجِنِّ

جن پر | بات | بارے میں | قوموں کے | جو ہیں | گزر چکی | سے | پہلے ان | سے | جنوں

جنوں اور انسانوں کے ان گروہوں میں جا شامل ہوں گے جن کے بارے میں اللہ کے عذاب کی بات پوری ہو چکی ہو گی۔ بے شک

وَالْاِنْسِ ۭ اِنَّهُمْ كَانُوْا خٰسِرِيْنَ ﴿18﴾ وَلِكُلٍّ دَرَجٰتٌ مِّمَّا عَمِلُوْا ۚ

اور انسانوں سے | بیشک وہ | تھے | نقصان اٹھانیوالے | اور ہر ایک کیلئے | درجے ہیں | اس سے جو | انہوں نے عمل کیا

ایسے لوگ گھاٹے میں رہیں گے۔ وہاں لوگوں کے اعمال کے مطابق ان کے اچھے برے درجے ہوں گے

وَلِيُوَفِّيَهُمْ اَعْمَالَهُمْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿19﴾ وَيَوْمَ يُعْرَضُ الَّذِيْنَ

اور تا کہ پورا بدلہ دے انکو | انکے اعمال کا | اور وہ | نہیں | وہ ظلم کیے جائیں گے | اور جس دن | پیش کئے جائینگے | وہ لوگ جو

تا کہ اللہ سب کو ان کے کئے کا پورا بدلہ دے اور ان پر ظلم نہ ہو گا۔ اس دن کافروں کو دوزخ کی

كَفَرُوْا عَلَى النَّارِ ۭ اَذْهَبْتُمْ طَيِّبٰتِكُمْ فِيْ حَيَاتِكُمُ الدُّنْيَا وَاسْتَمْتَعْتُمْ

کافر ہوئے | پر | آگ | تم لے چکے | اچھی چیزیں اپنی | میں | زندگی اپنی | دنیا کی | اور تم فائدہ اٹھا چکے

آگ کے سامنے لایا جائے گا۔ ان سے کہا جائے گا'' تم اپنی اچھی اچھی چیزیں دنیا کی زندگی میں لے چکے، اور انہیں برت

بِهَا ۚ فَالْيَوْمَ تُجْزَوْنَ عَذَابَ الْهُوْنِ بِمَا كُنْتُمْ تَسْتَكْبِرُوْنَ فِي

ان سے | پس آج | تم بدلہ پاؤ گے | عذاب | ذلت والے کا | اس وجہ سے جو | تم تھے | تکبر کرتے | میں

چکے۔ آج تمہیں ذلت ناک عذاب دیا جائے گا کیونکہ تم دنیا میں ناحق تکبر

الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَبِمَا كُنْتُمْ تَفْسُقُوْنَ ﴿20﴾ وَاذْكُرْ اَخَا عَادٍ

زمین | ناحق | اور اس وجہ سے جو | تم تھے | نافرمانی کرتے | اور تو یاد کر | بھائی | عاد کے (ہود) کو

اور نافرمانی کرتے تھے" اے نبی ﷺ قوم عاد کے بھائی ہود علیہ السلام کو یاد کریں

اِذْ اَنْذَرَ قَوْمَهٗ بِالْاَحْقَافِ وَقَدْ خَلَتِ النُّذُرُ مِنْ بَيْنِ يَدَيْهِ

جب | اُس نے خبردار کیا | قوم اپنی کو | احقاف میں | اور بیشک | گزرے | خبردار کرنیوالے | سے | آگے | اسکے

جب انہوں نے احقاف کے علاقے میں اپنی قوم کو خبردار کیا۔ ایسے خبردار کرنے والے ہود سے پہلے بھی ہو گزرے

وَمِنْ خَلْفِهٖٓ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّا اللّٰهَ ؕ اِنِّيْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ

اور سے | پیچھے اسکے | یہ کہ نہ | تم عبادت کرو | مگر | اللہ کی | بیشک میں | ڈرتا ہوں | تم پر | عذاب سے

اور ان کے بعد بھی آئے۔ کہ "اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہ کرو۔ مجھے تمہارے بارے میں ایک بڑے ہولناک دن کے عذاب کا

يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿21﴾ قَالُوْٓا اَجِئْتَنَا لِتَاْفِكَنَا عَنْ اٰلِهَتِنَا ۚ فَاْتِنَا

دن | بڑے | وہ بولے | کیا تو آیا ہمارے پاس | تاکہ تو ہٹا دے ہم کو | سے | معبودوں ہمارے | پس تو لے آ ہمارے پاس

اندیشہ ہے" تو ان لوگوں نے ہود سے کہا "کیا تم ہمارے پاس اس لئے آئے ہو تاکہ ہمیں ہمارے معبودوں سے ہٹا دو؟ اچھا، اگر تم

بِمَا تَعِدُنَآ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿22﴾ قَالَ اِنَّمَا الْعِلْمُ عِنْدَ

وہ چیز | جس کا تو وعدہ کرتا ہے ہم سے | اگر | تو ہے | سے | سچوں | اس نے کہا | بے شک | علم ہے | پاس

سچے ہو تو ہم پر وہ عذاب لے آؤ جس سے ہمیں ڈراتے ہو" ہود نے کہا اس کے وقت کا علم

اللّٰهِ ۖ وَاُبَلِّغُكُمْ مَّآ اُرْسِلْتُ بِهٖ وَلٰكِنِّيْٓ اَرٰىكُمْ قَوْمًا تَجْهَلُوْنَ ﴿23﴾

اللہ کے | اور میں پہنچاتا ہوں | وہ کہ | مجھے بھیجا گیا | ساتھ جس کے | اور لیکن | میں دیکھتا ہوں تمہیں | لوگ | تم جاہل ہو

اللہ کو ہے، میں تو تمہیں وہ پیغام پہنچا رہا ہوں جسے دے کر مجھے بھیجا گیا ہے، لیکن میں دیکھتا ہوں تم لوگ نادانی کی باتیں کرتے ہو"۔

فَلَمَّا رَاَوْهُ عَارِضًا مُّسْتَقْبِلَ اَوْدِيَتِهِمْ ۙ قَالُوْا هٰذَا عَارِضٌ

پھر جب | انہوں نے دیکھا اس کو | بادل | سامنے سے آتا | وادیوں انکی پر | وہ بولے | یہ | بادل ہے

پھر جب ان لوگوں نے اس عذاب کو بادل کی شکل میں اپنی وادیوں کی طرف آتے دیکھا تو خوش ہو کر بولے "یہ بادل ہے جو ہم پر

مُّمْطِرُنَا ؕ بَلْ هُوَ مَا اسْتَعْجَلْتُمْ بِهٖ ؕ رِيْحٌ فِيْهَا عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿24﴾

بارش برسائے گا ہم پر | بلکہ | یہ وہ | چیز ہے | تم نے جلدی مچائی | ساتھ جسکے | آندھی ہے | جس میں | عذاب ہے | دردناک

برسے گا"۔ نہیں بلکہ یہ وہ چیز ہے جس کی تم جلدی کر رہے تھے۔ یہ سخت آندھی ہے جس میں دردناک عذاب ہے،

تُدَمِّرُ كُلَّ شَيْءٍۭ بِاَمْرِ رَبِّهَا فَاَصْبَحُوْا لَا يُرٰٓى اِلَّا مَسٰكِنُهُمْ ؕ

تباہ کرتی ہے | ہر | چیز کو | سے حکم | رب اپنے کے | پس وہ ہو گئے کہ | نہ | دکھائی دیتے تھے | مگر | گھر انکے

وہ ہر چیز کو اپنے رب کے حکم سے اکھاڑ پھینکے گی۔'' پھر وہ ایسے ہوئے کہ ان کے مکانات کے سوا کچھ نظر نہ آتا تھا۔

كَذٰلِكَ نَجْزِي الْقَوْمَ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿25﴾ وَلَقَدْ مَكَّنّٰهُمْ فِيْمَآ اِنْ

اسی طرح | ہم بدلہ دیتے ہیں | لوگوں | مجرم کو | اور بیشک | ہم نے اقتدار دیا انکو | جس میں | کہ نہیں

مجرموں کو ہم اسی طرح سزا دیتے ہیں ۔ اور اے مشرکو ہم نے جو قوت و شوکت قوم عاد کو دی تھی وہ تمہیں

مَّكَّنّٰكُمْ فِيْهِ وَجَعَلْنَا لَهُمْ سَمْعًا وَّاَبْصَارًا وَّاَفْـِٕدَةً ۖ فَمَآ اَغْنٰى

ہم نے اقتدار دیا تم کو | اس میں | اور ہم نے بنائے | ان کے | کان | اور آنکھیں | اور دل | پھر نہ | کام آئے

نہیں دی۔ انہیں ہم نے کان ، آنکھیں اور دل و دماغ بھی دئے تھے۔ لیکن چونکہ وہ اللہ کی آیتوں

عَنْهُمْ سَمْعُهُمْ وَلَآ اَبْصَارُهُمْ وَلَآ اَفْـِٕدَتُهُمْ مِّنْ شَيْءٍ اِذْ كَانُوْا

انکے | کان انکے | اور نہ | آنکھیں انکی | اور نہ | دل انکے | کچھ بھی | جب | وہ تھے

کے منکر تھے اس لئے وہ کان ان کے کچھ کام نہ آئے نہ آنکھیں اور نہ دل و دماغ ۔

يَجْحَدُوْنَ ۙ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿26﴾ ع

وہ انکار کرتے | آیتوں کا | اللہ کی | اور گھیر لیا | ان کو | اس چیز نے | وہ تھے | جس کا | وہ مذاق اڑاتے

انہیں اس عذاب نے آ گھیرا جس کا وہ مذاق اڑاتے تھے۔

وَلَقَدْ اَهْلَكْنَا مَا حَوْلَكُمْ مِّنَ الْقُرٰى وَصَرَّفْنَا الْاٰيٰتِ لَعَلَّهُمْ

اور بیشک | ہم نے ہلاک کیں | جو تھیں | ارد گرد تمہارے | سے | بستیوں | اور ہم نے پھیر پھیر کر بیان کیں | آیتیں | تا کہ وہ

ہم نے تم لوگوں سے پہلے تمہارے آس پاس کی بستیاں بھی تباہ کیں ۔ ان کے سامنے ہم نے بار بار

يَرْجِعُوْنَ ﴿27﴾ فَلَوْلَا نَصَرَهُمُ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ

وہ رجوع کریں | پھر کیوں نہ | مدد کی انکی | انہوں نے جنکو | بنا رکھا تھا | سے | سوا | اللہ کے

اپنی نشانیاں پیش کیں تا کہ وہ باز آ جائیں ۔ پھر کیوں نہ ان بتوں نے ان کی مدد کی جنہیں انہوں نے اللہ کا تقرب حاصل کرنے کے

قُرْبَانًا اٰلِهَةً ؕ بَلْ ضَلُّوْا عَنْهُمْ ۚ وَذٰلِكَ اِفْكُهُمْ وَمَا كَانُوْا

قرب کیلئے | معبود | بلکہ | وہ غائب ہوئے | ان سے | اور یہ تھا | جھوٹ انکا | اور جو کچھ | وہ تھے

لئے اپنا معبود بنا رکھا تھا ؟ بلکہ وہ سب ان سے کھو گئے۔ اور یہ سب ان کا جھوٹ تھا اور ان کی

يَفْتَرُوْنَ ﴿28﴾ وَاِذْ صَرَفْنَآ اِلَيْكَ نَفَرًا مِّنَ الْجِنِّ يَسْتَمِعُوْنَ الْقُرْاٰنَ ۚ

وہ جھوٹ گھڑتے | اور جب | ہم نے پھیر دی | طرف تیری | ایک جماعت | سے | جنوں | جو غور سے سنتے تھے | قرآن

گھڑی ہوئی بات تھی۔ اے نبی ﷺ یاد کریں جب ہم جنات کا ایک گروہ آپ ﷺ کی طرف لے آئے جنہوں نے قرآن پڑھنے

فَلَمَّا حَضَرُوْهُ قَالُوْٓا اَنْصِتُوْا ۚ فَلَمَّا قُضِيَ وَلَّوْا اِلٰى قَوْمِهِمْ

پھر جب | حاضر ہوئے اسکے پاس | وہ بولے | چپ رہو | پھر جب | پوری ہوئی (تلاوت) | واپس چلے گئے | طرف | قوم اپنی کے

کی آواز سنی۔ جب وہ اس مقام پر پہنچے جہاں آپ ﷺ قرآن پڑھ رہے تھے تو ایک دوسرے سے کہنے لگے ''خاموش رہو۔'' پھر

مُّنْذِرِيْنَ ﴿29﴾ قَالُوْا يٰقَوْمَنَآ اِنَّا سَمِعْنَا كِتٰبًا اُنْزِلَ مِنْ بَعْدِ مُوْسٰى

خبردار کرتے ہوئے | انہوں نے کہا | اے قوم ہماری | بیشک ہم | ہم نے سنی | ایک کتاب | جو نازل ہوئی | سے | بعد | موسیٰ کے

جب آپ ﷺ فارغ ہوئے تو وہ اپنی قوم کی طرف واپس چلے گئے تاکہ انہیں بھی خبردار کردیں۔ انہوں نے جا کر کہا ''اے ہماری

مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ يَهْدِيْٓ اِلَى الْحَقِّ وَاِلٰى طَرِيْقٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿30﴾

جو تصدیق کرتی | اس کی جو | آگے اسکے | ہے | رہنمائی کرتی | طرف | حق کی | اور طرف | راہ | سیدھی کی

قوم! ہم ایک ایسی کتاب سن کر آئے ہیں جو موسیٰؑ کے بعد نازل ہوئی ہے۔ جو اپنے سے پہلی آسمانی کتابوں کی تصدیق کرتی ہے، دین

يٰقَوْمَنَآ اَجِيْبُوْا دَاعِيَ اللّٰهِ وَاٰمِنُوْا بِهٖ يَغْفِرْ لَكُمْ مِّنْ ذُنُوْبِكُمْ

اے قوم ہماری | تم بات مانو | داعی کی | اللہ کے | اور تم ایمان لاؤ | اس پر | وہ معاف کر دیگا تم کو | سے | گناہوں تمہارے

حق سکھاتی ہے اور سیدھا راستہ دکھاتی ہے۔ اے ہماری قوم اللہ کی طرف بلانے والے نبی ﷺ کی دعوت قبول کرو۔ اس پر ایمان

وَيُجِرْكُمْ مِّنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿31﴾ وَمَنْ لَّا يُجِبْ دَاعِيَ اللّٰهِ فَلَيْسَ

اور بچائے گا تمہیں | سے | عذاب | دردناک | اور جو | نہ | بات مانے | داعی کی | اللہ کے | تو نہیں

لاؤ۔ اللہ تمہارے گناہ معاف کر دے گا۔ تمہیں دردناک عذاب سے بچائے گا۔ جو اللہ کی طرف بلانے کی دعوت پر لبیک

بِمُعْجِزٍ فِي الْاَرْضِ وَلَيْسَ لَهٗ مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَآءُ ۭ اُولٰٓئِكَ فِيْ

عاجز کرنیوالا | میں | زمین | اور نہیں ہیں | اس کے لیے | سے | سوا اسکے | کارساز | یہی لوگ ہیں | میں

نہیں کہے گا وہ زمین پر کہیں بھی اللہ کے قابو سے باہر نہیں نکل سکتا۔ نہ اللہ کے سوا اس کا کوئی مددگار ہو سکتا ہے۔ ایسے لوگ

ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿32﴾ اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ

گمراہی | کھلی | کیا | نہیں | انہوں نے دیکھا | یہ کہ | اللہ | جس نے | پیدا کیا | آسمانوں کو | اور زمین کو

کھلی گمراہی میں ہیں۔'' کیا ان لوگوں نے غور نہیں کیا کہ وہ اللہ جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا

وَلَمْ يَعْيَ بِخَلْقِهِنَّ بِقٰدِرٍ عَلٰٓى اَنْ يُّحْيِۦَ الْمَوْتٰى ؕ بَلٰٓى اِنَّهٗ عَلٰى

اور نہیں | وہ تھکا | اُن کے پیدا کرنے سے | قادر ہے | اس پر | کہ | وہ زندہ کرے | مردوں کو | کیوں نہیں | بیشک وہ ہے | اوپر

اور وہ اس کام سے بالکل نہیں تھکا ، وہ مُردوں کو زندہ کرنے پر بھی قادر ہے ، بلکہ وہ ہر چیز

كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ ﴿٣٣﴾ وَيَوْمَ يُعْرَضُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا عَلَى النَّارِ ؕ اَلَيْسَ

ہر | چیز کے | قادر | اور جس دن | پیش کیے جائینگے | وہ لوگ جو | کافر ہوئے | پر | آگ | کیا نہیں ہے

پر قادر ہے۔ جب کافروں کو دوزخ کے سامنے لایا جائے گا تو ان سے پوچھا جائے گا ”کیا یہ

هٰذَا بِالْحَقِّ ؕ قَالُوْا بَلٰى وَرَبِّنَا ؕ قَالَ فَذُوْقُوا الْعَذَابَ بِمَا

یہ | سچ | وہ کہیں گے | کیوں نہیں | قسم ہے رب ہمارے کی | اللہ کہے گا | پس تم چکھو | عذاب | اس وجہ سے جو

حقیقت نہیں ؟“ وہ کہیں گے ”ہاں ہمارے رب کی قسم یہ برحق ہے“ ارشاد ہوگا ”تو چکھو اس کے عذاب کا مزا ،

كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ﴿٣٤﴾ فَاصْبِرْ كَمَا صَبَرَ اُولُوا الْعَزْمِ مِنَ الرُّسُلِ

تم تھے | تم کفر کرتے | پس تو صبر کر | جیسے | صبر کیا | ہمت والوں نے | سے | رسولوں

اس کفر کے بدلے جو تم کرتے تھے۔“ اے نبی ﷺ آپ ﷺ صبر کریں جس طرح ہمت والے رسولوں نے صبر کیا۔ کافروں کے

وَلَا تَسْتَعْجِلْ لَّهُمْ ؕ كَاَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَ مَا يُوْعَدُوْنَ ۙ لَمْ يَلْبَثُوْٓا

اور نہ | تو جلدی کر | اُن کے لیے | گویا کہ وہ | جس دن | دیکھیں گے | جس کا | اُن سے وعدہ کیا جاتا ہے | نہیں | وہ رہے

بارے میں جلدی نہ کریں۔ جس دن یہ لوگ اس چیز کو دیکھیں گے جس سے انہیں ڈرایا جارہا ہے تو محسوس کریں گے گویا دنیا میں ایک

اِلَّا سَاعَةً مِّنْ نَّهَارٍ ؕ بَلٰغٌ ۚ فَهَلْ يُهْلَكُ اِلَّا الْقَوْمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿٣٥﴾ ع

ع 4 / 9 / 4

مگر | ایک گھڑی | سے | دن | یہ ایک پیغام ہے | پس نہیں | ہلاک ہونگے | مگر | لوگ | نافرمان۔

گھڑی سے زیادہ نہ رہے۔ سنو، یہ ایک پیغام تھا جو پہنچا دیا گیا، اب اس کے بعد وہی لوگ برباد ہوں گے جو نافرمانی کرنے والے ہیں۔

(47) سُوْرَةُ مُحَمَّدٍ مَّدَنِيَّةٌ (95)

اٰيَاتُهَا 38 | رُكُوْعَاتُهَا 4

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَضَلَّ اَعْمَالَهُمْ ﴿١﴾ وَالَّذِيْنَ

جو لوگ | کافر ہوئے | اور انہوں نے روکا | سے | راہ | اللہ کی | اُس نے ضائع کر دیے | اُن کے اعمال | اور جو

جن لوگوں نے کفر کیا اور دوسروں کو بھی اللہ کے راستے سے روکا ، اللہ نے انکے تمام اعمال ضائع کر دیئے۔ مگر جو لوگ

اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَاٰمَنُوْا بِمَا نُزِّلَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّهُوَ الْحَقُّ

ایمان لائے | اور عمل کئے | اچھے | اور ایمان لائے | پر اس جو | نازل ہوا | پر | محمد | اور وہ | حق ہے

ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کئے اور اس قرآن کو مانا جو محمد پر نازل ہوا ہے اور جو حق ہے

مِنْ رَّبِّهِمْ ۙ كَفَّرَ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ وَاَصْلَحَ بَالَهُمْ ۝۲ ذٰلِكَ بِاَنَّ

طرف سے | اُنکے رب کی | دور کردیے | سے ان | گناہ انکے | اور سنوار دیا | حال انکا | یہ بات اس لیے ہے | کیونکہ

ان کے رب کی طرف سے، تو اللہ نے ان کے گناہ اس سے دور کر دیئے اور ان کا حال درست کر دیا۔ یہ اس لئے ہے کیونکہ

الَّذِيْنَ كَفَرُوا اتَّبَعُوا الْبَاطِلَ وَاَنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّبَعُوا الْحَقَّ

جو لوگ | کافر ہوئے | انہوں نے پیروی کی | باطل کی | اور بیشک | جو لوگ | ایمان لائے | انہوں نے پیروی کی | حق کی

کافروں نے باطل کی پیروی کی اور ایمان والوں نے اس حق کی پیروی کی جو ان کے رب کی

مِنْ رَّبِّهِمْ ۭ كَذٰلِكَ يَضْرِبُ اللّٰهُ لِلنَّاسِ اَمْثَالَهُمْ ۝۳ فَاِذَا لَقِيْتُمُ

طرف سے | رب اپنے کی | اسی طرح | بیان کرتا ہے | اللہ | لوگوں سے | مثالیں انکی | پھر جب | تم ملو

طرف سے ہے۔ اس طرح لوگوں کو سمجھانے کے لئے اللہ مثالیں بیان فرماتا ہے۔ اے مسلمانو! جب کافروں

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَضَرْبَ الرِّقَابِ ۭ حَتّٰٓى اِذَآ اَثْخَنْتُمُوْهُمْ فَشُدُّوا

ان سے | جو کافر ہوئے | تو مارو | گردنیں انکی | یہاں تک کہ | جب | خون ریزی کرو اُن کی | پھر تم پکا کرو

سے تمہارا مقابلہ ہو تو ان کی گردنیں مارو۔ یہاں تک کہ جب ان کی طاقت اچھی طرح کچل ڈالو تو انہیں

الْوَثَاقَ ۙ فَاِمَّا مَنًّا ۢ بَعْدُ وَاِمَّا فِدَاۗءً حَتّٰى تَضَعَ الْحَرْبُ اَوْزَارَهَا ۚ۟ۛ مع

قید کرنا | پس یا | احسان کرنا ہے | بعد اسکے | اور یا | فدیہ لینا | یہاں تک کہ | رکھ دے | لڑائی | ہتھیار اپنے

قیدی بنا لو۔ پھر اس کے بعد یا تو احسان کر کے چھوڑ دو یا معاوضہ لے کر، یہاں تک کہ دشمن ہتھیار ڈال دے اور جنگ بند ہو جائے۔

ذٰلِكَ ړ وَلَوْ يَشَاۗءُ اللّٰهُ لَانْتَصَرَ مِنْهُمْ وَلٰكِنْ لِّيَبْلُوَا۟ بَعْضَكُمْ

یہ بات ہے | اور اگر | چاہتا | اللہ | ضرور بدلہ لیتا | ان سے | اور لیکن | وہ آزماتا ہے | بعض تمہارے کو

تمہارے لئے یہی حکم ہے۔ اللہ چاہتا تو کفار سے خود نبٹ لیتا مگر وہ جہاد کا حکم دے کر تم لوگوں کو ایک دوسرے کے ذریعے آزماتا

بِبَعْضٍ ۭ وَالَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَلَنْ يُّضِلَّ اَعْمَالَهُمْ ۝۴

بعض سے | اور جو لوگ | مارے گئے | میں | راہ | اللہ کی | تو ہرگز نہیں | وہ ضائع نہ کرے گا | اعمال انکے

ہے۔ جو لوگ اللہ کی راہ میں شہید ہوئے، اللہ ان کے اعمال ہرگز ضائع نہ کرے گا۔

سَيَهْدِيهِمْ وَيُصْلِحُ بَالَهُمْ ﴿٥﴾ وَيُدْخِلُهُمُ الْجَنَّةَ عَرَّفَهَا لَهُمْ ﴿٦﴾

جلد وہ ہدایت دیگا انکو | اور وہ سنوارے گا | حال انکے | اور وہ داخل کرے گا انکو | جنت میں | پہچان کرائی اس کی | ان کو

وہ ان کی رہنمائی فرمائے گا۔ ان کا حال درست کر دے گا۔ انہیں اس جنت میں داخل کرے گا جس کی انہیں پہچان کرا دی گئی ہے۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِنْ تَنْصُرُوا اللَّهَ يَنْصُرْكُمْ وَيُثَبِّتْ

اے | لوگو جو | ایمان لائے ہو | اگر | تم مدد کرو گے | اللہ کی | وہ مدد کرے گا تمہاری | اور وہ ثابت رکھے گا

اے ایمان والو! اگر تم اللہ کے دین کی خدمت کرو گے تو وہ تمہاری مدد کرے گا اور تمہارے قدم

أَقْدَامَكُمْ ﴿٧﴾ وَالَّذِينَ كَفَرُوا فَتَعْسًا لَهُمْ وَأَضَلَّ أَعْمَالَهُمْ ﴿٨﴾ ذَٰلِكَ

قدم تمہارے | اور جو لوگ | کافر ہوئے | تو بربادی ہے | ان کے لیے | اور ضائع ہوئے | اعمال انکے | یہ بات اس لیے ہے

جما دے گا۔ مگر کافروں کے لئے تباہی ہے اور اللہ ان کے اعمال ضائع کر دے گا۔ کیونکہ انہوں نے

بِأَنَّهُمْ كَرِهُوا مَا أَنْزَلَ اللَّهُ فَأَحْبَطَ أَعْمَالَهُمْ ﴿٩﴾ أَفَلَمْ يَسِيرُوا

کیونکہ وہ | ناپسند کرتے | اسے جو | نازل کیا | اللہ نے | پس ضائع ہوئے | اعمال انکے | کیا پس نہیں | انہوں نے سیر کی

اللہ کے نازل کئے ہوئے دین سے نفرت کی۔ اس لئے اللہ نے ان کے تمام اعمال ضائع کر دیئے۔ کیا یہ لوگ ملک میں چلے پھرے

فِي الْأَرْضِ فَيَنْظُرُوا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِينَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۚ دَمَّرَ

میں | زمین | پھر وہ دیکھتے | کیسے | ہوا | انجام | انکا جو تھے | سے | پہلے انکے | ہلاک کیا

نہیں، تاکہ ان لوگوں کا انجام دیکھتے جو ان سے پہلے گزر چکے۔ اللہ نے انہیں

اللَّهُ عَلَيْهِمْ ۖ وَلِلْكَافِرِينَ أَمْثَالُهَا ﴿١٠﴾ ذَٰلِكَ بِأَنَّ اللَّهَ مَوْلَى الَّذِينَ

اللہ نے | ان کو | اور کافروں کے لیے ہیں | مثالیں اسکی | یہ بات اس لیے ہے | کیونکہ | اللہ | کارساز ہے | ان کا جو

تہس نہس کر دیا۔ وہی انجام ان کافروں کا ہونے والا ہے۔ اس کا سبب یہ ہے کہ ایمان والوں کا کارساز

آمَنُوا وَأَنَّ الْكَافِرِينَ لَا مَوْلَىٰ لَهُمْ ﴿١١﴾ إِنَّ اللَّهَ يُدْخِلُ الَّذِينَ

ع 1 / 11 / 5

ایمان لائے | اور یہ کہ | کافروں کا | نہیں | کوئی کارساز | ان کا | بیشک | اللہ | داخل کرے گا | انکو جو

اللہ ہے اور کافروں کا کوئی کار ساز نہیں۔ بے شک اللہ ان لوگوں کو جو ایمان

آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ ۖ وَالَّذِينَ

ایمان لائے | اور عمل کئے | اچھے | باغات میں | بہتی ہیں | سے | نیچے جن کے | نہریں | اور جو لوگ

لائے اور جنہوں نے نیک عمل کئے ایسے باغوں میں داخل کرے گا جن میں نہریں بہتی ہوں گی۔ مگر جو لوگ

كَفَرُوا يَتَمَتَّعُونَ وَيَأْكُلُونَ كَمَا تَأْكُلُ الْأَنْعَامُ وَالنَّارُ مَثْوًى

کافر ہوئے | وہ فائدہ اٹھاتے ہیں | اور وہ کھاتے ہیں | جیسے | کھاتے ہیں | جانور | اور آگ ہے | ٹھکانا

کافر ہیں وہ دنیا میں فائدہ اٹھا رہے ہیں اور چوپایوں کی طرح کھا پی رہے ہیں ، ان کا ٹھکانا

لَّهُمْ ﴿12﴾ وَكَأَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ هِيَ أَشَدُّ قُوَّةً مِّنْ قَرْيَتِكَ الَّتِي

ان کا | اور بہت سی | سے | بستیاں | وہ | زیادہ تھیں | قوت میں | سے | بستی تیری | جس نے

دوزخ ہے۔ اے نبی ﷺ یہ مکے کی بستی جہاں کے رہنے والوں نے آپ ﷺ کو ہجرت پر

أَخْرَجَتْكَ ۚ أَهْلَكْنَاهُمْ فَلَا نَاصِرَ لَهُمْ ﴿13﴾ أَفَمَنْ كَانَ عَلَىٰ بَيِّنَةٍ

نکالا تجھے | ہم نے ہلاک کیا انکو | پھر نہ تھا | کوئی مددگار | ان کا | کیا پس جو | ہو | پر | روشن دلیل

مجبور کیا، ان سے بھی زیادہ زورآور کتنے ہی بستیوں والے تھے جنہیں ہم نے ہلاک کیا اور کوئی ان کی مدد کو نہ پہنچا۔ کیا جو لوگ اپنے

مِّنْ رَّبِّهِ كَمَنْ زُيِّنَ لَهُ سُوءُ عَمَلِهِ وَاتَّبَعُوا أَهْوَاءَهُمْ ﴿14﴾

طرف سے | رب اپنے کی | اُس جیسا ہے | خوشنما بنائے گئے | جس کیلئے | برے | اعمال اسکے | اور وہ پیچھے چلے | خواہشوں اپنی کے

رب کے بتائے ہوئے سیدھے راستے پر ہیں اپنے انجام کے لحاظ سے ان لوگوں جیسے ہو جائیں گے جن کی بدعملی ان کے لئے خوشنما

مَثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِي وُعِدَ الْمُتَّقُونَ ۖ فِيهَا أَنْهَارٌ مِّنْ مَّاءٍ غَيْرِ

مثال | جنت کی | جس کا | وعدہ کیا گیا | پرہیزگاروں سے | اس میں | نہریں ہیں | سے | پانی | نہ

بنادی گئی اور جو اپنی خواہشات کے پیچھے چل رہے ہیں؟ نہیں بلکہ پرہیزگاروں سے جس جنت کا وعدہ کیا گیا ہے اس کی کیفیت یہ ہے

آسِنٍ ۚ وَأَنْهَارٌ مِّنْ لَّبَنٍ لَّمْ يَتَغَيَّرْ طَعْمُهُ ۚ وَأَنْهَارٌ مِّنْ خَمْرٍ

باسی ہونیوالا | اور نہریں ہیں | کی | دودھ | نہیں | بدلتا | ذائقہ اسکا | اور نہریں ہیں | سے | شراب

کہ اس میں نہریں ہیں ایسے پانی کی جو باسی اور خراب نہ ہوگا اور نہریں ہوں گی دودھ کی جس کا مزا نہ بدلے گا اور نہریں ہوں گی

لَّذَّةٍ لِّلشَّارِبِينَ ۚ وَأَنْهَارٌ مِّنْ عَسَلٍ مُّصَفًّى ۖ وَلَهُمْ فِيهَا مِنْ

لذت والی | پینے والوں کیلئے | اور نہریں | سے | شہد | صاف کئے گئے | اور ان کیلئے ہے | اس میں | سے

شراب کی جو پینے والوں کے لئے لذیذ ہوگی۔ اور نہریں ہوں گی شہد کی جو بالکل صاف اور خالص ہوگا۔ ان کے لئے وہاں ہر قسم

كُلِّ الثَّمَرَاتِ وَمَغْفِرَةٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ ۖ كَمَنْ هُوَ خَالِدٌ فِي النَّارِ

ہر | پھلوں | اور بخشش | طرف سے | رب انکے کی | مانند اسکے | جو | ہمیشہ رہے گا | میں | آگ

کے پھل ہوں گے۔ ان کے رب کی طرف سے بخشش ہوگی۔ کیا وہ لوگ جنہیں یہ نعمتیں حاصل ہوں گی ان جیسے ہو سکتے ہیں جو ہمیشہ

وَسُقُوْا مَآءً حَمِيْمًا فَقَطَّعَ اَمْعَآءَهُمْ ﴿۱۵﴾ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّسْتَمِعُ

اوراُن کو پلایا جائے گا | پانی | کھولتا | پس کاٹ ڈالے گا | انتڑیاں انکی | اوران میں سے | جو | کان لگاتے ہیں

دوزخ میں رہیں گے اور انہیں ایسا کھولتا ہوا پانی پینے کو دیا جائے گا جو ان کی آنتوں کو ٹکڑے ٹکڑے کر دے گا۔ اے نبی ﷺ بعض

اِلَيْكَ ۚ حَتّٰٓى اِذَا خَرَجُوْا مِنْ عِنْدِكَ قَالُوْا لِلَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ

طرف تیری | یہاں تک کہ | جب | وہ باہر نکلتے ہیں | سے | پاس تیرے | وہ کہتے ہیں | انکو جو ہیں | دیئے گئے | علم

منافق قرآن سننے کے لئے آپ ﷺ کی طرف بظاہر کان لگاتے ہیں مگر جب آپ ﷺ کے پاس سے اٹھ کر باہر جاتے ہیں تو علم

مَاذَا قَالَ اٰنِفًا ۫ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ طَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَاتَّبَعُوْٓا

کیا | اس نے کہا تھا | ابھی | یہ لوگ ہیں | جنہیں | مہر لگائی ہے | اللہ نے | اوپر | دلوں انکے | اور انھوں نے پیروی کی

والوں سے پوچھتے ہیں "ابھی اس شخص نے کیا کہا؟" یہی لوگ ہیں جن کے دلوں پر اللہ نے مہر لگا دی، وہ اپنی خواہشوں

اَهْوَآءَهُمْ ﴿۱۶﴾ وَالَّذِيْنَ اهْتَدَوْا زَادَهُمْ هُدًى وَّاٰتٰىهُمْ تَقْوٰىهُمْ ﴿۱۷﴾

خواہشوں اپنی کی | اور جن لوگوں نے | ہدایت پائی | اس نے بڑھا دی انکی | ہدایت | اور دیا انکو | تقویٰ انکا

کے پیچھے چلتے ہیں۔ لیکن وہ لوگ جنہوں نے ہدایت کی راہ اختیار کی اللہ انہیں اور زیادہ ہدایت دیتا ہے اور انہیں ان کی پرہیزگاری

فَهَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا السَّاعَةَ اَنْ تَاْتِيَهُمْ بَغْتَةً ۚ فَقَدْ جَآءَ

پس نہیں | وہ انتظار کرتے | مگر | قیامت کا | یہ کہ | وہ آئے انکے پاس | اچانک | پس بیشک | آ چکی ہیں

عطا کرتا ہے۔ یہ منکر لوگ اب قیامت ہی کے منتظر ہیں کہ وہ اچانک ان پر آ جائے۔ اس کی بعض نشانیاں

اَشْرَاطُهَا ۚ فَاَنّٰى لَهُمْ اِذَا جَآءَتْهُمْ ذِكْرٰىهُمْ ﴿۱۸﴾ فَاعْلَمْ اَنَّهٗ

نشانیاں اسکی | پھر کہاں سے | ہوگی ان کیلئے | جب | آئے گی انکے پاس | نصیحت انکی | پس تو جان | یہ کہ

تو ظاہر ہو چکیں۔ پھر جب وہ آ جائے گی تو ان لوگوں کے لئے نصیحت حاصل کرنے کا موقع کہاں رہے گا؟ اے نبی ﷺ آپ ﷺ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاسْتَغْفِرْ لِذَنْۢبِكَ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ۭ وَاللّٰهُ

نہیں کوئی معبود | سوائے | اللہ کے | اور تو بخشش مانگ | اپنے گناہ کی | اور ایمان والوں کے لیے | اور ایمان والیوں کے لیے | اور اللہ

یقین رکھیں اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں۔ آپ ﷺ اپنے لئے اور مسلمان مردوں اور عورتوں کے لئے استغفار کریں۔ اللہ خوب

يَعْلَمُ مُتَقَلَّبَكُمْ وَمَثْوٰىكُمْ ﴿۱۹﴾ ع وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَوْلَا نُزِّلَتْ

جانتا ہے | چلنے پھرنے تمہارے کو | اور ٹھکانے تمہارے کو | اور کہتے ہیں | وہ لوگ جو | ایمان لائے | کیوں نہیں | اتاری گئی

جانتا ہے تمہارے چلنے پھرنے کو اور تمہارے ٹھکانوں کو۔ سچے مسلمان تو یہ کہتے ہیں کہ حکموں والی

سُوْرَةٌ ۚ فَاِذَآ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ مُّحْكَمَةٌ وَّذُكِرَ فِيْهَا الْقِتَالُ ۙ رَاَيْتَ

کوئی سورت (جہاد کی) | پھر جب | اتاری جائے گی | سورت | واضح | اور ذکر کیا جائے | اس میں | لڑائی کا | تو دیکھے گا

کوئی سورت کیوں نازل نہیں ہوئی۔ پھر جب ایک واضح سورت نازل ہوگئی جس میں جہاد کا ذکر تھا تو اے نبی ﷺ آپ ﷺ نے

الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ يَّنْظُرُوْنَ اِلَيْكَ نَظَرَ الْمَغْشِيِّ عَلَيْهِ مِنَ

انکو کہ | میں | دلوں جن کے | بیماری ہے | وہ دیکھتے ہیں | طرف تیری | جیسے دیکھنا | بیہوشی کا ہو | جس پر | سے

دیکھا کہ جن لوگوں کے دلوں میں کھوٹ ہے وہ آپ کی طرف اس طرح دیکھ رہے ہیں جیسے

الْمَوْتِ ۭ فَاَوْلٰى لَهُمْ ۚ ﴿20﴾ طَاعَةٌ وَّقَوْلٌ مَّعْرُوْفٌ ۣ فَاِذَا عَزَمَ

موت | پس افسوس ہے | ان پر | فرماں برداری | اور بات | معقول چاہیے | پھر جب | طے ہوا

ان پر موت طاری ہو۔ افسوس ہے ان لوگوں کے حال پر۔ چاہئے تو یہ تھا کہ حکم مانا جاتا اور بھلی بات کہی جاتی۔ جب معاملے کا قطعی

الْاَمْرُ ۣ فَلَوْ صَدَقُوا اللّٰهَ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ ۚ ﴿21﴾ فَهَلْ عَسَيْتُمْ اِنْ

حکم | پھر اگر | وہ سچ بولیں | اللہ سے | تو ضرور ہوتا | بہتر | انکے لیے | پس کیا | قریب ہو تم کہ | اگر

فیصلہ کرلیا جاتا تو اگر وہ اللہ کے ساتھ سچے رہتے تو ان کے لئے بہت بہتر ہوتا۔ اے منافقو! تم سے کچھ بعید نہیں کہ اگر تم نے جہاد سے

تَوَلَّيْتُمْ اَنْ تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ وَتُقَطِّعُوْٓا اَرْحَامَكُمْ ﴿22﴾ اُولٰۗىِٕكَ

تمہیں اقتدار ملے | یہ کہ | تم فساد کرو | میں | زمین | اور تم کاٹو | رشتہ داریاں اپنی | یہ لوگ ہیں

منہ موڑا تو زمین میں فساد کروگے اور آپس کے رشتے ناطے کا لحاظ نہ کرو گے۔ یہی لوگ ہیں

الَّذِيْنَ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ فَاَصَمَّهُمْ وَاَعْمٰٓى اَبْصَارَهُمْ ﴿23﴾ اَفَلَا يَتَدَبَّرُوْنَ

کہ | لعنت کی ان پر | اللہ نے | پھر بہرا کر دیا انکو | اور اندھا کر دیا | آنکھوں انکی کو | کیا پس نہیں | وہ غور کرتے

جن پر اللہ نے لعنت کی ، انہیں بہرا کر دیا اور ان کی آنکھوں کو اندھا کر دیا۔ کیا یہ لوگ قرآن

الْقُرْاٰنَ اَمْ عَلٰي قُلُوْبٍ اَقْفَالُهَا ﴿24﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ ارْتَدُّوْا عَلٰٓي اَدْبَارِهِمْ

قرآن پر | کیا | پر | دلوں | قفل ہیں انکے | بیشک | جو لوگ | پھر گئے | پر | پیٹھوں اپنی

پر غور نہیں کرتے یا ان کے دلوں پر تالے لگے ہوئے ہیں ؟ اور دیکھو جو لوگ ہدایت واضح ہونے کے بعد

مِّنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْهُدَى ۙ الشَّيْطٰنُ سَوَّلَ لَهُمْ ۭ وَاَمْلٰى لَهُمْ ﴿25﴾

سے | بعد اسکے | کہ | ظاہر ہوگئی | انکے لیے | ہدایت | شیطان نے | خوشنما بنایا | انکے لیے | اور مہلت دلائی | ان کو

اس سے پھر گئے وہ شیطان کے فریب میں آ گئے جس نے انہیں خوش فہمیوں

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَالُوْا لِلَّذِيْنَ كَرِهُوْا مَا نَزَّلَ اللّٰهُ سَنُطِيْعُكُمْ

یہ اس لیے ہے | بلاشبہ انہوں نے | کہا | ان کو جو | ناپسند کرتے ہیں | اسے جو | نازل کیا | اللہ نے | عنقریب ہم اطاعت کرینگے تمہاری

میں مبتلا کردیا۔ اس کا سبب یہ ہے کہ ان منافقوں نے ان یہودیوں اور مشرکوں سے جو اللہ کے نازل کردہ دین کو ناپسند کرتے ہیں، یہ

فِيْ بَعْضِ الْاَمْرِ ۚ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اِسْرَارَهُمْ ﴿26﴾ فَكَيْفَ اِذَا تَوَفَّتْهُمُ

میں | بعض | کاموں | اور اللہ | جانتا ہے | ان کی راز داری | پھر کیا ہوگا | جب | جان قبض کرینگے انکی

کہا کہ ''بعض باتوں میں ہم تمہارا کہنا مان لیں گے۔'' اللہ ان کی راز داری کو جانتا ہے۔ پھر اس وقت ان لوگوں کا کیا حال ہوگا جب

الْمَلٰٓئِكَةُ يَضْرِبُوْنَ وُجُوْهَهُمْ وَاَدْبَارَهُمْ ﴿27﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمُ اتَّبَعُوْا

فرشتے | وہ مارتے ہونگے | اُن کے منہ پر | اور پیٹھوں انکی پر | یہ ہے | اس لئے کہ وہ | پیروی کرتے

فرشتے ان کی روحیں قبض کرتے ہوئے ان کے منہ پر اور ان کی پیٹھ پر مارتے ہوں گے۔ اور یہ اس لئے ہوگا کہ انہوں نے اس چیز کی

مَآ اَسْخَطَ اللّٰهَ وَكَرِهُوْا رِضْوَانَهٗ فَاَحْبَطَ اَعْمَالَهُمْ ﴿28﴾ اَمْ حَسِبَ

ع 3 9 7

اسکی جو | ناراض کرتی ہے | اللہ کو | اور انہوں نے ناپسند کی | رضامندی اسکی | پس اس نے ضائع کر دیئے | اعمال انکے | کیا | گمان کیا

پیروی کی جو اللہ کو غصہ دلانے والی تھی اور انہوں نے اس کی رضا کو ناپسند کیا تو اللہ نے ان کے سارے اعمال ضائع کر دیئے۔ کیا وہ

الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ اَنْ لَّنْ يُّخْرِجَ اللّٰهُ اَضْغَانَهُمْ ﴿29﴾ وَلَوْ

انہوں نے | میں | جن کے دلوں | بیماری ہے | کہ ہرگز نہیں | نکالے گا | اللہ | بدنیتی انکی کو | اور اگر

منافق جن کے دلوں میں کھوٹ ہے یہ خیال کرتے ہیں کہ اللہ ان کے بغض اور کینے کو ظاہر نہیں کرے گا؟ اے نبی ﷺ اگر ہم چاہتے تو

نَشَآءُ لَاَرَيْنٰكَهُمْ فَلَعَرَفْتَهُمْ بِسِيْمٰهُمْ ؕ وَلَتَعْرِفَنَّهُمْ فِيْ لَحْنِ

ہم چاہیں | ضرور ہم دکھا دیتے انہیں تجھ کو | پھر ضرور تو پہچان لے گا انکو | ان کی نشانی سے | اور ضرور تو پہچان لے گا انکو | میں | انداز

آپ ﷺ کو ایک ایک منافق دکھا دیتے۔ پھر آپ ﷺ انہیں ان کی علامتوں سے پہچان لیتے۔ ویسے آپ ﷺ ان کے طرز

الْقَوْلِ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اَعْمَالَكُمْ ﴿30﴾ وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ حَتّٰى نَعْلَمَ

گفتگو | اور اللہ | جانتا ہے | اعمال تمہارے | اور البتہ ضرور ہم آزمائیں گے تمہیں | یہاں تک کہ | ہم پہچان لیں

کلام سے بھی انہیں ضرور پہچان لیں گے۔ اور اللہ تمہارے اعمال کو جانتا ہے۔ اے مسلمانو ہم ضرور تمہیں آزمائیں گے تاکہ

الْمُجٰهِدِيْنَ مِنْكُمْ وَالصّٰبِرِيْنَ ۙ وَنَبْلُوَا اَخْبَارَكُمْ ﴿31﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ

مجاہدین کو | تم میں سے | اور صبر کرنیوالوں کو | اور ہم آزمائینگے | خبریں تمہاری | بیشک | جو لوگ

ہم تم میں سے مجاہد بنیں اور ثابت قدم رہیں تو انہیں دوسروں سے ممتاز کر دیا جائے اور تمہارے حالات کو اچھی طرح جانچ لیا جائے۔

كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَشَآقُّوا الرَّسُوْلَ مِنْۢ بَعْدِ مَا

کافر ہوئے | اورانہوں نے روکا | سے | راہ | اللہ کی | اورمخالفت کی | رسول کی | سے | بعد اسکے | کہ

بے شک جو لوگ کافر ہوئے اور انہوں نے دوسروں کو بھی اللہ کے راستے سے روکا اور رسول کی مخالفت کی

تَبَيَّنَ لَهُمُ الْهُدٰى ۙ لَنْ يَّضُرُّوا اللّٰهَ شَيْـًٔا ؕ وَسَيُحْبِطُ اَعْمَالَهُمْ ﴿32﴾

ظاہر ہوگئی | ان کے لیے | ہدایت | ہرگز نہیں | بگاڑ سکتے | اللہ کا | کچھ بھی | اور ضرور وہ ضائع کریگا | اعمال انکے

جبکہ ہدایت ان پر واضح ہو چکی تھی تو وہ یاد رکھیں کہ وہ اللہ کو کوئی نقصان نہیں پہنچا سکتے بلکہ وہ ان کے اعمال ضائع کر دے گا۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَلَا تُبْطِلُوْۤا

اے | لوگو جو | ایمان لائے ہو | تم اطاعت کرو | اللہ کی | اور اطاعت کرو | رسول کی | اور نہ | تم ضائع کرو

اے ایمان والو ! اللہ کی اطاعت کرو اور اس کے رسول کی اطاعت کرو اور اپنے اعمال

اَعْمَالَكُمْ ﴿33﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ثُمَّ مَاتُوْا

اعمال اپنے | بیشک | جو لوگ | کافر ہوئے | اور روکا | سے | راہ | اللہ کی | پھر | وہ مرگئے

برباد نہ کرو ۔ بیشک جن لوگوں نے کفر کیا اور دوسروں کو بھی اللہ کی راہ سے روکا پھر وہ کفر کی حالت میں مر گئے

وَهُمْ كُفَّارٌ فَلَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ ﴿34﴾ فَلَا تَهِنُوْا وَتَدْعُوْۤا اِلَى

جبکہ وہ تھے | کافر | پس ہرگز نہیں | بخشے گا | اللہ | ان کو | پھر نہ | تم کمزوری دکھاؤ | اور نہ تم بلاؤ | طرف

تو اللہ انہیں کبھی نہ بخشے گا ۔ اے مسلمانو! ہمت نہ ہارو۔ صلح کی

السَّلْمِ ۖۗ وَاَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ ۖۗ وَاللّٰهُ مَعَكُمْ وَلَنْ يَّتِرَكُمْ اَعْمَالَكُمْ ﴿35﴾

صلح کی | اور تم ہی | سربلند ہو | اور اللہ ہے | ساتھ تمہارے | اور ہرگز نہیں | وہ چھینے گا تم سے | اعمال تمہارے

درخواست نہ کرو۔ تم ہی غالب رہو گے اللہ تمہارے ساتھ ہے۔ وہ تمہارے اعمال کے ثواب میں ہرگز کمی نہ کرے گا۔

اِنَّمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ ؕ وَاِنْ تُؤْمِنُوْا وَتَتَّقُوْا يُؤْتِكُمْ

بیشک ہے | زندگی | دنیا کی | کھیل | اور تماشا ہے | اور اگر | تم ایمان لاؤ | اور تقویٰ اختیار کرو | تو وہ دیگا تمہیں

اور دیکھو، دنیا کی زندگی کھیل تماشا ہے۔ لیکن اگر تم ایمان لاؤ اور تقویٰ اختیار کرو تو اللہ تمہیں تمہارے

اُجُوْرَكُمْ وَلَا يَسْـَٔلْكُمْ اَمْوَالَكُمْ ﴿36﴾ اِنْ يَّسْـَٔلْكُمُوْهَا فَيُحْفِكُمْ

اجر تمہارا | اور نہیں | وہ مانگے گا تم سے | مال تمہارے | اگر | وہ مانگ لے تم سے وہ (مال) | پھر وہ تنگ کرے تمہیں

اجر دے گا اور وہ تم سے تمہارا سارا مال نہیں مانگتا ۔ اگر وہ تم سے تمہارا سار امال طلب کرے تو تم

تَبْخَلُوْا وَيُخْرِجْ اَضْغَانَكُمْ ﴿37﴾ هٰاَنْتُمْ هٰؤُلَآءِ تُدْعَوْنَ لِتُنْفِقُوْا فِيْ

تو تم بخل کرو گے | اور وہ نکالے گا | کدورتیں تمہاری | ہاں تم | وہی ہو | تم کو بلایا جاتا ہے | تاکہ تم خرچ کرو | میں

بخل کرنے لگو۔ پھر تمہاری ناگواری اور کدورت ظاہر ہو جائے۔ ہاں تم وہی لوگ ہو جنہیں اللہ کی راہ میں خرچ کرنے کے لئے بلایا

سَبِيْلِ اللّٰهِ ۚ فَمِنْكُمْ مَّنْ يَّبْخَلُ ۚ وَمَنْ يَّبْخَلْ فَاِنَّمَا يَبْخَلُ عَنْ

راہ | اللہ کی | پھر تم میں سے | کچھ | بخل کرتے ہیں | اور جو | بخل کرتا ہے | تو صرف | بخل کرتا ہے | سے

ہے تو تم میں سے بعض بخل کرتے ہیں ۔ اور جو شخص بخل کرتا ہے وہ اپنے آپ سے

نَّفْسِهٖ ۭ وَاللّٰهُ الْغَنِيُّ وَاَنْتُمُ الْفُقَرَآءُ ۚ وَاِنْ تَتَوَلَّوْا يَسْتَبْدِلْ قَوْمًا

جان اپنی | اور اللہ | بے نیاز ہے | اور تم | محتاج ہو | اور اگر | تم منہ موڑلو | تو وہ تبدیل کرے گا | ایک قوم

بخل کرتا ہے۔ یاد رکھو اللہ بے نیاز ہے تم محتاج ہو اور اگر تم اللہ کے احکام سے منہ پھیرو گے تو وہ تمہاری جگہ دوسری قوم

غَيْرَكُمْ ۙ ثُمَّ لَا يَكُوْنُوْٓا اَمْثَالَكُمْ ﴿38﴾ ع

سوائے تمہارے | پھر | نہیں | وہ ہونگے | تمہاری طرح

لے آئے گا جو تم جیسی نہ ہوگی۔

4 ع 10 8

(48) سُوْرَةُ الْفَتْحِ مَدَنِيَّةٌ (111)

اٰيَاتُهَا 29 | رُكُوْعَاتُهَا 4

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا ۙ﴿1﴾ لِّيَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ

بیشک ہم | ہم نے فتح دی | تجھ کو | فتح | کھلی | تاکہ بخشے | تیرے لیے | اللہ | جو | پہلے ہوئے | سے

اے نبی ﷺ! بے شک ہم نے آپ ﷺ کو کھلی فتح دے دی۔ تاکہ اس کے بعد اللہ آپ ﷺ کی اگلی پچھلی خطائیں معاف فرما

ذَنْۢبِكَ وَمَا تَاَخَّرَ وَيُتِمَّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكَ وَيَهْدِيَكَ صِرَاطًا

گناہوں تیرے | اور جو | بعد میں ہوئے | اور پوری کرے | نعمت اپنی | تجھ پر | اور وہ ہدایت دے تجھے | راہ

دے۔ آپ ﷺ پر اپنی نعمتوں کی تکمیل کر دے۔ آپ ﷺ کو سیدھی راہ پر

مُّسْتَقِيْمًا ۙ﴿2﴾ وَّيَنْصُرَكَ اللّٰهُ نَصْرًا عَزِيْزًا ﴿3﴾ هُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ

سیدھی کی | اور مدد کرے تیری | اللہ | مدد | زبردست | وہی ہے | جس نے | اتاری

گامزن رکھے اور آپ ﷺ کو زبردست مدد اور نصرت عطا کرے۔ وہی اللہ ہے جس نے

السَّكِيْنَةَ فِيْ قُلُوْبِ الْمُؤْمِنِيْنَ لِيَزْدَادُوْٓا اِيْمَانًا مَّعَ اِيْمَانِهِمْ ؕ

تسکین | میں | دلوں | ایمان والوں کے | تا کہ وہ زیادہ ہوں | ایمان میں | ساتھ | ایمان اپنے کے

مومنوں کے دلوں میں اطمینان اتارا تا کہ ان کے ایمان میں مزید اضافہ ہو۔

وَلِلّٰهِ جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۙ﴿4﴾

اور اللہ کے ہیں | لشکر | آسمانوں کے | اور زمین کے | اور ہے | اللہ | بڑے علم والا | خوب حکمت والا

یاد رکھو آسمانوں اور زمین کی فوجیں اللہ کی ہیں ۔ اللہ جاننے والا حکمت والا ہے۔

لِّيُدْخِلَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ

تا کہ وہ داخل کرے | ایمان والوں کو | اور ایمان والیوں کو | باغات میں | بہتی ہیں | سے | نیچے جن کے | نہریں

اور تا کہ اللہ مومن مردوں اور مومن عورتوں کو جنت کے باغوں میں داخل کرے جہاں نہریں بہتی ہوں گی۔

خٰلِدِيْنَ فِيْهَا وَيُكَفِّرَ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ ؕ وَكَانَ ذٰلِكَ عِنْدَ اللّٰهِ

ہمیشہ رہنے والے | اس میں | اور وہ دور کرے | ان سے | گناہ انکے | اور ہے | یہ | نزدیک | اللہ کے

وہ ان میں ہمیشہ رہیں گے۔ اور تا کہ اللہ ان کے گناہ ان سے دور کرے اور یہ اللہ کے نزدیک

فَوْزًا عَظِيْمًا ۙ﴿5﴾ وَّيُعَذِّبَ الْمُنٰفِقِيْنَ وَالْمُنٰفِقٰتِ وَالْمُشْرِكِيْنَ

کامیابی | بڑی | اور تا کہ وہ عذاب دے | منافق مردوں کو | اور منافق عورتوں کو | اور مشرک مردوں کو

بڑی کامیابی ہے۔ اور تا کہ اللہ عذاب دے ان منافق مردوں ، منافق عورتوں ، مشرک مردوں

وَالْمُشْرِكٰتِ الظَّآنِّيْنَ بِاللّٰهِ ظَنَّ السَّوْءِ ؕ عَلَيْهِمْ دَآئِرَةُ السَّوْءِ ۚ

اور مشرک عورتوں کو | جو گمان کرنیوالے ہیں | اللہ پر | گمان | برا | اوپر انکے ہے | چکر | برائی کا

اور مشرک عورتوں کو جو اللہ کے بارے میں برے گمان رکھتے ہیں ۔ اب وہ خود مصیبت کے چکر میں آ گئے۔

وَغَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ وَلَعَنَهُمْ وَاَعَدَّ لَهُمْ جَهَنَّمَ ؕ وَسَآءَتْ

اور ناراض ہوا | اللہ | اُن پر | اور لعنت کی ان پر | اور اس نے تیار کیا | انکے لیے | دوزخ | اور وہ برا ہے

ان پر اللہ کا غضب ہوا ، ان پر اللہ نے لعنت کی اور ان کے لئے اس نے جہنم تیار کی ہے جو بہت برا

مَصِيْرًا ﴿6﴾ وَلِلّٰهِ جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا

ٹھکانا | اور اللہ کے ہیں | لشکر | آسمانوں کے | اور زمین کے | اور ہے | اللہ | خوب غالب

ٹھکانا ہے۔ اور آسمانوں اور زمین کی فوجیں اللہ کی ہیں جو غالب اور

حَكِيْمًا ۝٧ اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ۝٨ لِّتُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ

بڑی حکمت والا | بیشک ہم | ہم نے بھیجا تجھے | گواہ بنا کر | اور خوشخبری دینے والا | اور ڈرانیوالا | تا کہ تم ایمان لاؤ | پر اللہ

حکمت والا ہے۔ اے نبی ﷺ بے شک ہم نے آپ ﷺ کو حق کی گواہی دینے والا خوشخبری سنانے والا اور خبردار کرنے والا بنا کر

وَرَسُوْلِهٖ وَتُعَزِّرُوْهُ وَتُوَقِّرُوْهُ ۭ وَتُسَبِّحُوْهُ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا ۝٩ اِنَّ

اور اُس کے رسول پر | اور تم ہاتھ مضبوط کروا سکے | اور تم تعظیم کروا سکی | اور تم تسبیح کرو (اللہ کی) | صبح | اور شام | بیشک

بھیجا۔ تا کہ تم لوگ اللہ اور اس کے رسول ﷺ پر ایمان لاؤ ، اس کی مدد کرو، اس کی تعظیم کرو اور صبح وشام اللہ کی تسبیح کرو۔ اے

الَّذِيْنَ يُبَايِعُوْنَكَ اِنَّمَا يُبَايِعُوْنَ اللّٰهَ ۭ يَدُ اللّٰهِ فَوْقَ اَيْدِيْهِمْ ۚ

جو لوگ | بیعت کرتے ہیں تیری | بے شک | وہ بیعت کرتے ہیں | اللہ سے | ہاتھ | اللہ کا ہے | پر | ہاتھوں انکے

نبی ﷺ! جو لوگ آپ ﷺ سے بیعت کر رہے ہیں وہ در حقیقت اللہ سے بیعت کرتے ہیں۔ اللہ کا ہاتھ ان کے ہاتھوں کے اوپر

فَمَنْ نَّكَثَ فَاِنَّمَا يَنْكُثُ عَلٰي نَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ اَوْفٰى بِمَا عٰهَدَ

پھر جو کوئی | عہد توڑے | تو بے شک | وہ عہد توڑتا ہے | خلاف | اپنے | اور جو | پورا اترا | ساتھ اس کے | جو عہد کیا

ہے۔ پھر جو اس بیعت کو توڑے گا اس کے توڑنے کا وبال اسی پر پڑے گا۔ جو اس عہد کو پورا کرے گا جو اس نے اللہ

ع 1 (10) 9

عَلَيْهُ اللّٰهَ فَسَيُؤْتِيْهِ اَجْرًا عَظِيْمًا ۝١٠ ع سَيَقُوْلُ لَكَ الْمُخَلَّفُوْنَ

اوپر اس کے | اللہ سے | پس جلد وہ دے گا اسے | ثواب | بڑا | جلد کہیں گے | تجھ کو | پیچھے رہے ہوئے

سے کیا ہے اللہ اسے بڑا اجر عطا فرمائے گا۔ اے نبی ﷺ جو دیہاتی اس موقع پر پیچھے

مِنَ الْاَعْرَابِ شَغَلَتْنَآ اَمْوَالُنَا وَاَهْلُوْنَا فَاسْتَغْفِرْ لَنَا ۚ يَقُوْلُوْنَ

سے | دیہاتیوں | مصروف رکھا ہمیں | ہمارے مالوں نے | اور ہمارے اہل نے | پس تو بخشش مانگ | ہمارے لیے | وہ کہتے ہیں

رہ گئے، وہ اب آپ ﷺ سے کہیں گے ''ہمیں ہمارے مال اور بال بچوں نے مشغول رکھا۔ لہٰذا آپ ﷺ ہمارے لئے معافی کی

بِاَلْسِنَتِهِمْ مَّا لَيْسَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ ۭ قُلْ فَمَنْ يَّمْلِكُ لَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ

اپنی زبانوں سے | جو | نہیں ہے | میں | انکے دلوں | کہہ دیجئے | پس کون | اختیار رکھتا ہے | تمہارے لیے | سے | اللہ

دعا فرمائیں'' یہ لوگ اپنی زبانوں سے وہ بات کہتے ہیں جو ان کے دلوں میں نہیں۔ آپ ﷺ ان سے کہیں ''کون ہے جو اللہ کے

شَيْـًٔا اِنْ اَرَادَ بِكُمْ ضَرًّا اَوْ اَرَادَ بِكُمْ نَفْعًا ۭ بَلْ كَانَ اللّٰهُ

کچھ بھی | اگر | وہ چاہے | تمہیں | نقصان پہنچانا | یا | وہ چاہے | تمہیں | فائدہ دینا | بلکہ | ہے | اللہ

مقابلے میں تمہارے لئے کسی نفع نقصان کا اختیار رکھتا ہے؟ اللہ اس سے باخبر ہے جو

بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ خَبِيۡرًا ﴿۱۱﴾ بَلۡ ظَنَنۡتُمۡ اَنۡ لَّنۡ يَّنۡقَلِبَ الرَّسُوۡلُ

اس سے جو | تم کرتے ہو | خوب باخبر | بلکہ | تم نے گمان کیا | کہ | ہرگز نہیں | واپس آئے گا | رسول

کچھ تم کرتے ہو۔ بلکہ تمہارا خیال تھا کہ اب رسول ﷺ اور مومنین اپنے گھر والوں کے پاس زندہ سلامت

وَالۡمُؤۡمِنُوۡنَ اِلٰۤى اَهۡلِيۡهِمۡ اَبَدًا وَّزُيِّنَ ذٰلِكَ فِىۡ قُلُوۡبِكُمۡ وَظَنَنۡتُمۡ

اور ایمان والے | طرف | اپنے گھر والوں کی | کبھی بھی | اور خوشنما بنایا گیا | یہ | میں | دلوں تمہارے | اور تم نے گمان کیا

لوٹ کر نہ آئیں گے۔ یہ خیال تمہارے دلوں کو بہت اچھا لگا تھا۔ تم نے اور بہت سے برے

ظَنَّ السَّوۡءِ ۚۖ وَكُنۡتُمۡ قَوۡمًۢا بُوۡرًا ﴿۱۲﴾ وَمَنۡ لَّمۡ يُؤۡمِنۡۢ بِاللّٰهِ

گمان | برا | اور تم تھے | لوگ | ہلاک ہونیوالے | اور جو | نہ | ایمان لائے | اللہ پر

گمان کئے اور تم برباد ہونے والے لوگ ہو گئے۔" جو لوگ اللہ اور اس کے رسول ﷺ پر ایمان

وَرَسُوۡلِهٖ فَاِنَّاۤ اَعۡتَدۡنَا لِلۡكٰفِرِيۡنَ سَعِيۡرًا ﴿۱۳﴾ وَلِلّٰهِ مُلۡكُ السَّمٰوٰتِ

اور رسول اسکے پر | تو بیشک ہم | ہم نے تیار کی ہے | کافروں کے لیے | آگ | اور اللہ کے لیے ہے | بادشاہی | آسمانوں کی

نہ لائیں تو ہم نے ایسے کافروں کے لئے دوزخ کی دہکتی آگ تیار کی ہے۔ آسمانوں اور زمین کی

وَالۡاَرۡضِ ؕ يَغۡفِرُ لِمَنۡ يَّشَآءُ وَيُعَذِّبُ مَنۡ يَّشَآءُ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ

اور زمین کی | وہ بخشتا ہے | جس کو | وہ چاہے | اور وہ عذاب دیتا ہے | جسے | وہ چاہے | اور ہے | اللہ

بادشاہی اللہ کی ہے۔ وہ جسے چاہے بخشے اور جسے چاہے عذاب دے۔ اللہ

غَفُوۡرًا رَّحِيۡمًا ﴿۱۴﴾ سَيَقُوۡلُ الۡمُخَلَّفُوۡنَ اِذَا انۡطَلَقۡتُمۡ اِلٰى مَغَانِمَ

بہت بخشنے والا | نہایت مہربان | جلد کہیں گے | پیچھے رہے ہوئے | جب | تم چلو گے | طرف | مال غنیمت کی

بخشنے والا رحم کرنے والا ہے۔ مسلمانو! جب تم خیبر کا مال غنیمت لینے جاؤ گے تو یہی پیچھے رہ جانے

لِتَاۡخُذُوۡهَا ذَرُوۡنَا نَتَّبِعۡكُمۡ ۚ يُرِيۡدُوۡنَ اَنۡ يُّبَدِّلُوۡا كَلٰمَ اللّٰهِ ؕ

تاکہ تم حاصل کرو اسے | کہ تم چھوڑ دو ہمیں | ہم پیروی کریں تمہاری | وہ چاہتے ہیں | کہ | بدل ڈالیں | کلام کو | اللہ کے

والے لوگ کہیں گے ہمیں بھی اپنے ساتھ چلنے دو۔" وہ چاہتے ہیں اللہ کی بات کو بدل دیں۔ اے نبی ﷺ آپ ﷺ ان سے کہیں"

قُلۡ لَّنۡ تَتَّبِعُوۡنَا كَذٰلِكُمۡ قَالَ اللّٰهُ مِنۡ قَبۡلُ ۚ فَسَيَقُوۡلُوۡنَ بَلۡ

کہہ دیجئے | ہرگز نہیں | تم پیروی کرو گے ہماری | اس طرح | کہا تھا | اللہ نے | سے | پہلے | پھر جلد وہ کہیں گے | بلکہ

تم ہرگز ہمارے ساتھ نہیں جا سکتے۔ اللہ پہلے ہی سے یہ بات فرما چکا ہے۔" پھر یہ لوگ کہیں گے کہ تم

تَحْسُدُوْنَنَا ؕ بَلْ كَانُوْا لَا يَفْقَهُوْنَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿15﴾ قُلْ لِّلْمُخَلَّفِيْنَ

تم حسد کرتے ہو ہم سے | بلکہ | وہ تھے | نہ | وہ جانتے | مگر | تھوڑا | کہہ دیجئے | پیچھے رہنے والوں کو

تو ہم سے حسد کرتے ہو ۔ یہ لوگ سمجھتے کم ہیں۔ اے نبی ﷺ ! پیچھے رہ جانے والے دیہاتیوں

مِنَ الْاَعْرَابِ سَتُدْعَوْنَ اِلٰى قَوْمٍ اُولِىْ بَاْسٍ شَدِيْدٍ تُقَاتِلُوْنَهُمْ

سے | دیہاتی گنواروں | جلد تمہیں بلایا جائے گا | کی طرف | ایک قوم | والی | لڑائی کرنے | سخت | تم لڑو گے ان سے

سے آپ ﷺ کہیں '' عنقریب تمہیں ایسے لوگوں کی طرف بلایا جائے گا جو بڑے زور آور ہیں ۔تم ان سے لڑو گے یا

اَوْ يُسْلِمُوْنَ ۚ فَاِنْ تُطِيْعُوْا يُؤْتِكُمُ اللّٰهُ اَجْرًا حَسَنًا ۚ وَاِنْ

یا | وہ مسلمان ہو جائینگے | پھر اگر | تم اطاعت کرو گے | تو دے گا تمہیں | اللہ | ثواب | اچھا | اور اگر

وہ اسلام لائیں گے۔ اس وقت اگر تم حکم مانو گے تو اللہ تمہیں اچھا اجر دے گا لیکن اگر تم نے

تَتَوَلَّوْا كَمَا تَوَلَّيْتُمْ مِّنْ قَبْلُ يُعَذِّبْكُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿16﴾ لَيْسَ

تم نے منہ موڑا | جیسے | تم نے منہ موڑا | سے | پہلے اسکے | تو وہ عذاب دے گا تمہیں | عذاب | دردناک | نہیں ہے

پہلے کی طرح حکم عدولی کی تو اللہ تمہیں دردناک عذاب دے گا۔البتہ جو

عَلَى الْاَعْمٰى حَرَجٌ وَّلَا عَلَى الْاَعْرَجِ حَرَجٌ وَّلَا عَلَى الْمَرِيْضِ حَرَجٌ ؕ

پر | اندھے | کوئی تنگی | اور نہیں | پر | لنگڑے | کوئی تنگی | اور نہ | پر | بیمار | کوئی تنگی

اندھے ، لنگڑے اور بیمار ہوں تو ایسے لوگوں پر کوئی گناہ نہیں ''

وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ يُدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِىْ مِنْ تَحْتِهَا

اور جو کوئی | اطاعت کرے | اللہ کی | اور اُس کے رسول کی | وہ داخل کرے گا | اسے باغات میں | بہتی ہونگی | سے | نیچے ان کے

جو شخص اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی اطاعت کرے گا ،اللہ اسے ایسے باغوں میں داخل کرے گا جن میں

الْاَنْهٰرُ ۚ وَمَنْ يَّتَوَلَّ يُعَذِّبْهُ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿17﴾ لَقَدْ رَضِىَ اللّٰهُ عَنِ

نہریں | اور جو کوئی | منہ موڑے | وہ عذاب دے گا اسے | عذاب | دردناک | بیشک | راضی ہوا | اللہ | سے

نہریں بہتی ہوں گی۔لیکن جو اس کے حکم سے منہ موڑے گا اسے وہ دردناک عذاب دے گا۔اے نبی ﷺ اللہ ان ایمان والوں

ع 2 7 10 النصف

الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ يُبَايِعُوْنَكَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ فَعَلِمَ مَا فِىْ قُلُوْبِهِمْ

ایمان والوں | جب | وہ بیعت کر رہے تھے آپ سے | نیچے | درخت کے | پس اس نے جانا | جو کچھ تھا | میں | دلوں انکے

سے راضی ہو گیا جو آپ ﷺ سے درخت کے نیچے بیعت کر رہے تھے۔ اللہ نے ان کے دلوں کا خلوص دیکھ کر

فَاَنْزَلَ السَّكِيْنَةَ عَلَيْهِمْ وَاَثَابَهُمْ فَتْحًا قَرِيْبًا ﴿18﴾ وَّمَغَانِمَ كَثِيْرَةً

پھر اتاری اس نے | تسکین | ان پر | اور اس نے دی انکو | فتح | قریب کی | اور مال غنیمت | بہت

ان پر سکینت اور تسلی نازل فرمائی اور انہیں انعام میں ایک قریبی فتح دے دی۔ جس سے انہیں بہت سا مال غنیمت

يَّاْخُذُوْنَهَا ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ﴿19﴾ وَعَدَكُمُ اللّٰهُ مَغَانِمَ

وہ لیتے ہیں جسے | اور ہے | اللہ | بڑا غالب | خوب حکمت والا | وعدہ کیا تم سے | اللہ نے | مال غنیمت

ہاتھ آئے گا ۔ اور اللہ غالب اور حکمت والا ہے۔ اللہ نے تم لوگوں سے اور بہت سی غنیمتوں

كَثِيْرَةً تَاْخُذُوْنَهَا فَعَجَّلَ لَكُمْ هٰذِهٖ وَكَفَّ اَيْدِيَ النَّاسِ

بہت کا | تم حاصل کرو گے جسے | پھر جلدی کی | تمہارے لئے | اس میں | اور اس نے روکے | ہاتھ | لوگوں کے

کا وعدہ کیا ہے جنہیں تم آئندہ حاصل کرو گے لیکن ابھی فوری طور پر اس نے تمہیں قریبی فتح کی غنیمت دلا دی۔ ابھی کافر لوگوں کے

عَنْكُمْ ۚ وَلِتَكُوْنَ اٰيَةً لِّلْمُؤْمِنِيْنَ وَيَهْدِيَكُمْ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ﴿20﴾ۙ

تم سے | اور تاکہ یہ ہو | ایک نشانی | ایمان والوں کے لیے | اور وہ ہدایت دے تمہیں | راہ | سیدھی کی

ہاتھ تم سے روک دیئے ہیں تاکہ اہل ایمان کے لئے یہ ایک نشانی بن جائے اور تاکہ اللہ تمہیں سیدھے راستے پر چلائے۔

وَّاُخْرٰى لَمْ تَقْدِرُوْا عَلَيْهَا قَدْ اَحَاطَ اللّٰهُ بِهَا ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى

اور دوسری بھی | نہیں | تم قادر ہوئے | جس پر | بیشک | احاطہ کرلیا ہے | اللہ نے | اس کا | اور ہے | اللہ | اوپر

اس کے علاوہ ایک اور فتح ہو گی جس پر ابھی تم قادر نہیں ہوئے۔ اللہ نے اس کا احاطہ کر رکھا ہے، اور وہ ہر چیز

كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرًا ﴿21﴾ وَلَوْ قٰتَلَكُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوَلَّوُا الْاَدْبَارَ

ہر | چیز کے | قادر | اور اگر | لڑتے تم سے | وہ لوگ جو | کافر ہوئے | توضرور وہ پھیرتے | پیٹھیں

پر قادر ہے۔ اگر کفار مکہ اس وقت مسلمانوں سے لڑتے تو ضرور پیٹھ پھیر کر بھاگتے پھر نہ کوئی

ثُمَّ لَا يَجِدُوْنَ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ﴿22﴾ سُنَّةَ اللّٰهِ الَّتِيْ قَدْ خَلَتْ

پھر | نہ | وہ پاتے | کوئی دوست | اور نہ | کوئی مددگار | طریقہ ہے | اللہ کا | جو | البتہ | ہوگزرا

اپنا حمایتی پاتے اور نہ مدد گار ۔ یہ اللہ کی سنت ہے جو پہلے سے چلی

مِنْ قَبْلُ ۚۖ وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ اللّٰهِ تَبْدِيْلًا ﴿23﴾ وَهُوَ الَّذِيْ كَفَّ

سے | پہلے اسکے | اور ہرگز نہیں | تو پائے گا | طریقے میں | اللہ کے | کوئی تبدیلی | اور وہی ہے | جس نے | روکے

آ رہی ہے ۔ تم اللہ کی سنت میں کوئی تبدیلی نہ پاؤ گے۔ وہی اللہ ہے جس نے مکہ میں

أَيْدِيَهُمْ عَنْكُمْ وَأَيْدِيَكُمْ عَنْهُمْ بِبَطْنِ مَكَّةَ مِنْ بَعْدِ أَنْ

ہاتھ انکے | تم سے | اور ہاتھ تمہارے | ان سے | وادی میں | مکہ کی | سے | بعد اسکے | کہ

کفار کے ہاتھ تم سے اور تمہارے ہاتھ ان سے روک دیئے حالانکہ تمہیں ان پر

أَظْفَرَكُمْ عَلَيْهِمْ ۚ وَكَانَ اللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرًا ﴿٢٤﴾ هُمُ الَّذِينَ

اس نے غلبہ دیا تمہیں | ان پر | اور ہے | اللہ | اس کو جو | تم کرتے ہو | خوب دیکھنے والا | وہی ہیں | جو

غلبہ دیا تھا اور اللہ تمہارے کاموں کو دیکھ رہا تھا۔ یہی وہ لوگ ہیں جنہوں نے

كَفَرُوا وَصَدُّوكُمْ عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ وَالْهَدْيَ مَعْكُوفًا أَنْ يَبْلُغَ

کافر ہوئے | اور روکا تمہیں | سے | مسجد حرام | اور قربانی کو | روکے ہوئے | کہ | وہ پہنچے

کفر کیا ، تمہیں مسجد حرام سے روکا اور قربانی کے جانوروں کو بھی ان کے ٹھکانے پر

مَحِلَّهُ ۚ وَلَوْلَا رِجَالٌ مُؤْمِنُونَ وَنِسَاءٌ مُؤْمِنَاتٌ لَمْ تَعْلَمُوهُمْ

ٹھکانے اپنے پر | اور اگر نہ ہوتے | مرد | ایمان والے | اور عورتیں | ایمان والیاں | نہیں | تم جانتے جن کو

نہ پہنچنے دیا۔لیکن اگر مکے میں بہت سے مسلمان مرد اور مسلمان عورتیں نہ ہوتیں جنہیں تم اس وقت لاعلمی میں پیس ڈالتے اور ان کے

أَنْ تَطَئُوهُمْ فَتُصِيبَكُمْ مِنْهُمْ مَعَرَّةٌ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۖ لِيُدْخِلَ اللَّهُ

یہ کہ | تم کچل ڈالو گے انکو | پھر پہنچتی تمہیں | ان سے | پشیمانی | بے | خبری میں | تاکہ داخل کرے | اللہ

باعث تم پر بے خبری میں الزام آتا تو ہم تمہیں جنگ کی اجازت دے دیتے۔لیکن اللہ کو کچھ اور منظور تھا تا کہ وہ جس کو

فِي رَحْمَتِهِ مَنْ يَشَاءُ ۚ لَوْ تَزَيَّلُوا لَعَذَّبْنَا الَّذِينَ كَفَرُوا مِنْهُمْ

میں | رحمت اپنی | جسے | وہ چاہے | اگر | وہ الگ ہوتے | البتہ ہم عذاب دیتے | انکو جو | کافر ہوئے | ان میں سے

چاہے اپنی رحمت کے سائے میں لے لے۔ اگر وہاں کے مسلمان کہیں الگ ہو گئے ہوتے تو ہم کفار مکہ کو

عَذَابًا أَلِيمًا ﴿٢٥﴾ إِذْ جَعَلَ الَّذِينَ كَفَرُوا فِي قُلُوبِهِمُ الْحَمِيَّةَ

عذاب | دردناک | جب | کیا | انہوں نے | جو کافر ہوئے | میں | دلوں اپنے | غرور

درد ناک سزا دیتے۔ جب کافروں نے اپنے دل میں ضد پیدا کر لی تھی جو جاہلیت کی

حَمِيَّةَ الْجَاهِلِيَّةِ فَأَنْزَلَ اللَّهُ سَكِينَتَهُ عَلَىٰ رَسُولِهِ وَعَلَى

غرور | جاہلیت کا | پھر اتاری | اللہ نے | تسکین اپنی | پر | اپنے رسول | اور پر

ضد تھی تو اللہ نے اپنے رسول ﷺ پر اور ایمان والوں پر سکینت اور تسلی نازل فرمائی ، اور انہیں

الْمُؤْمِنِيْنَ وَاَلْزَمَهُمْ كَلِمَةَ التَّقْوٰى وَكَانُوْٓا اَحَقَّ بِهَا وَاَهْلَهَا

ایمان والوں | اور لازم کردی ان پر | بات | تقوے کی | اور وہ تھے | زیادہ حقدار | اس کے | اور اہل اسکے

تقوے کی بات پر جمائے رکھا اور وہ اس کے زیادہ حق دار اور اس کے اہل بھی تھے۔

وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا ﴿26﴾ لَقَدْ صَدَقَ اللّٰهُ رَسُوْلَهُ الرُّءْيَا

اور ہے | اللہ | ہر | چیز کو | خوب جاننے والا | بیشک | سچ کر دکھایا | اللہ نے | رسول اپنے کا | خواب

اور اللہ ہر چیز کا جاننے والا ہے۔ بے شک اللہ نے اپنے رسول ﷺ کو سچا خواب دکھایا جو واقعہ کے

بِالْحَقِّ لَتَدْخُلُنَّ الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ اٰمِنِيْنَ مُحَلِّقِيْنَ

ساتھ حق کے | البتہ ضرور تم داخل ہوگے | مسجد حرام میں | اگر | چاہا | اللہ نے | امن سے | منڈاتے ہوئے

مطابق ہے کہ اللہ نے چاہا تو تم لوگ مسجد حرام میں امن کے ساتھ ضرور داخل ہوگے۔ تم میں سے بعض اپنے سر منڈواؤ گے اور بعض

رُءُوْسَكُمْ وَمُقَصِّرِيْنَ لَا تَخَافُوْنَ فَعَلِمَ مَا لَمْ تَعْلَمُوْا فَجَعَلَ

سروں اپنے کو | اور بال کتراتے ہوئے | نہ | تم ڈرتے ہوگے | پھر اللہ نے جانا | وہ جو | نہیں | تم نے جانا | پھر اس نے کردی

صرف بال کترواؤ گے اور تمہیں کوئی ڈر نہ ہوگا۔ مگر اللہ اس بات کو جانتا تھا جسے تم نہیں جانتے تھے، اس لئے اس نے اس سے پہلے ہی

مِنْ دُوْنِ ذٰلِكَ فَتْحًا قَرِيْبًا ﴿27﴾ هُوَ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهُ بِالْهُدٰى

سے | سوا | اسکے | فتح | قریب کی | وہی ہے | جس نے | بھیجا | رسول اپنے کو | ساتھ ہدایت کے

تمہیں ایک قریبی فتح دے دی۔ وہی اللہ ہے جس نے اپنے رسول ﷺ کو ہدایت اور دین حق دے کر بھیجا

وَدِيْنِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهُ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهِ وَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا ﴿28﴾ مُحَمَّدٌ

اور دین | حق کے | تا کہ غالب کرے اسے | پر | دین | ہر قسم کے | اور کافی ہے | اللہ | گواہ | محمد

تا کہ وہ اسے تمام دینوں پر غالب کر دے اور اللہ گواہی کے لئے کافی ہے۔ محمد ﷺ اللہ کے

رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗٓ اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ

رسول ہیں | اللہ کے | اور جو لوگ ہیں | ساتھ ان کے | سخت ہیں | پر | کافروں | رحم دل ہیں | آپس میں

رسول ہیں اور جو لوگ ان کے ساتھی ہیں وہ کافروں کے مقابلے میں سخت اور آپس میں مہربان ہیں۔

تَرٰىهُمْ رُكَّعًا سُجَّدًا يَّبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا سِيْمَاهُمْ

تو دیکھے گا انکو | رکوع کرنیوالے | سجدہ کرنیوالے | وہ تلاش کرتے ہیں | فضل | اللہ کا | اور رضامندی | نشانی انکی ہے

تم انہیں رکوع و سجود میں دیکھو گے، وہ اللہ کا فضل اور اس کی رضا مندی چاہتے ہیں، ان کی پیشانیوں

فِيْ وُجُوْهِهِمْ مِّنْ اَثَرِ السُّجُوْدِ ؕ ذٰلِكَ مَثَلُهُمْ فِي التَّوْرٰىةِ ۛۚ

میں | چہروں انکے | سے | نشان | سجدوں کے | یہ ہے | صفت انکی | میں | توریت

پر سجدوں کا اثر ہے ۔ ان کی یہ مثال توریت میں بھی لکھی ہوئی ہے اور

وَمَثَلُهُمْ فِي الْاِنْجِيْلِ ۛۚ كَزَرْعٍ اَخْرَجَ شَطْـَٔهٗ فَاٰزَرَهٗ فَاسْتَغْلَظَ

اور صفت انکی | میں | انجیل | جیسے کھیتی | جو نکالے | سوئی اپنی | پھر مضبوط ہو وہ | پھر وہ تناور ہو

انجیل میں بھی کہ ان کا عروج ایسے ہو گا جیسے ایک کھیتی ہو جس نے پہلے زمین پر اپنی کونپل نکالی ، پھر وہ

فَاسْتَوٰى عَلٰى سُوْقِهٖ يُعْجِبُ الزُّرَّاعَ لِيَغِيْظَ بِهِمُ الْكُفَّارَ ؕ وَعَدَ

پھر وہ کھڑی ہو جائے | پر | تنے اپنے | اچھی لگتی ہے | کسانوں کو | تا کہ وہ نفرت دلائے | ذریعے انکے | کافروں کو | وعدہ کیا ہے

اور موٹی ہوئی یہاں تک کہ اپنے تنے پر کھڑی ہو گئی۔ وہ کسانوں کو بھلی لگتی ہے مگر کافروں کے دل جلاتی ہے۔ جو لوگ ایمان لائے

اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنْهُمْ مَّغْفِرَةً وَّاَجْرًا عَظِيْمًا ﴿29﴾ ع 4 3 12

اللہ نے | ان سے جو | ایمان لائے | اور عمل کئے | اچھے | ان میں سے | بخشش | اور ثواب | بڑے کا

اور انہوں نے نیک عمل کئے تو اللہ نے ان سے بخشش اور بڑے اجر کا وعدہ کیا ہوا ہے۔

(49) سُوْرَةُ الْحُجُرٰتِ مَدَنِيَّةٌ (106)

اٰيَاتُهَا 18 — رُكُوْعَاتُهَا 2

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَيِ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَاتَّقُوا

اے | لوگو جو | ایمان لائے | نہ | تم آگے بڑھے | سامنے | سے | اللہ کے | اور اس کے رسول سے | اور تم ڈرو

اے ایمان والو ! اللہ اور اس کے رسول ﷺ سے آگے نہ بڑھو اور اللہ

اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿1﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَرْفَعُوْۤا

اللہ سے | بیشک | اللہ ہے | خوب سننے والا | خوب جاننے والا | اے | لوگو جو | ایمان لائے ہو | نہ | تم بلند کرو

سے ڈرو۔ بے شک اللہ سننے والا جاننے والا ہے۔ اے ایمان والو ! اپنی آوازیں نبی ﷺ کی

اَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِيِّ وَلَا تَجْهَرُوْا لَهٗ بِالْقَوْلِ كَجَهْرِ

آوازیں اپنی | اوپر | آواز سے | نبی کی | اور نہ | تم اونچی آواز کرو | اس کے لیے | بات کو | جیسے اونچی آواز کرنے

آواز سے اونچی مت کرو اور نہ نبی ﷺ کو اس طرح آواز دے کر پکارو جیسے تم آپس میں ایک

بَعۡضِكُمۡ لِبَعۡضٍ اَنۡ تَحۡبَطَ اَعۡمَالُكُمۡ وَاَنۡتُمۡ لَا تَشۡعُرُوۡنَ ﴿۲﴾ اِنَّ

بعض تمہارے کے | بعض سے | ایسا نہ ہو کہ | ضائع ہو جائیں | اعمال تمہارے | اور تم | نہ | تم سمجھتے ہو | بیشک

دوسرے کو پکارتے ہو ۔ کہیں ایسا نہ ہو تمہارے اعمال برباد ہو جائیں اور تمہیں خبر بھی نہ ہو ۔ یاد رکھو

الَّذِيۡنَ يَغُضُّوۡنَ اَصۡوَاتَهُمۡ عِنۡدَ رَسُوۡلِ اللّٰهِ اُولٰٓئِكَ الَّذِيۡنَ امۡتَحَنَ

جو لوگ | آہستہ کرتے ہیں | آوازوں اپنی کو | پاس | رسول | اللہ کے | یہ لوگ ہیں | وہ | کہ آزمایا ہے

جو لوگ اللہ کے رسول ﷺ کے آگے اپنی آوازیں پست رکھتے ہیں وہ وہی لوگ ہیں جن کے دلوں کو اللہ نے

اللّٰهُ قُلُوۡبَهُمۡ لِلتَّقۡوٰى ؕ لَهُمۡ مَّغۡفِرَةٌ وَّاَجۡرٌ عَظِيۡمٌ ﴿۳﴾ اِنَّ

اللہ نے | ان کے دلوں کو | تقوے کے لیے | ان کے لیے | بخشش ہے | اور ثواب ہے | بڑا | بیشک

تقویٰ کے لئے چن لیا۔ ان کے لئے بخشش اور بڑا ثواب ہے۔ اے نبی ﷺ جو لوگ

الَّذِيۡنَ يُنَادُوۡنَكَ مِنۡ وَّرَآءِ الۡحُجُرٰتِ اَكۡثَرُهُمۡ لَا يَعۡقِلُوۡنَ ﴿۴﴾ وَلَوۡ

جو لوگ | پکارتے ہیں تجھے | سے | باہر | گھروں کے | اکثر انکے | نہیں | وہ سمجھتے | اور اگر

آپ کو حجروں کے باہر سے پکارتے ہیں ان میں اکثر سمجھ نہیں رکھتے۔ اور اگر وہ صبر کرتے یہاں تک کہ آپ ﷺ خود باہر نکل کر ان

اَنَّهُمۡ صَبَرُوۡا حَتّٰى تَخۡرُجَ اِلَيۡهِمۡ لَكَانَ خَيۡرًا لَّهُمۡ ؕ وَاللّٰهُ

وہ | صبر کریں | یہاں تک کہ | تو نکلے | طرف انکی | البتہ ہوتا | بہتر | ان کے لیے | اور اللہ ہے

کے پاس آ جاتے تو یہ ان کے لئے بہتر ہوتا ۔ اور اللہ

غَفُوۡرٌ رَّحِيۡمٌ ﴿۵﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡۤا اِنۡ جَآءَكُمۡ فَاسِقٌۢ بِنَبَاٍ

بہت بخشنے والا | نہایت مہربان | اے | لوگو جو | ایمان لائے ہو | اگر | آئے تمہارے پاس | کوئی فاسق | کوئی خبر لے کر

بخشنے والا مہربان ہے۔ اے ایمان والو اگر کوئی فاسق تمہارے پاس خبر لائے تو اچھی طرح

فَتَبَيَّنُوۡۤا اَنۡ تُصِيۡبُوۡا قَوۡمًاۢ بِجَهَالَةٍ فَتُصۡبِحُوۡا عَلٰى مَا فَعَلۡتُمۡ

تو تم تحقیق کر لیا کرو | کہ | تم تکلیف (نہ) پہنچا بیٹھو | کسی قوم کو | نادانی سے | پھر تم ہو جاؤ | اس پر | جو | تم نے کیا

تحقیق کر لیا کرو ۔ کہیں ایسا نہ ہو تم کسی گروہ کو نادانی سے کوئی نقصان پہنچاؤ پھر تمہیں اپنے کیے پر

نٰدِمِيۡنَ ﴿۶﴾ وَاعۡلَمُوۡۤا اَنَّ فِيۡكُمۡ رَسُوۡلَ اللّٰهِ ؕ لَوۡ يُطِيۡعُكُمۡ فِىۡ كَثِيۡرٍ

پشیمان | اور تم جان رکھو | کہ | تم میں | رسول ہے | اللہ کا | اگر | وہ کہا مانے تمہارا | میں | بہت

پچھتانا پڑے۔ اور جان لو تمہارے درمیان اللہ کا رسول ﷺ موجود ہے۔ اگر وہ بہت سے معاملات میں تمہاری بات مان

مِّنَ الْاَمْرِ لَعَنِتُّمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ حَبَّبَ اِلَيْكُمُ الْاِيْمَانَ وَ زَيَّنَهٗ

سی | باتوں | توضرورتم مشقت میں پڑجاؤ | اورلیکن | اللہ نے | محبت پیدافرمائی | اندرتمہارے | ایمان کی | اورمزین کیا اسے

لے تو تم مشکل میں پڑ جاؤ ۔ لیکن اللہ نے تمہیں ایمان کی محبت دی اور اسے تمہارے دلوں میں

فِيْ قُلُوْبِكُمْ وَكَرَّهَ اِلَيْكُمُ الْكُفْرَ وَالْفُسُوْقَ وَالْعِصْيَانَ ؕ اُولٰٓئِكَ

میں | دلوں تمہارے | اس نے ناپسندیدہ بنایا | تمہاری طرف | کفر کو | اورنافرمانی کو | اورسرکشی کو | یہ لوگ

پسندیدہ بنایا۔ اور کفر ، فسق اور نافرمانی سے تمہیں نفرت دلائی۔ ایسے لوگ

هُمُ الرّٰشِدُوْنَ ۙ﴿7﴾ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَنِعْمَةً ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿8﴾

وہی ہیں | ہدایت یافتہ | یہ فضل ہے | طرف سے | اللہ کی | اورنعمت ہے | اوراللہ ہے | خوب جاننے والا | خوب حکمت والا

ہی سیدھی راہ پر ہیں ۔ یہ اللہ کا فضل اور انعام ہے۔ اور اللہ جاننے والا ہے حکمت والا ہے۔

وَاِنْ طَآئِفَتٰنِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اقْتَتَلُوْا فَاَصْلِحُوْا بَيْنَهُمَا ۚ فَاِنْۢ

اوراگر | دوگروہ | سے | مسلمانوں میں | لڑپڑیں | توتم صلح کراؤ | درمیان دونوں کے | پھراگر

اگر مسلمانوں کے دو گروہ آپس میں لڑ پڑیں تو ان کے درمیان صلح کرا دو ۔ پھر اگر ان میں

بَغَتْ اِحْدٰىهُمَا عَلَى الْاُخْرٰى فَقَاتِلُوا الَّتِيْ تَبْغِيْ حَتّٰى تَفِيْٓءَ

چڑھائی کرے | ایک ان دونوں میں سے | پر | دوسرے | توتم لڑو | اس سے جو | چڑھائی کرے | یہاں تک کہ | وہ لوٹ آئے

سے ایک گروہ دوسرے پر زیادتی کرے تواس گروہ سے لڑو جو زیادتی کرتا ہے ، یہاں تک کہ وہ اللہ کے حکم کی

اِلٰٓى اَمْرِ اللّٰهِ ۚ فَاِنْ فَآءَتْ فَاَصْلِحُوْا بَيْنَهُمَا بِالْعَدْلِ وَاَقْسِطُوْا ؕ

طرف | حکم | اللہ کے کی | پھراگر | وہ لوٹ آئے | توتم صلح کراؤ | درمیان انکے | عدل سے | اورتم انصاف کرو

طرف لوٹ آئے۔پھر اگر وہ لوٹ آئے تو ان کے درمیان عدل کے ساتھ صلح کراؤ اور انصاف کرو۔

اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِيْنَ ﴿9﴾ اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ اِخْوَةٌ فَاَصْلِحُوْا بَيْنَ

بیشک | اللہ | پسند کرتا ہے | انصاف کرنیوالوں کو | بےشک | ایمان والے | بھائی بھائی ہیں | پس تم صلح کراؤ | درمیان

بے شک اللہ انصاف کرنے والوں کو پسند کرتا ہے۔مسلمان سب بھائی بھائی ہیں ، لہٰذا اپنے بھائیوں میں صلح

اَخَوَيْكُمْ وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿10﴾ ع يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

بھائیوں اپنے کے | اورتم ڈرو | اللہ سے | تاکہ تم | تم پررحم کیا جائے | اے | لوگوجو | ایمان لائے ہو

کرا دیا کرو ۔ اللہ سے ڈرتے رہو تا کہ تم پر رحم کیا جائے۔ اے ایمان والو ! مرد

ع 1 / 10 / 13 — الثلاثة

لَا يَسْخَرْ قَوْمٌ مِّنْ قَوْمٍ عَسٰٓى اَنْ يَّكُوْنُوْا خَيْرًا مِّنْهُمْ وَلَا نِسَآءٌ

نہ مذاق کرے | ایک قوم | سے | (دوسری) قوم | شاید | کہ | وہ ہوں | بہتر | ان سے | اور نہ | عورتیں

مردوں کا مذاق نہ اڑائیں ۔ ہو سکتا ہے وہ ان سے بہتر ہوں ۔ اور نہ عورتیں

مِّنْ نِّسَآءٍ عَسٰٓى اَنْ يَّكُنَّ خَيْرًا مِّنْهُنَّ ۚ وَلَا تَلْمِزُوْٓا اَنْفُسَكُمْ

سے | عورتوں | شاید | کہ | وہ ہوں | بہتر | ان سے | اور نہ | تم عیب جوئی کرو | جانوں اپنی کی

عورتوں کا مذاق اڑائیں، ہوسکتا ہے وہ ان سے بہتر ہوں ۔ نہ ایک دوسرے کو طعنہ دو ،

وَلَا تَنَابَزُوْا بِالْاَلْقَابِ ۭ بِئْسَ الِاسْمُ الْفُسُوْقُ بَعْدَ الْاِيْمَانِ ۚ

اور نہ | تم پکارو ایک دوسرے کو | ساتھ برے القاب کے | برا ہے | نام | برائی کا | بعد | ایمان کے

نہ ایک دوسرے کو برے لقب سے پکارو۔ ایمان لانے کے بعد گناہ کا نام ہی برا ہے۔

وَمَنْ لَّمْ يَتُبْ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿11﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا

اور جس نے | نہ | توبہ کی | تو وہ لوگ | وہی ہیں | ظالم | اے | لوگو جو | ایمان لائے ہو

اور جو باز نہ آئیں وہی ظالم ہیں ۔ اے ایمان والو !

اجْتَنِبُوْا كَثِيْرًا مِّنَ الظَّنِّ ۡ اِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ اِثْمٌ وَّلَا تَجَسَّسُوْا

تم بچو | بہت | سے | گمانوں | بیشک | بعض | گمان | گناہ ہیں | اور نہ | تم جاسوسی کرو

بہت زیادہ بدگمانی کرنے سے بچو کیونکہ بعض بدگمانیاں گناہ ہوتے ہیں ۔ ایک دوسرے کی ٹوہ میں نہ لگو۔

وَلَا يَغْتَبْ بَّعْضُكُمْ بَعْضًا ۭ اَيُحِبُّ اَحَدُكُمْ اَنْ يَّاْكُلَ لَحْمَ

اور نہ | غیبت کرے | بعض تمہارا | بعض کی | کیا پسند کرتا ہے | کوئی تم سے | کہ | وہ کھائے | گوشت

تم میں سے کوئی کسی کی غیبت نہ کرے۔ کیا تم میں سے کوئی یہ بات پسند کرے گا کہ اپنے مرے ہوئے بھائی کا

اَخِيْهِ مَيْتًا فَكَرِهْتُمُوْهُ ۭ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ رَّحِيْمٌ ﴿12﴾

بھائی اپنے | مردہ کا | پھر ناپسند کرو گے اسے | اور تم ڈرو | اللہ سے | بیشک | اللہ ہے | توبہ قبول کرنیوالا | نہایت مہربان

گوشت کھائے؟ اسے تم خود ناگوار سمجھتے ہو ۔ اللہ سے ڈرو بے شک اللہ معاف کرنے والا رحم کرنے والا ہے۔

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّا خَلَقْنٰكُمْ مِّنْ ذَكَرٍ وَّاُنْثٰى وَجَعَلْنٰكُمْ شُعُوْبًا

اے | لوگو | بیشک ہم | ہم نے پیدا کیا تمہیں | سے | ایک مرد | اور ایک عورت | اور ہم نے بنائے تمہارے | گروہ

اے لوگو! ہم نے تمہیں ایک مرد اور ایک عورت سے پیدا کیا ۔ تمہیں قوموں اور خاندانوں

وَّقَبَآئِلَ لِتَعَارَفُوْا ؕ اِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقٰىكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

اور قبیلے | تا کہ تم ایک دوسرے کو پہچانو | بیشک | زیادہ معزز تم میں ہیں | نزدیک | اللہ کے | جو زیادہ پرہیزگار تم میں | بیشک | اللہ ہے

میں تقسیم کر دیا تا کہ تم ایک دوسرے کو پہچانو۔ بے شک اللہ کے نزدیک تم میں سب سے زیادہ عزت والا وہ ہے جو سب سے زیادہ

عَلِيْمٌ خَبِيْرٌ ﴿13﴾ قَالَتِ الْاَعْرَابُ اٰمَنَّا ؕ قُلْ لَّمْ تُؤْمِنُوْا وَلٰكِنْ

علم والا | باخبر | کہا | دیہاتی گنواروں نے | ہم ایمان لائے | کہہ دیجئے | نہیں | تم ایمان لائے | اور لیکن

پرہیزگار ہے۔ بے شک اللہ جاننے والا باخبر ہے۔ دیہاتی گنوار کہتے ہیں "ہم ایمان لائے۔" اے نبی ﷺ آپ ﷺ ان سے

قُوْلُوْٓا اَسْلَمْنَا وَلَمَّا يَدْخُلِ الْاِيْمَانُ فِيْ قُلُوْبِكُمْ ؕ وَاِنْ تُطِيْعُوا

تم کہو | ہم اسلام لائے ہیں | اور ابھی نہیں | داخل ہوا | ایمان | میں | دلوں تمہارے | اور اگر | تم اطاعت کرو

کہیں "تم ایمان نہیں لائے۔" بلکہ یوں کہو "ہم نے اسلام قبول کیا" ابھی تک ایمان تمہارے دلوں میں داخل نہیں ہوا۔ اگر تم اللہ اور

اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ لَا يَلِتْكُمْ مِّنْ اَعْمَالِكُمْ شَيْـًٔا ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ

اللہ کی | اور اس کے رسول کی تو | نہیں | تم سے کمی کریگا | سے | تمہارے اعمال | کچھ | بیشک | اللہ ہے | بخشنے والا

اس کے رسول ﷺ کی اطاعت کرو تو اللہ تمہارے اعمال کے اجر میں کوئی کمی نہیں کرے گا ۔ بے شک اللہ بخشنے والا

رَّحِيْمٌ ﴿14﴾ اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ثُمَّ

نہایت مہربان | صرف | ایمان والے | وہ ہیں جو | ایمان لائے | اللہ پر | اور اس کے رسول پر | پھر

رحم کرنے والا ہے۔ مومن وہ ہیں جو اللہ اور اس کے رسول ﷺ پر ایمان لائے ، پھر انہوں نے

لَمْ يَرْتَابُوْا وَجٰهَدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ اُولٰٓئِكَ هُمُ

نہیں وہ شک میں پڑے | اور جہاد کیا | اپنے مالوں سے | اور اپنی جانوں سے | میں | راہ | اللہ کی | یہ لوگ | وہی ہیں

شک نہ کیا اور اپنے جان و مال سے اللہ کی راہ میں جہاد کیا۔ یہی لوگ

الصّٰدِقُوْنَ ﴿15﴾ قُلْ اَتُعَلِّمُوْنَ اللّٰهَ بِدِيْنِكُمْ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا فِي

سچے | کہہ دیجئے | کیا تم بتاتے ہو | اللہ کو | دین اپنا | اور اللہ | جانتا ہے | جو کچھ ہے | میں

سچے ہیں۔" لیکن اے نبی ﷺ آپ ﷺ ان دیہاتیوں سے کہیں "کیا تم اللہ کو اپنے دین سے آگاہ کرتے ہو؟ حالانکہ اللہ جانتا ہے

السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿16﴾ يَمُنُّوْنَ

آسمانوں | اور جو کچھ ہے | میں | زمین | اور اللہ ہے | ہر | چیز کو | خوب جاننے والا | وہ احسان جتاتے ہیں

جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے۔ اللہ سب کچھ جانتا ہے"۔ اے نبی ﷺ یہ لوگ

عَلَيْكَ اَنْ اَسْلَمُوْا ۭ قُلْ لَّا تَمُنُّوْا عَلَيَّ اِسْلَامَكُمْ ۚ بَلِ اللّٰهُ

تجھ پر | یہ کہ | وہ مسلمان ہوئے | کہہ دیجئے | نہ | تم احسان جتاؤ | مجھ پر | اپنے اسلام لانے کا | بلکہ | اللہ

آپ ﷺ پر احسان جتلاتے ہیں کہ انہوں نے اسلام قبول کیا۔ آپ ﷺ ان سے کہیں ''اپنے اسلام کا احسان مجھ پر نہ رکھو یہ اللہ کا تم

يَمُنُّ عَلَيْكُمْ اَنْ هَدٰىكُمْ لِلْاِيْمَانِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝17 اِنَّ

احسان کرتا ہے | تم پر | یہ کہ | ہدایت دی تمہیں | ایمان کی | اگر | تم ہو | سچے | بیشک

پر احسان ہے کہ اس نے تمہیں ایمان کی ہدایت دی، اگر تم سچے ہو۔ بے شک

اللّٰهَ يَعْلَمُ غَيْبَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ۝18 ع

(ع 2 8 14)

اللہ | جانتا ہے | چھپی چیزوں کو | آسمانوں کی | اور زمین کی | اور اللہ ہے | دیکھنے والا | اسے جو | تم کرتے ہو۔

اللہ آسمانوں اور زمین کی چھپی باتوں کو جانتا ہے۔ اور اللہ دیکھتا ہے جو کچھ تم کرتے ہو''۔

(50) سُوْرَةُ قٓ مَكِّيَّةٌ (34)

اٰيَاتُهَا 45 — رُكُوْعَاتُهَا 3

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

قٓ ۚ وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِيْدِ ۝1 ۚ بَلْ عَجِبُوْٓا اَنْ جَآءَهُمْ مُّنْذِرٌ مِّنْهُمْ

قٓ | قسم ہے قرآن | عظمت والے کی | بلکہ | انہوں نے تعجب کیا | یہ کہ | آیا انکے پاس | ایک خبردار کرنیوالا | ان میں سے

قٓ قسم ہے اس باعظمت قرآن کی کہ اے نبی ﷺ آپ ﷺ سچے رسول ہیں۔ مگر کافروں کو تعجب ہوا کہ ان کے پاس انہیں میں سے

فَقَالَ الْكٰفِرُوْنَ هٰذَا شَيْءٌ عَجِيْبٌ ۝2 ۚ ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا ۚ ذٰلِكَ

پھر کہا | کافروں نے | یہ ہے | چیز | عجیب | کیا جب | ہم مرجائینگے | اور ہم ہونگے | مٹی | یہ

ایک خبردار کرنے والا آیا، وہ کہنے لگے ''یہ تعجب کی بات ہے کیا جب ہم مر کر مٹی ہو جائیں گے تو دوبارہ زندہ ہوں گے؟ یہ

رَجْعٌۢ بَعِيْدٌ ۝3 قَدْ عَلِمْنَا مَا تَنْقُصُ الْاَرْضُ مِنْهُمْ ۚ وَعِنْدَنَا

دوبارہ لوٹنا | دور ہے (عقل سے)۔ | بیشک | ہم جانتے ہیں | جو کچھ | کم کرتی ہے | زمین | ان میں سے | اور پاس ہمارے

دوبارہ زندہ ہونا ناممکن ہے'' بلاشبہ ہمیں معلوم ہے زمین مردے کے جسم سے کیا گھٹاتی ہے اور ہمارے پاس

كِتٰبٌ حَفِيْظٌ ۝4 بَلْ كَذَّبُوْا بِالْحَقِّ لَمَّا جَآءَهُمْ فَهُمْ فِيْٓ اَمْرٍ

کتاب ہے | حفاظت کرنے والی | بلکہ | انہوں نے انکار کیا | حق کا | جب | وہ آیا انکے پاس | پس وہ ہیں | میں | بات

لوح محفوظ ہے جس میں سب کچھ لکھا ہوا ہے۔ اور ان لوگوں نے اس حق کو جھٹلایا ہے جو ان کے پاس آ چکا ہے۔ اب وہ

مَّرِيْجٍ ۝5 اَفَلَمْ يَنْظُرُوْٓا اِلَى السَّمَآءِ فَوْقَهُمْ كَيْفَ بَنَيْنٰهَا وَ زَيَّنّٰهَا

الجھی ہوئی | کیا پس نہیں | دیکھتے | طرف | آسمان کی | اوپر انکے | کیسے | ہم نے بنایا اسے | اور ہم نے سجایا اسے

الجھن میں پڑے ہوئے ہیں ۔ کیا ان لوگوں نے اپنے اوپر آسمان کو نہیں دیکھا اسے ہم نے کیسے بنایا، ستاروں سے سجایا۔

وَمَا لَهَا مِنْ فُرُوْجٍ ۝6 وَالْاَرْضَ مَدَدْنٰهَا وَاَلْقَيْنَا فِيْهَا رَوَاسِيَ

اور نہیں | اس میں | کوئی | شگاف | اور زمین کو | ہم نے پھیلایا اسے | اور ہم نے ڈالے | اس میں | پہاڑ

اس میں کوئی رخنہ نہیں ؟ زمین کو ہم نے پھیلایا۔ اس میں پہاڑ ڈال دیئے۔

وَاَنْۢبَتْنَا فِيْهَا مِنْ كُلِّ زَوْجٍۢ بَهِيْجٍ ۝7 تَبْصِرَةً وَّذِكْرٰى لِكُلِّ

اور ہم نے اگائی | اس میں | کی | ہر | قسم | رونق | دکھانے کو (قدرت اپنی) | اور نصیحت | واسطے ہر

اس میں ہر قسم کی رونق کی چیز اگائی ، ہر اس بندے کو سمجھانے اور یاد دلانے کے لئے جو ہماری طرف

عَبْدٍ مُّنِيْبٍ ۝8 وَنَزَّلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً مُّبٰرَكًا فَاَنْۢبَتْنَا بِهٖ جَنّٰتٍ

بندے | رجوع کرنیوالے کے | اور ہم نے اتارا | سے | آسمان | پانی | برکت والا | پھر ہم نے اگائے | اس سے | باغات

رجوع کرے۔ ہم نے آسمان سے برکت والا پانی اتارا۔ پھر اس سے باغ اگائے ،

وَّحَبَّ الْحَصِيْدِ ۝9 وَالنَّخْلَ بٰسِقٰتٍ لَّهَا طَلْعٌ نَّضِيْدٌ ۝10 رِّزْقًا

اور اناج | فصل کاٹنے کے | اور کھجوریں | بلند | جن کے | گچھے ہیں | گندھے ہوئے | روزی

کاٹی جانے والی فصلیں اگائیں، کھجوروں کے لمبے درخت پیدا کئے جن میں تہ بہ تہ خوشے لگتے ہیں۔ یہ سب کچھ کس لئے ہے؟ بندوں

لِّلْعِبَادِ ۙ وَاَحْيَيْنَا بِهٖ بَلْدَةً مَّيْتًا ۭ كَذٰلِكَ الْخُرُوْجُ ۝11 كَذَّبَتْ

واسطے بندوں کے | اور ہم نے زندہ کیا | اس سے | شہر | مردہ کو | اسی طرح | نکلنا ہے (قبروں سے) | جھٹلایا

کو روزی دینے کے لئے اور ہم نے پانی کے ذریعے سے مردہ زمین کو زندہ کیا۔ اسی طرح لوگ قبروں سے نکلیں گے۔ ان کافروں

قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ وَّاَصْحٰبُ الرَّسِّ وَثَمُوْدُ ۝12 وَعَادٌ وَّفِرْعَوْنُ

پہلے ان سے | قوم | نوح نے | اور | کنوئیں والوں نے | اور ثمود نے | اور عاد نے | اور فرعون نے

سے پہلے بھی بہت سے لوگ جھٹلا چکے ہیں ، جیسے قوم نوح ، اصحاب الرس ، قوم ثمود ، قوم عاد ، قوم فرعون ،

وَاِخْوَانُ لُوْطٍ ۝13 وَّاَصْحٰبُ الْاَيْكَةِ وَقَوْمُ تُبَّعٍ ۭ كُلٌّ كَذَّبَ

اور بھائیوں | لوط کے نے | اور | ایکہ (جنگل) والوں نے | اور قوم | تبع نے | ہر ایک نے | جھٹلایا

قوم لوط ۔ جنگل والے اصحاب ایکہ اور قوم تبع ۔ ان سب نے رسولوں کو جھٹلایا

الرُّسُلَ فَحَقَّ وَعِيْدِ ﴿14﴾ اَفَعَيِيْنَا بِالْخَلْقِ الْاَوَّلِ ط بَلْ هُمْ فِيْ

رسولوں کو | پھر ثابت ہوا | عذاب میرا | کیا پس ہم تھک گئے ہیں | پیدا کرنے سے | پہلی بار | بلکہ | وہ ہیں | میں

پھر ان پر میرا عذاب آ کر رہا۔ کیا ہم پہلی بار پیدا کر کے عاجز آ گئے ؟ اصل بات یہ ہے کہ یہ لوگ دوبارہ

لَبْسٍ مِّنْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ ع ﴿15﴾ وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ وَنَعْلَمُ مَا

شک | سے | پیدائش | نئی | اور بیشک | ہم نے پیدا کیا | انسان کو | اور ہم جانتے ہیں | جو کچھ

پیدا کئے جانے کے بارے میں شک میں ہیں ۔ ہم نے انسان کو پیدا کیا۔ ہم ان باتوں کو جانتے ہیں

تُوَسْوِسُ بِهٖ نَفْسُهٗ ج وَنَحْنُ اَقْرَبُ اِلَيْهِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِيْدِ ﴿16﴾ اِذْ

خیال گزرتا ہے | اس کو | اس کے دل میں | اور ہم | زیادہ قریب ہیں | طرف اسکی | سے | شہ رگ | جب (عمل کو)

جو اس کے دل میں آتی ہیں ۔ہم اس کی شہ رگ سے بھی زیادہ اس کے قریب ہیں ۔ اور دیکھو ،

يَتَلَقَّى الْمُتَلَقِّيٰنِ عَنِ الْيَمِيْنِ وَعَنِ الشِّمَالِ قَعِيْدٌ ﴿17﴾ مَا يَلْفِظُ مِنْ

حاصل کرتے ہیں | دو حاصل کرنے والے | سے | دائیں | اور سے | بائیں (ہر ایک) | بیٹھا ہے | نہیں | بولتا | کوئی

نیکی اور بدی لکھنے والے دو فرشتے انسان کے دائیں اور بائیں طرف بیٹھے ہوتے ہیں۔ جو لفظ وہ اپنی زبان سے

قَوْلٍ اِلَّا لَدَيْهِ رَقِيْبٌ عَتِيْدٌ ﴿18﴾ وَجَآءَتْ سَكْرَةُ الْمَوْتِ بِالْحَقِّ ط

بات | مگر | پاس اسکے ہیں | نگہبان | تیار | اور آئی | بے ہوشی | موت کی | ساتھ حق کے

نکالتا ہے اسے محفوظ کر لینے کے لئے مستعد نگران موجود ہوتا ہے۔اے انسان جب تیرے اوپر موت کی بے ہوشی طاری ہوگی اس

ذٰلِكَ مَا كُنْتَ مِنْهُ تَحِيْدُ ﴿19﴾ وَنُفِخَ فِي الصُّوْرِ ط ذٰلِكَ يَوْمُ

یہ ہے | وہ چیز کہ | تو تھا | اس سے | بھاگتا | اور پھونکا جائے گا | میں | صور | یہ ہے | دن

وقت تجھے آخرت کی حقیقت معلوم ہوگی جس سے تو دنیا میں بھاگتا تھا ۔ جب صور پھونکا جائے گا تو وہی ڈراوے

الْوَعِيْدِ ﴿20﴾ وَجَآءَتْ كُلُّ نَفْسٍ مَّعَهَا سَآئِقٌ وَّشَهِيْدٌ ﴿21﴾ لَقَدْ

عذاب کا | اور آئے گی | ہر | جان | ساتھ اسکے ہوگا | ایک ہانکنے والا | اور ایک گواہ | بیشک

کا دن ہوگا۔ ہر شخص اس طرح حاضر ہوگا کہ اس کے ساتھ ایک ہانکنے والا فرشتہ ہوگا اور ایک اعمال کی گواہی دینے والا۔ اور کافر

كُنْتَ فِيْ غَفْلَةٍ مِّنْ هٰذَا فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ

تو تھا | میں | غفلت | سے | اس | پھر ہم نے ہٹا دیا | تجھ سے | پردہ تیرا | پس نظر تیری ہے | آج

شخص سے کہا جائے گا کہ ” تو اس دن سے غافل رہا۔ اب تیری آنکھوں پر پڑا ہوا پردہ ہم نے ہٹا دیا ، آج تیری نگاہ

حَدِيْدٌ ﴿22﴾ وَقَالَ قَرِيْنُهٗ هٰذَا مَا لَدَيَّ عَتِيْدٌ ﴿23﴾ اَلْقِيَا فِيْ جَهَنَّمَ

تیز | اور کہے گا | ساتھی (فرشتہ) اسکا | یہ ہے | جو کچھ | پاس میرے | تیار (حاضر) | تم دونوں ڈالو | میں | دوزخ

تیز ہے" اس کے اعمال والا فرشتہ کہے گا "اے اللہ! اس شخص کا اعمال نامہ حاضر ہے۔" دونوں فرشتوں کو حکم ہوگا۔ "ڈال دو جہنم میں ہر

كُلَّ كَفَّارٍ عَنِيْدٍ ﴿24﴾ مَّنَّاعٍ لِّلْخَيْرِ مُعْتَدٍ مُّرِيْبِۨ ﴿25﴾ الَّذِيْ جَعَلَ

ہر | کافر | سرکش کو | منع کرنیوالا | بھلائی کو | حد سے بڑھنے والا | شک کرنیوالا | جس نے | بنائے

ایسے شخص کو جو کافر اور دین حق کا مخالف ہے، جو نیکی سے روکنے والا، حد سے بڑھنے والا ہے اور جس نے

مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ فَاَلْقِيٰهُ فِي الْعَذَابِ الشَّدِيْدِ ﴿26﴾ قَالَ

ساتھ | اللہ کے | معبود | دوسرے | پس تم دونوں ڈال دو اسے | میں | عذاب | سخت | کہے گا

اللہ کے ساتھ دوسرے معبود بنائے۔ اسے لے جا کر جہنم کے سخت عذاب میں ڈال دو" وہ کہے گا

قَرِيْنُهٗ رَبَّنَا مَآ اَطْغَيْتُهٗ وَلٰكِنْ كَانَ فِيْ ضَلٰلٍۭ بَعِيْدٍ ﴿27﴾

ساتھی اُس کا | اے رب ہمارے | نہیں | میں نے سرکش بنایا تھا اسے | اور لیکن | وہ (خود) تھا | میں | گمراہی | دور کی

مجھے میرے شیطان ساتھی نے بہکایا تھا۔ اس کا ساتھی شیطان کہے گا "اے ہمارے رب میں نے اسے سرکش نہیں بنایا، یہ

قَالَ لَا تَخْتَصِمُوْا لَدَيَّ وَقَدْ قَدَّمْتُ اِلَيْكُمْ بِالْوَعِيْدِ ﴿28﴾

اللہ کہے گا | نہ | تم جھگڑو | پاس میرے | اور بیشک | میں نے پہلے بھیجا تھا | طرف تمہاری | وعید (عذاب کی)

خود پرلے درجے کی گمراہی میں پڑا تھا" ارشاد ہوگا "میرے سامنے جھگڑا نہ کرو۔ میں پہلے ہی تمہیں عذاب سے ڈرا دیا تھا۔ میرے

مَا يُبَدَّلُ الْقَوْلُ لَدَيَّ وَمَآ اَنَا بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ﴿29﴾ ع يَوْمَ نَقُوْلُ

(ع 2 14 16)

نہیں بدلی جاتی | بات | میرے پاس | اور نہیں ہوں | میں | ظلم کرنیوالا | بندوں پر | جس دن | ہم کہیں گے

ہاں بات بدلی نہیں جاتی اور میں بندوں پر ذرا ظلم کرنے والا نہیں ہوں۔" اس دن ہم جہنم سے

لِجَهَنَّمَ هَلِ امْتَلَاْتِ وَتَقُوْلُ هَلْ مِنْ مَّزِيْدٍ ﴿30﴾ وَاُزْلِفَتِ الْجَنَّةُ

جہنم کو | کیا | تو بھر گئی | اور وہ کہے گی | کیا | کچھ | اور ہے | اور قریب کی جائے گی | جنت

پوچھیں گے "کیا تو بھر گئی؟" وہ کہے گی "کچھ اور زیادہ بھی؟" اور جنت اللہ سے ڈرنے والوں کے اتنی قریب

لِلْمُتَّقِيْنَ غَيْرَ بَعِيْدٍ ﴿31﴾ هٰذَا مَا تُوْعَدُوْنَ لِكُلِّ اَوَّابٍ حَفِيْظٍ ﴿32﴾ ج

پرہیزگاروں کیلئے | نہیں | دور ہوگی | یہ ہے | جس کا | تم سے وعدہ کیا جاتا تھا | واسطے ہر | رجوع کرنیوالے | دھیان والے کے

لائی جائے گی کہ کچھ فاصلہ نہ رہے گا۔ ارشاد ہوگا "یہ جنت ہے جس کا تم میں سے ہر اس شخص کے ساتھ وعدہ کیا جاتا تھا جو اللہ کی طرف

مَنْ خَشِيَ الرَّحْمٰنَ بِالْغَيْبِ وَجَآءَ بِقَلْبٍ مُّنِيْبِۨ ﴿33﴾ ادْخُلُوْهَا

جوکوئی | ڈرا | رحمان سے | بغیر دیکھے | اور لائے گا | دل | رجوع کرنیوالا | تم داخل ہوجاؤ اس میں

رجوع کرنے والا اوراس کے احکام کی پابندی کرنے والا ہو۔ جو خدائے رحمٰن سے بن دیکھے ڈرتا رہا، اور اب ایک جھکے ہوئے نیک

بِسَلٰمٍ ؕ ذٰلِكَ يَوْمُ الْخُلُوْدِ ﴿34﴾ لَهُمْ مَّا يَشَآءُوْنَ فِيْهَا وَلَدَيْنَا

ساتھ سلامتی کے | یہ ہے | دن | ہمیشہ رہنے کا | ان کیلئے ہے | جو | وہ چاہیں گے | اس میں | اور پاس ہمارے

دل کے ساتھ حاضر ہوگیا۔" پھران سے کہا جائے گا" داخل ہو جایئے اس جنت میں، سلامتی کے ساتھ اب ہمیشہ رہنے کا دن ہے"۔

مَزِيْدٌ ﴿35﴾ وَكَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْنٍ هُمْ اَشَدُّ مِنْهُمْ بَطْشًا

مزید ہے | اور کتنی | ہم نے ہلاک کیں | پہلے انکے | کئی | قومیں | جو | زیادہ سخت تھے | ان سے | پکڑ میں

وہاں ان کے لئے وہ سب کچھ ہوگا جو وہ چاہیں گے اور ہمارے پاس تو اس سے بھی زیادہ ہے۔ اور ہم ان کافروں سے پہلے کتنی ہی

فَنَقَّبُوْا فِي الْبِلَادِ ؕ هَلْ مِنْ مَّحِيْصٍ ﴿36﴾ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَذِكْرٰى

پھر وہ پھرے | میں | شہروں | کیا ہے | کوئی | بھاگنے کی جگہ | بیشک | میں | اس | البتہ نصیحت ہے

قوموں کو ہلاک کر چکے ہیں جو قوت و طاقت میں ان سے زیادہ تھیں۔ انہوں نے شہر شہر کی خاک چھانی مگر مرتے وقت انہیں کوئی

لِمَنْ كَانَ لَهٗ قَلْبٌ اَوْ اَلْقَى السَّمْعَ وَهُوَ شَهِيْدٌ ﴿37﴾ وَلَقَدْ

اس کیلئے | کہ ہو | جس کا | دل | یا | وہ لگائے | کان | اور وہ ہو | متوجہ | اور بیشک

جائے پناہ نہ ملی۔ بے شک اس میں بڑی عبرت ہے ایسے شخص کے لئے جس کے پہلو میں دل اور اور وہ بات توجہ سے سنتا ہو۔ ہم نے

خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ۖ

ہم نے پیدا کیا | آسمانوں کو | اور زمین کو | اور جو کچھ | درمیان دونوں کے | میں | چھ | دنوں

آسمانوں کو ، زمین کو اور جو کچھ ان کے درمیان ہے سب کو چھ دنوں میں پیدا کیا اور

وَّمَا مَسَّنَا مِنْ لُّغُوْبٍ ﴿38﴾ فَاصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ

اور نہیں پہنچی ہمیں | کوئی | تھکاوٹ | پس تو صبر کر | اوپر | اسکے جو | وہ کہتے ہیں | اور تو تسبیح کر | ساتھ تعریف | رب اپنے کی

ہم ذرا نہیں تھکے۔ اے نبی ﷺ آپ ﷺ ان کافروں کی باتوں پر صبر کریں ۔ اپنے رب کی تسبیح کریں ،

قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ الْغُرُوْبِ ۚ ﴿39﴾ وَمِنَ الَّيْلِ فَسَبِّحْهُ

پہلے | نکلنے | سورج کے سے | اور پہلے | ڈوبنے سورج کے سے | اور میں | رات | پس تو تسبیح کر اسکی

سورج نکلنے سے پہلے اور اس کے ڈوبنے سے پہلے۔ اور رات کو بھی اس کی تسبیح کریں

وَاَدْبَارَ السُّجُوْدِ ﴿40﴾ وَاسْتَمِعْ يَوْمَ يُنَادِ الْمُنَادِ مِنْ مَّكَانٍ قَرِيْبٍ ﴿41﴾

اور بعد | سجدے (نماز) کے | اور تو غور سے سن | اس دن جب | پکارے گا | پکارنیوالا | سے | جگہ | قریب

اور ہر نماز سے فارغ ہونے کے بعد بھی۔ غور سے سنو! جس دن پکارنے والا فرشتہ مردوں کو قریب ہی سے پکارے گا۔

يَّوْمَ يَسْمَعُوْنَ الصَّيْحَةَ بِالْحَقِّ ؕ ذٰلِكَ يَوْمُ الْخُرُوْجِ ﴿42﴾ اِنَّا نَحْنُ

جس دن | وہ سنیں گے | سخت آواز | یقینی طور پر | یہ ہے | دن | نکلنے کا (قبروں سے) | بیشک ہم | ہم

یقیناً اس دن لوگوں کو اس کی چنگھاڑ سنائی دے گی۔ وہ قبروں سے نکلنے کا دن ہو گا۔ بے شک ہم ہی

نُحْيٖ وَنُمِيْتُ وَاِلَيْنَا الْمَصِيْرُ ﴿43﴾ يَوْمَ تَشَقَّقُ الْاَرْضُ عَنْهُمْ

ہم زندہ کرتے | اور ہم مارتے ہیں | اور طرف ہماری | لوٹنا ہے | جس دن | پھٹے گی | زمین | ان سے

زندہ کرتے اور ہم ہی مارتے ہیں اور ہماری طرف ہی سب کو آنا ہے اور جس دن زمین ان کے اوپر سے کھل جائے گی اور وہ زندہ ہو کر

سِرَاعًا ؕ ذٰلِكَ حَشْرٌ عَلَيْنَا يَسِيْرٌ ﴿44﴾ نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا يَقُوْلُوْنَ

وہ تیز دوڑتے ہوں گے | یہ ہے | جمع کرنا | ہم پر | آسان | ہم | خوب جانتے ہیں | اسے جو | وہ کہتے ہیں

دوڑتے ہوں گے، یہ اکٹھا کرنا ہمارے لئے بہت آسان ہے۔ اے نبی ﷺ ہم اچھی طرح جانتے ہیں جو کچھ یہ کافر کہتے ہیں۔ مگر

وَمَآ اَنْتَ عَلَيْهِمْ بِجَبَّارٍ ۫ فَذَكِّرْ بِالْقُرْاٰنِ مَنْ يَّخَافُ وَعِيْدِ ﴿45﴾ ع 3/16/17

اور نہیں ہے تو | ان پر | زبردستی کرنیوالا | پس تو نصیحت کر | قرآن سے | اسے جو | ڈرتا ہے | میری وعید سے۔

آپ ﷺ ان پر جبر کرنے والے نہیں۔ بلکہ آپ ﷺ ہر اس شخص کو جو میرے عذاب سے ڈرتا ہو، قرآن سے سمجھاتے رہیں۔

(51) سُوْرَةُ الذّٰرِيٰتِ مَكِّيَّةٌ (67)

رکوعاتہا 3 — آیاتہا 60

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

وَالذّٰرِيٰتِ ذَرْوًا ﴿1﴾ فَالْحٰمِلٰتِ وِقْرًا ﴿2﴾ فَالْجٰرِيٰتِ يُسْرًا ﴿3﴾

قسم ان کی جو اڑا کر | بکھیرتی ہیں | پھر ان کی جو اٹھاتی ہیں | بادل بوجھ والے کو | پھر چلنے والیوں کی | آہستہ سے

قسم ہے ان تیز ہواؤں کی جو گرد و غبار اڑاتی ہیں، پھر بادلوں کا بوجھ اٹھائے ہوتی ہیں، پھر نرمی سے چلتی ہیں،

فَالْمُقَسِّمٰتِ اَمْرًا ﴿4﴾ اِنَّمَا تُوْعَدُوْنَ لَصَادِقٌ ﴿5﴾ وَّاِنَّ الدِّيْنَ

پھر تقسیم کرنیوالیوں کی | ایک چیز (پانی) کو | بیشک جسکا | تم سے وعدہ کیا جاتا ہے | وہ ضرور سچ ہے | اور بیشک | جزا و سزا

پھر بارش تقسیم کرتی ہیں کہ اے لوگو! تمہیں جس قیامت سے ڈرایا جا رہا ہے وہ سچ ہے۔ اور بے شک

لَوَاقِعٌ ۝٦ وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الْحُبُكِ ۝٧ اِنَّكُمْ لَفِيْ قَوْلٍ مُّخْتَلِفٍ ۝٨

ضرور ہوگی | قسم ہے آسمان کی | والے | راہوں کے | بیشک تم ہو | البتہ میں | بات | مختلف

انصاف ضرور ہونا ہے۔ راستوں والا خوشنما آسمان بھی گواہ ہے کہ تم لوگ رسول ﷺ اور قرآن کے بارے میں ایک دوسرے سے مختلف

يُّؤْفَكُ عَنْهُ مَنْ اُفِكَ ۝٩ قُتِلَ الْخَرّٰصُوْنَ ۝١٠ الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ غَمْرَةٍ

پلٹایا جاتا ہے | اس سے | جو بھی | پلٹایا جاتا ہے | مارے گئے | اٹکل دوڑانیوالے | جو | وہ ہیں | میں | غفلت

باتیں کہتے ہو۔ اور اس سے وہی لوگ گمراہ ہوتے ہیں جن کی عقل ماری گئی ہو۔ ہلاکت ہو ان کے لئے جو اٹکل سے باتیں کرتے ہیں

سَاهُوْنَ ۝١١ يَسْـَٔلُوْنَ اَيَّانَ يَوْمُ الدِّيْنِ ۝١٢ يَوْمَ هُمْ عَلَى النَّارِ

بھولے ہوئے | وہ پوچھتے ہیں | کب ہے | دن | بدلے کا | جس دن | وہ | پر | آگ

جو غفلت میں بھولے ہوئے ہیں، پوچھتے ہیں کب ہے بدلے کا دن؟ جس دن انہیں آگ کا عذاب

يُفْتَنُوْنَ ۝١٣ ذُوْقُوْا فِتْنَتَكُمْ ۭ هٰذَا الَّذِيْ كُنْتُمْ بِهٖ تَسْتَعْجِلُوْنَ ۝١٤

جلائے جائیں گے | تم چکھو | اپنا عذاب | یہ ہے | وہ | تم تھے | جس کی | تم جلدی مچاتے

دیا جائے گا۔ ان سے کہا جائے گا ”چکھو یہ عذاب یہی ہے وہ جس کے لئے تم جلدی مچاتے تھے۔

اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ۝١٥ اٰخِذِيْنَ مَآ اٰتٰىهُمْ رَبُّهُمْ ۭ

بیشک | پرہیز گار (ہونگے) | میں | باغوں | اور چشموں میں | لینے والے | جو کچھ | دیا انکو | رب انکے نے

بے شک اللہ سے ڈرنے والے جنت کے باغوں اور چشموں میں ہوں گے۔ وہ حاصل کر رہے ہوں گے جو کچھ انکے رب نے انہیں

اِنَّهُمْ كَانُوْا قَبْلَ ذٰلِكَ مُحْسِنِيْنَ ۝١٦ كَانُوْا قَلِيْلًا مِّنَ الَّيْلِ مَا

بیشک وہ | تھے | پہلے | اس سے | نیکی کرنیوالے | وہ تھے | کم | سے | رات | جو

دیا وہ اس سے پہلے بڑے نیک تھے۔ راتوں کو کم

يَهْجَعُوْنَ ۝١٧ وَبِالْاَسْحَارِ هُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ ۝١٨ وَفِيْٓ اَمْوَالِهِمْ حَقٌّ

وہ سوتے تھے | اور وقت صبح کے | وہ | استغفار کرتے تھے | اور میں | مالوں انکے | حق ہے

سوتے تھے سحر کے اوقات میں اللہ سے گناہوں کی معافی مانگتے تھے اور ان کے مال میں سائل

لِّلسَّاۗىِٕلِ وَالْمَحْرُوْمِ ۝١٩ وَفِي الْاَرْضِ اٰيٰتٌ لِّلْمُوْقِنِيْنَ ۝٢٠ وَفِيْٓ اَنْفُسِكُمْ ۭ

سوال کرنیوالے کا | اور حاجت مند کا | اور میں | زمین | نشانیاں ہیں | یقین کرنیوالوں کیلئے | اور میں | جانوں تمہاری

اور محتاج کا حصہ ہوتا تھا۔“ اے لوگو زمین میں بہت سی نشانیاں ہیں یقین کرنے والوں کے لئے، اور خود تمہارے اندر بھی ہیں

اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ ﴿21﴾ وَفِي السَّمَآءِ رِزْقُكُمْ وَمَا تُوْعَدُوْنَ ﴿22﴾ فَوَرَبِّ

کیا پس نہیں | تم دیکھتے ہو | اور میں | آسمان | روزی تمہاری ہے | اور جس کا | تم سے وعدہ کیا جاتا ہے | پس قسم ہے رب کی

کیا تم دیکھتے نہیں؟ اور سنو تمہاری روزی آسمان میں ہے اور تمہارے لئے عذاب وثواب کا فیصلہ بھی وہیں سے آئے گا۔ آسمان اور

السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ اِنَّهٗ لَحَقٌّ مِّثْلَ مَآ اَنَّكُمْ تَنْطِقُوْنَ ﴿23﴾ هَلْ

آسمان کے | اور زمین کے | بیشک یہ (قرآن) | ضرور حق ہے | جیسے | کہ | تمہارا | بولنا | کیا

زمین کے رب کی قسم! جزا وسزا اس طرح یقینی ہے جس طرح تمہارا یہ بولنا یقینی ہے۔ اے نبی ﷺ کیا آپ ﷺ کے پاس

اَتٰىكَ حَدِيْثُ ضَيْفِ اِبْرٰهِيْمَ الْمُكْرَمِيْنَ ﴿24﴾ اِذْ دَخَلُوْا عَلَيْهِ فَقَالُوْا

آئی ہے تیرے پاس | بات | مہمانوں کی | ابراہیم کے | عزت والے | جب | وہ داخل ہوئے | اس پر | تو وہ بولے

ابراہیم علیہ السلام کے معزز مہمان فرشتوں کی بات پہنچی جب وہ ابراہیم علیہ السلام کے پاس آئے اور انہیں سلام کیا تو جواب میں ابراہیم علیہ السلام نے بھی انہیں

سَلٰمًا ۭ قَالَ سَلٰمٌ ۚ قَوْمٌ مُّنْكَرُوْنَ ﴿25﴾ فَرَاغَ اِلٰٓى اَهْلِهٖ فَجَآءَ

سلام ہے | ابراہیم نے کہا | سلام ہے | تم لوگ | اجنبی ہو | پھر وہ گیا | طرف | اپنے گھر والوں کی | پھر لایا

سلام کہا اور دل میں کہا کچھ اجنبی لوگ ہیں۔ پھر وہ چپکے سے اپنے گھر والوں کے پاس گئے

بِعِجْلٍ سَمِيْنٍ ﴿26﴾ فَقَرَّبَهٗٓ اِلَيْهِمْ قَالَ اَلَا تَاْكُلُوْنَ ﴿27﴾ فَاَوْجَسَ

ایک بچھڑا | بھنا ہوا | پھر قریب کیا اسے | طرف انکی | (اور) کہا | کیا نہیں | تم کھاتے | پھر اس نے محسوس کیا

اور ایک بچھڑا بھنا ہوا لے آئے۔ اسے مہمانوں کے آگے پیش کر دیا۔ ابراہیم علیہ السلام نے پوچھا "آپ لوگ کھاتے کیوں نہیں؟" پھر

مِنْهُمْ خِيْفَةً ۭ قَالُوْا لَا تَخَفْ ۭ وَبَشَّرُوْهُ بِغُلٰمٍ عَلِيْمٍ ﴿28﴾

ان سے | کچھ خوف | وہ بولے | نہ | تو ڈر | اور انہوں نے بشارت دی اسے | ایک لڑکے کی | علم والے

انہوں نے دل میں ان سے کچھ ڈر محسوس کیا۔ مہمانوں نے کہا "آپ فکر اندیشہ نہ کریں" پھر انہوں نے ابراہیم علیہ السلام کو ایک علم والے بیٹے

فَاَقْبَلَتِ امْرَاَتُهٗ فِيْ صَرَّةٍ فَصَكَّتْ وَجْهَهَا وَقَالَتْ عَجُوْزٌ عَقِيْمٌ ﴿29﴾

پھر آئی | بیوی اسکی | میں | حیرت | پھر اُس نے ہاتھ مارا | چہرے اپنے پر | اور کہا | (میں) بوڑھی | بانجھ ہوں

کی خوش خبری دی اتنے میں ابراہیم علیہ السلام کی بیوی بولتی ہوئی آئیں اور اپنے ماتھے پر ہاتھ مار کر کہنے لگیں کیا بوڑھی بانجھ کے ہاں بیٹا ہوگا؟"

قَالُوْا كَذٰلِكِ ۙ قَالَ رَبُّكِ ۭ اِنَّهٗ هُوَ الْحَكِيْمُ الْعَلِيْمُ ﴿30﴾

انہوں نے کہا | اسی طرح | کہا ہے | رب تیرے نے | بیشک وہ | وہی ہے | خوب حکمت والا | خوب علم والا۔

مہمان فرشتوں نے کہا "بی بی آپ کے رب نے ایسا ہی فرمایا ہے۔ بے شک وہ حکمت والا جاننے والا ہے۔

قَالَ فَمَا خَطْبُكُمْ اَيُّهَا الْمُرْسَلُوْنَ ﴿31﴾ قَالُوْٓا اِنَّآ اُرْسِلْنَآ اِلٰى

(ابراہیم نے) کہا | پس کیا ہے | معاملہ تمہارا | اے | جو بھیجے گئے ہو | بولے | بے شک ہم | ہمیں بھیجا گیا ہے | طرف

ابراہیم علیہ السلام نے پوچھا "اے بھیجے گئے فرشتو آپ کا پروگرام کیا ہے؟" انہوں نے جواب دیا "ہمیں ایک مجرم قوم

قَوْمٍ مُّجْرِمِيْنَ ﴿32﴾ لِنُرْسِلَ عَلَيْهِمْ حِجَارَةً مِّنْ طِيْنٍ ﴿33﴾ مُّسَوَّمَةً

قوم | مجرموں کی | تاکہ ہم بھیجیں | ان پر | پتھر | سے | مٹی (کنکر) | نشان زدہ

کی طرف بھیجا گیا ہے۔ تاکہ اس پر پکی ہوئی مٹی کے ایسے پتھر برسا دیں جو آپ کے رب کے ہاں نشان زدہ ہیں

عِنْدَ رَبِّكَ لِلْمُسْرِفِيْنَ ﴿34﴾ فَاَخْرَجْنَا مَنْ كَانَ فِيْهَا مِنَ

پاس | تیرے رب کے | حد سے نکل جانے والوں کے لیے | پھر ہم نے نکال دیا | جو | تھا | اس میں | کوئی

ان لوگوں کے لئے جو حد سے گزرنے والے ہیں۔" پھر وہاں جتنے اہل ایمان تھے انہیں ہم نے

الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿35﴾ فَمَا وَجَدْنَا فِيْهَا غَيْرَ بَيْتٍ مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿36﴾ وَتَرَكْنَا

ایمان والا | پھر نہ | ہم نے پایا | اس میں | سوائے | ایک گھر کے | سے | مسلمانوں | اور ہم نے چھوڑ دی

نکال لیا لیکن وہاں ایک گھر کے سوا مسلمانوں کا کوئی اور گھر نہ تھا۔ ہم نے اس بستی

فِيْهَآ اٰيَةً لِّلَّذِيْنَ يَخَافُوْنَ الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ ﴿37﴾ وَفِيْ مُوْسٰٓى اِذْ

اس میں | ایک نشانی | اس کے لیے جو | وہ ڈرتے ہیں | عذاب | دردناک سے | اور میں | (قصہ) موسیٰ کے | جب

کو تباہ کر کے عبرت کا نشان بنا دیا، ان لوگوں کے لئے جو دردناک عذاب سے ڈرتے ہیں اور موسیٰ علیہ السلام کے قصے میں بھی نشانی ہے۔ یاد

اَرْسَلْنٰهُ اِلٰى فِرْعَوْنَ بِسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿38﴾ فَتَوَلّٰى بِرُكْنِهٖ وَقَالَ سٰحِرٌ

ہم نے بھیجا اسے | طرف | فرعون کی | ساتھ غلبہ | کھلا | پھر وہ پھرا | بوجہ گھمنڈ اپنے | اور کہا | جادوگر ہے

کرو جب ہم نے انہیں کھلے معجزے دے کر فرعون کے پاس بھیجا۔ مگر فرعون نے اپنی طاقت کے بل بوتے پر بات نہ مانی۔ اس نے

اَوْ مَجْنُوْنٌ ﴿39﴾ فَاَخَذْنٰهُ وَجُنُوْدَهٗ فَنَبَذْنٰهُمْ فِي الْيَمِّ وَهُوَ

یا | دیوانہ | پھر ہم نے پکڑ لیا اسے | اور اس کے لشکروں کو | پھر ہم نے پھینک دیا انکو | میں | سمندر | اور وہ تھا

موسیٰ علیہ السلام کے بارے میں کہا "یہ جادوگر ہے یا دیوانہ" پھر ہم نے اس کی فوجوں کو پکڑا اور سمندر میں پھینک دیا۔ اور فرعون تھا

مُلِيْمٌ ﴿40﴾ وَفِيْ عَادٍ اِذْ اَرْسَلْنَا عَلَيْهِمُ الرِّيْحَ الْعَقِيْمَ ﴿41﴾ مَا تَذَرُ

ملامت کیا گیا | اور بارے میں | عاد کے | جب | ہم نے بھیجی | ان پر | ہوا | بانجھ | نہیں | وہ چھوڑتی تھی

ہی ملامت کے لائق قوم عاد کے واقعے میں بھی سبق ہے۔ یاد کرو جب ہم نے ان پر ایسی منحوس آندھی بھیجی جو جس

مِنْ شَیْءٍ اَتَتْ عَلَیْهِ اِلَّا جَعَلَتْهُ كَالرَّمِیْمِ ﴿42﴾ وَفِیْ ثَمُوْدَ اِذْ

کسی | چیز کو | جو آتی | اس پر | مگر | وہ کر ڈالتی اسے | جیسے ہڈی گلی ہوئی | اور بارے میں | ثمود کے | جب

چیز پر گزرتی اسے ریزہ ریزہ کر دیتی۔ اسی طرح قوم ثمود کے واقعے میں بھی عبرت ہے۔ یاد کرو جب ان سے کہا گیا ''اب تھوڑی

قِیْلَ لَهُمْ تَمَتَّعُوْا حَتّٰى حِیْنٍ ﴿43﴾ فَعَتَوْا عَنْ اَمْرِ رَبِّهِمْ فَاَخَذَتْهُمُ

کہا گیا | ان کو | تم فائدہ اٹھا لو | تک | ایک مدت | پھر انہوں نے سرکشی کی | سے | حکم | رب اپنے کے | پھر پکڑا انکو

مدت تک کے لئے فائدہ اٹھا لو۔ مگر انہوں نے اپنے رب کے حکم سے سرکشی کی تو ان کے آنکھوں دیکھتے انہیں ایک زور کی

الصّٰعِقَةُ وَهُمْ یَنْظُرُوْنَ ﴿44﴾ فَمَا اسْتَطَاعُوْا مِنْ قِیَامٍ وَّمَا كَانُوْا

کڑک نے | اور وہ | دیکھتے تھے | پھر نہ | اُن کو طاقت تھی | کی | کھڑا ہونے | اور نہ | وہ ہوئے

کڑک نے پکڑ لیا پھر نہ وہ اٹھ سکے نہ اپنا

مُنْتَصِرِیْنَ ﴿45﴾ وَقَوْمَ نُوْحٍ مِّنْ قَبْلُ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا فٰسِقِیْنَ ﴿46﴾

بدلہ لینے والے | اور قوم | نوح کو | سے | پہلے اسکے | بے شک وہ | تھے | لوگ | نافرمان

بچاؤ کر سکے ان سے پہلے قوم نوح کو ہم نے ہلاک کیا کیونکہ وہ بڑے نا فرمان لوگ تھے۔

وَالسَّمَآءَ بَنَیْنٰهَا بِاَیْىدٍ وَّاِنَّا لَمُوْسِعُوْنَ ﴿47﴾ وَالْاَرْضَ فَرَشْنٰهَا فَنِعْمَ

اور آسمان کو | ہم نے بنایا اسے | ہاتھوں سے | اور بیشک ہم | یقیناً پھیلانے والے ہیں | اور زمین کو | ہم نے بچھایا اسے | پس خوب

ہم نے آسمان کو اپنی قدرت سے بنایا اور ہم توسیع کرنے والے ہیں۔ زمین کو ہم نے بچھایا تو دیکھو ہم کیا

الْمٰهِدُوْنَ ﴿48﴾ وَمِنْ كُلِّ شَیْءٍ خَلَقْنَا زَوْجَیْنِ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ﴿49﴾

بچھانے والے ہیں | اور سے | ہر | چیز | ہم نے پیدا کئے | جوڑے | تاکہ تم | تم نصیحت حاصل کرو

خوب بچھانے والے ہیں؟ اور ہم نے ہر چیز جوڑا جوڑا بنائی تاکہ تم نصیحت حاصل کرو۔

فَفِرُّوْٓا اِلَى اللّٰهِ ؕ اِنِّیْ لَكُمْ مِّنْهُ نَذِیْرٌ مُّبِیْنٌ ﴿50﴾ وَلَا تَجْعَلُوْا

پس تم دوڑو | طرف | اللہ کی | بیشک میں | تمہارے لئے | اس سے | خبردار کرنیوالا ہوں | کھلا | اور نہ | تم بناؤ

اے نبی ﷺ آپ ﷺ ان لوگوں سے کہیں'' دوڑو اللہ کی طرف میں اس کی طرف سے تمہیں صاف خبردار کرنے والا ہوں۔ تم اللہ

مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ؕ اِنِّیْ لَكُمْ مِّنْهُ نَذِیْرٌ مُّبِیْنٌ ﴿51﴾ كَذٰلِكَ مَآ اَتَى

ساتھ | اللہ کے | کوئی معبود | دوسرا | بے شک میں | تمہارے لیے | اس سے | خبردار کرنیوالا | کھلا | اس طرح | نہیں آیا

کے ساتھ کوئی اور معبود نہ بناؤ میں اس کی طرف سے تمہیں صاف خبردار کرتا ہوں۔'' اسی طرح ان کے

الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا قَالُوْا سَاحِرٌ اَوْ مَجْنُوْنٌ ﴿52﴾ اَتَوَاصَوْا

ان لوگوں کے پاس جو | سے | پہلے انکے | کوئی | رسول | مگر | وہ کہتے تھے | جادوگر ہے | یا | دیوانہ ہے | کیا انھوں نے وصیت کی

اگلوں کے پاس کوئی پیغمبر ایسا نہیں آیا جسے انہوں نے جادوگر یا دیوانہ نہ کہا ہو۔ کیا یہ ایک دوسرے

بِهٖ ۚ بَلْ هُمْ قَوْمٌ طَاغُوْنَ ﴿53﴾ فَتَوَلَّ عَنْهُمْ فَمَآ اَنْتَ بِمَلُوْمٍ ﴿54﴾ وَّذَكِّرْ فَاِنَّ

اسی کی | بلکہ | وہ ہیں | لوگ | سرکش | پھر تو منہ پھیر لے | ان سے | پس نہیں تو | ملامت کیا گیا | اور تو یاددہانی کرا | پس بیشک

کو اس کی وصیت کرتے چلے آئے ہیں؟ بلکہ یہ سب سرکش لوگ ہیں۔ لہٰذا اے نبی ﷺ آپ ﷺ ان لوگوں کی پرواہ نہ کریں۔ آپ

الذِّكْرٰى تَنْفَعُ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿55﴾ وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنِ ﴿56﴾

یاددہانی | فائدہ دیتی ہے | ایمان والوں کو | اور نہیں | میں نے پیدا کیا | جنوں کو | اور انسانوں کو | مگر | تاکہ وہ عبادت کریں میری

ﷺ پر ان لوگوں کی ذمہ داری نہیں۔ لیکن آپ ﷺ سمجھاتے رہیں کیونکہ سمجھانا ایمان لانے والوں کو فائدہ دیتا ہے۔ میں نے جنوں

مَآ اُرِيْدُ مِنْهُمْ مِّنْ رِّزْقٍ وَّمَآ اُرِيْدُ اَنْ يُّطْعِمُوْنِ ﴿57﴾ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الرَّزَّاقُ

نہیں | میں چاہتا | ان سے | کچھ | رزق | اور نہیں میں چاہتا | یہ کہ | وہ کھلائیں مجھے | بیشک | اللہ | وہی ہے | رزق دینے والا

اور انسانوں کو صرف اس لئے پیدا کیا کہ وہ میری عبادت کریں۔ میں ان سے رزق نہیں مانگتا نہ یہ چاہتا ہوں کہ وہ مجھے کھلائیں۔ بیشک

ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِيْنُ ﴿58﴾ فَاِنَّ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ذَنُوْبًا مِّثْلَ ذَنُوْبِ اَصْحٰبِهِمْ

قوت والا | مضبوط | پس بیشک | ان کے لیے جو | ظالم ہیں | ایک ڈول (عذاب کا) ہوگا | جیسے | ڈول (عذاب کا حصہ) | انکے ساتھیوں کا

اللہ ہی روزی دینے والا، قوت والا اور زور آور ہے۔ ان ظالموں کے حصے میں بھی اسی طرح کا عذاب آئے گا جس طرح ان کے پہلے

فَلَا يَسْتَعْجِلُوْنِ ﴿59﴾ فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ يَّوْمِهِمُ الَّذِيْ يُوْعَدُوْنَ ﴿60﴾ (ع 3 14 2)

پس نہ | وہ جلدی مچائیں | پس ہلاکت ہے | ان کے لیے جو | کافر ہوئے | سے | انکے اپنے دن | جس کا | ان سے وعدہ کیا جاتا ہے

ساتھیوں پر آیا تھا۔ اس لئے یہ عذاب کی جلدی نہ کریں۔ کافروں کو جس دن سے ڈرایا جا رہا ہے وہ ان کے لئے تباہی کا دن ہوگا۔

(52) سُوْرَةُ الطُّوْرِ مَكِّيَّةٌ (76)

اٰيَاتُهَا 49 | رُكُوْعَاتُهَا 2

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

وَالطُّوْرِ ﴿1﴾ وَكِتٰبٍ مَّسْطُوْرٍ ﴿2﴾ فِيْ رَقٍّ مَّنْشُوْرٍ ﴿3﴾ وَّالْبَيْتِ الْمَعْمُوْرِ ﴿4﴾

قسم ہے طور کی | قسم ہے کتاب | لکھی ہوئی کی | میں | جھلی | کھلی ہوئی | قسم ہے بیت المعمور کی

قسم ہے کوہِ طور کی قسم ہے لکھی ہوئی آسمانی کتابوں کی۔ جو کھلے اوراق میں درج ہیں۔ قسم ہے آباد بیت اللہ کی

وَالسَّقْفِ الْمَرْفُوْعِ ﴿۵﴾ وَالْبَحْرِ الْمَسْجُوْرِ ﴿۶﴾ اِنَّ عَذَابَ رَبِّكَ لَوَاقِعٌ ﴿۷﴾

قسم ہے چھت | بلندکی ہوئی کی | قسم ہے سمندر | چھلکتے ہوئے کی | بیشک | عذاب | رب تیرے کا | ضرور آنے والا ہے

قسم ہے آسمان کی اونچی چھت اور چھلکتے ہوئے سمندر کی ! بیشک تمہارے رب کا عذاب کافروں پر آ کر رہے گا ۔

مَّا لَهٗ مِنْ دَافِعٍ ﴿۸﴾ يَّوْمَ تَمُوْرُ السَّمَآءُ مَوْرًا ﴿۹﴾ وَّتَسِيْرُ الْجِبَالُ

نہیں ہے | اسکو | کوئی | ٹالنے والا | جس دن | پھٹ جائے گا | آسمان | پھٹ جانا | اور چلنے لگیں گے | پہاڑ

کوئی اسے ٹالنے والا نہیں ۔ جس دن آسمان تھرتھرائے گا ۔ پہاڑ چلنے لگیں

سَيْرًا ﴿۱۰﴾ فَوَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۱۱﴾ الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ خَوْضٍ

چلنا | پھر ہلاکت ہے | اس دن | جھٹلانے والوں کے لیے | وہ لوگ جو | وہ ہیں | میں | مشغلے

گے ۔ اس دن ان جھٹلانے والوں کے لئے تباہی ہوگی ، جو آج باتیں بناتے

يَّلْعَبُوْنَ ﴿۱۲﴾ يَوْمَ يُدَعُّوْنَ اِلٰى نَارِ جَهَنَّمَ دَعًّا ﴿۱۳﴾ هٰذِهِ النَّارُ

وہ کھیلتے ہوئے | جس دن | دھکیلے جائیں گے | طرف | آگ کی | دوزخ کی | دھکیلنا | یہ ہے | آگ

اورمذاق اڑاتے ہیں ۔ جس دن وہ جہنم کی آگ کی طرف لائے جائیں گے ان سے کہا جائے گا " یہ ہے وہ آگ

الَّتِيْ كُنْتُمْ بِهَا تُكَذِّبُوْنَ ﴿۱۴﴾ اَفَسِحْرٌ هٰذَآ اَمْ اَنْتُمْ

جو | تم تھے | جس کو | تم جھٹلاتے | کیا پس جادو ہے | یہ | یا | تم

جسے تم جھٹلاتے تھے ۔ کیا یہ جادو ہے یا تمہیں کچھ نظر

لَا تُبْصِرُوْنَ ﴿۱۵﴾ اِصْلَوْهَا فَاصْبِرُوْٓا اَوْ لَا تَصْبِرُوْا ۚ سَوَآءٌ عَلَيْكُمْ ۭ اِنَّمَا

نہیں تم دیکھتے ہو | داخل ہو جاؤ اس میں | پھر تم صبر کرو | یا | نہ | تم صبر کرو | برابر ہے | تم پر | بے شک

نہیں آتا ؟ اب اس میں گھس جاؤ ۔ پھر صبر کرو یا نہ کرو تمہارے لئے برابر ہے ۔ یہ اسی کا

تُجْزَوْنَ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۶﴾ اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ جَنّٰتٍ وَّنَعِيْمٍ ﴿۱۷﴾

تم بدلہ پاؤ گے | اسکا جو | تم تھے | تم کرتے | بیشک | پرہیزگار رہوں گے | میں | باغوں | اور نعمتوں میں

بدلہ مل رہا ہے جو تم کرتے تھے " بیشک پرہیزگار لوگ باغوں اور نعمتوں میں ہوں گے ۔

فٰكِهِيْنَ بِمَآ اٰتٰىهُمْ رَبُّهُمْ ۚ وَوَقٰىهُمْ رَبُّهُمْ عَذَابَ

خوش ہونے والے | اس پر | جو دیا انکو | رب انکے نے | اور بچایا انکو | رب انکے نے | عذاب

بہت خوش ہوں گے ان چیزوں سے جو ان کے رب نے انہیں دی ہوں گی اور اس پر بھی کہ ان کے رب نے انہیں دوزخ کے

الْجَحِيمِ ﴿18﴾ كُلُوا وَاشْرَبُوا هَنِيٓـًٔا بِمَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ ﴿19﴾ مُتَّكِـِٔينَ عَلَىٰ

دوزخ کے سے | تم کھاؤ | اور تم پیو | مزے سے | اس وجہ سے | جو تم تھے | عمل کرتے | تکیہ لگائے ہوئے | پر

عذاب سے بچا لیا۔ ان سے کہا جائے گا "کھاؤ پیو مزے سے، اپنے ان اعمال کے نتیجے میں جو تم کرتے تھے۔ وہ آمنے سامنے

سُرُرٍ مَّصْفُوفَةٍ ۖ وَزَوَّجْنَٰهُم بِحُورٍ عِينٍ ﴿20﴾ وَالَّذِينَ ءَامَنُوا وَاتَّبَعَتْهُمْ

تختوں | قطاروں میں لگے | اور ہم نے بیاہ دیا انکو | حوروں سے | بڑی آنکھوں والی | اور جو لوگ | ایمان لائے | اور پیچھے چلیں انکے

مسندوں پر تکیے لگائے بیٹھے ہوں گے۔ ہم بڑی بڑی آنکھوں والی حوروں سے ان کی شادی کریں گے۔ جو لوگ ایمان لائے اور ان

ذُرِّيَّتُهُم بِإِيمَٰنٍ أَلْحَقْنَا بِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ وَمَآ أَلَتْنَٰهُم مِّنْ عَمَلِهِم

انکی اولادیں | ساتھ ایمان کے | ہم ملادینگے | ان سے | انکی اولاد کو | اور نہ | ہم کم کرینگے انکو | سے | عملوں انکے

کی اولاد بھی ایمان لا کر ان کے طریقے پر چلی تو ہم ان کے ساتھ ان کی اولاد کو بھی جنت میں جمع کر دینگے۔ ان کے اپنے اعمال کے

مِّن شَىْءٍ ۚ كُلُّ امْرِئٍۭ بِمَا كَسَبَ رَهِينٌ ﴿21﴾ وَأَمْدَدْنَٰهُم بِفَٰكِهَةٍ

سے | کچھ | ہر | شخص | اُس کا جو | اس نے کمایا | گروی ہے | اور ہم مدد کریں گے انکی | پھلوں سے

ثواب میں کوئی کمی نہ کریں گے۔ وہاں ہر شخص کی نجات کا فیصلہ اس کے اعمال کی بنیاد پر ہوگا۔ اور جنتیوں کو ہم ان کی

وَلَحْمٍ مِّمَّا يَشْتَهُونَ ﴿22﴾ يَتَنَٰزَعُونَ فِيهَا كَأْسًا لَّا لَغْوٌ فِيهَا

اور گوشت سے | اس سے جو | وہ چاہیں گے | وہ ایک دوسرے سے لیں گے | اس میں | پیالہ شراب پر | نہیں | بیہودہ بات | جس میں

پسند کے پھل میوے اور گوشت برابر دیتے رہیں گے۔ ان کے درمیان شراب کے پیالوں کے تبادلے ہوں گے۔ شراب ایسی ہوگی

وَلَا تَأْثِيمٌ ﴿23﴾ وَيَطُوفُ عَلَيْهِمْ غِلْمَانٌ لَّهُمْ كَأَنَّهُمْ لُؤْلُؤٌ مَّكْنُونٌ ﴿24﴾

اور نہ گناہ گاری | اور پھریں گے | اُن پر | لڑکے | انکے | گویا کہ وہ ہیں | موتی | چھپائے ہوئے

جس سے کوئی بیہودگی اور گناہ سرزد نہ ہوگا۔ ان کی خدمت میں لڑکے دوڑتے پھریں گے، جو ایسے خوبصورت ہوں گے جیسے حفاظت

وَأَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلَىٰ بَعْضٍ يَتَسَآءَلُونَ ﴿25﴾ قَالُوٓا إِنَّا كُنَّا قَبْلُ فِىٓ

اور روبرو ہونگے | بعض انکے | پر | بعض | پوچھتے ہوئے | وہ کہیں گے | بیشک ہم | ہم تھے | پہلے | میں

میں رکھے ہوئے موتی۔ جنتی ایک دوسرے کی طرف متوجہ ہو کر بات کریں گے، وہ کہیں گے "ہم اس سے پہلے اپنے گھروں میں

أَهْلِنَا مُشْفِقِينَ ﴿26﴾ فَمَنَّ اللَّهُ عَلَيْنَا وَوَقَىٰنَا عَذَابَ السَّمُومِ ﴿27﴾ إِنَّا

اپنے گھر والوں | ڈرتے رہتے | پس احسان کیا ہے | اللہ نے | ہم پر | اور بچایا ہمیں | عذاب سے | گرم لُو کے | بیشک ہم

ڈرتے رہتے تھے۔ اللہ نے ہم پر بڑا فضل فرمایا۔ ہمیں دوزخ کی گرم لو کے عذاب سے بچایا۔ ہم اس سے

ع 1 28 3

كُنَّا مِنْ قَبْلُ نَدْعُوْهُ ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْبَرُّ الرَّحِيْمُ ﴿28﴾ فَذَكِّرْ فَمَآ اَنْتَ

هم تھے | سے | پہلے اس | ہم پکارتے اسی کو | بیشک وہ | وہی | اچھا سلوک کرنیوالا | مہربان ہے | پس تو نصیحت کر | پس نہیں | تو

پہلے صرف اللہ ہی کو پکارتے تھے۔ بیشک وہ اچھا سلوک کرنے والا مہربان ہے" اے نبی ﷺ آپ ﷺ ان لوگوں کو سمجھاتے رہیں

بِنِعْمَتِ رَبِّكَ بِكَاهِنٍ وَّلَا مَجْنُوْنٍ ﴿29﴾ اَمْ يَقُوْلُوْنَ شَاعِرٌ نَّتَرَبَّصُ

فضل سے | رب اپنے کے | کاہن (عامل) | اور نہ | دیوانہ | کیا | وہ کہتے ہیں کہ | شاعر ہے | ہم انتظار کرتے ہیں

اور یقین رکھیں آپ ﷺ اپنے رب کے فضل سے نہ تو کاہن ہیں، نہ دیوانے۔ کیا کافر لوگ آپ ﷺ کے متعلق کہتے ہیں "یہ

بِهٖ رَيْبَ الْمَنُوْنِ ﴿30﴾ قُلْ تَرَبَّصُوْا فَاِنِّيْ مَعَكُمْ مِّنَ الْمُتَرَبِّصِيْنَ ﴿31﴾

ساتھ اس کے | گردش | زمانہ کا | کہہ دیجئے | تم انتظار کرو | پس بیشک میں | ساتھ تمہارے | سے | انتظار کرنیوالوں میں ہوں

شاعر ہے"۔ ہم اس کے بارے میں گردشِ زمانہ کا انتظار کر رہے ہیں؟" آپ ﷺ ان سے کہیں "تم بھی انتظار کرو، میں بھی تمہارے

اَمْ تَاْمُرُهُمْ اَحْلَامُهُمْ بِهٰذَآ اَمْ هُمْ قَوْمٌ طَاغُوْنَ ﴿32﴾ اَمْ يَقُوْلُوْنَ

کیا | حکم دیتی ہیں انکو | عقلیں انکی | اس بات کا | یا | وہ ہیں | لوگ | سرکش | کیا | وہ کہتے ہیں

ساتھ انتظار کر رہا ہوں۔" کیا ان کی عقلیں انہیں یہی سکھاتی ہیں یا وہ سرکش لوگ ہیں؟ کیا وہ آپ ﷺ کے بارے میں کہتے ہیں"

تَقَوَّلَهٗ ۚ بَلْ لَّا يُؤْمِنُوْنَ ﴿33﴾ فَلْيَاْتُوْا بِحَدِيْثٍ مِّثْلِهٖٓ اِنْ كَانُوْا

اس نے خود بنالیا اسے | بلکہ | نہیں | وہ ایمان لاتے | پس چاہیے وہ لائیں | کوئی کلام | اس جیسا | اگر | وہ ہیں

اس شخص نے قرآن خود گھڑ لیا ہے؟" اصل میں وہ ایمان نہیں لانا چاہتے۔ اگر وہ سچے ہیں تو اس قرآن جیسا کوئی

صٰدِقِيْنَ ﴿34﴾ اَمْ خُلِقُوْا مِنْ غَيْرِ شَيْءٍ اَمْ هُمُ الْخٰلِقُوْنَ ﴿35﴾ اَمْ

سچے | کیا | انکو پیدا کیا گیا | سے | بغیر | کسی چیز | یا | وہ ہیں | پیدا کرنیوالے | یا

کلام پیش کریں؟ کیا وہ کسی خالق کے بغیر پیدا ہو گئے یا وہ اپنے خود خالق ہیں؟ کیا زمین

خَلَقُوا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ بَلْ لَّا يُوْقِنُوْنَ ﴿36﴾ اَمْ عِنْدَهُمْ

انہوں نے پیدا کیا | آسمانوں کو | اور زمین کو | بلکہ | نہیں | وہ یقین کرتے | کیا | پاس انکے ہیں

و آسمان کو انہوں نے پیدا کیا؟ اصل میں وہ اللہ پر یقین نہیں رکھتے۔ کیا ان کے پاس تمہارے

خَزَآئِنُ رَبِّكَ اَمْ هُمُ الْمُصَيْطِرُوْنَ ﴿37﴾ اَمْ لَهُمْ سُلَّمٌ يَّسْتَمِعُوْنَ

خزانے | تیرے رب کے | یا | وہ | سخت گیر ہیں | کیا | ان کیلئے ہے | سیڑھی | وہ سنتے ہیں

رب کے خزانے ہیں؟ یا ہر جگہ انہیں کا زور چلتا ہے۔ کیا ان کے پاس کوئی سیڑھی ہے جس پر چڑھ کر وہ آسمان کی باتیں سن

فِيهِ ۚ فَلْيَأْتِ مُسْتَمِعُهُم بِسُلْطَانٍ مُّبِينٍ ﴿٣٨﴾ أَمْ لَهُ الْبَنَاتُ وَلَكُمُ

اُس میں | پس چاہئے کہ لائے | سننے والا انکا | کوئی دلیل | واضح | کیا | اس (اللہ) کیلئے | بیٹیاں ہیں | اور تمہارے لیے

لیتے ہیں ؟ اگر ہے تو ان کا سننے والا کوئی کھلی دلیل پیش کرے ۔ کیا اللہ کے لئے بیٹیاں اور تمہارے

الْبَنُونَ ﴿٣٩﴾ أَمْ تَسْأَلُهُمْ أَجْرًا فَهُم مِّن مَّغْرَمٍ مُّثْقَلُونَ ﴿٤٠﴾ أَمْ

بیٹے | یا | تو مانگتا ہے ان سے | معاوضہ | پھر وہ ہیں | سے | چٹی | بوجھل | کیا

لئے بیٹے؟ اے نبی ﷺ کیا آپ ﷺ ان سے معاوضہ مانگتے ہیں اور وہ تاوان کے بوجھ تلے دبے جا رہے ہیں ۔ یا ان کے پاس

عِندَهُمُ الْغَيْبُ فَهُمْ يَكْتُبُونَ ﴿٤١﴾ أَمْ يُرِيدُونَ كَيْدًا ۖ فَالَّذِينَ

پاس انکے ہے | علم غیب | پھر وہ | لکھ لیتے ہیں | کیا | وہ چاہتے ہیں | کوئی چال چلنا | پس جو لوگ

غیب کا علم ہے جس سے وہ ساری باتیں لکھ لیتے ہیں ۔ کیا وہ کوئی چال چلنا چاہتے ہیں ؟ تو یاد رکھیں کافروں کی ہر چال

كَفَرُوا هُمُ الْمَكِيدُونَ ﴿٤٢﴾ أَمْ لَهُمْ إِلَٰهٌ غَيْرُ اللَّهِ ۚ سُبْحَانَ اللَّهِ

کافر ہوئے | انہی سے | چال چلی گئی ہے | کیا | ان کے لیے ہے | کوئی معبود | سوائے | اللہ کے | پاک ہے | اللہ

ان پر الٹی پڑے گی ۔ کیا اللہ کے سوا ان کا کوئی اور معبود ہے؟ اللہ پاک ہے اس شرک سے جو وہ لوگ کر رہے ہیں ۔ اگر وہ لوگ آسمانی

عَمَّا يُشْرِكُونَ ﴿٤٣﴾ وَإِن يَرَوْا كِسْفًا مِّنَ السَّمَاءِ سَاقِطًا يَقُولُوا

اس سے جو | وہ شریک ٹھہراتے ہیں | اور اگر | وہ دیکھیں | ایک ٹکڑا | سے | آسمان | گرتا ہوا | تو وہ کہتے ہیں

آفت کا کوئی ٹکڑا گرتا ہوا دیکھیں گے تو بھی یہی کہیں گے " یہ تو

سَحَابٌ مَّرْكُومٌ ﴿٤٤﴾ فَذَرْهُمْ حَتَّىٰ يُلَاقُوا يَوْمَهُمُ الَّذِي فِيهِ

بادل ہے | تہہ بہ تہہ | پس تو چھوڑ انکو | یہاں تک کہ | ملاقات کریں وہ | اپنے اس دن سے | کہ | جس میں

ایک تہہ بہ تہہ بادل ہے" ۔ لہٰذا اے نبی ﷺ آپ ﷺ ان لوگوں کو ان کے حال پر چھوڑ دیں یہاں تک کہ وہ اپنے اس دن سے

يُصْعَقُونَ ﴿٤٥﴾ يَوْمَ لَا يُغْنِي عَنْهُمْ كَيْدُهُمْ شَيْئًا وَلَا هُمْ

وہ بے ہوش ہونگے | جس دن | نہ | کام آئے گی | ان کے | چال انکی | کچھ | اور نہ | انکی

دوچار ہوں جس میں ان کے ہوش اڑ جائیں گے ۔ اس دن ان کی چالیں ان کے کچھ کام نہ آئیں گی اور نہ

يُنصَرُونَ ﴿٤٦﴾ وَإِنَّ لِلَّذِينَ ظَلَمُوا عَذَابًا دُونَ ذَٰلِكَ وَلَٰكِنَّ

مدد کی جائے گی | اور بیشک | اُن کے لیے جو | ظالم ہیں | عذاب ہے | علاوہ | اسکے | اور لیکن

اُنہیں کوئی مدد ملے گی ۔ اور اس سے پہلے بھی ان ظالموں کے لئے عذاب ہے لیکن ان میں سے اکثر نہیں جانتے ۔ آپ ﷺ صبر کے

أَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُونَ ﴿47﴾ وَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ فَإِنَّكَ بِأَعْيُنِنَا

اکثر ان کے | نہیں | وہ جانتے | اور تو صبر کر | حکم تک | رب اپنے کے | پس بیشک تو | ہماری آنکھوں کے سامنے ہے

ساتھ اپنے رب کے فیصلے کا انتظار کریں۔ بیشک آپ ﷺ ہماری آنکھوں کے سامنے ہیں۔ آپ ﷺ اپنے

وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ حِينَ تَقُومُ ﴿48﴾ وَمِنَ اللَّيْلِ فَسَبِّحْهُ

اور تو تسبیح کر | ساتھ تعریف کے | اپنے رب کی | جب | تو کھڑا ہوتا ہے | اور کو | رات | پس تو تسبیح کر اس کی

رب کی حمد وثنا کے ساتھ تسبیح کریں، جب سو کر اٹھتے ہیں اور رات کو بھی، اور فجر کے وقت بھی

وَإِدْبَارَ النُّجُومِ ﴿49﴾ ع

2 ع 21 4

اور بعد چلے جانے | تاروں کے بھی۔

جب ستارے ڈوبنے لگتے ہیں۔

(53) سُورَةُ النَّجْمِ مَكِّيَّةٌ (23)

آيَاتُهَا 62 — رُكُوعَاتُهَا 3

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

وَالنَّجْمِ إِذَا هَوَىٰ ﴿1﴾ مَا ضَلَّ صَاحِبُكُمْ وَمَا غَوَىٰ ﴿2﴾

قسم ہے تارے کی | جب | وہ گرے | نہیں | بہک گیا | ساتھی تمہارا | اور نہ | گم راہ ہوا

گواہ ہیں وہ ستارے جو غروب ہو جاتے ہیں کہ اے کفار مکہ تمہارے ساتھ رہنے والے نبی ﷺ نہ بھٹکے ہوئے ہیں اور نہ گمراہ۔ وہ

وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوَىٰ ﴿3﴾ إِنْ هُوَ إِلَّا وَحْيٌ يُوحَىٰ ﴿4﴾ عَلَّمَهُ شَدِيدُ

اور نہیں وہ بولتا | سے | خواہش | نہیں | وہ | مگر | وحی | جو بھیجی جاتی ہے | سکھایا اسے | سخت

اپنی طرف سے نہیں کہتے۔ یہ تو وحی ہے جو ان پر نازل ہوتی ہے۔ ان کو تعلیم دیتا ہے ایک

الْقُوَىٰ ﴿5﴾ ذُو مِرَّةٍ فَاسْتَوَىٰ ﴿6﴾ وَهُوَ بِالْأُفُقِ الْأَعْلَىٰ ﴿7﴾ ثُمَّ

قوتوں والے نے | قوت والا ہے | پس وہ بلند ہوا | اور وہ تھا | افق پر | بلند | پھر

زبردست قوت والا اور دانا فرشتہ جو اصلی شکل میں نمودار ہوا جب وہ آسمان کے اونچے کنارے پر تھا۔ پھر

دَنَا فَتَدَلَّىٰ ﴿8﴾ فَكَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ أَوْ أَدْنَىٰ ﴿9﴾ فَأَوْحَىٰ إِلَىٰ

وہ قریب ہوا | پھر وہ اترا | پھر وہ تھا | برابر | دو کمانوں کے | یا | زیادہ قریب | پھر اس نے وحی کی | طرف

وہ نزدیک ہوا اور اتر آیا۔ پھر دو کمانوں کے برابر یا اس سے بھی کم فاصلہ رہ گیا۔ پھر اس نے وحی کی اس (اللہ) کے بندے کی طرف

عَبْدِهٖ مَآ اَوْحٰی ⑩ مَا كَذَبَ الْفُؤَادُ مَا رَاٰی ⑪ اَفَتُمٰرُوْنَهٗ

بندے اس (اللہ) کے | جو | وحی کی | نہیں | جھوٹ بولا | دل نے | جو | دیکھا | کیا پس تم جھگڑتے ہو اس سے

جو وحی بھی کی۔ نبی ﷺ نے آنکھ سے جو کچھ دیکھا ان کے دل نے اسے صحیح سمجھا۔ تو کیا اے لوگو! تم نبی ﷺ سے ایسی چیز کے بارے میں

عَلٰی مَا یَرٰی ⑫ وَلَقَدْ رَاٰهُ نَزْلَةً اُخْرٰی ⑬ عِنْدَ سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰی ⑭

اس پر | جو | اُس نے دیکھا | اور بیشک | دیکھا اس نے اسے | اترتے ہوئے | ایک اور بار | پاس | سدرۃ | المنتہی کے

جھگڑتے ہو جو انہوں نے خود دیکھی ہے۔ نبی ﷺ نے ایک بار اور بھی جبرئیل کو ان کی اصلی صورت میں اترتے ہوئے دیکھا۔ سدرۃ

عِنْدَهَا جَنَّةُ الْمَاْوٰی ⑮ اِذْ یَغْشَی السِّدْرَةَ مَا یَغْشٰی ⑯ مَا زَاغَ

قریب جسکے ہے | جنت | الماویٰ | جب | ڈھانپا تھا | بیری کو | جو کچھ | ڈھانپ رہا تھا | نہیں | ٹیڑھی ہوئی

المنتہی کے پاس، جس کے پاس ہی جنت الماوی ہے۔ جو نیک لوگوں کا ٹھکانا ہوگا۔ اس وقت سدرہ پر چھار ہا تھا جو کچھ چھار ہا تھا۔ اس

الْبَصَرُ وَمَا طَغٰی ⑰ لَقَدْ رَاٰی مِنْ اٰیٰتِ رَبِّهِ الْكُبْرٰی ⑱ اَفَرَءَیْتُمُ

نگاہ | اور نہ | آگے بڑھ گئی | بیشک | اس نے دیکھا | سے | نشانیوں | رب اپنے کی | بڑی | کیا پس تم نے دیکھا

موقع پر نبی ﷺ کی نگاہ نہ ادھر ادھر ہٹی اور نہ حد سے آگے بڑھی۔ انہوں نے اپنے رب کی بڑی بڑی نشانیاں دیکھیں۔ اے مشرکین

اللّٰتَ وَالْعُزّٰی ⑲ وَمَنٰوةَ الثَّالِثَةَ الْاُخْرٰی ⑳ اَلَكُمُ الذَّكَرُ وَلَهُ

لات کو | اور عزیٰ کو | اور منات | تیسرے | بعد والے کو | کیا تمہارے لیے | لڑکے ہیں | اور اس کیلئے

مکہ تم نے غور کیا اپنے بتوں لات، عزیٰ اور تیسرے منات پر۔ کیا یہ اللہ کی بیٹیاں ہیں؟ کیا تمہارے لئے بیٹے ہیں اور اللہ کے لئے

الْاُنْثٰی ㉑ تِلْكَ اِذًا قِسْمَةٌ ضِیْزٰی ㉒ اِنْ هِیَ اِلَّآ اَسْمَآءٌ

لڑکیاں ہیں | یہ تو | اس وقت | تقسیم ہے | بھونڈی | نہیں | یہ | مگر | نام

بیٹیاں ۔ یہ تو بڑی بے ڈھنگی تقسیم ہوئی۔ یہ بت صرف نام ہیں

سَمَّیْتُمُوْهَآ اَنْتُمْ وَاٰبَآؤُكُمْ مَّآ اَنْزَلَ اللّٰهُ بِهَا مِنْ سُلْطٰنٍ اِنْ

تم نے نام دے رکھا ہے جن کو | تم نے | اور باپ دادا تمہارے نے | نہیں | اتاری | اللہ نے | ان کی | کوئی | دلیل | نہیں

جو تم نے اور تمہارے باپ داد نے رکھ لئے۔ اللہ نے ان کے معبود ہونے کی کوئی دلیل نہیں اتاری۔ اصل میں

یَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ وَمَا تَهْوَی الْاَنْفُسُ وَلَقَدْ جَآءَهُمْ مِّنْ رَّبِّهِمُ

وہ پیروی کرتے | مگر | گمان کی | اور اسکی جو | چاہتے ہیں | جی (انکے) | اور بیشک | آئی انکے پاس | طرف سے | رب انکے

وہ لوگ محض گمان کی پیروی کر رہے ہیں اور خواہش نفس کی حالانکہ ان کے پاس ان کے رب کی طرف سے

ع 1 25 5

الْهُدٰى ﴿23﴾ اَمْ لِلْاِنْسَانِ مَا تَمَنّٰى ﴿24﴾ فَلِلّٰهِ الْاٰخِرَةُ وَالْاُوْلٰى ﴿25﴾

ہدایت | کیا | انسان کیلئے ہے | جس کی وہ | تمنا کرے | پس اللہ کیلئے ہے | آخرت | اور پہلی (دنیا)

ہدایت آچکی ہے مگر وہ مانتے نہیں۔ کیا ہر انسان کو اس کی من مراد مل جائے گی؟ جبکہ دنیا اور آخرت کا مالک صرف اللہ ہے۔

وَكَمْ مِّنْ مَّلَكٍ فِي السَّمٰوٰتِ لَا تُغْنِيْ شَفَاعَتُهُمْ شَيْئًا اِلَّا مِنْ

اور بہت | سے | فرشتے ہیں | میں | آسمانوں | نہیں | کام آتی | سفارش انکی | کچھ بھی | مگر | سے

آسمانوں میں کتنے فرشتے ہیں جن کی سفارش کچھ بھی کام نہیں آسکتی، جب تک اللہ ان فرشتوں کو اس کی اجازت نہ دے ایسے شخص

بَعْدِ اَنْ يَّاْذَنَ اللّٰهُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَرْضٰى ﴿26﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ

بعد اسکے | کہ | اجازت دے | اللہ | جسے | وہ چاہے | اور جس سے وہ راضی ہو | بیشک | جو لوگ | نہیں | وہ ایمان لاتے

کے حق میں جسے اللہ چاہے اور جس سے وہ راضی ہو۔ بیشک جو لوگ آخرت

بِالْاٰخِرَةِ لَيُسَمُّوْنَ الْمَلٰٓئِكَةَ تَسْمِيَةَ الْاُنْثٰى ﴿27﴾ وَمَا لَهُمْ بِهٖ مِنْ

آخرت پر | البتہ وہ نام رکھتے ہیں | فرشتوں کے | نام | عورتوں کے | اور نہیں ہے | ان کے پاس | اس کا | کچھ

پر ایمان نہیں رکھتے وہ فرشتوں کے زنانہ نام رکھتے ہیں۔ حالانکہ ایسے لوگوں کے پاس اس کی کوئی

عِلْمٍ اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ وَاِنَّ الظَّنَّ لَا يُغْنِيْ مِنَ الْحَقِّ

علم | نہیں | وہ پیچھے چلتے | مگر | گمان کے | اور بیشک | گمان | نہیں | کام آتا | مقابلے میں | حق کے

دلیل نہیں ۔ وہ محض گمان پر چل رہے ہیں اور گمان تو حقیقت کے سامنے کام

شَيْئًا ﴿28﴾ فَاَعْرِضْ عَنْ مَّنْ تَوَلّٰى عَنْ ذِكْرِنَا وَلَمْ يُرِدْ اِلَّا

کچھ بھی | پس تو منہ پھیر لے | سے | اس جو | منہ موڑتا ہے | سے | یاد ہماری | اور نہیں | وہ چاہتا | مگر

نہیں دیتا۔ اے نبی ﷺ آپ ﷺ ان لوگوں سے اعراض کریں جو ہماری نصیحت سے منہ موڑ رہے ہیں اور صرف دنیا کی زندگی کے

الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ﴿29﴾ ذٰلِكَ مَبْلَغُهُمْ مِّنَ الْعِلْمِ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ

زندگی | دنیا کی | یہ ہے | رسائی انکی | سے | علم | بیشک | رب تیرا | وہی | خوب جانتا ہے

طالب بنے ہوئے ہیں ۔ ان کی سمجھ یہیں تک ہے۔ آپ ﷺ کا رب خوب جانتا ہے کون

بِمَنْ ضَلَّ عَنْ سَبِيْلِهٖ وَهُوَ اَعْلَمُ بِمَنِ اهْتَدٰى ﴿30﴾ وَلِلّٰهِ مَا فِي

اسے جو | گمراہ ہوا | سے | راہ اسکی | اور وہ | خوب جانتا ہے | اسے جس نے | ہدایت پائی | اور اللہ کا ہے | جو | میں

اس کی راہ سے بھٹکا ہوا ہے اور وہ یہ بھی جانتا ہے کون سیدھی راہ پر ہے۔ اللہ ہی کا ہے

السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۙ لِيَجْزِيَ الَّذِيْنَ اَسَآءُوْا بِمَا عَمِلُوْا

آسمانوں | اور جو کچھ ہے | میں | زمین | تا کہ وہ اللہ بدلہ دے | انکو جنھوں نے | برائی اختیار کی | اس کا جو | انھوں نے کیا

جو کچھ آسمانوں میں ہے جو کچھ زمین میں ہے۔ وہی برائی کرنے والوں کو ان کے کئے کا بدلہ دے گا

وَيَجْزِيَ الَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا بِالْحُسْنٰى ۚ ﴿31﴾ اَلَّذِيْنَ يَجْتَنِبُوْنَ كَبٰٓئِرَ الْاِثْمِ

اور وہ بدلہ دیگا | انکو جو | نیکی کرتے ہیں | بھلائی کے ساتھ | وہ لوگ جو | بچتے ہیں | بڑے | گناہوں سے

اور ان بھلائی کرنے والوں کو ان کی بھلائی کا بدلہ دے گا۔ جو بڑے گناہوں سے

وَالْفَوَاحِشَ اِلَّا اللَّمَمَ ۭ اِنَّ رَبَّكَ وَاسِعُ الْمَغْفِرَةِ ۭ هُوَ اَعْلَمُ بِكُمْ

اور بے حیائیوں سے | مگر | چھوٹے گناہ | بیشک | رب تیرا | بڑی | بخشش والا ہے | وہ | خوب جانتا ہے | تم کو

اور بے حیائی سے بچتے ہیں۔مگر چھوٹے گناہوں سے انسان کہاں بچ سکتا ہے؟ بیشک آپ ﷺ کے رب کی بخشش کا دامن بڑا وسیع

اِذْ اَنْشَاَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ وَاِذْ اَنْتُمْ اَجِنَّةٌ فِيْ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ ۚ

جب | اُس نے پیدا کیا تھا تمہیں | سے | زمین | اور جب | تم تھے | بچے | میں | پیٹوں | ماؤں اپنی کے

ہے۔وہ تم لوگوں کو اچھی طرح جانتا ہے جب اس نے تمہیں زمین سے پیدا کیا اور جب تم اپنی ماؤں کے پیٹ میں جنین کی حالت

فَلَا تُزَكُّوْٓا اَنْفُسَكُمْ ۭ هُوَ اَعْلَمُ بِمَنِ اتَّقٰى ﴿32﴾ ع اَفَرَءَيْتَ الَّذِيْ

پس نہ | تم پاک کہو | اپنے آپ کو | وہی | بہتر جانتا ہے | کہ کون ہے | پرہیزگار | کیا پس تو نے دیکھا | اُسے جس نے

میں تھے۔لہٰذا تم اپنے آپ کو مقدس نہ سمجھو۔وہی بہتر جانتا ہے کون پرہیزگار ہے۔اے نبی ﷺ آپ ﷺ نے ایسے شخص کو دیکھا

تَوَلّٰى ۙ ﴿33﴾ وَاَعْطٰى قَلِيْلًا وَّاَكْدٰى ﴿34﴾ اَعِنْدَهٗ عِلْمُ الْغَيْبِ فَهُوَ يَرٰى ﴿35﴾

منہ موڑا | اور اس نے دیا | تھوڑا سا | اور پھر روکے رکھا | کیا پاس اسکے ہے | علم | غیب کا | پس وہ | وہ دیکھتا ہے

جس نے منہ موڑا؟ اس نے اپنی نجات کی خاطر تھوڑا سا مال خرچ کیا پھر ہاتھ روک لیا۔کیا اس کے پاس غیب کا علم ہے جس سے وہ

اَمْ لَمْ يُنَبَّاْ بِمَا فِيْ صُحُفِ مُوْسٰى ۙ ﴿36﴾ وَاِبْرٰهِيْمَ الَّذِيْ وَفّٰٓى ۙ ﴿37﴾

کیا | نہیں | بتایا گیا | جو کچھ تھا | میں | صحیفوں | موسیٰ کے | اور ابراہیم کے | وہ جس نے | وعدہ پورا کردیا

اپنا انجام دیکھ رہا ہے۔کیا اسے ان باتوں کی خبر نہیں پہنچی جو موسیٰؑ کے صحیفوں میں لکھی ہوئی ہیں، اور ابراہیمؑ کے صحیفوں میں بھی، جس

اَلَّا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى ۙ ﴿38﴾ وَاَنْ لَّيْسَ لِلْاِنْسَانِ اِلَّا مَا

یہ کہ نہیں | اٹھاتی | کوئی اٹھانے والی | بوجھ | دوسری کا | اور یہ کہ | نہیں ہے | انسان کیلئے | مگر | جو

نے اپنا قول پورا کر دیا؟ یہ کہ کوئی جان کسی دوسری جان کا بوجھ نہیں اٹھائے گی۔ اور یہ کہ انسان کو آخرت میں

سَعٰى ﴿39﴾ وَ اَنَّ سَعْيَهٗ سَوْفَ يُرٰى ﴿40﴾ ثُمَّ يُجْزٰىهُ الْجَزَآءَ الْاَوْفٰى ﴿41﴾

اس نے کوشش کی | اور یہ کہ | کوشش اسکی | ضرور | دیکھی جائے گی | پھر | بدلہ دیا جائے گا اسے | بدلہ | پورا

وہی کچھ ملے گا جو اس نے کمایا اور یہ کہ وہاں اس کی کمائی دیکھی جائے گی۔ پھر اسے پورا بدلہ دیا جائے گا۔

وَ اَنَّ اِلٰى رَبِّكَ الْمُنْتَهٰى ﴿42﴾ وَ اَنَّهٗ هُوَ اَضْحَكَ وَ اَبْكٰى ﴿43﴾ وَ اَنَّهٗ هُوَ

اور یہ کہ | طرف | رب تیرے کی ہے | انتہا | اور یہ کہ وہ | وہی | ہنساتا ہے | اور رلاتا ہے | اور یہ کہ وہ | وہی

اور یہ کہ سب کو تمہارے رب کے پاس پہنچنا ہے۔ اور یہ کہ وہی ہنساتا بھی ہے اور رلاتا بھی۔ وہی مارتا

اَمَاتَ وَ اَحْيَا ﴿44﴾ وَ اَنَّهٗ خَلَقَ الزَّوْجَيْنِ الذَّكَرَ وَ الْاُنْثٰى ﴿45﴾ مِنْ

مارتا ہے | اور زندہ کرتا ہے | اور یہ کہ | اس نے پیدا کیا | جوڑا | یعنی نر | اور مادہ | سے

بھی ہے اور زندہ بھی کرتا ہے اور یہ کہ اسی نے نر اور مادہ کا جوڑا پیدا کیا ، ایک بوند

نُّطْفَةٍ اِذَا تُمْنٰى ﴿46﴾ وَ اَنَّ عَلَيْهِ النَّشْاَةَ الْاُخْرٰى ﴿47﴾ وَ اَنَّهٗ هُوَ

ایک بوند | جب | وہ ٹپکائی جاتی ہے | اور یہ کہ | ذمے اسی کے ہے | پیدائش | دوسری | اور یہ کہ وہ | وہی

سے جب وہ ٹپکائی جاتی ہے۔ اور یہ کہ دوبارہ زندہ کر کے اٹھانا بھی اسی اللہ کے ذمے ہے اور یہ کہ وہی مال

اَغْنٰى وَ اَقْنٰى ﴿48﴾ وَ اَنَّهٗ هُوَ رَبُّ الشِّعْرٰى ﴿49﴾ وَ اَنَّهٗٓ اَهْلَكَ عَادَا

غنی کرتا ہے | اور خزانے دیتا ہے | اور یہ کہ وہ | وہی ہے | رب | شعریٰ (ستارے) کا | اور یہ کہ اسی نے | ہلاک کیا | عاد

دیتا ہے اور دولت مند بناتا ہے۔ اور یہ کہ وہی شعریٰ ستارے کا بھی رب ہے۔ اور یہ کہ اسی نے قوم عاد اوّل کو

الْاُوْلٰى ﴿50﴾ وَ ثَمُوْدَاۡ فَمَآ اَبْقٰى ﴿51﴾ وَ قَوْمَ نُوْحٍ مِّنْ قَبْلُ اِنَّهُمْ

پہلے کو | اور ثمود کو | پھر نہ | باقی چھوڑا | اور قوم | نوح کو | سے | پہلے انکے | بیشک وہ

ہلاک کیا ۔ قوم ثمود کو بھی نہ چھوڑا۔ ان سے پہلے قوم نوح کو ہلاک کیا جو بڑے

كَانُوْا هُمْ اَظْلَمَ وَ اَطْغٰى ﴿52﴾ وَ الْمُؤْتَفِكَةَ اَهْوٰى ﴿53﴾ فَغَشّٰىهَا مَا

تھے | وہی | بڑے ظالم | اور بڑے سرکش | اور الٹائی ہوئی بستیوں کو | اس نے پٹخ دیا | پھر ڈھانپا اسکو | جو

ظالم اور سرکش لوگ تھے۔ اسی نے قوم لوط کی الٹی ہوئی بستیوں کو پھینک مارا۔ پھر ان پر پتھراؤ کی جو آفت

غَشّٰى ﴿54﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكَ تَتَمَارٰى ﴿55﴾ هٰذَا نَذِيْرٌ مِّنَ النُّذُرِ

ڈھانپا | پس کون سی | نعمتوں کو | اپنے رب کی | آپ شک کریں گے | یہ ہے | خبردار کرنیوالا | سے | خبردار کرنیوالوں

آنی تھی وہ آئی"۔ تو اے کافر انسان تو اپنے رب کی کون کون سی نشانیوں کو جھٹلائے گا؟ یہ نبی ﷺ بھی خبردار کرنے والے ہیں جیسے

الْاُوْلٰی ﴿56﴾ اَزِفَتِ الْاٰزِفَةُ ﴿57﴾ لَیْسَ لَهَا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ كَاشِفَةٌ ﴿58﴾

پہلوں سے | قریب آگئی | قریب آنے والی (قیامت) | نہیں ہے | اس کو | سے | سوا | اللہ کے | کوئی کھولنے والا

پہلے خبر دار کرنے والے بھیجے گئے۔ اور دیکھو، قریب آنے والی قیامت قریب آگئی۔ اللہ کے سوا کوئی اسے ہٹانے والا نہیں۔

اَفَمِنْ هٰذَا الْحَدِیْثِ تَعْجَبُوْنَ ﴿59﴾ وَتَضْحَكُوْنَ وَلَا تَبْكُوْنَ ﴿60﴾ وَاَنْتُمْ

کیا پس سے | اس | کلام | تم تعجب کرتے ہو | اور تم ہنستے ہو | اور نہیں | تم روتے | اور تم ہو

کیا تم لوگ قرآن کی بات پر تعجب کرتے ہو؟ اسے سن کر ہنستے ہو، روتے نہیں ہو کیسے

سٰمِدُوْنَ ﴿61﴾ فَاسْجُدُوْا لِلّٰهِ وَاعْبُدُوْا ﴿62﴾

غافل | پس تم سجدہ کرو | اللہ کو | اور تم عبادت کرو (اسکی)

غافل ہوگئے ہو۔ اللہ کو سجدہ کرو اور اسی کی عبادت کرو۔

(54) سُوْرَةُ الْقَمَرِ مَكِّيَّةٌ (37)

اٰیَاتُهَا 55 — رُكُوْعَاتُهَا 3

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اِقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَانْشَقَّ الْقَمَرُ ﴿1﴾ وَاِنْ یَّرَوْا اٰیَةً یُّعْرِضُوْا

قریب آگئی | قیامت | اور پھٹ گیا | چاند | اور اگر | وہ دیکھ لیں | کوئی نشانی | تو وہ منہ پھیر لیتے ہیں

قیامت قریب آگئی اور چاند پھٹ گیا۔ مگر کافر لوگ جو نشانی بھی دیکھیں اس سے منہ پھیر لیتے ہیں

وَیَقُوْلُوْا سِحْرٌ مُّسْتَمِرٌّ ﴿2﴾ وَكَذَّبُوْا وَاتَّبَعُوْۤا اَهْوَآءَهُمْ وَكُلُّ اَمْرٍ

اور وہ کہتے ہیں | جادو ہے | مسلسل ہوتا ہوا | اور انہوں نے جھٹلایا | اور انہوں نے پیروی کی | خواہشوں اپنی کی | اور ہر | معاملہ

اور کہتے ہیں "یہ جادو ہے جو پہلے سے چلا آرہا ہے۔" اس طرح ان لوگوں نے جھٹلایا اور اپنی خواہشوں کی پیروی کی۔ ہر کام کا وقت

مُّسْتَقِرٌّ ﴿3﴾ وَلَقَدْ جَآءَهُمْ مِّنَ الْاَنْۢبَآءِ مَا فِیْهِ مُزْدَجَرٌ ﴿4﴾ حِكْمَةٌۢ

ٹھہرا ہوا ہے | اور بیشک | آئیں انکے پاس | کئی | خبریں | وہ جو | جن میں | ڈانٹ ہے | جو دانائی

مقرر ہے۔ ان لوگوں کے پاس پہلی قوموں کے حالات پہنچ چکے ہیں جن میں کافی عبرت ہے۔ اور اعلیٰ درجے کی

بَالِغَةٌ فَمَا تُغْنِ النُّذُرُ ﴿5﴾ فَتَوَلَّ عَنْهُمْ یَوْمَ یَدْعُ الدَّاعِ اِلٰی

پوری | پھر نہ | کام آئے | خبردار کرنیوالے | پس منہ پھیر لے | ان سے | جس دن | پکارے گا | پکارنے والا | طرف

حکمت ہے۔ مگر یہ ساری تنبیہات ان کو کوئی فائدہ نہیں دیتیں۔ اے نبی ﷺ آپ ﷺ ان لوگوں سے اعراض کریں۔ جس دن

شَیْءٍ نُّكُرٍ ﴿۶﴾ خُشَّعًا اَبْصَارُهُمْ یَخْرُجُوْنَ مِنَ الْاَجْدَاثِ كَاَنَّهُمْ

چیز | سخت ناپسندیدہ کی | جھکی ہوں گی | آنکھیں انکی | وہ نکلیں گے | سے | قبروں | گویا کہ وہ ہیں

ایک پکارنے والا ایک ناگوار چیز کی طرف پکارے گا۔ وہ سہمی ہوئی نگاہوں کے ساتھ قبروں سے اس طرح نکل پڑیں گے جیسے بکھری

جَرَادٌ مُّنْتَشِرٌ ﴿۷﴾ مُّهْطِعِیْنَ اِلَى الدَّاعِ یَقُوْلُ الْكٰفِرُوْنَ هٰذَا یَوْمٌ

ٹڈی دل | بکھرا ہوا | دوڑتے ہوں گے | طرف | پکارنے والے کی | کہیں گے | کافر | یہ ہے | دن

ہوئی ٹڈیاں ہوں ۔ وہ پکارنے والے کی طرف بھاگتے جا رہے ہوں گے اس وقت کافر لوگ کہیں گے ”یہ بڑا سخت

عَسِرٌ ﴿۸﴾ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ فَكَذَّبُوْا عَبْدَنَا وَقَالُوْا مَجْنُوْنٌ

سخت | جھٹلایا | پہلے ان سے | قوم | نوح نے | پھر انہوں نے جھٹلایا | بندے ہمارے کو | اور انہوں نے کہا | یہ دیوانہ ہے

دن ہے“ ان سے پہلے نوحؑ کی قوم نے جھٹلایا۔ اس نے ہمارے بندے کو جھٹلایا۔ اس کے بارے میں کہا ”یہ دیوانہ ہے“

وَّازْدُجِرَ ﴿۹﴾ فَدَعَا رَبَّهٗۤ اَنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ ﴿۱۰﴾ فَفَتَحْنَاۤ اَبْوَابَ

اور ڈانٹا گیا | پھر اس نے پکارا | رب اپنے کو | یہ کہ میں | مغلوب ہوں | پس تو بدلہ لے | پھر ہم نے کھولے | دروازے

اور اسے دھمکیاں دی گئیں ۔ جس پر اس نے اپنے رب سے دعا کی ”میں مغلوب ہوں تو ہی میرا بدلہ لے“۔ پھر ہم نے

السَّمَآءِ بِمَآءٍ مُّنْهَمِرٍ ﴿۱۱﴾ وَّفَجَّرْنَا الْاَرْضَ عُیُوْنًا فَالْتَقَى الْمَآءُ عَلٰۤى

آسمان کے | ساتھ پانی | زبردست برسنے والے کے | اور ہم نے نکالے | زمین سے | چشمے | پھر مل گیا | پانی | اوپر

آسمان کے دروازے موسلا دھار بارش سے کھول دیئے۔ زمین سے چشمے بہا دیئے۔ وہ سارا پانی مل گیا اس

اَمْرٍ قَدْ قُدِرَ ﴿۱۲﴾ وَحَمَلْنٰهُ عَلٰى ذَاتِ اَلْوَاحٍ وَّدُسُرٍ ﴿۱۳﴾ تَجْرِیْ

ایک کام کے | جو | مقدر کیا گیا تھا | اور ہم نے سوار کرایا اسے | پر | والی | تختوں | اور میخوں والی (کشتی) | جو چلتی تھی

کام کو کرنے کے لئے جس کا فیصلہ ہو چکا تھا۔ اور نوح کو ہم نے چند تختوں والی اور کیلوں والی کشتی پر سوار کرایا جو ہماری نگرانی

بِاَعْیُنِنَا جَزَآءً لِّمَنْ كَانَ كُفِرَ ﴿۱۴﴾ وَلَقَدْ تَّرَكْنٰهَاۤ اٰیَةً فَهَلْ

ہماری آنکھوں کے سامنے | بدلہ لینے کیلئے | اُس (نوح) کیلئے جو | تھا | جس کا کفر کیا گیا | اور بیشک | ہم نے چھوڑ دیا اُس کو | بطور نشانی | پس کوئی

میں تیرتی رہی۔ وہ عذاب ہم نے بھیجا بدلہ لینے کے لئے اس بندے کی طرف سے جس کا کہنا نہ مانا گیا۔ ہم نے اس کشتی کو ایک نشانی بنا

مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴿۱۵﴾ فَكَیْفَ كَانَ عَذَابِیْ وَنُذُرِ ﴿۱۶﴾ وَلَقَدْ یَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ

ہے | نصیحت پانے والا | پھر کیسا | تھا | عذاب میرا | اور ڈرانا میرا | اور بیشک | ہم نے آسان کیا ہے | قرآن کو

دیا، تو ہے کوئی دھیان کرنے والا پھر کیسا رہا میرا عذاب اور میرا ڈرانا اور ہم نے اس قرآن کو نصیحت پانے کے لئے آسان کر دیا

لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴿17﴾ كَذَّبَتْ عَادٌ فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِىْ

نصیحت کے لیے | پس کیا ہے | کوئی | نصیحت پانے والا | جھٹلایا | عاد نے | پھر کیسا | ہوا | عذاب میرا

تو ہے کوئی ہدایت حاصل کرنے والا ؟ اسی طرح قوم عاد نے جھٹلایا تو ان پر کس طرح میرا عذاب آیا

وَنُذُرِ ﴿18﴾ اِنَّآ اَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيْحًا صَرْصَرًا فِىْ يَوْمِ نَحْسٍ

اور ڈرانا میرا | بیشک ہم | ہم نے بھیجی | ان پر | ہوا | تند | میں | دن | منحوس

اور میری تنبیہات پوری ہوئیں۔ ہم نے ان پر ایک اٹل منحوس دن میں سخت آندھی

مُّسْتَمِرٍّ ﴿19﴾ تَنْزِعُ النَّاسَ كَاَنَّهُمْ اَعْجَازُ نَخْلٍ مُّنْقَعِرٍ ﴿20﴾ فَكَيْفَ

دائمی والے | اُس نے اکھاڑ چھوڑا | لوگوں کو | گویا کہ وہ ہیں | تنے | کھجور | اکھڑی ہوئی کے | پھر کیسے

مسلط کر دی۔ جو لوگوں کو اکھاڑ پھینکتی تھی گویا وہ جڑ سے اکھڑے ہوئے کھجوروں کے تنے ہوں پھر کیسا رہا

كَانَ عَذَابِىْ وَنُذُرِ ﴿21﴾ وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ

ہوا | عذاب میرا | اور ڈرانا میرا | اور بیشک | ہم نے آسان کیا ہے | قرآن کو | واسطے نصیحت کے | پس کیا ہے | کوئی

میرا عذاب اور میرا ڈرانا اور ہم نے اس قرآن کو نصیحت کے لئے آسان کر دیا تو کوئی نصیحت

مُّدَّكِرٍ ﴿22﴾ ع كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ بِالنُّذُرِ ﴿23﴾ فَقَالُوْٓا اَبَشَرًا مِّنَّا وَاحِدًا

نصیحت پانے والا | جھٹلایا | ثمود نے | خبردار کرنیوالوں کا | پھر بولے | کیا آدمی | ہم میں سے | ایک کی

حاصل کرنے والا ؟ قوم ثمود نے پیغمبروں کا انکار کیا اور کہا " ہم اپنے اندر کے ایک بشر کی پیروی

(ع 1 / 22 / 8)

نَّتَّبِعُهٗٓ اِنَّآ اِذًا لَّفِىْ ضَلٰلٍ وَّسُعُرٍ ﴿24﴾ ءَاُلْقِىَ الذِّكْرُ عَلَيْهِ

ہم پیروی کریں اسکی | بیشک ہم | اس وقت | ضرور ہیں میں | گمراہی | اور دیوانگی | کیا ڈالا گیا | ذکر | اس پر

کیوں کریں؟ اگر ہم نے ایسا کیا تو پھر ہم گمراہی اور دیوانگی میں جا پڑے۔ کیا ہم میں سے صرف اسی پر وحی نازل ہوئی؟

مِنْۢ بَيْنِنَا بَلْ هُوَ كَذَّابٌ اَشِرٌ ﴿25﴾ سَيَعْلَمُوْنَ غَدًا مَّنِ الْكَذَّابُ

سے | درمیان ہمارے | بلکہ | وہ | جھوٹا | شیخی باز ہے | جلد وہ جان لیں گے | کل کو | کون ہے | جھوٹا

نہیں یہ شخص جھوٹا اور مغرور ہے " انہیں کل معلوم ہو جائے گا کون جھوٹا اور

الْاَشِرُ ﴿26﴾ اِنَّا مُرْسِلُوا النَّاقَةِ فِتْنَةً لَّهُمْ فَارْتَقِبْهُمْ وَاصْطَبِرْ ﴿27﴾

شیخی باز | بیشک ہم | بھیجنے والے ہیں | اونٹنی کو | آزمائش | واسطے انکے | پس تو انتظار کرا نکا | اور تو صبر کر

مغرور ہے۔ ہم ان لوگوں کی آزمائش کے لئے ایک اونٹنی بھیجنے والے ہیں ۔ لہٰذا تم ان کا انتظار کرو اور صبر کرو

وَنَبِّئْهُمْ اَنَّ الْمَآءَ قِسْمَةٌۢ بَيْنَهُمْ ۚ كُلُّ شِرْبٍ مُّحْتَضَرٌ ﴿28﴾ فَنَادَوْا

اور تو خبر دے انکو | یہ کہ | پانی | تقسیم کیا ہوا ہے | درمیان انکے | ہر | باری پانی پلانے کی | حاضر کی گئی ہے | پھر انہوں نے پکارا

اور انہیں آگاہ کر دو" اب تمہارے لئے اور اونٹنی کے لئے پانی کی باری مقرر ہے۔ ہر کوئی اپنی باری کے دن حاضر ہوا کرے۔" پھر

صَاحِبَهُمْ فَتَعَاطٰى فَعَقَرَ ﴿29﴾ فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِىْ وَنُذُرِ ﴿30﴾ اِنَّآ

اپنے ساتھی کو | پھر اس نے پکڑا | پھر اس نے کاٹ ڈالا | پھر کیسا | ہوا | عذاب میرا | اور ڈرانا میرا | بیشک ہم

انہوں نے اپنے ساتھی کو پکارا جس نے وار کیا اور اونٹنی کو ہلاک کر دیا۔ پھر کیسا رہا ان پر میرا عذاب اور میرا ڈرانا؟ ہم نے

اَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ صَيْحَةً وَّاحِدَةً فَكَانُوْا كَهَشِيْمِ الْمُحْتَظِرِ ﴿31﴾ وَلَقَدْ

ہم نے بھیجی | ان پر | سخت چیخ | ایک | پھر وہ ہو گئے | جیسے بھس | کانٹوں کی باڑ لگانے والے کا | اور بیشک

ان پر ایک چنگھاڑ مسلط کی تو وہ ایسے ہو کر رہ گئے جیسے کسی باڑھ والے کی روندی ہوئی باڑھ اور ہم نے

يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴿32﴾ كَذَّبَتْ قَوْمُ لُوْطٍۢ

ہم نے آسان کیا | قرآن کو | واسطے نصیحت کے | پس کیا ہے | کوئی | نصیحت پانے والا | جھٹلایا | قوم | لوط نے

اس قرآن کو نصیحت کے لئے آسان کر دیا ہے تو ہے کوئی نصیحت حاصل کرنے والا؟ اسی طرح قوم لوطؑ نے بھی پیغمبروں کو جھٹلایا

بِالنُّذُرِ ﴿33﴾ اِنَّآ اَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ حَاصِبًا اِلَّآ اٰلَ لُوْطٍ ۭ نَجَّيْنٰهُمْ

ڈرانیوالوں کو | بیشک ہم | ہم نے بھیجی | ان پر | پتھروں کی بارش | مگر | آل | لوط | ہم نے نجات دی انکو

ہم نے ان پر پتھر برسانے والی آندھی بھیجی۔ صرف لوط علیہ السلام اور ان کے گھر والے اس عذاب سے بچے

بِسَحَرٍ ۙ﴿34﴾ نِّعْمَةً مِّنْ عِنْدِنَا ۭ كَذٰلِكَ نَجْزِيْ مَنْ شَكَرَ ﴿35﴾ وَلَقَدْ

سحر کے وقت | انعام تھا | سے | پاس ہمارے | اسی طرح | ہم بدلہ دیتے ہیں | اسے جو | شکر کرے | اور بیشک

جنہیں ہم نے صبح ہوتے ہی وہاں سے نکال لیا، اپنے خاص فضل سے۔ ہم اسی طرح بدلہ دیتے ہیں اس کو جو شکر کرے۔ لوطؑ نے ان

اَنْذَرَهُمْ بَطْشَتَنَا فَتَمَارَوْا بِالنُّذُرِ ﴿36﴾ وَلَقَدْ رَاوَدُوْهُ عَنْ

اُس نے خبردار کیا تھا انکو | گرفت ہماری سے | پھر انھوں نے شک کیا | خبردار کرنیوالوں پر | اور بیشک | انھوں نے ورغلانا چاہا اسے | بارے میں

لوگوں کو ہماری پکڑ سے ڈرایا مگر انہوں نے اس ڈرانے کی پروانہ کی اور حجت بازیاں کرنے لگے۔ وہ لوطؑ کے خوبصورت مہمان

ضَيْفِهٖ فَطَمَسْنَآ اَعْيُنَهُمْ فَذُوْقُوْا عَذَابِىْ وَنُذُرِ ﴿37﴾ وَلَقَدْ صَبَّحَهُمْ بُكْرَةً

مہمانوں اسکے | پھر ہم نے مٹا دیں | آنکھیں انکی | پھر تم چکھو | عذاب میرا | اور ڈرانا میرا | اور بیشک | صبح کو مارا انکو | سویرے

فرشتوں کو لینے آ گئے تو ہم نے ان لوگوں کی آنکھیں اندھی کر دیں اور ان سے کہا "اب چکھو میرا عذاب اور میرا ڈرانا صبح سویرے

عَذَابٌ مُّسْتَقِرٌّ ﴿38﴾ فَذُوْقُوْا عَذَابِيْ وَنُذُرِ ﴿39﴾ وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ

عذاب | مستقل نے | پس تم چکھو | عذاب میرا | اور ڈرانا میرا | اور بیشک | ہم نے آسان کیا | قرآن کو

ان پر ایک اٹل عذاب آ گیا۔ اب چکھو میرا عذاب اور میرا ڈرانا اور ہم نے اس قرآن کو نصیحت کے لئے آسان کر دیا ہے

لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴿40﴾ وَلَقَدْ جَآءَ اٰلَ فِرْعَوْنَ النُّذُرُ ﴿41﴾

ع 2 18 9

نصیحت کے لیے | پس کیا ہے | کوئی | نصیحت پانے والا | اور بیشک | آیا | قوم | فرعون کے پاس | ڈرانیوالا

تو ہے کوئی نصیحت حاصل کرنے والا؟ اور فرعون والوں کے پاس بھی خبردار کرنے والے آئے۔

كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا كُلِّهَا فَاَخَذْنٰهُمْ اَخْذَ عَزِيْزٍ مُّقْتَدِرٍ ﴿42﴾ اَكُفَّارُكُمْ

اُنہوں نے جھٹلایا | ہماری نشانیوں کو | سب کو | پھر ہم نے پکڑا انکو | پکڑنا | غالب | صاحب قدرت کا | کیا کافر تمہارے

مگر انہوں نے ہماری نشانیوں کو جھٹلایا تو ہم نے انہیں ایسا سخت پکڑا جیسے کوئی زبردست قوت والا پکڑتا ہے۔ اے قریش مکہ! کیا

خَيْرٌ مِّنْ اُولٰٓئِكُمْ اَمْ لَكُمْ بَرَآءَةٌ فِي الزُّبُرِ ﴿43﴾ اَمْ يَقُوْلُوْنَ نَحْنُ

بہتر ہیں | سے | ان | یا | تمہارے لیے | نجات ہے | میں | کتابوں | کیا | وہ کہتے ہیں | ہم

تمہارے کفار پہلی قوموں کے کافروں سے بہتر ہیں؟ یا تمہارے لئے آسمانی کتابوں میں معافی لکھی ہوئی ہے؟ کیا انہیں یہ دعویٰ ہے

جَمِيْعٌ مُّنْتَصِرٌ ﴿44﴾ سَيُهْزَمُ الْجَمْعُ وَيُوَلُّوْنَ الدُّبُرَ ﴿45﴾ بَلِ السَّاعَةُ

سب ہیں | بدلہ لینے والے | جلد شکست کھائے گا | لشکر | اور وہ پھیر لیں گے | پیٹھ | بلکہ | قیامت ہے

کہ وہ ایک ایسی جماعت ہے جو غالب ہو کر رہے گی؟ عنقریب ان کی جماعت شکست کھائے گی اور وہ پیٹھ پھیر کر بھاگیں گے۔ بلکہ

مَوْعِدُهُمْ وَالسَّاعَةُ اَدْهٰى وَاَمَرُّ ﴿46﴾ اِنَّ الْمُجْرِمِيْنَ فِيْ ضَلٰلٍ

اُن کا وعدہ | اور قیامت | سخت | اور بڑی کڑوی ہے | بیشک | مجرم لوگ ہیں | میں | گمراہی

ان سے اصل مقابلے کا وعدہ قیامت کے دن کا ہے جو بڑا کٹھن اور تلخ ہوگا۔ بیشک مجرم لوگ گمراہی اور بے عقلی میں ہے۔ وہ اس دن کو

وَّسُعُرٍ ﴿47﴾ يَوْمَ يُسْحَبُوْنَ فِي النَّارِ عَلٰى وُجُوْهِهِمْ ط ذُوْقُوْا مَسَّ

وقف لازم

اور دیوانگی | جس دن | وہ گھسیٹے جائیں گے | میں | آگ | پر | چہروں اپنے کے | تم چکھو | تکلیف

یاد رکھیں جس دن منہ کے بل آگ میں گھسیٹے جائیں گے۔ ان سے کہا جائے گا ”چکھو آگ کی لپیٹ

سَقَرَ ﴿48﴾ اِنَّا كُلَّ شَيْءٍ خَلَقْنٰهُ بِقَدَرٍ ﴿49﴾ وَمَآ اَمْرُنَآ اِلَّا

دوزخ کی آگ کا | بیشک ہم | ہر | چیز کو | ہم نے پیدا کیا اسے | ایک اندازے سے | اور نہیں | حکم ہمارا | مگر

اور شعلوں کا مزا“ اور دیکھو ہم نے ہر چیز کو خاص اندازے سے پیدا کیا۔ ہمارا حکم آنکھ جھپکنے

وَاحِدَةٌ كَلَمْحٍ بِالْبَصَرِ ﴿50﴾ وَلَقَدْ اَهْلَكْنَآ اَشْيَاعَكُمْ فَهَلْ مِنْ

ایک بار | جیسے پلک جھپکنا | آنکھ کا | اور بیشک | ہم نے ہلاک کیا | اُن جیسوں کو | پس کیا ہے | کوئی

میں پورا ہو جاتا ہے۔ اور اے کفار مکہ! تم جیسے بہت سے لوگوں کو ہم نے ہلاک کیا۔ تو ہے کوئی سبق

مُّدَّكِرٍ ﴿51﴾ وَكُلُّ شَيْءٍ فَعَلُوْهُ فِي الزُّبُرِ ﴿52﴾ وَكُلُّ صَغِيْرٍ وَّكَبِيْرٍ

نصیحت پانے والا | اور ہر | چیز | جس کو انہوں نے کیا | میں | صحیفوں | اور ہر | چھوٹا | اور بڑا کام

حاصل کرنے والا؟ ان لوگوں نے جو کچھ کیا ہے، وہ سب ان کے اعمال ناموں میں درج ہے اور ہر چھوٹی بڑی بات

مُّسْتَطَرٌ ﴿53﴾ اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ جَنّٰتٍ وَّنَهَرٍ ﴿54﴾ فِيْ مَقْعَدِ صِدْقٍ عِنْدَ

لکھا ہوا ہے | بیشک | پرہیزگار ہوں گے | میں | باغوں | اور نہروں میں | میں | جگہ | عمدہ | قریب

لکھ دی گئی ہے۔ بیشک اللہ سے ڈرنے والے لوگ جنت کے باغوں اور اس کی نہروں کے عیش میں ہوں گے۔ جہاں انہیں قادر

مَلِيْكٍ مُّقْتَدِرٍ ﴿55﴾

ایک بادشاہ | صاحب اقتدار کے

مطلق بادشاہ کے ہاں اعلیٰ مقام حاصل ہوگا۔

3 ع 15 10

(55) سُوْرَةُ الرَّحْمٰنِ مَدَنِيَّةٌ (97)

اٰيَاتُهَا 78 | رُكُوْعَاتُهَا 3

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اَلرَّحْمٰنُ ﴿1﴾ عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ ﴿2﴾ خَلَقَ الْاِنْسَانَ ﴿3﴾ عَلَّمَهُ الْبَيَانَ ﴿4﴾ اَلشَّمْسُ

رحمٰن | اس نے سکھایا | قرآن | پیدا کیا | انسان کو | سکھایا اسے | بیان | سورج

وہ خدائے رحمٰن ہے۔ جس نے قرآن سکھایا۔ اسی نے انسان کو پیدا کیا۔ اسے بولنا سکھایا۔ یہ سورج

وَالْقَمَرُ بِحُسْبَانٍ ﴿5﴾ وَّالنَّجْمُ وَالشَّجَرُ يَسْجُدٰنِ ﴿6﴾ وَالسَّمَآءَ رَفَعَهَا

اور چاند ہیں | ایک حساب | اور ستارے | اور درخت | سجدہ کرتے ہیں | اور آسمان کو | بلند کیا اسے

اور چاند ایک حساب کے ساتھ چلتے ہیں۔ یہ ستارے اور درخت سجدہ کرتے ہیں۔ اسی نے آسمان کو بلند کیا

وَوَضَعَ الْمِيْزَانَ ﴿7﴾ اَلَّا تَطْغَوْا فِي الْمِيْزَانِ ﴿8﴾ وَاَقِيْمُوا الْوَزْنَ

اور اس نے رکھی | ترازو | تاکہ نہ | تم زیادتی کرو | میں | وزن کرنے | اور تم قائم (سیدھا) رکھو | تول کو

اور ترازو رکھ دی تاکہ تم لوگ تولنے میں زیادتی نہ کرو۔ بلکہ انصاف سے پورا تولو،

بِالْقِسْطِ وَلَا تُخْسِرُوا الْمِيزَانَ ﴿٩﴾ وَالْأَرْضَ وَضَعَهَا لِلْأَنَامِ ﴿١٠﴾ فِيهَا

ساتھ انصاف کے | اور نہ | تم کم کرو | تول کو | اور زمین کو | بنا رکھا اسے | مخلوق کے لیے | اس میں

کم نہ تولو ۔ اسی اللہ نے مخلوق کے فائدے کے لئے زمین بنائی۔ اس میں

فَاكِهَةٌ وَالنَّخْلُ ذَاتُ الْأَكْمَامِ ﴿١١﴾ وَالْحَبُّ ذُو الْعَصْفِ

پھل ہیں | اور کھجوریں | والی | خوشوں | اور اناج ہے | والا | بھس

پھل میوے ہیں ، کھجور کے درخت ہیں جن کا پھل غلافوں میں لپٹا ہوتا ہے۔ بھس والے اناج بھی ہیں

وَالرَّيْحَانُ ﴿١٢﴾ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ﴿١٣﴾ خَلَقَ الْإِنسَانَ مِن

اور خوشبودار پھول | پس کون سی | نعمتوں کو | اپنے رب کی | تم دونوں جھٹلاؤ گے | اس نے پیدا کیا | انسان کو | سے

اور خوشبودار پھول بھی۔ پھر تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟ اسی نے انسان کو پیدا کیا

صَلْصَالٍ كَالْفَخَّارِ ﴿١٤﴾ وَخَلَقَ الْجَانَّ مِن مَّارِجٍ مِّن نَّارٍ ﴿١٥﴾ فَبِأَيِّ

بجنے والی مٹی | جیسے ٹھیکری | اور اس نے پیدا کیا | جنوں کو | سے | شعلے والی | سے | آگ | پس کون کون سی

ایسے گارے سے جو سوکھ کر بجنے لگتا ہے۔ اسی نے جنات کو آگ کے شعلے سے پیدا کیا۔ پھر تم اپنے

آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ﴿١٦﴾ رَبُّ الْمَشْرِقَيْنِ وَرَبُّ الْمَغْرِبَيْنِ ﴿١٧﴾ فَبِأَيِّ آلَاءِ

نعمتیں | اپنے رب کی | تم دونوں جھٹلاؤ گے | رب | دو مشرقوں کا | اور رب | دو مغربوں کا | پس کون سی | نعمتوں کو

رب کے کن کن کرشموں کو جھٹلاؤ گے؟ وہی مالک ہے دونوں مشرقوں کا اور دونوں مغربوں کا۔ پھر تم اپنے رب کی کن کن قدرتوں کو

رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ﴿١٨﴾ مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ يَلْتَقِيَانِ ﴿١٩﴾ بَيْنَهُمَا بَرْزَخٌ

اپنے رب کی | تم دونوں جھٹلاؤ گے | ساتھ چلایا | دو دریاؤں کو | دونوں باہم ملتے ہیں | درمیان ان دونوں کے | پردہ ہے

جھٹلاؤ گے؟۔ اسی نے دو طرح کے سمندر بنائے اور انہیں آپس میں ملا دیا۔ مگر ان کے درمیان ایک پردہ حائل کر دیا جس سے وہ

لَّا يَبْغِيَانِ ﴿٢٠﴾ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ﴿٢١﴾ يَخْرُجُ مِنْهُمَا اللُّؤْلُؤُ

نہیں گڈمڈ ہوتے آپس میں | پس کون سے | نعمتوں کو | اپنے رب کی | تم دونوں جھٹلاؤ گے | نکلتے ہیں | ان دونوں میں سے | موتی

تجاوز نہیں کرتے تو تم اپنے رب کی کن کن قدرتوں کو جھٹلاؤ گے؟ پھر ان دونوں قسم کے سمندروں سے موتی

وَالْمَرْجَانُ ﴿٢٢﴾ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ﴿٢٣﴾ وَلَهُ الْجَوَارِ الْمُنشَآتُ

اور مونگے | پس کون سی | نعمتوں کو | اپنے رب کی | تم دونوں جھٹلاؤ گے | اور اسی کیلئے ہیں | کشتیاں | بلند کی ہوئیں

اور مونگے نکلتے ہیں ۔تو تم اپنے رب کی کن کن قدرتوں کو جھٹلاؤ گے ؟ اور اسی کے اختیار میں ہیں وہ جہاز جو سمندر میں

فِي الْبَحْرِ كَالْاَعْلَامِ ﴿24﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿25﴾ كُلُّ مَنْ

میں | سمندر | جیسے پہاڑ | پس کون سی | نعمتوں کو | اپنے رب کی | تم دونوں جھٹلاؤ گے | ہر چیز | جو ہے

اونچے کھڑے ہوئے ایسے نظر آتے ہیں جیسے پہاڑ ہوں۔ تو تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟ اے نبی ﷺ زمین پر جو کچھ

عَلَيْهَا فَانٍ ﴿26﴾ وَّيَبْقٰى وَجْهُ رَبِّكَ ذُو الْجَلٰلِ وَالْاِكْرَامِ ﴿27﴾ فَبِاَيِّ

اوپر اس کے | فانی ہے | اور باقی رہے گی | ذات | رب تیرے | والے | بزرگی | اور عزت والے کی | پس کون سی

ہے فنا ہونے والا ہے۔ صرف آپ کے رب کی ذات باقی رہے گی جو عظمت والی اور عزت والی ہے۔ پھر تم

اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿28﴾ يَسْئَلُهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ كُلَّ

نعمتوں کو | اپنے رب کی | تم دونوں جھٹلاؤ گے | مانگتا ہے اسی سے | جو کوئی ہے | میں | آسمانوں | اور زمین میں | ہر

اپنے رب کی کن کن قدرتوں کو جھٹلاؤ گے؟ آسمان والے اور زمین والے سب اس کے سوالی ہیں ۔ وہ ہر وقت

يَوْمٍ هُوَ فِيْ شَاْنٍ ﴿29﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿30﴾ سَنَفْرُغُ

روز | وہ ہے | میں | ایک نئی شان | پس کون سی | نعمتوں کو | اپنے رب کی | تم دونوں جھٹلاؤ گے | جلد ہم فارغ ہونگے

کام کرتا رہتا ہے۔ پھر تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟ اے جنو اور انسانو ! ہم عنقریب

لَكُمْ اَيُّهَ الثَّقَلٰنِ ﴿31﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿32﴾ يٰمَعْشَرَ

تمہارے لئے | اے | جن اور انسان | پس کون سی | نعمتوں کو | اپنے رب کی | تم دونوں جھٹلاؤ گے | اے گروہ

حساب لینے کے لئے تمہاری طرف متوجہ ہونے والے ہیں۔ تو تم اپنے رب کی کن کن قدرتوں کو جھٹلاؤ گے؟ اے جنوں اور انسانوں

الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ

جنوں کے | اور انسانوں کے | اگر | تم طاقت رکھتے ہو | کہ | تم نکل ہو جاؤ | سے | کناروں | آسمانوں کے

کے گروہ اگر تم سے ہو سکے تو ہمارے عذاب سے بچنے کے لئے آسمانوں اور زمین کی

وَالْاَرْضِ فَانْفُذُوْا ؕ لَا تَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطٰنٍ ﴿33﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

اور زمین کے | تو تم نکل جاؤ | نہیں | تم نکل سکتے | مگر | ایک غلبے سے | پس کون سی | نعمتوں کو | اپنے رب کی

حدود سے نکل جاؤ ، مگر ایسا کرنا تمہارے بس میں نہیں ۔ تو تم اپنے رب کی کن کن قدرتوں کو

تُكَذِّبٰنِ ﴿34﴾ يُرْسَلُ عَلَيْكُمَا شُوَاظٌ مِّنْ نَّارٍ ۙ وَّنُحَاسٌ

تم دونوں جھٹلاؤ گے | بھیجے جاتے ہیں | تم دونوں پر | شعلے | سے | آگ | اور دھواں

جھٹلاؤ گے ؟ اگر نکل بھاگنے کی کوشش کرو گے تو تم پر آگ کے شعلے اور گیسوں کا دھواں برسایا جائے گا جس سے تم

فَلَا تَنْتَصِرٰنِ ﴿35﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿36﴾ فَاِذَا انْشَقَّتِ السَّمَآءُ

پس نہیں تم بدلہ لے سکتے | پس کون سی | نعمتوں کو | اپنے رب کی | تم دونوں جھٹلاؤ گے | پھر جب | پھٹ جائے گا | آسمان

اپنا بچاؤ نہ کر سکو گے تو تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟ جب آسمان پھٹ کر

فَكَانَتْ وَرْدَةً كَالدِّهَانِ ﴿37﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿38﴾ فَيَوْمَئِذٍ

پھر وہ ہوگا | سرخ | جیسے تیل کی تلچھٹ | پس کون سی | نعمتوں کو | اپنے رب کی | تم دونوں جھٹلاؤ گے | پھر اس دن

تلچھٹ کی طرح سرخ ہو جائے گا۔ تو تم اپنے رب کی کن کن قدرتوں کو جھٹلاؤ گے؟ پھر اس دن کسی

لَّا يُسْـَٔلُ عَنْ ذَنْۢبِهٖٓ اِنْسٌ وَّلَا جَآنٌّ ﴿39﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

نہ | پوچھا جائے گا | کے بارے میں | گناہ اسکے | کسی انسان سے | اور نہ | جن سے | پس کون سی | نعمتوں کو | اپنے رب کی

انسان یا جن سے اس کے گناہ پوچھنے کی ضرورت نہ پڑے گی۔ تو تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں

تُكَذِّبٰنِ ﴿40﴾ يُعْرَفُ الْمُجْرِمُوْنَ بِسِيْمٰهُمْ فَيُؤْخَذُ بِالنَّوَاصِيْ

تم دونوں جھٹلاؤ گے | پہچانے جائیں گے | مجرم | سے چہروں اپنے | پھر پکڑا جائے گا | پیشانی کے بالوں سے

کو جھٹلاؤ گے؟ مجرم لوگ اپنی شکل سے پہچانے جائیں گے۔ پھر انہیں پیشانی کے بالوں سے اور پاؤں سے پکڑ کر دوزخ

وَالْاَقْدَامِ ﴿41﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿42﴾ هٰذِهٖ جَهَنَّمُ الَّتِيْ

اور قدموں سے | پس کون سی | نعمتوں کو | اپنے رب کی | تم دونوں جھٹلاؤ گے | یہ ہے | دوزخ | وہی

میں پھینکا جائے گا تو تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟ ارشاد ہو گا ’’یہ ہے جہنم جسے مجرم

يُكَذِّبُ بِهَا الْمُجْرِمُوْنَ ﴿43﴾ يَطُوْفُوْنَ بَيْنَهَا وَبَيْنَ حَمِيْمٍ اٰنٍ ﴿44﴾

جھٹلاتے تھے | جس کو | مجرم | وہ پھریں گے | درمیان اسکے | اور درمیان | گرم پانی | کھولتے کے

لوگ جھٹلاتے تھے‘‘ آج وہ اسی جہنم اور اس کے کھولتے ہوئے پانی کے درمیان بے قراری سے چکر لگائیں گے۔

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿45﴾ وَلِمَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ

پس کون سی | نعمتوں کو | اپنے رب کی | تم دونوں جھٹلاؤ گے | اور اس کیلئے جو | ڈر گیا | کھڑے ہونے (سامنے) | رب اپنے کے

تو تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟ جو شخص اپنے رب کے سامنے کھڑا ہونے سے ڈرا اسے جنت میں

جَنَّتٰنِ ﴿46﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿47﴾ ذَوَاتَآ اَفْنَانٍ ﴿48﴾ فَبِاَيِّ

دو باغ ہیں | پس کون سی | نعمتوں کو | اپنے رب کی | تم دونوں جھٹلاؤ گے | دونوں والے | شاخوں | پس کون سی

دو باغ ملیں گے۔ تو تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟ وہ دونوں باغ پھلوں پھولوں سے لدے ہوں گے۔ تو تم اپنے رب

ع 2 / 20 / 12

اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿49﴾ فِيْهِمَا عَيْنٰنِ تَجْرِيٰنِ ﴿50﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ

نعمتوں کو | اپنے رب کی | تم دونوں جھٹلاؤ گے | ان دونوں میں | دو چشمے | چلتے ہیں | پس کون سی | نعمتوں کو

کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟ ان میں دو چشمے جاری ہوں گے۔ تو تم اپنے رب کی کن کن

رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿51﴾ فِيْهِمَا مِنْ كُلِّ فَاكِهَةٍ زَوْجٰنِ ﴿52﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ

اپنے رب کی | تم دونوں جھٹلاؤ گے | میں ان دونوں | کی | ہر | پھل | دو قسمیں ہیں | پس کون سی | نعمتوں کو

نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟ دونوں باغوں میں ہر پھل کی دو قسمیں ہوں گی۔ تو تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں

رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿53﴾ مُتَّكِـِٕيْنَ عَلٰى فُرُشٍۭ بَطَآئِنُهَا مِنْ اِسْتَبْرَقٍ

اپنے رب کی | تم دونوں جھٹلاؤ گے | وہ تکیہ لگائے ہوں گے | پر | بچھونوں | استر جن کے ہیں | کے | موٹے ریشم

کو جھٹلاؤ گے؟ وہ لوگ تکیے لگائے ہوئے ایسے بچھونوں پر ہوں گے جن کے استر موٹے ریشم کے ہوں گے

وَجَنَا الْجَنَّتَيْنِ دَانٍ ﴿54﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿55﴾ فِيْهِنَّ

اور پھل میوہ | دونوں باغوں کا | بہت نزدیک ہے | پس کون سی | نعمتوں کو | اپنے رب کی | تم دونوں جھٹلاؤ گے | ان میں ہیں

اور ان باغوں کے پھل جھکے ہوں۔ تو تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے ؟ ان میں

قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ لَمْ يَطْمِثْهُنَّ اِنْسٌ قَبْلَهُمْ وَلَا جَآنٌّ ﴿56﴾ فَبِاَيِّ

جھکانے والیاں | نگاہ کو | نہیں | ہاتھ لگایا اُن کو | انسان نے | پہلے ان سے | اور نہ | جن نے | پس کون سی

نیچی نگاہ والی حوریں ہوں گی جنہیں ان لوگوں سے پہلے نہ کسی انسان نے چھوا ہوا ہو گا نہ کسی جن نے۔ تو تم اپنے

اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿57﴾ كَاَنَّهُنَّ الْيَاقُوْتُ وَالْمَرْجَانُ ﴿58﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ

نعمتوں کو | اپنے رب کی | تم دونوں جھٹلاؤ گے | گویا کہ وہ | یاقوت ہیں | اور مونگے | پس کون سی | نعمتوں کو

رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟ وہ ایسی ہوں گی جیسے یاقوت اور مرجان تو تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں

رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿59﴾ هَلْ جَزَآءُ الْاِحْسَانِ اِلَّا الْاِحْسَانُ ﴿60﴾ فَبِاَيِّ

اپنے رب کی | تم دونوں جھٹلاؤ گے | نہیں ہے | بدلہ | نیکی کا | مگر | نیکی | پس کون سی

کو جھٹلاؤ گے؟ نیکی کا بدلہ نیکی کے سوا اور کیا ہونا چاہئے تو تم اپنے رب کی

اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿61﴾ وَمِنْ دُوْنِهِمَا جَنَّتٰنِ ﴿62﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

نعمتوں کو | اپنے رب کی | تم دونوں جھٹلاؤ گے | اور سے | علاوہ ان دونوں | دو اور باغ ہیں | پس کون سے | نعمتوں کو | اپنے رب کی

کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟ عام جنتیوں کے لئے ان سے الگ دو باغ ہوں گے۔ تو تم اپنے رب کی کن کن

تُكَذِّبٰنِ ﴿٦٣﴾ مُدْهَآمَّتٰنِ ﴿٦٤﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٦٥﴾ فِيْهِمَا

تم دونوں جھٹلاؤ گے | دونوں ہی گہرے سرسبز ہیں | پس کون سی | نعمتوں کو | اپنے رب کی | تم دونوں جھٹلاؤ گے | ان دونوں میں

نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟ وہ دونوں باغ خوب ہرے بھرے ہوں گے۔ تو تم اپنے رب کی کن کن قدرتوں کو جھٹلاؤ گے؟ ان دونوں میں دو

عَيْنٰنِ نَضَّاخَتٰنِ ﴿٦٦﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٦٧﴾ فِيْهِمَا فَاكِهَةٌ

دو چشمے ہیں | بڑے جوش مارتے | پس کون سی | نعمتوں کو | اپنے رب کی | تم دونوں جھٹلاؤ گے | ان دونوں میں | پھل ہیں

چشمے ابلتے ہوں گے۔ تو تم اپنے رب کی کن کن قدرتوں کو جھٹلاؤ گے؟ ان دونوں باغوں میں پھل، میوے،

وَّنَخْلٌ وَّرُمَّانٌ ﴿٦٨﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٦٩﴾ فِيْهِنَّ خَيْرٰتٌ

اور کھجور | اور انار ہیں | پس کون سی | نعمتوں کو | اپنے رب کی | تم دونوں جھٹلاؤ گے | میں ان ہیں | خوب سیرت

کھجوریں اور انار ہوں گے۔ تو تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟ ان میں نیک سیرت اور خوبصورت

حِسَانٌ ﴿٧٠﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٧١﴾ حُوْرٌ مَّقْصُوْرٰتٌ فِي

خوبصورت (حوریں) | پس کون سی | نعمتوں کو | اپنے رب کی | تم دونوں جھٹلاؤ گے | حوریں ہیں | بٹھائی ہوئی | میں

عورتیں ہوں گی۔ تو تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟ وہ حوریں ہوں گی خیموں میں

الْخِيَامِ ﴿٧٢﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٧٣﴾ لَمْ يَطْمِثْهُنَّ اِنْسٌ

خیموں | پس کون سی | نعمتوں کو | اپنے رب کی | تم دونوں جھٹلاؤ گے | نہیں | ہاتھ لگایا انکو | کسی انسان نے

رہنے والیاں۔ تو تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟ ان سے پہلے ان کو نہ کسی انسان نے ہاتھ لگایا ہوگا،

قَبْلَهُمْ وَلَا جَآنٌّ ﴿٧٤﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٧٥﴾ مُتَّكِـِٕيْنَ عَلٰى

پہلے ان سے | اور نہ | کسی جن نے | پس کون سی | نعمتوں کو | اپنے رب کی | تم دونوں جھٹلاؤ گے | تکیہ لگائے ہوئے | پر

نہ کسی جن نے۔ تو تم اپنے رب کی کن کن قدرتوں کو جھٹلاؤ گے؟ وہ لوگ سبز مسندوں

رَفْرَفٍ خُضْرٍ وَّعَبْقَرِيٍّ حِسَانٍ ﴿٧٦﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٧٧﴾

قالینوں | سبز | اور نادر | نفیس قسم کے | پس کون سی | نعمتوں کو | اپنے رب کی | تم دونوں جھٹلاؤ گے

پر تکیے لگائے ہوئے قیمتی نفیس بچھونوں پر بیٹھے ہوں گے۔ تو تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟ اے نبی ﷺ بڑا بابرکت ہے

تَبٰرَكَ اسْمُ رَبِّكَ ذِي الْجَلٰلِ وَالْاِكْرَامِ ﴿٧٨﴾

3 ع 33 13

بابرکت ہے | نام | تیرے رب | والے | بزرگی | اور عزت والے کا

نام آپ کے رب کا جو بڑی عظمت والا اور بزرگ و برتر ہے۔

(56) سُوْرَةُ الْوَاقِعَةِ مَكِّيَّةٌ (46)

اٰيَاتُهَا 96 رُكُوْعَاتُهَا 3

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اِذَا وَقَعَتِ الْوَاقِعَةُ ﴿1﴾ لَيْسَ لِوَقْعَتِهَا كَاذِبَةٌ ﴿2﴾ خَافِضَةٌ

جب | واقع ہوگی (قیامت) | واقع ہونے والی | نہیں ہے | اس کے واقع ہونے میں | کوئی جھٹلانے والی (جان) | وہ نیچا کر دینے والی

لوگو جب قیامت آئے گی۔ جس کے واقع ہونے میں کچھ جھوٹ نہیں تو وہ کسی کو پستی

رَّافِعَةٌ ﴿3﴾ اِذَا رُجَّتِ الْاَرْضُ رَجًّا ﴿4﴾ وَّبُسَّتِ الْجِبَالُ بَسًّا ﴿5﴾

اونچا کر دینے والی ہے | جب | ہلائی جائے گی | زمین | ہلانا | اور اڑائے جائیں گے | پہاڑ | اڑانا

میں گرائے گی، کسی کو بلندی عطا کرے گی۔ اس وقت زمین ہلا ڈالی جائے گی۔ پہاڑ ریزہ ریزہ ہو جائیں گے۔

فَكَانَتْ هَبَآءً مُّنْۢبَثًّا ﴿6﴾ وَّكُنْتُمْ اَزْوَاجًا ثَلٰثَةً ﴿7﴾ فَاَصْحٰبُ

پھر وہ ہو جائیں گے | گرد | اڑتی ہوئی | اور تم ہو جاؤ گے | گروہ | تین | پھر والے

اور وہ گرد و غبار کی طرح اڑتے پھریں گے۔ پھر تمہارے تین گروہ بن جائیں گے۔ ایک گروہ دائیں والوں

الْمَيْمَنَةِ ۙ مَآ اَصْحٰبُ الْمَيْمَنَةِ ﴿8﴾ وَاَصْحٰبُ الْمَشْئَمَةِ ۙ مَآ اَصْحٰبُ

دائیں طرف (ہاتھ) | کیا ہی ہیں | والے | دائیں طرف (ہاتھ) | اور والے | بائیں طرف (ہاتھ) | کیا ہیں | والے

کا ہو گا، تو کیا کہنے دائیں والوں کے۔ دوسرا گروہ بائیں والوں کا ہو گا تو کیا برا حال ہو گا بائیں

الْمَشْئَمَةِ ﴿9﴾ وَالسّٰبِقُوْنَ السّٰبِقُوْنَ ﴿10﴾ اُولٰٓئِكَ الْمُقَرَّبُوْنَ ﴿11﴾ فِيْ جَنّٰتِ

بائیں طرف (ہاتھ) | اور آگے والے | تو آگے والے ہیں | یہ لوگ تو | مقرب ہیں | میں | باغوں

والوں کا اور تیسرا گروہ آگے والوں کا ہو گا اور وہ تو ہیں ہی آگے والے وہ مقرب لوگ ہوں گے۔ نعمت بھرے باغوں

النَّعِيْمِ ﴿12﴾ ثُلَّةٌ مِّنَ الْاَوَّلِيْنَ ﴿13﴾ وَقَلِيْلٌ مِّنَ الْاٰخِرِيْنَ ﴿14﴾ عَلٰى سُرُرٍ

نعمت کے | بڑا گروہ | سے | پہلے لوگوں میں | اور چھوٹا گروہ | سے | بعد والوں میں | پر | پلنگوں

میں ہوں گے۔ ان کی بڑی تعداد اگلوں میں سے ہو گی۔ تھوڑے پچھلوں میں سے ہوں گے۔ وہ سونے کے جڑاؤ

مَّوْضُوْنَةٍ ﴿15﴾ مُّتَّكِـِٕيْنَ عَلَيْهَا مُتَقٰبِلِيْنَ ﴿16﴾ يَطُوْفُ عَلَيْهِمْ وِلْدَانٌ

سونے کی تاروں سے بنی ہوئی | تکیہ لگائے ہوئے | ان پر | آمنے سامنے (ہوں گے) | پھریں گے | ان پر | لڑکے

پلنگوں پر تکیے لگائے آمنے سامنے بیٹھے ہوں گے۔ ان کی خدمت کے لئے لڑکے ہوں گے

مُّخَلَّدُوْنَ ﴿17﴾ بِاَكْوَابٍ وَّاَبَارِيْقَ ۙ وَكَاْسٍ مِّنْ مَّعِيْنٍ ﴿18﴾ لَّا يُصَدَّعُوْنَ

ہمیشہ رہنے والے | ساتھ پیالے | اور جگ | اور جام بھرے | سے | بہتی شراب | نہیں | انکو درد سر ہوگا

جو ہمیشہ لڑکے ہی رہیں گے۔ وہ ان کے درمیان پیالے، جگ اور صاف شراب کے جام لئے ہوئے پھریں گے۔ جس کے پینے سے

عَنْهَا وَلَا يُنْزِفُوْنَ ﴿19﴾ وَفَاكِهَةٍ مِّمَّا يَتَخَيَّرُوْنَ ﴿20﴾ وَلَحْمِ طَيْرٍ

اس سے | اور نہ | وہ بدمست ہوں گے | اور پھل | ان سے | جو وہ پسند کریں گے | اور گوشت | پرندوں کا

نہ سر درد ہوگا اور نہ عقل میں فتور آئے گا۔ وہاں ان کی پسند کے پھل میوے ہوں گے۔ پرندوں کا گوشت ملے گا

مِّمَّا يَشْتَهُوْنَ ﴿21﴾ وَحُوْرٌ عِيْنٌ ﴿22﴾ كَاَمْثَالِ اللُّؤْلُؤِ الْمَكْنُوْنِ ﴿23﴾

اس سے جسکی | وہ خواہش کریں گے | اور حوریں | بڑی آنکھوں والیاں | گویا کہ | موتی | چھپائے ہوئے

ان کا پسندیدہ ۔ بڑی آنکھوں والی حوریں ہوں گی۔ ایسی خوبصورت جیسے حفاظت سے رکھے ہوئے موتی۔

جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿24﴾ لَا يَسْمَعُوْنَ فِيْهَا لَغْوًا وَّلَا تَاْثِيْمًا ﴿25﴾

بدلہ ہے | اس کا جو | وہ تھے | وہ عمل کرتے | نہ | وہ سنیں گے | اس میں | کوئی بیہودگی | اور نہ | گناہ کی بات

یہ صلہ ہوگا ان کے اعمال کا جو وہ کرتے تھے۔ وہاں وہ کوئی بیہودہ گفتگو اور گناہ کی بات نہ سنیں گے۔

اِلَّا قِيْلًا سَلٰمًا سَلٰمًا ﴿26﴾ وَاَصْحٰبُ الْيَمِيْنِ ۙ مَآ اَصْحٰبُ الْيَمِيْنِ ﴿27﴾

مگر | کہنا | سلام ہے | سلام ہے | اور والے | دائیں طرف (ہاتھ) | کیا ہی ہیں | والے | دائیں طرف (ہاتھ)

صرف سلام سلام کی آواز ہوگی۔ اور جو دائیں والے ہیں، تو کیا کہنے دائیں والوں کے وہ وہاں ہوں گے

فِيْ سِدْرٍ مَّخْضُوْدٍ ﴿28﴾ وَّطَلْحٍ مَّنْضُوْدٍ ﴿29﴾ وَّظِلٍّ مَّمْدُوْدٍ ﴿30﴾ وَّمَآءٍ

میں | بیریوں | بغیر کانٹے کی | اور کیلے | تہہ بہ تہہ | اور سایہ | لمبا | اور پانی

جہاں بیریاں ہوں گی بغیر کانٹے کے۔ تہ بہ تہ جڑے ہوئے کیلے ہوں گے۔ لمبے لمبے سائے ہوں گے، بہتا ہوا

مَّسْكُوْبٍ ﴿31﴾ وَّفَاكِهَةٍ كَثِيْرَةٍ ﴿32﴾ لَّا مَقْطُوْعَةٍ وَّلَا مَمْنُوْعَةٍ ﴿33﴾

گرتا ہوا | اور پھل | بہت | نہ | ختم ہونے والے | اور نہ | منع کیے جائیں گے

پانی ہوگا۔ بکثرت پھل میوے ہوں گے۔ جو نہ ختم ہوں گے، نہ کوئی روک ٹوک ہوگی۔

وَّفُرُشٍ مَّرْفُوْعَةٍ ﴿34﴾ اِنَّآ اَنْشَاْنٰهُنَّ اِنْشَآءً ﴿35﴾ فَجَعَلْنٰهُنَّ اَبْكَارًا ﴿36﴾

اور بچھونے | اونچے | بیشک ہم | ہم نے پیدا کیا ان (حوروں) کو | خوب پیدا کرنا | پھر ہم نے بنایا انکو | کنواریاں

اونچے بچھونے ہوں گے۔ ایسی حوریں ہوں گی جنہیں ہم نے اچھی اٹھان پر پیدا کیا۔ پھر ان کو کنواریاں بنایا،

عُرُبًا اَتْرَابًا ﴿37﴾ لِّاَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ ﴿38﴾ ثُلَّةٌ مِّنَ الْاَوَّلِيْنَ ﴿39﴾ وَ ثُلَّةٌ

پیاریاں | ہم عمر | دائیں والوں کے لیے (ہاتھ) | بڑا گروہ | سے | پہلے لوگوں میں | اور بڑا گروہ

وہ پیاریاں اور ہم عمر ہوں گی۔ یہ ساری نعمتیں دائیں والوں کے لئے ہوں گی۔ اور اس گروہ میں بہت سے اگلے لوگ ہوں گے۔ اور

مِّنَ الْاٰخِرِيْنَ ﴿40﴾ وَ اَصْحٰبُ الشِّمَالِ ۙ مَآ اَصْحٰبُ الشِّمَالِ ﴿41﴾ فِيْ

سے | بعد کے لوگوں میں | اور بائیں والے (ہاتھ) | کیا ہیں | بائیں والے (ہاتھ) | میں

بہت سے پچھلے۔ اور جو بائیں والے ہوں گے، کیا برا حال ہوگا ان بدبختوں کا۔ وہ

سَمُوْمٍ وَّ حَمِيْمٍ ﴿42﴾ وَّ ظِلٍّ مِّنْ يَّحْمُوْمٍ ﴿43﴾ لَّا بَارِدٍ وَّ لَا كَرِيْمٍ ﴿44﴾

بادِسموم | اور کھولتے پانی میں | اور سایہ | کا | سیاہ دھوئیں | نہ | ٹھنڈا | اور نہ | اچھا

لو کی لپیٹ میں، کھولتے پانی میں۔ اور سیاہ دھوئیں کے ایسے سائے میں ہوں گے۔ جو نہ ٹھنڈا ہوگا نہ کسی کام کا۔

اِنَّهُمْ كَانُوْا قَبْلَ ذٰلِكَ مُتْرَفِيْنَ ﴿45﴾ وَ كَانُوْا يُصِرُّوْنَ عَلَى الْحِنْثِ

بیشک وہ | تھے | پہلے | اس سے | عیش کرنیوالے | اور وہ تھے | وہ بضد ہوتے | پر | گناہ

وہ لوگ اس سے پہلے بڑے خوشحال تھے۔ اور شرک کے کبیرہ گناہ پر

الْعَظِيْمِ ﴿46﴾ وَ كَانُوْا يَقُوْلُوْنَ ۙ اَئِذَا مِتْنَا وَ كُنَّا تُرَابًا وَّ عِظَامًا ءَاِنَّا

بڑے | اور وہ تھے | وہ کہتے | کیا جب | ہم مریں گے | اور ہم ہونگے | مٹی | اور ہڈیاں | کیا ضرور ہم

اصرار کرتے تھے۔ کہتے تھے "کیا جب ہم مر کر مٹی اور ہڈیوں کا چورا بن جائیں گے کیا ہم پھر

لَمَبْعُوْثُوْنَ ﴿47﴾ اَوَ اٰبَآؤُنَا الْاَوَّلُوْنَ ﴿48﴾ قُلْ اِنَّ الْاَوَّلِيْنَ وَ الْاٰخِرِيْنَ ﴿49﴾

البتہ اٹھائے جائیں گے | یا | باپ دادا ہمارے | پہلے | کہہ دیجئے | بیشک | پہلے | اور بعد کے

اٹھائے جائیں گے؟ اور کیا ہمارے باپ دادا بھی دوبارہ پیدا ہوں گے؟" اے نبی ﷺ آپ ﷺ ان سے کہیں "بیشک اگلے اور

لَمَجْمُوْعُوْنَ ۙ اِلٰى مِيْقَاتِ يَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ ﴿50﴾ ثُمَّ اِنَّكُمْ اَيُّهَا

ضرور جمع کئے جائیں گے | طرف | مقررہ جگہ | ایک دن | معلوم کی | پھر | بیشک تم | اے

پچھلے، سب ایک مقررہ دن کے وقت پر جمع کئے جائیں گے۔" پھر اے

الضَّآلُّوْنَ الْمُكَذِّبُوْنَ ﴿51﴾ لَاٰكِلُوْنَ مِنْ شَجَرٍ مِّنْ زَقُّوْمٍ ﴿52﴾ فَمَالِئُوْنَ

گمراہو | جھٹلانے والو | ضرور کھانے والے ہو | سے | درخت | کے | تھوہر | پھر بھرنے والے ہو

بھٹکنے والو اور جھٹلانے والو! تمہیں دوزخ میں زقوم یعنی تھوہر کا درخت کھانا پڑے گا۔ اسی سے اپنا

مِنْهَا الْبُطُوْنَ ﴿53﴾ فَشٰرِبُوْنَ عَلَيْهِ مِنَ الْحَمِيْمِ ﴿54﴾ فَشٰرِبُوْنَ شُرْبَ

اس سے | پیٹوں کو | پھر پینے والے ہو | اوپر اسکے | سے | گرم پانی | پھر پینے والے ہو | جیسے پینا

پیٹ بھرو گے۔ اوپر سے کھولتا ہوا پانی پیو گے۔ اس مریض اونٹ کی طرح جو پانی پیتا چلا جاتا ہے مگر اس کی

الْهِيْمِ ﴿55﴾ هٰذَا نُزُلُهُمْ يَوْمَ الدِّيْنِ ﴿56﴾ نَحْنُ خَلَقْنٰكُمْ

پیاسے اونٹوں کا | یہ ہے | مہمانی انکی | دن | بدلے کے | ہم نے | پیدا کیا ہے تمہیں

پیاس نہیں بجھتی۔ یہ تواضع ہو گی ان کی انصاف کے دن۔ لوگو ہم نے تمہیں پیدا کیا پھر تم دوبارہ پیدا ہونے کو سچ

فَلَوْلَا تُصَدِّقُوْنَ ﴿57﴾ اَفَرَءَيْتُمْ مَّا تُمْنُوْنَ ﴿58﴾ ءَاَنْتُمْ تَخْلُقُوْنَهٗٓ اَمْ نَحْنُ

پھر کیوں نہیں تم مانتے (دوبارہ اٹھنے کو) | کیا پس تم نے دیکھا | جو | منی ٹپکاتے ہو | کیا تم | تم پیدا کرتے ہو اسے | یا | ہم ہیں

کیوں نہیں مانتے؟ کیا تم نے غور کیا، یہ نطفہ جو تم بیویوں کے رحم میں ٹپکاتے ہو، کیا اس سے بچہ تم بناتے ہو یا ہم ہیں

الْخٰلِقُوْنَ ﴿59﴾ نَحْنُ قَدَّرْنَا بَيْنَكُمُ الْمَوْتَ وَمَا نَحْنُ بِمَسْبُوْقِيْنَ ﴿60﴾

پیدا کرنیوالے | ہم نے | مقرر کیا ہے | درمیان تمہارے | موت کو | اور نہیں | ہم | عاجز آنے والے

بنانے والے؟ ہم نے تمہارا مرنا ٹھہرا دیا اور ہم اس سے عاجز نہیں کہ تمہاری جگہ تم جیسے اور بھی پیدا کر دیں۔

عَلٰٓى اَنْ نُّبَدِّلَ اَمْثَالَكُمْ وَنُنْشِئَكُمْ فِيْ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿61﴾ وَلَقَدْ

اس سے | کہ | ہم بدل ڈالیں (تم کو) | تم جیسوں میں | اور ہم پیدا کر دیں تم کو | اس میں | کہ | نہ | تم جانتے ہو | اور بیشک

تمہیں ایسی صورت میں بنا دیں جسے تم جانتے نہیں۔ تم تو ہماری پہلی پیدائش کو بھی

عَلِمْتُمُ النَّشْاَةَ الْاُوْلٰى فَلَوْلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿62﴾ اَفَرَءَيْتُمْ مَّا

تم جانتے ہو | پیدائش | پہلی کو | پھر کیوں نہیں | تم نصیحت حاصل کرتے | کیا پس تم نے دیکھا | جو

جانتے ہو پھر سوچتے کیوں نہیں؟ کیا تم نے غور کیا،

تَحْرُثُوْنَ ﴿63﴾ ءَاَنْتُمْ تَزْرَعُوْنَهٗٓ اَمْ نَحْنُ الزّٰرِعُوْنَ ﴿64﴾ لَوْ نَشَآءُ

تم بوتے ہو | کیا تم | تم اگاتے ہو اسے | یا | ہم ہیں | اُگانے والے | اگر | ہم چاہیں

یہ کھیتی جو تم بوتے ہو، کیا تم اسے اگاتے ہو یا ہم ہیں اگانے والے؟ اگر ہم چاہیں اسے

لَجَعَلْنٰهُ حُطَامًا فَظَلْتُمْ تَفَكَّهُوْنَ ﴿65﴾ اِنَّا لَمُغْرَمُوْنَ ﴿66﴾ بَلْ نَحْنُ

ضرور ہم کر دیں اسے | ریزہ ریزہ | پھر تم رہ جاؤ | باتیں بناتے | بیشک ہم | البتہ چٹی ڈال دیئے گئے ہیں | بلکہ | ہم تو

ریزہ ریزہ کر دیں پھر تم باتیں بناتے رہ جاؤ۔ اور کہنے لگو "ہم پڑ چٹی پر گئی" "ہم بالکل

مَحْرُوْمُوْنَ ﴿67﴾ اَفَرَءَيْتُمُ الْمَآءَ الَّذِيْ تَشْرَبُوْنَ ﴿68﴾ ءَاَنْتُمْ اَنْزَلْتُمُوْهُ

محروم ہو گئے | کیا پس تم نے دیکھا | پانی کو | جسے | تم پیتے ہو | کیا تم | تم نے اتارا اسے

محروم ہو گئے" کیا تم نے غور کیا ، یہ پانی جو تم پیتے ہو ، کیا تم نے اسے بادلوں

مِنَ الْمُزْنِ اَمْ نَحْنُ الْمُنْزِلُوْنَ ﴿69﴾ لَوْ نَشَآءُ جَعَلْنٰهُ اُجَاجًا

سے | بادلوں | یا | ہم ہیں | اتارنے والے | اگر | ہم چاہیں | ہم کر دیں اسے | کڑوا

سے اتارا ، یا ہم ہیں اتارنے والے؟ ہم چاہیں تو اسے کھاری بنا دیں ۔ پھر تم شکر

فَلَوْلَا تَشْكُرُوْنَ ﴿70﴾ اَفَرَءَيْتُمُ النَّارَ الَّتِيْ تُوْرُوْنَ ﴿71﴾ ءَاَنْتُمْ اَنْشَاْتُمْ

پھر کیوں نہیں | تم شکر کرتے | کیا پس تم نے دیکھا | آگ کو | جسے | تم جلاتے ہو | کیا تم | تم نے پیدا کیا

کیوں نہیں کرتے؟ کیا تم نے غور کیا، یہ آگ جو تم جلاتے ہو ، کیا اس کے درخت تم نے

شَجَرَتَهَآ اَمْ نَحْنُ الْمُنْشِئُوْنَ ﴿72﴾ نَحْنُ جَعَلْنٰهَا تَذْكِرَةً وَّمَتَاعًا

درخت اسکا | یا | ہم ہیں | پیدا کرنیوالے | ہم | ہم نے بنایا اسے | ایک نصیحت | اور فائدہ اٹھانا

پیدا کئے یا ہم ہیں ان کے پیدا کرنے والے؟ ہم نے یہ آگ بنائی ہے یاد دہانی کے لئے اور مسافروں کے

لِّلْمُقْوِيْنَ ﴿73﴾ فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ ﴿74﴾ فَلَآ اُقْسِمُ بِمَوٰقِعِ

مسافروں کے لیے | پس تو تسبیح بیان کر | ساتھ نام کے | رب اپنے | بڑے کی | پس ضرور | میں قسم کھاتا ہوں | گرنے کی جگہ

فائدے کے لئے لہٰذا اے نبی ﷺ آپ ﷺ تسبیح کریں اپنے عظیم رب کے نام کی مجھے قسم ہے ان ستاروں کے

النُّجُوْمِ ﴿75﴾ وَاِنَّهٗ لَقَسَمٌ لَّوْ تَعْلَمُوْنَ عَظِيْمٌ ﴿76﴾ اِنَّهٗ لَقُرْاٰنٌ

تاروں کی | اور بیشک یہ | البتہ قسم ہے | اگر | تم جانو | بڑی | بیشک یہ ہے | ضرور قرآن

گرنے کی اگر تم غور کرو تو یہ بہت بڑی قسم ہے ۔ کہ بیشک یہ بڑی عزت والا

كَرِيْمٌ ﴿77﴾ فِيْ كِتٰبٍ مَّكْنُوْنٍ ﴿78﴾ لَّا يَمَسُّهٗٓ اِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ ﴿79﴾

کریم | میں | ایک کتاب | پوشیدہ | نہیں | ہاتھ لگاتے اسے | مگر | پاک

قرآن ہے۔ جو لوح محفوظ میں لکھا ہوا ہے اسے وہی چھوتے ہیں پاک جو ہیں یعنی فرشتے

تَنْزِيْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿80﴾ اَفَبِهٰذَا الْحَدِيْثِ اَنْتُمْ مُّدْهِنُوْنَ ﴿81﴾

اتاری ہوئی ہے | طرف سے | ربِ | کائنات کی | کیا پس اس | کلام سے | تم | غفلت برتتے ہو

یہ اتارا ہوا ہے جہانوں کے رب کی طرف سے۔ کیا تم لوگ اس کلام سے لا پروا ہو

وَتَجْعَلُوْنَ رِزْقَكُمْ اَنَّكُمْ تُكَذِّبُوْنَ ﴿82﴾ فَلَوْلَآ اِذَا بَلَغَتِ

اور تم بناتے ہو | حصہ اپنا | یہ کہ تم | تم جھٹلاتے ہو | پس کیوں نہیں | جب | پہنچتی ہے

اس سے اپنا حصہ یہی لیتے ہو کہ اسے جھٹلاتے ہو اور دیکھو جب جان حلق تک

الْحُلْقُوْمَ ﴿83﴾ وَاَنْتُمْ حِيْنَئِذٍ تَنْظُرُوْنَ ﴿84﴾ وَنَحْنُ اَقْرَبُ اِلَيْهِ مِنْكُمْ

(جان) حلق تک | اور تم | اس وقت | تم دیکھتے ہو | اور ہم | زیادہ قریب ہیں | اسکے | تم سے

پہنچتی ہے اور تم مرنے والے کو دیکھ رہے ہوتے ہو۔ اس وقت ہم تم سے زیادہ اس شخص کے قریب ہوتے ہیں

وَلٰكِنْ لَّا تُبْصِرُوْنَ ﴿85﴾ فَلَوْلَآ اِنْ كُنْتُمْ غَيْرَ مَدِيْنِيْنَ ﴿86﴾

اور لیکن | نہیں | تم دیکھتے | پس کیوں نہیں | اگر | تم ہو | غیر | جوابدہ

مگر تم نہیں دیکھتے۔ پھر اگر تم نے حساب نہیں دینا۔ تو اس جان کو

تَرْجِعُوْنَهَآ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿87﴾ فَاَمَّآ اِنْ كَانَ مِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ ﴿88﴾

تم واپس کر لیتے اسکو | اگر | تم ہو | سچے | پس جو | اگر | ہوا | سے | مقربوں

واپس کیوں نہیں لوٹا لاتے، اگر تم سچے ہو؟ پھر اگر وہ مرنے والا مقربین میں سے ہوا

فَرَوْحٌ وَّرَيْحَانٌ وَّجَنَّتُ نَعِيْمٍ ﴿89﴾ وَاَمَّآ اِنْ كَانَ مِنْ اَصْحٰبِ

تو راحت ہے | اور رزق ہے | اور جنت ہے | نعمت کی | اور لیکن | اگر | ہوا | سے | والوں

تو اس کے لئے راحت بھی ہے، عمدہ رزق بھی اور نعمت بھی۔ اور اگر وہ دائیں والوں میں سے ہوا۔ تو اسے کہا جائے گا سلام ہے تجھ پر

الْيَمِيْنِ ﴿90﴾ فَسَلٰمٌ لَّكَ مِنْ اَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ ﴿91﴾ وَاَمَّآ اِنْ كَانَ مِنَ

دائیں طرف (ہاتھ) | تو سلام ہے | تجھ کو | سے | والوں | دائیں طرف (ہاتھ) | اور لیکن | اگر | ہے | سے

اے دائیں (ہاتھ) والے اور اگر وہ جھٹلانے والے

الْمُكَذِّبِيْنَ الضَّآلِّيْنَ ﴿92﴾ فَنُزُلٌ مِّنْ حَمِيْمٍ ﴿93﴾ وَّتَصْلِيَةُ جَحِيْمٍ ﴿94﴾

جھٹلانے والے | گمراہ لوگوں میں | تو مہمانی ہے | سے | کھولتے پانی | اور داخل کرنا ہے | دوزخ میں

گمراہ لوگوں میں سے ہوگا تو اس کی تواضع کھولتے ہوئے پانی سے کی جائے گی اور اسے دوزخ میں جھونک دیا جائے گا۔

اِنَّ هٰذَا لَهُوَ حَقُّ الْيَقِيْنِ ﴿95﴾ فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ ﴿96﴾

3 ع 22 16

بیشک | یہ بات ہے | ضرور | حق | یقینی | پس تو تسبیح کر | نام کی | رب اپنے | بڑے کے۔

بیشک یہ سب کچھ یقینی اور برحق ہے۔ لہٰذا اے نبی ﷺ آپ ﷺ اپنے عظیم رب کے نام کی تسبیح کریں۔

(57) سُوْرَةُ الْحَدِيْدِ مَدَنِيَّةٌ (94)

اٰيَاتُهَا 29 — رُكُوْعَاتُهَا 4

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ①

پاکی بیان کرتا ہے | اللہ کی | جو ہے | میں | آسمانوں | اور زمین میں | اور وہی ہے | نہایت غالب | بڑی حکمت والا

آسمانوں اور زمین کی تمام چیزیں اللہ کی تسبیح کرتی ہیں جو غالب اور حکمت والا ہے۔

لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ۚ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ

اسی کی ہے | بادشاہی | آسمانوں کی | اور زمین کی | وہ زندہ کرتا ہے | اور وہ مارتا ہے | اور وہی ہے | اوپر | ہر | چیز کے

ساری کائنات کی بادشاہی اسی کے پاس ہے۔ زندگی اور موت اسی کے اختیار میں ہے۔ وہ ہر چیز پر

قَدِيْرٌ ② هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ ۚ وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ

قادر | وہی | اول ہے | اور آخر ہے | اور ظاہر ہے | اور باطن ہے | اور وہ | ہر | چیز کو

قادر ہے۔ وہ اول بھی ہے آخر بھی، ظاہر بھی ہے باطن بھی، اور وہ سب کچھ

عَلِيْمٌ ③ هُوَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ

جاننے والا ہے | وہی ہے | جس نے | پیدا کیا | آسمانوں کو | اور زمین کو | میں | چھ | دنوں | پھر

جانتا ہے۔ اسی نے آسمانوں اور زمین کو چھ دنوں میں پیدا کیا۔ پھر

اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ ۭ يَعْلَمُ مَا يَلِجُ فِي الْاَرْضِ وَمَا يَخْرُجُ

وہ قائم ہوا | پر | عرش | وہ جانتا ہے | جو کچھ | داخل ہوتا ہے | میں | زمین | اور جو کچھ | نکلتا ہے

وہ عرش پر قائم ہوا۔ وہ جانتا ہے جو کچھ زمین میں داخل ہوتا ہے، جو اس سے باہر

مِنْهَا وَمَا يَنْزِلُ مِنَ السَّمَآءِ وَمَا يَعْرُجُ فِيْهَا ۭ وَهُوَ مَعَكُمْ اَيْنَ

اس سے | اور جو کچھ | اترتا ہے | سے | آسمان | اور جو کچھ | چڑھتا ہے | اس میں | اور وہ ہے | ساتھ تمہارے | جہاں

نکلتا ہے، جو کچھ آسمان سے اترتا ہے اور جو کچھ اس میں چڑھتا ہے۔ تم جہاں بھی ہو وہ

مَا كُنْتُمْ ۭ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ④ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ

بھی | تم ہو | اور اللہ | اس کو جو | تم کرتے ہو | خوب دیکھنے والا ہے | اسی کی ہے | بادشاہی | آسمانوں

تمہارے ساتھ ہے۔ اللہ دیکھتا ہے جو کچھ تم کرتے ہو۔ آسمانوں اور زمین کی بادشاہی

وَالْاَرْضِ ؕ وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ۝5 يُوْلِجُ الَّيْلَ فِى النَّهَارِ

اور زمین کی | اور طرف | اللہ کی | لوٹائے جاتے ہیں | سب کام | وہ داخل کرتا ہے | رات کو | میں | دن

اسی کی ہے۔ سارے معاملات کا اختیار اللہ کے پاس ہے۔ وہی رات کو دن میں داخل کرتا ہے

وَيُوْلِجُ النَّهَارَ فِى الَّيْلِ ؕ وَهُوَ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝6 اٰمِنُوْا

اور وہ داخل کرتا ہے | دن کو | میں | رات | اور وہ ہے | خوب جاننے والا | سینوں کی بات کو | تم ایمان لاؤ

اور دن کو رات میں داخل کرتا ہے اور وہ دلوں کی باتیں جانتا ہے۔ لوگو اللہ

بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَاَنْفِقُوْا مِمَّا جَعَلَكُمْ مُّسْتَخْلَفِيْنَ فِيْهِ ؕ فَالَّذِيْنَ

اللہ پر | اور رسول اسکے پر | اور تم خرچ کرو | اس سے جو | اس نے بنایا تمہیں | جانشین پہلے لوگوں کا | اس میں | پس جو لوگ

اور اس کے رسول ﷺ پر ایمان لاؤ اس مال میں سے اللہ کی راہ میں خرچ کرو جو اس نے پہلے لوگوں کے بعد اب تمہیں دیا ہے۔ جو

اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَاَنْفَقُوْا لَهُمْ اَجْرٌ كَبِيْرٌ ۝7 وَمَا لَكُمْ لَا تُؤْمِنُوْنَ

ایمان لائے | تم میں سے | اور خرچ کیا | واسطے انکے ہے | ثواب | بڑا | اور کیا ہے | تم کو | نہیں | تم ایمان لاتے

لوگ تم میں سے ایمان لائیں اور اللہ کی راہ میں مال خرچ کریں، ان کے لئے بڑا اجر ہے۔ تمہیں کیا ہو گیا ہے تم اللہ

بِاللّٰهِ ۚ وَالرَّسُوْلُ يَدْعُوْكُمْ لِتُؤْمِنُوْا بِرَبِّكُمْ وَقَدْ اَخَذَ مِيْثَاقَكُمْ

اللہ پر | اور رسول | بلاتا ہے تمہیں | تاکہ تم ایمان لاؤ | اپنے رب پر | اور بیشک | اس نے لیا ہے | وعدہ تمہارا

پر ایمان نہیں لاتے؟ حالانکہ رسول ﷺ تمہیں بلاتے ہیں کہ تم اپنے اس رب پر ایمان لاؤ جو تم سے عہد لے چکا ہے،

اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝8 هُوَ الَّذِىْ يُنَزِّلُ عَلٰى عَبْدِهٖۤ اٰيٰتٍۭ بَيِّنٰتٍ

اگر | تم ہو | ایمان والے | وہی ہے | جو | نازل کرتا ہے | پر | بندے اپنے | آیتیں | روشن

اگر تم ایمان لانا چاہتے ہو۔ وہی اللہ ہے جو اپنے بندے پر واضح آیتیں نازل کرتا ہے

لِّيُخْرِجَكُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ بِكُمْ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝9

تاکہ وہ نکالے تمہیں | سے | اندھیروں | طرف | روشنی کی | اور بیشک | اللہ ہے | تم پر | ضرور شفقت کرنیوالا | نہایت مہربان

تا کہ تمہیں اندھیروں سے روشنی کی طرف لائے۔ اللہ تم پر شفقت کرنے والا مہربان ہے۔

وَمَا لَكُمْ اَلَّا تُنْفِقُوْا فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلِلّٰهِ مِيْرَاثُ السَّمٰوٰتِ

اور کیا ہے | تم کو | کہ نہ | تم خرچ کرو | میں | راہ | اللہ کی | اور اللہ کی ہے | میراث | آسمانوں کی

تمہیں کیا ہو گیا ہے تم اللہ کے راستے میں خرچ نہیں کرتے؟ حالاں کہ اللہ ہی آسمانوں

وَالْاَرْضِ ؕ لَا يَسْتَوِيْ مِنْكُمْ مَّنْ اَنْفَقَ مِنْ قَبْلِ الْفَتْحِ وَقٰتَلَ ؕ

اور زمین کی | نہیں | برابر ہے | تم میں سے | جس نے | خرچ کیا | سے | پہلے | فتح (مکہ) | اور جہاد کیا

اور زمین کا وارث ہے۔ تم مسلمانوں میں سے جنہوں نے فتح مکہ سے پہلے مال خرچ کیا اور جہاد کیا

اُولٰٓئِكَ اَعْظَمُ دَرَجَةً مِّنَ الَّذِيْنَ اَنْفَقُوْا مِنْ بَعْدُ وَقٰتَلُوْا ؕ وَكُلًّا

یہ لوگ ہیں | بڑے | درجوں میں | ان سے | جن لوگوں نے | خرچ کیا | سے | بعد اسکے | اور جہاد کیا | اور ہر ایک سے

وہ دوسروں کے برابر نہیں ، بلکہ ان کا درجہ بعد والوں سے بڑا ہے اگرچہ اللہ نے

وَّعَدَ اللّٰهُ الْحُسْنٰى ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ⑩ مَنْ ذَا الَّذِيْ

ع 1 ⑩ 17

وعدہ کیا ہے | اللہ نے | اچھا | اور اللہ | اس سے جو | تم کرتے ہو | خوب باخبر ہے | کون ہے | وہ | جو

سب سے بھلائی کا وعدہ کیا ہے۔ اور وہ جانتا ہے جو کچھ تم کرتے ہو ۔ ایسا کون ہے جو اللہ کو

يُقْرِضُ اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا فَيُضٰعِفَهٗ لَهٗ وَلَهٗٓ اَجْرٌ كَرِيْمٌ ⑪ يَوْمَ

قرض دے | اللہ کو | قرض دینا | اچھا | پھر وہ دگنا کردے اسے | اس کیلئے | اور اس کیلئے | ثواب ہے | عمدہ | اس دن

اچھا قرض دے تا کہ اللہ اسے اس کا کئی گنا زیادہ ثواب دے اور عمدہ اجر دے؟ اس دن

تَرَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ يَسْعٰى نُوْرُهُمْ بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ

تو دیکھے گا | ایمان والوں کو | اور ایمان والیوں کو | دوڑتا ہوگا | نور انکا | آگے | انکے

جب تم دیکھو گے مومن مردوں اور مومن عورتوں کا نور ان کے آگے اور دائیں طرف چل رہا ہوگا ان سے کہا جائے گا'' آج تمہارے

وَبِاَيْمَانِهِمْ بُشْرٰىكُمُ الْيَوْمَ جَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ

اور دائیں انکے | خوشخبری ہے تمہیں | آج کے دن | باغ ہیں | بہتی ہیں | سے | نیچے جن کے | نہریں

لئے خوشخبری ہے ایسے باغوں میں داخل ہونے کی جن میں نہریں بہتی ہیں ۔

خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ⑫ يَوْمَ يَقُوْلُ الْمُنٰفِقُوْنَ

ہمیشہ رہنے والے | اس میں | یہی ہے | وہ | کامیابی | بڑی | جس دن | کہیں گے | منافق مرد

جہاں تم ہمیشہ رہو گے۔ یہ بڑی کامیابی ہے'' اس دن منافق مرد اور منافق

وَالْمُنٰفِقٰتُ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوا انْظُرُوْنَا نَقْتَبِسْ مِنْ نُّوْرِكُمْ ۚ قِيْلَ

اور منافق عورتیں | ان کو جو | ایمان لائے | ٹھہرو ہمارے لئے | ہم بھی کچھ لے لیں | سے | تمہاری روشنی | کہا جائے گا

عورتیں ایمان والوں سے کہیں گے '' ہمیں موقع دو تمہاری روشنی سے کچھ فائدہ اٹھا لیں'' جواب ملے گا پیچھے

ارْجِعُوْا وَرَآءَكُمْ فَالْتَمِسُوْا نُوْرًا ؕ فَضُرِبَ بَيْنَهُمْ بِسُوْرٍ لَّهٗ بَابٌ ؕ

تم لوٹ جاؤ | پیچھے اپنے | پھر تم تلاش کرلو | روشنی | پھر ماردی جائے گی | درمیان انکے | ایک فصیل | ہوگا اسکا | ایک دروازہ

ہٹ جاؤ کوئی اور روشنی تلاش کرو" پھر ان کے درمیان دیوار کھڑی کر دی جائے گی جس میں دروازہ ہو گا۔

بَاطِنُهٗ فِيْهِ الرَّحْمَةُ وَظَاهِرُهٗ مِنْ قِبَلِهِ الْعَذَابُ ؕ ﴿13﴾ يُنَادُوْنَهُمْ

اندر اسکے | اس میں ہے | رحمت | اور باہر کی طرف اسکی | سے | طرف اس | عذاب ہے | وہ پکاریں گے انکو

اس کے اندر کی طرف رحمت ہوگی باہر کی طرف عذاب ہوگا ۔ منافق انہیں پکاریں گے

اَلَمْ نَكُنْ مَّعَكُمْ ؕ قَالُوْا بَلٰى وَلٰكِنَّكُمْ فَتَنْتُمْ اَنْفُسَكُمْ وَتَرَبَّصْتُمْ

کیا نہ | ہم تھے | ساتھ تمہارے | وہ کہیں گے | کیوں نہیں | اور لیکن تم نے | فتنے میں ڈالا | جانوں اپنی کو | اور تم منتظر رہے

" کیا ہم تمہارے ساتھ نہ تھے" وہ کہیں گے "ہاں مگر تم نے اپنے آپ کو گمراہی میں مبتلا کیا، تم انتظار کرتے رہے،

وَارْتَبْتُمْ وَغَرَّتْكُمُ الْاَمَانِيُّ حَتّٰى جَآءَ اَمْرُ اللّٰهِ وَغَرَّكُمْ بِاللّٰهِ

اور تم شک میں رہے | اور فریب دیا تم کو | آرزوؤں نے | یہانتک کہ | آگیا | حکم | اللہ کا | اور فریب دیا تمہیں | بارے میں اللہ کے

شک میں پڑے رہے، تمہیں جھوٹی امیدوں نے دھوکے میں رکھا یہاں تک کہ اللہ کا فیصلہ آ پہنچا اور بڑے دھوکے باز نے

الْغَرُوْرُ ﴿14﴾ فَالْيَوْمَ لَا يُؤْخَذُ مِنْكُمْ فِدْيَةٌ وَّلَا مِنَ الَّذِيْنَ

بڑے فریبی نے | پس آج | نہیں | لیا جائے گا | تم سے | کوئی فدیہ | اور نہ | سے | ان لوگوں جو

تمہیں اللہ کے بارے میں دھوکا دیا۔ آج نہ تم سے کوئی فدیہ لیا جائے گا نہ ان لوگوں سے جنہوں

كَفَرُوْا ؕ مَاْوٰىكُمُ النَّارُ ؕ هِيَ مَوْلٰىكُمْ ؕ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿15﴾

کافر ہوئے | ٹھکانا تمہارا ہے | آگ | وہی ہے | ساتھی تمہارا | اور وہ برا ہے | ٹھکانا

نے کفر کیا۔ تم سب کا ٹھکانا دوزخ ہے۔ وہی تمہارے لئے مناسب جگہ ہے۔ وہ کیا ہی برا ٹھکانا ہے" کیا

اَلَمْ يَاْنِ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْ تَخْشَعَ قُلُوْبُهُمْ لِذِكْرِ اللّٰهِ وَمَا نَزَلَ

کیا نہیں ابھی وقت آیا | ان لوگوں کیلئے | جو ایمان لائے | کہ | ڈر جائیں | دل انکے | ذکر کے لیے | اللہ کے | اور جو کچھ | اتارا گیا

ایمان والوں کے لئے وہ وقت نہیں آیا کہ ان کے دل اللہ کی نصیحت کے آگے جھک جائیں اور اس حق کے آگے

مِنَ الْحَقِّ ۙ وَلَا يَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلُ فَطَالَ

سے | حق | اور نہ | وہ ہو جائیں | اُن جیسے جن کو | دی گئی | کتاب | سے | پہلے | پھر لمبی ہوگئی

جو نازل ہو چکا ہے؟ اور وہ ان لوگوں کی طرح نہ ہو جائیں جنہیں اس سے پہلے کتاب دی گئی۔ پھر ان پر لمبی مدت

عَلَيْهِمُ الْاَمَدُ فَقَسَتْ قُلُوْبُهُمْ ۭ وَكَثِيْرٌ مِّنْهُمْ فٰسِقُوْنَ ﴿16﴾ اِعْلَمُوْٓا

ان پر | مدت | پھر سخت ہوگئے | دل انکے | اور بہت | ان میں سے | نافرمان ہیں | تم جان لو

گزر گئی تو ان کے دل سخت ہو گئے۔ ان میں سے اکثر نافرمان ہیں۔ اے لوگو! یقین کرو ،

اَنَّ اللّٰهَ يُحْيِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ۭ قَدْ بَيَّنَّا لَكُمُ الْاٰيٰتِ

کہ | اللہ | وہ زندہ کرتا ہے | زمین کو | بعد | موت اسکی کے | بیشک | ہم نے بیان کردیں | تمہارے لیے | نشانیاں

اللہ ہی مردہ زمین کو زندہ کرتا ہے۔ ہم نے تمہارے لئے نشانیاں بیان کر دی ہیں

لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿17﴾ اِنَّ الْمُصَّدِّقِيْنَ وَالْمُصَّدِّقٰتِ وَاَقْرَضُوا اللّٰهَ

تاکہ تم | تم سمجھو | بیشک | صدقہ کرنیوالے | اور صدقہ کرنیوالیاں | اور جنھوں نے قرض دیا | اللہ کو

تا کہ تم سمجھو ۔ بیشک صدقہ دینے والے مرد اور صدقہ دینے والی عورتیں اور وہ لوگ جنہوں نے

قَرْضًا حَسَنًا يُّضٰعَفُ لَهُمْ وَلَهُمْ اَجْرٌ كَرِيْمٌ ﴿18﴾ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

قرض | اچھا | وہ دگنا دے گا | ان کو | اور ان کے لیے ہے | ثواب | عمدہ | اور جو لوگ | ایمان لائے

اللہ کو اچھا قرض دیا تو ایسے لوگوں کو اس کا ثواب کئی گنا زیادہ ملے گا ۔ ان کے لئے عمدہ اجر ہے۔ جو لوگ اللہ

بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖٓ اُولٰۗىِٕكَ هُمُ الصِّدِّيْقُوْنَ ڰ وَالشُّهَدَاۗءُ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۭ لَهُمْ

اللہ پر | اور رسولوں اسکے پر | وہ لوگ | وہی ہیں | سچے | اور (حق کے) گواہ | نزدیک | اپنے رب کے | ان کیلئے ہے

اور اس کے رسولوں پر ایمان لائے ، وہ اپنے رب کے نزدیک صدیق اور شہید ہیں ۔ انہیں ان جیسا

اَجْرُهُمْ وَنُوْرُهُمْ ۭ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ اُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ

ثواب انکا | اور نور انکا | اور جو لوگ | کافر ہوئے | اور انہوں نے جھٹلایا | ہماری آیتوں کو | یہ لوگ ہیں | والے

اجر بھی ملے گا اور ان جیسا نور بھی ان کے ساتھ ہو گا ۔ مگر جن لوگوں نے کفر کیا اور ہماری نشانیوں کو جھٹلایا

ع 2 9 18

الْجَحِيْمِ ع ﴿19﴾ اِعْلَمُوْٓا اَنَّمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ وَّزِيْنَةٌ

دوزخ | تم جان لو | کہ | زندگی | دنیا کی | کھیل ہے | اور تماشا ہے | اور نمود ونمائش ہے

وہ دوزخی ہیں۔ دیکھو دنیا کی زندگی نام ہے کھیل تماشے کا ، نمود و نمائش کا ،

وَّتَفَاخُرٌۢ بَيْنَكُمْ وَتَكَاثُرٌ فِي الْاَمْوَالِ وَالْاَوْلَادِ ۭ كَمَثَلِ غَيْثٍ

اور فخر جتانا ہے | آپس میں | اور زیادہ کی دوڑ ہے | میں | مال | اور اولاد میں | جیسے مثال | بارش کی

ایک دوسرے پر فخر کرنے کا اور مال و اولاد میں ایک دوسرے سے بڑھنے کا ۔ اس کی مثال ایسی ہے جیسے زمین

اَعۡجَبَ الۡکُفَّارَ نَبَاتُہٗ ثُمَّ یَہِیۡجُ فَتَرٰىہُ مُصۡفَرًّا ثُمَّ یَکُوۡنُ

کہ اچھی لگتی ہے | کسانوں کو | اُس کی پیداوار | پھر | وہ بڑھتی ہے | پھر تو دیکھتا ہے اسے | زرد ہوتی ہے | پھر | وہ ہو جاتی ہے

پر بارش برسی۔ پھر اس کی پیداوار دیکھ کر کسان خوش ہوئے۔ پھر وہ کھیتی خشک ہو کر زرد نظر آنے لگی اور پھر چورا

حُطَامًا ؕ وَ فِی الۡاٰخِرَۃِ عَذَابٌ شَدِیۡدٌ ۙ وَّ مَغۡفِرَۃٌ مِّنَ اللّٰہِ وَ رِضۡوَانٌ ؕ

ریزہ ریزہ | اور میں | آخرت | عذاب ہے | سخت | اور بخشش ہے | کی طرف سے | اللہ کی | اور خوشنودی

چورا ہو کر رہ گئی۔ اس زندگی کے بعد آخرت میں یا تو سخت عذاب ہے یا اللہ کی طرف سے بخشش اور خوشنودی۔

وَ مَا الۡحَیٰوۃُ الدُّنۡیَاۤ اِلَّا مَتَاعُ الۡغُرُوۡرِ ﴿۲۰﴾ سَابِقُوۡۤا اِلٰی مَغۡفِرَۃٍ مِّنۡ

اور نہیں ہے | زندگی | دنیا کی | مگر | سامان | دھوکے کا | تم لپکو | طرف | بخشش | سے

اور یہ دنیا کی زندگی دھوکے کا مال ہے۔ لوگو! دوڑو اپنے رب کی بخشش کی

رَّبِّکُمۡ وَ جَنَّۃٍ عَرۡضُہَا کَعَرۡضِ السَّمَآءِ وَ الۡاَرۡضِ ۙ اُعِدَّتۡ لِلَّذِیۡنَ

رب اپنے | اور جنت کی | چوڑائی جسکی ہے | جیسے چوڑائی | آسمان کی | اور زمین کی | وہ تیار کی گئی ہے | ان کے لیے جو

طرف اور ایسی جنت کی طرف جس کی وسعت آسمان، زمین کے برابر ہے۔ وہ ان لوگوں کے لئے

اٰمَنُوۡا بِاللّٰہِ وَ رُسُلِہٖ ؕ ذٰلِکَ فَضۡلُ اللّٰہِ یُؤۡتِیۡہِ مَنۡ یَّشَآءُ ؕ وَ اللّٰہُ

ایمان لائے | اللہ پر | اور رسولوں اسکے پر | یہ ہے | فضل | اللہ کا | وہ دیتا ہے اسے | جس کو | وہ چاہے | اور اللہ ہے

تیار کی گئی ہے جو اللہ اور اس کے پیغمبروں پر ایمان لائیں۔ یہ اللہ کا فضل ہے وہ جسے چاہتا ہے اپنے فضل سے نوازتا ہے۔ اللہ بڑے

ذُو الۡفَضۡلِ الۡعَظِیۡمِ ﴿۲۱﴾ مَاۤ اَصَابَ مِنۡ مُّصِیۡبَۃٍ فِی الۡاَرۡضِ وَ لَا فِیۡۤ

والا | فضل | بڑے | نہیں | پہنچتی | کوئی | مصیبت | میں | زمین | اور نہ | میں

فضل والا ہے۔ کوئی مصیبت ایسی نہیں جو دنیا میں آئے یا تمہیں پیش آئے مگر جسے ہم نے

اَنۡفُسِکُمۡ اِلَّا فِیۡ کِتٰبٍ مِّنۡ قَبۡلِ اَنۡ نَّبۡرَاَہَا ؕ اِنَّ ذٰلِکَ عَلَی

جانوں تمہاری | مگر ہے | میں | ایک کتاب | سے | پہلے اسکے | کہ | ہم پیدا کریں اسکو | بیشک | یہ ہے | پر

اس کے پیدا کرنے سے پہلے لوح محفوظ میں لکھ نہ دیا ہو۔ بیشک یہ اللہ

اللّٰہِ یَسِیۡرٌ ﴿ۚ۲۲﴾ لِّکَیۡلَا تَاۡسَوۡا عَلٰی مَا فَاتَکُمۡ وَ لَا تَفۡرَحُوۡا بِمَاۤ

اللہ | آسان | تا کہ نہ | تم غم کھاؤ | اس پر | جسے | نہ پاسکے تم | اور نہ | تم خوش ہو | اس پر جو

کے لئے آسان ہے۔ تا کہ تم غم نہ کرو اس چیز کا جو تم سے جاتی رہے اور نہ اتراؤ اس پر

اٰتٰىكُمْ ؕ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ كُلَّ مُخْتَالٍ فَخُوْرِ ۙ ﴿23﴾ الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ

اس نے دی تمہیں | اور اللہ | نہیں | پسند کرتا | ہر | تکبر کرنیوالے | فخر کرنیوالے کو | جو لوگ | بخل کرتے ہیں

جو تمہیں اللہ دے۔ اللہ کسی اترانے والے فخر کرنے والے کو پسند نہیں کرتا۔ ایسے لوگ خود بخل کرتے

وَيَاْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبُخْلِ ؕ وَمَنْ يَّتَوَلَّ فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْغَنِيُّ

اور مشورہ دیتے ہیں | لوگوں کو | بخل کا | اور جو کوئی | منہ موڑے | تو بیشک | اللہ | وہی ہے | بے نیاز

اور دوسروں کو بخل سکھاتے ہیں ۔ اور جو حکم سے منہ موڑے گا تو اللہ بے نیاز

الْحَمِيْدُ ﴿24﴾ لَقَدْ اَرْسَلْنَا رُسُلَنَا بِالْبَيِّنٰتِ وَاَنْزَلْنَا مَعَهُمُ الْكِتٰبَ

تعریف کیا گیا | بیشک | ہم نے بھیجے | رسول اپنے | ساتھ روشن دلیلوں کے | اور ہم نے اتاری | ساتھ انکے | کتاب

تعریف والا ہے۔ بیشک ہم نے اپنے رسولوں کو نشانیاں دے کر بھیجا۔ ان کے ساتھ کتابیں نازل کیں

وَالْمِيْزَانَ لِيَقُوْمَ النَّاسُ بِالْقِسْطِ ۚ وَاَنْزَلْنَا الْحَدِيْدَ فِيْهِ بَاْسٌ

اور ترازو | تا کہ قائم رہیں | لوگ | انصاف کے ساتھ | اور ہم نے اتارا | لوہا | جس میں | لڑائی

اور ترازو بھی تا کہ لوگ انصاف پر قائم رہیں ۔ ہم نے لوہا اتارا جس میں بڑی

شَدِيْدٌ وَّمَنَافِعُ لِلنَّاسِ وَلِيَعْلَمَ اللّٰهُ مَنْ يَّنْصُرُهٗ وَرُسُلَهٗ

سخت ہے | اور فائدے ہیں | لوگوں کے لیے | اور تا کہ ظاہر کرے | اللہ | کون | مدد کرتا ہے اسکی | اور رسولوں اسکے کی

قوت ہے اور لوگوں کے لئے فائدے ہیں ۔ یہ سب کچھ اس لئے کیا تا کہ اللہ ان لوگوں کو ظاہر کر دے جو اسے دیکھے بغیر

بِالْغَيْبِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ قَوِيٌّ عَزِيْزٌ ﴿25﴾ ع وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا وَّاِبْرٰهِيْمَ وَجَعَلْنَا

ع 3 6 19

بغیر دیکھے | بیشک | اللہ ہے | زور آور | خوب غالب | اور بیشک | ہم نے بھیجا | نوح کو | اور ابراہیم کو | اور ہم نے رکھی

اس کے دین کی خدمت کریں اور اس کے پیغمبروں کا ساتھ دیں۔ بیشک اللہ طاقت والا غالب ہے۔ یہ واقعہ ہے ہم نے نوح علیہ السلام اور

فِيْ ذُرِّيَّتِهِمَا النُّبُوَّةَ وَالْكِتٰبَ فَمِنْهُمْ مُّهْتَدٍ ۚ وَكَثِيْرٌ مِّنْهُمْ

میں | اولاد ان دونوں کی | نبوت | اور کتاب | تو کوئی اُن میں | ہدایت پانے والا ہے | اور بہت | ان میں سے

ابراہیم علیہ السلام کو رسول بنا کر بھیجا۔ ان دونوں کی اولاد میں نبوت اور کتاب کا سلسلہ جاری رکھا۔ پھر ان میں سے کچھ نے ہدایت پائی مگر اکثر

فٰسِقُوْنَ ﴿26﴾ ثُمَّ قَفَّيْنَا عَلٰٓى اٰثَارِهِمْ بِرُسُلِنَا وَقَفَّيْنَا بِعِيْسَى ابْنِ

نافرمان ہیں | پھر | ہم لگا تار لائے | پر | نقش قدم انکے | رسول اپنے | اور ہم پیچھے لائے | عیسیٰ | ابن

نافرمان رہے۔ ان کے بعد ہم نے اور پیغمبر بھیجے ان کے بعد عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام کو بھیجا

مَرْيَمَ وَاٰتَيْنٰهُ الْاِنْجِيْلَ ۙ وَجَعَلْنَا فِيْ قُلُوْبِ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُ رَاْفَةً

مریم کو | اور ہم نے دی اسے | انجیل | اور ہم نے پیدا کی | میں | دلوں | ان لوگوں کے جو | پیچھے چلے انکے | شفقت

اور انہیں انجیل عطا کی ۔ جن لوگوں نے ان کی پیروی کی ہم نے ان کے دلوں میں شفقت اور

وَّرَحْمَةً ؕ وَرَهْبَانِيَّةَ ِۨ ابْتَدَعُوْهَا مَا كَتَبْنٰهَا عَلَيْهِمْ اِلَّا ابْتِغَآءَ

اور نرمی | اور رہبانیت | انہوں نے خود شروع کیا اُسے | نہیں | ہم نے حکم دیا تھا اسکا | ان کو | مگر | چاہتے ہوئے

رحمت رکھ دی۔ رہبانیت یعنی دنیا کا ترک کرنا انہوں نے خود نکال لیا جس کا حکم ہم نے نہیں دیا تھا بلکہ انہوں نے اللہ کی رضا کے لئے

رِضْوَانِ اللّٰهِ فَمَا رَعَوْهَا حَقَّ رِعَايَتِهَا ۚ فَاٰتَيْنَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْهُمْ

رضا | اللہ کی | پھر نہیں | رعایت کی اسکی | جیسا حق تھا | رعایت اسکی کا | پھر ہم نے دیا | انکو جو | ایمان لائے | ان میں سے

اسے خود اختیار کر لیا۔ پھر انہوں نے جیسا اس کو نباہنا چاہیے تھا نباہ نہ سکے۔ پھر ہم نے ان میں سے سچے ایمان والوں

اَجْرَهُمْ ۚ وَكَثِيْرٌ مِّنْهُمْ فٰسِقُوْنَ ﴿27﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ

ثواب انکا | اور بہت سے | ان میں | نافرمان ہیں | اے | لوگو جو | ایمان لائے ہو | تم ڈرو | اللہ سے

کو ان کا اجر دیا لیکن ان کی اکثریت نافرمان رہی ۔ اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو ۔ اس کے رسول ﷺ پر ایمان لاؤ ۔

وَاٰمِنُوْا بِرَسُوْلِهٖ يُؤْتِكُمْ كِفْلَيْنِ مِنْ رَّحْمَتِهٖ وَيَجْعَلْ لَّكُمْ نُوْرًا

اور تم ایمان لاؤ | اُس کے رسول پر | وہ دے گا تمہیں | دوہرا ثواب | سے | رحمت اپنی | اور وہ پیدا کرے گا | تمہارے لیے | نور

اللہ تمہیں اپنے فضل سے دوہرا اجر دے گا اور تمہیں ایسا نور عطا کرے گا جو تمہاری

تَمْشُوْنَ بِهٖ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿28﴾ ۙ لِّئَلَّا يَعْلَمَ

تم چلوگے | اس میں | اور وہ بخش دیگا | تم کو | اور اللہ ہے | بہت بخشنے والا | نہایت مہربان | تا کہ | جان لیں

رہنمائی کرتا رہے گا ۔ اللہ تمہیں بخش دے گا ۔ اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔ یہ اس لئے ہے تا کہ

اَهْلُ الْكِتٰبِ اَلَّا يَقْدِرُوْنَ عَلٰى شَيْءٍ مِّنْ فَضْلِ اللّٰهِ وَاَنَّ

اہل | کتاب | کہ نہیں | وہ قدرت رکھتے | پر | کسی چیز | سے | فضل | اللہ کے | اور بیشک

دوسرے اہل کتاب کو معلوم ہو جائے کہ بغیر رسول ﷺ پر ایمان لائے انہیں اللہ کا فضل حاصل نہیں ہو سکتا اور یہ کہ فضل

الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ﴿29﴾ ع

فضل ہے | ہاتھ میں | اللہ کے | وہ دیتا ہے اسے | جسے | وہ چاہے | اور اللہ ہے | والا | فضل | بڑے

اللہ ہی کے ہاتھ میں ہے ، وہ جسے چاہتا ہے عطا فرماتا ہے اور اللہ بڑے فضل والا ہے۔

4 ع 4 20

(58) سُوْرَةُ الْمُجَادَلَةِ مَدَنِيَّةٌ (105)

اٰيَاتُهَا 22 | رُكُوْعَاتُهَا 3

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

قَدْ سَمِعَ اللّٰهُ قَوْلَ الَّتِيْ تُجَادِلُكَ فِيْ زَوْجِهَا وَتَشْتَكِيْٓ اِلَى

بے شک | سن لی | اللہ نے | بات | اس عورت کی جو | جھگڑتی تھی تجھ سے | بارے میں | اپنے شوہر کے | اور شکایت کرتی تھی | طرف

اے نبی ﷺ اللہ نے اس عورت کی بات سن لی جو اپنے شوہر کے بارے میں آپ ﷺ سے جھگڑتی اور اللہ سے فریاد

اللّٰهِ ۖ وَاللّٰهُ يَسْمَعُ تَحَاوُرَكُمَا ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌۢ بَصِيْرٌ ① اَلَّذِيْنَ

اللہ کی | اور اللہ | سن رہا تھا | تمہارا مکالمہ | بیشک | اللہ ہے | خوب سننے والا | خوب دیکھنے والا | جو لوگ

کرتی تھی۔ اللہ تمہاری گفتگو سن رہا تھا۔ بے شک اللہ سننے والا دیکھنے والا ہے۔ مسلمانو! تم

يُظٰهِرُوْنَ مِنْكُمْ مِّنْ نِّسَاۗىِٕهِمْ مَّا هُنَّ اُمَّهٰتِهِمْ ۭ اِنْ اُمَّهٰتُهُمْ

ظہار کرتے ہیں | تم میں سے | سے | اپنے بیویوں | نہیں ہیں | وہ | ان کی مائیں | نہیں | ان کی مائیں

میں سے جو لوگ اپنی بیویوں کو ماں کہہ دیتے ہیں تو وہ ان کی مائیں نہیں بن جاتیں۔ ان کی مائیں

اِلَّا الّٰۗئِ وَلَدْنَهُمْ ۭ وَاِنَّهُمْ لَيَقُوْلُوْنَ مُنْكَرًا مِّنَ الْقَوْلِ وَزُوْرًا ۭ

مگر | وہی | جنہوں نے جنا انکو | اور بیشک وہ | البتہ کہتے ہیں | نامعقول | سے | بات | اور جھوٹ

وہی ہیں جنہوں نے انہیں جنا۔ ایسا کہنے والے ایک نامعقول اور جھوٹ بات کہتے ہیں۔

وَاِنَّ اللّٰهَ لَعَفُوٌّ غَفُوْرٌ ② وَالَّذِيْنَ يُظٰهِرُوْنَ مِنْ نِّسَاۗىِٕهِمْ ثُمَّ

اور بیشک | اللہ ہے | ضرور معاف کرنیوالا | بہت بخشنے والا | اور جو لوگ | ظہار کرتے ہیں | سے | اپنی بیویوں | پھر

بے شک اللہ معاف کرنے والا بخشنے والا ہے۔ جو لوگ اپنی بیویوں کو ماں کہہ بیٹھیں پھر اپنی کہی ہوئی بات

يَعُوْدُوْنَ لِمَا قَالُوْا فَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّتَمَاۗسَّا ۭ

وہ رجوع کرتے ہیں | اس سے جو | انہوں نے کہا | تو آزاد کرنا ہے | ایک گردن کا | سے | پہلے اس | کہ | وہ دونوں ملیں آپس میں

سے رجوع کریں تو آپس میں ہاتھ لگانے سے پہلے مرد کو ایک غلام آزاد کرنا ہو گا۔

ذٰلِكُمْ تُوْعَظُوْنَ بِهٖ ۭ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ③ فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ

یہ ہے | تم کو نصیحت کیجاتی ہے | اس سے | اور اللہ | اس سے جو | تم کرتے ہو | خوب باخبر ہے | پھر جو کوئی | نہ | اسے پائے

تمہیں یہ حکم سمجھایا جا رہا ہے۔ اللہ جانتا ہے جو کچھ تم کرتے ہو۔ پھر جسے غلام

فَصِيَامُ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ مِنْ قَبْلِ اَنْ يَّتَمَآسَّا ۚ فَمَنْ

تو روزے رکھنا ہے | دو ماہ کے | لگاتار | سے | پہلے اس | کہ | وہ دونوں ملیں آپس میں | پھر جو کوئی

میسر نہ ہو تو ایک دوسرے کو ہاتھ لگانے سے پہلے مرد دو مہینے کے لگاتار روزے رکھے۔ جس سے یہ بھی

لَّمْ يَسْتَطِعْ فَاِطْعَامُ سِتِّيْنَ مِسْكِيْنًا ۭ ذٰلِكَ لِتُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ۭ

نہ طاقت رکھتا ہو | تو کھانا کھلانا ہے | ساٹھ (60) | مسکینوں کو | یہ ہے | تا کہ تم ایمان رکھو | پر اللہ | اور رسول اسکے پر

نہ ہو سکے وہ ساٹھ مسکینوں کو کھانا دے۔ یہ حکم اس لیے دیا جاتا ہے تا کہ تم اللہ اور اس کے رسول ﷺ پر ایمان رکھو۔

وَتِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ ۭ وَلِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ④ اِنَّ الَّذِيْنَ يُحَآدُّوْنَ

اور یہ ہیں | حدیں | اللہ کی | اور کافروں کیلئے ہے | عذاب | دردناک | بیشک | جو لوگ | مخالفت کرتے ہیں

یہ اللہ کی قائم کی ہوئی حدیں ہیں۔ اور کافروں کے لئے دردناک عذاب ہے۔ جو لوگ اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی مخالفت کرتے

اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ كُبِتُوْا كَمَا كُبِتَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ وَقَدْ اَنْزَلْنَآ

اللہ کی | اور اُس کے رسول کی | وہ ہلاک ہونگے | جیسے | ہلاک ہوئے | وہ جو تھے | سے | پہلے ان | اور بیشک | ہم نے اتاریں

ہیں وہ ذلیل ہوں گے جیسے ان سے پہلے کافر لوگ ذلیل ہوئے۔ ہم نے واضح آیتیں

اٰيٰتٍۢ بَيِّنٰتٍ ۭ وَلِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ⑤ۚ يَوْمَ يَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ جَمِيْعًا

آیتیں | روشن | اور کافروں کیلئے ہے | عذاب | ذلت والا | جس دن | اٹھائے گا انکو | اللہ | سب کو

نازل کر دی ہیں۔ کافروں کو ذلت کا عذاب ہو گا اس دن جب اللہ ان سب کو دوبارہ زندہ کر کے اٹھائے گا۔

فَيُنَبِّئُهُمْ بِمَا عَمِلُوْا ۭ اَحْصٰىهُ اللّٰهُ وَنَسُوْهُ ۭ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ

پھر بتائے گا انکو | جو کچھ | وہ کرتے تھے | گن رکھا اسے | اللہ نے | اور وہ بھول چکے اسے | اور اللہ | پر | ہر | چیز

انہیں ان کے اعمال سے آگاہ کرے گا۔ اللہ نے سب کچھ گن رکھا ہے۔ وہ سب بھول چکے ہیں۔ اللہ ہر چیز پر

شَهِيْدٌ ⑥ۧ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ

ع 1/6/1

حاضر و موجود ہے | کیا نہیں | تو نے دیکھا | یہ کہ | اللہ | جانتا ہے | اسے جو | میں | آسمانوں | اور جو کچھ ہے | میں | زمین

نگران ہے۔ کیا تم نے غور نہیں کیا کہ اللہ جانتا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے۔

مَا يَكُوْنُ مِنْ نَّجْوٰى ثَلٰثَةٍ اِلَّا هُوَ رَابِعُهُمْ وَلَا خَمْسَةٍ اِلَّا هُوَ

نہیں | ہوتی | کوئی | سرگوشی | تین آدمیوں کی | مگر | وہ | ان کا چوتھا ہوتا ہے | اور نہیں | پانچ کی | مگر | وہ

کوئی سرگوشی تین آدمیوں میں ایسی نہیں ہوتی جن کے ساتھ چوتھا اللہ موجود نہ ہو۔ نہ پانچ آدمیوں میں کوئی سرگوشی ہوتی ہے

سَادِسُهُمْ وَلَآ اَدْنٰى مِنْ ذٰلِكَ وَلَآ اَكْثَرَ اِلَّا هُوَ مَعَهُمْ اَيْنَ مَا

چھٹاان کا ہے | اور نہ | کم | سے | اس | اور نہ | زیادہ | مگر | وہ | ساتھ ہے انکے | کہیں | بھی

جن کے ساتھ چھٹا اللہ نہ ہو۔ خواہ اس سے کم لوگ ہوں یا زیادہ ہوں، اور جہاں بھی ہوں اللہ ان کے ساتھ

كَانُوْا ۚ ثُمَّ يُنَبِّئُهُمْ بِمَا عَمِلُوْا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ

وہ ہوں | پھر | وہ بتائے گا انکو | اس سے جو | وہ عمل کرتے رہے | دن | قیامت کے | بیشک | اللہ | ہر | چیز کو

موجود ہوتا ہے۔ وہ قیامت کے دن انہیں ان کے اعمال سے آگاہ کرے گا۔ بے شک اللہ ہر بات کا

عَلِيْمٌ ⑦ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ نُهُوْا عَنِ النَّجْوٰى ثُمَّ يَعُوْدُوْنَ لِمَا

خوب جاننے والا ہے | کیا نہیں | تونے دیکھا | طرف | انکی | جن کو منع گیا | سے | سرگوشی | پھر | وہ دوبارہ کرتے ہیں | اس کو

علم رکھتا ہے۔ اے نبی ﷺ کیا آپ ﷺ نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جنہیں سرگوشیاں کرنے سے روکا گیا مگر وہ وہی کرتے ہیں

نُهُوْا عَنْهُ وَيَتَنٰجَوْنَ بِالْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ وَمَعْصِيَتِ الرَّسُوْلِ ۡ وَاِذَا

انکو روکا گیا | جس سے | اور وہ سرگوشیاں کرتے ہیں | گناہ کی | اور زیادتی کی | اور نافرمانی کی | رسول کی | اور جب

جس سے ان کو منع کیا گیا۔ ایسے لوگ گناہ کی، ظلم و زیادتی کی اور رسول ﷺ کی نافرمانی کی سرگوشیاں کرتے ہیں۔ جب

جَآءُوْكَ حَيَّوْكَ بِمَا لَمْ يُحَيِّكَ بِهِ اللّٰهُ ۙ وَيَقُوْلُوْنَ فِيْٓ

آتے ہیں تیرے پاس | وہ دعا دیتے ہیں تجھے | وہ جو | نہیں | دعا دی تجھے | ساتھ جس کے | اللہ نے | اور وہ کہتے ہیں | میں

آپ ﷺ کے پاس آتے ہیں تو ایسے الفاظ سے آپ ﷺ کو سلام کرتے ہیں جن الفاظ سے اللہ نے آپ ﷺ کو سلام نہیں بھیجا۔

اَنْفُسِهِمْ لَوْلَا يُعَذِّبُنَا اللّٰهُ بِمَا نَقُوْلُ ۭ حَسْبُهُمْ جَهَنَّمُ ۚ

اپنے دلوں | کیوں نہیں | عذاب دیتا ہم کو | اللہ | اس پر جو | ہم کہتے ہیں | کافی ہے انکو | دوزخ

دل میں کہتے ہیں "ہماری اِن باتوں پر اللہ ہمیں عذاب کیوں نہیں دیتا" ان کے لئے جہنم کافی ہے

يَصْلَوْنَهَا ۚ فَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ⑧ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا تَنَاجَيْتُمْ

وہ داخل ہوں گے اس میں | پس وہ برا ہے | ٹھکانا | اے | لوگو جو | ایمان لائے ہو | جب | تم سرگوشی کرو

جس میں وہ ڈالے جائیں گے جو بہت برا ٹھکانا ہے۔ اے ایمان والو! جب تم سرگوشی کرو تو

فَلَا تَتَنَاجَوْا بِالْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ وَمَعْصِيَتِ الرَّسُوْلِ وَتَنَاجَوْا بِالْبِرِّ

تو نہ تم سرگوشی کرو | گناہ کی | اور زیادتی کی | اور نافرمانی کی | رسول کی | اور تم سرگوشی کرو | نیکی کی

گناہ کی، ظلم و زیادتی کی اور رسول ﷺ کی نافرمانی کی سرگوشی ہرگز نہ کرو، بلکہ نیکی اور تقویٰ کی

وَالتَّقْوٰی ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِیْۤ اِلَیْهِ تُحْشَرُوْنَ ۝9 اِنَّمَا النَّجْوٰی مِنَ

اور تقویٰ کی | اور تم ڈرو | اللہ سے | وہ جو | جس کی طرف | تم کو جمع کیا جائے گا | بے شک | سرگوشی ہے | طرف سے

باتوں کی سرگوشی کرو۔ اللہ سے ڈرو جس کے پاس تم سب جمع کئے جاؤ گے۔ بری سرگوشی کرنا

الشَّیْطٰنِ لِیَحْزُنَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَلَیْسَ بِضَآرِّهِمْ شَیْـًٔا اِلَّا بِاِذْنِ

شیطان کی | تاکہ وہ غمگین کرے | ان کو جو | ایمان لائے | اور نہیں | کوئی نقصان دینے والا ان کو | کچھ بھی | مگر | حکم سے

شیطان کا کام ہے تاکہ وہ ایمان والوں کو پریشان کرے حالاں کہ اللہ کی مشیّت کے بغیر وہ انہیں کوئی نقصان نہیں

اللّٰهِ ؕ وَعَلَی اللّٰهِ فَلْیَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝10 یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا

اللہ کے | اور پر | اللہ | پس چاہیے توکل کریں | ایمان والے | اے | لوگو جو | ایمان لائے ہو | جب

پہنچا سکتا۔ ایمان والوں کو اللہ پر بھروسا کرنا چاہیے۔ اے ایمان والو! جب تمہیں کہا جائے مجلسوں

قِیْلَ لَكُمْ تَفَسَّحُوْا فِی الْمَجٰلِسِ فَافْسَحُوْا یَفْسَحِ اللّٰهُ لَكُمْ ۚ وَاِذَا

کہا جائے | تم کو | تم کھل جایا کرو | میں | مجلسوں | پس تم کھل کر بیٹھا کرو | کشادگی دے گا | اللہ | تم کو | اور جب

میں کھل کر بیٹھو تو کھل کر بیٹھا کرو۔ اللہ تمہیں کشادگی دے گا۔ جب کہا جائے

قِیْلَ انْشُزُوْا فَانْشُزُوْا یَرْفَعِ اللّٰهُ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ ۙ وَالَّذِیْنَ

کہا جائے | تم اٹھ کھڑے ہو | پھر تم اٹھ کھڑے ہو | بلند کرے گا | اللہ | انکو جو | ایمان لائے | تم میں سے | اور انکو جو

اٹھ جاؤ تو اٹھ جایا کرو۔ تم میں سے جو لوگ پختہ ایمان والے ہیں جن کو علم دیا گیا ہے اللہ ان کے

اُوْتُوا الْعِلْمَ دَرَجٰتٍ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِیْرٌ ۝11 یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ

دیے گئے | علم | درجے میں | اور اللہ | اس سے جو | تم کرتے ہو | خوب باخبر ہے | اے | لوگو جو

درجے بلند کرے گا۔ تم جو کچھ کرتے ہو اللہ اس سے باخبر ہے۔ اے ایمان والو!

اٰمَنُوْۤا اِذَا نَاجَیْتُمُ الرَّسُوْلَ فَقَدِّمُوْا بَیْنَ یَدَیْ نَجْوٰىكُمْ صَدَقَةً ؕ

ایمان لائے ہو | جب | تم سرگوشی کرو | رسول سے | تو تم آگے بھیجو | پہلے | اپنی سرگوشی سے | صدقہ

جب رسول ﷺ سے کوئی راز کی بات کرو تو پہلے کچھ صدقہ دو۔

ذٰلِكَ خَیْرٌ لَّكُمْ وَاَطْهَرُ ؕ فَاِنْ لَّمْ تَجِدُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ

یہ ہے | بہت بہتر | تمہارے لیے | اور بہت پاکیزہ | پھر اگر | نہ | تم پاؤ | تو بیشک | اللہ ہے | بہت بخشنے والا

یہ تمہارے لئے بہتر اور زیادہ پاکیزہ ہے۔ اگر تم صدقہ دینے کی طاقت نہیں رکھتے تو اللہ بخشنے والا

رَّحِيْمٌ ﴿۱۲﴾ ءَاَشْفَقْتُمْ اَنْ تُقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَیْ نَجْوٰىكُمْ صَدَقٰتٍ ؕ فَاِذْ

نہایت مہربان | کیا تم ڈر گئے | اس سے کہ | تم آگے بھیجو | پہلے | اپنی سرگوشی سے | صدقہ | پھر جب

مہربان ہے۔ کیا تم اس حکم سے ڈر گئے کہ نبی ﷺ سے اپنی راز دانہ باتیں کرنے سے پہلے صدقہ دینا پڑے گا؟ اب اگر

لَمْ تَفْعَلُوْا وَتَابَ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ فَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ

نہ | تم کرو | اور توبہ قبول کی | اللہ نے | تم سے | تو تم قائم کرو | نماز کو | اور تم ادا کرو | زکوۃ کو

تم ایسا نہ کرو تو اللہ نے تمہیں معاف کیا۔ لہٰذا نماز قائم کرو، زکوۃ ادا کرو

وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ؕ وَاللّٰهُ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۳﴾ ع اَلَمْ تَرَ اِلَى

اور تم اطاعت کرو | اللہ کی | اور اُس کے رسول کی | اور اللہ | باخبر ہے | اس سے جو | تم کرتے ہو | کیا نہیں | تو نے دیکھا | طرف

2 ع 7 2

اور اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی اطاعت کرو۔ تم جو کچھ کرتے ہو اللہ اس سے باخبر ہے۔ کیا تم نے منافقوں

الَّذِيْنَ تَوَلَّوْا قَوْمًا غَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ ؕ مَا هُمْ مِّنْكُمْ

ان لوگوں کی | دوستی کرتے ہیں | ایسی قوم سے | کہ غصے ہوا | اللہ | جن پر | نہیں | ہیں وہ | سے تم میں

کو نہیں دیکھا جو ایسے لوگوں سے دوستی کرتے ہیں جن پر اللہ کا غضب نازل ہوا۔ منافق نہ تمہارے ساتھی ہیں،

وَلَا مِنْهُمْ ۙ وَيَحْلِفُوْنَ عَلَى الْكَذِبِ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۴﴾ اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ

اور نہ ان میں سے | اور وہ قسمیں کھاتے ہیں | پر | جھوٹ | اور وہ | وہ جانتے ہیں | تیار کیا | اللہ نے | ان کیلئے

نہ ان کے۔ وہ جھوٹی بات پر جان بوجھ کر قسم کھا جاتے ہیں۔ اللہ نے ان کے لئے

عَذَابًا شَدِيْدًا ؕ اِنَّهُمْ سَآءَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۵﴾ اِتَّخَذُوْٓا

عذاب | سخت | بیشک وہ | برا ہے | جو کچھ | وہ ہیں | وہ کرتے | انہوں نے بنایا ہے

سخت عذاب تیار کیا ہے۔ بہت برا ہے جو وہ کرتے ہیں۔ انہوں نے اپنی قسموں

اَيْمَانَهُمْ جُنَّةً فَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَلَهُمْ عَذَابٌ

اپنی قسموں کو | ڈھال | پھر وہ روکتے ہیں | سے | راہ | اللہ کی | پس ان کیلئے ہے | عذاب

کو ڈھال بنا رکھا ہے۔ وہ اللہ کی راہ سے خود رکتے اور دوسروں کو روکتے ہیں۔ ان کے لئے ذلت

مُّهِيْنٌ ﴿۱۶﴾ لَنْ تُغْنِيَ عَنْهُمْ اَمْوَالُهُمْ وَلَآ اَوْلَادُهُمْ مِّنَ اللّٰهِ

ذلت والا | ہرگز نہ | کام آئیں گے | ان سے | اُن کے مال | اور نہ | اُن کی اولاد | سے | اللہ

کا عذاب ہے۔ وہاں اللہ کے عذاب سے بچانے کے لئے اُن کے مال و اولاد کچھ کام نہ

شَيْـًٔا ؕ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ؕ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿17﴾ يَوْمَ يَبْعَثُهُمُ

کچھ بھی | یہ لوگ ہیں | والے | دوزخ | وہ ہیں | اس میں | ہمیشہ رہنے والے | جس دن | اٹھائے گا انکو

آ ئیں گے۔ یہی لوگ دوزخی ہیں۔ ہمیشہ دوزخ میں رہیں گے۔جس دن اللہ ان سب کو دوبارہ زندہ کر کے اٹھائے گا وہ اس کے

اللّٰهُ جَمِيْعًا فَيَحْلِفُوْنَ لَهٗ كَمَا يَحْلِفُوْنَ لَكُمْ وَيَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ

اللہ | سب کو | پھر وہ قسمیں کھائیں گے | اس کیلئے | جیسے | وہ قسمیں کھاتے ہیں | تمہارے لیے | اور وہ گمان کرتے ہیں | کہ وہ ہیں

سامنے بھی اسی طرح قسمیں کھائیں گے جیسے تمہارے سامنے قسمیں کھاتے ہیں اور سمجھتے ہیں کہ صحیح

عَلٰى شَيْءٍ ؕ اَلَاۤ اِنَّهُمْ هُمُ الْكٰذِبُوْنَ ﴿18﴾ اِسْتَحْوَذَ عَلَيْهِمُ الشَّيْطٰنُ

پر | کسی چیز | آگاہ رہو | بیشک وہ | وہی ہیں | جھوٹے | غالب آیا ہے | ان پر | شیطان

کام کر رہے ہیں۔سن لو یہی لوگ جھوٹے ہیں۔ ان پر شیطان مسلط ہو گیا ہے جس نے انہیں اللہ کی یاد سے

فَاَنْسٰىهُمْ ذِكْرَ اللّٰهِ ؕ اُولٰٓئِكَ حِزْبُ الشَّيْطٰنِ ؕ اَلَاۤ اِنَّ حِزْبَ الشَّيْطٰنِ

پھر بھلا دی انکو | یاد | اللہ کی | یہ لوگ ہیں | گروہ | شیطان کا | آگاہ رہو | بیشک | گروہ | شیطان کا

غافل کر دیا۔ یہ شیطان کا گروہ ہے۔ سن لو شیطان کا گروہ خسارے

هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿19﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ يُحَآدُّوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗۤ اُولٰٓئِكَ فِي

وہی ہیں | نقصان اٹھانے والے | بے شک | جو لوگ | مخالفت کرتے ہیں | اللہ کی | اور اس کے رسول کی | وہ لوگ ہیں | میں

میں رہے گا۔ جو لوگ اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی مخالفت کرتے ہیں وہ

الْاَذَلِّيْنَ ﴿20﴾ كَتَبَ اللّٰهُ لَاَغْلِبَنَّ اَنَا وَرُسُلِيْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ قَوِيٌّ عَزِيْزٌ ﴿21﴾

بہت ذلیل ہونے والوں | لکھ دیا ہے اللہ نے | البتہ ضرور غالب آؤں گا | میں | اور میرے رسول | بیشک | اللہ ہے | زور آور | غالب

ذلیل ہو کر رہیں گے۔اللہ نے لکھ دیا ہے میں اور میرے رسول ہی معرکے میں غالب رہیں گے'' بے شک اللہ قوت والا غالب ہے۔

لَا تَجِدُ قَوْمًا يُّؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ يُوَآدُّوْنَ مَنْ حَآدَّ

نہیں | تو پائے گا | کسی قوم کو | جو ایمان رکھتے ہیں | اللہ پر | اور دن پر | آخرت کے | کہ وہ دوستی کریں | اس سے جو | مخالفت کرتا ہے

تم ان لوگوں کو جو اللہ پر اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتے ہیں کبھی اللہ اور اس کے رسول کے مخالفوں سے دوستی کی

اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَلَوْ كَانُوْۤا اٰبَآءَهُمْ اَوْ اَبْنَآءَهُمْ اَوْ اِخْوَانَهُمْ اَوْ

اللہ کی | اور اس کے رسول کی | اگرچہ | وہ ہوں | ان کے باپ | یا | ان کے بیٹے | یا | ان کے بھائی | یا

پینگیں بڑھاتے نہ دیکھو گے، اگرچہ وہ ان کے باپ یا ان کے بیٹے یا ان کے بھائی یا

عَشِيْرَتَهُمْ ؕ اُولٰٓئِكَ كَتَبَ فِیْ قُلُوْبِهِمُ الْاِيْمَانَ وَاَيَّدَهُمْ بِرُوْحٍ

ان کا خاندان | یہ لوگ ہیں | لکھ دیا ہے اس نے | میں | ان کے دلوں | ایمان کو | اور مدد فرمائی انکی | روح کے ساتھ

ان کے خاندان والے ہی کیوں نہ ہوں۔ یہی لوگ ہیں جن کے دلوں میں اللہ نے ایمان لکھ دیا اور انہیں اپنے فیض

مِّنْهُ ؕ وَيُدْخِلُهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ

اپنی طرف سے | اور وہ داخل کرے گا انکو | باغوں میں | بہتی ہیں | سے | جن کے نیچے | نہریں | ہمیشہ رہنے والے | ان میں

سے قوت دی۔ اللہ انہیں جنت کے ایسے باغوں میں داخل کرے گا جن میں نہریں بہتی ہوں گی۔ وہاں وہ ہمیشہ رہیں گے۔

رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ ؕ اُولٰٓئِكَ حِزْبُ اللّٰهِ ؕ اَلَآ اِنَّ حِزْبَ

راضی ہوا | اللہ | ان سے | اور وہ راضی ہوئے | اس سے | یہ لوگ ہیں | گروہ | اللہ کا | آگاہ رہو | بیشک | گروہ

اللہ اُن سے راضی وہ اللہ سے راضی۔ یہ ہے اللہ کا گروہ۔ یاد رکھو، اللہ کا

اللّٰهِ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۲۲﴾ ع

اللہ کا | وہی ہیں | کامیاب

گروہ ہی کامیاب ہے۔

3 ع 9 3

(59) سُوْرَةُ الْحَشْرِ مَدَنِيَّةٌ (101)

اٰیاتھا 24 | رکوعاتھا 3

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ

تسبیح کرتی ہے | اللہ کی | جو ہے | میں | آسمانوں | اور جو ہے | میں | زمین | اور وہی ہے | بڑا غالب

آسمانوں اور زمین کی تمام چیزیں اللہ کی تسبیح کرتی ہیں جو غالب

الْحَكِيْمُ ﴿۱﴾ هُوَ الَّذِیْٓ اَخْرَجَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ مِنْ

بڑی حکمت والا | وہی ہے | جس نے | نکالا | انکو جو | کافر ہوئے | سے | اہل | کتاب | سے

اور حکمت والا ہے۔ اسی اللہ نے یہودی کافروں کو ان کے گھروں سے پہلے

دِيَارِهِمْ لِاَوَّلِ الْحَشْرِ ؕ مَا ظَنَنْتُمْ اَنْ يَّخْرُجُوْا وَظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ

ان کے گھروں | میں پہلی بار | اکٹھا کر کے | نہ | وہ گمان کرتے تھے | کہ | وہ نکلیں گے | اور انھوں نے گمان کیا | کہ وہ

ہلے میں اکٹھا کر کے نکال دیا۔ مسلمانو تمہارا خیال بھی نہ تھا وہ کبھی نکلیں گے۔ وہ خود بھی خیال کرتے

وقف النبی علیہ السلام

مَّانِعَتُهُمْ حُصُوْنُهُمْ مِّنَ اللّٰهِ فَاَتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ حَيْثُ

بچانے والے ہیں انکو | ان کے قلعے | سے | اللہ | پھر آیا انکے پاس | اللہ | سے | جہاں

رہے ان کے قلعے ان کو اللہ سے بچا لیں گے۔ لیکن اللہ کا قہر ان پر وہاں سے نازل ہوا جہاں سے انہیں

لَمْ يَحْتَسِبُوْا ۗ وَقَذَفَ فِيْ قُلُوْبِهِمُ الرُّعْبَ يُخْرِبُوْنَ بُيُوْتَهُمْ

نہیں انھوں نے گمان کیا (جس کا) | اور اس نے ڈال دیا | میں | ان کے دلوں | رعب کو | وہ خراب کرتے تھے | اپنے گھروں کو

گمان تک نہ تھا۔ اللہ نے ان کے دلوں پر ایسا رعب ڈالا وہ اپنے گھر اپنے ہاتھوں سے اجاڑنے لگے اور مسلمانوں کے ہاتھوں سے

بِاَيْدِيْهِمْ وَاَيْدِي الْمُؤْمِنِيْنَ ۗ فَاعْتَبِرُوْا يٰٓاُولِي الْاَبْصَارِ ﴿2﴾ وَلَوْلَآ اَنْ

اپنے ہاتھوں سے | اور ہاتھوں | ایمان والوں کے | پس تم عبرت پکڑو | اے والو | آنکھوں | اور اگر نہ ہوتا | یہ کہ

برباد کروانے لگے۔ اے آنکھوں والو! عبرت حاصل کرو۔ اگر اللہ نے ان کے لئے

كَتَبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمُ الْجَلَآءَ لَعَذَّبَهُمْ فِي الدُّنْيَا ۖ وَلَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ

لکھا ہوا تھا | اللہ نے | ان پر | جلاوطن کرنا | تو ضرور عذاب دیتا انکو | میں | دنیا | اور ان کیلئے ہے | میں | آخرت

جلاوطنی نہ لکھی ہوتی تو دنیا ہی میں انہیں عذاب دیتا اور آخرت میں تو ان کے لئے

عَذَابُ النَّارِ ﴿3﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ شَآقُّوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ۚ وَمَنْ يُّشَآقِّ

عذاب | آگ کا | یہ ہے | اس لئے کہ انہوں نے | مخالفت کی | اللہ کی | اور اس کے رسول کی | اور جو کوئی | مخالفت کرے

آگ کا عذاب ہے۔ یہ سب اس لیے ہوا کہ انہوں نے اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی مخالفت کی۔ جو اللہ کی مخالفت

اللّٰهَ فَاِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿4﴾ مَا قَطَعْتُمْ مِّنْ لِّيْنَةٍ اَوْ تَرَكْتُمُوْهَا

اللہ کی | تو بیشک | اللہ ہے | سخت | عذاب والا | جو | تم نے کاٹا | کوئی | تنا | یا | تم نے چھوڑا اسے

کرتا ہے تو اللہ اسے سخت سزا دیتا ہے۔ مسلمانو! ان کے کھجوروں کے درخت تم نے کاٹ ڈالے یا سلامت

قَآئِمَةً عَلٰٓى اُصُوْلِهَا فَبِاِذْنِ اللّٰهِ وَلِيُخْزِيَ الْفٰسِقِيْنَ ﴿5﴾ وَمَآ اَفَآءَ

کھڑا | پر | اس کی جڑوں | تو حکم سے | اللہ کے | اور تاکہ وہ رسوا کرے | نافرمانوں کو | اور جو | مال غنیمت لایا

چھوڑ دیے تو یہ سب اللہ کے حکم سے ہوا تا کہ اس طرح اللہ اپنے نافرمانوں کو ذلیل کرے۔ اور دیکھو،

اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مِنْهُمْ فَمَآ اَوْجَفْتُمْ عَلَيْهِ مِنْ خَيْلٍ وَّلَا رِكَابٍ

اللہ | پر | اپنے رسول | ان میں سے | پس نہیں | تم نے دوڑائے | اس پر | کوئی | گھوڑے | اور نہ | اونٹ

اللہ نے ان کی طرف سے جو مالِ فئے اپنے رسول ﷺ کو منتقل کیا تو اس کے لئے نہ تم نے گھوڑے دوڑائے نہ اونٹ

وَّلٰكِنَّ اللّٰهَ يُسَلِّطُ رُسُلَهٗ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ ۭ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ

اور لیکن | اللہ | مسلط کرتا ہے | اپنے رسولوں کو | پر | جس کے | وہ چاہے | اور اللہ ہے | اوپر | ہر | چیز کے

بلکہ اللہ اپنے رسولوں کو جن لوگوں پر چاہتا ہے تسلط دیتا ہے۔ اللہ ہر چیز پر

قَدِيْرٌ ۝ مَآ اَفَاۗءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مِنْ اَهْلِ الْقُرٰى فَلِلّٰهِ

قادر | جو کچھ | مال غنیمت لایا | اللہ | پر | اپنے رسول | سے | والوں | بستیوں | تو اللہ کیلئے ہے

قادر ہے۔ یاد رکھو، جو مال اللہ اپنے رسول ﷺ کو دوسری بستیوں والوں سے بطور فئے دلا دے تو اس میں حق ہے اللہ کا،

وَلِلرَّسُوْلِ وَلِذِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَابْنِ السَّبِيْلِ ۙ كَيْ

اور رسول کیلئے | اور رشتہ داروں کے لیے | اور یتیموں کے لیے | اور مسکینوں کے لیے | اور مسافروں کے لیے | تاکہ

اُس کے رسول ﷺ کا، رسول ﷺ کے مومن رشتہ داروں کا، یتیموں کا، مسکینوں کا، اور مسافروں کا تاکہ وہ مال صرف تمہارے

لَا يَكُوْنَ دُوْلَةًۢ بَيْنَ الْاَغْنِيَاۗءِ مِنْكُمْ ۭ وَمَآ اٰتٰىكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ ۤ

نہ وہ ہو | گردش کرنے والا | درمیان | دولتمندوں کے | تم میں سے | اور جو کچھ | دے تمہیں | رسول | تو تم لے لو اسے

مالداروں کے درمیان گردش نہ کرتا رہے۔ اور رسول ﷺ جو کچھ تمہیں دیں وہ لے لو

وَمَا نَهٰىكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝ۘ

وقف لازم

اور جو | وہ منع کرے تم کو | جس سے | تو تم رک جاؤ | اور تم ڈرو | اللہ سے | بیشک | اللہ ہے | سخت | عذاب والا

اور جس بات سے تمہیں روکے اس سے رک جاؤ۔ ہر حال میں اللہ سے ڈرو۔ بے شک اللہ عذاب دینے میں بہت سخت ہے۔

لِلْفُقَرَاۗءِ الْمُهٰجِرِيْنَ الَّذِيْنَ اُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ وَاَمْوَالِهِمْ

(یہ مال) غرباء کے لئے | مہاجرین کے لیے ہے | جو | نکالے گئے | سے | اپنے گھروں | اور اپنے مالوں سے

اور اس مالِ فئے میں ان غریب مہاجرین کا بھی حق ہے جنہوں نے اپنا گھر بار اور مال و اسباب چھوڑا

يَبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا وَّيَنْصُرُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ۭ اُولٰۗىِٕكَ

جو چاہتے ہیں | فضل | کا | اللہ | اور رضامندی | اور وہ مدد کرتے ہیں | اللہ | اور اس کے رسول کی | یہ لوگ

جو اللہ کا فضل اور اس کی خوشنودی چاہتے ہیں۔ جو اللہ کے دین کی خدمت کرتے اور رسول ﷺ کا ساتھ دیتے ہیں۔ یہی سچے

هُمُ الصّٰدِقُوْنَ ۝ۚ وَالَّذِيْنَ تَبَوَّؤُ الدَّارَ وَالْاِيْمَانَ مِنْ قَبْلِهِمْ

وہی ہیں | سچے | اور (ان کیلئے ہے) جو | آباد ہوئے | (ہجرت کے) گھر میں | اور ایمان میں | سے | ان کے پہلے

ایمان والے ہیں۔ اور اس مال میں ان انصار کا بھی حق ہے جو مہاجرین کے آنے سے پہلے

يُحِبُّوْنَ مَنْ هَاجَرَ اِلَيْهِمْ وَلَا يَجِدُوْنَ فِيْ صُدُوْرِهِمْ حَاجَةً

وہ دوست رکھتے ہیں | اسے جو | ہجرت کر کے آیا | ان کی طرف | اور نہیں | وہ پاتے | میں | اپنے سینوں | کوئی تنگی

ایمان لائے اور دارالاسلام مدینے میں رہ رہے ہیں۔ وہ ان لوگوں سے محبت کرتے ہیں جو ہجرت کر کے ان کے پاس آتے ہیں۔ وہ

مِّمَّآ اُوْتُوْا وَيُؤْثِرُوْنَ عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ وَلَوْ كَانَ بِهِمْ خَصَاصَةٌ

اس سے جو | انکو دیا جائے | اور وہ ترجیح دیتے ہیں | پر | اپنی جانوں | اور اگرچہ | ہو | ان کو | تنگی

اپنے دلوں میں کوئی تنگی نہیں پاتے اس سے جو مہاجرین کو دیا جاتا ہے اور وہ انہیں اپنی ذات پر ترجیح دیتے ہیں

وَمَنْ يُّوْقَ شُحَّ نَفْسِهٖ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ جَآءُوْ

اور جسے | بچایا گیا | بخل سے | اپنی جان کے | تو ایسے لوگ | وہی ہیں | کامیاب | اور جو لوگ | آئے

چاہے خود ضرورت مند ہوں۔ اور جس نے اپنے آپ کو بخل سے محفوظ رکھا وہی لوگ فلاح پائیں گے۔ اور اس مال میں ان

مِنْۢ بَعْدِهِمْ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِاِخْوَانِنَا الَّذِيْنَ سَبَقُوْنَا

سے | ان کے بعد | وہ کہتے ہیں | اے ہمارے رب | تو بخش | ہم کو | اور ہمارے بھائیوں کو | جو | پہلے لائے ہم سے

مسلمانوں کا بھی حق ہے جو ان دونوں گروہوں کے بعد آئے۔ جو یہ دعا کرتے ہیں ''اے ہمارے رب! ہمیں بخش دے اور

بِالْاِيْمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِيْ قُلُوْبِنَا غِلًّا لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا رَبَّنَآ اِنَّكَ

ایمان | اور نہ | تو کر | میں | ہمارے دلوں | کوئی رنجش | اُن کے لیے جو | ایمان لائے | ہمارے رب | بیشک تو

ہمارے ان بھائیوں کو بھی جو ہم سے پہلے ایمان لا چکے۔ ہمارے دلوں میں ایمان والوں کے لئے کینہ نہ رکھ اے ہمارے رب!

رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ نَافَقُوْا يَقُوْلُوْنَ لِاِخْوَانِهِمُ

شفقت کرنیوالا | نہایت مہربان ہے | کیا نہیں | تو نے دیکھا | طرف | انکی جو | منافق ہوئے | وہ کہتے ہیں | اپنے بھائیوں کو

تو شفقت کرنے والا مہربان ہے۔'' اے نبی! ﷺ کیا آپ نے منافقین کو نہیں دیکھا جو اپنے کافر اہلِ کتاب بھائیوں

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ لَئِنْ اُخْرِجْتُمْ لَنَخْرُجَنَّ مَعَكُمْ

جو کہ | کافر ہیں | سے | اہل | کتاب | کہ اگر | تم نکالے گئے | البتہ ضرور ہم نکلیں گے | تمہارے ساتھ

سے کہتے ہیں ''اگر تمہیں گھروں سے نکالا گیا تو ہم بھی تمہارے ساتھ نکلیں گے۔ تمہارے بارے میں

وَلَا نُطِيْعُ فِيْكُمْ اَحَدًا اَبَدًا ۙ وَّاِنْ قُوْتِلْتُمْ لَنَنْصُرَنَّكُمْ ۭ وَاللّٰهُ

اور نہیں | ہم مانیں گے | تمہارے بارے میں | کسی کی | کبھی | اور اگر | تم سے لڑائی کی گئی | البتہ ضرور ہم مدد کریں گے تمہاری | اور اللہ

کسی کی بات نہ مانیں گے۔ اگر تم سے جنگ کی گئی ہم ضرور تمہاری مدد کریں گے''۔ مگر اللہ

يَشْهَدُ اِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿11﴾ لَئِنْ اُخْرِجُوْا لَا يَخْرُجُوْنَ مَعَهُمْ ۚ وَلَئِنْ

گواہی دیتا ہے | بے شک وہ ہیں | ضرور جھوٹے | البتہ اگر | وہ نکالے گئے | نہیں | یہ نکلیں گے | ان کے ساتھ | اور البتہ اگر

گواہی دیتا ہے وہ جھوٹے ہیں۔ اگر انہیں نکالا گیا تو یہ ان کے ساتھ نہیں نکلیں گے اور اگر ان کی مسلمانوں سے جنگ ہوئی تو یہ منافق

قُوْتِلُوْا لَا يَنْصُرُوْنَهُمْ ۚ وَلَئِنْ نَّصَرُوْهُمْ لَيُوَلُّنَّ الْاَدْبَارَ ۫ ثُمَّ

ان سے لڑائی ہوئی | نہیں | وہ مدد کریں گے انکی | اور البتہ اگر | وہ مدد کریں گے انکی | تو البتہ ضرور وہ پھیریں گے | پیٹھیں | پھر

ان یہودیوں کی مدد نہیں کریں گے۔ اگر ان کی مدد کے لئے آئے تو ضرور پیٹھ پھیر کر بھاگیں گے۔ پھر انہیں کہیں سے

لَا يُنْصَرُوْنَ ﴿12﴾ لَاَنْتُمْ اَشَدُّ رَهْبَةً فِيْ صُدُوْرِهِمْ مِّنَ اللّٰهِ ۭ ذٰلِكَ

نہیں انکی مدد کی جائے گی | ضرور تم ہو | بہت زیادہ | دہشت والے | میں | ان کے سینوں | سے | اللہ | یہ

مدد نہ ملے گی۔ ان کے دلوں میں اللہ سے زیادہ تمہارا ڈر ہے۔ کیونکہ

بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَفْقَهُوْنَ ﴿13﴾ لَا يُقَاتِلُوْنَكُمْ جَمِيْعًا اِلَّا فِيْ قُرًى

اسلئے ہے کہ وہ | لوگ ہیں | نہیں | وہ سمجھتے | نہ | وہ لڑیں گے تم سے | اکٹھے ہو کر | مگر | میں | بستیوں

یہ لوگ سمجھ نہیں رکھتے۔ یہ مل کر بھی میدان میں تم لوگوں سے لڑنے کا حوصلہ نہیں رکھتے۔ صرف اپنی قلعہ بند

مُّحَصَّنَةٍ اَوْ مِنْ وَّرَآءِ جُدُرٍ ۭ بَاْسُهُمْ بَيْنَهُمْ شَدِيْدٌ ۭ تَحْسَبُهُمْ

قلعہ بند | یا | سے | پیچھے | دیوار کے | ان کی لڑائی | ان کے درمیان | سخت ہے | تو گمان کرتا ہے انکو

بستیوں میں محصور ہو کر یا دیواروں کے پیچھے چھپ کر لڑیں گے۔ یہ آپس میں ایک دوسرے سے عداوت رکھتے ہیں۔ تم سمجھتے ہو یہ

جَمِيْعًا وَّقُلُوْبُهُمْ شَتّٰى ۭ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَعْقِلُوْنَ ﴿14﴾ ۚ كَمَثَلِ

اکٹھے ہیں | جبکہ دل انکے ہیں | الگ الگ | یہ ہے | اس لئے کہ وہ | لوگ ہیں | نہیں | وہ جانتے | جیسے مثال

باہم متحد ہیں حالانکہ ان کے دل ایک دوسرے سے پھٹے ہوئے ہیں۔ وجہ یہ ہے کہ یہ لوگ عقل سے کام نہیں لیتے۔ ان یہودیوں کا

الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ قَرِيْبًا ذَاقُوْا وَبَالَ اَمْرِهِمْ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ

انکی جو تھے | سے | پہلے انکے | قریب (زمانہ میں) | انہوں نے چکھا | وبال | اپنے کام کا | اور ان کے لیے ہے | عذاب

حال بھی پہلے یہودیوں جیسا ہو گا جو ان سے کچھ عرصہ پہلے اپنے کیے کا وبال چکھ چکے۔ اور ان کے لئے

اَلِيْمٌ ﴿15﴾ ۚ كَمَثَلِ الشَّيْطٰنِ اِذْ قَالَ لِلْاِنْسَانِ اكْفُرْ ۚ فَلَمَّا كَفَرَ قَالَ

دردناک | جیسے مثال | شیطان کی | جب | کہتا ہے | انسان کو | تو کفر کر | پھر جب | وہ کفر کرے | وہ کہتا ہے

دردناک عذاب ہے۔ جیسے شیطان کسی آدمی سے کہے "تو کفر کر"۔ جب وہ کفر کر بیٹھے تو

اِنِّیْ بَرِیْٓءٌ مِّنْكَ اِنِّیْٓ اَخَافُ اللّٰهَ رَبَّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿16﴾ فَكَانَ

بیشک میں | بیزار ہوں | تجھ سے | بیشک میں | میں ڈرتا ہوں | اللہ سے | رب | جہانوں کے | پھر ہوا

شیطان اس سے کہے ''میں تم سے بری ہوں۔ میں اللہ رب العالمین سے ڈرتا ہوں'' پھر دونوں

عَاقِبَتَهُمَآ اَنَّهُمَا فِی النَّارِ خَالِدَیْنِ فِیْهَا ؕ وَ ذٰلِكَ جَزٰٓؤُا الظّٰلِمِیْنَ ﴿17﴾ ع

(2 ع 7 5)

انجام دونوں کا | یہ کہ دونوں | میں | آگ | ہمیشہ رہنے والے ہیں | اس میں | اور یہ ہے | بدلہ | ظالموں کا

کا انجام یہ ہو کہ وہ دوزخ میں جائیں جہاں وہ ہمیشہ رہیں۔ ظالموں کی یہی سزا ہے۔

یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَلْتَنْظُرْ نَفْسٌ مَّا قَدَّمَتْ لِغَدٍ ۚ

اے | لوگو جو | ایمان لائے | ڈرو | اللہ سے | اور چاہئے کہ دیکھے | ہر جان | جو کچھ | اس نے بھیجا | آئندہ کل کیلئے

اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو۔ ہر شخص دیکھے اُس نے کل کے لئے کیا بھیجا ہے۔

وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ خَبِیْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿18﴾ وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِیْنَ

اور تم ڈرو | اللہ سے | بیشک | اللہ ہے | باخبر | اس سے جو | تم کرتے ہو | اور نہ | تم ہو جاؤ | ان جیسے جو

ہر حال میں اللہ سے ڈرو۔ بےشک اللہ تمہارے اعمال سے باخبر ہے۔ اور دیکھو، ان لوگوں کی طرح

نَسُوا اللّٰهَ فَاَنْسٰىهُمْ اَنْفُسَهُمْ ؕ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿19﴾ لَا یَسْتَوِیْٓ

بھول گئے | اللہ کو | پھر بھلا دیا انکو | ان کی جانوں سے | یہ لوگ | وہی ہیں | نافرمان | نہیں | برابر

نہ بن جاؤ جو اللہ کو بھول گئے تو اللہ نے ان کو خود ان کی جانوں سے غافل کر دیا۔ یہی لوگ نافرمان ہیں۔ اور دیکھو، دوزخ والے

اَصْحٰبُ النَّارِ وَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ؕ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ﴿20﴾ لَوْ

رہنے والے | آگ کے | اور رہنے والے | جنت کے | رہنے والے | جنت کے | وہی ہیں | کامیاب | اگر

اور جنت والے برابر نہیں ہو سکتے۔ جنت والے ہی کامیاب ہیں۔ اگر ہم

اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَیْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْیَةِ

ہم اتارتے | اس | قرآن کو | پر | پہاڑ | ضرور تو دیکھتا اسے | ڈرنے والا | پھٹ جانے والا | سے | خوف

اِس قرآن کو کسی پہاڑ پر نازل کرتے تو تم دیکھتے وہ خدا کے خوف سے دب جاتا

اللّٰهِ ؕ وَ تِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ یَتَفَكَّرُوْنَ ﴿21﴾ هُوَ

اللہ کے | اور یہ | مثالیں ہیں | ہم بیان کرتے ہیں انکو | لوگوں کے لیے | تاکہ وہ | وہ غور و فکر کریں | وہی ہے

اور پھٹ جاتا۔ ہم یہ مثالیں لوگوں کے لئے بیان کرتے ہیں تاکہ وہ غور و فکر کریں۔ وہی

اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ج عٰلِمُ الْغَیْبِ وَالشَّهَادَةِ ج هُوَ الرَّحْمٰنُ

اللہ | کہ | نہیں | کوئی معبود | مگر | وہی | جاننے والا | غیب | اور ظاہر کا | وہی ہے | بڑا مہربان

اللہ ہے۔ اس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ وہ پوشیدہ اور ظاہر کو جاننے والا، بڑا مہربان،

الرَّحِیْمُ ﴿22﴾ هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ج اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ

نہایت رحم کرنیوالا | وہی ہے | اللہ | کہ | نہیں | کوئی معبود | مگر | وہی | جو بادشاہ ہے | بہت پاک

نہایت رحم والا ہے۔ وہی اللہ ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ وہ بادشاہ، ہر عیب سے پاک،

السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَیْمِنُ الْعَزِیْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ط سُبْحٰنَ اللّٰهِ

سلامتی والا | امن دینے والا | نگہبان | غالب | زبردست | بڑائی والا | پاک ہے | اللہ

سراسر سلامتی، امن دینے والا، نگہبان، غالب، زور آور اور بڑائی والا ہے۔ اللہ اس شرک سے پاک ہے

عَمَّا یُشْرِكُوْنَ ﴿23﴾ هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ

اس سے جو | وہ شریک بناتے ہیں | وہی | اللہ ہے | پیدا کرنیوالا | وجود میں لانے والا | صورت بنانے والا | اسی کے ہیں | نام

جو لوگ کرتے ہیں۔ وہی اللہ ہے، پیدا کرنے والا، وجود میں لانے والا، صورت گری کرنے والا۔ اسی کے ہیں

الْحُسْنٰی ط یُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ج وَهُوَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ ﴿24﴾ ع

اچھے | تسبیح کرتا ہے | اسکی | جو کچھ ہے | میں | آسمانوں | اور زمین میں | اور وہی ہے | بڑا غالب | خوب حکمت والا

سارے اچھے نام۔ آسمانوں اور زمین کی سب چیزیں اسی کی تسبیح کرتی ہیں۔ وہ غالب اور حکمت والا ہے۔

(60) سُوْرَةُ الْمُمْتَحِنَةِ مَدَنِیَّةٌ (91)

اٰیَاتُهَا 13 — رُكُوْعَاتُهَا 2

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْا عَدُوِّیْ وَعَدُوَّكُمْ اَوْلِیَآءَ

اے | لوگو جو | ایمان لائے ہو | نہ | تم بناؤ | میرے دشمن کو | اور اپنے دشمن کو | دوست

اے ایمان والو! میرے اور اپنے دشمنوں کو دوست نہ بناؤ۔

تُلْقُوْنَ اِلَیْهِمْ بِالْمَوَدَّةِ وَقَدْ كَفَرُوْا بِمَا جَآءَكُمْ مِّنَ الْحَقِّ ج

تم ڈالتے ہو (پیغام) | طرف انکی | محبت کے ساتھ | اور بیشک | انہوں نے انکار کیا | اس کا جو | آیا تمہارے پاس | سے | حق

تم ان سے دوستی کا اظہار کرتے ہو۔ حالاں کہ وہ اس دینِ حق کے منکر ہیں جو تمہارے پاس آیا ہے۔

يُخْرِجُوْنَ الرَّسُوْلَ وَاِيَّاكُمْ اَنْ تُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ رَبِّكُمْ ۭ اِنْ كُنْتُمْ

وہ نکالتے ہیں | رسول کو | اور تم کو | کیونکہ | تم ایمان لائے ہو | اللہ پر | اپنے رب | اگر | تم

انہوں نے رسول ﷺ کو اور تمہیں صرف اس قصور سے جلاوطن کیا کہ تم لوگ اپنے رب، اللہ پر ایمان لائے ہو۔ اب تم

خَرَجْتُمْ جِهَادًا فِيْ سَبِيْلِيْ وَابْتِغَاۗءَ مَرْضَاتِيْ ڰ تُسِرُّوْنَ اِلَيْهِمْ

نکلے ہو | جہاد کے لئے | میں | میری راہ | اور چاہنے کیلئے | میری رضا | کیا تم چھپاتے ہو | ان کی طرف

میری راہ میں جہاد کے لئے اور میری رضا طلبی کے لئے نکل کر بھی ان کو خفیہ طور پر دوستی کا پیغام

بِالْمَوَدَّةِ ڰ وَاَنَا اَعْلَمُ بِمَآ اَخْفَيْتُمْ وَمَآ اَعْلَنْتُمْ ۭ وَمَنْ يَّفْعَلْهُ

دوستی سے | اور میں | جانتا ہوں | جو کچھ | تم چھپاتے ہو | اور جو کچھ | تم ظاہر کرتے ہو | اور جو کوئی | کرے ایسا

بھیجتے ہو جبکہ میں تمہارے ظاہر اور باطن کو جانتا ہوں۔ تو یاد رکھو جو تم میں سے ایسا کرے گا

مِنْكُمْ فَقَدْ ضَلَّ سَوَاۗءَ السَّبِيْلِ ① اِنْ يَّثْقَفُوْكُمْ يَكُوْنُوْا لَكُمْ

تم میں سے | تو بیشک | وہ گمراہ ہوا | راہ | سیدھی سے | اگر | وہ پائیں تمہیں | وہ ہونگے | تمہارے لیے

وہ سیدھی راہ سے بھٹک جائے گا۔ وہ اگر تم پر قابو پا لیں تو تمہارے دشمن بن

اَعْدَاۗءً وَّيَبْسُطُوْٓا اِلَيْكُمْ اَيْدِيَهُمْ وَاَلْسِنَتَهُمْ بِالسُّوْۗءِ وَوَدُّوْا

دشمن | اور وہ پھیلائیں گے | تمہاری طرف | اپنے ہاتھ | اور اپنی زبانیں | برائی سے | اور وہ چاہتے ہیں

جائیں گے، تمہیں اپنے ہاتھ اور زبان سے دُکھ پہنچائیں گے اور چاہیں گے تم بھی

لَوْ تَكْفُرُوْنَ ۭ② لَنْ تَنْفَعَكُمْ اَرْحَامُكُمْ وَلَآ اَوْلَادُكُمْ ڔ يَوْمَ

کاش | تم بھی کافر ہو جاؤ | ہرگز نہیں | فائدہ دے گی تمہیں | رشتہ داری تمہاری | اور نہ | اولاد تمہاری | دن

کسی طرح کافر ہو جاؤ۔ یاد رکھو، قیامت کے دن تمہارے رشتہ دار کام نہ آئیں گے، نہ تمہاری اولاد کام آئے گی۔ اس دن

الْقِيٰمَةِ ڔ يَفْصِلُ بَيْنَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ③ قَدْ كَانَتْ مع

قیامت کے | وہ فیصلہ کرے گا | درمیان تمہارے | اور اللہ ہے | جو کچھ | تم کرتے ہو | خوب دیکھنے والا | بیشک | ہے

اللہ تمہارے اور ان کے درمیان جدائی ڈال دے گا۔ تم جو کرتے ہو اللہ اسے دیکھ رہا ہے۔ تمہارے لئے بہترین

لَكُمْ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ فِيْٓ اِبْرٰهِيْمَ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗ ۚ اِذْ قَالُوْا

تمہارے لیے | نمونہ | اچھا | میں | ابراہیم | اور ان میں جو تھے | اس کے ساتھ | جب | انہوں نے کہا

نمونہ ہے ابراہیم علیہ السلام اور ان کے ساتھیوں کی زندگیوں میں۔ جبکہ انہوں نے

لِقَوْمِهِمْ اِنَّا بُرَءٰٓؤُا مِنْكُمْ وَمِمَّا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۡ كَفَرْنَا

اپنی قوم کو | بیشک ہم | بیزار ہیں | تم سے | اور اس سے جو | تم پوجتے ہو | سے | سوا | اللہ کے | ہم منکر ہوئے

اپنی قوم سے کہا ''ہم الگ ہیں تم سے اور ان چیزوں سے جنہیں تم اللہ کے سوا پوجتے ہو۔ ہم تمہارے

بِكُمْ وَبَدَا بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمُ الْعَدَاوَةُ وَالْبَغْضَآءُ اَبَدًا حَتّٰى

تمہارے | اور ظاہر ہوئی | ہمارے درمیان | اور تمہارے درمیان | دشمنی | اور نفرت | ہمیشہ کی | یہاں تک کہ

منکر ہیں اور ہمارے اور تمہارے درمیان ہمیشہ کے لئے دشمنی اور نفرت پیدا ہوگئی ہے یہاں تک کہ تم

تُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ وَحْدَهٗٓ اِلَّا قَوْلَ اِبْرٰهِيْمَ لِاَبِيْهِ لَاَسْتَغْفِرَنَّ لَكَ

تم ایمان لاؤ | اللہ پر | جو ایک ہے | مگر | کہنا | ابراہیم کا | اپنے باپ کو | البتہ ضرور میں بخشش مانگوں گا | تیرے لیے

اکیلے اللہ پر ایمان نہ لاؤ'' البتہ وہ الگ بات تھی جو ابراہیم نے اپنے باپ سے کہی تھی کہ ''میں آپ کے لئے بخشش کی دعا ضرور کروں

وَمَآ اَمْلِكُ لَكَ مِنَ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ ۭ رَبَّنَا عَلَيْكَ تَوَكَّلْنَا

اور نہیں | میں اختیار رکھتا | تیرے لیے | سے | اللہ | بھی | کچھ | اے ہمارے رب | تجھ پر | ہم نے توکل کیا

گا اگرچہ اس بارے میں اللہ کے آگے مجھے کچھ اختیار نہیں'' ابراہیم اور ان کے ساتھیوں نے یہ دعا بھی کی ''اے ہمارے رب! ہم

وَاِلَيْكَ اَنَبْنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ۝4 رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً

اور تیری طرف ہیں | ہم رجوع کرتے | اور تیری طرف ہے | ٹھکانا | اے ہمارے رب | نہ | تو بنا ہم کو | نشانہ

نے تجھ پر بھروسا کیا، تیری طرف رجوع کیا اور تیرے ہی پاس ہمیں جانا ہے۔ اے ہمارے رب ہمیں

لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَاغْفِرْ لَنَا رَبَّنَا ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝5

انکے لیے | جو کافر ہوئے | اور تو بخش | ہم کو | اے ہمارے رب | بیشک تو | تو ہی ہے | بڑا غالب | خوب حکمت والا

کافروں کے ظلم کا تختۂ مشق نہ بنا۔ اے ہمارے رب! ہمارے گناہ بخش دے بے شک تو غالب اور حکمت والا ہے''۔

لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْهِمْ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ لِّمَنْ كَانَ يَرْجُوا اللّٰهَ

بیشک | ہے | تمہارے لیے | ان میں | نمونہ | اچھا | اس کے لیے جو | ہے | وہ امید رکھتا | اللہ کی

ان لوگوں کی زندگی میں ایسے شخص کے لئے اچھا نمونہ ہے جو اللہ سے ملاقات اور یومِ آخرت کے

وَالْيَوْمَ الْاٰخِرَ ۭ وَمَنْ يَّتَوَلَّ فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ۝6ع عَسَى

اور دن کی | آخرت کے | اور جو کوئی | منہ موڑے | تو بیشک | اللہ | وہی ہے | بے نیاز | تعریف کیا گیا | امید ہے

اجر کی امید رکھتا ہے۔ جو اس سے منہ موڑے گا۔ اللہ بے نیاز اور خوبیوں والا ہے۔ ممکن ہے

ع 1 6 7

اللّٰهُ اَنْ يَّجْعَلَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ عَادَيْتُمْ مِّنْهُمْ مَّوَدَّةً ؕ

اللہ (سے) | کہ | وہ کردے | تمہارے درمیان | اور درمیان | انکے جو | تم سے دشمنی رکھتے ہیں | ان میں سے | دوستی

اللہ کسی وقت تمہارے اور ان کے درمیان جن سے آج تمہاری دشمنی ہے، دوستی پیدا کر دے۔

وَاللّٰهُ قَدِيْرٌ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۷﴾ لَا يَنْهٰىكُمُ اللّٰهُ عَنِ الَّذِيْنَ

اور اللہ | قادر ہے | اور اللہ ہے | بہت بخشنے والا | نہایت مہربان | نہیں | منع کرتا تمہیں | اللہ | سے | ان لوگوں جو

اللہ سب کچھ کر سکتا ہے۔ وہ بخشنے والا مہربان ہے۔ اللہ تمہیں ان لوگوں سے بھلائی اور منصفانہ برتاؤ کرنے

لَمْ يُقَاتِلُوْكُمْ فِي الدِّيْنِ وَلَمْ يُخْرِجُوْكُمْ مِّنْ دِيَارِكُمْ اَنْ

نہیں | لڑے تم سے | بارے میں | دین کے | اور نہیں | انہوں نے نکالا تم کو | سے | تمہارے گھروں | یہ کہ

سے نہیں روکتا جنہوں نے دین کے معاملے میں نہ تم سے جنگ کی

تَبَرُّوْهُمْ وَتُقْسِطُوْٓا اِلَيْهِمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِيْنَ ﴿۸﴾ اِنَّمَا

تم نیکی کرو ان سے | اور تم انصاف کرو | ان کی طرف | بے شک | اللہ | پسند کرتا ہے | انصاف کرنیوالوں کو | بے شک

اور نہ تمہیں تمہارے گھروں سے نکالا۔ بے شک اللہ انصاف کرنے والوں کو پسند کرتا ہے۔ اللہ تمہیں صرف

يَنْهٰىكُمُ اللّٰهُ عَنِ الَّذِيْنَ قٰتَلُوْكُمْ فِي الدِّيْنِ وَاَخْرَجُوْكُمْ مِّنْ

منع کرتا ہے تمہیں | اللہ | سے | ان لوگوں جو | لڑے تم سے | بارے میں | دین کے | اور انہوں نے نکالا تمہیں | سے

ان لوگوں کے ساتھ دوستی کرنے سے منع کرتا ہے جو دین کے معاملے میں تمہارے خلاف لڑے، تمہیں تمہارے گھروں سے نکالا اور

دِيَارِكُمْ وَظٰهَرُوْا عَلٰٓى اِخْرَاجِكُمْ اَنْ تَوَلَّوْهُمْ ۚ وَمَنْ يَّتَوَلَّهُمْ

تمہارے گھروں | اور پشت پناہی کی | پر | تمہارے نکالنے | یہ کہ | تم دوستی کرو ان سے | اور جو کوئی | دوستی کرے ان سے

انہوں نے تمہارے نکالنے میں دشمنوں کی مدد کی۔ جو ایسے لوگوں سے دوستی کریں

فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۹﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا جَآءَكُمُ الْمُؤْمِنٰتُ

تو ایسے لوگ | وہی ہیں | ظالم | اے | لوگو جو | ایمان لائے ہو | جب | آئیں تمہارے پاس | ایمان والیاں

وہی ظالم ہیں۔ اے ایمان والو! جب تمہارے پاس مسلمان عورتیں ہجرت کر کے آئیں تم ان کے

مُهٰجِرٰتٍ فَامْتَحِنُوْهُنَّ ؕ اَللّٰهُ اَعْلَمُ بِاِيْمَانِهِنَّ ۚ فَاِنْ عَلِمْتُمُوْهُنَّ

ہجرت کرنیوالیاں | تو تم پڑتال کر لیا کرو انکی | اللہ | خوب جانتا ہے | ان کے ایمان کو | پھر اگر | تم جان لو ان کو

مومن ہونے کی تحقیق کرو۔ اگرچہ اللہ ان کے ایمان کو بہتر جانتا ہے۔ پھر جب تمہیں معلوم ہو وہ ایمان والی ہیں

مُؤْمِنٰتٍ فَلَا تَرْجِعُوْهُنَّ اِلَى الْكُفَّارِ ۭ لَا هُنَّ حِلٌّ لَّهُمْ وَلَا هُمْ

ایمان والیاں ہیں | تو نہ | تم واپس بھیجو انکو | طرف | کفار کی | نہیں | وہ عورتیں | حلال | ان کے لیے | اور نہ | وہ

تو انہیں کافروں کی طرف نہ لوٹاؤ۔ کیونکہ نہ وہ مسلمان عورتیں کافروں سے نکاح کے لئے حلال ہیں اور نہ وہ کافر ان سے نکاح کے

يَحِلُّوْنَ لَهُنَّ ۭ وَاٰتُوْهُمْ مَّآ اَنْفَقُوْا ۭ وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ اَنْ

حلال ہیں | ان عورتوں کے لئے | اور تم دو ان کو | جو | انہوں نے خرچ کیا ہے | اور نہیں | کوئی گناہ | تم پر | کہ تم

لئے حلال ہیں۔ کافر شوہروں نے جو کچھ ان پر خرچ کیا تھا وہ انہیں ادا کر دو۔ تمہارے لئے ان مسلمان

تَنْكِحُوْهُنَّ اِذَآ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ ۭ وَلَا تُمْسِكُوْا بِعِصَمِ الْكَوَافِرِ

نکاح کرلو ان سے | جب | تم دو انکو | ان کے مہر | اور نہ | تم پکڑے رکھو | عصمتیں | کافر عورتوں کی

عورتوں سے نکاح کر لینے میں کوئی گناہ نہیں بشرطیکہ تم انہیں ان کے مہر ادا کرو۔ اور تم اپنی کافر بیویوں کو بھی اپنے نکاح میں نہ روکے

وَسْـَٔلُوْا مَآ اَنْفَقْتُمْ وَلْيَسْـَٔلُوْا مَآ اَنْفَقُوْا ۭ ذٰلِكُمْ حُكْمُ اللّٰهِ ۭ

اور تم مانگ لو | جو کچھ | تم نے خرچ کیا ہے | اور البتہ وہ مانگ لیں | جو کچھ | خرچ کیا ہے انھوں نے | یہ ہے | حکم | اللہ کا

رکھو بلکہ جو کچھ تم نے ان پر خرچ کیا وہ کافروں سے مانگ لو۔ اسی طرح مسلمان عورتوں کے کافر شوہر اپنے دیے ہوئے حق مہر تم سے

يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝ وَاِنْ فَاتَكُمْ شَيْءٌ مِّنْ

وہ فیصلہ کرتا ہے | تمہارے درمیان | اور اللہ ہے | خوب جاننے والا | بڑی حکمت والا | اور اگر | چلی جائے تم سے | کوئی | سے

مانگ لیں۔ یہ اللہ کا حکم ہے۔ اس نے اس معاملے میں تم لوگوں کے لئے فیصلہ کر دیا ہے۔ اللہ جاننے والا حکمت والا ہے۔ اگر تمہاری

اَزْوَاجِكُمْ اِلَى الْكُفَّارِ فَعَاقَبْتُمْ فَاٰتُوا الَّذِيْنَ ذَهَبَتْ اَزْوَاجُهُمْ

تمہاری بیویوں میں | طرف | کافروں کی | تو تم بدلہ دو | پھر تم دو | انکو کہ | چلی گئی ہیں | جن کی بیویاں

بیویوں کے مہر میں سے کچھ کافروں کی طرف رہ جائے اور تمہاری نوبت آئے تو جن مسلمان شوہروں کی بیویاں ادھر رہ گئی ہوں، ان

مِّثْلَ مَآ اَنْفَقُوْا ۭ وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْٓ اَنْتُمْ بِهٖ مُؤْمِنُوْنَ ۝ يٰٓاَيُّهَا

برابر اسکے | جو | خرچ کیا انھوں نے | اور تم ڈرو | اللہ سے | وہ کہ | تم | جس پر | ایمان رکھتے ہو | اے

شوہروں کو اتنی رقم ادا کر دو جو ان کے خرچ کئے ہوئے مہر کے برابر ہو جس کی وصولی ابھی تک نہ ہوئی ہو۔ اللہ سے ڈرتے رہو جس پر تم

النَّبِيُّ اِذَا جَاۗءَكَ الْمُؤْمِنٰتُ يُبَايِعْنَكَ عَلٰٓي اَنْ لَّا يُشْرِكْنَ بِاللّٰهِ

نبی | جب | آئیں تیرے پاس | مسلمان عورتیں | وہ بیعت کریں آپ سے | پر | اس بات کہ | نہ | وہ شریک ٹھہرئیں گی | اللہ کے ساتھ

ایمان لائے ہو۔ اے نبی ﷺ جب آپ ﷺ کے پاس مسلمان عورتیں اس بات پر بیعت کے لئے آئیں کہ وہ کسی کو اللہ کا شریک

شَيْـًٔا وَّلَا يَسْرِقْنَ وَلَا يَزْنِيْنَ وَلَا يَقْتُلْنَ اَوْلَادَهُنَّ وَلَا يَاْتِيْنَ

کسی کو | اور نہ | وہ چوری کریں گی | اور نہ | وہ زنا کریں گی | اور نہ | وہ قتل کریں گی | اپنی اولاد کو | اور نہ | لائیں گی

نہ بنائیں گی، چوری نہ کریں گی، بدکاری نہ کریں گی، اپنی اولاد کو قتل نہ کریں گی، اپنے کسی ناجائز بچے کو

بِبُهْتَانٍ يَّفْتَرِيْنَهٗ بَيْنَ اَيْدِيْهِنَّ وَاَرْجُلِهِنَّ وَلَا يَعْصِيْنَكَ فِيْ

بہتان | وہ گھڑلیں جس کو | درمیان | اپنے ہاتھوں کے | اور اپنی پاؤں کے | اور نہ | وہ نافرمانی کریں گی تیری | میں

اپنے شوہر کی طرف منسوب نہ کریں گی اور وہ کسی نیک اور معروف کام میں آپ ﷺ کی نافرمانی نہ کریں گی تو ان سے بیعت لے

مَعْرُوْفٍ فَبَايِعْهُنَّ وَاسْتَغْفِرْ لَهُنَّ اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿12﴾

معروف | تو تو بیعت لے اُن کی | اور تو بخشش مانگ | انکے لیے | اللہ سے | بیشک | اللہ ہے | بہت بخشنے والا | بڑا مہربان

لیں۔ ان کے لئے اللہ سے بخشش کی دعا کریں۔ بے شک اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَوَلَّوْا قَوْمًا غَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ قَدْ

اے | لوگو جو | ایمان لائے ہو | نہ | تم دوستی کرو | اس قوم سے کہ | غصے ہوا | اللہ | جن پر | بیشک

اے ایمان والو! ان لوگوں سے دوستی نہ کرو جن پر اللہ کا غضب نازل ہوا۔ جو آخرت کے

يَىِٕسُوْا مِنَ الْاٰخِرَةِ كَمَا يَىِٕسَ الْكُفَّارُ مِنْ اَصْحٰبِ الْقُبُوْرِ ﴿13﴾

وہ مایوس ہوگئے | سے | آخرت | جیسے | مایوس ہوئے | کافر | سے | والوں | قبر

اجر وثواب سے اس طرح ناامید ہیں جیسے کافروں کو اپنے ان مُردوں کے دوبارہ زندہ ہونے کی امید نہیں جو قبروں میں جا چکے ہیں۔

(61) سُوْرَةُ الصَّفِّ مَدَنِيَّةٌ (109)

اٰيَاتُهَا 14 | رُكُوْعَاتُهَا 2

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ

تسبیح کرتا ہے | اللہ کی | جو کچھ ہے | میں | آسمانوں | اور جو کچھ ہے | میں | زمین | اور وہی ہے | بڑا غالب

آسمانوں اور زمین کی ہر چیز اللہ کی تسبیح کر رہی ہے جو غالب

الْحَكِيْمُ ﴿1﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لِمَ تَقُوْلُوْنَ مَا لَا تَفْعَلُوْنَ ﴿2﴾

خوب حکمت والا | اے | لوگو جو | ایمان لائے ہو | کیوں | تم کہتے ہو | جو | نہیں | تم کرتے

اور حکمت والا ہے۔ اے ایمان والو! تم کیوں ایسی بات کہتے ہو جو کرتے نہیں؟

كَبُرَ مَقْتًا عِنْدَ اللّٰهِ اَنْ تَقُوْلُوْا مَا لَا تَفْعَلُوْنَ ﴿۳﴾ اِنَّ اللّٰهَ

بڑی | ناراضی ہے | نزدیک | اللہ کے | کہ | تم کہو | جو | نہیں | تم کرتے | بیشک | اللہ

اللہ کے نزدیک یہ بہت ناراضی کی بات ہے کہ تم ایسی بات کہو جو کرو نہیں۔ بے شک اللہ

يُحِبُّ الَّذِيْنَ يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِهٖ صَفًّا كَاَنَّهُمْ بُنْيَانٌ

ودست رکھتا ہے | انکو جو | لڑتے ہیں | میں | اُس کی راہ | صف باندھ کر | گویا کہ وہ ہیں | عمارت

ان لوگوں کو پسند کرتا ہے جو اس کی راہ میں اس طرح مل کر لڑتے ہیں گویا سیسہ پلائی ہوئی

مَّرْصُوْصٌ ﴿۴﴾ وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ لِمَ تُؤْذُوْنَنِيْ وَقَدْ

سیسہ پلائی ہوئی | اور جب | کہا | موسیٰ نے | اپنی قوم کو | اے میری قوم | کیوں | تم ایذا دیتے ہو مجھے | اور یقیناً

دیوار ہیں۔ یاد کرو جب موسیٰ علیہ السلام نے اپنی قوم سے کہا "اے میری قوم! مجھے کیوں ستاتے ہو حالانکہ

تَّعْلَمُوْنَ اَنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ ؕ فَلَمَّا زَاغُوْٓا اَزَاغَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ ؕ

تم جانتے ہو | کہ میں ہوں | رسول | اللہ کا | طرف تمہاری | پھر جب | وہ ٹیڑے ہوگئے | ٹیڑھا کردیے | اللہ نے | ان کے دل

تمہیں معلوم ہے کہ میں تمہاری طرف اللہ کا بھیجا ہوا رسول ہوں"۔ پھر جب وہ لوگ پھر گئے تو اللہ نے ان کے دلوں کو پھیر دیا۔

وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ﴿۵﴾ وَاِذْ قَالَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ

اور اللہ | نہیں | ہدایت دیتا | لوگوں | ظالم کو | اور جب | کہا | عیسیٰ | بن | مریم نے

اللہ نافرمان لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا۔ یاد کرو جب عیسیٰ ابن مریم علیہما السلام نے کہا تھا

يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اِنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ مُّصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيَّ

اے بنی اسرائیل | بیشک میں ہوں | رسول | اللہ کا | طرف تمہاری | تصدیق کرنیوالا | اس کی جو | آگے میرے ہے

"اے بنی اسرائیل میں تمہاری طرف اللہ کا بھیجا ہوا رسول ہوں۔ جو توریت مجھ سے پہلے موجود ہے میں اس کی تصدیق کرتا ہوں۔

مِنَ التَّوْرٰىةِ وَمُبَشِّرًاۢ بِرَسُوْلٍ يَّاْتِيْ مِنْۢ بَعْدِي اسْمُهٗٓ اَحْمَدُ ؕ

سے | توریت | اور خوشخبری دینے والا | رسول کی | جو آئے گا | سے | میرے بعد | نام اسکا ہے | احمد

ایک ایسے رسول ﷺ کے آنے کی خوشخبری دیتا ہوں جو میرے بعد آئے گا، اس کا نام احمد (ﷺ) ہوگا"۔

فَلَمَّا جَآءَهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ قَالُوْا هٰذَا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۶﴾ وَمَنْ اَظْلَمُ

پھر جب | وہ آیا انکے پاس | روشن دلیلوں کے ساتھ | وہ بولے | یہ ہے | جادو | کھلا | اور کون ہے | زیادہ ظالم

پھر جب وہی رسول بنی اسرائیل کے پاس کھلی نشانیاں لے کر آیا تو انہوں نے کہہ دیا "یہ کھلا جادو ہے"۔ اُس سے بڑھ

مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ وَهُوَ يُدْعٰٓى اِلَى الْاِسْلَامِ ؕ وَاللّٰهُ

اس سے جو | باندھے | پر | اللہ | جھوٹ | اور اسے | بلایا جاتا ہے | طرف | اسلام کی | اور اللہ

کر ظالم کون ہو گا جو اللہ پر جھوٹ باندھے حالاں کہ اسے اسلام کی طرف بلایا جا رہا ہو۔ اللہ

لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝ يُرِيْدُوْنَ لِيُطْفِـُٔوْا نُوْرَ اللّٰهِ بِاَفْوَاهِهِمْ

نہیں | وہ ہدایت دیتا | لوگوں | ظالم کو | وہ چاہتے ہیں | کہ بجھادیں | نور کو | اللہ کے | اپنے مونہوں سے

ظالموں کو ہدایت نہیں دیتا۔ وہ چاہتے ہیں اللہ کی روشنی کو اپنے منہ سے بجھا دیں۔

وَاللّٰهُ مُتِمُّ نُوْرِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ ۝ هُوَ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ

اور اللہ | پورا کرنیوالا ہے | اپنے نور کو | اور اگرچہ | ناپسند کریں | کافر | وہی ہے | جس نے | بھیجا | رسول اپنے کو

حالانکہ اللہ اپنی روشنی کو پورا کر کے رہے گا خواہ کافروں کو کتنا ہی ناگوار ہو۔ وہی اللہ ہے جس نے اپنے رسول ﷺ کو

بِالْهُدٰى وَدِيْنِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ وَلَوْ كَرِهَ

ساتھ ہدایت کے | اور دین | حق کے | تاکہ وہ غالب کرے اسے | پر | دین | ہر قسم کے | اور اگرچہ | ناپسند کریں

ہدایت اور دینِ حق دے کر بھیجا ہے تاکہ اس دین کو سب دینوں پر غالب کر دے خواہ مشرکوں کو یہ کتنا ہی

الْمُشْرِكُوْنَ ۝ ع يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰى تِجَارَةٍ تُنْجِيْكُمْ

مشرک | اے | لوگو جو | ایمان لائے ہو | کیا | میں بتاؤں تمہیں | بات | ایک تجارت کی | جو نجات دے تم کو

ناگوار ہو۔ اے ایمان والو! کیا میں تمہیں ایسی تجارت بتاؤں جو تمہیں ایک دردناک عذاب سے بچا لے۔ تم اللہ اور اس کے

مِّنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ ۝ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتُجَاهِدُوْنَ فِيْ

سے | عذاب | دردناک | تم ایمان لاؤ | اللہ پر | اور اس کے رسول پر | اور تم جہاد کرو | میں

رسول ﷺ پر ایمان رکھو۔ اللہ کی راہ میں اپنے مال اور اپنی

سَبِيْلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِكُمْ وَاَنْفُسِكُمْ ؕ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ

راہ | اللہ کی | اپنے مالوں کے ساتھ | اور اپنی جانوں کے ساتھ | یہ ہے | بہتر | تمہارے لیے | اگر | تم ہو

جان سے جہاد کرو۔ یہ تمہارے لئے بہتر ہے اگر

تَعْلَمُوْنَ ۝ لا يَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ وَيُدْخِلْكُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ

تم جانتے | وہ بخش دے گا | تمہارے لیے | گناہ تمہارے | اور وہ داخل کرے گا تمہیں | باغوں میں | بہتی ہیں | سے

تم جانو۔ ایسا کرو گے تو اللہ تمہارے گناہ بخش دے گا۔ تمہیں ایسے باغوں میں داخل کرے گا

تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ وَمَسٰكِنَ طَيِّبَةً فِيْ جَنّٰتِ عَدْنٍ ۭ ذٰلِكَ الْفَوْزُ

جن کے نیچے | نہریں | اور رہائش گاہیں | پاکیزہ | میں | باغوں | ہمیشہ کے | یہ ہے | کامیابی

جن میں نہریں بہتی ہوں گی۔ ہمیشہ رہنے والے باغوں میں تمہیں عمدہ گھر عطا کرے گا۔ یہ ہے بڑی

الْعَظِيْمُ ﴿12﴾ وَاُخْرٰى تُحِبُّوْنَهَا ۭ نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَفَتْحٌ قَرِيْبٌ ۭ

بڑی | اور دوسری بات | تم پسند کرتے ہو جسے | مدد | طرف سے | اللہ کی | اور فتح | قریب

کامیابی ایک اور چیز جس کی تم تمنا رکھتے ہو، وہ ہے اللہ کی مدد اور جلد حاصل ہونے والی فتح"۔

وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿13﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْٓا اَنْصَارَ اللّٰهِ كَمَا قَالَ

اور خوشخبری دے | ایمان والوں کو | اے | لوگو جو | ایمان لائے ہو | تم ہو جاؤ | مددگار | اللہ کے | جیسے | کہا

اے نبی ﷺ آپ ﷺ ایمان والوں کو اس کی خوشخبری دیں۔ اے ایمان والو! اللہ کے دین کے خادم بن جاؤ۔ جیسا کہ عیسیٰ ابن

عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ لِلْحَوَارِيّٖنَ مَنْ اَنْصَارِيْٓ اِلَى اللّٰهِ ۭ قَالَ الْحَوَارِيُّوْنَ

عیسیٰ | ابن | مریم نے | حواریوں سے | کون ہے | مددگار میرا | طرف | اللہ کی | کہا | حواریوں نے

مریمؑ نے حواریوں سے کہا: "کون ہے جو میرا ساتھی بنتا ہے اللہ کے دین کی خدمت کرنے میں؟" حواریوں نے جواب دیا

نَحْنُ اَنْصَارُ اللّٰهِ فَاٰمَنَتْ طَّاۗىِٕفَةٌ مِّنْۢ بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ وَكَفَرَتْ

ہم ہیں | مددگار | اللہ کے | پھر ایمان لایا | ایک گروہ | سے | بنی اسرائیل | اور کفر کیا

"ہم ہیں اللہ کے دین کے خادم" پھر بنی اسرائیل میں سے کچھ لوگ ایمان لائے اور کچھ نے

طَّاۗىِٕفَةٌ ۚ فَاَيَّدْنَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا عَلٰي عَدُوِّهِمْ فَاَصْبَحُوْا ظٰهِرِيْنَ ﴿14﴾ ع

ایک گروہ نے | پھر ہم نے مدد فرمائی | انکی جو | ایمان لائے | مقابلے میں | ان کے دشمن کے | پھر وہ ہو گئے | غالب

(ع 2/5/10)

انکار کیا۔ ہم نے ایمان لانے والوں کی ان کے دشمنوں کے مقابلے میں مدد کی جس سے وہ غالب آ گئے۔

(62) سُوْرَةُ الْجُمُعَةِ مَدَنِيَّةٌ (110)

اٰيَاتُهَا 11 — رُكُوْعَاتُهَا 2

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

يُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ

تسبیح کرتا ہے | اللہ کی | جو کچھ ہے | میں | آسمانوں | اور جو کچھ ہے | میں | زمین | وہ بادشاہ ہے | بہت پاک

آسمانوں اور زمین کی ہر چیز تسبیح کر رہی ہے اُس اللہ کی جو بادشاہ، پاک،

الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ﴿١﴾ هُوَ الَّذِيْ بَعَثَ فِي الْاُمِّيّٖنَ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ

بڑا غالب | خوب حکمت والا | وہی ہے | جس نے | بھیجا | میں | ان پڑھوں | ایک رسول | اُن میں سے

غالب اور حکمت والا ہے۔ وہی ہے جس نے ان پڑھ لوگوں میں رسول بھیجا

يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ ق وَاِنْ

جو پڑھتا ہے | ان پر | اس کی آیتیں | اور وہ پاک کرتا ہے انکو | اور وہ سکھاتا ہے انکو | کتاب | اور حکمت | اور بیشک

جو انہیں اللہ کی آیتیں پڑھ کر سناتا، انہیں پاک کرتا اور انہیں کتاب و حکمت کی تعلیم دیتا ہے۔ حالانکہ وہ

كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۙ﴿٢﴾ وَّاٰخَرِيْنَ مِنْهُمْ لَمَّا يَلْحَقُوْا

وہ تھے | سے | پہلے اس | ضرور میں | گمراہی | کھلی | اور دوسرے لوگوں کو | ان میں سے | جو ابھی نہیں | ملے

اس سے پہلے کھلی گمراہی میں تھے۔ یہ رسول ﷺ دوسروں کے لئے بھی ہے جو ابھی تک عرب مسلمانوں میں

بِهِمْ ۭ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿٣﴾ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ

ان سے | اور وہی ہے | بڑا غالب | خوب حکمت والا | یہ ہے | فضل | اللہ کا | وہ دیتا ہے اسے | جس کو | وہ چاہتا ہے

شامل نہیں ہوئے، اور اللہ غالب اور حکمت والا ہے۔ یہ سب اللہ کا فضل ہے وہ جسے چاہتا ہے نوازتا ہے۔

وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ﴿٤﴾ مَثَلُ الَّذِيْنَ حُمِّلُوا التَّوْرٰىةَ ثُمَّ

اور اللہ ہے | فضل والا | بڑے | مثال | ان لوگوں کی جو | اٹھوائے گئے | توریت | پھر

اللہ بڑے فضل والا ہے۔ جن لوگوں کو توریت کا حامل بنایا گیا اور انہوں نے اپنی ذمہ داری پوری

لَمْ يَحْمِلُوْهَا كَمَثَلِ الْحِمَارِ يَحْمِلُ اَسْفَارًا ۭ بِئْسَ مَثَلُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ

نہ انہوں نے اُٹھایا اُسے | جیسے مثال | گدھے کی | جو اٹھاتا ہے | کتابوں کو | بری ہے | مثال | اس قوم کی | جنہوں نے

نہ کی تو ان کی مثال اُس گدھے کی سی ہے جو کتابوں کا بوجھ اٹھائے ہو۔ کیسی بری حالت ہے ان لوگوں کی جنہوں نے

كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ۭ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٥﴾ قُلْ يٰٓاَيُّهَا

جھٹلایا | آیتوں کو | اللہ کی | اور اللہ | نہیں | وہ ہدایت دیتا | قوم | ظالم کو | کہہ دیجئے | اے

اللہ کی آیتوں کو جھٹلایا۔ اور اللہ ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا۔ اے نبی ﷺ آپ ﷺ ان سے کہیں ”اے

الَّذِيْنَ هَادُوْٓا اِنْ زَعَمْتُمْ اَنَّكُمْ اَوْلِيَاۗءُ لِلّٰهِ مِنْ دُوْنِ النَّاسِ

لوگو جو | یہودی ہوئے ہو | اگر | تم دعویٰ کرتے ہو | یہ کہ تم | دوست ہو | اللہ کے | سوا | اور لوگوں کے

یہودیو! اگر تمہارا دعویٰ ہے کہ دنیا میں صرف تم لوگ اللہ کے چہیتے ہو اور آخرت کی ساری نعمتیں صرف تمہارے لیے ہیں

فَتَمَنَّوُا الْمَوْتَ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝6 وَلَا يَتَمَنَّوْنَهٗٓ اَبَدًۢا بِمَا

تو تم تمنا کرو | موت کی | اگر | تم ہو | سچے | اور نہیں | وہ تمنا کریں گے اس کی | کبھی | کیونکہ جو

تو موت کی تمنا کرو اگر تم سچے ہو۔ مگر وہ کبھی اس کی تمنا نہ کریں گے اپنے برے اعمال کی وجہ سے

قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالظّٰلِمِيْنَ ۝7 قُلْ اِنَّ الْمَوْتَ

آگے بھیجا | ان کے ہاتھوں نے | اور اللہ ہے | جاننے والا | ظالموں کو | کہہ دیجئے | بیشک | موت

جو انہوں نے آگے بھیجے ہیں۔ اللہ ان ظالموں کو اچھی طرح جانتا ہے۔ آپ ﷺ ان سے کہہ دیں ''جس موت سے

الَّذِيْ تَفِرُّوْنَ مِنْهُ فَاِنَّهٗ مُلٰقِيْكُمْ ثُمَّ تُرَدُّوْنَ اِلٰى عٰلِمِ الْغَيْبِ

وہ جو | تم بھاگتے ہو | جس سے | تو بیشک وہ | ملنے والی ہے تم سے | پھر | تم پلٹائے جاؤ گے | طرف | جاننے والے کی | غیب کے

تم بھاگتے ہو، وہ تمہیں آ کر رہے گی۔ پھر تم اللہ کے سامنے پیش کیے جاؤ گے، جو ہر چھپی

وَالشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝8 ع يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا

اور حاضر کے | پھر وہ بتائے گا تمہیں | وہ جو | تم تھے | تم کرتے | اے | لوگو جو | ایمان لائے

اور ظاہر چیز کو جانتا ہے پھر وہ تمہیں بتائے گا جو کچھ تم کرتے رہے۔'' اے ایمان والو!

اِذَا نُوْدِيَ لِلصَّلٰوةِ مِنْ يَّوْمِ الْجُمُعَةِ فَاسْعَوْا اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ

جب | پکارا جائے | نماز کے لیے | سے | دن | جمعہ کے | تو جلدی کرو | طرف | ذکر کی | اللہ کے

جب جمعے کے دن کی نماز کے لئے پکارا جائے تو اللہ کی یاد کی طرف چل پڑو

وَذَرُوا الْبَيْعَ ؕ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝9 فَاِذَا

اور تم چھوڑ دو | کاروبار کو | یہ ہے | بہتر | تمہارے لیے | اگر | تم ہو | تم جانتے | پھر جب

اور خرید و فروخت چھوڑ دو۔ یہ تمہارے لئے بہتر ہے اگر تم سمجھو۔ پھر جب

قُضِيَتِ الصَّلٰوةُ فَانْتَشِرُوْا فِي الْاَرْضِ وَابْتَغُوْا مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ

پوری ہو جائے | نماز | تو تم پھیل جاؤ | میں | زمین | اور تم تلاش کرو | سے | فضل | اللہ کے

نماز پوری ہو جائے تو زمین میں پھیل جاؤ اور اللہ کا فضل تلاش کرو۔

وَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝10 وَاِذَا رَاَوْا تِجَارَةً اَوْ

اور تم یاد کرو | اللہ کو | بہت | تاکہ تم | تم فلاح پاؤ | اور جب | انہوں نے دیکھا | تجارت کو | یا

اللہ کو کثرت سے یاد کرو تاکہ تم فلاح پاؤ۔ اے نبی ﷺ! بعض لوگ جب کوئی تجارت یا

لَهْوًا انْفَضُّوْٓا اِلَيْهَا وَتَرَكُوْكَ قَآئِمًا ۭ قُلْ مَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ

تماشا | وہ دوڑے جاتے ہیں | اس کی طرف | اور چھوڑتے ہیں تجھے | کھڑا | کہہ دیجئے | جو کچھ ہے | پاس | اللہ کے | بہتر ہے

کھیل تماشا دیکھتے ہیں تو اس کی طرف دوڑ جاتے ہیں اور آپ ﷺ کو خطبہ پڑھتے کھڑا چھوڑ دیتے ہیں۔ آپ ﷺ ان سے کہیں

مِّنَ اللَّهْوِ وَمِنَ التِّجَارَةِ ۭ وَاللّٰهُ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ﴿11﴾ ع

سے | تماشے | اور سے | تجارت | اور اللہ ہے | بہتر | رزق دینے والا

2 ع 3 12

"جو اللہ کے پاس ہے وہ کھیل تماشے اور تجارت سے بہتر ہے۔ اللہ بہترین رزق دینے والا ہے"۔

(63) سُوْرَةُ الْمُنٰفِقُوْنَ مَدَنِيَّةٌ (104)

اٰيَاتُهَا 11 رُكُوْعَاتُهَا 2

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اِذَا جَآءَكَ الْمُنٰفِقُوْنَ قَالُوْا نَشْهَدُ اِنَّكَ لَرَسُوْلُ اللّٰهِ ۘ وَاللّٰهُ

جب | آتے ہیں تیرے پاس | منافق | وہ کہتے ہیں | ہم گواہی دیتے | بیشک تو | البتہ رسول ہے | اللہ کا | اور اللہ

اے نبی ﷺ جب منافق لوگ آپ ﷺ کے پاس آتے ہیں تو کہتے ہیں "ہم گواہی دیتے ہیں آپ ﷺ بے شک اللہ کے

يَعْلَمُ اِنَّكَ لَرَسُوْلُهٗ ۭ وَاللّٰهُ يَشْهَدُ اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَكٰذِبُوْنَ ﴿1﴾ ج

جانتا ہے | بیشک تو ہے | البتہ رسول اسکا | اور اللہ | شہادت دیتا ہے کہ | بیشک | منافق | ضرور جھوٹے ہیں

رسول ﷺ ہیں۔" اور اللہ جانتا ہے بے شک آپ ﷺ اس کے رسول ہیں۔ مگر اللہ گواہی دیتا ہے کہ یہ منافقین جھوٹے ہیں۔

اِتَّخَذُوْٓا اَيْمَانَهُمْ جُنَّةً فَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ اِنَّهُمْ سَآءَ

انہوں نے بنایا | اپنی قسموں کو | ڈھال | پھر وہ روکتے ہیں | سے | راہ | اللہ کی | بیشک وہ | برا ہے

انہوں نے اپنی قسموں کو ڈھال بنا رکھا ہے اور وہ اللہ کی راہ سے دوسروں کو بھی روکتے ہیں۔ ان کے کرتوت

مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿2﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ اٰمَنُوْا ثُمَّ كَفَرُوْا فَطُبِعَ عَلٰى

جو کچھ | وہ ہیں | وہ کرتے | یہ | اس لئے کہ وہ | ایمان لائے وہ | پھر | وہ کافر ہوئے | پھر مہر لگا دی گئی | پر

بہت برے ہیں اس کا سبب یہ ہے کہ وہ لوگ پہلے ایمان لائے، پھر انہوں نے کفر کیا یہاں تک کہ ان کے دلوں پر

قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ لَا يَفْقَهُوْنَ ﴿3﴾ وَاِذَا رَاَيْتَهُمْ تُعْجِبُكَ اَجْسَامُهُمْ ۭ

ان کے دلوں | پس وہ | نہیں | وہ سمجھتے | اور جب | تو دیکھے انکو | بھلے لگیں تجھے | جسم انکے

مہر لگا دی گئی۔ اب وہ نہیں سمجھتے۔ آپ ﷺ ان منافقوں کے جسم دیکھیں تو آپ کو بڑے اچھے نظر آئیں گے۔

وَاِنْ يَّقُوْلُوْا تَسْمَعْ لِقَوْلِهِمْ ؕ كَاَنَّهُمْ خُشُبٌ مُّسَنَّدَةٌ ؕ يَحْسَبُوْنَ

اور اگر | وہ بات کرتے ہیں | تو سنتا رہتا ہے | اُن کی بات کو | گویا وہ ہیں | لکڑیاں | ٹیک لگائی ہوئی | وہ گمان کرتے ہیں

اگر وہ بات کریں تم ان کی باتیں سنتے رہ جاؤ گے۔مگر وہ ایسے ہیں جیسے ٹیک لگائی ہوئی لکڑیاں۔ ہر ہنگامہ ان کے لئے خطرے

كُلَّ صَيْحَةٍ عَلَيْهِمْ ؕ هُمُ الْعَدُوُّ فَاحْذَرْهُمْ ؕ قٰتَلَهُمُ اللّٰهُ ۫ اَنّٰى

ہر | بڑی آواز کو | ان کے خلاف ہے | وہ | دشمن ہیں | پس تو بچ ان سے | مارے انکو | اللہ | کہاں سے

کی گھنٹی ہے۔ یہی لوگ تمہارے دشمن ہیں۔ ان سے بچ کر رہو۔ اللہ انہیں غارت کرے۔ ان کی

يُؤْفَكُوْنَ ۝ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا يَسْتَغْفِرْ لَكُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ

وہ پلٹائے جاتے ہیں | اور جب | کہا جاتا ہے | ان کو | تم آؤ | بخشش مانگے | تمہارے لیے | رسول | اللہ کا

عقل کہاں ماری گئی! جب ان سے کہا جاتا ہے آؤ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں، وہ تمہارے لئے استغفار کریں؟

لَوَّوْا رُءُوْسَهُمْ وَرَاَيْتَهُمْ يَصُدُّوْنَ وَهُمْ مُّسْتَكْبِرُوْنَ ۝ سَوَآءٌ

وہ موڑتے ہیں | اپنے سروں کو | اور تو دیکھتا ہے انکو | وہ باز رہتے ہیں | اور وہ | تکبر کرتے ہیں | برابر ہے

تو اپنا سر پھیر لیتے ہیں۔تم انہیں دیکھو وہ تکبر کرتے ہوئے بے رُخی کرتے ہیں۔ اے نبی ﷺ ان کے لیے

عَلَيْهِمْ اَسْتَغْفَرْتَ لَهُمْ اَمْ لَمْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ ؕ لَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ

ان پر | خواہ تو بخشش مانگے | انکے لیے | یا | نہ | تو بخشش مانگے | انکے لیے | ہرگز نہ | بخشے گا | اللہ

برابر ہے خواہ آپ ﷺ ان کے حق میں بخشش کی دعا کریں یا نہ کریں۔ اللہ انہیں ہرگز معاف

لَهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ۝ هُمُ الَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ

ان کو | بیشک | اللہ | نہیں | ہدایت دیتا | قوم | نافرمان کو | وہی ہیں | جو | کہتے ہیں

نہ کرے گا۔ بے شک اللہ نافرمانوں کو ہدایت نہیں دیتا۔ یہی منافق دوسروں سے کہتے ہیں

لَا تُنْفِقُوْا عَلٰى مَنْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ حَتّٰى يَنْفَضُّوْا ؕ وَلِلّٰهِ خَزَآئِنُ

نہ | تم خرچ کرو | پر | ان | جو پاس ہیں | اللہ کے رسول | یہاں تک کہ | وہ بھاگ جائیں | اور اللہ کے ہیں | خزانے

''دیکھو جو لوگ رسول اللہ ﷺ کے پاس ہیں ان پر خرچ مت کرو تا کہ وہ منتشر ہو جائیں''۔ لیکن انہیں معلوم ہونا

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلٰكِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَا يَفْقَهُوْنَ ۝ يَقُوْلُوْنَ لَئِنْ

آسمانوں کے | اور زمین کے | اور لیکن | منافق | نہیں | وہ سمجھتے | وہ کہتے ہیں | البتہ اگر

چاہئے آسمانوں اور زمین کے سارے خزانے اللہ کے ہیں، مگر منافقین نہیں جانتے۔ وہ سفر سے آتے ہوئے

رَّجَعْنَآ اِلَى الْمَدِيْنَةِ لَيُخْرِجَنَّ الْاَعَزُّ مِنْهَا الْاَذَلَّ ؕ وَلِلّٰهِ الْعِزَّةُ

ہم واپس جائیں | طرف | مدینے کی | البتہ ضرور نکال دیں گے | عزت والے | اس سے | ذلت والوں کو | اور اللہ کیلئے ہے | عزت

کہتے ہیں اگر ہم مدینے واپس پہنچے تو جو عزت والے ہیں وہ ذلت والوں کو وہاں سے نکال دیں گے۔" حالانکہ عزت تو ہے ہی اللہ کے

وَلِرَسُوْلِهٖ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَلٰكِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝8 يٰٓاَيُّهَا

اور اس کے رسول کے لیے ہے | اور ایمان والوں کیلئے ہے | اور لیکن | منافق | نہیں | جانتے | اے

لیے، اس کے رسول ﷺ کے لیے اور مومنین کے لیے، مگر منافقین نہیں جانتے۔ اے ایمان والو!

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُلْهِكُمْ اَمْوَالُكُمْ وَلَآ اَوْلَادُكُمْ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ ۚ

لوگو جو | ایمان لائے ہو | نہ | غافل کریں تمہیں | تمہارے مال | اور نہ | تمہاری اولاد | سے | یاد | اللہ کی

تمہارے مال و اولاد تمہیں اللہ کی یاد سے غافل نہ کرنے پائیں

وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ۝9 وَاَنْفِقُوْا مِنْ مَّا

اور جو کوئی | کرے | یہ کام | تو وہ لوگ | وہی ہیں | خسارا پانے والے | اور تم خرچ کرو | سے | اس جو

جو غافل ہو گئے وہ گھاٹے میں رہیں گے۔ اور دیکھو، جو کچھ ہم نے تمہیں دیا ہے اُس میں سے اللہ کی راہ

رَزَقْنٰكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ فَيَقُوْلَ رَبِّ

ہم نے رزق دیا تمہیں | سے | اس کے پہلے | کہ | آئے | کسی کو تم میں سے | موت | پھر وہ کہے | اے میرے رب

میں خرچ کرو، اِس سے پہلے کہ تم میں سے کسی کی موت آ جائے، پھر وہ کہے "اے میرے رب! تو نے مجھے

لَوْلَآ اَخَّرْتَنِيْٓ اِلٰٓى اَجَلٍ قَرِيْبٍ ۙ فَاَصَّدَّقَ وَاَكُنْ مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ۝10

کیوں نہ تو نے مہلت دی مجھے | تک | ایک وقت | قریب | پھر میں صدقہ کرتا | اور میں ہوتا | سے | نیک لوگوں میں

کچھ مہلت کیوں نہ دی میں صدقہ کرتا اور نیک لوگوں میں شامل ہو جاتا۔" لیکن اللہ

وَلَنْ يُّؤَخِّرَ اللّٰهُ نَفْسًا اِذَا جَآءَ اَجَلُهَا ؕ وَاللّٰهُ خَبِيْرٌۢ

اور ہرگز نہ مہلت دے گا | اللہ | کسی جان کو | جب | آئے گی | اس کی موت | اور اللہ | باخبر ہے

کسی جان کو جب اُس کی موت آجاتی ہے، ہرگز مہلت نہیں دیتا۔ اور اللہ جانتا ہے

بِمَا تَعْمَلُوْنَ ۝11

اس سے جو | تم کرتے ہو

جو کچھ تم کرتے ہو۔

(64) سُوْرَةُ التَّغَابُنِ مَدَنِيَّةٌ (108)

اٰيَاتُهَا 18 رُكُوْعَاتُهَا 2

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

يُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۚ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ

تسبیح کرتا ہے | اللہ کی | جو ہے | میں | آسمانوں | اور جو ہے | میں | زمین | اُسی کی | بادشاہی ہے | اور اُسی کے لیے ہے

اللہ کی تسبیح کررہی ہے ہر چیز جو آسمانوں میں ہے اور جو زمین میں ہے۔ اسی اللہ کی بادشاہی ہے۔ تعریف

الْحَمْدُ ۡ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝1 هُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ فَمِنْكُمْ

سب تعریف | اور وہ | اوپر | ہر | چیز کے | قادر ہے | وہی | جس نے | پیدا کیا تمہیں | پھر تم میں

اُسی کے لئے ہے وہ ہر چیز پر قادر ہے۔ وہی ہے جس نے تمہیں پیدا کیا۔ پھر تم میں سے کوئی

كَافِرٌ وَّمِنْكُمْ مُّؤْمِنٌ ۭ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ۝2 خَلَقَ السَّمٰوٰتِ

کافر ہیں | اور تم میں | مسلمان | اور اللہ | اسے جو | تم کرتے ہو | خوب دیکھنے والا ہے | اس نے پیدا کیا | آسمانوں کو

کافر ہو گیا کوئی مومن۔ اللہ دیکھ رہا ہے جو کچھ تم کرتے ہو۔ اسی نے آسمانوں اور زمین کو

وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ وَصَوَّرَكُمْ فَاَحْسَنَ صُوَرَكُمْ ۚ وَاِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ۝3

اور زمین کو | ساتھ حق کے | اور صورتیں بنائیں تمہاری | پھر اچھی بنائیں | صورتیں تمہاری | اور اسی کی طرف ہے | پلٹنا (تمہارا)

ٹھیک ٹھیک بنایا۔ اسی نے تمہاری صورت بنائی اور اچھی بنائی۔ آخر اسی کی طرف سب کو جانا ہے۔

يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَيَعْلَمُ مَا تُسِرُّوْنَ وَمَا تُعْلِنُوْنَ ۭ وَاللّٰهُ

وہ جانتا ہے | جو کچھ ہے | میں | آسمانوں | اور زمین | اور وہ جانتا ہے | جو کچھ | تم چھپاتے ہو | اور جو کچھ | تم ظاہر کرتے ہو | اور اللہ

وہ جانتا ہے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے۔ وہ ہر چھپی اور ظاہر چیز سے آگاہ ہے۔

عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝4 اَلَمْ يَاْتِكُمْ نَبَؤُا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَبْلُ ۡ

جانتا ہے | سینوں کی بات کو | کیا نہیں | آئی تمہارے پاس | خبر | انکی جو | کافر ہوئے | سے | (اس کے) پہلے

بلکہ اللہ دلوں کی باتیں جانتا ہے۔ کیا تمہیں ان لوگوں کے حالات نہیں پہنچے جنھوں نے اس

فَذَاقُوْا وَبَالَ اَمْرِهِمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝5 ذٰلِكَ بِاَنَّهٗ كَانَتْ

پھر انہوں نے چکھا | وبال | اپنے کام کا | اور ان کے لیے ہے | عذاب | دردناک | یہ | اس لئے کہ | تھے

سے پہلے کفر کیا؟ پھر انہوں نے اپنے کیے کا وبال چکھا۔ ان کے لئے درد ناک عذاب ہے۔ کیونکہ ان

تَّأْتِيهِمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَقَالُوٓا اَبَشَرٌ يَّهْدُوْنَنَا ۡ فَكَفَرُوْا وَتَوَلَّوْا

آتے انکے پاس | ان کے رسول | روشن دلیلوں کے ساتھ | پس وہ بولے | کیا بشر | وہ ہدایت دینگے ہمیں | پھر وہ کافر ہوئے | اور منہ موڑا

کے پاس ان کے رسول کھلی نشانیاں لے کر آئے مگر کافر لوگوں نے کہا ''کیا انسان ہماری رہنمائی کریں گے؟''

وَّاسْتَغْنَى اللّٰهُ ؕ وَاللّٰهُ غَنِيٌّ حَمِيْدٌ ۝ زَعَمَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنْ لَّنْ

اور بے نیازی کی | اللہ نے | اور اللہ ہے | بے نیاز | تعریف کیا گیا | دعویٰ کیا | ان لوگوں نے | جو کافر ہوئے | یہ کہ | ہرگز نہیں

غرض انہوں نے انکار کیا اور منہ موڑا۔ اللہ نے بھی ان کی پروا نہ کی۔ اللہ بے نیاز اور تعریف والا ہے۔ کافروں کا دعویٰ ہے

يُّبْعَثُوْا ؕ قُلْ بَلٰى وَرَبِّيْ لَتُبْعَثُنَّ ثُمَّ لَتُنَبَّؤُنَّ بِمَا عَمِلْتُمْ ؕ

اُٹھائے جائیں گے | کہہ دیجئے | کیوں نہیں | میرے رب کی قسم | البتہ تم ضرور اٹھائے جاؤ گے | پھر | البتہ ضرور تم کو بتایا جائیگا | جو کچھ | تم نے کیا

انہیں دوبارہ زندہ کر کے نہیں اٹھایا جائے گا۔ اے نبی ﷺ آپ ﷺ اُن سے کہیں ''کیوں نہیں اٹھایا جائے گا میرے رب کی قسم!

وَذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ ۝ فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَالنُّوْرِ الَّذِيْٓ اَنْزَلْنَا ؕ وَاللّٰهُ

اور یہ ہے | پر | اللہ | آسان | پھر تم ایمان لاؤ | اللہ پر | اور اس کے رسول پر | اور اس نور پر | جو | ہم نے نازل کیا | اور اللہ

ضرور اٹھایا جائے گا، پھر تمہیں بتایا جائے گا جو کچھ تم نے کیا ایسا کرنا اللہ کے لئے کچھ مشکل نہیں۔'' لوگو ایمان لاؤ اللہ پر، اس کے

بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ۝ يَوْمَ يَجْمَعُكُمْ لِيَوْمِ الْجَمْعِ ذٰلِكَ يَوْمُ التَّغَابُنِ ؕ

اس سے جو | تم کرتے ہو | خوب باخبر ہے | جس دن | وہ جمع کرے گا تمہیں | دن کے لیے | اکٹھا کرنے کے | یہ ہے | دن | نقصان کا

رسول ﷺ پر اور اس نور پر جو ہم نے نازل کیا۔ اور اللہ جانتا ہے جو کچھ تم کرتے ہو۔ جس دن اللہ تم سب کو جمع کرے گا وہ ہار

وَمَنْ يُّؤْمِنْ بِاللّٰهِ وَيَعْمَلْ صَالِحًا يُّكَفِّرْ عَنْهُ سَيِّاٰتِهٖ وَيُدْخِلْهُ

اور جو کوئی | ایمان لائے | اللہ پر | اور عمل کرے | اچھا | اللہ دور کرے گا | اس سے | اس کی برائیاں | اور وہ داخل کرے گا اسے

جیت کا دن ہو گا۔ جو لوگ اللہ پر ایمان لائے ہوں گے اور انہوں نے نیک کام کئے ہوں گے، اللہ ان کے گناہ ان سے دور کر دے گا

جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ؕ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝

باغات میں | بہتی ہیں | سے | جن کے نیچے | نہریں | ہمیشہ رہنے والے | اس میں | ہمیشہ | یہی ہے | کامیابی | بڑی

اور انہیں ایسے باغوں میں داخل کرے گا جن میں نہریں بہتی ہوں گی۔ وہاں وہ ہمیشہ کے لئے رہیں گے۔ یہی ہے بڑی کامیابی۔

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ

اور جو لوگ | کافر ہوئے | اور جھٹلایا | ہماری آیتوں کو | وہی ہیں | آگ والے | ہمیشہ رہنے والے | اس میں

مگر جن لوگوں نے کفر کیا، ہماری آیتوں کو جھٹلایا، وہ دوزخی ہوں گے۔ ہمیشہ دوزخ میں رہیں گے جو برا

وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿10﴾ مَآ اَصَابَ مِنْ مُّصِيْبَةٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ وَمَنْ

اور برا ہے | ٹھکانا | نہیں | پہنچتی | کوئی | مصیبت | مگر | حکم سے | اللہ کے | اور جو کوئی

ٹھکانا ہے۔ لوگو جو مصیبت بھی آتی ہے اللہ کے حکم سے آتی ہے۔ لیکن جو شخص اللہ پر یقین رکھتا ہے

يُّؤْمِنْ بِاللّٰهِ يَهْدِ قَلْبَهٗ ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿11﴾ وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ

ایمان لائے | اللہ پر | وہ ہدایت دیتا ہے | اس کے دل کو | اور اللہ | ساتھ ہر | چیز کے | جاننے والا | اور تم اطاعت کرو | اللہ کی

اللہ اُس کے دل کو اپنی طرف متوجہ رکھے گا۔ اللہ ہر چیز کا علم رکھتا ہے۔ اور تم اللہ کی اطاعت کرو

وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ ۚ فَاِنْ تَوَلَّيْتُمْ فَاِنَّمَا عَلٰى رَسُوْلِنَا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿12﴾

اور تم اطاعت کرو | رسول کی | پھر اگر | تم منہ موڑو | تو بے شک | پر | ہمارے رسول | پہنچا دینا ہے | واضح

اور اس کے رسول ﷺ کی اطاعت کرو۔ لیکن اگر تم منہ موڑو گے تو ہمارے رسول ﷺ کی ذمہ داری صاف پیغام پہنچانے کی ہے۔

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿13﴾ يٰٓاَيُّهَا

اللہ | نہیں معبود | سوائے | اسکے | اور پر | اللہ | پس چاہیئے توکل کریں | ایمان والے | اے

یاد رکھو اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں۔ اور ایمان والوں کو اللہ ہی پر بھروسا رکھنا چاہیئے۔ اے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّ مِنْ اَزْوَاجِكُمْ وَاَوْلَادِكُمْ عَدُوًّا لَّكُمْ

لوگو جو | ایمان لائے ہو | بیشک | بعض | بیویاں تمہاری | اور اولاد تمہاری | دشمن ہیں | تمہارے لیے

ایمان والو! تمہاری بیویوں اور اولاد میں بھی تمہارے دشمن ہیں۔

فَاحْذَرُوْهُمْ ۚ وَاِنْ تَعْفُوْا وَتَصْفَحُوْا وَتَغْفِرُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ

پس تم بچو ان سے | اور اگر | تم معاف کرو | اور تم درگزر کرو | اور تم بخش دو | تو بیشک | اللہ ہے | بہت بخشنے والا

ان سے ہوشیار رہو۔ اگر تم ان کی غلطیاں معاف کر دو، ان سے درگزر کرو اور انہیں بخش دو تو اللہ بھی تمہارے حق میں بخشنے والا

رَّحِيْمٌ ﴿14﴾ اِنَّمَآ اَمْوَالُكُمْ وَاَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ ؕ وَاللّٰهُ عِنْدَهٗٓ اَجْرٌ

نہایت مہربان | یقیناً | مال تمہارے | اور اولاد تمہاری | آزمائش ہیں | اور اللہ | اس کے پاس ہے | ثواب

مہربان ہے۔ یاد رکھو، تمہارے مال اور تمہاری اولاد تمہارے لئے آزمائش ہیں۔ البتہ اللہ کے ہاں ان کا بڑا

عَظِيْمٌ ﴿15﴾ فَاتَّقُوا اللّٰهَ مَا اسْتَطَعْتُمْ وَاسْمَعُوْا وَاَطِيْعُوْا وَاَنْفِقُوْا

بڑا | پس تم ڈرو | اللہ سے | جتنا | طاقت رکھتے ہو | اور تم سنو | اور تم اطاعت کرو | اور تم خرچ کرو

اجر ہے۔ لہٰذا تم اللہ سے ڈرو جہاں تک ہو سکے۔ اس کا حکم سنو اور مانو۔ اللہ کی راہ

خَيْرًا لِّاَنْفُسِكُمْ ؕ وَمَنْ يُّوْقَ شُحَّ نَفْسِهٖ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿16﴾

بہتر ہوگا | تمہارے لیے | اور جس کو | بچالیا گیا | بخل سے | اُس کے نفس کے | تو ایسے لوگ | وہی ہیں | کامیاب

میں اپنا مال خرچ کرو۔ یہ تمہارے لئے بہتر ہے۔ جس نے اپنے آپ کو لالچ سے محفوظ رکھا تو ایسے لوگ فلاح پانے والے ہیں۔

اِنْ تُقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا يُّضٰعِفْهُ لَكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ؕ وَاللّٰهُ

اگر | تم قرض دو گے | اللہ کو | قرض دینا | اچھا | تو وہ دگنا کر کے دے گا | تم کو | اور وہ بخش دے گا | تمہیں | اور اللہ ہے

اگر تم اللہ کو اچھا قرض دو تو وہ تمہیں کئی گنا بڑھا کر واپس دے گا اور تمہارے گناہ معاف کرے گا۔ اللہ

شَكُوْرٌ حَلِيْمٌ ﴿17﴾ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿18﴾

بہت قدردان | تحمل والا | جاننے والا ہے | غیب کا | اور حاضر کا | بڑا غالب | خوب حکمت والا

قدردان، تحمل والا ہے۔ غائب اور حاضر کو جاننے والا، غالب اور حکمت والا ہے۔

(65) سُوْرَةُ الطَّلَاقِ مَدَنِيَّةٌ (99)

اٰيَاتُهَا 12 | رُكُوْعَاتُهَا 2

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ فَطَلِّقُوْهُنَّ لِعِدَّتِهِنَّ وَاَحْصُوا

اے | نبی | جب | تم طلاق دو | عورتوں کو | تو تم طلاق دو انکو | ان کی عدت میں | اور تم گن لو

اے نبی ﷺ! جب تم لوگ بیویوں کو طلاق دو تو ان کی عدت کے شروع میں طلاق دو اور عدت کو

الْعِدَّةَ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ رَبَّكُمْ ۚ لَا تُخْرِجُوْهُنَّ مِنْۢ بُيُوْتِهِنَّ

عدت کو | اور تم ڈرو | اللہ | اپنے رب سے | نہ | تم نکالو انکو | سے | ان کے گھروں

گنتے رہو۔ اللہ سے ڈرو جو تمہارا رب ہے۔ اور عدت کے دوران میں انہیں ان کے گھروں سے نہ نکالو، نہ وہ

وَلَا يَخْرُجْنَ اِلَّآ اَنْ يَّاْتِيْنَ بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ ؕ وَتِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ ؕ

اور نہ وہ نکلیں | مگر | یہ کہ | وہ کریں | بے حیائی | کھلی | اور یہ | حدیں ہیں | اللہ کی

خود نکلیں سوائے ایسی صورت میں جب وہ کھلی بے حیائی کریں۔ یہ اللہ کی حدیں ہیں۔ جو اللہ کی حدود سے تجاوز کرے گا

وَمَنْ يَّتَعَدَّ حُدُوْدَ اللّٰهِ فَقَدْ ظَلَمَ نَفْسَهٗ ؕ لَا تَدْرِيْ لَعَلَّ اللّٰهَ

اور جو | آگے نکل جائے | حدوں سے | اللہ کی | تو بیشک | اس نے ظلم کیا | اپنی جان پر | نہیں | تو جانتا | شاید | اللہ

وہ اپنے اوپر ظلم کرے گا۔ تم نہیں جانتے شاید اللہ طلاق کے بعد موافقت کی

یُحْدِثُ بَعْدَ ذٰلِكَ اَمْرًا ۝1 فَاِذَا بَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَاَمْسِكُوْهُنَّ

پیدا کردے | بعد | اسکے | کچھ بات | پھر جب | وہ عورتیں پہنچتیں | اپنی مدت کو | پھر تم روکے رکھوانکو

کوئی صورت پیدا کر دے پھر جب وہ عورتیں اپنی مدت کو پہنچ جائیں تو انہیں بھلے طریقے

بِمَعْرُوْفٍ اَوْ فَارِقُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ وَّاَشْهِدُوْا ذَوَیْ عَدْلٍ مِّنْكُمْ

اچھے طریقے سے | یا | تم جدا کردو انکو | اچھے طریقے سے | اور تم گواہ بنا لو | دو | عادل | اپنے میں سے

سے رکھ لو یا بھلے طریقے سے چھوڑ دو۔ دونوں صورتوں میں مسلمانوں میں سے دو معتبر آدمیوں کو گواہ بنا لو۔

وَاَقِیْمُوا الشَّهَادَةَ لِلّٰهِ ؕ ذٰلِكُمْ یُوْعَظُ بِهٖ مَنْ كَانَ یُؤْمِنُ بِاللّٰهِ

اور تم درست رکھو | گواہی کو | اللہ کے لیے | یہ | نصیحت کیا جاتا ہے | ساتھ اس کے | اسے جو | ہے | ایمان رکھتا | اللہ پر

اور اے گواہو! تم اللہ کے لئے ٹھیک گواہی دینا۔ یہ باتیں ہر اُس شخص کو سمجھائی جا رہی ہیں جو اللہ پر اور آخرت کے دن

وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ ۬ وَمَنْ یَّتَّقِ اللّٰهَ یَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا ۝2 وَّیَرْزُقْهُ

اور دن پر | آخرت کے | اور جو کوئی | ڈرے | اللہ سے | تو اللہ کرے گا | اس کے لیے | کوئی راہ | اور روزی دیگا اسے

پر ایمان رکھتا ہے۔ اور جو اللہ سے ڈرے گا اللہ اس کے لئے کوئی راہ نکالے گا۔ اسے وہاں سے رزق دے گا

مِنْ حَیْثُ لَا یَحْتَسِبُ ؕ وَمَنْ یَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ ؕ

سے | جہاں | نہ | وہ گمان کرے | اور جو کوئی | توکل کرے | پر | اللہ | تو وہ | کافی ہے اسے

جہاں سے اُسے گمان بھی نہ ہو۔ جو اللہ پر بھروسا کرتا ہے تو اللہ اس کے لئے کافی ہے۔

اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمْرِهٖ ؕ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَیْءٍ قَدْرًا ۝3 وَالّٰٓیٔ

بیشک | اللہ | پہنچنے والا ہے | اپنے کام کا | بیشک | کیا ہے | اللہ نے | واسطے ہر | چیز کے | ایک اندازہ | اور جو عورتیں

بے شک اللہ اپنا کام پورا کر کے رہتا ہے۔ اس نے ہر چیز کا اندازہ مقرر کر رکھا ہے۔ تمہاری بیویوں میں سے

یَئِسْنَ مِنَ الْمَحِیْضِ مِنْ نِّسَآئِكُمْ اِنِ ارْتَبْتُمْ فَعِدَّتُهُنَّ ثَلٰثَةُ

مایوس ہوگئی ہیں | سے | حیض | سے | تمہاری بیویوں میں | اگر | تم شک میں ہو | تو عدت انکی ہے | تین

وہ جنہیں حیض آنے کی امید نہیں رہی اگر تمہیں ان کی عدت کے بارے میں شک ہو تو ان کی عدت تین مہینے

اَشْهُرٍ ۙ وَّالّٰٓیٔ لَمْ یَحِضْنَ ؕ وَاُولَاتُ الْاَحْمَالِ اَجَلُهُنَّ اَنْ

مہینے | اور (اسی طرح) وہ جو | نہیں | ان کو حیض آیا | اور والیاں | حمل | عدت انکی ہے | یہ کہ

شمار کرلو۔ یہی عدت ان مطلقہ عورتوں کی ہے جنہیں حیض آنے کی نوبت نہیں آئی۔ اور جو مطلقہ عورتیں حاملہ ہوں ان کی عدت

يَّضَعْنَ حَمْلَهُنَّ ۭ وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مِنْ اَمْرِهٖ يُسْرًا ۝4

وہ جن لیں | اپنے حمل | اور جو کوئی | ڈرے | اللہ سے | کرے گا | اُس کے لیے | سے | اس کے کام | آسانی

وضعِ حمل تک ہے۔ جو اللہ سے ڈرے گا تو اللہ اس کے کام آسان کر دے گا۔

ذٰلِكَ اَمْرُ اللّٰهِ اَنْزَلَهٗٓ اِلَيْكُمْ ۭ وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يُكَفِّرْ عَنْهُ

یہ | حکم ہے | اللہ کا | اس نے نازل کیا اسے | تمہاری طرف | اور جو کوئی | ڈرے | اللہ سے | وہ دور کرے گا | اس سے

یہ اللہ کے احکام ہیں جو اس نے تمہاری طرف اتارے ہیں۔ اور جو اللہ سے ڈرے گا اللہ اُس کے گناہ اُس سے

سَيِّاٰتِهٖ وَيُعْظِمْ لَهٗٓ اَجْرًا ۝5 اَسْكِنُوْهُنَّ مِنْ حَيْثُ سَكَنْتُمْ مِّنْ

اس کی برائیاں | اور بڑا دے گا | اس کو | ثواب | تم رکھوانکو | سے | جس طرح | تم رہتے ہو | سے

دور کر دے گا اور اسے بڑا اجر دے گا۔ تم اپنی گنجائش کے مطابق مطلقہ عورتوں کے رہنے کا مکان دو جہاں تم رہتے ہو۔ انہیں تنگ

وُّجْدِكُمْ وَلَا تُضَاۗرُّوْهُنَّ لِتُضَيِّقُوْا عَلَيْهِنَّ ۭ وَاِنْ كُنَّ اُولَاتِ

اپنی حیثیت | اور نہ | تم ایذا دوانکو | تا کہ تم تنگی کرو | ان پر | اور اگر | وہ ہوں | والیاں

کرنے کے لئے تکلیف نہ پہنچاؤ۔ اگر وہ حاملہ ہوں

حَمْلٍ فَاَنْفِقُوْا عَلَيْهِنَّ حَتّٰى يَضَعْنَ حَمْلَهُنَّ ۚ فَاِنْ اَرْضَعْنَ لَكُمْ

حمل | تو تم خرچ کرو | ان پر | یہاں تک کہ | وہ جن لیں | حمل اپنے | پھر اگر | وہ دودھ پلائیں | تمہارے لیے

تو ان کے بچہ جننے تک خرچہ دو۔ اگر وہ تمہارے لئے بچے کو دودھ پلائیں تو انہیں

فَاٰتُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ ۚ وَاْتَمِرُوْا بَيْنَكُمْ بِمَعْرُوْفٍ ۚ وَاِنْ تَعَاسَرْتُمْ

تو تم دوانکو | معاوضہ انکا | اور تم موافقت رکھو | اپنے درمیان | اچھی طرح سے | اور اگر | تم تنگی کرو آپس میں

اس کا معاوضہ دو۔ اس کے لئے بھلے طریقے سے مشورہ کر لو۔ اگر کوئی پیچیدگی ہو تو کوئی

فَسَتُرْضِعُ لَهٗٓ اُخْرٰى ۝6 ۭ لِيُنْفِقْ ذُوْ سَعَةٍ مِّنْ سَعَتِهٖ ۭ وَمَنْ قُدِرَ

تو دودھ پلائے گی | اسکو | کوئی دوسری | چاہیے کہ خرچ کرے | خوشحالی والا | سے | وسعت اپنی | اور جو کہ | کم دی گئی

اور عورت دودھ پلا دے گی۔ جس کا معاوضہ خوشحال آدمی اپنی حیثیت کے مطابق دے اور کم آمدنی والا اتنا دے جتنا اللہ نے اسے

عَلَيْهِ رِزْقُهٗ فَلْيُنْفِقْ مِمَّآ اٰتٰىهُ اللّٰهُ ۭ لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا

جس پر | روزی اسکی | تو چاہیے کہ خرچ کرے | اس سے جو | دیا اسے | اللہ نے | نہیں | تکلیف دیتا | اللہ | کسی جان کو | مگر

توفیق دی ہے۔ اللہ کسی پر مالی بوجھ نہیں ڈالتا، مگر

ع 1/7 17 مَآ اٰتٰىهَا ۭ سَيَجْعَلُ اللّٰهُ بَعْدَ عُسْرٍ يُّسْرًا ۝ وَكَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ

جتنا | عطا کیا اسے | جلد کر دے گا | اللہ | بعد | تنگی کے | آسانی | اور کتنی ہی | بستیاں تھیں

اتنا جتنا اسے مال دے رکھا ہے۔ پھر عنقریب اللہ سختی کے بعد جلد آسانی پیدا کر دے گا۔ ایسی بہت سی بستیاں تھی جہاں کے باشندوں نے

عَتَتْ عَنْ اَمْرِ رَبِّهَا وَرُسُلِهٖ فَحَاسَبْنٰهَا حِسَابًا شَدِيْدًا ۙ

جنھوں نے سرکشی کی | سے | حکم | اپنے رب کے | اور اُس کے رسولوں کے | پھر ہم نے حساب لیا انکا | حساب | سخت

اپنے رب اور اس کے رسولوں کے حکم سے سرکشی کی تو ہم نے ان کا سخت احتساب کیا۔

وَّعَذَّبْنٰهَا عَذَابًا نُّكْرًا ۝ فَذَاقَتْ وَبَالَ اَمْرِهَا وَكَانَ عَاقِبَةُ

اور ہم نے عذاب دیا انکو | عذاب | برا | پھر انہوں نے چکھا | وبال | اپنے کام کا | اور تھا | انجام

انہیں ہولناک سزا دی اس طرح انہوں نے اپنے کیے کا وبال چکھا۔ ان کا انجام

اَمْرِهَا خُسْرًا ۝ اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ عَذَابًا شَدِيْدًا ۙ فَاتَّقُوا اللّٰهَ

ان کے کام کا | خسارا | تیار کیا | اللہ نے | ان کے لیے | عذاب | سخت | پس تم ڈرو | اللہ سے

خسارہ تھا۔ اللہ نے ان کے لئے سخت عذاب تیار کیا ہے۔ لہٰذا اے عقل والو اور ایمان والو!

مع يٰٓاُولِي الْاَلْبَابِ ڃ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ڤ قَدْ اَنْزَلَ اللّٰهُ اِلَيْكُمْ ذِكْرًا ۙ ۝

اے عقلوں والو | وہ جو | ایمان لائے ہو | بیشک | نازل کیا ہے | اللہ نے | تمہاری طرف | ذکر

اللہ سے ڈرو۔ اللہ نے تمہاری طرف قرآن کی صورت میں نصیحت اتاری ہے۔

رَّسُوْلًا يَّتْلُوْا عَلَيْكُمْ اٰيٰتِ اللّٰهِ مُبَيِّنٰتٍ لِّيُخْرِجَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

رسول ہے | جو پڑھتا ہے | تم پر | آیتیں | اللہ کی | روشن | تا کہ وہ نکالے | انکو جو | ایمان لائے

اور ایسا رسول ﷺ بھیجا ہے جو تمہیں اللہ کی کھلی آیتیں پڑھ کر سناتا ہے تا کہ ان لوگوں کو جو ایمان لائیں

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ۭ وَمَنْ يُّؤْمِنْ بِاللّٰهِ

اور عمل کئے | اچھے | سے | اندھیروں | طرف | روشنی کی | اور جو کوئی | ایمان لائے | اللہ پر

اور نیک عمل کریں، اندھیروں سے نکال کر روشنی کی طرف لائے۔ جو اللہ پر ایمان لائیں گے

وَيَعْمَلْ صَالِحًا يُّدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ

اور وہ عمل کرے | اچھا | وہ (اللہ) داخل کرے گا اسے | باغوں میں | بہتی ہیں | سے | جن کے نیچے | نہریں | ہمیشہ رہنے والے

اور نیک کام کریں گے، اللہ انہیں ایسے باغوں میں داخل کرے گا جن میں نہریں بہتی ہوں گی۔ وہ ان میں ہمیشہ

فِيْهَآ اَبَدًا ؕ قَدْ اَحْسَنَ اللّٰهُ لَهٗ رِزْقًا ﴿۱۱﴾ اَللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ سَبْعَ

اس میں | ہمیشہ | بیشک | اچھا دیا ہے | اللہ نے | اس کو | رزق | اللہ وہ ہے | جس نے | پیدا کئے | سات

رہیں گے۔ بے شک اللہ نے ان کے لئے بہت اچھی روزی رکھی ہے۔ اور دیکھو، اللہ نے سات آسمان

سَمٰوٰتٍ وَّمِنَ الْاَرْضِ مِثْلَهُنَّ ؕ يَتَنَزَّلُ الْاَمْرُ بَيْنَهُنَّ لِتَعْلَمُوْٓا اَنَّ

آسمان | اور سے | زمین | اُن جیسی | اترتا ہے | حکم (اسکا) | ان کے درمیان | تا کہ تم جانو | یہ کہ

بنائے اور ویسی زمینیں بنائیں۔ ان سب کے اندر اللہ کا حکم نازل ہوتا ہے تا کہ

اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۙ وَّاَنَّ اللّٰهَ قَدْ اَحَاطَ بِكُلِّ شَيْءٍ عِلْمًا ﴿۱۲﴾ ع

2 ع 5 18

اللہ ہے | اوپر | ہر | چیز کے | قادر | اور یہ کہ | اللہ نے | البتہ | گھیرا | ساتھ ہر | چیز کو | علم سے

تم جان لو کہ اللہ ہر چیز پر قادر ہے اور یہ کہ اللہ نے اپنے علم سے ہر چیز کا احاطہ کیا ہوا ہے۔

(66) سُوْرَةُ التَّحْرِيْمِ مَدَنِيَّةٌ (107)

آیاتہا 12 | رکوعاتہا 2

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ لِمَ تُحَرِّمُ مَآ اَحَلَّ اللّٰهُ لَكَ ۚ تَبْتَغِيْ مَرْضَاتَ

اے | نبی | کیوں | تو حرام ٹھہراتا ہے | اسکو | جسے حلال ٹھہرایا | اللہ نے | تیرے لیے | تو چاہتا ہے | مرضی

اے نبی ﷺ آپ ﷺ کیوں اپنی بیویوں کی دلداری میں اس چیز کو حرام کرتے ہیں جو اللہ نے آپ ﷺ کے لیے

اَزْوَاجِكَ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱﴾ قَدْ فَرَضَ اللّٰهُ لَكُمْ تَحِلَّةَ

اپنی بیویوں کی | اور اللہ ہے | بڑا بخشنے والا | نہایت مہربان | بیشک | مقرر کیا ہے | اللہ نے | تمہارے لیے | کھولنا

حلال کی ہے؟ اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔ اللہ نے تم لوگوں کے لئے قسموں کا کفارہ مقرر

اَيْمَانِكُمْ ۚ وَاللّٰهُ مَوْلٰىكُمْ ۚ وَهُوَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ﴿۲﴾ وَاِذْ اَسَرَّ

تمہاری قسموں کا | اور اللہ ہے | دوست تمہارا | اور وہی ہے | خوب جاننے والا | خوب حکمت والا | اور جب | چھپا کر کہی

کیا ہے۔ اللہ تمہارا کارساز ہے اور وہ جاننے والا حکمت والا ہے۔ جب نبی ﷺ نے اپنی ایک

النَّبِيُّ اِلٰى بَعْضِ اَزْوَاجِهٖ حَدِيْثًا ۚ فَلَمَّا نَبَّاَتْ بِهٖ وَاَظْهَرَهُ اللّٰهُ

نبی نے | طرف | بعض | اپنی بیوی کے | ایک بات | پھر جب | اس نے بتادی | وہ بات | اور ظاہر کر دیا اسے | اللہ نے

بیوی سے کوئی بات چھپا کر کہی مگر اس نے وہ بات کسی اور بیوی کو بتا دی۔ اس پر اللہ نے نبی ﷺ کو اس سے آگاہ فرما دیا تو نبی ﷺ

عَلَيْهِ عَرَّفَ بَعْضَهٗ وَاَعْرَضَ عَنْۢ بَعْضٍ ۚ فَلَمَّا نَبَّاَهَا بِهٖ

اس پر | تو جتلا دی | بعض اس کی | اور اعراض کیا | سے | بعض | تو جب | انھوں نے بتا دی اسکو | وہ بات

نے اپنی پہلی بیوی کو کچھ بات جتا دی اور کچھ ٹال دی۔ پھر جب نبی ﷺ نے اسے وہ بات جتائی تو وہ بولیں ''آپ ﷺ کو کس نے

قَالَتْ مَنْ اَنْۢبَاَكَ هٰذَا ۭ قَالَ نَبَّاَنِيَ الْعَلِيْمُ الْخَبِيْرُ ۝ اِنْ

تو وہ بولی | کس نے | بتائی ہے تجھے | یہ بات | تو بولے | بتائی ہے مجھے | علم والے | باخبر نے | اگر

بات بتائی ہے؟''نبی ﷺ نے جواب دیا''مجھے خدائے علیم وخبیر نے آگاہ فرمایا ہے''۔اے نبی ﷺ کی دونوں بیویو! اگر تم اللہ کی

تَتُوْبَآ اِلَى اللّٰهِ فَقَدْ صَغَتْ قُلُوْبُكُمَا ۚ وَاِنْ تَظٰهَرَا عَلَيْهِ فَاِنَّ

تم دونوں توبہ کرتی ہو | طرف | اللہ کی | پس بیشک | جھک گئے ہیں | تمہارے دل | اور اگر | آپس میں مدد کرو گی | خلاف اسکے | تو بیشک

طرف رجوع کرو تو تمہارے دل تو جھک پڑے ہیں۔لیکن اگر تم نبی ﷺ کے خلاف ایکا کرو گی تو یاد رکھو نبی ﷺ کا اللہ کارساز

اللّٰهَ هُوَ مَوْلٰىهُ وَجِبْرِيْلُ وَصَالِحُ الْمُؤْمِنِيْنَ ۚ وَالْمَلٰۗىِٕكَةُ بَعْدَ

اللہ | ہے | دوست اسکا | اور جبرئیل بھی | اور صالح لوگ | مسلمانوں میں سے | اور فرشتے بھی | بعد

ہے جبرئیل علیہ السلام اور تمام نیک مسلمان ان کے حامی ہیں، اور سارے فرشتے

ذٰلِكَ ظَهِيْرٌ ۝ عَسٰى رَبُّهٗٓ اِنْ طَلَّقَكُنَّ اَنْ يُّبْدِلَهٗٓ اَزْوَاجًا خَيْرًا

اسکے | مددگار ہیں | ممکن ہے | اس کا رب | اگر | نبی طلاق دے تمہیں | یہ کہ | وہ بدل دے اسکو | بیویاں | بہتر

ان کے مددگار ہیں۔اگر نبی ﷺ تمہیں طلاق دے دیں تو یہ بھی ممکن ہے ان کا رب انہیں تم سے بہتر

مِّنْكُنَّ مُسْلِمٰتٍ مُّؤْمِنٰتٍ قٰنِتٰتٍ تٰۗىِٕبٰتٍ عٰبِدٰتٍ سٰۗىِٕحٰتٍ

تم سے | فرمان بردار عورتیں | ایمان والیاں | فرماں برداری کرنیوالیاں | توبہ کرنیوالیاں | عبادت کرنیوالیاں | روزہ رکھنے والیاں

بیویاں دے دے۔ اطاعت شعار، ایمان والی، فرماں بردار، توبہ کرنے والی، عبادت گزار، روزہ دار،

ثَيِّبٰتٍ وَّاَبْكَارًا ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قُوْٓا اَنْفُسَكُمْ وَاَهْلِيْكُمْ

شوہر دیکھی ہوئیں | اور کنواریاں | اے | لوگو جو | ایمان لائے ہو | تم بچاؤ | اپنی جانوں کو | اور اپنے خاندان کو

شوہر دیدہ یا کنواری۔ اے ایمان والو! اپنے آپ کو اور اپنے گھر والوں کو دوزخ کی

نَارًا وَّقُوْدُهَا النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ عَلَيْهَا مَلٰۗىِٕكَةٌ غِلَاظٌ شِدَادٌ

آگ سے | کہ ایندھن اسکا | لوگ ہیں | اور پتھر | اس پر ہیں | فرشتے | سخت دل | زور آور

آگ سے بچاؤ جس کا ایندھن آدمی اور پتھر ہوں گے۔ اس پر تند خو اور سخت گیر فرشتے مقرر ہیں۔ اللہ

لَّا يَعْصُونَ اللّٰهَ مَآ اَمَرَهُمْ وَيَفْعَلُوْنَ مَا يُؤْمَرُوْنَ ﴿۶﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ

نہیں وہ نافرمانی کرتے | اللہ کی | جو بھی | وہ حکم دے انکو | اور وہ کرتے ہیں | جو | انکو حکم دیا جاتا ہے | اے | لوگو جو

انہیں جو حکم دے وہ اس کی نافرمانی نہیں کرتے۔ وہ وہی کرتے ہیں جس کا انہیں حکم ملتا ہے۔ اُس دن کہا جائے گا ''اے

كَفَرُوْا لَا تَعْتَذِرُوا الْيَوْمَ ؕ اِنَّمَا تُجْزَوْنَ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۷﴾

کافر ہوئے ہو | نہ | بہانے بناؤ | آج کے دن | صرف | تم بدلہ پاؤ گے | اسکا جو | تم تھے | عمل کرتے

کافرو آج عذر نہ پیش کرو، تمہیں اپنے کیے کی سزا مل رہی ہے''۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا تُوْبُوْٓا اِلَى اللّٰهِ تَوْبَةً نَّصُوْحًا ؕ عَسٰى رَبُّكُمْ

اے | لوگو جو | ایمان لائے ہو | تم توبہ کرو | طرف | اللہ کی | توبہ | خالص | امید ہے | رب تمہارا

اے ایمان والو! اللہ کے آگے سچی توبہ کرو۔ پھر امید ہے تمہارا رب

اَنْ يُّكَفِّرَ عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ وَيُدْخِلَكُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا

یہ کہ | وہ دور کردے | تم سے | برائیاں تمہاری | اور وہ داخل کرے تمہیں | باغوں میں | بہتی ہیں | سے | جن کے نیچے

تمہارے گناہ معاف کر دے گا۔ تمہیں جنت کے باغوں میں داخل کرے گا جن میں نہریں

الْاَنْهٰرُ ۙ يَوْمَ لَا يُخْزِى اللّٰهُ النَّبِيَّ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ ۚ نُوْرُهُمْ

نہریں | اس دن | نہیں | رسوا کرے گا | اللہ | نبی کو | اور انکو جو | ایمان لائے | اسکے ساتھ | اُن کا نور

بہتی ہوں گی۔ یہ اس دن ہوگا جب اللہ اپنے نبی ﷺ کو اور ان کے ساتھ ایمان لانے والوں کو رسوا نہیں کرے گا۔ ان کی روشنی ان

يَسْعٰى بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَبِاَيْمَانِهِمْ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اَتْمِمْ لَنَا نُوْرَنَا

دوڑتا ہوگا | آگے | انکے | اور دائیں انکے | وہ کہیں گے | اے رب ہمارے | تو پورا کر | ہمارے لیے | ہمارے نور کو

کے آگے اور ان کے دائیں طرف دوڑ رہی ہوگی۔ وہ دعا کرتے جائیں گے ''اے ہمارے رب ہمارے لئے ہماری اس روشنی کو آخر

وَاغْفِرْ لَنَا ۚ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۸﴾ يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ جَاهِدِ

اور تو بخش | ہم کو | بیشک تو ہے | اوپر | ہر | چیز کے | قادر | اے | نبی | جہاد کریں

تک قائم رکھ! ہماری بخشش فرما! بے شک تو ہر چیز پر قادر ہے'' اے نبی ﷺ آپ ﷺ کافروں کے

الْكُفَّارَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ وَاغْلُظْ عَلَيْهِمْ ؕ وَمَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ؕ وَبِئْسَ

کافروں سے | اور منافقوں سے | اور تو سختی کر | ان پر | اور ٹھکانا انکا ہے | دوزخ | اور بری ہے

خلاف تلوار سے اور منافقوں کے خلاف زبان سے جہاد کریں اور ان پر سختی کریں۔ ان کا ٹھکانا دوزخ ہے جو بہت برا

الْمَصِيْرُ ﴿۹﴾ ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوا امْرَاَتَ نُوْحٍ وَّامْرَاَتَ

لوٹنے کی جگہ | بیان کی | اللہ نے | ایک مثال | ان کے لیے جو | کافر ہوئے ہیں | بیوی کی | نوح کی | اور بیوی کی

ٹھکانا ہے۔ اللہ کافروں کو سمجھانے کے لئے مثال بیان کرتا ہے نوح علیہ السلام کی بیوی کی اور لُوط علیہ السلام کی

لُوْطٍ كَانَتَا تَحْتَ عَبْدَيْنِ مِنْ عِبَادِنَا صَالِحَيْنِ فَخَانَتٰهُمَا

لوط کی | وہ دونوں تھیں | نکاح میں | دو بندوں کے | سے | ہمارے بندوں | دونوں نیک | پس دونوں نے دونوں سے خیانت کی

بیوی کی۔ وہ دونوں عورتیں ہمارے دو نیک بندوں کے نکاح میں تھیں۔ انہوں نے اپنے شوہروں سے خیانت کی۔ پھر دونوں

فَلَمْ يُغْنِيَا عَنْهُمَا مِنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا وَّقِيْلَ ادْخُلَا النَّارَ مَعَ

پھر نہ وہ دونوں بچا سکے | ان دونوں کو | سے | اللہ | کچھ بھی | اور کہا گیا | تم دونوں داخل ہو جاؤ | آگ میں | ساتھ

نبی اپنی بیویوں کو اللہ کی پکڑ سے نہ بچا سکے۔ ان دونوں عورتوں کو حکم ہوا "جاؤ تم بھی دوسرے دوزخیوں کے ساتھ دوزخ

الدّٰخِلِيْنَ ﴿۱۰﴾ وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوا امْرَاَتَ فِرْعَوْنَ

وقف لازم

داخل ہونے والوں کے | اور بیان کی | اللہ نے | ایک مثال | ان کے لیے | جو ایمان لائے ہیں | عورت کی | فرعون کی

میں داخل ہو جاؤ۔" ایمان والوں کے اطمینان کے لئے اللہ مثال دیتا ہے فرعون کی بیوی کی، جس نے دعا کی "اے میرے رب

اِذْ قَالَتْ رَبِّ ابْنِ لِيْ عِنْدَكَ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ وَنَجِّنِيْ مِنْ

جب | وہ بولی | رب میرے | تو بنا | میرے لیے | اپنے پاس | ایک گھر | میں | جنت | اور تو نجات دے مجھے | سے

میرے لیے اپنے پاس جنت میں ایک گھر بنا دے۔ مجھے فرعون

فِرْعَوْنَ وَعَمَلِهٖ وَنَجِّنِيْ مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۱﴾ وَمَرْيَمَ ابْنَتَ

فرعون | اور اسکے عمل سے | اور تو نجات دے | سے | قوم | ظالم | اور مریم | بیٹی

اور اس کے برے اعمال سے بچانا۔ مجھے ظالم لوگوں سے نجات دینا۔" دوسری مثال مریم بنت

عِمْرٰنَ الَّتِيْٓ اَحْصَنَتْ فَرْجَهَا فَنَفَخْنَا فِيْهِ مِنْ رُّوْحِنَا وَصَدَّقَتْ

عمران کی | جس نے | حفاظت کی | اپنے ستر کی | پھر ہم نے پھونکا | اس میں | سے | اپنی روح | اور اُس نے تصدیق کی

عمران کی ہے جس نے اپنی عصمت کی حفاظت کی۔ پھر ہم نے اپنی طرف سے اس میں ایک روح پھونک دی۔ اس خاتون نے اپنے

بِكَلِمٰتِ رَبِّهَا وَكُتُبِهٖ وَكَانَتْ مِنَ الْقٰنِتِيْنَ ﴿۱۲﴾ ع

ع 2 / 5 / 20

باتوں کی | اپنے رب کی | اور اس کی کتابوں کی | اور وہ تھی | فرماں برداروں میں سے

رب کے کلمات کی اور اس کی کتابوں کی تصدیق کی اور وہ فرماں برداروں میں سے تھیں۔

(67) سُوْرَةُ الْمُلْكِ مَكِّيَّةٌ (77)

رکوعاتها 2 | ایاتها 30

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

تَبٰرَكَ الَّذِيْ بِيَدِهِ الْمُلْكُ ۡ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرُ ۨ ﴿1﴾ الَّذِيْ

بابرکت ہے | وہ (اللہ) | جس کے ہاتھ میں | بادشاہی ہے | اور وہ | اوپر | ہر | چیز کے | قادر ہے | جس نے

بابرکت ہے وہ ذات جس کے ہاتھ میں بادشاہی ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔ اسی نے

خَلَقَ الْمَوْتَ وَالْحَيٰوةَ لِيَبْلُوَكُمْ اَيُّكُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا ۭ وَهُوَ الْعَزِيْزُ

پیدا کیا | موت کو | اور زندگی کو | تاکہ وہ آزمائے تمہیں | کون تم میں سے | بہتر ہے | عمل میں | اور وہی ہے | بڑا غالب

موت اور زندگی پیدا کی تاکہ تمہیں آزمائے تم میں سے کون اچھا عمل کرتا ہے ، اور وہ غالب اور

الْغَفُوْرُ ۙ ﴿2﴾ الَّذِيْ خَلَقَ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ طِبَاقًا ۭ مَا تَرٰى فِيْ خَلْقِ

خوب بخشنے والا | جس نے | پیدا کئے | سات | آسمان | تہہ بہ تہہ | نہ | تو دیکھے گا | میں | پیدا کرنے

بخشنے والا ہے۔ اسی نے اوپر تلے سات آسمان بنائے۔ تم اللہ رحمٰن کی اس تخلیق میں

الرَّحْمٰنِ مِنْ تَفٰوُتٍ ۭ فَارْجِعِ الْبَصَرَ ۙ هَلْ تَرٰى مِنْ فُطُوْرٍ ﴿3﴾ ثُمَّ

رحمان کے | کوئی | فرق (نقص) | پھر لوٹا | نظر کو | کیا | تو دیکھتا ہے | کوئی | شگاف | پھر

کوئی نقص نہیں دیکھو گے۔ پھر نگاہ ڈال کر دیکھ لو ، کہیں تمہیں کوئی نقص دکھائی دیتا ہے؟ بار

ارْجِعِ الْبَصَرَ كَرَّتَيْنِ يَنْقَلِبْ اِلَيْكَ الْبَصَرُ خَاسِئًا وَّهُوَ حَسِيْرٌ ﴿4﴾

تو لوٹا | نظر کو | دوبارہ | واپس آئے گی | تیری طرف | نظر | ذلیل ہو کر | اور وہ | تھکی ماندی ہوگی

بار نگاہ دوڑا کر دیکھو ، تمہاری نظر تھک ہار کر ناکام واپس لوٹ آئے گی۔

وَلَقَدْ زَيَّنَّا السَّمَاۗءَ الدُّنْيَا بِمَصَابِيْحَ وَجَعَلْنٰهَا رُجُوْمًا لِّلشَّيٰطِيْنِ

اور بیشک | ہم نے سجایا | آسمانِ | دنیا کو | چراغوں سے | اور ہم نے بنایا ان کو | مارنا | شیطانوں کے لیے

ہم نے آسمانِ دنیا کو ستاروں کے چراغوں سے سجایا ہے۔ ہم اِن سے اُن شیطانوں کو مار بھگانے کا کام بھی لیتے ہیں

وَاَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابَ السَّعِيْرِ ﴿5﴾ وَلِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ عَذَابُ

اور ہم نے تیار کیا | انکے لیے | عذاب | آگ کا | اور ان لوگوں کیلئے جو | منکر ہوئے | اپنے رب کے | عذاب ہے

جن کے لیے ہم نے دوزخ کا عذاب تیار کیا ہے۔ جن لوگوں نے اپنے رب کا انکار کیا اُن کے لیے

جَهَنَّمَ ؕ وَبِئۡسَ الۡمَصِيۡرُ ۝ اِذَاۤ اُلۡقُوۡا فِيۡهَا سَمِعُوۡا لَهَا شَهِيۡقًا

دوزخ کا | اور وہ برا | ٹھکانا ہے | جب | وہ ڈالے جائیں گے | اس میں | وہ سنیں گے | اس کا | چلانا

جہنم کا عذاب ہے جو برا ٹھکانا ہے۔ وہ جب اس کے اندر ڈالے جائیں گے تو اُس کے دھاڑنے کی ہولناک آواز سنیں گے۔ وہ جوش

وَّهِىَ تَفُوۡرُ ۝ تَكَادُ تَمَيَّزُ مِنَ الۡغَيۡظِ ؕ كُلَّمَاۤ اُلۡقِىَ فِيۡهَا فَوۡجٌ

اور وہ | جوش مارتی ہوگی | قریب ہے کہ | وہ پھٹ جائے | سے | غصے | جب جب | ڈالی جائے گی | اس میں کوئی | جماعت

مار رہی ہو گی۔ ایسا معلوم ہو گا کہ وہ غصے سے ابھی پھٹ پڑے گی۔ جب اس میں کوئی گروہ ڈالا جائے گا

سَاَلَهُمۡ خَزَنَتُهَاۤ اَلَمۡ يَاۡتِكُمۡ نَذِيۡرٌ ۝ قَالُوۡا بَلٰى قَدۡ جَآءَنَا نَذِيۡرٌ ۙ

پوچھیں گے ان سے | اس کے محافظ | کیا نہیں | آیا تمہارے پاس | کوئی ڈرانیوالا | وہ کہیں گے | کیوں نہیں | بیشک | آیا ہمارے پاس | ڈرانیوالا

تو دوزخ کے نگران فرشتے اس سے پوچھیں گے ''کیا تمہارے پاس کوئی ڈرانے والا نہیں آیا تھا؟'' وہ جواب دیں گے ''ہاں ہمارے

فَكَذَّبۡنَا وَقُلۡنَا مَا نَزَّلَ اللّٰهُ مِنۡ شَىۡءٍ ۖۚ اِنۡ اَنۡتُمۡ اِلَّا فِىۡ ضَلٰلٍ

پھر ہم نے جھٹلایا | اور ہم نے کہا | نہیں | نازل کی | اللہ نے | کوئی | چیز | نہیں ہو | تم | مگر | میں | گمراہی

پاس ڈرانے والا آیا تھا مگر ہم نے اسے جھٹلا دیا۔ ہم نے کہہ دیا ''اللہ نے کوئی کتاب نہیں اتاری، تم لوگ بڑی گمراہی میں پڑے ہو''

كَبِيۡرٍ ۝ وَقَالُوۡا لَوۡ كُنَّا نَسۡمَعُ اَوۡ نَعۡقِلُ مَا كُنَّا فِىۡۤ

بڑی | اور وہ کہیں گے | اگر | ہم ہوتے | ہم سنتے | یا | ہم سمجھتے | نہ | ہم ہوتے | میں

اور وہ کہیں گے'' اگر ہم کچھ سنتے یا سمجھتے ہوتے تو دوزخیوں

اَصۡحٰبِ السَّعِيۡرِ ۝ فَاعۡتَرَفُوۡا بِذَنۡۢبِهِمۡ ۚ فَسُحۡقًا لِّاَصۡحٰبِ السَّعِيۡرِ ۝

والوں آگ | پس انہوں نے اقرار کرلیا | اپنے گناہ کا | پس دھتکار ہے | دوزخ والوں کے لیے

میں سے نہ ہوتے''۔ اس طرح وہ اپنے گناہوں کا اعتراف کریں گے ۔ ایسے دوزخیوں پر لعنت۔ مگر

اِنَّ الَّذِيۡنَ يَخۡشَوۡنَ رَبَّهُمۡ بِالۡغَيۡبِ لَهُمۡ مَّغۡفِرَةٌ وَّاَجۡرٌ كَبِيۡرٌ ۝

بیشک | جو لوگ | ڈرتے ہیں | اپنے رب سے | بغیر دیکھے | ان کے لیے ہے | بخشش | اور ثواب | بڑا

جو لوگ اپنے رب سے بن دیکھے ڈرتے ہیں۔ ان کے لئے بخشش اور بڑا اجر ہے۔ تم

وَاَسِرُّوۡا قَوۡلَـكُمۡ اَوِ اجۡهَرُوۡا بِهٖ ؕ اِنَّهٗ عَلِيۡمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوۡرِ ۝

اور تم چھپاؤ | اپنی بات کو | یا | تم اونچا کہو | اس کو | بیشک وہ ہے | خوب جاننے والا | سینوں والی بات کو۔

اپنی بات چھپا کر کہو یا پکار کر کہو ، اللہ دلوں کی باتیں بھی خوب جانتا ہے ۔

اَلَا يَعْلَمُ مَنْ خَلَقَ ؕ وَهُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ ﴿14﴾ ع هُوَ الَّذِيْ جَعَلَ

کیا نہیں | وہ جانتا | جس نے | پیدا کیا ہے | اور وہ ہے | بہت باریک بین | باخبر | وہی ہے | جس نے | بنایا

کیا وہ نہ جانے گا جس نے پیدا کیا ہے۔ وہ باریک بین اور باخبر ہے۔ اس نے تمہارے لیے زمین بچھا

لَكُمُ الْاَرْضَ ذَلُوْلًا فَامْشُوْا فِيْ مَنَاكِبِهَا وَكُلُوْا مِنْ رِّزْقِهٖ ؕ وَاِلَيْهِ

تمہارے لیے | زمین کو | تابع | پس تم چلو | میں | اس کے کندھوں پر | اور تم کھاؤ | سے | اس کی روزی | اور اس کی طرف سے

رکھی ہے تاکہ تم اس کے راستوں پر چلو پھرو اور اللہ کے دیے ہوئے رزق میں سے کھاؤ۔ آخر ایک دن

النُّشُوْرُ ﴿15﴾ ءَاَمِنْتُمْ مَّنْ فِي السَّمَآءِ اَنْ يَّخْسِفَ بِكُمُ الْاَرْضَ فَاِذَا

جی اٹھنا | کیا تم بے خوف ہو | اس سے جو ہے | میں | آسمان | یہ کہ | وہ دھنسا دے | تم کو | زمین میں | پھر اچانک

اسی کے پاس جانا ہے۔ کیا تم آسمان والے یعنی اللہ کے قہر سے نہیں ڈرتے کہیں وہ تمہیں زمین میں دھنسا دے، جو پھر

هِيَ تَمُوْرُ ﴿16﴾ اَمْ اَمِنْتُمْ مَّنْ فِي السَّمَآءِ اَنْ يُّرْسِلَ عَلَيْكُمْ

وہ | حرکت میں آجائے | یا | تم بے خوف ہو | اس سے جو ہے | میں | آسمان | یہ کہ | وہ بھیج دے | تم پر

لرزنے لگے؟ کیا تم آسمان والے یعنی اللہ سے نہیں ڈرتے وہ تم پر پتھراؤ کرنے والی ہوا

حَاصِبًا ؕ فَسَتَعْلَمُوْنَ كَيْفَ نَذِيْرِ ﴿17﴾ وَلَقَدْ كَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ

پتھروں کی بارش | پھر جلد تم جان لوگے | کیسا تھا | میرا ڈرانا | اور بیشک | جھٹلایا | انہوں نے (جو تھے) | سے

مسلط کر دے؟ اچھا، تمہیں جلد معلوم ہو جائے گا میری تنبیہ کیسی ہوتی ہے۔ پہلے لوگوں نے بھی پیغمبروں

قَبْلِهِمْ فَكَيْفَ كَانَ نَكِيْرِ ﴿18﴾ اَوَلَمْ يَرَوْا اِلَى الطَّيْرِ فَوْقَهُمْ

پہلے ان | پھر کیسا | ہوا | میرا عذاب | کیا | نہیں | دیکھا انہوں نے | طرف | پرندوں کی | اپنے اوپر

کو جھٹلایا دیکھو، میرا انکار کرنے پر ان کا کیا حال ہوا۔ کیا انہوں نے اپنے اوپر اڑنے والے پرندے نہیں دیکھے؟

صٰٓفّٰتٍ وَّيَقْبِضْنَ ؔؕ مَا يُمْسِكُهُنَّ اِلَّا الرَّحْمٰنُ ؕ اِنَّهٗ بِكُلِّ شَيْءٍۢ

وقف لازم

پر کھولے ہوئے | اور وہ سمیٹ لیتے ہیں | نہیں | تھام رکھتا ان کو | مگر | رحمان | بیشک وہ ہے | ہر | چیز کو

جو اپنے پروں کو پھیلاتے اور کبھی سمیٹ لیتے ہیں۔ اللہ رحمٰن کے سوا کون ہے جو انہیں تھامے رکھتا ہے؟ بے شک وہ ہر چیز کو دیکھ

بَصِيْرٌ ﴿19﴾ اَمَّنْ هٰذَا الَّذِيْ هُوَ جُنْدٌ لَّكُمْ يَنْصُرُكُمْ مِّنْ دُوْنِ

خوب دیکھنے والا | بھلا کون ہے | وہ | جو | وہ | لشکر ہو | تمہارا | جو مدد کرے تمہاری | میں | مقابلے

رہا ہے۔ لوگو تمہارے پاس ایسا کون سا لشکر ہے جو اللہ رحمٰن کے مقابلے میں تمہاری کچھ مدد

الرَّحْمٰنِ ؕ اِنِ الْكٰفِرُوْنَ اِلَّا فِیْ غُرُوْرٍ ۚ﴿20﴾ اَمَّنْ هٰذَا الَّذِیْ یَرْزُقُكُمْ

رحمٰن کے | نہیں | کافر | مگر | میں | دھوکے | بھلا کون ہے | وہ | جو | روزی دے تمہیں

کر سکے؟ کافر لوگ بالکل دھوکے میں پڑے ہوئے ہیں۔ اگر اللہ اپنی روزی روک لے تو کون ہے

اِنْ اَمْسَكَ رِزْقَهٗ ۚ بَلْ لَّجُّوْا فِیْ عُتُوٍّ وَّنُفُوْرٍ ﴿21﴾ اَفَمَنْ یَّمْشِیْ

اگر | وہ روک لے | اپنی روزی | بلکہ | وہ گھسے جاتے ہیں | میں | سرکشی | اور نفرت میں | کیا پس جو | چلتا ہے

جو تمہیں روزی دے گا ؟ بلکہ وہ لوگ سرکشی پر اور حق سے بدکنے پر اڑے ہوئے ہیں ۔ کیا جو شخص اوندھے

مُكِبًّا عَلٰی وَجْهِهٖۤ اَهْدٰۤی اَمَّنْ یَّمْشِیْ سَوِیًّا عَلٰی صِرَاطٍ

الٹا | پر | اپنے منہ کے | زیادہ ہدایت یافتہ ہے | یا جو | چلتا ہے | برابر | پر | راہ

منہ چل رہا ہے وہ زیادہ صحیح راہ پر ہے یا وہ جو سیدھا ایک سیدھے راستے پر

مُّسْتَقِیْمٍ ﴿22﴾ قُلْ هُوَ الَّذِیْۤ اَنْشَاَكُمْ وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ

سیدھی | کہہ دیجیے | وہی ہے | جس نے | پیدا کیا تم کو | اور اس نے بنائے | تمہارے لیے | کان | اور آنکھیں

چل رہا ہے؟ اے نبی ﷺ آپ ﷺ کہیں" وہی اللہ ہے جس نے تمہیں پیدا کیا ۔ تمہارے لیے کان ، آنکھ

وَالْاَفْـِٕدَةَ ؕ قَلِیْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ﴿23﴾ قُلْ هُوَ الَّذِیْ ذَرَاَكُمْ فِی الْاَرْضِ

اور دل | تھوڑا (کم) ہے | جو | تم شکر کرتے ہو | کہہ دیجیے | وہی ہے | جس نے | بکھیرا تم کو | میں | زمین

اور دل بنائے ۔تم لوگ بہت کم شکر ادا کرتے ہو" آپ ﷺ کہہ دیں" اسی اللہ نے تمہیں زمین میں پھیلایا ہے۔ پھر تم اسی کی طرف

وَاِلَیْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿24﴾ وَیَقُوْلُوْنَ مَتٰی هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ

اور اسی کی طرف | تم کو اکٹھا کیا جائے گا | اور وہ کہتے ہیں | کب ہوگا | یہ | وعدہ | اگر | تم ہو

اکٹھے بھی کیے جاؤ گے" کافر لوگ مسلمانوں سے کہتے ہیں" اگر تم سچے ہو تو بتاؤ قیامت کا وعدہ کب پورا ہوگا"؟ اے نبی ﷺ

صٰدِقِیْنَ ﴿25﴾ قُلْ اِنَّمَا الْعِلْمُ عِنْدَ اللّٰهِ ۪ وَاِنَّمَاۤ اَنَا نَذِیْرٌ

سچے | کہہ دیجیے | بے شک | علم | پاس | اللہ کے ہے | اور بے شک | میں | خبردار کرنیوالا

آپ ﷺ کہیں " اس کا علم اللہ کے پاس ہے۔ میں صرف خبردار کرنے

مُّبِیْنٌ ﴿26﴾ فَلَمَّا رَاَوْهُ زُلْفَةً سِیْٓـَٔتْ وُجُوْهُ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا وَقِیْلَ

کھلا | پھر جب | وہ دیکھیں گے اسے | قریب سے | بگڑ جائیں گے | منہ | ان لوگوں کے جو | کافر ہوئے | اور کہا جائیگا

والا ہوں"۔ جب یہ آخرت کو قریب آتا ہوا دیکھیں گے تو ان کافروں کے چہرے بگڑ جائیں گے۔ ان سے کہا جائے گا" یہ ہے وہ

هٰذَا الَّذِیْ كُنْتُمْ بِهٖ تَدَّعُوْنَ ﴿27﴾ قُلْ اَرَءَیْتُمْ اِنْ اَهْلَكَنِیَ اللّٰهُ

یہ ہے | وہی | تم تھے | جس کو | تم مانگتے | کہہ دیجئے | کیا تم نے دیکھا | اگر | ہلاک کردے مجھے | اللہ

عذاب جو تم مانگتے تھے۔" اے نبی ﷺ آپ ﷺ ان سے کہیں " فرض کرو اللہ مجھے اور میرے

وَمَنْ مَّعِیَ اَوْ رَحِمَنَا ۙ فَمَنْ یُّجِیْرُ الْكٰفِرِیْنَ مِنْ عَذَابٍ اَلِیْمٍ ﴿28﴾

اوران کو جو | میرے ساتھ ہیں | یا | وہ رحم کردے ہم پر | توکون | پناہ دے گا | کافروں کو | سے | عذاب | دردناک

ساتھیوں کو ہلاک کرتا ہے یا وہ ہم پر رحم فرماتا ہے، مگر بتاؤ تم کافروں کو درد ناک عذاب سے کون بچائے گا ؟

قُلْ هُوَ الرَّحْمٰنُ اٰمَنَّا بِهٖ وَعَلَیْهِ تَوَكَّلْنَا ۚ فَسَتَعْلَمُوْنَ مَنْ هُوَ فِیْ

کہہ دیجئے | وہی ہے | رحمٰن | ہم ایمان لائے | اس پر | اوراسی پر | ہم نے توکل کیا | پھر جلد تم جان لوگے | کون ہے | جو ہے | میں

آپ ﷺ ان سے کہیں "وہی رحمٰن ہے جس پر ہم ایمان لائے۔ اسی پر ہمارا بھروسا ہے۔ تم عنقریب جان لوگے ہم دونوں میں سے

ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ ﴿29﴾ قُلْ اَرَءَیْتُمْ اِنْ اَصْبَحَ مَآؤُكُمْ غَوْرًا فَمَنْ

گمراہی | کھلی | کہہ دیجئے | کیا تم نے دیکھا | اگر | ہوجائے | پانی تمہارا | گہرائی میں | پھرکون

کون کھلی گمراہی میں ہیں۔" اور آپ ﷺ ان سے یہ پوچھیں " اگر تمہارا پانی زیرِ زمین چلا جائے تو کون ہے

یَّاْتِیْكُمْ بِمَآءٍ مَّعِیْنٍ ﴿30﴾ ع

لائے گا تمہارے پاس | پانی (چشمے کا) | بہتا ہوا

جو تمہیں صاف پانی مہیا کرے؟"

2 ع 16 2

(68) سُوْرَةُ الْقَلَمِ مَكِّیَّةٌ (2)

اٰیَاتُهَا 52 — رُكُوْعَاتُهَا 2

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا یَسْطُرُوْنَ ۙ ﴿1﴾ مَآ اَنْتَ بِنِعْمَةِ رَبِّكَ بِمَجْنُوْنٍ ۚ ﴿2﴾

نٓ | قسم قلم کی | اوراس کی جو | وہ لکھتے ہیں | نہیں ہے | تو | فضل سے | اپنے رب کے | دیوانہ

نٓ ۔ قسم ہے قلم کی اور اس کی جو لوگ لکھتے ہیں کہ اے نبی ﷺ آپ ﷺ اپنے رب کے فضل سے دیوانے نہیں۔

وَاِنَّ لَكَ لَاَجْرًا غَیْرَ مَمْنُوْنٍ ۚ ﴿3﴾ وَاِنَّكَ لَعَلٰی خُلُقٍ عَظِیْمٍ ﴿4﴾

اور بیشک | تیرے لئے | البتہ اجر ہے | نہ | ختم ہونے والا | اور بیشک تو | البتہ اوپر | اخلاق | بڑے کے

بےشک آپ ﷺ کے لئے بے انتہا اجر ہے۔ اور آپ ﷺ کے اخلاق بہت بلند ہیں ۔

فَسَتُبْصِرُ وَيُبْصِرُونَ ﴿٥﴾ بِأَييِّكُمُ الْمَفْتُونُ ﴿٦﴾ إِنَّ رَبَّكَ هُوَ أَعْلَمُ

پھر جلد تو دیکھ لے گا | اور وہ بھی دیکھ لیں گے | کون تم میں سے ہے | فتنے میں پڑا ہوا | بیشک | تیرا رب | وہی | خوب جانتا

عنقریب آپ ﷺ بھی دیکھ لیں گے اور یہ کافر بھی دیکھ لیں گے کہ تم میں سے کون دیوانہ ہے۔ آپ ﷺ کا رب خوب جانتا ہے ان

بِمَنْ ضَلَّ عَنْ سَبِيلِهِ ۖ وَهُوَ أَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِينَ ﴿٧﴾ فَلَا تُطِعِ

اسکو جو | گمراہ ہوا | سے | اس کی راہ | اور وہی | خوب جانتا ہے | راہ پانے والوں کو | پس نہ | تو کہا مان

کو جو اس کی راہ سے بھٹکے ہوئے ہیں اور وہ جانتا ہے کون راہ ہدایت پر ہیں۔ اے نبی ﷺ آپ ﷺ ان جھٹلانے والوں کا کہانہ

الْمُكَذِّبِينَ ﴿٨﴾ وَدُّوا لَوْ تُدْهِنُ فَيُدْهِنُونَ ﴿٩﴾ وَلَا تُطِعْ كُلَّ

جھٹلانے والوں کا | وہ چاہتے ہیں | کاش | تو ڈھیلا پڑ جائے | پھر وہ بھی ڈھیلے پڑ جائیں گے | اور نہ | تو کہا مان | ہر

مانیں۔ وہ چاہتے ہیں آپ ﷺ نرم پڑ جائیں تو وہ بھی نرم پڑ جائیں گے۔ مگر آپ ﷺ کسی ایسے شخص کا کہانہ مانیں جو ہمیشہ قسمیں

حَلَّافٍ مَّهِينٍ ﴿١٠﴾ هَمَّازٍ مَّشَّاءٍ بِنَمِيمٍ ﴿١١﴾ مَّنَّاعٍ لِّلْخَيْرِ مُعْتَدٍ

قسمیں کھانے والے | ذلیل کا | عیب لگانے والے | چغل خور کا | منع کرنے والے | بھلائی سے | حد پھلانگنے والے

کھانے والا بے وقعت ہو ، طعنے دینے والا ، چغلی لگاتا پھرتا ہو ، مال میں بخل کرنے ،

أَثِيمٍ ﴿١٢﴾ عُتُلٍّ بَعْدَ ذَٰلِكَ زَنِيمٍ ﴿١٣﴾ أَن كَانَ ذَا مَالٍ وَبَنِينَ ﴿١٤﴾

پاپی گنہگار | سرکش کا | بعد | اسکے | بدذات کا | کیونکہ | وہ تھا | والا | مال | اور بیٹوں والا

حد سے گزر جانے والا ، بدعمل ہو ، سنگ دل ہو اور اس کے علاوہ بے نسب ہو۔ اس کے کفر کا سبب یہ ہے کہ وہ مال و اولاد والا ہے۔ جب

إِذَا تُتْلَىٰ عَلَيْهِ آيَاتُنَا قَالَ أَسَاطِيرُ الْأَوَّلِينَ ﴿١٥﴾ سَنَسِمُهُ عَلَى

جب | پڑھی جاتی ہیں | اس پر | ہماری آیتیں | کہتا ہے | کہانیاں ہیں | پہلوں کی | جلد ہم داغیں گے اسے | پر

اسے ہماری آیتیں پڑھ کر سنائی جاتی ہیں کہتا ہے "یہ پہلے لوگوں کی کہانیاں ہیں"۔ عنقریب ہم اس کی بڑی ناک پر داغ لگائیں گے۔

الْخُرْطُومِ ﴿١٦﴾ إِنَّا بَلَوْنَاهُمْ كَمَا بَلَوْنَا أَصْحَابَ الْجَنَّةِ إِذْ أَقْسَمُوا

ناکڑے (بڑی ناک) | بیشک ہم | ہم نے آزمایا انکو | جیسے | ہم نے آزمایا | والوں کو | باغ | جب | قسم کھائی انھوں نے

ہم نے ان لوگوں کو آزمائش میں ڈالا ہے جس طرح ہم نے باغ والوں کو آزمائش میں ڈالا تھا، جنہوں نے رات کو قسم کھائی کہ صبح

لَيَصْرِمُنَّهَا مُصْبِحِينَ ﴿١٧﴾ وَلَا يَسْتَثْنُونَ ﴿١٨﴾ فَطَافَ عَلَيْهَا طَائِفٌ

البتہ ضرور کاٹ لیں گے اسے | صبح ہوتے | اور نہیں | وہ استثنا کرتے تھے | پس پھر گیا | اس پر | ایک پھرنے والا

سویرے باغ کا سارا پھل توڑ لیں گے۔ اور انہوں نے انشاءاللہ نہ کہا۔ لیکن ابھی وہ سوئے ہوئے تھے کہ

مِّنْ رَّبِّكَ وَهُمْ نَآئِمُوْنَ ﴿۱۹﴾ فَاَصْبَحَتْ كَالصَّرِيْمِ ﴿۲۰﴾ فَتَنَادَوْا

طرف سے | تیرے رب کی | اور وہ | سوئے ہوئے تھے | پھر ہو گیا وہ | جیسے جڑ سے کٹا ہوا | پھر وہ پکارنے لگے

آپ ﷺ کے رب کی طرف سے اس باغ میں ایک ناگہانی آفت نازل ہوئی۔ جو اسے صفا چٹ کر گئی۔ اِدھر ان لوگوں نے صبح

مُصْبِحِيْنَ ﴿۲۱﴾ اَنِ اغْدُوْا عَلٰى حَرْثِكُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰرِمِيْنَ ﴿۲۲﴾

صبح ہوتے ہی | یہ کہ | سویرے چلو | پر | اپنی کھیتی | اگر | تم ہو | پھل کاٹنے والے

ہوتے ہی ایک دوسرے کو پکارا کہ اپنے کھیت میں سویرے چلو اگر تمہیں پھل توڑنا ہے۔

فَانْطَلَقُوْا وَهُمْ يَتَخَافَتُوْنَ ﴿۲۳﴾ اَنْ لَّا يَدْخُلَنَّهَا الْيَوْمَ عَلَيْكُمْ

پھر وہ چل پڑے | اور وہ | چپکے چپکے باتیں کرتے تھے | یہ کہ | نہ | داخل ہو اس (باغ) میں | آج کے دن | تم پر

پھر وہ چل پڑے اور آپس میں چپکے چپکے کہہ رہے تھے کہ آج کوئی محتاج تمہارے باغ میں نہ آنے پائے۔

مِّسْكِيْنٌ ﴿۲۴﴾ وَّغَدَوْا عَلٰى حَرْدٍ قٰدِرِيْنَ ﴿۲۵﴾ فَلَمَّا رَاَوْهَا قَالُوْٓا اِنَّا

کوئی مسکین | اور وہ سویرے گئے | پر | روکنے | قادر ہوتے ہوئے | پھر جب | انہوں نے دیکھا اسے | وہ بولے | بیشک ہم ہیں

وہ اپنے آپ کو اپنے مقصد پر قادر سمجھ کر چلے۔ مگر جب باغ کو دیکھا تو کہنے لگے" شاید ہم راستہ بھول گئے؟ نہیں ہم تو

لَضَآلُّوْنَ ﴿۲۶﴾ بَلْ نَحْنُ مَحْرُوْمُوْنَ ﴿۲۷﴾ قَالَ اَوْسَطُهُمْ اَلَمْ اَقُلْ لَّكُمْ

البتہ گمراہ | بلکہ | ہم | محروم ہوئے | بولا | ان میں سے بہتر شخص | کیا نہیں | میں نے کہا تھا | تم کو

محروم ہو گئے"۔ ان میں سے جو بہتر آدمی تھا اس نے کہا " کیا میں نے تم سے کہا نہیں تھا کہ

لَوْلَا تُسَبِّحُوْنَ ﴿۲۸﴾ قَالُوْا سُبْحٰنَ رَبِّنَآ اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ﴿۲۹﴾ فَاَقْبَلَ

کیوں نہیں | تم تسبیح کرتے (اللہ کی) | وہ بولے | پاک ہے | ہمارا رب | بیشک ہم | ہم تھے | ظالم | پھر آگے بڑھے

تم لوگ اللہ کا شکر اور اس کی تسبیح کیوں نہیں کرتے؟" وہ بولے" ہمارا رب پاک ہے۔ بے شک ہم ظالم تھے"۔ پھر وہ آپس

بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ يَّتَلَاوَمُوْنَ ﴿۳۰﴾ قَالُوْا يٰوَيْلَنَآ اِنَّا كُنَّا طٰغِيْنَ ﴿۳۱﴾

بعض انکے | پر | بعض | ملامت کرتے ہوئے | وہ بولے | ہائے افسوس ہم پر | بیشک ہم | ہم تھے | سرکش

میں ایک دوسرے کو الزام دینے لگے۔ آخر سب بولے" افسوس ہم پر ہم حد سے بڑھنے والے لوگ تھے۔

عَسٰى رَبُّنَآ اَنْ يُّبْدِلَنَا خَيْرًا مِّنْهَآ اِنَّآ اِلٰى رَبِّنَا رٰغِبُوْنَ ﴿۳۲﴾

امید ہے | رب ہمارا | کہ | بدل ڈالے ہمارے لئے | بہتر | اس سے | بیشک ہم | طرف | اپنے رب کی | رغبت کرنیوالے ہیں

ہم امید کرتے ہیں ہماری توبہ کے بعد ہمارا رب ہمیں اس سے اچھا باغ دے دے، ہم اسی کی طرف رجوع کرتے ہیں۔

كَذٰلِكَ الْعَذَابُ ؕ وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَكْبَرُ ۘ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿33﴾

اسی طرح ہے | عذاب | اور البتہ عذاب | آخرت کا | بہت بڑا ہے | اگر | وہ ہوتے | وہ جانتے

اس طرح عذاب آتا ہے اور آخرت کا عذاب اس سے بھی بڑا ہے۔ کاش یہ لوگ جانتے۔

اِنَّ لِلْمُتَّقِيْنَ عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ﴿34﴾ اَفَنَجْعَلُ الْمُسْلِمِيْنَ

بیشک | پرہیزگاروں کے لیے | پاس | انکے رب کے | باغ ہیں | نعمتوں کے | کیا پھر ہم کردیں گے | فرماں برداروں کو

بے شک پرہیزگاروں کے لئے ان کے رب کے ہاں نعمت کے باغ ہیں۔ کیا ہم فرماں برداروں کو

كَالْمُجْرِمِيْنَ ؕ ﴿35﴾ مَا لَكُمْ ۫ كَيْفَ تَحْكُمُوْنَ ﴿36﴾ ۚ اَمْ لَكُمْ كِتٰبٌ فِيْهِ

مجرموں جیسا | کیا ہے | تم کو | کیسا | تم فیصلہ کرتے ہو | کیا | تمہارے پاس | کتاب ہے | جس میں

نافرمانوں کے برابر کر دیں گے؟ تمہیں کیا ہوا تم کیسا فیصلہ کرتے ہو؟ کیا تمہارے پاس کوئی کتاب ہے جس میں

تَدْرُسُوْنَ ﴿37﴾ ۙ اِنَّ لَكُمْ فِيْهِ لَمَا تَخَيَّرُوْنَ ﴿38﴾ ۚ اَمْ لَكُمْ اَيْمَانٌ

تم پڑھتے ہو | بیشک | تمہارے لیے | اس میں سے | جو کچھ | تم پسند کرتے ہو | کیا | تمہارے پاس | قسمیں ہیں

تم ایسی بات پڑھتے ہو؟ اور اس میں وہی کچھ لکھا ہوا ہے جسے تم پسند کرتے ہو؟ یا تم نے ہم سے قیامت کے حوالے سے قسمیں لے

عَلَيْنَا بَالِغَةٌ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ۙ اِنَّ لَكُمْ لَمَا تَحْكُمُوْنَ ﴿39﴾ ۚ سَلْهُمْ

ہمارے ذمے | جو پہنچنے والی ہیں | تک | دن | قیامت کے | بیشک | تمہارے لیے ہے | جو کچھ | تم فیصلہ کرو | پوچھو ان سے

رکھی ہیں کہ تم جس چیز کی فرمائش کرو گے وہ تمہیں آخرت میں مل جائے گی۔ اے نبی ﷺ آپ ﷺ ان سے پوچھیں ان میں سے

اَيُّهُمْ بِذٰلِكَ زَعِيْمٌ ﴿40﴾ ۛ اَمْ لَهُمْ شُرَكَآءُ ۛ فَلْيَاْتُوْا بِشُرَكَآئِهِمْ اِنْ

کون ان میں ہے | اس کا | ضامن | کیا | اُن کے ہیں | شریک | تو پس لے آئیں | اپنے شریکوں کو | اگر

کون اس کا ذمہ لیتا ہے؟ یا ان کے بنائے ہوئے شریک ضامن بنتے ہیں۔ اگر یہ اپنے دعوے میں سچے ہیں تو اپنے شریکوں کو لے

كَانُوْا صٰدِقِيْنَ ﴿41﴾ يَوْمَ يُكْشَفُ عَنْ سَاقٍ وَّيُدْعَوْنَ اِلَى السُّجُوْدِ

وہ ہیں | سچے | جس دن | کھولا جائے گا | سے | پنڈلی | اور ان کو بلایا جائے گا | طرف | سجدے کی

آئیں۔ جب وہ کڑا وقت آئے گا۔ لوگ سجدے کے لئے بلائے جائیں گے تو کافر لوگ سجدہ نہ

فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ ﴿42﴾ ۙ خَاشِعَةً اَبْصَارُهُمْ تَرْهَقُهُمْ ذِلَّةٌ ؕ وَقَدْ كَانُوْا

پھر نہ | وہ طاقت رکھیں گے | جھکی ہوں گی | ان کی آنکھیں | ڈھانپے گی ان کو | ذلت | اور بیشک | وہ تھے

کر سکیں گے۔ اُس وقت اُن کی نگاہیں جھکی ہوں گی۔ ان پر ذلت چھائی ہو گی۔ دنیا میں بھی جب انہیں سجدے کے لئے

يُدْعَوْنَ اِلَى السُّجُوْدِ وَهُمْ سٰلِمُوْنَ ﴿43﴾ فَذَرْنِيْ وَمَنْ يُّكَذِّبُ

بلائے جاتے | طرف | سجدے کی | اور وہ تھے | صحیح سلامت | پس تو چھوڑ مجھے | اور اسے جو | جھٹلاتا ہے

بلایا جاتا تو انکار کرتے تھے حالاں کہ صحیح سالم تھے۔ اے نبی ﷺ آپ ﷺ اس کلام کو جھٹلانے والوں کا

بِهٰذَا الْحَدِيْثِ سَنَسْتَدْرِجُهُمْ مِّنْ حَيْثُ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿44﴾ وَاُمْلِيْ

اس | بات کو | جلد ہم آہستہ آہستہ کھینچیں گے اُن کو | سے | اس طرح کہ | نہیں | وہ جانتے | اور ڈھیل دوں گا

معاملہ مجھ پر چھوڑ دیں۔ ہم انہیں آہستہ آہستہ وہاں لا رہے ہیں جہاں کی انہیں خبر نہیں۔ میں انہیں مہلت دے رہا ہوں۔

لَهُمْ اِنَّ كَيْدِيْ مَتِيْنٌ ﴿45﴾ اَمْ تَسْـَٔلُهُمْ اَجْرًا فَهُمْ مِّنْ

ان کو | بیشک | میری چال | مضبوط ہے | کیا | تو مانگتا ہے ان سے | معاوضہ | پھر وہ | سے

بے شک میری تدبیر مضبوط ہے۔ کیا آپ ﷺ ان لوگوں سے صلہ مانگتے ہیں کہ ان پر تاوان کا

مَّغْرَمٍ مُّثْقَلُوْنَ ﴿46﴾ اَمْ عِنْدَهُمُ الْغَيْبُ فَهُمْ يَكْتُبُوْنَ ﴿47﴾ فَاصْبِرْ

اس چٹی | بوجھل ہیں | کیا | ان کے پاس | غیب ہے | پھر وہ | لکھ لیتے ہیں | پس تو صبر کر

بوجھ پڑ رہا ہے؟ یا ان کے پاس غیب کی خبریں آتی ہیں جنہیں وہ لکھ لیتے ہیں۔ پس اے نبی ﷺ آپ ﷺ اپنے رب

لِحُكْمِ رَبِّكَ وَلَا تَكُنْ كَصَاحِبِ الْحُوْتِ اِذْ نَادٰى وَهُوَ مَكْظُوْمٌ ﴿48﴾

وقف لازم

فیصلے کے لیے | اپنے رب کے | اور نہ | تو ہو | جیسے مچھلی والا | جب | اس نے پکارا | اور وہ تھا | غم سے بھرا ہوا

کے فیصلے تک صبر کریں اور مچھلی والے نبی یونس علیہ السلام کی طرح نہ بن جائیں جنہوں نے اپنے رب کو پکارا اور وہ غم سے نڈھال تھے۔

لَوْلَآ اَنْ تَدٰرَكَهٗ نِعْمَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ لَنُبِذَ بِالْعَرَآءِ وَهُوَ

اگر نہ ہوتا | یہ کہ | پالیا اسے | نعمت نے | طرف سے | اس کے رب کی | البتہ پھینکا دیا جاتا | صحرا میں | اور وہ

اگر اُن کے رب کا فضل اُن کے شامل حال نہ ہوتا۔ اُن کا برا حال کر کے چٹیل میدان میں پھینک دیا جاتا۔

مَذْمُوْمٌ ﴿49﴾ فَاجْتَبٰهُ رَبُّهٗ فَجَعَلَهٗ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿50﴾ وَاِنْ يَّكَادُ

ہوتا ملامت کیا گیا | پھر چن لیا اسے | اس کے رب نے | پھر کر دیا اسے | سے | نیکوں میں | اور بیشک | قریب ہیں

لیکن ان کے رب نے انہیں اپنی رحمت سے نوازا اور اپنے نیک بندوں میں شامل کر لیا۔ اور اے نبی ﷺ جب

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَيُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ

وہ لوگ جو | کافر ہوئے | کہ ضرور وہ پھسلا دیں تجھے | اپنی آنکھوں سے | جب | وہ سنتے ہیں | ذکر کو

منکر لوگ قرآن سن رہے ہوتے ہیں تو آپ ﷺ کو کھا جانے والی نظروں سے دیکھتے ہیں

وَيَقُولُونَ إِنَّهُ لَمَجْنُونٌ ﴿51﴾ وَمَا هُوَ إِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعَالَمِينَ ﴿52﴾

اور وہ کہتے ہیں | بیشک یہ | ضرور دیوانہ ہے | اور نہیں ہے | وہ | مگر | نصیحت | جہان والوں کے لیے

اور کہتے ہیں ”یہ شخص دیوانہ ہے“۔ حالاں کہ یہ قرآن تو سارے جہان والوں کے لئے نصیحت ہے۔

(69) سُورَةُ الْحَاقَّةِ مَكِّيَّةٌ (78)

اٰیاتھا 52 — رکوعاتھا 2

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

الْحَاقَّةُ ﴿1﴾ مَا الْحَاقَّةُ ﴿2﴾ وَمَا أَدْرَاكَ مَا الْحَاقَّةُ ﴿3﴾ كَذَّبَتْ ثَمُودُ

حق ہونے والی | کیا ہے | حق ہونے والی | اور کیا | معلوم تجھے | کہ کیا ہے | حق ہونے والی | جھٹلایا | ثمود نے

وہ سچ مچ ہونے والی! کیا ہے سچ مچ ہونے والی! اور تم کیا جانو کیا ہے وہ سچ مچ ہونے والی! ثمود اور عاد نے بھی اسی

وَعَادٌ بِالْقَارِعَةِ ﴿4﴾ فَأَمَّا ثَمُودُ فَأُهْلِكُوا بِالطَّاغِيَةِ ﴿5﴾ وَأَمَّا عَادٌ

اور عاد نے | کھٹکھٹانے والی (قیامت) کو | پھر لیکن جو | ثمود (تھے) | پس ہلاک کیے گئے | آواز سرکش سے | اور لیکن جو | عاد تھے

کھڑکھڑانے والی قیامت کا انکار کیا۔ پھر ثمود کی قوم ایک سخت حادثے سے ہلاک کر دی گئی اور عاد کی قوم

فَأُهْلِكُوا بِرِيحٍ صَرْصَرٍ عَاتِيَةٍ ﴿6﴾ سَخَّرَهَا عَلَيْهِمْ سَبْعَ لَيَالٍ

تو وہ ہلاک کیے گئے | آندھی سے | سخت تر | بے قابو | مسلط کیا اسکو | ان پر | سات | راتیں

ایک ایسی سخت ہوا سے ہلاک کی گئی جسے اللہ نے سات راتیں اور آٹھ دن لگاتار ان پر

وَثَمَانِيَةَ أَيَّامٍ حُسُومًا فَتَرَى الْقَوْمَ فِيهَا صَرْعَىٰ كَأَنَّهُمْ

اور آٹھ | دن | جڑ کاٹ دینے کے لیے | پھر تو دیکھتا | اس قوم کو | اس میں | گری ہوئی | جیسے وہ ہیں

مسلط کیے رکھا۔ تم دیکھتے وہ لوگ وہاں اس طرح گرے پڑے تھے جیسے کھجور کے

أَعْجَازُ نَخْلٍ خَاوِيَةٍ ﴿7﴾ فَهَلْ تَرَىٰ لَهُم مِّن بَاقِيَةٍ ﴿8﴾ وَجَاءَ

تنے | کھجور | کھوکھلی کے | پس کیا | تو دیکھتا ہے | ان میں | کوئی | باقی | اور آیا

کھوکھلے تنے۔ کیا آج تمہیں ان میں سے کوئی بچا ہوا نظر آتا ہے؟ فرعون نے،

فِرْعَوْنُ وَمَن قَبْلَهُ وَالْمُؤْتَفِكَاتُ بِالْخَاطِئَةِ ﴿9﴾ فَعَصَوْا رَسُولَ

فرعون | اور جو تھے | پہلے اسکے | اور الٹائی گئی بستیاں | گناہوں کو | پھر انہوں نے نافرمانی کی | رسول

اس سے پہلے والوں نے اور قومِ لوط نے جس کی بستیاں الٹ دی گئیں، ان سب نے اپنے رب کے رسول کی نافرمانی کی

رَبِّهِمْ فَاَخَذَهُمْ اَخْذَةً رَّابِيَةً ۝١٠ اِنَّا لَمَّا طَغَا الْمَآءُ حَمَلْنٰكُمْ فِي

اپنے رب کے | پھر پکڑا ان کو | پکڑنا | سخت | بیشک | جب | طغیانی میں آیا پانی | ہم نے سوار کرلیا تم کو | میں

تو اللہ نے انہیں سخت پکڑا۔ اے لوگو! نوح کے وقت میں جب پانی کا طوفان آیا تو ہم نے تمہیں کشتی میں

الْجَارِيَةِ ۝١١ لِنَجْعَلَهَا لَكُمْ تَذْكِرَةً وَّتَعِيَهَآ اُذُنٌ وَّاعِيَةٌ ۝١٢ فَاِذَا

کشتی | تا کہ ہم بنادیں اسے | تمہارے لیے | ایک نصیحت | اور یاد رکھے اسے | کوئی کان | یاد رکھنے والا | پھر جب

سوار کرایا۔ تا کہ ہم اس واقعے کو تمہارے لئے یادگار بنا دیں اور یاد رکھنے والے کان اسے یاد رکھیں۔ پھر جب

نُفِخَ فِي الصُّوْرِ نَفْخَةٌ وَّاحِدَةٌ ۝١٣ وَّحُمِلَتِ الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ

پھونکا جائیگا | میں | صور | پھونکنا | ایک بار | اور اٹھائی جائے گی | زمین | اور پہاڑ

یک دم صُور پھونکا جائے گا تو زمین اور پہاڑ اٹھا کر ایک ہی بار میں ریزہ ریزہ

فَدُكَّتَا دَكَّةً وَّاحِدَةً ۝١٤ فَيَوْمَئِذٍ وَّقَعَتِ الْوَاقِعَةُ ۝١٥ وَانْشَقَّتِ

پھر دونوں توڑ ڈالے جائینگے | توڑنا | یکبارگی | پھر اس دن | واقع ہوگی | واقع ہونے والی | اور پھٹ جائے گا

کر دیے جائیں گے۔ اس دن وہ واقع ہونے والی قیامت واقع ہو جائے گی۔ آسمان پھٹ

السَّمَآءُ فَهِيَ يَوْمَئِذٍ وَّاهِيَةٌ ۝١٦ وَّالْمَلَكُ عَلٰٓى اَرْجَآئِهَا ۚ وَيَحْمِلُ

آسمان | پھر وہ ہوگا | اس دن | کمزور | اور فرشتے ہوں گے | پر | کناروں اسکے | اور اٹھائیں گے

جائے گا۔ اُس دن وہ بالکل کھوکلا ہو جائے گا۔ فرشتے اُس کے کناروں پر ہوں گے۔ تیرے رب کے

عَرْشَ رَبِّكَ فَوْقَهُمْ يَوْمَئِذٍ ثَمٰنِيَةٌ ۝١٧ يَوْمَئِذٍ تُعْرَضُوْنَ لَا تَخْفٰى

عرش | تیرے رب کا | اپنے اوپر | اس دن | آٹھ (فرشتے) | اس دن | تم کو پیش کیا جائے گا | نہ | چھپی رہے گی

عرش کو اس دن آٹھ فرشتے اوپر اٹھائے ہوں گے۔ اے لوگو! اس دن تم پیش کیے جاؤ گے۔ تمہاری کوئی بات چھپی

مِنْكُمْ خَافِيَةٌ ۝١٨ فَاَمَّا مَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ بِيَمِيْنِهٖ ۙ فَيَقُوْلُ هَآؤُمُ

تم میں سے | کوئی چھپی بات | پھر جس | کسی کو | دیا گیا | اعمال نامہ اسکا | اس کے دائیں ہاتھ میں | تو وہ کہے گا | ارے یہ لو

نہیں رہے گی۔ پھر جس کا اعمال نامہ اس کے دائیں ہاتھ میں دیا جائے گا وہ خوش ہو کر دوسروں سے کہے گا'' لو میرا

اقْرَءُوْا كِتٰبِيَهْ ۝١٩ اِنِّيْ ظَنَنْتُ اَنِّيْ مُلٰقٍ حِسَابِيَهْ ۝٢٠ فَهُوَ فِيْ

تم پڑھو | میرا نامہ اعمال | بیشک میں | مانتا تھا | یہ کہ میں | ملنے والا ہوں | اپنے حساب سے | پھر وہ ہوگا | میں

اعمال نامہ پڑھو۔ مجھے یقین تھا کہ میرا حساب پیش آنے والا ہے۔'' پھر وہ ایک

عِيشَةٍ رَّاضِيَةٍ ﴿21﴾ فِي جَنَّةٍ عَالِيَةٍ ﴿22﴾ قُطُوفُهَا دَانِيَةٌ ﴿23﴾ كُلُوا وَاشْرَبُوا

زندگی | خوشی کی | میں | باغ | بلند | پھل جس کے ہیں | قریب | تم کھاؤ | اور تم پیو

پسندیدہ عیش میں ہوگا، اونچے باغ میں، جس کے پھل میوے قریب جھکے ہوئے ہوں گے۔ ان لوگوں سے کہا جائے گا" کھاؤ اور پیو،

هَنِيٓـًٔا بِمَآ أَسْلَفْتُمْ فِي الْأَيَّامِ الْخَالِيَةِ ﴿24﴾ وَأَمَّا مَنْ أُوتِيَ

مزے سے | بدلے اسکے جو | تم نے کیا تھا | میں | دنوں | گزرے | اور جس | کسی کو | دیا گیا

مزے کے ساتھ، ان اعمال کے بدلے میں جو تم نے گزرے دنوں میں کیے تھے"۔ اور جس کا اعمال نامہ

كِتَابَهُ بِشِمَالِهِ فَيَقُولُ يَا لَيْتَنِي لَمْ أُوتَ كِتَابِيَهْ ﴿25﴾ وَلَمْ أَدْرِ

اعمال نامہ اسکا | بائیں ہاتھ میں اسکے | تو وہ کہے گا | اے کاش | نہ | مجھے دیا جاتا | اعمال نامہ میرا | اور نہ | میں جانتا

اس کے بائیں ہاتھ میں دیا جائے گا، وہ کہے گا کاش میرا اعمال نامہ مجھے نہ دیا جاتا۔ مجھے خبر نہ ہوتی میرا

مَا حِسَابِيَهْ ﴿26﴾ يَا لَيْتَهَا كَانَتِ الْقَاضِيَةَ ﴿27﴾ مَآ أَغْنَىٰ عَنِّي مَالِيَهْ ﴿28﴾

کیا ہے | میرا حساب | اے کاش کہ | ہوتی | کام تمام کرنیوالی (موت) | نہ | کام آیا | میرے | میرا مال

حساب کیا ہے۔ کاش پہلی موت میرا خاتمہ کر دیتی۔ میرا مال میرے کام نہ آیا۔

هَلَكَ عَنِّي سُلْطَانِيَهْ ﴿29﴾ خُذُوهُ فَغُلُّوهُ ﴿30﴾ ثُمَّ الْجَحِيمَ صَلُّوهُ ﴿31﴾ ثُمَّ

جاتی رہی | مجھ سے | سلطنت میری | تم پکڑو اسے | پھر طوق پہناؤ اسے | پھر | دوزخ میں | تم داخل کرو اسے | پھر

میری بادشاہی ختم ہوگئی"۔ فرشتوں کو حکم ہو گا: اسے پکڑو اور طوق پہناؤ پھر اسے لے کر جہنم میں جھونک دو۔ پھر

فِي سِلْسِلَةٍ ذَرْعُهَا سَبْعُونَ ذِرَاعًا فَاسْلُكُوهُ ﴿32﴾ إِنَّهُ كَانَ

میں | زنجیر | لمبائی جس کی ہے | ستر (70) | ہاتھ | پس اس میں باندھو | بیشک یہ | تھا

ایک زنجیر میں جس کی لمبائی ستر ہاتھ ہے اسے جکڑ دو کیونکہ یہ شخص

لَا يُؤْمِنُ بِاللَّهِ الْعَظِيمِ ﴿33﴾ وَلَا يَحُضُّ عَلَىٰ طَعَامِ الْمِسْكِينِ ﴿34﴾

نہیں ایمان لاتا | اللہ | عظیم پر | اور نہ | ترغیب دلاتا تھا | پر | کھلانے | مسکین کے

اللہ برتر پر ایمان نہ رکھتا تھا، محتاج کو کھانا کھلانے کی تاکید نہ کرتا تھا۔ آج یہاں اس کا

فَلَيْسَ لَهُ الْيَوْمَ هَاهُنَا حَمِيمٌ ﴿35﴾ وَلَا طَعَامٌ إِلَّا مِنْ غِسْلِينٍ ﴿36﴾

پس نہیں اس کا | آج کے دن | یہاں | کوئی دوست | اور نہیں | کھانا | مگر | سے | دھوون (دوزخیوں کے)

کوئی ہمدرد نہیں۔ پیپ کے سوا اس کے لئے کوئی کھانا نہیں۔ یہی کھانا ہے

لَّا يَأْكُلُهُۥٓ إِلَّا ٱلْخَٰطِـُٔونَ ﴿37﴾ فَلَآ أُقْسِمُ بِمَا تُبْصِرُونَ ﴿38﴾ وَمَا

نہیں اسے کھائیں گے | مگر | خطاکار | پس | میں قسم کھاتا ہوں | اُس کی جسے | تم دیکھتے ہو | اور جو

جس کو گناہگار کھائیں گے۔ مجھے ان چیزوں کی قسم جو تم دیکھتے ہو اور جو نہیں

لَا تُبْصِرُونَ ﴿39﴾ إِنَّهُۥ لَقَوْلُ رَسُولٍ كَرِيمٍ ﴿40﴾ وَمَا هُوَ بِقَوْلِ شَاعِرٍ

نہیں تم دیکھتے | بیشک یہ ہے | البتہ کلام | پیغام لانے والے | باعزت کا (لایا ہوا) | اور نہیں | یہ | کلام | کسی شاعر کا

دیکھتے۔ یہ ایک باعزت فرشتے جبرئیل کا لایا ہوا کلام ہے۔ یہ کسی شاعر کا کلام نہیں۔

قَلِيلًا مَّا تُؤْمِنُونَ ﴿41﴾ وَلَا بِقَوْلِ كَاهِنٍ قَلِيلًا مَّا تَذَكَّرُونَ ﴿42﴾

کم | ہی | تم ایمان لاتے ہو | اور نہیں | یہ کلام | کسی کاہن کا | کم | ہی | تم نصیحت پاتے ہو

تم لوگ بہت کم ایمان لاتے ہو۔ یہ کسی کاہن کا کلام بھی نہیں، تم لوگ بہت کم غور کرتے ہو۔

تَنزِيلٌ مِّن رَّبِّ ٱلْعَٰلَمِينَ ﴿43﴾ وَلَوْ تَقَوَّلَ عَلَيْنَا بَعْضَ ٱلْأَقَاوِيلِ ﴿44﴾

یہ اتارا ہوا ہے | طرف سے | رب کی | جہانوں کے | اور اگر | وہ جھوٹ کہتا | ہم پر | بعض | باتیں

یہ قرآن پروردگارِ عالم کی طرف سے نازل ہوا ہے۔ اگر یہ نبی ﷺ اپنی طرف سے کوئی بات جھوٹ بنا لیتے

لَأَخَذْنَا مِنْهُ بِٱلْيَمِينِ ﴿45﴾ ثُمَّ لَقَطَعْنَا مِنْهُ ٱلْوَتِينَ ﴿46﴾ فَمَا مِنكُم

تو ضرور ہم پکڑ لیتے | اس کا | دایاں ہاتھ | پھر | ضرور ہم کاٹ ڈالتے | اس کی | رگ گردن کو | پھر نہ | تم میں سے ہوتا

تو ہم ان کا دایاں ہاتھ پکڑ لیتے۔ پھر ہم ان کی شہ رگ کاٹ دیتے۔ پھر تم میں سے کوئی ہمیں اس سے

مِّنْ أَحَدٍ عَنْهُ حَٰجِزِينَ ﴿47﴾ وَإِنَّهُۥ لَتَذْكِرَةٌ لِّلْمُتَّقِينَ ﴿48﴾ وَإِنَّا

کوئی | ایک | اس سے | روکنے والا | اور بیشک وہ | ضرور یاددہانی ہے | پرہیزگاروں کے لیے | اور بیشک

روکنے والا نہ ہوتا۔ یہ قرآن ایک یاددہانی ہے اللہ سے ڈرنے والوں کے لیے۔

لَنَعْلَمُ أَنَّ مِنكُم مُّكَذِّبِينَ ﴿49﴾ وَإِنَّهُۥ لَحَسْرَةٌ عَلَى ٱلْكَٰفِرِينَ ﴿50﴾

البتہ ہم جانتے ہیں | بیشک | تم میں سے | جھٹلانے والے ہیں | اور بیشک یہ | ضرور پشیمانی ہے | پر | کافروں

ہم جانتے ہیں کہ تم میں سے بعض ایسے ہیں جو اسے جھٹلاتے ہیں۔ لیکن کافروں کا یہ جھٹلانا عنقریب ان کے لئے پچھتاوا ہوگا۔

وَإِنَّهُۥ لَحَقُّ ٱلْيَقِينِ ﴿51﴾ فَسَبِّحْ بِٱسْمِ رَبِّكَ ٱلْعَظِيمِ ﴿52﴾

اور بیشک وہ ہے | البتہ سچ | یقینی | پس پاکی بیان کریں | ساتھ نام | اپنے رب | عظمت والے کے

یہ بات یقینی اٹل ہے۔ پس اے نبی ﷺ آپ اپنے عظیم رب کے نام کی تسبیح کریں۔

(70) سُوْرَةُ الْمَعَارِجِ مَكِّيَّةٌ (79)

رکوعاتھا 2 — آیاتھا 44

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

سَاَلَ سَآئِلٌۢ بِعَذَابٍ وَّاقِعٍ ۙ﴿1﴾ لِّلْكٰفِرِيْنَ لَيْسَ لَهٗ دَافِعٌ ۙ﴿2﴾ مِّنَ

پوچھا | پوچھنے والے نے | عذاب کے بارے میں | واقع ہونے والا | کافروں کیلئے | نہیں ہے | اسکو | کوئی دفع کرنیوالا | طرف سے

ایک مانگنے والے نے وہ عذاب مانگا جو قیامت کے دن کافروں پر واقع ہو کر رہے گا۔ کوئی اسے ٹال نہیں سکتا۔ وہ اللہ کی طرف سے

اللّٰهِ ذِي الْمَعَارِجِ ؕ﴿3﴾ تَعْرُجُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَالرُّوْحُ اِلَيْهِ فِيْ يَوْمٍ كَانَ

اللہ کی | مالک | سیڑھیوں کا | چڑھتے ہیں | فرشتے | اور روح | اسکی طرف | میں | ایک دن | ہے

آئے گا جو سیڑھیوں جیسے اوپر تلے آسمانوں کا مالک ہے۔ اسی کی طرف فرشتے اور جبرئیل چڑھ کر جاتے ہیں۔ قیامت کے اُس دن کی

مِقْدَارُهٗ خَمْسِيْنَ اَلْفَ سَنَةٍ ۚ﴿4﴾ فَاصْبِرْ صَبْرًا جَمِيْلًا ﴿5﴾ اِنَّهُمْ

مقدار اس کی | پچاس | ہزار | سال | پس تو صبر کر | صبر | اچھا | بیشک وہ

مقدار پچاس ہزار سال ہے۔ اے نبی ﷺ آپ ﷺ ان لوگوں کی حرکتوں پر صبر کریں، خوبصورت صبر! وہ عذاب کو دور دیکھتے ہیں

يَرَوْنَهٗ بَعِيْدًا ۙ﴿6﴾ وَّنَرٰىهُ قَرِيْبًا ؕ﴿7﴾ يَوْمَ تَكُوْنُ السَّمَآءُ كَالْمُهْلِ ۙ﴿8﴾

دیکھتے ہیں اسے | دور | اور ہم دیکھتے ہیں اسے | قریب | اس دن | ہوگا | آسمان | جیسے تانبا پگھلا ہوا

مگر ہم اسے قریب دیکھتے ہیں ۔ وہ عذاب اس دن ہو گا جس دن آسمان تیل کی تلچھٹ کی طرح سیاہی مائل سرخ ہو گا۔

وَتَكُوْنُ الْجِبَالُ كَالْعِهْنِ ۙ﴿9﴾ وَلَا يَسْـَٔلُ حَمِيْمٌ حَمِيْمًا ۚ﴿10﴾ يُّبَصَّرُوْنَهُمْ ؕ

اور ہوں گے | پہاڑ | جیسے دُھنی ہوئی اُون | اور نہیں | پوچھے گا | کوئی دوست | کسی دوست کو | وہ دکھائے جائینگے ان کو

پہاڑ ایسے ہوں گے جیسے دُھنی ہوئی رنگ برنگی اُون۔ کوئی دوست کسی دوست کو نہیں پوچھے گا حالاں کہ ایک دوسرے کو نظر آ رہے ہوں

يَوَدُّ الْمُجْرِمُ لَوْ يَفْتَدِيْ مِنْ عَذَابِ يَوْمِئِذٍۭ بِبَنِيْهِ ۙ﴿11﴾

چاہے گا | مجرم | کاش کہ | وہ فدیہ میں دے | سے | عذاب | اس دن | اپنے بیٹوں کو

گے۔ اس وقت مجرم چاہے گا کاش اس دن کے عذاب سے بچنے کے لئے اپنے بیٹوں کو ،اپنی بیوی کو

وَصَاحِبَتِهٖ وَاَخِيْهِ ۙ﴿12﴾ وَفَصِيْلَتِهِ الَّتِيْ تُـْٔوِيْهِ ۙ﴿13﴾ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ

اور اپنی بیوی کو | اور اپنے بھائی کو | اور اپنے خاندان کو | جو کہ | اسے ٹھکانہ دیتا | اور جو کچھ ہے | میں | زمین

، اپنے بھائی کو ، اپنے کنبے کو جو اسے پناہ دیتا تھا اور تمام زمین والوں کو فدیے

جَمِيعًا ثُمَّ يُنْجِيهِ ﴿14﴾ كَلَّا ۖ إِنَّهَا لَظَىٰ ﴿15﴾ نَزَّاعَةً لِّلشَّوَىٰ ﴿16﴾ تَدْعُوا

سب کو | پھر | وہ نجات پا جائے | ایسا ہرگز نہ ہوگا | بیشک یہ | شعلے مارتی آگ ہے | ادھیڑ لینے والی | (منہ کی) چمڑی کو | بلاتی ہے

میں دے کر اپنے آپ کو بچا لے مگر ایسا ہرگز نہ ہوگا۔ وہ دوزخ کی بھڑکتی ہوئی آگ کی لپٹ ہوگی جو چمڑی ادھیڑ دے گی۔ وہ ہر اس

مَنْ أَدْبَرَ وَتَوَلَّىٰ ﴿17﴾ وَجَمَعَ فَأَوْعَىٰ ﴿18﴾ إِنَّ الْإِنسَانَ خُلِقَ هَلُوعًا ﴿19﴾

اسے جو | پیٹھ پھیرے | اور منہ موڑے | اور جمع کرے مال | پھر روکے رکھے | بیشک | انسان | پیدا کیا گیا ہے | بے صبرا

شخص کو بلائے گی جس نے دنیا میں حق سے پیٹھ پھیری اور منہ موڑا تھا۔ جو مال جمع کرتا رہا، اسے گن گن کر رکھتا رہا اور ذخیرہ

إِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ جَزُوعًا ﴿20﴾ وَإِذَا مَسَّهُ الْخَيْرُ مَنُوعًا ﴿21﴾ إِلَّا

جب | پہنچتی ہے اسے | تکلیف | گھبرانے والا | اور جب | پہنچتی ہے | بھلائی | منع کرنیوالا ہے | سوائے

کرتا رہا۔ بے شک انسان کم حوصلہ پیدا ہوا ہے۔ جب اسے تکلیف پہنچتی ہے تو گھبرا اٹھتا ہے۔ جب خوشحالی ملتی ہے تو بخل کرنے لگتا

الْمُصَلِّينَ ﴿22﴾ الَّذِينَ هُمْ عَلَىٰ صَلَاتِهِمْ دَائِمُونَ ﴿23﴾ وَالَّذِينَ فِي

نمازیوں کے | جو کہ | وہ ہیں | پر | اپنی نمازوں | ہمیشگی کرنیوالے | اور جو کہ | میں

ہے۔ مگر ان لوگوں کا یہ حال نہیں ہوتا جو نمازی ہیں۔ اپنی نماز کی پابندی کرتے ہیں۔ اپنے مال کا ایک

أَمْوَالِهِمْ حَقٌّ مَّعْلُومٌ ﴿24﴾ لِّلسَّائِلِ وَالْمَحْرُومِ ﴿25﴾ وَالَّذِينَ يُصَدِّقُونَ

ان کے مالوں | حصہ ہے | معلوم | مانگنے والوں کے لیے | اور حاجت مند کے | اور جو | مانتے ہیں

مقررہ حصہ دیتے ہیں مانگنے والوں کو اور ناداروں کو۔ جو انصاف کے دن پر یقین رکھتے ہیں۔

بِيَوْمِ الدِّينِ ﴿26﴾ وَالَّذِينَ هُم مِّنْ عَذَابِ رَبِّهِم مُّشْفِقُونَ ﴿27﴾ إِنَّ

دن کو | بدلے کے | اور جو لوگ کہ | وہ | سے | عذاب | اپنے رب کے | ڈرتے ہیں | بیشک

جو اپنے رب کے عذاب سے ڈرتے ہیں۔ بے شک ان کے

عَذَابَ رَبِّهِمْ غَيْرُ مَأْمُونٍ ﴿28﴾ وَالَّذِينَ هُمْ لِفُرُوجِهِمْ حَافِظُونَ ﴿29﴾

عذاب ہے | ان کے رب کا | نہ | کوئی بے خوف ہو (اس سے) | اور جو لوگ کہ | وہ | اپنی شرمگاہوں کی | حفاظت کرنے والے ہیں

رب کے عذاب سے کسی کو بے خوف نہیں ہونا چاہئے۔ اور جو اپنے ستر کی حفاظت کرتے ہیں

إِلَّا عَلَىٰ أَزْوَاجِهِمْ أَوْ مَا مَلَكَتْ أَيْمَانُهُمْ فَإِنَّهُمْ غَيْرُ

مگر | پر | اپنی بیویوں | یا | جن کے | مالک ہوئے | دائیں ہاتھ انکے | پس بیشک وہ ہیں | نہ

سوائے اپنی بیویوں اور لونڈیوں سے، جن پر انہیں کوئی

مَلُوْمِيْنَ ﴿30﴾ فَمَنِ ابْتَغٰى وَرَآءَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْعٰدُوْنَ ﴿31﴾ وَالَّذِيْنَ

ملامت کئے گئے | پھر جو کوئی | چاہے | علاوہ | اسکے | تو ایسے لوگ | وہی ہیں | حد پھلانگنے والے | اور جو لوگ کہ

ملامت نہیں۔ پھر جو اس کے سوا کچھ اور چاہے تو ایسے لوگ حد سے بڑھنے والے ہیں۔ اور جو اپنی

هُمْ لِاَمٰنٰتِهِمْ وَعَهْدِهِمْ رٰعُوْنَ ﴿32﴾ وَالَّذِيْنَ هُمْ بِشَهٰدٰتِهِمْ

وہ | اپنی امانتوں کا | اور اپنے وعدوں کا | خیال رکھنے والے | اور جو لوگ کہ | وہ | اپنی گواہیوں پر

امانتوں اور اپنے عہد کو نباہتے ہیں۔ جو اپنی گواہیوں پر قائم

قَآئِمُوْنَ ﴿33﴾ وَالَّذِيْنَ هُمْ عَلٰى صَلَاتِهِمْ يُحَافِظُوْنَ ﴿34﴾ اُولٰٓئِكَ فِيْ

قائم رہنے والے ہیں | اور جو لوگ کہ | وہ | پر | اپنی نماز | پابندی کرتے | یہی لوگ ہوں گے | میں

رہتے ہیں اور جو اپنی نماز کی پابندی کرتے ہیں۔ یہی لوگ

جَنّٰتٍ مُّكْرَمُوْنَ ﴿35﴾ فَمَالِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا قِبَلَكَ مُهْطِعِيْنَ ﴿36﴾ عَنِ

باغوں | عزت دیئے گئے | پس کیا ہے | ان لوگوں کو جو | کافر ہوئے | تیرے سامنے | دوڑتے ہیں | سے

جنت کے باغوں میں عزت کے ساتھ ہوں گے۔ اے نبی ﷺ کافروں کو کیا ہوگیا ہے آپ ﷺ کی طرف یلغار کرتے چلے آتے

الْيَمِيْنِ وَعَنِ الشِّمَالِ عِزِيْنَ ﴿37﴾ اَيَطْمَعُ كُلُّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ اَنْ

دائیں طرف | اور سے | بائیں طرف | ٹولیاں بنا کر | کیا چاہتا ہے | ہر | شخص | ان میں سے | یہ کہ

ہیں ، دائیں اور بائیں سے جتھے بن کر ۔ کیا ان میں سے ہر کوئی خواہش رکھتا ہے اسے نعمت بھری

يُّدْخَلَ جَنَّةَ نَعِيْمٍ ﴿38﴾ كَلَّا ۭ اِنَّا خَلَقْنٰهُمْ مِّمَّا يَعْلَمُوْنَ ﴿39﴾ فَلَآ

اسے داخل کیا جائے | جنت میں | نعمت کی | ہرگز نہیں | بیشک ہم | ہم نے پیدا کیا ان کو | اس سے جسے | وہ جانتے ہیں | پس

جنت میں داخل کیا جائے گا؟ ہرگز نہ ہوگا۔ یہ خوب جانتے ہیں ہم نے انہیں کس حقیر بوند سے پیدا کر دکھایا۔ پس میں

اُقْسِمُ بِرَبِّ الْمَشٰرِقِ وَالْمَغٰرِبِ اِنَّا لَقٰدِرُوْنَ ﴿40﴾ عَلٰٓى اَنْ نُّبَدِّلَ

میں قسم کھاتا ہوں | رب کی | مشرقوں کے | اور مغربوں کے | بیشک ہم | ضرور قادر ہیں | اس پر | کہ | ہم بدل ڈالیں

قسم کھاتا ہوں مشرقوں اور مغربوں کے رب کی ہم پوری طرح قادر ہیں اس پر کہ ان کافروں کی

خَيْرًا مِّنْهُمْ ۙ وَمَا نَحْنُ بِمَسْبُوْقِيْنَ ﴿41﴾ فَذَرْهُمْ يَخُوْضُوْا وَيَلْعَبُوْا

بہتر | اُن سے | اور نہیں | ہم | عاجز | پس تو چھوڑ ان کو | وہ بحثیں کریں | اور کھیلیں

جگہ ان سے بہتر لوگ پیدا کر کے لے آئیں۔ ایسا کرنے سے ہم عاجز نہیں۔ اے نبی ﷺ آپ ﷺ ان کافروں کو چھوڑ دیں، وہ

حَتّٰی یُلٰقُوْا یَوْمَهُمُ الَّذِیْ یُوْعَدُوْنَ ﴿42﴾ یَوْمَ یَخْرُجُوْنَ مِنَ

یہاں تک کہ | وہ ملیں | اپنے دن سے | جس کا | ان سے وعدہ کیا جاتا ہے | جس دن | وہ نکلیں گے | سے

باتیں بنائیں اور کھیلیں یہاں تک کہ اپنے اس دن سے دوچار ہوں جس کا ان سے وعدہ کیا جارہا ہے۔ اس دن یہ لوگ قبروں سے نکلیں

الْاَجْدَاثِ سِرَاعًا کَاَنَّهُمْ اِلٰی نُصُبٍ یُّوْفِضُوْنَ ﴿43﴾ خَاشِعَةً اَبْصَارُهُمْ

قبروں | تیزی سے | گویا کہ وہ | طرف | نشان کے | وہ پہنچنے والے ہیں | جھکی ہوں گی | ان کی آنکھیں

گے دوڑتے ہوئے، جیسے وہ کسی نشانے کی طرف بھاگ رہے ہوں۔ اس وقت ان کی

تَرْهَقُهُمْ ذِلَّةٌ ؕ ذٰلِكَ الْیَوْمُ الَّذِیْ کَانُوْا یُوْعَدُوْنَ ﴿44﴾

ڈھانپے گی ان کو | ذلت | یہ ہے | دن وہی | جس کا | ان سے تھا | وعدہ کیا جاتا

نگاہیں جھکی ہوں گی۔ ان پر ذلت چھائی ہوگی۔ یہی ہوگا وہ عذاب کا دن جس سے انہیں ڈرایا جارہا ہے۔

(71) سُوْرَةُ نُوْحٍ مَّكِّيَّةٌ (71)

اٰیَاتُهَا 28 — رُکُوْعَاتُهَا 2

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اِنَّآ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰی قَوْمِهٖٓ اَنْ اَنْذِرْ قَوْمَكَ مِنْ قَبْلِ اَنْ

بیشک ہم | ہم نے بھیجا | نوح کو | طرف | اس کی قوم کی | یہ کہ | تو ڈرا | اپنی قوم کو | اس سے | پہلے | کہ

یہ واقعہ ہے کہ ہم نے نوحؑ کو اُن کی قوم کی طرف رسول بنا کر بھیجا کہ اپنی قوم کو خبردار کر دو۔ اس سے پہلے کہ

یَّاْتِیَهُمْ عَذَابٌ اَلِیْمٌ ﴿1﴾ قَالَ یٰقَوْمِ اِنِّیْ لَكُمْ نَذِیْرٌ مُّبِیْنٌ ﴿2﴾

آئے ان پر | عذاب | دردناک | وہ بولے | اے قوم میری | بیشک میں ہوں | تمہارے لئے | ڈرانے والا | کھلا

اُن پر دردناک عذاب آجائے۔ پھر نوحؑ نے کہا "اے میری قوم کے لوگو! میں تمہیں صاف خبردار کرنے والا ہوں۔ تم صرف اللہ کی

اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ وَاتَّقُوْهُ وَاَطِیْعُوْنِ ﴿3﴾ یَغْفِرْ لَكُمْ مِّنْ ذُنُوْبِكُمْ

یہ کہ | تم عبادت کرو | اللہ کی | اور تم ڈرو اس سے | اور تم اطاعت کرو میری | وہ بخشے گا | تم کو | سے | تمہارے گناہوں

عبادت کرو، اسی سے ڈرو اور میری اطاعت کرو۔ ایسا کرو گے تو اللہ تمہارے گناہوں سے درگزر کرے گا۔ تمہیں ایک مقررہ وقت

وَیُؤَخِّرْكُمْ اِلٰٓی اَجَلٍ مُّسَمًّی ؕ اِنَّ اَجَلَ اللّٰهِ اِذَا جَآءَ لَا یُؤَخَّرُ

اور وہ مہلت دے گا تم کو | تک | ایک مدت | مقررہ | بیشک | وعدہ | اللہ کا | جب | آتا ہے | نہیں | مہلت دیتا

تک دنیا میں باقی رکھے گا۔ بے شک جب اللہ کا مقرر کیا ہوا وقت آجاتا ہے تو ٹالا نہیں جا سکتا۔ کاش تم جانتے! نوحؑ نے کہا "اے

لَوْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿4﴾ قَالَ رَبِّ اِنِّيْ دَعَوْتُ قَوْمِيْ لَيْلًا

کاش | تم ہوتے | تم جانتے | نوح نے کہا | اے رب میرے | بیشک میں نے | دعوت دی | اپنی قوم کو | رات

میرے رب! میں اپنی قوم کو دن رات

وَّنَهَارًا ﴿5﴾ فَلَمْ يَزِدْهُمْ دُعَآءِيْٓ اِلَّا فِرَارًا ﴿6﴾ وَاِنِّيْ كُلَّمَا دَعَوْتُهُمْ

اور دن | پھر نہ | زیادہ کیا ان کو | میری دعوت نے | مگر | بھاگنا | اور بیشک میں | جب جب | میں نے دعوت دی انکو

بلاتا رہا۔ مگر میرے بلانے سے وہ اور زیادہ بھاگتے۔ میں نے جب انہیں بلایا تاکہ

لِتَغْفِرَ لَهُمْ جَعَلُوْٓا اَصَابِعَهُمْ فِيْٓ اٰذَانِهِمْ وَاسْتَغْشَوْا ثِيَابَهُمْ

تاکہ تو بخش دے | ان کو | انہوں نے کرلیں | اپنی انگلیاں | میں | اپنے کانوں | اور انہوں نے اوڑھ لئے | اپنے کپڑے

تو انہیں معاف کر دے تو انہوں نے اپنے کانوں میں انگلیاں ٹھونس لیں، اپنے اوپر کپڑے لپیٹ لئے،

وَاَصَرُّوْا وَاسْتَكْبَرُوا اسْتِكْبَارًا ﴿7﴾ ثُمَّ اِنِّيْ دَعَوْتُهُمْ جِهَارًا ﴿8﴾ ثُمَّ

اور ضد کی | اور تکبر کیا | بڑا تکبر کرنا | پھر | بیشک میں نے | دعوت دی انکو | بلند آواز میں | پھر

ضد کی اور بڑا غرور کیا۔ پھر میں نے انہیں کھلے طور پر پکارا،

اِنِّيْٓ اَعْلَنْتُ لَهُمْ وَاَسْرَرْتُ لَهُمْ اِسْرَارًا ﴿9﴾ فَقُلْتُ اسْتَغْفِرُوْا

بیشک میں نے | اعلانیہ کہا | ان کو | اور میں نے چھپا کر کہا | ان کو | چھپا کر کہتے ہوئے | پھر میں نے کہا | تم بخشش مانگو

سرِ عام تبلیغ کی اور چپکے سے سمجھایا۔ میں نے کہا "اپنے رب سے معافی مانگو،

رَبَّكُمْ ۭ اِنَّهٗ كَانَ غَفَّارًا ﴿10﴾ يُّرْسِلِ السَّمَآءَ عَلَيْكُمْ مِّدْرَارًا ﴿11﴾

اپنے رب سے | بیشک وہ | ہے | بڑا بخشنے والا | وہ بھیجے گا | آسمان سے | تم پر | خوب بارش

وہ بڑا معاف کرنے والا ہے۔ وہ تم پر آسمان سے خوب بارش برسائے گا،

وَّيُمْدِدْكُمْ بِاَمْوَالٍ وَّبَنِيْنَ وَيَجْعَلْ لَّكُمْ جَنّٰتٍ وَّيَجْعَلْ لَّكُمْ

اور مدد کرے گا تمہاری | مالوں سے | اور بیٹوں سے | اور پیدا کرے گا | تمہارے لیے | باغات | اور بنائے گا | تمہارے لیے

تمہارے مال و اولاد میں برکت دے گا، تمہارے لیے باغ پیدا کرے گا اور تمہارے لیے نہریں

اَنْهٰرًا ﴿12﴾ مَا لَكُمْ لَا تَرْجُوْنَ لِلّٰهِ وَقَارًا ﴿13﴾ وَقَدْ خَلَقَكُمْ اَطْوَارًا ﴿14﴾

نہریں | کیا ہے | تم کو | نہیں | تم خیال رکھتے | اللہ کی | بزرگی کا | اور بیشک | پیدا کیا ہے تم کو | کئی حالتوں میں

جاری کرے گا۔ تمہیں کیا ہوگیا ہے تم اللہ کی عظمت کو نہیں مانتے؟ حالاں کہ اس نے تمہیں کئی حالتوں میں بنایا۔

اَلَمْ تَرَوْا كَيْفَ خَلَقَ اللّٰهُ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ طِبَاقًا ﴿15﴾ وَّجَعَلَ الْقَمَرَ

کیا نہیں | تم نے دیکھا | کیسے | پیدا کئے | اللہ نے | سات | آسمان | اوپر تلے | اور اس نے بنایا | چاند کو

کیا تم نے نہیں دیکھا اللہ نے کس طرح سات آسمان تہ بہ تہ بنائے۔ ان میں چاند کو

فِيْهِنَّ نُوْرًا وَّجَعَلَ الشَّمْسَ سِرَاجًا ﴿16﴾ وَاللّٰهُ اَنْۢبَتَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ

ان میں | روشن | اور اس نے بنایا | سورج کو | چراغ | اور اللہ نے | اگایا تمہیں | سے | زمین

نور اور سورج کو چراغ بنایا۔ اللہ نے تمہیں زمین سے نکال کر پروان

نَبَاتًا ﴿17﴾ ثُمَّ يُعِيْدُكُمْ فِيْهَا وَيُخْرِجُكُمْ اِخْرَاجًا ﴿18﴾ وَاللّٰهُ جَعَلَ

ایک طرح کا اگانا | پھر | وہ لوٹائے گا تمہیں | اس میں | اور وہ نکالے گا تمہیں | نکالنا | اور اللہ نے | بنائی

چڑھایا۔ پھر تمہیں اس مٹی میں دوبارہ لے جائے گا۔ پھر ایک دن اس سے تمہیں باہر نکال کھڑا کرے گا۔ تمہارے لئے اللہ نے زمین

لَكُمُ الْاَرْضَ بِسَاطًا ﴿19﴾ لِّتَسْلُكُوْا مِنْهَا سُبُلًا فِجَاجًا ﴿20﴾ قَالَ نُوْحٌ

تمہارے لیے | زمین | بچھونا | تاکہ تم چلو | اس میں | راہوں پر | کشادہ | کہا | نوح نے

کو ہموار بنایا تاکہ تم اس کے کھلے راستوں پہ چلو پھرو۔" نوح علیہ السلام نے عرض کی

رَّبِّ اِنَّهُمْ عَصَوْنِيْ وَاتَّبَعُوْا مَنْ لَّمْ يَزِدْهُ مَالُهٗ وَوَلَدُهٗٓ

اے میرے رب | بیشک وہ | انہوں نے نافرمانی کی میری | اور وہ پیچھے چلے | اسکے | نہ | زیادہ کیا اسکو | اسکے مال نے | اور اسکی اولاد نے

"اے میرے رب! ان لوگوں نے میرا کہا نہ مانا بلکہ ایسے لیڈروں کی پیروی کی جن کے مال و اولاد نے ان کے

اِلَّا خَسَارًا ﴿21﴾ وَمَكَرُوْا مَكْرًا كُبَّارًا ﴿22﴾ وَقَالُوْا لَا تَذَرُنَّ اٰلِهَتَكُمْ

مگر | گھاٹے میں | اور چلتے ہیں | چالیں | بڑی | اور انہوں نے کہا | نہ | تم چھوڑنا | اپنے معبودوں کو

گھاٹے میں اضافہ کیا۔ انہوں نے میرے خلاف بڑی چالیں چلیں" انہوں نے کہا "تم اپنے معبودوں کو ہرگز نہ

وَلَا تَذَرُنَّ وَدًّا وَّلَا سُوَاعًا ۙ وَّلَا يَغُوْثَ وَيَعُوْقَ وَنَسْرًا ﴿23﴾ وَقَدْ

اور نہ | تم چھوڑنا | وَدّ کو | اور نہ | سواع کو | اور نہ | یغوث کو | اور یعوق کو | اور نسر کو | اور بیشک

چھوڑنا۔ وَدّ، سواع، یغوث، یعوق اور نسر کو نہ چھوڑنا۔" اس طرح انہوں نے

اَضَلُّوْا كَثِيْرًا ۚ وَلَا تَزِدِ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا ضَلٰلًا ﴿24﴾ مِمَّا خَطِيْٓـٰٔتِهِمْ

گمراہ کرتے ہیں | بہتوں کو | اور نہ | تو زیادہ کر | ظالموں کو | مگر | گمراہی میں | وجہ سے | ان کی خطاؤں کی

بہت سے لوگوں کو گمراہ کیا۔ خدایا! ان ظالموں کو اور زیادہ گمراہ کر دے۔ نوحؑ کی قوم کو ان کے گناہوں کے

اُغْرِقُوْا فَاُدْخِلُوْا نَارًا ۙ فَلَمْ يَجِدُوْا لَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ

وہ غرق کئے گئے | پھر داخل کیے گئے | آگ میں | پس نہیں | پایا انھوں نے | اپنے لیے | سے | سوائے | اللہ کے

سبب سے پانی میں غرق کیا گیا۔ پھر انہیں دوزخ کی آگ میں ڈالا جائے گا۔ اللہ کے مقابلے میں انہیں اپنے لیے

اَنْصَارًا ﴿25﴾ وَقَالَ نُوْحٌ رَّبِّ لَا تَذَرْ عَلَى الْاَرْضِ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ

مددکرنیوالا | اور کہا | نوح نے | اے میرے رب | نہ | تو چھوڑ | پر | زمین | سے | کافروں

کوئی مددگار نہ ملے گا۔ نوح علیہ السلام نے بددعا کی ''اے میرے رب! ان کافروں میں سے کوئی زمین پر بسنے والا نہ چھوڑ! اگر تو نے انہیں

دَيَّارًا ﴿26﴾ اِنَّكَ اِنْ تَذَرْهُمْ يُضِلُّوْا عِبَادَكَ وَلَا يَلِدُوْٓا اِلَّا

بسنے والا | بیشک تو | اگر | تو چھوڑے گا ان کو | وہ گمراہ کریں گے | تیرے بندوں کو | اور نہیں | جنیں گے | مگر

چھوڑ دیا تو یہ تیرے اور بندوں کو بھی گمراہ کریں گے۔ اِن کی نسل سے جو پیدا ہوگا وہ بھی برا اور سخت کافر ہوگا۔ اے میرے رب مجھے

فَاجِرًا كَفَّارًا ﴿27﴾ رَبِّ اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِمَنْ دَخَلَ بَيْتِيَ

بدکردار | کافر کو | اے میرے رب | بخش دے | مجھے | اور میرے والدین کو | اور اس کو جو | داخل ہو | میرے گھر میں

بخش دے، میرے والدین کی مغفرت فرما اور جو میرے گھر یعنی کشتی میں مومن ہو کر داخل ہو اسے بھی بخش دے، سب مومن مردوں

مُؤْمِنًا وَّلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ۭ وَلَا تَزِدِ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا تَبَارًا ﴿28﴾ ع

ایمان لاکر | اور ایمان والوں کو | اور ایمان والیوں کو | اور نہ | تو اضافہ کر | ظالموں کیلئے | مگر | تباہی میں

اور مومن عورتوں کو معاف فرما دے۔ مگر ظالموں کو اور زیادہ برباد کر۔''

ع 2 / 8 / 10 — النصف

(72) سُوْرَةُ الْجِنِّ مَكِّيَّةٌ (40)

اٰیاتھا 28 — رکوعاتھا 2

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

قُلْ اُوْحِيَ اِلَيَّ اَنَّهُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الْجِنِّ فَقَالُوْٓا اِنَّا سَمِعْنَا

کہہ دیجئے | وحی کی گئی | میری طرف | یہ کہ | سنا | ایک جماعت نے | سے | جنوں میں | پھر بولے | بیشک ہم | ہم نے سنا

اے نبی ﷺ کہیں ''مجھے وحی کی گئی ہے کہ جنوں کی ایک جماعت نے قرآن سنا تو انہوں نے اپنی قوم سے جا کر کہا'' ہم نے عجیب

قُرْاٰنًا عَجَبًا ۙ﴿1﴾ يَّهْدِيْٓ اِلَى الرُّشْدِ فَاٰمَنَّا بِهٖ ۭ وَلَنْ نُّشْرِكَ

قرآن | عجیب | جو راہ دکھاتا ہے | طرف | ہدایت کی | پھر ہم ایمان لائے | اس پر | اور ہرگز نہیں | ہم شریک کرتے

قرآن سنا ہے جو ہدایت کی راہ دکھاتا ہے ۔ ہم اس پر ایمان لائے ۔ ہم اپنے رب کے ساتھ

بِرَبِّنَآ اَحَدًا ﴿2﴾ وَّ اَنَّهٗ تَعٰلٰى جَدُّ رَبِّنَا مَا اتَّخَذَ صَاحِبَةً

اپنے رب کیساتھ | کسی ایک کو | اور یہ کہ | بہت بلند ہے | عزت | ہمارے رب کی | نہیں | اس نے رکھی | کوئی بیوی

کسی کو شریک نہیں بنائیں گے۔ اور یہ کہ ہمارے رب کی شان بڑی بلند ہے۔ اس کی نہ کوئی بیوی ہے، نہ

وَّلَا وَلَدًا ﴿3﴾ وَّ اَنَّهٗ كَانَ يَقُوْلُ سَفِيْهُنَا عَلَى اللّٰهِ شَطَطًا ﴿4﴾ وَّ اَنَّا

اور نہ کوئی اولاد | اور یہ کہ | تھے | کہا کرتے | بیوقوف ہمارے | بارے میں | اللہ کے | نامناسب بات | اور یہ کہ ہم

اولاد۔ ہمارے کئی نادان لوگ اللہ کے بارے میں اس طرح کی نامناسب باتیں کہتے رہے ہیں۔ ہم خیال

ظَنَنَّآ اَنْ لَّنْ تَقُوْلَ الْاِنْسُ وَالْجِنُّ عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا ﴿5﴾ وَّ اَنَّهٗ

ہم نے گمان کیا | یہ کہ | ہرگز نہ | کہیں گے | انسان | اور جن | بارے میں | اللہ کے | کوئی جھوٹ | اور یہ کہ

کرتے تھے کہ انسان اور جن اللہ کے متعلق کوئی جھوٹی بات نہیں کہہ سکتے۔ انسانوں

كَانَ رِجَالٌ مِّنَ الْاِنْسِ يَعُوْذُوْنَ بِرِجَالٍ مِّنَ الْجِنِّ فَزَادُوْهُمْ

تھے | مرد | سے | انسانوں میں | جو پناہ لیتے تھے | مردوں کی | سے | جنوں سے | پھر انہوں نے اضافہ کیا ان میں

میں کچھ ایسے تھے جو جنوں میں سے بعض کی پناہ لیتے تھے۔ اس طرح انہوں نے ان جنوں کو اور زیادہ

رَهَقًا ﴿6﴾ وَّ اَنَّهُمْ ظَنُّوْا كَمَا ظَنَنْتُمْ اَنْ لَّنْ يَّبْعَثَ اللّٰهُ اَحَدًا ﴿7﴾

اکڑنے کا | اور یہ کہ انہوں نے | گمان کیا | جیسے | تم نے گمان کیا | کہ | ہرگز نہ | بھیجے گا | اللہ | کسی کو

مغرور بنا دیا۔ اور تم جنوں کی طرح کئی انسانوں نے بھی گمان کیا کہ اللہ کسی اور نبی کو مبعوث نہیں کرے گا۔

وَّ اَنَّا لَمَسْنَا السَّمَآءَ فَوَجَدْنٰهَا مُلِئَتْ حَرَسًا شَدِيْدًا وَّ شُهُبًا ﴿8﴾ وَّ اَنَّا

اور یہ کہ ہم | ضرور ہم نے ٹٹولا | آسمان کو | پھر ہم نے پایا اسے | بھرا ہوا | محافظوں | سخت سے | اور آگ کے شعلوں سے | اور یہ کہ

ہم نے آسمان کا جائزہ لیا تو ہم نے پایا کہ سخت پہرے داروں اور شعلوں سے بھرا ہوا ہے۔ اور ہم وہاں

كُنَّا نَقْعُدُ مِنْهَا مَقَاعِدَ لِلسَّمْعِ ؕ فَمَنْ يَّسْتَمِعِ الْاٰنَ يَجِدْ لَهٗ

ہم تھے | بیٹھا کرتے | اس کے | ٹھکانوں میں | سننے کے لیے | پس جو کوئی | کان لگاتا ہے | اب | وہ پاتا ہے | اپنے لیے

کے بعض ٹھکانوں میں سننے کے لئے بیٹھا کرتے تھے مگر اب وہاں جو کوئی سننا چاہتا ہے تو وہ اپنے اوپر

شِهَابًا رَّصَدًا ﴿9﴾ وَّ اَنَّا لَا نَدْرِيْٓ اَشَرٌّ اُرِيْدَ بِمَنْ فِي الْاَرْضِ اَمْ

ایک شعلہ | گھات لگائے ہوئے | اور یہ کہ | نہیں | ہم جانتے | کیا کوئی برائی چاہی گئی ہے | ان کے لیے جو ہیں | میں | زمین | یا

تیار شعلہ پاتا ہے۔ ہماری سمجھ میں نہیں آتا۔ اس تبدیلی سے زمین والوں کو کوئی نقصان پہنچانا مقصود ہے یا

اَرَادَ بِهِمْ رَبُّهُمْ رَشَدًا ﴿۱۰﴾ وَّاَنَّا مِنَّا الصّٰلِحُوْنَ وَمِنَّا دُوْنَ ذٰلِكَ

ارادہ کیا | ان کے لیے | ان کے رب نے | بھلائی کا | اور یہ کہ | ہم میں سے | نیک بھی ہیں | اور ہم میں سے | سوائے | اسکے بھی

ان کے رب نے ان کے ساتھ بھلائی کرنے کا ارادہ فرمایا ہے۔ ہم جنوں میں بعض نیک ہیں اور بعض اور طرح کے ہیں۔

كُنَّا طَرَآئِقَ قِدَدًا ﴿۱۱﴾ وَّاَنَّا ظَنَنَّآ اَنْ لَّنْ نُّعْجِزَ اللّٰهَ فِي الْاَرْضِ

ہم ہیں | طریقوں | مختلف پر | اور یہ کہ ہم | ہم نے یقین کرلیا | یہ کہ | ہرگز نہ | ہم عاجز کرسکیں گے | اللہ کو | میں | زمین

یوں ہم مختلف طریقوں پر ہیں۔ اب ہمیں یقین آ گیا ہے ہم زمین میں اللہ کو نہیں

وَلَنْ نُّعْجِزَهٗ هَرَبًا ﴿۱۲﴾ وَّاَنَّا لَمَّا سَمِعْنَا الْهُدٰٓى اٰمَنَّا بِهٖ فَمَنْ

اور ہرگز نہ | ہم عاجز کر پائینگے اسے | بھاگ کر | اور یہ کہ | جب | ہم نے سنی | ہدایت (کی کتاب) | ہم ایمان لائے | اس پر | پس جو کوئی

ہرا سکتے اور یہ کہ جب ہم نے ہدایت کی بات سنی تو ہم اس پر ایمان لائے۔ جو شخص اپنے

يُّؤْمِنْۢ بِرَبِّهٖ فَلَا يَخَافُ بَخْسًا وَّلَا رَهَقًا ﴿۱۳﴾ وَّاَنَّا مِنَّا الْمُسْلِمُوْنَ

ایمان لائے | اپنے رب پر | تو نہیں | وہ ڈرے گا | کمی سے | اور نہ | زیادتی سے | اور یہ کہ | ہم میں | مسلمان بھی ہیں

رب پر ایمان لائے گا، نہ اس کے ثواب میں کمی ہوگی نہ اس کی حق تلفی ہوگی، اور یہ کہ ہم میں بعض فرماں بردار ہیں

وَمِنَّا الْقٰسِطُوْنَ فَمَنْ اَسْلَمَ فَاُولٰٓئِكَ تَحَرَّوْا رَشَدًا ﴿۱۴﴾ وَاَمَّا

اور ہم میں | ظالم بھی ہیں | پھر جو کوئی | اسلام لایا | تو ایسے لوگوں نے | تلاش کرلی | بھلائی | اور جو

اور بعض بے راہرو ہیں۔ جن لوگوں نے اللہ کی فرماں برداری کی، انہوں نے بھلائی کا راستہ ڈھونڈ لیا اور جو

الْقٰسِطُوْنَ فَكَانُوْا لِجَهَنَّمَ حَطَبًا ﴿۱۵﴾ وَّاَنْ لَّوِ اسْتَقَامُوْا عَلَى

ظالم ہیں | تو وہ ہوں گے | دوزخ کا | ایندھن | اور یہ کہ | اگر | وہ لوگ قائم رہتے | پر

بے راہرو ہیں وہ دوزخ کا ایندھن بنیں گے۔" اور اے نبی ﷺ آپ ﷺ کہیں کہ "مجھ پر یہ وحی کی گئی ہے

الطَّرِيْقَةِ لَاَسْقَيْنٰهُمْ مَّآءً غَدَقًا ﴿۱۶﴾ لِّنَفْتِنَهُمْ فِيْهِ وَمَنْ يُّعْرِضْ

راستے | تو ضرور ہم پلاتے انکو | پانی | وافر | تاکہ ہم آزمائیں ان کو | اس میں | اور جو کوئی | منہ پھیرے

کہ اگر انسان اور جن صحیح راستے پر قائم ہوجائیں تو ہم انہیں خوب سیراب کریں لیکن ہم ان کی شکر گزاری کا امتحان لیں گے۔ یاد رکھو

عَنْ ذِكْرِ رَبِّهٖ يَسْلُكْهُ عَذَابًا صَعَدًا ﴿۱۷﴾ وَّاَنَّ الْمَسٰجِدَ لِلّٰهِ

سے | یاد | اپنے رب کی | تو وہ چلائے گا اسے | عذاب | سخت میں | اور یہ کہ | مسجدیں ہیں | اللہ کی

جو کوئی رب کی نصیحت یعنی قرآن سے منہ موڑے گا تو اللہ اسے سخت عذاب میں مبتلا کرے گا" اور یاد رکھو مسجدیں صرف اللہ

فَلَا تَدْعُوْا مَعَ اللّٰهِ اَحَدًا ﴿18﴾ وَّاَنَّهٗ لَمَّا قَامَ عَبْدُ اللّٰهِ يَدْعُوْهُ كَادُوْا

پس نہ تم پکارو | ساتھ | اللہ کے | کسی ایک کو | اور یہ کہ | جب | کھڑا ہوا | بندہ | اللہ کا | وہ پکارتا ہے اسے | قریب ہیں

کے لئے ہیں لہٰذا تم اللہ کے ساتھ کسی اور کی عبادت نہ کرو۔ اور جب اللہ کے ایک بندے یعنی محمد ﷺ صرف اللہ کی عبادت کے لئے

يَكُوْنُوْنَ عَلَيْهِ لِبَدًا ﴿19﴾ قُلْ اِنَّمَآ اَدْعُوْا رَبِّيْ وَلَآ اُشْرِكُ بِهٖٓ

کہ وہ ہو جائیں | اس پر | حلقہ بنا کر | کہہ دیجئے | بے شک | میں پکارتا ہوں | اپنے رب کو | اور نہیں | میں شریک ٹھہراتا | اسکا

کھڑے ہوتے ہیں تو کافر لوگ ان کا گھیراؤ کرتے ہیں۔ آپ ﷺ کہیں ”میں صرف اپنے رب کو پکارتا ہوں اور اس کے ساتھ کسی

اَحَدًا ﴿20﴾ قُلْ اِنِّيْ لَآ اَمْلِكُ لَكُمْ ضَرًّا وَّلَا رَشَدًا ﴿21﴾ قُلْ اِنِّيْ لَنْ

کسی ایک کو | کہہ دیجئے | بیشک میں | نہیں | اختیار رکھتا | تمہارے لیے | نقصان | اور نہ | بھلائی کا | کہہ دیجئے | بیشک | ہرگز نہیں

کو شریک نہیں کرتا۔ اور کہہ دیں ”میں تم لوگوں کے لئے نہ کسی نقصان کا اختیار رکھتا ہوں اور نہ کسی بھلائی کا“ اور آپ ﷺ یہ کہہ دیں ”

يُّجِيْرَنِيْ مِنَ اللّٰهِ اَحَدٌ ۙ وَّلَنْ اَجِدَ مِنْ دُوْنِهٖ مُلْتَحَدًا ﴿22﴾ اِلَّا بَلٰغًا

پناہ دے گا مجھے | سے | اللہ | کوئی ایک بھی | اور ہرگز نہ | میں پاؤں گا | سے | سوا اسکے | کوئی جائے پناہ | مگر | پہنچانا

اگر میں اللہ کی نافرمانی کروں تو مجھے اس کی پکڑ سے کوئی نہیں بچا سکتا۔ اللہ کے دامن کے سوا میرے لئے کوئی جائے پناہ نہیں۔ میری

مِّنَ اللّٰهِ وَرِسٰلٰتِهٖ ۭ وَمَنْ يَّعْصِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَاِنَّ لَهٗ نَارَ

طرف سے | اللہ کی | اور پیغامات لانا اسکے | اور جو کوئی | نافرمانی کرتا ہے | اللہ کی | اور اس کے رسول کی | تو بیشک | اس کیلئے | آگ ہے

ذمہ داری ہے کہ میں اللہ کا پیغام اور اس کے بھیجے ہوئے احکام لوگوں تک پہنچا دوں۔ اس کے بعد جو لوگ اللہ اور اس کے رسول ﷺ

جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ﴿23﴾ حَتّٰٓى اِذَا رَاَوْا مَا يُوْعَدُوْنَ

دوزخ کی | ہمیشہ رہنے والے ہیں | اس میں | ہمیشہ | یہاں تک کہ | جب | وہ دیکھیں گے | جس کا | ان سے وعدہ کیا گیا ہے

کی نافرمانی کریں گے ان کے لئے جہنم کی آگ ہے جس میں وہ ہمیشہ رہیں گے“۔ یہاں تک کہ جب وہ لوگ اس چیز کو دیکھیں گے جس

فَسَيَعْلَمُوْنَ مَنْ اَضْعَفُ نَاصِرًا وَّاَقَلُّ عَدَدًا ﴿24﴾ قُلْ اِنْ اَدْرِيْٓ

پھر جلد وہ جان لیں گے | کون ہے | زیادہ کمزور | مددگاری میں | اور کم تر ہے | تعداد میں | کہہ دیجئے | نہیں | میں جانتا

کا ان سے وعدہ کیا جا رہا ہے تو جان لیں گے کس کے حامی کمزور ہیں اور کون تعداد میں کم ہیں۔ اے نبی ﷺ آپ ﷺ ان لوگوں

اَقَرِيْبٌ مَّا تُوْعَدُوْنَ اَمْ يَجْعَلُ لَهٗ رَبِّيْٓ اَمَدًا ﴿25﴾ عٰلِمُ الْغَيْبِ

کیا قریب ہے | جسکا | تم سے وعدہ کیا جاتا ہے | یا | کردے | اس کو | میرا رب | ایک مدت | جاننے والا | غیب کا

سے کہہ دیں ”میں نہیں جانتا جس عذاب کے آنے کا تم سے وعدہ کیا جا رہا ہے وہ قریب ہے یا میرے رب نے اس کے لیے لمبی مدت

فَلَا يُظْهِرُ عَلٰى غَيْبِهٖٓ اَحَدًا ﴿26﴾ اِلَّا مَنِ ارْتَضٰى مِنْ رَّسُوْلٍ فَاِنَّهٗ

پس نہیں | وہ آگاہ کرتا | پر | اپنے غیب | کسی ایک کو | مگر | جس کو | وہ پسند کرے | سے | رسولوں | پھر بیشک

وہی غیب کا علم جانتا ہے اور وہ اپنے غیب کو کسی پر ظاہر نہیں کرتا۔ البتہ اپنے پیغمبر کو جسے اس نے چن لیا ہو اس میں سے آگاہ کر دیتا ہے اور وہ بھی اس احتیاط کے ساتھ کہ اس کے آگے پیچھے محافظ مقرر کر دیتا ہے۔ تاکہ واضح ہو جائے

يَسْلُكُ مِنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖ رَصَدًا ﴿27﴾ لِّيَعْلَمَ اَنْ قَدْ

وہ چلاتا ہے | سے | آگے | اسکے | اور سے | اس کے پیچھے | نگہبان | تاکہ وہ جان لے | یہ کہ | بیشک

اَبْلَغُوْا رِسٰلٰتِ رَبِّهِمْ وَاَحَاطَ بِمَا لَدَيْهِمْ وَاَحْصٰى كُلَّ

انہوں نے پہنچا دیے | پیغامات | اپنے رب کے | اور گھیر لیا ہے | اس کو جو | ان کے پاس ہے | اور گن لیا ہے | ہر

ان رسولوں نے اپنے اس رب کے پیغامات لوگوں تک ٹھیک ٹھیک پہنچا دیئے ہیں جس نے ان کے سب کچھ کا احاطہ کیا ہوا ہے

شَيْءٍ عَدَدًا ﴿28﴾

چیز کو | شمار میں۔

اور ہر چیز کی گنتی کر رکھی ہے۔

(2 ع 9 12)

(73) سُوْرَةُ الْمُزَّمِّلِ مَكِّيَّةٌ (3)

اٰیاتھا 20 — رکوعاتھا 2

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

يٰٓاَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ ﴿1﴾ قُمِ الَّيْلَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿2﴾ نِّصْفَهٗٓ اَوِ انْقُصْ مِنْهُ

اے | کپڑا اوڑھنے والے | تو کھڑا رہا کر | رات کو | مگر | تھوڑا | آدھی اس کی | یا | تو کم کر لے | اس سے

اے نبی ﷺ اے چادر میں لپٹنے والے! رات کا کچھ حصہ نماز میں کھڑے رہ کر گزاریں، آدھی رات یا اس سے کچھ وقت کم کر لیں،

قَلِيْلًا ﴿3﴾ اَوْ زِدْ عَلَيْهِ وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِيْلًا ﴿4﴾ اِنَّا سَنُلْقِيْ عَلَيْكَ

تھوڑا سا | یا | زیادہ کرے | اس پر | اور تو ٹھہر ٹھہر کر پڑھ | قرآن کو | ٹھہر ٹھہر کر | بیشک ہم | جلد ہم ڈالیں گے | تجھ پر

یا اس سے کچھ زیادہ بڑھا لیں اور قرآن ٹھہر ٹھہر کر پڑھیں۔ ہم آپ ﷺ پر عنقریب ایک بھاری بات ڈالنے والے ہیں۔ بے شک

قَوْلًا ثَقِيْلًا ﴿5﴾ اِنَّ نَاشِئَةَ الَّيْلِ هِيَ اَشَدُّ وَطْاً وَّاَقْوَمُ قِيْلًا ﴿6﴾

بات | بھاری | بیشک | اٹھنا | رات کو | وہ | بہت سخت ہے | کچلنے میں | اور زیادہ درست | بات کو

رات کا اٹھنا نفس کو اچھی طرح کچلتا ہے۔ اس وقت بات بھی ٹھیک نکلتی ہے۔

اِنَّ لَكَ فِي النَّهَارِ سَبْحًا طَوِيْلًا ۝ وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَتَبَتَّلْ

بیشک | تیرے لیے | میں | دن | مصروفیت | لمبی ہے | اور تو ذکر کر | نام کا | اپنے رب کے | اور تو الگ ہو

بے شک آپ ﷺ کو دن کے وقت بہت سا کام ہوتا ہے۔ اور آپ ﷺ اپنے رب کے نام کا ذکر کریں۔ سب سے الگ ہو کر

اِلَيْهِ تَبْتِيْلًا ۝ رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ

اس کی طرف | الگ تھلگ | رب | مشرق کا ہے | اور مغرب کا | نہیں ہے | کوئی معبود | مگر | وہی | پس تو بنا اسے

صرف اسی کی طرف متوجہ ہو جائیں۔ وہی مشرق اور مغرب کا رب ہے۔ اس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ اسی کو اپنا کارساز بنائیں۔ کافر

وَكِيْلًا ۝ وَاصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ وَاهْجُرْهُمْ هَجْرًا جَمِيْلًا ۝ وَذَرْنِيْ

کارساز | اور تو صبر کر | اس پر | جو | وہ کہتے ہیں | اور تو چھوڑ دے ان کو | چھوڑنا | اچھا | اور تو چھوڑ دے مجھے

لوگ جو کچھ کہتے ہیں آپ ﷺ اس پر صبر کریں اور خوبصورتی سے نظر انداز کر دیں۔ جھٹلانے والے دولت مندوں کا معاملہ مجھ پر

وَالْمُكَذِّبِيْنَ اُولِي النَّعْمَةِ وَمَهِّلْهُمْ قَلِيْلًا ۝ اِنَّ لَدَيْنَآ اَنْكَالًا

اور جھٹلانے والوں کو | والے | نازونعمت | اور تو مہلت دے ان کو | تھوڑی سی | بیشک | پاس ہمارے | بیڑیاں ہیں

چھوڑ دیں۔ انہیں کچھ دیر مہلت دیں۔ بے شک ہمارے پاس اُن کے لئے بیڑیاں ہیں، دوزخ کی آگ ہے، حلق میں پھنسنے والا

وَّجَحِيْمًا ۝ وَّطَعَامًا ذَا غُصَّةٍ وَّعَذَابًا اَلِيْمًا ۝ يَوْمَ تَرْجُفُ

اور آگ ہے | اور کھانا ہے | والا | گلے میں اٹکنے | اور عذاب | دردناک | جس دن | کانپے گی

کھانا اور دردناک عذاب ہے ، اُس دن جس دن زمین

الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ وَكَانَتِ الْجِبَالُ كَثِيْبًا مَّهِيْلًا ۝ اِنَّآ اَرْسَلْنَآ

زمین | اور پہاڑ | اور ہو جائیں گے | پہاڑ | ریت کے ٹیلے | بھر بھرے | بیشک ہم | ہم نے بھیجا

اور پہاڑ لرز اٹھیں گے۔ پہاڑ اس طرح ہو جائیں گے جیسے ریت کے بُھر بُھرے ٹیلے۔ لوگو ہم نے تمہاری

اِلَيْكُمْ رَسُوْلًا شَاهِدًا عَلَيْكُمْ كَمَآ اَرْسَلْنَآ اِلٰى فِرْعَوْنَ رَسُوْلًا ۝

طرف تمہاری | ایک رسول | گواہ (حق کا) | تم پر | جیسے | ہم نے بھیجا | طرف | فرعون کی | ایک رسول

طرف رسول بھیجا ہے۔ جو تمہارے سامنے حق کی گواہی دیتا ہے جیسے ہم نے فرعون کی طرف رسول بھیجا۔

فَعَصٰى فِرْعَوْنُ الرَّسُوْلَ فَاَخَذْنٰهُ اَخْذًا وَّبِيْلًا ۝ فَكَيْفَ تَتَّقُوْنَ اِنْ

پھر نافرمانی کی | فرعون نے | رسول کی | پھر ہم نے پکڑا اسے | پکڑنا | بھاری | پھر کیسے | تم بچ جاؤ گے | اگر

مگر فرعون نے رسول کی نافرمانی کی تو ہم نے اسے سخت عذاب میں پکڑا۔ اب اگر تم نے رسول کا

كَفَرْتُمْ يَوْمًا يَّجْعَلُ الْوِلْدَانَ شِيْبًا ۝١٧ السَّمَآءُ مُنْفَطِرٌ بِهٖ ۭ

تم کفر کروگے | اس دن | جو کردے گا | بچوں کو | بوڑھا | آسمان | پھٹ جانے والا | اس کے ساتھ

انکار کیا تو اُس دن کے عذاب سے کیسے بچو گے جو بچوں کو بوڑھا کر دے گا ؟ اُس دن آسمان پھٹ جائے گا۔

كَانَ وَعْدُهٗ مَفْعُوْلًا ۝١٨ اِنَّ هٰذِهٖ تَذْكِرَةٌ ۚ فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى

ہے | وعدہ اس کا | ہو کر رہنے والا | بیشک | یہ ہے | یاددہانی | پھر جو کوئی | چاہے | وہ پکڑے | طرف

اللہ کا یہ وعدہ پورا ہو کر رہے گا۔ یہ قرآن ایک نصیحت ہے۔ جو شخص چاہے اس کے ذریعے اپنے رب کی

رَبِّهٖ سَبِيْلًا ۝١٩ اِنَّ رَبَّكَ يَعْلَمُ اَنَّكَ تَقُوْمُ اَدْنٰى مِنْ ثُلُثَيِ الَّيْلِ

ع 1 9 13

اپنے رب کی | راہ | بیشک | تیرا رب | وہ جانتا ہے | یہ کہ تو | کھڑا رہتا ہے | قریب | کے | دو تہائی | رات کے

راہ ہدایت اختیار کر لے۔ اے نبی ﷺ بے شک آپ ﷺ کا رب جانتا ہے آپ ﷺ اور آپ ﷺ کے ساتھی رات کو قیام اور

وَنِصْفَهٗ وَثُلُثَهٗ وَطَآئِفَةٌ مِّنَ الَّذِيْنَ مَعَكَ ۭ وَاللّٰهُ يُقَدِّرُ الَّيْلَ

اور آدھی اسکی | اور اسکی دو تہائی | اور ایک گروہ | سے | ان لوگوں جو | تیرے ساتھ ہیں | اور اللہ | اندازہ کرتا ہے | رات کا

عبادت کرتے ہیں، کبھی دو تہائی کے قریب، کبھی آدھی رات اور کبھی ایک تہائی رات۔ اللہ رات اور دن کا ٹھیک اندازہ کر سکتا ہے۔

وَالنَّهَارَ ۭ عَلِمَ اَنْ لَّنْ تُحْصُوْهُ فَتَابَ عَلَيْكُمْ فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ

اور دن کا | اس نے جانا | یہ کہ | ہرگز نہ | تم نباہ سکو گے اسے | پس توجہ فرمائی | تم پر | پس تم پڑھو | جو کچھ | میسر ہو

اس نے جانا تم لوگ اسے نباہ نہیں سکو گے تو اس نے تم پر رحم کیا۔ اب جتنا قرآن نماز میں آسانی سے پڑھ سکو، پڑھ لیا کرو۔ اللہ کو

مِنَ الْقُرْاٰنِ ۭ عَلِمَ اَنْ سَيَكُوْنُ مِنْكُمْ مَّرْضٰى ۙ وَاٰخَرُوْنَ يَضْرِبُوْنَ

سے | قرآن | اس نے جانا | کہ | عنقریب ہوں گے | تم میں سے | بیمار | اور دوسرے لوگ | جو چلیں گے

معلوم ہے تم میں بعض بیمار ہوں گے، بعض اللہ کے فضل کی

فِي الْاَرْضِ يَبْتَغُوْنَ مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ ۙ وَاٰخَرُوْنَ يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ

میں | زمین | وہ تلاش کرتے ہوں گے | سے | فضل | اللہ کے | اور دوسرے لوگ | وہ لڑتے ہوں گے | میں | راہ

تلاش میں زمین میں سفر کریں گے۔ کچھ ایسے بھی ہوں گے جو اللہ کی راہ میں جہاد

اللّٰهِ ڮ فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنْهُ ۙ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ

اللہ کی | پس تم پڑھو | جو | میسر ہو | اس سے | اور تم قائم کرو | نماز کو | اور تم ادا کرو | زکوٰۃ کو

کریں گے۔ لہٰذا نماز میں جتنا قرآن آسانی سے پڑھا جا سکے پڑھ لیا کرو۔ اور دیکھو نماز قائم کرو، زکوٰۃ ادا کرو

وَ اَقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا ؕ وَمَا تُقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ مِّنْ خَيْرٍ

اور تم قرض دو | اللہ کو | قرض | اچھا | اور جو کچھ | تم آگے بھیجو | اپنے لیے | کوئی | نیکی

اور اللہ کو اچھا قرضہ دو۔ یاد رکھو تم اپنے لیے جو نیکی آگے بھیجو گے، اسے اللہ کے ہاں اس طرح پاؤ گے

تَجِدُوْهُ عِنْدَ اللّٰهِ هُوَ خَيْرًا وَّ اَعْظَمَ اَجْرًا ؕ وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ

تم پاؤ گے اسے | پاس | اللہ کے | وہ | بہتر | اور زیادہ بڑا ہے | ثواب میں | اور تم بخشش مانگو | اللہ سے | بیشک

کہ وہ پہلے سے بہتر اور ثواب میں زیادہ ہوگی۔ اللہ سے اپنے گناہوں کی معافی مانگتے رہو۔ بے شک

اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿20﴾ ع

اللہ ہے | بہت بخشنے والا | نہایت مہربان۔

اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

(74) سُوْرَةُ الْمُدَّثِّرِ مَكِّيَّةٌ (4)

اٰيَاتُهَا 56   رُكُوْعَاتُهَا 2

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

يٰۤاَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ ۙ﴿1﴾ قُمْ فَاَنْذِرْ ۪ۙ﴿2﴾ وَرَبَّكَ فَكَبِّرْ ۪ۙ﴿3﴾ وَثِيَابَكَ فَطَهِّرْ ۪ۙ﴿4﴾

اے | کپڑا اوڑھنے والے | تو کھڑا ہو | پس تو ڈرا | اور اپنے رب کی | پس بڑائی بیان کر | اور اپنے کپڑوں کو | پس پاک رکھ

اے نبی ﷺ اے چادر میں لپٹنے والے اٹھیں اور لوگوں کو خبردار کریں۔ اپنے رب کی بڑائی بیان کریں۔ کپڑے پاک رکھیں۔

وَالرُّجْزَ فَاهْجُرْ ۪ۙ﴿5﴾ وَلَا تَمْنُنْ تَسْتَكْثِرُ ۪ۙ﴿6﴾ وَلِرَبِّكَ فَاصْبِرْ ؕ﴿7﴾ فَاِذَا

اور نجاست کو | پس چھوڑ دے | اور نہ | تو احسان کر کسی پر | زیادہ لینے کیلئے | اور اپنے رب کے لیے | پس تو صبر کر | پس جب

ناپاکی سے دور رہیں۔ کسی کو اس لیے نہ دیں کہ اس سے اور زیادہ لیں گے۔ اور اپنے رب کے لئے صبر کریں۔ جب صُور پھونکا جائے گا

نُقِرَ فِي النَّاقُوْرِ ۙ﴿8﴾ فَذٰلِكَ يَوْمَئِذٍ يَّوْمٌ عَسِيْرٌ ۙ﴿9﴾ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ

پھونکا جائیگا | میں | صور | پس وہ ہے | اس دن | دن | بھاری | پر | کافروں

وہ دن بڑا سخت ہوگا۔ کافروں کے لئے وہ کوئی

غَيْرُ يَسِيْرٍ ﴿10﴾ ذَرْنِيْ وَمَنْ خَلَقْتُ وَحِيْدًا ۙ﴿11﴾ وَّجَعَلْتُ لَهٗ مَالًا

نہیں | آسان | تو چھوڑ مجھ کو | اور اسے جسے | میں نے پیدا کیا | اکیلا | اور میں نے دیا | جس کو | مال

اچھا دن نہ ہوگا۔ لہٰذا اے نبی ﷺ آپ ﷺ اس شخص کا معاملہ مجھ پر چھوڑ دیں جسے میں نے اکیلا پیدا کیا۔ اسے بہت سا

مَّمْدُوْدًا ﴿۱۲﴾ وَّبَنِيْنَ شُهُوْدًا ﴿۱۳﴾ وَّمَهَّدْتُّ لَهٗ تَمْهِيْدًا ﴿۱۴﴾ ثُمَّ يَطْمَعُ

پھیلا ہوا | اور بیٹے | حاضر ہونے والے | اور میں نے بچھایا | اسکے لیے | بچھونا | پھر | وہ چاہتا ہے

مال دیا۔ اس کے علاوہ اسے ساتھ رہنے والے بیٹے دیے۔ اس کے لیے ہر طرح کا سرو سامان مہیا کیا۔ پھر بھی وہ طمع رکھتا

اَنْ اَزِيْدَ ﴿۱۵﴾ كَلَّا ۭ اِنَّهٗ كَانَ لِاٰيٰتِنَا عَنِيْدًا ﴿۱۶﴾ سَاُرْهِقُهٗ صَعُوْدًا ﴿۱۷﴾

کہ | میں مزید دوں | ہرگز نہیں | بیشک وہ | ہے | ہماری نشانیوں کا | دشمن | جلد میں چڑھاؤں گا اسے | بلندی پر

ہے میں اسے اور نعمتیں دوں؟ نہیں ایسا ہرگز نہیں ہو گا کیونکہ وہ ہماری آیتوں کا مخالف ہے۔ عنقریب میں اسے

اِنَّهٗ فَكَّرَ وَقَدَّرَ ﴿۱۸﴾ فَقُتِلَ كَيْفَ قَدَّرَ ﴿۱۹﴾ ثُمَّ قُتِلَ كَيْفَ قَدَّرَ ﴿۲۰﴾

بیشک وہ | اُس نے غور کیا | اور اندازہ کیا | پھر وہ مارا جائے | کیسا | اندازہ کیا | پھر | وہ مارا جائے | کیسا | اندازہ کیا

عذاب کی ایک سخت چڑھائی چڑھاؤں گا۔ کیونکہ جب اس سے قرآن کے بارے میں پوچھا گیا تو اس نے پہلے کچھ

ثُمَّ نَظَرَ ﴿۲۱﴾ ثُمَّ عَبَسَ وَبَسَرَ ﴿۲۲﴾ ثُمَّ اَدْبَرَ وَاسْتَكْبَرَ ﴿۲۳﴾ فَقَالَ

پھر | دیکھا | پھر | تیوری چڑھائی | اور منہ بگاڑا | پھر | پیٹھ پھیری | اور تکبر کیا | پھر بولا

سوچا پھر ایک بات بنائی۔ وہ ہلاک ہو اس نے کیا بات بنائی۔ پھر وہ ہلاک ہو اس نے کیسی بات بنائی۔ پھر اس نے دیکھا،

اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ يُّؤْثَرُ ﴿۲۴﴾ اِنْ هٰذَآ اِلَّا قَوْلُ الْبَشَرِ ﴿۲۵﴾ سَاُصْلِيْهِ

نہیں ہے یہ | مگر | جادو | نقل شدہ | نہیں ہے | یہ | مگر | کلام | بشر کا | جلد ہم پہنچائینگے اسے

پھر تیوری چڑھائی، منہ بنایا۔ پھر پیٹھ پھیر کر چل دیا اور تکبر کرنے لگا۔ پھر بولا "یہ تو جادو ہے جو پہلے سے چلا آ رہا ہے۔

سَقَرَ ﴿۲۶﴾ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا سَقَرُ ﴿۲۷﴾ لَا تُبْقِيْ وَلَا تَذَرُ ﴿۲۸﴾ لَوَّاحَةٌ

دوزخ میں | اور کیا | تو جانے | کیا ہے | دوزخ | نہیں | باقی رکھتی | اور نہ | وہ چھوڑتی | جھلسا دینے والی ہے

یہ تو انسانی کلام ہے"۔ میں عنقریب اسے دوزخ میں داخل کروں گا۔ اور تم کیا سمجھے وہ دوزخ کیا ہے؟ وہ نہ باقی رہنے

لِّلْبَشَرِ ﴿۲۹﴾ عَلَيْهَا تِسْعَةَ عَشَرَ ﴿۳۰﴾ وَمَا جَعَلْنَآ اَصْحٰبَ النَّارِ اِلَّا

بشر کو | اس پر | 19 فرشتے ہیں | اور نہیں | ہم نے بنائے | محافظ | دوزخ کے | مگر

دے گی، نہ چھوڑے گی۔ وہ تن بدن کو مسخ کر ڈالے گی۔ اس پر اُنیس (۱۹) فرشتے مقرر ہیں۔ ہم نے فرشتوں کو

مَلٰٓئِكَةً ۠ وَّمَا جَعَلْنَا عِدَّتَهُمْ اِلَّا فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۙ لِيَسْتَيْقِنَ

فرشتے | اور نہیں | ہم نے رکھی | تعداد ان کی | مگر | آزمائش | ان کے لیے جو | کافر ہوئے | تاکہ یقین کرلیں

دوزخ کا رکھوالا بنایا ہے۔ ان کی تعداد اتنی رکھی ہے جو کافروں کے لئے آزمائش بن جائے۔ اہلِ کتاب کے

الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ وَيَزْدَادَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِيْمَانًا وَّلَا يَرْتَابَ

وہ لوگ جن کو | دی گئی | کتاب | اور زیادہ ہوں | وہ لوگ جو | ایمان لائے ہیں | ایمان میں | اور نہ | شک کریں

یقین کو پختہ کر دے اور ایمان والوں کے ایمان میں اضافہ کر دے۔ اس طرح اہلِ کتاب

الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ۙ وَلِيَقُوْلَ الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ

وہ لوگ | جن کو دی گئی | کتاب | اور ایمان والے | اور تا کہ کہیں | وہ لوگ | میں | جن کے دلوں

اور اہلِ ایمان دونوں اس بارے میں کسی شک میں نہ رہیں۔ تا کہ منافق اور کافر لوگ یہ کہنے لگیں کہ

مَّرَضٌ وَّالْكٰفِرُوْنَ مَاذَآ اَرَادَ اللّٰهُ بِهٰذَا مَثَلًا ؕ كَذٰلِكَ يُضِلُّ اللّٰهُ

کھوٹ ہے | اور کافر لوگ | کہ کیا | ارادہ کیا ہے | اللہ نے | اس | مثال سے | اس طرح | گمراہ کرتا ہے | اللہ

ایسی باتوں سے اللہ کی کیا مراد ہے؟ دیکھو اس طرح اللہ گمراہ کرتا ہے

مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَمَا يَعْلَمُ جُنُوْدَ رَبِّكَ اِلَّا هُوَ ؕ

جسے | وہ چاہتا ہے | اور ہدایت دیتا ہے | جسے | وہ چاہتا ہے | اور نہیں | جانتا | لشکروں کو | تیرے رب کے | مگر | وہی

جسے چاہتا ہے اور ہدایت دیتا ہے جسے چاہتا ہے۔ تمہارے رب کے لشکروں کو صرف وہی جانتا ہے۔

وَمَا هِيَ اِلَّا ذِكْرٰى لِلْبَشَرِ ﴿31﴾ع كَلَّا وَالْقَمَرِ ۙ ﴿32﴾ وَالَّيْلِ اِذْ اَدْبَرَ ۙ ﴿33﴾

ع 1 / 31 / 15

اور نہیں | وہ | مگر | یاددہانی | انسان کیلئے | ہرگز نہیں | قسم ہے چاند کی | قسم ہے رات کی | جب | وہ پیٹھ پھیرے

یہ سب باتیں لوگوں کو سمجھانے کے لئے ہیں۔ بے شک چاند اور اس کا گھٹنا بڑھنا، رات کا پیچھے ہٹنا،

وَالصُّبْحِ اِذَآ اَسْفَرَ ۙ ﴿34﴾ اِنَّهَا لَاِحْدَى الْكُبَرِ ۙ ﴿35﴾ نَذِيْرًا لِّلْبَشَرِ ۙ ﴿36﴾ لِمَنْ

قسم ہے صبح کی | جب | وہ روشن ہو | بیشک وہ | ایک ہے | بڑی چیزوں میں | خبردار کرنیوالی | انسان کو | اس کے لیے جو

صبح کا روشن ہونا سب اس بات پر گواہ ہیں کہ قیامت بڑی ہولناک چیز ہے۔ جو انسانوں کے لئے بہت بڑی تنبیہ ہے تا کہ ان لوگوں

شَآءَ مِنْكُمْ اَنْ يَّتَقَدَّمَ اَوْ يَتَاَخَّرَ ﴿37﴾ كُلُّ نَفْسٍۢ بِمَا كَسَبَتْ

چاہے | تم میں سے | کہ | وہ آگے بڑھے | یا | وہ پیچھے رہے | ہر | جان | اس پر جو | اس نے کمایا

میں سے جس کا جی چاہے اسے مان کر آگے نکل جائے یا اس کا انکار کر کے پیچھے رہ جائے۔ یاد رکھو ہر شخص اپنے اعمال کے باعث پکڑا جائے

رَهِيْنَةٌ ۙ ﴿38﴾ اِلَّآ اَصْحٰبَ الْيَمِيْنِ ۛ ﴿39﴾ فِيْ جَنّٰتٍ ۛ يَتَسَآءَلُوْنَ ۙ ﴿40﴾ عَنِ مع

جوابدہ ہے | مگر | والے | دائیں ہاتھ | میں | باغوں | وہ پوچھتے ہوں گے | سے

گا۔ لیکن جن کا اعمال نامہ ان کے دائیں ہاتھ میں دیا جائے گا وہ بہشت کے باغوں میں ہوں گے۔ وہ پوچھیں گے مجرموں سے ”

الْمُجْرِمِيْنَ ﴿41﴾ مَا سَلَكَكُمْ فِيْ سَقَرَ ﴿42﴾ قَالُوْا لَمْ نَكُ مِنَ

مجرموں | کیا چیز | لے گئی تمہیں | میں | دوزخ سقر | وہ کہیں گے | نہ | ہم تھے | سے

تمہیں کیا چیز دوزخ میں لے گئی؟'' وہ کہیں گے ''ہم نماز نہیں

الْمُصَلِّيْنَ ﴿43﴾ وَلَمْ نَكُ نُطْعِمُ الْمِسْكِيْنَ ﴿44﴾ وَكُنَّا نَخُوْضُ مَعَ

نمازیوں میں | اور نہ | ہم تھے | ہم کھلاتے | مسکین کو | اور ہم تھے | ہم بحثا بحثی کرتے | ساتھ

پڑھتے تھے۔ ہم غریبوں کو کھانا نہیں کھلاتے تھے۔ ہم دین کے خلاف بحث کرنے والوں کے ساتھ

الْخَآئِضِيْنَ ﴿45﴾ وَكُنَّا نُكَذِّبُ بِيَوْمِ الدِّيْنِ ﴿46﴾ حَتّٰىٓ اَتٰىنَا الْيَقِيْنُ ﴿47﴾

بحثا بحثی کرنیوالوں کے | اور ہم تھے | ہم انکار کرتے | دن کا | جزا کے | یہاں تک کہ | آ گئی ہم کو | موت

مل کر بحث کرتے تھے۔ ہم جزا و سزا کے دن کو جھٹلاتے تھے۔ یہاں تک کہ ہمیں موت آ گئی۔

فَمَا تَنْفَعُهُمْ شَفَاعَةُ الشّٰفِعِيْنَ ﴿48﴾ فَمَا لَهُمْ عَنِ التَّذْكِرَةِ

پھر نہ | فائدہ دے گی ان کو | سفارش | سفارش کرنیوالوں کی | پس کیا ہے | ان کو | سے | یاددہانی

پھر وہاں کوئی سفارشی نہ ہوگا جس کی سفارش ان کے کچھ کام آئے۔ آخر ان لوگوں کو کیا ہوگیا ہے وہ قرآن سے منہ موڑتے ہیں۔ گویا

مُعْرِضِيْنَ ﴿49﴾ كَاَنَّهُمْ حُمُرٌ مُّسْتَنْفِرَةٌ ﴿50﴾ فَرَّتْ مِنْ قَسْوَرَةٍ ﴿51﴾ بَلْ

وہ منہ موڑتے ہیں | گویا کہ وہ ہیں | گدھے | بدکے ہوئے | بھاگتے ہیں | سے | شیر | بلکہ

وہ بدکے ہوئے وحشی گدھے ہیں۔ جو شیر سے ڈر کر بھاگتے جا رہے ہیں۔ بلکہ ان میں سے ہر شخص چاہتا ہے اسے کھلے آسمانی صحیفے

يُرِيْدُ كُلُّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ اَنْ يُّؤْتٰى صُحُفًا مُّنَشَّرَةً ﴿52﴾ كَلَّا بَلْ

چاہتا ہے | ہر | شخص | ان میں سے | کہ | اسے دیے جائیں | صحیفے | کھلے ہوئے | ہرگز نہیں | بلکہ

دیے جائیں۔ مگر ایسا ہرگز نہ ہوگا۔ اصل بات یہ ہے وہ آخرت سے نہیں ڈرتے۔ اس لیے قرآن سننا نہیں چاہتے۔ یہ قرآن تو ایک

لَا يَخَافُوْنَ الْاٰخِرَةَ ﴿53﴾ كَلَّآ اِنَّهٗ تَذْكِرَةٌ ﴿54﴾ فَمَنْ شَآءَ ذَكَرَهٗ ﴿55﴾

نہیں وہ ڈرتے | آخرت سے | ہرگز نہیں | بیشک یہ | یاددہانی ہے | پھر جو کوئی | چاہے | یاد کرے اسے

نصیحت ہے۔ جس کا جی چاہے اس نصیحت کو قبول کرے۔ لیکن وہ اس نصیحت کو اسی وقت قبول کریں گے جب اللہ چاہے گا۔ اللہ وہ ذات ہے

وَمَا يَذْكُرُوْنَ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ هُوَ اَهْلُ التَّقْوٰى وَاَهْلُ الْمَغْفِرَةِ ﴿56﴾

اور نہیں وہ یاد کرتے (اسے) | مگر | یہ کہ | چاہے | اللہ | وہی ہے | لائق | ڈرنے کے | اور لائق | بخشنے کے

جس سے ڈرنا چاہئے اور وہی ہے جو بخشنے کے لائق ہے۔

ع 2 / 25 / 16

(75) سُوْرَةُ الْقِيٰمَةِ مَكِّيَّةٌ (31)

اٰیاتھا 40 — رکوعاتھا 2

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

لَآ اُقْسِمُ بِيَوْمِ الْقِيٰمَةِ ۙ﴿۱﴾ وَلَآ اُقْسِمُ بِالنَّفْسِ اللَّوَّامَةِ ؕ﴿۲﴾

میں قسم کھاتا ہوں | دن کی | قیامت کے | اور میں قسم کھاتا ہوں | جان کی | ملامت کرنیوالی

قیامت کا دن خود گواہ ہے۔ اس کے برحق ہونے پر انسان کا ضمیر گواہ ہے جو اسے برے کام پر ملامت کرتا ہے۔

اَيَحْسَبُ الْاِنْسَانُ اَلَّنْ نَّجْمَعَ عِظَامَهٗ ؕ﴿۳﴾ بَلٰى قٰدِرِيْنَ عَلٰٓى اَنْ

کیا گمان کرتا ہے | انسان | یہ کہ ہرگز نہیں | ہم جمع کریں گے | ہڈیاں اسکی | کیوں نہیں بلکہ | قدرت رکھتے ہیں | اس پر | کہ

کیاانسان خیال کرتا ہے ہم اس کے مرنے کے بعد اس کی ہڈیاں جمع نہ کرسکیں گے۔ کیوں نہیں، ہم تو اس کی انگلیوں کی پوروں کو بھی

نُّسَوِّيَ بَنَانَهٗ ﴿۴﴾ بَلْ يُرِيْدُ الْاِنْسَانُ لِيَفْجُرَ اَمَامَهٗ ۚ﴿۵﴾ يَسْـَٔلُ اَيَّانَ

ہم درست کریں | اس کے جوڑ جوڑ | بلکہ | چاہتا ہے | انسان | تاکہ وہ گناہ کرتا رکھے | اپنے آگے | وہ پوچھتا ہے | کب ہے

درست کردینے پر قادر ہیں۔ اصل بات یہ ہے کہ صرف وہی انسان قیامت کا منکر ہے جو چاہتا ہے کہ بداعمالیاں کرتا پھرے۔ پوچھتا

يَوْمُ الْقِيٰمَةِ ؕ﴿۶﴾ فَاِذَا بَرِقَ الْبَصَرُ ۙ﴿۷﴾ وَخَسَفَ الْقَمَرُ ۙ﴿۸﴾ وَجُمِعَ

دن | قیامت کا | پھر جب | پتھرا جائیں گی | آنکھیں | اور ماند پڑ جائے گا | چاند | اور جمع کیا جائے گا

ہے قیامت کا دن کب آئے گا؟ مگر جب قیامت آئے گی تو آنکھیں پتھرا جائیں گی۔ چاند بے نور ہوجائے گا۔ سورج اور چاند آپس

الشَّمْسُ وَالْقَمَرُ ۙ﴿۹﴾ يَقُوْلُ الْاِنْسَانُ يَوْمَئِذٍ اَيْنَ الْمَفَرُّ ۚ﴿۱۰﴾ كَلَّا

سورج | اور چاند | کہے گا | انسان | اس روز | کہاں ہے | بھاگنے کی جگہ | ہرگز نہیں

میں ٹکرا جائیں گے۔ اس وقت انسان کہے گا ’’کہاں بھاگوں؟‘‘ جواب ملے گا ’’کہیں نہیں، اب کوئی جائے پناہ نہیں‘‘۔ اُس دن

لَا وَزَرَ ؕ﴿۱۱﴾ اِلٰى رَبِّكَ يَوْمَئِذِ ۨالْمُسْتَقَرُّ ؕ﴿۱۲﴾ يُنَبَّؤُا الْاِنْسَانُ يَوْمَئِذٍۭ بِمَا

نہیں کوئی جگہ پناہ کی | طرف | تیرے رب کی | اس دن | ٹھکانا | بتایا جائے گا | انسان کو | اس دن | اس کا جو

تمہارے رب کے ہاں ٹھکانا ہو گا۔ اس روز انسان کو بتایا جائے گا اس نے کیا آگے بھیجا ، کیا

قَدَّمَ وَاَخَّرَ ؕ﴿۱۳﴾ بَلِ الْاِنْسَانُ عَلٰى نَفْسِهٖ بَصِيْرَةٌ ۙ﴿۱۴﴾ وَّلَوْ اَلْقٰى

آگے بھیجا | اور پیچھے چھوڑا | بلکہ | انسان | پر | اپنی جان | دلیل ہے | اور اگرچہ | وہ پیش کرے

پیچھے چھوڑا۔ حقیقت یہ ہے کہ انسان اپنے آپ کو اچھی طرح جانتا ہے چاہے وہ کتنے ہی

مَعَاذِيۡرَهٗ ﴿15﴾ لَا تُحَرِّكۡ بِهٖ لِسَانَكَ لِتَعۡجَلَ بِهٖ ﴿16﴾ اِنَّ عَلَيۡنَا جَمۡعَهٗ

عذر اپنے | نہ | توہلا | اسکے ساتھ | اپنی زبان کو | تاکہ تو جلدی کرے | اسکے ساتھ | بیشک | ہم پر ہے | جمع کرنا اسکا

بہانے پیش کرے۔ اے نبی ﷺ جب قرآن نازل ہو تو آپ ﷺ اسے جلد سیکھنے کے لئے اپنی زبان کو تیزی سے نہ چلائیں۔

وَقُرۡاٰنَهٗ ﴿17﴾ فَاِذَا قَرَاۡنٰهُ فَاتَّبِعۡ قُرۡاٰنَهٗ ﴿18﴾ ثُمَّ اِنَّ عَلَيۡنَا بَيَانَهٗ ﴿19﴾

اور پڑھنا اس کا | پھر جب | ہم پڑھیں اسے | پھر تو پیروی کر | اُس کے پڑھنے کی | پھر | بیشک | ذمے ہمارے ہے | اس کی تشریح

کیونکہ اس کا جمع کرنا اور اس کا سنانا ہماری ذمہ داری ہے۔ جب ہم آپ ﷺ کو قرآن سنائیں تو آپ ﷺ اس تلاوت کی پیروی

كَلَّا بَلۡ تُحِبُّوۡنَ الۡعَاجِلَةَ ﴿20﴾ وَتَذَرُوۡنَ الۡاٰخِرَةَ ﴿21﴾ وُجُوۡهٌ يَّوۡمَئِذٍ

ہرگز نہیں | بلکہ | تم چاہتے ہو | جلدی (دنیا) کو | اور تم چھوڑ دیتے ہو | آخرت کو۔ | کئی چہرے | اس دن

کریں۔ پھر اس قرآن کو کھول کر بیان کر دینا بھی ہمارے ذمے ہے۔ لوگو تم صرف دنیا کے فوری فائدے دیکھتے ہو آخرت کو چھوڑ

نَّاضِرَةٌ ﴿22﴾ اِلٰى رَبِّهَا نَاظِرَةٌ ﴿23﴾ وَوُجُوۡهٌ يَّوۡمَئِذٍۢ بَاسِرَةٌ ﴿24﴾ تَظُنُّ

تروتازہ ہوں گے | طرف | اپنے رب کی | دیکھتے ہوں گے | اور کئی چہرے | اس دن | مرجھائے ہوں گے | وہ یقین کریں گے

دیتے ہو۔ یادرکھو کچھ چہرے قیامت کے دن بارونق ہوں گے۔ اپنے رب کی طرف دیکھتے ہوں گے۔ کچھ چہرے اُس دن اُداس

اَنۡ يُّفۡعَلَ بِهَا فَاقِرَةٌ ﴿25﴾ كَلَّاۤ اِذَا بَلَغَتِ التَّرَاقِىَ ﴿26﴾ وَقِيۡلَ مَنۡ ۜ

یہ کہ | ہوگا | ان کے ساتھ | سخت معاملہ | ہرگز نہیں | جب | پہنچتی ہے | ہنسلی تک | اور کہا جائے | کون ہے

ہوں گے جو گمان کرتے ہوں گے ان کے ساتھ کمرتوڑ معاملہ کیا جائے گا۔ اور دیکھو جب جان بدن سے نکل کر حلق میں اٹک جائے

رَاقٍ ﴿27﴾ وَّظَنَّ اَنَّهُ الۡفِرَاقُ ﴿28﴾ وَالۡتَفَّتِ السَّاقُ بِالسَّاقِ ﴿29﴾ اِلٰى

جھاڑ پھونک کرنیوالا | اور یقین کرلیا | کہ یہ ہے | جدائی | اور لپٹ جائے گی | پنڈلی | پنڈلی سے | طرف

گی۔ پاس کھڑے لوگ آہستہ سے کہیں گے "ہے کوئی جھاڑ پھونک کرنے والا جو اس کی جان بچائے"۔ اور مرنے والے کو یقین ہو

رَبِّكَ يَوۡمَئِذِ ۨالۡمَسَاقُ ﴿30﴾ فَلَا صَدَّقَ وَلَا صَلّٰى ﴿31﴾ وَلٰكِنۡ كَذَّبَ

ع 1 30 17

تیرے رب کی | اس دن | چلنا (ہوگا) | پس نہ | اس نے سچ مانا | اور نہ | نماز پڑھی | اور لیکن | جھٹلایا

جائے گا اب دنیا سے جدائی کا وقت ہے۔ پنڈلی سے پنڈلی لپٹ جائے گی۔ وہ وقت ہوگا تیرے رب کی طرف جانے کا۔ لیکن غافل

وَتَوَلّٰى ﴿32﴾ ثُمَّ ذَهَبَ اِلٰٓى اَهۡلِهٖ يَتَمَطّٰى ﴿33﴾ اَوۡلٰى لَكَ فَاَوۡلٰى ﴿34﴾ ثُمَّ

اور منہ پھیرا | پھر | وہ گیا | طرف | اپنے گھر والوں کی | اکڑتا ہوا | افسوس ہے | تجھ پر | پھر افسوس ہے | پھر

انسان نے نہ اللہ کے کلام کو سچ مانا، نہ نماز پڑھی بلکہ اُلٹا جھٹلایا، منہ موڑا، پھر اکڑتا ہوا اپنے لوگوں کی طرف چلا گیا۔ ارے افسوس تجھ پر

اَوْلٰی لَكَ فَاَوْلٰی ﴿35﴾ اَیَحْسَبُ الْاِنْسَانُ اَنْ یُّتْرَكَ سُدًی ﴿36﴾

افسوس ہے | تجھ پر | پھر افسوس ہے | کیا گمان کرتا ہے | انسان | یہ کہ | اسے چھوڑ دیا جائیگا | یوں ہی

افسوس۔ پھر افسوس تجھ پر افسوس۔ کیا انسان خیال کرتا ہے اسے مرنے کے بعد یوں ہی چھوڑ دیا جائے گا؟ وہ غور کرے، کیا

اَلَمْ یَكُ نُطْفَةً مِّنْ مَّنِیٍّ یُّمْنٰی ﴿37﴾ ثُمَّ كَانَ عَلَقَةً فَخَلَقَ فَسَوّٰی ﴿38﴾

کیا نہ وہ تھا | ایک بوند | سے | منی | جو ٹپکائی جاتی ہے | پھر | وہ تھا | جما ہوا لہو | پھر پیدا کیا | پھر درست بنایا

وہ ٹپکائی ہوئی منی کی ایک بوند نہ تھا؟ پھر لوتھڑا بنا۔ پھر اللہ نے اس کا ناک نقشہ بنایا۔ اس کے اعضاء درست کیے۔

فَجَعَلَ مِنْهُ الزَّوْجَیْنِ الذَّكَرَ وَالْاُنْثٰی ﴿39﴾ اَلَیْسَ ذٰلِكَ بِقٰدِرٍ عَلٰٓی

پھر بنائے | اس سے | دو جوڑے | نر | اور مادہ | کیا نہیں ہے | وہ (اللہ) | قادر | اس پر

پھر اس کی دو قسمیں کر دیں۔ مرد اور عورت۔ کیا وہ اللہ اس پر قادر نہیں کہ

اَنْ یُّحْیِیَ الْمَوْتٰی ﴿40﴾

کہ | زندہ کرے | مردوں کو

مردوں کو زندہ کر دے؟

2 ع 10 18

(76) سُوْرَةُ الدَّهْرِ مَدَنِیَّةٌ (98)

اٰیَاتُهَا 31 رُكُوْعَاتُهَا 2

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

هَلْ اَتٰی عَلَی الْاِنْسَانِ حِیْنٌ مِّنَ الدَّهْرِ لَمْ یَكُنْ شَیْئًا مَّذْكُوْرًا ﴿1﴾

کیا نہیں | آیا | پر | انسان | ایک وقت | سے | زمانے میں | کہ نہ | وہ تھا | چیز | ذکر کے قابل

انسان پر زمانے میں ایسا وقت بھی گزرا ہے جب وہ کوئی قابلِ ذکر چیز نہ تھا۔

اِنَّا خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ نُّطْفَةٍ اَمْشَاجٍ نَّبْتَلِیْهِ فَجَعَلْنٰهُ سَمِیْعًا

بیشک | ہم نے پیدا کیا | انسان کو | سے | نطفے | ملے ہوئے | ہم آزمائیں اسے | پھر ہم نے بنایا اسے | سننے والا

ہم نے انسان کو ملے جلے نطفے سے پیدا کیا۔ پھر کئی مرحلوں سے گزارنے کے بعد اسے دیکھنے

بَصِیْرًا ﴿2﴾ اِنَّا هَدَیْنٰهُ السَّبِیْلَ اِمَّا شَاكِرًا وَّاِمَّا كَفُوْرًا ﴿3﴾ اِنَّآ اَعْتَدْنَا

دیکھنے والا | بیشک ہم | ہم نے دکھائی اسے | راہ | پھر یا تو | شکر کرنیوالا | اور یا | کفر کرنیوالا | بیشک ہم | ہم نے تیار کیں

سننے والا بنایا۔ ہم نے اسے نیکی اور بدی کی راہ سجھائی۔ اب چاہے شکر کرنے والا بنے یا ناشکرا بنے۔ ہم نے کافروں کے

لِلْكٰفِرِيْنَ سَلٰسِلَا۠ وَ اَغْلٰلًا وَّ سَعِيْرًا ﴿4﴾ اِنَّ الْاَبْرَارَ يَشْرَبُوْنَ مِنْ

کافروں کے لیے | زنجیریں | اور طوق | اور آگ | بیشک | نیک لوگ | پئیں گے | سے

لیے زنجیریں ، طوق اور بھڑکتی آگ تیار کی ہے۔ لیکن نیک لوگ ایسے جام پئیں

كَاْسٍ كَانَ مِزَاجُهَا كَافُوْرًا ۚ﴿5﴾ عَيْنًا يَّشْرَبُ بِهَا عِبَادُ اللّٰهِ

پیالہ | ہے | آمیزش جس میں | کافور کی | ایک چشمہ ہے | کہ پئیں گے | اس سے | بندے | اللہ کے

گے جن میں کافور کی آمیزش ہوگی۔ یہ کافور ملی شراب کا ایک چشم ہوگا جس سے اللہ کے نیک بندے پئیں گے۔

يُفَجِّرُوْنَهَا تَفْجِيْرًا ﴿6﴾ يُوْفُوْنَ بِالنَّذْرِ وَ يَخَافُوْنَ يَوْمًا كَانَ شَرُّهٗ

نکال لیں گے اس سے | نکالنا | وہ پورا کرتے ہیں | نذر کو | اور وہ ڈرتے ہیں | اس دن سے کہ | ہے | شر اس کا

اس میں سے جہاں چاہیں گے اس کی شاخیں اور نالیاں نکال لیں گے۔ یہ وہ لوگ ہوں گے جو دنیا میں اپنی نذریں اور اپنے فرائض

مُسْتَطِيْرًا ﴿7﴾ وَ يُطْعِمُوْنَ الطَّعَامَ عَلٰى حُبِّهٖ مِسْكِيْنًا وَّ يَتِيْمًا وَّ اَسِيْرًا ﴿8﴾

پھیل جانے والا | اور وہ کھلاتے ہیں | کھانا | باوجود اس کی محبت کے | مسکینوں کو | اور یتیموں کو | اور قیدیوں کو

پورے ادا کرتے رہے اور اُس دن سے ڈرتے رہے جس کی دہشت ہر طرف پھیلی ہوگی۔ یہ وہ تھے جو اللہ کی خاطر مسکین، یتیم اور

اِنَّمَا نُطْعِمُكُمْ لِوَجْهِ اللّٰهِ لَا نُرِيْدُ مِنْكُمْ جَزَآءً وَّ لَا شُكُوْرًا ﴿9﴾ اِنَّا

صرف | ہم کھلاتے ہیں تمہیں | رضا کے لیے | اللہ کی | نہیں | ہم چاہتے | تم سے | کوئی بدلہ | اور نہ | شکر گزاری | بیشک ہم

قیدی کو کھانا کھلاتے تھے، یہ کہتے ہوئے کہ ''ہم صرف اللہ کی رضا کے لئے تمہیں کھلاتے ہیں۔ تم سے اس کا کوئی بدلہ نہیں چاہتے،

نَخَافُ مِنْ رَّبِّنَا يَوْمًا عَبُوْسًا قَمْطَرِيْرًا ﴿10﴾ فَوَقٰىهُمُ اللّٰهُ شَرَّ ذٰلِكَ

ہم ڈرتے ہیں | سے | رب اپنے | اس دن سے | چہرے بگاڑنے والا | نہایت لمبا | پھر بچا لیا ان کو | اللہ نے | برائی | اس

نہ شکریہ مانگتے ہیں۔ ہمیں اپنے رب کے اس دن کے عذاب کا ڈر ہے جو سخت بھاری اور کٹھن ہوگا'' اس پر اللہ نے انہیں اس دن کی

الْيَوْمِ وَ لَقّٰىهُمْ نَضْرَةً وَّ سُرُوْرًا ۚ﴿11﴾ وَ جَزٰىهُمْ بِمَا صَبَرُوْا جَنَّةً

دن کی سے | اور ملا دی ان کو | تازگی | اور خوشی | اور بدلہ دیا انکو | اس کا جو | انہوں نے صبر کیا | جنت

سختی سے بچا لیا۔ انہیں تازگی اور خوشی عطا فرمائی۔ ان کے صبر کے بدلے میں انہیں جنت اور ریشمی لباس عطا کیا۔ وہ اونچے مسندوں

وَّ حَرِيْرًا ۙ﴿12﴾ مُّتَّكِـِٕيْنَ فِيْهَا عَلَى الْاَرَآئِكِ ۚ لَا يَرَوْنَ فِيْهَا شَمْسًا

اور ریشمی کپڑے | تکیہ لگائے ہوئے | اس میں | پر | تختوں | نہ | وہ دیکھیں گے | اس میں | دھوپ

پر تکیے لگائے بیٹھے ہوں گے۔ وہاں نہ دھوپ ہو گی

وَّلَا زَمْهَرِيْرًا ﴿13﴾ وَدَانِيَةً عَلَيْهِمْ ظِلٰلُهَا وَذُلِّلَتْ قُطُوْفُهَا تَذْلِيْلًا ﴿14﴾

اور نہ | پالا | اور قریب ہوں گے | ان پر | سائے اسکے | اور جھکائے جائیں گے | ان کے پھل | جھکانا

اور نہ سخت سردی۔ جنت کے سائے ان پر جھکے ہوں گے اور اس کے پھل میوے ان کے پاس ہی ہوں گے۔

وَيُطَافُ عَلَيْهِمْ بِاٰنِيَةٍ مِّنْ فِضَّةٍ وَّاَكْوَابٍ كَانَتْ قَوَارِيْرَا۠ ﴿15﴾

اور پھریں گے | ان پر | ساتھ برتن | کے | چاندی | اور پیالے | ہونگے | شیشے کے

ان کے آگے چاندی کے برتن اور شیشے کے پیالے گردش میں ہوں گے۔

قَوَارِيْرَا۠ مِنْ فِضَّةٍ قَدَّرُوْهَا تَقْدِيْرًا ﴿16﴾ وَيُسْقَوْنَ فِيْهَا كَاْسًا كَانَ

شیشے | سے | چاندی کے | اندازہ وہ لگائیں گے وہ اس کے | اندازہ کرنا | اور ان کو پلایا جائے گا | اس میں | جام | ہے

وہ شیشے سفید چاندی کے ہوں گے جنہیں بھرنے والوں نے مناسب طریقے سے بھر کر سجا رکھا ہوگا۔ اس کے علاوہ انہیں وہاں ایک

مِزَاجُهَا زَنْجَبِيْلًا ﴿17﴾ عَيْنًا فِيْهَا تُسَمّٰى سَلْسَبِيْلًا ﴿18﴾ وَيَطُوْفُ عَلَيْهِمْ

آمیزش جس کی | سونٹھ کی | ایک چشمہ ہے | اس میں | نام رکھا جاتا ہے | سلسبیل | اور پھریں گے | ان پر

اور جام پلایا جائے گا جس میں ادرک کی آمیزش ہوگی۔ یہ ایک چشمہ ہوگا جسے سلسبیل کہا جاتا ہے۔ ان کی خدمت کے لئے ایسے لڑکے

وِلْدَانٌ مُّخَلَّدُوْنَ اِذَا رَاَيْتَهُمْ حَسِبْتَهُمْ لُؤْلُؤًا مَّنْثُوْرًا ﴿19﴾ وَاِذَا

لڑکے | ہمیشہ رہنے والے | جب | تو دیکھے گا ان کو | تو سمجھے گا ان کو | موتی | بکھرے ہوئے | اور جب

ہوں گے جو ہمیشہ لڑکے ہی رہیں گے۔ وہ یوں نظر آئیں گے جیسے بکھرے موتی۔ جدھر دیکھو گے تمہیں بڑی نعمتیں اور شاہانہ

رَاَيْتَ ثَمَّ رَاَيْتَ نَعِيْمًا وَّمُلْكًا كَبِيْرًا ﴿20﴾ عٰلِيَهُمْ ثِيَابُ سُنْدُسٍ

تو دیکھے گا | اس جگہ کو | تو دیکھے گا | نعمتیں | اور بادشاہی | بڑی | ان پر ہوں گے | کپڑے | باریک ریشمی

سروسامان نظر آئے گا۔ جنتی لوگوں پر باریک اور موٹے

خُضْرٌ وَّاِسْتَبْرَقٌ وَّحُلُّوْٓا اَسَاوِرَ مِنْ فِضَّةٍ وَسَقٰىهُمْ

سبز | اور موٹے ریشمی | اور ان کو پہنائے جائیں گے | کنگن | کے | چاندی | اور پلائے گا ان کو

ریشم کا لباس ہوگا۔ انہیں چاندی کے کنگن پہنائے جائیں گے۔ ان کا رب انہیں

رَبُّهُمْ شَرَابًا طَهُوْرًا ﴿21﴾ اِنَّ هٰذَا كَانَ لَكُمْ جَزَآءً وَّكَانَ سَعْيُكُمْ

ان کا رب | مشروب | پاکیزہ | بیشک | یہ | ہے | تمہارے لیے | بدلہ | اور ہے | تمہاری کوشش

پاکیزہ مشروب پلائے گا۔ ان سے کہا جائے گا" یہ سب تمہارے اعمال کا صلہ ہے، تمہاری محنت

12 قرا حفص بغیر الالف فی الوصل فیہما ووقف علی الاول بالالف وعلی الثانی بغیر الالف

مَّشْكُوْرًا ﴿٢٢﴾ اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ تَنْزِيْلًا ﴿٢٣﴾ فَاصْبِرْ

قدردانی کی گئی | بیشک ہم | ہم نے | نازل کیا | تجھ پر | قرآن | نازل کرنا | پس تو صبر کر

مقبول ہوئی'' اے نبی ﷺ! ہم نے آپ پر یہ قرآن تھوڑا تھوڑا کر کے نازل کیا ہے۔ آپ ﷺ اپنے رب کے حکم

لِحُكْمِ رَبِّكَ وَلَا تُطِعْ مِنْهُمْ اٰثِمًا اَوْ كَفُوْرًا ﴿٢٤﴾ وَاذْكُرِ اسْمَ

فیصلے کا | اپنے رب کے | اور نہ | تو کہا مان | ان میں سے | کسی گناہگار | یا | کافر کا | اور تو ذکر کر | نام کا

پر صبر کریں ۔ ان میں سے کسی پاپی گناہ گار یا کافر کی بات نہ مانیں۔ صبح و شام اپنے

رَبِّكَ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا ﴿٢٥﴾ وَمِنَ الَّيْلِ فَاسْجُدْ لَهٗ وَسَبِّحْهُ لَيْلًا

اپنے رب کے | صبح | اور شام | اور کو | رات | پس تو سجدہ کر | اسے | اور تو تسبیح کر اس کی | رات

رب کا ذکر کریں۔ رات کو بھی اُس کے حضور سجدہ ریز ہوں اور رات کا بڑا حصہ اس کی تسبیح

طَوِيْلًا ﴿٢٦﴾ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ يُحِبُّوْنَ الْعَاجِلَةَ وَيَذَرُوْنَ وَرَآءَهُمْ يَوْمًا

گئے تک | بیشک | یہ لوگ | چاہتے ہیں | جلدی (دنیا) کی | اور چھوڑ دیتے ہیں | اپنے پیچھے | دن

کرتے گزاریں ۔ یہ کافر لوگ دنیا چاہتے ہیں انہوں نے اپنے آگے آخرت کے بھاری دن کو

ثَقِيْلًا ﴿٢٧﴾ نَحْنُ خَلَقْنٰهُمْ وَشَدَدْنَآ اَسْرَهُمْ ۚ وَاِذَا شِئْنَا بَدَّلْنَآ

بھاری کو | ہم | ہم نے پیدا کیا ان کو | اور ہم نے مضبوط کئے | ان کے جوڑ بند | اور جب | ہم چاہیں گے | ہم بدل ڈالیں گے

چھوڑ رکھا ہے۔ مگر وہ یاد رکھیں، ہم نے انہیں پیدا کیا، ان کے جوڑ بند مضبوط کیے۔ ہم جب چاہیں گے انہیں ہلاک کر کے ان کی جگہ

اَمْثَالَهُمْ تَبْدِيْلًا ﴿٢٨﴾ اِنَّ هٰذِهٖ تَذْكِرَةٌ ۚ فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى

ان جیسوں کو | بدل ڈالنا | بیشک | یہ ہے | یاددہانی | پھر جو کوئی | وہ چاہے | پکڑے | طرف

اور لوگوں کو لے آئیں گے۔ لوگو، یہ قرآن ایک نصیحت ہے۔ لہٰذا جو شخص چاہے اپنے رب کا سیدھا راستہ اختیار کرے۔ یاد رکھو،

رَبِّهٖ سَبِيْلًا ﴿٢٩﴾ وَمَا تَشَآءُوْنَ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ

اپنے رب کی | راہ | اور نہیں | تم چاہتے | مگر | یہ کہ | چاہے | اللہ | بیشک | اللہ

تمہارے چاہنے سے کچھ نہیں ہوتا جب تک اللہ نہ چاہے۔ بے شک اللہ

كَانَ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿٣٠﴾ يُّدْخِلُ مَنْ يَّشَآءُ فِيْ رَحْمَتِهٖ ۭ وَالظّٰلِمِيْنَ

ہے | خوب جاننے والا | خوب حکمت والا | وہ داخل کرتا ہے | جسے | وہ چاہتا ہے | میں | اپنی رحمت | اور ظالم لوگ

جاننے والا حکمت والا ہے۔ جسے چاہتا ہے اپنی رحمت کے سائے میں لے لیتا ہے ۔ لیکن نافرمانوں کے لئے

2 ع 9 20

اَعَدَّ لَهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿31﴾

اس نے تیار کیا | ان کے لیے | عذاب | دردناک۔

اس نے دردناک عذاب تیار کر رکھا ہے۔

(77) سُوْرَةُ الْمُرْسَلٰتِ مَكِّيَّةٌ (33)

اٰیاتُها 50 — رُکُوعاتُها 2

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

وَالْمُرْسَلٰتِ عُرْفًا ﴿1﴾ فَالْعٰصِفٰتِ عَصْفًا ﴿2﴾ وَّالنّٰشِرٰتِ نَشْرًا ﴿3﴾

قسم ہواؤں کی جو چلتی ہیں | نرمی سے | پھر تیز چلنے والیوں کی | تیز چلنا | اور (بادل) پھیلانے والیوں کی | (بادل) پھیلانا

گواہ ہیں ہواؤں جیسے فرشتے جنہیں نیکی کا پیغام دے کر بھیجا جاتا ہے، جو باطل کو اڑا کر رکھ دیتے ہیں اور وہ فرشتے بھی جو مردہ شے

فَالْفٰرِقٰتِ فَرْقًا ﴿4﴾ فَالْمُلْقِيٰتِ ذِكْرًا ﴿5﴾ عُذْرًا اَوْ نُذْرًا ﴿6﴾

پھر جدا کر نیوالیاں مینہ کو | جدا کرنا | پھر ان کی جو ڈالنے والے ہیں | ذکر کو | اتمام حجت کیلئے | یا | خبردار کرنے کیلئے

میں زندگی کی لہر دوڑا دیتے ہیں۔ اور وہ بھی جو حق و باطل میں فرق کر دیتے ہیں، اور وہ بھی جو وحی نازل کرتے ہیں تاکہ لوگوں کو عذاب

اِنَّمَا تُوْعَدُوْنَ لَوَاقِعٌ ﴿7﴾ فَاِذَا النُّجُوْمُ طُمِسَتْ ﴿8﴾ وَاِذَا السَّمَآءُ

بیشک جو کچھ | تم سے وعدہ کیا جاتا ہے | ضرور ہونے والا ہے | پھر جب | ستارے | مٹا دیے جائیں گے | اور جب | آسمان

سے بچایا جائے یا ان کو خبردار کر دیا جائے کہ اے لوگو تم سے جس قیامت کا وعدہ کیا جاتا ہے وہ ضرور واقع ہو کر رہے گی۔ اس وقت

فُرِجَتْ ﴿9﴾ وَاِذَا الْجِبَالُ نُسِفَتْ ﴿10﴾ وَاِذَا الرُّسُلُ اُقِّتَتْ ﴿11﴾ لِاَيِّ

کھولا جائے گا | اور جب | پہاڑ | اُڑائے جائیں گے | اور جب | رسولوں کو | وقت مقررہ پر لایا جائیگا | واسطے کس

ستارے بے نور ہو جائیں گے، آسمان پھٹ جائے گا، پہاڑ ریزہ ریزہ کر دیے جائیں گے، پیغمبر مقررہ وقت پر جمع کیے جائیں گے۔

يَوْمٍ اُجِّلَتْ ﴿12﴾ لِيَوْمِ الْفَصْلِ ﴿13﴾ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا يَوْمُ الْفَصْلِ ﴿14﴾

دن کے | وعدہ دیئے گئے ہیں | دن کے لیے | فیصلے کے | اور کیا | جانے تو | کیا ہے | دن | فیصلے کا

لیکن ان باتوں میں دیر کس لیے ہے؟ فیصلے کے دن کے لیے اور تم کیا سمجھے وہ فیصلے کا دن کیا ہے؟ تباہی ہے اُس دن جھٹلانے والوں

وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿15﴾ اَلَمْ نُهْلِكِ الْاَوَّلِيْنَ ﴿16﴾ ثُمَّ نُتْبِعُهُمُ

وَّزَرَابِيُّ مَبْثُوْثَةٌ ﴿١٦﴾ اَفَلَا يَنْظُرُوْنَ اِلَى الْاِبِلِ كَيْفَ خُلِقَتْ ﴿١٧﴾

اور نفیس چاندنیاں | بچھائی ہوئی | کیا پس نہیں | وہ دیکھتے | طرف | اونٹوں کی | کیسے | وہ پیدا کئے گئے

بچھے ہوں گے۔ کیا یہ لوگ اونٹ کو نہیں دیکھتے کیسے پیدا کیا گیا؟ آسمان کو نہیں دیکھتے

وَاِلَى السَّمَآءِ كَيْفَ رُفِعَتْ ﴿١٨﴾ وَاِلَى الْجِبَالِ كَيْفَ نُصِبَتْ ﴿١٩﴾ وَاِلَى

اور طرف | آسمان کی | کیسے | وہ بلند کیا گیا | اور طرف | پہاڑوں کی | کیسے | وہ گاڑے گئے | اور طرف

کیسے بلند کیا گیا؟ پہاڑوں کو نہیں دیکھتے کیسے کھڑے کیے گئے؟ اور زمین کو نہیں دیکھتے کس طرح

الْاَرْضِ كَيْفَ سُطِحَتْ ﴿٢٠﴾ فَذَكِّرْ اِنَّمَآ اَنْتَ مُذَكِّرٌ ﴿٢١﴾ لَسْتَ

زمین کی | کیسے | وہ بچھائی گئی | پس تو نصیحت کر | بے شک | تو | نصیحت کرنے والا ہے | تو نہیں ہے

بچھادی گئی؟ اے نبی ﷺ آپ ﷺ ان لوگوں کو نصیحت کرتے رہیں۔ آپ ﷺ کا کام سمجھانا ہے۔

عَلَيْهِمْ بِمُصَيْطِرٍ ﴿٢٢﴾ اِلَّا مَنْ تَوَلّٰى وَكَفَرَ ﴿٢٣﴾ فَيُعَذِّبُهُ اللّٰهُ

ان پر | مسلط کیا ہوا | مگر | جس نے | منہ پھیرا | اور کفر کیا | تو عذاب دیگا اسے | اللہ

آپ ﷺ ان پر جبر تو نہیں کر سکتے۔ پھر جس نے منہ موڑا اور کفر کیا، تو اللہ

الْعَذَابَ الْاَكْبَرَ ﴿٢٤﴾ اِنَّ اِلَيْنَآ اِيَابَهُمْ ﴿٢٥﴾ ثُمَّ اِنَّ

عذاب | بڑا۔ | بے شک | ہماری طرف ہے | لوٹنا ان کا | پھر | بے شک

اسے بڑا عذاب دے گا۔ ہمارے پاس ہی ان کو آنا ہے۔ پھر ہمارے ذمے ان سے

عَلَيْنَا حِسَابَهُمْ ﴿٢٦﴾

ہم پر ہے | حساب لینا ان کا

حساب لینا ہے۔

(89) سُوْرَةُ الْفَجْرِ مَكِّيَّةٌ (10)

اٰيَاتُهَا 30 — رُكُوْعَاتُهَا 1

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

وَالْفَجْرِ ۙ﴿1﴾ وَلَيَالٍ عَشْرٍ ۙ﴿2﴾ وَّالشَّفْعِ وَالْوَتْرِ ۙ﴿3﴾ وَالَّيْلِ اِذَا يَسْرِ ۚ﴿4﴾

قسم فجر کی | اور راتوں کی | دس | اور جفت | اور طاق کی | اور رات کی | جب | وہ گزرے

قسم ہے صبح کی!۔ دس راتوں کی۔ جفت اور طاق کی۔ رات کی جب وہ گزرتی ہے۔

هَلْ فِيْ ذٰلِكَ قَسَمٌ لِّذِيْ حِجْرٍ ۭ﴿5﴾ اَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ

کیا | میں | اس | قسم ہے | عقل والوں کے لیے | کیا نہیں | تو نے دیکھا | کیسے | معاملہ کیا | تیرے رب نے

ان سب چیزوں میں عقل مند آدمی کے لئے دلیل موجود ہے کہ جزا و سزا ضرور ہوگی۔ کیا تم نے نہیں دیکھا تمہارے رب نے قومِ عاد

بِعَادٍ ۽﴿6﴾ اِرَمَ ذَاتِ الْعِمَادِ ۽﴿7﴾ الَّتِيْ لَمْ يُخْلَقْ مِثْلُهَا فِي الْبِلَادِ ۽﴿8﴾

ساتھ عاد کے | ارم | والے | ستونوں کے | وہ جو | نہ | پیدا کیا گیا | مانند انکے | میں | شہروں

کے ساتھ کیا سلوک کیا؟ جو اونچے ستونوں والی قوم اِرم کہلاتی تھی۔ جس کے برابر دنیا میں کوئی قوم پیدا نہیں کی گئی۔

وَثَمُوْدَ الَّذِيْنَ جَابُوا الصَّخْرَ بِالْوَادِ ۽﴿9﴾ وَفِرْعَوْنَ ذِي الْاَوْتَادِ ۽﴿10﴾

اور ساتھ ثمود کے | جنھوں نے | تراشا | پتھروں کو | وادی میں | اور ساتھ فرعون | والے | میخوں کے

اور قوم ثمود کے ساتھ اللہ نے کیا برتاؤ کیا، جو وادیوں میں چٹانیں کاٹ کر گھر بناتی تھی۔ اور فرعون کا کیا انجام ہوا جو بڑے لاؤ لشکر

الَّذِيْنَ طَغَوْا فِي الْبِلَادِ ۽﴿11﴾ فَاَكْثَرُوْا فِيْهَا الْفَسَادَ ۽﴿12﴾ فَصَبَّ عَلَيْهِمْ

یہ جنھوں نے | سرکشی کی | میں | شہروں | پھر بہت کیا | اس میں | فساد | پھر برسایا | اُن پر

والا تھا؟ ان سب نے دنیا میں سرکشی کی۔ بہت فساد پھیلایا۔ تمہارے رب نے ان پر عذاب

رَبُّكَ سَوْطَ عَذَابٍ ڌ﴿13﴾ اِنَّ رَبَّكَ لَبِالْمِرْصَادِ ۭ﴿14﴾ فَاَمَّا الْاِنْسَانُ اِذَا مَا

تیرے رب نے | کوڑا | عذاب کا | بے شک | تیرا رب ہے | ضرور گھات میں | پس مگر | انسان | جب | کہ

کا کوڑا برسایا۔ بے شک تمہارا رب نافرمانوں کی گھات میں رہتا ہے۔ مگر انسان کا حال یہ ہے جب اس کا

ابْتَلٰىهُ رَبُّهٗ فَاَكْرَمَهٗ وَنَعَّمَهٗ ڏ فَيَقُوْلُ رَبِّيْٓ اَكْرَمَنِ ۭ﴿15﴾ وَاَمَّآ اِذَا مَا

آزمائے اسکو | اسکا رب | پھر عزت دے اسکو | اور نعمت دے اسکو | تو وہ کہتا ہے | میرے رب نے | عزت دی مجھے | اور مگر | جب | کہ

رب اسے آزماتا ہے، اسے عزت اور نعمت دیتا ہے تو وہ خوش ہو کر کہتا ہے "میرے رب نے مجھے عزت دی"۔ لیکن جب اللہ اسے اس

ابْتَلٰىهُ فَقَدَرَ عَلَيْهِ رِزْقَهٗ ۙ فَيَقُوْلُ رَبِّيْٓ اَهَانَنِ ۚ ﴿16﴾ كَلَّا بَلْ

آزمائے اسکو | پھر کم کرے | اُس پر | روزی اسکی | تو وہ کہتا ہے | میرے رب نے | ذلیل کیا مجھے | ہرگز نہیں | بلکہ

طرح آزماتا ہے کہ اس کی روزی کم کر دیتا ہے تو پھر وہ کہنے لگتا ہے ''میرے رب نے مجھے ذلیل کر دیا''۔ بات یہ ہے

لَّا تُكْرِمُوْنَ الْيَتِيْمَ ۙ ﴿17﴾ وَلَا تَحٰٓضُّوْنَ عَلٰى طَعَامِ الْمِسْكِيْنِ ۙ ﴿18﴾ وَتَاْكُلُوْنَ

نہیں عزت کرتے | یتیم کی | اور نہیں | تم ترغیب دیتے | پر | کھانے | مسکین کے | اور تم کھاتے ہو

تم لوگ یتیم کی عزت نہیں کرتے ، مسکین کو کھانا کھلانے کی ایک دوسرے کو ترغیب نہیں دیتے۔ وراثت کا مال

التُّرَاثَ اَكْلًا لَّمًّا ۙ ﴿19﴾ وَّتُحِبُّوْنَ الْمَالَ حُبًّا جَمًّا ۭ ﴿20﴾ كَلَّآ اِذَا دُكَّتِ

مال وراثت کا | ہڑپ کرکے | سارا | اور تم پیار کرتے ہو | مال سے | پیار | بہت | ہرگز نہیں | جب | توڑ پھوڑ دی جائیگی

سمیٹ کر کھا جاتے ہو اور مال سے انتہائی محبت رکھتے ہو ۔ اُس وقت کو یاد رکھو جب زمین کُوٹ کُوٹ کر

الْاَرْضُ دَكًّا دَكًّا ۙ ﴿21﴾ وَّجَآءَ رَبُّكَ وَالْمَلَكُ صَفًّا صَفًّا ۚ ﴿22﴾ وَجِايْٓءَ

زمین | ریزہ | ریزہ | اور آئیگا | تیرا رب | اور فرشتے | صفیں | باندھے ہوئے | اور لائی جائے گی

ریزہ ریزہ کر دی جائے گی ۔ تمہارا رب آئے گا ، فرشتے پرے باندھے کھڑے ہوں گے۔ اس دن جہنم

يَوْمَىِٕذٍۢ بِجَهَنَّمَ ڏ يَوْمَىِٕذٍ يَّتَذَكَّرُ الْاِنْسَانُ وَاَنّٰى لَهُ الذِّكْرٰى ۭ ﴿23﴾

جس روز | دوزخ | اس دن | نصیحت پکڑے گا | انسان | اور کس کام کا | اسکا | نصیحت پکڑنا

سب کے سامنے لائی جائے گی۔ اس وقت انسان کو سمجھ آئے گی مگر اس وقت سمجھنے کا کیا فائدہ؟

يَقُوْلُ يٰلَيْتَنِيْ قَدَّمْتُ لِحَيَاتِيْ ۚ ﴿24﴾ فَيَوْمَىِٕذٍ لَّا يُعَذِّبُ عَذَابَهٗٓ

وہ کہے گا | اے کاش مجھے | کہ میں پہلے بھیجتا | اپنی زندگی کے لیے | پھر اس دن | نہ | عذاب دیگا | اس جیسا عذاب

وہ کہے گا '' کاش ، میں آخرت کی زندگی کے لئے کچھ آگے بھیج دیتا '' پھر اس دن اللہ نافرمانوں کو وہ عذاب دے گا جو کسی

اَحَدٌ ۙ ﴿25﴾ وَّلَا يُوْثِقُ وَثَاقَهٗٓ اَحَدٌ ۭ ﴿26﴾ يٰٓاَيَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَىِٕنَّةُ ڰ ﴿27﴾ ارْجِعِيْٓ اِلٰى

کوئی بھی | اور نہ | جکڑے گا | اس طرح کا جکڑنا | کوئی بھی | اے | روح | اطمینان والی | تو چلی جا | کی طرف

کو نہ دیا ہوگا۔ اللہ انہیں اس طرح جکڑے گا جیسا کسی نے نہ جکڑا ہوگا۔ اے اطمینان پانے والی جان چل اپنے رب کی طرف، تو اس

رَبِّكِ رَاضِيَةً مَّرْضِيَّةً ۚ ﴿28﴾ فَادْخُلِيْ فِيْ عِبٰدِيْ ۙ ﴿29﴾ وَادْخُلِيْ جَنَّتِيْ ﴿30﴾ ع

ع 1 30 14

اپنے رب | خوش ہوکر | پسندیدہ ہوکر | پس تو داخل ہوجا | میں | میرے بندوں | اور تو داخل ہوجا | میری جنت میں

سے راضی وہ تجھ سے راضی'' پھر اللہ اسے فرمائے گا '' شامل ہو جا میرے نیک بندوں میں، اور داخل ہو جا میری جنت میں''۔

(90) سُوْرَةُ الْبَلَدِ مَكِّيَّةٌ (35)

اٰيَاتُهَا 20 — رُكُوْعَاتُهَا 1

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

لَآ اُقْسِمُ بِهٰذَا الْبَلَدِ ۝1 وَاَنْتَ حِلٌّۢ بِهٰذَا الْبَلَدِ ۝2 وَوَالِدٍ وَّمَا

میں قسم کھاتا ہوں | اس | شہر کی | اور تو | رہنے والا ہے | اس | شہر کا | قسم باپ کی | اور اس کی جو

اے نبی ﷺ قسم ہے اس شہرِ مکہ کی جس میں آپ ﷺ رہتے ہیں، اور قسم ہے تم سب کے باپ آدم علیہ السلام،

وَلَدَ ۝3 لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِيْ كَبَدٍ ۝4 اَيَحْسَبُ اَنْ لَّنْ يَّقْدِرَ

اُس کی اولاد۔ | بے شک | ہم نے پیدا کیا | انسان کو | میں | مشقت | کیا وہ گمان کرتا ہے | کہ | ہرگز نہ | قادر ہوگا

اور اس کی ساری اولاد کی کہ ہم نے انسان کو محنت و مشقت کے لئے پیدا کیا ہے۔ کیا انسان یہ سمجھتا ہے، اس پر کسی کا زور

عَلَيْهِ اَحَدٌ ۝5 يَقُوْلُ اَهْلَكْتُ مَالًا لُّبَدًا ۝6 اَيَحْسَبُ اَنْ لَّمْ يَرَهٗٓ

اس پر | کوئی بھی | وہ کہتا ہے | میں نے خرچ کیا | مال | ڈھیروں | کیا وہ گمان کرتا ہے | یہ کہ | نہیں | اس کو دیکھا

نہ چلے گا؟ کہتا ہے '' میں نے بہت مال خرچ کیا۔'' کیا وہ خیال کرتا ہے اسے کوئی نہیں

اَحَدٌ ۝7 اَلَمْ نَجْعَلْ لَّهٗ عَيْنَيْنِ ۝8 وَلِسَانًا وَّشَفَتَيْنِ ۝9 وَهَدَيْنٰهُ

کسی نے | کیا نہیں | ہم نے بنائیں | اسکی | دو آنکھیں | اور ایک زبان | اور دو ہونٹ | اور ہم نے ہدایت دی اسکو

دیکھ رہا؟ کیا ہم نے اسے دو آنکھیں نہیں دیں؟ ایک زبان اور دو ہونٹ نہیں دیے؟ اور ہم نے اسے نیکی اور بدی کے

النَّجْدَيْنِ ۝10 فَلَا اقْتَحَمَ الْعَقَبَةَ ۝11 وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الْعَقَبَةُ ۝12 فَكُّ

دونوں راستوں کی | پس نہیں | وہ داخل ہوا | گھاٹی میں | اور کیا | معلوم تجھے | کیا ہے | وہ گھاٹی | چھڑانا

دونوں راستے نہیں دکھائے؟ مگر وہ دینداری کی گھاٹی پر نہیں چڑھا۔ اور اے لوگو! تمہیں کیا معلوم وہ گھاٹی کیا ہے وہ ہے

رَقَبَةٍ ۝13 اَوْ اِطْعٰمٌ فِيْ يَوْمٍ ذِيْ مَسْغَبَةٍ ۝14 يَّتِيْمًا ذَا مَقْرَبَةٍ ۝15

گردن کا | یا | کھانا کھلانا | میں | دن | والے | بھوک کے | یتیم کو | والے | قرابت

غلام کو آزاد کرنا ۔ یا بھوک کے دن کھانا کھلانا کسی رشتہ دار یتیم کو ،

اَوْ مِسْكِيْنًا ذَا مَتْرَبَةٍ ۝16 ثُمَّ كَانَ مِنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَتَوَاصَوْا

یا | محتاج کو | والے | خاک | پھر | وہ ہو | سے | ان لوگوں میں جو | ایمان لائے | اور باہم تاکید کی

یا محتاج کو جو خاک نشین ہے۔ تا کہ وہ ان لوگوں میں شامل ہو جائے جو ایمان لائے اور انہوں نے ایک دوسرے کو

بِالصَّبْرِ وَتَوَاصَوْا بِالْمَرْحَمَةِ ﴿17﴾ أُولَٰئِكَ أَصْحَابُ الْمَيْمَنَةِ ﴿18﴾ وَالَّذِينَ

صبر کرنے کی | اور باہم تاکید کی | رحم کرنے کی | یہ لوگ ہیں | والے | دائیں ہاتھ | اور جو لوگ

صبر کی اور باہمی ہمدردی کی نصیحت کی۔ یہی لوگ بڑے نصیب والے ہیں ۔ مگر جنہوں نے

كَفَرُوا بِآيَاتِنَا هُمْ أَصْحَابُ الْمَشْأَمَةِ ﴿19﴾ عَلَيْهِمْ نَارٌ مُّؤْصَدَةٌ ﴿20﴾

منکر ہوئے | ہماری آیتوں کے | وہی ہیں | والے | بدقسمتی | اُن پر ہے | آگ | بند کی ہوئی

ہماری آیتوں کا انکار کیا وہ بدبخت ہیں ۔ اور وہ دوزخ کی آگ میں گھرے ہوں گے۔

(91) سُورَةُ الشَّمْسِ مَكِّيَّةٌ (26)

آیاتها 15 — رکوعاتها 1

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

وَالشَّمْسِ وَضُحَاهَا ﴿1﴾ وَالْقَمَرِ إِذَا تَلَاهَا ﴿2﴾ وَالنَّهَارِ إِذَا جَلَّاهَا ﴿3﴾

قسم سورج کی | اور اُس کی دھوپ کی | قسم چاند کی | جب | اسکے پیچھے نکلے | اور دن کی | جب | وہ روشن کردے

قسم ہے سورج، کی اور اُس کی دھوپ کی، قسم ہے چاند کی جب وہ سورج ڈوبنے کے بعد نکلتا ہے، قسم ہے دن کی جب وہ خوب

وَاللَّيْلِ إِذَا يَغْشَاهَا ﴿4﴾ وَالسَّمَاءِ وَمَا بَنَاهَا ﴿5﴾ وَالْأَرْضِ وَمَا

قسم رات کی | جب | وہ ڈھانپ دے اسکو | قسم آسمان کی | اور جس نے | بنایا اسکو | قسم زمین کی | اور جس نے

روشن ہو جاتا ہے، رات کی جب وہ چھا جاتی ہے، آسمان کی اور اُس کی جس نے اسے بنایا۔ زمین کی اور جس نے اسے

طَحَاهَا ﴿6﴾ وَنَفْسٍ وَمَا سَوَّاهَا ﴿7﴾ فَأَلْهَمَهَا فُجُورَهَا وَتَقْوَاهَا ﴿8﴾ قَدْ

بچھایا اسکو | اور جان کی | اور جس نے | درست کیا اسکو | پھر الہام کی اسے | اس کی بدی | اور اُس کا تقویٰ | بے شک

پھیلایا۔قسم ہے انسان اور اُس کی جس نے اسے ٹھیک بنایا۔ پھر اسے نیکی اور بدی کی تمیز دی۔ کہ جزا و سزا ہوگی۔ بے شک کامیاب ہوا وہ

أَفْلَحَ مَنْ زَكَّاهَا ﴿9﴾ وَقَدْ خَابَ مَنْ دَسَّاهَا ﴿10﴾ كَذَّبَتْ ثَمُودُ

کامیاب ہوا | وہ جس نے | پاک کیا اسکو | اور بیشک | وہ نامراد ہوا | جس نے | خاک آلودہ کیا اسے | جھٹلایا | ثمود نے

جس نے اپنے نفس کو پاک کر لیا۔ اور ناکام ہوا وہ جس نے اسے خاک میں ملا دیا۔ اور دیکھو، قوم ثمود نے

بِطَغْوَاهَا ﴿11﴾ إِذِ انْبَعَثَ أَشْقَاهَا ﴿12﴾ فَقَالَ لَهُمْ رَسُولُ اللَّهِ نَاقَةَ

اپنی سرکشی سے | جب | اٹھا | بڑا بدبخت انکا | پس کہا | اُن کو | رسول نے | اللہ کے | اونٹنی

اپنی سرکشی کی بنا پر پیغمبر کو جھٹلایا۔ جبکہ اس قوم میں سے ایک بڑا بدبخت آدمی اٹھ کھڑا ہوا۔ اللہ کے رسول نے کہا ''خبردار اللہ کی اونٹنی کو

اللّٰهِ وَسُقْيٰهَا ﴿۱۳﴾ فَكَذَّبُوْهُ فَعَقَرُوْهَا فَدَمْدَمَ عَلَيْهِمْ رَبُّهُمْ

اللہ کی ہے | اور اُس کی پانی پینے کی باری ہے | پھر انہوں نے جھٹلایا اس کو | پھر اس کی کونچیں (ٹانگیں) کاٹیں | پھر ہلاکت ڈال دی | اُن پر | اُن کے رب نے

ہاتھ نہ لگانا اور اسے پانی پینے سے نہ روکنا'' مگر ان لوگوں نے رسول کی بات نہ مانی اور اونٹنی کو مار ڈالا۔ ان کے رب نے ان کے

بِذَنْۢبِهِمْ فَسَوّٰىهَا ﴿۱۴﴾ وَلَا يَخَافُ عُقْبٰهَا ﴿۱۵﴾

ان کے گناہ کی وجہ سے | پھر برابر کر دیا انکو | اور نہ | وہ ڈرا | ان کے انجام سے

گناہوں کے سبب ان پر عذاب نازل کیا اور ان کا صفایا کر دیا۔ اور اللہ اس سے نہیں ڈرتا کہ بعد میں کیا ہوگا۔

(92) سُوْرَةُ الَّيْلِ مَكِّيَّةٌ (9)

اٰيَاتُهَا 21 — رُكُوْعَاتُهَا 1

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

وَالَّيْلِ اِذَا يَغْشٰى ﴿۱﴾ وَالنَّهَارِ اِذَا تَجَلّٰى ﴿۲﴾ وَمَا خَلَقَ الذَّكَرَ

قسم رات کی | جب | وہ ڈھانپ لے | قسم دن کی | جب | وہ روشن ہو جائے | قسم اُس کی جس نے | پیدا کیا | نر کو

قسم ہے رات کی جب وہ چھا جاتی ہے۔ دن کی جب وہ خوب روشن ہو جاتا ہے، قسم ہے نر مادہ کی

وَالْاُنْثٰى ﴿۳﴾ اِنَّ سَعْيَكُمْ لَشَتّٰى ﴿۴﴾ فَاَمَّا مَنْ اَعْطٰى وَاتَّقٰى ﴿۵﴾ وَصَدَّقَ

اور مادہ کو | بے شک | کوشش تمہاری | البتہ الگ الگ ہے | پس مگر | جس نے | دیا | اور تقویٰ اختیار کیا | اور اس نے مانا

کہ اے لوگو! تمہاری کوشش الگ ہے تو اس کا نتیجہ بھی الگ ہے۔ اور دیکھو، جس کسی نے اللہ کی راہ میں مال خرچ کیا، نیک

بِالْحُسْنٰى ﴿۶﴾ فَسَنُيَسِّرُهٗ لِلْيُسْرٰى ﴿۷﴾ وَاَمَّا مَنْۢ بَخِلَ وَاسْتَغْنٰى ﴿۸﴾

اچھی بات کو | تو جلد ہم آسان کر دینگے اسے | آسانی راستہ کی | اور مگر | جس نے | بخل کیا | اور تکبر کیا

بات کو سچ جانا تو ہم اسے جنت کی سہولت میں پہنچا دیں گے۔ مگر جس نے بخل کیا، دین سے لا پروائی برتی۔

وَكَذَّبَ بِالْحُسْنٰى ﴿۹﴾ فَسَنُيَسِّرُهٗ لِلْعُسْرٰى ﴿۱۰﴾ وَمَا يُغْنِيْ عَنْهُ مَالُهٗۤ اِذَا

اور اس نے جھٹلانا | اچھی بات کو | تو جلد ہم راہ کھولیں گے | تنگی کے لیے | اور نہ | کام آئے گا | اس کے | اس کا مال | جب

نیک بات کو جھوٹ جانا۔ ہم اسے دوزخ کی سختی میں پہنچا دیں گے۔ اس کا مال اس کے کام نہ آئے گا جب وہ دوزخ کے گڑھے میں

تَرَدّٰى ﴿۱۱﴾ اِنَّ عَلَيْنَا لَلْهُدٰى ﴿۱۲﴾ وَاِنَّ لَنَا لَلْاٰخِرَةَ وَالْاُوْلٰى ﴿۱۳﴾ فَاَنْذَرْتُكُمْ

وہ نیچے گریگا | بے شک | ہم پر ہے | البتہ ہدایت دینا | اور بیشک | ہمارے لئے ہے | ضرور آخرت | اور دنیا | پس میں نے خبردار کر دیا تم کو

گرے گا۔ بے شک ہمارے ذمے ہے راہ دکھا دینا اور ہمارے اختیار میں ہے آخرت بھی اور دنیا بھی۔ لوگو میں نے تمہیں دوزخ کی

نَارًا تَلَظّٰى ﴿14﴾ لَا يَصْلٰىهَآ اِلَّا الْاَشْقَى ﴿15﴾ الَّذِىْ كَذَّبَ وَتَوَلّٰى ﴿16﴾

آگ سے | شعلے مارتی | نہیں | داخل ہوگا اس میں | مگر | بڑا بدبخت | جس نے | جھٹلایا | اور منہ پھیرا

بھڑکتی آگ سے خبردار کر دیا ہے۔ اس میں وہی گرے گا جو بڑا بدبخت ہوگا جس نے دینِ حق کو جھٹلایا اور اُس سے منہ موڑا۔

وَسَيُجَنَّبُهَا الْاَتْقَى ﴿17﴾ الَّذِىْ يُؤْتِىْ مَالَهٗ يَتَزَكّٰى ﴿18﴾ وَمَا لِاَحَدٍ عِنْدَهٗ مِنْ

اور عنقریب بچالیا جائیگا اس سے | جو بڑا متقی ہے | وہ جو | دیتا ہے | مال اپنا | تاکہ پاک ہو | اور نہیں | کسی کیلئے | اس کے پاس | سے

البتہ اس آگ سے وہ شخص بچے گا جو اللہ سے ڈرتا رہا۔ اس کی راہ میں اپنا مال خرچ کرتا رہا تاکہ پاک ہو جائے۔ جسنے اسلیئے خرچ نہیں

نِّعْمَةٍ تُجْزٰٓى ﴿19﴾ اِلَّا ابْتِغَآءَ وَجْهِ رَبِّهِ الْاَعْلٰى ﴿20﴾ وَلَسَوْفَ يَرْضٰى ﴿21﴾

ع 1 21 17

نعمت | کہ بدلہ دیا جائے | مگر | چاہنے کے لیے | خوشنودی | اپنے رب | اعلیٰ کی | اور البتہ جلد | وہ راضی ہوگا

کیا کہ کسی کا بدلہ اتارے۔ بلکہ صرف اپنے رب کی، جو اعلیٰ ہے خوشنودی حاصل کرے۔ اور وہ بھی اس سے جلد خوش ہو جائے گا۔

(93) سُوْرَةُ الضُّحٰى مَكِّيَّةٌ (11)

اٰیاتُھا 11 — رُکوعاتُھا 1

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

وَالضُّحٰى ﴿1﴾ وَالَّيْلِ اِذَا سَجٰى ﴿2﴾ مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا قَلٰى ﴿3﴾ وَلَلْاٰخِرَةُ

قسم دن چڑھے کی | قسم رات کی | جب | وہ چھا جائے۔ | نہیں | چھوڑا تجھے | تیرے رب نے | اور نہ | وہ بیزار ہوا | اور البتہ آخرت

قسم ہے چاشت کے وقت کی۔ اور رات کی جب وہ چھا جاتی ہے کہ آپ ﷺ کے رب نے نہ تو آپ ﷺ کو چھوڑا اور نہ وہ

خَيْرٌ لَّكَ مِنَ الْاُوْلٰى ﴿4﴾ وَلَسَوْفَ يُعْطِيْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى ﴿5﴾ اَلَمْ يَجِدْكَ

بہتر ہے | تیرے واسطے | سے | دنیا | اور البتہ جلد | عطا کرے گا تجھے | تیرا رب | پس تو راضی ہوگا | کیا نہیں | پایا تجھے

آپ ﷺ سے بیزار ہوا۔ یقیناً آخرت آپ کو دنیا سے کہیں بہتر ہے۔ آپ ﷺ کا رب عنقریب اتنا دے گا کہ آپ ﷺ خوش ہو

يَتِيْمًا فَاٰوٰى ﴿6﴾ وَوَجَدَكَ ضَآلًّا فَهَدٰى ﴿7﴾ وَوَجَدَكَ عَآئِلًا فَاَغْنٰى ﴿8﴾ فَاَمَّا

یتیم | پھر ٹھکانہ دیا | اور پایا تجھے | بےخبر | پس ہدایت دی | اور پایا تجھے | تنگ دست | پس غنی کر دیا | پس جو

جائیں گے۔ اور دیکھیں، کیا اللہ نے آپ ﷺ کو یتیم نہیں پایا پھر ٹھکانا دیا۔ آپ ﷺ کو راستہ ڈھونڈنے والا پایا تو راستہ دکھایا۔ آپ ﷺ

الْيَتِيْمَ فَلَا تَقْهَرْ ﴿9﴾ وَاَمَّا السَّآئِلَ فَلَا تَنْهَرْ ﴿10﴾ وَاَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ ﴿11﴾

ع 1 11 18

یتیم ہو | پس نہ | تو جھڑک | اور جو | سوالی ہو | پس نہ | تو ڈانٹ | اور جو | نعمت ہے | تیرے رب کی | پس تو بیان کر

کو تنگ دست پایا تو غنی کر دیا۔ لہٰذا آپ ﷺ کسی یتیم کو نہ ڈانٹیں۔ کسی سائل کو نہ جھڑکیں اور اپنے رب کی نعمتیں بیان کرتے رہیں۔

(94) سُوْرَةُ اَلَمْ نَشْرَحْ مَكِّيَّةٌ (12)

اٰيَاتُهَا 8 رُكُوْعَاتُهَا 1

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ﴿1﴾ وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ ﴿2﴾ الَّذِيْٓ اَنْقَضَ

کیا نہیں | ہم نے کھول دیا | تیرے لیے | سینہ تیرا | اور ہم نے اتار دیا | تجھ سے | بوجھ تیرا | جس نے | توڑ دی تھی

اے نبی ﷺ کیا ہم نے آپ ﷺ کا سینہ نہیں کھول دیا؟ آپ ﷺ سے وہ بوجھ اتار دیا جس نے آپ ﷺ کی کمر

ظَهْرَكَ ﴿3﴾ وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ﴿4﴾ فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ﴿5﴾ اِنَّ مَعَ

کمر آپ کی | اور ہم نے بلند کر دیا | تیرے لیے | ذکر تیرا | پس بیشک ساتھ | مشکل کے | آسانی ہے | بیشک | ساتھ

جھکا دی تھی۔ اور ہم نے آپ ﷺ کا ذکر بلند کر دیا۔ بے شک مشکل کے ساتھ آسانی ہے۔ یقیناً مشکل کے ساتھ آسانی ہے۔ لہٰذا

الْعُسْرِ يُسْرًا ﴿6﴾ فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ ﴿7﴾ وَاِلٰى رَبِّكَ فَارْغَبْ ﴿8﴾

ع 1 8 19

مشکل کے | آسانی ہے | پس جب | تو فارغ ہو | تو محنت کر | اور طرف | اپنے رب کی | پس تو رغبت کر۔

جب آپ ﷺ دعوت کے کام سے فارغ ہوں تو عبادت میں لگ جائیں۔ اور اپنے رب کی طرف متوجہ ہو جائیں۔

(95) سُوْرَةُ التِّيْنِ مَكِّيَّةٌ (28)

اٰيَاتُهَا 8 رُكُوْعَاتُهَا 1

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

وَالتِّيْنِ وَالزَّيْتُوْنِ ﴿1﴾ وَطُوْرِ سِيْنِيْنَ ﴿2﴾ وَهٰذَا الْبَلَدِ الْاَمِيْنِ ﴿3﴾

قسم انجیر کی | اور زیتون کی | اور طور | سینا کی | اور اس | شہر | امن والے کی

قسم ہے انجیر کی، اور زیتون کی قسم ہے طورِ سینا کی۔ قسم ہے اس امن والے شہر مکہ

لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِيْٓ اَحْسَنِ تَقْوِيْمٍ ﴿4﴾ ثُمَّ رَدَدْنٰهُ اَسْفَلَ

بے شک | ہم نے پیدا کیا | انسان کو | میں | خوبصورت | بناوٹ میں | پھر | اس کو لوٹا دیا | زیادہ نیچا

کی کہ ہم نے انسان کو بہت اچھی صورت میں پیدا کیا۔ مگر اس کی نافرمانی کی وجہ سے اسے سب سے نچلے مقام پر پہنچا دیا۔ البتہ جو لوگ

سٰفِلِيْنَ ﴿5﴾ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَلَهُمْ اَجْرٌ غَيْرُ

سب نیچوں سے | مگر | جو لوگ کہ | ایمان لائے | اور عمل کئے | اچھے | تو ان کیلئے | ثواب ہے | نہ

ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کئے تو ان کے لئے بے انتہا

مَمْنُوْنٍ ﴿٦﴾ فَمَا يُكَذِّبُكَ بَعْدُ بِالدِّيْنِ ﴿٧﴾ اَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَحْكَمِ الْحٰكِمِيْنَ ﴿٨﴾

ختم ہونے والا | پھر کون | تجھے جھٹلاتا ہے | اس کے بعد | (روزِ) جزا کے بارے | کیا نہیں | اللہ | بہتر فیصلہ کرنیوالا | فیصلہ کرنیوالوں سے

اجر ہو گا۔ تو اے انسان کون سی چیز تجھے روزِ جزا کو جھٹلانے پر امادہ کرتی ہے کیا اللہ سب حاکموں سے بڑا حاکم نہیں ؟

(96) سُوْرَةُ الْعَلَقِ مَكِّيَّةٌ (1)

اٰیَاتُہَا 19 — رُکُوْعَاتُہَا 1

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِيْ خَلَقَ ﴿١﴾ خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ ﴿٢﴾ اِقْرَاْ

تو پڑھ | نام سے | اپنے رب کے | جس نے | پیدا کیا | پیدا کیا | انسان کو | سے | جمے خون سے | تو پڑھ

اے نبی ﷺ آپ ﷺ پڑھیں اپنے رب کا نام لے کر جس نے سب کو پیدا کیا۔ جس نے انسان کو جمے ہوئے لہو سے بنایا۔

وَرَبُّكَ الْاَكْرَمُ ﴿٣﴾ الَّذِيْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ ﴿٤﴾ عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَا لَمْ يَعْلَمْ ﴿٥﴾

اور رب تیرا | بہت کرم کرنے والا ہے | جس نے | سکھایا | ساتھ قلم کے | سکھایا | انسان کو | جو نہ وہ جانتا تھا

آپ ﷺ قرآن پڑھیں اور یقین رکھیں آپ ﷺ کا رب بڑا کریم ہے۔ اس نے قلم کے ذریعے علم سکھایا۔ انسان کو وہ علم دیا جو وہ

كَلَّآ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَيَطْغٰٓى ﴿٦﴾ اَنْ رَّاٰهُ اسْتَغْنٰى ﴿٧﴾ اِنَّ اِلٰى

ہرگز نہیں | بلکہ | انسان | ضرور سرکشی کرتا ہے | کہ | دیکھتا ہے خود کو | وہ غنی ہو گیا | بے شک | طرف

نہیں جانتا تھا۔ مگر انسان سرکشی کرتا ہے۔ اپنے آپ کو اللہ سے بے نیاز سمجھتا ہے۔ حالاں کہ اے نبی ﷺ سب لوگوں کو ایک دن

رَبِّكَ الرُّجْعٰى ﴿٨﴾ اَرَءَيْتَ الَّذِيْ يَنْهٰى ﴿٩﴾ عَبْدًا اِذَا صَلّٰى ﴿١٠﴾ اَرَءَيْتَ

تیرے رب کی | لوٹ کر جانا ہے | کیا تو نے دیکھا | اسکو | جو منع کرتا ہے | بندے کو | جب | وہ نماز پڑھتا ہے | کیا تو نے دیکھا

آپ ﷺ کے رب کی طرف جانا ہے۔ بھلا تم نے اس شخص کو دیکھا جو منع کرتا ہے ہمارے بندے محمد ﷺ کو جب وہ نماز پڑھتے

اِنْ كَانَ عَلَى الْهُدٰٓى ﴿١١﴾ اَوْ اَمَرَ بِالتَّقْوٰى ﴿١٢﴾ اَرَءَيْتَ اِنْ كَذَّبَ

اگر | وہ ہو | پر | ہدایت | یا | حکم دیتا ہے | تقویٰ کا | کیا تو نے دیکھا | یہ کہ | اُس نے جھٹلایا

ہیں۔ دیکھو، اگر وہ نبی ﷺ ہدایت پر ہے۔ یا اللہ سے ڈرنے کا حکم دیتا ہے۔ اور دیکھو اس شخص کو جو حق کو جھٹلاتا

وَتَوَلّٰى ﴿١٣﴾ اَلَمْ يَعْلَمْ بِاَنَّ اللّٰهَ يَرٰى ﴿١٤﴾ كَلَّا لَئِنْ لَّمْ يَنْتَهِ

اور منہ پھیر لیا | کیا نہیں | اس نے جانا | یہ کہ | اللہ | وہ دیکھتا ہے | ہرگز نہیں | اگر | نہ | وہ باز آیا

اور منہ موڑتا ہے۔ کیا اسے خبر نہیں کہ اللہ دیکھ رہا ہے؟ اچھا، اگر وہ باز نہ آیا تو ہم اسے

لَنَسۡفَعًۢا بِالنَّاصِيَةِ ﴿۱۵﴾ نَاصِيَةٍ كَاذِبَةٍ خَاطِئَةٍ ﴿۱۶﴾ فَلۡيَدۡعُ نَادِيَهٗ ﴿۱۷﴾

ضرور ہم گھسیٹیں گے اسکو | پیشانی سے | پیشانی | جو جھوٹی | خطا کار ہے | پھر چاہیے بلالے | اپنی مجلس کو

پیشانی کے بالوں سے گھسیٹیں گے۔ وہ پیشانی جو جھوٹی گناہ گار ہے۔ پھر وہ بلالے اپنے حامیوں کو ہم دوزخ کے فرشتوں کو بلائیں

سَنَدۡعُ الزَّبَانِيَةَ ﴿۱۸﴾ كَلَّا ؕ لَا تُطِعۡهُ وَاسۡجُدۡ وَاقۡتَرِبۡ ﴿۱۹﴾

جلد ہم بلاتے ہیں | دوزخ کے فرشتوں کو | ہرگز | نہ | تو کہا مان اسکا | اور تو سجدہ کر | قرب حاصل کر

گے۔ اے نبی ﷺ آپ ایسے شخص کی پروانہ کریں بلکہ صرف اللہ کو سجدہ کریں۔ اسی کا قرب حاصل کریں۔

ع 1 19/21 — السجدۃ 15

(97) سُوۡرَةُ الۡقَدۡرِ مَكِّيَّةٌ (25)

اٰیاتها 5 — رکوعاتها 1

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اِنَّاۤ اَنۡزَلۡنٰهُ فِىۡ لَيۡلَةِ الۡقَدۡرِ ﴿۱﴾ وَمَاۤ اَدۡرٰٮكَ مَا لَيۡلَةُ الۡقَدۡرِ ﴿۲﴾

بیشک ہم | ہم نے اتارا اسے | میں | رات | قدر کی | اور کیا | جانے تو | کیا ہے | رات | قدر کی

بے شک ہم نے اِس قرآن کو شب قدر میں اتارا۔ اور تمہیں کیا معلوم شب قدر کیا ہے؟

لَيۡلَةُ الۡقَدۡرِ ۙ خَيۡرٌ مِّنۡ اَلۡفِ شَهۡرٍ ﴿۳﴾ تَنَزَّلُ الۡمَلٰٓئِكَةُ وَالرُّوۡحُ فِيۡهَا

رات | قدر کی | بہتر ہے | سے | ہزار | مہینے | اترتے ہیں | فرشتے | اور روح (پاک) | اس میں

شب قدر ہزار مہینوں سے بہتر ہے۔ اُس رات فرشتے اور جبریل علیہ السلام اپنے رب کے حکم سے سارے کاموں

وقف النبی علیہ السلام

بِاِذۡنِ رَبِّهِمۡ ۚ مِنۡ كُلِّ اَمۡرٍ ﴿۴﴾ سَلٰمٌ ۛ هِىَ حَتّٰى مَطۡلَعِ الۡفَجۡرِ ﴿۵﴾

حکم سے | اپنے رب کے | سے | ہر | کام | سلامتی ہے | وہ ہے | یہاں تک کہ | طلوع ہونا | فجر کا

کے لئے اترتے ہیں ۔ وہ رات سراسر سلامتی ہے۔ اُس کی خیر و برکت صبح ہونے تک رہتی ہے۔

ع 1 5/22 — العلقۃ

(98) سُوۡرَةُ الۡبَيِّنَةِ مَدَنِيَّةٌ (100)

اٰیاتها 8 — رکوعاتها 1

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

لَمۡ يَكُنِ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا مِنۡ اَهۡلِ الۡكِتٰبِ وَالۡمُشۡرِكِيۡنَ مُنۡفَكِّيۡنَ

نہ | تھے | وہ لوگ جو | کافر ہوئے | سے | اہل | کتاب میں | اور ان سے جو مشرکین ہیں | باز رہنے والے

اہلِ کتاب اور مشرکین اپنے کفر سے باز آنے والے نہ تھے جب تک ان کی طرف

حَتّٰی تَاْتِیَهُمُ الْبَیِّنَةُ ۙ﴿۱﴾ رَسُوْلٌ مِّنَ اللّٰهِ یَتْلُوْا صُحُفًا مُّطَهَّرَةً ۙ﴿۲﴾

یہاں تک کہ | آئے انکے پاس | روشن دلیل | ایک رسول | طرف سے | اللہ کی | جو پڑھتا ہو | صحیفے | پاک کو

واضح نشانی نہ آ جاتی۔ وہ یہ کہ اللہ کی جانب سے ایک رسول ﷺ آئے جو ان لوگوں کو پاک صحیفے یعنی قرآن سنائے۔

فِیْهَا كُتُبٌ قَیِّمَةٌ ؕ﴿۳﴾ وَ مَا تَفَرَّقَ الَّذِیْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ

اس میں | احکام ہوں | مضبوط | اور نہیں | بٹے | وہ لوگ جو | دیئے گئے | کتاب | مگر | سے | بعد اسکے

جس میں پکی باتیں لکھی ہوئی ہیں ۔ اس سے پہلے اہلِ کتاب نے بھی واضح دلیل آ جانے کے بعد دین میں

مَا جَآءَتْهُمُ الْبَیِّنَةُ ؕ﴿۴﴾ وَ مَاۤ اُمِرُوْۤا اِلَّا لِیَعْبُدُوا اللّٰهَ مُخْلِصِیْنَ لَهُ

کہ | آئی انکے پاس | دلیل واضح | اور نہیں | اُن کو حکم دیا گیا | مگر | یہ کہ عبادت کریں | اللہ کی | خالص کرتے ہوئے | اسی کیلئے

تفرقہ پیدا کیا۔ حالاں کہ انہیں یہی حکم دیا گیا تھا کہ وہ صرف اللہ کی عبادت کریں ، اسی کی فرماں برداری

الدِّیْنَ ۙ۬ حُنَفَآءَ وَ یُقِیْمُوا الصَّلٰوةَ وَ یُؤْتُوا الزَّكٰوةَ وَ ذٰلِكَ دِیْنُ

اطاعت کو | یکسو ہو کر | اور وہ قائم کریں | نماز | اور وہ دیں | زکوٰۃ | اور یہی ہے | دین

کرتے ہوئے اور یکسو ہو کر اور نماز قائم کریں اور زکوٰۃ دیں۔ یہی سچا

الْقَیِّمَةِ ؕ﴿۵﴾ اِنَّ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ وَ الْمُشْرِكِیْنَ فِیْ نَارِ

سیدھا | بے شک | جو لوگ کہ | کافر ہوئے | سے | اہل | کتاب | اور مشرکوں سے | وہ میں | آگ

دین ہے۔ بے شک اہل کتاب اور مشرکین میں سے جن لوگوں نے کفر کیا ، وہ دوزخ کی آگ

جَهَنَّمَ خٰلِدِیْنَ فِیْهَا ؕ اُولٰٓئِكَ هُمْ شَرُّ الْبَرِیَّةِ ؕ﴿۶﴾ اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا

دوزخ کی | ہمیشہ رہنے والے ہوں گے | اس میں | ایسے لوگ | وہی ہیں | بری | مخلوق | بے شک | جو لوگ | ایمان لائے

میں ڈالے جائیں گے۔ اس میں وہ ہمیشہ رہیں گے۔ ایسے لوگ سب مخلوق سے بدتر ہیں ۔لیکن جو لوگ ایمان لائے،

وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ۙ اُولٰٓئِكَ هُمْ خَیْرُ الْبَرِیَّةِ ؕ﴿۷﴾ جَزَآؤُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ

اور عمل کئے | اچھے | ایسے لوگ | وہی ہیں | بہتر | مخلوق | بدلہ انکا ہے | پاس | ان کے رب کے

انہوں نے نیک کام کئے ،وہ تمام مخلوق سے بہتر ہیں۔ اُن کا صلہ اُن کے رب کے ہاں

جَنّٰتُ عَدْنٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِیْنَ فِیْهَاۤ اَبَدًا ؕ رَضِیَ

باغات ہیں | ہمیشہ رہنے والے | بہتی ہیں | سے | اُن کے نیچے | نہریں | وہ ہمیشہ رہینگے | ان میں | ہمیشہ | راضی ہوا

ہمیشہ رہنے کے باغ ہیں جن میں نہریں بہتی ہوں گی۔ وہاں وہ ہمیشہ رہیں گے۔ اللہ ان

اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ ؕ ذٰلِكَ لِمَنْ خَشِيَ رَبَّهٗ ع ۝8

اللہ | ان سے | اور وہ راضی ہوئے | اس سے | یہ ہے | اس کے لیے جو | ڈرے | اپنے رب سے

سے راضی وہ اللہ سے راضی یہ انعام اس کے لئے ہے جو اپنے رب سے ڈرے۔

ع 1/8/23

(99) سُوْرَةُ الزِّلْزَالِ مَدَنِيَّةٌ (93)

اٰیاتُھا 8 — رکوعاتُھا 1

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ زِلْزَالَهَا ۝1 وَاَخْرَجَتِ الْاَرْضُ اَثْقَالَهَا ۝2 وَقَالَ

جب | ہلائی جائے گی | زمین | اس کے زلزلے سے | اور نکال ڈالے گی | زمین | بوجھ اپنے کو | اور کہے گا

جب زمین زلزلے سے ہلائی جائے گی۔ وہ اپنے اندر کا سارا بوجھ نکال باہر کرے گی۔ انسان کہے گا

الْاِنْسَانُ مَا لَهَا ۝3 يَوْمَئِذٍ تُحَدِّثُ اَخْبَارَهَا ۝4 بِاَنَّ رَبَّكَ اَوْحٰى

انسان | کیا ہوا | اس کو | اس دن | بتائے گی | باتیں اپنی | کیونکہ | تیرے رب نے | حکم بھیجا

اسے کیا ہو گیا؟ وہ اس دن اپنی باتیں بیان کرے گی۔ کیونکہ تمہارے رب کا اسے یہی

لَهَا ۝5 يَوْمَئِذٍ يَّصْدُرُ النَّاسُ اَشْتَاتًا ۙ لِّيُرَوْا اَعْمَالَهُمْ ۝6 فَمَنْ يَّعْمَلْ

اس کی طرف | اس دن | نکلیں گے | لوگ | الگ الگ ہو کر | تاکہ دکھائے جائیں انکو | ان کے اعمال | پس جو کوئی | عمل کرے

حکم ہو گا۔ اس دن لوگ گروہ در گروہ ہو کر آئیں گے تاکہ انہیں ان کے اعمال دکھائے جائیں۔ پھر جس نے ذرہ برابر

مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَّرَهٗ ۝7 وَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَّرَهٗ ع ۝8

برابر وزن | ذرے کے | نیکی | وہ دیکھے گا اسکو | اور جو کوئی | عمل کرے | برابر وزن | ذرے کے | برائی | دیکھے گا اسکو

نیکی کی ہو گی وہ اُسے دیکھ لے گا۔ اور جس نے ذرہ برابر برائی کی ہو گی وہ اُسے بھی دیکھ لے گا۔

ع 1/8/24

(100) سُوْرَةُ الْعٰدِيٰتِ مَكِّيَّةٌ (14)

اٰیاتُھا 11 — رکوعاتُھا 1

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

وَالْعٰدِيٰتِ ضَبْحًا ۝1 فَالْمُوْرِيٰتِ قَدْحًا ۝2 فَالْمُغِيْرٰتِ صُبْحًا ۝3 فَاَثَرْنَ

قسم دوڑتے گھوڑوں کی | ہانپتے ہوئے | پھر آگ نکالنے والوں کی | ٹھوکر مار کر | پھر حملہ آوروں کی | صبح کے وقت | پھر اڑانے والے

قسم ہے ان گھوڑوں کی جو اپنے مالکوں کی خاطر ہانپتے ہوئے دوڑتے ہیں۔ ٹاپوں کی ٹھوکر سے چنگاریں نکالتے ہیں، پھر صبح کے وقت

بِهٖ نَقْعًا ﴿٤﴾ فَوَسَطْنَ بِهٖ جَمْعًا ﴿٥﴾ اِنَّ الْاِنْسَانَ لِرَبِّهٖ لَكَنُوْدٌ ﴿٦﴾

ساتھ اسکے | گردوغبار | پھر گھس جاتے ہیں | اس کے ساتھ | لشکر میں | بے شک | انسان | اپنے رب کا | ضرور ناشکرا ہے

دھاوا بول دیتے ہیں، راستے میں گردوغبار اڑاتے جاتے ہیں۔ پھر دشمن کی صفوں میں گھس جاتے ہیں۔ کہ انسان اپنے مالک کا بڑا

وَاِنَّهٗ عَلٰى ذٰلِكَ لَشَهِيْدٌ ﴿٧﴾ وَاِنَّهٗ لِحُبِّ الْخَيْرِ لَشَدِيْدٌ ﴿٨﴾

اور بیشک وہ | پر | اس بات | البتہ گواہ ہے | اور بیشک وہ | محبت میں | مال کی | ضرور سخت ہے

ناشکرا ہے۔ اور وہ اس بات کو اچھی طرح جانتا بھی ہے۔ اسے مال و دولت سے بڑا پیار ہے۔ کیا وہ نہیں

اَفَلَا يَعْلَمُ اِذَا بُعْثِرَ مَا فِى الْقُبُوْرِ ﴿٩﴾ وَحُصِّلَ مَا فِى الصُّدُوْرِ ﴿١٠﴾

کیا پس نہیں وہ جانتا | جب | اٹھایا جائے گا | جو کچھ | میں | قبروں ہے | اور حاصل کیا جائیگا | جو کچھ ہے | میں | سینوں

جانتا کہ جو قبروں میں ہیں ان کو دوبارہ زندہ کیا جائے گا۔ جو دلوں میں ہے وہ ظاہر کیا جائے گا؟

اِنَّ رَبَّهُمْ بِهِمْ يَوْمَئِذٍ لَّخَبِيْرٌ ﴿١١﴾

ع 1 / 11 / 25

بیشک | ان کا رب | اُن سے | اس دن | ضرور باخبر ہے

بے شک ان کا رب اس دن ان سے خوب واقف ہوگا۔

(101) سُوْرَةُ الْقَارِعَةِ مَكِّيَّةٌ (30)

اٰيَاتُهَا 11 | رُكُوْعَاتُهَا 1

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اَلْقَارِعَةُ ﴿١﴾ مَا الْقَارِعَةُ ﴿٢﴾ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الْقَارِعَةُ ﴿٣﴾ يَوْمَ يَكُوْنُ

کھٹکھٹانے والی | کیا ہے | کھٹکھٹانے والی | اور کیا | معلوم آپ کو | کیا ہے | کھٹکھٹانے والی | جس دن | ہو جائیں گے

وہ کھٹکھٹانے والی! کیا ہے وہ کھٹکھٹانے والی! اور تم کیا سمجھے وہ کیا ہے کھٹکھٹانے والی۔ وہ قیامت ہوگی اور اس دن لوگ ایسے ہوں گے

النَّاسُ كَالْفَرَاشِ الْمَبْثُوْثِ ﴿٤﴾ وَتَكُوْنُ الْجِبَالُ كَالْعِهْنِ الْمَنْفُوْشِ ﴿٥﴾

لوگ | جیسے پتنگے | بکھرے ہوئے | اور ہو جائیں گے | پہاڑ | جیسے اُون | دُھنی ہوئی

جیسے بکھرے ہوئے پتنگے۔ اور پہاڑ ایسے ہو جائیں گے جیسی دُھنی ہوئی رنگین اُون۔

فَاَمَّا مَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِيْنُهٗ ﴿٦﴾ فَهُوَ فِىْ عِيْشَةٍ رَّاضِيَةٍ ﴿٧﴾ وَاَمَّا مَنْ

پس مگر | جو کوئی کہ | بھاری ہوئے | تول اسکے | پس وہ ہوگا | میں | زندگی | عیش کی | اور مگر | جو کوئی کہ

پھر جس کی نیکیوں کا پلڑا بھاری ہو گا، وہ من مانے عیش میں ہو گا۔ اور جس کی نیکیوں

خَفَّتْ مَوَازِيْنُهٗ ۙ﴿٨﴾ فَاُمُّهٗ هَاوِيَةٌ ؕ﴿٩﴾ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَاهِيَهْ ؕ﴿١٠﴾ نَارٌ حَامِيَةٌ ﴿١١﴾ ع

ہلکے ہوئے | تول اسکے | پھر ٹھکانہ اسکا | ہاویہ ہے | اور کیا | جانے تو | کیا ہے وہ | وہ آگ ہے | دہکتی ہوئی

کا پلڑا ہلکا ہو گا ، اس کا ٹھکانا ہاویہ گڑھا ہو گا۔ اور تم کیا سمجھے وہ کیا چیز ہے؟ وہ دوزخ کی دہکتی ہوئی آگ ہے۔

(102) سُوْرَةُ التَّكَاثُرِ مَكِّيَّةٌ (16)

اٰیاتُھا 8 — رُکُوْعَاتُھَا 1

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اَلْهٰىكُمُ التَّكَاثُرُ ۙ﴿١﴾ حَتّٰى زُرْتُمُ الْمَقَابِرَ ؕ﴿٢﴾ كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۙ﴿٣﴾

غافل کر دیا تم کو | کثرت طلبی نے | یہاں تک کہ | تم نے جادیکھیں | قبریں | ہرگز نہیں | جلد ہی | تم جان لو گے

لوگو تمہیں بہت زیادہ حرص نے غافل کر دیا۔ یہاں تک کہ تم قبروں میں جا پہنچتے ہو۔ اچھا، تمہیں جلد معلوم ہو جائے گا

ثُمَّ كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ؕ﴿٤﴾ كَلَّا لَوْ تَعْلَمُوْنَ عِلْمَ الْيَقِيْنِ ؕ﴿٥﴾

پھر | ہرگز نہیں | جلد ہی | تم جان لو گے | ہرگز نہیں | کاش کہ | تم جان لو | جاننا | یقین کا

ہاں ، تمہیں جلد معلوم ہو جائے گا۔ تم ایسے نہ ہوتے اگر تمہیں آخرت کا یقینی علم ہوتا ۔

لَتَرَوُنَّ الْجَحِيْمَ ۙ﴿٦﴾ ثُمَّ لَتَرَوُنَّهَا عَيْنَ الْيَقِيْنِ ۙ﴿٧﴾ ثُمَّ لَتُسْـَٔلُنَّ

البتہ ضرور تم دیکھو گے | دوزخ کو | پھر | البتہ ضرور تم دیکھو گے اسے | دیکھنا | یقین کا | پھر | ضرور تم سے پوچھا جائے گا

تم لوگ ضرور دوزخ دیکھو گے۔ پھر تم اسے یقین کی آنکھ سے دیکھو گے۔ پھر اُس دن تم سے

يَوْمَئِذٍ عَنِ النَّعِيْمِ ﴿٨﴾ ع

اس دن | بارے میں | نعمتوں کے

نعمتوں کے بارے میں پوچھا جائے گا۔

(103) سُوْرَةُ الْعَصْرِ مَكِّيَّةٌ (13)

اٰیاتُھا 3 — رُکُوْعَاتُھَا 1

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

وَالْعَصْرِ ۙ﴿١﴾ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِيْ خُسْرٍ ۙ﴿٢﴾ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا

قسم ہے زمانے کی | بے شک | انسان ہے | ضرور میں | گھاٹے | مگر | جو لوگ | ایمان لائے | اور عمل کئے

زمانے کی قسم! بے شک کافر انسان گھاٹے میں رہے گا۔ البتہ وہ لوگ گھاٹے میں نہیں رہیں گے جو ایمان لائے اور

الصّٰلِحٰتِ وَتَوَاصَوْا بِالْحَقِّ ۙ وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ ﴿3﴾

اچھے | اور آپس میں تاکید کی | حق کی | اور آپس میں تاکید کی | صبر کی

انہوں نے نیک کام کیے، ایک دوسرے کو حق بات کی تاکید کرتے رہے اور ایک دوسرے کو صبر کی تلقین کرتے رہے۔

ع 1 3 28

(104) سُوْرَةُ الْهُمَزَةِ مَكِّيَّةٌ (32)

اٰیَاتُھَا 9 — رُکُوْعَاتُھَا 1

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

وَيْلٌ لِّكُلِّ هُمَزَةٍ لُّمَزَةِ ﴿1﴾ الَّذِيْ جَمَعَ مَالًا وَّعَدَّدَهٗ ﴿2﴾ يَحْسَبُ

ہلاکت ہے | واسطے ہر | طعنہ دینے والے | عیب لگانے والے کے لیے | جس نے | جمع کیا | مال | اور گن گن کر رکھا اسے | وہ گمان کرتا ہے

تباہی ہے ہر طعنہ دینے والے اور عیب نکالنے والے کے لیے۔ جو مال جمع کرتا اور اسے گن گن کر رکھتا ہے۔ خیال کرتا ہے اُس کا مال

اَنَّ مَالَهٗٓ اَخْلَدَهٗ ﴿3﴾ كَلَّا لَيُنْۢبَذَنَّ فِي الْحُطَمَةِ ﴿4﴾ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا

کہ | اس کا مال | ہمیشہ باقی رکھے گا اسکو | ہرگز نہیں | البتہ وہ ڈالا جائے گا | میں | حطمہ | اور کیا | جانے تو | کیا ہے

ہمیشہ اُس کے پاس رہے گا۔ لیکن ایسا ہرگز نہیں ہوگا بلکہ اسے اس کے مال سمیت پھینک دیا جائے گا کچل ڈالنے والی جگہ میں۔ اور تم

الْحُطَمَةُ ﴿5﴾ نَارُ اللّٰهِ الْمُوْقَدَةُ ﴿6﴾ الَّتِيْ تَطَّلِعُ عَلَى الْاَفْـِٕدَةِ ﴿7﴾ اِنَّهَا

حطمہ | آگ ہے | اللہ کی | بھڑکائی ہوئی | وہ جو | جھانکتی ہے | پر | دلوں | بے شک وہ

کیا جانو وہ کچل ڈالنے والی جگہ کیا ہے؟ وہ اللہ کی بھڑکائی ہوئی آگ ہے۔ جو جسموں کے اندر دلوں تک جا پہنچے گی۔ وہ دوزخیوں پر

عَلَيْهِمْ مُّؤْصَدَةٌ ﴿8﴾ فِيْ عَمَدٍ مُّمَدَّدَةٍ ﴿9﴾

اُن پر ہوگی | بند کی ہوئی | میں | ستونوں | لمبے لمبے۔

ڈھانک کر بند کر دی جائے گی۔ جہاں وہ بڑے بڑے ستونوں کے ساتھ بندھے ہوں گے۔

ع 1 9 29

(105) سُوْرَةُ الْفِيْلِ مَكِّيَّةٌ (19)

اٰیَاتُھَا 5 — رُکُوْعَاتُھَا 1

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِاَصْحٰبِ الْفِيْلِ ﴿1﴾ اَلَمْ يَجْعَلْ

کیا نہیں | تو نے دیکھا | کیسا | سلوک کیا | تیرے رب نے | ہاتھی والوں سے | کیا نہیں | اس نے کر دی

کیا تمہیں معلوم نہیں تمہارے رب نے ہاتھی والوں کے ساتھ کیا سلوک کیا؟ کیا اُن کی چال

كَيْدَهُمْ فِيْ تَضْلِيْلٍ ﴿2﴾ وَّاَرْسَلَ عَلَيْهِمْ طَيْرًا اَبَابِيْلَ ﴿3﴾ تَرْمِيْهِمْ

چال انکی | میں | ناکامی | اور بھیجے | اُن پر | پرندے | جھنڈ کے جھنڈ | جو پھینکتے تھے ان پر

ناکام نہیں بنا دی؟ اور اُن پر پرندوں کے جھنڈ کے جھنڈ مسلط کر دیے۔ جو اُن پر کنکر کی

بِحِجَارَةٍ مِّنْ سِجِّيْلٍ ﴿4﴾ فَجَعَلَهُمْ كَعَصْفٍ مَّاْكُوْلٍ ﴿5﴾

پتھر | کے | کنکر | پھر کر دیا انکو | جیسے بھس | کھایا ہوا

پتھریاں پھینکتے تھے۔ پھر انہیں کھائے ہوئے بھس کی طرح کر دیا۔

(106) سُوْرَةُ قُرَيْشٍ مَّكِّيَّةٌ (29)

اٰيَاتُهَا 4 رُكُوْعَاتُهَا 1

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

لِاِيْلٰفِ قُرَيْشٍ ﴿1﴾ اٖلٰفِهِمْ رِحْلَةَ الشِّتَآءِ وَالصَّيْفِ ﴿2﴾ فَلْيَعْبُدُوْا رَبَّ

الفت دلانے کے لیے | قریش کو | الفت دلانے انکو | سفر کی | سردیوں کے | اور گرمیوں کے | پس چاہیے وہ عبادت کریں | رب

چونکہ قریش مانوس ہیں۔ یعنی وہ کعبے سے وابستہ ہونے کی وجہ سے سردیوں اور گرمیوں کے تجارتی سفروں سے مانوس ہیں۔ لہٰذا انھیں

هٰذَا الْبَيْتِ ﴿3﴾ الَّذِيْٓ اَطْعَمَهُمْ مِّنْ جُوْعٍ ۙ وَّاٰمَنَهُمْ مِّنْ خَوْفٍ ﴿4﴾

اس | گھر کے | جس نے | کھلایا انکو | سے | بھوک | اور امن دیا انکو | سے | خوف

چاہیے اِس گھر کے مالک ہی کی عبادت کریں۔ جس نے انہیں بھوک میں کھانا کھلایا اور خوف سے امن بخشا

(107) سُوْرَةُ الْمَاعُوْنِ مَكِّيَّةٌ (17)

اٰيَاتُهَا 7 رُكُوْعَاتُهَا 1

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اَرَءَيْتَ الَّذِيْ يُكَذِّبُ بِالدِّيْنِ ﴿1﴾ فَذٰلِكَ الَّذِيْ يَدُعُّ الْيَتِيْمَ ﴿2﴾

کیا تونے دیکھا | اس کو جو | جھٹلاتا ہے | جزا وسزا کو | پس یہ وہی ہے | جو کہ | دھکے دیتا ہے | یتیم کو

کیا تم نے ایسے شخص کو دیکھا جو جزا وسزا کو نہیں مانتا۔ یہ وہی ہے جو یتیم کو دھکّے دیتا ہے۔ اور محتاج کے کھانے کی تاکید نہیں کرتا۔

وَلَا يَحُضُّ عَلٰى طَعَامِ الْمِسْكِيْنِ ﴿3﴾ فَوَيْلٌ لِّلْمُصَلِّيْنَ ﴿4﴾ الَّذِيْنَ هُمْ

اور نہیں | ترغیب دیتا | پر | کھانے | محتاج کے | پس ہلاکت ہے | ان نمازیوں کے لیے | جو | وہ

تباہی ہے ایسے نمازیوں کے لیے جو اپنی نماز

عَنْ صَلَاتِهِمْ سَاهُوْنَ ۝۵ الَّذِيْنَ هُمْ يُرَآءُوْنَ ۝۶ وَيَمْنَعُوْنَ الْمَاعُوْنَ ۝۷

سے | اپنی نماز | غافل ہیں | وہ جو | وہ | دکھاوا کرتے ہیں | اور وہ نہیں دیتے | برتنے کی چیز۔

سے بے خبر ہیں۔ یہ دکھاوا کرتے ہیں۔ اور کسی کو معمولی استعمال کی چیز نہیں دیتے

(108) سُوْرَةُ الْكَوْثَرِ مَكِّيَّةٌ (15)

آیاتہا 3 | رکوعاتہا 1

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اِنَّآ اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ ۝۱ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ ۝۲

بے شک ہم | ہم نے عطا کیا ہے تجھ کو | کوثر | پس تو نماز پڑھ | اپنے رب کے لیے | اور تو قربانی کر

اے نبی ﷺ ہم نے آپ ﷺ کو حوض کوثر اور بہت کچھ عطا کر دیا۔ لہٰذا آپ ﷺ اپنے رب کے لئے نماز پڑھیں اور اسی کے لئے قربانی کریں

اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ ۝۳

بیشک | دشمن تیرا | وہی ہے | دُم کٹا

بے شک آپ ﷺ کا دشمن بے نام ونشان رہے گا۔

(109) سُوْرَةُ الْكٰفِرُوْنَ مَكِّيَّةٌ (18)

آیاتہا 6 | رکوعاتہا 1

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

قُلْ يٰۤاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ۝۱ لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ۝۲ وَلَآ اَنْتُمْ

کہہ دیجئے | اے | کافرو | نہیں | میں عبادت کرتا | جس کی | تم عبادت کرتے ہو | اور نہ | تم

اے نبی ﷺ! آپ ﷺ کہہ دیں اے کافرو! میں اُس کی عبادت نہیں کرتا جس کی تم عبادت کرتے ہو۔ اور تم اُس کی

عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝۳ وَلَآ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ۝۴ وَلَآ اَنْتُمْ

عبادت کرنیوالے | جس کی | میں عبادت کرتا ہوں | اور نہ | میں | عبادت کرنیوالا ہوں | جس کی | تم نے عبادت کی | اور نہیں | تم

عبادت نہیں کرتے جس کی میں عبادت کرتا ہوں۔ میں اُس کی عبادت کرنے والا نہیں ہوں جس کی تم عبادت کرتے ہو۔ اور نہ تم اس

عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝۵ لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ ۝۶

عبادت کرنیوالے | جس کی | میں عبادت کرتا ہوں | تمہارے لیے ہے | دین تمہارا | اور میرے لیے ہے | دین میرا

کی عبادت کرنے والے ہو جس کی میں عبادت کرتا ہوں۔ لہٰذا تمہارے لئے تمہارا دین، میرے لئے میرا دین۔

(110) سُوْرَةُ النَّصْرِ مَدَنِيَّةٌ (114)

رُكُوْعَاتُهَا 1 — اٰيَاتُهَا 3

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ ﴿1﴾ وَرَاَيْتَ النَّاسَ يَدْخُلُوْنَ فِيْ دِيْنِ

جب | آئے | مدد | اللہ کی | اور فتح | اور تو دیکھے گا | لوگوں کو | وہ داخل ہوتے ہیں | میں | دین

اے نبی ﷺ جب اللہ کی مدد آ پہنچے اور فتح ہو جائے اور آپ ﷺ دیکھ لیں کہ لوگ جوق در جوق اللہ کے دین میں داخل ہو رہے ہیں

اللّٰهِ اَفْوَاجًا ﴿2﴾ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَاسْتَغْفِرْهُ اِنَّهٗ كَانَ تَوَّابًا ﴿3﴾

اللہ کے | فوج در فوج | پس تو تسبیح کر | تعریف کے ساتھ | اپنے رب کی | اور اس سے بخشش مانگ | بے شک وہ | ہے | توبہ قبول کرنیوالا

تو آپ ﷺ اپنے رب کی حمد و ثنا کے ساتھ تسبیح کریں اور اُس سے بخشش مانگیں۔ بے شک وہ بہت توبہ قبول کرنے والا ہے۔

(ع 3/35 — وقف النبی علیہ السلام)

(111) سُوْرَةُ اللَّهَبِ مَكِّيَّةٌ (6)

رُكُوْعَاتُهَا 1 — اٰيَاتُهَا 5

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

تَبَّتْ يَدَآ اَبِيْ لَهَبٍ وَّتَبَّ ﴿1﴾ مَآ اَغْنٰى عَنْهُ

ٹوٹ گئے | دونوں ہاتھ | ابولہب کے | اور وہ تباہ ہو گیا | نہ | کام آیا | اس سے

ابو لہب کے دونوں ہاتھ ٹوٹ گئے اور وہ برباد ہوا۔ نہ اُس کا مال اس کے کام آیا،

مَالُهٗ وَمَا كَسَبَ ﴿2﴾ سَيَصْلٰى نَارًا ذَاتَ

مال اس کا | اور جو | اس نے کمایا تھا | جلد وہ داخل ہو گا | آگ میں | والی

نہ اُس کی اولاد کام آئی۔ وہ جلد شعلوں والی آگ میں پڑے گا۔ اور اُس کی بیوی بھی

لَهَبٍ ﴿3﴾ وَّامْرَاَتُهٗ حَمَّالَةَ الْحَطَبِ ﴿4﴾ فِيْ جِيْدِهَا حَبْلٌ

شعلے | اور بیوی اسکی بھی | اُٹھانے والی | ایندھن | میں | اُس کی گرد | رسی ہو گی

اُس کے ساتھ ہو گی جو لگائی بجھائی کرتی پھرتی ہے۔ اُس کی گردن میں کھجور کی مضبوط

مِّنْ مَّسَدٍ ﴿5﴾

سے | چھال کی بٹی ہوئی

رسّی پڑی ہو گی۔

(ع 5/36)

(112) سُوْرَةُ الْإِخْلَاصِ مَكِّيَّةٌ (22)

اٰيَاتُهَا 4 — رُكُوْعَاتُهَا 1

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ﴿1﴾ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ﴿2﴾ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ﴿3﴾

کہہ دیجئے | وہ | اللہ | ایک ہے | اللہ | بے نیاز ہے | نہیں | اس نے جنا | اور نہ | وہ جنا گیا

اے نبی ﷺ آپ ﷺ کہیں "بات یہ ہے کہ اللہ ایک ہے۔ اللہ بے نیاز ہے۔ نہ اس کی کوئی اولاد ہے، نہ وہ کسی کی اولاد۔

وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ﴿4﴾

اور نہیں | ہے | اُس کے لیے | ہمسر | کوئی

اور اس جیسا کوئی نہیں۔

ع 1 / 4 / 37

(113) سُوْرَةُ الْفَلَقِ مَكِّيَّةٌ (20)

اٰيَاتُهَا 5 — رُكُوْعَاتُهَا 1

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ﴿1﴾ مِنْ شَرِّ مَا

کہہ دیجئے | میں پناہ مانگتا ہوں | مالک کی | صبح کے | سے | شر | جو

اے نبی ﷺ آپ ﷺ کہیں "میں صبح کے رب کی پناہ میں آتا ہوں تاکہ شر

خَلَقَ ﴿2﴾ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ﴿3﴾ وَمِنْ

پیدا کیا ہے | اور سے | شر | اندھیرے کے | جب | وہ چھا جائے | اور سے

سے محفوظ رہوں، خواہ وہ شر کسی مخلوق کا ہو۔ یا جب اندھیری رات چھا جائے تو اُس وقت ظاہر ہو۔

شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ ﴿4﴾ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ

شر | پھونکنے والیوں کے | میں | گرہوں | اور سے | شر | حسد کرنیوالے کے

یا گرہوں میں پھونک مارنے والے جادوگروں کے باعث ہو۔ یا کسی حسد کرنے والے کے

اِذَا حَسَدَ ﴿5﴾

جب کہ | وہ حسد کرے

حسد کی وجہ سے ہو"۔

ع 1 / 5 / 38

(114) سُوْرَةُ النَّاسِ مَكِّيَّةٌ (21)

اٰيَاتُهَا 6 — رُكُوْعَاتُهَا 1

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ① مَلِكِ النَّاسِ ② اِلٰهِ النَّاسِ ③ مِنْ

کہہ دیجئے | میں پناہ مانگتا ہوں | رب کی | لوگوں کے | بادشاہ | لوگوں کے | معبود | لوگوں کے | سے

اے نبی ﷺ آپ ﷺ کہیں "میں اُس کی پناہ میں آتا ہوں جو لوگوں کا رب ہے، لوگوں کا بادشاہ ہے، لوگوں کا معبود ہے، تاکہ

شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ ④ الَّذِيْ يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ

شر | وسوسے ڈالنے والے کے | پیچھے ہٹ جانے والے کے | جو کہ | وسوسہ ڈالتا ہے | میں | سینوں

شیطان کے شر سے محفوظ رہوں، جو وسوسے ڈالتا اور پیچھے ہٹ جاتا ہے۔ جو لوگوں کے دلوں میں

النَّاسِ ⑤ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ⑥

لوگوں کے | سے | جنوں | اور انسانوں سے

وسوسے ڈالتا ہے۔ کبھی جنوں میں سے ہوتا ہے کبھی انسانوں میں سے۔

ع 1 6 39

دُعَاءُ خَتْمِ الْقُرْاٰنِ

اَللّٰهُمَّ اٰنِسْ وَحْشَتِيْ فِيْ قَبْرِيْ اَللّٰهُمَّ ارْحَمْنِيْ بِالْقُرْاٰنِ الْعَظِيْمِ وَاجْعَلْهُ لِيْ اِمَامًا وَّنُوْرًا وَّهُدًى وَّرَحْمَةً اَللّٰهُمَّ ذَكِّرْنِيْ مِنْهُ مَا نَسِيْتُ وَعَلِّمْنِيْ مِنْهُ مَا جَهِلْتُ وَارْزُقْنِيْ تِلَاوَتَهٗ اٰنَاءَ الَّيْلِ وَاٰنَاءَ النَّهَارِ وَاجْعَلْهُ لِيْ حُجَّةً يَّا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ

اے اللہ! میری قبر سے میری وحشت اور پریشانی کو دور فرما، خدایا قرآنِ عظیم کی برکت اور رحمت سے مجھے نواز دے قرآن کو میرے لئے رہنما اور پیشوا بنا اور ساتھ ہی نور اور سببِ ہدایت اور رحمت بنا، الٰہی! اس میں سے جو میں بھول گیا ہوں مجھے یاد دلا دے، اور اس میں سے جو میں نہیں جانتا وہ مجھ کو سکھا دے اور رات دن مجھے اس کی تلاوت نصیب فرما، اور قیامت کے روز اس کو میرے لئے دلیل بنا اے سارے عالم کے پرورش کرنے والے۔ آمین

قرآنِ مجید کی سورتوں کی فہرست

شمار سورت	نام سورت	شمار پارہ	ترتیب نزول	صفحہ نمبر
57	سورۃ الحدید مدنیۃ	27	94	966
58	سورۃ المجادلۃ مدنیۃ	28	105	974
59	سورۃ الحشر مدنیۃ	28	101	980
60	سورۃ الممتحنۃ مدنیۃ	28	91	986
61	سورۃ الصف مدنیۃ	28	109	991
62	سورۃ الجمعۃ مدنیۃ	28	110	994
63	سورۃ المنافقون مدنیۃ	28	104	997
64	سورۃ التغابن مدنیۃ	28	108	1000
65	سورۃ الطلاق مدنیۃ	28	99	1003
66	سورۃ التحریم مدنیۃ	28	107	1007
67	سورۃ الملک مکیۃ	29	77	1011
68	سورۃ القلم مکیۃ	29	2	1015
69	سورۃ الحاقۃ مکیۃ	29	78	1020
70	سورۃ المعارج مکیۃ	29	79	1024
71	سورۃ نوح مکیۃ	29	71	1027
72	سورۃ الجن مکیۃ	29	40	1030
73	سورۃ المزمل مکیۃ	29	3	1034
74	سورۃ المدثر مکیۃ	29	4	1037
75	سورۃ القیامۃ مکیۃ	29	31	1041
76	سورۃ الدھر مدنیۃ	29	98	1043
77	سورۃ المرسلات مکیۃ	29	33	1047
78	سورۃ النبا مکیۃ	30	80	1051
79	سورۃ النازعات مکیۃ	30	81	1053
80	سورۃ عبس مکیۃ	30	24	1056
81	سورۃ التکویر مکیۃ	30	7	1058
82	سورۃ الانفطار مکیۃ	30	82	1060
83	سورۃ المطففین مکیۃ	30	86	1061
84	سورۃ الانشقاق مکیۃ	30	83	1064
85	سورۃ البروج مکیۃ	30	27	1065

شمار سورت	نام سورت	شمار پارہ	ترتیب نزول	صفحہ نمبر
86	سورۃ الطارق مکیۃ	30	36	1067
87	سورۃ الاعلی مکیۃ	30	8	1068
88	سورۃ الغاشیۃ مکیۃ	30	68	1069
89	سورۃ الفجر مکیۃ	30	10	1071
90	سورۃ البلد مکیۃ	30	35	1073
91	سورۃ الشمس مکیۃ	30	26	1074
92	سورۃ اللیل مکیۃ	30	9	1075
93	سورۃ الضحی مکیۃ	30	11	1076
94	سورۃ الم نشرح مکیۃ	30	12	1077
95	سورۃ التین مکیۃ	30	28	1077
96	سورۃ العلق مکیۃ	30	1	1078
97	سورۃ القدر مکیۃ	30	25	1079
98	سورۃ البینۃ مدنیۃ	30	100	1079
99	سورۃ الزلزال مدنیۃ	30	93	1081
100	سورۃ العادیات مکیۃ	30	14	1081
101	سورۃ القارعۃ مکیۃ	30	30	1082
102	سورۃ التکاثر مکیۃ	30	16	1083
103	سورۃ العصر مکیۃ	30	13	1083
104	سورۃ الھمزۃ مکیۃ	30	32	1084
105	سورۃ الفیل مکیۃ	30	19	1084
106	سورۃ قریش مکیۃ	30	29	1085
107	سورۃ الماعون مکیۃ	30	17	1085
108	سورۃ الکوثر مکیۃ	30	15	1086
109	سورۃ الکافرون مکیۃ	30	18	1086
110	سورۃ النصر مدنیۃ	30	114	1087
111	سورۃ اللھب مکیۃ	30	6	1087
112	سورۃ الاخلاص مکیۃ	30	22	1088
113	سورۃ الفلق مکیۃ	30	20	1088
114	سورۃ الناس مکیۃ	30	21	1089

بسم اللہ الرحمن الرحیم

عرضِ ناشر

نَحْمَدُهٗ وَنُصَلِّيْ عَلٰى رَسُوْلِهِ الْكَرِيْمِ ، اَمَّا بَعْدُ:

آج دنیا میں انسان کی ہدایت ورہنمائی کے لیے صرف دو ہی بنیادی ذریعے اور سرچشمے ہیں، ایک قرآن، دوسرا سنتِ رسول اللہ ﷺ۔ ان دونوں کی حفاظت کا ذِمہ بھی اللہ تعالیٰ نے خود لے رکھا ہے:

(15)

''بے شک ہم نے اس ذکر یعنی قرآن کو نازل کیا ہے اور ہم ہی اس کے محافظ ہیں''۔

دوسرے مقام پر ارشاد فرمایا:

(17) (18) (19)

''بے شک اس (قرآن) کا جمع کرنا اور اس کا سنانا ہماری ذمہ داری ہے۔ ہم آپ (ﷺ) کو قرآن سنائیں تو آپ (ﷺ) اس تلاوت کی پیروی کریں۔ پھر اس قرآن کو کھول کر بیان کر دینا، یعنی سنت بھی ہمارے ذمے ہے۔''

یہ حقیقت ہے کہ قرآنِ مجید صرف تلاوت کرنے یا حفظ کرنے کے لیے نازل نہیں ہوا بلکہ اس کے حقوق میں اس کا سمجھنا، اس پر عمل کرنا اور دوسروں تک اس کی تبلیغ واشاعت کرنا بھی شامل ہے۔

اسی مقصد کے تحت قرآنِ حکیم کا یہ لفظی اور تفسیری اردو ترجمہ پیش کیا جا رہا ہے۔ اس کی زبان نہایت آسان اور عام فہم ہے۔ اس کے اسلوب میں ربط اور روانی ہے۔ عام نشر واشاعت کی خاطر اس کا ہدیہ لاگت سے بھی کم رکھا گیا ہے۔ البتہ مستحق افراد اسے مفت بھی حاصل کر سکتے ہیں۔

ہم اللہ تعالیٰ کے شکر گزار ہیں جس نے ہمیں اس قرآن مجید کی اشاعت کو مکمل کرنے کی توفیق عطا فرمائی۔ اور ہم اس کے مترجم، اس کی نظرِ ثانی کرنے والوں، کمپوزنگ وڈیزائننگ کی ٹیم اور اُن تمام حضرات کا دلی طور پر شکریہ ادا کرتے ہیں جنھوں نے کسی بھی مرحلے میں اس کی تیاری اور اشاعت میں حصہ لیا ہے۔ ہم اُن سب کے لیے دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ اُن کو جزائے خیر عطا فرمائے۔ اور آخرت میں ہم سب کے لیے ذریعہ نجات بنائے۔ آمین

عبیر ٹریڈرز لاہور (پاکستان)

16 جون 2013ء مطابق 6 شعبان المعظم 1434ھ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

سرٹیفکیٹ (متن قرآن مجید)

نَحْمَدُهٗ وَنُصَلِّيْ عَلٰى رَسُوْلِهِ الْكَرِيْمِ ، اَمَّا بَعْدُ:

میں نے اس قرآن مجید کے عربی متن کو اشاعت سے پہلے مکمل طور پر حرف بہ حرف بغور پڑھا ہے الحمدللہ اس میں الفاظ اور اعراب بالکل درست ہیں اور رسم عثمانی کے مطابق ہیں لہٰذا تصدیق کی جاتی ہے کہ اس کے عربی متن میں ان شاء اللہ کوئی غلطی نہیں ہے۔ وَاللّٰهُ عَلٰى مَا نَقُوْلُ وَكِيْلُ

محمد ادریس العاصم

(جج: مقابلہ حفظ القرآن الکریم وحسنِ قراءت محکمہ اوقاف پنجاب، پاکستان)

فاضل مدینہ یونیورسٹی، المدینۃ المنورہ • فاضل مرکز تدریب الدعاۃ رابطۃ العالم الاسلامی، مکہ مکرمہ

سرٹیفکیٹ (متن قرآنِ مجید، لفظی وتفسیری ترجمہ)

نَحْمَدُهٗ وَنُصَلِّيْ عَلٰى رَسُوْلِهِ الْكَرِيْمِ ، اَمَّا بَعْدُ:

یہ قرآن مجید جو کہ لفظی اور تفسیر ترجمہ کے ساتھ شائع کیا جارہا ہے ہم نے اس کے عربی متن، لفظی وتفسیری ترجمہ اللہ تعالیٰ کی توفیق سے نہایت توجہ کے ساتھ پڑھا، لہٰذا ہم تصدیق کرتے ہیں کہ اس میں کوئی کمی بیشی یا غلطی نہیں ہے۔ ان شاء اللہ

حافظ سیف اللہ لغاری

(ریسرچ فیلو دارالسلام لاہور)

قاری عبدالصمد ثاقب

(فاضل القراءات العشر)

رموزِ اوقاف قرآنِ مجید

ہر ایک زبان کے اہل زبان جب گفتگو کرتے ہیں تو کہیں ٹھہر جاتے ہیں اور کہیں نہیں ٹھہرتے۔ کہیں کم ٹھہرتے اور کہیں زیادہ ٹھہرتے ہیں۔ اس ٹھہرنے اور نہ ٹھہرنے کو بات کو صحیح بیان کرنے اور اس کا صحیح مطلب سمجھنے میں بہت دخل ہے۔ قرآن مجید کی عبارت بھی گفتگو کے انداز میں واقع ہوتی ہے اس لیے اہل علم نے اس کے ٹھہرنے اور نہ ٹھہرنے کی علامات مقرر کر دی ہیں جن کو رموزِ اوقاف قرآن مجید کہتے ہیں۔ ضروری ہے کہ قاریٔ قرآن ان رموز کا خیال رکھے وہ رموز یہ ہیں:

۝ جہاں بات پوری ہو جاتی ہے وہاں چھوٹا سا دائرہ لکھ دیتے ہیں۔ یہ حقیقت میں گول 'ۃ' جو کہ وقف تام کی علامت ہے یعنی اس پر ٹھہرنا چاہیے اس علامت کو آیت کہتے ہیں۔

مـ یہ وقف لازم کی علامت ہے اس پر ضرور ٹھہرنا چاہیے ورنہ ممکن ہے کہ مطلب/ترجمہ میں تبدیلی واقع ہو جائے۔

ط یہ وقف مطلق کی علامت ہے اس پر ٹھہرنا چاہیے یہ علامت جہاں مطلب تمام نہیں ہوتا اور بات کہنے والا ابھی کچھ اور کہنا چاہتا ہے۔

قلے یہ علامت الوقف اولیٰ کا اختصار ہے یعنی یہاں ٹھہرنا بہتر ہے۔

ج یہ وقف جائز کی علامت ہے۔ یہاں ٹھہرنا بہتر ہے اور نہ ٹھہرنا جائز ہے۔

ز یہ علامت وقف مجوز کی ہے یہاں نہ ٹھہرنا بہتر ہے۔

ص یہ علامت وقف مرخص یہاں ملا کر پڑھنا چاہیے لیکن اگر کوئی تھک کر ٹھہر جائے تو رخصت ہے 'ص' پر ملا کر پڑھنا 'ز' کی نسبت زیادہ ترجیح رکھتا ہے۔

صلے یہ الوصل اولیٰ کا اختصار ہے یہاں ملا کر پڑھنا بہتر ہے۔

قیل	قیل علیہ الوقف کا خلاصہ ہے یہاں نہ ٹھہرنا بہتر ہے۔
صل	قَدْ یُوْصَلُ کی علامت ہے یہاں ٹھہرنا بہتر ہے۔
قف	یہ لفظ قف ہے جس کے معنی ہیں ٹھہر جاؤ یہ علامت وہاں استعمال کی جاتی ہے جہاں پڑھنے والے کے ملا کر پڑھنے کا احتمال ہو۔
سکتة	یہ سکتے کی علامت ہے یہاں کسی قدر ٹھہر جانا چاہیے مگر سانس نہ ٹوٹے۔
وقفة	یہ لمبے سکتے کی علامت ہے یہاں سکتے کی نسبت زیادہ ٹھہرنا چاہیے لیکن سانس نہ ٹوٹے سکتہ اور وقفہ میں فرق ہے۔
لا	لا کے معنی 'نہیں' کے ہیں، یہ علامت کہیں آیت کے اوپر آتی ہے اور کہیں عبارت کے اندر اگر عبارت کے اندر ہو تو ہر گز نہیں ٹھہرنا چاہیے اگر آیت کے اوپر ہو تو اختلاف ہے بعض کے نزدیک ٹھہرنا چاہیے اور بعض کے ٹھہرنے یا نہ ٹھہرنے سے مطلب میں کوئی فرق نہیں پڑتا۔
ك	کذٰلک کی علامت ہے یعنی جو علامت پہلے ہے وہی یہاں سمجھی جائے۔
